القرآن الحکیم

تفسیرِ بیانُ القرآن (مکمل)

جلد دوم

سُوْرَۃُ الْاَعْرَاف تا سُوْرَۃُ النُّوْر

مولانا محمد اشرف علی تھانوی صاحب رحمۃ اللہ علیہ

مکتبہ رحمانیہ

اقرا سنٹر۔ غزنی سٹریٹ۔ اردو بازار لاہور

www.besturdubooks.net

القرآن الحکیم

تفسیرِ بیان القرآن (مکمل)

مع اُردو ترجمہ مسائل السلوک

وَمع عربی وُجُوہُ المثانی مع توجیہِ الکلِمَاتِ وَالمعَانِی

لکل از تصانیف حضرت حکیم الاُمت ماہر العلوم قرآنیہ رئیس المفسرین صاحب الشریعۃ والطریقۃ

مولانا محمد اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ صاحب

جلد دوم

سُورَۃُ الاَعرَاف تا سُورَۃُ النُّور

تسہیلِ ترجمہ

مولانا سید انظر شاہ کشمیری

خلف الرشید علامہ سید انور شاہ کشمیریؒ

تخریج

مولانا حافظ محبوب احمد خان صاحب

مدرس مدرسہ رحمۃ للعالمین ڈیفنس روڈ لاہور

تفسیر بیان القرآن اور اس کے متعلقہ تمام رسائل کی کمپوزنگ اس قدیم نسخے کو سامنے رکھ کر کی گئی ہے جو حکیم الاُمتؒ کا نظر فرمودہ ہے اس پر حکیم الاُمتؒ کی تصدیق (دستخط) بھی موجود ہیں اس کے علاوہ مولانا شبیر علی صاحب کے اضافات بھی شامل ہیں۔ یہ نسخہ ۱۹۵۳ء میں اشرف المطابع تھانہ بھون سے شائع ہوا تھا اُس نسخے کا عکس بھی جلد اول کی ابتداء میں لگا دیا گیا ہے۔

مکتبہ رحمانیہ

اقرا سنٹر غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

فون: 042-7224228-7221395

www.besturdubooks.net

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مکتبہ رحمانیہ

نام کتاب: ..... تفسیر بیان القرآن (جلد دوم)

مؤلف: ..... مولانا محمد اشرف علی تھانوی صاحب

ناشر: ..... مکتبہ رحمانیہ

مطبع: ..... لٹل سٹار پرنٹرز لاہور

استدعا

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے انسانی طاقت اور بساط کے مطابق کتابت، طباعت، تصحیح اور جلد سازی میں پوری پوری احتیاط کی گئی ہے۔

بشری تقاضے سے اگر کوئی غلطی نظر آئے یا صفحات درست نہ ہوں تو ازراہ کرم مطلع فرما دیں۔ ان شاء اللہ ازالہ کیا جائے گا۔ نشاندہی کے لیے ہم بے حد شکر گزار ہوں گے۔ (ادارہ)

www.besturdubooks.net

فہرست

مضامین تفسیر یہ ومنصوصہ قرآنیہ (مکمل)

سورۃ الاعراف ⑦

حقیقت ووجوب اتباع قرآن مجید: ---------- ۱۲
ترہیب برانکارِ حق: ---------- "
ترغیب براطاعت بذکر بعض نعم مع دلالت بقصہ ابلیس بروخامت معصیت: ---------- ۱۴
تتمہ قصہ: ---------- "
تتمہ قصہ: ---------- "
تتمہ: ---------- ۱۷
تفسیر: تحذیر از اضلال ابلیس عموماً وخصوصاً: ---------- ۲۰
حکایت عہدِ قدیم باطاعت ربِ کریم وبیان نعیم وجحیم: ---------- ۲۴
تفصیل سزائے مکذبین: ---------- "
مکالمات اہل جنت واہل اعراف واہل نار: ---------- ۲۶
اثبات توحید وقدرت ومثال بعث ومثال منتفع بقرآن ---------- ۲۹
قصہ اوّل حضرت نوح علیہ السلام باقوم او ---------- ۳۲
قصہ دوم حضرت ہود علیہ السلام باقوم او ---------- ۳۴
تفسیر: قصہ سوم حضرت صالح علیہ السلام باقوم او: ---------- ۳۶
تفسیر: قصہ چہارم حضرت لوط علیہ السلام باقومِ او: ---------- ۳۸

سورۃ ۹:

تفسیر: قصہ پنجم شعیب علیہ السلام باقوم او ---------- ۴۱
تفسیر: بیان اجمالی حالت کفار سابقین برائے عبرت کفار لاحقین ---- ۴۳
تفسیر: قصہ ششم حضرت موسیٰ علیہ السلام باسبطیان وقبطیان ---------- ۴۶
تفسیر: قصہ مقابلہ سحرہ باموسیٰ علیہ السلام ---------- ۴۷
تفسیر: بداندیشی قبطیاں باسبطیان وتحزن ایشاں ازو وتسلیہ موسیٰ علیہ السلام ایشاں را ---------- ۵۰
تفسیر: تسلیط بلیات برقبطیاں باز اہلاک ایشاں ---------- ۵۱
تفسیر: بیان انجاز وعدہ ---------- ۵۴
عطائے توریت ومکالمات حق تعالیٰ باموسیٰ علیہ السلام ---------- ۵۵
تفسیر: قصہ اتخاذ عجل وعاقبت آں ---------- ۵۸
تفسیر: بردن موسیٰ علیہ السلام ہفتادکس رابرطور وماجرائے ایشاں -------- ۶۰
تفسیر: حصر فلاح ونجات دراتباع محمدی بدورۂ اخیر ومدح متبعین --- ۶۲
تفسیر: بعض نعم مختصہ بنی اسرائیل ---------- ۶۳
بعض نعم نازلہ برنی اسرائیل ---------- "
تفسیر: قصہ مسخ اہل سبت ---------- ۶۴
تفسیر: تفصیل حالت سلف وخلف وصالح وطالع یہود ---------- ۶۶
قصہ رفع طور برسر یہود واہل شرور ---------- "
تفسیر: ذکر میثاق الست ---------- ۶۸
مثال تارک حق بعد وضوح آں ---------- ۶۹
تفسیر: تسلیہ رسول اللہ ﷺ ورمعاملہ مخالفین حق ---------- ۷۰
توحید: ---------- "
ذکر مؤمنین ---------- ۷۱
تفسیر: جواب عدم وقوع عذاب در دنیا ---------- ۷۲
بحثِ رسالت ---------- "
توحید وتذکیر موت ---------- "
تکریر تسلیہ رسول اللہ ﷺ ---------- ۷۳
بحثِ قیامت ---------- "
انتفائے علم غیب از نبی ﷺ ---------- "
تفسیر: بحث اثبات توحید وابطال شرک ---------- ۷۵
تفسیر: امر بملاطفت واستعاذہ وتاکید آن باقطاکلی ---------- ۷۸
جواب شبہ شان بررسالت ---------- "
امر بدوام ذکر اللہ ---------- ۷۹
ترغیب طاعات بذکر طاعات ملائکہ مقربین ---------- ۸۰

سورۃ الانفال ⑧

حکم انفال وامر وفضل بعضے اعمال ---------- ۸۲

www.besturdubooks.net

تفسیر: انعام اوّل ---- ۸۳
انعام ثالث ---- ۸۴
تفسیر: انعام رابع ---- ۸۵
انعام خامس ---- ۸۶
انتقام بودن واقعہ مذکورہ از کفار ---- "
تحریم فرار از جہاد ---- "
تفسیر: علت بودن قدرت حق وحکمت بودن در قدرت خلق تذکیر بعض قسم کفار را ---- "
تفسیر: ترغیب اطاعت وترہیب معصیت ---- ۸۹
دوم تا پنجم ---- ۹۱
تفصیل ذمائم کفار واستحقاق شان عذاب را ---- ۹۳

پارہ: ۱۰

تفسیر: حکم غنائم ---- ۹۶
حکایت وحکمت متضمنہ نعمت در بعض واقعات بدر ---- ۹۷
انعام سادس تا ثامن ---- "
تفسیر: تعلیم بعضے آداب قتال ---- ۹۹
ضعف کید شیطان ---- "
ترکت وقوت توکل علی اللہ ---- "
تفسیر: عقوبت کفار وعلت آں ---- ۱۰۱
تفسیر: احوال واحکام قتال بعض اہل کتاب ---- ۱۰۲
عدم تحصن کفار از دست قہار ---- "
امر بہ تہیہ قتال ---- "
تفسیر: اذن قبول صلح ووعدہ حفاظت از شر کفار ---- ۱۰۴
قانون قرار وفرار در قتال کفار ---- ۱۰۵
تفسیر: حکم اساریٰ بدر ---- ۱۰۶
وعدہ مسلمین اساریٰ بنعم دارین بشرط اخلاص ---- "

سورۃ التوبۃ ⑨

فوائد ضروریہ متعلقہ سورت ہذا ---- ۱۱۲
فائدہ دوم: ---- "
فائدہ سوم: ---- "
فائدہ چہارم: ---- ۱۱۳
فائدہ پنجم: ---- ۱۱۴
تفسیر: حکم جماعت سوم وچہارم ---- ۱۱۵
تتمہ حکم جماعت اول متعلق براءت: ---- "
حکم مشترک کل جماعات ---- "
تنبیہات متعلقہ تفسیر آیات بالا: ---- ۱۱۶
تفسیر: حکم جماعت اول متعلق فتح مکہ: ---- ۱۱۸
تفسیر: جواب افتخار مشرکین مع رفع اختلاف مؤمنین در باب تفاضل بعضے اعمال ---- ۱۲۰
تفسیر: ذم ایثار تعلقات دنیویہ بر تعلقات اخرویہ ---- ۱۲۲
تتمہ اعلان براءت وتسلیہ مؤمنین ---- ۱۲۳
تفسیر: حکم قتال اہل کتاب ---- ۱۲۵
کفریات قولیہ وفعلیہ اہل کتاب ---- ۱۲۶
تفسیر: حرص وطمع احبار ورہبان ---- ۱۲۸
تفسیر: قصہ غزوۂ تبوک ---- ۱۳۱
ملامت بر کسل وترہیب بر ترک غزوۂ تبوک ---- "
عدم توقف منصوریت رسول اللہ ﷺ بر ناصریت کسے بضمن قصہ ہجرت ---- ۱۳۲
تفسیر: امر بغزوہ وترغیب ---- ۱۳۳
احوال واقوال منافقین متخلفین ---- "
عدم اولویت اذن بایشاں و مبنی بر نفاق بودن باستیذان ایشاں ---- "
تفسیر: قرینہ بطلان عذر وحکمت تخلف وتائید مفسد بودن منافقین --- ۱۳۵
بعض اقوال خاصہ منافقین ---- "
مقبول نبودن نفقات منافقین ---- ۱۳۷
بعض اقوال خاصہ دیگر منافقین ---- ۱۳۸
مستحقین صدقات ---- ۱۳۹
بعض احوال واقوال خاصہ دیگر منافقین ---- ۱۴۰
حلف کاذب منافقین بغرض فاسد ---- ۱۴۱
استہزاء واعتذار باطل منافقین ---- ۱۴۳
تشابہ فی الذم مع وعید منافقین ---- "
مدح وبشارت مؤمنین ---- ۱۴۵
امر بجہاد کفار ومنافقین ---- "
تائید امر جہاد وتاکید مضامین سابقہ ببیان بعضے احوال منافقین ---- "
آیت وتفسیر ---- "
عدم نفع استغفار نبی مر منافقین را ---- ۱۴۸
بعضے از حال ومآل متخلفین ---- ۱۴۹

www.besturdubooks.net

تفسیر: معاملہ با منافقین بعد موت ایشاں ---- ۱۵۰
استمرار عادت منافقین در تخلف و مدح مؤمنین ---- ۱۵۱
تفسیر: حال اعراب منافقین ---- ۱۵۲
قبول اعذار صحیحہ و تاکید آں ---- ۱۵۳

پارہ: ۱۱

تفسیر: اخبار از عذر منافقین و معاملہ در نشأتین ---- ۱۵۴
ذم منافقین و مدح مخلصین از اعراب ---- ۱۵۵
فضیلت مہاجرین و انصار و اتباع شان ---- ۱۵۶
ذکر منافقین غیر معلوم النفاق ---- ۱۵۷
ذکر مؤمنین متخلفین ---- ۱۵۸
ذکر مسجد ضرار ---- ۱۶۰
فضل مجاہدین عموماً و کاملین خصوصاً ---- ۱۶۲
نہی از استغفار برائے مشرکین مع جواب شبہ متعلقہ آں ---- ۱۶۳
تسلیہ مؤمنین متعلق نہی مذکور و اوصاف باری تعالیٰ بتاکید تسلیہ و نہی --- ۱۶۵
مقبولیت مجاہدین و تائبین در تبوک ---- "
امر بتقویٰ و صدق ---- ۱۶۶
ملامت متخلفین بضمن فضیلت مجاہدین ---- ۱۶۷
تفسیر: فرض کفایہ بودن نفیر برائے جہاد ---- ۱۶۸
ترتیب جہاد: ---- "
ذکر تمسخر منافقین بآیات منزلہ و تنفر شاں از آنہا مع جواب و عتاب ---- ۱۶۹

سُوْرَۃُ یُوْنُسَ ⑩

حقیقت قرآن و رسالت ---- ۱۷۱
حقیقت توحید ---- ۱۷۳
حقیقت معاد ---- "
عود بتوحید ---- "
عود بمعاد ---- "
جواب شبہ از عدم وقوع عذاب عاجل ---- ۱۷۵
تزییف طریقۂ مشرکین ---- ۱۷۴
تہدید کفار بذکر اہلاک سابقین اجمالاً ---- ۱۷۵
حقیقت قرآن و رسالت ---- ۱۷۶
عود بمسئلہ رسالت ---- ۱۷۹
علت اعتراض و اعراض کفار ---- "
توحید و مزید وعید: ---- "
فنائے دنیا و بقائے جزا و سزائے عقبیٰ ---- ۱۸۰
تبری معبودین از عابدین در قیامت ---- "
احقاق توحید و ابطال شرک ---- ۱۸۲
حقیقت قرآن ---- ۱۸۴
تبریہ و تسلیہ رسول اللہ ﷺ ---- "
تفسیر: تحقیق معاد و جواب شبہات کفار متعلق آں ---- ۱۸۶
حقیقت و فضیلت قرآن و استمالت مخاطبین بدو ---- ۱۸۸
تقبیح بعض رسوم شرک ---- ۱۸۹
تفسیر: تسلی رسول اللہ ﷺ بیان علم و قدرت و حفاظت الٰہیہ ---- ۱۹۰
توحید ---- ۱۹۱
قصہ نوح علیہ السلام با قوم او ---- ۱۹۲
اجمال قصہ عاد و ثمود و غیرہم ---- ۱۹۴
قصہ موسیٰ علیہ السلام با فرعون ---- "
تتمہ قصہ موسویہ ---- ۱۹۶
تتمہ قصہ موسویہ ---- "
تتمہ قصہ موسویہ ---- ۱۹۸
حکایت نعمت و ردود و شکایت معصیت یہود ---- "
تسلیہ رسول ﷺ بیان دوران ہدایت بر مشیت ---- ۲۰۰
مکلف و معذب شدن معاندین ---- ۲۰۱
بیان توحید رکن اعظم اسلام ---- ۲۰۲
اقامت حجت بعد اتمام دعوت ---- "

سُوْرَۃُ ھُوْدٍ ⑪

توحید و رسالت و متعلقات آں ---- ۲۰۵
بحث بعث ---- ۲۰۷
بیان بعض خواص بشریہ در باب منن و محن ---- "

پارہ: ۱۲

بحث رسالت و بیان توحید ---- ۲۰۸
ابطال زعم کفار استحقاق ثواب را بر اعمال خود ---- ۲۰۹
تصدیق مؤمنین مر قرآن ثابت بالدلیل را و وعید مکذبین ---- ۲۱۱
تفصیل انجام مکذبین و مصدقین ---- "
قصہ حضرت نوح علیہ السلام با قوم او ---- ۲۱۳

www.besturdubooks.net

جواب محاجہ کفار مکہ ---- ۲۱۶
تفسیر: ظاہر ہے۔ قصہ فرو شدن طوفان ---- ۲۱۹
دعائے نوح علیہ السلام و جواب باری تعالیٰ ---- ۲۱۹
خاتمہ قصہ ---- ۲۲۰
بعضے فوائد قصہ مذکورہ ---- ۲۲۰
قصہ عاد قوم ہود علیہ السلام ---- ۲۲۲
قصہ ثمود قوم صالح علیہ السلام ---- ۲۲۴
تفسیر: قصہ حضرت لوط علیہ السلام و قوم او کہ بمنزلہ تتمہ قصہ سابقہ است --- ۲۲۸
تفسیر لوط: ظاہر ہے۔ قصہ شعیب علیہ السلام با اہل مدین ---- ۲۳۰
تذکیر عواقب دنیویہ کفر ---- ۲۳۳
تفسیر: تذکیر عواقب اُخرویہ کفر عود بمضامین تسلیہ و حکمت تاخیر عذاب و تیقن وقوع آں بوقت خود و ترغیب امتثال اوامر: ---- ۲۳۶
سبب قریب و بعید ہلاک امم سابقہ ---- ۲۳۷
خاتمہ کلام با الد الخصام ---- ۲۳۸

سورۃ یوسف ⑫

حقیت قرآن و تمہید قصہ ---- ۲۴۱
آغاز قصہ و خواب گفتن یوسف علیہ السلام و جواب دادن یعقوب علیہ السلام ----
تفسیر معاملہ اخوانِ یوسف علیہ السلام با او ---- ۲۴۳
تفسیر قصہ یوسف علیہ السلام با زنِ عزیز ---- ۲۴۶
تفسیر: قصہ قاطعات ید با یوسف علیہ السلام و سجن او ---- ۲۴۹
تفسیر: قصہ یوسف علیہ السلام با ساقی و نبذ شاہی در سجن ---- ۲۵۲
تفسیر: قصہ تعبیر یوسف علیہ السلام رویا ملک مصر ---- ۲۵۳

پارہ: ۱۳

تفسیر: قصہ ملاقات و مکالمت یوسف علیہ السلام با ملک مصر ---- ۲۵۶
تفسیر: ظہور قحط و بار اول آمدن برادران یوسف علیہ السلام و بازگشتن -- ۲۵۹
تفسیر: بار دوم آمدن برادرانِ یوسف علیہ السلام ---- ۲۶۲
تفسیر: بازگشتن برادرانِ یوسف از سفر دوم ---- ۲۶۵
تفسیر: بار سوم آمدن برادرانِ یوسف علیہ السلام با مر یعقوب علیہ السلام بتجسس یوسف علیہ السلام و بنیامین ---- ۲۶۸
تفسیر: بازگشتن برادرانِ یوسف علیہ السلام از سفر سوم و بشارت بردن - ۲۶۹
تفسیر: بار چہارم آمدن برادرانِ یوسف علیہ السلام مع والدین و اہل خود ---- ۲۷۰
ختم قصہ بر دعائے یوسف علیہ السلام برائے ختم بالخیر ---- ۲۷۱
تفسیر: بحث رسالت و توحید و تسلیہ حضور و عید منکرین و حقیت قرآن ---- ۲۷۳

سورۃ الرعد ⑬

حقیت قرآن ---- ۲۷۶
توحید ---- ۲۷۷
جواب مطاعن بر نبوت: ---- ۲۷۸
عود بسوئے توحید ---- ۲۸۰
مثال حق و باطل ---- ۲۸۲
بعضے صفات و عواقب محقین و مبطلین ---- ۲۸۳
جواب شبہ عدم مبغوضیت کفار از وسعت رزق ---- ۲۸۵
عود بہ مبحث نبوت ---- ۲۸۵
تقبیح شرک و اہل آں ---- ۲۸۷
سزائے مشرکین و جزائے مؤمنین ---- ۲۸۸
کلام با اہل کتاب متعلق نبوت ---- "
کلام در منکرین نبوت از غیر اہل کتاب ---- ۲۹۰

سورۃ ابراہیم ⑭

بحث رسالت ---- ۲۹۲
تفسیر: ذکر موسیٰ علیہ السلام ---- ۲۹۴
ذکر معاملات بعض دیگر رسل با قوم ایشاں ---- ۲۹۶
تفسیر: انسداد جمیع طرق محتملہ نجات کفار ---- ۲۹۸
ثواب مؤمنین ---- ۳۰۱
فضل کلمۂ توحید و شناعت کلمۂ شرک بیان مثال واثر ---- ۳۰۲
مذمت کفار و مشرکین و مدح مؤمنین ---- ۳۰۴
اثبات توحید و تعداد بعض نعم ---- "
قصہ ابراہیم علیہ السلام بتقریر توحید حق و انعام ---- ۳۰۵
دوسری دعا: ---- ۳۰۶
تیسری تا پانچویں دعا ---- ۳۰۷
خاتمہ مشتمل بر خلاصہ تمام سورت مع مدح قرآن ---- ۳۰۸
ضمیمہ از روح المعانی ---- ۳۰۹

سورۃ الحجر ⑮

www.besturdubooks.net

پارہ : ۱۴

حقیت قرآن ---- ۳۱۲
بیان عذاب وحسرت کفار ---- "
بحث رسالت ---- "
بیان توحید ---- ۳۱۴
تفسیر: قصۂ آدم علیہ السلام مشتمل برتوحید وانعام ودوخامت کفر --- ۳۱۶
نعیم اہل جنان ---- ۳۱۸
تاکید وعدہ ووعید سابق ---- "
اہلاک مجرمین وانجائے مؤمنین ازقوم لوط ---- ۳۲۰
تفسیر: قصۂ اصحاب ایکہ ---- ۳۲۳
قصہ اصحاب حجر ---- "
تسلیہ رسول اللہ ﷺ بابلغ وجوہ برعناد کفار ---- "

سورۃ النحل ⑯

تمہید توحید بوعید ---- ۳۲۷
اثبات توحید بدلیل نقلی ---- "
اثبات توحید بطریق عقلی متضمن ذکر نعم ---- "
جملہ معترضہ برائے تبیین اثر دلائل مذکورہ ---- ۳۲۹
بقیہ دلائل مفیدۂ توحید ونعم ---- "
ابطال اشراک وذم مشرکین ---- ۳۳۰
بیان اضلال مشرکین مع وعید ---- ۳۳۲
وعید براصرار کفار ---- ۳۳۴
تفسیر: ردِ دعویٰ کفار مر اثبات حقیت طریقہ خود ونفی قیامت رامع
تسلیہ ---- ۳۳۵
تبشیر مہاجرین ---- ۳۳۶
جواب شبہ کفار متعلق رسالت ---- ۳۳۸
وعید کفار باحتمال عذاب دنیوی ---- "
عود بسوئے توحید ---- ۳۳۹
امہال ظالمین تاوقت موعود ---- ۳۴۱
ذم دعویٰ اہل شرک باوجود منافی ---- ۳۴۲
تسلیہ رسول اللہ ﷺ ---- "
عود بتوحید متضمن انعامات ---- "
بقیہ مضمون سابق ---- ۳۴۵

تتمہ سابق ---- ۳۴۷
وعید کفار بر کفر ---- ۳۴۹
وعید متضمن رسالت وفضل قرآن ---- "
امر بایفائے عہد ---- ۳۵۱
تفسیر: فضیلت اعمال خیر ---- ۳۵۳
حفاظت از دواعی اعمال شر ---- "
جواب شبہات بر نبوت مع تہدید ---- "
وعید مرتدین واستثنائے مکرہین ---- ۳۵۵
سقوط کفر باثر ایمان ---- "
بعض آفات کفر در دنیا گو غیر لازم باشد ---- ۳۵۶
نہی از بعض رسوم شرکیہ ---- ۳۵۸
سقوط عمل سوء توبہ ---- "
تحقیق فضیلت ملت ابراہیمیہ برائے ترغیب اتباع ملت محمدیہ موافقہ بااو! ۳۵۹
آداب تبلیغ احکام رخصت وعزیمت در انتقام ---- ۳۶۰

پارہ ۱۵

سورۃ بنی اسرائیل ⑰

قصہ اجمالی معراج ---- ۳۶۲
تنبیہ اول تا تنبیہ پانزدھم ---- ۳۶۴
تحقیقات ---- ۳۶۵
دفع اشکالات ---- ۳۶۶
تقویت توحید ورسالت مع ترغیب اطاعت بطرز بلیغ ---- ۳۶۷
ترہیب از مخالفت ومعصیت ---- "
واقعہ اول تا واقعہ ششم ---- ۳۶۸
تفسیر آیات ---- "
مدح قرآن دال بر توحید ورسالت ---- ۳۷۰
استحقاق عذاب عصیان رسل ---- ۳۷۲
اشتراطانیت آخرت وایمان برائے قبول اعمال مع تحقیر دُنیا وتفضیلِ
آخرت ---- ۳۷۳
حکم اول.....توحید ---- ۳۷۴
حکم دوم.....ادائے حقوق ابوین ---- "
حکم سوم ادائے حقوق دیگر اہل حق ---- ۳۷۵
حکم چہارم نہی از تبذیر ---- "

www.besturdubooks.net

حکم پنجم رد جمیل ---- "
حکم ششم: اقتصاد در انفاق ---- "
تفسیر: حکم ہفتم نہی از قتل اولاد ---- ۳۷۷
حکم ہشتم نہی از زنا ---- "
حکم نہم نہی از مطلق قتل ناحق ---- "
حکم دہم نہی از تصرف ناحق در مال یتیم ---- "
حکم یازدہم امر بوفائے عہد ---- "
حکم دوازدہم وسیزدہم امر بایفائے کیل ووزن ---- "
حکم چہاردہم نہی از اتباع غیر دلیل ---- "
تفسیر: حکم پانزدہم نہی از مرح ---- "
قبح منہیات مذکورہ ---- ۳۷۸
ختم احکام مذکورہ بر مدح آں تکرار توحید ---- ۳۷۹
تاکید توحید: ---- "
کلام با منکرین بعث ---- ۳۸۱
تعلیم ترک خشونت در محاجۂ کفار ---- "
اثبات رسالت وفضیلت رسول اللہ ﷺ ---- ۳۸۳
عود بابطال شرک ---- "
ترہیب کفار از ہلاک وعذاب ---- ۳۸۴
تفسیر: حکمت عدم وقوع بعض مقترحات کفار ---- ۵۸۵
تفسیر: قصۂ آدم علیہ السلام وابلیس ---- ۳۸۷
عود بسوئے توحید ---- "
ذکر بعض انعامات بغرض توحید ---- ۳۸۸
بعض واقعات قیامت ---- ۳۸۹
اوامر ومواعید اخبار خاصہ مقللہ حزن نبوی ---- ۳۹۲
اعمال جاہلین خصوصاً واحوال عالمین عموماً ---- ۳۹۳
جواب سوال ---- ۳۹۴
امتنان ببقاء وحی ---- ۳۹۴
اعجاز ---- "
ضلالت کفار باوجود ہدایت تامہ قرآن ---- "
جواب اقتراح معاندین ---- ۳۹۶
جواب بعض شبہات متعلقہ رسالت ---- "
موکول نبودن عطائے نبوت بعباد ---- ۳۹۷
تحقیق رسالت ---- ۳۹۹
تحقیق وتعلیم توحید ---- ۴۰۰
لطیفہ اول ودوم ---- ۴۰۱

سورۃ الکہف ⑱

رسالت وما بہ الرسالت وتسلیہ صاحب رسالت ---- ۴۰۲
تمہید قصہ اصحاب کہف ---- ۴۰۴
اجمال قصہ اصحاب کہف ---- "
تفصیل قصہ اصحاب کہف ---- ۴۰۵
تفسیر: بقیہ قصہ مذکورہ ---- ۴۰۷
تعلیم مکالمات در مخاصمات ---- ۴۱۰
بعض آداب تبلیغ ---- ۴۱۴
قصہ در بیان تذلیل مال وتفضیل اعمال ---- ۴۱۶
فنائے دنیا وبقائے عقبیٰ وہول قیامت ---- ۴۱۹
بیان کفریات وعقوبات منکرین ---- ۴۲۱
قصہ موسیٰ علیہ السلام با خضر ---- ۴۲۳

پارہ: ۱۶

تفسیر: تتمہ قصہ ---- ۴۲۵
تفسیر: تتمہ قصہ ---- ۴۲۸
قصہ ذوالقرنین ---- "
سفر اول: ---- "
تفسیر: سفر دوم ---- ۴۳۱
سفر سوم ---- "
بیان فناء وبقاء وجزاء یوم لقاء ---- ۴۳۳

سورۂ مریم ⑲

قصہ اول حضرت زکریا وحضرت یحییٰ علیہما السلام ---- ۴۳۷
تفسیر: قصہ دوم حضرت عیسیٰ ومریم علیہما السلام ---- ۴۳۹
تفسیر: تتمہ قصہ متضمنہ حمل وتولد ---- ۴۴۰
تفسیر: تتمہ قصہ متضمنہ ملامت قوم وجواب عیسیٰ علیہ السلام ---- ۴۴۲
تفریع توحید وتفریع کافر عنید ---- ۴۴۴
تفسیر: قصہ سوم حضرت ابراہیم علیہ السلام ---- ۴۴۵
تفسیر: تتمہ قصہ ---- ۴۴۶
تفسیر: قصہ چہارم حضرت موسیٰ علیہ السلام ---- ۴۴۷
حال ومآل اہل وفاق واہل شقاق ---- ۴۴۹

www.besturdubooks.net

تفسیر: محکوم و مربوب بودن ملائکہ و تمامی خلائق مرحق تعالیٰ را و تفریع وجوب عبادت بر آں ---------- ۴۵۰
تفصیل حال و معاد اہل ضلال و اہل ارشاد ---------- ۴۵۱
رد بعض اقوال منکرین ---------- ۴۵۲
---------- "
رد بعض دیگر اقوال منکرین ---------- ۴۵۳
بیان تسبب ضلال و وبال ضلال و وقت وبال منکرین بغرض تسلیہ رسول امین ﷺ
---------- ۴۵۵
ابطال و مآل عقیدہ اتخاذ ولد ---------- ۴۵۵
تبشیر اہل ایمان و انذار اہل طغیان و بودن او اعظم مقاصد قرآن ---------- "

سورۃ طٰہٰ ⑳

تفسیر: تقریر رسالت و توحید ---------- ۴۵۷
بسط قصہ موسیٰ علیہ السلام ---------- ۴۵۸
تفسیر: تقریر رسالت و توحید ---------- "
بسط قصہ موسیٰ علیہ السلام ---------- ۴۵۸
تقبیح احوال و اقوال کفار و تسلیہ سید الابرار صلی اللہ علیہ وسلم ---------- ۴۷۹

پارہ: ۱۷

سورۃ الانبیاء ㉑

شنیع بر غفلت و جہالت و انکار رسالت ---------- ۴۸۳
چیزے از تفصیل اہلاک مخالفین انبیاء ---------- ۴۸۴
تحقیق توحید ---------- ۴۸۶
تفصیل بعضے از دلائل قدرت ---------- ۴۸۸
تتمہ مضمون تشنیع بر انکار رسول و تقریع بعذاب مہول ---------- ۴۹۰
قصہ عطائے کتاب بموسیٰ و ہارون علیہما السلام ---------- ۴۹۳
قصہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ---------- ۴۹۴
قصہ نوح علیہ السلام ---------- "
تفسیر: قصہ حضرت لوط علیہ السلام ---------- ۴۹۷
تفسیر: قصہ داؤد و سلیمان علیہما السلام ---------- ۴۹۸
تفسیر: قصہ ایوب علیہ السلام ---------- ۵۰۰
قصہ اسماعیل و ادریس و ذا الکفل علیہم السلام ---------- "
قصہ حضرت یونس علیہ السلام ---------- "
تفسیر: قصہ زکریا علیہ السلام ---------- ۵۰۲
قصہ حضرت عیسیٰ و مریم علیہما السلام ---------- "
توحید مع ذکر معاد برائے تاکید ---------- ۵۰۳
خاتمہ سورت متضمن تلخیص مضامین توحید و نبوت و وعید اہل شقوت ---- ۵۰۶

سورۃ الحج ㉒

امر بالتقوی و تاکید او بذکر و احوال قیامت ---------- ۵۰۸
رد بر منکرین بعث وغیرہ ---------- ۵۱۰
تفسیر: ذم منافقین و مرتدین از مذبذبین ---------- ۵۱۲
فضل مؤمنین ---------- ۵۱۳
خیبت آمال کفار بدسگال ---------- ۵۱۳
فاعل بودن حق تعالیٰ مرتنزیل را و ہدایت سبیل را ---------- ۵۱۴
بیان فیصلہ محقین و مبطلین در قیامت ---------- "
تعظیم امر انقیاد و تذمیم اختلاف عناد ---------- "
تفصیل فیصلہ فرق مذکورہ ---------- "
ذم کفار لئام بر منع اہل اسلام از مسجد حرام و بیان بعض احکام متعلقہ آں مقام و آں ایام ---------- ۵۱۷
تتمہ سابق ---------- ۵۱۸
تفسیر: ایضا تتمہ سابق ---------- ۵۲۰
تفسیر: ایضا تتمہ سابق ---------- ۵۲۲
وعدہ نصرت مؤمنین و وعید خذلان مشرکین ---------- ۵۲۳
اذن جہاد مع مضامین متعلقہ آں ---------- ۵۲۴
تسلیہ رسول و جواب شبہات کفار جہول ---------- ۵۲۶
افنائے باطل و ابقاء حق و جزا و سزائے اہل ہر دو ---------- ۵۲۸
بشارت مہاجرین بنعمائے آخرت ---------- ۵۲۹
وعدۂ نصرت بر عدوان بعد انتقام ---------- "
بیان قدرت و عظمت و نعمت حق تعالیٰ ---------- ۵۳۱
زجر مشرکین در اعتراض بر ذبائح ---------- ۵۳۱
رد شرک و ذم مشرک ---------- "
تحقیق مسئلہ رسالت ---------- ۵۳۳
امر بالقیام علی حقیقۃ الاسلام ---------- ۵۳۴

www.besturdubooks.net

پارہ: ۱۸

سورۃ النور ۲۴

فضیلت بعض اہم عبادات ---------- ۵۳۷
فائدہ اوّل تا ہفتم ---------- ۵۳۸
استدلال بر صفات کمال قادر ذوالجلال ---------- ۵۳۹
قصہ نوح علیہ السلام وقوم او ---------- ۵۴۲
تفسیر: قصہ عاد یا ثمود ---------- ۵۴۳
تفسیر: قصہ بعض دیگر امم اجمالاً ---------- ۵۴۴
بشارت مطیعین بخیر ابدی ---------- ۵۴۷
اعمال واحوال ومآل وابطال اقوال اہل ضلال ---------- ۵۴۹
استدلال بر عظمت قدرت وصحت بعث ---------- ۵۵۲
تہویل عذاب وتیل وامر بصبر جمیل: ---------- ۵۵۴
ذکر معاد واحوال واہوال او ---------- "
فائدہ اول تا فائدہ پانزدہم ---------- ۵۵۶
ذکر صفات ذوالجلال والاکرام مع وعید مشرکین لئام وتعلیم استغفار واسترحام "

سورۃ النور ۲۴

تمہید اجمالی مضامین سورت ---------- ۵۵۹
حکم اول حد زنا ---------- ۵۶۰
حکم دوم نکاح زوانی ---------- ۵۶۰
تفسیر: حکم سوم حد قذف ---------- ۵۶۲
تفسیر: تبریہ صدیقہ از افک ونصیحت مؤمن وفضیحت منافق ---------- ۵۶۶
ترجمہ وتفسیر: ---------- "
تفسیر: حکم پنجم استیذان ---------- ۵۷۱
تفسیر: حکم ششم غض ابصار واستتار ---------- ۵۷۳
تفسیر: حکم ہفتم نکاح وانکاح وحکم ہشتم صبر بر عجز از نکاح ---------- ۵۷۶
حکم نہم کتابت مملوک واعانت او ---------- ۵۷۷
حکم دہم نہی اکراہ علی الزنا ---------- ۵۷۷
فائدہ متعلقہ جمیع احکام عشرۂ مذکورہ ---------- ۵۷۸
امتنان بنزول ہدایت نامہ ---------- ۵۸۰
آیت نور در تمثیل ہدایت وفجور وتفصیل حال مؤمن وکفور ---------- "
تفسیر: دلائل توحید والوہیت ---------- ۵۸۴
امتنان بتنزیل علم وتوفیق عمل ---------- ۵۸۶
بیان بعضے از مہتدین وغیر مہتدین ---------- "
ترتب بعضے مواعید دنیا وآخرت بر اطاعت ومعصیت ---------- ۵۸۹
حکم یازدہم استیذان وحکم دوازدہم مبالغہ در تستر تتمہ حکم پنجم وششم ---------- ۵۹۰
آیت مع ترجمہ وتفسیر حکم یازدہم ---------- ۵۹۱
حکم دوازدہم ---------- "
حکم چہارم امر بسلام بر اہل بیوت ---------- ۵۹۴
وجوہ الشانی ---------- ۵۹۸

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ الْاَعْرَاف

سُوْرَةُ الْاَعْرَاف ۷ مَكِّيَّة ۳۹ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۲۰۶ رُكُوْعَاتُهَا ۲۴

سورۂ اعراف مکہ میں نازل ہوئی شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والے ہیں اور اس کی دو سو چھ آیتیں اور چوبیس رکوع ہیں

الٓمّٓصٓ ۝۱ كِتٰبٌ اُنْزِلَ اِلَيْكَ فَلَا يَكُنْ فِيْ صَدْرِكَ حَرَجٌ مِّنْهُ لِتُنْذِرَ بِهٖ وَذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۝۲ اِتَّبِعُوْا مَآ
اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلَا تَتَّبِعُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ۝۳ وَكَمْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا فَجَاۗءَهَا
بَاْسُنَا بَيَاتًا اَوْهُمْ قَاۗىِٕلُوْنَ ۝۴ فَمَا كَانَ دَعْوٰىهُمْ اِذْ جَاۗءَهُمْ بَاْسُنَآ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ۝۵ فَلَنَسْـَٔـلَنَّ
الَّذِيْنَ اُرْسِلَ اِلَيْهِمْ وَلَنَسْـَٔـلَنَّ الْمُرْسَلِيْنَ ۝۶ فَلَنَقُصَّنَّ عَلَيْهِمْ بِعِلْمٍ وَّمَا كُنَّا غَاۗىِٕبِيْنَ ۝۷ وَالْوَزْنُ يَوْمَىِٕذِ ۨ
الْحَقُّ ۚ فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝۸ وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا
اَنْفُسَهُمْ بِمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَظْلِمُوْنَ ۝۹

یہ ایک کتاب ہے جو آپ کے پاس اس لئے بھیجی گئی ہے کہ آپ اس کے ذریعہ سے ڈرائیں سو آپ کے دل میں اس سے بالکل تنگی نہ ہونا چاہئے اور یہ نصیحت ہے ایمان والوں کے لئے تم لوگ اس کا اتباع کرو جو تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے آئی ہے اور خدا تعالیٰ کو چھوڑ کر دوسرے رفیقوں کا اتباع مت کرو۔ تم لوگ کم ہی نصیحت مانتے ہو اور بہت بستیوں کو ہم نے تباہ کر دیا اور ان پر ہمارا عذاب رات کے وقت پہنچا یا ایسی حالت میں کہ وہ دوپہر کے وقت آرام میں تھے۔ سو جس وقت ان پر عذاب آیا۔ اس وقت ان کے منہ سے بجز اس کے اور کوئی بات نہ نکلتی تھی کہ واقعی ہم ظالم تھے۔ پھر ہم ان لوگوں سے ضرور پوچھیں گے۔ جن کے پاس پیغمبر بھیجے گئے تھے اور پیغمبروں سے ضرور پوچھیں گے۔ پھر ہم چونکہ پوری خبر رکھتے ہیں ان کے روبرو بیان کر دیں گے اور ہم کچھ بے خبر نہ تھے اور اس روز وزن بھی واقع ہوگا پھر جس شخص کا پلہ بھاری ہوگا سو ایسے لوگ کامیاب ہوں گے اور جس شخص کا پلہ ہلکا ہوگا سو یہ لوگ ہوں گے جنہوں نے اپنا نقصان کر لیا بسبب اس کے کہ ہماری آیتوں کی حق تلفی کرتے تھے ۞

تفسیر: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سُوْرَةُ الْاَعْرَاف مكية وهي ثمان و الاثماني ايٰت من قوله وَاسْأَلْهُمْ ..... وَاِذْ نَتَقْنَا كذا في البيضاوي۔ اس سورت کے متعلق تین مناسبتیں لکھی جاتی ہیں ایک مناسبت اس کے اول کو سورت گزشتہ کے اخیر سے جس کی تقریر یہ ہے کہ اس کے اخیر میں قُلْ اِنَّنِيْ هَدٰىنِيْ الخ میں دین حق کی تعیین فرمائی تھی اور اس کے بعد هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الخ میں ترغیب وترہیب باعتبار ثواب وعذاب آخرت کے مذکور تھی اس کے اول میں كِتٰبٌ اُنْزِلَ اِلَيْكَ الخ میں اس دین حق کی تبلیغ کا حکم ہے اور فَلَنَسْـَٔـلَنَّ الَّذِيْنَ الخ میں آخرت کے معاملات سوال ووزن اعمال وجزا وسزا کا بیان ہے پس وہ دونوں مضمون ان دونوں مضمون سے متحد ہو گئے۔ دوسری مناسبت باہم اس سورت کے مجموعہ اجزاء میں اس کی تقریر یہ ہے کہ تمام سورت پر نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے کہ زیادہ مضامین اس میں معاد اور نبوت کے متعلق ہیں۔ چنانچہ شروع ہی کتاب اُنْزِلَ الخ میں نبوت اور فَلَنَسْـَٔـلَنَّ الخ میں معاد کی تحقیق ہے اور رکوع چہارم کے نصف کے بعد سے رکوع ششم کے ختم تک بالکل معاد کی بحث ہے پھر رکوع ہشتم سے رکوع بست ویکم کے ختم تک انبیاء علیہم السلام کے اور ان کے امم کے ساتھ جو معاملات ہوئے مذکور ہیں یہ سب مسئلے رسالت کے مثبت ہیں کہ رسالت کوئی امر مستغرب قابل انکار نہیں پہلے سے بھی رسول ہوتے آئے ہیں اور ان قصص میں ساتھ ساتھ منکرین رسالت کی سزاؤں کا بھی ذکر چلا آیا ہے تاکہ منکرین موجودین کو عبرت ہو اور رکوع بست ودوم کے نصف سے رکوع بست وسوم

www.besturdubooks.net

کے ختم تک پھر معادکی بحث ہے صرف رکوع ہفتم و بست ودوم کے شروع میں اور رکوع بست و چہارم جو کہ آخری رکوع ہے اس کے اکثر حصہ میں توحید پر خاص بحث ہے اور رکوع دوم وسوم میں امور حقہ مثل رسالت ومعاد کی تکذیب وانکار کی وجہ کی طرف کہ اغواء ہے اشارہ کرنے کے لئے قصہ عداوتِ شیطان کا بیان فرما کر اس سے احتیاط وحذر کی تاکید فرمائی ہے اور بقیہ حصہ اقل قلیل سورت کا جو رہ گیا اس میں بعض امور جزئی وفرعی مناسب مقام مذکور ہیں غرض زیادہ کلام معاد اور نبوت میں ہے اور ان دونوں کا مع اپنے متعلقات کے مناسب ہونا معلوم ہے پس اس سے باہم اجزائے سورت میں وجہ ارتباط ظاہر ہوگئی۔ تیسری مناسبت اس سورت کے مجموعہ کو پہلی سورت کے مجموعہ سے سو پہلی سورت کے شروع تمہید میں جو اس کے مباحث کا خلاصہ لکھا گیا ہے اس کو سورت ہذا کے خلاصہ سے ملانے سے وہ بھی ظاہر ہو جاتی ہے کہ اس میں یہ دونوں بحثیں بھی مع بحث توحید اور ان کے منکرین کے ساتھ مکالمہ ومحاجہ تھا اور ان سب کا باہم تعلق ظاہر ہے سو سب سے اول تَذَكَّرُوْنَ تک قرآن کا حق اور واجب الاتباع ہونا بیان فرماتے ہیں پھر وَكَمْ مِّنْ قَرْيَةٍ سے اس کے انکار ومخالفت پر دنیوی اور اخروی سزا سے ڈراتے ہیں اور شاید مسئلہ رسالت کی تقدیم مسئلہ بعث پر یہاں اس لئے ہو کہ علم بعثت علم رسالت پر موقوف ہے **واللہ اعلم باسرارِ کلامہ۔**

حقیقت ووجوب اتباعِ قرآن مجید: اَنْتُمْ (الی قولہ تعالیٰ) قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ۔ اَنْتُمْ (اس کے معنی کی تو اللہ ہی کو خبر ہے آگے سے لکھا جاتا ہے) یہ (قرآن) ایک کتاب ہے جو (اللہ کی جانب سے) آپ کے پاس اس لئے بھیجی گئی ہے کہ آپ اس کے ذریعہ سے (لوگوں کو سزائے نافرمانی سے) ڈرائیں۔ سو آپ کے دل میں (اگر کوئی) اس (کو نہ مانے تو اس) سے بالکل تنگ نہ ہونا چاہئے (کیونکہ تکمی کے نہ ماننے سے آپ کے انذار میں تو جو کہ اصل غرض ہے خلل نہیں پڑتا پھر آپ کیوں تنگ ہوں) اور یہ (قرآن خصوصیت کے ساتھ) نصیحت ہے ایمان والوں کے لئے (آگے عام امت کو خطاب ہے کہ جب قرآن کا منزل من اللہ ہونا معلوم ہو گیا تو) تم لوگ اس (کتاب کا) اتباع کرو جو (بواسطہ رسول کے) تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے آئی ہے (اتباع یہ کہ تصدیق بھی کرو عمل بھی کرو) اور خدا تعالیٰ کو چھوڑ کر (جس نے تمہاری ہدایت کو قرآن نازل کیا) دوسرے رفیقوں کا (جو تم کو گمراہ کرتے ہیں جیسے شیاطین الانس والجن) اتباع مت کرو (مگر باوجود اس شفیقانہ فہمائش کے) تم لوگ بہت ہی کم نصیحت مانتے ہو (چنانچہ ظاہر ہے کہ گمراہ اور گمراہی زیادہ ہے)۔

ربط: اوپر قرآن کا حق واجب الاتباع ہونا مذکور تھا آگے اس کے انکار ومخالفت پر عذاب دنیوی واخروی سے ڈراتے ہیں جیسا کہ تمہید سورت کے اخیر میں بھی بیان ہو چکا۔

ترہیب برانکارِ حق: وَكَمْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا (الی قولہ تعالیٰ) بِمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَظْلِمُوْنَ ۝ اور کتنی ہی بستیاں ہیں کہ ان کو (یعنی ان کے رہنے والوں کو ان کے کفر وتکذیب پر) ہم نے تباہ کر دیا اور ان پر ہمارا عذاب (یا تو) رات کے وقت پہنچا (جو کہ آرام کا وقت ہوتا ہے) یا ایسی حالت میں (پہنچا) کہ وہ دوپہر کے وقت آرام میں تھے (یعنی کسی کو کسی وقت، کسی کو کسی وقت) سو جس وقت ان پر ہمارا عذاب آیا اس وقت ان کے منہ سے بجز اس کے اور کوئی بات نہ نکلتی تھی کہ واقعی ہم ظالم (اور خطاوار) تھے (یعنی اس وقت اپنے جرم کا اقرار کیا جب کہ اقرار کا وقت گزر گیا یہ تو دنیوی عذاب ہوا) پھر (اس کے بعد عذاب اخروی کا سامان ہوگا کہ قیامت میں) ہم ان لوگوں سے (بھی) ضرور پوچھیں گے جن کے پاس پیغمبر بھیجے گئے تھے (کہ تم نے پیغمبروں کا کہنا مانا یا نہیں **کقولہ تعالیٰ مَاذَآ اَجَبْتُمُ الْمُرْسَلِيْنَ** [القصص : ٦٥] اور ہم پیغمبروں سے (بھی) ضرور پوچھیں گے (کہ تمہاری امتوں نے کہنا مانا یا نہیں **قولہ تعالیٰ يَجْمَعُ اللّٰهُ الرُّسُلَ فَيَقُوْلُ مَاذَآ اُجِبْتُمْ** [المائدۃ : ١٠٩] اور دونوں سوالوں سے مقصود توبیخ ہوگی کفار کو) پھر ہم چونکہ پوری خبر رکھتے ہیں (خود ہی) ان کے روبرو (ان سب کے اعمال کو) بیان کر دیں گے اور ہم (ان کے اعمال سے) کچھ بے خبر نہ تھے اور اُس روز (یعنی قیامت کے روز اعمال وعقائد کا) وزن واقع ہونے والا ہے (تاکہ عام طور پر ہر ایک کی حالت ظاہر ہو جاوے) پھر (وزن کے بعد) جس شخص کا پلہ (ایمان کا) بھاری ہوگا (یعنی وہ مؤمن ہوگا) سو ایسے لوگ (تو) کامیاب ہوں گے (یعنی ناجی ہوں گے) اور جس شخص کا پلہ (ایمان کا) ہلکا ہوگا (یعنی وہ کافر ہوگا) سو یہ وہ لوگ ہوں گے جنہوں نے اپنا نقصان کر لیا۔ بسبب اس کے کہ ہماری آیتوں کی حق تلفی کرتے تھے (یعنی ان پر ایمان نہ رکھتے تھے) **ف:** چونکہ اکثر ظلم کا اطلاق کفر پر آیا ہے اس لئے اس اخیر آیت کو کفار کے باب میں سمجھا گیا اور تقابل کی وجہ سے **فَمَنْ ثَقُلَتْ الخ** کی تفسیر مطلق مؤمن کے ساتھ کی گئی نیز سورۂ مؤمنون میں خَفَّتْ کے بعد فِيْ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ آیا ہے یہ بھی قرینہ تفسیر مذکور کا ہے اور پلہ کا ہلکا ہونا بوجہ قلت ایمان کے نہ ہوگا بلکہ بوجہ عدم ایمان کے ہوگا یعنی جو پلہ ایمان کے رکھنے کے لئے مخصوص ہے وہ خالی ہوگا اور دوسرے پلہ میں کفر ہوگا۔ لامحالہ خالی پلہ بھرے پلے کے مقابلہ میں ہلکا ہوگا لیکن اس تفسیر سے یہ نہ سمجھا جاوے کہ بجز ایمان وکفر کے اور اعمال حسنہ یا سیئہ کا وزن نہ ہوگا کیونکہ قرآن مجید کی بعض آیات میں جیسے : وَنَضَعُ الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْـًٔا ۭ وَاِنْ كَانَ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ اَتَيْنَا بِهَا ۭ [الانبیاء : ٤٧] اور احادیث کثیرہ میں عنوان کلی سے یا تصریح سے تمام اعمال کا موزوں ہونا مذکور ہے غایت[1] مافی الباب یہ کہ بعض آیات تعمیم حکم سے ساکت ہیں لیکن نافی نہیں۔ پس اس قسم کی آیات میں فلاح سے مراد مطلق نجات ہوگی گو بعد سزائے اعمال سیئہ پس اس میزان میں ایمان وکفر کا بھی وزن کیا جاوے گا اور اس وزن

www.besturdubooks.net

میں ایک پلہ خالی رہے گا اور ایک پلہ میں اگر وہ مؤمن ہے تو ایمان اور اگر وہ کافر ہے تو کفر رکھا جاوے گا جب اس قول سے مؤمن و کافر متمیز ہو جاویں گے پھر خاص مؤمنین کے لئے ایک پلہ میں ان کے حسنات اور دوسرے پلہ میں اُن کے سیئات رکھ کر ان اعمال کا وزن ہوگا اور جیسا کہ در منثور میں ابن عباسؓ سے مروی ہے اگر حسنات غالب ہوئے تو جنت اور اگر سیئات غالب ہوئے تو دوزخ اور اگر دونوں برابر ہوئے تو اعراف اس کے لئے تجویز ہوگی پھر خواہ شفاعت سے قبل سزا خواہ سزا کے بعد مغفرت ہو جاوے گی اب بحمداللہ کسی آیت اور حدیث میں کوئی اشکال نہ رہا اور اس کی تحقیق کہ اعمال جب اجسام نہیں تو ان میں وزن کیسے ہو گا سو اس کی دو صورتیں ہو سکتی ہیں ایک یہ کہ نامۂ اعمال وزن کئے جاویں جیسا کہ بعض روایات میں وارد ہے اور دوسری صورت یہ کہ وزن کے لئے جسمیت کا شرط ہونا شرائط عادیہ سے ہو جو اس عالم کے ساتھ خاص ہو اور اس عالم میں غیر اجسام میں بھی وزن ہو اور بعض نے جو تیسری صورت جواب کی اختیار کی ہے کہ میزان میں تاویل کر دی یہ ظاہر نصوص کے خلاف ہے چنانچہ احادیث مرفوعہ میں اس کے لئے کفہ کا ثبوت مصرح ہے **رواه الترمذی وابن ماجة وغیرهما** اور ابن عباسؓ سے بیہقی نے اس کے لئے **لسان** اور **کفتین** کا ہونا روایت کیا ہے اور وہ فی الدر المنثور پس ایسی تاویل جو بلا ضرورت ہو اور روایات کے متصادم ہو مقبول نہیں گو کیسا ہی بڑا شخص کہے رہا کہ اس میں حکمت کیا ہے سو ممکن ہے کہ عام خلائق کے روبرو اظہار معدلت اور قطع معذرت اس کی حکمت ہو اور **هُمْ قَائِلُوْنَ** بتفسیر مذکور باعتبار اکثر کے فرما دیا کیونکہ بعض تو اس وقت بھی کاروبار میں ہوتے ہیں اور اگر مطلق **داخلون فی نصف النهار** سے تفسیر کی جاوے تو حکم عام رہے گا۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلِ السُّلُوْكِ: قولہ تعالیٰ **كِتٰبٌ اُنْزِلَ اِلَيْكَ فَلَا يَكُنْ فِيْ صَدْرِكَ حَرَجٌ مِّنْهُ لِتُنْذِرَ بِهٖ** الخ **لِتُنْذِرَ** متعلق ہے **اُنْزِلَ** کے، پس اس میں مرشد کو ارشاد کا امر ہے اور اگر مخاطب اس ارشاد کو قبول نہ کرے تو مرشد کو غم کرنے سے نہی ہے پس مرشد نہ بالکلیہ مستغنی ہو اور نہ رنج و ضیق میں پڑے۔ قولہ تعالیٰ: **فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ** الخ **ثَقُلَتْ** کی تفسیر یہ کی گئی ہے کہ غالب ہوں اور **خَفَّتْ** کی تفسیر یہ کی گئی ہے کہ مغلوب ہوں یعنی اول آیت میں حسنات کے غالب ہونے کا حکم ہے اور دوسری آیت میں ان کے مغلوب ہونے کا ذکر ہے اور اسی سے دونوں کی تساوی کا حکم معلوم ہو جاوے گا یعنی وہ دونوں حالتوں کے درمیان میں ہوں گے اور یہ لوگ ایک قول میں اہل اعراف ہیں اور لوگوں کے ساتھ دنیا میں اسی کے موافق معاملہ کرنا چاہئے کہ جس کی غالب حالت اصلاح ہو اس کو صالح سمجھا جاوے اگرچہ اس میں کچھ خفیف سی برائی بھی پائی جاوے۔ ہاں خود اس شخص پر یہ ضرور واجب ہے کہ اپنے نفس کی اصلاح کرے۔

اَلْحَوَاشِيْ: (۱) یعنی دیگر آیات اور احادیث میں جو تمام اعمال کا موزون ہونا آیا ہے ان بعض آیات کو تفسیر مذکور کی بنا پر ان کا معارض نہ سمجھا جاوے کیونکہ یہ آیات نافی نہیں بلکہ ساکت ہیں اور ساکت معارض نہیں ہوتا ناطق کے ساتھ ۱۲ منہ۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَةِ: ۱ **قوله فی حرج منه** اگر کوئی اشارة الی تقدیر مضاف ای من خوف تکذیبه ویشهد له قوله تعالیٰ فلعلك تارك بعض ما یوحی الیك الخ۔ ۲ **قوله بعده** کیونکہ اشار الی ترتیب الفاء علی الانذار فالانذار مقدم فی الاعتبار فافهم ۱۲۔ ۳ **قوله فی ذکری** اور یہ اشارة الی تقدیر المبتدأ هو ثم عطف الجملة علی هذا الکتاب ۱۲۔ ۴ **قوله فی للمؤمنین** خصوصیت اشار الی ان وجه التخصیص بالمؤمنین لانتفاعهم به ۱۲۔ ۵ **قوله فی الیکم** بواسطة فلا ینافی قوله الیك فیما قبل ۱۲۔ ۶ **قوله فی فجاء** اور اشار لی ان الفاء لمطلق العطف بمعنی الواو فانه اسهل من قول بعضهم فی اهلکنا اردنا اهلاکها ۱۲۔ ۷ **قوله فی قائلون** آرام کما فی القاموس القائلة نصف النهار او هی الراحة والدعة نصف النهار وان لم یکن معها نوم ۱۲۔ ۸ **قوله فی الحق** واقع ہونے والا ہے اشار الی کونه خبر اللوزن ویومئذ ظرف للوزن ولا یضر قلة اعمال المصدر المعرف لان القلة لا ینافی الصحة والفصاحة ۱۲۔ ۹ **قوله فی موازین** پلہ اشار الی ان الموازین جمع میزان وهو الظاهر الموافق لقوله تعالیٰ ونضع الموازین وجمعه کما فی الخازن لان العرب قد توقع لفظ الجمع علی الواحد وقیل انه ینصب لکل عبد میزان وقیل لانه یشتمل علی الکفتین والشاهین واللسان ولا یتم الوزن الا باجتماع ذلك کله ۱۲۔

اَللُّغَاتُ: قوله البیات مصدر بمعنی بایتین الدعوی مصدر بمعنی دعاء وقیل بمعنی ادعاء۔

اَلْبَلَاغَةُ: قوله ما انزل الیکم فی الروح جعل منزلا الیهم لتاکید وجوب الاتباع ۱۲۔ فی الروح وانما خص انزال العذاب الیهم فی هذین الوقتین لما ان نزول المکروه عند الغفلة والدعة اقطع وحکایته للسامعین از جروا روع عن الاغترار باسباب الا من والراحة قوله بآیاتنا غدی الظلم بالباء لتضمنه معنی التکذیب والجحود کذا فی الروح۔

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝ وَلَقَدْ خَلَقْنٰكُمْ ثُمَّ صَوَّرْنٰكُمْ ۤ

www.besturdubooks.net

ثُمَّ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ لَمْ يَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ⑪ قَالَ مَا مَنَعَكَ اَلَّا تَسْجُدَ اِذْ
اَمَرْتُكَ ؕ قَالَ اَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ ۚ خَلَقْتَنِيْ مِنْ نَّارٍ وَّخَلَقْتَهٗ مِنْ طِيْنٍ ⑫ قَالَ فَاهْبِطْ مِنْهَا فَمَا يَكُوْنُ لَكَ اَنْ تَتَكَبَّرَ
فِيْهَا فَاخْرُجْ اِنَّكَ مِنَ الصّٰغِرِيْنَ ⑬ قَالَ اَنْظِرْنِيْٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ⑭ قَالَ اِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ⑮

اور بے شک ہم نے تم کو زمین پر رہنے کی جگہ دی اور ہم نے تمہارے لئے اس میں سامان زندگانی پیدا کیا تم لوگ بہت ہی کم شکر کرتے ہو اور ہم نے تم کو پیدا کیا پھر ہم نے ہی تمہاری صورت بنائی پھر ہم نے فرشتوں سے فرمایا کہ آدم کو سجدہ کرو۔ سب نے سجدہ کیا بجز ابلیس کے۔ وہ سجدہ کرنے والوں میں شامل نہ ہوا۔ حق تعالیٰ نے فرمایا تو جو سجدہ نہیں کرتا تجھ کو اس سے کون امر مانع ہے جب کہ میں تجھ کو حکم دے چکا۔ کہنے لگا میں اس سے بہتر ہوں۔ آپ نے مجھ کو آگ سے پیدا کیا ہے اور اس کو آپ نے خاک سے پیدا کیا ہے۔ حق تعالیٰ نے فرمایا کہ تو آسمان سے اُترا تجھ کو کوئی حق حاصل نہیں کہ تو تکبر کرے آسمان میں رہ کر سو نکل بے شک تو ذلیلوں میں شمار ہونے لگا وہ کہنے لگا کہ مجھ کو مہلت دیجئے قیامت کے دن تک اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ تجھ کو مہلت دی گئی۔ ⑦

تفسیر ربط: اوپر تذکیر قسم سے انکار حق پر ترہیب تھی آگے تذکیر نعم سے قبول حق پر ترغیب ہے اول مَكَّنّٰكُمْ میں نعمت تربیت مزکور ہے پھر خَلَقْنٰكُمْ الخ میں نعمت ایجاد پھر قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ میں نعمت اکرام تا کہ اطاعت کی کامل رغبت ہو اور نعمت سوم کے تتمہ میں بضمن قصہ ابلیس انکار حق و نافرمانی اور مخالفت کا جس پر اوپر بھی ترہیب تھی بدنتیجہ کہ حرمان اور خسران ہے ذکر فرمادیا جس میں من وجہ اس طرف بھی اشارہ ہو گیا کہ ابلیس ضال ان منکرین کا مضل ہو رہا ہے۔

ترغیب بر اطاعت بذکر بعض نعم مع دلالت بقصہ ابلیس بر وخامت معصیت: وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ (الی قولہ تعالیٰ) لَمْ يَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ⑪ اور بیشک ہم نے تم کو زمین پر رہنے کی جگہ دی اور ہم نے تمہارے لئے اس (زمین) میں سامانِ زندگانی پیدا کیا (اور اس کا مقتضا یہ تھا کہ تم اس کے شکریہ میں اطاعت کرتے لیکن) تم لوگ بہت ہی کم شکر کرتے ہو (مراد اس سے اطاعت ہے اور کم اس لئے فرمایا کہ تھوڑا بہت نیک کام تو اکثر لوگ کر ہی لیتے ہیں لیکن بوجہ ایمان نہ ہونے کے وہ معتد بہ نہیں یہ تو نعمت تربیت ہوئی) اور ہم نے تم کو پیدا (کرنے کا سامان شروع) کیا (یعنی آدم علیہ السلام کا مادہ بنایا کہ اسی مادہ سے تم لوگ ہو) پھر (مادہ بنا کر) ہم نے تمہاری صورت بنائی (یعنی اس مادہ میں آدم علیہ السلام کی صورت بنائی کہ وہی ان کی اولاد میں چلی آ رہی ہے یہ نعمت ایجاد ہوئی) پھر (جب آدم علیہ السلام بن بنا گئے اور علوم اسماء سے مشرف ہو چکے تو) ہم نے فرشتوں سے فرمایا کہ آدم (علیہ السلام) کو (اب) سجدہ کرو (اور یہ نعمت اکرام ہوئی) سو سب (فرشتوں) نے سجدہ کیا بجز ابلیس کے (کہ) وہ سجدہ کرنے والوں میں شامل نہ ہوا (اور سجدہ نہ کیا)۔ ف: سورۂ بقرہ کے چوتھے رکوع میں اس کے متعلق کچھ لکھا گیا ہے ملاحظہ کر لیا جاوے۔

تتمہ قصہ: قَالَ مَا مَنَعَكَ اَلَّا تَسْجُدَ اِذْ اَمَرْتُكَ ؕ (الی قولہ تعالیٰ) وَّخَلَقْتَهٗ مِنْ طِيْنٍ ⑫ حق تعالیٰ نے فرمایا تو جو سجدہ نہیں کرتا تجھ کو اس (سجدہ) سے کون امر مانع ہے جب کہ میں (خود) تجھ کو (سجدہ کا) حکم دے چکا کہنے لگا (وہ مانع یہ ہے کہ) میں اس (آدم) سے بہتر ہوں (کیونکہ) آپ نے مجھ کو آگ سے پیدا کیا ہے اور اس (آدم) کو آپ نے خاک سے پیدا کیا ہے (یہ ایک مقدمہ ہوا اور آگ بوجہ نورانی ہونے کے افضل ہے خاکِ تیرہ سے یہ دوسرا مقدمہ ہوا (افضل کی فرع بھی غیر افضل کی فرع سے افضل ہے یہ تیسرا مقدمہ ہوا) اور افضل کا سجدہ کرنا غیر افضل کو نامناسب ہے یہ چوتھا مقدمہ ہے اس لئے میں نے سجدہ نہیں کیا) ف: پہلا مقدمہ تو بائیں معنی کہ انسان میں جزو غالب خاک ہے صحیح ہے اور باقی مقدمے باطل ہیں لہٰذا نتیجہ بھی غلط ہے چنانچہ دوسرے مقدمہ میں یہ غلطی ہے کہ عناصر میں کسی کو کسی پر فضل کلی نہیں اور فضل جزئی مفید نہیں اور تیسرے مقدمہ میں یہ غلطی ہے کہ بعض اوقات مؤمن کی فرع کافر اور کافر کی فرع مؤمن ہوتا ہے اور چوتھا مقدمہ اس لئے غلط ہے کہ ممکن ہے کہ فاضل کو مفضول کے اکرام کا کسی حکمت کی وجہ سے حکم ہو جیسے تحصیل تواضع و تہذیب نفس وغیرہ اور جن لوگوں نے اس قصہ سے قیاس فقہی کو باطل کیا ہے سخت غلطی ہے کیونکہ ابلیس کا قیاس متصادم نص کے ہے اور قیاس فقہی مستند نص سے ہے اور ابلیس جو کافر ہوا اس کی وجہ یہ ہے کہ اس نے حق تعالیٰ کے حکم پر اعتراض کیا جس کا منشاء تکبر تھا اور یہ کفر ہے ورنہ اگر براہِ تحقیق کسی حکم کی حکمت کا سوال کرے تو کفر نہیں۔

تتمہ قصہ: قَالَ فَاهْبِطْ مِنْهَا فَمَا يَكُوْنُ لَكَ اَنْ تَتَكَبَّرَ فِيْهَا فَاخْرُجْ اِنَّكَ مِنَ الصّٰغِرِيْنَ ⑬ حق تعالیٰ نے فرمایا (جب ایسا نافرمان ہے) تو (اچھا پھر) آسمان سے اتر تجھ کو کوئی حق حاصل نہیں کہ تو تکبر کرے (کیونکہ بندہ کو سراگندہ ہونا لازم ہے اور خاص کر) آسمان میں رہ کر (جہاں سب فرمانبردار ہی فرمانبردار جمع ہیں) سو (یہاں سے) نکل (دور ہو) بیشک تو (اس تکبر کی وجہ سے) ذلیلوں میں شمار ہونے لگا (اور آسمان جگہ ہے عزت والوں کے رہنے کی اس لئے یہاں سے لسابن) ف: درمنثور میں ابن جریر سے سعید بن منصور کا قول سورۂ کہف میں نقل کیا ہے ایک بار ملائکہ سے جنات کو ان کی نافرمانی کی سزا دلائی گئی چنانچہ بہت سے جنات قتل ہوئے یہ ابلیس بچہ سا تھا اس کو آسمان پر لا کر رکھا گیا اور فرشتوں کے ساتھ عبادت میں مشغول تھا آہ اب آسمان سے نکلنے کا حکم ہوا۔

www.besturdubooks.net

تتمہ: قَالَ اَنْظِرْنِیْٓ اِلٰی یَوْمِ یُبْعَثُوْنَ (الی قولہ تعالیٰ) قَالَ اِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِیْنَ وہ (ابلیس) کہنے لگا کہ مجھ کو (مرنے سے) مہلت دیجئے قیامت کے دن تک اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ تجھ کو مہلت دی گئی ف: یہاں چند تحقیق ہیں اول اس جواب میں ظاہراً مہلت کا وہی وقت منظور کیا گیا جو اس نے درخواست میں عرض کیا تھا اور دوسری آیت میں اِلٰی یَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ [الحجر: ۳۸] آیا ہے پس دونوں سے مراد ایک ہی ہوگا پھر اس کے مرنے کے وقت میں کلام ہوا ہے عرائس میں کعب احبار سے خاص یوم حشر میں اس کا مرنا منقول ہے اور اس اشکال کا کہ وہ تو زندہ ہونے کا دن ہے نہ کہ مرنے کا بعض نے یہ جواب دیا ہے کہ ممکن ہے اس کے اول جزو میں مر جاوے اور اس کے بعد زندہ کیا جاوے اور مستدرک حاکم میں عبداللہ بن مسعودؓ سے قیامت کے قریب دابۃ الارض کا اس کو ہلاک کرنا منقول ہے اور وقت معلوم کی یہ تفسیر کی ہے۔ یہ دونوں روایتیں روح المعانی میں مذکور ہیں اس قول پر یومِ بعثت میں مجاز ہوگا یعنی قربِ قیامت کو یوم قیامت کہہ دیا۔ چنانچہ محاورات میں مستعمل ہے اور مجھ کو یہ قول بعید معلوم ہوتا ہے کہ یوم بعث اور یوم الوقت المعلوم کو متغائر کہا جاوے اور اِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِیْنَ میں یوم البعث کو معتبر نہ مانا جائے بلکہ یوم الوقت المعلوم مقدر کیا جاوے اور یہ کہا جاوے کہ اس کی درخواست ناتمام منظور ہوئی وجہ بعد یہ ہے کہ ایسی ضروری قید کا مقدر کرنا خصوصاً جب کہ اس کے خلاف کا ایہام ہو جیسا یہاں وقوع فی الجواب موہم تقدیر اِلٰی یَوْمِ یُبْعَثُوْنَ کا ہے خلاف مقتضائے حال ہے اس کے بعد نظر ثانی کے وقت تفسیر ابن جریر میں ایک روایت نظر سے گزری جس میں سدیؒ سے منقول ہے **فلم ینظره الی یوم البعث ولکن انظره** اِلٰی یَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ [ایضاً] **وهو** :یَوْمَ یُنْفَخُ فِی الصُّوْرِ [الأنعام: ۷۳] **النفخة الاولٰی** :فَصَعِقَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِی الْاَرْضِ [الزمر: ۶۸] **فمات** الخ اس روایت پر اس کی موت کا وقت وہی ہے جو سب خلائق کی فنا کا وقت ہے اور یہی اقرب معلوم ہوتا ہے اب صرف یہ بات رہ گئی کہ آیا یہ وقت یوم بعثت کا مغائر ہے یا اس کے ساتھ متحد سو سدیؒ تو متغائر مانتے ہیں لیکن احقر کو اقرب اتحاد معلوم ہوتا ہے اس طرح سے کہ نفخۂ اولیٰ کے وقت سے دخولِ جنت و نار تک ایک یومِ طویل ہوگا اس کے مختلف حصوں میں مختلف واقعات ہوں گے انہی واقعات کی بناء پر اس یوم کو ہر واقعہ کی طرف اضافت کر سکتے ہیں مثلاً اس کو یوم نفخ بھی کہہ سکتے ہیں یوم بعث بھی کہہ سکتے ہیں اس سے سب اشکالات رفع ہو گئے **والحمد لله علی ذلك**۔ دوم اس سے معلوم ہوا کہ کافر کی دعا بھی گاہے قبول ہو جاتی ہے اور یہ مستلزم اکرام و محبت نہیں اور وَمَا دُعٰٓؤُا الْكٰفِرِیْنَ اِلَّا فِیْ ضَلٰلٍ [المؤمن: ۵۰]۔ سے جو اس کے خلاف کا شبہ ہوتا ہے سو اس کا مطلب یہ ہے کہ آخرت میں قبول نہ ہوگی اور یہ قول بعید معلوم ہوتا ہے کہ یہ جواب درخواست کی منظوری نہیں ہے بلکہ اخبار ہے کہ تو کیا درخواست کرتا ہے تو تو پہلے ہی سے ہمارے مقتضائے حکمت سے ہمارے علم میں مہلت دیا گیا ہے وجہ بعد یہ کہ دوسری آیت میں فَاِنَّكَ آیا ہے جس سے ظاہراً انظار کا ترتب اس کے سوال ہی پر معلوم ہوتا ہے۔ سوم یہ قصہ کئی جگہ آیا ہے اور ہر جگہ اس سوال و جواب کی عبارت مختلف ہے اور ظاہر ہے کہ واقع کسی خاص طور پر واقع ہوا تھا پھر سب کی صحت کی کیا صورت ہے اصل یہ ہے کہ محکی عنہ گو خاص طور پر واقع ہوا ہو لیکن حکایت باللفظ ضروری نہیں بلکہ نفس مدلول محفوظ رہتا ہے اور طرقِ دلالت و تعبیر ہر مقام کے مناسب مختلف ہو سکتے ہیں **کذا فی روح المعانی** چہارم یہ مہلت کیوں دی گئی جواب حقیقی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی حکمتوں کا احاطہ نہیں ہو سکتا اور ظاہری حکمتیں ظاہر ہیں۔ پنجم ظاہر یہ ہے کہ یہ سب مکالمات بلا واسطہ ہوئے تھے۔ رہا یہ کہ یہ جرأت کیسے ہوئی وجہ یہ کہ ادھر سے تجلی عظمت کا استتار اور ادھر سے بے حیائی اس جرأت کا سبب ہوئی۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِی الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِیْهَا مَعَایِشَ ؕ اول کا حاصل جاہ ہے اور ثانی کا مال اور ان دونوں کا موقع منت میں ذکر کرنا دلیل ہے ان کے نعمت قابل شکر ہونے کی سو یہ دونوں چیزیں مذموم نہیں۔ ہاں ان کی تحصیل میں انہماک یہ بیشک مذموم ہے۔ قولہ تعالیٰ: قَالَ اَنَا خَیْرٌ مِّنْهُ ؕ خَلَقْتَنِیْ مِنْ نَّارٍ الخ اور اس تقدیم رائے علی النص میں ایسا شخص ابلیس کا وارث ہے جو اپنی رائے کو یا رویت خواہ کشف سے ہو یا وجدان وذوق سے ہو شرع پر ترجیح دیتا ہو۔ قولہ تعالیٰ :قَالَ فَاهْبِطْ مِنْهَا یعنی درگاہِ الٰہی سے دور ہو کیونکہ تکبر اس درگاہ کے منافی ہے کذا فی الروح بس اس میں دلالت ہے اس پر کہ کبر درگاہِ الٰہی میں وصول مقبولیت سے مانع ہے۔ قولہ تعالیٰ :اِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِیْنَ اس میں دلالت ہے کہ دعا کا قبول ہو جانا یہ قبولیت کی دلیل نہیں جیسے بعض جہلاء سمجھتے ہیں۔

ملحقات مسائل الترجمۃ: ۱ **قوله فی مکنا** جگہ ای جعلنا کم فی الارض مکانا وقرارا وهو المعنی الحقیقی له وهو المناسب ههنا واخترت فی اول الانعام المعنی المجازی اقدرناکم علی التصرف لمناسبة ذلك المقام۱۲۔ ۲ **قوله فی معایش** سامان جمع معیشة مصدر من العیش بمعنی ما تعیشون به۱۲۔ ۳ **قوله فی خلقنا** شروع کما فی الروح وجوز ان یکون التجوز فی الفعل والمراد ابتدأنا خلقکم ثم تصویرکم بان خلقنا آدم ثم صورنا ویعود هذا الی ابتداء خلق الجنس وابتداء خلق کل جنس بایجاد اول افراده فهو نظیر قوله تعالٰی خلق الانسان من طین اه فیظهر وجه العطف فی قوله تعالٰی ثم قلنا الخ۔ ۴ **قوله فی اسجدوا** اب اشار الی کون الامر للتخییر فلا ینافی

www.besturdubooks.net

الامر بالسجود قبل خلقه كما فى قوله تعالٰى فاذا سويته الخ فانه كان معلقا ۱۲۔ ۵ قوله فى الا تسجد توجوالے قولہ بجدہ سے اشار به الى توجيهين الاول كون لا زائدة كما يدل عليه قوله تعالٰى ما منعك ان تسجدوا الثانى وكونها غير زائدة وكون المصدر اى ان لا تسجد ظرفا وكون مفعول ما منعك مقدارًا اى ما منعك السجود وقت عدم سجودك كما فى قولهم آيتك خفوق النجم۱۲۔ ۶ قوله فى منها آسمان المدلول عليها بذكر الملائكة لكونهم فى السماء ۱۲۔ ۷ قوله فى اخر الترجمة اس لئے اشارة الى ان جملة انك الخ للتعليل ۱۲۔ ۸ قوله فى انظرنى مرنے سے اى لا من العذاب لانه معلوم الانتفاء ۱۲۔

اللغات: جعلنا انشانا وابدعنا ۱۲۔

البلاغة: لم يكن الخ لم يكتف بالاستثناء لان المقام كان خليقا بالتصريح به لكونه مقام التشهير بتلك القبيحة ۱۲۔ قوله قال لم يقل قلنا للالتفات وفيه كما فى الروح اشعار بعدم تعلق المحكى بالمخاطبين كما فى حكاية الخلق والتصوير قوله ما منعك الخ وفى حكاية التوبيخ ههنا بهذه العبارة وفى مواضع اخر بعبارات اخرٰى دلالة على ان كلها قد وقعت لكن اقتصر عند الحكاية فى كل موطن على ما ذكر فيه اكتفاء بما ذكر فى مواطن اخر من الروح قوله فى ف منشائے تكبر يدل عليه ما سيليه فما يكون لك ان تتكبر الخ وهو الاوضح والاقرب قوله فما لك ان تكبر فيها الانكار راجع الى المقيد والقيد جميعاً قوله فاخرج تاكيد لقوله اهبط۔

قَالَ فَبِمَآ اَغْوَيْتَنِيْ لَاَقْعُدَنَّ لَهُمْ صِرَاطَكَ الْمُسْتَقِيْمَ ﴿۱۶﴾ ثُمَّ لَاٰتِيَنَّهُمْ مِّنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ وَعَنْ اَيْمَانِهِمْ وَعَنْ شَمَآئِلِهِمْ ؕ وَلَا تَجِدُ اَكْثَرَهُمْ شٰكِرِيْنَ ﴿۱۷﴾ قَالَ اخْرُجْ مِنْهَا مَذْءُوْمًا مَّدْحُوْرًا ؕ لَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ لَاَمْلَـَٔنَّ جَهَنَّمَ مِنْكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۸﴾ وَيٰۤاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ فَكُلَا مِنْ حَيْثُ شِئْتُمَا وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۹﴾ فَوَسْوَسَ لَهُمَا الشَّيْطٰنُ لِيُبْدِيَ لَهُمَا مَا وٗرِيَ عَنْهُمَا مِنْ سَوْاٰتِهِمَا وَقَالَ مَا نَهٰىكُمَا رَبُّكُمَا عَنْ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ اِلَّاۤ اَنْ تَكُوْنَا مَلَكَيْنِ اَوْ تَكُوْنَا مِنَ الْخٰلِدِيْنَ ﴿۲۰﴾ وَقَاسَمَهُمَاۤ اِنِّيْ لَكُمَا لَمِنَ النّٰصِحِيْنَ ﴿۲۱﴾ فَدَلّٰىهُمَا بِغُرُوْرٍ ۚ فَلَمَّا ذَاقَا الشَّجَرَةَ بَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا وَطَفِقَا يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ ؕ وَنَادٰىهُمَا رَبُّهُمَاۤ اَلَمْ اَنْهَكُمَا عَنْ تِلْكُمَا الشَّجَرَةِ وَاَقُلْ لَّكُمَاۤ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لَكُمَا عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۲۲﴾ قَالَا رَبَّنَا ظَلَمْنَاۤ اَنْفُسَنَا ۖ وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۲۳﴾ قَالَ اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ وَلَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ﴿۲۴﴾ قَالَ فِيْهَا تَحْيَوْنَ وَفِيْهَا تَمُوْتُوْنَ وَمِنْهَا تُخْرَجُوْنَ ﴿۲۵﴾ ع ۱۵

وہ کہنے لگا بسبب اس کے کہ آپ نے مجھ کو گمراہ کیا ہے۔ میں قسم کھاتا ہوں کہ میں ان کے لئے تیری سیدھی راہ پر بیٹھوں گا۔ پھر ان پر حملہ کروں گا ان کے آگے سے بھی اور ان کے پیچھے سے بھی اور ان کی داہنی جانب سے بھی اور ان کی بائیں جانب سے بھی اور آپ ان میں اکثروں کو احسان ماننے والا نہ پائیے گا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ یہاں سے ذلیل وخوار ہو کر نکل جو شخص ان میں سے تیرا کہنا مانے گا میں ضرور تم کو جہنم سے بھر دوں گا اور ہم نے حکم دیا کہ اے آدم تم اور تمہاری بی بی جنت میں رہو پھر جس جگہ چاہو دونوں آدمی کھاؤ اور اس درخت کے پاس مت جاؤ۔ کبھی ان لوگوں کے شمار میں مت آ جاؤ جن سے نامناسب کام ہو جایا کرتے ہیں۔ پھر شیطان نے ان دونوں کے دل میں وسوسہ ڈالا تاکہ ان کا پردہ کا بدن جو ایک دوسرے سے پوشیدہ تھا دونوں کے روبرو بے پردہ کر دے اور کہنے لگا کہ تمہارے رب نے تم دونوں کو اس درخت سے اور کسی سبب سے منع نہیں فرمایا مگر محض اس وجہ سے کہ تم کہیں فرشتے ہو جاؤ یا کہیں ہمیشہ زندہ رہنے والوں میں سے ہو جاؤ اور ان دونوں کے روبرو قسم کھائی کہ یقین جانئے کہ میں آپ دونوں کا خیر خواہ ہوں۔ سو ان دونوں کو فریب سے نیچے لے آیا۔ پس ان دونوں نے درخت کو چکھا دونوں کا پردہ کا بدن ایک دوسرے کے روبرو بے پردہ ہو گیا اور دونوں اپنے اوپر جنت کے پتے جوڑ جوڑ رکھنے لگے اور ان کے رب نے ان کو پکارا کیا میں تم دونوں کو اس درخت سے ممانعت نہ کر چکا تھا اور یہ نہ کہہ چکا تھا کہ شیطان تمہارا کھلا دشمن ہے۔ دونوں کہنے لگے کہ اے رب ہمارے ہم نے اپنا نقصان کیا اور اگر آپ ہماری مغفرت نہ کریں گے اور ہم پر رحم نہ کریں گے تو واقعی ہمارا بڑا نقصان ہو جائے

www.besturdubooks.net

گا۔حق تعالیٰ نے فرمایا کہ نیچے ایسی حالت میں جاؤ کہ تم باہم بعضے دوسرے بعضوں کے دشمن رہو گے اور تمہارے واسطے زمین میں رہنے کی جگہ ہے اور نفع حاصل کرنا ایک وقت تک فرمایا کہ تم کو وہاں ہی بسر کرنا ہے اور وہاں ہی مرنا ہے اور اسی میں سے پھر پیدا ہونا ہے۔ ۞

تفسیر: **تتمہ** : قَالَ فَبِمَآ اَغْوَيْتَنِيْ لَاَقْعُدَنَّ لَهُمْ (الی قولہ تعالیٰ) لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكُمْ اَجْمَعِيْنَ وہ (ابلیس) کہنے لگا کہ بسبب اس کے کہ آپ نے مجھ کو (بحکم تکوین) گمراہ کیا ہے میں قسم کھاتا ہوں کہ میں ان (کے یعنی آدم اور اولادِ آدم کی رہزنی کرنے) کے لئے آپ کی سیدھی راہ پر (کہ دین حق ہے جا کر) بیٹھوں گا پھر ان پر (ہر چہار طرف سے) حملہ کروں گا ان کے آگے سے بھی اور ان کے پیچھے سے بھی اور ان کے داہنی جانب سے بھی اور بائیں جانب سے بھی (یعنی ان کے بہکانے میں خوب کوشش کروں گا جس سے آپ کی عبادت نہ کرنے پاویں) اور (میں کامیاب بھی ہوں گا چنانچہ) آپ ان میں اکثروں کو (آپ کی نعمتوں کا) احسان ماننے والا (کہ احسان مان کر اطاعت کریں) نہ پائیے گا اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ یہاں (آسمان) سے ذلیل وخوار ہو کر نکل (اور تو جو بہکانے کو کہتا ہے تو جا بہکا میں کسی کی عبادت کی پرواہ نہیں رکھتا بلکہ جو ایسا کرے گا اسی کا ضرر ہے چنانچہ) جو شخص ان میں سے تیرا کہنا مانے گا میں (بھی) ضرور تم سے (یعنی تجھ سے اور ان سے) جہنم کو بھر دوں گا (اور جہنم میں جانے کو کون کامیابی کہہ دے گا)

ف: چند فائدے سمجھنا چاہئے اول دشمن کا قاعدہ ہے کہ انہی چہار طرف سے حملہ کرتا ہے پس یہاں کلام میں استعارۂ تمثیلیہ ہے مراد یہ ہے کہ جس جس طرح بن پڑے گا خوب کوشش کروں گا اور کوئی دقیقہ اُٹھا نہ رکھوں گا چنانچہ ابن آدم کے بدن کے اندر داخل ہو کر خون کی طرح چلنا پھرنا جیسا احادیث میں ہے نیز اس میں داخل ہو گیا پس چار طرف کی تخصیص سے یہ شبہ کرنا کہ بدن کے اندر نہیں جا سکتا محض باطل ہے اور اسی طرح اس تفسیر سے اوپر اور نیچے آنے کی نفی بھی نہیں ہوئی جیسا کہ اثبات بھی نہیں ہے۔ دوم یہ امر ابلیس کو کیسے معلوم ہوا کہ میں اکثر کو بہکا سکوں گا۔ یہ قرائن سے معلوم ہوا جیسا دوسری آیت میں اس کو ظن سے تعبیر فرمایا ہے۔ وَلَقَدْ صَدَّقَ عَلَيْهِمْ اِبْلِيْسُ ظَنَّهٗ [سبا : ۲۰] سوم پہلے جو اخراج کا حکم ہوا ہے وہ تجویز تھی اور یہاں جو حکم ہوا وہ اس کا نفاذ ہے اور یہ بھی احتمال ہے کہ پہلے اخراج کی تاکید ہو چہارم یہ جو اس نے اغواء کی نسبت حق تعالیٰ کی طرف کی کلمة حق ارید بها الباطل کا مصداق ہے یعنی اغواء بمعنی خلق غوایت وضلال نہ کہ بمعنی ترغیب بالغوایت کی نسبت بوجہ اس کے کہ وہ خالق کل شئے ہے فی نفسہٖ صحیح ہے لیکن اس کا قصد اعتراض ہے اور یہ باطل اور ضلال محض ہے۔ پنجم یہاں یہ قسم مجملاً نقل فرمائی دوسری آیت میں اس کا بیان ہے :فَبِعِزَّتِكَ لَاُغْوِيَنَّهُمْ [صٓ : ۸۲] واللہ اعلم۔

تتمہ: وَيٰٓاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ فَكُلَا مِنْ حَيْثُ شِئْتُمَا وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ اور ہم نے (آدم علیہ السلام کو) حکم دیا کہ اے آدم تم اور تمہاری بی بی (حواء) جنت میں رہو پھر (وہاں) جس جگہ سے چاہو (اور جس چیز کو چاہو) دونوں آدمی کھاؤ اور (اتنا خیال رہے کہ) اس (خاص) درخت کے پاس (بھی) مت جاؤ (یعنی اس کا پھل مت کھاؤ) کبھی ان لوگوں کے شمار میں آ جاؤ جن سے نامناسب کام ہو جایا کرتا ہے۔

فائدہ: ایسی ہی آیت سورۂ بقرہ کے رکوع چہارم میں آ چکی ہے وہاں اس کے متعلقات ضرور یہ ملاحظہ کر لئے جاویں۔

تتمہ: فَوَسْوَسَ لَهُمَا الشَّيْطٰنُ (الی قولہ تعالیٰ) فَدَلّٰىهُمَا بِغُرُوْرٍ پھر شیطان نے ان دونوں کے دل میں وسوسہ ڈالا تا کہ (ان کو وہ درخت کھلا کر) ان کا پردہ کا بدن جو ایک دوسرے سے (اور وہ خود اپنے سے بھی) پوشیدہ تھا دونوں کے روبرو بے پردہ کر دے (جیسا کہ اس درخت کے کھانے کی تاثیر تھی بالذات یا بوجہ ممانعت کے) اور (وہ وسوسہ یہ تھا کہ دونوں سے) کہنے لگا کہ تمہارے رب نے تم دونوں کو اس درخت (کے کھانے) سے اور کسی سبب سے منع نہیں فرمایا مگر محض اس وجہ سے کہ تم دونوں (اس کو کھا کر) کہیں فرشتے (نہ) ہو جاؤ یا کہیں ہمیشہ زندہ رہنے والوں میں سے (نہ) ہو جاؤ (جو کہ واقعی ممانعت کے وقت آپ کے لئے یہ ملکیت وحیات ابدیہ مناسب حال نہ تھی اور اب حالت میں ترقی ہو کر مناسب بن گئی وہ ممانعت اس وقت کے ساتھ متعلق ہی نہیں) اور ان دونوں کے روبرو (اس بات پر) قسم (بھی) کھالی کہ یقین جانئے میں آپ دونوں (صاحبوں) کا (دل سے) خیر خواہ ہوں سو (ایسی باتیں بنا بنا کر) ان دونوں کو فریب سے نیچے لے آیا (باعتبار حالت اور رائے کے بھی اور باعتبار مکان کے بھی حتیٰ کہ اپنی رائے عالی سے اس کی رائے سافل کی طرف مائل ہو گئے جس سے جنت سے اسفل کی طرف اتارے گئے۔ **ف**: توجیہ اس دھوکے میں آ جانے کی سورۂ بقرہ کے رکوع چہارم میں بہت بسط کے ساتھ مذکور ہوئی ہے اور یہ وسوسہ چونکہ ایک نفسانی تصرف ہے اور نفسانی تصرف میں بعد مکانی حائل نہیں ہوتا اس لئے اس کے اثبات کی حاجت نہیں کہ شیطان مشافہۃً ان صاحبوں سے ملا ہو اور بات کی ہو بلکہ زمین ہی پر رہ کر وسوسہ ڈالا ہو اور آدم علیہ السلام کو اس کا وسوسہ ہونا نہ معلوم ہوا ہو واللہ اعلم۔

ف: نظر ثانی کے وقت اُخْرُجْ مِنْهَا کے مرجع میں اور وسوسہ کے ترجمہ میں کچھ خدشہ ہو گیا اس کی تحقیق بھی سورۂ بقرہ میں اضافہ کر دی گئی اس کو بھی وہاں دیکھ لیا جاوے۔

تتمہ: فَلَمَّا ذَاقَا الشَّجَرَةَ بَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا (الی قولہ تعالیٰ) لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝ پس ان دونوں نے جو درخت کو چکھا (فوراً) دونوں کا پردہ کا بدن

www.besturdubooks.net

ایک دوسرے کے روبرو ہوگیا (اور جنت کا لباس اتر پڑا اور شرما گئے) اور (بدن چھپانے کے لئے) دونوں اپنے (بدن کے) اوپر جنت کے (درختوں کے) پتے جوڑ جوڑ رکھنے لگے اور (اس وقت) ان کے رب نے ان کو پکارا کیا میں تم دونوں کو اس درخت (کے کھانے) سے ممانعت نہ کر چکا تھا اور یہ نہ کہہ چکا تھا کہ شیطان تمہارا صریح دشمن ہے (اس کے اغواء سے بچیو **کما فی قولہ اِنَّ هٰذَا عَدُوٌّ لَّكَ** الخ) دونوں کہنے لگے اے ہمارے رب ہم نے اپنا بڑا نقصان کیا (کہ پوری احتیاط اور تامل سے کام نہ لیا) اور اگر آپ ہماری مغفرت نہ کریں گے اور ہم پر رحم نہ کریں گے تو واقعی ہمارا بڑا نقصان ہو جاوے گا۔ **ف**: اس کی تحقیق کہ آدم علیہ السلام کا یہ فعل گناہ نہ تھا اور باوجود گناہ نہ ہونے کے یہ عتاب ہونا اور ان کا توبہ کرنا یہ سب سورۂ بقرہ میں گزر چکا ہے اور یہاں بھی ترجمہ میں غور کرنے سے بالخصوص **ظَلَمْنَآ** کے ترجمہ و توضیح سے گناہ نہ ہونا ظاہر ہو سکتا ہے اور یہ جو کہا کہ ہمارا نقصان ہو جاوے گا ترقی نہ ہونا یہ بھی نقصان ہے یا تو اضعاً ایسے الفاظ کہے ہوں۔

تتمہ: **قَالَ اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ** ۚ (الی قولہ تعالیٰ) **وَمِنْهَا تُخْرَجُوْنَ** حق تعالیٰ نے (آدمؑ و حوا علیہما السلام سے) فرمایا کہ (جنت سے) نیچے (زمین پر) ایسی حالت میں جاؤ کہ تم (یعنی تمہاری اولاد) باہم بعضے دوسرے بعضوں کے دشمن رہو گے اور تمہارے واسطے زمین میں رہنے کی جگہ (تجویز کی گئی) ہے اور (اسباب معیشت سے) نفع حاصل کرنا (تجویز ہوا ہے) ایک وقت (خاص) تم (کہ وہ موت کا وقت ہے اور یہ بھی) فرمایا کہ تم کو وہاں ہی زندگی بسر کرنا ہے اور وہاں ہی مرنا ہے اور اسی میں سے (قیامت کے روز) پھر پیدا ہونا ہے (آگے پھر جیسا عمل ہوگا ویسے ٹھکانے پر جانا ہوگا جیسا سورۂ بقرہ میں ہے **فَمَنْ تَبِعَ هُدَايَ** [البقرۃ: ۴۰] الخ) **ف**: مطلب **فِيْهَا تَحْيَوْنَ** الخ کا یہ ہے کہ مسکن اصلی اور معتاد تمہارا یہ ہوگا اور اگر کسی عارض کی وجہ سے خرقِ عادت ہو جاوے تو اس کی نفی نہیں ہے پس اس سے عیسیٰ علیہ السلام کے آسمان پر زندہ جانے اور رہنے کی نفی پر استدلال کرنا محض باطل ہے۔ **ف**: سورۂ بقرہ میں ایسی آیت آ چکی ہے ملاحظہ کر لیا جاوے۔

ربط: اوپر کے قصہ میں ابلیس کی ضلالت اور بنی آدم سے اس کی عداوت مذکور تھی آگے اس کے اضلال اور اس سے حذر اور احتیاط کی تاکید کا بیان ہے مطلقاً بھی جیسا **لَا يَفْتِنَنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ** وغیرہ اور بعض خاص امور علمیہ و عملیہ میں بھی جیسا ان آیات کے اسباب نزول سے معلوم ہوتا ہے چنانچہ ابن المنذر نے عکرمہ سے **قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ لِبَاسًا** الخ میں نقل کیا ہے کہ یہ آیت قریش اور دیگر قبائل عرب کے بارے میں نازل ہوئی کہ وہ گوشت نہ کھاتے تھے و بجز قریش کے دوسرے قبائل برہنہ طواف کرتے تھے اور ابن جریر اور ابن ابی حاتم نے سدی سے **فَاِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً** الخ میں نقل کیا ہے کہ بعض عرب برہنہ طواف کرتے تھے اور جب اس کی وجہ پوچھی جاتی تو کہتے: **وَجَدْنَا عَلَيْهَآ اٰبَآءَنَا وَاللّٰهُ اَمَرَنَا بِهَا** اور مسلم نے ابن عباسؓ سے نقل کیا ہے کہ عورتیں برہنہ طواف کرتیں اس پر یہ آیتیں نازل ہوئیں **خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ** اور **قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ** الخ اور کلبی نے نقل کیا ہے کہ اہل جاہلیت ایام حج میں کھانا سدرمق سے زیادہ نہ کھاتے اور چکنائی چھوڑ دیتے بعض مسلمانوں کو ایسا خیال ہوا تو **كُلُوْا وَاشْرَبُوْا** الخ نازل ہوا اور ابوالشیخ نے ابن زید سے نقل کیا ہے کہ بعض لوگ بکری کے دودھ اور گوشت اور گھی کو حرام کر لیتے تھے۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی **قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ** الخ اور ابن جریر وغیرہ نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کیا ہے کہ اہل جاہلیت بہت سی حلال چیزوں کو جیسا کپڑا وغیرہ حرام سمجھتے تھے اس پر یہ آیت نازل ہوئی **قُلْ مَنْ حَرَّمَ** الخ اور ابوالشیخ نے ابن عباسؓ سے **اِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّيَ** الخ میں نقل کیا ہے کہ **مَا ظَهَرَ** الخ سے برہنگی مراد ہے کہ برہنہ طواف کرتے تھے اور **مَا بَطَنَ** سے زنا۔ یہ روایات در منثور اور لباب اور روح المعانی سے نقل کی ہیں اور ان امور کی تخصیص کو اس مقام سے خاص مناسبت بھی ہے کیونکہ اوپر قصہ میں شیطان کی عداوت کا اثر آدم علیہ السلام کے ساتھ طعام و لباس میں معلوم ہو چکا کہ شجرہ منہی عنہ کھلا کر بقیہ اطعمہ سے محروم کر دیا اور لباس بھی اتروا دیا اور یہی اثر ان کی اولاد کے ساتھ ظاہر ہوا کہ عقائد فاسدہ میں مبتلا کر کے اطعمہ و البسہ سے محروم کرتا ہے و نیز اوپر اپنے انعامات کا ذکر فرمایا تھا جیسا تمہید آیت **وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ** میں گزر چکا آگے اطعمہ و البسہ کے عطا فرمانے کا بیان ہے کہ یہ بھی نعمت ہے، غرض کئی وجہ سے باہم تناسب ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: **قَالَ اخْرُجْ مِنْهَا مَذْءُوْمًا** الخ ظاہر یہی معلوم ہوتا ہے کہ یہ کلام بلا واسطہ ہوا ہے سو اس سے معلوم ہوا کہ ہم کلام ہونا بھی علاماتِ قبول سے نہیں۔ قولہ تعالیٰ: **فَوَسْوَسَ لَهُمَا الشَّيْطٰنُ** (الی قولہ تعالیٰ) **فَلَمَّا ذَاقَا الشَّجَرَةَ بَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا** اس میں دلالت ہے کہ عصمت کے ساتھ ایسا تصرف شیطانی جمع ہو سکتا ہے جو حد معصیت تک نہ پہنچا ہو کیونکہ آدم علیہ السلام کے فعل کا معصیت شرعیہ ہونا ثابت نہیں ہوا اگرچہ لغۃً حق تعالیٰ نے اس کو معصیت فرمایا ہے وہ صرف ایک اجتہادی خطا تھی جس پر ثواب بھی ملتا ہے اور اس خطا پر جو سزا جاری کی گئی ہے وہ صرف دونوں کے بدن کا ایک دوسرے کے سامنے کھل جانا ہے جو زوجین میں مباح ہے اور جب اس کا خطا اجتہادی ہونا معلوم ہو گیا تو اس سے یہ بھی ثابت ہوا کہ یہ بھی باوجود قطعی الثبوت ہونے کے ظنی الدلالۃ تھی جس میں اجتہاد کی گنجائش تھی تو اس سے یہ مسئلہ ثابت ہوا کہ جس دلیل ظنی میں اجتہاد کی گنجائش ہو اس کا ترک کرنا طرد و عقاب کا موجب نہیں البتہ اس سے دنیوی

www.besturdubooks.net

ضرر ہو جاتا ہے اور (اشتراک علت سے) یہی حکم ہے کشف والہام کی جو کہ محتمل خطا ہیں مخالفت کا کہ اس کے خلاف کرنے سے عذاب اخروی تو نہیں ہوتا لیکن کچھ دنیوی ضرر لاحق ہو جاتا ہے اس کو یاد رکھو کیونکہ علماء تو اس کی بالکل مخالفت کو بھی جائز کہتے ہیں اور مشائخ اس کو بالکل حرام سمجھتے ہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی فبما قسم اشار الی تقدیر القسم وتعلق باء السببیة به۱۲۔ ۲ قوله فی توضیح لاتینهم عبادت نہ کرنے پاویں اشار به الی مقصود کلامه وکذا اشار فی جوابه الی الجواب عن مقصوده فانظر واشکر فانه من المواهب۱۲۔ ۳ قوله فی شاکرین احسان کما فی الروح مطیعین۱۲۔ ۴ قوله فی یاٰدم حکم دیا اشار الی تقدیر قلنا کما صرح به فی البقرة۱۲۔ ۵ قوله فی لا تقربا یعنی اشار به الی المقصود والمبالغة ۱۲۔ ۶ قوله فی ما وری عنهم الخ ایک دوسرے نے فی الروح کان لا یریانها من انفسها ولا احدهما من الأخر۱۲۔ ۷ قوله فی قال ما نهکما وہ وسوسہ اشار الی ان قال بیان لوسوس۱۲۔ ۸ قوله فی تکونا نہ ہو جاؤ اشارة الی تقدیر لا لیصح کونه مفعولا له۱۲۔ ۹ قوله فی اهبطوا آدم وحوا لقوله تعالٰی فی طٰه قال اهبطا والجمع لاشتمالها علی ذریتهما۱۲۔

اللغات: قوله الذام الذم کذا فی القاموس۔ فی البیضاوی التدلیة والا ولاء ارسال الشیء من اعلی الی اسفل اه واعتبرت هذا المعنی فی الترجمة وتوضیحها قوله یخصفان یلصقان واصل معناه الخرز فی طاقات النعال ونحوها۔

النحو: بغرور ای بما غر هما به من القسم او متلبسین به فالباء للمصاحبة او الملابسة قوله علیهما راجع الی آدم و حواء او الی سواتهما قوله اقل معطوف علی انهکما ای الم اقل۔

البلاغة: قوله لاقعدن تشبیه بقعود القطاع للسابلة وکذا فی قوله لآتینهم کما فی المتن وفی الروح وانما عدی الفعل الی الاولین بحرف الابتداء لانه منهما متوجه الیهم والی الآخرین بحرف المجاوزة فان الا اتی منهما کالمنحرف عنهم المار علی عرضهم ونظیره قولهم جلست عن یمینه اه والاقرب ان یقال ان الصلات سماعیة۱۲۔ قوله یاٰدم اسکن تخصیص الخطاب بآدم علیه السلام للایذان باصالة الزوج فی السکنی وکون المرأة تابعة وتعمیم الخطاب فی کلا لکونها اسوة فی الاکل۱۲۔ سواتهما جمع السوءات لاستثقال الجمع بین التنیتین قوله لیبدی اللام للعاقبة او للتعلیل وتخصیص الابداء مع انه ادنی المضار لعله لایذان بکمال عداوته لهما حیث لم یغب عن نظره ادنی المقار فکیف باعلاها فدل علی سائر المضار بالاولی او لما فی فی العری وکشف العورة من المهابة۱۲۔

يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ لِبَاسًا يُّوَارِيْ سَوْاٰتِكُمْ وَرِيْشًا ۭ وَلِبَاسُ التَّقْوٰى ۙ ذٰلِكَ خَيْرٌ ۭ ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ لَعَلَّهُمْ
يَذَّكَّرُوْنَ ۝ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ لَا يَفْتِنَنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ كَمَآ اَخْرَجَ اَبَوَيْكُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ يَنْزِعُ عَنْهُمَا لِبَاسَهُمَا لِيُرِيَهُمَا سَوْاٰتِهِمَا ۭ
اِنَّهٗ يَرٰىكُمْ هُوَ وَقَبِيْلُهٗ مِنْ حَيْثُ لَا تَرَوْنَهُمْ ۭ اِنَّا جَعَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ اَوْلِيَاۗءَ لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ وَاِذَا فَعَلُوْا
فَاحِشَةً قَالُوْا وَجَدْنَا عَلَيْهَآ اٰبَاۗءَنَا وَاللّٰهُ اَمَرَنَا بِهَا ۭ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَاْمُرُ بِالْفَحْشَاۗءِ ۭ اَتَقُوْلُوْنَ عَلَي اللّٰهِ مَا لَا
تَعْلَمُوْنَ ۝ قُلْ اَمَرَ رَبِّيْ بِالْقِسْطِ ۡ وَاَقِيْمُوْا وُجُوْهَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۭ كَمَا
بَدَاَكُمْ تَعُوْدُوْنَ ۝ فَرِيْقًا هَدٰى وَفَرِيْقًا حَقَّ عَلَيْهِمُ الضَّلٰلَةُ ۭ اِنَّهُمُ اتَّخَذُوا الشَّيٰطِيْنَ اَوْلِيَاۗءَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ
وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ۝ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّكُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلَا تُسْرِفُوْا ۚ اِنَّهٗ لَا
يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ ۝ قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ الَّتِيْٓ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ وَالطَّيِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ ۭ قُلْ هِىَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي ع ۱۰
الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا خَالِصَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝ قُلْ اِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّيَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ

www.besturdubooks.net

مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَالْاِثْمَ وَالْبَغْيَ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَاَنْ تُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا وَّاَنْ تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَلِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿۳۴﴾

اے اولادِ آدم کی ہم نے تمہارے لئے لباس پیدا کیا جو تمہاری پردہ داریوں کو بھی چھپاتا ہے اور موجب زینت بھی ہے اور تقویٰ کا لباس یہ اس سے بڑھ کر ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے ہے تاکہ یہ لوگ یاد رکھیں۔ اے اولاد آدم کی شیطان تمہیں کسی خرابی میں نہ ڈال دے جیسا اس نے تمہارے دادا دادی کو جنت سے باہر کرا دیا ایسی حالت میں کہ ان کا لباس بھی ان سے اُتروا دیا تاکہ ان کو ان کا پردہ کا بدن دکھلائی دینے لگے اور اس کا لشکر تم کو ایسے طور پر دیکھتا ہے کہ تم ان کو نہیں دیکھتے ہو ہم شیطانوں کو انہی لوگوں کا رفیق ہونے دیتے ہیں جو ایمان نہیں لاتے اور وہ لوگ جب کوئی فحش کام کرتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم نے اپنے باپ دادا کو اسی طریق پر پایا ہے اور اللہ تعالیٰ نے بھی ہم کو یہی بتلایا ہے آپ کہہ دیجئے کہ اللہ تعالیٰ فحش بات کی تعلیم نہیں دیتا۔ کیا خدا تعالیٰ کے ذمہ ایسی بات لگاتے ہو جس کی تم سند نہیں رکھتے۔ آپ کہہ دیجئے کہ میرے ربّ نے حکم دیا ہے انصاف کرنے کا اور یہ کہ تم ہر سجدہ کے وقت اپنا رخ سیدھا رکھا کرو اور اللہ کی عبادت اس طور پر کرو کہ اس عبادت کو خاص اللہ ہی کے لئے رکھا کرو۔ تم کو اللہ تعالیٰ نے جس طرح شروع میں پیدا کیا تھا اسی طرح پھر تم دوبارہ پیدا ہو گے۔ بعض لوگوں کو اللہ تعالیٰ نے ہدایت کی ہے اور بعض پر گمراہی کا ثبوت ہو چکا ہے۔ ان لوگوں نے شیطانوں کو رفیق بنا لیا اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر اور خیال رکھتے ہیں کہ وہ راہ پر ہیں۔ اے اولادِ آدم کی تم مسجد کی ہر حاضری کے وقت اپنا لباس پہن لیا کرو اور خوب کھاؤ اور پیو اور حد سے مت نکلو بے شک اللہ تعالیٰ پسند نہیں کرتے حد سے نکل جانے والوں کو۔ آپ فرمائیے کہ اللہ تعالیٰ کے پیدا کئے ہوئے کپڑوں کو جن کو اس نے اپنے بندوں کے واسطے بنایا ہے اور کھانے پینے کی حلال چیزوں کو کس شخص نے حرام کیا ہے آپ کہہ دیجئے کہ یہ اس طور پر کہ قیامت کے دن بھی خاص رہیں دنیوی زندگی میں خالص اہل ایمان ہی کے لئے ہیں۔ ہم اسی طرح تمام آیات کو سمجھ داروں کے واسطے صاف صاف بیان کرتے ہیں۔ آپ فرمائیے کہ البتہ میرے ربّ نے حرام کیا ہے تمام فحش باتوں کو ان میں جو علانیہ ہیں اور ان میں جو پوشیدہ ہیں وہ بھی اور ہر گناہ کی بات کو اور ناحق کسی پر ظلم کرنے کو اور اس بات کو کہ تم اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی چیز کو شریک ٹھہراؤ جس کی اللہ تعالیٰ نے کوئی سند نازل نہیں فرمائی اور اس بات کو کہ تم لوگ اللہ تعالیٰ کے ذمہ ایسی بات لگا دو جس کی تم سند نہ رکھو اور ہر گروہ کے لئے ایک میعاد مقرر ہے سو جس وقت ان کی میعاد معین آ جائے گی اس وقت ایک ساعت نہ پیچھے ہٹ سکیں گے اور نہ آگے بڑھ سکیں گے۔ ۞

تفسیر: تحذیر از اضلال ابلیس عموماً وخصوصاً: يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ لِبَاسًا يُّوَارِيْ سَوْاٰتِكُمْ وَرِيْشًا (الی قولہ تعالیٰ) فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿۳۴﴾ اے اولاد آدم کی (ایک ہمارا انعام یہ ہے کہ) ہم نے تمہارے لئے لباس پیدا کیا جو کہ تمہارے پردہ دار بدن کو بھی چھپاتا ہے اور (تمہارے بدن کے لئے) موجب زینت بھی (ہوتا) ہے اور (اس ظاہری لباس کے علاوہ ایک معنوی لباس بھی تمہارے لئے تجویز کیا ہے کہ وہ) تقویٰ (یعنی دینداری) کا لباس (ہے کہ) یہ اس (لباس ظاہری) سے بڑھ کر (ضروری) ہے (کیونکہ اس ظاہری لباس کا مطلوب شرعی ہونا اسی تقویٰ کے وجوب کی فرع ہے۔ پس اصل مقصود جو ہر حالت میں ہے وہ یہ لباس ہے) یہ (لباس کا پیدا کرنا جس سے ستر اور تزین دونوں نفع ہیں) اللہ تعالیٰ (کے فضل وکرم) کی نشانیوں میں سے (ہوتا) ہے تاکہ یہ لوگ (جن کو یہ بات بتلائی گئی ہے اس نعمت کو) یاد رکھیں (اور یاد رکھ کر منعم کا حق ادا کریں اور وہ حق وہی ہے جس کو لباسِ تقویٰ فرمایا ہے) اے اولاد آدم کی (جب تم کو اوپر تقویٰ کا وجوب اور اس سے اوپر شیطان کی عداوت کا حال معلوم ہو چکا تو اس بات کا ذرا خیال رکھنا کہ) شیطان تم کو کسی خرابی میں نہ ڈال دے (کہ خلاف تقویٰ اور دین کے تم سے کوئی کام کرا دے) جیسا اس (کم بخت) نے تمہارے دادا دادی (یعنی حضرت آدم و حوا علیہما السلام) کو (خرابی میں ڈال دیا تھا کہ ان کو) جنت سے باہر کرا دیا (یعنی ان سے ایسا عمل کرا دیا کہ وہ جنت سے باہر ہو گئے اور باہر بھی ایسی حالت سے (کرایا) کہ ان کا لباس بھی ان کے (بدن) سے اتروا دیا تاکہ ان (دونوں) کو ان کے پردہ کا بدن دکھائی دینے لگے (جیسا اوپر آ چکا غرض وہ تمہارا دشمن قدیم ہے اس سے بہت ہوشیار رہو اور زیادہ احتیاط اس لئے اور بھی ضروری ہے کہ) وہ اور اس کا لشکر تم کو ایسے طور پر دیکھتا ہے کہ تم ان کو (عادۃً) نہیں دیکھتے ہو (اور ظاہر ہے کہ ایسے دشمن سے بہت ہی حذر چاہئے اور اس سے حذر کا طریقہ یہی ہے کہ تقویٰ اور ایمان کامل اختیار کر لو کیونکہ) ہم شیطانوں کو انہیں لوگوں کا رفیق ہونے دیتے ہیں جو ایمان نہیں لاتے (اگر بالکل ایمان منتفی ہے تو کامل رفاقت اور قدرت ہوتی ہے اور اگر کمال ایمان منتفی ہے تو ناتمام رفاقت اور قدرت ہوتی ہے بخلاف مؤمن کامل کے اس پر اصلاً قابو نہیں چلتا نقولہ تعالیٰ: اِنَّهٗ لَيْسَ لَهٗ سُلْطٰنٌ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ [النحل: ۹۹] وقولہ: اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ [ص: ۸۳] اور (جو لوگ ایمان نہیں لائے ان پر اس کے قابو چلنے کی یہ حالت ہے کہ) وہ لوگ جب کوئی فحش کام کرتے ہیں (خواہ عقائد میں سے جیسے شرک کہ اعلیٰ درجہ کی بے حیائی ہے خواہ اعمال میں سے (جیسے طواف کے وقت برہنہ ہو جانا اور اس سے کوئی منع کرتا ہے) تو (جواب میں) کہتے ہیں کہ ہم نے (تو) اپنے باپ دادا کو اسی طریق پر پایا ہے اور (نعوذ باللہ) اللہ تعالیٰ نے بھی ہم کو یہی بتلایا ہے (اور ظاہر ہے کہ اس سے بڑھ کر اور کیا قابو

www.besturdubooks.net

چلے گا کہ کفر وشرک میں مبتلا کر رکھا ہے۔ آگے جواب کی تعلیم ہے کہ اے محمد (ﷺ) آپ کہہ دیجئے کہ اللہ تعالیٰ فحش بات کی (کبھی) تعلیم نہیں دیتا (ہرگز خدا تعالیٰ نے ایسی باتوں کی اجازت نہیں دی) کیا (ایسا دعویٰ کر کے) خدا کے ذمہ ایسی بات لگاتے ہو جس کی تم سند نہیں رکھتے (اور اسی سے وَجَدْنَا عَلَيْهَا کا جواب نکل آیا کیونکہ تقلید اس مسئلہ میں جائز ہے جس میں تقلید کرنے کے لئے اذن وسند شرعی ہو جو موقوف ہے اس کے شرائط کے اجتماع پر اور یہاں خود نص قطعی کی مخالفت سے شرائط مفقود ہیں پس ایسی تقلید سے احتجاج خود باطل ہو گیا) آپ (یہ بھی) کہہ دیجئے کہ (جن باتوں کا حکم کرنا تم خدا تعالیٰ کی طرف منسوب کرتے ہو وہ تو غلط ٹھہریں اب وہ بات سنو جس کا حکم کرنا خدا تعالیٰ کی طرف واقعی منسوب ہے وہ یہ کہ) میرے رب نے (تو ایسی اچھی اچھی باتوں کا) حکم دیا ہے (مثلاً) انصاف کرنے کا (حکم دیا) اور (مثلاً) یہ (حکم دیا ہے) کہ تم ہر سجدہ (یعنی عبادت) کے وقت اپنا رخ (یعنی قلب) سیدھا (اللہ کی طرف) رکھا کرو (یعنی بت وغیرہ کو سجدہ اور کوئی عبادت مت کیا کرو) اور اللہ کی عبادت اس طور پر کرو کہ اس عبادت کو (باعتبار عقیدہ کے) خالص اللہ ہی کے واسطے رکھا کرو (یعنی شرک کا عقیدہ مت رکھا کرو ان مامورات میں سب اصول شریعت آ گئے۔ قِسْطِ میں حقوق العباد اقیموا میں اعمال وطاعت مخلصین میں عقائد مطلب یہ ہے کہ اللہ کے تو یہ احکام ہیں ان کو مانو کیونکہ صرف تم کو حکم دے کر نہیں چھوڑ دیا جاوے گا بلکہ ایک وقت حساب وکتاب کے لئے بھی آنے والا ہے یعنی قیامت چنانچہ) تم کو اللہ تعالیٰ نے جس طرح (اپنی قدرت سے) شروع میں پیدا کیا تھا اسی طرح تم (ایک وقت پر) پھر دوبارہ پیدا ہو گے (قدرت الٰہیہ پر نظر کرتے ہوئے استبعاد لغو ہے۔ غرض جب دوبارہ پیدا ہوں گے اس وقت جزا وسزا واقع ہو گی آگے جزا وسزا کا محل بتلاتے ہیں کہ) بعض لوگوں کو تو اللہ تعالیٰ نے (دنیا میں) ہدایت کی ہے (ان کو اس وقت جزا ملے گی) اور بعض پر گمراہی کا ثبوت ہو چکا ہے (ان کو اس وقت سزا ملے گی اور وجہ ان لوگوں کے گمراہ ہونے کی یہ ہوئی کہ) ان لوگوں نے شیطانوں کو (اپنا) رفیق بنا لیا اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر (یعنی اللہ تعالیٰ کی اطاعت نہ کی اور شیاطین کی اطاعت کی) اور (باوجود اس کے پھر اپنی نسبت) خیال رکھتے ہیں کہ وہ راہ (راست) پر ہیں (یہ خیال راستی کا خواہ بزعم خود باعتبار دین حق ہونے کے ہو خواہ باعتبار قرین مصلحت ہونے کے ہو) اے اولاد آدم کی (جب برہنہ طواف کا فحش اور مذموم عند اللہ ہونا معلوم ہو گیا تو) تم مسجد کی ہر حاضری (یعنی عبادت) کے وقت کہ اس میں نماز وطواف سب آ گیا) اپنا لباس پہن لیا کرو اور (جس طرح لباس کا ترک کرنا ضلالت شیطانیہ ہے اسی طرح حلال ماکولات ومشروبات کا حرام سمجھ کر چھوڑ دینا جیسا کہ اہل جاہلیت اس میں بھی مبتلا تھے نیز ضلالت شیطانیہ ہے اس سے بھی باز آؤ اور حلال چیزوں کو) خوب کھاؤ اور پیو اور (خواہ مخواہ ان کو حرام اعتقاد کر کے) حد (شرعی) سے مت نکلو بیشک اللہ تعالیٰ پسند نہیں کرتے حد سے نکل جانے والوں کو آپ (ان لوگوں سے جو کہ ملبوسات ومطعومات ومشروبات کو بلا دلیل بلکہ خلاف دلیل حرام سمجھ رہے ہیں یوں) فرمایئے کہ (یہ بتلاؤ) اللہ تعالیٰ کے پیدا کئے ہوئے کپڑوں کو جن کو اس نے اپنے بندوں کے (استعمال کے) واسطے بنایا ہے اور کھانے پینے کی حلال چیزوں کو (جن کو خدا نے حلال بنایا ہے) کسی شخص نے حرام کیا ہے (یعنی تحریم کے لئے تو محرم کی ضرورت ہے وہ محرم خدا کے سوا کون ہے اب اس مقام پر اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ سے کفار کو وہم ہو سکتا تھا کہ ہم بھی اللہ کے بڑے محبوب ومقبول ہیں کہ ہمارے لئے کیسے کیسے ملبوسات ومطعومات پیدا کئے۔ اس لئے بطور دفع دخل کے ارشاد فرماتے ہیں کہ اے محمد (ﷺ) آپ کہہ دیجئے کہ (مطلق استعمال کی اجازت دلیل مقبولیت کی نہیں ہاں جس استعمال کے بعد بھی کوئی وبال نہ ہو وہ البتہ دلیل مقبولیت کی ہے سو ایسا استعمال خاص اہل ایمان کا حصہ ہے چنانچہ) یہ اشیاء (یعنی زینت اور طیبات مذکورہ) اس طور پر کہ قیامت کے روز بھی (کدورات سے) خالص رہیں دنیوی زندگی میں خاص اہل ایمان ہی کے لئے ہیں (بخلاف کفار کے کہ یہاں گو متنعم ہے مگر چونکہ اس تنعم کا حق ادا نہیں کیا بلکہ کفر وشرک میں مبتلا رہے اس لئے وہاں یہ نعمتیں وبال بن جاویں گی جیسے حاکم عدالت اپنے دو اہلکاروں کو کچھ کام بتلا دے اور کام کی میعاد ختم ہونے تک اپنے گھر سے ان کو کھانا بھی منگا کر کھانے کی اجازت دے صرف یہ اجازت دلیل خوشنودی کی نہیں یہ تو اعانت ہے جس نے وہ کام کر لیا اُس کا کھایا پیا سب جان کو لگا جس نے کام نہ کیا سب کھایا پیا ناک کی راہ کو نکلا) ہم اسی طرح (یعنی جیسا یہ مضمون بیان کیا) تمام آیات کو سمجھ داروں کے واسطے صاف صاف بیان کرتے ہیں آپ (ان سے یہ بھی) فرمایئے کہ (تم نے جن اشیاء کو بلا دلیل حرام اعتقاد کر کے چھوڑ رکھا ہے اور بعض اوقات ان کی تحریم کو حق تعالیٰ کی طرف منسوب کر دیتے ہو ان کو تو اللہ تعالیٰ نے حرام نہیں کیا) البتہ میرے رب نے صرف (ان چیزوں کو جن میں سے اکثر میں تم مبتلا ہو) حرام کیا ہے (مثلاً) تمام فحش باتوں کو ان میں جو اعلانیہ ہیں وہ بھی (جیسے برہنہ طواف کرنا) اور ان میں جو پوشیدہ ہیں وہ بھی (جیسے بدکاری) اور (مثلاً) ہر گناہ کی بات کو (حرام کیا ہے) اور (مثلاً) ناحق کسی پر ظلم (وزیادتی) کرنے کو (حرام کیا ہے) اور مثلاً اس بات کو حرام کیا ہے کہ تم اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی ایسی چیز کو شریک (عبادت) ٹھہراؤ جس (کے شریک ہونے) کی اللہ نے کوئی سند (اور دلیل) نازل نہیں فرمائی (نہ کلیاً نہ جزئیاً) اور (مثلاً) اس بات کو (حرام کیا ہے) کہ تم لوگ اللہ تعالیٰ کے ذمہ ایسی بات لگا دو جس کے (منسوب الی اللہ ہونے) کی تم سند نہ رکھو (یعنی جو واقع میں حلال ہیں ان کو تو تم نے حرام سمجھا اور جو واقع میں حرام ہیں ان کو حلال سمجھا عجب جہل میں گرفتار ہو اور جس طرح قُلْ اَمَرَ رَبِّیْ بِالْقِسْطِ الخ میں تمام مامورات داخل ہو گئے تھے اسی طرح یہاں اِنَّمَا حَرَّمَ الخ میں تمام منہیات داخل ہیں بغی میں تو سب معاملات آ گئے اور

www.besturdubooks.net

اَنْ تُشْرِكُوْا وَ اَنْ تَقُوْلُوْا میں تمام عقائد فاسدہ آ گئے اور اثم میں تمام اعمال ومعاصی آ گئے جن میں سے فحش معاصی کی تخصیص ذکر کے ساتھ اہتمام کے لئے کی گئی)اور (اگر ان محرمات کے ارتکاب کرنے والوں کو فوراً سزا نہ ہونے سے ان کی تحریم میں کسی کو شبہ ہو جاوے تو اس کا جواب یہ ہے کہ علم الٰہی میں)ہر گروہ (کے ہر فرد کی سزا) کے لئے (بمقتضائے حکمت)ایک میعاد معین ہے سو جس وقت ان کی (وہ) میعاد معین (نزدیک[۱]) آ جاوے گی اُس وقت ایک ساعت نہ (اس سے)پیچھے ہٹ سکیں گے اور نہ آگے بڑھ سکیں گے۔ (بلکہ فوراً ہی سزا جاری ہو جاوے گی اس میعاد کے قبل سزا نہ ہونا اس کی دلیل نہیں کہ ان محرمات پر سزا نہ ہو گی)

ف: چند فوائد ضروری سمجھنا چاہئے اول یہ جو ارشاد فرمایا لَا تَرَوْنَهُمْ ؕ الخ مطلب اس کا یہ ہے کہ انسان کا جنات کو دیکھنا عادت فاشیہ وشائعہ کے خلاف ہے اور دیکھنے کی قطعاً نفی نہیں ہے۔ پس بعض اوقات انبیاء علیہم السلام کا یا غیر انبیاء کا خواص یا عوام سے جنات کو دیکھنا اس آیت کے خلاف نہیں ہے۔ دوم: خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ الخ میں جو تخصیص وقت کی گئی ہے حالانکہ ستر عورت دوسرے اوقات میں بھی واجب ہے، وجہ اس کی یہ ہے وہ لوگ وقتِ مذکور میں برہنہ ہو جایا کرتے و نیز اس وقت وجوب زیادہ مؤکد ہوتا ہے۔ سوم: قُلْ هِيَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا الخ کی جو تفسیر احقر نے اختیار کی ہے درمنثور میں بروایت طبرانی وغیرہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول ہے الفاظ اس کے یہ ہیں **قال ينتفعون بها في الدنيا لا يتبعهم فيها ما ثم يوم القيٰمة**۔ چہارم: مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا کی قید واقعی ہے اور اس میں کلیاً اور جزئیاً سے تعمیم کر دی گئی وجہ اس کی یہ ہے کہ تمام حجج شرعیہ کو شامل ہو جاوے کیونکہ نصوص منزلہ کلیاً ان کے معتبر ہونے پر دال ہیں۔ پنجم: يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ میں جو تعمیم کی گئی کہ خواہ دین حق ہونے کی ہو الخ اس کی توضیح یہ ہے کہ بعض کفار تو اپنے مذہب کو واقع میں حق سمجھتے ہیں ان پر تو يَحْسَبُوْنَ کا صادق آنا ظاہر ہے اور بعض باوجود باطل سمجھنے کی اس پر جمے رہتے ہیں ان پر اس کا صدق اس اعتبار سے ہے کہ اس صورت میں لابد یہ اصرار کسی مصلحت مزعومہ موہومہ کی وجہ سے ہوگا اور اس مصلحت کی تحصیل ورعایت کو وہ کسی وجہ سے ضروری ومناسب سمجھتے ہیں اور ضروری کی رعایت کرنا عقلی ابتداء ہے اور اگر کسی کو صورت اول میں شبہ ہو کہ ایک شخص واقع میں اپنے کو حق پر سمجھتا ہے گو غلطی پر ہو پھر اس پر کیا الزام وہ معذور ہونا چاہئے کیونکہ اس کو اپنی غلطی کی اطلاع ہی نہیں جواب یہ ہے کہ معذور اس لئے نہیں کہ اس نے باوجود دلائل قویہ وصحیحہ کے قائم ہونے کے جن سے بالاضطرار بالطبع تردد واحتمال جانب مخالف کا قلب میں پیدا ہو جاتا ہے تامل کیوں نہیں کیا اور آیت میں جن کی مذمت ہے وہ ایسے ہی تھے بلکہ اکثر تو اپنے طریق کے باطل سمجھنے والے تھے البتہ جو شخص طلب حق میں اپنی کوشش خرچ کر چکے اور پھر بھی اس کی نظر مطلوب صحیح تک نہ پہنچے اس کی نسبت روح المعانی میں ہے **ومذهب البعض انه معذور ولم يفرقوا بين من لا عقل له اصل ومن له عقل لم يدرك به الحق بعد ان لم يدع في القوس منزعا في طلبه الخ قلت وكذا من لم يخطر في باله تردد واحتمال النقيض وقلت وبسط القول في المسئلة الفز الي في التفرقة بين الاسلام والزندقة وقلت والسلامة في امثال ذٰلك التفويض الى الله تعالٰى وهو اعلم العالمين واحكم الحاكمين**۔ اور اگر کسی کو صورتِ ثانی میں شبہ ہو کہ جب یہ شخص حق کو حق اور باطل کو باطل سمجھتا ہے تو مؤمن ہونا چاہئے پھر اس کو کفار میں کیوں شمار کیا گیا۔ جواب اس کا یہ ہے کہ جیسے قلب سے تکذیب کرنا کفر ہے اسی طرح زبان سے تکذیب کرنا اور برتاؤ میں مخالفت وعداوت انبیاء سے کرنا بھی کفر ہے خوب سمجھ لو۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلِ السُّلُوْك: قولہ تعالیٰ : اِنَّهٗ يَرٰىكُمْ هُوَ وَقَبِيْلُهٗ مِنْ حَيْثُ لَا تَرَوْنَهُمْ روح میں ہے کہ یہ قضیہ مطلقہ ہے دائمہ نہیں پس اگر کوئی شخص جنات کو ان کی اصلی صورت میں دیکھنے کا دعویٰ کرے خاص کر جب کہ مظنہ کرامت کا بھی ہو اس کو فاسق اور جھوٹا نہ کہا جاوے گا اور آیت کا حاصل صرف اتنا ہے کہ عادۃً اس طرح نہیں دکھائی دیتے۔ قولہ تعالیٰ: وَاَقِيْمُوْا وُجُوْهَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ۔ اس آیت میں حکم ہے اصلاح ظاہر و باطن کو جمع کرنے کا اَقِيْمُوْا میں اول اور مُخْلِصِيْنَ میں ثانی کی طرف اشارہ ہے۔ قولہ تعالیٰ قُلْ اِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّيَ الْفَوَاحِشَ الخ یہ اشارہ ہے رذائل قوت بہیمیہ کی طرف اور بغی میں رذائل قوت سبعیہ کی طرف اور اَنْ تَقُوْلُوْا میں رذائل قوت نطقیہ کی طرف۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَة: ۱ **قوله في انزلنا** پیدا لما في الروح **خلقنا لكم ذلك باسباب نازلة من السماء كالمطر الذي ينبت به القطن** ۱۲۔۲ **قوله في كما اخرج** خرابی میں **اشار الى تقدير الكلام هكذا كما فتن ابويكم بان اخرج الخ ليصح التشبيه** ۱۲۔۳ **قوله في اخرج** کرادیا **اشارة الى ان الاسناد الى السبب** ۱۲۔۴ **قوله في من حيث** ایسے طور پر **فهو مجاز لان حقيقة المكان او الزمان** ۱۲۔۵ **قوله في واقيموا** اور یہ کہ **اشارة الى انه معطوف على القسط بتقدير ان** ۱۲۔۶ **قوله في عند كل مسجد الاول** سجدہ یعنی الخ **اشارة الى ان المصدر ميمي والى انه مجاز بطريق اطلاق المقيد على المطلق** ۱۲۔۷ **قوله في كما بداكم قدرت اشار الى فائدة التشبيه** ۱۲۔۸ **قوله في عند كل مسجد الثاني** مسجد کی ہر حاضری **اشارة الى كون المراد به المعنى المتعارف كان نزولها في الطواف الذي يكون في المسجد** ۱۲۔۹ **قوله في لا تسرفوا**

www.besturdubooks.net

حرام اعتقاد کذا فی روح المعانی وهو الانسب بالمقام۱۲۔۱۰ قوله فی کل امة ہرفرد لما فی روح المعانی قالوا التقدیر ولکل احد من امة۱۲۔۱۱ قوله فی فاذا جاء نزدیک کما فی قوله اذا بلغن الی قوله فامسکوهن ای قاربن فاندفع به الاعتراض المشهور بانه لا یتصور الاستقدام عند مجیئه فلا فائدة فی نفیه وهذا مما القی فی روعی قد ما ثم رأیته فی الروح منقولا عن البعض وان لم یرض به صاحب الروح وللناس فیما یعشقون مذاهب اما الفائدة فی نفی الاستقدام بعد تصور صحته فبیان سرتاخیر هلاکهم مع استحقاقهم له کما ان فائدة نفی الاستیخار بیان عدم خلاصهم من العذاب۱۲۔

اَلْفَوَاحِشَ : قوله بالفحشاء فی الروح والمراد بالقبح العقلی هنا نفرة الطبع السلیم واستنقاص العقل المستقیم لا کون الشئ متعلق الذم قبل ورود النهی عنه فلا دلالة فیه للمعتزلة اه قلت ثم هو نفی للعادة لا للامکان یثبت به کون العقل حاکما فافهم قوله انا جعلنا الشیطین وقوله انهم اتخذوا فی المجموع دلیل لاهل الحق فی کون الحق خالقا والخلق کاسبا فافهم۱۲۔

اَللِّبَاسُ : الریش الزینة اخذا من ریش الطیر الذی هو زینه له وهو من عطف الصفة علی الصفة القبیل الجماعة۔

اَلنَّحْوُ : قوله فریقا حق ای اضل فریقا دل علیه قوله حق الخ۔

اَلْبَلَاغَةُ : لباس التقوٰی کلجین الماء

يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ ۙ فَمَنِ اتَّقٰى وَاَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۳۵﴾
وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۳۶﴾ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى
اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ۭ اُولٰٓئِكَ يَنَالُهُمْ نَصِيْبُهُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ ۭ حَتّٰٓى اِذَا جَاۗءَتْهُمْ رُسُلُنَا يَتَوَفَّوْنَهُمْ ۙ قَالُوْٓا
اَيْنَ مَا كُنْتُمْ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا وَشَهِدُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِيْنَ ﴿۳۷﴾ قَالَ ادْخُلُوْا فِيْٓ
اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ فِي النَّارِ ۭ كُلَّمَا دَخَلَتْ اُمَّةٌ لَّعَنَتْ اُخْتَهَا ۭ حَتّٰٓى اِذَا ادَّارَكُوْا فِيْهَا جَمِيْعًا ۙ
قَالَتْ اُخْرٰىهُمْ لِاُوْلٰىهُمْ رَبَّنَا هٰٓؤُلَاۗءِ اَضَلُّوْنَا فَاٰتِهِمْ عَذَابًا ضِعْفًا مِّنَ النَّارِ ۭ قَالَ لِكُلٍّ ضِعْفٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۸﴾
وَقَالَتْ اُوْلٰىهُمْ لِاُخْرٰىهُمْ فَمَا كَانَ لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلٍ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿۳۹﴾ ع ۴ ۱۱
اِنَّ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَا لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ اَبْوَابُ السَّمَاۗءِ وَلَا يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ حَتّٰى يَلِجَ الْجَمَلُ فِيْ سَمِّ الْخِيَاطِ ۭ
وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۴۰﴾ لَهُمْ مِّنْ جَهَنَّمَ مِهَادٌ وَّمِنْ فَوْقِهِمْ غَوَاشٍ ۭ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۱﴾

اے اولاد آدم کی اگر تمہارے پاس پیغمبر آئیں جو تم ہی میں سے ہوں گے جو میرے احکام تم سے بیان کریں گے۔ سو جو شخص پرہیز رکھے اور درستی کرے سو ان لوگوں پر نہ کچھ اندیشہ ہے اور نہ وہ غمگین ہوں گے اور جو لوگ ہمارے احکام کو جھوٹا بتائیں گے اور ان سے تکبر کریں گے وہ لوگ دوزخ والے ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ سو اس شخص سے زیادہ کون ظالم ہوگا جو اللہ تعالیٰ پر جھوٹ باندھے یا اس کی آیتوں کو جھوٹا بتلا دے ان لوگوں کے نصیب کا جو کچھ ہے وہ ان کو مل جائے گا۔ یہاں تک کہ جب ان کے پاس ہمارے بھیجے ہوئے فرشتے ان کی جان قبض کرنے آئیں گے تو کہیں گے وہ کہاں گئے جن کی تم خدا کو چھوڑ کر عبادت کیا کرتے تھے۔ وہ کہیں گے کہ ہم سے سب غائب ہو گئے اور اپنے کافر ہونے کا اقرار کرنے لگیں گے۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ جو فرقے تم سے پہلے گزر چکے ہیں جنات میں سے بھی اور آدمیوں میں سے بھی ان کے ساتھ تم بھی دوزخ میں جاؤ جس وقت بھی کوئی (کفار کی) جماعت داخل (دوزخ) ہوگی اپنی جیسی دوسری جماعت کو لعنت کرے گی۔ یہاں تک کہ جب اس میں سب جمع ہو جائیں گے تو پچھلے لوگ پہلے لوگوں کی نسبت کہیں گے کہ اے ہمارے پروردگار ہم کو ان لوگوں نے گمراہ کیا تھا' سو ان کو دوزخ کا عذاب (ہم سے) دوگنا دیجئے۔ اللہ تعالیٰ فرمائیں گے کہ سب ہی کا دوگنا ہے لیکن (ابھی) تم کو (پوری) خبر نہیں اور پہلے لوگ پچھلے لوگوں سے کہیں گے کہ پھر تم کو ہم پر کوئی فوقیت نہیں۔ سو تم بھی اپنے کردار کے مقابلہ میں عذاب کا مزہ چکھتے رہو۔ جو لوگ ہماری آیتوں کو جھوٹا بتلاتے ہیں اور ان (کے ماننے) سے تکبر کرتے ہیں ان کے لئے آسمان کے دروازے نہ کھولے جائیں گے اور وہ

www.besturdubooks.net

لوگ کبھی جنت میں نہ جائیں گے جب تک کہ اونٹ سوئی کے ناکہ کے اندر نہ چلا جائے اور ہم مجرم لوگوں کو ایسی ہی سزا دیتے ہیں۔ان کیلئے آتش دوزخ کا بچھونا ہوگا اور ان کے اوپر اسی کا اوڑھنا ہوگا اور ہم ایسے ظالموں کو ایسی ہی سزا دیتے ہیں۔ ۞

تفسیر ربط : اوپر عقائد و اعمال میں ابلیس کے اتباع و موافقت اور احکامِ الٰہیہ کی مخالفت سے ممانعت فرمائی گئی ہے۔آگے یہ بتلاتے ہیں کہ اس مضمون کا خطاب تم کو کچھ جدید نہیں بلکہ عالمِ ارواح ہی میں یہ عہد لے لیا گیا تھا اور وعدہ وعید سنا دیا گیا تھا اب اسی کا اعادہ ہے اور اس میں مسئلہ رسالت اور معاد کا اثبات بھی ہو گیا جو کہ اعظم مقاصد سورت ہذا سے ہے۔

حکایت عہدِ قدیم باطاعت ربِّ کریم و بیان نعیم و جحیم: یٰبَنِیْۤ اٰدَمَ اِمَّا یَاْتِیَنَّكُمْ (الی قولہ تعالیٰ) هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ (ہم نے عالم ارواح ہی میں کہہ دیا تھا) اے اولاد آدم کی اگر تمہارے پاس پیغمبر آویں جو تم ہی میں سے ہوں گے جو میرے احکام تم سے بیان کریں گے سو (ان کے آنے پر) جو شخص (تم میں ان آیات کی تکذیب سے) پرہیز رکھے اور (اعمال کی) درستی کرے (مراد یہ کہ کامل اتباع کرے) سو ان لوگوں پر (آخرت میں) نہ کچھ اندیشہ (کی بات واقع ہونے والی) ہے اور نہ وہ غمگین ہوں گے اور جو لوگ (تم میں سے) ہمارے ان احکام کو جھوٹا بتاویں گے اور ان (کے قبول کرنے) سے تکبر کریں گے وہ لوگ دوزخ (میں رہنے) والے ہوں گے (اور) وہ اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے۔

ربط :اوپر عہد مذکور میں نعیم و جحیم کا اجمالاً بیان تھا آگے بطور تفریع کے اس کا کسی قدر مفصل ذکر ہے۔اول اہل جحیم کا پھر اہل نعیم کا۔

تفصیل سزائے مکذبین : فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰی عَلَی اللّٰهِ كَذِبًا (الی قولہ تعالیٰ) وَ كَذٰلِكَ نَجْزِی الظّٰلِمِیْنَ (جب تکذیب کرنے والوں کا مستحق وعید شدید ہونا اجمالاً معلوم ہو گیا) سو (اب تفصیل سنو کہ) اس شخص سے زیادہ کون ظالم ہوگا جو اللہ تعالیٰ پر جھوٹ باندھے (یعنی جو بات خدا کی کہی ہوئی نہ ہو اس کو خدا کی کہی ہوئی کہے) یا اس کی آیتوں کو جھوٹا بتلاوے (یعنی جو بات خدا کی کہی ہوئی ہو اس کو بے کہی ہوئی بتلاوے) ان لوگوں کے نصیب کا جو کچھ (رزق اور عمر) ہے وہ (تو) ان کو دنیا میں مل جاوے گا (لیکن آخرت) میں مصیبت ہی مصیبت ہے) یہاں تک کہ (برزخ میں مرنے کے وقت تو ان کی یہ حالت ہوگی کہ) جب ان کے پاس ہمارے بھیجے ہوئے فرشتے ان کی جان قبض کرنے آویں گے تو (ان سے) کہیں گے کہ (کہو) وہ کہاں گئے جن کی تم خدا کو چھوڑ کر عبادت کیا کرتے تھے (اب اس مصیبت میں کیوں نہیں کام آتے) وہ (کفار) کہیں گے کہ ہم سے سب غائب ہو گئے (یعنی واقعی کوئی کام نہ آیا) اور (اس وقت) اپنے کافر ہونے کا اقرار کرنے لگیں گے (لیکن اس وقت کا اقرار محض بے کار اور بعض آیات میں ایسے ہی سوال و جواب کا وقوع قیامت میں بھی مذکور ہے۔سو دونوں موقعوں پر ہونا ممکن ہے اور قیامت میں ان کا یہ حال ہوگا کہ) اللہ تعالیٰ فرماوے گا کہ جو فرقے (کفار کے) تم سے پہلے گزر چکے ہیں جنات میں سے بھی اور آدمیوں میں سے بھی ان کے ساتھ تم بھی دوزخ میں جاؤ (چنانچہ) آگے پیچھے سب کفار اس میں داخل ہوں گے اور یہ کیفیت واقع ہوگی کہ) جس وقت بھی کوئی جماعت (کفار کی) داخل (دوزخ) ہوگی اپنی جیسی دوسری جماعت کو (جو انہی جیسے کافر ہوں گے اور ان سے پہلے دوزخ میں جا چکے ہوں گے) لعنت کرے گی (یعنی باہم ہمدردی نہ ہوگی، بلکہ بوجہ انکشاف حقائق کے ہر شخص دوسرے کو بری نظر سے دیکھے گا اور برا کہے گا) یہاں تک کہ جب اس (دوزخ میں سب جمع ہو جاویں گے تو (اس وقت) پچھلے لوگ (جو بعد میں داخل ہوئے ہوں گے اور وہ یہ لوگ ہوں گے جو کفر میں دوسروں کے تابع تھے) پہلے (داخل ہونے والے) لوگوں کی نسبت (یعنی ان لوگوں کی نسبت جو بوجہ رئیس و پیشوائے کفر ہونے کے دوزخ میں پہلے داخل ہوں گے) کہیں گے کہ اے ہمارے پروردگار ہم کو ان لوگوں نے گمراہ کیا تھا سو ان کو دوزخ کا عذاب (ہم سے) دوگنا دیجئے۔اللہ تعالیٰ (ارشاد) فرماویں گے کہ (ان کو دوگنا ہونے سے تم کو کونسی تسلی و راحت ہو جاوے گی بلکہ چونکہ تمہارا عذاب بھی ہمیشہ آنا فانا بڑھتا جاوے گا اس لئے تمہارا عذاب بھی ان کے دوگنے عذاب ہی جیسا ہو گیا۔پس اس حساب سے) سب ہی کا (عذاب) دوگنا ہے لیکن (ابھی) تم کو (پوری خبر نہیں) کیونکہ ابھی تو عذاب کی ابتداء ہی ہے اس تزاید کو دیکھا نہیں اس لئے ایسی باتیں بنا رہے ہو جس سے معلوم ہوتا ہے کہ دوسرے تضاعفِ عذاب کو اپنے لئے موجب شفائے غیظ و تسلی سمجھ رہے ہو) اور پہلے (داخل ہونے والے) لوگ پچھلے (داخل ہونے والے) لوگوں سے (خدا تعالیٰ کے اس جواب سے مطلع ہو کر) کہیں گے کہ (جب سب کی سزا کی یہ حالت ہے تو) پھر تم کو ہم پر (تخفیف عذاب کے بارہ میں) کوئی فوقیت نہیں (کیونکہ تخفیف نہ ہم کو نہ تم کو) سو تم بھی اپنے کردار (بد) کے مقابلہ میں عذاب (متزائد) کا مزہ چکھتے رہو (یہ حالت تو کفار کی دخولِ نار کی ہوئی اب حرمانِ جنت کی کیفیت سنو کہ) جو لوگ ہماری آیتوں کو جھوٹا بتلاتے ہیں اور ان کے (ماننے) سے تکبر کرتے ہیں ان (کی روح کے صعود) کے لئے (مرنے کے بعد) آسمان کے دروازے نہ کھولے جاویں گے (یہ تو حالت مرنے کے بعد برزخ میں ہوئی) اور (قیامت کے روز) وہ لوگ کبھی جنت میں نہ جاویں گے جب تک کہ اونٹ سوئی کے ناکے کے اندر سے نہ چلا جاوے (اور یہ محال ہے پس معلق بالمحال بھی ہمیشہ کے لئے منفی ہوگا) اور ہم ایسے مجرم لوگوں کو ایسی ہی سزا دیتے ہیں (یعنی ہم کو کوئی عداوت نہ تھی جیسا کیا ویسا بھگتا اور اوپر جو دوزخ میں جانا مذکور ہوا ہے وہ آگ ان کو ہر چہار طرف سے محیط ہوگی کہ کسی طرف سے کچھ راحت

www.besturdubooks.net

نہ ملے چنانچہ یہ حال ہوگا کہ ان کے لئے آتشِ دوزخ کا بچھونا ہوگا اور ان کے اوپر اسی کا اوڑھنا ہوگا اور ہم ایسے ظالموں کو ایسی ہی سزا دیتے ہیں (جن کا ذکر فَمَنْ اَظْلَمُ میں اوپر آیا ہے)

تَرْجَمَۂ مَسَائِلِ السُّلُوْك: قولہ تعالیٰ : اِنَّ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَا لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ اَبْوَابُ السَّمَآءِ روح میں ہے کہ اسی طرح ایسے لوگوں کے لئے دنیا میں ابوابِ ملکوت کشادہ نہیں ہوتے۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃ : ۱ قوله فی نصیبهم رزق اوعمر کذا فی التفاسیر ۱۲۔ ۲ قوله قبل حتی مصیبت ہی مصیبت کرو لذکر ما فی البرزخ والآخرة بعده ۱۲۔ ۳ قوله فی ضلوا ممکن فلا دلیل فیه لمن فسر الآیة بحملها علی الآخرة وتاویل یتوفون بیستوفون فی المحشر ۱۲۔ ۴ قوله فی امم ساتھ ففی بمعنی مع ۱۲۔ ۵ قوله فی النار دوزخ میں جاؤ اشارة الی ان فی النار متعلق بقوله ادخلوا ۱۲۔ ۶ قوله فی اخراهم بعد میں الی تابع لان الترتیب فی دخول النار باعتبار التفاوت فی الکفر ۱۲۔ ۷ قوله فی لاولهم نسبت وفی اخراهم سے اشارة الی ان اللام فی الاولی للتعلیل وفی الاخری للتبلیغ کذا فی الروح ۱۲۔ ۸ قوله فی لکل ضعف بڑھتا جاوے گا کما یدل علیه قوله تعالیٰ فی النحل زدناهم عذابا فوق العذاب وقوله کلما نضجت الخ وقوله لا یخفف عنهم الآیة ۱۲۔ ۹ قوله فی فذوقوا العذاب متزائد فاللام للعهد ۱۲۔ ۱۰ قوله فی لا تفتح روح کے صعود کما فی حدیث طویل رواه احمد وفیه فیستفتح له فلا یفتح ثم قرأ رسول الله صلی الله علیه وسلم لا تفتح لهم ابواب السماء ولا یدخلون الجنة حتی یلج الجمل فی سم الخیاط وفیه فیطرح روحه طرحا ثم قرأ ومن یشرك بالله فکانما خر من السماء فتخطفه الطیر او تهوی به الریح فی مکان سحیق ۱۲۔ ۱۱ قوله فی المجرمین والظالمین ایے المراد بالقید الکفار لان هذا العذاب الشدید مخصوص به ۱۲۔

اللُّغَات: قوله ادارکوا اصله تدارکوا الحق آخرهم اولهم کذا فی القاموس قلت حاصل معناه اجتمعوا وفیه ایضا ادرك الشئ وبلغ وقته وانتهی دفنی (ومنه) ادارك علمهم فی الآخرة جهلوا علمها ولا علم عندهم من امرها اه۔

النَّحْو: قوله فی الدر المنثور اخرج ابن جریر عن ابی سیار السلمی فقال ان الله تبارك و تعالیٰ جعل آدم وذریته فی کفه فقال یا بنی آدم الآیة ثم هشهم اه قلت وعلیه فسرت الآیة ویؤیده قوله تعالیٰ فی البقرة قلنا اهبطوا منها جمیعا فاما یاتینکم منی هدی الایة فان الظاهر منه ان هذا الخطاب کان قبل ارسال الرسل فی عالم الارواح ولعله کان مع اخذ المیثاق علی الربوبیة والاصل فی الآیتین المتوافق خصوصاً مع تقارب الالفاظ والله اعلم ۱۲۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَنَزَعْنَا
مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ ۚ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ هَدٰىنَا لِهٰذَا ۫ وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَآ
اَنْ هَدٰىنَا اللّٰهُ ۚ لَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ۭ وَنُوْدُوْٓا اَنْ تِلْكُمُ الْجَنَّةُ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۴۳﴾ ع ۴
وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ اَصْحٰبَ النَّارِ اَنْ قَدْ وَجَدْنَا مَا وَعَدَنَا رَبُّنَا حَقًّا فَهَلْ وَجَدْتُّمْ مَّا وَعَدَ رَبُّكُمْ حَقًّا ۭ قَالُوْا نَعَمْ ۚ
فَاَذَّنَ مُؤَذِّنٌۢ بَيْنَهُمْ اَنْ لَّعْنَةُ اللّٰهِ عَلَي الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۴﴾ الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۚ وَهُمْ
بِالْاٰخِرَةِ كٰفِرُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَبَيْنَهُمَا حِجَابٌ ۚ وَعَلَي الْاَعْرَافِ رِجَالٌ يَّعْرِفُوْنَ كُلًّۢا بِسِيْمٰهُمْ ۚ وَنَادَوْٓا اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ اَنْ سَلٰمٌ
عَلَيْكُمْ ۣ لَمْ يَدْخُلُوْهَا وَهُمْ يَطْمَعُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَاِذَا صُرِفَتْ اَبْصَارُهُمْ تِلْقَاۗءَ اَصْحٰبِ النَّارِ ۙ قَالُوْا رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ
الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۷﴾ وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ الْاَعْرَافِ رِجَالًا يَّعْرِفُوْنَهُمْ بِسِيْمٰهُمْ قَالُوْا مَآ اَغْنٰى عَنْكُمْ جَمْعُكُمْ وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۴۸﴾
اَهٰٓؤُلَاۗءِ الَّذِيْنَ اَقْسَمْتُمْ لَا يَنَالُهُمُ اللّٰهُ بِرَحْمَةٍ ۭ اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمْ وَلَآ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ﴿۴۹﴾ وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ

www.besturdubooks.net

النَّارِ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ اَنْ اَفِيْضُوْا عَلَيْنَا مِنَ الْمَآءِ اَوْ مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ؕ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَهُمَا عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۙ﴿۵۰﴾ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ لَهْوًا وَّلَعِبًا وَّغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ نَنْسٰىهُمْ كَمَا نَسُوْا لِقَآءَ يَوْمِهِمْ هٰذَا ۙ وَمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ﴿۵۱﴾

اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کیے ہم کسی شخص کو اس کی قدرت سے زیادہ کوئی کام نہیں بتاتے اور ایسے لوگ جنت والے ہیں۔ وہ اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے اور جو کچھ ان کے دلوں میں غبار تھا ہم اس کو دور کر دیں گے۔ ان کے نیچے نہریں جاری ہوں گی اور وہ لوگ کہیں گے اللہ کا لاکھ لاکھ احسان ہے جس نے ہم کو اس مقام تک پہنچایا اور ہماری کبھی رسائی نہ ہوتی اگر اللہ تعالیٰ ہم کو نہ پہنچاتے واقعی ہمارے رب کے پیغمبر سچی باتیں لے کر آئے تھے اور ان سے پکار کر کہا جائے گا کہ جنت تم کو دی گئی ہے تمہارے اعمال کے بدلے اور اہل جنت اہل دوزخ کو پکاریں گے کہ ہم سے جو ہمارے رب نے وعدہ فرمایا تھا ہم نے تو اس کو واقع کے مطابق پایا سو تم سے جو تمہارے رب نے وعدہ کیا تھا تم نے بھی اس کو مطابق واقع پایا وہ کہیں گے ہاں۔ پھر ایک پکارنے والا دونوں کے درمیان میں پکارے گا کہ اللہ کی مار ہو اُن ظالموں پر جو اللہ تعالیٰ کی راہ سے اعراض کیا کرتے تھے اور اس کو ٹیڑھا تلاش کرتے رہتے تھے اور وہ لوگ آخرت کے بھی منکر تھے اور ان دونوں کے درمیان ایک آڑ ہوگی اور اعراف کے اوپر بہت سے آدمی ہوں گے۔ وہ لوگ ہر ایک کو ان کے قیافہ سے پہچانیں گے اور اہل جنت کو پکار کر کہیں گے کہ اسلام علیکم۔ ابھی یہ اہل اعراف جنت میں داخل نہ ہوئے ہوں گے اور اس کے امیدوار ہوں گے اور جب انکی نگاہیں اہل دوزخ کی طرف جا پڑیں گی تو کہیں گے اے ہمارے رب ہم کو ان ظالم لوگوں کے ساتھ شامل نہ کیجئے اور اہل اعراف بہت سے آدمیوں کو جن کو کہ ان کے قیافہ سے پہچانیں گے پکاریں گے کہیں گے کہ تمہاری جماعت اور تمہارا اپنے کو بڑا سمجھنا تمہارے کچھ کام نہ آیا۔ کیا یہ وہی ہیں جن کی نسبت تم قسمیں کھا کھا کر کہا کرتے تھے کہ ان پر اللہ تعالیٰ رحمت نہ کرے گا ان کو یوں حکم ہو گیا کہ جاؤ جنت میں تم پر نہ کچھ اندیشہ ہے اور نہ تم مغموم ہو گے اور دوزخ والے جنت والوں کو پکاریں گے کہ ہمارے اوپر تھوڑا سا پانی ہی ڈال دو یا اور ہی کچھ دے دو جو اللہ تعالیٰ نے تم کو دے رکھا ہے۔ جنت والے کہیں گے کہ اللہ تعالیٰ نے دونوں چیزوں کی کافروں کے لئے بندش کر رکھی ہے۔ جنہوں نے دنیا میں اپنے دین کو لہو و لعب بنا رکھا تھا اور جن کو دنیوی زندگانی نے دھوکا میں ڈال رکھا تھا۔ سو ہم بھی آج کے دن ان کا نام نہ لیں گے جیسا کہ انہوں نے اس دن کا نام تک نہ لیا اور جیسا کہ یہ ہماری آیتوں کا انکار کیا کرتے تھے۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر سزائے مکذبین کی تفصیل تھی آگے جزائے مؤمنین کی تفصیل ہے۔ تفصیل جزائے مؤمنین: وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ (الی قولہ تعالیٰ) بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۴۳﴾ اور جو لوگ (آیاتِ الٰہیہ پر) ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے (اور یہ نیک کام چنداں مشکل بھی نہیں کیونکہ ہماری عادت ہے کہ ہم کسی شخص کو اس کی قدرت سے زیادہ کوئی کام نہیں بتلاتے (یہ جملہ معترضہ تھا غرض) ایسے لوگ جنت (میں جانے) والے ہیں (اور) وہ اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے اور (ان کی حالت اہل دوزخ کی سی نہ ہوگی جن میں وہاں بھی تلاعن وتباغض رہے گا بلکہ ان کی یہ کیفیت ہوگی کہ) جو کچھ ان کے دلوں میں (کسی معاملہ کی وجہ سے دنیا میں باقتضاء طبعی) غبار (اور رنج) تھا ہم اس کو (بھی) دور کر دیں گے (کہ باہم خوب الفت سے رہیں گے اور) ان کے (مکانات کے) نیچے نہریں جاری ہوں گی اور وہ لوگ (غایت فرح وسرور سے) کہیں گے اللہ کا لاکھ لاکھ احسان ہے جس نے ہم کو اس مقام تک پہنچایا اور ہماری کبھی (یہاں تک) رسائی نہ ہوتی اگر اللہ تعالیٰ ہم کو نہ پہنچاتے (اس میں یہ بھی آ گیا کہ یہاں تک پہنچنے کا جو طریقہ تھا ایمان اور اعمال وہ ہم کو بتلایا اور اس پر چلنے کی توفیق دی) واقعی ہمارے رب کے پیغمبر سچی باتیں لے کر آئے تھے (چنانچہ انہوں نے جن اعمال پر جنت کا وعدہ کیا تھا وہ سچا ثابت ہوا) اور ان سے پکار کر کہا جاوے گا کہ یہ جنت تم کو دی گئی ہے تمہارے اعمال (حسنہ) کے بدلے۔ ف: یہ ندا کرنے والا ایک فرشتہ ہوگا جیسا در منثور میں بروایت ابن ابی حاتم کے ابی معاذ بصری سے مرفوعاً منقول ہے اس کے الفاظ یہ ہیں فيذهب الملك فيقول: سَلَامٌ عَلَيْكُمْ تِلْكُمُ الْجَنَّةُ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ اور بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ سے ظاہراً اعمال کا سبب دخول جنت ہونا معلوم ہوتا ہے اور حدیث میں آیا ہے کہ اعمال کے سبب کوئی جنت میں نہ جاوے گا بلکہ رحمتِ الٰہی کے سبب جاویں گے۔ اصل یہ ہے کہ آیت میں سبب ظاہری مراد ہے اور حدیث میں سبب حقیقی۔ پس ظاہری کے اثبات اور حقیقی کی نفی میں کوئی تعارض نہیں۔

ربط: اوپر اہل جنت واہل نار کی جزا وسزا کی تفصیل تھی آگے بطور تتمہ کے ان میں جو باہم مکالمات ومخاطبات ہوں گے ان کا بیان ہے اور ان کے ساتھ اہل اعراف کا بھی جن کی حالت ابتداء میں بین بین ہوگی کچھ حال اور مقال مذکور ہے۔

مکالمات اہل جنت واہل اعراف واہل نار ☆ وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ (الی قولہ تعالیٰ) وَمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ اھ (جب اہل جنت جنت میں جا پہنچیں گے اس وقت وہ) اہل جنت اہل دوزخ کو (اپنی حالت پر خوشی ظاہر کرنے کو اور ان کی حسرت بڑھانے کو) پکاریں گے کہ ہم سے جو ہمارے رب نے

www.besturdubooks.net

وعدہ فرمایا تھا (کہ ایمان اور اعمال صالحہ اختیار کرنے سے جنت دیں گے) ہم نے تو اس کو واقع کے مطابق پایا سو (تم بتلاؤ کہ) تم سے جو تمہارے رب نے وعدہ کیا تھا (کہ کفر کے سبب دوزخ میں پڑو گے) تم نے بھی اس کو مطابق واقع کے پایا (یعنی اب تو حقیقت اللہ و رسول کے صدق اور اپنی گمراہی کی معلوم ہوئی) وہ (اہل دوزخ جواب میں) کہیں گے ہاں (واقعی سب باتیں اللہ و رسول کی ٹھیک نکلیں) پھر (ان دوزخیوں کی حسرت اور جنتیوں کی مسرت بڑھانے کو) ایک پکارنے والا (یعنی کوئی فرشتہ) دونوں (فریق) کے درمیان میں (کھڑا ہو کر) پکارے گا کہ اللہ کی مار ہو ان ظالموں پر جو اللہ کی راہ (یعنی دین حق) سے اعتراض کیا کرتے تھے اور اس (دین حق) میں (ہمیشہ بزعم خود) کجی (کی باتیں) تلاش کرتے رہتے تھے (کہ اس میں عیب اور اعتراض پیدا کریں) اور وہ لوگ (اس کے ساتھ) آخرت کے بھی منکر تھے (جس کا نتیجہ آج بھگت رہے ہیں یہ کلام تو اہل جنت کا اور ان کی تائید میں اس سرکاری منادی کا مذکور ہوا آگے اعراف والوں کا ذکر ہے) اور ان دونوں (فریق یعنی اہل جنت و اہل دوزخ) کے درمیان ایک آڑ (یعنی دیوار) ہوگی (جس کا ذکر سورۂ حدید میں ہے فَضُرِبَ بَيْنَهُمْ بِسُوْرٍ الخ اس کا خاصہ یہ ہوگا کہ جنت کا اثر دوزخ تک اور دوزخ کا اثر جنت تک نہ جانے دے گی۔ رہا یہ کہ پھر گفتگو کیونکر ہوگی۔ سو ممکن ہے کہ اس دیوار میں جو دروازہ ہوگا جیسا سورۂ حدید میں ہے بِسُوْرٍ لَّهٗ بَابٌ اس باب میں سے یہ گفتگو ہو جاوے یا ویسے ہی آواز پہنچ جاوے) اور (اس دیوار کا یا اس کے بالائی حصہ کا نام اعراف ہے اور اس پر جنتی اور دوزخی سب نظر آویں گے سو) اعراف کے اوپر بہت سے آدمی ہوں گے (جن کی حسنات اور سیئات میزان میں برابر وزن کی ہوئیں) وہ لوگ (اہل جنت اور اہل دوزخ میں سے) ہر ایک کو (علاوہ جنت اور دوزخ کے اندر ہونے کی علامت کے) ان کے قیافہ سے (بھی) پہچانیں گے (قیافہ یہ کہ اہل جنت کے چہروں پر نورانیت اور اہل دوزخ کے چہروں پر ظلمت اور کدورت ہوگی جیسا دوسری آیت میں ہے وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌ۔ ضَاحِكَةٌ الخ) یہ (اہل اعراف) اہل جنت کو پکار کر کہیں گے السلام علیکم ابھی یہ اہل اعراف جنت میں داخل نہیں ہوئے ہوں گے اور اس کے امیدوار ہوں گے (چنانچہ حدیثوں میں آیا ہے کہ ان کی امید پوری کر دی جاوے گی اور جنت میں جانے کا حکم ہو جاوے گا) اور جب ان کی نگاہیں اہل دوزخ کی طرف جا پڑیں گی تو (اس وقت ہول کھا کر) کہیں گے اے ہمارے رب ہم کو ان ظالم لوگوں کے ساتھ (عذاب میں) شامل نہ کیجئے اور (جیسے ان اہل اعراف نے اوپر اہل جنت سے سلام و کلام کیا (اسی طرح یہ) اہل اعراف (دوزخیوں میں سے) بہت سے آدمیوں کو (جو کہ کافر ہوں گے اور) جن کو کہ ان کے قیافہ (ظلمت و کدورت چہرہ) سے پہچانیں گے کہ یہ کافر ہیں پکاریں گے اور کہیں گے کہ تمہاری جماعت اور ہمارا اپنے کو بڑا سمجھنا (اور انبیاء کا اتباع نہ کرنا) تمہارے کچھ کام نہ آیا (اور تم اسی تکبر کی وجہ سے مسلمانوں کو حقیر سمجھ کر یہ بھی کہا کرتے تھے کہ یہ بیچارے کیا مستحق فضل و کرم ہوتے جیسا اَهٰٓؤُلَآءِ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنْۢ بَيْنِنَا [الأنعام :۵۳] سے بھی یہ مضمون مفہوم ہوتا ہے لو ان مسلمانوں کو تو اب دیکھو) کیا یہ (جو جنت میں عیش کر رہے ہیں) وہی (مسلمان) ہیں جن کی نسبت تم قسمیں کھا کھا کر کہا کرتے تھے کہ ان پر اللہ (اپنی) رحمت نہ کرے گا (لو ان پر تو اتنی بڑی رحمت ہوئی کہ) ان کو یہ حکم ہو گیا کہ جاؤ جنت میں (جہاں) تم پر نہ کچھ اندیشہ ہے اور نہ تم مغموم ہو گے (اور اس کلام میں جو رجالا کی تخصیص کی غالباً وجہ اس کی یہ معلوم ہوتی ہے کہ ہنوز عصاۃ مؤمنین بھی دوزخ میں پڑے ہوں گے قرینہ اس کا یہ ہے کہ جب اہل اعراف ہنوز امید جنت میں ہیں اور داخل جنت نہیں ہوئے تو عصاۃ جن کے سیئات اہل اعراف کے سیئات سے زیادہ ہیں ظاہراً بدرجہ اولیٰ دوخ سے ابھی نہ نکلے ہوں گے مگر ایسے لوگ اس کلام کے مخاطب نہ ہوں گے واللہ اعلم) اور (جس طرح اوپر جنت والوں نے دوزخ والوں سے گفتگو کی اسی طرح) دوزخ والے جنت والوں کو پکاریں گے کہ (ہم مارے بھوک اور پیاس اور گرمی کے بے دم ہوئے جاتے ہیں خدا کے واسطے) ہمارے اوپر تھوڑا پانی ہی ڈال دو (شاید کچھ تسکین ہو جاوے) یا اور ہی کچھ دے دو جو اللہ تعالیٰ نے تم کو دے رکھا ہے (اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ امید کر کے مانگیں گے کیونکہ غایت اضطراب میں بعید از توقع باتیں بھی منہ سے نکلا کرتی ہیں) جنت والے (جواب میں) کہیں گے کہ اللہ تعالیٰ نے دونوں چیزوں کی (یعنی جنت کے کھانے اور پانی کی) کافروں کے لئے بندش کر رکھی ہے جنہوں نے دنیا میں اپنے دین کو (جس کا قبول کرنا ان کے ذمہ واجب تھا) لہو و لعب بنا رکھا تھا اور جن کو دنیوی زندگانی نے دھوکہ (اور غفلت) میں ڈال رکھا تھا (اس لئے دین کی کچھ پرواہ ہی نہ کی اور یہ دار الجزاء ہے جب دین نہیں اس کا ثمرہ کہاں۔ آگے حق تعالیٰ اہل جنت کے اس جواب کی تصدیق و تائید میں فرماتے ہیں) سو (جب ان کی دنیا میں یہ حالت تھی تو) ہم بھی آج (قیامت) کے روز ان کا نام نہ لیں گے (اور کھانا پینا خاک نہ دیں گے) جیسا انہوں نے (اس عظیم الشان) دن کا نام تک نہ لیا اور جیسا یہ ہماری آیتوں کا انکار کیا کرتے تھے۔

ف: در منثور میں مرفوع و موقوف روایات اس مقام میں اور سورۂ حدید کی آیت فَضُرِبَ بَيْنَهُمْ بِسُوْرٍ الخ میں بہت سی مذکور ہیں جن سے یہ امور مستفاد ہوتے ہیں اعراف اور سور ایک چیز ہے اہل اعراف وہ ہیں جن کے حسنات اور سیئات مساوی ہیں۔ اہل اعراف آخر میں جنت میں داخل کر دیئے جاویں گے و نیز دلالۃ النص سے ان کا داخل جنت ہونا معلوم ہوتا ہے کیونکہ عصاۃ اہل نار باوجود غلبۂ سیئات کے جب دوزخ سے نکل آویں گے تو اہل اعراف بدرجۂ اولیٰ نکلیں گے۔ جیسا کہ اثنائے تقریر ترجمہ میں رجالاً کی تخصیص کے فائدہ میں عصاۃ کا اس وقت تک دوزخ میں رہنا نیز دلالۃ النص سے ثابت کیا گیا ہے اور جو

www.besturdubooks.net

گفتگو باہمی ہوگی اس میں دو احتمال ہیں یا تو کیف ما اتفق بعض کی بعض سے ہو یا خاص جان پہچان والوں سے ہو۔ واللہ اعلم۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَآ اسی طرح شیخ بھی مرید کو باب اصلاح میں اس کے تحمل سے زیادہ اس کو تکلیف نہیں دیتا۔ قولہ تعالیٰ وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ روح میں ہے کہ ان کے قلوب میں جو بمقتضائے طبیعت بعض معاملات دنیویہ کے سبب کچھ مخفی عداوت و کینہ تھا وہ نکال دیں گے اہ اس سے ثابت ہوا کہ جو کینہ طبعی غیر اختیاری ہو وہ دخول جنت سے مانع نہیں۔ قولہ تعالیٰ : وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَآ اَنْ هَدٰىنَا اللّٰهُ اس سے صریح معلوم ہوتا ہے کہ وصول الی المقصود وہبی ہے کسبی نہیں اور جس کسب کا ظاہراً کچھ دخل بھی ہے وہ کسب خود وہبی ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ النَّارِ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ اَنْ اَفِيْضُوْا عَلَيْنَا مِنَ الْمَآءِ اَوْ مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ۔ بعض نے کہا ہے کہ چونکہ یہ کفار شکم کے بندے اور کھانے پینے کے حریص تھے تو اسی حالت میں مرے اور اس حالت پر ان کا حشر ہوا کہ کھانا اور پانی ہی مانگتے رہے اور اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ ذمائم بعد مرگ بھی باقی رہتے ہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی الحمدلاکھ لاکھ احسان افاده کون اللام للاستغراق و کون الحمد اعم من الشکر ۱۲۔ ۲ قوله فی نادٰی اپنی حالت الخ اشار الی ان الکلام لیس للاخبار ولا للاستخبار ۱۲۔ ۳ قوله فی یصدون اعراض فهو لازم کما فی قوله منهم من آمن به ومنهم من صد عنه ۱۲۔ ۴ قوله فی اعراف بالائی لما فی الروح اعراف الحجاب ای اعالیه وهو السور المضروب بینهما جمع عرف مستعار من عرف الدیك اه (لارتفاعه علی ما سواه من جسده) وفی المعالم عن السدی انم سمی السور اعرافا لان اصحابه یعرفون الناس اه فحصل ان الاعراف اما السور واما اعالیه ۱۲۔ ۵ قوله فی ادخلوا حکم اشارة الی انه من قول اهل الاعراف بتقدیر قیل ولم اره لغیری وهو عندی خال عن التکلف ۱۲۔ ۶ قوله فی رزقکم رے دو اشارة الی ان الکلام من قبیل علفتها تبناو ماء باردا ای وسقیتها ۱۲۔ ۷ قوله فی نسیاهم نام نہ لیں گے اشارة الی کونه مجازا عن الترك ۱۲۔ ۸ قوله فی وما کانوا اورجیسا اشارة الی کونه معطوفا علی نسوا وداخلا فی حیز الکاف وهی للتعلیل لیصح فی الفعلین لا للتشبیه ۱۲۔

النحو: لو لا ان هدانا جوابه محذوف لدلالة ما قبله علیه ولیس ایاه لامتناع تقدم الجواب علی الصحیح کذا فی الروح ۱۲۔

البلاغة: قوله لا نکلف معترضة للترغیب فی اکتساب ما یؤدی الی النعیم المقیم ببیان سهولة منالہ ۱۲۔ قوله الحمد لله قصد به التلذذ لا التعبد فان امثال هذا الکلام فی امثال هذا المقام مما لا یتمالك ان لا یقوله ۱۲۔ قوله اورثتموها فیه مجاز ای اعطیتموها والنکتة فی هذا التعبیر الاشارة الی ان المیراث کما یحصل بلا اکتساب کذلك الجنة لیس فی نیلها کبیر دخل للاکتساب بل مدارها محض الفضل ۱۲۔

وَلَقَدْ جِئْنٰهُمْ بِكِتٰبٍ فَصَّلْنٰهُ عَلٰى عِلْمٍ هُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۵۲﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا تَاْوِيْلَهٗ ؕ
يَوْمَ يَاْتِيْ تَاْوِيْلُهٗ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ نَسُوْهُ مِنْ قَبْلُ قَدْ جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ۚ فَهَلْ لَّنَا مِنْ شُفَعَآءَ
ع ۱۳ فَيَشْفَعُوْا لَنَآ اَوْ نُرَدُّ فَنَعْمَلَ غَيْرَ الَّذِيْ كُنَّا نَعْمَلُ ؕ قَدْ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۵۳﴾ اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ
الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۫ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا ۙ
وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍ بِاَمْرِهٖ ؕ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ؕ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۵۴﴾ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا
وَّخُفْيَةً ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۵۵﴾ وَلَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا ؕ اِنَّ رَحْمَتَ
اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۶﴾ وَهُوَ الَّذِيْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًۢا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ؕ حَتّٰۤى اِذَآ اَقَلَّتْ سَحَابًا ثِقَالًا
سُقْنٰهُ لِبَلَدٍ مَّيِّتٍ فَاَنْزَلْنَا بِهِ الْمَآءَ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ؕ كَذٰلِكَ نُخْرِجُ الْمَوْتٰى لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۷﴾

www.besturdubooks.net

وَالْبَلَدُ الطَّيِّبُ يَخْرُجُ نَبَاتُهُ بِإِذْنِ رَبِّهِ ۚ وَالَّذِي خَبُثَ لَا يَخْرُجُ إِلَّا نَكِدًا ۚ كَذَٰلِكَ نُصَرِّفُ الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَشْكُرُونَ ﴿٥٨﴾ ع ۷

اور ہم نے ان لوگوں کے پاس ایک ایسی کتاب پہنچادی ہے جس کو ہم نے اپنے علم کامل سے بہت ہی واضح کر کے بیان کر دیا ہے ذریعہ ہدایت اور رحمت ان لوگوں کے لئے جو ایمان لے آتے ہیں۔ ان لوگوں کو اور کسی بات کا انتظار نہیں صرف اس کے اخیر نتیجے کا انتظار ہے۔ جس روز اس کا اخیر نتیجہ پیش آئے گا اس روز جو لوگ اس کو پہلے سے بھولے ہوئے تھے یوں کہنے لگیں گے کہ واقعی ہمارے رب کے پیغمبر سچی سچی باتیں لائے تھے۔ سو اب کیا کوئی میرا سفارشی ہے کہ وہ ہماری سفارش کر دے۔ یا کیا ہم پھر واپس بھیجے جا سکتے ہیں تا کہ ہم لوگ ان اعمال کے جن کو ہم کیا کرتے تھے برخلاف دوسرے اعمال کریں بے شک ان لوگوں نے اپنے کو خسارہ میں ڈال دیا اور جو جو باتیں تراشتے تھے سب گم ہو گیا۔ بے شک تمہارا رب اللہ ہی ہے۔ جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ روز میں پیدا کیا۔ پھر عرش پر قائم ہوا۔ چھپا دیتا ہے شب سے دن کو ایسے طور پر کہ وہ شب اس دن کو جلدی آلیتی ہے اور سورج چاند اور دوسرے ستاروں کو پیدا کیا۔ ایسے طور پر کہ سب اس کے حکم کے تابع ہیں۔ یاد رکھو اللہ ہی کے لئے خالص ہے خالق ہونا اور حاکم ہونا۔ بڑی خوبیوں سے بھرے ہوئے ہیں اللہ تعالیٰ جو تمام عالم کے پروردگار ہیں۔ تم لوگ اپنے پروردگار سے دعا کیا کرو تذلل ظاہر کر کے بھی اور چپکے چپکے بھی (البتہ یہ بات واضح رہے کہ) واقعی اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو ناپسند کرتے ہیں جو حد سے نکل جائیں اور دنیا میں بعد اس کے کہ اس کی درستی کر دی گئی ہے فساد مت پھیلاؤ اور تم اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اللہ تعالیٰ سے ڈرتے ہوئے اور امیدوار رہتے ہوئے بیشک اللہ تعالیٰ کی رحمت نزدیک ہے نیک کام کرنے والوں کے اور وہ (اللہ) ایسا ہے کہ اپنی باران رحمت سے پہلے ہواؤں کو بھیجتا ہے کہ وہ خوش کر دیتی ہیں یہاں تک کہ جب وہ ہوائیں بھاری بادلوں کو اٹھا لیتی ہیں تو ہم اس بادل کو کسی خشک زمین کی طرف ہانک لے جاتے ہیں پھر اس بادل سے پانی برساتے ہیں پھر اس پانی سے ہر قسم کے پھل نکالتے ہیں۔ یوں ہی ہم مردوں کو نکال کھڑا کریں گے۔ تا کہ تم سمجھو اور جو سرزمین ستھری ہوتی ہے اس کا پیداوار تو خدا کے حکم سے خوب نکلتا ہے اور جو خراب ہے اس کا پیداوار (اگر نکلا بھی) بہت کم نکلتا ہے۔ اسی طرح ہم (ہمیشہ) دلائل کو طرح طرح سے بیان کرتے رہتے ہیں۔ ان لوگوں کے لئے جو قدر کرتے ہیں۔

تفسیر ربط: اوپر تفصیل جزا و سزا کی بیان کی گئی ہے آگے یہ فرماتے ہیں کہ اس واشگاف بیان کا اور نیز دیگر مضامین قرآنیہ کا تو مقتضا یہ ہے کہ کفر و مخالفت سے باز آجاویں۔ چنانچہ اہل ایمان اس سعادت سے مشرف ہوتے بھی ہیں لیکن کفار و معاندین کی اس درجہ قساوت بڑھی ہے کہ یہ قبل وقوع سزا کے نہ مانیں گے لیکن اس وقت ماننا کام نہ آوے گا۔

ہدایت بودن قرآن باز بدو منتفع نبودن اہل طغیان ☆ وَلَقَدْ جِئْنَاهُمْ بِكِتَابٍ (الی قولہ تعالیٰ) وَضَلَّ عَنْهُمْ مَا كَانُوا يَفْتَرُونَ ﴿٥٣﴾ اور ہم نے ان لوگوں کے پاس ایک ایسی کتاب پہنچادی ہے (یعنی قرآن) جس کو ہم نے اپنے علم کامل سے بہت ہی واضح واضح کر کے بیان کر دیا ہے (اور یہ بیان سب کے سنانے کو کیا ہے لیکن) ذریعہ ہدایت اور رحمت ان (ہی) لوگوں کے لئے (ہوا) ہے جو (اس کو سن کر) ایمان لے آتے ہیں (اور جو باوجود اتمام حجت ایمان نہیں لاتے ان کی حالت سے ایسا مترشح ہوتا ہے کہ) ان لوگوں کو اور کسی بات کا انتظار نہیں صرف اس (قرآن) کے (بتلائے ہوئے) اخیر نتیجہ (یعنی وعدہ سزا) کا انتظار ہے (یعنی وعید ثابت بالدلیل سے نہیں ڈرتے تو گویا خود اس ما بہ الوعید کا وقوع چاہتے ہوں گے سو) جس روز اس کا (بتلایا ہوا) اخیر نتیجہ پیش آوے گا (جس کی تفصیل دوزخ وغیرہ اوپر مذکور ہوئی) اس روز جو لوگ اس کو پہلے سے بھولے ہوئے تھے (مضطر ہو کر) یوں کہنے لگے کہ واقعی ہمارے رب کے پیغمبر (دنیا میں) سچی سچی باتیں لائے تھے (مگر ہم سے حماقت ہوئی) سو اب کیا کوئی ہمارا سفارشی ہے کہ وہ ہماری سفارش کر دے یا کیا ہم پھر (دنیا میں) واپس بھیجے جا سکتے ہیں تا کہ ہم لوگ (پھر دنیا میں جا کر) ان اعمال (بد) کے جن کو ہم کیا کرتے تھے برخلاف دوسرے اعمال (نیک) کریں (اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اب کوئی صورت نجات کی نہیں) بیشک ان لوگوں نے اپنے کو (کفر کے) خسارہ میں ڈال دیا اور یہ جو جو باتیں تراشتے تھے (اس وقت) سب گم ہو گیا (اب بجز سزا کے اور کچھ نہ ہوگا)

ربط: اوپر معاد کی تفصیل تھی چونکہ مشرکین دوبارہ زندہ ہونے کو مستبعد سمجھتے تھے اس لئے آگے اپنی قدرت اور تصرف کامل کا بیان فرماتے ہیں جس کو سماوات والارض کی تخلیق کے ذکر سے شروع فرمایا اور بارش کے ذکر پر جس کا اثر حیات ارض میتہ ہے ختم کیا۔ چنانچہ: كَذَٰلِكَ نُخْرِجُ الْمَوْتَىٰ کی تصریح سے اس کی مقصودیت کی تائید ہوتی ہے و نیز ضَلَّ عَنْهُمْ [الأنعام: ٢٤] میں شرکاء کا کام نہ آنا مذکور تھا اور اس سے شرک کا ابطال ہوتا تھا اس مناسبت سے آگے توحید کا بیان فرمایا و نیز اوپر قرآن سے باوجود اس کے خطاب عام ہونے کے صرف مؤمنین کا منتفع ہونا مذکور تھا آیت: وَالْبَلَدُ الطَّيِّبُ میں اس کی مثال ہے جس کا حاصل یہ ہے ؎ باراں کہ در لطافتِ طبعش خلاف نیست ☆ در باغ لالہ روید و در شورہ بوم خس

چنانچہ در منثور میں اس تمثیل سے اس کی تفسیر کرنا بہت سے سلف سے نقل کیا ہے۔

اثبات توحید و قدرت و مثال بعث و مثال منتفع بقرآن ☆ إِنَّ رَبَّكُمُ اللَّهُ (الی قولہ تعالیٰ) كَذَٰلِكَ نُصَرِّفُ الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَشْكُرُونَ ﴿٥٨﴾ بیشک تمہارا رب اللہ ہی ہے جس نے سب آسمانوں اور زمین کو چھ روز (کے برابر وقت) میں پیدا کیا پھر عرش پر (جو مشابہ ہے تخت سلطنت کے اس طرح) قائم (اور جلوہ فرما) ہوا (جو

www.besturdubooks.net

کہ اس کی شان کے لائق ہے) جس سے سننے والے کے قلب میں بلزوم عرفی دو شانیں متحضر ہو جاتی ہیں ایک رفعت وعلو دوسری احکام شاہی کا صدور کیونکہ عادتاً تختِ شاہی پر جلوہ افروز ہونے کے لئے یہ دو امر لازم ہیں چنانچہ دوسری شان کا آگے بھی ذکر ہے کہ) چھپا دیتا ہے شب (کی تاریکی) سے دن (کی روشنی) کو (یعنی شب کی تاریکی سے دن کی روشنی پوشیدہ اور زائل ہو جاتی ہے) ایسے طور پر کہ وہ شب اس دن کو جلدی سے آلیتی ہے (یعنی دن آناً فاناً گزرتا معلوم ہوتا ہے حتیٰ کہ دفعۃً رات آجاتی ہے) اور سورج اور چاند اور دوسرے ستاروں کو پیدا کیا ایسے طور پر کہ سب (اپنی رفتار وانوار وآثار میں) اس کے حکم (تکوینی) کے تابع ہیں (کہ جس طرح اللہ تعالیٰ ان میں تصرف کرنا چاہیں کرتے ہیں) یاد رکھو اللہ ہی کے لئے خاص ہے خالق ہونا (جیسا خلق سے معلوم ہوا) اور حاکم ہونا (جیسا بامرہ سے معلوم ہوا) بڑی خوبیوں کے بھرے ہوئے ہیں اللہ تعالیٰ جو تمام عالم کے پروردگار ہیں (انہی خوبیوں میں خالق ہونا اور حاکم ہونا ہے اور جب پروردگار میں ایسی خوبیاں ہیں تو) تم لوگ (ہر حالت اور ہر حاجت میں) اپنے پروردگار سے دعا کیا کرو تذلل ظاہر کر کے بھی اور چپکے چپکے بھی (البتہ یہ بات) واقعی (ہے کہ) اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو ناپسند کرتے ہیں جو (دعا میں) حد (ادب) سے نکل جاویں (مثلاً محالاتِ عقلیہ یا محالاتِ شرعیہ یا مستبعداتِ عادیہ معاصی یا بیکار چیزیں مانگنے لگیں مثلاً خدائی یا نبوت یا فرشتوں پر حکومت غیر منکوحہ عورت سے تمتع یا فردوس کے داہنی طرف کا سفید محل اور امثال اس کے مانگنے لگے یہ سب ادب کے خلاف ہے ہاں جنت یا فردوس کی دعا مطلوب ہے اس میں یہ فضول قیدیں ممنوع ہیں) اور دنیا میں بعد اس کے کہ (تعلیم توحید و بعثت انبیاء وایجاب احکام شرعیہ سے) اس کی درستی کر دی گئی ہے فساد مت پھیلاؤ (یعنی امور حقہ توحید وغیرہ کے ماننے اور ان پر چلنے سے جن کی اوپر تعلیم ہے عالم میں امن قائم ہوتا ہے تم تعلیم مذکور کو چھوڑ کر نقضِ امن مت کرو) اور جیسا تم کو اوپر خاص دعا کرنے کا حکم ہوا ہے اسی طرح بقیہ عبادات کا حکم کیا جاتا ہے کہ) تم اللہ تعالیٰ کی عبادت (جس طریق سے تم کو بتلا دیا ہے) کیا کرو خدا تعالیٰ سے ڈرتے ہوئے اور امیدوار رہتے ہوئے (یعنی عبادت کر کے نہ تو ناز ہو اور نہ مایوسی ہو آگے عبادت کی ترغیب ہے کہ) بیشک اللہ تعالیٰ کی رحمت نزدیک ہے نیک کام کرنے والوں سے اور وہ (اللہ) ایسا ہے کہ اپنے بارانِ رحمت سے پہلے ہواؤں کو بھیجتا ہے کہ وہ (بارش کی امید دلا کر دل کو) خوش کر دیتی ہیں یہاں تک کہ جب وہ ہوائیں بھاری بادلوں کو اُٹھا لیتی ہیں تو ہم اس بادل کو کسی خشک سرزمین کی طرف ہانک لے جاتے ہیں پھر اس بادل سے پانی برساتے ہیں پھر اس پانی سے ہر قسم کے پھل نکالتے ہیں (جس سے مثل تصرفاتِ بالا توحید ہماری بھی ثابت ہوتی ہے اور قدرت علی البعث بھی ثابت ہوتی ہے چنانچہ) یوں ہی (قیامت کے روز) ہم مردوں کو (زمین سے) نکال کھڑا کریں گے (یہ سب اس لئے سنایا) تاکہ تم سمجھو (کہ جو اس مذکور پر قادر ہے وہ بعث پر بھی قادر ہے) اور (گو ہمارا کلام ہدایت کے لئے فی نفسہٖ کافی ہے جس کا مقتضا یہ تھا کہ اس کو سن کر سمجھ کر سب توحید و رسالت وبعث وغیرہ امور حقہ کے قائل ہو جاتے لیکن قابل وناقابل کے تفاوت سے کوئی منتفع ہوتا ہے کوئی نہیں اس کی مثال اسی بارش مذکور ہی کے آثار میں غور کر کے سمجھ لو کہ) جو سرزمین ستھری ہوتی ہے اس کا پیداوار تو خدا کے حکم سے خوب نکلتا ہے اور جو خراب ہے اس کا پیداوار (اگر نکلا بھی تو) بہت کم نکلتا ہے (اور جس طرح ہم نے یہاں دلائل قاطعہ بیان کئے ہیں) اسی طرح ہم (ہمیشہ دلائل کو طرح طرح سے بیان کرتے رہتے ہیں (مگر وہ سب) ان (ہی) لوگوں کے لئے (نافع ہوتے ہیں) جو (ان کی) قدر کرتے ہیں (اور ان کو اپنی فلاح کی چیز سمجھ کر ان میں غور کرتے اور ان پر عمل کرتے ہیں)

ف: خلاصہ ان آیات کا جیسا کہ تمہید میں بھی اشارہ کیا گیا ہے کہ جب حق تعالیٰ کے یہ کمالات ذاتی وصفاتی ثابت ہوئے تو عبادت اور طلب حاجت میں ان کے ساتھ کسی کو شریک مت کرو اور ان کی قدرت کو اور نمونہ کو پیش نظر رکھ کر بعث کا انکار مت کرو اور ہم نے بیان کافی کر دیا اگر کوئی نہ مانے تو مثل زمین شورہ کے اس کی نا قابلیت ہے اور یہ جو فرمایا کہ ہوا بادل کو اُٹھا لیتی ہے اُٹھانے کا مطلب یہ ہے کہ بادل کے اجزاء کو ہوا باہم ملا دیتی ہے دوسرے یہ کہ ہوا کی وجہ سے وہ اجزاء معلق رہتے ہیں ورنہ مرکز کی طرف مائل ہو جاتے۔ تیسرے یہ کہ ہوا کے سبب ایک جگہ سے دوسری جگہ بادل پہنچتا ہے کذا فی الکبیر اور یہ جو فرمایا کہ بارش سے پہلے ہوا آتی ہے مراد باعتبار غالب کے ہے پس ایک کا بدوں دوسرے کے ہونا محل اشکال نہیں کذا فی الکبیر۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ سلف کا مذہب ایسے نصوص میں تفویض مراد کی حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی طرف ہے یعنی جو استواء حق تعالیٰ نے مراد لیا ہے اور وہ حق تعالیٰ کی شان کے موافق ہے وہی مراد ہے اور اکثر حضرات صوفیہ کا یہی مذہب ہے۔ قولہ تعالیٰ: اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ روح میں ہے کہ سفیان بن عیینہ نے اس سے کلامِ الٰہی کا غیر مخلوق ہونا مستنبط کیا ہے یعنی کلامِ حق اس کا امر تو یقیناً ہے اور امر کو مقابل فرمایا ہے خلق کا تو معلوم ہوا کہ وہ خلق سے منزہ ہے اور یہ استدلال کچھ نہیں اس لئے کہ یہاں دوسری تفسیر بھی محتمل ہے جیسا کہ ابن ابی حاتم نے روایت کی ہے کہ خلق تو ماتحت عرش کے ہے اور امر مافوق عرش کے ہے آہ حاصل اس تفسیر ثانی کا یہ ہو سکتا ہے کہ خلق مادیات کے ساتھ خاص ہے تو کلام اللہ وامر کی مادیت کی نفی سے غیر مخلوق ہونا لازم نہیں آتا اور اس سے مجردات پر عالم امر کے اطلاق کی صحت معلوم ہوتی ہے اور صوفیہ نے جو لطائف کو عالم امر سے کہا ہے اور اس کو فوق العرش بھی کہا ہے اس سے اس کی اصل نکل آئی یعنی فوق العرش کی تفسیر یہی ہے کہ وہ مادیات میں سے نہیں تو اس بناء پر صوفیہ کے ان احکام کی اصل سلف سے بھی معلوم ہوتی ہے اور ممکن ہے کہ وہ دوسری

www.besturdubooks.net

تفسیر محتمل یہ ہو کہ الامر تخصیص بعد التعمیم ہو یعنی پیدا کرنا بھی اسی کا کام ہے اور حکم کرنا بھی کہ ایک فرد ہے پیدا کرنے کی یعنی خطاب کو پیدا کرنا تو اس بناء پر اس میں صوفیہ کی یہ تائید نہ ہوگی۔ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً فی الروح ای اعبدوه تضرعا خفية اشارة الى طريق الجلوة والخلوة او ادعوه بالجوارح والقلب انه لا يحب المعتدين المتجاوزين هما امروا به بترك الامتثال او الذين يطلبون منه سواه آه۔) قولہ تعالیٰ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً اس میں اشارہ ہے طریق جلوت و خلوت کی طرف یا عبادت جوارح وقلب کی طرف۔ قولہ تعالیٰ : وَالْبَلَدُ الطَّيِّبُ يَخْرُجُ نَبَاتُهٗ بِاِذْنِ رَبِّهٖ ۚ وَالَّذِيْ خَبُثَ لَا يَخْرُجُ اِلَّا نَكِدًا ؕ یہ اس شخص کی مثال ہے جس میں وعظ مؤثر ہوتا ہے اور جس میں مؤثر نہیں ہوتا یعنی طیب الاستعداد و فاسد الاستعداد کی پس اس میں مسئلہ استعداد کی دلیل ہے۔

ملحقات الترجمۃ : ۱ قوله فی علی علم اپنے علم سے اشارة الی انه حال من فاعل فصلنا ومعناه عالمين على اكمل وجه حتى جاء حكيما متقنا۱۲۔ ۲ قوله فی ينظرون گویا اشارة الی ان المراد انهم بمنزلة المنتظرين فلا يقال كيف ينتظرونه وهم جاحدون كذا فی الروح۱۲۔ ۳ قوله فی نرد کیا اشارة الی عطفه على الجملة قبله داخل معه فی حكم الاستفهام ای هل لنا من شفعاء او هل نرد الخ۱۲۔ ۴ قوله فی ستة ايام برابر كما فی الروح ای فی بمقدار ستة ايام كقوله تعالٰی ولهم رزقهم فيها بكرة وعشيا فان المتعارف ان اليوم من طلوع الشمس الٰی غروبها ولم تكن هی حينئذ۱۲۔ ۵ قوله جواس کی شان الخ هذا هو الذی عليه جمهور السلف من حمل الاستواء على الحقيقة المبهمة لنا (فهذه الحقيقة عامة للحقيقة) للغوية والمجاز اللغوی) ثم تفويضها الى الله تعالٰی والمنع على الخوض فهاء وما الكلام على الاستواء مع اقسام المتشابه واحكامه مفصلا فی رسالة التواجه المذكورة فی حاشية آية المتشابهات من آل عمران مع ضميمة الرسالة وهذا المنع معقول لان ادراكنا قاصر عنه كما يمنع الا كمه عن الخوض كنه اللون بعين هذه العلة واياك ان تقيس استواه مثلا على بعض التفاسير على استواك لان الصفة تختلف حقيقتها باختلاف الموصوف كما ان استقرار زيد على شیء يغاير بكهنه استقرار الرأی على امر وكما ان طول الخشب يغاير بكهنه طول الليل مع كون كل من الاستواء والطول حقيقياً واذا كان المستوى غير معلوم الكنه فكان الاستواء لا محالة غير معلوم الكنه فای وجه يقاس مجهول الكنه على معلوم الكنه كيف ومثل استوائك يستحيل عليه تعالٰی للدلائل العقلية عند الخواص وهی مذكورة فی الكتب الكلامية وعند العوام لان استواء اعظم الجبال بل اصغرها على الجزء الذی لا يتجزی ليس باستواء فی لغة نزل بها القرآن مع كونهما متناهين فكيف اذا كان احد الشيئين متنا هيًا والآخر غير متناه هذا كله كان على مذهب السلف واختار الخلف مسلك التاويل لمصلحة سهولة فهمه العوام ولهذا التاويل وجوه اقربها الى العربية واوفقها بقوله تعالٰی يدبر الامر ونحوه حمله على التدبير فقوله تعالٰی يدبر الامر تفسير الاستواء عند الخلف و بيان للحكمة (كما ستاتی) عند السلف ولا يرد على الخلف ان الملك لم يزل الله تعالٰی فما معنى تاخيرة عن خلق العالم لانی اقول ان المراد التدبير الخاص فی السموات والارض وظاهر انه يتاخر عن خلقهما ولا يلزم منه حدوث الصفة بل حدوث الفعل ولا محذور فيه فافهم۱۲۔ ۶ قوله جس سے سننے والے کے الخ اشارة الٰی حكمة بيان الاستواء وتفصيل الحكمة فی رسالتنا المسماة بتمهيد الفرش فی تحديد العرش۱۲۔ ۷ قوله فی يغشی چھپا دیتا ہے ولم افسر بالعكس مع احتماله لان باخترته يتايد بقوله تعالٰی والليل اذا يغشی فانه نص فی كون الليل غاشيا والمحتمل يرجع الى النص ثم تخصيص كون الليل غاشيا بالذكر دون عكسه مع ان الواقع كلاهما فلعله لكونه اول على القدرة لان سلب النور عن النهار اوهش للعقول من عكسه ولعله هو المبنی للحكم يكون طلبه له حثيثا لان الليل متشابه اجزاء ہ لا يدرك انقضاء ہ فيه بادی النظر بخلاف النهار فانه لعدم تشابه اجزاۃ ودلالة الظل والشمس بالانتقاص والازدياد فی كل حين يدرك انقضاء ہ وذهابه بسرعة۱۲۔ ۸ قوله فی يغشی و مسخرات ایسے طور پر اشارة الٰی كونهما حالين۱۲۔ ۹ قوله فی بامرہ تکوینی لانه اظهر واسلم وان صح حمله على ما يقتضی كون المامور اذا شعور۱۲۔ ۱۰ قوله فی تبارك خوبیوں اشار الى انه من البركة بمعنى الكثرة ولو باعتبار الصفات لا الذات لو حدتها۱۲۔ ۱۱ قوله فی ادعوا الاول دعا وفی الثانی عبادت بقرينة كر التضرع والحقيقة فی الاول وبقرينة ذكر خوفا وطمعا فی الثانی كما فی السجدة يدعون ربهم خوفا وطمعا وكون تفسيره متعينا بصلوٰة الليل وانظر تفسير تضرعا وخفية فی حواشی قوله تعالٰی الانعام قل من ينجيكم الخ ولعل تقديم الامر بالدعاء على الامر بالعبادة على هذا التقرير مع كون العبادة مقصودة للايذان بان ما شرع لكم انما روعی فيه مصلحتكم حقيقة حتى انا اذنا لكم فی طلب حاجاتكم قبل سائر طاعاتكم۱۲۔

www.besturdubooks.net

۱۲ قولہ فی البلد سرزمین لما فی الروح ای الارض واستعمال البلد بمعنی القریۃ عرف طار ومن قبیل ذالک اطلاقہ علی مکۃ المکرمۃ ۱۲۔ ۱۳ قولہ فی یخرج نباتہ خوب بقرینۃ مقابلۃ بنکدا وایضا بقرینۃ قولہ باذن ربہ وانہ کثیرا ما یستعمل فی ما یرغب ویتمنی ۱۲۔ ۱۴ قولہ ھناک اس کا پیداوار اشار الی تقدیرہ ھکذا لا یخرج نباتہ الا نکدا فحذف المضاف واقیم المضاف الیہ مقامہ فصار مرفوعا مستتراً کذا فی البیضاوی ۱۲۔ ۱۵ قولہ فی نکدا اگر نکلا بھی زدتہ لئلا یرد ان بعض السباخ لا یخرج شیئا ۱۲۔

اَلْکَلَامُ : استدل بقولہ ان رحمۃ اللہ علی بعد غیر المحسنین عنھا والجواب انہ لا دلالۃ علی الحصر ۱۲۔

اِخْتِلَافُ الْقِرَاءَۃِ: فی قراء ۃ نشرا کرسل جمع نشور بمعنی ناشر وفی قراء ۃ نشرا بالتخفیف وفی قراء ۃ نشرا بفتح النون علی انہ مصدر فی موقع الحال بمعنی ناشرات ۱۲۔

اَللُّغَاتُ: التاویل ای عاقبۃ وما یؤل الیہ امرہ من تبین صدقہ بظھور ما اخبر بہ من الوعد والوعید کذا فی الروح۔ بشرا ھو تخفیف بشرا بضمتین جمع بشیر ثقالا بالماء جمعہ لان السحاب بمعنی السحائب وافراد الضمیر فی سقناہ باعتبار اللفظ ۱۲۔

لَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اِنِّيْۤ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۵۹﴾ قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهٖۤ اِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۶۰﴾ قَالَ يٰقَوْمِ لَيْسَ بِيْ ضَلٰلَةٌ وَّلٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶۱﴾ اُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَاَنْصَحُ لَكُمْ وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۶۲﴾ اَوَعَجِبْتُمْ اَنْ جَآءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ مِّنْكُمْ لِيُنْذِرَكُمْ وَلِتَتَّقُوْا وَلَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۶۳﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَاَنْجَيْنٰهُ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ فِي الْفُلْكِ وَاَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا عَمِيْنَ ﴿۶۴﴾ ع ۸ ۱۵

ہم نے نوح علیہ السلام کو ان کی قوم کی طرف بھیجا۔ سو انہوں نے فرمایا کہ اے میری قوم تم (طرف) اللہ کی عبادت کرو۔ اس کے سوا کوئی تمہارا معبود (ہونے کے قابل) نہیں۔ مجھ کو تمہارے لئے ایک بڑے سخت دن کے عذاب کا اندیشہ ہے۔ ان کی قوم کے آبرودار لوگوں نے کہا ہم تم کو صریح غلطی میں دیکھتے ہیں انہوں نے فرمایا کہ اے میری قوم مجھ میں تو ذرا بھی غلطی نہیں لیکن پروردگار عالم کا رسول ہوں۔ تم کو اپنے پروردگار کے احکام پہنچاتا ہوں اور تمہاری خیر خواہی کرتا ہوں اور میں خدا کی طرف سے ان امور کی خبر رکھتا ہوں جن کی تم کو خبر نہیں اور کیا تم اس بات پر تعجب کرتے ہو کہ تمہارے پروردگار کی طرف سے تمہارے پاس ایک ایسے شخص کی معرفت جو تمہاری ہی جنس کا ہے کوئی نصیحت کی بات آ گئی تا کہ وہ شخص تم کو ڈرائے اور تا کہ تم ڈر جاؤ اور تا کہ تم پر رحم کیا جائے۔ سو وہ لوگ ان کی تکذیب ہی کرتے رہے تو ہم نے نوح علیہ السلام کو اور جو لوگ ان کے ساتھ کشتی میں تھے بچا لیا جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تھا ان کو ہم نے غرق کر دیا۔ بے شک وہ لوگ اندھے ہو رہے تھے۔ ۞

تفسیر ربط : شروع سورت سے یہاں تک نبوت اور معاد اور توحید کا اثبات اور اتباع کی ترغیب اور مخالفت پر ترہیب اور اضلال ابلیس کا بیان تھا جیسا سرخیوں سے ظاہر ہے آگے ان ہی مضامین کے مناسب چند قصص انبیاء علیہم السلام اور ان کی امم کے مذکور ہوتے ہیں نبوت سے تو مناسبت ظاہر ہے کہ جب اور انبیاء بھی ہو چکے ہیں پھر آپ کی نبوت پر کیا استعجاب ہوتا ہے اور توحید سے مناسبت اس طرح ہے کہ یہ سب حضرات انبیاء توحید کی تعلیم فرماتے رہے اور ترہیب سے یہ مناسبت کہ ان قصص میں مختلف عذابوں کے نزول کا ذکر ہے ان کو سن کر مخاطبین کو بھی خوف پیدا ہوا اور اسی ترغیب کا فائدہ بھی حاصل ہوتا ہے کہ اگر وہ مخالفت نہ کرتے تو ان مصائب سے محفوظ رہتے اور اسی سے معاد کا مقصود بھی حاصل ہو گیا کہ جیسے پہلے امم کو چندے مہلت ہونا دلیل نہ تھی معذب نہ ہونے کی تم کو اگر زیادہ مہلت بھی ہو تب بھی اس سے عذاب آخرت سے تم کو مامون نہ ہونا چاہئے اور نیز قصص کے بعض الفاظ سے ان حضرات کا اپنی امم کو عذاب آخرت و معاد سے ڈرانا معلوم ہوتا ہے اور اضلال ابلیس کا اشتراک سب کفار سابقین ولاحقین میں ظاہر ہے اور ان سب فوائد کے ساتھ ان قصص میں آپ کی تسلی بھی ہے کہ پہلے سے بھی تکذیب ہوتی چلی آئی ہے سو شروع سورت میں جو فَلَا يَكُنْ فِيْ صَدْرِكَ حَرَجٌ آیا ہے اس کی تقویت بھی ہو گئی و نیز صحیح طور پر مدعی رسالت کے لئے خود قصص غائبہ کا اخبار بلا نقل مستقل معجزہ و دلیل نبوت ہے پس مسئلہ نبوت کے مضمون سے ارتباط اس وجہ سے اور زائد ہو گیا۔

قصہ اوّل حضرت نوح علیہ السلام با قوم او ☆ لَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا عَمِيْنَ ﴿۶۴﴾ ہم نے نوح علیہ السلام) کو (پیغمبر بنا کر) ان کی قوم کی طرف بھیجا سو انہوں نے (اس قوم سے) فرمایا کہ اے میری قوم تم (صرف) اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اس کے سوا کوئی تمہارا معبود

www.besturdubooks.net

(ہونے کے قابل) نہیں (اور بت پرستی چھوڑ دو جن کا نام سورۂ نوح میں ہے ود اور سواع اور یغوث اور یعوق اور نسر) مجھ کو تمہارے لئے (دو صورت میرا کہنا نہ ماننے کے) ایک بڑے (سخت) دن کے عذاب کا اندیشہ ہے (کہ وہ یوم قیامت ہے یا یوم طوفان) ان کی قوم کے آبرو دار لوگوں نے کہا کہ ہم تم کو صریح غلطی میں (مبتلا) دیکھتے ہیں (کہ توحید کی تعلیم کر رہے ہو اور عذاب کا ڈراوا دکھلا رہے ہو) انہوں نے (جواب میں) فرمایا کہ اے میری قوم مجھ میں تو ذرا بھی غلطی نہیں لیکن (چونکہ میں پروردگار عالم کا بھیجا ہوا رسول ہوں) انہوں نے مجھ کو توحید پہنچانے کا حکم کیا ہے اس لئے اپنا منصبی کام کرتا ہوں کہ) تم کو اپنے پروردگار کے پیغام اور (احکام) پہنچاتا ہوں اور (اس پہنچانے میں میری کوئی دنیوی غرض نہیں بلکہ محض) تمہاری خیر خواہی کرتا ہوں (کیونکہ توحید میں تمہارا ہی نفع ہے) اور (عذاب یوم عظیم سے جو کہ تم کو تعجب ہوتا ہے تو تمہاری غلطی ہے کیونکہ) میں خدا کی طرف سے ان امور کی خبر رکھتا ہوں جن کی تم کو خبر نہیں (تو اللہ تعالیٰ نے مجھ کو بتلا دیا ہے کہ ایمان نہ لانے سے عذاب یوم عظیم واقع ہوگا) اور[۲] (تم کو جو میرے رسول ہونے پر بوجہ میرے بشر ہونے کے انکار ہے جیسا سورۂ مؤمنون میں تصریح ہے مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ يُرِيْدُ اَنْ يَّتَفَضَّلَ عَلَيْكُمْ ۭ وَلَوْ شَاۗءَ اللّٰهُ لَاَنْزَلَ مَلٰۗىِٕكَةً الخ تو) کیا تم اس بات سے تعجب کرتے ہو کہ تمہارے پروردگار کی طرف سے تمہارے پاس ایک ایسے شخص کی معرفت[۳] جو تمہاری ہی جنس کا (بشر) ہے کوئی نصیحت کی بات آ گئی (وہ نصیحت کی بات یہی ہے جو مذکور ہوئی اُعْبُدُوا (الی قولہ تعالیٰ) اِنِّىْٓ اَخَافُ) تا کہ وہ شخص تم کو (بحکم خداوندی عذاب سے) ڈراوے اور تا کہ تم (اس کے ڈرانے سے) ڈر جاؤ اور تا کہ تم (ڈرنے کی وجہ سے مخالفت چھوڑ دو جس سے) تم پر رحم کیا جاوے سو (باوجود اس تمام تر فہمائش کے) وہ لوگ ان کی تکذیب ہی کرتے رہے تو ہم نے نوح (علیہ السلام) کو اور جو لوگ ان کے ساتھ کشتی میں تھے (طوفان کے عذاب سے) بچا لیا اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تھا ان کو ہم نے (طوفان میں) غرق کر دیا بیشک وہ لوگ اندھے ہو رہے تھے (حق و باطل نفع نقصان کچھ نہ سوجھتا تھا)

ف: کشتی کا قصہ سورۂ ہود میں آوے گا اور طوفان میں بجز اہل کشتی کے سب کا غرق ہو جانا سورۂ نوح میں آوے گا اور اس پر ظاہراً جو عموم بعثت کا اشکال لازم آتا ہے اس کا جواب سورہ آل عمران آیت :فَلَمَّآ اَحَسَّ عِيْسٰى مِنْهُمُ الْكُفْرَ الخ [آل عمران :۵۲] کے تحت میں گزر چکا ہے اور ایک قصہ کا مختلف الفاظ سے قرآن میں مذکور ہونے کی تحقیق و توجیہ اسی سورت کے رکوع دوم آیت :قَالَ اَنْظِرْنِيْٓ الخ کے تحت میں گزر چکی ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ انبیاء سے سب اقوال صادر ہوئے ہوں اور قوم میں سے کسی نے کچھ کہا ہو کسی نے کچھ کہا ہو یا مختلف مجالس میں مختلف گفتگو ہوئی ہو۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اَوَعَجِبْتُمْ اَنْ جَاۗءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَلٰي رَجُلٍ مِّنْكُمْ اور یہی طریقہ ہے جاہلوں کا اپنے ہم عصر اولیاء کے ساتھ کہ محض معاصرت کے سبب ان سے منافرت کرتے ہیں۔

ملحقات الترجمۃ: [۱] قوله فی اعبدوا صرف یدل علیه ما لکم الخ ۱۲۔ [۲] قوله فی ضلالة زرا دل علیه تاء المرة زیدت للمبالغة لیکون ابلغ ردا لقولهم البالغ فی الاثبات ۱۲۔ [۳] قوله فی اوعجبتم اورکیا اشارة الی ما اختاره سیبویه من الهمزة من اجزاء المعطوف قدم علی الواو تنبیها علی اصالتها فی التقدیر کما فی الروح وعلی هذا لا حاجة الی تقدیر المعطوف علیه ۱۲۔ [۴] قوله علی رجل معرفت اشارة الی تقدیر مضاف ای علی ید او لسان رجل ای بواسطته ۱۲۔ [۵] قوله فی کذبوه کرتے رہے اشار الی ان المعنی فاستمروا علی تکذیبه ۱۲۔ [۶] قوله فی الفلك ان کے ساتھ کشتی میں تھے اشار الی ان الجار والمجرور متعلق بما تعلق به الظرف الواقع صلة الی استقروا معه فی الفلك کذا فی الروح ۱۲۔

اللغات: الملأ الاشراف لانهم یملئون القلوب بجلالهم والعیون بجمالهم ۱۲۔ عمین اصله عمیین فخفف ۱۲۔

البلاغة: قوله لکنی رسول معنی الاستدراك ههنا انه لما قال لیس بی ضللة اورث لهم شبهة ان الضلالة لما کانت منفیة فلم یقول هذه الاقوال لانهم زعموا حصر سبب هذه الاقوال فی الضلالة فدفعها ببیان سبب هذه الاقوال وهذا من المواهب ولا یشکل علیك ان الامر بالتوحید لا یتوقف علی کون الرجل رسولا کما یوهمه الاستدراك المذکور لانی اقول ان الامر به بهذا النهج الخاص من اقترانه بدعوی الرسالة وتخویف العذاب الخاص یتوقف لا محالة علی الرسالة ویحتمل کون لکن للتاکید کما نقل البعض عن المختار بن بونته فی هوامش الفیة بن مالك وتاتی للتاکید ۱۲۔

وَاِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ۭ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ۝ قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖٓ اِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْ سَفَاهَةٍ وَّاِنَّا لَنَظُنُّكَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝ قَالَ يٰقَوْمِ لَيْسَ بِيْ سَفَاهَةٌ وَّلٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ

www.besturdubooks.net

مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶۱﴾ اُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَاَنَا لَكُمْ نَاصِحٌ اَمِيْنٌ ﴿۶۲﴾ اَوَعَجِبْتُمْ اَنْ جَآءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَلٰى
رَجُلٍ مِّنْكُمْ لِيُنْذِرَكُمْ ۭ وَاذْكُرُوْٓا اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَاۗءَ مِنْۢ بَعْدِ قَوْمِ نُوْحٍ وَّزَادَكُمْ فِي الْخَلْقِ بَصْۜطَةً ۚ
فَاذْكُرُوْٓا اٰلَاۗءَ اللّٰهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۶۹﴾ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِنَعْبُدَ اللّٰهَ وَحْدَهٗ وَنَذَرَ مَا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَاۗؤُنَا ۚ فَاْتِنَا بِمَا
تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۷۰﴾ قَالَ قَدْ وَقَعَ عَلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ رِجْسٌ وَّغَضَبٌ ۭ اَتُجَادِلُوْنَنِيْ فِيْٓ
اَسْمَاۗءٍ سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَاٰبَاۗؤُكُمْ مَّا نَزَّلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ۭ فَانْتَظِرُوْٓا اِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ﴿۷۱﴾
فَاَنْجَيْنٰهُ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَقَطَعْنَا دَابِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَمَا كَانُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿۷۲﴾ ع ۹/۸ ۱۲

اور ہم نے قوم عاد کی طرف ان کے بھائی ہود کو بھیجا۔ انہوں نے فرمایا اے میری قوم تم اللہ کی عبادت کرو اس کے سوا کوئی تمہارا معبود نہیں سو کیا تم نہیں ڈرتے ان کی قوم میں جو آبرودار کافر تھے انہوں نے کہا کہ ہم تم کو کم عقلی میں دیکھتے ہیں اور ہم بے شک تم کو جھوٹے لوگوں میں سے سمجھتے ہیں انہوں نے فرمایا کہ اے میری قوم مجھ میں ذرا بھی کم عقلی نہیں لیکن میں پروردگار عالم کا بھیجا ہوا پیغمبر ہوں۔ تم کو اپنے پروردگار کے احکام پہنچاتا ہوں اور میں تمہارا سچا خیر خواہ ہوں اور کیا تم اس بات سے تعجب کرتے ہو کہ تمہارے پروردگار کی طرف سے تمہارے پاس ایک ایسے شخص کی معرفت جو تمہاری ہی جنس کا (بشر) ہے کوئی نصیحت کی بات آ گئی تاکہ وہ شخص تم کو ڈرائے اور تم یہ حالت یاد کرو کہ اللہ تعالیٰ نے تم کو قوم نوح کے بعد آباد کیا اور ڈیل ڈول میں تم کو پھیلاؤ (بھی) زیادہ دیا۔ سو خدا تعالیٰ کی (ان) نعمتوں کو یاد کرو تاکہ تم فلاح پاؤ۔ وہ لوگ کہنے لگے کہ کیا آپ ہمارے پاس اس واسطے آئے ہو کہ ہم صرف اللہ کی ہی عبادت کیا کریں اور جن کو ہمارے باپ دادا پوجتے تھے ہم ان کو چھوڑ دیں اور ہم جس عذاب کی دھمکی دیتے ہو اس کو ہمارے پاس منگوا دو اگر تم سچے ہو۔ انہوں نے فرمایا کہ اب تم پر بس خدا کی طرف سے عذاب اور غضب آیا ہی چاہتا ہے۔ کیا تم مجھ سے ایسے ناموں کے باب میں جھگڑتے ہو۔ جن کو تم نے اور تمہارے باپ دادوں نے (آپ ہی) ٹھہرا لیا ہے۔ ان کے معبود ہونے کی خدا تعالیٰ نے کوئی دلیل (عقلی یا نقلی) نہیں بھیجی سو تم منتظر رہو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کر رہا ہوں۔ غرض ہم نے ان کو اور ان کے ساتھیوں کو اپنی رحمت سے بچا لیا اور ان لوگوں کی جڑ تک کاٹ دی جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تھا اور وہ ایمان والے نہ تھے۔ ۞

تفسیر: قصۂ دوم حضرت ہود علیہ السلام با قوم او ☆ وَاِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ۭ (الی قولہ تعالیٰ) وَمَا كَانُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿۷۲﴾ اور ہم نے قوم عاد کی طرف ان کے (برادری یا وطن کے) بھائی (حضرت) ہود (علیہ السلام) کو (پیغمبر بنا کر بھیجا۔ انہوں نے (اپنی قوم سے) فرمایا اے میری قوم تم (صرف) اللہ کی عبادت کرو اس کے سوا کوئی تمہارا معبود (ہونے کے قابل) نہیں (اور بت پرستی چھوڑ دو جیسا آگے نَذَرَ مَا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَاۗؤُنَا ۚ سے معلوم ہوتا ہے) سو کیا تم (ایسے بڑے جرم عظیم یعنی شرک کے مرتکب ہو کر عذاب الٰہی سے) نہیں ڈرتے ان کی قوم میں جو آبرودار لوگ کافر تھے انہوں نے (جواب میں) کہا کہ ہم تم کو کم عقلی میں (مبتلا) دیکھتے ہیں (کہ توحید کی تعلیم کر رہے ہو اور عذاب سے ڈرا رہے ہو) اور ہم بیشک تم کو جھوٹے لوگوں میں سے سمجھتے ہیں (یعنی نعوذ باللہ نہ توحید صحیح مسئلہ ہے اور نہ عذاب کا آنا صحیح ہے) انہوں نے فرمایا کہ اے میری قوم مجھ میں ذرا بھی کم عقلی نہیں لیکن (چونکہ) میں پروردگار عالم کا بھیجا ہوا پیغمبر ہوں (انہوں نے مجھ کو تعلیم توحید اور انذار عذاب کا حکم کیا ہے اس لئے اپنا منصبی کام کرتا ہوں کہ) تم کو اپنے پروردگار کے پیغام (اور احکام) پہنچاتا ہوں اور میں (اس بارہ میں) تمہارا سچا خیر خواہ ہوں (کیونکہ توحید و ایمان میں تمہارا ہی نفع ہے) اور (تم جو میرے بشر ہونے سے میری نبوت کا انکار کرتے ہو جیسا سورۂ ابراہیم میں بعد ذکر قوم نوح و عاد و ثمود کے ہے قَالُوْٓا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۭ اور سورۂ فصلت میں بعد ذکر قوم عاد و ثمود کے ہے قَالُوْا لَوْ شَاۗءَ رَبُّنَا لَاَنْزَلَ مَلٰۗىِٕكَةً الخ تو) کیا تم اس بات سے تعجب کرتے ہو کہ تمہارے پروردگار کی طرف سے تمہارے پاس ایک ایسے شخص کی معرفت جو تمہاری ہی جنس کا (بشر) ہے کوئی نصیحت کی بات آ گئی (وہ نصیحت کی بات وہی ہے جو مذکور ہوئی اُعْبُدُوا اللّٰهَ (الی قولہ تعالیٰ) اَفَلَا تَتَّقُوْنَ) تاکہ وہ شخص تم کو (عذاب الٰہی سے) ڈراوے (یعنی یہ تو کوئی تعجب کی بات نہیں کیا بشریت و نبوت میں منافات ہے اوپر اَفَلَا تَتَّقُوْنَ میں ترہیب تھی آگے ترغیب ہے) اور اے قوم) تم یہ حالت یاد کرو (اور یاد کر کے احسان مانو اور اطاعت کرو) کہ اللہ تعالیٰ نے تم کو قوم نوح کے بعد (روئے زمین پر) آباد کیا اور ڈیل ڈول میں تم کو پھیلاؤ (بھی) زیادہ دیا سو خدا تعالیٰ کی (ان) نعمتوں کو یاد کرو (اور یاد کر کے احسان مانو اور اطاعت کرو) تاکہ تم کو (ہر طرح کی) فلاح ہو وہ لوگ کہنے لگے کہ کیا (خوب) آپ ہمارے پاس اس واسطے آئے ہوں گے کہ ہم صرف اللہ ہی کی عبادت کیا کریں اور جن (بتوں) کو ہمارے باپ دادا پوجتے تھے ہم ان (کی عبادت کو) چھوڑ دیں (یعنی ہم ایسا نہ کریں گے)

www.besturdubooks.net

اور ہم کو (نہ ماننے پر) جس عذاب کی دھمکی دیتے ہو (جیسا اَفَلَا تَتَّقُوْنَ سے بھی معلوم ہوتا ہے) اس (عذاب) کو ہمارے پاس منگوادو اگر تم سچے ہو انہوں نے فرمایا کہ (تمہاری سرکشی کی جب یہ حالت ہے تو) بس اب تم پر خدا کی طرف سے عذاب اور غضب آیا ہی چاہتا ہے (پس عذاب کے شبہ کا جواب تو اس وقت معلوم ہو جاوے گا اور باقی توحید پر جو شبہ ہے کہ ان بتوں کو معبود کہتے ہو جن کا نام تو تم نے معبود رکھ لیا ہے لیکن واقع میں ان کے معبود ہونے کی کوئی دلیل نہیں تو) کیا تم مجھ سے ایسے (بے حقیقت) ناموں کے باب میں جھگڑتے ہو (یعنی وہ مسمیات بمنزلہ محض اسماء کے ہیں) جن کو تم نے اور تمہارے باپ دادوں نے (آپ ہی) ٹھہرالیا ہے (لیکن) ان کے معبود ہونے کی خدا تعالیٰ نے کوئی دلیل (نقلی یا عقلی) نہیں بھیجی (یعنی جدال میں مدعی کے ذمہ دلیل ہے اور خصم کی دلیل کا جواب بھی سو تم نہ دلیل قائم کر سکتے ہو نہ میری دلیل کا جواب دے سکتے ہو پھر جدال کیا معنی) سو تم (اب جدال ختم کرو اور عذاب الٰہی کے) منتظر رہو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کر رہا ہوں غرض (عذاب آیا اور) ہم نے ان کو اور ان کے ساتھیوں کو (یعنی مؤمنین کو) اپنی رحمت (وکرم) سے (اس عذاب سے) بچالیا اور ان لوگوں کی جڑ (تک) کاٹ دی (یعنی بالکل ہلاک کر دیا) جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تھا اور وہ (بوجہ غایت قساوت کے) ایمان لانے والے نہ تھے (یعنی اگر ہلاک بھی نہ ہوتے جب بھی ایمان نہ لاتے اس لئے ہم نے بمقتضائے اس وقت کی حکمت کے خاتمہ ہی کر دیا) **فا**: مشہور اہل نسب کے نزدیک یہ ہی ہے کہ ہود علیہ السلام قوم عاد کے نسبی بھائی اور خود قوم عاد سے ہیں اور بعض قلیل دوسری قوم کا بتلاتے ہیں اور اَخَاهُمْ کے معنی صاحبهم لیتے ہیں واللہ اعلم اور عاد اصل میں ایک خاص شخص کا نام ہے پھر اس کی اولاد کو بھی عاد کہنے لگے اور یہ لوگ بڑے قد آور اور قوی الجثہ ہوتے تھے زَادَكُمْ فِي الْخَلْقِ بَصْطَةً کے یہ ہی معنی ہیں اور قَطَعْنَا دَابِرَ الخ سے بعض نے کہا ہے کہ ان کی نسل بالکل منقطع ہو گئی اور بعض نے کہا ہے کہ کفار بالکل ہلاک ہو گئے اور مؤمنین باقی رہے اور ممکن ہے کہ کفار کی صغار اولاد بھی رہ گئی ہو ان کی نسل آگے بڑھی ان کو عاد اخریٰ کہتے ہیں اور سابقین کو عاد اولیٰ اور بعض مفسرین نے عرائس ثعلبی سے نقل کیا ہے کہ ان عاد میں سے بعضے لوگ جو اس وقت اطراف مکہ میں گئے ہوئے تھے بچ رہے تھے ان کو عاد اخریٰ کہتے ہیں اور اول قول والوں نے کہا ہے کہ اولیٰ ان کو اس لئے کہتے ہیں کہ بعد قوم نوح کے جتنی قومیں ہلاک ہوئیں ان میں یہ اول تھے اور ارم جو لفظ عاد کے ساتھ سورۂ فجر میں بطور بدل آیا ہے بعض نے کہا ہے کہ ارم اجداد عاد سے ہے اس قبیلہ کے دونوں لقب ہیں بعض نے کہا ہے کہ ارم ایک شعبہ ہے عاد کا پس یہ بدل البعض ہو جاوے گا در منثور تفسیر سورۂ نجم میں یہ قول نقل کیا ہے اور مشہور تر یہ ہے کہ ارم کے ایک بیٹے عوص کا بیٹا عاد اول ہے اور ارم کے دوسرے بیٹے جثو کا بیٹا ثمود عاد ثانی ہے ایک کی اولاد عاد اولیٰ کہلاتی ہے دوسرے کی اولاد عاد اخریٰ اور کچھ تحقیق اس کی سورۂ نجم اور سورۂ فجر میں آوے گی اور عذاب اس قوم عاد کا ریح صرصر تھی جیسا کئی جگہ قرآن میں منصوص ہے اور سورۂ فصلت میں جو صاعقہ آیا اس سے مراد مطلق عذاب ہے اور سورۂ مؤمنون میں بعد قصہ نوح علیہ السلام کے جو ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِيْنَ آیا ہے جنہوں نے اس کی تفسیر قوم عاد سے کی ہے وہ قائل ہوئے ہیں کہ ان پر صیحہ بھی آیا ہے اور ریح بھی وَاللّٰهُ اَعْلَمُ اور اس کا مسکن دوسری آیت میں احقاف آیا ہے جو بقول محمد بن اسحٰق ایک ریگستان ہے عمان اور حضرموت کے درمیان میں۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلِ السُّلُوْكِ: قولہ تعالیٰ: قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖٓ اِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْ سَفَاهَةٍ یہی طریقہ سفہاء کا پہلے سے چلا آیا ہے کہ عقلائے دین کو سفیہ کہا کرتے ہیں اس زمانہ میں بھی اس کا مشاہدہ ہو رہا ہے تو ان حضرات کو صبر کرنا چاہئے۔ قولہ تعالیٰ: وَّزَادَكُمْ فِي الْخَلْقِ بَصْۜطَةً ۚ فَاذْكُرُوْٓا اٰلَآءَ اللّٰهِ اس سے معلوم ہوا کہ قوت اور جسامت کی زیادتی بھی حق تعالیٰ کی نعمت ہے تو دنیوی نعمتوں کی تحقیر زہد میں داخل نہیں جیسا بعض متشددین کا مذاق ہے۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃ: ۱؎ قوله نظنك سمجھتے ہیں اشارة الى كون الظن بمعنى العلم ۱۲۔ ۲؎ قوله فى خلفاء آباد فالخلافة فى الارض لا فى المسكن ۱۲۔ ۳؎ قوله فى الخلق ڈیل ڈول اشارة الى كونه بمعنى الابداع والتصوير وقيل فى المخلوقين ۱۲۔ ۴؎ قوله قد وقع عليكم آیا ہی چاہتا ہے ماخوذ من الكشاف قد وقع عليكم اى حق عليكم ووجب او قد نزل عليكم جعل المتوقع الذى لا بد من نزوله بمنزلة الواقع ونحوه قولك لمن طلب عليك بعض المطالب قد كان ذلك الخ۔ ۵؎ قوله فى توضيح اسماء بمنزلہ اشارة الى ان المراد بالاسماء اصنام سميت باسماء مبالغة فى بطلانها وهذا كما يقال لما لا يليق ما هو الا مجرد الاسم ۱۲۔ ۶؎ قوله فى ما كانوا مؤمنين یعنی اگر الخ كذا فى الروح كما قال جل شانه فى آية اخرى وما كانوا ليؤمنوا ۱۲۔

اَللُّغَاتُ: الآلاء جمع الى بكسر فسكون كحمل واحمال وقيل غيره كذا فى الروح اللبسطة مشهور ورسم كتابته بالصاد كما فى قراءة وقرأ حفص بالسين ولذا يكتب السين على الصاد بقلم دقيق۔ قوله اجئتنا مجاز عن القصد الى الشئ والشروع فيه فان جاء وقعدو قام وذهب يستعملها العرب لذلك تصوير اللحال كذا فى الروح ۱۲۔

اَلنَّحْوُ: اخاهم مفعول لارسلنا المقدر۔ قوله اذ جعلكم مفعول لاذكروا كما اختاره الزمخشرى كذا فى الروح ۱۲۔ وحده عند

www.besturdubooks.net

جمهور النحويين اسم موضوع موضع المصدر اعنى ايجاد الموضوع موضع الحال عنى موحدا كذا فى الروح۔

وَإِلَىٰ ثَمُودَ أَخَاهُمْ صَالِحًا ۚ قَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُمْ مِنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُ ۖ قَدْ جَاءَتْكُمْ بَيِّنَةٌ مِنْ رَبِّكُمْ ۖ هَٰذِهِ
نَاقَةُ اللَّهِ لَكُمْ آيَةً ۖ فَذَرُوهَا تَأْكُلْ فِي أَرْضِ اللَّهِ ۖ وَلَا تَمَسُّوهَا بِسُوءٍ فَيَأْخُذَكُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿٧٣﴾
وَاذْكُرُوا إِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَاءَ مِنْ بَعْدِ عَادٍ وَبَوَّأَكُمْ فِي الْأَرْضِ تَتَّخِذُونَ مِنْ سُهُولِهَا قُصُورًا
وَتَنْحِتُونَ الْجِبَالَ بُيُوتًا ۚ فَاذْكُرُوا آلَاءَ اللَّهِ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ ﴿٧٤﴾ قَالَ الْمَلَأُ الَّذِينَ
اسْتَكْبَرُوا مِنْ قَوْمِهِ لِلَّذِينَ اسْتُضْعِفُوا لِمَنْ آمَنَ مِنْهُمْ أَتَعْلَمُونَ أَنَّ صَالِحًا مُرْسَلٌ مِنْ رَبِّهِ ۚ قَالُوا إِنَّا بِمَا
أُرْسِلَ بِهِ مُؤْمِنُونَ ﴿٧٥﴾ قَالَ الَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا إِنَّا بِالَّذِي آمَنْتُمْ بِهِ كَافِرُونَ ﴿٧٦﴾ فَعَقَرُوا النَّاقَةَ وَعَتَوْا
عَنْ أَمْرِ رَبِّهِمْ وَقَالُوا يَا صَالِحُ ائْتِنَا بِمَا تَعِدُنَا إِنْ كُنْتَ مِنَ الْمُرْسَلِينَ ﴿٧٧﴾ فَأَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ
فَأَصْبَحُوا فِي دَارِهِمْ جَاثِمِينَ ﴿٧٨﴾ فَتَوَلَّىٰ عَنْهُمْ وَقَالَ يَا قَوْمِ لَقَدْ أَبْلَغْتُكُمْ رِسَالَةَ رَبِّي وَنَصَحْتُ لَكُمْ وَلَٰكِنْ لَا
تُحِبُّونَ النَّاصِحِينَ ﴿٧٩﴾

اور ہم نے ثمود کی طرف ان کے بھائی صالح کو بھیجا انہوں نے فرمایا اے میری قوم تم اللہ کی عبادت کرو اس کے سوا کوئی تمہارا معبود نہیں۔ تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے ایک واضح دلیل آ چکی ہے۔ یہ اونٹنی ہے اللہ کی جو تمہارے لئے دلیل ہے سو اس کو چھوڑ دو کہ اللہ کی زمین میں کھاتی پھرا کرے اور اس کو برائی کے ساتھ ہاتھ بھی مت لگانا کبھی تم کو دردناک عذاب آ پکڑے اور تم یہ حالت یاد کرو کہ اللہ تعالیٰ نے تم کو عاد کے بعد آباد کیا اور تم کو زمین پر رہنے کو ٹھکانا دیا کہ نرم زمین پر محل بناتے ہو اور پہاڑوں کو تراش تراش کر ان میں گھر بناتے ہو سو خدا تعالیٰ کی نعمتوں کو یاد کرو اور زمین میں فساد مت پھیلاؤ۔ ان کی قوم میں جو متکبر سردار تھے انہوں نے غریب لوگوں سے جو کہ ان میں سے ایمان لے آئے تھے پوچھا کہ کیا تم کو اس بات کا یقین ہے کہ صالح اپنی رب کی طرف سے بھیجے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بے شک ہم تو اس پر پورا یقین رکھتے ہیں' جو ان کو دے کر بھیجا گیا ہے وہ متکبر لوگ کہنے لگے کہ تم جس چیز پر یقین لائے ہوئے ہو۔ ہم تو اس کے منکر ہیں۔ غرض اس اونٹنی کو مار ڈالا اور اپنے پروردگار کے حکم سے سرکشی کی اور کہنے لگے کہ اے صالح جس کی آپ ہم کو دھمکی دیتے تھے اس کو منگوایئے اگر آپ پیغمبر ہیں۔ پس آ پکڑا ان کو زلزلے نے سو اپنے گھر میں اوندھے کے اوندھے پڑے رہ گئے۔ اس وقت صالح ان سے منہ موڑ کر چلے گئے اور فرمانے لگے کہ اے میری قوم میں نے تو تم کو اپنے پروردگار کا حکم پہنچا دیا تھا اور میں نے تمہاری خیر خواہی کی لیکن تم لوگ خیر خواہوں کو پسند ہی نہیں کرتے تھے۔

تفسیر: قصۂ سوم حضرت صالح علیہ السلام با قوم او ☆ وَإِلَىٰ ثَمُودَ أَخَاهُمْ صَالِحًا (الی قولہ تعالیٰ) وَلَٰكِنْ لَا تُحِبُّونَ النَّاصِحِينَ ﴿٧٩﴾ اور ہم نے قوم ثمود کی طرف ان کے بھائی صالح (علیہ السلام) کو (پیغمبر بنا کر) بھیجا انہوں نے (اپنی قوم سے) فرمایا اے میری قوم تم (صرف) اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اس کے سوا کوئی تمہارا معبود (ہونے کے قابل) نہیں (انہوں نے اک خاص معجزہ کی درخواست کی کہ اس پتھر میں سے ایک اونٹنی پیدا ہو تو ہم ایمان لاویں چنانچہ آپ کی دعاء سے ایسا ہی ہوا کہ وہ پتھر پھٹا اور اس کے اندر سے ایک بڑی اونٹنی نکلی رواہ محمد بن اسحٰق آپ نے فرمایا کہ) تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے ایک واضح دلیل (بھی میرے رسول ہونے کی) آ چکی ہے (آگے اس کا بیان ہے) یہ اونٹنی ہے اللہ کی جو تمہارے لئے دلیل (بنا کر ظاہر کی گئی) ہے (اور اسی لئے اللہ کی اونٹنی کہلائی کہ اللہ کی دلیل ہے) سو (علاوہ اس کے کہ میری رسالت پر یہ دلیل ہے خود اس کے بھی کچھ حقوق ہیں منجملہ ان کے یہ ہے کہ) اس کو چھوڑ دو کہ اللہ کی زمین میں (گھاس چارہ) کھاتی پھرا کرے (اسی طرح اپنی باری کے دن پانی پیتی رہے جیسا دوسری آیت میں ہے) اور اس کو برائی (اور تکلیف دہی) کے ساتھ ہاتھ بھی مت لگانا کبھی تم کو دردناک عذاب آ پکڑے اور (اے قوم) تم یہ حالت یاد کرو (اور یاد کر کے احسان مانو اور اطاعت کرو) کہ اللہ تعالیٰ نے تم کو (قوم) عاد کے بعد (روئے زمین پر) آباد کیا اور تم کو زمین پر رہنے کو (دلخواہ) ٹھکانا دیا کہ نرم زمین پر (بھی بڑے بڑے) محل بناتے ہو اور پہاڑوں کو تراش تراش کر ان میں (بھی) گھر بناتے ہو سو خدا تعالیٰ کی (ان) نعمتوں کو (اور دوسری نعمتوں کو بھی) یاد کرو (اور کفر و شرک کر کے) زمین میں فساد

www.besturdubooks.net

مت پھیلاؤ (یعنی ایمان لے آؤ مگر باوجود اس قدر فہمائش کے کچھ غربا ایمان لائے اور ان میں اور رئیسوں میں یہ گفتگو ہوئی یعنی) ان کی قوم میں جو متکبر سردار تھے انہوں نے غریب لوگوں سے جو کہ ان میں سے ایمان لے آئے تھے پوچھا کہ کیا تم کو اس بات کا یقین ہے کہ صالح (علیہ السلام) اپنے رب کی طرف سے (پیغمبر بنا کر) بھیجے ہوئے (آئے) ہیں انہوں نے (جواب میں) کہا کہ بیشک ہم تو اس (حکم) پر پورا یقین رکھتے ہیں جو ان کو دے کر بھیجا گیا ہے وہ متکبر لوگ کہنے لگے کہ تم جس چیز پر یقین لائے ہوئے ہو ہم تو اس کے منکر ہیں غرض (نہ صالح علیہ السلام پر ایمان لائے اور نہ اونٹنی کے حقوق ادا کئے بلکہ) اس اونٹنی کو (بھی) مار ڈالا اور اپنے پروردگار کے حکم (ماننے) سے (بھی) سرکشی کی (وہ حکم اعتقاد توحید و رسالت تھا) اور (اس پر یہ بیبا کی کہ) کہنے لگے کہ اے صالح جس (عذاب) کی آپ ہم کو دھمکی دیتے تھے (جیسا کہ: لَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ اور شعراء کی آیت: اَلَا تَتَّقُوْنَ [شعراء: ۱۰۶] سے تعرض تاقہ اور کفر پر موعود ہے) اس کو منگوایئے اگر آپ پیغمبر ہیں (کیونکہ پیغمبر کا صادق ہونا لازم ہے) پس آ پکڑا ان کو زلزلہ نے سو اپنے گھر میں اوندھے کے اوندھے پڑے رہ گئے اس وقت صالح (علیہ السلام) ان سے منہ موڑ کر چلے اور (بطور حسرت کے فرضی خطاب کر کے) فرمانے لگے کہ اے میری قوم میں نے تو تم کو اپنے پروردگار کا حکم پہنچا دیا تھا (جس پر عمل کرنا موجب فلاح تھا) اور میں نے تمہاری (بہت) خیر خواہی کی (کہ کس کس طرح شفقت سے سمجھایا) لیکن (افسوس تو یہ ہے کہ) تم لوگ (اپنے) خیر خواہوں کو پسند ہی نہیں کرتے تھے (اس لئے ایک نہ سنی اور آخر روز بد دیکھا)

ف: دوسری آیت میں صیحہ یعنی فرشتہ کے نعرہ سے ہلاک ہونا آیا ہے بعض نے کہا ہے کہ اوپر سے صیحہ نیچے سے زلزلہ آیا تھا اور بعض نے کہا کہ رجفہ سے مراد قلب کی حرکت ہے جو صیحہ کے خوف سے پیدا ہوئی تھی اور جس نے اونٹنی کو قتل کیا تھا اس کا نام قدار آیا ہے اور آیت میں سب کی طرف اس لئے نسبت کی کہ راضی سب تھے اور وجہ اس کی اہل سیر نے یہ لکھی ہے کہ چونکہ بہت بڑی اونٹنی تھی اس لئے جس جنگل میں وہ چرتی تھی اور مواشی اس سے ڈر کر بھاگ جاتے اور جس کنوئیں میں پانی کی باری مقرر ہوئی تھی وہ اپنی باری میں گردن کنوئیں میں ڈال کر تمام پانی پی جاتی اس روز اور مواشی کو وہاں پانی نہ ملتا اس سے وہ لوگ تنگدل ہوئے اور اس کو قتل کر ڈالا اور تَاْكُلْ فِيْٓ اَرْضِ اللّٰهِ کا یہ مطلب نہیں ہے کہ چاہے وہ کسی کا کھیت چرتی پھرے بلکہ مطلب یہ ہے کہ مباح گھاس چرنے میں اس سے تعرض نہ کیا جاوے اور دوسری آیت میں ان کے رہنے کا مقام حجر آیا ہے جو کہ حجاز اور شام کے درمیان میں ایک مقام تھا اور ظاہر آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ صالح علیہ السلام یہاں سے بعد ہلاک قوم کے تشریف لے گئے اور یہ خطاب فرضی اظہار تحسر کے لئے تھا اور بعض نے کہا کہ آثار ہلاک دیکھ کر زندوں سے یہ خطاب کر کے چلے گئے تو آیت میں تقدیم و تاخیر ہوگی پھر بعض نے شام کو جانا اور بعض نے مکہ کو جانا نقل کیا ہے واللہ اعلم۔

تَرْجَمَةُ مَسَائِلِ السُّلُوْكِ: قولہ تعالیٰ هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ یہ اضافہ تشریف کے لئے ہے جیسے مسجد کو بیت اللہ کہتے ہیں میں کہتا ہوں کہ حدیث میں جو آیا ہے ان اللہ خلق ادم علی صورتہ اس سے اضافت کی اصل توجیہات یہ ہو سکتی ہے قولہ تعالیٰ: وَتَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا ۚ فَاذْكُرُوْٓا اٰلَآءَ اللّٰهِ اس سے معلوم ہوا کہ کسی صنعت میں مہارت یہ بھی اللہ تعالیٰ کی نعمت ہے ابھی وَّزَادَكُمْ فِي الْخَلْقِ بَصْۜطَةً میں ایسا ہی مضمون گزرا ہے۔ قولہ تعالیٰ: فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰقَوْمِ لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ ظاہر آیہ خطاب بعد اہلاک کے ہے تو اس سے ظاہراً سماع موتیٰ معلوم ہوتا ہے جب تک کوئی دلیل قوی نفی نہ کرے۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَةِ: ۱ قوله فی من سهولها زمین پر اشارة الی ان من بمعنی فی کما فی من یوم الجمعة ۱۲۔ ۲ قوله فی الجبال ان میں اشارة الی ان نصبه بنزع الخافض کما فی آیة اخریٰ وتنحتون من الجبال ۱۲۔ ۳ قوله فی لمن آمن منهم ان میں سے اشارة الی ان الضمیر المجرور عائد الی القوم لا للذین استضعفوا ۱۲۔

اَللُّغَاتُ: قوله بواکم فی الروح انزلکم وجعل لکم مباءة قوله عقروا فی الروح عن الازهری اصل العقر عند العرب قطع عرقوب البعیر ثم استعمل فی النحر لان ناحر البعیرة یعقره ثم ینحره قوله جاثمین فی القاموس جثم وقع علی صدره ۱۲۔

اَلْبَلَاغَةُ: تتخذون استیناف مبین لکیفیة التبوية فان هذا الاتخاذ باقداره سبحانه وتعالیٰ قوله فی دارهم فی الروح المراد من الدار البلد کما فی قولك دار الحرب ودار الاسلام وقد جمع فی آیة اخریٰ بارادة منزل کل واحد الخاص به وذکر النیسابوری انه حیث ذکر الرجفة وحدت الدار وحیث ذکرت الصیحة جمعت لان الصیحة کانت من السماء کما فی غالب الروایات لامن الارض کما قیل لبلوغها اکثر وابلغ من الزلزلة فقرن کل منهما بما هو الیق به فتدبر آه۔

وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۰﴾ اِنَّكُمْ
لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ شَهْوَةً مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ ۭ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ﴿۸۱﴾ وَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ

www.besturdubooks.net

قَالُوْٓا اَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ قَرْيَتِكُمْ ۚ اِنَّهُمْ اُنَاسٌ يَّتَطَهَّرُوْنَ ﴿۸۲﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ۖ
ع ۱۲ ۱۷
كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿۸۳﴾ وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ۭ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۸۴﴾

اور ہم نے لوط کو بھیجا جبکہ انہوں نے اپنی قوم سے فرمایا کہ تم ایسا فحش کام کرتے ہو جس کو تم سے پہلے کسی نے دنیا جہان والوں میں سے نہیں کیا۔ یعنی تم مردوں کے ساتھ شہوت رانی کرتے ہو عورتوں کو چھوڑ کر بلکہ تم حد انسانیت ہی سے گزر گئے ہو اور ان کی قوم سے کوئی جواب نہ بن پڑا بجز اس کے کہ آپس میں کہنے لگے کہ ان لوگوں کو تم اپنی بستی سے نکال دو۔ یہ لوگ بڑے پاک صاف بنتے ہیں۔ سو ہم نے لوط کو اور ان کے متعلقین کو بچا لیا بجز ان کی بیوی کے کہ وہ ان ہی لوگوں میں رہی جو عذاب میں رہ گئے تھے اور ہم نے ان پر ایک نئی طرح کا مینہ برسایا (کہ وہ پتھروں کا تھا) سو دیکھ تو سہی ان مجرموں کا انجام کیسا ہوا۔ ۱۲

تفسیر: قصۂ چہارم حضرت لوط علیہ السلام با قوم او ☆ وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ (الی قولہ تعالیٰ) فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۸۴﴾ اور ہم نے لوط (علیہ السلام) کو (چند بستیوں کی طرف پیغمبر بنا کر) بھیجا جب کہ انہوں نے اپنی قوم (یعنی اپنی امت) سے فرمایا کہ کیا تم ایسا فحش کام کرتے ہو جس کو تم سے پہلے کسی نے دنیا جہان والوں میں سے نہیں کیا (یعنی) تم مردوں کے ساتھ شہوت رانی کرتے ہو عورتوں کو چھوڑ کر (اور اس کام کے ارتکاب میں یہ نہیں کہ تم کو کوئی دھوکہ ہو گیا ہو) بلکہ (اس باب میں) تم حد (انسانیت) ہی سے گزر گئے ہو اور (ان مضامین کا) ان کی قوم سے کوئی (معقول) جواب نہ بن پڑا بجز اس کے کہ (آخر میں بیہودگی کی راہ سے) آپس میں کہنے لگے کہ ان لوگوں کو (یعنی لوط علیہ السلام کو اور ان کے ساتھی مؤمنین کو) تم اپنی (اس) بستی سے نکال دو (کیونکہ) یہ لوگ بڑے پاک صاف بنتے ہیں (اور ہم کو گندہ بتلاتے ہیں پھر گندوں میں پاکوں کا کیا کام یہ بات انہوں نے براہِ تمسخر کہی تھی) سو (جب یہاں تک نوبت پہنچی تو) ہم نے (اس قوم پر عذاب نازل کیا اور) لوط (علیہ السلام) کو اور ان کے متعلقین کو (یعنی ان کے گھر والوں کو اور دوسرے ایمان والوں کو بھی اس عذاب سے) بچا لیا (اس طرح کہ وہاں سے نکل جانے کا پہلے ہی حکم ہو گیا) بجز ان کی بیوی کے کہ وہ (بوجہ ایمان نہ لانے کے) ان ہی لوگوں میں رہی جو عذاب میں رہ گئے اور (وہ عذاب جو ان پر نازل ہوا یہ تھا کہ) ہم نے ان پر ایک نئی طرح کا مینہ برسایا (کہ وہ پتھروں کا مینہ تھا) سو (اے دیکھنے والے) دیکھ تو سہی ان مجرموں کا انجام کیسا ہوا (اگر تو غور سے دیکھے گا تو تعجب کرے گا اور سمجھے گا کہ نافرمانی کا کیا انجام ہوتا ہے)

ف: پتھروں کا مینہ دوسری آیات میں آیا ہے اور دوسری آیات میں ان بستیوں کا الٹ دینا بھی مذکور ہے جس کا بیان ان آیات کی تفسیر کے ساتھ ہوگا ان شاء اللہ تعالیٰ اور اہل سیر نے کہا ہے کہ لوط علیہ السلام بھتیجے ہیں ابراہیم علیہ السلام کے بابل سے ان ہی کے ساتھ ہجرت کر کے ملک شام میں تشریف لائے ابراہیم علیہ السلام فلسطین میں مقیم ہوئے اور لوط علیہ السلام کو سدوم میں رہنے کا اور اس شہر اور اس کے گرد و نواح کے شہر والوں کی ہدایت کا حکم ہوا کبھی ابراہیم علیہ السلام بھی جا کر نصیحت فرماتے تھے وہ لوگ لواطت کے عادی تھے جس کا ارتکاب بقول عمرو بن دینار ان سے پہلے کسی نے نہیں کیا ذکرہ فی الروح عن البیهقی اور بَلْ اَنْتُمْ کی تفسیر کا حاصل یہ ہے کہ بعض معاصی میں تقلید آباء وغیرہ سے دھوکا ہو جاتا ہے اس میں تو یہ بھی نہیں اور بعض آیتوں میں جو تَجْهَلُوْنَ آیا ہے اس سے شبہ نہ ہو کہ ان کو اس کی قباحت معلوم نہ تھی کیونکہ وہاں جہل سے مراد یہ نہیں بلکہ مراد یہ ہے کہ تم کو اس کا انجام بد یعنی عذاب معلوم نہیں اور یہ بیوی کافرہ تھی جب لوط علیہ السلام کو قبل عذاب بستی سے نکل جانے کا حکم ہوا بعض نے تو کہا ہے کہ یہ بیوی ساتھ نہیں گئی بعض نے کہا ہے کہ ساتھ چلی تھی پھر لوٹنے لگی اور ہلاک کر دی گئی اور لوط علیہ السلام پھر حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس آ رہے اور اگر شبہ ہو کہ عورتوں پر عذاب کیوں نازل ہوا جواب یہ ہے کہ عذاب کا ایک سبب کفر بھی تھا اور وہ مشترک تھا اور بعض روایات میں ہے کہ آپس میں ان کی عورتیں بھی مساحقت کرتی تھیں نقله فی الدر المنثور عن حذیفة و محمد بن علی اس صورت میں شبہ بھی ساقط ہو گیا اور اگر شبہ کیا جاوے کہ اگر بعض مرد اور عورتیں اس خبث کا ارتکاب نہ کرتے ہوں ان کے عذاب میں اس کو کیا دخل ہوگا جواب یہ ہے کہ نکیر نہ کرنا اور معاونت بھی مثل اصل فعل کے ہوتا ہے۔

تَرْجَمَۃُ مَسَائِلِ السُّلُوْک: قولہ تعالیٰ اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ فاحشہ کا عدم سبق کے ساتھ مقید کرنا اس پر دال ہے کہ منکر کی ایجاد اس کی اقتداء سے اشد ہے اور اسی سے بدعت کا درجہ سمجھ لو۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃ: ۱ قوله فی لقوم امت لانه لم یکن من نسبهم ۱۲ ۲ قوله فی الا ان قالوا آخرین اشارة الی جواب سوال تقریره ان الآیات الاخر ناطقة بما جری بینه وبین قومه من المحاورات غیر هذه کقولهم لئن لم تنته یٰلوط لتکونن من المخرجین فما معنی

www.besturdubooks.net

الحصر تقریر الجواب ظاهر ان هذا كان آخر ما تحاوروا به فلم يختل الحصر ۱۲۔ ۳ قوله فی اهله یعنی ان کے گھر الخ فالاهل فيه عموم المجاز فبقی العموم وبقی الاستثناء متصلة ۱۲۔ ۴ قوله فی مطرا ئ فالتنوين للتنويع ۱۲۔ ۵ قوله فی فانظر تعجب الخ اشارة الی ان المقصود بالامر بالنظر هو التعجيب من حالهم والتحذير من افعالهم لا التكليف بالنظر ۱۲۔

اللغات: قوله ما كان ای ما صح وهو عام لنفی اللياقة او الامكان فيحمل حسب ما يقتضيه المقام ۱۲۔

النحو: لوطا عامله مقدر ولم يذكر المرسل اليهم لانهم غير معروفين باسم قوله انكم الخ فی الروح يحتمل الاستيناف البيانی والنحوی وهو مبين لتلك الفاحشة اه قوله شهوة فی الروح جوز ان يكون منصوبا على المصدرية وناصبه تاتون لانه بمعنى تشتهون وجوز ان يكون المراد بهذا التقييد لانكار عليهم وتقريعهم على اشتهائهم تلك الفعلة القذرة الخبيثة التی من شانها ان لا تشتهی متجاوزين النساء اللاتی هن محل الاشتهاء عند ذوی الطباع السليمة اه۔

البلاغة: قوله ما سبقكم فی الروح لا يتوهم ان سبب انكار الفاحشة كونها مخترعة بل الجملة مؤكدة للنكير لانها موذنة باختراع السوء ولا شك ان اختراعها اسوء قوله الرجال فی الروح ايراد لفظ الرجل دون الغلمان والمردان ونحوهما مبالغة فی التقبيح كانه قال لتاتون امثالكم قوله بل انتم ما قررت به الاضراب هو من المواهب۔ قوله فما كان جواب فی الروح والنظم الكريم من قبيل ع تحية بينهم ضرب وجيع والقصد منه نفی الجواب على ابلغ وجه اه لان ما ذكر لا يصلح جوابا ۱۲۔

www.besturdubooks.net

وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ؕ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ قَدْ جَآءَتْكُمْ بَيِّنَةٌ
مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيْزَانَ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ وَلَا تُفْسِدُوْا فِى
الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۸۵﴾ وَلَا تَقْعُدُوْا بِكُلِّ صِرَاطٍ تُوْعِدُوْنَ
وَتَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِهٖ وَتَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۚ وَاذْكُرُوْٓا اِذْ كُنْتُمْ قَلِيْلًا فَكَثَّرَكُمْ ۪
وَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۸۶﴾ وَاِنْ كَانَ طَآئِفَةٌ مِّنْكُمْ اٰمَنُوْا بِالَّذِيْٓ اُرْسِلْتُ بِهٖ
وَطَآئِفَةٌ لَّمْ يُؤْمِنُوْا فَاصْبِرُوْا حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ بَيْنَنَا ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿۸۷﴾ قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ
اسْتَكْبَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ لَنُخْرِجَنَّكَ يٰشُعَيْبُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَكَ مِنْ قَرْيَتِنَآ اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِىْ مِلَّتِنَا ؕ قَالَ اَوَلَوْ
كُنَّا كٰرِهِيْنَ ﴿۸۸﴾ قَدِ افْتَرَيْنَا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اِنْ عُدْنَا فِىْ مِلَّتِكُمْ بَعْدَ اِذْ نَجّٰىنَا اللّٰهُ مِنْهَا ؕ وَمَا يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّعُوْدَ
فِيْهَآ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ رَبُّنَا ؕ وَسِعَ رَبُّنَا كُلَّ شَىْءٍ عِلْمًا ؕ عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ؕ رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا
بِالْحَقِّ وَاَنْتَ خَيْرُ الْفٰتِحِيْنَ ﴿۸۹﴾ وَقَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ لَئِنِ اتَّبَعْتُمْ شُعَيْبًا اِنَّكُمْ
اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿۹۰﴾ فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا فِىْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿۹۱﴾ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا شُعَيْبًا كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا ع
فِيْهَا ۚ اَلَّذِيْنَ كَذَّبُوْا شُعَيْبًا كَانُوْا هُمُ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۹۲﴾ فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰقَوْمِ لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّىْ
وَنَصَحْتُ لَكُمْ ۚ فَكَيْفَ اٰسٰى عَلٰى قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ ﴿۹۳﴾ ع ۱۱ ۱۱

اور ہم نے مدین کی طرف ان کے بھائی شعیب علیہ السلام کو بھیجا انہوں نے فرمایا کہ اے میری قوم تم اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو۔ اس کے سوا کوئی تمہارا معبود نہیں۔ تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے واضح دلیل آ چکی ہے تو تم ناپ اور تول پوری پوری کیا کرو اور لوگوں کا ان چیزوں میں نقصان مت کیا کرو اور روئے زمین میں بعد اس کے کہ اس کی درستی کر دی گئی' فسادات مت پھیلاؤ' یہ تمہارے لئے نافع ہے اگر تم تصدیق کرو اور تم سڑکوں پر اس غرض سے مت بیٹھا کرو کہ اللہ پر ایمان لانے والوں کو دھمکیاں دو اور اللہ کی راہ سے روکو اور اس میں کجی کی تلاش میں لگے رہو اور اس حالت کو یاد کرو جبکہ تم کم تھے پھر اللہ تعالیٰ نے تم کو زیادہ کر دیا اور دیکھو کہ کیسا انجام ہوا فساد کرنے والوں کا اور اگر تم میں سے بعضے اس حکم پر جس کو دے کر مجھ کو بھیجا گیا ہے ایمان لائے ہیں اور بعضے ایمان نہیں لائے تو ذرا ٹھہر جاؤ یہاں تک کہ ہمارے درمیان اللہ تعالیٰ فیصلہ کئے دیتے ہیں اور وہ سب فیصلہ کرنے والوں سے بہتر ہیں۔ ان کی قوم کے متکبر سرداروں نے کہا کہ اے شعیب ہم آپ کو اور جو آپ کے ہمراہ ایمان لانے والے ہیں ان کو اپنی بستی سے نکال دیں گے یا یہ ہو کہ تم ہمارے مذہب میں پھر آ جاؤ۔ شعیب علیہ السلام نے جواب دیا کہ کیا ہم تمہارے مذہب میں آ جائیں گر ہم اس کو (بدلیل وبصیرت) مکروہ ہی سمجھتے ہوں۔ ہم تو اللہ پر بڑی جھوٹی تہمت لگانے والے ہو جاتے۔ اگر (خدانہ کرے) ہم تمہارے مذہب میں آ جائیں (خصوصاً) بعد اس کے کہ اللہ تعالیٰ نے ہم کو اس سے نجات دی ہو اور ہم سے ممکن نہیں کہ تمہارے مذہب میں پھر آ جائیں لیکن ہاں یہ کہ اللہ ہی نے جو ہمارا مالک ہے (ہمارے) مقدر میں کیا ہو۔ ہمارے رب کا علم ہر چیز پر محیط ہے۔ ہم اللہ ہی پر بھروسہ رکھتے ہیں اے ہمارے پروردگار ہمارے اور ہماری (اس) قوم کے درمیان فیصلہ کر دیجئے حق کے موافق اور آپ سب سے اچھا فیصلہ کرنے والے ہیں اور ان کی قوم کے (ان ہی مذکور) کافر سرداروں نے کہا کہ اگر تم شعیب علیہ السلام کی راہ پر چلنے لگو گے تو بے شک بڑا نقصان اٹھاؤ گے۔ پس ان کو زلزلہ نے آ پکڑا سو اپنے گھروں میں اوندھے کے اوندھے پڑے رہ گئے۔ جنہوں نے شعیب کی تکذیب کی تھی ان کی یہ حالت ہو گئی ہے جیسے ان گھروں میں کبھی بسے ہی نہ تھے۔ جنہوں نے شعیب علیہ السلام کی تکذیب کی تھی وہی خسارے میں پڑ گئے۔ اس وقت شعیب ان سے منہ موڑ کر چلے اور فرمانے لگے کہ اے میری قوم میں نے تم کو اپنے پروردگار کے احکام پہنچا دیئے تھے اور میں نے تمہاری خیر خواہی کی پھر میں ان کافروں پر کیوں رنج کروں۔

www.besturdubooks.net

تفسیر قصۂ پنجم شعیب علیہ السلام با قومِ او ☆ وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ؕ (الی قولہ تعالیٰ) فَكَيْفَ اٰسٰى عَلٰى قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ ۝ تنبیہ: قرآن میں ان کا اہل مدین اور اصحابِ ایکہ کی طرف مبعوث ہونا اور اہل مدین پر کہیں صیحہ کہیں رجفہ کا عذاب اور اصحابِ ایکہ پر ظلہ کا عذاب ہونا مذکور ہے پس بعض نے دونوں قوموں کو ایک ہی کہا ہے اور بعض نے الگ الگ کہا ہے کہ ایک قوم یعنی اہل مدین کے ہلاک کے بعد دوسروں کی یعنی اصحابِ ایکہ کی طرف جو مدین ہی کے قریب رہتے تھے اور اس قرب کی وجہ سے ان میں بھی کم تولنے ناپنے کا مرض مشترک تھا مبعوث ہوئے اور اکثر کا قول یہی ہے اور انواع عذاب میں دو کا یا تینوں کا جمع ہو جانا کچھ مستبعد نہیں جیسا روح المعانی میں ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ ان پر گرمی شدید مسلط ہوئی کہ گھر میں بھی چین نہ آتا تھا اس میں ایک بدلی آئی جس میں سے سرد ہوا نکلی اور اس کے سایہ میں سب میدان میں جمع ہو گئے اس وقت اس میں سے آگ برسی اور زمین کو بھی زلزلہ آیا سب جل مر گئے اس صورت میں دار سے مراد مطلق ارض ہوگا جیسے دار الاسلام و دار الحرب میں یہی مراد ہے اور صیحہ اور رجفہ کے جمع ہونے کی توجیہ قصہ سوم میں گزر چکی ہے اور بعد ہلاک ان کفار کے آپ مکہ میں آ رہے تھے اور وہاں ہی وفات پائی اور مدین اصل میں ابراہیم علیہ السلام کے ایک فرزند کا نام پھر قبیلہ اور شہر پر اطلاق ہونے لگا جو ان کی اولاد تھے یا اس اولاد کا مسکن تھا یہ سب اہل سیر نے لکھا ہے آگے تفسیر آتی ہے۔

تفسیر اور ہم نے مدین (والوں) کی طرف ان کے بھائی شعیب (علیہ السلام) کو (پیغمبر بنا کر) بھیجا انہوں نے (اہل مدین سے) فرمایا کہ اے میری قوم تم (صرف) اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اس کے سوا کوئی معبود (بننے کے قابل) نہیں تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے (میرے نبی ہونے پر) واضح دلیل (کہ کوئی معجزہ ہے) آ چکی ہے (جب میری نبوت ثابت) تو (احکام شرعیہ میں میرا کہنا مانو چنانچہ میں کہتا ہوں کہ) تم ناپ اور تول پوری پوری کیا کرو اور لوگوں کا ان کی چیزوں میں نقصان مت کیا کرو (جیسا کہ تمہاری عادت ہے) اور روئے زمین میں بعد اس کے کہ (تعلیم و توحید و بعثت انبیاء علیہم السلام و ایجاب عدل و ادائے حقوق مکیال (میزان سے) اس کی درستی (تجویز) کر دی گئی فساد مت پھیلاؤ (یعنی ان احکام کی مخالفت اور کفر مت کرو کہ موجب فساد ہے) یہ (جو کچھ میں کہہ رہا ہوں اس پر عمل کرنا) تمہارے لئے (دنیا و آخرت دونوں میں) نافع ہے اگر تم (میری) تصدیق کرو (جس پر دلیل قائم ہے اور تصدیق کر کے عمل کرو تو امور مذکورہ دارین میں نافع ہیں آخرت میں تو ظاہر ہے کہ نجات ہو اور دنیا میں عمل بالشرع سے امن و انتظام قائم رہتا ہے خاص کر پورا ناپنے تولنے میں بوجہ اعتبار بڑھنے کے تجارت کو ترقی ہوتی ہے) اور تم سڑکوں پر اس غرض سے مت بیٹھا کرو کہ اللہ تعالیٰ پر ایمان لانے والوں کو (ایمان لانے پر) دھمکیاں دو اور (ان کو) اللہ تعالیٰ کی راہ (یعنی ایمان) سے روکو اور اس (راہ) میں کجی (اور شبہات) کی تلاش میں لگے رہو (کہ بے جا اعتراض سوچ سوچ کر لوگوں کو بہکاؤ یہ لوگ ضلال مذکور سابق کے ساتھ اس اضلال میں بھی مبتلا تھے کہ سڑکوں پر بیٹھ کر آنے والوں کو بہکاتے کہ شعیب علیہ السلام پر ایمان نہ لانا نہیں تو ہم تم کو مار ڈالیں گے آگے تذکیر نعمت سے ترغیب اور تذکیر نقمت سے ترہیب ہے یعنی) اور اس حالت کو یاد کرو جب کہ تم (شمار میں یا مال میں) کم تھے پھر اللہ تعالیٰ نے تم کو (شمار یا مال میں) زیادہ کر دیا (یہ تو ترغیب تھی ایمان لانے پر) اور دیکھ لو کیسا (برا) انجام ہوا فساد (یعنی کفر و تکذیب و ظلم) کرنے والوں کا (جیسے قوم نوح اور عاد اور ثمود گزر چکے ہیں اسی طرح تم پر عذاب آنے کا اندیشہ ہے یہ ترہیب ہے کفر پر) اور اگر (تم کو عذاب نہ آنے کا اس سے شبہ ہو کہ) تم میں سے بعضے (تو) اس حکم پر جس کو دے کر مجھ کو بھیجا گیا ہے ایمان لائے ہیں اور بعضے ایمان نہیں لائے (اور پھر بھی دونوں فریق ایک ہی حالت میں ہیں یہ نہیں کہ ایمان نہ لانے والوں پر عذاب آ گیا ہو اس سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کا عذاب سے ڈرانا بے اصل ہے) تو (اس شبہ کا جواب یہ ہے کہ فوراً عذاب نہ آنے سے یہ کیسے معلوم ہوا کہ عذاب نہ آوے گا) ذرا ٹھہر جاؤ یہاں تک کہ ہمارے (یعنی دونوں فریق کے) درمیان میں اللہ تعالیٰ (عملی) فیصلہ کئے دیتے ہیں (یعنی عذاب نازل کر کے مؤمنین کو نجات دیں گے اور کفار کو ہلاک کریں گے) اور وہ سب فیصلہ کرنے والوں سے بہتر ہیں (کہ ان کا فیصلہ بالکل مناسب ہی ہوتا ہے) ان کی قوم کے متکبر سرداروں نے (جو یہ باتیں سنیں تو انہوں نے گستاخانہ) کہا کہ اے شعیب (یاد رکھیے) ہم آپ کو اور آپ کے ہمراہ جو ایمان والے ہیں ان کو اپنی بستی سے نکال دیں گے یا یہ ہو کہ تم ہمارے مذہب میں پھر آ جاؤ (تو البتہ ہم کچھ نہ کہیں گے یہ بات مؤمنین کے لئے اس لئے کہی کہ وہ لوگ قبل ایمان کے اسی طریق کفر پر تھے لیکن شعیب علیہ السلام کے حق میں باوجود اس کے کہ انبیاء سے کبھی کفر صادر نہیں ہوتا اس لئے کہی کہ ان کے سکوتؐ قبل بعثت سے وہ یہ ہی سمجھتے تھے کہ ان کا اعتقاد بھی ہم ہی جیسا ہوگا) شعیب (علیہ السلام) نے جواب دیا کہ کیا ہم تمہارے مذہب میں آ جاویں گے گو ہم (بدلیل و بصیرت) اس کو مکروہ (اور قابل نفرت) ہی سمجھتے ہوں (یعنی جب اس کے باطل ہونے پر دلیل قائم ہے تو ہم کیسے اس کو اختیار کر لیں) ہم تو اللہ پر بڑی جھوٹی تہمت لگانے والے ہو جاویں اگر (خدانہ کرے) ہم تمہارے مذہب میں آ جاویں (خصوصاً) بعد اس کے کہ اللہ تعالیٰ نے ہم کو اس سے نجات دی ہو (کیونکہ اول تو مطلقاً کفر کو دین حق سمجھنا یہی اللہ پر تہمت لگانا ہے کہ یہ دین معاذ اللہ اللہ کو پسند ہے خصوصاً مؤمن کا کافر ہونا چونکہ بعد علم و قبول دلیل حق کے ہے اور زیادہ تہمت ہے ایک تو وہی تہمت دوسری وہ تہمت کہ اللہ نے جو مجھ کو دلیل کا علم دیا تھا جس کو میں حق سمجھتا تھا وہ علم غلط دیا تھا اور شعیب علیہ السلام نے لفظ عود یا تو تغلیباً دوسروں کے اعتبار سے یا ان کے گمان

www.besturdubooks.net

کوفرض کر کے یا مشاکلۃً برتا) اور ہم سے ممکن نہیں کہ تمہارے مذہب میں پھر آ جاویں لیکن ہاں یہ کہ اللہ ہی نے جو ہمارا مالک ہے (ہمارے) مقدر (میں) کیا ہو (جس کی مصلحت انہی کے علم میں ہے تو خیر یہ اور بات ہے) ہمارے رب کا علم ہر چیز کو محیط ہے (اس علم سے سب مقدرات کے مصالح کو جانتے ہیں مگر) ہم اللہ ہی پر بھروسہ رکھتے ہیں (اور بھروسہ کر کے یہ امید کرتے ہیں کہ وہ ہم کو دین حق پر ثابت رکھے اور اس سے شبہ نہ کیا جاوے کہ ان کو اپنے خاتمہ بالخیر کا یقین نہ تھا انبیاء کو یہ یقین دیا جاتا ہے بلکہ مقصود و اظہار عجز اور تفویض الی المالک ہے جو کہ لوازم کمال نبوت سے ہے اور دوسرے مؤمنین کے اعتبار سے لیا جاوے تو کوئی اشکال ہی نہیں یہ جواب دے کر جب دیکھا کہ ان سے خطاب کرنا بالکل مؤثر نہیں اور ان کے ایمان لانے کی بالکل امید نہیں ان سے خطاب ترک کر کے حق تعالیٰ سے دعا کی کہ) اے ہمارے پروردگار ہمارے اور ہماری (اس) قوم کے درمیان فیصلہ کر دیجئے (جو کہ ہمیشہ) حق کے موافق (ہوا کرتا ہے کیونکہ خدائی فیصلہ کا حق ہونا لازم ہے یعنی اب عملی طور پر حق کا حق اور باطل کا باطل ہونا واضح کر دیجئے) اور آپ سب سے اچھا فیصلہ کرنے والے ہیں) اور ان کی قوم کے (ان ہی مذکور) کافر سرداروں نے (شعیب علیہ السلام کی یہ تقریر بلیغ سن کر اندیشہ کیا کہ کہیں سامعین میں اس کا اثر نہ ہو جاوے اس لئے انہوں نے بقیہ کفار سے کہا کہ اگر تم شعیب (علیہ السلام) کی راہ پر چلنے لگو گے تو بے شک بڑا نقصان اٹھاؤ گے (دین کا بھی کیونکہ ہمارا مذہب حق ہے حق کو چھوڑنا خسارہ ہے اور دنیا کا بھی اس لئے کہ پورا ناپنے تولنے میں بچت کم ہوگی غرض وہ سب اپنے کفر و ظلم پر جمے رہے اب عذاب کی آمد ہوئی) پس ان کو زلزلہ نے آ پکڑا سو اپنے گھر میں اوندھے کے اوندھے پڑے رہ گئے جنہوں نے شعیب (علیہ السلام) کی تکذیب کی تھی (اور مسلمانوں کو ان کے گھروں سے نکالنے کو آمادہ تھے خود) انکی یہ حالت ہوگئی جیسے ان گھروں میں کبھی بسے ہی نہ تھے جنہوں نے شعیب (علیہ السلام) کی تکذیب کی تھی (اور ان کے اتباع کرنے والے کو خاسر بتلاتے تھے خود) وہی خسارہ میں پڑ گئے اس وقت شعیب (علیہ السلام) ان سے منہ موڑ کر چلے اور (بطور حسرت کے فرضی خطاب کر کے) فرمانے لگے کہ اے میری قوم میں نے تو تم کو اپنے پروردگار کے احکام پہنچا دیئے تھے (جن پر عمل کرنا ہر طرح کی فلاح کا سبب تھا) اور میں نے تمہاری (بڑی) خیر خواہی کی (کہ کس کس طرح سمجھایا مگر افسوس تم نے نہ مانا اور یہ روز بد دیکھا پھر ان کے عناد و کفر وغیرہ کو یاد کر کے فرمانے لگے کہ جب انہوں نے اپنے ہاتھوں یہ مصیبت خریدی تو) پھر میں ان کافر لوگوں (کے ہلاک ہونے) پر کیوں رنج کروں (ایسی تیسی میں جائیں جیسا کیا ویسا بھگتا)

ربط: اوپر جن قوموں کا قصہ مذکور ہوا ہے چونکہ اور قوموں کے بھی ایسے قصے واقع ہوئے ہیں آگے عام عنوان سے اجمالاً ان سب کی حالت جرم کی اور جرم پر بھی اول مہلت ملنے کی اور پھر بھی نہ سمجھنے پر سزا جاری ہونے کی مذکور ہے اور حکایت کے بعد آیت اَوَلَمْ یَهْدِ الخ سے غرض حکایت پر کہ عبرت حاصل کرنا ہے تنبیہ فرمائی گئی ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْیَآءَهُمْ [الشعراء: ۱۸۳] مدلول نص پر اس کو بھی قیاس کیا جاوے گا جس میں اکثر اہل علم مبتلا ہیں کہ دوسرے اہل فضیلت کے اس حق کی تنقیص کرتے ہیں کہ ان کے ساتھ جو توقیر اور ان کے اظہار فضیلت کا معاملہ کرنا چاہئے نہیں کرتے۔ قولہ تعالیٰ فَكَيْفَ اٰسٰى عَلٰى قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ ۝ بجائے عَلَيْهِمْ کے عَلٰى كٰفِرِيْنَ کہنا اشعار ہے کہ کفر کے سبب یہ لوگ مستحق تاسف کے نہ رہے اس سے معلوم ہوا کہ مبغوضین پر ترحم نہ چاہئے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی بینة کوئی معجزہ لا یضر عدم تعیینها فی الذکر ۱۲۔ ۲ قوله فی کل صراط سڑکوں استفید الجمع من کل ۱۲۔ ۳ قوله فی توعدون مارڈالیں گے کذا فی الدر المنثور عن ابن عباس ۱۲۔ ۴ قوله فی کنتم قلیلا شماریا مال قولان للمفسرین ۱۲۔ ۵ قوله فی لتعودن سکوت کذا فی الروح ۱۲۔ ۶ قوله فی بالحق ہمیشہ فالتقیید لیس للاحتراز بل لاظهار النصفة ۱۲۔

اللغات: الکیل المراد به آلته بقرینة المیزان وبدلیل ما فی هو واوفوا المکیال الخ۔

البحق: توعدون وتصدون عن سبیل الله من آمن معمول لاقرب الفعلین والا لقیل تصدونهم لکنی ترجمت بالحاصل ۱۲۔ قوله معك هو عندی حال ای کائنین معلك قوله الذین کذبوا فی الموضعین مبتدأ والخبر ما بعده اختاره الزمخشری ۱۲۔

البلاغۃ: قوله لا تبخسوا تاکید لما افاده اوفوا للمبالغة ۱۲۔ قال الملأ الذین استکبروا لم بعده قال الملأ الذین کفروا لما کان منشأ القول الاول استکبار والقول الثانی مطلق الکفر حسن ذاك التفنن۔ قوله الذین کذبوا فی الموضعین فی الروح هذا الاستیناف (والتکرار) من غیر عطف جار علی عادة العرب فیقولون فی مثل هذا المقام اخوك الذی نهب ما لنا اخوك الذی هتك سترنا اخوك الذی ظلمنا آه قوله فکیف اسٰی فی الروح وهذا نوع من البدیع یسمی الرجوع وهو العود علی الکلام السابق بالنقض وقد جاء کثیرا فی کلامهم ومنه وقول زهیر۔ قف بالدیار التی لم تعفها القدم۔ بلی وغیرها الارواح والدیم والنکتة فیه الاشعار بالتوله والذهول من

www.besturdubooks.net

شدة الحيرة لعظم الامر بحيث لا يفرق بين ما هو كالمتناقض من الكلام وغيره اه۔ ويحتمل ان يكون توبيخا لهم ويكن حاصل الكلام يا قوم لقد ابلغتكم رسلت ربى ونصحت لكم ولكن لم تنتهوا عن مخالفة الله ومخالفتي فاصابكم ما اصابكم واذا كان الامر كذلك فلا اسى عليكم اذ كنتم قوما كافرين وكيف اسى على قوم كافرين ۱۲۔

وَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّبِيٍّ اِلَّآ اَخَذْنَآ اَهْلَهَا بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ يَضَّرَّعُوْنَ ﴿۹۴﴾ ثُمَّ بَدَّلْنَا
مَكَانَ السَّيِّئَةِ الْحَسَنَةَ حَتّٰى عَفَوْا وَّقَالُوْا قَدْ مَسَّ اٰبَآءَنَا الضَّرَّآءُ وَالسَّرَّآءُ فَاَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۹۵﴾
وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْقُرٰٓى اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَرَكٰتٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ وَلٰكِنْ كَذَّبُوْا فَاَخَذْنٰهُمْ
بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۹۶﴾ اَفَاَمِنَ اَهْلُ الْقُرٰٓى اَنْ يَّاْتِيَهُمْ بَاْسُنَا بَيَاتًا وَّهُمْ نَآئِمُوْنَ ﴿۹۷﴾ اَوَاَمِنَ اَهْلُ
الْقُرٰٓى اَنْ يَّاْتِيَهُمْ بَاْسُنَا ضُحًى وَّهُمْ يَلْعَبُوْنَ ﴿۹۸﴾ اَفَاَمِنُوْا مَكْرَ اللّٰهِ ۚ فَلَا يَاْمَنُ مَكْرَ اللّٰهِ اِلَّا
الْقَوْمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۹۹﴾ اَوَلَمْ يَهْدِ لِلَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِ اَهْلِهَآ اَنْ لَّوْ نَشَآءُ اَصَبْنٰهُمْ ع ۱۲/۲
بِذُنُوْبِهِمْ ۚ وَنَطْبَعُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ تِلْكَ الْقُرٰى نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآئِهَا ۚ
وَلَقَدْ جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۚ فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا بِمَا كَذَّبُوْا مِنْ قَبْلُ ۭ كَذٰلِكَ
يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۱﴾ وَمَا وَجَدْنَا لِاَكْثَرِهِمْ مِّنْ عَهْدٍ ۚ وَاِنْ وَّجَدْنَآ اَكْثَرَهُمْ لَفٰسِقِيْنَ ﴿۱۰۲﴾

اور ہم نے کسی بستی میں کوئی نبی نہیں بھیجا کہ وہاں کے رہنے والوں کو ہم نے محتاجی اور بیماری میں نہ پکڑا ہوتا کہ وہ ڈھیلے پڑ جائیں پھر ہم نے اس بدحالی کی جگہ خوشحالی بدل دی یہاں تک کہ ان کو خوب ترقی ہوئی اور (اس وقت براہ کج فہمی) کہنے لگے کہ ہمارے آباؤ اجداد کو بھی تنگی اور راحت پیش آئیں تھیں تو ہم نے ان کو دفعتہ پکڑ لیا اور ان کو خبر بھی نہ تھی اور اگر ان بستیوں کے رہنے والے ایمان لے آتے اور پرہیز کرتے تو ہم ان پر آسمان اور زمین کی برکتیں کھول دیتے لیکن اُنہوں نے تو (پیغمبروں کی) تکذیب کی تو ہم نے (بھی) ان کو ان کے اعمال) بد) کی وجہ سے پکڑ لیا۔ کیا پھر بھی ان بستیوں کے رہنے والے اس بات سے بے فکر ہو گئے ہیں کہ ان پر (بھی) ہمارا عذاب شب کے وقت آ پڑے جس وقت وہ پڑے سوتے ہوں اور کیا ان (موجودہ) بستیوں کے رہنے والے اس بات سے بے فکر ہو گئے ہیں کہ ان پر ہمارا عذاب دن دوپہری آ پڑے جس وقت کہ وہ اپنے لایعنی قصوں میں مشغول ہوں۔ ہاں تو کیا اللہ تعالیٰ کی اس (ناگہانی) پکڑ سے بے فکر ہو گئے ہو (سمجھ رکھو) خدا تعالیٰ کی پکڑ سے بجز ان کے جن کی شامت ہی آ گئی ہو اور کوئی بے فکر نہیں ہوتا اور ان (گزشتہ) زمین پر رہنے والوں کے بعد جو لوگ (اب) زمین پر بجائے ان کے رہتے ہیں کیا ان واقعات مذکورہ نے ان کو یہ بات (ہنوز) نہیں بتلائی کہ اگر ہم چاہتے تو ان کو ان کے جرائم کے سبب ہلاک کر ڈالتے اور ہم ان کے دلوں پر بند لگائے ہوئے ہیں اس سے وہ سنتے نہیں۔ ان (مذکورہ) بستیوں کے کچھ کچھ قصے ہم آپ سے بیان کر رہے ہیں اور ان سب کے پاس ان کے پیغمبر معجزات لے لے کر آئے تھے۔ پھر جس چیز کو انہوں نے اوّل (وہلہ) میں (ایک بار) جھوٹا کہہ دیا یہ بات نہ ہوئی کہ پھر اس کو مان لیتے۔ اللہ تعالیٰ اسی طرف کافروں کے دلوں پر بند لگا دیتے ہیں اور اکثر لوگوں میں ہم نے وفائے عہد نہ دیکھا اور ہم نے اکثر لوگوں کو بے حکم ہی پایا ۞

تفسیر بیان اجمالی حالت کفار سابقین برائے عبرت کفار لاحقین ☆ وَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّبِيٍّ (الی قولہ تعالیٰ) وَ اِنْ وَّجَدْنَآ اَكْثَرَهُمْ لَفٰسِقِيْنَ ﴿۱۰۲﴾ اور ہم نے (ان مذکورہ اور ان کے علاوہ بھی دوسری بستیوں میں سے) کسی بستی میں کوئی نبی نہیں بھیجا کہ وہاں کے رہنے والوں کو (اس نبی کے نہ ماننے پر اول اول تنبیہ نہ کی ہو اور تنبیہ کی غرض سے ان کو) ہم نے محتاجی اور بیماری میں نہ پکڑا ہوتا کہ وہ ڈھیلے پڑ جاویں (اور اپنے کفر و تکذیب سے توبہ کریں) پھر (جب اس سے متنبہ نہ ہوئے تو استدراجاً یا اس غرض سے کہ مصیبت کے بعد جو نعمت ہوتی ہے اس کی زیادہ قدر ہوتی ہے اور نعمت دینے والے کی آدمی بالطبع اطاعت کرنے لگتا ہے) ہم نے اس بدحالی کی جگہ خوشحالی بدل دی یہاں تک کہ ان کو (غنی اور صحت کے ساتھ مال و اولاد میں) خوب ترقی ہوئی اور (اس وقت براہ کج فہمی) کہنے لگے کہ (وہ پہلی مصیبت ہم پر کفر و تکذیب کے سبب نہ تھی ورنہ پھر خوش حالی کیوں ہوتی بلکہ یہ اتفاقات زمانہ سے ہے چنانچہ)

www.besturdubooks.net

ہمارے آباؤ اجداد کو بھی (یہ دو حالتیں کبھی تنگی اور کبھی) راحت پیش آئیں تھیں (اسی طرح ہم پر بھی یہ حالتیں گزر گئیں جب وہ اس بھول میں پڑ گئے) تو (اس وقت) ہم نے ان کو دفعۃً (عذاب مہلک میں) پکڑ لیا اور ان کو (اس عذاب کے آنے کی) خبر بھی نہ تھی (یعنی گو ان کو انبیاء نے خبر کی تھی مگر چونکہ وہ اس خبر کو غلط سمجھتے تھے اور عیش و آرام میں بھولے ہوئے تھے اس لئے ان کو گمان نہ تھا) اور (ہم نے جو ان کو عذابِ مہلک میں پکڑا تو اس کا سبب صرف ان کا کفر اور مخالفت تھی ورنہ) اگر ان بستیوں کے رہنے والے (پیغمبروں پر) ایمان لے آتے اور (ان کی مخالفت سے) پرہیز کرتے تو ہم (بجائے ارضی وسماوی آفات کے) ان پر آسمان اور زمین کی برکتیں کھول دیتے (یعنی آسمان سے بارش اور زمین سے پیداوار ان کو برکت کے ساتھ عطا فرماتے اور گو اس ہلاکت سے پہلے ان کو خوشحالی ایک حکمت کے لئے دی گئی تھی لیکن اس خوش حالی میں اس لئے برکت نہ تھی کہ آخر میں وہ وبال جان ہوگئی بخلاف ان نعمتوں کے جو ایمان واطاعت کے ساتھ ملتی ہیں کہ ان میں یہ خیر و برکت ہوتی ہے کہ وہ وبال کبھی نہیں ہوتی نہ دنیا میں نہ آخرت میں حاصل یہ کہ اگر وہ ایمان وتقویٰ اختیار کرتے تو ان کو بھی یہ برکتیں دیتے) لیکن انہوں نے تو (پیغمبروں کی) تکذیب کی تو ہم نے (بھی) ان کے اعمال (بد) کی وجہ سے ان کو (عذاب مہلک میں) پکڑ لیا (جس کو اوپر اَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً سے تعبیر فرمایا ہے آگے کفار موجودین کو عبرت دلاتے ہیں) کیا (ان قصص کو سن کر) پھر بھی ان (موجودہ) بستیوں کے رہنے والے (جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دورۂ نبوت میں موجود ہیں اس بات سے بے فکر ہو گئے ہیں کہ ان پر (بھی) ہمارا عذاب شب کے وقت آ پڑے جس وقت وہ پڑے سوتے ہوں اور کیا ان (موجودہ) بستیوں کے رہنے والے (باوجود کفر و تکذیب کے جو کہ کفار سابقین کے اہلاک کا سبب تھا) اس بات سے بے فکر ہو گئے ہیں کہ (ان ہی سابقین کی طرح) ان پر ہمارا عذاب دن دوپہر ہی آ پڑے جس وقت کہ وہ اپنے لایعنی قصوں میں مشغول ہوں (مراد اس سے دنیوی کاروبار ہیں) ہاں تو کیا اللہ تعالیٰ کی اس (ناگہانی) پکڑ سے (جس کا اوپر بیان ہوا ہے) بے فکر ہو گئے سو (سمجھ رکھو کہ) خدا تعالیٰ کی پکڑ سے بجز ان کے جن کی شامت ہی آ گئی ہو اور کوئی بے فکر نہیں ہوتا (آگے اس کی علت بتلاتے ہیں کہ ان کو عذاب سے کیوں ڈرنا چاہئے اور وہ علت ان کا امم سابقہ کے ساتھ جرم کفر میں شریک ہونا ہے یعنی) اور ان (گزشتہ) زمین پر رہنے والوں کے بعد جو لوگ (اب) زمین پر بجائے ان کے رہتے ہیں کیا ان واقعات مذکورہ نے ان کو یہ بات (ہنوز) نہیں بتلائی کہ اگر ہم چاہتے تو ان کو (بھی مثل امم سابقہ کے) ان کے جرائم (کفر و تکذیب) کے سبب ہلاک کر ڈالتے (کیونکہ امم سابقہ ان ہی جرائم کے سبب ہلاک کی گئیں) اور (واقعی یہ واقعات تو ایسے ہی ہیں کہ ان سے سبق لینا چاہئے تھا لیکن اصل یہ ہے کہ) ہم نے ان کے دلوں پر بند لگائے ہوئے ہیں اس سے وہ (حق بات کو دل سے) سنتے (بھی) نہیں (اور ماننا تو درکنار رہا پس اس بند لگانے سے ان کی قساوت بڑھ گئی کہ ایسے عبرت خیز واقعات سے بھی عبرت نہیں ہوتی اور اس بند لگانے کا سبب انہی کا ابتدا میں کفر کرنا ہے لقولہ تعالیٰ: طَبَعَ اللّٰهُ عَلَيْهَا بِكُفْرِهِمْ [النساء: ۱۵۵] آگے شاید رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تسلی کے لئے سارے مضمون مذکور کا خلاصہ ہے کہ ان (مذکورہ) بستیوں کے کچھ کچھ قصے ہم آپ سے بیان کر رہے ہیں اور ان سب (بستیوں میں رہنے والوں) کے پاس ان کے پیغمبر معجزات لے کر آئے تھے (مگر) پھر (بھی ان کی ضد اور ہٹ کی یہ کیفیت تھی کہ) جس چیز کو انہوں نے اول (وہلہ) (ایک بار) میں جھوٹا کہہ دیا یہ بات نہ ہوئی کہ پھر ان کو مان لیتے (اور جیسے یہ لوگ دل کے سخت تھے) اللہ تعالیٰ اسی طرح کافروں کے دلوں پر بند لگا دیتے ہیں اور (ان میں سے بعضے لوگ مصیبتوں میں ایمان لانے کا عہد بھی کر لیتے تھے لیکن) اکثر لوگوں میں ہم نے وفائے عہد نہ دیکھا (یعنی زوال مصیبت کے بعد پھر ویسے کے ویسے ہی ہو جاتے تھے) اور ہم نے اکثر لوگوں کو (باوجود ارسال رسل واظہار معجزات ونزول بلیات وتوثیق معاہدات) بے حکم ہی پایا (پس کفار ہمیشہ سے ایسے ہی ہوتے رہے ہیں آپ بھی غم نہ کیجئے)

ف: جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ میں هُمْ کی ضمیر میں سب مذکورین کا داخل ہونا اور بینات سے معجزات کا مراد ہونا دلیل ہے کہ جن انبیاء علیہم السلام کے معجزات قرآن وحدیث میں مذکور نہیں وہ بھی صاحب معجزہ تھے اور ہود علیہ السلام کی قوم کا قول جو سورۂ ہود میں مذکور ہے مَا جِئْتَنَا بِبَيِّنَةٍ چونکہ یہ آیت اس قول کو رد کرتی ہے اس لئے ان کا قول حجت نہیں بلکہ منشاء اس کا عناد ہے کہ معجزہ کو غیر معتد بہ قرار دے کر ایسا کہہ دیا اور بَرَكٰتٍ مِّنَ السَّمَآءِ الخ کی جو تقریر اثنائے ترجمہ میں کی گئی ہے اس سے یہ شبہ دفع ہو گیا کہ بَدَّلْنَا مَكَانَ السَّيِّئَةِ الخ سے تو ان پر فراخی عیش ہونا ثابت ہے اسی طرح سورۂ انعام میں فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ اَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ بھی اس پر دال ہے اور عہد کی دوسری تفسیر یہ کی گئی ہے کہ یوم میثاق کا عہد مراد ہو اور اس تفسیر پر اکثر اس لئے کہا کہ بعض مسلمان ہو گئے تھے اور تفسیر اول پر اکثر کی ایک وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے اور دوسری وجہ یہ ہو سکتی ہے کہ مصیبت میں عہد کرنا سب سے صادر نہ ہوا تھا اکثر نے ایسا کہا تھا اور انہوں نے ہی پورا نہ کیا واللہ اعلم۔

مَسْئَلَه: آیت: فَلَا يَاْمَنُ مَكْرَ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْخٰسِرُوْنَ سے استنباط کیا گیا ہے کہ عذابِ الٰہی سے بے خوف ہونا کفر ہے کیونکہ محاورات قرآنیہ میں اکثر خاسر سے مراد کافر ہوتا ہے جیسا کہ دوسری آیت واقعہ سورۂ یوسف لَا يَايْـَٔسُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْكٰفِرُوْنَ سے اس مسئلہ کا دوسرا جزو ثابت کیا گیا ہے کہ مایوسی خدا کی رحمت سے کفر ہے اور روح المعانی میں شافعیہ کا مذہب نقل کیا ہے کہ یہ دونوں امر بالمعنی المشہور گناہ کبیرہ ہیں کفر نہیں اور

www.besturdubooks.net

بعض محققین کا قول محاکمہ میں نقل کیا ہے کہ امن بایں معنی کہ اللہ تعالیٰ کو انتقام پر قادر نہ سمجھے اور یاس بایں معنی کہ اللہ تعالیٰ کو انعام پر قادر نہ سمجھے کفر ہے اور بالمعنی المشہور یعنی یاس بمعنی استبعادِ عفو واستنظام ذنوب جس سے طاعات وتوبہ ترک ہو جاویں اور امن بمعنی غلبۂ رجاء جس سے معاصی پر جری ہو جاوے کبیرہ ہے اور آیت کو تغلیظ پر یا مطلق خسار اور کفران کے معنی پر محمول کیا جاوے گا عاجز کہتا ہے کہ قطعی وعید کے بعد بے خوف ہونا جیسا کہ مرتکبین کفر کی حالت تھی اور قطعی وعدہ کے بعد مایوس ہونا جیسا کہ نبی کی بشارت کے بعد ہوا ایسا امن ویاس کفر ہے اور آیات میں یہی معانی مراد معلوم ہوتے ہیں واللہ اعلم۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلِ السُّلُوْک : قولہ تعالیٰ : وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْقُرٰۤى اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَرَكٰتٍ مِّنَ السَّمَآءِ اپنی مابعد والی آیت سے مل کر اس پر دال ہے کہ نعم دنیویہ میں طاعت کو اور نقم دنیویہ میں معصیت کو بھی دخل ہے خواہ وہ نعمت ونقمت حسی ہو یا معنوی قولہ تعالیٰ : فَلَا يَاْمَنُ مَكْرَ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝ اس میں وہ بھی داخل ہے جو اپنے صاحب نسبت ہونے پر مغرور ہو اور سلب نسبت سے خوف نہ کرے۔ قولہ تعالیٰ فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا بِمَا كَذَّبُوْا مِنْ قَبْلُ۔ اس میں اصرار وعناد کی مذمت ہے۔ اور اس وقت یہ بلا مقتداؤں میں بہت ہوگئی کہ جس بات میں ایک بار انکار نکل جاوے پھر باوجود ظہور بطلان کے بھی اس کو کبھی نہ مانیں گے۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃ : ۱ قوله فی بیاتا شب کے وقت لان البیات مصدر یقدر قبله المضاف ۱۲۔ ۲ قوله فی ضحی دن دوپہری لقوله تعالیٰ فی اول السورة او هم قائلون ۱۲۔ ۳ قوله فی افامنوا ہاں استفید التنبیه من التکریر ولفظ تو من الفا۔ فی قوله جس کا اوپر اشارة الی ان الجملة اجمال لما فصل او لا ۱۲۔ ۴ قوله فی خاسرون شامت لاطلاق هذا اللفظ علی ما ارید بهذا الخسار فی المحاورات ۱۲۔ ۵ قوله فی للذین یرثون اب الخ اشارة الی انه فیه وضع المظهر موضع المضمر لان هؤلاء هم اهل القری المذکورون فی قوله تعالیٰ افامن اهل القری ۱۲۔ ۶ قوله فی او لم یهد ان واقعات اشار به الی ان فاعله ضمیره الراجع الی ما جری علی الامم وان لو شاء مفعوله وللذین متعلقه وفی قوله تعالیٰ اشارة الی ان یهد بمعنی یبین بقرینة تعدیة باللام۔ ۷ قوله فی نطبع علی قلوبهم لگائے ہوئے ہیں اشارة الی رد ما قیل من عطفه علی اصبنا لانه ینافیه وقوع الطبع المدلول علیه بقوله فیما بعد نطبع الله ۱۲۔ ۸ قوله انبائها کچھ کچھ اشارة الی کون من تبعیضیة وهو الامر المطابق للواقع ۱۲۔ ۹ قوله فی قبل اول وہلہ المراد به اول ما فاجاء هم الرسل قبل اقامة البینات والمعجزات ۱۲۔ ۱۰ قوله قوله فی عهد وفا اشارة الی حذف المضاف ۱۲۔

اِخْتِلَافُ الْقِرَاءَۃ: فی قراءة او امن عاطفة عطفا علی امن السابق ۱۲۔

اَلنَّحْو : قوله اخذنا حال بمعنی آخذین والاستثناء من اعلم الاحوال ای وما ارسلنا فی حال الا فی حال کوننا آخذین ولیس المراد ابتداء الارسال مقارن للاخذ بل انه مستتبع له غیر منفك عنه ۱۲۔ قوله وان وجدنا اکثرهم لفاسقین من وجد بمعنی علم الناصبة للمبتدأ والخبر لدخول ان المخففة واللام الفارقة وزلك لا یسوغ الا فی المبتدأ والخبر والافعال الداخلة علیهما من الروح والبیضاوی۔

اَلْبَلَاغَۃ : قوله قد مس آباء نا الضراء ولم یذکر الباساء المذکور فیما قبل اکتفاء بذکر احد الاخوین عن الآخر لتقاربهما مفهوماً ۱۲۔

ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى بِاٰيٰتِنَاۤ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَظَلَمُوْا بِهَا ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ
عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَقَالَ مُوْسٰى يٰفِرْعَوْنُ اِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ حَقِيْقٌ عَلٰۤى اَنْ
لَّاۤ اَقُوْلَ عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ ؕ قَدْ جِئْتُكُمْ بِبَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَرْسِلْ مَعِيَ بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ ۝ قَالَ اِنْ كُنْتَ
جِئْتَ بِاٰيَةٍ فَاْتِ بِهَاۤ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝ فَاَلْقٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ ۝ وَّنَزَعَ
يَدَهٗ فَاِذَا هِيَ بَيْضَآءُ لِلنّٰظِرِيْنَ ۝

پھر اس کے بعد ہم نے موسیٰ کو اپنے دلائل دے کر فرعون کے اور اس کے امرا کے پاس بھیجا سو ان لوگوں نے ان کا بالکل حق ادا نہ کیا۔ سو دیکھئے ان مفسدوں کا کیا انجام ہوا اور موسیٰ (علیہ السلام) نے فرمایا اے فرعون میں رب العالمین کی طرف سے پیغمبر ہوں۔ میرے لئے یہی شایان ہے کہ بجز سچ کے خدا کی طرف کوئی بات منسوب نہ کروں۔ میں تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے ایک بڑی دلیل بھی لایا ہوں۔ سو تو بنی اسرائیل کو میرے ساتھ بھیج دے۔ فرعون نے کہا اگر آپ کوئی معجزہ لے کر آئے ہیں تو اس کو

www.besturdubooks.net

اب پیش کیجئے اگر آپ سچے ہیں۔ پس آپ نے (فوراً) اپنا عصا ڈال دیا۔ سو دفعتہ وہ صاف اژدھا بن گیا اور اپنا ہاتھ باہر نکال لیا۔ سو وہ یکا یک سب دیکھنے والوں کے روبرو بہت ہی چمکتا ہوا ہو گیا۔ ۞

تفسیر قصۂ ششم حضرت موسیٰ علیہ السلام باسبطیان وقبطیان ☆ اور یہ قصہ یہاں بھی اور قرآن مجید کے اور مواقع مکررہ میں بھی بہ نسبت اکثر قصص کے مفصل ہے چنانچہ اس مقام پر نصف پارہ تک چلا گیا ہے اور اس کی تکریر اور تفصیل میں یہ نکتہ لکھا ہے کہ آپ کے معجزات بھی عظیم ہیں اور فرعونیوں کا کفر بھی شدید ہے اور بعض بنی اسرائیل کی جہالتیں بھی عجیب ہیں یہ امور مقتضی تکریر و تفصیل کے ہوئے۔

ذکر بعثت موسیٰ علیہ السلام و مکالمہ او با فرعون ☆ ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى (الی قولہ تعالیٰ) فَاِذَا هِيَ بَيْضَآءُ لِلنّٰظِرِيْنَ۝ پھر ان (مذکور پیغمبروں) کے بعد ہم نے (حضرت) موسیٰ (علیہ السلام) کو اپنے دلائل (یعنی معجزات) دے کر فرعون کے اور اس کے امراء کے پاس (ان کی ہدایت و تبلیغ کے لئے) بھیجا سو (جب موسیٰ علیہ السلام نے وہ دلائل ظاہر کئے تو) ان لوگوں نے ان (معجزات) کا بالکل حق ادا نہ کیا (کیونکہ ان کا حق اور مقتضا یہ تھا کہ ایمان لے آتے) سو دیکھئے ان مفسدوں کا کیا (برا) انجام ہوا (جیسا اور جگہ ان کا غرق اور ہلاک ہونا مذکور ہے یہ تو تمام قصہ کا اجمال تھا آگے تفصیل ہے یعنی) اور موسیٰ (علیہ السلام) نے (فرعون کے پاس بحکم الٰہی جا کر) فرمایا کہ میں رب العالمین کی طرف سے (تم لوگوں کی ہدایت کے واسطے) پیغمبر (مقرر ہوا) ہوں (اور جو مجھ کو کاذب بتلاوے اس کی غلطی ہے کیونکہ) میرے لئے یہی شایان ہے کہ بجز سچ کے خدا کی طرف کوئی بات منسوب نہ کروں (اور میں رسالت کا خالی دعویٰ ہی نہیں کرتا بلکہ) میں تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے ایک بڑی دلیل (یعنی معجزہ) بھی لایا ہوں (جو طلب کے وقت دکھلا سکتا ہوں) سو (جب میں رسول مع الدلیل ہوں تو میں جو کہوں اس کی اطاعت کر چنانچہ منجملہ ان امور کے ایک یہ کہتا ہوں کہ) تو بنی اسرائیل کو (اپنی بیگار سے خلاصی دے کر) میرے ساتھ (ملک) شام کو جوان کا (اصلی وطن ہے) بھیج دے فرعون نے کہا کہ اگر آپ (منجانب اللہ) کوئی معجزہ لے کر آئے ہیں تو اس کو اب پیش کیجئے اگر آپ (اس دعوے میں) سچے ہیں بس آپ نے (فوراً) اپنا عصا (زمین پر) ڈال دیا سو دفعتہ وہ صاف ایک اژدھا بن گیا (جس کے اژدھا ہونے میں کوئی شک وشبہ نہیں ہو سکتا تھا) اور (دوسرا معجزہ یہ ظاہر کیا کہ) اپنا ہاتھ (گریبان کے اندر بغل میں دبا کر) باہر نکال لیا سو وہ یکا یک سب دیکھنے والوں کے روبرو بہت ہی چمکتا ہوا ہو گیا (کہ اس کو بھی سب نے دیکھا)۔ فا: اوپر جو بِاٰيٰتِنَا فرمایا ہے اس سے مراد یا تو یہی دو معجزے ہیں اور جمع لانا بوجہ ان کے کبیر ہونے یا بار بار واقع ہونے کے ہے اور یا وہ سب معجزات مراد ہیں جو یہاں سے تیسرے رکوع میں مذکور ہیں: وَلَقَدْ اَخَذْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ الخ مگر وہ سب اس وقت واقع نہیں ہوئے مختلف اوقات میں ان کا ظہور ہوتا رہا اور یہاں اجمال میں مجموعہ اوقات کا اعتبار ہوگا اور یہاں جو مَلَا۟ئِهٖ کی تخصیص کی گئی اس اعتبار سے کہ وہ سردار تھے اور لوگ ان کے تابع تھے اور بنی اسرائیل کی طرف مبعوث ہونا دوسری آیات میں مذکور ہے اور اس سے عموم بعثت لازم نہیں آتی کیونکہ دو قوموں میں سب مکلفین منحصر نہ تھے اور دوسری آیات میں ہارون علیہ السلام کا ساتھ ہونا بھی مذکور ہے شاید ان کے تابع ہونے کی وجہ سے یہاں ذکر نہ کیا ہو اور اس مقام پر دعوت الی التوحید کا اس لئے ذکر نہیں کیا کہ دوسری آیات میں موجود ہے چونکہ بنی اسرائیل پر ظلم کرنا حقوق العباد میں سے تھا اس اعتبار سے اس کا اہم ہونا موجب تخصیص ذکر ہو سکتا ہے اور بعض نے اَرْسِلْ کے معنی اطلق عن قیدك لئے ہیں پس شام وغیرہ کا اعتبار اس کے معنی میں نہ ہوگا اور اس آیت میں اژدھا فرمایا دوسری آیتوں میں جان بمعنی پتلا سانپ فرمایا جمع ان میں اس طرح ہے کہ یا تو کسی وقت ایسا ہوتا ہو کسی وقت میں ویسا یا اول پتلا ہوتا ہو پھر بڑھ جاتا ہو یا جثہ میں بڑا ہوتا ہوا اور تیزی میں پتلے سانپ کی طرح ہو اور مبین سے معلوم ہوتا ہے کہ تبدیل حقیقت ہو جاتی تھی خیالی قصہ نہ تھا اور لِلنّٰظِرِيْنَ سے کوئی نظر بندی کا شبہ نہ کرے کیونکہ یہ تاکید ہے اس کے واقعی بیاض کی جیسے کہا کرتے ہیں کہ کھلی آنکھوں لوگوں نے دیکھا اور انقلاب حقائق کا محال ہونا جو فلاسفہ میں مشہور ہے اس کی حقیقت یہ ہے کہ حقائق ثلثہ یعنی وجوب وامتناع وامکان ایک دوسرے کی طرف منقلب نہیں ہوتا ورنہ عناصر کا استحالہ کون نہیں دیکھتا۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی من بعدھم پیغمبروں اشارۃ الی ان مرجع الضمیر ھم الرسل ۱۲۔ ۲ قولہ فی فظلموا ایمان لے آتے اشارۃ الی ان تعدیۃ الظلم بالباء مع انہ یتعدی بلا واسطۃ لتضمنہ معنی الکفر ۱۲۔ ۳ قولہ فی المفسدین ان اشارۃ الی کون اللام للعھد ۱۲۔ ۴ قولہ فی رسول تم لوگوں دل علی ھذا المقدر ما سیلیہ من قولہ جئتکم ۱۲۔ ۵ قولہ فی حقیق یہی شایان اخذ بالحاصل اتباعا للمحاورۃ والا فالترجمۃ اللفظیۃ میں اس کے لئے شایان لان حقیق بمعنی جدیر وعلی بمعنی الباء ویؤیدہ علی ما فی الروح قراءۃ ابی بان لا اقول وقراءۃ عبداللہ ان لا اقول بتقدیر الجار ۱۲۔ ۶ قولہ قبل فارسل منجملۃ لان ما بلغہ لا ینحصر فی ما ھھنا ۱۲۔ ۷ قولہ فی نزع گریبان کے اندر بغل جمع فیہ بین قولیہ تعالیٰ ادخل یدك فی جیبك واضمم یدك الی جناحك والجمع بینھما ممکن فی زمان واحد ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: قرأ نافع حقیق علی بتشدید الیاء ای واجب علی او علی بمعنی الباء ای جدیر بی ان لا اقول علی معنی انی جدیر بان

www.besturdubooks.net

الخ فافهم ۱۲۔

البلاغۃ: قوله ببينة المراد به الجنس قوله للناظرين الفائدة في زيادته اما ما ذكرته في ف واما بيان كونه عجيبا خارجا عن العادة يجتمع عليه النظار كما في الروح۔

قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۰۹﴾ يُّرِيْدُ اَنْ يُّخْرِجَكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ ۚ فَمَاذَا
تَاْمُرُوْنَ ﴿۱۱۰﴾ قَالُوْٓا اَرْجِهْ وَاَخَاهُ وَاَرْسِلْ فِي الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ﴿۱۱۱﴾ يَاْتُوْكَ بِكُلِّ سَحَّارٍ عَلِيْمٍ ﴿۱۱۲﴾ وَجَآءَ
السَّحَرَةُ فِرْعَوْنَ قَالُوْٓا اِنَّ لَنَا لَاَجْرًا اِنْ كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿۱۱۳﴾ قَالَ نَعَمْ وَاِنَّكُمْ لَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿۱۱۴﴾
قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ تُلْقِيَ وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ نَحْنُ الْمُلْقِيْنَ ﴿۱۱۵﴾ قَالَ اَلْقُوْا ۚ فَلَمَّآ اَلْقَوْا سَحَرُوْٓا اَعْيُنَ
النَّاسِ وَاسْتَرْهَبُوْهُمْ وَجَآءُوْ بِسِحْرٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۱۶﴾ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَلْقِ عَصَاكَ ۚ فَاِذَا هِيَ تَلْقَفُ
مَا يَاْفِكُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۱۸﴾ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ﴿۱۱۹﴾
وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۲۱﴾ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ قَالَ فِرْعَوْنُ
اٰمَنْتُمْ بِهٖ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۚ اِنَّ هٰذَا لَمَكْرٌ مَّكَرْتُمُوْهُ فِي الْمَدِيْنَةِ لِتُخْرِجُوْا مِنْهَآ اَهْلَهَا ۚ
فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۲۳﴾ لَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ ثُمَّ لَاُصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۲۴﴾ قَالُوْٓا اِنَّآ
اِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ ﴿۱۲۵﴾ وَمَا تَنْقِمُ مِنَّآ اِلَّآ اَنْ اٰمَنَّا بِاٰيٰتِ رَبِّنَا لَمَّا جَآءَتْنَا ۭ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا
صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ﴿۱۲۶﴾ ع ۱۴ ۱۸ ۴

قوم فرعون میں جو سردار لوگ تھے انہوں نے کہا کہ واقعی یہ شخص بڑا ماہر جادوگر ہے۔ (ضرور) یہ (ہی) چاہتا کہ تم کو تمہاری (اس) سرزمین سے باہر کر دے سو تم لوگ کیا مشورہ دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آپ ان کو اور ان کے بھائی ہارون کو چندے مہلت دیجئے اور شہروں میں چپڑاسیوں کو بھیج دیجئے کہ وہ سب ماہر جادوگروں کو آپ کے پاس لاکر حاضر کر دیں۔ (چنانچہ ایسا ہی کیا گیا) اور وہ جادوگر فرعون کے پاس حاضر ہوئے کہنے لگے کہ اگر ہم غالب آئے تو ہم کو کوئی بڑا صلہ ملے گا؟ فرعون نے کہا کہ ہاں (بڑا انعام ملے گا) اور مزید (براں) تم مقرب لوگوں میں داخل ہو جاؤ گے۔ ان ساحروں نے عرض کیا کہ اے موسیٰ خواہ آپ ڈالئے اور یا ہم ہی ڈالیں موسیٰ نے فرمایا کہ (پہلے) تم ہی ڈالو۔ پس جب انہوں نے (اپنی رسیوں اور لاٹھیوں کو) ڈالا تو لوگوں کی نظر بندی کر دی اور ان پر ہیبت غالب کر دی اور اس طرح کا بڑا جادو دکھایا اور ہم نے موسیٰ کو وحی کے ذریعہ سے حکم دیا کہ آپ اپنا عصا ڈال دیجئے۔ سو عصا کا ڈالنا تھا کہ اس نے (اژدہا بن کر) ان کے سارے بنے بنائے کھیل کو نگلنا شروع کیا۔ پس اس وقت حق (کا حق ہونا) ظاہر ہو گیا اور انہوں نے جو کچھ بنایا و بنایا تھا سب آتا جاتا رہا۔ پس وہ لوگ اس موقع پر ہار گئے اور خوب ذلیل ہوئے اور وہ جو ساحر تھے وہ سجدہ میں گر گئے (اور پکار پکار کر) کہنے لگے کہ ہم ایمان لائے رب العالمین پر جو موسیٰ و ہارون کا بھی رب ہے۔ فرعون کہنے لگا کہ ہاں تم موسیٰ پر ایمان لائے ہو بدوں اس کے کہ میں اجازت دوں۔ بے شک یہ ایک کارروائی تھی جس پر تمہارا عملدرآمد ہوا ہے اس شہر میں۔ تاکہ تم اس شہر سے وہاں کے رہنے والوں کو باہر نکال دو۔ سو (بہتر ہے) اب تم کو حقیقت معلوم ہوئی جاتی ہے ہیں تمہارے ایک طرف کے ہاتھ دوسری طرف کے پاؤں کاٹوں گا۔ پھر تم سب کو سولی پر ٹانگ دوں گا۔ انہوں نے جواب دیا کہ (کچھ پروا نہیں) ہم مر کر اپنے مالک کے پاس ہی جائیں گے اور تو نے ہم میں کون سا شخص دیکھا بجز اس کے کہ ہم اپنے رب کے احکام پر ایمان لے آئے جب وہ احکام ہمارے پاس آئے اے ہمارے رب ہمارے اوپر صبر کا فیضان فرما اور ہماری جان حالت اسلام پر نکالئے۔

تفسیر: قصہ مقابلہ سحرہ با موسیٰ علیہ السلام ☆ قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۰۹﴾ (الی قوله تعالیٰ) رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ﴿۱۲۶﴾ (حضرت موسیٰ علیہ السلام کے جو یہ معجزات عظیمہ ظاہر ہوئے تو فرعون نے اہل دربار سے کہا کہ یہ شخص بڑا جادوگر ہے اس کا اصل

www.besturdubooks.net

مطلب یہ ہے کہ اپنے جادو سے تم لوگوں پر غالب آ کر یہاں کا رئیس ہو جاوے اور تم کو یہاں آباد نہ رہنے دے سو اس بارہ میں تمہارا کیا مشورہ ہے چنانچہ سورۂ شعراء میں یہ قول فرعون کا منقول ہے اس کو سن کر جیسا کہ مصاحبین سلاطین کی عادت ان کی ہاں میں ہاں ملانے کی ہوتی ہے فرعون کے قول کی تصدیق و موافقت کے لئے) قوم فرعون میں جو سردار (اور اہل دربار) لوگ تھے انہوں نے (ایک دوسرے سے) کہا کہ واقعی (جیسا ہمارے بادشاہ کہتے ہیں) یہ شخص بڑا ماہر جادوگر ہے (ضرور) یہ (ہی) چاہتا ہے کہ (اپنے جادو کے زور سے خود مع بنی اسرائیل کے رئیس ہو جاوے اور) تم کو (بوجہ اس کے کہ بنی اسرئیل کی نظر میں خار ہو) تمہاری (اس) سرزمین سے باہر کر دے سو تم لوگ (جیسا کہ بادشاہ دریافت کر رہے ہیں) کیا مشورہ دیتے ہو (غرض مشورہ طے کر کرا کر) انہوں نے (فرعون سے) کہا کہ آپ ان (موسیٰ علیہ السلام) کو اور ان کے بھائی (ہارون علیہ السلام) کو مہلت دیجئے اور (اپنی حدود قلمرو کے) شہروں میں (گرد آواروں کو یعنی) چپڑاسیوں کو (حکم نامے دے کر) بھیج دیجئے کہ وہ (سب شہروں سے) سب ماہر جادوگروں کو (جمع کر کے) آپ کے پاس لا کر حاضر کر دیں (چنانچہ ایسا ہی انتظام کیا گیا) اور وہ جادوگر فرعون کے پاس حاضر ہوئے (اور) کہنے لگے کہ اگر ہم (موسیٰ علیہ السلام پر) غالب آئے تو (کیا) ہم کو کوئی بڑا صلہ (اور انعام) ملے گا فرعون نے کہا کہ ہاں (انعام بھی بڑا ملے گا) اور مزید برآں یہ ہوگا کہ) تم (ہمارے) مقرب لوگوں میں داخل ہو جاؤ گے (غرض موسیٰ علیہ السلام کو فرعون کی جانب سے اس کی اطلاع دی گئی اور مقابلہ کے لئے تاریخ معین ہوئی اور تاریخ پر سب ایک میدان میں جمع ہوئے اس وقت) ان ساحروں نے (موسیٰ علیہ السلام سے) عرض کیا کہ اے موسیٰ (ہم آپ کو اختیار دیتے ہیں) خواہ آپ (اول اپنا عصا میدان میں) ڈالئے (جس کو آپ اپنا معجزہ بتلاتے ہیں) اور یا (آپ کہیں تو) ہم ہی (اپنی رسیاں اور لاٹھیاں میدان میں) ڈالیں موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ تم ہی (پہلے) ڈالو پس جب انہوں نے (اپنی رسیوں اور لاٹھیوں کو) ڈالا تو (جادو سے دیکھنے والے) لوگوں کی نظر بندی کر دی (جس سے وہ لاٹھیاں اور رسیاں سانپ کی شکل میں لہراتی نظر آنے لگیں) اور ان پر ہیبت غالب کر دی اور ایک طرح کا بڑا جادو دکھلایا اور (اس وقت) ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو (وحی کے ذریعہ سے) حکم دیا کہ آپ اپنا عصا ڈال دیجئے (جیسا ڈالا کرتے ہیں) سو عصا کا ڈالنا تھا کہ اس نے (اژدھا بن کر) ان کے سارے بنے بنائے کھیل کو نگلنا شروع کیا پس (اس وقت) حق (کا حق ہونا) ظاہر ہو گیا اور انہوں نے (یعنی ساحروں نے) جو کچھ بنایا و نایا تھا سب آتا جاتا رہا پس وہ لوگ (یعنی فرعون اور اس کی قوم) اس موقع پر ہار گئے اور خوب ذلیل ہوئے (اور اپنا سامنہ لے کر رہ گئے) اور وہ جو ساحر تھے وہ سجدہ میں گر گئے (اور پکار پکار کر) کہنے لگے کہ ہم ایمان لے آئے رب العالمین پر جو موسیٰ اور ہارون (علیہما السلام) کا بھی رب ہے فرعون (بڑا گھبرایا کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ ساری رعایا ہی مسلمان ہو جاوے تو ایک مضمون گھڑ کر ساروں سے) کہنے لگے ہاں تم موسیٰ (علیہ السلام) پر ایمان لائے ہو بدوں اس کے کہ میں تم کو اجازت دوں بیشک (معلوم ہوتا ہے کہ) یہ (جو کچھ جنگ زرگری کے طور پر ہوا ہے) ایک کارروائی تھی جس پر تمہارا عمل درآمد ہوا ہے اس شہر میں (خفیہ سازش ہو گئی ہے کہ تم یوں کرنا ہم یوں کریں گے پھر اس طرح ہار جیت ظاہر کریں گے اور یہ کارروائی ملی بھگت اس لئے کی ہے) تاکہ تم سب (مل کر) اس شہر سے وہاں کے رہنے والوں کو باہر نکال دو (پھر بفراغ خاطر سب مل کر یہاں ریاست کرو) سو (بہتر ہے) اب تم کو حقیقت معلوم ہوئی جاتی ہے (اور وہ یہ ہے کہ) میں تمہارے ایک طرف کے ہاتھ دوسری طرف کے پاؤں کاٹوں گا پھر تم سب کو سولی پر ٹانگ دونگا (تاکہ اوروں کو عبرت ہو) انہوں نے جواب دیا کہ (کچھ پرواہ نہیں) ہم مر کر (کسی برے ٹھکانے تو نہ جاویں گے بلکہ) اپنے مالک ہی کے پاس جاویں گے (جہاں ہر طرح امن و راحت ہے سو ہمارا نقصان ہی کیا ہے) اور تو نے ہم میں کون سا عیب دیکھا ہے (جس پر اس قدر شور و غل ہے بجز اس کے کہ ہم اپنے رب کے احکام پر ایمان لے آئے (سو یہ کوئی عیب کی بات نہیں پھر اس سے اعراض کر کے حق تعالیٰ سے دعا کی کہ) اے ہمارے رب ہمارے اوپر صبر کا فیضان نثار فرما (کہ اگر یہ سختی کرے مستقل رہیں) اور ہماری جان حالت اسلام پر نکالئے (کہ اس کی سختی سے پریشان ہو کر کوئی بات ایمان کے خلاف نہ ہو جاوے) **ف**: یہاں چند فوائد سمجھنا چاہئے **اول**: یہ کہ یہاں جو ارشاد فرمایا ہے: سَحَرُوْٓا اَعْيُنَ النَّاسِ یہ ایک واقعہ خاصہ ہے اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ سحر کا منتہیٰ اتنا ہی ہے کہ نظر بندی ہو جاتی ہے بلکہ بعض انواع سحر سے تبدیل حقیقت بھی ممکن ہے اور اس کے امتناع پر کوئی دلیل نقلی یا عقلی قائم نہیں اور اگر کسی کو سحر عظیم سے شبہ ہو کہ عظیم سے زیادہ تو کوئی چیز نہیں جب نظر بندی کو سحر عظیم کہا معلوم ہوا کہ اور اقسام سحر کے اس سے بھی کم ہیں جواب یہ ہے کہ عظیم سے زیادہ اعظم ہوتا ہے پھر عظیم میں بھی مراتب مختلف ہیں پس ممکن ہے کہ کسی درجہ میں یہ بھی عظیم ہو اور اس سے بڑے درجہ میں تبدیل حقیقت عظیم ہو چنانچہ عظیم کے ترجمہ میں لفظ ایک طرح کا سے اس طرف اشارہ بھی کر دیا گیا ہے **دوم**: رب موسیٰ و ہارون اس لئے بڑھایا کہ فرعون اپنے کو رب اعلیٰ بتلاتا تھا تو رب العالمین کا مصداق سننے والے اس کو نہ سمجھ جاویں اس لئے اس کو بڑھا کر مراد متعین کر دی کہ جس کو موسیٰ و ہارون رب کہتے ہیں **سوم**: سوال سحر سے مقابلہ کرنا معجزہ کا کفر ہے پھر موسیٰ علیہ السلام نے اس کی کیسے اجازت دی کہ اَلْقُوْا حالانکہ کفر کی اجازت دینا نبی بلکہ مؤمن سے بھی ممکن نہیں۔ **جواب**: اگر آپ اَلْقُوْا نہ بھی فرماتے تب بھی یقیناً وہ لوگ یہ عمل کرتے پس معلوم ہوا یہ اجازت القاء کی نہیں بلکہ ان کی دو شقوں میں سے کہ اول القاء کس کا ہو جیسا کہ بعض آیات میں اَوَّلَ مَنْ اَلْقٰى اس پر دال ہے آپ نے ایک شق کو متعین فرما دیا کہ اسی پر

www.besturdubooks.net

اظہار حق موقوف تھا کیونکہ دوسری شق میں اس عصا کا سانپ بننا تو ظاہر ہوتا لیکن اُن پر غلبہ تو ظاہر نہ ہوتا اس شق میں اُن کے عصا و حبال کو فوراً نگل جانے سے پورا غلبہ ظاہر ہو گیا گو اگر وہ لوگ بعد میں ڈالتے تب بھی وہ عصا ان کو نگل جاتا لیکن فوراً موسیٰ علیہ السلام کے عصا ڈالتے ہی اس کا باطل ہونا جو کہ اوقع فی النفس ہے یہ تو ظاہر نہ ہوتا۔ پس امر القاء کا نہیں بلکہ تقدیم بالالقاء المتیقن کا ہے اور وہ بھی مصلحت کمال غلبۂ حق کے خوب سمجھ لو اور یوں بھی کہہ سکتے ہیں کہ یہاں صیغۂ امر سے مقصود اجازت نہیں بلکہ مراد عدم مبالات کا اظہار ہے یعنی ہم کو اس سے ذرا اندیشہ نہیں تم جو چاہو کر لو چہارم: فرعون کا یہ کہنا کہ اِنَّ هٰذَا لَمَكْرٌ یہ محض سخن سازی ہے اس کا کوئی منشاء اشتباہ ہونا ضرور نہیں اور بعض نے ایک منشاء بھی ذکر کیا ہے وہ یہ کہ مقابلہ سے پہلے موسیٰ علیہ السلام اور افسر ساحرین میں یہ گفتگو ہوئی کہ موسیٰ علیہ السلام نے اس سے فرمایا کہ اگر میں غالب آ گیا تو کیا تو ایمان لے آوے گا اس نے جواب دیا کہ میرے سحر پر غلبہ ممکن نہیں اور اگر آپ غالب آ گئے تو میں ضرور ایمان لے آؤں گا اور فرعون نے اس کا مشاہدہ کیا تھا رواہ ابن جریر وابو الشیخ عن ابن مسعود و ناس من الصحابة کذا فی روح المعانی اس لئے اس نے کہا کہ تم نے سازش کی ہے حالانکہ اس کا سازش ہونا محض لغو بات ہے۔ پنجم: بعض نے کہا ہے کہ فرعون نے ان نومسلموں کو یہ سزا دی تھی اور بعض نے اس آیت یعنی :اَنْتُمَا وَمَنِ اتَّبَعَكُمَا الْغٰلِبُوْنَ [القصص : ۳۵] سے اس کا انکار کیا ہے لیکن یہ جواب ممکن ہے کہ غلبہ سے مراد غلبۂ بالحجت ہو مایوں کہا جاوے کہ بعض کا قتل ہو جانا منافی غلبہ کے نہیں چنانچہ محاربات میں ایک فریق کو آخر میں غالب کہا جاتا ہے حالانکہ ان میں بھی مقتول ہوتے ہیں۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلِ السُّلُوْكِ: قولہ تعالیٰ: قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيْمٌ (الی قولہ تعالیٰ) يُّرِيْدُ اَنْ يُّخْرِجَكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ فرعون نے موسیٰ کے طریق حق کو ایک باطل کی صورت میں ظاہر کیا یہی حال ہے اہل باطل کا گو وہ صوفی ہی کہلاویں کہ عوام کو اہل حق سے نفرت دلانے کے لئے ان کے حق کو برے برے عنوان سے ظاہر کرتے ہیں۔ قولہ تعالیٰ قَالَ اَلْقُوْا موسیٰ علیہ السلام کا مقصود اس سے خود اذن دینا نہ تھا بلکہ اذن کو ان کے کفر کے ابطال اور اپنے معجزہ کے اثبات کا ذریعہ بنانا تھا ایسی ہی مصلحت سے بعض اوقات شیوخ ایسے امر میں اذن دے دیتے ہیں کہ ظاہر اس کا معصیت ہوتا ہے مگر اخیر میں اس میں کوئی مصلحت دینی ہوتی ہے وہی مصلحت ان کو مقصود ہوتی ہے۔ قولہ تعالیٰ: قَالَ اَلْقُوْا ۚ فَلَمَّآ اَلْقَوْا سَحَرُوْٓا اَعْيُنَ النَّاسِ اور اس ناس میں موسیٰ علیہ السلام بھی داخل ہیں چنانچہ سورۂ طٰہٰ میں ہے يُخَيَّلُ اِلَيْهِ [طٰہٰ : ۶۶] اہ پس اس سے کئی امر مستفاد ہوئے اول خوارق سے دھوکا نہ کھانا کہ اہل باطل سے بھی ظاہر ہو سکتے ہیں ثانی سحر کی ایک قسم خیال میں تصرف کرنا بھی ہے اسی میں مسمریزم بھی داخل ہے۔ ثالث ایسی چیزوں سے متاثر ہو جانا کمال باطنی کے خلاف نہیں چنانچہ موسیٰ علیہ السلام خائف ہوئے اور اہل حق کا ایسے امور پر یا ان کے ابطال پر قادر ہونا لازم نہیں۔ قولہ تعالیٰ: وَاَلْقِ الْعَصَاكَ اس پر دال ہے کہ اصل مدار طریق میں جذب من الحق ہے اور اس پر اہل طریق کا اجماع ہے۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃِ: ۱ قوله قبل قال الملأ فرعون نے اہل دربار سے اشار به الی وجه الجمیع بین الآیتین وقد القی هذا فی قلبی ثم رایته للبیضاوی ۱۲۔ ۲ قوله فی قالوا ان لنا اور اشار الی کون الجملة استینافا ۱۲۔ ۳ قوله فی لاجرا بڑا افاده التنوین وبقوله کیا اشار الی حذف اداة الاستفهام کما فی قراءة ۱۲۔ ۴ قوله قبل قالوا یموسیٰ اطلاع الی جمع دل علیه ما فی طٰه من قوله فاجعل بیننا وقوله یحشر الناس ۱۲۔ ۵ قوله فی فاذا هی ڈالناتھا اخذ بحاصل ترجمة اذا والفاء الفصیحة ۱۲۔ ۶ قوله فی اٰمنتم ہاں اشار به الی التوبیخ والانکار المستفاد من المقام او حذف اداة الاستفهام کما فی قراءة ۱۲۔ ۷ قوله فی به موسیٰ کما فی طٰه آمنتم له وظاهر ان الایمان بالله الایمان بموسی الامر به ۱۲۔ ۸ قوله فی قبل بدون اخذ بالحاصل لانه علی حد لنفد البحر قبل ان تنفد کلمات لان النفاد لا یکون قط ۱۲۔ ۹ قوله قبل لاقطعن اوروہ یہ ہے اشار الی ان جملة التقطیع تفصیل للاجمال قبله ۱۲۔ ۱۰ قوله فی افرغ فیضان فی الروح افض ۱۲۔

اَللُّغَاتُ: تامرون تشیرون کذا فی الروح ارجه واخاه الارجاء التاخیر واصله ارجئه کما فی قراءة باشباع الضم وفی قراءة بلا اشباع او اصله ارجه من ارجیت کما فی قراءة باشباع الکسر وفی قراءة بلا اشباع فحذفت الهمزة واسکنت الهاء تشبیها للمنفصل بالمتصل وجعل جه وکابل فی اسکان وسطة وفی روایة ابن ذکوان عن ابن عامر ارجئه بالهمزة وکسر الهاء فوجهه ان الهمزة لما کانت تقلب یاء اجریت مجرٰها فلا یرد عدم ارتضاء النحاة بناء علی ان الهاء لا تکسر الا اذا کان قبلها کسرة او یاء ساکنة من البیضاوی حاشرین فی الروح فسره بعضهم بالشرط (وقد رواه الطبری عن ابن عباسؓ وهم اعوان الولاة لانهم یجعلون لهم علامة ویقال للواحد شرطی نسبة للشرطة۔ قوله هنالك ظرف مکان کما یترجم عنه الترجمة وفی الروح ای فی ذلك الجمع العظیم الصلب الشد علی خشبة او غیرها وشاع فی تعلیق الشخص بنحو حبل فی عنقه لیموت وهو المتعارف الیوم کذا فی الروح وراعیته فی الترجم۔

www.besturdubooks.net

النحو: لم ار من تعرض لترکیب قوله تعالیٰ اما ان تلقی الخ وعندی ان قوله ان تلقی وان نکون بعد تاویلهما بالمصدر معمول لمقدر دل علیه السیاق هکذا یا موسیٰ علیه السلام انت مخیر فی القائك وکوننا نحن الملقین والله اعلم والجملة علی هذا التقدیر خبریة لکن رأیت بعد هذا منقولا عن ابن جریر ما یجعل الجملة امراً بالدلیل فرجعت عن تاویلی وهو ان معنی الکلام اختران تلقی انت او نلقی نحن والدلیل ان الکلام مع اما اذا کان علی وجه الامر فلا بد ان یکون فیه ان کقولك للرجل اما ان تمضی واما ان تقعد بمعنی الامر امض او اقعد فاذا کان علی وجه الخیر لم یکن فیه ان کقوله تعالیٰ وآخرون مرجون لامر الله اما یعذبهم واما یتوب علیهم۱۲۔

البلاغة: قوله ان کنا نحن الغالبین لیس للشك بل لبیان مناط استحقاق الاجر۔ النکتة فی القی السحرة مبنیا للمفعول التنبیه علی ان الحق بهرهم واضطرهم الی السجود بحیث لم یبق لهم تمالك فکان احدا او قعهم والقاهم او ان الله تعالیٰ الهمهم ذلك وحملهم علیه کذا فی الروح۱۲۔

وَقَالَ الْمَلَأُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ أَتَذَرُ مُوسَىٰ وَقَوْمَهُ لِيُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ وَيَذَرَكَ وَآلِهَتَكَ ۚ قَالَ سَنُقَتِّلُ أَبْنَاءَهُمْ وَنَسْتَحْيِي نِسَاءَهُمْ ۚ وَإِنَّا فَوْقَهُمْ قَاهِرُونَ ﴿١٢٧﴾ قَالَ مُوسَىٰ لِقَوْمِهِ اسْتَعِينُوا بِاللَّهِ وَاصْبِرُوا ۖ إِنَّ الْأَرْضَ لِلَّهِ ۖ يُورِثُهَا مَنْ يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ ۖ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِينَ ﴿١٢٨﴾ قَالُوا أُوذِينَا مِنْ قَبْلِ أَنْ تَأْتِيَنَا وَمِنْ بَعْدِ مَا جِئْتَنَا ۚ قَالَ عَسَىٰ رَبُّكُمْ أَنْ يُهْلِكَ عَدُوَّكُمْ وَيَسْتَخْلِفَكُمْ فِي الْأَرْضِ فَيَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُونَ ﴿١٢٩﴾ ع ۱۵

اور قوم فرعون کے سرداروں نے کہا کہ کیا آپ موسیٰ کو اور ان کی قوم کو یوں ہی رہنے دیں گے کہ وہ ملک میں فساد کرتے پھریں اور وہ آپ کو اور آپ کے معبودوں کو ترک کئے رہیں۔ فرعون نے کہا کہ ہم ابھی ان لوگوں کے بیٹوں کو قتل کرنا شروع کر دیں گے اور عورتوں کو زندہ رہنے دوں گے اور ہم کو ہر طرح کا ان پر زور ہے۔ موسیٰ نے اپنی قوم سے فرمایا کہ خدا تعالیٰ کا سہارا رکھو اور مستقل رہو (گھبراؤ مت) یہ زمین اللہ تعالیٰ کی ہے جس کو چاہیں مالک (وحاکم) بنادیں اپنے بندوں میں سے اور اخیر کامیابی ان ہی کی ہوتی ہے جو خدا تعالیٰ سے ڈرتے ہیں۔ قوم کے لوگ کہنے لگے کہ ہم تو ہمیشہ مصیبت میں ہی رہے آپ کی تشریف آوری سے قبل بھی اور آپ کی تشریف آوری کے بعد بھی۔ موسیٰ نے فرمایا بہت جلد اللہ تعالیٰ تمہارے دشمن کو ہلاک کر دیں گے اور بجائے ان کے تم کو اس سرزمین کا مالک بنادیں گے پھر تمہارا طرز عمل دیکھیں گے۔

تفسیر: بداندیشی قبطیاں باسطیان وتحزن ایشاں از وتسلیہ موسیٰ علیہ السلام ایشاں را ☆ وَقَالَ الْمَلَأُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ (الی قوله تعالیٰ) فَيَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُونَ ﴿١٢٩﴾ اور (جب موسیٰ علیہ السلام کا یہ معجزہ عظیمہ منظر عام پر ظاہر ہوا اور ساحرین ایمان لے آئے اور بعضے اور لوگ بھی آپ کے تابع ہو گئے اس وقت) قوم فرعون کے سرداروں نے (جو کہ اعیان سلطنت تھے یہ دیکھ کر کہ بعضے آدمی مسلمان ہو چلے فرعون سے) کہا کہ کیا آپ موسیٰ (علیہ السلام) کو اور ان کی قوم (تابعین) کو یوں ہی (مخلی بالطبع ومطلق العنان آزاد) رہنے دیں گے کہ وہ ملک میں فساد کرتے پھریں (فساد یہ کہ اپنا مجمع بڑھاویں جس کے اخیر میں اندیشہ بغاوت ہے) اور وہ (یعنی موسیٰ علیہ السلام) آپ کو اور آپ کے (تجویز کئے ہوئے) معبودوں کو ترک کئے رہیں (یعنی ان کے معبود ہونے کے منکر رہیں اور موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ ان کی قوم بھی ایسا ہی کرے یعنی آپ اس کا انتظام کیجئے) فرعون نے کہا کہ (سردست یہ انتظام مناسب معلوم ہوتا ہے کہ) ہم ابھی ان لوگوں کے بیٹوں کو قتل کرنا شروع کر دیں (تاکہ ان کا زور بڑھنے نہ پاوے) اور (چونکہ عورتوں کے بڑھنے سے کوئی اندیشہ نہیں اور نیز ہم کو اپنے کارو خدمت کیلئے بھی ضرورت ہے اس لئے) عورتوں کو زندہ رہنے دیں اور ہم کو ہر طرح کا ان پر زور ہے (اس انتظام میں کوئی دشواری نہ ہوگی اس مجلس کی گفتگو کی خبر جو بنی اسرائیل کو پہنچی تو بڑے گھبرائے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام سے چارہ جوئی کی تو) موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنی قوم سے فرمایا کہ خدا تعالیٰ کا سہارا رکھو اور مستقل رہو (گھبراؤ مت) یہ زمین اللہ تعالیٰ کی ہے جس کو چاہیں مالک (اور حاکم) بنادیں اپنے بندوں میں سے (سو چند روز کے لئے فرعون کو دے دی ہے) اور اخیر کامیابی ان ہی کو ہوتی ہے جو خدا تعالیٰ سے ڈرتے ہیں (سو تم ایمان وتقویٰ پر قائم رہو ان شاء اللہ تعالیٰ یہ سلطنت تم ہی کو مل جاوے گی تھوڑے دنوں انتظار کی ضرورت ہے) قوم کے لوگ (غایت حسرت وحزن سے جس کا طبعی اقتضاء تکرار شکوہ ہے) کہنے لگے کہ (حضرت) ہم تو ہمیشہ مصیبت ہی میں رہے آپ کی

www.besturdubooks.net

تشریف آوری کے قبل بھی (کہ فرعون بیگار لیتا تھا اور مدتوں ہمارے لڑکوں کو قتل کرتا رہا) اور آپ کی تشریف آوری کے بعد بھی (کہ طرح طرح کی تکلیفیں پہنچائی جارہی ہیں یہاں تک کہ اب پھر قتل اولاد کی تجویز ٹھہری ہے) موسیٰ (علیہ السلام) نے فرمایا (گھبراؤ مت) بہت جلد اللہ تعالیٰ تمہارے دشمن کو ہلاک کر دیں گے اور بجائے ان کے تم کو اس زمین کا حاکم بنادیں گے پھر تمہارا طرز عمل دیکھیں گے (کہ شکر و قدر و طاعت کرتے ہو یا بے قدری اور غفلت و معصیت اس میں ترغیب ہے طاعت کی اور تحذیر ہے معصیت سے) **ف**: اٰلِهَتَكَ کی تفسیر میں کئی قول ہیں سہل قول سدی کا ہے کہ فرعون نے کچھ بت بنوا کر تقسیم کر دیئے تھے کہ ان کو ہمارا نائب سمجھ کر ان کی عبادت کیا کرو او ردوہ فی الروح والخازن وغیرھما ایک تفسیر میں نظر سے گزرا ہے کہ اپنی تصویر کے بت بنوا کر دیئے تھے۔ واللہ اعلم۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: قَالَ عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُّهْلِكَ عَدُوَّكُمْ وَ يَسْتَخْلِفَكُمْ فِي الْاَرْضِ اس میں دلالت ہے کہ کفار کا مغلوب ہونا اور مؤمنین کا غالب ہونا نعمائے عظیم سے ہے پس ترک دنیا کے یہ معنی نہیں ہیں کہ کفار کے ہاتھ میں بدوں عذر کے ذلت وخواری میں پڑا رہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی یذرك وہ یعنی موسیٰ الخ اشار الی ان تخصیصہ بالذکر لاصالتہ والقوم لہ تبع ۱۲۔

وَلَقَدْ اَخَذْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ بِالسِّنِيْنَ وَ نَقْصٍ مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿۱۳۰﴾ فَاِذَا جَآءَتْهُمُ
الْحَسَنَةُ قَالُوْا لَنَا هٰذِهٖ ۚ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ يَّطَّيَّرُوْا بِمُوْسٰى وَمَنْ مَّعَهٗ ؕ اَلَآ اِنَّمَا طٰٓئِرُهُمْ
عِنْدَ اللّٰهِ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳۱﴾ وَ قَالُوْا مَهْمَا تَاْتِنَا بِهٖ مِنْ اٰيَةٍ لِّتَسْحَرَنَا بِهَا ۙ فَمَا نَحْنُ
لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳۲﴾ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الطُّوْفَانَ وَالْجَرَادَ وَالْقُمَّلَ وَالضَّفَادِعَ وَالدَّمَ اٰيٰتٍ
مُّفَصَّلٰتٍ فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ﴿۱۳۳﴾ وَلَمَّا وَقَعَ عَلَيْهِمُ الرِّجْزُ قَالُوْا يٰمُوْسَى ادْعُ لَنَا رَبَّكَ
بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ ۚ لَئِنْ كَشَفْتَ عَنَّا الرِّجْزَ لَنُؤْمِنَنَّ لَكَ وَلَنُرْسِلَنَّ مَعَكَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۱۳۴﴾ فَلَمَّا كَشَفْنَا
عَنْهُمُ الرِّجْزَ اِلٰٓى اَجَلٍ هُمْ بٰلِغُوْهُ اِذَا هُمْ يَنْكُثُوْنَ ﴿۱۳۵﴾ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَاَغْرَقْنٰهُمْ فِي الْيَمِّ
بِاَنَّهُمْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا عَنْهَا غٰفِلِيْنَ ﴿۱۳۶﴾

اور ہم نے فرعون والوں کو مبتلا کیا قحط سالی میں اور پھلوں کی کم پیداواری میں تاکہ وہ (حق بات کو) سمجھ جائیں۔ سو جب ان پر خوشحالی آجاتی ہے تو کہتے ہیں کہ یہ تو ہمارے لئے ہونا ہی چاہئے اور اگر ان کو کوئی بدحالی پیش آتی ہے تو موسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھیوں کی نحوست بتلاتے ہیں۔ یاد رکھو ان کی نحوست (کا سبب) اللہ کے علم میں ہے لیکن ان میں اکثر لوگ نہیں جانتے تھے اور یوں کہتے (خواہ) کیسی ہی عجیب بات میرے سامنے لاؤ کہ اس کے ذریعے سے ہم پر جادو چلاؤ جب بھی ہم تمہاری بات ہرگز نہ مانیں گے۔ پھر ہم نے ان پر طوفان بھیجا اور ٹڈیاں اور گھن کا کیڑا اور مینڈک اور خون کہ یہ سب کھلے کھلے معجزے تھے۔ سو وہ تکبر کرتے رہے اور وہ لوگ کچھ تھے ہی جرائم پیشہ اور جب ان پر کوئی عذاب واقع ہوتا تو یوں کہتے اے موسیٰ علیہ السلام ہمارے لئے اپنے رب سے اس بات کی دعا کر دیجئے جس کا اس نے آپ سے عہد کر رکھا ہے۔ اگر آپ اس عذاب کو ہم سے اٹھا دیں گے تو ہم ضرور ضرور آپ کے کہنے سے ایمان لے آئیں گے اور ہم بنی اسرائیل کو بھی رہا کر کے آپ کے ہمراہ کر دیں گے۔ پھر جب ان سے اس عذاب کو ایک وقت خاص تک کہ اس تک ان کو پہنچنا تھا۔ ہٹا دیتے تو وہ فوراً ہی عہد شکنی کرنے لگتے۔ پھر ہم نے ان سے بدلہ لیا یعنی ان کو دریا میں غرق کر دیا۔ اس سبب سے کہ وہ ہماری آیتوں کو جھٹلاتے تھے اور ان سے بالکل ہی بے توجہی کرتے تھے۔

تفسیر: تسلیط بلیات برقبطیاں باز اہلاک ایشاں ☆ وَلَقَدْ اَخَذْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ (الی قولہ تعالیٰ) وَكَانُوْا عَنْهَا غٰفِلِيْنَ ﴿۱۳۶﴾ اور (جب فرعون اور اس کے تابعین نے انکار و مخالفت پر کمر باندھی تو) ہم نے فرعون والوں کو (مع فرعون کے حسب عادات مذکور رکوع اول پارہ ہذا ان بلیات میں) مبتلا کیا (۱) قحط سالی میں اور (۲) پھلوں کی کم پیداوری میں تاکہ وہ (حق بات کو) سمجھ جاویں (اور سمجھ کر قبول کرلیں) سو (وہ پھر بھی نہ سمجھے بلکہ یہ کیفیت تھی کہ) جب ان پر خوشحالی (یعنی ارزانی و پیداواری آجاتی تو کہتے کہ یہ تو ہمارے لئے ہونا ہی چاہئے (یعنی ہم مبارک طالع ہیں یہ ہماری خوش بختی کا اثر ہے یہ نہ تھا کہ اس کو خدا کی

www.besturdubooks.net

نعمت سمجھ کر شکر بجالاتے اور اطاعت اختیار کرتے) اور اگر ان کو کوئی بدحالی (جیسے قحط و کم پیداواری مذکور) پیش آتی تو موسیٰ (علیہ السلام) اور ان کے ساتھیوں کی نحوست بتلاتے (کہ یہ ان کی نحوست سے ہوا یہ نہ ہوا کہ اس کو اپنے اعمال بد کفر و تکذیب کی شامت اور سزا سمجھ کر تائب ہو جاتے حالانکہ یہ سب ان کی شامت اعمال تھی جیسا کہ فرماتے ہیں کہ) یاد رکھو کہ ان کی (اس) نحوست (کا سبب) اللہ کے علم میں ہے (یعنی ان کے اعمال کفریہ تو اللہ کو معلوم ہیں یہ نحوست ان ہی اعمال کی سزا ہے) لیکن (اپنی بے تمیزی سے) ان میں اکثر لوگ (اس کو) نہیں جانتے تھے اور (بلکہ اوپر سے) یوں کہتے (کہ خواہ) کیسی ہی عجیب بات ہمارے سامنے لاؤ کہ اس کے ذریعہ سے ہم پر جادو چلاؤ جب بھی ہم تمہاری بات ہرگز نہ مانیں گے (جب ایسی سرکشی اختیار کی تو) پھر ہم نے (ان دو بلا کے علاوہ یہ بلائیں مسلط کیں کہ (۳) ان پر (کثرت بارش کا) طوفان بھیجا (جس سے مال اور جان تلف ہونے کا اندیشہ ہو گیا) اور (اس سے گھبرائے تو موسیٰ علیہ السلام سے عہد و پیمان کیا کہ ہم سے یہ بلا دور کرائیے تو ہم ایمان لاویں اور جو آپ کہیں اطاعت کریں پھر جب وہ بلا دور ہوئی اور دلخواہ غلہ وغیرہ نکلا پھر بے فکر ہو گئے کہ اب تو جان بھی بچ گئی مال بھی خوب پیدا ہوگا اور بدستور اپنے کفر و طغیان پر اڑے رہے تو ہم نے ان کے کھیتوں پر (۴) ٹڈیاں (مسلط کیں) اور (جب پھر کھیتوں کو تباہ ہوتے دیکھا تو گھبرا کر پھر ویسے ہی عہد و پیمان کئے پھر جب آپ کی دعا سے وہ بلا دور ہوئی اور غلہ وغیرہ تیار کر کے اپنے گھر لے آئے پھر بے فکر ہو گئے کہ اب تو غلہ قابو میں آ گیا اور بدستور اپنے کفر و مخالفت پر جمے رہے تو ہم نے اس غلہ میں (۵) گھن کا کیڑا (پیدا کر دیا) اور جب پھر گھبرا کر اسی طرح عہد و پیمان کر کے دعا کرائی اور وہ بلا بھی دور ہوئی اور اس سے مطمئن ہو گئے کہ اب پیس کوٹ کر کھاویں پیویں گے پھر وہی کفر اور وہی مخالفت تو اس وقت ہم نے ان کے کھانے کو یوں بے لطف کر دیا کہ ان پر (۶) مینڈک (ہجوم کر کے ان کے کھانے کے برتنوں میں ہنڈیوں میں گرنا شروع ہوئے جس سے سب کھانا غارت ہوا اور ویسے بھی گھر میں بیٹھنا مشکل کر دیا) اور (پینا یوں بے لطف کر دیا کہ (۷) ان کا (پانی) خون (ہو جاتا منہ میں لیا اور خون بنا غرض ان پر یہ بلائیں مسلط ہوئیں) کہ یہ سب (موسیٰ علیہ السلام کے) کھلے کھلے معجزے تھے (کہ ان کی تکذیب و مخالفت پر ان کا ظہور ہوا سحر نہ تھے جیسا ان کے قول لِتَسْحَرَنَا سے معلوم ہوا اور یہ ساتوں عصا اور ید ملا کر آیات تسعہ کہلاتے ہیں) سو (چاہئے تھا کہ ان معجزات و آیات قہر کو دیکھ کر ڈھیلے پڑ جاتے مگر) وہ (پھر بھی) تکبر (ہی) کرتے رہے اور وہ لوگ کچھ تھے ہی جرائم پیشہ (کہ اتنی سختی پر بھی باز نہ آتے تھے) اور جب ان پر کوئی عذاب (مذکورہ بلاؤں میں سے) واقع ہوتا تو یوں کہتے اے موسیٰ ہمارے لئے اپنے رب سے اس بات کی دعا کر دیجئے جس کا اس نے آپ سے عہد کر رکھا ہے (وہ بات قہر کا دور کر دینا ہے ہمارے باز آ جانے پر سو ہم اب وعدہ کرتے ہیں کہ) اگر آپ اس عذاب کو ہم سے ہٹا دیں (یعنی دعا کر کے ہٹوا دیں) تو ہم ضرور ضرور آپ کے کہنے سے ایمان لے آویں گے اور ہم بنی اسرائیل کو بھی رہا کر کے آپ کے ہمراہ کر دیں گے پھر جب (ببرکت دعائے موسیٰ علیہ السلام) ان سے اس عذاب کو ایک وقت خاص تک کہ اس تک ان کو پہنچنا تھا ہٹا دیتے تو وہ فوراً ہی عہد شکنی کرنے لگتے (جیسا اوپر بیان ہوا) پھر (جب ہر ہر طرح دیکھ لیا کہ وہ اپنی شرارت سے باز ہی نہیں آتے تب اس وقت) ہم نے ان سے (پورا) بدلہ لیا یعنی ان کو دریا میں غرق کر دیا (جیسا کہ دوسری جگہ ہے) اس سبب سے کہ وہ ہماری آیتوں کو جھٹلاتے تھے اور ان سے بالکل ہی بے توجہی کرتے تھے (اور تکذیب اور غفلت بھی ایسی ویسی نہیں بلکہ ایسے اصرار و عناد کے ساتھ کہ اطاعت کا وعدہ کر لیں اور توڑ دیں)۔ ف: اَجَلٍ هُمْ بَالِغُوْهُ سے مراد احقر کے نزدیک دوسری بلا کی آمد سے پہلے پہلے کا وقت ہے کہ اس وقت تک وہ بلا ٹل جاتی پھر دوسری بلا کہ بلا ہونے میں گویا عین اول ہے مسلط ہو جاتی اور بلاء سنین و نقص ثمرات کے بعد ان کا حسنہ کا اپنی طرف نسبت کرنا اور سیئہ کا موسیٰ علیہ السلام کی طرف اور طوفان وغیرہ کے بعد ان کا کہنا اُدْعُ لَنَا رَبَّكَ شاید یہ تفاوت اس وجہ سے ہو کہ اول بلاؤں کو معمولی سمجھا پھر تواتر سے گھبرائے اور شاید بلا کے طوفان وغیرہ کا اشتداد بھی زیادہ میں اور ظاہر ہو۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ فَاَغْرَقْنٰهُمْ فِي الْيَمِّ معلوم ہوا کہ عقوبت دنیویہ گاہے معصیت پر بھی مرتب ہو جاتی ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی عندالله علم میں سنح هذا التفسير لخاطری ثم رأيته للبيضاوی ۱۲۔ ۲ قوله فی الطوفان الخ طوفان ما يدل على الترتيب والتفصيل والتفسير الخاص كله ماخوذ من المأثور فی الدر المنثور ۱۲۔ ۳ قوله فی بما عهد وہ بات قہر کا الخ وهذا من المواهب و هذا العهد معلوم مقرر فی شرائع الانبياءؑ مذكور على السنتهم مرارا وكرارا ۱۲۔ ۴ قوله فی اغرقنا یعنی اشارة الى كون الفاء تفسيرية كما فی روح المعانی فلا اشكال فی تاخر الاغراق عن الانتقام مع كونهما واحد ۱۲۔ ۵ قوله فی توضيح كذبوا وعده كرليں الخ اندفع به ما يتوهم من ان الفاء فی فانتقمنا يدل على ان السبب هو النكث والباء فی بانهم الخ يدل على ان السبب هو التكذيب وتقرير الدفع ظاهر ۱۲۔

اللغات: السنين جمع سنة والمراد بها عام القحط وقد غلبت فی ذلك القمل فی الدر المنثور عن ابن عباس هو السوس الذی يخرج من الحنطة والطائر اصله ان العرب كانت تزجر الطير فتتشائم به اذا وقع موافقا لاصطلاحهم الذی كان يدل على الشوم

www.besturdubooks.net

والمراد ههنا العمل السئ السبب للشوم مهما يستعمل شرطا وظرفا۔

البلاغة: تعريف الحسنة وذكرها باداة التحقيق كما قال غير واحد لكثرة وقوعها وتعلق الارادة باحدالها غالبا ولو بلا عمل وتنكير السيئة وذكر بها باداة الشك لندورها بعد العمل السئ ۱۲ من روح۔

وَاَوْرَثْنَا الْقَوْمَ الَّذِيْنَ كَانُوْا يُسْتَضْعَفُوْنَ مَشَارِقَ الْاَرْضِ وَمَغَارِبَهَا الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا ؕ وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ
الْحُسْنٰى عَلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۙ بِمَا صَبَرُوْا ؕ وَدَمَّرْنَا مَا كَانَ يَصْنَعُ فِرْعَوْنُ وَقَوْمُهٗ وَمَا كَانُوْا يَعْرِشُوْنَ ﴿۱۳۷﴾ ع ۱۴
وَجٰوَزْنَا بِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْبَحْرَ فَاَتَوْا عَلٰى قَوْمٍ يَّعْكُفُوْنَ عَلٰٓى اَصْنَامٍ لَّهُمْ ۚ قَالُوْا يٰمُوْسَى اجْعَلْ لَّنَآ اِلٰهًا
كَمَا لَهُمْ اٰلِهَةٌ ؕ قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ ﴿۱۳۸﴾ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ مُتَبَّرٌ مَّا هُمْ فِيْهِ وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳۹﴾
قَالَ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْغِيْكُمْ اِلٰهًا وَّهُوَ فَضَّلَكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۴۰﴾ وَاِذْ اَنْجَيْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ
سُوْٓءَ الْعَذَابِ ۚ يُقَتِّلُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ؕ وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ﴿۱۴۱﴾ ع ۱۵
وَوٰعَدْنَا مُوْسٰى ثَلٰثِيْنَ لَيْلَةً وَّاَتْمَمْنٰهَا بِعَشْرٍ فَتَمَّ مِيْقَاتُ رَبِّهٖٓ اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً ۚ وَقَالَ مُوْسٰى
لِاَخِيْهِ هٰرُوْنَ اخْلُفْنِيْ فِيْ قَوْمِيْ وَاَصْلِحْ وَلَا تَتَّبِعْ سَبِيْلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۱۴۲﴾ وَلَمَّا جَآءَ مُوْسٰى
لِمِيْقَاتِنَا وَكَلَّمَهٗ رَبُّهٗ ۙ قَالَ رَبِّ اَرِنِيْٓ اَنْظُرْ اِلَيْكَ ؕ قَالَ لَنْ تَرٰىنِيْ وَلٰكِنِ انْظُرْ اِلَى الْجَبَلِ فَاِنِ اسْتَقَرَّ
مَكَانَهٗ فَسَوْفَ تَرٰىنِيْ ۚ فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا ۚ فَلَمَّآ اَفَاقَ قَالَ سُبْحٰنَكَ
تُبْتُ اِلَيْكَ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۴۳﴾ قَالَ يٰمُوْسٰٓى اِنِّي اصْطَفَيْتُكَ عَلَى النَّاسِ بِرِسٰلٰتِيْ وَبِكَلَامِيْ ۖ
فَخُذْ مَآ اٰتَيْتُكَ وَكُنْ مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۴۴﴾ وَكَتَبْنَا لَهٗ فِي الْاَلْوَاحِ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ مَّوْعِظَةً وَّتَفْصِيْلًا
لِّكُلِّ شَيْءٍ ۚ فَخُذْهَا بِقُوَّةٍ وَّاْمُرْ قَوْمَكَ يَاْخُذُوْا بِاَحْسَنِهَا ؕ سَاُورِيْكُمْ دَارَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۱۴۵﴾ سَاَصْرِفُ عَنْ اٰيٰتِيَ
الَّذِيْنَ يَتَكَبَّرُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ؕ وَاِنْ يَّرَوْا كُلَّ اٰيَةٍ لَّا يُؤْمِنُوْا بِهَا ۚ وَاِنْ يَّرَوْا سَبِيْلَ الرُّشْدِ
لَا يَتَّخِذُوْهُ سَبِيْلًا ۚ وَاِنْ يَّرَوْا سَبِيْلَ الْغَيِّ يَتَّخِذُوْهُ سَبِيْلًا ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا عَنْهَا
غٰفِلِيْنَ ﴿۱۴۶﴾ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ ؕ هَلْ يُجْزَوْنَ اِلَّا مَا
كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۷﴾ ع ۱۶ ۱۷

اور ہم نے ان لوگوں کو جو کہ بالکل کمزور شمار کیے جاتے تھے۔ اس سرزمین کے پورب پچھم کا مالک بنا دیا جس میں ہم نے برکت رکھی ہے اور آپ کے رب کا نیک وعدہ بنی اسرائیل کے حق میں ان کے صبر کی وجہ سے پورا ہو گیا اور ہم نے فرعون کے اور اس کی قوم کے ساختہ پرداختہ کارخانوں کو اور جو کچھ وہ اونچی عمارتیں بنواتے تھے سب کو درہم برہم کر دیا اور ہم نے بنی اسرائیل کو دریا سے پار اُتار دیا پس ان لوگوں کا ایک قوم پر گزر ہوا جو اپنے چند بتوں کو لگے بیٹھے تھے کہنے لگے اے موسیٰ ہمارے لئے بھی ایک (مجسم) معبود ایسا ہی مقرر کر دیجئے جیسے کہ ان کے یہ معبود ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ واقعی تم لوگوں میں بڑی جہالت ہے یہ لوگ جس کام میں لگے ہیں یہ (منجانب اللہ بھی)

www.besturdubooks.net

تباہ کیا جائے گا اور (فی نفسہٖ بھی) ان کا یہ کام محض بے بنیاد ہے اور فرمایا کیا اللہ تعالیٰ کے سوا اور کسی کو تمہارا معبود تجویز کردوں۔ حالانکہ اس نے تم کو تمام دنیا جہان والوں پر فوقیت دی ہے اور وہ وقت یاد کرو جب ہم نے تم کو فرعون والوں (کے ظلم وایذا) سے بچایا جو تم کو بڑی سخت تکلیفیں پہنچاتے تھے تمہارے بیٹوں کو بکثرت قتل کر ڈالتے تھے اور تمہاری عورتوں کو (اپنی بیگار اور خدمت کے لئے) زندہ چھوڑ دیتے تھے اور اس واقعہ میں تمہارے پروردگار کی طرف سے بڑی بھاری آزمائش تھی اور ہم نے موسیٰ سے تیس شب کا وعدہ کیا اور دس شب کو ان تیس راتوں کا تتمہ بنایا۔ سو ان کے پروردگار کا وقت پورے چالیس شب ہو گیا اور موسیٰ نے اپنے بھائی ہارون سے کہہ دیا تھا کہ میرے بعد ان لوگوں کا انتظام رکھنا اور اصلاح کرتے رہنا اور بدنظم لوگوں کی رائے پر عمل مت کرنا اور جب موسیٰ ہمارے وقت (موعود) پر آئے اور ان کے رب نے ان سے (بہت ہی لطف وعنایت کی باتیں کیں تو عرض کیا کہ اے میرے پروردگار اپنا دیدار مجھ کو دکھلا دیجئے کہ میں آپ کو ایک نظر دیکھ لوں۔ ارشاد ہوا کہ تم مجھ کو (دنیا میں) ہرگز نہیں دیکھ سکتے لیکن تم اس پہاڑ کی طرف دیکھتے رہو۔ سو اگر یہ اپنی جگہ پر برقرار رہا تو تم بھی دیکھ سکو گے پس ان کے رب نے جو اس پر تجلی فرمائی (تجلی نے) اس (پہاڑ) کے پرخچے اڑا دیئے اور موسیٰ بے ہوش ہو کر گر پڑے۔ پھر جب افاقہ میں آئے تو عرض کیا بے شک آپ کی ذات منزہ اور رفیع ہے۔ میں آپ کی جناب میں معذرت کرتا ہوں اور سب سے پہلے میں اس پر یقین کرتا ہوں۔ ارشاد ہوا کہ اے موسیٰ (یہی بہت ہے کہ) میں نے پیغمبروں اور اپنی ہم کلامی سے اور لوگوں پر تم کو امتیاز دیا ہے۔ تو (اب) جو کچھ تم کو میں نے عطا کیا ہے اس کو لو اور شکر کرو اور ہم نے چند تختیوں پر ہر قسم کی (ضروری) نصیحت اور (احکام ضروریہ کے متعلق) ہر چیز کی تفصیل ان کو لکھ کر دی تو ان کو کوشش کے ساتھ (خود بھی) عمل میں لاؤ اور قوم کو بھی حکم کرو کہ ان کے اچھے اچھے احکام پر عمل کریں۔ میں اب بہت جلد تم لوگوں کو ان بے حکموں کا مقام دکھلاتا ہوں۔ میں ایسے لوگوں کو اپنے احکام سے برگشتہ ہی رکھوں گا جو دنیا میں تکبر کرتے ہیں جس کا ان کو کوئی حق حاصل نہیں اور اگر تمام نشانیاں دیکھ لیں تب بھی ان پر ایمان نہ لائیں اور اگر ہدایت کا راستہ دیکھیں تو اس کو اپنا طریقہ نہ بنائیں اور اگر گمراہی کا راستہ دیکھ لیں تو اس کو اپنا طریقہ بنالیں۔ یہ اس سبب سے ہے کہ انہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور ان سے غافل رہے اور یہ لوگ جنہوں نے ہماری آیتوں کو اور قیامت کے پیش آنے کو جھٹلایا۔ ان کے سب کام غارت گئے اور ان کو وہی سزا دی جائے گی جو کچھ یہ کرتے تھے ۞

تفسیر: بیان انجاز وعدہ ☆ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ عَسٰی رَبُّکُمْ الخ وَاَوْرَثْنَا الْقَوْمَ (الی قولہ تعالیٰ) وَمَا کَانُوْا یَعْرِشُوْنَ اور (فرعون اور آل فرعون کو غرق کر کے) ہم نے ان لوگوں کو جو کہ بالکل کمزور شمار کئے جاتے تھے (یعنی بنی اسرائیل کو) اس سرزمین کے پورب پچھم (یعنی تمام حدود) کا مالک بنا دیا جس میں ہم نے (ظاہری یا باطنی) برکت رکھی ہے (ظاہر برکت کثرت پیداوار سے اور باطنی برکت ذی فضائل ومدفن ومسکن انبیاء علیہم السلام کے ہونے سے) اور آپ کے رب کا نیک وعدہ بنی اسرائیل کے حق میں ان کے صبر کی وجہ سے پورا ہو گیا (جس کا حکم ان کو ہوا تھا اصبروا) اور ہم نے فرعون کے اور اس کی قوم کے ساختہ پرداختہ کارخانوں کو اور جو کچھ وہ اونچی اونچی عمارتیں بنواتے تھے سب کو درہم برہم کر دیا ف: بعض نے کہا ہے کہ اس زمین سے اور اسی طرح اوپر کے رکوع میں جو اِنَّ الْاَرْضَ لِلّٰہِ آیا ہے اس سے بھی مراد مصر ہے کما فی الدر المنثور عن اللیث بن سعد اور دوسری آیت میں وَاَوْرَثْنٰھَا بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ [المؤمن : ۵۳] میں تصریح ہے کہ یہ لوگ مصر کے مالک ہوئے اور اس کی ظاہری برکت ظاہر ہے اور تفسیر کی تصحیح کے لئے یہ بھی کافی ہے اور باطنی برکت بھی بایں معنی ہو سکتی ہے کہ وہاں حضرت یوسف علیہ السلام رونق افروز رہے تھے اور زمانہ فرعون تک آپ کی نعش یہاں ہی مدفون تھی اور در منثور میں مصر کے کچھ فضائل بھی مذکور ہیں اور بعض نے دونوں جگہ شام مراد لیا ہے اور اس کے ظاہری برکات کے مثل باطنی برکات بھی ظاہر ہیں بوجہ اس کے کہ مسکن ومدفن انبیاء علیہم السلام کا رہا ہے اور اس تقدیر پر اس آیت سابقہ کا مضمون بظاہر مناسب مقام نہ ہوگا سو اس کی توجیہ یہ ہے کہ تم کو جو فرعون نے مقید کر رکھا ہے کہ مصر سے شام کو کہ تمہارا آبائی وطن ہے نہیں جا سکتے سو زمین اللہ کی ہے تم صبر کرو تم کو وہ اس طرح عنایت ہو جاوے گی کہ جو شخص مانع ہے وہ ہلاک ہو جاوے گا پھر جو قوم اس پر قابض ہے یعنی عمالقہ جن کو قرآن مجید میں جبارین کہا ہے کسی وقت مقاتلہ میں تم ان پر غالب آؤ گے اور وہاں تم کو رہنا میسر ہوگا اور اگر یہ قول ثابت ہو جاوے کہ بنی اسرائیل پھر مصر میں نہیں آئے تو یہ تفسیر اخیر مثل متعین کے ہو جاوے گی اور وَاَوْرَثْنَا بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ کے معنی ان لوگوں کے نزدیک اثبات مالکیت سے صحیح ہو جاویں گے لیکن سورۂ بنی اسرائیل میں اسْکُنُوا الْاَرْضَ [بنی اسرائیل : ۱۰۴] بظاہر دال ہے کہ یہ لوگ مصر میں آئے ہیں گو تاویل ممکن ہے اور بغوی ونیسابوری اور خازن نے دونوں کا مجموعہ مراد لیا ہے اور یہ قول انسب معلوم ہوتا ہے پس ارض سے مراد جنس ارض ہو جاوے گی پھر ایراث خواہ بطور تملیک کے ہو یا بطور اسکان کے جیسا قول مصر میں آنے نہ آنے کی نسبت ثابت ہو جاوے اور ایک شبہ یہاں یہ ہوتا ہے کہ یہاں سے معلوم ہوتا ہے کہ فرعون کے کارخانے اور عمارات درہم برہم ہو گئے اور سورۂ شعراء کی آیت فَاَخْرَجْنٰھُمْ مِّنْ جَنّٰتٍ (الی قولہ تعالیٰ) بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ [شعراء ۵۷، ۵۸، ۵۹] سے معلوم ہوتا ہے کہ کارخانے اور عمارات صحیح و سالم ان کے ہاتھ لگیں اس کا جواب احقر کے نزدیک یہ ہے کہ قبضہ میں تو بعینہٖ آئے لیکن چونکہ دوسری سلطنت ہمیشہ عادۃً پہلی سلطنت کے انتظامات کو متغیر و متبدل کر دیتی ہے اس لئے دَمَّرْنَا فرمایا گیا اور یہ جواب میری نظر سے نہیں گزرا اور ایک شبہ یہ ہے کہ یہاں صَبَرُوْا فرمایا ہے اور اوپر قَالُوْٓا اُوْذِیْنَا الخ سے ان کا غیر صابر ہونا مترشح ہوتا ہے جواب یہ ہے کہ وہ شکایت نہیں تحزن ہے جو منافی صبر نہیں۔

www.besturdubooks.net

بیان بعضے از جہالات بنی اسرائیل بایں ہمہ انعام جلیل ☆ علاوہ بیان قصہ کے اس خاص مضمون میں بقول روح المعانی کے ایک گونہ تسلی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ان معاملات میں جو آپ کو اپنے زمانہ کے یہود کے ساتھ پیش آتے تھے کہ ان میں تو ہمیشہ سے احسان فراموش ہوتے آئے ہیں آپ غم نہ کیجئے واللہ اعلم۔ وَجٰوَزْنَا بِبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ الْبَحْرَ (الی قولہ تعالیٰ) وَفِیْ ذٰلِکُمْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّکُمْ عَظِیْمٌ ۝ اور (جس دریا میں فرعون غرق کیا گیا) ہم نے بنی اسرائیل کو (اس) دریا سے پار اُتار دیا (جس کا قصہ سورۂ شعراء میں ہے) پس پار ہونے کے بعد) ان لوگوں کا ایک قوم پر گزر ہوا جو اپنے چند بتوں کو (یعنی ان کی پرستش کو) لگے بیٹھے ہیں کہنے لگے اے موسیٰ ہمارے لئے بھی ایک (مجسم معبود ایسا ہی مقرر کر دیجئے جیسے اُن کے یہ معبود ہیں آپ نے فرمایا کہ واقعی تم لوگوں (کے مزاج) میں بڑی جہالت ہے یہ لوگ جس کام میں لگے ہیں یہ (منجانب اللہ بھی) تباہ کیا جاوے گا جیسا کہ (عادۃ اللہ ہمیشہ سے جاری ہے کہ حق کو باطل پر غالب کر کے اس کو درہم برہم کر دیتے ہیں) اور (فی نفسہ بھی) ان کا یہ کام محض بے بنیاد ہے (کیونکہ شرک کا بطلان یقینی و بدیہی ہے) اور فرمایا کیا اللہ تعالیٰ کے سوا اور کسی کو تمہارا معبود تجویز کر دوں حالانکہ (دلائل توحید کے علاوہ وہ تمہارا محسن و منعم بھی ہے کہ) اس نے تم کو (بعض احسانوں میں) تمام دنیا جہان والوں پر فوقیت دی ہے اور (اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کے قول کی تائید کے لئے ارشاد فرمایا کہ) وہ وقت یاد کرو جب ہم نے تم کو فرعون والوں (کے ظلم و ایذاء) سے بچا لیا جو تم کو بڑی سخت تکلیفیں پہنچاتے تھے اور تمہارے بیٹوں کو بکثرت قتل کر ڈالتے تھے اور تمہاری عورتوں کو (اپنی بیگار اور خدمت کے لئے) زندہ چھوڑ دیتے تھے اور اس (واقعہ) میں تمہارے پروردگار کی طرف سے بڑی بھاری آزمائش تھی (اور بھی بہت سے احسان ہیں لیکن اگر یہی ایک یاد رکھو تو احسان ماننے کو بہت ہے تم نے کیا اچھا احسان مانا کہ شرک پر آمادہ ہو گئے)

ف: پارہ الملک کے ربع پر ایسی ہی آیت گزر چکی ہے ضروریات تفسیر وہاں ملاحظہ کر لی جاویں اور وجہ ان کی اس بیہودہ درخواست کی بغوی نے یہ لکھی ہے کہ ان کو توحید میں شک نہ ہوا تھا بلکہ اپنے غایت جہل سے یہ سمجھے کہ آلہۂ غائب کی طرف متوجہ ہونے کے لئے اگر کسی شاہد کو ذریعہ بنایا جاوے تو یہ امر منافی دیانت نہیں ہے بلکہ اس میں تعظیم و تقرب الی اللہ زیادہ ہے اور چونکہ خیال بھی فی نفسہ نقلاً و عقلاً غلط ہے اس لئے اس کو جہل فرمایا گیا۔ واللہ اعلم۔

عطائے توریت و مکالمات حق تعالیٰ با موسیٰ علیہ السلام ☆ وَوٰعَدْنَا مُوْسٰی ثَلٰثِیْنَ لَیْلَةً (الی قولہ تعالیٰ) هَلْ یُجْزَوْنَ اِلَّا مَا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ۝ اور (جب بنی اسرائیل سب پریشانیوں سے مطمئن ہو گئے تو موسیٰ علیہ السلام سے درخواست کی کہ اب ہم کو کوئی شریعت ملے تو اس پر بفراغ خاطر عمل کریں۔ موسیٰ علیہ السلام نے حق تعالیٰ سے درخواست کی حق تعالیٰ اس کا قصہ فرماتے ہیں کہ) ہم نے (حضرت) موسیٰ (علیہ السلام) سے تیس شب کا وعدہ کیا (کہ طور پر آ کر معتکف ہو تو تم کو شریعت کی کتاب توریت دی جاوے) اور دس شب اور ان تیس راتوں کا تتمہ بنایا (یعنی تو رات دیگر ان کو دس راتیں عبادت کے واسطے اور بڑھا دیں جس کی وجہ سورۂ بقرہ معاملہ سوم میں مذکور ہو چکی) سو ان کے پروردگار کا (مقرر کیا ہوا) وقت (یہ سب مل کر) پورے چالیس شب ہو گیا اور موسیٰ (علیہ السلام کو وہ طور کو آنے لگے تو چلتے وقت انہوں) نے اپنے بھائی ہارون (علیہ السلام) سے کہہ دیا تھا کہ (ذرا) میرے بعد ان لوگوں کا انتظام رکھنا اور (ان کی) اصلاح کرتے رہنا اور بدنظم لوگوں کی رائے پر عمل مت کرنا اور جب موسیٰ (علیہ السلام اس واقعہ میں) ہمارے وقت (موعود) پر آئے (تھے جس کا قصہ بیان ہو رہا ہے) اور ان کے رب نے ان سے (بہت سی لطف و عنایت کی) باتیں کیں تو (شدت انبساط سے دیدار کا اشتیاق پیدا ہوا) عرض کیا کہ اے میرے پروردگار اپنا دیدار مجھ کو دکھلا دیجئے کہ میں آپ کو ایک نظر دیکھ لوں ارشاد ہوا کہ تم مجھ کو (دنیا میں) ہرگز نہیں دیکھ سکتے (کیونکہ یہ آنکھیں تاب جمال نہیں لا سکتیں **کما فی المشکوٰۃ عن مسلم لا حرقت سبحات وجھه**) لیکن (تمہاری تشفی کے لئے یہ تجویز کرتے ہیں کہ) تم اس پہاڑ کی طرف دیکھتے رہو (ہم اس پر ایک جھلک ڈالتے ہیں) سو اگر یہ اپنی جگہ برقرار رہا تو (خیر) تم بھی دیکھ سکو گے (غرض) موسیٰ علیہ السلام اس کی طرف دیکھنے لگے) پس ان کے رب نے جو اس پر تجلی فرمائی تجلی نے اس (پہاڑ) کے پرخچے اڑا دیئے اور موسیٰ (علیہ السلام) بیہوش ہو کر گر پڑے پھر جب افاقہ میں آئے تو عرض کیا بیشک آپ کی ذات (ان آنکھوں کی برداشت سے) منزہ (اور رفیع) ہے میں آپ کی جناب میں (اس مشتاقانہ درخواست سے) معذرت کرتا ہوں اور (جو کچھ حضور کا ارشاد ہے کہ لن ترانی) سب سے پہلے میں اس پر یقین کرتا ہوں ارشاد ہوا کہ اے موسیٰ (یہی بہت ہے کہ) میں نے (تم کو) اپنی (طرف سے) پیغمبری (کا عہدہ دے کر) اور اپنے (ساتھ) ہم کلامی (کا شرف بخش کر اس) سے اور لوگوں پر تم کو امتیاز دیا ہے تو (اب) جو کچھ تم کو میں نے عطا کیا ہے (رسالت و ہم کلامی و توریت) اس کو لو اور شکر کرو اور ہم نے چند تختیوں پر ہر قسم کی (ضروری) نصیحت اور (احکام ضروریہ کے متعلق) ہر چیز کی تفصیل ان کو لکھ کر دی (یہی تختیاں تورات ہیں پھر حکم ہوا کہ جب یہ تختیاں ہم نے دی ہیں) تو ان کو کوشش کے ساتھ (خود بھی) عمل میں لاؤ اور اپنی قوم کو (بھی) حکم کرو کہ ان کے اچھے اچھے احکام پر (یعنی سب پر کہ سب ہی اچھے ہیں) عمل کریں میں اب بہت جلد تم لوگوں کو (یعنی بنی اسرائیل کو) ان بے حکموں کا (یعنی فرعونیوں کا یا عمالقہ کا) مقام دکھلاتا ہوں (اس میں بشارت اور وعدہ ہے کہ مصر یا شام پر عنقریب تسلط ہوا چاہتا ہے مقصود اس سے ترغیب دینا ہے اطاعت کی کہ اطاعت احکام الٰہیہ کے یہ برکات ہیں اب ترغیب

www.besturdubooks.net

اطاعت کے بعد ترہیب مخالفت کے لئے ارشاد ہے کہ) میں ایسے لوگوں کو اپنے احکام سے برگشتہ ہی رکھوں گا جو دنیا میں (احکام ماننے سے) تکبر کرتے ہیں جس کا ان کو کوئی حق حاصل نہیں (کیونکہ اپنے کو بڑا سمجھنا حق اس کا ہے جو واقع میں بڑا ہو اور وہ ایک خدا کی ذات ہے) اور (برگشتگی کا ان پر یہ اثر ہوگا کہ) اگر تمام (دنیا بھر کی) نشانیاں (بھی) دیکھ لیں تب بھی (غایت قساوت سے) ان پر ایمان نہ لاویں اور اگر ہدایت کا راستہ دیکھیں تو اس کو اپنا طریقہ نہ بناویں اور اگر گمراہی کا راستہ دیکھ لیں تو اس کو اپنا طریقہ بنالیں (یعنی حق کے قبول نہ کرنے سے پھر دل سخت ہو جاتا ہے اور برگشتگی اس حد تک پہنچ جاتی ہے) یہ (اس درجہ کی برگشتگی) اس سبب سے ہے کہ انہوں نے ہماری آیتوں کو (تکبر کی وجہ سے) جھوٹا بتلایا اور ان (کی حقیقت میں غور کرنے) سے غافل رہے (یہ سزا تو دنیا میں ہوئی کہ ہدایت سے محروم رہے) اور آخرت میں یہ سزا ہوگی کہ یہ لوگ جنہوں نے ہماری آیتوں اور قیامت کے پیش آنے کو جھٹلایا ان کے سب کام (جن سے ان کو توقع نفع کی تھی) غارت گئے (اور انجام اس حبط کا جہنم ہے) ان کو وہی سزا دی جاوے گی جو کچھ یہ کرتے تھے (یعنی انکا کفر اسی کو مقتضی تھا) **ف**: یہاں چند امور قابل تحقیق ہیں اول موسیٰ علیہ السلام سے حق تعالیٰ نے کلام فرمایا مگر یہ کہ اس کی حقیقت کیا تھی اللہ ہی کو معلوم ہے جن احتمالات عقلیہ کی شریعت نفی نہ کرے ان سب کے قائل ہونے کی گنجائش ہے لیکن بلا دلیل عدم تعیین اسلم ہے زیادہ تفصیل اس کی کتب کلامیہ میں ہے البتہ قرآن مجید کے ظاہر الفاظ سے اتنا ضرور معلوم ہوتا ہے کہ اس کلام کو بہ نسبت اس کلام کے جو عطائے نبوت کے وقت ہوا تھا کچھ زیادہ اختصاص متکلم سے ہے چنانچہ یہاں مطلق کلمہ رب ہے وہاں **نودی من شاطیء الواد الایمن فی البقعة المبٰرکة من الشجرة** آیا ہے اور غالباً اس زیادہ اختصاص کے سبب یہ کلام مورث اشتیاق رویت ہوا وہ نہیں ہوا واللہ اعلم۔ **دوم**: موسیٰ علیہ السلام کی درخواست دیدار کی کرنا دنیا میں اس کے امکان عقلی پر اور حق تعالیٰ کا جواب اس کے امتناع شرعی پر دلیل ہے اور یہی مذہب ہے اہل سنت و جماعت کا اور حدیث صحیح وصریح بھی اس باب میں وارد ہوئی ہے **کما رواہ مسلم والترمذی وقال حسن صحیح ولفظ المسلم لن یری احد منکم ربه حتی یموت**۔ **سوم**: پہاڑ پر تجلی ہونے کے معنی واللہ اعلم یہ سمجھ میں آتے ہیں کہ حق تعالیٰ کا نور خاص بارادۂ خداوندی خلائق سے محجوب ہے اور اس محجوب ہونے کے جو وسائط ہیں وہ حجب اور موانع ہیں تعیین ان کی اللہ کو معلوم پس غالباً ان حجب میں بعض حجب مرتفع کر دیئے ہوں اور چونکہ حجب مرتفعہ قلیل تھے اس لئے ترمذی کی حدیث مرفوع میں تمثیلاً اس کی قلت کو آنملہ خنصر سے تشبیہ دی گئی ورنہ صفات الٰہیہ تجزی و مقدار سے منزہ ہیں اور چونکہ افعال حق تعالیٰ کے اختیاری ہیں اس لئے ممکن ہے کہ وہ حجب جبل کے اعتبار سے مرفوع ہوئے ہوں اور موسیٰ علیہ السلام اور دیگر خلق کے اعتبار سے مرتفع نہ ہوئے ہوں یہ معنی ہو جاویں گے للجبل کے اور چونکہ ارتفاع حجب کا خاص احراق ہے جیسا کہ حدیث میں ہے **لا حرقت سبحات النور ما انتهٰی الیه بصرهٗ** اس لئے پہاڑ کی یہ حالت ہوئی اور یہ ضرور نہیں کہ سارے پہاڑ کی یہ حالت ہو جاوے کیونکہ تجلی فرمانا باختیار خود کسی خاص قطعہ پر ممکن ہے اور موسیٰ علیہ السلام کی بے ہوشی ان پر تجلی فرمانے سے نہ تھی کیونکہ ظاہراً للجبل کے خلاف ہے بلکہ پہاڑ کی یہ حالت دیکھ کر و نیز محل تجلی کے ساتھ ایک گونہ تلبس و تعلق ہونے سے یہ بے ہوشی ہوئی۔ **چہارم**: ظاہراً فَاِنِ اسْتَقَرَّ مَكَانَهٗ فَسَوْفَ تَرٰىنِيْ سے استقرار کی تقدیر پر رویت کا وقوع اور عدم استقرار کی تقدیر پر رویت کا عدم وقوع مفہوم ہوتا ہے اس میں قابل تحقیق یہ امر ہے کہ [illegible] باہم علاقہ کیا ہے سو عدم استقرار اور عدم وقوع رویت میں علاقہ یہ معلوم ہوتا ہے کہ حاسہ بصریہ موسویہ ترکیب عنصری میں جبل سے اضعف والطف ہے جب اقوی واشد متحمل نہ ہوا تو اضعف کیسے متحمل ہوگا اور اس تقریر پر گو استقرار مستلزم تحمل بصر موسوی عقلاً نہ ہوگا لیکن اس کو وعدہ پر محمول کرنے سے اشکال رفع ہو جاوے گا یعنی باوجود دونوں کی عدم تساوی کے ہم تبرعاً وعدہ کرتے ہیں کہ اگر یہ متحمل ہو گیا تو تمہارے حاسہ بصریہ کو بھی متحمل کر دیا جاوے گا۔ **پنجم**: وقوع تجلی سے وقوع رویت کا شبہ نہ کیا جاوے کیونکہ دونوں مترادف یا متلازم نہیں ہیں بلکہ تجلی کے معنی کسی شئے کا ظہور ہے گو دوسرے کو اس کا ادراک نہ ہو پس تجلی کا انفکاک رویت سے ممکن ہے جیسا آفتاب کو متجلی و طالع کہہ سکتے ہیں لیکن خفاش کو رائی اور مدرک کہنا لازم نہیں آتا کیونکہ ممکن ہے کہ مبادی تجلی کے سبب چشم خفاش معطل ہو جاتی ہو تجلی کے قبل بہ قبلیت زمانیہ یا تجلی کے ساتھ بمعیت زمانیہ و قبلیت ذاتیہ اس کے بحث کے متعلق کسی قدر آیت : لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ [الانعام : ۱۰۳] واقعہ پارہ وَاِذَا سَمِعُوْا کے ذیل میں لکھا جا چکا ہے ملاحظہ کر لیا جاوے اور دار الفاسقین کی تفسیر میں جو دو احتمال لکھے ہیں وجہ اس کی یہ ہے کہ علماء کے اقوال اس باب میں مختلف ہیں کہ بنی اسرائیل مصر میں واپس گئے ہیں یا نہیں جیسا اوپر کے رکوع میں آیت : وَاَوْرَثْنَا الْقَوْمَ الَّذِيْنَ کی تفسیر میں گزر چکا ہے اور ربع پارہ الم پر معاملہ سوم میں کسی قدر آیت : وَوٰعَدْنَا مُوْسٰى ثَلٰثِيْنَ لَيْلَةً کے متعلق بھی مذکور ہوا وہ بھی قابل ملاحظہ ہے اور اکثر آثار و اخبار اس پر دال ہیں کہ یہ تختیاں لکھی لکھائی عطا ہوئی تھیں اور ظاہراً كَتَبْنَا سے بھی یہی معلوم ہوتا ہے اور موسیٰ علیہ السلام کا اخْلُفْنِيْ فرمانا اس بنا پر ہے کہ حضرت ہارون علیہ السلام صرف نبی تھے حاکم اور سلطان نہ تھے اس صفت میں خلیفہ بنانا مقصود ہے استخلاف فی النبوۃ مقصود نہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : قَالُوْا يٰمُوْسَى اجْعَلْ لَّنَآ اِلٰهًا كَمَا لَهُمْ اٰلِهَةٌ ۭ قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ ۝ حدیث میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس درخواست کے جواب میں کہ ہمارے لئے بھی ہتھیار لٹکانے کو ایک درخت مقرر فرما دیجئے جیسے مشرکین نے کر رکھا ہے یہ آیت پڑھ دی تھی اس سے معلوم ہوا کہ

www.besturdubooks.net

دنیوی عادات میں بھی اہل باطل کے ساتھ تشبہ مذموم ہے اور بدعات بزعم عبادات میں تو کیا پوچھنا ہے۔ قولہ تعالیٰ : فَتَمَّ مِيْقَاتُ رَبِّهٖٓ اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً اس میں اصل ہے چلہ کی جو مشائخ میں معتاد اور مشاہد البرکات ہے۔ قولہ تعالیٰ : وَقَالَ مُوْسٰى لِاَخِيْهِ هٰرُوْنَ اخْلُفْنِيْ فِيْ قَوْمِيْ اس میں اس کی اصل ہے جو مریدوں بعض خلفاء کے سپرد کر دیتے ہیں۔ قولہ تعالیٰ : وَقَالَ لَنْ تَرٰىنِيْ نص ہے اس میں کہ دنیا میں رویت الٰہیہ نہیں ہوتی تو جو شخص اس کا مدعی ہے یا دھوکہ میں ہے یا دھوکہ دیتا ہے اور شب معراج اس سے مستثنیٰ ہے۔ قولہ تعالیٰ : سَاَصْرِفُ عَنْ اٰيٰتِيَ الَّذِيْنَ يَتَكَبَّرُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ تکبر بغیر حق یہ ہے کہ غیر متکبر کے مقابلہ میں تکبر کرے اور متکبر کے مقابلہ میں تکبر کرنا یہ بحق ہے اور حقیقت میں وہ صورۃً تکبر ہے حقیقۃً نہیں۔

مُلَحَقَاتُ التَّرْجَمَةِ : ۱ قوله فی متبر وباطل منجانب الله وفی نفسه اخذت هذا الفرق من الصیغتین ۱۲ ۲ قوله فی انجینکم تائید کما قالوا فی قوله تعالیٰ فی طٰه فاخرجنا به ازواجا ۱۲۔ ۳ قوله فی جعله دکا تجلی نے اشار الی فاعل جعله ۱۲۔ ۴ قوله فی احسنها سب ہی اچھے فالاضافة لیست للتقیید ۱۲۔ ۵ قوله فی ذلك بانهم برگشتگی اشارة الی کون الاشارة الی الصرف فتجادب طرفا الکلام لان الصرف هو المسبب فی الاول والآخر عن الشیء والواحد المعبر عنه بالتکبر والتکذیب فافهم ۱۲۔

اَللُّغَاتُ :قوله دمرنا اهلکنا یعرشون ینون من العمارات وقیل هو کقوله جنات معروشات۔ قوله المیقات الوقت ۱۲۔

اَلنَّحْوُ :قوله التی بارکنا صفة لمشارق و مغارب وقیل للارض وضعفه بعضهم۔ قوله اربعین حال او تمییز۔ قوله للجبل اللام للتعدیة ۱۲۔ قوله موعظة وتفصیلا بدل من الجار والمجرور ای کتبنا له کل شیء من المواعظ وتفصیل الاحکام فمن مزیدة وفی زیادتها فی الاثبات کلام آه من الروح قلت ویجوز ان یکون قوله من کل شیء بیانا لموعظة فمن بیانیة والتقدیر وهکذا له فی الالواح موعظة من کل شیء وتفصیلا لکل شیء والعموم فی کلا الموضعین عرفی ۱۲۔

اَلْبَلَاغَةُ : قوله قال اغیر الله فی روح المعانی قیل هذا هو الجواب وما تقدم تمهید له ولعله لذلك اعید لفظ قال وقال شیخ الاسلام هو شروع فی بیان شیون الله تعالیٰ الموجبة لتخصیص العبادة به سبحانه بعد بیان ان ما طلبوا عبادته مما لا یمکن طلبه اصلا لکونه هالکا باطلا اصلا ولذلك وسط بینهما قال مع کون کل منهما کلام موسیٰ علیه السلام ۱۲۔ قوله لا تتبع تاکید قوله ارونی حذف ذانك للتادب ۱۲۔ قوله ساور یکم فیه التفات وتغلیب لانهم لم یکونوا حاضرین ۱۲۔

وَاتَّخَذَ قَوْمُ مُوْسٰى مِنْۢ بَعْدِهٖ مِنْ حُلِيِّهِمْ عِجْلًا جَسَدًا لَّهٗ خُوَارٌ ۭ اَلَمْ يَرَوْا اَنَّهٗ لَا يُكَلِّمُهُمْ وَلَا يَهْدِيْهِمْ
سَبِيْلًا ۘ اِتَّخَذُوْهُ وَكَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ۝۱۴۸ وَلَمَّا سُقِطَ فِيْٓ اَيْدِيْهِمْ وَرَاَوْا اَنَّهُمْ قَدْ ضَلُّوْا ۙ قَالُوْا لَىِٕنْ لَّمْ
يَرْحَمْنَا رَبُّنَا وَيَغْفِرْ لَنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝۱۴۹ وَلَمَّا رَجَعَ مُوْسٰٓى اِلٰى قَوْمِهٖ غَضْبَانَ اَسِفًا ۙ
قَالَ بِئْسَمَا خَلَفْتُمُوْنِيْ مِنْۢ بَعْدِيْ ۚ اَعَجِلْتُمْ اَمْرَ رَبِّكُمْ ۚ وَاَلْقَى الْاَلْوَاحَ وَاَخَذَ بِرَاْسِ اَخِيْهِ يَجُرُّهٗٓ
اِلَيْهِ ۭ قَالَ ابْنَ اُمَّ اِنَّ الْقَوْمَ اسْتَضْعَفُوْنِيْ وَكَادُوْا يَقْتُلُوْنَنِيْ ۠ فَلَا تُشْمِتْ بِيَ الْاَعْدَاۗءَ وَلَا تَجْعَلْنِيْ مَعَ
الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝۱۵۰ قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِاَخِيْ وَاَدْخِلْنَا فِيْ رَحْمَتِكَ ۠ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝۱۵۱ اِنَّ الَّذِيْنَ
اتَّخَذُوا الْعِجْلَ سَيَنَالُهُمْ غَضَبٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَذِلَّةٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۭ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُفْتَرِيْنَ ۝۱۵۲ وَالَّذِيْنَ
عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ ثُمَّ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِهَا وَاٰمَنُوْٓا ۡ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۱۵۳ وَلَمَّا سَكَتَ عَنْ مُّوْسَى
الْغَضَبُ اَخَذَ الْاَلْوَاحَ ۠ وَفِيْ نُسْخَتِهَا هُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ هُمْ لِرَبِّهِمْ يَرْهَبُوْنَ ۝۱۵۴

اور موسیٰ کی قوم نے ان کے بعد اپنے (مقبوضہ) زیوروں کا ایک بچھڑا بنایا جو کہ ایک قالب تھا۔ جس میں ایک آواز تھی۔ کیا انہوں نے یہ نہ دیکھا کہ وہ ان سے بات نہیں کرتا تھا اور نہ ان کو کوئی راہ بتلاتا تھا۔ اس کو انہوں نے معبود قرار دے دیا اور بڑا بے ڈھنگا کام کیا اور جب نادم ہوئے اور معلوم ہوا کہ واقعی وہ لوگ گمراہی میں پڑ گئے تو کہنے لگے

www.besturdubooks.net

کہ اگر ہمارا رب ہم پر رحم نہ کرے اور ہمارے یہ گناہ معاف نہ کرے تو ہم بالکل گئے گزرے اور جب موسیٰ علیہ السلام اپنی قوم کی طرف واپس آئے غصہ اور رنج میں بھرے ہوئے تو فرمایا کہ تم نے میرے بعد یہ بڑی نامعقول حرکت کی۔ کیا اپنے رب کے حکم (آنے) سے پہلے ہی تم نے جلد بازی کر لی اور جلدی سے تختیاں ایک طرف رکھیں اور اپنے بھائی کا سر پکڑ کر ان کو اپنی طرف گھسیٹنے لگے۔ ہارون نے کہا کہ اے میرے ماں جائے (بھائی) ان لوگوں نے بے حقیقت سمجھا اور قریب تھا کہ مجھ کو قتل کر ڈالیں۔ تو تم مجھ پر (سختی کر کے) دشمنوں کو مت ہنساؤ اور مجھ کو ان ظالم لوگوں کے ذیل میں مت شمار کرو۔ موسیٰ علیہ السلام نے کہا کہ اے میرے رب میری خطا معاف فرما دے اور میرے بھائی کی بھی اور ہم دونوں کو اپنی رحمت میں داخل فرمایئے اور آپ سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔ جن لوگوں نے گوسالہ پرستی کی ہے ان پر بہت جلد ان کے رب کی طرف سے غضب اور ذلت اس دنیوی زندگی ہی میں پڑے گی اور ہم افترا پردازوں کو ایسی ہی سزا دیا کرتے ہیں اور جن لوگوں نے گناہ کے کام کئے۔ پھر وہ ان کے بعد توبہ کر لیں اور ایمان لے آئیں تو تمہارا رب اس توبہ کے بعد گناہ کا معاف کر دینے والا رحمت کرنے والا ہے اور جب موسیٰ کا غصہ فرو ہوا تو ان تختیوں کو اٹھا لیا اور ان کے مضامین میں ان لوگوں کے لئے جو اپنے رب سے ڈرتے تھے ہدایت اور رحمت تھی۔ ۞

تفسیر قصہ اتخاذ عجل و عاقبت آں ☆ وَاتَّخَذَ قَوْمُ مُوْسٰى (الی قولہ تعالیٰ) هُمْ لِرَبِّهِمْ يَرْهَبُوْنَ ۞ اور (جب موسیٰ علیہ السلام طور پر توریت لانے تشریف لے گئے تو) موسیٰ (علیہ السلام) کی قوم (یعنی بنی اسرائیل) نے ان کے (جانے کے) بعد اپنے (مقبوضہ) زیوروں کا (جو کہ قبطیوں سے مصر سے نکلتے وقت بہانہ شادی کے مانگ لیا تھا) ایک بچھڑا (بنا کر جس کا قصہ سورۂ طٰہٰ میں ہے اس کو معبود) ٹھہرایا جو کہ (صرف اتنی حقیقت رکھتا تھا کہ) ایک قالب تھا جس میں ایک آواز تھی (اور اس میں کوئی کمال نہ تھا جس سے کسی عاقل کو اس کی معبودیت کا شبہ ہو سکے) کیا انہوں نے یہ نہ دیکھا کہ (اس میں آدمی کے برابر بھی تو قدرت نہ تھی چنانچہ) وہ ان سے بات تک نہیں کرتا تھا اور نہ ان کو (دنیا یا دین کی) کوئی راہ بتلاتا تھا (اور خدا کی سی صفات تو اس میں کیا ہوتیں غرض یہ کہ) اس (بچھڑے) کو انہوں نے معبود قرار دیا اور (چونکہ اس میں اصلاً کوئی شبہ کی وجہ نہ تھی اس لئے انہوں نے) بڑا بے ڈھنگا کام کیا اور (بعد رجوع موسیٰ علیہ السلام کے جس کا قصہ آگے آتا ہے ان کے تنبیہ فرمانے سے) جب (متنبہ ہوئے اور اپنی اس حرکت پر) نادم ہوئے اور معلوم ہوا کہ واقعی وہ لوگ گمراہی میں پڑ گئے تو (ندامت سے بطور معذرت) کہنے لگے کہ اگر ہمارا رب ہم پر رحم نہ کرے اور ہمارا (یہ) گناہ معاف نہ کرے تو ہم بالکل گئے گزرے (چنانچہ خاص طریقہ سے ان کو تکمیل توبہ کا حکم ہوا جس کا قصہ سورۂ بقرہ آیت: تَقْتُلُوْنَ اَنْفُسَكُمْ [البقرۃ: ۸۵] میں گزرا ہے) (اور موسیٰ علیہ السلام کے متنبہ فرمانے کا قصہ یہ ہوا کہ) (جب موسیٰ علیہ السلام) اپنی قوم کی طرف (طور سے) واپس آئے غصہ اور رنج میں بھرے ہوئے (کیونکہ ان کو وحی سے یہ معلوم ہو گیا تھا۔ سورۂ طٰہٰ میں ہے: قَالَ فَاِنَّا قَدْ فَتَنَّا الخ) تو (اول قوم کی طرف متوجہ ہوئے) فرمایا کہ تم نے میرے بعد یہ بڑی نامعقول حرکت کی کیا اپنے رب کے حکم (آنے) سے پہلے ہی تم نے (ایسی) جلد بازی کر لی (میں تو احکام ہی لینے گیا تھا اس کا انتظار تو کیا ہوتا) اور (پھر حضرت ہارون علیہ السلام کی طرف متوجہ ہوئے اس دینی حمیت کے جوش میں) جلدی سے (توریت کی) تختیاں (تو) ایک طرف رکھیں (اور جلدی میں ایسے زور سے رکھی گئیں کہ دیکھنے والے کو اگر غور نہ کرے تو شبہ ہو کہ جیسے کسی نے پٹک دی ہوں) اور (ہاتھ خالی کر کے) اپنے بھائی (ہارون علیہ السلام) کا سر (یعنی بال) پکڑ کر ان کو اپنی طرف گھسیٹنے لگے (کہ تم نے کیوں پورا انتظام نہ کیا اور چونکہ غلبہ غضب میں ایک گونہ بے اختیاری ہو گئی تھی اور غضب بھی دین کے لئے تھا اس لئے اس بے اختیاری کو معتبر قرار دیا جاوے گا اور اس اجتہادی لغزش پر اعتراض نہ کیا جاوے گا) ہارون (علیہ السلام) نے کہا کہ اے میرے ماں جائے (بھائی میں نے اپنی کوشش بھر بہت روکا لیکن) ان لوگوں نے مجھ کو بے حقیقت سمجھا اور (بلکہ نصیحت کرنے پر) قریب تھا کہ مجھ کو قتل کر ڈالیں تو تم مجھ پر (سختی کر کے) دشمنوں کو مت ہنساؤ اور مجھ کو (برتاؤ سے) ان ظالم لوگوں کے ذیل میں مت شمار کرو (کہ ان کی سی ناخوشی مجھ سے بھی برتنے لگو) موسیٰ (علیہ السلام) نے (اللہ تعالیٰ سے دعا کی اور) کہا کہ اے میرے رب میری خطا (گو وہ اجتہادی ہو) معاف فرما دے اور میرے بھائی کی بھی (گو تاہی جو ان مشرکین کے ساتھ معاملۂ متارکت میں شاید ہو گئی ہو جیسا اس قول سے معلوم ہوتا ہے: مَا مَنَعَكَ اِذْ رَاَيْتَهُمْ ضَلُّوْٓا اَلَّا تَتَّبِعَنِ الآیہ) [طٰہٰ: ۹۲، ۹۳] اور ہم دونوں کو اپنی رحمت (خاص) میں داخل فرمایئے اور آپ سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں (اس لئے ہم کو قبول دعا کی امید ہے پھر حق تعالیٰ نے ان گوسالہ پرستوں کے متعلق موسیٰ علیہ السلام سے فرمایا کہ) جن لوگوں نے گوسالہ پرستی کی ہے (اگر اب بھی توبہ نہ کریں گے تو) ان پر بہت جلد ان کے رب کی طرف سے غضب اور ذلت اس دنیوی زندگی ہی میں پڑے گی اور (کچھ انہیں کی تخصیص نہیں) ہم (تو) افترا پردازوں کو ایسی ہی سزا دیا کرتے ہیں (کہ دنیا ہی میں مغضوب اور ذلیل ہو جاتے ہیں گو کسی عارض سے اس ذلت کا گاہے ظہور نہ ہو یا دیر میں ہو چنانچہ سامری نے جو توبہ نہ کی اس پر غضب اور ذلت کا نزول ہوا جس کا قصہ سورۂ طٰہٰ میں ہے: قَالَ فَاذْهَبْ فَاِنَّ لَكَ فِي الْحَيٰوةِ اَنْ تَقُوْلَ لَا مِسَاسَ الآیہ) [طٰہٰ: ۹۷] اور جن لوگوں نے گناہ کے کام کئے (مثلاً گوسالہ پرستی ان سے سرزد ہو گئی مگر) پھر وہ ان (گناہوں) کے (کرنے کے) بعد توبہ کر لیں اور (اس کفر کو چھوڑ کر) ایمان لے آویں تو تمہارا رب اس توبہ کے بعد (ان کے) گناہ کا معاف کر دینے والا (اور ان کے حال پر) رحمت کرنے والا ہے (گو تکمیل توبہ کے لئے

www.besturdubooks.net

اقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ کا بھی) حکم ہوا ہو لیکن اصل رحمت آخرت کی ہے چنانچہ تائبین کی خطا اسی طرح معاف ہوئی) اور جب (ہارون علیہ السلام کی یہ معذرت سن کر) موسیٰ (علیہ السلام) کا غصہ فرو ہوا تو ان تختیوں کو اُٹھالیا اور ان (تختیوں) کے مضامین میں ان لوگوں کے لئے جو اپنے رب سے ڈرتے تھے ہدایت اور رحمت تھی (مراد احکام ہیں کہ ان پر عمل کرنے سے موصوف بہدایت وموعود برحمت ہوتا ہے) ف: موسیٰ علیہ السلام کا غضب چونکہ للہ تھا اس کی مثال سکر من المباح کی سی ہے جس میں مکلف نہیں رہتا اس پر دوسرے شخص کے غصہ کو جو نفس کے واسطے ہو قیاس نہیں کر سکتے بلکہ اس کی حالت سکر من المحرم کی سی ہے جس کو شارع نے عذر نہیں قرار دیا چنانچہ وقوع طلاق وغیرہ کا حکم معلوم ہے و نیز عادۃً ممکن ہے کہ شدت مشغولی میں ذہول ہو گیا ہو کہ میرے ہاتھ میں کیا ہے اور بھائی کو دارو گیر کرنے کے لئے ہاتھ خالی کرنا ہو اس لئے القاء الواح واقع ہوا ہو جیسے اکثر کسی بات چیت یا کسی خیال کے غلبہ کے وقت ایسے اتفاقات پیش آ جاتے ہیں اور بعض نے لکھا ہے کہ القی کے معنی ہیں جلدی سے رکھ دینا مجازاً و تشبیہاً القاء سے تعبیر کیا اور اس بچھڑے کے باب میں سلف کے دو قول ہیں ایک یہ کہ وہ سچ مچ کا بچھڑا ہو گیا تھا اور ایک یہ کہ وہ چاندی سونے کا رہا تھا اور بقدر آواز کرنے کے اس میں حیات آ گئی تھی اور دونوں داخل قدرت ہیں اس لئے یہ کہنا بلا دلیل ہے کہ یہ آواز ایسی تھی جیسے مٹی کے کھلونوں میں صنعت سے ہوتی ہے۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلِ السُّلُوْكِ: قولہ تعالیٰ :وَاتَّخَذَ قَوْمُ مُوْسٰى مِنْۢ بَعْدِهٖ مِنْ حُلِيِّهِمْ عِجْلًا جَسَدًا لَّهٗ خُوَارٌ اَلَمْ يَرَوْا اَنَّهٗ لَا يُكَلِّمُهُمْ اس سے ثابت ہوا کہ خوارق سے دھوکہ نہ کھاوے اور اَلَمْ يَرَوْا سے معلوم ہوا کہ دلیل شرعی اس پر حجت قاضیہ اور اس پر راجح ہے۔ قولہ تعالیٰ :وَلَمَّا رَجَعَ مُوْسٰٓى اِلٰى قَوْمِهٖ غَضْبَانَ اَسِفًا معلوم ہوا کہ حاجت کے وقت مرید پر غصہ جائز ہے۔ قولہ تعالیٰ :وَاَلْقَى الْاَلْوَاحَ دین کے جوش میں یہ غصہ آیا معلوم ہوا کہ ایسا غصہ بدخلقی نہیں جیسے بعض اہل اللہ کی عادت ہے اور یہ بھی معلوم ہوا کہ غلبۂ حال عذر ہے کیونکہ یہ کسر اسی غلبہ میں ہوا۔ قولہ تعالیٰ :وَاَخَذَ بِرَاْسِ اَخِيْهِ يَجُرُّهٗٓ اِلَيْهِ روح میں ہے کہ یہ گمان ہوا کہ انہوں نے روکنے میں کوتاہی کی اھ۔ میں کہتا ہوں حالانکہ کوتاہی نہ کی تھی اس سے معلوم ہوا کہ کاملین سے خطاء اجتہادی ہو سکتی ہے تو شیوخ غیر معصومین سے کیوں ناممکن ہوگی ۱۲۔ قولہ تعالیٰ :اِنَّ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ (الی قولہ تعالیٰ) وَذِلَّةٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا معلوم ہوا کہ دنیوی ذلت بھی سزا معصیت کی ہوتی ہے۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَةِ: ۱ قوله فی حليهم مقبوض فالاضافة لادنی ملابسة لانها كانت مملوكة للقبط ۱۲۔ ۲ قوله فی اتخذوا معبود فظهر وجه اسناد الاتخاذ اليهم مع صدور الصنع من السامری وحده وقيل اسند اليهم لرضاهم باتخاذه ۱۲۔ ۳ قوله فی جسد اتی حقيقت اشارة الی وجه ايراد البدل من بيان حقارته وكذلك قوله لا يكلمهم الخ ۴ قوله فی عجلتم حکم سے پہلے ہی اشار فيه الی معناه اللغوی كما قال الواحدی العجلة التقدم با الشیء قبل وقته ولذلك صارت مذمومة فی الاغلب بخلاف السرعة فانها عمل الشیء فی اول وقته كذا فی النيسابوری ۵ قوله فی القی شبہ ہو اشارة الی وجه التعبير بالالقاء عن الوضع بعجلة ونقل هذا التفسير فی الروح ۱۲۔ ۶ قوله فی ان الذين اتخذوا اگراب بھی الخ قرينة مقابله من قوله تابوا كذا فی الروح ۱۲۔ ۷ قوله فی سكت فرو اشارة الی كونه بمعنی سكن ۱۲۔ ۸ قوله فی نسختها مضامين فهی بمعنی المنسوخة ای المضامين المكتوبة ۱۲۔

اَلْبَلَاغَةُ: قوله سقط فی ايديهم اصله ان النادم اذا اشتد ندمه عض يده غما فتصير يده مسقوطا فيها واصله سقط فوه لو غصه فی يده ای وقع ثم حذف الفاعل وبنی الفعل للمفعول فصار سقط فی يده كقولك مر بزيد وقيل من عادة النادم ان يطاطئ راسه ويضع ذقنه علی يده بحيث لو ازالها سقط علی وجهه فكان اليد مسقوط فيها وفی بمعنی علی وقيل من روح المعانی قوله وراو النكتة فی تاخيره مع ان الظاهر وقوعه متقدما علی الندم اما للمسارعة الی بيان الندم واما لان الندم ربما وقع لهم فی حال الشك ثم بين لهم الضلال لان الانتقال من الجزم بالشیء الی تبين الجزم بالنقيض لا يكون دفعيا فی الاغلب من الروح قوله من بعدی تاكيد قوله عجلتم قلر عن قوله يا بن ام ذكرها للترقيق۔

وَاخْتَارَ مُوْسٰى قَوْمَهٗ سَبْعِيْنَ رَجُلًا لِّمِيْقَاتِنَا ۚ فَلَمَّآ اَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ قَالَ رَبِّ لَوْ شِئْتَ اَهْلَكْتَهُمْ مِّنْ قَبْلُ
وَاِيَّايَ ۭ اَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ السُّفَهَاۗءُ مِنَّا ۚ اِنْ هِيَ اِلَّا فِتْنَتُكَ ۭ تُضِلُّ بِهَا مَنْ تَشَاۗءُ وَتَهْدِيْ مَنْ تَشَاۗءُ ۭ اَنْتَ
وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الْغٰفِرِيْنَ ۝ وَاكْتُبْ لَنَا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ اِنَّا هُدْنَآ
اِلَيْكَ ۭ قَالَ عَذَابِيْٓ اُصِيْبُ بِهٖ مَنْ اَشَاۗءُ ۚ وَرَحْمَتِيْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ ۭ فَسَاَكْتُبُهَا لِلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ وَيُؤْتُوْنَ

www.besturdubooks.net

الزَّكٰوةَ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِنَا يُؤْمِنُوْنَ ۝

اور موسیٰ نے ستر آدمی اپنی قوم میں سے ہمارے وقت معین پر لانے کے لئے منتخب کئے۔ سو جب ان کو زلزلہ (وغیرہ) نے آ پکڑا تو موسیٰ علیہ السلام عرض کرنے لگے کہ اے میرے پروردگار اگر آپ کو یہ منظور ہوتا تو آپ اس کے قبل ہی ان کو اور مجھ کو ہلاک کر دیتے۔ کہیں آپ ہم میں کے چند بیوقوفوں کی حرکت پر سب کو ہلاک کر دیں گے۔ یہ واقعہ محض آپ کی طرف سے ایک امتحان ہے۔ ایسے امتحانات سے جس کو آپ چاہیں گمراہی میں ڈال دیں اور جس کو آپ چاہیں ہدایت پر قائم رکھیں۔ آپ ہی تو ہمارے خبر گیراں ہیں، ہم پر رحمت اور مغفرت فرمایئے اور آپ سب معافی دینے والوں سے زیادہ ہیں اور ہم لوگوں کے نام دنیا میں بھی نیک حالی لکھ دیجئے اور آخرت میں بھی ہم آپ کی طرف رجوع کرتے ہیں، اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ میں اپنا عذاب تو اسی پر واقع کرتا ہوں جس پر چاہتا ہوں اور میری رحمت تمام اشیاء کو محیط ہو رہی ہے۔ تو وہ رحمت ان لوگوں کے نام تو ضرور لکھوں گا جو کہ خدا تعالیٰ سے ڈرتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور جو کہ ہماری آیتوں پر ایمان لاتے ہیں۔ ۞

تفسیر بردن موسیٰ علیہ السلام ہفتاد کس را بر طور و ماجرائے ایشاں ☆ وَاخْتَارَ مُوْسٰى قَوْمَهٗ سَبْعِيْنَ رَجُلًا (الی قولہ تعالیٰ) وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِنَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ اور (جب گوسالہ کا قصہ تمام ہوا تو موسیٰ علیہ السلام نے تورات کے احکام سنائے ان لوگوں کی عادت تھی ہی شبہات نکالنے کی چنانچہ اس میں بھی شبہ نکالا کہ ہم کو کیسے معلوم ہو کہ یہ اللہ تعالیٰ کے احکام ہیں ہم سے اللہ تعالیٰ خود کہہ دیں تو یقین کیا جاوے آپ نے حق تعالیٰ سے عرض کیا وہاں سے حکم ہوا کہ ان میں کے کچھ آدمی جن کو یہ لوگ معتبر سمجھتے ہوں منتخب کر کے ان کو طور پر لے آؤ ہم ان سے خود کہہ دیں گے کہ یہ ہمارے احکام ہیں اور اس لانے کے لئے ایک وقت معین کیا گیا چنانچہ موسیٰ (علیہ السلام) نے ستر آدمی اپنی قوم میں سے ہمارے وقت معین (پر لانے) کیلئے منتخب کئے (چنانچہ وہاں پہنچ کر انہوں نے اللہ تعالیٰ کا کلام سنا تو اس میں ایک شاخ نکالی اور کہنے لگے خدا جانے کون بول رہا ہوگا ہم تو جب یقین لاویں کہ خدا تعالیٰ کو کھلم کھلا اپنی آنکھ سے دیکھ لیں لقولہ تعالیٰ : لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى نَرَى اللّٰهَ جَهْرَةً [البقرۃ: ۵۵] خدا تعالیٰ نے اس گستاخی کی سزا دی نیچے سے زلزلہ شدید شروع ہوا اوپر سے ایسی کڑک بجلی ہوئی کہ سب وہاں ہی رہ گئے) سو جب ان کو زلزلہ (وغیرہ) نے آ پکڑا تو موسیٰ (علیہ السلام ڈرے کہ بنی اسرائیل جاہل اور بدگمان تو ہیں ہی یوں سمجھیں گے کہ کہیں لے جا کر کسی طریق سے ان سب کا کام تمام کر دیا ہے گھبرا کر) عرض کرنے لگے کہ اے میرے پروردگار (یہ تو مجھ کو یقین ہے کہ ان لوگوں کو محض سزا دینا منظور ہے خاص ہلاک کرنا مقصود نہیں کیونکہ) اگر آپ کو یہ منظور ہوتا تو آپ اس کے قبل ہی ان کو اور مجھ کو ہلاک کر دیتے (کیونکہ ان کا اس وقت ہلاک ہونا بنی اسرائیل کے ہاتھوں میرا بھی ہلاک ہونا ہے سو اگر آپ کو یہ مقصود ہوتا تو آپ پہلے بھی ایسا کر سکتے تھے مگر جب ایسا نہیں کیا تو معلوم ہو گیا کہ ان کو بھی ہلاک کرنا مقصود نہیں کیونکہ اس سے میری ہلاکت بھی ہے اور بدنامی کے ساتھ آپ سے امید ہے کہ مجھ کو بدنام نہ کریں گے اور بھلا) کہیں آپ ہم میں کے چند بیوقوفوں کی حرکت پر سب کو ہلاک کر دیں گے (کہ بیوقوفی تو کریں یہ لوگ کہ ایسی گستاخی کریں اور ساتھ میں بنی اسرائیل کے ہاتھ سے ہلاک ہوں میں بھی آپ سے امید ہے کہ آپ ایسا نہ کریں گے پس ثابت ہوا کہ) یہ واقعہ (رجفہ وصاعقہ کا) محض آپ کی طرف سے ایک امتحان ہے ایسے امتحانات سے جس کو آپ چاہیں گمراہی میں ڈال دیں (کہ حق تعالیٰ کی شکایت اور ناشکری کرنے لگو) اور جس کو آپ چاہیں ہدایت پر قائم رکھیں (کہ اس کی حکمتوں اور مصلحتوں کو سمجھتا ہے سو میں آپ کے فضل و کرم سے آپ کے حکیم ہونے کا علم رکھتا ہوں لہٰذا اس امتحان میں مطمئن ہوں اور) آپ ہی تو ہمارے خبر گیراں ہیں ہم پر مغفرت اور رحمت فرمایئے اور آپ سب معافی دینے والوں سے زیادہ ہیں (سو ان کی گستاخی بھی معاف کر دیجئے چنانچہ وہ لوگ صحیح وسالم اُٹھ کھڑے ہوئے سورۂ بقرہ کا معاملہ ہفتم وہشتم ملاحظہ ہو) اور (اس دعا کے ساتھ آپ نے تفصیل رحمت کے لئے یہ بھی دعا کی کہ) ہم لوگوں کے نام دنیا میں بھی نیک حالی لکھ دیجئے اور (اسی طرح) آخرت میں بھی (کیونکہ) ہم آپ کی طرف (خلوص واطاعت کے ساتھ) رجوع کرتے ہیں اللہ تعالیٰ نے (موسیٰ علیہ السلام کی دعا قبول کی اور) فرمایا کہ (اے موسیٰ اول تو مطلقاً میری رحمت میرے غضب پر سابق ہے چنانچہ) میں اپنا عذاب (اور غضب) تو اسی پر واقع کرتا ہوں جس پر چاہتا ہوں (گو مستحق عذاب ہر نافرمان ہوتا ہے لیکن پھر بھی سب پر واقع نہیں کرتا بلکہ ان میں سے خاص خاص لوگوں پر واقع کرتا ہوں جو غایت سرکش اور متمرد ہوتے ہیں) اور میری رحمت (ایسی عام ہے کہ) تمام اشیاء کو محیط ہو رہی ہے (باوجودیکہ ان میں بہت سی مخلوق مثلاً سرکش ومعاند لوگ اس کے مستحق نہیں مگر ان پر بھی ایک گونہ رحمت ہے، گو دنیا ہی میں سہی پس جب میری رحمت غیر مستحقین کے لئے بھی عام ہے) تو وہ رحمت ان لوگوں کے نام تو (کامل طور پر) ضرور ہی لکھوں گا جو کہ (اس کے حسب وعدہ مستحق بھی ہیں بوجہ اس کے کہ وہ اطاعت کرتے ہیں چنانچہ) خدا تعالیٰ سے ڈرتے ہیں (جو منجملہ اعمال قلب کے ہیں) اور زکوٰۃ دیتے ہیں (جو کہ اعمال جوارح سے ہے) اور جو کہ ہماری آیتوں پر ایمان لاتے ہیں (جو عقائد میں سے ہے تو ایسے لوگ تو پہلے سے مستحق رحمت ہیں گو آپ درخواست بھی نہ کرتے اور اب تو آپ درخواست بھی کر رہے ہیں اِرْحَمْنَا وَاكْتُبْ لَنَا پس ہم بشارت قبول دیتے ہیں کیونکہ آپ تو ایسے ہیں ہی اور آپ کی قوم میں بھی جو مورد رحمت بننا چاہے وہ ایسے ہی اوصاف اختیار کرے کہ مستحق ہو جاوے)

www.besturdubooks.net

ف: تقویٰ وزکوٰۃ ایمان میں حصر مقصود نہیں ہر باب کا ایک عمل نمونہ کے طور پر ذکر فرمادیا مطلب یہ کہ اطاعت احکام کی کرتے ہیں پھر جس درجہ کی اطاعت ہوگی اس درجہ کی رحمت ہوگی اور دعا میں رحمت کے ساتھ مغفرت وحسنہ بھی مذکور ہے سو رحمت کے عموم میں وہ بھی داخل ہیں۔

ربط: کچھ قصہ موسیٰ علیہ السلام کا اوپر مذکور ہوا ہے اور کچھ آگے آئے گا مگر درمیان میں بمناسبت مضمون استجابت دعائے موسیٰ علیہ السلام کے (جس میں رحمت کاملہ کی بشارت کا اختصاص اہل اطاعت کاملہ کے ساتھ مذکور ہے) جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مبارک کے اہل کتاب کو سنانے کے لئے ایک مضمون بطور جملہ معترضہ کے لایا جاتا ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ یہ تو اوپر کے مضمون سے معلوم ہوگیا کہ رحمت کاملہ کا استحقاق اہل اطاعت کاملہ ہی کو حاصل ہے اب ہم بتلاتے ہیں کہ دورۂ نبوت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم میں اس مفہوم کا مصداق وہی لوگ ہیں جو آپ کی اطاعت کرتے ہیں بالخصوص جب کہ علاوہ اور دلائل اثبات نبوت کے توریت وانجیل میں بھی آپ کی پیشین گوئی ہے تب تو اہل کتاب کو خصوصاً عدم اطاعت میں کوئی عذر ہی نہیں ایک آیت میں تو یہ مضمون خاص اہل کتاب کے مناسب ہے پھر دوسری آیت: قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ میں خطاب عام ہے وجوب اطاعت محمدیہ کا عام مکلفین پر اور تیسری آیت وَمِنْ قَوْمِ مُوْسٰٓى میں مدح ہے ان اہل کتاب کی جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے متبع تھے اس کے بعد پھر تتمیم ہے قصہ مذکورہ بالا کی۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَرَحْمَتِيْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ ۭ فَسَاَكْتُبُهَا لِلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ پہلے جملہ سے جو بعض نے استدلال کیا ہے کہ کفار کا اخیر بھی رحمت و مغفرت سے دوسرا جملہ اس استدلال کو باطل کرتا ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی قومه قوم میں سے اشارة الی تقدیر من لانها صلة اختار ۱۲۔ ۲ قوله ان هی یہ واقعہ رجفة نقل فی روح المعانی وقد کنت اراه من قبل وما فسرت الآیة به هو من المواهب التی زال بها کل اشکال ولله الحمد ۱۲۔ ۳ قوله فی فساکتبها ضرور اشارة الی ان السین للتاکید ۱۲۔

البلاغۃ: قوله عذابی الخ فی الروح وفی نسبة الاصابة الی العذاب بصیغة المضارع ونسبة السعة الی الرحمة بصیغة الماضی ایذان بان الرحمة مقتضی الذات واما العذاب فمقتضی معاصی العباد آه۔

اَلَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِيَّ الْاُمِّيَّ الَّذِيْ يَجِدُوْنَهٗ مَكْتُوْبًا عِنْدَهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ ۡ يَاْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهٰىهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبٰتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبٰۗىِٕثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ اِصْرَهُمْ وَالْاَغْلٰلَ الَّتِيْ كَانَتْ عَلَيْهِمْ ۭ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِهٖ وَعَزَّرُوْهُ وَنَصَرُوْهُ وَاتَّبَعُوا النُّوْرَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ مَعَهٗٓ ۙ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعَۨا الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۠ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الَّذِيْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَكَلِمٰتِهٖ وَاتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ۝ وَمِنْ قَوْمِ مُوْسٰٓى اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَبِهٖ يَعْدِلُوْنَ ۝

جو لوگ ایسے رسول نبی امی کا اتباع کرتے ہیں جن کو وہ لوگ اپنے پاس توریت وانجیل میں لکھا ہوا پاتے ہیں (جن کی صفت یہ بھی ہے کہ) وہ ان کو نیک باتوں کا حکم کرتے ہیں اور بری باتوں سے منع کرتے ہیں اور پاکیزہ چیزوں کو ان کے لئے حلال بتلاتے ہیں اور گندی چیزوں کو (بدستور) ان پر حرام فرماتے ہیں اور ان لوگوں پر جو بوجھ اور طوق تھے ان کو دور کرتے ہیں۔ سو جو لوگ اس نبی (موصوف) پر ایمان لاتے ہیں اور ان کی حمایت کرتے ہیں اور ان کی مدد کرتے ہیں اور اس نور کا اتباع کرتے ہیں جو ان کے ساتھ بھیجا گیا ہے ایسے لوگ پوری فلاح پانے والے ہیں۔ آپ کہہ دیجئے کہ اے (دنیا جہان کے) لوگو میں تم سب کی طرف اس اللہ کا بھیجا (پیغمبر) ہوں جس کی بادشاہی ہے تمام آسمانوں اور زمین میں۔ اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ وہی زندگی دیتا ہے اور وہی موت دیتا ہے۔ سو (کیسے) اللہ پر ایمان لاؤ اور اس کے (ایسے) نبی اُمّی پر (بھی) جو کہ خود اللہ پر اور اس کے احکام پر ایمان رکھتے ہیں اور ان (نبی) کا اتباع کرو تاکہ تم راہ (راست) پر آجاؤ اور قوم موسیٰ میں ایک جماعت ایسی بھی ہے جو دین حق کے موافق ہدایت کرتی ہے اور اسی کے موافق انصاف بھی کرتے ہے۔

www.besturdubooks.net

تفسیر: حصر فلاح ونجات در اتباع محمدی بدورۂ اخیر و مدح متبعین ☆ اَلَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ (الی قولہ تعالیٰ) وَبِهٖ يَعْدِلُوْنَ جو لوگ ایسے رسول نبی امی کا اتباع کرتے ہیں جن کو وہ لوگ اپنے پاس توریت وانجیل میں لکھا ہوا پاتے ہیں (جن کی صفت یہ بھی ہے کہ) وہ ان کو نیک باتوں کا حکم فرماتے ہیں اور بری باتوں سے منع کرتے ہیں اور پاکیزہ چیزوں کو ان کے لئے حلال بتلاتے ہیں (گو وہ پہلے شرائع میں حرام تھیں) اور گندی چیزوں کو (بدستور) ان پر حرام فرماتے ہیں اور ان لوگوں پر جو (پہلے شرائع میں) بوجھ اور طوق (لدے ہوئے) تھے (یعنی ان پر احکام شدید تھے) ان کو دور کرتے ہیں (یعنی ایسے احکام ان کی شریعت میں منسوخ ہو جاتے ہیں) سو جو لوگ اس نبی (موصوف) پر ایمان لاتے ہیں اور ان کی حمایت کرتے ہیں اور ان کی مدد کرتے ہیں اور اس نور کا (مراد اس سے قرآن ہے) اتباع کرتے ہیں جو ان کے ساتھ بھیجا گیا ہے ایسے لوگ پوری فلاح پانے والے ہیں (کہ عذاب ابدی سے بچے رہیں گے یہ کلام تو اہل کتاب کے اعتبار سے تھا آگے عموم بعثت کا بیان ہے کہ) آپ کہہ دیجئے کہ اے (دنیا جہان کے) لوگو میں تم سب کی طرف اس اللہ کا بھیجا ہوا (پیغمبر) ہوں جس کی بادشاہی ہے تمام آسمانوں اور زمین میں اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں وہی زندگی دیتا ہے اور وہی موت دیتا ہے سو (ایسے) اللہ پر ایمان لاؤ اور اس کے (ایسے) نبی امی پر (بھی ایمان لاؤ) جو کہ (خود) اللہ پر اور اس کے احکام پر ایمان رکھتے ہیں) یعنی باوجود اس رتبہ عظیمہ کے ان کو اللہ پر اور سب رسل و کتب پر ایمان سے عار نہیں تو تم کو اللہ و رسول پر ایمان لانے سے کیوں انکار ہے) اور ان (نبی) کا اتباع کرو تا کہ تم راہ (راست) پر آ جاؤ اور (گو بعض نے آپ کی مخالفت کی لیکن) قوم موسیٰ میں ایک جماعت ایسی بھی ہے جو (دین) حق (یعنی اسلام) کے موافق (لوگوں کو) ہدایت (بھی) کرتے ہیں اور اسی کے موافق (اپنے اور غیروں کے معاملات میں) انصاف بھی کرتے ہیں (مراد اس سے عبداللہ بن سلام وغیرہ ہیں اور اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ آپ کی نبوت جیسے شہادت دلائل سے ثابت ہے اسی طرح شہادت اہل علم سے بھی مؤید ہے) ف: وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبٰتِ کا حاصل یہ ہے کہ یہود پر بعض اشیاء جو حرام تھیں وجہ اس کی ان اشیاء کا خبث نہ تھا بلکہ ان کی شرارت و سرکشی سبب تھا آپ کی شریعت میں ان کے طیب ہونے کے موافق پھر عمل درآمد ہوا اور اُمی کے معنی یہ ہیں جیسے آدمی ماں کے پیٹ سے پیدا ہوتا ہے کہ کسی کا شاگرد نہیں ہوتا آپ نے عمر بھر کسی کی شاگردی نوشت وخواند میں نہیں کی اور پھر یہ علوم عالیہ اور حقائق غامضہ ظاہر فرمائے یہ کتنا بڑا کمال ہے اور موجودہ توراۃ وانجیل باوجود محرف ہونے کے آپ کے اوصاف وبشارات سے خالی نہیں جس کی تفصیل کتب مناظرہ اہل کتاب میں موجود ہے اور اگر بشارت میں صرف اشارات اور علامات کافی نہیں بلکہ تصریح نام کی حاجت ہے تو اس وقت کے علماء کا ان آیتوں کو سن کر خاموش ہونا دلیل صریح ہے کہ اس وقت نام بھی ہوگا ورنہ وہ لوگ معارضہ کرتے اور وہ معارضہ تواریخ میں منقول ہوتا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ توریت وانجیل کی تحریفیں بڑھتی گئیں۔ اخذته من فتح المنان اور ایها الناس میں لفظ ناس باعتبار اطلاق عرفی کے جن کو بھی عام ہے جیسے فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ میں کہا گیا ہے اور عموم بعثت آپ کا دلائل قطعیہ سے ثابت ہے اور رسول اور نبی میں چند فرق بیان کئے ہیں احقر آیات قرآنیہ سے یہ سمجھتا ہے کہ نبی خاص ہے بشر کے ساتھ اور رسول عام ہے ملائکہ کو بھی دو صفتیں لانے سے تاکید مقصود ہے اور اصر واغلال سے مراد وہ احکام ہیں جو توریت میں سخت سخت تھے اور تخصیص توریت وانجیل کی اس لئے کی کہ وہ کتب شریعت سمجھی جاتی تھیں ورنہ آپ کی بشارت زبور میں بھی تھی۔

ربط: کچھ اوپر قصہ موسیٰ علیہ السلام کا مذکور تھا درمیان میں ایک دوسرا مضمون ضروری مناسب مقام آ گیا تھا آگے پھر قصہ کا تتمہ مذکور ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی یحل حرام تھیں وفی یحرم بدستور اشار به الی فائدة ایراد الجملتین ۱۲۔ ۲ قوله فی عزروه حمایت لان اصل العزر المنع ۱۲۔ ۳ قوله فی یؤمن عار نہیں اشار به الی فائدة الجملة ۱۲۔

النحو: قوله الذین یتبعون مبتدأ خبره فالذین آمنوا الخ وضعا للمظهر موضع المضمر قوله یأمرهم حال۔

البلاغة: قوله فآمنوا بالله ورسوله کان الظاهر بالله وبی ففیه التفات لیصرح ببعض نعوته ﷺ۔

وَقَطَّعْنٰهُمُ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ اَسْبَاطًا اُمَمًا ؕ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اِذِ اسْتَسْقٰىهُ قَوْمُهٗٓ اَنِ اضْرِبْ
بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ۚ فَانْۢبَجَسَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ؕ قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ؕ وَظَلَّلْنَا
عَلَيْهِمُ الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا عَلَيْهِمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى ؕ كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ؕ وَمَا ظَلَمُوْنَا وَلٰكِنْ
كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۶۰﴾ وَاِذْ قِيْلَ لَهُمُ اسْكُنُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ وَكُلُوْا مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ وَقُوْلُوْا

www.besturdubooks.net

حِطَّةٌ وَّادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا نَّغْفِرْ لَكُمْ خَطِيٰٓـتِكُمْ ۭ سَنَزِيْدُ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ قَوْلًا غَيْرَ الَّذِيْ قِيْلَ لَهُمْ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِجْزًا مِّنَ السَّمَاۗءِ بِمَا كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ ۝ ع

اور ہم نے ان کو بارہ خاندانوں میں تقسیم کر کے سب کی الگ الگ جماعتیں مقرر کر دیں اور (ایک انعام یہ کیا کہ) ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو حکم دیا جب کہ ان کی قوم نے ان سے پانی مانگا کہ اپنے اس عصا کو فلاں پتھر پر مارو (بس مارنے کی دیر تھی) فوراً اس سے بارہ چشمے پھوٹ نکلے۔ (چنانچہ) ہر شخص نے اپنے پانی پینے کا موقعہ معلوم کر لیا اور (ایک انعام یہ کیا کہ) ہم نے ان پر ابر کو سایہ فگن کر کیا اور (ایک انعام یہ کیا کہ) ان کو ترنجبین اور بٹیریں پہنچائیں اور (اجازت دی کہ) کھاؤ نفیس چیزوں سے جو کہ ہم نے تم کو دی ہیں اور انہوں نے ہمارا کوئی نقصان نہیں کیا لیکن اپنا ہی نقصان کرتے تھے اور (وہ زمانہ یاد کرو) جب ان کو حکم دیا گیا کہ تم لوگ اس آبادی میں جا کر رہو اور کھاؤ اس سے جس جگہ تم رغبت کرو اور زبان سے یہ کہتے جانا کہ توبہ ہے (توبہ ہے) اور (عاجزی سے) جھکے جھکے دروازہ میں داخل ہونا۔ ہم تمہاری پچھلی خطائیں معاف کر دیں گے۔ (یہ تو سب کے لئے ہوگا) اور جو لوگ نیک کام کریں گے ان کو مزید برآں اور دیں گے۔ سو بدل ڈالا ان ظالموں جو ضائع ایک اور کلمہ جو خلاف تھا اس کلمہ کے جس کی ان سے فرمائش کی گئی تھی۔ اس پر ہم نے ان پر ایک آفت سماوی بھیجی اس وجہ سے کہ وہ حکم کے منافی کرتے تھے۔ ۞

تفسیر بعض نعم مختصہ بنی اسرائیل ☆ وَقَطَّعْنٰهُمُ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ اَسْبَاطًا اُمَمًا (الی قولہ تعالیٰ) وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝ اور ہم نے (ایک انعام بنی اسرائیل پر یہ کیا کہ ان کی اصلاح و انتظام کے لئے) ان کو بارہ خاندانوں میں تقسیم کر کے سب کی الگ الگ جماعت مقرر کر دی (اور ہر ایک پر ایک سردار نگرانی کے لئے مقرر کر دیا جن کا ذکر مائدہ کے رکوع سوم میں ہے: وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيْبًا [المائدة: ۱۲] اور (ایک انعام یہ کیا کہ) ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو حکم دیا جب کہ ان کی قوم نے ان سے پانی مانگا (اور انہوں نے حق تعالیٰ سے دعا کی اس وقت یہ حکم ہوا) کہ اپنے اس عصا کو فلاں پتھر پر مارو (اس سے پانی نکل آوے گا) بس (مارنے کی دیر تھی) فوراً اس سے بارہ چشمے (بعد دان ہی بارہ خاندانوں کے) پھوٹ نکلے (چنانچہ) ہر ہر شخص نے اپنے پانی پینے کا موقع معلوم کر لیا اور (ایک انعام یہ کیا کہ) ہم نے ان پر ابر کو سایہ فگن کیا اور (ایک انعام یہ کیا کہ) ان کو (خزانہ غیب سے) ترنجبین اور بٹیریں پہنچائیں (اور اجازت دی کہ) کھاؤ نفیس چیزوں سے جو کہ ہم نے تم کو دی ہیں (لیکن وہ لوگ اس میں بھی ایک بات خلاف حکم کر بیٹھے) اور (اس سے) انہوں نے ہمارا کوئی نقصان نہیں کیا لیکن اپنا ہی نقصان کرتے تھے۔

ف: یہ واقعات وادی تیہ کے ہیں ان کی تفصیل سورۂ بقرہ معاملہ نہم و دوازدہم میں گزر چکی ہے۔

بعض تعم نازلہ بر بنی اسرائیل ☆ وَاِذْ قِيْلَ لَهُمُ اسْكُنُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ (الی قولہ تعالیٰ) بِمَا كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ ۝ اور (وہ زمانہ یاد کرو) جب ان کو حکم دیا گیا کہ تم لوگ اس آبادی میں جا کر رہو اور کھاؤ اس (کی چیزوں میں) سے جس جگہ تم رغبت کرو اور (یہ بھی حکم دیا گیا کہ جب اندر جانے لگو تو) زبان سے یہ کہتے جانا کہ توبہ ہے (توبہ ہے) اور (عاجزی سے) جھکے جھکے دروازہ میں داخل ہونا ہم تمہاری (پچھلی) خطائیں معاف کر دیں گے (یہ تو سب کے لئے ہوگا اور) جو لوگ نیک کام کریں گے ان کو مزید برآں اور دیں گے سو بدل ڈالا ان ظالموں نے ایک اور کلمہ جو خلاف تھا اس کلمہ کے جس (کے کہنے) کی ان سے فرمائش کی گئی تھی اس پر ہم نے ان پر ایک آفت سماوی بھیجی اس وجہ سے کہ وہ حکم کو ضائع کرتے تھے۔ ف: اس کی تفصیل سورۂ بقرہ کے معاملہ دہم و یازدہم میں گزر چکی ہے وہاں ملاحظہ کیا جاوے۔

ربط: یہاں تک موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ کے قصے بنی اسرائیل کے مذکور ہوئے اور رکوع آئندہ کی اخیر آیت: وَاِذْ نَتَقْنَا الْجَبَلَ الخ میں بھی آپ ہی کے زمانہ کا قصہ مذکور ہے درمیان میں دوسرے اوقات کے احوال و افعال بنی اسرائیل کے مذکور ہیں۔

اللغات: الانبجاس فی الروح هو خروج الماء بسهلة والانفجار خروجه بكثرة والتعبير بهذا تارة وبالاخرى اخرى باعتبار اول الخروج وما انتهى اليه آه۔ قوله السبت اليوم الخاص او تعظيمه قوله شرعا ظواهر على وجه الماء قوله البئيس الشديد۔

النجو: قوله قطعنهم متضمن لمعنى صيرنا فالمفعول الاول هو والثانى اثنتى عشرة واسباطا بدل منه واما نعت من البدل اخذته من البيضاوى۔

وَسْـَٔـلْهُمْ عَنِ الْقَرْيَةِ الَّتِيْ كَانَتْ حَاضِرَةَ الْبَحْرِ ۘ اِذْ يَعْدُوْنَ فِي السَّبْتِ اِذْ تَاْتِيْهِمْ حِيْتَانُهُمْ يَوْمَ سَبْتِهِمْ شُرَّعًا وَّيَوْمَ لَا يَسْبِتُوْنَ ۙ لَا تَاْتِيْهِمْ ۚ كَذٰلِكَ ۚ نَبْلُوْهُمْ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ۝

www.besturdubooks.net

وَاِذْ قَالَتْ اُمَّةٌ مِّنْهُمْ لِمَ تَعِظُوْنَ قَوْمًا ۙ اللّٰهُ مُهْلِكُهُمْ اَوْ مُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ؕ قَالُوْا مَعْذِرَةً اِلٰى رَبِّكُمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۱۶۴﴾ فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖۤ اَنْجَيْنَا الَّذِيْنَ يَنْهَوْنَ عَنِ السُّوْٓءِ وَاَخَذْنَا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا بِعَذَابٍۭ بَـِٕيْسٍۢ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۱۶۵﴾ فَلَمَّا عَتَوْا عَنْ مَّا نُهُوْا عَنْهُ قُلْنَا لَهُمْ كُوْنُوْا قِرَدَةً خٰسِـِٕيْنَ ﴿۱۶۶﴾

اور آپ ان (اپنے ہم عصر یہودی) لوگوں سے (بطور تنبیہ) اس بستی کا جو کہ دریائے شور کے قریب آباد تھے اس وقت کا حال پوچھئے جبکہ وہ ہفتہ کے بارے میں حد (شرعی) سے نکل رہے تھے جبکہ ان کے پاس ہفتہ کے روز تو ان (کے دریا) کی مچھلیاں ظاہر ہو ہو کر ان کے سامنے آتی تھیں اور ہفتہ کا دن نہ ہوتا تو ان کے سامنے نہ آتیں۔ ہم ان کی اس طرح پر (شدید) آزمائش کرتے تھے۔ اس سبب سے وہ پہلے سے بے حکمی کیا کرتے تھے اور (اُس وقت کا حال پوچھئے) جبکہ ان میں سے ایک جماعت نے یوں کہا کہ تم ایسے لوگوں کو کیوں نصیحت کئے جاتے ہو جن کو اللہ تعالیٰ بالکل ہلاک کرتے ہیں یا ان کو سخت سزا دینے والے ہیں۔ انہوں نے جواب دیا کہ تمہارے (اور اپنے) رب کے روبرو عذر کرنے کے لئے اور (نیز) اس لئے کہ شاید یہ ڈر جائیں (سو آخر) جب وہ اس امر کے تارک ہی رہے جو ان کو سمجھایا جاتا تھا (یعنی نہ مانا) تو ہم نے ان لوگوں کو تو بچالیا جو اس بری بات سے منع کرتے تھے اور ان لوگوں کو جو (حکم مذکور میں) زیادتی کیا کرتے تھے۔ ایک سخت عذاب میں پکڑ لیا۔ یعنی جب وہ جس کام سے ان کو منع کیا گیا تھا۔ اس میں حد سے نکل گئے تو ہم نے ان کو (براہ قہر) کہہ دیا کہ تم بندر ذلیل بن جاؤ۔ ۞

تفسیر: قصۂ مسخ اہل سبت ☆ وَسْـَٔلْهُمْ عَنِ الْقَرْيَةِ الَّتِيْ كَانَتْ حَاضِرَةَ الْبَحْرِ (الی قولہ تعالیٰ) قُلْنَا لَهُمْ كُوْنُوْا قِرَدَةً خٰسِـِٕيْنَ ﴿۱۶۶﴾ اور آپ ان (اپنے ہم عصر یہودی) لوگوں سے (بطور تنبیہ کے) اس بستی (والوں) کا جو کہ دریائے شور کے قریب آباد تھے (اور اس میں یہودی رہتے تھے جن کو ہفتہ کے روز شکار کرنا ممنوع تھا) اس وقت کا حال پوچھئے جب کہ وہ (وہاں کے بسنے والے) ہفتہ (کے متعلق جو حکم تھا اس) کے بارہ میں حد (شرعی) سے نکل رہے تھے جب کہ ان کے ہفتہ کے روز تو ان (کے دریا) کی مچھلیاں (پانی سے سر نکال نکال) ظاہر ہو ہو کر (سطح دریا پر) ان کے سامنے آتی تھیں اور جب ہفتہ کا دن نہ ہوتا تو ان کے سامنے نہ آتی تھیں (بلکہ وہاں سے دور کہیں چلی جاتی تھیں اور وجہ اس کی یہ تھی کہ) ہم ان کی اس طرح پر (شدید) آزمائش کرتے تھے (کہ کون حکم پر ثابت رہتا ہے اور کون نہیں رہتا اور یہ آزمائش) اس سبب سے (تھی) کہ وہ (پہلے سے) بے حکمی کیا کرتے تھے (اس لئے ایسے سخت حکم سے ان کی آزمائش کی اور اہل طاعت کی آزمائش لطف اور توفیق اور تائید سے مقرون ہوا کرتی ہے) اور (اس وقت کا حال پوچھئے) جب کہ ان میں سے ایک جماعت نے (جو کہ ان کو نصیحت کرتے کرتے اثر و نفع ہونے سے مایوس ہو گئے تھے ایسے لوگوں سے جواب بھی نصیحت کئے چلے جا رہے تھے اور اس قدر مایوس بھی نہ ہوئے تھے جیسا لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ سے معلوم ہوتا ہے کہ ان) کو اللہ تعالیٰ بالکل ہلاک کرنے والے ہیں یا (ہلاک نہ ہوئے تو) ان کو (کوئی اور طرح کی) سخت سزا دینے والے ہیں (یعنی ایسوں کے ساتھ کیوں دماغ خالی کرتے ہو) انہوں نے جواب دیا کہ تمہارے (اور اپنے) رب کے روبرو عذر کرنے کیلئے (ان کو نصیحت کرتے ہیں کہ اللہ کے روبرو کہہ سکیں کہ اے اللہ ہم نے تو کہا تھا مگر انہوں نے نہ سنا ہم معذور ہیں) اور (نیز) اس لئے شاید ڈر جاویں (اور عمل کرنے لگیں مگر وہ کب عمل کرتے تھے) سو (آخر) جب وہ اس امر کے تارک ہی رہے جو ان کو سمجھایا جاتا تھا (یعنی نہ مانا) تو ہم نے ان لوگوں کو تو (عذاب سے) بچالیا جو اس بری بات سے منع کیا کرتے تھے (خواہ برابر منع کرتے رہے اور خواہ بوجہ عذر یاس کے بیٹھ رہے) اور ان لوگوں کو جو کہ (حکم مذکور میں) زیادتی کرتے تھے ان کی (اس عدول حکمی کی وجہ سے) ایک سخت عذاب میں پکڑ لیا یعنی جب وہ جس کام سے ان کو منع کیا گیا تھا اس میں حد سے نکل گئے (یہ تو تفسیر ہوئی نسیان مَا ذُكِّرُوْا بِهٖ کی) تو ہم نے ان کو (براہ قہر) کہہ دیا کہ تم بندر ذلیل بن جاؤ (یہ تفسیر ہوئی عذاب بئیس کی) ف: مسئلہ جب نصیحت کے اثر ہونے کی بالکل امید نہ ہو تو تصیحت کرنا واجب نہیں رہتا گو عالی ہمتی ہے پس قائلین لِمَ تَعِظُوْنَ نے بوجہ یاس کے عدم وجوب پر عمل کیا اور قائلین مَعْذِرَةً اِلٰى رَبِّكُمْ کو یا تو یاس نہیں ہوا یا عالی ہمتی کی شق کو اختیار کیا غرض دونوں مصیب تھے اور دونوں کی نجات پانے کو حضرت عکرمہ نے استنباط کیا اور ابن عباس رضی اللہ عنہما نے پسند کر کے ان کو انعام بھی دیا کذا فی الدر المنثور اور جس حیلہ سے انہوں نے شکار کیا تھا اس میں مفسرین کے اقوال مختلف ہیں اور کچھ مباحث اس کے متعلق سورۂ بقرہ معاملہ شانزدہم میں گزر چکے ہیں اور اس قریہ کا نام اکثر نے ایلہ لکھا ہے قرب بحر کی وجہ سے یہ لوگ ماہی گیری کے شوقین تھے اور در منثور میں روایتیں نقل کی ہیں کہ یہ بندر تین دن کے بعد سب مر گئے ان کی نسل نہیں چلی۔

ربط: اوپر بنی اسرائیل کی حکایات میں ان کے بہت سے قبائح و شنائع کا بیان بھی ہوا ہے آگے ان قبائح کا انجام بد جو سزائے آخرت کے علاوہ دنیا میں بھی مرتب ہوا آیت: وَاِذْ تَاَذَّنَ میں مذکور ہے اور جو ان میں ان قبائح کے مرتکب نہ تھے آیت: وَقَطَّعْنٰهُمْ میں بعنوان تقسیم ان کا استثناء فرما دیا گیا ہے پھر ان

www.besturdubooks.net

اسلاف کے بعد ان کے خلف کی حالت جو کہ ہمارے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے عصر میں موجود تھے آیت: فَخَلَفَ میں مذکور ہے اور وہاں بھی آیت: وَالَّذِيْنَ يُمَسِّكُوْنَ میں مطیعین کا اسی طرح استثناء ہے۔

تَرْجَمَہ مَسَائِلُ السُّلُوْک: قولہ تعالیٰ: اِذْ يَعْدُوْنَ فِي السَّبْتِ (الی قولہ تعالیٰ) كَذٰلِكَ نَبْلُوْهُمْ اس سے معلوم ہوا کہ احکام شرعیہ کی مدافعت کے لئے حیلے کرنا سخت مذموم ہے اور جن حیلے کا مشروع ہونا وارد ہے وہ احکام شرعیہ کی تحصیل کے لئے ہیں اصل عربی میں پوری تقریر ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَاِذْ قَالَتْ اُمَّةٌ مِّنْهُمْ لِمَ تَعِظُوْنَ (الی قولہ تعالیٰ) وَ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ مسئلہ یہ ہے کہ جب نفع کی امید نہ ہو نہی عن المنکر کا وجوب ساقط ہو جاتا ہے تو قائلین اول نے یاس کی وجہ سے وعظ چھوڑ دیا اور قائلین ثانی کو امید تھی اس لئے وہ کرتے رہے اور تحقیق یہ ہے کہ ساکتین کو بھی نجات رہی اب بھی اسی بناء پر اہل طریق کا مذاق مختلف ہے بعض اولین کے مشابہ ہے بعض دوسروں کے۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَة: ۱ قوله فی وسئلهم تنبیه اشار الی غرض السوال من التقریع والاعلام بتقدیم الیهود فی الکفر ۱۲۔ ۲ قوله فی اذ یعدون اس وقت کا حال اشارة الی تعلق اذ یعدون بالمقدر فی القریة ای واسئلهم عن قصة القریة التی وقعت اذ یعدون۔ ۱۲۔ ۳ قوله فی واذ قالت اس وقت کا حال اشارة الی عطفه علی اذ یعدون لا علی اذ تاتیهم لا یهامه دخولهم فی اهل العدوان ۱۲۔ ۴ قوله فی بما کانوا یفسقون اس عدول اشارة الی ان الفسق هو عین الظلم وعین النسیان فلا یشکل کون هذه الثلثة اسبابا کما دل علیه لما وایراد الظلم صلة وباء السببیة ۱۲۔ ۵ قوله فی فلما عتوا یعنی اشارة الی ان الفاء للتفصیل ۱۲۔

اَلنَّحْو: قوله فی کذالك احتمالان تعلقه بنبلو کما مر فی المتن وتعلقه بلا تاتیهم والمعنی لا تاتیهم کا لاتیان المذکور فی السبت ۱۲۔

وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكَ لَيَبْعَثَنَّ عَلَيْهِمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ يَّسُوْمُهُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ ؕ اِنَّ رَبَّكَ لَسَرِيْعُ الْعِقَابِ ۚ
وَاِنَّهٗ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۶۷﴾ وَقَطَّعْنٰهُمْ فِي الْاَرْضِ اُمَمًا ۚ مِنْهُمُ الصّٰلِحُوْنَ وَمِنْهُمْ دُوْنَ ذٰلِكَ ۚ وَبَلَوْنٰهُمْ بِالْحَسَنٰتِ
وَالسَّيِّاٰتِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۱۶۸﴾ فَخَلَفَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ وَّرِثُوا الْكِتٰبَ يَاْخُذُوْنَ عَرَضَ هٰذَا الْاَدْنٰى
وَيَقُوْلُوْنَ سَيُغْفَرُ لَنَا ۚ وَاِنْ يَّاْتِهِمْ عَرَضٌ مِّثْلُهٗ يَاْخُذُوْهُ ؕ اَلَمْ يُؤْخَذْ عَلَيْهِمْ مِّيْثَاقُ الْكِتٰبِ اَنْ لَّا يَقُوْلُوْا عَلَى
اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ وَدَرَسُوْا مَا فِيْهِ ؕ وَالدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۶۹﴾ وَالَّذِيْنَ يُمَسِّكُوْنَ بِالْكِتٰبِ
وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ؕ اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ الْمُصْلِحِيْنَ ﴿۱۷۰﴾ وَاِذْ نَتَقْنَا الْجَبَلَ فَوْقَهُمْ كَاَنَّهٗ ظُلَّةٌ وَّظَنُّوْٓا اَنَّهٗ وَاقِعٌ
بِهِمْ ۚ خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۱۷۱﴾ ع ۱۱

اور وہ وقت یاد کرنا چاہئے کہ جب آپ کے ربّ نے یہ بات بتلا دی کہ وہ ان یہود پر قیامت (کے قریب) تک ایسے (کسی نہ کسی) شخص کو ضرور مسلط کرتا رہے گا جو ان کو سزائے شدید کی تکلیف پہنچاتا رہے گا۔ بلاشبہ آپ کا ربّ واقعی (جب چاہے) جلدی ہی سزا دے دیتا ہے اور بلاشبہ وہ واقعی اگر کوئی باز آ جائے (تو) بڑی رحمت والا اور بڑی مغفرت والا بھی ہے اور ہم نے دنیا میں ان کی متفرق جماعتیں کر دیں بعضے ان میں نیک تھے اور بعضے ان میں اور طرح کے تھے (یعنی بد) اور ان کو خوش حالیوں (رحمت و غنا) اور بدحالیوں (بیماری وفقر) سے آزماتے رہے کہ شاید اس سے باز آ جائیں۔ پھر ان کے بعد ایسے لوگ جانشین ہوئے کہ کتاب (توراۃ) کو ان سے حاصل کیا اس دنیائے دنی کا مال متاع لے لیتے ہیں اور (اس گناہ کو حقیر سمجھ کر) کہتے ہیں کہ ہماری ضرور مغفرت ہو جائے گی۔ حالانکہ اگر ان کے پاس (پھر) ویسا ہی مال متاع (دین فروشی کے عوض) آنے لگے۔ تو اس کو لے لیتے ہیں۔ کیا ان سے اس کتاب کے اس مضمون کا عہد نہیں لیا گیا کہ خدا کی طرف بجز حق بات کے اور کسی بات کی نسبت نہ کریں اور انہوں نے اس کتاب میں جو کچھ تھا اس کو پڑھ (بھی) لیا اور آخرت والا گھر ان لوگوں کے لئے (اس دنیا سے) بہتر ہے جو (ان عقائد واعمال قبیحہ سے) پرہیز رکھتے ہیں پھر کیا (اے یہود) تم نہیں سمجھتے اور (ان میں سے) جو لوگ کتاب کے پابند ہیں اور نماز کی پابندی کرتے ہیں ہم ایسے لوگوں کا جو اپنی اصلاح کریں ثواب ضائع نہ کریں گے اور وہ وقت بھی قابل ذکر ہے جب ہم نے پہاڑ کو اُٹھا کر چھت کی طرف ان کے اوپر معلق کر دیا اور ان کو یقین ہوا کہ اب ان پر گرا اور کہا کہ (جلدی) قبول کرو جو کتاب ہم نے تم کو دی ہے (یعنی تورات) اور مضبوطی کے ساتھ (قبول کرو) اور یاد رکھو جو احکام اس میں ہیں جس سے توقع ہے کہ تم متقی بن جاؤ۔

www.besturdubooks.net

تفسیر تفصیل حالت سلف وخلف وصالح وطالع یہود ☆ وَاِذْتَاَذَّنَ رَبُّكَ لَيَبْعَثَنَّ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ الْمُصْلِحِيْنَ اوروہ وقت یاد کرنا چاہئے کہ جب آپ کے رب نے (انبیائے بنی اسرائیل کی معرفت) یہ بات بتلادی کہ وہ ان یہود پر (ان کی گستاخیوں اور نافرمانیوں کی سزا میں) قیامت (کے قریب) تک ایسے (کسی نہ کسی) شخص کو ضرور مسلط کرتا رہے گا جو ان کو سزائے شدید (ذلت وخواری ومحکومیت) کی تکلیف پہنچاتا رہے گا (چنانچہ مدت سے یہودی کسی نہ کسی سلطنت کے محکوم ومقہور ہی چلے آتے ہیں) بلاشبہ آپ کا رب واقعی (جب چاہے) جلدی ہی سزا دے دیتا ہے اور بلاشبہ وہ واقعی (اگر کوئی باز آجاوے تو) بڑی مغفرت اور بڑی رحمت والا (بھی) ہے اور ہم نے دنیا میں ان کی متفرق جماعتیں کردیں (چنانچہ) بعضے ان میں نیک (بھی) تھے اور بعضے ان میں اور طرح کے تھے (یعنی بد تھے) اور ہم (نے ان بدوں کو بھی اپنی عنایت اور تربیت واصلاح کے اسباب جمع کرنے سے کبھی مہمل نہیں چھوڑا بلکہ ہمیشہ) ان کو خوشحالیوں (یعنی صحت وغنا) اور بدحالیوں (یعنی بیماری وفقر) سے آزماتے رہے کہ شاید (اسی سے) باز آجاویں (کیونکہ گاہے حسنات سے ترغیب ہوجاتی ہے اور گاہے سیئات سے ترہیب ہوجاتی ہے یہ حال تو ان کے سلف کا ہوا) پھر ان (سلف) کے بعد ایسے لوگ ان کے جانشین ہوئے کہ کتاب (یعنی تورات) کو (تو) ان سے حاصل کیا (لیکن اس کے ساتھ ہی حرام خور ایسے ہیں کہ احکام کتاب کے عوض میں) اس دنیائے دنی کا مال ومتاع (اگر ملے تو بے تکلف اس کو) لے لیتے ہیں اور (بیباک ایسے ہیں کہ اس گناہ کو حقیر سمجھ کر) کہتے ہیں کہ ہماری ضرور مغفرت ہوجاوے گی (کیونکہ ہم ابناء اللہ واحباء اللہ ہیں ایسے گناہ ہماری مقبولیت کے روبرو کیا چیز ہیں) حالانکہ (اپنی بیباکی اور استخفاف معصیت پر مصر ہیں حتیٰ کہ) اگر ان کے پاس (پھر) ویسا ہی (دین فروشی کے عوض) مال متاع آنے لگے تو (اسی بیباکی کے ساتھ پھر) اس کو لے لیتے ہیں (اور استخفاف معصیت کا خود کفر ہے جس پر مغفرت کا احتمال بھی نہیں تا بہ یقین چہ رسد چنانچہ آگے یہی ارشاد ہے کہ) کیا ان سے اس کتاب کے مضمون کا عہد نہیں لیا گیا کہ خدا کی طرف بجز حق (اور واقعی) بات کے اور کسی بات کی نسبت نہ کریں (مطلب یہ کہ جب کسی آسمانی کتاب کو مانا جاتا ہے تو اس کے معنی یہ ہوتے ہیں کہ ہم اس کے سب مضامین مانیں گے) اور (عہد بھی کوئی اجمالی عہد نہیں لیا گیا جس میں احتمال ہو کہ شاید اس مضمون خاص کا اس کتاب میں ہونا ان کو معلوم نہ ہوگا بلکہ تفصیلی عہد لیا گیا چنانچہ) انہوں نے اس کتاب میں جو کچھ (لکھا) تھا اس کو پڑھ (بھی) لیا (جس سے وہ احتمال بھی جاتا رہا پھر بھی یہ ایسی بڑی بات کا دعویٰ کرتے ہیں کہ باوجود استخفاف معصیت کے مغفرت کا اعتقاد کئے ہوئے ہیں جو کہ اللہ تعالیٰ پر محض تہمت ہے) اور (انہوں نے یہ سب قصہ دنیا کیلئے کیا باقی) آخرت والا گھر ان لوگوں کے لئے (اس دنیا سے) بہتر ہے جو (ان عقائد واعمال قبیحہ سے) پرہیز رکھتے ہیں پھر کیا (اے یہود) تم (اس بات کو) نہیں سمجھتے اور (ان میں سے) جو لوگ کتاب (یعنی توراۃ) کے پابند ہیں (جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانے کا بھی حکم ہے پس پابندی یہی ہے کہ مسلمان ہوگئے) اور (عقائد کے ساتھ اعمال صالحہ کے بھی پابند ہیں چنانچہ) نماز کی پابندی کرتے ہیں ہم ایسے لوگوں کا جو اپنی (اس طرح) اصلاح کریں ثواب ضائع نہ کریں گے۔ ف: یہود کے ہمیشہ محکومیت کی حالت میں رہنے کے متعلق ضروری تحقیق پارہ الٓمّٓ کے نصف کے قبل آیت : وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نَّصْبِرَ [البقرة : ٦١] کی تفسیر میں اور پارہ لَنْ تَنَالُوا کے ربع کے قبل آیت : ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ اَيْنَ مَا ثُقِفُوْٓا [آل عمران : ١١٢] کی تفسیر میں گزر چکی ہے ملاحظہ کرلیا جاوے اور لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ میں یہ شاید بندوں کے اعتبار سے ہے کہ ان واقعات کو دیکھ کر دوسرا اس طرح سمجھے گا کہ شاید باز آجاویں۔

ربط: اوپر زیادہ حصہ قصۂ موسویہ کا مذکور ہو چکا ہے آگے بقیہ مذکور ہے۔

قصہ رفع طور بر سر یہود اہل شرور ☆ وَاِذْ نَتَقْنَا الْجَبَلَ فَوْقَهُمْ (الی قولہ تعالیٰ) وَاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ اور وہ وقت بھی قابل ذکر ہے جب ہم نے پہاڑ کو اٹھا کر چھت کی طرح ان (بنی اسرائیل) کے اوپر (محاذاۃ میں) معلق کردیا اور ان کو یقین ہوا کہ اب ان پر گرا اور (اس وقت) کہا کہ (جلدی) قبول کرو جو کتاب ہم نے تم کو دی ہے (یعنی توراۃ اور) مضبوطی کے ساتھ (قبول کرو) اور یاد رکھو جو احکام اس (کتاب) میں ہیں جس سے توقع ہے کہ تم متقی بن جاؤ۔

ف: چھت کے ساتھ بالائے سر ہونے میں ہے معلق ہونے میں نہیں اور ایسی ہی آیت سورۂ بقرہ کی سرخی معاملہ چہاردہم میں گزری ہے وہاں تفصیل ملاحظہ کرلی جاوے۔

ربط: اوپر قصص انبیاء وامم سابقین کے ذکر سے بڑا مقصود مسئلہ نبوت کا اثبات تھا جیسا کہ سورۂ ہذا کی تمہید میں اس کی تقریر گزر چکی ہے اور اس کے ضمن میں مسئلہ توحید بھی ثابت ہوگیا کیونکہ عظیم الشان حصہ دعوت انبیاء کا یہی مسئلہ توحید ہے آگے میثاق عالم ارواح کا بیان فرماتے ہیں جس سے بڑا مقصود مسئلہ توحید کا اثبات ہے کہ میثاق بھی لیا گیا تھا اور اس کے ضمن میں مسئلۂ رسالت بھی ثابت ہے کیونکہ اس کی خبر رسول ہی کے ذریعہ سے ہے اور اسی لئے احادیث میثاق میں ہے کہ میرے رسل تم کو یہ عہد یاد دلائیں گے پس قصص مذکورہ اور یہ قصہ دونوں میں توحید اور رسالت کا اثبات ہے گو ایک جگہ ایک قصداً ہے دوسرا تبعاً اور دوسری جگہ بالعکس۔

www.besturdubooks.net

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ :وَبَلَوْنٰهُمْ بِالْحَسَنٰتِ وَالسَّيِّاٰتِ یہاں حسنات وسیئات سے مراد تنگی وفراخی ظاہری ہے اور کبھی حسنات باطنہ سے بھی ابتلاء کیا جاتا ہے۔ مثلاً معاصی کے ہوتے ہوئے موجیدوذواق حاصل ہوتے ہیں تو اس سے دھوکا ہوتا ہے کہ میں حق پر ہوں حالانکہ وہ باطل پر ہے تو معصیت کے ساتھ اگر بسط ہو وہ استدراج ہے اس سے دھوکا نہ کھانا چاہئے قولہ تعالیٰ: فَخَلَفَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ وَّرِثُوا الْكِتٰبَ يَاْخُذُوْنَ عَرَضَ هٰذَا الْاَدْنٰى وَ يَقُوْلُوْنَ سَيُغْفَرُ لَنَا ۚ وَاِنْ يَّاْتِهِمْ عَرَضٌ مِّثْلُهٗ يَاْخُذُوْهُ ؕ روح المعانی میں ہے کہ یہی حال ہے ہمارے زمانہ کے بہت صوفیوں کا کہ شہوات دنیویہ پر پروانوں کی طرح گرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم کو مضر نہیں کیونکہ ہم واصل ہیں اور بعض کی حکایت سنی گئی ہے کہ وہ خالص حرام کھاتا تھا اور کہتا تھا کہ نفی واثبات اس کے ضرر کو دفع کر دیتا ہے اور یہ کھلی گمراہی ہے اللہ تعالیٰ محفوظ رکھے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی ظلة چھت لم اترجمه بسائبان لاجل حرف التشبيه اذ لو فسر بظاهره لم يكن لدخول حرف التشبيه وجه اذ الجبل عال مظل اخذته من الروح ۱۲۔

الکلام: استدل المعتزلة بقوله وان ياتهم الخ على ان اعتقاد اهل السنة المغفرة مع الدوام على المعصية كاعتقاد اليهود وحاشاهم عن ذلك لان انتفاء المغفرة انما هو لا ستخفافهم المعصية وعدم قلعهم عن ذلك الاستخفاف لم الجزم بالمغفرة واما اهل الحق فلا يقولون بالمغفرة للمستخف انما يعتقدونها لغير المستخف ثم انهم لا يقولون انه ليغفر له بلا عقاب جزما وانما يقولون به احتمالا فحصل الفرق بالوجهين الاستخفاف وعدمه والقطع وعدمه فافهم واشرت الى هذا التقرير فی ترجمتی۔

اللغات: قوله تاذن بمعنى اعلم والتفعل بمعنى الافعال كالتوعد بمعنى الا يعاد قوله خلف بالسكون خاص بالشر او عام خص بقرينة المقام قولان قوله يمسكون التفعيل بمعنى التفعل۔ فی القاموس الناتق الفاتق والرافع۔

النحو: قوله الادنى صفة للشئ المراد به الدنيا لقربها قوله وان تاتهم حال قوله درسوا عطف على معنى الم يوخذ اى اخذوا ودرسوا۔

البلاغة: عدى يبعثن بعلى لتضمنه معنى يسلطن قوله يمسكون بالمضارع واقاموا بالماضى لعله الدلالة على ان التمسك امر مستمر فی جميع الازمنة بخلاف الاقامة فانها مختصة بالاوقات المخصوصة وتخصيصها بالذكر لكونها عماد الدين۔ قوله انا لا نضيع فی وضع المظهر موضع المضمر اى اجرهم قوله كانه عبر اليقينى لان الصادق لا يتخلف خبره بالظن لانه لما لم يكن المفعول واقعا لعدم شرطه اشبه المظنون الذى قد يتخلف ۱۲ من الروح۔

وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْۢ بَنِيْۤ اٰدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَاَشْهَدَهُمْ عَلٰۤى اَنْفُسِهِمْ ۚ اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ ؕ قَالُوْا بَلٰى ۛ شَهِدْنَا ۛ اَنْ تَقُوْلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّا كُنَّا عَنْ هٰذَا غٰفِلِيْنَ ﴿۱۷۲﴾ اَوْ تَقُوْلُوْۤا اِنَّمَاۤ اَشْرَكَ اٰبَآؤُنَا مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا ذُرِّيَّةً مِّنْۢ بَعْدِهِمْ ۚ اَفَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۱۷۳﴾ وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ وَلَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۱۷۴﴾ وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ الَّذِيْۤ اٰتَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا فَانْسَلَخَ مِنْهَا فَاَتْبَعَهُ الشَّيْطٰنُ فَكَانَ مِنَ الْغٰوِيْنَ ﴿۱۷۵﴾ وَلَوْ شِئْنَا لَرَفَعْنٰهُ بِهَا وَلٰكِنَّهٗۤ اَخْلَدَ اِلَى الْاَرْضِ وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ ۚ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ الْكَلْبِ ۚ اِنْ تَحْمِلْ عَلَيْهِ يَلْهَثْ اَوْ تَتْرُكْهُ يَلْهَثْ ؕ ذٰلِكَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ فَاقْصُصِ الْقَصَصَ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۱۷۶﴾ سَآءَ مَثَلًا ۨ الْقَوْمُ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاَنْفُسَهُمْ كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۷۷﴾

اور جب کہ آپ کے رب نے اولاد آدم کی پشت سے ان کی اولاد کو نکالا اور ان سے انہیں کے متعلق اقرار لیا کہ کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں۔ سب نے جواب دیا کہ کیوں نہیں ہم سب (اس واقعہ کے) گواہ بنتے ہیں۔ تاکہ تم لوگ قیامت کے روز یوں نہ کہنے لگو کہ ہم تو اس (توحید) سے محض بے خبر تھے۔ یا یوں کہنے لگو کہ (اصل) شرک تو ہمارے بڑوں نے کیا تھا اور ہم تو ان کے بعد ان کی نسل میں ہوئے۔ سو کیا ان غلط راہ (نکالنے) والوں کے فعل پر آپ ہم کو ہلاکت میں ڈالے دیتے ہیں۔ ہم اس طرح

www.besturdubooks.net

آیات کو صاف صاف بیان کیا کرتے ہیں اور تا کہ وہ باز آ جائیں اور ان لوگوں کو اس شخص کا حال پڑھ کر سنایئے کہ اس کو ہم نے اپنی آیتیں دیں پھر وہ ان سے بالکل ہی نکل گیا پھر شیطان اس کے پیچھے لگ گیا سو وہ گمراہ لوگوں میں داخل ہو گیا اور اگر ہم چاہتے تو اس کو آیتوں کی بدولت بلند مرتبہ کر دیتے لیکن وہ تو دنیا کی طرف مائل ہو گیا اور اپنی نفسانی خواہش کی پیروی کرنے لگا۔ سو اس کی حالت کتے کی سی ہو گئی کہ اگر تو اس پر حملہ کرے تب بھی ہانپے یا اس کو چھوڑ دے تب بھی ہانپے۔ یہی حالت (عام طور پر) ان لوگوں کی ہے جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا سو آپ اس حال کو بیان کر دیجئے شاید وہ لوگ کچھ سوچیں۔ (حقیقت میں) ان لوگوں کی حالت بھی بری حالت ہے جو ہماری آیات کو جھٹلاتے ہیں اور (اس تکذیب سے) وہ اپنا ہی نقصان کرتے ہیں۔ ۞

تفسیر ذکر میثاق الست ☆ وَإِذْ أَخَذَ رَبُّكَ مِنْ بَنِيٓ آدَمَ (الی قولہ تعالیٰ) وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْآيٰتِ وَلَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ اور ان سے اس وقت کا واقعہ ذکر کیجئے) جب کہ آپ کے رب نے (عالم ارواح میں آدم علیہ السلام کی پشت سے تو خود ان کی اولاد کو اور) اولاد آدم کی پشت سے ان کی اولاد کو نکالا اور (ان کو سمجھ عطا کر کے) ان سے انہی کے متعلق اقرار لیا کہ کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں سب نے) اس عقل خداداد سے حقیقت امر سمجھ کر) جواب دیا کہ کیوں نہیں (واقعی آپ ہمارے رب ہیں حق تعالیٰ نے وہاں جتنے ملائکہ اور مخلوقات حاضر تھے سب کو گواہ کر کے سب کی طرف سے فرمایا) ہم سب (اس واقعہ کے) گواہ بنتے ہیں (اور یہ اقرار اور شہادت سب اس لئے ہوا) کہ تا کہ تم لوگ (یعنی جو تم میں سے ترک توحید و اختیار شرک پر سزا پائیں) قیامت کے روز یوں نہ کہنے لگو کہ ہم تو اس (توحید) سے محض بے خبر تھے یا یوں کہنے لگو کہ (اصل) شرک تو ہمارے بڑوں نے کیا تھا اور ہم تو ان کے بعد ان کی نسل میں ہوئے (اور عادۃً نسل عقائد و خیالات میں تابع اپنی اصل کے ہوتی ہے اس لئے ہم بے خطا ہیں پس ہمارے فعل پر تو ہم کو سزا ہو نہیں سکتی اگر ہو گی تو لازم آتا ہے کہ ان بڑوں کی خطاء میں ہم ماخوذ ہوں) سو کیا ان غلط راہ (نکالنے) والوں کے فعل پر آپ ہم کو ہلاکت میں ڈالے دیتے ہیں (سو اب اس اقرار و اشہاد کے بعد تم یہ عذر پیش نہیں کر سکتے پھر اس کے بعد ان سب سے وعدہ کیا گیا کہ یہ عہد تم کو دنیا میں پیغمبروں کے ذریعہ سے یاد دلایا جاوے گا چنانچہ ایسا ہی ہوا جیسا یہاں بھی اول میں إِذْ أَخَذَ کے ترجمہ سے معلوم ہوا کہ آپ کو اس واقعہ کے ذکر کا حکم ہوا) اور (آخر میں بھی اس یاد دہانی کو جتلاتے ہیں کہ) ہم اسی طرح (اپنی) آیات کو صاف صاف بیان کیا کرتے ہیں (تا کہ ان کو اس عہد کا ہونا معلوم ہو جاوے) اور تا کہ (معلوم ہونے کے بعد شرک وغیرہ سے) وہ باز آ جاویں۔ **ف**: ان آیتوں کی یہی تفسیر حدیثوں میں آئی ہے اور یہی تمام اکابر سلف اہل حق سے منقول ہے اور اس میں جو اشکال نقلی و عقلی کم سمجھ لوگوں کو ہوئے ہیں وہ سب لاشئے محض ہیں ان میں سے جو ظاہراً شبہ میں ڈال سکتے ہیں ان کو مع جواب ذکر کرتا ہوں۔ **شبہ اول**: قرآن مجید میں: مِنْ بَنِيٓ آدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ فرمایا ہے اگر تفسیر مذکور مراد ہوتی تو من ادم من ظهره ہوتا جواب حدیث مرفوع میں مصرح ہے اخرج من صلبه كل ذرية ذراها فنثرها بين يديه كالذر ثم كلمهم قبلا قال الست بربكم اخرجه احمد والنسائي والحاكم وصححه وغيرهم عن ابن عباس مرفوعاً پس حدیث سے تو اخراج من ظہر آدم اور قرآن سے اخراج من ظہور بنی آدم معلوم ہوا اور دونوں میں کچھ تعارض نہیں جیسا ترجمہ میں وجہ جمع کی تقریر کر دی گئی ہے اور اس وجہ جمع کی تائید دوسری روایات سے بھی ہوتی ہے چنانچہ عبداللہ بن عمروؓ سے مروی ہے اخذهم من ظهرهم۔ اخرجه ابن ابی شيبة وعبد بن حميد وابن جرير وغيرهم اور ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: ثم ردهم في اصلاب ابائهم حتى اخرجهم قرنا بعد قرن اخرجه ابو الشيخ بلکہ روایت ثانیہ ہی اس باب میں کافی ہے کیونکہ رد کہتے ہیں عود الى الحالة الاولى کو معلوم ہوا کہ اخراج بھی اصلاب آباء سے ہوا تھا پس حدیث میں تو دونوں صورتیں مذکور ہوئیں رہا یہ کہ قرآن میں ایک ہی صورت کا کیوں ذکر ہے سو یا تو بنا بر غایت ظہور کے چھوڑ دیا کیونکہ جب یقیناً معلوم ہے کہ تمام ذریت نسل آدم سے ہے ہی پس خروج من صلبہ امر جلی و مشہور تھا اس لئے ذکر کی ضرورت نہ ہوئی جو جز و مخفی وغیرہ معلوم تھا اس کو بیان فرما دیا اور یا بناء بر اس کے کہ اخراج الذرية من ظهور بني آدم مستلزم ہے اخراج ذریۃ آدم من ظہر آدم کو کیونکہ یہ ذریت بنی آدم بھی تو ظہر آدم ہی میں تھی جب بنی آدم سے ذریت کا کسی بقعہ میں اخراج ہوا تو ظہر آدم سے خود ذریت آدم کا بھی تو لازمی طور پر اخراج ہوا جیسے صندوق میں تھیلی ہو اور تھیلی میں روپے تو جب روپیہ تھیلی میں سے اس طرح نکالیں کہ نکلتے ہی بقعہ خارجہ عن الصندوق میں آ جاوے اور ایسا خروج عن الصرہ مستلزم ہو گا خروج الصرة عن الصندوق کو بھی اور قرآن مجید میں لفظ اخذ کے ماضی ہونے سے اور حدیث شیخین میں ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے اس لفظ سے قد اردت منك اهون من ذلك قد اخذت عليه في ظهر ابيك ادم ان لا تشرك بي فابيت ان لا تشرك بي سے اور بعض اہل باطن کے اس دعوے سے کہ ہم کو وہ یاد ہے جیسا روح المعانی میں حضرت ذوالنون مصری رحمہ اللہ کا یہ قول كانه الآن في اذني کسی شخص کے اس سوال کے جواب میں هل تذكره منقول ہے اسی تفسیر کی تائید ہوتی ہے یہ سب روایات درمنثور میں مذکور ہیں۔ شبہ ثانی اتنے آدمی کھڑے کہاں ہوئے ہوں گے۔ جواب: حدیث میں آیا ہے کہ بہت ننھے ننھے چیونٹیوں کی طرح تھے پس کوئی شبہ نہیں۔ شبہ ثالث ان میں عقل کہاں تھی۔ جواب ان کو عقل دے دی گئی تھی۔ شبہ رابع اتنے ننھے جسم میں عقل کیسے ہو گی۔

www.besturdubooks.net

جواب: جیسے چیونٹی کو ضروریات کی سمجھ ہوتی ہے۔ شبہ خامس اس عہد سے کیا فائدہ ہوا۔ **جواب**: ہم اللہ تعالیٰ کی حکمتوں کے احاطہ کا دعویٰ نہیں کرتے اس لئے اس کی تعیین ہمارے ذمہ نہیں اور یہ بھی کہنا ممکن ہے کہ اب جو عقل کے نزدیک توحید ایک امر فطری ہے کہ ذرا انصاف سے تامل کیا جاوے تو سمجھ میں آ جاتی ہے ممکن ہے کہ یہ اسی عہد کا اثر ہو اگر وہ عہد نہ ہوتا تو شاید ایسی سہولت نہ ہوتی جیسے کسی کو حساب سکھا دیا جاوے پھر گو وہ بھول جاوے لیکن دوبارہ اگر اس کو تعلیم دیں تو بہ نسبت اوروں کے سہولت سے سیکھ لیتا ہے شبہ سادس یاد تو رہا نہیں۔ **جواب**: اسی پر تو اکتفا نہیں کیا گیا ہمیشہ انبیاء علیہم السلام توحید کی دعوت کرتے رہے اسی کو حدیث میں فرمایا ہے کہ میرے رسول تم کو یاد دلاتے رہیں گے رہا یہ کہ اس دعوت رسل پر کیوں نہ اکتفا فرمایا اس کا جواب اس کے قبل کے شبہ میں مذکور ہو چکا ہے۔ شبہ سابع یہ جو فرمایا: اَنْ تَقُوْلُوْا یَوْمَ الْقِیٰمَةِ تو اس کے لئے وہ عہد کیسے کافی ہوا جب کہ یاد نہیں جواب مراد یہ ہے کہ اس وقت کے عہد مع انضمام تذکیر موعود بلسان رسل کی یہ حکمت ہے چونکہ اصل استعداد اسی عہد سے پیدا ہوئی اس لئے اس کی طرف اس حکمت کی نسبت کر دی اب بعض ضروری امور مستقل طور پر قابل تحقیق ہیں ایک امر یہ کہ اس عہد میں توحید کی تخصیص کیوں کی گئی۔ **جواب**: شاید اس لئے کہ توحید کا مسئلہ متعلق ہے ذات غائبہ کے اس لئے اس کا فطرت کے قریب بنا زیادہ مہتم بالشان تھا۔ امر دوم اگر عہد نہ لیا جاتا تو عذاب ہی نہ ہوتا پھر یہ عذر کیوں ہوتا۔ **جواب**: عذاب کا وقوع مقتضا حکمت کا تھا اسی لئے تو اب وقوع ہوا لہٰذا قطع عذر کے لئے یہ عہد لیا گیا امر سوم: بعد عہد یہ سوال تو نہیں ہو سکتا لیکن یہ سوال تو ممکن ہے کہ اس کا مکلف ہی کیوں کیا جواب مقتضا حکمت کا ہے جس کی تعیین ہمارے ذمہ نہیں۔ امر چہارم: اس عہد میں جنات کا ذکر نہیں آیا سو یا تو وہ کسی حکمت کے اقتضاء سے اس میں شریک نہ ہوں یا ذکر نہ کیا ہو کیونکہ وہ اکثر احکام میں تابع انسان کے ہیں پس ایک کے ذکر سے دوسرے کا حال معلوم ہو جاوے گا۔

ربط: اوپر اثنائے احوال بنی اسرائیل میں ان کا مامور باحکام الٰہیہ ہونا اور ذکر میثاق عالم ارواح میں تمام آدمیوں کا مامور بتوحید ہونا مقصوداً اور ان مذکورین کا توحید و رسالت کے انکار سے ان عہود کے خلاف کرنا ضمناً مذکور ہوا تھا آگے بعد علم احکام کے ان کے خلاف کرنے والے کی مثال بیان فرماتے ہیں۔

مثال تارک حق بعد وضوح آں: وَاتْلُ عَلَیْهِمْ نَبَاَ الَّذِیْۤ اٰتَیْنٰهُ اٰیٰتِنَا (الی قولہ تعالیٰ) سَآءَ مَثَلًا الْقَوْمُ الَّذِیْنَ كَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَا وَاَنْفُسَهُمْ كَانُوْا یَظْلِمُوْنَ ۝ اور ان لوگوں کو (عبرت کے واسطے) اس شخص کا حال پڑھ کر سنایئے کہ اس کو ہم نے اپنی آیتیں دیں (یعنی احکام کا علم دیا) پھر وہ ان (آیتوں) سے بالکل ہی نکل گیا پھر شیطان اس کے پیچھے لگ لیا سو وہ گمراہ لوگوں میں داخل ہو گیا اور اگر ہم چاہتے تو اس کو ان آیتوں (کے مقتضا پر عمل کرنے) کی بدولت بلند مرتبہ کر دیتے (یعنی اگر وہ ان آیتوں پر عمل کرتا جس کا واسطۂ قضا و قدر ہونا امر معلوم ہے تو اس کا رتبہ قبول بڑھتا) لیکن وہ تو دنیا کی طرف مائل ہو گیا اور (اس میلان کے سبب) اپنی نفسانی خواہش کی پیروی کرنے لگا (اور آیات و احکام پر عمل چھوڑ دیا) سو (آیات کو چھوڑ کر جو پریشانی اور ذلت دائمی اُس کو نصیب ہوئی اس کے اعتبار سے) اس کی حالت کتے کی سی حالت ہو گئی کہ اگر تو اس پر حملہ کرے (اور مار کر نکال دے) تب بھی ہانپے یا اس کو (اس کی حالت پر) چھوڑ دے تب بھی ہانپے (کسی حالت میں اس کو راحت نہیں اسی طرح یہ شخص ذلت میں تو کتے کے مشابہ ہو گیا اور پریشانی میں کتے کی اس صفت میں شریک ہوا پس جیسی اس شخص کی حالت ہوئی) یہی حالت (عام طور پر) ان لوگوں کی ہے جنہوں نے ہماری آیتوں کو (جو کہ توحید و رسالت پر دال ہیں) جھٹلایا (کہ وضوح حق کے بعد محض ہوا پرستی کے سبب حق کو ترک کرتے ہیں) سو آپ اس حال کو بیان کر دیجئے شاید وہ لوگ (اس کو سن کر) کچھ سوچیں (حقیقت میں ان لوگوں کی حالت بھی بری حالت ہے جو ہماری آیات (دالة علی التوحید و الرسالة) کو جھٹلاتے ہیں اور (اس تکذیب سے) وہ اپنا (ہی) نقصان کرتے ہیں۔ **ف**: درمنثور میں اس شخص کی تعیین میں کئی قول لکھے ہیں بلعم اور یہ زیادہ مشہور ہے امیة بن ابی الصلت یہ ثقیف کا قول تھا صیفی بن الراہب یا ابن الراہب معروف بہ ابو عامر جس کے لئے مسجد ضرار بنی تھی اور یہ انصار کا قول تھا اور قتادہ کا یہ قول ہے کہ کوئی معین شخص مراد نہیں بلکہ جو شخص دین حق کا تارک ہوا جیسے یہ آیت ہے: مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِی اسْتَوْقَدَ نَارًا [البقرة: ۱۷] کہ مطلق مستوقد مراد ہے احقر کہتا ہے کہ ان اقوال میں کچھ تعارض نہیں عموماً و خصوصاً سب کا مجموعہ مراد لینا صحیح ہے اور اس مضمون میں دونوں طرح کے اشخاص داخل ہیں جنہوں نے حق قبول ہی نہیں کیا اور جو قبول کر کے پھر گئے اور جاننا چاہئے کہ ظاہراً مقتضا ترتیب کا یہ ہے کہ فَاَتْبَعَهُ الشَّیْطٰنُ فَكَانَ مِنَ الْغٰوِیْنَ ۝ مقدم ہو فَانْسَلَخَ پر کیوں اول شیطان تعاقب کرتا ہے پھر اس سے غوایت شروع ہوتی ہے پھر وہ بڑھ کر انسلاخ ہو جاتا ہے مگر یہاں اتبعه الشیطٰن سے لزوم و دوام تعاقب مراد ہے مطلق تعاقب نہیں اور وہ انسلاخ سے مؤخر ہے اور غوایت سے مراد بھی لزوم و دوام غوایت و ختم علی الکفر ہے اور وہ بھی انسلاخ سے مؤخر ہے عنوان ترجمہ میں ان مفہومات کی طرف اشارہ بھی کر دیا گیا ہے اور انسلاخ پر فَاَتْبَعَهُ الشَّیْطٰنُ کے مرتب کرنے میں اشارہ ہے کہ مطلق معصیت سے شیطان کا کامل تسلط نہیں ہو سکتا جب اس کے تسلط غیر تام سے انسلاخ اختیار کر لیتا ہے کہ مخالفت عملی بھی ہوا نکار اعتقادی بھی ہو تب اس کا تسلط تام ہوتا ہے پس آدمی اپنے ہاتھوں بگڑتا ہے اور لو شئنا میں مراد لو عمل بمقتضاها ہے چونکہ مشیت سبب ہے عمل کا اس لئے مجازاً اس طرح تعبیر کر دیا اب مقابلہ لکنه اخلد کا واضح ہو گیا اور کفر پر جو ذلت و پریشانی کو مرتب فرمایا ہے آخرت میں تو ظاہری ہے لیکن دنیا میں بھی حق کی سی عزت و

www.besturdubooks.net

راحت نصیب نہیں ہوتی خصوص اگر قلب کو ٹٹولا جائے خصوصاً ارتداد کی حالت میں اور یہ شاید کا لفظ جو لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ کے ترجمہ میں آیا ہے بندوں کے اعتبار سے فرمایا ہے علم الٰہی کے اعتبار سے نہیں۔ اور مقصود دونوں شرطیوں سے تقیید تشبیہ ہے نہ کہ دوام لہث کا اثبات پس اس کا عدم دوام محل اشکال نہیں یا عادت اکثریہ کو حکم دوام میں کہا جاوے۔

ربط: اوپر اہل ضلالت کی حالت بیان فرمائی کہ باوجود وضوح طرق ہدایت کے پھر عناد وخلاف کو نہیں چھوڑتے چونکہ ان کے اس عناد وخلاف سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سخت غم ہوتا تھا۔ آگے آپ کی تسلی کا مضمون ہے۔

تَرْجَمَةُ مَسَائِلِ السُّلُوكِ: قولہ تعالیٰ: وَإِذْ أَخَذَ رَبُّكَ مِنْ بَنِي آدَمَ مِنْ ظُهُورِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ ..... حضرت ذوالنون سے اس کے متعلق سوال کیا گیا کہ کیا تم کو یاد ہے۔ انہوں نے فرمایا گویا وہ میرے کانوں میں گونج رہا ہے اور بعض نے کہا ہے کہ یہ توکل کی بات ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ الَّذِي آتَيْنَاهُ آيَاتِنَا فَانْسَلَخَ مِنْهَا روح میں طیبی سے نقل کیا ہے کہ جو شخص اس مثل میں غور کرے گا اس کو یہ بات یقین کے ساتھ معلوم ہو جاوے گی کہ علماء بے عمل اس سے زیادہ قبیح حالت میں ہیں کہ دنیا کے مال وجاہ میں اور اس کی لذات میں کھپے ہوئے ہیں اور اسی میں بات اشارہ میں ہے کہ جو شخص بعد سلوک کے طریق سے ہٹتا ہے اس پر وبال یہ ہوتا ہے کہ وہ ارض طبیعت سفلیہ کی طرف مائل ہوتا ہے اور ہوائے نفسانی کا اتباع کرتا ہے اور اہل اللہ کی شان میں زبان چلاتا ہے۔ نعوذ باللہ۔

فَائِدَةٌ: انظر فی المشکوۃ تجد احادیثها ناطقة بما فسرت الآیة به۱۲۔

اِخْتِلَافُ الْقِرَاءَةِ: فی قراءة ان یقولوا بالغیبة والمعنی ان یقول من لم یوحد منکم الخ۔

اَللُّغَاتُ: قوله اخلد الی الارض مال الی الدنیا اصل الاخلا داللزوم المکان من الخلود ولما فی ذلك من المیل فسر به وتفسیر الارض بالدنیا لانها حاویة لملاذها وما یطلب منها القصص مصدر سمی به المقصوص۔

اَلنَّحْوُ: قوله من ظهورهم بدل من بنی آدم قوله ان تقولوا اعتبرته متعلقا بشهدنا لشهادة الروایات ان شهدنا لیس من مقولهم کما فی الدر المنثور والله اعلم۔ قوله ساء مثلا القوم یقدر المضاف قبل القوم ای مثل القوم ۱۲۔

اَلْبَلَاغَةُ: فی الروح ایثار الاخذ علی الاخراج للایذان بشان الماخوذ اذا ذاك لما فیه من النبأ عن الاجتباء والاصطفاء اھ۔

مَنْ يَهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِيْ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۷۸﴾ وَلَقَدْ ذَرَاْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيْرًا مِّنَ الْجِنِّ
وَالْاِنْسِ ۖ لَهُمْ قُلُوْبٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ بِهَا ۡ وَلَهُمْ اَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُوْنَ بِهَا ۡ وَلَهُمْ اٰذَانٌ لَّا يَسْمَعُوْنَ بِهَا ۭ اُولٰٓئِكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ
اَضَلُّ ۭ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ﴿۱۷۹﴾ وَلِلّٰهِ الْاَسْمَاۗءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا ۠ وَذَرُوا الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ فِيْٓ اَسْمَاۗىِٕهٖ ۭ سَيُجْزَوْنَ
مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸۰﴾ وَمِمَّنْ خَلَقْنَآ اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَبِهٖ يَعْدِلُوْنَ ﴿۱۸۱﴾ ع ۲۲ ۱۰ ۱۲

جس کو اللہ ہدایت کرتا ہے سو ہدایت پانے والا وہی ہوتا ہے اور جس کو وہ گمراہ کردے سو ایسے ہی لوگ (ابدی) خسارہ میں پڑ جاتے ہیں اور ہم نے ایسے بہت سے جن اور انسان دوزخ کے لئے پیدا کئے ہیں جن کے دل ایسے ہیں جن سے نہیں سمجھتے اور جن کی آنکھیں ایسی ہیں جن سے نہیں دیکھتے اور جن کے کان ایسے ہیں جن سے نہیں سنتے۔ یہ لوگ چوپایوں کی طرح بلکہ یہ لوگ زیادہ بے راہ ہیں۔ یہ لوگ غافل ہیں اور اچھے اچھے نام اللہ ہی کے لئے ہیں سو ان ناموں سے اللہ ہی کو موسوم کیا کرو اور ایسے لوگوں سے تعلق ہی نہ رکھو جو اس کے ناموں میں کج روی کرتے ہیں ان لوگوں کو ان کے کئے کی ضرور سزا ملے گی اور ہماری مخلوق جن وانس میں ایک جماعت ایسی بھی ہے جو حق (یعنی اسلام) کے موافق ہدایت کرتی ہے اور اسی کے موافق انصاف بھی کرتی ہے ۞

تفسیر: تسلیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم در معاملہ مخالفین حق ☆ مَنْ يَهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِيْ (الی قولہ تعالیٰ) اُولٰٓئِكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ ۭ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ
جس کو اللہ تعالیٰ ہدایت کرتا ہے سو ہدایت پانے والا وہی ہوتا ہے اور جس کو وہ گمراہ کردے سو ایسے ہی لوگ (ابدی) خسارہ میں پڑ جاتے ہیں (پھر ان سے توقع ہدایت کرنا اور ہدایت نہ ہونے سے مغموم ہونا بیکار) اور (جب وہ لوگ اپنے قویٰ مدرکہ سے کام ہی نہیں لیتے تو ہدایت کہاں سے ہو سو ان کے نصیب میں تو دوزخ ہی ہے چنانچہ) ہم نے ایسے بہت سے جن اور انسان دوزخ (ہی میں رہنے) کیلئے پیدا کئے ہیں جن کے (نام کو تو دل ہیں مگر) ایسے ہیں جن سے (حق

www.besturdubooks.net

کی بات کو) نہیں سمجھتے (چونکہ اس کا ارادہ ہی نہیں کرتے) اور جن کے نام کو تو) آنکھیں (ہیں مگر) ایسی ہیں جن سے (نظر استدلال کے طور پر کسی چیز کو) نہیں دیکھتے اور جن کے (نام کو تو) کان (ہیں مگر) ایسے ہیں جن سے (متوجہ ہو کر حق بات کو) نہیں سنتے (غرض) یہ لوگ (آخرت کی طرف سے بے توجہ ہونے میں) چوپایوں کی طرح ہیں بلکہ (اس حیثیت سے کہ چوپایوں کو آخرت کی طرف متوجہ ہونے کا مکلف تو نہیں بنایا گیا سو ان کا متوجہ نہ ہونا مذموم نہیں اور ان کو تو اس کا حکم ہے پھر بھی بے توجہی کرتے ہیں سو اس اعتبار سے) یہ لوگ (ان چوپایوں سے بھی) زیادہ بے راہ ہیں (کیونکہ) یہ لوگ (باوجود توجہ دلانے کے آخرت سے) غافل ہیں (بخلاف چوپایوں کے جیسا اوپر بیان ہوا)

ف: مسئلہ تقدیر کی تحقیق سورۂ بقرہ کے رکوع اول میں کافی طور پر مذکور ہو چکی ہے ملاحظہ کر لیا جاوے اور اگر کسی کو شبہ ہو کہ: مَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ [الذّٰریٰت: ٥٦] سے معلوم ہوتا ہے کہ سب عبادت کے لئے پیدا ہوئے ہیں اور یہاں سے معلوم ہوتا ہے کہ بعضے دوزخ کے لئے پیدا ہوئے ہیں جس کا سبب ترک عبادت ہے جواب یہ ہے کہ وہ غایت تشریعی ہے اور یہ غایت تکوینی پس دونوں میں کچھ تعارض نہیں۔

ربط: اوپر کفار کی مذمت مذکور ہے ان میں ایک قسم مشرکین تھے جن کو تین بڑے مسئلوں میں خلاف تھا توحید و رسالت و قیامت آگے کی آیت سے ختم سورت تک ان ہی تین مسئلوں کی بحث ہے اور درمیان درمیان مناسبات خاصہ سے اور کچھ کچھ مختصر مضمون ہیں۔

توحید: وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا ۪ وَذَرُوا الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ فِيْٓ اَسْمَآىِٕهٖ ۭ سَيُجْزَوْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ اور اچھے اچھے (مخصوص ۳) نام اللہ ہی کے لئے (خاص) ہیں سو ان ناموں سے اللہ ہی کو موسوم ۴ کیا کرو اور (دوسروں پر ان ناموں کا اطلاق مت کیا کرو بلکہ ۵) ایسے لوگوں سے تعلق بھی نہ رکھو جو اس کے (مذکورہ) ناموں میں کجروی کرتے ہیں (اس طرح سے کہ غیر اللہ پر ان کا اطلاق کرتے ہیں جیسا وہ لوگ ان کو معبود اور الٰہ اعتقاد ۶ کے ساتھ کہتے تھے) ان لوگوں کو ان کے کئے کی ضرور سزا ملے گی۔ ف: مخصوص ناموں سے مراد وہ جن کا خاص ہونا اللہ تعالیٰ کے ساتھ دلیل شرعی سے ثابت ہے۔

ربط: اوپر کفار کا ذکر تھا آگے حسب طرز قرآنی مؤمنین کا بطور استثناء کے ذکر ہے۔

ذکر مؤمنین ☆ وَمِمَّنْ خَلَقْنَآ اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَبِهٖ يَعْدِلُوْنَ ۝ اور ہماری مخلوق جن و انس میں (سب گمراہ ہی نہیں بلکہ) ایک جماعت (ان میں) ایسی بھی ہے جو (دین) حق (یعنی اسلام) کے موافق (لوگوں کو) ہدایت (بھی) کرتے ہیں اور اسی کے موافق (اپنے اور غیروں کے معاملات میں) انصاف بھی کرتے ہیں۔

ربط: اوپر مشرکین کے حق میں سَيُجْزَوْنَ فرمایا تھا چونکہ وہ جزا اُس وقت تک واقع نہ ہوئی تھی اس سے شبہ عدم وقوع کی ان کو گنجائش ہو سکتی ہے آگے عدم وقوع کی وجہ بیان کر کے اس شبہ کا دفعیہ فرماتے ہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَلَقَدْ ذَرَاْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيْرًا مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۚ (الی قولہ تعالیٰ) اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ اس کا مدلول لفظی تو یہ ہے کہ غفلت عن اللہ موجب ہے نار کا اور مدلول قیاسی یہ ہے جس کا مشاہدہ بھی ہوتا ہے کہ غفلت عن اللہ موجب ہے نار حرص دنیا و شہوات کی جیسا کہ ذکر سے جنت قناعت و انوار بڑھتے چلے جاتے ہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی اضل بے راہ اشار بہ الی ان الضلال لغوی لا شرعی لانہ لا یوصف بہ الانعام ۱۲۔ ۲ قولہ فی الغافلون باوجود افاد ھذا القید اطلاق الغافل والمطلق یراد بہ الفرد الکامل وما ھو الاھذا ۱۲۔ ۳ قولہ فی الاسماء مخصوص فاللام للعھد ۱۲۔ ۴ قولہ فی فادعوا موسوم من الدعوۃ بمعنی التسمیۃ من دعوتہ زیدا او بزید ای سمیتہ کما فی قولہ تعالیٰ قل ادعوا اللہ اوادعوا الرحمٰن ۱۲۔ ۵ قولہ فی وذروا بلکہ اشار الی ان المقصود النھی عن الالحاد بالمبالغۃ ۱۲۔ ۶ قولہ فی توضیح یلحدون اعتقاد قید بہ لورود تسمیۃ ما یعبدون آلھۃ فی القرآن لکن بناء علی زعمھم او اللغۃ ۱۲۔ ۷ قولہ فی وممن سب گمراہی نہیں اشار بہ الی کونہ مقابلا لقولہ ولقد ذرانا کما یدل علیہ قولہ خلقنا مراد فالقولہ ذرانا ای ممن ذرانا کذا وممن خلقنا واللہ اعلم ۱۲۔

اللغات: قولہ الحد مال ای من الحق الی الباطل ۱۲۔

وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ وَاُمْلِيْ لَهُمْ ۭ اِنَّ كَيْدِيْ مَتِيْنٌ ۝ اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا ۣ مَا بِصَاحِبِهِمْ مِّنْ جِنَّةٍ ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ اَوَلَمْ يَنْظُرُوْا فِيْ مَلَكُوْتِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ

www.besturdubooks.net

شَيْءٍ ۙ وَّاَنْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ قَدِ اقْتَرَبَ اَجَلُهُمْ ۚ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍۢ بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۸۵﴾ مَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَا هَادِيَ لَهٗ ؕ
وَيَذَرُهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۱۸۶﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰىهَا ؕ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّيْ ۚ لَا يُجَلِّيْهَا
لِوَقْتِهَاۤ اِلَّا هُوَ ۚ ثَقُلَتْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ لَا تَاْتِيْكُمْ اِلَّا بَغْتَةً ؕ يَسْـَٔلُوْنَكَ كَاَنَّكَ حَفِيٌّ عَنْهَا ؕ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ
اللّٰهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۷﴾ قُلْ لَّاۤ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ
لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ ۛۚ وَمَا مَسَّنِيَ السُّوْٓءُ ؕ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۱۸۸﴾

اور جولوگ ہماری آیات کو جھٹلاتے ہیں ہم ان کو بتدریج لئے جارہے ہیں اس طور پر کہ ان کو خبر بھی نہیں اور ان کو مہلت دیتا ہوں۔ بے شک میری تدبیر بڑی مضبوط ہے۔ کیا ان لوگوں نے اس بات میں غور نہ کیا کہ ان کا جن سے سابقہ ہے ان کو ذرا بھی جنون نہیں وہ تو صرف ایک صاف صاف (عذاب سے) ڈرانے والے ہیں اور کیا ان لوگوں نے غور نہیں کیا آسمانوں اور زمین کے عالم میں اور (نیز) دوسری چیزوں میں جو اللہ تعالیٰ نے پیدا کی ہیں اور اس بات میں بھی غور نہیں کیا کہ ممکن ہے کہ ان کی اجل قریب ہی آ پہنچی ہو۔ پھر قرآن کے بعد کون سی بات پر یہ لوگ ایمان لائیں گے۔ جن کو اللہ تعالیٰ گمراہ کرے اس کو کوئی راہ پر نہیں لا سکتا (پھر غم لاحاصل) اور اللہ تعالیٰ ان کو ان کی گمراہی میں بھٹکتے ہوئے چھوڑ دیتا ہے۔ یہ لوگ آپ سے قیامت کے متعلق سوال کرتے ہیں کہ اس کا وقوع کب ہوگا۔ آپ فرما دیجئے کہ اس کا علم صرف میرے رب ہی کے پاس ہے۔ اس کے وقت پر اس کو سوائے اللہ تعالیٰ کے کوئی اور ظاہر نہ کرے گا۔ وہ آسمان اور زمین میں بڑا بھاری حادثہ ہوگا اس لئے وہ تم پر محض اچانک آ پڑے گی۔ وہ آپ سے پوچھتے ہیں جیسے گویا کہ آپ اس کی تحقیقات کر چکے ہیں۔ آپ فرما دیجئے اس کا علم خاص اللہ ہی کے پاس ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔ آپ کہہ دیجئے کہ میں خود اپنی ذات خاص کے لئے کسی نفع کا اختیار نہیں رکھتا اور نہ کسی ضرر کا مگر اتنا ہی کہ جتنا خدا نے چاہا اور اگر میں غیب کی باتیں جانتا تو میں بہت سے منافع حاصل کر لیا کرتا اور کوئی مضرت ہی مجھ پر واقع نہ ہوتی۔ میں تو محض (احکام شرعیہ بتلا کر ثواب کی بشارت دینے والا اور (عذاب سے) ڈرانے والا ہوں ان لوگوں کو جو ایمان رکھتے ہیں۔ ﴿

تفسیر جواب عدم وقوع عذاب در دنیا ☆ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّ كَيْدِيْ مَتِيْنٌ ﴿ اور جو لوگ ہماری آیات کو جھٹلاتے ہیں ہم ان کو بتدریج (جہنم کی طرف) لئے جارہے ہیں اس طور پر کہ ان کو خبر بھی نہیں اور (دنیا میں عذاب نازل کر ڈالنے سے) ان کو مہلت دیتا ہوں بیشک میری تدبیر بڑی مضبوط ہے۔ **ف**: حاصل یہ کہ ان کی شرارتوں پر سزائے شدید دینا منظور ہے اس لئے اس کی یہ تدبیر کی گئی کہ یہاں مواخذہ کامل نہیں فرمایا ورنہ اعمال موجبہ عقاب اسی حد پر منقطع ہو جاتے اور منظور تھا اس حد مذکور سے زیادہ سزا دینا پس ان کو ناز و نعم میں ان کے حال پر چھوڑ کر مہلت دے دی تاکہ وہ اعمال بتدریج بڑھتے جائیں جس سے یوماً فیوماً زیادت عذاب کے مستحق ہوتے جاویں۔ پس مہلت دینا املاء و امہال ہے اور اس پر یوماً فیوماً زیادت معاصی کا اثر مرتب ہونا حاصل استدراج کا ہے اس سے وجہ عدم تعجیل عذاب معلوم ہوگئی اور لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿ کے معنی یہ ہیں کہ وہ اس مہلت کو محمول کرتے ہیں اپنے طریقہ کے حق ہونے اور اپنے محبوب و مقبول عند اللہ ہونے پر حالانکہ وہ جہنم تک کی مسافت کو قطع کر رہے ہیں۔

ربط: اوپر آیت: وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ میں منجملہ مسائل ثلاثہ مذکورہ تمہید آیت موصوفہ کے توحید کا بیان ہوا تھا آگے رسالت کا ذکر ہے جس کے نزول کا قصہ لباب میں قتادہ سے نقل کیا ہے کہ ایک بار جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کوہ صفا پر کھڑے ہوئے اور ایک ایک قبیلہ کو پکار کر عذاب آخرت سے ڈرایا بعضوں نے کہا کہ تمہارے ان صاحب کو جنون ہو گیا ہے اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

بحث رسالت ☆ اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا ۗ مَا بِصَاحِبِهِمْ مِّنْ جِنَّةٍ ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ کیا ان لوگوں نے اس بات میں غور نہ کیا کہ ان کا جن سے سابقہ ہے ان کو ذرا بھی جنون نہیں وہ تو صرف ایک صاف صاف (عذاب سے) ڈرانے والے ہیں (جو کہ اصالۃً پیغمبر کا کام ہوتا ہے) **ف**: حاصل یہ کہ اگر آپ کی مجموعی حالت میں غور کریں تو آپ کی پیغمبری سمجھ میں آ جائے آپ کے معجزات تو خوارق ہیں ہی جن میں سب سے بڑھ کر قرآن ہے لیکن آپ کے اخلاق و شیم بھی خوارق ہی ہیں اور بجائے خود معجزہ کہ دوسرا ہرگز ان میں برابری نہیں کر سکتا کر کے دیکھنے سے معلوم ہو۔

ربط: اوپر رسالت کے مسئلہ میں غور کرنے کو فرمایا تھا آگے توحید کے مسئلہ میں جس کا ذکر پہلے محض عنوان دعویٰ سے ہوا تھا غور کرنے کو جس میں اشارہ استدلال کی طرف ہے فرماتے ہیں اور ساتھ میں ان کی موت جس پر عذاب موعود مذکور و معہود شروع ہو جاوے گا یاد دلاتے ہیں۔

توحید و تذکیر موت ☆ اَوَلَمْ يَنْظُرُوْا فِيْ مَلَكُوْتِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (الی قولہ تعالیٰ) فَبِاَيِّ حَدِيْثٍۢ بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ ﴿ اور کیا ان لوگوں نے غور نہیں کیا آسمانوں

www.besturdubooks.net

اور زمین کے عالم میں اور (نیز) دوسری چیزوں میں جو اللہ تعالیٰ نے پیدا کی ہیں (تا کہ ان کو توحید کا علم استدلالی حاصل ہو جاتا) اور اس بات میں (بھی غور نہیں کیا) کہ ممکن ہے کہ ان کی اجل قریب ہی آ پہنچی ہو (تا کہ احتمال عذاب سے ڈرتے اور اس سے بچنے کی فکر کرتے اور اس فکر سے دین حق مل جاتا اور امکان قرب اجل ہر وقت ہے اور جب قرآن جیسے مؤثر کلام سے ان کی فکر تک کو حرکت نہیں ہوتی تو) پھر قرآن کے بعد کون سی بات پر یہ لوگ ایمان لاویں گے ف: استدلال بالمصنوع علی توحید الصانع کی تقریر پارہ سَيَقُوْلُ کے شروع رکوع چہارم میں گزر چکی ہے حاصل آیت یہ کہ نہ دین حق کے موصل یعنی دلیل کی فکر ہے اور نہ اس فکر فی الموصل کی معین یعنی استحضار موت کا ذکر ہے۔

ربط: اوپر فَبِاَیِّ حَدِیْثٍ سے انکار غالی فی الکفر ہونا ثابت ہوا اور یہ مظنہ ہے حزن رسول اللہ ﷺ کا آگے تسلی کا مضمون ہے جیسا ایک بار اوپر مَنْ یَّهْدِ اللّٰهُ الخ میں بھی آ چکا ہے شاید اہتمام تسلیہ کے لئے مکرر فرما دیا گیا ہو۔

تکریر تسلیہ رسول اللہ ﷺ ☆ مَنْ یُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَا هَادِیَ لَهٗ وَیَذَرُهُمْ فِیْ طُغْیَانِهِمْ یَعْمَهُوْنَ ۝ جس کو اللہ تعالیٰ گمراہ کرے اس کو کوئی راہ پر نہیں لا سکتا (پھر غم لاحاصل) اور اللہ تعالیٰ ان کو ان کی گمراہی میں بھٹکتے ہوئے چھوڑ دیتا ہے (تا کہ ایک دفعہ ہی پوری سزا دے دے)

ربط: اوپر منجملہ مسائل ثلاثہ مذکورہ تمہید آیت وللہ الاسماء کے توحید و رسالت کا ذکر ہو چکا آگے تیسرے مسئلہ بحث قیامت کا ذکر ہے جس کا سبب نزول لباب میں آپ سے قریش کا اور نیز یہود کا سوال کرنا منقول ہے۔

بحث قیامت ☆ یَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَیَّانَ مُرْسٰىهَا ؕ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّیْ ۚ (الی قولہ تعالیٰ) وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ ۝ یہ لوگ آپ سے قیامت کے متعلق سوال کرتے ہیں کہ اس کا وقوع کب ہوگا آپ فرما دیجئے کہ اس کا (یہ) علم (کہ کب واقع ہوگی) صرف میرے رب ہی کے پاس ہے (دوسرے کسی کو اس کی اطلاع نہیں) اس کے وقت پر اس کو سوا اللہ کے کوئی اور ظاہر نہ کرے گا (اور وہ ظاہر کرنا یہ ہوگا کہ اس کو واقع کر دے گا اس وقت سب کو پوری خبر ہو جاوے گی اس کے قبل ویسے کسی کو بتلانے کے طور پر بھی اس کو ظاہر نہ کیا جاوے گا کیونکہ) وہ آسمانوں اور زمین میں بڑا بھاری حادثہ ہوگا (اس لئے) وہ تم پر محض اچانک (بے خبری میں) آ پڑے گی (تا کہ وہ جس طرح اجسام پر ان کو متغیر و متفرق کر دینے میں بھاری ہے اسی طرح قلوب پر بھی اس کا بھاری اثر ہو اور پہلے سے بتلا دینے میں یہ بات نہیں رہتی اور پوچھنا بھی تو ان کا معمولی طور پر نہیں بلکہ) وہ آپ سے اس طرح (اصرار و مبالغہ سے) پوچھتے ہیں جیسے گویا آپ اس کی تحقیقات کر چکے ہیں (اور تحقیقات کے بعد آپ کو اس کا پورا احاطہ ہو گیا ہے) آپ فرما دیجئے کہ اس کا علم (مذکور) خاص اللہ کے پاس ہے لیکن اکثر لوگ (اس بات کو) نہیں جانتے (کہ بعض علوم حق تعالیٰ نے اپنے خزانہ علم میں مکنون رکھے ہیں انبیاء علیہم السلام کو بھی تفصیلاً اطلاع نہیں دی پس اس کے نہ جاننے سے کسی نبی کے عدم اطلاع تعیین قیامت کے معاذ اللہ دلیل نفی نبوۃ کی سمجھتے ہیں اس طرح سے کہ نبوۃ کے لئے علم لازم ہے اور انتفاء لازم مستلزم انتفاء ملزوم ہے حالانکہ پہلا مقدمہ محض غلط ہے۔ ف: اس آیت سے اور حدیث: ماالمسئول عنها باعلم من السائل رواہ الشیخان سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ تعیین و تفصیل کے ساتھ قیامت کی اطلاع آپ سے بھی مخفی تھی اور بعض روایات جو تعیین کے باب میں آئی ہیں کہ دنیا کی عمر سات ہزار سال کی ہے اولاً وہ قوت میں قرآن و حدیث شیخین کے برابر کیا فی نفسہٖ بھی صحیح السند نہیں دوسرے ماول ہو سکتی ہیں ظن غالب کے ساتھ۔

ربط: اوپر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تعیین قیامت کے متعلق اپنی لاعلمی کے اظہار کا حکم ہوا ہے آگے اس لاعلمی کی علت بیان کرنے کا حکم ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ مجھ کو غیب کا علم نہیں ہے اور جب مجھ کو تعیین کا علم نہیں دیا گیا تو وہ غیب ہوا اسی لئے مجھ کو اس کا علم نہیں۔

انتفائے علم غیب از نبی ﷺ ☆ قُلْ لَّاۤ اَمْلِكُ لِنَفْسِیْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا (الی قولہ تعالیٰ) اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِیْرٌ وَّبَشِیْرٌ لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ ۝ آپ کہہ دیجئے کہ میں خود اپنی ذات خاص کے لئے (بھی چہ جائیکہ دوسروں کیلئے) کسی نفع (تکوینی کے حاصل کرنے) کا اختیار نہیں رکھتا اور نہ کسی ضرر (تکوینی کے دفع کرنے) کا اختیار رکھتا ہوں) مگر اتنا ہی کہ جتنا خدا تعالیٰ نے چاہا ہو (کہ مجھ کو اختیار دے دیں اور جس امر میں اختیار نہیں دیا اس میں بعض اوقات منافع فوت ہو جاتے ہیں اور مضار واقع ہو جاتے ہیں ایک مقدمہ تو یہ ہوا) اور (دوسرا مقدمہ یہ ہے کہ) اگر میں غیب کی باتیں (امور اختیاریہ کے متعلق) جانتا ہوتا تو میں (اپنے لئے) بہت سے منافع حاصل کر لیا کرتا اور کوئی مضرت ہی مجھ پر واقع نہ ہوتی (کیونکہ علم غیب کے سبب معلوم ہو جاتا کہ فلاں امر میرے لئے یقیناً نافع ہوگا اس کو اختیار کر لیا کرتا اور کوئی مضرت ہی مجھ پر واقع نہ ہوتی (کیونکہ علم غیب کے سبب معلوم ہو جاتا کہ فلاں امر میرے لئے یقیناً نافع ہوگا اس کو اختیار کر لیا کرتا اور فلاں امر میرے لئے یقیناً مضر ہوگا اس سے احتراز کرتا اور اب چونکہ علم غیب نہیں اس لئے بعض اوقات نافع کا عمل نہیں ہوتا کہ اس کو اختیار کروں اور اسی طرح مضر کا علم نہیں ہوتا کہ اس سے بچوں بلکہ گاہے بالعکس نافع کو مضر اور مضر کو نافع سمجھ لیا جاتا ہے حاصل استدلال کا یہ ہوا کہ علم غیب کے لئے نفع و ضرر کا مالک ہونا لازم تھا یہ مقدمہ ذکر میں مؤخر ہے اور لازم منتفی ہے یہ مقدمہ ذکر میں مقدم ہے پس ملزوم یعنی علم غیب منتفی ہے اور یہ مطلوب ہے غرض میں ایسے امور کا علم نہیں رکھتا) میں تو محض (احکام شرعیہ بتلا کر ثواب کی) بشارت دینے والا اور (عذاب سے) ڈرانے والا ہوں اور ان لوگوں کو جو ایمان رکھتے ہیں (خلاصہ یہ کہ

www.besturdubooks.net

نبوت کا اصلی مقصود امور تکوینیہ کا احاطہ نہیں اس لئے ان امور کا علم جن میں تعیین قیامت بھی داخل ہے نبی کو ملنا ضرور نہیں البتہ نبوۃ کا اصلی مقصود امور تشریعیہ کا علم وافی ہے سو وہ مجھ کو حاصل ہے) ف: ایمان رکھنے والوں کی تخصیص اس لئے کی کہ منتفع وہی لوگ ہوئے ورنہ آپ کا بشیر و نذیر ہونا تمام مکلفین کے لئے عام ہے اور نفع وضرر میں جو تکوینی کی قید لگائی گئی حالانکہ بدون مشیت کے کسی امر میں بھی اختیار حاصل نہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ اس مقام پر گفتگو اسی میں ہو رہی ہے کہ انہی کے نفی علم کا حکم کیا ہے اور اَعْلَمُ الْغَيْبَ میں جو امور اختیاریہ کے متعلق ہونے کی قید لگائی گئی وجہ اس کی یہ ہے کہ یہاں علم کو ملزوم اور استکثار و عدم مس یعنی قدرت نفع وضرر کو لازم قرار دیا ہے حالانکہ علم مستلزم قدرت کو نہیں پس حکم استلزام قرینہ اس قید کا ہے اور اس قید کے ساتھ استلزام ظاہر ہے جیسا کہ ظاہر ہے اب استلزام عقلی ہو گیا عادی کے قائل ہونے کی کوئی ضرورت نہ رہی گو شبہ اس سے بھی دفع ہو سکتا ہے۔

ربط: اوپر منجملہ مسائل ثلاثہ مذکورہ تمہید آیت : وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الخ کے دو (۲) جگہ یعنی آیت : وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ میں اور آیت : اَوَلَمْ يَنْظُرُوْا میں توحید کا مختصر مختصر ذکر ہوا آگے اس کا اور اس کے ساتھ طریق شرک کے بطلان کا جو کہ اوپر مذکور نہیں ہوا قدرے بسط سے بیان ہے۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلِ السُّؤَالِ: قولہ تعالیٰ : قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ الآیہ اس میں تصریح ہے کہ قدرۃ مستقلہ وعلم محیط مقبولین سے منفی ہے اور جہلاء اپنے پیروں کیلئے ایسا گمان رکھتے ہیں نعوذ باللہ۔

مُلَخَّصَاتُ التَّرْجَمَۃ: ۱ قولہ فی لا هادی راہ پر فسر به لئلا یرد ان النبی ﷺ ومن تبعه یکون هدایة وتبلیغة عاما۔ ۲ قولہ قبل یسئلونك كانك معمولی الخ اشارة الی فائدة تکرار ذکر السوال ولما کرر السوال کرر الجواب بعنوان جدید لیخف التکریر۱۲۔ ۳ قولہ فی علمها فی الموضعین یہ ومذکور اشارة الی انه لا حاجة الی تقدیر المضاف بنحو علم ارساء ها لتطابق الجواب السوال۱۲۔ ۴ قولہ فی لنفسی چہ جائیکہ اشارة الی ان التقیید للمبالغة۱۲۔ ۵ قولہ فی نفعا ولا ضرا حاصل ودفع اشارة الی حذف المضاف فی الموضعین۱۲۔ ۶ قولہ فی التمهید طریق شرک الی بسط فلا تکرار فی ذکر التوحید لوجهین الاول لم یکن الشرك مذکورا فیما قبل والثانی لم یکن ذکر التوحید مبسوطا۱۲۔

اِخْتِلَافُ الْقِرَاءَۃ: فی قراءة ویذرهم بالجزم عطفا علی محل فلا هادی له وترتبه علی الاضلال علی هذه القراءة اظهر۔

اللُّغَاتُ: الاستدراج النقل درجة بعد درجة من سفل الی علو او بالعکس ثم استعیر لطلب کل نقل تدریجی من حال الی حال من الاحوال الملائمة للمنتقل الموافقة لهواه واستدراجه تعالٰی ایاهم بادرار النعم علیهم مع انهما کهم فی الغی فلیس المطلوب الا تدرجهم فی مدارج المعاصی الی ان یحق علیهم کلمة العذاب علی القطع حال واشنعها وادرار النعم وسیلة الی ذلك۱۲۔ قوله مرسٰها مصدر میمی بمعنی الارساء ای الاثبات والتقریر عند ربی للاختصاص والاستیثار الخفی من خفی اذا بحث عن تصرف حاله۔ الروایات فی الدر المنثور اخرج ابن ابی حاتم وابو الشیخ عن ابن عباس فی قوله ولو کنت اعلم الغیب لاستکثرت من الخیر قال لعلمت اذا اشتریت شیئا ما اربح فیه فلا ابیع شیئا الا ربحت فیه وما مسنی السوء قال ولا یصیبنی الفقراء قلت وتاید بهذه الروایات ما فسرت الآیة به من تخصیصها بالامور الاختیاریة۱۲۔

اَلنَّحْوُ: قوله اولم ای اکذبوا رسالته ولم یتفکروا فی انه لیس لصاحبهم الخ۱۲۔ قوله وما خلق الله عطف علی ملکوت ومن شیء بیان لما فی ان عسی معطوف ایضا علی ملکوت فی الروح فهو معمول لینظروا لکن لا یعتبر فیه بالنظر الیه انه للاستدلال بناء علی ما قالوا ان قید المعطوف علیه لا یلزم ملاحظته فی المعطوف اه قلت وقد بینته فی ف۔

هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّجَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا لِيَسْكُنَ اِلَيْهَا ۚ فَلَمَّا تَغَشّٰىهَا حَمَلَتْ حَمْلًا
خَفِيْفًا فَمَرَّتْ بِهٖ ۚ فَلَمَّآ اَثْقَلَتْ دَّعَوَا اللّٰهَ رَبَّهُمَا لَئِنْ اٰتَيْتَنَا صَالِحًا لَّنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۸۹﴾ فَلَمَّآ اٰتٰىهُمَا
صَالِحًا جَعَلَا لَهٗ شُرَكَآءَ فِيْمَآ اٰتٰىهُمَا ۚ فَتَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۱۹۰﴾ اَيُشْرِكُوْنَ مَا لَا يَخْلُقُ شَيْـًٔا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ ﴿۱۹۱﴾
لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ لَهُمْ نَصْرًا وَّلَآ اَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُوْنَ ﴿۱۹۲﴾ وَاِنْ تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى لَا يَتَّبِعُوْكُمْ ۭ سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ

www.besturdubooks.net

اَدَعَوْتُمُوْهُمْ اَمْ اَنْتُمْ صَامِتُوْنَ ﴿۱۹۳﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ عِبَادٌ اَمْثَالُكُمْ فَادْعُوْهُمْ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا
لَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۹۴﴾ اَلَهُمْ اَرْجُلٌ يَّمْشُوْنَ بِهَآ اَمْ لَهُمْ اَيْدٍ يَّبْطِشُوْنَ بِهَآ اَمْ لَهُمْ اَعْيُنٌ يُّبْصِرُوْنَ
بِهَآ اَمْ لَهُمْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ بِهَا قُلِ ادْعُوْا شُرَكَآءَكُمْ ثُمَّ كِيْدُوْنِ فَلَا تُنْظِرُوْنِ ﴿۱۹۵﴾ اِنَّ وَلِيِّيَ اللّٰهُ الَّذِيْ
نَزَّلَ الْكِتٰبَ ۚ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۹۶﴾ وَالَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَكُمْ وَلَآ اَنْفُسَهُمْ
يَنْصُرُوْنَ ﴿۱۹۷﴾ وَاِنْ تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى لَا يَسْمَعُوْا ۭ وَتَرٰىهُمْ يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ وَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ﴿۱۹۸﴾

اور اللہ ایسا (قادر و منعم) ہے جس نے تم کو ایک تن واحد (آدمؑ) سے پیدا کیا اور اسی سے اس کا جوڑا (حوا) بنایا تا کہ وہ اس جوڑے سے انس حاصل کرے۔ پھر جب میاں نے بیوی سے قربت کی تو اس کو حمل رہ گیا ہلکا سا' وہ اس کو لئے ہوئے چلتی پھرتی رہی۔ پھر جب وہ بوجھل ہوگئی تو دونوں میاں بیوی اللہ سے جو کہ ان کا مالک ہے دعا کرنے لگے کہ اگر آپ نے ہم کو صحیح سالم اولاد دے دی تو ہم خوب شکرگزاری کریں گے۔ سو جب اللہ تعالیٰ نے ان دونوں کو صحیح وسالم اولاد دے دی تو اللہ کی دی ہوئی چیز میں وہ دونوں اللہ کے شریک قرار دینے لگے۔ سو اللہ پاک ہے ان کے شرک سے۔ کیا ایسوں کو شریک ٹھہراتے ہو جو کسی چیز کو نہ بنا سکیں اور وہ خود ہی بنائے جاتے ہیں اور وہ انکو کسی قسم کی مدد (بھی) نہیں دے سکتے اور وہ خود اپنی بھی مدد نہیں کر سکتے اور اگر تم انکو کوئی بات بتلانے کو پکارو تو تمہارے کہنے پر نہ چلیں۔ تمہارے اعتبار سے دونوں امر برابر ہیں خواہ تم ان کو پکارو اور یا تم خاموش رہو۔ واقعی تم خدا کو چھوڑ کر جن کی عبادت کرتے ہو وہ بھی تم ہی جیسے بندے ہیں۔ تم انکو پکارو پھر ان کو چاہئے کہ تمہارا کہنا کر دیں۔ اگر تم سچے ہو۔ کیا انکے پاؤں ہیں جن سے وہ چلتے ہوں یا انکے ہاتھ ہیں جن سے کسی چیز کو تھام سکیں یا انکی آنکھیں ہیں جن سے وہ دیکھ سکیں یا انکے کان ہیں جن سے وہ سنتے ہیں۔ آپ (یہ بھی) کہہ دیجئے کہ تم اپنے سب شرکاء کو بلا لو پھر میری ضرر رسانی کی تدبیر کرو پھر مجھ کو ذرا مہلت مت دو۔ یقیناً میرا پروردگار اللہ تعالیٰ ہے جس نے یہ کتاب نازل فرمائی اور وہ (عموماً) نیک بندوں کی مدد کیا کرتا ہے اور تم جن لوگوں کی خدا کو چھوڑ کر عبادت کرتے ہو وہ تمہاری کچھ مدد نہیں کر سکتے اور نہ وہ اپنی مدد کر سکتے ہیں اور انکو اگر کوئی بات بتلانے کو پکارو تو اس کو نہ سنیں اور ان کو آپ دیکھتے ہیں کہ گویا وہ آپ کو دیکھ رہے ہیں اور وہ کچھ بھی نہیں دیکھتے۔

تفسیر بحث اثبات توحید و ابطال شرک ☆ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ (الی قولہ تعالیٰ) وَتَرٰىهُمْ يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ وَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ • وہ اللہ ایسا (قادر اور منعم) ہے جس نے تم کو ایک تن واحد (یعنی آدم علیہ السلام) سے پیدا کیا اور اسی سے اس کا جوڑا بنایا (مراد حوا جس کی کیفیت شروع تفسیر سورۂ نساء میں گزر چکی) تا کہ وہ اس اپنے جوڑے سے انس حاصل کرے (پس جب وہ خالق بھی ہے اور محسن بھی تو عبادت اسی کا حق ہے) پھر (آگے ان کی اولاد بڑھی اور ان میں بھی میاں بی بی ہوئے لیکن ان میں بعض کی یہ حالت ہوئی کہ) جب میاں نے بی بی سے قربت کی تو اس کو حمل رہ گیا (جو اول اول) ہلکا سا (رہا) سو وہ اس کو (پیٹ میں) لئے ہوئے (بے تکلیف) چلتی پھرتی رہی پھر جب وہ (حاملہ اس حمل کے بڑھ جانے سے) بوجھل ہوگئی (اور دونوں میاں بی بی کو یقین ہو گیا کہ حمل ہے) تو (اس وقت ان کو طرح طرح کے احتمالات وتوہمات ہونے لگے جیسا کہ بعضے حمل میں خطرات پیش آتے ہیں اس لئے) دونوں میاں بی بی اللہ سے جو کہ ان کا مالک ہے دعا کرنے لگے کہ اگر آپ نے ہم کو صحیح سالم اولاد دے دی تو ہم خوب شکرگذاری کریں گے (جیسا عام عادت ہے کہ مصیبت کے وقت اللہ تعالیٰ سے بڑے بڑے عہد و پیمان ہوا کرتے ہیں) سو جب اللہ تعالیٰ نے ان دونوں کو صحیح وسالم اولاد دے دی تو اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی چیز میں وہ دونوں اللہ کے شریک قرار دینے لگے (مختلف طور پر کسی نے اعتقاد سے کہ یہ اولاد فلاں زندہ یا مردہ نے دی ہے کسی نے عمل سے کہ اس کے نام کی نذر و نیاز کرنے لگے یا بچہ کو لیجا کر اس کے سامنے اس کا ماتھا ٹیک دیا یا قول سے کہ اس کی بندگی پر نام رکھ دیا جیسے عبد شمس یا بندہ علی وغیرہما یعنی یہ حق تو تھا خدا کو جو کہ منعم اور خالق اور قادر و محسن ہے اور صرف کیا اس کے دوسرے معبودوں کے لئے) سو اللہ تعالیٰ پاک ہے ان کے شرک سے (یہاں تک تو حق تعالیٰ کی صفات مذکور تھیں جو مقتضی ہیں اس کے استحقاق معبودیت کو آگے الٰہ باطلہ کے نقائص کا ذکر ہے جو مقتضی ہیں ان کے عدم استحقاق معبودیت کو پس فرماتے ہیں کہ) کیا (اللہ تعالیٰ کے ساتھ) ایسوں کو شریک ٹھہراتے ہیں جو کسی چیز کو بنا نہ سکیں اور (بلکہ) وہ خود ہی بنائے جاتے ہوں (چنانچہ ظاہر ہے کہ بت پرست خود ان کو تراشتے تھے) اور (کسی چیز کا بنانا تو بڑی بات ہے) وہ (تو ایسے عاجز ہیں کہ اس سے آسان کام بھی نہیں کر سکتے مثلاً) ان کو کسی قسم کی مدد (بھی) نہیں دے سکتے اور (اس سے بڑھ کر یہ ہے کہ) وہ خود اپنی بھی مدد نہیں کر سکتے (اگر کوئی حادثہ ان کو پیش آ جاوے مثلاً کوئی شخص ان کو توڑنے پھوڑنے ہی لگے) اور (اس سے بھی بڑھ کر سنو کہ) اگر تم ان کو کوئی بات بتلانے کو پکارو تو تمہارے کہنے پر نہ چلیں (اس کے دو مطلب ہو سکتے ہیں ایک یہ کہ تم ان کو پکارو کہ وہ تم کو کوئی بات بتلاویں تو تمہارا کہنا نہ کریں یعنی نہ

www.besturdubooks.net

بتلاویں اور دوسرے اس سے زیادہ یہ کہ تم ان کو پکارو کہ آؤ ہم تم کو کچھ بتلاویں تو تمہارے کہنے پر نہ چلیں یعنی تمہاری بتلائی ہوئی بات پر عمل نہ کرسکیں بہرحال) تمہارے اعتبار سے دونوں امر برابر ہیں خواہ تم ان کو پکارو (وہ جب نہیں سنتے) اور یا تم خاموش رہو (جب تو نہ سننا ظاہر ہی ہے خلاصہ یہ ہے کہ جو کام سب سے سہل تر ہے کہ کوئی بات بتلانے کے لئے پکارنے کو سن لینا وہ اسی سے عاجز ہیں تو جو اس سے مشکل ہے کہ اپنی حفاظت کریں اور پھر جو اس سے مشکل ہے کہ دوسروں کی امداد کرنا اور پھر جو ان سب سے دشوار تر ہے کہ کسی شئے کو پیدا کرنا ان سے تو بدرجہ اولیٰ زیادہ تر عاجز ہوں گے پھر ایسے عاجز محتاج کب معبودیت کے لائق ہو سکتے ہیں غرض) واقعی تم خدا کو چھوڑ کر جن کی عبادت کرتے ہو وہ بھی تم ہی جیسے (اللہ کے مملوک) بندے ہیں (یعنی تم سے بڑھ کر نہیں خواہ گھٹے ہوئے ہوں) سو (ہم تو تم کو سچا جب جانیں کہ) تم (تو) ان کو پکارو (اور) پھر ان کو چاہئے کہ تمہارا کہنا کردیں اگر تم (ان کے اعتقاد الوہیت میں) سچے ہو (اور وہ بیچارے تمہارا کہنا تو کیا کریں گے کہنا ماننے کے آلات تک ان کو نصیب نہیں دیکھ لو) کیا ان کے پاؤں ہیں جن سے وہ چلتے ہوں یا ان کے ہاتھ ہیں جن سے کسی چیز کو تھامتے ہیں یا ان کی آنکھیں ہیں جن سے وہ دیکھتے ہوں یا ان کے کان ہیں جن سے وہ سنتے ہوں (جب ان میں قویٰ فاعلہ تک نہیں تو کوئی فعل ان سے کیا صادر ہوگا اور) آپ (یہ بھی) کہہ دیجئے کہ (جس طرح وہ اپنے معتقدین کو نفع پہنچانے سے عاجز ہیں اسی طرح اپنے مخالفین کو ضرر بھی نہیں پہنچا سکتے جیسا تم کہا کرتے ہو کہ ہمارے بتوں کی بے ادبی نہ کیا کرو ورنہ وہ تم پر کوئی آفت نازل کردیں گے اخرجه في اللباب عن عبدالرزاق في قوله تعالٰى: وَيُخَوِّفُوْنَكَ بِالَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ [الزمر: ٣٦] اور اگر تم سمجھتے ہو کہ وہ مجھ کو ضرر پہنچا سکتے ہیں تو) تم (اپنا ارمان نکال لو اور) اپنے سب شرکاء کو بلا لو پھر (سب مل کر) میری ضرر رسانی کی تدبیر کرو پھر (جب تدبیر بن جاوے تو) مجھ کو ذرا مہلت مت دو (بلکہ فوراً اس کو نافذ کر دو دیکھو کیا ہوتا ہے اور خاک بھی نہ ہوگا کیونکہ شرکاء تو مہمل محض ہیں رہ گئے تم جو کچھ ہاتھ پاؤں ہلا سکتے ہو تم میرا اس لئے کچھ نہیں کر سکتے کہ) یقیناً میرا مددگار اللہ تعالیٰ ہے جس (کے مددگار اور رفیق ہونے کا کھلا ثبوت یہ ہے کہ اس) نے (مجھ پر) یہ کتاب (مبارک جامع خیر دارین) نازل فرمائی (اگر وہ میرا رفیق و معین نہ ہوتا تو اتنی بڑی نعمت کیوں عطا فرماتا) اور (علاوہ اس دلیل خاص کے ایک عام قاعدہ سے بھی اس کا مددگار ہونا معلوم ہے وہ قاعدہ یہ ہے کہ) وہ (عموماً) نیک بندوں کی مدد کیا کرتا ہے (تو انبیاء تو ان نیک بندوں میں فرد کامل ہیں اور میں نبی ہوں تو میرا بھی ضرور مددگار ہوگا غرض یہ کہ جن کے ضرر سے ڈراتے ہو وہ تو عاجز اور جو مجھ کو ضرر سے بچاتا ہے وہ قادر پھر اندیشہ کاہے کا) اور (گو ان کا عاجز ہونا اوپر بالبلغ وجوہ بیان ہو چکا ہے لیکن چونکہ وہاں بیان عجز مقصود بالغیر تھا اور مقصود بالذات نفی استحقاق معبودیت تھی اس لئے آگے مقصوداً بیان عجز کا فرماتے ہیں کہ) تم جن لوگوں کی خدا کو چھوڑ کر عبادت کرتے ہو وہ (تمہارے دشمن کے مقابلہ میں جیسا میں ہوں) تمہاری کچھ مدد نہیں کر سکتے ورنہ (اپنے دشمن کے مقابلہ میں جیسا میں ہوں) وہ اپنی مدد کر سکتے ہیں اور (مدد کرنا تو بڑی بات ہے) ان کو (تو) اگر کوئی بات بتلانے کو پکارو تو اس کو (بھی تو) نہ سنیں (اس کے بھی وہی مذکورہ بالا دونوں معنی ہو سکتے ہیں) اور (جیسے ان کے پاس سننے کا آلہ نہیں اسی طرح دیکھنے کا آلہ بھی نہیں اور ان کی تصویر میں جو آنکھیں بنا دی جاتی ہیں وہ محض نام ہی کی ہوتی ہیں کام کی نہیں چنانچہ) ان (بتوں) کو آپ دیکھتے ہیں کہ گویا وہ آپ کو دیکھ رہے ہیں (کیونکہ شکل تو آنکھوں کی سی بنی ہوئی ہے) اور وہ (واقع میں) کچھ بھی نہیں دیکھتے (کیونکہ حقیقت میں تو وہ آنکھیں نہیں اسی پر دوسرے قویٰ فاعلہ ایدی و ارجل کی نفی سمجھ لینا چاہئے پس ایسے عاجز کا کیا ڈرا وا دکھلاتے ہو) ف: یہاں چند امور ضرور یہ قابل سمجھنے کے ہیں **اول**: بعض تفاسیر میں اس جگہ ایک قصہ آدم و حوا علیہما السلام کے ایک اولاد ہونے کا اور اس کا ایک خاص نام رکھنے کا آیا ہے اور بعض نے بعض اشکالات کی وجہ سے اس کا انکار کیا ہے اور نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ اور زَوْجَهَا کی تفسیر بدلی ہے لیکن ترمذی کی تحسین اور حاکم کی تصحیح کے بعد قصہ کا انکار اور نفس واحدہ کو غیر آدم پر محمول کرنا دشوار ہے لیکن اس قصہ کا اس آیت کے لئے مفسر ہونا اس حدیث سے ثابت نہیں اور بعض سلف سے جو منقول ہے تو ممکن ہے کہ ظاہر الفاظ آیت سے یہ ان کی رائے ہو جو حجت نہیں رہا ظاہر الفاظ سے اس کا مفہوم ہونا سو یہ اس وقت ہوتا جب تغشاها کی ضمیریں نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ اور زَوْجَهَا کی طرف بعینہٖ عائد ہوتیں اور اگر یہ ضمائر مطلق زوج اور زوجہ کی طرف بطور صنعت استخدام کے راجع ہوں جیسا اس آیت میں کہا گیا ہے ولقد خلقنا الانسان (اے آدم) من سلٰلة من طين ثم جعلنٰه (اے الانسان الذى من نسله) تو نہ تفسیر میں بعد ہوا اور نہ بعد کی آیت میں اشکال ہوا چنانچہ در منثور میں بروایت ابن المنذر و ابن ابی حاتم حضرت ابن عباس کا قول بعینہٖ اسی مضمون پر دال ہے ما اشرك ادم ان اولها شكر (اے تعليمه لعباده ببيان خلقهم من ادم و حواء) واخرها مثل ضربه الله لمن بعده (فدل لفظ بعده على كون المراد بالاول ادم) وهذا من المواهب ولله الحمد۔ رہا اس حدیث کا اشکال سو اس کا محمل دوسرا ہے آیت کی تفسیر اس پر موقوف نہیں۔ **دوم**: بیان عجز اصنام میں جو آلات و جوارح کی نفی ہے اس سے یہ مقصود نہیں کہ الٰہ میں یہ سب جوارح ہونا ضروری ہیں حالانکہ اللہ تعالیٰ اس سے منزہ ہے بلکہ مراد اس سے کمالات فاعلیہ ہیں جو الٰہ حق میں متحقق ہیں لیکن چونکہ جسمانیات میں وہ کمالات موقوف ہیں آلات پر اس لئے اس تعبیر کو اختیار کیا گیا۔ **سوم**: نفی استطاعت نصرۃ الخ کا مقصود دونوں جگہ الگ الگ ہے جیسا بیان ہوا اس لئے یہ تکرار نہیں ہے۔ **چہارم**: خالقیت کی نفی صرف اول ہی جگہ کی گئی کیونکہ وہ نفی الوہیت کو مستلزم ہے نہ کہ نفی استطاعت نصرۃ کو۔

www.besturdubooks.net

پنجم: یہ نقائص اصنام میں بہت صریح ہیں پھر اتنا اہتمام کیوں کیا گیا جواب تا کہ مشرکین کی پوری حماقت ظاہر ہو۔

فائدہ جدیدہ: سوال مشرکین اصنام کو خدا کے برابر نہ کہتے تھے پھر اس احتجاج سے ان پر کیا الزام ہوا۔ جواب مقصود احتجاج کا یہ ہے کہ نفس معبودیت اگرچہ بالعرض ہو موقوف ہے ان صفات کمال پر جب لازم نہیں تو ملزوم بھی نہیں خوب سمجھ لو۔

ربط: اوپر جہلاء مشرکین سے محاجہ بلیغہ تھا چونکہ باوجود اس محاجہ کے بھی وہ لوگ غایت عناد سے اپنی جہالت پر مصر رہتے تھے جو مظنہ ہے غصہ کا اس لئے آگے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم ہے ملاطفت کا اور غصہ آجانے پر تعلیم ہے استعاذہ کی اور بیان ہے ان کے مبتلائے غی رہنے کا جس سے اقناط کلی ہو جاوے تا کہ غصہ نہ آوے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: ﴿اِنَّ الَّذِیْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ عِبَادٌ اَمْثَالُكُمْ فَادْعُوْهُمْ فَلْیَسْتَجِیْبُوْا لَكُمْ﴾ الآیہ آیت گو اصنام کے بارہ میں ہے بقرینہ مابعد اَلَهُمْ اَرْجُلٌ الخ کے لیکن حکم کا مناط ان کے عباد یعنی مملوک ہونے پر رکھا ہے اس سے ثابت ہوا کہ نداء غیر اللہ بطور استغاثہ کے ناجائز ہے تو کہاں یہ آیت اور کہاں غالی جاہلوں کا فعل۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی عما یشرکون شرک اشارة الی کون ما مصدریة۱۲۔ ۲ قوله فی لا یخلقون بنانہ سکیں ترجم بنفی الامکان لاقتضاء المقام۱۲۔ ۳ قوله فی هم یخلقون تراشتے تھے کما فسروه اول الفرقان علی قوله اتعبدون ما تنحتون۱۲۔ ۴ قوله فی هم ینظرون گویا دل علیه الحس المدرك عدم نظرهم حقیقة۱۲۔ ۵ قوله فی لا یبصرون کچھ بھی دل علیه عدم ذکر المفعول۱۲۔

اللغات: قوله یسکن الیها یستانس بها کذا فی الروح قوله فمرت به استمرت به المراد بقیت به کما کانت قبل حیث قامت وقعدت واخذت وترکت کذا فی الروح۱۲۔

البلاغۃ: قوله وهم یخلقون ولا یستطیعون الی الآخر اتی بصیغ العقلاء بناء علی زعمهم انها موصوفة بالالوهیة المستلزمة لصفات العقلاء ومن ثم حکم فی قوله امثالکم بالمماثلة مع انها دونهم فافهم۱۲۔

خُذِ الْعَفْوَ وَاْمُرْ بِالْعُرْفِ وَاَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِیْنَ ﴿۱۹۹﴾ وَاِمَّا یَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّیْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ
بِاللّٰهِ اِنَّهٗ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ﴿۲۰۰﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّهُمْ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّیْطٰنِ تَذَكَّرُوْا فَاِذَا هُمْ مُّبْصِرُوْنَ ﴿۲۰۱﴾
وَاِخْوَانُهُمْ یَمُدُّوْنَهُمْ فِی الْغَیِّ ثُمَّ لَا یُقْصِرُوْنَ ﴿۲۰۲﴾ وَاِذَا لَمْ تَاْتِهِمْ بِاٰیَةٍ قَالُوْا لَوْلَا اجْتَبَیْتَهَا ؕ قُلْ اِنَّمَآ اَتَّبِعُ مَا
یُوْحٰٓی اِلَیَّ مِنْ رَّبِّیْ ۚ هٰذَا بَصَآئِرُ مِنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًی وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ ﴿۲۰۳﴾ وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا
لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۲۰۴﴾ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِیْ نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَّخِیْفَةً وَّدُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ
بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ وَلَا تَكُنْ مِّنَ الْغٰفِلِیْنَ ﴿۲۰۵﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ عِنْدَ رَبِّكَ لَا یَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَیُسَبِّحُوْنَهٗ
وَلَهٗ یَسْجُدُوْنَ ﴿۲۰۶﴾ السجدة

سرسری برتاؤ کو قبول کر لیا کیجئے اور نیک کام کی تعلیم کر دیا کیجئے اور جاہلوں سے ایک کنارہ ہو جایا کیجئے اور اگر آپ پر کوئی وسوسہ شیطان کی طرف سے آنے لگے تو اللہ کی پناہ مانگ لیا کیجئے بلاشبہ وہ خوب سننے والا خوب جاننے والا ہے۔ یقیناً جو لوگ خدا ترس ہیں جب ان کو کوئی خطرہ شیطان کی طرف سے آجاتا ہے تو وہ یاد میں لگ جاتے ہیں۔ سو یکایک ان کی آنکھیں کھل جاتی ہیں اور جو شیاطین کے تابع ہیں وہ ان کو گمراہی میں کھینچے لے جاتے ہیں پس وہ باز نہیں آتے اور جب کوئی معجزہ آپ ان کے سامنے ظاہر نہیں کرتے تو وہ لوگ کہتے ہیں کہ آپ یہ معجزہ کیوں نہ لائے۔ آپ فرما دیجئے کہ میں اس کا اتباع کرتا ہوں جو مجھ پر میرے رب کی طرف سے حکم بھیجا گیا ہے۔ یہ گویا بہت سی دلیلیں ہیں تمہارے رب کی طرف سے اور ہدایت اور رحمت ہے ان لوگوں کیلئے جو ایمان رکھتے ہیں اور جب قرآن پڑھا جایا کرے تو اسکی طرف کان لگا دیا کرو اور خاموش رہا کرو امید ہے کہ تم پر رحمت ہو اور (آپ ہر ہر شخص سے بھی کہہ دیجئے کہ) اے شخص اپنے رب کی یاد کیا کر اپنے دل میں عاجزی کے ساتھ اور خوف کے ساتھ اور زور کی آواز کی نسبت کم آواز کے ساتھ صبح اور شام (یعنی علی الدوام) اور اہل غفلت میں شمار مت ہونا۔ یقیناً جو (ملائکہ) تیرے رب کے نزدیک (مقرب) ہیں۔ وہ اسکی عبادت سے

www.besturdubooks.net

(جس میں اصلی عقائد میں) تکبر نہیں کرتے اور اسکی پاکی بیان کرتے ہیں (جو کہ طاعت لسانی ہے) اور اسکو سجدہ کرتے ہیں (جو کہ اعمال جوارح سے ہے)۔ ۞

تفسیر: امر بملاطفت واستعاذہ وتاکید آن باقناط کلی ☆ خُذِ الْعَفْوَ وَاْمُرْ بِالْعُرْفِ وَاَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِيْنَ (الی قولہ تعالیٰ) وَاِخْوَانُهُمْ يَمُدُّوْنَهُمْ فِي الْغَيِّ ثُمَّ لَا يُقْصِرُوْنَ (لوگوں سے یہ برتاؤ رکھئے کہ ان کے اعمال واخلاق میں سے) سرسری (نظر میں جو) برتاؤ (معقول ومناسب معلوم ہوں ان) کو قبول کرلیا کیجئے (ان کی تہ اور حقیقت کی تلاش نہ کیجئے بلکہ ظاہری نظر میں سرسری طور پر جو کام کسی سے اچھا ہو اس کو بھلائی پر محمول کیجئے باطن کا حال اللہ کے سپرد کیجئے کیونکہ پورا اخلاص ونیز شرائط قبول کی جامعیت اخص الخواص کا حصہ ہے حاصل یہ کہ معاشرت میں سہولت رکھئے تشدد نہ کیجئے یہ برتاؤ تو اچھے کاموں میں ہے) اور (جو کام ظاہر نظر میں بھی برا ہو اس میں یہ برتاؤ رکھئے کہ اس باب میں) نیک کام کی تعلیم کردیا کیجئے اور (جو اس تعلیم کے بعد بھی براہ جہالت عمل نہ کرے یا نہ مانے تو ایسے) جاہلوں سے ایک کنارہ ہوجایا کیجئے (ان کے بہت درپے نہ ہوجایئے) اور اگر (اتفاقاً ان کی جہالت پر) آپ کو کوئی وسوسہ شیطان کی طرف سے (غصہ کا) آنے لگے (جس میں احتمال ہو کہ کوئی بات خلاف مصلحت کے صادر ہوجاوے) تو (ایسی حالت میں فوراً) اللہ کی پناہ مانگ لیا کیجئے بلاشبہ وہ خوب سننے والا خوب جاننے والا ہے (آپ کے استعاذہ کو سنتا ہے آپ کے مقصود کو جانتا ہے وہ آپ کو اس سے پناہ دے گا اور جس طرح استعاذہ وتوجہ الی اللہ آپ کے لئے نافع ہے اسی طرح تمام خداترس لوگوں کے لئے بھی نافع ہے چنانچہ) یقیناً (یہ بات ہے کہ) جو لوگ خداترس ہیں جب ان کو کوئی خطرہ شیطان کی طرف سے (غصہ کا یا اور کسی امر کا) آجاتا ہے تو وہ (فوراً خدا کی) یاد میں لگ جاتے ہیں (جیسے استعاذہ ودعا اور خدا تعالیٰ کی عظمت وعذاب وثواب کو یاد کرنا) سو یکایک ان کی آنکھیں کھل جاتی ہیں (اور حقیقت امر ان پر منکشف ہوجاتی ہے جس سے وہ خطرہ اثر نہیں کرتا) اور (برخلاف اس کے) جو شیاطین کے تابع ہیں وہ (شیاطین ان) ان کو گمراہی میں کھینچے چلے جاتے ہیں پس وہ (تابعین گمراہی سے) باز نہیں آتے (نہ وہ استعاذہ کریں نہ محفوظ رہیں سو یہ مشرکین تو شیطان کے تابع ہیں یہ کب باز آویں گے اس لئے ان کے غم وغصہ میں پڑنا بے کار ہے) ف: اِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ کا مضمون مسئلہ عصمت انبیاء علیہم السلام کے منافی نہیں کیونکہ عصمت کا حاصل یہ ہے کہ شیطان گناہ نہیں کرا سکتا یہ نہیں کہ گناہ کی رائے نہیں دے سکتا کیونکہ جس طرح کسی انسان کافر کا کسی نبی کے سامنے کوئی کفر کی بات آکر کہنا جب کہ کچھ اثر نہ ہو مخل شان نبوت نہیں اسی طرح جنی کافر کو سمجھئے البتہ چونکہ صحیح مسلم کی حدیث میں تصریح ہے کہ آپ کا قرین آپ کو بری رائے بھی نہ دیتا تھا چنانچہ فرمایا ہے فلا یامرنی الا بخیر اس لئے آیت میں شیطان سے وہ قرین سوء مراد نہیں ہوسکتا جو ہر شخص کے ساتھ رہ کر اس کو بری باتوں کا حکم کرتا ہے بلکہ اس سے بالمعنی مشہور مراد لیا جاوے گا جس کا احیاناً آجانا محال نہیں جیسا حدیث میں ہے کہ ایک بار ایک آگ کا شعلہ لے کر آپ کو تکلیف پہنچانے آیا تھا واللہ اعلم۔

ربط: اوپر منجملہ مسائل ثلاثہ مذکورہ تمہید آیت وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الخ کی آیت: اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا الخ میں رسالت کا مسئلہ مذکور تھا آگے بھی دوسرے عنوان سے اسی کا ذکر ہے چنانچہ وہاں تو طریق معرفت رسالت کا بتلایا تھا کہ فکر ہے اور یہاں رسالت کے متعلق ایک شبہ کا جس سے وہ رسالت کی نفی کرتے تھے جواب ہے پس وہ استدلال تھا اور یہ دفع ہے اور اثبات مدعا کے یہی دو امر مدار ہیں۔

جواب شبہ شان بر رسالت ☆ وَاِذَا لَمْ تَاْتِهِمْ بِاٰيَةٍ (الی قولہ تعالیٰ) وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝ اور جب آپ (ان کے فرمائشی معجزات میں سے جن کی فرمائش براہ عناد کرتے تھے) کوئی معجزہ ان کے سامنے ظاہر نہیں کرتے (بوجہ اس کے کہ حق تعالیٰ اس معجزہ کو بمقتضائے حکمت پیدا نہیں کرتے) تو وہ لوگ (بقصد نفی رسالت آپ سے) کہتے ہیں کہ آپ (اگر نبی ہیں تو) یہ معجزہ کیوں نہ (ظہور میں) لائے آپ فرما دیجئے کہ (میرا کام معجزات باختیار خود لانا نہیں بلکہ میرا اصلی کام یہ ہے کہ) میں اس کا اتباع کرتا ہوں جو مجھ پر میرے رب کی طرف سے حکم بھیجا گیا ہے (اس میں تبلیغ بھی آگئی البتہ نبوت کے اثبات کے لئے نفس معجزہ ضروری ہے سو ان کا وقوع ہوچکا ہے چنانچہ ان میں سب سے اعظم ایک یہی قرآن ہے جس کی شان یہ ہے کہ) یہ (بجائے خود) گویا بہت سی دلیلیں ہیں تمہارے رب کی طرف سے (کیونکہ اس کی ہر مقدار سورت مثلاً ایک معجزہ ہے تو اس حساب سے مجموعہ قرآن کتنی دلیلیں ہوا اور اس کا یہ دلیل ہونا تو عام ہے) اور (رہا اس کا نفع بالفعل تو وہ خاص ہے ماننے والوں کے ساتھ چنانچہ وہ) ہدایت اور رحمت ہے ان لوگوں کے لئے جو (اس پر) ایمان رکھتے ہیں۔ ف: حاصل جواب یہ ہے کہ نبوت کی غایت اصلی اصلاح ہے اور معجزہ اس کا مثبت اور مثبت مثبت سب برابر پس اس میں تعیین کی فرمائش محض لغو چنانچہ مسئلہ مسلمہ ہے کہ مدعی کو اختیار ہے جس دلیل سے چاہے دعویٰ کا اثبات کردے پس اولاً معین معجزہ کی فرمائش ہی بے موقع پھر اس میں بھی طلب حق مقصود نہیں۔

ربط: اوپر قرآن مجید کا مؤمنین کے لئے ہدایت ورحمت ہونا مذکور ہے آگے اس کے اس رحمت وہدایت ہونے کی شرط خطاب عام سے بتلاتے ہیں کہ وہ استماع وانصات ہے جس کا حاصل توجہ وتدبر فی القرآن ہے اس سے کفار پر تو رحمت جدید ہوگی اور مؤمنین پر رحمت مزید اور چونکہ درمنثور میں اس کے سبب

نزول اور تفسیر اور تفریع میں قراءت خلف الامام اور رفع صوت بقراءۃ خلف الامام اور جہری میں قراءت خلف الامام اور خود اپنی نماز میں اس سے نسخ تکلم معتاد اس

www.besturdubooks.net

طور پر کہ استماع سے مراد اپنی قراءت کی طرف توجہ اور انصات سے مراد انصات عن الکلام ہو اور خطبہ میں نہی عن التکلم اور ذکر یعنی وعظ میں نہی عن التکلم یہ چھ اقوال مذکور ہیں اور سیاق قرآنی سے اس کا کفار کو بھی عام ہونا مفہوم ہوتا ہے ان مجموعہ قرائن سے معلوم ہوا کہ اس میں خطاب بھی عام ہے اور حالت بھی عام ہے اور قرآن بطور عموم مجاز کے وعظ وخطبہ کو عام ہے **لانهما قرآن معنی** اسی لئے حنفیہ نے اس سے **نهی عن القراءة خلف الامام** پر استدلال کیا ہے جس کی بحث طویل ہے اور باب سوال و جواب جانبین میں واسع ہے جس کے ذکر کا یہ محل نہیں اور اسی سے خارج عن الصلوٰۃ بھی قراءت کے وقت دوسرے کام میں مشغول ہونے کو ہمارے فقہاء حنفیہ نے ممنوع فرمایا ہے اور اسی پر مشغول کے پاس بیٹھ کر پکار کر پڑھنے کو منع کیا ہے **نقله فی الروح عن الخلاصة** اور مبنی اس کا مسئلہ مشہورہ اصولیہ ہے کہ اعتبار عموم لفظ کا ہے نہ کہ خصوص سبب کا لیکن احقر کو اس میں شفا نہیں ہے نہ اس مسئلہ اصولیہ میں اور نہ اس فرع فقہی میں کیونکہ ایسا عموم جو مراد متکلم سے بھی متجاوز ہو مراد لینا صحیح نہیں جیسا حدیث **لیس من البر الصیام فی السفر** میں صیام کو کسی نے عام نہیں لیا اور یہاں مجموعہ روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ جو تلاوت خارج صلوٰۃ اپنے ثواب یا یاد کے لئے ہو کسی کی تذکیر و تبلیغ کے لئے نہ ہو وہ آیت میں مراد نہیں اور درمنثور میں جو بروایت ابو الشیخ عثمان بن زائدہ سے منقول ہے **انه کان اذا قرئ علیه القرآن غطی وجهه۔ بثوبه ویتاول من ذلك قول الله واذا قرئ القرآن فیکره ان یشغل بصره وشیئا من جوارحه بغیر استماع اھ۔** یہ محمول ہے ادب پر چنانچہ کراہت شغل بصر و جوارح ان کا قرینہ ہے کیونکہ تعطیل بصر و جوارح کے وجوب کا کوئی قائل نہیں پس ایسی حالت تک عموم کا مراد لینا مشکل ہے اور مجتہد صاحب مذہب سے یہ فرع کہیں منقول نظر نہیں آئی اس لئے اس وجوب میں شبہ ہے چنانچہ اس کی تائید اس روایت سے بھی ہوتی ہے جو عبداللہ بن مغفلؓ سے درمنثور میں بروایت ابن ابی شیبہ وغیرہ منقول ہے **انه سئل اکل من سمع القرآن یقرأ وجب علیه الاستماع والانصات قال لا الخ وایضا فی السراج المنیر للخطیب الشربینی عن البیضاوی وظاهر اللفظ یقتضی وجوبهما حیث یقرأ القرآن مطلقا وعامة العلماء علی استحبابهما خارج الصلوٰة** پس ظاہراً عامۃ العلماء میں حنفیہ بھی داخل ہیں اور یہ لفظ قریب اجماع کے ہے پس اس قول کو حنفیہ کا قول محقق اور قول اول کو ان کا قول مشہور کہیں گے اگر کسی صاحب کو اس سے زیادہ تحقیق ہو تو اس سے شفا حاصل کر لیں واللہ اعلم اور ردالمحتار میں شرح منیہ سے استماع کو فرض کفایہ کہا ہے بعض کا سننا کافی ہے وہ بھی جب کہ قراءت پہلے شروع ہو گئی ہو اور اگر پہلے کام میں لگ گئے ہوں اور پھر قراءت شروع ہوئی تو شروع کرنے والا گنہگار ہوگا۔ ضمیمہ بعد تحریر تحقیق بالا طحطاوی علی مراقی الفلاح ۱۸۰ص میں یہ روایت نظر پڑی جس میں فرع مذکور میں حنفیہ کے نزدیک بھی گنجائش کی تصریح ہے **وفی الدر المنفة عن المنیفة یکره للقوم ان یقرؤا القرآن جملة لتضمها ترك الاستماع والانصات وقیل لا بأس به اھ۔**

امر بتوجہ الی القرآن ☆ **وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ** (الیٰ قولہ تعالیٰ) **تُرْحَمُوْنَ** اور (آپ ان سے یہ بھی کہہ دیجئے کہ) جب قرآن پڑھا جایا کرے (مثلاً جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کی تبلیغ فرماویں) تو اس کی طرف کان لگا دیا کرو اور خاموش رہا کرو (تاکہ اس کا معجز ہونا اور اس کی تعلیم کی خوبی سمجھ میں آوے جس سے) امید ہے کہ تم پر رحمت ہو (جدید یا مزید) **ف**: جدید یہ کہ پہلے بوجہ کفر کے رحمت خاصہ جو قرین ہدایت ہوتی ہے نہ تھی اب قبول حق سے متوجہ ہو گئی مزید یہ کہ پہلے سے بوجہ مؤمن ہونے کے مورد رحمت تھے اب اس میں اور ترقی ہو گئی باقی ضروریات اس کے متعلق تمہید میں مذکور ہیں اس لئے اعادہ نہیں کیا۔

رابط: اوپر قرآن سننے کا حکم اور اس کا ادب مذکور تھا آگے ذکر اللہ کا جس میں تلاوت قرآن بھی داخل ہے حکم اور اس کا ادب مذکور ہوتا ہے جو اعظم مقاصد استماع سے ہے۔

امر بدوام ذکر اللہ ☆ **وَاذْكُرْ رَّبَّكَ** (الی قولہ تعالیٰ) **وَلَا تَكُنْ مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ** اور (آپ ہر ہر شخص سے یہ بھی کہہ دیجئے کہ) اے شخص اپنے رب کی یاد کیا کر (قرآن سے یا تسبیح وغیرہ سے خواہ) اپنے دل میں (یعنی آہستہ آواز سے) عاجزی کے ساتھ اور خوف کے ساتھ اور (خواہ) زور کی آواز کی نسبت کم آواز کے ساتھ (اسی عاجزی اور خوف کے ساتھ) صبح اور شام (یعنی علی الدوام) اور (دوام کا مطلب یہ ہے کہ) اہل غفلت میں شمار مت ہونا (کہ اذکار مامور بہا بھی ترک کر دو) **ف**: حاصل ادب کا یہ ہے کہ دل اور ہیئت میں تذلل اور خوف ہو اور آواز کے اعتبار سے جہر مفرط نہ ہو یا تو بالکل آہستہ ہو یعنی مع حرکت لسانی کے اور یا جہر معتدل ہو اور جہر فی نفسہ ممنوع نہیں ہے جن حدیثوں میں اس کی ممانعت آئی ہے مراد اس سے مفرط ہے البتہ اگر کسی عارض کی وجہ سے مثل دفع خطرات یا دفع قساوت و تحصیل رقت وغیرہ ان شرائط کے ساتھ ہو کہ کسی شیخ محقق نے تجویز کیا ہو کسی نائم یا مصلی کو تشویش نہ ہو ورنہ بستی سے باہر چلا جاوے اس جہر کو قربت نہ جانتا ہو بلکہ علاج سمجھتا ہو تو اجازت ہے کیونکہ جو مفاسد علل نہی کے تھے وہ اس میں نہیں ہیں واللہ اعلم اور مع حرکت لسانی کی قید اس لئے لگائی کہ اس میں دونوں عضو مشغول عبادت رہتے ہیں دل بھی اور زبان بھی اور اس مسئلہ میں بھی کلام طویل الذیل ہے احقر نے اپنی تحقیق لکھ دی ہے اور دوام تفسیر میں جو کچھ لکھا گیا مبنی اس کا یہ ہے کہ دوام ادنیٰ درجہ کا لیا گیا کہ متیقن ہے اور خطاب عام بھی اسی کو مقتضی ہے ورنہ ظاہری معنی کے اعتبار سے دوام کرنے والے ہزاروں میں

www.besturdubooks.net

ایک دو ہیں عامہ ناس سے اس کا مطلوب ہونا کسی قدر مستبعد ہے واللہ اعلم۔

ربط: اب سورت ختم پر آئی مجموعہ سورت میں اصولاً وفروعاً تصحیح عقائد متعلقہ توحید ورسالت وقیامت اکثر حصہ میں اور بعض اعمال جوارح وطاعت لسانیہ کچھ حصہ میں مذکور ہوئے ہیں اب خاتمہ کی آیت میں اس سارے مضمون کی تاکید وتائید ہے کہ جب بڑے ملائکہ مقربین کو ان طاعات سے عار نہیں تو تم کو کیا انکار ہے۔

ترغیب طاعات بذکر طاعات ملائکہ مقربین ☆ اِنَّ الَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيُسَبِّحُوْنَهٗ وَلَهٗ يَسْجُدُوْنَ ۩ یقیناً جو (ملائکہ) تیرے رب کے نزدیک (مقرب ۱؎) ہیں وہ اس کی عبادت سے (جس میں اصل عقائد ہیں) تکبر نہیں کرتے اور اس کی پاکی بیان کرتے ہیں (جو کہ طاعت لسانی ہے) اور اس کو سجدہ کرتے ہیں (جو کہ اعمال جوارح سے ہے) **ف**: حسن خاتم کا اظہر من الشمس ہے **وقد تم بحمد الله تفسير سورة الاعراف لسبع عشرة خلت من ربيع الاول يوم السبت ۱۳۲۴ھ الهجرة النبوية على صاحبها الف الف سلام وتحية فى كل بكرة وعشية۔**

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: خُذِ الْعَفْوَ وَاْمُرْ بِالْعُرْفِ وَاَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِيْنَ اس میں لوگوں کے ساتھ تسامح اور ان کو شفقت سے تعلیم اور جاہلوں کے ساتھ حلم کرنے کی تعلیم ہے حضرت جعفر صادقؒ کا ارشاد ہے کہ اس سے زیادہ کوئی آیت اخلاق کی جامع نہیں۔ قولہ تعالیٰ: وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ (الی قولہ تعالیٰ) فَاِذَا هُمْ مُّبْصِرُوْنَ ۞ اس میں کاملوں کو وسوسہ آنے کے امکان کی مع اس کے علاج یعنی استعاذہ اور تذکر امر ونہی کی تصریح ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَاِذَا لَمْ تَاْتِهِمْ بِاٰيَةٍ قَالُوْا لَوْلَا اجْتَبَيْتَهَا ۭ قُلْ اِنَّمَآ اَتَّبِعُ مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ مِنْ رَّبِّيْ ۚ. اس میں تصریح ہے کہ امور غیبیہ غیر اختیاری ہیں اس لئے وہ کمال کی علامت بھی نہ ہوگی بڑی علامت کمال اتباع ہے وحی کا اس کے ہوتے ہوئے کرامات کی تلاش جہل ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا مجاہدؒ سے مروی ہے کہ یہ آیت صلوٰۃ وخطبہ جمعہ کے باب میں ہے اور خطبہ کے حکم میں شیخ کا ارشاد بھی ہے پس مرید کو اس وقت خاموش ہو کر سننا چاہئے قولہ تعالیٰ: وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَّخِيْفَةً وَّدُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ اول ذکر خفی ہے دوسرا جہر معتدل ہے (جیسا اس کی تقریر اصل میں ہے) وَلَا تَكُنْ مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک قسم ذکر کی یہ بھی ہے کہ غفلت نہ ہو یعنی فکر ہو اگرچہ اس میں حرکت زبان کی اصلاً نہ ہو نہ خفی نہ جلی روح کے باب اشارہ میں ہے کہ سالک کا معاملہ شیخ کی رائے پر ہے کبھی وہ جہر کرتا ہے اور علاج وہی جانتا ہے۔ قولہ تعالیٰ: اِنَّ الَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيُسَبِّحُوْنَهٗ الخ تکبر سے بری ہونے کے دوسری طاعات پر مقدم کرنے میں اس پر دلالت ہے کہ زوال اکبر باقی اصلاح کی گویا شرط ہے۔ رائے یہ ہے کبھی وہ جہر تجویز کرتا ہے اور علاج وہی جانتا ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱؎ **قوله فى نزع احتمال** الخ اشار الى ان صدور المعصية منه ﷺ محال لكن لا استحالة فى صدور ما لا يقتضيه المصلحة النظامية ۱۲۔ ۲؎ **قوله فى اخوانهم** شیاطین اشارة الى ان المراد به فى قوله طائف من الشيطان الجنس لا ابليس وحده ۱۲۔ ۳؎ **قوله فى بصائر** گویا دلیلیں **كما فى الروح بمنزلة البصائر اى حجج وبينات** ۱۲۔ ۴؎ **قوله فى توضيحه** مثلاً بناء **على ما هو المشهور وقيل ادنى مقداره اقل من السورة لقوله تعالىٰ فليأتوا بحديث مثله** ۱۲۔ ۵؎ **قوله فى قرئ** کہہ دیجئے **اشارة الى كون الجملة معطوفة على قوله انما اتبع** الخ **وقوله هناك مثلاً زاده لما ثبت فى التمهيدين عموم الآية وخص التمثيل بهذا لكونه الصق واوفق بالمقام فافهم** ۱۲۔ ۶؎ **قوله فى** ف قرین ہدایت **اشار به الى كون ذكر الرحمة مغنيا عن الهدى** ۱۲۔ ۷؎ **قوله فى اذكر** کہہ دیجئے **اشارة الى عطفه ايضا على انما اتبع** ۱۲۔ ۸؎ **قوله فى نفسك** آہستہ **لمقابلة قوله دون الجهر فلا يراد الخيالى** ۱۲۔ ۹؎ **قوله فى دون الجهر** آواز **يحمل القول على الصوت وهو معطوف فى نفسك وقوله هناك اى عاجزى مبناه ان الغالب فى المعطوف اعتبار ما فى المعطوف عليه** ۱۲۔ ۱۰؎ **قوله فى عند** مقرب **فالعندية رتبية لا مكانية** ۱۲۔

اللغات: النزغ النخس يراد به الوسوسة فاسناد ينزغ اليه مجازى طائف وسوسة تطوف اى تجيء وتذهب العفو ما عفاد متيسر و تسهل كما قيل خذى العفو منى تستديمى مودتى۔ ولا تنطقى فى سورتى حين اغضب ۱۲ الاجتباء الجمع والاخذ والاختيار۔ قوله الغدو جمع غدوة والآصال جمع اصيل ۱۲۔

البلاغۃ: ايراد النزغ فى موضع والمس فى آخر لعله للاشارة الى ان لطافة قلبه صلى الله عليه وسلم ازيد من غيره حيث يكون الوسوسة التى لا يكون دردوه اكثر من المس نزغا وايذاءً شديدا فى حقه ولذا اكد باسناده الى النزغ نفسه مبالغة وهذا من المواهب ۱۲۔ قوله انما اتبع فى الروح المعنى على تخصيص حاله صلى الله عليه وسلم باتباع ما يوحى اله بتوجيه القصر الى نفس الفعل بالنسبة الى مقابله الذى كلفوه اياه لا على معنى تخصيص اتباعه بما يوحى اليه بتوجيه القصر بالقياس الى مفعول آخر كما هو الشائع فى موارد الاستعمال كانه قيل ما افعل الا اتباع ما يوحى الى منه تعالىٰ دون اقتراح۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ

سُوْرَةُ الْاَنْفَال ۸ مَدَنِيَّة ۸۸ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۷۵ رُكُوْعَاتُهَا ۱۰

سورۂ انفال مدینہ میں نازل ہوئی شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والے ہیں اور اس کی پچھتر آیتیں اور دس رکوع ہیں

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ ۭ قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَصْلِحُوْا ذَاتَ بَيْنِكُمْ ۠ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗٓ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝۱ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَاِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ اٰيٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا وَّعَلٰي رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۝۲ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝۳ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ۭ لَهُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَمَغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝۴

جو لوگ آپ سے (خاص) غنائم کا حکم دریافت کرتے ہیں آپ فرما دیجئے کہ یہ غنائم اللہ کی ہیں اور رسول کی ہیں سو تم اللہ سے ڈرو اور اپنے باہمی تعلقات کی اصلاح کرو اور اللہ کی اور اس کے رسول کی اطاعت کرو اگر تم ایمان والے ہو۔ (کیونکہ) بس ایمان والے تو ایسے ہوتے ہیں کہ جب (ان کے سامنے) اللہ تعالیٰ کا ذکر آتا ہے تو ان کے قلوب ڈر جاتے ہیں اور جب اللہ کی آیات ان کو پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو وہ آیات ان کے ایمان کو اور زیادہ (مضبوط) کر دیتی ہیں اور وہ اپنے رب پر توکل کرتے ہیں (اور) جو کہ نماز کی پابندی کرتے ہیں اور ہم نے ان کو جو کچھ دیا ہے وہ اس میں سے خرچ کرتے ہیں (بس) سچے ایمان والے یہ لوگ ہیں ان کے لئے بڑے درجے ہیں ان کے رب کے پاس اور ان کے لئے مغفرت ہے اور عزت کی روزی۔

تفسیر: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سُوْرَةُ الْاَنْفَال مَدَنِيَّة الا واذ یمکر الایة السبع فمکیة وایها ست و سبعون کذا فی البیضاوی والجلالین۔

ربط: اوپر کی سورت میں زیادہ مشرکین کے جہل وعناد کا اور کسی قدر اہل کتاب کے کفر وفساد کا ذکر تھا اس سورت میں اس جہل وعناد و کفر فساد کا ان پر جو دنیا میں وبال ونکال بدر میں مشرکین پر اور دیگر بعض وقائع میں اہل کتاب یہود پر نازل ہوا اس کا بیان ہے بدر کا زیادہ کہ اکثر حصہ سورت کا اسی پر مشتمل ہے جیسا سورت سابقہ میں ان کے جہل وعناد کا بیان بھی زیادہ تھا اور واقعہ اہل کتاب کا کم کہ بعض آیات سورہ کی اس پر مشتمل ہیں جیسا کہ سورۂ سابقہ میں ان کے کفر وفساد کا ذکر بھی کم تھا اور چونکہ کفار کا مقہور ومغلوب ہونا مؤمنین کے حق میں احسان وانعام ہے اور کفار کے حق میں تعذیب وانتقام ہے اس لئے جا بجا دونوں کو تذکیر نعم وقسم سے خطاب بھی فرمایا گیا اور ان ہی واقعات کے متعلق اور مناسب بعض احکام شرعیہ بھی مذکور ہوئے ہیں یہ خلاصہ ہے مضامین سورت کا جس سے اس کا ربط سورت سابقہ سے بھی باہمی ارتباط خود اس کے اجزاء میں بھی معلوم ہو گیا واللہ اعلم اور چونکہ کفار کے ساتھ مقابلہ کرنے میں دنیا وآخرت کی کامیابی کا مدار اعظم للّٰہیت و اتفاق ہے۔ اس لئے سورت کو امر بتقویٰ واصلاح واطاعت اللہ ورسول وبیان فضیلت خوف وتکمیل ایمان وتوکل واقامت صلوٰۃ وانفاق فی الخیر سے شروع کیا ہے کہ للّٰہیت واتفاق کو ان ہی طاعات سے قوت ہوتی ہے اور تقسیم غنائم کے متعلق ایک خفیف سا امر جو کہ کسی درجہ میں کمال للّٰہیت واتفاق سے بعید تھا اور اس وقت پیش آ گیا تھا شروع مضمون مذکور کی تائید کے لئے اسی کے ضمن میں اس کا فیصلہ بھی فرما دیا گیا جس کا قصہ روایات ذیل میں مذکور ہے ابوداؤد ونسائی وابن حبان وحاکم نے حضرت ابن عباسؓ سے روایت کی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ اعلان فرما دیا تھا کہ جو شخص کسی شخص کو قتل کرے یا قید کرے اس کو اتنا اتنا انعام ملے گا سو بوڑھے تو جھنڈوں کے نیچے رہے اور جوان لوگ قتل وغنیمت کی طرف دوڑے بوڑھوں نے ان جوانوں سے کہا کہ ہم کو بھی اس میں شریک کرو ہم

www.besturdubooks.net

تمہارے مددگار تھے اور اگر تم پر کوئی حادثہ پڑتا تو تم ہماری ہی پناہ لیتے اس میں گفتگو ہوگئی آپ تک مقدمہ آیا اس پر یہ آیت نازل ہوئی یَسْئَلُوْنَکَ الخ چنانچہ آپ نے بوڑھے جوانوں سب کو برابر تقسیم فرمایا رواہ الحاکم فی المستدرک کذا فی الجلالین اور احمد نے حضرت سعد بن ابی وقاصؓ سے روایت کی ہے کہ بدر کے روز میرا بھائی عمیر قتل کیا گیا تو میں نے اس کے بدلے سعید بن العاص کو قتل کیا اور اس کی تلوار لے کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا کہ مجھ کو دے دیجئے آپ نے فرمایا کہ جاؤ اس کو غنیمت میں رکھ دو میں بہت مغموم ہوا اس پر آیت انفال نازل ہوئی۔ آپ نے فرمایا اب وہ تلوار لے لو۔ اور ابوداؤد اور ترمذی اور نسائی نے حضرت سعدؓ سے روایت کی ہے کہ میں بدر کے روز ایک تلوار لایا اور عرض کیا کہ مجھ کو ہبہ کر دیجئے آپ نے فرمایا کہ یہ نہ میری ہے نہ تیری ہے مجھ کو رنج ہوا پھر آپ نے بلا کر فرمایا کہ اس وقت تو میری نہ تھی اب وہ میری ہے اور میں تجھ کو دیتا ہوں اس قصہ میں یہ آیت نازل ہوئی یہ سب روایات بجز روایت جلالین کے لباب میں ہیں اور آئندہ اکثر روایات درمنثور سے نقل کی گئی ہیں۔

حکم انفال وامر وفضل بعضے اعمال ☆ یَسْئَلُوْنَکَ عَنِ الْاَنْفَالِ (الی قولہ تعالیٰ) لَهُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَمَغْفِرَةٌ وَّ رِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝ یہ لوگ آپ سے (خاص) غنیمتوں کا حکم دریافت کرتے ہیں آپ فرما دیجئے کہ یہ غنیمتیں اللہ کی ہیں (بایں معنیٰ کہ اللہ کی ملک ہیں اور وہ جس طرح چاہیں ان کے باب میں حکم کریں) اور رسول کی ہیں (بایں معنی کہ آپ کی معرفت اللہ تعالیٰ وہ حکم نازل کریں گے مطلب یہ کہ تمہاری رائے اور تجویز پر اس کا فیصلہ نہیں ہے بلکہ حکم شرعی پر ہے) سو تم (دنیا کی حرص مت کرو بلکہ آخرت کے طالب رہو اس طرح پر کہ) اللہ سے ڈرو اور اپنے باہمی تعلقات کی اصلاح کرو (کہ باہم تحاسد وتباغض نہ ہو) اور اللہ کی اور اس کے رسول کی اطاعت کرو اگر تم ایمان والے ہو (کیونکہ) بس ایمان والے تو ایسے ہوتے ہیں کہ جب (ان کے سامنے) اللہ تعالیٰ کا ذکر آتا ہے تو (اس کی عظمت کے استحضار سے) ان کے قلوب ڈر جاتے ہیں اور جب اللہ کی آیتیں ان کو پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو وہ آیتیں اُن کے ایمان کو اور زیادہ (مضبوط) کر دیتی ہیں اور وہ لوگ اپنے رب پر توکل کرتے ہیں (اور) جو کہ نماز کی پابندی کرتے ہیں اور ہم نے ان کو جو کچھ دیا ہے وہ اس میں سے خرچ کرتے ہیں (بس) سچے ایمان والے یہ لوگ ہیں ان کے لئے بڑے درجے ہیں ان کے رب کے پاس اور (ان کے لئے) مغفرت ہے اور عزت کی روزی۔ ف: اللہ و رسول کی اطاعت میں سب احکام آ گئے اس طرح سے کہ احکام کی دو قسمیں ہیں حقوق اللہ وحقوق العباد قسم دوم اَصْلِحُوْا کا مدلول ہے اور حقوق اللہ کی دو قسمیں ہیں ظاہری وباطنی پھر ظاہری یا بدنی ہے یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوةَ میں اس کا ذکر ہو گیا اور یا مالی یُنْفِقُوْنَ ۝ میں اس کا بیان آ گیا اور باطنی دو قسم ہیں یا عقیدہ ہے زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا میں اس کی طرف اشارہ ہو گیا اور یا خلق ہے یَتَوَكَّلُوْنَ ۝ میں اس کا بیان ہے جس کی تحقیق نصف پارہ لَنْ تَنَالُوا آیت :فَاِذَا عَزَمْتَ [آل عمران :۱۵۹] میں گذری ہے اور سب کا مبنیٰ خوف ہے تقویٰ وخوف میں اس کا ذکر ہے اور شاید اس کے مبنیٰ ہونے سے مکرر مذکور ہوا ہو اس طرح سب احکام اس جگہ مذکور ہو گئے اسی طرح جزا کا بیان بھی اس کے سب اقسام کو جامع ہے کیونکہ حاصل جزا دو چیزیں ہیں مضرت نار سے بچانا سو مغفرت میں یہ مذکور ہے اور منفعت جنت عطا ہونا پھر یہ منفعت یا روحانی ہے درجات میں اس کا ذکر ہے اور یا جسمانی رزق میں اس کا بیان ہے۔ اب بعض مسائل غنیمت کے متعلق باقتضاء مقام مذکور ہوتے ہیں۔

مَسْئَلَة: مال غنیمت میں بعد خمس نکالنے کے بقیہ میں قاتل اور معین ومشریک واقعہ برابر مستحق ہیں گو قتال نہ کیا ہو۔

مَسْئَلَة: اگر امام اعلان کر دے من قتل قتیلا فله سلبه تو خاص سلب کا مستحق مقاتل ہوگا اسی طرح اگر اور کچھ انعام کا وعدہ کر لے تو وہ اسی کو دیا جاوے گا پھر جو کچھ بچے گا وہ سب کو برابر ملے گا۔

مَسْئَلَة: علاوہ سہم غنیمت اور انعام موجود کے اگر امام کسی کو اور زیادہ دینا چاہے تو بھی خمس میں سے دے سکتا ہے۔ پس تمہید میں جو اخیر کی دو روایتوں میں جو تلوار آپ سے مانگی گئی تھی وہ انعام موعود سے زائد تھی کیونکہ ایک روایت میں اس کا سلب ہونا آیا ہے اور آپ نے فله سلبه کے عنوان سے وعدہ منقول نہیں اور ایک روایت میں سلب ہونا بھی منقول نہیں پس اس کو زیادہ علی الوعدہ پر محمول کیا جاوے گا اس لئے آپ کے ذمہ دینا نہ تھا پھر ایک روایت میں تبرعاً آپ نے دے دیا اسی طرح پہلی روایت میں انعام موعود سے جو بچا تھا جو ان لوگ اس میں بھی اختصاص چاہتے ہوں گے اسی واسطے آپ نے برابر تقسیم فرمایا جیسا مسائل مذکورہ میں یہی احکام مذکور ہوئے ہیں واللہ اعلم پس پہلے قصہ کا تو پوری آیت میں جواب ہے اور دو اخیر کا قصوں کا جواب جملہ الْاَنْفَالُ لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ میں موجود ہے گو ان کا حکم نہ پوچھا گیا تھا۔

ربط: اور بمقابلہ کفار میں کامیاب ہونے کا جو مدار اعظم تھا اس کا بیان تھا آگے کامیابی کے واقعات ذکر کر کے اس بارہ میں اپنے انعامات یاد دلاتے ہیں۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلِ السُّلُوْک: قولہ تعالیٰ: اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ (الی قولہ تعالیٰ) هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا یہ آیت جامع ہے اوصاف سالکین کی یعنی حال بھی کہ وجل ہے اور عقائد بھی کہ ایمان ہے اور عمل باطنی بھی کہ توکل ہے اور عمل ظاہر بھی کہ صلوٰۃ اور انفاق ہے اور اس پر نص ہے کہ ایمان کامل ان سب

www.besturdubooks.net

اوصاف کو جمع کرنا ہے اور چونکہ صوفیہ ان سب اوصاف کے جامع ہیں اس سے ان کا کامل الایمان ہونا ثابت ہوگیا۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی زادتهم مضبوط اشارة الی الجواب عما استدل بالآية علی زيادة الايمان ۱۲۔

اللغات: النفل الزيادة ويسمى به الغنيمة اما باعتبار انها منحة من الله تعالٰی لهذه الامة دون من قبلها واما لانها زيادة علی الثواب ويسمى به ما يشترطه الامام للغازی زيادة علی سهمه لرأی يراه سواء كان لمعين او لغير معين وجعلوا من ذلك ما يزيده الامام لمن صدر منه اثر محمود فی الحرب ۱۲ من الروح۔

كَمَآ اَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنۢ بَيْتِكَ بِالْحَقِّ ۪ وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَكٰرِهُوْنَ ۝ يُجَادِلُوْنَكَ فِی الْحَقِّ
بَعْدَ مَا تَبَيَّنَ كَاَنَّمَا يُسَاقُوْنَ اِلَى الْمَوْتِ وَهُمْ يَنْظُرُوْنَ ۝ وَاِذْ يَعِدُكُمُ اللّٰهُ اِحْدَى الطَّآئِفَتَيْنِ اَنَّهَا لَكُمْ
وَتَوَدُّوْنَ اَنَّ غَيْرَ ذَاتِ الشَّوْكَةِ تَكُوْنُ لَكُمْ وَيُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّحِقَّ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَيَقْطَعَ دَابِرَ الْكٰفِرِيْنَ ۝
لِيُحِقَّ الْحَقَّ وَيُبْطِلَ الْبَاطِلَ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝ اِذْ تَسْتَغِيْثُوْنَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ اَنِّیْ مُمِدُّكُمْ
بِاَلْفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُرْدِفِيْنَ ۝ وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى وَلِتَطْمَئِنَّ بِهٖ قُلُوْبُكُمْ ۚ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا
مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝ ع ۱۰ ۱۱

جیسا آپ کے رب نے آپ کے گھر (اور بستی) سے مصلحت کے ساتھ آپ کو (بدر کی طرف) روانہ کیا اور مسلمانوں کی ایک جماعت ان کو گراں سمجھتی تھی (اور) وہ اس مصلحت (کے کام) میں بعد اس کے کہ اس کا ظہور ہوگیا تھا (اپنے بچاؤ کے لئے) آپ سے (بطور مشورہ) اس طرح جھگڑ رہے تھے کہ گویا کوئی ان کو موت کی طرف ہانکے لئے جاتا ہے اور وہ دیکھ رہے ہیں اور تم لوگ اس وقت کو یاد کرو جبکہ اللہ تعالیٰ تم سے ان دو جماعتوں میں سے ایک کا وعدہ کرتے تھے۔ کہ وہ تمہارے ہاتھ آجائے گی اور اس تمنا میں تھے کہ غیر مسلح جماعت (یعنی قافلہ) تمہارے ہاتھ آجائے اور اللہ تعالیٰ کو یہ منظور تھا کہ اپنے احکام سے حق کا حق ہونا (عملاً) ثابت کردے اور ان کافروں کی بنیاد (اور قوت) کو قطع کردے تاکہ حق کا حق ہونا اور باطل کا باطل ہونا (عملاً) ثابت کردے گو یہ مجرم لوگ ناپسند ہی کریں۔ اُس وقت کو یاد کرو جب کہ تم اپنے ربّ سے فریاد کر رہے تھے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے تمہاری سن لی کہ تم کو ایک ہزار فرشتوں سے مدد دوں گا جو سلسلہ وار چلے آئیں گے اور اللہ تعالیٰ نے یہ امداد محض اس (حکمت) کے لئے کہ (غلبہ کی) بشارت ہو اور تاکہ تمہارے دلوں کو (اضطراب سے) قرار ہوجائے اور (واقع میں تو) نصرت (اور غلبہ) صرف اللہ ہی کی طرف سے ہے جو کہ زبردست حکمت والے ہیں۔

تفسیر: انعام اوّل: كَمَآ اَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنۢ بَيْتِكَ بِالْحَقِّ (الی قوله تعالٰی) كَاَنَّمَا يُسَاقُوْنَ اِلَى الْمَوْتِ وَهُمْ يَنْظُرُوْنَ ۝ (اس میں آپ کی روانگی کے وقت کا قصہ ہے اجمالی بیان اس کا یہ ہے کہ ایک قافلہ مختصر تاجران مکہ کا شام سے مکہ کو چلا جس کے ساتھ مال اسباب بہت تھا آپ کو وحی سے معلوم ہوا آپ نے صحابہؓ کو خبر دی صحابہؓ کو قلت رجال اور کثرت مال کا حال معلوم ہونے سے غنیمت کا خیال ہوا اور اسی ارادہ سے مدینہ سے چلے یہ خبر جو مکہ پہنچی تو ابوجہل وہاں کے رؤساء وجنود کے ہمراہ اس قافلہ کی حفاظت کے لئے نکلا اور قافلہ سمندر کے کنارہ کنارہ ہولیا اور ابوجہل مع لشکر بدر میں آکر ٹھہرا اس وقت جناب رسول اللہ ﷺ وادی وجران میں تشریف رکھتے تھے اور آپ کو یہ سارا قصہ بذریعہ وحی معلوم ہوا اور آپ سے وعدہ خداوندی ہوا کہ ان دو گروہ یعنی قافلہ اور لشکر میں سے آپ کو ایک گروہ پر غلبہ ہوگا آپ ﷺ نے صحابہؓ سے مشورہ کیا چونکہ بارادہ مقابلہ لشکر کے نہ آئے تھے اس لئے سامان حرب کافی ساتھ نہ تھا و نیز خود تین سو چند آدمی تھے اور لشکر میں ایک ہزار آدمی تھے اسلئے بعض کو پس وپیش ہوا اور عرض کیا کہ اس لشکر کا مقابلہ نہ کیجئے بلکہ قافلہ کا تعاقب مناسب ہے آپ رنجیدہ ہوئے تو اس وقت حضرت ابوبکر وحضرت عمر وحضرت مقداد بن عمرو وحضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہم نے اطاعت کی تقریریں کیں تب آپ بدر کی طرف روانہ ہوئے۔

تفسیر: (یہ انفال کا لوگوں کی مرضی کے موافق تقسیم نہ ہونا گو طبعاً بعض کو گراں گذرا ہو مگر بوجہ تضمن مصالح کثیرہ کے یہ ہی خیر ہے پس یہ امر مشقت طبعی اور تضمن مصالح میں ایسا ہے) جیسا آپ کے رب نے آپ کے گھر (اور بستی) سے مصلحت کے ساتھ آپ کو (بدر کی طرف) روانہ کیا اور مسلمانوں کی ایک جماعت (بوجہ قلت عدد وسامان کے طبعاً) اس کو گراں سمجھتی تھی (اور) وہ اس مصلحت (کے کام) میں (یعنی جہاد ومقابلہ لشکر میں) بعد اس کے کہ اس کا ظہور ہوگیا تھا (اپنے بچاؤ کے لئے) آپ سے (بطور مشورہ کے) اس طرح جھگڑ رہے تھے کہ گویا کوئی ان کو موت کی طرف ہانکے لئے جاتا ہے اور وہ (موت کو یعنی اس کے سامان کو) دیکھ رہے ہیں (مگر انجام اس کا آخر اچھا

www.besturdubooks.net

ہوا کہ اسلام غالب اور کفر مغلوب ہوا جو کہ انعام عظیم ہے اور مقدمۂ انعام بھی انعام ہے اور یہ بات قافلہ سے غنیمت حاصل کر لینے میں کب ہوتی اسی طرح مسئلۂ انفال میں بھی مصلحتیں ہیں) ف: یہ کراہت گو بعد خروج عن البیت کے ہوئی تھی لیکن مجموعہ زمان شئے واحد قرار دیا گیا یا حال مقدرہ کہا جاوے اور فریقاً اس لئے کہا کہ بعض کو تردد نہ تھا اور ظہور کا مطلب یہ ہے کہ اس کا خیر ہونا اور اس میں وعدۂ ظفر ہونا آپ کے ارشاد سے معلوم ہو گیا تھا اور كَاَنَّمَا يُسَاقُوْنَ میں اشارہ کر دیا گیا کہ وہ کراہت طبعی تھی ظن قتل سے بوجہ بے سروسامانی کے اور عقلی و اعتقادی نہ تھی پس اس میں کوئی اعتراض نہ رہا اسی طرح اہتمام مشورہ کو مجازاً جدال فرما دیا اس میں بھی کوئی اعتراض نہیں۔ ربط: اوپر ایک انعام مذکور ہوا آگے دوسرا مذکور ہے۔

انعام ثانی ☆ وَاِذْ يَعِدُكُمُ اللّٰهُ اِحْدَى الطَّآئِفَتَيْنِ (الی قولہ تعالیٰ) وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝ اور تم لوگ اس وقت کو یاد کرو جب کہ اللہ تعالیٰ (بذریعہ وحی الی الرسول کے) تم سے ان دو جماعتوں (یعنی قافلہ و لشکر) میں سے ایک (جماعت) کا وعدہ کرتے تھے کہ وہ (جماعت) تمہارے ہاتھ آ جاوے گی (یعنی مغلوب ہو جاوے گی) اور تم اس تمنا میں تھے کہ غیر مسلح جماعت (یعنی قافلہ) تمہارے ہاتھ آ جاوے اور اللہ تعالیٰ کو یہ منظور تھا کہ اپنے احکام سے حق کا حق ہونا (عملاً) ثابت کر دے (اس طور سے کہ اس کو غلبہ دے دے) اور (یہ منظور تھا کہ) ان کافروں کی بنیاد (اور قوت) کو قطع کر دے تا کہ (اس قطع کرنے کے ذریعہ سے بھی) حق کا حق ہونا اور باطل کا باطل ہونا (عملاً) ثابت کر دے گو (اس احقاق اور ابطال باطل کو) یہ مجرم لوگ (یعنی کفار جو کہ مغلوب ہوئے) ناپسند ہی کریں۔ ف: اوپر کی آیت میں جو قصہ مذکور ہوا وہ اس آیت کے حل تفسیر کے لئے بھی کافی ہے اور اس غلبہ کو باوجود اس کے کہ تمام کفار قریش ہلاک نہ ہوئے تھے قطع دابر اس لئے کہا گیا کہ اس واقعہ سے ان کی قوت بالکل فنا ہو گئی تھی کیونکہ ان کے بڑے بڑے رئیس ستر (۷۰) قتل اور ستر قید ہوئے تھے اس طرح گویا وہ سب ہی ختم ہو گئے تھے اور کلمات کی تفسیر جو احکام سے کی گئی ہے اس سے مراد یا احکام شرعیہ ہیں جس کا مصداق جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا لوگوں کو بدر کی طرف چلنے کے لئے فرمانا ہے اور یا احکام تکوینیہ ہیں کہ عبارت ہے غلبہ مقدر سے اور دونوں صورتوں میں جمع لانا باعتبار تعدد متعلق کے ہے کہ وہ ان کا چلنا ان کا لڑنا ان کا مغلوب و مجروح و قید و ہلاک ہونا ہے اور لِيُحِقَّ الْحَقَّ میں تکرار اس لئے نہیں کہ پہلی جگہ وہ بلا واسطہ مقصود ہے دوسری جگہ بواسطہ قطع دابر مقصود ہے اور اشارہ ہے اس طرف کہ کسی کا ہلاک وغیرہ جو واقع ہوتا ہے وہ کسی خیر کی وجہ سے مقصود ہوتا ہے اس انعام کا حاصل مقابلہ کفار ہے جس کا انجام خیر ہوا جیسا انعام اول کا حاصل اخراج تھا۔ ربط: اوپر بعض انعامات مذکور ہیں آگے بعض کا ذکر ہے۔

انعام ثالث ☆ اِذْ تَسْتَغِيْثُوْنَ رَبَّكُمْ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝ اس وقت کو یاد کرو جب کہ تم اپنے رب سے (اپنی قلت اور ان کی کثرت دیکھ کر) فریاد کر رہے تھے پھر اللہ تعالیٰ نے تمہاری (فریاد) سن لی (اور وعدہ فرمایا) کہ میں تم کو ایک ہزار فرشتوں سے مدد دوں گا جو سلسلہ وار چلے آویں گے اور اللہ تعالیٰ نے یہ امداد (مذکور ملائکہ سے) محض اس (حکمت) کے لئے کی کہ (غلبہ کی) بشارت ہو (یعنی غلبہ کی توقع سے خوشی ہو جاوے) اور تا کہ تمہارے دلوں کو (اضطراب سے) قرار ہو جاوے (یعنی تسلی اسباب سے ہوتی ہے اس لئے ایسا کیا) اور (واقع میں تو) نصرت (اور غلبہ) صرف اللہ ہی کی طرف سے ہے جو کہ زبردست حکمت والے ہیں۔ ف: پارہ لَنْ تَنَالُوْا کے ربع پر بھی ایک ایسی ہی آیت آ چکی ہے اس کے ضروری متعلقات وہاں ملاحظہ کئے جاویں اور اس انعام کا حاصل استجابت استغاثہ ہے اور اس واقعہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا دعائے نصرت کرنا صحاح میں مروی ہے اور ظاہر آیت سے دوسرے مسلمانوں کا دعا کرنا مفہوم ہوتا ہے پس مجموعہ سے مجموعہ ثابت ہو گیا اور بعض نے تَسْتَغِيْثُوْنَ کا مخاطب تعظیماً جناب نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کو بنایا ہے واللہ اعلم۔

ربط: اوپر بعض انعامات مذکور تھے آگے بعض کا ذکر ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک قولہ تعالیٰ: كَمَآ اَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنْۢ بَيْتِكَ بِالْحَقِّ وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَكٰرِهُوْنَ ۝ و قولہ تعالیٰ: وَتَوَدُّوْنَ اَنَّ غَيْرَ ذَاتِ الشَّوْكَةِ تَكُوْنُ لَكُمْ آیت اول سے معلوم ہوتا ہے کہ کبھی نفع بصورت ضرر ہوتا ہے اور ثانی سے معلوم ہوتا ہے کہ کبھی ضرر بصورت نفع ہوتا ہے اور عارفین اس کو ہر وقت اپنے معاملات اور احوال میں مشاہدہ کرتے ہیں قولہ تعالیٰ: وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى وَلِتَطْمَئِنَّ بِهٖ قُلُوْبُكُمْ ۚ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۚ اس پر دال ہے کہ باوجود اسباب کے غیر مؤثر ہونے اور مسببات کے من جانب اللہ ہونے پر پھر بھی اسباب میں حکمتیں ہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی کما اخرجك یہ انفال الخ اشارة الی کونه خبر مبتدا۔ محذوف ای حالهم هذه فی کراهته و کونه خیرا کحال اخراجك فی کراهتهم له من حیث افضاء ه الی القتال وفی کونه خیرا لهم۔ ۲ قوله فی الکافرین ان لانه بهذه الواقعة لم یقطع دابر جمیع الکافرین ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: فی قراء ة انی بالفتح بحذف الباء وفی قراء ة انی بالکسر علی تقدیر القول! واجراء استجاب مجری قال لان الاستجابة من جنس القول۔

www.besturdubooks.net

اللغات: قوله الشوكة واحد الشوك المعروف ثم استعيرت للحدة والشدة وتعلق على السلاح ايضا وفسرها بعضهم به هنا كذا فى الروح ۱۲۔ وقوله ردف ورادف بمعنى ويتعدى الى مفعول واحد والمعنى تابعا بعضهم بعضا وقد يجيء اردف متعديا الى مفعولين والمعنى متبعا مبنيا للفاعل بعضهم بعضا وفى قراءة مردفين مبنيا للمفعول اى متبعا بعضهم بعضا ۱۲۔

النحو: قوله اذ متعلق باذكروا مستانفا وقيل بدل من اذ قبله۔

إِذْ يُغَشِّيكُمُ النُّعَاسَ أَمَنَةً مِّنْهُ وَيُنَزِّلُ عَلَيْكُم مِّنَ السَّمَاءِ مَاءً لِّيُطَهِّرَكُم بِهِ وَيُذْهِبَ عَنكُمْ رِجْزَ الشَّيْطَانِ وَلِيَرْبِطَ عَلَىٰ قُلُوبِكُمْ وَيُثَبِّتَ بِهِ الْأَقْدَامَ ﴿١١﴾ إِذْ يُوحِي رَبُّكَ إِلَى الْمَلَائِكَةِ أَنِّي مَعَكُمْ فَثَبِّتُوا الَّذِينَ آمَنُوا ۚ سَأُلْقِي فِي قُلُوبِ الَّذِينَ كَفَرُوا الرُّعْبَ فَاضْرِبُوا فَوْقَ الْأَعْنَاقِ وَاضْرِبُوا مِنْهُمْ كُلَّ بَنَانٍ ﴿١٢﴾ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ شَاقُّوا اللَّهَ وَرَسُولَهُ ۚ وَمَن يُشَاقِقِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ فَإِنَّ اللَّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ ﴿١٣﴾ ذَٰلِكُمْ فَذُوقُوهُ وَأَنَّ لِلْكَافِرِينَ عَذَابَ النَّارِ ﴿١٤﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا لَقِيتُمُ الَّذِينَ كَفَرُوا زَحْفًا فَلَا تُوَلُّوهُمُ الْأَدْبَارَ ﴿١٥﴾ وَمَن يُوَلِّهِمْ يَوْمَئِذٍ دُبُرَهُ إِلَّا مُتَحَرِّفًا لِّقِتَالٍ أَوْ مُتَحَيِّزًا إِلَىٰ فِئَةٍ فَقَدْ بَاءَ بِغَضَبٍ مِّنَ اللَّهِ وَمَأْوَاهُ جَهَنَّمُ ۖ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ﴿١٦﴾

اُس وقت کو یاد کرو جب کہ اللہ تعالیٰ تم پر اونگھ کو طاری کر رہا تھا اپنی طرف سے چین دینے کے لئے اور (اس کے قبل) تم پر آسمان سے پانی برسا رہا تھا کہ اس پانی کے ذریعہ سے تم کو (حدث اصغر و اکبر سے) پاک کر دے اور تم سے شیطانی وسوسہ کو دفع کر دے اور تمہارے دل کو مضبوط کر دے اور تمہارے پاؤں جما دے۔ اس وقت کو یاد کرو جب کہ آپ کا رب (ان) فرشتوں کو حکم دیتا تھا کہ میں تمہارا ساتھی (و مددگار) ہوں سو (مجھ کو مددگار سمجھ کر) تم ایمان والوں کی ہمت بڑھاؤ میں ابھی کفار کے قلوب میں رعب ڈالے دیتا ہوں سو تم کفار کی گردنوں پر مارو اور ان کے پور پور کو مارو یہ اس بات کی سزا ہے کہ انہوں نے اللہ اور اس کے رسولوں کی مخالفت کی اور جو اللہ کی اور اس کے رسولوں کی مخالفت کرتا ہے سو اللہ تعالیٰ (اس کو) سخت سزا دیتے ہیں۔ سو یہ سزا چکھو اور جان رکھو کہ کافروں کے لئے جہنم کا عذاب مقرر ہی ہے۔ اے ایمان والو! جب تم کافروں سے (جہاد میں) دوبدو مقابل ہو جاؤ تو ان سے پشت مت پھیرنا اور جو شخص ان سے اس موقع پر (مقابلہ کے وقت) پشت پھیرے گا مگر ہاں جو لڑائی کے لئے پینترا بدلتا ہو یا جو اپنی جماعت کی پناہ لینے آتا ہو وہ مستثنیٰ ہے۔ باقی اور جو ایسا کرے گا وہ اللہ کے غضب میں آ جائے گا اور اس کا ٹھکانا دوزخ ہوگا اور وہ بہت ہی بری جگہ ہے۔

تفسیر: انعام رابع ☆ إِذْ يُغَشِّيكُمُ النُّعَاسَ (الی قوله تعالی) وَيُثَبِّتَ بِهِ الْأَقْدَامَ (اس میں اشارہ ہے ایک قصہ کی طرف بیان اجمالی اس کا یہ ہے کہ بدر میں مشرکین پہلے جا پہنچے تھے اور پانی پر قبضہ کر لیا تھا مسلمان بعد میں پہنچے اور ایک خشک ریگستان میں اترے جہاں پانی نہ ہونے سے پیاس کی بھی شدت اور نماز کے وقت وضو اور غسل سے بھی عاجز (اور تیمم کا حکم اس وقت تک نازل نہ ہوا تھا) ادھر ریگستان میں چلنا پھرنا مصیبت کہ اس میں پاؤں دھنسے جاتے تھے ان اسباب سے قلب سخت پریشان ہوا اوپر سے شیطان نے وسوسہ ڈالنا شروع کیا کہ اگر تم اللہ کے نزدیک مقبول و منصور ہوتے تو اس پریشانی میں کیوں پھنستے حالانکہ یہ وسوسہ محض بے بنیاد تھا مگر پریشانی بڑھانے کے لئے کافی تھا حق تعالیٰ نے اول باران رحمت نازل فرمائی جس سے پانی کی افراط ہوگئی پیا بھی وضو و غسل بھی کیا اور اس سے ریتا جم گیا اور دھنسن جاتی رہی برخلاف اس کے کفار نرم زمین میں تھے وہاں کیچڑ ہوگئی جس سے چلنے پھرنے میں تکلف ہونے لگا غرض سب وساوس و تشویشات دفع ہو گئے اس کے بعد ان پر اونگھ کا غلبہ ہوا جس سے پوری راحت ہوگئی اور سب بے چینی جاتی رہی اس آیت میں ان واقعات کی طرف اشارہ ہے۔

تفسیر: اس وقت کو یاد کرو جب کہ اللہ تعالیٰ تم پر اونگھ کو طاری کر رہا تھا اپنی طرف سے چین دینے کے لئے اور (اس کے قبل) تم پر آسمان سے پانی برسا رہا تھا تاکہ اس پانی کے ذریعہ سے تم کو (حدث اصغر و حدث اکبر سے) پاک کر دے اور (تاکہ اس کے ذریعہ سے) تم سے شیطانی وسوسہ دفع کر دے اور (تاکہ اس کی وجہ سے) تمہارے دلوں کو مضبوط کر دے اور (تاکہ اس کی وجہ سے) تمہارے پاؤں جما دے (یعنی تم ریگ میں نہ دھسو)۔ ف: تفسیر سب لفظوں کی قصہ مذکورہ تمہید سے واضح ہو چکی اور در منثور میں قتادہ سے مروی ہے کہ نعاس دو بارہ ہوا ایک یوم بدر میں (جس کا یہاں ذکر ہے) دوسرا یوم احد میں (جس کا پارہ چہارم کے

www.besturdubooks.net

نصف پر ذکر ہے) اور درمنثور میں حضرت علیؓ سے مروی ہے کہ ہم سب پر نیند کا غلبہ ہوا مگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صبح تک برابر نماز پڑھنے میں مشغول رہے اور احقر کہتا ہے کہ یہ نعاس علاج تھا پریشانی کا آپ غایت توکل سے پریشان ہی نہ ہوئے تھے ان انعامات کا حاصل ظاہر ہے جن میں امر مشترک زوال غم ہے اسی اعتبار سے عدد میں ایک شمار کیا گیا۔ رَبط: اوپر بعض انعامات مذکور تھے آگے بعض کا ذکر ہے۔

انعام خامس ☆ اِذْ يُوْحِيْ رَبُّكَ (الی قولہ تعالیٰ) وَاضْرِبُوْا مِنْهُمْ كُلَّ بَنَانٍ ۝ اس وقت کو یاد کرو جب کہ آپ کا رب (ان) فرشتوں کو (جو امداد کیلئے نازل ہوئے تھے) حکم دیتا تھا کہ میں تمہارا ساتھی (اور مددگار) ہوں سو (مجھ کو مددگار سمجھ کر) تم ایمان والوں کی ہمت بڑھاؤ میں ابھی کفار کے قلوب میں رعب ڈالے دیتا ہوں (اور یہ بیان ہے اَنِّيْ مَعَكُمْ کا) سو تم (کفار کی) گردنوں پر (حربہ) مارو اور ان کے پور پور کو مارو (یہ بیان ہے فثبتوا کا)۔ **فائدہ**: ظاہر آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ ملائکہ نے قتال کیا ہے درمنثور میں اس کی مؤید روایات بھی ہیں اور بعض نے کہا ہے کہ سَاُلْقِيْ الخ کا مطلب یہ ہے کہ ملائکہ کو حکم ہوا کہ اہل ایمان کی اس طرح تثبیت کرو کہ ان کے قلوب میں تصرف ملکی سے یہ القاء کرو کہ سَاُلْقِيْ الخ جس سے ان کے دل میں یہ عزم پیدا ہو جاوے انعام ثالث میں ملائکہ کا نزول معلوم ہو چکا اس انعام کا حاصل ملائکہ کو معین بنانا ہے قتالاً یا القاءً اور کفار کا مرعوب بلکہ مغلوب ہو جانا اظہر و اشہر ہے اور جاننا چاہئے کہ اصلی مقصود نزول ملائکہ سے تثبیت تھا جو بلا قتال بھی ممکن ہے جیسا ربع پارہ لَنْ تَنَالُوا آیت: وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ الخ [آل عمران: ۱۲۶] کی تفسیر میں بیان ہو چکا ہے اور یہاں بھی تصرف ملکی کے لفظ میں اس طرف اشارہ ہے اور وقوع قتال زیادت تیقن بہ نزول ملائکہ کے لئے ہو سکتا ہے اور تثبیت کا بلا قتال ممکن ہونا بطریق مذکور روح المعانی میں زجاج سے منقول ہے **وللملك قوة القاء الخير في القلب الخ**۔ رَبط: اوپر کفار کے مقتول و مخذول ہونے کا ذکر تھا جو مؤمنین کے حق میں انعام اور کفار کے حق میں انتقام ہے جس کو آیت بالا میں بعنوان انعام علی المؤمنین ذکر فرمایا ہے آگے اس کو بعنوان انتقام عن الکافرین بیان فرماتے ہیں۔

انتقام بودن واقعہ مذکورہ از کفار ☆ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَآقُّوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ (الی قولہ تعالیٰ) وَاَنَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابَ النَّارِ ۝ یہ اس بات کی سزا ہے کہ انہوں نے اللہ کی اور اس کے رسول کی مخالفت کی اور جو اللہ کی اور اس کے رسول کی مخالفت کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ (اس کو) سخت سزا دیتے ہیں (خواہ دنیا میں کسی حکمت سے یا آخرت میں یا دونوں جگہ) سو (اس مخالفت کی وجہ سے سردست تو) یہ سزا چکھو اور جان رکھو کہ کافروں کے لئے جہنم کا عذاب مقرر ہی ہے (سزائے دنیوی سے وہ ٹل نہیں گیا کہ اصلی وہی ہے)۔ رَبط: اوپر ملائکہ کو تثبیت مؤمنین کا حکم تھا آگے مؤمنین کو ثبات کا حکم ہے اور چونکہ اس حکم کا مطلق جہاد کے ساتھ متعلق کرنا مقصود ہے اس لئے عام عنوان سے اس کا ذکر فرمایا ہے۔

تحریم فرار از جہاد ☆ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا لَقِيْتُمُ (الی قولہ تعالیٰ) وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝ اے ایمان والو جب تم کافروں سے (جہاد میں) دو بدو مقابل ہو جاؤ تو ان سے پشت مت پھیرنا (یعنی جہاد سے مت بھاگنا) اور جو شخص ان سے اس موقع پر (یعنی مقابلہ کے وقت) پشت پھیرے گا مگر ہاں جو لڑائی کے لئے پینترا بدلتا ہو یا جو اپنی جماعت کی طرف پناہ لینے آتا ہو وہ مستثنیٰ ہے باقی اور جو ایسا کرے گا وہ اللہ کے غضب میں آ جاوے گا اور اس کا ٹھکانا دوزخ ہوگا اور وہ بہت ہی برا جگہ ہے۔ **فائدہ**: مسئلہ جہاد سے بھاگنا حرام ہے۔

مَسْئَلَة: ہاں اگر کافر دونے سے زیادہ ہوں تو جائز ہے **كما سياتي من قوله الئن خفف الله الخ**۔

مَسْئَلَة: اور جب دونے سے زیادہ نہ ہوں تب بھی دو صورتیں جواز کی ہیں جن کو آیت میں مستثنیٰ فرمایا ہے ایک یہ کہ دھوکہ دینے کو سامنے سے بھاگا ہوتا کہ حریف غافل ہو جاوے پھر دفعۃً لوٹ کر اس پر حربہ کرے دوسرے یہ کہ مقصود اصلی بھاگنا نہ ہو بلکہ بوجہ بے سروسامانی وغیرہ عوارض کے اپنی جماعت میں اس غرض سے آملا کہ ان سے قوت اور معونت حاصل کر کے پھر جا کر مقابل ہوگا پھر بعض نے اس جماعت کے قریب ہونے کی شرط لگائی ہے اور بعض نے عام کہا ہے اور بعض روایات میں جو آیا ہے کہ یہ حکم بدر کے ساتھ خاص تھا تو اس کا یہ مطلب نہیں کہ دوسرے مواقع قتال میں فرار جائز ہے بلکہ مراد یہ ہے بدر میں باوجود اس کے کفار دو حصے سے زیادہ تھے پھر بھی فرار جائز نہ تھا جس کی وجہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ اس وقت تک وہ حکم جس میں دو حصہ کی قید ہے نازل نہ ہوا تھا۔ اس اعتبار سے بدر کے ساتھ خاص کہہ دیا گیا۔

رَبط: اوپر امداد غیبی کا بیان کیا گیا تھا آگے اس پر ایک تفریع فرماتے ہیں کہ یہ غلبہ ہماری قدرت و مشیت کا اثر ہے گو ظاہراً بوجہ خاص حکمت کے جس کا ذکر **وليبلي الخ** میں ہے تمہارے فعل پر مرتب ہوا ہو۔

تَرْجَمَہ مَسَائِلِ السُّلُوْك: قولہ تعالیٰ اِذْ يُغَشِّيْكُمُ النُّعَاسَ یعنی نزول سکینہ سے قویٰ بدنیہ و صفات نفسانیہ کا سکون **امنة منه** یعنی حق تعالیٰ کی طرف سے امن و **ينزل عليكم الى رجز الشيطان** یعنی شیطان کا وسوسہ اور تخویف و **يربط على قلوبكم** یعنی قوت یقین سے قلب کو قوی فرما دے اور تمہارے قلب کو قرار بخشے **ويثبت به الاقدام** وجہ یہ کہ خوفناک مواقع میں شجاعت و ثابت قدمی قوت یقین کے ثمرات سے ہے **كذا في الروح** پس آیت میں چند امور کا اثبات ہے جو

www.besturdubooks.net

صوفیہ کے نزدیک معتبر ہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی امنۃ چین دینے اشارۃ الی تقدیر مضاف ای اعطاء امنۃ لاتحاد الفاعل للعامل والمفعول لہ وھذا من المواھب واما علی قراءۃ یغشاکم فاسناد الاعطاء الیہ یکون مجازیا فافھم ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: فی قراءۃ ان علی الاستیناف ۱۲۔

اللغات: قولہ فوق الاعناق قیل علی الاعناق ففوق بمعنی علی وقیل علی الرؤس التی ھی فوق الاعناق۔ البنان اطراف الاصابع وبلغۃ ھذیل الجسد کلہ کذا فی الدر المنثور عن ابن عباسؓ۔ قولہ الزحف مشی الصبی علی الاست والمراد ھنا مشی کل فریق الی صاحبہ للقتال۔

النحو: قولہ ذلکم اما مرفوع لکونہ مبتدأ حذف خبرہ ای العذاب الدنیوی ای منصوب باضمارہ ذو قواہ وان معمول لا علموا المقدر قولہ زحفا حال بمعنی زاحفین ای ماشین حال من الفاعل والمفعول کلیھما ۱۲۔

البلاغۃ: علی قلوبکم صلۃ واصلہ لیربط قلوبکم زیدت علی لتضمن معنی الاستعلاء للاشارۃ الی ان الفم کان قد علا واستولی ۱۲ من الروح ۱۲۔ قولہ للکفرین فیہ وضع المظھر موضع المضمر قولہ لا تولوا لم یقل لا تفروا مبالغۃ لان التولی ادنی عن الفرار۔

فَلَمْ تَقْتُلُوْهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ قَتَلَهُمْ ۚ وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى ۚ وَلِيُبْلِيَ الْمُؤْمِنِيْنَ مِنْهُ بَلَآءً حَسَنًا ۭ
اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝۱۷ ذٰلِكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ مُوْهِنُ كَيْدِ الْكٰفِرِيْنَ ۝۱۸ اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا فَقَدْ جَاۗءَكُمُ الْفَتْحُ ۚ
وَاِنْ تَنْتَهُوْا فَهُوَ خَيْرًا لَّكُمْ ۚ وَاِنْ تَعُوْدُوْا نَعُدْ ۚ وَلَنْ تُغْنِيَ عَنْكُمْ فِئَتُكُمْ شَيْـــًٔا وَّلَوْ كَثُرَتْ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝۱۹ ع ۲ ۹ ۱۹

سو تم نے ان کو قتل نہیں کیا لیکن اللہ تعالیٰ نے (بے شک) ان کو قتل کیا آپ نے خاک کی مٹھی نہیں پھینکی لیکن اللہ تعالیٰ نے وہ پھینکی اور تاکہ مسلمانوں کو اپنی طرف سے ان کی محنت کا خوب عوض دے۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ (ان مؤمنین کے اقوال کے) خوب سننے والے (اور ان کے افعال واحوال کے) خوب جاننے والے ہیں۔ ایک بات تو یہ ہوئی اور دوسری بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کو کافروں کی تدبیر کو کمزور کرنا تھا اور اگر تم لوگ فیصلہ چاہتے ہو تو وہ فیصلہ تو تمہارے سامنے آ موجود ہوا اور اگر باز آ جاؤ تو یہ تمہارے لئے نہایت خوب ہے اور اگر پھر تم وہی کرو گے تو ہم بھی پھر یہی کام کریں گے اور تمہاری جمعیت تمہارے ذرا بھی کام نہ آئے گی گو کتنی زیادہ ہو اور واقعی بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ (اصل میں) ایمان والوں کے ساتھ ہے۔

تفسیر: علت بودن قدرت حق وحکمت بودن در قدرت خلق ☆ فَلَمْ تَقْتُلُوْهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ قَتَلَهُمْ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ (اس میں بھی ایک قصہ کی طرف اشارہ ہے وہ یہ کہ آپ نے بدر کے روز ایک مٹھی کنکریوں کی اُٹھا کر کافروں کی طرف پھینکی جس کے ریزے سب کی آنکھوں میں جا کر گرے اور ان کو شکست ہوئی اور فرشتوں کا امداد کیلئے آنا اوپر آ چکا ہے اس پر بطور تفریع فرماتے ہیں کہ جب ایسے عجیب واقعات ہوئے جو کہ بالکل تمہارے اختیار سے خارج ہیں) سو (اس سے معلوم ہوا کہ تاثیر (۱) حقیقی کے مرتبہ میں) تم نے ان (کافروں) کو قتل نہیں کیا لیکن (ہاں اس مرتبہ میں) اللہ تعالیٰ نے (بیشک) ان کو قتل کیا (یعنی مؤثر حقیقی اس کی قدرت ہے) اور اسی طرح تاثیر حقیقی کے مرتبہ میں) آپ نے خاک کی مٹھی (ان کی طرف) نہیں پھینکی لیکن (ہاں اس مرتبہ میں) اللہ تعالیٰ نے (واقعی) وہ پھینکی اور (باوجود اس کے کہ مؤثر حقیقی قدرت حق ہے پھر جو آثار قتل وغیرہ کو قدرت عبد پر مرتب ۲ فرما دیا تو اس میں حکمت یہ ہے کہ) تاکہ مسلمانوں کو اپنی طرف سے (ان ۳ کے عمل کا) خوب اجر دے (اور اجر کا ملنا حسب سنت الٰہیہ موقوف ہے اس پر کہ فعل ان کے عزم واختیار سے صادر ہو) بلاشبہ اللہ تعالیٰ (ان مؤمنین کے اقوال کے) خوب سننے والے (اور ان کے افعال واحوال کے) خوب جاننے والے ہیں (ان اقوال استغاثہ اور افعال قتال واحوال تشویش وغیرہا میں جو ان کو محنت پیش آئی ہم کو اس کی اطلاع ہے ان کو اس پر جزا دیں گے) ایک بات ۲ تو یہ ہوئی اور دوسری بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کو کافروں کی تدبیر کا کمزور کرنا تھا (اور زیادہ کمزوری اس وقت ظاہر ہوتی ہے جب اپنے برابر والے کے بلکہ اپنے سے کمزور کے ہاتھ سے مغلوب ہو جائے اور یہ بھی موقوف ہے اس پر کہ وہ آثار مؤمنین کے ہاتھ سے ظاہر ہوں ورنہ کہہ سکتے تھے کہ تدابیر تو ہماری قوی تھیں لیکن اقویٰ کے سامنے کہ تدبیر الٰہی ہے نہ چل سکیں تو اس سے آئندہ مسلمانوں کے مقابلہ میں ان کا حوصلہ پست نہ ہوتا کیونکہ ان کو تو ضعیف ہی سمجھتے) ف: مٹھی خاک پھینکنے کا قصہ کئی بار ہوا بدر میں۔ احد میں حنین میں لیکن یہاں سیاق کلام سے بدر کا مراد لینا راجح ہے درمنثور میں سب روایات موجود ہیں۔

ربط: اوپر واقعات بدر میں بطور تذکیر نعم کے مؤمنین کو خطاب تھا آگے اسی واقعہ میں کفار کو بطور تذکیر نقم کے خطاب ہے ایک مضمون خاص کا جس کا قصہ یہ ہوا کہ

www.besturdubooks.net

کفار قریش ابوجہل وغیرہ نے مقابلہ کے وقت یہ دعا کی تھی کہ یا اللہ آج ہمارا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فیصلہ کردے جو حق پر ہو اس کو آج غالب کردے کذا فی الدر المنثور اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

تذکیر بعض نعم کفار را☆ اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا فَقَدْ جَآءَكُمُ الْفَتْحُ (الی قولہ تعالیٰ) وَ اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ۝ اگر تم لوگ فیصلہ چاہتے ہو تو وہ فیصلہ تو تمہارے سامنے آموجود ہوا (کہ جو حق پر تھا اس کو غلبہ ہوگیا) اور اگر (اب حق زیادہ واضح ہونے کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت سے) باز آجاؤ تو یہ تمہارے لئے نہایت خوب ہے اور اگر (اب بھی باز نہ آئے بلکہ) تم پھر وہی کام کرو گے (یعنی مخالفت) تو ہم بھی پھر یہی کام کریں گے (یعنی تم کو مغلوب اور مسلمانوں کو غالب کردینا) اور (اگر تم کو اپنی جمعیت کا گھمنڈ ہو کہ اب کی بار اس سے زیادہ جمع کرلیں گے تو یاد رکھو کہ) تمہاری جمعیت تمہارے ذرا بھی کام نہ آوے گی گو کتنی زیادہ ہو اور واقعی بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ (اصل میں) ایمان والوں کے ساتھ (یعنی ان کا مددگار ہے) ہے (گو کسی عارض کی وجہ سے کسی وقت ان کے غلبہ کا ظہور نہ ہو لیکن اصل محل غلبہ کے یہی ہیں اس لئے ان سے مقابلہ کرنا اپنا نقصان کرنا ہے)۔ ربط: اوپر آیت: ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَآقُّوا اللّٰهَ الخ اور آیت: اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا الخ میں اللہ و رسول اللہ ﷺ کی مخالفت کرنے والے کفار کی مذمت تھی آگے مؤمنین کو اللہ و رسول کی اطاعت و موافقت کا حکم اَطِيْعُوا الخ میں اور مخالفت کرنے کی ممانعت لَا تَوَلَّوْا الخ میں اور اس کی تاکید کیلئے ان کے ساتھ تشبیہ کرنے کی ممانعت لَا تَكُوْنُوْا میں پھر مشبہ بہ کی مذمت اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ میں اور اطاعت میں بندوں ہی کا نفع ہونا کہ حیات ابدی ہے اور اعراض میں انہی کا نقصان ہونا اسْتَجِيْبُوْا الخ میں اور اپنے ساتھ دوسروں کو بھی اللہ و رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مطیع بنانے کی کوشش کرنا وَاتَّقُوْا میں اور ترغیب اطاعت کیلئے اپنی بعض نعمتیں یاد دلانا وَ اذْكُرُوْٓا میں اور اخلال فی الاطاعت کا خیانت مذمومہ ہونا لَا تَخُوْنُوا میں اور جو امور بعض اوقات اخلال فی الاطاعت کے اسباب ہوجاتے ہیں ان پر متنبہ کرنا وَاعْلَمُوْٓا میں اور اطاعت کی بعض برکات اِنْ تَتَّقُوا الخ میں اور ایک واقعہ متعلقہ ہجرت نبویہ کا یاد دلانا جس کا نفع عام مؤمنین کی طرف عائد ہوا وَاِذْ يَمْكُرُ بِكَ میں سب مضامین خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ۝ تک مذکور ہیں اور ان کا متناسب و متجاذب ہونا ظاہر ہے اور اہتمام کے لئے جابجا يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا کو مکرر لائے ہیں۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَلَمْ تَقْتُلُوْهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ قَتَلَهُمْ ۪ وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى ۚ روح میں ہے کہ پہلے جملہ میں فناء افعال کی طرف ہدایت ہے کہ ان سے فعل کو بالکلیہ سلب کرلیا گیا اور دوسرے جملہ میں فناء کے ساتھ بقاء کی طرف بھی اشارہ ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مقام بقاء پر تھے اسی لئے رمیت کی نسبت ثابت کی گئی ہے اور اس کی نفی بھی کی گئی ہے اور لٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى میں اشارہ ہے کہ آپ بنفسہ رامی نہ تھے بلکہ رامی باللہ تھے اور چونکہ صحابہ اس مقام میں نہ تھے تو ان کی طرف کوئی فعل منسوب نہیں کیا گیا اھ قولہ تعالیٰ: وَ اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ۝ اس میں معیت کا اثبات ہے۔

الحواشی: (۱) اور اس مقام میں ایک توجیہ لطیف یہ بھی ہے کہ جو فعل نتیجہ ہوتا ہے اسباب عادیہ اختیاریہ کا یا اس کا نتیجہ عادی ہوتا ہے وہ منسوب الی العبد ہوتا ہے اور جو فعل اس کے خلاف ہوتا ہے وہ حق سبحانہ کی طرف منسوب ہوتا ہے یا دوسرے الفاظ میں یوں کہو کہ جو فعل یا اس کا نتیجہ خلاف توقع ہو وہ خدا کی طرف منسوب ہوتا ہے اور جو توقع کے موافق ہو وہ بندہ کی طرف پس چونکہ مسلمانوں کا کفار کو قتل کرنا مبنی علی الاسباب الغیر الاختیاریة و الغیر العادیة اور خلاف توقع تھا اسلئے فَلَمْ تَقْتُلُوْهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ قَتَلَهُمْ ۪ فرمایا اور چونکہ اثر رمی غیر عادی اور خلاف توقع تھا اسلئے وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى ۚ فرمایا ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی رمیت خاک اشارة الی حذف المفعول للقرینة المقامیة ۱۲۔ ۲ قوله فی ولیلی مرتب فرمادیا اشارة الی حذف العامل و کون الواو للاستیناف والمعنی ومع کفایة قدرته جعل قدرة العبد سببا ظاهریا لیبلی الخ۔ ۳ قوله فی بلاء حسنا ان کے عمل کا ماخذہ ما قال الطبری ویثبت لهم اجور اعمالهم وجهادهم مع رسول الله ﷺ ۱۲۔ ۴ قوله فی ذلکم ایک بات ای ذلکم بعض الحکمة والآخر ان الله فقدر الخبر فی موضع والمبتدأ فی موضع ۱۲۔ ۵ قوله فی ان تنتهوا زیادہ واضح افاد بهذا ان نفس الوضوح کان حاصلا من قبل بالبینات ۱۲۔ ۶ قوله فی ان الله بات اشارة الی حذف مبتداة ای الامر ان الله الخ ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: فی قراءة وان الله بالکسر من عطف الجملة غیر محذوفة الاجزاء علی الجملة المحذوفة الاجزاء۔ وان الله بالکسر والترکیب ظاهر ۱۲

البلاغۃ: قوله اذ رمیت زاده ولم یزد فی قرینة اذ قتلتموهم للایذان یکون هذا الرمی ابعد بکثیر عما ترتب علیه فنبه بتصریحه علی کونه عجیبا ولا کذالك القتل فافهم والله اعلم۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَا تَوَلَّوْا عَنْهُ وَاَنْتُمْ تَسْمَعُوْنَ ۝ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ

www.besturdubooks.net

قَالُوْا سَمِعْنَا وَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿۲۱﴾ اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ الصُّمُّ الْبُكْمُ الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَلَوْ
عَلِمَ اللّٰهُ فِيْهِمْ خَيْرًا لَّاَسْمَعَهُمْ ؕ وَلَوْ اَسْمَعَهُمْ لَتَوَلَّوْا وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۲۳﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَجِيْبُوْا
لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيْكُمْ ۚ وَاعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ يَحُوْلُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهٖ وَاَنَّهٗۤ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۲۴﴾
وَاتَّقُوْا فِتْنَةً لَّا تُصِيْبَنَّ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْكُمْ خَآصَّةً ۚ وَاعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۲۵﴾
وَاذْكُرُوْۤا اِذْ اَنْتُمْ قَلِيْلٌ مُّسْتَضْعَفُوْنَ فِى الْاَرْضِ تَخَافُوْنَ اَنْ يَّتَخَطَّفَكُمُ النَّاسُ فَاٰوٰىكُمْ وَاَيَّدَكُمْ بِنَصْرِهٖ
وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۲۶﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَخُوْنُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ وَتَخُوْنُوْۤا
اَمٰنٰتِكُمْ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۷﴾ وَاعْلَمُوْۤا اَنَّمَاۤ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗۤ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۲۸﴾ ع ۱۷
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنْ تَتَّقُوا اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّكُمْ فُرْقَانًا وَّيُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ ذُو
الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۲۹﴾ وَاِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِيُثْبِتُوْكَ اَوْ يَقْتُلُوْكَ اَوْ يُخْرِجُوْكَ ؕ وَيَمْكُرُوْنَ وَيَمْكُرُ اللّٰهُ ؕ
وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ﴿۳۰﴾

اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ کا کہنا مانو اور اس کے رسول کا کہنا ماننے سے روگردانی مت کرو اور تم (اعتقاد سے) سن تو لیتے ہی ہو اور تم ان لوگوں کی طرح مت ہونا جو دعویٰ تو کرتے ہیں کہ ہم نے سن لیا حالانکہ وہ سنتے سناتے کچھ نہیں۔ بے شک بدترین خلائق اللہ کے نزدیک وہ لوگ ہیں جو بہرے ہیں گونگے ہیں جو کہ ذرا نہیں سمجھتے اور اگر اللہ تعالیٰ ان میں کوئی خوبی دیکھتے تو ان کو سننے کی توفیق دیتے اور اگر ان کو اب سنا دیں تو ضرور روگردانی کریں گے بے رخی کرتے ہوئے۔ اے ایمان والو! تم اللہ اور رسول کے کہنے کو بجالایا کرو جب کہ رسول تم کو تمہاری زندگی بخش چیز کی طرف بلاتے ہوں اور جان رکھو کہ اللہ تعالیٰ آڑ بن جایا کرتا ہے آدمی کے اور اس کے قلب کے درمیان میں اور بلاشبہ تم سب کو خدا ہی کے پاس جمع ہونا ہے اور تم ایسے وبال سے بچو کہ جو خاص انہیں لوگوں پر واقع نہ ہوگا جو تم میں ان گناہوں کے مرتکب ہوئے ہیں اور جان رکھو کہ اللہ تعالیٰ سخت سزا دینے والے ہیں اور اُس حالت کو یاد کرو جب کہ تم قلیل تھے سرزمین میں کمزور شمار کئے جاتے تھے اس اندیشہ میں رہتے تھے کہ تم کو (مخالف) لوگ نوچ کھسوٹ نہ لیں۔ سو (ایسی حالت میں) اللہ نے تم کو (مدینہ میں) رہنے کی جگہ دی اور تم کو اپنی نصرت سے قوت دی اور تم کو نفیس نفیس چیزیں عطا فرمائیں تاکہ تم شکر کرو۔ اے ایمان والو! تم اللہ اور رسول کے حقوق میں خلل مت ڈالو اور اپنی قابل حفاظت چیزوں میں خلل مت ڈالو اور تم تو اس کا (مضر ہونا) جانتے ہو اور تم اس بات کو جان رکھو کہ تمہارے اموال اور تمہارے اولاد ایک امتحان کی چیز ہے اور اس بات کو بھی جان رکھو کہ اللہ تعالیٰ کے پاس بڑا بھاری اجر (موجود) ہے۔ اے ایمان والو! اگر تم اللہ سے ڈرتے رہو گے تو اللہ تعالیٰ تم کو ایک فیصلہ کی چیز دے گا اور تم سے تمہارے گناہ دور کر دے گا اور تم کو بخش دے گا اور اللہ تعالیٰ بڑے فضل والا ہے اور اس واقعہ کا بھی ذکر کیجئے جبکہ کافر لوگ آپ کی نسبت بڑی بڑی تدبیریں سوچ رہے تھے کہ (آیا) آپ کو قید کر لیں یا آپ کو قتل کر ڈالیں یا آپ کو خارج وطن کر دیں اور وہ اپنی تدبیریں کر رہے تھے اور اللہ (میاں) اپنی تدبیر کر رہے تھے اور سب سے زیادہ مستحکم تدبیر والا اللہ ہے۔ ۞

تفسیر: ترغیب اطاعت وترہیب معصیت ☆ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ (الی قولہ تعالیٰ) وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ﴿۳۰﴾ اے ایمان والو اللہ کا کہنا مانو اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا اور اس کہنا ماننے[1] سے روگردانی مت کرو اور تم (اعتقاد[2] سے) سن تو لیتے ہی ہو (یعنی جیسا اعتقاد سے سن لیتے ہو ایسا ہی عمل بھی کیا کرو) اور تم (ترک اطاعت میں) ان لوگوں کی طرح مت ہونا جو دعویٰ تو کرتے ہیں کہ ہم نے سن لیا (جیسا کہ کفار مطلق[3] سماع کے اور منافقین سماع مع الاعتقاد کے مدعی تھے) حالانکہ وہ سنتے سناتے کچھ نہیں (کیونکہ تفہم اور اعتقاد دونوں میں مفقود ہے مطلب یہ کہ ثمرہ اعتقاد سننے کا عمل ہے جب عمل نہ ہوا تو بعض وجوہ سے مشابہ اسی کے ہو گیا کہ جیسے اعتقاد کے ساتھ سنا ہی نہیں جس کو تم بھی سخت مذموم جانتے ہو) بیشک (یہ بات ضرور ہے کہ اعتقاد سے سن کر عمل نہ کرنے والے اور ایک بلا اعتقاد سننے والے جو مثل نہ سننے کے ہے برے ہونے میں متفاوت ضرور ہیں کیونکہ کافر اور عاصی برابر نہیں چنانچہ) بدترین

www.besturdubooks.net

خلائق اللہ کے نزدیک وہ لوگ ہیں جو (حق بات کو اعتقاد کے ساتھ سننے سے) بہرے ہیں (اور حق بات کے کہنے سے) گونگے ہیں (اور) جو کہ (حق بات کو) ذرا نہیں سمجھتے (اور باوجود اعتقاد کے جن سے عمل میں کوتاہی ہو جاتی ہے وہ بدتر نہیں ہیں گو بد ہیں سو بد بھی نہ ہونا چاہئے) اور (جن کا حال مذکور ہوا کہ وہ اعتقاد سے نہیں سنتے وجہ اس کی یہ ہے کہ ان میں ایک بڑی خوبی کی کمی ہے اور وہ خوبی طلب حق ہے کیونکہ مبدأ اعتقاد کا بھی طلب اور تلاش ہے گو اس وقت اعتقاد نہ ہو مگر کم از کم تردد تو ہو پھر اسی تردد و طلب کی برکت سے حق واضح ہو جاتا ہے اور وہ تردد اعتقاد بن جاتا ہے جس پر سماع کا نافع ہونا موقوف ہے سو ان میں یہی خوبی مفقود ہے چنانچہ) اگر اللہ تعالیٰ ان میں کوئی خوبی دیکھتے[۵] (مراد یہ کہ ان میں وہ خوبی مذکور ہوتی کیونکہ خوبی کے وجود کے وقت علم الٰہی کا تعلق لازم ہے پس لازم بول کر ملزوم مراد لے لیا اور کوئی خوبی اس لئے کہا کہ جب ایسی خوبی نہیں جس پر مدار نجات ہے تو گویا کوئی خوبی بھی نہیں یعنی اگر ان میں طلب حق ہوتی) تو (اللہ تعالیٰ) ان کو (اعتقاد کے ساتھ) سننے کی توفیق دیتے (جیسا مذکور ہوا کہ طلب سے اعتقاد پیدا ہو جاتا ہے) اور اگر (اللہ تعالیٰ) ان کو اب (حالت موجودہ[۱] میں کہ ان میں طلب حق نہیں ہے) سنا دیں[۲] (جیسا کہ گاہ گاہ ظاہری کانوں سے سن ہی لیتے ہیں) تو ضرور روگردانی کریں گے بے رخی کرتے ہوئے (یعنی یہ نہیں کہ تامل و تدبر کے بعد بوجہ ظہور غلطی کے روگردانی کی ہو کیونکہ یہاں غلطی کا نام و نشان ہی نہیں بلکہ غضب تو یہ ہے کہ ادھر توجہ ہی نہیں کرتے اور) اے ایمان والو (ہم نے جو اوپر تم کو اطاعت کا حکم کیا ہے تو یاد رکھو اس میں تمہارا ہی فائدہ ہے کہ وہ حیات ابدی ہے جب یہ بات ہے تو) تم اللہ اور رسول کے کہنے کو بجا لایا کرو جب کہ رسول (جن کا ارشاد خدا ہی کا ارشاد ہے) تم کو تمہاری زندگی بخش چیز کی طرف (یعنی دین کی طرف جس سے زندگی جاوید میسر ہوتی ہے) بلاتے ہوں (تو اس حالت میں جب کہ ہر طرح تمہارا ہی فائدہ ہے کوئی وجہ نہیں کہ تم عمل نہ کرو) اور (اس کے متعلق دو باتیں اور) جان رکھو (ایک بات یہ) کہ اللہ تعالیٰ آڑ بن جایا کرتا ہے آدمی کے قلب کے درمیان میں (دو طریق سے ایک طریق یہ کہ مؤمن کے قلب میں طاعت کی برکت سے کفر و معصیت کو نہیں آنے دیتا دوسرا طریق یہ کہ کافر کے قلب میں مخالفت کی نحوست سے ایمان و طاعت کو نہیں آنے دیتا اس سے معلوم ہوا کہ طاعت کی مداومت بڑی نافع چیز ہے اور مخالفت کی مواظبت بڑی مضر چیز ہے) اور (دوسری بات یہ جان رکھو کہ) بلاشبہ تم سب کو خدا ہی کے پاس جمع ہونا ہے (اس وقت طاعت پر جزا اور مخالفت پر سزا ہوگی اس سے بھی طاعت کا نافع ہونا اور مخالفت کا مضر ہونا ثابت ہوا) اور (جس طرح تم پر اپنی اصلاح کے متعلق طاعت واجب ہے اسی طرح یہ بھی طاعت واجبہ میں داخل ہے کہ بقدر وسع دوسروں کی اصلاح میں بطریق امر بالمعروف و نہی عن المنکر بالید یا باللسان ترک اختلاط یا نفرت بالقلب جو کہ آخری درجہ ہے کوشش کرو ورنہ در صورت مداہنت ان منکرات کا وبال جیسا مرتکبین منکرات پر واقع ہوگا ایسا ہی کسی درجہ میں ان مداہنت کرنے والوں پر بھی واقع ہوگا جب یہ بات ہے تو) تم ایسے وبال سے بچو کہ جو خاص ان ہی لوگوں پر واقع نہ ہوگا جو تم میں ان گناہوں[۳] کے مرتکب ہوئے ہیں (بلکہ ان گناہوں کو دیکھ کر جنہوں نے مداہنت کی ہے وہ بھی اس میں شریک ہوں گے اور اس سے بچنا یہی ہے کہ مداہنت مت کرو) اور یہ جان رکھو کہ اللہ تعالیٰ سخت سزا دینے والے ہیں (ان کی سزا سے خوف کر کے مداہنت سے بچو) اور (اس غرض سے کہ نعمتوں کے یاد کرنے سے اطاعت منعم کا شوق ہوتا ہے خدا تعالیٰ کی نعمتوں کو اور خاص کر) اس حالت کو یاد کرو جب کہ تم (ایک وقت میں یعنی قبل ہجرت عدد میں بھی قلیل تھے اور قوت کے اعتبار سے بھی) سرزمین[۴] (مکہ) میں کمزور شمار کئے جاتے تھے (اور غایت ضعف حال سے) اس اندیشہ میں رہتے تھے کہ تم کو (مخالف) لوگ نوچ کھسوٹ[۵] نہ لیں سو (ایسی حالت میں) اللہ تعالیٰ نے تم کو (مدینہ میں اطمینان سے) رہنے کو جگہ دی اور تم کو اپنی نصرت سے قوت دی (سامان سے بھی اور مردم شماری کو زیادہ کرنے سے بھی جس سے قلت اور استضعاف اور خوف اختطاف سب زائل ہو گیا) اور (صرف) یہی نہیں کہ تمہاری مصیبت ہی کو دور کر دیا ہو بلکہ اعلیٰ درجہ خوشحالی بھی عطا فرمائی کہ دشمنوں پر تم کو غلبہ دے کر کثرت فتوحات سے) تم کو نفیس نفیس[۶] چیزیں عطا فرمائیں تاکہ تم (ان نعمتوں کا) شکر کرو (اور بڑا شکر یہ ہے کہ اطاعت کرو) اے ایمان والو (ہم مخالفت اور معصیت سے اس لئے ممانعت کرتے ہیں کہ اللہ اور رسول کے تم پر کچھ حقوق ہیں جن کا نفع تمہاری ہی طرف عائد ہوتا ہے اور معصیت سے ان حقوق میں خلل پڑتا ہے جس سے واقع میں تمہارے ہی نفع میں خلل پڑتا ہے جب یہ بات ہے تو) تم اللہ اور رسول کے حقوق میں خلل نہ ڈالو اور (باعتبار انجام کے اس مضمون کو اس طرح کہا جا سکتا ہے کہ تم) اپنی قابل حفاظت چیزوں میں (کہ وہ تمہارے منافع[۱] ہیں جو اعمال پر مرتب ہوتے ہیں) خلل مت ڈالو اور تم تو (اس کا مضر ہونا) جانتے ہو اور (اکثر اوقات مال و اولاد کی محبت مخل طاعت ہو جاتی ہے اس لئے تم کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ) تم اس بات کو جان رکھو کہ تمہارے اموال اور تمہاری اولاد ایک امتحان کی چیز ہے (دیکھیں کون ان کی محبت کو ترجیح دیتا ہے اور کون اللہ تعالیٰ کی محبت کو ترجیح دیتا ہے سو تم ان کی محبت کو ترجیح مت دینا) اور (اگر ان کے منافع کی طرف نظر جاوے تو تم) اس بات کو بھی جان رکھو کہ اللہ تعالیٰ کے پاس (ان لوگوں کے لئے جو اللہ کی محبت کو ترجیح دیتے ہیں) بڑا بھاری اجر (موجود) ہے (کہ اس کے سامنے یہ فانی منفعتیں محض ہیچ ہیں اور) اے

www.besturdubooks.net

ایمان والو (طاعت کی اور برکات سنو وہ یہ کہ) اگر تم اللہ سے ڈر کر اطاعت کرتے رہو گے تو اللہ تعالیٰ تم کو ایک فیصلہ کی چیز دے گا (اس میں ہدایت اور نور قلب جس سے حق و باطل میں علمی فیصلہ ہوتا ہے اور غلبہ علی الاعداء اور نجات آخرت جس سے حق و باطل میں عملی فیصلہ ہوتا ہے سب آ گیا[۱]) اور تم سے تمہارے گناہ دور کر دے گا اور تم کو بخش دے گا اور اللہ بڑے فضل والا ہے (خدا جانے اپنے فضل سے اور کیا کیا دے دے جو قیاس و گمان میں بھی نہ آتا ہو) اور (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم مسلمانوں کے سامنے تذکیر نعمت کے لئے) اس واقعہ کا بھی ذکر کیجئے جب کہ کافر لوگ آپ کی نسبت (بری بری) تدبیریں سوچ رہے تھے کہ (آیا) آپ کو قید کر لیں یا آپ کو قتل کر ڈالیں یا آپ کو خارج وطن کر دیں اور وہ تو اپنی تدبیریں کر رہے تھے اور اللہ اپنی تدبیر (ان تدبیروں کے دفع کرنے کے لئے) کر رہے تھے اور سب سے زیادہ مستحکم تدبیر والا اللہ ہے (جس کے سامنے ان کی ساری تدبیریں گاؤ خورد ہو گئیں اور آپ بال بال محفوظ رہے اور صحیح سالم مدینہ آ پہنچے چونکہ آپ کا اس طرح بچ رہنا مؤمنین کے حق میں بے انتہاء ابواب سعادات کی مفتاح ہے اس لئے اس واقعہ کے ذکر کا حکم فرمایا)۔ **ف**: چند مضامین ضرور الذکر ہیں اول حدیث ترمذی سے کہ حضور ﷺ نے ابی بن کعب کو پکارا اور وہ نماز میں تھے تو ان کے عذر پر آپ نے ان کو یہ آیت یا دلائی معلوم ہوتا ہے کہ اِسْتَجِیْبُوْا اپنے عموم سے اس صورت کو بھی شامل ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کسی کو پکاریں تو جواب دینا واجب ہے اور اپنے اطلاق سے اس صورت کو بھی شامل ہے کہ یہ شخص نماز میں مشغول ہو تو نماز ہی میں جواب دینا واجب ہے رہی یہ بات کہ وہ نماز باقی رہے گی یا فاسد ہو جائے گی اور اس کا اعادہ کرنا پڑے گا یہ مسئلہ مختلف فیہ ہے اور اب اس میں گفتگو کرنے کا کوئی ثمرہ نہیں بخلاف بیان عموم استجابت کے کہ تبیین تفسیر کے لئے اس کی ضرورت ہے۔

دوم: یَحُوْلُ کی تفسیر اختیار کی گئی وہ در منثور میں حضرت ابن عباسؓ سے موقوفاً و مرفوعاً مروی ہے اور جس کا حاصل معنی تصرف و تمکن تام ہے اور اس کو حیلولہ کہنا استعارہ تمثیلیہ ہے جیسا روح میں ہے **کمن حال بین شخصه ومتاعه فانه القادر علی التصرف فیه دونه اه کذلك لا یقدر العبد علی التصرف فی قلبه کقدرة الله تعالیٰ علیه** اور یہاں قرینہ مقام سے دوام علی الایمان و دوام علی الکفر معلوم ہوتا ہے پس اس معنی کر یحول کلیہ نہ ہوگا ورنہ ایمان سے کفر کی طرف اور کفر سے ایمان کی طرف لوگوں کا آنا مشاہدہ ہے۔

سوم: وَاتَّقُوْا الخ میں یہ شبہ نہ ہو کہ دوسرے کے گناہ میں پکڑا جانا آیت لَا تَزِرُ الخ کے خلاف ہے جواب یہ ہے کہ وہ گناہ تو اصل فاعل کا تھا مگر مداہنت کرنا تو اس کا گناہ ہے یہ اس گناہ میں پکڑا گیا۔

چہارم: آیت: لَا تَخُوْنُوا الخ اور آیت: وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ الخ کو بعض مفسرین نے حضرت ابولبابہ کی شان میں کہا ہے کہ یہود بنی قریظہ نے ان سے بوجہ تعلق سابق کے مشورہ چاہا کہ ہمارے ساتھ رسول اللہ ﷺ کیا کریں گے چونکہ ان کے اہل و عیال اور اموال ان ہی لوگوں کے پاس تھے اس لئے انہوں نے خیر خواہی کے طور پر اشارہ سے راز ظاہر کر دیا کہ گلے پر ہاتھ پھیر کر بتلا دیا کہ ذبح کئے جاؤ گے پھر بہت پچھتائے اور توبہ کی اور وہ مقبول بھی ہوئی ذکرہ فی الروح عن الزهری والکلبی۔

پنجم: آیت وَاِذْ یَمْكُرُ الخ میں جس قصہ کی طرف اشارہ ہے اس کا تتمہ یہ ہے کہ اخیر رائے قتل پر ٹھہری آپ کو وحی سے معلوم ہو گیا آپ پوشیدہ نکل کر غار ثور میں جا چھپے اور وہاں سے بفراغ خاطر مدینہ طیبہ جا پہنچے۔

ترجمہ مسائل السائل: قولہ تعالیٰ: وَلَوْ عَلِمَ اللّٰهُ فِیْهِمْ خَیْرًا یعنی استعداد لَاَسْمَعَهُمْ " مراد سماع تفہم ہے وَلَوْ اَسْمَعَهُمْ یعنی باوجود عدم علم بالخیر یعنی عدم خیر کے لَتَوَلَّوْا یعنی منتفع نہ ہوں کیونکہ عارض کی شان یہی ہوتی ہے کہ زائل ہو جاتا ہے وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ یعنی بالذات اھ کذا فی الروح (پس اس میں اثبات ہے مسئلہ استعداد کا) اور اسی طرح بعد کی آیت: وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ یَحُوْلُ بَیْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهٖ کا حاصل بھی یہی ہے کہ پھر استعداد زائل ہو جاوے گی اسلئے فرصت کو غنیمت سمجھو کذا فی الروح قولہ تعالیٰ: وَاتَّقُوْا فِتْنَةً لَّا تُصِیْبَنَّ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا مِنْكُمْ خَآصَّةً " یعنی بلکہ انکو اور دوسروں کو بوجہ شوم صحبت کے شامل ہوگا یعنی جب مداہنت ہو۔

الحواشی: (۱) هناك حالت موجوده اندفع بهذا ما یوهم من الشرطین من استلزم علم الله منهم خیرًا لتولیهم بناء علی ان لازم اللازم لازم وجه الاندفاع ظاهر فان الاسماع اللازم غیر الاسماع الملزوم وقد رأیت التصریح بهذا المعنی فی الدر المنثور عن ابن زیدؓ نصه هکذا ولو سمعهم بعد ان یعلم ان لا خیر فیهم ما نفعهم بعد ان تفید علمه بانهم لا ینتفعون به اھ۔

ملحقات الترجمہ: ۱ قوله فی لا تولوا عنه اس کا کہنا ماننے سے اشارۃ الی عود الضمیر الی الاطاعة بتاویل الامر کما فی الروح او لکونه مصدر اذا التا۔ ۲ قوله فی تسمعون اعتقاد سے سن تو لیتے ہی ہو هو من المواهب وهو حال لان ترجمة الحال یکون حالاً ۳ قوله فی سمعنا جیسا کفار الخ فالسماع عام اللغوی والشرعی الذی یدعیه المنافقون۔ ۴ قوله فی دواب خلائق رواه فی الدر المنثور عن ابن

www.besturdubooks.net

زیدٌ وقرا وما من دابة الخ ۱۲۔ ۵ قوله فی لو علم دیکھتے من الروایة القلبیة ۱۲۔ ۶ قوله فی ولو اسمعهم اگر سنادیں ولم یقل اگر سناتے اشارة الی ان لو بمعنی ان لقوله تعالٰی ولو تری اذ وقفوا لا تدل علی انتفاء مدخولها وانما تفید الملازمة بین الامرین سواء وقعا او لم یقعا ۱۲۔ ۷ قوله فی الذین ظلموا ان گناہوں زاد اسم الاشارة للاشارة الی الجواب عما یتوهم من لزوم العقاب بغیر ذنب حاصل الجواب ان نفی الخاص لا یستلزم نفی العام ۱۲۔ ۸ قوله فی مستضعفین سرزمین میں کمزور اشارة الی تعلق الظرف بالمستضعفین لو رودہ فی آیة اخری کذلك کقوله تعالٰی کنا مستضعفین فی الارض ۱۲۔ ۹ قوله فی یتخطفکم نوچ کھسوٹ کما فی البیضاوی فی العنکبوت بالاستلاب قتلاً و سبیاً ۱۲۔ ۱۰ قوله فی الطیبات نفیس نفیس حملا لها علی المعنی العام اللغوی ۱۲۔ ۱۱ قوله فی اَمٰنٰتِکُمْ تمہارے منافع ماخذه ما فی الدر المنثور عن ابن عباس تخونوا اماناتکم یقول لا تنقضوها والامانة التی ائتمن الله علیها العباد اه قلت ولعل عدم اعادة لا لذلك لان الخیانتین واحد فکفی نهی واحد ۱۲۔ ۱۲ قوله فی فرقانا اس میں سب آ گیا ذکره فی الروح ۱۲۔

البلاغة: قوله اموالکم واولادکم قلت قدم الاموال مع کون الاولاد احب منه الی الانسان طبعا لان المال یحتاج الیه کثیر او لان فی تحصیله شغلا کبیرا فحق له ان یهتم ۱۲۔

وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا قَالُوْا قَدْ سَمِعْنَا لَوْ نَشَآءُ لَقُلْنَا مِثْلَ هٰذَآ ۙ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۳۱﴾

وَاِذْ قَالُوا اللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ هٰذَا هُوَ الْحَقَّ مِنْ عِنْدِكَ فَاَمْطِرْ عَلَيْنَا حِجَارَةً مِّنَ السَّمَآءِ اَوِ ائْتِنَا

بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۳۲﴾ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ ۚ وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ﴿۳۳﴾

وَمَا لَهُمْ اَلَّا يُعَذِّبَهُمُ اللّٰهُ وَهُمْ يَصُدُّوْنَ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَمَا كَانُوْٓا اَوْلِيَآءَهٗ ۭ اِنْ اَوْلِيَآؤُهٗٓ اِلَّا

الْمُتَّقُوْنَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۴﴾ وَمَا كَانَ صَلَاتُهُمْ عِنْدَ الْبَيْتِ اِلَّا مُكَآءً وَّتَصْدِيَةً ۭ

فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۳۵﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ لِيَصُدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ

اللّٰهِ ۭ فَسَيُنْفِقُوْنَهَا ثُمَّ تَكُوْنُ عَلَيْهِمْ حَسْرَةً ثُمَّ يُغْلَبُوْنَ ۭ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى جَهَنَّمَ يُحْشَرُوْنَ ﴿۳۶﴾ لِيَمِيْزَ

اللّٰهُ الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ وَيَجْعَلَ الْخَبِيْثَ بَعْضَهٗ عَلٰي بَعْضٍ فَيَرْكُمَهٗ جَمِيْعًا فَيَجْعَلَهٗ فِيْ جَهَنَّمَ ۭ اُولٰۗىِٕكَ

هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۳۷﴾ ع ۹/۱۸

اور جب ان کے سامنے ہماری آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم نے سن لیا اور اگر ہم ارادہ کریں تو اس کے برابر ہم بھی کہہ دیں یہ کچھ بھی نہیں صرف بے سند باتیں ہیں۔ جو پہلوں سے منقول چلی آ رہی ہیں اور جب کہ ان لوگوں نے کہا کہ اے اللہ اگر یہ قرآن آپ کی طرف سے واقعی ہے تو ہم پر آسمان سے پتھر برسایئے یا ہم پر کوئی (اور) دردناک عذاب واقع کر دیجئے اور اللہ تعالٰی ایسا نہ کریں گے کہ ان میں آپ کے ہوتے ہوئے ان کو (ایسا) عذاب دیں اور (نیز) اللہ تعالٰی ان کو (ایسا) عذاب نہ دیں گے جس حالت میں کہ وہ استغفار بھی کرتے رہتے ہیں اور (نیز) ان کا کیا استحقاق ہے کہ اللہ تعالٰی ان کو (بالکل ہی معمولی) سزا (بھی) نہ دے جب کہ وہ لوگ (مسلمانوں کو) مسجد حرام سے روکتے ہیں حالانکہ وہ لوگ اس مسجد کے متولی (بننے کے بھی لائق) نہیں اس کے متولی تو سوا متقیوں کے اور کوئی بھی اشخاص نہیں۔ لیکن ان میں اکثر لوگ (اپنی نالائقی کا) علم نہیں رکھتے اور ان کی نماز خانہ کعبہ کے پاس صرف یہ تھی سیٹیاں بجانا اور تالیاں بجانا سو اس عذاب کا مزہ چکھو اپنے کفر کے سبب۔ بلاشک یہ کافر لوگ اپنے مالوں کو اس لئے خرچ کر رہے ہیں کہ ان کی راہ سے روکیں سو یہ لوگ تو اپنے مالوں کو خرچ کرتے ہی رہیں گے (مگر) پھر وہ مال ان کے حق میں باعث حسرت ہو جائیں گے۔ پھر آخر مغلوب ہی ہو جائیں گے اور کافروں کو دوزخ کی طرف جمع کیا جائے گا۔ تاکہ اللہ تعالٰی ناپاک (لوگوں) کو پاک (لوگوں) سے الگ کر دے اور (ان سے الگ کر کے) ناپاکوں کو ایک دوسرے سے ملا دے۔ یعنی ان سب کو متصل کر دے پھر ان سب کو جہنم میں ڈال دے ایسے ہی لوگ پورے خسارہ میں ہیں۔ ۞

تفسیر: ربط: اوپر ترغیب اطاعت وترہیب معصیت سے پہلے آیت: ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَاۗقُّوا اللّٰهَ الخ وآیت: اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا الخ میں کفار کی مذمت تھی اور ان کا اپنے ذمائم پر مستحق عذاب ہونا آگے بھی ختم رکوع هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۳۷﴾ تک اسی مضمون کی کسی قدر تفصیل ہے۔

www.besturdubooks.net

تفصیل ذمائم کفار واستحقاق شان عذاب را☆ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا (الی قولہ تعالیٰ) اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ۝ اور (ان کفار کی یہ حالت ہے کہ) جب ان کے سامنے ہماری آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم نے سن (کر دیکھ) لیا (یہ تو کوئی معجزہ نہیں کیونکہ) اگر ہم ارادہ کریں تو اس کے برابر ہم بھی کہہ لاویں (پس) یہ (قرآن) تو (کلام الٰہی ومعجزہ وغیرہ) کچھ بھی نہیں صرف بے سند باتیں ہیں جو پہلوں سے منقول چلی آ رہی ہیں (کہ پہلے اہل ملل بھی یہی دعویٰ توحید وبعث وغیرہ کے کرتے آتے ہیں ان ہی کے مضامین آپ نقل کر رہے ہیں) اور (اس سے بڑھ کر قابل ذکر وہ حالت ہے) جب کہ ان لوگوں نے (اپنے اس جہل مرکب میں غایت صلابت وجلادت ظاہر کرنے کو یہ بھی) کہا کہ اے اللہ اگر یہ قرآن آپ کی طرف سے واقعی ہے تو ہم پر (اس کے نہ ماننے کی وجہ سے) آسمان سے پتھر برسایئے یا ہم پر کوئی (اور) دردناک عذاب واقع کر دیجئے (جو کہ خارق عادت ہونے میں مثل بارش سنگ کے ہو اور جب ایسے عذاب واقع نہ ہوئے تو اپنی حقانیت پر ناز کرتے ہیں) اور (یہ نہیں سمجھتے کہ باوجود ان کے بطلان کے خاص موانع کی وجہ سے یہ عقبات مذکورہ نازل نہیں ہوتیں ان موانع کا بیان یہ ہے کہ) اللہ تعالیٰ ایسا نہ کریں گے کہ ان میں آپ کے ہوتے ہوئے ان کو (ایسا) عذاب دیں اور (نیز) اللہ تعالیٰ ان کو (ایسا) عذاب نہ دیں گے جس حالت میں کہ وہ استغفار بھی کرتے رہتے ہیں (گو وہ آخرت میں بوجہ ایمان نہ ہونے کے نافع نہ ہو لیکن آخر عمل صالح ہے دنیا میں تو کفار کو نافع ہو جاتا ہے مطلب یہ کہ ان عقوبات خارقہ سے دو (۲) امر مانع ہیں ایک حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا تشریف رکھنا مکہ میں یا دنیا میں اور دوسرا ان لوگوں کا اپنے طواف وغیرہ میں یہ کہنا غفرانك غفرانك جو کہ بعد ہجرت وبعد وفات بھی باقی تھا اور ایک مانع حدیثوں میں ہے کہ حضور کی امت میں کسی کا ہونا گو امت دعوت ہی ہو یہ مانع باوجود کسی کے استغفار نہ کرنے کے بھی باقی ہے پس یہ امور فی نفسہٖ مانع ہیں گو احیاناً مانع کے ہوتے ہوئے بھی کوئی عذاب خارق کسی عارض مصلحت سے واقع ہو جاوے جیسا قذف ومسخ وغیرہ کا قرب قیامت میں ہونا حدیثوں میں وارد ہے) اور (ان موانع کے سبب عذاب خارق نازل نہ ہونے سے بالکل ہی عذاب سے مطمئن نہ ہو جاویں کیونکہ جس طرح امور مذکورہ مانع عذاب ہیں اسی طرح ان کی حرکتیں مقتضی عذاب بھی ہیں پس مانع کا اثر عذاب خارق میں ظاہر ہوا اور مقتضی کا اثر نفس عذاب میں ظاہر ہوگا کہ عذاب غیر خارق ان پر نازل ہوگا چنانچہ اس مقتضی کا بیان فرماتے ہیں کہ) ان کا کیا استحقاق[1] ہے کہ ان کو اللہ تعالیٰ (بالکل ہی معمولی) سزا (بھی) نہ دے حالانکہ (ان کی یہ حرکتیں مقتضی سزا کی ہیں مثلاً) وہ لوگ (پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمانوں کو) مسجد حرام (میں جانے اور اس میں نماز پڑھنے اور اس میں طواف کرنے) سے روکتے ہیں (جیسا حدیبیہ میں حقیقۃً روکا جس کا قصہ سورۂ بقرہ معاملہ سی وہفتم میں گذر چکا اور زمانہ قیام مکہ میں حکماً روکا کہ اس قدر تنگ کیا کہ ہجرت کی ضرورت ہوئی) حالانکہ وہ لوگ اس مسجد[2] کے متولی (بننے کے بھی لائق) نہیں (اور عابدین کو روکنا تو درکنار رہا جس کا اختیار تو خود متولی کو بھی نہیں ہوتا) اس کے متولی (بننے کے لائق) تو سوا متقیوں کے کہ وہ اہل ایمان ہیں) اور کوئی بھی اشخاص نہیں لیکن ان میں اکثر لوگ (اپنی نالائقی کا) علم نہیں رکھتے (خواہ علم ہی نہ ہو یا یہ کہ جب اس علم پر عمل نہ کیا تو وہ مثل عدم علم کے ہے غرض جو سچ مچ نمازی تھے ان کو تو مسجد سے اس طرح روکا) اور (خود مسجد کا کیسا حق ادا کیا اور اس میں کیسی اچھی نماز پڑھی جس کا بیان یہ ہے کہ) ان کی نماز خانہ کعبہ (مذکور بعنوان مسجد حرام) کے پاس صرف یہ تھی سیٹیاں بجانا اور تالیاں بجانا (یعنی بجائے نماز کے ان کی یہ نامعقول حرکتیں ہوتی تھیں) سو (ان حرکات کا ضرور مقتضا ہے کہ ان پر کوئی نہ کوئی عذاب گو وہ معمولی اور عادی ہو نازل کر کے ان کو خطاب کیا جاوے کہ لو) اس عذاب کا مزہ چکھو اپنے کفر کے سبب (جس کا ایک اثر وہ قول ہے لَوْ نَشَآءُ الخ اور ایک اثر وہ قول ہے : اِنْ كَانَ هٰذَا هُوَ الْحَقَّ الخ اور ایک اثر وہ فعل ہے يَصُدُّوْنَ الخ اور ایک اثر وہ فعل ہے مُكَآءً وَّتَصْدِيَةً[3] الخ چنانچہ غزوات متعددہ میں یہ سزا واقع ہوئی جیسا اس سورت کے رکوع دوم میں بھی ہے : ذٰلِكُمْ فَذُوْقُوْهُ الخ بعد ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَآقُّوا الخ کے یہاں تک تو ان لوگوں کے اقوال واعمال بدنیہ کا ذکر تھا آگے ان کے اعمال مالیہ کا بیان ہے کہ) بلاشک یہ کافر لوگ اپنے مالوں کو اس لئے خرچ کر رہے ہیں کہ اللہ کی راہ سے (یعنی دین سے لوگوں کو) روکیں (چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مقابلہ اور مخالفت کے سامان جمع کرنے میں ظاہر ہے کہ جو خرچ ہوتا تھا اس میں یہی غرض تھی) سو یہ لوگ تو اپنے مالوں کو (اسی غرض[4] کے لئے) خرچ کرتے ہی رہیں گے مگر پھر (آخر میں جب آثار ناکامی کے محسوس ہوں گے وہ مال ان کے حق میں باعث حسرت ہو جاویں گے (کہ خواہ مخواہ خرچ کیا اور) پھر (آخر) مغلوب (ہی) ہو جاویں گے (جس سے حسرت ضیاع اموال کے ساتھ یہ دوسری حسرت مغلوبیت کی جمع ہو جاوے گی) اور (یہ سزا وحسرت ومغلوبیت تو ان کی دنیا میں ہے باقی آخرت کی سزا وہ الگ ہے جس کا بیان یہ ہے کہ) کافر لوگوں کو دوزخ کی طرف (لے جانے کیلئے قیامت میں) جمع کیا جاوے گا تا کہ اللہ تعالیٰ ناپاک (لوگوں) کو پاک (لوگوں) سے الگ کر دے (کیونکہ جب دوزخیوں کو دوزخ کی طرف لائیں گے ظاہر ہے کہ اہل جنت ان سے علیحدہ رہ جاویں گے) اور (ان سے الگ کر کے) ناپاکوں کو ایک دوسرے سے ملا دے یعنی[5] ان سب کو متصل کر دے پھر (متصل کر کے) ان سب کو جہنم میں ڈال دے ایسے ہی لوگ پورے خسارہ میں ہیں (جس کا کہیں منتہی نہیں)۔ف: یہ قول لَوْ نَشَآءُ الخ نضر بن حارث کا تھا اور یہ قول اِنْ كَانَ هٰذَا هُوَ الْحَقَّ الخ نضر کا یا ابوجہل کا تھا چونکہ اور لوگ بھی راضی تھے اس لئے سب کی طرف نسبت کی گئی اور اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُنْفِقُوْنَ الخ کا مصداق کفار مقاتلین بدر اور ان کے معاونین

www.besturdubooks.net

ہیں یہ سب روایات اور اسی طرح قول غُفْرَانَكَ الخ [البقرة : ۲۷۵] اور فعل مُكَآءً وَّتَصْدِيَةً سب درمنثور میں منقول ہیں اگر کسی کافر کا انفاق نتیجہ خیز دنیا میں ہو جاوے تو اس لئے اشکال نہیں کہ اس کا مصداق خاص مجمع تھا اور مَا لَهُمْ اَلَّا يُعَذِّبَهُمُ کی تفسیر معمولی عذاب کے ساتھ کرنے سے تعارض ماسبق کا شبہ نہ رہا اور معمولی کی تعیین پر فَذُوْقُوْا قرینہ ہوسکتا ہے کہ دال ہے عذاب کے وقوع پر اور وقوع اسی معمولی کا ہوا تھا اور عِنْدَ اس لئے لائے کہ بیت کے اندر نماز کم پڑھتے ہیں اکثر باہر ہوتی ہے اور وجہ تعذیب میں باوجود یہ کہ ان کے کفریات مذکورہ لَوْنَشَآءُ الخ اور اِنْ كَانَ هٰذَا الخ زیادہ دخیل ہیں مگر تخصیص يَصُدُّوْنَ الخ کی ان کفریات کی نفی کے لئے نہیں بلکہ انضمام کیلئے ہے یعنی وهم مع ما ذكر يفعلون ما سيذكر اور حشر اور رکم میں یہ فرق ہے کہ اول کا حاصل پاس پاس کر دینا دوسرے کا حاصل بالکل ملا دینا پس دوسرے کا مع اپنے متعاطفات کے علت غائیہ اور اول کا معلل ہونا صحیح ہوا کیونکہ کفار کا حشر الی النار اس لئے ہوگا کہ فی النار کر دیئے جاویں اور مَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ کے ایک معنی کشاف[1] میں اور بیان کئے ہیں یعنی یہ جملہ حال ہے اور مقصود نفی استغفار ہے مطلب یہ کہ جیسا اَنْتَ فِيْهِمْ مانع ہے خاص عذاب سے اسی طرح خدا تعالیٰ ان کو مطلق عذاب سے بچا لیتا اگر یہ استغفار یعنی توبہ عن الشرك کر لیتے اور ایمان لے آتے پس یہ مانع ہے مطلق عذاب سے کقولہ تعالیٰ : وَمَا كَانَ رَبُّكَ لِيُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّاَهْلُهَا مُصْلِحُوْنَ [هود: ۱۱۷] اور اب چونکہ یہ مانع موجود نہیں اس لئے ان کو مطلق عذاب کیوں نہ ہوگا جب کہ مقتضی موجود ہے جس کا آگے بیان ہے وَمَا لَهُمْ اَلَّا يُعَذِّبَهُمُ اللّٰهُ وَهُمْ يَصُدُّوْنَ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ واللہ اعلم۔

ربط : اوپر کفار کے اقوال و اعمال کفریہ کا بیان تھا ان کے سننے کے بعد کفار کی دو حالتیں ہوسکتی ہیں اسلام لے آنا اور کفر پر قائم رہنا اس لئے آگے ان دو حالتوں کے متعلق احکام بیان فرماتے ہیں۔

ترجمۂ مسائل السلوك : قولہ تعالیٰ: وَ مَا كَانُوْٓا اَوْلِيَآءَهٗ اِنْ اَوْلِيَآؤُهٗٓ اِلَّا الْمُتَّقُوْنَ بعض کے نزدیک اللہ تعالیٰ کی طرف ضمیر راجع ہے پس تقویٰ کا شرط ولایت ہونا منصوص ہے اور دوسری آیت سورۂ یونس کی اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ [یونس : ۶۲] بلا دوسرے احتمال کے اس میں نص ہے آج کل تارکین شریعت کو ولی سمجھا جاتا ہے انا للہ۔

الحواشی : (۱) رجحه الطبری ۱۲ منه۔

ملحقات الترجمہ : ۱ قوله فی وما لهم استحقاق كما فی الروح ای حظ لهم ۱۲۔ ۲ قوله فی ان اولياء ه اس مسجد کے فیہ اشارة الی ان مرجع الضمير هو المسجد الحرام كما هو المتبادر فان قيل ذكر فی المرقاة حديث عن الديلمی يدل بظاهره على رجوع الضمير الى الله تعالٰی ولفظه سئل رسول الله صلى الله عليه وسلم من آل محمد فقال كل تقی من آل محمد ثم قرء ان اولیائه الا المتقون فما تاويله قلت تاويله ان يقال ان متولی المسجد لا ينبغی ان يكون اولياء الله تعالٰی وهم ليسوا باولياء ه انما هم المتقون فلا يكون احد منهم متوليا المسجد الحرام وانما يكون المتولی متقيا ۱۲۔ ۳ قوله فی ما كانوا اولياء جس کا اختیار الخ اندفع به ايراد هو ان التقييد يوهم ان للمتولی المنع للمصلی عن المسجد وجه الاندفاع ان هذا تاكيد للذم و مبالغة لا تقييد واحتراز۔ ۴ قوله فی ما كان صلاتهم بجائے نماز فتسمية صلاة من قبيل قوله ع تحية بينهم ضرب و جميع ۱۲۔ ۵ قوله فی فسينفقونها اسی غرض کے لئے كذا فی الحازن ۱۲۔ ۶ قوله فی فيركمه یعنی اشارة الی ان الفاء للتفسير فافهم ۱۲۔

قُلْ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ يَّنْتَهُوْا يُغْفَرْ لَهُمْ مَّا قَدْ سَلَفَ ۚ وَاِنْ يَّعُوْدُوْا فَقَدْ مَضَتْ سُنَّتُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۳۸﴾ وَقَاتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ كُلُّهٗ لِلّٰهِ ۚ فَاِنِ انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۳۹﴾ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَوْلٰىكُمْ ۭ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ﴿۴۰﴾

آپ ان کافروں سے کہہ دیجئے کہ اگر یہ لوگ (اپنے کفر سے) باز نہ آ جائیں گے تو ان کے گناہ سارے (جو اسلام سے) پہلے ہو چکے ہیں سب معاف کر دیئے جائیں گے اور اگر اپنی وہی (کفر کی) عادت رکھیں گے تو (ان کو سنا دیجئے کہ) کفار سابقین کے حق میں قانون نافذ ہو چکا ہے اور تم ان (کفار عرب) سے اس حد تک لڑو کہ ان میں فساد عقیدہ (یعنی شرک) نہ رہے اور دین خالص اللہ ہی کا ہو جائے۔ پھر اگر کفر سے باز آ جائیں تو اللہ تعالیٰ ان کے اعمال کو خوب دیکھتے ہیں اور اگر روگردانی کریں تو یقین رکھو کہ اللہ تعالیٰ تمہارا رفیق ہے وہ بہت اچھا رفیق ہی اور بہت اچھا مددگار ہے۔

www.besturdubooks.net

تفسیر: احکام متعلقہ باسلام وعدم اسلام ☆ قُلْ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا (الی قولہ تعالیٰ) نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ۝ (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) آپ ان کافروں سے کہہ دیجئے کہ اگر یہ لوگ (اپنے کفر سے) باز آجاویں گے (اور اسلام قبول کرلیں گے) تو ان کے سارے گناہ جو (اسلام سے) پہلے ہو چکے ہیں سب معاف کردیئے جاویں گے (یہ حکم تو حالت اسلام کا ہوا) اور اگر اپنی وہی (کفر کی) عادت رکھیں گے تو (ان کو سنا دیجئے کہ) کفار سابقین کے حق میں (ہمارا) قانون نافذ ہو چکا ہے (کہ دنیا میں ہلاک[1] اور آخرت میں عذاب وہی تمہارے لئے ہوگا چنانچہ قتل سے ہلاک بھی ہوئے اور غیر کفار عرب کا ہلاک ذمی ہونا بھی ہے تم جانو) اور (پھر ان کے اس کافر رہنے کی صورت میں اے مسلمانو) تم ان (کفار عرب) سے اس حد تک لڑو کہ ان میں فساد عقیدہ (یعنی شرک[2]) نہ رہے اور (ان کا) دین (خالص) اللہ ہی کا ہو جاوے (اور کسی کے دین کا خالصاً اللہ ہی کے لئے ہو جانا موقوف ہے قبول اسلام پر تو حاصل یہ ہوا کہ شرک چھوڑ کر اسلام اختیار کریں خلاصہ یہ کہ اگر اسلام نہ لاویں تو ان سے لڑو جب تک کہ اسلام نہ لاویں کیونکہ کفار عرب سے جزیہ نہیں لیا جاتا) پھر اگر یہ (کفر سے) باز آجاویں تو (ان کے ظاہری اسلام کو قبول کرو دل کا حال مت ٹٹولو کیونکہ اگر یہ دل سے ایمان نہ لاویں گے تو) اللہ تعالیٰ ان کے اعمال کو خوب دیکھتے ہیں (وہ آپ سمجھ لیں گے تم کو کیا) اور اگر (اسلام سے) روگردانی کریں تو (اللہ کا نام لے کر ان کے مقابلہ سے مت ہٹو اور) یقین رکھو کہ اللہ تعالیٰ (ان کے مقابلہ میں) تمہارا رفیق ہے وہ بہت اچھا رفیق ہے اور بہت اچھا مددگار ہے (سو وہ تمہاری رفاقت اور نصرت کرے گا) ف: یہ تفسیر امام ابوحنیفہؒ کے مذہب کی بناء پر ہے جس کا مفصل بیان ربع سبقول رکوع يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَهِلَّةِ [البقرة : ۱۸۹] کے تحت آیت: وَقَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ [البقرة : ۱۹۰] الخ میں ہو چکا ہے اور جن ائمہ کے نزدیک کفار عرب سے بھی جزیہ لیا جاتا ہے ان کے نزدیک فتنہ کی تفسیر فساد وحرب ہے اور معنی اِنِ انْتَهَوْا کے یہ ہیں کہ جب وہ حربی نہ رہیں ذمی ہو جاویں قتال سے رک جاؤ اور فَاِنَّ اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُوْنَ کی تقریر یہ ہو جاوے گی کہ اگر وہ عقد ذمہ میں خداع کریں گے تو اللہ تعالیٰ دیکھ لیں گے تم کو ذمیت کے قبول کرنے سے انکار نہیں پہنچتا اور اِنْ تَوَلَّوْا کے معنی یہ ہوں گے کہ اسلام اور ذمیت دونوں سے انکار کریں الخ اور اس آیت میں کفار سے اسلام لانے پر وعدہ ہے گناہان گذشتہ کی مغفرت کا پس کفر تو عام ہے اصلی اور مرتد کو لیکن مغفرت خاص ہے ذنوب کے ساتھ اور حقوق اور زواجر سے ساکت ہے جس کے احکام کافر اصلی ومرتد کے متعلق کتب فقہ میں مفصلاً مذکور ہیں اور ہر حکم کی مستقل جدا دلیل ہے خوب سمجھ لو۔ ربط: اوپر آیت: وَقَاتِلُوْهُمْ الخ میں قتال کا حکم تھا چونکہ گاہے قتال میں غنیمت بھی حاصل ہوتی ہے اس لئے آگے اس کا حکم بیان فرماتے ہیں اور اگر ان آیتوں کا نزول غزوۂ بدر میں ہو جیسا کہ اکثرؒ کا قول ہے تو یہ آیت شروع سورت کی آیت: قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰهِ [الأنفال : ۱] الخ کی من وجہ تفصیل ہو جاوے گی۔

ملحقات الترجمۃ: [1] قولہ فی مضت ہلاک وعذاب کذا فی المدارک۱۲۔ [2] قولہ فی فتنۃ شرک رواہ الطبری عن ابن عباسؓ وغیرہ۔ [3] قولہ فی التمہید اکثر کا قول تھا بلہ ما قال الواقدی کان الخمس فی غزوۃ بنی قینقاع بعد بدر بشہر وثلثۃ ایام للنصف من شوال علی راس عشرین شہرا من الہجرۃ کذا فی الروح فعلی ہذا کفی فی الربط ما ذکر اولا۱۲۔

البلاغۃ: قولہ سنۃ الاولین اضاف السنۃ تارۃ الی نفسہ وتارۃ الی الکفار کما ہہنا وتارۃ الی الرسل کقولہ سنۃ من قد ارسلنا فالاول حقیقۃ والثانی لجریانہا فیہم والثالث لجریانہا علی ایدیہم من الروح۱۲۔

www.besturdubooks.net

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَیْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِی الْقُرْبٰی وَالْیَتٰمٰی وَالْمَسٰكِیْنِ
وَابْنِ السَّبِیْلِ ۙ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰی عَبْدِنَا یَوْمَ الْفُرْقَانِ یَوْمَ الْتَقَی الْجَمْعٰنِ ؕ
وَاللّٰهُ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۴۱﴾ اِذْ اَنْتُمْ بِالْعُدْوَةِ الدُّنْیَا وَهُمْ بِالْعُدْوَةِ الْقُصْوٰی وَالرَّكْبُ
اَسْفَلَ مِنْكُمْ ؕ وَلَوْ تَوَاعَدْتُّمْ لَاخْتَلَفْتُمْ فِی الْمِیْعٰدِ ۙ وَلٰكِنْ لِّیَقْضِیَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا ۙ
لِّیَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَنْۢ بَیِّنَةٍ وَّیَحْیٰی مَنْ حَیَّ عَنْۢ بَیِّنَةٍ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَسَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ﴿۴۲﴾ اِذْ
یُرِیْكَهُمُ اللّٰهُ فِیْ مَنَامِكَ قَلِیْلًا ؕ وَلَوْ اَرٰىكَهُمْ كَثِیْرًا لَّفَشِلْتُمْ وَلَتَنَازَعْتُمْ فِی الْاَمْرِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ
سَلَّمَ ؕ اِنَّهٗ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۴۳﴾ وَاِذْ یُرِیْكُمُوْهُمْ اِذِ الْتَقَیْتُمْ فِیْٓ اَعْیُنِكُمْ قَلِیْلًا وَّیُقَلِّلُكُمْ فِیْٓ
اَعْیُنِهِمْ لِیَقْضِیَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا ؕ وَاِلَی اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿۴۴﴾

اور اس بات کو جان لو کہ جو شے (کفار سے) بطور غنیمت تم کو حاصل ہو تو اس کا حکم یہ ہے کہ کل کا پانچواں حصہ اللہ کا اور اسکے رسول کا ہے اور (ایک حصہ) آپ کے قرابتداروں کا ہے اور (ایک حصہ) غریبوں کا ہے اور (ایک حصہ) مسافروں کا ہے اگر تم اللہ پر یقین رکھتے ہو اور اس چیز پر جس کو ہم نے اپنے بندہ (محمدؐ) پر فیصلہ کے دن یعنی کہ جس دن (بدر میں) دونوں جماعتیں (مؤمنین و کفار) باہم مقابل ہوئی تھیں نازل فرما دیا تھا اور اللہ (ہی) ہر شے پر پوری قدرت رکھنے والے ہیں اور یہ وہ وقت تھا کہ جب تم اس میدان کے ادھر والے کنارہ پر تھے اور وہ لوگ (یعنی کفار) اس میدان کے اُدھر والے کنارہ پر تھے اور وہ قافلہ (قریش کا) تم سے نیچے کی طرف کو (بچا ہوا) تھا اور اگر تم اور وہ کوئی بات ٹھہراتے تو ضرور اس سے تم میں اختلاف ہوتا لیکن تاکہ جو کام اللہ کو کرنا منظور تھا اس کی تکمیل کر دے یعنی تاکہ جس کو برباد (گمراہ) ہونا ہے وہ نشان آئے پیچھے برباد ہوا اور جس کو زندہ (ہدایت یافتہ) ہونا ہے (وہ بھی) نشان آئے پیچھے زندہ ہو اور بلاشبہ اللہ تعالیٰ خوب سننے والے خوب جاننے والے ہیں۔ وہ وقت بھی قابل ذکر ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے آپ کے خواب میں آپ کو وہ لوگ کم دکھلائے اور اگر اللہ تعالیٰ آپ کو وہ لوگ زیادہ کر کے دکھلا دیتے تو تمہاری ہمتیں ہار جاتیں اور اس امر میں تم میں باہم نزاع (اختلاف) ہو جاتا لیکن اللہ تعالیٰ نے تقرر کے بارہ میں (اس کم ہمتی و اختلاف سے) بچا لیا بے شک وہ دلوں کی باتوں کو خوب جانتا ہے اور اس وقت کو یاد کرو جبکہ اللہ تعالیٰ تم کو جبکہ تم مقابل ہوئے وہ لوگ تمہاری نظر میں کم کر کے دکھلا رہے تھے اور اسی طرح ان کی نگاہ میں تم کو کم کر کے دکھلا رہے تھے تاکہ جو کام اللہ تعالیٰ کو کرنا منظور تھا اس کی تکمیل کر دے اور سب معاملے اللہ ہی کی طرف رجوع کیے جائیں گے۔

تفسیر: حکم غنائم ☆ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَیْءٍ (الی قولہ تعالیٰ) وَاللّٰهُ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۴۱﴾ اور اس بات کو جان لو کہ جو شے (کفار سے) بطور غنیمت تم کو حاصل ہو تو اس کا حکم یہ[1] ہے کہ (اس کے کل پانچ حصے کئے جاویں جن میں سے چار حصے تو مقاتلین کا حق ہے اور ایک حصہ یعنی) کل کا پانچواں حصہ (پھر پانچ حصوں پر تقسیم ہوگا جن میں سے ایک تو) اللہ کا اور اس کے رسول کا ہے (یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ملے گا جن کو دینا[2] بمنزلہ اس کے ہے کہ حق تعالیٰ کے حضور میں پیش کر دیا) اور ایک حصہ آپ کے قرابت داروں کا ہے اور (ایک حصہ) یتیموں کا ہے اور (ایک حصہ) غریبوں کا ہے اور (ایک حصہ) مسافروں کا ہے اگر تم اللہ پر یقین رکھتے ہو اور اس چیز پر (یقین رکھتے ہو) جس کو ہم نے اپنے بندہ (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) پر فیصلہ کے دن (یعنی) جس دن کہ (بدر میں) دونوں جماعتیں (مؤمنین اور کفار کی) باہم مقابل ہوئی تھیں نازل فرمایا تھا (مراد اس سے امداد غیبی بواسطہ ملائکہ کے ہے یعنی اگر ہم پر اور ہمارے الطاف غیبیہ پر یقین رکھتے ہو تو اس حکم کو جان[3] رکھو اور عمل کرو یہ اس لئے بڑھا دیا کہ خمس نکالنا شاق نہ ہو اور یہ سمجھ لیں کہ یہ ساری غنیمت اللہ ہی کی امداد سے تو ہاتھ آئی پھر اگر ہم کو ایک خمس نہ ملا تو کیا ہوا وہ چار خمس بھی تو ہماری قدرت سے خارج تھے بلکہ محض قدرت الٰہیہ سے حاصل ہوئے) اور اللہ (ہی) ہر شے پر پوری قدرت رکھنے والے ہیں (پھر تمہارا استحقاق تو اتنا بھی نہیں تھا یہ بھی بہت مل گیا۔ ف: فیصلہ کے دن سے مراد یوم بدر ہے کیونکہ اس میں عملاً حق و باطل کا فیصلہ واضح ہو گیا۔

مسئلہ: چونکہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وفات فرما چکے اس لئے آپ کا حصہ ساقط ہو گیا اور چونکہ آپ کے اہل قرابت کا حصہ بوجہ آپ کی نصرت قدیمہ

www.besturdubooks.net

کے تھا اور وفات نبوی کے بعد نصرت باقی نہیں لہٰذا یہ حصہ بھی ساقط ہوگیا اب یہ خمس تین حصوں پر تقسیم ہوکر ایک یتامیٰ کو ایک مساکین کو ایک ابناء السبیل کو ملے گا۔
مَسْئَلَة: ان مساکین میں مقدم مساکین ذوی القربیٰ کے ہوں گے۔ یہ لوگ خمس کے مصارف ہیں مستحق نہیں ہیں پس اگر ایک ہی صنف میں صرف کر دیا جاوے تب بھی مثل زکوٰۃ کے جائز ہے **کذا فی الهداية والعناية** باقی تفصیل احکام غنیمت کی کتب فقہ میں مع دلائل موجود ہے۔
ربط: اوپر کی آیت میں یوم بدر کا ذکر تھا آگے اس کی صورت مخاطبین کے پیش نظر کر کے اس کے بعض واقعات کی حکمت اور اس کے ضمن میں اپنی نعمت و منت ظاہر فرماتے ہیں پس اس اعتبار سے گویا یہ متمم ہے ان انعامات کا جن کا ذکر آیت **كما اخرجك** سے شروع ہوا تھا۔

حکایت و حکمت متضمنہ نعمت در بعض واقعات بدر ☆ اِذْ اَنْتُمْ بِالْعُدْوَةِ الدُّنْيَا وَهُمْ بِالْعُدْوَةِ الْقُصْوٰى وَالرَّكْبُ اَسْفَلَ مِنْكُمْ

انعام سادس: وَلَوْ تَوَاعَدْتُّمْ لَاخْتَلَفْتُمْ فِي الْمِيْعٰدِ ۙ (الی قولہ تعالیٰ) وَ اِنَّ اللّٰهَ لَسَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝۔
انعام سابع: اِذْ يُرِيْكَهُمُ اللّٰهُ فِيْ مَنَامِكَ قَلِيْلًا ؕ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝
انعام ثامن: وَ اِذْ يُرِيْكُمُوْهُمْ (الی قولہ تعالیٰ) وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝ یہ وہ وقت تھا کہ جب تم اس میدان کے ادھر والے کنارہ پر تھے اور وہ لوگ (یعنی کفار) اس میدان کے اُدھر والے کنارہ پر تھے (ادھر والے سے مراد مدینہ سے نزدیک کا موقع اور ادھر والے سے مراد مدینہ سے دور کا موقع) اور وہ قافلہ (قریش کا) تم سے[5] نیچے کی طرف کو (بچا ہوا) تھا (یعنی سمندر کے کنارے کنارے جا رہا تھا حاصل یہ کہ پورے جوش کا سامان جمع ہو رہا تھا کہ دونوں آپس میں آمنے سامنے کہ ہر ایک دوسرے کو دیکھ کر جوش میں آوے ادھر قافلہ رستہ ہی میں جس کی وجہ سے لشکر کفار کو اس کی حمایت کا خیال دلنشین جس سے اور جوش میں زیادتی ہو غرض وہ ایسا شدید وقت تھا پھر بھی خدا تعالیٰ نے تم پر امداد غیبی نازل کی جیسا اوپر ارشاد ہوا ہے: اَنْزَلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا اور (وہ تو مصلحت یہ ہوئی کہ اتفاقاً مقابلہ ہوگیا ورنہ) اگر (پہلے سے حسب معمول و عادت) تم اور وہ[6] (لڑائی کیلئے) کوئی بات ٹھہراتے (کہ فلاں وقت لڑیں گے) تو (مقتضائے حالت موجودہ کا یہ تھا کہ) ضرور اس تقرر[7] کے بارہ میں تم میں اختلاف ہوتا (یعنی خواہ صرف مسلمانوں اور باہم کہ بوجہ بے سروسامانی کے کوئی کچھ کہتا کوئی کچھ کہتا اور خواہ کفار کے ساتھ اختلاف ہوتا جس کی وجہ اس طرف کی بے سروسامانی اور اس طرف مسلمانوں کا رعب بہرحال دونوں طرح اس جنگ کی نوبت نہ آتی پس اس میں جو فوائد ہوئے وہ ظہور میں نہ آتے جن کا بیان لِيَهْلِكَ میں آتا ہے) لیکن (اللہ تعالیٰ نے ایسا سامان کر دیا کہ اس کی نوبت نہیں آئی بلا قصد لڑائی ٹھن گئی) تاکہ جو کام اللہ کو کرنا منظور[8] تھا اس کی تکمیل[9] کر دے یعنی[10] تاکہ (حق کا نشان ظاہر ہو جاوے اور) جس کو برباد (یعنی گمراہ) ہونا ہے وہ نشان آئے پیچھے[11] برباد ہو اور جس کو زندہ (یعنی ہدایت یافتہ) ہونا ہے وہ (بھی) نشان آئے پیچھے زندہ ہو (مطلب یہ کہ اللہ تعالیٰ کو منظور تھا لڑائی ہونا کیونکہ ایک خاص طریق[12] سے اسلام کا حق ہونا ظاہر ہو جاوے کہ اس قلت عدد و کم سامانی پر مسلمان غالب آئے جو کہ خارق عادت ہے جس سے معلوم ہوا کہ اسلام حق ہے پس اس سے حجت الٰہیہ تام ہوگئی اس کے بعد جو گمراہ ہوگا وہ وضوح حق کے بعد ہوگا یہ کہ جس میں عذاب کا پورا استحقاق ہوگیا اور عذر کی گنجائش ہی نہ رہی اسی طرح جس کو ہدایت ہونا ہوگا وہ حق کو قبول کر لے گا خلاصہ حکمت کا یہ ہوا کہ حق واضح[13] ہو جاوے) اور بلاشبہ اللہ تعالیٰ خوب سننے والے خوب جاننے والے ہیں (کہ اس وضوح کے بعد زبان اور قلب سے کون کفر کرتا ہے اور کون ایمان لاتا ہے اور) وہ وقت بھی قابل ذکر ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے آپ کے خواب میں آپ کو وہ لوگ کم دکھلائے (چنانچہ آپ نے صحابہ کو اس خواب کی خبر کی ان کے دل خوب قوی ہوگئے) اور اگر اللہ تعالیٰ آپ کو وہ لوگ زیادہ کر کے دکھا دیتے (اور آپ صحابہ سے فرما دیتے) تو (اے صحابہؓ) تمہاری ہمتیں ہار جاتیں اور اس امر (قتال) میں تم میں باہم نزاع (اختلاف) ہو جاتا لیکن اللہ تعالیٰ نے (اس کم ہمتی اور اختلاف سے تم کو) بچا لیا بیشک وہ دلوں کی باتوں کو خوب جانتا ہے (اس کو معلوم تھا کہ اس طرح ضعف پیدا ہوگا اس طرح قوت اس لئے ایسی تدبیر کی) اور (صرف خواب ہی میں آپ کو کم دکھلانے پر اکتفا نہیں کیا بلکہ تتمیم حکمت کے لئے بیداری میں مقابلہ کے وقت مسلمانوں کی نظر میں بھی کفار کم دکھائی دیئے جیسا کہ بالعکس بھی ہوا جو کہ واقع کے مطابق بھی تھا چنانچہ فرماتے ہیں کہ) اس وقت کو یاد کرو جب کہ اللہ تعالیٰ تمہیں جب کہ تم مقابل ہوئے ان لوگوں کو تمہاری نظر میں کم کر کے دکھلا رہے تھے اور (اسی طرح) ان کی نگاہ میں تم کو کم کر کے دکھلا رہے تھے تاکہ جو کام اللہ کو کرنا منظور تھا اس کی تکمیل کر دے (جیسا پہلے بیان ہو چکا ہے۔ لِيَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ الخ) اور سب مقدمے خدا ہی کی طرف رجوع کئے جاویں گے (وہ ہالک اور حی یعنی گمراہ اور مہتدی کو سزا و جزا دیں گے) **ف**: سورۂ آل عمران رکوع دوم آیت: قَدْ كَانَ لَكُمْ اٰيَةٌ الخ [آل عمران: ۱۳] کی تفسیر میں اس کم دکھلانے کے متعلق تحقیق گذر چکی ہے ملاحظہ کر لیا جاوے۔ ربط: اوپر بدر کے واقعات تھے آگے ایسے مواقع قتال کے آداب ظاہری و باطنی کی مسلمان کو تعلیم ہے۔

تَرْجَمَةُ مَسَائِلِ السُّلُوْك: قولہ تعالیٰ: اِذْ يُرِيْكَهُمُ اللّٰهُ فِيْ مَنَامِكَ قَلِيْلًا ؕ آیت سے معلوم ہوا کہ حق تعالیٰ بعض اوقات بعض واقعات کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی مخفی فرما لیتے ہیں اور غیر نبی کا تو کیا ذکر ہے (جیسا اس واقعہ میں ہوا کہ کفار تھے تو زیادہ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر منکشف ہوئے کم) سو اس شخص کا کیا حال

www.besturdubooks.net

ہے جو اس کو اپنے شیخ کے لئے جائز نہ سمجھے اور اس کے کشف اور خواب پر جزم کر لے اور یہ واقعہ تو منام میں تھا اور ایسا ہی بیداری میں ممکن ہے جیسا اس کے بعد والی آیت میں مذکور ہے: اِذْ يُرِيْكَهُمُوْهُمْ اِذِ الْتَقَيْتُمْ فِيْٓ اَعْيُنِكُمْ قَلِيْلًا وَّ يُقَلِّلُكُمْ فِيْٓ اَعْيُنِهِمْ ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قوله فی فان حکم** اشارة الی تقدیر المبتدا ای فالحکم ان الله الخ۱۲۔ ۲ **قوله فی لله** جن کو دنیا اشارة الی ان ذکر الله تعالٰی لتعظیم رسول الله صلی الله علیه وسلم کما فی قوله تعالٰی والله ورسوله احق ان یرضوه وعزاه فی الروح الی الجمهور۱۲۔ ۳ **قوله فی جزاء ان کنتم** جان رکھو الخ اشارة الی تقدیر جزاء ان کنتم۱۲۔ ۴ **قوله فی اذ انتم** یہ وہ وقت اشارة الی کونه بدلا من یوم الفرقان ولم یقدر اذکر کما قدر فی اذ یریکهم لان المقصود هنا تصویر ذاك الیوم فناسب البدلیة۱۲۔ ۵ **قوله فی منکم** تم سے ای المسلمین کما فی الخازن۱۲۔ ۶ **قوله فی تواعدتم** تم اور وہ اشارة الی ان فی الکلام تغلیبا۱۲۔ ۷ **قوله فی لاختلفتم** مقتضا فلا یرد ان التواعد قد وقع احیانا ولم یختلفوا۱۲۔ ۸ **قوله فی المیعاد** تقریر اشارة الی کونه مصدر بالمعنی الوعد۱۲۔ ۹ **قوله فی مفعولا** منظور کما فی الروح مقدرا فی الازل۱۲۔ ۱۰ **قوله فی لیقضی** تکمیل من القضاء بمعنی التمام۱۲۔ ۱۱ **قوله فی لیهلك** یعنی اشارة الی کونه بدلا للتفسیر۱۲۔ ۱۲ **قوله فی** عن بینة پیچھے فهو بمعنی بعد کما فی الروح۱۲۔ ۱۳ **قوله فی توضیح بینة** خاص طریق زاده لعدم الحصر لاثبات الحق فیه۱۲۔ ۱۴ **قوله فی** اخر ذاك التوضیح حق واضح کما فی قوله لیحق الحق ولا تکرار لاختلاف الفعل المعلل به وکذا لا تکرار فی لیقضی الله لهذا الاختلاف ایضا۱۲۔

الزوایات: الدنیا القصوی من المدینة کذا فی عامة التفاسیر وفی الدر المنثور من مکة والله اعلم۱۲۔

اللغات: قوله العدوة شاطئ الوادی کذا فی القاموس وترجم بالحاصل لان الوادی یکون منخفضا وشاطئه مرتفعا مستویا۱۲۔

النحو: قوله اسفل منکم ظرف منصوب ای فی مکان اسفل منکم۱۲ قوله قلیلا نصبه علی انه مفعول ثالث عند الجهوری او حال علی ما یفهمه کلام غیره کذا فی الروح قلت ومثله قوله کثیرا وقوله قلیلا فی الآیة الآتیة۱۲۔

البلاغة: قوله یقللکم لم یقل ویریکم قلیلا فی اعینهم لان المسلمین کانوا قلیلا فی الواقع لا فی رؤیتهم فقط۱۲۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا لَقِيْتُمْ فِئَةً فَاثْبُتُوْا وَ اذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ وَ لَا تَنَازَعُوْا فَتَفْشَلُوْا وَ تَذْهَبَ رِيْحُكُمْ وَ اصْبِرُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۴۶﴾ وَ لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ بَطَرًا وَّ رِئَآءَ النَّاسِ وَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ وَ اللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ﴿۴۷﴾ وَ اِذْ زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ وَ قَالَ لَا غَالِبَ لَكُمُ الْيَوْمَ مِنَ النَّاسِ وَ اِنِّيْ جَارٌ لَّكُمْ ۚ فَلَمَّا تَرَآءَتِ الْفِئَتٰنِ نَكَصَ عَلٰى عَقِبَيْهِ وَ قَالَ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّنْكُمْ اِنِّيْٓ اَرٰى مَا لَا تَرَوْنَ اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ ؕ وَ اللّٰهُ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۴۸﴾ اِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ غَرَّ هٰٓؤُلَآءِ دِيْنُهُمْ ؕ وَ مَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۴۹﴾

اے ایمان والو جب تم کو کسی جماعت سے (جہاد میں) مقابلہ کا اتفاق ہوا کرے تو (ان آداب کا لحاظ رکھو ایک یہ کہ) ثابت قدم رہو اور اللہ کا خوب کثرت سے ذکر کرو۔ امید ہے کہ تم کامیاب ہو اور اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت (کا لحاظ) کیا کرو اور نزاع مت کرو (نہ اپنے امام سے نہ آپس میں) ورنہ کم ہمت ہو جاؤ گے اور تمہاری ہوا اکھڑ جائے گی اور صبر کرو بے شک اللہ تعالٰی صبر کرنے والوں کے ساتھ ہیں اور ان (کافر) لوگوں کے مشابہ نہ ہونا کہ جو (اسی بدر کے واقعہ میں) اپنے گھروں سے اتراتے ہوئے اور لوگوں کو دکھلاتے ہوئے نکلے اور لوگوں کو اللہ کے راستہ (دین) سے روکتے تھے اور اللہ تعالٰی ان کے اعمال کو (اپنے علم کے) احاطہ میں لئے ہوئے ہے اور اس وقت کا ان سے ذکر کیجئے جبکہ شیطان نے ان (کفار) کو ان کے اعمال خوشنما کر کے دکھلائے اور کہا کہ لوگوں میں سے آج کوئی تم پر غالب آنے والا نہیں اور میں تمہارا حامی ہوں۔ پھر جب دونوں جماعتیں (کفار و مسلمین کی) ایک دوسرے کے مقابل ہوئیں تو وہ الٹے پاؤں بھاگا اور یہ کہا کہ میرا تم سے کوئی واسطہ نہیں، میں ان چیزوں کو دیکھ رہا

www.besturdubooks.net

ہوں۔ جو تم کو نظر نہیں آتیں (مراد فرشتے) میں تو خدا سے ڈرتا ہوں اور اللہ تعالیٰ سخت سزا دینے والے ہیں اور وہ وقت بھی قابل ذکر ہے کہ جب منافقین اور جن کے دلوں میں (شک کی) بیماری تھی یوں کہتے تھے کہ ان (مسلمان) لوگوں کو ان کے دین نے بھول میں ڈال رکھا ہے اور جو شخص اللہ پر بھروسہ کرتا ہے تو بلاشبہ اللہ تعالیٰ زبردست ہیں (اور) حکمت والے (بھی) ہیں ۞

تفسیر: تعلیم بعضے آداب قتال ☆ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا لَقِيْتُمْ فِئَةً فَاثْبُتُوْا (الی قولہ تعالیٰ) وَاللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ۞ اے ایمان والو! جب تم کو (کفار کی) کسی جماعت سے (جہاد میں) مقابلہ کا اتفاق ہوا کرے تو (ان آداب کا لحاظ رکھو ایک یہ کہ) ثابت قدم رہو (یعنی بھاگو مت) اور (دوسرے یہ کہ) اللہ کا خوب کثرت سے ذکر کرو (کہ ذکر سے قلب میں قوت ہوتی ہے) امید ہے کہ تم (مقابلہ میں) کامیاب ہو (کیونکہ ثبات قدم اور ثبات قلب جب جمع ہوں تو کامیابی غالب[1] ہے) اور (تیسرے یہ کہ تمام امور متعلقہ حرب میں) اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت (کا لحاظ) کیا کرو (کہ کوئی کارروائی خلاف شرع نہ ہو) اور (چوتھے یہ کہ اپنے امام سے اور باہم بھی) نزاع مت کرو ورنہ (باہمی نااتفاقی سے) کم ہمت ہو جاؤ گے (کیونکہ قوتیں منتشر ہو جاویں گی ایک کو دوسرے پر وثوق نہ ہوگا اور اکیلا آدمی کیا کر سکتا ہے) اور تمہاری ہوا اکھڑ جاوے گی (ہوا خیزی سے مراد بدرعی کیونکہ دوسروں کو اس نااتفاقی کی اطلاع ہونے سے یہ امر لازمی ہے) اور پانچویں یہ کہ اگر کوئی امر ناگواری کا پیش آوے تو اس پر) صبر کرو بیشک اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہیں (اور معیت الٰہی موجب نصرت ہے) اور (چھٹے یہ کہ نیت خالص رکھو تفاخر اور نمائش میں) ان (کافر) لوگوں کے مشابہ مت ہونا کہ جو (اسی واقعہ بدر میں) اپنے گھروں سے اتراتے ہوئے اور لوگوں کو (اپنی شان و سامان دکھلاتے ہوئے نکلے اور (اس فخر و ریاء کے ساتھ یہ بھی نیت تھی کہ) لوگوں کو اللہ کے رستہ (یعنی دین) سے روکتے تھے (کیونکہ مسلمان کو زک دینے چلے تھے جس کا اثر عام طبائع پر بھی دین سے بعد ہوتا) اور اللہ تعالیٰ (ان لوگوں کو پوری سزا دیگا چنانچہ وہ) انکے اعمال کو (اپنے علم کے) احاطہ میں لئے ہوئے ہے۔ ف: درمنثور میں ان کفار قریش کے اعمال و اقوال تفاخر کے مروی ہیں آخر ساری شیخی خاک میں مل گئی۔

ربط: اوپر کفار کے بطور ریاء کا ذکر تھا آگے اس کی علت کہ تزئین شیطان ہے اور اس علت کا ضعف مذکور ہے اور یہ قصہ اس طرح ہوا تھا کہ قریش اور بنی کنانہ میں کچھ رنج چلا آتا تھا جب کہ کفار قریش مکہ سے مسلمانوں کے مقابلہ کو چلنے لگے تو بنی کنانہ کی طرف سے گونہ اندیشہ ہوا اور جانے میں پس و پیش کرنے لگے اس وقت ابلیس بصورت سراقہ رئیس بنی کنانہ کے ظاہر ہوا اور کہا کہ تم اندیشہ مت کرو میں بنی کنانہ کی طرف سے تمہارا ذمہ دار ہوں سب یہی سمجھے کہ یہ سراقہ ہے سب باطمینان بدر میں پہنچے جب لڑائی کا وقت آیا اور ملائکہ نازل ہونا شروع ہوئے اس وقت اس کا ہاتھ حارث کے ہاتھ میں تھا چھڑا کر بھاگا۔ حارث نے پوچھا تو جواب دیا انی بریٔ الخ غرض لوگوں میں سراقہ کی بدنامی کا چرچا ہوا سراقہ نے سن کر قسم کھائی کہ مجھ کو کچھ خبر نہیں اورده فی الدر المنثور عن ابن عباسؓ ورفاعة بن رافع وفی الروح عن غیر واحد من المفسرین وفی الکمالین عن ابن اسحاقؒ۔

ضعف کید شیطان ☆ اِذْ زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ (الی قولہ تعالیٰ) وَاللّٰهُ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۞ اور اس وقت کا ان سے ذکر کیجئے جب کہ شیطان نے ان (کفار) کو (بذریعہ وسوسہ) ان کے اعمال (کفریہ) عداوت و مخالفت رسول صلی اللہ علیہ وسلم) خوشنما کر کے دکھلائے (کہ انہوں نے ان باتوں کو اچھا سمجھا) اور (وسوسہ سے بڑھ کر یہ کیا کہ بالمشافہ ان سے) کہا کہ (تم کو وہ قوت و شوکت ہے کہ تمہارے مخالف[2]) لوگوں میں سے آج کوئی تم پر غالب آنے والا نہیں اور میں تمہارا حامی ہوں (نہ بیرونی[3] دشمنوں سے ڈرو اور نہ اندرونی دشمنوں سے اندیشہ کرو) پھر جب دونوں جماعتیں (کفار و مسلمین کی) ایک دوسرے کے بالمقابل ہوئیں (اور اس نے ملائکہ کا نزول دیکھا) تو وہ الٹے پاؤں بھاگا اور یہ کہا کہ میرا تم سے کوئی واسطہ نہیں (میں حامی وامی کچھ نہیں بنتا کیونکہ) میں ان چیزوں کو دیکھ رہا ہوں جو تم کو نظر نہیں آتیں (مراد فرشتے ہیں) میں تو خدا سے ڈرتا ہوں (کبھی کسی فرشتہ سے دنیا ہی میں میری خبر لوا دے) اور اللہ تعالیٰ سخت سزا دینے والے ہیں۔ ف: چونکہ نرا خوف بدوں ایمان کے مقبول نہیں اس لئے شیطان کا خدا سے ڈرنا اگر واقعی بھی ہو کچھ محل اشکال نہیں۔

ربط: اوپر اس گمان کی غلطی کا بیان تھا کہ کفار کے غالب آنے کی امید تھی اور وہ مغلوب ہوئے آگے اس گمان کی غلطی کا بیان ہے کہ مسلمان مغلوب ہوتے نظر آتے تھے اور وہ برکت توکل سے غالب آئے۔

ترکت وقوت توکل علی اللہ ☆ اِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ (الی قولہ تعالیٰ) فَاِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۞ اور وہ وقت بھی قابل ذکر ہے کہ جب منافقین (مدینہ والوں میں سے) اور جن کے دلوں میں (شک کی) بیماری تھی (مکہ والوں میں سے مسلمانوں کا بے سروسامانی کے ساتھ مقابلہ کفار میں آجانا دیکھ کر) یوں کہتے تھے کہ ان (مسلمان) لوگوں کو ان کے دین نے بھول میں ڈال رکھا ہے (کہ اپنے دین کے حق ہونے کے بھروسے ایسے خطرہ میں آپڑے اللہ تعالیٰ جواب دیتے ہیں) اور جو شخص اللہ پر بھروسہ کرتا ہے تو (وہ اکثر غالب ہی آتا ہے کیونکہ) بلاشبہ اللہ تعالیٰ زبردست ہیں (اس لئے اپنے اوپر بھروسہ کرنے والے کو غالب کر دیتے ہیں اور احیاناً ایسا شخص مغلوب ہو جاوے تو اس میں کچھ مصلحت ہوتی ہے کیونکہ) وہ حکمت والے (بھی) ہیں (غرض ظاہری سامان و بے سروسامانی پر

www.besturdubooks.net

مدار نہیں قادر کوئی اور ہی ہے)۔ ف: بعضے لوگ اہل مکہ میں مذبذب سے تھے وہ بھی بدر میں آئے تھے فریقین کی حالت کا موازنہ کر کے انہوں نے یہ کہا تھا کذا فی الدر المنثور۔ ربط: اوپر کفار کی تعذیب دنیوی مقتولیت ومغلوبیت کا بیان تھا آگے تعذیب برزخی واخروی کا اور ان سب عقوبات کی علت کا کہ مخالفت حق ہے، بیان ہے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ خَرَجُوا مِن دِيَارِهِم بَطَرًا وَرِئَاءَ النَّاسِ اس میں مسلمانوں کو بطر اور ریاء میں ان کے مشابہ ہونے سے نہی کی گئی ہے پس اولیاء کو اعداء کی مشابہت سے ممانعت ہوئی۔ قولہ تعالیٰ: فَلَمَّا تَرَاءَتِ الْفِئَتَانِ نَكَصَ عَلَىٰ عَقِبَيْهِ وَقَالَ إِنِّي بَرِيءٌ مِّنكُمْ إِنِّي أَرَىٰ مَا لَا تَرَوْنَ إِنِّي أَخَافُ اللَّهَ۔ اس واقعہ میں ابلیس سراقہ بن مالک کنانی کی صورت میں متمثل ہو گیا تھا پس آیت میں کئی مسئلوں پر دلالت ہے۔ اول ابلیس کبھی گناہ کے وسوسہ کو ترک بھی کر دیتا ہے جیسا اس قصہ میں اول وسوسہ ڈالا: لَا غَالِبَ لَكُمُ الْيَوْمَ مِنَ النَّاسِ وَإِنِّي جَارٌ لَّكُمْ، پھر إِنِّي بَرِيءٌ مِّنكُمْ کہہ کر اس کو ترک کر دیا اور یہ ترک اس وقت ہوتا ہے جب دیکھتا ہے کہ بدوں میرے وسوسہ کے بھی انسان گناہ کر لے گا۔ دوسرا مسئلہ اہل باطل کے لئے کشف کا ممکن ہونا چنانچہ ابلیس کو ملائکہ مکشوف بھی ہوئے جس کی خبر اس قول میں دی گئی: إِنِّي أَرَىٰ مَا لَا تَرَوْنَ تیسرا مسئلہ تمثل کا امکان جیسا وہ کنانہ کی صورت میں متمثل ہوا۔ چوتھا مسئلہ خدائے تعالیٰ سے خوف طبعی کا کافی نہ ہونا جیسا شیطان کا خوف تھا اور اس نے إِنِّي أَخَافُ اللَّهَ کہا مطلوب خوف ایمانی ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی تفلحون غالب افاده لعل فلا یضر انهزام المسلمین بعلة وحکمة۱۲۔ ۲ قوله فی من الناس مخالف وهم المسلمون فلا یرد الفارس والروم فان خلافهم لم یکن معتدابه۱۲۔ ۳ قوله فی جار بیرونی اندرونی الاول راجع الی قوله لا غالب والثانی الی قوله انی جار۱۲۔

الروایات: فی الدر المنثور بروایة البیهقی عن ابن عباسؓ انی اری ان ختم الآیة من مقول الشیطان واخرج ابن ابی حاتم عن ابن اسحق قوله اذ یقول المنافقون والذین فی قلوبهم مرض قال هم الفئة الذین خرجوا مع قریش احتبسهم آباء هم فخرجوا وهم علی الارتیاب فلما را واقلة اصحاب رسول الله صلی الله علیه وسلم قالوا غر هؤلاء دینهم حین قدموا علی ما قدموا علیه من قلة عددهم وکثرة عدوم وهم فئة من قریش مسمون خمسة قیس بن الولید بن المغیرة وابو قیس بن الفاکهة بن المغیرة المخزد میان والحارث بن زمعة وعلی بن امیة بن خلف والعاسی ابن منبه کذا فی الدر المنثور قلت فالمرض یراد به الشك دون النفاق کما قیل فی سورة المدثر المکیة ولیقول الذین فی قلوبهم مرض۱۲۔

اللغات: قوله جار فی القاموس مجیرو مستجیر التراث التلاقی۔

البلاغة: قوله تذهب ریحکم فی الروح الریح کما قال الاخفش مستعارة للدولة لشبها فی نفوذ امرها وتمشیه ومن کلامهم هب ریاح فلان اذا دالت له الدولة وجری امره علی ما یرید ورکدت ریاحه اذا ولت عنه وادبر امره اھ۔

وَلَوْ تَرَىٰ إِذْ يَتَوَفَّى الَّذِينَ كَفَرُوا الْمَلَائِكَةُ يَضْرِبُونَ وُجُوهَهُمْ وَأَدْبَارَهُمْ وَذُوقُوا عَذَابَ الْحَرِيقِ ﴿٥٠﴾ ذَٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيكُمْ وَأَنَّ اللَّهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيدِ ﴿٥١﴾ كَدَأْبِ آلِ فِرْعَوْنَ وَالَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ كَفَرُوا بِآيَاتِ اللَّهِ فَأَخَذَهُمُ اللَّهُ بِذُنُوبِهِمْ إِنَّ اللَّهَ قَوِيٌّ شَدِيدُ الْعِقَابِ ﴿٥٢﴾ ذَٰلِكَ بِأَنَّ اللَّهَ لَمْ يَكُ مُغَيِّرًا نِّعْمَةً أَنْعَمَهَا عَلَىٰ قَوْمٍ حَتَّىٰ يُغَيِّرُوا مَا بِأَنفُسِهِمْ وَأَنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ﴿٥٣﴾ كَدَأْبِ آلِ فِرْعَوْنَ وَالَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ كَذَّبُوا بِآيَاتِ رَبِّهِمْ فَأَهْلَكْنَاهُم بِذُنُوبِهِمْ وَأَغْرَقْنَا آلَ فِرْعَوْنَ وَكُلٌّ كَانُوا ظَالِمِينَ ﴿٥٤﴾

اور اگر آپ (اس وقت کا واقعہ) دیکھیں جبکہ فرشتے ان (موجودہ) کافروں کی جان قبض کرتے جاتے ہیں (اور) ان کے منہ پر اور ان کی پشتوں پر مارتے جاتے ہیں اور یہ کہتے جاتے ہیں کہ (ابھی کیا ہے آگے چل کر) آگ کی سزا جھیلنا (اور) یہ عذاب ان اعمال (کفریہ) کی وجہ سے ہے جو تم نے اپنے ہاتھوں سمیٹے ہیں اور امر ثابت ہی ہے

www.besturdubooks.net

کہ اللہ تعالیٰ بندوں پر ظلم کرنے والے نہیں۔ ان کی حالت ایسی ہے جیسے فرعون والوں کی اور ان سے پہلے کے لوگوں کی حالت تھی کہ انہوں نے آیات الٰہیہ کا انکار کیا۔ سو خدا تعالیٰ نے ان کے (ان) گناہوں پر ان کو پکڑ لیا۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ بڑی قوت والے سخت سزا دینے والے ہیں۔ یہ بات اس سبب سے ہے کہ اللہ تعالیٰ کسی ایسی نعمت کو جو کسی قوم کو عطا فرمائی ہو نہیں بدلتے جب تک کہ وہی لوگ اپنے ذاتی اعمال کو نہیں بدل ڈالتے اور یہ امر ثابت ہی ہے کہ اللہ تعالیٰ بڑے سننے والے بڑے جاننے والے ہیں ان کی حالت فرعون والوں اور ان سے پہلے والوں کی سی حالت ہے کہ انہوں نے اپنے رب کی آیات کو جھٹلایا اس پر ہم نے ان کو ان کے گناہوں کے سبب ہلاک کر دیا اور فرعون والوں کو غرق کر دیا اور وہ سب ظالم تھے ۞

تفسیر: عقوبت کفار وعلت آں ☆ وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ يَتَوَفَّى الَّذِيْنَ كَفَرُوا ۙ الْمَلٰٓئِكَةُ (الی قولہ تعالیٰ) وَكُلٌّ كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ۝ اور اگر آپ (اس وقت کا واقعہ) دیکھیں (تو عجیب واقعہ نظر آوے) جب کہ فرشتے ان (موجودہ) کافروں کی جان قبض کرتے جاتے ہیں (اور) ان کے منہ پر اور ان کی پشتوں پر مارتے جاتے ہیں اور یہ کہتے جاتے ہیں کہ (ابھی کیا ہے آگے چل کر) آگ کی سزا جھیلنا (اور) یہ عذاب ان اعمال (کفریہ) کی وجہ سے ہے جو تم نے اپنے ہاتھوں سمیٹے ہیں اور یہ امر ثابت ہی ہے کہ اللہ تعالیٰ بندوں پر ظلم کرنے والے نہیں (سو اللہ تعالیٰ نے بے جرم سزا نہیں دی پس) ان کی حالت (اس بارہ میں کہ کفر پر سزایاب ہوئے) ایسی ہے جیسی فرعون والوں کی اور ان سے پہلے کے (کافر) لوگوں کی حالت تھی کہ انہوں نے آیات الٰہیہ کا انکار کیا سو خدا تعالیٰ نے ان کے (ان) گناہوں پر ان کو (عذاب میں) پکڑ لیا بلاشبہ اللہ تعالیٰ بڑی قوت والے سخت سزا دینے والے ہیں (کہ ان کے مقابلہ میں کوئی ایسی قوت نہیں رکھتا کہ ان کے عذاب کو ہٹا سکے اور) یہ بات (کہ بلا جرم ہم سزا نہیں دیتے) اس سبب سے ہے (کہ ہمارا ایک قاعدہ کلیہ مقرر ہے اور بلا جرم سزا نہ دینا اسی قاعدہ کی ایک فرع ہے اور وہ قاعدہ یہ ہے کہ) اللہ تعالیٰ کسی ایسی نعمت کو جو کسی قوم کو عطا فرمائی ہو نہیں بدلتے جب تک کہ وہی لوگ اپنے ذاتی اعمال کو نہیں بدل ڈالتے اور یہ امر ثابت ہی ہے کہ اللہ تعالیٰ بڑے سننے والے بڑے جاننے والے ہیں (پس وہ تغیر قولی کو سنتے ہیں تغیر فعلی کو جانتے ہیں سو ان کفار موجودین نے اپنی یہ حالت بدلی کہ ان میں باوجود کفر کے اول ایمان لانے کی استعداد قریب تھی انکار و مخالفت کر کر کے اس کو بعید کر ڈالا پس ہم نے اپنی نعمت امہال کو جو پہلے سے ان کو حاصل تھی مبدل بہ دار و گیر کر دیا اس کی وجہ یہ ہوئی کہ انہوں بطریق مذکور نعمت قرب استعداد کو بدل ڈالا پس اس امر تغییر میں بھی) ان کی حالت فرعون والوں اور ان سے پہلے لوگوں کی سی حالت ہے کہ انہوں نے اپنے رب کی آیات کو جھٹلایا اس پر ہم نے ان کو ان کے (ان) گناہوں کے سبب ہلاک کر دیا اور (ان میں) فرعون والوں کو (خاص طور پر ہلاک کیا کہ ان کو) غرق کر دیا اور وہ (فرعون والے اور پہلے والے) سب ظالم تھے۔

ف: اوپر کی آیات میں یہاں تک کفار مشرکین کے احوال و قتال کا بیان تھا آگے کفار اہل کتاب کے احوال اور قتال کا بیان ہے جیسا کہ تمہید سورت میں بھی اس طرف اشارہ کیا گیا ہے اور سبب نزول اس کا یہود بنی قریظہ کی عہد شکنی ہے کہ انہوں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عہد کیا تھا کہ ہم آپ کے مخالفین کو مدد نہ دیں گے اور پھر بھی غزوۂ احزاب میں مشرکین کو مدد دی اور بھی چند بار ایسا ہو چکا تھا ہر بار میں کہہ دیتے تھے کہ ہم بھول گئے پھر تازہ عہد کرتے تھے پھر ایسا ہی کرتے تھے اس پر ان آیتوں میں آپ کو حکم ہوا ان سے قتال کا کذا فی الدر المنثور واللباب والروح۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ لَمْ يَكُ مُغَيِّرًا نِّعْمَةً اَنْعَمَهَا عَلٰى قَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ۙ اس کے عموم میں وہ صورت بھی داخل ہو گئی کہ جب سالک سے کوئی معصیت صادر ہو جاتی ہے یا کوئی طاعت ترک ہو جاتی ہے تو اس سے انوار و برکات مقصودہ منقطع ہو جاتے ہیں۔

فائدۃ مہمۃ متعلقۃ بالآیۃ: ان قلت انی فی قولہ ذلك فی الموضعین وقولہ کذاب وقولہ کفروا وکذبوا تکرار قلت الاشارۃ بذلك الاول الی العذاب وبذلك الثانی الی ما یفهم من ذلك الاول مع خبرہ من کون العذاب منوطا باعمالهم وکون الثانی سببا للاول باعتبار کونہ فرعاً لہ فان تغییر النعمۃ اعم من الکفر کما فی الروح سواء کانت احوالهم السابقۃ مرضیۃ صالحۃ او اهون من الحالۃ الحادثۃ الخ فالجزئی مسبب والقانون الکلی سبب فلا تکرار وکذا التشبیہ فی الاول فی الکفر وفی الثانی فی التغییر وکذا ذکر الکفر فی الاول من حیث کونہ عملاً وفی الثانی من حیث کونہ تغییرا لما ان الکفر وان کان حاصلا من قبل لکن بلا تکذیب لعدم مجیء رسول الیهم وکانوا انعم علیهم بالامهال فلما بعث الیهم رسول کذبوا فبدلوا حالهم فبدل اللہ تعالیٰ امهالهم وقضی آجالهم۔

فائدۃ اخریٰ: مفهوم الآیتین المصدرتین بذلك عدم وقوع العذاب والتغییر من غیر ذنب وتغییر لا وقوع العذاب والتغییر بعد الذنب والتغییر لا محالۃ فافهم والی هذہ الامور کلها اشرت فی تقریر الترجمۃ فافهم واللہ یتولی هداك۔

اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ عٰهَدْتَّ مِنْهُمْ ثُمَّ يَنْقُضُوْنَ

www.besturdubooks.net

عَهْدَهُمْ فِيْ كُلِّ مَرَّةٍ وَّهُمْ لَا يَتَّقُوْنَ ﴿۵۶﴾ فَاِمَّا تَثْقَفَنَّهُمْ فِي الْحَرْبِ فَشَرِّدْ بِهِمْ مَّنْ خَلْفَهُمْ
لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَاِمَّا تَخَافَنَّ مِنْ قَوْمٍ خِيَانَةً فَانْۢبِذْ اِلَيْهِمْ عَلٰى سَوَآءٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ
ع ۷ الْخَآئِنِيْنَ ﴿۵۸﴾ وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَبَقُوْا ؕ اِنَّهُمْ لَا يُعْجِزُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا
اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ وَّمِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُوْنَ بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ وَعَدُوَّكُمْ وَاٰخَرِيْنَ
مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ لَا تَعْلَمُوْنَهُمْ ۚ اَللّٰهُ يَعْلَمُهُمْ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يُوَفَّ اِلَيْكُمْ
وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ﴿۶۰﴾

بلاشبہ بدترین خلائق اللہ کے نزدیک یہ کافر لوگ ہیں۔ تو یہ ایمان نہ لائیں گے۔ جن کی یہ کیفیت ہے کہ آپ ان سے (کئی بار) عہد لے چکے ہیں (مگر) پھر (بھی) وہ ہر بار اپنا عہد توڑ ڈالتے ہیں اور عہد شکنی سے ڈرتے نہیں۔ سو اگر آپ لڑائی میں ان لوگوں پر قابو پائیں تو ان (پر حملہ کر کے اس) کے ذریعے سے اور لوگوں کو جو کہ ان کے علاوہ ہیں منتشر کر دیجئے تاکہ وہ لوگ سمجھ جائیں اور اگر آپ کو کسی قوم سے خیانت (یعنی عہد شکنی) کا اندیشہ ہو تو آپ وہ عہد ان کو اس طرح واپس کر دیجئے کہ آپ اور وہ (اس اطلاع میں) برابر ہو جائیں۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ خیانت کرنے والوں کو پسند نہیں کرتے اور کافر لوگ اپنے کو یہ خیال نہ کریں کہ وہ بچ گئے یقیناً وہ لوگ (خدا تعالیٰ) کو عاجز نہیں کر سکتے اور ان کافروں کے لئے جس قدر تم سے ہو سکے ہتھیار سے اور پلے ہوئے گھوڑوں سے سامان درست رکھو اور اس کے ذریعے سے تم (اپنا) رعب جمائے رکھو ان پر جو کفر کی وجہ سے اللہ کے دشمن ہیں اور تمہارے دشمن ہیں اور ان کے علاوہ دوسروں پر بھی جن کو تم (بالیقین) نہیں جانتے ان کو اللہ ہی جانتا ہے اور اللہ کی راہ میں جو کچھ بھی خرچ کرو گے وہ تم کو پورا پورا دے دیا جائے گا اور تمہارے لئے کچھ کمی نہ ہوگی۔ ۞

تفسیر: احوال واحکام قتال بعض اہل کتاب ☆ اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۵﴾ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ
الْخَآئِنِيْنَ ﴿۵۸﴾ بلاشبہ بدترین خلائق اللہ کے نزدیک یہ کافر[1] لوگ ہیں (جب یہ علم الٰہی میں ایسے ہیں) تو یہ ایمان نہ لاویں گے جن کی یہ کیفیت[2] ہے کہ آپ ان سے (کئی بار) عہد لے چکے ہیں (مگر) پھر (بھی) وہ ہر بار اپنا عہد توڑ ڈالتے ہیں اور وہ (عہد شکنی سے) ڈرتے نہیں سو اگر آپ لڑائی میں ان لوگوں پر قابو[3] پائیں گے (اور یہ آپ کے ہاتھ آئیں) تو ان (پر حملہ کر کے اس) کے ذریعہ سے اور لوگوں کو جو کہ ان کے علاوہ[4] ہیں منتشر کر دیجئے تاکہ وہ لوگ سمجھ جاویں (کہ نقض عہد کا یہ وبال ہوا ہم ایسا نہ کریں یہ حکم تو اس وقت ہے کہ جب ان لوگوں نے عہد علانیہ توڑ دیا ہو) اور اگر (ابھی تک علانیہ تو نہیں توڑا لیکن) آپ کو کسی قوم سے خیانت (یعنی عہد شکنی) کا اندیشہ ہو تو (اجازت[5] ہے کہ) آپ وہ عہد ان کو اس طرح واپس کر دیجئے (یعنی اس طرح اس عہد کے باقی نہ رہنے کی اطلاع کر دیجئے) کہ آپ اور وہ (اس اطلاع میں) برابر ہو جائیں (اور بدوں ایسی صاف اطلاع کے لڑنا خیانت ہے اور) بلاشبہ اللہ تعالیٰ خیانت کرنے والوں کو پسند نہیں کرتے۔ ف: ایک ایسی ہی آیت اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ اس سورت کے تیسرے رکوع میں مشرکین کے حق میں آ چکی ہے چونکہ دوسرے عصاۃ سے بدتر ہونا سب کفار پر صادق آتا ہے لہٰذا دونوں آیتوں میں کچھ تعارض نہیں اور لَا يُؤْمِنُوْنَ فرمانا ان ہی کے اعتبار سے ہے جو علم الٰہی میں عمر بھر کافر رہنے والے تھے اور اس آیت میں جو شرد اور فانبذ کا خطاب خاص کیا گیا اس طرح آگے مسئلہ صلح میں فَاجْنَحْ لَهَا کا اس میں اشارہ ہے کہ عہد کا حل وعقد امام کی رائے پر ہے عوام کو اس میں دخل نہ دینا چاہئے اور نبذ عہد میں جو خوف خیانت کی قید لگائی بناء علی الغالب ہے کہ اکثر ایسی صورت میں زائد حاجت ہوگی پس اگر بدوں خوف خیانت کے بھی نبذ عہد میں مصلحت ہو تو جائز ہے۔ کذا فی الهداية۔ (ط) : اوپر مشرکین مکہ و یہود مدینہ کے قتال کا ذکر تھا چونکہ قتال میں بعضے بچ بھی جاتے ہیں آگے ان کی نسبت فرماتے ہیں کہ خدا سے نہیں بچ سکیں گے ایک نہ ایک روز مبتلائے عذاب ہونا ہے۔

عدم تحصن کفار از دست قہار ☆ وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَبَقُوْا ؕ اِنَّهُمْ لَا يُعْجِزُوْنَ اور کافر لوگ اپنے کو یہ خیال نہ کریں کہ وہ بچ گئے یقیناً وہ لوگ (خدا تعالیٰ کو) عاجز نہیں کر سکتے (کہ اس کے ہاتھ نہ آویں یا تو دنیا ہی میں مبتلائے عقوبت کر دے گا ورنہ آخرت میں تو یقینی ہے) ف: اوپر قتال کفار کا ذکر تھا آگے سامان قتال مہیا رکھنے کا حکم ہے۔

امر بہ تہیہ قتال ☆ وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ (الی قولہ تعالیٰ) وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ اور ان کافروں (سے مقابلہ کرنے) کے

www.besturdubooks.net

لئے جس قدر تم سے ہو سکے ہتھیار سے اور پلے ہوئے گھوڑوں سے سامان درست رکھو کہ اس (سامان) کے ذریعہ سے تم (اپنا) رعب جمائے رکھو ان پر جو کہ (کفر کی وجہ سے) اللہ کے دشمن ہیں اور (تمہاری فکر میں رہنے کی وجہ سے) تمہارے دشمن ہیں (جن سے شب و روز تم کو سابقہ پڑتا رہتا ہے) اور ان کے علاوہ دوسرے کافروں پر بھی (رعب جمائے رکھو) جن کو تم (بالتعیین) نہیں جانتے (بلکہ) ان کو اللہ ہی جانتا ہے (جیسے کفار فارس اور روم وغیرہم جن سے اس وقت سابقہ نہیں پڑا مگر صحابہ کا ساز و سامان و فن سپہ گری اپنے وقت میں ان کے مقابلہ میں بھی کام آیا اور ان پر بھی رعب جما بعض مقابل ہو کر مغلوب ہوئے بعض نے جزیہ قبول کیا کہ یہ بھی اثر رعب کا ہے) اور اللہ کی راہ میں (جس میں جہاد بھی آ گیا) جو کچھ بھی خرچ کرو گے (جس میں وہ خرچ بھی آ گیا جو ساز و یراق درست کرنے میں کیا جاوے وہ (یعنی اس کا ثواب) تم کو (آخرت میں) پورا پورا دے دیا جاوے گا اور تمہارے لئے (اس میں) کچھ کمی نہ ہوگی۔ **ف**: حدیثوں میں تیر اندازی کی مشق اور گھوڑوں کے رکھنے اور سواری سیکھنے کی بڑی فضیلت آئی ہے اب بندوق اور توپ قائم مقام تیر کے ہے اور عموم قوت میں یہ سب اور ورزش بھی داخل ہے۔ **ربط**: اوپر ارہاب کفار کا بیان تھا اس ارہاب کے بعد احیاناً کفار کی طرف سے صلح کی درخواست ہو سکتی ہے اس لئے آگے آیت وان جنحوا میں اس کا حکم بیان فرماتے ہیں اور چونکہ صلح میں بعض اوقات احتمال ہوتا ہے کہ شاید کفار نے فریب کیا ہو اس کے متعلق جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے وان یریدوا میں وعدہ حفاظت اور تاکد وغیرہ کے لئے اپنے نعم سابقہ کی یاد دہانی کرتے ہیں۔

تَرْجَمَہ مَسَائِلُ السُّلُوْک : قولہ تعالیٰ : فَاِمَّا تَثْقَفَنَّهُمْ فِی الْحَرْبِ فَشَرِّدْ بِهِمْ مَّنْ خَلْفَهُمْ (الی قولہ تعالیٰ) وَ اَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ وَّ مِنْ رِّبَاطِ الْخَیْلِ تُرْهِبُوْنَ بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ۔ اس میں دلالت ہے کہ سیاسی تدابیر کمال باطنی کے منافی نہیں جیسا بعض غلاۃ اہل رہبانیت خیال کرتے ہیں۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَہ : ۱ **قولہ فی الذین کفروا** یہ فالموصول للعهد بقرینة نزولها فی قریظة وقرینة قوله الذین عاهدت الخ۱۲ **قولہ فی الذین عاهدت** جن کی یہ کیفیت اشارة الی کونه لغتا ویحتمل کونه بدلا او خبر مبتدأ وهو هم وقوله هناك ان سے عہد لے چکے فیه اشارة الی ما فی الروح ان من (ای زیادة من۱۲) للایذان بان المعاهدة التی هی عبارة عن اعطاء العهد واخذه من الجانبین معتبرة ههنا من حیث اخذه صلی الله علیه وسلم اذ هو المناط لما نعی علیهم من النقض لا اعطاؤه علیه الصلوٰة والسلام ایاهم عهده کانه قیل الذین اخذت منهم عهدهم والی هذا یرجع قولهم ان من لتضمین العهد معنی الاخذ ای عاهدت آخذا منهم اه و قوله هناك کئی بار بقرینة کل مرة لان النقض کل مرة لا یکون الا بعد العهد کل مرة۱۲۔ ۳ **قولہ فی تثقفنهم** قابو کما فی المدارك تظفرون بهم ومعنی کونه شرطا عندی ان القدرة شرط للجهاد۱۲۔ ۴ **قولہ فی خلفهم** علاوہ لما فی الروح وراء هم۱۲۔ ۵ **قولہ فی فانبذ** اجازت لان النبذ مباح مخیر فیه۱۲۔ ۶ **قولہ فی سواء** اطلاع میں برابر اشارة الی ترکیب علی سواء من کونه حالا ای حال کونك انت وهم علی استواء فی ذلك العلم بالنبذ۱۲۔ ۷ **قولہ فی عدوکم** جن سے شب و روز لیحسن المقابلة مع الآخرین الخ۱۲۔ ۸ **قولہ فی لا تعلمونهم** بالتعیین لان العلم الاجمالی بعد اوة الکفار جمیعا کان حاصلا۱۲۔

الزِّوَائِد: ذکرت فی المتن وانما اصرح ههنا بواحدة لفائدة وهی ما فی اللباب روی ابو الشیخ عن ابن شهاب قال دخل جبرئیل علی رسول الله ﷺ فقال قد وضعت السلاح وما زلت فی طلب القوم فاخرج فان الله اذن لك فی قریظه وانزل فیهم واما تخافن من قوم خیانة الأنة الا والفائدة تحقیق ان الاذن یقتضی وقوع النقض منهم لا خوف النقض منهم فما معنی نزول واما تخافن فیهم والوجه عندی ان الحکم ثابت بالدلالة ای لما کان محض الخوف سببا لجواز القتال ولو بعد النبذ فالنقض اولی به ولا حاجة الی النبذ فافهم۱۲۔

النَّحْو: علی قراء ة الیاء التحتیة الفاعل الموصول والمفعول الاول محذوف ای انفسهم والثانی جملة سبقوا وعلی قرأة التاء الفوقیة الفاعل المخاطب والمفعولان الذین کفروا وسبقوا۔

البَلَاغَة: قوله القوة المصدر والمراد ما به القوة مجازا قوله رباط الخیل الرباط بمعنی المربوط ولما کان المربوط عاما لغة اضیف الی الخیل للبیان کما فی عین الشمس قوله ترهبون لم یقل تقاتلون لان غایة الارهاب احد الامرین القتال والجزیة کما اشیر الیه فی الترجمة۱۲۔

وَ اِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَ تَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ﴿۶۱﴾ وَ اِنْ یُّرِیْدُوْٓا

www.besturdubooks.net

اَنْ يَّخْدَعُوْكَ فَاِنَّ حَسْبَكَ اللّٰهُ ؕ هُوَ الَّذِيْٓ اَيَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۶۲﴾ وَ اَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ؕ لَوْ اَنْفَقْتَ
مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ ؕ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۶۳﴾
ع ۸ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ حَسْبُكَ اللّٰهُ وَ مَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۶۴﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى الْقِتَالِ ؕ
اِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ عِشْرُوْنَ صٰبِرُوْنَ يَغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ ۚ وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ يَّغْلِبُوْٓا اَلْفًا
مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ﴿۶۵﴾ اَلْـٰٔنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ ضَعْفًا ؕ
فَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ صَابِرَةٌ يَّغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ ۚ وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ اَلْفٌ يَّغْلِبُوْٓا اَلْفَيْنِ بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ
وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۶۶﴾

اور اگر وہ (کفار) صلح کی طرف جھکیں تو آپ بھی اس طرف جھک جایئے اور اللہ پر بھروسہ رکھئے بلاشبہ وہ خوب سننے والا خوب جاننے والا ہے اور اگر وہ لوگ آپ کو دھوکا دینا چاہیں تو اللہ تعالیٰ آپ کے لئے کافی ہے اور وہی ہے جس نے آپ کو اپنی (غیبی) امداد (ملائکہ) سے اور (ظاہری امداد) مسلمانوں سے قوت دی اور ان کے قلوب میں اتفاق پیدا کر دیا اور اگر آپ دنیا بھر کا مال خرچ کرتے تب بھی ان کے قلوب میں اتفاق پیدا نہ کر سکتے لیکن اللہ ہی نے ان میں باہم اتفاق پیدا کر دیا بے شک وہ زبردست ہیں حکمت والے ہیں۔ اے نبی آپ کے لئے اللہ کافی ہے اور جن مؤمنین نے آپ کا اتباع کیا ہے وہ کافی ہیں۔ اے پیغمبر آپ مؤمنین کو جہاد کی ترغیب دیجئے اگر تم میں کے بیس آدمی ثابت قدم رہنے والوں ہوں گے تو دو سو پر غالب آ جائیں گے اور (اسی طرح) اگر تم میں کے سو آدمی ہوں گے تو ایک ہزار کفار پر غالب آ جائیں گے۔ اس وجہ سے کہ وہ ایسے لوگ ہیں جو (دین کو) کچھ سمجھتے نہیں۔ اب اللہ تعالیٰ نے تم پر تخفیف کر دی اور معلوم کر لیا کہ تم میں ہمت کی کمی ہے۔ سو اگر تم میں کے سو آدمی ثابت قدم رہنے والے ہوں گے تو دو سو پر غالب آ جائیں گے اور اگر تم میں کے ہزار ہوں گے تو دو ہزار پر اللہ کے حکم سے غالب آ جائیں گے اور اللہ تعالیٰ صابرین کے ساتھ ہے ۞

تفسیر: اذن قبول صلح و وعدۂ حفاظت از شر کفار ☆ وَ اِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَ تَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ (الی قولہ تعالیٰ) وَ مَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۶۴﴾ اور اگر وہ (کفار) صلح کی طرف جھکیں تو آپ (کو) بھی (اجازت ہے کہ اگر اس میں مصلحت دیکھیں تو) اس طرف جھک جایئے اور (اگر باوجود مصلحت کے یہ احتمال ہو کہ یہ ان کی چال نہ ہو تو) اللہ پر بھروسہ رکھئے (ایسے احتمالوں سے اندیشہ نہ کیجئے) بلاشبہ وہ خوب سننے والا خوب جاننے والا ہے (ان کے اقوال اور احوال کو سنتا اور جانتا ہے ان کا خود انتظام کر دے گا) اور اگر (واقع میں وہ احتمال صحیح ہو اور) وہ لوگ (سچ مچ) صلح سے) آپ کو دھوکا دینا چاہیں تو اللہ تعالیٰ آپ (کی مدد اور حفاظت کرنے) کے لئے کافی ہیں (جیسا کہ اس کے قبل بھی آپ کی کفایت فرماتے تھے چنانچہ) وہ وہی ہے جس نے آپ کو اپنی (غیبی) امداد (یعنی ملائکہ) سے اور (ظاہری امداد یعنی) مسلمانوں سے قوت دی اور (مسلمانوں کو ذریعہ امداد بنانے کے لئے) ان کے قلوب میں اتفاق پیدا کر دیا (چنانچہ ظاہر ہے کہ اگر باہم اتفاق نہ ہو تو کوئی کام خصوص دین کی نصرت مل کر نہیں کر سکتے اور ان میں بوجہ حب ریاست اور غلب بغض و عداوت اتفاق ایسا دشوار تھا کہ) اگر آپ (باوجودیکہ عقل و تدبیر بھی کامل رکھتے ہیں اور سامان بھی اس کے لئے آپ کے پاس کافی ہوتا یہاں تک کہ) دنیا بھر کا مال (اس کام کے لئے) خرچ کرتے تب بھی ان کے قلوب میں اتفاق پیدا نہ کر سکتے لیکن (یہ) اللہ ہی کا (کام تھا کہ اس) نے ان میں باہم اتفاق پیدا کر دیا بے شک وہ زبردست ہیں کہ (جو چاہیں اپنی قدرت سے کر دیں اور) حکمت والے ہیں (کہ جس طریق سے مناسب جانیں اس کام کو کر دیں اور جب اللہ تعالیٰ کا اپنی غیبی امداد اور مؤمنین سے آپ کی نصرت فرمانا معلوم ہو گیا تو) اے نبی (اس سے ثابت ہو گیا کہ) آپ کے لئے (حقیقت میں) اللہ کافی ہے اور جن مؤمنین نے آپ کا اتباع کیا ہے (ظاہراً) وہ کافی ہیں۔ ف: فَاجْنَحْ لَهَا میں مصلحت کی قید لگا دی اور اس امر کو تخییر پر محمول کیا اس سے آیت کا منسوخ ہونا لازم نہ آیا جیسا بعض نے اختیار کیا ہے اور تمہید میں جو وعدہ حفاظت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تخصیص کی گئی اس سے یہ شبہ رفع ہو گیا کہ بعض اوقات کفار کا خداع مؤمنین کے مقابلہ میں چل جاتا ہے اور آپ کے مقابلہ میں کبھی خداع میں کامیابی بعد نزول اس آیت کے ثابت نہیں۔

ربط: اوپر صلح کے متعلق مضمون تھا آگے قتال کے متعلق ایک قانون ہے نیز اوپر کفایت و نصرت الٰہیہ کا مضمون تھا آیت آئندہ میں بطور تفریع کے امر بالقتال ہے۔

www.besturdubooks.net

قانون قرار وفرار در قتال کفار ☆ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى الْقِتَالِ (الی قولہ تعالیٰ) وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ۝۔ اے پیغمبر (ﷺ) آپ مؤمنین کو جہاد کی ترغیب دیجئے (اور اس کے متعلق یہ قانون سنا دیجئے کہ) اگر تم میں کے بیس آدمی ثابت قدم رہنے والے ہوں گے تو (اپنے سے دس گنا عدد پر یعنی) دو سو پر غالب آجاویں گے اور (اسی طرح) اگر تم میں کے سو آدمی ہوں گے تو ہزار کفار پر غالب آجاویں گے اس وجہ سے کہ وہ ایسے لوگ ہیں جو (دین) کو کچھ نہیں سمجھتے (اور اس وجہ سے کفر پر مصر ہیں اور اس سبب سے ان کو غیبی امداد نہیں پہنچتی اس سبب سے وہ مغلوب ہو جاتے ہیں پس تم پر واجب ہے کہ اپنے سے دس گنا کے مقابلہ سے بھی پسپا نہ ہو اول یہ حکم نازل ہوا تھا جب صحابہؓ پر شاق ہوا تو عرض کیا ایک مدت کے بعد یہ دوسری آیت جس سے وہ پہلا حکم منسوخ ہو گیا نازل ہوئی یعنی) اب اللہ تعالیٰ نے تم پر تخفیف کر دی اور معلوم کر لیا کہ تم میں ہمت کی کمی ہے سو (اب یہ حکم دیا جاتا ہے کہ) اگر تم میں کے سو آدمی ثابت قدم رہنے والے ہوں گے تو (اپنے سے دوگنے عدد پر یعنی) دو سو پر غالب آجاویں گے اور (اس طرح) اگر تم میں کے ہزار ہوں گے تو دو ہزار پر اللہ کے حکم سے غالب آجائیں گے اور (ہم نے جو صابر کی قید لگائی تو اس لئے کہ) اللہ تعالیٰ صابرین (یعنی جو دل اور قدم سے ثابت رہیں ان) کے ساتھ ہیں (یعنی ان کی مدد کرتے ہیں)

ف: ہر چند کہ یہاں لفظاً صیغہ خبر کا ہے کہ اتنے آدمی اتنوں پر غالب آجاویں گے لیکن مقصود خبر نہیں بلکہ انشاء اور امر ہے یعنی قرار واجب ہے اور فرار حرام ہے اور بعنوان خبر تعبیر کرنے میں بطور کنایہ کے مبالغہ و تاکید ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ جیسا غلبہ کی خبر یقینی ہونے پر ثبات واجب ہونا چاہئے اسی طرح اب واجب ہے پس مدلول لفظی یعنی خبر مقصود ہی نہیں تو اس پر صدق و کذب کا شبہ واقع نہیں ہو سکتا کہ بعض اوقات ہم اس غلبہ کو منتفی دیکھتے ہیں وجہ دفع یہ ہے کہ کنایہ میں انتقال ملزوم سے لازم کی طرف ہوتا ہے اور مقصود لازم ہوتا ہے اور ملزوم غیر مقصود اور غیر مقصود پر صدق و کذب متوجہ نہیں ہوتا خوب سمجھ لو اگرچہ یہاں خود ملزوم بھی فی نفسہ صادق ہے اس لئے کہ يَغْلِبُوْا بِاِذْنِ اللّٰهِ کے ساتھ مقید ہے پس اگر کسی حکمت کی وجہ سے اذن نہ ہو تو غلبہ بھی نہ ہوگا اور ضعف کی وجہ احقر کے نزدیک یہ ہے کہ یہ قاعدہ طبعی ہے کہ جب کام کرنے والے کم ہوتے ہیں اور کام ضروری سمجھا جاتا ہے تو اس وقت ہمت زیادہ ہوتی ہے ہر شخص جانتا ہے کہ میرے ہی کرنے سے ہوگا اور جب کام کرنے والے بڑھ جاتے ہیں تو ہر شخص کو خیال ہوتا ہے کہ کیا مجھی پر منحصر ہے اور بھی تو کام کرنے والے ہیں سب مل کر کیوں نہیں کرتے اس لئے جوش اور گرمی میں کمی ہو جاتی ہے پس اس لئے ابتدائے اسلام میں مثلاً بدر میں ہمت کی اور حالت تھی جب ماشاء اللہ مردم شماری بڑھی تو طبیعت اور ہمت کا رنگ بدل گیا چنانچہ در منثور میں بعض سلف سے اس پہلے حکم کا در بارہ بدر کے ہونا اور دوسرے حکم کا بعد کے لئے ہونا منقول ہے اور یہ ایک امر طبعی ہے پس صحابہؓ پر یہ شبہ نہیں ہو سکتا کہ ان کے ملکات باطنہ تو روز افزوں ترقی تھے اور اس سے انحطاط کا شبہ ہوتا ہے۔

ربط: اوپر قتال کا حکم ہے چونکہ قتال میں گاہے کفار قید ہو کر آتے ہیں اس لئے آگے بضمن اساریٰ بدر کے اس کا حکم ہے اور سبب نزول ان آیات کا یہ ہے کہ بدر میں ستر کافر پکڑے ہوئے آئے تو آپ ﷺ نے صحابہ سے ان کے باب میں مشورہ کیا بعض نے مشورہ دیا کہ ان کو قتل کر دینا چاہیے بعض نے کہا ان سے کچھ مال لے کر چھوڑ دینا چاہیے۔ آپ ﷺ پر وحی نازل ہوئی کہ ان صحابہؓ سے فرما دیجئے کہ تم کو اختیار دیا جاتا ہے خواہ ان کو قتل کر دو خواہ ان سے فدیہ لے کر چھوڑ دو مگر اس صورت میں اگلے سال ستر آدمی شہید ہوں گے غرض اکثر صحابہؓ کی یہ رائے ہوئی کہ خیر ہم شہید ہو جاویں گے اس وقت ان کو فدیہ لے کر چھوڑ دیا جاوے شاید یہ مسلمان ہو جاویں اور اس وقت مسلمانوں کو مالی مدد ملے آپ ﷺ نے بھی بوجہ رحمدلی کے اسی رائے کو پسند فرمایا چنانچہ باستثنائے بعض کے کہ وہ قتل کئے گئے جیسے عقبہ اور نضر اور طعمہ باقی سب قیدیوں سے فدیہ لے کر چھوڑ دیا گیا صرف حضرت ابو العاصؓ کو کہ وہ بھی اس وقت ان میں تھے صحابہؓ کی مرضی سے بدوں کچھ لئے ہوئے چھوڑ دیا اس کو اصطلاح شرع میں من کہتے ہیں اس پر یہ آیتیں مَا كَانَ لِنَبِيٍّ (الی قولہ تعالیٰ) عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝ نازل ہوئیں ان آیتوں سے صحابہؓ کو اس فدیہ کے حلال و حرام ہونے میں شبہ ہو گیا تو آیت: فَكُلُوْا الخ نازل ہوئی چونکہ بعض قیدی فدیہ دینے کے بعد مسلمان ہو گئے تھے جیسے حضرت عباسؓ وغیرہ اور انہوں نے آپ سے بوجہ فدیہ دینے کے مفلس ہو جانے کی شکایت کی اس پر آیت: يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّمَنْ فِيْٓ اَيْدِيْكُمْ مِّنَ الْاَسْرٰٓى الخ نازل ہوئی اور تتمہ قصہ کا مع بعض مسائل و تحقیقات متعلقہ تفسیر آیت کے بعد حرف۔ ف: کے تحت میں مذکور ہوگا۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ اس میں دلالت ہے کہ قلب میں کسی صفت محمودہ کا پیدا کرنا باختیار شیخ نہیں۔ قولہ تعالیٰ: اَلْـٰٔنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ ضَعْفًا اس سے مستنبط ہوتا ہے کہ ضعف مدار تخفیف ہے پس شیخ پر لازم ہے کہ ضعیف کو مجاہدہ قویہ نہ بتلاوے۔

ملحقات الترجمہ: ۱ قولہ فی من اتبعك وہ کافی ہیں اشارۃ الی عطف الموصول علی اللہ کما اختارہ لاکسائی وروی فی الدر المنثور عن الشعبی قال حسبك اللہ وحسبك من اتبعك ویویدہ نزول الآیۃ فی الانصار او فی اسلام عمرؓ کما فی الدر عن الزهری وابن عباسؓ ولا یرد انہ لیس وراء الکفایۃ شیء لان الکفایۃ جنسان حقیقی وظاهری فلا اشکال وهذا کما فی قولہ تعالیٰ قل کفی باللہ شهیدا بینی

www.besturdubooks.net

وبینکم ومن عندہ علم الکتب۱۲۔۲ قولہ قبل الآن مدت کے بعد وکذا فی الروح ۱۲۔

فَائِدَہ: تقیید التخفیف بالآن ظاہر واما تقیید العلم بہ فباعتبار تعلقہ من حیث کون المعلوم واقعا فی الحال لان العلم علی وفق المعلوم فافہم ۱۲۔

اَلنَّحْوُ: فاجنح لہا الضمیر للمسلم اما لکونہ مؤنثا سماعیا واما لحملہ علی نقیضہا الحرب التی ہی مؤنث سماعی وحسبک فیہ اضافۃ حب بمعنی الکافی الی الکاف ای کافیک ۱۲۔

اَلْبَلَاغَۃُ: ذکر فی الآیتین عددین للقلیل وعددین لکثیر ایذانا بانہ لا خصوصیۃ بعدد دون عدد بل الاعتبار للنسبۃ الخاصۃ وقید القلیلین بالصابرۃ لیقاس الکثیر علیہ وخص القلیل بہ لان الحاجۃ فیہ اظہر وقید الالف من الکفار بالذین کفروا لیقاس علیہ غیرہ وقید غلبتہم الفین باذن اللہ یقاس علیہ غیرہ واشار الی علۃ مغلوبیۃ الکفار بقولہ بانہم قوم والی علۃ غالبیۃ المؤمنین بقولہ واللہ مع الصابرین وزاد القلیل الثانی علی القلیل الاول فی الآیۃ الاولی بخمسۃ امثالہ وزاد فی الثانیۃ بعشرۃ امثالہ اشارۃ الی کون المسلمین فی بدو الامر قلیلا کانہم لم یوجدوا بحیث یضاعفون الی عشرۃ اضعاف ولا کذلک آخرا فافہم وہذا الاخیر من المواہب ۱۲۔

مَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗٓ اَسْرٰى حَتّٰى يُثْخِنَ فِي الْاَرْضِ ؕ تُرِيْدُوْنَ عَرَضَ الدُّنْيَا ۖ وَ اللّٰهُ يُرِيْدُ الْاٰخِرَةَ ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝ لَوْلَا كِتٰبٌ مِّنَ اللّٰهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِيْمَآ اَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝ فَكُلُوْا مِمَّا غَنِمْتُمْ حَلٰلًا طَيِّبًا ۖ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّمَنْ فِيْٓ اَيْدِيْكُمْ مِّنَ الْاَسْرٰٓى ۙ اِنْ يَّعْلَمِ اللّٰهُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ خَيْرًا يُّؤْتِكُمْ خَيْرًا مِّمَّآ اُخِذَ مِنْكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ وَاِنْ يُّرِيْدُوْا خِيَانَتَكَ فَقَدْ خَانُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ فَاَمْكَنَ مِنْهُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝

نبی کی شان کے لائق نہیں کہ ان کے قیدی باقی رہیں (بلکہ قتل کر دیئے جائیں) جب تک کہ وہ زمین میں اچھی طرح (کفار کی) خونریزی نہ کرلیں۔ تم تو دنیا کا مال اسباب چاہتے ہو اور اللہ تعالیٰ آخرت کی مصلحت کو چاہتے ہیں اور اللہ تعالیٰ بڑے زبردست حکمت والے ہیں اگر خدا تعالیٰ کا ایک نوشتہ مقدر نہ ہو چکا ہوتا تو جو امر تم نے اختیار کیا ہے اس کے بارہ میں تم پر کوئی بڑی سزا واقع ہوتی۔ سو جو کچھ تم نے لیا ہے۔ اس کو حلال پاک سمجھ کر کھاؤ اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو بے شک اللہ تعالیٰ بڑے بخشنے والے بڑے رحمت والے ہیں۔ اے پیغمبر آپ کے قبضہ میں جو قیدی ہیں آپ ان سے فرما دیجئے کہ اگر اللہ تعالیٰ کو تمہارے قلب میں ایمان معلوم ہوگا تو جو کچھ تم سے (فدیہ میں) لیا گیا ہے (دنیا میں) اس سے بہتر تم کو دے دے گا اور آخرت میں تم کو بخش دے گا اور اللہ تعالیٰ بڑی مغفرت والے ہیں بڑی رحمت والی ہیں اور اگر (بالفرض) یہ لوگ آپ کے ساتھ خیانت (نقض عہد) کرنے کا ارادہ رکھتے ہوں تو (کچھ فکر نہ کیجئے) اس سے پہلے انہوں نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ خیانت کی تھی۔ پھر اللہ تعالیٰ نے ان کو گرفتار کرا دیا اور اللہ تعالیٰ خوب جاننے والے ہیں بڑی حکمت والے ہیں۔ ۞

تفسیر: حکم اساریٰ بدر ☆ مَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗٓ اَسْرٰى (الی قولہ تعالیٰ) لَمَسَّكُمْ فِيْمَآ اَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝ ۔ (اے مسلمانو! تم نے نبی ﷺ کو جو ان قیدیوں سے کچھ لے کر چھوڑ دینے کا مشورہ دیا یہ بیجا تھا کیونکہ) نبی کی شان کے لائق نہیں کہ ان کے قیدی باقی رہیں (بلکہ قتل کر دیئے جاویں) جب تک وہ زمین میں اچھی طرح (کفار کی) خونریزی نہ کرلیں (کیونکہ مشروعیت جہاد کی اصلی غرض دفع فساد ہے اور بدوں اس حد کے جس میں کہ بالکل شوکت کفار کی ٹوٹ جاوے دفع فساد ممکن نہیں پس اس نوبت سے پہلے قیدیوں کا زندہ چھوڑ دینا آپ ﷺ کی شان اصلاح کے مناسب نہیں البتہ جب ایسی قوت ہو جاوے پھر قتل ضروری نہیں بلکہ اور صورتیں بھی مشروع ہیں جو ف: کے تحت میں مذکور ہیں پس ایسی نامناسب رائے تم نے آپ کو کیوں دی) تم تو دنیا کا مال اسباب چاہتے ہو (اس لئے فدیہ کی رائے دی) اور اللہ تعالیٰ آخرت (کی مصلحت) کو چاہتے ہیں (اور وہ اسی میں ہے کہ کفار خوف سے مغلوب ہو جاویں جس میں آزادی سے اسلام کا نور و ہدایت پھیلے اور بے روک ٹوک لوگ بکثرت مسلمان ہوں اور نجات پاویں) اور اللہ تعالیٰ بڑے زبردست بڑی حکمت والے ہیں (وہ تم کو کفار پر غالب کرتے اور فتوحات کی کثرت سے تم کو مالدار کر دیتے گو کسی حکمت کے سبب اس میں دیر ہوتی جو فعل تم سے واقع ہوا ہے وہ ایسا ناپسندیدہ

www.besturdubooks.net

ہے کہ) اگر خدا تعالیٰ کا ایک نوشتہ مقدر نہ ہو چکتا (وہ یہ کہ ان قیدیوں میں لوگ مسلمان ہو جاویں گے جس سے فساد محتمل واقع نہ ہوگا اگر یہ نہ ہوتا) تو جو امر تم نے اختیار کیا ہے اس کے بارے میں تم پر کوئی بڑی سزا واقع ہوتی (لیکن چونکہ کوئی فساد نہ ہوا اور اتفاقاً تمہارا مشورہ صائب نکل آیا اس لئے تم سزا سے بچ گئے) **ف**: تتمہ قصہ کا یہ ہے کہ اس کے بعد بعض صحابہؓ نے آپ ﷺ کو روتے ہوئے دیکھا پوچھا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ عذاب کے آثار بہت قریب آ گئے تھے مگر اللہ تعالیٰ کا فضل ہوا کہ نازل نہیں ہوا اور تحقیق ضروری اس کے متعلق یہ ہے کہ اس قصہ میں صحابہؓ نے آیا کسی نص کے ہوتے ہوئے قیاس کیا یا بدوں نص کے قیاس کیا شق اول تو یہ اشکال ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے کیوں موافقت فرمائی اور شق ثانی پر یہ اشکال ہے کہ عتاب کیوں ہوا خاص کر جبکہ وحی سے اختیار دے دیا گیا تھا پھر یہ عتاب میں صحابہؓ کی کیا تخصیص کی گئی جب کہ حضور ﷺ بھی قبول کرنے میں شریک تھے۔ جواب یہ ہے کہ ہم شق ثانی کو اختیار کرتے ہیں اور وجہ عتاب یہ ہے کہ ایک جزو اس رائے کے مبنی کا مصلحت دنیویہ یعنی اخذ مال بھی تھا جس کے منشاء یعنی حب دنیا کا مذموم ہونا پہلے سے معلوم تھا جس کی طرف تُرِيْدُوْنَ عَرَضَ الدُّنْيَا ۚ میں صاف اشارہ ہے رہا صحابہؓ کا پھر اس طرف مبادرت کرنا اس میں غلطی یہ ہوئی کہ دوسرا جزو اس میں مصلحت دینیہ یعنی احتمال ان کے اسلام لے آنے کا بھی مل گیا جیسا درمنثور میں **فقادهم فيكون عونا لا صحابك** اور **لعل الله ان يتوب عليهم** سے مجموعہ دونوں مصلحتوں کا معلوم ہوتا ہے پس غالباً یوں سمجھے کہ جس امر میں خواہش دنیا تمام علت ہو وہ تو برا اور جس امر میں جزو علت ہو اس کا مضائقہ نہیں یہ خیال سبب مبادرت کا ہو سکتا ہے مگر پھر وجہ عتاب قلت تامل ہے کیونکہ ادنیٰ تامل سے معلوم ہو سکتا ہے کہ حسن اور قبیح سے مرکب قبیح ہوتا ہے اور دین میں دنیا مل جانے سے اخلاص واجر فوت ہوتا ہے پس مجموعہ خواہش دنیا احتمال اسلام کا حسن نہ ہوگا اسی لئے **تريدون عرض الدنيا** پر اکتفاء کیا گیا ان کے احتمال اسلام کے خیال کو معتد بہ نہیں قرار دیا گیا پس اشکال اول تو رفع ہو گیا رہا دوسرا اشکال کہ وحی سے اختیار دے دیا گیا تھا۔ جواب یہ ہے کہ وہ صیغہ تخییر کا تھا مقصود تخییر نہ تھی کیونکہ جس طرح امر گاہے توبیخ کے لئے ہوتا ہے اسی طرح صورت تخییر گاہے امتحان کے لئے ہوتی ہے وجہ یہ کہ تخییر مباحین میں ہوتی ہے ایک مباح اور ایک غیر مباح میں تخییر نہیں ہوا کرتی اور یہاں قتل مباح تھا اور فداء بوجہ مذکور کہ غالب منشاء اس کا خواہش دنیا تھا اور نیز اس وجہ سے کہ اثر اس کا ستر (۷۰) مسلمانوں کا مارا جانا تھا جیسا وحی میں یہ بات بتلا دی گئی تھی) غیر مباح تھا پس یہ صورۃً تخییر تھی اور معنیً شق غیر مرضی کے ضرر پر اطلاع دینا صحابہ کو صورت تخییر سے شبہ ہو گیا اس لئے مبادرت کی مگر چونکہ شبہ ضعیف تھا ادنیٰ تامل سے زائل ہو سکتا تھا جیسا کہ اوپر بیان ہو چکا ہے اس لئے عتاب ہوا تیسرے اشکال کا جواب یہ ہے کہ مبنی ان کے لئے مذموم تھا وہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے محمود تھا کیونکہ ان کو تو مقصود نفع پہنچانا تھا اپنے نفس کو مال سے اور یہ غیر محمود ہے اور آپ کا مقصود تھا نفع پہنچانا اپنے غیر کو کہ وہ صحابہؓ ہیں اور یہ محمود ہے جیسا کہ ظاہر ہے کہ یہ قصد کرنا کہ مجھ کو اتنا روپیہ مل جاوے حرص ہے اور یہ قصد کرنا کہ فلاں غریب کو اتنا روپیہ مل جاوے شفقت اور جود و کرم ہے رہا آپ کا گریہ فرمانا یا تو غایت ہیبت سے ہے اور یا صحابہؓ کی محبت سے ہے کہ ان کو ضرر پہنچتا اور بعض روایات میں جو آیا ہے کہ اگر عذاب نازل ہوتا تو کوئی نہ بچتا مراد یہ ہے کہ صحابہؓ میں کوئی نہ بچتا یہ نہیں کہ میں بھی نہ بچتا مگر خدا تعالیٰ نے عذاب ٹال دیا اور نصیحت فرما دی جو دلیل ہے عفو کی اور حدیث میں اہل بدر کا مغفور ہونا اس سے زیادہ صریح الفاظ میں آیا ہے اب مسائل لکھتا ہوں۔

مسئلہ: حنفیہ کے نزدیک من اور فداء دونوں ناجائز ہیں نہ کہ اس آیت کی وجہ سے کیونکہ حسب نقل صاحب اتقان سورہ انفال کے بعد[1] سورۂ محمد نازل ہوئی اس میں من وفداء کی اجازت ہے اس طرح کہ جب اثخان یعنی شوکت وقوت اسلام کو حاصل ہو جاوے اس وقت من وفداء جائز ہے پس سورۂ محمد کی آیت صورۃً عدم جواز من وفداء کی ناسخ اور معنیً اس کی تفسیر اور بیان ہے پھر بقول اتقان اس کے بعد سورۂ براءت نازل ہوئی جس میں آیت : فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ الخ موجود ہے حنفیہ کے نزدیک اس نے من وفداء کو منسوخ کر دیا پس اب یا تو قتل کیا جاوے یا غلام بنا لیا جاوے اور یا ذمی رعایا بنا کر رکھا جاوے اور دوسرے آئمہ کے نزدیک نسخ نہیں ہوا بلکہ مجموعہ آیات سے مجموعہ سورتوں میں امام مخیر ہے من وفداء واسترقاق وذمیت وقتل روایات تو کتب حدیث و درمنثور سے منقول ہے اور تحقیقات اشکال کی مواہب الٰہیہ سے ہیں اور مسائل ہدایہ سے ہیں۔ واللہ اعلم۔ **ربط**: تمہید آیت ما کان لنبی میں مذکور ہو چکا۔

بیان حلت فدائے اسارئ بدر☆ فَكُلُوْا مِمَّا غَنِمْتُمْ حَلٰلًا طَيِّبًا ۪ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ یعنی ہم نے اس فدیہ کو مباح کر دیا سو جو کچھ تم نے (ان سے فدیہ میں) لیا ہے اس کو حلال پاک سمجھ کر کھاؤ اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو (کہ آئندہ ہر طرح کی احتیاط رکھو) بیشک اللہ تعالیٰ بڑے بخشنے والے بڑی رحمت والے ہیں (کہ تمہارا گناہ بھی معاف کر دیا یہ مغفرت ہے اور فدیہ بھی حلال کر دیا یہ رحمت ہے)۔ **ربط**: تمہید آیت : مَا كَانَ لِنَبِيٍّ میں مذکور ہو چکا۔

وعدہ مسلمین اسارئ بنعم دارین بشرط اخلاص☆ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّمَنْ فِيْٓ اَيْدِيْكُمْ مِّنَ الْاَسْرٰٓى (الی قولہ تعالیٰ) وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ اے پیغمبر آپ کے قبضہ میں جو قیدی ہیں (ان میں جو مسلمان ہو گئے ہیں) آپ ان سے فرما دیجئے کہ اگر اللہ تعالیٰ کو تمہارے قلب میں ایمان معلوم ہوگا (یعنی تم دل سے

www.besturdubooks.net

مسلمان ہوئے ہونگے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا علم تو مطابق واقع کے ہوتا ہے اللہ تعالیٰ مسلمان اسی کو جانیں گے جو واقع میں مسلمان ہوگا اور جو شخص غیر مسلم ہوگا اس کو غیر مسلم ہی جانیں گے پس اگر تم دل سے مسلمان ہوگئے) تو جو کچھ تم سے (فدیہ میں) لیا گیا ہے (دنیا میں) اس سے بہتر تم کو دے دے گا اور (آخرت میں) تم کو بخش دے گا اور اللہ تعالیٰ بڑی مغفرت والے ہیں (اس لئے تم کو بخش دیں گے اور) بڑی رحمت والے ہیں (اس لئے تم کو نعم البدل دیں گے) اور اگر بالفرض) یہ لوگ (صدق دل سے مسلمان نہ ہوئے ہوں بلکہ اظہار اسلام سے محض آپ کو دھوکا ہی دینا چاہیں اور دل میں) آپ کے ساتھ خیانت کرنے کا (یعنی نقض عہد کر کے مخالفت و مقابلہ کا) ارادہ رکھتے ہوں تو (کچھ فکر نہ کیجئے اللہ تعالیٰ ان کو پھر آپ کے ہاتھوں میں گرفتار کرا دے گا جیسا) اس سے پہلے انہوں نے اللہ کے ساتھ خیانت کی تھی (اور آپ کی مخالفت اور مقابلہ کیا) پھر اللہ نے ان کو (آپ کے ہاتھوں میں) گرفتار کرا دیا اور اللہ تعالیٰ خوب جاننے والے ہیں (کہ کون خائن ہے اور) بڑی حکمت والے ہیں (ایسی صورتیں پیدا کر دیتا ہے جس سے خائن مغلوب ہو جاوے)۔ ف: اِنْ یُّرِیْدُوْا سے کوئی شخص یہ نہ سمجھے کہ ان صاحبوں کا ایمان مشکوک فیہ تھا یا نعوذ باللہ اللہ تعالیٰ کو دونوں احتمال تھے اصل یہ ہے کہ یہاں قضیہ شرطیہ سے مقصود خیانت پر فَاَمْكَنَ مِنْهُمْ کا مرتب کرنا ہے کہ یہ اس کے لوازم سے ہے تاکہ آپ کو تسلی رہے اور اخلاص کا شرط ہونا مؤکد ہو جاوے اور حضرت عباسؓ سے روایت ہے کہ مجھ کو بیس اوقیہ فدیہ میں دینے پڑے تھے ہر اوقیہ چالیس درہم یعنی تخمیناً دس روپیہ کا ہوتا ہے بیس اوقیہ دوسو (۲۰۰) روپیہ کے کم و بیش ہوئے آج میرے پاس بیس غلام ہیں اور ہر ایک کے پاس بکثرت مال ہے اور ایک بار ان کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اتنا مال دیا تھا جتنا یہ اُٹھا سکے اور فرماتے ہیں کہ دوسرے وعدہ یعنی مغفرت کا مجھ کو انتظار اور امید ہے کذا فی الدر المنثور۔ رابط: اوپر کفار کے قتال اور صلح اور ان کو قید کرنے کا ذکر تھا اور تینوں مسلمانوں کے غلبہ اور شوکت کے وقت واقع ہوتے ہیں قتل اور قید تو ظاہر ہے اور صلح کی بھی کفار جب ہی درخواست کرتے ہیں جب کسی قدر مسلمانوں سے دبتے ہیں پس یہ احکام تو غلبہ کے متعلق ہوئے گا ہے مسلمان مغلوب ہوتے ہیں کہ نہ قتل و قید پر قادر اور نہ ان سے کفار صلح کرنا چاہتے ہیں ایسے وقت میں ہجرت کی ضرورت واقع ہوتی ہے آگے ہجرت کے بعض احکام جو میراث کے متعلق ہیں اور بمناسبت مقابلہ بعض احکام غیر مہاجرین اور غیر مؤمنین کے باعتبار اسی میراث کے بیان فرماتے ہیں حاصل تقسیم اور احکام کا یہ ہے کہ مکلف دو حال سے خالی نہیں یا مؤمن ہے یا کافر۔ کافر کا حکم یہ ہے کہ وہ باہم ایک دوسرے کے وارث ہوں گے مسلمان ان کا وارث نہ ہوگا نہ وہ مسلمان کے وارث ہوں گے اور یہ حکم اب بھی باقی ہے اور مؤمن دو دو قسم کے ہیں ایک مہاجر یعنی جنہوں نے فتح مکہ سے پہلے مدینہ کی طرف ہجرت کی ہو کیونکہ فتح مکہ کے بعد عرب دار الاسلام ہو گیا تھا پھر سب جگہ رہنا برابر تھا اور دوسرے قسم غیر مہاجر۔ مہاجر کا حکم یہ تھا کہ ان میں اور انصار میں جنہوں نے مہاجرین کو رکھا' نکایا یا ان کی خدمت اور نصرت کی بوجہ اس کے کہ مہاجرین کے اکثر اقارب اسلام سے مشرف نہ تھے مثل اقارب کے میراث جاری ہوتی تھی اور اس میں سب مہاجرین متساوی تھے خواہ مہاجرین اولین میں سے ہوں جنہوں نے زمانہ ہجرت نبویہ میں ہجرت کی یا غیر اولین سے ہوں البتہ ان میں باعتبار فضیلت کے باہم تفاوت ہوگا اور یہ حکم بعد فتح کے منسوخ ہو گیا اور غیر مہاجر کا یہ حکم تھا کہ اس میں اور اس کے مہاجر رشتہ دار میں توارث نہ ہوتا تھا اور یہ حکم بھی منسوخ ہے اب تباین دارین اہل اسلام میں مانع توارث نہیں البتہ باہم کفار میں ہے اور باوجود عدم توارث کے اس غیر مہاجر کا یہ بھی حکم تھا کہ اگر وہ مہاجرین سے بمقابلہ کفار کے کسی مذہبی مقاتلہ میں طالب امداد ہو تو امداد اس کی واجب ہے لیکن اگر ایسی قوم کے مقابلہ میں طالب امداد ہو کہ مہاجرین میں اور ان میں باہم عہد و پیمان ہے تو بقائے عہد تک ان کو مدد نہ دی جاوے ہاں اگر عہد توڑ دیا جاوے تو پھر مدد جائز ہے رہا یہ کہ ایسے وقت عہد توڑ دینا واجب ہے یا نہیں اور حکم اخیر کیا ہے تو اس کی تحقیق کتب تفسیر و سیر و ناسخ و منسوخ و فقہ و احکام سے معلوم ہو سکتی ہے ان آیات میں یہ اقسام اور یہی احکام مذکور ہیں اور اس تمہید میں جو مضامین از قبیل روایت ہیں یا ماخذ ان کا در منثور سے صحابہؓ و تابعین کے اقوال ہیں۔

تَرْجَمَۃُ مَسَائِلِ السُّلُوْک: قولہ تعالیٰ: مَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗٓ اَسْرٰى حَتّٰى يُثْخِنَ فِي الْاَرْضِ ۔ جب معصوم پر خطاء فی الاجتہاد جائز ہے تو غیر معصوم کا تو کیا پوچھنا پس شیوخ پر امتناع خطا کا اعتقاد اور ان کی معصیت میں بھی سر غامض کا اعتقاد کس درجہ غلو قبیح ہے۔ قولہ تعالیٰ: لَوْلَا كِتٰبٌ مِّنَ اللّٰهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ الخ جس خطاء اجتہادی پر اجر وارد ہے اس پر عتاب اس مقولہ کی صحت کی دلیل ہے: حسنات الابرار سیئات المقربین۔ قولہ تعالیٰ: اِنْ يَّعْلَمِ اللّٰهُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ خَيْرًا يُّؤْتِكُمْ خَيْرًا مِّمَّآ اُخِذَ مِنْكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۔ اس میں دلالت ہے کہ طاعت سے دنیا اور آخرت دونوں کے برکات حاصل ہوتے ہیں خواہ مال کی صورت میں یا باطنی احوال کی صورت میں۔

اَلْحَوَاشِیْ: (۱) (یہ ایک قول ہے اور اسی پر تفسیر مذکور کی گئی ہے اور اگر دوسرا قول لیا جاوے کہ سورۂ محمد نزول میں سورۂ انفال سے مقدم ہے جیسا کہ بعض نے سورۂ محمد کو مکیہ بھی کہا ہے تو اس وقت تفسیر آیت کی سہل یہ ہوگی کہ سورۂ محمد میں اساریٰ کے جواز من یا فداء کو مقید کیا گیا تھا اثخان کے ساتھ فی قولہ تعالیٰ: حَتّٰٓى اِذَآ اَثْخَنْتُمُوْهُمْ فَشُدُّوا الْوَثَاقَ فَاِمَّا مَنًّۢا بَعْدُ وَاِمَّا فِدَآءً اور یہاں اثخان (تام) ہوا نہ تھا تو اس صورت میں فداء کو اختیار نہ کرنا چاہئے تھا و ھذا

www.besturdubooks.net

معنی قولہ تعالیٰ :مَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗٓ اَسْرٰى حَتّٰى يُثْخِنَ فِي الْاَرْضِ [الأنفال : ٦٧] پھر دوسری آیت میں صحابہ کا عذر مقتضی للعفو ارشاد فرمایا ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ اگر ہمارا ایک حکم نوشتہ نہ ہو چکتا اور وہ یہ ہے کہ **مخطی فی الاجتہاد** کو عتاب نہیں ہوتا تو اس قصہ میں عذاب آتا اور کتاب سابق من اللہ سے سورۂ بقرہ کی یہ آیت مراد ہے :لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا [البقرة : ٢٨٦] جو عموم مدلول انتفاء تکلیف مالا یطاق وعدم مواخذہ علی الخطا والنسیان کے اعتبار سے خطائی الاجتہاد کو بھی شامل ہے اور یہاں خطاء اجتہادی یہ ہوئی کہ جو ستر رؤساء کفار قتل کیے گئے تھے وہ زیادہ ذی اثر تھے یوں خیال ہوا کہ ان کے قتل سے اثخان معتد بہ متحقق ہو گیا اور زیادہ غور کرتے تو سمجھتے کہ اثخان تام کا تحقق ان اساریٰ کے قتل پر بھی موقوف ہے اسی زائد غور نہ کرنے پر صورۃً عتاب متوجہ ہوا وھذا التوجیہ مما القی فی روعی عاشر ربیع الاول ۱۳۳۴ھ صباحاً وللہ الحمد ۱۲ منہ

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃ : ۱ **قولہ فی ما کان** اے مسلمانو وھذا ولی من المشھور ویؤیدہ قول بعضھم ان الکلام علی تقدیر مضاف ای ما کان لاصحاب نبی کما فی الروح ۱۲۔ ۲ **قولہ فی ان یکون** باقی فالانکار علی کون الاسریٰ باقین احیاء لا علی الاسر فا لکون اماتامۃ ای یوجد بمعنی یستمر وجودھم وحیاتھم او ناقصۃ ای یکون الاسریٰ باقین احیاء بدلالۃ قرینۃ المقام ۱۲۔ ۳ **قولہ فی ایدیکم** من الاسریٰ قبضہ الی مسلمان اشارۃ الی ان الایدی حقیقۃ لکونھم فی حکومتہ والاسریٰ مجازا باعتبار ما کان وفیہ عھد لاختصاص الوعد لمن اسلم منھم ۱۲۔ ۴ **قولہ فی جزاء ان یردوا** گرفتار کرادے گا فالجزاء مقدر ای سیمکنک منھم ای یقدرک علیھم کما امکن قبلہ لما خانوا ۱۲۔

اَللُّغَات :الاثخان المبالغۃ فی الجرح والقتل الی ان یعز الاسلام ویذل الکفر واھلہ ۱۲۔

اَلْبَلَاغَۃ : قولہ غنمتم لما کان حال الغنیمۃ معلوما من قبل ولم یکن دخول الفداء فی الغنیمۃ معلوما عبرہ بھا لتاکید الحل ولھذا التاکید زاد طیبا بعد قولہ حلالا لئلہ یبقی لھم ریب فی ذلک وما وقع فی الترمذی مرفوعا لم تحل الغنائم لاحد من قبلکم فلما کان یوم بدر وقعوا فی الغدء قبل ان تحل لھم فانزل اللہ لو لا کتٰب اللہ الخ فعندی فیہ اختصار والمعنی لم تحل الغنائم من قبلکم ثم احلت لھم (ای للصحابۃؓ) لکن لم تحل الغنائم الخاصۃ ای الفداء فلما کان یوم بدر وقعوا فی الفداء قبل ان تحل لھم الخ ۱۲۔

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْٓا اُولٰٓئِكَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۭ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ يُهَاجِرُوْا مَا لَكُمْ مِّنْ وَّلَايَتِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ حَتّٰى يُهَاجِرُوْا ۚ وَاِنِ اسْتَنْصَرُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ فَعَلَيْكُمُ النَّصْرُ اِلَّا عَلٰي قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿٧٢﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۭ اِلَّا تَفْعَلُوْهُ تَكُنْ فِتْنَةٌ فِي الْاَرْضِ وَفَسَادٌ كَبِيْرٌ ﴿٧٣﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْٓا اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ۭ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿٧٤﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْۢ بَعْدُ وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا مَعَكُمْ فَاُولٰٓئِكَ مِنْكُمْ ۭ وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿٧٥﴾

بے شک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے ہجرت کی اور اپنے مال اور جان سے اللہ کے رستے میں جہاد کیا اور جن لوگوں نے رہنے کو جگہ دی اور مدد کی یہ لوگ باہم ایک دوسرے کے وارث ہوں گے اور جو لوگ ایمان تو لائے اور ہجرت نہیں کی تمہارا ان سے میراث کا کوئی تعلق نہیں جب تک کہ وہ ہجرت نہ کریں اور اگر وہ تم سے دین کے کام میں مدد چاہیں تو تمہارے ذمہ مدد کرنا واجب ہے مگر اس قوم کے مقابلہ میں نہیں کہ تم میں اور ان میں باہم عہد (صلح کا) ہو اور اللہ تعالیٰ تمہارے سب کاموں کو دیکھتے ہیں اور جو لوگ کافر ہیں وہ باہم ایک دوسرے کے وارث ہیں اگر اس (حکم مذکور) پر عمل نہ کرو گے تو دنیا میں بڑا فتنہ اور فساد پھیلے گا اور جو لوگ (اوّل) مسلمان ہوئے اور انہوں نے (ہجرت نبویہ کے زمانہ میں) ہجرت کی اور اللہ کی راہ میں جہاد کرتے رہے اور جن لوگوں نے (ان مہاجرین کو) اپنے یہاں ٹھہرایا اور ان کی مدد کی' یہ لوگ ایمان کا پورا حق ادا کرنے والے ہیں۔ ان کے لئے (آخرت میں) بڑی مغفرت اور (جنت میں) بڑی معزز روزی ہے اور جو لوگ (ہجرت نبویہ کے) بعد کے زمانہ میں ایمان لائے اور

www.besturdubooks.net

ہجرت کی اور تمہارے ساتھ جہاد کیا' سو یہ لوگ (گو فضیلت میں تمہارے برابر نہیں لیکن تاہم) تمہارے ہی شمار میں ہیں اور جو ایک رشتہ دار ہیں کتاب اللہ میں ایک دوسرے (کی میراث) کے زیادہ حقدار ہیں۔ بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز کو خوب جانتے ہیں۔ ۞

تفسیر: اقسام واحکام باعتبار ہجرت واسلام ☆ اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ هَاجَرُوْا (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ۞ بیشک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے ہجرت بھی کی اور اپنے مال اور جان سے اللہ کے راستہ میں جہاد بھی کیا (جس کا وقوع لوازم عادیہ ہجرت سے تھا گو مدار حکم توارث نہیں اور یہ جماعت مہاجرین سے ملقب ہے) اور جن لوگوں نے (ان مہاجرین کو) رہنے کو جگہ دی اور (ان کی) مدد کی (اور یہ جماعت انصار سے ملقب ہے) یہ (دونوں قسم کے) لوگ باہم ایک دوسرے کے وارث ہوں گے اور جو لوگ ایمان تو لائے اور ہجرت نہیں کی تمہارا (یعنی مہاجرین کا) ان سے میراث کا کوئی تعلق نہیں (نہ یہ اُن کے وارث نہ وہ ان کے) جب تک کہ وہ ہجرت نہ کریں (اور جب ہجرت کرلیں پھر وہ بھی اسی حکم میں داخل ہو جاویں گے) اور (گو ان سے تمہارا توارث نہ ہو لیکن) اگر وہ تم سے دین کے کام (یعنی قتال مع الکفار) میں مدد چاہیں تو تمہارے ذمے (ان کی مدد کرنا واجب ہے مگر اس قوم کے مقابلہ میں نہیں کہ تم میں اور ان میں باہم عہد (صلح کا) ہو اور اللہ تعالیٰ تمہارے سب کاموں کو دیکھتے ہیں (پس ان کے مقررہ احکام میں خلل ڈال کر مستحق ناخوشی نہ ہونا) اور جس طرح باہم تم میں علاقہ توارث کا ہے اسی طرح) جو لوگ کافر ہیں وہ باہم ایک دوسرے کے وارث ہیں (نہ تم ان کے وارث نہ وہ تمہارے وارث) اگر اس (حکم مذکور) پر عمل نہ کرو گے (بلکہ باوجود تخالف دین محض قرابت کی بناء پر مؤمن وکافر میں علاقہ توارث قائم رکھو گے) تو دنیا میں بڑا فتنہ اور بڑا فساد پھیلے گا (کیونکہ توارث سے سب ایک جماعت سمجھی جاوے گی اور بدوں جدا جماعت ہوئے اسلام کو قوت وشوکت حاصل نہیں ہو سکتی اور ضعف اسلام سرمایہ تمام تر فتنہ وفساد عالم کا ہے جیسا کہ ظاہر ہے) اور (اس حکم توارث بین المہاجرین والانصار میں ہر چند کہ سب مہاجرین برابر ہیں خواہ زمانہ ہجرۃ نبویہ میں انہوں نے ہجرت کی ہو یا بعد میں لیکن فضیلت ومرتبہ میں باہم متفاوت ہیں چنانچہ) جو لوگ (اول) مسلمان ہوئے اور انہوں نے (ہجرۃ نبویہ کے زمانے میں) ہجرت کی اور (اول ہی سے) اللہ کی راہ میں جہاد کرتے رہے اور جن لوگوں نے (ان مہاجرین کو) اپنے یہاں ٹھہرایا اور ان کی مدد کی یہ لوگ (تو) ایمان کا پورا حق ادا کرنے والے ہیں (کیونکہ اس کا حق یہی ہے کہ اس کے قبول کرنے میں سبقت کرے) ان کے لئے (آخرت میں) بڑی مغفرت اور (جنت میں) بڑی معزز روزی (مقرر) ہے اور جو لوگ (ہجرۃ نبویہ کے) بعد کے زمانہ میں ایمان لائے اور ہجرت کی اور تمہارے ساتھ جہاد کیا (یعنی کام تو سب کئے مگر بعد میں) سو یہ لوگ (گو فضیلت میں تو من وجہ کیونکہ اعمال کے تفاوت سے مرتبہ میں تفاضل ہو جاتا ہے اور احکام میراث میں من کل الوجوہ کیونکہ اعمال کے تفاضل سے احکام شرعیہ میں تفاوت نہیں ہوتا) اور (ان بعد والے مہاجرین میں) جو لوگ (باہم یا مہاجرین سابقین کے) رشتہ دار ہیں (گو فضل ورتبہ میں کم ہوں لیکن میراث کے اعتبار سے) کتاب اللہ (یعنی حکم شرعی یا آیت میراث) میں ایک دوسرے (کی میراث) کے (بہ نسبت غیر رشتہ داروں کے) زیادہ حقدار ہیں (گو غیر رشتہ دار فضل ورتبہ میں زیادہ ہوں) بیشک اللہ تعالیٰ ہر چیز کو خوب جانتے ہیں (اسلئے ہر وقت کی مصلحت کے مناسب حکم مقرر فرماتے ہیں)۔

ف: مہاجرین وانصار میں جو توارث تھا آیت اخیرہ میں غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس میں شرط یہ ہوگی کہ کوئی دوسرا رشتہ دار جو مثل مورث کے مہاجر یا انصاری ہو موجود نہ ہو ورنہ رشتہ دار مقدم ہوگا جیسا اُولُوا الْاَرْحَامِ الخ کی تقریر سے واضح ہوتا ہے اور ہر چند کہ یہ حکم بعد والے مہاجرین کے ساتھ خاص نہ تھا لیکن مہاجرین سابقین میں اکثر کی حالت یہ تھی کہ ان میں وہ شرط موجود تھی جب کثرت سے لوگ مسلمان اور مہاجر ہونے لگے تو اکثر رشتہ دار ایک جگہ جمع ہو گئے اس لئے بہت سے لوگوں میں وہ شرط مفقود ہو گئی اس لئے جملہ اُولُوا الْاَرْحَامِ اس قسم اخیر کے ساتھ ذکر کیا گیا ورنہ نفس حکم کہ رشتہ دار مقدم اور وہ نہ ہو تو ہجرت اور نصرت سے توارث ہو یہ دونوں کے لئے مشترک اور عام تھا حتیٰ کہ فتح مکہ کے بعد آیت احزاب: اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ الخ سے منسوخ ہوا اب مسلمان رشتہ دار خواہ دار الحرب میں ہو یا دار الاسلام میں وارث ہوگا جیسا تمہید میں بھی ذکر کیا گیا۔

تنبیہ: توجیہ تفسیر کی مفسرین نے اور طرح بھی کی ہے مگر احکام جو کہ اب شریعت میں معمول بہا ہیں وہ اسی طرح متعین ہیں جو احقر نے لکھے ہیں واللہ اعلم

وعلمہ اتم واحکم وقد کمل بحمد اللہ تعالیٰ وعونہ وتوفیقہ وصونہ۔ تفسیر سورۃ انفال من کلام اللہ الکبیر المتعال للسابع والعشرین من الشہر الابجل۔ ربیع الاول یوم الثلاثاء وقت الضحی ۱۳۳۴ھ من الہجرۃ النبی سید الورٰی ﷺ ما بل الثرٰی وکنت اذ ذاک ابن اربع واربعین سنۃ الا سبعۃ ایام بالحساب الہلالی المعتبر فی الاسلام نسئل اللہ تعالیٰ لنا حسن الختام وللتفسیر خیر التمام۔

فوائد جمۃ مہمۃ: الاولی کان التوارث بالہجرۃ والایمان الی فتح مکۃ کذا قال عکرمۃ الثانیۃ فسر الولایۃ ما الوراثۃ ابن عباسؓ الثالثۃ تفسیر قولہ والذین کفروا بما فسرت یؤیدہ شان النزول قال رجل من المسلمین لنورثن ذوی القربٰی منا من المشرکین فنزلت والذین

www.besturdubooks.net

کفروا بعضهم قاله ابن عباسؓ الرابعة حمل قوله تعالیٰ من بعد على ما بعد الهجرة النبوية اختاره فی الكبير الخامسة الحكم بالنسخية على آية الاحزاب دون ما ههنا منقول عن قتادة وهو الا رجح لانه لو جعل قوله تعالٰی واولوا الارحام الواقع ههنا ناسخا فلا بدان يتاخر نزوله عن فتح مكة ثم لا يخلوا ما ان يكون كل الآية متاخرا او هذا البعض خاصة والثانی مستبعد لم يوجد له نظير ولا يظهر له ارتباط بهذا الموضع الاول فيه ان قوله منكم للشركة فی الحكم فلو اريد الشركة فی حكم الميراث فلا يشترك الناسخ والمنسوخ فی الحكم ولو اريد الشركة فی الفضل لزم ان يتاخر ما قبله ايضا من قوله تعالٰی والذين آمنوا وهاجروا الخ لان المعنى لا يتم بدون ان ينز لامعًا والتزام هذا بعيد بل الظاهر من التامل فی ما سبق له الآيات نزولها كلها جملة واحدة والله اعلم وان اشكل عليك ان الحكم المذكور قد نسخ فی زمان فتح مكة والاحزاب نزلت فی الخندق فكيف هذا قلت يمكن ان بعض آياتها نزل بعد الخندق بزمان كثير السادسة فسر كتاب الله بالشرع او بآية الميراث ويرد على الثانی ان سورة النساء متاخرة عن الانفال فی النزول كما فی الاتقان فما معنى الحوالة ويجاب بان المراد تاخر اكثرها السابعة مدار حكم التوارث على الهجرة دون الجهاد لكن لما كان من لوازمه العادية ذكره معها الثامنة لا تكرار فی قوله الذين آمنوا وهاجروا الخ لان المراد بالاول العام للاولين والآخرين بقرينة مقابلة قوله ولم يهاجروا وبالثانی الخاص بقرينة مقابلة قوله من بعد كما يظهر من الترجمة وايضا الاول فی الميراث والثانی فی الفضل التاسعة ما ترجم به قوله تعالٰی المؤمنون حقا اخذ بالحاصل ولم اترجم بالكامل ونحوه لانه يلزم منه كون الآخرين ناقصين فی الايمان وحاشاهم العاشرة قوله تعالٰی ما لهم من ولايتهم من شیء فالميراث ترجمة للولاية والتعلق ترجمة لشیء فافهم واعلم ان ما ورد فی هذه الفوائد مما يتعلق بالروايات ماخوذ كله من الدر المنثور۔

البَلاغَة: انظر ما فی الترتيب بين الايمان وما بعده من الحسن لان الواقع كان اولا الايمان ثم الهجرة ثم التهيئو للجهاد باعداد الآلات التی انفقوا فيها الاموال ثم الجهاد وبمباشرة القتال۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ التَّوْبَةِ

اٰیَاتُهَا ۱۲۹ | ۹ سُوْرَةُ التَّوْبَةِ مَدَنِيَّةٌ ۱۱۳ | رُكُوْعَاتُهَا ۱۶

سورۂ توبہ مدینہ میں اُتری اور اس میں ایک سو انتیس آیتیں اور سولہ رکوع ہیں

سورة براءة مدنية وقيل الأيتين من آخرها كذا في البيضاوي۔

فوائد ضروریہ متعلقہ سورت ہذا ☆ **فائدہ اوّل:** ربط: اس سورت میں چند غزوات اور چند واقعات کہ حکماً وہ بھی غزوات ہیں مذکور ہیں اعلان نقض عہد بقبائل عرب فتح مکہ غزوہ حنین، اخراج کفار از حرم، غزوۂ تبوک اور ان ہی آیتوں کے ضمن میں تبعاً واقعہ ہجرت اور سورت سابقہ میں اکثر بدر کے اور کچھ قریظہ کے واقعات تھے پس مناسبت ظاہر ہے جس کی تصریح عنقریب فائدہ چہارم میں جامع قرآن رضی اللہ عنہ سے بھی آتی ہے۔

فائدہ دوم: کہ مثل فائدہ سوم کے موقوف علیہ حل تفسیر اور رافع اشکالات آیات وروایات ہے ان واقعات مذکورہ مقصودہ میں فتح مکہ اول واقع ہوا ۸ھ میں پھر غزوۂ حنین ۸ھ میں پھر تبوک رجب ۹ھ میں پھر اعلان نقض مع اعلان اخراج کفار ذی الحجہ ۹ھ میں اور فتح مکہ کے متعلق جو آیات ہیں ان کے مضمون میں غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ قبل فتح نازل ہوئیں چنانچہ روح المعانی میں تحت آیت قَاتِلُوْهُمْ يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ کے اور کمالین میں جامع البیان سے اس کی تصریح بھی کی ہے اور روح المعانی میں ابن عباسؓ کا قول اس کا مؤید نقل کیا ہے کہ یہ آیت ترغیب ہے فتح مکہ کی البتہ غزوۂ حنین کے متعلق جو آیات ہیں وہ اس کے وقوع کے بعد کی ہیں جس کی تعیین میں مجاہد سے اتقان میں منقول ہے کہ یہ آیات بقیہ آیات سورۂ براءت سے مقدم ہیں اب رہ گئی تبوک واعلان کی آیات سو اتقان ہی میں عامرؓ سے منقول ہے کہ اوّل آیات ترغیب غزوۂ تبوک کی انفروا خفافا الخ یعنی مع سباق وسیاق کے نازل ہوئیں پھر بعد واپسی تبوک کے اور آیتیں یعنی آخری آیتیں جن میں تخلف تبوک پر ملامت عتاب ہے نازل ہوئیں پھر اول کی آیتیں جن میں نقض واخراج کا اعلان ہے نازل ہوئیں اور ان آخری آیات نازلہ کا جو بعض سلف سے عدد منقول ہے جس میں آیات فتح کی بھی داخل ہوئی جاتی ہیں غالب یہ ہے کہ قلت تامل سے اجتہادی خطا ہوئی ہے پس اس تقریر پر ترتیب نزول آیات کی یہ ہوئی کہ اول آیات متعلقہ فتح مکہ قبل فتح مکہ پھر آیات حنین بعد حنین پھر آیات ترغیب غزوۂ تبوک قبل تبوک پھر آیات ملامت تخلف تبوک بعد تبوک پھر شروع کی آیات اعلان نقض کی جو کہ شوال ۹ھ میں نازل ہوئیں اور یہ جو بعض روایات میں آیا ہے کہ یہ سورت پوری نازل ہوئی مراد اس سے زیادہ حصہ ہے اور اگر شبہ ہو کہ تقریر مذکور سے تو اکثر حصہ کا بھی نزول دفعۃً نہیں معلوم ہوتا تو جواب یہ ہے کہ حضرت حذیفہؓ سے مروی ہے کہ یہ سورت بہت بڑی تھی اور منافقین کا حال اس میں خوب پتہ وار تھا مگر اب بقدر ربع رہ گئی ہے باقی منسوخ التلاوۃ ہوگئی پس ممکن ہے کہ وہ تین ربع دفعۃً نازل ہوئے ہوں واللہ اعلم۔

فائدہ سوم: عہد ونقض عہد کے متعلق جو مضامین اس میں مذکور ہیں ان کا ملخص یہ ہے کہ ۶ھ میں آپ نے عمرہ کا قصد فرمایا اور قریش نے مکہ میں نہ جانے دیا اور حدیبیہ میں ان سے صلح ہوئی اس صلح کی مدت حسب نقل صاحب روح دس سال کی تھی مکہ میں اور قبائل بھی تھے تکمیل صلح کے وقت یہ بات قرار پائی کہ جس کا جی چاہے اس صلح میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذیل میں داخل ہو جاوے اور جس کا جی چاہے قریش کے ذیل میں آ جاوے چنانچہ خزاعہ تو آپ کے ذیل میں آ گئے اور بنی بکر قریش کے ذیل میں آ گئے سال بھر تک کوئی بات نہیں ہوئی چنانچہ ۷ھ میں حسب قرارداد صلح جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ تشریف لائے اور اس فوت شدہ عمرہ کی قضا کر کے واپس تشریف لے گئے اس کے بعد پانچ چھ ماہ گذرے تھے یعنی صلح کے وقت سے سترہ اٹھارہ مہینے ہوئے تھے کہ بنی بکر نے خزاعہ پر شب کے وقت دفعۃً حملہ کر دیا قریش نے یہ سمجھ کر کہ اول تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دور بہت آپ کو کیا خبر ہوگی پھر رات کا وقت کون دیکھتا ہے یہ سمجھ کر بنی بکر کو ہتھیار وغیرہ بھی دیئے اور ان کے ہمراہ ہو کر خزاعہ سے لڑے بھی جس سے حسب قواعد واقعیہ جو ان کے نزدیک بھی مسلم تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ

www.besturdubooks.net

جوان کی صلح تھی ٹوٹ گئی خزاعہ نے آپ کو اطلاع دی آپ نے ایسے طور پر کہ قریش کو اطلاع نہ ہو لشکر کی تیاری کر کے ۸ھ میں ان پر چڑھائی کی اور مکہ فتح کر لیا اور بہت سے رؤسائے قریش اس میں مسلمان بھی ہو گئے جن کی جماعتوں کا شروع سورت میں ذکر ہے ان میں سے ایک جماعت تو یہی قریش ہیں جنہوں نے خود عہد شکنی کی دوسری جماعت بنی ضمرہ اور بنی مدلج دو (۲) قبیلے بنی کنانہ کے تھے جنہوں نے آپ سے معاہدہ کیا تھا اور نزول براءت کے وقت ان کی مدت معاہدہ کے ختم ہونے میں بقول خازن نو (۹) ماہ باقی رہ گئے تھے تیسری جماعت اور عام قبائل عرب میں سے جن سے عہد بلا تعیین مدت تھا چوتھی جماعت عام قبائل سے جن سے کچھ بھی عہد نہ تھا ان چاروں جماعتوں کے احکام سورت کے شروع میں مذکور ہیں چنانچہ پہلی جماعت کا حکم قبل فتح مکہ یہ فرمایا کہ جب تک یہ عہد پر قائم رہیں تم بھی قائم رہو جب یہ عہد توڑ دیں تم بھی قتال کرو دوسرے، تیسرے رکوع میں ان ہی کا ذکر ہے اور ان کا حکم بعد نزول برأت کے بوجہ اس کے کہ انہوں نے خود عہد شکنی کی تھی اور اس لئے یہ مستحق کسی مہلت کے نہیں رہے اور اس کا مقتضا یہ تھا کہ ان سے فوراً اعلان جنگ کر دیا جاتا لیکن وہ زمانہ اشہر حرم کا تھا جس میں قتال خواہ ناجائز تھا یا بنا بر مصلحت مذکورہ تفسیر اس آیت کے منع کیا گیا اس لئے یہ حکم فرمایا کہ اشہر حرم گذر جاویں تو ان سے قتال کی اجازت ہے : فَاِذَا انْسَلَخَ الْاَشْهُرُ الْحُرُمُ میں یہی مضمون ہے اور اگر کسی کو شبہ ہو کہ گو قبل فتح مکہ انہوں نے نقض عہد کیا تھا فتح مکہ کے بعد سب کو امن ہو گیا تھا پھر ان کے غیر مامون ہونے کے کیا معنی جواب یہ ہے کہ ہمارا یہ مطلب نہیں کہ یہ نزول براءت کے وقت مامون نہیں تھے بلکہ مقصود یہ ہے کہ ان کا امن بلا مہلت کیوں رفع کیا گیا سو اس کی یہ وجہ بیان کرنا مقصود ہے کہ یہ ایک جرم عظیم کے مرتکب ہوئے تھے اس لئے اوروں کے برابر ان کی رعایت نہیں کی گئی خوب سمجھ لو۔ اور دوسری جماعت کا حکم یہ ہے کہ چونکہ انہوں نے نقض عہد نہیں کیا ان کی مدت پوری کر دو آیت : اِلَّا الَّذِيْنَ عَاهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ثُمَّ لَمْ يَنْقُصُوْكُمْ الخ میں ان ہی کا ذکر ہے صرح به فی الخازن اور تیسری چوتھی جماعت کا ایک حکم ہے کہ وقت اعلان سے چار ماہ کی مہلت ہے جہاں چاہیں چلے جائیں پھر مستحق قتل ہوں گے بالکل شروع کی آیتوں میں ان کا ذکر ہے اور دوسری جماعت کا حکم بھی نو ماہ گذرنے کے بعد اس تیسری چوتھی کا سا ہو جاوے گا کہ امان مرتفع ہو جاوے گا یہ سب احکام سامان اس کا ہے کہ سال بھر کے اندر اندر یہ بقعۂ مطہرہ کفار سے پاک ہو جاوے آپ نے ۹ھ میں حج کی تاریخوں میں حضرت صدیقؓ و حضرت علیؓ کی معرفت مکہ اور عرفات اور منیٰ میں کہ مجمع عام قبائل عرب کا وہاں مجتمع تھا جن کی معرفت تمام عرب میں اس کی شہرت ہو جانا لازمی امر تھا اس اعلان کو مشتہر کر دیا اور احتیاطاً حضرت علیؓ کی معرفت یمن میں بالتخصیص اس کا اعلان کرا دیا اور ہر چند کہ مقصود اعلان ان ہی آیات کا تھا لیکن بعض روایات میں جو ختمها آیا ہے وجہ اس کی غالباً یہ ہوگی کہ اور واقعات کا استحضار کفار کے زیادہ مرعوب ہونے کا سبب ہو جاوے گا۔ واللہ اعلم۔ پس اس حساب سے پہلی جماعت کو ختم محرم ۱۰ھ تک کہ خاتمہ اشہر حرم ہے اور دوسری جماعت کو دس ۱۰ رمضان ۱۰ھ اور تیسری جماعت کو ۱۰ ربیع الثانی ۱۰ھ تک خارج حدود ہو جانا چاہئے پس اگلے حج تک کوئی کافر داخل حدود نہ رہنے پاوے گا چنانچہ آیت : لَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ الخ کے یہی معنی ہیں جس سے مسجد حرام سے مراد تمام حرم ہے اور حدیث : لا يحجن بعد العام مشرك کا یہی مطلب ہے اور چونکہ تجارت زیادہ ان ہی مخرجین کے ہاتھ میں تھی اس لئے اِنْ خِفْتُمْ عَيْلَةً الخ سے مسلمانوں کے تردد کو رفع کیا گیا پس اگلے سال یعنی ذی الحجہ ۱۰ھ میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بنفس نفیس حج کو تشریف لے گئے اور کسی مخالف کا غل وغش باقی نہ رہا اور یہی معنی ہیں ان روایات کے کہ ان آیات والوں سے قتال نہیں ہوا کیونکہ جن کو مسلمان ہونا نہ تھا وہ چلے گئے اور یہ بھی آیا ہے کہ آپ نے اس کے بعد کسی مشرک سے عہد نہیں کیا بلکہ جزیرۂ عرب سے کفار کو خارج کرنے کا آپ نے عزم فرما لیا لیکن بوجہ اس کے کہ قریب ہی زمانہ میں یعنی ربیع الاول ۱۱ھ میں آپ نے وفات فرمائی یہ عزم پورا نہیں ہوا مگر صحابہؓ نے آپ کی وصیت پر اس کی تکمیل کر دی اس فائدہ دوم وسوم کی تقریر میں روایت کے متعلق جہاں ماخذ کی تصریح نہیں ہے وہ سب درمنثور سے ماخوذ ہے اور محل تعارض روایات میں اقربیت الی الفاظ القرآن سے ترجیح دی گئی ہے۔

فائدہ چہارم: اس سورت کے شروع میں بسم اللہ نہ ہونے کی وجہ خود حضرت عثمان جامع القرآن رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ ترمذی سے نقل کی جاتی ہے حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عثمان بن عفانؓ سے پوچھا کہ اس کا کیا باعث ہے کہ آپ حضرات نے انفال کو جو کہ مثانی سے ہے اور براءت کو جو کہ مئین سے ہے ترتیب قرآنی میں پاس پاس رکھا اور دونوں کے بیچ میں بسم اللہ الرحمن الرحیم نہیں لکھی اور انفال کو سبع طوال میں رکھ دیا اس کا کیا باعث ہے آپ نے فرمایا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک زمانہ میں کئی کئی سورتوں کا نزول ہوتا رہتا تھا۔ جب کوئی آیت آتی آپ کسی کاتب کو بلا کر فرماتے کہ اس آیت کو فلاں سورت میں رکھ دو اسی طرح جب دوسری آیت آتی تب بھی یوں فرماتے کہ اس آیت کو فلاں سورت میں رکھ دو اور انفال ان سورتوں میں سے تھی جو مدینہ میں اول اول نازل ہوئیں اور براءت آخر قرآن سے تھی اور دونوں کا مضمون ملتا جلتا تھا میں سمجھا کہ یہ اسی کا جزو ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات ہو گئی اور آپ نے اس کی تصریح نہ فرمائی اس لئے میں نے دونوں کو پاس پاس رکھ دیا اور بیچ میں بسم اللہ نہیں لکھی اور انفال کو سبع طوال میں رکھ دیا اور در منثور میں افراد دار قطنی سے اتنا اور زیادہ ہے کہ جب تک بسم اللہ نازل نہ ہوتی آیات منزلہ کو سابقہ سورتوں کا جزو سمجھتے رہتے جب بسم اللہ نازل ہوتی تو دوسری

www.besturdubooks.net

سورت شروع ہوتی اھ اور بیضاوی میں ہے کہ اختلاف صحابہؓ کی وجہ سے درمیان میں کسی قدر فصل چھوڑ دیا گیا۔ حاصل سوال سمجھنے کے لئے پہلے یہ سمجھ لینا چاہئے کہ قرآن کی ترتیب میں یہ امر مرعی غالب ہے کہ بڑی بڑی سورتیں اول میں ہیں اور ان سے چھوٹی ان کے بعد اور سب سے چھوٹی اخیر میں اور مئین وہ سورتیں کہلاتی ہیں جن میں سو آیتوں سے زیادہ ہوں اور بقرہ سے براءت کے بعد تک بجز انفال کے سب سورتوں میں سو آیتوں سے زیادہ ہیں پس یہ سب مئین ہیں اور انفال میں اور اسی طرح سورۂ یوسف کے بعد کی اکثر سورتوں میں سو آیتوں سے کم آیتیں ہیں اور یہ مثانی پس انفال بھی مثانی سے ہے اور بالکل اخیر کی سورتیں مفصل کہلاتی ہیں اور اول کی سات سورتیں بقرہ سے انفال تک سبع طوال کہلاتی ہیں اب حاصل سوال سمجھئے کہ حضرت عثمانؓ سے تین سوال کئے گئے اول یہ کہ انفال میں بوجہ اس کے کہ وہ مثانی سے ہے اور براءت میں بوجہ اس کے کہ وہ مئین سے ہے تناسب نہیں پھر ان دونوں کو ایک جگہ کیوں رکھا دوسرا سوال یہ کہ جب یہ دو سورتیں ہیں تو مثل دوسری سورتوں کے ان کے بیچ میں بسم اللہ کیوں نہیں لکھی تیسرا سوال یہ کہ سبع طوال میں رکھنے کی زیادہ مستحق بوجہ بڑے ہونے کے سورۂ براءت تھی پھر انفال کو باوجود اس کے چھوٹے ہونے کے سبع طوال میں کیوں داخل کیا حاصل جواب حضرت عثمانؓ کا یہ ہے کہ بسم اللہ کا نازل ہونا علامت تھی مستقل سورت ہونے کی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تصریح کہ یہ آیت فلاں سورت کا جزو ہے علامت تھی جزو سورت ہونے کی سورۂ براءت میں نہ بسم اللہ نازل ہوئی نہ آپ کی تصریح پائی گئی اس لئے اس کا حال مشتبہ رہا کہ یہ کسی سورت کا جزو ہے یا مستقل سورت ہے میں نے دونوں امر کی رعایت کی عدم تیقن استقلال کی وجہ سے بسم اللہ نہیں لکھی اور عدم تیقن جزئیت کی وجہ سے بیچ میں فصل چھوڑ دیا گیا اس سے جواب ہو گیا دوسرے سوال کا پھر جب اس کا جزو سورت ہونا محتمل ہوا تو اب جس سورت سے اس کا زیادہ مناسبت و مشابہت ہوگی وہ اس احتمال کا زیادہ محل ہوگی اور وہ انفال تھی اس لئے دونوں کو پاس پاس لکھ دیا یہ جواب ہو گیا سوال اول کا رہا یہ کہ پاس پاس ہونے کی یہ صورت بھی ہو سکتی ہے کہ برأت کو مقدم کرتے کہ وہ سبع طوال میں ہو جاتی اور انفال کو مؤخر کرتے تو اس کی ایک وجہ تو جواب سوال اول سے نکل آئی جس کو بوجہ غایت ظہور کے حضرت عثمانؓ نے ذکر نہیں فرمایا وہ یہ کہ اس صورت میں سورۂ براءت میں رعایت احتمال جزئیت من انفال کی نہ ہوتی بلکہ جس سورت کے بعد وہ رکھی جاتی اس کی جزئیت کا احتمال ہو جاتا جو خلاف مطلوب ہے مگر حضرت عثمانؓ نے ایک اور مستقل جواب بھی دیا کہ انفال نزولاً اول کی سورتوں میں تھی اور براءت آخر کی سورتوں میں اور یہ مقتضی انفال کے تقدم اور براءت کے تاخر کو ہے اور اس مقتضی سے کوئی مانع تھا نہیں پس انفال کا سبع طوال میں کہ مقدم ہیں داخل ہونا بہ نسبت براءت کے زیادہ مناسب ہوا اور یہ جو حضرت علیؓ سے منقول ہے کہ بسم اللہ امان ہے اور یہ سورت رفع امان کے لئے آئی ہے سو یہ علت نہیں بلکہ بطور نکتہ کے ایک حکمت ہے اور اصل علت وہی ہے جو حضرت عثمانؓ سے نقل کی گئی واللہ اعلم۔

فائدہ پنجم: مَنِيْنَهٗ: جب اس پر بسم اللہ نہ ہونے کی وجہ معلوم ہو گئی کہ احتمال جزئیت سورت ہے تو ثابت ہوا کہ جو شخص خود سورت سے قرأت شروع کرے یا اس کے درمیان سے کہیں شروع کرے ان دونوں حالتوں میں وہ بسم اللہ پڑھے اور جو اوپر سے پڑھتا آتا ہو وہ بدوں بسم اللہ اس سورت کو شروع کر دے جیسا کہ مطلقاً سب سورتوں کے اجزاء کا یہی حکم ہے پس یہ جو آج کل حفاظ نے دستور نکالا ہے کہ پہلی دو حالتوں میں بھی بسم اللہ نہیں پڑھتے بلکہ تینوں حالتوں میں ایک تراشیدہ عبارت اعوذ باللہ من النار الخ پڑھا کرتے ہیں اس سے اول کی دو (۲) حالتوں میں دو (۲) بدعتیں لازم آتی ہیں ایک بسم اللہ نہ پڑھنا اور ایک وہ عبارت پڑھنا اور اخیر حالت میں ایک بدعت لازم آتی ہے یعنی وہ عبارت پڑھنا پس مجموعہ تین حالت میں پانچ بدعتوں کا ارتکاب ہوتا ہے جیسا کوئی اور کسی جزء سورت کے ساتھ یہی معاملہ کرنے لگے یقیناً وہ مخالف سنت ہوگا خوب سمجھ لو۔ الحمد للہ کہ فوائد مقصودہ ختم ہوئے اب فائدہ دوم و سوم کو پیش نظر رکھ کر تفسیر ملاحظہ فرمایئے تاکہ اصلاً گنجلک نہ رہے ان شاء اللہ تعالیٰ۔

بَرَآءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ اِلَى الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝۱ فَسِيْحُوْا فِي الْاَرْضِ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّاعْلَمُوْٓا
اَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِي اللّٰهِ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ مُخْزِي الْكٰفِرِيْنَ ۝۲ وَاَذَانٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ اِلَى النَّاسِ يَوْمَ
الْحَجِّ الْاَكْبَرِ اَنَّ اللّٰهَ بَرِيْۗءٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۙ وَرَسُوْلُهٗ ۭ فَاِنْ تُبْتُمْ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْٓا
اَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِي اللّٰهِ ۭ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝۳ۙ اِلَّا الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ثُمَّ
لَمْ يَنْقُصُوْكُمْ شَيْـــًٔا وَّلَمْ يُظَاهِرُوْا عَلَيْكُمْ اَحَدًا فَاَتِمُّوْٓا اِلَيْهِمْ عَهْدَهُمْ اِلٰى مُدَّتِهِمْ ۭ اِنَّ
اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ۝۴ فَاِذَا انْسَلَخَ الْاَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ وَخُذُوْهُمْ

www.besturdubooks.net

وَاحْصُرُوْهُمْ وَاقْعُدُوْا لَهُمْ كُلَّ مَرْصَدٍ ۚ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَخَلُّوْا سَبِيْلَهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ وَاِنْ اَحَدٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ اسْتَجَارَكَ فَاَجِرْهُ حَتّٰى يَسْمَعَ كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ اَبْلِغْهُ مَاْمَنَهٗ ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْلَمُوْنَ ۝ ع

اللہ کی طرف سے اور اس کے رسول کی طرف سے ان مشرکین (کے عہد) سے دست برداری ہے جن سے تم نے (بلاتعین مدت) عہد کر رکھا تھا۔ سو تم لوگ اس سرزمین میں چار مہینے چل پھر لو اور یہ (بھی) جان رکھو کہ تم خدا تعالیٰ کو عاجز نہیں کر سکتے اور (یہ بھی جان رکھو) کہ بے شک اللہ تعالیٰ کافروں کو (آخرت میں) رسوا کریں گے اور اللہ اور رسول کی طرف سے بڑے حج کی تاریخوں میں عام لوگوں کے سامنے اعلان کیا جاتا ہے کہ اللہ اور رسول دونوں دست بردار ہوتے ہیں ان مشرکین (کو امن دینے) سے پھر اگر تم (کفر سے) توبہ کر لو تو تمہارے لئے بہتر ہے اور اگر تم نے (اسلام سے) اعراض کیا تو یہ سمجھ رکھو کہ تم خدا کو عاجز نہیں کر سکو گے اور ان کافروں کو دردناک سزا کی خبر سنا دیجئے ہاں! مگر وہ مشرکین مستثنیٰ ہیں جن سے تم نے عہد لیا پھر انہوں نے تمہارے ساتھ ذرا کمی نہیں کی اور نہ تمہارے مقابلہ میں کسی کی مدد کی سو ان کے معاہدہ کو ان کی مدت مقررہ تک پورا کر دو۔ واقعی اللہ تعالیٰ (بدعہدی سے) احتیاط رکھنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ سو جب شہر حرم گزر جائیں تو (اس وقت) ان مشرکین کو جہاں پاؤ مارو پکڑو باندھو اور داؤ گھات کے موقعوں پر ان کی تاک میں بیٹھو پھر اگر (کفر سے) توبہ کر لیں اور نماز پڑھنے لگیں اور زکوٰۃ دینے لگیں تو ان کا رستہ چھوڑ دو۔ واقعی اللہ تعالیٰ بڑی مغفرت کرنے والے بڑی رحمت کرنے والے ہیں اور اگر کوئی شخص مشرکین میں سے آپ سے پناہ کا طالب ہو تو آپ اس کو پناہ دیجئے تاکہ اگر وہ کلام الٰہی سن لے پھر اس کو اس کے امن کی جگہ میں پہنچا دیجئے۔ یہ حکم اس سبب سے ہے کہ وہ ایسے لوگ ہیں کہ پوری خبر نہیں رکھتے ۞

تفسیر: حکم جماعت سوم و چہارم ☆ بَرَآءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ اِلَى الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝ (الی قولہ تعالیٰ) ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْلَمُوْنَ ۝

اللہ کی طرف سے اور اس کے رسول کی طرف سے ان مشرکین (کے عہد) سے دست برداری ہے جن سے تم نے (بلاتعین مدت) عہد کر رکھا تھا (یہ جماعت سوم کا حکم ہے اور جماعت چہارم یعنی جن سے کچھ بھی عہد نہ تھا ان کا یہی حکم اس سے بدرجۂ اولیٰ مفہوم ہو گیا کہ جب معاہدین سے رفع امان کر دیا تو غیر معاہدین میں تو کوئی احتمال امن کا پہلے سے بھی نہیں ہے) سو (ان دونوں جماعتوں کو اطلاع کر دو کہ) تم لوگ اس سرزمین میں چار مہینے چل پھر لو (اجازت ہے تاکہ اپنا موقع اور پناہ ڈھونڈھ لو) اور (اس کے ساتھ) یہ (بھی) جان رکھو (اس مہلت کی بدولت صرف مسلمانوں کی دست برد سے بچ سکتے ہو لیکن) تم خدا تعالیٰ کو عاجز نہیں کر سکتے (کہ اس کے قبضہ سے نکل سکو) اور یہ (بھی جان رکھو) کہ بیشک اللہ تعالیٰ (آخرت میں) کافروں کو رسوا کریں گے (یعنی عذاب دیں گے تمہاری سیاحت اس سے نہیں بچا سکتی اور احتمال قتل دنیا میں الگ رہا اس میں ترغیب ہے توبہ کی) حکم جماعت اول و دوم: اور (پہلی دوسری جماعت کا حکم یہ ہے کہ) اللہ اور رسول کی طرف سے بڑے حج کی تاریخوں میں عام لوگوں کے سامنے اعلان کیا جاتا ہے کہ اللہ اور اس کا رسول دونوں (بدوں مقرر کرنے کسی میعاد کے ابھی) دست بردار ہوتے ہیں ان مشرکین (کو امن دینے) سے (جنہوں نے خود نقض عہد کیا مراد جماعت اول ہے مگر) پھر (بھی ان سے کہا جاتا ہے کہ) اگر تم (کفر سے) توبہ کر لو تو تمہارے لئے (دونوں جہان میں) بہتر ہے (دنیا میں تو اس لئے کہ تمہاری عہد شکنی معاف ہو جاوے گی اور قتل سے بچ جاؤ گے اور آخرت میں ظاہر ہے کہ نجات ہوگی) اور اگر تم نے (اسلام سے) اعراض کیا تو یہ سمجھ رکھو کہ تم خدا کو عاجز نہیں کر سکو گے (کہ کہیں نکل کر بھاگ جاؤ) اور (آگے خدا کو عاجز نہ کر سکنے کی تفسیر ہے کہ) ان کافروں کو ایک دردناک سزا کی خبر سنا دیجئے (جو آخرت میں واقع ہوگی یہ تو یقینی اور احتمال سزائے دنیا کا الگ مطلب یہ ہوا کہ اگر اعراض کیا تو سزا بھگتو گے) ہاں مگر وہ مشرکین (اس رفع امان و دست برداری سے) مستثنیٰ ہیں جن سے تم نے عہد لیا پھر انہوں نے (عہد پورا کرنے میں) تمہارے ساتھ ذرا کمی نہیں کی اور نہ تمہارے مقابلہ میں (تمہارے) کسی (دشمن) کی مدد کی (مراد اس سے جماعت دوم ہے) سو ان کے معاہدہ کو ان کی مدت (مقررہ) تک پورا کر دو (اور بدعہدی نہ کرو کیونکہ) واقعی اللہ تعالیٰ (بدعہدی سے) احتیاط رکھنے والوں کو پسند کرتے ہیں (پس تم احتیاط رکھو گے تو تم بھی پسندیدۂ حق ہو جاؤ گے۔

تتمہ حکم جماعت اول متعلق براءت: آگے جماعت اول کے حکم کا تتمہ ہے کہ جب ان کو کوئی مہلت نہیں تو گو ان سے ابھی قتال کی گنجائش ہو سکتی تھی لیکن ابھی محرم کے ختم تک اشہر حرم مانع قتال ہیں) سو (ان کے گذرنے کا انتظار کر لو اور) جب اشہر حرم گذر جاویں تو (اس وقت) ان مشرکین (جماعت اول) کو جہاں پاؤ مارو و پکڑو باندھو اور داؤ گھات کے موقعوں میں ان کی تاک میں بیٹھو (یعنی لڑائی میں جو جو ہوتا ہے سب کی اجازت ہے) پھر اگر (کفر سے) توبہ کر لیں اور (اسلام کے کام کرنے لگیں یعنی مثلاً) نماز پڑھنے لگیں اور زکوٰۃ دینے لگیں تو ان کا رستہ چھوڑ دو (یعنی قتل و قید مت کرو کیونکہ) واقعی اللہ تعالیٰ بڑی مغفرت کرنے

www.besturdubooks.net

والے بڑی رحمت کرنے والے ہیں۔

حکم مشترک کل جماعات: (اس واسطے ایسے شخص کا کفر بخش دیا اور اس کی جان بچالی اور یہی حکم بقیہ جماعات کا ہوگا ان کی میعادیں گذرنے کے بعد) اور اگر کوئی شخص مشرکین میں سے (زمانہ اباحت قتل میں بعد ختم میعاد امن کے توبہ و اسلام کے فوائد و برکات سن کر اس طرف راغب ہو اور حقیقت و حقیقت اسلام کی تلاش کی غرض سے آپ کے پاس آ کر) آپ سے پناہ کا طالب ہو (تا کہ اطمینان سے سن سکے اور سمجھ سکے) تو (ایسی حالت میں) آپ اس کو پناہ دیجئے تا کہ وہ کلام الٰہی (مراد مطلق دلائل دین حق کے ہیں) سن لے پھر (اس کے بعد) اس کو اس کی امن کی جگہ میں پہنچا دیجئے (یعنی پہنچنے دیجئے تا کہ وہ سوچ سمجھ کر اپنی رائے قائم کر لے) یہ حکم (اتنی پناہ دینے کا) اس سبب سے (دیا جاتا) ہے کہ وہ ایسے لوگ ہیں کہ پوری خبر نہیں رکھتے (اسلئے قدرت مہلت دینا ضروری ہے)۔

ف: تنبیہات متعلقہ تفسیر آیات بالا: آیت اول میں عٰهَدْتُّمْ کو کسی مدت کے ساتھ مقید نہ کرنا قرینہ ہے جماعت سوم مراد لینے کا پس ان کا حکم تو مدلول بعبارۃ النص ہے اور جماعت چہارم کا حکم بدلالۃ النص ثابت ہو جاوے گا جیسا اثنائے ترجمہ میں اس کی تقریر کی گئی اور آیت ثالث میں جو بَرِیْٓءٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ آیا ہے یہ الْمُشْرِكِيْنَ مقابل ہے مابعد کی آیت کے جزو یعنی اِلَّا الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ثُمَّ لَمْ يَنْقُصُوْكُمْ کے اور قرینہ مقابلہ کا استثناء ہے اس مقابلہ سے معلوم ہوا کہ آیت سابقہ میں مراد مشرکین ناقضین عہد ہیں اور وہ جماعت اول ہے اور آیت رابع میں لَمْ يَنْقُصُوْكُمْ اور اِلٰى مُدَّتِهِمْ قرینہ ہے کہ جماعت دوم مراد ہے اور جماعت اول کے ذکر میں براءت کے ساتھ مدت اربعہ اشہر نہ ہونا جیسا آیت اول میں مذکور ہے قرینہ ہے کہ ان کے لئے کوئی مدت نہیں پھر آگے آیت خامس (۵) میں وجود مانع پر متنبہ کر دیا کہ گو ان کے لئے کوئی میعاد امن کی نہیں مگر اشہر حرم کی وجہ سے سر دست اجازت نہیں خواہ تو اس وجہ سے کہ اس وقت تک ان کی حرمت باقی ہوگی پھر منسوخ ہوگئی گو ناسخ ہمارے علم میں متعین نہ ہو لیکن اجماع نسخ پر دلیل ہے کہ کوئی ناسخ ہوگا جس کی وجہ سے سب کا اجماع منعقد ہو گیا کیونکہ اجماع علی الضلالۃ مستحیل شرعی ہے اور خواہ اس وجہ سے کہ گو اس وقت بھی ان کی حرمت باقی نہ ہو مگر اس مصلحت سے کہ قریش بلکہ تمام عرب میں ان کی حرمت پہلے سے مشہور و معمول تھی اور عنقریب ان کا اخراج حدود سے تجویز ہو ہی چکا تھا تو تھوڑے دنوں کے لئے کیوں مسلمان بدنام کئے جاویں جیسا کہ روح میں یہ احتمال نقل کیا ہے و نیز سب جماعتیں کچھ کچھ میعاد سے منتفع ہوں گی مناسب ہے کہ ان کو بھی کچھ حصہ دیا جاوے گو ان کا استحقاق نہ ہو اور (۶) جماعت اول کے جو دو حکم بیان کئے کہ بعد ارتفاع مانع کے جواز تقیید و تقتیل اور اسلام لے آنے کی صورت میں تخلیۂ سبیل یہ دونوں حکم بقیہ جماعات میں بھی مشترک ہیں چنانچہ آیت ثانی و ثالث میں غَيْرُ مُعْجِزِي اللّٰهِ اس ترہیب و ترغیب کی طرف مشیر ہے البتہ رابع میں شاید اس وجہ سے کہ کلام استثنائی ماقبل کا محتاج اور اس لئے اس کے ساتھ مثل متحد کے ہوتا ہے اور ماقبل میں یہ ترغیب و ترہیب مذکور ہی ہے وہاں ذکر نہ کی گئی ہو اور ترغیب و ترہیب کا دو ۲ جگہ اشارۃً مذکور ہونا اور ایک جگہ صراحۃً ہونا شاید اس لئے ہو کہ یہ لوگ بوجہ نقض عہد کے اس تصریح کے زیادہ محتاج ہیں اور یہاں حکم اسلام و اعراض پر اکتفا کرنا اور جزیہ کا ذکر نہ کرنا اس وجہ سے ہے کہ کفار عرب سے جزیہ نہیں لیا جاتا پس اخذ و حصر سے مراد مقاتلین کا استرقاق نہ ہوگا البتہ دوسرے کفار کا استرقاق اور دلائل شریعہ سے **كالشمس في نصف النهار** ثابت ہے اور جن کو چار ماہ کی مہلت تھی ان کے لئے اس کی تصریح نہ ہونا کہ جب یہ چار ماہ گذر جاویں الخ جیسا کہ ناقضین کے لئے اِذَا انْسَلَخَ الْاَشْهُرُ فرمایا ہے اس وجہ سے ہے کہ وہاں حاجت نہ تھی کیونکہ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ کی قید خود اس پر دال ہے بخلاف ناقضین کے کہ عدم مہلت ان سے قتال فی الحال کو مقتضی تھا اس لئے مانع کی حد بتلائی غرض مطلق محتاج تقیید ہے نہ کہ مقید اور ہر چند کہ آیت اولیٰ میں بھی براءت کا اعلان عام مقصود ہے لیکن آیت ثالثہ میں اس کی تصریح شاید اس لئے ہو کہ اس میں ناقضین عہد کا بیان ہے یہاں اعلان عام کی تصریح لفظاً بھی مناسب ہے تا کہ ان کا عذر بغین معجمہ و دال مہملہ اور مسلمانوں کا عذر بعین مہملہ و ذال معجمہ تصریحاً مشتہر ہو جاوے اور ہر چند کہ اقامت صلوٰۃ وغیرہ قبول اسلام میں شرط نہیں لیکن یہ کنایہ ہے اظہار سے جس پر عند العباد مدار احکام ہے اور اقامت و ایتاء کی تخصیص تمثیلاً ہے اور براءت کی نسبت اللہ و رسول کی طرف باوجود یکہ عہد اور اس کا نبذ متعلق مسلمانوں کے ہے اس بناء پر ہے کہ یہ نبذ مثل احکام مقصودہ کے واجب ہو گیا تھا صحابہؓ اس میں مخیر نہ تھے جیسا عام عقود و فسوخ میں مخیر ہوتے ہیں اور یہ حکم مشترک بین الجماعات کہ پناہ دو اور پھر مامن میں پہنچنے دو اب علماء کے نزدیک منسوخ ہے جیسا روح میں سعید بن عروبہ کا یہ ہی قول منقول ہے اور ناسخ انہوں نے قَاتِلُوا الْمُشْرِكِيْنَ كَآفَّةً کو کہا ہے احقر کہتا ہے کہ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ الخ اسی کا مؤید ہے کیونکہ اب مضامین اسلام کی خبر عام ہو گئی عدم علم کی علت مرتفع ہو گئی اور مستحب ہے کہ مہلت دے مگر مقدار اس کی رائے امام پر ہے اور حج اکبر احتراز ہے عمرہ سے کہ حج اصغر کہلاتا ہے **رواه الطبرى عن عطاء و عامر و مجاهد وعبدالله بن شداد وغيرهم واختاره** اور اشہر حرم تفسیر مذکور میں اپنے ظاہری متبادر معنی پر محمول رہا اور کوئی تکلف بھی نہیں ہوا بخلاف اس کے کہ اشہر حرم کو معنی لغوی پر محمول کر کے ربیع الآخر کی دس (۱۰) تاریخ پر اس کو ختم سمجھا جاوے یا معنی متبادر لے کر اس کی ابتداء زمانہ نزول یعنی شوال سے لی جائے کہ اول صورت میں تکلف ظاہر ہے اور دوسری صورت میں **اربعة اشهر** سے اس کا مراد ہونا خفی ہے جو وضع اعلان کے خلاف ہے۔

www.besturdubooks.net

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی یوم الحج تاریخوں حملا للیوم علی الجنس لما ثبت فی الروایات من الاعلان فی عرفۃ ومنیٰ وغیرھما۱۲۔ ۲ قولہ فی الی الناس عام لوگوں کے سامنے فالناس لیسوا من النبذ الیھم بل من اعلموا النبذ اعم من الکفار والمسلمین کما فی الروح۱۲۔ ۳ قولہ فی یحب تم بھی پسندیدہ اشارۃ الی ان المقصود لیس مدح المشرکین الذین اوفوا العھد بکونھم متقین۱۲۔ ۴ قولہ فی حتی یسمع تاکہ اشارۃ الی انھا للتعلیل۱۲۔ ۵ قولہ فی ابلغہ پہنچنے دیجئے اشارۃ الی ان الابلاغ یراد بہ التمکن لا ما ھو المتبادر من الظاھر۱۲۔

اللغات: قولہ اذان فعال بمعنی افعال الی الاعلام۱۲۔

النحو: قولہ الا الذین عاھدتم قیل استثناء من المشرکین الثانی کذا فی الروح قلت وھو المختار عندی علی ما فسرت۱۲۔

البلاغۃ: قولہ فی الارض للتعمیم۱۲۔ قولہ فاتموا فیہ من مقابلۃ النقص ما لا یخفی من الحسن۱۲۔

كَيْفَ يَكُوْنُ لِلْمُشْرِكِيْنَ عَهْدٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ رَسُوْلِهٖٓ اِلَّا الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ
الْحَرَامِ ۚ فَمَا اسْتَقَامُوْا لَكُمْ فَاسْتَقِيْمُوْا لَهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ۝ كَيْفَ وَاِنْ يَّظْهَرُوْا
عَلَيْكُمْ لَا يَرْقُبُوْا فِيْكُمْ اِلًّا وَّلَا ذِمَّةً ۭ يُرْضُوْنَكُمْ بِاَفْوَاهِهِمْ وَتَاْبٰى قُلُوْبُهُمْ ۚ وَاَكْثَرُهُمْ
فٰسِقُوْنَ ۝ اِشْتَرَوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِهٖ ۭ اِنَّهُمْ سَاۗءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝
لَا يَرْقُبُوْنَ فِيْ مُؤْمِنٍ اِلًّا وَّلَا ذِمَّةً ۭ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُعْتَدُوْنَ ۝ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا
الزَّكٰوةَ فَاِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ ۭ وَنُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝ وَاِنْ نَّكَثُوْٓا اَيْمَانَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ
عَهْدِهِمْ وَطَعَنُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ فَقَاتِلُوْٓا اَىِٕمَّةَ الْكُفْرِ ۙ اِنَّهُمْ لَآ اَيْمَانَ لَهُمْ لَعَلَّهُمْ
يَنْتَهُوْنَ ۝ اَلَا تُقَاتِلُوْنَ قَوْمًا نَّكَثُوْٓا اَيْمَانَهُمْ وَهَمُّوْا بِاِخْرَاجِ الرَّسُوْلِ وَهُمْ بَدَءُوْكُمْ اَوَّلَ
مَرَّةٍ ۭ اَتَخْشَوْنَهُمْ ۚ فَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشَوْهُ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ قَاتِلُوْهُمْ يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ بِاَيْدِيْكُمْ
وَيُخْزِهِمْ وَيَنْصُرْكُمْ عَلَيْهِمْ وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ وَيُذْهِبْ غَيْظَ قُلُوْبِهِمْ ۭ
وَيَتُوْبُ اللّٰهُ عَلٰي مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تُتْرَكُوْا وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ
جٰهَدُوْا مِنْكُمْ وَلَمْ يَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلَا رَسُوْلِهٖ وَلَا الْمُؤْمِنِيْنَ وَلِيْجَةً ۭ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝ ع ۱۰ ۸

ان مشرکین کا عہد اللہ کے نزدیک اور اس کے رسول کے نزدیک کیسے رہے گا مگر جن لوگوں سے تم نے مسجد حرام کے نزدیک عہد لیا ہے سو جب تک یہ لوگ تم سے سیدھی طرح رہیں تم بھی سیدھی طرح رہو۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ (بدعہدی سے) احتیاط رکھنے والوں کو پسند کرتا ہے کیسے (ان کا عہد قابل رعایت رہے گا) حالانکہ ان کی حالت یہ ہے کہ اگر وہ تم پر کہیں غلبہ پا جائیں تو تمہارے بارے میں نہ قرابت کا پاس کریں اور نہ قول وقرار کا۔ یہ لوگ تم کو اپنی زبانی باتوں سے راضی کر رہے ہیں اور ان کے دل (ان باتوں کو) نہیں مانتے اور ان میں زیادہ آدمی شریر ہیں انہوں نے احکام الٰہیہ کے عوض (دنیا کی) متاع ناپائیدار کو اختیار کر رکھا ہے۔ سو یہ لوگ اللہ کے رستہ سے ہٹے ہوئے ہیں (اور) یقیناً ان کا عمل بہت ہی برا ہے۔ یہ لوگ کسی مسلمان کے بارے میں (بھی) نہ قرابت کا پاس کریں نہ قول وقرار کا اور یہ لوگ بہت ہی زیادتی کر رہے ہیں سو اگر یہ لوگ (کفر سے) توبہ کر لیں اور نماز پڑھنے لگیں اور زکوٰۃ دینے لگیں تو وہ تمہارے دینی بھائی ہو جائیں گے اور ہم سمجھ دار لوگوں کے لئے احکام کو خوب تفصیل سے بیان کرتے ہیں اور اگر وہ لوگ عہد کرنے کے بعد اپنی قسموں کو توڑ ڈالیں اور تمہارے دین (اسلام) پر طعن کریں تو تم لوگ (اس قصد سے کہ یہ باز آ جائیں) ان پیشوایان کفر سے (خوب) لڑو

www.besturdubooks.net

کیونکہ اس صورت میں ان کی قسمیں باقی نہیں رہیں تم ایسے لوگوں سے کیوں نہیں لڑتے جنہوں نے اپنی قسموں کو توڑ ڈالا اور رسول کے جلاوطن کر دینے کی تجویز کی اور انہوں نے تم سے خود پہلے چھیڑ نکالی۔ کیا ان سے (لڑنے میں) ڈرتے ہو۔ سو اللہ تعالیٰ اس بات کے زیادہ مستحق ہیں کہ تم ان سے ڈرو۔ اگر تم ایمان رکھتے ہو۔ ان سے لڑو اللہ تعالیٰ (کا وعدہ ہے کہ) ان کو تمہارے ہاتھوں سزا دے گا اور ان کو ذلیل (وخوار) کرے گا اور تم کو ان پر غالب کرے گا اور بہت سے مسلمانوں کے قلوب کو شفا دے گا اور ان کے قلوب کے غیظ (وغضب) کو دور کر دیگا اور جس پر منظور ہوگا اللہ تعالیٰ توجہ فرمائے گا اور اللہ تعالیٰ بڑے علم والے بڑی حکمت والے ہیں کیا تم خیال کرتے ہو کہ تم یوں ہی چھوڑ دیئے جاؤ گے۔ حالانکہ ہنوز اللہ تعالیٰ نے (ظاہر طور پر) ان لوگوں کو تو دیکھا ہی نہیں جنہوں نے تم میں سے (ایسے موقع پر) جہاد کیا اور اللہ اور رسول اور مؤمنین کے سوا کسی کو اپنا خاص دوست نہ بنایا ہو اور اللہ تعالیٰ کو سب خبر ہے تمہارے سب کاموں کی ۞

تفسیر: حکم جماعت اول متعلق فتح مکہ: كَيْفَ يَكُوْنُ لِلْمُشْرِكِيْنَ عَهْدٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ رَسُوْلِهٖٓ (الی قولہ تعالیٰ) وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۞ (جماعت اول نے جو نقض عہد کیا تھا ان کے نقض عہد سے پہلے بطور پیشین گوئی کے فرماتے ہیں کہ) ان مشرکین (قریش) کا عہد اللہ کے نزدیک اور اُس کے رسول کے نزدیک کیسے (قابل رعایت) رہے گا (کیونکہ رعایت تو اس عہد کی ہوتی ہے جس کو دوسرا شخص خود نہ توڑے ورنہ رعایت نہیں باقی رہتی مطلب یہ کہ یہ لوگ عہد کو توڑیں گے اس وقت اس طرف سے بھی رعایت نہ ہوگی) مگر جن لوگوں سے تم نے مسجد حرام (یعنی حرم) کے نزدیک عہد لیا ہے (مراد دوسری جماعت ہے جن کا استثناء اوپر بھی اِلَّا الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ثُمَّ لَمْ يَنْقُصُوْكُمْ الخ میں آچکا ہے یعنی ان سے امید ہے کہ یہ عہد کر کے قائم رکھیں گے) سو جب تک یہ لوگ تم سے سیدھی طرح رہیں (یعنی عہد نہ توڑیں) تم بھی ان سے سیدھی طرح رہو (اور مدت عہد کی ان سے پوری کر دو چنانچہ زمانہ نزول برات میں اس مدت میں نو ماہ باقی رہے اور بوجہ ان کی عہد شکنی نہ کرنے کے ان کی یہ مدت پوری کی گئی) بلاشبہ اللہ تعالیٰ (بدعہدی سے) احتیاط رکھنے والوں کو پسند کرتے ہیں (پس تم بھی احتیاط رکھنے سے پسندیدۂ حق ہو جاؤ گے یہ استثناء کر کے پھر عود ہے مضمون متعلق جماعت اول کی طرف کہ) کیسے (ان کا عہد قابل رعایت رہے گا یعنی وہ لوگ عہد پر کب قائم رہیں گے) حالانکہ ان کی یہ حالت ہے کہ اگر وہ تم پر کہیں غلبہ پا جائیں تو تمہارے بارے میں نہ قرابت کا پاس کریں اور نہ قول وقرار کا (کیونکہ ان کی یہ صلح مجبوری اور خوف جہاد سے ہے دل سے نہیں پس) یہ لوگ تم کو (صرف) اپنی زبانی باتوں سے راضی کر رہے ہیں اور ان کے دل (ان باتوں کو) نہیں مانتے (پس جب دل سے اس عہد کے پورا کرنے کا عزم نہیں ہے تو کیا پورا ہوگا) اور ان میں زیادہ آدمی شریر ہیں (کہ عہد پورا کرنا نہیں چاہتے اور اگر ایک آدھ پورا کرنا بھی چاہتا ہو تو زیادہ کے سامنے ایک دو کی کب چلتی ہے اور وجہ ان کے شریر ہونے کی یہ ہے کہ) انہوں نے احکام الٰہیہ کے عوض (دنیا کی) متاع ناپائیدار کو اختیار کر رکھا ہے (جیسا کہ کفار کی حالت ہوتی ہے کہ دین چھوڑ کر دنیا کو ترجیح دیتے ہیں جب دنیا زیادہ محبوب ہوگی تو جب عہد شکنی میں دنیوی غرض حاصل ہوتی نظر آوے گی اس میں کچھ باک نہ ہوگا بخلاف اس شکل کے جو دین کو ترجیح دیتا ہے وہ احکام الٰہیہ وفائے عہد وغیرہ کا پابند ہوگا) سو (اس ترجیح دنیا علی الدین کی وجہ سے) یہ لوگ اللہ کے (سیدھے) رستہ سے (جس میں وفائے عہد بھی داخل ہے) ہٹے ہوئے ہیں (اور) یقیناً یہ ان کا عمل بہت ہی برا ہے (اور ہم نے جو اوپر کہا ہے لَا يَرْقُبُوْا فِيْكُمْ الخ سو اس میں تمہاری کچھ تخصیص نہیں ان کی تو یہ حالت ہے کہ) یہ لوگ کسی مسلمانوں کے بارے میں (بھی) نہ قرابت کا پاس کریں اور نہ قول وقرار کا اور یہ لوگ (خصوصاً اس باب میں) بہت ہی زیادتی کر رہے ہیں سو (جب ان کے عہد پر اعتماد واطمینان نہیں بلکہ احتمال عہد شکنی کا بھی ہے جیسا کہ اس کی جانب مخالف کا بھی احتمال ہے اس لئے ہم ان کے بارے میں مفصل حکم سناتے ہیں کہ) اگر یہ لوگ (کفر سے) توبہ کر لیں (یعنی مسلمان ہو جاویں) اور (اس اسلام کو ظاہر بھی کر دیں مثلاً) نماز پڑھنے لگیں اور زکوٰۃ دینے لگیں تو (پھر ان کی عہد شکنی وغیرہ پر اصلاً نظر نہ ہوگی خواہ انہوں نے کچھ ہی کیا ہو اسلام لانے سے) وہ تمہارے دینی بھائی ہو جاویں گے (اور پچھلا کیا ہوا سب معاف ہو جاوے گا) اور ہم سمجھدار لوگوں (کو بتلانے) کے لئے احکام کو خوب تفصیل سے بیان کرتے ہیں (چنانچہ اس مقام پر بھی ایسا ہی کیا گیا ہے) اور اگر وہ لوگ عہد کرنے کے بعد اپنی قسموں (عہدوں) کو توڑ ڈالیں (جیسا کہ ان کی حالت سے غالب ہے) اور (عہد توڑ کر ایمان بھی نہ لاویں بلکہ اپنے کفر پر قائم رہیں جس کا ایک اثر یہ ہے کہ) تمہارے دین (اسلام) پر طعن (واعتراض) کریں تو (اس حالت میں تم لوگ اس قصد سے کہ یہ (اپنے کفر سے) باز آ جاویں ان پیشوایان کفر سے (خوب) لڑو (کیونکہ اس صورت میں) ان کی قسمیں (باقی نہیں رہیں یہاں تک قبل نقض پیشینگوئی ہو چکی آگے بعد وقوع نقض کے قتال کی ترغیب ہے کہ) تم ایسے لوگوں سے کیوں نہیں لڑتے جنہوں نے اپنی قسموں کو توڑ ڈالا (اور بنی بکر کی بمقابلہ خزاعہ کی مدد کی) اور رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کے جلاوطن کر دینے کی تجویز کی اور انہوں نے تم سے خود پہلے چھیڑ نکالی (کہ تمہاری طرف سے وفائے عہد میں کوئی کمی نہیں ہوئی انہوں نے بیٹھے بٹھائے کو خود ایک شوشہ چھوڑا پس ایسے لوگوں سے کیوں نہ لڑو) کیا ان سے (لڑنے میں) ڈرتے ہو (کہ ان کے پاس سامان وجمعیت زیادہ ہے) سو (اگر یہ بات ہے تو ہرگز ان سے مت ڈرو کیونکہ) اللہ تعالیٰ اس بات کے زیادہ مستحق ہیں کہ تم ان سے ڈرو اگر تم ایمان رکھتے ہو (اور ان سے ڈرنے کا مقتضا یہ ہے کہ ان کے حکم کے خلاف مت کرو اور وہ حکم دیتے ہیں قتال کا پس) ان سے لڑو اللہ

www.besturdubooks.net

تعالیٰ (کا وعدہ ہے کہ) ان کو تمہارے ہاتھوں سزا دے گا اور ان کو ذلیل (وخوار) کرے گا اور تم کو ان پر غالب کرے گا اور (ان کی اس تعذیب اور تمہاری نصرت سے) بہت سے (ایسے) مسلمانوں کے قلوب کو شفا دے گا اور ان کے قلوب کے غیظ (وغضب) کو دور کرے گا (جو خود تاب مقابلہ کی نہیں رکھتے اور ان کی حرکات کو دیکھ دیکھ کر دل ہی دل میں گھٹتے ہیں) اور (ان ہی کفار میں سے) جس پر (توجہ وفضل کرنا) منظور ہوگا اللہ تعالیٰ توجہ (بھی) فرما دے گا (یعنی مسلمان ہونے کی توفیق دے گا چنانچہ فتح مکہ میں بعض لڑے اور ذلیل ومقتول ہوئے اور بعضے مسلمان ہو گئے) اور اللہ تعالیٰ بڑے علم والے بڑی حکمت والے ہیں (کہ علم سے ہر ایک کا انجام کہ اسلام ہے یا کفر جانتے ہیں اور اسی لئے اپنی حکمت سے احکام مناسبہ مقرر فرماتے ہیں اور تم جو لڑنے سے جی چراتے ہو گو بعضے ہی سہی تو) کیا تم یہ خیال کرتے ہو کہ تم یوں ہی (اسی حالت پر) چھوڑ دیئے جاؤ گے حالانکہ ہنوز اللہ تعالیٰ نے (ظاہری طور پر) ان لوگوں کو تو دیکھا ہی نہیں جنہوں نے تم میں سے (ایسے موقع پر) جہاد کیا ہو اور اللہ ورسول اور مؤمنین کے سوا کسی کو خصوصیت کا دوست نہ بنایا ہو (جس کے ظاہر ہونے کا اچھا ذریعہ ایسے موقع کا جہاد ہے جہاں مقابلہ اپنے اعزہ واقارب سے ہو کہ پورا امتحان ہو جاتا ہے کہ کون اللہ کو چاہتا ہے کون برادری کو) اور اللہ تعالیٰ کو سب خبر ہے تمہارے سب کاموں کی (پس اگر جہاد میں چستی کرو گے یا سستی کرو گے اسی کے موافق تم کو جزا دے گا)۔ **ف**: اس رکوع میں جو اِلَّا الَّذِیْنَ عٰهَدْتُّمْ الخ آیا ہے اس کی تفسیر بھی درمنثور میں جماعت دوم یعنی بنی ضمرہ وبنی کنانہ سے کی ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان سے بھی حدیبیہ میں خاص گفتگو ہوئی ہوگی پس دونوں جگہ مستثنیٰ کا مصداق واحد ہے صرح به فی البیضاوی اور تکرار اس لئے نہیں کہ اس میں ظہور استقامت سے پہلے کا حال مذکور ہے اور اوپر ظہور استقامت کے بعد کا لقولہ تعالیٰ لَمْ یَنْقُصُوْكُمْ الخ واللہ اعلم اور قَاتِلُوْهُمْ یُعَذِّبْهُمُ الخ کی نسبت نزول قبل الفتح کو تمہید کے فائدہ دوم میں نقل کر چکا ہوں اور اس سے اوپر کی آیت میں اَلَا تُقَاتِلُوْنَ قَوْمًا نَّكَثُوْٓا الخ کے مضمون سے اس کا نزول بھی قبل الفتح وبعد النکث معلوم ہوتا ہے اور اس سے پہلے اِنْ نَّكَثُوْٓا والی سے نزول قبل النکث پر پس بدرجہ اولیٰ فتح مکہ کے قبل اس کا نزول ہوگا اور اس سے اوپر کی آیتیں اسی مضمون کے مناسب ہیں پس ان سب کا نزول بظن غالب قبل فتح ہے اسی لئے اول کی آیات کو پیشین گوئی پر محمول کیا گیا اور اِنْ تَابُوْا اور نَّكَثُوْٓا کے علاوہ ایک تیسری شق بھی ان بذلوا الجزیۃ محتمل تھی لیکن چونکہ کلام کفار عرب میں ہے اس لئے اس شق کی گنجائش نہیں اسی وجہ سے یَنْتَهُوْنَ ۝ کی تفسیر انتہا عن الکفر کے ساتھ کی گئی البتہ قبل نزول آیات براءت کے بطور صلح کے عہد کر لینا مشروع تھا ان آیات سے اس کی مشروعیت بھی مرتفع ہو گئی اب یا اسلام ہے یا سیف چنانچہ درمنثور میں ہے کہ پھر آپ نے ان میں سے کسی سے عہد نہیں کیا اور گزشتہ عہد کو صاف جواب دے دیا اور کفار قریش نے صرف جلاء وطن تجویز نہ کی تھی بلکہ قتل پر اخیر میں رائے قرار پائی تھی مگر اوروں کو اس لئے ذکر نہیں کیا کہ اخراج سب سے اخف ہے پس یہ بتلا دیا کہ جب عزم اخراج ہی امر منکر ہے تو اس سے اشد تو زیادہ منکر ہوگا۔

التماس: ان دو رکوع کی تفسیر میں کئی کئی سال گذرے کہ مجھ کو پریشانی اور خلجان رہتا تھا اور جس قدر میں نے لکھا ہے یہ میری کوشش کا منتہاء ہے اگر کسی کی نظر یا ذہن میں اس سے احسن اور اسہل تفسیر گزرے تو وہ اسی کو اختیار کر کے مجھ کو معذور سمجھے اور میری لغزش کے عفو کی دعا کرے۔

ربط: اوپر مشرکین کے شنائع مذکور تھے چونکہ ان کو اپنے بعض اعمال پر جیسے مسجد حرام کی خدمت اور حجاج کا پانی پلانا وغیرہ افتخار تھا اس لئے آگے مضمون سابق کی تتمیم کے لئے ان کے افتخار کا ان چند مذکور آیتوں میں جواب دیتے ہیں اور اسی ضمن میں مسلمانوں کے ایک اختلافی مسئلہ کا جس میں اس وقت کلام ہوا تھا کہ ایمان کے بعد افضل الاعمال آیا عمارت مسجد حرام ہے یا سقایہ حاج یا جہاد آیت: اَجَعَلْتُمْ الخ میں جواب دیتے ہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ وَاَكْثَرُهُمْ فٰسِقُوْنَ ۝ اِشْتَرَوْا بِاٰیٰتِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِیْلًا دوسرا جملہ مستانفہ ہے بطور تعلیل جملہ سابقہ کے پس اس میں دلالت ہے کہ اتباع شہوات اور میلان الی اللذات سبب ہو جاتا ہے فسق وتمرد کا۔ قولہ تعالیٰ وَیَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِیْنَ ۝ وَیُذْهِبْ غَیْظَ قُلُوْبِهِمْ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کاملین میں بھی امور طبعیہ رہتے ہیں اور یہ بھی معلوم ہوا کہ ان کے بعض آثار مطلوب بھی ہیں ورنہ صحابہؓ میں غیظ وغیرہ نہ ہوتا۔ قولہ تعالیٰ وَلَمَّا یَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِیْنَ جٰهَدُوْا اس پر دال ہے کہ عادت الٰہیہ یہ ہے کہ مجاہدات کے بعد ثمرات عطا کرتے ہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله قبل طعنوا کفر پر قائم ہو مما وهبه الله تعالیٰ لی ۱۲۔ ۲ قوله فی لعلهم اس قصد سے غایة للقتال باعتبار ترجیة العباد ای لا یکون مقصودکم اتلاف الانفس والاموال ۱۲۔ ۳ قوله فی لما یعلم الله ایسے موقع پر زاد هذا القید لان القتال قد وقع قبل الفتح غیر مرة لکن لا بهذا الشان ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: فی قراءة لا ایمان مصدر من الافعال ای لا امن لهم اولا اسلام لهم ۱۲۔

اللغات: قوله الال القرابة ۱۲۔

البلاغۃ: قوله لا ایمان لهم لم یقل لا عهد لهم تاکیدا ومبالغة فان فیه ایذاناً بانهم اقسموا علی العهد ثم لم یفوا قوله طعنوا فی ایراده مع

www.besturdubooks.net

القتال من الحسن ما لا یخفی ۱۲۔

مَا كَانَ لِلْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يَّعْمُرُوْا مَسٰجِدَ اللّٰهِ شٰهِدِيْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ بِالْكُفْرِ ؕ اُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ ۚۖ
وَفِي النَّارِ هُمْ خٰلِدُوْنَ ﴿۱۷﴾ اِنَّمَا يَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى
الزَّكٰوةَ وَلَمْ يَخْشَ اِلَّا اللّٰهَ ۖ فَعَسٰٓى اُولٰٓئِكَ اَنْ يَّكُوْنُوْا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ﴿۱۸﴾ اَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ الْحَآجِّ وَعِمَارَةَ
الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ كَمَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَجٰهَدَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ لَا يَسْتَوٗنَ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ
لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۹﴾ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ۙ اَعْظَمُ دَرَجَةً عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿۲۰﴾ يُبَشِّرُهُمْ رَبُّهُمْ بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ
وَرِضْوَانٍ وَّجَنّٰتٍ لَّهُمْ فِيْهَا نَعِيْمٌ مُّقِيْمٌ ﴿۲۱﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۲۲﴾

مشرکین کی یہ لیاقت ہی نہیں کہ وہ اللہ تعالیٰ کی مسجدوں کو آباد کریں جس حالت میں کہ وہ خود اپنے اوپر کفر کی باتوں کا اقرار کر رہے ہیں۔ ان لوگوں کے سب اعمال اکارت جائیں گے اور دوزخ میں وہ لوگ ہمیشہ رہیں گے۔ ہاں اللہ کی مسجدوں کو آباد کرنا ان لوگوں کا کام ہے جو اللہ تعالیٰ پر اور قیامت کے دن پر ایمان لائیں اور نماز کی پابندی کریں اور زکوٰۃ دیں اور بجز اللہ کے کسی سے نہ ڈریں۔ سو ایسے لوگوں کی نسبت توقع (یعنی وعدہ) ہے کہ اپنے مقصود تک پہنچ جائیں گے کیا تم لوگوں نے حجاج کو پانی پلانے کو اور مسجد حرام کے آباد رکھنے کو اس شخص کے برابر قرار دے لیا جو کہ اللہ تعالیٰ پر اور قیامت کے دن پر ایمان لایا ہو اور اس نے اللہ کی راہ میں جہاد کیا ہو یہ لوگ برابر نہیں اللہ کے نزدیک اور جو لوگ بے انصاف ہیں اللہ تعالیٰ ان کو سمجھ نہیں دیتا جو لوگ ایمان لائے اور (اللہ کے واسطے) انہوں نے ترک وطن کیا اور اللہ کی راہ میں اپنے مال اور جان سے جہاد کیا وہ درجہ میں اللہ کے نزدیک بہت بڑے ہیں اور یہی لوگ پورے کامیاب ہیں۔ ان کا رب ان کو بشارت دیتا ہے اپنی طرف سے بڑی رحمت اور بڑی رضامندی اور (جنت کے) ایسے باغوں کی کہ ان کے لئے ان (باغوں) میں دائمی نعمت ہوگی (اور) ان میں یہ ہمیشہ ہمیشہ کو رہیں گے بلاشبہ اللہ کے پاس بڑا اجر ہے ۞

تفسیر: جواب افتخار مشرکین مع رفع اختلاف مؤمنین در باب تفاضل بعضے اعمال ☆ مَا كَانَ لِلْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يَّعْمُرُوْا مَسٰجِدَ اللّٰهِ شٰهِدِيْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ بِالْكُفْرِ ؕ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۲۲﴾ مشرکین کی یہ لیاقت ہی نہیں کہ وہ اللہ کی مسجدوں کو (جن میں مسجد حرام بھی آ گئی) آباد کریں جس حالت میں کہ وہ خود اپنے اوپر کفر (کی باتوں) کا اقرار کر رہے ہیں (چنانچہ وہ خود اپنا مشرب بتلانے کے وقت ایسے عقائد کا اقرار کرتے ہیں جو واقع میں کفر ہیں۔ مطلب یہ کہ عمارت مساجد گو عمل محمود ہے لیکن باوجود شرک کے کہ اس کا منافی ہے اس عمل کی اہلیت ہی مفقود ہے اور اس لئے وہ محض غیر معتد بہ ہے پھر فخر کی کیا گنجائش ہے) ان لوگوں کے (جو کہ مشرک ہیں) سب اعمال (نیک مثل عمارت مسجد وغیرہ) اکارت (اور ضائع) ہیں (بوجہ اس کے کہ ان کی قبولیت کی شرط نہیں پائی جاتی اور ضائع عمل پر فخر ہی کیا) اور دوزخ میں وہ لوگ ہمیشہ رہیں گے (کیونکہ وہ عمل جو کہ اسباب نجات سے ہے وہ تو ضائع ہی ہو گیا تھا) ہاں اللہ کی مسجدوں کو آباد کرنا ان لوگوں کا کام ہے (یعنی علیٰ وجہ الکمال ان سے مقبول ہوتا ہے) جو اللہ پر اور قیامت کے دن پر (دل سے) ایمان لاویں (اور جوارح سے اس کا اظہار بھی کریں مثلاً اس طرح کہ) نماز کی پابندی کریں اور زکوٰۃ دیں اور (اللہ پر ایسا توکل رکھتے ہوں کہ) بجز اللہ کے کسی سے نہ ڈریں سو ایسے لوگوں کی نسبت توقع (یعنی وعدہ) ہے کہ اپنے مقصود (یعنی جنت ونجات) تک پہنچ جاویں گے (کیونکہ ان کا عمل بوجہ ایمان کے مقبول ہوگا اس لئے آخرت میں نفع ہوگا (اور مشرکین اس شرط سے محروم ہیں پس ثمرہ عمل سے بھی محروم ہیں اور عمل بے ثمر پر فخر لاحاصل) کیا تم لوگوں نے حجاج کے پانی پلانے کو اور مسجد حرام کے آباد رکھنے کو اس شخص (کے عمل) کے برابر قرار دے لیا جو کہ اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان لایا ہو اور اس نے اللہ کی راہ میں جہاد کیا ہو (وہ عمل ایمان اور جہاد ہے یعنی یہ اعمال برابر نہیں اور جب اعمال برابر نہیں تو) یہ (عامل) لوگ (بھی باہم) برابر نہیں اللہ کے نزدیک (غرض عمل عمل باہم اور عامل عامل باہم برابر نہیں مقصود بقرینہ سیاق یہ ہے کہ ایمان اور جہاد میں سے ہر واحد افضل ہے سقایہ وعمارت کے ہر واحد سے یعنی ایمان بھی دونوں سے افضل ہے اور اس سے جواب ہو گیا مشرکین کا کہ ان میں ایمان نہ تھا اور جہاد بھی دونوں سے افضل ہے اس سے جواب ہو گیا بعض مؤمنین کا کہ جو بعد ایمان کے سقایہ اور عمارت کو جہاد پر تفضیل دیتے تھے) اور (یہ امر مذکور بہت ہی ظاہر ہے لیکن) جو لوگ بے انصاف ہیں (مراد مشرک ہیں) اللہ تعالیٰ ان کو سمجھ نہیں دیتا (اس لئے وہ نہیں مانتے

www.besturdubooks.net

بخلاف اہل ایمان کے کہ وہ اس تحقیق کو فوراً مان گئے آگے اس مضمون کی تصریح ہے جو اوپر لَا يَسْتَوُوْنَ سے مقصود تھا یعنی) جو لوگ ایمان لائے اور (اللہ کے واسطے) انہوں نے ترک وطن کیا اور اللہ کی راہ میں اپنے مال اور جان سے جہاد کیا وہ درجہ میں اللہ کے نزدیک (بمقابلہ اہل سقایہ واہل عمارت کے) بہت بڑے ہیں (کیونکہ اگر اہل سقایت واہل عمارت میں ایمان نہ ہو تب تو یہ بڑائی ان ہی مؤمنین مہاجرین مجاہدین میں منحصر ہے اور اگر ان میں ایمان ہو تو گو وہ بھی بڑے ہیں مگر یہ زیادہ بڑے ہیں) اور یہی لوگ پورے کامیاب ہیں (کیونکہ اگر ان کے مقابلین میں ایمان نہ ہو تب تو کامیابی کا ان ہی میں حصر ہے اور اگر ایمان ہو تو کامیابی مشترک ہے لیکن ان کی کامیابی ان سے اعلیٰ ہے آگے اس درجہ اور فوز کا بیان ہے کہ) ان کا رب ان کو بشارت دیتا ہے اپنی طرف سے بڑی رحمت اور بڑی رضامندی اور (جنت کے) ایسے باغوں کی ان کے لئے ان (باغوں) میں دائمی نعمت ہوگی (اور) ان میں یہ ہمیشہ ہمیشہ کو رہیں گے بلاشبہ اللہ کے پاس بڑا اجر ہے (اس میں سے ان کو دیا جاوے گا)۔ ف: آیت مَا كَانَ لِلْمُشْرِكِيْنَ الخ کی جو تفسیر بندہ نے اختیار کی ہے اس بنا پر اس آیت کا حاصل صرف یہ ہوا کہ ان کے یہ اعمال مقبول نہیں اور یہ بات کہ کافر اگر مسجد بنادے یا اس کی خدمت وغیرہ کرے تو اس کو اجازت دی جاوے گی یا نہیں۔ اس مسئلہ سے تعارض نہ ہوگا باقی خود اس مسئلہ کی تحقیق دوسرے دلائل سے یہ ہے کہ اگر وہ کافر اپنے مذہب کی رو سے اس کو ثواب سمجھے تو اجازت دے دی جاوے گی ورنہ نہیں کذا فی الهداية كتاب الوصية البتہ پہلی صورت میں اگر اجازت دینا کسی مصلحت اسلامی کے خلاف ہو تو اجازت نہ ہوگی۔

ربط: اوپر ہجرت کا ذکر تھا جس میں وطن اور اقارب اور اموال واملاک سے قطع تعلق کرنا پڑتا ہے جو کہ طبعاً شاق معلوم ہوتا ہے جو گاہے سبب ہو سکتا ہے ترک ہجرت کا اس لئے آگے ان تعلقات کے غلبہ کی مذمت فرماتے ہیں۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَةِ: ۱ قوله فی بالکفر کفر کی باتوں الخ فاندفع به ما یرد علی ظاهره ان المشرکین لم یکونوا مقرین بانهم کافرون ۱۲۔ ۲ قوله فی انما یعمر مقبول ہوتا ہے دل علیه مقابلته لقوله ما کان المشرکین بتفسیره الذی ذکر ۱۲۔ ۳ قوله فی امن ایمان لاویں رعایة لمعنی مَن ۱۲۔ ۴ قوله فی من اقام الخ اظہار بھی کریں اشارة الی ان خصوصیة الاعمال لیست مقصودا بل المراد اشتراط الاظهار لا للقبول بل لکماله لان الاخفاء بلا عذرا ثم کبیر والاثم مانع لکمال القبول ولاجله اشترط عدم الخشیة ۱۲۔ ۵ قوله فی سقایة پلانے کو اشارة الی تقدیر المضاف فی جانب المشبه به ای کعمل من آمن الخ ۱۲۔ ۶ قوله فی توضیح لا یستوون اس سے جواب ہو گیا مشرکین کا اشارة الی ان المخاطب فی اجعلتم المشرکون والمسلمون معا لکن باختلاف الاعتبار کما فی تقریر الترجمة فاجتمعت علی هذا الروایات کلها ۱۲۔ ۷ قوله فی لا یهدی بخلاف فالجملة فیها بیان حال الفریقین بمفهوم الموافقة وبمفهوم المخالفة فافهم ۱۲۔

الرِّوَايَاتُ: فی الروح اخرج ابو الشیخ وابن جریر عن الضحاك انه لما اسر العباس عیره المسلمون بالشرك وقطعیة الرحم واغلظ علیه علی کرم الله وجهه فی القول فقال تذکرون مساوینا وتکتمون محاسننا انا لنعمر المسجد الحرام ونحجب الکعبة نقری الحجیج ونفك العانی فنزلت قلت ویفهم من بعض الروایات ان العباسؓ افتخر بها بعد ان اسلم فالوجه فیه ان الحسنات التی یعمل المرء فی الجاهلیة یثاب علیها ان اسلم فلعل مراده انی لما اسلمت بقیت لی تلك الاعمال فاشترکنا نحن وانتم فی الاسلام ثم فقناکم بهذه الاعمال وکان یلزم منه حکمه بکونها افضل من الجهاد فکان تقریر الجواب کما ذکر فی المتن فی جواب المسلمین فافهم واخرج ابن ابی حاتم وابن مردویه عن ابن عباسؓ ان المشرکین قالوا عمارة بیت الله تعالٰی والقیام للسقایة خیر من الایمان والجهاد واخرج مسلم وابو داؤد وابن جریر وابن المنذر جماعة عن النعمان بن بشیرؓ قال کنت عند منبر رسول الله صلی الله علیه وسلم فی نفر من اصحابة فقال ما ابالی ان لا اعمل عملا لله تعالٰی بعد الاسلام الا ان اسقی الحاج وقال آخر بل عمارة المسجد الحرام وقال آخر بل الجهاد فی سبیل الله خیر مما قلتم فزجرهم عمرؓ وقال لا ترفعوا اصواتکم عند منبر رسول الله صلی الله علیه وسلم و ذلك یوم الجمعة ولکن اذا صلیتم الجمعة دخلت علی رسول الله صلی الله علیه وسلم فاستفتیه فیما اختلفتم فیه فانزل الله الآیة الی قوله سبحانه والله لا یهدی القوم الظالمین اه قلت ولاجل الجمع بین هذه الروایات التی لا تعارض فی کون جمیعها سببا جعل الخطاب عاما والله اعلم ۱۲۔

اللُّغَاتُ: السقایة والعمارة مصدران ۱۲۔

البَلَاغَةُ: قوله الذین آمنوا وهاجروا زاد فیه علی ما قبله الهجرة وتفصیل الجهاد اشارة الی کون الهجرة والجهاد بکلا نوعیه من لوازم الایمان الکامل قوله مقیم معناه من لا یرتحل ولا یسافر وهو استعارة للدائم ۱۲۔

www.besturdubooks.net

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْٓا اٰبَآءَكُمْ وَاِخْوَانَكُمْ اَوْلِيَآءَ اِنِ اسْتَحَبُّوا الْكُفْرَ عَلَى الْاِيْمَانِ ۭ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۳﴾ قُلْ اِنْ كَانَ اٰبَاۗؤُكُمْ وَاَبْنَاۗؤُكُمْ وَاِخْوَانُكُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ وَعَشِيْرَتُكُمْ وَاَمْوَالُۨ اقْتَرَفْتُمُوْهَا وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسٰكِنُ تَرْضَوْنَهَآ اَحَبَّ اِلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَجِهَادٍ فِيْ سَبِيْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۲۴﴾ لَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ فِيْ مَوَاطِنَ كَثِيْرَةٍ ۙ وَّيَوْمَ حُنَيْنٍ ۙ اِذْ اَعْجَبَتْكُمْ كَثْرَتُكُمْ فَلَمْ تُغْنِ عَنْكُمْ شَيْـــًٔا وَّضَاقَتْ عَلَيْكُمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ ثُمَّ وَلَّيْتُمْ مُّدْبِرِيْنَ ﴿۲۵﴾ ثُمَّ اَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰي رَسُوْلِهٖ وَعَلَي الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَنْزَلَ جُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا وَعَذَّبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ وَذٰلِكَ جَزَاۗءُ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۶﴾ ثُمَّ يَتُوْبُ اللّٰهُ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ عَلٰي مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۷﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ فَلَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ بَعْدَ عَامِهِمْ هٰذَا ۚ وَاِنْ خِفْتُمْ عَيْلَةً فَسَوْفَ يُغْنِيْكُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖٓ اِنْ شَاۗءَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۸﴾

اے ایمان لانے والو اپنے باپوں کو اور اپنے بھائیوں کو (اپنا) رفیق مت بناؤ اگر وہ لوگ کفر کو بمقابلہ ایمان کے (ایسا) عزیز رکھیں (کہ ان کے) ایمان لانے کی اُمید نہ رہے اور جو شخص تم میں سے ان کے ساتھ رفاقت رکھے گا سو ایسے لوگ بڑے نافرمان ہیں۔ آپ کہہ دیجئے کہ اگر تمہارے باپ اور تمہاری اولاد اور تمہارے بھائی اور تمہاری بیبیاں اور تمہارا کنبہ اور وہ مال جو تم نے کمائے ہیں اور وہ تجارت جس میں نکاسی نہ ہونے کا تم کو اندیشہ ہو اور وہ گھر جن کو تم پسند کرتے ہو تم کو اللہ سے اور اس کے رسول سے اور اس کی راہ میں جہاد کرنے سے زیادہ پیارے ہوں تو تم منتظر رہو یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اپنا حکم (سزائے ترک ہجرت کا) بھیج دیں اور اللہ تعالیٰ بے حکمی کرنے والوں کو ان کے مقصود تک نہیں پہنچاتا تم کو خدا تعالیٰ نے (لڑائی کے) بہت موقعوں میں (کفار) پر غلبہ دیا اور حنین کے دن بھی جب کہ تم کو اپنے مجمع کی کثرت پر غرہ ہو گیا تھا۔ پھر وہ کثرت تمہارے کچھ کار آمد نہ ہوئی اور تم پر زمین باوجود اپنی فراخی کے تنگی کرنے لگی پھر (آخر) تم پیٹھ دے کر بھاگ کھڑے ہوئے۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول (کے قلوب) پر اور دوسرے مؤمنین (کے قلب) پر اپنی (طرف سے) تسلی نازل فرمائی اور (مدد کے لئے) ایسے لشکر نازل فرمائے جن کو تم نے نہیں دیکھا اور کافروں کو سزا دی اور یہ کافروں کی (دنیا میں) سزا ہے پھر اس کے بعد خدا تعالیٰ جس کو چاہیں توبہ نصیب کر دیں اور اللہ تعالیٰ بڑی مغفرت کرنے والے اور بڑی رحمت کرنے والے ہیں اے ایمان والو! مشرک لوگ (بوجہ عقائد خبیثہ) نرے ناپاک ہیں۔ سو یہ لوگ اس سال کے بعد مسجد حرام کے پاس نہ آنے پائیں اور اگر تم کو مفلسی کا اندیشہ ہو تو (خدا پر توکل رکھو) خدا تم کو اپنے فضل سے اگر چاہے گا (ان کا) محتاج نہ رکھے گا۔ بے شک اللہ تعالیٰ خوب جاننے والا بڑا حکمت والا ہے۔

تفسیر: ذم ایثار تعلقاتِ دنیویہ بر تعلقاتِ اخرویہ ☆ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْٓا اٰبَآءَكُمْ وَاِخْوَانَكُمْ اَوْلِيَآءَ (الی قولہ تعالیٰ) وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۲۴﴾ اے ایمان والو اپنے باپوں کو اور اپنے بھائیوں کو (اپنا رفیق مت بناؤ اگر وہ لوگ کفر کو بمقابلہ ایمان کے (ایسا) عزیز رکھیں (کہ ان کے ایمان لانے کی امید نہ رہے) اور جو شخص تم میں سے ان کے ساتھ رفاقت رکھے گا سو ایسے لوگ بڑے نافرمان ہیں (مطلب یہ کہ بڑا مانع ہجرت سے ان لوگوں کا تعلق ہے اور خود وہی جائز نہیں پھر ہجرت میں کیا دشواری ہے آگے اسی مضمون کی زیادہ تفصیل ہے کہ اے محمد ﷺ) آپ (ان سے) کہہ دیجئے کہ اگر تمہارے باپ اور تمہارے بیٹے اور تمہارے بھائی اور تمہاری بیبیاں اور تمہارا کنبہ اور وہ مال جو تم نے کمائے ہیں اور وہ تجارت جس میں نکاسی نہ ہونے کا تم کو اندیشہ ہو اور وہ گھر جن (میں رہنے) کو تم پسند کرتے ہو (اگر یہ چیزیں) تم کو اللہ سے اور اس کے رسول سے اور اس کی راہ میں جہاد کرنے سے زیادہ پیاری ہوں تو تم منتظر رہو یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اپنا حکم (سزائے ترک ہجرت کا) بھیج دیں (جیسا دوسری آیت میں ہے اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰۗىِٕكَةُ (الی قولہ تعالیٰ) فَاُولٰۗىِٕكَ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ) [النساء: ۹۷] اور اللہ تعالیٰ بے حکمی کرنے والے لوگوں کو ان کے مقصود تک نہیں پہنچاتا (یعنی ان کا مقصود تھا ان چیزوں

www.besturdubooks.net

سے تمتع وہ بہت جلد خلاف ان کی توقع کے موت سے منقطع ہو جاتا ہے) ف: ہجرت سے یہی اندیشے ہوتے تھے کہ عزیز چھٹ جاویں گے اموال واملاک پریشان وتلف ہو جاویں گے تجارت کا انتظام وسلسلہ بگڑ جاوے گا یہ آرام کے گھر جن میں رہتے ہیں چھٹ جاویں گے اور مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ سے مراد چونکہ من العمل بامر الله ورسوله ہے اس میں ہجرت بھی آ گئی اور جہاد کی تصریح سے مقصود مبالغہ ہے کہ ہجرت تو پھر سہل ہے مطلوب تو یہ ہے کہ جہاد کو بھی اشیائے مذکورہ پر ترجیح دی جاوے جس میں اپنی جان اور کبھی ان عزیزوں کی جان کو جب کہ ان سے مقابلہ ہو جاوے بے قدر اور ہیچ سمجھنا پڑتا ہے پہلے پارہ والمحصنٰت کے نصف کے بعد رکوع اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَفّٰهُمُ کی تفسیر میں تحقیق مسئلۂ ہجرت کی گذر چکی ہے ملاحظہ کر لیا جاوے اور اِسْتَجِيْبُوْا کی جو تفسیر کی گئی ہے اس سے ایک مسئلہ مستنبط ہوا کہ جس کافر کے اسلام کی امید ہو اور اسی مصلحت سے اس سے تعلق رکھے جائز ہے اور ان اشیاء کا زیادہ پیارا ہونا جو برا ہے مراد اس سے وہ محبت ہے جو احکام الٰہیہ دینویہ پر عمل کرنے سے باز رکھے میلان طبعی مراد نہیں ہے۔ ربط: اوپر براءت اور غزوۂ فتح کا ذکر تھا آگے غزوۂ حنین کا ذکر ہے اور ان کا تناسب ظاہر ہے اور تمہید سورت کے فائدہ اول میں بھی مذکور ہوا ہے نیز اوپر قطع علائق ماسوی اللہ کا بیان تھا لَا تَتَّخِذُوْٓا اٰبَآءَكُمْ الخ میں قصۂ حنین سے اس کی تائید بھی ہوتی ہے کہ غیر اللہ پر نظر کرنے سے ضرر ہوا اور اللہ کا تعلق کافی اور نافع ہوا۔

قصہ غزوۂ حنین: حنین ایک مقام ہے مکہ اور طائف کے درمیان میں یہاں قبیلہ ہوازن اور ثقیف سے فتح مکہ سے دو ہفتہ بعد لڑائی ہوئی تھی مسلمان بارہ ہزار تھے اور مشرکین چار ہزار بعض مسلمان اپنا مجمع دیکھ کر ایسے طور پر کہ اس سے پندار مترشح ہوتا تھا کہنے لگے کہ ہم آج کسی طرح مغلوب نہیں ہو سکتے چنانچہ اول مقابلہ میں کفار کو ہزیمت ہوئی بعضے مسلمان غنیمت کو جمع کرنے لگے اس وقت کفار لوٹ پڑے اور وہ تیر انداز بڑے تھے مسلمانوں پر تیر برسانے شروع کئے اس گھبراہٹ میں مسلمانوں کے پاؤں اُکھڑ گئے صرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مع چند صحابہؓ کے میدان میں رہ گئے آپ نے حضرت عباسؓ سے مسلمانوں کو آواز دلوائی پھر سب لوٹ کر دوبارہ کفار سے مقابل ہوئے اور آسمان سے فرشتوں کی مدد آئی آخر کفار بھاگے اور بہت سے قتل ہوئے بہت سے قید ہوئے پھر ان قبائل کے بہت سے آدمی آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر مشرف باسلام ہوئے اور آپ نے ان کے اہل وعیال جو پکڑے گئے تھے سب ان کو واپس کر دیئے۔ كذا فى الروح والدر و صحيح البخارى۔

آیت وتفسیر: لَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ فِيْ مَوَاطِنَ كَثِيْرَةٍ ۙ (الی قولہ تعالیٰ) وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ تم کو خدا تعالیٰ نے (لڑائی کے) بہت موقعوں میں (کفار پر) غلبہ دیا (جیسے بدر وغیرہ) اور حنین کے دن بھی (جس کا قصہ عجیب وغریب ہے تم کو غلبہ دیا) جب کہ (یہ واقعہ ہوا تھا کہ) تم کو اپنے مجمع کی کثرت سے غرہ ہو گیا تھا پھر وہ کثرت تمہارے کچھ کارآمد نہ ہوئی اور (کفار کے تیر برسانے سے ایسی پریشانی ہوئی کہ) تم پر زمین باوجود اپنی (اس) فراخی کے تنگی کرنے لگی پھر (آخر) تم پیٹھ دے کر بھاگ کھڑے ہوئے اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول (کے قلب) پر اور دوسرے مؤمنین (کے قلوب) پر اپنی (طرف سے) تسلی نازل فرمائی اور (مدد کے لئے) ایسے لشکر (آسمان سے) نازل فرمائے جن کو تم نے نہیں دیکھا (مراد فرشتے ہیں جس کے بعد تم پھر مستعد قتال ہوئے اور غالب آئے) اور (اللہ تعالیٰ نے) کافروں کو سزا دی (کہ ان پر ہزیمت اور قتل وقید واقع ہوا) اور یہ کافروں کی (دنیا میں) سزا ہے پھر خدا تعالیٰ (ان کافروں میں سے) جس کو چاہیں توبہ نصیب کر دیں چنانچہ بہت سے مسلمان ہو گئے) اور اللہ تعالیٰ بڑی مغفرت کرنے والے بڑی رحمت کرنے والے ہیں (کہ جو شخص ان میں مسلمان ہوا اس کے سب پچھلے گناہ معاف کر کے مستحق جنت کا بنا دیا) ف: اس قصہ میں جو غلبہ کے ساتھ یہ فرمایا کہ جب کہ یہ واقعہ ہوا تھا مراد اس سے صرف اَعْجَبَتْكُمْ كَثْرَتُكُمْ کا مضمون نہیں کہ شبہ پڑے کہ اعجاب سے تو مغلوبیت ہوئی تھی بلکہ مراد مجموعہ قصہ اخیر تک ہے اور مجموعہ میں غلبہ کا ہونا یقینی ہے اور یہ جو فرمایا کہ رسول پر تسلی نازل ہوئی مراد اس سے مطلق تسلی نہیں وہ تو آپ کو بلکہ جو صحابہؓ آپ کے ساتھ رہ گئے تھے ان کو بھی حاصل تھی اسی وجہ سے ثابت قدم رہے بلکہ مراد اس سے خاص تسلی ہے جس سے غلبہ کی امید قریب ہوگی اور مؤمنین پر جو تسلی نازل فرمانا ارشاد فرمایا ان میں جو آپ کے ساتھ رہ گئے تھے ان پر نزول تسلی کے معنی تو ابھی معلوم ہوئے اور جو ہٹ گئے تھے ان پر نازل ہونا یہی ہے کہ پھر میدان میں آ گئے اور یہ جو فرمایا کہ تم نے فرشتوں کو دیکھا نہیں یعنی عام طور پر پس اگر اتفاقاً کسی ایک آدھ کا دیکھنا ثابت ہو جاوے تو کچھ اشکال نہیں اور قتل وقید کو جو کافروں کو سزا فرمایا مطلب یہ ہے کہ جہاں واقع ہو سزا ہے اور یہ مطلب نہیں کہ وقوع ضروری ہے۔ ربط: اوپر شروع سورت میں اعلان براءت کا تھا آگے اسی اعلان کا تتمہ مذکور ہے یعنی سال کے اندر اندر مشرکین کا خارج حدود کر دینا اور اس اخراج کے حکم سے جو مسلمانوں کو تردد ہوا تھا کہ مال کی آمد بند ہو جاوے گی ساتھ ہی اس بارہ میں تسلی ہے۔

تتمہ اعلان براءت وتسلیہ مؤمنین ☆ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ اے ایمان والو مشرک لوگ (بوجہ عقائد خبیثہ کے) نرے ناپاک ہیں سو (اس ناپاکی پر جو احکام متفرع ہوئے ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ) یہ لوگ اس سال کے بعد مسجد حرام (یعنی حرم) کے پاس (بھی) نہ آنے پاویں (یعنی حرم کے اندر داخل نہ ہوں) اور اگر تم کو (اس حکم کے جاری کرنے سے بدیں وجہ) مفلسی کا اندیشہ ہو (کہ لین دین

www.besturdubooks.net

انہی سے زیادہ متعلق ہے جب یہ نہ رہیں گے تو کیسے کام چلے گا) تو (تم خدا پر توکل رکھو) خدا تم کو اپنے فضل سے اگر چاہے گا (ان کا) محتاج نہ رکھے گا بیشک اللہ تعالیٰ (احکام کی مصلحتوں کو) خوب جاننے والا ہے (اور ان مصلحتوں کی تکمیل کے باب میں) بڑا حکمت والا ہے (اس لئے یہ حکم مقرر کیا اور تمہارے افلاس کے انسداد کا سامان بھی کر دے گا)۔ **ف**: سب کا اتفاق ہے کہ اس باب میں کفار اہل کتاب کا حکم مثل مشرکین کے ہے اور در منثور کی ایک روایت اس کی مؤید بھی ہے کہ جبرئیل علیہ السلام نے یہودی کے ہاتھ کو مثل مشرک کے ہاتھ کے فرمایا اور مراد اس نجاست سے نجاست عقائد ہے نہ کہ نجاست اعیان واجسام چنانچہ سنن ابوداؤد کتاب الخراج میں وفد ثقیف کو مسجد میں ٹھہرانے کی روایت موجود ہے اور وہ مشرک تھے اور یہاں مقصود حکم لَا يَقْرَبُوا کا فرمانا ہے اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ میں اس کی ایک حکمت بتلا دی کہ ایسے مقدس مقام میں ایسے ناپاک دل والوں کا کیا کام اور مسجد حرام سے تمام حرم مراد ہونا در منثور میں عطاءؒ سے مروی ہے اور حدیثوں سے تمام جزیرہ عرب کا یہی حکم ثابت ہے مشرکین کے لئے بھی اور یہود و نصاریٰ کے لئے بھی یہ روایتیں در منثور میں بھی نقل کی ہیں چنانچہ حسب وصیت آپ کے حضرت عمرؓ کے زمانہ میں تمام جزیرۂ عرب میں اس قانون کا نفاذ ہو گیا اور فقہ حنفی کی رو سے مراد اس سے قرب و دخول بطور توطن یا استیلاء کے ہے کہ یہ ناجائز ہے ورنہ مسافرانہ امام کی اجازت سے آنا اگر امام کے نزدیک خلاف مصلحت نہ ہو مضائقہ نہیں جیسا دوسری آیت مَا كَانَ لَهُمْ اَنْ يَّدْخُلُوْهَا اِلَّا خَآئِفِيْنَ [البقرة: ۱۱۴] کی بعض علماء نے یہی تفسیر کی ہے اور قتادہؒ کا قول **فليس لاحد من المشركين ان يقرب المسجد الحرام بعد عامهم ذلك الا صاحب الجزية او عبد لرجل من المسلمين** رواه فی الدر اس کو مؤید ہے اور جب حرم کے اندر آنے کی اجازت دینا جائز ہے مسجد حرام بھی اسی حکم میں ہے البتہ حج و عمرہ کی کفار کو اجازت نہیں بوجہ حدیث **الا لا يحجن بعد العام مشرك** کے اور جن روایتوں میں مشرک سے مصافحہ کر کے ہاتھ دھونا آیا ہے وہ محمول تغلیظ پر ہیں اور اس آیت میں جو اغناء کا وعدہ ہے وہ اللہ تعالیٰ نے اس طرح پورا کر دیا کہ تاجر قوموں کو مسلمان کر دیا وہ سب طرح کا مال مکہ میں لانے لگے اور ان شاء عدم تیقن اور تبعید وعدہ کے لئے نہیں بلکہ تقریب وعدہ کے لئے ہے اس وعدہ کے پورا کرنے کے لئے اللہ کو کچھ لمبا چوڑا سامان کرنے کی ضرورت نہیں بلکہ صرف مشیت کافی ہے خوب سمجھ لو۔

ربط: اوپر براءت و فتح مکہ و حنین میں قتال مشرکین کا بیان تھا آگے قتال اہل کتاب کا بیان ہے گویا غزوۂ تبوک کی تمہید ہے کہ وہ بھی اہل کتاب کے ساتھ معاملہ ہوا تھا چنانچہ مجاہد سے در منثور میں اس آیت کا نزول غزوۂ تبوک ہی میں نقل کیا ہے۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلِ السُّلُوْكِ: قولہ تعالیٰ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْٓا اٰبَآءَكُمْ (الی قولہ تعالیٰ) فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ اس میں حق تعالیٰ نے بیان فرمادیا کہ تعلق مع اللہ بمقابلہ تعلق مع الخلق کے زیادہ رعایت کے قابل ہے۔ قولہ تعالیٰ: اِذْ اَعْجَبَتْكُمْ كَثْرَتُكُمْ فَلَمْ تُغْنِ عَنْكُمْ شَيْـًٔا (الی قولہ تعالیٰ) ثُمَّ اَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اس میں دلالت ہے کہ بندہ کو غیر اللہ پر نظر اور عجب نہ کرنا چاہیے اور اس پر بھی دلالت ہے کہ ترک عجب نزول سکینہ کا سبب ہوتا ہے جس کی تفاسیر کا حاصل یہ ہے کہ قلب کا قرار پانا اور راضی رہنا احکام قضاء پر اور فناء حظوظ کے ساتھ حق تعالیٰ کی معیت کا مقام ہو جانا۔ قولہ تعالیٰ اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ فَلَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اسی پر قیاس کر کے یہ مفہوم ہوتا ہے کہ جس شخص میں میلان الی غیر اللہ کی گندگی ہوگی وہ حضرت حق کے لائق نہیں اور آیت میں جیسے اختلاط مشرکین سے ممانعت ہے اسی پر قیاس کیا جاتا ہے کہ اہل دنیا اور منکرین صوفیہ کی صحبت سخت مضر ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَاِنْ خِفْتُمْ عَيْلَةً فَسَوْفَ يُغْنِيْكُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖٓ اِنْ شَآءَ ۔ اس میں دلالت ہے کہ مصلحت دنیوی تکمیل مصلحت دینیہ میں مانع نہ ہونا چاہئے اور اگر مزاحم ہو تو توکل سے علاج کرنا چاہئے۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃ: ۱ **قوله فی یوم حنین عجیب** الخ اشارة الی ان تخصیصه لا لفضله بل لکونه عجیبا للظفر بعد الیاس ۱۲۔ ۲ **قوله فی اول ف**: مثل مشرکین کے **ولعل التخصیص لکون اکثر اهلها مشرکین** ۱۲۔

اَلرِّوَايَات: فی الروح عن الثعلبی عن ابن عباسؓ نزلت فی المهاجرین فانهم لما امروا بالهجرة قالوا ان هاجرنا قطعنا آبائنا وابنائنا وعشیرتنا وذهب تجاراتنا وهلکت اموالنا وخربت دیارنا وبقینا ضائعین فنزلت فهاجروا وفی حواشی الجلالین قال الکلبی عن ابی الصالح عن ابن عباسؓ لما امر النبی صلی الله علیه وسلم بالهجرة فمنهم من تعلق به اهله وولده ویقولون ننشدك بالله ان تضیعنا فیرق لهم ویدع الهجرة فنزلت آه ویؤیده ما فی لباب النقول اخرج الفریابی عن ابن سیرین قال قدم علی بن ابی طالب مکة وقال لقوم سماهم الا تهاجروا لا تلحقوا برسول الله صلی الله علیه وسلم فقال لو نقیم مع اخواننا و عشائرنا ومساکننا فانزل الله قل ان کان آبائکم الآیة کلها واخرج عبد الرزاق الشعبی نحوه آه ۱۲۔ فی الدر المنثور عن ابن عباسؓ قال کان المشرکون یجیئون الی البیت ویجیئون معهم بالطعام یتجرون فیه فلما نهوا عن ان یاتوا البیت قال المسلمون فمن این لنا الطعام فانزل الله

www.besturdubooks.net

وان خفتم عيلة الآية آ۱۲۔

النَّحْوُ: قوله اقترفتموها وتخشون وترضون التعرض للصفات المذكورة للايذان بانها مع ما فيها من موجبات المحبة لا يجوز ان تكون احب من دون الله ورسوله الخ۱۲۔ قوله ضاقت فيه استعارة تبعية اما بعدم وجدان مكان يقرون به مطمئنين او انهم لا يجلسون في مكان كما لا يجلس في المكان الضيق۱۲۔ قوله يوم حنين عامله مقدر وهو نصركم المعطوف على نصركم المذكور ليصح كون اذ بدلا عن يوم لان الاعجاب لم يقع في المواطن كلها۱۲۔

البَلَاغَةُ: قوله هم الظلمون الحصر ادعائي كان ظلم غيرهم كلا ظلم عند ظلمهم قوله ابناء وكم لم يذكر الابناء والازواج فما سلف وذكر هم ههنا لان ما تقدم في الاولياء وهم اهل الرائے والمشورة والابناء والازواج تبع ليسوا كذلك وما ههنا في المحبة وهم احب الى كل احد قوله عشيرتكم ذكره للتعميم۱۲۔ قوله يتوب هو على معناه ان نزلت قبل التوبة وعلى المضي ان بعدها۱۲۔ في قوله تعالٰى لا يقربوا مجاز لان المقصود النهي للمسلمين عن ان يدعوهم يقربوا اى يدخلوا لا نهي المشركين كما هو ظاهر لكن لما نودى المشركون بهذا ناسب التعبير بهذا العنوان كان المسلمين يقولون لا تقربوا لانا نبذنا اليكم العهد لا لانه حكم شرعي فلا يلزم منه كون الكافر مكلفا بالفروع فافهم۱۲۔

قَاتِلُوا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَلَا يُحَرِّمُوْنَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَلَا يَدِيْنُوْنَ دِيْنَ
الْحَقِّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حَتّٰى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَّدٍ وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ ﴿۲۹﴾ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ عُزَيْرُ ۨ ابْنُ اللّٰهِ
وَقَالَتِ النَّصٰرَى الْمَسِيْحُ ابْنُ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ قَوْلُهُمْ بِاَفْوَاهِهِمْ ۚ يُضَاهِـُٔوْنَ قَوْلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ ؕ
قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ۚ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿۳۰﴾ اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَالْمَسِيْحَ
ابْنَ مَرْيَمَ ۚ وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوْٓا اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ سُبْحٰنَهٗ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۳۱﴾
يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَيَاْبَى اللّٰهُ اِلَّآ اَنْ يُّتِمَّ نُوْرَهٗ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۳۲﴾ هُوَ
الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ۙ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ﴿۳۳﴾

اہل کتاب جو کہ نہ خدا پر (پورا پورا) ایمان رکھتے ہیں اور نہ قیامت کے دن پر اور نہ ان چیزوں کو حرام سمجھتے ہیں جن کو خدا تعالیٰ نے اور اسکے رسول ﷺ نے حرام بتلایا ہے اور نہ سچے دین (اسلام) کو قبول کرتے ہیں ان سے یہاں تک لڑو کہ وہ ماتحت ہو کر اور رعیت بن کر جزیہ دینا منظور کریں اور یہود (میں سے بعض) نے کہا کہ عزیز خدا کے بیٹے ہیں اور نصاریٰ (میں سے اکثر) نے کہا کہ مسیح خدا کے بیٹے ہیں یہ ان کا قول ہے ان کے منہ سے کہنے کا۔ یہ بھی ان لوگوں کی سی باتیں کرنے لگے جو ان سے پہلے کافر ہو چکے ہیں۔ خدا ان کو غارت کرے۔ یہ کدھر اُلٹے جا رہے ہیں۔ انہوں نے خدا کو چھوڑ کر اپنے علماء کو اور مشائخ کو (باعتبار طاعت کے) رب بنا رکھا ہے اور مسیح بن مریم کو بھی۔ حالانکہ انکو صرف یہ حکم کیا گیا ہے کہ فقط ایک معبود (برحق) کی عبادت کریں۔ جس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ وہ ان کے شرک سے پاک ہے۔ وہ لوگ یوں چاہتے ہیں کہ اللہ کے نور (یعنی دین اسلام) کو اپنے منہ سے بجھا دیں حالانکہ اللہ تعالیٰ بدوں اس کے کہ اس کے اپنے نور کو کمال تک پہنچا دے مانے گا نہیں۔ گو کافر لوگ کیسے ہی ناخوش ہوں۔ (چنانچہ) وہ اللہ تعالیٰ ایسا ہے کہ اس نے اپنے رسول کو ہدایت (کا سامان یعنی قرآن) اور سچا دین دے کر بھیجا ہے تا کہ اس کو تمام (بقیہ) دینوں پر غالب کر دے گو مشرک کیسے ہی ناخوش ہوں۔ ۞

تفسیر: حکم قتال اہل کتاب ☆ قَاتِلُوا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ (الی قولہ تعالیٰ) حَتّٰى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَّدٍ وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ ﴿۲۹﴾ اہل کتاب جو کہ نہ خدا پر (پورا پورا) ایمان رکھتے ہیں اور نہ قیامت کے دن پر (پورا ایمان رکھتے ہیں) اور نہ ان چیزوں کو حرام سمجھتے ہیں جن کو خدا تعالیٰ نے اور اس کے رسول (محمد ﷺ) نے حرام بتلایا ہے اور نہ سچے دین (اسلام) کو قبول کرتے ہیں ان سے یہاں تک لڑو کہ وہ ماتحت ہو کر اور رعیت بن کر جزیہ دینا منظور کریں۔

www.besturdubooks.net

ف: مَسْئَلَة: یہاں جزیہ میں جو اہل کتاب کی تخصیص کی ہے یہ بمقابلہ کل کفار کے نہیں بلکہ جن کا اوپر ذکر تھا یعنی مشرکین عرب ان کے مقابلہ میں یہ تخصیص ہے کیونکہ ان سے جزیہ نہیں لیا جاتا یا اسلام ہے یا سیف البتہ جن کے قتل کی اجازت نہیں جیسے عورتیں اور بچے وہ غلام لونڈی بنا کر رکھے جائیں گے اور حدیثوں سے ثابت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجوس سے بھی جزیہ لیا ہے اور مشرکین عجم مثل مجوس کے ہیں بلکہ آیت میں غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ان سے بدرجہ اولیٰ جزیہ لیا جاوے گا کیونکہ یہ ظاہر ہے کہ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ میں من بیانیہ ہے پس سب اہل کتاب ان ہی صفات سے موصوف ہوں گے لَا يُؤْمِنُوْنَ الخ پس مدار وضع جزیہ کا یہ ٹھہرا اور ظاہر ہے کہ یہ صفات مشرکین میں بدرجہ اقویٰ پائی جاتی ہیں کیونکہ اہل کتاب توحید اور معاد کا عقیدہ رکھتے ہیں گو اس میں غلطیوں کی وجہ سے لَا يُؤْمِنُوْنَ فرمادیا ہے اور مشرکین تو خود ان عقائد کی اصل ہی میں مخالف ہیں پس جب مدار حکم ان میں اقویٰ ہے تو حکم بھی بدرجہ اولیٰ ثابت ہوگا البتہ مشرکین عرب خاص دلیل سے اس عام سے مخصوص ہو گئے یہی مذہب ہے حنفیہ کا اور اس کی تائید ہوتی ہے ابن شہاب کے قول سے جو درمنثور میں منقول ہے کہ کفار قریش اور عرب کے بارے میں تو یہ حکم نازل ہوا قٰتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ [البقرۃ : ۱۹۳] اور یہ آیت حَتّٰى يُعْطُوا اہل کتاب کے بارے میں نازل ہوئی اھ۔

مَسْئَلَة: جزیہ بدل اسلام کا نہیں جیسا بعض معترضین کا زعم فاسد ہے پھر اعتراض کیا ہے کہ تھوڑے سے دام لے کر قرار علی الکفر اور اعراض عن الاسلام کی اجازت کیسے ہوگئی کہ عظمت اسلام کے خلاف ہے سو یہ اعتراض بناء الفاسد علی الفاسد ہے بلکہ یہ بدل ہے قتل کا یعنی اس کی وجہ سے اس کی جان بچ گئی سو یہ غایت عزت وعظمت ہے اسلام کی کہ اس نے ایسی رعایت کی اور یہی وجہ ہے کہ جو لوگ جہاد میں قتل نہیں کئے جاتے جیسے عورتیں اور بچے اور بہت بڈھے اور اپاہج اور رہبان اور ترکان دنیا ان پر جزیہ نہیں اور اگر بوجہ قرار علی الکفر کے ہوتا تو ان پر بھی ہوتا کیونکہ کفر مشترک ہے البتہ وجوب قتل میں باہم متفاوت ہیں اور اسی طرح بدل دفاع وحفاظت جان کا نہیں یعنی جزیہ کا یہ سبب نہیں ہے کہ ذمی اپنے سے مدافعت نہیں کر سکتے اور ہم دشمنوں سے ان کی حفاظت کرتے ہیں کیونکہ حفاظت تو سب کی کی جاتی ہے اور جزیہ سب سے نہیں لیا جاتا بلکہ صرف انہی سے لیا جاتا ہے جو مستحق قتل تھے اس سے ثابت ہو گیا کہ یہ بدل ہے قتل کا وللہ در الفقهاء کیف وصلوا الی فهم الاسرار قالوا فیها هی لغة الجزاء لانها جزت عن القتل کذا فی الدر المختار[1]۔

مَسْئَلَة: عَنْ يَّدٍ کا حاصل ہے کہ ان کی شوکت نہ رہے اور صَاغِرُوْنَ کا حاصل یہ ہے کہ وہ شریعت کے قوانین متعلقہ معاملات وسیاسیات کو اپنے ذمے رکھیں صغار کی یہ تفسیر روح میں امام شافعیؒ سے نقل کی ہے پس اس طور پر جزیہ کے التزام کو غایت قتال فرمانے سے ثابت ہوا کہ بدوں اس غایت کے وجوب قتال ساقط نہ ہوگا فی الروح عن الجصاص انه لا یکون لهم ذمة اذا تسلطوا علی المسلمین بالولایة ونفاذ الامر والنهی اھ قلت ولکن لما کان الغدر حراما لا یباح دمائهم واموالهم اذا عاهدناهم ما لم ننبذ الیهم نعم وجب النبذان قدرنا وانی لنا ولکن ما ذٰلك علی الله بعزیز۔ اور تفصیل احکام ومقدار جزیہ کی کتب فقہ میں ہے۔

رَبط: اوپر اہل کتاب کی نسبت لَا يُؤْمِنُوْنَ کا حکم فرمایا ہے آگے ان کے عدم ایمان کی تفصیل ہے۔

کفریات قولیہ وفعلیہ اہل کتاب ☆ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ عُزَيْرُ ۨ ابْنُ اللّٰهِ (الی قولہ تعالیٰ) وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ۝ اور یہود (میں سے بعض) نے کہا کہ (نعوذ باللہ) عزیر (علیہ السلام) خدا کے بیٹے ہیں اور نصاریٰ (میں سے اکثر) نے کہا کہ مسیح (علیہ السلام) خدا کے بیٹے ہیں یہ ان کا قول ہے ان کے منہ سے کہنے کا (جس کا واقع میں کہیں نام ونشان نہیں) یہ بھی ان لوگوں کی سی باتیں کرنے لگے جو ان سے پہلے کافر ہو چکے ہیں (مراد مشرکین عرب جو ملائکہ کو خدا کی بیٹیاں کہتے تھے مطلب یہ کہ ان کو تو یہ بھی کافر سمجھتے ہیں پھر ان ہی کی سی کفریات بکتے ہیں اور پہلے ہونا اس معنی پر ہے کہ مشرکین کی گمراہی قدیم تھی) خدا ان کو غارت کرے یہ کدھر الٹے جا رہے ہیں (کہ خدا پر ایسے افتراء باندھتے ہیں یہ تو ان کے اقوال کفریہ تھے آگے افعال کفریہ کا بیان ہے کہ) انہوں نے (یعنی یہود و نصاریٰ نے) خدا (کی توحید فی الطاعۃ) کو چھوڑ کر اپنے علماء اور مشائخ کو (باعتبار طاعت کے) رب بنا رکھا ہے (کہ ان کی اطاعت تحلیل اور تحریم میں مثل اطاعت خدا کے کرتے ہیں کہ نص پر ان کے قول کو ترجیح دیتے ہیں اور ایسی اطاعت بالکل عبادت ہے پس اس حساب سے وہ ان کی عبادت کرتے ہیں) اور مسیح ابن مریم (علیہ السلام) کو بھی (ایک اعتبار سے رب بنا رکھا ہے کہ ان کو ابن اللہ کہتے ہیں کہ الوہیت اس کے لوازم سے ہے) حالانکہ ان کو (کتب الٰہیہ میں) صرف یہ حکم کیا گیا ہے کہ فقط ایک معبود (برحق) کی عبادت کریں جس کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں وہ ان کے شرک سے پاک ہے (اور یہ تو بیان تھا اتباع باطل کا آگے بیان ہے اس کا کہ وہ دین حق کو رد کرتے ہیں کہ یہ بھی کفر ہے یعنی) وہ لوگ یوں چاہتے ہیں کہ اللہ کے نور (یعنی دین اسلام) کو اپنے منہ سے (پھونک مار مار کر) بجھا دیں یعنی منہ سے رد واعتراض کی باتیں اس غرض سے کرتے ہیں کہ دین حق کو فروغ نہ ہو) حالانکہ اللہ تعالیٰ بدوں اس کے کہ اپنے نور (مذکور) کو کمال تک پہنچا دے مانے گا نہیں گو کافر لوگ (جن میں یہ بھی آ گئے) کیسے ہی ناخوش ہوں (چنانچہ) وہ اللہ ایسا ہے کہ (اسی اتمام نور کے لئے اس نے اپنے

www.besturdubooks.net

رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کو ہدایت (کا سامان یعنی قرآن) اور سچا دین (یعنی اسلام) دے کر (دنیا میں) بھیجا ہے تاکہ اس (دین) کو کہ (وہی نور مذکور ہے) تمام (بقیہ) دینوں پر غالب کردے (کہ یہی اتمام ہے) گو مشرک (جن میں یہ بھی داخل ہو گئے) کیسے ہی ناخوش ہوں۔ ف: احبار و رہبان کی اطاعت مطلقہ کو اتخاذ ارباب فرمانا سورۂ آل عمران کی ایک ایسی ہی آیت میں مع دلیل گذر چکا ہے اور اتمام بمعنی اثبات وتقویت بالدلائل تو اسلام کے لئے ہر زمانہ میں عام ہے اور یہی مقابل ہے اطفاء بمعنی روکا اور تصحیح تفسیر کے لئے کافی ہے اور مع اعتبار انضمام سلطنت مشروط ہے صلاح اہل دین کے ساتھ اور مع محو کل بقیہ ادیان واقع ہوگا زمانہ عیسیٰ علیہ السلام میں اور ان کو کافر بوجہ انکار نبوت کے اور مشرک باعتبار اعتقاد الٰہیت اور اتخاذ ارباب کے فرمایا گیا۔

ربط: اوپر یہود و نصاریٰ کی کفریات میں اتخاذ احبار و رہبان کا ذکر تھا آگے ان احبار و رہبان کی بعض حالتیں جن سے عوام میں گمراہی پھیلی مذکور ہوتی ہیں اور اس مضمون کا مخاطب مؤمنین کو شاید اس لئے بنایا ہو کہ یہ متنبہ ہوں اور ایسے کام نہ کریں۔

توجیہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ یہ بددعا ہے ہلاکت کی۔ اور اس میں دلالت ہے کہ مستحق پر بددعا کرنا علم و حسن خلق کے منافی نہیں۔ قولہ تعالیٰ: اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا اس میں نصوص کے مقابلہ میں تقلید کرنے کی مذمت ہے جیسے جاہلوں کی عادت ہے کہ جب رسوم منکرہ سے منع کیا جاوے تو اپنے مشائخ سے تمسک کرتے ہیں۔ قولہ تعالیٰ: يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَيَاْبَى اللّٰهُ اِلَّآ اَنْ يُّتِمَّ نُوْرَهٗ اس میں دلالت ہے کہ مخالفین کی زیادہ پروانہ کرے اور خدائے کارساز پر نظر رکھے کہ وہ کافی ہیں۔

الحواشی: (۱) ومما راب بعض اهل الاحداث كما افصح عنه فی بعض رسائله من كتب الصحابة او خطبهم المشعرة بعدم اخذهم الجزية ممن لم يحفظوها اوردها عليهم ففاية ما ثبت به كونها مشروطة بالدفاع لا بد لا عنه كالصلوٰة هی مشروطة بالوضوء لا بدل عنه واما عفوهم الجزية عمن اعانوا المسلمين فهو مكافاة منهم لا حسانهم ثم وضعها عنهم لاعانة المسلمين لا يستلزم وضعها عنه اللذب عن انفسهم الكافرة والمدعی يتوقف علی الثانی وما وجود هذا الاسم والرسم علی عهد كسری فلا مس له بالمدعی كما اعترف به صاحب الرسالة نفسه وما ادعاه الفقهاء من انها لغةً الجزاء يؤيده تسمية الصحابة لها فی تلك الكتب جزاء ۱۲ منه۔

ملحقات الترجمة: ۱ قوله فی يعطوا منظور لان الغاية هو التزام لا الاعطاء عبر به لان المقصود من الالتزام هو العطاء فافهم ۱۲۔ ۲ قوله فی ف تفسير اليد شوکت ندرے فالمراد باليد القهر والقوة ای اذلاء عاجزين او مقرونة بالذل وتفسير اليد ههنا بالقهر والقوة اخرجه ابن ابی حاتم عن قتادة كذا فی الروح قلت وهو حاصل ما فسرت به من قولی ماتحت ہوکر فاليد ههنا اليد الآخذة وعن سببية وهو حال عن ضمير يعطوا علی الاول او عن الجزية علی الثانی ۱۲۔ ۳ قوله فی اليهود بعض كما فی الدر المنثور اخرج ابن اسحٰق وابن جرير وابن ابی حاتم وابو الشيخ وابن مردويه عن ابن عباسؓ قال اتی رسول الله صلی الله عليه وسلم سلام بن مشكم ونعمان بن اوفی وابو انس وشاس بن قيس ومالك بن الصيف فقالوا كيف نتبعك وقد تركت قبلتنا وانت لا تزعم ان عزير ابن الله واخرج ابن المنذر عن ابن جريج قالها رجل واحد اسمهٗ فخاس اه قلت فسقط قول من قال ان اليهود ليس فی عقائدهم ذلك واما التعبير بما يوهم الانتساب الی الكل فتوجيهه ما قال النيسابوری هذا قول ناس من اليهود مدينة وما هو بقول كلهم الا انه جار علی عادة العرب فی ايقاع اسم الجماعة علی الواحد يقال فلان يركب الخيل او يجالس الملوك ولعله يركب او لم يجلس الا واحدا ۱۲۔ ۴ قوله فی لا اله جس کے اشارة الی كونه صفة ۱۲۔

اختلاف القراءة: فی قراء ة يضاهون بهاء مضمومة بعدها واو وقد جاء ضاهيت وضاهات بمعنی وهو المشابهة والموافقة قوله عزير ابن الله وفی قراء ة بلا تنوين عزير لا لتقاء الساكنين وهو مبنی علی تشبيه النون بحرف اللين وهو مبتدأ وابن خبره ۱۲۔

البلاغة: يضاهئون ای يضاهی قولهم قول الذين او يضاهئون فی قولهم قول الذين والمعنی علی التميز ای يضاهئون باعتبار قولهم يعنی يضاهی قولهم فافهم قوله قاتلهم دعاء عليهم او تعجب قوله والمسيح ابن مريم اخره مع ان القياس لكونه اقوی تقديمه لانه مختص بالنصاری قوله يطفئو بافواههم ای باقاويلهم ويجوز ان يكون فی الكلام استعارة تمثيلية بان يشبه حالهم بحال من يريد ان ينفخ فی نور عظيم منبث فی الآفاق بفمه فعلی هذا يعم ما به الاطفاء اقوالهم وافعالهم ۱۲۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ الْاَحْبَارِ وَالرُّهْبَانِ لَيَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ

www.besturdubooks.net

سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ
اَلِيْمٍ ۙ﴿۳۴﴾ يَّوْمَ يُحْمٰى عَلَيْهَا فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ فَتُكْوٰى بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوْبُهُمْ وَظُهُوْرُهُمْ ۭ هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ
فَذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُوْنَ ﴿۳۵﴾ اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْرِ عِنْدَ اللّٰهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ يَوْمَ خَلَقَ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ مِنْهَآ اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ۭ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ۙ فَلَا تَظْلِمُوْا فِيْهِنَّ اَنْفُسَكُمْ وَقَاتِلُوا
الْمُشْرِكِيْنَ كَاۗفَّةً كَمَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ كَاۗفَّةً ۭ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۶﴾ اِنَّمَا النَّسِيْۗءُ زِيَادَةٌ فِي
الْكُفْرِ يُضَلُّ بِهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُحِلُّوْنَهٗ عَامًا وَّيُحَرِّمُوْنَهٗ عَامًا لِّيُوَاطِـُٔوْا عِدَّةَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ فَيُحِلُّوْا
مَا حَرَّمَ اللّٰهُ ۭ زُيِّنَ لَهُمْ سُوْۗءُ اَعْمَالِهِمْ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۳۷﴾ ع ۵ ۸ ۱۱

اے ایمان والو اکثر احبار اور رہبان لوگوں کے مال نامشروع طریقے سے کھاتے ہیں اور اللہ کی راہ سے باز رکھتے ہیں اور (غایۃ حرص سے) جو لوگ سونا چاندی جمع کر کر رکھتے ہیں اور ان کو اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے سو آپ ان کو ایک بڑی دردناک سزا کی خبر سنا دیجئے جو اس روز واقع ہوگی کہ ان کو دوزخ کی آگ میں (اول) تپایا جائے گا۔ پھر اس سے ان لوگوں کی پیشانیوں اور انکی کروٹوں اور انکی پشتوں کو داغا جائیگا۔ یہ وہ ہے جس کو تم نے اپنے واسطے جمع کر کے رکھا تھا۔ سو اب اپنے جمع کرنے کا مزہ چکھو۔ یقیناً شمار مہینوں کا (جو کہ) کتاب الٰہی میں اللہ کے نزدیک (معتبر ہیں) بارہ مہینے (قمری) ہیں جس روز اللہ تعالیٰ نے آسمان اور زمین پیدا کئے تھے (اسی روز سے اور) ان میں چار خاص مہینے ادب کے ہیں۔ یہی امر مذکور دین مستقیم ہے۔ سو تم ان سب مہینوں کے بارے میں (دین کے خلاف کر کے) اپنا نقصان مت کرنا اور ان مشرکین سے سب سے لڑنا جیسا کہ تم سے وہ لڑتے ہیں اور یہ جان رکھو کہ اللہ تعالیٰ متقیوں کا ساتھی ہے۔ یہ ہٹا دینا کفر میں اور ترقی ہے جس سے کفار گمراہ کئے جاتے ہیں کہ وہ اس حرام مہینے کو کسی سال (نفسانی غرض سے) حلال کر لیتے ہیں اور کسی سال (جب کوئی غرض نہ ہو) حرام سمجھتے ہیں۔ تاکہ اللہ تعالیٰ نے جو مہینے حرام کئے ہیں (صرف) ان کی گنتی پوری کر لیں۔ پھر اللہ کے حرام کئے ہوئے مہینے کو حلال کر دیں ان کی بداعمالیاں ان کو مستحسن معلوم ہوتی ہیں اور اللہ تعالیٰ ایسے کافروں کو ہدایت کی (توفیق) نہیں دیتا۔ ۞

تفسیر: حرص وطمع احبار و رہبان ☆ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ الْاَحْبَارِ وَالرُّهْبَانِ لَيَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ (الی قولہ تعالیٰ) هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ فَذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُوْنَ ۞ اے ایمان والو اکثر احبار و رہبان (یعنی یہود و نصاریٰ کے علماء اور مشائخ عوام) لوگوں کے مال نامشروع طریقے سے کھاتے (اڑاتے) ہیں (یعنی احکام حقہ کو پوشیدہ رکھ کر موافق مرضی عوام کے فتوے دے کر ان سے نذرانے لیتے ہیں) اور (اس کی وجہ سے وہ) اللہ کی راہ (یعنی دین اسلام) سے (لوگوں کو) باز رکھتے ہیں (کیونکہ ان کے جھوٹے فتووں کے دھوکہ میں آ کر گمراہی میں پھنسے رہتے ہیں اور حق کو قبول بلکہ طلب بھی نہیں کرتے) اور (غایت حرص سے مال بھی جمع کرتے ہیں جس کی نسبت یہ وعید ہے کہ) جو لوگ سونا چاندی جمع کر کے رکھتے ہیں اور ان کو اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے (یعنی زکوٰۃ نہیں نکالتے سو آپ ان کو ایک بڑی دردناک سزا کی خبر سنا دیجئے جو کہ اس روز واقع ہوگی کہ ان کو دوزخ کی آگ میں (اول) تپایا جاوے گا پھر ان سے ان لوگوں کی پیشانیوں اور ان کی کروٹوں اور ان کی پشتوں کو داغ دیا جاوے گا (اور یہ جتلایا جاوے گا کہ) یہ وہ ہے جس کو تم نے اپنے واسطے جمع کر کر کے رکھا تھا سو اب اپنے جمع کرنے کا مزہ چکھو۔ ف: اگر کسی کو شبہ ہو کہ جس کے پاس لاکھوں کروڑوں روپیہ ہو تو اس سے داغ دینا دو (۲) حال سے خالی نہیں یا تو ایک دم سے داغ دیا جاوے گا یا آگے پیچھے دیا جاوے گا پہلی شق پر اس کے جسم پر اتنی جگہ نہیں اور دوسری شق پر تھوڑے روپیہ والا اور زیادہ روپیہ والا عذاب میں برابر ہوا کیونکہ نئے روپیہ کا داغ اور پہلے روپیہ کا داغ برابر ہے جواب یہ ہے کہ پہلی شق پر ممکن ہے کہ اس کا جسم وسیع کر دیا جاوے واختارہ فی الروح اور دوسری شق پر ممکن ہے کہ ہر روپیہ کا داغ ایک بار ہو پس قلیل والے کا داغنا جلدی ختم ہو جاوے گا اور کثیر والے کا زیادہ دیر تک رہے گا گو اثر (۱) میں دونوں جگہ امتداد ہے لیکن پھر بھی الم کے اشتداد میں تفاوت ہو۔ واللہ اعلم

ربط: اوپر ذکر اہل کتاب سے پہلے مشرکین سے قتال کرنے کا بناء بران کے کفر کے بعد نقض عہد کے بیان تھا آگے ان کی اور بھی بعض کفریات و جہالات کا تاکید امر بالقتال کے لئے مع امر قتال کے بیان ہے اور قبل ذکر ان جہالات کے امر حق کی تعیین ہے تاکہ اس کے خلاف کا جہل ہونا ظاہر ہو جاوے پس اس میں عود ہے مضمون سابق کی طرف۔

www.besturdubooks.net

عود بذکر بعض جہالات کفریہ مشرکین ☆ اس جہالت کا حاصل تبدیل احکام متعلقہ زمان تھا جس کی یہ صورتیں تھیں نمبر ا چونکہ اشہر حرم میں بنا بر اعتقاد ملت ابراہیمیہ قتل وغارت کو وہ بھی برا سمجھتے تھے اور کبھی اپنی نفسانی اغراض سے ان میں قتال کی ضرورت پڑتی یا لڑتے لڑتے اشہر حرم آ جاتا تو کہتے کہ اب کے سال یہ مہینہ حرام نہیں ہوا دوسرا مہینہ حرام ہوگا مثلاً محرم آ گیا تو کہتے کہ اب کے صفر حرام ہوگا اگر صفر میں بھی ضرورت ہوتی تو کہتے کہ ربیع الاول حرام ہوگا غرض سال بھر میں چار مہینے کا عدد تو پورا کر دیتے لیکن تخصیص کا لحاظ نہ کرتے کہ واقع میں اشہر حرم کونسا تھا اور ہم نے کس کو قرار دے دیا نمبر ۲ اور کبھی جب زیادہ ضرورت پڑتی مثلاً کسی سال میں برابر دس (۱۰) مہینہ تک لڑائی کی ضرورت ہوئی اور ٹالتے ٹالتے کہ اگلے مہینے کو حرام سمجھ لیں گے دس (۱۰) مہینے گذر گئے آگے دو ہی مہینے رہ گئے تو ایسے موقع پر سال کے مہینے عدد میں بڑھا لیتے یعنی یوں کہتے کہ یہ سال چودہ مہینے کا ہو گیا جس میں چار ماہ اشہر حرم ہیں اور اسی لئے ان کا حج مختلف مہینوں میں واقع ہوتا چنانچہ ۹ھ میں جب حضرت صدیق اکبرؓ نے حج کیا ہے جس میں اعلان براءت کا کیا گیا وہ مہینہ حساب صحیح سے تو ذی الحجہ تھا لیکن اس کے حساب سے ذیقعدہ تھا رہا یہ کہ وہ لوگ پھر حج کو کیوں جمع ہو گئے تھے تو وجہ اس کی یہ تھی کہ وہ لوگ ہر مہینے میں دو سال تک حج کرتے تھے مثلاً دو (۲) سال ذی الحجہ میں حج کیا پھر دو سال تک محرم میں کیا شاید اپنی اسی کمی بیشی کی کسر نکالنے کو ایسا کرتے ہوں تو ۹ ہجری میں حج کرنے کے لئے ان کے حساب سے ذی قعدہ کا نمبر تھا وہ تو اس لئے جمع ہو گئے اور واقع میں وہ ذی الحجہ تھا اس لئے حضرت صدیق اکبرؓ حج کے لئے بھیجے گئے اور یہی وجہ ہے کہ اعلان براءت کا خاتمہ بعض روایات میں تو دسویں ربیع الثانی ہے جیسا احقر نے تمہید کے فائدہ سوم میں نقل کیا ہے اور بعض روایات میں دسویں ربیع الاول آیا ہے یعنی ان کے ربیع الاول کی دسویں تک جو کہ واقع میں ربیع الثانی تھا پھر اسی قاعدے کے موافق اگلے سال ان کے حساب سے ذی الحجہ میں حج کرنے کا نمبر تھا اور وہ واقع میں بھی اور ان کے حساب سے بھی ذی الحجہ تھا گو براءت کی وجہ سے مشرکین کو آنا نصیب نہ ہوا مگر آپ نے اسی توافق حسابین کو اپنے ان الفاظ سے ظاہر فرما دیا **الا ان الزمان قد استدار کھیئتہ** اور آپ نے صحابہؓ سے شاید اسی واسطے یہ پوچھا ہو **ای شھر ھذا** اور انہوں نے جواب میں **اللہ ورسولہ اعلم** کہا اور آپ نے فرمایا **الیس ذاالحجۃ** اور بعض روایات میں ہے کہ محرم کو صفر کر دیتے تھے اس کے دو معنے ہو سکتے ہیں ایک یہ کہ یوں کہہ دیتے ہوں گے کہ اب کے صفر پہلے آ گیا اس میں قتال درست ہے محرم پیچھے آوے گا اس میں قتال نہ کریں گے اور دوسرے یہ کہ صفر سے مراد مثل صفر یعنی محرم محرم ہے اور صفر صفر لیکن محرم بوجہ حرام نہ ہونے کے مثل صفر کے ہو گیا اور صفر بوجہ حرام ہونے کے مثل محرم کے ہوگا جیسا صورت اولیٰ میں بیان ہوا یہ حاصل تھا ان کی جہالت کا یہ سب مضامین بجز دو[۲] شاید والی جگہ اور نمبر ۳ کے روح المعانی سے منقول ہیں پس آیات آئندہ میں اس جہالت کی نفی ہے اور اسی لئے شروع میں مہینوں کا عدد بتلایا کہ نمبر ۲ کی نفی ہو اور آگے تاخیر حرمت یا تاخیر اشہر حرم کی نفی فرمائی تا کہ نمبر ا و نمبر ۳ کی نفی ہو اور اسی لئے حدیث میں اشہر حرم کی تعیین میں بہت اہتمام فرمایا **ثلث متوالیات ذوالقعدہ وذوالحجہ ومحرم** اور رجب کی نسبت فرمایا **رجب مضر الذی بین جمادی و شعبان** کیونکہ ربیعہ حسب نقل روح رمضان کو اشہر حرم سمجھتے اور اس کو رجب کہا کرتے اب آیت کی تفسیر لکھی جاتی ہے۔

تفسیر آیت : اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْرِ عِنْدَ اللّٰهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا (الی قولہ تعالیٰ) وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ۝ یقیناً شمار مہینوں کا (جو کہ) کتاب الٰہی (یعنی احکام شرعیہ) میں اللہ کے نزدیک (معتبر ہیں) بارہ مہینے (قمری) ہیں (اور کچھ آج سے نہیں بلکہ) جس روز اللہ تعالیٰ نے آسمان اور زمین پیدا کئے تھے (اسی روز سے اور) ان میں چار خاص مہینے ادب کے ہیں (ذی قعدہ ذی الحجہ محرم رجب) یہی (امر مذکور) دین مستقیم ہے (یعنی ان مہینوں کا بارہ ہونا اور چار کا بالتخصیص اشہر حرم ہونا اور بخلاف عادت جاہلیت کے کبھی سال کے مہینوں کا عدد بڑھا دیتے اور کبھی اشہر حرم کی تخصیص چھوڑ دیتے کہ یہ بددینی ہے) سو تم ان سب مہینوں کے بارے میں (دین کے خلاف کر کے جو موجب گناہ ہے) اپنا نقصان مت کرنا (یعنی اس عادت جاہلیت کے موافق مت کرنا) اور ان مشرکین سے (جب کہ یہی اپنی کفریات کو جن میں یہ خاص عادت بھی آ گئی نہ چھوڑیں) سب سے لڑنا جیسا کہ وہ تم سب (مسلمانوں) سے لڑنے کو ہر وقت تیار رہا کرتے ہیں اور (اگر ان کی جمعیت اور سامان سے اندیشہ ہو تو) یہ جان رکھو کہ اللہ تعالیٰ متقیوں کا ساتھی ہے (پس ایمان وتقویٰ کو اپنا شعار رکھو اور کسی سے مت ڈرو آگے ان کی عادت جاہلیت کا بیان ہے کہ) یہ (مہینوں) کا یا ان کی حرمت کا آگے کو) ہٹا دینا کفر میں اور ترقی ہے جس سے (اور عام) کفار گمراہ کئے جاتے ہیں (اس طور پر) کہ وہ اس حرام مہینہ کو کسی سال (نفسانی غرض سے) حلال کر لیتے ہیں اور کسی سال (جب کوئی غرض نہ ہو) حرام سمجھتے ہیں تا کہ اللہ تعالیٰ نے جو مہینے حرام کئے ہیں (صرف) ان کی گنتی (بلا لحاظ تخصیص وتعیین) پوری کر لیں پھر (جب تخصیص وتعیین نہ رہی تو) اللہ کے حرام کئے ہوئے مہینہ کو حلال کر لیتے ہیں ان کی بد اعمالیاں ان کو مستحسن معلوم ہوتی ہیں اور (ان کا اصرار علی الکفر کرنا بے سود ہے کیونکہ) اللہ تعالیٰ ایسے کافروں کو ہدایت (کی توفیق) نہیں دیتا (کیونکہ یہ خود راہ پر آنا نہیں چاہتے)۔ ف: لوند کا مہینہ جو صحیح حساب موسم کے لئے بارہ پر بڑھا لیا جاتا ہے وہ اس آیت کی مخالفت نہیں اسی طرح دوسرے حسابوں کی اس میں نفی نہیں ہے جیسا بعض اہل زمانہ سے غلط فہمی ہوئی ہے کیونکہ ان حسابوں سے احکام شرعیہ میں تو فرق وخلل نہیں پڑتا اور مقصود آیت میں اس حساب کا ابطال ہے جس سے احکام شرعیہ میں اختلال یا غلطی ہونے لگے جیسا اہل جاہلیت کی عادت کا بیان کیا گیا البتہ چونکہ احکام شرعیہ کا مدار حساب قمری پر ہے اس لئے اس کی حفاظت

www.besturdubooks.net

فرض علی الکفایہ ہے پس اگر ساری امت دوسری اصطلاح کو اپنا معمول بنالیوے جس سے حساب قمری ضائع ہو جاوے سب گنہگار ہوں گے اور اگر وہ محفوظ رہے تو دوسرے حساب کا استعمال بھی مباح ہے لیکن خلاف سنت سلف ضرور ہے اور حساب قمری کا برتنا بوجہ اس کے فرض کفایہ ہونے کے لابد افضل واحسن ہے اور ہر چند کہ النسیء اور یحلونہ الخ اور یحلوا ما حرم الخ کے مفہومات کا حاصل ایک ہی ہے لیکن اختلاف عنوان سے ان کی مذمت کی تاکید ہوگئی یعنی یہ عمل ان کا کئی حیثیت سے مذموم ہے اول یہ کہ اس میں مہینوں کی تقدیم وتاخیر ہے جو بلا تخصیص اشہر حرم مطلقاً مذموم ہے اور پھر عدم انضباط بھی ہے کہ ایک ماہ کا ایک سال اور حکم اور اسی کا دوسرے سال دوسرا حکم یہ بھی علامت ہوائے نفسانی کی پھر تحلیل حرام سب سے بڑھ کر ہے خوب سمجھ لو اور اس کو ترقی فی الکفر اس لئے فرمایا کہ تحلیل حرام کفر ہے اور اس سے پیشتر بھی وہ کافر تھے پس اس تحلیل حرام سے ان کے کفر میں زیادتی ہوگئی اور اس آیت کے نزول کے وقت اگر اشہر حرم کی حرمت بمعنی قتال باقی تھی تب تو کوئی خلجان نہیں اور اگر منسوخ ہو چکی تھی تو ان کے بیان کا اہتمام زیادت ضبط وتصحیح حساب ورفع خلط وخبط جاہلیت کے ہے گو حرمت قتال نہ ہو البتہ حرمت بمعنی برکت وفضیلت اب بھی باقی ہے جیسے یوم جمعہ وماہ رمضان۔ ربط : اوپر بعض غزوات کا مع ان کے متعلقات کے ذکر ہوا تھا آگے غزوۂ تبوک کا بیان ہے جس کی تمہید شروع رکوع بالا کے متصل آیت: قَاتِلُوا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ الخ میں بھی آ چکی ہے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ كَثِيْرًا (الی قولہ تعالیٰ) وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ یہی حال اس شخص کا ہے جو جاہل مریدوں سے نذرانے لیتا ہے اور منافع کے فوت ہونے کے اندیشہ سے ان سے حق کو چھپاتا ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ اس میں بخل وجمع مال کی مذمت ہے۔ قولہ تعالیٰ: فَلَا تَظْلِمُوْا فِيْهِنَّ اَنْفُسَكُمْ ای فی اشهر الحرم اس سے معلوم ہوا کہ ازمنہ مبارکہ میں اور اسی پر امکنہ مبارکہ کو قیاس کیا جاتا ہے معصیت کرنا قبح میں اشد ہے تو ان لوگوں کا کیا حال ہے کہ اولیاء کے مزارات پر فجور اور بدعات کرتے ہیں جن کا عرس کے موقع پر زیادہ صدور ہوتا ہے۔

الحواشی :(۱) یعنی فعل مؤثر میں تفاوت ہے کہ ایک جلدی ختم ہوا اور ایک دیر میں اسی طرح اس فعل مؤثر کے اثر میں یعنی الم جو کہ بعد میں بھی باقی رہتا ہے اس اثر میں بھی دونوں جگہ تفاوت ہے اور اس تفاوت کے لئے تفاوت فی الامتداد ضروری نہیں تفاوت فی الاشتداد کافی ہے گو مدت دونوں کی مساوی ہو متناہی ہونے پر بھی جیسا عصاۃ کے لئے ہوگا اور غیر متناہی ہونے پر بھی جیسا کفار کے لئے ہوگا ۱۲ منہ (۲) بجز ان دو مضمونوں کے جن کے اول میں لفظ شاید ہے ۱۲ منہ۔ (۳) ای لم یذکر فی القرآن لفظ دال علی کونها معینة کمخصوصات ومعلومات ونحوهما کما ذکرت فی الترجمة لفظ خاص ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمہ : ۱ قوله قبل والذین یکنزون یہ وعید اشارة الی ان الموصول عام ویدخلون فیه دخولا اولیا ۱۲۔ ۲ قوله لا ینفقون زکوٰة کذا جاء فی الحدیث مفسراً ۱۲۔ ۳ قوله فی عذاب بڑے افاده التنوین ۱۲۔ ۴ قوله فی یوم واقع اشارة الی ان نصب یوم بواقع مقدر صفة لعذاب ۱۲۔ ۵ قوله فی الربط عود وسمعت مولانا الشیخ محمد المحدث التهانوی فی بعض مواعظه وکنت اذ ذاك ما بین اثنتی عشر سنة الی خمسة عشر سنة ان الربط من حیث انه ذکر فی الآیة السابقة حکم الزکوٰة وکان من شرائطه حولان الحول فلذا ذکر تحقیق الحول اه قلت لکن فیه شیء من البعد ۱۲۔ ۶ قوله فی العنوان بنابر اعتقاد ملت ابراهیمیہ کذا فی الخازن ۱۲۔ ۷ قوله فی یوم خلق آج سے اشارة الی المقصود من ذکر الظرف ۱۲۔ ۸ قوله فی اربعة حرام لم یصرح بکونها معینة لکونها معهودة وعلی العهد مدار الانکار فی ما نقل عنهم ۱۲۔ ۹ قوله فی ذلك یعنی الخ اشارة الی ان الاشارة الی کل مما ذکر من العدة وکون الاشهر الحرم معینة۔ ۱۰ قوله هنالك یہ بدوی اشارة الی ان الحصر فی ذلك الدین اضافی باعتبار فعلهم لا باعتبار سائر الامور الدینیة ۱۲۔ ۱۱ قوله فی فیهن ان سب مہینوں کذا فی المنثور عن ابن عباسؓ ان الضمیر الی کل الاشهر ۱۲۔ ۱۲ قوله فی المشرکین ان یعنی العرب لعدم الجزیة علیهم ۱۲۔ ۱۳ قوله فی کافة سب سے اشارة الی کونه حالا من المفعول ۱۲۔ ۱۴ قوله فی یقاتلون تیار لان المشرکین لا یقاتلون بالفعل فی جمیع الاوقات ۱۲۔ ۱۵ قوله فی یضل عام اشارة ای کون هذا النسیء من الرؤساء والاتباع من الاتباع (الاول مصدر والثانی جمع تابع) ۱۲ ۱۶ قوله فی یحلونه حرام مہینہ کو فالمرجع اشهر الحرم المدلول علیه بانما النسیء علی ان اللام عوض عن المضاف الیه فان کان الشهر الحرام فظاهر وان کان الحرمة فالحرمة ایضا یدل علی الحرام فافهم ۱۲۔ ۱۷ قوله فی یحرمونه سمجھتے لم یقل کر لیتے لان التحریم لم یکن حادثا فالانکار علی المجموع او علی عدم ضبطهم ویمکن ان یقال ان الانکار علی شیئین احلال الحرام وهو ظاهر و تحریم الحلال وصورته انهم زادوا مثلا فی سنة واحدة شهرا واحدا بان اخروا رجب وقالوا ان السنة ثلثة عشر شهرا ویجیء رجب بعد هذا الشهر فکان شعبان رجبا فی حسابهم فحرموا شعبان فی هذا العام زعما منهم بانه رجب فیقع فی العام الثانی رجب فی جمادی الآخرة فحرموه علی انه رجب

www.besturdubooks.net

فصدق انهم احلوا رجب فی العام الماضی وکان حراما وحرموا رجب فی العام المستقبل وهو کان حلالا لکونه جمادی فی الواقع وکلا الامرین مذموم فافهم۱۲۔

اِختلافِ قراءۃ: فی قراءة عن ابن عامر تحمی بالفوقانیة بعود الضمیر الی النار ای توقد النهار علیها فی نار جهنم ۱۲۔

لطیفہ: ومن عجائب الاتفاق انی یوم حررت هذا المقام المتعلق بالشهور والسنة للرابع من ربیع الثانی ۱۳۲۴ من الهجرة اتی علی اربعة واربعون من السنین کملاً فما احسن الاتفاقین احکام السنة واتمام السنة واتفاق آخر ان الغد الذی اظعن فیه فی العام الجدید من الولادة توافق فیه التاریخ والیوم تاریخ ولادتی ویومها فالتاریخان خامس ربیع الثانی والیومان اربعاء۔ و هذا من الاتفاقات الغریبة۱۲۔

اللغات: الکنز الجمع سواء دفن اولم یدفن من الروح۱۲ اللغات النسیء مصدر بمعنی التاخیر وفی قراءة النسی بالتشدید با بدال الهمزة یاء ثم الادغام۱۲۔

البلاغۃ: ینفقونها لم یقل ینفقونهما موافقة لما قبله لان المراد لیس الجنسان بل الدراهم والدنانیر الکثیرة۱۲۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَا لَكُمْ اِذَا قِيْلَ لَكُمُ انْفِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اثَّاقَلْتُمْ اِلَى الْاَرْضِ ۭ اَرَضِيْتُمْ بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا
مِنَ الْاٰخِرَةِ ۚ فَمَا مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا قَلِيْلٌ ۝۳۸ اِلَّا تَنْفِرُوْا يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ وَّيَسْتَبْدِلْ
قَوْمًا غَيْرَكُمْ وَلَا تَضُرُّوْهُ شَيْـــًٔا ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۳۹ اِلَّا تَنْصُرُوْهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ اِذْ اَخْرَجَهُ الَّذِيْنَ
كَفَرُوْا ثَانِيَ اثْنَيْنِ اِذْ هُمَا فِي الْغَارِ اِذْ يَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا ۚ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلَيْهِ
وَاَيَّدَهٗ بِجُنُوْدٍ لَّمْ تَرَوْهَا وَجَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا السُّفْلٰى ۭ وَكَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا ۭ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝۴۰

اے ایمان والو! تم لوگوں کو کیا ہوا کہ جب تم سے کہا جاتا ہے کہ اللہ کی راہ میں نکلو تو تم زمین کو لگے جاتے ہو۔ کیا تم نے آخرت کے عوض دنیاوی زندگی پر قناعت کر لی سو دنیوی زندگی کا تمتع تو کچھ بھی نہیں بہت قلیل ہے۔ اگر تم نہ نکلو گے تو اللہ تعالیٰ تم کو سخت سزا دے گا اور تمہارے بدلے دوسری قوم پیدا کر دے گا اور (ان سے اپنا کام لے گا) اور تم اللہ کے (کے دین) کو کچھ ضرر نہ پہنچا سکو گے اور اللہ کو ہر چیز پر پوری قدرت ہے۔ اگر تم لوگ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی مدد نہ کرو گے تو اللہ تعالیٰ آپ کی مدد اس وقت کر چکا ہے جبکہ آپ کو کافروں نے جلاوطن کر دیا تھا جبکہ دو آدمیوں میں ایک آپ تھے جس وقت کہ دونوں غار میں تھے۔ جبکہ آپ اپنے ہمراہی سے فرما رہے تھے کہ تم کچھ غم نہ کرو۔ یقیناً اللہ تعالیٰ ہمارے ہمراہ ہے۔ سو اللہ تعالیٰ نے آپ کے قلب پر اپنی تسلی نازل فرمائی اور آپ کو ایسے لشکروں سے قوت دی جن کو تم لوگوں نے نہیں دیکھا اور اللہ تعالیٰ نے کافروں کی بات (اور تدبیر) نیچی کر دی (کہ وہ ناکام رہے) اور اللہ ہی کا بول بالا رہا اور اللہ زبردست حکمت والا ہے۔

تفسیر: قصہ غزوۂ تبوک ☆ تبوک ایک مقام ہے ملک شام میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب فتح مکہ وغزوۂ حنین وغیرہما سے فارغ ہوئے آپ کو خبر معلوم ہوئی کہ روم کا نصرانی بادشاہ مدینہ پر فوج بھیجنا چاہتا ہے اور وہ فوج تبوک میں کہ اس کی عمل داری کے حدود میں ہے جمع کی جاوے گی آپ نے خود ہی قصد سفر کا مقابلہ کے لئے فرمایا اور مسلمانوں میں اس کا اعلان عام کر دیا چونکہ وہ زمانہ گرمی کی شدت کا تھا اور مسلمانوں کے پاس سامان بہت کم تھا اور سفر بھی دور و دراز تھا اس لئے اس غزوہ میں جانا بڑی ہمت کا کام تھا اس لئے ان آیات میں اس کی بہت ترغیب دی گئی ہے اور چونکہ منافقین بوجہ عدم ایمان وعدم اخلاص کے اس میں طرح طرح کے بہانے پیش لائے اور ان کی طرح طرح کی خباثتیں ظاہر ہوئیں اس لئے ان آیات میں ان پر بھی بہت تشنیع ہوئی ہے۔ غرض آپ اس مقام تبوک تک تشریف لے جا کر لشکر نصاریٰ کے منتظر رہے مگر وہ ایسے مرعوب ہوئے کہ ان کا حوصلہ نہ پڑا اور آپ وہاں ایک عرصہ تک مقیم رہ کر خیر وعافیت کے ساتھ مدینہ منورہ تشریف لے آئے اور یہ واقعہ رجب ۹ ہجری میں ہوا من فتح المنان پہلے اس غزوہ کی ترغیب ارشاد فرمائی جاتی ہے اس طرح کہ اول کاہلی پر ملامت اور ترک غزوہ پر وعید اور ترہیب ہے اور پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے منصور من اللہ ہونے کا کسی کے غزوہ پر موقوف نہ ہونا مذکور ہے پھر غزوہ کا امر اور بیان فضیلت سے وعدہ وترغیب ہے۔

ملامت بر کسل وترہیب بر ترک غزوۂ تبوک ☆ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَا لَكُمْ اِذَا قِيْلَ لَكُمُ انْفِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اثَّاقَلْتُمْ اِلَى الْاَرْضِ (الی قولہ تعالیٰ)

www.besturdubooks.net

وَاللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اے ایمان والو تم لوگوں کو کیا ہوا کہ جب تم سے کہا جاتا ہے کہ اللہ کی راہ میں (یعنی جہاد کے لئے) نکلو تو تم زمین کو لگے جاتے ہو (یعنی اُٹھتے اور چلتے نہیں) کیا تم نے آخرت کے عوض دنیاوی زندگی پر قناعت کر لی سو دنیوی زندگی کا تمتع تو کچھ بھی نہیں بہت قلیل ہے اگر تم (اس جہاد کے لئے) نہ نکلو گے تو اللہ تعالیٰ تم کو سخت سزا دے گا (یعنی تم کو ہلاک کر دے گا (اور تمہارے بدلے دوسری قوم پیدا کر دے گا (اور ان سے اپنا کام لے گا) اور تم اللہ (کے دین) کو کچھ ضرر نہ پہنچا سکو گے اور اللہ کو ہر چیز پر پوری قدرت ہے۔ **ف**: یہاں سے آخر سورت تک آیات میں غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس غزوہ کے متعلق لوگوں کی کئی حالتیں ہوگئی تھیں اول جو بلا تردد ساتھ ہو لئے دوم جو بعد تردد ساتھ ہو لئے اَلَّذِیْنَ اتَّبَعُوْہُ فِیْ سَاعَۃِ الْعُسْرَۃِ مِنْ بَعْدِ مَا کَادَ یَزِیْغُ قُلُوْبُ فَرِیْقٍ مِّنْھُمْ میں یہ دونوں قسمیں مذکور ہیں سوم جو عذر کی وجہ سے نہ جا سکے لَیْسَ عَلَی الضُّعَفَآءِ الخ میں ان کا بیان ہے چہارم وہ مؤمنین جو باوجود عذر نہ ہونے کے کاہلی کے سبب نہ جا سکے اٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا اور اٰخَرُوْنَ مُرْجَوْنَ اور عَلَی الثَّلٰثَۃِ الخ میں ان کا بیان ہے پنجم اکثر منافقین جو باوجود عذر نہ ہونے کے نفاق کے سبب نہیں گئے آیات کثیرہ میں ان کا ذکر ہے ششم بعض منافقین جو بقصدِ تجسس وشرارت ساتھ ہو لئے تھے وَفِیْکُمْ سَمّٰعُوْنَ لَھُمْ وَلَئِنْ سَاَلْتَھُمْ لَیَقُوْلُنَّ وَھَمُّوْا بِمَا لَمْ یَنَالُوْا میں بعض تفاسیر پر ان کا ذکر ہے پس آیت مذکورہ میں ظاہراً قسم دوم مذکور ہے۔

رابط: اوپر کی آیت کی تمہید میں مذکور ہو چکا ہے۔

عدم توقف منصوریت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بر ناصریت کسے بضمن قصۂ ہجرت

اِلَّا تَنْصُرُوْہُ فَقَدْ نَصَرَہُ اللّٰہُ (الی قولہ تعالیٰ) وَاللّٰہُ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ اگر تم لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مدد نہ کرو گے تو (اللہ آپ کی مدد کرے گا جیسا) اللہ تعالیٰ آپ کی مدد اس وقت کر چکا ہے جب کہ (اس سے زیادہ مصیبت و پریشانی کا وقت تھا جب کہ) آپ کو کافروں نے (تنگ کر کر کے مکہ سے) جلاوطن کر دیا تھا جب کہ دو آدمیوں میں ایک آپ تھے (اور دوسرے حضرت ابوبکر صدیقؓ آپ کے ہمراہ تھے) جس وقت کہ دونوں (صاحب) غار (ثور) میں (موجود) تھے جب کہ آپ اپنے ہمراہی سے فرما رہے تھے کہ تم (کچھ) غم نہ کرو یقیناً اللہ تعالیٰ (کی مدد) ہمارے ہمراہ ہے سو (وہ مدد یہ ہوئی کہ) اللہ تعالیٰ نے آپ (کے قلب) پر اپنی (طرف سے) تسلی نازل فرمائی اور آپ کو (ملائکہ کے) ایسے لشکروں سے قوت دی جن کو تم لوگوں نے نہیں دیکھا اور اللہ تعالیٰ نے کافروں کی بات (اور تدبیر) نیچی کر دی (کہ وہ ناکام رہے) اور اللہ ہی کا بول بالا رہا کہ ان کی تدبیر اور حفاظت غالب رہی) اور اللہ زبردست حکمت والا ہے (اسی لئے اسی کی بات اور حکمت غالب رہی)۔ **ف**: اس میں قصۂ ہجرت کی طرف اشارہ ہے یہ غار مکہ معظمہ سے قریب ہے اس میں آپ اور حضرت ابوبکر صدیقؓ تین روز تک رہے کفار آپ کو ڈھونڈھتے ڈھونڈھتے ایک قائف یعنی نشان شناس کے بتلانے سے اس غار تک پہنچے اس وقت حضرت صدیقؓ کو آپ کی وجہ سے فکر ہوئی آپ نے ان کو تسلی کی لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰہَ مَعَنَا چونکہ دہن غار پر عنکبوت نے جالا بنا رکھا تھا اس لئے کفار کو شبہ نہیں ہوا سب لوٹ گئے اور اس قائف کو بیوقوف بنایا پھر آپ وہاں سے نکل کر مدینہ طیبہ روانہ ہوئے اور صحیح سالم وہاں پہنچ گئے یہ قوت قلب کی سکینۂ غیبی ونزول ملائکہ کا جو کہ سکینہ لے کر آتے ہیں اثر تھا کہ اس کو اور کفار کے ناکام چلے جانے کو نصرت فرمایا یہ سب روایتیں درمنثور میں ہیں۔ **رابط**: اوپر کی آیت سے پہلی آیت کی تمہید میں مذکور ہو چکا۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃِ: ۱ **قولہ فی لا تنصروہ** اللہ کے دین **اشارۃ الی تقدیر مضاف** ۱۲۔ ۲ **قولہ فی الا تنصروہ** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم **لان المقام یدل علی ذکرہ صلی اللہ علیہ وسلم** ۱۲۔ ۳ **قولہ فی انزل اللہ** مدد یہ ہوئی **اشارۃ الی ان الفاء تفسیریۃ لقولہ نصرہ اللہ** ۱۲۔ ۴ **قولہ فی** ف اور کفار کے الخ **اشارۃ الی کون جملۃ انزل واید وجعل تفسیراً لنصرہ** ۱۲۔

اَللُّغَاتُ: ثانی اثنین ای احد اثنین سواء کان ثانیا او اولا وھکذا معنی ثالث ثلاثۃ واربع اربعۃ ونحوھما کذا فی الروح ۱۲۔

اَلْبَلَاغَۃُ: فی الروح الی الارض متعلق باثا قلتم علی تضمینہ معنی المیل والاخلاد ای الی الدنیا والی الاقامۃ بارضکم ۱۲ قولہ من الاٰخرۃ ای بدلھا و قولہ فی الاٰخرۃ ای فی جنب الآخرۃ وفی ھذہ تسمی القیاسیۃ لان المقیس یوضع فی جنب ایقاس بہ ۱۲۔

اِنْفِرُوْا خِفَافًا وَّثِقَالًا وَّجَاھِدُوْا بِاَمْوَالِکُمْ وَاَنْفُسِکُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ ذٰلِکُمْ خَیْرٌ لَّکُمْ اِنْ کُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۴۱﴾

لَوْ کَانَ عَرَضًا قَرِیْبًا وَّسَفَرًا قَاصِدًا لَّاتَّبَعُوْکَ وَلٰکِنْ بَعُدَتْ عَلَیْھِمُ الشُّقَّۃُ وَسَیَحْلِفُوْنَ بِاللّٰہِ لَوِ اسْتَطَعْنَا

ع ۶ لَخَرَجْنَا مَعَکُمْ یُھْلِکُوْنَ اَنْفُسَھُمْ وَاللّٰہُ یَعْلَمُ اِنَّھُمْ لَکٰذِبُوْنَ ﴿۴۲﴾ عَفَا اللّٰہُ عَنْکَ لِمَ اَذِنْتَ لَھُمْ حَتّٰی ۱۲

www.besturdubooks.net

يَتَبَيَّنَ لَكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَتَعْلَمَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۴۳﴾ لَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ
اَنْ يُّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالْمُتَّقِيْنَ ﴿۴۴﴾ اِنَّمَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ
بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَارْتَابَتْ قُلُوْبُهُمْ فَهُمْ فِيْ رَيْبِهِمْ يَتَرَدَّدُوْنَ ﴿۴۵﴾

نکل پڑو (خواہ) تھوڑے سامان سے ہو اور (خواہ) زیادہ سامان سے (ہو) اور اللہ کی راہ میں اپنے مال اور جان سے جہاد کرو۔ یہ تمہارے لئے بہتر ہے اگر تم یقین رکھتے ہو اگر کچھ لگتے ہاتھ ملنے والا ہوتا اور سفر بھی معمولی سا ہوتا تو یہ لوگ ضرور آپ کے ساتھ ہو لیتے لیکن ان کو تو مسافت ہی دور دراز معلوم ہونے لگی اور ابھی خدا کی قسمیں کھا جاویں گے کہ اگر ہمارے بس کی بات ہوتی تو ہم ضرور تمہارے ساتھ چلتے یہ لوگ اپنے آپ کو تباہ کر رہے ہیں اور اللہ جانتا ہے کہ یہ لوگ یقیناً جھوٹے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو معاف کر دیا آپ نے ان کو اجازت کیوں دے دی تھی جب تک کہ آپ کے سامنے سچے لوگ ظاہر نہ ہو جاتے اور جھوٹوں کو معلوم نہ کر لیتے جو لوگ اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتے ہیں وہ اپنے مال اور جان سے جہاد کرنے کے بارہ میں آپ سے رخصت نہ مانگیں گے اور اللہ تعالیٰ ان متقیوں کو خوب جانتا ہے۔ البتہ وہ لوگ آپ سے رخصت مانگتے ہیں جو اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان نہیں رکھتے اور ان کے دل شک میں پڑے ہوئے ہیں۔ سو وہ اپنے شکوک میں پڑے ہوئے حیران ہیں۔ ۞

تفسیر: امر بغزوہ وترغیب ☆ اِنْفِرُوْا خِفَافًا وَّثِقَالًا وَّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۴۱﴾ (جہاد کے لئے) نکل پڑو (خواہ) تھوڑے سامان سے (ہو) اور (خواہ) زیادہ سامان سے (ہو) اور اللہ کی راہ میں اپنے مال اور جان سے جہاد کرو یہ تمہارے لئے بہتر ہے اگر تم یقین رکھتے ہو (تو دیر مت کرو)۔ ف: آخرت کی بہتری یعنی ثواب وقرب تو یقینی ہے اور کبھی دنیا کی بہتری بھی ہوتی ہے یعنی فتح اور غنیمت اور عزت۔

ربط: اوپر اس غزوہ کے متعلق مؤمنین سے خطاب تھا آگے آخر سورت تک منافقین کے احوال اور اقوال مذکور ہیں جو باوجود عذر نہ ہونے کے نفاق کے سبب غزوہ میں شریک نہیں ہوئے اور درمیان درمیان میں کچھ اور مضامین مناسبہ آ گئے ہیں۔

احوال واقوال منافقین متخلفین ☆ لَوْ كَانَ عَرَضًا قَرِيْبًا وَّسَفَرًا قَاصِدًا لَّاتَّبَعُوْكَ (الی قولہ تعالیٰ) وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۴۲﴾ اگر کچھ لگتے ہاتھ ملنے والا ہوتا اور سفر بھی معمولی سا ہوتا تو یہ (منافق) لوگ ضرور آپ کے ساتھ ہو لیتے لیکن ان کو تو مسافت ہی دور دراز معلوم ہونے لگی (اس لئے یہاں ہی رہ گئے) اور ابھی (جب تم لوگ واپس آؤ گے تو) خدا کی قسمیں کھا جاویں گے کہ اگر ہمارے بس کی بات ہوتی تو ہم ضرور تمہارے ساتھ چلتے یہ لوگ (جھوٹ بول بول کر) اپنے آپ کو تباہ (یعنی مستحق عذاب) کر رہے ہیں اور اللہ جانتا ہے کہ یہ لوگ یقیناً جھوٹے ہیں (بلاشبہ ان کو استطاعت تھی اور پھر یہ نہیں گئے) ف: لکن کے ساتھ بعد شقہ فرمانے سے غرض قریب کی بھی نفی ہوگئی کیونکہ بعد شقہ سے قرب اور سہولت حصول مال کی باقی نہیں رہی اور سفر قاصد کی نفی ظاہر ہے اور اگر بعد شقہ سے ایک ہی کی نفی مفہوم ہو تب بھی مقصود حاصل ہے کیونکہ اتباع کی علت مجموعہ امرین تھا ایک جزو کی نفی سے مجموعہ منتفی ہو گیا مجموعہ کی نفی سے اتباع منتفی ہو گیا۔

ربط: اوپر جن منافقین کا ذکر ہے انہوں نے آپ کی روانگی کے وقت جھوٹے جھوٹے عذر تراش کر سفر میں ہمراہ نہ جانے کی اجازت حاصل کر لی تھی آپ نے اذن دے دیا تھا آگے اللہ تعالیٰ اس اذن کا نامناسب ہونا اور ان کے اس استیذان کا مذموم ومبنی بر نفاق ہونا بیان فرماتے ہیں۔

عدم اولویت اذن بایشاں و مبنی بر نفاق بودن باستیذان ایشاں ☆ عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ ۚ (الی قولہ تعالیٰ) فَهُمْ فِيْ رَيْبِهِمْ يَتَرَدَّدُوْنَ ﴿۴۵﴾ اللہ تعالیٰ نے آپ کو معاف (تو) کر دیا (لیکن) آپ نے ان کو (ایسی جلدی) اجازت کیوں دے دی تھی جب تک کہ آپ کے سامنے سچے لوگ ظاہر نہ ہو جاتے اور (جب تک کہ) جھوٹوں کو معلوم نہ کر لیتے (تاکہ وہ خوش تو نہ ہونے پاتے کہ ہم نے آپ کو دھوکہ دے دیا اور) جو لوگ اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتے ہیں وہ اپنے مال اور جان سے جہاد کرنے کے بارہ میں (اس میں شریک نہ ہونے کی بھی) آپ سے رخصت نہ مانگیں گے (بلکہ وہ حکم کے ساتھ دوڑ پڑیں گے) اور اللہ تعالیٰ ان متقیوں کو خوب جانتا ہے (ان کو اجر وثواب دے گا) البتہ وہ لوگ (جہاد میں نہ جانے کی) آپ سے رخصت مانگتے ہیں جو اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان نہیں رکھتے اور ان کے دل (اسلام سے) شک میں پڑے ہیں سو وہ اپنے شکوک میں پڑے ہوئے حیران ہیں (کبھی موافقت کا خیال ہوتا ہے کبھی مخالفت کا)۔ ف: معافی جیسے گناہ کی ہوتی ہے کبھی خلاف اولیٰ کی بھی ہوتی ہے اس سے شبہ گناہ کا نہ ہونا چاہئے اور لِمَ اَذِنْتَ سے ماضی پر عتاب مقصود بالذات نہیں بلکہ آئندہ کے لئے ممانعت اذن دینے سے اصل مقصود ہے پس اس سے کوئی شبہ نہ کرنا چاہئے اور غرض اس نصیحت سے یہ نہیں کہ آپ کی اجازت سے وہ رہ گئے ورنہ ان کا جانا مصلحت تھا وجہ یہ کہ آگے ان کے جانے کے مفاسد خود ہی مذکور ہوتے ہیں اور نیز اگر آپ اجازت نہ بھی دیتے تب بھی تو ان کی نیت جانے کی نہ تھی کذا فی الدر عن مجاهد بلکہ مطلب یہ ہے کہ رخصت ملنے سے جو ان کو ایک گونہ بے فکری ہو گئی یہ نہ ہوتی اگر رخصت منظور نہ ہوتی اور یہ تب بھی نہ جاتے تو

www.besturdubooks.net

ذرا ان کی خباثت تو علانیہ کھل جاتی اور الذین صدقوا کا یہ مطلب نہیں کہ ان میں سچے بھی تھے بلکہ مطلب یہ ہے کہ دوسرے مؤمنین صادقین معذورین سے ان کی حالت متمیز ہو جاتی اور سورۂ نور کے اخیر میں جو مؤمنین کے لئے استیذان کو ثابت فرمایا ہے لَمْ يَذْهَبُوْا حَتّٰى يَسْتَاْذِنُوْهُ۔ سو وہ استیذان بالعذر ہے اور یہاں نفی استیذان بلا عذر کی ہے پس کوئی تعارض نہیں۔ ربط: اوپر منافقین کا تخلف اور عذر کا ذب کرنا مذکور تھا آگے اس عذر کے کاذب ہونے کا قرینہ وَلَوْ اَرَادُوا میں اور ان کے تخلف سے غم نہ کرنے کے لئے اس کی حکمت کہ یہ جاتے تو فساد ہی کرتے لَوْ خَرَجُوْا میں اور اس حکم ترتب فساد کی تائید واقعاتِ سابقہ سے لَقَدِ ابْتَغَوُا میں بیان فرماتے ہیں۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلُ السُّلُوْكِ: قولہ تعالیٰ: لَوْ كَانَ عَرَضًا قَرِيْبًا وَّسَفَرًا قَاصِدًا لَّاتَّبَعُوْكَ اس میں اپنے نفس کے لئے امتحان کا طریقہ ہے کہ آیا وہ اللہ تعالیٰ کا محب ہے یا نہیں اور وہ طریقہ یہ ہے کہ جس امر میں کوئی نفع دنیوی نہ ہو اور مشقت ہو اس میں دیکھنا چاہئے کہ کیا رنگ ہوتا ہے کیونکہ عمل متضمن نفع دنیوی دلیل محبت نہیں قولہ تعالیٰ: وَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَوِ اسْتَطَعْنَا لَخَرَجْنَا مَعَكُمْ اسی طرح (یعنی جس طرح منافقین مسلمانوں کو دھوکہ دیتے تھے) سالک کو اس کا نفع جھوٹے دعووں سے دھوکا دیتا ہے اور طاعات میں باطل عذر پیش کرتا ہے پس اس نفس کو یہی جواب دو جو خدا تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: يُهْلِكُوْنَ اَنْفُسَهُمْ، اسی طرح بہت سے مدعیان صلاح وتقویٰ دعووں میں ملمع سازیاں کر کے لوگوں کو دھوکہ میں ڈالتے ہیں کبھی صریحاً کبھی دوسری باتوں کے ضمن میں ان سب کو واجب ہے کہ اس آیت کے مضمون میں غور کریں ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ ۚ لِمَ اَذِنْتَ لَهُمْ اس میں عفو کو شکایت سے پہلے ذکر فرمایا اور حق تعالیٰ کا باطن میں مقبولین کے ساتھ یہی معاملہ ہے کہ عین عتاب میں ان کو اپنا لطف دکھلاتے ہیں تاکہ ان کو وحشت نہ ہو اور اس میں ایسے شخص کے ساتھ خطاب کرنے کا ادب بھی بتلایا گیا ہے جس کی حرمت کی رعایت کی جاوے۔ قولہ تعالیٰ: لِمَ اَذِنْتَ لَهُمْ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا اس میں شیوخ کو تعلیم ہے مریدوں کے عذر قبول کرنے میں بیداری سے کام لیں کہ وہ عذر سچ مچ واقع کے مطابق ہے یا اس میں کچھ فساد کی آمیزش ہے کیونکہ بہت سے مرید دھوکہ بھی دیتے ہیں پھر اس کا انجام ان ہی کے دین کی بے انتظامی ہے۔ قولہ تعالیٰ: لَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ الخ روح میں ہے کہ اس میں اشارہ ہے کہ مؤمن جب خیر کو سنتا ہے تو فوراً اس کی طرف دوڑتا ہے اور ظاہر ہے کہ یہ حالت شوق سے پیدا ہوتی ہے تو اس میں شوق کا اثبات ہے۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃ: ۱ قوله في خفافا و ثقالا سامان ہو احد الاقوال في الآية كما في الروح خفافا من السلاح وثقالا فلا نسخ على هذا التفسير لاشتراط القدرة بدليل آخر ۱۲۔ ۲ قوله في عفا کردیا وحمله على الاخبار من المواهب كما في قوله ولقد عفا الله عنهم ولو حمل على الانشاء كما هو المشهور يوجه بما قال النيسابوري انما جاء على عادة العرب في التعظيم والتوقير فيقدمون امثال ذلك بين يدى الكلام يقولون عفا الله عنك ما صنعت في امرى رضي الله عنك ما جوابك عن كلامي ۱۲۔ ۳ قوله في ان يجاهدوا اس میں شریک نہ ہونے کی اشارۃ الی تقدیر في لكن لامن حيث ان الجهاد ماذون فيه بل من حيث انه متعلق بالماذون فيه وهو التخلف اى لا يستاذنك في التخلف في باب الجهاد وهو ايضا من المواهب وهذا كما يقال ان الآية نزلت في الغناء اى متعلقا بالغناء ولو نهيا لا انه في الامر بالغناء ۱۲۔

اَللُّغَاتُ: العرض ما عرض لك من منفع الدنيا ومتاعها القريب سهل الماخذ قريب المنال الشقة المسافة التي تقطع بمشقة ۱۲۔

اَلنَّحْوُ: قوله كان اى ما يدعون اليه بدليل المقام ۱۲۔

وَلَوْ اَرَادُوا الْخُرُوْجَ لَاَعَدُّوْا لَهٗ عُدَّةً وَّلٰكِنْ كَرِهَ اللّٰهُ انْۢبِعَاثَهُمْ فَثَبَّطَهُمْ وَقِيْلَ اقْعُدُوْا مَعَ
الْقٰعِدِيْنَ ﴿۴۶﴾ لَوْ خَرَجُوْا فِيْكُمْ مَّا زَادُوْكُمْ اِلَّا خَبَالًا وَّلَاَوْضَعُوْا خِلٰلَكُمْ يَبْغُوْنَكُمُ الْفِتْنَةَ ۚ
وَفِيْكُمْ سَمّٰعُوْنَ لَهُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۷﴾ لَقَدِ ابْتَغَوُا الْفِتْنَةَ مِنْ قَبْلُ وَقَلَّبُوْا لَكَ الْاُمُوْرَ حَتّٰى
جَاۗءَ الْحَقُّ وَظَهَرَ اَمْرُ اللّٰهِ وَهُمْ كٰرِهُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ ائْذَنْ لِّيْ وَلَا تَفْتِنِّيْ ۭ اَلَا فِي الْفِتْنَةِ
سَقَطُوْا ۭ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ﴿۴۹﴾ اِنْ تُصِبْكَ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ ۚ وَاِنْ تُصِبْكَ مُصِيْبَةٌ
يَّقُوْلُوْا قَدْ اَخَذْنَآ اَمْرَنَا مِنْ قَبْلُ وَيَتَوَلَّوْا وَّهُمْ فَرِحُوْنَ ﴿۵۰﴾ قُلْ لَّنْ يُّصِيْبَنَآ اِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ

www.besturdubooks.net

لَنَا هُوَ مَوْلٰىنَا ۚ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۱﴾ قُلْ هَلْ تَرَبَّصُوْنَ بِنَآ اِلَّآ اِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ ۭ وَنَحْنُ نَتَرَبَّصُ بِكُمْ اَنْ يُّصِيْبَكُمُ اللّٰهُ بِعَذَابٍ مِّنْ عِنْدِهٖٓ اَوْ بِاَيْدِيْنَا ۚ فَتَرَبَّصُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ مُّتَرَبِّصُوْنَ ﴿۵۲﴾

اور اگر وہ لوگ (جہاد میں) چلنے کا ارادہ کرتے تو اس کا کچھ سامان تو درست کرتے لیکن (خیر ہوئی) اللہ تعالیٰ نے ان کے جانے کو پسند نہیں کیا اس لئے ان کی توفیق نہیں دی اور (بحکم تکوینی) یوں کہہ دیا گیا کہ اپاہج لوگوں کے ساتھ تم بھی یہاں ہی دھرے رہو۔ اگر یہ لوگ تمہارے ساتھ شامل ہو جاتے تو سوا اس کے کہ اور دوتا فساد کرتے اور کیا ہوتا اور تمہارے درمیان فتنہ پردازی کے فکر میں دوڑے دوڑے پھرتے ہیں اور (اب بھی) تم میں ان کے کچھ جاسوس موجود ہیں اور ان ظالموں کو اللہ تعالیٰ خوب سمجھتا ہے۔ انہوں نے تو پہلے (جنگ احد وغیرہ میں) بھی فتنہ پردازی کی فکر کی تھی اور آپ کے لئے کارروائیوں کی الٹ پھیر کرتے ہی رہے یہاں تک کہ سچا وعدہ آ گیا اور اللہ کا حکم غالب رہا اور ان کو ناگوار ہی گزرتا رہا اور ان (منافقین متخلفین) میں بعضا شخص وہ ہے جو کہتا ہے کہ مجھ کو اجازت دے دیجئے اور مجھ کو خرابی میں نہ ڈالئے۔ خوب سمجھ لو کہ یہ لوگ خرابی میں تو پڑ ہی چکے اور یقیناً دوزخ (آخرت میں) ان کافروں کو گھیرے گی اور اگر آپ کو کوئی اچھی حالت پیش آتی ہے تو ان کے لئے موجب غم ہوتی ہے اور اگر آپ پر کوئی حادثہ آپڑتا ہے تو (خوش ہو کر) کہتے ہیں کہ ہم نے تو (اسی لئے) پہلے سے اپنا احتیاط کا پہلو اختیار کر لیا تھا اور (یہ کہ) وہ خوش ہوتے ہوئے چلے جاتے ہیں۔ آپ فرما دیجئے ہم پر کوئی حادثہ نہیں پڑ سکتا مگر وہی جو اللہ تعالیٰ نے ہمارے لئے مقدر فرمایا ہے وہ ہمارا مالک ہے اور اللہ کے تو سب مسلمانوں کو اپنے سب کام سپرد رکھنے چاہئیں۔ فرما دیجئے کہ تم تو ہمارے حق میں دو بہتریوں میں سے ایک بہتری ہی کے منتظر رہتے ہو اور ہم تمہارے حق میں اس کے منتظر رہا کرتے ہیں کہ خدا تعالیٰ تم پر کوئی عذاب واقع کرے گا خواہ اپنی طرف سے (دنیا یا آخرت میں) یا ہمارے ہاتھوں سے سو تم (اپنے طور پر) انتظار کرو ہم تمہارے ساتھ (اپنے طور پر) انتظار میں ہیں۔ ۞

تفسیر: قرینہ بطلان عذر وحکمت تخلف وتائید مفسد بودن منافقین: وَلَوْ اَرَادُوا الْخُرُوْجَ (الی قولہ تعالیٰ) وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ۞ لَقَدِ ابْتَغَوُا الْفِتْنَةَ مِنْ قَبْلُ وَقَلَّبُوْا لَكَ الْاُمُوْرَ حَتّٰى جَاۗءَ الْحَقُّ وَظَهَرَ اَمْرُ اللّٰهِ وَهُمْ كٰرِهُوْنَ ۞ اور وہ لوگ (غزوہ میں) چلنے کا ارادہ کرتے (جیسا کہ وہ اپنے عذر کے وقت ظاہر کرتے ہیں کہ چلنے کا تو ارادہ تھا لیکن کیا کیا جاوے فلاں ضرورت پیش آ گئی سو اگر ایسا ہوتا) تو اس (چلنے) کا کچھ سامان تو درست کرتے (جیسا کہ سفر کے لوازم عادیہ سے ہے) لیکن (انہوں نے تو شروع سے ارادہ ہی نہیں کیا اور اسی میں خیر ہوئی جیسا آگے آتا ہے لَوْ خَرَجُوْا فِيْكُمْ الخ اور اس کے خیر ہونے کی وجہ سے) اللہ تعالیٰ نے ان کے جانے کو پسند نہیں کیا اس لئے ان کو توفیق نہیں دی اور (بحکم تکوینی) یوں کہہ دیا گیا کہ اپاہج لوگوں کے ساتھ تم بھی یہاں ہی دھرے رہو (اور ان کے جانے میں خیر نہ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ) اگر یہ لوگ تمہارے شامل جاتے تو سوا اس کے کہ اور دوتا فساد کرتے اور کیا ہوتا اور (وہ فساد یہ ہوتا کہ) تمہارے درمیان فتنہ پردازی کی فکر میں دوڑے دوڑے پھرتے (یعنی لگائی بجھائی کر کے آپس میں تفریق ڈلواتے اور جھوٹی خبریں اڑا کر پریشان کرتے دشمن کا رعب تمہارے قلوب میں ڈالنے کی کوشش کرتے اس لئے ان کا نہ جانا ہی اچھا ہوا) اور (اب بھی) تم میں ان کے کچھ جاسوس موجود ہیں (جن کو اس[1] سے زیادہ فساد کی تدبیر میں مہارت نہیں) اور ان ظالموں کو اللہ خوب سمجھے گا (اور ان لوگوں کی مفسدہ سازی وفتنہ پردازی کچھ آج نئی نہیں) انہوں نے تو پہلے (جنگ احد وغیرہ میں) بھی فتنہ پردازی کی فکر کی تھی (کہ ساتھ ہو کر ہٹ گئے کہ مسلمان دل شکستہ ہو جاویں) اور (اس کے علاوہ بھی) آپ کی (ضرر رسانی کے لئے) کارروائیوں کی الٹ پھیر کرتے ہی رہے یہاں تک کہ سچا وعدہ آ گیا اور (اس کا آنا یہ ہے کہ) اللہ کا حکم غالب رہا اور ان کو ناگوار ہی گذرتا رہا (اسی طرح آئندہ بھی ہوگا بالکل تسلی رکھئے کچھ فکر نہ کیجئے)۔ ف: ان سماعین کو بعض مفسرین نے منافق کہا ہے مگر چونکہ یہ اہل الرائے نہ تھے اس لئے ان سے فساد کا خوف نہ تھا اس لئے ان کا جانا خلاف حکمت نہ تھا بلکہ بعضی مضر مصلحتیں تھیں کہ مسلمانوں کا استقلال اور غلبہ اور کفار کا ضعف اور عجز دیکھ کر اپنے رؤساء کو خبر دیں تو وہ اور زیادہ جلیں مریں اور ان کے حوصلے ہمیشہ کو پست ہو جاویں واللہ اعلم: اور احد میں ان منافقین کا عین وقت پر الگ ہو جانا پارہ لَنْ تَنَالُوْا کے ربع شروع رکوع وَاِذْ غَدَوْتَ ..... [آل عمران: ۱۲۱] میں گذر چکا ہے۔ ربط: اوپر منافقین کے احوال مشترکہ کا بیان تھا آگے کئی آیتوں میں جو لفظ منھم سے شروع ہوئی ہیں بعض کے احوال واقوال مختصہ اور درمیان درمیان میں احوال مشترکہ بھی مذکور ہیں۔

بعض اقوال خاصہ منافقین ☆ اس شخص کا نام جد بن قیس تھا اس نے یہ بہانا تراشا تھا کہ میں عورتوں پر مفتون ہو جاتا ہوں اور رومیوں کی عورتیں حسین زیادہ ہیں جانے میں میرا دینی ضرر ہے اس لئے رخصت کا خواستگار ہوں کذا فی الدر المنثور آیت وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ ائْذَنْ لِّيْ وَلَا تَفْتِنِّيْ ۭ اَلَا فِي الْفِتْنَةِ سَقَطُوْا ۭ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ۞ اور ان (منافقین متخلفین) میں بعضا شخص وہ ہے جو (آپ سے) کہتا ہے کہ مجھ کو (غزوہ میں نہ جانے کی اور گھر رہنے کی) اجازت دے دیجئے اور مجھ کو خرابی میں نہ ڈالئے خوب سمجھ لو کہ یہ لوگ خرابی میں تو پڑ ہی چکے (کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی اور کفر سے بڑھ کر اور کونسی خرابی ہوگی) اور یقیناً دوزخ (آخرت میں) ان کافروں کو گھیرے گی۔ ربط: اوپر کی آیت کی تمہید میں بیان ہو چکا۔

www.besturdubooks.net

بعض احوال مشترکہ منافقین ☆ اِنْ تُصِبْكَ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ (الی قولہ تعالیٰ) فَتَرَبَّصُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ مُّتَرَبِّصُوْنَ اگر آپ کو کوئی اچھی حالت پیش آتی ہے تو وہ ان کے لئے موجب غم ہوتی ہے اور اگر آپ پر کوئی حادثہ آپڑتا ہے تو (خوش ہوکر) کہتے ہیں کہ ہم نے تو (اسی واسطے) پہلے سے اپنا احتیاط کا پہلو اختیار کرلیا تھا (کہ ان کے ساتھ لڑائی وغیرہ میں نہیں گئے تھے) اور یہ کہہ کر) وہ خوش ہوتے ہوئے چلے جاتے ہیں آپ (جواب میں ان سے دو باتیں) فرما دیجئے (ایک تو یہ کہ) ہم پر کوئی حادثہ نہیں پڑسکتا مگر وہی جو اللہ تعالیٰ نے ہمارے لئے مقدر فرمایا ہے وہ ہمارا مالک ہے (پس مالک حقیقی جو تجویز کرے مملوک کو اس پر راضی رہنا واجب ہے) اور ہماری (کیا تخصیص ہے) اللہ کے تو سب مسلمانوں کو اپنے سب کام سپرد رکھنے چاہئیں (دوسری بات یہ) فرما دیجئے کہ (ہمارے لئے جیسے اچھی حالت بہتر ہے ویسے ہی حوادث بھی باعتبار انجام کے کہ اس میں رفع درجات و کفارۂ سیئات ہوتا بہتر ہے پس) تم تو ہمارے حق میں دو بہتریوں میں سے ایک بہتری ہی کے منتظر رہتے ہو (یعنی تم جو ہماری حالت کے منتظر رہتے ہو کہ دیکھئے کیا ہو تو خواہ وہ حسنہ ہو یا مصیبت ہمارے لئے دونوں ہی میں بہتری ہے) اور ہم تمہارے حق میں اس کے منتظر رہا کرتے ہیں کہ خدا تعالیٰ تم پر کوئی عذاب واقع کرے گا (خواہ) اپنی طرف سے (دنیا میں یا آخرت میں) یا ہمارے ہاتھوں سے (جب کہ تم اپنے کفر کو ظاہر کردو تو مثل دوسرے کفار کے قتل کئے جاؤ) سو تم (اپنے طور پر) انتظار کرو (اور) ہم تمہارے ساتھ (اپنے طور پر) انتظار میں ہیں ف: پہلے جواب کا حاصل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ مالک اور حاکم ہیں حاکم ہونے کی حیثیت سے ان کو ہر تصرف کا اختیار ہے اس لئے ہم راضی ہیں اور دوسرے جواب کا حاصل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ حکیم ہیں اس مصیبت میں بھی ہمارے فائدہ کی رعایت کرتے ہیں اس لئے ہم ہر حال میں فائدہ میں ہیں بخلاف تمہارے کہ تمہاری خوشحالی کا انجام بھی وبال اور نکال ہے اگر دنیا میں نہیں تو آخرت میں ضرور ہے۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلِ السُّلُوْكِ: قولہ تعالیٰ: وَلَوْ اَرَادُوا الْخُرُوْجَ لَاَعَدُّوْا لَهٗ عُدَّةً اس میں دلیل ہے کہ تعطل علامت ہے عدم ارادہ کی جیسے بہت سے لوگ اپنے نفس کے دھوکہ میں پڑے ہوئے ہیں کہ طاعات کی رغبت کا دعویٰ ظاہر کرتے ہیں اور بالکل جھوٹے ہوتے ہیں چنانچہ کہا گیا ہے۔ ؎ اگر عشق ہوتا تو تدبیر کرتا۔

قولہ تعالیٰ: وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ ائْذَنْ لِّيْ وَلَا تَفْتِنِّيْ یعنی نساء روم کے فتنہ میں مجھ کو واقع نہ کیجئے اور یہی حالت ہے نفس کی کہ طاعات سے اس بہانہ پر عذر کرتا ہے کہ اس طاعت میں ایسا ایسا خطرہ ہے جس کا شر اس طاعت کی خیر سے اعظم ہے۔ قولہ تعالیٰ: قُلْ لَّنْ يُّصِيْبَنَآ اِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا الخ اس میں ایسے مضمون کا مراقبہ ہے جو توکل کو سہل کردے اور اس کے بعد توکل کا صریح امر ہے۔

الْحَوَاشِيْ: (۱) یعنی جاسوسی سے زیادہ اور اس صفت کے بڑھانے سے مقصود اس شبہ کا دفع کرنا ہے کہ آیت میں منافقین کے عدم خروج کا متضمن مصلحت ہونا مذکور ہے مگر جب ان کے جاسوس موجود ہیں تو وہ عدم خروج نہ رہا اور مصلحت عدم خیال کی بھی نہ رہی جواب یہ ہے کہ جاسوسوں کو اس خیال، فساد کا جو آیت میں منفی ہے ڈھنگ نہیں آتا اور یہ مضمون ف: میں مصرح ہے ۱۲۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَةِ: ۱ قوله فی لکن انہوں نے الخ اشارة الی تقدیر المستدرك واقامة المذکور مقامه ۱۲۔ ۲ قوله فی ثبط توفیق تفسیر بالحاصل ۱۲۔ ۳ قوله فی القاعدین اپاہج ای الذین قعدوا العجز او ضعف او عذر ۱۲۔ ۴ قوله فی لا اوضعوا یہ ہوتا اشارة الی کون العطف تفسیریا ۱۲۔ ۵ قوله فی امرنا احتیاط کا پہلو لان الامر عام فی کل شیء وخصص بالمذکور بقرینة المقام ویتاید بقول مجاهد قد اخذنا امرنا قد حذرنا کذا فی الدر ۱۲۔

الرِّوَايَاتُ: فی الدر اخرج ابن ابی حاتم عن جابر بن عبدالله قال جعل المنافقون الذین تخلفوا بالمدینة یخبرون عن النبی صلی الله علیه وسلم اخبار السوء یقولون ان محمداً واصحابهٗ قد جهدوا فی سفرهم وهلکوا فبلغهم تکذیب حدیثهم وعافیة النبی صلی الله علیه وسلم واصحابهٗ فساء هم ذلك فانزل الله تعالیٰ ان تصبك حسنة تسؤهم الآیة ۱۲۔

اللُّغَاتُ: الانبعاث الخروج او النهوض للخروج الایضاع الاسراع یقال اوضعت الناقة بالرفع واوضعت الناقة بالنصب خلالکم الخلال جمع خلل وهو الفرجة استعمل ظرفا بمعنی بین ۱۲۔

فَائِدَةٌ: فی الکشاف کانت الفتحة تکتب الفا قبل والخط العربی اخترع قریبا من نزول القرآن وقد بقی من ذلك الالف الر فی الطباع فکتبوا صورة الهمزة الفا وفتحتها اخری ۱۲۔

الْبَلَاغَةُ: فی التعبیر عن الافتتان بالسقوط فی الفتنة تنزیل لها منزلة المهواة المهلکة کذا فی الروح ۱۲۔

قُلْ اَنْفِقُوْا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا لَّنْ يُّتَقَبَّلَ مِنْكُمْ ۭ اِنَّكُمْ كُنْتُمْ قَوْمًا فٰسِقِيْنَ وَمَا مَنَعَهُمْ اَنْ تُقْبَلَ مِنْهُمْ

www.besturdubooks.net

نَفَقٰتُهُمْ اِلَّآ اَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَبِرَسُوْلِهٖ وَلَا يَاْتُوْنَ الصَّلٰوةَ اِلَّا وَهُمْ كُسَالٰى وَلَا يُنْفِقُوْنَ اِلَّا
وَهُمْ كٰرِهُوْنَ ﴿۵۴﴾ فَلَا تُعْجِبْكَ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ ؕ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ بِهَا فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ
اَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۵۵﴾ وَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ اِنَّهُمْ لَمِنْكُمْ ؕ وَمَا هُمْ مِّنْكُمْ وَلٰكِنَّهُمْ قَوْمٌ يَّفْرَقُوْنَ ﴿۵۶﴾ لَوْ يَجِدُوْنَ
مَلْجَاً اَوْ مَغٰرٰتٍ اَوْ مُدَّخَلًا لَّوَلَّوْا اِلَيْهِ وَهُمْ يَجْمَحُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّلْمِزُكَ فِى الصَّدَقٰتِ ۚ فَاِنْ
اُعْطُوْا مِنْهَا رَضُوْا وَاِنْ لَّمْ يُعْطَوْا مِنْهَآ اِذَا هُمْ يَسْخَطُوْنَ ﴿۵۸﴾ وَلَوْ اَنَّهُمْ رَضُوْا مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ ۙ وَقَالُوْا
حَسْبُنَا اللّٰهُ سَيُؤْتِيْنَا اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَرَسُوْلُهٗٓ ۙ اِنَّآ اِلَى اللّٰهِ رٰغِبُوْنَ ﴿۵۹﴾ ع ۷ ۱۳

آپ فرما دیجئے کہ تم خواہ خوشی سے خرچ کرو یا ناخوشی سے تم سے کسی طرح (خدا کے نزدیک) مقبول نہیں (کیونکہ) بلاشبہ تم عدول حکمی کرنے والے لوگ ہو اور ان کی خیر خیرات قبول ہونے سے اور کوئی چیز بجز اس کے مانع نہیں کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ اور اس کے ساتھ کفر کیا اور وہ لوگ نماز نہیں پڑھتے مگر ہارے جی سے اور خرچ نہیں کرتے مگر ناگواری کے ساتھ سو ان کے اموال اور اولاد آپ کو تعجب میں نہ ڈالیں۔ اللہ کو صرف یہ منظور ہے کہ ان (مذکورہ) چیزوں کی وجہ سے دنیوی زندگی میں (بھی) ان کو گرفتار عذاب رکھے اور ان کی جان کفر ہی کی حالت میں نکل جائے اور یہ (منافق لوگ) اللہ کی قسمیں کھاتے ہیں کہ وہ تم میں کے ہیں۔ حالانکہ (واقع میں) وہ تم میں کے نہیں لیکن (بات یہ ہے کہ) وہ ڈرپوک لوگ ہیں۔ ان لوگوں کو اگر کوئی پناہ کی جگہ مل جاتی یا غار یا کوئی گھس بیٹھنے کی جگہ ذرا سی بھی مل جاتی تو یہ ضرور منہ اُٹھا کر ادھر چل دیتے اور ان میں بعض لوگ ہیں جو صدقات تقسیم کرنے کے بارے میں آپ پر طعن کرتے ہیں۔ سو اگر ان صدقات میں (ان کی خواہش کے مطابق) ان کو مل جاتا ہے تو وہ راضی ہو جاتے ہیں اور اگر ان صدقات میں سے ان کو (ان کی خواہش کے موافق) نہیں ملتا تو ناراض ہو جاتے ہیں اور ان کے لئے بہتر ہوتا اگر وہ لوگ اس پر راضی رہتے کہ جو کچھ ان کو اللہ نے اور اس کے رسول نے دیا تھا اور یوں کہتے کہ ہم کو اللہ کافی ہے آئندہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ہم کو اور دے گا اور اس کے رسول دیں گے ہم (اول) اللہ ہی کی طرف راغب ہیں۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر جس کا قول آیا ہے لَا تَفْتِنِّیْ اس نے یہ بھی کہا تھا کہ میں خود تو نہ جاؤں گا لیکن مال سے آپ کی اعانت کروں گا کذا فی الدر آگے اس اعانت مالی کا غیر مقبول ہونا بوجہ فقدان ایمان کے کہ شرط قبول ہے بیان فرماتے ہیں۔

مقبول نبودن نفقات منافقین ☆ قُلْ اَنْفِقُوْا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا لَّنْ يُّتَقَبَّلَ مِنْكُمْ (الی قولہ تعالیٰ) وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ۔ آپ (ان منافقین سے) فرما دیجئے کہ تم (جہاد وغیرہ میں) خواہ خوشی سے خرچ کرو یا ناخوشی سے (خرچ کرو) تم سے کسی طرح (خدا کے نزدیک) مقبول نہیں (کیونکہ) بلاشبہ تم عدول حکمی کرنے والے لوگ ہو (مراد اس سے کفر ہے جیسا آگے آتا ہے) اور ان کی خیر خیرات قبول ہونے سے اور کوئی چیز بجز اس کے مانع نہیں کہ انہوں نے اللہ کے ساتھ اور اس کے رسول کے ساتھ کفر کیا (اسی کو اوپر عدول حکمی کہا تھا اور کافر کا کوئی عمل مقبول نہیں) اور (اس کفر باطنی کی علامت ظاہر میں یہ ہے کہ) وہ لوگ نماز نہیں پڑھتے مگر ہارے جی سے اور (نیک کام میں) خرچ نہیں کرتے مگر ناگواری کے ساتھ (کیونکہ دل میں ایمان تو ہے نہیں جس سے امید ثواب ہو اور اس امید سے رغبت ہو محض بدنامی سے بچنے کے لئے ایسا کرتے ہیں) سو (جب یہ ایسے مردود ہیں تو) ان کے اموال اور اولاد آپ کو (اس) تعجب میں نہ ڈالیں (کہ غیر مقبولین کو اتنے انعامات کس طرح عطا ہوئے سو یہ واقع میں نعمت نہیں بلکہ قسمت ہے کیونکہ) اللہ کو صرف یہ منظور ہے کہ ان (مذکور) چیزوں کی وجہ سے دنیوی زندگی میں (بھی) ان کو گرفتار عذاب رکھے اور ان کی جان کفر ہی کی حالت میں نکل جاوے (جس سے آخرت میں بھی گرفتار عذاب رہیں پس جس اولاد و اموال کا یہ انجام ہو وہ انعام کہاں ہوا پھر تعجب کیوں ہو) ف: دنیا میں مال و اولاد کا عذاب ہونا جب دنیا کے لئے لازم ہے اول اس کی تحصیل و تمنا میں کیسی کیسی کوفت جسمانی روحانی اٹھانا پڑتی ہے پھر حصول کے بعد ذرا نقصان ذرا مرض ہو گیا بس ایک کوہِ غم سر پر سوار ہے سب حالتیں طبیعت کے موافق بھی ہوں تو اس کا اندیشہ کہ کوئی امر ناگوار پیش نہ آ جاوے پھر مفارقت کے وقت کس بلا کی حسرت اور صدمہ کہ خدا کی پناہ اور آخرت میں تو ظاہر ہے کہ کافر پر جتنی دنیوی نعمتیں ہوں گی اس کا کفر دونا بڑھے گا جس پر عذاب آخرت موعود ہے۔ ربط: اوپر ان کے کافر ہونے کا ذکر تھا آگے ان کے دعویٰ ایمان کی وجہ بیان فرماتے ہیں کہ تقیہ اور نفاق ہے۔

www.besturdubooks.net

مضطر مبودن منافقین در اظہار ایمان ☆ وَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ اِنَّهُمْ لَمِنْكُمْ (الی قولہ تعالیٰ) لَوَلَّوْا اِلَيْهِ وَهُمْ يَجْمَحُوْنَ اور یہ (منافق) لوگ اللہ کی قسمیں کھاتے ہیں کہ وہ تم میں کے ہیں (یعنی مسلمان ہیں) حالانکہ (واقع میں) وہ تم میں کے نہیں لیکن (بات یہ ہے کہ) وہ ڈرپوک لوگ ہیں (اس وجہ سے ڈر کے مارے کہ ہمارے کفر ظاہر ہونے پر ہمارے ساتھ دوسرے کفار کا سا برتاؤ نہ ہونے لگے اپنے کفر کو جھوٹی قسمیں کھا کر چھپاتے ہیں اور کہیں دوسری جگہ ٹھکانا نہیں جو آزادی سے جا رہیں ورنہ) ان لوگوں کو اگر کوئی پناہ کی جگہ مل جاتی یا (کہیں پہاڑ وغیرہ میں) غار (مل جاتے) یا کوئی گھس بیٹھنے کی ذرا جگہ (مل جاتی) تو یہ ضرور منہ اُٹھا کر ادھر چل دیتے (اور اظہار ایمان نہ کرتے مگر اب کیا کریں بیچارے مجبور ہیں ناچار جھوٹی قسموں سے کارروائی کرتے ہیں)۔ ربط: اوپر تمہید آیت: وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ ائْذَنْ میں گذر چکا۔

بعض اقوال خاصہ دیگر منافقین ☆ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّلْمِزُكَ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّآ اِلَى اللّٰهِ رٰغِبُوْنَ اور ان میں بعض وہ لوگ ہیں جو صدقات (تقسیم کرنے) کے بارہ میں آپ پر طعن کرتے ہیں (کہ اس تقسیم میں نعوذ باللہ عدل کی رعایت نہیں کی گئی) سو اگر ان صدقات میں سے ان کو (ان کی خواہش کے موافق) مل جاتا ہے تو وہ (آپ سے) راضی ہو جاتے ہیں اور اگر ان صدقات میں سے ان کو (ان کی خواہش کے موافق) نہیں ملتا تو وہ (آپ سے) ناراض ہو جاتے ہیں (جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اصل منشاء ان کے اعتراض اور حرف گیری کا محض حرص دنیوی اور خودغرضی ہے پس ایسے اعتراض کا باطل ہونا ظاہر ہے) اور ان کے لئے بہتر ہوتا اگر وہ لوگ اس پر راضی رہتے جو کچھ ان کو اللہ نے (دلوایا تھا) اور اس کے رسول نے دیا تھا اور (اس کی نسبت) یوں کہتے کہ ہم کو اللہ (کا دیا) کافی ہے (ہم کو اتنا ہی ملنا مناسب تھا اسی میں خیر و برکت ہوگی اور اگر پھر حاجت پیش آوے گی اور مصلحت ہوگی تو) آئندہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل (وکرم) سے ہم کو اور دے گا اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) دیں گے ہم (دل سے) اللہ ہی کی طرف راغب ہیں (اور اس ہی سے سب امیدیں رکھتے ہیں) ف: اگر کسی کو شبہ ہو کہ اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ صدقات میں سے منافقین کو بھی ملا کرتا تھا جواب یہ ہے کہ اگر یہ صدقہ نفل تھا یا منافق عملی مراد ہو تب تو کوئی اشکال نہیں کیونکہ اول صورت میں اسلام شرط نہیں ثانی میں منتفی نہیں اور اگر صدقہ فرضی اور منافق اعتقادی ہو تو وجہ اس کی یہ ہو سکتی ہے کہ اس وقت جمیع احکام میں منافقین کے ساتھ برتاؤ مؤمنین کا سا کیا جاتا تھا اس میں بھی ایسا ہی کیا گیا۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَلَا يَاْتُوْنَ الصَّلٰوةَ اِلَّا وَهُمْ كُسَالٰى اس میں اشارہ ہے کہ یہ لوگ لذت عبودیت سے محروم اور مشاہدۂ جمال معبود سے محجوب ہیں محمد بن فضل کا قول ہے کہ جس شخص کو آمر کی معرفت نہ ہوگی وہ امر کی طرف کسل کے ساتھ اُٹھتا ہے اور جس شخص کو آمر کی معرفت ہوگی وہ امر کی طرف اس کو غنیمت اور راحت سمجھ کر اُٹھے گا۔ قولہ تعالیٰ: فَلَا تُعْجِبْكَ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ۔ اس میں اہل ایمان کو اس سے تحذیر ہے کہ اہل دنیا کے اموال و زینت کو مستحسن سمجھیں اور اس کے سبب آخرت کے عمل اور اس پر نظر کرنے سے محجوب ہو جاویں۔ قولہ تعالیٰ: اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ بِهَا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا اس میں تنبیہ ہے کہ محجوبین جس کو راحت کے لئے جمع کرتے ہیں اس میں ان کو راحت نہیں اس کے جمع کرنے اور حفاظت کرنے میں محض مصیبتیں ہی جھیلتے ہیں پھر ان کو اس میں ثواب کا اعتقاد اور تعلق مع اللہ بھی نہیں جس سے ان کی یہ مشقت سہل ہو جاوے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: وَلَوْ اَنَّهُمْ رَضُوْا مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ الخ روح میں ہے کہ اس میں صادقین و عارفین و مریدین کے آداب کی تعلیم ہے اور اہل رضا کی علامت یہ ہے کہ جو کچھ حق تعالیٰ کی طرف سے اس کو پیش آوے اس پر شاداں رہے اور بلا سے متلذذ رہے۔

الحواشی: (۱) اگر شبہ ہو کہ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کو انفاق پر بعض اوقات مجبور کیا جاتا ہوگا ورنہ کرہاً کے کیا معنی اور یہ جبر جائز نہیں جواب اس کا آیات اَلْاَعْرَابُ اَشَدُّ كُفْرًا وَّنِفَاقًا الخ کی تفسیر میں۔ ف: کے تحت مذکور ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی ما منعھم ان کی خیر خیرات الخ اشارۃ الی کون ان تقبل بدل اشتمال من ضمیر المفعول فی منعھم وفاعل منع ما فی حیز الاستثناء ۱۲۔ ۲ قولہ فی لا یاتون علامت فلا یرد ان لا حاجۃ الی التعلیل بعدم اتیان الصلوٰۃ بعد التعلیل بالکفر ۱۲۔ ۳ قولہ فی لا تعجبك تعجب اصلہ الفرح والسرور مع التعجب فاطلق الکل وارید بہ الجزء ۱۲۔ ۴ قولہ فی سرعی منافقین ای اعتقادا او عملا لان من نزلت فیہ لم ار التصریح بکونہ منافقا کما سیاتی من الروایات فبھذا التعمیم استقام الکلام علی کل من الاحتمالین ۱۲۔ ۵ قولہ فی رضوا ما اٰتٰھم اللہ ولوایاتھا اشارۃ الی توجیہ الاسناد الی اللہ تعالیٰ ۱۲۔

الروایات: فی اللباب روی البخاری عن ابی سعید الخدری قال بینما رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقسم قسما اذ جاء ہ ذوالخویصرۃ فقال اعدل فقال ویلك من یعدل فنزلت ومنھم من یلمزك فی الصدقات الآیۃ واخرج ابن ابی حاتم عن جابر نحوہ اھ فی الروح اخرج ابن مردویہ عن ابن مسعودؓ قال لما قسم النبی صلی اللہ علیہ وسلم غنائم حنین سمعت رجلا یقول ان ھذہ القسمۃ

www.besturdubooks.net

ما اريد بها وجه الله الى قوله نزلت الآية واخرج ابن جرير وغيره عن ابى داؤد بن ابى عاصم قال اوتى النبى صلى الله عليه وسلم بصدقة فقسمها ههنا وههنا حتى ذهبت وورائه رجل من الانصار فقال ما هذا بالعدل فنزلت اه قلت وفى بعض هذه الروايات صرح بكون ما قسم غنيمةً وفى بعضها صدقة وفى بعضها لم يصرح فالوجه ان يحمل الغنائم على قسم خمس منها حيث يقسم كالصدقة ۱۲۔

اللُّغَات: قوله الملجأ ما يلتجأ اليه كالحصن والمغارات الغار فى الجبل والمدخل مكان يدخلون فيه انفسهم الجموح الاسراع الذى لا يرده شيء كالفرس الجموح الذى لا يرده لجام اللمز العيب وقيل بانه فى الوجه والهمز فى الغيب وقيل بعكسه ۱۲۔

فَائِدَة: قوله انفقوا طوعا او كرها لا يدل على انهم ينفقون طائعين ليلزم منافاته مع قوله لا ينفقون الاوهم كارهون بل غايته انه رد حالهم بين الامرين لافادة مساواتهما اما انهم كيف يتصور انفاقهم طائعين فالجواب اولا انه على سبيل الفرض وثانياً ان يراد بالطوع عدم الزامه صلى الله عليه وسلم اياهم الانفاق ۱۲۔

إِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْعٰمِلِيْنَ عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ وَفِي الرِّقَابِ وَالْغٰرِمِيْنَ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۭ فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝۶۰ وَمِنْهُمُ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ النَّبِيَّ وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ اُذُنٌ ۭ قُلْ اُذُنُ خَيْرٍ لَّكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَيُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ ۭ وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝۶۱ يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ لِيُرْضُوْكُمْ ۚ وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اَحَقُّ اَنْ يُّرْضُوْهُ اِنْ كَانُوْا مُؤْمِنِيْنَ ۝۶۲ اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّهٗ مَنْ يُّحَادِدِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاَنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدًا فِيْهَا ۭ ذٰلِكَ الْخِزْيُ الْعَظِيْمُ ۝۶۳

صدقات تو صرف حق ہیں غریبوں کا اور محتاجوں کا اور جو کارکن ان صدقات پر متعین ہیں اور جن کی دلجوئی کرنا (منظور) ہے اور غلاموں کی گردن چھڑانے میں اور قرضداروں کے قرضہ میں اور جہاد میں اور مسافروں میں یہ حکم اللہ تعالیٰ کی طرف سے مقرر ہے اور اللہ تعالیٰ بڑے علم والے بڑی حکمت والے ہیں ان (منافقین) میں سے بعض ایسے ہیں کہ نبی کو ایذائیں پہنچاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ آپ ہر بات کان دے کر سن لیتے ہیں۔ آپ فرما دیجئے کہ وہ (نبی) کان دے کر تو وہی بات سنتے ہیں جو تمہارے حق میں خیر ہی خیر ہو کہ وہ اللہ پر ایمان لاتے ہیں اور مؤمنین کا یقین کرتے ہیں اور آپ ان لوگوں کے حال پر مہربانی فرماتے ہیں۔ جو تم میں ایمان کا اظہار کرتے ہیں اور جو لوگ رسول اللہ ﷺ کو ایذائیں پہنچاتے ہیں ان لوگوں کے لئے دردناک سزا ہے یہ لوگ تمہارے سامنے (جھوٹی) قسمیں کھاتے ہیں تاکہ تم کو راضی کر لیں (جس میں مال و جان محفوظ رہے) حالانکہ اللہ اور اسکا رسول زیادہ حق رکھتے ہیں کہ اگر یہ لوگ سچے مؤمن ہیں تو اس کو راضی کریں۔ کیا انکو خبر نہیں کہ جو شخص اللہ کی اور اسکے رسول کی مخالفت کرے گا (جیسا کہ یہ لوگ کر رہے ہیں) تو یہ بات ٹھہر چکی ہے کہ ایسے شخص کو دوزخ کی آگ اس طور سے نصیب ہوگی وہ اس میں ہمیشہ رہے گا (اور) یہ بڑی رسوائی ہے۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر صدقات کے بارہ میں معترضین کے اعتراض کا جواب دیا تھا آگے اسی جواب کی تائید کے لئے صدقات کے مصارف و مستحقین کا بیان فرماتے ہیں جس سے مقصود یہ ہے کہ صدقات کا مناط اوصاف خاصہ ہیں پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے دینے یا نہ دینے اور کم دینے یا زیادہ دینے میں ان اوصاف کے وجود یا عدم اور قوت یا ضعف کا لحاظ رکھتے ہیں معترض کوتاہ نظری سے اعتراض کرتا ہے اور ہر چند کہ آگے بالا جماع صدقات فرض کا بیان ہے اور ارتباط جواب کا ظاہراً موقوف معلوم ہوتا ہے صدقات[1] کے عام ہونے پر کیونکہ اوپر کی آیت میں صدقات کا فرض ہونا ثابت نہیں لیکن ارتباط کی توجیہ اس طرح ہو سکتی ہے کہ جیسا صدقات فرض اوصاف و مصالح خاصہ پر مبنی ہیں اسی طرح دوسرے صدقات میں بھی خاص خاص مصالح مرعی ہیں قاسم امین صلی اللہ علیہ وسلم ان کو پیش نظر رکھتے ہیں پس تخصیص صدقات فرض کی ذکر میں بطور تمثیل کے ہوگی۔ خوب سمجھ لو۔

مستحقین صدقات ☆ إِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ (الی قولہ تعالیٰ) وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ (فرض) صدقات تو صرف (ان لوگوں کا) حق ہے غریبوں کا اور محتاجوں کا اور جو کارکن ان صدقات (کی تحصیل وصول کرنے) پر متعین ہیں اور جن کی دلجوئی کرنا (منظور) ہے اور غلاموں کی گردن چھڑانے میں (صرف کیا جاوے) اور قرضداروں کے قرضہ (ادا کرنے) میں اور جہاد کرنے (والوں کے سامان) میں اور مسافروں (کی امداد) میں یہ حکم اللہ کی طرف سے مقرر ہے اور اللہ تعالیٰ بڑے علم والے بڑی حکمت والے ہیں (مناسب نامناسب کو جانتے ہیں اور مناسب احکام مقرر کرتے ہیں)۔ ف: یہ کل آٹھ مصارف ہیں انکے

www.besturdubooks.net

متعلق یہ مسائل ہیں۔

مسئلہ: مؤلفۃ القلوب کو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں زکوٰۃ دی جاتی تھی گو وہ مسلمان نہ ہوں مگر ان کے مسلمان ہونے کی امید ہو یا محض ان کے شر و فتنہ سے بچنے کے لئے اور یا مسلمان ہوں مگر غریب نہ ہوں محض ان کو اسلام سے محبت پیدا کرنے کے لئے صحابہؓ کے وقت میں اجماع ہو گیا ان کے عدم استحقاق پر جو علامت ہے حکم سابق کے منسوخ ہو جانے کی **اخرجه ابن ابی شیبه وابن المنذر وابن ابی حاتم وابو الشیخ والبخاری فی تاریخه عن ابن جبیر والشعبی وعبیدة السلمانیؒ کذا فی الدر المنثور** البتہ اگر مسلمان اور غریب ہو تو دوسرے اصناف میں داخل ہو جائے گا۔

مسئلہ: اسلام اور قدر نصاب فارغ عن الحوائج الاصلیہ کا مالک و قابض نہ ہونا سب میں شرط ہے بجز عاملین و محصلین زکوٰۃ کے جو سلطان اسلام کی طرف سے مقرر ہوں کہ ان کو باوجود غنی ہونے کے بھی اسی زکوٰۃ میں سے بطور اجرت کے دینا جائز ہے باقی اصناف میں قید مذکور شرط ہے اور اس بناء پر صرف فقراء کہہ دینا کافی معلوم ہوتا تھا لیکن دوسرے عنوانات کے لانے سے یہ مقصود ہے کہ ان میں علاوہ فقر و مسکنت کے دوسرے اسباب استحقاق و دستگیری کے بھی ہیں۔

مسئلہ: بنی ہاشم میں سے نہ ہونا تمام اصناف میں شرط ہے۔

مسئلہ: فقیر اور مسکین کی تفسیر میں گو اختلاف ہے ایک کے معنی ہیں جس کے پاس کچھ نہ ہو ایک کے معنی ہیں جس کے پاس نصاب سے کم ہو لیکن حکم زکوٰۃ میں کچھ اختلاف نہیں البتہ حکم وصیت میں اختلاف ہے کہ اگر فقراء کے لئے وصیت کی تو کیسے لوگوں کو ملے گا یا مساکین کے لئے وصیت کی تو کیسے لوگوں کو ملے گا۔

مسئلہ: گردن چھڑانے کا مطلب ہے کہ کسی غلام کو اس کے آقا نے کہہ دیا ہو کہ تو اتنا روپیہ دے دے تو آزاد ہے اس غلام کو زکوٰۃ دی جاوے تا کہ اپنے آقا کو دے کر آزاد ہو جاوے۔

مسئلہ: جس کے پاس دس ہزار (۱۰۰۰۰) روپیہ موجود ہو اور گیارہ ہزار کا مثلاً قرضدار ہو اس کو زکوٰۃ دینا درست ہے۔

مسئلہ: مجاہد اپنے گھر مال و سامان رکھتا ہے مگر گھر سے جدا ہے اور یہاں سامان نہیں اس کو زکوٰۃ دینا درست ہے یہی حکم ہے مطلق مسافر کا۔

مسئلہ: سب مصارف مذکور میں یہ شرط ہے کہ جن کو زکوٰۃ دی جاوے ان کو مالک کر دیا جاوے بدوں تملیک زکوٰۃ ادا نہ ہوگی۔

مسئلہ: یہ سب احکام صدقہ فرض کے ہیں نفل میں یہ قیدیں نہیں ہیں یہ سب مسائل ہدایہ میں ہیں۔

ربط: اوپر آیت وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ کی تمہید میں مذکور ہوا ہے۔

بعض احوال و اقوال خاصہ دیگر منافقین ☆ اس کا قصہ نزول یہ ہے کہ بعض منافقین نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں کوئی نازیبا بات کہی کسی دوسرے منافق نے کہا کہ ایسا مت کرو کہیں آپ کو خبر نہ ہو جاوے پھر ہماری خبر لیں وہ شخص بولا کہ نہیں کچھ فکر نہیں آپ ہر بات کان دے کر سن لیتے ہیں اور ہر ایک کے دھوکہ میں آ جاتے ہیں کچھ تحقیق نہیں کرتے اگر ایسا ہوا ہم جا کر باتیں بنا دیں گے اور دھوکہ دے کر بری ہو جاویں گے **رواه فی الروح بروایة ابن ابی حاتم عن السدی** آیت: وَمِنْهُمُ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ (الی قوله تعالی) وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ اور ان (منافقین) میں بعضے ایسے ہیں کہ نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کو ایذائیں پہنچاتے ہیں (یعنی آپ کی شان میں ایسی باتیں کہتے ہیں کہ سن کر آپ کو ایذا ہو) اور (جب کوئی روکتا ہے تو) کہتے ہیں کہ آپ ہر بات کان دے کر سن لیتے ہیں (آپ کو جھوٹ بول کر دھوکہ دے دینا آسان ہے اس لئے کچھ فکر نہیں) آپ (جواب میں) فرما دیجئے کہ (تم کو خود دھوکہ ہوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کسی بات کو سن لینا دو (۲) طور پر ہے ایک تصدیق کے طور پر کہ دل سے بھی اس کو صحیح سمجھیں دوسرا خوش خلقی اور کریم النفسی کے طور پر کہ باوجود اس سمجھ جانے کے کہ یہ بات محض غلط ہے خلق و کرم جبلی سے اس کو ٹال دیں اور راوی پر دارو گیر یا اس کی صریح تکذیب نہ کریں سو) وہ نبی کان دے کر تو وہی بات سنتے ہیں جو تمہارے حق میں خیر (ہی خیر) ہے (جس کا حاصل اور نتیجہ یہ ہے) کہ وہ اللہ (کی باتیں وحی سے معلوم کر کے ان) پر ایمان لاتے ہیں (جن کی تصدیق کا خیر ہونا تمام عالم کے لئے ظاہر ہے کیونکہ تعلیم اور عدل اسی تصدیق پر موقوف ہے اور مؤمنین (مخلصین کی باتوں) کا (جو بحیثیت ایمان و اخلاص ہوں) یقین کرتے ہیں (اس کا خیر کا ہونا بھی ظاہر ہے کہ عدل عام موقوف ہے احوال کی صحیح اطلاع پر اور اس کا ذریعہ یہی مؤمنین مخلصین ہیں غرض کان دے کر اور سچا سمجھ کر تو اللہ کی اور مخلصین کی باتیں سنتے ہیں) اور (باقی تمہاری شرارت آمیز باتیں جو سن لیتے ہیں تو اس کی وجہ یہ ہے کہ آپ ان لوگوں کے حال پر مہربانی فرماتے ہیں جو تم میں ایمان کا اظہار کرتے ہیں (گو دل میں نہ ہو پس اس مہربانی اور خوش اخلاقی کی وجہ سے تمہاری باتیں سن لیتے ہیں اور باوجود اس کی حقیقت سمجھ جانے کے درگذر اور خاموشی برتتے ہیں پس ان باتوں کا سننا دوسرے طور کا ہے تم نے اپنی حماقت سے اس کو بھی اول طور پر محمول کر لیا خلاصہ یہ کہ تم یہ سمجھتے ہو کہ حقیقت کو حضرت نہیں سمجھتے اور واقع میں حقیقت کو تم ہی نہیں سمجھتے) اور جو لوگ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کو ایذائیں پہنچاتے ہیں (خواہ ان باتوں سے جن کے کہنے کے بعد هُوَ اُذُنٌ کہا تھا یا خود اسی هُوَ اُذُنٌ کے کہنے سے کیونکہ اس میں بھی تو کسر شان ہے آپ کی فطانت اور

www.besturdubooks.net

ذکاوت کی تو) ان لوگوں کے لئے دردناک سزا ہوگی۔ ف: اس کا یہ مطلب نہیں کہ آپ سے کبھی منافقین کی سخن سازی مخفی نہیں رہی بلکہ مطلب یہ ہے کہ آپ کے سکوت کی ہمیشہ یہ علت نہیں اور بعد نزول لَتَعْرِفَنَّهُمْ فِيْ لَحْنِ الْقَوْلِ [محمد: ۳۰] کے تو پھر اخفاء ہوا ہی نہیں **کما صرحوا فی تفسیرھا** اور مؤمنین میں جو بحیثیت ایمان واخلاص کی قید لگائی گئی وجہ اس کی یہ ہے کہ ہر مؤمن ہر بات میں تو واجب التصدیق نہیں ہوتا بلکہ حسب قواعد شرعیہ جو بات اس کے ایمان و اخلاص سے ناشی سمجھی جاوے گی اس کی تصدیق واجب ہوگی اسی حیثیت میں صفات عدالت شہود کی بھی داخل ہیں۔

ربط: اوپر منافقین کے بعض احوال واقوال مخصہ کا بیان تھا آگے بقیہ احوال مشترکہ کے بیان سے عود ہے سابق کی طرف جن میں [۲] سے ایک تو اغراض فاسدہ سے ان کی جھوٹی قسمیں کھانا ہے۔

حلف کاذب منافقین بغرض فاسد ☆ يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ لِيُرْضُوْكُمْ (الی قولہ تعالیٰ) ذٰلِكَ الْخِزْيُ الْعَظِيْمُ ۝ یہ لوگ تمہارے (مسلمانوں کے) سامنے (جھوٹی) قسمیں کھاتے ہیں (کہ ہم نے فلاں بات نہیں کی یا ہم غزوہ میں فلاں عذر سے نہ جا سکے) تاکہ تم کو راضی کر لیں (جس میں جان و مال محفوظ رہے) حالانکہ اللہ اور اس کا رسول زیادہ حق رکھتے ہیں کہ اگر یہ لوگ سچے مسلمان ہیں تو اس کو راضی کریں (جو کہ موقوف ہے اخلاص اور ایمان پر) کیا ان کو خبر نہیں کہ جو شخص اللہ کی اور اس کے رسول کی مخالفت کرے گا (جیسا یہ لوگ کر رہے ہیں) تو یہ بات ٹھہر چکی ہے کہ ایسے شخص کو دوزخ کی آگ اس طور پر نصیب ہوگی کہ وہ اس میں ہمیشہ رہے گا (اور) یہ بڑی رسوائی (کی بات) ہے۔ ف: روایات میں مصرح ہے کہ وہ لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے جھوٹی قسمیں کھاتے تھے تاکہ آپ ان سے صاف رہیں اور یہاں آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کا مقصود مسلمانوں کو راضی کرنا تھا آپ کو راضی کرنا نہ تھا سو بات یہ ہے کہ آپ کی رضا ایک تو بحیثیت عدم تعرض کے ہے اور اس اعتبار سے آپ کی رضا مثل رضا دوسرے مؤمنین کے ہے اور دوسری رضا دل سے ہے اور اس اعتبار سے آپ کی رضا مثل رضا اللہ تعالیٰ کے ہے پس ان کا قصد ارضاء پہلی حیثیت سے تھا اور مطلوب دوسری حیثیت ہے جو کہ مفقود تھی خوب سمجھ لو۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : وَمِنْهُمُ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ النَّبِيَّ وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ اُذُنٌ قُلْ اُذُنُ خَيْرٍ لَّكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَيُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ " اذن سے ان کی مراد یہ تھی کہ ہر جا بیجا بات کو قبول کر لیتے ہیں اور واقعی اور غیر واقعی میں فرق نہیں کرتے حق تعالیٰ نے اس کا رد فرمایا کہ آپ صرف حق بات کو قبول کرتے ہیں باقی غیر حق کو جو متکلم کے منہ پر رد نہیں فرماتے تو اس کی وجہ یہ نہیں کہ آپ فرق نہیں کرتے بلکہ وجہ یہ ہے کہ آپ کی شان رحمت کی ہے کسی کو رسوا نہیں کرتے پس اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا سے مراد **اظھروا الایمان** ہے **ھذا خلاصۃ ما فی الروح** پس اس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شان کرم کا بیان ہے۔

الحواشی: (۱) یعنی جو صدقات آگے مذکور ہوں گے وہ عام ہوں فرض اور نفل کو ارتباط اس وقت ہوگا ورنہ اگر آیت لاحقہ میں صدقات فرض ہوں اور اوپر کی آیت میں جو صدقات مذکور ہیں یہ کسی دلیل سے ثابت نہیں کہ وہ فرض تھے تو ارتباط کیسے ہوگا ۱۲ منہ۔ (۲) اور دوسرا تیسرا حال وہ ہے جو ربط آئندہ میں مذکور ہے یعنی استہزاء اور تاویل لغو ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قولہ فی اذن خیر وہی بات اشارۃ الی کون الاضافۃ بمعنی فی ای ھو اذن فی الخیر ولیس باذن فی غیر ذلک ویدل علیہ قراءۃ حمزۃ ورحمۃ فیما یاتی بالجر عطفا علی خیر فانہ لا یحسن وصف الاذن بالرحمۃ ویحسن ان یقال اذن فی الخیر والرحمۃ کذا فی الروح ولا یشکل علیک فی قراءۃ الجر التقسیم [۳] الذی جعلت فیہ الاذن مقابلا للرحمۃ لان الاذن علی ھذا یکون عاما فی قسمین قسم للتصدیق وقسم للرحمۃ فافھم ۱۲۔ ۲ قولہ فی للمؤمنین مخلصین لاطلاق المقتضی للکمال ۱۲۔ ۳ قولہ فی الذین اٰمنوا اظہار کذا فسرہ الزمخشری وایدہ فی الروح باسناد الایمان الیھم بصیغۃ الفعل بعد نسبتہ الی المؤمنین المخلصین بصیغۃ الفاعل المبنی عن الرسوخ والاستمرار للایذان بان ایمانھم امر حادث مالہ من قرار اھ قلت وایضا یؤیدہ المقابلۃ وضمیر الخطاب لان المخاطب لمقول قل ھم المنافقون لانھم ھم المقصود دون بالجواب فافھم والتعبیر بالایمان عن اظہارہ موافق لما سیاتی من قولہ قد کفرتم بعد ایمانکم ۱۲۔ ۴ قولہ فی یؤذون رسول اللہ خواہ لان یقولون فیہ احتمالان کونہ تفسیرا لیؤذون وکونہ مغایرا لہ ۱۲۔ ۵ قولہ فی یحادد جیسا اشارۃ الی تفسیر المحادۃ بالکفر فان محادۃ المنافقین کانت کذلک ۱۲۔ ۶ قولہ فی فان ٹھہر چکی اشارۃ الی تقدیر الکلام ھکذا فحق لہ ان لہ نار جھنم ۱۲۔**

البلاغۃ: اتی فی الاصناف الاربعۃ باللام وفی الباقیۃ بفی صرفا لعطف ابن السبیل علی الاقرب اما للتفنن واما لنکتۃ وھی ان الاربعۃ المتقدمۃ کونھم ملاکا اظھر من المتاخرۃ لان المتاخرۃ حاجتھم منخبرۃ والغالب صرفھم الیھا فورًا فالمال الذی یصرف فی الرقاب

www.besturdubooks.net

انما یتناوله السادة وكذلك الغارمون انما یصرف نصیبهم لارباب دیونهم تخلیصا لهم وكذا فی سبیل الله وابن السبیل یصرفون فی العدة والزاد فوراً۔ اذن جارحة معروفة اطلق علی ذی الاذن مجازاً مرسلا للمبالغة۱۲۔(۳)هو فاعل لیشكل ۳منه۔

يَحْذَرُ الْمُنٰفِقُوْنَ اَنْ تُنَزَّلَ عَلَيْهِمْ سُوْرَةٌ تُنَبِّئُهُمْ بِمَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۭ قُلِ اسْتَهْزِءُوْا ۚ اِنَّ اللّٰهَ مُخْرِجٌ مَّا تَحْذَرُوْنَ ۝ وَلَىِٕنْ سَاَلْتَهُمْ لَيَقُوْلُنَّ اِنَّمَا كُنَّا نَخُوْضُ وَنَلْعَبُ ۭ قُلْ اَبِاللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ وَرَسُوْلِهٖ كُنْتُمْ تَسْتَهْزِءُوْنَ ۝ لَا تَعْتَذِرُوْا قَدْ كَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ ۭ اِنْ نَّعْفُ عَنْ طَاۗىِٕفَةٍ مِّنْكُمْ نُعَذِّبْ طَاۗىِٕفَةًۢ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ۝ اَلْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ بَعْضُهُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ بِالْمُنْكَرِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمَعْرُوْفِ وَيَقْبِضُوْنَ اَيْدِيَهُمْ ۭ نَسُوا اللّٰهَ فَنَسِيَهُمْ ۭ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝ وَعَدَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْكُفَّارَ نَارَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ هِىَ حَسْبُهُمْ ۚ وَلَعَنَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ۝ كَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ كَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْكُمْ قُوَّةً وَّاَكْثَرَ اَمْوَالًا وَّاَوْلَادًا ۭ فَاسْتَمْتَعُوْا بِخَلَاقِهِمْ فَاسْتَمْتَعْتُمْ بِخَلَاقِكُمْ كَمَا اسْتَمْتَعَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ بِخَلَاقِهِمْ وَخُضْتُمْ كَالَّذِيْ خَاضُوْا ۭ اُولٰۗىِٕكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝ اَلَمْ يَاْتِهِمْ نَبَاُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ ۙ وَقَوْمِ اِبْرٰهِيْمَ وَاَصْحٰبِ مَدْيَنَ وَالْمُؤْتَفِكٰتِ ۭ اَتَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۚ فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝

منافق لوگ (طبعاً) اس سے اندیشہ کرتے ہیں کہ مسلمانوں پر کوئی ایسی سورت (مثلاً یا آیت) نازل نہ ہو جائے جو ان کو ان منافقین کے مافی الضمیر پر اطلاع دے دے آپ فرما دیجئے کہ اچھا استہزا کرتے رہو بیشک اللہ تعالیٰ اس چیز کو ظاہر کر کے رہے گا جس (کے اظہار) سے تم اندیشہ کرتے تھے اور اگر آپ ان سے پوچھئے تو کہہ دیں گے کہ ہم تو محض مشغلہ اور خوش طبعی کر رہے تھے۔ آپ (ان سے) کہہ دیجئے کہ کیا اللہ کے ساتھ اور اس کی آیتوں کے ساتھ اور اس کے رسول کے ساتھ تم ہنسی کرتے تھے۔ تم اب (یہ بے ہودہ) عذر مت کرو۔ تم تو اپنے کو مؤمن کہہ کر کفر کرنے لگے۔ اگر ہم تم میں سے بعض کو چھوڑ بھی دیں تاہم بعض کو تو (ضرور ہی) سزا دیں گے۔ بسبب اس کے کہ وہ (علم ازلی میں) مجرم تھے منافق مرد اور منافق عورتیں سب ایک طرح کے ہیں کہ بری بات (یعنی کفر و مخالفت اسلام) کی تعلیم دیتے ہیں اور اچھی بات یعنی ایمان و اتباع نبوی) سے منع کرتے ہیں اور اپنے ہاتھوں کو بند رکھتے ہیں انہوں نے خدا کا خیال نہ کیا پس خدا نے ان کا خیال نہ کیا۔ بلاشبہ یہ منافق بڑے ہی سرکش ہیں اللہ تعالیٰ نے منافق مردوں اور منافق عورتوں اور (علانیہ) کفر کرنے والوں سے دوزخ کی آگ کا عہد کر رکھا ہے جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے وہ ان کے لئے (سزا) کافی ہے اور اللہ تعالیٰ ان کو اپنی رحمت سے دور کرے گا اور ان کو عذاب دائمی ہوگا (اے منافقو) تمہاری حالت ان لوگوں کی سی ہے جو تم سے پہلے ہو چکے ہیں۔ جو شدت قوت میں اور کثرت اموال و اولاد میں تم سے بھی زیادہ تھے تو انہوں نے اپنے (دنیوی) حصہ سے خوب فائدہ حاصل کیا۔ سو تم نے بھی اپنے (دنیوی) حصہ سے خوب فائدہ حاصل کیا جیسا کہ تم سے پہلے لوگوں نے اپنے حصہ سے فائدہ حاصل کیا تھا اور تم بھی بری باتوں میں ایسے ہی گھسے جیسا وہ لوگ گھسے تھے اور لوگوں کے اعمال (حسنہ) دنیا اور آخرت میں ضائع گئے اور وہ لوگ بڑے نقصان میں ہیں کیا ان لوگوں کو (ان کے عذاب و ہلاک کی) خبر نہیں پہنچی جو ان سے پہلے ہوئے ہیں جیسے قوم نوح اور عاد اور ثمود اور قوم ابراہیم علیہ السلام اور اہل مدین اور اُلٹی ہوئی بستیاں کہ ان کے پاس ان کے پیغمبر صاف نشانیاں (حق کی) لے کر آئے (لیکن نہ ماننے سے برباد ہوئے) سو (اس بربادی میں) اللہ تعالیٰ نے تو ان پر ظلم نہیں کیا لیکن وہ خود ہی اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھے۔

تفسیر ربط: اوپر بعض احوال مشترکہ کا بیان تھا ایک ان میں سے ان کا استہزاء اور پھر اس پر لغو تاویل کرنا ہے آگے اس کا بیان ہے جس کا قصہ یہ ہے کہ انہوں نے باہم بعضی ایسی باتیں کیں جس میں دین کے ساتھ استہزاء تھا اور پھر بدیں وجہ کہ اکثر ان کی مخفیات کی اطلاع آپ کو بذریعہ وحی ہو جاتی تھی طبعاً یہ خیال ہوا

www.besturdubooks.net

کہ کہیں یہ بھی ظاہر نہ ہو جاوے چنانچہ وہ ظاہر ہوگئی تو آپ نے بلا کر پوچھا اس وقت انہوں نے تاویل کی نَخُوْضُ وَنَلْعَبُ۔

استہزاء واعتذار باطل منافقین ☆ يَحْذَرُ الْمُنٰفِقُوْنَ اَنْ تُنَزَّلَ عَلَيْهِمْ سُوْرَةٌ (الی قولہ تعالیٰ) اِنْ نَّعْفُ عَنْ طَآئِفَةٍ مِّنْكُمْ نُعَذِّبْ طَآئِفَةً بِاَنَّهُمْ كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ۝ منافق لوگ (طبعًا) اس سے اندیشہ کرتے ہیں کہ مسلمانوں پر (بذریعہ وحی پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم) کوئی ایسی سورت (مثلاً یا آیت) نازل نہ ہو جاوے جو ان کو ان منافقین کے مافی الضمیر پر اطلاع دے دے (یعنی انہوں نے جو استہزاء کی باتیں خفیہ کی ہیں کہ مسلمانوں کے اعتبار سے وہ مثل اسرار مکنون فی القلب کے ہے ان کی خبر نہ ہو جاوے) آپ فرما دیجئے کہ اچھا تم استہزاء کرتے رہو (اس میں ان کے استہزاء پر مطلع ہو جانے کو جتلا دیا چنانچہ آگے خود ارشاد ہے کہ) بیشک اللہ تعالیٰ اس چیز کو ظاہر کر کے رہے گا جس کے (اظہار) سے تم اندیشہ کرتے تھے (چنانچہ استہزء وا میں ظاہر کر دیا کہ تم استہزاء کر رہے تھے) اور (ظاہر ہو جانے کے بعد) اگر آپ ان سے (استہزاء کی وجہ) پوچھئے تو کہہ دیں گے کہ ہم تو محض مشغلہ اور خوش طبعی کر رہے تھے (اس کلام کے حقیقی معنی مقصود نہ تھے محض جی خوش کرنے کو جس سے سفر آسانی سے قطع ہو جو کہ غرض صحیح ہے ایسی باتیں صرف زبانی کر رہے تھے) آپ (ان سے) کہہ دیجئے گا کہ کیا اللہ کے ساتھ اور اس کی آیتوں کے ساتھ اور اس کے رسول کے ساتھ تم ہنسی کرتے تھے (یعنی خواہ غرض کچھ بھی ہو مگر محل استہزاء تو دیکھو کہ کیسی چیزیں ہیں جن کے ساتھ استہزاء کسی غرض سے بھی درست نہیں تم اب (یہ بیہودہ) عذر مت کرو (مطلب یہ کہ یہ عذر مقبول نہیں اور اس عذر سے استہزاء جائز نہیں ہو جاتا) تم اپنے کو مؤمن کہہ کر کفر کرنے لگے (کیونکہ استہزاء بالدین مطلقاً کفر ہے گو دل میں تو پہلے بھی ایمان نہ تھا البتہ اگر کوئی دل سے توبہ کرے اور مؤمن مخلص بن جائے تو البتہ کفر اور عذاب کفر سے چھوٹ جاوے لیکن اس کی بھی سب کو توفیق نہ ہوگی ہاں بعض البتہ مسلمان ہو جاویں گے اور وہ معاف کر دیئے جاویں گے پس حاصل یہ ٹھہرا کہ) اگر ہم تم میں سے بعض کو چھوڑ بھی دیں (بوجہ اس کے کہ وہ مسلمان ہو جاویں گے) تاہم بعض کو تو (ضرور ہی) سزا دیں گے بسبب اس کے کہ وہ (علم ازلی میں) مجرم تھے (یعنی چونکہ وہ مسلمان نہ ہوں گے) ف: مسئلہ دین کے ساتھ قصداً استہزاء خواہ بداعتقادی سے ہو یا بدوں بداعتقادی کے ہو کفر ہے اور استهزاء بالله و آياته ورسوله باہم تینوں متلازم ہیں اور اِنْ نَّعْفُ عَنْ طَآئِفَةٍ کے مصداق میں مخشی بن حمیر کا ذکر روایات میں آیا ہے اور طائفہ کا اطلاق واحد پر بھی آتا ہے اس لئے کوئی اشکال نہیں كذا في الروح۔

ربط: اوپر منافقین کے قبائح متعددہ مذکور ہوئے ہیں آگے ان کا باہم و نیز دوسرے کفار سابقین کے ساتھ قبائح میں متشابہ اور متماثل ہونا اور ان قبائح پر وعید اور امم سابق کے قصص کی طرف اشارہ کرنے سے اس وعید کی تاکید فرماتے ہیں۔

تشابہ فی الذم مع وعید منافقین ☆ اَلْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ بَعْضُهُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ (الی قولہ تعالیٰ) فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝ منافق مرد اور منافق عورتیں سب ایک طرح کے ہیں کہ بری بات کی (یعنی کفر و مخالفت اسلام کی) تعلیم دیتے ہیں اور اچھی بات سے (یعنی ایمان اور اتباع نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے) منع کرتے ہیں اور (خدا کی راہ میں خرچ کرنے سے) اپنے ہاتھوں کو بند رکھتے ہیں انہوں نے خدا کا خیال نہ کیا (یعنی اطاعت نہ کی) پس خدا نے ان کا خیال نہ کیا (یعنی ان پر رحمت خاصہ نہ کی) بلاشبہ یہ منافق بڑے ہی سرکش ہیں اللہ تعالیٰ نے منافق مردوں اور منافق عورتوں اور (علانیہ) کفر کرنے والوں سے دوزخ کی آگ کا عہد کر رکھا ہے جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے وہ ان کے لئے (سزائے) کافی ہے اور اللہ تعالیٰ ان کو اپنی رحمت سے دور کر دے گا اور ان کو (حسب وعدۂ مذکور) عذاب دائمی ہوگا (اے منافقو) تمہاری حالت (کفر اور استحقاق جزائے کفر میں) ان لوگوں کی سی ہے جو تم سے پہلے (زمانہ میں) ہو چکے ہیں جو شدت قوت میں اور کثرت اموال و اولاد میں تم سے بھی زیادہ تھے تو انہوں نے اپنے (دنیوی) حصے سے خوب فائدہ حاصل کیا سو تم نے بھی اپنے (دنیوی) حصے سے خوب فائدہ حاصل کیا جیسا تم سے پہلے لوگوں نے اپنے (دنیوی) حصے سے فائدہ حاصل کیا تھا اور تم بھی بری باتوں میں ایسے ہی گھسے جیسا وہ لوگ (بری باتوں میں) گھسے تھے ان لوگوں کے اعمال (حسنہ) دنیا اور آخرت (سب) میں ضائع گئے (کہ دنیا میں ان اعمال پر بشارت ثواب نہیں اور آخرت میں ثواب نہیں) اور (اس حبط فی الدنیا والآخرۃ کی وجہ سے) وہ لوگ بڑے نقصان میں ہیں (کہ دارین میں مسرت اور راحت سے محروم ہیں پس اسی طرح تم ان کی طرح کفر کرتے ہو انہیں کی طرح خائب و خاسر ہو گے اور جیسا ان کے اموال و اولاد ان کے کام نہ آئے تم تو ان چیزوں میں ان سے کم ہو تمہارے بدرجہ اولیٰ کام نہ آویں گے یہ تو ضرر آخرت کی وعید ہوئی آگے احتمال ضرر دنیا کے ذکر سے متنبہ فرماتے ہیں کہ) کیا ان لوگوں کو ان (کے عذاب و ہلاک) کی خبر نہیں پہنچی جو ان سے پہلے ہوئی ہیں جیسے قوم نوح اور عاد اور ثمود اور قوم ابراہیم اور اہل مدین اور الٹی ہوئی بستیاں (یعنی قری قوم لوط) کہ ان کے پاس ان کے پیغمبر صاف نشانیاں (حق کی) لے کر آئے (لیکن نہ ماننے سے برباد ہوئے) سو (اس بربادی میں) اللہ تعالیٰ نے تو ان پر ظلم نہیں کیا لیکن وہ خود ہی اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھے (اسی طرح) ان منافقین کو بھی ڈرنا چاہئے)

ف: اور قوموں کے قصص تو پارۂ وَلَوْ اَنَّنَا کے اخیر کے رکوعوں میں گذر چکے ہیں قوم ابراہیم علیہ السلام کا قصہ یہ ہے کہ نمرود کے دماغ میں مچھر گھس گیا تھا اور سر

www.besturdubooks.net

پر مار پڑنے سے کچھ سکون ہوتا تھا اور اس نے ایک عالیشان عمارت بنائی تھی اس کے گرنے سے اس قوم کے بہت لوگ دب کر مر گئے کذا فی الدر المنثور تفسیر سورۃ النحل آیت :قَدْ مَكَرَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ۔ [النحل : ٤٢]

ملحقات الترجمۃ : ۱ قوله فی علیهم مسلمانوں نقله فی الروح ولا یرد تفکیك الضمائر بعد قیام القرینة۱۲۔ ۲ قوله فی سورة مثلاً زاده لان ما یحذر منه الاظهار سواء کانت بسورة او غیرها وکذلك الواقع۱۲۔ ۳ قوله فی قلوبهم مثل اسرار ففی الکلام استعارة۱۲۔ ۴ قوله فی استهزء وا مطلع ہوجانے کو هذا من المواهب۱۲۔ ۵ قوله فی لا تعتذروا مقبول فهو کنایة وهذا من المواهب۱۲۔ ۶ قوله فی بعضهم من بعض ایک طرح اشارة الی ان من اتصالیة۱۲۔ ۷ قوله فی عذاب مقیم حسب وعده اشار به الی انه لا تکرار فیه لان المقصود کان فی السابق هو الوعد وههنا الوقوع۱۲۔ ۸ قوله فی کالذین تمہاری حالت اشار الی انه خبر لمبتدأ مقدر ای انتم کالذین۱۲۔ ۹ قوله فی استمتعتم خوب لان الاستمتاع ابلغ من التمتع۱۲۔ ۱۰ قوله فی حبطت فی الدنیا بشارت وهو من المواهب۱۲۔ ۱۱ قوله بعد الخسرون بدرجہ اولیٰ اشارة الی فائدة ذکر کونهم اکثر اموالا واولادا۱۲۔ ۱۲ قوله فی قوم نوح جیسے اشارة الی کونه بدلا۱۲۔ ۱۳ قوله فی اخر الآیة ورنا چاہئے اشار الی جواب سوال هو انه لم یقع العذاب بالمنافقین فکیف او عدوا بالنبأ والجواب ان المقصود بالایعاد ان یجوزوا ذلك۱۲۔

الروایات: عن مجاهد فی قوله یحذر المنافقون یقولون القول فیما بینهم ثم یقولون عسی الله ان لا یفشی علینا هذا وعن قتادة قال بینما رسول الله صلی الله علیه وسلم فی غزوته الی تبوك وبین یدیه اناس من المنافقین فقالوا ایرجوا هذا الرجل ان یفتح له قصور الشام و حصونها هیهات هیهات فاطلع الله نبیه صلی الله علیه وسلم علٰی ذلك فقال صلی الله علیه وسلم احبسوا علی هؤلاء الرکب فاتاهم فقال قلتم کذا قلتم کذا قالوا یا نبی الله انما کنا نخوض ونلعب وعن کعب بن مالك فی قوله تعالٰی ان نعف قال فکان الذی عفا الله عنه مخشی بن حمیر فتسمی عبدالرحمن وسأل الله ان یقتل شهیدا فقتل بالیمامة کذا فی الدر المنثور قلت وبقول مجاهد یتأید ما اخترت فی تفسیر ما فی قلوبهم۱۲۔

اللغات: الخوض الدخول ثم صار اسما لکل دخول فیه تلویث واذاء۱۲۔

النحو: قوله کالذی خاضوا ای کالخوض الذی خاضوه فهو صفة مصدر محذوف۱۲۔

البلاغة: قوله ان نعف اورد علیه ان الشرط لیس بسبب للجزاء ولا ملزوم له فکیف معنی الشرطیة واجیب بوجوه وعندی ان الجزاء مقدر والمعنی ان نعف عن طائفة منکم فهو لا یستلزم العفو عن الکل لانا نرید تعذیب طائفة وتعذیب طائفة ینافی العفو عن الکل فصح نفی الاستلزام والمقصود بمثل هذا الترکیب الجزم والمبالغة فی التعذیب اقتضاءً لمقام التوبیخ وهذا من المواهب۱۲۔ قوله المنافقت والتعرض لاحوال الاناث فی الموضعین للایذان بکمال عراقتهم فی الکفر والنفاق ولعله لم یذکر المنافقات فی قوله ان المنافقین هم الفاسقون اکتفاء بقرب العهد قوله یامرون مقرر لمضمون ما قبله ولذا زدت فی الترجمة کلمة کہ قوله فنسیهم فیه مشاکلة قوله هم الفاسقون المقصود بالحصر بیان کمالهم قوله وعد فیه تهکم قوله حسبهم المراد عظم عقابها لا نفی غیرها قوله فاستمتعوا ذم الاولین تمهید الذم المخاطبین بمشابهتهم ولذا اختیر الاطناب۱۲۔

وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُقِيْمُوْنَ
الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَيُطِيْعُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۭ اُولٰۗىِٕكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝ وَعَدَ اللّٰهُ
الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ۭ
وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ۭ
وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝

اور مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں آپس میں ایک دوسرے کے (دینی) رفیق ہیں۔ نیک باتوں کی تعلیم دیتے ہیں اور بری باتوں سے منع کرتے ہیں اور نماز کی پابندی رکھتے

www.besturdubooks.net

ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کا کہنا مانتے ہیں۔ ان لوگوں پر ضرور اللہ تعالیٰ رحمت کرے گا۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ قدر (مطلق) ہے حکمت والا ہے اور اللہ تعالیٰ نے مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں سے ایسے باغوں کا وعدہ کر رکھا ہے جن کے نیچے نہریں چلتی ہوں گی۔ جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے اور نفیس مکانوں کا جو کہ ان ہمیشگی کے باغوں میں ہونگے اور (ان سب نعمتوں کے ساتھ) اللہ تعالیٰ کی رضامندی سب (نعمتوں) سے بڑی چیز ہے۔ یہ (جزائے مذکور) بڑی کامیابی ہے۔ اے نبی کفار (سے بالسنان) اور منافقین سے (باللسان) جہاد کیجئے اور ان پر سختی کیجئے (دنیا میں تو) یہ اسکے مستحق ہیں اور (آخرت میں) انکا ٹھکانا دوزخ ہے اور وہ بری جگہ ہے۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر منافقین کے قبائح وفضائح مذکور تھے آگے زیادہ کشف مضمون کے لئے کہ **الاشیاء تعرف باضدادھا** اور تبشیر اضداد کے لئے مؤمنین کے بعض مدائح کا بیان ہے۔

مدح وبشارت مؤمنین ☆ وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ (الی قولہ تعالیٰ) ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ۝ اور مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں آپس میں ایک دوسرے کے (دینی) رفیق ہیں نیک باتوں کی تعلیم دیتے اور بری باتوں سے منع کرتے ہیں اور نماز کی پابندی رکھتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور اللہ اور اس کے رسول کا کہنا مانتے ہیں ان لوگوں پر ضرور اللہ تعالیٰ رحمت کرے گا (جس کی تفصیل وَعَدَ اللّٰهُ میں عنقریب آتی ہے) بلاشبہ اللہ تعالیٰ قادر (مطلق) ہے (جزائے تام دے سکتا ہے) حکمت والا ہے (جزائے مناسب دیتا ہے اب اس رحمت کا بیان ہوتا ہے کہ) اللہ تعالیٰ نے مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں سے ایسے باغوں کا وعدہ کر رکھا ہے جن کے نیچے سے نہریں چلتی ہوں گی جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے اور نفیس مکانوں کا (وعدہ کر رکھا ہے) جو کہ ان ہمیشگی کے باغوں میں ہوں گے اور (ان سب نعمتوں کے ساتھ) اللہ تعالیٰ کی رضامندی (جو اہل جنت سے ہمیشہ ہمیشہ رہے گی ان) سب (نعمتوں) سے بڑی چیز ہے یہ (جزائے مذکور) بڑی کامیابی ہے۔

ربط: اوپر ذکر مؤمنین سے پہلے منافقین کا ذکر تھا آگے پھر ان ہی کا خاص طور پر ذکر ہے کہ مضامین مذکورہ پر تفریع کے طور پر ان سے اور ان کے ساتھ کفار سے مجاہدہ بالسنان اور باللسان کا حکم ہے اور ان کے جہنمی ہونے کی خبر ہے اور اس کے بعد اور مضامین مثل مضامین مذکورہ کے بتائید وتعلیل مجموعہ تفریع کے مذکور ہیں۔

امر بجہاد کفار ومنافقین ☆ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ۭ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ۝ اے نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کفار (سے بالسنان) اور منافقین سے (باللسان) جہاد کیجئے اور ان پر سختی کیجئے (دنیا میں تو یہ اس کے مستحق ہیں) اور (آخرت میں) ان کا ٹھکانا دوزخ ہے اور وہ بری جگہ ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ ۭ روح میں اس کی دلیل یہ بیان کی ہے کہ خود جنت میں جانے اور ہر قسم کی سعادت وکرامت پانے کا مبداء یہ ہی رضا ہے نیز عشاق کا غایۃ مقصود یہ ہی رضا ہے اھ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قولہ فی اولیاء دینی لاشارۃ الی عدم لزوم المودۃ الطبعیۃ فیما بین الذکور والاناث ۱۲۔ ۲ قولہ فی جاھد باللسان فلا یرد ان ظاھرہ یقتضی مقاتلۃ المنافقین وھو خلاف الواقع ۱۲۔**

البلاغۃ: **قولہ اولیاء تغییر الاسلوب للاشارۃ الی تناصرھم وتعاضدھم بخلاف اولئک قولہ یامرون الخ یامرون وینھون مقابل لیامرون وینھون ویقیمون مقابل نسوا اللہ ویوتون مقابل لیقبضون ویطیعون مقابل لقولہ الفاسقون وسیرحمھم مقابل لقولہ نسیھم ورضوان مقابل لقولہ لعنھم اللہ قولہ عدن لیس فیہ تکرار لقولہ خٰلدین لان المقصود بیان حالھم فی مقامھم وبیان حال الدار فی مقام آخر قولہ رضوان فیہ من المبالغۃ ما لیس فی الرضا ولعل عدم نظم ھذا الرضوان فی سلک الوعد علی طرز ما تقدم لاستمرارہ فی الدارین ۱۲۔**

يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ مَا قَالُوْا ۭ وَلَقَدْ قَالُوْا كَلِمَةَ الْكُفْرِ وَكَفَرُوْا بَعْدَ اِسْلَامِهِمْ وَهَمُّوْا بِمَا لَمْ يَنَالُوْا ۚ وَمَا نَقَمُوْٓا اِلَّآ اَنْ اَغْنٰىهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ فَاِنْ يَّتُوْبُوْا يَكُ خَيْرًا لَّهُمْ ۚ وَاِنْ يَّتَوَلَّوْا يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَمَا لَهُمْ فِي الْاَرْضِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ۝ وَمِنْهُمْ مَّنْ عٰهَدَ اللّٰهَ لَىِٕنْ اٰتٰىنَا مِنْ فَضْلِهٖ لَنَصَّدَّقَنَّ وَلَنَكُوْنَنَّ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ۝ فَلَمَّآ اٰتٰىهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ بَخِلُوْا بِهٖ وَتَوَلَّوْا وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ۝ فَاَعْقَبَهُمْ نِفَاقًا فِيْ قُلُوْبِهِمْ اِلٰى يَوْمِ يَلْقَوْنَهٗ بِمَآ اَخْلَفُوا اللّٰهَ مَا وَعَدُوْهُ وَبِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ۝ اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ

www.besturdubooks.net

يَعْلَمُ سِرَّهُمْ وَنَجْوٰىهُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿۷۸﴾ اَلَّذِيْنَ يَلْمِزُوْنَ الْمُطَّوِّعِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فِي الصَّدَقٰتِ

وَالَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ اِلَّا جُهْدَهُمْ فَيَسْخَرُوْنَ مِنْهُمْ ۙ سَخِرَ اللّٰهُ مِنْهُمْ ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۷۹﴾

وہ لوگ قسمیں کھا جاتے ہیں کہ ہم نے فلاں بات نہیں کہی حالانکہ یقیناً انہوں نے کفر کی بات کہی تھی اور (وہ بات کہہ کر) اپنے اسلام (ظاہری) کے بعد (ظاہر میں بھی) کافر ہو گئے اور انہوں نے ایسی بات کا ارادہ کیا تھا۔ جو ان کے ہاتھ نہ لگی اور یہ انہوں نے صرف اس بات کا بدلہ دیا ہے کہ ان کو اللہ نے اور اس کے رسول ﷺ نے رزق خداوندی سے مالدار کر دیا۔ سو اگر (اس کے بعد بھی) توبہ کریں تو ان کے لئے (دونوں جہان میں) بہتر ہوگا اور اگر روگردانی کی تو اللہ تعالیٰ ان کو دنیا اور آخرت میں دردناک سزا دے گا اور ان کا دنیا میں نہ کوئی یار ہے نہ مددگار اور ان (منافقین) میں بعض آدمی ایسے ہیں کہ خدا تعالیٰ سے عہد کرتے ہیں کہ اگر اللہ ہم کو اپنے فضل سے (بہت سا مال) عطا فرمائے تو ہم خوب خیرات کریں اور ہم (اس کے ذریعے سے) خوب نیک کام کیا کریں۔ سو جب اللہ تعالیٰ نے ان کو اپنے فضل سے (بہت سا) دے دیا۔ تو وہ اس میں بخل کرنے لگے (کہ زکوٰۃ نہ دی اور اطاعت سے روگردانی کرنے لگے اور وہ تو روگردانی کے (پہلے ہی سے) عادی ہیں۔ سو اللہ تعالیٰ نے ان کی سزا میں ان کے دلوں میں نفاق (قائم) کر دیا۔ جو خدا کے پاس جانے کے دن تک رہے گا اس سبب سے کہ وہ (اس وعدہ میں شروع ہی سے) جھوٹ بولتے تھے۔ کیا ان کو یہ خبر نہیں کہ اللہ تعالیٰ کو انکے دل کا راز اور انکی سرگوشی سب معلوم ہے اور یہ کہ اللہ تعالیٰ تمام غیب کی باتوں کو خوب جانتا ہے یہ (منافقین) ایسے ہیں کہ نفل صدقہ دینے والے مسلمانوں پر صدقات کے بارے میں طعن کرتے ہیں اور (خصوصاً) ان لوگوں پر (اور زیادہ) جن کو بجز محنت و مزدوری (کی آمدنی) کے اور کچھ میسر نہیں ہوتا۔ یعنی ان سے تمسخر کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ان کو اس تمسخر کا (تو خاص) بدلہ دے گا اور (مطلق طعن کا یہ بدلہ ملے ہی گا کہ) ان کیلئے دردناک (آخرت میں) سزا ہوگی۔ ۞

تفسیر ربط: ابھی آیت بالا کی تمہید میں گذر چکا۔

تائید امر جہاد و تاکید مضامین سابقہ بیان بعضے احوال منافقین ☆ اس کے متعلق مختصراً قصہ یہ ہے کہ تبوک سے واپسی میں چند منافقین نے کہ تعداد ان کی بارہ تک منقول ہے ایک شب کو صلاح کی کہ فلاں گھاٹی میں آپ کی سواری گزرے گی سب مل کر آپ کو دھکیل دیں پھر قتل کر دیں غرض سب اپنا منہ لپیٹ کر جمع ہو کر دفعۃً اس موقع پر آ پہنچے مگر آپ نے دیکھ کر ڈانٹا اور حضرت حذیفہؓ و حضرت عمارؓ ساتھ تھے انہوں نے ہٹایا مگر پہچانے نہیں گئے آپ کو وحی سے معلوم ہوا آپ نے منزل پر پہنچ کر ان لوگوں کو بلا کر پوچھا کہ تم نے ایسا ایسا مشورہ کیا تھا اور ایسا ارادہ کیا تھا وہ سب قسمیں کھا گئے کہ نہ مشورہ ہوا نہ ارادہ ہوا ان میں سے بعض کے ساتھ آپ نے خاص طور پر مالی اعانت بھی فرمائی تھی جیسے جلاس بروزن غراب کہ آپ نے اس کا ایک بڑا قرضہ ادا کیا تھا اور ویسے بھی آپ کی تشریف آوری کے قبل اکثر محتاج تھے پھر غنائم کی کثرت ہوئی تو ان کو بھی ظاہری میل جول کی وجہ سے کچھ نہ کچھ ملتا ہی رہتا تھا جیسا لَوْ كَانَ عَرَضًا قَرِيْبًا [التوبۃ: ۴۲] سے بھی مفہوم ہوتا ہے اس قصہ میں یہ آیت نازل ہوئی اور اس کے نازل ہونے کے بعد جلاسؓ نے صدق و اخلاص سے اسلام قبول کیا کذا فی الدر المنثور الحدیث الغنائم فانہ من الروح عن الکلبی اور در منثور میں اسباب نزول اور قصے بھی نقل کئے ہیں اسی طرح هَمُّوْا بِمَا لَمْ يَنَالُوْا اور اَغْنٰهُمُ کی تفسیر میں بھی دوسرے اقوال نقل کیے ہیں۔

آیت و تفسیر ☆ يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ مَا قَالُوْا (الی قولہ تعالیٰ) وَمَا لَهُمْ فِي الْاَرْضِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿۷۴﴾ وہ لوگ قسمیں کھا جاتے ہیں کہ ہم نے فلانی بات (مثلاً یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو قتل کر دیں) نہیں کہی حالانکہ یقیناً انہوں نے کفر کی بات کہی تھی (کیونکہ آپ کے قتل کے باب میں گفتگو کرنے کا کفر ہونا ظاہر ہے) اور (وہ بات کہہ کر) اپنے اسلام (ظاہری) کے بعد (ظاہر میں بھی) کافر ہو گئے (گو اپنے ہی مجمع میں سہی جس کی خبر مسلمانوں کو بھی ہو گئی اور اس سے عام طور پر کفر کھل گیا) اور انہوں نے ایسی بات کا ارادہ کیا جو ان کے ہاتھ نہ لگی (کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو قتل کرنا مگر نا کام رہے) اور یہ انہوں نے صرف اس بات کا بدلہ دیا ہے کہ ان کو اللہ نے اور اس کے رسول نے رزقِ خداوندی سے مالدار کر دیا (اس احسان کا بدلہ ان کے نزدیک یہی ہوگا کہ برائی کریں سو اگر (اس کے بعد بھی) توبہ کریں تو ان کے لئے (دونوں جہان میں) بہتر (اور نافع) ہوگا (چنانچہ جلاسؓ کو توبہ کی توفیق ہو گئی) اور اگر (توبہ سے) روگردانی کی (اور کفر و نفاق ہی پر جمے رہے) تو اللہ تعالیٰ ان کو دنیا اور آخرت (دونوں جگہ) میں دردناک سزا دے گا (چنانچہ عمر بھر بدنام اور پریشان اور خائف رہنا اور مرتے وقت مصیبت کا مشاہدہ کرنا یہ دنیوی عذاب ہے اور آخرت میں دوزخ میں جانا ظاہر ہی ہے) اور ان کا دنیا میں نہ کوئی یار ہے اور نہ مددگار (کہ عذاب سے بچا لے اور جب دنیا ہی میں کوئی مددگار نہیں جہاں اکثر مدد ہو جاتی ہے تو آخرت میں تو بدرجۂ اولیٰ منفی ہوگا۔ ف: مَا نَقَمُوْٓا الخ ایسا ہے جیسا ہماری بول چال میں کہتے ہیں کہ مجھ سے یہ خطا تو ہو گئی تھی کہ وقت پر اس کے کام آ گیا تھا اس کو تاکید الشیٔ بخلافہ کہا کرتے ہیں۔ ربط: اوپر تمہید آیت وَمِنْهُمُ مَّنْ يَّقُوْلُ ائْذَنْ لِّيْ میں گذر چکا۔

www.besturdubooks.net

بعض احوال خاصہ بعضے منافقین ☆ اس کا مختصر قصہ یہ ہے کہ ثعلبہ بن حاطب نامی ایک شخص نے آپ سے کثرتِ مال کی دعا کرائی آپ نے سمجھا کہ مصلحت نہیں اس نے کہا کہ میں نیک کاموں میں صرف کیا کروں گا۔ غرض آپ کی دعا سے وہ مالدار ہوگیا جب زکوٰۃ کا وقت آیا تو کہنے لگا کہ اس میں اور جزیہ میں کیا فرق ہے اور زکوٰۃ نہ دی اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

آیت و تفسیر: وَمِنْهُمْ مَّنْ عٰهَدَ اللّٰهَ (الی قولہ تعالیٰ) اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ سِرَّهُمْ وَنَجْوٰىهُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ۝ اور ان (منافقین) میں بعضے آدمی ایسے ہیں کہ خدا تعالیٰ سے عہد کرتے ہیں (کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عہد کرنا اور خدا سے عہد کرنا برابر ہے اور وہ عہد یہ تھا کہ) اگر اللہ تعالیٰ ہم کو اپنے فضل سے (بہت سا مال) عطا فرمادے تو ہم (اس میں سے) خوب خیرات کریں اور ہم (اس کے ذریعہ سے) خوب نیک نیک کام کیا کریں سو جب اللہ تعالیٰ نے ان کو اپنے فضل سے (بہت سا) دے دیا تو اس میں بخل کرنے لگے (کہ زکوٰۃ نہ دی) اور (اطاعت سے) روگردانی کرنے لگے اور وہ تو روگردانی کے (پہلے ہی سے) عادی ہیں سو اللہ تعالیٰ نے ان (کے اس فعل) کی سزا میں ان کے دلوں میں نفاق (قائم) کر دیا جو خدا کے پاس جانے کے دن تک (یعنی دم مرگ تک) رہے گا اس سبب سے کہ انہوں نے خدا تعالیٰ سے اپنے وعدہ میں خلاف کیا اور اس سبب سے کہ وہ (اس وعدہ میں شروع ہی میں) جھوٹ بولتے تھے (یعنی نیت ایفاء کی اس وقت بھی نہ تھی پس نفاق تو اس وقت بھی دل میں تھا جس کی فرع یہ کذب و اخلاف ہے پھر اس کذب و اخلاف کے وقوع سے اور زیادہ مستحق غضب ہوئے اور اس زیادہ غضب کا اثر یہ ہوا کہ وہ نفاق سابق اب دائم اور غیر زائل ہوگیا کہ توبہ بھی نصیب نہ ہوگی اسی حالت پر مر کر ابدالآباد جہنم میں رہنا نصیب ہوگا اور باوجود کفر مضمر کے جو اسلام اور طاعت کا اظہار کرتے ہیں تو) کیا ان (منافقین) کو یہ خبر نہیں کہ اللہ تعالیٰ کو ان کے دل کا راز اور ان کی سرگوشی سب معلوم ہے اور یہ کہ اللہ تعالیٰ تمام غیب کی باتوں کو خوب جانتے ہیں (اور اس لئے وہ ظاہری اسلام اور اطاعت ان کے کام نہیں آسکتا بالخصوص آخرت میں پس سزائے جہنم ضروری ہے)۔ ف: باوجودیکہ صاحب قصہ ایک شخص ہے پھر اتھم وغیرہ میں جمع کی ضمیر اس لئے لائی گئی کہ دوسرے منافقین بھی من وجہ اس میں شریک تھے چنانچہ دیکھا جاتا ہے کہ دوسرے ہم مشربوں کو مال سے بھی نفع ہوتا ہے اور ایسے احوال و اقوال کو بھی وہ پسند کیا کرتے ہیں اور اَعْقَبَهُمْ الخ سے معلوم ہوتا ہے کہ جس طرح طاعات سے ایمان کی نورانیت بڑھتی ہے اسی طرح معاصی سے کفر کی ظلمت بھی بڑھتی ہے پس کذب و اخلاف سے کفر سابق میں کہ هُمْ مُّعْرِضُوْنَ بھی اس کی طرف مشیر ہے یہ اشتداد ہوگیا کہ دم مرگ تک امتداد ہوگیا جس کے لئے جہنم لازم ہے پس اصل سزا خلود فی النار ہے تتمہ قصہ یہ ہے کہ ان آیتوں کے نازل ہونے کی خبر سن کر زکوٰۃ لے کر حضور کی خدمت میں حاضر ہوا آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ کو تیری زکوٰۃ لینے سے منع فرمادیا ہے اس نے بہت ہائے واویلا کی پھر حضرت صدیق اکبرؓ کے خلافت میں زکوٰۃ لایا آپؓ نے بھی قبول نہ کی اسی طرح حضرت عمرؓ اور حضرت عثمانؓ نے بھی قبول نہ کی یہاں تک کہ حضرت عثمان کے زمانہ میں وہ مرگیا کذا فی الروح عن الطبرانی و دلائل البیهقی بروایة ابی امامة الباهلی۔ احقر کہتا ہے کہ اس کا زکوٰۃ لانا اور نہ لینے پر واویلا کرنا خلوص سے نہ تھا بلکہ دفع عار و بدنامی کے لئے تھا کیونکہ اَعْقَبَهُمْ الخ سے اس کا دائما کافر رہنا معلوم ہوگیا پھر خلوص کا احتمال کب ہے اور شاید ممانعت قبول سے مراد حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی یہی ہو اس طرح کہ قبول صدقہ کے لئے ایمان شرط ہے اور شرط کا انتفاء منصوص ہے پس مشروط بھی منتفی عنہ ہوگا اور عجب نہیں کہ اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا میں اسی کا ارشارہ ہو کہ یہ شخص جو زکوٰۃ لایا ہے تو کیا اس کو یہ معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ دل کا حال جانتا ہے جب دل میں ایمان نہیں تو کیسے قبول کیا جاوے گا اور چونکہ کسی جگہ منقول نہیں کہ پھر اس شخص نے مساکین کو خود زکوٰۃ دے دی ہو اس سے ظاہراً تو یہی معلوم ہوتا ہے کہ نہیں دی یہ بھی ایک قرینہ ہے عدم خلوص کا ورنہ خود بھی تو دے سکتا تھا اور ممکن ہے کہ اس میں مستقل وحی بھی نازل ہوئی ہو اور خلفائے راشدینؓ کا قبول نہ کرنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے قبول نہ فرمانے کی وجہ سے تھا اور اَعْقَبَهُمْ سے استدلال کی صورت میں ضمیر جمع کا ظاہراً مقتضا یہ ہے کہ اور منافقین کے ساتھ بھی یہ معاملہ کیا جاتا مگر ممکن ہے کہ اوروں کی تعیین نہ ہوئی ہو اس لئے ایسا برتاؤ نہ کیا گیا ہو یا اس حکم میں اس شخص کی خصوصیت بوجہ باغی و بادی ہونے کے ہو جیسا کہ بعض احکام مخصوص بھی ہو جایا کرتے تھے اور اب چونکہ کسی کا کفر مضمر متیقن نہیں اس لئے اب مظہر اسلام سے مسلم کا سا معاملہ کیا جاوے گا۔ ربط: اوپر بعض احوال مختصہ کا بیان تھا آگے پھر بعض احوال مشترکہ کا بیان ہے جیسا پہلے سے اسی طرح سلسلہ چلا آتا ہے۔

بعض دیگر احوال مشترکہ منافقین ☆ اس کے قصہ متعلقہ کا خلاصہ یہ ہے کہ ایک بار آپ ﷺ نے صدقہ کی ترغیب دی تو ایک صحابی بہت سا مال لے آئے منافقین نے کہا یہ ریاکار ہے دوسرے صحابی غریب تھے بہت قلیل لائے منافقین نے کہا کہ یہ میاں اس واسطے لائے ہیں کہ میرا بھی نام ہو جاوے اس پر آیت نازل ہوئی۔ کذا فی الدر عن البخاری وغیرہ۔

آیت و تفسیر ☆ اَلَّذِيْنَ يَلْمِزُوْنَ الْمُطَّوِّعِيْنَ (الی قولہ تعالیٰ) وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ یہ (منافقین) ایسے ہیں کہ نفل صدقہ دینے والے مسلمانوں پر صدقات کے بارے میں طعن کرتے ہیں اور (خصوص) ان لوگوں پر (اور زیادہ) جن کو بجز محنت و مزدوری (کی آمدنی) کے اور کچھ میسر نہیں ہوتا (اور وہ بیچارے

www.besturdubooks.net

اس میں سے ہمت کر کے حاضر کر دیتے ہیں ان پر زیادہ طعن کرتے ہیں) یعنی ان سے تمسخر کرتے ہیں (یعنی مطلق طعن تو سب پر کرتے ہیں اور ان غریبوں سے تمسخر بھی کرتے ہیں) اللہ تعالیٰ ان کو اس تمسخر کا (تو خاص) بدلہ دے گا اور (ویسے مطلق طعن کا یہ بدلہ ملے ہی گا کہ) ان کے لئے (آخرت میں) دردناک سزا ہو گی۔ **ف**: تمسخر سے چونکہ زیادہ دل دکھتا ہے اس لئے اس کا ذکر وقوع اور جزاء دونوں میں خصوصیت کے ساتھ کیا گیا واللہ اعلم اور یہاں نفل کی تخصیص باعتبار واقعہ کے ہے ورنہ لمز و تمسخر اگر غیر نفل میں ہو تب بھی یہی سزا ہے بلکہ اولویت کے درجہ میں کیونکہ فرض افضل ہے نفل سے واللہ اعلم۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَمِنْهُمْ مَّنْ عٰهَدَ اللّٰهَ لَئِنْ اٰتٰىنَا مِنْ فَضْلِهٖ لَنَصَّدَّقَنَّ وَلَنَكُوْنَنَّ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۷۵﴾ روح میں ہے یہ اشارہ ہے ان لوگوں کی حالت کی طرف جن میں ذوقِ محبت تو ہے نہیں اور اپنے نفوس کے لئے بعض مقامات کو حاصل سمجھ جاتے ہیں پھر امتحان کے موقع میں پورے نہیں اترتے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: اَلَّذِيْنَ يَلْمِزُوْنَ الْمُطَّوِّعِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فِي الصَّدَقٰتِ وَالَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ اِلَّا جُهْدَهُمْ فَيَسْخَرُوْنَ مِنْهُمْ سَخِرَ اللّٰهُ مِنْهُمْ یہی حال منکرین اولیاء کا ہے کہ ان کے ہر عمل اور ہر حال پر عیب گیری کرتے ہیں خواہ بڑے درجہ کا ہو یا چھوٹے درجہ کا ہو۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في الارض دنيا والتعبير بذلك للتعميم اى في جميع بقاعها وسائر اقطارها ۱۲۔ ۲ قوله في ولي جب دنیا ہی میں اشار الی ان تخصیص الدنیا لانه لا ولی ولا نصیر لهم فی الآخرة قطعا فلا حاجة الی نفیه ۱۲۔ ۳ قوله من فضله بہت سا مال یحتمل توجیهین احدهما ان یقدر المفعول وتکون من علیة والآخر ان یکون الفضل بمعنی المال الزائد مفعولا وتکون من زائدة ۱۲۔ ۴ قوله فی الذین یہ ایسے ہیں اشارة الی ان المبتدأ مقدر هو هم ۱۲۔ ۵ قوله فی فیسخرون یعنی اشارة الی ان الفاء تفسیریة لان لمز الذین لا یجدون مفسر بالسخریة ۱۲۔

اللغات: قوله النقمة فی القاموس المکافاة بالعقوبة ۱۲۔ فاعقبهم جعل الله تعالیٰ عاقبة فعلهم ذلك کذا فی الروح قلت وترجمتی اخذ بالحاصل ۱۲۔

النحو: والذین لا یجدون معطوف علی المطوعین عطف خاص علی عام والضمیر فی سخر الله منهم کما فی الروح الی الفریق الاخیر والکل واضح من ترجمتی وفی الصدقات متعلق بیلمزون ۱۲۔

اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ۚ اِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۸۰﴾ فَرِحَ الْمُخَلَّفُوْنَ بِمَقْعَدِهِمْ خِلٰفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَكَرِهُوْٓا اَنْ يُّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ع ۱۶
فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَقَالُوْا لَا تَنْفِرُوْا فِي الْحَرِّ ۭ قُلْ نَارُ جَهَنَّمَ اَشَدُّ حَرًّا ۭ لَوْ كَانُوْا يَفْقَهُوْنَ ﴿۸۱﴾ فَلْيَضْحَكُوْا قَلِيْلًا وَّلْيَبْكُوْا كَثِيْرًا ۚ جَزَاۗءًۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۸۲﴾ فَاِنْ رَّجَعَكَ اللّٰهُ اِلٰى طَاۗىِٕفَةٍ مِّنْهُمْ فَاسْتَاْذَنُوْكَ لِلْخُرُوْجِ فَقُلْ لَّنْ تَخْرُجُوْا مَعِيَ اَبَدًا وَّلَنْ
تُقَاتِلُوْا مَعِيَ عَدُوًّا ۭ اِنَّكُمْ رَضِيْتُمْ بِالْقُعُوْدِ اَوَّلَ مَرَّةٍ فَاقْعُدُوْا مَعَ الْخٰلِفِيْنَ ﴿۸۳﴾

اُن کیلئے تو استغفار کر یا نہ کر اگر تو ستر مرتبہ بھی ان کے لئے استغفار کرے تو بھی اللہ تعالیٰ انہیں ہرگز نہ بخشے گا۔ یہ اسلئے کہ انہوں نے اللہ سے اور اس کے رسولوں سے کفر کیا ہے اور اللہ تعالیٰ ایسے فاسق لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا پیچھے رہ جانے والے لوگ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کے خلاف اپنے بیٹھے رہنے پر خوش ہیں۔ یہ راہ خدا میں اپنے مال اور جانوں سے جہاد کرنا ناپسند رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہہ دیا کہ اس گرمی میں مت نکلو۔ تو کہہ دے کہ دوزخ کہ آگ بہت ہی سخت گرم ہے۔ کاش کہ وہ سمجھتے ہوتے۔ پس انہیں بہت کم ہنسنا چاہئے اور بہت زیادہ روئیں۔ بدلہ میں اس کے جو یہ کیا کرتے تھے پس اگر اللہ تعالیٰ تجھے ان کی کسی جماعت کی طرف لوٹا کر واپس لے آئے پھر یہ تجھ سے میدان جنگ میں نکلنے کی اجازت طلب کریں تو تو کہہ دے کہ تم میرے ساتھ ہرگز چل نہیں سکتے ہو اور نہ میرے ساتھ تم دشمنوں سے لڑائی کر سکتے ہو تم نے پہلی مرتبہ ہی بیٹھ رہنے کو پسند کیا تھا۔ پس تم پیچھے رہ جانے والوں میں ہی بیٹھے رہو۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر منافقین کے لئے عذاب الیم کا اثبات ہے آگے اس اثبات کی تاکید ہے کہ یہ عذاب نبی کی دعا و استغفار سے بھی باوجود اس کے اعظم وسائل ہونے کے نہیں ٹل سکتا بوجہ فقدان اصل شرط یعنی ایمان کے۔

عدم نفع استغفار نبی مر منافقین را ☆ اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ (الی قوله تعالیٰ) وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ آپ خواہ ان (منافقین)

www.besturdubooks.net

کے لئے استغفار کریں یا ان کے لئے استغفار نہ کریں (عدم نفع میں دونوں برابر ہیں لقولہ تعالیٰ سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ اَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ الخ آگے اس عدم نفع کا بیان ہے جس میں دونوں برابر ہیں یعنی) اگر آپ ان کے لئے ستر بار (یعنی بکثرت) بھی استغفار کریں گے تب بھی اللہ تعالیٰ ان کو نہ بخشے گا (اور) یہ (نہ بخشنا) اس وجہ سے ہے کہ انہوں نے اللہ اور رسول کے ساتھ کفر کیا اور اللہ تعالیٰ ایسے سرکش لوگوں کو (جو کہ کبھی ایمان اور حق کی طلب ہی نہ کریں) ہدایت نہیں (کیا) کرتا (اس وجہ سے یہ عمر بھر کفر ہی پر قائم رہے اور اسی پر ختم ہو گئے)۔ ف: اس آیت کے متعلق ان شاء اللہ تعالیٰ کچھ مضمون عنقریب آیت وَلَا تُصَلِّ کی تفسیر میں آتا ہے ملاحظہ کر لیجئے۔ ربط: اوپر سے منافقین کا ذکر چلا آتا ہے آگے ان میں سے بالخصوص متخلفین کے متعلق بعض مضامین مذکور ہیں۔

بعضے از حال و مآل متخلفین ☆ فَرِحَ الْمُخَلَّفُوْنَ بِمَقْعَدِهِمْ خِلٰفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ (الی قولہ تعالیٰ) فَاقْعُدُوْا مَعَ الْخٰلِفِيْنَ ۝ یہ پیچھے رہ جانے والے خوش ہو گئے رسول اللہ (ﷺ) کے (جانے کے) بعد اپنے بیٹھے رہنے پر اور ان کو اللہ کی راہ میں اپنے مال اور جان کے ساتھ جہاد کرنا ناگوار ہوا (دو وجہ سے اول کفر (دوسرے آرام طلبی) اور (دوسروں کو بھی) کہنے لگے کہ تم (ایسی تیز) گرمی میں (گھر سے) مت نکلو آپ (جواب میں) کہہ دیجئے کہ جہنم کی آگ (اس سے بھی) زیادہ (تیز اور) گرم ہے (سو تعجب ہے کہ اس گرمی سے تو بچتے ہو اور جہنم میں جانے کا خود سامان کر رہے ہو کہ کفر و مخالفت کو نہیں چھوڑتے) کیا خوب ہوتا اگر وہ سمجھتے سو (ان امور مذکورہ کا نتیجہ یہ ہے کہ دنیا میں) تھوڑے دنوں ہنس (کھیل لیں) اور (پھر آخرت میں) بہت دنوں (یعنی ہمیشہ) روتے رہیں (یعنی ہنسنا تھوڑے دنوں کا ہے پھر رونا ہمیشہ ہمیشہ) ان کاموں کے بدلہ میں جو کچھ (کفر و نفاق و خلاف وغیرہ) کیا کرتے تھے (جب ان کا حال معلوم ہو گیا) تو اگر خدا تعالیٰ آپ کو (اس سفر سے مدینہ کو صحیح و سالم) ان کے کسی گروہ کی طرف واپس لائے (گروہ اس لئے کہا کہ ممکن ہے بعضے اس وقت تک مر جاویں کوئی کہیں چلا جاوے اور) پھر یہ لوگ (براہِ خوشامد و دفع الزام سابق کسی جہاد میں آپ کے ساتھ) چلنے کی اجازت مانگیں (اور دل میں اس وقت بھی یہی ہوگا کہ عین وقت پر کچھ بہانہ کر دیں گے) تو آپ یوں کہہ دیجئے کہ (اگرچہ اس وقت دنیا سازی کے طور پر باتیں بنا رہے ہو لیکن اللہ تعالیٰ نے تمہارا مافی الضمیر بتلا دیا ہے اس لئے نہایت وثوق سے کہتا ہوں کہ) تم کبھی بھی میرے ساتھ (جہاد میں) نہ چلو گے اور نہ میرے ہمراہ ہو کر کسی دشمن (دین) سے لڑو گے (جو کہ اصلی مقصود ہے چلنے سے کیونکہ) تم نے پہلے بھی بیٹھے رہنے کو پسند کیا تھا (اور اب بھی عزم وہی ہے) تو (خواہ مخواہ) جھوٹی باتیں کیوں بناتے ہو بلکہ مثل سابق اب بھی) ان لوگوں کے ساتھ بیٹھے رہو جو (واقعی) پیچھے رہ جانے کے لائق ہی ہیں (بوجہ عذر کے جیسے بوڑھے اور بچے اور عورتیں) ف: قَالُوْا لَا تَنْفِرُوْا میں دو احتمال ہیں ایک یہ کہ مسلمان کو بھی بہکاتے ہوں گو ان کے کہنے کا اثر نہ ہوا ہو دوسرے یہ کہ اپنے ہم مشربوں سے کہتے ہوں گو کہنے کی حاجت نہ ہو لیکن مقصود اس سے اظہار توافق اور فرح و سرور اپنی رائے پر ہوتا ہے اور فَلْيَضْحَكُوْا گو صیغہ امر کا ہے مگر مراد اس سے خبر ہے اور مقصود مرتب کرنا مجموعہ کا ہے پس یہ شبہ نہ رہا کہ بکاء کا تو جزائے اعمال ہونا صحیح ہے مگر ضحک کے جزاء ہونے کے کیا معنی۔

ربط: اوپر ان کے ساتھ ان کی حالت حیات میں برتاؤ کا ذکر تھا آگے ان کے مرنے کے بعد ان کے ساتھ برتاؤ کا بیان ہے۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلُ السُّلُوْك: قولہ تعالیٰ: وَقَالُوْا لَا تَنْفِرُوْا فِي الْحَرِّ روح میں ہے یہ منافقین کی حالت کے مشابہ ان اہل بطلان کا حال ہے جو سالکین کو سلوک سے اس طرح روکتے ہیں کہ شدائد سلوک کو اور لذائذ دنیویہ کے فوت ہونے کو بیان کرتے ہیں قولہ تعالیٰ: فَلْيَضْحَكُوْا قَلِيْلًا وَّلْيَبْكُوْا كَثِيْرًا جَزَآءً بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ۔ بعض نے اس کو امر کا صیغہ سمجھا پھر اس بنا پر شیوخ سے شکایت کی جاتی ہے کہ ہم کو رونا نہیں آتا حالانکہ اس آیت میں مراد خبر بصورت انشاء ہے یعنی قیامت میں ان کو ہنسنا نصیب نہ ہوگا رونا ہی پڑے گا قرینہ اس کا جَزَآءً بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ہے اور بکاء اگر محبت یا خشیت سے ہو محمود ضرور ہے لیکن محمود ہونا مامور بہ ہونے کو مستلزم نہیں اس لئے کہ امر خاص ہے اختیاری کے ساتھ اور بکاء غیر اختیاری ہے ۱۲۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَة: ۱ قوله فی استغفر برابر وهذا كقوله تعالیٰ سواء عليهم ء انذرتهم ام لم تنذرهم لا يؤمنون ۱۲۔ ۲ قوله فی المخلفون یہ اشارة الی ان اللام للعهد فخرج من تخلف لا بالنفاق ۱۲۔ ۳ قوله فی يضحكوا كهيل اشارة الی ان المراد بالضحك هو الفرح ۱۲۔ ۴ قوله فی كثيرا دونوں الی انه ظرف بمعنی زمانا كثيرا ۱۲۔ ۵ قوله فی جزاء بدله اشارة الی كونه مفعولا له لمجموع يضحكوا ويبكوا ۱۲۔ ۶ قوله فی للخروج آپ کے ساتھ والقرينة عليه قوله معی بعده ۱۲۔ ۷ قوله فی قوله لن تقاتلوا مقصود اشار الی فائدة زيادة لن تقاتلوا قوله هناك نہ لڑو گے لم احمله علی النهی كغيری ترجيحا للحقيقة علی المجاز اذا صحت وقد صحت كما قررت وهذا من المواهب ۱۲۔

فَائِدَة: وقد ذكر استاذی و مولائی محمد يعقوب عليه رحمة الله علام الغيوب فی وجه حكمة صلاته صلی الله عليه وسلم عليه حكمة اخریٰ ولا غرو فی تضمن فعله صلی الله عليه وسلم حكما كثيرة وهی انه صلی الله عليه وسلم بهذا الفعل كشف القناع عن وجه شرع عظيم وهو انه لا ينفع شیء من التوسلات والتبركات بدون الايمان الا ترون انی امام والصحابة مقتدون فصلوا جميعا

www.besturdubooks.net

على جنازته واستغفروا له وكفن فى قميصى ودخل جوفه ريقى و مع ذلك كله هو فى الدرك الاسفل من النار فلا يغتر احد بكونه ذا نسبته من مبارك او مقبول كما هو من هو سات الجهلاء الذين يسلكون انفسهم فى محبى الاولياء ومعتقديهم وانى لهم ذلك انتهى بمعناه۱۲۔

اللغات: المقعد القعود الخلاف بمعنى خلف ظرف عامله مقعد رجع متعد ههنا وقد يجئ لازما كما فى رجعتم اليهم۱۲۔

البلاغۃ: قوله المخلفون لم يقل المتخلفون اشارة الى كونهم بالغين فى التخلف كانهم مسخرون فى ايدى الشيطان بحيث اقعدهم فقعدوا كالمجبور فافهم۱۲۔

وَلَا تُصَلِّ عَلٰٓى اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ اَبَدًا وَّلَا تَقُمْ عَلٰى قَبْرِهٖ ؕ اِنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَمَاتُوْا وَهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۸۴﴾
وَلَا تُعْجِبْكَ اَمْوَالُهُمْ وَاَوْلَادُهُمْ ؕ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّعَذِّبَهُمْ بِهَا فِى الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ اَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۸۵﴾ وَاِذَآ
اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ اَنْ اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَجَاهِدُوْا مَعَ رَسُوْلِهِ اسْتَاْذَنَكَ اُولُوا الطَّوْلِ مِنْهُمْ وَقَالُوْا ذَرْنَا نَكُنْ مَّعَ
الْقٰعِدِيْنَ ﴿۸۶﴾ رَضُوْا بِاَنْ يَّكُوْنُوْا مَعَ الْخَوَالِفِ وَطُبِعَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ﴿۸۷﴾ لٰكِنِ الرَّسُوْلُ
وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ جٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ؕ وَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْخَيْرٰتُ ۫ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۸۸﴾
اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۸۹﴾ ع ۱۱ ۱۷

ان میں سے کوئی مرجائے تو تو اس کے جنازے کی ہرگز نماز نہ پڑھنا اور نہ اس کی قبر پر کھڑا ہونا۔ یہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کے منکر ہو گئے اور مرتے دم تک بدکار بے اطاعت رہے اور ان کے مال اولاد سے کچھ بھی تعجب نہ کر اللہ تعالیٰ چاہتا یہی ہے کہ انہیں ان چیزوں سے دنیوی سزا دے اور یہ اپنی جانیں نکلنے تک کافر ہی رہیں جب کوئی سورت اتاری جاتی ہے کہ اللہ پر ایمان لاؤ اور اس کے رسول ﷺ سے مل کر جہاد کرو تو ان میں سے دولتمندوں کا ایک طبقہ تیرے پاس آ کر یہ کہہ کر رخصت لے لیتا ہے کہ ہمیں تو بیٹھے رہنے والوں میں ہی چھوڑ دیجئے۔ یہ تو پردہ نشین عورتوں کا ساتھ دینے پر راضی ہو گئے اور ان کے دلوں پر مہر لگا دی گئی اب وہ کچھ سمجھ عقل نہیں رکھتے لیکن خود رسول اور اس کے ساتھ کے ایمان دار اپنے مالوں اور جانوں سے جہاد کرتے رہتے ہیں اور یہی لوگ خوبیوں والے ہیں اور یہی لوگ کامیابی حاصل کرنے والے ہیں۔ انہی کے لئے اللہ تعالیٰ نے وہ جنتیں تیار کی ہیں جن کے نیچے نہریں جاری ہیں جن میں یہ ہمیشہ رہنے والے ہیں یہی بہت بڑی کامیابی ہے۔ ۞

تفسیر: معاملہ با منافقین بعد موت ایشاں ☆ وَلَا تُصَلِّ عَلٰٓى اَحَدٍ مِّنْهُمْ (الی قولہ تعالیٰ) وَمَاتُوْا وَهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۸۴﴾ اور ان میں کوئی مرجاوے تو اس (کے جنازہ) پر کبھی نماز نہ پڑھئے اور نہ (دفن وغیرہ کے واسطے) اس کی قبر پر کھڑے ہو جایئے (کیونکہ) انہوں نے (یعنی جو کہ مر گئے ہیں) اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ کفر کیا ہے اور وہ حالت کفر ہی میں مرے ہیں (اور جو کافر ہو کر مرے اس کے لئے دعاء و استغفار یا اس کے کفن دفن میں شرکت جائز نہیں) ف: اس کے شان نزول کے متعلق کچھ اشکال ہے اس کو مع جواب نقل کرتا ہوں شانِ نزول اس کا حدیث شیخین میں ابن عمرؓ سے اس طرح منقول ہے کہ جب عبداللہ بن ابی منافق مر گیا تو اس کے بیٹے نے کہ وہ صحابی تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے درخواست کی کہ اپنا قمیص دیجئے کہ اس میں اس کو کفنایا جاوے۔ آپ نے دے دیا پھر درخواست کی کہ اس کے جنازے کی نماز بھی پڑھ دیجئے آپ پڑھنے کھڑے ہوئے تو حضرت عمرؓ نے آپ کا کپڑا پکڑ لیا اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ آپ اس کی نماز پڑھتے ہیں حالانکہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو منافقین پر نماز پڑھنے سے منع فرمایا ہے (یعنی اس آیت میں اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ الخ آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ کو اختیار دیا ہے (منع نہیں کیا) چنانچہ یوں فرمایا ہے اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ؕ اِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ؕ میں سبعین یعنی ستر بار سے زیادہ استغفار کروں گا غرض آپ نے نماز پڑھی اس پر یہ آیت وَلَا تُصَلِّ الخ نازل ہوئی پھر کبھی آپ نے منافقین کے جنازے پر نماز نہیں پڑھی اھ اس میں اشکال ہے کہ آیت اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ الخ آیا مفید نہی عن الاستغفار کو ہے یا نہیں اگر مفید ہے تو آپ نے نماز کیوں پڑھی کہ مقصود اس سے استغفار ہے اور پھر تخییر کیسے سمجھی اور اگر مفید نہیں تو حضرت عمرؓ نے کہ صاحب زبان تھے کیسا سمجھا جواب یہ ہے کہ اصل یہ صیغہ تسویہ کے لئے ہے نہ اس سے نہی مفہوم ہوتی ہے نہ امر تخییری یا غیر تخییری بلکہ امر و نہی کے لئے دلیل خارجی کی ضرورت ہوتی ہے جیسے اس آیت میں سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ الخ دوسری آیت: بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ الخ سے امر انذار کا ثابت ہوا اب اس دلیل خارجی کی نسبت رائے کا اختلاف ہوا حضرت عمرؓ نے تو یہ سمجھا کہ لَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ سے اس

www.besturdubooks.net

فعل کا عبث ہونا معلوم ہوتا ہے اور عبث کا صدور ایسے حکیم کی شان کے اعتبار سے ممنوع ہے اس لئے نهاك ربك کہا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نظر میں چونکہ اس میں کچھ حکمتیں تھیں چنانچہ درمنثور میں قتادہؒ سے بروایت ابوالشیخ آپ کا ارشاد مروی ہے وما يغني عنه قميصي والله اني لارجو ان يسلم به اكثر من الف من بني الخزرج اھ یعنی میرے کرتہ سے اس کو نجات نہیں ہوسکتی لیکن مجھ کو امید ہے کہ اس بات کو دیکھ کر اپنے بدخواہوں کے ساتھ ایسی شفقت اور لطف فرمایا جاتا ہے ایک ہزار سے زیادہ مسلمان ہو جاویں گے اس حکمت کے اعتبار سے آپ نے اس کو عبث سے خارج سمجھ کر امر تخییری کے مقتضاء پر عمل فرمایا پس نہ حضرت عمرؓ پر اشکال رہا نہ آپ پر اور آپ کا یہ ارشاد کہ میں ستر سے زیادہ استغفار کرلوں گا اس پر مبنی نہیں کہ آپ نے سبعین سے تحدید مراد سمجھی کیونکہ یقینی بات ہے کہ اس سے مراد تکثیر ہے بلکہ اصل میں یہ قضیہ شرطیہ بصورت خبریہ ہے چنانچہ درمنثور میں بخاری کی روایت سے آپ کا یہ قول مروی ہے فلو اعلم اني ان زدت علي السبعين غفر له لزدت عليها یعنی اگر میں جانتا کہ ستر سے زائد استغفار کرنے سے مغفرت ہو جاوے گی تو میں زیادہ کر لیتا مطلب یہ کہ اگر تحدید مراد ہوتی تو زیادہ استغفار کر لیتا مگر چونکہ مراد تکثیر ہے اس لئے اب زیادہ استغفار نہ کروں گا البتہ مطلق استغفار چونکہ حکمت مذکورہ کو متضمن ہے اس لئے بضمن صلوٰۃ جنازہ اس کو اختیار کیا گیا لیکن ممانعت کی وجہ یہ ہوئی کہ گو اس میں وہ مصالح ضرور تھے لیکن آئندہ مفاسد مرتب ہوتے مثلاً مخالفین کو زجر نہ ہوتا اور موافقین کا دل نہ بڑھتا کہ یہاں تو سب مساوی ہیں وغيره ذلك۔

مَسْئَلَہ: کافر کے جنازے پر نماز اور اس کے لئے استغفار جائز نہیں۔

مَسْئَلَہ: قیام علی القبر سے مراد وہ ہے جو بطور اکرام کے ہو خواہ بغرض زیارت ہو یا بغرض دفن اور اگر عبرت اور تذکر موت کے لئے ہو یا ضرورت کے لئے ہو جیسے ہدایہ میں ہے کہ جس کا کوئی کافر رشتہ دار مر جاوے اور اس کا انتظام اس کے متعلق آ پڑے تو اس کو بدوں رعایت طریقہ مسنون کے غسل وکفن دے کر دفن کر دے تو اس طرح قیام علی القبر درست ہے لیکن اگر زیارت بغرض عبرت میں کوئی مفسدہ دینیہ ہو تو جائز نہیں فقط۔

ربط: اوپر کی آیت سے ان کا مبغوض عند اللہ ہونا معلوم ہوا آگے بتلاتے ہیں کہ ان کے پاس جو مال واولاد ہے یہ دلیل ان کے محبوب ہونے کی نہیں بلکہ بوجہ آلۂ تعذیب ہونے کے وہ بھی ثمرہ مبغوضیت کا ہے۔

آلہ تعذیب بودن اموال و اولاد مر کفار را ☆ وَلَا تُعْجِبْكَ اَمْوَالُهُمْ وَ اَوْلَادُهُمْ ۭ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّعَذِّبَهُمْ بِهَا فِي الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ اَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كٰفِرُوْنَ۝ اور ان کے اموال اور اولاد آپ کو (اس) تعجب میں نہ ڈالیں (کہ ایسے مبغوضین پر یہ نعمتیں کیسے ہوئیں سو یہ واقع میں ان کے لئے نعمتیں نہیں بلکہ آلات عذاب ہیں کیونکہ) اللہ کو صرف یہ منظور ہے کہ ان (مذکورہ) چیزوں کی وجہ سے دنیا (بھی) ان کو گرفتار عذاب رکھے اور ان کا دم حالت کفر ہی میں نکل جاوے (جس سے آخرت میں بھی مبتلائے عذاب رہیں) ف: ایسی آیت یہاں سے چار رکوع پہلے بھی نفقات کے غیر مقبول ہونے کے ذکر میں آ چکی ہے پس وہاں حیوٰۃ[1] کی ایک حالت کے ساتھ کہ عدم قبول نفقات ہے اس مضمون کا تعلق تھا اور یہاں موت کی ایک حالت کے ساتھ کہ عدم نجات ہے تعلق ہے پس تکرار نہ رہا بوجہ مہتم بالشان ہونے کے اس کی تاکید مقصود ہو پس یہ بھی ایک فائدہ جدیدہ ہے۔

ربط: اوپر غزوۂ تبوک کے متعلق منافقین کے تخلف واستیذان باعذار باطلہ کا بیان تھا آگے ان کی اس عادت کا مستمر ہونا کہ ہر غزوہ میں ان کی یہ حالت ہے اور ان کے مقابلہ میں اہل ایمان کی جانبازی اور اس کی فضیلت بیان فرماتے ہیں۔

استمرار عادت منافقین در تخلف و مدح مؤمنین ☆ وَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ اَنْ (الی قولہ تعالیٰ) ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ۝ اور جب کبھی کوئی ٹکڑا قرآن کا اس مضمون میں نازل کیا جاتا ہے کہ تم (خلوص دل سے) اللہ پر ایمان لاؤ اور اس کے رسول کے ہمراہ ہو کر جہاد کرو تو ان میں کے مقدور والے آپ سے رخصت مانگتے ہیں اور (رخصت کا یہ مضمون ہوتا ہے کہ) کہتے ہیں کہ ہم کو اجازت دیجئے کہ ہم بھی یہاں ٹھہرنے والوں کے ساتھ رہ جاویں (البتہ ایمان واخلاص کے دعوے میں کچھ کرنا نہیں پڑتا اس کو کہہ دیا کہ ہم تو مخلص ہیں) وہ لوگ (غایت بے حمیتی سے) خانہ نشین عورتوں کے ساتھ رہنے پر راضی ہو گئے اور ان کے دلوں پر مہر لگ گئی جس سے وہ (حمیت بے حمیتی کو) سمجھتے ہی نہیں ہاں لیکن رسول اللہ (ﷺ) اور آپ کی ہمراہی میں جو مسلمان ہیں انہوں نے (البتہ اس حکم کو مانا اور) اپنے مالوں سے جہاد کیا اور ان ہی کے لئے ساری خوبیاں ہیں اور یہی لوگ کامیاب ہیں (اور وہ خوبی اور کامیابی یہ ہے کہ) اللہ تعالیٰ نے ان کے لئے ایسے باغ مہیا کر رکھے ہیں جن کے نیچے نہریں جاری ہیں (اور) وہ ان میں ہمیشہ کو رہیں گے اور یہ بڑی کامیابی ہے۔ ف: اُولُو الطَّوْل کے ذکر سے تخصیص مقصود نہیں بلکہ غیر اولی الطول کا حال بدرجۂ اولیٰ معلوم ہو گیا کہ جب اہل مقدور کا یہ حال ہے تو بے مقدوروں کا تو ضرور یہی ہوگا اور باوجود یکہ ذکر رسول کی کوئی حاجت نہیں لیکن اس سے مقصود مؤمنین کی مدح ہے کہ جہاد میں ان کا خلوص بھی کامل ہے جیسا آپ کا اکمل ہے۔ ربط: اوپر مدینہ کے منافقین کا ذکر تھا آگے دیہات کے منافقین کا ذکر ہے۔

www.besturdubooks.net

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ وَلَا تَقُمْ عَلٰى قَبْرِهٖ قیام علی القبر بغرض زیارت ودعا کو صلوٰۃ علی المیت کے ساتھ مقرون کرنا دلیل ظاہر ہے اس پر کہ نماز جنازہ کی طرح یہ قیام مذکور بھی میت کے لئے نافع ہے اور اسی لئے ایسے شخص کی قبر پر جو کہ اس نفع کا اہل نہیں قیام کرنے کو منع فرمایا گیا اور یہ نفع قبر پر حاضر ہو کر دعا وغیرہ کرنے کا اس نفع سے زائد ہے جو غیبت میں دعا کرنے سے ہوتا ہے واللہ اعلم۔

الخواشی: (۱) قولہ وہاں حیات کی الخ اور قولہ یہاں موت کی الخ قرینہ اس تخصیص کا دونوں آیتوں کا سباق بالباء الموحدہ ہے کہ مقام اول پر عدم قبول نفقات مذکور ہے اور دوسرے مقام پر غیر مغفور ہونا ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی اذا جب کبھی اذا تفید العموم بقرینة المقام کما فی الروح ۱۲۔ ۲ قوله فی سورة ٹکڑا اشارة الی الحمل علی المعنی اللغوی لان اکثر ما نزل فی الجهاد هو الآیات لا اسور وهو مجاز شرعی ویمکن ان یحمل علی الحقیقة الشرعیة ویراد بالسورة بعضها کما ان القرآن یطلق علی الکل والجزء ۱۲۔ ۳ قوله فی آمنوا خلوص لیصح امر المنافقین به ۱۲۔ ۴ قوله فی الطول مقدور کما فی الروح قدرة مالیة ویعلم من ذلك البدنیة بالقیاس وخصوا بالذکر لانهم الملومون کما بین فی ف ۱۲۔ ۵ قوله فی وقالوا یہ مضمون اشارة الی ان العطف تفسیری ولذا لم یقید الاستیذان بالقعود لاغناء قوله مع القاعدین عنه ۱۲۔

اللغات: فی الخازن قیل الخوالف النساء اللاتی یتخلفن فی البیوت فلا یخرجن منها وقیل خوالف جمع خالفة وهم ادنیاء الناس وسفلتهم یقال فلان خالفة قومه اذا کان دونهم وفی الروح الخیرات جمع خیرة بسکون الیاء مخفف خیرة المشدد تانیث خیر وهو الفاضل من کل شیء المستحسن منه ۱۲۔

البلاغۃ: کرر اسم الاشارة ای اولئك تنویها بشانهم ۱۲۔ فائده قوله ولا تعجبك الخ واختلاف الأیتین فی العنوان للتفنن عندی وهذا اسلم واسهل ۱۲۔

وَجَآءَ الْمُعَذِّرُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ لِيُؤْذَنَ لَهُمْ وَقَعَدَ الَّذِيْنَ كَذَبُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ سَيُصِيْبُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝۹۰ لَيْسَ عَلَى الضُّعَفَآءِ وَلَا عَلَى الْمَرْضٰى وَلَا عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ مَا يُنْفِقُوْنَ حَرَجٌ
اِذَا نَصَحُوْا لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ؕ مَا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ مِنْ سَبِيْلٍ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۹۱ وَّلَا عَلَى الَّذِيْنَ اِذَا مَاۤ
اَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ قُلْتَ لَاۤ اَجِدُ مَاۤ اَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ ۖ تَوَلَّوْا وَّاَعْيُنُهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ حَزَنًا اَلَّا يَجِدُوْا
مَا يُنْفِقُوْنَ ۝۹۲ اِنَّمَا السَّبِيْلُ عَلَى الَّذِيْنَ يَسْتَاْذِنُوْنَكَ وَهُمْ اَغْنِيَآءُ ۚ رَضُوْا بِاَنْ يَّكُوْنُوْا مَعَ
الْخَوَالِفِ ۙ وَطَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝۹۳

بادیہ نشینوں میں سے عذر والے حاضر ہوئے کہ انہیں رخصت دے دی جائے اور وہ بیٹھ رہے۔ جنہوں نے خدا سے اور اس کے رسول سے جھوٹی باتیں بنائی تھیں۔ اب تو ان میں جتنے کفار ہیں انہیں دکھ دینے والی مار پہنچ کر رہے گی ناتواں ضعیفوں پر اور بیماروں پر اور ان پر جن کے پاس خرچ کرنے کو کچھ بھی نہیں کوئی حرج نہیں بشرطیکہ وہ خدا اور اس کے رسول کے خیر خواہی کرتے رہیں۔ ایسے نیک کاروں پر الزام کی کوئی راہ نہیں اور اللہ تعالیٰ بڑی مغفرت ورحمت والا ہے۔ ہاں ان پر بھی کوئی حرج نہیں جو تیرے پاس آتے ہیں کہ تو انہیں سواری مہیا کر دے تو تو جواب دیتا ہے کہ میں تمہاری سواری کے لئے کچھ نہیں پاتا۔ تو وہ رنج وغم سے اپنی آنکھوں سے آنسو بہاتے ہوئے لوٹ جاتے ہیں کہ انہیں حرج کرنے کے لئے کچھ بھی میسر نہیں۔ بے شک ان لوگوں پر تو راہ الزام ہے اور انہی پر ہے جو باوجود دولت مند ہونے کے تجھ سے اجازت طلب کرتے ہیں جو خانہ نشین عورتوں کا ساتھ دینے پر خوش ہیں جن کے دلوں پر مہر خداوندی لگ چکی ہے جس سے وہ محض بے علم ہیں۔ ۞

تفسیر: حال اعراب منافقین ☆ وَجَآءَ الْمُعَذِّرُوْنَ (الی قوله تعالیٰ) سَيُصِيْبُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ اور کچھ بہانہ باز لوگ دیہاتیوں میں سے آئے تاکہ ان کو (گھر رہنے کی) اجازت مل جاوے اور (ان دیہاتیوں میں سے) جنہوں نے خدا سے اور اس کے رسول سے (دعوئ ایمان میں) بالکل ہی جھوٹ بولا تھا وہ بالکل ہی بیٹھ رہے (جھوٹے عذر کرنے بھی نہ آئے) ان میں جو (آخر تک) کافر رہیں گے ان کو (آخرت میں) دردناک عذاب ہوگا (اور جو توبہ کر لیں وہ عذاب سے بچ جاویں گے)۔ ف: یوں تو دعوئے ایمان میں سب ہی منافقین جھوٹے تھے مگر جو عذر کرنے آئے تھے انہوں نے

www.besturdubooks.net

اپنے دعوے کو ظاہرداری میں تو نباہا اور بعضے ایسے متکبر اور بیباک تھے جنہوں نے ظاہرداری بھی نہ برتی وہ جیسے دل میں جھوٹے تھے ظاہر میں بھی ان کا جھوٹ کھل گیا بالکل جھوٹ بولنے کا مطلب یہ ہے اس طور پر ان دیہاتی منافقین کی دو قسمیں ہو گئیں خوب سمجھ لو۔ ربط :اوپر جھوٹے عذر والوں کا اور ان کے عذروں کے غیر مقبول ہونے کا بیان تھا آگے سچے عذر والوں اور ان کے عذروں کے مقبول ہونے کا بیان ہے اور اِنَّمَا السَّبِیْلُ الخ میں تاکید مقبولیت عذر کے لئے مواخذہ کا انحصار اہل اعذار باطلہ میں فرما دیا گیا۔

قبول اعذار صحیحہ و تاکید آں ☆ لَیْسَ عَلَی الضُّعَفَآءِ (الی قولہ تعالیٰ) وَطَبَعَ اللّٰهُ عَلٰی قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ ۝ کم طاقت لوگوں پر کوئی گناہ نہیں اور نہ بیماروں پر اور نہ ان لوگوں پر جن کو (سامانِ جہاد کی تیاری میں) خرچ کرنے کو میسر نہیں جب کہ یہ لوگ اللہ اور رسول کے ساتھ (اور احکام میں) خلوص رکھیں (اور دل سے اطاعت کرتے رہیں تو) ان نیکوکاروں پر کسی قسم کا الزام (عائد) نہیں (کیونکہ لَا یُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا) اور اللہ بڑی مغفرت والے بڑی رحمت والے ہیں (کہ اگر یہ لوگ اپنے علم میں معذور ہوں اور اپنی طرف سے خلوص و اطاعت میں کوشش کریں اور واقع میں کچھ کمی رہ جاوے تو معاف کر دیں گے) اور نہ ان لوگوں پر (کوئی گناہ اور الزام ہے) کہ جس وقت وہ آپ کے پاس اس واسطے آتے ہیں کہ آپ ان کو کوئی سواری دے دیں اور آپ (اُن سے) کہہ دیتے ہیں کہ میرے پاس تو کوئی چیز نہیں جس پر میں تم کو سوار کر دوں تو وہ (ناکام) اس حالت سے واپس چلے جاتے ہیں کہ ان کی آنکھوں سے آنسو رواں ہوتے ہیں اس غم میں کہ (افسوس) ان کو (سامانِ جہاد کی تیاری میں) خرچ کرنے کو کچھ میسر نہیں (نہ خود ہے نہ دوسری جگہ سے ملا غرض ان معذورین مذکورین پر کوئی مواخذہ نہیں) بس الزام (اور مواخذہ) تو صرف ان لوگوں پر ہے جو باوجود اہل سامان (وقوت) ہونے کے (گھر رہنے کی) اجازت چاہتے ہیں وہ لوگ (غایت بے حمیتی سے) خانہ نشین عورتوں کے ساتھ رہنے پر راضی ہو گئے اور اللہ نے ان کے دلوں پر مہر کر دی جس سے وہ (گناہ و ثواب کو) جانتے ہی نہیں۔

ف: درمنثور میں چند روایتیں لکھی ہیں جن میں ان سواری مانگنے والوں کا نام مذکور ہے اور رَضُوْا الخ پہلے بھی آیا ہے وہاں مطلق غزوات کے بیان میں یہ مضمون تھا اور یہاں خاص غزوۂ تبوک کے بیان میں پس تکرار نہ رہا یا تکرار سے تاکید کا فائدہ ہے۔ ربط :اوپر ان منافقین کا ذکر تھا جنہوں نے روانگی کے وقت عذر تراشے تھے آگے ان کا ذکر ہے جنہوں نے واپسی کے وقت بہانے تصنیف کئے کہ ہم برابر عازم رہے مگر فلاں فلاں عوارض مانع ہو گئے یہ اگلی آیتیں واپسی کے قبل نازل ہوئیں جن میں اغراض فانیہ یعنی اعراض و[1] رضا کی تحصیل کے لئے ان کی بہانہ بازی کے متعلق یعتذرون میں پیشین گوئی ہے اور قل لا تعتذروا اور فاعرضوا میں اس عذر کے وقت ان کے ساتھ قولاً و عملاً برتاؤ کی تعلیم ہے اور ساتھ ساتھ عذاب کی وعیدیں ان کو سنائی گئی ہیں۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ لَیْسَ عَلَی الضُّعَفَآءِ وَلَا عَلَی الْمَرْضٰی وَلَا عَلَی الَّذِیْنَ لَا یَجِدُوْنَ مَا یُنْفِقُوْنَ حَرَجٌ اِذَا نَصَحُوْا لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ اس میں دلیل ہے اس پر کہ جو شخص کسی عذر کے سبب کسی عمل سے قاصر ہو مگر نیت اس کی یہ ہو کہ اگر مجھ کو قدرت ہوتی تو یہ عمل ضرور کرتا تو وہ برکات سے محروم نہیں رہتا ۱۲۔

الحواشی: (۱) لتعرضوا عنهم او لتعرضوا عنهم میں مذکور ہے ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی ف دو قسمیں فهمت ذلك مما فی الخازن ویروی عن ابی عمرو بن العلاء انه قال قوما تكلفوا عذرا بباطل فهم الذین عنا هم الله تعالیٰ بقوله وجاء المعذرون وتخلف آخرون لا لعذر ولا لشبهة عذر جرأة علی الله تعالیٰ فهم المراد بقوله و قعد الذین كذبوا وفیه وانما قال منهم لانه سبحانه و تعالیٰ اعلم ان منهم من سیؤمن فاستثناهم الله تعالیٰ ۱۲۔ ۲ قوله فی المحسنین ان اشارة الی ان فیه وضع المظهر موضع المضمر والفائدة فی نفی السبیل بعد نفی الحرج المبالغة لان المعنی لا سبیل لعاتب علیهم ای لا یمربهم فضلا عن الاثم ۱۲۔ ۳ قوله فی ولا علی الذین اذا ما اتوك گناہ اور الزام اشارة الی صحة عطفه علی الضعفاء او علی المحسنین فافهم ۱۲۔ ۴ قوله فی قلت اور آپ اشارة الی كونه حالا والجزاء تولوا ۱۲۔ ۵ قوله فی الا یجدوا نہ دوسری جگہ سے اشار الی ان قوله ولا علی الذین اذا ما اتوك الخ من عطف الخاص علی العام لانهم داخلون فی ما سبق من قوله الذین لا یجدون وفائدته العطف الایذان بانهم متمیزون منهم بانهم بالغوا فی الكد حتی انهم سألوا فلم یجدوا ۱۲۔ ۶ قوله فی اغنیاء وقوت لم یصرح به فی القرآن لوضوح امره وبقرینة المقابلة الدالة علی كونهم غیر ضعفاء وغیر مرضی فافهم ۱۲۔

اللغات: فی الخازن المعذرون المعتذرون وقیل ان الاصل فی هذا اللفظ عن النحاة المعتذرون اد غمت التاء فی الذال لقرب مخرجیهما ای بعد نقل حركة التاء الی العین و الاعتذار فی كلام العرب علی قسمین یقال اعتذر اذا كذب فی عذره ومنه قوله تعالیٰ یعتذرون الیكم فرد الله تعالیٰ علیهم بقوله لا تعتذروا یقال اعتذر اذا اتی بعذر صحیح ومنه قول لبید ومن یبك حولا كاملا فقد اعتذر ۱۲۔

www.besturdubooks.net

يَعْتَذِرُوْنَ اِلَيْكُمْ اِذَا رَجَعْتُمْ اِلَيْهِمْ ۭ قُلْ لَّا تَعْتَذِرُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ لَكُمْ قَدْ نَبَّاَنَا اللّٰهُ مِنْ اَخْبَارِكُمْ ۭ وَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۴﴾ سَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ اِذَا انْقَلَبْتُمْ اِلَيْهِمْ لِتُعْرِضُوْا عَنْهُمْ ۭ فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمْ ۭ اِنَّهُمْ رِجْسٌ ۙ وَّمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۚ جَزَاۗءًۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۹۵﴾ يَحْلِفُوْنَ لَكُمْ لِتَرْضَوْا عَنْهُمْ ۚ فَاِنْ تَرْضَوْا عَنْهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَرْضٰى عَنِ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۹۶﴾

یہ لوگ تمہارے (سب کے) سامنے عذر پیش کریں گے جب تم ان کے پاس جاؤ گے (سوائے محمد) آپ (سب کی طرف سے صاف) کہہ دیجئے کہ یہ عذر پیش مت کرو ہم کبھی تم کو سچا نہ سمجھیں گے۔ اللہ تعالیٰ ہم کو تمہاری (واقعی حالت کی) خبر دے چکے ہیں اور آئندہ بھی اللہ تعالیٰ اور اس کا رسولؐ تمہاری کارگزاری دیکھ لیں گے۔ پھر ایسے کے پاس لوٹائے جاؤ گے جو پوشیدہ اور ظاہر سب کا جاننے والا ہے۔ پھر وہ تم کو بتلا دے گا جو کچھ تم کرتے تھے۔ ہاں وہ اب تمہارے سامنے اللہ کی قسمیں کھا جائیں گے (کہ ہم معذور تھے) جب تم ان کے پاس جاؤ گے تاکہ ان کو ان کی حالت پر چھوڑ دو سو تم ان کو ان کی حالت پر چھوڑ دو وہ لوگ بالکل گندے ہیں اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے ان کاموں کے بدلے میں جو کچھ وہ کیا کرتے تھے۔ یہ اسلئے قسمیں کھائیں گے کہ تم ان سے راضی ہو جاؤ سو اگر تم ان سے راضی بھی ہو جاؤ تو (ان کو کیا نفع) کیونکہ اللہ تعالیٰ تو ایسے شریر لوگوں سے راضی نہیں ہوتا ۞

تفسیر: اخبار از عذر منافقین و معاملہ در نشأتین ☆ يَعْتَذِرُوْنَ اِلَيْكُمْ (الی قولہ تعالیٰ) فَاِنْ تَرْضَوْا عَنْهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَرْضٰى عَنِ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۹۶﴾ یہ لوگ تمہارے (سبؓ کے) سامنے عذر پیش کریں گے جب تم ان کے پاس واپس جاؤ گے (سوائے محمد ﷺ) آپ (سب کی طرف سے صاف) کہہ دیجئے کہ (بس رہنے دو) یہ عذر پیش مت کرو ہم کبھی تم کو سچا نہ سمجھیں گے۔ (کیونکہ) اللہ تعالیٰ ہم کو تمہاری (واقعی حالت کی) خبر دے چکے ہیں (کہ تم کو کوئی عذر صحیح نہ تھا) اور (خیر) آئندہ بھی اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول تمہاری کارگزاری دیکھ لیں گے (معلوم ہو جاوے گا کہ حسب زعم خود کتنے مطیع اور مخلص ہو) پھر ایسے کے پاس لوٹائے جاؤ گے جو پوشیدہ اور ظاہر سب کا جاننے والا ہے (جس سے تمہارا کوئی اعتقاد کوئی عمل مخفی نہیں) پھر وہ تم کو بتا دے گا جو جو کچھ تم کرتے تھے (اور اس کا بدلہ دے گا) ہاں وہ اب تمہارے سامنے اللہ کی قسمیں کھا جاویں گے (ہم معذور تھے) جب تم ان کے پاس واپس جاؤ گے تاکہ تم ان کو ان کی حالت پر چھوڑ دو (اور ملامت وغیرہ نہ کرو) سو تم (ان کا مطلب پورا کر دو اور) ان کو اُن کی حالت پر چھوڑ دو (اس غرض فانی کے حاصل ہونے سے ان کا کچھ بھلا نہ ہوگا کیونکہ) وہ لوگ بالکل گندے ہیں اور (اخیر میں) ان کا ٹھکانا دوزخ ہے ان کاموں کے بدلے میں جو کچھ وہ (نفاق وخلاف وغیرہ) کیا کرتے تھے (نیز اس کا بھی مقتضا ہے کہ ان کو ان کے حال پر چھوڑ دیا جاوے کیونکہ تعرض سے مقصود ہے اصلاح اور اس کی ان کے خبث سے امید نہیں اور نیز) یہ اس لئے قسمیں کھاویں گے کہ تم ان سے راضی ہو جاؤ سو (اول تو تم دشمنانِ خدا سے راضی ہی کیوں ہونے لگے لیکن بالفرض) اگر تم ان سے راضی بھی ہو جاؤ تو (ان کو کیا نفع کیونکہ) اللہ تعالیٰ تو ایسے شریر لوگوں سے راضی نہیں ہوتا (اور بدوں رضائے خالق کے رضائے خلق محض بے سود ہے)۔ ف: عذر وحلف میں ان کی دو غرضیں فرمائیں اعراض اور رضا اور اس کے متعلق تین حکم فرمائے ایک لَا تَعْتَذِرُوْا دوسرا اَعْرِضُوْا تیسرا عدم رضا جو فَاِنْ تَرْضَوْا سے مفہوم ہوتا ہے سو ان اغراض کے جمع ہونے کی صورت تو یہ ہے کہ بعض کی غرض اعراض ہوگی بعض کی رضا یا سب کی غرض ظاہر میں اعراض اور باطن میں رضا یا اصلی غرض رضا ہوگی اور اخیر درجہ اعراض اور احکام ثلاثہ کے جمع ہونے کی صورت یہ ہے کہ قلب سے عدم رضا اور قول سے اولاً لَا تَعْتَذِرُوْا اور اس کے بعد اعراض اور حدیث میں جو آیا ہے قبل علانیتهم ووكل سرائرهم الى الله مطلب یہ ہو سکتا ہے کہ بعد لَا تَعْتَذِرُوْا کے ایسا کیا جو کہ حاصل اعراض کا واللہ اعلم۔

ملتقطات الترجمۃ: ۱ قوله فی الیکم سب کے اشارة الی ان الخطاب له علیه السلام وللمؤمنین ۱۲۔ ۲ قوله فی قل سب کی طرف سے اشارة الی انه علیه السلام خص بذلك لما ان الجواب وظیفته علیه السلام ۱۲۔ ۳ قوله قوله فی سیحلفون ہم معذور اشارة الی حذف المحلوف علیه لفهمه من الكلام ۱۲۔ ۴ قوله فی فاعرضوا مطلب كذا فی المدارك وهو مما شهد به ذوقی ۱۲۔ ۵ قوله قبل انهم رجس اس غرض وقوله بعده نیز اشارة الی ان قوله انهم تعلیل للامرین احدهما الاعراض كما قرر فیما بعد وثانیهما ما یفهم من الاعراض من عدم نفع الاعراض لهم كما قرر فیما قبل ۱۲۔ ۶ قوله فی فان ترضوا اول تو دل علیه كلمة ان مع ما هم علیه من الایمان المقتضی للحب

www.besturdubooks.net

والبغض فی اللہ وفیہ اشارۃ الی حذف الجزاء ای فرضاکم لا ینتج لھم نفعا لان اللہ الخ۱۲۔

البلاغۃ : قولہ اذا نقلبتم فی الروح فائدۃ تقیید حلفھم الایذان بانہ لیس لرفع ما خاطبھم النبی صلی اللہ علیہ وسلم بہ من قولہ تعالیٰ لا تعتذروا بل ھو امر مبتدا۱۲۔

اَلْاَعْرَابُ اَشَدُّ كُفْرًا وَّنِفَاقًا وَّاَجْدَرُ اَلَّا يَعْلَمُوْا حُدُوْدَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۹۷﴾
وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ يَّتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ مَغْرَمًا وَّيَتَرَبَّصُ بِكُمُ الدَّوَآئِرَ ؕ عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ ؕ وَاللّٰهُ
سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۹۸﴾ وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللّٰهِ
وَصَلَوٰتِ الرَّسُوْلِ ؕ اَلَآ اِنَّهَا قُرْبَةٌ لَّهُمْ ؕ سَيُدْخِلُهُمُ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۹۹﴾ ع ۱۲ ۱۰ ۱
وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ ۙ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا
عَنْهُ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ تَحْتَهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۰۰﴾

(ان منافقین میں جو) دیہاتی لوگ (ہیں وہ) کفر اور نفاق میں بہت ہی سخت ہیں اور ان کو ایسا ہونا ہی چاہئے کہ ان کو ان احکام کا علم نہ ہو جو اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول پر نازل فرمائے ہیں اور اللہ تعالیٰ بڑے علم والے بڑی حکمت والے ہیں اور ان دیہاتیوں میں سے بعض ایسا ہے کہ جو کچھ خرچ کرتا ہے اس کو جرمانہ سمجھتا ہے اور تم مسلمانوں کے واسطے (زمانہ کی) گردشوں کا منتظر رہتا ہے بر اوقت انہی منافقین پر پڑنے والا ہے اور اللہ سنتے ہیں جانتے ہیں اور بعض اہل دیہات ایسے بھی ہیں جو اللہ پر اور قیامت کے دن (پورا پورا) ایمان رکھتے ہیں اور جو کچھ خرچ کرتے ہیں اس کو عند اللہ قرب حاصل ہونے کا ذریعہ اور رسول کی دعا کا ذریعہ بناتے ہیں۔ یاد رکھو کہ ان کا یہ خرچ کرنا بے شک ان کیلئے موجب قربت ہے ضرور ان کو اللہ تعالیٰ اپنی رحمت میں داخل کرلیں گے اللہ تعالیٰ بڑی مغفرت والے بڑی رحمت والے ہیں اور مہاجرین اور انصار (ایمان لانے میں سب سے) سابق اور مقدم ہیں اور (بقیہ امت میں) جتنے لوگ اخلاص کے ساتھ ان کی پیرو ہیں اللہ ان سب سے راضی ہوا اور وہ سب اس (اللہ) سے راضی ہوئے اور اللہ تعالیٰ نے ان کیلئے باغ مہیا کر رکھے ہیں۔ جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی۔ جن میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے اور یہ بڑی کامیابی ہے۔ ۞

تفسیر ربط : اوپر شروع رکوع میں دیہاتی منافقین کا ذکر تھا آگے بھی ان کی مذمت ہے اور ان کے ساتھ اہل دیہات میں جو مؤمنین مخلص تھے انکی مدح ہے۔

ذم منافقین و مدح مخلصین از اعراب ☆ اَلْاَعْرَابُ اَشَدُّ كُفْرًا وَّنِفَاقًا (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۹۹﴾ (ان منافقین میں جو) دیہاتی (ہیں وہ) لوگ (بوجہ سخت مزاجی کے) کفر اور نفاق میں بہت ہی سخت ہیں اور بوجہ بعد علماء و عقلاء کے) ان کو ایسا ہونا ہی چاہئے کہ ان کو ان احکام کا علم نہ ہو جو اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول (ﷺ) پر نازل فرمائے ہیں (کیونکہ جب جاننے والوں سے دور دور رہیں گے تو ان کا جاہل رہنا تو اس کا لازمی نتیجہ ہے اور اسی وجہ سے مزاج میں سختی اور مجموعہ سے کفر و نفاق میں شدت ہوگی) اور اللہ تعالیٰ بڑے علم والے بڑی حکمت والے ہیں (وہ ان سب امور پر مطلع ہیں اور حکمت سے مناسب سزا دیں گے) اور ان (مذکورہ منافقین) دیہاتیوں میں سے بعض بعض ایسا ہے کہ (کفر و نفاق و جہل کے علاوہ بخل و عداوت کے ساتھ بھی موصوف ہے حتیٰ کہ) جو کچھ (جہاد و زکوٰۃ وغیرہ کے مواقع میں مسلمانوں کی شر ماشری) خرچ کرتا ہے اس کو (مثل) جرمانہ سمجھتا ہے (یہ تو بخل ہوا) اور (عداوت یہ ہے کہ) تم مسلمانوں کے واسطے (زمانہ کی) گردشوں کا منتظر رہتا ہے (کہ کہیں ان پر کوئی حادثہ پڑ جائے تو ان کا خاتمہ ہو سو) بر اوقت انہی (منافقین) پر پڑنے والا ہے (چنانچہ فتوحات کی وسعت ہوئی کفار ذلیل ہوئے ان کی ساری حسرتیں دل ہی میں رہ گئیں اور تمام عمر رنج اور خوف میں کٹی) اور اللہ تعالیٰ (ان کے کفر و نفاق کی باتیں) سنتے ہیں (اور ان کے دلی خیالات اتخاذ مغرم و تربص دوائر کو جانتے ہیں (پس اس سب کی سزا دیں گے) اور بعضے اہل دیہات میں ایسے بھی ہیں جو اللہ پر اور قیامت کے دن پر (پورا پورا) ایمان رکھتے ہیں اور جو کچھ (نیک کاموں میں) خرچ کرتے ہیں اس کو عند اللہ قرب حاصل ہونے کا ذریعہ اور رسول (ﷺ) کی دعا (لینے) کا ذریعہ بناتے ہیں (کیونکہ آپ کی عادت شریف تھی کہ ایسے مواقع پر خرچ کرنے والے کو دعا دیتے تھے جیسا احادیث میں ہے) یاد رکھو کہ ان کا یہ خرچ کرنا بیشک ان لوگوں کے لئے موجب قربت (عند اللہ) ہے (اور دعا کا ہونا تو یہ خود دیکھ سن لیتے ہیں اس کی خبر دینے کی ضرورت نہ تھی اور وہ قرب یہ ہے کہ) ضرور ان کو اللہ تعالیٰ اپنی (خاص) میں داخل کرلیں گے (کیونکہ) اللہ تعالیٰ بڑی مغفرت والے بڑی رحمت والے ہیں (پس ان کی لغزشیں معاف کر کے

www.besturdubooks.net

اپنی رحمت میں لے لیں گے)۔ف: اشد اور اجدر ہونے کی جو علت اثنائے ترجمہ میں مذکور ہے اس سے اعراب مؤمنین نکل گئے کیونکہ وہ خود اہل علم کے پاس آتے جاتے ہیں اس سے علم حاصل ہوتا ہے اور علم سے خشوع اور کمال ایمان پس یہ شبہ نہ رہا کہ سخت مزاجی اور بُعد عن العلماء تو سب کے لئے عام ہے اور اتخاذ مغرم میں اگر یہ شبہ ہو کہ بدوں طیب خاطر کے کسی کا مال حلال نہیں ہوتا اور اتخاذِ مغرم منافی طیب خاطر کے ہے پھر ایسا مال کیوں لیا جاتا تھا جواب یہ ہے کہ اول تو یہ مسلم نہیں کہ ایسا مال لیا جاتا تھا چنانچہ روح المعانی میں آیت :اَنْفِقُوْا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا لَنْ يُّتَقَبَّلَ مِنْكُمْ کی تفسیر میں عدم تقبل کی ایک تفسیر عدمِ اخذ کی نقل کی ہے دوسرے یہ کراہت اعتقادی تھی بوجہ عدم اعتقاد ثواب کے اور چونکہ بمصلحت عقلیہ تقیہ کے ہوتا تھا جس کے منافع طبعًا ان کو مطلوب مرغوب تھے اس لئے طیب خاطر کے ساتھ اجتماع ہوسکتا ہے اور ریاءِ معطی موجب حرمت للاخذ نہیں تیسرے ممکن ہے کہ اپنے طور پر خرچ کرتے ہوں اور آخذ کو کراہت کا علم نہ ہو۔

ربط :اوپر مؤمنین اعراب کا ذکر تھا آگے تمام مؤمنین کا بتقدیم افضل کے مفضول پر ذکر ہے۔

فضیلت مہاجرین وانصار واتباع شان ☆ وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ (الی قولہ تعالیٰ) ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ۝ اور جو مہاجرین اور انصار (ایمان لانے میں سب امت سے) سابق اور مقدم ہیں اور (بقیہ امت میں) جتنے لوگ اخلاص کے ساتھ (ایمان لانے میں) ان کے پیرو ہیں اللہ ان سب سے راضی ہوا (کہ ان کا ایمان مقبول فرمایا جس پر جزا ملے گی) اور وہ سب اس (اللہ) سے راضی ہوئے (کہ طاعت اختیار کی جس کی جزاء سے یہ رضا اور زائد ہوگی) اور اللہ نے ان کے لئے ایسے باغ مہیا کر رکھے ہیں جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی جن میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے (اور) یہ بڑی کامیابی ہے ف: اَلسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ میں سب مہاجرین وانصار آ گئے اور اَلَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ میں بقیہ مؤمنین جن میں اول درجہ تو ان کا ہے جو صحابہ ہیں گو مہاجر وانصار نہیں کیونکہ اخیر میں ہجرت فرض نہ رہی تھی مسلمان ہو کر اپنے اپنے گھر رہنے کی اجازت تھی اور دوسرا درجہ تابعین بالمعنی الاصطلاحی کا ہے پھر غیر صحابہ وغیر تابعین کا پھر خود اس اخیر درجہ میں بھی تفاوت ہے کہ تبع تابعین فضل میں اوروں سے مقدم ہیں جس طرح صحابہ میں مہاجرین وانصار دوسرے صحابہ سے افضل ہیں اور اولیت کا موجب فضل ہونا معاصرین سے تو اس لئے کہ معاصرین باوجود قدرت کے متاخر رہے اور غیر معاصرین سے اس لئے کہ وہ حضرت بانی اور ہادی ہو کر مصداق من سن سنة حسنة والدال على الخير كفاعله کے ہوئے گو یہ غیر معاصرین زمانہ متقدمہ میں بوجہ موجود نہ ہونے کے ایمان پر قادر نہ تھے اور جیسا جیسا تفاوت مراتب مذکورہ میں ہوگا ویسا ہی مراتب جزاء میں ہوگا مثل رضوان وجنت سابقین کے لئے اوروں سے اعلیٰ واسنیٰ ہوگی وعلى هذا القياس۔ اور سابقون میں قید احسان کی اس لئے نہیں ذکر فرمائی کہ ان کا مہاجر اور ناصر ہونا کافی دلیل ہے وجود احسان کی۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اَلْاَعْرَابُ اَشَدُّ كُفْرًا وَّنِفَاقًا اس میں اشارہ ہے کہ صحبت صالحین سے بعید ہونے سے طریق خیر کے ساتھ مناسبت میں کمی ہو جاتی ہے اسی لئے اہل طریق صحبت کا اہتمام بلیغ کرتے ہیں ۱۲۔ قولہ تعالیٰ :وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ يَّتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ مَغْرَمًا روح میں ہے کہ جو شخص اپنے کو مالک سمجھے گا اس کو خرچ کرنا تاوان معلوم ہوگا اور جو شخص اللہ تعالیٰ کو مالک سمجھے گا اور اپنے پاس اشیاء کو عاریت سمجھے گا اس کو خرچ کرنا غنیمت معلوم ہوگا ۱۲۔

ملحقات الترجمہ: ۱ قوله فى الاعراب ان الخ اشارة الى ان اللام للعهد فلا يعم الحكم كلهم وقيل للخيس باعتبار بعض الافراد كما فى قوله كان الانسان كفورا ۱۲۔ ۲ قوله فى اجدر ایسا ہونا ہی چاہئے هو حاصل معنى الخليق ولم اترجم كفيرى بلفظه قابل ولائق لانه يوهم فى لساننا ان ترتب عدم العلم على حالتهم مما يستحسن وينبغى وهو خلاف المراد ۱۲۔ ۳ قوله فى الا يعلموا اسی وجہ سے مزاج میں الخ اشار به الى ان المعطوف معلول من البعد كالعلة للاشدية ۱۲۔ ۴ قوله فى من الاعراب الاول ان الخ اشارة الى المذكورين لا المطلق وافردهم بالذكر لزيادتهم فى صفة البخل والعداوة الذين يوجد ان فى بعض دون بعض بعد اشتراك الكل فى الكفر والنفاق والجهل فهو من قبيل التخصيص بعد التعميم وهذا من المواهب ۱۲۔ ۵ قوله فى من الاعراب الثانى اہل دیہات اشارة الى ان المراد هنا مطلق الاعراب ۱۲۔ ۶ قوله فى يؤمن پورا زاده لان اكثرهم كانوا يهود وكانوا يؤمنون بالتوحيد والمعاد ۱۲۔ ۷ قوله فى ما ينفق الثانى نیک قیده به لان مطلق الانفاق ليس بموضوع للقربات والصلوات ۱۲۔ ۸ قوله فى قربات ذریعہ اشار الى ان المضاف مقدر ۱۲۔ ۹ قوله فى انها خرچ کرنا اشار الى ان التانيث باعتبار النفقة المدلول عليها بينفق ۱۲۔ ۱۰ قوله فى قربة ضرورت نہ تھی وهذا من المواهب وفى الروح الاقتصار على بيان كونها قربة لهم لانها الغاية القصوى وصلوات الرسول عليه السلام من ذرائعها ۱۲۔ ۱۱ قوله فى من المهاجرين جو مہاجرین اشارة الى ان من بيانية فدخل فيهم جميع المهاجرين والانصار كما فى الروح فالمراد بالسابقين جميع المهاجرين والانصار ومعنى كونهم سابقين انهم اولون بالنسبة الى سائر المسلمين وكثير من الناس ذهب الى هذا ويؤيده ما فى الدر المنثور عن حميد بن زياد انه قال الاتقرأ والسابقون الاولون الآية او جب لجميع اصحاب النبى صلى الله عليه وسلم الجنة والرضوان الخ ۱۲۔ ۱۲ قوله فى

www.besturdubooks.net

السابقون ایمان لانے الخ والقرینة علیه ما مر من قوله تعالیٰ یومن بالله والیوم الآخر۱۲۔ ۱۳ قوله فی الذین اور بقیہ اشارة الی عطف الموصول علی السابقون والی شموله جمیع الامة ویؤیده ما فی الدر عن ابن زید فی قوله والذین اتبعوهم قال من بقی اهل الاسلام حتی تقوم الساعة وعن عصمته قال سألت سفیان عن التابعین قال هم الذین ادرکوا اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم ولم یدرکوا النبی صلی الله علیه وسلم وسئالته عن الذین اتبعوهم باحسان قال من یجیئ بعدهم قلت الی یوم القیامة قال ارجو ۱۲۔

اللغات: الاعراب صیغة جمع ولیست یجمع للعرب لئلا یلزم کون الجمع اخص من الواحد فان العرب هذا الجبل المعروف مطلقا والاعراب سکان البادیة منهم ولذا نسب الی الاعراب علی لفظه فقیل اعرابی اجدر یعدی بالباء فالتقدیر بان۱۲۔

البلاغة: السابقون الاولون اقول لعله تاکید او یقال السابقون علی المعاصرین والاولون من غیرهم۱۲۔

وَمِمَّنْ حَوْلَكُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ مُنٰفِقُوْنَ ۛ وَمِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ ۛ مَرَدُوْا عَلَى النِّفَاقِ ۖ لَا تَعْلَمُهُمْ ۭ نَحْنُ نَعْلَمُهُمْ ۭ سَنُعَذِّبُهُمْ مَّرَّتَيْنِ ثُمَّ يُرَدُّوْنَ اِلٰى عَذَابٍ عَظِيْمٍ ۝ وَاٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا ۭ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ ۭ اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ هُوَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَيَاْخُذُ الصَّدَقٰتِ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝ وَقُلِ اعْمَلُوْا فَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۭ وَسَتُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ وَاٰخَرُوْنَ مُرْجَوْنَ لِاَمْرِ اللّٰهِ اِمَّا يُعَذِّبُهُمْ وَاِمَّا يَتُوْبُ عَلَيْهِمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝

اور جو کچھ تمہارے گرد و پیش والوں میں اور کچھ مدینہ والوں میں ایسے منافق ہیں کہ نفاق کی حد مال پر پہنچے ہوئے ہیں (کہ) آپ (بھی) ان کو نہیں جانتے (کہ یہ منافق ہیں پس) ان کو ہم ہی جانتے ہیں۔ ہم ان کو (اور منافقین کو آخرت سے پہلے) دہری سزا دیں گے۔ (ایک نفاق کی دوسری کمال نفاق کی) پھر (آخرت) میں وہ بڑے بھاری عذاب کی طرف بھیجے جائیں گے اور کچھ لوگ ہیں جو اپنی خطا کے مقر رہو گئے۔ جنہوں نے ملے جلے عمل کئے تھے کچھ بھلے اور کچھ برے (سو) اللہ سے امید ہے کہ ان (کے حال) پر (رحمت کے ساتھ) توجہ فرمائیں گے (یعنی توبہ قبول کرلیں) بلاشبہ اللہ تعالیٰ بڑی مغفرت والے بڑی رحمت والے ہیں۔ آپ ان کے مالوں میں سے صدقہ (جس کو یہ لائے ہیں) لے لیجئے جس کے (لینے کے) ذریعہ سے آپ ان کو (گناہ کے آثار سے) پاک صاف کردیں گے اور ان کے لئے دعا کیجئے بلاشبہ آپ کی دعا ان کے لئے موجب اطمینان (قلب) ہے اور اللہ تعالیٰ (ان کے اعتراف کو) خوب سنتے ہیں (اور ان کی ندامت کو) خوب جانتے ہیں کیا ان کو خبر نہیں کہ اللہ ہی اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے اور وہی صدقات کو قبول فرماتا ہے اور (کیا ان کو) یہ خبر نہیں کہ اللہ ہی توبہ قبول کرنے (کی صفت) اور رحمت کرنے (کی صفت) میں کامل ہے اور آپ کہہ دیجئے کہ (جو چاہو) عمل کئے جاؤ (سو) ابھی دیکھے لیتا ہے تمہارے عمل کو اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول اور اہل ایمان اور ضرور تم کو ایسے کے پاس جانا ہے جو تمام چھپی اور کھلی چیزوں کا جاننے والا ہے۔ سو وہ تم کو تمہارا سب کیا ہوا بتلا دے گا اور کچھ اور لوگ ہیں جن کا معاملہ خدا کے حکم آنے تک ملتوی ہے کہ ان کو سزا دے گا یا ان کی توبہ قبول کرے گا اور اللہ تعالیٰ خوب جاننے والا ہے (اور) حکمت والا ہے۔

تفسیر ربط: اوپر آیات کثیرہ میں منافقین کے اقوال و افعال کا بیان چلا آتا ہے جس کے نفاق کا حال ان کے اقوال و افعال سے معلوم ہو گیا تھا آگے ان منافقین کا ذکر ہے جن کا منافق ہونا بھی حضور ﷺ کو معلوم نہ تھا غرض اوپر معلوم النفاق لوگوں کا ذکر تھا آگے غیر معلوم النفاق لوگوں کا ذکر ہے۔

ذکر منافقین غیر معلوم النفاق ☆ وَمِمَّنْ حَوْلَكُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ (الی قوله تعالیٰ) ثُمَّ يُرَدُّوْنَ اِلٰى عَذَابٍ عَظِيْمٍ اور کچھ تمہارے گرد و پیش والوں میں اور کچھ مدینہ والوں میں ایسے منافق ہیں کہ (اس قدر) نفاق کی حد کمال پر پہنچے ہوئے ہیں (کہ) آپ (بھی) ان کو نہیں جانتے (کہ یہ منافق ہیں بس) ان کو ہم ہی جانتے ہیں ہم ان کو (دوسرے منافقین کی نسبت آخرت سے پہلے بھی) دوہری سزا دیں گے (ایک نفاق کی دوسرے کمال نفاق کی اور) پھر (آخرت میں بھی) وہ بڑے بھاری عذاب (یعنی نار مع الخلود) کی طرف بھیجے جاویں گے۔ ف: آخرت سے پہلے دنیا میں اور قبر کہ مابین الدنیا والآخرۃ ہے

www.besturdubooks.net

دونوں داخل ہوگئیں دنیا میں اور منافقین سے دونا عذاب اس طرح ہوسکتا ہے کہ منافقین کو زیادہ پریشانی اس سے رہتی تھی کہ ہمارا نفاق نہ کھل جاوے سو ظاہر ہے کہ جن کا پتہ لگ چکا ان کی نسبت اخفا کی فکر ان کو زیادہ ہوگی جن کا اب تک پتہ نہیں لگا اور قبر میں تضعیف عذاب اور آخرت میں اوروں سے عظیم ہونے میں کوئی اشکال ہی نہیں اور ان کو اور منافقین سے بڑھا ہوا اس لئے فرمایا کہ مدار نفاق کے نفاق ہونے کا اخفاء ہے اور یہ اس میں ایسے بڑھے ہوئے ہیں کہ باوجود یکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ذکاوت وفطانت میں تمام جہان سے اکمل ہیں مگر انہوں نے آپ کو بھی پتہ نہ چلنے دیا اور لَا تَعْلَمُهُمْ کے ترجمہ میں لفظ بھی اسی مضمون کی طرف اشارہ ہے۔ ربط: تمہید رکوع یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَا لَكُمْ اِذَا قِیْلَ لَكُمُ واقع میں نصف پارہ واعلموا میں غزوۂ تبوک کے متعلق لوگوں کا کئی جماعتوں کی طرف تقسیم ہونا بیان کیا تھا جن میں اوپر اکثر آیات میں جماعت پنجم یعنی منافقین کا زیادہ ذکر ہوا ہے آگے جماعت چہارم یعنی ان مؤمنین کا ذکر ہے جو کاہلی سے پیچھے رہ گئے مگر بہانے نہیں تراشے پھر ان میں دو قسمیں ہوگئی تھیں قسم اول جنہوں نے جس وقت سنا کہ آپ تشریف لے آئے تو اپنے کو مسجد کے ستونوں سے باندھ دیا کہ اگر آپ کھولیں گے تو خیر ورنہ یوں ہی ختم ہوجاویں گے اور قسم دوم جنہوں نے نہ عذر تراشا اور نہ اپنے کو باندھا بلکہ حاضر ہوکر سچ سچ بات عرض کردی آیت اٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا الخ میں پہلوں کا بیان ہے اس کے نزول پر آپ نے ان کو کھول دیا تو وہ آپ کی خدمت میں کچھ مال لائے کہ ہماری طرف سے نیک راہ میں صرف فرمادیجئے اس پر آیت خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ الخ نازل ہوئی چنانچہ آپ نے قبول فرمالیا اور واٰخرون مرجون میں دوسروں کا بیان ہے اور ان کی توبہ قبول ہونے کا رکوع آئندہ کے ختم آیت لَقَدْ تَّابَ الخ میں بیان ہے کذا فی الدر عن ابن عباسؓ۔

ذکر مؤمنین متخلفین ☆ وَاٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ (الی قولہ تعالیٰ) وَاللّٰهُ عَلِیْمٌ حَكِیْمٌ ۝ اور کچھ اور لوگ ہیں جو اپنی خطا کے مقر ہوگئے جنہوں نے ملے جلے عمل کئے تھے کچھ بھلے (جیسے اعتراف جس کا منشا ندامت ہے اور یہی توبہ ہے اور جیسے اور غزوات جو پہلے ہوچکے ہیں غرض یہ کام تو اچھے کئے) اور کچھ برے (کئے جیسے تخلف بلا عذر سو) اللہ سے امید (یعنی ان کا وعدہ) ہے کہ ان (کے حال) پر (رحمت کے ساتھ) توجہ فرماویں (یعنی توبہ قبول کرلیں) بلاشبہ اللہ تعالیٰ بڑی مغفرت والے بڑی رحمت والے ہیں (جب اس آیت سے توبہ قبول ہوچکی اور وہ حضرات ستونوں سے کھل چکے تو اپنا مال آپ کی خدمت میں لے کر آئے اور درخواست کی کہ اس کو اللہ کی راہ میں صرف کیا جاوے تو ارشاد ہوا کہ) آپ ان کے مالوں میں سے صدقہ (جس کو یہ لائے ہیں) لے لیجئے جس کے (لینے کے) ذریعہ سے آپ ان کو (گناہ کے آثار سے) پاک صاف کردیں گے اور (جب آپ لیں تو) ان کے لئے دعا کیجئے بلاشبہ آپ کی دعا ان کے لئے موجب اطمینان (قلب) ہے اور اللہ تعالیٰ (ان کے اعتراف کو) خوب سنتے ہیں (اور ان کی ندامت کو) خوب جانتے ہیں (اس لئے ان کے اخلاص کو دیکھ کر آپ کو یہ احکام دیئے آگے ان اعمال صالحہ مذکورہ یعنی توبہ وندامت وانفاق فی الخیر کی ترغیب اور اعمال سیئہ مثل تخلف وغیرہ سے آئندہ کے لئے ترہیب ہے پس اول ترغیب ہے یعنی) کیا ان کو یہ خبر نہیں کہ اللہ ہی اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے اور وہی صدقات کو قبول فرماتا ہے اور (کیا ان کو) یہ خبر نہیں) کہ اللہ ہی اس توبہ قبول کرنے (کی صفت) میں اور رحمت کرنے (کی صفت) میں کامل ہے (اسی لئے ان کی توبہ قبول کی اور اپنی رحمت سے مال قبول کرنے کا حکم اور ان کے لئے دعا کرنے کا حکم فرمایا پس آئندہ بھی خطایا وذنوب کے صدور پر توبہ کرلیا کریں اور اگر توفیق ہو تو خیر خیرات کیا کریں) اور (ترغیب کے بعد آگے ترہیب ہے یعنی) آپ (ان سے یہ بھی) کہہ دیجئے کہ (جو چاہو) عمل کئے جاؤ سو اول تو دنیا ہی میں ابھی دیکھے لیتا ہے تمہارے عمل کو اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول اور اہل ایمان (پس برے عمل پر دنیا ہی میں ذلت اور خواری ہوجاتی ہے) اور (پھر آخرت میں) ضرور تم کو ایسے (اللہ) کے پاس جانا ہے جو تمام چھپی اور کھلی چیزوں کا جاننے والا ہے سو وہ تم کو تمہارا سب کیا ہوا بتلادے گا (پس برے عمل سے مثل تخلف وغیرہ کے آئندہ سے احتیاط رکھو یہ قسم اول کا بیان تھا آگے قسم دوم کا ذکر ہے) اور کچھ اور لوگ ہیں جن کا معاملہ خدا کے حکم آنے تک ملتوی ہے کہ (عدم اخلاص توبہ کی وجہ سے) ان کو سزا دے گا یا (اخلاص کی وجہ سے) ان کی توبہ قبول کرے گا اور اللہ تعالیٰ (خلوص وعدم خلوص کا حال) خوب جاننے والا ہے (اور) بڑا حکمت والا ہے (پس مقتضائے حکمت خلوص کی توبہ کو قبول کرنا ہے اور بغیر خلوص کے قبول نہیں کرتا اور اگر کبھی بلا توبہ معاف کرنے میں حکمت ہو تو ایسا بھی کردیتا ہے)۔ ف: یہاں چند تحقیقات ہیں اول جب توبہ سے گناہ معاف ہوگیا تو صدقہ کے آلۂ تطہیر وتزکیہ ہونے کے کیا معنی سو وجہ اس کی یہ ہے کہ توبہ سے گناہ معاف ہوجاتا ہے لیکن گاہے اس کی ظلمت وکدورت کا اثر باقی رہ جاتا ہے اور گو اس پر مواخذہ نہیں لیکن اس سے آئندہ اور گناہوں کے پیدا ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے پس صدقہ سے خصوصاً بوجہ حدیث الصدقة تطفی غضب الرب اور دیگر اعمال صالحہ سے عموماً یہ ظلمت اور کدورت مندفع ہوجاتی ہے۔ دوم جب جہاد فرض کفایہ ہے تو جو لوگ کاہلی سے نہ گئے ان کو گناہ کیوں ہوا جس کے لئے قسم اول کی طرف عمل سیئ کو منسوب فرمایا اور قسم دوم کے حق میں احتمال تعذیب کا فرمایا سو وجہ اس کی یہ ہے کہ فی نفسہ تو فرض کفایہ ہے مگر جب آپ نے سب کو چلنے کا حکم فرمادیا تو اب فرض عین ہوگیا تھا بلکہ ہر امام اسلام جب حکم عام دے دے گا تو یہی حکم ہوگا سوم صدقہ لے کر امام کو اور نیز جس کو دیا جاوے دعا دینا مستحب ہے صل علیهم کے یہ معنی ہیں مگر لفظ صلوٰۃ سے نہ ہو یعنی اس طرح نہ کہے کہ اللهم صل علی زید کیونکہ عرفاً اس سے ایہام نبوت کا لازم آتا ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے

www.besturdubooks.net

جو منقول ہے وہ باعتبار معنی لغوی کے ہے اور اس وقت یہ عرف مذکور نہ تھا چہارم تائبین کے لئے دو احتمال قبول توبہ و تعذیب کے بایں وجہ ہیں کہ توبہ کبھی شرائط کے موافق نہیں ہوتی پس اس کو آیات قبول توبہ کے ساتھ کچھ تعارض نہیں مثلاً اوپر ہی کی آیت اَلَمْ یَعْلَمُوْٓا الخ پنجم تفسیر مذکور پر یہ شبہ نہ رہا کہ بدوں توبہ کے معافی نہیں ہوتی چنانچہ عَلِیْمٌ حَکِیْمٌ کے ترجمہ میں اس کی تقریر کر دی گئی کہ گاہے یہی معافی مقتضائے حکمت ہوتی ہے۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلُ السُّلُوْکِ: قولہ تعالیٰ لَا تَعْلَمُهُمْ ؕ نَحْنُ نَعْلَمُهُمْ ؕ روح میں ہے کہ اس آیت سے اس پر استدلال کیا گیا ہے کہ امور خفیہ مثل اعمال قلب وغیرہ پر مطلع ہونے کا دعویٰ نازیبا ہے اور اس قسم کی آیتیں قوی دلیل ہیں اس شخص کے اوپر جو بحر دصفائے قلب اور تجرد نفس کے کشف اور اطلاع علی المغیبات کا دعویٰ کرنے لگتا ہے اھ اور اس آیت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے علم غیب کی صریح نفی کی گئی ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَاٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ یہ وہ لوگ تھے جن میں گناہ کا ملکہ راسخ نہ تھا اور ان میں نور استعداد باقی تھا اور اسی واسطے ان کی طبیعتیں نرم ہو گئیں اور ان کی یہ شان تھی کہ خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَیِّئًا جس کی وجہ یہ تھی کہ وہ لوگ نفس لوامہ کے مرتبہ میں تھے جس کا اتصال بالقلب اور اس کے نور سے منور ہونا اس کا ملکہ نہ ہوا تھا اور اسی لئے کبھی اس کا منقاد ہو کر اعمال صالحہ کرنے لگتا تھا اور کبھی اس سے بھاگنے لگتا تھا اور وہ اسی بین بین حالت میں رہتا ہے جب تک کہ اس کا اتصال بالقلب قوی ہو کر اس کا ملکہ نہ ہو جاوے اور جب ایسا ہو جاوے تو پھر مخالفات سے نجات پا لیتا ہے اور شاید یہ ارشاد کہ عَسَی اللّٰهُ اَنْ یَّتُوْبَ عَلَیْهِمْ ؕ اسی طرف اشارہ ہو کہ کبھی اس کے اتصال بالقلب کے جانب کو دوسرے اسباب سے بھی ترجیح ہو جاتی ہے جیسا اس قول میں اشارہ خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ بِهَا کیونکہ مال ہی تمام شہوات کا مادہ ہے پس حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ان سے اموال لینے کا حکم کیا گیا تا کہ ان کو اول مرحلہ تجرد ہو جس سے نفس کے قویٰ منکسر ہوں اور اس کی خواہشیں اور صفات ضعیف ہوں اور صَلِّ عَلَیْهِمْ ؕ میں امداد ہمت اور اضافہ انوار صحبت کا امر ہے اور اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ ؕ میں اس کا بیان ہے کہ یہ ہمت اور افاضہ ان پر نزول سکینہ کا سبب ہے اور سکینہ کی تفسیر یہ کی گئی ہے کہ وہ ایک نور ہے جو قلب میں مستقر ہوتا ہے اور توجہ الی الحق پر اس سے ثبات ہوتا ہے اور بے استقلالی سے اس کے سبب نجات ہوتی ہے یہ سب مضمون روح المعانی میں ہے اور ان آیات میں یہ امور بھی ہیں۔ اعتراف بالذنب کی فضیلت۔ معترف کا قبول عذر۔ اعمال مثلاً صدقہ وغیرہ کی برکات۔ شیخ کی برکات۔ چنانچہ تزکیہ کو بواسطہ صدقہ کے آپ کی طرف منسوب کیا گیا۔ شیخ کو یہ ارشاد کہ مرید کو تسلی دیا کرے اس قول میں اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ ؕ ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: وَقُلِ اعْمَلُوْا فَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ میں اشارہ ہے اس قول کی طرف جو حد توبہ میں علماء نے فرمایا ہے کہ تائب پر سیماءِ صالحین ظاہر ہونے لگے کیونکہ مؤمنین کی رویت اسی سے متعلق ہو سکتی ہے۔ قولہ تعالیٰ وَاٰخَرُوْنَ مُرْجَوْنَ لِاَمْرِ اللّٰهِ اس میں اس کی اصل ہے کہ بعض اوقات مرید کے معاملہ کو خوف و رجاء کے درمیان معلق چھوڑ دیا جاتا ہے اس کے عذر کو نہ صریحاً قبول کیا جاتا ہے کہ اس میں نصیحت کا اثر ضعیف ہو جاتا ہے اور نہ صریحاً رد کیا جاتا ہے کہ اس سے اول تو حش ہوتا ہے پھر مایوسی پھر بُعد اور یہ سب اس کے لئے مضر ہیں اور اس کے معلق رکھنے میں اس کی بہت سے مصلحتیں ہیں ۱۲۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃِ: ۱ قوله فی وممن کچھ الی قولہ ایسے اشارة الی الترکیب من ان من اهل المدینة معطوف علی ممن حولکم ومردوا صفة لمنافقون کذا فی الخازن والبیضاوی ۱۲۔ ۲ قوله فی مردوا حدکمال نقل فی الروح عن القاموس هو العتو او هو ان یبلغ الغایة التی یخرج بها من جملة ما علیه ذلك الصنف ۱۲۔ ۳ قوله فی لا تعلمهم کہ الی قولہ یہ منافق ہیں اشار الی امرین الاول ان قوله لا تعلمهم بیان لتمردهم والثانی ان معنی لا تعلمهم نفی العلم بصفة النفاق لا بالاعیان ۱۲۔ ۴ قوله فی نحن نعلمهم بس ہم ہی اشار به الی فائدة زیادة قوله نعلمهم علی ما فی الروح من التقریر لما سبق من مهارتهم فی النفاق ای لا یقف علی سرائرهم الا من لا تخفی علیه خافیة ۱۲۔ ۵ قوله فی مرتین ایک نفاق الخ کذا فی الروح ۱۲۔ ۶ قوله فی اخرون کچھ اور لوگ ہیں اشارة الی الترکیب من ان آخرون صفة لقوم مقدر مبتدأ لصلوح النکرة الموصوفة له والخبر اعترفوا وقوله خلطوا حال ۱۲۔ ۷ قوله فی تطهرهم پاک وصاف اشارة الی عطف تزکیهم علی تطهرهم وتقیید المعطوف علیه بما قید به المعطوف والجمع بینهما عندی للتاکید ۱۲۔

اَلْبَلَاغَۃُ: عن عباده فی الروح تعدیة القبول بعن لتضمنه معنی التجاوز والعفو وقیل بمعنی من قوله خلطوا الاصل فی الخلط التعدیة بالباء لکن بحیث یکون المفعول بلا واسطة مغلوبا والمفعول بواسطة غالبا فیقال خلط الماء باللبن ولا یقال خلط اللبن بالماء ولما کان حکم التائب والمسئی من قبول التوبة والعفو عنه عاما لکل من غلبت حسناته سیئاته او بالعکس لم یعد بالباء لفظا فالتقدیر خلطوا عملا صالحا بسئی و سیئا بصالح فافهم ۱۲

وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مَسْجِدًا ضِرَارًا وَّكُفْرًا وَّتَفْرِيْقًۢا بَيْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَاِرْصَادًا لِّمَنْ حَارَبَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ مِنْ

www.besturdubooks.net

قَبْلُ ؕ وَلَيَحْلِفُنَّ اِنْ اَرَدْنَاۤ اِلَّا الْحُسْنٰى ؕ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۱۰۷﴾ لَا تَقُمْ فِيْهِ اَبَدًا ؕ لَمَسْجِدٌ اُسِّسَ
عَلَى التَّقْوٰى مِنْ اَوَّلِ يَوْمٍ اَحَقُّ اَنْ تَقُوْمَ فِيْهِ ؕ فِيْهِ رِجَالٌ يُّحِبُّوْنَ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ ﴿۱۰۸﴾
اَفَمَنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى تَقْوٰى مِنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٍ خَيْرٌ اَمْ مَّنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى شَفَا جُرُفٍ هَارٍ فَانْهَارَ
بِهٖ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۰۹﴾ لَا يَزَالُ بُنْيَانُهُمُ الَّذِيْ بَنَوْا رِيْبَةً فِيْ قُلُوْبِهِمْ اِلَّاۤ
اَنْ تَقَطَّعَ قُلُوْبُهُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۱۱۰﴾ ع ۱۳

اور بعضے ایسے ہیں جنہوں نے ان اغراض کے لئے مسجد بنوائی ہے کہ (اسلام کو) ضرر پہنچائیں اور (اس میں بیٹھ بیٹھ کر) کفر کی باتیں کریں اور ایمانداروں میں تفریق ڈالیں اور اس شخص کے قیام کا سامان کریں جو اس کے قبل سے خدا اور رسول کا مخالف ہے اور قسمیں کھا جائیں گے کہ بجز بھلائی کے ہماری کچھ نیت نہیں اور اللہ گواہ ہے کہ وہ بالکل جھوٹے ہیں۔ آپ اس میں کبھی (نماز کے لئے) کھڑے نہ ہوں۔ البتہ جس مسجد کی بنیاد اول دن سے تقویٰ پر رکھی گئی ہے (مراد مسجد قبا) وہ (واقعی) اس لائق ہے کہ آپ اس میں (نماز کے لئے) کھڑے ہوں۔ اس میں ایسے آدمی ہیں کہ وہ خوب پاک ہونے کو پسند کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ خوب پاک ہونے والوں کو پسند کرتا ہے پھر آیا ایسا شخص بہتر ہے جس نے اپنی عمارت (یعنی مسجد) کی بنیاد خدا سے ڈرنے پر اور خدا کی خوشنودی پر رکھی ہو یا وہ شخص جس نے اپنی عمارت کی بنیاد کسی کھائی (یعنی غار) کے کنارہ پر جو گرنے ہی کو ہو رکھی ہو۔ پھر وہ (عمارت) اس (بانی) کو لے کر آتش دوزخ میں گر پڑے اور اللہ تعالیٰ ایسے ظالموں کو (دین) سمجھ ہی نہیں دیتا ان کی یہ عمارت جو انہوں نے بنائی ہے ہمیشہ ان کے دلوں میں (کانٹا سا) کھٹکتی رہے گی۔ ہاں مگر ان کے (وہ) دل ہی اگر فنا ہو جائیں تو خیر اور اللہ تعالیٰ بڑے علم والے بڑی حکمت والے ہیں۔ ۞

تفسیر: اوپر بار بار منافقین کا ذکر ہوا ہے آگے ان کے ایک مسجد بنانے کا اور اس کے متعلقات کا بیان ہے جس کا ملخص قصہ یہ ہے کہ شہر مدینہ کے قریب ایک محلہ قبا اس کا نام ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب ہجرت کر کے مدینہ تشریف لائے ہیں تو اول اسی محلہ میں قیام فرمایا پھر شہر میں تشریف لے آئے تھے تو زمانہ قیام میں جس جگہ آپ نماز پڑھتے تھے وہاں اس محلہ کے مؤمنین مخلصین نے ایک مسجد بنالی اور اس میں نماز پڑھا کرتے منافقین ایک شخص ابو عامر راہب سے جو کہ اسلام کا سخت دشمن تھا میل رکھتے تھے باہم یہ صلاح ٹھہری کہ ایک مکان مسجد کے نام سے جداگانہ بنایا جاوے اس میں سب جمع ہو کر اسلام کی ضرر رسانی کے مشورے کیا کریں اور اس سارے مجمع کا سرگروہ ابو عامر رہے وہ جب مدینہ آیا کرے تو اسی مکان میں ٹھہرا کرے اور ابو عامر نے کہا کہ میں ہرقل شاہ روم سے مل کر اسلام کے مقابلہ کے لئے لشکر لاؤں گا اور اسلام سب نیست و نابود ہو جاوے گا غرض مسجد کی شکل پر وہ مکان تیار ہوا تو آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر درخواست کی کہ آپ وہاں چل کر نماز پڑھ لیجئے تو پھر وہاں جماعت ہونے لگے آپ نے جداگانہ مسجد بنانے کی وجہ پوچھی کہنے لگے کہ ہماری نیت بالکل نیک ہے محض عام مسلمانوں کو آسائش کی غرض سے بنالی ہے کہ وسعت بسہولت ہو گرمی سردی میں سایہ کی ضرورت ہوتی ہے ایک مسجد میں سب سما نہیں سکتے اس سے گنجائش ہو گی کوئی بیمار ضعیف دور نہ جا سکے تو پاس کے پاس اس میں نماز پڑھ لے آپ نے بنا بر حسن ظن تصدیق فرما کر وعدہ کر لیا کہ تبوک سے واپس آ کر اس میں نماز پڑھوں گا اللہ تعالیٰ نے ان آیات میں آپ کو حقیقتِ حال کی اطلاع کر دی اور وہاں نماز پڑھنے کی غرض سے جانے سے منع فرما دیا چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بوجہ اس کے کہ وہ مسجد کی نیت سے نہیں بنائی گئی تھی اور اوپر سے مفاسد کثیرہ اس سے ناشی ہوتے تھے صحابہ کو بھیج کر اس کو آگ لگوا دی اور منہدم کرا دیا اس سے مسجد کا لقب مسجد ضرار مشہور ہے بوجہ اس کے کہ سبب ضرر کا تھا ہکذا ذکر فی الدر المنثور وغیرہ ان آیات میں اس مسجد کا اور مقابلہ میں مسجد مؤمنین کا جو مسجد قباء کے لقب سے مشہور ہے بیان ہے۔

ذکر مسجد ضرار ☆ وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مَسْجِدًا (الی قولہ تعالیٰ) وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۱۰۷﴾ اور بعضے ایسے ہیں جنہوں نے ان اغراض کے لئے مسجد بنائی ہے کہ (اسلام کو) ضرر پہنچاویں اور (اس میں بیٹھ بیٹھ کر) کفر (یعنی عداوتِ رسول) کی باتیں کریں اور (اس کی وجہ سے) ایمانداروں (کے مجمع) میں تفریق ڈالیں (کیونکہ جب دوسری مسجد بنتی ہے اور ظاہر کیا جاوے کہ خوش نیتی سے بنی ہے تو ضرور ہے کہ پہلی مسجد کا مجمع کچھ نہ کچھ منتشر ہو ہی جاتا ہے) اور (یہ بھی غرض ہے کہ) اس شخص کے قیام کا سامان کریں جو اس (مسجد بنانے) کے قبل سے خدا اور رسول کا مخالف ہے (مراد ابو عامر راہب ہے) اور (پوچھو تو) قسمیں کھا جاویں گے (جیسا کہ ایک دفعہ پہلے بھی پوچھنے پر کھا چکے ہیں) کہ بجز بھلائی کے اور ہماری کچھ نیت نہیں (بھلائی سے مراد آسائش اور گنجائش) اور اللہ گواہ ہے کہ وہ (اس دعوے میں) بالکل جھوٹے ہیں (جب اس مسجد کی یہ حالت ہے کہ وہ واقع میں مسجد ہی نہیں بلکہ مضر اسلام ہے تو) آپ اس میں کبھی (نماز کے لئے) کھڑے نہ

www.besturdubooks.net

ہوں البتہ جس مسجد کی بنیاد اول دن سے (یعنی روزِ تجویز سے) تقویٰ (اور اخلاص) پر رکھی گئی ہے (مراد مسجد قبا ہے) وہ (واقعی) اس لائق ہے کہ آپ اس میں (نماز کے لئے) کھڑے ہوں (چنانچہ گاہ گاہ آپ وہاں تشریف لے جاتے اور نماز پڑھتے) اس (مسجد قبا) میں ایسے (اچھے آدمی ہیں کہ وہ خوب پاک ہونے کو پسند کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ خوب پاک ہونے والوں کو پسند کرتا ہے (جب دونوں مسجدوں کے بانیوں کا حال معلوم ہو گیا تو) پھر (سمجھ لو) آیا ایسا شخص بہتر ہے جس نے اپنی عمارت (یعنی مسجد) کی بنیاد خدا سے ڈرنے پر اور خدا کی خوشنودی پر رکھی ہو یا وہ شخص (بہتر ہوگا) جس نے اپنی عمارت (یعنی مسجد) کی بنیاد کسی کھائی (یعنی غار) کے کنارہ پر جو کہ گرنے ہی کو (ہو) رکھی ہو (مراد اس سے اغراض باطلہ کفریہ ہیں ناپائیداری میں اس کے ساتھ تشبیہ دی گئی) پھر وہ (عمارت) اس (بانی) کو لے کر آتش دوزخ میں گر پڑے (یعنی وہ عمارت تو گری بوجہ اس کے کہ کنارہ پر ہے جب وہ کنارہ پانی سے کٹ کر گرے گا وہ عمارت بھی گرے گی اور بانی گرا اس لئے کہ اس عمارت میں رہتا تھا اور چونکہ مراد اس سے اغراض کفریہ ہیں جو موصل الی النار ہیں اس لئے یہ فرمایا کہ وہ اس کو لے کر جہنم میں جا گری) اور اللہ تعالیٰ ایسے ظالموں کو (دین کی) سمجھ ہی نہیں دیتا (کہ بنائی تو مسجد کے نام سے جو کہ دین کے شعائر میں سے ہے اور غرضیں اس میں کیسی کیسی فاسد کر لیں) ان کی یہ عمارت (یعنی مسجد) جو انہوں نے بنائی ہے ہمیشہ ان کے دلوں میں (کانٹا سا) کھٹکتی رہے گی (کیونکہ جس غرض سے بنائی تھی وہ پوری نہ ہوئی اور قلعی کھل گئی سو الگ اور پھر اوپر سے منہدم کر دی گئی غرض کوئی ارمان نہ نکلا اس لئے ساری عمر اس کا افسوس اور ارمان باقی رہے گا) ہاں مگر ان کے (وہ) دل ہی (جن میں وہ ارمان ہے۔) اگر فنا ہو جاویں تو خیر (وہ ارمان بھی اس وقت ختم ہو جاوے) اور اللہ تعالیٰ بڑے علم والے بڑی حکمت والے ہیں (ان کی حالت کو جانتے ہیں اور اسی کے مناسب سزا دیں گے) **ف**: اِلَّآ اَنْ تَقَطَّعَ قُلُوْبُهُمْ کا یہ مطلب نہیں کہ بعد فنا و موت کے راحت ہو جاوے گی بلکہ یہ محاورات میں کنایہ ہے دوام حسرت سے اور یہ بھی کہنا ممکن ہے کہ حقیقۃً دوام حسرت کو مفید ہو کیونکہ موت سے محل ادراک یعنی قلب حقیقی کو موت نہیں آتی پس تُقَطَّعَ کبھی متحقق ہی نہ ہوگا اس لئے حسرت بھی کبھی منقطع نہ ہوگی۔ یہاں ایک علمی شبہ ہے وہ یہ کہ حدیثوں میں مصرح ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو آپ نے اہل مسجد قباء سے پوچھا تم کیا تطہر کرتے ہو کہ تمہاری ثنا کی گئی انہوں نے کہا کہ ہم استنجا ڈھیلے سے کر کے پانی بھی لیتے ہیں آپ نے فرمایا یہ ہی بات ہے اس سے اور نیز سیاق آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ مَسْجِدٌ اُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى سے مراد مسجد قباء ہے پھر اس حدیث کے کیا معنی کہ دو صحابیوں کی اس میں گفتگو ہوئی اور آپ نے ارشاد فرمایا کہ اس سے مراد یہ میری مسجد یعنی مسجد نبوی ہے جواب یہ ہے کہ مدلول بعبارۃ النص تو مسجد قباء ہی ہے مگر مدلول بدلالۃ النص مسجد نبوی بھی ہے اور مقصود اس جواب سے رد کرنا ہے دعوئ اختصاص بمسجد قباء کو رہا یہ کہ سیاق اس سے آبی ہے جواب یہ ہے کہ مدلول بعبارۃ النص تو مسجد قباء ہی ہے مگر مدلول بدلالۃ النص مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم بھی ہے کیونکہ جب صحابہؓ کے بانی ہونے سے وہ ان اوصاف کی مصداق بن گئی تو جس مسجد کے حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم بانی ہوں گے وہ ظاہر ہے کہ بدرجۂ اولیٰ اس کی مصداق ہوگی اور نفی کرنا مسجد قباء کی آپ کا مقصود نہیں خوب سمجھ لو واللہ اعلم۔

مَبْنِيَّنَهُ : اس قصہ سے جو بعض علماء نے مستنبط کیا ہے کہ جو مسجد تفاخر و ریا کے لئے بنائی جاوے وہ مسجد نہیں مجھ کو اس میں کلام ہے کیونکہ مقیس علیہ میں تو درحقیقت مسجد بنانے ہی کی نیت نہ تھی کیونکہ ان کے اعتقاد میں مسجد بنانا موجب تقرب نہ تھا بخلاف مقیس کے کہ وہ مسجد بنانے کو موجب تقرب سمجھتا ہے گو اس میں نیت فاسد ہو تو فسادِ نیت کو فساد عقیدہ پر قیاس کرنا قیاس مع الفارق ہے اور مجتہد مذہب سے یہ جزئی کہیں منقول نہیں دیکھی گئی اس لئے احکام ظاہری میں وہ مسجد ہے گو عند اللہ مقبول نہ ہو مسجدیت اور مقبولیت میں تلازم نہیں نہ ایک جانب نہ دونوں جانب سے واللہ اعلم۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلِ السُّلُوْكِ: قولہ تعالیٰ: وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مَسْجِدًا ضِرَارًا اس سے اس شخص کے فعل کی شناعت مفہوم ہوتی ہے جو دین کو اپنی غرضِ فاسد کا آلہ بناوے قولہ تعالیٰ: لَا تَقُمْ فِيْهِ اَبَدًا ؕ کیونکہ آپ کا وہاں پر نماز پڑھ لینا اس کی ترویج و تقویت کا سبب ہو جاوے گا اور اس میں دلیل ہے کہ امر مکروہ شرعی کے لئے سبب بننے سے بھی تحرز ضروری ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: لَمَسْجِدٌ اُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى مِنْ اَوَّلِ يَوْمٍ اَحَقُّ اَنْ تَقُوْمَ فِيْهِ ؕ وجہ اس کی یہ ہے کہ اس سے نفس میں صفائے وقت و طیب حال و ذوق و جدان کا اثر پیدا ہوتا ہے بخلاف اس کے جو خلاف تقویٰ پر مبنی ہو کہ اس میں کدورت اور تفرقہ اور قبض کا اثر نفس میں پیدا ہوتا ہے اور فِيْهِ رِجَالٌ يُّحِبُّوْنَ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا ؕ میں اشارہ ہے کہ صالحین کی صحبت کو بھی اثر عظیم ہے (کہ اس مسجد میں قیام کی ترجیح کی علت کے موقع میں اس کو بھی فرمایا) اور اس مجموعہ سے یہ امر حاصل ہوا کہ حصول جمعیت میں مکان اور اخوان اور اہل طریق سے منقول ہے کہ اس کے ساتھ زمان کی بھی رعایت کو دخل ہے۔ کذا فی الروح ملخصًا۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃ : ۱ قوله فی والذین بعضے اشارة الی تقدیر ومنهم ۱۲۔ ۲ قوله فی ضرارا اغراض اشارة الی ان المنصوبات مفعول له ۱۲۔ ۳ قوله فی ارصادا سامان لما فی القاموس ارصدت له اعددت له وکافأته بالخیر او بالشر ۱۲۔ ۴ قوله فی اول یوم تجویز ای من اول یوم بناء ہ لان بناء ہ کان علی غیر تقوی ثم تابوا واخلصوا و قیل من اول یوم الهجرة ۱۲۔ ۵ قوله فی تقوی اوراخلاص اشار بالعطف الی

www.besturdubooks.net

التفسیر بکون المراد بالتقوی بعض شعبه۱۲۔ ۶ قوله فی احق اس لائق فاحق بمعنی حقیق۱۲۔ ۷ قوله فی تقوی ورضوان خدا کی خوشنودی مبنی علی تقیید المعطوف بما قید به المعطوف علیه ومن الله صفة لتقوی والمعنی تقوی الله کما فی الخازن۱۲۔

اَللُّغَاتُ: لبنیان مصدر بمعنی المبنی شفا جرف وطرف وجرف البیر التی لم تطو و قبل هو الهوة وما یجرفه السیل هار ساقط نعت لجرف اصله ها ورا وهائر فهو مقلوب کذا فی الروح۱۲۔

اَلْبَلَاغَةُ: قوله الذی بنوا فی الروح وصف بنیانهم بها وصف للایذان بکیفیة بنائهم له وتاسیسه علی ما علیه تاسیسه مما علمت وللاشعار بعلة الحکم قوله لا تقم ای لا تصل۱۲۔

إِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ ؕ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيَقْتُلُوْنَ وَيُقْتَلُوْنَ ۟ وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا فِي التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالْقُرْاٰنِ ؕ وَمَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ مِنَ اللّٰهِ فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَيْعِكُمُ الَّذِيْ بَايَعْتُمْ بِهٖ ؕ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ اَلتَّآئِبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ الْحٰمِدُوْنَ السَّآئِحُوْنَ الرّٰكِعُوْنَ السّٰجِدُوْنَ الْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَالْحٰفِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ ؕ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ وَلَوْ كَانُوْٓا اُولِيْ قُرْبٰى مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ۝ وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ اِلَّا عَنْ مَّوْعِدَةٍ وَّعَدَهَآ اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗٓ اَنَّهٗ عَدُوٌّ لِّلّٰهِ تَبَرَّاَ مِنْهُ ؕ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَاَوَّاهٌ حَلِيْمٌ ۝

بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں سے ان کی جانوں کو اس بات کے عوض میں خرید لیا ہے کہ ان کو جنت ملے گی۔ وہ لوگ اللہ کی راہ میں لڑتے ہیں۔ جس میں قتل کرتے اور قتل کئے جاتے ہیں اس پر سچا وعدہ کیا گیا ہے تورات میں (بھی) اور انجیل میں (بھی) اور قرآن میں (بھی) اور (یہ مسلم ہے) اللہ سے زیادہ اپنے عہد کو کون پورا کرنے والا ہے تو تم لوگ اپنی اس بیع پر جس کا تم نے (اللہ تعالیٰ سے) معاملہ ٹھہرایا ہے خوشی مناؤ اور یہ بڑی کامیابی ہے وہ ایسے ہیں جو (کناہوں سے) توبہ کرنے والے ہیں (اور اللہ) کی عبادت کرنے والے اور حمد کرنے والے روزہ رکھنے والے رکوع کرنے والے (اور) سجدہ کرنے والے نیک باتوں کی تعلیم کرنے والے اور بری باتوں سے باز رکھنے والے اور اللہ کی حدوں کا (یعنی احکام کا) خیال رکھنے والے (ہیں) اور ایسے مؤمنین کو (جن میں) جہاد اور یہ صفات ہیں خوشخبری سنا دیجئے پیغمبر کو اور دوسرے مسلمانوں کو جائز نہیں کہ مشرکین کے لئے مغفرت کی دعائیں مانگیں اگرچہ وہ رشتہ دار ہی کیوں نہ ہوں۔ اس امر کے ظاہر ہو جانے کے بعد کہ یہ لوگ دوزخی ہیں اور ابراہیم علیہ السلام کا اپنے باپ کیلئے دعائے مغفرت مانگنا وہ بھی صرف وعدہ کے سبب تھا۔ جو انہوں نے اس سے وعدہ کر لیا تھا۔ پھر جب ان پر بات ظاہر ہو گئی کہ وہ خدا کا دشمن ہے (یعنی کافر ہو کر مرا) تو وہ اس سے محض بے تعلق ہو گئے۔ واقعی ابراہیم بڑے رحیم المزاج حلیم الطبع تھے۔ ۞

تَفْسِيْرُ الْخَطِّ: اوپر متخلفین عن الجہاد کی مذمت تھی آگے مجاہدین کی فضیلت پھر ان میں سے خاص کاملین کی جن میں دوسرے اوصاف ایمانیہ بھی ہوں منقبت مذکور ہے۔

فضل مجاہدین عموماً و کاملین خصوصاً ☆ اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ (الی قوله تعالیٰ) وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں سے ان کی جانوں کو اور ان کے مالوں کو اس بات کی عوض میں خرید لیا ہے کہ ان کو جنت ملے گی (اور خدا کے ہاتھ مال و جان کے بیچنے کا مطلب یہ ہے کہ) وہ لوگ اللہ کی راہ میں (یعنی جہاد میں) لڑتے ہیں جس میں (کبھی) قتل کرتے ہیں اور (کبھی) قتل کئے جاتے ہیں (یعنی وہ بیع جہاد کرنا ہے خواہ اس میں قاتل ہونے کی نوبت آئے یا مقتول ہونے کی) اس (قتال) پر (ان سے جنت کا) سچا وعدہ کیا گیا ہے توریت میں (بھی) اور انجیل میں (بھی) اور قرآن میں (بھی) اور یہ مسلم ہے کہ) اللہ سے زیادہ اپنے عہد کو کون پورا کرنے والا ہے (اور اس نے اس بیع پر وعدہ جنت کا کیا ہے) تو (اس حالت میں) تم لوگ (جو کہ جہاد کر رہے ہو) اپنی اس بیع (مذکور) پر جس کا تم نے (اللہ تعالیٰ سے) معاملہ ٹھہرایا ہے خوشی مناؤ (کیونکہ اس بیع پر تم کو حسب وعدۂ مذکور جنت ملے گی) اور یہ (جنت ملنا) بڑی کامیابی ہے (تو ضرور تم کو یہ سودا کرنا چاہئے) وہ (مجاہدین ایسے ہیں جو علاوہ جہاد کے ان اوصاف کمال کے ساتھ بھی موصوف ہیں کہ گناہوں سے) توبہ

www.besturdubooks.net

کرنے والے ہیں (اور اللہ کی) عبادت کرنے والے ہیں (اور اللہ کی) حمد کرنے والے (ہیں اور) روزہ رکھنے والے (ہیں اور) رکوع اور سجدہ کرنے والے (ہیں یعنی نماز پڑھتے ہیں اور) نیک باتوں کی تعلیم کرنے والے (ہیں) اور بری باتوں سے باز رکھنے والے (ہیں) اور اللہ کی حدوں کا (یعنی احکام کا) خیال رکھنے والے (ہیں) اور ایسے مؤمنین کو (جن میں جہاد اور یہ صفات ہوں) آپ خوشخبری سنا دیجئے (کہ ان سے جنت کا وعدہ مذکورہ ہے)۔ **ف**: ان صفات کی قید لگانے کا یہ مطلب نہیں کہ بدوں ان صفات کے جہاد کا ثواب نہیں ملتا کیونکہ نصوص کثیرہ میں صرف جہاد پر بشارات وارد ہیں البتہ ایمان شرط ضروری ہے بلکہ مطلب یہ ہے کہ ان سب کے اجتماع پر ثواب اور فضیلت میں اور کثرت اور قوت ہو جاتی ہے تاکہ نرے جہاد پر نہ بیٹھ جاویں بلکہ ان عبادات کو بھی ہمیشہ بجالاویں اور چونکہ جہاد میں اکثر مال بھی خرچ ہوتا ہے اور جان کا خرچ کرنا زیادہ اہم ہے اس لئے شروع آیت میں تو انفس واموال دونوں کا ذکر فرمایا اور اس کی تفصیل میں صرف بذل انفس یعنی قتال پر اکتفاء فرمایا اور بذل نفس سے مراد یہی قتال ہے کہ اس میں جان سے کام لیا جاتا ہے یہ ضرور نہیں کہ جان کام آوے یعنی مقتول ہو جاوے اس سے یہ شبہ بھی جاتا رہا کہ جان تو بعد مرنے کے بھی باقی رہتی ہے پھر اس کے بذل کے کیا معنی۔ اور مشہور ہے کہ انجیل میں جہاد کا حکم نہیں ہے پھر انجیل میں اس وعدہ کے ہونے کے کیا معنی سو یا تو اس میں امت کا ذکر ہوگا کہ ان کے لئے قتال مشروع ہوگا اور ان سے یہ وعدہ ہوگا اور یا مطلق بذل مال ونفس کی اس میں فضیلت ہوگی جس کے عموم میں جہاد بھی داخل ہے اور اگر اب یہ مضامین اس میں نہ ہوں تو شبہ نہ کیا جاوے کیونکہ اصلی کتب سابقہ مفقود ہیں۔ (ربط: زیادہ تر حصہ سورت کا تبری عن الکفار میں ہے چنانچہ آغاز کیا گیا بَرَآءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ الخ سے اور جہاد کا حکم ہوا یہ سب معاملات متعلق حیات کے تھے آگے اس تبری کی تاکید کے لئے کفار کے واسطے استغفار کرنے سے نہی ہے جو کہ متعلق مابعد الموت کے ہے کہ اس میں بالکل ہی قطع ہے تعلقات غیر ضروریہ کا جیسا کہ اوپر منافقین کے جنازہ پر نماز کی ممانعت تھی اور وجہ اس نہی کی یہ ہوئی کہ ابو طالب کی وفات کے بعد آپ نے فرمایا کہ جب تک مجھ کو ممانعت نہ ہوگی ان کے لئے استغفار کروں گا اس پر اور مسلمانوں نے بھی اپنے مشرک اموات کے لئے استغفار شروع کیا تو آیت مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ الخ میں اس کی ممانعت آئی بعض کو شبہ ہوا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بھی تو اپنے باپ کے لئے استغفار فرمایا تھا اس پر آیت وَ مَا كَانَ اسْتِغْفَارُ اِبْرٰهِيْمَ الخ میں اس کا جواب نازل ہوا **اخرجه ابو الشيخ وابن عساكر من طريق بسفيان بن عيينة عن عمرو بن دينار هكذا في الروح و اخرج سبب نزول الأية الاولى الشيخان۔**

نہی از استغفار برائے مشرکین مع جواب شبہ متعلقہ آں ☆ مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَاَوَّاهٌ حَلِيْمٌ ۝ پیغمبر (ﷺ) کو اور دوسرے مسلمانوں کو جائز نہیں کہ مشرکین کے لئے مغفرت کی دعا مانگیں اگرچہ وہ رشتہ دار ہی (کیوں نہ) ہوں اس امر کے ظاہر ہو جانے کے بعد کہ یہ لوگ دوزخی ہیں (اس وجہ سے کہ کافر ہو کر مرے ہیں) اور (اگر حضرت ابراہیم علیہ السلام کے قصہ سے شبہ ہو کہ انہوں نے اپنے باپ کے لئے دعائے مغفرت کی تھی تو اس کا جواب یہ ہے کہ) ابراہیم (علیہ السلام) کا اپنے باپ کے لئے دعائے مغفرت مانگنا وہ اس کے قبل تھا کہ اس کا دوزخی ہونا ظاہر ہو جاوے اور) وہ (بھی) صرف وعدہ کے سبب سے تھا جو انہوں نے اس سے وعدہ کر لیا تھا (اس قول میں سَاَسْتَغْفِرُ لَكَ رَبِّيْ غرض جواز تو اس لئے تھا کہ اس کا دوزخی ہونا ظاہر نہ ہوا تھا اور وقوع کو اس سے ترجیح ہو گئی تھی کہ وعدہ کر لیا تھا ورنہ باوجود جواز کے بھی وقوع نہ ہوتا) پھر جب ان پر یہ بات ظاہر ہو گئی کہ وہ خدا کا دشمن (یعنی کافر ہو کر مرا) ہے تو وہ اس سے محض بے تعلق ہو گئے (کہ استغفار بھی چھوڑ دیا کیونکہ اس وقت دعائے مغفرت کرنا بے معنی ہے کیونکہ کافر میں احتمال مغفرت کا ہے ہی نہیں بخلاف حالت حیات کے کہ دعائے مغفرت کے معنی اس وقت طلب توفیق ہدایت ہو سکتے ہیں کہ توفیق ہدایت کے لئے مغفرت لازم ہے اور رہا یہ کہ وعدہ کیوں کر لیا تھا وجہ اس کی یہ ہے کہ) واقعی ابراہیم (علیہ السلام) بڑے رحیم المزاج حلیم الطبع تھے (کہ باوجودیکہ باپ نے ان کو کیسی کیسی سخت باتیں کہیں مگر حلم سے کام لیا اور مزید براں یہ کہ شفقت کے جوش سے وعدہ کر لیا اور احتمال نفع تک اس وعدہ کو پورا فرمایا جب یاس ہو گیا ہار کر چھوڑ دیا بخلاف تمہارے استغفار کے کہ مشرکین کے مرنے کے بعد ہو رہا ہے جن کا حالت شرک پر مرنا ظاہر مشاہد سے معلوم ہے اور احکام شرعیہ میں ایسا ظاہر کافی ہے پھر قیاس کب صحیح ہے اور اس قیاس پر شبہ کب مبنی ہو سکتا ہے)۔ **ف**: اس سے معلوم ہوا کہ قرآن میں جو ابراہیم علیہ السلام کی دعا آئی ہے وَاغْفِرْ لِاَبِيْٓ اس کے معنی یہ ہیں **واهد ابی** اور اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الضَّآلِّيْنَ۔ اس کے بہت ہی مناسب ہے اور ایک آیت میں والدین کے لئے مغفرت کی دعا میں **يوم يقوم الحساب**۔ فرمایا ہے وہاں یہ مطلب ہے **اهدهما ليغفر لهما يوم قيام الحساب** اور حدیث بخاری میں جو آیا ہے کہ ابراہیم علیہ السلام قیامت میں عرض کریں گے **انك وعدتني انك ان لا تخزيني يوم يبعثون فاى خزى اخزى من ابى الا بعد** اور پھر اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہوگا: **انى حرمت الجنة على الكافرين** اور پھر ارشاد ہوگا: **ما تحت رجليك** اور ان کو وہ بشکل گفتار نظر آوے گا پھر دوزخ میں پھینک دیا جاوے گا سو اس حدیث کا یہ مطلب نہیں کہ آپ اس وقت اس کی مغفرت چاہیں گے بلکہ مطلب یہ ہوگا کہ آپ نے مجھ سے وعدہ کیا تھا کہ تم کو قیامت کی رسوائی سے بچاؤں گا اور اس میں بھی ایک گونہ رسوائی ہے کہ میرا باپ

www.besturdubooks.net

اس حالت میں ہو تو اس سے مجھ کو بچایئے اور اللہ تعالیٰ کے ارشاد کا حاصل یہ ہوگا کہ رسوائی سے بچانے کا ایک طریق تو ہو نہیں سکتا کہ اس کی مغفرت کر دی جاوے ہم دوسری صورت تجویز کرتے ہیں کہ اس کو مسخ کرتے ہیں کہ کوئی اس کو پہچانے نہیں اور تم کو شرمندگی نہ ہو خوب سمجھ لو اور جاننا چاہئے کہ ابراہیم کا استغفار کرنا جس طرح پر واقع ہوا ہے اس طرح اوروں کو بھی جائز ہے پھر جو سورۂ ممتحنہ میں فرمایا گیا ہے اِلَّا قَوْلَ اِبْرٰهِيْمَ یعنی اس قول میں آپ کا اقتداء نہ کرنا مطلب یہ ہے کہ اس قول کا جو مطلب تم سمجھ رہے ہو کہ اس کو اطلاق پر محمول کر رکھا ہے اس میں اقتداء مت کرنا خوب سمجھ لو۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلِ السُّلُوْک: قولہ تعالیٰ : اَلتَّآئِبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ (الی قولہ تعالیٰ) بَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ روح میں ہے کہ اس آیت میں ان لوگوں کی بدحالی کا اظہار ہے جو اپنے کو سالکین کے زمرہ میں داخل سمجھتے ہیں اور پھر حدود کو ضائع کرتے ہیں اور ایسے کلمات کے ساتھ تکلم کرتے ہیں جو صوفیہ کے نزدیک بھی باطل ہیں۔

قولہ تعالیٰ : مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ وَلَوْ كَانُوْٓا اُولِيْ قُرْبٰى ۔اس میں تصریح ہے کہ بدوں ایمان کے محض برکات کام نہیں آتے دیکھو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی قرابت سے بڑھ کر کون سی برکت ہوگی پھر بھی یہ حکم دیا گیا قولہ تعالیٰ وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ اِلَّا عَنْ مَّوْعِدَةٍ۔ یہ دلیل ہے اس پر کہ اگر شیخ کسی فعل سے مرید کو منع کرے اور کسی عارض سے وہی فعل خود کرنا پڑے تو مرید کے سامنے اپنا عذر اجمالاً یا تفصیلاً بیان کر دے تاکہ وہ اس کا اقتداء نہ کرے۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃ: ۱ قوله في يقاتلون مطلب اشارة الى انه بيان لما قبله من الاشتراء ۱۲۔ ۲ قوله في فيقتلون جس میں الخ اشارة الى ان الاجتماع ليس بشرط بل المناط هو القتال فقط وتترتب عليه القاتلية مرة والمقتولية اخرى ۱۲۔ ۳ قوله في في التوراة وعدہ کیا گیا ہے توریت میں اشارة الى تعلق الجار بالوعد ۱۲۔ ۴ قوله في التمهيد تعلقات غیر ضروریہ قيد به لان الضرورى منها لا يوم بقطعها كالتبليغ ومصاحبة الابوين بالمعروف والدعاء لهم بالهداية ونحو ذلك ۱۲۔ ۵ قوله في ما كان جائز نہیں یعنی الآن انتفى الجواز فلا يرد انه صلى الله عليه وسلم والمؤمنين باشروا ما لا يجوز ۱۲۔ ۶ قوله قبل الاعزن موعدة اس کے قبل تھا اشار به الى ان اصل الجواب هو ان الاستغفار كان قبل التبيين واستغفاركم بعد التبيين فاقيم حديث تسببه عن الموعدة مقامه للايذان بانه لو لم تكن هذا الموعدة لما استغفر مع كونه جائز او تفسيرى لهذه الآية بما فسرت به انحل كثير من الاشكالات المتعلقة بها اذا خالجك اشكال رأيت جوابه فيه ان شاء الله تعالىٰ ۱۲۔

اَلتَّآئِبُوْنَ: السائحون من السياحة وفسر بالصيام مرفوعا اخرجه ابن مردويه عن ابن مسعود وابى هريرةؓ لان الصوم يعوق عن الشهوات كما ان السياحة تمنع منها فى الاكثر وقيل المهاجرون وقيل المجاهدون وقيل طلبة العلم اخرجه ابو الشيخ عن عكرمة قوله والناهون اتى بالواو للمقابلة مع الامر وهو اسهل وجه عندى ۱۲۔ قوله الاواه مبالغة من التاوه واصله قول آه وهو كناية عن كمال الرافة ورقة القلب كذا فى الروح ۱۲۔

اَلنَّجْوٰى: وعدا مفعول مطلق لمقدر دل عليه بان لهم الجنة قوله ومن اوفى اعتراض مؤكد ۱۲۔

اَلْبَلَاغَۃ: في فاستبشروا التفات ۱۲۔ قوله تبرا منه لم يقل تركه لما فيه من المبالغة ما ليس فى الترك ونظائره ۱۲۔

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِلَّ قَوْمًۢا بَعْدَ اِذْ هَدٰىهُمْ حَتّٰى يُبَيِّنَ لَهُمْ مَّا يَتَّقُوْنَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝۱۱۵
اِنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۭ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ۝۱۱۶
لَقَدْ تَّابَ اللّٰهُ عَلَي النَّبِيِّ وَالْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ فِيْ سَاعَةِ الْعُسْرَةِ مِنْۢ بَعْدِ مَا كَادَ يَزِيْغُ قُلُوْبُ فَرِيْقٍ مِّنْهُمْ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ ۭ اِنَّهٗ بِهِمْ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝۱۱۷ۙ وَّعَلَي الثَّلٰثَةِ الَّذِيْنَ
خُلِّفُوْا ۭ حَتّٰٓى اِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ اَنْفُسُهُمْ وَظَنُّوْٓا اَنْ لَّا مَلْجَاَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّآ
اِلَيْهِ ۭ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ لِيَتُوْبُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝۱۱۸ۧ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ ۝۱۱۹

اور اللہ تعالیٰ ایسا نہیں کرتا کہ کسی قوم کو ہدایت کئے پیچھے گمراہ کر دے۔ جب تک کہ ان چیزوں کو صاف صاف نہ بتلا دے جن سے وہ بچتے رہیں۔ بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز کو

www.besturdubooks.net

خوب جانتے ہیں (اور) بلاشبہ اللہ ہی کو سلطنت ہے آسمانوں اور زمین میں وہی جلاتا اور مارتا ہے اور تمہارا اللہ کے سوا نہ کوئی یار ہے نہ مددگار ہے۔ اللہ تعالیٰ نے پیغمبرؐ کے حال پر توجہ فرمائی اور مہاجرین اور انصار کے حال پر بھی جنہوں نے ایسی تنگی کے وقت میں پیغمبر کا ساتھ دیا۔ بعد اسکے کہ ان میں سے ایک گروہ کے دلوں میں کچھ تزلزل ہو چلا تھا۔ پھر اللہ نے ان (گروہ) کے حال پر توجہ فرمائی۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ ان سب پر بہت شفیق مہربان ہے اور ان تین شخصوں کے حال پر بھی (توجہ فرمائی) جن کا معاملہ ملتوی چھوڑ دیا گیا تھا۔ یہاں تک کہ جب (انکی پریشانی کی یہ نوبت پہنچی کہ) زمین باوجود اپنی فراخی کے ان پر تنگی کرنے لگی اور وہ خود اپنی جان سے تنگ آ گئے اور انہوں نے سمجھ لیا کہ خدا (کی گرفت) سے کہیں پناہ نہیں مل سکتی بجز اس کے کہ اسی کی طرف رجوع کیا جائے اس وقت وہ خاص توجہ کے قابل ہوئے پھر انکے حال پر بھی (خاص) توجہ فرمائی تاکہ وہ آئندہ بھی رجوع رہا کریں بے شک اللہ تعالیٰ بہت توجہ فرمانے والے بڑے رحم کرنے والے ہیں۔ اے ایمان والوں اللہ سے ڈرو اور (عمل میں) سچوں کے ساتھ رہو۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر کی آیت میں مشرکین کے لئے استغفار کرنے کو ناجائز فرمایا تھا چونکہ ناجائز افعال کا خاصہ ہے کہ ان کے کرنے سے قلب میں ایک ظلمت پیدا ہو جاتی ہے جس سے گمراہی کا مادۂ قریبہ پیدا ہو جاتا ہے اور بار بار کرنے سے اس میں اور قوت ہوتی ہے جیسا کہ آیت بَلْ رَانَ عَلٰی قُلُوْبِهِمْ الخ کی تفسیر میں ترمذی اور نسائی نے حضرت ابو ہریرہؓ سے مرفوعاً یہ مضمون روایت کیا ہے اس پر نظر کر کے مؤمن خائف کو توہم ہو سکتا ہے کہ ہم کو اس استغفار ناجائز سے کہیں یہ ضرر مذکور نہ پہنچا ہو اس کے متعلق آگے تسلی فرماتے ہیں جس کا حاصل یہ ہے کہ یہ اثر کسی فعل میں اس کے ممنوع ہونے کے بعد ہے نہ کہ قبل ممنوع ہونے کے کیونکہ عدم جواز بعد نہی کے حادث ہے اگر نہی کے قبل ہوتا اور نہی سے صرف اس کا ظہور ہوتا تو اس احتمال کی گنجائش تھی کہ اثر تو اس میں ہے ہی اس لئے ضرر ہوا ہو گا اور تسلی کے بعد اپنا صفات کمال کے ساتھ موصوف ہونا بیان فرماتے ہیں تاکہ نہی اور تسلیہ سب کی تاکید ہو جاوے۔

تسلیۂ مؤمنین متعلق نہی مذکور و اوصافِ باری تعالیٰ بتاکید تسلیہ و نہی

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِلَّ قَوْمًا (الی قولہ تعالیٰ) وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ۝ اور اللہ ایسا نہیں کرتا کہ کسی قوم کو ہدایت کئے پیچھے گمراہ کر دے جب تک کہ ان چیزوں کو صاف صاف نہ بتلا دے جن سے وہ بچتے رہیں (پس جب ہم نے تم مسلمانوں کو ہدایت کی اور اس کے قبل استغفار للمشرکین کی ممانعت بتلائی نہ تھی تو اس کے کرنے سے تم کو یہ سزا نہیں دی جاوے گی کہ تم میں گمراہی کا مادہ پیدا کر دیا جاوے) بیشک اللہ تعالیٰ ہر چیز کو خوب جانتے ہیں (سو وہ یہ بھی جانتے ہیں کہ بدوں ہمارے بتلائے ہوئے ایسے احکام کو کوئی نہیں جان سکتا اس لئے ان افعال سے مضرت بھی نہیں پہنچنے دیتے اور) بلاشبہ اللہ ہی کی سلطنت ہے آسمانوں اور زمین میں وہی جلاتا اور مارتا ہے (یعنی ہر طرح کی حکومت اور قدرت اس کے لئے خاص ہے اس لئے جو چاہے حکم دے سکتا ہے اور جس ضرر سے چاہے بچا سکتا ہے) اور تمہارا اللہ کے سوا نہ کوئی یار ہے نہ مددگار ہے (بلکہ وہی یار مددگار ہے اس لئے قبل نہی تم کو ضرر سے بچاتا ہے اور اگر تم نے بعد نہی اطاعت نہ کی تو اور کوئی بچانے والا نہیں۔ ف: اور جو ضلالت قبل الہدایت ہوتی ہے جیسے کفر مصرین میں ہوتی ہے وہ بھی بعد ایضاحِ حق ہی کے ہوتی ہے کما یدل علیہ قولہ تعالیٰ: وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلًا [بنی اسرائیل: ۱۵] پس یہ تخصیص باعتبار خصوص واقعہ کے ہے۔ ربط: اوپر آیات کثیرہ قصۂ تبوک کے متعلق تھیں آگے بھی اس قصے کے متعلق شریک ہونے والوں کی اور شریک نہ ہونے والوں میں سے سچ بولنے والوں اور توبہ کرنے والوں کی مدح اور ان کا مقبول و مرحوم ہونا بیان فرماتے ہیں جن میں سے بعض کا ذکر اجمالاً اوپر آیت: وَاٰخَرُوْنَ مُرْجَوْنَ میں بھی گزر چکا ہے اور یہ تین بزرگ تھے کعب بن مالک مرارہ بن الربیع ہلال بن امیہ ان کا قصہ جس کی طرف اس آیت میں اشارہ ہے بخاری کی حدیث میں آیا ہے کہ آپ نے ان سے ارشاد فرما دیا کہ جاؤ اللہ کا جو حکم تمہارے بارہ میں ہوگا کیا جاوے گا اور آپ نے مسلمانوں کو ان کے ساتھ کلام کرنے سے منع فرما دیا اور اسی حالت میں ان پر پورے پچاس دن گزر گئے حتی کہ غایت پریشانی سے تمام عالم ان کی نظروں میں تنگ و تاریک نظر آنے لگا آخر یہ آیت نازل ہوئی جس میں قبول توبہ کی بشارت دی گئی مفصل قصہ حدیث میں ہے اور بڑی وقعت اور اثر کا قصہ ہے۔

مقبولیت مجاہدین و تائبین در تبوک ☆ لَقَدْ تَّابَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝ اللہ تعالیٰ نے پیغمبر (ﷺ) کے حال پر توجہ فرمائی (کہ آپ کو نبوت اور امامت جہاد اور تمام خوبیاں عطا فرمائیں) اور مہاجرین اور انصار کے حال پر بھی (توجہ فرمائی کہ ان کو ایسی مشقت کے جہاد میں مستقیم رکھا) جنہوں نے ایسی تنگی کے وقت میں پیغمبر کا ساتھ دیا بعد اس کے کہ ان میں سے ایک گروہ کے دلوں میں کچھ تزلزل ہو چلا تھا (اور جہاد میں جانے سے ہمت ہارنے کو تھے مگر) پھر اللہ نے ان (گروہ) کے حال پر توجہ فرمائی (کہ ان کو سنبھال لیا اور آخر ساتھ ہی ہو لئے پس) بلاشبہ اللہ تعالیٰ سب پر بہت ہی شفیق مہربان ہے (کہ اپنی مہربانی سے ہر ایک کے حل پر کس کس طرح توجہ فرمائی) اور ان تین شخصوں کے حال پر بھی (توجہ فرمائی) جن کا معاملہ ملتوی چھوڑ دیا گیا تھا یہاں تک کہ جب (ان کی پریشانی کی یہ نوبت پہنچی کہ) زمین باوجود اپنی (اتنی بڑی) فراخی کے ان پر تنگی کرنے لگی اور وہ خود اپنی جان سے تنگ آ گئے اور انہوں نے سمجھ لیا کہ خدا (کی گرفت) سے کہیں پناہ نہیں مل سکتی بجز اس کے کہ اسی کی طرف رجوع کیا جاوے (اس وقت وہ خاص توجہ کی قابل ہوئے) پھر ان

www.besturdubooks.net

کے حال پر (بھی خاص) توجہ فرمائی تاکہ وہ آئندہ بھی (ایسے مواقع مصیبت ومعصیت میں اللہ کی طرف) رجوع رہا کریں بیشک اللہ تعالیٰ بہت توجہ فرمانے والے بڑے رحم کرنے والے ہیں۔ **ف**: نصف پارہ واعلموا آیت :یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَا لَكُمْ اِذَا قِیْلَ [آیت: ۳۸] کے ذیل میں اس غزوہ کے متعلق جو چھ جماعتوں کا بیان کیا گیا تھا یہاں ان میں سے جماعت اول اور دوم اور چہارم کا ذکر ہے چنانچہ مضمون کے انطباق سے معلوم ہوسکتا ہے اور اس مقام پر جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر کی ضرورت نہ تھی کیونکہ آپ کی محبوبیت خاصہ اظہر من الشمس ومعلومات ضروریہ دینیہ سے ہے مگر اول تو تبرکا پھر صحابہؓ کے تطییب قلب کے لئے کہ ہم بھی اس عنایت خاصہ کے فیض سے محروم نہ رہیں گے جو آپ کی ذات مقدسہ پر متوجہ ہے اور اس غزوہ کے زمانہ کو ساعۃ عسرت اس واسطے فرمایا کہ گرمی شدید کا وقت تھا سفر دراز تھا مقابلہ قواعد دان لشکر سے تھا سواری کی بہت کمی تھی کھانے پینے کے سامان رسد کی کمی اس درجہ تھی کہ ایک خرما دو شخصوں میں تقسیم ہوتا تھا بعض دفعہ ایک چھوارے کو آگے پیچھے کئی کئی آدمی چوستے تھے سواری کے اونٹ ذبح کرنے پڑے ان کی آلائش کو نچوڑ کر پینا پڑا کذا فی الدر المنثور۔

مَسْئَلَہ: کسی شخص کو بوجہ ارتکاب امر خلاف شرع کے یہ سزا دینا کہ اس سے ترک سلام وکلام کردیں جائز ہے اور حدیثوں میں جو ممانعت آئی ہے کہ تین روز سے زیادہ ترک کلام نہ کرے مراد اس سے وہی ہے جس کا سبب کوئی دنیوی رنج ہو۔ واللہ اعلم۔ **رَبط**: اوپر مجاہدین اور تائبین کی مدح اور مقبولیت مذکور تھی چونکہ یہ مقبولیت بدولت تقویٰ وصدق واخلاص کے ہے اس لئے آگے عامہ مؤمنین کو اس کا امر فرماتے ہیں۔

امر بتقویٰ وصدق ☆ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ ۝۱۱۹ اے ایمان والو اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور (عمل میں) سچوں کے ساتھ رہو (یعنی جو نیت اور بات میں سچے ہیں ان کی راہ چلو کہ تم بھی صدق اختیار کرو)

تَرْجَمَۂ مَسَائِلِ السُّلُوْک: قولہ تعالیٰ :حَتّٰۤی اِذَا ضَاقَتْ عَلَیْهِمُ الْاَرْضُ الخ یہ قصہ اس پر دال ہے کہ مرید پر حسب مصلحت شیخ کو تشدد جائز ہے۔ قولہ تعالیٰ : ثُمَّ تَابَ عَلَیْهِمْ حق تعالیٰ کی عادت اپنے محبین کے ساتھ جاری ہے کہ جب ان سے کوئی امر ان کے مقام کے منافی صادر ہوجاتا ہے تو ایک نوع کے حجاب سے ان کی تادیب کی جاتی ہے اور جب وہ اس کی تلخی چکھ چکتے ہیں تو ان پر کرم کی بارش فرمائی جاتی ہے کذا فی الروح ملخصًا ۱۲ قولہ تعالیٰ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ ۝۱۱۹ بعض نے معیت کی تفسیر مخالطت ومقارنت سے کی ہے کذا فی الروح پس اس میں ترغیب ہے صحبت صالحین کی ۱۲۔

۱ قولہ فی تاب علیہم ان گروہ اشارۃ الی عود الضمیر الی الفریق کما یدل علیہ قولہ یزیغ ۱۲۔ **۲ قولہ فی خلفوا** معاملہ فالاسناد مجازی ای خلف امرھم ۱۲۔ **۳ قولہ بعد** ظنوا توجہ کی قابل اشار بھذا الی تقدیر الجزاء ای صلحوا للتوبۃ بمعنی الرحمۃ الخاصۃ ثم بعد الصلوح تاب علیہم ۱۲۔ **۴ قولہ فی الصادقین** نیت اور بات کما فی الروح الذین صدقوا فی الذین نیۃ وقولہ وعملاً ۱۲۔

الرِّوَایَات: فی الدر المنثور عن مجاھد فی قولہ وما کان اللہ لیضل قوما بعد اذ ھداھم حتی یبین لھم ما یتقون قال بیان اللہ للمؤمنین فی الاستغفار للمشرکین خاصۃ وفی بیانہ طاعتہ ومعصیتہ[1] عامۃ ما فعلوا او ترکوا اھ قلت وبقولہ طاعتہ ومعصیتہ عامۃ صح ما روی فی سبب النزول غیر ما ذکر فانہ لا تنافی بین الاسباب ۱۲۔

النَّحْو: قولہ حتی غایۃ لقولہ خلفوا لان التخلیف کان منتھیا الیہ ثم نزل الحکم فیھم ۱۲۔

الحَوَاشِی: (۱) یعنی آیت میں جو لِیُضِلَّهُمْ کے ساتھ بَعْدَ اِذْ هَدٰىهُمْ کی قید لگائی ہے ۱۲ منہ۔ (۲) وفی الطبری فافعلوا او ذروا ۱۲ منہ۔

مَا كَانَ لِاَهْلِ الْمَدِیْنَةِ وَمَنْ حَوْلَهُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ اَنْ یَّتَخَلَّفُوْا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ وَلَا یَرْغَبُوْا بِاَنْفُسِهِمْ عَنْ نَّفْسِهٖ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ لَا یُصِیْبُهُمْ ظَمَاٌ وَّلَا نَصَبٌ وَّلَا مَخْمَصَةٌ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَلَا یَطَـُٔوْنَ مَوْطِئًا یَّغِیْظُ الْكُفَّارَ وَلَا یَنَالُوْنَ مِنْ عَدُوٍّ نَّیْلًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ بِهٖ عَمَلٌ صَالِحٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُضِیْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ ۝۱۲۰ وَلَا یُنْفِقُوْنَ نَفَقَةً صَغِیْرَةً وَّلَا كَبِیْرَةً وَّلَا یَقْطَعُوْنَ وَادِیًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ لِیَجْزِیَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ۝۱۲۱

مدینہ میں رہنے والوں کو اور جو دیہاتی ان کے گرد وپیش (رہتے) ہیں ان کو یہ زیبا نہ تھا کہ رسول اللہ ﷺ کا ساتھ نہ دیں اور نہ یہ (زیبا تھا) کہ اپنی جان کو ان کی جان سے عزیز سمجھیں (اور) یہ (ساتھ جانے کا ضروری ہونا) اس سبب سے ہے کہ ان کو اللہ تعالیٰ کی راہ میں جو پیاس لگی اور جو ماندگی پہنچی اور جو بھوک لگی اور جو چلنا چلے جو کفار کے

www.besturdubooks.net

لئے موجب غیظ ہوا ہو اور دشمنوں کی جو کچھ خبر لی ہو ان سب پر ان کے نام ایک ایک نیک کام لکھا گیا۔ یقیناً اللہ تعالیٰ مخلصین کا اجر ضائع نہیں کرتے اور جو کچھ چھوٹا بڑا انہوں نے خرچ کیا اور جتنے میدان ان کو طے کرنے پڑے یہ سب بھی ان کے نام لکھ لیا تا کہ اللہ تعالیٰ ان کو (ان کے سب) کاموں کا اچھے سے اچھا بدلہ دے۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر متخلفین پر ملامت اور مجاہدین کی فضیلت الگ الگ مذکور تھی آگے دونوں کو مجتمعاً اس طرح فرماتے ہیں کہ دوسرے مضمون سے پہلے مضمون پر استدلال بھی ہو جاوے۔

ملامت متخلفین بضمن فضیلت مجاہدین ☆ مَا كَانَ لِاَهْلِ الْمَدِيْنَةِ (الی قولہ تعالیٰ) لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ۝ مدینہ کے رہنے والوں کو اور جو دیہاتی ان کے گرد و پیش میں (رہتے) ہیں ان کو یہ زیبا نہ تھا کہ رسول اللہ (ﷺ) کا ساتھ نہ دیں اور نہ یہ (زیبا تھا) کہ اپنی جان کو ان کی جان سے عزیز سمجھیں (کہ آپ تو تکلیفیں سہیں اور یہ آرام سے بیٹھے رہیں بلکہ آپ کے ہمراہ جانا ضروری تھا اور) یہ (ساتھ جانے کا ضروری ہونا) اس سبب سے ہے کہ (علاوہ ادائے حق محبت رسول کے ان مجاہدین کو بات بات پر ثواب حاصل ہوا ہے اگر یہ اخلاص کے ساتھ جاتے ان کو بھی ملتا چنانچہ) ان کو اللہ کی راہ (یعنی جہاد) میں جو پیاس لگی اور جو ماندگی پہنچی اور جو بھوک لگی اور جو چلنا چلے جو کفار کے لئے موجب غیظ ہوا ہو اور دشمنوں کی جو کچھ خبر لی اس سب پر ان کے نام ایک ایک نیک کام لکھا گیا (باوجودیکہ بعض امور افعال اختیاریہ نہیں مگر یہ مقتضائے مقبولیت ومحبوبیت ہے کہ امور اضطراریہ بھی مثل اعمال اختیاریہ کے موجب ثواب قرار دیئے گئے اور اس وعدہ میں احتمال تخلف کا نہیں کیونکہ) یقیناً اللہ تعالیٰ مخلصین کا اجر ضائع نہیں کرتے (پس جب وعدہ کر لیا تو ضائع نہ ہوگا) اور (نیز) جو کچھ چھوٹا بڑا انہوں نے خرچ کیا اور جتنے میدان ان کو طے کرنے پڑے یہ سب بھی ان کے نام (نیکیوں میں) لکھا گیا تا کہ اللہ تعالیٰ ان کو ان کے (سب) کاموں کا اچھے سے اچھا بدلہ دے (کیونکہ جب ثواب لکھا گیا تو بدلہ ملے گا)۔ ف: لَا يُضِيْعُ میں مخلصین کی تخصیص اس لئے ہے کہ بدوں اخلاص کے تو اجر ہی نہیں ملتا۔

ربط: اوپر جو متخلفین کے باب میں ملامت کے مضامین نازل ہوئے اس سے آئندہ کیلئے شبہ ہو سکتا تھا کہ ہمیشہ کے لئے سب کے ذمہ جہاد میں جانا ضروری ہو گا اس لئے آگے ہر شخص کے جانے کا فرض نہ ہونا بیان فرماتے ہیں اور تبوک میں جو سب حاضرین کے ذمہ فرض تھا اس کی وجہ آیت: وَاٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا کی تفسیر میں گزر چکی ہے پس خلاصہ مجموع آیتین کا یہ ہوا کہ فی نفسہ جہاد فرض کفایہ ہے مگر امام کے حکم سے ہر مخاطب پر فرض عین ہو جاوے گا۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی لا یرغبوا عزیز اخذ بالحاصل ۱۲۔ ۲ قوله فی ذلك یہ ساتھ فهم مما قبله ای وجوب المشایعة ۱۲۔ ۳ قوله قبل بانهم علاوه یشعر به قوله لا یرغبوا کما یشهد به الذوق۔ ۴ قوله بعده اخلاص کے ساتھ جاتے فلا یرد ان المنافقین لا یکتب لهم اجر ولو نفروا والدلیل علی هذا القید قوله اجر المحسنین ۱۲۔ ۵ قوله فی موطئا چلنا اشارة الی کونه مصدرًا ۱۲۔ ۶ قوله فی وادیا میدان استعمل فیه مجازا کما فی الروح ۱۲۔ ۷ قوله فی احسن اچھے سے الخ علی معنی ان لاعمالهم جزاء حسنا واحسن وهو تعالیٰ اختار لهم احسن جزاء کذا فی الروح ۱۲۔

اللغات: قوله ینالون فی الروح لا یاخذون شیئا من الاخذ کالقتل والاسر ۱۲۔

البلاغۃ: قوله کتب لهم به قال النسفی وحد الضمیر لانه لما تکررت لاصار کل واحد منها علی البدل مفردا بالذکر مقصودا بالوعد کذا فی الروح قوله صغیرة ولا کبیرة فی الروح ظاهره العکس فی الترتیب فالترتیب باعتبار کثرة الوقوع وقلته وفیه وفصل هذا واخر لانه اهون مما قبله وفیه وصف النفقة بالصغیرة والکبیرة دون القلیلة والکثیرة حملا للطاعة علی المعصیة الموصوفة بالصغیرة والکبیرة ۱۲۔

وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُوْنَ لِيَنْفِرُوْا كَآفَّةً ؕ فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَآئِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوْا فِي الدِّيْنِ وَلِيُنْذِرُوْا قَوْمَهُمْ اِذَا رَجَعُوْٓا اِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَاتِلُوا الَّذِيْنَ يَلُوْنَكُمْ مِّنَ الْكُفَّارِ وَلْيَجِدُوْا فِيْكُمْ غِلْظَةً ؕ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۲۳﴾ وَاِذَا مَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ اَيُّكُمْ زَادَتْهُ هٰذِهٖٓ اِيْمَانًا ۚ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَزَادَتْهُمْ

www.besturdubooks.net

إِيمَانًا وَّهُمْ يَسْتَبْشِرُونَ ﴿۱۲۴﴾ وَأَمَّا الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ فَزَادَتْهُمْ رِجْسًا إِلَىٰ رِجْسِهِمْ
وَمَاتُوا وَهُمْ كَافِرُونَ ﴿۱۲۵﴾ أَوَلَا يَرَوْنَ أَنَّهُمْ يُفْتَنُونَ فِي كُلِّ عَامٍ مَّرَّةً أَوْ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ لَا يَتُوبُونَ
وَلَا هُمْ يَذَّكَّرُونَ ﴿۱۲۶﴾ وَإِذَا مَا أُنزِلَتْ سُورَةٌ نَّظَرَ بَعْضُهُمْ إِلَىٰ بَعْضٍ هَلْ يَرَاكُم مِّنْ أَحَدٍ ثُمَّ
انصَرَفُوا ۚ صَرَفَ اللَّهُ قُلُوبَهُم بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُونَ ﴿۱۲۷﴾ لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِّنْ أَنفُسِكُمْ
عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيصٌ عَلَيْكُم بِالْمُؤْمِنِينَ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ ﴿۱۲۸﴾ فَإِن تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ
اللَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۖ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ ﴿۱۲۹﴾ ع ۱۶

اور (ہمیشہ کے لئے) مسلمانوں کو یہ (بھی) نہ چاہئے کہ (جہاد کے واسطے) سب کے سب (ہی نکل کھڑے ہوں گے۔ سو ایسا کیوں نہ کیا جائے کہ ان کی ہر ہر بڑی جماعت میں سے ایک ایک چھوٹی جماعت (جہاد میں) جایا کرے۔ تاکہ یہ لوگ اپنی (اس) قوم کو جبکہ وہ ان کے پاس واپس آئیں ڈرائیں تاکہ وہ (ان سے دین کی باتیں سن کر برے کاموں سے) احتیاط رکھیں اے ایمان والو ان کفار سے لڑو جو تمہارے آس پاس (رہتے) ہیں اور ان کو تمہارے اندر سختی پانا چاہئے اور یہ یقین رکھو کہ اللہ تعالیٰ (کی امداد) متقی لوگوں کے ساتھ ہے (پس ان سے ڈرو دبو مت) اور جب کوئی سورت (جدید) نازل کی جاتی ہے تو بعض منافقین (غرباء مسلمین سے بطور تمسخر) کہتے ہیں کہ (کہو) اس سورت نے تم میں سے کس کے ایمان میں ترقی دی سو (سنو) جو لوگ ایماندار ہیں اس سورت نے ان کے (تو) ایمان میں ترقی دی ہے اور وہ (اس ترقی کے ادراک سے) خوش ہو رہے ہیں اور جن لوگوں کے دلوں میں (نفاق کا) آزار ہے اس سورت نے ان میں ان کی (پہلی) گندگی کے ساتھ اور نئی گندگی بڑھا دی اور وہ حالت کفر ہی میں مر گئے اور کیا ان کو نہیں دکھلائی دیتا کہ یہ لوگ ہر سال میں ایک بار دو بار کسی نہ کسی آفت میں پھنستے رہتے ہیں (مگر) پھر بھی (اپنی حرکات شنیعہ سے) سے باز نہیں آتے اور نہ کچھ سمجھتے ہیں (جس سے باز آنے کی آئندہ امید ہو) اور جب کوئی سورت (جدید) نازل کی جاتی ہے تو ایک دوسرے کو دیکھنے لگتے ہیں (اور اشارہ سے باتیں کرتے ہیں) کہ تم کو کوئی (مسلمان) دیکھتا تو نہیں۔ پھر چل دیتے ہیں (یہ لوگ مجلس نبوی سے کیا پھرے) خدا نے ان کا دل (ہی ایمان سے) پھیر دیا ہے اس وجہ سے کہ محض بے سمجھ لوگ ہیں (کہ اپنے نفع سے بھاگتے ہیں) (اے لوگو) تمہارے پاس ایک ایسے پیغمبر تشریف لائے جو تمہاری جنس (بشر) سے ہیں۔ جن کو تمہاری مضرت کی بات نہایت گراں گزرتی ہے جو تمہاری منفعت کے بڑے خواہش مند رہتے ہیں۔ یہ (حالت تو سب کے ساتھ ہے بالخصوص) ایمانداروں کے ساتھ بڑے ہی شفیق (اور) مہربان ہیں۔ پھر اگر یہ روگردانی کریں تو آپ کہہ دیجئے (میرا کیا نقصان ہے) کہ میرے لئے (تو) اللہ تعالیٰ (حافظ و ناصر) ہی کافی ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود ہونے کے لائق نہیں ہے۔ میں نے اسی پر بھروسہ کر لیا اور وہ بڑے بھاری عرش کا مالک ہے۔ ۞

تفسیر: فرض کفایہ بودن نفیر برائے جہاد ☆ وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُونَ لِيَنفِرُوا كَافَّةً (الی قولہ تعالیٰ) لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُونَ ﴿۱۲۲﴾ اور (ہمیشہ کے لئے) مسلمانوں کو یہ (بھی) نہ چاہئے کہ (جہاد کے واسطے) سب کے سب (ہی) نکل کھڑے ہوں (کہ اس میں بھی بعض اوقات مسلمانوں کا ضرر ہے) سو ایسا کیوں نہ کیا جاوے کہ ان کی ہر ہر بڑی جماعت میں سے ایک ایک چھوٹی جماعت (جہاد میں) جایا کرے (اور کچھ اپنے وطن میں رہ جایا کریں) تاکہ (یہ) باقی ماندہ لوگ (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت میں آپ سے اور آپ کے بعد علمائے شہر سے) دین کی سمجھ بوجھ حاصل کرتے ہیں اور تاکہ یہ لوگ اپنی (اس) قوم کو (جو کہ جہاد میں گئے ہیں) جب کہ وہ ان کے پاس واپس آویں (دین کی باتیں سنا کر خدا کی نافرمانی سے) ڈراویں تاکہ وہ (ان سے دین کی باتیں سن کر برے کاموں سے) احتیاط رکھیں۔ ف: باقی ماندہ لوگوں کے رہ جانے میں جو مصلحتیں ہیں ان میں سے ایک بڑی مصلحت کو کہ دینی مصلحت ہے ذکر فرما دیا اس کے علاوہ دنیا کی بھی مصلحتیں ہیں جو ظہور کی وجہ سے محتاج ذکر نہیں مثلاً سب کے چلے جانے میں خود دار الاسلام کا قبضہ سے نکل جانا غیر مستبعد ہے اور تفقہ فی الدین کی تخصیص فرقہ باقی ماندہ کے ساتھ اس لئے ہے کہ غالباً تحصیل علم حضر اور شہر میں ہوتا ہے۔ ربط: اوپر چند آیتوں میں جہاد کی ترغیب تھی آگے اس کی ترتیب مع اس کے بعض متعلقات کے مذکور ہے۔

ترتیب جہاد: يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا قَاتِلُوا الَّذِينَ يَلُونَكُم مِّنَ الْكُفَّارِ وَلْيَجِدُوا فِيكُمْ غِلْظَةً ۚ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ مَعَ الْمُتَّقِينَ ﴿۱۲۳﴾
اے ایمان والو ان کفار سے لڑو جو تمہارے آس پاس (رہتے) ہیں اور ان کو تمہارے اندر سختی پانا چاہئے (یعنی جہاد کے وقت بھی مضبوط رہنا چاہئے اور ویسے بھی غیر زمانہ صلح میں ان سے ڈھیلا پن نہ برتنا چاہئے) اور یہ یقین رکھو کہ اللہ تعالیٰ (کی امداد) متقی لوگوں کے ساتھ ہے (پس ان سے ڈرو دبو مت) ف: حاصل

www.besturdubooks.net

ترتیب کا ظاہر ہے کہ اول پاس والوں سے نبٹنا چاہئے پھر بقایا میں جو سب سے پاس کے ہوں وعلیٰ ھذا القیاس اور اس ترتیب کے عکس میں جو مفاسد ہیں ظاہر ہیں چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جو باختیار خود غزوات فرمائے اور صحابہؓ نے بھی سب میں یہی ترتیب ملحوظ رہی۔

ربط: اوپر آیات کثیرہ میں منافقین کے ذمائم مذکور ہوئے ہیں منجملہ انکے آیات منزلہ کے ساتھ تمسخر اور ان سے تنفر ہے آگے اسکا بیان ہے مع جواب وعتاب کے۔

ذکر تمسخر منافقین بآیات منزلہ وتنفر شاں از آنہا مع جواب وعتاب

وَ اِذَا مَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ (الی قولہ تعالیٰ) صَرَفَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ۝ اور جب کوئی سورت (جدید) نازل کی جاتی ہے تو بعض منافقین (غرباء مسلمین سے بطور تمسخر) کہتے ہیں کہ (کہو) اس سورت نے تم میں سے کس کے ایمان میں ترقی دی (آگے حق تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں کہ تم جواب چاہتے ہو) سو (سنو) جو لوگ ایماندار ہیں اس سورت نے ان کے (تو) ایمان میں ترقی دی ہے اور وہ (اس ترقی کے ادراک سے) خوش ہو رہے ہیں (مگر چونکہ وہ امر قلبی ہے اور تم کو نصیب نہیں اس لئے اس کا ادراک بھی نصیب نہیں اور تمسخر کرتے ہو) اور جن کے دلوں میں (نفاق کا) آزار ہے اس سورت نے ان میں ان کی (پہلی) گندگی کے ساتھ اور (نئی) گندگی بڑھادی (کیونکہ پہلے ایک حصہ قرآن کا انکار تھا اب اس جدید حصہ کا انکار مزید ہوا) اور وہ حالت کفر ہی میں مر گئے (یعنی جو ان میں مر چکے ہیں وہ کافر مرے اور جو اسی اصرار پر رہیں گے وہ کافر مریں گے حاصل جواب یہ ہوا کہ قرآن میں ایمان کو ترقی دینے کی بیشک خاصیت ہے لیکن محل میں قابلیت بھی تو ہو اور اگر پہلے سے خباثت مستحکمہ ہے تو اور بھی اس کو استحکام ہو جاوے گا۔ در باغ لالہ روید و در شورہ بوم خس) اور کیا ان کو نہیں دکھلائی دیتا کہ یہ لوگ ہر سال میں ایک بار دو بار کسی نہ کسی آفت میں پھنستے رہتے ہیں (مگر) پھر بھی (اپنی حرکات شنیعہ سے) باز نہیں آتے اور نہ وہ کچھ سمجھتے ہیں (جس سے باز آنے کی آئندہ امید ہو یعنی ان حوادث سے ان کو عبرت پکڑنا اور عبرت پکڑ کر اپنی اصلاح کر لینا چاہئے تھا یہ تو ان کے تمسخر کا بیان ہوا جو اپنی مجالس میں کرتے تھے آگے تنفر کا بیان ہے جو مجلس نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں ان سے صادر ہوتا تھا چنانچہ ارشاد ہے) اور جب کوئی سورت (جدید) نازل کی جاتی ہے تو ایک دوسرے کو دیکھنے لگتے ہیں (اور اشارہ سے باتیں کرتے ہیں) کہ تم کو کوئی (مسلمان) دیکھتا تو نہیں (کہ اُٹھتا ہوا دیکھ لے اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے جا لگائے) پھر (اشاروں ہی اشاروں میں باتیں کر کے وہاں سے اُٹھ کر) چل دیتے ہیں (یہ لوگ مجلس نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا پھرے) خدا تعالیٰ نے ان کا دل (ہی ایمان سے) پھیر دیا اس وجہ سے کہ وہ محض بے سمجھ لوگ ہیں (کہ اپنے نفع سے بھاگتے ہیں)

ف: مَرَّةً اَوْ مَرَّتَيْنِ سے مراد خاص عدد نہیں بلکہ مراد یہ ہے کہ کبھی ایک بار کبھی متعدد بار ایسا ہو جاتا ہے اور مراد ان آفات وحوادث سے یا تو عام ہے مگر عاقل ان سے بھی متنبہ ہو کر اپنی اصلاح کرتا ہے یا خاص وہ واقعات مراد ہیں جو ان کے نفاق کی بناء پر پیش آتے تھے مثلاً ان کے دوست کفار مغلوب ہو گئے کبھی ان کے نفاق کی باتیں کھل گئیں اس پر پیشانی اور باز پرس کے اندیشہ میں مبتلا رہے وعلیٰ ھذا سو ان سے عبرت حاصل کرنا خصوصیت کے ساتھ ضروری تھا۔

ربط: چونکہ یہ سورت قرآن کی آخری سورتوں میں سے ہے اس لئے اس کے خاتمہ پر اقامت حجت واتمام دعوت کے لئے آپ کی رسالت اور بعض اوصاف کمال کی توضیح مناسب ہوئی اور نہ ماننے کی صورت میں اظہار توکل وتوحید سے کہ وہ بھی اصول مہمہ سے ہے آپ کی اظہار جلادت مستحسن ہوئی بالخصوص اس سورت کے ساتھ اس وجہ سے یہ مضمون زیادہ چسپاں ہے کہ اس میں تبریہ سے اتمام حجت کر دیا گیا پس ایک اتمام دوسرے کا مؤکد ہو جاوے گا۔

رسالت وکمالات رسالت مع اظہار جلادت ☆ لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ (الی قولہ تعالیٰ) عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝ (اے لوگو) تمہارے پاس ایک ایسے پیغمبر تشریف لائے ہیں جو تمہاری جنس (بشر) سے ہیں (کہ تم کو نفع حاصل کرنا آسان ہو) جن کو تمہاری مضرت کی بات نہایت گراں گزرتی ہے (چاہتے ہیں کہ تم کو کوئی ضرر نہ پہنچے) جو تمہاری منفعت کے بڑے خواہش مند رہتے ہیں (یہ حالت تو سب کے ساتھ ہے پھر بالخصوص) ایمانداروں کے ساتھ (تو) بڑے ہی شفیق (اور) مہربان ہیں (ایسے رسول سے مستفید نہ ہونا بڑی محرومی ہے) پھر اگر (اس پر بھی آپ کو رسول ماننے سے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اتباع کرنے سے) روگردانی کریں تو آپ کہہ دیجئے (میرا کیا نقصان ہے) میرے لئے (تو) اللہ تعالیٰ (حافظ وناصر) کافی ہے اس کے سوا کوئی معبود ہونے کے لائق نہیں (پس معبودیت اس کے ساتھ مختص ہے تو لامحالہ سارے کمالات علم وقدرت اس میں بے مثل ہوں گے پھر مجھ کو کسی کی مخالفت سے کیا اندیشہ) میں نے اسی پر بھروسہ کر لیا اور وہ بڑے بھاری عرش کا مالک ہے (تو اور چیزیں تو بالاولیٰ اس کی مملوک ہوں گی پس اس پر بھروسہ کرنے کے بعد مجھ کو کوئی اندیشہ نہیں البتہ تم اپنی فکر کر لو حق کا انکار کر کے کہاں رہو گے) ف: عرش کا عظیم ہونا اس سے ظاہر ہے کہ آفتاب زمین سے ڈیڑھ سو حصہ سے بھی بڑا ہے اور آسمان میں کتنی ذرا سی جگہ میں موجود ہے پس آسمان کتنا بڑا ہوا پھر دوسرا آسمان اس سے اور تیسرا آسمان اس سے وعلیٰ ھذا القیاس کس قدر بڑا ہوگا اور سب آسمان کرسی کے سامنے ایسے ہیں جیسے بڑی ڈھال میں سات درہم ڈال دیئے جاویں پھر کرسی عرش کے سامنے ایسی ہی

www.besturdubooks.net

چھوٹی ہے اس سے اندازہ کرلیا جاوے اہل رصد جس کو فلک الافلاک کہتے ہیں مرکز عالم سے اس کے مقعر تک حسب نقل روح المعانی تین کروڑ پینتیس لاکھ چوبیس ہزار چھ سو فرسنگ کا فاصلہ ہے اور فرسنگ تین کوس کا ہوتا ہے تو فاصلہ مذکور دس کروڑ پانچ لاکھ تہتر ہزار آٹھ سو ستائیس کوس کا ہوا یہ اس دائرہ سطح مقعر کا نصف قطر کا ہوا اس سے سطح مقعر کی عظمت کا اندازہ کرنا چاہئے اور محدب تک کا فاصلہ اہل رصد کو معلوم نہیں ہوا حالانکہ اہل ہیئت یہ ثابت نہیں کر سکے کہ فلک الافلاک سے اوپر کچھ نہیں اور روایات سے یہ بات ثابت ہے کہ عرش سے اوپر کوئی جسم نہیں پس اگر فلک الافلاک عرش کے علاوہ کوئی چیز ہے تو عرش اس سے بھی اوپر ہوگا تو اس کی عظمت کا کیا حساب ہوسکتا ہے وہ عدد عربی میں ان الفاظ سے لکھا ہے۔ ثلاثه و ثلثون الف الف و خمسمائة واربعة وعشرون الفا وستمائة وتسع فراسخ والله اعلم وقد تم تفسير سورة براء ة لسبع عشرة خلت من ربيع الثانى يوم الاثنين سنة ۱۳۲۴ من الهجرة النبوية صلى الله عليه وسلم صاحبها ما لا يعد ولا يحصى من سلام وتحية اللهم فوفقنى لاتمام تفسير بقية القرآن ببركة هذا النبى سيد الانس والجان۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُونَ لِيَنْفِرُوا كَافَّةً اس میں دلیل ہے کہ مہم دینی کا انتظام ایسا ہونا چاہئے کہ دوسری ضروریات میں جن میں امر معاش بھی ہے مخل نہ ہوں قولہ تعالیٰ : يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا قَاتِلُوا الَّذِينَ يَلُونَكُمْ مِنَ الْكُفَّارِ اس سے مستنبط ہوتا ہے کہ چونکہ سب سے قریب ترنفس ہے ابتداء اس کے مجاہدہ سے کرے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: أَوَلَا يَرَوْنَ أَنَّهُمْ يُفْتَنُونَ فِي كُلِّ عَامٍ مَرَّةً أَوْ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ لَا يَتُوبُونَ اس سے بلا کی حکمت معلوم ہوتی ہے تاکہ مولیٰ کی طرف توجہ ہو جائے ۱۲ قولہ تعالیٰ : لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِنْ أَنْفُسِكُمْ عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ الخ یہ صفات ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اور چونکہ شیخ بھی نائب ہوتا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اس لئے یہ صفات اس میں بھی ہونا ضروری ہیں۔ سورۂ توبہ ختم ہوئی۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فى فلو لا کیوں نہ کیا جاوے اشارۃ الی ما فی الروح وهو ان لو لا ههنا للتحضيض وهى مع الماضى يفيد التوبيخ لكن اللوم على الترك فيما يمكن تلافيه قد يفيد الامر به فى المستقبل اى فهلا نفر ۱۲۔ ۲ قوله فى فرقة وطائفة بڑی چھوٹی فی الروح ماخوذ من السياق ومن التبعيضية لان البعض فى الغالب اقل من الباقى والافا لجوهرى لم يفرق بينهما ۱۲۔ ۳ قوله فى ليتفقهوا باقی ماندہ فی الروح عائد الى الفرقة الباقية لمفهومة من الكلام وقيل لا بد من اضمار وتقدير اى فلولا نفر من كل فرقة طائفة واقام طائفة ليتفقهوا الخ ۱۲۔ ۴ قوله فى يجدوا یعنی اشارة الى ان المامورهم الكفار لفظا والمؤمنون معنى ۱۲۔ ۵ قوله فى ف پھر بقایا میں اشارة الى ان قوله يلونكم يدخل فيه الكفار جميعاً بهذا الاعتبار والابعد الحقيقى شاذ ۱۲۔ ۶ قوله بعد كافرون حاصل جواب اشارة الى ان الجواب قد تم بقوله تعالىٰ فاما الذين آمنوا الخ وزيد عليه قوله واما الذين فى قلوبهم الخ اظهارا لمنشاء استهزائهم من جهلهم وبطلان ادراكهم المسبب من رجسهم الذى زاد بالسورة فكيف يتوقع منهم الادراك ۱۲۔ ۷ قوله فى هل يراكم اشارہ سے اشارة الى تقدير القول لكن بالاشارة لان الحادثة مما وقع فى المجلس النبوى ۱۲۔

الروایات: اخرج ابو الشيخ عن عبدالله بن عبيد الله بن عمير قال كان المؤمنون لحرصهم على الجهاد واذا بعث رسول الله صلى الله عليه وسلم سرية خرجوا فيها وتركوا النبى صلى الله عليه وسلم فى رقة من الناس فانزل الله تعالىٰ وما كان المؤمنون لينفروا كافة امروا اذا بعث النبى ﷺ سرية ان تخرج طائفة وتقيم طائفة فيحفظ المقيمون على الذين خرجوا ما انزل الله من القرآن وماسن من السنن فاذا رجع اخوانهم اخبروهم بذلك وعلموهم واذا خرج رسول الله صلى الله عليه وسلم لم يتخلف عنه احد الا باذن او عذر واخرج ابن جرير وابن المنذر عن عكرمة قال لما نزلت ان لا تنفروا يعذبكم عذابا اليما وما كان لاهل المدينة الآية قال المنافقون هلك اهل البد والذين تخلفوا عن محمد صلى الله عليه وسلم وقد كان اناس خرجوا الى البدود الى قومهم يفقهونهم فانزل الله تعالىٰ وما كان المؤمنون لينفروا الآية اه قلت وقد اخذت بحاصل كلا السببين فى التمهيد ۱۲۔

النحو: عزيز عليه خبر مقدم وما عنتم بتاويل المصدر مبتدأ ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ يُوْنُس

سُوْرَةُ يُوْنُس ۱۰ مَكِّيَّة ۵۱ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۱۰۹ رُكُوْعَاتُهَا ۱۱

سورۂ یونس مکہ میں نازل ہوئی شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں اور اس کی ایک سو نو آیتیں ہیں اور گیارہ رکوع

الٓرٰ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ۝١ اَكَانَ لِلنَّاسِ عَجَبًا اَنْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى رَجُلٍ مِّنْهُمْ اَنْ اَنْذِرِ النَّاسَ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ قَالَ الْكٰفِرُوْنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ مُّبِيْنٌ ۝٢

یہ پر حکمت (یعنی قرآن) کی آیتیں ہیں کیا اُن (مکہ کے) لوگوں کو اس بات سے تعجب ہوا کہ ہم نے ان میں سے ایک شخص کے پاس وحی بھیج دی کہ سب آدمیوں کو (احکام خداوندی کے خلاف کرنے پر) ڈرایئے اور جو ایمان لے آئے ان کو یہ خوشخبری سنایئے کہ ان کے رب کے پاس (پہنچ کر) ان کو پورا مرتبہ ملے گا۔ کافر کہنے لگے کہ (نعوذ باللہ) یہ شخص کو تو بلاشبہ صریح جادوگر ہے ۝

تفسیر: بسم اللہ الرحمن الرحیم سورة یونس مکیة وهی مائة وتسع آیات (کذا فی البیضاوی) ربط: اس تمام تر سورت کا حاصل چند مضامین ہیں۔ اول اثباتِ توحید ثانی اثباتِ رسالت ثالث اثباتِ قرآن رابع اثباتِ معاد خامس تہدید بہ بعض قصص اور اول کے ضمن میں ابطال شرک اور ثانی کے ضمن میں اس کے متعلق بعض شبہات کا جواب اور ثالث کے ضمن میں اس کی تکذیب پر رد اور رابع کے ضمن میں جزاء وسزا و فنائے دنیا کا بیان اور خامس کے ضمن میں بعض شبہات کا جواب اور آپ کی تسلی اور یہ سب مضامین مخاطبہ ہیں کفار کے ساتھ اور پہلی سورت میں بھی ان سے مخاطبہ تھا گو وہاں بالسنان تھا اور یہاں باللسان اور وہاں کفار کے مختلف فرقوں سے تھا اور یہاں صرف مشرکین سے چنانچہ آیات میں غور کرنے سے یہ سب امور ظاہر ہو سکتے ہیں اس تقریر سے دونوں سورتوں میں بھی اور اس سورت کے اجزاء میں باہم دگر بھی تناسب وارتباط ظاہر ہو گیا۔

حقیقت قرآن و رسالت ☆ الٓرٰ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ۝١ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ مُّبِيْنٌ ۝٢ (الٓرٰ کا مطلب تو اللہ کو معلوم) یہ (جو آگے آتی ہیں) پر حکمت کتاب (یعنی قرآن) کی آیتیں ہیں (جو بوجہ حق ہونے کے قابل جاننے اور ماننے کے ہیں اور چونکہ جن پر اس کا نزول ہوا ہے ان کی نبوت کا کفار انکار کرتے تھے اس لئے جواب فرماتے ہیں کہ) کیا ان (مکہ کے) لوگوں کو اس بات سے تعجب ہوا کہ ہم نے ان میں سے ایک شخص کے پاس (جو کہ مثل ان کی بشر ہے) وحی بھیج دی (جس کا خلاصہ یہ ہے) کہ (عام طور پر) سب آدمیوں کو (احکام خداوندی کے خلاف کرنے پر) ڈرایئے اور جو ایمان لے آئے ان کو یہ خوشخبری سنایئے کہ ان کے رب کے پاس (پہنچ کر) ان کو پورا مرتبہ ملے گا (یعنی اگر ایسا مضمون کسی بشر پر وحی کے ذریعہ سے نازل ہو جاوے تو کوئی تعجب کی وجہ نہیں مگر) کافر (اس قدر متعجب ہوئے کہ آپ کی نسبت) کہنے لگے کہ (نعوذ باللہ) یہ شخص تو بلاشبہ صریح جادوگر ہے (نبی نہیں ہے کیونکہ نبوت بشر کے لئے نہیں ہو سکتی) ف: یہ ایک جہالت تھی مشرکین کی بلا دلیل نبوت اور بشریت کو منافی سمجھتے تھے اس آیت میں اس کا جواب ہے جس کا حاصل منع اصطلاحی ہے اور دوسرا قول ان کا بطریق تنزل تھا۔ وَقَالُوْا لَوْ لَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ [الزخرف : ۳۱] اس کا جواب اسی کے بعد مذکور ہے اَهُمْ يَقْسِمُوْنَ رَحْمَةَ رَبِّكَ ۭ الخ [الزخرف : ۳۲]۔

ملحقات الترجمة: ۱ قوله فی رجل بشر ہے اشارة الی ان المماثلة مقصودة فی البشریة لانه کان مناط تعجبهم کما یفصح عنه اقوالهم ۲۔ ۲ قوله فی انذر الناس عام طور پر اشارة الی ان الناس هذا غیر الناس الاول فان الاول خاص وهذا عام واشار ایضاً الی ان الانذار لیس بمختص للکافرین فان المعصیة الممکنة الاجتماع مع الایمان مقتض للانذار ایضاً ولذا حذف مفعوله ۳۔ ۳ قوله قبل قال

www.besturdubooks.net

اس قد، اشارة الی ان جملة قال الخ بیان لقوله ارکان الناس۱۲۔

الرِّوَایَات: فی الدر المنثور اخرج ابن جریر وابن ابی حاتم وابو الشیخ وابن مردویه عن ابن عباسؓ قال لما بعث الله محمدا صلی الله علیه وسلم رسول انکرت العرب ذلك ومن انکر منهم قالوا الله اعظم من ان یکون رسوله بشرا مثل محمد فانزل الله اکان للناس عجبا ان اوحینا الی رجل منهم الآیة وما ارسلنا قبلك الا رجالا نوحی الیهم الآیة فلما کرر الله علیهم الحجج قالوا واذا کان بشرا فغیر محمد کان احق بالرسالة فلو لا نزل هذا القرآن علی رجل من القریتین عظیم یقولون اشرف من محمد یعنی الولید بن المغیرة من مکة وعروة بن مسعود الثقفی من الطائف فانزل الله ردا علیهم اهم یقسمون رحمة ربك الآیة ا۱۲۔

اللُّغَات: قوله قدم صدق فی الروح اصل القدم العفو المخصوص واطلقت علی السبق مجازا مرسلا لکونها سببه وآلته واوید من السبق الفضل واشرف والتقدم المعنوی الی المنازل الرفیعة مجازًا ایضًا فالمجاز ههنا بمرتبتین واصل الصدق ما یکون فی الاقوال ویستعمل فی الافعال فیقال صدق فی القتال اذا وفاه حقه فیعبر به عن کل فعل فاضل ظاهرا وباطنًا ویضاف الیه کمقعد صدق ومدخل صدق ومخرج صدق الی غیر ذلك وصرحوا ههنا بان الاضافة من اضافة الموصوف الی صفة والاصل قدم صدق ای محققه مقررة وفیه مبالغة لجعلها عین الصدق ثم جعل الصدق کانه صاحبها ا۱۲۔

إِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ فِیْ سِتَّةِ أَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ یُدَبِّرُ الْأَمْرَ ۭ مَا مِنْ
شَفِیْعٍ إِلَّا مِنْ بَعْدِ إِذْنِهٖ ۭ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ۭ أَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝ إِلَیْهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِیْعًا ۭ وَعْدَ اللّٰهِ
حَقًّا ۭ إِنَّهٗ یَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ یُعِیْدُهٗ لِیَجْزِیَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ بِالْقِسْطِ ۭ وَالَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ شَرَابٌ
مِّنْ حَمِیْمٍ وَّعَذَابٌ أَلِیْمٌ بِمَا كَانُوْا یَكْفُرُوْنَ ۝ هُوَ الَّذِیْ جَعَلَ الشَّمْسَ ضِیَآءً وَّالْقَمَرَ نُوْرًا وَّقَدَّرَهٗ مَنَازِلَ
لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِیْنَ وَالْحِسَابَ ۭ مَا خَلَقَ اللّٰهُ ذٰلِكَ إِلَّا بِالْحَقِّ ۚ یُفَصِّلُ الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّعْلَمُوْنَ ۝
إِنَّ فِی اخْتِلَافِ الَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَمَا خَلَقَ اللّٰهُ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّتَّقُوْنَ ۝
إِنَّ الَّذِیْنَ لَا یَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا وَرَضُوْا بِالْحَیٰوةِ الدُّنْیَا وَاطْمَأَنُّوْا بِهَا وَالَّذِیْنَ هُمْ عَنْ اٰیٰتِنَا
غٰفِلُوْنَ ۝ أُولٰٓئِكَ مَأْوٰهُمُ النَّارُ بِمَا كَانُوْا یَكْسِبُوْنَ ۝ إِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ یَهْدِیْهِمْ
رَبُّهُمْ بِإِیْمَانِهِمْ ۚ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْأَنْهٰرُ فِیْ جَنّٰتِ النَّعِیْمِ ۝ دَعْوٰىهُمْ فِیْهَا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَتَحِیَّتُهُمْ فِیْهَا
سَلٰمٌ ۚ وَاٰخِرُ دَعْوٰىهُمْ أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ ع ۱۱

بلاشبہ تمہارا رب (حقیقی) اللہ ہی ہے جس نے آسمانوں کو اور زمین کو چھ روز (کی مقدار) میں پیدا کر دیا۔ پھر عرش (یعنی تخت شاہی) پر قائم ہوا۔ وہ ہر کام کی (مناسب) تدبیر کرتا ہے (اس کے سامنے) کوئی سفارش کرنے والا (سفارش) نہیں (کر سکتا) بدوں اس کی اجازت کے ایسا اللہ تمہارا رب (حقیقی) ہے سو تم اس کی عبادت کرو (اور شرکت مت کرو) کیا تم (ان دلائل کو سننے کے بعد) پھر بھی نہیں سمجھتے تم سب کو اللہ ہی کے پاس جانا ہے اللہ نے اس کا سچا وعدہ کر رکھا ہے۔ بے شک وہی پہلی بار بھی پیدا کرتا ہے پھر وہی دوبارہ بھی (قیامت کو) پیدا کرے گا تاکہ ایسے لوگوں کو جو کہ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے انصاف کے ساتھ (پوری پوری) جزا دے اور جن لوگوں نے کفر کیا ان کے واسطے (آخرت میں) کھولتا ہوا پانی پینے کو ملے گا اور دردناک عذاب ہوگا ان کے کفر کی وجہ سے۔ وہ اللہ ایسا ہے جس نے آفتاب کو چمکتا ہوا بنایا اور چاند کو نورانی بنایا اور اس (چال) کے لئے منزلیں مقرر کیں تاکہ تم برسوں کی گنتی اور حساب معلوم کر لیا کرو۔ اللہ تعالیٰ نے یہ چیزیں بے فائدہ نہیں پیدا کیں۔ وہ یہ دلائل ان لوگوں کو صاف صاف بتلا رہے ہیں جو دانش رکھتے ہیں۔ بلاشبہ رات اور دن کے یکے بعد دیگرے آنے میں اور اللہ تعالیٰ نے جو کچھ آسمانوں اور زمینوں میں پیدا کیا ہے ان سب

www.besturdubooks.net

میں ان لوگوں کے واسطے (توحید کے) دلائل ہیں جو (خدا کا) ڈر مانتے ہیں۔ جن لوگوں کو ہمارے پاس آنے کا کھٹکا نہیں ہے اور وہ دنیوی زندگی پر راضی ہو گئے ہیں (آخرت کی طلب اصلاً نہیں کرتے) اور اس میں جی لگا بیٹھے ہیں (آئندہ کی کچھ فکر نہیں) اور جو لوگ ہماری آیتوں سے بالکل غافل ہیں ایسے لوگوں کا ٹھکانا ان کے اعمال کی وجہ سے دوزخ ہے (اور) یقیناً جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے ان کا رب ان کو بوجہ ان کے مؤمن ہونے کے ان کے مقصد (یعنی جنت) تک پہنچا دے گا۔ ان کے (مسکن کے) نیچے نہریں جاری ہوں گی چین کے باغوں میں۔ ان کے منہ سے یہ بات نکلے گی کہ سبحان اللہ اور ان کا باہمی سلام یہ ہوگا السلام علیکم اور ان کی (اس وقت کی ان باتوں میں) اخیر بات یہ ہوگی الحمد للہ رب العالمین۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر قرآن و رسالت کا ذکر تھا آگے توحید کا بیان ہے۔

حقیقت توحید ☆ اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ (الی قولہ تعالیٰ) اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۞ بلاشبہ تمہارا رب (حقیقی اللہ ہی ہے جس نے آسمانوں کو اور زمین کو چھ روز (کی مقدار) میں پیدا کر دیا (پس اعلیٰ درجہ کا قادر ہے) پھر عرش پر (جو مشابہ ہے تخت سلطنت کے اس طرح) قائم (اور جلوہ فرما) ہوا (کہ جو اس کی شان کے لائق ہے تاکہ عرش سے زمین و آسمان میں احکام جاری فرما دے جیسا آگے ارشاد ہے کہ) وہ ہر کام کی (مناسب) تدبیر کرتا ہے (پس حکیم بھی ہے اس کے سامنے) کوئی سفارش کرنے والا (سفارش) نہیں (کر سکتا) بدون اس کی اجازت کے (بس عظیم بھی ہوا پس) ایسا اللہ تمہارا رب (حقیقی) ہے سو تم اس کی عبادت کرو (اور شرک مت کرو) کیا تم (ان دلائل کے سننے کے بعد) پھر بھی نہیں سمجھتے۔ ربط: اوپر توحید کا ذکر تھا آگے معاد کا ذکر ہے۔

حقیقت معاد ☆ اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا (الی قولہ تعالیٰ) بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ۞ تم سب کو اللہ ہی کے پاس جانا ہے اللہ نے (اس کا) سچا وعدہ کر رکھا ہے بیشک وہی پہلی بار بھی پیدا کرتا ہے پھر وہی دوبارہ بھی (قیامت کو) پیدا کرے گا تاکہ ایسے لوگوں کو جو کہ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے انصاف کے ساتھ (پوری پوری) جزا دے (اور اس میں ذرا کمی نہ کرے بلکہ بہت کچھ زیادہ دے دے) اور جن لوگوں نے کفر کیا ان کے واسطے (آخرت میں) کھولتا ہوا پانی پینے کو ملے گا اور دردناک عذاب ہوگا ان کے کفر کی وجہ سے۔ ربط: اوپر توحید کا بیان ہوا ہے آگے پھر اسی کی طرف عود ہے۔

عود بتوحید ☆ هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ الشَّمْسَ (الی قولہ تعالیٰ) لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ وہ اللہ ایسا ہے جس نے آفتاب کو چمکتا ہوا بنایا اور چاند کو (بھی) نورانی بنایا اور اس (کی چال) کے لئے منزلیں مقرر کیں (کہ ہر روز ایک منزل قطع کرتا ہے) تاکہ (ان اجرام کے ذریعہ سے) تم برسوں کی گنتی اور حساب معلوم کر لیا کرو اللہ تعالیٰ نے یہ چیزیں بے فائدہ نہیں پیدا کیں وہ یہ دلائل ان لوگوں کو صاف صاف بتلا رہے ہیں جو دانش رکھتے ہیں بلاشبہ رات اور دن کے یکے بعد دیگرے آنے میں اور اللہ نے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں پیدا کیا ہے ان سب میں ان لوگوں کے واسطے (توحید کے) دلائل ہیں جو (خدا کا) ڈر مانتے ہیں۔ ف: یوں تو غیر اہل تقویٰ کے لئے بھی دلائل بیان کئے گئے ہیں مگر تخصیص باعتبار انتفاع کے ہے اور منزل سے مراد وہ مسافت ہے جس کو کوئی کوکب شب و روز میں قطع کر لے خواہ وہ مسافت خلاء ہو یا ملاء ہو اور اس معنی کر آفتاب بھی ذی منازل ہے چنانچہ بعض قدرہ کی ضمیر بتاویل ہر واحد کے دونوں کی طرف راجع کی ہے لیکن چونکہ قمر کی چال بہ نسبت سورج کے سریع ہے اور اس کا منازل کو طے کرنا محسوس ہے اس لئے اس کے ساتھ سیر منازل کی تخصیص مناسب ہوئی اور اس اعتبار سے قمر کی انتیس یا تیس منزلیں ہوئیں مگر چونکہ اٹھائیس رات سے زیادہ نظر نہیں آتا اس لئے اٹھائیس منزلیں اس کی مشہور ہیں اور ہر چند کہ شمس و قمر دونوں عدد سنین اور حساب کے آلات میں سے ہیں لیکن آفتاب کا دورہ ایک سال میں پورا ہونے کی وجہ سے زیادہ مناسب یہ ہے کہ عدد السنین کو شمس کے متعلق کہا جاوے اور اس سے چھوٹے حساب کو قمر کے متعلق کہا جاوے اور اسی واسطے حساب کا لفظ بڑھا دیا گیا بطور تعمیم بعد تخصیص کے واللہ اعلم۔ ربط: اوپر معاد کا مضمون تھا آگے پھر اس کی طرف عود ہے۔

عود بمعاد ☆ اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ (الی قولہ تعالیٰ) اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۞ جن لوگوں کو ہمارے پاس آنے کا کھٹکا نہیں ہے اور وہ دنیوی زندگی پر راضی ہو گئے ہیں (آخرت کی طلب اصلاً نہیں کرتے) اور اس میں جی لگا بیٹھے ہیں (آئندہ کی کچھ خبر نہیں) اور جو لوگ ہماری آیتوں سے (جو کہ بعثت پر دلالت کرتی ہیں) بالکل غافل ہیں ایسے لوگوں کا ٹھکانا ان کے (ان) اعمال کی وجہ سے دوزخ ہے (اور) یقیناً جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے ان کا رب ان کو بوجہ ان کے مؤمن ہونے کے ان کے مقصد (یعنی جنت) تک پہنچا دے گا ان کے (مسکن کے) نیچے نہریں جاری ہوں گی چین کے باغوں میں (اور جس وقت وہ جنت میں جا دیں گے اور عجائبات کا دفعۃً معائنہ کریں گے تو اس وقت) ان کے منہ سے یہ بات نکلے گی کہ سبحان اللہ اور (پھر جب ایک دوسرے کو دیکھیں گے تو) ان کا باہمی سلام یہ ہوگا السلام علیکم اور (جب اطمینان سے وہاں جا بیٹھیں گے اور اپنے پرانے مصائب اور متاعب اور اس وقت کے غیر مکدر دائمی عیش کا موازنہ کریں گے تو ان کی اس وقت کی باتوں میں) اخیر بات یہ ہوگی اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ (جیسا دوسری آیت میں ہے: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ) ف: اٰخِرُ دَعْوٰهُمْ کی اس تفسیر پر یہ شبہ نہیں رہا کہ کیا اس کے بعد وہ کوئی بات نہ کریں گے۔

www.besturdubooks.net

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا وَ رَضُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَاطْمَاَنُّوْا بِهَا ..... مذمت کا رضا بالدنیا واطمینان بالدنیا پر مرتب کرنا ان دونوں کے مذموم ہونے پر دلیل ظاہر ہے۔۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی بالقسط کمی نہ کرے وهو الفائدة فی التقييد بالقسط فالمقصود نفی النقص لا نفی الزيادة وحيث وقع العذاب فالمراد نفی الزيادة لا النقص لانه لا محذور فيه فلا حاجة الی تفسير القسط ما لعمل الصالح ونحوه۱۲۔ ۲ قوله فی يهديهم مقصد اشارة الی ان الكلام يهديهم ربهم الی ماوٰهم لدلالة السياق عليه۱۲۔ ۳ قوله فی سبحنك عجائبات الخ وهذا التفسير بهذا النهج وبهذا الترتيب من مواهب الله تعالٰی ويقع مثل ذلك فی مجالس الدنيا والله اعلم۱۲۔

اَلْكَلَامُ: استدل المعتزلة بالآية علی توقف دخول الجنة علی الايمان والعمل الصالح والجواب ظاهر فان الآية تدل علی كون الجموع سببا لا شرطا ودلت نصوص اخرٰی علی كفاية الايمان فی نفس الدخول ولا تنافی بين الاسباب۱۲۔

اَللُّغَاتُ: لا فرق بين الضياء والنور ولذا زيدت لفظة بھی فی نورا وما اشتهر فی الفرق بينهما بكون الضياء بالذات والنور بالعرض وبنائه علی استفادة القمر النور من الشمس فمما لم يثبت فی اللغة واما حديث الاستفادة فما ذكروا فيه انه من الحدسيات لاختلاف اشكاله بحسب قربه وبعده منها اه لا يفيد الجزم لاحتمال ان يكون القمر كرة نصفها مضئی ونصفها مظلم يتحرك علی نفسه فيری هلالا ثم بدرا ثم يمحق واما الاستدلال بحصول الخوف عنه توسط الارض بينه وبين الشمس فلا يفيد الجزم ايضاً لجواز ان يكون سبب آخر لاختلاف تلك الاشكال النورية لكنا لا نعلمه كان يكون كوكب كمد تحت فلك القمر ينخسف به فی بعض اسقبالاته۱۲۔ الرجاء عام للامل والخوف ويشير الی عدم الامل قوله رضوا والی عدم الخوف قوله واطمانوا۱۲۔

اَلنَّحْوُ: قوله يدبر الامر اما حال واما خبر بعد خبر واما تفسير علی بعض الاقوال لقوله استوٰی علی العرش ومر ما يتعلق بالآية فی حواشی مثل هذه فی سوره الاعراف۱۲۔

اَلْبَلَاغَةُ: قوله جعل الشمس ضياءً بمعنی ذات ضياء او نفس ضياء بطريق المبالغة وعلی كل فهو من قبيل ضيق فم الركية لان الله تعالٰی خلقها مضيئة من اول الامر قوله قدره ای قدر له ای لسيره۱۲۔ تكرير الموصول فی قوله والذين هم عن آياتنا من عطف الصفة علی الصفة لذات واحد للايذان بان كلاً من الصفتين تكفی فی ايجابها النار قوله بايمانهم خصص الايمان بالذكر بعد الجموع دلالة علی اصالة الايمان وشرفه۱۲۔

وَلَوْ يُعَجِّلُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ الشَّرَّ اسْتِعْجَالَهُمْ بِالْخَيْرِ لَقُضِيَ اِلَيْهِمْ اَجَلُهُمْ ؕ فَنَذَرُ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ⑪ وَ اِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنْۢبِهٖۤ اَوْ قَاعِدًا اَوْ قَآئِمًا ۚ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُ ضُرَّهٗ مَرَّ كَاَنْ لَّمْ يَدْعُنَاۤ اِلٰى ضُرٍّ مَّسَّهٗ ؕ كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْمُسْرِفِيْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ⑫ وَ لَقَدْ اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَمَّا ظَلَمُوْا ۙ وَ جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ وَ مَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِي الْقَوْمَ الْمُجْرِمِيْنَ ⑬ ثُمَّ جَعَلْنٰكُمْ خَلٰٓئِفَ فِي الْاَرْضِ مِنْۢ بَعْدِهِمْ لِنَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ⑭

اور اگر اللہ تعالیٰ لوگوں پر (ان کے جلدی مچانے کے موافق) جلدی سے نقصان واقع کر دیا کرتا۔ جس طرح وہ فائدہ کے لئے جلدی مچاتے ہیں تو ان سے وعدہ (عذاب) کبھی کا پورا ہو چکا ہوتا۔ سو (اس لئے) ہم ان لوگوں کو جن کو ہمارے پاس آنے کا کھٹکا نہیں ہے ان کے حال پر (بلا عذاب) چند روز چھوڑے رکھتے ہیں کہ اپنی سرکشی میں بھٹکتے رہیں اور جب انسان کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو ہم کو پکارنے لگتا ہے لیٹے بھی بیٹھے بھی کھڑے بھی پھر جب ہم اس کی وہ تکلیف اس سے ہٹا دیتے ہیں تو پھر اپنی پہلی حالت پر آ جاتا ہے کہ گویا جو تکلیف اس کو پہنچی تھی اس کے ہٹانے کے لئے کبھی ہم کو پکارا ہی نہ تھا۔ ان حد سے نکلنے والوں کے اعمال (بد) ان کو اسی طرح مستحسن معلوم ہوتے ہیں (جس طرح ہم نے ابھی بیان کیا ہے) اور ہم نے تم سے پہلے بہت سے گروہوں کو (انواع عذاب سے) ہلاک کر دیا جبکہ انہوں نے ظلم کیا (یعنی کفر و شرک) حالانکہ ان کے پاس ان کے پیغمبر بھی دلائل لے کر آئے اور (بوجہ غایت عناد کے) ایسے کب تھے کہ ایمان لے آتے۔ ہم مجرم لوگوں کو ایسی ہی سزا دیا کرتے ہیں۔ (جیسا کہ ہم نے

www.besturdubooks.net

ابھی بیان کیا ہے) پھر ان کے بعد ہم نے دنیا میں بجائے ان کے تم کو آباد کیا تا کہ (ظاہری طور پر) ہم دیکھ لیں کہ تم کس طرح کام کرتے ہو۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر اُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمُ النَّارُ میں کفار کا آخرت میں معذب ہونا بیان فرمایا ہے ایسے مضامین پر کفار تکذیب کی غرض سے کہا کرتے کہ ہم تو عذاب کو حق تب سمجھیں کہ ہم پر یہاں دنیا ہی میں عذاب نازل ہو جاوے۔ جیسا سورۂ صٓ میں ہے: وَقَالُوْا رَبَّنَا عَجِّلْ لَّنَا قِطَّنَا قَبْلَ يَوْمِ الْحِسَابِ [صٓ: ۱۶] اور اس کے بعد عذاب نازل نہ ہونے سے شبہ عدم عذاب فی المعاد کا ہو سکتا تھا آگے اس کا جواب ارشاد ہوتا ہے۔

جوابِ شبہ از عدمِ وقوعِ عذاب عاجل ☆ وَلَوْ يُعَجِّلُ اللّٰهُ (الی قولہ تعالیٰ) فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ۞ اور اگر اللہ تعالیٰ لوگوں پر (ان کے جلدی مچانے کے موافق) جلدی سے نقصان واقع کر دیا کرتا جس طرح وہ فائدے کے لئے جلدی مچاتے ہیں (اور اس کے موافق وہ فائدہ جلد واقع کر دیتا ہے اسی طرح اگر نقصان بھی واقع کر دیا کرتا) تو ان کا وعدہ (عذاب) کبھی کا پورا ہو چکا ہوتا (لیکن) ہماری حکمت جس کا بیان ابھی آتا ہے چونکہ اس کو مقتضی نہیں ہے) سو (اس لئے) ہم ان لوگوں کو جن کو ہمارے پاس آنے کا کھٹکا نہیں ہے ان کے حال پر (بلا عذاب چند روز) چھوڑے رکھتے ہیں کہ اپنی سرکشی میں بھٹکتے رہیں (اور مستحق زیادہ عذاب کے ہو جاویں اور وہ حکمت یہی ہے) ف: اگر کسی کو شبہ ہو کہ آیت سے دو امر مفہوم ہوتے ہیں ایک یہ کہ شر مانگنے سے بھی جلدی واقع نہیں ہوتا دوسرا یہ کہ مانگنے سے خیر جلدی واقع ہوتی ہے حالانکہ اس کا عکس بھی بکثرت واقع ہوتا ہے اس کا جواب یہ ہے مقصود آیت کا یہ ہے کہ بمقتضائے رحمت اصل خیر میں تعجیل وقوع ہے اور شر میں عدم تعجیل وقوع لیکن کسی عارض سے اگر عکس ہو جاوے تو منافی مدلول آیت کے نہیں پس آیت میں تعجیل وعدم تعجیل باعتبار اقتضائے اصل کے ہے یا یوں کہا جاوے کہ جو شر و نقصان واقع ہوتا ہے اس میں باعتبارِ شخص خاص یا باعتبارِ عامہ مصالح کے کوئی خیر مضمر ہوتی ہے اور جس خیر میں توقف ہوتا ہے اسی طرح اس میں کوئی شر مضمر ہوتا ہے پس اس شر کا وقوع واقع میں خیر کا وقوع ہے اور اس خیر کا عدم وقوع واقع میں شر کا عدم وقوع ہے۔ ربط: اوپر توحید کا ذکر ہوا ہے آگے شرک کا باطل ہونا ایک خاص طور پر بیان فرماتے ہیں وہ یہ کہ مصیبت میں خود مشرکین ہی خدا کے سوا سب کو چھوڑ بیٹھتے ہیں پس شرک واقع میں جس طرح باطل ہے اسی طرح اس عقیدہ والوں کے طرزِ عمل سے بھی وہ لچر ثابت ہوتا ہے۔

تزییف طریقۂ مشرکین ☆ وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ الضُّرُّ (الی قولہ تعالیٰ) مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۞ اور جب انسان کو (یعنی ان میں سے بعض کو) کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو ہم کو پکارنے لگتا ہے لیٹے بھی بیٹھے بھی کھڑے بھی (اور اس وقت کوئی بت وغیرہ یاد نہیں رہتا: ضَلَّ مَنْ تَدْعُوْنَ اِلَّآ اِيَّاهُ ..... [الاسراء: ۶۷]) پھر جب (اس کی دعاء والتجاء کے بعد) ہم اس کی وہ تکلیف ہٹا دیتے ہیں تو پھر اپنی پہلی حالت پر آ جاتا ہے (اور ہم سے ایسا بے تعلق ہو جاتا ہے) کہ گویا جو تکلیف اس کو پہنچی تھی اس کے ہٹانے کے لئے کبھی ہم کو پکارا ہی نہ تھا (اور پھر وہی شرک کی باتیں کرنے لگتا ہے نَسِيَ مَا كَانَ يَدْعُوْٓا اِلَيْهِ مِنْ قَبْلُ وَجَعَلَ لِلّٰهِ اَنْدَادًا [الزمر: ۸]) ان حد سے نکلنے والوں کے اعمال (بد) ان کو اسی طرح مستحسن معلوم ہوتے ہیں (جس طرح ہم نے ابھی بیان کیا ہے) ف: اس آیت کا مضمون قرآن مجید کی چند آیتوں میں مختلف الفاظ سے آیا ہے جن کا خلاصہ یہ ہے کہ حالتِ خیر میں یہ احکام ثابت فرمائے ہیں اعراض نسیان ترک دعاء فرح فخر ان سب کا صحت اجتماع ظاہر ہے اور حالتِ شر میں یہ احکام ثابت فرمائے ہیں یاس کفران دعاء ان میں یاس و کفران کا صحت اجتماع تو ظاہر ہے لیکن دعاء اور یاس کا اجتماع ظاہراً مشکل ہے کیونکہ دعاء امید ہی میں کی جاتی ہے سو یا تو یوں کہا جاوے کہ زبان سے دعاء کرتا ہے مگر دل میں مایوسی ہوتی ہے اور یا یوں کہا جاوے کہ اول اول خوب دعاء کرتا ہے پھر بعد چندے مایوس ہو کر چھوڑ دیتا ہے اور سورۂ حٰمٓ فصلت کے آخر میں جو اشارہ ہوا ہے لَا يَسْئَمُ الْاِنْسَانُ مِنْ دُعَآءِ الْخَيْرِ اس میں ظاہراً یہ اشکال ہوتا ہے کہ اگر یہ حالت خیر میں ہے تب تو اس میں اوپر ترک دعاء ثابت ہو چکا ہے اور اگر حالتِ شر میں ہے تو لَا يَسْئَمُ کا حکم مشکل ہے کیونکہ یاس میں نشاط فی الدعاء بالیقین فوت ہو جاتا ہے اس کا جواب یہ ہے کہ یہ دونوں حالتوں میں مشترک ہے اور دعاء سے مراد محض استدعاء اور تمنا اور حرص ہے یہ امور ہر حالت میں تازہ رہتے ہیں خوب سمجھ لینا چاہئے اس تقریر سے تمام اشکالات رفع ہو گئے۔ ربط: اوپر مضمون معاد میں کفار کا مستحق عذاب ہونا بیان فرمایا ہے آگے تاکید استحقاق کے لئے باجمالاً کفار سابقین کا انواع عذاب سے ہلاک ہونا بیان فرماتے ہیں تا کہ تنبیہ ہو جاوے کہ یہ بھی مستحق عذاب کے ہیں لیکن بعض حکمتوں سے دنیا میں عذاب ہائل رک رہا ہے وہاں چونکہ مانع نہ ہوگا اس لئے لامحالہ واقع ہو جاوے گا۔ اور اس اجمال کی تفصیل کے لئے آخر سورت میں بعض قصص امم سابقہ کے آئے ہیں۔

تہدید کفار بذکر اہلاک سابقین اجمالاً ☆ وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ (الی قولہ تعالیٰ) لِنَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ۞ اور ہم نے تم سے پہلے بہت سے گروہوں کو (انواع عذاب سے) ہلاک کر دیا ہے جب کہ انہوں نے ظلم (یعنی کفر و شرک) کیا حالانکہ ان کے پاس ان کے پیغمبر بھی دلائل لے کر آئے اور وہ (بوجہ غایت عناد کے) ایسے کب تھے کہ ایمان لے آتے ہیں ہم مجرم لوگوں کو ایسی ہی سزا دیا کرتے ہیں (جیسا ہم نے ابھی بیان کیا ہے) پھر ان کے بعد ہم نے دنیا میں بجائے ان کے تم کو آباد کیا تا کہ (ظاہری طور پر بھی) ہم دیکھ لیں کہ تم کس طرح کام کرتے ہو (آیا ویسا ہی شرک و کفر کرتے ہو یا ایمان لاتے ہو) ف:

www.besturdubooks.net

ظاہری طور پر اس لئے کہا کہ علم الٰہی قبل الوقوع بھی ہے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَإِذَا مَسَّ الْإِنسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنبِهِ أَوْ قَاعِدًا أَوْ قَائِمًا فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُ ضُرَّهُ مَرَّ كَأَن لَّمْ يَدْعُنَا روح میں ہے کہ یہ ان لوگوں کی حالت ہے جنہوں نے مشاہد ربوبیت میں حقائق عبودیت کا ادراک نہیں کیا ان پر جب بلا آتی ہے تو تضرع کرنے لگتے ہیں اور جب بلا دور ہو جاتی ہے تو گویا بے تعلق ہو جاتے ہیں اور اگر عارف ہوتے برابر تضرع اور عبودیت کرتے رہتے اھ بحاصلہ اور اگر انسان سے مراد کافر لیا جاوے تو اس پر دال ہے کہ دعاء وعبادت اگر ایمان سے نہ ہو بلکہ محض اضطرار سے ہو تو (شرعاً) نافع نہیں اور ایسی ہی دعاء وعبادت اس آیت میں مذکور ہے۔ فاذا ركبوا في الفلك دعوا الله مخلصين له الدين ۱۲

ملحوظات الترجمۃ: ۱ قوله في استعجالهم فائدہ جلد واقع الخ اشارة الى تقدير الكلام هكذا ولو يعجل الله للناس الشر باستعجالهم كتعجيله الخير باستعجالهم له فوضع استعجالهم بالخير موضع تعجيله لهم اشعارا كما في الكشاف بسرعة اجابته سبحانه لهم واسعافه بطلبتهم حتى كان استعجالهم بالخير تعجيل له اه في الروح وهو كلام رضين يدل على وقته نظر صاحبه كما قال ابن المنير ۱۲۔۲ قوله في الانسان بعض لانه منهم من ليس كذلك فهذا وصف لجنس الانسان باعتبار افراده ۱۲۔۳ قوله في فلما النجاء کے بعد دل عليه الفاء ۱۲۔۱ قوله في الى ضر هٖ اشارة الى تقديره هكذا الى كشف ضر مسه ۱۲۔

اللغات: القرن اهل كل زمان كذا في الروح۔

وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ قَالَ الَّذِينَ لَا يَرْجُونَ لِقَاءَنَا ائْتِ بِقُرْآنٍ غَيْرِ هَٰذَا أَوْ بَدِّلْهُ ۚ قُلْ مَا يَكُونُ لِي أَنْ أُبَدِّلَهُ
مِن تِلْقَاءِ نَفْسِي ۖ إِنْ أَتَّبِعُ إِلَّا مَا يُوحَىٰ إِلَيَّ ۖ إِنِّي أَخَافُ إِنْ عَصَيْتُ رَبِّي عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ ﴿۱۵﴾ قُل لَّوْ
شَاءَ اللَّهُ مَا تَلَوْتُهُ عَلَيْكُمْ وَلَا أَدْرَاكُم بِهِ ۖ فَقَدْ لَبِثْتُ فِيكُمْ عُمُرًا مِّن قَبْلِهِ ۖ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ﴿۱۶﴾
فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا أَوْ كَذَّبَ بِآيَاتِهِ ۚ إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الْمُجْرِمُونَ ﴿۱۷﴾ وَيَعْبُدُونَ مِن
دُونِ اللَّهِ مَا لَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنفَعُهُمْ وَيَقُولُونَ هَٰؤُلَاءِ شُفَعَاؤُنَا عِندَ اللَّهِ ۚ قُلْ أَتُنَبِّئُونَ اللَّهَ
بِمَا لَا يَعْلَمُ فِي السَّمَاوَاتِ وَلَا فِي الْأَرْضِ ۚ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَىٰ عَمَّا يُشْرِكُونَ ﴿۱۸﴾ وَمَا كَانَ النَّاسُ
إِلَّا أُمَّةً وَاحِدَةً فَاخْتَلَفُوا ۚ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِن رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ فِيمَا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ﴿۱۹﴾

اور جب ان کے سامنے ہماری آیتیں پڑھی جاتی ہیں جو بالکل صاف صاف ہیں تو یہ لوگ جن کو ہمارے پاس آنے کا کھٹکا نہیں ہے (آپ سے) یوں کہتے ہیں کہ اس کے سوا کوئی (پورا) دوسرا قرآن (ہی) لائیے یا (کم سے کم) اس میں کچھ ترمیم کر دیجئے۔ آپ یوں کہہ دیجئے کہ مجھ سے یہ نہیں ہو سکتا کہ میں اپنی طرف سے اس میں ترمیم کر دوں۔ بس میں تو اسی کا اتباع کروں گا جو میرے پاس وحی کے ذریعے سے پہنچا ہے۔ اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں تو میں ایک بڑے بھاری دن کے عذاب کا اندیشہ رکھتا ہوں۔ آپ یوں کہہ دیجئے کہ اگر خدا تعالیٰ کو منظور ہوتا تو نہ تو میں تم کو یہ (کلام) پڑھ کر سناتا اور نہ اللہ تعالیٰ تم کو اس کی اطلاع دیتا کیونکہ اس سے پہلے بھی تو میں ایک بڑے حصہ تک تم میں رہ چکا ہوں پھر کیا تم اتنی عقل نہیں رکھتے سو اس شخص سے زیادہ ظالم کون ہوگا جو اللہ پر جھوٹ باندھے یا اس کی آیتوں کو جھوٹا بتلا دے یقیناً ایسے مجرموں کو اصلاً فلاح نہ ہوگی (بلکہ معذب ابدی ہوں گے) اور یہ لوگ اللہ (کی توحید) کو چھوڑ کر ایسی چیزوں کی عبادت کرتے ہیں جو نہ ان کو ضرر پہنچا سکیں اور نہ ان کو نفع پہنچا سکیں اور کہتے ہیں کہ یہ اللہ کے پاس ہمارے سفارشی ہیں۔ آپ کہہ دیجئے کہ کیا خدا تعالیٰ کو ایسی چیز کی خبر دیتے ہو جو خدا تعالیٰ کو معلوم نہیں نہ آسمانوں میں اور نہ زمین میں۔ وہ پاک ہے اور برتر ہے ان لوگوں کے شرک سے اور تمام آدمی ایک ہی طریقے کے تھے (پھر اپنی کجرائی سے) انہوں نے اختلاف پیدا کر لیا اور اگر ایک بات نہ ہوتی جو آپ کے رب کی طرف سے پہلے ٹھہر چکی ہے تو جس چیز میں یہ لوگ اختلافات کر رہے ہیں۔ ان کا فیصلہ (دنیا میں) ہو چکا ہوتا۔ ﴿

تفسیر ربط: اوپر توحید ومعاد کے متعلق گفتگو تھی آگے قرآن ورسالت کے صدق وحقیقت کا بیان ہے جو شروع میں بھی آچکا ہے۔

حقیقت قرآن ورسالت ☆ وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ (الى قوله تعالى) إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الْمُجْرِمُونَ ﴿۱۷﴾ اور جب ان کے سامنے ہماری آیتیں پڑھی

www.besturdubooks.net

جاتی ہیں جو بالکل صاف صاف ہیں تو یہ لوگ جن کو ہمارے پاس آنے کا کھٹکا نہیں ہے (آپ سے) یوں کہتے ہیں کہ (یا تو) اس کے سوا کوئی (پورا) دوسرا قرآن (ہی) لائیے (جس میں ہمارے مسلک کے خلاف مضامین نہ ہوں) یا کم سے کم اسی (قرآن) میں کچھ ترمیم کر دیجئے (کہ ہمارے مسلک کے خلاف مضامین اس میں سے حذف کر دیجئے اور اس منطوق سے یہ بھی معلوم ہوا کہ وہ لوگ قرآن کو کلام محمدی سمجھتے تھے اللہ تعالیٰ اسی بناء پر جواب تعلیم فرماتے ہیں کہ) آپ یوں کہہ دیجئے کہ (قطع نظر اس سے کہ ایسے مضامین کا حذف کرنا فی نفسہٖ کیسا ہے خود) مجھ سے یہ نہیں ہوسکتا کہ میں اپنی طرف سے اس میں ترمیم کر دوں (اور جب بعض کا حذف بھی ممکن نہیں تو کل کا حذف تو بدرجۂ اولیٰ ناممکن ہے کیونکہ وہ میرا کلام تو ہے ہی نہیں بلکہ اللہ کا کلام ہے جو وحی کے ذریعہ سے آیا ہے جب یہ ہے تو) بس میں تو اسی کا اتباع کروں گا جو میرے پاس وحی کے ذریعہ سے پہنچا ہے (اور بالفرض خدانخواستہ) اگر میں (وحی کا اتباع نہ کروں بلکہ) اپنے رب کی نافرمانی کروں تو میں ایک بڑے بھاری دن کے عذاب کا اندیشہ رکھتا ہوں (جو اہل عصیان کے لئے مخصوص ہے اور وہ بوجہ عصیان کے تمہارے نصیب میں ہے سو میں تو اس عذاب یا اس کے سبب یعنی عصیان کی جرأت نہیں رکھتا اور اگر ان کو اس کے وحی ہونے میں کلام ہے اور یہ آپ ہی کا کلام سمجھتے ہیں تو) آپ یوں ہی کہہ دیجئے کہ (یہ تو ظاہر ہے کہ یہ کلام معجز ہے کوئی بشر اس پر قادر نہیں ہوسکتا خواہ میں ہوں یا تم ہو سو) اگر خدا تعالیٰ کو منظور ہوتا (کہ میں یہ کلام معجز تم کو نہ سنا سکوں اور اللہ تعالیٰ میرے ذریعہ سے تم کو اس کی اطلاع نہ دے) تو (مجھ پر اس کو نازل نہ فرماتا پس) نہ تو میں تم کو یہ (کلام) پڑھ کر سناتا اور نہ اللہ تعالیٰ تم کو اس کی اطلاع دیتا (پس جب میں تم کو سنا رہا ہوں اور میرے ذریعہ سے تم کو اطلاع ہو رہی ہے اس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کو اس کلام معجز کا سنوانا اور اطلاع کرنا منظور ہوا اور سنانا اور اطلاع دینا بدون وحی کے ہونے کے ممکن نہیں اس سے معلوم ہوا کہ وہ وحی منزل اور کلام الٰہی ہے) کیونکہ (آخر) اس (کلام کے ظاہر کرنے) پہلے بھی تو ایک بڑے حصے عمر تک تم میں رہ چکا ہوں (پھر اگر یہ میرا کلام ہے تو یا تو اتنی مدت تک ایک جملہ بھی اس طرز کا نہ نکلا اور یا دفعۃً اتنی بڑی بات بنالی یہ تو بالکل عقل کے خلاف ہے) پھر کیا تم اتنی عقل نہیں رکھتے ہو (جب اس کا کلام الٰہی اور حق ہونا ثابت ہو گیا اور پھر بھی مجھ سے درخواست ترمیم کی کرتے ہو اور اس کو نہیں مانتے تو سمجھ لو کہ) اس شخص سے زیادہ کون ظالم ہوگا جو اللہ پر جھوٹ باندھے (جیسا میرے لئے تجویز کرتے ہو) یا اس کی آیتوں کو جھوٹا بتلاوے (جیسا اپنے لئے تجویز کر رکھا ہے) یقیناً ایسے مجرموں کو اصلاً فلاح نہ ہوگی (بلکہ معذب ابدی ہوں گے) ف: اعجاز کے اثبات میں فَقَدْ لَبِثْتُ فِيْكُمْ سے استدلال علی سبیل التنزل ہے یعنی اصل استدلال یہ ہے فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ [البقرۃ : ۲۳] اور اس میں کوئی بعید احتمال نکالتا کہ شاید عام اس پر قادر نہ ہوں آپ قادر ہوں اس احتمال پر یہ جواب دیا ہے کہ دفعۃً ایسے اعلیٰ طرز کا کلام طویل پیش کر دینا ممتنعات عادیہ سے ہے اور اعجاز میں امتناع عادی ہی پر مدار ہوتا ہے۔ لطف :اوپر طریقہ مشرکین کی تزییف تھی آگے بھی ابطال شرک کا بیان ہے۔

ابطالِ شرک ☆ وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ (الی قولہ تعالیٰ) فِيْمَا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ۝ اور یہ لوگ اللہ (کی توحید) کو چھوڑ کر ایسی چیزوں کی عبادت کرتے ہیں جو (عبادت نہ کرنے کی صورت میں) ان کو ضرر پہنچا سکیں اور نہ (عبادت کرنے کی صورت میں) ان کو نفع پہنچا سکیں اور (اپنی طرف سے بلا دلیل ایک نفع تراش کر) کہتے ہیں کہ یہ (معبود) اللہ کے پاس ہمارے سفارشی ہیں (اس لئے ہم ان کی عبادت کرتے ہیں) آپ کہہ دیجئے کہ کیا تم خدا تعالیٰ کو ایسی چیز کی خبر دیتے ہو جو خدا تعالیٰ کو معلوم نہیں نہ آسمانوں میں اور نہ زمین میں (یعنی خدا تعالیٰ کو ان چیزوں کے شفیع یا معبود بحق ہونے کے وقوع کا یا امکان کا علم نہیں اور خدا تعالیٰ کا علم تمام اشیاء کو محیط ہے پس جب ان کا علم نہیں تو معلوم ہوا کہ ان کا وقوع یا امکان باطل ہے پس عدم اور استحالہ حق ہے اس سے عقیدۂ شرک کا بطلان لازم آ گیا پس وہ) پاک اور برتر ہے ان لوگوں کے شرک سے اور (یہ طریقہ شرکیہ عقلاً و شرعاً باطل ہونے کے علاوہ قدیم بھی تو نہیں کیونکہ پہلے) تمام آدمی ایک ہی طریقہ کے تھے (یعنی سب موحد تھے کیونکہ آدم علیہ السلام موحد تھے بہت روز تک ان کی اولاد ان ہی کے طریقہ پر رہی پس سب موحد رہے) پھر (اپنی کجرائی سے) انہوں نے (یعنی بعض نے) اختلاف پیدا کر لیا (اور مشرک ہو گئے پس طریقہ شرکیہ محض مخترع ٹھہرا) اور یہ مشرک ایسے مستحق عذاب ہیں کہ) ایک بات نہ ہوتی جو آپ کے رب کی طرف سے پہلے ٹھہر چکی ہے (کہ پورا عذاب ان کو آخرت میں دوں گا) تو جس چیز میں یہ لوگ اختلاف کر رہے ہیں ان کا قطعی فیصلہ (دنیا ہی میں) ہو چکا ہوتا (یعنی وہی عذاب موعود واقع ہو جاتا جو کہ عملی فیصلہ ہے) ف: عدم ضرر و عدم نفع اگرچہ حقیقۃً لیا جاوے تو سب معبودات غیر اللہ احیاء و اموات کو شامل ہے اور اگر صورۃً لیا جاوے جب بھی اموات یعنی اصنام وغیرہ کو شامل ہے جن کو اہل مکہ معبود سمجھتے تھے اور ان کا یہ کہنا کہ یہ ہمارے شفیع ہیں اور شفیع مستحق عبادت ہوتا ہے اس کے دو جواب ہیں ایک ابطال صغریٰ سے دوسرا ابطال کبریٰ سے اَتُنَبِّئُوْنَ اللّٰهَ میں دونوں کی طرف اشارہ ہے یعنی اولاً وہ شفیع نہیں پھر شفیع کے لئے معبود ہونا لازم نہیں غرض معبودیت غیر اللہ کا اعتقاد خواہ بالذات ہو یا بالعرض شرک ہے اور ان کو جو سفارشی مانتے تھے دنیا میں تو تحقیقاً اور آخرت میں فرضاً کیونکہ وہ آخرت کے قائل نہ تھے جیسا اس آیت میں :وَلَئِنْ رُّجِعْتُ اِلٰى رَبِّيْٓ الخ۔

ملحقات الترجمۃ :۱ قولہ فی قال الذین یہ لوگ اشارۃ الی ان فیہ وضع المظہر ۲؎ قولہ فی ما یکون لی جب بعض کا حذف اشارۃ الی

www.besturdubooks.net

کون المذکور جوابا عن الامرین قولهم ائت بقرآن غیر هذا وقوله' بدله۱۲۔ ۳ قوله فی اخاف تمہارے نصیب اشارة الی ان فی الکلام تعریضا۱۲۔ ۴ قوله فی قل لو شاء ظاہراً اشارة الی ان عدم ذکر مبنی الکلام من کونه معجزا لظهوره ولما سیاتی فقد لبثت۱۲۔

اَلنَّحْوُ: قوله فی السمٰوٰت فی الروح فی موضع الحال من العائد المحذوف ای بما لا یعلمه کائنا فی ذلك والمقصود تاکید النفی المدلول علیه بما قبله فانه قد جری فی العرف ان یقال عند تاکید للشئ لیس هذا فی السماء ولا فی الارض آه۔

اَلْبَلَاغَةُ: لعل ایراد قوله ولا ادرٰکم مع کفایة ما تلوته فی المقام للاشارة الی ان تلاوته علیه السلام لما لم تکن من تلقاء نفسه فهو ادراء من الله تعالٰی لهم فهو مشیر الی تقریر کونه وحیا۱۲۔

ع ۲ ۷ وَيَقُوْلُوْنَ لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۚ فَقُلْ اِنَّمَا الْغَيْبُ لِلّٰهِ فَانْتَظِرُوْا ۚ اِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ﴿۲۰﴾
وَاِذَآ اَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً مِّنْۢ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُمْ اِذَا لَهُمْ مَّكْرٌ فِيْٓ اٰيَاتِنَا ۭ قُلِ اللّٰهُ اَسْرَعُ مَكْرًا ۭ اِنَّ رُسُلَنَا يَكْتُبُوْنَ
مَا تَمْكُرُوْنَ ﴿۲۱﴾ هُوَ الَّذِيْ يُسَيِّرُكُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۭ حَتّٰٓى اِذَا كُنْتُمْ فِي الْفُلْكِ ۚ وَجَرَيْنَ بِهِمْ بِرِيْحٍ طَيِّبَةٍ
وَّفَرِحُوْا بِهَا جَاۗءَتْهَا رِيْحٌ عَاصِفٌ وَّجَاۗءَهُمُ الْمَوْجُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَّظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ اُحِيْطَ بِهِمْ ۙ دَعَوُا
اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۚ لَىِٕنْ اَنْجَيْتَنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۲۲﴾ فَلَمَّآ اَنْجٰىهُمْ اِذَا هُمْ يَبْغُوْنَ
فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ۭ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا بَغْيُكُمْ عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ ۙ مَّتَاعَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۡ ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُكُمْ
فَنُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۳﴾ اِنَّمَا مَثَلُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَاۗءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَاۗءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ
مِمَّا يَاْكُلُ النَّاسُ وَالْاَنْعَامُ ۭ حَتّٰٓى اِذَآ اَخَذَتِ الْاَرْضُ زُخْرُفَهَا وَازَّيَّنَتْ وَظَنَّ اَهْلُهَآ اَنَّهُمْ قٰدِرُوْنَ عَلَيْهَآ ۙ
اَتٰىهَآ اَمْرُنَا لَيْلًا اَوْ نَهَارًا فَجَعَلْنٰهَا حَصِيْدًا كَاَنْ لَّمْ تَغْنَ بِالْاَمْسِ ۭ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ
يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلٰى دَارِ السَّلٰمِ ۭ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۗءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۲۵﴾ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى
وَزِيَادَةٌ ۭ وَلَا يَرْهَقُ وُجُوْهَهُمْ قَتَرٌ وَّلَا ذِلَّةٌ ۭ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۶﴾ وَالَّذِيْنَ كَسَبُوا
السَّيِّاٰتِ جَزَاۗءُ سَيِّئَةٍ بِمِثْلِهَا ۙ وَتَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ۭ مَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ عَاصِمٍ ۚ كَاَنَّمَآ اُغْشِيَتْ وُجُوْهُهُمْ قِطَعًا
مِّنَ الَّيْلِ مُظْلِمًا ۭ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۷﴾ وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ نَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا
مَكَانَكُمْ اَنْتُمْ وَشُرَكَاۗؤُكُمْ ۚ فَزَيَّلْنَا بَيْنَهُمْ وَقَالَ شُرَكَاۗؤُهُمْ مَّا كُنْتُمْ اِيَّانَا تَعْبُدُوْنَ ﴿۲۸﴾ فَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًۢا
بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اِنْ كُنَّا عَنْ عِبَادَتِكُمْ لَغٰفِلِيْنَ ﴿۲۹﴾ هُنَالِكَ تَبْلُوْا كُلُّ نَفْسٍ مَّآ اَسْلَفَتْ ۚ وَرُدُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ
الْحَقِّ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۳۰﴾ ع ۳ ۸

اور یہ لوگ یوں کہتے ہیں کہ ان پر ان کے رب کی طرف سے کوئی معجزہ کیوں نازل نہیں ہوا سو آپ فرما دیجئے کہ غیب کی خبر صرف خدا تعالیٰ کو ہے (مجھ کو نہیں) سو تم بھی منتظر رہو میں بھی تمہارے ساتھ منتظر ہوں اور جب ہم لوگوں کو بعد اس کے کہ ان پر کوئی مصیبت پڑ چکی ہو کسی نعمت کا مزہ چکھا دیتے ہیں۔ تو فوراً ہماری آیتوں کے بارے میں شرارت کرنے لگتے ہیں۔ آپ کہہ دیجئے کہ اللہ تعالیٰ اس شرارت کی سزا بہت جلد دے گا۔ بالیقین ہمارے فرشتے تمہاری سب شرارتوں کو لکھ رہے ہیں اور وہ (اللہ) ایسا ہے

www.besturdubooks.net

کہ تم کو خشکی اور دریا میں لئے لئے پھرتا ہے یہاں تک کہ جب (بعض اوقات) تم کشتی میں (سوار) ہوتے ہو اور وہ کشتیاں لوگوں کو موافق ہوا کے ذریعے سے لے کر چلتی ہیں اور وہ لوگ (ان کی رفتار سے) خوش ہوتے ہیں (اس حالت میں دفعتہً) ان پر ایک جھونکا (مخالف) ہوا کا آتا ہے اور ہر طرف سے ان پر موجیں اُٹھتی چلی آتی ہیں اور وہ سمجھتے ہیں کہ (برے) آ گھرے۔ (اس وقت) سب خالص اعتقاد کر کے اللہ ہی کو پکارنے لگتے ہیں کہ (اے اللہ) اگر آپ ہم کو اس (مصیبت) سے بچالیں تو ہم ضرور حق شناس (موحد) بن جائیں۔ پھر جب اللہ تعالیٰ (ان کو اس مہلک سے) بچالیتا ہے تو فوراً ہی (اطراف واقطار) وہ زمین میں ناحق کی سرکشی کرنے لگتے ہیں۔ اے لوگو (سن لو) یہ تمہاری سرکشی تمہاری لئے وبال (جان) ہونے والی ہے (بس) دنیوی زندگی میں (چندے اس سے) حظ اُٹھا رہے ہو پھر ہمارے پاس تم کو آنا ہے پھر ہم سب تمہارا کیا ہوا تم کو جتادیں گے (اور اس کی سزا دیں گے)۔ بس دنیوی زندگی کی حالت تو ایسی ہے جیسے ہم نے آسمان سے پانی برسایا پھر اس پانی سے زمین کی نباتات جن کو آدمی اور چوپائے کھاتے ہیں خوب گنجان ہو کر نکلے یہاں تک کہ جب وہ زمین اپنی رونق کا پورا حصہ لے چکی اور اس کی خوب زیبائش ہوگئی اور اس (زمین) کے مالکوں نے سمجھ لیا کہ اب ہم اس پر بالکل قابض ہو چکے ہیں تو (ایسی حالت میں) دن میں یا رات میں اس پر ہماری طرف سے کوئی حادثہ آ پڑا جیسے بالا یا خشکی یا اور کچھ سو ہم نے ایسا صاف کر دیا کہ گویا کل (یہاں) وہ موجود ہی نہ تھی۔ ہم اسی طرح آیات کو صاف صاف بیان کرتے ہیں ایسے لوگوں کے لئے جو سوچتے ہیں اور اللہ تعالیٰ دارالبقا کی طرف تم کو بلاتا ہے اور جس کو چاہتا ہے راہ راست کی طرف چلنے کی توفیق دے دیتا ہے جن لوگوں نے نیکی کی ہے ان کے واسطے خوبی (یعنی جنت) ہے اور مزید برآں (خدا کا دیدار) بھی ہے اور ان کے چہروں پر نہ کدورت (غم کی) چھائے گی اور نہ ذلت۔ یہ لوگ جنت میں رہنے والے ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے اور جن لوگوں نے بدکام کئے ان کی بدی کی سزا اس کے برابر ملے گی اور ان کو ذلت چھالے گی ان کو اللہ (کے عذاب) سے کوئی نہ بچا سکے گا۔ (ان کے چہروں کی کدورت کی ایسی حالت ہوگی) کہ گویا ان کے چہروں پر اندھیری رات کے پرت کے پرت لپیٹ دیئے گئے ہیں۔ یہ لوگ دوزخ میں رہنے والے ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے اور وہ دن بھی قابل ذکر ہے جس روز ہم ان سب (خلائق) کو (میدان قیامت میں) جمع کریں گے۔ پھر مشرکین سے کہیں گے کہ تم اور تمہارے شریک اپنی جگہ ٹھہرو۔ پھر ہم ان (عابدین ومعبودین) کے آپس میں پھوٹ ڈالیں گے اور ان کے وہ شرکاء ان سے خطاب کر کے کہیں گے کہ تم ہماری عبادت نہیں کرتے تھے۔ سو ہمارے تمہارے درمیان خدا کافی گواہ ہے کہ ہم کو تمہاری عبادت کی خبر بھی نہ تھی۔ اس مقام پر ہر شخص اپنے اگلے کئے ہوئے کاموں کا امتحان کرے گا۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر بعض آیات میں رسالت کا مسئلہ آ چکا تھا آگے پھر اسی کی طرف عود ہے۔

عود بمسئلۂ رسالت ☆ وَيَقُوْلُوْنَ لَوْلَآ اُنْزِلَ (الی قولہ تعالیٰ) اِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ۝ اور یہ لوگ (براہ عناد باوجود ظہور معجزات کثیرہ کے خصوص قرآن کے کہ اثبات نبوت کے لئے کافی دلیل ہے) یوں کہتے ہیں کہ ان پر (یعنی محمد ﷺ پر ہمارے فرمائشی معجزات میں سے) کوئی معجزہ کیوں نہیں نازل ہوا سو آپ فرما دیجئے کہ (چونکہ مقصود معجزہ سے دلالت علی النبوۃ ہوتی ہے اور یہ ہر معجزہ سے حاصل ہے اس لئے ان فرمائشوں کی ضرورت تو باقی رہی نہیں البتہ امکان وقوع وعدم وقوع دونوں کا ہے سو یہ ایک علم غیبی ہے کہ وقوع ہوگا یا عدم وقوع اور) غیب کی خبر صرف خدا کو ہے (مجھ کو نہیں) سو تم بھی منتظر رہو میں بھی تمہارے ساتھ منتظر ہوں (کہ آیا وقوع ہوتا ہے یا عدم وقوع خلاصہ یہ کہ ان امور کو منصب رسالت یا اس کے لوازم سے کوئی تعلق نہیں میں نہیں جانتا نہ مجھ کو کوئی دخل اصل مقصود کے اثبات کے لئے البتہ ہر وقت آمادہ ہوں اور ثابت بھی کر چکا ہوں) ف: اس مضمون کی تقریر کئی جگہ گزر چکی ہے۔

ربط: اوپر کفار کا قول نقل فرمایا ہے لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ۔ آگے اس اعتراض کی علت کہ اعراض ہے اور اس کی علت کہ حصول مقاصد واغراض ہے مع وعید بیان فرماتے ہیں اور علاوہ اس افادہ علت کے یہ مضمون آیت بالا فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُ ضُرَّهٗ الخ کا تتمہ اور آیت آئندہ وَلَهَا انجامهم الخ کی تمہید بھی ہے۔

علت اعتراض واعراض کفار ☆ وَاِذَآ اَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّ رُسُلَنَا يَكْتُبُوْنَ مَا تَمْكُرُوْنَ ۝ اور جب ہم لوگوں کو بعد اس کے کہ ان پر کوئی مصیبت پڑ چکی ہو کسی نعمت کا مزہ چکھا دیتے ہیں تو فوراً ہماری آیتوں کے بارہ میں شرارت کرنے لگتے ہیں (یعنی ان سے اعراض کرتے ہیں اور ان کے ساتھ تکذیب واستہزاء سے پیش آتے ہیں اور براہ عناد واعتراض دوسرے معجزات کی فرمائشیں کرتے ہیں اور مصیبت گزشتہ سے عبرت نہیں پکڑتے پس علت اعتراض کی آیات منزلہ سے اعراض ہے اور اس کی علت منعم ہے آگے (وعید ہے کہ) آپ کہہ دیجئے کہ اللہ تعالیٰ اس شرارت کی سزا بہت جلد دے گا بالیقین ہمارے فرشتے تمہاری سب شرارتوں کو لکھ رہے ہیں (پس علاوہ علم الٰہی میں محفوظ ہونے کے دفتر میں بھی محفوظ ہیں۔

ربط: اوپر توحید کا مضمون مکرر آ چکا ہے آگے پھر اس کی مع وعید عود ہے جس میں تحقیق اور الزام دونوں سے کام لیا گیا ہے يُسَيِّرُكُمْ تحقیق ہے اور دَعَوُا اللّٰهَ میں الزام ہے اور آگے اِذَا هُمْ يَبْغُوْنَ الخ میں زجر ووعید ہے۔

توحید ومزید وعید: هُوَ الَّذِيْ يُسَيِّرُكُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ (الی قولہ تعالیٰ) ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُكُمْ فَنُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ وہ (اللہ) ایسا ہے کہ تم کو خشکی اور دریا میں لئے لئے پھرتا ہے (یعنی جن آلات واسباب سے تم چلتے پھرتے ہو وہ سب اللہ ہی کے دیئے ہوئے ہیں) یہاں تک (کہ بعض اوقات) جب

www.besturdubooks.net

تم کشتی میں (سوار) ہوتے ہو اور وہ کشتیاں لوگوں کو موافق ہوا کے ذریعہ سے لے کر چلتی ہیں اور وہ لوگ ان (کی رفتار) سے خوش ہوتے ہیں (اسی حالت میں دفعۃً) ان پر ایک جھونکا (مخالف) ہوا کا آتا ہے اور ہر طرف سے ان (لوگوں) پر موجیں اُٹھی چلی آتی ہیں اور وہ سمجھتے ہیں کہ (برے) آ گھرے (اس وقت) سب خالص اعتقاد کر کے اللہ ہی کو پکارنے لگتے ہیں (کہ اے اللہ) اگر آپ ہم کو اس (مصیبت) سے بچالیں تو ہم ضرور حق شناس (یعنی موحد) بن جاویں (یعنی اس وقت جیسا اعتقاد توحید کا ہو گیا ہے اس پر قائم رہیں) پھر جب اللہ تعالیٰ ان کو (اس مہلکہ سے) بچالیتا ہے تو فوراً ہی وہ (اطراف واقطار) زمین میں ناحق کی سرکشی کرنے لگتے ہیں (یعنی وہی شرک ومعصیت) اے لوگو (سن لو) یہ تمہاری سرکشی تمہارے لئے وبال (جان) ہونے والی ہے (بس) دنیوی زندگی میں (چندے اس سے حظ اُٹھار ہے ہو پھر ہمارے پاس تم کو آنا ہے پھر ہم سب تمہارا کیا ہوا تم کو جتلا دیں گے (اور اس کی سزا دیں گے)

ربط: اوپر یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا بَغْیُكُمْ الخ میں فرمایا تھا کہ یہ تمہاری کامرانی کفر ومعاصی سے دنیا میں چند روزہ ہے پھر آخرت میں اس کی سزا بھگتنا ہے آگے دنیا کا فانی ہونا اور آخرت کی جزا وسزا کا باقی ہونا مع تفصیل جزا وسزا اور اس کے مستحقین کے مذکور ہے پس یہ مضمون اپنے ماقبل سے بھی متصل ہوا اور معاد پر بھی مشتمل ہوا جو کہ مقاصد سورت ہذا سے ہے۔

فنائے دنیا وبقائے جزا وسزائے عقبیٰ ☆ اِنَّمَا مَثَلُ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ مِمَّا یَاْكُلُ النَّاسُ وَالْاَنْعَامُ حَتّٰۤى اِذَاۤ اَخَذَتِ الْاَرْضُ زُخْرُفَهَا (الی قولہ تعالیٰ) هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۴﴾ بس دنیوی زندگی کی حالت تو ایسی ہے جیسے ہم نے آسمان سے پانی برسایا پھر اس (پانی) سے زمین کے نباتات جن کو آدمی اور چوپائے کھاتے ہیں خوب گنجان ہو کر نکلے یہاں تک کہ جب وہ زمین پر اپنی رونق کا پورا حصہ لے چکی اور اس کی خوب زیبائش ہو گئی (یعنی سبزہ سے خوشنما معلوم ہونے لگی) اور اس (زمین) کے مالکوں نے سمجھ لیا کہ اب ہم اس (کی نباتات) پر بالکل قابض ہو چکے تو (ایسی حالت میں) دن میں یا رات میں اس (کی ان نباتات) پر ہماری طرف سے کوئی حادثہ آ پڑا (جیسے پالا یا خشکی یا اور کچھ) سو ہم نے اس کو ایسا صاف کر دیا کہ گویا کل (یہاں) وہ موجود ہی نہ تھی (بس اسی نباتات کی مثل دنیوی زندگی ہے) ہم اسی طرح آیات کو صاف صاف بیان کرتے ہیں ایسے لوگوں کے (سمجھانے کے) لئے جو سوچتے ہیں (پس دنیا تو دار الزوال ٹھہری) اور اللہ تعالیٰ دار البقاء کی طرف تم کو بلاتا ہے اور جس کو چاہتا ہے راہِ راست پر چلنے کی توفیق دے دیتا ہے (جس سے دار البقاء تک رسائی ہو سکتی ہے آگے جزا وسزا کا بیان ہے کہ) جن لوگوں نے نیکی کی ہے (یعنی ایمان لائے ہیں) ان کے واسطے خوبی (یعنی جنت) ہے اور مزید برآں (خدا کا دیدار) بھی اور ان چہروں پر نہ کدورت (غم کی) چھاوے گی اور نہ ذلت یہ لوگ جنت میں رہنے والے ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے اور جن لوگوں نے یہ بدکام کئے (یعنی شرک وکفر کیا) ان کی بدی کی سزا اسی کی برابر ملے گی (بدی سے زیادہ نہ ہوگی) اور ان کو ذلت چھالے گی ان کو اللہ (کے عذاب) سے کوئی نہ بچا سکے گا (ان کی کدورت چہرہ کی ایسی حالت ہوگی کہ) گویا ان کے چہروں پر اندھیری رات کے پرت کے پرت (یعنی ٹکڑے) لپیٹ دیئے گئے ہیں یہ لوگ دوزخ میں رہنے والے ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ ربط: اوپر مشرکین کے حق میں فرمایا تھا: مَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ عَاصِمٍ۔ چونکہ وہ لوگ اپنے معبودوں کو اپنا شفیع کہتے تھے اس لئے آگے ان معبودین کا ان عابدین سے قیامت میں بے تعلقی ظاہر کرنا جس کے لئے عدم نفع لازم ہے بیان فرماتے ہیں۔

تبری معبودین از عابدین در قیامت ☆ وَیَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِیْعًا (الی قولہ تعالیٰ) وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا یَفْتَرُوْنَ ﴿۳۰﴾ اور وہ دن بھی قابل ذکر ہے جس روز ہم ان سب (خلائق کو) میدان قیامت میں جمع کریں گے پھر (منجملہ ان تمام خلائق کے) مشرکین سے کہیں گے کہ تم اور تمہارے (تجویز کئے ہوئے) شریک (جن کو تم عبادت میں خدا کا شریک ٹھہراتے تھے ذرا) اپنی جگہ ٹھہرو (تا کہ تم کو حقیقت تمہارے عقیدہ کی معلوم کرائی جاوے) پھر ہم ان (عابدین ومعبودین) کے آپس میں پھوٹ ڈال دیں گے اور ان کے وہ شرکاء (ان سے خطاب کر کے) کہیں گے کہ تم ہماری عبادت نہیں کرتے تھے (کیونکہ عبادت سے مقصود ہوتا ہے معبود کا راضی کرنا) سو ہمارے تمہارے درمیان خدا کافی گواہ ہے کہ ہم کو تمہاری عبادت کی خبر بھی نہ تھی (اور راضی ہونا تو درکنار البتہ شیاطین کی تعلیم تھی اور وہی راضی تھے پس اس اعتبار سے ان کی پرستش کرتے تھے) اس مقام پر ہر شخص اپنے کئے ہوئے کاموں کا امتحان کر لے گا (کہ آیا واقع میں یہ اعمال نافع تھے یا غیر نافع چنانچہ ان مشرکین کو بھی حقیقت کھل جاوے گی کہ جن کی شفاعت کے بھروسے ہم ان کو پوجتے تھے انہوں نے اور ہمارے خلاف شہادت دی نفع کی تو کیا امید رکھی جاوے) اور یہ لوگ اللہ (کے عذاب) کی طرف جو ان کا مالک حقیقی ہے لوٹائے جاویں گے اور جو کچھ معبود تراش رکھے تھے سب ان سے غائب (اور گم) ہو جاویں گے (کوئی بھی تو کام نہ آوے گا) ف: اگر کسی کو شبہ ہو کہ کیا بت بھی بولیں گے جواب یہ ہے کہ ان میں کوئی محال نہیں اور ان کا غافل ہونا ان کی عبادت سے ظاہر ہے اس واسطے کہ بتوں کو ایسا شعور ظاہر ہے کہ یہاں نہیں ہے اور اگر وہ معبودین مثل ملائکہ وغیرھم کو بھی عام لیا جاوے تو بھی غافل ہونا صحیح ہے کیونکہ علم ملائکہ وغیرہم کا محیط نہیں ہے اور سب اپنے اپنے کام میں لگے ہیں اور مَا كُنْتُمْ اِیَّانَا تَعْبُدُوْنَ کی جو تقریر کی گئی سورۂ سبا کی آیت: بَلْ كَانُوْا یَعْبُدُوْنَ الْجِنَّ

www.besturdubooks.net

[سباء: ١٤] سے اس کی تائید ہوتی ہے اور تَبْلُوْا كُلُّ نَفْسٍ کو جو هُنَالِكَ کے ساتھ مقید کیا یہ باعتبار تحقق زیادت علم کے ہے ورنہ مطلق علم تو مرنے کے ساتھ ہی اور قبر میں حاصل ہو جاتا ہے اور یہاں اللہ تعالیٰ کو کفار کا مولیٰ فرما دینا باعتبار معنی مالکیت ہے اور لَا مَوْلٰى لَهُمْ میں نفی کرنا باعتبار معنی محب وناصر کے ہے۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلِ السُّلُوْك: قولہ تعالیٰ : حَتّٰۤى اِذَا كُنْتُمْ فِي الْفُلْكِ ۚ وَجَرَيْنَ بِهِمْ (الی قولہ تعالیٰ) دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۚ روح میں ہے تم کو معلوم ہے کہ اس زمانہ میں اکثر لوگوں کا یہ حال ہے کہ ایسا وقت میں بزرگوں کو پکارتے ہیں اھ تو اس حیثیت سے یہ لوگ ان مشرکین سے بھی زیادہ قابل افسوس ہوئے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ : لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَ زِيَادَةٌ ۔ حدیث مسلم میں اس کی تفسیر رویت باری تعالیٰ سے آئی ہے اور اس کو زیادت فرمانا اس پر دلیل ہے کہ یہ تمام نعم اخرویہ سے افضل ہے۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃ: ۱ قوله فی انما الغیب خبر اشارة الی حذف المضاف بقرینة المقام والله اعلم ۱۲۔ ۲ قوله فی اسرع مکر اشرارت کی سزا اشارة الی ان فیه مشاکلة ۱۲۔ ۳ قوله فی الارض اقطار اشارة الی ان زیادة الارض للدلالة علی ان بغیهم لا یقتصر علی بعض الامکنة بل هو شامل لاقطارها الی حیث قدروا ۱۲۔ ۴ قوله فی متاع اُٹھارے ہو اشارة الی ان المذکور مصدر من مقدر ای تتمتعون ۱۲۔ ۵ قوله فی فاختلط به پانی سے۔ الی قولہ: گنجان اشارة الی کون الباء سببیة والاختلاط بمعنی تضام بعض النبات ببعض ۱۲۔ ۶ قوله اخذت پورا حصہ فی الروح استوفت واستکملت حسنها ۱۲۔ ۷ قوله فی اتاها وجعلناها نباتات اشارة الی حذف المضاف ۱۲۔ ۸ قوله لم تغن موجود من غنی بالمکان اقام ۱۲۔ ۹ قوله فی دارالسلام دارالبقاء لکون السلام بمعنی السلامة ۱۲۔ ۱۰ قوله فی احسنوا ایمان لقرینة المقام وکذا مقابلة یفسر بالکفر ۱۲۔ ۱۱ قوله فی زیادة دیدار کذا رواه مسلم مرفوعاً ۱۲۔ ۱۲ قوله فی سیئة ان کی بدی اشارة الی ان التنوین عوض عن المضاف الیه ای جزاء سیئتهم فارتبط المبتدأ والخبر ۱۲۔ ۱۳ قوله فی بمثلها زیادہ نہ ہوگی اشارة الی ان المثل لیس ههنا لنفی التخفیف ۱۲۔ ۱۴ قوله فی مظلما اندھیری اشارة الی کون مظلما حالا من اللیل ۱۲۔ ۱۵ قوله فی شرکاؤکم تجویز کیے ہوئے اشار الی ان الاضافة باعتبار اعتقادهم ذلك لا باعتبار کونهم کذلك فی الواقع لانه لا شریك لله تعالیٰ ۱۲۔ ۱۶ قوله زیلنا پھوٹ کما فی الروح فرقنا بقطع الاقران والوصل التی کانت بینهم وبین الشرکاء فی الدنیا ۱۲۔

اِخْتِلَافُ الْقِرَاءَۃ: فی قراءة تتلوا بالتائین من التلاوة ای تقرأ لصحف الاعمال السائفة ۱۲۔

اللُّغَات: فی القاموس رهقه غشیه ۱۲۔ قوله زیلنا فرقنا یائی ۱۲۔

الْبَلَاغَۃ: فی زیادة ستهم ایذان لانهم احسوا بسوء اثرها فیهم قوله اسرع ای منکم ولا یلزم ان یوجد السرعة فی المفضل علیه ولو لزم فیدل علیه اذا للمفاجاة ۱۲۔ حتی هو عندی للترتب لا للغایة فلا اشکال والمقصود ترتب المجموع علی التسییر ولو باعتبار بعض الاجزاء فلا یضر تقدم الکون علی التسییر فافهم ۱۲۔ قوله لیلا او نهارا فی الروح لعل المراد انه لا فرق فی اتیان العذاب بین زمن غفلتهم وزمن یقظتهم اذ لا یمنع مانع ولا یدفع عنه دافع ۱۲۔ قوله نحشرهم جمیعا علی ان المرجع الفریقان فائدته ان التوبیخ والتهدید علی رؤس الاشهاد افظع والاخبار بحشر الکل فی تهویل الیوم ادخل کذا فی الروح ۱۲۔

قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اَمَّنْ يَّمْلِكُ السَّمْعَ وَ الْاَبْصَارَ وَمَنْ يُّخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ
الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَمَنْ يُّدَبِّرُ الْاَمْرَ ؕ فَسَيَقُوْلُوْنَ اللّٰهُ ۚ فَقُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۳۱﴾ فَذٰلِكُمُ
اللّٰهُ رَبُّكُمُ الْحَقُّ ۚ فَمَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ اِلَّا الضَّلٰلُ ۖۚ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ﴿۳۲﴾ كَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى
الَّذِيْنَ فَسَقُوْۤا اَنَّهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۳﴾ قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ؕ قُلِ اللّٰهُ يَبْدَؤُا
الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿۳۴﴾ قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّهْدِيْۤ اِلَى الْحَقِّ ؕ قُلِ اللّٰهُ يَهْدِيْ لِلْحَقِّ ؕ اَفَمَنْ يَّهْدِيْۤ
اِلَى الْحَقِّ اَحَقُّ اَنْ يُّتَّبَعَ اَمَّنْ لَّا يَهِدِّيْۤ اِلَّاۤ اَنْ يُّهْدٰى ۚ فَمَا لَكُمْ ۫ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ﴿۳۵﴾ وَمَا يَتَّبِعُ اَكْثَرُهُمْ اِلَّا ظَنًّا ؕ اِنَّ الظَّنَّ

www.besturdubooks.net

لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ شَيْـًٔا ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ۝

آپ (ان مشرکین سے) کہئے کہ (بتلاؤ) وہ کون ہے جو تم کو آسمان اور زمین سے رزق پہنچاتا ہے یا (یہ بتلاؤ) کہ وہ کون ہے جو (تمہارے) کانوں اور آنکھوں پر پورا اختیار رکھتا ہے اور وہ کون ہے جو جاندار (چیز) کو بے جان سے نکالتا ہے اور بے جان (چیز) کو جاندار سے نکالتا ہے اور وہ کون ہے جو تمام کاموں کی تدبیر کرتا ہے (ان سے یہ سوالات کیجئے سو ضرور وہ جواب میں) یہی کہیں گے کہ (ان سب افعال کا فاعل) اللہ ہے۔ تو ان سے کہئے کہ پھر (شرک سے) کیوں نہیں پرہیز کرتے۔ سو یہ ہے اللہ جو تمہارا رب حقیقی ہے (اور جب امر حق ثابت ہوا) پھر (امر) حق کے بعد اور کیا رہ گیا بجز گمراہی کے۔ پھر (حق کو چھوڑ کر) کہاں (باطل کی طرف) پھرے جاتے ہو۔ اسی طرح آپ کے رب کی یہ (ازلی) بات کہ یہ ایمان نہ لائیں گے تمام مستردد (سرکش) لوگوں کے حق میں ثابت ہو چکی ہے آپ (ان سے) یوں بھی کہئے کہ کیا تمہارے (تجویز کئے ہوئے) شرکاء میں کوئی ایسا ہے جو پہلی بار بھی مخلوق کو پیدا کرے پھر (قیامت میں) دوبارہ بھی پیدا کر لے۔ آپ کہہ دیجئے کہ اللہ تعالیٰ ہی پہلی بار بھی پیدا کرتا ہے پھر وہی دوبارہ بھی پیدا کرے گا۔ سو پھر تم کہاں (حق سے) پھرے جاتے ہو (اور) آپ (ان سے یوں بھی) کہئے کہ کیا تمہارے شرکاء میں کوئی ایسا ہے کہ امر حق کا رستہ بتاتا ہو آپ کہہ دیجئے کہ اللہ ہی امر حق کا رستہ (بھی) بتلاتا ہے تو پھر آیا جو شخص امر حق کا رستہ بتلاتا ہو وہ زیادہ اتباع کے لائق ہے یا وہ شخص جس کو بے بتلائے خود ہی رستہ نہ سوجھے۔ تو (اے مشرکین) تم کو کیا ہو گیا تم کیسی تجویزیں کرتے ہو اور ان میں سے اکثر لوگ صرف بے اصل خیالات پر چل رہے ہیں (اور) یقیناً بے اصل خیالات امر حق (کے اثبات) میں ذرا بھی مفید نہیں (خیر) یہ جو کچھ کر رہے ہیں یقیناً اللہ کو سب خبر ہے (وقت پر سزا دے گا)۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر کی کئی آیتوں میں اثبات توحید و ابطال شرک ہے آگے پھر یہی مضمون ہے۔

احقاق توحید و ابطال شرک ☆ قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ۝ آپ (ان مشرکین سے) کہئے کہ (بتلاؤ) وہ کون ہے جو تم کو آسمان اور زمین سے رزق پہنچاتا ہے (یعنی آسمان سے بارش کرتا ہے اور زمین سے نباتات پیدا کرتا ہے جس سے تمہارا رزق تیار ہوتا ہے) یا (یہ بتلاؤ کہ) وہ کون ہے جو (تمہارے) کانوں اور آنکھوں پر پورا اختیار رکھتا ہے (کہ پیدا بھی اسی نے کیا حفاظت بھی وہی کرتا ہے اور اگر چاہتا ہے تو ان کو ماؤف کر دیتا ہے) اور وہ کون ہے جو جاندار (چیز) کو بے جان (چیز) سے نکالتا ہے اور بے جان (چیز) کو جاندار (چیز) سے نکالتا ہے (جیسے نطفہ اور بیضہ کہ وہ جاندار سے نکلتا ہے اور اس سے جاندار پیدا ہوتا ہے) اور وہ کون ہے جو تمام کاموں کی تدبیر کرتا ہے (ان سے یہ سوالات کیجئے) سو ضرور وہ (جواب میں) یہی کہیں گے کہ (ان سب افعال کا فاعل اللہ (ہے) تو ان سے کہئے کہ پھر (شرک سے) کیوں نہیں پرہیز کرتے سو (جس کے یہ افعال و اوصاف مذکور ہوئے) یہ ہے اللہ جو تمہارا رب حقیقی ہے (اور جب امر حق ثابت ہو گیا) پھر (امر) حق کے بعد اور کیا رہ گیا بجز گمراہی کے (یعنی جو امر حق کی ضد ہو گی وہ گمراہی ہے اور توحید کا حق ہونا ثابت ہو گیا پس شرک یقیناً گمراہی ہے) پھر (حق کو چھوڑ کر) کہاں (باطل کی طرف) پھرے جاتے ہو (آگے تسلی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کہ ان لوگوں کی باطل پرستی پر مغموم ہوا کرتے تھے پس ارشاد ہے کہ جس طرح یہ لوگ ایمان نہیں لاتے) اسی طرح آپ کے رب کی یہ (ازلی) بات کہ یہ ایمان نہ لاویں گے تمام متمرد (سرکش) لوگوں کے حق میں ثابت ہو چکی ہے (پھر آپ کیوں مغموم ہوں اور) آپ (ان سے) یوں (بھی) کہئے کہ کیا تمہارے (تجویز کئے ہوئے) شرکاء میں (عام اس سے کہ ذوی العقول ہوں جیسے شیاطین یا غیر ذوی العقول ہوں جیسے بت) کوئی ایسا ہے جو پہلی بار بھی (مخلوق کو) پیدا کرے پھر (قیامت میں) دوبارہ بھی پیدا کرے (اگر وہ اس وجہ سے کہ اس میں توہین ہے شرکاء کی جواب میں تامل کریں تو) آپ کہہ دیجئے کہ اللہ ہی پہلی بار بھی پیدا کرتا ہے پھر وہی دوبارہ بھی پیدا کرے گا سو (اس کی تحقیق کے بعد بھی) پھر تم کہاں (حق سے) پھرے جاتے ہو (اور) تمہارے تجویز کئے ہوئے ذوی العقول) شرکاء میں (جیسے شیاطین) کوئی ایسا ہے کہ امر حق کا رستہ (بھی) بتلاتا ہے (چنانچہ) اس نے عقل ذی انبیاء علیہم السلام بھیجے بخلاف شیاطین کے کہ اولاً وہ ان افعال پر قادر نہیں اور محض تعلیم جس کی قدرت ان کو دی گئی ہے وہ اس کو اضلال و اغواء میں صرف کرتے ہیں) تو پھر (ان سے کہئے کہ یہ بتلاؤ کہ) آیا جو شخص امر حق کا (رستہ بتلاتا ہو وہ زیادہ اتباع کے لائق ہے یا وہ شخص جس کو بے بتلائے خود ہی رستہ نہ سوجھے (اور اس سے بھی بڑھ کر یہ کہ سمجھانے پر بھی اس پر نہ چلے جیسے شیاطین پھر جب یہ اتباع کے بھی قابل نہ ہوں تو عبادت کے لائق تو کب ہو سکتے ہیں) تو اے مشرکین) تم کو کیا ہو گیا تم کیسی تجویزیں کرتے ہو (کہ توحید کو چھوڑ کر شرک کو اختیار کرتے ہو) اور (تماشا یہ ہے کہ اپنی اس تجویز اور عقیدہ پر یہ لوگ کوئی دلیل نہیں رکھتے بلکہ ان میں سے اکثر لوگ صرف بے اصل خیالات پر چل رہے ہیں (اور یقیناً بے اصل خیالات امر حق (کے اثبات) میں ذرا بھی مفید نہیں (خیر) یہ جو کچھ کر رہے ہیں یقیناً اللہ کو سب خبر ہے (وقت پر سزا دے گا) ف: یہ جو ارشاد ہوا قُلِ اللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ حالانکہ مشرکین خود اعادہ کے قائل نہ تھے وجہ اس کی یہ ہے کہ اعادہ پر چونکہ دلائل قطعی قائم ہیں اس لئے اس کو مثل امر مسلم کے قرار دے کر یہ احتجاج کیا گیا۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَمَا يَتَّبِعُ اَكْثَرُهُمْ اِلَّا ظَنًّا روح میں ہے کہ اس سے علمائے رسوم بہت کم محفوظ ہیں چنانچہ اکثر اہل ظاہر متکلمین کے دلائل

www.besturdubooks.net

(ذات وصفات کے متعلق) متعارض پائے جاتے ہیں (جو شان ہوتی ہے ظنیات کی) پس جو شخص اس سے بچنا چاہے وہ سلف صالح کا اتباع کرے اور فلسفیات میں مشغول نہ ہو جس سے بجز شک پڑھنے کے کوئی حاصل نہیں۔

ملحقات الترجمة: ۱ **قوله فی یدبر الامر** تمام کاموں فاللام للاستغراق ۱۲۔ ۲ **قوله فی فماذا بعد الحق** امرحق اشارة الی ان المراد به مغایر للحق فی قوله ربکم الحق وکذلك فیما سیاتی من قوله یهدی الی الحق الخ ۱۲۔ ۳ **قوله فی هل من شرکائکم** الثانی ذوی العقول دل علیه قوله ام من لا یهدی الخ ۱۲۔ ۴ **قوله فی لا یهدی** اس سے بڑھ کر **والهدایة** عامة بعموم المجاز وکلا الامرین متحقق فی الشیاطین فالمعنی علی الثانی له یهتدی الا ان یجبر علی ذلك۔

اختلاف القراءة: قوله لا یهدی بفتح الیاء وکسر الهاء وتشدید الدال قراءة حفص واصله یهتدی وکسر الهاء لالتقاء الساکنین بالادغام وفی قراءة یهدی بفتح الیاء والهاء وتشدید الدال فتح الهاء بحرکة التاء ۱۲۔

البلاغة: قوله من السماء ابتدائیة قوله ام من اضراب انتقالی لا ابطالی واورد ام فی هذا المعطوف دون اخواته لان السمع والابصار لکونهما من القوی المدرکة فما یذهب الوهم ان العباد یملکونها فحسن التنبیه علی بطلان ذالك الوهم بالاضراب الدال علی الاهتمام وهذا من المواهب قوله بعد الحق هو بمعنی غیر قوله بل من شرکائکم کان القول الاول لاثبات التوحید والثانی لا بطال الشرك عاما والثالث لا بطاله خاصا بذوی العقول فظهر وجه هذه الاقوال المتعددة قوله قل الله قال فی الاول فسیقولون وههنا قل لان الاول کان سوالا عن قدرة الله تعالٰی ولا یتلعثمون عن الاعتراف به والثانی والثالث سوال عن عجز الشرکاء وکانوا یتلعثمون عن الاعتراف فلذا امره صلی الله علیه وسلم بالجواب بنسبة المذکور الی الله تعالٰی المستلزم للعجز المذکور قوله یعیده الضمیر الی الخلق المفعول لیدا علی انه مصدر قوله احق ان یتبع لم یقل احق ان یعبد مع ان الکلام فی العبادة مبالغة کما قررته فی اثناء الترجمة قوله اکثرهم فائدته الاشعار بایمان البعض فیما سیاتی ۱۲۔

وَمَا كَانَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ اَنْ يُّفْتَرٰى مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۳۷﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّثْلِهٖ وَادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۳۸﴾ بَلْ كَذَّبُوْا بِمَا لَمْ يُحِيْطُوْا بِعِلْمِهٖ وَلَمَّا يَاْتِهِمْ تَاْوِيْلُهٗ ؕ كَذٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۳۹﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يُّؤْمِنُ بِهٖ وَمِنْهُمْ مَّنْ لَّا يُؤْمِنُ بِهٖ ؕ وَرَبُّكَ اَعْلَمُ بِالْمُفْسِدِيْنَ ﴿۴۰﴾ وَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقُلْ لِّيْ عَمَلِيْ وَلَكُمْ عَمَلُكُمْ ۚ اَنْتُمْ بَرِيْٓـُٔوْنَ مِمَّآ اَعْمَلُ وَاَنَا بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۴۱﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُوْنَ اِلَيْكَ ؕ اَفَاَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ وَلَوْ كَانُوْا لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْظُرُ اِلَيْكَ ؕ اَفَاَنْتَ تَهْدِي الْعُمْيَ وَلَوْ كَانُوْا لَا يُبْصِرُوْنَ ﴿۴۳﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ النَّاسَ شَيْـًٔا وَّلٰكِنَّ النَّاسَ اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۴۴﴾

اور یہ قرآن افتراء کیا ہوا نہیں ہے کہ غیر اللہ سے صادر ہوا ہو۔ بلکہ یہ تو ان کتابوں کی تصدیق کرنے والا ہے جو اس کے قبل (نازل) ہو چکی ہیں اور احکام ضروریہ (الٰہیہ) کی تفصیل بیان کرنے والا ہے (اور) اس میں کوئی بات شک (وشبہ) کی نہیں (اور وہ) رب العالمین کی طرف سے (نازل ہوا) ہے کیا لوگ یوں کہتے ہیں کہ آپ نے اسے افترا کر لیا ہے آپ کہہ دیجئے کہ تو پھر تم اس کے مثل ایک ہی سورت (بنا) لاؤ اور (اکیلے نہیں) جن جن غیر اللہ کو بلا سکو ان کو (مدد کے لئے) بلاؤ اگر تم سچے ہو بلکہ ایسی چیز کی تکذیب کرنے لگے جس (کے صحیح وسقیم ہونے) کو اپنے احاطہ علمی میں نہیں لائے اور ہنوز ان کو اس (قرآن کی تکذیب) کا اخیر نتیجہ نہیں ملا۔ جو (کافر) لوگ ان سے پہلے ہوئے ہیں اسی طرح انہوں نے بھی (امور حقہ کو) جھٹلایا تھا سو دیکھ لیجئے ان ظالموں کا انجام کیسا برا ہوا (اسی طرح ان کا ہوگا) اور ان میں سے بعضے ایسے ہیں جو اس پر ایمان لے آئیں گے اور بعض ایسے ہیں کہ اس پر ایمان نہ لائیں گے اور آپ کا رب (ان) مفسدوں کو خوب جانتا ہے اور ان کو دلیل کے بعد (بھی) اگر آپ کو جھٹلاتے ہیں تو بس اخیر بات یہ کہہ دیجئے کہ (اچھا صاحب) میرا کیا ہوا مجھ کو ملے گا اور تمہارا کیا ہوا تم کو ملے گا تم میرے کئے ہوئے کے جواب دہ نہیں ہو اور میں تمہارے کئے ہوئے کا جوابدہ

www.besturdubooks.net

نہیں ہوں اور آپ ان کے ایمان کی توقع چھوڑ دیجئے (کیونکہ) ان میں بعض ایسے (بھی) ہیں جو (ظاہر میں) آپ کی طرف کان لگا لگا بیٹھتے ہیں۔ کیا آپ بہروں کو سنا (کر ان کے ماننے کا انتظار کرتے) ہیں گو ان کو سمجھ بھی نہ ہو اور (اسی طرح) ان میں بعض ایسے ہیں کہ (ظاہراً) آپ کو (مع معجزات وکمالات) دیکھ رہے ہیں۔ پھر کیا آپ اندھوں کو راستہ دکھانا چاہتے ہیں گو ان کو بصیرت بھی نہ ہو یہ یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ لوگوں پر ظلم نہیں کرتا لیکن لوگ خود ہی اپنے آپ کو تباہ کرتے ہیں۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر بعض آیات میں حقیقت قرآن کا بیان تھا آگے پھر وہی مضمون ہے۔

حقیقت قرآن ☆ وَمَا كَانَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ (الی قولہ تعالیٰ) وَ رَبُّكَ اَعْلَمُ بِالْمُفْسِدِيْنَ ۞ اور یہ قرآن افتراء کیا ہوا نہیں ہے کہ غیر اللہ سے صادر ہوا ہو بلکہ یہ تو ان کتابوں کی تصدیق کرنے والا ہے جو اس کے قبل (نازل) ہو چکی ہیں اور احکام ضروریہ (الٰہیہ) کی تفصیل بیان کرنے والا ہے (اور) اس میں کوئی بات شک (وشبہ) کی نہیں (اور وہ) رب العالمین کی طرف سے (نازل ہوا) ہے کیا (باوجود اس کے افتراء نہ ہونے کے) یہ لوگ یوں کہتے ہیں کہ (نعوذ باللہ) آپ نے اس کو افتراء کر لیا ہے آپ (ان سے) کہہ دیجئے کہ (اچھا) تو پھر تم (بھی تو عربی ہو اور اعلیٰ درجہ کے فصیح بلیغ ہو) اس کی مثل ایک ہی سورت (بنا) لاؤ اور (اکیلے نہیں) جن جن غیر اللہ کو بلا سکو ان کو (مدد کے لئے) بلا لو اگر تم سچے ہو (کہ نعوذ باللہ میں نے تصنیف کر لیا ہے تو تم بھی تصنیف کر لاؤ مگر مشکل تو یہ ہے کہ اس قسم کے دلائل سے وہ مستفید ہوتا ہے جو سمجھنا بھی چاہے سو انہوں نے تو کبھی سمجھنا ہی نہ چاہا) بلکہ ایسی چیز کی تکذیب کرنے لگے جس (کے صحیح سقیم ہونے) کو اپنے احاطہ علمی میں نہیں لائے (اور اس کی حالت سمجھنے کا ارادہ نہیں کیا تو ایسوں سے کیا سمجھنے کی امید ہو سکتی ہے) اور (ان کی اس بے فکری اور بے پروائی کی وجہ یہ ہے کہ) ہنوز ان کو اس (قرآن کی تکذیب) کا اخیر نتیجہ نہیں ملا (یعنی عذاب نہیں آیا ورنہ سارا نشہ ہرن ہو جاتا اور آنکھیں کھل جاتیں اور حق و باطل متمیز ہو جاتا لیکن آخر کبھی تو وہ نتیجہ پیش آنے والا ہے ہی گو اس وقت ایمان نافع نہ ہو چنانچہ) جو (کافر) لوگ ان سے پہلے ہوئے ہیں اسی طرح (جیسے بے تحقیق یہ جھٹلا رہے ہیں انہوں نے بھی امور کو جھٹلایا تھا سو دیکھ لیجئے ان ظالموں کا انجام کیسا (برا) ہوا (اسی طرح ان کا ہوگا) اور (ہم جو ان کا انجام بد بتلا رہے ہیں سو سب مراد نہیں کیونکہ ان میں سے بعضے ایسے ہیں جو اس (قرآن) پر ایمان لے آویں گے اور بعض ایسے ہیں کہ اس پر ایمان نہ لاویں گے اور آپ کا رب (ان) مفسدوں کو خوب جانتا ہے (جو ایمان نہ لاویں گے پس خاص ان کو وقت موعود پر سزا دے گا) ف: لَمْ يُحِيْطُوْا کا مطلب یہ ہے کہ آدمی جس امر میں کلام کرے پہلے اس کی تحقیق تو کر لے بعد تحقیق جو کلام کرنا ہو کرے اور بعض وہمیوں نے قُلْ فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّثْلِهٖ الخ میں شبہ نکالا ہے کہ بعض متکلم میں بعض خصوصیت ایسی ہوتی ہے کہ دوسرے میں نہیں ہوتی پس یہ دلیل اعجاز کی نہیں جواب اس کا یہ ہے کہ اولاً وہ خصوصیت آپ کے ہر کلام میں نہیں دوسرے چالیس سال کے بعد دفعۃً وہ خصوصیت کیسے پیدا ہو گئی تیسرے ہزار خصوصیت ہو لیکن دوسرے بلغاء کوشش کر کے تھوڑا بہت تو ویسا کلام کر سکتے ہیں یہاں ایک ایسا کیوں نہ ہو سکا چوتھے خصوصیت والا قیامت تک کا دعویٰ نہیں کر سکتا یہی وجہ ہے کہ کفار نے یہ شبہات پیش نہ کئے اور گو حدیث کی عبارت اوروں سے ابلغ ہے مگر اس میں دعویٰ امتناع نظیر کا نہیں فرمایا گیا۔ ربط: اوپر افتراء میں ان لوگوں کی تکذیب اور قُلْ فَاْتُوْا الخ میں اس تکذیب کا مناظرانہ جواب مذکور تھا آگے ان کے اصرار علی التکذیب کی حالت میں مرضیہ جواب متضمن تبری اور ان کی ہدایت سے مایوس کر کے آپ کی تسلی فرماتے ہیں۔

تبریہ وتسلیہ رسول اللہ ﷺ: وَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقُلْ لِّيْ عَمَلِيْ وَلَكُمْ عَمَلُكُمْ (الی قولہ تعالیٰ) وَلٰكِنَّ النَّاسَ اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۞ اور اگر (ان دلائل کے بعد بھی) آپ کو جھٹلاتے رہیں تو (بس اخیر بات) کہہ دیجئے کہ (اچھا صاحب) میرا کیا ہوا مجھ کو ملے گا اور تمہارا کیا ہوا تم کو ملے گا تم میرے کئے ہوئے کے جواب دہ نہیں ہو اور میں تمہارے کئے ہوئے کا جواب دہ نہیں ہوں (جس طریقہ پر چاہو رہو آپ کو معلوم ہو جاوے گا) اور آپ ان کے ایمان کی توقع چھوڑ دیجئے کیونکہ) ان میں (گو) بعض ایسے (بھی) ہیں جو (ظاہر میں) آپ کی طرف کان لگا لگا بیٹھتے ہیں (لیکن دل میں ارادہ ایمان اور حق طلبی کا نہیں ہے پس اس اعتبار سے ان کا سننا نہ سننا برابر ہے پس ان کی حالت بہروں کی سی ہوئی تو) پھر کیا آپ بہروں کو سنا (کر ان سے ماننے کا انتظار) کرتے ہیں گو ان کو سمجھ بھی نہ ہو (ہاں اگر سمجھ ہوتی تو بہرے پن میں بھی کچھ کام چل سکتا) اور (اسی طرح) ان میں بعض ایسے ہیں کہ (ظاہراً) آپ کو (مع معجزات وکمالات) دیکھ رہے ہیں (لیکن طلب حق نہ ہونے سے ان کی حالت مثل اندھوں کے ہے تو) پھر کیا آپ اندھوں کو رستہ دکھلانا چاہتے ہیں گو ان کو بصیرت بھی نہ ہو (ہاں اگر بصیرت ہوتی تو اندھے پن میں بھی کچھ کام چل سکتا اور ان کی عقلیں جو اس طرح تباہ ہو گئیں تو) یہ یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ لوگوں پر ظلم نہیں کرتا (کہ ان کو قابلیت ہدایت کی نہ دے اور پھر مؤاخذہ فرماوے) لیکن لوگ خود ہی اپنے آپ کو تباہ کرتے ہیں (کہ قابلیت موہوبہ کو ضائع کر دیتے ہیں اور اس سے کام نہیں لیتے)۔ ربط: اوپر آیت: كَذٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ الخ وآیت: رَبُّكَ اَعْلَمُ الخ میں کفر وتکذیب پر عذاب کی وعید فرمائی ہے آگے اس عذاب کے دنیا میں واقع نہ ہونے سے وہ کفار جو شبہات کرتے تھے ان کا جواب بضمن تحقیق معاد کے بتلاتے ہیں جس کا حاصل یہ ہے کہ احیاناً دنیا میں گو واقع ہو جاوے لیکن اصلی وقت اس کا یوں حشر ہے اسی لئے دنیا میں اس کے صرف بعض شعبے واقع ہوتے ہیں لقولہ تعالیٰ: بَعْضَ الَّذِيْ اور کامل طور پر اسی وقت ہوگا لقولہ تعالیٰ:

www.besturdubooks.net

وَ لَوْاَنَّ لِكُلِّ نَفْسٍ پس دنیا میں واقع نہ ہونا نہ مضر ہے نہ میرے اختیار میں ہے لقولہ تعالیٰ قُلْ لَّآ اَمْلِكُ اور نہ تمہارے لئے مصلحت ہے کیونکہ فوری وقوع میں مہلت ایمان کی بھی فوت ہو جاوے گی لقولہ تعالیٰ : مَاذَا يَسْتَعْجِلُ الخ۔

تَرْجَمَةُ مَسَائِلِ السُّلُوْكِ: قولہ تعالیٰ : بَلْ كَذَّبُوْا بِمَا لَمْ يُحِيْطُوْا بِعِلْمِهٖ وَلَمَّا يَاْتِهِمْ تَاْوِيْلُهٗ روح میں ہے یہ ان کی مذمت ہے اس پر کہ وہ قبل تامل وتدبر واطلاع علی الحقیقۃ کے تکذیب حق میں مسارعت کرتے ہیں اور یہ ہی عادت ہے منکرین اہل حجاب کی بزرگوں کے کلام کے ساتھ کہ ان میں نہ غور کرتے ہیں نہ ان اصطلاحات کو جانتے ہیں جن پر وہ کلام مبنی ہے اور اعتراض کر بیٹھتے ہیں ان کو تو ایسی حالت میں تحقیق اور تدبر کی ضرورت تھی اھ قولہ تعالیٰ :وَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقُلْ لِّيْ عَمَلِيْ (الی قولہ تعالیٰ) وَ اَنَا بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝ اور یہی عادت ہے اہل طریق کی مناظرہ میں جس وقت وہ خصم کی جانب سے ضد اور ہٹ دیکھتے ہیں بخلاف الفاظ پرستوں کے کہ وہ مناظرہ کے موقع پر کبھی ایسی بات نہ کہیں (بلکہ اس کہنے کو ہارنا سمجھیں)۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَةِ : ۱ قوله فی ان یفتری کیا ہوا اشارة الی ان المصدر بمعنی اسم المفعول ۱۲۔ ۲ قوله فی من دون صادر کذا فی الروح قید واسمعی ۱۲۔ ۳ قوله فی الکتٰب احکام ضروریہ فالکتاب بمعنی المکتوب جنس شامل للاحکام المکتوبة بمعنی المفروضة ۱۲۔ ۴ قوله فی لا ریب فیه اور اشارة ای انه خبر بعد خبر وکذا ما بعده ۱۲۔ ۵ قوله فی ام یقولون کیا ام بمعنی همزة الاستفهام کذا فی الروح ۱۲۔ ۶ قوله فی لم یحیطوا صحیح سقیم وهذا من المواهب ۱۲۔ ۷ قوله فی تاویله یعنی عذاب کما فی قوله تعالیٰ هل ینظرون الاتاویله ۱۲۔ ۸ قوله فی کذبوك جھٹلاتے رہیں فسر بالاصرار لان نفس التکذیب کان حاصلا من قبل ۱۲۔ ۹ قوله فی تسمع ماننے کا انتظار لان الاسماع کان واجبا علیه صلی الله علیه وسلم۔ ۱۰ قوله لا یظلم اور پھر مواخذہ هو المقصود بالنفی لا سلب الاستعداد لانه یکون مسلوبا ببعض الامراض لکن یسقط التکلیف ۱۲۔

اَلنَّحْوُ : قوله لکن تصدیق عطف علی خبر کان کذا تفصیل الکتب ۱۲۔

اَلْبَلَاغَةُ : من استطعتم من دون الله فائدة هذا القید ایذان بانهم لیسوا من الله فی شیء قوله ان یفتری قیل ان تخلص المضارع الاستقبال والمشرکون انما زعم والافتراء فی الماضی لا فی المستقبل واجیب عنه بان الفعل فیها مستعمل فی مطلق الزمان وقد نص علی جواز ذلك فی الفعل ابن الحاجب وغیره لعل ذلك من باب المجاز واجاب بعضهم بمنع ذلك لم لا یجوز ان یکون ذلك فیما عدا خبر کان المنفیة کما فی قوله ما کان للنبی والذین أمنوا ان یستغفروا فانه انکار الاستغفار فی الماضی واستقبل قوله لکن تصدیق ذکر فضل القرآن باعتبار نفسه اولا ثم باعتبار کونه منزلا من الله ثانیا مع کفایة الثانی تنبیها علی شرفه فوق الشرف ۱۲۔ قوله لما یاتهم دل التوقع علی نزول العذاب بعد حین ۱۲۔ قوله ولو کانوا لا یعقلون معنی واو الوصیلة ههنا ان تقدیره تسمعهم ولو کانوا لا یعقلون وظاهر ان استماعهم مع العقل بطریق الاولی والاستفهام داخل علی المجموع فاندفع ما یتوهم ان الترقی باعتبار نفی الاسماع ولا معنی له فان عدم الاسماع مع العقل لیس اولیٰ الخ من الروح ونظیره فی لساننا الهندی قول القائل کیا تم فلاں غبی کو پڑھاؤ گے اگرچہ وہ توجہ بھی نہ کرے قوله انتم برینون الخ ولعل وجه تقدیم المتکلم اولا وتاخیره ثانیا والعکس فی حکم المخاطبین لان العمل من المتکلم لما قدم اولا استحسن تقدیم حکمه وبراءة المخاطب منه وعمل المخاطب لما اخر استحسن تاخیر حکمه وهو براءة المتکلم ۱۲ منه۔

وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ كَاَنْ لَّمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَةً مِّنَ النَّهَارِ يَتَعَارَفُوْنَ بَيْنَهُمْ ۭ قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَاۗءِ
اللّٰهِ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ۝ وَاِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ اللّٰهُ شَهِيْدٌ عَلٰي
مَا يَفْعَلُوْنَ ۝ وَلِكُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلٌ ۚ فَاِذَا جَاۗءَ رَسُوْلُهُمْ قُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى
هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا اِلَّا مَا شَاۗءَ اللّٰهُ ۭ لِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ ۭ اِذَا جَاۗءَ
اَجَلُهُمْ فَلَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ۝ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُهٗ بَيَاتًا اَوْ نَهَارًا مَّاذَا يَسْتَعْجِلُ مِنْهُ
الْمُجْرِمُوْنَ ۝ اَثُمَّ اِذَا مَا وَقَعَ اٰمَنْتُمْ بِهٖ ۭ آٰلْــٰٔنَ وَقَدْ كُنْتُمْ بِهٖ تَسْتَعْجِلُوْنَ ۝ ثُمَّ قِيْلَ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذُوْقُوْا عَذَابَ

www.besturdubooks.net

الْخُلْدِ هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَيَسْتَنْۢبِـُٔوْنَكَ اَحَقٌّ هُوَ ۭ قُلْ اِيْ وَرَبِّيْٓ اِنَّهٗ لَحَقٌّ ۭ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۵۳﴾
وَلَوْ اَنَّ لِكُلِّ نَفْسٍ ظَلَمَتْ مَا فِي الْاَرْضِ لَافْتَدَتْ بِهٖ ۭ وَاَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ ۚ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَهُمْ
لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۵۴﴾ اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اَلَآ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۵﴾ هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۵۶﴾

اور ان کو وہ دن یاد دلائیے جس میں اللہ تعالیٰ ان کو اس کیفیت سے جمع کردے گا کہ (وہ ایسا سمجھیں گے) گویا وہ (دنیا یا برزخ میں) سارے دن کی ایک آدھ گھڑی رہے ہوں گے اور آپس میں ایک دوسرے کو پہچانیں گے (بھی) واقعی (اس وقت سخت) خسارہ میں پڑے وہ لوگ جنہوں نے اللہ کے پاس جانے کو جھٹلایا اور وہ (دنیا میں بھی) ہدایت پانے والے نہ تھے اور جس (عذاب) کا ان سے ہم وعدہ کر رہے ہیں اس میں سے کچھ تھوڑا سا (عذاب) اگر ہم آپ کو دکھلا دیں یا (اس کے نزول کے قبل ہی) ہم آپ کو وفات دے دیں سو ہمارے پاس تو ان کو آنا ہی ہے پھر سب کو معلوم ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کے سب افعال کی اطلاع رکھتا ہے اور ہر ہر امت کے لئے ایک حکم پہنچانے والا (ہوا) ہے۔ سو جب ان کا وہ رسول ان کے پاس آجاتا ہے (اور احکام پہنچا دیتا ہے اس کے بعد) ان کا فیصلہ انصاف کے ساتھ کیا جاتا ہے اور ان پر (ذرا) ظلم نہیں کیا جاتا اور یہ لوگ کہتے ہیں کہ (اے نبی اور اے مسلمانو) یہ وعدہ (عذاب کا) کب (واقع) ہوگا۔ اگر تم سچے ہو (تو واقع کیوں نہیں کرا دیتے) آپ فرما دیجئے کہ میں (خود) اپنی ذات خاص کے لئے کسی نفع (کے حاصل کرنے) کا اور کسی ضرر (کے دفع کرنے) کا اختیار رکھتا ہی نہیں مگر جتنا (اختیار) خدا کو منظور ہو۔ ہر امت کے (عذاب کے) لئے ایک معین وقت ہے (سو) جب ان کا وہ معین وقت آپہنچتا ہے تو (اس وقت) ایک ساعت نہ پیچھے ہٹ سکتے ہیں اور نہ آگے سرک سکتے ہیں۔ آپ (اس کے متعلق ان سے) فرما دیجئے کہ اگر تم پر خدا کا عذاب رات کو آپڑے یا دن کو تو (یہ بتلاؤ) کہ عذاب میں کون چیز ایسی ہے کہ مجرم لوگ اس کو جلدی مانگ رہے ہیں۔ کیا پھر جب وہ (اصل موعود) آہی پڑے گا (اسی وقت) اس کی تصدیق کرو گے ہاں اب مانا۔ حالانکہ (پہلے سے) تم (بقصد تکذیب) اس کی جلدی مچایا کرتے تھے۔ پھر ظالموں (یعنی مشرکوں) سے کہا جائے گا کہ ہمیشہ کا عذاب چکھو تم کو تو تمہارے ہی کئے کا بدلہ ملا ہے اور وہ (غایت تعجب وانکار سے) آپ سے دریافت کرتے ہیں کہ کیا عذاب واقعی امر ہے آپ فرما دیجئے کہ ہاں قسم میرے رب کی کہ وہ واقعی امر ہے اور تم کسی طرح خدا کو عاجز نہیں کر سکتے (کہ وہ عذاب دینا چاہے اور تم بچ جاؤ) اور اگر ہر ہر مشرک شخص کے پاس اتنا مال ہو کہ ساری زمین میں بھر جائے تب بھی اس کو دے کر اپنی جان بچانے لگے اور جب عذاب دیکھیں گے تو (مزید فضیحت کے خوف سے پشیمانی کو (اپنے دل ہی میں) پوشیدہ رکھیں گے اور ان کا فیصلہ انصاف کے ساتھ ہوگا اور ان پر (ذرا ظلم نہ ہوگا)۔ یاد رکھو کہ جتنی چیزیں آسمانوں میں اور زمین میں ہیں سب اللہ ہی کی ملک ہیں یاد رکھو کہ اللہ کا وعدہ سچا ہے (پس قیامت ضرور آئے گی) لیکن بہت سے آدمی یقین ہی نہیں کرتے۔ وہی جان ڈالتا ہے وہی جان نکالتا ہے اور تم سب اسی کے پاس لائے جاؤ گے (اور حساب وکتاب ہوگا)۔ ۞

تفسیر: تحقیق معاد و جواب شبہات کفار متعلق آں ☆ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ كَاَنْ لَّمْ يَلْبَثُوْٓا (الی قولہ تعالیٰ) وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۵۶﴾ اور ان کو وہ دن یاد دلائیے جس میں اللہ تعالیٰ ان کو اس کیفیت سے جمع کرے گا کہ (وہ سمجھیں گے کہ) گویا وہ (دنیا یا برزخ میں) سارے دن کی ایک آدھ گھڑی رہے ہوں گے (چونکہ وہ دن مدید بھی ہوگا اور شدید بھی ہوگا اس لئے دنیا اور برزخ کی مدت اور تکلیف سب بھول کر ایسا سمجھیں گے کہ وہ زمانہ بہت جلد گزر گیا) اور آپس میں ایک دوسرے کو پہچانیں گے (بھی لیکن ایک دوسرے کی مدد نہ کر سکیں گے اس سے اور رنج وصدمہ ہوگا کیونکہ شناسا لوگوں سے توقع نفع کی ہوا کرتی ہے) واقعی (اس وقت سخت) خسارے میں پڑے وہ لوگ جنہوں نے اللہ کے پاس جانے کو جھٹلایا اور وہ (دنیا میں بھی) ہدایت پانے والے نہ تھے (اسی لئے آج خسارہ میں پڑے پس ان کے عذاب کا اصلی وقت تو یہ دن ہے ان کو یاد دلا دیجئے) اور (دنیا میں ان پر عذاب واقع ہونا سو اس کی نسبت یہ بات ہے کہ) جس (عذاب) کا ان سے ہم وعدہ کر رہے ہیں اس میں کچھ تھوڑا سا (عذاب) اگر ہم آپ کو دکھلا دیں (یعنی آپ کی حیات میں ان پر) اس کا نزول ہو جاوے) یا (اس کے نزول کے قبل ہی) ہم آپ کو وفات دے دیں (پھر خواہ بعد نزول ہو یا نہ ہو) سو (دونوں احتمال ہیں کوئی شق ضروری نہیں لیکن ہر حال اور ہر احتمال پر) ہمارے پاس تو ان کو آنا ہی ہے پھر (سب کو معلوم ہے کہ) اللہ ان کے سب افعال کی اطلاع رکھتا ہی ہے (پس ان پر سزا دے گا غرض یہ کہ دنیا میں خواہ سزا ہو یا نہ ہو مگر اصلی موقع پر ضرور ہوگی) اور (یہ سزا جو ان کے لئے تجویز ہوئی ہے تو اتمام حجت وازالہ عذر کے بعد ہوئی ہے اور ان کی کیا تخصیص ہے بلکہ ہمیشہ سے ہماری عادت رہی ہے کہ جن امتوں کو ہم نے مکلف بنانا چاہا ہے ان میں سے) ہر ہر امت کے لئے ایک حکم پہنچانے والا (ہوا) ہے سو جب ان کا وہ رسول (ان کے پاس) آچکتا ہے (اور احکام پہنچا دیتا ہے اس کے بعد) ان کا فیصلہ انصاف کے ساتھ کیا جاتا ہے (وہ فیصلہ یہی ہے کہ نہ ماننے والوں کو عذاب ابدی میں مبتلا کیا جاتا ہے) اور ان پر (ذرا) ظلم نہیں کیا جاتا (کیونکہ اتمام حجت کے بعد سزا دینا خلاف انصاف نہیں ہے) اور یہ لوگ (عذاب کی وعیدیں سن کر بقصد تکذیب یوں) کہتے ہیں کہ

www.besturdubooks.net

(اے نبی اور اے مسلمانو) یہ وعدہ (عذاب کا) کب (واقع) ہوگا اگر تم سچے ہو (تو واقع کیوں نہیں کرا دیتے) آپ (سب کی طرف سے جواب میں) فرما دیجئے کہ میں (خود) اپنی ذات خاص کے لئے تو کسی نفع (کے حاصل کرنے) کا اور کسی ضرر (کے دفع کرنے) کا اختیار رکھتا ہی نہیں مگر جتنا (اختیار) خدا کو منظور ہو (اتنا اختیار البتہ حاصل ہے پس جب خاص اپنے نفع ونقصان کا مالک نہیں تو دوسرے کے نفع ونقصان کا تو کیونکر مالک ہوں گا پس عذاب واقع کرنا میرے اختیار میں نہیں رہا یہ کہ کب واقع ہوگا سو بات یہ ہے کہ) ہر امت کے (عذاب کے) لئے (اللہ کے نزدیک) ایک معین وقت ہے خواہ دنیا میں یا آخرت میں سو) جب ان کا وہ معین وقت آ پہنچتا ہے تو (اس وقت) ایک ساعت نہ پیچھے ہٹ سکتے ہیں اور نہ آگے سرک سکتے ہیں (بلکہ فوراً عذاب واقع ہو جاتا ہے اسی طرح تمہارے عذاب کا بھی وقت معین ہے اس وقت اس کا وقوع ہو جاوے گا اور وہ جو فرمائش کرتے ہیں کہ جو کچھ ہونا ہے جلدی ہو جاوے جیسا کہ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ مفہوماً اور رَبَّنَا عَجِّلْ لَّنَا قِطَّنَا منطوقاً اس استعجال پر دال ہے جس سے مقصود تکذیب ہے تو) آپ (اس کے متعلق ان سے) فرما دیجئے کہ یہ بتلاؤ کہ اگر تم پر خدا کا عذاب رات کو آ پڑے یا دن کو (آ پڑے) تو (یہ بتلاؤ کہ) عذاب میں کونسی چیز ایسی ہے کہ مجرم لوگ اس کو جلدی مانگ رہے ہیں (یعنی عذاب تو سخت چیز اور پناہ مانگنے کی چیز ہے نہ کہ جلدی مانگنے کی اور چونکہ استعجال سے مقصود ان کا تکذیب ہے اس لئے فرماتے ہیں کہ) کیا (اب تو تکذیب کر رہے ہو جو کہ وقت ہے تصدیق کے نافع ہونے کا) پھر جب وہ (اصل موعود) آ ہی پڑے گا (اس وقت) اس کی تصدیق کرو گے (جس وقت کہ تصدیق نافع نہ ہوگی اور اس وقت کہا جاوے گا کہ) ہاں اب مانا حالانکہ (پہلے سے) تم (بقصد تکذیب) اس کی جلدی مچایا کرتے تھے پھر ظالموں (یعنی مشرکوں) سے کہا جاوے گا کہ ہمیشہ کا عذاب چکھو تم کو تمہارے ہی کئے کا بدلہ ملا ہے اور وہ (غایت تعجب وانکار سے) آپ سے دریافت کرتے ہیں کہ کیا عذاب واقعی امر ہے آپ فرما دیجئے کہ ہاں قسم میرے رب کی کہ وہ واقعی امر ہے اور تم کسی طرح خدا کو عاجز نہیں کر سکتے (کہ وہ عذاب دینا چاہے اور تم بچ جاؤ) اور (اس عذاب کی یہ شدت ہوگی کہ) اگر ہر ہر مشرک شخص کے پاس اتنا (مال) ہو کہ ساری زمین میں بھر جاوے تب بھی اس کو دے کر اپنی جان بچانے لگے (اگرچہ نہ خزانہ ہوگا اور نہ لیا جاوے گا لیکن شدت اس درجہ ہوگی کہ ہونے کی تقدیر سب دینے پر راضی ہو جاوے) اور جب عذاب دیکھیں گے تو (مزید فضیحت کے خوف سے) پشیمانی کو (اپنے دل ہی میں) پوشیدہ رکھیں گے (یعنی اس کے آثار قولیہ وفعلیہ کو ظاہر نہ ہونے دیں گے تاکہ دیکھنے والے زیادہ نہ ہنسیں لیکن آخر میں یہ ضبط وتحمل بھی اس شدت سے جاتا رہے گا) اور ان کا فیصلہ انصاف کے ساتھ ہوگا اور ان پر (ذرا ظلم نہ ہوگا یاد رکھو جتنی چیزیں آسمانوں میں اور زمین میں ہیں سب اللہ ہی کی ملک ہیں (ان میں جس طرح چاہے تصرف کرے اور ان میں یہ مجرم بھی داخل ہیں ان کا فیصلہ بھی بطریق مذکور کر سکتا ہے) یاد رکھو کہ اللہ کا وعدہ سچا ہے (پس قیامت ضرور آوے گی) لیکن بہت سے آدمی یقین ہی نہیں کرتے وہی جان ڈالتا ہے وہی جان نکالتا ہے (پس دوبارہ پیدا کرنا اس کو کیا مشکل ہے) اور تم سب اسی کے پاس لائے جاؤ گے (اور حساب وکتاب ہوگا)

تَرْجَمَۂ مَسَائِلِ السُّؤَالِ: قولہ تعالیٰ: وَلِكُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلٌ محققین نے اس سے اخذ کیا ہے کہ قرونِ اولیٰ میں جو لوگ غیر معلوم الحال ایسے اقالیم میں سے گزرے ہیں جن میں رسولوں کا مبعوث ہونا معلوم نہیں ہوا احتیاط اسی میں ہے کہ ان سے کف لسان کیا جاوے احتمال ہے کہ وہ رسول ہوں کیونکہ ظاہر تو یہی ہے کہ وہاں کی امت بھی رسول سے خالی نہیں رہی (بعض اکابر اہل طریق نے اس احتیاط اور احتمال کی تصریح فرمائی ہے۔

مُلَحَقَاتُ التَّرْجَمَۃِ: ۱ قولہ فی یوم یاد اشارۃ الی تقدیر اذکر لھم ۱۲۔ ۲ قولہ فی کان اس کیفیت سے اشارۃ الی کون جملۃ کان لم یلبثوا حالا ۱۲۔ ۳ قولہ فی یتعارفون اور اشارۃ الی کون الجملۃ استینافا ۱۲۔ ۴ قولہ ھناک مد فلا یعارض قولہ لا انساب بینھم یومئذ ولا یتساء لون۔ ۵ قولہ ھناک رنج تقریر لفائدۃ الاخبار عن النعارت ۱۲۔ ۶ قولہ فی لکل امۃ مکلف فلا یشکل حال اھل الفترۃ ومن لم تبلغھم الدعوۃ ولا قولہ تعالیٰ لتنذر قوماً ما انذر آبائھم ۱۲۔ ۷ قولہ فی رسول پہنچانے والا اشارۃ الی کونہ بالمعنی اللغوی سواء ارسلہ اللہ تعالیٰ او ارسلہ رسول ۱۲۔ ۸ قولہ فی قضی بینھم ان کا فلا یقتضی الفریقین کما صرح بہ فی روح المعانی فی قضی الثانی۔ ۹ قولہ فی یقولون اے نبی الخ توجیہ لجمع الصیغۃ ۱۲۔ ۱۰ قولہ فی ان کنتم واقع کیوں نہیں کرا دیتے دل علی ھذا الجزاء وقولہ فی الجواب لا املک الخ ۱۲۔ ۱۱ قولہ فی قل لا املک سب کی طرف سے لیطابق قولہ تعالیٰ کنتم صادقین۔ ۱۲ قولہ قبل قل ارایتم استعجال پر دال ہے جس سے مقصود تکذیب جمع بینھما لان الآیات فیما بعد متعرضۃ بکلھما ۱۲۔ ۱۳ قولہ فی الم تکذیب اشارۃ الی التقدیر ای اکذبتم الآن ثم وقت الوقوع آمنتم ۱۲۔ ۱۴ قولہ فی اذا ما وقع اصل موعود لان الانکار علی الایمان الدال علی عدم قبولہ انما یکون بمعاینۃ العذاب الاخروی ۱۲۔ ۱۵ قولہ فی الآن ہاں اشارۃ الی ان الاستفہام للتوبیخ المستعمل فیہ کلمۃ ہاں فی لساننا ۱۲۔ ۱۶ قولہ فی یستعجلون بقصد تکذیب لو ردوہ مقابلا لقولہ آمنتم ۱۲۔ ۱۷ قولہ ھناک مزید لان اصل الفضیحۃ حاصلۃ ۱۲۔ ۱۸ قولہ فی الندامۃ آثار لان الندامۃ دائماً یکون سرا وانما یظھر بعض

www.besturdubooks.net

آثارها۱۲۔ ۱۹ قوله هناك آخرين كما يدل عليه الآيات يٰحسرتى على ما فرطت وقوله يدعوا ثبورا وقوله يٰويلنا قد كنا فى غفلة ونحوها۱۲۔

النحو: قوله بياتا اى وقت البيات وهو النوم قوله ماذا يستعجل ماذا بمعنى اى شئ منصوب المحل مفعول مقدم ومن للتبعيض والضمير للعذاب والجزاء دل عليه ارايتم المقدم اى ان اتاكم فاخبرونى اى شئ يستعجلون من العذاب وليس شئ منه يستعجل لكونه مر المذاق قوله الآن ليقدر قبله قيل عطف عليه ثم قيل۱۲۔ قوله لافتدت بحذف المفعول اى نفسها۱۲۔

البلاغة: قوله لبعض الذى فى تخصيص البعض بالذكر قيل رمز الى العدة بارادة بعض الموعود وقد اراه صلى الله عليه وسلم ذلك يوم بدر كذا فى روح المعانى قلت وهو عندى قيد واقعى لان كل الموعود لا يرى فى الدنيا قط والا لانتفت الآخرة قوله ثم الله شهيد المراد من الشهادة لازمها مجازا وهو المعاقبة والجزاء والا فالشهادة امروا ثم لا تعاسب ذلك قوله ان اتاكم فى ايرادها موقع اذا مجاراة للخصم وقوله اذا ما وقع جريان على مقتضى المقام الاصلى قوله كنتم به تستعجلون كان مقتضى مقابلة آمنتم ان يقال تكذبون لكن فى العدول استحضار لمقالتهم الشنيعة فى الاستعجال المقصود به التكذيب والاستبعاد فكان ابلغ۱۲۔ قوله احق وهو المقصود به حصر العذاب فى الحقيقة لا العكس وهذا على تقدير كون تقديم الخبر للحصر ولو اضافيا ويمكن ان يكون التقديم للاهتمام۱۲۔ قوله قضى الثانى لا تكرار فيه لان الاول فيه حال لكل امة والثانى فيه حال هؤلاء۱۲۔

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِى الصُّدُوْرِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۷﴾ قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا ؕ هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿۵۸﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ لَكُمْ مِّنْ رِّزْقٍ فَجَعَلْتُمْ مِّنْهُ حَرَامًا وَّحَلٰلًا ؕ قُلْ آٰللّٰهُ اَذِنَ لَكُمْ اَمْ عَلَى اللّٰهِ تَفْتَرُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَمَا ظَنُّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۶۰﴾ ع ۶ ۱۱

اے لوگو! تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے ایک ایسی چیز آئی ہے جو بُرے کاموں سے روکنے کے لئے نصیحت ہے اور دلوں میں جو (برے کاموں سے) روگ (ہو جاتے ہیں) ان کے لئے شفاء ہے اور رہنمائی کرنے والی ہے اور رحمت (اور ذریعہ ثواب) ہے (اور یہ سب برکات) ایمان والوں کے لئے ہیں۔ آپ (ان سے) کہہ دیجئے (کہ جب قرآن ایسی چیز ہے) تو پس لوگوں کو خدا کے اس انعام اور رحمت پر خوش ہونا چاہئے۔ وہ اس (دنیا) سے بدرجہا بہتر ہے جس کو جمع کر رہے ہیں آپ (ان سے) کہہ دیجئے کہ یہ تو بتلاؤ کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے (انتفاع کے) لئے جو کچھ رزق بھیجا تھا پھر تم نے (اپنی طرف سے) اس کا کچھ حصہ حرام اور کچھ حلال قرار دے لیا۔ آپ ان سے پوچھئے کہ کیا تم کو خدا نے حکم دیا ہے یا (محض) اللہ پر (اپنی طرف سے) افتراء ہی کرتے ہو اور جو لوگ اللہ پر جھوٹ افتراء باندھتے ہیں ان کا قیامت کی نسبت کیا گمان ہے واقعی لوگوں پر اللہ تعالیٰ کا بڑا ہی فضل ہے لیکن اکثر آدمی بے قدر ہیں (ورنہ توبہ کر لیتے)۔ ۞

تفسیر: اوپر بعض آیات میں حقیقت قرآن کا اثبات تھا آگے مع بیان فضیلت کے پھر وہی مضمون ہے و نیز اس سے اوپر ترہیب کے ساتھ دعوت تھی آگے ترغیب کے ساتھ دعوت ہے۔

حقیقت و فضیلت قرآن و استمالت مخاطبین بدو ☆ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِى الصُّدُوْرِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۞ قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا ؕ هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ۞ اے لوگو تمہارے پاس رب کی طرف سے ایک ایسی چیز آئی ہے جو (برے کاموں سے روکنے کے لئے) نصیحت ہے اور (اگر اس پر عمل کر کے برے کاموں سے بچیں تو) دلوں میں جو (برے کاموں سے) روگ (ہو جاتے) ہیں ان کے لئے شفا ہے اور (نیک کاموں کے کرنے کے لئے) رہنمائی کرنے والی ہے اور (اگر اس پر عمل کر کے نیک کاموں کو اختیار کریں تو) رحمت (اور ذریعہ ثواب) ہے (اور یہ سب برکات) ایمان والوں کے لئے (ہیں کیونکہ عمل وہی کرتے ہیں پس قرآن کی یہ برکات سنا کر) آپ (ان سے) کہہ دیجئے کہ (جب قرآن ایسی چیز ہے) پس لوگوں کو خدا کے اس انعام اور رحمت پر خوش ہونا چاہئے (اور اس کو دولت عظیمہ سمجھ کر لینا چاہئے) وہ اس (دنیا) سے بدرجہا بہتر ہے جس کو جمع کر رہے ہیں (کیونکہ دنیا کا نفع قلیل اور فانی اور قرآن کا نفع کثیر اور باقی) ف: موعظت اور شفاء اور ہدیٰ اور رحمت کے مفہومات کا فرق ترجمہ ہی سے ظاہر ہے اور میرے نزدیک لِّلْمُؤْمِنِيْنَ سب کی قید ہے جیسا کہ دوسری آیتیں اس پر دال ہیں قال تعالیٰ: قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ [حم

www.besturdubooks.net

السجدة : ٤٤] وقال تعالیٰ : وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ [الأسراء : ٨٢]۔ وقال تعالیٰ : هٰذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ [آل عمران :١٣٨]۔ **ربط** : اوپر چند آیات میں شرک کا بطال کیا گیا ہے اس شرک کی رسوم میں سے ایک تحریم حلال کی رسم تھی جس کی تفصیل پارۂ ہشتم کے ربع پر بیان ہوئی ہے آگے اس رسم کی تقبیح ہے۔

تقبیح بعض رسوم شرک ☆ قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ (الی قولہ تعالیٰ) لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿٥٩﴾ آپ (ان سے) کہئے کہ یہ تو بتلاؤ کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے (انتفاع کے) لئے جو کچھ رزق بھیجا تھا پھر تم نے (اپنی گھڑت سے) اس کا کچھ حصہ حرام کچھ حلال قرار دے لیا (حالانکہ اس کی تحریم کی کوئی دلیل نہیں تو) آپ (ان سے) پوچھئے کہ کیا تم کو خدا نے حکم دیا ہے یا (محض) اللہ پر (اپنی طرف سے) افتراء ہی کرتے ہیں اور (چونکہ شق اول کا احتمال ہی نہیں بلکہ شق ثانی متعین ہے اس لئے اس پر وعید فرماتے ہیں کہ) جو لوگ اللہ پر جھوٹ افتراء باندھتے ہیں ان کا قیامت کی نسبت کیا گمان ہے (جو بالکل ڈرتے نہیں کیا یہ سمجھتے ہیں کہ قیامت نہیں آوے گی یا آوے گی مگر ہم سے باز پرس نہیں ہوگی) واقعی لوگوں پر اللہ کا بڑا ہی فضل ہے (کہ ساتھ کے ساتھ سزا نہیں دیتا بلکہ توبہ کے لئے مہلت دے رکھی ہے) لیکن اکثر آدمی بے قدر ہیں (ورنہ توبہ کر لیتے) **ف** : چونکہ اوپر موقع مذکور تمہید میں تفصیل اس تحریم وتحلیل کی آچکی ہے اس لئے اعادہ کی حاجت نہیں۔

ربط : اوپر آیات کثیرہ میں کفار کا انکار اور تکذیب اور حجود اور عناد اور مخالفت مذکور ہے چونکہ یہ امور طبعاً رنج دہ ہیں اس لئے آگے آپ کی تسلی کا مضمون ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ ہم کو سب احوال عامہ وخاصہ کی اطلاع ہے۔ لقولہ تعالیٰ : وَمَا تَكُوْنُ الخ اور اپنی اطاعت کرنے والوں کو دارین میں سب مکروہات سے محفوظ رکھتے ہیں لقولہ تعالیٰ : اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ الخ اور قدرت کاملہ بھی ہم ہی کو حاصل ہے نہ دوسرے شرکاء کو لقولہ تعالیٰ : اِنَّ الْعِزَّةَ الخ پس علم اور قدرت کا اعتقاد اور حفاظت کا وعدہ تسلی کے لئے کافی ہے لقولہ تعالیٰ : لَا يَحْزُنْكَ مجملاً تسلی کا مضمون اوپر بھی آیت وَاِنْ كَذَّبُوْكَ الخ میں آچکا ہے۔

تَرْجَمَۃُ مَسَائِلِ السُّلُوْكِ : قولہ تعالیٰ : يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ الخ۔ اس پر دلیل ہے کہ قلوب میں بھی امراض ہوتے ہیں اور وہ امراض بدن سے اشد ہیں جیسے شک ونفاق وحسد وغیرہ ۱۲ قولہ تعالیٰ : قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا یہی فرح کبھی اس حد تک پہنچ جاتا ہے کہ غایت انبساط سے اس فضل کے اظہار سے سکوت پر قدرت نہیں رہتی اور کبھی یہ اظہار ایسی صورت میں ہوتا ہے کہ وہ ظاہراً خلاف ادب ہوتا ہے لیکن غلبۂ حال سے معذور ہوتا ہے ۱۲ قولہ تعالیٰ : قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ لَكُمْ مِّنْ رِّزْقٍ فَجَعَلْتُمْ مِّنْهُ حَرَامًا وَّحَلٰلًا۔ اس میں ان لوگوں پر رد ہے جو بعض مباحات کو اعتقاداً یا عملاً بطور تقشف وتزہد کے اپنے نفس پر حرام کر لیتے ہیں البتہ جو شخص بطور معالجہ کے ترک کر دے وہ مستثنیٰ ہے ۱۲۔

اَلْكَلَامُ : استدل المعتزلة بالآية على ان الحرام ليس برزق ولا دليل لهم فيها اذا المعنى ما قدر لانتفاعكم والمقدر للانتفاع هو الحلال فيكون المذكور ههنا قسما من الرزق لا مطلق الرزق الشامل للحلال والحرام والكفرة انما اخطؤا فى جعل بعض الحلال حراما ومن جعل اهل السنة نظيرا لهم فى جعلهم الرزق مطلقا منقسما الى قسمين فقد اعظم الضرية ۱۲۔ من الروح المعانى۔

اَلنَّحْوُ : قوله بفضل الله الخ عامله مقدر اى ليفرحوا بفضل الله ورحمته وقوله بذلك فليفرحوا تاكيد للجملة الاولى واحدى الفائين جزائية والاخرى زائدة والمعنى ان يفرحوا بشئ فليفرحوا بذلك وتقديم الظرف للحصر ۱۲۔ قوله ارايتم الخ ما موصولة فى موضع النصب على انه مفعول اول لا رايتم والعائد محذوف اى انزله وجملة الله اذن لكم الخ فى موضع المفعول الثانى لا رايتم وقل مكرر للتاكيد وقوله فجعلتم معطوف على انزل والعائد على المفعول الاول محذوف والمعنى ارايتم الذى انزله الله تعالىٰ لكم من رزق ففعلتم فيه ما فعلتم اى الامرين كائن فيه الاذن من الله تعالىٰ بجعله قسمين ام الافتراء منكم وقوله يوم القيٰمة ظرف لنفس الظن اى اىّ شئ ظنهم فى ذلك اليوم انى فاعل بهم وقيل الظرف متعلق بما يتعلق به ظنهم اى اىّ شئ ظنهم بما سيقع يوم القيٰمة الخ كذا فى روح المعانى وارى الثانى راجحا لان الاول يدل ظاهرا على كون يوم القيٰمة زمانا لوقوع الظن وهو غير ظاهر لان ظنهم وقع فى الدنيا نعم تعلقه بيوم القيٰمة صحيح وانما يفيده الثانى والله اعلم ۱۲۔

اَلْبَلَاغَةُ : قوله ايراد انزل فى الرزق باعتبار انزال سببه اى المطر من السماء وزيادة الكذب بعد الافتراء لاظهار كما القبح وكونه كذبا فى اعتقادهم ايضا۔

وَمَا تَكُوْنُ فِيْ شَاْنٍ وَّمَا تَتْلُوْا مِنْهُ مِنْ قُرْاٰنٍ وَّلَا تَعْمَلُوْنَ مِنْ عَمَلٍ اِلَّا كُنَّا عَلَيْكُمْ شُهُوْدًا اِذْ تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ ؕ وَمَا يَعْزُبُ عَنْ رَّبِّكَ مِنْ مِّثْقَالِ ذَرَّةٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَلَآ اَصْغَرَ مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْبَرَ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿٦١﴾

www.besturdubooks.net

اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۶۲﴾ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿۶۳﴾ لَهُمُ الْبُشْرٰى
فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ؕ لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۶۴﴾ وَلَا يَحْزُنْكَ
قَوْلُهُمْ ؕ اِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ؕ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۶۵﴾ اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ ؕ
وَمَا يَتَّبِعُ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ شُرَكَآءَ ؕ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ﴿۶۶﴾

اور آپ (خواہ) کسی حال میں ہوں اور منجملہ ان احوال کے آپ کہیں سے قرآن پڑھتے ہوں اور (اسی طرح اور لوگ بھی جتنے ہوں) تم جو کام بھی کرتے ہو ہم کو سب کی خبر رہتی ہے۔ جب تم اس کام کو کرنا شروع کرتے ہو اور آپ کے رب (کے علم) سے کوئی چیز ذرہ برابر بھی غائب نہیں نہ زمین میں اور نہ آسمان میں (بلکہ سب اس کے علم میں حاضر ہیں) اور نہ کوئی چیز اس (مقدار مذکور) سے چھوٹی ہے اور نہ کوئی چیز (اس سے) بڑی ہے مگر یہ سب (بوجہ علم الٰہی کے) کتاب مبین (یعنی لوح محفوظ) میں (مرقوم) ہے یاد رکھو اللہ کے دوستوں پر نہ کوئی اندیشہ (ناک واقعہ پڑنے والا) ہے اور نہ وہ (کسی مطلوب کے فوت ہونے پر) مغموم ہوتے ہیں۔ وہ (اللہ کے دوست) وہ ہیں جو ایمان لائے اور (معاصی سے) پرہیز رکھتے ہیں۔ ان کے لئے دنیوی زندگی میں بھی اور آخرت میں بھی (منجانب اللہ تعالیٰ خوف وحزن سے بچنے کی خوشخبری ہے (اور) اللہ تعالیٰ کی باتوں میں (یعنی وعدوں میں) کچھ فرق نہیں ہوا کرتا۔ یہ (بشارت جو مذکور ہوئی) بڑی کامیابی ہے اور آپ کو ان کی باتیں غم میں نہ ڈالیں تمام تر غلبہ (اور قدرت بھی) خدا ہی کے لئے (ثابت) ہے وہ ان کی باتیں سنتا ہے (اور ان کی حالت) جانتا ہے وہ آپ کا بدلہ ان سے خود لے لے گا یاد رکھو کہ جتنے کچھ آسمانوں میں ہیں اور جتنے زمین میں ہیں (یعنی جن وانس اور فرشتے) یہ سب اللہ ہی کی (مخلوق) ہیں اور جو لوگ اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر دوسرے شرکاء کی عبادت کر رہے ہیں (خدا جانے) کس چیز کا اتباع کر رہے ہیں۔ محض بے سند خیال کا اتباع کر رہے ہیں اور محض قیاسی باتیں کر رہے ہیں۔ ۞

تفسیر: تسلی رسول اللہ ﷺ ببیان علم وقدرت وحفاظت الٰہیہ ☆ وَمَا تَكُوْنُ فِيْ شَاْنٍ (الی قولہ تعالیٰ) وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ﴿۶۶﴾ اور آپ (خواہ) کسی حال میں ہوں منجملہ ان احوال کے آپ کہیں سے قرآن پڑھتے ہوں اور (اسی طرح اور لوگ بھی جتنے ہو) تم جو کام بھی کرتے ہو ہم کو سب کی خبر رہتی ہے جب تم اس کام کو کرنا شروع کرتے ہو اور آپ کے رب (کے علم) سے کوئی چیز ذرہ برابر بھی غائب نہیں نہ زمین میں اور نہ آسمان میں (بلکہ سب اس کے علم میں حاضر ہیں) اور نہ کوئی چیز اس مقدار مذکور سے چھوٹی ہے اور نہ کوئی چیز (اس سے) بڑی ہے مگر یہ سب (بوجہ احاطہ علم الٰہی) کے کتاب مبین (یعنی لوحِ محفوظ) میں (مرقوم) ہے (یہ تو علم الٰہی کا بیان ہوا آگے مخلصین مطیعین کی محفوظیت کا بیان ہے کہ) یاد رکھو اللہ کے دوستوں پر نہ کوئی اندیشہ (ناک واقعہ پڑنے والا) ہے اور نہ وہ (کسی مطلوب کے فوت ہونے پر) مغموم ہوتے ہیں (یعنی اللہ تعالیٰ اُن کو خوفناک اور غمناک حوادث سے بچاتا ہے اور) وہ (اللہ کے دوست) وہ ہیں جو ایمان لائے اور (معاصی سے) پرہیز رکھتے ہیں (یعنی ایمان اور تقویٰ سے اللہ کا قرب نصیب ہوتا ہے اور خوف وحزن سے ان کے محفوظ رہنے کی وجہ یہ ہے کہ) ان کے لئے دنیوی زندگی میں بھی اور آخرت میں بھی (منجانب اللہ خوف وحزن سے بچنے کی) خوشخبری ہے (اور) اللہ کی باتوں میں (یعنی وعدوں میں) کچھ فرق ہوا نہیں کرتا (پس جب بشارت میں ان سے وعدہ ہو گیا اور وعدہ ہمیشہ صحیح ہوتا ہے اس لئے عدم خوف وعدم حزن لازم ہے اور) یہ (بشارت جو مذکور ہوئی) بڑی کامیابی ہے اور جب (آپ نے مقبولین کا محفوظ ہونا سن لیا تو) آپ کو ان کی باتیں غم میں نہ ڈالیں (یعنی ان کے کفریات سے مغموم نہ ہوں کیونکہ علم وحفاظت مذکورہ کے ساتھ) تمام تر غلبہ (اور قدرت بھی) خدا ہی کے لئے (ثابت) ہے وہ اپنی قدرت سے حسب وعدہ آپ کی حفاظت کرے گا) وہ (ان کی باتیں) سنتا ہے (اور ان کی حالت) جانتا ہے (وہ آپ کا بدلہ ان سے خود لے لے گا) یاد رکھو کہ جتنے کچھ آسمانوں میں ہیں اور جتنے زمین میں ہیں (یعنی فرشتے اور جن وانس) یہ سب اللہ ہی کے (مملوک) ہیں (اس کی حفاظت یا مکافات کو کوئی روک نہیں سکتا پس بہمہ وجوہ تسلی رکھنا چاہئے) اور (اگر کسی کو شبہ ہو کہ شاید شرکاء مزاحمت کر سکیں تو اس کی حقیقت سن لو کہ) جو لوگ اللہ کو چھوڑ کر دوسرے شرکاء کی عبادت کر رہے ہیں (خدا جانے) کس چیز کا اتباع کر رہے ہیں (یعنی ان کے پاس اس عقیدہ کی کیا دلیل ہے حقیقت تو یہ ہے کہ کچھ بھی دلیل نہیں) محض بے سند خیال کا اتباع کر رہے ہیں اور محض قیاسی باتیں کر رہے ہیں (پس واقع میں ان میں صفات الوہیت کے مثل علم وقدرت وغیرہ نہیں ہیں پھر ان میں احتمال مزاحمت کی کب گنجائش ہے۔ **ف**: خوف سے خوف حق اور غم سے غم آخرت مراد نہیں بلکہ دنیوی خوف وغم کی نفی مراد ہے جس کا احتمال مخالفت اعداء سے ہو سکتا ہے وہ مؤمنین کاملین کو نہیں ہوتا ہر وقت ان کا اللہ پر اعتماد ہوتا ہے ہر واقعہ کی حکمت کا اعتقاد رکھتے ہیں اس میں مصلحت سمجھتے ہیں جس کی بشارت ان کو قرآن وحدیث نے دی ہے اور یہ بشارت عام ہے: بَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ الخ بَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ الخ يُبَشِّرُهُمْ رَبُّهُمْ بِرَحْمَةٍ الخ تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ الخ اور رؤیا صالحہ سب اس میں داخل ہے اور اس تقریر سے معلوم ہوتا ہے کہ جیسا آپ کو ان کے گمراہ ہونے

www.besturdubooks.net

کا غم تھا ایسا ہی ان کی مخالفت اور ضرر رسانی کے احتمال سے بھی تردد ہوا کرتا تھا واللہ اعلم۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلُ السُّلُوْك: قولہ تعالیٰ : اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۞ سورۂ انفال میں آیت: اِنْ اَوْلِيَآؤُهٗ اِلَّا الْمُتَّقُوْنَ کے تحت میں جو لکھا گیا ہے اس کو دیکھ لو اور ولایت کا ایمان وتقویٰ پر مبنی کرنا اس کی دلیل ہے کہ ولایت کے لئے یہ شرط نہیں کہ اس کے ہاتھ پر کوئی کرامت بھی صادر ہوا کرے ۱۲ قولہ تعالیٰ: اِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا [النساء : ۱۳۹] اور دوسرے میں جو عزت نظر آئی ہے وہ بھی درحقیقت اللہ کے لئے ثابت ہے اور وہ غیر اس کی عزت کا ایک مظہر ہے جیسے ضیاء حقیقۃً آفتاب کی صفت ہے اور زمین پر ایک گونہ تعلق کے سبب اس کا ظہور ہو جاتا ہے پس اس میں مسئلہ مظہریت کی اصل ہے۔

العربية من اللغة والنحو والبلاغة : قوله الشان مصدر بمعنى المفعول معناه القصد قوله وما تتلوا تخصيص بعد تعميم لكونه اعظم الشئون وضمير منه يرجع الى الشان وكلمة من فى قرآن زائدة والمعنى ما تتلوا قرآنا حال كون التلاوة من شان مذكور قوله لا تعملون اورد ههنا لا المستعملة غالباً فى المستقبل وفى ما قبله ما المستعملة غالباً فى الحال ولعله اشارة الى ان اشتغاله صلى الله عليه وسلم بالشيون العظيمة كاللازم الدائم فلا بد ان يوجد فى زمان التكلم بخلاف غيره فانه لا يبعد تعطله فى زمان التكلم فلا جرم استحسن صيغة الاستقبال ولهذا التفاوت اورد فى خطابه الشان وفى خطابهم العمل والله اعلم قوله عن ربك اى عن علم ربك قوله من مثقال من زائدة قوله لا اصغر هى لنفى الجنس فهى جملة مستقلة قوله تفيضون ليس لتخصيص الحكم لان العلم يتعلق بالشروع وبما بعده جميعا بل فائدته ان العلم محيط من اول الامر لاكحال الخلق يذهلون تارة عن ابتداء الامر ثم ينتبهون لما بعده قوله الذين امنوا خبر حذف مبتداه اى هم الذين ۱۲۔

هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ ۝ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ۭ هُوَ الْغَنِيُّ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ اِنْ عِنْدَكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍۢ بِهٰذَا ۭ اَتَقُوْلُوْنَ عَلَي اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ قُلْ اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَي اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ۝ مَتَاعٌ فِي الدُّنْيَا ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ نُذِيْقُهُمُ الْعَذَابَ الشَّدِيْدَ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ۝ ع

وہ (اللہ تعالیٰ) ایسا ہے جس نے تمہارے لئے رات بنائی تاکہ تم اس میں آرام کرو اور دن بھی اس طور پر بنایا کہ (بوجہ روشن ہونے کے) دیکھنے بھالنے کا ذریعہ ہے۔ اس (بنانے) میں دلائل (توحید) ہیں ان لوگوں کے لئے جو (تدبیر کے ساتھ ان مضامین کو) سنتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ (نعوذ باللہ) اللہ تعالیٰ اولاد رکھتا ہے سبحان اللہ (کیسی سخت بات کہی) وہ تو کسی کا محتاج نہیں (اور سب اس کے محتاج ہیں) اسی کی ملک ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے۔ تمہارے پاس (بجز بیہودہ دعویٰ کے) اس (دعویٰ) پر کوئی دلیل (بھی) نہیں (تو) یا اللہ کے ذمے ایسی بات لگاتے ہو جس کا تم (کسی دلیل سے) علم نہیں رکھتے۔ آپ کہہ دیجئے کہ جو لوگ اللہ پر جھوٹ افترا کرتے ہیں (جیسے مشرکین) وہ (کبھی) کامیاب نہ ہوں گے۔ یہ دنیا میں تھوڑا سا عیش ہے (جو بہت جلد ختم ہوا جاتا ہے۔ پھر (مرکر) ہمارے ہی پاس ان کو آنا ہے۔ پھر (آخرت میں) ہم ان کو کفر کے بدلے سزائے سخت (کا مزہ) چکھا دیں گے۔ ۞

تفسیر: اوپر کی آیات سے جس طرح تسلیہ مقصود ہے اسی طرح توحید بھی اس کا مدلول ہے اور اس کے قبل اور آیات بھی توحید کے باب میں آ چکی ہے آگے بھی توحید کا مضمون ہے۔

توحید☆ هُوَ الَّذِيْ (الی قولہ تعالیٰ) بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ۞ وہ (اللہ) ایسا ہے جس نے تمہارے لئے رات بنائی تاکہ تم اس میں آرام کرو اور دن بھی اس طور پر بنایا کہ (بوجہ روشن ہونے کے) دیکھنے بھالنے کا ذریعہ ہے اس (بنانے میں) دلائل (توحید) ہیں ان لوگوں کے لئے جو (تدبر کے ساتھ ان مضامین کو) سنتے ہیں (مشرکین ان دلائل میں غور نہیں کرتے اور شرک کی باتیں کرتے ہیں چنانچہ) وہ کہتے ہیں کہ (نعوذ باللہ) اللہ تعالیٰ اولاد رکھتا ہے سبحان اللہ (کیسی سخت بات کہی) وہ تو کسی کا محتاج نہیں (اور سب اس کے محتاج ہیں) اسی کی ملک ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے (پس سب مملوک ہوئے اور وہ مالک ہوا پس ثابت ہوا کہ کمالات میں اس کا کوئی مشارک ومجانس نہیں پس اگر اولاد مجانس ہو تو مجانست باطل ہو چکی اگر غیر مجانس ہو تو ناجنس اولاد ہونا عیب اور عیوب سے اللہ پاک ہے جیسا سبحانہٗ میں اس طرف اشارہ بھی ہے پس اولاد کا ہونا مطلقاً باطل ہو گیا ہم نے جو نفی ولد کا دعویٰ کیا تھا اس پر تو ہم نے دلیل قائم کر دی اب رہا تمہارا دعویٰ سو) تمہارے پاس (بجز بیہودہ دعوے کے) اس (دعوے) پر کوئی دلیل (بھی) نہیں (تو) کیا اللہ کے ذمے ایسی بات لگاتے

www.besturdubooks.net

ہو جس کا تم (کسی دلیل سے) علم نہیں رکھتے آپ (ان کا مفتری ہونا ثابت کر کے اس افتراء کی وعید سنانے کے لئے) کہہ دیجئے کہ جو لوگ اللہ پر جھوٹ افتراء کرتے ہیں (جیسے مشرکین) وہ (کبھی) کامیاب نہ ہوں گے (اور اگر کسی کو شبہ ہو کہ ہم تو ایسوں کو خوب کامیاب اور مشغول تنعم پاتے ہیں جواب یہ ہے کہ) یہ دنیا میں (چند روزہ) تھوڑا سا عیش ہے (جو بہت جلد ختم ہوا جاتا ہے) پھر (مر کر) ہمارے ہی پاس اُن کو آنا ہے پھر (آخرت میں) ہم ان کو ان کے کفر کے بدلے سزائے سخت (کا مزہ) چکھاویں گے۔ **ف**: پارہ الٓمّٓ کے اخیر کے قریب اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا الخ ایک آیت آئی ہے اس کے ضمن میں نفی ولد کے استدلال کی ذرا مفصل تقریر ہے ملاحظہ کر لیا جاوے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ اس میں دلیل ہے اس پر کہ رات کو کسی قدر سو رہنا اولیٰ ہے کیونکہ اس میں مصلحت الٰہیہ کی موافقت ہے اور اس موافقت میں ظاہر ہے کہ ادب کی کیسی رعایت ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: اَتَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ اس میں ذات و صفات کے متعلق تخمینات و مجازفات سے خواہ وہ استدلالی ہوں یا ذوقی ہوں کلام کرنے پر انکار ہے اور اس میں اہل علم و اہل تصوف کثرت سے مبتلا ہیں ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قوله في سبحانه** سبحان اللہ! الی قولہ اشارہ بھی ہے **جمع فيه بين التنزيه والتعجيب بناء على ان التعجيب معنى كسائر وفي الكناية يكون المعنى الحقيقي مدلولا ولا مجازي مقصود لاخذته من الروح والتلويح** ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: **قرأ نافع فاجمعوا بوصل الهمزة وفتح الميم من جمع ولا فرق بين اجمع وجمع** ۱۲۔

اللغات: **الاجماع العزم ويتعدى بنفسه وبعلى قوله اقضوا الى اى ادوا الى ذلك الامر الذى تريدون وفيه استعارة مكنية** ۱۲۔

النحو: **قوله بهذا متعلق بسلطان لانه بمعنى الحجة كذا في الروح** ۱۲۔ **قوله متاع مبتدأ اى حياتهم وعشيتهم الحالى** ۱۲۔

البلاغۃ: **مبصرا حال وفيه اسناد مجازى ولم يقل لتبصروا فيه للفرق بين محل الابصار وبين سبب الابصار فيتصروا فيه يفيد الاول ومبصر يفيد الثاني وقد ثبت كون النهار بضيائه سببا للابصار بخلاف الليل فليس سببا للسكون انما هو محل له فافهم** ۱۲۔ **قوله اجمعوا ليس المراد حقيقة الامر بل المقصود اظهار عدم المبالاة** ۱۲۔

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ نُوْحٍ ۘ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكُمْ مَّقَامِيْ وَتَذْكِيْرِيْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَعَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ فَاَجْمِعُوْٓا اَمْرَكُمْ وَشُرَكَآءَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُنْ اَمْرُكُمْ عَلَيْكُمْ غُمَّةً ثُمَّ اقْضُوْٓا اِلَيَّ وَلَا تُنْظِرُوْنِ ﴿۷۱﴾ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَمَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ ۭ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ ۙ وَاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۷۲﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَنَجَّيْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ فِي الْفُلْكِ وَجَعَلْنٰهُمْ خَلٰۗىِٕفَ وَاَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۷۳﴾

اور آپ ان کو نوح علیہ السلام کا قصہ پڑھ کر سنایئے (جو کہ اس وقت واقع ہوا تھا) جبکہ انہوں نے اپنی قوم سے فرمایا کہ اے میری قوم اگر تم کو میرا رہنا (وعظ گوئی کی حالت میں) اور احکام خداوندی کی نصیحت کرنا (بھاری) ناگوار معلوم ہوتا ہے تو میرا تو خدا ہی پر بھروسہ ہے۔ سو تم (میرے ضرر پہچانے کے متعلق اپنی تدبیر (جو کر سکو) مع اپنے شرکاء (یعنی بتوں) پختہ کر لو پھر تمہاری وہ تدبیر تمہاری گھٹن (اور دل تنگی) کا باعث نہ ہونا چاہئے پھر میرے ساتھ (جو کچھ کرنا ہے) کر گزرو اور مجھ کو (اصلا) مہلت نہ دو۔ پھر بھی اگر تم اعراض ہی کئے جاؤ تو (یہ سمجھو کہ) میں نے تم سے (اس تبلیغ پر) کوئی معاوضہ تو نہیں مانگا (اور میں تم سے کیوں مانگتا کیونکہ) میرا معاوضہ تو صرف (حسب وعدہ کرم) اللہ ہی کے ذمہ ہے اور چونکہ مجھ کو حکم کیا گیا ہے کہ میں طاعت کرنے والوں میں رہوں۔ سو (باوجود اس موعظت بلیغہ کے بھی) وہ لوگ ان کو جھٹلاتے رہے۔ پس (اس پر عذاب مسلط ہوا اور) ہم نے (اس عذاب سے) ان کو اور جو ان کے ساتھ کشتی میں تھے ان کو نجات دی اور ان کو (زمین پر) آباد کیا اور (باقی جو لوگ رہ گئے تھے) جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تھا ان کو (اس طوفان میں) غرق کر دیا۔ سو دیکھنا چاہئے کیسا (برا) انجام ہوا ان لوگوں کا جو (عذاب الٰہی سے ڈرائے جا چکے تھے)۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر متعدد مضامین مذکور ہوئے ہیں آگے بعض قصص سے سب کی تائید فرماتے ہیں توحید کی اس طرح کہ انبیاء نے دعوت توحید کی فرمائی اور رسالت کی اس طرح کہ پہلے بھی رسول گزرے ہیں اور تہدید و وعید کی اس طرح کہ امم سابقہ پر عذاب نازل ہوئے اور آپ کی تسلی کی اس طرح کہ پہلے لوگ بھی تکذیب کرتے آئے ہیں اول نوح علیہ السلام کا قصہ بیان ہوتا ہے۔

قصہ نوح علیہ السلام با قوم او ☆ وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ نُوْحٍ (الی قولہ تعالیٰ) فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۷۳﴾ اور آپ ان کو نوح (علیہ السلام) کا قصہ پڑھ کر سنایئے (جو کہ اس وقت واقع ہوا تھا) جب کہ انہوں نے اپنی قوم سے فرمایا کہ اے میری قوم اگر تم کو میرا رہنا (یعنی وعظ گوئی کی حالت میں) اور احکام

www.besturdubooks.net

خداوندی کی نصیحت کرنا بھاری (اور ناگوار) معلوم ہوتا ہے تو (ہوا کرے میں کچھ پرواہ نہیں کرتا کیونکہ) میرا تو خدا ہی پر بھروسہ ہے سو تم (میرے ضرر پہنچانے کے متعلق) اپنی تدبیر (جو کچھ کر سکو) مع اپنے شرکاء (یعنی بتوں) کے پختہ کرلو (یعنی تم اور تمہارے معبود سب مل کر میری ضرر رسانی میں اپنا ارمان پورا کرلو) پھر تمہاری وہ تدبیر تمہاری گھٹن (اور دل تنگی) کا باعث نہ ہونا چاہئے (یعنی اکثر خفیہ تدبیر سے طبیعت گھٹا کرتی ہے سو خفیہ تدبیر کی ضرورت نہیں جو کچھ تدبیر کرو دل کھول کر علانیہ کرو میرا نہ لحاظ پاس کرو اور نہ میرے چلے جانے نکل جانے کا اندیشہ کرو کیونکہ اتنے آدمیوں کے پہرہ میں سے ایک آدمی کا نکل جانا بھی مستبعد ہے پھر اخفاء کی کیا ضرورت ہے) پھر میرے ساتھ (جو کچھ کرنا ہے) کر گزرو اور مجھ کو (اصلاً) مہلت نہ دو (حاصل یہ کہ میں تمہاری ان باتوں سے نہ ڈرتا ہوں اور نہ تبلیغ سے رک سکتا ہوں یہاں تک تو نفی خوف کی فرمائی آگے نفی طمع کی فرماتے ہیں یعنی) پھر بھی اگر تم اعراض ہی کئے جاؤ تو (یہ سمجھو کہ) میں نے تم سے (اس تبلیغ پر) کوئی معاوضہ تو نہیں مانگا (اور میں تم سے کیوں مانگتا کیونکہ) میرا معاوضہ تو صرف (حسب وعدہ کرم) اللہ ہی کے ذمے ہے (غرض نہ تم سے ڈرتا ہوں نہ کچھ خواہش رکھتا ہوں) اور (چونکہ) مجھ کو حکم کیا گیا ہے کہ میں اطاعت کرنے والوں میں رہوں (اس لئے تبلیغ میں حکم کی تعمیل کرتا ہوں اگر تم نہ مانو گے میرا کیا نقصان ہے) سو (باوجود اس موعظت بلیغہ کے بھی) وہ لوگ ان کو جھٹلاتے رہے پس (اس پر عذاب طوفان کا مسلط ہوا اور) ہم نے (اس عذاب سے) ان کو اور جو ان کے ساتھ کشتی میں تھے ان کو نجات دی اور ان کو (زمین پر) آباد کیا اور (باقی جو لوگ رہ گئے تھے) جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تھا ان کو (اس طوفان میں) غرق کر دیا سو دیکھنا چاہئے کیسا (برا) انجام ہوا ان لوگوں کا جو (عذاب الٰہی) سے ڈرائے جا چکے تھے (یعنی بے خبری میں ہلاک نہیں کئے گئے پہلے کہہ دیا سمجھا دیا نہ مانا سزا پائی)

ف: بعضوں کو شبہ ہو جاتا ہے کہ جب معدودے چند بچ گئے تو عالم میں وہی تھے اور نوح علیہ السلام کی دعوت ان سب کو عام تھی تو عموم بعثت خصائص محمدیہ سے نہ رہا جواب یہ ہے کہ خصوصیت کے معنی یہ ہیں کہ جب امم مختلفہ موجود ہوں اس وقت آپ کی بعثت سب کی طرف ہوگی اور دوسرے انبیاء علیہ السلام کی خاص قوم کی طرف پس یہ خصوصیت اب بھی محفوظ ہے کیونکہ صورت مفروضہ میں مختلف اقوام ہی نہ رہی تھیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی اذ قال جو کہ اس وقت اشار الی تقدیر عامل اذ ۱۲۔ ۲ قولہ فی مقامی یعنی وعظ گوئی فالمعطوف کالتفسیر لہ ۱۲۔ ۳ قولہ فی جزاء ان کان ہوا کرو اشارۃ الی تقدیر الجزاء وای فلیمکن فلا ابالی ۱۲۔ ۴ قولہ فی و شرکائکم مع فھو مفعول معہ من الفاعل ای اجمعوا انتم وشرکائکم امرکم فھو من قبیل قول ھود علیہ السلام فکیدونی فی جواب من قال ان نقول الاعتراك بعض آلھتنا بسوء ۱۲۔ ۵ قولہ فی غمۃ گھٹن من انعم ویلزمہ الستر ویتاید لقول قتادۃ لا یکبر علیکم ای لایشق رواہ ابن جریر وقیل معناہ مستورا علیکم ای جابرونی اہ لکن لم یظھر لی معنی علیکم علی ھذا التقدیر ومن اطلع علیہ فھنیئاً لہ ثم سنح لی فی توجیہ علیکم ان الکتم سبب لخفاء الامر علی الجماعۃ والجھاد سبب لظھورہ علیھم فالمعنی جاھرونی بایصال الضرر اتی حیث یظھر امرہ علی جمیعکم وقال الطبری فی معناہ ملتبسا مشکلا مبھما (ای باعتبار نفعہ) من قولھم غم البلال ۱۲۔ ۶ قولہ فی تولیتم کئے ہی جاؤ الی تجھو اشارۃ الی ان معنی التولی الدوام علیہ فان التولی کان حاصلا من قبل وکذا قولہ کذبوہ معناہ داوموا علیہ واشارۃ الی حذف الجزاء ای فاعلموا ۱۲۔ ۷ قولہ فی فانظروا دیکھنا چاہئے اشارۃ الی کون المخاطب عاما والمعنی فاعتبر لان النظر لا یصح حملہ علی ظاھرہ ۱۲۔

ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ رُسُلًا اِلٰى قَوْمِهِمْ فَجَآءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا بِمَا كَذَّبُوْا بِهٖ مِنْ قَبْلُ ؕ كَذٰلِكَ نَطْبَعُ عَلٰى قُلُوْبِ
الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۷۴﴾ ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى وَهٰرُوْنَ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ بِاٰيٰتِنَا فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا
مُّجْرِمِيْنَ ﴿۷۵﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْٓا اِنَّ هٰذَا لَسِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۷۶﴾ قَالَ مُوْسٰٓى اَتَقُوْلُوْنَ لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَكُمْ ؕ
اَسِحْرٌ هٰذَا ؕ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُوْنَ ﴿۷۷﴾ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِتَلْفِتَنَا عَمَّا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا وَتَكُوْنَ لَكُمَا الْكِبْرِيَآءُ فِى
الْاَرْضِ ؕ وَمَا نَحْنُ لَكُمَا بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۷۸﴾ وَقَالَ فِرْعَوْنُ ائْتُوْنِىْ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِيْمٍ ﴿۷۹﴾ فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالَ لَهُمْ
مُّوْسٰٓى اَلْقُوْا مَآ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ﴿۸۰﴾ فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ

www.besturdubooks.net

عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۸۱﴾ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۸۲﴾ ع ۸ ۱۲ ۱۳

پھر نوح علیہ السلام کے بعد ہم نے اور رسولوں کو ان کی قوموں کی طرف بھیجا سو وہ ان کے پاس معجزات لے کر آئے (مگر) پھر بھی ان کی ضد اور ہٹ کی یہ کیفیت تھی کہ جس چیز کو انہوں نے اول میں (ایک بار) جھوٹا کہہ دیا نہ ہوا کہ پھر اس کو مان لیتے (اور جیسے یہ لوگ دل کی سخت تھے) ہم اسی طرح کافروں کے دلوں پر بند لگا دیتے ہیں پھر ان (مذکورین) پیغمبروں کے بعد ہم نے موسیٰ اور ہارون کو فرعون اور اس کے سرداروں کے پاس اپنے معجزات (عصا اور ید) دے کر بھیجا سو انہوں نے (دعویٰ نبوت کے ساتھ ہی ان کی تصدیق کرنے سے) تکبر کیا اور وہ لوگ جرائم کے خوگر تھے (اسی لئے اطاعت نہ کی) پھر جب (بعد دعویٰ کے) ان کو ہمارے پاس سے (نبوت موسویہ پر) صحیح دلیل پہنچی تو وہ کہنے لگے کہ یقیناً یہ صریح جادو ہے۔ موسیٰ نے فرمایا کیا تم اس صحیح دلیل کی نسبت جبکہ وہ تمہارے پاس پہنچی ایسی بات کہتے ہو (کہ یہ جادو ہے) کیا یہ جادو ہے۔ حالانکہ جادوگر کامیاب نہیں ہوا کرتے وہ لوگ کہنے لگے کیا تم ہمارے پاس اس لئے آئے ہو کہ ہم اس کو اس طریقہ سے ہٹا دو جس پر ہم نے اپنے بزرگوں کو دیکھا ہے اور (اس لئے آئے ہو کہ) تم دونوں کو دنیا میں ریاست (اور سرداری) مل جائے اور (تم خوب سمجھ لو کہ) ہم تم دونوں کو کبھی نہ مانیں گے اور فرعون نے (اپنے سرداروں سے) کہا کہ میرے پاس تمام جادوگروں کو (جو ہماری قلمرو میں ہیں) حاضر کرو (چنانچہ جمع کئے گئے) سو جب وہ آئے (اور موسیٰ سے مقابلہ ہوا) موسیٰ نے ان سے فرمایا کہ ڈالو جو کچھ تم کو (میدان میں) ڈالنا ہے۔ سو جب انہوں نے (اپنا جادو کا سامان) ڈالا تو موسیٰ نے فرمایا کہ جو کچھ تم بنا کر لائے ہو جادو ہے۔ یہ یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ اس (جادو) کو درہم برہم کئے دیتا ہے (کیونکہ) اللہ تعالیٰ ایسے فسادیوں کا کام بننے نہیں دیتا (جو معجزہ کے ساتھ مقابلہ سے پیش آویں) اور اللہ تعالیٰ (جس طرح اہل باطل کے باطل کو بمقابلہ معجزات حقہ کے باطل کر دیتا ہے اسی طرح) دلیل صحیح (یعنی معجزہ) کو اپنے وعدوں کے موافق (کہ اثبات نبوت انبیاء کے متعلق ہیں) ثابت کر دیا ہے گو مجرم (اور کافر) لوگ کیسا ہی ناگوار سمجھیں۔

(اور کافر) لوگ کیسا ہی ناگوار سمجھیں۔ ﴿۸۲﴾

تفسیر ربط: اوپر قوم نوح علیہ السلام کا قصہ تھا آگے عاد و ثمود وغیرہم کا اجمالاً قصہ مذکور ہے۔

اجمال قصہ عاد و ثمود وغیرہم ☆ ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ (الی قولہ تعالیٰ) عَلٰى قُلُوْبِ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۷۴﴾ پھر نوح (علیہ السلام) کے بعد ہم نے اور رسولوں کو ان کی قوموں کی طرف بھیجا سو وہ ان کے پاس معجزات لے کر آئے (مگر) پھر (بھی ان کی ضد اور ہٹ کی یہ کیفیت تھی کہ) جس چیز کو انہوں نے اول (وہلہ) میں (ایک بار) جھوٹا کہہ دیا یہ نہ ہوا کہ پھر اس کو مان لیتے (اور جیسے یہ لوگ دل کے سخت تھے) اللہ تعالیٰ اسی طرح کافروں کے دلوں پر بند لگا دیتے ہیں۔

ف: ایک ایسی آیت پارہ نہم کے رکوع دوم میں گزر چکی ہے۔ ربط: اوپر بعض قصص مذکور ہوئے آگے قصہ موسیٰ علیہ السلام کا فرعون کے ساتھ مذکور ہوتا ہے۔

قصہ موسیٰ علیہ السلام با فرعون ☆ ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى (الی قولہ تعالیٰ) وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۸۲﴾ پھر ان (مذکور) پیغمبروں کے بعد ہم نے موسیٰ اور ہارون (علیہما السلام) کو فرعون اور اس کے سرداروں کے پاس اپنے معجزات (عصا اور ید بیضا) دے کر بھیجا سو انہوں نے (دعویٰ کے ساتھ ہی ان کی تصدیق کرنے سے) تکبر کیا (اور طلب حق کے لئے غور بھی تو نہ کیا) اور وہ لوگ جرائم کے خوگر تھے (اس لئے اطاعت نہ کی) پھر جب (بعد دعوے کے) ان کو ہمارے پاس سے (نبوت موسویہ پر) صحیح دلیل پہنچی (مراد اس سے معجزہ ہے) تو وہ لوگ کہنے لگے کہ یقیناً یہ صریح جادو ہے موسیٰ (علیہ السلام) نے فرمایا کیا اس صحیح دلیل کی نسبت جب کہ وہ تمہارے پاس پہنچی ایسی بات کہتے ہو (کہ یہ جادو ہے) کیا یہ جادو ہے حالانکہ جادوگر (جب کہ دعویٰ نبوت کا کریں تو اظہار خارق میں) کامیاب نہیں ہوا کرتے (اور میں کامیاب ہوا کہ اول دعویٰ کیا پھر خوارق ظاہر کر دیئے) وہ لوگ (اس تقریر کا تو کچھ جواب دے نہ سکے ویسے ہی براہ جہالت) کہنے لگے کیا تم ہمارے پاس اس لئے آئے ہو کہ ہم کو اس طریقہ سے ہٹا دو جس پر ہم نے اپنے بزرگوں کو دیکھا ہے اور (اس لئے آئے ہو کہ) تم دونوں کو دنیا میں ریاست (اور سرداری) مل جاوے اور تم (خوب سمجھ لو کہ) ہم تم دونوں کو کبھی نہ مانیں گے اور فرعون نے (اپنے سرداروں سے) کہا کہ میرے پاس تمام ماہر جادوگروں کو (جو ہمارے قلمرو میں ہیں) حاضر کرو (چنانچہ جمع کئے گئے) سو جب وہ آئے (اور موسیٰ علیہ السلام سے مقابلہ ہوا تو) موسیٰ (علیہ السلام) نے ان سے فرمایا کہ ڈالو جو کچھ تم کو میدان میں ڈالنا ہے سو جب انہوں نے (اپنا جادو کا سامان) ڈالا تو موسیٰ (علیہ السلام) نے فرمایا کہ جو کچھ تم (بنا کر) لائے ہو جادو یہ ہے (نہ وہ جس کو فرعون والے جادو کہتے ہیں) یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ اس (جادو) کو ابھی درہم برہم کئے دیتا ہے (کیونکہ) اللہ تعالیٰ ایسے فسادیوں کا کام بننے نہیں دیتا (جو معجزہ کے ساتھ مقابلہ سے پیش آویں) اور اللہ تعالیٰ (جس طرح اہل باطل کے باطل کو بمقابلہ معجزات حقہ کے باطل کر دیتا ہے اسی طرح) دلیل صحیح (یعنی معجزہ) کو اپنے وعدوں کے موافق (کہ اثبات نبوت انبیاء کے متعلق ہیں) ثابت کر دیا ہے گو مجرم (اور کافر) لوگ کیسا ہی ناگوار سمجھیں۔ ف: لَا يُفْلِحُ السّٰحِرُوْنَ ﴿۷۷﴾ اور لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۸۱﴾ کے ظاہر پر شبہ ہوتا تھا کہ بعض اوقات ہم ساحروں اور مفسدوں کو کامیاب پاتے ہیں مگر احقر کی تقریر ترجمہ سے وہ شبہ دفع ہو گیا یعنی مراد خاص وہ ساحر ہے جو مدعی نبوت ہو اور وہ مفسد ہے جو معجزہ کا مقابلہ کرے سو ان کی کامیابی یقیناً منفی ہے کیونکہ اظہار معجزہ کا ید کاذب پر اور اخفاء معجزہ کا ید صادق پر دونوں شرعاً ممتنع ہیں اور اسی طرح سورۂ طٰہٰ میں جو آیا ہے: وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى [طٰہٰ: ۶۹] مراد اس سے بھی یہی ہے حیث اتی معارضا للمعجزات خوب سمجھ لو۔

www.besturdubooks.net

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : كَذٰلِكَ نَطْبَعُ عَلٰى قُلُوْبِ الْمُعْتَدِيْنَ ۝ یہ طبع وہی ہے جس کو فساد استعداد کے ساتھ تعبیر کیا جاتا ہے۱۲۔قولہ تعالیٰ :وَ لَا يُفْلِحُ السّٰحِرُوْنَ ۝ یعنی اہل حق کے مقابلہ میں اور اسی پر مشائخ اہل باطل کا حال قیاس کرلیا جاوے کہ ان کی بات چلتی نہیں (یعنی اس میں برکت اور بقاء نہیں۔

ملحقات الترجمۃ : ۱ قولہ فی قومھم قوموں اشارۃ الی انہ بمعنی الاقوام۱۲۔۲ قولہ فی اتقولون ایسی بات اشارۃ الی حذف المفعول ای تقولون ما تقولون کذا فی الروح فیہ ایضا جوز ان یکون القول بمعنی العیب والطعن وحینئذ یستغنی عن المفعول واللام لبیان المطعون فیہ کما فی قولہ تعالیٰ ھیت لك ای تعیبونہ وتطعنون فیہ ا۱۲۔۳ قولہ فی قالوا اجئتنا دے نہ سکے لانہ کلام لا تعلق لہ بکلامہ علیہ السلام فضلا عن الجواب الصحیح ففیہ ایذان بانقطاعھم راسا۱۲۔۴ قولہ فی کل ساحر قلمرو اشارۃ الی ان الاستغراق عرفی۱۲۔ ۵ قولہ ما جئتم بہ السحر جادو یہ ہے نہ وہ الخ افاد الحصر الافرادی لام التعریف۱۲۔

اختلاف القراءۃ: قرا ابو عمرو السحر بقطع الالف ومدھا علی الاستفھام فما استفھامیۃ مرفوعۃ علی الابتداء وجئتم بہ خبرھا والسحر خبر مبتدأ ای اھو السحر۱۲۔

اللغات: قولہ مبین من ابان ظھر۱۲۔

البلاغۃ: قولہ لا یفلح الساحرون حسن موقع بیان حال الساحر مع کون المذکور فیما قبل ھو السحر لاستلزام القول بکونہ سحر القول یکون من اتی بہ ساحرا قولہ یکون وما نحن لکما فی الروح تثنیۃ الضمیر فی ھذین الموضعین بعد افرادہ فیما تقدم من المقامین باعتبار شمول الکبریاء لھما علیھما السلام واستلزام التصدیق لاحدھما التصدیق للآخر واما اللفت والمجئی فحیث کانا من خصائص صاحب الشریعۃ اسند الی موسیٰ علیہ السلام خاصۃ ا۱۲۔

فَمَآ اٰمَنَ لِمُوْسٰٓى اِلَّا ذُرِّيَّةٌ مِّنْ قَوْمِهٖ عَلٰى خَوْفٍ مِّنْ فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهِمْ اَنْ يَّفْتِنَهُمْ ؕ وَاِنَّ فِرْعَوْنَ لَعَالٍ فِى
الْاَرْضِ ۚ وَاِنَّهٗ لَمِنَ الْمُسْرِفِيْنَ ۝ وَقَالَ مُوْسٰى يٰقَوْمِ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ فَعَلَيْهِ تَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ
مُّسْلِمِيْنَ ۝ فَقَالُوْا عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ۚ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ
الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰى وَاَخِيْهِ اَنْ تَبَوَّاٰ لِقَوْمِكُمَا بِمِصْرَ بُيُوْتًا وَّاجْعَلُوْا بُيُوْتَكُمْ قِبْلَةً
وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ؕ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ وَقَالَ مُوْسٰى رَبَّنَآ اِنَّكَ اٰتَيْتَ فِرْعَوْنَ وَمَلَاَهٗ زِيْنَةً وَّاَمْوَالًا فِى الْحَيٰوةِ
الدُّنْيَا ۙ رَبَّنَا لِيُضِلُّوْا عَنْ سَبِيْلِكَ ۚ رَبَّنَا اطْمِسْ عَلٰٓى اَمْوَالِهِمْ وَاشْدُدْ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْا حَتّٰى يَرَوُا
الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ۝ قَالَ قَدْ اُجِيْبَتْ دَّعْوَتُكُمَا فَاسْتَقِيْمَا وَلَا تَتَّبِعٰٓنِّ سَبِيْلَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝

پس (جب عصا کا معجزہ ظاہر ہوا تو) موسیٰ (علیہ السلام) پر (شروع شروع میں) ان کی قوم میں سے صرف قدرے قلیل آدمی ایمان لائے وہ بھی فرعون سے اور اپنے حاکم سے ڈرتے ڈرتے کہ کہیں (ظاہر ہونے پر) ان کو تکلیف نہ پہنچائے اور واقعہ میں ڈرنا ان کا بیجا نہ تھا کیونکہ فرعون اس ملک میں زور (سلطنت) رکھتا تھا اور یہ بھی بات تھی کہ وہ حد (انصاف) سے باہر ہو جاتا تھا اور موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ اے میری قوم اگر تم (سچے دل سے) اللہ پر ایمان رکھتے ہو (تو سوچ بچار مت کرو) بلکہ اسی پر توکل کرو۔ اگر تم (اسی کی) اطاعت کرنے والے ہو۔ انہوں نے (جواب میں) عرض کیا کہ ہم نے اللہ ہی پر توکل کیا اے ہمارے پروردگار ہم کو ان ظالم لوگوں کا تختۂ مشق نہ بنا اور ہم کو اپنی رحمت کے صدقہ ان کافروں سے نجات دے اور ہم نے موسیٰ اور ان کے بھائی (ہارون) کے پاس وحی بھیجی کہ تم دونوں اپنے ان لوگوں کے لئے (بدستور) مصر میں گھر برقرار رکھو اور (نماز کے اوقات) تم سب اپنے انہیں گھروں کو نماز پڑھنے کی جگہ قرار دے لو اور (یہ ضروری ہے کہ) نماز کے پابند رہو اور (اے موسیٰ) آپ مسلمانوں کو بشارت دے دیں اور موسیٰ علیہ السلام نے (دعاء میں) عرض کیا اے ہمارے رب (ہم کو یہ بات معلوم ہوگئی کہ) آپ نے فرعون کو اور اس کے سرداروں کو سامان تجمل اور طرح طرح کے مال دنیوی زندگی میں اے ہمارے رب اسی واسطے دیئے ہیں کہ وہ آپ کی راہ سے (لوگوں کو) گمراہ کریں۔ اے ہمارے رب ان کے مالوں کو نیست و نابود کر

www.besturdubooks.net

دیجئے ان کے دلوں کو (زیادہ) سخت کر دیجئے (جس سے ہلاکت کے مستحق ہو جائیں) سو یہ ایمان نہ لانے پائیں۔ یہاں تک کہ عذاب الیم (کے مستحق ہو کر اس) کو دیکھ لیں۔ حق تعالیٰ نے فرمایا کہ تم دونوں کی دعا قبول کر لی گئی سو تم (اپنے منصبی کام یعنی تبلیغ پر) مستقیم رہو ان لوگوں کی راہ نہ چلنا جن کو علم نہیں۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر سے موسیٰ علیہ السلام کا قصہ چلا آتا ہے آگے اس کا تتمہ ہے۔

تتمہ قصہ موسویہ ☆ فَمَآ اٰمَنَ لِمُوْسٰٓى اِلَّا ذُرِّيَّةٌ مِّنْ قَوْمِهٖ (الی قولہ تعالیٰ) وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ پس (جب عصا کا معجزہ ظاہر ہوا تو) موسیٰ علیہ السلام پر (شروع شروع میں) ان کی قوم میں صرف قدرے قلیل آدمی ایمان لائے وہ بھی فرعون سے اور اپنے حکام سے ڈرتے ڈرتے کہ کہیں (ظاہر ہونے پر) ان کو تکلیف (نہ) پہنچاوے اور واقع میں (ڈرنا ان کا بیجا نہ تھا کیونکہ) فرعون اس ملک میں زور (سلطنت) رکھتا تھا اور یہ بھی بات تھی کہ وہ حد (انصاف) سے باہر ہو جاتا تھا (اور ظلم کرنے لگتا تھا) پھر جو شخص حکومت کے ساتھ ظلم کرتا ہو اس سے تو ڈر لگتا ہی ہے) اور موسیٰ (علیہ السلام) نے (جب ان کو خائف دیکھا تو ان سے) فرمایا کہ اے میری قوم اگر تم (سچے دل سے) اللہ پر ایمان رکھتے ہو تو (سوچ بچار مت کرو بلکہ) اسی پر توکل کرو اگر تم (اس کی) اطاعت کرنے والے ہو انہوں نے جواب میں عرض کیا کہ ہم نے اللہ ہی پر توکل کیا (بعد اس کے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ) اے ہمارے پروردگار ہم کو ان ظالم لوگوں کا تختۂ مشق نہ بنا اور ہم کو اپنی رحمت کا صدقہ ان کافر لوگوں سے نجات دے (یعنی جب تک ہم پر ان کی حکومت مقدر ہے ظلم نہ کرنے پاویں اور پھر ان کی حکومت ہی کے دائرہ سے نکال دیجئے) اور ہم نے (اس دعا کے قبول کرنے کا سامان کیا کہ) موسیٰ (علیہ السلام) اور ان کے بھائی (ہارون علیہ السلام) کے پاس وحی بھیجی کہ تم دونوں اپنے ان لوگوں کے لئے (بدستور) مصر میں گھر برقرار رکھو (یعنی وہ ڈر کر گھر نہ چھوڑیں ہم ان کے محافظ ہیں) اور (نماز کے اوقات میں) تم سب اپنے انہیں گھروں کو نماز پڑھنے کی جگہ قرار دے لو (مساجد کی حاضری خوف کی وجہ سے معاف ہے) اور (یہ ضروری ہے کہ) نماز کے پابند رہو (تاکہ نماز کی برکت سے اللہ تعالیٰ جلدی اس مصیبت سے چھڑا دے) اور (اے موسیٰ) آپ مسلمانوں کو بشارت دے دیں (کہ اب جلدی یہ مصیبت ختم ہو جاوے گی) ف: اس تفسیر پر بعض کو یہ شبہ ہو جاتا ہے کہ بنی اسرائیل چونکہ فرعون کے ہاتھوں سب مبتلائے مصائب تھے اس لئے موسیٰ علیہ السلام سے کوئی مخالف نہ تھا پھر معدودے چند کی تخصیص ایمان میں کیا معنی اور اپنے سرداروں سے ڈرنے کی کیا وجہ پھر سیر سے معلوم ہوتا ہے کہ جب موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کو مصر سے لے کر چلے ہیں لاکھوں تھے جواب یہ ہے کہ مخالف نہ ہونا ایمان لانے کو مستلزم نہیں دل سے یہ عزم ہوگا کہ ابھی مسلمان ہو کر کون پریشانی میں پڑے موقع پر مسلمان ہو جاویں گے ان میں جو طالب صادق تھے ان سے بے پروائی اور تاخیر نہ ہو سکی وہ قاعدہ کے موافق ایمان لے آئے گو اس کا عام اعلان نہ کیا اور اپنے سرداروں سے مراد قبطی ہیں کہ وہی حکام تھے اور یہ قصہ ابتدائے امر کا ہے پھر کچھ ہمت بڑھتی گئی اور مسلمان بڑھتے گئے مدارک میں اول الامر کی قید کی تصریح ہے اب سب شبہات رفع ہو گئے اور جاننا چاہئے کہ توکل کے لئے یہ لازم ہے کہ خلق پر نظر نہ رہے طمعاً یا خوفاً پس یہ منافی دعا کے نہیں اور یہ جو حکم ہوا ترجمہ اس کا مقصود ترجمہ سے ظاہر ہو چکا ہے پس یہ شبہ نہیں ہو سکتا کہ ان کے گھر تو پہلے سے مصر میں بنے ہوئے تھے پھر یہ حکم کیوں ہوا اور اِجْعَلُوْا بُيُوْتَكُمْ قِبْلَةً کا حاصل یہ ہے کہ امم سابقہ میں بجز مساجد کے اور جگہ نماز نہ ہوتی تھی مگر خوف میں ان کو اجازت دی گئی پھر اس میں بھی گھر کے ہر جزو میں درست نہ ہوگی بلکہ موقع معین کرنا پڑے گا اس بناء پر پھر بھی امت محمدیہ ان سے خصوصیت میں ممتاز رہی کہ ان کے لئے اس تعیین کی بھی حاجت نہیں اور اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ کا حکم شاید اس طور پر ہوا ہو جیسے ارشاد ہے: اِسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ پس یہ تفصیل ہو جاوے گی اس قول کی: قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهِ اسْتَعِيْنُوْا بِاللّٰهِ وَاصْبِرُوْا الخ [الأعراف: ۱۲۸] اور یہ سب احکام آثار قبول دعا سے اس لئے ہیں کہ تبوأ الدار میں تشویش سفر سے بچا لیا اور اِجْعَلُوْا بُيُوْتَكُمْ میں خروج للصلوٰۃ جو سبب اظہار کا ہوتا معاف کر دیا اور اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ میں تدبیر نجات کی بتلا دی اور بشر میں وعدہ نجات کر لیا اور ان سب میں اجابت کا دخل ظاہر ہے۔ ربط: اوپر کی طرح آگے بھی تتمہ ہے قصہ موسویہ کا۔

تتمہ قصۂ موسویہ ☆ وَقَالَ مُوْسٰى رَبَّنَآ اِنَّكَ اٰتَيْتَ فِرْعَوْنَ (الی قولہ تعالیٰ) وَلَا تَتَّبِعٰٓنِّ سَبِيْلَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ اور موسیٰ (علیہ السلام) نے (دعا میں) عرض کیا کہ اے ہمارے رب (ہم کو یہ بات معلوم ہو گئی کہ) آپ نے فرعون کو اور اس کے سرداروں کو سامان تجمل اور طرح طرح کے مال دنیوی زندگی میں اے ہمارے رب اسی واسطے دیئے ہیں کہ وہ آپ کی راہ سے (لوگوں) کو گمراہ کریں (پس جب ہدایت ان کے مقدر میں ہے نہیں اور جو حکمت تھی وہ حاصل ہو چکی تو اب ان کے اموال اور نفوس کو کیوں باقی رکھا جاوے پس) اے ہمارے رب ان کے مالوں کو نیست نابود کر دیجئے اور (ان کے نفوس کی ہلاکت کا سامان کر دیجئے اس طرح کہ) ان کے دلوں کو (زیادہ) سخت کر دیجئے (جس سے ہلاکت کے مستحق ہو جاویں) سو یہ ایمان نہ لانے پاویں (بلکہ روز بروز ان کا کفر ہی بڑھتا رہے) یہاں تک کہ عذاب الیم (کے مستحق ہو کر اس) کو دیکھ لیں (سو اس وقت ایمان نافع نہیں ہوتا موسیٰ علیہ السلام نے یہ دعا کی اور ہارون علیہ السلام آمین کہتے رہے کذا فی الدر المنثور) حق تعالیٰ نے فرمایا کہ تم دونوں کی دعا قبول کر لی گئی (کیونکہ آمین کہنا بھی دعاء میں شریک ہونا ہے یعنی ہم ان کے اموال و نفوس کو اب ہلاک کرنے والے ہیں) سو تم (اپنے منصبی کام یعنی تبلیغ پر) مستقیم رہو (یعنی گو ہدایت ان کی تقدیر میں نہ ہو مگر تبلیغ میں تمہارا تو فائدہ ہے) اور ان

www.besturdubooks.net

لوگوں کی راہ نہ چلنا جن کو (ہمارے وعدہ کے سچے ہونے کا یا توقف میں حکمت ہونے کا یا تبلیغ کے ضروری ہونے کا) علم نہیں (یعنی ہمارے وعدہ کو سچا سمجھو اور اگر ہلاکت میں دیر ہو جاوے اس میں حکمت سمجھو اور اپنے منصبی کام میں لگے رہو) **ف**: یہاں یہ شبہ نہ کیا جاوے کہ موسیٰ علیہ السلام آئے تو تھے ہدایت کے واسطے اور بددعائیں کرنے لگے ہدایت نہ ہونے کی اصل یہ ہے کہ ہدایت کے لئے آنے کے معنی تو یہ ہیں کہ ان کو راہ دین کی طرف بلاتے رہیں سو یہ تو بددعاء کے بعد بھی کرتے رہے اس میں اور بددعا میں منافات نہیں رہی سو اصل مقصود گمراہی کی بددعا کرنا نہیں ہے بلکہ بعد انکشافات یقینی مستندالی الوحی کے کہ اب یہ ایمان نہ لاویں گے ہلاکت کی بددعا فرمائی جیسا نوح علیہ السلام نے کی تھی اور اشْدُدْ عَلٰی قُلُوْبِهِمْ مقصود بالذات نہیں بلکہ تمہید ہے دعائے ہلاکت کی اور مقصود بالعرض ہے اور یہ مقصود بالعرض عین موافقت تھی قضائے مکشوف کی اس لئے اس میں بھی اشکال نہیں۔ رہا یہ کہ اللہ تعالیٰ کا مال و دولت وغیرہ دینا گمراہ کرنے یا گمراہ ہونے کے لئے سو بعد ثابت ہو جانے جملہ **فعل الحکیم لا یخلوا عن الحکمة** اس میں کوئی شبہ نہیں گو ہم تعیین حکمت کی نہ کر سکیں آگے اس کے اور اس کے لشکر کے ہلاک ہونے کا ذکر ہے اور ظاہر ہے کہ مال بھی بہت سا غرق ہو کر تلف ہوا اور تمام اموال کے لئے بددعاء نہ تھی اور بعض آثار میں ہے ان کا مال و متاع قبل غرق پتھر بن گیا تھا کذا فی الدر المنثور۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلُ السُّلُوْكِ: قولہ تعالیٰ: رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ۝ روح میں ہے کہ کوئی شخص یہ وہم نہ کرے کہ توکل دعاء کے منافی ہے کیونکہ حاصل توکل کا یہ ہے کہ اسباب عادیہ پر نظر نہ ہو صرف مسبب پر نظر ہو اور اس اعتقاد کے ساتھ اگر اسباب کو اختیار بھی کرے تب بھی متوکل قرار دیا جاوے گا اھ (تو اسباب غیر عادیہ کے ساتھ کہ ان میں سے دعا بھی ہے توکل بدرجہ اولیٰ باقی رہے گا۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃ: ۱ **قوله فی ذریة قدر قلیل کذا فی الکبیر مع الدلیل ۱۲۔ ۲ قوله فی علی خوف وہ بھی اشارة الی کونه حالا ۳ قوله فی تبوا برقرار رکھو فهو کقوله تعالیٰ والذین تبوأ الدار ای لزموها ۱۲۔ ۴ قوله فی زینة سامان اشارة الی ان المراد ما یزین به ۱۲۔ ۵ قوله فی اموالا طرح طرح دل علیه الجمع وهو تخصیص بعد تعمیم ۱۲۔**

اَللُّغَاتُ: **قوله تبوأ التبوء اتخاذ المباءة ای النزل کالتوطن اتخاذ الوطن والفعل علی ما قیل مما یتعدی لواحد لکن اذا ادخلت اللام علی الفاعل فیتعدی باثنین وفعل وتفعل قد یکونان بمعنی مثل علقتها وتعلقتها والتقدیر بوبا قومکما بیوتا یسکنون فیها ۱۲۔**

اَلْبَلَاغَةُ: **قوله یقوم ان کنتم الی مسلمین فی الروح لیس هذا من تعلیق الحکم بشرطین بل من تعلیق شیئین بشرطین لانه علق وجوب التوکل المفهوم من الامر بالایمان وعلق نفس المتوکل ووجوده بالاسلام لانه لا یتحقق مع التخلیط الی آخر ما قال واطال علی عادته رحمه الله تعالیٰ والله اعلم قوله تبوا الی المؤمنین فی الروح انما ثنی الضمیر اولا ای فی التبوا لان التبوا للقوم مما یتولاه الرؤساء ثم جمع ثانیا ای فی اجعلوا لان الصلوٰة فیها مما یفعله کل احد ثم وحد ثالثا ای فی بشر لان بشارة الامة وظیفة صاحب الشریعة والله اعلم ۱۲۔**

وَجٰوَزْنَا بِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْبَحْرَ فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ وَجُنُوْدُهٗ بَغْيًا وَّعَدْوًا ؕ حَتّٰٓى اِذَآ اَدْرَكَهُ الْغَرَقُ ۙ قَالَ اٰمَنْتُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ
اِلَّا الَّذِيْٓ اٰمَنَتْ بِهٖ بَنُوْٓا اِسْرَآءِيْلَ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝ ۹۰ آٰلْـٰٔنَ وَقَدْ عَصَيْتَ قَبْلُ وَكُنْتَ مِنَ
الْمُفْسِدِيْنَ ۝ ۹۱ فَالْيَوْمَ نُنَجِّيْكَ بِبَدَنِكَ لِتَكُوْنَ لِمَنْ خَلْفَكَ اٰيَةً ؕ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ عَنْ اٰيٰتِنَا
لَغٰفِلُوْنَ ۝ ۹۲ وَلَقَدْ بَوَّاْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مُبَوَّاَ صِدْقٍ وَّرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ۚ فَمَا اخْتَلَفُوْا حَتّٰى جَآءَهُمُ ع ۱۴
الْعِلْمُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِيْ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ۝ ۹۳ فَاِنْ كُنْتَ فِيْ شَكٍّ مِّمَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ
فَسْـَٔلِ الَّذِيْنَ يَقْرَءُوْنَ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ لَقَدْ جَآءَكَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ۝ ۹۴ وَلَا
تَكُوْنَنَّ مِنَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَتَكُوْنَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝ ۹۵

اور ہم نے بنی اسرائیل کو (اس) دریا سے پار کر دیا۔ پھر ان کے پیچھے پیچھے فرعون مع اپنے لشکر کے ظلم اور زیادتی کے ارادے سے (دریا میں) چلا یہاں تک کہ جب ڈوبنے

www.besturdubooks.net

لگا (اور ملائکہ عذاب کے نظر آنے لگے) تو (سراسیمہ ہوکر) کہنے لگا میں ایمان لاتا ہوں کہ بجز اس کے کہ جس پر بنی اسرائیل ایمان لائے ہیں کوئی معبود نہیں اور میں مسلمانوں میں داخل ہوتا ہوں۔ جواب دیا گیا کہ اب ایمان لاتا ہے (اور معائنہ آخرت کے) پہلے سرکشی کرتا رہا اور مفسدوں میں داخل رہا (اب نجات چاہتا ہے) سو (بجائے نجات مطلوبہ کے) آج ہم تیری لاش (پانی میں تہ نشین ہونے سے) نجات دیں گے تاکہ تو ان کے لئے موجب عبرت ہو جو تیرے بعد موجود ہیں اور حقیقت یہ ہے کہ (پھر بھی) بہت سے آدمی ہماری (ایسی ایسی) عبرتوں سے غافل ہیں (اور مخالفت احکام الٰہیہ سے نہیں ڈرتے) اور ہم نے (غرق فرعون کے بعد) بنی اسرائیل کو بہت اچھا ٹھکانا رہنے کو دیا اور ہم نے ان کو نفیس چیزیں (جنات وعیون وغیرہ سے) کھانے کو دیں۔ سو انہوں نے (جہل کی وجہ سے) اختلاف نہیں کیا۔ یہاں تک کہ ان کے پاس (احکام کا) علم پہنچ گیا۔ یقینی بات ہے کہ آپ کا اب ان (اختلاف کرنے والوں) کے درمیان قیامت کے دن ان امور میں فیصلہ (عملی) کرے گا جن میں وہ اختلاف کیا کرتے تھے پھر اگر آپ بالفرض اس (کتاب) کی طرف سے شک (وشبہ) میں ہوں جس کو ہم نے آپؐ کے پاس بھیجا ہے تو آپؐ ان لوگوں سے پوچھ دیکھئے جو آپؐ سے پہلی کتابوں کو پڑھتے ہیں (مراد تورات وانجیل ہیں تو وہ قرآن کو سچ بتلائیں گے) بے شک آپؐ کے پاس آپؐ کے رب کی طرف سے سچی کتاب آئی ہے۔ آپ ہرگز شک کرنے والوں میں نہ ہوں اور (نہ شک کرنے والوں سے بڑھ کر) ان لوگوں میں ہوں جنہوں نے اللہ کی آیتوں کو جھٹلایا۔ کہیں آپ (نعوذ باللہ) تباہ نہ ہو جاویں۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر کی طرح آگے بھی تتمہ ہے قصہ موسویہ کا۔

تتمہ قصہ موسویہ ☆ وَجٰوَزْنَا بِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْبَحْرَ (الی قولہ تعالیٰ) وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ عَنْ اٰيٰتِنَا لَغٰفِلُوْنَ ۞ اور (جب ہم نے فرعون کو ہلاک کرنا چاہا تو موسیٰ علیہ السلام کو حکم دیا کہ بنی اسرائیل کو مصر سے باہر نکال لے جایئے چنانچہ وہ سب کو لے کر چلے اور رستہ میں دریائے شور حائل ہوا اور موسیٰ علیہ السلام کی دعا سے اس میں راستہ ہو گیا اور) ہم نے بنی اسرائیل کو (اس) دریا سے پار کر دیا پھر ان کے پیچھے پیچھے فرعون مع اپنے لشکر کے ظلم اور زیادتی کے ارادہ سے (دریا میں) چلا (دریا سے نکل کر ان سے قتل وقتال کرے لیکن وہ دریا سے پار نہ ہو سکا) یہاں تک کہ جب ڈوبنے لگا (اور ملائکہ عذاب کے نظر آنے لگے) تو (سراسیمہ ہوکر) کہنے لگا کہ میں ایمان لاتا ہوں بجز اس کے کہ جس پر بنی اسرائیل ایمان لائے ہیں کوئی معبود نہیں اور میں مسلمانوں میں داخل ہوتا ہوں (سو مجھ کو اس غرق سے اور عذاب آخرت سے نجات دی جاوے اور وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ میں موسیٰ علیہ السلام کی رسالت کی تصدیق بھی داخل ہو گئی فرشتہ کے ذریعہ سے) جواب دیا گیا کہ اب ایمان لاتا ہے (جب کہ مقبول نہیں کیونکہ معائنہ آخرت کا شروع ہو گیا) اور (معائنہ آخرت کے پہلے سے سرکشی کرتا رہا اور مفسدوں میں داخل رہا (اب نجات چاہتا ہے) سو (بجائے نجات مطلوبہ کے) آج ہم تیری لاش کو (پانی میں تہ نشین ہونے سے) نجات دیں گے تاکہ تو ان کے لئے موجب عبرت ہو جو تیرے بعد (موجود) ہیں (کہ تیری بدحالی اور تباہی دیکھ کر مخالفت احکام الٰہی سے ڈریں) اور حقیقت یہ ہے کہ (پھر بھی) بہت سے آدمی ہماری (ایسی ایسی) عبرتوں سے غافل ہیں (اور مخالفت احکام سے نہیں ڈرتے)۔ ف: اس لاش کے بچا لینے کو اور پانی پر تیرآنے کو نجات فرمانا بطور تہکم کے اور اس کے مایوس کر دینے کے ہے کہ ایسی نجات ہو گی جو تیرے لئے زیادہ موجب رسوائی ہو جیسا معارک جنگ میں بعضوں کی لاش یا سر اس لئے محفوظ رکھا جاتا ہے کہ اس کی تشہیر کی جاوے گی اور عموم مفہوم آیت میں یہ بھی منقول ہے کہ بنی اسرائیل کو فرعون کے غرق ہونے میں اس کی غایت عظمت اور ہیئت کی وجہ سے شبہ تھا ان کو بھی یقین آ گیا اور چونکہ یہ ایمان معائنہ آخرت کے وقت تھا مقبول نہیں ہوا جیسا کہ ارشاد ہے: فَلَمْ يَكُ يَنْفَعُهُمْ اِيْمَانُهُمْ لَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا [المؤمن: ۸۵] اور باوجود تیقن عدم قبول کے حضرت جبرئیل علیہ السلام کا فرعون کے منہ میں کیچڑ ٹھونسنا اور یہ کہنا لِئَلَّا تَدْرَكَهُ الرَّحْمَةُ۔ جیسا بعض احادیث میں ہے اس کی یہ توجیہ ہے کہ رحمت سے مراد رحمت دنیوی ہے اور حاصل یہ ہے گو یہ تلفظ بوجہ عدم تحقق ایمان شرعی کے آخرت میں تو نافع نہیں لیکن شاید مثل حالت منافقین کے کہ ان کا ایمان آخرت میں نافع نہیں ہوتا مگر دنیا میں حفظ النفس واموال کے لئے کافی ہوتا ہے اسی طرح شاید ان الفاظ کی بدولت غرق سے بچ جاوے اور اس کا رہنا موجب فساد عالم ہو گا اس لئے منہ بند کرتے تھے کہ پھر یہ الفاظ نہ نکلیں اور ابن جریر وغیرہ سے جو صاحب روح نے اس روایت میں فیغفرله کی زیادت نقل کی ہے اس کو بھی مغفرت صوریہ دنیویہ پر محمول کریں گے یعنی جیسے اسلام حقیقی سے ذنوب سابقہ کی حقیقۃً مغفرت ہو جاتی ہے اسی طرح ایمان صوری سے صورۃً عفو ہو جاتا ہے کہ پہلے کفریات کا احکام دنیویہ میں انتقام نہیں لیا جاتا واللہ اعلم اور بعض اکابر سے جو فرعون کے ایمان کی صحت منقول ہے وہ کسی شخص نے ان کی تصنیف میں الحاق کر دیا ہے چنانچہ الیواقیت والجواہر میں اس کی تفصیل موجود ہے۔

ربط: اوپر قصہ موسویہ میں بنی اسرائیل پر انعام عظیم ہونا کہ ان کو کیسے بڑے موذی سے نجات دی بیان فرمایا ہے آگے اپنی بقیہ نعمت کی حکایت اور ان کی معصیت کی شکایت ارشاد ہے۔

حکایت نعمت وردود وشکایت معصیت یہود ☆ وَلَقَدْ بَوَّاْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ (الی قولہ تعالیٰ) فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ۞ اور ہم نے (غرق فرعون کے بعد) بنی اسرائیل کو بہت اچھا ٹھکانا رہنے کو دیا (کہ اس وقت تو مصر کے مالک ہو گئے اور ان کی اول ہی نسل کو بیت المقدس اور ملک شام عمالقہ پر فتح دے کر عطا

www.besturdubooks.net

فرمایا) اور ہم نے ان کو نفیس چیزیں کھانے کو دیں (مصر میں بھی جنت وعیون تھے اور شام کی نسبت بٰرَكْنَا فِيْهَا [الاعراف : ۱۳۷] آیا ہے) سو (چاہئے تھا کہ ہماری اطاعت میں زیادہ سرگرم رہتے لیکن انہوں نے الٹا دین میں اختلاف کرنا شروع کیا اور غضب یہ کہ) انہوں نے (جہل کی وجہ سے) اختلاف نہیں کیا یہاں تک کہ ان کے پاس (احکام کا) علم پہنچ گیا تھا اور پھر اختلاف کیا (آگے اس اختلاف پر وعید ہے کہ) یقینی بات ہے کہ آپ کا رب ان (اختلاف کرنے والوں) کے درمیان قیامت کے دن ان امور میں فیصلہ (عملی) کرے گا جن میں وہ اختلاف کیا کرتے تھے۔ ف: مُبَوَّاَ صدق کی تفسیر مصر وشام کے ساتھ در منثور میں منقول ہے اور اختلاف کے دو معنی ہو سکتے ہیں ایک باوجود تصدیق نبوت کے اختلاف علی الانبیاءؑ کہ ان کے احکام میں طرح طرح کے حیلے اور حجتیں نکالتے تھے جیسا قصہ بقرہ میں ہوا تھا اور دوسرا بعض انبیاءؑ کی تصدیق نہ کرنا یعنی اختلاف مع الانبیاءؑ جس میں یہود کا ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا نہ ماننا بھی داخل ہے اور انعام علی السلف من وجہ انعام علی الخلف ہے اس لئے اس انعام کے محل یہ لوگ بھی ہو سکتے ہیں۔ ربط: اوپر یہود کے اختلاف فی الدین کا ذکر تھا چونکہ مشرکین جن سے اس سورت میں گفتگو ہے اس اختلاف میں ان کے مشارک بلکہ ان سے بھی بڑھے ہوئے تھے اس لئے قرآن کی حقانیت سے دین اسلام کی حقانیت کا ایک خاص عنوان سے اثبات فرماتے ہیں۔

حقیقت دین محمدی ﷺ بطرزِ خاص ☆ فَاِنْ كُنْتَ فِيْ شَكٍّ (الی قولہ تعالیٰ) فَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ⑮ پھر (اثباتِ حقیقت دین محمدی ﷺ کے واسطے ہم ایک ایسا کافی طریقہ بتلاتے ہیں کہ غیر صاحب وحی کے لئے تو کیسے کافی نہ ہوگا وہ ایسا ہے کہ آپ صاحب وحی ہیں مگر آپ سے بھی اگر اس کا خطاب بطور قضیہ شرطیہ کے کیا جاوے تو ممکن ہے اس طرح سے کہ) اگر (بالفرض) آپ اس (کتاب) کی طرف سے شک (وشبہ) میں ہوں جس کو ہم نے آپ کے پاس بھیجا ہے تو (اس شک کے دفع کا ایک سہل طریقہ یہ بھی ہے کہ) آپ ان لوگوں سے پوچھ دیکھئے جو آپ سے پہلے کی کتابوں کو پڑھتے ہیں (مراد توریت وانجیل ہیں وہ من حیث القراءۃ اس کی پیشین گوئیوں کی بناء پر اس قرآن کے صدق کو بتلا دیں گے) بیشک آپ کے پاس آپ کے رب کی طرف سے سچی کتاب آئی ہے آپ ہرگز شک کرنے والوں میں سے نہ ہوں اور نہ (شک کرنے والوں سے بڑھ کر) ان لوگوں میں ہوں جنہوں نے اللہ کی آیتوں کو جھٹلایا کہیں آپ (نعوذ باللہ) تباہ نہ ہو جاویں۔ ف: ظاہر میں خطاب آپ کو ہے مگر مقصود خطاب دوسروں کو ہے آپ کو خطاب کرنے میں ایک مبالغہ ہے اس دلیل کی کفایت میں کیونکہ صاحب وحی جو بلا واسطہ تلقی من اللہ ومن الملائکۃ کرتا ہے جب تلقی من اہل العلم جو تلقی من اللہ کا واسطہ ہے اس کے لئے کافی ہوگی جو تلقی بلا واسطہ کر ہی نہیں سکتا اس کے لئے وہ تلقی بواسطہ بدرجہ اولیٰ کافی ہوگی یہ تو اول خطاب کی توجیہ ہے اور اخیر خطاب فلا تکونن ولا تکونن فتکون میں مبالغہ ہے افتراء وتکذیب کے قابل نہی ہونے میں کیونکہ جس ذات میں اس کا احتمال بھی نہیں جب اس کو روکا جاتا ہے تو جس میں احتمال ہے اس کو تو بدرجہ اولیٰ روکنا چاہئے اور نزول آیت کے وقت آپ نے اپنے مقصود بالخطاب نہ ہونے کو ان لفظوں سے ظاہر فرما دیا لا اشك ولا اسئال اخرجه عبدالرزاق و ابن جرير عن قتادة مرفوعاً موسلاً كذا فی الدر المنثور۔ اور یہ بات کہ تلقی من اہل العلم صاحب وحی کے لئے کیسے کافی ہو سکتی ہے سو وجہ یہ ہے کہ وہ اہل علم متبوع نہیں بلکہ ناقل ہیں اور اس میں کوئی اشکال نہیں اور یہ بات کہ اہل کتاب تو خود تکذیب کرتے تھے پھر ان سے پوچھنا کیسے بتلا دیا گیا اس کا جواب من حیث القراءۃ کے لفظ میں خود تقریر ترجمہ میں موجود ہے یعنی جب وہ اصل مضمون کو پڑھ دیں تو اخفاء نہیں ہو سکتا۔

اللُّغَات: فی الروح بوأ انزل وجاء بوأه منزلا وفی منزل وكذبوا بوات له مكانا والمبوأ اسم مكان واصل الصدق ضد الكذب والعادة انهم اذا مدحوا شيئا اضافوه الى الصدق فالمعنى منزلا صالحا مرضيا ۱۲۔

اَلنَّحْوُ: قوله ببدنك ملابسا ببدنك قوله آمنت انه ای بانه ۱۲۔ قوله من قبلك معمول لمحذوف هو صفة للكتب ای الكتب المنزلة من قبلك ۱۲۔

اَلْبَلَاغَةُ: اتى فی ایمانه بثلاث عبارات رغبته فی القبول ولم يقل كما قال السحرة برب موسٰى وهارون اظهارا لكمال الاستكانة حيث اتبع من كان يستتبعهم و يستضعفهم ۱۲۔

اِنَّ الَّذِيْنَ حَقَّتْ عَلَيْهِمْ كَلِمَتُ رَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ⑯ وَلَوْ جَآءَتْهُمْ كُلُّ اٰيَةٍ حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ⑰ فَلَوْلَا كَانَتْ قَرْيَةٌ اٰمَنَتْ فَنَفَعَهَآ اِيْمَانُهَآ اِلَّا قَوْمَ يُوْنُسَ ؕ لَمَّآ اٰمَنُوْا كَشَفْنَا عَنْهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ ⑱ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَاٰمَنَ مَنْ فِى الْاَرْضِ كُلُّهُمْ جَمِيْعًا ؕ اَفَاَنْتَ تُكْرِهُ النَّاسَ حَتّٰى يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ⑲

www.besturdubooks.net

وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تُؤْمِنَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَيَجْعَلُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ قُلِ انْظُرُوْا مَاذَا فِي السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ ؕ وَمَا تُغْنِي الْاٰيٰتُ وَالنُّذُرُ عَنْ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۰۱﴾ فَهَلْ يَنْتَظِرُوْنَ اِلَّا مِثْلَ اَيَّامِ الَّذِيْنَ
خَلَوْا مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ قُلْ فَانْتَظِرُوْا اِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ﴿۱۰۲﴾ ثُمَّ نُنَجِّيْ رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كَذٰلِكَ ۚ حَقًّا عَلَيْنَا نُنْجِ
الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۰۳﴾ ع ۱۱ ۱۵

یقیناً جن لوگوں کے حق میں آپ کے رب کی (یہ ازلی) بات (کہ ایمان نہ لائیں گے) ثابت ہو چکی ہے وہ (کبھی) ایمان نہ لائیں گے گو ان کے پاس تمام دلائل ثبوت حق کے پہنچ جائیں۔ جب تک کہ عذاب دردناک کو نہ دیکھ لیں (مگر اس وقت ایمان نافع نہیں ہوتا)۔ چنانچہ کوئی بستی ایمان نہ لائی کہ ایمان لانا اس کو نافع ہوتا ہاں مگر یونس علیہ السلام کی قوم جب وہ ایمان لے آئے تو ہم نے رسوائی کے عذاب کو دنیوی زندگی میں ان پر سے ٹال دیا اور ان کو ایک خاص وقت (یعنی وقت موت) تک (خیر وخوبی کے ساتھ) عیش دیا اور اگر آپ کا رب چاہتا تو تمام روئے زمین کے لوگ سب کے سب ایمان لے آتے۔ سو (جب یہ بات ہے تو) کیا آپ لوگوں پر زبردستی کر سکتے ہیں۔ جس میں وہ ایمان ہی لے آئیں۔ حالانکہ کسی شخص کا ایمان لانا بدوں خدا کے حکم (یعنی حقیقت) کے ممکن نہیں اور اللہ تعالیٰ بے عقل لوگوں پر (کفر کی) گندگی واقع کر دیتا ہے آپ کہہ دیجئے کہ تم غور کرو (اور دیکھو) کہ کیا کیا چیزیں ہیں آسمانوں میں اور زمین میں اور جو لوگ (عناداً) ایمان نہیں لاتے' ان کو دلائل اور دھمکیاں کچھ فائدہ نہیں پہنچاتیں (یہ بیان ہوا ان کے عناد کا) سو وہ لوگ (بدلالت حال) صرف ان لوگوں کے واقعات کا انتظار کر رہے ہیں جو ان سے پہلے گزر چکے ہیں۔ آپ فرما دیجئے کہ اچھا تو تم (تو اس کے) انتظار میں رہو میں بھی تمہارے ساتھ (اس کے) انتظار میں ہوں۔ پھر ہم (اس عذاب سے) اپنے پیغمبروں کو بچا لیتے ہیں (جس طرح ان مؤمنین کو ہم نے نجات دی تھی) ہم اسی طرح سب ایمان والوں کو نجات دیا کرتے ہیں۔ یہ (سب وعدہ) ہمارے ذمہ ہے۔ ۞

تفسیر لغات: اوپر ایمان نہ لانے والوں کا ذکر تھا چونکہ آپ کو طبعاً اس سے رنج پہنچتا تھا اس لئے آگے آپ کی تسلی کے لئے فرماتے ہیں کہ ان کا عدم ایمان مقدر ہو چکا ہے اس لئے اس کے خلاف واقع نہ ہوگا لقولہ تعالیٰ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ البتہ اگر قوم یونس علیہ السلام کی طرح ان کا عدم ایمان مقدر نہ ہو چکتا تو مثل ان کے توفیق ایمان کی ہو جاتی لقولہ تعالیٰ لَمَّآ اٰمَنُوْا اور قوم یونس علیہ السلام کی کیا تخصیص ہے اگر تمام اہل ارض کا ایمان مقدر ہو جاتا تو سب ہی ایمان لے آتے لقولہ تعالیٰ: وَلَوْ شَآءَ پس آپ اس کی فکر چھوڑ دیجئے لقولہ تعالیٰ: اَفَاَنْتَ تُكْرِهُ ۔

تسلیہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم بیان دوران ہدایت بر مشیت ☆ اِنَّ الَّذِيْنَ حَقَّتْ عَلَيْهِمْ (الی قولہ تعالیٰ) وَيَجْعَلُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ یقیناً جن لوگوں کے حق میں آپ کے رب کی (یہ ازلی) بات (کہ ایمان نہ لاویں گے) ثابت ہو چکی ہے وہ (کبھی) ایمان نہ لاویں گے گو ان کے پاس تمام دلائل (ثبوت حق کے) پہنچ جاویں جب تک کہ عذاب دردناک کو نہ دیکھ لیں (مگر اس وقت ایمان نافع نہیں ہوتا) چنانچہ (جتنی بستیوں پر عذاب آ چکا ہے ان میں سے) کوئی بستی ایمان نہ لائی کہ ایمان لانا اس کو نافع ہوتا (کیونکہ ان کے ایمان کے ساتھ مشیت متعلق نہ ہوئی تھی) ہاں مگر یونس (علیہ السلام) کی قوم (کہ ان کے ایمان کے ساتھ مشیت متعلق ہوئی تھی اس لئے وہ عذاب موعود کے آثار ابتدائیہ کو دیکھ کر ایمان لے آئے اور) جب وہ ایمان لے آئے تو ہم نے رسوائی کے عذاب کو دنیوی زندگی میں ان پر سے ٹال دیا اور ان کو ایک وقت خاص (یعنی وقت موت) تک (خیر وخوبی کے ساتھ) عیش دیا (پس اور قریوں کا ایمان نہ لانا اور قوم یونس علیہ السلام کا ایمان لانا دونوں مشیت سے ہوئے) اور (ان اقوام وقریٰ کی کیا تخصیص ہے) اگر آپ کا رب چاہتا تو تمام روئے زمین کے لوگ سب کے سب ایمان لے آتے (مگر بعض حکمتوں کی وجہ سے یہ نہ چاہا اس لئے سب ایمان نہیں لائے) سو (جب یہ بات ہے تو) کیا آپ لوگوں پر زبردستی کر سکتے ہیں جس میں وہ ایمان ہی لے آویں حالانکہ کسی شخص کا ایمان لانا بدون خدا کے حکم (یعنی مشیت) کے ممکن نہیں اور اللہ تعالیٰ بے عقل لوگوں پر (کفر کی) گندگی واقع کر دیتا ہے (یعنی وہ تعلق مشیت بسبب ان کے جہل بسیط یا مرکب کے ہوتا ہے گو اس کا سلسلہ بھی مشیت وحکمت تک پہنچتا ہے) ف: مَتَّعْنٰهُمْ کے ترجمہ میں جو خیر وخوبی کی قید لگائی دلیل اس کی اول سورۂ ہود کی آیت ہے: يُمَتِّعْكُمْ مَّتَاعًا حَسَنًا اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى اور حقیقت اس کی یہ ہے جو حاصل ہے اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً کا اور وہ خصائص مؤمنین سے ہے پس یہ شبہ نہ رہا کہ تمتیع تو کفار کے لئے بھی عام ہے پھر اس کا ایمان پر مرتب ہونا کیا معنے اور خلاصہ قصہ قوم یونس علیہ السلام کا یہ ہے کہ ان کے ایمان نہ لانے پر حسب وحی الٰہی یونس علیہ السلام نے ان کو عذاب کی خبر دی اور خود چلے گئے جب وقت موعود پر عذاب کے آثار شروع ہوئے تو تمام قوم نے حق تعالیٰ کے روبرو گریہ وزاری شروع کی اور ایمان لے آئے وہ عذاب ٹل گیا اور ان آثار سے نزول عذاب ظناً یا بدون معاینہ ملائکہ وانکشاف آخرت کے معلوم ہوا تھا اس لئے: لَمْ يَكُ يَنْفَعُهُمْ اِيْمَانُهُمْ لَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا [المؤمن : ۸۵] کے منافی نہیں اور یہ سہل ہے اور بعض نے اس عموم

www.besturdubooks.net

سے اس واقعہ کو مخصوص و مستثنیٰ کہا ہے اور فی الحیوۃ الدنیا تخصیص کے لئے نہیں بلکہ بیان ہے واقعہ کا اور ایمان کا نافع آخرت ہونا یقینی ہے۔

ربط: اوپر مضمون تسلیہ سے پہلے ایمان نہ لانے والوں کا بیان تھا آگے باوجود عناد کے ان کا محل تکلیف رہنا یعنی یاس کی وجہ سے ان کا دائرہ امر و نہی سے خارج نہ ہو جانا اور اس عناد پر ان کا مستحق تعذیب ہونا مذکور ہے۔

مکلف و معذب شدن معاندین ☆ قُلِ انْظُرُوْا (الی قولہ تعالیٰ) حَقًّا عَلَيْنَا نُنْجِ الْمُؤْمِنِيْنَ آپ کہہ دیجئے کہ تم غور کرو (اور دیکھو) کہ کیا کیا چیزیں ہیں آسمانوں میں اور زمین میں (آسمانوں میں ستارے وغیرہ اور زمین میں بے انتہاء مخلوق نظر آتی ہے یعنی ان میں غور کرنے سے توحید کی دلیل عقلی حاصل ہوگی یہ بیان ہوا ان کے مکلف ہونے کا) اور جو لوگ (عناداً) ایمان نہیں لاتے ان کو دلائل اور دھمکیاں کچھ فائدہ نہیں پہنچاتے (یہ بیان ہوا کہ ان کے عناد کا) سو (ان کی اس حالت عناد سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ) وہ لوگ (بدلالت حال) صرف ان لوگوں کے سے واقعات کا انتظار کر رہے ہیں جو ان سے پہلے گزر چکے ہیں (یعنی باوجود دلائل اور وعیدوں کے جو ایمان نہیں لاتے تو ان کی حالت اس شخص کے مشابہ ہے جو ایسے عذاب کا منتظر ہو جو کہ پہلی قوموں پر آیا تھا سو) آپ فرما دیجئے کہ اچھا تو تم (اس کے) انتظار میں رہو میں بھی تمہارے ساتھ اس کے انتظار کرنے والوں میں ہوں (جن گزشتہ قوموں کا اوپر ذکر تھا ہم ان پر تو عذاب واقع کرتے تھے) پھر ہم (اس عذاب سے) اپنے پیغمبروں کو ایمان والوں کو بچا لیتے تھے (جس طرح ان مؤمنین کو ہم نے نجات دی تھی) ہم اسی طرح سب ایمان والوں کو نجات دیا کرتے ہیں یہ (حسب وعدہ) ہمارے ذمہ ہے (پس اسی طرح اگر ان کفار پر کوئی افتاد پڑی تو مسلمان اس سے محفوظ رہیں گے خواہ دنیا میں خواہ آخرت میں) ف: اخروی عذاب سے تو مؤمنین کا بچنا ظاہر ہے اور پہلے عذابوں میں دنیوی عذاب سے بھیجنا ظاہر ہے اور امت کے کفار کے عذاب سے کہ قتل وغیرہ سے مسلمانوں کا بچنا بایں معنی ہے کہ وہ واقعہ ان پر من حیث العذاب نہیں آتا۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلِ السُّلُوْكِ: قولہ تعالیٰ: وَلَمَّآ اٰمَنُوْا كَشَفْنَا عَنْهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ۔ اس میں دلالت ہے اس پر کہ یہ امر ممکن ہے کہ مرید پر کوئی ایسا فیض ہو جس کی خبر شیخ کو نہ ہو جیسا حضرت یونس علیہ السلام کو ان کے قبول ایمان کی اطلاع نہ ہوئی گو وہ فیض شیخ ہی کہ برکت سے ہو جیسا ان کا ایمان حضرت یونس علیہ السلام ہی کی برکات سے تھا ۱۲ قولہ تعالیٰ: اَفَاَنْتَ تُكْرِهُ النَّاسَ حَتّٰى يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ [یونس: ۹۹] اس میں دلالت ہے کہ بعد تبلیغ کے درپے ہونے کی ضرورت نہیں ۱۲ قولہ تعالیٰ: قُلِ انْظُرُوْا مَاذَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ [یونس: ۱۰۱] اس پر دلیل ہے کہ خلق پر نظر کرنا حق کے لئے نظر الی الحق کے منافی نہیں ۱۲)

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃ: ۱ قوله فلو لا چنانچہ.....ایمان نہ لائے اشارة الی امرین کون الفاء للت تیب الذی قد یستعمل فیه فی لساننا لفظة چنانچہ والثانی کون لو لا بمعنی النفی مجازًا لانه لازم لمعنی التحضیض لان المقام لیس للتحضیض ولا للتوبیخ لانه مضوا ونقل کونه للنفی ههنا فی الدر عن ابی مالك و مجاهد و قتادة وابن عباسؓ یحتمل ان یکون اولا علی ظاهره ویلزمه النفی الذی هو حاصل المعنی الاول ۱۲۔ ۲ قوله فی الاقوم ہاں مگر اشارة الی ان الاستثناء منقطع وقوله لما آمنوا استیناف وانما حملناه علی الانقطاع لان عدم ایمانهم بعد الباس وایمانهم قبل الباس ۱۲۔ ۳ قوله فی النذر دھمکیاں اشارة الی کونه جمع نذیر بمعنی الانذار ۱۲۔ ۴ قوله فی تغنی کچھ اشارة الی تقدیر مفعول تغنی شیئا ۱۲۔ ۵ قوله فی ینتظرون بدلالت حال اشارة الی حمل الانتظار علی المجاز ۱۲۔ ۶ قوله فی ایام واقعات کقولهم ایام العرب ۱۲۔ ۷ قوله فی ثم ننجی جن گزشتہ اشارة الی تقدیر جملة دل علیها قوله ایام الذین خلوا من قبلهم ای کنا نهلك الامم ثم ننجی وما بینهما اعتراض ۱۲۔

البلاغۃ: لعل ایراد ثم لبقاء اثر النجاة من الحیوۃ والعمر بعد هلاکهم ایضا ۱۲۔

قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْ دِيْنِيْ فَلَآ اَعْبُدُ الَّذِيْنَ تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ اَعْبُدُ اللّٰهَ الَّذِيْ يَتَوَفّٰىكُمْ ۖ وَاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۙ وَاَنْ اَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا ۚ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۙ وَلَا تَدْعُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُكَ وَلَا يَضُرُّكَ ۚ فَاِنْ فَعَلْتَ فَاِنَّكَ اِذًا مِّنَ الظّٰلِمِيْنَ ۙ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ۚ وَاِنْ يُّرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ ۭ يُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۭ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۙ قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاۗءَكُمُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ

www.besturdubooks.net

ع ۱۲ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ﴿۱۰۸﴾ وَّاتَّبِعْ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ وَاصْبِرْ حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿۱۰۹﴾

آپ کہہ دیجئے کہ اے لوگو! اگر تم میرے دین کی طرف سے شک (اور تردد) میں ہو تو میں ان معبودوں کی عبادت نہیں کرتا جن کی تم خدا کو چھوڑ کر عبادت کرتے ہو لیکن ہاں اس معبود کی عبادت کرتا ہوں جو تمہاری جان قبض کرتا ہے اور مجھ کو (منجانب اللہ) یہ حکم ہوا ہے کہ میں ایمان لانے والوں میں سے ہوں اور یہ کہ اپنے آپ کو اس دین (مذکور توحید خالص) کی طرف اس طرح متوجہ رکھنا کہ اور سب طریقوں سے علیحدہ ہو جاؤ اور (مجھ کو یہ حکم ہوا ہے کہ) کبھی مشرک مت بننا اور (یہ حکم ہوا ہے کہ) خدا (کی توحید) کو چھوڑ کر ایسی چیز کی عبادت مت کرنا کہ جو تجھ کو نہ (عبادت کرنے کی حالت میں) کوئی نفع پہنچا سکے اور نہ (ترک عبادت کی حالت میں) کوئی ضرر پہنچا سکے۔ پھر اگر (بالفرض) ایسا کیا (یعنی غیر خدا کی عبادت کی) تو تم اس حالت میں (اللہ کا) حق ضائع کرنے والوں میں سے ہو جاؤ گے اور (مجھ سے کہا گیا ہے کہ) اگر تم کو اللہ تعالیٰ کوئی تکلیف پہنچا دے تو بجز اس کے اور کوئی اس کا دور کرنے والا نہیں ہے اور اگر وہ تم کو کوئی راحت پہنچانا چاہے تو اس کے فضل کا کوئی ہٹانے والا نہیں (بلکہ) وہ اپنا فضل اپنے بندوں میں سے جس پر چاہے مبذول فرمائیں اور وہ بڑی مغفرت بڑی رحمت والے ہیں آپ (یہ بھی) کہہ دیجئے کہ اے لوگو تمہارے پاس (دین) حق تمہارے رب کی طرف سے (بدلیل) پہنچ چکا ہے۔ سو (اس کے پہنچ جانے کے بعد) جو شخص راہ راست پر آ جائے گا سو وہ اپنے (نفع کے) واسطے راہ راست پر آئیگا اور جو شخص اب بھی بے راہ رہے گا تو اسکا بے راہ ہونا (یعنی اس کا وبال بھی) اسی پر پڑے گا اور میں تم پر (کچھ بطور ذمہ داری کے) مسلط نہیں کیا گیا اور آپ اس کا اتباع کرتے رہئے جو کچھ آپ کے پاس وحی بھیجی جاتی ہے اور انکے کفر (وایذا پر) صبر کیجئے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ (انکا) فیصلہ کر دینگے اور وہ سب فیصلہ کرنے والوں میں اچھا (فیصلہ کرنے والا) ہے۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر کفار کی تکذیب بالاسلام کا بیان تھا آگے دین اسلام کی حقیقت کا رکن اعظم کہ توحید ہے مذکور ہے تا کہ اس حقیقت میں غور کر کے اس کی حقیت کا علم ہو سکے۔

بیان توحید رکن اعظم اسلام ☆ قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ شَكٍّ (الی قولہ تعالیٰ) وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۰۷﴾ آپ (ان سے) کہہ دیجئے کہ اے لوگو اگر تم میرے دین کی طرف سے شک (اور تردد) میں ہو تو (میں تم کو اس کی حقیقت بتلاتا ہوں وہ یہ ہے کہ) میں ان معبودوں کی عبادت نہیں کرتا جن کی تم خدا کو چھوڑ کر عبادت کرتے ہو لیکن ہاں اس معبود کی عبادت کرتا ہوں جو تمہاری جان قبض کرتا ہے اور مجھ کو (منجانب اللہ) یہ حکم ہوا ہے کہ میں (ایسے معبود پر) ایمان لانے والوں میں سے ہوں اور (مجھ کو) یہ حکم ہوا ہے کہ اپنے آپ کو اس دین (مذکور توحید خالص) کی طرف اس طرح متوجہ رکھنا کہ اور سب طریقوں سے علیحدہ ہو جاؤ اور (مجھ کو یہ حکم ہوا ہے کہ) کبھی مشرک مت بننا اور (یہ حکم ہوا ہے کہ) خدا (کی توحید) کو چھوڑ کر ایسی چیز کی عبادت مت کرنا کہ جو تجھ کو نہ (عبادت کرنے کی حالت میں) کوئی نفع پہنچا سکے اور نہ (ترک عبادت کی حالت میں) کوئی ضرر پہنچا سکے پھر اگر (بالفرض) ایسا کیا (یعنی غیر اللہ کی عبادت کی) تو تم اس حالت میں (اللہ کا) حق ضائع کرنے والوں میں سے ہو جاؤ گے اور (مجھ سے یہ کہا گیا ہے کہ) اگر تم کو اللہ تعالیٰ کوئی تکلیف پہنچاوے تو بجز اس کے اور کوئی اس کا دور کرنے والا نہیں ہے اور اگر وہ تم کو کوئی راحت پہنچانا چاہئے تو اس کے فضل کا کوئی ہٹانے والا نہیں (بلکہ) وہ اپنا فضل اپنے بندوں میں سے جس پر چاہیں مبذول فرماویں اور وہ بڑی مغفرت بڑی رحمت والے ہیں (اور فضل کے تمام افراد مغفرت اور رحمت میں داخل ہیں اور وہ مغفرت اور رحمت عظیمہ کے ساتھ موصوف ہیں پس لا محالہ صاحب فضل بھی ہیں۔ ف: خلاصہ یہ کہ میرا دین تو یہ ہے کہ جس میں کسی کو شک نہ ہونا چاہئے اور کفار باوجود یکہ منکر تھے پھر شک کیوں فرمایا اس میں اشارہ اس طرف ہے کہ اس دین میں تو شک بھی نہ ہونا چاہئے چہ جائے کہ انکار و تکذیب۔

ربط: اوپر دین اسلام کی حقیقت ظاہر کی گئی ہے آگے اس اظہار کا موجب اتمام حجت ہونا مذکور ہے۔

اقامت حجت بعد اتمامِ دعوت ☆ قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ (الی قولہ تعالیٰ) وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ﴿۱۰۸﴾ آپ (یہ بھی) کہہ دیجئے کہ اے لوگو تمہارے پاس (دین) حق تمہارے رب کی طرف سے (بدلیل) پہنچ چکا ہے سو (اس کے پہنچ جانے کے بعد) جو شخص راہِ راست پر آ جاوے گا سو وہ اپنے (نفع کے) واسطے راہِ راست پر آوے گا اور جو شخص (اب بھی) بے راہ رہے گا تو اس کا بے راہ ہونا (یعنی اس کا وبال بھی) اسی پر پڑے گا اور میں تم پر (کچھ بطور ذمہ داری کے) مسلط نہیں کیا گیا (کہ تمہاری بے راہی کی باز پرس مجھ سے ہونے لگے تو میرا کیا نقصان ہے)۔

ربط: اوپر اقامت حجت و اتمامِ دعوت کا مضمون تھا چونکہ اس کے بعد بھی بعضے منکر رہے جو آپ کو رنج دہ تھا اس لئے آگے تسلی پر سورت کو ختم فرماتے ہیں جیسے کئی آیت پہلے بھی مضمون تسلی کا آیا ہے۔

www.besturdubooks.net

تسلیہ رسول اللہ ﷺ ☆ وَاتَّبِعْ مَا يُوْحٰى (الی قولہ تعالیٰ) وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ۝ اور آپ اس کا اتباع کرتے رہئے جو کچھ آپ کے پاس وحی بھیجی جاتی ہے (اس میں سب اعمال کے ساتھ تبلیغ بھی آ گئی) اور (ان کی کفر وایذاء پر) صبر کیجئے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ (ان کا) فیصلہ کر دیں گے (خواہ دنیا میں ہلاکت کے ساتھ خواہ آخرت میں عذاب کے ساتھ مطلب یہ کہ آپ اپنے ذاتی اور منصبی کام میں لگے رہئے ان کی فکر نہ کیجئے) اور وہ سب فیصلہ کرنے والوں میں اچھا (فیصلہ کرنے والا) ہے۔ ف: ایسی گفتگو اور اسی طرح اس کے قبل کی آیت والی گفتگو عادۃً مخاطبات ومناظرات کے بالکل اخیر میں ہوا کرتی ہے پس اس پر سورت کا ختم کرنا نہایت لطیف حسن ختام ہے۔

وقد تم بحمد الله تعالیٰ تفسیر سوة یونس فی التاسع والعشرین مع ربیع الثانی ۱۳۲۴ھ من الهجرة صلی الله تعالیٰ علیٰ صاحبها بعد کل ذرة الف الف مرة۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَةِ: ا قوله فی فلا اعبد بتلاتاہوں اشارة الی ان الجزاء مقدر ای فاخبر کم ۱۲۔

اللُّغَاتُ: قوله ہو کیل ای بحفیظ موکول الیّ امر کم ۱۲۔

اَلنَّحْوُ: قوله وان اقم ان مصدریة وتدخل علی الامر کذا فی الروح عن سیبویه اه وکذلك تدخل علی النهی ایضًا کما فی النیسابوری عن الزمخشری عن سیبویه ۱۲۔

اَلْبَلَاغَةُ: قوله یتوفکم تخصیص التوفی للتخویف قوله یمسسك ویردك ذکر المس فی الشر والارادة فی الخیر لعله اشارة الی ان مس الضر مع کونه مرادا لما وقع بالذنوب فکانه لم ینسب الی الارادة بخلاف الخیر فانه محض الرحمة ومنسوب الی الارادة المحضة وکذا قوله فی الاول فلا کاشف له الا هو وفی الثانی فلا راد لفضله بدون الاستثناء اشارة الی ان الاصل فی الشر الکشف وفی الخیر عدم الزوال وهذا کله مقتضی الرحمة ۱۲۔ التعبیر فی الآیة الاولی بالمجئی وفی هذه بالوحی تنبیه علی ما بین المرتبتین من التفاوت ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَۃُ هُوْدٍ

سُوْرَۃُ هُوْدٍ مکیۃ ۵۲ | بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ | اٰیاتُھا ۱۲۳ | رکوعاتُھا ۱۰

سورۂ ہود مکہ میں نازل ہوئی شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں اور اس کی ایک سو تئیس آیتیں اور دس رکوع ہیں

الٓرٰ كِتٰبٌ اُحْكِمَتْ اٰيٰتُهٗ ثُمَّ فُصِّلَتْ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ خَبِيْرٍ ۙ﴿۱﴾ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ۭ اِنَّنِيْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ
وَّبَشِيْرٌ ۙ﴿۲﴾ وَّاَنِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ يُمَتِّعْكُمْ مَّتَاعًا حَسَنًا اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى وَّيُؤْتِ كُلَّ ذِيْ فَضْلٍ فَضْلَهٗ ۭ
وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ كَبِيْرٍ ﴿۳﴾ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ ۚ وَهُوَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۴﴾ اَلَآ اِنَّهُمْ يَثْنُوْنَ
صُدُوْرَهُمْ لِيَسْتَخْفُوْا مِنْهُ ۭ اَلَا حِيْنَ يَسْتَغْشُوْنَ ثِيَابَهُمْ ۙ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۚ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۵﴾
وَمَا مِنْ دَاۗبَّةٍ فِي الْاَرْضِ اِلَّا عَلَي اللّٰهِ رِزْقُهَا وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا ۭ كُلٌّ فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿۶﴾
وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ وَّكَانَ عَرْشُهٗ عَلَي الْمَاۗءِ لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ۭ

الٓرٰ (کے معنی تو اللہ کو معلوم) یہ (قرآن) ایک ایسی کتاب ہے کہ اس کی آیتیں (دلائل سے) محکم کی گئی ہیں۔ پھر (اس کے ساتھ) صاف صاف (بھی) بیان کی گئی ہیں (وہ کتاب ایسی ہے کہ) ایک حکیم باخبر (یعنی اللہ تعالیٰ) کی طرف سے یہ (ہے) کہ اللہ کے سوا کسی کی عبادت مت کرو میں تم کو اللہ کی طرف سے (ایمان نہ لانے پر عذاب سے) ڈرانے والا اور (ایمان لانے پر ثواب کی) بشارت دینے والا ہوں اور یہ (بھی) ہے کہ تم لوگ اپنے گناہ (شرک وکفر وغیرہ) اپنے رب سے معاف کراؤ پھر (ایمان لاکر) اللہ کی طرف (عبادت سے) متوجہ رہو وہ تم کو وقت مقرر (یعنی وقت موت) تک دنیا میں خوش عیشی دے گا اور (آخرت میں) ہر زیادہ عمل کرنے والے کو زیادہ ثواب دے گا اور اگر (ایمان لانے سے) تم لوگ اعراض (ہی) کرتے رہے تو مجھ کو (اس صورت میں) تمہارے لئے ایک بڑے دن کے عذاب کا اندیشہ ہے تم (سب) کو اللہ ہی کے پاس جانا ہے اور وہ ہر شے پر پوری قدرت رکھتا ہے۔ یاد رکھو وہ لوگ دوہرا کئے دیتے ہیں اپنے سینوں کو (اور اوپر سے کپڑا لپیٹ لیتے ہیں) تاکہ اپنی باتیں خدا سے چھپا سکیں۔ یاد رکھو کہ وہ لوگ جس وقت (دوہرے ہوکر) اپنے کپڑے (اپنے اوپر) لپیٹ لیتے ہیں وہ اس وقت بھی سب جانتا ہے جو کچھ چپکے چپکے باتیں کرتے ہیں اور جو کچھ وہ باتیں ظاہر کرتے ہیں (کیونکہ) بالیقین وہ (تو) دلوں کے اندر کی باتیں جانتا ہے اور کوئی (رزق کھانے والا) جاندار روئے زمین پر چلنے والا ایسا نہیں کہ اس کی روزی اللہ کے ذمہ نہ ہو اور وہ ہر ایک کی زیادہ رہنے کی جگہ کو اور چند روزہ رکھنے کی جگہ کو جانتا ہے۔ سب چیزیں کتاب مبین (یعنی لوح محفوظ) میں (بھی منضبط اور مندرج) ہیں اور وہ (اللہ) ایسا ہے کہ سب آسمان اور زمین کو چھ دن (کی مقدار) میں پیدا کیا اور اس وقت اس کا عرش پانی پر تھا تاکہ تم کو آزمادے کہ (دیکھیں) تم میں اچھا عمل کرنے والا کون ہے۞

تفسیر: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سورة هود مكية الا قوله تعالىٰ واقم الصلوٰة الأية عند قتادة كذا فى روح المعانى۔ اس سورت کے مضامین کا خلاصہ یہ ہے کہ اول اس میں رسالت اور توحید کا ذکر ہے اور اس کے ضمن میں ایمان پر خیر دارین کا وعدہ اور اعراض پر عذاب کی وعید اور اس کی مناسبت سے بعث کا ذکر اور نزول عذاب کے بارہ میں ان کا منشاء اشتباہ کہ تاخیر عذاب ہے اور انسان کی ایک اکثری جبلی خصلت سے اس اشتباہ کی تقریر وَلَئِنْ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ الخ میں پھر ان کے انکار رسالت پر آپ کی دل تنگی پر تسلی پھر قرآن پر جو وہ شبہ کرتے تھے اس کا جواب پھر استحقاق عذاب کے متعلق ان کے ایک زعم باطل کا ابطال پھر

www.besturdubooks.net

مؤمنین کی فضیلت اور کفار کی بدانجامی پھر دونوں کے تفاوت کی ایک مثال پھر ان سب مضامین کی تقریر و تائید کے لئے چند قصص جن سے توحید و رسالت و وقوع وعید اور مؤمنین کی فلاح اور منکرین کا خسارہ سب ثابت ہوتا ہے اور پھر قصص کے بعد ان پر وعید کی تفریع اور اس قیامت کی جزا و سزا اور وعید میں سب مشرکین کا اشتراک پھر منکرین کے خلاف کا پہلے سے چلا آنا آپ کی تسلی کے لئے اور اس کے ضمن میں تاخیر عذاب کی حکمت جس کا ذکر اول سورت میں ان کی منشاء اشتباہ کی تقریر میں آیا تھا اور پھر اس عذاب کا اپنے وقت پر واقع ہونا اور پھر ان کفار سے اعراض کر کے اہل ایمان کو اپنے کام میں لگے رہنے کا حکم بالخصوص استقامت و قطع موالاۃ کفار و اقامت صلوٰۃ و صبر کا پھر عبرت کے واسطے امم سابقہ مہلکہ کا اجمالی حال نکال اور اس کو ظاہری سبب یعنی اجرام اور حقیقی سبب یعنی مشیت و حکمت اور ذکر قصص کی بعض حکمتیں اور پھر کفار سے آخری کلام کہ اگر نہیں مانتے تو جس حال میں چاہو رہو خود نتیجہ دیکھ لو گے اور اس کی تقریر کے لئے اللہ تعالیٰ کا عالم الغیب و مرجع کل امور اور ان کے اعمال پر مطلع ہونا اور اس کے ضمن میں عبادت اور توکل کا وجوب کہ مناسب مقام ہے یہ سب مضامین نہایت ترتیب و تہذیب کے ساتھ مذکور ہیں اور ان کا باہمی تناسب اور سورت سابقہ کے مضامین سے تقارب ظاہر ہے بالخصوص سورت ہذا کا آغاز اور سورت سابقہ کا انجام تو ہمہ تن متحد ہے کہ دونوں میں توحید و رسالت کا اثبات ہے **واللہ اعلم وعلمہ اتم و احکم۔** بسم اللہ الرحمن الرحیم اول قرآن کا منزل من اللہ ہونا اور اس کا توحید پر مشتمل ہونا اور آپ کا بشیر و نذیر یعنی رسول ہونا توبہ و استغفار یعنی ایمان کا حکم اور اس پر بشارت اور پھر توحید کے اثبات کے لئے علم و قدرت و ترزیق و تخلیق و حکمت تخلیق کا آیت :وَهُوَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ تک بیان ہے۔

توحید و رسالت و متعلقات آں ☆ الٓرٰ ۚ كِتٰبٌ اُحْكِمَتْ اٰیٰتُهٗ (الی قولہ تعالیٰ) كَانَ عَرْشُهٗ عَلَى الْمَآءِ لِیَبْلُوَكُمْ اَیُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ۔ الٓرٰ (کے معنی تو اللہ کو معلوم) یہ (قرآن) ایک ایسی کتاب ہے کہ اس کی آیتیں (دلائل سے) محکم کی گئی ہیں پھر (اس کے ساتھ) صاف صاف (بھی) بیان کی گئی ہیں (اور وہ کتاب ایسی ہے کہ) ایک حکیم باخبر (یعنی اللہ تعالیٰ) کی طرف سے (آئی ہے جس کا بڑا مقصد) یہ (ہے) کہ اللہ کے سوا کسی کی عبادت مت کرو میں تم کو اللہ کی طرف (سے ایمان نہ لانے پر عذاب سے) ڈرانے والا اور (ایمان لانے پر ثواب کی) بشارت دینے والا ہوں اور (اس کتاب کے مقاصد میں سے) یہ (بھی ہے) کہ تم لوگ اپنے گناہ (شرک و کفر وغیرہ) اپنے رب سے معاف کراؤ (یعنی ایمان لاؤ اور) پھر ایمان لا کر اس کی طرف (عبادت سے) متوجہ رہو (یعنی عمل صالح کرو پس ایمان و عمل صالح کی برکت سے) وہ تم کو وقت مقررہ (یعنی وقت موت) تک (دنیا میں) خوش عیشی دے گا اور (آخرت میں) ہر زیادہ عمل کرنے والے کو زیادہ ثواب دے گا (یہ کہنا بھی بمنزلہ بشیر کہنے کے ہے) اور اگر (ایمان لانے سے) تم لوگ اعراض (ہی) کرتے رہے تو مجھ کو (اس صورت میں) تمہارے لئے ایک بڑے دن کے عذاب کا اندیشہ ہے (یہ کہنا بمنزلہ نذیر کہنے کے ہے اور عذاب کو مستبعد مت سمجھو کیونکہ) تم (سب) کو اللہ ہی کے پاس جانا ہے اور وہ ہر شئے پر پوری قدرت رکھتا ہے (پھر استبعاد کی کوئی وجہ نہیں البتہ اگر وہاں تمہاری حاضری نہ ہوتی یا نعوذ باللہ اس کو قدرت نہ ہوتی تو عذاب واقع نہ ہوتا پس ایسی حالت میں ایمان اور توحید سے اعراض نہ چاہئے اور اثبات قدرت کا تعلق توحید سے بھی ہے آگے علم کا اثبات ہے کہ اس کو بھی وقوع جزا اور توحید دونوں سے تعلق ہے چنانچہ ارشاد ہے کہ) یاد رکھو وہ لوگ دوہرا کئے دیتے ہیں اپنے سینوں کو (اور اوپر سے کپڑا لپیٹ لیتے ہیں) تاکہ اپنی باتیں خدا سے چھپا سکیں (یعنی اسلام اور مسلمانوں کے خلاف میں جو باتیں کرتے ہیں تو اس ہیئت سے کرتے ہیں تاکہ کسی کو خبر نہ ہو جاوے اور جس کو اعتقاد ہوگا کہ خدا کو ضرور خبر ہوتی ہے اور آپ کا صاحب وحی ہونا دلائل سے ثابت ہے پس وہ اخفاء کی یہ تدبیر کبھی نہ کرے گا پس یہ تدبیر کرنا گویا بدلالت حال اللہ سے پوشیدہ رہنے کی کوشش کرنا ہے سو) یاد رکھو کہ وہ لوگ جس وقت (دوہرے ہو کر) اپنے کپڑے (اپنے اوپر) لپیٹتے ہیں وہ اس وقت بھی سب جانتا ہے جو کچھ چپکے چپکے باتیں کرتے ہیں اور جو کچھ وہ ظاہر باتیں کرتے ہیں (کیونکہ) بالیقین وہ (تو) دلوں کے اندر کی باتیں جانتا ہے (تو زبان سے کہی ہوئی تو کیوں نہ جانے گا آگے توحید کے متعلق ترزیق کا بیان ہے جس سے مسئلہ علم کی بھی تائید ہوتی ہے۔ چنانچہ ارشاد ہے) اور کوئی (رزق کھانے والا) جاندار روئے زمین پر چلنے والا ایسا نہیں کہ اس کی روزی اللہ کے ذمے نہ ہو (اور رزق رسانی کے لئے علم کی ضرورت ہوتی ہے سو) وہ ہر ایک کی زیادہ رہنے کی جگہ کو اور چند روزہ رہنے کی جگہ کو جانتا ہے (اور ہر ایک کو وہاں ہی رزق پہنچاتا ہے اور گو سب چیزیں علم الٰہی میں تو ہیں مگر اس کے ساتھ ہی) سب چیزیں کتاب مبین (یعنی لوح محفوظ) میں (منضبط و مندرج) ہیں (غرض واقعات ہر طرح محفوظ ہیں آگے تخلیق کا مع اس کی بعض حکمتوں کے بیان ہے جس سے مسئلہ بعث کی بھی جو کہ آگے مذکور ہے تائید ہوتی ہے کیونکہ خلق ابتدائی دلیل ہے خلق مکرر پر قادر ہونے کی چنانچہ ارشاد ہے) اور وہ (اللہ) ایسا ہے کہ سب آسمان اور زمین کو چھ دن (کی مقدار) میں پیدا کیا اس وقت اس کا عرش پانی پر تھا (کہ یہ دونوں چیزیں پہلے سے پیدا ہو چکی تھی اور یہ پیدا کرنا اس لئے ہے) تاکہ تم کو آزماوے کہ (دیکھیں) تم میں اچھا عمل کرنے والا کون ہے (مطلب یہ کہ زمین و آسمان کو پیدا کیا تمہارے حوائج و منافع اس میں پیدا کئے تاکہ تم ان کو دیکھ کر توحید پر استدلال کرو اور ان سے منتفع ہو کر منعم کا شکر اور خدمت کہ عبادت ہے عمل صالح سے بجالاؤ سو بعض نے ایسا کیا بعض نے نہ کیا) **ف**: استخفاء کی تفسیر شاہ عبدالقادر صاحب سے نقل کی گئی ہے در منثور میں مجاہد سے منہ کی تفسیر

www.besturdubooks.net

من الله ان استطاعوا اورانی رزین سے يَثْنُوْنَ اور يَسْتَغْشُوْنَ کی تفسیر كان احدهم يجنى ظهره ويستغشى بثوبه اس کی مؤید ہے اور بات کرنے کی قید منقول نظر سے نہیں گزری لیکن يسرون اس کا قرینہ ہے جس کا مفعول دوسری آیت میں مصرح ہے : وَاَسَرُّوا النَّجْوَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا هَلْ هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ الخ جس کا جواب مثل يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ الخ کے وہاں ارشاد ہوا ہے: ربى يعلم القول فى السماء والارض الخ اور مستقر اور مستودع بتفسیر مذکور جو کہ مشہور تر ہے گو سب دواب کو عام نہیں لیکن ذوات مستقر و مستودع کے ساتھ تعلق علم بدرجہ اولیٰ غیر ذوات مستقر و مستودع کے ساتھ تعلق علم پر دال ہے کیونکہ ان کا وجود اظہر ہے اور ظاہر ہے کہ مستتر کا علم مظہر کے علم کو بالاولی مستلزم ہے پس اس اعتبار سے تعلق علمی کا عموم مدلول کلام ہو گیا والله تعالىٰ اعلم اور دابۃ میں مرزوق کی قید اس لئے لگائی کہ بعضے بے کھائے پیئے مر جاتے ہیں پس اس قید کے بعد یہ شبہ نہ رہا کہ ایسوں کو کہاں رزق پہنچتا ہے اور خوش عیشی سے مراد وہ ہے جس کو اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً اور لَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً میں ذکر فرمایا ہے اور يُؤْتِ كُلَّ ذِيْ فَضْلٍ کا ترتب ایمان پر اس وجہ سے ہے کہ بدون ایمان کے اعمال مقبول نہیں۔

تَرْجَمَةُ مَسَائِلِ السُّلُوْكِ: قولہ تعالیٰ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ يُمَتِّعْكُمْ مَّتَاعًا حَسَنًا مراد اس سے حَيٰوةً طَيِّبَةً ہے جو ایسے شخص کے لئے مخصوص ہے جو ایمان اور عمل صالح کے ساتھ موصوف ہو اور روح میں ہے کہ مراد اس سے امن و راحت کی زندگی ہے اور یہ حدیث الدنيا سجن المؤمن اور حدیث اشد الناس بلاءً الامثل فالامثل کے منافی نہیں کیونکہ امن سے مراد من غیر اللہ ہے اور راحت سے مراد حق تعالیٰ پر نظر رکھنے اور اس کا قرب حاصل کرنے سے خوش عیشی ہونا ہے ایسا شخص مشقت کو نعمت سمجھتا ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا اس میں ترغیب عظیم ہے توکل فی الرزق کی اور روح میں ہے کہ اگر اسباب کو اس اعتقاد کے ساتھ اختیار کرے کہ اللہ تعالیٰ مسبب ہے اور یہ اعتقاد نہ ہو کہ بدون اسباب کے رزق حاصل نہیں ہوتا تو یہ توکل کے منافی نہیں خلاصہ یہ ہے کہ وثوق اور ربط قلب حق تعالیٰ کے ساتھ ہونا چاہئے۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَةِ: ۱ قوله فى ثم فصلت پھر اس کے ساتھ اشار بهذا الى ان التراخى للترقى لان الواقع فى الاكثر ان الكلام المحكم بالدلائل يكون مغلق وهذا الكتاب ليس كذلك ۱۲۔ ۲ قوله فى من لدن اور وہ کتاب اشار الى به كونه صفة ثانية لكتاب ۱۲۔ ۳ قوله فى الا تعبدوا جس کا بڑا مقصد اشار بذلك الى امرين الاول ان مفسرة لما فى التفصيل من معنى القول والثانى ان وجه تخصيص بعض ما فيه بالذكر للاهتمام ۱۲۔ ۴ قوله فى يثنون اور اوپر سے الخ القرينة عليه قوله الا حين يستغشون وكذا قوله فى يستغشون دوہرے ہو کر الخ القرينة عليه قوله يثنون فالواقع منهم فعلان ذكر احدهما فى مقام والاخر فى آخر ۱۲۔ ۵ قوله فى ليستخفوا بدلالت حال لان الظاهر انهم لم يعتقدوا ذلك ۱۲۔ ۶ قوله فى يعلم بھی اشار به الى ان تقييد العلم بهذا الحين ليس للتخصيص بل للدلالة على غيره بالاولىٰ ۱۲۔ ۷ قوله فى وكان اس وقت اشار به الى كونه حالا ۱۲۔

اَلرِّوَايَاتُ: ذكر بعضها فى المتن وهو اوفق بالمقام وما فى البخارى من خرد لها (اى قوله الا انهم يثنون الآية) فيمن كان يستحيى ان يتخلى او يجامع فيفضى الى السماء فيشكل ظاهره لانه كان ظاهرا للاستحياء لا للاستخفاء الا ان يحمل على الجهل فى الاعتقاد من الكفار او المبالغة التجاوزة عن حد الشرع فى ذلك من بعض المؤمنين كما هو عادة المتشددين ۱۲۔

اَللُّغَاتُ: متاعا تمتيعا ۱۲۔

وَلَئِنْ قُلْتَ اِنَّكُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ مِنْۢ بَعْدِ الْمَوْتِ لَيَقُوْلَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝۷ وَلَئِنْ اَخَّرْنَا
عَنْهُمُ الْعَذَابَ اِلٰٓى اُمَّةٍ مَّعْدُوْدَةٍ لَّيَقُوْلُنَّ مَا يَحْبِسُهٗ ۭ اَلَا يَوْمَ يَاْتِيْهِمْ لَيْسَ مَصْرُوْفًا عَنْهُمْ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا
ع ۸ كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝۸ وَلَئِنْ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً ثُمَّ نَزَعْنٰهَا مِنْهُ اِنَّهٗ لَيَـُٔوْسٌ كَفُوْرٌ ۝۹ وَلَئِنْ
اَذَقْنٰهُ نَعْمَاۗءَ بَعْدَ ضَرَّاۗءَ مَسَّتْهُ لَيَقُوْلَنَّ ذَهَبَ السَّيِّاٰتُ عَنِّيْ ۭ اِنَّهٗ لَفَرِحٌ فَخُوْرٌ ۝۱۰ اِلَّا الَّذِيْنَ
صَبَرُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝۱۱

اور اگر آپ (لوگوں سے) کہتے ہیں کہ یقیناً تم لوگ مرنے کے بعد (قیامت کے دن دوبارہ) زندہ کئے جاؤ گے تو (ان میں) جو لوگ کافر ہیں قرآن کی نسبت جس میں

www.besturdubooks.net

بعث کی خبر ہے کہتے ہیں کہ یہ تو نرا جادو ہے اور اگر تھوڑے دنوں تک (مراد نبوی زندگی ہے) ہم ان سے عذاب (موجود) کو ملتوی رکھتے ہیں (کہ اس میں حکمتیں ہیں) تو بطور انکار واستہزاء کے کہنے لگتے ہیں کہ اس عذاب کو کونسی چیز روک رہی ہے یاد رکھو جس دن (وقت موجود) وہ عذاب ان پر آ پڑے گا تو پھر کسی کے ٹالے نہ ٹلے گا اور جس (عذاب) کے ساتھ یہ استہزاء کر رہے تھے وہ ان کو آ گھیرے گا اور اگر ہم انسان کو اپنی مہربانی کا مزہ چکھا کر اس سے چھین لیتے ہیں تو وہ ناامید اور ناشکر ہو جاتا ہے اور اگر اس کو کسی تکلیف کے بعد جو کہ اس پر واقع ہوئی ہو کسی نعمت کا مزہ چکھا دیں تو (ایسا اترا تا ہے کہ) کہنے لگتا ہے کہ میرا سب دکھ درد رخصت ہوا (اب کبھی نہ ہوگا) وہ اترانے لگتا ہے۔ شیخی بگھارنے لگتا ہے مگر جو لوگ مستقل مزاج ہیں اور نیک کام کرتے ہیں وہ ایسے نہیں ہوتے۔ ایسے لوگوں کے لئے بڑی مغفرت اور بڑا اجر ہے۞

تفسیر ربط: اوپر يُمَتِّعْكُمْ میں ایمان لانے پر وعدہ ثواب کا اور وَاِنْ تَوَلَّوْا میں ایمان نہ لانے پر وعید عذاب کی اور دونوں کا اجمالی بیان لِيَبْلُوَكُمْ میں مذکور تھا اور یہ سب بعد بعث کے ہوگا اس لئے آگے بعث کے متعلق بیان ہے۔

بحث بعث: وَلَئِنْ قُلْتَ اِنَّكُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ (الی قولہ تعالیٰ) كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ۝ اور اگر آپ (لوگوں سے) کہتے ہیں کہ یقیناً تم لوگ مرنے کے بعد (قیامت کے روز دوبارہ) زندہ کئے جاؤ گے تو (ان میں) جو لوگ کافر ہیں وہ (قرآن کی نسبت جس میں بعث کی خبر ہے) کہتے ہیں کہ یہ تو نرا صاف جادو ہے (جادو اس لئے کہتے ہیں کہ وہ باطل ہوتا ہے مگر مؤثر اسی طرح قرآن کو نعوذ باللہ باطل سمجھتے تھے لیکن اس کے مضامین کا مؤثر ہونا بھی مشاہدہ کرتے تھے اس مجموعہ پر یہ حکم کیا نعوذ باللہ منہ مقصود اس سے بعث کا انکار تھا آگے ان کے منشاء انکار کا جواب ارشاد ہے) اور اگر تھوڑے دنوں تک (مراد دنیوی زندگی ہے) ہم ان سے عذاب (موعود) ملتوی رکھتے ہیں (کہ اس میں حکمتیں ہیں) تو (بطور انکار واستہزاء کے) کہنے لگتے ہیں کہ (جب ہم تمہارے نزدیک مستحق عذاب ہیں تو) اس عذاب کو کون چیز روک رہی ہے (یعنی اگر عذاب کوئی چیز ہوتی تو اب تک ہو چکتا جب نہیں ہوا تو معلوم ہوا کہ کچھ بھی نہیں حق تعالیٰ جواب دیتے ہیں کہ) یاد رکھو جس دن (وقت موعود پر) وہ (عذاب) ان پر آ پڑے گا تو پھر کسی کے ٹالے نہ ٹلے گا اور جس (عذاب) کے ساتھ یہ استہزاء کر رہے تھے وہ ان کو آ گھیرے گا (مطلب یہ کہ باوجود استحقاق کے یہ تاخیر اس لئے ہے کہ بعض حکمتوں سے اس کا وقت معین ہے پھر اس وقت ساری کسر نکل جاوے گی)

ربط اوپر تاخیر عذاب کی وجہ سے انکار کر دینا عذاب اور وقت عذاب یعنی بعث سے مذکور تھا آگے اس کی تائید کے لئے انسان کا ایک خاصہ اکثریہ مذکور ہے۔

بیان بعض خواص بشریہ در باب منن ومحن ☆ وَلَئِنْ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً (الی قولہ تعالیٰ) لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ۝ اور اگر ہم انسان کو اپنی مہربانی کا مزہ چکھا کر اس سے چھین لیتے ہیں تو وہ ناامید اور ناشکرا ہو جاتا ہے اور اگر اس کو کسی تکلیف کے بعد جو کہ اس پر واقع ہوئی ہو کسی نعمت کا مزہ چکھا دیں تو (ایسا اترا تا ہے کہ) کہنے لگتا ہے کہ میرا سب دکھ درد رخصت ہوا (اب کبھی نہ ہوگا پس) وہ اترانے لگتا ہے شیخی بگھارنے لگتا ہے مگر جو لوگ مستقل مزاج ہیں اور نیک کام کرتے ہیں (مراد اس سے مؤمنین ہیں کہ ان میں کم وبیش یہ خصال ہوتی ہیں سو) وہ ایسے نہیں ہوتے (بلکہ زوال نعمت کے وقت صبر سے کام لیتے ہیں اور عطائے نعمت کے وقت شکر وطاعت کہ حاصل ہے اعمال صالحہ کا بجالاتے ہیں پس) ایسے لوگوں کے لئے بڑی مغفرت اور بڑا اجر ہے (خلاصہ یہ کہ بجز مؤمنین کے اکثر آدمی ایسے ہی ہیں کہ ذرا سی میں نڈر ہو جاویں ذرا سی میں ناامید ہو جاویں اس لئے یہ لوگ تاخیر عذاب کے سبب بے خوف اور منکر ہو گئے)

ف: اور جب مضرت واقعہ کے زوال کے بعد اس کے وقوع ثانیاً کا احتمال بھول جاتے ہیں تو قیامت کی مضرت تو ابھی واقع بھی نہیں ہوئی اس کا انکار کیا عجب ہے اسی طرح نعمت واقعہ کے زوال کے بعد اس کے وقوع ثانیاً کا احتمال اس کو نہیں رہتا جس سے یاس ہو جاتا ہے اور ظاہراً اس مقام کا مقصود صرف لَئِنْ اَذَقْنٰهُ نَعْمَآءَ الخ سے حاصل ہے لیکن غالباً اس کی منشاء کی تاکید کے لئے دوسرا جملہ وَلَئِنْ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ الخ لایا گیا ہے کہ وہ منشاء دونوں میں مشترک ہے یعنی واقع فی الحال کے عدم زوال کا جزم اور واقع فی المآل کا عدم احتمال وَاللّٰهُ اَعْلَمُ اور اس آیت کے متعلق کچھ ضروری سورۂ یونس کے رکوع دوم کی آیت دوم میں لکھا گیا ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَلَئِنْ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ (الی قولہ تعالیٰ) عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ روح میں ہے اس شکایت میں اس طرف اشارہ ہے کہ بندہ کو ہر حالت میں عیش ہو یا بلاء ہو حق تعالیٰ ہی پر وثوق اور توکل چاہئے چنانچہ انسان کی طبعی حالت کو بیان فرما کر (رحمت کے بعد شدت ہونے پر یاس وکفران اور مصیبت کے بعد نعمت ہونے سے فرح اور فخر کرتا ہے) صابرین کو مستثنیٰ فرمانا مضمون بالا کی طرف مشیر ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی لیقولن بطور انکار واستہزاء لدلالۃ قرینۃ یستھزؤن علیہ ۱۲۔

اللغات: قولہ یوم یاتیھم منصوب بمعروف ۱۲۔

النحو: قولہ امۃ طائفۃ من الایام معدودۃ قلیلۃ لان ما یحصرہ العد قلیل ۱۲۔

البلاغۃ: خصص بالذکر حکم زوال النعمۃ بعد النعمۃ وزوال المضرۃ بعد المضرۃ ولم یذکر حکم المضرۃ والنعمۃ ابتداء افادۃ

www.besturdubooks.net

للمبالغة كما قررته في ف اى ليدل المذكور على غير المذكور بالاولىٰ ۱۲۔

فَلَعَلَّكَ تَارِكٌۢ بَعْضَ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ وَضَآىِٕقٌۢ بِهٖ صَدْرُكَ اَنْ يَّقُوْلُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ كَنْزٌ اَوْ جَآءَ
مَعَهٗ مَلَكٌ ؕ اِنَّمَآ اَنْتَ نَذِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ؕ ⑫ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ فَاْتُوْا بِعَشْرِ سُوَرٍ مِّثْلِهٖ
مُفْتَرَيٰتٍ وَّادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ⑬ فَاِلَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ
اُنْزِلَ بِعِلْمِ اللّٰهِ وَاَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ⑭ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا نُوَفِّ اِلَيْهِمْ
اَعْمَالَهُمْ فِيْهَا وَهُمْ فِيْهَا لَا يُبْخَسُوْنَ ⑮ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَيْسَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا النَّارُ ۖ وَحَبِطَ مَا صَنَعُوْا فِيْهَا وَبٰطِلٌ
مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ⑯

سو شاید آپ تنگ ہو کر ان احکام میں سے جو کہ آپ کے پاس وحی کے ذریعہ سے بھیجے جاتے ہیں بعض کو (کہ وہ تبلیغ ہے) چھوڑ دینا چاہتے ہیں اور آپ کا دل اس بات سے تنگ ہوتا ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ (اگر یہ) نبی ہیں تو ان پر کوئی خزانہ کیوں نہیں نازل ہوتا یا ان کے ہمراہ کوئی فرشتہ (جو ہم سے بھی بولتا) کیوں نہیں آیا۔ آپ تو (ان کفار کے اعتبار سے) صرف ڈرانے والے ہیں اور پورا اختیار رکھنے والا ہر شے پر (تو) اللہ ہی ہے۔ کیا (اس کی نسبت) یوں کہتے ہیں کہ (نعوذ باللہ) آپ نے اس کو (اپنی طرف سے) خود بنالیا ہے۔ آپ (جواب میں) فرما دیجئے کہ اگر یہ میرا بنایا ہوا ہے تو (اچھا) تم بھی اس جیسی دس سورتیں (جو تمہاری) بنائی ہوئی ہوں لے آؤ اور (اپنی مدد کیلئے) جن جن غیر اللہ کو بلا سکو بلا لو اگر تم سچے ہو۔ پھر اگر یہ کفار اگر تم لوگوں کا کہنا (کہ اس کی مثل بنا لاؤ) نہ کر سکیں تو تم (ان سے) کہہ دو کہ اب تو یقین کر لو کہ یہ قرآن اللہ ہی کے علم (اور قدرت) سے اترا ہے اور یہ (بھی یقین کر لو) کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں تو پھر اب بھی مسلمان ہو یا نہیں۔ جو شخص (اپنے اعمال خیر سے) محض حیات دنیوی (کی منفعت) اور اس کی رونق (کو حاصل کرنا) چاہتا ہے تو ہم ان لوگوں کے (اُن) اعمال (کی جزا) ان کو دنیا میں ہی پورے طور سے بھگتا دیتے ہیں اور ان کے لئے دنیا میں کچھ کمی نہیں ہوتی۔ یہ ایسے لوگ ہیں کہ ان کے لئے آخرت میں بجز دوزخ کے اور کچھ (ثواب وغیرہ) نہیں اور انہوں نے جو کچھ کیا تھا وہ آخرت میں سب (کا سب) ناکارہ (ثابت) ہوگا اور (واقع میں تو) جو کچھ کر رہے ہیں وہ (اب بھی) بے اثر ہے۔ ۞

تفسیر ربط: شروع سورت میں رسالت اور توحید کا بیان تھا آگے بھی رسالت کے متعلق اس ترتیب سے بحث ہے کہ اول ان کے استہزاء مذکور کی وجہ سے آپ کے ضیق قلب پر تسلی پھر مابہ الرسالت یعنی قرآن پر ان لوگوں کے شبہ کا جواب پھر حقیقت قرآن کی تصریح اور اس بحث رسالت کے ساتھ توحید کا بیان ہے جو کہ اعظم مقاصد رسالت سے ہے۔

بحث رسالت و بیان توحید ☆ فَلَعَلَّكَ تَارِكٌۢ (الی قولہ تعالیٰ) فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ⑭ (یہ لوگ جو انکار و استہزاء سے پیش آتے ہیں) سو شاید آپ (تنگ ہو کر) ان احکام میں سے جو کہ آپ کے پاس وحی کے ذریعہ سے بھیجے جاتے ہیں بعض کو (کہ وہ تبلیغ ہے) چھوڑ دینا چاہتے ہیں (یعنی کیا ایسا ممکن ہے کہ تبلیغ ترک کر دیں سو ظاہر ہے کہ ایسا ارادہ تو آپ کر نہیں سکتے پھر تنگ ہونے سے کیا فائدہ) اور آپ کا دل اس بات سے تنگ ہوتا ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ (اگر یہ نبی ہیں تو) ان پر کوئی خزانہ کیوں نہیں نازل ہوا یا ان کے ہمراہ کوئی فرشتہ (جو ہم سے بھی بولتا چالتا) کیوں نہیں آیا (یعنی ایسے خوارق کیوں نہیں دیئے گئے سو ایسی باتوں سے آپ تنگ نہ ہو جایئے کیونکہ) آپ تو (ان کفار کے اعتبار سے) صرف ڈرانے والے ہیں (یعنی پیغمبر ہیں جس کے لئے مطلق خارق کی ضرورت ہے نہ کہ خارق خاص کی) اور پورا اختیار رکھنے والا ہر شئے پر (تو) اللہ ہی ہے (آپ نہیں ہیں جب یہ بات ہے تو ان خوارق کا ظاہر کرنا آپ کے اختیار سے باہر ہے پھر اس کی فکر اور اس فکر سے تنگی کیوں ہوں اور چونکہ پیغمبر کے لئے مطلق خارق کی ضرورت ہے اور آپ کا بڑا خارق قرآن ہے تو اس کو نہ ماننے کی کیا وجہ) کیا (اس کی نسبت) یوں کہتے ہیں کہ (نعوذ باللہ) آپ نے اس کو (اپنی طرف سے) خود بنالیا ہے آپ جواب میں فرما دیجئے کہ (اگر یہ میرا بنایا ہوا ہے) تو (اچھا) تم بھی اس جیسی دس سورتیں (جو تمہاری) بنائی ہوئی (ہوں) لے آؤ اور (اپنی مدد کے لئے) جن جن غیر اللہ کو بلا سکو بلا لو اگر تم سچے ہو پھر یہ کفار اگر تم لوگوں کا (یعنی پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم اور مؤمنین کا یہ) کہنا (کہ اس کی مثل بنا لاؤ) نہ کر سکیں تو تم (ان سے کہہ دو کہ اب تو) یقین کر لو کہ یہ قرآن اللہ ہی کے علم (اور قدرت) سے اترا ہے (اس میں اور کسی کے نہ علم کا دخل ہے اور نہ قدرت کا) اور یہ (بھی یقین کر لو) کہ اللہ کے سوا کوئی اور معبود نہیں (کیونکہ معبود صفات

www.besturdubooks.net

الوہیت میں کامل ہوتا ہے پھر اگر اور کوئی ہوتا تو اس کو قدرت بھی پوری ہوتی اور اس قدرت سے وہ تم لوگوں کی مدد کرتا کہ تم اس کا مثل لے آتے کیونکہ موقع تحقیق دین کا اس کو مقتضی تھا پس عجز عن الاتیان بالمثل سے رسالت اور توحید دونوں ثابت ہوگئیں جب دونوں ثابت ہوگئیں) تو پھر اب بھی مسلمان ہوتے ہو (یا نہیں)

ف: سورۂ یونس اور بقرہ میں بِسُوْرَةٍ مثلہ ہے سو سورۂ بقرہ تو مدنی ہے اس سے عاجز ہونے کے بعد ایک سورت سے معارضہ مناسب ہے اور سورۂ یونس اگر مدنی ہے جیسا اتقان میں ایک قول نقل کیا ہے تو اس کی بھی یہی توجیہ ہے اور اگر مکی ہے اور ہود سے مقدم ہے جیسا اتقان میں یہ قول بھی ہے تو میرے نزدیک اس کی توجیہ یہ ہے کہ اعجاز فی نفسہ کے اعتبار سے تو ایک سورت سے معارضہ کیا گیا اور ان کے دعوئ قدرت کے اعتبار سے کہ ان کا قول تھا لَوْ نَشَآءُ لَقُلْنَا مِثْلَ هٰذَآ [الأنفال : ۳۱] دس سورتوں کا معارضہ کیا گیا واللہ اعلم۔

ربط اوپر بعض آیات میں ان منکرین توحید ورسالت وقرآن وبعث کو عذاب کی وعید سنائی گئی ہے اس پر وہ کہہ سکتے تھے کہ ہم تو بڑے بڑے نیک کام کرتے ہیں جیسے مہمانداری، غریب پروری، صلہ رحمی وغیرہا تو اگر قیامت کوئی چیز ہے تو ہم کو تو ثواب ہوگا نہ کہ عذاب جیسا اس قول میں بھی ہے : وَلَئِنْ رُّجِعْتُ اِلٰى رَبِّيْٓ اِنَّ لِيْ عِنْدَهٗ لَلْحُسْنٰى۔ اس لئے آگے اس زعم کا ابطال فرماتے ہیں۔

ابطال زعم کفار استحقاق ثواب را بر اعمال خود ☆ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا (الی قولہ تعالیٰ) وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ جو شخص (اپنے اعمال خیر سے) محض حیات دنیوی (کی منفعت) اور اس کی رونق (کا حاصل کرنا) چاہتا ہے (جیسے شہرت ونیک نامی وجاہ اور ثواب آخرت حاصل کرنے کی اس کی نیت نہ ہو) تو ہم ان لوگوں کے (ان) اعمال (کی جزا) ان کو دنیا ہی میں پورے طور سے بھگتا دیتے ہیں اور ان کے لئے دنیا میں کچھ کمی نہیں ہوتی (یعنی دنیا ہی میں اعمال کے عوض ان کو نیک نامی اور صحت وفراغ عیش وکثرت اموال واولاد عنایت کر دیا جاتا ہے جب کہ ان کے اعمال کا اثر ان کے اضداد پر غالب ہو اور اگر اضداد غالب ہوں تو پھر یہ اثر نہیں مرتب ہوتا یہ تو دنیا میں ہوا رہا آخرت میں سو) یہ ایسے لوگ ہیں ان کے لئے آخرت میں بجز دوزخ کے اور کچھ (ثواب وغیرہ) نہیں اور انہوں نے جو کچھ کیا تھا وہ آخرت میں سب (کا سب) ناکارہ (ثابت) ہوگا اور (واقع میں تو) جو کچھ کر رہے ہیں وہ (اب بھی) بے اثر ہے (بوجہ فساد نیت کے مگر صورت ظاہری کے اعتبار سے ثابت سمجھا جاتا ہے آخرت میں یہ ثبوت بھی زائل ہو جاوے گا۔ ف: اس آیت کا یہ مطلب نہیں کہ کفار کی نیت بجز دنیا کے کچھ نہیں ہوتی بلکہ ان میں جو ایسے ہوتے ہیں کہ ان کی نیت بجز دنیا کے کچھ نہ ہو اس آیت میں ان کا بیان ہے جیسا بعض اوقات بعض مسلمانوں کی نیت بھی صرف دنیا ہی کے لئے ہوتی ہے اسی واسطے بعض مفسرین نے آیت کو عام کہا ہے مگر اولیٰ یہ ہے کہ کفار کے ساتھ خاص کہا جاوے بقرینہ لَيْسَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا النَّارُ۔ کے گو اس میں یہ تاویل ممکن ہے : لیس لهم على هذه الاعمال الا النار لیکن تاویل بعید ہے ونیز احتمال عفو موجود ہے اور مؤمنین میں جو ریاکار ہیں ان کے لئے اور احادیث آئی ہیں اسی طرح جن کفار کی نیت تحصیل ثواب آخرت کی ہوتی ہے ان کا حکم دوسرے مقام سے مستفاد ہوتا ہے جن میں ایمان کا شرط ہونا قبول اعمال کے لئے ثابت ہے اور آیت میں ظاہراً دو حکم مذکور ہیں ایک یہ کہ دنیا میں ضرور جزا مل جاتی ہے دوسرا یہ کہ آخرت میں کچھ نفع نہیں اول پر یہ اشکال موہوم ہوتا ہے کہ بعض اوقات دنیا میں بھی کچھ نہیں ملتا دوسرے پر یہ شبہ ہوتا ہے کہ بعض روایات سے آخرت میں تخفیف عذاب مفہوم ہوتی ہے جیسا ابوطالب کے واسطے آیا ہے اشکال اول کا جواب تقریر ترجمہ سے معلوم ہو گیا کہ اعمال نیک واعمال بد کی خصوصیت کے آثار مختلف ہیں دونوں کے مجموعہ کے اعتبار سے جو غالب ہوگا اسی کا اثر مرتب ہوگا اور یہ خصوصیات ہمارے علم میں منضبط نہیں مخصوص بعلم الٰہی ہیں دوسرے شبہ کا جواب میرے نزدیک یہ ہے کہ وہ تخفیف ابتداء ہی سے ہوگی یعنی بعض کو پہلے ہی سے ہلکا عذاب شروع ہوگا لیکن جس درجہ کا عذاب شروع ہو جاوے گا پھر کم نہ ہوگا بلکہ زِدْنٰهُمْ عَذَابًا فَوْقَ الْعَذَابِ [النحل : ۸۸] سے بظاہر تزاید معلوم ہوتا ہے گو خفیف مع الزائد غیر خفیف مع الزائد سے خفیف رہے گا اور اس اعتبار سے ابوطالب کا عذاب دائماً سب سے ہون رہے گا واللہ اعلم۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ فَلَعَلَّكَ تَارِكٌۢ بَعْضَ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ وَضَآئِقٌۢ بِهٖ صَدْرُكَ ترک بعض وحی سے مراد ترک تبلیغ بعض وحی ہے اور سبب اس کا ضیق صدر ہے جو کلام سے مانع ہوتا ہے جب کہ متکلم مخاطب صحیح محل قابل نہیں پاتا اور یہ لعل ترجی طبعی کے لئے ہے گو اس کے مقتضاء یعنی ترک کا وقوع نہیں ہوا تو اس میں دو امر پر دلالت ہوئی ایک یہ کہ مرید کو جب کلام شیخ کی طرف رغبت وتوجہ نہیں ہوتی شیخ کا قلب منقبض ہو جاتا ہے دوسرے یہ کہ اگر ارشاد ضروری ہو تو شیخ کو اس انقباض کے مقتضا یعنی ترک کلام پر عمل نہ کرنا چاہئے۔ قولہ تعالیٰ : فَاِلَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اُنْزِلَ بِعِلْمِ اللّٰهِ اور یہ علم تو مؤمنین کو عجز کفار کے ظاہر ہونے کے قبل بھی حاصل تھا تو مراد اس سے اس علم کی قوت ہے تو اس میں دلالت ہوئی کہ خوارق کو قوت اعتقاد میں خاص دخل ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ : مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا الخ روح میں اس طرح تفسیر کی ہے کہ جو شخص اپنے عمل اخروی سے حیات دنیا کا مثل جاہ اور مدح کا قصد کرے ہم ان کو ان کے اعمال کی جزاء دنیا میں پوری دے دیتے ہیں بشرطیکہ ہم چاہیں الخ میں کہتا ہوں کہ اس کے عموم میں لذات نفسانیہ اور مواجید طبعیہ بھی داخل ہو گئے کیونکہ یہ بھی

www.besturdubooks.net

دنیا ہی میں داخل ہیں ۱۲۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَةِ : ۱ قوله فی لعلك شاید کیا ایسا ممکن الخ اشارة الی ان الترجی قد یستعمل للتبعید والاستفهام مجازًا نظرًا الی دلالة ظاهر الحال فان ظاهرا لضیق مما یدل علی ذلك وباطن الامر یمنع عن ذلك فافاد التبعید ۱۲۔ ۲ قوله فی بعض بعض الی تبلیغ اخذته من الدر المنثور عن ابن جریج فی تفسیر البعض ان تفعل فیه ما امرت وتدعوا الیه کما ارسلت ۱۲۔ ۳ قوله فی ضائق اورآپ کا اشارة الی عطفه علی الترجی وعلی المترجی لان الضیق واقع لا متوقع ۱۲۔ ۴ قوله فی به اس بات سے الی کہ وہ اشارة الی کون ان یقولوا بدلا من الضمیر المجرور فالضمیر المجرور مبهم یشهد بذلك قوله تعالٰی یضیق صدرك بما یقولون وهو ارجح عندی علی عود الضمیر الی البعض او ما یوحی واشارة الی کون ان یقولو بمعنی المضی لوقوع القول ۱۲۔ ۵ قوله فی نذیر کفار کے اعتبار سے فلا ینافی کونه بشیرا ۱۲۔ ۶ قوله فی فان لم یستجیبوا یہ کفار الی قوله مؤمنین کالتایده بقوله تعالٰی فان لم یستجیبوا لك اما معنی قوله فاعلموا فبتقدیر القول عندی ای فان لم یستجیبوا لکم فقولوا لهم اعلموا والقرینة علیه فهل انتم مسلمون لانه خوطب بمثله الکفار فی آخر سورة الانبیاء وهذا التفسیر من المواهب ۱۲۔

۷ قوله فی بعلم الله اورقدرت لدلالة المقام علیه وانما خص العلم بالذکر لان نفی العلم عن غیر الله المدلول علیه بالحصر یستلزم بالاول نفی القدرة لان ما لا یعلمه المرء لا یقدر علیه ۱۲۔ ۸ قوله فی توضیح لا اله الا هو موقع تحقیق دین فلا یرد عدم وجوب شیء علی المعبود لان التلبیس ممتنع عادة وان کان مقدورا ۱۲۔

اَلْبَلَاغَةُ : قوله ضائق ولم یقل ویضیق به صدرك (علی صیغة الصفة المشبهة) دلالة علی انه ضیق حادث لانه صلی الله علیه وسلم افسح الناس صدرا آه قوله مثله نعت لسورة وکان الظاهر مطابقة لها فی الجمع لکنه افرد باعتبار مماثلة کل واحدة منها اذ هو المقصود لا مماثلة المجموع کذا فی الروح ۱۲۔ قوله فیها مکررا فائدته افادته من اول الامر ان عدم الخبس لیس الا فی الدنیا فلو لم یذکر توهم انه مطلق ویجوز ان یکون للتاکید کذا فی الروح قوله فی الآیة الاولی قوله نوف ولا یبخسون وقوله فی الثانیة قوله حبط وباطل قد ذکر الفرق بین المتعاطفین فی الثانیة فی تقدیر الترجمة واما بین المتعاطفین الاولٰی فظاهر ان احدهما فیه اثبات امرو فی الآخر نفی ضده ۱۲۔

أَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ وَيَتْلُوْهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا وَّرَحْمَةً ؕ اُولٰٓئِكَ يُؤْمِنُوْنَ
بِهٖ ؕ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِهٖ مِنَ الْاَحْزَابِ فَالنَّارُ مَوْعِدُهٗ ۚ فَلَا تَكُ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْهُ ۫ اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ
لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ؕ اُولٰٓئِكَ يُعْرَضُوْنَ عَلٰى رَبِّهِمْ وَيَقُوْلُ الْاَشْهَادُ
هٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ ۚ اَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۸﴾ الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ
اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ؕ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۱۹﴾ اُولٰٓئِكَ لَمْ يَكُوْنُوْا مُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ وَمَا كَانَ
لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ ۘ يُضٰعَفُ لَهُمُ الْعَذَابُ ؕ مَا كَانُوْا يَسْتَطِيْعُوْنَ السَّمْعَ وَمَا كَانُوْا يُبْصِرُوْنَ ﴿۲۰﴾
اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۲۱﴾ لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ هُمُ
الْاَخْسَرُوْنَ ﴿۲۲﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَخْبَتُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ ۙ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۳﴾
مَثَلُ الْفَرِيْقَيْنِ كَالْاَعْمٰى وَالْاَصَمِّ وَالْبَصِيْرِ وَالسَّمِيْعِ ؕ هَلْ يَسْتَوِيٰنِ مَثَلًا ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۴﴾

کیا منکر قرآن ایسے شخص کی برابری کرسکتا ہے جو قرآن کریم پر قائم ہو جو کہ اس کے رب کی طرف سے آیا ہے اور اس (قرآن) کے ساتھ ایک گواہ تو اس میں موجود ہے اور

www.besturdubooks.net

(ایک) اس سے پہلے (یعنی) موسیٰ کی کتاب ہے جو کہ (احکام بتلانے کے اعتبار سے) امام ہے اور رحمت ہے۔ ایسے لوگ اس قرآن پر ایمان رکھتے ہیں اور (کافر کا حال یہ ہے کہ) جو شخص دوسرے فرقوں میں سے اس قرآن کا انکار کرے گا تو دوزخ اس کے وعدہ کی جگہ ہے۔ سوائے مخاطب تم قرآن کی طرف سے شک میں مت پڑنا بلاشک و شبہ وہ سچی کتاب ہے تمہارے رب کے پاس سے (آئی ہے) لیکن باوجود ان دلائل کے غضب ہے کہ بہت سے آدمی ایمان نہیں لاتے اور ایسے شخص سے کون زیادہ ظالم ہوگا جو اللہ پر جھوٹ باندھے ایسے لوگ (قیامت کے روز) اپنے رب کے سامنے پیش کئے جائیں گے اور (اعمال کے) گواہ فرشتے (علی الاعلان) یوں کہیں گے کہ یہ لوگ وہ ہیں کہ جنہوں نے اپنے رب کی نسبت جھوٹی باتیں لگائی تھیں۔ سب سن لو کہ ایسے ظالموں پر خدا کی زیادہ لعنت ہے۔ جو کہ (اپنے کفر و ظلم کے ساتھ) دوسروں کو بھی خدا کی راہ (یعنی دین) سے روکتے تھے اور اس (راہ) میں بھی (اور شبہات) نکالنے کی تلاش (اور فکر) میں رہا کرتے تھے۔ (تاکہ دوسروں کو گمراہ کریں) اور وہ آخرت کے بھی منکر تھے۔ یہ لوگ (تمام) زمین (کے تختہ) پر (بھی) خدا تعالیٰ کو عاجز نہیں کر سکتے تھے اور نہ ان کا خدا کے سوا کوئی مددگار ہوا۔ (کہ بعد گرفتاری کے چھڑا لیتا) ایسوں کو (اوروں سے) دونی سزا ہوگی۔ یہ لوگ سن نہ سکتے تھے اور نہ (غایت عناد سے راہ حق کو) دیکھتے تھے۔ یہ وہ لوگ ہیں جو اپنے آپ کو برباد کر بیٹھے اور جو معبود انہوں نے تراش رکھے تھے (آج) ان سے سب غائب (اور گم) ہو گئے (کوئی بھی تو کام نہ آیا پس) لازمی بات ہے کہ آخرت میں سب سے زیادہ خسارہ میں یہی لوگ ہوں گے۔ بیشک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اچھے اچھے کام کئے اور (دل سے) اپنے رب کی طرف جھکے ایسے لوگ اہل جنت ہیں (اور) وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ دونوں فریق (مذکورین یعنی مؤمن و کافر) کی حالت ایسی ہے جیسے ایک شخص ہو اندھا بھی اور بہرا بھی اور ایک شخص ہو کہ دیکھتا بھی ہو اور سنتا بھی ہو (اس کو سمجھنا بہت آسان ہے) کیا یہ دونوں شخص حالت میں برابر ہیں۔ کیا تم (اس تفاوت) سمجھتے نہیں۔ ۞

تفسیر ربط : اوپر آیات میں کفار کا قرآن تکذیب کرنا مذکور تھا آگے مؤمنین کا اس کی تصدیق کرنا مع وجہ استدلال کے اس کے حق ہونے پر مذکور ہے اور مؤمنین کے مقابلہ میں منکرین کی وعید کا بھی ذکر فرما دیا گیا ہے۔

تصدیق مؤمنین مر قرآن ثابت بالدلیل راو وعید مکذبین ☆ اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ (الی قولہ تعالیٰ) وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ کیا منکر قرآن ایسے شخص کی برابری کر سکتا ہے جو قرآن پر قائم ہو جو کہ اس کے رب کی طرف سے آیا ہے اور اس (قرآن) کے ساتھ ایک گواہ تو اسی میں موجود ہے (یعنی اس کا معجز ہونا جو کہ دلیل عقلی ہے) اور (ایک) اس سے پہلے (یعنی) موسیٰ (علیہ السلام) کی کتاب (یعنی توریت اس کے ساتھ شہادت کے لئے موجود) ہے جو کہ (احکام بتلانے کے اعتبار سے) امام ہے اور (ان احکام پر جو ثمرہ و ثواب ملے گا اس کے اعتبار سے وہ کتاب سبب) رحمت ہے (اور یہ دلیل نقلی ہے غرض قرآن کے صدق و صحت کے لئے دونوں دلیلیں موجود ہیں پس ان ہی دلائل کے سبب سے) ایسے لوگ (جن کا ذکر ہوا کہ وہ صاحب بینہ ہیں) اس قرآن پر ایمان رکھتے ہیں اور (کافر کا حال یہ ہے کہ) جو شخص دوسرے فرقوں میں سے اس قرآن کا انکار کرے گا تو دوزخ اس کے وعدہ کی جگہ ہے (پھر منکر قرآن مصداق قرآن کے برابر کب ہوا) سو (اے مخاطب) تم قرآن کی طرف سے شک میں مت پڑنا بلاشک وشبہ وہ سچی کتاب ہے تمہارے رب کے پاس سے (آئی) ہے لیکن (باوجود ان دلائل کے غضب ہے کہ) بہت سے آدمی ایمان نہیں لاتے۔ ربط : اوپر کی آیت سے مصدقین و منکرین کی عدم مساوات حالت میں مفہوم ہے آگے دونوں کا غیر مساوی جزاء میں ہونا مع ایک مثال کے مذکور ہے۔

تفصیل انجام مکذبین و مصدقین ☆ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا (الی قولہ تعالیٰ) اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝ اور ایسے شخص سے زیادہ کون ظالم ہوگا جو اللہ پر جھوٹ باندھے (کہ اس کی توحید کا اس کے رسول کی رسالت کا اس کے کلام ہونے کا انکار کرے) ایسے لوگ (قیامت کے روز) اپنے رب کے سامنے (مفتری ہونے کی حیثیت سے) پیش کئے جاویں گے اور (اعمال کے) گواہ فرشتے (علی الاعلان) یوں کہیں گے کہ یہ وہ لوگ ہیں کہ جنہوں نے اپنے رب کی نسبت جھوٹی باتیں لگائی تھیں سب سن لو کہ ایسے ظالموں پر خدا کی (زیادہ) لعنت ہے جو کہ (اپنے کفر و ظلم کے ساتھ) دوسروں کو بھی خدا کی راہ (یعنی دین) سے روکتے تھے اور اس (راہ دین) میں کجی (اور شبہات) نکالنے کی تلاش (اور فکر) میں رہا کرتے تھے (تاکہ دوسروں کو گمراہ کریں) اور وہ آخرت کے بھی منکر تھے (یہ فرشتوں کے اعلان کا مضمون تھا آگے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ) یہ لوگ (تمام) زمین (کے تختہ) پر (بھی) خدا تعالیٰ کو عاجز نہیں کر سکتے تھے (کہ کہیں جا چھپتے اور خدا تعالیٰ کے ہاتھ نہ آتے) اور نہ ان کا خدا کے سوا کوئی مددگار ہوا (کہ بعد گرفتاری کے چھڑا لیتا) ایسوں کو (اوروں سے) دونی سزا ہوگی (ایک اپنے کافر ہونے کی ایک دوسروں کو کافر بنانے کی کوشش کرنے کی) یہ لوگ (مارے نفرت کے احکام الٰہی کو) سن نہ سکتے تھے اور نہ (غایت عناد سے راہ حق) کو دیکھتے تھے یہ وہ لوگ ہیں جو اپنے آپ کو برباد کر بیٹھے اور جو معبود انہوں نے تراش رکھے تھے (آج) ان سے سب غائب (اور گم) ہو گئے (کوئی بھی تو کام نہ آیا پس) لازمی بات ہے کہ آخرت میں سب سے زیادہ خسارہ میں یہی لوگ ہوں گے (یہ تو انجام ہوگا کافروں کا آگے مسلمانوں کا انجام مذکور ہے کہ بیشک) جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اچھے اچھے کام کئے اور (دل سے) اپنے رب کی طرف جھکے (یعنی انقیاد اور خشوع دل میں پیدا کیا) ایسے لوگ اہل جنت ہیں (اور) وہ اس

www.besturdubooks.net

میں ہمیشہ رہا کریں گے (یہ دونوں کے انجام کا تفاوت بیان ہوگیا آگے تفاوت حال کی مثال ہے جس پر تفاوت فی المآل مرتب ہوتا ہے پس ارشاد ہے کہ) دونوں فریق (مذکورین یعنی مؤمن وکافر) کی حالت ایسی ہے جیسے ایک شخص ہو اندھا بھی اور بہرا بھی (جو نہ عبارت کو سنے نہ اشارہ کو دیکھے تو اس کے سمجھنے کی عادۃً کوئی صورت ہی نہیں) اور ایک شخص ہو کہ دیکھتا بھی ہو اور سنتا بھی ہو (اس کو سمجھنا بہت آسان) کیا یہ دونوں شخص حالت میں برابر ہیں (ہرگز نہیں یہ ہی حالت کافر اور مسلمان کی ہے کہ وہ ہدایت سے بہت دور ہے اور یہ ہدایت کے ساتھ موصوف ہے) کیا تم (اس تفاوت کو) سمجھتے نہیں (یعنی اس میں تردد ہونے کی گنجائش ہی نہیں بہت بدیہی ہے)۔ ف: یضاعف کے ترجمہ میں جو یہ قید ظاہر کر دی گئی کہ اوروں سے اس سے یہ شبہ دفع ہوگیا کہ قرآن میں یہ آیا ہے: مَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزٰٓى اِلَّا مِثْلَهَا۔ وجہ دفع ظاہر ہے کہ مماثلت تو عمل کے ساتھ ہے اور مضاعفت اوروں کے اعتبار سے ہے بوجہ مضاعفت عمل کے اور اگر يَصُدُّوْنَ کو صدود بمعنی الاعراض سے لیا جاوے جس میں دوسروں کو گمراہ کرنا ماخوذ ومعتبر نہیں تو مضاعفت بوجہ عمل تعدد عمل کے نہیں بلکہ بوجہ شدت عمل صدود کے ہے کہ وہ شدت خود مقتضی ازدیادِ عذاب کو ہے اس اعتبار سے مماثلت محفوظ ہے خوب سمجھ لو اور اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَخْبَتُوْٓا [هود: ۲۳] میں اشارہ ہوگیا تمام عقائد واعمال وکیفیات نفسانیہ کی طرف۔

تَرْجَمَۃُ مَسَائِلِ السُّلُوْكِ: قولہ تعالیٰ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اور اسی کی نظیر وہ شخص ہے جو اپنی وضع ودعویٰ سے ولایت ظاہر کرتا ہو اور اولیاء اللہ کے کلمات کے ساتھ تکلم کرتا ہو مگر باطن میں فاسق اور جاہل ہو ۱۲۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃِ: ۱ قوله فی یعرضون مفتری ہونے کی الخ قید به لان العرض عام ۱۲۔ ۲ قوله فی یقول الاشهاد علی الاعلان دلیله قوله علیه السلام واما الکفار والمنافقون فیقول الاشهاد الخ مقابله لقوله علیه السلام قال تعالٰی فانی قد سترتها رواه الشیخان ۱۲۔ ۳ قوله فی لعنة الله زیاده لان اللعن عام لجمیع الکفار ۱۲۔ ۴ قوله فی هم کٰفرون فرشتوں کے دلیله ما فی الحدیث المذکور فیقول الاشهاد هؤلاء الذین کذبوا علی ربهم الا لعنة الله علی الظالمین ۱۲۔ ۵ قوله فی الارض تختہ اشارة الی فائدة الزیادة کما فی الروح لم یکونوا لعجزین فی الارض مع سعتها وان هربوا منها کل مهرب ۱۲۔ ۶ قوله فی خسروا برباد اشارة الٰی ان فوتهم سعادة الانفس کفوتهم انفسهم فان الخسار ضیاع الشیئ لا الضاعة الشیئ ۱۲۔ ۷ قوله قبل مثل الفریقین جس پر تفاوت فجمع بهذا الاعتبار کلا التفاوتین ۱۲۔ ۸ قوله فی الاعمٰی والاصم بھی اشارة الی ان المجموع احد طرفی التشبیه ۱۲۔

النَّحْوُ: قوله افمن کان الفاء للتعقیب الذکری او ترتیب عدم المماثلة علی ما بین من الحالین فی ما قبل ومن کان مبتدأ محذوف خبره ای کمن لیس کذلك والتاء فی الهیئة للمبالغة او النقل وباعتبار ذلك ذکر الضمیر الراجع الیه فی یتلوه ومن ربه صفة له ویعطف علی الصفة ویتلوه ویعطف علی شاهد قوله ومن قبله کتاب موسٰی ومن فی من الاحزاب بیانیة والمراد به احزاب الکفار ۱۲۔

البَلَاغَۃُ: قوله وهم بالأخرة هم کٰفرون کررهم للتاکید قوله ما کانوا یستطیعون هو نظیر قول القائل العاشق لا یستطیع ان یسمع کلام العاذل ۱۲۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖٓ ۙ اِنِّيْ لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۲۵﴾ اَنْ لَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ۭ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ
يَوْمٍ اَلِيْمٍ ﴿۲۶﴾ فَقَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ مَا نَرٰىكَ اِلَّا بَشَرًا مِّثْلَنَا وَمَا نَرٰىكَ اتَّبَعَكَ اِلَّا
الَّذِيْنَ هُمْ اَرَاذِلُنَا بَادِيَ الرَّاْيِ ۚ وَمَا نَرٰى لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلٍۭ بَلْ نَظُنُّكُمْ كٰذِبِيْنَ ﴿۲۷﴾ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ
اِنْ كُنْتُ عَلٰي بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَاٰتٰىنِيْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِهٖ فَعُمِّيَتْ عَلَيْكُمْ ۭ اَنُلْزِمُكُمُوْهَا وَاَنْتُمْ لَهَا
كٰرِهُوْنَ ﴿۲۸﴾ وَيٰقَوْمِ لَآ اَسْـَٔـلُكُمْ عَلَيْهِ مَالًا ۭ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَي اللّٰهِ وَمَآ اَنَا بِطَارِدِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۭ اِنَّهُمْ مُّلٰقُوْا
رَبِّهِمْ وَلٰكِنِّيْٓ اَرٰىكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُوْنَ ﴿۲۹﴾ وَيٰقَوْمِ مَنْ يَّنْصُرُنِيْ مِنَ اللّٰهِ اِنْ طَرَدْتُّهُمْ ۭ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۳۰﴾ وَلَآ اَقُوْلُ
لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَاۗىِٕنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ اَقُوْلُ اِنِّيْ مَلَكٌ وَّلَآ اَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ تَزْدَرِيْٓ اَعْيُنُكُمْ لَنْ

www.besturdubooks.net

يُؤْتِيَهُمُ اللّٰهُ خَيْرًا ۭ اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۚ اِنِّىْٓ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ قَالُوْا يٰنُوْحُ قَدْ جٰدَلْتَنَا فَاَكْثَرْتَ جِدَالَنَا

فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝ قَالَ اِنَّمَا يَاْتِيْكُمْ بِهِ اللّٰهُ اِنْ شَاۗءَ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ۝ وَلَا

يَنْفَعُكُمْ نُصْحِيْٓ اِنْ اَرَدْتُّ اَنْ اَنْصَحَ لَكُمْ اِنْ كَانَ اللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ يُّغْوِيَكُمْ ۭ هُوَ رَبُّكُمْ ۣ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝

اور ہم نے نوح (علیہ السلام) کو ان کی قوم کے پاس رسول بنا کر (یہ پیغام دے کر) بھیجا کہ تم اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کی عبادت مت کرو۔ میں تم کو (درصورت عبادت غیر اللہ کے) صاف صاف ڈراتا ہوں۔ میں تمہارے حق میں ایک بڑے تکلیف دینے والے دن کے عذاب کا اندیشہ کرتا ہوں۔ سو ان کی قوم میں جو کافر سردار تھے وہ (جواب میں) کہنے لگے کہ ہم تو تم کو اپنے ہی جیسا آدمی دیکھتے ہیں اور ہم دیکھتے ہیں کہ تمہارا اتباع انہیں لوگوں کے سامنے بالکل رذیل ہیں۔ (جن کی عقل اکثر خفیف ہوتی ہے پھر) وہ (اتباع) بھی محض سرسری رائے سے اور ہم تم لوگوں میں (یعنی تم میں اور مسلمانوں میں) کوئی بات اپنے سے زیادہ بھی نہیں پاتے بلکہ ہم تم کو (بالکل) جھوٹا سمجھتے ہیں۔ نوح نے فرمایا کہ اے میری قوم بھلا یہ تو بتلاؤ کہ اگر میں اپنے رب کی جانب سے دلیل پر (قائم) ہوں (جس سے میری نبوت ثابت ہوئی ہو) اور اس نے مجھ کو اپنے پاس سے رحمت (یعنی نبوت) عطا فرمائی ہو۔ پھر وہ نبوت یا اس کی حجت، تم کو نہ سوجھتی ہو تو (میں کیا کروں مجبور ہوں) کیا ہم اس (دعویٰ یا دلیل) کو تمہارے گلے مڑھ دیں اور تم اس سے نفرت کئے چلے جاؤ اور (اتنی بات اور زائد فرمائی کہ) اے میری قوم میں تم سے اس (تبلیغ) پر کچھ مال نہیں مانگتا۔ میرا معاوضہ تو صرف اللہ کے ذمہ ہے اور میں تو ان ایمان والوں کو نکالتا نہیں کیونکہ یہ لوگ اپنے رب کے پاس (عزت و مقبولیت کے ساتھ) جانے والے ہیں لیکن واقعی میں تم لوگوں کو دیکھتا ہوں کہ (خواہ مخواہ) جہالت کر رہے ہو (اور بے ڈھب باتیں کر رہے ہو) اور (بالفرض والتقدیر) اگر میں ان کو بھی نکال دوں تو (یہ بتلاؤ) مجھ کو خدا کی گرفت سے کون بچا لے گا۔ کیا تم اتنی بات بھی نہیں سمجھتے۔ اور میں تم سے یہ نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ کے تمام خزانے ہیں اور نہ میں (یہ کہتا ہوں کہ میں) تمام غیب کی باتیں جانتا ہوں اور نہ یہ کہتا ہوں کہ میں فرشتہ ہوں اور جو لوگ تمہاری نگاہوں میں حقیر ہوں، میں ان کی نسبت (تمہاری طرح) یہ نہیں کہہ سکتا کہ اللہ تعالیٰ ہرگز ان کو ثواب نہ دے گا۔ ان کے دل میں جو کچھ ہو اس کو اللہ ہی خوب جانتا ہے۔ میں تو (اگر ایسی بات کہہ دوں تو) اس صورت میں ستم ہی کروں۔ وہ کہنے لگے کہ اے نوح تم ہم سے بحث کر چکے ہو پھر بات بھی بہت کر چکے اب ہم بحث وحث نہیں کرتے ہو (کہ عذاب آ جائے گا۔ وہ ہمارے سامنے لے آؤ۔ اگر تم سچے ہو۔ انہوں نے فرمایا کہ اس کو اللہ تعالیٰ بشرطیکہ اس کو منظور ہو تمہارے سامنے لائے گا اور (اس وقت پھر) تم اس کو عاجز نہ کر سکو گے اور میری خیر خواہی تمہارے کام نہیں آ سکتی گو میں تمہاری کیسی ہی خیر خواہی کرنا چاہوں جب کہ اللہ تعالیٰ ہی کو تمہارا گمراہ کرنا منظور ہو۔ وہی تمہارا مالک ہے اور اسی کے پاس تم کو جانا ہے۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر یہاں تک جو مضامین مذکور ہو چکے ہیں توحید و رسالت و وقوع وعید فلاح مؤمنین خسران کفار ان سب کی تقریر و تائید کے لئے آگے چند قصص مذکور ہوتے ہیں۔

قصہ حضرت نوح علیہ السلام با قوم او ☆ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا (الی قولہ تعالیٰ) هُوَ رَبُّكُمْ ۣ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝ اور ہم نے نوح (علیہ السلام) کو ان کی قوم کے پاس رسول بنا کر (یہ پیغام دے کر) بھیجا کہ تم اللہ کے سوا کسی اور کی عبادت مت کرو (اور جو بت تم نے قرار دے رکھے ہیں ود اور سواع اور یغوث اور یعوق اور نسر ان کو چھوڑ دو چنانچہ حضرت نوح علیہ السلام نے جا کر ان سے فرمایا کہ) میں تم کو (درصورت عبادت غیر اللہ کے) صاف صاف ڈراتا ہوں (اور اس ڈرانے کی تفصیل یہ ہے کہ) میں تمہارے حق میں ایک بڑے تکلیف دینے والے دن کے عذاب کا اندیشہ کرتا ہوں سو ان کی قوم میں جو کافر سردار تھے وہ (جواب میں) کہنے لگے کہ (تم جو نبوت کا دعویٰ کرتے ہو جیسا نذیر مبین سے معلوم ہوتا ہے تو ہمارے جی کو یہ بات نہیں لگتی کیونکہ) ہم تو تم کو اپنا ہی جیسا آدمی دیکھتے ہیں (اور بشر کا نبی ہونا دور از کار ہے) اور اگر (بعض لوگوں کے اتباع کرنے سے استدلال کیا جاوے تو وہ قابل استدلال نہیں کیونکہ) ہم دیکھتے ہیں کہ تمہارا اتباع انہیں لوگوں نے کیا ہے جو ہم میں بالکل رذیل ہیں (جن کی عقل اکثر خفیف ہوتی ہے پھر) وہ (اتباع) بھی محض سرسری رائے سے (ہوا ہے یعنی اول تو ان کی عقل ہی صائب نہیں غور کے بعد بھی غلطی کرتے دوسرے پھر غور بھی نہیں کیا اسی لئے ایسے لوگوں کا تم کو نبی سمجھ لینا یہ کوئی حجت نہیں بلکہ بالعکس ہمارے اتباع سے مانع ہے کیونکہ شرفاء کو رذیلوں کی موافقت سے عار آتی ہے نیز اکثر ایسے کم حوصلہ لوگوں کے اغراض بھی حصول مال یا ترفع ہوا کرتا ہے سو یہ لوگ بھی دل سے ایمان نہیں لائے) اور (اگر یہ کہا جاوے کہ باوجود رذیل ہونے کے ان لوگوں کو کسی خاص امر کے اعتبار سے ہم پر فضیلت ہے جس کے اعتبار سے ان کی رائے اس باب میں صائب ہے سو) ہم تم لوگوں میں (یعنی تم میں اور مسلمانوں میں) کوئی بات اپنے سے زیادہ نہیں پاتے (اس لئے تم مسلمانوں کی رائے کو صحیح نہیں سمجھتے) بلکہ ہم تم کو (بالکل) جھوٹا سمجھتے ہیں نوح (علیہ السلام) نے فرمایا کہ اے میری قوم (تم جو کہتے ہو کہ تمہاری نبوت جی کو نہیں لگتی تو) بھلا یہ تو بتلاؤ کہ اگر میں اپنے رب کی جانب سے دلیل پر (قائم) ہوں (جس سے میری نبوت ثابت ہوتی ہو) اور اس نے مجھ کو اپنے پاس سے رحمت (یعنی نبوت) عطا فرمائی ہو

www.besturdubooks.net

پھر وہ (نبوت یا اس کی حجت) تم کو نہ سوجھتی ہو تو (میں کیا کروں مجبور ہوں) کیا ہم اس (دعویٰ یا دلیل) کو تمہارے گلے مڑھ دیں اور تم اس سے نفرت کئے چلے جاؤ (مطلب یہ کہ تمہارا یہ کہنا کہ جی کو نہیں لگتی محض استبعاد ہے امتناع اجتماع نبوت و بشریت کی تمہارے پاس کوئی دلیل نہیں اور میرے پاس وقوع اجتماع کی دلیل موجود ہے یعنی معجزہ وغیرہ نہ کہ کسی کا اتباع اس سے اس کا جواب بھی ہو گیا کہ ان کا اتباع حجت نہیں لیکن انتاج دلیل کا موقوف ہے نظر پر تم نظر کرتے نہیں اور یہ میرے بس سے باہر ہے) اور (اتنی بات اور زائد فرمائی کہ) اے میری قوم (یہ تو سوچو کہ اگر میں نبوت کا غلط دعویٰ کرتا تو آخر اس میں میرا کچھ مطلب تو ہوتا مثلاً یہ ہی ہوتا کہ اس کے ذریعہ سے خوب مال کماؤں گا تو تم کو معلوم ہے کہ) میں تم سے اس (تبلیغ) پر کچھ مال نہیں مانگتا میرا معاوضہ تو صرف اللہ کے ذمہ ہے (اسی سے آخرت میں اس کا طالب ہوں اسی طرح اور اغراض بھی اگر غور کرو تو منتفی پاؤ گے پھر جب کوئی غرض نہیں پھر مجھ کو جھوٹ بولنے سے کیا فائدہ تھا خلاصہ یہ کہ کذب دعویٰ کو کوئی امر مقتضی نہیں اور صدق دعویٰ پر دلیل قائم ہے پھر نبوت میں کیا شبہ ہو سکتا ہے) اور (تم جو اتباع اراذل کو اپنے اتباع سے مانع بتلاتے ہو اور صراحۃً یا دلالۃً یہ چاہتے ہو کہ میں ان کو اپنے پاس سے نکال دوں سو) میں تو ان ایمان والوں کو نکالتا نہیں (کیونکہ) یہ لوگ اپنے رب کے پاس (عزت و مقبولیت کے ساتھ) جانے والے ہیں (اور بھلا کوئی شخص مقربان شاہی کو نکالا کرتا ہے اور اس سے اس کا بھی جواب ہو گیا کہ یہ لوگ دل سے ایمان نہیں لائے) لیکن واقعی میں تم لوگوں کو دیکھتا ہوں کہ (خواہ مخواہ کی) جہالت کر رہے ہو (اور بے ڈھنگی باتیں کر رہے ہو) اور (بالفرض والتقدیر) اگر میں ان کو نکال بھی دوں تو (یہ بتلاؤ کہ) مجھ کو خدا کی گرفت سے کون بچا لے گا (کیا تم میں اتنی ہمت ہے جو ایسے بے ہودہ مشورے دے رہے ہو) کیا تم اتنی بات بھی نہیں سمجھتے اور (اس تقریر میں ان کے تمام شبہات کا جواب ہو گیا لیکن آگے ان سب جوابوں کا پھر تتمہ ہے یعنی جب نبوت میری دلیل سے ثابت ہے تو اول تو دلیل کے سامنے استبعاد کوئی چیز نہیں پھر یہ کہ وہ مستبعد بھی نہیں البتہ کسی امر عجیب و غریب کا اگر دعویٰ کرتا تو انکار و استبعاد چنداں منکر و مستبعد نہ تھا گو دلیل کے بعد پھر وہ بھی مسموع نہیں البتہ اگر دلیل بھی مقتضی استبعاد کو ہو تو پھر واجب ہے لیکن میں تو کسی ایسے امر عجیب کا دعویٰ نہیں کرتا چنانچہ) میں تم سے یہ نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ کے تمام خزانے ہیں اور نہ میں (یہ کہتا ہوں کہ میں) تمام غیب کی باتیں جانتا ہوں اور نہ یہ کہتا ہوں کہ میں فرشتہ ہوں اور (یہ تو اپنی نبوت کے متعلق ارشاد فرمایا آگے اپنے تابعین کے متعلق ارشاد ہے یعنی) جو لوگ تمہاری نگاہوں میں حقیر ہیں میں ان کی نسبت (تمہاری طرح) یہ نہیں کہہ سکتا کہ (یہ لوگ دل سے ایمان نہیں لائے اس لئے) اللہ تعالیٰ ہرگز ان کو ثواب نہ دے گا ان کے دل میں جو کچھ ہو اُس کو اللہ ہی خوب جانتا ہے (تو ممکن ہے کہ ان کے دلوں میں اخلاص ہو تو پھر میں ایسی بات کیونکر کہہ دوں) میں تو (اگر ایسی بات کہہ دوں تو) اس صورت میں ستم ہی کروں (کیونکہ بے دلیل دعویٰ کرنا گناہ کی بات ہے جب نوح علیہ السلام نے سب باتوں کا پورا پورا جواب دے دیا جس کا جواب پھر ان سے کچھ بن نہ پڑا تو عاجز ہو کر) وہ لوگ کہنے لگے کہ اے نوح (علیہ السلام) تم ہم سے بحث کر چکے پھر اس بحث کو بڑھا بھی چکے ہو سو (اب بحث چھوڑو اور) جس چیز سے تم ہم کو دھمکایا کرتے ہو (کہ عذاب آ جاوے گا) وہ ہمارے سامنے لے آؤ انہوں نے فرمایا کہ (اس کو لانے والا میں کون ہوں مجھ کو تو پہنچا دینے سنا دینے کا حکم تھا سو میں بجا لا چکا) اس کو تو اللہ تعالیٰ بشرطیکہ اس کو منظور ہو تمہارے سامنے لاوے گا اور (اس وقت پھر) تم اس کو عاجز نہ کر سکو گے (کہ وہ عذاب واقع کرنا چاہے اور تم نہ ہونے دو) اور (جو میرا کام تھا پہنچا دینا اور سنا دینا اس میں میں نے تمہاری پوری خیر خواہی اور دل سوزی کی لیکن) میری خیر خواہی تمہارے کام نہیں آ سکتی گو میں تمہاری کیسی ہی خیر خواہی کرنا چاہوں جب کہ اللہ ہی کو تمہارا گمراہ کرنا منظور ہو (جس کی وجہ تمہارا عناد و استکبار ہے مطلب یہ کہ جب تم ہی اپنی بدقسمتی سے اپنے لئے نفع حاصل کرنا اور نقصان سے بچنا نہ چاہو تو میرے چاہنے سے کیا ہوتا ہے) وہی تمہارا مالک ہے (اور تم مملوک تو تم پر اس کے تمام حقوق واجب ہیں اور تم ان کو براہِ عناد ضائع کر کے مجرم ہو رہے ہو) اور اسی کے پاس تم کو جانا ہے (وہ تمہارے اس سارے عناد و کفر کی کسر نکال دے گا)۔ ف: لَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مَالًا میں مال کی تخصیص اس لئے کی گئی کہ اکثر مدعیان کاذب کا مقصود مال ہی ہوتا ہے اور جاہ بھی اگر مطلوب ہوتی ہے تو اکثر مال ہی کے لئے چنانچہ مشاہد ہے اور کفار نے مؤمنین کو اراذل اس لئے کہا کہ وہ اکثر غریب لوگ تھے اور پیشے بھی ایسے ہی کرتے تھے جو عرفاً حقیر ہوتے ہیں اور کفار جو ان کی سخافت رائے کے مثبت اور فضل کے نافی ہوئے چونکہ ثبوت نبوت اس کے جواب پر موقوف نہ تھا اس لئے تعرض کی ضرورت نہ ہوئی و نیز جواب بدیہی بھی ہے وہ یہ کہ قبول حق کے باب میں خاصۃً یہ دعویٰ نفی و اثبات مذکور کا بالمشاہدہ باطل ہے ایسے لوگ حق کو بہت جلد قبول کرتے ہیں چنانچہ حدیث میں بھی یہ مضمون آیا ہے کیونکہ ان میں کبر وغیرہ موانع نہیں ہوتے پھر اس سے بڑھ کر سلامت رائے اور فضل کیا ہوگا اور یہ جو کہا گیا کہ دلیل کے بعد استبعاد مسموع نہیں وجہ یہ کہ بعض امور غیر مدرک بمحض العقل مستبعد ہوتے ہیں لیکن امکان کے ساتھ جب صدق مخبر منضم ہو جاوے تو مرجح وقوع ہوتا ہے البتہ اگر دلیل عقلی یا شرعی مقتضی امتناع کو ہے تو وہ استبعاد مقبول ہے بلکہ اس سے بڑھ کر امتناع کا قائل ہونا واجب ہے اور حضرت نوح علیہ السلام نے اول اِنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ میں ان کے اخلاص کا اثبات فرمایا ہے پھر لَآ اَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ تَزْدَرِيْٓ الخ میں عدم اخلاص کے عدم اثبات پر اکتفاء فرمانا تلطیف فی الدعوۃ ہے یعنی اگر تم ان کے اخلاص کے معتقد نہ ہو تو عدم اخلاص کے بھی تو بلا دلیل معتقد نہ ہو خوب سمجھ لو۔

www.besturdubooks.net

تَرْجَمَہ مَسَائِلُ السُّلُوْكِ: قولہ تعالیٰ : وَمَا نَرٰىكَ اتَّبَعَكَ اِلَّا الَّذِيْنَ هُمْ اَرَاذِلُنَا اس میں اس شخص پر رد ہے جو ولایت کو شریف عرفی کے ساتھ خاص سمجھتا ہے البتہ نبوت کو اللہ تعالیٰ نے شرفاء کے ساتھ خاص فرمایا ہے چونکہ اس میں وہ مصلحتیں ہیں جو نبوت سے مقصود ہیں (کہ لوگ ان کا اتباع کریں اور شرفاء کے اتباع سے شرفاء کو بھی عار نہیں آتی ۱۲ قولہ تعالیٰ :اَنُلْزِمُكُمُوْهَا وَاَنْتُمْ لَهَا كٰرِهُوْنَ [ھود: ۲۸] روح میں ہے کہ اس میں اشارہ ہے اس طرف کہ منکر کو اہل اللہ سے استفادہ نہیں ہوسکتا اور جب تک وہ منکر رہے گا ان سے منتفع نہیں ہوسکتا ۱۲ قولہ تعالیٰ :وَيٰقَوْمِ لَاۤ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مَالًا۔ مشائخ کو بھی ایسا ہی ہونا چاہئے کیونکہ مال کی طلب لوگوں کو استرشاد سے اقوی موانع سے ہے اور میری رائے میں تو مصارف خیر کے لئے بھی چندہ کرنا شیوخ کو نازیبا ہے عقول ضعیف ہیں اور بخل وحرص غالب ہے حب دنیا کے ادنیٰ شبہ سے بھی لوگ شک میں پڑ جاتے ہیں اور امور خیر کا اللہ تعالیٰ کفیل ہے وہ ہمارے چندہ مانگنے پر موقوف نہیں ۱۲۔ قولہ تعالیٰ :وَيٰقَوْمِ مَنْ يَّنْصُرُنِيْ مِنَ اللّٰهِ اِنْ طَرَدْتُّهُمْ ؕ اس میں طالب کے حقوق شیخ پر ہیں یعنی جو شخص حق تعالیٰ کی طرف متوجہ ہو اس سے اعراض نہ چاہئے کیونکہ اس کی طرف حق تعالیٰ بھی متوجہ ہوتے ہیں تو اس سے اعراض کرنا حق تعالیٰ سے اعراض کرنا ہے ۱۲ قولہ تعالیٰ وَلَاۤ اَقُوْلُ لَكُمْ (الی قولہ تعالیٰ) اِنِّيْ مَلَكٌ اس میں تصریح ہے کہ صاحب ارشاد کا صاحب تصرف یا صاحب کشف یا ضروریات بشریہ میں عامہ بشریہ سے ممتاز ہونا ضروری نہیں البتہ اس کا علم وعمل کے ساتھ متصف ہونا ضروری ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ :اِنَّمَا يَاْتِيْكُمْ بِهِ اللّٰهُ اِنْ شَآءَ اور ایسا کہنا یہی شان ہے محققین کی بخلاف اہل باطل کے کہ وہ ایسے دعوے کرتے ہیں کہ جو شخص میری مخالفت کرے گا اس کا ایسا حال ہوگا اور ایسا قال ہوگا۔ قولہ تعالیٰ : وَلَا يَنْفَعُكُمْ نُصْحِيْۤ اِنْ اَرَدْتُّ اَنْ اَنْصَحَ لَكُمْ اِنْ كَانَ اللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ يُّغْوِيَكُمْ ؕ اس میں دلیل ہے اس پر کہ ہدایت شیخ کے قبضہ میں نہیں ۱۲۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَةِ : ۱ قوله فی انی لکم نذیر مبین ان لا تعبدوا بتقدیم ترجمة المؤخر وتاخیر ترجمة المقدم وجهه ان قوله ان لا تعبدوا بتقدیر الباء متعلق بارسلنا وقوله انی لکم بالکسر علی ارادة القول ای فقال ولا بد فی هذا الترکیب من هذا الاعتبار واما علی قراء ة الفتح فلا حاجة الی اعتبار التقدیر والتاخیر لان قوله ان لا تعبدوا کما فی الروح یکون بدل الاشتمال من قوله انی لکم ویکون انی لکم مفتوحاً علی اضمار حرف الجر الی متلبسا بذلك الکلام وهو انی لکم نذیر فلما اتصل الجا فتح کما فتح فی اکان والمعنی علی الکسر ۱۲۔

۲ قوله فی ما نراك اتبعك اگر بعض ایمان نہیں لائے فقصد به ثلث امور والقرینة علی الاول قوله ما نری لکم علینا من فضل وعلی الثانی قوله فی الشعراء نؤمن لك واتبعك الارذلون وعلی الثالث لن یؤتیهم الله خیرا ۱۲۔ ۳ قوله فی انلزمکموها (کوئے یا دلیل عودا الی البینة او الرحمة او کلهما کذا فی الروح ۱۲۔ ۴ قوله فی لا اسئلکم علیه تبلیغ هو المفهوم مما تقدم ۱۲۔ ۵ قوله فی ما انا بطارد صراحة یا دلالة الاول مروی فی الدر عن ابن جریج انهم قالوا له علیه السلام ذلك کما وقع لنبینا صلی الله علیه وسلم حیث قال الکفار له ذلك الذی نزل فیه قوله تعالیٰ ولا تطرد الذین یدعون والثانی مفهوم لازم من المقام ۱۲۔ ۶ قوله فی ملاقوا عزت لدلالة المقام علیه والا فاللقاء عام الکل ۱۲۔

اَللُّغَاتُ: قوله بادی الرأی فیه قراء تان مهموز اللام وناقصهما فالاول من البدأ ای الاولیة والثانی من البدو ای الظهور ۱۲۔ قوله عمیت ای اخفیت ۱۲۔

اَلنَّحْوُ : قوله ما نراك فی اعراب القرآن یجوز ان یکون من روية العین وتکون الجملة بعدها فی موضع الحال وقد معه مرادة ویجوز ان یکون من رؤیة القلب فتکون الجملة فی موضع المفعول الثانی ۱۲۔ قوله بادی الرأی ظرف لاتبعك واستشکل بان ما قبل الا لا یعمل فیما بعدها الا اذا کان مستثنیٰ منه او مستثنیٰ او تابعا للمستثنیٰ منه وبادی الرأی لیس واحدا من هذه الثلاثة واجیب بانه یقتصر ذلك فی الظرف ۱۲۔ قوله لا ینفعکم دال علی جواب الشرط الآتی وقوله ان اردت شرط والجواب مقدر والجملة کلها دال علی جواب الشرط الآتی وقوله ان کان الله شرط وجوابه مقدر وتقدیر الکلام ان کان الله یرید ان یغویکم فان اردت ان انصح لکم لا ینفعکم نصحی من البیضاوی قلت لکن الشرط فی ان اردت لیس علی ظاهره لان ارادة النصح لا دخل له فی عدم النصح بل کلمة ان هذه کان الوصلیة ای اذا اراد الله الاغواء فلا ینفعکم نصحی وان اردت النصح فافهم ۱۲۔

اَلْبَلَاغَةُ: الالیم المولم فیه اسناد مجازی ۱۲۔ قوله فاکثرت الفاء علی ظاهره لان اکثار الجدال لابدان یکون قبله شیء من الجدال ۱۲۔

اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ اِنِ افْتَرَيْتُهٗ فَعَلَيَّ اِجْرَامِيْ وَاَنَا بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُجْرِمُوْنَ ﴿۳۵﴾ وَاُوْحِيَ اِلٰى نُوْحٍ اَنَّهٗ لَنْ يُّؤْمِنَ مِنْ قَوْمِكَ اِلَّا مَنْ قَدْ اٰمَنَ ﴿۳۶﴾ ع ۳

www.besturdubooks.net

قَوْمِكَ اِلَّا مَنْ قَدْ اٰمَنَ فَلَا تَبْتَىِٕسْ بِمَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿۳۶﴾ وَاصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا
وَلَا تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۚ اِنَّهُمْ مُّغْرَقُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَيَصْنَعُ الْفُلْكَ ۖ وَكُلَّمَا مَرَّ عَلَيْهِ مَلَاٌ مِّنْ قَوْمِهٖ سَخِرُوْا
مِنْهُ ۭ قَالَ اِنْ تَسْخَرُوْا مِنَّا فَاِنَّا نَسْخَرُ مِنْكُمْ كَمَا تَسْخَرُوْنَ ﴿۳۸﴾ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَيَحِلُّ
عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿۳۹﴾ حَتّٰٓى اِذَا جَاۗءَ اَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّوْرُ ۙ قُلْنَا احْمِلْ فِيْهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَاَهْلَكَ اِلَّا
مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ وَمَنْ اٰمَنَ ۭ وَمَآ اٰمَنَ مَعَهٗٓ اِلَّا قَلِيْلٌ ﴿۴۰﴾ وَقَالَ ارْكَبُوْا فِيْهَا بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا
وَمُرْسٰىهَا ۭ اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۴۱﴾ وَهِيَ تَجْرِيْ بِهِمْ فِيْ مَوْجٍ كَالْجِبَالِ ۡ وَنَادٰى نُوْحُ ِۨ ابْنَهٗ وَكَانَ فِيْ مَعْزِلٍ
يّٰبُنَيَّ ارْكَبْ مَّعَنَا وَلَا تَكُنْ مَّعَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۴۲﴾ قَالَ سَاٰوِيْٓ اِلٰى جَبَلٍ يَّعْصِمُنِيْ مِنَ الْمَاۗءِ ۭ قَالَ لَا عَاصِمَ

الْيَوْمَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ ۚ وَحَالَ بَيْنَهُمَا الْمَوْجُ فَكَانَ مِنَ الْمُغْرَقِيْنَ ﴿۴۳﴾

کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) نے (نعوذ باللہ) یہ قرآن تراش لیا ہے آپ (جواب میں) فرما دیجئے اگر (بالفرض) میں نے تراشا ہوگا تو میرا یہ جرم مجھ پر (عائد) ہوگا (اور تم میرے جرم سے بری الذمہ رہو گے) اور میں تمہارے اس جرم سے بری الذمہ رہوں گا اور نوحؑ کے پاس وحی بھیجی گئی کہ سوا ان کے جو ایمان (اس وقت تک) لا چکے ہیں اور کوئی (نیا) شخص تمہاری قوم میں سے ایمان نہ لائے گا سو جو کچھ یہ لوگ کفر و ایذا اور استہزا کر رہے ہیں اس پر کچھ غم نہ کرو اور تم (اس طوفان سے بچنے کے لئے) ہماری نگرانی میں اور ہمارے حکم سے کشتی تیار کر لو اور (یہ سن لو کہ) مجھ سے کافروں (کی نجات) کے بارہ میں کچھ گفتگو مت کرنا کیونکہ وہ سب غرق کئے جائیں گے اور وہ کشتی تیار کرنے لگے اور (اثنائے تیاری میں) جب کبھی ان کی قوم میں سے کسی رئیس گروہ کا ان پر گزر ہوتا تو ان سے ہنسی کرتے۔ آپ فرمانے لگے کہ اگر تم ہم پر ہنستے ہو تو ہم تم پر ہنستے ہیں جیسا کہ تم ہم پر ہنستے ہو سو ابھی تم کو معلوم ہوا جاتا ہے کہ وہ کون شخص ہے جس پر (دنیا میں) ایسا عذاب آیا چاہتا ہے جو اس کو رسوا کر دے گا اور (بعد مرگ) اس پر دائمی عذاب نازل ہوتا ہے۔ یہاں تک کہ (جب ہمارا) حکم (عذاب کا قریب آ پہنچا اور زمین میں سے پانی اُبلنا شروع ہوا ہم نے (نوحؑ سے) فرمایا کہ ہر قسم کے جانوروں میں سے ایک ایک نر اور ایک ایک مادہ یعنی دو عدد اس (کشتی) میں چڑھا لو اور اپنے گھر والوں کو بھی (چڑھا لو) باستثناء اس کے جس پر (غرق ہونے کا) حکم نافذ ہو چکا ہے اور (گھر والوں کے ۱۰۰۰۰ دوسرے ایمان والوں کو بھی اور بجز قلیل آدمیوں کے ان کے ساتھ کوئی ایمان نہ لایا تھا اور نوح علیہ السلام نے فرمایا کہ (آؤ) اس کشتی میں سوار ہو جاؤ (اور کچھ اندیشہ مت کرو کیونکہ) اس کا چلنا اور اس کا ٹھہرنا (سب) اللہ ہی کے نام سے ہے۔ بالیقین میرا رب غفور رحیم ہے اور وہ کشتی ان کو لے کر پہاڑ جیسی موجوں میں چلنے لگی اور نوح علیہ السلام نے اپنے (ایک سگے یا سوتیلے) بیٹے کو پکارا اور وہ (کشتی سے) علیحدہ مقام پر تھا کہ میرے پیارے بیٹے ہمارے ساتھ سوار ہو جاؤ اور (عقیدہ میں) کافروں کے ساتھ مت ہو۔ وہ کہنے لگا کہ میں بھی کسی پہاڑ کی پناہ لے لوں گا جو مجھ کو پانی میں غرق ہونے سے بچا لے گا۔ نوحؑ نے فرمایا کہ آج اللہ کے قہر سے کوئی بچانے والا نہیں (نہ پہاڑ نہ کوئی اور چیز) لیکن جس پر وہی رحم کرے اور دونوں (باپ بیٹوں) کے بیچ میں ایک موج حائل ہو گئی۔ پس وہ (بھی مثل دوسرے کافروں کے) غرق ہو گیا۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر نوح علیہ السلام کا محاجہ اپنی قوم سے مذکور ہوا ہے چونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کفار قریش بھی محاجہ کیا کرتے تھے اس لئے قصہ مذکورہ کے درمیان میں استطراداً اس کے متعلق ایک آیت آ گئی۔

جواب محاجہ کفار مکہ ☆ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۭ (الی قولہ تعالیٰ) فَعَلَيَّ اِجْرَامِيْ ﴿۳۵﴾ کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) نے (نعوذ باللہ) یہ قرآن تراش لیا ہے آپ (جواب میں) فرما دیجئے کہ اگر (بالفرض) میں نے تراشا ہوگا تو میرا یہ جرم مجھ پر (عائد) ہوگا (اور تم میرے جرم سے بری الذمہ رہو گے) اور (اگر تم نے یہ دعویٰ تراشا ہوگا تو تمہارا یہ جرم تم پر عائد ہوگا اور) میں تمہارے اس جرم سے بری الذمہ رہوں گا۔ ف: یہ اخیر درجہ کا جواب ہے اور اصل جواب وہ ہے کہ اس افتراء کا افتراء ہونا ثابت کر دیا جاوے جیسا کہ اسی سورت کے دوسرے رکوع میں جواب دیا ہے: قُلْ فَاْتُوْا بِعَشْرِ سُوَرٍ مِّثْلِهٖ الخ [ھود: ۱۳] لیکن جو شخص دلیل میں نہ قدح کر سکے اور نہ تسلیم کرے اخیر درجہ یہی کہا جاتا ہے کہ خیر بھائی جیسا میں نے کیا ہوگا میں بھگتوں گا جیسا تم کر رہے ہو تم بھگتو گے۔

ربط: آگے پھر تتمہ ہے قصہ مذکورہ کا۔

www.besturdubooks.net

تتمہ قصہ نوح علیہ السلام متعلق طوفان ☆ وَاُوْحِیَ اِلٰی نُوْحٍ (الی قولہ تعالیٰ) وَحَالَ بَیْنَهُمَا الْمَوْجُ فَكَانَ مِنَ الْمُغْرَقِیْنَ ۝ اور (جب نصیحت کرتے ہوئے ایک زمانہ دراز گزر گیا اور کچھ اثر نہ ہوا تو) نوح (علیہ السلام) کے پاس وحی بھیجی گئی کہ سوا ان کے جو (اس وقت تک) ایمان لا چکے ہیں اور کوئی (نیا) شخص تمہاری قوم میں سے ایمان نہ لاوے گا سو جو کچھ یہ لوگ (کفر وایذاء واستہزاء) کر رہے ہیں اس پر کچھ غم نہ کرو (کیونکہ غم تو خلاف توقع سے ہوتا ہے جب ان سے بجز مخالفت کے کوئی توقع ہی نہیں پھر کیوں غم کیا جاوے) اور (چونکہ ہمارا ارادہ اب ان کے غرق کرنے کا ہے اور اس لئے طوفان آنے کو ہے پس) تم (اس طوفان سے بچنے کے لئے) ہماری نگرانی میں اور ہمارے حکم سے کشتی تیار کرلو (کہ اس کے ذریعہ سے طوفان سے تم اور مؤمنین محفوظ رہو گے) اور (یہ سن لو کہ) مجھ سے کافروں (کی نجات) کے بارہ میں کچھ گفتگو مت کرنا (کیونکہ) وہ سب غرق کئے جاویں گے (ان کے لئے یہ قطعی طور پر تجویز ہو چکا ہے تو ان کی سفارش بے کار ہوگی غرض نوح علیہ السلام نے سامان کشتی کا جمع کیا) اور وہ کشتی تیار کرنے لگے (خواہ خود یا دوسرے کاریگروں کے ذریعہ سے) اور (اثنائے تیاری میں) جب کبھی ان کی قوم میں سے کسی رئیس گروہ کا ان پر گزر ہوتا تھا تو (ان کو کشتی بناتا دیکھ کر اور یہ سن کر کہ طوفان آنے والا ہے) ان سے ہنسی کرتے (کہ دیکھو پانی کا کہیں نام ونشان نہیں' مفت مصیبت جھیل رہے ہیں) آپ فرماتے کہ اگر تم ہم پر ہنستے ہو تو ہم تم پر ہنستے ہیں جیسا تم ہم پر ہنستے ہو (کہ عذاب ایسا نزدیک آ پہنچا ہے اور تم کو ہنسی سوجھ رہی ہے ہم اس پر ہنستے ہیں) سو ابھی تم کو معلوم ہوا جاتا ہے کہ وہ کون شخص ہے جس پر (دنیا میں) ایسا عذاب آیا چاہتا ہے جو اس کو رسوا کر دے اور (بعد مرگ) اس پر دائمی عذاب نازل ہوتا ہے (غرض اسی طرح کے مکالمات اور معاملات ہوا کرتے) یہاں تک کہ جب ہمارا حکم (عذاب کا قریب) آ پہنچا اور زمین سے پانی ابلنا شروع ہوا (اور یہ علامت تھی طوفان شروع ہو جانے کی اور اوپر سے برسنا شروع ہوا اس وقت) ہم نے (نوح علیہ السلام سے) فرمایا کہ ہر قسم (کے جانوروں) میں سے (جو کہ انسان کے کارآمد ہیں اور پانی میں زندہ نہیں رہ سکتے) ایک ایک نر اور ایک ایک مادہ یعنی دو عدد اس (کشتی) میں چڑھا لو اور اپنے گھر والوں کو بھی (چڑھا لو) باستثناء اس کے جس پر (غرق ہونے کا) حکم نافذ ہو چکا ہے (یعنی ان میں جو کافر ہو جن کی نسبت اِنَّهُمْ مُّغْرَقُوْنَ ۝ کہہ دیا گیا ہے اس کو سوار مت کرنا) اور (گھر والوں کے علاوہ) دوسرے ایمان والوں کو بھی (سوار کرلو) اور بجز قلیل آدمیوں کے ان کے ساتھ کوئی ایمان نہ لایا تھا (بس انہی کے سوار کرنے کا حکم ہو گیا) اور نوح (علیہ السلام) نے (سب جانوروں کو سوار کر کے اپنے متبعین سے) فرمایا کہ (آؤ) اس کشتی میں سوار ہو جاؤ (اور غرق سے کچھ اندیشہ مت کرنا کیونکہ) اس کا چلنا اور اس کا ٹھہرنا (سب) اللہ ہی کے نام سے ہے (اور وہی اس کے محافظ ہیں پھر اندیشہ کیوں کیا جاوے اور گو بندوں کے گناہ مقتضی غرق کو ہیں مگر) بالیقین میرا رب غفور رحیم ہے (وہ اپنی رحمت سے گناہ بھی بخش دیتا ہے اور حفاظت بھی فرماتا ہے غرض سب کشتی پر سوار ہو گئے اور اس اثناء میں پانی بڑھ گیا) اور وہ کشتی ان کو لے کر پہاڑ جیسی موجوں میں چلنے لگی اور نوح (علیہ السلام) نے اپنے (ایک سگے یا سوتیلے) بیٹے کو (جس کا نام کنعان تھا اور وہ باوجود فہمائش کے ایمان نہ لایا تھا اور بوجہ ایمان نہ لانے کے کشتی میں سوار نہ کیا گیا تھا اور اسوقت کشتی کنارہ کے قریب ہی تھی اور وہ کنارہ پر موجود تھا بطور آخری دعوت کے) پکارا اور وہ (کشتی سے) علیحدہ مقام پر تھا کہ اے میرے پیارے بیٹے (کشتی میں سوار ہونے کی شرط کہ ایمان ہے بجا لا کر جلدی) ہمارے ساتھ سوار ہو جا اور (عقیدہ میں) کافروں کے ساتھ مت ہو (یعنی کفر کو چھوڑ دے کہ غرق سے بھی بچ جاوے) وہ کہنے لگا کہ میں ابھی کسی پہاڑ کی پناہ لے لوں گا جو مجھ کو پانی (میں غرق ہونے) سے بچا لے گا (کیونکہ وہ وقت ابتدائے طوفان کا تھا پہاڑوں کے اوپر پانی نہ پہنچا تھا) نوح (علیہ السلام) نے فرمایا کہ آج اللہ کے قہر سے کوئی بچانے والا نہیں (نہ پہاڑ اور نہ اور کوئی چیز) لیکن جس پر وہی رحم کرے (تو اس کو خود ہی بچا لے غرض کنعان اس وقت بھی ایمان نہ لایا اور پانی زور وشور کے ساتھ اس طرح بڑھ گیا) اور دونوں (باپ بیٹوں) کے بیچ میں ایک موج حائل ہو گئی پس وہ (بھی مثل دوسرے کافروں کے) غرق ہو گیا۔

ف: ہر چند کہ بعض عدم عموم طوفان کے قائل ہوئے ہیں لیکن ظاہر آیات سے جن کو ماؤل کہنا بعید ہے عموم معلوم ہوتا ہے قال تعالیٰ: وَجَعَلْنَا ذُرِّیَّتَهُ هُمُ الْبٰقِیْنَ [الصّٰفّٰت: ۷۷] وَقَالَ نُوْحٌ رَّبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْاَرْضِ مِنَ الْكٰفِرِیْنَ دَیَّارًا [نوح: ۲۶] اور عموم طوفان پر ظاہراً جو بعض اشکالات واقع ہوتے ہیں سب کے جواب قریب ہیں مثلاً یہ کہ تمام انواع حیوانات کے ایک متعارف مقدار کی کشتی میں کیسے سما سکتے ہیں جس کا جواب یہ ہے کہ جو پانی میں رہ سکتے ہیں وہ تو بیشتر خارج ہیں جو محتاج تناسل نہیں وہ خارج ہیں) رہے اور اقسام سو ان میں سے ممکن ہے کہ وہی سوار کئے گئے ہوں جن سے انسانی حاجت متعلق ہوتی ہے جیسے ماکولات و مرکوبات وعوامل وحوامل تاکہ بعد ختم طوفان کے بقیہ افراد انسانی کو تکلیف نہ ہو سو ایسے جانور بہت قلیل ہیں ہر ایک کا ایک جوڑا رکھنا کچھ مشکل نہیں اور جن سے حاجت انسانی متعلق نہیں ہے جیسے سباع وغیرہ وہ سوار نہ کئے گئے ہوں اور ان کو اللہ تعالیٰ نے دوبارہ پیدا کر دیا ہو یا یہ کہ بطور خرق عادت کے اسی کشتی میں ان کی بھی جگہ ہو گئی ہو اور مثلاً یہ اشکال کہ نابالغ بچے کیسے غرق کئے گئے جس کا جواب یہ ہے کہ ممکن ہے کہ چند روز پہلے توالد وتناسل بند ہو گیا ہو پس پرانے نابالغ بالغ ہو گئے ہوں اور نیا نابالغ پیدا نہ ہوا ہو جیسا کہ روح المعانی میں عبداللہ بن زیاد بن سمعان سے بروایت اسحٰق بن بشیر وابن عساکر کے نقل بھی کیا ہے کہ چالیس سال قبل سے توالد وتناسل بند ہو گیا تھا اور یا یہ کہ وہ بچے بڑے ہو کر کافر ہونے والے تھے جیسا لَنْ یُّؤْمِنَ الخ سے مفہوم ہوتا ہے پس ان کا غرق ہو جانا ان کے لئے

www.besturdubooks.net

موجب رحمت ہوا کہ کفر سے اور اس کے ثمرہ سے بچ گئے اور مثلاً یہ اشکال کہ اور جانوروں نے کیا خطا کی تھی جس کا جواب یہ ہے کہ وہ طوفان کفار کے حق میں عذاب تھا اور بہائم کے لئے بمنزلہ موت طبعی کے تھا جو ہر روز واقع ہوا کرتی ہے اس کے لئے خطاوار ہونے کی ضرورت نہیں خوب سمجھ لو اور کشتی میں جو اہل ایمان سوار تھے ان کے عدد میں اختلاف ہے سب سے بڑا عدد یہ ہے کہ اسّی مرد تھے اور اسّی عورتیں مگر نسل ان سب کی نہیں چلی اب تمام عالم کے آدمی صرف نوح علیہ السلام کی اولاد ہیں واللہ اعلم اور کشتی بنانے میں دو قول ہیں ایک یہ کہ بتعلیم خداوندی خود نوح علیہ السلام نے بنائی اور ایک یہ کہ کاریگروں سے بنوائی اور کنعان کو بعض نے کہا ہے کہ ان ہی کا بیٹا تھا بعض نے کہا کہ ان کا ربیب یعنی بیوی کا بیٹا تھا اور چونکہ بعض اہل سیر نے ان کی بی بی کا بھی کشتی میں موجود ہونا روایت کیا ہے اور قرآن میں ان کی بی بی کا کافر ہونا اور کافر کا نجات نہ پانا مذکور ہے اس لئے بعض علماء قائل ہوئے ہیں کہ ان کی ایک بی بی مؤمن تھی اور ایک کافرہ۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلِ السُّؤَالِ: قولہ تعالیٰ : اِنْ تَسْخَرُوْا مِنَّا فَاِنَّا نَسْخَرُ مِنْكُمْ كَمَا تَسْخَرُوْنَ ۝ اس میں دلالت ہے اس پر کہ جواب بالمثل سے انتقام لینا مکارم اخلاق کے منافی نہیں ۱۲ قولہ تعالیٰ : وَ نَادٰى نُوْحُ (الی قولہ تعالیٰ) ارْكَبْ (مع قولہ تعالیٰ) لَا عَاصِمَ الْيَوْمَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ ۚ اس میں دلیل ہے اس پر کہ اسباب ماذون فیہا کی مباشرت توکل کے مخالف نہیں جیسے کشتی نوح میں سوار ہونا البتہ اسباب غیر ماذون فیہا کی مباشرت منافی توکل ہے جیسے کنعان کا پہاڑ کی پناہ لینا ۱۲۔

مُلَخَّصَاتُ التَّرْجَمَۃِ: ۱ قولہ فی ف جیسا میں نے الخ ھذا احد المتحملین فی تقریر الآیۃ والثانی وھو دقیق انی لما جئتکم بدلائل مفحمۃ فلو فرض انی مفتر لکنکم لا تواخذون علی اتباعی وھو مبنی علی ان من لم یال جھدا لم اخطأ الحق فھو معذور کما ذکرت شیئا فی ھذہ المسئلۃ فی سورۃ الاعراف تحت آیۃ یٰبنی آدم قد انزلنا علیکم لباسا الخ فانظر ولا تذکر للعامۃ فیثبوا علیک ۱۲۔ ۲ قولہ فی قال ان تسخروا فرماتے اشارۃ الی استمرار ھذا القول باستمرار سخریتھم المدلول علیہ بقولہ کلما مر الخ ۱۲۔ ۳ قولہ فی احمل فیھا کشتی بتاویل الفلک بالسفینۃ ۱۲۔ ۴ قولہ ومن آمن اور دوسرے اشارۃ الی التعمیم بعد التخصیص وافرد الاھل مع شمول من امن لھم ایذانا بشرفھم ۱۲۔ ۵ قولہ یا بنی پیارے لان التصغیر للشفقۃ ۱۲۔

۶ قولہ فی امر اللہ قھر خصص الامر بقرینۃ المقام ۱۲۔ ۷ قولہ فی الا من رحم لیکن جس پر الخ اشارۃ الی کون الاستثناء منقطعا ۱۲۔

اَللُّغَاتُ: قولہ التنور وجہ الارض کذا فی القاموس قلت ھذا التفسیر احسن لانہ عام للتنور المتعارف وغیرہ فیصح علی جمیع الاقوال وھو مروی فی الدر عن ابن عباس رضی اللہ عنھما ایضا ۱۲۔

اَلنَّحْوُ : قولہ الا من قد آمن بمعنی غیر فلا یرد ان ایمان من آمن فی المستقبل لا معنی لہ قولہ باعیننا الباء للملابسۃ فصح دخولھا علی الاعین والوحی وان تفاوت وجہ التلبس فیھما قولہ من کل زوجین اثنین ھو بدل من زوجین زادہ لئلا یتوھم ان المراد بالزوج مجموع الذکر والانثی فیلزم علی ھذا ان یکون المحمول اربعا من کل وفی قراءۃ باضافۃ کل فاثنین مفعول لا حمل قولہ الا من رحم استثناء منقطع ای فھو المعصوم دل علیہ المقام قولہ بسم اللہ متعلق بمجراھا و مرسٰھا ومعنی الاستعانۃ باسم اللہ تعالیٰ باللہ تعالیٰ او یکون المراد تسبب مبادی اسمائہ تعالیٰ من القدرۃ والارادۃ والامر للجریان والرسو فافھم فاطلق الاسم علی المبدأ ۱۲۔

اَلْبَلَاغَۃُ: وانا بریٔ لم یصرح بشرطہ ای افتریتم لتحققہ یقینا والشرط یقتضی التردد قولہ ان افتریتہ معناہ ان ثبت انی افتریۃ لان الافتراء المفروض ھھنا ماض والشرط یخلص الاستقبال کذا فی الروح قولہ کما تسخرون التشبیہ فی نفس الوقوع والا فالتفاوت بالحقیقۃ البطلان متحقق البتۃ ۱۲۔

وَقِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِيِّ وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ
الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَنَادٰى نُوْحٌ رَّبَّهٗ فَقَالَ رَبِّ اِنَّ ابْنِيْ مِنْ اَهْلِيْ وَاِنَّ وَعْدَكَ الْحَقُّ وَاَنْتَ اَحْكَمُ الْحٰكِمِيْنَ ۝
قَالَ يٰنُوْحُ اِنَّهٗ لَيْسَ مِنْ اَهْلِكَ ۚ اِنَّهٗ عَمَلٌ غَيْرُ صَالِحٍ ۖ فَلَا تَسْـَٔلْنِ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ۭ اِنِّيْٓ اَعِظُكَ اَنْ تَكُوْنَ
مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ۝ قَالَ رَبِّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اَسْـَٔلَكَ مَا لَيْسَ لِيْ بِهٖ عِلْمٌ ۭ وَاِلَّا تَغْفِرْ لِيْ وَتَرْحَمْنِيْٓ اَكُنْ مِّنَ

www.besturdubooks.net

الْخٰسِرِيْنَ ﴿۴۷﴾ قِيْلَ يٰنُوْحُ اهْبِطْ بِسَلٰمٍ مِّنَّا وَبَرَكٰتٍ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى اُمَمٍ مِّمَّنْ مَّعَكَ ۭ وَاُمَمٌ سَنُمَتِّعُهُمْ
ثُمَّ يَمَسُّهُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۴۸﴾ تِلْكَ مِنْ اَنْۢبَاۗءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهَآ اِلَيْكَ ۚ مَا كُنْتَ تَعْلَمُهَآ اَنْتَ وَلَا قَوْمُكَ مِنْ
قَبْلِ هٰذَا ۛ فَاصْبِرْ ۭ اِنَّ الْعَاقِبَةَ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۴۹﴾

اور (جب کفار غرق ہو چکے تو) حکم ہو گیا کہ اے زمین اپنا پانی جو کہ تیری سطح پر موجود ہے نگل جا اور اے آسمان (برسنے سے) تھم جا۔ (چنانچہ دونوں امر واقع ہو گئے اور پانی گھٹ گیا اور قصہ ختم ہوا اور کشتی (کوہ) جودی پر آ ٹھہری اور کہہ دیا گیا کہ کافر لوگ رحمت سے دور اور (جب) نوح نے اپنے رب کو پکارا اور عرض کیا کہ اے میرے رب میرا یہ بیٹا میرے گھر والوں میں سے ہے اور آپ کا (یہ) وعدہ بالکل سچا ہے اور آپ احکم الحاکمین (اور بڑی قدرت والے) ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ اے نوح یہ شخص (ہمارے علم ازلی میں) تمہارے (ان) گھر والوں میں نہیں (جو ایمان اور نجات پائیں گے بلکہ) یہ (خاتمہ تک) تباہ کار (یعنی کافر رہنے والا) ہے۔ سو مجھ سے ایسی (مشکل) چیز کی درخواست نہ کرو جس کی تم کو خبر نہیں۔ تم کو نصیحت کرتا ہوں کہ تم (آئندہ) نادان نہ بن جانا (یعنی ایسی دعا نادانی کی بات ہے) انہوں نے عرض کیا کہ اے میرے رب میں اس امر سے آپ کی پناہ مانگتا ہوں کہ (آئندہ) آپ سے ایسے امر کی درخواست کروں جس کی مجھ کو خبر نہ ہو اور گزشتہ گناہ معاف کر دیجئے کیونکہ اگر آپ میری مغفرت نہ مانیں گے اور مجھ پر رحم نہ فرمائیں گے تو میں بالکل تباہ ہی جاؤں گا۔ کہا گیا کہ اے نوح (اب جودی پر سے زمین پر) اترو۔ ہماری طرف سے سلام اور برکتیں لے کر جو تم پر نازل ہوں گی اور ان جماعتوں پر کہ تمہارے ساتھ ہیں اور بہت سی ایسی جماعتیں بھی ہوں گی کہ ہم ان کو (دنیا میں) چند روز عیش دیں گے پھر آخرت میں ان پر ہماری طرف سے سزائے سخت واقع ہوگی۔ یہ قصہ (آیت کے اعتبار سے) منجملہ اخبار غیب کے ہے جس کو ہم وحی کے ذریعہ سے آپ کو پہنچاتے ہیں اس (قصہ) کو اس (ہمارے بتلانے) کے قبل نہ آپ جانتے تھے اور آپ کی قوم سو صبر کیجئے یقیناً نیک انجامی متقیوں ہی کیلئے ہے۔ ۞

تفسیر: ظاہر ہے۔ قصہ فرو شدن طوفان ☆ وَقِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَاۗءَكِ (الی قولہ تعالیٰ) بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۴﴾ اور (جب کفار سب غرق ہو چکے تو) حکم ہو گیا کہ اے زمین اپنا پانی (جو کہ تیری سطح پر موجود ہے) نگل جا اور اے آسمان (برسنے سے) تھم جا (چنانچہ دونوں امر واقع ہو گئے) اور پانی گھٹ گیا اور قصہ ختم ہوا اور کشتی (کوہ) جودی پر آ ٹھہری اور کہہ دیا گیا کہ کافر لوگ رحمت سے دور ف: اس سے معلوم ہوا کہ طوفان کا پانی پہاڑ سے اونچا تھا اور قصہ ختم ہونے میں سب باتیں آ گئیں نوح علیہ السلام کی نجات کافروں کا غرق اور طوفان کا فرو ہو جانا اور بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۴﴾ شاید اس لئے فرمایا گیا ہو کہ عبرت تازہ ہو جاوے کہ کفر کا یہ وبال ہے تا کہ آئندہ والے اس سے بچے رہیں اور جودی کی تحقیق فتح المنان میں دیکھ لی جاوے۔ ربط: ظاہر ہے۔

دعائے نوح علیہ السلام و جواب باری تعالیٰ ☆ وَنَادٰى نُوْحٌ رَّبَّهٗ (الی قولہ تعالیٰ) وَاِلَّا تَغْفِرْ لِيْ وَتَرْحَمْنِيْٓ اَكُنْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۴۷﴾ اور (جب) نوح (علیہ السلام نے کنعان کو ایمان لانے کے لئے فرمایا اور اس نے نہ مانا تو اس کے غرق ہونے کے قبل (انہوں) نے (اس امید پر کہ شاید حق تعالیٰ اپنی قدرت سے اس کے دل میں ایمان القاء فرما دے اور یہ ایمان لے آوے) اپنے رب کو پکارا اور عرض کیا کہ اے میرے رب میرا یہ بیٹا میرے گھر والوں میں سے ہے اور آپ کا (یہ) وعدہ بالکل سچا ہے (گھر والوں میں جو ایمان لائے ہیں ان کو بچا لوں گا) اور (گو یہ سر دست ایمان والا اور مستحق نجات نہیں ہے لیکن) آپ احکم الحاکمین (اور بڑی قدرت والے) ہیں (اگر آپ چاہیں تو اس کو مؤمن بنا دیں تا کہ یہ بھی اس وعدہ حقہ کا محل بن جاوے خلاصہ معروض کا دعا تھی اس کے مؤمن ہونے کے لئے) اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ اے نوح یہ شخص (ہمارے علم ازلی میں) تمہارے (ان) گھر والوں میں نہیں (جو ایمان لا کر نجات پاویں گے یعنی اس کی قسمت میں ایمان نہیں بلکہ) یہ (خاتمہ تک) تباہ کار (یعنی کافر رہنے والا) ہے سو مجھ سے ایسی چیز کی درخواست مت کرو جس کی تم کو خبر نہیں (یعنی ایسے امر محتمل کی دعا مت کرو) میں تم کو نصیحت کرتا ہوں کہ تم (آئندہ) نادان نہ بن جاؤ (یعنی ایسی دعا نادانی کی بات ہے) انہوں نے عرض کیا کہ اے میرے رب میں اس امر سے آپ کی پناہ مانگتا ہوں کہ (آئندہ) آپ سے ایسے امر کی درخواست کروں جس کی مجھ کو خبر نہ ہو اور (گزشتہ معاف کر دیجئے کیونکہ) اگر آپ میری مغفرت نہ فرماویں گے اور مجھ پر رحم نہ فرماویں گے تو میں تو بالکل تباہ ہی ہو جاؤں گا۔ ف: وعدہ نجات مؤمنین اِحْمِلْ فِيْهَا سے مستفاد ہوتا ہے اِنَّ وَعْدَكَ الْحَقُّ میں یہی مراد ہے اور اللہ تعالیٰ نے اهلك کے ساتھ اِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ فرما دیا تھا اور اس کا مصداق متعین فرمایا نہ تھا اور یہ عدم تعیین واقع میں اس لئے تھی کہ یہ انجاء یا اغراق تک مبہم رہے بجز ہمارے کسی کو اس کی اطلاع نہ ہو کہ کون مؤمن ہوگا کون کافر اور اس عدم اطلاع میں کوئی حکمت ہوگی پس در پردہ اس میں ایسے مشتبہ کے حق میں دعا کرنے کی بھی ممانعت تھی اور لَا تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا میں بھی ظلم سے مراد ظلم فی علمنا تھا جو کہ عام تھا متیقن و مشتبہ کو مگر نوح علیہ السلام یوں سمجھے کہ ظَلَمُوْٓا سے مراد ظلموا فی علم نوح اور سَبَقَ الْقَوْلُ سے بھی مراد سبق فی علم نوح یعنی متیقن الکفر مراد ہے پس چونکہ کنعان متیقن الکفر الی الموت نہ تھا یعنی معلوم الکفر نہ تھا البتہ غیر معلوم الایمان تھا جس کو جواب میں مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ سے تعبیر فرمایا گیا ہے اس لئے دعاء کر

www.besturdubooks.net

دی اور چونکہ تفسیر مذکور اس کے لئے دعاء کی اجازت نہ تھی اس لئے نصیحت کی گئی کہ آئندہ ایسا نہ کرنا کہ ہم جس کو مبہم رکھنا چاہیں اس میں درخواست کرو اور اگر شبہ ہو کہ لَنْ يُّؤْمِنَ سے اس کا متیقن الکفر ہونا معلوم ہوتا ہے پھر کیوں دعا کی۔ جواب یہ ہے کہ وہ باعتبار قوم کے ہے اہل کے اعتبار سے ہونا ثابت نہیں پس عصمت نوح علیہ السلام میں کوئی اشکال نہ رہا وهذا التقرير لهذا المقام من مواهب الله العلام۔ ربط: ظاہر ہے۔

خاتمہ قصہ ☆ قِيْلَ يٰنُوْحُ اهْبِطْ (الی قولہ تعالیٰ) عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ (جب جودی پر کشتی ٹھہرنے کے چند روز بعد پانی بالکل اتر گیا اس وقت نوح علیہ السلام سے) کہا (یعنی اللہ تعالیٰ نے خود یا کسی فرشتے کے ذریعہ سے ارشاد فرمایا) کہ اے نوح (اب جودی پر سے زمین پر) اترو ہماری طرف سے سلام اور برکتیں لے کر جو تم پر نازل ہوں گی اور ان جماعتوں پر کہ تمہارے ساتھ ہیں (کیونکہ ساتھ والے سب مسلمان تھے اور اس علت کے اشتراک سے قیامت تک کے مسلمانوں پر بھی سلام و برکات کا نزول معلوم ہو گیا) اور (چونکہ یہ کلام بعد والے مسلمانوں پر برکات نازل ہونے پر دلالت کرتا ہے اور بعد والوں میں سے بعضے کافر بھی ہوں گے اس لئے ان کا حال بھی بیان فرماتے ہیں کہ) بہت سے ایسی جماعتیں بھی ہوں گی کہ ہم ان کو (دنیا میں) چند روز عیش دیں گے پھر (آخرت میں) ان پر ہماری طرف سے سزائے سخت واقع ہوگی۔

ربط: قصہ نوح علیہ السلام کو ختم کر کے منجملہ فوائد قصص کے دو فائدے بیان فرماتے ہیں دلالت نبوت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم پر اور تسلی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی۔

بعضے فوائد قصۂ مذکورہ ☆ تِلْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّ الْعَاقِبَةَ لِلْمُتَّقِيْنَ ۝ یہ قصہ (آپ کے اعتبار سے) منجملہ اخبار غیب کے ہے جس کو ہم وحی کے ذریعہ سے آپ کو پہنچاتے ہیں اس (قصہ) کو اس (ہمارے بتلانے) کے قبل نہ آپ جانتے تھے اور نہ آپ کی قوم جانتی تھی اس اعتبار سے غیب تھا اور بجز وحی کے دوسرے سب اسباب علم کے یقیناً مفقود ہیں بس ثابت ہو گیا کہ آپ کو وحی کے ذریعہ سے معلوم ہوا ہے اور یہی نبوت ہے لیکن یہ لوگ بعد ثبوت نبوت کے بھی آپ سے مخالفت کرتے ہیں) سو صبر کیجئے (جیسا اس قصہ میں نوح علیہ السلام کا صبر آپ کو معلوم ہوا ہے) یقیناً نیک انجامی متقیوں ہی کے لئے ہے (جیسا نوح علیہ السلام کے قصہ میں معلوم ہوا کہ کفار کا انجام برا ہے اور مسلمانوں کا انجام اچھا ہوگا اسی طرح ان کفار کا چند روزہ زور و شور ہے پھر اخیر میں غلبہ حق ہی کو ہوگا)۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: قَالَ يٰنُوْحُ اِنَّهٗ لَيْسَ مِنْ اَهْلِكَ اِنَّهٗ عَمَلٌ غَيْرُ صَالِحٍ روح میں ہے کہ اس میں اشارہ ہے اس طرف کہ جب شرف نسب کے ساتھ صلاح نہ ہو وہ کالعدم ہے ۱۲ قولہ تعالیٰ: فَلَا تَسْـَٔلْنِ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ یعنی جس کے صواب و غیر صواب ہونے کا علم نہ ہو تو یہ مشتبہ الحال دعاء سے نہی ہے اور جو امر معلوم الفساد ہو اس کی دعاء سے نہی بدرجہ اولیٰ مفہوم ہوگی كذا في الروح اور اس سے ہمارے زمانہ کے مشائخ کی دعاؤں کا حال معلوم ہوتا ہے کہ ان سے جس امر کے لئے دعا کی درخواست کی جاوے وہ اس کے لئے دعا کرنے کو تیار ہو جاتے ہیں اسی طرح بعض سالکین بعض احوال و مواجید کی دعا کرتے ہیں حالانکہ ان کا ضرر و نفع کچھ معلوم نہیں ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله في الغيب آپ کے اعتبار سے اشارة الى ان الغيب في الآية اضافي كما اوضحه في ترجمة ولا قولك فافهم ۱۲۔

فائدۃ: الاقسام المختلفة عقلا ههنا اربعة المسلمون الحاضرون والمسلمون الغائبون والكافرون الحاضرون والكافرون الغائبون فالاول منطوق لفظاً والثاني مفهوم معنىً والثالث منتفٍ تحققا والرابع كالاول فافهم فلا يرد ذكر بعض و عدم ذكر آخرين ۱۲۔

فائدۃ متعلقة بالآية الاولىٰ: في الكشاف بعد ذكر شئ من اللطائف مالضه ولما ذكرنا من المعاني والنكت استفصح علماء البيان هذه الاية ورقصوالها رؤسهم اه وان اشتقت الى نبذ منها فانظر في روح المعاني ۱۲۔

فوائد متعلقه بالآيات الاخر: الاولىٰ زاد في الدعاء بايمان ابنه انه من اهلي مع ان الدعاء كان يمكن بدونه تقريبا للدعاء الى القبول وتاكيدا للشفاعة وايضًا لاجل ان من لم يؤمن من قومه قد اقنط من ايمانه بقوله لن يؤمن فاشار بالزيادة الى اني لا ادعوا لمن هو كافر باليقين وانما ادعوا لمحتمل ۱۲۔ الثانية لما كان الايمان عملا صالحا صح ارادة الكفر بعمل غير صالح ومعناه ذو عمل غير صالح ۱۲۔ الثالثة قوله اعظك نص في عدم العتاب ۱۲۔ الرابعة قوله احكم الحاكمين معنى الحكم فيه كمعناه في قوله والله يحكم لا معقب لحكمه ۱۲۔ الخامسة قوله ما ليس لك به علم ظن نوح عليه السلام جواز السوال لمن لم يعلم بكفره فنبه على تخصيص الجواز بمن يعلم بعدم كفره فيما نهى فيه عن السوال عن المشتبه لحكمة ما مطلقا لان الانبياء كانوا يسألون الهداية لكفار قومهم ۱۲۔

www.besturdubooks.net

النحو : قوله بعدا هلاكا مفعول مطلق عامله بعد واو اللام صلة للمصدر ۱۲۔ قوله ممن معك من بيانية والامم هم الذين كانوا معه سماهم امما اما للتفخيم لاسلامهم واما لكونهم جماعات متفرقة قوله وامم مبتدأ خبره محذوف اى ومن الناس امم ولو بعد هؤلاء قوله نوحيها حال من انباء وما كنت تعلمها خبر ثان لتلك ولذا قيل فى ترجمة الاول جن کو وفى الثانى اس کو ۱۲۔

وَاِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ؕ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُفْتَرُوْنَ ۝ يٰقَوْمِ لَاۤ اَسْـَٔلُكُمْ
عَلَيْهِ اَجْرًا ؕ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى الَّذِيْ فَطَرَنِيْ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝ وَ يٰقَوْمِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْۤا اِلَيْهِ يُرْسِلِ
السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا وَّيَزِدْكُمْ قُوَّةً اِلٰى قُوَّتِكُمْ وَلَا تَتَوَلَّوْا مُجْرِمِيْنَ ۝ قَالُوْا يٰهُوْدُ مَا جِئْتَنَا بِبَيِّنَةٍ وَّمَا
نَحْنُ بِتَارِكِيْۤ اٰلِهَتِنَا عَنْ قَوْلِكَ وَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ ۝ اِنْ نَّقُوْلُ اِلَّا اعْتَرٰىكَ بَعْضُ اٰلِهَتِنَا بِسُوْٓءٍ ؕ قَالَ
اِنِّيْۤ اُشْهِدُ اللّٰهَ وَاشْهَدُوْۤا اَنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ۝ مِنْ دُوْنِهٖ فَكِيْدُوْنِيْ جَمِيْعًا ثُمَّ لَا تُنْظِرُوْنِ ۝ اِنِّيْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ
رَبِّيْ وَرَبِّكُمْ ؕ مَا مِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا ؕ اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ مَّاۤ
اُرْسِلْتُ بِهٖۤ اِلَيْكُمْ ؕ وَيَسْتَخْلِفُ رَبِّيْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ۫ وَلَا تَضُرُّوْنَهٗ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ ۝ وَلَمَّا جَآءَ
اَمْرُنَا نَجَّيْنَا هُوْدًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا ۚ وَنَجَّيْنٰهُمْ مِّنْ عَذَابٍ غَلِيْظٍ ۝ وَتِلْكَ عَادٌ ۘ جَحَدُوْا بِاٰيٰتِ
رَبِّهِمْ وَعَصَوْا رُسُلَهٗ وَاتَّبَعُوْۤا اَمْرَ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ ۝ وَ اُتْبِعُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً وَّيَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اَلَاۤ اِنَّ
عَادًا كَفَرُوْا رَبَّهُمْ ؕ اَلَا بُعْدًا لِّعَادٍ قَوْمِ هُوْدٍ ۝ ع ۱۱

اور ہم نے (قوم) عاد کی طرف ان کے (برادری یا وطن کے) بھائی (حضرت ہود علیہ السلام) کو پیغمبر بنا کر بھیجا انہوں نے اپنی قوم سے فرمایا اے میری قوم تم (صرف) اللہ کی عبادت کرو۔ اس کے سوا کوئی تمہارا معبود (ہونے کے قابل) نہیں تم محض مفتری ہو۔ اے میری قوم میں نے تم سے اس (تبلیغ) پر کچھ معاوضہ نہیں مانگا میرا معاوضہ تو صرف اس (اللہ کے ذمہ ہے) جس نے مجھ کو عدم محض سے پیدا کیا پھر کیا تم نہیں سمجھتے اور اے میری قوم تم اپنے گناہ (کفر و شرک وغیرہ) اپنے رب سے معاف کراؤ (یعنی ایمان لاؤ اور) پھر (ایمان لاکر) اس کی طرف متوجہ رہو وہ تم پر خوب بارشیں برسائے گا اور ایمان و عمل کی برکت سے تم کو اور قوت دے کر تمہاری قوت (موجودہ) میں ترقی کردے گا (پس ایمان لے آؤ) اور مجرم رہ کر (ایمان سے اعراض مت کرو) ان لوگوں نے جواب دیا کہ اے ہود آپ نے ہمارے سامنے کوئی دلیل تو پیش کی نہیں اور ہم آپ کے (مجرد) کہنے سے تو اپنے معبودوں (کی عبادت) کو چھوڑنے والے ہیں نہیں اور ہم کسی طرح آپ کا یقین کرنے والے نہیں (اور) ہمارا قول تو یہ ہے کہ ہمارے معبودوں میں سے کسی نے آپ کو کسی خرابی میں (مثل جنون وغیرہ کے) مبتلا کر دیا ہے۔ ہودؑ نے فرمایا کہ میں (علی الاعلان) اللہ کو گواہ کرتا ہوں اور تم بھی (سن لو اور) گواہ رہو کہ میں ان چیزوں سے (بالکل) بیزار ہوں جن کو تم خدا کے سوا شریک (عبادت) قرار دیتے ہو۔ سو تم (اور وہ) سب مل کر میرے ساتھ (ہر طرح کا) داؤ گھات کر لو (اور) پھر ذرا مجھ کو مہلت نہ دو میں نے اللہ پر توکل کر لیا ہے جو میرا بھی مالک ہے اور تمہارا بھی مالک ہے جتنے روئے زمین پر چلنے والے ہیں سب کی چوٹی اس نے پکڑ رکھی ہے۔ یقیناً میرا رب صراط مستقیم پر (چلنے سے ملتا) ہے۔ پھر اگر (اس بیان بلیغ کے بعد بھی) تم (راہ حق سے) پھرے رہو گے تو میں تو (معذور سمجھا جاؤں گا کیونکہ) جو پیغام دے کر مجھ کو بھیجا گیا تھا وہ تم کو پہنچا چکا ہوں اور تمہاری جگہ میرا رب دوسرے لوگوں کو زمین میں آباد کر دے گا اور اس کا تم کچھ نقصان نہیں کر رہے۔ بالیقین میرا رب ہر شے کی نگہداشت کرتا ہے اور (سامان عذاب شروع ہوا سو) جب ہمارا حکم (عذاب کے لئے) پہنچا ہم نے ہودؑ کو اور جو ان کے ہمراہ اہل ایمان تھے ان کو اپنی عنایت سے (اس عذاب سے) بچا لیا اور ان کو (کیسی چیز سے بچا لیا) ایک بہت ہی سخت عذاب سے بچا لیا اور یہ (جن کا ذکر ہوا) قوم عاد تھی جنہوں نے اپنے رب کی آیات سے انکار کیا اور اس کے رسولوں کا کہنا نہ مانا اور تمام تر ایسے لوگوں کے کہنے پر چلتے رہے جو ظالم اور ضدی تھے اور ان افعال کا نتیجہ یہ ہوا کہ اس دنیا میں بھی لعنت ان کے ساتھ ساتھ رہی اور قیامت کے دن بھی خوب سن لو قوم عاد نے اپنے رب کے ساتھ کفر کیا۔ خوب سن لو رحمت سے دوری ہوئی (دونوں جہاں میں) عاد کو جو کہ ہود کی قوم تھی۔

www.besturdubooks.net

تفسیر ربط: قصہ نوح علیہ السلام کے بعد حضرت ہود علیہ السلام اور قوم عاد کا قصہ آتا ہے۔

قصہ عاد قوم ہود علیہ السلام ☆ وَاِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ؕ (الی قولہ تعالیٰ) اَلَا بُعْدًا لِّعَادٍ قَوْمِ هُوْدٍ ۝ اور ہم نے (قوم) عاد کی طرف ان کے (برادری یا وطن کے) بھائی (حضرت) ہود (علیہ السلام) کو (پیغمبر بنا کر) بھیجا (انہوں نے اپنی قوم سے) فرمایا اے میری قوم تم (صرف) اللہ کی عبادت کرو اس کے سوا کوئی تمہارا معبود ہونے کے قابل) نہیں تم (اس بت پرستی کے اعتقاد میں) محض مفتری ہو (کیونکہ اس کا باطل ہونا دلیل سے ثابت ہے) اے میری قوم (میری نبوت کی علاوہ ثبوت بالدلیل کے اس امر سے مزید تائید ہوتی ہے کہ) میں تم سے اس (تبلیغ) پر کچھ معاوضہ نہیں مانگتا میرا معاوضہ تو صرف اس (اللہ) کے ذمہ ہے جس نے مجھ کو (عدم محض سے) پیدا کیا پھر کیا تم (اس کو) نہیں سمجھتے (کہ دلیل مصحح نبوت موجود اور مانع صحت نبوت یعنی خود غرضی مرتفع پھر نبوت میں شبہ کی کیا وجہ) اور اے میری قوم تم اپنے گناہ (کفر و شرک وغیرہ) اپنے رب سے معاف کراؤ (یعنی ایمان لاؤ اور) پھر ایمان لا کر اس کی طرف (عبادت سے) متوجہ رہو (یعنی عمل صالح کرو پس ایمان و عمل صالح کی برکت سے) وہ تم پر خوب بارشیں برسا دے گا (درمنثور میں ہے کہ عاد پر تین سال متواتر قحط ہوا تھا اور ویسے بھی بارش مطلوب ہے) اور (ایمان و عمل کی برکت سے) تم کو اور قوت دے کر تمہاری قوت (موجودہ) میں ترقی کر دے گا (پس ایمان لے آؤ اور مجرم رہ کر (ایمان سے (اعراض مت کرو ان لوگوں نے جواب دیا کہ اے ہود آپ نے ہمارے سامنے (اپنے رسول من اللہ ہونے کی) کوئی دلیل تو پیش کی نہیں (یہ قول ان کا عناداً تھا) اور ہم آپ کے (مجرد) کہنے سے تو اپنے معبودوں (کی عبادت) کو چھوڑنے والے ہیں نہیں اور ہم کسی طرح آپ کا یقین کرنے والے نہیں (اور) ہمارا قول تو یہ ہے کہ ہمارے معبودوں میں سے کسی نے آپ کو کسی خرابی میں (مثل جنون وغیرہ کے) مبتلا کر دیا ہے (چونکہ آپ نے ان کی شان میں گستاخی کی انہوں نے باؤلا کر دیا اس لئے ایسی بہکی بہکی باتیں کرتے ہو کہ خدا ایک ہے میں نبی ہوں) ہود (علیہ السلام) نے فرمایا کہ (تم جو کہتے ہو کسی بت نے مجھ کو باؤلا کر دیا ہے تو) میں (علی الاعلان) اللہ کو گواہ کرتا ہوں اور تم بھی (سن لو اور) گواہ رہو کہ میں ان چیزوں سے (بالکل بیزار ہوں جن کو تم خدا کے سوا شریک (عبادت) قرار دیتے ہو سو (میری عداوت اول تو پہلے سے ظاہر ہے اور اب اس تبریٰ سے اور زیادہ مؤکد ہو گئی تو اگر ان بتوں میں کچھ قوت ہے تو) تم (اور وہ) سب مل کر میرے ساتھ (ہر طرح کا) داؤ گھات کر لو (اور) پھر مجھ کو ذرا مہلت نہ دو (اور کوئی کسر نہ چھوڑو دیکھوں تو سہی میرا کیا کر لیں گے اور جب وہ مع تمہارے کچھ نہیں کر سکتے تو اکیلے تو کیا خاک کر سکتے ہیں اور میں یہ دعویٰ اس لئے دل کھول کر کر رہا ہوں کہ بت تو محض عاجز ہیں ان سے تو اس لئے نہیں ڈرتا رہ گئے تم سو گو تم کو کچھ قدرت ہے لیکن میں تم سے اس لئے نہیں ڈرتا کہ) میں نے اللہ پر توکل کر لیا ہے جو میرا بھی مالک ہے اور تمہارا بھی مالک ہے۔ جتنے روئے زمین پر چلنے والے ہیں سب کی چوٹی اس نے پکڑ رکھی ہے (یعنی سب اس کے قبضے میں ہیں بے اس کے حکم کے کوئی کان نہیں ہلا سکتا اس لئے میں تم سے بھی نہیں ڈرتا اور اس تقریر سے ایک نیا معجزہ بھی ظاہر ہو گیا کہ ایک شخص تن تنہا ایسے بڑے بڑے زور آور لوگوں سے ایسی مخالفانہ باتیں کرے اور وہ اس کا کچھ نہ کر سکیں پس وہ جو کہتے تھے: مَا جِئْتَنَا بِبَيِّنَةٍ اس سے اس کا بھی ایک جواب ہو گیا کہ اگر معجزہ سابقہ سے قطع نظر کی جاوے تو لو یہ دوسرا معجزہ ہے پس نبوت پر دلیل قائم ہو گئی اور اس میں جو منشاء اشتباہ تھا اعتراك بعض الهتنا الخ اس کا جواب بھی ہو گیا پس نبوت ثابت ہو گئی اس سے توحید کا وجوب بھی ثابت ہو گیا جس کی طرف میں دعوت کرتا ہوں اور تمہارا کہنا مَا نَحْنُ بِتَارِكِيْٓ اٰلِهَتِنَا الخ باطل ہو گیا اور صراط مستقیم یہی ہے اور) یقیناً میرا رب صراط مستقیم پر (چلنے سے ملتا) ہے (پس تم بھی اس صراط مستقیم کو اختیار کرو تا کہ مقبول و مقرب ہو جاؤ) پھر اگر (اس بیان بلیغ کے بعد بھی) تم (راہ حق سے) پھرے رہو گے تو میں تو (معذور سمجھا جاؤں گا کیونکہ) جو پیغام دے کر مجھ کو بھیجا گیا تھا وہ تم کو پہنچا چکا ہوں (لیکن تمہاری کم بختی آوے گی کہ تم کو اللہ تعالیٰ ہلاک کر دے گا) اور تمہاری جگہ میرا رب دوسرے لوگوں کو اس زمین میں آباد کر دے گا (سو تم اس اعراض و کفر میں اپنا ہی نقصان کر رہے ہو) اور اس کا تم کچھ نقصان نہیں کر رہے (اور اگر اس اہلاک میں کسی کو یہ شبہ ہو کہ خدا کو کیا خبر کہ کون کیا کر رہا ہے تو خوب سمجھ لو کہ) بالیقین میرا رب ہر شئے کی نگہداشت کرتا ہے (اس کو سب خبر رہتی ہے غرض ان تمام حجتوں پر بھی ان لوگوں نے نہ مانا) اور (سامان عذاب شروع ہوا سو) جب ہمارا حکم (عذاب کے لئے) پہنچا (اور بادصرصر کا عذاب نازل ہوا تو) ہم نے ہود (علیہ السلام) کو اور جو ان کے ہمراہ اہل ایمان تھے ان کو اپنی عنایت سے (اس عذاب سے) بچا لیا اور ان کو (کیسی چیز سے بچا لیا) ایک بہت ہی سخت عذاب سے بچا لیا (آگے اوروں کو عبرت دلانے کے لئے فرماتے ہیں) اور یہ (جن کا ذکر ہوا) قوم عاد تھی جنہوں نے اپنے رب کی آیات (یعنی دلائل اور احکام) کا انکار کیا اور اس کے رسولوں کا کہنا نہ مانا اور تمام تر ایسے لوگوں کے کہنے پر چلتے رہے جو ظالم (اور) ضدی تھے اور (ان افعال کا یہ نتیجہ ہوا کہ) اس دنیا میں بھی لعنت ان کے ساتھ ساتھ رہی اور قیامت کے دن بھی (ان کے ساتھ ساتھ رہے گی) چنانچہ دنیا میں اس کا اثر عذاب اہلاک تھا اور آخرت میں عذاب مخلد ہو گا) خوب سن لو قوم عاد نے اپنے رب کے ساتھ کفر کیا خوب سن لو (اس کفر کا یہ خمیازہ ہوا کہ) رحمت سے دوری ہوئی (دونوں جہان میں) عاد کو جو کہ ہود (علیہ السلام) کی قوم تھی۔ ف: یہ جو فرمایا کہ عاد نے رسولوں کا کہنا نہ مانا حالانکہ ان کے پاس صرف ہود علیہ السلام کا تشریف لانا ثابت ہے۔ وجہ اس کی یہ ہے کہ پیغمبر مسئلہ توحید میں سب متفق ہیں جب ہود علیہ السلام کا

www.besturdubooks.net

کہنا نہ مانا تو جتنے پیغمبران سے پہلے گزرے تھے بلکہ جو آئندہ بھی ہوئے ان سب ہی کی مخالفت ہوئی اور احقر نے جو مَا جِئْتَنَا بِبَيِّنَةٍ میں کہا ہے کہ یہ قول ان کا عناداً تھا وجہ اس کی یہ ہے کہ معجزہ سے کوئی نبی خالی نہیں ہوا گو تعیین ہم کو نہ پہنچی ہو۔ چنانچہ حدیث میں ہے **ما من نبی الا قد اعطی من الآیات ما مثله امن علیه البشر** متفق علیہ اور دوسرے معجزہ کی تقریر میں جو احقر نے لفظ تن تنہا کہا ہے مراد اس سے یہ ہے کہ ان کے مقابلہ کی ظاہری قوت نہ تھی گو چند مسلمان بھی اس وقت تک ساتھ ہو گئے ہوں پس یہ شبہ نہیں ہو سکتا کہ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ منافی ہے تن تنہا ہونے کے اور یہ جو ان کفار نے کہا تھا اعتراک یہ عقلاً بھی فاسد ہے کیونکہ نہی عن الشرک کی علت اعتراء کو بھی بتلاتے تھے اور اعتراء کی علت خود نہی عن الشرک کو قرار دیتے تھے پس یہ دور صریح ہے اور اگر کسی توجیہ سے دور کو دفع کیا جاوے تب بھی بطلان اس کا بدیہی ہے اور سورۂ مومنون کے رکوع سوم میں جس قوم کا ذکر ہے بعض نے اس کو عاد پر محمول کیا ہے اور اس میں عذاب صیحہ مذکور ہے سو ممکن ہے کہ یہ بھی ہوا ہو فقط۔ **واللہ اعلم۔**

تَرْجَمَةُ مَسَائِلِ السُّلُوْكِ: قولہ تعالیٰ : وَ يٰقَوْمِ اسْتَغْفِرُوْا (الی قولہ تعالیٰ) يُرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا وَّ يَزِدْكُمْ قُوَّةً اِلٰى قُوَّتِكُمْ اس میں دلیل ہے اس پر کہ طاعات کو راحت دنیویہ و خوش عیشی میں بھی دخل ہے اور اس کا مشاہدہ ہو رہا ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ : فَكِيْدُوْنِيْ جَمِيْعًا اس سے ہود علیہ السلام کا بڑا قوی توکل معلوم ہوتا ہے کیونکہ آپ ان تمام جبابرہ متمردین میں تنہا تھے پھر بھی آپ نے ان کی اور ان کے معبودوں کی کیسی مذمت کی اور ان کو کیسے مشتعل کیا۔ قولہ تعالیٰ وَعَصَوْا رُسُلَهٗ ایک رسول کے عصیان کو سب رسل کا عصیان اس لئے کہا گیا کہ مقصود سب کا واحد ہے اور اس میں اشارہ ہو گیا کہ بعض مقبولین پر انکار ایسا ہی ہے جیسے سب مقبولین پر کیونکہ ان سب کا مقصود ایک ہی ہے ۱۲ قولہ تعالیٰ : اَلَا بُعْدًا لِّعَادٍ قَوْمِ هُوْدٍ اس میں دلیل ہے اس پر کہ معاندین حق پر ہلاکت کی دعا کرنا کمال کے منافی نہیں ۱۲۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَةِ: ۱ قوله فی فطرنی عدم محض لانه الابداع ۱۲۔ ۲ قوله فی مجرمین رہ کر اشارة الی ارادة الاستمرار لان التولی والاجرام کان حاصلا من قبل ۱۲۔ ۳ قوله فی قولك مجرد دلیله قولهم ما جئتنا ۱۲۔ ۴ قوله فی بمؤمنین کسی طرح دلیله الباء ۱۲۔ ۵ قوله فی صراط چلنے سے هذا من المواهب فهو کقوله تعالیٰ وعلی الله قصد السبیل بمعنی علیه قصد السبیل یصل الیه من یسلکه لا محالة کذا فی البیضاوی وقال فی الروح فی بیان اشارة آیة المقام انها تنتهی الی الحق آه وبه یتاید ما اخترته ۱۲۔ ۶ قوله فی تولوا پھرے رہو گے اشارة الی ارادة بمعنی الاستمرار ۱۲۔ ۷ قوله فی فقد ابلغتکم معذور اشارة الی حذف الجزاء واقامة سببه مقامه ۱۲۔ ۸ قوله فی عذاب غلیظ کیسی چیز اشار به الی فائدة الجملة الثانیة من قصد بیان ما منه النجاة کما قصد فی الاولیٰ بیان من له النجاة ۱۲۔

اَللُّغَاتُ: قوله اعتراٰی اصاب من عری یعرو واصله قصد عراه ای محله وناصیة کما فی قوله تعالیٰ نبذ بالعراء ۱۲۔ جحد و کفر کلاهما یتعدی بنفسه وبالباء ۱۲۔

اَلنَّحْوُ : قوله ان نقول معناه ان نقول قولا الا قولنا هذا اعتراك الخ قوله بسوء الباء للتعدیة ۱۲۔ قوله تلك بتاویل القبیلة قوله واتبعوا اعاد الیهم باعتبار البعض لان التابعین بعضهم والمتبوعون بعضهم فهو کقوله تعالیٰ واتبعوا من لم یزده ماله الخ وهو کنایة عن الملازمة کما ان الاتباع عدم المفارقة قوله قوم هود زاده اشارة الی ان ما حل بهم انما هو لمخالفتهم هودًا۔

وَاِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا ۘ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ هُوَ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ
وَاسْتَعْمَرَكُمْ فِيْهَا فَاسْتَغْفِرُوْهُ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ ۭ اِنَّ رَبِّيْ قَرِيْبٌ مُّجِيْبٌ ۝۶۱ قَالُوْا يٰصٰلِحُ قَدْ كُنْتَ فِيْنَا مَرْجُوًّا
قَبْلَ هٰذَآ اَتَنْهٰىنَآ اَنْ نَّعْبُدَ مَا يَعْبُدُ اٰبَاۗؤُنَا وَاِنَّنَا لَفِيْ شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُوْنَآ اِلَيْهِ مُرِيْبٍ ۝۶۲ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰي
بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَاٰتٰىنِيْ مِنْهُ رَحْمَةً فَمَنْ يَّنْصُرُنِيْ مِنَ اللّٰهِ اِنْ عَصَيْتُهٗ ۣ فَمَا تَزِيْدُوْنَنِيْ غَيْرَ تَخْسِيْرٍ ۝۶۳ وَيٰقَوْمِ هٰذِهٖ
نَاقَةُ اللّٰهِ لَكُمْ اٰيَةً فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ فِيْٓ اَرْضِ اللّٰهِ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْۗءٍ فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابٌ قَرِيْبٌ ۝۶۴ فَعَقَرُوْهَا
فَقَالَ تَمَتَّعُوْا فِيْ دَارِكُمْ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ ۭ ذٰلِكَ وَعْدٌ غَيْرُ مَكْذُوْبٍ ۝۶۵ فَلَمَّا جَاۗءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا صٰلِحًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَمِنْ خِزْيِ يَوْمِىِٕذٍ ۭ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ۝۶۶ وَاَخَذَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ

www.besturdubooks.net

دِيَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿۹۴﴾ كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ؕ اَلَا بُعْدًا لِّثَمُوْدَ ﴿۹۵﴾ ع ۸

اور ہم نے (قوم) ثمود کے پاس ان کے بھائی صالحؑ کو پیغمبر بنا کر بھیجا انہوں نے اپنی قوم سے فرمایا اے میری قوم تم (صرف) اللہ کی عبادت کرو۔ اس کے سوا کوئی تمہارا معبود (ہونے کے قابل) نہیں اس نے تم کو زمین (کے مادہ) سے پیدا کیا اور تم کو اس (زمین میں) آباد کیا تو تم اپنے گناہ (شرک وکفر وغیرہ) اس سے معاف کراؤ پھر (ایمان لاکر) اس کی طرف (عبادت سے) متوجہ رہو۔ بیشک میرا رب (اس شخص سے) جو قریب ہے قبول کرنے والا ہے۔ وہ لوگ کہنے لگے کہ اے صالح تم اس کے قبل ہم میں ہونہار (معلوم ہوتے) تھے کہ تم ہم کو ان چیزوں کی عبادت سے منع کرتے ہو جن کی عبادت ہمارے بڑے کرتے آئے ہیں (یعنی تم اس سے منع مت کرو) اور جس دین کی طرف تم ہم کو بلا رہے ہو (یعنی توحید) واقعی ہم تو اس کی طرف سے بڑے (بھاری) شبہ میں ہیں جس نے ہم کو تردد میں ڈال رکھا ہے۔ آپ نے (جواب میں) فرمایا اے میری قوم بھلا یہ تو بتلاؤ کہ اگر میں اپنے رب کی جانب سے دلیل پر قائم ہوں اور اس نے مجھ کو اپنی طرف سے رحمت (یعنی نبوت) عطا فرمائی ہو سو (اس حالت میں) اگر میں خدا کا کہنا مانوں تو یہ بتلاؤ (کہ) پھر مجھ کو خدا (کے عذاب) سے کون بچائے گا۔ تو تم سراسر میرا نقصان ہی کر رہے ہو اور اے میری قوم یہ اونٹنی ہے اللہ کی جو تمہارے لئے دلیل ہے سو اس کو چھوڑ دو کہ اللہ کی زمین میں کھاتی پھرا کرے اور اس کو برائی (اور تکلیف دہی) کے ساتھ ہاتھ بھی مت لگانا کبھی تم کو فوری عذاب آ پکڑے۔ سو انہوں نے اس (اونٹنی) کو مار ڈالا تو صالح (علیہ السلام) نے فرمایا (خیر) تم اپنے گھروں میں تین دن اور بسر کرلو۔ یہ ایسا وعدہ ہے جس میں ذرا جھوٹ نہیں۔ سو جب ہمارا حکم (عذاب کے لئے) آ پہنچا۔ ہم نے صالح (علیہ السلام) کو اور جو ان کے ہمراہ اہل ایمان تھے ان کو اپنی عنایت سے (ان عذاب سے) بچالیا اور اس دن کی بڑی رسوائی سے بچالیا بے شک آپ کا رب ہی قوت والا غلبہ والا ہے اور ان ظالموں کو ایک نعرہ نے آدبایا جس سے وہ اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے۔ جیسے ان گھروں میں کبھی بسے ہی نہ تھے۔ خوب سن لو (قوم) ثمود نے اپنے رب کے ساتھ کفر کیا۔ خوب سن لو رحمت سے ثمود کو دوری ہوئی۔ ۞

تفسیر ربط: ثمود قوم صالح علیہ السلام کا قصہ آتا ہے۔

قصہ ثمود قوم صالح علیہ السلام ☆ وَاِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا (الی قولہ تعالیٰ) اَلَا بُعْدًا لِّثَمُوْدَ ﴿۹۵﴾ اور ہم نے (قوم) ثمود کے پاس ان کے بھائی صالح (علیہ السلام) کو پیغمبر بنا کر بھیجا انہوں نے (اپنی قوم سے) فرمایا اے میری قوم تم (صرف) اللہ کی عبادت کرو اس کے سوا کوئی تمہارا معبود (ہونے کے قابل) نہیں (اس کا تم پر یہ انعام ہے کہ) اس نے تم کو زمین (کے مادہ) سے پیدا کیا اور تم کو اس (زمین) میں آباد کیا (یعنی ایجاد وابقاء دونوں نعمتیں عطا فرمائیں جن میں سب نعمتیں آ گئیں جب وہ ایسا منعم ہے) تو تم اپنے گناہ (شرک وکفر وغیرہ) اس سے معاف کراؤ (یعنی ایمان لاؤ اور) پھر (ایمان لاکر) اس کی طرف (عبادت سے) متوجہ رہو (یعنی عمل صالح کرو) بیشک میرا رب (اس شخص سے) قریب ہے (جو اس کی طرف متوجہ ہو اور اس شخص کی عرض) قبول کرنے والا ہے (جو اس سے گناہ معاف کراتا ہے) وہ لوگ کہنے لگے اے صالح تم تو اس کے قبل ہم میں ہونہار (معلوم ہوتے) تھے (یعنی ہم کو تم سے امید تھی کہ اپنی لیاقت و وجاہت سے فخر قوم اور ہمارے لئے مایہ ناز اور ہمارے سرپرست بنو گے افسوس اس وقت جو باتیں کر رہے ہو اس سے تو ساری امیدیں خاک میں ملتی نظر آتی ہیں) کیا تم ہم کو ان چیزوں کی عبادت سے منع کرتے ہو جن کی عبادت ہمارے بڑے کرتے آئے ہیں (یعنی تم اس سے منع مت کرو) اور جس دین کی طرف تم ہم کو بلا رہے ہو (یعنی توحید) واقعی ہم تو اس کی طرف سے بڑے (بھاری) شبہ میں ہیں جس نے ہم کو تردد میں ڈال رکھا ہے (کہ مسئلہ توحید ہمارے خیال ہی میں نہیں آتا) آپ نے (جواب میں) فرمایا اے میری قوم (تم جو کہتے ہو کہ تم توحید کی دعوت اور بت پرستی سے ممانعت مت کرو تو) بھلا یہ تو بتلاؤ کہ اگر میں اپنے رب کی جانب سے دلیل پر (قائم) ہوں جس سے توحید ثابت ہے) اس نے مجھ کو اپنی طرف سے رحمت (یعنی نبوت) عطا فرمائی ہو (جس سے اس توحید کی دعوت کا میں مامور ہوں) سو (اس حالت میں) اگر میں خدا کا کہنا نہ مانوں (اور دعوت توحید کو ترک کر دوں جیسا تم کہتے ہو) تو (یہ بتلاؤ کہ) مجھ کو (خدا کے عذاب) سے کون بچالے گا تو تم تو (ایسا برا مشورہ دے کر) سراسر میرا نقصان ہی کر رہے ہو (یعنی اگر خدانخواستہ قبول کرلوں تو بجز نقصان کے اور کیا ہاتھ آوے اور چونکہ انہوں نے معجزہ کی بھی ثبوت رسالت کے لئے درخواست کی تھی اس لئے آپ نے فرمایا) اور اے میری قوم (تم جو معجزہ چاہتے تھے سو) یہ اونٹنی ہے اللہ کی جو تمہارے لئے دلیل (بنا کر ظاہر کی گئی) ہے (اور اسی لئے اللہ کی اونٹنی کہلائی کہ اللہ کی دلیل ہے) سو (علاوہ اس کے یہ بوجہ معجزہ ہونے کے میری رسالت پر دلیل ہے خود اس کے بھی کچھ حقوق ہیں منجملہ ان کے یہ ہے کہ) اس کو چھوڑ دو کہ اللہ کی زمین میں (گھاس چارہ) کھاتی پھرا کرے (اسی طرح اپنی باری کے دن پانی پیتی رہے جیسا دوسری آیت میں ہے) اور اس کو برائی (اور تکلیف دہی) کے ساتھ ہاتھ بھی مت لگانا کبھی تم کو فوری عذاب آ پکڑے (یعنی دیر نہ لگے) سو انہوں نے (باوجود اس تمام تر اتمامِ حجت کے) اس اونٹنی کو مار ڈالا تو صالح (علیہ السلام) نے فرمایا (خیر) تم اپنے گھروں میں تین دن اور بسر کرلو (تین دن کے بعد عذاب آتا ہے اور) یہ ایسا وعدہ ہے جس میں ذرا جھوٹ نہیں (کیونکہ منجانب اللہ ہے) سو (تین دن گزرنے کے بعد) جب ہمارا حکم (عذاب کے لئے) آ پہنچا ہم نے صالح (علیہ السلام) کو اور جو ان کے ہمراہ اہل ایمان تھے ان کو اپنی عنایت سے (اس عذاب سے) بچالیا اور (ان کو کیسی چیز سے بچالیا) اس دن کی

www.besturdubooks.net

بڑی رسوائی سے بچالیا (کیونکہ قہر الٰہی میں مبتلا ہونے سے بڑھ کر کیا رسوائی ہوگی) بیشک آپ کا رب ہی قوت والا غلبہ والا ہے (جس کو چاہے سزا دے دے جس کو چاہے بچالے) اور ان ظالموں کو ایک نعرہ نے آدبایا (کہ وہ آواز تھی جبرئیل علیہ السلام کی) جس سے وہ اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے (اور ان کی یہ حالت ہوگئی) جیسے ان گھروں میں کبھی بسے ہی نہ تھے خوب سن لو (قوم) ثمود نے اپنے رب کے ساتھ کفر کیا خوب سن لو اس کفر کا یہ خمیازہ ہوا کہ) رحمت سے ثمود کو دوری ہوئی۔ **ف**: یہ قصہ پارہ ہشتم کے آخر میں آیا ہے اور وہاں رجفه یعنی زلزلہ کا عذاب مذکور ہے وجہ تطبیق اسی جگہ ذکر کر دی گئی ہے دیکھ لیجئے اور ظاہر حال ثمود سے انکار توحید کا معلوم ہوتا ہے پھر جو اس کو شک سے تعبیر کیا تو مراد اس سے مطلق انکار ہے گو جزم جانب مخالف کے ساتھ ہو۔

ملحقات الترجمة: ۱ **قوله فی انتهنا** منع مت کرو **افاده الاستفهام وبهذا یرتبط به قوله عصیته** ۱۲۔ ۲ **قوله فی شك** بڑے **افاده التنوین** ۱۲۔ ۳ **قوله فی قریب** دیر نہ لگے **ای قریب من مسکم بلا استمهال** ۱۲۔ ۴ **قوله فی ذٰلك** یعنی **المشار الیه العذاب المفهوم من ثلثة ایام یکون بعدها العذاب** ۱۲۔ ۵ **قوله فی ومن خزی** بچالیا **اشارة الی تقدیر نجینا ثم عطفه علی نجینا المذکور الدال علی مثل معنی ما سبق فی قصة عاد ونجیناهم من عذاب غلیظ سواء بسواء** ۱۲۔

النحو والقراءة: **فی قراءة یومئذ** بفتح المیم **لکونه مضافا الی اذا وهو غیر متمکن ووجه الکسر ظاهر قوله کنت الخ تقدیره هکذا ان کنت علی بینة من ربی واتانی منه رحمة فان عصیته فمن ینصرنی من الله الخ** ۱۲۔

البلاغة: **قوله ان کنت فی ایراد کلمة الشك مع کونه علی یقین مجازاة للخصم بسنن الانصاف والاستیناس قوله ینصرنی من الله بمعنی یمنعنی من عذاب الله فالنصر مجاز عن المنع والمضاف مقدر قوله تزیدوننی عبر عن الخسران العظیم بالزیادة المقتضیة لکون شیء من الخسار موجودا من قبل مع عدم تحققه مجازا للمبالغة قوله وعد سماه وعدا تهکما** ۱۲۔

وَلَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُنَآ اِبْرٰهِيْمَ بِالْبُشْرٰى قَالُوْا سَلٰمًا ؕ قَالَ سَلٰمٌ فَمَا لَبِثَ اَنْ جَآءَ بِعِجْلٍ حَنِيْذٍ ﴿۶۹﴾ فَلَمَّا رَاٰۤ
اَيْدِيَهُمْ لَا تَصِلُ اِلَيْهِ نَكِرَهُمْ وَاَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيْفَةً ؕ قَالُوْا لَا تَخَفْ اِنَّاۤ اُرْسِلْنَاۤ اِلٰى قَوْمِ لُوْطٍ ﴿۷۰﴾ وَامْرَاَتُهٗ قَآئِمَةٌ
فَضَحِكَتْ فَبَشَّرْنٰهَا بِاِسْحٰقَ ۙ وَمِنْ وَّرَآءِ اِسْحٰقَ يَعْقُوْبَ ﴿۷۱﴾ قَالَتْ يٰوَيْلَتٰۤى ءَاَلِدُ وَاَنَا عَجُوْزٌ وَّهٰذَا بَعْلِىْ شَيْخًا ؕ
اِنَّ هٰذَا لَشَىْءٌ عَجِيْبٌ ﴿۷۲﴾ قَالُوْۤا اَتَعْجَبِيْنَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ ؕ رَحْمَتُ اللّٰهِ وَبَرَكٰتُهٗ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ ؕ اِنَّهٗ حَمِيْدٌ
مَّجِيْدٌ ﴿۷۳﴾ فَلَمَّا ذَهَبَ عَنْ اِبْرٰهِيْمَ الرَّوْعُ وَجَآءَتْهُ الْبُشْرٰى يُجَادِلُنَا فِىْ قَوْمِ لُوْطٍ ﴿۷۴﴾ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَحَلِيْمٌ اَوَّاهٌ
مُّنِيْبٌ ﴿۷۵﴾ يٰۤاِبْرٰهِيْمُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا ۚ اِنَّهٗ قَدْ جَآءَ اَمْرُ رَبِّكَ ۚ وَاِنَّهُمْ اٰتِيْهِمْ عَذَابٌ غَيْرُ مَرْدُوْدٍ ﴿۷۶﴾

اور ہمارے بھیجے ہوئے فرشتے (بشکل بشر) ابراہیم (علیہ السلام) کے پاس بشارت لے کر آئے اور (آنے کے وقت) انہوں نے سلام کیا۔ ابراہیم (علیہ السلام) نے بھی سلام کیا۔ پھر دیر نہیں لگائی کہ ایک تلا ہوا بچھڑا لائے۔ سو جب ابراہیم (علیہ السلام) نے دیکھا کہ ان کے ہاتھ اس کھانے تک نہیں بڑھتے تو ان سے متوحش ہوئے اور ان سے دل میں خوف زدہ ہوئے۔ وہ فرشتے کہنے لگے کہ ڈرو مت ہم قوم لوط کی طرف بھیجے گئے ہیں اور ابراہیم (علیہ السلام) کی بی بی (حضرت سارہ کہیں) کھڑی (سن) رہی تھیں پس ہنسیں سو ہم نے ان کو (مکرر) بشارت دی اسحٰق (کے پیدا ہونے) کی اور اسحٰق سے پیچھے یعقوب کی کہنے لگیں ہائے خاک پڑے اب میں بچہ جنوں گی بڑھیا ہو کر اور یہ میرے میاں (بیٹھے) ہیں بالکل بوڑھے واقعی یہ بھی عجیب بات ہے۔ فرشتوں نے کہا کہ تم خدا کے کاموں میں تعجب کرتی ہو اور خصوصاً اس خاندان کے لوگوں پر اللہ کی (خاص) رحمت اور اس کی (انواع واقسام کی) برکتیں (نازل ہوتی رہتی) ہیں۔ بیشک وہ (اللہ تعالیٰ) تعریف کے لائق (اور) بڑی شان والا ہے۔ پھر جب ابراہیم علیہ السلام کا وہ خوف دور ہو گیا اور ان کو خوشی کی خبر ملی (کہ اولاد پیدا ہوگی) تو ہم سے لوط علیہ السلام کی قوم کے بارے میں جدال کرنا شروع کیا۔ واقعی ابراہیم بڑے حلیم الطبع رحیم المزاج رقیق القلب تھے۔ اے ابراہیم اس بات کو جانے دو تمہارے رب کا کلام (اس کے متعلق) آچکا ہے اور (اس کے سبب سے) ان پر ضرور ایسا عذاب آنے والا ہے جو کسی طرح ہٹنے والا نہیں۔

تفسیر لوط: اوپر قوم ثمود کا قصہ ذکر ہوا ہے اور اکثر مقامات پر بعد اس قصہ کے قوم لوط علیہ السلام کا قصہ مذکور ہوا ہے یہ قرینہ ہے کہ یہاں بھی زیادہ مقصود اسی کا بیان کرنا ہے چنانچہ فَمَا خَطْبُكُمْ کے سوال وجواب سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ مقصود اعظم ان ملائکہ کا تعذیب قوم لوط تھی اور بیچ میں حضرت ابراہیم علیہ

www.besturdubooks.net

السلام کا قصہ بعض وجوہ خاصہ سے آ گیا ہے ایک تو دونوں میں خاص تعلق ہے کہ دونوں قصوں میں ملائکہ کی جماعت متحد تھی پھر دونوں پیغمبر رشتہ دار بھی ہیں اور مسکن بھی دونوں کا قریب تھا اور ان کے باب میں ابراہیم علیہ السلام نے کلام بھی کیا تھا اور غالباً مستقل صاحب شریعت حضرت ابراہیم علیہ السلام ہی تھے اور لوط علیہ السلام ان کی طرف سے بطور نیابت تھے دوسرے دونوں قصوں کے متصل آنے سے اشارہ ہو گیا کہ قہر اور رحمت دونوں کا مدار طاعت و معصیت ہے دیکھو وہی ملائکہ مطیعین کے لئے مبشر تھے اور وہی ملائکہ عاصین کے لئے منذر اور عذاب کے لانے والے تھے تیسرے ایک قصہ دوسرے کا متمم ہے وغیر ذالک من الفوائد اور اسی وجہ سے کہ مقصود قصہ قوم لوط کا بیان کرنا ہے جیسے سب قصوں میں ارسلنا آیا ہے ایسا ہی اس قصہ میں بھی اسی مادہ کا استعمال کیا گیا ہے بخلاف قصہ ابراہیم علیہ السلام کے کہ اس میں لفظ جاء لایا گیا ہے و نیز تغیر اسلوب میں یہ اشارہ ہے کہ اس قصہ میں مثل اور قصوں کے عذاب کا مضمون نہیں ہے۔

قصہ ابراہیم علیہ السلام و اضیاف او ☆ وَلَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُنَآ اِبْرٰهِيْمَ بِالْبُشْرٰى (الی قولہ تعالیٰ) عَذَابٌ غَيْرُ مَرْدُوْدٍ ۝ اور ہمارے بھیجے ہوئے فرشتے (بشکل بشر) ابراہیم (علیہ السلام) کے پاس (ان کے فرزند اسحاق علیہ السلام کی) بشارت لے کر آئے (گو مقصود اعظم ان کے آنے کا اہلاک قوم لوط تھا لقولہ تعالیٰ فَمَا خَطْبُكُمْ) اور (آنے کے وقت) انہوں نے سلام کیا ابراہیم (علیہ السلام) نے بھی سلام کیا (اور پہچانا نہیں کہ یہ فرشتے ہیں لقولہ تعالیٰ : قَالَ سَلٰمٌ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ [الذاریت : ۲۵] معمولی مہمان سمجھے) پھر دیر نہیں لگائی کہ ایک تلا ہو (فربہ لقولہ تعالیٰ سَمِيْنٍ) بچھڑا لائے اور ان کے سامنے رکھ دیا یہ تو فرشتے تھے کیوں کھانے لگے) سو جب ابراہیم (علیہ السلام) نے دیکھا کہ ان کے ہاتھ اس کھانے تک نہیں بڑھے تو ان سے متوحش ہوئے اور ان سے دل میں خوفزدہ ہوئے (کہ یہ مہمان تو نہیں ہیں کوئی مخالف نہ ہوں کہ بارادہ فاسد آئے ہوں اور میں گھر میں ہوں احباب و اصحاب پاس نہیں یہاں تک کہ بے تکلفی سے اس کو زبان سے بھی ظاہر کر دیا لقولہ تعالیٰ : قَالَ اِنَّا مِنْكُمْ وَجِلُوْنَ [الحجر : ۵۲]) وہ فرشتے کہنے لگے ڈرو مت (ہم آدمی نہیں ہیں فرشتے ہیں آپ کے پاس بشارت لے کر آئے ہیں کہ آپ کے ایک فرزند پیدا ہوگا اسحاق اور اس کے پیچھے ایک فرزند ہوگا یعقوب اور بشارت اس لئے کہا کہ اول تو اولاد خوشی کی چیز ہے پھر ابراہیم علیہ السلام بوڑھے بہت ہو گئے تھے بی بی بھی بہت بوڑھی تھیں امید اولاد کی نہ رہی تھی لقولہ تعالیٰ : لَا تَوْجَلْ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ [الحجر : ۵۳] وقولہ تعالیٰ : لَا تَخَفْ وَبَشَّرُوْهُ بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ [الذاریت : ۲۸] آپ نے نور نبوت سے توجہ کر کے پہچان لیا کہ واقعی فرشتے ہیں لیکن فراست نبوت سے یہ بھی معلوم ہو گیا کہ اس کے سوا اور بھی کسی بڑے کام کے لئے آئے ہیں اس لئے اس کی تعیین سے سوال کیا لقولہ تعالیٰ : قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ الخ اس وقت انہوں نے کہا کہ) ہم قوم لوط کی طرف بھیجے گئے ہیں (کہ ان کو سزائے کفر میں ہلاک کریں ان میں تو یہ گفتگو ہو رہی تھی) اور ابراہیم (علیہ السلام) کی بی بی (حضرت سارہ کہیں) کھڑی (سن رہی تھیں) پس (اولاد کی خبر سن کر جس کی ان کو بعد اس کے کہ اسمٰعیل علیہ السلام بطن ہاجرہ سے متولد ہوئے تمنا بھی تھی خوشی سے) ہنسیں (اور بولتی پکارتی آئیں اور تعجب سے ماتھے پر ہاتھ مارا لقولہ تعالیٰ : فَاَقْبَلَتِ امْرَاَتُهٗ فِيْ صَرَّةٍ فَصَكَّتْ وَجْهَهَا [الذاریت : ۲۹]) سو ہم نے (یعنی ہمارے فرشتوں نے) ان کو (مکرر) بشارت دی اسحاق (کے پیدا ہونے) کی اور اسحاق سے پیچھے یعقوب کی (جو کہ اسحاق کے فرزند ہوں گے جس سے معلوم ہو گیا کہ تمہارے فرزند ہوگا اور زندہ رہے گا یہاں تک کہ وہ بھی صاحب اولاد ہوگا اس وقت) کہنے لگیں کہ ہائے خاک پڑے اب میں بچہ جنوں گی بڑھیا ہو کر اور یہ میرے میاں (بیٹھے) ہیں بالکل بوڑھے واقعی یہ بھی عجیب بات ہے فرشتوں نے کہا کہ کیا (خاندان نبوت میں رہ کر اور ہمیشہ خوارق و معاملات عجیبہ دیکھ کر) تم خدا کے کاموں میں تعجب کرتی ہو (اور خصوصاً) اس خاندان کے لوگو تم پر تو اللہ تعالیٰ (کی خاص) رحمت اور اس کی (انواع قسم کی) برکتیں (نازل ہوتی رہتی) ہیں (بیشک وہ اللہ تعالیٰ تعریف کے لائق اور بڑی شان والا ہے وہ بڑے سے بڑا کام کر سکتا ہے پس بجائے تعجب کے اس کی تعریف اور شکر میں مشغول ہو) پھر جب ابراہیم (علیہ السلام) کا وہ خوف زائل ہو گیا (جب فرشتوں نے لَا تَخَفْ کہا اور ان کا فرشتہ ہونا معلوم ہو گیا) اور ان کو خوشی کی خبر ملی (کہ اولاد پیدا ہوگی) تو ادھر سے بے فکر ہو کر دوسری طرف متوجہ ہوئے کہ قوم لوط ہلاک ہو جاوے گی (اور) ہم سے لوط (علیہ السلام) کی قوم کے بارہ میں (سفارش جو باعتبار مبالغہ و اصرار کے صورۃً) جدال (تھا) کرنا شروع کیا (جس کی تفصیل دوسری آیت میں ہے کہ وہاں تو لوط علیہ السلام بھی موجود ہیں اس لئے عذاب نہ بھیجا جاوے کہ ان کو گزند پہنچے ہوگا مطلب یہ ہوگا کہ اس بہانہ سے قوم بچ جاوے جیسا فِيْ قَوْمِ لُوْطٍ [ھود: ۷۴] سے ظاہراً معلوم ہوتا ہے اور شاید ابراہیم علیہ السلام کو ان کے مؤمن ہونے کی امید ہو) واقعی ابراہیم بڑے حلیم الطبع، رحیم المزاج، رقیق القلب تھے (اس لئے سفارش میں مبالغہ کیا ارشاد ہوا کہ) اے ابراہیم (گو بہانہ لوط علیہ السلام کا ہے مگر اصلی مطلب معلوم ہو گیا کہ قوم کی سفارش ہے سو) اس بات کو جانے دو (یہ ایمان نہ لاویں گے اسی لئے) تمہارے رب کا حکم (اس کے متعلق) آ چکا ہے اور (اس کے سبب سے) ان پر ضرور ایسا عذاب آنے والا ہے جو کسی طرح ٹلنے والا نہیں (اس لئے اس باب میں کہنا سننا بے کار ہے رہا لوط علیہ السلام کا وہاں ہونا سو ان کو اور سب ایمان والوں کو وہاں سے علیحدہ کر دیا جاوے گا اس کے بعد عذاب آوے گا تاکہ ان کو گزند نہ پہنچے چنانچہ اس پر بات ختم ہو گئی)۔ ف: فرشتوں کے بشکل آدمی کے آنے سے آپ نے نہ پہچانا اسی واسطے کھانا لائے ان کے نہ کھانے سے جو خوف ہوا وہ اسباب ظاہری کے اعتبار سے طبعی تھا گو اتنے مجمع کے مقابلہ کے

www.besturdubooks.net

لئے آپ کے خادم موجود تھے لیکن خاص گھر میں تو کوئی نہ تھا پھر ان کو فرشتہ یقین کر لینا صرف ان کے دعوے پر نہ تھا بلکہ قوت مدرکہ قدسیہ کے ذریعہ سے متوجہ ہو کر یقین کیا جس سے اولاً توجہ نہ فرمائی تھی جیسا بعض اوقات محسوسات میں بھی یہ قصہ پیش آتا ہے اور آپ کا یہ پوچھنا فَمَا خَطْبُكُمْ الخ بوجہ کثرت ملائکہ کے نہ تھا جیسا کہ مشہور ہے کیونکہ بشارت کے لئے متعدد ملائکہ کا آنا کچھ امر غریب نہیں چنانچہ حضرت یحییٰ و حضرت عیسیٰ علیہما السلام کی بشارت میں لفظ ملائکہ آیا ہے بلکہ فراست نبوت سے سمجھے کہ ان کو اور کوئی امر مہم بھی درپیش ہے اور ظاہراً حضرت سارہ پہلے اس جگہ نہ تھیں شاید پردہ میں ہوں پھر جب معلوم ہو گیا کہ فرشتے ہیں ان سے کیا پردہ سامنے چلی آئیں جیسا فاقبلت سے معلوم ہوتا ہے اور ہنسنا عورتوں کا امر طبعی ہے کہ بعضی خوشی کی بات پر مردوں کو ہنسی نہیں آتی عورتوں کو آ جاتی ہے اور یہ گفتگو محاورہ کی گو فرشتوں سے ہوئی تھی مگر مقصود عرض کرنا تھا حق تعالیٰ سے اس لئے یجادلنا فرمایا۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلُ السُّلُوْكِ: قولہ تعالیٰ : فَمَا لَبِثَ اَنْ جَآءَ بِعِجْلٍ حَنِيْذٍ ۝ اس میں دو امر پر دلالت ہے ایک بعض آداب ضیافت پر کہ ٹھہرانے میں اکرام کرے پھر طعام سے اکرام کرے دوسرے اس امر پر کہ بعض اوقات بعض حکمتوں کے سبب کاملین کو بھی کشف نہیں ہوتا چنانچہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اور اسی طرح حضرت لوط علیہ السلام نے اول وہلہ میں ملائکہ کو نہیں پہچانا قولہ تعالیٰ : ءَاَلِدُ وَاَنَا عَجُوْزٌ وَّهٰذَا بَعْلِيْ شَيْخًا اس میں دلیل ہے اس پر کہ اسباب کے اعتبار سے تعجب کرنا مسبب الاسباب کیساتھ کامل یقین رکھنے کے منافی نہیں ۱۲ قولہ تعالیٰ : اَتَعْجَبِيْنَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ الخ یہ دلیل ہے کہ ملائکہ کا غیر نبی کے ساتھ کلام کرنا ممکن ہے ۱۲ قولہ تعالیٰ : فَلَمَّا ذَهَبَ عَنْ اِبْرٰهِيْمَ الرَّوْعُ (الی قولہ تعالیٰ) قَوْمِ لُوْطٍ ۝ روح میں ہے کہ بعض کا قول ہے کہ یہ مجادلہ آثار مقام ادلال سے ہے ۱۲۔

مُلَحَقَاتُ التَّرْجَمَۃ: ۱ قوله فی نکرهم متوحش لم یترجم بنا شناسی لان النکارة قسمان قسم تحقق فی الابتداء وهو المذکور فی قوله تعالیٰ قوم منکرون وقسم تحقق فی الاخر وهو المذکور ههنا فافهم ۱۲۔ ۲ قوله فی یٰویلتٰی خاک پڑے هو الذی تتکلم به نساء الهند فی الحالة التی تتکلم نساء العرب فیه بکلمة یا ویلتی قال فی الروح وقد کثرت هذه الکلمة علی افواه النساء اذا طرء علیهن ما یتعجبن منه ولم یفت التناسب بین معنیی الکلمتین ۱۲۔

اَللُّغَات: قوله اوجس احس واضمر کذا فی القاموس قوله یٰویلتٰی اصله یا ویلتی بیاء المتکلم ۱۲۔

اَلنَّحْو: قوله قالوا سلما اما منصوب بنسلم او منصوب بقالوا علی انه حکایة لمعنی ما قالوا لا حکایة للفظهم قوله قال سلٰم ای علیکم قوله فما لبث ان جاء ای فی ان جاء وقیل ان بمعنی حتی کذا فی الروح وقیل معناه ما تاخر عن ان جاء قوله یعقوب فی البیضاوی نصبه ابن عامر وحمزة وحفص وانه معطوف علی موضع باسحٰق وقرأ الباقون بالرفع علی انه مبتدأ خبر والظرف آه مختصرا قوله شیخا حال ۱۲۔

وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِيْٓءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَّقَالَ هٰذَا يَوْمٌ عَصِيْبٌ ۝ وَجَآءَهٗ قَوْمُهٗ يُهْرَعُوْنَ
اِلَيْهِ ؕ وَمِنْ قَبْلُ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ ؕ قَالَ يٰقَوْمِ هٰٓؤُلَآءِ بَنَاتِيْ هُنَّ اَطْهَرُ لَكُمْ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا
تُخْزُوْنِ فِيْ ضَيْفِيْ ؕ اَلَيْسَ مِنْكُمْ رَجُلٌ رَّشِيْدٌ ۝ قَالُوْا لَقَدْ عَلِمْتَ مَا لَنَا فِيْ بَنٰتِكَ مِنْ حَقٍّ ۚ وَاِنَّكَ
لَتَعْلَمُ مَا نُرِيْدُ ۝ قَالَ لَوْ اَنَّ لِيْ بِكُمْ قُوَّةً اَوْ اٰوِيْٓ اِلٰى رُكْنٍ شَدِيْدٍ ۝ قَالُوْا يٰلُوْطُ اِنَّا رُسُلُ رَبِّكَ لَنْ
يَّصِلُوْٓا اِلَيْكَ فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ وَلَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ اَحَدٌ اِلَّا امْرَاَتَكَ ؕ اِنَّهٗ مُصِيْبُهَا مَآ
اَصَابَهُمْ ؕ اِنَّ مَوْعِدَهُمُ الصُّبْحُ ؕ اَلَيْسَ الصُّبْحُ بِقَرِيْبٍ ۝ فَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا جَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَاَمْطَرْنَا
عَلَيْهَا حِجَارَةً مِّنْ سِجِّيْلٍ ۙ مَّنْضُوْدٍ ۝ مُّسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ ؕ وَمَا هِيَ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ بِبَعِيْدٍ ۝ ع ۷ ۷ ۷

اور جب ہمارے وہ فرشتے لوط علیہ السلام کے پاس آئے تو لوط علیہ السلام ان (کے آنے) کی وجہ سے (اس لئے) مغموم ہوئے اور (اس سے) ان کے (آنے کے) سبب تنگدل ہوئے اور کہنے لگے کہ آج کا دن بہت بھاری ہے اور ان کی قوم ان کے پاس دوڑی ہوئی آئی اور پہلے سے نامعقول حرکتیں کیا ہی کرتے تھے۔ لوط علیہ السلام فرمانے لگے کہ اے میری قوم یہ میری (بہو) بیٹیاں موجود ہیں وہ تمہارے (نفس کی کامرانی کے) لئے (اچھی) خاصی ہیں۔ سو اللہ سے ڈرو اور میرے مہمانوں میں مجھ کو فضیحت مت کرو۔ کیا تم

www.besturdubooks.net

میں کوئی بھی (معقول آدمی اور) بھلا مانس نہیں۔ وہ لوگ کہنے لگے آپ کو معلوم ہے کہ ہم کو آپ کی ان (بہو) بیٹیوں کی کوئی ضرورت نہیں اور آپ کو تو معلوم ہے (یہاں آنے سے) جو ہمارا مطلب ہے۔ لوطؑ فرمانے لگے کیا خوب ہوتا اگر میرا تم پر کچھ زور چلتا یا کسی مضبوط پایہ کی پناہ پکڑتا۔ فرشتے کہنے لگے کہ اے لوطؑ ہم تو آپ کے رب کے بھیجے ہوئے (فرشتے) ہیں۔ آپ تک (بھی) ہرگز ان کی رسائی نہ ہوگی۔ سو آپ رات کے کسی حصے میں اپنے گھر والوں کو لے کر (یہاں سے باہر) چلے جائیں اور تم میں سے کوئی پیچھے پھر کر بھی نہ دیکھے ہاں مگر آپ کی بیوی (بوجہ مسلمان نہ ہونے کے) نہ جائیں گی۔ اس پر بھی یہی آفت آنے والی ہے جو اور لوگوں پر آئے گی۔ ان کے (عذاب کے) وعدہ کا وقت صبح کا وقت ہے کیا صبح کا وقت قریب نہیں۔ سو جب ہمارا حکم (عذاب کے لئے) آپہنچا تو ہم نے اس زمین (کو الٹ کر اس) کا اوپر کا تختہ تو نیچے کر دیا اور اس زمین پر کھنگر کے پتھر برسانا شروع کئے جو لگاتار گر رہے تھے۔ جن پر آپ کے رب کے پاس (یعنی عالم غیب میں) خاص نشان بھی تھا اور یہ بستیاں (قوم لوط کی) ان ظالموں سے کچھ دور نہیں ہیں۔ ۞

تفسیر: قصہ حضرت لوط علیہ السلام وقوم او کہ بمنزلہ تتمہ قصہ سابقہ است ☆ وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا (الی قولہ تعالیٰ) وَمَا هِيَ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ بِبَعِيْدٍ ۝ اور (ابراہیم علیہ السلام کے پاس سے فارغ ہو کر) جب ہمارے وہ فرشتے لوط (علیہ السلام) کے پاس آئے تو لوط (علیہ السلام) ان کے (آنے کی) وجہ سے (اس لئے) مغموم ہوئے (کہ وہ بہت حسین نوجوانوں کی شکل میں آئے تھے اور لوط علیہ السلام نے ان کو آدمی سمجھا اور اپنی قوم کی نامعقول حرکت کا خیال آیا) اور (اس وجہ سے) ان کے آنے کے سبب تنگدل ہوئے اور (غایت تنگدلی سے کہنے لگے کہ آج کا دن بہت بھاری ہے (کہ ان کی تو ایسی صورتیں اور قوم کی یہ حرکتیں اور میں تن تنہا دیکھئے کیا ہوتا ہے) اور ان کی قوم (نے جو یہ خبر سنی تو) ان کے (یعنی لوط علیہ السلام کے) پاس دوڑے ہوئے آئے اور پہلے سے نامعقول حرکتیں کیا ہی کرتے تھے (اسی خیال سے اب بھی آئے) لوط (علیہ السلام بڑے گھبرائے اور براہ تملق) فرمانے لگے کہ اے میری قوم یہ میری (بہو) بیٹیاں (جو تمہارے گھروں میں ہیں) موجود ہیں وہ تمہارے (نفس کی کامرانی کے) لئے (اچھی) خاصی ہیں سو (مردوں پر نگاہ کرنے کے باب میں) اللہ سے ڈرو اور میرے مہمانوں میں مجھ کو فضیحت مت کرو (یعنی ان مہمانوں کو کچھ کہنا مجھ کو شرمندہ اور رسوا کرنا ہے اگر ان کی رعایت نہیں کرتے کہ مسافر ہیں تو میرا تو خیال کرو کہ تم میں رہتا سہتا ہوں افسوس اور تعجب ہے) کیا تم میں کوئی بھی (معقول آدمی اور) بھلا مانس نہیں (کہ اس بات کو سمجھے اور اوروں کو سمجھا دے) وہ لوگ کہنے لگے کہ آپ کو معلوم ہے کہ ہم کو آپ کی ان (بہو) بیٹیوں کی کوئی ضرورت نہیں (کیونکہ عورتوں سے ہم کو رغبت ہی نہیں) اور آپ کو تو معلوم ہے (یہاں آنے سے) جو ہمارا مطلب ہے لوط (علیہ السلام نہایت عاجز اور زچ ہو کر) فرمانے لگے کیا خوب ہوتا اگر میرا تم پر کچھ زور چلتا (کہ خود تمہارے شر کو دفع کرتا) یا کسی مضبوط پایہ کی پناہ پکڑتا (مراد یہ کہ میرا کوئی کنبہ قبیلہ ہوتا کہ میری مدد کرتے لوط علیہ السلام کا جو اس قدر اضطراب دیکھا تو) فرشتے کہنے لگے کہ اے لوط علیہ السلام (ہم آدمی نہیں جو آپ اس قدر گھبراتے ہیں) ہم تو آپ کے رب کے بھیجے ہوئے (فرشتے) ہیں (تو ہمارا تو کیا کر سکتے ہیں اور آپ اپنے لئے بھی اندیشہ نہ کریں) آپ تک (بھی) ہرگز ان کی رسائی نہیں ہوگی (کہ آپ کو کچھ تکلیف پہنچا سکیں اور ہم ان پر عذاب نازل کرنے آئے ہیں) سو آپ رات کے کسی حصہ میں اپنے گھر والوں کو لے کر (یہاں سے باہر) چلے جایئے اور تم میں سے کوئی پیچھا پھر کر بھی نہ دیکھے (یعنی سب جلدی سے چلے جائیں) ہاں مگر آپ کی بیوی (بوجہ مسلمان نہ ہونے کے) نہ جاوے گی اس پر بھی وہی آفت آنے والی ہے جو اور لوگوں پر آوے گی (اور ہم رات کے وقت نکل جانے کو اس لئے کہتے ہیں کہ) ان کے (عذاب کے) وعدہ کا وقت صبح کا وقت ہے (لوط علیہ السلام بہت دق ہو گئے تھے فرمانے لگے کہ جو کچھ ہوا بھی ہو جاوے کذا فی الدر المنثور فرشتوں نے کہا کہ) کیا صبح کا وقت قریب نہیں (غرض لوط علیہ السلام شبا شب دور نکل گئے اور صبح ہوئی اور عذاب کا سامان شروع ہوا) سو جب ہمارا حکم (عذاب کے لئے) آپہنچا تو ہم نے اس زمین (کو الٹ کر اس) کا اوپر کا تختہ تو نیچے کر دیا (اور نیچے کا تختہ اوپر کر دیا) اور اس سرزمین میں کھنگر کے پتھر مراد جھانوہ جو پک کر مثل پتھر کے ہو جاتا ہے) برسانا شروع کئے جو لگاتار گر رہے تھے جن پر آپ کے رب کے پاس (یعنی عالم غیب میں) خاص نشان بھی تھا (جس سے اور پتھروں سے وہ پتھر ممتاز تھے) اور (اہل مکہ کو چاہئے کہ اس قصہ سے عبرت پکڑیں کیونکہ) یہ بستیاں (قوم لوط کی) ان ظالموں سے کچھ دور نہیں ہیں (ہمیشہ شام کو آتے جاتے ان کی بربادی کے آثار دیکھتے ہیں پس ان کو اللہ و رسول کی مخالفت سے ڈرنا چاہئے)۔ ف: بناتی سے مجازاً امت کی عورتیں مراد ہیں کیونکہ نبی امت کے لئے بجائے باپ کے ہوتا ہے اور حقیقی معنے اس لئے مراد نہیں ہو سکتے کہ آپ کی دو یا تین بیٹیاں تھیں سو کس کس سے ان کا نکاح کر دیتے وہ تو سارے اسی مرض میں مبتلا تھے اور کنکریوں کو جو ممتاز کہا سو در منثور میں روایات ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ ان پر کچھ خاص رنگ اور ہیئت کے نقوش بنے تھے جو دنیا کے احجار میں نہیں دیکھے جاتے اور یہاں دو عذابوں کا ذکر ہے تختہ الٹ جانا اور پتھر برسنا سو بعض نے تو کہا ہے اور ظاہر تر یہی ہے کہ اول زمین اوپر اٹھا کر لوٹ دی گئی جب وہ نیچے کو گرے تو اوپر سے ان پر پتھراؤ کیا لیکن اگر اس قدر اقتضاء طبعی زمین کا باقی رہے کہ زیادت ثقل سے حرکت الی المرکز سریع ہونا چاہئے تو اس پتھراؤ کے لئے اس کا التزام کر لیا جائے گا کہ زمین تھوڑی دیر روک لی گئی ورنہ پتھراؤ کی کوئی صورت نہ ہوگی اور اگر اقتضاء طبعی کو باقی نہ سمجھا جاوے تو اس کی کوئی ضرورت نہیں اور

www.besturdubooks.net

بعض نے کہا ہے کہ جو بستی میں تھے وہ اُلٹ دیئے گئے اور جو باہر گئے ہوئے تھے ان پر پتھر برسے اور لوط علیہ السلام کا یہ فرمانا :اَوِیْٓ اِلٰی رُكْنٍ شَدِیْدٍ یہ اقتضائے طبعی تھا کہ اس درجہ میں اسباب ظاہری سے تمسک کیا جاتا ہے حدیث ترمذی میں ہے کہ ان کے بعد سب انبیاء جتھے والے ہوئے تا کہ پریشانی نہ ہونے پاوے اور بعضے ضروری مضامین متعلق اس قصہ کے آخرت پارۂ ہشتم میں لکھے جا چکے ہیں دیکھ لئے جاویں اور ایک آیت میں فَاَخَذَتْهُمُ الصَّیْحَةُ آیا ہے سو ممکن ہے کہ اول صیحہ ہوا ہو پھر انقلاب جیسا کہ اس آیت میں فَجَعَلْنَا پر حرف فا آنے سے معلوم ہوتا ہے۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلِ السُّلُوْكِ: قولہ تعالیٰ : قَالَ یٰقَوْمِ هٰٓؤُلَآءِ بَنَاتِیْ روح میں ہے کہ مطلب یہ کہ ان سے نکاح کر لو اور مقصود اس سے اپنے مہمانوں کی آبرو کا بچانا تھا اھ اور اس میں دلالت ہے کہ عرف و رسم پر مصلحت شرعیہ مقدم ہے اور شرع کے مقابلہ میں عرف کا اعتبار نہیں چنانچہ اپنی لڑکیوں کا خود پیش کرنا عرف کے خلاف تھا لیکن آپ نے بمقابلہ وقایہ ضیف کے کہ مقصود شرعی ہے اس کی کچھ پرواہ نہ کی ۱۲۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَةِ : ۱ قوله لا تخزون اگر ان کی رعایت الخ اشارة الی فائدة قوله لا تخزون دون ان یقول لا تخزوهم ۱۲۔ ۲ قوله فی حق ضرورت اشارة الی ما فی الروح من تفسیره بالحاجة ۱۲۔ ۳ قوله فی قطع کسی حصہ اشارة الی عموم الاول او الاوسط او الاخیر اقوال ۱۲۔ ۴ قوله فی عالیها اس زمین دل علیه المقام ۱۲۔ ۵ قوله فی منضود لگاتار گر رہے فالنضد باعتبار الا رسال کما فی الروح ۱۲۔

اَللُّغَاتُ :قوله یهرعون یسرعون ویقبلون ومعنی کونه مبنیا للمفعول کونهم بحیث یحث بعضهم بعضا و الطمع فی الفاحشة وقرئ یهرعون بفتح الیاء من الهرع قوله رکن الناحیة من البیت او الجبل ویراد به القوی لتشبیهه بالجبل فی القوة قوله ذرعا اصله الید فضیق الذرع کنایة عن العجز کما ان بسط الید کنایة عن القدرة وقیل کنایة عن الصدر والقلب قوله فاسر بالقطع والوصل قراء تان وهما بمعنی واحد قوله سجیل معرب سنگ گل ۱۲۔

اَلنَّحْوُ : قوله الا امرأتك استثناء منقطع وهو خال عن التکلف قوله عند ربك متعلق بمسومة قوله ببعید بتاویل بشیء بعید ۱۲۔

اَلْبَلَاغَةُ : قوله هؤلاء نزل الغائب بمنزلة الحاضر ۱۲۔ قوله لا یلتفت کنایة عن السرعة قوله جعلنا عالیها سافلها ولم یقل سافلها عالیها وان لزم منه تهویلا للامر وتفظیعا للخطب لان جعل عالیها الذی هو مقرهم ومسکنهم سافلها اشق من جعل سافلها عالیها وان کان مستلزما له کذا فی الروح ۱۲۔

وَاِلٰی مَدْیَنَ اَخَاهُمْ شُعَیْبًا ؕ قَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ؕ وَلَا تَنْقُصُوا الْمِكْیَالَ وَالْمِیْزَانَ اِنِّیْٓ
اَرٰىكُمْ بِخَیْرٍ وَّاِنِّیْٓ اَخَافُ عَلَیْكُمْ عَذَابَ یَوْمٍ مُّحِیْطٍ ﴿۸۴﴾ وَیٰقَوْمِ اَوْفُوا الْمِكْیَالَ وَالْمِیْزَانَ بِالْقِسْطِ وَلَا تَبْخَسُوا
النَّاسَ اَشْیَآءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِی الْاَرْضِ مُفْسِدِیْنَ ﴿۸۵﴾ بَقِیَّتُ اللّٰهِ خَیْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ۚ وَمَآ
اَنَا عَلَیْكُمْ بِحَفِیْظٍ ﴿۸۶﴾ قَالُوْا یٰشُعَیْبُ اَصَلٰوتُكَ تَاْمُرُكَ اَنْ نَّتْرُكَ مَا یَعْبُدُ اٰبَآؤُنَآ اَوْ اَنْ نَّفْعَلَ فِیْٓ
اَمْوَالِنَا مَا نَشٰٓؤُا ؕ اِنَّكَ لَاَنْتَ الْحَلِیْمُ الرَّشِیْدُ ﴿۸۷﴾ قَالَ یٰقَوْمِ اَرَءَیْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰی بَیِّنَةٍ
مِّنْ رَّبِّیْ وَرَزَقَنِیْ مِنْهُ رِزْقًا حَسَنًا ؕ وَمَآ اُرِیْدُ اَنْ اُخَالِفَكُمْ اِلٰی مَآ اَنْهٰىكُمْ عَنْهُ ؕ اِنْ اُرِیْدُ اِلَّا
الْاِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ ؕ وَمَا تَوْفِیْقِیْٓ اِلَّا بِاللّٰهِ ؕ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَیْهِ اُنِیْبُ ﴿۸۸﴾ وَیٰقَوْمِ لَا
یَجْرِمَنَّكُمْ شِقَاقِیْٓ اَنْ یُّصِیْبَكُمْ مِّثْلُ مَآ اَصَابَ قَوْمَ نُوْحٍ اَوْ قَوْمَ هُوْدٍ اَوْ قَوْمَ صٰلِحٍ ؕ وَمَا قَوْمُ لُوْطٍ مِّنْكُمْ بِبَعِیْدٍ ﴿۸۹﴾
وَاسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَیْهِ ؕ اِنَّ رَبِّیْ رَحِیْمٌ وَّدُوْدٌ ﴿۹۰﴾ قَالُوْا یٰشُعَیْبُ مَا نَفْقَهُ كَثِیْرًا مِّمَّا تَقُوْلُ وَاِنَّا
لَنَرٰىكَ فِیْنَا ضَعِیْفًا ۚ وَلَوْلَا رَهْطُكَ لَرَجَمْنٰكَ ۖ وَمَآ اَنْتَ عَلَیْنَا بِعَزِیْزٍ ﴿۹۱﴾ قَالَ یٰقَوْمِ اَرَهْطِیْٓ اَعَزُّ عَلَیْكُمْ مِّنَ

www.besturdubooks.net

اللّٰهِ وَاتَّخَذْتُمُوْهُ وَرَآءَكُمْ ظِهْرِيًّا ۭ اِنَّ رَبِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ﴿۹۲﴾ وَيٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰي مَكَانَتِكُمْ اِنِّىْ
عَامِلٌ ۭ سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَمَنْ هُوَ كَاذِبٌ ۭ وَارْتَقِبُوْٓا اِنِّىْ مَعَكُمْ رَقِيْبٌ ﴿۹۳﴾ وَلَمَّا
جَاۗءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا شُعَيْبًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَاَخَذَتِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ
دِيَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿۹۴﴾ كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ۭ اَلَا بُعْدًا لِّمَدْيَنَ كَمَا بَعِدَتْ ثَمُوْدُ ﴿۹۵﴾ ع ۸ ۱۲ ۸

اور ہم نے مدین (والوں) کی طرف ان کے بھائی شعیب کو بھیجا۔ انہوں نے (اہل مدین سے) فرمایا کہ اے میری قوم تم صرف اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو۔ اللہ کے سوا کوئی تمہارا معبود بننے کے قابل نہیں تم ناپ اور تول میں کمی مت کیا کرو (کیونکہ) تم کو فراغت کی حالت میں دیکھتا ہوں اور مجھ کو تم پر ایسے دن کے عذاب کا اندیشہ ہے جو انواع مصائب کا جامع ہوگا اور اے میری قوم تم ناپ اور تول پوری پوری کیا کرو اور لوگوں کا ان کی چیزوں میں نقصان مت کیا کرو اور (شرک اور نقض حقوق کر کے) زمین میں فساد کرتے ہوئے حد (توحید وعدل) سے مت نکلو۔ اللہ کا دیا ہوا جو کچھ (حلال مال) بچ جائے وہ تمہارے لئے (اس حرام کمائی سے) بدرجہا بہتر ہے اگر تم کو یقین آ جائے (تو مان لو) اور میں تمہارا پہرہ دینے والا تو ہوں نہیں۔ وہ لوگ (یہ تمام نصائح سن کر) کہنے لگے کہ اے شعیب کیا تمہارا (مصنوعی اور وہمی) تقدس تم کو (ایسی ایسی باتوں کی) تعلیم کر رہا ہے کہ ہم ان چیزوں (کی پرستش) کو چھوڑ دیں جن کی ہمارے بڑے کرتے آئے ہیں یا اس بات کو چھوڑ دیں کہ ہم اپنے مال میں جو چاہیں تصرف کریں۔ واقعی آپ ہیں بڑے عقل مند دین پر چلنے والے۔ شعیب علیہ السلام نے فرمایا کہ اے میری قوم بھلا یہ تو بتلاؤ کہ اگر میں اپنے رب کی جانب سے دلیل پر (قائم) ہوں اور اس نے مجھ کو اپنی طرف سے ایک عمدہ دولت (یعنی نبوت) دی ہو تو پھر کیسے تبلیغ نہ کروں اور میں یہ نہیں چاہتا ہوں کہ تمہارے برخلاف ان کاموں کو کروں جن سے تم کو منع کرتا ہوں میں تو اصلاح چاہتا ہوں۔ جہاں تک میرے امکان میں ہے اور مجھ کو جو کچھ (عمل و اصلاح کی) توفیق ہو جاتی ہے صرف اللہ ہی کی مدد سے ہے اسی پر میں بھروسہ رکھتا ہوں اور اسی کی طرف (تمام امور میں) رجوع کرتا ہوں اور اے میری قوم میری ضد (اور عداوت) تمہارے لئے اس کا باعث نہ بن جائے کہ تم پر بھی اسی طرح کی مصیبتیں آ پڑیں جیسے قوم نوح یا قوم ہود یا قوم صالح پر پڑی تھیں اور قوم لوط تو (ابھی) تم سے (زیادہ) دور (زمانہ میں) نہیں ہوئی اور تم اپنے رب سے اپنے گناہ (یعنی شرک وظلم) معاف کراؤ پھر (اطاعت وعبادت کے ساتھ) اس کی طرف متوجہ ہو بلاشک میرا رب بڑا مہربان بڑی محبت والا ہے۔ وہ لوگ کہنے لگے کہ اے شعیب بہت سی باتیں تمہاری کہی ہوئی ہماری سمجھ میں نہیں آتیں اور ہم تم کو اپنے (مجمع میں) کمزور دیکھ رہے ہیں اور اگر تمہارے خاندان کا (کہ ہمارے ہم مذہب ہیں ہم کو) پاس نہ ہوتا تو ہم تم کو (کبھی کا) سنگسار کر چکے ہوتے اور ہماری نظر میں تمہاری تو کچھ توقیر ہی نہیں۔ شعیب علیہ السلام نے (جواب میں) فرمایا کہ اے میری قوم کیا میرا خاندان تمہارے نزدیک (نعوذ باللہ) اللہ سے بھی زیادہ باتوقیر ہے اور اس کو (یعنی اللہ تعالیٰ کو) تم نے پس پشت ڈال دیا۔ یقیناً میرا رب تمہارے اعمال کو (اپنے) علم میں احاطہ کئے ہوئے ہے اور اے میری قوم تم اپنی حالت پر عمل کرتے رہو میں بھی (اپنے طور پر) عمل کر رہا ہوں (سو) اب جلد ہی تم کو معلوم ہوا جاتا ہے کہ وہ کون شخص ہے جس پر ایسا عذاب آیا چاہتا ہے جو اس کو رسوا کر دے گا اور وہ کون شخص ہے جو جھوٹا تھا اور تم بھی منتظر رہو میں بھی تمہارے ساتھ منتظر ہوں اور جب ہمارا حکم (عذاب کے لئے) آ پہنچا (تو) ہم نے (اس عذاب سے) شعیب علیہ السلام کو اور جو ان کی ہمراہی میں اہل ایمان تھے ان کو اپنی عنایت (خاص) سے بچا لیا اور ان ظالموں کو ایک سخت آواز نے (کہ نعرہ جبریل تھا) آ پکڑا۔ سو اپنے گھروں کے اوندھے گرے رہ گئے (اور مر گئے) جیسے کبھی ان گھروں میں بسے ہی نہ تھے۔ خوب سن لو (اور عبرت پکڑ لو) مدین کو رحمت سے دوری ہوئی جیسا کہ ثمود رحمت سے دور ہوئے تھے۔ ۞

تفسیر ربط: ظاہر ہے۔ قصہ شعیب علیہ السلام با اہل مدین ☆ وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ۭ (الی قولہ تعالیٰ) كَمَا بَعِدَتْ ثَمُوْدُ ۝ اور ہم نے مدین (والوں) کی طرف ان کے بھائی شعیب (علیہ السلام) کو (پیغمبر بنا کر) بھیجا انہوں نے (اہل مدین سے) فرمایا کہ اے میری قوم تم (صرف) اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اس کے سوا کوئی تمہارا معبود (بننے کے قابل) نہیں (یہ حکم تو دیانات کے متعلق ان کے مناسب حال تھا) اور (دوسرا حکم معاملات کے متعلق ان کے مناسب فرمایا کہ) تم ناپ اور تول میں کمی مت کیا کرو (کیونکہ) میں تم کو فراغت کی حالت میں دیکھتا ہوں (پھر تم کو ناپ تول میں کمی کرنے کی کیا ضرورت پڑی ہے گو حقیقۃً تو کسی کو بھی ضرورت نہیں ہوتی) اور (علاوہ اس کے کہ ناپ تول میں کمی نہ کرنا نعم الٰہیہ کا مقتضا ہے خود خوفِ ضرر بھی اس کو مقتضی ہے کیونکہ اس میں) مجھ کو تم پر اندیشہ ہے ایسے دن کے عذاب کا جو انواع مصائب کا جامع ہوگا اور (ہر چند کہ کمی نہ کرنا مستلزم ہے پورا کرنے کو مگر تاکید کے لئے اس کی نہی کے بعد اس امر کی بھی تصریح فرمائی کہ) اے میری قوم تم ناپ اور تول پوری پوری کیا کرو اور ان لوگوں کا ان کی چیزوں میں نقصان مت کیا کرو (جیسا تمہاری عادت ہے) اور (شرک اور نقصِ حقوق کر کے) زمین میں فساد کرتے ہوئے حد (توحید وعدل) سے مت نکلو (لوگوں کے حقوق ادا کرنے کے بعد) اللہ کا دیا ہوا جو کچھ (حلال

www.besturdubooks.net

مال) بچ جائے وہ تمہارے لئے (اس حرام کمائی سے) بدرجہا بہتر ہے (کیونکہ حرام میں گو وہ کثیر ہو برکت نہیں اور انجام اس کا جہنم اور حلال میں گو وہ قلیل ہو برکت ہوتی ہے اور انجام اس کا رضائے حق) اگر تم کو یقین آوے (تو مان لو) اور (اگر یقین نہ آوے تو تم جانو) میں تمہارا پہرہ دینے والا تو ہوں نہیں (کہ تم سے جبراً یہ افعال چھوڑا دوں جیسا کرو گے بھگتو گے) وہ لوگ (یہ تمام مواعظ نصائح سن کر) کہنے لگے کہ اے شعیب کیا تمہارا (مصنوعی اور وہمی) تقدس تم کو (ایسی ایسی باتوں کی) تعلیم کر رہا ہے کہ (تم ہم سے کہتے ہو کہ) ہم ان چیزوں (کی پرستش) کو چھوڑ دیں جن کی پرستش ہمارے بڑے کرتے آئے ہیں یا اس بات کو چھوڑ دیں کہ ہم اپنے مال میں جو چاہیں تصرف کریں واقعی آپ ہی بڑے عقلمند دین پر چلنے والے (یعنی جن باتوں سے ہم کو منع کرتے ہو دونوں میں کوئی برائی نہیں کیونکہ ایک کی دلیل تو نقلی ہے کہ ہماری بڑوں سے بت پرستی ہوتی آئی ہے دوسرے کی دلیل عقلی ہے کہ اپنا مال ہے اس میں ہر طرح کا اختیار ہے پس ہم کو منع نہ کرنا چاہئے اور حلیم رشید تمسخر سے کہا جیسا بد دینوں کی عادت ہوتی ہے دین داروں کے ساتھ اور نقلی و عقلی دلیل کا فساد بدیہی ہے) شعیب (علیہ السلام) نے فرمایا کہ اے میری قوم (تم جو مجھ سے چاہتے ہو کہ میں تم کو توحید و عدل کی نصیحت نہ کروں تو) بھلا یہ تو بتلاؤ کہ اگر میں اپنے رب کی جانب سے دلیل پر (قائم) ہوں (جس سے توحید و عدل ثابت ہے) اور اس نے مجھ کو اپنی طرف سے ایک عمدہ دولت (یعنی نبوت) دی ہو (جس سے مجھ پر تبلیغ ان احکام کی واجب ہے یعنی توحید و عدل کا حق ہونا بھی ثابت اور ان کی تبلیغ بھی واجب) تو پھر کیسے تبلیغ نہ کروں اور میں (جس طرح ان باتوں کی تم کو تعلیم کرتا ہوں خود بھی تو اس پر عمل کرتا ہوں) یہ نہیں چاہتا ہوں کہ تمہارے برخلاف ان کاموں کو کروں جن سے تم کو منع کرتا ہوں (برخلاف سے یہ ہی مراد ہے کہ تم کو اور راہ بتلاؤں خود اور راہ چلوں مطلب یہ ہے کہ میری نصیحت محض خیر خواہی و دلسوزی سے ہے جس کا قرینہ یہ ہے کہ میں وہی باتیں بتلاتا ہوں جو اپنے نفس کے لئے بھی پسند کرتا ہوں غرض) میں تو اصلاح چاہتا ہوں جہاں تک میرے امکان میں ہے اور مجھ کو جو کچھ (عمل و اصلاح کی) توفیق ہو جاتی ہے صرف اللہ ہی کی مدد ہے (ورنہ کیا میں اور کیا میرا ارادہ) اسی پر میں بھروسہ رکھتا ہوں اور اسی کی طرف (تمام امور میں) رجوع کرتا ہوں (خلاصہ یہ کہ توحید و عدل کے وجوب پر دلائل بھی قائم اور بامر خداوندی اس کی تبلیغ اور ناصح ایسا دلسوز اور مصلح پھر بھی نہیں مانتے بلکہ الٹی مجھ سے امید رکھتے ہو کہ میں کہنا چھوڑ دوں چونکہ اس تقریر میں دلسوزی اور اصلاح کی اپنی طرف نسبت کی ہے اس لئے مَا تَوْفِيقِيْٓ الخ فرما دیا یہاں تک تو ان کے قول کا جواب ہو گیا آگے ترہیب و ترغیب فرماتے ہیں) اور اے میری قوم میری ضد (اور عداوت) تمہارے لئے اس کا باعث نہ ہو جاوے کہ تم پر بھی اسی طرح کی مصیبتیں آ پڑیں جیسے قوم نوح یا قوم ہود یا قوم صالح پر پڑی تھیں اور (اگر ان قوموں کا قصہ پرانا ہو چکا ہے اور اس لئے اس سے متاثر نہیں ہوتے تو) قوم لوط تو (ابھی) تم سے (بہت) دور (زمانہ میں) نہیں ہوئی (یعنی ان قوموں کی نسبت ان کا زمانہ نزدیک ہے یہ تو ترہیب کا مضمون ہو گیا آگے ترغیب ہے) اور تم اپنے رب سے اپنے گناہ (یعنی شرک و ظلم) معاف کراؤ (یعنی ایمان لاؤ کیونکہ ایمان سے سب گناہ معاف ہو جاتے ہیں گو حقوق ادا کرنے پڑیں) پھر (طاعت عبادت کے ساتھ) اس کی طرف متوجہ ہو بلاشک میرا رب بڑا مہربان بڑی محبت والا ہے (وہ گناہ کو معاف کر دیتا ہے اور طاعت کو قبول کرتا ہے) وہ لوگ (یہ لاجواب دلآویز تقریر سن کر جواب معقول سے عاجز ہو کر براہ جہالت) کہنے لگے کہ شعیبؑ بہت سے باتیں تمہاری کہی ہوئی ہماری سمجھ میں نہیں آتیں (یہ بات یا تو اس وجہ سے کہی ہو کہ اچھی طرح توجہ سے آپ کی باتیں نہ سنی ہوں یا تحقیراً کہا ہو کہ نعوذ باللہ یہ بذیان ہے سمجھنے کے قابل نہیں چنانچہ بد دینوں سے یہ سب امور واقع ہوتے ہیں) اور ہم تم کو اپنے (مجمع) میں کمزور دیکھ رہے ہیں اور اگر تمہارے خاندان کا (کہ ہمارے ہم مذہب ہیں ہم کو) پاس نہ ہوتا تو ہم تم کو (کبھی کا) سنگسار کر چکے ہوتے اور ہماری نظر میں تمہاری تو کچھ توقیر ہی نہیں (لیکن جس کا لحاظ ہوتا ہے اس کے سبب اس کے رشتہ دار کی بھی رعایت ہوتی ہے مطلب ان کا یہ تھا کہ تم ہم کو یہ مضامین مت سناؤ ورنہ تمہاری جان کا خطرہ ہے پہلے تمسخر کے طور پر تبلیغ سے روکا تھا اَصَلٰوتُكَ تَاْمُرُكَ الخ اور اب دھمکی دے کر روکا) شعیب (علیہ السلام) نے (جواب میں) فرمایا کہ اے میری قوم (افسوس اور تعجب ہے کہ میری جو نسبت اللہ تعالیٰ کے ساتھ ہے کہ میں اس کا نبی ہوں وہ تو میرے اہلاک سے مانع نہ ہوئی اور جو میری نسبت خاندان کے ساتھ کہ ان کا رشتہ دار ہوں وہ اس سے مانع ہوئی تو اس سے تو یہ لازم آتا ہے کہ تم خاندان کا لحاظ اللہ سے بھی زیادہ کرتے ہو تو) کیا میرا خاندان تمہارے نزدیک (نعوذ باللہ) اللہ سے بھی زیادہ باتوقیر ہے (کہ خاندان کا تو پاس کیا) اور اس کو (یعنی اللہ تعالیٰ کو) تم نے پس پشت ڈال دیا (یعنی اس کا پاس نہ کیا سو اس کا خمیازہ عنقریب بھگتو گے کیونکہ) یقیناً میرا رب تمہارے سب اعمال کو (اپنے علم میں) احاطہ کئے ہوئے ہے اور اے میری قوم (اگر تم کو عذاب کا بھی یقین نہیں آتا تو آخر بات یہ ہے کہ تم جانو بہتر ہے) تم اپنی حالت پر عمل کرتے رہو میں بھی (اپنے طور پر) عمل کر رہا ہوں (سو) اب جلدی تم کو معلوم ہوا جاتا ہے کہ وہ کون شخص ہے جس پر عذاب آیا چاہتا ہے جو اس کو رسوا کر دے گا اور وہ کون شخص ہے جو جھوٹا تھا (یعنی تم مجھ کو دعویٰ نبوت میں جھوٹا کہتے ہو اور حقیر سمجھتے ہو تو اب معلوم ہو جاوے گا کہ جرم کذب کا مرتکب اور سزائے ذلت کا مستوجب کون تھا تم یا میں) اور تم بھی منتظر رہو میں بھی تمہارے ساتھ منتظر ہوں (کہ دیکھیں عذاب کا وقوع ہوتا ہے جیسا میں کہتا ہوں یا عدم وقوع جیسا تمہارا زعم ہے غرض ایک زمانہ کے بعد عذاب کا سامان شروع ہوا) اور جب ہمارا حکم (عذاب کے لئے) آ پہنچا (تو) ہم نے (اس عذاب سے) شعیب (علیہ

www.besturdubooks.net

السلام) کو اور جو ان کے ہمراہی میں اہل ایمان تھے ان کو اپنی عنایت (خاص) سے بچالیا اور ان ظالموں کو ایک سخت آواز نے (کہ نعرۂ جبریل تھا) آ پکڑا سو اپنے گھروں کے اندر اوندھے گرے رہ گئے (اور مر گئے) جیسے کبھی ان گھروں میں بسے ہی نہ تھے خوب سن لو (اور عبرت پکڑو) مدین کو رحمت سے دوری ہوئی جیسا ثمود رحمت سے دور ہوئے تھے۔ ف: شروع پارۂ نہم میں ان کا عذاب رجفہ سے مذکور ہے اور دونوں کا اجتماع ممکن ہے جیسا قوم ثمود کے باب میں بعینہٖ ایسا ہی مضمون واقع ہوا کہ یہاں صیحہ کا ذکر ہے وہاں رجفۃ کا پس صیحہ اور رجفہ کے اجتماع میں دونوں قومیں مجتمع ہیں اور یہی وجہ تشبیہ کی مفسرین نے بیان کی ہے کما بعدت میں۔ واللہ اعلم۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اِنْ اُرِیْدُ اِلَّا الْاِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہِ اس میں وظائف شیخ کے جمع کیے گئے ہیں کہ خلوص کے ساتھ اصلاح میں سعی بھی کرے اور اس سعی میں توکل بھی کرے نہ توکل کے سبب سے سعی چھوڑے اور نہ صرف سعی پر بھروسہ کرے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ قبل انی اخاف علاوہ الخ اشارۃ الی کون الکلام اللاحق للترھیب ککون السابق للترغیب ۱۲۔ ۲ قولہ فی محیط جامع اشار الی کونہ صفۃ لیوم وقیل لعذاب ۱۲۔ ۳ قولہ فی صلوتک تقدس اطلاقا للجزء علی الکل ای الدین وھذہ کانھا عادۃ مستمرۃ یستھزؤن باھل الدین بالصلوۃ وزاد وھمی لانھم لا یعتقدون التقدس ۱۲۔ ۴ قولہ فی تامرک تم ہم سے اشارۃ الی تقدیر الکلام ھکذا تامرک ان تامرنا بان نترک ھکذا صرحوا ولا بد من ھذا التقیید لان الرجل لا یؤمر بفعل غیرہ ۱۲۔ ۵ قولہ فی ان نفعل یا اس بات کو چھوڑ دیں اشارۃ الی عطف ان نفعل علی ما یعبد ۱۲۔ ۶ قولہ فی توضیحہ منع نہ کرنا چاہئے والدلیل علیہ جوابہ بقولہ ارأیتم ۱۲۔ ۷ قولہ فی رزقنی نبوت وحسن تعبیرہ بالرزق للاشارۃ بان الرزق الاصلی ما بہ القرب فلا یؤثر علیہ ما بہ التغذی کداب القوم ۱۲۔ ۸ قولہ فی لولا رھطک پاس اشارۃ الی تقدیر المضاف ای مراعہ رھطک ۱۲۔ ۹ قولہ فی ف دونوں کا اجتماع وفی روح المعانی عن البلخی تجویز ان یکون المراد بالصیحۃ نوعا من العذاب والعرب تقول صاح بھم الزمان اذا ھلکوا آہ قلت وکانہ راجح فی قوم لوط وان کان مرجوحا ھھنا ووجہ رجحانہ فی قوم لوط انہ لم ینقل فی الآثار وقوع الصیحۃ المتعارفۃ علیھم ۱۲۔

اللغات: قولہ اخالفکم فی الروح یجوز ان یبقی اخالف علی ظاھرہ من المخالفۃ ویکون ان وما بعدہ فی موضع المفعول بہ لاربد ویقدر مائلا الی آخرہ ۱۲۔ الظھری المرمی من وراء الظھر وکسر الظاء للنسبۃ الی لامسی بکسر الھمزۃ فی النسبۃ الای الامس ۱۲۔

البلاغۃ: قولہ او ان نفعل بمعنی الواو ۱۲۔ قولہ کثیرًا مما تقول فی الروح وقولھم کثیرا للفرار عن المکابرۃ ۱۲۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰی بِاٰیٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِیْنٍ ﴿۹۶﴾ اِلٰی فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَاتَّبَعُوْۤا اَمْرَ فِرْعَوْنَ ۚ وَمَاۤ
اَمْرُ فِرْعَوْنَ بِرَشِیْدٍ ﴿۹۷﴾ یَقْدُمُ قَوْمَهٗ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ فَاَوْرَدَهُمُ النَّارَ ؕ وَبِئْسَ الْوِرْدُ الْمَوْرُوْدُ ﴿۹۸﴾ وَاُتْبِعُوْا فِیْ هٰذِهٖ
لَعْنَةً وَّیَوْمَ الْقِیٰمَةِ ؕ بِئْسَ الرِّفْدُ الْمَرْفُوْدُ ﴿۹۹﴾ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْقُرٰی نَقُصُّهٗ عَلَیْكَ مِنْهَا قَآئِمٌ وَّحَصِیْدٌ ﴿۱۰۰﴾
وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ ظَلَمُوْۤا اَنْفُسَهُمْ فَمَاۤ اَغْنَتْ عَنْهُمْ اٰلِهَتُهُمُ الَّتِیْ یَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ شَیْءٍ لَّمَّا جَآءَ اَمْرُ
رَبِّكَ ؕ وَمَا زَادُوْهُمْ غَیْرَ تَتْبِیْبٍ ﴿۱۰۱﴾ وَكَذٰلِكَ اَخْذُ رَبِّكَ اِذَاۤ اَخَذَ الْقُرٰی وَهِیَ ظَالِمَةٌ ؕ اِنَّ اَخْذَهٗۤ اَلِیْمٌ شَدِیْدٌ ﴿۱۰۲﴾

اور ہم نے موسیٰ کو (بھی) اپنے معجزات اور دلیل روشن دے کر فرعون اور اس کے سرداروں کے پاس بھیجا۔ سو وہ لوگ (بھی) فرعون (ہی) کی رائے پر چلتے رہے اور فرعون کی رائے کچھ صحیح نہ تھی (وہ فرعون) قیامت کے دن اپنی قوم سے آگے آگے ہوگا پھر ان (سب) کو دوزخ میں جا اُتارے گا اور وہ (دوزخ) بہت ہی بری جگہ ہے اترنے کی جس میں یہ لوگ اتارے جائیں گے اور اس دنیا میں بھی لعنت ان کے ساتھ ساتھ ہی اور قیامت کے دن بھی۔ برا انعام ہے جو ان کو دیا گیا۔ یہ ان (غارت شدہ) بستیوں کے حالات تھے جن کو ہم آپ سے بیان کرتے ہیں سو بعض بستیاں تو ان میں (اب بھی) قائم ہیں اور بعض کا بالکل خاتمہ ہو گیا اور ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا لیکن انہوں نے خود ہی اپنے اوپر ظلم کیا۔ سو ان کے وہ معبود جن کو وہ خدا کو چھوڑ کر پوجتے تھے۔ ان کو کچھ فائدہ نہ پہنچا سکے۔ جب آپ کے رب کا حکم (عذاب کے لئے) آ پہنچا (کہ ان کو عذاب سے بچا لیتے) اور الٹا ان کو نقصان پہنچایا اور آپ کے رب کی دارو گیر ایسی ہی (سخت) ہے جب وہ کسی بستی والوں پر دارو گیر کرتا ہے جبکہ وہ ظلم (وکفر) کیا کرتے ہوں بلاشبہ اس کی دارو گیر بڑی الم رساں (اور) سخت ہے۔

www.besturdubooks.net

تفسیر ربط : ظاہر ہے۔ قصۂ موسیٰ علیہ السلام با فرعون ☆ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَا (الی قولہ تعالیٰ) بِئْسَ الرِّفْدُ الْمَرْفُوْدُ ۝ اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو (بھی اپنے معجزات اور دلیل روشن دے کر فرعون اور اس کے سرداروں کے پاس بھیجا سو (نہ فرعون نے مانا اور نہ اس کے سرداروں نے مانا بلکہ فرعون بھی اپنے کفر پر رہا اور) وہ لوگ (بھی) فرعون (ہی) کی رائے پر چلتے رہے اور فرعون کی رائے کچھ صحیح نہ تھی وہ (فرعون) قیامت کے دن اپنی قوم سے آگے آگے ہوگا پھر ان (سب) کو دوزخ میں جا اتارے گا اور وہ (دوزخ) بہت ہی بری جگہ ہے اترنے کی جس میں یہ لوگ اتارے جاویں گے اور اس دنیا میں بھی لعنت ان کے ساتھ ساتھ رہی اور قیامت کے دن بھی (ان کے ساتھ ساتھ رہے گی) چنانچہ یہاں قہر سے غرق ہوئے اور وہاں دوزخ نصیب ہوگا) برا انعام ہے جو ان کو دیا گیا۔ ف: سلطان مبین سے مراد یا تو عصا اور ید بیضاء ہے جو منجملہ آیات تسعہ کے جو پارۂ نہم کے ربع پر مذکور ہیں اعظم ہیں اور یا موسیٰ علیہ السلام کی تقریر بلیغ ہے جو فرعون کے سامنے درباره توحید کے انہوں نے فرمائی۔ ربط : اوپر کئی قصے مذکور ہوئے منجملہ ان کے فوائد کے ایک فائدہ تاکید تہدید ہے دنیا کے اعتبار سے بھی اور آخرت کے اعتبار سے بھی آگے اس پر متنبہ فرماتے ہیں اور ضمناً مقابلہ میں مؤمنین کا فائز المرام ہونا ذکر فرماتے ہیں۔

تذکیر عواقب دنیویہ کفر ☆ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْقُرٰى (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّ اَخْذَهٗۤ اَلِيْمٌ شَدِيْدٌ ۝۔

اللغات: قولہ الورد الورد والوفد الوفد والعطیۃ۔ النحو قولہ من شئ بمنزلۃ المفعول المطلق ای شیئا من الاغناء۔

البلاغۃ: قولہ فاتبعوا ولم یذکر ھھنا حال فرعون لوضوحہ ولدلالۃ ما ھھنا من عاقبۃ امرہ علیھما والمراد استمرارا علی اتباعہ لان الاتباع حاصل من قبل قولہ المرفود ای اھلہ فالاسناد فیہ مجازی کما فی قولھم جدجدہ و بنونک مجنون۔

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّمَنْ خَافَ عَذَابَ الْاٰخِرَةِ ؕ ذٰلِكَ يَوْمٌ مَّجْمُوْعٌ ۙ لَّهُ النَّاسُ وَذٰلِكَ يَوْمٌ مَّشْهُوْدٌ ۝۱۰۳
وَمَا نُؤَخِّرُهٗۤ اِلَّا لِاَجَلٍ مَّعْدُوْدٍ ۝۱۰۴ يَوْمَ يَاْتِ لَا تَكَلَّمُ نَفْسٌ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ شَقِيٌّ وَّسَعِيْدٌ ۝۱۰۵ فَاَمَّا الَّذِيْنَ شَقُوْا
اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّمَنْ خَافَ عَذَابَ الْاٰخِرَةِ ؕ ذٰلِكَ يَوْمٌ مَّجْمُوْعٌ ۙ لَّهُ النَّاسُ وَذٰلِكَ يَوْمٌ مَّشْهُوْدٌ ۝۱۰۳
فَفِي النَّارِ لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ وَّشَهِيْقٌ ۝۱۰۶ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا
مَا شَآءَ رَبُّكَ ؕ عَطَآءً غَيْرَ مَجْذُوْذٍ ۝۱۰۸ فَلَا تَكُ فِيْ مِرْيَةٍ مِّمَّا يَعْبُدُ هٰۤؤُلَآءِ ؕ مَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا كَمَا يَعْبُدُ
اٰبَآؤُهُمْ مِّنْ قَبْلُ ؕ وَاِنَّا لَمُوَفُّوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ غَيْرَ مَنْقُوْصٍ ۝۱۰۹ ع ۹

ان واقعات میں اس شخص کے لئے بڑی عبرت ہے جو آخرت کے عذاب سے ڈرتا ہو وہ (آخرت کا دن) ایسا دن ہوگا کہ ان میں تمام آدمی جمع کئے جائیں گے اور وہ سب کی حاضری کا دن ہے اور ہم اس کو تھوڑی مدت کے لئے (بعض مصلحتوں سے) ملتوی کئے ہوئے ہیں۔ پھر جس وقت وہ دن آئے گا کوئی شخص بدوں خدا کی اجازت کے بات تک (بھی) نہ کر سکے گا۔ پھر (آگے) ان میں (یہ فرق ہوگا کہ) بعضے تو شقی (یعنی کافر) ہوں گے اور بعضے سعید (یعنی مؤمن) ہوں گے۔ سو لوگ شقی ہیں وہ تو دوزخ میں ایسے حال سے ہوں گے کہ اس میں ان کی چیخ و پکار پڑی رہے گی (اور) ہمیشہ ہمیشہ کو اس میں رہیں گے۔ جب تک آسمان و زمین قائم ہیں ہاں اگر خدا ہی کو (نکالنا) منظور ہو تو دوسری بات ہے (کیونکہ آپ کا رب جو کچھ چاہے اس کو پورے طور سے کر سکتا ہے اور رہ گئے وہ لوگ جو سعید ہیں سو وہ جنت میں ہوں گے (اور) وہ اس میں (داخل ہونے کے بعد) ہمیشہ ہمیشہ کو رہیں گے۔ جب تک آسمان و زمین قائم ہیں ہاں اگر خدا ہی کو (نکالنا) منظور ہو تو دوسری بات ہے۔ وہ غیر منقطع عطیہ ہوگا۔ سو (اے مخاطب) جس چیز کی یہ پرستش کرتے ہیں اس کے بارے میں ذرا شبہ نہ کرنا یہ لوگ بھی اسی طرح (بلا دلیل بلکہ خلاف دلیل) عبادت (غیر اللہ) کی کر رہے ہیں جس طرح ان کے قبل ان کے باپ دادا عبادت کرتے تھے اور ہم یقیناً (قیامت کو) ان کا حصہ (عذاب کا) ان کو پورا پورا بے کم و کاست پہنچا دیں گے۔

تفسیر: تذکیر عواقب اُخرویہ کفر ☆ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّمَنْ خَافَ (الی قولہ تعالیٰ) غَيْرَ مَنْقُوْصٍ ۝ یہ (جو کچھ اوپر قصص میں مذکور ہوا) ان (غارت شدہ) بستیوں کے بعض حالات تھے جن کو ہم آپ سے بیان کرتے ہیں (سو) بعضی بستیاں تو ان میں (اب بھی) قائم ہیں (مثلاً مصر کہ بعد اہلاک فرعونیوں کے آباد رہا) اور بعض کا بالکل خاتمہ ہو گیا اور (ہم نے جو ان مذکورہ بستی والوں کو سزائیں دیں سو) ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا (کہ بلا قصور سزا دی ہو جو کہ صورۃً ظلم ہے) لیکن انہوں نے خود ہی اپنے اوپر ظلم کیا (کہ ایسی حرکتیں کیں جن سے مستوجب سزا ہوئے) سو ان کے وہ معبود جن کو وہ خدا کو چھوڑ کر پوجتے تھے ان کو کچھ فائدہ نہ پہنچا سکے جب آپ کے رب کا حکم (عذاب کے لئے) آ پہنچا (کہ ان کو عذاب سے بچا لیتے) اور (فائدہ تو کیا پہنچاتے اور) اُلٹا ان کو نقصان

www.besturdubooks.net

پہنچایا (یعنی سبب نقصان کے ہوئے کہ ان کی پرستش کی بدولت سزایاب ہوئے) اور آپ کے رب کی دارو گیر ایسی ہی (سخت) ہے جب وہ کسی بستی والوں پر دارو گیر کرتا ہے جب کہ وہ ظلم (وکفر) کیا کرتے ہوں بلاشبہ اس کی دارو گیر بڑی الم رساں (اور) سخت ہے (کہ اس سے سخت تکلیف پہنچتی ہے اور اس سے بچ نہیں سکتا) ان واقعات میں اس شخص کے لئے بڑی عبرت ہے جو آخرت کے عذاب سے ڈرتا ہو (وجہ عبرت ظاہر ہے کہ جب دنیا کا عذاب ایسا سخت ہے حالانکہ یہ دارالجزاء نہیں تو آخرت کا جو کہ دارالجزاء ہے کیسا سخت عذاب ہوگا) وہ (یعنی آخرت کا دن) ایسا دن ہوگا کہ اس میں تمام آدمی جمع کئے جاویں گے اور وہ سب کی حاضری کا دن ہے اور (وہ دن گو اب تک آیا نہیں لیکن اس سے کوئی اس کے آنے میں شک نہ کرے آوے گا ضرور) ہم اس کو صرف تھوڑی مدت کے لئے (بعض مصلحتوں سے) ملتوی کئے ہوئے ہیں (پھر) جس وقت وہ دن آوے گا (مارے ہیبت کے لوگوں کا یہ حال ہوگا کہ) کوئی شخص بدوں خدا کی اجازت کے بات تک (بھی) نہ کر سکے گا (ہاں جب پروانگی ہوگی اور جواب طلب کرنا بھی پروانگی میں داخل ہے اس وقت البتہ منہ سے بات نکلے گی خواہ وہ بات مقبول ہو یا مقبول نہ ہو سو اس حالت میں تو سب اہل موقف شریک) پھر (آگے) ان میں (یہ فرق ہوگا کہ) بعضے تو شقی (یعنی کافر) ہوں گے اور بعضے سعید (یعنی مومن) ہوں گے سو جو لوگ شقی ہیں وہ تو دوزخ میں ایسے حال سے ہوں گے کہ اس میں ان کی چیخ پکار پڑی رہے گی (اور) ہمیشہ ہمیشہ کو اس میں رہیں گے جب تک آسمان وزمین قائم ہیں (یہ محاورہ ہے ابدیت کے لئے اور کوئی نکلنے کی سبیل نہ ہوگی) ہاں اگر خدا ہی کو (نکالنا) منظور ہو تو دوسری بات ہے (کیونکہ) آپ کا رب جو کچھ چاہے اس کو پورے طور سے کر سکتا ہے (مگر باوجود قدرت کے یہ یقینی ہے کہ خدا یہ بات نہ چاہے گا اس لئے نکلنا بھی نصیب نہ ہوگا) اور رہ گئے وہ لوگ جو سعید ہیں سو وہ جنت میں ہوں گے (اور) وہ اس میں (داخل ہونے کے بعد) ہمیشہ ہمیشہ کو رہیں گے جب تک آسمان وزمین قائم ہیں (گو جانے کے قبل کچھ سزا گناہوں کی بھگتی ہو وہ بھی جنت سے کبھی نہ نکلیں گے) ہاں! اگر خدا ہی کو (نکالنا) منظور ہو تو دوسری بات ہے (مگر یہ یقین ہے کہ خدا یہ بات کبھی نہ چاہے گا۔ پس نکلنا بھی کبھی نہ ہوگا بلکہ) وہ غیر منقطع عطیہ ہوگا (اور جب کفر کا وبال اوپر کی آیتوں سے معلوم ہو چکا) سو (اے مخاطب) جس چیز کی یہ پرستش کرتے ہیں اس کے بارہ میں ذرا شبہ نہ کرنا (بلکہ یقین رکھنا کہ ان کا یہ عمل موجب سزا ہے بوجہ باطل ہونے کے اور باطل ہونے کی دلیل یہ ہے کہ) یہ لوگ بھی اسی طرح (بلا دلیل بلکہ خلاف دلیل) عبادت (غیر اللہ کی) کر رہے ہیں جس طرح ان کے قبل ان کے باپ دادا عبادت کرتے تھے (اور امر خلاف دلیل باطل اور موجب سزا ہوتا ہے) اور ہم یقیناً (قیامت کو) ان کا حصہ (عذاب کا) ان کو پورا پورا بے کم وکاست پہنچا دیں گے۔ **ف**: لَا تُكَلَّمُ نَفْسٌ اِلَّا بِاِذْنِهٖ کی جو تفسیر کی گئی ہے اس سے اس مضمون کے متعلق آیات میں کوئی شبہ نہ رہا۔ قولہ تعالیٰ: لَا يَتَكَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ [النباء : ۳۸] قولہ تعالیٰ: هٰذَا يَوْمُ لَا يَنْطِقُوْنَ وَلَا يُؤْذَنُ لَهُمْ فَيَعْتَذِرُوْنَ [المرسلات : ۳۵، ۳۶] قولہ تعالیٰ: يَوْمَ تَاْتِيْ كُلُّ نَفْسٍ تُجَادِلُ عَنْ نَّفْسِهَا [النحل : ۱۱۱] قولہ تعالیٰ: قَالُوْا وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ [الأنعام : ۲۳] قولہ تعالیٰ: وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ [الصفت : ۲۷]۔ کما یظهر بالتامل۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلُ السُّلُوْكِ: قولہ تعالیٰ: فَاَمَّا الَّذِيْنَ شَقُوْا فَفِي النَّارِ (الی قولہ تعالیٰ) اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ (وقولہ تعالیٰ) وَاَمَّا الَّذِيْنَ سُعِدُوْا فَفِي الْجَنَّةِ (الی قولہ تعالیٰ) اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ سہل توجیہ اس کی یہ ہے کہ سعید وشقی سے مراد نیک کار اور بدکار لیا جاوے خواہ مؤمن ہو یا کافر اور ما کو من کے معنی میں کہا جاوے پس معنی یہ ہیں کہ عاصی نار میں ہوگا مگر جس کو خدا چاہے یعنی ایمان لے آوے اور مطیع جنت میں ہوگا مگر جس کو خدا چاہے یعنی اس کا خاتمہ کفر پر ہو جاوے پس اس میں دلالت ہے اس پر کہ نہ طاعت پر ناز کرے اور نہ عصیان میں مایوس ہو اور جنہوں نے اس آیت سے فنائے نار پر استدلال کیا ہے ان کے جواب میں اتنا کہہ دینا کافی ہے اذا جاء الاحتمال بطل الاستدلال پھر اجماع وقواطع اس کے خلاف پر اس کے بطلان کی مستقل دلیل ہیں اور تفصیل اصل عربی میں ہے ۱۲۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃ: ۱ قولہ فی القری غارت شدہ اشارۃ الی کون اللام للعهدی ای القری المهلکۃ ۱۲۔ ۲ قولہ فی وحصید اور بعض اشارۃ الی تقدیر ومنها فالعطف للجملۃ علی الجملۃ ۱۲۔ ۳ قولہ فیه خاتمہ تشبیها لها بالزرع فی قیامه علی الساق وحصادۃ ۱۲۔ ۴ قولہ قبل ما ظلمناهم بستی والوں لدلالۃ القری علیهم ۱۲۔ ۵ قولہ فی ظلمنٰهم صورۃً لان حقیقته لا یتصور من الله تعالیٰ ۱۲۔ ۶ قولہ فی شدید بچ نہیں سکتا هذا راجع الی شدید والاول الی الالیم ۱۲۔ ۷ قولہ فی آیۃ عبرت لان العبرۃ من لوازم الآیۃ ۱۲۔ ۸ قولہ فی مشهود حاضری کا دن لم اقل کفیری اس میں سب حاضر ہوں گے لاظهار الفائدۃ فی ایراد مشهود بعد مجموع له الناس وای تفخیم الیوم نظر الی انه الذی یستحق ان ینطلق اسم المشهود علی الاطلاق علیه ولو فسر بما فسر به غیری لکان مکررا ۱۲۔ ۹ قولہ فی اجل معدود تھوڑی مدت اشارۃ الی ان الاجل یراد به ههنا المدۃ لا انتهاء ها ویستعمل فی کلیهما ومعنی القلۃ یدل علیه المعدود ۱۲۔ ۱۰ قولہ فی لا تکلم جواب طلب فالاذن عام سواء کان صراحۃ او دلالۃ بل و سواء کان اباحۃ او تکوینا ۱۲۔ ۱۱ قولہ قبل فمنهم شقی شریک الی فرق اشارۃ الی ما فی

www.besturdubooks.net

الآية من الجمع ثم التفريق ثم التقسيم ۱۲۔ قوله فی سعید بعضے اشارة الی تقدیر منهم ۱۲۔ قوله قبل زفیر ایسے حال سے اشارة الی کون جملة لهم فیها زفیر حالا من النار او من الضمیر فی الجار والمجرور ۱۲۔ قوله فی الا ما شاء دوسری بات هذا عندی ارجح الوجوه وابعدها من التکلف ویتاید بالخبر المرفوع فی الدر المنثور ۱۲۔

اختلاف القراءة: قوله یوم یاتی بالیاء وحذفها علی التخفیف ۱۲۔

اللغات: قوله تتبیب الاهلاك والتخسیر قوله سعدوا ورد سعده الله تعالٰی فهو مسعود واسعده فهو مسعد الزفیر والشهیق فی القاموس زفر زفیر اخرج نفسه بعد مده اياه ویشهق تردد البکاء فی صدره وفیه الزفیر اول صوت الحمار والشهیق اخره ۱۲۔

النحو: قوله عطآء مفعول مطلق عامله مقدره نعطیهم یدل علیه المذکور خالدین الخ ۱۲۔

البلاغة: قوله ما زادوهم نزلت الاصنام منزلة العقلاء بناء علی زعمهم قوله اخذ القری لم یقل اهل القری ایذانا بسریان الاخذ من اهل القری الی القری قوله یوم یات اشکل کون الزمان ظرفا لنفسه والجواب ان بعض الازمنة ینزل منزلة الزمان فی فیصح کون الزمان ظرفا کما یقال یوم یاتی العید قوله فاما الذین شقوا الخ قدم شقوا علی سعدوا واثبت لاهل الشقاء الزفیر والشهیق ولم یثبت لاهل السعادة البهجة والسرور لان المقام مقام تحذیر فناسب ای یهیم بالتحذیر واما ایراد شقوا مبنیا للفاعل وایراد سعدوا مبنیا للمفعول فللاشارة الی حدیث فمن وجد خیرا فلیحمد الله ومن وجد غیر ذلك فلا یلومن الا نفسه واما الفرق بین التابیدین حیث تمم الاول بقوله ان ربك والثانی بقوله عطاء فلعله لان توهم الانقطاع من الاستثناء فی الاول لا یخل بالتحذیر طبعاً وعادةً والمقام مقام بیان القدرة وتوهمه فی الثانی ویخل بالتبشیر فدفعه بقوله عطاء غیر مجذوذ وقد فرغ من بیان القدرة فیما سبق وان اقتضاه الثانی ایضا قوله نصیبهم فیه تهکم ۱۲۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَاخْتُلِفَ فِيْهِ ؕ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ؕ وَاِنَّهُمْ
لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ﴿۱۱۰﴾ وَاِنَّ كُلًّا لَّمَّا لَيُوَفِّيَنَّهُمْ رَبُّكَ اَعْمَالَهُمْ ؕ اِنَّهٗ بِمَا يَعْمَلُوْنَ
خَبِيْرٌ ﴿۱۱۱﴾ فَاسْتَقِمْ كَمَاۤ اُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ مَعَكَ وَلَا تَطْغَوْا ؕ اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۱۲﴾ وَلَا
تَرْكَنُوْۤا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ ۙ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ ثُمَّ لَا
تُنْصَرُوْنَ ﴿۱۱۳﴾ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ الَّيْلِ ؕ اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ ؕ
ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذّٰكِرِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ وَاصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۱۵﴾

اور ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو کتاب (یعنی توریت) دی تھی سو اس میں (بھی مثل قرآن کے) اختلاف کیا گیا اور اگر ایک بات نہ ہوتی جو آپ کے رب کی طرف سے پہلے سے ٹھہر چکی ہے تو ان کا (قطعی) فیصلہ (دنیا ہی میں) ہو چکا ہوتا کہ یہ لوگ اس کی طرف سے ایسے شک میں (پڑے) ہیں جس نے ان کو تردد میں ڈال رکھا ہے اور بالیقین سب کے سب ایسے ہی ہیں کہ آپ کا رب ان کو ان کے اعمال (کی جزا) کا پورا پورا حصہ دے گا۔ وہ بالیقین ان کے سب اعمال کی پوری خبر رکھتا ہے۔ تو آپ جس طرح کہ آپ کو حکم ہوا ہے (راہ دین پر) مستقیم رہئے اور وہ لوگ بھی (مستقیم رہیں) جو کفر سے توبہ کر کے آپ کی ہمراہی میں ہیں اور دائرہ دین سے ذرا مت نکلو۔ یقیناً وہ تم سب کے اعمال کو خوب دیکھتا ہے اور (اے مسلمانو!) ان ظالموں کی طرف مت جھکو کبھی تم کو دوزخ کی آگ لگ جائے اور (اس وقت) خدا کے سوا تمہارا کوئی رفاقت کرنے والا ہو۔ پھر حمایت تو تمہاری ذرا بھی نہ ہوگی اور (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) آپ نماز کی پابندی رکھئے اور دن کے دونوں سروں پر (یعنی اول و آخر میں) اور رات کے کچھ حصوں میں بیشک نیک کام (نامہ اعمال سے) مٹا دیتے ہیں برے کاموں کو۔ یہ بات ایک (جامع) نصیحت ہے نصیحت ماننے والوں کے لئے اور صبر کیا کیجئے کہ اللہ تعالیٰ نیکوکاروں کا اجر ضائع نہیں کرتے۔

تفسیر: اوپر مذکورہ سے پہلے آیت فَلَعَلَّكَ تَارِكٌ الخ میں آپ کی تسلی اور آیت وَلَئِنْ اَخَّرْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ الخ میں اجمالاً تاخیر عذاب کی حکمت اور آیت اَلَا يَوْمَ يَاْتِيْهِمْ الخ میں اپنے وقت پر عذاب کا وقوع اور آیت اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَخْبَتُوْۤا الخ میں امتثال اوامر کی ترغیب اور

www.besturdubooks.net

فضیلت یہ سب مضامین مذکور تھے آگے قصص اور اس کے متعلقات کے بعد پھر انہیں مضامین کی طرف عود ہے۔

عود بمضامین تسلیہ وحکمت تاخیر عذاب وتیقن وقوع آں بوقت خود وترغیب امتثال اوامر:

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ (الی قولہ تعالیٰ) فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ [البقرة] اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو کتاب (یعنی توریت) دی تھی سو اس میں (بھی مثل قرآن کے) اختلاف کیا گیا (کہ کسی نے مانا کسی نے نہ مانا یہ کوئی آپ کے لئے نئی بات نہیں ہوئی پس آپ مغموم نہ ہوں) اور (یہ منکرین ایسے مستحق عذاب ہیں کہ) اگر ایک بات نہ ہوتی جو آپ کے رب کی طرف سے پہلے ٹھہر چکی ہے (کہ پورا عذاب ان کو آخرت میں دوں گا) تو (جس چیز میں یہ اختلاف کر رہے ہیں) ان کا (قطعی فیصلہ دنیا ہی میں) ہو چکا ہوتا (یعنی وہ عذاب موعود واقع ہو جاتا) اور یہ لوگ (باوجود قیام براہین کے ابھی تک) اس (فیصلہ یعنی عذاب موعود) کی طرف سے ایسے شک میں (پڑے) جس نے ان کو تردد میں ڈال رکھا ہے (کہ ان کو عذاب کا یقین ہی نہیں آتا شک کا مطلب یہی ہے) اور (کسی کے شک وانکار سے یہ عذاب ٹلے گا نہیں بلکہ) بالیقین سب کے سب ایسے ہی ہیں کہ آپ کا رب ان کو ان کے سب اعمال (کی جزا) کا پورا پورا حصہ دے گا وہ بالیقین ان کے سب اعمال کی پوری خبر رکھتا ہے (جب ان کی سزا کا معاملہ آپ سے کچھ سروکار نہیں رکھتا) تو آپ (اور مسلمان اپنے کام میں لگے رہیں وہ کام یہ ہیں کہ آپ) جس طرح کہ آپ کو حکم ہوا ہے (راہِ دین پر) مستقیم رہئے اور وہ لوگ بھی (مستقیم رہیں) جو کفر سے توبہ کر کے آپ کی ہمراہی میں ہیں اور دائرہ (دین) سے ذرا مت نکلو یقیناً وہ تم سب کے اعمال کو خوب دیکھتا ہے اور (اے مسلمانو ان) ظالموں کی (یا جو ان کی مثل ہوں ان کی) طرف (باعتبار دوستی یا شرکت احوال واعمال کے) مت جھکو کبھی تم کو دوزخ کی آگ لگ جاوے اور (اس وقت) خدا کے سوا تمہارا کوئی رفاقت کرنے والا نہ ہو پھر حمایت تو تمہاری ذرا بھی نہ ہو (کیونکہ رفاقت تو حمایت سے سہل ہے جب وہ نہ ہو تو اس کا تو کب احتمال ہے) اور (اے محمد ﷺ) آپ نماز کی پابندی رکھئے دن کے دونوں سروں پر (یعنی اول اور آخر میں) اور رات کے کچھ حصوں میں بیشک نیک کام (نامۂ اعمال سے) مٹا دیتے ہیں برے کاموں کو یہ بات (کہ نیکیوں سے گناہ معاف ہوتے ہیں) ایک (جامع) نصیحت ہے نصیحت ماننے والوں کے لئے (کیونکہ ہر نیکی اس قاعدہ کلیہ میں داخل ہے پس اس سے ہر نیکی کی رغبت ہونا چاہئے) اور (ان منکرین کی طرف سے جو معاملات پیش آتے ہیں ان پر) صبر کیا کیجئے کہ اللہ تعالیٰ نکوکاروں کا اجر ضائع نہیں کرتے (پس صبر بھی اعلیٰ درجہ کی نکوکاری ہے اس کا پورا اجر ملے گا) ف: دن کے دو سروں سے مراد بعض کے نزدیک فجر اور عصر ہے اور بعض نے نزدیک دو سروں سے مراد دو حصے اول کا اور آخر کا اول کے حصہ میں صبح کی نماز ہے آخر کے حصہ میں ظہر اور عصر اور رات کے حصوں سے مراد مغرب وعشاء کا وقت پس ایک قول پر اس آیت میں پانچوں نمازیں مراد ہیں اور ایک قول پر بجز ظہر کے چار نمازیں اور ظہر دوسری آیت میں مذکور ہے۔ سورۂ روم میں ہے وَحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ شاید چار کی تخصیص ذکر میں خاص اہتمام کے لئے ہو کہ فجر اور عشاء کا وقت نوم کا ہے عصر کا وقت مشغولی کاروبار کا مغرب کا وقت کھانے کا گھر میں آنے کا بخلاف ظہر کے وقت کے کہ بالکل فراغت کا ہوتا ہے چونکہ اصل میں ان احکام کا سنانا اوروں کو مقصود ہے اس لئے ان کی حالت کی رعایت سے یہ تخصیص ہوئی واللہ اعلم اور سیئات سے مراد آیت میں صغائر ہیں اور تحقیق اس مسئلہ کی شروع پارہ پنجم تحت آیت اِنْ تَجْتَنِبُوْا الخ [النساء: ۳۱] کے گذر چکی ہے۔

تَرْجَمَةُ مَسَائِلِ السُّؤَالِ: قولہ تعالیٰ: فَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ مَعَكَ حاصل استقامت کا یہ ہے حقوق خلق وحق کا ادا کرنا اور کثرت کا وحدت میں اور وحدت کا کثرت میں مشاہدہ کرنا اور آپ کی استقامت اور ہے اور آپ کے اتباع کی اور قولہ تعالیٰ: وَلَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ اس میں مداہنت اور باوجود قدرت کے نکیر نہ کرنا اور انکی وضع اختیار کرنا اور ان کی تعظیم اور بدوں ضرورت شرعیہ کے ان کی مجالست سب اسی نہی میں داخل ہوگی کذا فی الروح ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ یعنی انوار طاعت سے ظلمات معصیت کی دور ہو جاتی ہیں کذا فی الروح اور اس میں بھی داخل ہے کہ طاعت کے ملکہ کے غلبہ سے معصیت کا مادہ مضمحل ہو جاوے ۱۲۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَةِ: ۱ قوله فی شك منه عذاب دل علی المرجع قوله لقضی بینهم ۱۲۔ ۲ قوله هناك شک کا مطلب فالشك یقابل الیقین فیعم الانکار ۱۲۔ ۳ قوله فی ثم لا تنصرون سهل فثم للتراخی للرتبی لکون النصر ابعد من الولایة ۱۲۔ ۴ قوله فی ذلك یہ بات هو احد الوجوه المذکورة فی روح المعانی وهو الیدها عندی ۱۲۔ ۵ قوله فی ف مغرب اور عشاء فالزلف اما ان یراد به ما فوق الواحد ویقال ان کلا من الصلوتین یؤدی فی اکثر من ساعة لان الساعة مطلق الوقت وهو شامل لکل قلیل وکثیر ۱۲۔

اَللُّغَاتُ: قوله لما اصله لمن باعلی ان من موصولة وما زائدة فقلبت النون میما للادغام فاجتمع ثلث میمات فحذفت اولٰهن وفی ان ولما اربع قراء ت تشدیدهما وقد ذکر تخفیفهما باعمال ان المخففة اعتبارا للاصل وکون اللام لتاکید لام القسم وکون ما مزیدة

www.besturdubooks.net

بینهما للفصل وتشدید الاول وتخفیف الثانی و تخفیف الاول و تشدید الثانی وتوجیه الخیرین معلوم من الاولین الزلف جمع زلفة بمعنی ساعة۱۲۔

البلاغۃ: قوله موسی الکتب لعل تخصیص موسٰی علیه السلام لمشارکة له علیهما السلام فی طول مقاساة الشدائد من امتهما قوله اقم ولا ترکنوا فی الروح ومن البلاغة القرآنیة ان الاوامر بافعال الخیر افردت للنبی صلی الله علیه وسلم وان کانت عامة فی المعنی والمناهی جمعت للامة وما اعظم شان الرسول صلی الله علیه وسلم عند ربه جل وعلا ۱۲۔

فَلَوْلَا كَانَ مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْ قَبْلِكُمْ اُولُوْا بَقِيَّةٍ يَّنْهَوْنَ عَنِ الْفَسَادِ فِي الْاَرْضِ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّنْ اَنْجَيْنَا مِنْهُمْ ۚ وَاتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَآ اُتْرِفُوْا فِيْهِ وَكَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿۱۱۶﴾ وَمَا كَانَ رَبُّكَ لِيُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّاَهْلُهَا مُصْلِحُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَجَعَلَ النَّاسَ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلَا يَزَالُوْنَ مُخْتَلِفِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ رَبُّكَ ۭ وَلِذٰلِكَ خَلَقَهُمْ ۭ وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ لَاَمْلَــَٔنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ وَكُلًّا نَّقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَاۗءِ الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِهٖ فُؤَادَكَ ۚ وَجَاۗءَكَ فِيْ هٰذِهِ الْحَقُّ وَمَوْعِظَةٌ وَّذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ وَقُلْ لِّلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ اعْمَلُوْا عَلٰي مَكَانَتِكُمْ ۭ اِنَّا عٰمِلُوْنَ ﴿۱۲۱﴾ وَانْتَظِرُوْا ۚ اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاِلَيْهِ يُرْجَعُ الْاَمْرُ كُلُّهٗ فَاعْبُدْهُ وَتَوَكَّلْ عَلَيْهِ ۭ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۳﴾ ع ۱۴ ۱۰

تو جو امتیں تم سے پہلے ہوگزری ہیں ان میں ایسے سمجھدار لوگ نہ ہوئے جو کہ (دوسروں کو) ملک میں فساد (یعنی کفر وشرک) پھیلانے سے منع کرتے۔ بجز چند آدمیوں کے کہ جن کو ان میں سے ہم نے (عذاب سے) بچالیا تھا اور جو لوگ نافرمان تھے اور وہ جس ناز ونعمت میں تھے اسی کے پیچھے پڑے رہے اور جرائم کے خوگر ہوگئے اور آپ کا رب ایسا نہیں کہ بستیوں کو کفر کے سبب ہلاک کردے اور ان کے رہنے والے (اپنی اور دوسروں کی) اصلاح میں لگے ہوں اور اگر اللہ کو منظور ہوتا تو سب آدمیوں کو ایک ہی طریقہ کا بنادیتا اور آئندہ (بھی) ہمیشہ اختلاف کرتے رہیں گے۔ مگر جس پر آپ کے رب کی رحمت ہو اور اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کو اسی واسطے پیدا کیا ہے اور آپ کے رب کی یہ بات پوری ہوگی کہ میں جہنم کو جنات سے اور انسانوں دونوں سے بھردوں گا اور پیغمبروں کے قصوں میں سے ہم یہ سارے (مذکورہ) قصے آپ سے بیان کرتے ہیں جن کے ذریعے سے ہم آپ کے دل کو تقویت دیتے ہیں اور ان قصوں میں آپ کے پاس ایسا مضمون پہنچا ہے جو خود بھی راست (اور واقعی) ہے اور ماننے والوں کے لئے نصیحت ہے اور یاددہانی ہے اور جو لوگ (باوجود ان حجت قاطعہ کے بھی) ایمان نہیں لاتے ان سے کہہ دیجئے کہ میں تم سے الجھتا نہیں تم اپنی حالت پر عمل کرتے رہو۔ ہم بھی (اپنے طور پر) عمل کررہے ہیں اور (ان اعمال کے نتیجہ کے) تم (بھی) منتظر رہو ہم بھی منتظر ہیں (عنقریب حق وباطل کھل جائے گا) اور آسمانوں اور زمین میں جتنی غیب کی باتیں ہیں ان کا علم خدا ہی کو ہے اور سب امور اسی کی طرف رجوع ہوں گے۔ تو (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) آپ اسی کی عبادت کیجئے (جس میں تبلیغ بھی داخل ہے) اور اسی پر بھروسہ رکھئے اور آپ کا رب ان باتوں سے بے خبر نہیں جو کچھ تم لوگ کررہے ہو۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر قصص میں امم مہلکہ کے وبال ونکال کا حال مذکور ہوا تھا آگے اس کا سبب قریب کہ ان کی نافرمانی ہے اور سبب بعید کہ مشیت وحکمت ہے مذکور ہے اور اول کے بیان سے اپنا رحم وکرم اور ثانی کے بیان سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تسلیہ ودفع غم منظور ہے۔

سبب قریب وبعید ہلاک امم سابقہ ☆ فَلَوْلَا كَانَ مِنَ الْقُرُوْنِ (الی قوله تعالٰی) مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ۞ (اور اوپر جو امم مہلکہ کے قصص مذکور ہوئے) تو (وجہ اس کی یہ ہوئی) کہ جو امتیں تم سے پہلے ہوگزری ہیں ان میں ایسے سمجھدار لوگ نہ ہوئے جو کہ (دوسروں کو) ملک میں فساد (یعنی کفر وشرک) پھیلانے سے منع کرتے بجز چند آدمیوں کے کہ جن کو ان میں سے ہم نے (عذاب سے) بچالیا تھا (کہ وہ تو البتہ جیسے خود کفر وشرک سے تائب ہوگئے تھے اوروں کو بھی منع کرتے رہتے تھے اور ان ہی دونوں عمل کی برکت سے وہ عذاب سے بچ گئے تھے باقی اور لوگ چونکہ خود ہی کفر میں مبتلا تھے انہوں نے اوروں کو بھی منع نہ

www.besturdubooks.net

کیا) اور جولوگ نافرمان تھے وہ جس ناز ونعمت میں تھے اسی کے پیچھے پڑے رہے اور جرائم کے خوگر ہو گئے (کہ اس سے باز ہی نہ آئے خلاصہ مطلب یہ کہ نافرمانی تو ان میں عام طور پر رہی اور منع کرنے والا کوئی ہوا نہیں اس لئے سب ایک ہی عذاب میں مبتلا ہوئے ورنہ کفر کا عذاب عام ہوتا اور فساد کا خاص اب بوجہ منع نہ کرنے کے غیر مفسد بھی مفسد ہونے میں شریک قرار دیئے گئے اس لئے جو عذاب مجموعہ کفر وفساد پر نازل ہوا وہ بھی عام رہا) اور (اس سے ثابت ہو گیا کہ) آپ کا رب ایسا نہیں کہ بستیوں کو کفر کے سبب ہلاک کر دے اور ان کے رہنے والے (اپنی اور دوسروں کی) اصلاح میں لگے ہوں (بلکہ جب بجائے اصلاح کے فساد کریں اور فساد کرنے والوں کو منع نہ کریں اس وقت عذاب خاص کے مستحق ہو جاتے ہیں) اور اگر اللہ کو منظور ہوتا تو سب آدمیوں کو ایک ہی طریقہ کا بنا دیتا (یعنی سب کو مؤمن کر دیتا لیکن بعض حکمتوں سے ایسا منظور نہ ہوا اس لئے دین کے خلاف مختلف طریقوں پر ہو گئے) اور (آئندہ بھی) ہمیشہ اختلاف (ہی) کرتے رہیں گے مگر جس پر آپ کے رب کی رحمت ہو (وہ دین کے خلاف طریقہ اختیار نہ کرے گا) اور (اس اختلاف کا غم یا تاسف یا تعجب نہ کیجئے کیونکہ) اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کو اسی واسطے پیدا کیا ہے (کہ ان میں اختلاف رہے اور (اختلاف کے لئے پیدا کرنے کی وجہ یہ ہے کہ) آپ کے رب کی یہ بات پوری ہو گی کہ میں جہنم کو جنات سے اور انسانوں سے دونوں سے بھر دوں گا (اور خود اس کی حکمت یہ ہے کہ جس طرح مرحومین میں صفتِ رحمت کا ظہور ہوا مغضوبین میں صفت غضب کی ظاہر ہو پھر اس ظہور کی حکمت یا اس حکمت کی حکمت اللہ ہی کو معلوم غرض اس ظہور کی حکمت سے جہنم میں جانا بعضوں کا ضرور اور جہنم میں جانے کے لئے وجود کفار کا تکوینا ضروری اور وجود کفار کے لئے اختلاف لازم یہ وجہ ہے سب کے مسلمان نہ ہونے کی)۔ **ف**: مراد اس اختلاف سے اختلاف بعد الاتفاق ہے پس آیت : كَانَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً [البقرة: ۲۱۳] سے اس آیت کا کچھ تعارض نہیں کہ ایک سے اختلاف اور دوسری سے عدم اختلاف معلوم ہوتا ہے وجہ عدم تعارض تغائر دونوں کے زمانوں کا ہے اور تخصیص اہل الرائے کی اسلئے کی کہ جب انہوں نے منع نہ کیا تو اوروں کا منع نہ کرنا تو بدرجہ اولیٰ مفہوم ہو گیا اور اس آیت سے جو ظاہراً شبہ ہوتا ہے کہ اصل وجہ تو اہلاک کی کفر تھا نہ کہ عدم النہی اسکا جواب اثنائے ترجمہ میں تقریر خلاصہ مطلب سے معلوم ہو گیا کہ عدم نہی مطلق عذاب کا سبب نہیں بلکہ عذاب خاص کا۔ **ربط**: اوپر محکی عنہ یعنی واقعات قصص کی علت وحکمت مذکور تھی آگے حکایت یعنی بیان قصص کی حکمت مذکور ہے۔

بیان بعض حکمت ہائے حکایت قصص ☆ وَ كُلًّا نَّقُصُّ عَلَيْكَ (الی قولہ تعالیٰ) وَذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ۝ اور پیغمبروں کے قصوں میں سے ہم یہ سارے (مذکورہ) قصے آپ سے بیان کرتے ہیں جن کے ذریعہ سے ہم آپ کے دل کو تقویت دیتے ہیں (ایک فائدہ بیان قصص کا تو یہ ہوا جس کا حاصل آپ کو تسلی دینا ہے) اور ان قصوں میں آپ کے پاس ایسا مضمون پہنچا ہے جو خود بھی راست (اور واقعی) ہے اور مسلمانوں کے لئے (برے کاموں سے روکنے کو) نصیحت ہے اور اچھے کام کرنے کے لئے) یاد دہانی ہے (یہ دوسرا فائدہ بیان قصص کا ہوا ایک فائدہ نبی کے لئے دوسرا امت کے لئے) **ف**: حق صفت ذاتیہ ہے آیاتِ قرآنیہ کی جو قصص پر مشتمل ہیں اور موعظة اور ذکری اس کی صفات اضافیہ ہیں جن میں ایک زاجر اور ایک آمر ہے۔

ربط: اوپر مجموعہ سورت میں توحید اور رسالت اور بعث اور حقانیت قرآن اور وعدہ ووعید کے اثبات اور شبہات کی نفی سے اتمامِ دعوت اور الزام حجت کا حق کافی وافی ادا کر دیا گیا اب جو لوگ اس پر بھی نہ مانیں ان سے آخری کلام کر کے سورت کو ختم کیا جاتا ہے۔

خاتمہ کلام بالدالخصام ☆ وَقُلْ لِّلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ (الی قولہ تعالیٰ) وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ۝ اور جو لوگ (باوجود ان حجج قاطعہ کے بھی) ایمان نہیں لاتے ان سے کہہ دیجئے کہ (میں تم سے الجھتا نہیں) تم اپنی حالت پر عمل کرتے رہو ہم بھی (اپنے طور پر) عمل کر رہے ہیں اور (ان اعمال کے نتیجہ کے) تم (بھی) منتظر رہو ہم بھی منتظر ہیں (سو عنقریب حق وباطل کھل جاوے گا) اور آسمانوں اور زمین میں جتنی غیب کی باتیں ہیں ان کا علم خدا ہی کو ہے (تو بندوں کے اعمال تو غیب بھی نہیں اور ان کا علم تو بدرجہ اولیٰ حق تعالیٰ کو ہے) اور سب امور اسی کی طرف رجوع ہوں گے (یعنی علم واختیار دونوں کے ساتھ موصوف ہے پھر اس کو کیا مشکل ہے اگر اعمال کی جزا وسزا دے اور جب وہ ایسا علم واختیار رکھتا ہے) تو (اے محمد ﷺ) آپ اسی کی عبادت کیجئے (جس میں تبلیغ بھی داخل ہے) اور اسی پر بھروسہ رکھئے (اگر تبلیغ میں کسی اذیت کا احتمال ہو یہ بیچ میں بطور جملہ معترضہ کے آپ سے خطاب فرما دیا آگے پھر وہی اوپر کا مضمون ہے یعنی) اور آپ کا رب ان باتوں سے بے خبر نہیں جو کچھ تم کر رہے ہو (جیسا کہ اوپر علم غیب سے اعمال کا علم بدرجہ اولیٰ ثابت ہو گیا)۔ **ف**: حسنِ ختام سورت کا اس آیت پر ظاہر ہے **وقد فرغت بحمد الله تعالیٰ من تفسیر هذه السورة لخمسة عشر خلون من جمادی الاولیٰ ۱۳۲۴ من الهجرة۔**

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : وَ لِذٰلِكَ خَلَقَهُمْ ۔ روح میں ہے کہ اس اختلاف کے لئے ان کو اس لئے پیدا کیا کہ وہ اس کے جمال یعنی لطف اور اس کے جلال یعنی قہر کے مظاہر ہوں اھ اور: مَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ [الذاریت: ۵۶] کے منافی نہیں ایک غایۃ تکوینیہ ہے ایک غایۃ تشریعیہ ۱۲۔ قولہ تعالیٰ وَ كُلًّا نَّقُصُّ (الی قولہ تعالیٰ) مَا نُثَبِّتُ بِهٖ فُؤَادَكَ اس میں دلیل ہے کہ مقبولین کے قصص کو قلوب کی تثبیت وتقویت وتنشیط میں خاص اثر اور دخل

www.besturdubooks.net

ہے اسی لئے بزرگوں نے اولیاء کی حکایات جمع کرنے کا خاص اہتمام فرمادیا ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمة : ۱ **قوله فی فلو لا** اوراوپر..... نہ ہوئے اشار بالاول الی معنی الفاء وبالثانی الی ان التخصیص یراد به النفی کما فی آخر سورة یونس فلو لا کانت قریة امنت فانظر فی الحاشیة لمه ۱۲۔

اللغات : البقیة خصلة باقیة من الرأی والعقل او الفضل ماخوذ من البقیة التی یصطفیها المرء لنفسه ویدخرها مما ینفعه ومن هنا قیل فلان من بقیة القوم ای من خیارهم الاتراف من الترف وهو التوسع فی النعمة ۱۲۔

النحو : کلا منصوب علی انه مفعول به لقوله نقص والتنوین عوض عن المضاف الیه ای کل نبأ ومن انباء صفة لنبأ مقدر ومن تبعیضیة وما نثبت عطف بیان او بدل من کلا وهذه یشار بها الی انبائهما۔

البلاغة : قوله غیب بتقدیر علم المضاف قوله تعملون بالتاء فیه تغلیب المخاطب علی معنی ما ربك بغافل عما تعمل انت وما یعملون هم فیجازی کلا منك ومنهم بموجب الاستحقاق ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ يُوْسُفَ

سُوْرَةُ يُوْسُفَ مَكِّيَّةٌ ۵۳ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۱۱۱ | رُكُوْعَاتُهَا ۱۲

سورۂ یوسف مکہ میں نازل ہوئی شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں اور اس کی ایک سو گیارہ آیتیں اور بارہ رکوع ہیں

الٓرٰ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝۱ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝۲ نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ اَحْسَنَ
الْقَصَصِ بِمَآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ هٰذَا الْقُرْاٰنَ ۖ وَاِنْ كُنْتَ مِنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ الْغٰفِلِيْنَ ۝۳ اِذْ قَالَ يُوْسُفُ لِاَبِيْهِ
يٰٓاَبَتِ اِنِّيْ رَاَيْتُ اَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ رَاَيْتُهُمْ لِيْ سٰجِدِيْنَ ۝۴ قَالَ يٰبُنَيَّ لَا تَقْصُصْ
رُءْيَاكَ عَلٰٓى اِخْوَتِكَ فَيَكِيْدُوْا لَكَ كَيْدًا ۭ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝۵ وَكَذٰلِكَ يَجْتَبِيْكَ رَبُّكَ
وَيُعَلِّمُكَ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ وَيُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى اٰلِ يَعْقُوْبَ كَمَآ اَتَمَّهَا عَلٰٓى اَبَوَيْكَ مِنْ قَبْلُ اِبْرٰهِيْمَ
وَاِسْحٰقَ ۭ اِنَّ رَبَّكَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝۶ ع ۱ ۱۱

الٓرٰ ۔ یہ آیتیں ہیں ایک کتاب واضح کی۔ ہم نے اس کو اتارا ہے قرآن عربی زبان کا تا کہ تم (بوجہ اہل لسان ہونے کے اولاً) سمجھو (اور تمہارے واسطے اور لوگ سمجھیں) ہم نے جو یہ قرآن آپ کے پاس بھیجا ہے اس (کے بھیجنے) کے ذریعہ سے ہم آپ سے ایک بڑا عمدہ قصہ بیان کرتے ہیں اور اس (ہمارے بیان کرنے) کے قبل آپ (اس سے) محض بے خبر تھے۔ وہ وقت قابل ذکر ہے جب کہ یوسفؑ نے اپنے والد یعقوب علیہ السلام سے کہا کہ ابا میں نے (خواب میں) گیارہ ستارے اور سورج اور چاند دیکھے ہیں (اور) ان کو اپنے روبرو سجدہ کرتے ہوئے دیکھا ہے۔ انہوں نے (جواب میں) فرمایا کہ بیٹا اپنی اس خواب کو اپنے بھائیوں کے روبرو بیان مت کرنا پس (یہ سمجھ کر) وہ تمہاری (ایذا رسانی کی) کوئی خاص تدبیر کریں گے بلاشبہ شیطان آدمی کا صریح دشمن ہے اور اسی طرح تمہارا رب تم کو منتخب کرے گا اور (تم کو علوم دقیقہ بھی دے گا مثلاً) تم کو خوابوں کی تعبیر کا علم دے گا اور (نعمتیں دے کر بھی) تم پر اور یعقوبؑ کے خاندان پر اپنا انعام کامل کرے گا جیسا کہ اس سے قبل تمہارے دادا پردادا یعنی ابراہیم و اسحاق علیہم السلام پر اپنا انعام مکمل کر چکا ہے واقعی تمہارا رب بڑا علم و حکمت والا ہے۔

تفسیر: بسم اللہ الرحمن الرحیم ☆ سورة يوسف مكية وايها مائة واحدى عشرة اية كذا في البيضاوي۔ خلاصہ سورت کا ظاہر ہے کہ تقریباً تمام تر مشتمل ہے قصۂ حضرت یوسف علیہ السلام پر اور اس کے آغاز سے پہلے قرآن کی حقیت جس میں وہ قصہ بیان ہوا ہے اور اس کے ختم سے پیچھے اول توحید کا مضمون اور اس کے اخلال پر وعید پھر رسالت کی بحث اور اس کے منکرین کی بدانجامی کی اجمالی حکایت اور ایسی حکایات و قصص کا موجب عبرت ہونا اور قرآن میں جس میں یہ قصص ہیں حق ہونا مذکور ہے اور اسی پر سورت ختم ہے پس زیادہ حصہ سورت کا قصص پر مشتمل ہے جس کے بیان کی حکمت سورت سابقہ کی اخیر کی آیت: و كلا نقص الخ میں مذکور ہوئی تھی اور کچھ حصہ سورت کا اصول دین میں ہے جس میں کفار کی مخالفت کرنے کی وجہ سے جو آپ کو غم تھا اس کے ازالہ و تسلی کے لئے یہ قصہ بیان کیا گیا ہے کہ حضرت یوسف علیہ السلام کو ان کے اخوان کی مخالفت سے کوئی ضرر نہیں پہنچا بلکہ انجام کار وہی ترقی کا سبب ہو گیا اسی طرح آپ کو آپ کی قوم کی مخالفت مضر نہ ہوگی پس مناسبت دونوں سورتوں کی اور خود اجزاء سورت کی بھی اس تقریر سے مستفاد ہو گئی اور چونکہ ارتباط اجزاء قصہ میں جو بڑا حصہ سورت کا

www.besturdubooks.net

محتاج بیان نہیں اس لئے مثل دیگر مقامات کے ان میں تقریر ربط کی مستقلاً بیان نہ کی جاوے گی اور شان نزول اس کا درمنثور میں ابن عباسؓ سے اس طرح مروی ہے کہ لوگوں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اگر آپ ہم کو کوئی قصہ سنادیں تو خوب ہو اس پر یہ قصہ نازل ہوا اور خازن میں بروایت ضحاک ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ یہود نے آپ سے یہ قصہ پوچھا تھا (یعنی امتحاناً) اس پر یہ آیات الٓرٰ الخ نازل ہوئیں واللہ اعلم اور اس قصہ کے متعلق تین فائدے مظنون ہیں اول یہ کہ اس کو احسن القصص کیوں فرمایا اس کی وجہ روح المعانی میں مختصر الفاظ میں یہ لکھی ہے کہ وہ مشتمل ہے ان امور پر حاسد ومحسود مالک و مملوک شاہد ومشہود عاشق ومعشوق حبس واطلاق نصب وجدب ذنب وعفو فراق ووصال سقم وصحت حل وارتحال ذل وعز اور نیز مفید ہے ان امور کو قضاوقدر کا کوئی دافع اور مانع نہیں ہے جس کو خدا تعالیٰ کوئی چیز نہیں پہنچانا چاہیں اس کو کوئی روک نہیں سکتا۔ حسد سے حاسد ہی کو نقصان وخذلان پہنچتا ہے۔ صبر مفتاح الفرج ہے تدبیر کرنا عقل کی بات ہے اصلاح امور معاش میں عقل کام کی چیز ہے وغیر ذالک اھ دوم اور قصے کچھ کچھ بیان کئے گئے یہ بالاستیعاب بیان کیا گیا اس کی وجہ روح میں جلال سیوطیؒ سے یہ لکھی ہے کہ یہ صحابہ کی درخواست پر نازل ہوا اس لئے بسط وتمام کے ساتھ بیان کیا گیا تا کہ ان کا مقصود کہ استیعاب ہے حاصل ہو جاوے اور احاطہ سے ان کو راحت اور سیری ہو اھ سوم اس قصہ کو مثل دوسرے قصوں کے مکرر نہیں لائے اس کی وجہ میرے نزدیک فائدہ دوم پر متفرع ہے کیونکہ اور قصوں میں چونکہ استیعاب نہیں ہے اس لئے ہر مقام کے مناسب مختلف فوائد کے لئے کچھ کچھ اجزاء لائے گئے گو ان میں بعض اجزاء مشترک بھی ہوں مگر مقصود اجزاء متباینہ اور اجزاء مشترکہ کے فوائد متباینہ ہیں بخلاف اس قصہ کے کہ سب اجزاء اور سب فوائد ایک جگہ مجتمع کر دیئے گئے اس لئے اس میں تکرار نہیں اور روح میں اس کی وجہ یہ لکھی ہے کہ اور قصص میں مقصود زجر ہے معاصی پر اور تقبیح ہے مناہی کی اور ان کا مہتم بالشان ہونا مقتضی ہے تکرار کو بخلاف اس قصہ کے جیسا کہ ظاہر ہے اور یہی دونوں وجہ قصہ اصحاب کہف اور قصہ ذی القرنین اور قصہ موسیٰ مع الخضر علیہما السلام اور قصہ ذبیح علیہ السلام کے غیر مکرر ہونے میں بھی جاری ہیں واللہ اعلم۔

حقیت قرآن وتمہید قصہ ☆ الٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝۱ (الی قولہ تعالیٰ) لَمِنَ الْغٰفِلِيْنَ ۝ ۔ الٓرٰ ۔ (اس کے معنی تو اللہ کو معلوم ہیں) یہ آیتیں ہیں ایک کتاب واضح کی (جس کے الفاظ اور معانی ادلیہ بہت صاف ہیں) ہم نے اس کو اتارا ہے قرآن عربی زبان کا تا کہ تم (بوجہ اہل لسان ہونے کے اولاً) سمجھو (اور تمہارے واسطے سے اور لوگ سمجھیں) ہم نے جو یہ قرآن (جس کی صفت اوپر مذکور ہوئی) آپ کے پاس بھیجا ہے اس (کے بھیجنے) کے ذریعہ سے ہم آپ سے ایک بڑا عمدہ قصہ بیان کرتے ہیں اور اس (ہمارے بیان کرنے) کے قبل آپ (اس سے) محض بے خبر تھے (کیونکہ نہ کوئی کتاب پڑھی تھی نہ کسی صاحب کتاب سے حاصل کیا تھا اور عوام میں ایسی کامل صحت کے ساتھ مشہور نہ تھا پس اس سے ثابت ہوا کہ یہ قرآن وحی ہے)

آغاز قصہ وخواب گفتن یوسف علیہ السلام وجواب دادن یعقوب علیہ السلام

اِذْ قَالَ يُوْسُفُ لِاَبِيْهِ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّ رَبَّكَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ وہ وقت قابل ذکر ہے جب کہ یوسف (علیہ السلام) نے اپنے والد (یعقوب علیہ السلام) سے کہا کہ ابا میں نے (خواب میں) گیارہ ستارے اور سورج اور چاند دیکھے ہیں انکو اپنے روبرو سجدہ کرتے ہوئے دیکھا ہے انہوں نے (جواب میں) فرمایا کہ بیٹا اپنے اس خواب کو اپنے بھائیوں کے روبرو بیان مت کرنا (کیونکہ بوجہ خاندانِ نبوت میں ہونے کے وہ اس کی تعبیر جانتے ہیں گو ظناً سہی کہ گیارہ ستارے گیارہ بھائی ہیں اور سورج باپ بوجہ اعظمیت اور چاند ماں بوجہ اصغریت یا بالعکس بمناسبت تذکیر وتانیث لفظ کے اور سجدہ سے اصلی مراد انقیاد) پس یہ (سمجھ کر) وہ تمہارے (ایذا رسانی کے) لئے کوئی خاص تدبیر کریں گے (یعنی ان میں سے اکثر کہ دس بھائی علاتی تھے اور حقیقی بنیامین سے گو اندیشہ ضرر نہیں لیکن شاید ان کے منہ سے نکل جاوے پھر فتنہ ہو) بلاشبہ شیطان آدمی کا صریح دشمن ہے (اس لئے بھائیوں کے دل میں وسوسے ڈالے گا) اور (جس طرح خدا تم کو یہ عزت دے گا کہ سب تمہارے منقاد ہوں گے) اسی طرح تمہارا رب تم کو (دوسری عزتیں بھی دے گا کہ تم کو نبوت کے لئے) منتخب کرے گا اور تم کو (علوم دقیقہ بھی دے گا) مثلاً خوابوں کی تعبیر کا علم دے گا اور (اس کے علاوہ اور نعمتیں دے کر بھی) تم پر اور یعقوب کے خاندان پر انعام کامل کرے گا جیسا اس کے قبل تمہارے دادا پردادا یعنی ابراہیم واسحٰق (علیہما السلام) پر اپنا انعام کامل کر چکا ہے واقعی تمہارا رب بڑا علم وحکمت والا ہے (ہر ایک کے مناسب فیض عطا فرماتا ہے)

ف: یہاں چند امور قابل تحقیق ہیں۔ اول: یہ دیکھنا غالباً حالت خواب میں تھا کیونکہ اکثر اطلاق رؤیا کا خواب پر آتا ہے۔ دوم: یہ کل بارہ بھائی تھے دو حقیقی اور دس علاتی۔ علاتیوں سے خوف ایذا تھا اور حقیقی سے یہ کہ منہ سے نکل جاوے۔ سوم: بھائیوں کا تعبیر سمجھنا مناسبت خاندان نبوت سے تھا پس ان کا نبی یا ولی ہونا لازم نہیں آتا اور ظناً تھا اس لئے تاویل الاحادیث کے شرف کا مشترک ہونا لازم نہیں آتا۔ چہارم: یہ کید اس غرض سے ہونا ضرور نہیں کہ یہ تعبیر واقع نہ ہو بلکہ تعبیر تو بالیقین واقع ہوگی مگر حسد سے ایذاء دیں گے گو اس کے بعد پھر وقوع تعبیر ضروری ہے۔ پنجم: یہ بشارتیں یعقوب علیہ السلام نے جو دیں یا تو اس خواب سے سمجھے

www.besturdubooks.net

یا وحی سے۔ ششم: بھائیوں کے مشابہ کواکب ہونے سے ان کی نبوت ثابت نہیں ہوئی کیونکہ نورانیت صحابیت سے بھی ہوسکتی ہے چنانچہ سجدہ کے وقت وہ تائب ہوکر کامل صحابی تھے اور اسی طرح آل یعقوب سے بھی اس کا ثبات نہیں ہوتا کیونکہ اولاً نعمت عام ہے اختلاف عمل سے اُس کی خصوصیات مختلف ہوں گی پس مقصود مطلق نعمت اشتراک ہوتماثل ضرور نہیں دوسرے آل یعقوب سے مراد بواسطہ بھی ہوسکتا ہے سوان کی اولاد میں آگے بہت نبی ہوئے۔ ہفتم: اتمام نعمت میں ایناذکر تواضعاً نہیں فرمایا۔

مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اِذْ قَالَ یُوْسُفُ (الی قولہ تعالیٰ) رَاَیْتُهُمْ لِیْ سٰجِدِیْنَ۔ اس میں دلالت ہے کہ مرید کو چاہئے کہ اس کو جو حال یا وارد بیداری میں یا خواب میں پیش آوے اس کو اپنے شیخ سے بیان کردے قولہ تعالیٰ: قَالَ یٰبُنَیَّ لَا تَقْصُصْ (الی قولہ تعالیٰ) کَیْدًا۔ اس میں دلالت ہے کہ اپنا حال غیر شیخ سے نہ کہے کہ اس میں ضرر کا احتمال ہے گو ضرر کا اختلاف مقامات سے مختلف ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی المبین ادلیہ قید بھا لان ما فیہ مما یتوقف علی الاستنباط کفی کما ھو غیر خفی۔

البلاغۃ: قولہ رأیتھم تاکید و یادنی للشفقۃ او لصغر السن والتاکید بکید اشارۃ الی نوع خاص منہ اما لکونہ عظیما واما لکونہ خفیا وفی قولہ یکیدوا تغلیب ۱۲۔

لَقَدْ كَانَ فِيْ يُوْسُفَ وَاِخْوَتِهٖٓ اٰيٰتٌ لِّلسَّآىِٕلِيْنَ ۝ اِذْ قَالُوْا لَيُوْسُفُ وَاَخُوْهُ اَحَبُّ اِلٰٓى اَبِيْنَا مِنَّا وَنَحْنُ عُصْبَةٌ ؕ
اِنَّ اَبَانَا لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنِ ۝ اقْتُلُوْا يُوْسُفَ اَوِ اطْرَحُوْهُ اَرْضًا يَّخْلُ لَكُمْ وَجْهُ اَبِيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا مِنْۢ بَعْدِهٖ
قَوْمًا صٰلِحِيْنَ ۝ قَالَ قَآىِٕلٌ مِّنْهُمْ لَا تَقْتُلُوْا يُوْسُفَ وَاَلْقُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ يَلْتَقِطْهُ بَعْضُ السَّيَّارَةِ اِنْ
كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ۝ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مَا لَكَ لَا تَاْمَنَّا عَلٰى يُوْسُفَ وَاِنَّا لَهٗ لَنٰصِحُوْنَ ۝ اَرْسِلْهُ مَعَنَا غَدًا يَّرْتَعْ وَيَلْعَبْ وَاِنَّا
لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۝ قَالَ اِنِّيْ لَيَحْزُنُنِيْٓ اَنْ تَذْهَبُوْا بِهٖ وَاَخَافُ اَنْ يَّاْكُلَهُ الذِّئْبُ وَاَنْتُمْ عَنْهُ غٰفِلُوْنَ ۝ قَالُوْا
لَئِنْ اَكَلَهُ الذِّئْبُ وَنَحْنُ عُصْبَةٌ اِنَّآ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ۝ فَلَمَّا ذَهَبُوْا بِهٖ وَاَجْمَعُوْٓا اَنْ يَّجْعَلُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ
الْجُبِّ ۚ وَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ لَتُنَبِّئَنَّهُمْ بِاَمْرِهِمْ هٰذَا وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ وَجَآءُوْٓ اَبَاهُمْ عِشَآءً يَّبْكُوْنَ ۝ قَالُوْا يٰٓاَبَانَآ
اِنَّا ذَهَبْنَا نَسْتَبِقُ وَتَرَكْنَا يُوْسُفَ عِنْدَ مَتَاعِنَا فَاَكَلَهُ الذِّئْبُ ۚ وَمَآ اَنْتَ بِمُؤْمِنٍ لَّنَا وَلَوْ كُنَّا صٰدِقِيْنَ ۝
وَجَآءُوْ عَلٰى قَمِيْصِهٖ بِدَمٍ كَذِبٍ ؕ قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا ؕ فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ ؕ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى
مَا تَصِفُوْنَ ۝ وَجَآءَتْ سَيَّارَةٌ فَاَرْسَلُوْا وَارِدَهُمْ فَاَدْلٰى دَلْوَهٗ ؕ قَالَ يٰبُشْرٰى هٰذَا غُلٰمٌ ؕ
وَاَسَرُّوْهُ بِضَاعَةً ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ۝ وَشَرَوْهُ بِثَمَنٍۢ بَخْسٍ دَرَاهِمَ مَعْدُوْدَةٍ ۚ وَكَانُوْا فِيْهِ مِنَ
الزّٰهِدِيْنَ ۝ ع ۱۱/۱۲

یوسفؑ اور ان کے (علاتی) بھائیوں کے قصہ میں دلائل موجود ہیں ان لوگوں کے لئے جو (آپ سے) ان کا قصہ پوچھتے ہیں وہ وقت قابل ذکر ہے جبکہ ان علاتی بھائیوں نے (باہم بطور مشورہ کے) گفتگو کی کہ (یہ بات ہے کہ) یوسفؑ اور ان کا بھائی (بنیامین) ہمارے باپ کو ہم سے زیادہ پیارے ہیں حالانکہ ہم ایک جماعت کی جماعت ہے واقعی ہمارے باپ (اس مقدمہ میں) کھلی غلطی میں ہیں یا تو یوسف کو قتل کرڈالو یا ان کو کسی (دور دراز) سرزمین میں ڈال آؤ پھر تمہارے باپ کا رخ خالص تمہاری طرف ہو جائے گا اور تمہارے سب کام بن جائیں گے۔ ان ہی میں سے ایک کہنے والے نے کہا کہ یوسفؑ کو قتل مت کرو (اس کی صورت یہ ہے کہ) ان کو کسی ایسے اندھیرے کنوئیں میں ڈال دو تاکہ ان کو کوئی راہ چلتا نکال لے جائے اگر تم کو (یہ کام) کرنا ہے۔ سب نے (مل کر باپ سے) کہا کہ ابا اسکی کیا وجہ ہے کہ یوسفؑ کے بارے میں آپ

www.besturdubooks.net

ہمارا اعتبار نہیں کرتے حالانکہ ہم انکے (دل و جان سے) خیر خواہ ہیں۔آپ انکو کل کے روز ہمارے ساتھ (جنگل کو) بھیجئے کہ ذرا وہ کھاویں کھیلیں اور ہم انکی پوری محافظت رکھیں گے۔یعقوبؑ نے فرمایا کہ مجھ کو یہ بات غم میں ڈالتی ہے کہ اس کو تم لے جاؤ اور (خوف یہ کہ) میں یہ اندیشہ کرتا ہوں کہ اس کو کوئی بھیڑیا کھا جائے اور تم (اپنے مشاغل میں) اس سے بے خبر رہو وہ بولے کہ اگر ان کو بھیڑیا کھا جائے اور ہم ایک جماعت کی جماعت (موجود) ہوں تو ہم بالکل ہی گئے گزرے ہوئے۔سو جب ان کو لے گئے اور سب نے پختہ عزم کرلیا کہ ان کو کسی اندھیرے کنوئیں میں ڈال دیں اور ہم نے ان کے پاس وحی بھیجی کہ تم ان لوگوں کو یہ بات جتلاؤ گے اور وہ تم کو پہچانیں گے بھی نہیں اور ادھر وہ لوگ اپنے باپ کے پاس عشاء کے وقت روتے ہوئے پہنچے کہنے لگے کہ ابا ہم سب تو آپس میں دوڑنے لگ گئے اور یوسفؑ کو ہم نے اپنی چیز بست کے پاس چھوڑ دیا بس (اتفاقاً) ایک بھیڑیا (آیا اور) ان کو کھا گیا اور آپ تو ہمارا کہے کو یقین کرنے لگے گو ہم کیسے ہی سچے (کیوں نہ) ہوں اور یوسفؑ کی قمیص پر جھوٹ موٹ کا خون بھی لگا لائے تھے یعقوبؑ نے فرمایا کہ بلکہ تم نے دل سے ایک بات بنالی ہے سو (خیر) صبر ہی کروں گا جس میں شکایت کا نام نہ ہوگا اور جو باتیں تم بناتے ہو ان میں اللہ ہی مدد کرے اور ایک قافلہ (جو مصر کو جا رہا تھا) اور انہوں نے اپنا آدمی پانی لانے کے واسطے (یہاں کنوئیں پر) بھیجا اور اپنا ڈول ڈالا کہنے لگا کہ ارے بڑی خوشی کی بات ہے یہ بڑا اچھا لڑکا نکل آیا اور ان کو مال (تجارت) قرار دے کر اس خیال سے چھپالیا اور اللہ کو ان سب کی کارگزاریاں معلوم تھیں اور (یہ کہہ کر) ان کو بہت ہی کم قیمت کو بیچ ڈالا یعنی گنتی کے چند درہم کے عوض اور وہ لوگ کچھ ان کے قدردان تو تھے ہی نہیں ۞

تفسیر معاملہ اخوانِ یوسف علیہ السلام با او ☆ لَقَدْ كَانَ فِيْ يُوْسُفَ (الی قولہ تعالیٰ) وَكَانُوْا فِيْهِ مِنَ الزّٰهِدِيْنَ ۞ یوسف (علیہ السلام) کے اور ان کے (علاتی) بھائیوں کے قصہ میں (خدا کی قدرت اور آپ کی نبوت کے) دلائل موجود ہیں ان لوگوں کے لئے جو (آپ سے ان کا قصہ) پوچھتے ہیں (کیونکہ یوسف علیہ السلام کو ایسی بے کسی اور بے بسی سے اس سلطنت و رفعت کو پہنچا دینا یہ خدا ہی کا کام تھا اس سے مسلمانوں کو جو کہ کسی قصہ کے خواہاں تھے عبرت اور قوتِ ایمان حاصل ہوگی اور یہود کو کہ انہوں نے خصوصیت کے ساتھ یہ قصہ پوچھا تھا دلیل نبوت کی مل سکتی ہے اگر غور کریں) وہ وقت قابل ذکر ہے جب کہ ان (علاتی) بھائیوں نے (باہم بطور مشورہ کے) یہ گفتگو کی کہ (یہ کیا بات ہے کہ) یوسف اور اُن کا (حقیقی) بھائی (بنیامین) ہمارے باپ کو ہم سے زیادہ پیارے ہیں حالانکہ (وہ دونوں بوجہ کم عمری کے ان کا کچھ کاروخدمت بھی نہیں کر سکتے اور) ہم ایک جماعت کی جماعت ہیں (کہ اپنی قوت اور کثرت کی وجہ سے ان کی ہر طرح کی خدمت بھی کرتے ہیں تو ہم زیادہ عزیز ہونے چاہئیں) واقعی ہمارے باپ (اس مقدمہ میں) کھلی غلطی میں ہیں (لیکن یوسف علیہ السلام کے ہوتے ہوئے تو امید مت رکھو کہ تم زیادہ عزیز ہو سکو اور بنیامین سے جو محبت ہے وہ صرف اس وجہ سے کہ یوسف علیہ السلام کے حقیقی بھائی ہیں تو اصل میں خاطر داشت یوسف ہی کی مقصود ہے اور احبیت میں اصل یہی ہیں تو ان کو کسی تدبیر سے باپ کے پاس سے ہٹانا چاہئے اس کی صورت یہ ہے کہ) یا تو یوسف علیہ السلام کو قتل کر ڈالو یا ان کو کسی (دور دراز) سرزمین میں ڈال آؤ (دونوں صورتوں میں باپ سے جدا ہو جاویں گے۔تو (پھر) تمہارے باپ کا رخ خالص تمہاری طرف ہو جاوے گا اور تمہارے سب کام بن جاویں گے۔انہیں میں سے ایک کہنے والے نے کہا کہ یوسف کو قتل مت کرو (قتل کرنا بہت بری بات ہے ہاں دوسری شق میں مضائقہ نہیں) اور (اس کی صورت یہ ہے کہ) ان کو کسی (ایسے) اندھیرے کنوئیں میں ڈال دو (جس میں پانی بھی زیادہ نہ ہو کہ ڈوبنے کا ڈر ہو ورنہ وہ تو قتل ہی ہے اور یکایک ہر کسی کو اطلاع بھی نہ ہو کیونکہ اندھیرا کنواں ہے اور رہگذر سے بھی بہت دور نہ ہو) تاکہ ان کو کوئی راہ چلتا نکال لے جاوے اگر تم کو (یہ کام) کرنا ہے (تو اس طرح کرو غرض سب کا اتفاق رائے ہو گیا اور) سب نے (مل کر باپ سے) کہا کہ ابا اس کی کیا وجہ ہے کہ یوسف کے بارہ میں آپ ہمارا اعتبار نہیں کرتے (اور کبھی ان کو ہمارے ساتھ کہیں نہیں بھیجتے) حالانکہ ہم ان کے (دل و جان سے) خیر خواہ ہیں (سو ایسا نہ چاہئے بلکہ) آپ ان کو کل کے روز ہمارے ساتھ (جنگل کو) بھیجئے کہ ذرا وہ کھاویں کھیلیں اور ہم ان کی پوری محافظت رکھیں گے یعقوب (علیہ السلام) نے فرمایا کہ (مجھ کو ساتھ بھیجنے سے دو امر مانع ہیں ایک حزن ایک خوف (حزن تو یہ کہ) مجھ کو یہ بات غم میں ڈالتی ہے کہ اس کو تم (میری آنکھوں کے سامنے سے لے جاؤ اور (خوف یہ کہ) میں اندیشہ کرتا ہوں کہ اس کو کوئی بھیڑیا کھا جاوے اور تم (اپنے مشاغل میں) اس سے بے خبر رہو (کیونکہ اس جنگل میں بھیڑیئے بہت تھے) وہ بولے کہ اگر ان کو بھیڑیا کھا جاوے اور ہم ایک جماعت کی جماعت (موجود) ہوں تو ہم بالکل ہی گئے گذرے ہوئے (کیونکہ جماعت کی قوت بھی زیادہ ہوتی ہے اور کئی آدمیوں میں نگرانی بھی سہل ہے غرض کہہ سن کر یعقوب علیہ السلام سے ان کو لے کر چلے) سو جب ان کو (اپنے ساتھ جنگل کو) لے گئے اور (حسب قرارداد سابق) سب نے پختہ عزم کرلیا کہ ان کو کسی اندھیرے کنوئیں میں ڈال دیں (تو جو کچھ تجویز کیا تھا عملدرآمد کیا) اور اس وقت ان کو تسلی کے لئے) ہم نے ان کے پاس وحی بھیجی کہ (تم مغموم مت ہو ہم تم کو یہاں سے خلاصی دے کر بڑے رتبہ پر پہنچا دیں گے اور ایک دن وہ ہوگا کہ) تم ان لوگوں کو یہ بات جتلاؤ گے اور وہ تم کو (بوجہ اس کے کہ ایک حالت رفیعہ میں ہو گے) پہچانیں گے بھی نہیں (چنانچہ یہ وعدہ واقع ہوا هَلْ عَلِمْتُمْ مَّا فَعَلْتُمْ بِيُوْسُفَ الخ غرض یوسف علیہ السلام کا تو یہ قصہ ہوا) اور (ادھر وہ لوگ اپنے باپ کے پاس عشاء کے وقت روتے ہوئے پہنچے اور جب انہوں نے رونے کا سبب پوچھا تو کہنے لگے کہ اے ابا ہم سب تو آپس میں

www.besturdubooks.net

دوڑنے میں (کہ دیکھیں کون آگے نکلے اس میں) لگ گئے اور یوسف کو ہم نے (ایسی جگہ جہاں بھیڑیا آنے کا گمان نہ تھا) اپنی چیز بست کے پاس چھوڑ دیا بس (اتفاقاً) ایک بھیڑیا (آیا اور) ان کو کھا گیا اور آپ تو ہمارا کہے کو یقین کرنے لگے گو ہم کیسے ہی سچے (کیوں نہ) ہوں اور (جب یعقوب علیہ السلام کے پاس آنے لگے تھے تو) یوسفؑ کی قمیص پر جھوٹ موٹ کا خون بھی لگا لائے تھے (اس طرح سے کہ کوئی ہرن یا بکری ذبح کی اور اس کے خون میں قمیص کو آلودہ کر لیا وہ قمیص اپنے قول کی سند میں پیش کی) یعقوب (علیہ السلام) نے (دیکھا تو کرتہ کہیں سے پھٹا نہیں چرا نہیں **اخرج الطبری معناہ عن ابن عباس وقتادۃ والحسن** تو) فرمایا کہ (یوسف کو بھیڑیئے نے ہرگز نہیں کھایا) بلکہ تم نے اپنے دل سے یہ بات بنالی ہے سو (خیر) صبر ہی کروں گا جس میں شکایت کا نام نہ ہوگا (**اخرج الطبری مرفوعاً صبر لا شکوی فیہ**) اور جو باتیں تم بناتے ہو ان میں اللہ ہی مدد کرے (کہ اس وقت مجھ کو ان کی سہار ہو اور آئندہ تمہارا جھوٹ آشکار ہو غرض یعقوب علیہ السلام رو پیٹ کر بیٹھ رہے) اور (یوسف علیہ السلام کا یہ قصہ ہوا کہ اتفاق سے ادھر) ایک قافلہ آ نکلا (جو مصر کو جاتا تھا) اور انہوں نے اپنا آدمی پانی لانے کے واسطے (یہاں کنوئیں پر) بھیجا اور اس نے اپنا ڈول ڈالا (یوسف علیہ السلام نے اس کو پکڑ لیا جب ڈول باہر آیا تو یوسف علیہ السلام کو دیکھا خوش ہو کر) کہنے لگا کہ ارے بڑی خوشی کی بات ہے یہ تو بڑا اچھا لڑکا نکل آیا۔ (غرض قافلہ والوں کو خبر ہوئی وہ بھی بڑے خوش ہوئے) اور ان کو مال (تجارت) قرار دے کر (اس خیال سے) چھپا لیا (کہ کوئی آ کر دعوے دار نہ ہو پھر اس کو مصر میں لے جا کر کسی بڑے آدمی کے ہاتھ بیچ کر خوب نفع کمائیں گے) اور اللہ کو ان سب کی کارگزاریاں معلوم تھیں (کہ بھائی ان کو بے وطن اور قافلہ والے ذریعۂ ثمن بنا رہے تھے اور اللہ ان کو شاہِ زمین بنا رہا تھا اور وہ بھائی بھی آس پاس خبر کے لئے لگے تھے اور وقتاً فوقتاً کنوئیں میں دیکھ آتے تھے کھانا پانی بھی پہنچا دیتے تھے یوں چاہتے تھے کہ یوسف کنوئیں میں ہلاک بھی نہ ہوں کوئی ان کو نکال لے لیکن کہیں دوسری جگہ لے جاوے اور یعقوب علیہ السلام تک خبر نہ پہنچے غرض اس روز جو کنوئیں میں نہ پایا اور قافلہ کو اترا ہوا دیکھا تو تجسس کرتے کرتے یوسف علیہ السلام تک جا پہنچے اور قافلہ والوں سے کہا کہ یہ ہمارا غلام ہے بھاگ گیا تھا اب ہم اس کو رکھنا نہیں چاہتے) اور (یہ کہہ کر) ان کو بہت کم قیمت کو (قافلہ والوں کے ہاتھ) بیچ ڈالا یعنی گنتی کے چند درہم کے عوض اور (وجہ اس کی یہ تھی کہ) وہ لوگ کچھ ان کے قدردان تو تھے ہی نہیں) کہ ان کو متاعِ نفیس کی طرح آلۂ تحصیل مالِ کثیر کا بناتے کیونکہ بیع بے مقصود نہ تھی بلکہ مقصود بلا کی طرح ان کا یہاں سے ٹالنا تھا (یوسف علیہ السلام ڈر کے مارے خاموش رہے کہ مار نہ ڈالیں اور اس کو غنیمت سمجھا)۔ **ف**: اس مقام میں کئی مضمون قابلِ تحقیق ہیں۔

اول: حضرت یوسف علیہ السلام کے ساتھ سب سے زیادہ محبت ہونے کی مختلف وجوہ بیان کی گئی ہیں اقرب یہ ہے کہ فراستِ نبوت سے یعقوب علیہ السلام ان کو ہونہار دیکھتے تھے اور خواب سننے کے بعد یہ امر اور زیادہ مؤکد ہو گیا تھا جیسا کہ ان کے ارشاد: وَكَذٰلِكَ يَجْتَبِيْكَ الخ سے یہ امر مترشح ہوتا ہے۔

دوم: دوسرے بھائی یوں سمجھتے تھے کہ یوسف علیہ السلام کی نسبت ایسا خیال یعقوب علیہ السلام کا اجتہاد ہے اور اجتہاد میں غلطی ہونا منافی نبوت نہیں پس ضلال سے مراد خطائی الاجتہاد ہے ورنہ اعتقاد ضلال نبی کی نسبت کفر ہے اور یہ سب بھائی مؤمن یقیناً تھے گو نبوت ثابت نہیں۔

سوم: یوسف علیہ السلام کے ساتھ جو معاملہ ہوا اس میں تاویل دشوار ہے اس لئے ظاہراً وہ گناہ تھا لیکن آخر قصہ میں استغفار اور معذرت ان کی منصوص ہے اور توبہ یقیناً مطہر ہے۔

چہارم: ظاہراً لعب کو یعقوب علیہ السلام نے جائز رکھا باوجودیکہ امر عبث کی تجویز شانِ انبیاء علیہم السلام کے خلاف ہے سو اصل یہ ہے کہ یہ لعب اس لئے عبث نہیں کہ مراد اس سے مسابقت و تیراندازی وغیرہ ہے جو کہ امورِ مفیدہ میں سے ہے جواب مشہور تو یہ ہے اور احقر کہتا ہے کہ منجملہ فوائد مقصودہ کے تجدید نشاط بھی ہے جو کہ بچوں کے لئے ضروری اور مشاغل ضروریہ میں جی لگنے کا موقوف علیہ ہے اور ضروری کا مقدمہ بھی ضروری ہوتا ہے خوب سمجھ لو۔

پنجم: احبیت میں بنیامین بھی شریک تھے تو ان کی نسبت کوئی تدبیر انہوں نے نہیں سوچی جواب اس کا اثنائے تقریر ترجمہ میں مذکور ہے کہ ان کے نزدیک احبیت بالذات یوسف علیہ السلام کی تھی اور بنیامین کی بالعرض تاکہ بنیامین کی راحت یوسف علیہ السلام کو بھی راحت ہو جب یوسف علیہ السلام نہ رہیں گے یہ معاملہ بنیامین کے ساتھ نہ رہے گا۔

ششم: حضرت یعقوب علیہ السلام کا بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ فرمانا بنا بر قول مشہور اس قمیص کے مسلم دیکھنے سے تھا لیکن اگر وہ روایت ثابت نہ ہو تو ذوقِ اجتہاد و شہادتِ قلب سے ہوگا جو کہ انبیاء علیہم السلام میں اکثر تو مطابق واقعہ کے ہوتا ہے اور کبھی وہ گمان واقع کے خلاف بھی ہو جاتا ہے جیسا کہ بنیامین کے ماخوذ ہونے کے قصہ میں بھی بعینہٖ یعقوب علیہ السلام کا یہی قول آیا ہے حالانکہ اس میں ظاہراً تسویل نہ تھی۔

ہفتم: جب یعقوب علیہ السلام کو یقیناً یا ظناً یوسف علیہ السلام کے بھائیوں کا بیان غلط ہونا معلوم تھا تو یوسف علیہ السلام کو تلاش کیوں نہیں کیا ایسے صبر میں تو دوسرے کی جان کا تلف ہو جانا مظنون ہے غالب یہ ہے کہ یعقوب علیہ السلام کو وحی سے اجمالاً معلوم ہو گیا ہوگا کہ وہ تلف نہ ہوں گے لیکن میری قسمت میں

www.besturdubooks.net

مفارقت طویلہ مقدر ہے میری تلاش سے نہ ملیں گے اب کوئی اشکال نہ رہا۔

ہشتم: اہل سیر کا اتفاق ہے کہ اس وقت یوسف علیہ السلام صغیر السن تھے پس چالیس برس کے بعد وحی نازل ہونا یہ اکثری ہے کلی نہیں **کذا فی الروح المعانی تحت آیة :وَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ** الخ۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلِ السُّلُوْكِ: قولہ تعالیٰ : **اِذْ قَالُوْا لَيُوْسُفُ وَاَخُوْهُ اَحَبُّ اِلٰٓى اَبِيْنَا مِنَّا** اس میں دلالت ہے کہ شیخ کو جائز ہے کہ کسی مرید کے ساتھ دوسرے مریدوں سے زیادہ محبت رکھے جب کہ اس میں اوروں سے زیادہ رشد کے آثار پائے اور بعض اوقات ان مریدوں کو شیخ پر خطاء اجتہادی کا ویسا ہی گمان ہوتا ہے جیسا ان بھائیوں کو یعقوب علیہ السلام پر ہوا تھا ۱۲ قولہ تعالیٰ :**يَّخْلُ لَكُمْ** (الی قولہ تعالیٰ) **قَوْمًا صٰلِحِيْنَ** یہ دونوں جملے بقرینۂ جزم امر کے جواب ہیں یعنی باپ کی توجہ تمہاری طرف خالص ہو جاوے گی اور اس توجہ سے تمہاری درست حالی بڑھ جاوے گی اور اگر اس درست حالی کو صلاحیت دینیہ پر محمول کیا جاوے تو اس پر دال ہو گا کہ شیخ کی توجہ کو اصلاح حال مرید میں دخل عظیم ہے اور یہ مسئلہ مشہور ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ **اَرْسِلْهُ** (الی قولہ تعالیٰ) **وَيَلْعَبْ** بعض مفسرین نے اس کی تفسیر مسابقت و تیر اندازی سے کی ہے جس سے مقصود اعداد قوت لقتال العدو ہے اس کو لعب باعتبار صورت کے کہہ دیا اور نہ لعب حقیقی کی کہ عبث ہے یعقوب علیہ السلام اجازت نہ دیتے۔ میں کہتا ہوں کہ لعب حقیقی بھی جو کہ مباح ہو اس میں یہ مصلحت ہو کہ اس سے نشاط ہو گا جو تحصیل علم و تکمیل عمل میں معین ہو گا عبث نہیں اور اس صورت میں اس میں دلالت ہو گی کہ مرید کے لئے احیاناً ایسی تفریحات قولیہ یا فعلیہ میں ایسی ہی مصلحت کے لئے مشغول ہو جانا کچھ حرج نہیں ۱۲۔ قولہ تعالیٰ **قَالَ بَلْ** (الی قولہ تعالیٰ) **اَمْرًا** یہ دو موقعوں میں ہے ابن عطیہ کا قول روح میں ہے کہ ایک جگہ ان کا گمان صحیح ہوا دوسری جگہ صحیح نہیں ہوا اور ایسے شخص کو متہم سمجھنا (بطور احتمال غالب کے) جس کے دوسرے افعال تہمت کا شبہ پیدا کرتے ہوں خاص کر باپ کا بیٹوں کے ساتھ ایسا معاملہ موجب گناہ نہیں اھ اور اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ کشف و فراست کا ہمیشہ صحیح ہونا ضرور نہیں ۱۲۔ قولہ تعالیٰ : **وَشَرَوْهُ بِثَمَنٍۭ بَخْسٍ** جلالین میں ہے اور یوسف علیہ السلام اس خوف سے ساکت رہے کبھی یہ بھائی ان کو قتل کر دیں اھ اور قرآن سے بھی ظاہراً یہی معلوم ہوتا ہے کہ وہ ساکت رہے اس سے یہ مسئلہ نکلتا ہے کہ اگر خوف ضرر سے انکار علی المنکر سے جیسا کہ یہاں بیع الحرام منکر تھا سکوت کرے تو منافی کمال نہیں ۱۲۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَةِ : ۱ **قوله فی اخوته** علاتی القرینة علیه قوله اذ قالوا العود الضمیر فیه الی بنی العلات ۱۲۔ ۲ **قوله فی یوسف** تصہ اشارة الی تقدیر المضاف ۱۲۔ ۳ **قوله فی عصبته** قوت لانه من العصب وهو الشد ای من تعصب به الامور ۱۲۔ ۴ **قوله فی صالحین** تمہارے سب کام اشارة الی ترجیح هذا التفسیر علی تفسیره بالتوبة لانه لا دخل فیها للقتل او الطرح ۱۲۔ ۵ **قوله فی غیبت** کی اشارة الی ارادة الجنس ۱۲۔ ۶ **قوله فی صادقین** کیسے ہی اے متصفین بالصدق مطلقا لا فی هذه الوقعة خصوصاً والالزام الاعتراف بالکذب ولا معنی له ۱۲۔ ۷ **قوله فی کذب** جھوٹ موٹ کا اشارة الی کون الکذب للصفة ۱۲۔ ۸ **قوله فی** فصبر کروں گا اشارة الی معنی الترکیب ای فامری صبر جمیل وفسر الجمیل بما لا شکوی فیه ۱۲۔ ۹ **قوله فی** غلام بڑا اچھا افاده التنوین للتفخیم والتنویع ۱۲۔ ۱۰ **قوله فی یعملون** سب کی جمع فیه بین القولین لعدم التنافی ۱۲۔

اَللُّغَاتُ: قوله غیابة الجب الغیابة القعر لان ما فیه یغیب عن البصر والجب بیرلم تطو ۱۲۔ قوله یرتع التوسع فی اکل الفواکه الوارد من یستقی الماء فی الجیش قوله وکانوا فیه الخ فی النیسابوری قال اهل اللغة زهد فیه معناه رغب عنه وزهد عنه معناه رغب فیه ۱۲۔

اَلنَّحْوُ : قوله وکانوا فیه من الزاهدین فی الروح والجار علی ما نقل عن ابن مالك متعلق بمحذوف یدل علیه الزاهدین ای کانوا زاهدین فیه من الزاهدین وذلك ان اللام فی الزاهدین اسم موصول ولا یتقدم ما فی صلة الموصول علیه ولان ما بعد الجار لا یعمل فی ما قبله وهل من الزاهدین صفة لزاهدین المحذوف مؤکدة او یکون خبرا ثانیا کل ذلك محتمل لیس بدلا من المحذوف لوجود من معه ۱۲۔

اَلْبَلَاغَةُ : قوله قالوا لئن اکله الذئب فی الروح وانما اقتصروا علی جواب خوف ابیهم علیه السلام من اکل الذئب مع انه ذکر فی وجه عدم مفارقته امرین حزنه لمفارقته وخوفه علیه من الذئب لانه السبب القوی فی المنع دون الحزن لقصر زمانه بناء علی سرعة عودهم به او لان حزنه بالذهاب به انما هو للخوف علیه فنفی الثانی یدل علی نفی الاول او لکراهتهم لذلك لانه سبب حسدهم له فلذلك اعاروه اذ ناصماء ۱۲۔ قوله عشاء فی النیسابوری عن مقاتل انما جاء واعشاء لئلا یظهر امارة الخجل والکذب علی وجوههم ۱۲۔

وَقَالَ الَّذِي اشْتَرٰىهُ مِنْ مِّصْرَ لِامْرَاَتِهٖٓ اَكْرِمِيْ مَثْوٰىهُ عَسٰٓى اَنْ يَّنْفَعَنَآ اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا ۭ وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ

www.besturdubooks.net

فِي الْاَرْضِ وَلِنُعَلِّمَهٗ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ ۭ وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰٓى اَمْرِهٖ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗٓ
اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا ۭ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۲۲﴾ وَرَاوَدَتْهُ الَّتِيْ هُوَ فِيْ بَيْتِهَا عَنْ نَّفْسِهٖ وَغَلَّقَتِ الْاَبْوَابَ
وَقَالَتْ هَيْتَ لَكَ ۭ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اِنَّهٗ رَبِّيْٓ اَحْسَنَ مَثْوَايَ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۳﴾ وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهٖ ۚ وَهَمَّ بِهَا
لَوْلَآ اَنْ رَّاٰ بُرْهَانَ رَبِّهٖ ۭ كَذٰلِكَ لِنَصْرِفَ عَنْهُ السُّوْۗءَ وَالْفَحْشَاۗءَ ۭ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۲۴﴾ وَاسْتَبَقَا
الْبَابَ وَقَدَّتْ قَمِيْصَهٗ مِنْ دُبُرٍ وَّاَلْفَيَا سَيِّدَهَا لَدَا الْبَابِ ۭ قَالَتْ مَا جَزَاۗءُ مَنْ اَرَادَ بِاَهْلِكَ سُوْۗءًا
اِلَّآ اَنْ يُّسْجَنَ اَوْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۲۵﴾ قَالَ هِيَ رَاوَدَتْنِيْ عَنْ نَّفْسِيْ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ اَهْلِهَا ۚ اِنْ كَانَ قَمِيْصُهٗ
قُدَّ مِنْ قُبُلٍ فَصَدَقَتْ وَهُوَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۲۶﴾ وَاِنْ كَانَ قَمِيْصُهٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ فَكَذَبَتْ وَهُوَ مِنَ
الصّٰدِقِيْنَ ﴿۲۷﴾ فَلَمَّا رَاٰ قَمِيْصَهٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ قَالَ اِنَّهٗ مِنْ كَيْدِكُنَّ ۭ اِنَّ كَيْدَكُنَّ عَظِيْمٌ ﴿۲۸﴾ يُوْسُفُ اَعْرِضْ
عَنْ هٰذَا ۚ وَاسْتَغْفِرِيْ لِذَنْۢبِكِ ۠ اِنَّكِ كُنْتِ مِنَ الْخٰطِـِٕيْنَ ﴿۲۹﴾ ع ۱۳

اور جس شخص نے مصر میں ان کو خریدا تھا (یعنی عزیز مصر) اس نے اپنی بیوی سے کہا کہ اس کو خاطر سے رکھنا کیا عجب ہے کہ (بڑا ہو کر) ہمارے کام آئے یا ہم اس کو بیٹا بنالیں اور اسی طرح یوسف علیہ السلام کو اس سرزمین (مصر) میں خوب قوت دی (مراد اس سے سلطنت ہے) اور تاکہ ہم ان کو خوابوں کی تعبیر دینا بتلا دیں اور اللہ تعالیٰ اپنے (چاہے ہوئے) کام پر غالب (اور قادر) ہے (جو چاہے کرے) لیکن اکثر آدمی (اس بات کو) نہیں جانتے اور جب وہ اپنی جوانی کو پہنچے ہم نے ان کو حکمت اور علم عطا فرمایا اور ہم نیک لوگوں کو اسی طرح بدلہ دیا کرتے ہیں اور جس عورت کے گھر میں یوسفؑ رہتے تھے وہ (ان پر مفتون ہو گئی اور) ان سے اپنا مطلب حاصل کرنے کے لئے ان کو پھسلانے لگی اور گھر کے سارے دروازے بند کر دیئے اور ان سے کہنے لگی کہ آ جاؤ تم ہی سے کہتی ہوں یوسفؑ نے کہا اللہ بچائے (دوسرے) وہ (یعنی تیرا شوہر میرا مربی اور محسن) ہے مجھ کو کیسی اچھی طرح رکھا ایسے حق فراموشوں کو فلاح نہیں ہوا کرتی اور اس عورت کے دل میں تو ان کا خیال (عزم کے درجہ میں) جم ہی رہا تھا اور ان کو بھی اس عورت کا کچھ کچھ خیال ہو چلا تھا اگر اپنے رب کی دلیل کو انہوں نے دیکھا ہوتا تو زیادہ خیال ہو جانا عجب نہ تھا ہم نے اسی طرح ان کو علم دیا تاکہ ہم ان سے صغیرہ اور کبیرہ گناہوں کو دور رکھیں وہ ہمارے برگزیدہ بندوں میں سے تھے اور دونوں آگے پیچھے دروازہ کی طرف کو دوڑے اور اس عورت نے ان کا کرتا پیچھے سے پھاڑ ڈالا اور دونوں نے (اتفاقاً) اس عورت کے شوہر کو دروازے کے پاس کھڑا پایا عورت بولی کہ جو شخص تیری بی بی کے ساتھ بدکاری کا ارادہ کرے اس کی سزا بجز اس کے اور کیا (ہو سکتی ہے) کہ وہ جیل خانہ بھیجا جائے یا کوئی اور دردناک سزا ہو یوسفؑ نے کہا یہی مجھ سے اپنا مطلب نکالنے کو پھسلاتی تھی اور (اس موقع پر) اس عورت کے خاندان میں سے ایک گواہ نے شہادت دی کہ ان کا کرتا (دیکھو کہاں سے پھٹا ہے) اگر آگے سے پھٹا ہے تو عورت سچی ہے اور یہ جھوٹے اور اگر وہ کرتا پیچھے سے پھٹا ہے تو (عادتاً یقینی ہے کہ) عورت جھوٹی ہے اور یہ سچے سو جب (عزیز) نے ان کا کرتا پیچھے سے پھٹا ہوا پایا (عورت سے) کہنے لگا کہ یہ تم عورتوں کی چالاکی ہے بے شک تمہاری چالاکیاں بھی غضب ہی کی ہوتی ہیں اے یوسفؑ اس بات کو جانے دو اور عورت سے کہا اے عورت تو (یوسفؑ سے) اپنے قصور کی معافی مانگ بے شک سرتاپا تو ہی قصوروار ہے۔ ۞

تفسیر قصہ یوسف علیہ السلام بازنِ عزیز ☆ وَقَالَ الَّذِي اشْتَرٰىهُ مِنْ مِّصْرَ لِامْرَاَتِهٖٓ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّكِ كُنْتِ مِنَ الْخٰطِـِٕيْنَ ﴿۲۹﴾ (غرض قافلہ والوں نے یوسف علیہ السلام کو بھائیوں سے خرید کر مصر میں لا کر عزیز مصر کے ہاتھ فروخت کیا) اور جس شخص نے مصر میں ان کو خریدا تھا (یعنی عزیز) اس نے (ان کو اپنے گھر لا کر اپنی بیوی کے سپرد کیا اور اس) اپنی بیوی سے کہا کہ اس کو خاطر سے رکھنا کیا عجب ہے کہ (بڑا ہو کر) ہمارے کام آوے (جیسا پروردہ لوگ اپنے کام آیا کرتے ہیں) یا ہم اس کو بیٹا بنالیں (مشہور یہ ہے کہ یہ اس لئے کہا کہ ان کے اولاد نہ تھی) اور ہم نے (جس طرح یوسف علیہ السلام کو اپنی خاص عنایت سے اس چاہِ تاریک سے نجات دی) اسی طرح یوسف (علیہ السلام) کو اس سرزمین (مصر) میں خوب قوت دی (مراد اس سے سلطنت ہے) اور (جس طرح نجات دینے کی غرض سے تھی اس طرح اس غرض سے بھی نجات دی تھی) تاکہ ہم ان کو خوابوں کی تعبیر دینا بتلا دیں (مطلب یہ کہ نجات دینے سے مقصود یہ تھا کہ دولت ظاہری و باطنی سے مالا مال کریں) اور اللہ تعالیٰ اپنے (چاہے ہوئے) کام پر غالب (اور قادر) ہے (جو چاہے کر دے) لیکن اکثر آدمی (اس بات کو) جانتے نہیں

www.besturdubooks.net

(کیونکہ اہل ایمان ویقین تو کم ہی ہیں یہ قصہ کے درمیان میں بطور جملہ معترضہ کے آ گیا تا کہ بیع وشراء کے ساتھ اول ہی سے سامعین کو معلوم ہو جاوے کہ گو یہ اس وقت ظاہراً ایسی ناگوار حالت میں ہیں مگر ہم نے ان کو اصل میں سلطنت رفیعہ وعلوم بدیعہ کے لئے بچایا ہے اور یہ حالتیں عارضی اور مقاصد اصلیہ کا مقدمہ ہیں کیونکہ ترقی سلطنت کا زینہ عزیز کے گھر کا آنا ہی ہوا اور اسی طرح علوم ومواردات قلبیہ کے لئے مکاہ ومشاق سبب ہو جاتے ہیں پس اس اعتبار سے علوم کے فیضان میں بھی اس کو دخل ہوا اور مشترک طور پر امراء کے گھر پرورش پانا سلیقہ وتجربہ بڑھاتا ہے جس کی ضرورت سلطنت اور علوم دونوں میں ہے خصوص علم تعبیر میں اور اس جملہ معترضہ کا کچھ تتمہ آگے ہے یعنی) اور جب وہ اپنی جوانی (یعنی سن بلوغ یا کمال شباب) کو پہنچے ہم نے ان کو حکمت اور علم عطا فرمایا (اور وَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ الخ میں قبل بلوغ جس وحی کا ذکر گذر چکا وہ ایک خاص واقعہ کے متعلق ہے وہ علوم دینیہ سے نہیں جو علم وحکمت سے مراد ہے پس دونوں آیتوں میں تعارض نہیں) فرمایا اور ہم نیک لوگوں کو اسی طرح بدلہ دیا کرتے ہیں (جس طرح یوسف علیہ السلام کو ان کے عمل بالشریعت کی بدولت ان کے علم وحکمت میں روزانہ ترقی فرماتے رہے اس تتمہ جملہ معترضہ میں پہلے سے یہ بتلانا ہے کہ جو کچھ آگے قصہ میں بعضے امور کی تہمت آپ کی نسبت آوے گی وہ سب غلط ہوگا کیونکہ وہ صاحب حکمت تھے جس کا حاصل ہے علم نافع یعنی علم مع العمل اور ان امور کا صدور حکمت کے خلاف ہے پس صدور غلط ہے اب آگے قصہ آتا ہے کہ وہاں ناز ونعم سے رہا کئے) اور (اس اثناء میں یہ ابتلاء پیش آیا کہ) جس عورت کے گھر میں یوسف (علیہ السلام) رہتے تھے وہ (ان پر مفتون ہوگئی اور) ان سے اپنا مطلب حاصل کرنے کو ان کو پھسلانے لگی اور (گھر کے) سارے دروازے بند کر دیئے اور (ان سے) کہنے لگی کہ جاؤ تم ہی سے کہتی ہوں یوسف (علیہ السلام) نے کہا (کہ اول تو یہ خود بڑا بھاری گناہ ہے) اللہ بچائے (دوسرے) وہ (یعنی تیرا شوہر) میرا مربی (اور محسن) ہے کہ مجھ کو کیسی اچھی طرح رکھا (تو کیا میں اسی کے ناموس میں خلل اندازی کروں) ایسے حق فراموشوں کو فلاح نہیں ہوا کرتی (بلکہ اکثر تو دنیا ہی میں خوار اور پریشان ہوتے ہیں ورنہ آخرت تو وقت موعود ہی ہے) اور اس عورت کے دل میں ان کا خیال (عزم کے درجہ میں) جم ہی رہا تھا اور ان کو بھی اس عورت کا کچھ کچھ خیال (امر طبعی کے درجہ میں) ہو چلا تھا (جو کہ اختیار سے باہر ہے جیسا گرمی کے روزہ میں پانی کی طرف میلان طبعی ہوتا ہے گو روزہ توڑنے کا وسوسہ تک بھی نہیں آتا البتہ) اگر اپنے رب کی دلیل کو (یعنی اس فعل کے گناہ ہونے کی دلیل کو کہ حکم شرعی ہے) انہوں نے نہ دیکھا ہوتا (یعنی ان کو علم شریعت جو مقرون قوت عملیہ کے ساتھ ہے نہ ہوتا) تو زیادہ خیال ہو جانا عجب نہ تھا (کیونکہ دواعی اور اسباب ایسے ہی قوی تھے مگر) ہم نے اسی طرح ان کو علم دیا تا کہ ہم ان سے صغیرہ اور کبیرہ گناہ کو دور رکھیں) یعنی ارادہ سے بھی بچایا اور فعل سے بھی بچایا کیونکہ) وہ ہمارے برگزیدہ بندوں میں سے تھے (اور برگزیدہ بھی اعلیٰ درجہ کے بوجہ نبی ہونے کے جن کے لئے عصمت لازم ہے مگر اس عورت نے پھر وہی اصرار کیا تو اس وقت یوسف علیہ السلام وہاں سے جان بچا کر بھاگے اور وہ ان کو پکڑنے کے لئے ان کے پیچھے چلی) (اور دونوں آگے پیچھے دروازے کی طرف کو دوڑے اور (دوڑنے میں ان کو جو پکڑنا چاہا تو) اس عورت نے ان کا کرتہ پیچھے سے پھاڑ ڈالا (یعنی کرتہ پکڑ کر کھینچا اور یہ آگے کو دوڑے تو کرتہ پھٹ گیا مگر یوسف علیہ السلام دروازے سے باہر نکل گئے) اور عورت بھی ساتھ تھی تو) دونوں نے (اتفاقاً) اس عورت کے شوہر کو دروازے کے پاس (کھڑا) پایا عورت (خاوند کو دیکھ کر سٹپٹائی اور فوراً بات بنا کر) بولی کہ جو شخص تیری بی بی کے ساتھ بدکاری کا ارادہ کرے اس کی سزا بجز اس کے اور کیا (ہو سکتی) ہے کہ وہ جیل خانہ بھیجا جاوے یا اور کوئی دردناک سزا ہو (جیسے ضرب جسمانی) یوسف (علیہ السلام) نے کہا (کہ یہ جو میری طرف تعریض کرتی ہے بالکل جھوٹی ہے بلکہ معاملہ برعکس ہے) یہی مجھ سے اپنا مطلب نکالنے کو مجھ کو پھسلاتی تھی اور (اس موقع پر) اس عورت کے خاندان سے ایک گواہ نے (جو کہ شیر خوار بچہ تھا اور یوسف علیہ السلام کے معجزہ سے بول پڑا آپ کی براءت ونزاہت پر) شہادت دی (اور ہر چند کہ صرف اس کا غیر معتاد طور پر بول پڑنا ہی صدق یوسف علیہ السلام کے لئے کافی شہادت تھی مگر ناطق ہونے کے ساتھ اس کو عاقل ہونا یہ دوسرا معجزہ آپ کا تھا چنانچہ اس نے ایک معقول علامت بتلا کر عاقلانہ فیصلہ بھی کیا اور کہا) کہ ان کا کرتہ (دیکھو کہاں سے پھٹا ہے) اگر آگے سے پھٹا ہے تو (تنزلاً وتبرعاً تسلیم کر لیا کہ) عورت سچی اور یہ جھوٹے (گو یہ علامت عادۃً یقینی نہیں کیونکہ اس میں یہ بھی احتمال ہے کہ دونوں آمنے سامنے ہوں اور عورت ان کا دامن پکڑ کر کھینچتی ہو اور یہ اس کو چھڑاتے ہوں اس لئے دامن پھٹ گیا ہو مگر خیر ہم اس احتمال سے قطع نظر کئے لیتے ہیں) اور اگر وہ کرتہ پیچھے سے پھٹا ہے تو (عادۃً یقینی ہے کہ) عورت جھوٹی اور یہ سچے (اس فیصلہ میں ظاہر ہے کہ عورت کے لئے بڑی وسعت کی گئی ہے کہ اس کے صدق کی دلیل میں تو جانب مخالف کا احتمال ہوتے ہوئے بھی اس کو دلیل قرار دے لیا اور ان کے صدق کی دلیل کو جب ہی دلیل قرار دیا کہ احتمال جانب مخالف کا عادۃً بالکل قطع ہو جاوے غرض اس فیصلہ کے موافق وہ کرتا دیکھا تو پیچھے سے پھٹا ہوا نکلا) سو جب (عزیز نے) ان کا کرتہ پیچھے سے پھٹا ہوا دیکھا (عورت سے) کہنے لگا کہ (تو نے جو کہا تھا مَا جَزَآءُ مَنْ اَرَادَ بِاَهْلِكَ الخ) یہ تم عورتوں کی چالاکی ہے بیشک تمہاری چالاکیاں بھی غضب ہی کی ہوتی ہیں (پھر یوسف علیہ السلام کی طرف متوجہ ہو کر کہنے لگا) اے یوسف اس بات کو جانے دو (یعنی اس کا چرچا یا خیال مت کرو) اور (عورت سے کہا کہ) اے عورت تو (یوسف سے) اپنے قصور کی معافی مانگ بیشک سرتاسر تو ہی قصوروار ہے۔ **فائدہ** ضروریہ: اول یوسف علیہ السلام نے جو قبح کی علت میں فرمایا

www.besturdubooks.net

اِنَّهٗ رَبِّیْ حالانکہ زنا مطلقاً قبیح ہے وجہ اس کی دو ہیں۔

اول: یہ کہ اس صورت میں زیادہ قبیح ہے جیسا حدیث میں پڑوسن سے اس فعل کے ارتکاب میں زیادہ وعید آئی ہے دوسرے یہ کہ مخاطب زلیخا تھی وہ قبح شرعی کو تو سمجھتی نہ تھی اور قبح عقلی دقیق کو بھی نہ سمجھتی اس لئے ایک قبح عقلی جو بالکل ظاہر ہے اس کو بیان کر دیا کہ اس پر حجت ہو۔

دوم: هَمَّ بِهَا الخ میں بہت محققین نے یہ بھی توجیہ فرمائی ہے کہ یہ مقید ہے لَوْ لَآ اَنْ رَّاٰ الخ کے ساتھ جس میں حاصل معنیٰ یہ ہوگا کہ وہ بھی خیال کرتے اگر بُرْهَانَ رَبِّهٖ کو نہ دیکھتے مگر اب خیال بھی نہیں ہوا یہ بھی نہایت لطیف تفسیر ہے مگر احقر نے تفسیر متن کو اس لئے اختیار کیا کہ اس میں یوسف علیہ السلام کا کمال زیادہ ہے کہ باوجود رغبت کے جس کا منشا قوت طبیعت وصحت بدن وتعدیل مزاج وسلامت قویٰ ہے رک گئے اس میں صبر ومجاہدہ اشد ہے اور جو اس میں اشکال تھا وہ اس طرح رفع ہو گیا کہ زلیخا کا هم اور قسم کا ہے اور ان کا هم اور طرح کا جیسا ترجمہ سے ظاہر ہے اور اسی وجہ سے هما یا هم کلوا احد باٰخر نہیں فرمایا اور اول کو لام اور قد کے ساتھ مؤکد کیا دوسرے کو نہیں کیا جو کہ مؤید تغایر ہے اور اس کا هم کہنا مشاکلۃً ہے ورنہ یہ مرتبہ هم سے پہلے ہے خوب سمجھ لو۔

سوم: غَلَّقَتِ الْاَبْوَابَ سے دروازوں کا تعدد معلوم ہوتا ہے اور اسْتَبَقَا الْبَابَ سے اس دروازہ کا توحد اور اَلْفَيَا سَيِّدَهَا لَدَا الْبَابِ۔ سے دروازہ کا انفتاح معلوم ہوتا ہے سو غالب یہ ہے کہ یہ ابواب متعدد ایسے تھے جیسے امراء کے مکانات میں ایک ایک درجہ میں کئی کئی دروازے مختلف اطراف میں ہوا کرتے ہیں ان کا آگے پیچھے علی الترتیب ہونا ضروری نہیں جیسا کہ مشہور ہے پھر حضرت یوسف علیہ السلام ان دروازوں میں سے کسی ایک دروازہ کی طرف دوڑے ہوں گے اور اس کو جلدی سے کھول کر باہر ہو گئے ہوں گے جیسا معمولی طور پر صرف کنڈی لگا کر دروازہ بند کر لیا جاتا ہے اور کنڈی کھلنے سے کھل جاتا ہے باقی کیفیت مشہورہ کیلئے دلیل کی حاجت ہے۔ واللہ اعلم۔

چہارم: اس شاہد کا طفل شیر خوار ہونا حدیث مرفوع میں وارد ہے چنانچہ روح المعانی میں مسند احمد اور صحیح ابن حبان اور مستدرک حاکم سے مع تصحیح حاکم علی شرط الشیخین کے نقل کیا ہے و نیز رکوع آئندہ میں راوا الاٰیٰت سے بھی ظاہراً اس کی تائید ہوتی ہے۔ واللہ اعلم۔

پنجم: اگر یوسف علیہ السلام اس وقت نبی نہ ہوں تو اس خارق کو اصطلاح میں بجائے معجزہ کے ارہاص کہیں گے۔

ششم: اس شاہد نے جو فیصلہ بتلایا یہ کوئی حجت شرعی نہیں حجت کافیہ تو صرف اس کا نطق ہے لیکن حاضرین کے مذاق کے موافق اس کا بیان کر دینا حجت اصلیہ کے لئے زیادہ مؤید ہو گیا پس اس سے ایسے امور ظنیہ کا حجت ہونا ثابت نہیں ہوتا جیسا کہ حدیث میں آیا ہے کہ قیافہ شناس نے حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کو حضرت زید رضی اللہ عنہ کا بیٹا بتلایا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس لئے خوش ہوئے کہ معترضین اس کے قول کو حجت سمجھتے تھے اور حجت شرعیہ پہلے سے قائم تھی یعنی الولد للفراش اس سے اس کی تائید بھی ہو گئی اور اسکو شاہد کہنا باعتبار نطق کے تو ظاہر ہے کہ اس میں احتمال صدق زلیخا سے تعرض ہی نہیں لیکن اس فیصلہ کے اعتبار سے اس کا شاہد کہنا باوجودیکہ اس فیصلہ میں دونوں متنازعین کا صدق محتمل ہے بدیں وجہ ہے کہ آخر میں اس فیصلہ کا نفع حضرت یوسف علیہ السلام ہی کے حق میں ہوا پس گویا مقصود ان کی ہی شہادت دینا ہے۔

ہفتم: اس عورت کا نام بعض نے راعیل کہا ہے اور مشہور زلیخا ہے بفتح زا و کسر لام یا بضم ژا و فتح لام اور بعض نے کہا ہے کہ ایک نام ہے ایک لقب خواہ وہ یا یہ کذا فی الروح المعانی اور اس کا شوہر عزیز کے لقب سے مشہور تھا جیسا آگے آتا ہے امراۃ العزیز اور یہ سلطنت مصر کے مدار المہام کا لقب ہوتا تھا اور نام اس شخص کا قطفیر ہے علی الراجح کما فی روح المعانی عن ابن عباس رضی اللہ عنہما واللہ اعلم۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلِ السُّلُوْك: قولہ تعالیٰ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اِنَّهٗ رَبِّیْٓ اَحْسَنَ مَثْوَایَ یعنی عزیز مصر میرا آقا ہے اور اس میں دلالت ہے کہ اگر اپنا محسن کافر بھی ہو اس کی بھی رعایت کرنا چاہئے اور اہل طریق اس میں سب سے بڑھے ہوئے ہیں قولہ تعالیٰ: قَالَ هِیَ رَاوَدْتُّنِیْ اس میں دلالت ہے کہ مخالف کا غیب ایسے وقت ظاہر کر دینا جب اخفاء سے اپنا ضرر محتمل ہو مکارم اخلاق کے برخلاف نہیں ۱۲۔

اَلْحَوَاشِیْ: (۱) اَرْجَح مع حوالہ ہر دو ۱۲۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃ: ۱ قوله فی مصرین اشارة الی ان من بمعنی فی وقیل بتقدیر المضاف ای من اهل مصر هکذا فی الروح ۱۲۔ ۲ قوله فی اکرمی مثوه خاطر سے رکھنا اشارة الی انه حاصل المعنی لکونه کنایة عن اکرامه علیه السلام نفسه علی ابلغ وجه واتمه لان من اکرم المحل بتنظیفه وفرشه ونحو ذلك فقد اکرم ضنیفه بسائر ما یکرم به وقیل المثوی مقحم یقال المجلس العالی والمقام السامی ۱۲۔ ۳ قوله فی کذلك مکنا جس طرح اشارة الی تقدیر العامل ۱۲۔ ۴ قوله جس طرح الخ اشارة الی تقدیر المعطوف علیه والعامل ۱۲۔ ۵ قوله هناك غرض یراد به الحکمة مجازًا ۱۲۔ ۶ قوله فی اشده بلوغ یا کمال اشارة الی ان فیه قولین وعلی الاول دل علی ان ما قبله کان فی

www.besturdubooks.net

الصغر۱۲۔ ے قولہ فی نجزی ترقی اشارۃ الی اندفاع الدرد الذی یتوھم بان ظاھر الآیۃ یدل علی ان الحکم والعلم موقوف علی الاحسان والحال ان الاحسان نفر موقوف علی الحکم والعلم تقریر الاندفاع ظاھر۱۲۔ ۸ قولہ فی ھیت لک تم ہی سے اشارۃ الی ان اللام للتبیین وتقدیرہ اقول لک۱۲۔ ۹ قولہ فی استغفری یوسف اشارۃ الی ان الاستغفار یجوز استعمالہ فی الاعتذار للخلق ایضا دلیلہ ما فی الروح حمل الاستغفار علی طلب المغفرۃ والصفح من الزوج اھ وقصدی بنقلہ جواز استعمالہ فی الاعتذار للخلق۔ ۱۰ قولہ فی الخاطئین قصوروار اشارۃ الی ان الخطاء قد یستعمل فی مطلق الذنب وان کان عن عمد کما فی الروح۱۲۔

لطیفہ: قال بعض العلماء ان النساء اشد شرا من الشیطان لان اللہ تعالی سمی کیدھن عظیما وکیدہ ضعیفا وفیہ ان عظمتہ بالنسبۃ الی کید الرجال وضعفہ بالنسبۃ الی قدرۃ اللہ تعالی فافھم۱۲۔

اللغات: المراودۃ المطالبۃ برفق من راد یرود اذا ذھب وجاء لطلب شیء وعدی بعن لتضمنہ بمعنی المخادعۃ التی فیھا معنی المنازعۃ لان احدھما یرید شیئا لا یرید صاحبہ ان یخرجہ من یدہ۔ قولہ ھیت اسم فعل بمعنی تعال سواء کانت التاء مضمومۃ او مفتوحۃ۱۲۔

البلاغۃ: قولہ راودتہ المفاعلۃ للمبالغۃ لا للمشارکۃ الا مجازا من حیث ان احد الجزئین فیہ کان جمال یوسف علیہ السلام قولہ قدت اسناد الی السبب وانما اسند الیھا وان کان احد جزئی السبب ھو علیہ السلام ایضاً لقراءۃ لال الجزء الاخیر کانت ھی قولہ من دبر المضاف الیہ مقدر ای دبر القمیص او یوسف قولہ من کید کن تعمیم الخلق للتنبہ علی ان الکید خلق لھن عریق۱۲۔

وَقَالَ نِسْوَةٌ فِي الْمَدِينَةِ امْرَأَتُ الْعَزِيزِ تُرَاوِدُ فَتَاهَا عَنْ نَّفْسِهِ ۚ قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا ۖ إِنَّا لَنَرَاهَا فِي ضَلَٰلٍ مُّبِينٍ ﴿٣٠﴾
فَلَمَّا سَمِعَتْ بِمَكْرِهِنَّ أَرْسَلَتْ إِلَيْهِنَّ وَأَعْتَدَتْ لَهُنَّ مُتَّكَأً وَآتَتْ كُلَّ وَاحِدَةٍ مِّنْهُنَّ سِكِّينًا وَقَالَتِ اخْرُجْ عَلَيْهِنَّ ۚ فَلَمَّا رَأَيْنَهُ أَكْبَرْنَهُ وَقَطَّعْنَ أَيْدِيَهُنَّ وَقُلْنَ حَاشَ لِلَّهِ مَا هَٰذَا بَشَرًا ۚ إِنْ هَٰذَا إِلَّا مَلَكٌ كَرِيمٌ ﴿٣١﴾
قَالَتْ فَذَٰلِكُنَّ الَّذِي لُمْتُنَّنِي فِيهِ ۖ وَلَقَدْ رَاوَدْتُّهُ عَن نَّفْسِهِ فَاسْتَعْصَمَ ۖ وَلَئِن لَّمْ يَفْعَلْ مَا آمُرُهُ لَيُسْجَنَنَّ وَلَيَكُونًا مِّنَ الصَّاغِرِينَ ﴿٣٢﴾ قَالَ رَبِّ السِّجْنُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِمَّا يَدْعُونَنِي إِلَيْهِ ۖ وَإِلَّا تَصْرِفْ عَنِّي كَيْدَهُنَّ أَصْبُ إِلَيْهِنَّ وَأَكُن مِّنَ الْجَاهِلِينَ ﴿٣٣﴾ فَاسْتَجَابَ لَهُ رَبُّهُ فَصَرَفَ عَنْهُ كَيْدَهُنَّ ۚ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿٣٤﴾ ثُمَّ بَدَا لَهُم مِّن بَعْدِ مَا رَأَوُا الْآيَاتِ لَيَسْجُنُنَّهُ حَتَّىٰ حِينٍ ﴿٣٥﴾ ع ۴ ۱۴

اور چند عورتوں نے جو کہ شہر میں رہتی تھیں یہ بات کہی کہ عزیز کی بی بی اپنے غلام کو اس سے اپنا (ناجائز) مطلب حاصل کرنے کے واسطے پھسلاتی ہے اس غلام کا عشق اس کے دل میں جگہ کر گیا ہے ہم تو اس کو صریح غلطی میں دیکھتے ہیں سو جب اس عورت نے ان عورتوں کی بدگوئی (کی خبر) سنی تو کسی کے ہاتھ ان کو بلا بھیجا (کہ تمہاری دعوت ہے) اور ان کے واسطے مسند تکیہ لگایا اور ہر ایک کو ان میں سے ایک ایک چاقو بھی دیا اور کہا کہ ذرا ان کے سامنے تو آ جاؤ سو عورتوں نے جوان کو دیکھا تو (ان کے جمال سے) حیران رہ گئیں اور (اس حیرت میں اپنے ہاتھ کاٹ لئے اور کہنے لگیں ماشاء اللہ یہ شخص آدمی ہرگز نہیں یہ کوئی بزرگ فرشتہ ہے وہ عورت بولی تو (دیکھ لو) وہ شخص یہی ہے جس کے بارے میں تم مجھ کو برا بھلا کہتی تھیں (کہ اپنے غلام کو چاہتی ہے) اور واقعی اس سے میں نے اپنا مطلب حاصل کرنے کی خواہش کی تھی مگر یہ پاک صاف رہا اور اگر آئندہ کو میرا کہنا نہ کرے گا (جیسا اب تک نہیں کیا) تو بے شک جیل خانہ بھیجا جائے گا اور بے عزت بھی ہوگا یوسفؑ نے دعا کی اے میرے رب جس (واہیات) کام کی طرف یہ عورتیں مجھ کو بلا رہی ہیں اس سے تو جیل خانہ میں جانا ہی مجھ کو زیادہ پسند ہے اور اگر آپ ان کے داؤ پیچ کو مجھ سے دفع نہ کریں گے تو ان کی (اصلاح کی) طرف مائل ہو جاؤں گا اور نادانی کا کام کر بیٹھوں گا سو انکی دعا انکے رب نے قبول کی اور ان عورتوں کے داؤ پیچ کو ان سے دور رکھا بے شک وہ دعاؤں کا بڑا سننے والا اور ان کا احوال کا خوب جاننے والا ہے۔ پھر مختلف نشانیاں دیکھنے کے بعد ان لوگوں کو (یعنی عزیز اور اس کے متعلقین کو) یہی مصلحت معلوم ہوئی کہ ان کو ایک وقت (خاص تک) قید میں رکھیں۔ ۞

تفسیر: قصہ قاطعات ید با یوسف علیہ السلام و سجن او: وَقَالَ نِسْوَةٌ (الی قولہ تعالی) لَيَسْجُنُنَّهُ حَتَّىٰ حِينٍ ﴿٣٥﴾ اور چند عورتوں نے جو کہ شہر میں رہتی تھیں

www.besturdubooks.net

(یعنی شہر کی چند عورتوں نے) یہ بات کہی کہ عزیز کی بی بی اپنے غلام کو اسے اپنا (ناجائز) مطلب حاصل کرنے کے واسطے پھسلاتی ہے (کیسی پست طبیعت ہے کہ غلام پر گرتی ہے) اس غلام کا عشق اس کے دل میں جگہ کر گیا ہے ہم تو اس کو صریح غلطی میں دیکھتے ہیں سو جب اس عورت نے ان عورتوں کی بدگوئی (کی خبر) سنی تو کسی کے ہاتھ ان کو بلا بھیجا (کہ تمہاری دعوت ہے) اور ان کے واسطے مسند تکیہ لگایا اور (جب وہ آئیں اور ان کے روبرو مختلف کھانے اور میوے حاضر کئے جن میں بعضی چیزیں چاقو سے تراش کر کھانے کی تھیں اور اس واسطے) ہر ایک کو ان میں سے ایک ایک چاقو (بھی) دے دیا (جس کے لئے ظاہر میں تو ان چیزوں کا بہانہ تھا اور اصلی غرض وہ تھی جو آگے آتی ہے کہ حواس باختہ ہو کر ان چاقوؤں سے اپنے ہاتھوں کو زخمی کر لیں گی) اور (یہ سب سامان درست کر کے یوسف علیہ السلام سے جو کہ کسی دوسرے مکان میں تھے) کہا کہ ذرا ان کے سامنے تو آ جاؤ (چنانچہ یوسف علیہ السلام یہ سمجھ کر کہ کوئی صحیح غرض ہوگی باہر آ گئے) سو عورتوں نے جو ان کو دیکھا تو (ان کے جمال سے) حیران رہ گئیں اور (اس حیرت میں) اپنے ہاتھ کاٹ لئے (یعنی جس وقت یہ باہر آئے وہ عورتیں کوئی چیز مثل ترنج وغیرہ تراش رہی تھیں ان کو دیکھ کر ایسی بدحواسی چھائی کہ اس بے خبری میں وہ چاقو ہاتھ پر چل گیا جیسا اکثر دوسری طرف خیال بٹ جانے سے ایسا اتفاق ہو جاتا ہے) اور کہنے لگیں حاش للہ یہ شخص آدمی ہرگز نہیں یہ تو کوئی بزرگ فرشتہ ہے (مطلب یہ کہ ایسا حسن و جمال آدمی میں کب ہوتا ہے فرشتے البتہ ایسے نورانی ہوتے ہیں) وہ عورت بولی تو (دیکھ لو) وہ شخص یہ ہے جس کے بارے میں تم مجھ کو برا بھلا کہتی تھیں (کہ اپنے غلام کو چاہتی ہے) اور واقعی میں نے اس سے اپنا مطلب حاصل کرنے کی خواہش کی تھی مگر یہ پاک صاف رہا اور (پھر یوسف علیہ السلام کے دھمکانے اور سنانے کو کہا کہ) اگر آئندہ کو میرا کہنا نہ کرے گا (جیسا اب تک نہیں کیا) تو بیشک جیل خانہ بھیجا جاوے گا اور بے عزت بھی ہوگا (وہ سب عورتیں بھی یوسف علیہ السلام سے کہنے لگیں کہ تم کو اپنی محسنہ سے ایسی بے اعتنائی مناسب نہیں جو یہ کہے تم کو ماننا چاہئے) یوسف (علیہ السلام) نے (جو یہ باتیں سنیں اور دیکھا کہ یہ عورت تو بے ڈھب پیچھے پڑی ہے اور سب اسی کی ہاں میں ہاں ملاتی ہیں تو حق تعالیٰ سے) یہ دعا کی کہ اے میرے رب جس (واہیات) کام کی طرف یہ عورتیں مجھ کو بلا رہی ہیں اس سے تو جیل خانہ میں جانا ہی مجھ کو زیادہ پسند ہے اور اگر آپ ان کے داؤ پیچ کو مجھ سے دفع نہ کریں گے تو ان کی (صلاح کی) طرف مائل ہو جاؤں گا اور نادانی کا کام کر بیٹھوں گا سو ان کی دعا ان کے رب نے قبول کی اور ان عورتوں کے داؤ پیچ کو ان سے دور رکھا بیشک وہ (دعاؤں کا) بڑا سننے والا (اور ان کے احوال کا) خوب جاننے والا ہے (پھر یوسف علیہ السلام کی پاکدامنی کی) مختلف نشانیاں دیکھنے کے بعد (جن سے خود تو اس کا پورا یقین ہو گیا مگر عوام میں سے چرچہ قطع ہونے کی غرض سے) ان لوگوں کو (یعنی عزیز اور اس کے متعلقین کو) یہی مصلحت معلوم ہوا کہ ان کو ایک وقت (خاص) تک قید میں رکھیں۔ **ف**: یوسف علیہ السلام کا یہ فرمانا وَاِلَّا تَصْرِفْ الخ منافی عصمت کے نہیں کیونکہ یہ عصمت بھی تو بدولت حفاظت خداوندی ہی کے ہے چونکہ انبیاء علیہم السلام کی نظر اصل مؤثر کی طرف ہوتی ہے اس لئے ان کو اپنی عصمت پر اعتماد اور ناز نہیں ہوتا اور یوسف علیہ السلام کا یہ کہنا اِلَّا تَصْرِفْ مقصود اس سے یہ ہے کہ **اصرف عنی الخ** اس لئے اس کے بعد فَاسْتَجَابَ فرمایا اور اس استجابت کا بیان خود قرآن میں ہے فَصَرَفَ عَنْهُ الخ اور سجن میں جانا جزو استجابت نہیں جیسا مشہور ہے کہ قید کی دعاء کی اس لئے قید میں گئے کیونکہ قید کی درخواست تو نہیں کی صرف فعل قبیح کا سجن سے اقبح ہونا بیان کیا ہے پس ثُمَّ بَدَا لَهُمْ جملہ مستقلہ ہے استجابت کا متمم نہیں اور آیات سے مراد معجزہ کہ دلیل عقلی ہے اور **قُدَّ قمیص** کہ دلیل عادی ہے اور اقرار زلیخا رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ فَاسْتَعْصَمَ کہ دلیل شرعی ہے جو موافق قول مشہور ع نہاں کے ماند آن رازے کز و سازند محفلہا۔ عزیز تک پہنچ گیا یا بقول بعض اولین کہ سب دال ہیں نزاہت یوسف پر۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَلَمَّا رَاَيْنَهٗٓ اَكْبَرْنَهٗ وَ قَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ روح میں ابن عطاء سے منقول ہے کہ یہ تو مشاہدہ مخلوق کے غلبہ کا اثر ہے سو مشاہدہ حق کا کیسا کچھ اثر ہو سکتا ہے تو اگر ایسے شخص سے کوئی امر خلاف ظاہر صادر ہو جاوے اس پر اعتراض و انکار نہ کرے ۱۲۔

ملحقات الترجمہ: ۱ **قولہ فی المدینۃ** جو کہ اشارۃ الی کونہ صفۃ لنسوۃ ۱۲۔ ۲ **قولہ فی اخرج** صحیح غرض اشارۃ الی دفع ایراد وھو ان رؤیتھن لہ علیہ السلام کان عن نفس فکیف اذا علیہ السلام وجاء رفع ظاھر من عدم اطلاع علیہ السلام علی ھذا الامر ۱۲۔ ۳ **قولہ فی لیکونا** کہنے لگیں ھکذا فی التفاسیر بلا سند لکن علیہ قرائن فی القرآن من قولہ تعالیٰ یدعوننی وقولہ تعالیٰ بکیدھن علیم وقولہ راودتن باعتبار ان الاعانۃ علی الشیء فی حکم ذلک الشیء ۱۲۔ ۴ **قولہ فی اصب** صلاح اشارۃ الی تقدیر المضاف ای الی اجابتھن بمواناتھا۔ ۵ **قولہ فی فصرف** دوررکھا اشارۃ الی ان المراد استمرار الصرف لا احداثہ بعد ان لم یکن ۱۲۔

رسم الخط: قولہ لیکونا یکتب فیہ النون بصورۃ الالف علی حکم الوقف لانہ حین الوقف یقرء الفًا کما فی الکافیۃ والنون المخففۃ المفتوح ما قبلھا تقلب القا فی الوقف اھ ای جوازا من حاشیۃ عبدالرحمن بن المحمود ۱۲۔

اللغات: الشغاف فی القاموس کسحاب غلاف القلب او حجابہ او حبتہ او سویدار المکر المراد بہ الغیبۃ وسوء المقالۃ مجاز

www.besturdubooks.net

العلاقة الاخفاء المتكأ النمارق والوسائد التى يتكأ عليها او

قوله حاش لله اصله حاشا بالالف فحذف تخفيفا وهو حرف وضع للاستثناء والتنزية معًا ثم نقل وجعل اسما للتنزيه فقط واللام للبيان فهى متعلقه بمحذوف ويستعمل فى معنى التعجب قوله اكبرنه عظمنه و دهشن برؤية جماله۱۲۔

النَّجْوٰى: قوله شغفها حبا الضمير فى الفعل الى يوسف عليه السلام وحبا تمييز منه اى شغفها حبه بمعنى دخل فى شغاف قلبها الذى يسمى الغلاف كما صرح به اهل التشريح ان من اجزاء القلب الغشاء۱۲۔ قوله ثم بدا لهم فاعله الضمير اما الى السجن وقوله ليسجننه بتقدير القول حال اى بدأ لهم السجن قائلين ليسجننه واما الى الحدث اى وقع لهم البدء ويكون الفاعل جملة ليسجننه بتاويل المصدر كما فى قوله اولم يهدلهم كم اهلكنا الخ۱۲۔

البَلَاغَة: قوله السجن احب ولم يقل والصغر لان الصغر من لوازم السجن عادة فاغنى ذكر احدهما عن الآخر۱۲۔

وَدَخَلَ مَعَهُ السِّجْنَ فَتَيٰنِ ۖ قَالَ اَحَدُهُمَآ اِنِّيْٓ اَرٰىنِيْٓ اَعْصِرُ خَمْرًا ۚ وَقَالَ الْاٰخَرُ اِنِّيْٓ اَرٰىنِيْٓ اَحْمِلُ فَوْقَ رَاْسِيْ خُبْزًا تَاْكُلُ
الطَّيْرُ مِنْهُ ۭ نَبِّئْنَا بِتَاْوِيْلِهٖ ۚ اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ قَالَ لَا يَاْتِيْكُمَا طَعَامٌ تُرْزَقٰنِهٖٓ اِلَّا نَبَّاْتُكُمَا بِتَاْوِيْلِهٖ
وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ اٰبَاۗءِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ۭ مَا كَانَ لَنَآ اَنْ نُّشْرِكَ بِاللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ۭ ذٰلِكَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ عَلَيْنَا
وَعَلَي النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ ۝ يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ ءَاَرْبَابٌ مُّتَفَرِّقُوْنَ خَيْرٌ اَمِ اللّٰهُ
الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۝ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلَّآ اَسْمَاۗءً سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَاٰبَاۗؤُكُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ۭ
اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ۭ اَمَرَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ ۭ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ يٰصَاحِبَيِ
السِّجْنِ اَمَّآ اَحَدُكُمَا فَيَسْقِيْ رَبَّهٗ خَمْرًا ۚ وَاَمَّا الْاٰخَرُ فَيُصْلَبُ فَتَاْكُلُ الطَّيْرُ مِنْ رَّاْسِهٖ ۭ قُضِيَ الْاَمْرُ الَّذِيْ فِيْهِ
تَسْتَفْتِيٰنِ ۝ وَقَالَ لِلَّذِيْ ظَنَّ اَنَّهٗ نَاجٍ مِّنْهُمَا اذْكُرْنِيْ عِنْدَ رَبِّكَ ۡ فَاَنْسٰىهُ الشَّيْطٰنُ ذِكْرَ رَبِّهٖ فَلَبِثَ فِي السِّجْنِ
بِضْعَ سِنِيْنَ ۝

اور یوسف علیہ السلام کے ساتھ (یعنی اس زمانہ میں) اور بھی دو غلام (بادشاہ کے) جیل خانہ میں داخل ہوئے ان میں سے ایک نے کہا کہ میں اپنے خواب میں کیا دیکھتا ہوں کہ جیسے شراب نچوڑ رہا ہوں دوسرے نے کہا کہ میں اپنے خواب کو اس طرح دیکھتا ہوں کہ (جیسے) اپنے سر پر روٹیاں لئے جاتا ہوں (اور) اس میں سے پرندے (نوچ نوچ کر) کھاتے ہیں ہم کو اس خواب کی تعبیر بتایئے آپ ہم کو نیک آدمی معلوم ہوتے ہیں۔ حضرت یوسف علیہ السلام نے فرمایا کہ (دیکھو) جو کھانا تمہارے پاس آتا ہے جو کہ تم کو کھانے کے لئے جیل خانہ میں ملتا ہے میں اس کے آنے سے پہلے اس کی حقیقت تم کو بتلا دیا کرتا ہوں یہ بتلا دینا اس علم کی بدولت ہے جو مجھ کو میرے رب نے تعلیم فرمایا ہے میں نے تو ان لوگوں کا مذہب (پہلے ہی سے) چھوڑ رکھا جو اللہ پر ایمان نہیں لاتے اور وہ لوگ آخرت کے بھی منکر ہیں اور میں نے اپنے ان بزرگوں باپ دادوں کا مذہب اختیار کر رکھا ہے ابراہیم علیہ السلام کا اور اسحٰق علیہ السلام کا اور یعقوب علیہ السلام کا ہم کو کسی طرح زیبا نہیں کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی شے کو شریک (عبادت) قرار دیں اور یہ (عقیدہ توحید) ہم پر اور (دوسرے) لوگوں پر (بھی) خدا تعالیٰ کا ایک فضل ہے لیکن اکثر لوگ ان نعمت کا شکر ادا نہیں کرتے۔ اے قید خانہ کے رفیقو! متفرق معبود اچھے یا ایک معبود برحق جو سب سے زبردست ہے وہ اچھا (جواب اس کا ظاہر ہے) تم لوگ تو خدا کو چھوڑ کر صرف چند بے حقیقت ناموں کی عبادت کرتے ہو جن کو تم نے اور تمہارے باپ دادا نے آپ (ہی) ٹھہرا لیا ہے خدا تعالیٰ نے تو (ان کے معبود ہونے) کی دلیل (نقلی یا عقلی) بھیجی نہیں حکم دینے کا اختیار صرف خدا ہی کا ہے (اور) اس نے یہ حکم دیا ہے کہ بجز اس کے اور کسی کی عبادت مت کرو یہی (توحید) کا سیدھا طریقہ ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔ اے قید خانہ کے رفیقو! تم میں ایک تو (جرم میں بری ہو

www.besturdubooks.net

کر) اپنے آقا کو (بدستور) شراب پلایا کرے گا اور دوسرا (مجرم قرار پا کر) سولی دیا جائے گا اور اس کے سر کو پرندے نوچ نوچ کر کھا دیں گے جس کے بارے میں تم پوچھتے تھے وہ اسی طرح مقدر ہو چکا اور جس شخص پر رہائی گمان تھا اس سے یوسف علیہ السلام نے فرمایا اپنے آقا کے سامنے میرا بھی تذکرہ کرنا پھر اس کو اپنے آقا سے (یوسف علیہ السلام کا) تذکرہ کرنا شیطان نے بھلا دیا تو (اس وجہ سے) قید خانہ میں اور بھی چند سال ان کا رہنا ہوا۔ ۞

تفسیر: قصہ یوسف علیہ السلام با ساقی و خباز شاہی در سجن ☆ وَدَخَلَ مَعَهُ السِّجْنَ فَتَيٰنِ (الی قولہ تعالیٰ) فَلَبِثَ فِي السِّجْنِ بِضْعَ سِنِيْنَ اور یوسف (علیہ السلام) کے ساتھ (یعنی اسی زمانہ میں) اور بھی دو غلام (بادشاہ کے) جیل خانہ میں داخل ہوئے (جن میں ایک ساقی تھا دوسرا خباز اور ان کے قید ہونے کا سبب یہ ہوا کہ تھا کہ ان کی نسبت شبہ ہوا تھا کہ انہوں نے کھانے میں اور شراب میں زہر ملا کر بادشاہ کو دیا ہے سو مقدمہ زیر تحقیق تھا اور یہ دونوں جس میں بھیج دیئے گئے تھے انہوں نے جو حضرت یوسف علیہ السلام میں بزرگی کے آثار پائے تو ان میں سے ایک نے حضرت یوسف علیہ السلام سے) کہا کہ میں اپنے خواب میں (کیا) دیکھتا ہوں کہ (جیسے) شراب (بنانے کے لئے انگور کا شیرہ) نچوڑ رہا ہوں (اور بادشاہ کو وہ شراب پلا رہا ہوں) اور دوسرے نے کہا کہ میں اپنے کو اس طرح دیکھتا ہوں کہ (جیسے) اپنے سر پر روٹیاں لئے جاتا ہوں (اور) اس میں سے پرندے (نوچ نوچ کر) کھاتے ہیں ہم کو اس خواب کی (جو کہ ہم دونوں نے دیکھا ہے) تعبیر بتلایئے آپ ہم کو نیک آدمی معلوم ہوتے ہیں (حضرت) یوسف (علیہ السلام) نے (چاہا کہ جب یہ میرے معتقد ہیں تو ان کو دعوتِ ایمان اول کرنا چاہئے اس لئے اول اپنا نبی ہونا ایک معجزہ سے ثابت کرنے کے لئے) فرمایا کہ (دیکھو) جو کھانا تمہارے پاس آتا ہے جو کہ تم کو کھانے کے لئے (جیل خانہ میں) ملتا ہے میں اس کے آنے سے پہلے اس کی حقیقت تم کو بتلا دیا کرتا ہوں (کہ فلانی چیز آوے گی اور ایسی ایسی ہوگی اور) یہ بتلا دینا اس علم کی بدولت ہے جو مجھ کو میرے رب نے تعلیم فرمایا ہے (یعنی مجھ کو وحی سے معلوم ہو جاتا ہے پس یہ معجزہ ہوا جو کہ دلیل نبوت ہے اور شاید تخصیص اس معجزہ کی اس مناسبت سے فرمائی ہو کہ جس واقعہ میں انہوں نے آپ سے رجوع کیا وہ واقعہ بھی طعام کا ہے تو یہ معجزہ اس وقت ان کے حال کے مناسب زیادہ ہوا **واللہ اعلم** اب اثبات نبوت کے بعد آگے اثبات توحید ہے یعنی جب میرا کمال اور نبوت دلیل سے ثابت ہے تو جس طریق کو میں اختیار کروں اور اس کو صحیح بتلاؤں وہ حق ہوگا سو وہ طریق یہ ہے کہ) میں نے تو ان لوگوں کا مذہب (پہلے ہی سے) چھوڑ رکھا ہے جو اللہ پر ایمان نہیں لاتے اور وہ لوگ آخرت کے بھی منکر ہیں اور میں نے اپنے ان (بزرگوار) باپ دادوں کا مذہب اختیار کر رکھا ہے ابراہیم علیہ السلام اور اسحاق علیہ السلام کا اور یعقوب (علیہ السلام کا اور اس مذہب کا رکن اعظم یہ ہے کہ) ہم کو کسی طرح زیبا نہیں کہ اللہ کے ساتھ کسی شئے کو شریک (عبادت) قرار دیں (یعنی توحید اس مذہب کا رکن اعظم ہے اور) یہ (عقیدۂ توحید) ہم پر اور (دوسرے) لوگوں پر (بھی) خدا تعالیٰ کا ایک فضل ہے (کہ اس کی بدولت دنیا و آخرت کی فلاح ہے) لیکن اکثر لوگ (اس نعمت کا) شکر (ادا) نہیں کرتے (یعنی توحید کی قدر اور اس کو اختیار نہیں کرتے) اے قید خانہ کے رفیقو (ذرا سوچ کر بتلاؤ کہ عبادت کے واسطے) متفرق معبود اچھے یا ایک معبود برحق جو سب سے زبردست ہے وہ اچھا (جواب اس کا ظاہر ہے) تم لوگ تو خدا کو چھوڑ کر صرف چند بے حقیقت ناموں کی عبادت کرتے ہو (یعنی وہ مسمیات بمنزلہ اسمائے محض کے ہیں) جن کو تم نے اور تمہارے باپ دادوں نے (آپ ہی) ٹھہرا لیا ہے خدا تعالیٰ نے تو ان (کے معبود ہونے) کی کوئی دلیل (عقلی یا نقلی) بھیجی نہیں (اور) حکم (دینے کا اختیار صرف) خدا ہی کا ہے (اور) اس نے یہ حکم دیا ہے کہ بجز اس کے اور کسی کی عبادت مت کرو (پس اسی حکم پر عمل کرنا چاہئے) یہی (توحید اور عبادت میں حق تعالیٰ کی تخصیص) سیدھا طریقہ ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے (اور اس طریقہ کو اختیار نہیں کرتے ایمان کے ارکان کی تبلیغ کر کے اب ان کے خواب کی تعبیر بتلاتے ہیں کہ) اے قید خانہ کے رفیقو تم میں ایک تو (جرم سے بری ہو کر) اپنے آقا کو (بدستور) شراب پلایا کرے گا اور دوسرا (مجرم قرار پا کر) سولی دیا جاوے گا اور اس کے سر کو پرندے (نوچ نوچ) کھا دیں گے اور جس بارہ میں تم پوچھتے تھے وہ اسی طرح مقدر ہو چکا (اور یونہی ہوگا چنانچہ بعد تنقیح مقدمہ ایک بری ثابت ہوا دوسرا مجرم دونوں جیل خانہ سے بلائے گئے ایک رہائی کے لئے دوسرا سزا کے لئے) اور (جب وہ لوگ جیل خانہ سے جانے لگے تو) جس شخص پر رہائی کا گمان تھا اس سے یوسف (علیہ السلام) نے فرمایا کہ اپنے آقا کے سامنے میرا بھی تذکرہ کرنا (کہ ایک شخص بے قصور قید ہے اس نے وعدہ کر لیا) پھر اس کو اپنے آقا سے (یوسف علیہ السلام کا) تذکرہ کرنا شیطان نے بھلا دیا تو (اس وجہ سے) قید خانہ میں اور بھی چند سال ان کا رہنا ہوا **ف**: چونکہ اسباب عادیہ کا استعمال جائز ہے اس لئے اس امر میں یوسف علیہ السلام پر کوئی شبہ نہیں ہو سکتا اور یہ جو فرمایا فَلَبِثَ الخ یہ بطور عتاب کے نہیں فرمایا بلکہ نسیان پر محض مرتب کرنا اس امر کا مقصود ہے کہ وہ بھول گیا اس لئے کوئی سامان ان کے نکلنے کا نہ ہوا خوب سمجھ لو اور بضع کا اطلاق عربی میں تین سے دس سال تک آتا ہے پس اس کے درمیان جتنے عدد ہیں ہر عدد کا آیت میں احتمال ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: قَالَ لَا يَأْتِيكُمَا طَعَامٌ تُرْزَقَانِهِ إِلَّا نَبَّأْتُكُمَا بِتَأْوِيلِهِ قَبْلَ أَنْ يَأْتِيَكُمَا" روح میں ہے کہ اگر کوئی عالم اپنے اوصاف اس لئے بیان کرے کہ لوگ اس سے نفع حاصل کریں تو جائز ہے اور یہ تزکیۂ ممنوعہ میں داخل نہیں اھ اور بعض بزرگوں نے جو اپنے کمالات ظاہر کئے ہیں اور اس کی

www.besturdubooks.net

پرواہ نہیں کی کہ لوگ ان کو مدعی کہیں گے اس کا منشاء یہی ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ : وَقَالَ لِلَّذِیْ ظَنَّ اَنَّهٗ نَاجٍ مِّنْهُمَا اذْكُرْنِیْ عِنْدَ رَبِّكَ اس میں دلالت ہے کہ اگر ازالہ شدائد کے لئے کسی مخلوق سے استعانت کرے خصوص جس پر احسان کیا ہو کچھ حرج نہیں کیونکہ یہ اسباب مشروعہ میں سے ہے اور اس کو احسان کا عوض چاہنا نہ کہا جاوے گا احسان سے محبت پیدا ہو جاتی ہے اور محبت سے یہ استعانت گوارہ ہوتی ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ : ۱ **قولہ** اسی زمانہ میں اشارۃ الی المعیۃ الزمانیۃ ویحتمل ان یکون المعیۃ فی مطلق دخول السجن ۱۲۔ ۲ **قولہ فی بتاویلہ الاول** خواب بتاویل الجنس او ما ذکر ۱۲۔ ۳ **قولہ فی بتاویلہ الثانی** حقیقت لان مرجع الشیٔ ومنتہاہ ھو حقیقۃ ۱۲۔ ۴ **قولہ فی ترکت** چھوڑ رکھا ہے اشارۃ الی ان الترک ارید بہ لا استجلابھما الی ترکھما الحادث ۱۲۔ ۵ **قولہ فی** ارباب عبادت کے واسطے اشارۃ الی حذف المضاف ای عبادۃ ارباب الخ ۱۲۔ ۶ **قولہ فی ذکر ربہ** اپنے آقا سے اشارۃ الی کون الاضافۃ لاونی الملابسۃ لان الرب لیس فاعلا للذکر ولا مفعولا ۱۲۔

النحو :قولہ یصاحبی السجن وقولہ ذکر ربہ فیھما الاضافۃ لادنی الملابسۃ وحقیقتھما یصاحبی فی السجن وذکر یوسف عند ربہ ۱۲۔

الکلام والبلاغۃ: قولہ ظن انہ ناج ان کان التعبیر عن اجتھاد دل علی ان الاجتھاد ظنی ولو من الانبیاء وان کان عن وحی فالمراد بہ تیقن ففیہ علی احد الشقین مسئلۃ من الکلام وعلی الآخر مسئلۃ من البلاغۃ ۱۲۔

وَقَالَ الْمَلِكُ اِنِّیْۤ اَرٰی سَبْعَ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ یَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَّسَبْعَ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّاُخَرَ یٰبِسٰتٍ ؕ یٰۤاَیُّهَا الْمَلَاُ اَفْتُوْنِیْ فِیْ رُءْیَایَ اِنْ كُنْتُمْ لِلرُّءْیَا تَعْبُرُوْنَ ﴿۴۳﴾ قَالُوْۤا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ ۚ وَمَا نَحْنُ بِتَاْوِیْلِ الْاَحْلَامِ بِعٰلِمِیْنَ ﴿۴۴﴾ وَقَالَ الَّذِیْ نَجَا مِنْهُمَا وَادَّكَرَ بَعْدَ اُمَّةٍ اَنَا اُنَبِّئُكُمْ بِتَاْوِیْلِهٖ فَاَرْسِلُوْنِ ﴿۴۵﴾ یُوْسُفُ اَیُّهَا الصِّدِّیْقُ اَفْتِنَا فِیْ سَبْعِ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ یَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَّسَبْعِ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّاُخَرَ یٰبِسٰتٍ ۙ لَّعَلِّیْۤ اَرْجِعُ اِلَی النَّاسِ لَعَلَّهُمْ یَعْلَمُوْنَ ﴿۴۶﴾ قَالَ تَزْرَعُوْنَ سَبْعَ سِنِیْنَ دَاَبًا ۚ فَمَا حَصَدْتُّمْ فَذَرُوْهُ فِیْ سُنْۢبُلِهٖۤ اِلَّا قَلِیْلًا مِّمَّا تَاْكُلُوْنَ ﴿۴۷﴾ ثُمَّ یَاْتِیْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ سَبْعٌ شِدَادٌ یَّاْكُلْنَ مَا قَدَّمْتُمْ لَهُنَّ اِلَّا قَلِیْلًا مِّمَّا تُحْصِنُوْنَ ﴿۴۸﴾ ثُمَّ یَاْتِیْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ عَامٌ فِیْهِ یُغَاثُ النَّاسُ وَفِیْهِ یَعْصِرُوْنَ ﴿۴۹﴾ ع ۶ ۷

اور بادشاہ (مصر) نے کہا کہ میں (خواب میں کیا) دیکھتا ہوں کہ سات گائیں فربہ ہیں جن کو سات لاغر گائیں کھا گئیں اور سات بالیں سبز ہیں اور ان کے علاوہ سات اور ہیں جو کہ خشک ہیں اے درباروالو! اگر تم (خواب کی) تعبیر دے سکتے ہو تو میرے اس خواب کے بارے میں مجھ کو جواب دو وہ لوگ کہنے لگے کہ یوں ہی پریشان خیالات ہیں اور دوسرے ہم لوگ (کہ صرف امور سلطنت میں ماہر ہیں) خوابوں کی تعبیر کا علم بھی نہیں رکھتے اور ان (مذکورہ) دو قیدیوں میں کہ جو رہا ہو گیا تھا (وہ مجلس میں حاضر تھا) اس نے کہا اور مدت کے بعد اس کو خیال آیا میں اس کی تعبیر کی خبر لائے دیتا ہوں اور آپ لوگ ذرا مجھ کو جانے کی اجازت دیجئے اے یوسف اے صدق مجسم آپ ہم لوگوں کو اس خواب کا جواب (یعنی تعبیر دیجئے کہ سات گائیں) موٹی ہیں ان کو سات گائیں دبلی کھا گئیں اور سات بالیں ہری ہیں اور اس کے علاوہ سات خشک ہیں تاکہ میں ان لوگوں کے پاس لوٹ کر جاؤں (اور بیان کروں) تاکہ ان لوگوں کو بھی معلوم ہو جائے آپ نے فرمایا تم سات سال متواتر (خوب غلہ) بونا پھر جو فصل کاٹو اس کو بالوں میں رہنے دو تاکہ گھن نہ لگ جائے ہاں اگر تھوڑا جو تمہارے کھانے میں آوے پھر اس (سات برس) کے بعد سات برس اور ایسے سخت (اور قحط کے) آویں گے جو اس (تمام تر) ذخیرہ کو کھا جائیں گے جس کو تم نے ان برسوں کے واسطے جمع کر کے رکھا ہوگا ہاں مگر تھوڑا سا (جو بیج کے واسطے رکھ چھوڑو گے پھر اس سات برس) کے بعد ایک برس ایسا آوے گا جس میں لوگوں کے لئے خوب بارش ہوگی اور اس میں شیرہ بھی نچوڑیں گے (اور شرابیں پئیں گے)۔ ۞

تفسیر : قصہ تعبیر یوسف علیہ السلام رؤیا ملک مصر ☆ وَقَالَ الْمَلِكُ اِنِّیْۤ اَرٰی سَبْعَ بَقَرٰتٍ (الی قولہ تعالیٰ) فِیْهِ یُغَاثُ النَّاسُ وَفِیْهِ یَعْصِرُوْنَ ﴿۴۹﴾ اور بادشاہ (مصر) نے (بھی ایک خواب دیکھا اور ارکان دولت کو جمع کر کے ان سے) کہا کہ میں (خواب میں کیا) دیکھتا ہوں کہ سات گائیں فربہ ہیں جن کو سات

www.besturdubooks.net

لاغر گائیں کھا گئیں اور سات بالیں سبز ہیں اور ان کے علاوہ سات اور ہیں جو کہ خشک ہیں (اور ان خشک بالوں نے اسی طرح ان سات سبز پر لپٹ کر ان کو خشک کر دیا) اے دربار والو اگر تم (خواب کی) تعبیر دے سکتے ہو تو میرے اس خواب کے بارہ میں مجھ کو جواب دو وہ لوگ کہنے لگے کہ (اول تو یہ کوئی خواب نہیں جس سے آپ فکر میں پڑیں) یوں ہی پریشان خیالات ہیں اور (دوسرے) ہم لوگ (کہ امور سلطنت میں ماہر ہیں) خوابوں کی تعبیر کا علم بھی نہیں رکھتے (دو جواب اس لئے دیئے کہ اول جواب سے بادشاہ کے قلب سے پریشانی اور وسواس دور کرنا ہے اور دوسرے جواب سے اپنا عذر ظاہر کرتا ہے خلاصہ یہ کہ اول تو ایسا خواب قابل تعبیر نہیں دوسرے ہم اس فن سے واقف نہیں) اور ان (مذکورہ) دو قیدیوں میں سے جو رہا ہو گیا تھا (وہ مجلس میں حاضر تھا) اس نے کہا اور مدت کے بعد اس کو (یوسف علیہ السلام کی وصیت کا) خیال آیا میں اس کی تعبیر کی خبر لائے دیتا ہوں آپ لوگ مجھ کو ذرا جانے کی اجازت دیجئے (چنانچہ دربار سے اجازت ہوئی اور وہ قید خانہ میں یوسف علیہ السلام کے پاس پہنچا اور جا کر کہا) اے یوسف اے صدق مجسم آپ ہم لوگوں کو اس (خواب) کا جواب (یعنی تعبیر) دیجئے کہ سات گائیں موٹی ہیں ان کو سات دبلی گائیں کھا گئیں اور سات بالیں ہری ہیں اور اس کے علاوہ (سات) خشک بھی ہیں (کہ ان خشک کے لپٹنے سے وہ ہری بھی خشک ہو گئیں آپ تعبیر بتلایئے) تا کہ میں (جنہوں نے مجھ کو بھیجا ہے) ان لوگوں کے پاس لوٹ کر جاؤں (اور بیان کروں) تا کہ (اس کی تعبیر اور اس سے آپ کا حال) ان کو بھی معلوم ہو جاوے (تعبیر کے موافق عمل درآمد کریں اور آپ کی خلاصی کی کوئی صورت نکلے) آپ نے فرمایا کہ (ان سات فربہ گایوں اور سات سبز بالیوں سے مراد پیداوار اور بارش کے سال ہیں پس) تم سات سال متواتر (خوب) غلہ بونا پھر جو فصل کاٹو اس کو بالیوں ہی میں رہنے دینا) تا کہ گھن نہ لگ جاوے) ہاں مگر تھوڑا سا جو تمہارے کھانے میں آوے (وہ بالوں میں سے نکالا ہی جاوے گا) پھر اس (سات برس) کے بعد سات برس ایسے سخت (اور قحط کے) آویں گے جو کہ اس (تمام تر) ذخیرہ کو کھا جاویں گے جس کو تم نے ان برسوں کے واسطے جمع کر کے رکھا ہو گا ہاں مگر تھوڑا سا جو (بیج کے واسطے) رکھ چھوڑو گے (وہ البتہ بچ جاوے گا اور ان خشک بالیوں اور خشک گایوں سے اشارہ ان سات سال کی طرف ہے) پھر اس (سات برس) کے بعد ایک برس ایسا آوے گا جس میں لوگوں کے لئے خوب بارش ہو گی اور اس میں (بوجہ اس کے کہ انگور کثرت سے پھلیں گے) شیرہ بھی نچوڑیں گے (اور شرابیں پیویں گے) **ف**: ظاہراً یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ اعیانِ سلطنت فن تعبیر سے ناواقف تھے اسی لئے بادشاہ کے کلام میں بھی شک پایا جاتا ہے : اِنْ كُنْتُمْ لِلرُّءْيَا تَعْبُرُوْنَ ۝ اور انہوں نے بھی نفی علم کی کی ہے : مَا نَحْنُ بِتَاْوِيْلِ الْاَحْلَامِ بِعٰلِمِيْنَ ۝ اور انکا یہ کہنا : اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ دلیل جاننے کی نہیں بلکہ مطلب یہ ہے کہ تفصیلاً تو ہم علم تعبیر جانتے نہیں مگر خوابوں کی جیسی شان ہوتی ہے اس سے اجمالاً اتنا کہہ سکتے ہیں کہ یہ خواب نہیں ہے محض خیال ہے تو اتنا علم اجمالی دلیل مہارت فن کی نہیں اور اس قول کا فائدہ وہی تھا جو متن میں مذکور ہے یعنی بے فکر کرنا بادشاہ کو اب یہ شبہ بھی نہیں ہو سکتا کہ جب یہ تعبیر نہ جانتے تھے تو صرف دوسرا جملہ کہہ دینا کافی تھا اور ساقی کا یہ کہنا کہ اَنَا اُنَبِّئُكُمْ الخ اس سے بھی ظاہراً یہی معلوم ہوتا ہے کہ وہ لوگ تعبیر کے عالم نہ تھے ورنہ علمائے تعبیر کے فیصلہ کے بعد ارکان سلطنت کے روبرو ایسی جرأت نہ ہوتی اس سے معلوم ہوا کہ وہ جانتے نہ تھے بلکہ خود بھی مشتاق و منتظر تھے اور ان اعیان سلطنت کا یہ جواب چونکہ تعبیر نہ تھا اس لئے اس خواب کی دوسری تعبیر جو یوسف علیہ السلام نے دی وہی واقع ہوئی ورنہ جیسا حدیث میں آیا ہے اول ہی تعبیر واقع ہوا کرتی ہے بشرطیکہ وہ خواب باعتبار اصول تعبیر کے اس تعبیر کو محتمل ہو اور اگر قاعدہ کے موافق محتمل نہ ہو تو واقع ہونا ضرور نہیں پس جہاں کہیں دو تعبیروں میں سے دوسری واقع ہو اور پہلی نہ ہو معلوم کر لو کہ تعبیر اول موافق قاعدہ کے نہ تھی اور قواعد اس کے چونکہ بہت دقیق ہیں لہٰذا احاطہ ان کا کسی قدر دشوار ہے اور یہ جو فرمایا : يَاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ عَامٌ یہ غالباً اس سے سمجھا کہ جب بقراء ت عجاف اور سنبلات یابسات سے مراد سبع شداد ہیں تو لامحالہ ان سبع کے بعد شدۃ نہ رہے گی پس بارش وغیرہ ہو گی واللہ اعلم اور خواب میں بقرات اور سنبلات دونوں کا نظر آنا شاید اس لئے ہو کہ قحط کا اثر حیوانات اور نباتات ہی پر ہوتا ہے۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلِ السُّلُوْك: قولہ تعالیٰ : قَالَ تَزْرَعُوْنَ الخ یوسف علیہ السلام نے فوراً ہی اس کو ارشاد فرمانا شروع کر دیا اور اس پر ملامت نہ کی کہ تو نے میری فرمائش اذْكُرْنِيْ عِنْدَ رَبِّكَ میں تفسیر کی اس سے غایت درجہ کا حلم و کرم معلوم ہوتا ہے اہل طریق کی بھی یہی شان ہونا چاہئے کہ ایسے شخص کے حقوق میں بھی کمی نہ کریں جو ان کے حق میں کمی کرے ۱۲۔

اَلْحَوَاشِیْ :(۱) اس پر بعض معاندین اہل یورپ نے ایک جاہلانہ اعتراض کیا ہے کہ مصر کی شادابی کا بارش سے کوئی واسطہ نہیں بلکہ تمام تر دریائے نیل کا فیض ہے اس کا جواب جو ایک فاضل فلسفی دوست نے دیا ہے ملخصاً نقل کیا جاتا ہے (اول) یغاث کا غیب سے ہونا ضروری نہیں مفردات القرآن میں غوث سے ہونا بھی صحیح لکھا ہے کمافی قولہ وَاِن یستغیثوا یغاثوا بماء کالمھل اور معنی ہوں گے کہ لوگوں کی فریادرسی ہو گی مصیبت سے نجات ملے گی گو اکثر سلف سے غیث ہی سے ہونا منقول ہے تو اعتراض قرآن پر نہ رہا دوسرے یغاث کے ساتھ الناس ہے اہل مصر نہیں قحط مصر سے باہر بھی پڑا تھا چنانچہ برادران یوسف اس سلسلہ میں فلسطین سے آئے تھے اور ان اطراف میں بارش ہو جانا بھی کافی ہے تیسرے یہ کہ خود اہل یورپ ہی نے اپنے جغرافیوں میں اس حصہ کو جس میں فراعنہ کی سلطنت تھی

www.besturdubooks.net

بارانی لکھا ہے گو بعضے حصے کم بارش والے اور بعضے بے بارش والے بھی ہیں اھ میں کہتا ہوں کہ چوتھے یہ کہ بارش نہ ہونے کا عادت مستمرہ ہونا اور احیاناً بارش ہو جانا ان میں کوئی تنافی نہیں پانچویں خود نیل کی طغیانی میں منبع بارش ہو جانے کا من وجہ دخیل ہونا مستبعد نہیں ۱۲ فقط اشرف علی نصف ج ۱/۱۳۵۳ھ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قوله فی یعلمون** تعبیر اور حال القرینة **علی الاول قص الرؤیا وعلی الثانی ذکره قول یوسف اذکرنی عند ربك فافهم ۱۲۔**

اللغات: الافتاء الابانه العبارة والتعبیر من العبور وهو المجاوزة وهی الانتقال من الصورة المشاهدة فی المنام الی ما هی صورة و مثال لها من الامور الآفاقیة والانفسیة الواقعة فی الخارج الاضغاث جمع ضغث وهو اقل من الخرمة واکثر من القبضة من اخلاط النبات الحلم عبارة عما یراه النائم مطلقا لکن غلبت الرؤیاء علی ما یراه من الخیر والشیء الحسن وغلب الحلم علی اخلافه والحلم عند العرب یستعمل استعمال الرؤیاء والتفریق من الاصطلاحات الشرعیة واضغاث الاحلام تخالیطها من قبیل لجین الماء او اضافة الصفة الی الموصوف ای الاحلام المختلطة وهی متحققة فی رؤیا واحدة بحسب انها متر کبة من اشیاء کل منها حلم فکانت احلاماً او یراد به الجنس من غیر نظر الی معنی الجمعیة الامة والطائفة من الزمان ۱۲۔الدأب بالحرکة والسکون حرکة لا سکون لها ای تعب ولما کان التعب فی الغالب من الفعل الدائم استعمل فی الاستمرار وموقعه موقع الحال او المفعول المطلق دائبین او تدابون دابا قوله یغاث من الغیث ۱۲۔

البلاغة: قوله انی اری لم یصرح بکونه فی المنام اکتفاء بقرائن المقام لان ذلك الشیء العجیب لا یری عادة فی الیقظة وایضًا لدلالة قوله رؤیای علیه قوله سبع عجاف اورد بالوصف دون الاضافة علی معنی سبع بقرات عجاف لما قاله الطیبی وهو ان المیز اذا وصف ثم رفع بالابهام والاجمال من العدد اذن بانهما مقصود ان فی الذکر بخلافه اذا میز ثم وصف بل الوصف ادعی لان المیز انما استجلب للوصف ومن ثم ترك التمییز فی القرائن الثلث والمقام یقتضی ذلك لان المقصود بیان الابتلاء بالشدة بعد الرخاء وبیان الکمیة بالعدد والکیفیة بالبقرات تابع فلیفهم ویعلم من ذلك وجه العدول الی ما فی النظم الکریم عن ان یقال انی اری سبع بقرات عجاف یاکلن سبعا سمانا الاخصر منه کذا فی الروح وانما فهم کون هذه السبع بقرات وکذا کون الیابسات سنبلات وکونهما سبعا بقرینة المقام قوله انا انبئکم لم یقل افیتکم للدلالة هی ان هذا النباء یکون بالتلقی من غیری لا من تلقاء نفسی قوله فارسلون لم یصرح باسم یوسفؑ حرصا علی ان یکون هو المرسل فانه لو ذکره فلربما ارسلوا غیره قوله افتنافی سبع ای فی رؤیا ذلك ولم یصرح لدلالة مضمون الحادثة علیه حیث ان مثله لا یقع فی عالم الشهادة عادة ولم یقل نبئنا نقلاً لقول الملك افتونی ولم یقل افتنی اشعار بان الرؤیا لیست له بل لغیره ممن له ملاء لسته بامور العامة وانه فی ذلك سفیر قوله لعلی ولعلهم مجاراة معه علیه السلام علی نهج الادب واحترازا عن المجازفة اذ لم یکن علی یقین من الرجوع ولا من علمهم بذلك فربما لم یعلموه اما لعدم فهمهم او لعدم اعتمادهم ۱۲۔ قوله فما حصدتم الجملة معترضة بین جزائ التعبیر ارشاد الی الاصلح واعلم ان التعبیر لیس فی قوله تزرعون بل فی ما ترتب علیه الزرع واصل الکلام هکذا قال سیاتی سبع خصاب تطرون فیها وان زرعتم ینبت کثیرا هذا هو التعبیر فالواجب علیکم تزرعوا فیها فالامر بالزرع ایضا ارشاد الی الاصلح ولیس جزأ للتعبیر فافهم قوله یاکلن فیه اسناد مجازی وکان الداعی الیه التطبیق بین المعبر والعبر به قوله فیه یعصرون والتعرض لذکره مع جواز الاکتفاء عنه بذکر الغیث المستلزم له عادة کما اکتفی به عن ذکر تصرفهم فی الجنوب اما لان استلزام الغیث له لیس کاستلزامه المحبوب اذا المذکورات یتوقف اصلاحها علی امور اخری غیر المطرد واما لمراعاة جانب المستفتی باعتبار حالته الخاصة به بشارة له وهی التی یدور علیها حسن موقع تغلیبه علی الناس فی قراءة حمزة والکسائی بالفوقانیة ۱۲۔

www.besturdubooks.net

وَ قَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِيْ بِهٖ ۚ فَلَمَّا جَآءَهُ الرَّسُوْلُ قَالَ ارْجِعْ اِلٰى رَبِّكَ فَسْـَٔلْهُ مَا بَالُ النِّسْوَةِ الّٰتِيْ قَطَّعْنَ
اَيْدِيَهُنَّ ؕ اِنَّ رَبِّيْ بِكَيْدِهِنَّ عَلِيْمٌ ۝۵۰ قَالَ مَا خَطْبُكُنَّ اِذْ رَاوَدْتُّنَّ يُوْسُفَ عَنْ نَّفْسِهٖ ؕ قُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا
عَلِمْنَا عَلَيْهِ مِنْ سُوْٓءٍ ؕ قَالَتِ امْرَاَتُ الْعَزِيْزِ الْـٰٔنَ حَصْحَصَ الْحَقُّ ۫ اَنَا رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ وَ
اِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝۵۱ ذٰلِكَ لِيَعْلَمَ اَنِّيْ لَمْ اَخُنْهُ بِالْغَيْبِ وَ اَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ كَيْدَ الْخَآئِنِيْنَ ۝۵۲
وَمَآ اُبَرِّئُ نَفْسِيْ ۚ اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌۢ بِالسُّوْٓءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّيْ ؕ اِنَّ رَبِّيْ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۵۳ وَ قَالَ
الْمَلِكُ ائْتُوْنِيْ بِهٖٓ اَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِيْ ۚ فَلَمَّا كَلَّمَهٗ قَالَ اِنَّكَ الْيَوْمَ لَدَيْنَا مَكِيْنٌ اَمِيْنٌ ۝۵۴ قَالَ
اجْعَلْنِيْ عَلٰى خَزَآئِنِ الْاَرْضِ ۚ اِنِّيْ حَفِيْظٌ عَلِيْمٌ ۝۵۵ وَ كَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِي الْاَرْضِ ۚ يَتَبَوَّاُ مِنْهَا
حَيْثُ يَشَآءُ ؕ نُصِيْبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَّشَآءُ وَ لَا نُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝۵۶ وَ لَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ
لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ كَانُوْا يَتَّقُوْنَ ۝۵۷ ع

اور بادشاہ نے حکم دیا کہ ان کو میرے پاس لاؤ (چنانچہ یہاں سے قاصد چلا) پھر جب ان کے پاس (وہ) قاصد پہنچا اور پیغام دیا تو آپ نے فرمایا کہ تو اپنی سرکار کے پاس لوٹ جاؤ پھر اس سے دریافت کر کہ کچھ تم کو خبر ہے ان عورتوں کا کیا حال ہے جنہوں نے اپنے ہاتھ کاٹ لئے تھے میرا رب ان عورتوں کے فرقہ کے فریب کو خوب جانتا ہے کہا کہ تمہارا کیا واقعہ ہے جب تم نے یوسف علیہ السلام سے اپنے مطلب کی خواہش کی عورتوں نے جواب دیا ماشاء اللہ ہم کو ان میں ذرا بھی تو برائی کی بات نہیں معلوم ہوئی عزیز کی بیوی (جو کہ حاضر تھی) کہنے لگی کہ اب تو حق بات (سب پر) ظاہر ہو ہی گئی میں نے ہی ان سے اپنے مطلب کی خواہش کی تھی اور بے شک وہی سچے ہیں یوسف علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ تمام اہتمام (جو میں نے کیا) محض اس وجہ سے تا کہ عزیز کو (زائد یقین کے ساتھ) معلوم ہو جائے کہ میں نے اس کی عدم موجودگی میں اس کی آبرو میں دست درازی نہیں کی اور یہ کہ اللہ تعالیٰ خیانت کرنے والوں کے فریب کو چلنے نہیں دیتا اور (باقی) میں اپنے نفس کو (بالذات) بری (اور پاک) نہیں بتلاتا (کیونکہ) نفس تو (ہر ایک کا) بری بات بتلاتا ہے بجز اس (نفس) کے جس پر میرا رب رحم کرے بلاشبہ میرا رب بڑی مغفرت والا بڑی رحمت والا ہے اور (سن کر) بادشاہ نے کہا کہ ان کو میرے پاس لاؤ میں ان کو خاص اپنے (کام کے) لئے رکھوں گا پس جب بادشاہ نے ان سے باتیں کیں تو بادشاہ نے (ان سے) کہا کہ تم ہمارے نزدیک آج (سے) بڑے معزز اور معتبر ہو یوسف علیہ السلام نے فرمایا کہ ملکی خزانوں پر مجھ کو مامور کر دو میں ان کی حفاظت (بھی) رکھوں گا (اور) خوب واقف ہوں اور ہم نے ایسے (عجیب) طور پر یوسف علیہ السلام کو ایک ملک میں با اختیار بنا دیا کہ اس میں جہاں چاہیں رہیں ہم جس پر چاہیں اپنی عنایت متوجہ کر دیں اور ہم نیکی کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتے اور آخرت کا اجر کہیں زیادہ بڑھ کر ہے ایمان اور تقویٰ والوں کے لئے۔ ۞

تفسیر: قصہ ملاقات و مکالمت یوسف علیہ السلام با ملک مصر ☆ وَ قَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِيْ بِهٖٓ (الی قولہ تعالیٰ) وَ لَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ كَانُوْا يَتَّقُوْنَ ۝ (غرض وہ شخص تعبیر لے کر دربار میں پہنچا) اور (جا کر بیان کیا) بادشاہ نے (جو سنا تو آپ کے علم و فضل کا معتقد ہوا اور) حکم دیا کہ ان کو میرے پاس لاؤ (چنانچہ یہاں سے قاصد چلا) پھر جب ان کے پاس (وہ) قاصد پہنچا (اور پیغام دیا تو) آپ نے فرمایا کہ (میں جب تک میرا اس تہمت سے بری ہونا اور بے قصور قید ہونا ثابت نہ ہو جاوے گا نہ آؤں گا) تو اپنی سرکار کے پاس لوٹ جا پھر اس سے دریافت کر کہ (کچھ تم کو خبر ہے) ان عورتوں کا کیا حال ہے جنہوں نے اپنے ہاتھ کاٹ لئے تھے (مطلب یہ تھا کہ ان کو بلا کر میرا حال متعلق اس واقعہ کے جس میں مجھ کو قید کی گئی تفتیش کیا جاوے اور عورتوں کے حال سے مراد ان کا واقف یا ناواقف ہونا ہے حال یوسف علیہ السلام سے اور ان عورتوں کی تخصیص شاید اس لئے کی ہو کہ ان کے سامنے زلیخا نے اقرار کیا تھا وَلَقَدْ رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ فَاسْتَعْصَمَ) میرا رب ان عورتوں کے فریب کو خوب جانتا ہے (یعنی اللہ کو تو معلوم ہی ہے کہ زلیخا کا مجھ پر تہمت لگانا کید تھا مگر عند الناس بھی اس کی تنقیح ہو جانا مناسب ہے چنانچہ بادشاہ نے ان عورتوں کو حاضر کیا اور) کہا کہ تمہارا کیا واقعہ ہے جب تم نے یوسف (علیہ السلام) سے اپنے مطلب کی خواہش کی (یعنی ایک نے خواہش کی اور بقیہ نے اس کی اعانت کی کہ اعانت فعل بھی مثل فعل کے ہے اس وقت تم کو کیا تحقیق ہوا شاید بادشاہ نے اس طور پر اس لئے

www.besturdubooks.net

پوچھا ہو کہ مجرم سن لے کہ بادشاہ کو وقوع مراودۃ کی اطلاع ہے تو تعیین کی بھی اطلاع ہوگی اور اس حالت میں انکار نہ چل سکے گا پس اس طرح اقرار کر لے) عورتوں نے جواب دیا کہ حاش للہ ہم کو ان میں ذرا بھی تو برائی کی بات نہیں معلوم ہوئی (وہ بالکل پاک وصاف ہیں شاید زلیخا کا وہ اقرار اس لئے ظاہر نہ کیا ہو کہ مقصود زیادہ نزاہت یوسف علیہ السلام کا اثبات سمجھی ہوں اور وہ حاصل ہو گیا یا زلیخا کے روبرو ہونے سے حیا یا احتمال عداوت معلوم ہوا ہو) عزیز کی بی بی (جو کہ حاضر تھی) کہنے لگی کہ اب تو حق بات (سب پر) ظاہر ہو ہی گئی (اب اخفاء بے کار ہے سچ یہی ہے کہ) میں نے ان سے اپنے مطلب کی خواہش کی تھی (نہ کہ انہوں نے جیسا میں نے اول کہہ دیا تھا مَا جَزَاءُ الخ) اور بے شک (اس بات میں کہ هِيَ رَاوَدتُّنِيْ الخ) وہی سچے ہیں اور (اور غالبًا ایسے امر کا اقرار کر لینا مجبوری ہی کی حالت میں زلیخا کو پیش آیا غرض تمام صورت مقدمہ اور اظہارات اور ثبوت نزاہت یوسف علیہ السلام کا ان کے پاس کہلا کر بھیجا اس وقت) یوسف علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ تمام اہتمام (جو میں نے کیا) محض اس وجہ سے تا کہ عزیز کو (زائد) یقین کے ساتھ معلوم ہو جائے کہ میں نے اس کی عدم موجودگی میں اس کی آبرو میں دست اندازی نہیں کی اور یہ (بھی معلوم ہو جاوے) کہ اللہ تعالیٰ خیانت کرنے والوں کے فریب کو چلنے نہیں دیتا (چنانچہ زلیخا نے عزیز کی حرمت میں خیانت کی تھی کہ دوسرے پر نگاہ کی خدا نے اس کی قلعی کھول دی پس میری غرض یہ تھی) اور (باقی) میں اپنے نفس کو (بالذات) بری (اور پاک) نہیں بتلاتا (کیونکہ) نفس تو (ہر ایک کا) بری ہی بات بتلاتا ہے بجز اس (نفس) کے جس پر میرا رب رحم کرے (اور اس میں امر بالسوء کا مادہ نہ رکھے جیسا انبیاء علیہم السلام کے نفوس ہوتے ہیں مطمئنہ جن میں یوسف علیہ السلام کا نفس بھی داخل ہے خلاصہ مطلب یہ ہوا کہ میری نزاہت وعصمت میرے نفس کا ذاتی کمال نہیں کہ تخلف محال ہو بلکہ رحمت وعنایت الٰہیہ کا اثر ہے اس لئے وہ امر بالسوء نہیں کرتا ورنہ جیسے اوروں کے نفوس ہیں ویسا ہی میرا ہوتا) بلاشبہ میرا رب بڑی مغفرت والا بڑی رحمت والا ہے (یعنی اوپر جو نفس کی دو قسمیں معلوم ہوئیں امارہ اور مطمئنہ سو امارہ اگر توبہ کر لے تو اس کی مغفرت فرمائی جاتی ہے اور مرتبہ توبہ میں وہ لوامہ کہلاتا ہے اور جو مطمئنہ ہے وہ کمال اس کا لازم ذات نہیں بلکہ عنایت ورحمت کا اثر ہے پس امارہ کے لوامہ ہونے پر عفو کا ظہور ہوتا ہے اور مطمئنہ میں رحیم کا یہ تمام تر مضمون ہوا یوسف علیہ السلام کی تقریر کا باقی یہ امر کہ یہ صورت اثبات نزاہت کی بعد رہائی کے بھی تو ممکن تھی پھر رہائی پر اس کو مقدم کیوں رکھا اس کی وجہ یہ ہو سکتی ہے کہ جتنا یقین اس ترتیب میں ہو سکتا ہے اس کے خلاف میں نہیں ہو سکتا کیونکہ دلائل کی دلالت تو مشترک ہے لیکن اس صورت مجوزہ میں یہ امر زائد ہے کہ بادشاہ اور عزیز سمجھ سکتے ہیں کہ جب بدون تبریہ کے یہ رہا ہونا نہیں چاہتے حالانکہ ایسی حالت میں رہائی اغر مطلوب واکرم مرغوب ہوتی ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ ان کو اپنی نزاہت وبراءت کا کامل یقین ہے اس لئے اس کے ثابت ہو جانے کا ان کو پورا اطمینان ہے بقول مشہور آنرا کہ حساب پاک است از محاسبہ چہ باک۔ اور ظاہر ہے کہ ایسا کامل یقین بری ہی کو ہو سکتا ہے نہ کہ ملوث کو یہ ساری باتیں بادشاہ نے سنیں) اور (یہ سن کر اس بادشاہ نے کہا کہ ان کو میرے پاس لاؤ میں ان کو خاص اپنے (کام کے) لئے رکھوں گا (اور عزیز سے ان کو لے لوں گا کہ اس کے ماتحت نہ رہیں گے چنانچہ لوگ ان کو بادشاہ کے پاس لائے) پس جب بادشاہ نے ان سے باتیں کیں (اور باتوں سے اور زیادہ فضل وکمال آپ کا ظاہر ہوا) تو بادشاہ نے (ان سے) کہا کہ تم ہمارے نزدیک آج (سے) بڑے معزز اور معتبر ہو (بعد اس کے اس خواب کی تعبیر کا ذکر آیا اور بادشاہ نے کہا کہ اتنے بڑے قحط کا اہتمام بڑا بھاری کام ہے یہ انتظام کس کے سپرد کیا جاوے) یوسف (علیہ السلام) نے فرمایا کہ ملکی خزانوں پر مجھ کو مامور کر دو میں (ان کی) حفاظت (بھی) رکھوں گا اور (آمد وخرچ کے انتظام اور اس کے حساب کتاب کے طریقہ سے بھی) خوب واقف ہوں (چنانچہ بجائے اس کے کہ ان کو کوئی خاص منصب دیتا مثل اپنے پورے اختیارات ہر قسم کے دے دیئے گویا حقیقت میں بادشاہ یہی ہو گئے گو برائے نام وہ بادشاہ رہا اور یہ عزیز کے عہدہ سے مشہور ہوئے چنانچہ ارشاد ہے) اور ہم نے ایسے (عجیب) طور پر یوسف (علیہ السلام) کو ملک (مصر) میں بااختیار بنا دیا کہ اس میں جہاں چاہیں رہیں کہیں (جیسا کہ بادشاہوں کو آزادی عنایت ہوتی ہے یعنی یا تو وہ وقت تھا کہ کنوئیں میں محبوس تھے پھر عزیز کی ماتحتی میں مقید رہے پھر قید خانہ میں بند رہے اور یا آج یہ خود مختاری اور آزادی عنایت ہوئی بات یہ ہے کہ) ہم جس پر چاہیں اپنی عنایت متوجہ کر دیں اور ہم نیکی کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتے (یعنی دنیا میں بھی نیکی کا اجر ملتا ہے کہ حیوٰۃ طیبہ عطا فرماتے ہیں خواہ ضمن میں یسار کے جیسا یوسف علیہ السلام کے لئے تھا خواہ ضمن میں عسار کے کہ قناعت ورضا جس سے عیش لذیذ میسر ہوتا ہے عطا فرماتے ہیں یہ تو اجر دنیا میں ہوا) اور آخرت کا اجر کہیں زیادہ بڑھ کر ہے ایمان اور تقویٰ والوں کے لئے۔ **ف**: یوسف علیہ السلام کے اس اہتمام براءت سے معلوم ہوا کہ رفع تہمت میں سعی کرنا امر مطلوب ہے حدیثوں میں اس کا مطلوب ہونا وارد ہے منجملہ اس کے فوائد کے یہ بھی ہے کہ لوگ غیبت سے بچیں گے اپنا قلب بھی تشویش سے محفوظ رہے گا گو عزیز کو براءت سے پہلے سے معلوم تھی مگر استحکام یقین عزیز اور رفع بدنامی عند العوام مصلحت جدیدہ تھی۔ اور یوسف علیہ السلام کے اس قول سے اجْعَلْنِيْ الخ معلوم ہوا کہ جب کسی کام کی لیاقت اپنے اندر منحصر دیکھے خود اس کی درخواست جائز ہے مگر مقصود نفع رسانی ہو نہ کہ نفس پروری اور اجر موعود فی الدنیا کی تفسیر جو حَيٰوةً طَيِّبَةً سے کی گئی یہ دوسری آیت میں منصوص ہے: مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً [النحل: ۹۷] پس بعضوں کو دنیوی ثروت نہ ملنے سے کوئی اشکال لازم نہیں آتا اور در منثور میں

www.besturdubooks.net

منقول ہے کہ عزیز اسی زمانہ میں مرگیا اور زلیخا سے یوسف علیہ السلام کا نکاح ہوگیا۔ واللہ اعلم

ترجمۂ مسائل السلوک : قولہ تعالیٰ : فَلَمَّا جَآءَهُ الرَّسُوْلُ قَالَ ارْجِعْ اِلٰى رَبِّكَ فَسْئَلْهُ مَا بَالُ النِّسْوَةِ الّٰتِيْ قَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ۔ یہ اس لئے فرمایا کہ تہمت کا ازالہ ہو جاوے اور مقتدا کو یہی مناسب ہے تا کہ اس کی دعوت الی الحق پر تقع مرتب ہو اور حدیث لاجبت الداعی میں حضور کی تواضع ہے اور بیان ہے یوسف علیہ السلام کے کمال حلم واستقلال کا جیسا بہت سی حدیثوں میں دوسرے حضرات انبیائے علیہم السلام کا ذکر فرمایا ہے قولہ تعالیٰ :ذٰلِكَ لِيَعْلَمَ اَنِّيْ لَمْ اَخُنْهُ (الی قولہ تعالیٰ) وَمَآ اُبَرِّئُ نَفْسِيْ۔ مقصود یہ ہے کہ اس تحقیق میں حکمت واقع کا اظہار ہے نہ کہ علی الاطلاق یعنی ہر نقص سے یا علی الاستقلال یعنی بدون توفیق حق کے نزاہت کا دعویٰ اور اس میں دلالت ہے کہ اگر اپنے کمالات کبھی بیان کرنا پڑیں تو اس بیان کی حکمت بھی ظاہر کر دینا بہتر ہے تا کہ ایہام سے محفوظ رہے ۱۲ قولہ تعالیٰ: قَالَ اجْعَلْنِيْ عَلٰى خَزَآئِنِ الْاَرْضِ۔ اس میں دلالت ہے کہ منصب وحکومت کی درخواست جب کہ اس میں مخلوق کا نفع ہو اور خود اپنا یہ ضرر نہ ہو کہ غیر اللہ میں مشغول ہو جاوے قادح فی الکمال نہیں۔

ملحقات الترجمۃ : ۱ قوله فی لیعلم زائد لان نفس الیقین کان اصلاً بالایات کشهادة شاهد وغیرها ۱۲ ۲ قوله فی الا ما رحم بجز اس نفس کے کما روی عن ابن عباس فی الخازن ان معناه من عصم ربی فهو کقوله تعالیٰ ما طاب لکم من النساء ۱۲ ۳ قوله فی توضیحه جن میں یوسف علیہ السلام کا نفس بھی صرح به فی المدارك ۱۲ ۴ قوله قبل مکنا عزیز لقوله تعالیٰ فیما بعد ایها العزیز ۱۲۔

البلاغۃ :قوله فاسئله فی الروح وانما لم یقل فاسئاله ان یفتش عن ذلك حثا للملك علی الجد فی التفتیش لتبین براء ته وتتضح نزاهته فان السؤال عن شئی مما یهیج الانسان ویحرکه للبحث لانه بانف من الجهل ولو قال سله ان یفتش لکان تهیجاله عن الفحص عن ذلك وفیه جراة علیه فربما امتنع منه ولم یلتفت الیه ۱۲۵۱۔ قوله ما خطبکن وقوله ذلك لیعلم وقوله فلما کلمه قیل هذه الجمل کلها جمل مقدرة ففیها ایجاد ۱۲۔

وَجَآءَ اِخْوَةُ يُوْسُفَ فَدَخَلُوْا عَلَيْهِ فَعَرَفَهُمْ وَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿۵۸﴾ وَلَمَّا جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ قَالَ
ائْتُوْنِيْ بِاَخٍ لَّكُمْ مِّنْ اَبِيْكُمْ ۚ اَلَا تَرَوْنَ اَنِّيْٓ اُوْفِي الْكَيْلَ وَاَنَا خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ﴿۵۹﴾ فَاِنْ لَّمْ تَاْتُوْنِيْ
بِهٖ فَلَا كَيْلَ لَكُمْ عِنْدِيْ وَلَا تَقْرَبُوْنِ ﴿۶۰﴾ قَالُوْا سَنُرَاوِدُ عَنْهُ اَبَاهُ وَاِنَّا لَفٰعِلُوْنَ ﴿۶۱﴾ وَقَالَ لِفِتْيٰنِهِ
اجْعَلُوْا بِضَاعَتَهُمْ فِيْ رِحَالِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَعْرِفُوْنَهَآ اِذَا انْقَلَبُوْٓا اِلٰٓى اَهْلِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۶۲﴾ فَلَمَّا
رَجَعُوْٓا اِلٰٓى اَبِيْهِمْ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مُنِعَ مِنَّا الْكَيْلُ فَاَرْسِلْ مَعَنَآ اَخَانَا نَكْتَلْ وَاِنَّا لَهٗ
لَحٰفِظُوْنَ ﴿۶۳﴾ قَالَ هَلْ اٰمَنُكُمْ عَلَيْهِ اِلَّا كَمَآ اَمِنْتُكُمْ عَلٰٓى اَخِيْهِ مِنْ قَبْلُ ۭ فَاللّٰهُ خَيْرٌ
حٰفِظًا ۠ وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۶۴﴾ وَلَمَّا فَتَحُوْا مَتَاعَهُمْ وَجَدُوْا بِضَاعَتَهُمْ رُدَّتْ اِلَيْهِمْ ۭ قَالُوْا
يٰٓاَبَانَا مَا نَبْغِيْ ۭ هٰذِهٖ بِضَاعَتُنَا رُدَّتْ اِلَيْنَا ۚ وَنَمِيْرُ اَهْلَنَا وَنَحْفَظُ اَخَانَا وَنَزْدَادُ كَيْلَ بَعِيْرٍ ۭ ذٰلِكَ
كَيْلٌ يَّسِيْرٌ ﴿۶۵﴾ قَالَ لَنْ اُرْسِلَهٗ مَعَكُمْ حَتّٰى تُؤْتُوْنِ مَوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ لَتَاْتُنَّنِيْ بِهٖٓ اِلَّآ اَنْ يُّحَاطَ
بِكُمْ ۚ فَلَمَّآ اٰتَوْهُ مَوْثِقَهُمْ قَالَ اللّٰهُ عَلٰي مَا نَقُوْلُ وَكِيْلٌ ﴿۶۶﴾ وَقَالَ يٰبَنِيَّ لَا تَدْخُلُوْا مِنْۢ
بَابٍ وَّاحِدٍ وَّادْخُلُوْا مِنْ اَبْوَابٍ مُّتَفَرِّقَةٍ ۭ وَمَآ اُغْنِيْ عَنْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ۭ اِنِ
الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ۭ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ۚ وَعَلَيْهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿۶۷﴾ وَلَمَّا دَخَلُوْا مِنْ حَيْثُ اَمَرَهُمْ

www.besturdubooks.net

اَبُوْهُمْ ؕ مَا كَانَ يُغْنِيْ عَنْهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ اِلَّا حَاجَةً فِيْ نَفْسِ يَعْقُوْبَ قَضٰهَا ؕ وَ اِنَّهٗ لَذُوْ

عِلْمٍ لِّمَا عَلَّمْنٰهُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۶۸﴾ ع ۸ ۱۱ ۲

اور (کنعان میں بھی قحط ہوا تو) یوسف علیہ السلام کے بھائی آئے پھر یوسف علیہ السلام کے پاس پہنچے سو یوسف علیہ السلام نے ان کو پہچان لیا اور انہوں نے یوسف علیہ السلام کو نہیں پہچانا اور جب یوسف علیہ السلام نے ان کا سامان (غلہ کا) تیار کرایا تو (چلتے وقت) فرمادیا کہ اپنے غلام بھائی کو بھی (ساتھ) لانا (تاکہ اس کا حصہ بھی دیا جا سکے) تم دیکھتے نہیں ہو کہ میں پورا ناپ کر دیتا ہوں اور سب سے زیادہ مہمان نوازی کرتا ہوں اور اگر تم (دوبارہ آئے اور) اس کو میرے پاس نہ لائے تو نہ میرے پاس تمہارے نام کا غلہ ہوگا اور نہ تم میرے پاس آنا وہ بولے (دیکھئے) ہم اپنے امکان تک تو اس کے باپ سے اس کو مانگیں گے اور ہم اس کام کو ضرور کریں گے اور یوسف علیہ السلام نے اپنے نوکروں سے کہہ دیا کہ ان کی جمع پونجی ان ہی کے اسباب میں (چھپا کر) رکھ دو تاکہ جب وہ گھر جاویں تو اس کو پہچانیں شاید (یہ احسان وکرم دیکھ کر) پھر دوبارہ آئیں۔ غرض جب لوٹ کر اپنے باپ (یعقوب علیہ السلام) کے پاس پہنچے کہنے لگے اے ابا ہمارے لئے (مطلقاً) غلہ کی بندش کر دی گئی سو آپ ہمارے بھائی بنیامین کو ہمارے ساتھ بھیجئے تاکہ ہم (پھر) غلہ لاسکیں اور ہم ان کی پوری حفاظت رکھیں گے یعقوب علیہ السلام نے فرمایا کہ نہیں رہنے دو میں اس کے بارہ میں بھی تمہارا ویسا ہی اعتبار کرتا ہوں جیسا کہ اس سے پہلے اس کے بھائی (یوسف علیہ السلام) کے بارہ میں تمہارا اعتبار کر چکا ہوں سو اللہ (کے سپرد ہی) سب سے بڑھ کر نگہبان ہے اور وہ سب مہربانوں سے زیادہ مہربان ہے اور (اس گفتگو کے بعد) جب انہوں نے اپنا اسباب کھولا تو (اس میں) ان کو ان کی جمع پونجی بھی ملی جو ان ہی کو واپس کر دی گئی تھی کہنے لگے اے ابا (لیجئے) اور ہم کو کیا چاہئے کہ یہ ہماری جمع پونجی بھی تو ہم ہی کو لوٹا دی گئی اور اپنے گھر والوں کے لئے (اور) رسد لاویں گے اور اپنے بھائی کی خوب حفاظت رکھیں گے اور ایک اونٹ کا بوجھ غلہ اور زیادہ لاویں گے یہ تو تھوڑا سا غلہ ہے یعقوب علیہ السلام نے فرمایا کہ اس وقت تک ہرگز اس کو تمہارے ہمراہ نہ بھیجوں گا جب تک کہ اللہ کی قسم کھا کر مجھ کو پکا قول نہ دو کہ تم اس کو ضرور ہی لے آؤ گے ہاں اگر کہیں گھر جاؤ تو مجبوری ہے (چنانچہ سب نے اس پر قسم کھائی) سو جب وہ قسم کھا کر اپنے باپ کو قول دے چکے تو انہوں نے فرمایا کہ ہم لوگ جو کچھ بات چیت کر رہے ہیں یہ سب اللہ ہی کے حوالے ہے اور (چلتے وقت) یعقوب علیہ السلام نے فرمایا کہ اے میرے بیٹو سب کے سب ایک ہی دروازے سے مت جانا بلکہ علیحدہ علیحدہ دروازوں سے جانا اور خدا کے حکم کو تم پر سے نہیں ٹال سکتا حکم تو بس اللہ ہی کا (چلتا) ہے (باوجود اس تدبیر ظاہری کے دل سے) اسی پر بھروسہ رکھتا ہوں اور اسی پر اور بھروسہ کرنے والوں کو بھروسہ رکھنا چاہئے اور جب (مصر پہنچ کر) جس طرح ان کے باپ نے کہا تھا (اسی طرح شہر میں) داخل ہوئے تو باپ کا ارمان پورا ہو گیا (باقی) ان کے باپ کو ان سے (یہ تدبیر بتلا کر) خدا کا حکم ٹالنا مقصود نہ تھا لیکن یعقوب علیہ السلام کے جی میں (درجہ تدبیر میں) ایک ارمان (آیا) تھا جس کو انہوں نے ظاہر کر دیا اور وہ بلاشبہ بڑے عالم تھے بایں وجہ کہ ہم نے ان کو علم دیا تھا لیکن اکثر لوگ اس کا علم نہیں رکھتے۔ ۞

تفسیر: ظہورِ قحط و بار اول آمدن برادران یوسف علیہ السلام و بازگشتن ☆ وَجَآءَ اِخْوَةُ يُوْسُفَ (الی قولہ تعالیٰ) وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۞ (غرض یوسف علیہ السلام نے بااختیار ہو کر غلہ کاشت کرانا اور جمع کرانا شروع کیا اور سات برس کے بعد قحط شروع ہوا یہاں تک کہ دور دور سے یہ خبر سن کر کہ مصر میں سلطنت کی طرف سے غلہ فروخت ہوتا ہے جوق جوق لوگ آنا شروع ہوئے) اور (کنعان میں بھی قحط ہوا) یوسف (علیہ السلام) کے بھائی (بھی بجز بنیامین کے غلہ لینے مصر میں) آئے پھر یوسف (علیہ السلام) کے پاس پہنچے سو یوسف (علیہ السلام) نے (تو) ان کو پہچان لیا اور انہوں نے یوسف (علیہ السلام) کو نہیں پہچانا کیونکہ ان میں تغیر کم ہوا تھا نیز یوسف علیہ السلام کو ان کے آنے کا خیال اور قوی احتمال بھی تھا پھر نو وارد سے پوچھ بھی لیتے ہیں اور شناسا لوگوں کو تھوڑے پتہ سے اکثر پہچان بھی لیتے ہیں بخلاف یوسف علیہ السلام کے کہ ان میں چونکہ مفارقت کے وقت بہت کم عمر تھے تغیر بھی زیادہ ہو گیا تھا اور ان کو یوسف علیہ السلام کے ہونے کا احتمال بھی نہ تھا پھر حکام سے کوئی پوچھ بھی نہیں سکتا کہ آپ کون ہیں یوسف علیہ السلام کا معمول تھا کہ ہر شخص کے ہاتھ غلہ صرف بقدر حاجت فروخت کرتے تھے چنانچہ ان کو بھی جب فی آدمی ایک ایک اونٹ غلہ داموں کی عوض ملنے لگا تو انہوں نے کہا کہ ہمارا ایک علاتی بھائی اور ہے اس کو باپ نے اس وجہ سے کہ ان کا ایک بیٹا گم ہو گیا تھا اپنی تسلی کے لئے رکھ لیا ہے اس کے حصہ کا بھی ایک اونٹ غلہ زیادہ مول دے دیا جاوے یوسف علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ قانون کے خلاف ہے اگر اس کا حصہ لینا ہے وہ خود آ کر لے جاوے غرض ان کے حصہ کا غلہ ان کو دلوا دیا) اور جب یوسف (علیہ السلام) نے ان کا سامان (غلہ کا) تیار کر دیا تو (چلتے وقت) فرمادیا کہ (اگر یہ غلہ خرچ کر کے اب کے آنے کا ارادہ ہو تو) اپنے علاتی بھائی کو بھی (ساتھ) لانا (تاکہ اس کا حصہ بھی دیا جا سکے) تم دیکھتے نہیں ہو کہ میں پورا ناپ کر دیتا ہوں اور میں سب سے زیادہ مہمان نوازی کرتا ہوں (پس اگر تمہارا وہ بھائی آوے گا اس کو بھی پورا حصہ دوں گا اور اس کی خوب خاطر داشت کروں گا جیسا تم نے اپنے ساتھ دیکھا غرض آنے میں تو نفع ہی نفع ہے) اور اگر تم (دوبارہ آئے اور) اس کو میرے پاس نہ لائے تو (میں سمجھوں گا کہ تم مجھ کو دھوکہ دے کر غلہ زیادہ لینا چاہتے تھے تو اس کی سزا میں) نہ میرے پاس تمہارے نام کا غلہ ہوگا اور نہ تم میرے پاس آنا (پس

www.besturdubooks.net

اس کے نہ لانے میں یہ نقصان ہوگا کہ تمہارے حصہ کا غلہ بھی سوخت ہو جاوے گا) وہ بولے (دیکھئے) ہم (اپنی حدامکان تک تو) اس کے باپ سے اس کو مانگیں گے اور ہم اس کام کو (یعنی کوشش اور درخواست) ضرور کریں گے (آگے باپ کے اختیار میں ہے) اور (جب وہاں سے بالکل چلنے لگے تو) یوسف (علیہ السلام) نے اپنے نوکروں سے کہہ دیا کہ ان کی جمع پونجی (جس کے عوض انہوں نے غلہ مول لیا ہے) ان (ہی) کے اسباب میں (چھپا کر) رکھ دو تاکہ جب اپنے گھر جاویں تو اس کو (جب وہ اسباب میں سے نکلے) پہچانیں شاید (یہ احسان وکرم دیکھ کر) پھر دوبارہ آویں (چونکہ یوسف علیہ السلام کو ان کا دوبارہ آنا اور ان کے بھائی کا لانا منظور تھا اس لئے کئی طرح سے اس کی تدبیر کی اول وعدہ کیا کہ (اگر اس کو لاؤ گے تو اس کا بھی حصہ ملے گا دوسرے وعید سنادی کہ اگر نہ لاؤ گے تو اپنا حصہ بھی نہ پاؤ گے تیسرے دام جو کہ نقد کے علاوہ کوئی اور چیز تھی واپس کر دیئے دو خیال سے ایک یہ کہ اس سے احسان وکرم پر استدلال کر کے پھر آویں گے دوسرے اس لئے کہ شاید ان کے پاس اور دام نہ ہوں اور اس لئے پھر نہ آسکیں اور جب یہ دام ہوں گے ان ہی کو لے کر پھر آسکتے ہیں) غرض جب لوٹ کر اپنے باپ (یعقوب علیہ السلام) کے پاس پہنچے کہنے لگے اے ابا (ہماری بڑی خاطر ہوئی اور غلہ بھی ملا مگر بنیامین کا حصہ نہیں ملا بلکہ بدون بنیامین کے ساتھ لے جائے ہوئے آئندہ بھی) ہمارے لئے (مطلقاً) غلہ کی بندش کر دی گئی سو (اس صورت میں ضروری ہے کہ) آپ ہمارے بھائی (بنیامین) کو ہمارے ساتھ بھیج دیجئے تاکہ (دوبارہ غلہ لانے سے جو امر مانع ہے وہ مرتفع ہو جاوے اور) ہم (پھر) غلہ لاسکیں اور (اگر ان کے بھیجنے سے آپ کو کوئی اندیشہ مانع ہے تو اس کے متعلق یہ عرض ہے کہ) ہم ان کی پوری حفاظت رکھیں گے یعقوب (علیہ السلام) نے فرمایا کہ بس (رہنے دو) میں اس کے بارہ میں بھی تمہارا ویسا ہی اعتبار کرتا ہوں جیسا اس سے پہلے اس کے بھائی (یوسفؑ) کے بارہ میں تمہارا اعتبار کر چکا ہوں (یعنی دل تو میرا گواہی دیتا نہیں مگر تم کہتے ہو کہ بدون اس کے گئے ہوئے آئندہ غلہ نہ ملے گا اور وہ عادتاً موقوف علیہ ہے قوام بدن وحیات جسمانی کا جس کی تحصیل فرض ہے) سو (خیر اگر لے ہی جاؤ گے تو) اللہ (کی سپرد ہی) سب سے بڑھ کر نگہبان ہے (میری نگہبانی سے کیا ہوتا ہے) اور وہ سب مہربانوں سے زیادہ مہربان ہے (میری محبت اور شفقت سے کیا ہوتا ہے) اور (اس گفتگو کے بعد) جب انہوں نے اپنا اسباب کھولا (تو اس میں) ان کی جمع پونجی (بھی) ملی کہ ان ہی کو واپس کر دی گئی کہنے لگے کہ اے ابا (لیجئے) اور ہم کو کیا چاہئے یہ ہماری جمع پونجی بھی تو ہم ہی کو لوٹا دی گئی (ایسا کریم بادشاہ ہے اور اس سے زیادہ کس عنایت کا انتظار کریں یہ عنایت بس ہے اس کا مقتضا بھی یہی ہے کہ ایسے کریم بادشاہ کے پاس پھر جاویں اور وہ موقوف ہے بھائی کے ساتھ لے جانے پر اس لئے اجازت ہی دے دیجئے ان کو ساتھ لے جاویں گے) اور اپنے گھر والوں کے واسطے (اور) رسد لاویں گے اور اپنے بھائی کی خوب حفاظت رکھیں گے اور ایک اونٹ کا بوجھ غلہ اور زیادہ لاویں گے (کیونکہ جس قدر اس وقت لائے ہیں) یہ تو تھوڑا سا غلہ ہے (جلدی ختم ہو جاوے گا پھر اور ضرورت ہوگی اور اس کا ملنا موقوف ہے ان کے لے جانے پر) یعقوب (علیہ السلام) نے فرمایا کہ (خیر اس حالت میں بھیجنے سے انکار نہیں لیکن) اس وقت تک ہرگز اس کو تمہارے ہمراہ نہ بھیجوں گا جب تک کہ اللہ کی قسم کھا کر مجھ کو پکا قول نہ دو گے کہ تم اس کو ضرور لے ہی آؤ گے ہاں اگر کہیں گھر ہی جاؤ تو مجبوری ہے (چنانچہ سب نے اس پر قسم کھائی) سو جب وہ قسم کھا کر اپنے باپ کو قول دے چکے تو انہوں نے فرمایا کہ ہم لوگ جو کچھ بات چیت کر رہے ہیں یہ سب اللہ کے حوالے (یعنی وہی ہمارے قول وقرار کا گواہ ہے کہ سن رہا ہے اور وہی اس قول کو پورا کر سکتا ہے پس اس کہنے سے دو غرض ہوئیں اول ان کو اپنے قول کے خیال رکھنے کی ترغیب اور تنبیہ کہ اللہ کو حاضر ناظر سمجھنے سے یہ بات ہوتی ہے اور دوسرے اس تدبیر کا منتہی تقدیر کو قرار دینا کہ توکل کا حاصل ہے اور اس کے بعد بنیامین کو ہمراہ جانے کی اجازت دے دی غرض دوبارہ مصر کے سفر کو مع بنیامین سب تیار ہوئے) اور (چلتے وقت) یعقوب (علیہ السلام) نے (ان سے) فرمایا کہ اے میرے بیٹو (جب مصر میں پہنچو تو) سب کے سب ایک ہی دروازہ سے مت جانا بلکہ علیحدہ علیحدہ دروازوں سے جانا اور (یہ محض ایک تدبیر ظاہری ہے بعض مکروہات مثل نظر بد وغیرہ سے بچنے کی باقی) خدا کے حکم کو تم پر سے نہیں ٹال سکتا حکم تو بس اللہ ہی کا (چلتا) ہے (باوجود اس تدبیر ظاہری کے دل سے) اسی پر بھروسہ رکھتا ہوں اور اسی پر اور بھروسہ کرنے والوں کو بھروسہ رکھنا چاہئے (یعنی تم بھی اسی پر بھروسہ رکھنا تدبیر پر نظر مت کرنا غرض سب رخصت ہو کر چلے) اور جب (مصر پہنچ کر) جس طرح ان کے باپ نے کہا تھا (اسی طرح شہر کے) اندر داخل ہوئے تو باپ کا ارمان پورا ہو گیا (باقی) ان کے باپ کو ان سے (یہ تدبیر بتلا کر) خدا کا حکم ٹالنا مقصود نہ تھا (تاکہ ان پر کسی قسم کا اعتراض یا اس تدبیر کے نافع نہ ہونے سے ان پر شبہ لازم آوے چنانچہ خود انہوں نے ہی فرما دیا تھا: مَآ اُغْنِیْ عَنْکُمْ الخ) لیکن یعقوب (علیہ السلام) کے جی میں (درجۂ تدبیر میں) ایک ارمان (آیا) تھا جس کو انہوں نے ظاہر کر دیا اور وہ بلاشبہ بڑے عالم تھے بایں وجہ کہ ہم نے ان کو علم دیا تھا (وہ علم کے خلاف تدبیر واعتقاد امؤثر حقیقی کب سمجھ سکتے تھے صرف ان کے اس قول کی وجہ وہی عملاً ایک تدبیر کا ارتکاب تھا جو کہ مشروع ومحمود ہے) لیکن اکثر لوگ اس کا علم نہیں رکھتے (بلکہ جہل سے تدبیر کو مؤثر حقیقی اعتقاد کر لیتے ہیں) **ف**: بعض کتب میں لکھا ہے کہ اول بار میں یوسف علیہ السلام نے بنیامین کا حصہ دے دیا تھا مگر آگے کے لئے روک دیا تھا کہ بدون بنیامین کے غلہ لینے مت آنا ورنہ بالکل نہ ملے گا' واللہ اعلم۔ ایک سوال اس مقام پر یہ پیدا ہوتا ہے کہ یوسف علیہ السلام نے جس طرح اپنے بھائی کے بلانے کی تدبیر کی یعقوب علیہ السلام کے بلانے کا اہتمام کیوں نہ فرمایا خواہ اپنے

www.besturdubooks.net

حال کی صاف اطلاع کر کے خواہ کسی تدبیر سے اس کا جواب یہ ہے کہ آپ کو وحی سے معلوم ہو گیا ہوگا کہ ابھی ملاقات مقدر نہیں ہے یا کوئی اور مصلحت خفی ہو ایک سوال یہ ہے کہ یعقوب علیہ السلام بھی مشاہیر میں سے تھے اور یوسف علیہ السلام بھی پھر خبر کیسے مخفی رہی روح المعانی میں ختم قصہ پر یہ جواب دیا ہے کہ یہ امر غلبۂ قدر سے منجملہ خوارق عادات ہے کہ ایک سوال یہ ہے کہ یعقوب علیہ السلام جب ان بیٹوں کا تجربہ کر چکے تھے اور حضرت بنیامین کو خطرہ میں ڈالنا کب جائز تھا اس کا جواب توضیح ترجمہ هَلْ اٰمَنُكُمْ الخ سے ظاہر ہے کہ نہ بھیجنے میں ضرر متیقن تھا اور بھیجنے میں ضرر متوہم تھا جس کا تدارک بھی قسم وغیرہ سے ہو گیا تھا پس بھیجنا جائز بلکہ ضروری ہوا ایک سوال یہ ہے کہ پہلی بار جو یہ غلہ لینے گئے تھے اس وقت یہ وصیت کیوں نہیں فرمائی گئی لَا تَدْخُلُوْا مِنْۢ بَابٍ وَّاحِدٍ الخ اس کے دو جواب دیئے گئے ہیں ایک یہ اس وقت مصر والے ان کو پہچانتے نہ تھے کسی نے التفات بھی نہ کیا تھا اور ایک بار جانے سے جو یوسف علیہ السلام نے ان کے ساتھ عنایت کا خاص برتاؤ کیا تو ان پر نظریں پڑنے لگیں اور تھے سب وجیہ وشکیل اس لئے نظر بد کا حسد کا بہت سے چیزوں کا ان پر احتمال ہوا۔ دوسرے یہ کہ زیادہ مقصود بنیامین کی حفاظت تھی اور پہلی بار وہ ساتھ نہ تھے ایک سوال یہ ہے کہ ظاہر قرآن کے الفاظ مَا كَانَ يُغْنِيْ الخ سے معلوم ہوتا ہے کہ یعقوب علیہ السلام کی تدبیر نافع نہیں ہوئی حالانکہ بالیقین حسد ونظر بد وغیرہ جن کو اجتماع وتفرق فی الدخول سے تعلق ہے یہ امور واقع نہیں ہوئے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ تدبیر نافع ہوئی اور یہ صورت تعارض کی ہے جواب یہ ہے کہ نافع نہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اصل مقصود یعقوب علیہ السلام کا یہ تھا کہ ان پر کوئی حادثہ واقعہ نہ ہو کچھ تخصیص حسد وغیرہ کی نہ تھی لیکن ان کے ذہن میں وہ امور آئے جو واقع ہونے والے نہ تھے اور ان ہی کی تدبیر بتلا دی اور جو امور مقدر تھے وہ ذہن میں بھی نہ آئے اور واقع ہوئے پس تدبیر کا نافع نہ ہونا باعتبار اصل مقصود کے صحیح ہوا اور آیت قَالَ يٰبَنِيَّ لَا تَدْخُلُوْا الخ کا مقصود مدلول بعبارۃ النص احقر کے ذوق میں غالباً خود اس قول کا نقل کرنا یا ایسی تدبیرات کی ترغیب دینا نہیں ہے بلکہ اس حکایت مشہورہ پر ظاہراً جو شبہ ہوتا تھا کہ یہ تدبیر خلاف شان نبوت ہے اس کا جواب دینا مقصود ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ خلاف شان جب ہوتا جب اس کو مؤثر حقیقی سمجھتے اور توکل کے ساتھ تدبیر کرنا منافی شان نہیں ہے البتہ اگر نظر بد کوئی چیز نہ ہوتی تب بھی شبہ باقی رہتا لیکن دلیل نقلی وتجربہ سے اس کا مؤثر ہونا خود ثابت ہے اس لئے شبہ کی اصلاً گنجائش نہ رہی۔

ترجمۂ مسائل السلوک : قولہ تعالیٰ : اَلَا تَرَوْنَ اَنِّيْٓ اُوْفِي الْكَيْلَ وَاَنَا خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ۝ اس میں دلالت ہے کہ اپنی خوش معاملگی کا اظہار اگر اس سے اپنی مدح مقصود نہ ہو بلکہ اس میں کوئی مصلحت ہو منافی تواضع نہیں ۱۲۔ قولہ تعالیٰ : قَالَ لَنْ اُرْسِلَهٗ مَعَكُمْ حَتّٰى تُؤْتُوْنِ مَوْثِقًا اس میں دلالت ہے کہ تدبیر ماذون فیہ توکل کے منافی نہیں ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ : ۱ قوله قبل لما جهزهم فی آدمی ایک دل علیه قوله تزداد کیل بعیر ۱۲۔ ۲ قوله فی لفاعلون کوشش الخ کذا ما فی البیضاوی ای لفاعلون الاجتهاد لا الاتیان بالاخ ۱۲۔ ۳ قوله فی کیل بعیر غله اشارة الی ان الکیل بمعنی المکیل ۱۲۔ ۴ قوله فی جواب کما دخلوا باپ کا ارمان اشارة الی حذف الجواب دل علیه قضاها ۱۲۔

رسم الخط : قوله اوف الکیل اسقاط الیاء لعدم التلفظ بها لا لتقاء الساکنین ۱۲۔

اللغات : الرجل فی القاموس مرکب للبعیر ومسکنك وایستصحبه من الاثاث ۱۲۔ قوله حاجة المراد به الشفقة مجاز لان الحاجة الی الشیٔ الفقر الیه مع محبته فالمحبة والشفقة جزء من مفهومها الحقیقی ۱۲۔ قوله قضاها اظهرها ۱۲۔

النحو : قوله موثقا من الله صفة موثقا وهو مصدر میمی بمعنی المفعول والمراد الحلف بالله تعالیٰ وانما جعل الحلف به سبحانه موثقا منه لانه مما توکد العهود وتشدد وقد اذن الله تعالیٰ بذلك فهو اذن منه تعالیٰ شانه کذا فی الروح قوله الا حاجة استثناء منقطع بمعنی لکن ۱۲۔

البلاغة : قوله منع منا الکیل ای حکم بعد الیوم والتعبیر بذلك عما ذکر مجاز للمبالغة کان المنع قد وسع وهذا علی روایة انه علیه السلام اعطی لاخیه وسقا وقیل ان الفعل علی حقیقة بناء علی روایة انه لم یعطه وسقا والله اعلم ۱۲۔

وَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰى يُوْسُفَ اٰوٰٓى اِلَيْهِ اَخَاهُ قَالَ اِنِّيْٓ اَنَا اَخُوْكَ فَلَا تَبْتَىِٕسْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ فَلَمَّا جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ جَعَلَ السِّقَايَةَ فِيْ رَحْلِ اَخِيْهِ ثُمَّ اَذَّنَ مُؤَذِّنٌ اَيَّتُهَا الْعِيْرُ اِنَّكُمْ لَسٰرِقُوْنَ ۝ قَالُوْا وَاَقْبَلُوْا عَلَيْهِمْ مَّاذَا تَفْقِدُوْنَ ۝ قَالُوْا نَفْقِدُ صُوَاعَ الْمَلِكِ

www.besturdubooks.net

وَلِمَنْ جَآءَ بِهٖ حِمْلُ بَعِيْرٍ وَّ اَنَا بِهٖ زَعِيْمٌ ﴿۷۲﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمْتُمْ مَّا جِئْنَا لِنُفْسِدَ
فِي الْاَرْضِ وَمَا كُنَّا سٰرِقِيْنَ ﴿۷۳﴾ قَالُوْا فَمَا جَزَآؤُهٗۤ اِنْ كُنْتُمْ كٰذِبِيْنَ ﴿۷۴﴾ قَالُوْا جَزَآؤُهٗ مَنْ
وُّجِدَ فِيْ رَحْلِهٖ فَهُوَ جَزَآؤُهٗ ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿۷۵﴾ فَبَدَاَ بِاَوْعِيَتِهِمْ قَبْلَ وِعَآءِ
اَخِيْهِ ثُمَّ اسْتَخْرَجَهَا مِنْ وِّعَآءِ اَخِيْهِ ؕ كَذٰلِكَ كِدْنَا لِيُوْسُفَ ؕ مَا كَانَ لِيَاْخُذَ
اَخَاهُ فِيْ دِيْنِ الْمَلِكِ اِلَّاۤ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ؕ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ؕ وَ فَوْقَ كُلِّ ذِيْ عِلْمٍ
عَلِيْمٌ ﴿۷۶﴾ قَالُوْۤا اِنْ يَّسْرِقْ فَقَدْ سَرَقَ اَخٌ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ ۚ فَاَسَرَّهَا يُوْسُفُ فِيْ نَفْسِهٖ وَلَمْ
يُبْدِهَا لَهُمْ ۚ قَالَ اَنْتُمْ شَرٌّ مَّكَانًا ۚ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا تَصِفُوْنَ ﴿۷۷﴾ قَالُوْا يٰۤاَيُّهَا الْعَزِيْزُ اِنَّ لَهٗۤ اَبًا
شَيْخًا كَبِيْرًا فَخُذْ اَحَدَنَا مَكَانَهٗ ۚ اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۷۸﴾ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اَنْ نَّاْخُذَ اِلَّا
مَنْ وَّجَدْنَا مَتَاعَنَا عِنْدَهٗۤ ۙ اِنَّاۤ اِذًا لَّظٰلِمُوْنَ ﴿۷۹﴾ ع ۹ ۱۱ ۳

اور جب یہ لوگ (برادران یوسف علیہ السلام) یوسف علیہ السلام کے پاس پہنچے تو انہوں نے اپنے بھائی کو اپنے ساتھ ملا لیا اور تنہائی میں ان سے کہا کہ میں تیرا بھائی یوسف ہوں سو یہ لوگ جو کچھ (بدسلوکی) کرتے رہے ہیں اس کا رنج مت کرنا۔ پھر جب یوسف علیہ السلام نے ان کا سامان تیار کر دیا تو پانی پینے کا برتن اپنے بھائی کے اسباب میں رکھ دیا پھر ایک پکارنے والے نے پکارا کہ اے قافلہ والو تم ضرور چور ہو وہ ان (تلاش کرنے والوں) کی طرف متوجہ ہو کر کہنے لگے کہ تمہاری کیا چیز گم ہو گئی ہے انہوں نے کہا کہ ہم کو بادشاہی پیمانہ نہیں ملتا (وہ غائب ہے) اور جو شخص اس کو لا کر حاضر کرے اس کو ایک بار غلہ شتر ملے گا اور میں اس کا دلوانے کا ذمہ دار ہوں۔ یہ لوگ کہنے لگے کہ بخدا تم کو خوب معلوم ہے کہ ہم لوگ ملک میں فساد پھیلانے نہیں آئے اور ہم لوگ چوری کرنے والے نہیں ان (ڈھونڈنے والے) لوگوں نے کہا اگر تم جھوٹے نکلے تو اس (چور) کی کیا سزا انہوں نے جواب دیا کہ اس کی سزا یہ ہے کہ جس شخص کے اسباب میں سے ملے پس وہی شخص اپنی سزا ہم لوگ ظالموں (یعنی چوروں) کو ایسی ہی سزا دیا کرتے ہیں پھر یوسف علیہ السلام نے اپنے بھائی کے اسباب کے تھیلے سے قبل تلاشی کی ابتداء اول دوسرے بھائیوں کے (اسباب کے تھیلوں سے کی) پھر (آخر میں) اس برتن کو اپنے بھائی کے (اسباب کے تھیلے سے) برآمد کر لیا ہم نے یوسف علیہ السلام کی خاطر اس طرح تدبیر فرمائی یوسف علیہ السلام اپنے بھائی کو اس بادشاہ مصر کے قانون کی رو سے نہیں لے سکتے تھے مگر یہ ہے کہ اللہ ہی کو منظور تھا ہم جس کو چاہتے ہیں (علم میں) خاص درجوں تک بڑھا دیتے ہیں اور تمام علم والوں سے بڑھ کر ایک بڑا علم والا ہے۔ کہنے لگے کہ (صاحب) اگر اس نے چوری کی تو (تعجب نہیں کیونکہ) اس کا ایک بھائی تھا (وہ) بھی (اسی طرح) اس کے پہلے چوری کر چکا ہے پس یوسف علیہ السلام نے اس بات کو (جو آگے آتی ہے) اپنے دل میں پوشیدہ رکھا اور اس کو ان کے سامنے (زبان سے) ظاہر نہیں کیا یعنی (دل میں) یوں کہا کہ اس (چوری) کے درجہ میں تم تو اور بھی زیادہ برے ہو اور جو کچھ تم بیان کر رہے ہو اس کی حقیقت کا اللہ ہی کو خوب علم ہے۔ کہنے لگے اے عزیز اس (بنیامین) کا ایک بہت بوڑھا باپ ہے سو (آپ ایسا کیجئے کہ اس کی جگہ) ہم میں سے ایک کو رکھ لیجئے اور اپنا مملوک بنا لیجئے ہم آپ کو نیک مزاج دیکھتے ہیں (یوسف علیہ السلام نے کہا کہ ایسی (بے انصافی کی) بات سے خدا بچائے کہ جس کے پاس ہم نے اپنی چیز پائی ہے اس کے سوا دوسرے شخص کو پکڑ کر رکھ لیں اس حالت میں تو ہم بڑے بے انصاف سمجھے جاویں گے۔

تفسیر: بار دوم آمدن برادرانِ یوسف علیہ السلام ☆ وَ لَمَّا دَخَلُوْا عَلٰى يُوْسُفَ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّاۤ اِذًا لَّظٰلِمُوْنَ اور جب یہ لوگ (یعنی برادرانِ یوسف) یوسف (علیہ السلام) کے پاس پہنچے (اور بنیامین کو پیش کر کے کہا کہ ہم آپ کے حکم کے موافق ان کو لائے ہیں) انہوں نے اپنے بھائی کو اپنے ساتھ ملا لیا (اور تنہائی میں ان سے) کہا کہ میں تیرا بھائی (یوسف) ہوں سو یہ لوگ جو کچھ (بدسلوکی) کرتے رہے ہیں اس کا رنج مت کرنا (کیونکہ اب تو اللہ نے ہم کو ملا دیا اب سب غم بھلا دینا چاہئے یوسف علیہ السلام کے ساتھ بدسلوکی تو ظاہر اور مشہور ہے رہا بنیامین کے ساتھ سو یا تو ان کو بھی کچھ تکلیف دی ہو ورنہ یوسف علیہ السلام کی جدائی کیا ان کے حق میں کچھ کم تکلیف ہے پھر دونوں بھائیوں نے مشورہ کیا کہ کوئی ایسی صورت ہو کہ بنیامین یوسف کے پاس رہیں کیونکہ ویسے رہنے میں تو اور بھائیوں کا بوجہ عہد و سوگند کے اصرار ہوگا ناحق کا جھگڑا ہوگا اور پھر اگر وجہ بھی ظاہر ہو گئی تو راز کھلا اور اگر مخفی رہی تو یعقوب علیہ السلام کا رنج بڑھے گا

www.besturdubooks.net

کہ بلاسبب کیوں رکھے گئے یا کیوں رہے یوسف علیہ السلام نے فرمایا کہ تدبیر تو ہے مگر ذرا تمہاری بدنامی ہے بنیامین نے کہا کچھ پرواہ نہیں غرض ان میں یہ امر قرار پا گیا اور ادھر سب کو غلہ دے کر ان کی رخصت کا سامان درست کیا گیا) پھر جب یوسف (علیہ السلام) نے ان کا سامان (غلہ اور روانگی کا) تیار کر دیا تو (خود یا کسی معتمد کی معرفت) پانی پینے کا برتن (کہ وہی پیمانہ غلہ دینے کا بھی تھا) اپنے بھائی کے اسباب میں رکھ دیا پھر (جب یہ لاد پھاند کر چلے تو یوسف علیہ السلام کے حکم سے پیچھے سے) ایک پکارنے والے نے پکارا کہ اے قافلہ والو تم ضرور چور ہو وہ ان (تلاش کرنے والوں) کی طرف متوجہ ہو کر کہنے لگے کہ تمہاری کیا چیز گم ہو گئی ہے (جس کی چوری کا ہم پر شبہ ہوا) انہوں نے کہا کہ ہم کو بادشاہی پیمانہ نہیں ملتا (وہ غائب ہے) اور جو شخص اس کو (لا کر) حاضر کرے اس کو ایک بار شتر غلہ (بطور انعام کے خزانہ سے) ملے گا (اور یا یہ مطلب ہو کہ اگر خود چور بھی مال دے دے تو عفو کے بعد انعام پائے گا) اور میں (اس کے دلوانے) کا ذمہ دار ہوں (غالباً یہ نداء اور یہ وعدۂ انعام بحکم یوسف علیہ السلام ہوگا) یہ لوگ کہنے لگے کہ بخدا تم کو خوب معلوم ہے کہ ہم ملک میں فساد پھیلانے (جس میں چوری بھی داخل ہے) نہیں آئے اور ہم لوگ چوری کرنے والے نہیں (یعنی ہمارا شیوہ نہیں ہے) ان (ڈھونڈنے والے) لوگوں نے کہا اچھا اگر تم جھوٹے نکلے (اور تم میں سے کسی پر سرقہ ثابت ہو گیا) تو اس (چور) کی کیا سزا انہوں نے (موافق شریعت یعقوب علیہ السلام کے) جواب دیا کہ اس کی سزا یہ ہے کہ وہ جس شخص کے اسباب میں ملے پس وہی شخص اپنی سزا (یعنی چوری کے عوض میں خود اس کی ذات کو صاحب مال اپنا غلام بنا لے) ہم لوگ ظالموں (یعنی چوروں) کو ایسی ہی سزا دیا کرتے ہیں (یعنی ہماری شریعت میں یہی مسئلہ اور عمل ہے غرض یہ امر باہم ٹھہرنے کے بعد اسباب اتروا دیا گیا) پھر (تلاشی کے وقت) یوسف (علیہ السلام) نے (خود یا کسی معتمد کی معرفت) اپنے بھائی کے (اسباب کے) تھیلے سے قبل تلاشی کی ابتداء اول دوسرے بھائیوں کے (اسباب کے) تھیلوں سے کی پھر (اخیر میں) اس (برتن) کو اپنے بھائی کے (اسباب کے) تھیلے سے برآمد کر لیا ہم نے یوسف (علیہ السلام) کی خاطر سے اس طرح (بنیامین کے رکھنے کی) تدبیر فرمائی وجہ اس تدبیر کی یہ ہوئی کہ) یوسف اپنے بھائی اور بادشاہ (مصر) کے قانون کی رو سے نہیں لے سکتے تھے (کیونکہ اس کے قانون میں کچھ تادیب و جرمانہ تھا **روی الثانی الطبری عن معمر والاول فی روح المعانی**) مگر یہ ہے کہ اللہ ہی کو منظور تھا (اس لئے یوسف علیہ السلام کے دل میں یہ تدبیر آئی اور ان لوگوں کے منہ سے یہ فتویٰ نکلا اور اس مجموعہ سے تدبیر راست آ گئی اور چونکہ یہ حقیقۃً استرقاق نہ تھا بلکہ بنیامین کی خوشی سے صورت استرقاق کی تھی اس لئے استرقاق حر کا شبہ لازم نہیں آیا۔ اور گو یوسف علیہ السلام بڑے عالم عاقل تھے مگر پھر بھی ہمارے القاء تدبیر کے محتاج تھے وجہ یہ کہ کسی کا علم ذاتی اور محیط نہیں ہے بلکہ) ہم جس کو چاہتے ہیں (علم میں) خاص درجوں تک بڑھا دیتے ہیں (پس سب کا علم مستفاد بھی ہوا اور محدود بدرجات متناہیہ بھی ہوا) اور تمام علم والوں سے بڑھ کر ایک بڑا علم والا ہے (یعنی اللہ تعالیٰ کہ اس کا علم ذاتی بھی ہے اس میں یہ بھی فوقیت ہے اور محیط بالکل بھی ہے یہ بھی فوقیت ہے پس جب علم مخلوق ناقص ٹھہرا اور علم خالق کامل لامحالہ مخلوق اپنے علم و تدبیر میں محتاج ہوگا تعلیم و القاء خالق کا اس لئے كِدْنَا اور اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ کہا گیا حاصل یہ کہ جب ان کے اسباب سے وہی برتن برآمد ہوا اور بنیامین روک لئے گئے تو وہ سب بڑے شرمندہ ہوئے اور) کہنے لگے کہ (صاحب) اگر اس نے چوری کی تو (تعجب نہیں کیونکہ) اس کا ایک بھائی (تھا وہ) بھی (اسی طرح) اس کے پہلے چوری کر چکا ہے (جس کا قصہ درمنثور میں اس طرح لکھا ہے کہ یوسف علیہ السلام کو ان کی پھوپھی پرورش کرتی تھیں جب ہوشیار ہوئے تو یعقوب علیہ السلام نے لینا چاہا وہ چاہتی بہت تھیں انہوں نے ان کا رکھنا چاہا اس لئے انہوں نے ان کی کمر میں ایک پٹکا کپڑوں کے اندر باندھ کر مشہور کر دیا کہ پٹکا گم ہو گیا اور سب کی تلاشی لی تو ان کی کمر میں نکلا اور اس شریعت کے قانون کے موافق ان کو پھوپھی کے قبضہ میں رہنا پڑا یہاں تک کہ ان پھوپھی نے وفات پائی پھر یعقوب علیہ السلام کے پاس آ گئے اھ اور ممکن ہے کہ یہ صورت استرقاق کی بھی یوسف علیہ السلام کی رضا مندی سے ہوئی ہو اس لئے یہاں بھی استرقاق حر لازم نہیں ہر چند کہ قرائن و اخلاق یوسفیہ میں ذرا بھی تامل کرنے سے آپ کی براءت اس فعل سے یقیناً معلوم تھی مگر بنیامین پر جو بھائیوں کو غصہ تھا اس میں یہ بات بھی کہہ دی) پس یوسف (علیہ السلام) نے اس بات کو (جو آگے آتی ہے) اپنے دل میں پوشیدہ رکھا اور اس کو ان کے سامنے (زبان سے ظاہر نہیں کیا یعنی (دل میں) یوں کہا کہ اس (چوری کے) درجہ میں تم تو اور بھی زیادہ برے ہو) یعنی ہم دونوں بھائیوں سے تو حقیقت سرقہ کی صادر نہیں ہوئی اور تم نے تو اتنا بڑا کام کیا کہ کوئی مال غائب کرتا ہے تم نے آدمی غائب کر دیا کہ مجھ کو باپ سے بچھڑا دیا اور ظاہر ہے کہ آدمی کی چوری مال کی چوری سے زشت تر ہے) اور جو کچھ تم (ہم دونوں بھائیوں کے متعلق) بیان کر رہے ہو (کہ ہم سارق ہیں) اس (کی حقیقت) کا اللہ ہی کو خوب علم ہے) کہ ہم چور نہیں ہیں جب بھائیوں نے دیکھا کہ انہوں نے بنیامین کو ماخوذ کر لیا اور اس پر قابض ہو گئے تو براہ خوشامد) کہنے لگے اے عزیز اس (بنیامین کے ایک بہت بوڑھا باپ ہے (اور وہ اس کو بہت چاہتا ہے اس کے غم میں خدا جانے کیا حال ہو اور ہم سے اس قدر محبت نہیں) سو آپ (ایسا کیجئے کہ) اس کی جگہ ہم میں سے ایک کو رکھ لیجئے (اور اپنا مملوک بنا لیجئے) ہم آپ کو نیک مزاج دیکھتے ہیں (امید ہے کہ اس درخواست کو منظور فرمالیں گے) یوسف (علیہ السلام) نے کہا ایسی (بے انصافی کی) بات سے خدا بچاوے کہ جس کے پاس ہم نے اپنی چیز پائی ہے اس کے سوا دوسرے شخص کو پکڑ کے رکھ لیں (اگر ہم ایسا کریں تو) اس

www.besturdubooks.net

حالت میں تو ہم بڑے بے انصاف سمجھے جاویں گے (کیونکہ استرقاق حقیقۃً جس کو مرقوق استرقاق سمجھے بلا استحقاق رضامندی سے بھی حرام ہے)۔ ف: یہاں چند امور قابل تحقیق ہیں امر اول ظاہر یہ ہے کہ اِنَّكُمْ لَسٰرِقُوْنَ ۝ کی نداء باذن یوسف علیہ السلام ہوئی تو اس کی صدق کی کیا توجیہ ہے احقر کے نزدیک یہ توریہ ہے مراد وہ سرقہ ہے کہ یوسف علیہ السلام کو یعقوب علیہ السلام سے غائب کر دیا جو کہ اَنْتُمْ شَرٌّ مَّكَانًا ۚ کا مفہوم ہے اور سامعین معنی قریب یعنی سرقہ سقایہ کا سمجھے اور توریہ یہی ہے امر دوم اس منادی کے ساتھ تفتیش کے لئے اور لوگ بھی ہوں گے جیسا اَقْبَلُوْا عَلَيْهِمْ سے معلوم ہوتا ہے اور شاہی امور میں یہی عادت بھی ہے کہ ایک کام پر کئی کئی شخص معین و معین ہوتے ہیں امر سوم وہ سقایہ پانی پینے کا خاص ممتاز برتن تھا اس کو غلہ ناپنے کے لئے تجویز کیا تھا جس کی وجہ شاید یہ ہو کہ لینے والوں کا اعزاز و اکرام ظاہر ہو سائلین کے مثل ذلیل نہ سمجھے جاویں نیز غلہ تھوڑا تھوڑا بقدر ضرورت دیا جاتا تھا اس لئے چھوٹا برتن تجویز کیا چونکہ اس سے بادشاہی کام ہوتا تھا اس لئے اس کا لقب صُوَاعَ الْمَلِكِ ہو گیا تھا یہ ضرور نہیں کہ خاص بادشاہ کے پینے کا ہو اور نہ یہ ضرور ہے کہ ملک سے مراد یوسف علیہ السلام ہوں اور صواع اور متاع سے بھی یہی مراد ہے امر چہارم مَنْ وُّجِدَ فِيْ رَحْلِهٖ فَهُوَ جَزَآؤُهٗ ط میں صرف وجدان کو موجب سزا قرار دیا حالانکہ اس میں یہ بھی احتمال تھا کہ کسی اور نے رکھ دیا ہو توجیہ اس کی یہ ہے کہ جب متہم یہ احتمال پیش نہ کرے تو ظاہراً سرقہ کو اس نے تسلیم کر لیا اس لئے جزاء مرتب کی گئی امر پنجم درمنثور میں مجاہدؒ سے منقول ہے کہ مصر کا بادشاہ مسلمان ہو گیا تھا لیکن مَا كَانَ لِيَاْخُذَ الخ سے ظاہراً معلوم ہوتا ہے کہ یہ روایت صحیح نہیں ورنہ اسلام کے بعد اپنا قانون غیر شرعی کیوں جاری رکھتا البتہ اگر یہ کہا جاوے کہ عام رعایا سے مغلوب رہا ہو اس لئے قانون شرعی جاری نہ کر سکا ہو تو ممکن ہے۔ امر ششم: جب یوسف علیہ السلام اپنا شرعی قانون جاری کرنے کے مختار نہ تھے تو عہدۂ حکومت کیوں لیا جواب یہ ہے کہ قانون شرعی جاری نہ کرنے سے یہ لازم نہیں آتا کہ غیر شرعی جاری کیا کرتے ہوں اور محل اعتراض یہ دوسرا امر ہو سکتا تھا دوسرے جہاں شرعاً حد ہو اور قانوناً تعزیر ہو اور حد کا اختیار نہ ہو تو تعزیر کے عدم سے اس کا وجود غنیمت ہے اس کو غیر مختار کے لئے حکم بغیر الشرع نہ کہیں گے۔ امر ہفتم یوسف علیہ السلام کو عزیز باعتبار لقب عہدہ کے کہا گو اختیارات شاہی رکھتے ہوں۔

ترجمۂ مسائل السلوک: وقولہ تعالیٰ كَذٰلِكَ كِدْنَا لِيُوْسُفَ اس عنوان میں اشارہ ہے اس طرف کہ کامل کے افعال افعال حق کے مظاہر ہیں ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ ۱ قوله فی جعل خودیا معتمد فالاسناد حقیقی او مجازی والثانی هو الظاهر من حیث کونه ملکا والاول هو الظاهر من حیث ان المقام مقام الاخفاء حتی من الخاصة ۱۲۔ ۲ قوله فی فما جزاؤه چور اشارة الی ان الضمیر للسارق المدلول علیه بقرینة المقام ۱۲۔ ۳ قوله فی درجات خاص ای متنابیة بقرینة التنکیر بخلاف رفیع الدرجات لکون اللام للعموم والاستغراق وایضاً یدل المقام علی تناهیها هنا ولا تناهیها ثمه لان هذا فی المخلوق وذاك فی الخالق ۱۲۔ ۴ قوله فی علیم اللہ تعالیٰ وهذا من ابدع التفسیر وهو مروی عن الحبر کما فی روح المعانی انه اخرج عبدالرزاق وجماعة عن سعید بن جبیر قال کنا عند ابن عباسؓ فحدث بحدیث فقال رجل عنده وفوق کل ذی علم علیم فقال ابن عباسؓ بئسما قلت الله العلیم وهو فوق کل عالم آه فتبصر وتشکر ۱۲۔ ۵ قوله فی شر کوئی مال اشارة الی ان الشریة باعتبار سائر السارقین لا باعتبار المتکلم لان المتکلم لا شر فیه مطلقا فافهم ۱۲۔

اللغات: قوله السقایة اناء یشرب فیه الصواع صاع الوعاء الظرف الذی یحفظ فیه الشیٔ وعندی هو اخص من الرحل فمعنی جعله فی الرحل جعله فی الوعاء ومنه سبب التفتیش فی الوعاء لا فی الرحل لان الرحل بعضه لا یصلح لان یکتم المتاع فیه وانما الذی یکتم فیه هو الوعاء من الرحل والدین الطاعة کذا فی القاموس ۱۲۔

النحو: قوله کنا عطف علی ما جئنا او علی لقد علمتم فعلی الاول یکون المعلوم امر ان وعلی الثانی امر واحد قوله جزاؤه مبتدأ وجملة من وجد الخ خبره قوله استخرجها ای السقایة او الصواع لانه مما یذکر ویؤنث قوله الا ان یشاء الله استثناء منقطع ای لکن اخذه بمشیة الله واذنه فی دین غیر الملك ۱۲۔ قوله فاسرها مفسرو قال انتم تفسیر فالضمیر الی المقالة المدلول علیها بالمقامة هذا علی قول الزجاج وتاید باثار راها الطبیر عن قتادةؒ وبان عباسؓ وتعقبة ابو علی بما ذکره فی الکبیر ویحتمل علی قوله وجوه عدیدة اقربها ان فی الکلام تقدیماً وتاخیراً او اصل الکلام قال انتم شر مکانا واسرها یوسف فی نفسه ونکتته التقدیم ان محط الفائدة حکایة الاسرار اشارة الی نحتمله علیه الصلوٰة والسلام حیث لم یعمهم علی العلانیة ولهذا زیدت جملة ولم یبدها لهم قوله معاذ الله ای نعوذ بالله عوذ امن ان نأخذ الخ ۱۲۔

البلاغة: قوله تالله لقد علمتم الخ فی الروح لنسرق فان السرقة من اعظم انواع الفساد او لنفسد فیها ای فساد کان فضلا عما نسبتمونا الیه من السرقة ونفی المجیٔ الافساد وان لم یکن مستلزماً لما هو مقتضی المقام من نفی الافساد مطلقا لکنهم جعلوا المجیٔ

www.besturdubooks.net

الذی یترتب علیه ذلك ولو بطریق الاتفاق مجینا لغرض الافساد مفعولا لاجله ادعاء اظهار الكمال قبحه عندهم وتربیة الاستحالة صدوره عنهم فكانهم قالوا ان صدر عنا افساد كان مجینا لذلك مریدین به تقبیح حاله واظهار كمال نزاعتهم عنه والحلف فی الحقیقة علی الامر الذی فی حیز العلم لا علی علم الخاطبین بذلك الا انهم ذكروه للاستشهاد وتاكید الكلام آه قوله كدنا لیوسف ای ضعنا ودبرنا ففیه مجاز لغوی واللام للنفع لا كاللام فی قوله فیكیدوا لك كیدًا فانها للضرر علی ما هو الاستعمال الشائع۱۲۔ قوله شیخا كبیرًا هو محط الفائدة والا محكونه ذا اب معلوم مما سبق۱۲۔

فَلَمَّا اسْتَيْـَٔسُوْا مِنْهُ خَلَصُوْا نَجِيًّا ؕ قَالَ كَبِيْرُهُمْ اَلَمْ تَعْلَمُوْۤا اَنَّ اَبَاكُمْ قَدْ اَخَذَ عَلَيْكُمْ مَّوْثِقًا
مِّنَ اللّٰهِ وَمِنْ قَبْلُ مَا فَرَّطْتُّمْ فِيْ يُوْسُفَ ۚ فَلَنْ اَبْرَحَ الْاَرْضَ حَتّٰى يَاْذَنَ لِيْۤ اَبِيْۤ اَوْ يَحْكُمَ اللّٰهُ لِيْ ۚ
وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿۸۰﴾ اِرْجِعُوْۤا اِلٰۤى اَبِيْكُمْ فَقُوْلُوْا يٰۤاَبَانَاۤ اِنَّ ابْنَكَ سَرَقَ ۚ وَمَا شَهِدْنَاۤ
اِلَّا بِمَا عَلِمْنَا وَمَا كُنَّا لِلْغَيْبِ حٰفِظِيْنَ ﴿۸۱﴾ وَسْـَٔلِ الْقَرْيَةَ الَّتِيْ كُنَّا فِيْهَا
وَالْعِيْرَ الَّتِيْۤ اَقْبَلْنَا فِيْهَا ؕ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿۸۲﴾ قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا ؕ فَصَبْرٌ
جَمِيْلٌ ؕ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِيَنِيْ بِهِمْ جَمِيْعًا ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ﴿۸۳﴾ وَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ
يٰۤاَسَفٰى عَلٰى يُوْسُفَ وَابْيَضَّتْ عَيْنٰهُ مِنَ الْحُزْنِ فَهُوَ كَظِيْمٌ ﴿۸۴﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ تَفْتَؤُا تَذْكُرُ يُوْسُفَ
حَتّٰى تَكُوْنَ حَرَضًا اَوْ تَكُوْنَ مِنَ الْهٰلِكِيْنَ ﴿۸۵﴾ قَالَ اِنَّمَاۤ اَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْۤ اِلَى اللّٰهِ وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ
مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۶﴾ يٰبَنِيَّ اذْهَبُوْا فَتَحَسَّسُوْا مِنْ يُّوْسُفَ وَاَخِيْهِ وَلَا تَايْـَٔسُوْا مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ ؕ
اِنَّهٗ لَا يَايْـَٔسُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۷﴾

پھر جب ان کو یوسف علیہ السلام سے تو بالکل امید نہ رہی (کہ بنیامین کو دیں گے) تو (اس جگہ سے) علیحدہ ہو کر باہم مشورہ کرنے لگے ان سب میں جو بڑا تھا اس نے کہا کہ کیا تم کو معلوم نہیں کہ تمہارے باپ تم سے خدا کی قسم کہلا کر پکا قول لے چکے ہیں اور اس سے پہلے یوسف کے بارے میں کس قدر کوتاہی کر چکے ہو سو میں تو اس زمین سے ٹلتا ہی نہیں تاوقتیکہ میرے باپ مجھ کو (حاضری کی اجازت نہ دیں یا اللہ تعالیٰ اس مشکل کو سلجھا دے اور وہی خوب سلجھانے والا ہے تم واپس اپنے باپ کے پاس جاؤ اور جا کر ان سے) کہو کہ اے باپ آپ کے (بنیامین) نے چوری کی (اس لئے گرفتار ہوئے) اور ہم تو وہی بیان کرتے ہیں جو ہم کو مشاہدہ سے معلوم ہوا ہے اور ہم غیب کی باتوں کے تو حافظ تھے ہی نہیں اور اس بستی (یعنی مصر) والوں سے پوچھ لیجئے جہاں ہم (اس وقت) موجود تھے اور اس قافلہ والوں سے پوچھ لیجئے جن میں ہم شامل ہو کر یہاں آئے ہیں اور یقین جانئے ہم بالکل سچ کہتے ہیں۔ یعقوب علیہ السلام فرمانے لگے بلکہ تم نے اپنے دل سے ایک بات بنالی ہے سو صبر ہی کروں گا جس میں شکایت کا نام نہ ہوگا (مجھ کو) اللہ سے امید ہے کہ ان سب کو مجھ تک پہنچا دے گا (کیونکہ) وہ خوب واقف ہے بڑی حکمت والا ہے اور ان سے دوسری طرف رخ کر لیا اور کہنے لگے ہائے یوسف افسوس اور غم سے (روتے روتے) ان کی آنکھیں سفید پڑ گئیں اور وہ (غم سے جی ہی جی میں) گھٹا کرتے تھے بیٹے کہنے لگے بخدا (معلوم ہوتا ہے) تم سدا کے سدا یوسف کی یاد گاری میں لگے رہو گے یہاں تک کہ گھل گھل کر دم بلب ہو جاؤ گے یا یہ کہ بالکل ہی مر جاؤ گے یعقوب علیہ السلام نے فرمایا کہ میں تو اپنے رنج و غم کی صرف اللہ سے شکایت کرتا ہوں اور اللہ کی باتوں کو جتنا میں جانتا ہوں تم نہیں جانتے۔ اے میرے بیٹو! جاؤ اور یوسف علیہ السلام اور ان کے بھائی کو تلاش کرو اور اللہ کی رحمت سے ناامید مت ہو بے شک اللہ کی رحمت سے وہی لوگ ناامید ہوتے ہیں جو کافر ہیں۔ ۞

تفسیر: بازگشتن برادرانِ یوسف از سفر دوم ☆ فَلَمَّا اسْتَيْـَٔسُوْا مِنْهُ (الی قوله تعالیٰ) اِلَّا الْقَوْمُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۷﴾ پھر جب ان کو یوسف (علیہ السلام) سے تو (ان کے صاف جواب کے سبب) بالکل امید نہ رہی (کہ بنیامین کو دیں گے) تو (اس جگہ سے) علیحدہ ہو کر باہم مشورہ کرنے لگے (کہ

www.besturdubooks.net

کیا کرنا چاہئے پھر زیادہ کی یہ رائے ہوئی کہ مجبوری ہے سب کو واپس چلنا چاہئے مگر) ان سب میں جو بڑا تھا اس نے کہا کہ (تم جو سب کے سب واپس چلنے کی صلاح کر رہے ہو تو) کیا تم کو معلوم نہیں کہ تمہارے باپ تم سے خدا کی قسم کہلا کر پکا قول لے چکے ہیں (کہ تم ان کو اپنے ہمراہ لانا لیکن اگر گھر جاؤ تو مجبوری ہے سو ہم سب کے سب تو گھرے نہیں کہ تدبیر کی گنجائش نہ رہتی اس لئے حتی الامکان کچھ تدبیر کرنا چاہئے) اور اس سے پہلے یوسف کے بارہ میں کس قدر کوتاہی کر ہی چکے ہو (کہ ان کے ساتھ جو برتاؤ ہوا اس سے باپ کے حقوق بالکل ضائع ہوئے سو وہ پرانی ہی شرمندگی کیا کم ہے جو ایک نئی شرمندگی لے کر جاویں) سو میں تو اس زمین سے ٹلتا نہیں تاوقتیکہ میرے باپ مجھ کو (حاضری کی) اجازت نہ دیں یا اللہ تعالیٰ اس مشکل کو سلجھا دے اور وہی خوب سلجھانے والا ہے) یعنی کسی تدبیر سے بنیامین چھوٹ جاوے غرض میں یا اس کو لے کر جاؤں گا یا بلایا ہوا جاؤں گا سو مجھ کو تو یہاں چھوڑو اور تم واپس اپنے باپ کے پاس جاؤ (جا کر ان سے) کہو کہ اے ابا آپ کے صاحبزادے (بنیامین) نے چوری کی (اس لئے گرفتار ہوئے) اور ہم تو وہی بیان کرتے ہیں جو ہم کو (مشاہدہ سے) معلوم ہوا ہے اور ہم (قول وقرار دینے کے وقت) غیب کی باتوں کے تو حافظ تھے نہیں (کہ چوری کرے گا ورنہ ہم کبھی قول نہ دیتے) اور (اگر ہمارے کہنے کا یقین نہ ہو تو) اس بستی (یعنی مصر) والوں سے (کسی اپنے معتمد کی معرفت) پوچھ لیجئے جہاں ہم (اس وقت) موجود تھے (جب چوری برآمد ہوئی ہے) اور اس قافلہ والوں سے پوچھ لیجئے جن میں ہم شامل ہو کر (یہاں) آئے ہیں (معلوم ہوتا ہے اور بھی کنعان کے یا آس پاس کے لوگ غلہ لینے گئے ہوں گے) اور یقین جانئے ہم بالکل سچ کہتے ہیں (چنانچہ سب نے بڑے کو وہاں چھوڑا اور خود آ کر سارا ماجرا بیان کیا) یعقوب (علیہ السلام) کے سب ان سے غیر مطمئن ہو چکے تھے اسی قیاس پر مثل سابق) فرمانے لگے (کہ بنیامین چوری میں ماخوذ نہیں ہوا) بلکہ تم نے اپنے دل سے ایک بات بنالی ہے سو (خیر مثل سابق) صبر ہی کروں گا جس میں شکایت کا نام نہ ہوگا (مجھ کو) اللہ سے امید ہے کہ ان سب کو (یعنی یوسف اور بنیامین اور جو بڑا بھائی مصر میں رہ گیا ہے ان تینوں کو) مجھ تک پہنچاوے گا (کیونکہ) وہ (حقیقت حال سے) خوب واقف ہے (اس لئے اس کو سب کی خبر ہے کہ کہاں کہاں اور کس کس حال میں ہیں اور وہ) بڑی حکمت والا ہے (جب ملانا چاہے گا ہزاروں اسباب و تدابیر درست کر دے گا) اور (یہ جواب دے کر بوجہ اس کے کہ ان سے رنج پہنچا تھا) ان سے دوسری طرف رخ کر لیا اور (بوجہ اس کے کہ اس نئے غم سے وہ پرانا غم اور تازہ ہو گیا یوسف کو یاد کر کے) کہنے لگے ہائے یوسف افسوس اور غم سے (روتے روتے) ان کی آنکھیں سفید پڑ گئیں (کیونکہ زیادہ رونے سے سیاہی آنکھوں کی کم ہو جاتی ہے اور آنکھیں بے رونق یا بالکل بے نور ہو جاتی ہیں) اور وہ (غم سے جی ہی جی میں) گھٹا کرتے تھے (کیونکہ شدت غم کے ساتھ جب شدت ضبط ہوگا جیسا کہ صابرین کی شان ہے تو کظم کی کیفیت پیدا ہوگی) بیٹے کہنے لگے بخدا (معلوم ہوتا ہے) تم سدا کے سدا یوسف کی یادگاری میں لگے رہو گے یہاں تک کہ گھل گھل کر دم بلب ہو جاؤ گے یا یہ کہ بالکل مر ہی جاؤ گے (تو اتنے غم سے فائدہ کیا) یعقوب (علیہ السلام) نے فرمایا کہ (تم کو میرے رونے سے کیا بحث) میں تو اپنے رنج وغم کی صرف اللہ سے شکایت کرتا ہوں (تم سے تو کچھ نہیں کہتا) اور اللہ کی باتوں کو جتنا میں جانتا ہوں تم نہیں جانتے (باتوں سے مراد یا تو لطف وکرم ورحمت اتم ہے اور یا مراد الہام ہے ان سب سے ملنے کا جو بلا واسطہ ہو یا بواسطہ خواب یوسف کی جس کی تعبیر اب تک واقع نہیں ہوئی تھی اور واقع ہونا اس کا ضرور ہے) اے میرے بیٹوں (اظہار غم تو صرف اللہ کی جناب میں کرتا ہوں مسبب الاسباب وہی ہیں لیکن ظاہری تدبیر تم بھی کرو کہ ایک بار پھر سفر میں) جاؤ اور یوسف اور ان کے بھائی کی تلاش کرو (یعنی ایسی فکر وتدبیر کی جستجو کرو جس سے یوسف علیہ السلام کا نشان ملے اور بنیامین کو رہائی ہو) اور اللہ کی رحمت سے ناامید مت ہو بیشک اللہ کی رحمت سے وہی لوگ ناامید ہوتے ہیں جو کافر ہیں۔ ف: اس واقعہ میں یعقوب علیہ السلام کا بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ کا فرمانا ظاہراً واقع کے مطابق معلوم نہیں ہوتا لیکن چونکہ اجتہاداً فرمایا تو اجتہاد میں خطا ہو جانا منافی عصمت نبوت نہیں اس لئے اس میں کوئی اشکال نہیں اور اگر یہ شبہ ہو کہ اجتہاد سے تہمت لگانا کب جائز ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ متہم ومشتبہ کو ظناً متہم ومشتبہ سمجھنا موجب معصیت نہیں کہ اس میں آدمی طبعاً مضطر بھی ہے البتہ تیقن جائز نہیں اور وہ منقول نہیں رہا یہ کہ بَلْ سَوَّلَتْ تو صیغہ تیقن کا ہے جواب یہ ہے کہ قرائن حالیہ کے انضمام سے عدم تیقن پر دلالت کی گئی ہوگی پھر والد کو اولاد پر بہ نسبت غیروں کے حق عتاب زیادہ بھی ہے پس ایہام تیقن جب کہ قلب میں تیقن نہ ہو عفو ہے بالخصوص اگر مقصود اخبار نہ ہو بلکہ استکشاف ہو جیسا موضع تفتیش میں عادت ہے کہ صیغہ خبر کا تکلم کیا کرتے ہیں تاکہ متہم سمجھے کہ ان کو خبر ہے اور اس وجہ سے واقعہ کا انکار نہ کر سکے۔ اور مقصود اس سے استخبار ہوتا ہے یہ تقریر تو باعتبار ظاہر کے ہے اور اگر نظر غائر سے دیکھا جاوے تو یہ ارشاد مطابق واقع کے بھی ہے کیونکہ سرقہ تو واقع نہیں ہوا تھا یعقوب علیہ السلام کو نورانیت قلب سے مدرک ہو گیا کہ خبر سرقہ کی غلط ہے البتہ کشف میں اتنی کمی رہی کہ اس کارروائی کا فاعل ان کو علی التعیین معلوم نہ ہوا مجملاً اتنا معلوم ہو گیا کہ یہ کارروائی میری اولاد ہی میں سے کسی سے واقع ہوئی ہے اور لکم کے خطاب سے وہی فاعل مقصود ہو اور لکم تغلیباً فرما دیا ہو واللہ اعلم اور عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِيَنِيْ بِهِمْ جَمِيْعًا سے معلوم ہوتا ہے کہ بقیہ بھائیوں کے ساتھ بھی آپ کو محبت تھی اور یہ فرمانا عجب نہیں کہ اس بناء پر ہو کہ خواب یوسف کا تو صحیح ہے اور وہ ضرور واقع ہوگا اور اس کا وقوع موقوف ہے اس پر کہ یوسف بھی زندہ ہوں اور سب بھائی بھی صحیح وسالم مع میرے اور میری بی بی کے ایک جگہ جمع ہوں اور اِبْيَضَّتْ عَيْنٰهُ کی تقریر میں جو بے رونق یا بے نور

www.besturdubooks.net

دولفظ لائے گئے وجہ اس کی یہ ہے کہ اس میں علماء مختلف ہیں کہ آپ کی بینائی بالکل گم ہوگئی تھی یا کم ہوگئی تھی دوسرے قول والوں نے فَارْتَدَّ بَصِيْرًا کے معنی یہ کہے ہیں کہ خوشی سے توانائی آئی اور ضعف بصر بھی جاتا رہا اور یعقوب علیہ السلام نے جو يٰٓاَسَفٰى عَلٰى يُوْسُفَ فرمایا حالانکہ اس وقت دوسرا غم بھی تھا وجہ اس کی یہ ہے کہ غالب غم وہی تھا اور غم کا قاعدہ ہے کہ نئے حادثہ سے پرانے حادثہ کا اثر تازہ ہوجاتا ہے اس لئے اس واقعہ تازہ نے فراق یوسف کا غم اور زیادہ کردیا اس کے غلبہ میں یہ کلمہ کہا اور بنیامین کا غم مغلوب تھا غالب کے روبرو مغلوب کا ذکر نہیں کیا اور یہ جو فرمایا : فَتَحَسَّسُوْا مِنْ يُّوْسُفَ وَ اَخِيْهِ حالانکہ تیسرے بھائی بھی اس وقت غائب ہیں وجہ یہ کہ وہ اپنے اختیار سے رہ گئے تھے کسی آفت میں تو مبتلا نہیں ہوئے تھے ان کے تجسس کی کیا ضرورت ہے وہ جب موقع پاویں گے خود آجاویں گے دوسرے وہ تو ان کے ساتھ متفق ہی ہیں ان کو تو یہ خود ہی ڈھونڈیں گے بخلاف یوسف اور بنیامین کے کہ ان سے رنج رکھتے تھے اس لئے شاید ان کے تجسس میں کمی کریں اور یعقوب علیہ السلام کا جب مخلوق میں اس قدر رونا موجب وسوسہ نہ ہو کیونکہ محبت امر اضطراری ہے اور اگر یہ بھی دلیل رقت قلب وترحم ہے اور خاص کر جب کہ محبت کا سبب کوئی امر دینی ہو چنانچہ رکوع دوم کے فوائد تفسیریہ کے تحت میں اس کا بیان ہو چکا ہے اور اس مسئلہ کی تحقیق کی رحمت الٰہیہ سے مایوس ہونا کفر ہے پارۂ نہم کے رکوع اول کے فوائد تفسیر میں گزر چکی ہے دیکھ لیا جاوے اور کسی کو شبہ نہ ہو کہ جب یعقوب علیہ السلام نے فرمایا تھا فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ پھر شکایت کیوں زبان پر لائے اس کا جواب خود قرآن میں ہے اَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْٓ اِلَى اللّٰهِ یعنی شکایت الی الخلق منافی ہے صبر جمیل کے نہ کہ شکایت الی الخالق کہ عین دعاء والتجاء مطلوب ہے۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلِ السُّلُوْكِ : قولہ تعالیٰ : وَ تَوَلّٰى عَنْهُمْ وَ قَالَ يٰٓاَسَفٰى عَلٰى يُوْسُفَ یہ شبہ نہ کیا جاوے کہ یہ منصب نبوت کے خلاف ہے کیونکہ معرفت کاملہ اس کے لوازم سے ہے اور اس کے لوازم سے محبت کاملہ ہے اور اس کے ساتھ غیر کی گنجائش کہاں۔ جواب یہ ہے کہ یہ محبت طبعیہ ہے اور یہ جب حق کے ساتھ جمع ہوسکتی ہے اور کاملین میں یہ محبت ان کو حق تعالیٰ کی رضا سے غافل نہیں کرتی بلکہ اس میں معین ہوتی ہے جیسا یعقوب علیہ السلام کا یہ قول اس پر دال ہے قولہ تعالیٰ: اِنَّمَآ اَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْٓ اِلَى اللّٰهِ وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝۸۶۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَةِ : ۱ قوله فی منه یوسف لان عود الضمیر الی بنیامین ینا فیه ظاهر قوله او یحکم الله لی وملازمة الکبیر المصر راجیا خلاصة لحیلة۱۲۔ ۲ قوله فی خلصوا زیادہ کی یہ رائے ہوئی الخ القرینة علیه الجواب بقوله الم تعلموا الخ۱۲۔ ۳ قوله فی من الحزن روتے روتے لان الحزن نفسه لا یذهب بالبصر وانما یکون سببًا للبکاء وهو سبب للابیضاض۱۲۔

اَللُّغَاتُ : قوله خلصوا انفردوا عن غیرهم واعتزلوا الناس قوله نجیا ای متناجین و وحده لانه مصدر فی الاصل قوله فلن ابرح تامة بمعنی لن اذهب وضمت هنا معنی فارق فنصبت الارض علی المفعولیة ولا یجوز ان تکون ناقصة قوله کظیم مملو من الغیظ علی اولاد ومن الحزن علی یوسف الحرض المریض المشفی علی الهلاك وقیل من اذاهم به او مرض وجعله مهز ولا نحیفًا وهو فی الاصل مصدر۱۲۔ الروح بالفتح اصله التنفس ثم استعیر للفرح۱۲۔

اَلنَّحْوُ :قوله من قبل الجار والمجرور متعلق بقوله تعالیٰ ما فرطتم وما ندة والجملة حالیة قوله تفتؤا ای لا تفتؤا حذف حرف النفی لان القسم اذا لم یکن معه علامة الاثبات کان علی النفی وعلامة الاثبات هی اللام ونون التاکید فاذا لم یذکر اول علی انه منفی کذا فی الروح۔

اَلْبَلَاغَةُ : قوله حتی تکون حرضا او تکون الخ فیه الترتیب الوقوعی والا کان الظاهر عکسه۱۲۔

فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلَيْهِ قَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الْعَزِيْزُ مَسَّنَا وَ اَهْلَنَا الضُّرُّ وَ جِئْنَا بِبِضَاعَةٍ مُّزْجٰىةٍ فَاَوْفِ لَنَا الْكَيْلَ وَ تَصَدَّقْ عَلَيْنَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَجْزِي الْمُتَصَدِّقِيْنَ ۝۸۸ قَالَ هَلْ عَلِمْتُمْ مَّا فَعَلْتُمْ بِيُوْسُفَ وَ اَخِيْهِ اِذْ اَنْتُمْ جٰهِلُوْنَ ۝۸۹ قَالُوْٓا ءَاِنَّكَ لَاَنْتَ يُوْسُفُ ؕ قَالَ اَنَا يُوْسُفُ وَهٰذَآ اَخِيْ ۫ قَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا ؕ اِنَّهٗ مَنْ يَّتَّقِ وَ يَصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝۹۰ قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ اٰثَرَكَ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَ اِنْ كُنَّا لَخٰطِـِٕيْنَ ۝۹۱ قَالَ لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ ؕ

www.besturdubooks.net

يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ ۫ وَهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۹۲﴾ اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِيْ هٰذَا فَاَلْقُوْهُ عَلٰى وَجْهِ اَبِيْ
يَاْتِ بَصِيْرًا ۚ وَاْتُوْنِيْ بِاَهْلِكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۹۳﴾ ع ۱۰ ۱۴ ۴

پھر جب یوسف علیہ السلام کے پاس پہنچے کہنے لگے اے عزیز! ہم کو اور ہمارے گھر والوں کو (قحط کی وجہ سے) بڑی تکلیف پہنچ رہی ہے اور ہم کچھ یہ نکمی چیز لائے ہیں سو آپ پورا غلہ دے دیجئے اور ہم کو خیرات (سمجھ کر) دے دیجئے بے شک اللہ تعالیٰ خیرات دینے والوں کو جزائے خیر دیتا ہے۔ یوسف علیہ السلام نے فرمایا (کہو) وہ بھی تم کو یاد ہے جو کچھ تم نے یوسف اور اس کے بھائی کے ساتھ برتاؤ کیا تھا جب کہ تمہاری جہالت کا زمانہ تھا کہنے لگے کیا سچ مچ تم ہی یوسف ہو انہوں نے فرمایا (ہاں) میں یوسف ہوں اور یہ (بنیامین) میرا حقیقی بھائی ہے ہم پر اللہ تعالیٰ نے بڑا احسان کیا واقعی جو شخص گناہوں سے بچتا ہے اور صبر کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ ایسے نیک کام کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتے وہ کہنے لگے بخدا کچھ شک نہیں تم کو اللہ تعالیٰ نے ہم پر فضیلت عطا فرمائی اور بے شک ہم (اس میں) خطاوار تھے یوسف علیہ السلام نے فرمایا کہ تم پر آج کوئی الزام نہیں اللہ تعالیٰ تمہارا قصور معاف کرے اور وہ سب مہربانوں سے زیادہ مہربان ہے۔ اب تم میرا یہ کرتہ (بھی) لیتے جاؤ اور اس کو میرے باپ کے چہرے پر ڈال دو (اس سے) ان کی آنکھیں روشن ہو جاویں گی اور اپنے (باقی) گھر والوں کو (بھی) سب کو میرے پاس لے آؤ۔ ۞

تفسیر: بارسوم آمدن برادرانِ یوسف علیہ السلام بامر یعقوب علیہ السلام بتحسس یوسف علیہ السلام و بنیامین ☆ فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلَيْهِ (الی قولہ تعالیٰ) وَاْتُوْنِيْ بِاَهْلِكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۹۳﴾ پھر (حضرت یعقوب علیہ السلام کے حکم کے موافق کہ انہوں نے فرمایا تھا فَتَحَسَّسُوْا مِنْ يُّوْسُفَ وَ اَخِيْهِ مصر کو چلے کیونکہ بنیامین کو مصر ہی میں چھوڑا تھا یہ خیال ہوا ہوگا کہ جس کا نشان معلوم ہے پہلے اس کے لانے کی تدبیر کرنا چاہئے کہ بادشاہ سے مانگیں پھر یوسف علیہ السلام بے نشان کو ڈھونڈیں گے غرض مصر پہنچ کر) جب یوسف (علیہ السلام) کے پاس (جن کو عزیز سمجھ رہے تھے) پہنچے (اور غلہ کی بھی حاجت تھی پس یہ خیال ہوا کہ غلہ کے بہانہ سے عزیز کے پاس چلیں اور اس کی خرید کے ضمن میں خوشامد کی باتیں کریں جب اس کی طبیعت میں نرمی دیکھیں اور مزاج خوش پائیں تو بنیامین کی درخواست کریں اس لئے اول غلہ لینے کے متعلق گفتگو شروع کی اور) کہنے لگے اے عزیز ہم کو اور ہمارے گھر والوں کو (قحط کی وجہ سے) بڑی تکلیف پہنچ رہی ہے اور (چونکہ ہم کو ناداری نے گھیر رکھا ہے اس لئے خرید غلہ کے واسطے کھرے دام نہیں میسر ہوئے) ہم کچھ یہ نکمی چیز لائے ہیں سو آپ) اس کے نکمے ہونے سے قطع نظر کر کے) پورا غلہ دے دیجئے (اور اس کے نکمے ہونے سے غلہ کی مقدار میں کمی نہ کیجئے) اور (ہمارا کچھ استحقاق نہیں) ہم کو خیرات (سمجھ کر) دے دیجئے بیشک اللہ تعالیٰ خیرات دینے والوں کو (خواہ حقیقۃً خیرات دیں خواہ تسامح و رعایت کریں کہ وہ بھی مثل خیرات کے ہے) جزائے خیر دیتا ہے (اگر مومن ہے تو آخرت میں بھی ورنہ دنیا ہی میں) یوسف (علیہ السلام) نے (جوان کے یہ مسکنت آمیز الفاظ سنے رہا نہ گیا اور بے اختیار چاہا کہ اب ان سے کھل جاؤں اور عجب نہیں کہ نور قلب سے معلوم ہو گیا ہو کہ اب کی بار ان کو تحسس بھی مقصود ہے اور یہ بھی منکشف ہو گیا ہو کہ اب زمانہ مفارقت کا ختم ہو چکا پس تمہید تعارف کے طور پر) فرمایا (کہو) وہ بھی تم کو یاد ہے جو کچھ تم نے یوسف علیہ السلام اور اس کے بھائی کے ساتھ (برتاؤ) کیا تھا جب کہ تمہاری جہالت کا زمانہ تھا (اور برے بھلے کی سوچ نہ تھی یہ سن کر تو چکرائے کہ عزیز مصر کو یوسف علیہ السلام کے قصہ سے کیا واسطہ ادھر اس شروع زمانہ کے خواب سے غالب احتمال تھا ہی کہ شاید یوسف کسی بڑے رتبہ کو پہنچیں کہ ہم سب کو ان کے سامنے گردن جھکانا پڑے اس لئے اس کلام سے شبہ ہوا اور غور کیا تو کچھ کچھ پہچانا اور زیادت تحقیق کے لئے) کہنے لگے کیا سچ مچ تم ہی یوسف ہو انہوں نے فرمایا (ہاں) میں یوسف ہوں اور یہ (بنیامین) میرا (حقیقی) بھائی ہے (یہ اس لئے بڑھا دیا کہ اپنے یوسف ہونے کی اور تاکید ہو جاوے یا ان کے تحسس کی کامیابی کی بشارت ہے کہ جن کو تم ڈھونڈنے نکلے ہو ہم دونوں ایک جگہ جمع ہیں) ہم پر اللہ تعالیٰ نے بڑا احسان کیا (کہ ہم دونوں کو اول توفیق صبر و تقویٰ کی عطا فرمائی پھر اس کی برکت سے ہماری تکلیف کو راحت سے افتراق کو اجتماع سے اور قلت مال و جاہ کو کثرت سے مال و جاہ سے مبدل فرما دیا) واقعی جو شخص گناہوں سے بچتا ہے اور (مصائب پر) صبر کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ ایسے نیک کام کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کیا کرتا وہ (تمام گذشتہ قصوں کو یاد کر کے نادم ہوئے اور معذرت کے طور پر) کہنے لگے کہ بخدا کچھ شک نہیں تم کو اللہ تعالیٰ نے ہم پر فضیلت عطا فرمائی (اور تم اسی لائق تھے) اور (ہم نے جو کچھ کیا) بیشک ہم (اس میں) خطاوار تھے (للہ معاف کر دو) یوسف (علیہ السلام) نے فرمایا کہ نہیں تم پر آج (میری طرف سے) کوئی الزام نہیں (بے فکر) رہو میرا دل صاف ہو گیا) اللہ تعالیٰ تمہارا قصور معاف کرے اور وہ سب مہربانوں سے زیادہ مہربان ہے (تائب کا قصور معاف کر ہی دیتا ہے اسی دعا سے یہ بھی مفہوم ہو گیا کہ میں نے معاف کر دیا اور لَا تَثْرِيْبَ سے بھی معلوم ہو گیا) اب تم میرے باپ کو جا کر بشارت دو اور بشارت کے ساتھ) میرا یہ کرتہ (بھی) لیتے جاؤ اور اس کو میرے باپ کے چہرہ پر ڈال دو (اس سے) ان کی آنکھیں روشن ہو جاویں گی (اور یہاں تشریف لے آویں گے) اور اپنے باقی گھر والوں کو (بھی) سب کو میرے پاس لے آؤ کہ سب ملیں اور خوش ہوں کیونکہ حالت موجودہ میں میرا جانا مشکل ہے اس لئے گھر والے ہی چلے آویں)۔ ف: تَصَدَّقْ عَلَيْنَا کی جو تفسیر کی

www.besturdubooks.net

گئی ہے اس سے دو شبہ دفع ہو گئے اول یہ کہ ان کو صدقہ کب حلال تھا بوجہ نبی ہونے کے یا آل نبی ہونے کے دوسرے یہ کہ ان کو سوال کرنا جو کہ ممنوع ہے کیسے درست تھا تقریر جواب ظاہر ہے کہ رعایت فی المعاملہ کو مجازاً تصدق کہہ دیا اور اس کی درخواست اور قبول نبی اور آل نبی سب کو جائز ہے اور سوال اول کا ایک جواب یہ بھی ہے کہ ان کی نبوت ثابت نہیں اور آل انبیاء کو تنفل صدقہ جائز ہے اور اگر بعض علماء کا قول لیا جاوے کہ تحریم صدقہ خصوصیاتِ آل محمدیؐ سے ہے تو ایک جواب بھی حاصل ہو سکتا ہے اور یَجْزِی الْمُتَصَدِّقِیْنَ ﴿۸۸﴾ میں جو دو شقیں مؤمن اور کافر کی بیان کیں وجہ یہ کہ ان کو عزیز مصر کا مؤمن ہونا معلوم نہ تھا اور آخرت کے ساتھ لفظ بھی اس لئے بڑھایا کہ صدقہ کی خاصیت دفع بلاء دنیا میں مؤمن کے لئے بھی واقع ہوتی ہے اور مَّا فَعَلْتُمْ بِیُوْسُفَ وَاَخِیْهِ کی تفسیر اس سے اوپر کے رکوع کی اول آیت میں بیان ہو چکی ہے اور مَنْ یَّتَّقِ الخ میں دعویٰ تقویٰ کا نہیں ہے کیونکہ مَنَّ اللّٰهُ میں وہ بھی داخل ہے جیسا اثنائے ترجمہ میں بیان ہوا اور اَلْقُوْهُ الخ اس لئے فرمایا کہ ان کو خلل بصارت کا علم ہو گیا ہوگا اور یہ بصیر ہونا بطور معجزہ کے تھا اور قمیص علی الاصح کوئی خاص نہ تھا یہی معمولی ملبوس تھا اور یعقوب علیہ السلام کے لانے کو اس لئے تصریحاً نہیں فرمایا کہ وہ تو بے آئے رہ ہی نہیں سکتے ان کا تشریف لانا یقینی تھا اور مَّا فَعَلْتُمْ بِیُوْسُفَ وَاَخِیْهِ کے ساتھ وبابیہ نہ کہا حالانکہ ان کو بھی ایذائیں پہنچی تھیں وجہ یہ کہ ان کو جو کچھ تکلیف ہوئی وہ بواسطہ مذکور پہنچی۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلِ السُّلُوْكِ : قولہ تعالیٰ لَا تَثْرِیْبَ عَلَیْكُمُ الْیَوْمَ الخ روح میں شاہ کرمانیؒ سے منقول ہے کہ جو شخص مخلوق کو نظر حق سے دیکھے گا وہ ان کی مخالفت کی پروانہ کرے گا اور جو شخص ان کو اپنی نظر سے دیکھے گا اپنی عمر ان کی بحث و تکرار میں ختم کر دے گا دیکھئے یوسف علیہ السلام کو چونکہ مجازی قضاء کا علم تھا انہوں نے اپنے بھائیوں کا کس طرح عذر قبول کیا ۱۲۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃِ : قوله فی هل علمتم یاد اشارة الی ان المراد بالعلم استمراره بقرینة المقام ۱۲۔

اَللُّغَاتُ : قوله مزجاة مدفوعة من الزجی الدفع ای رؤیته قوله تثریب من الثرب وهو الشحم الرقیق فی الجوف وعلی الکرش والتفصیل للسلب ای ازالة الشرب استعیر للوم الذی یظهر العیوب کما ان ازالة الشحم یبدی الهزال وما لا یرضی قوله یأت بصیرا بمعنی یصیر نا قصه ۱۲۔

اَلْبَلَاغَۃُ : قوله لا تثریب علیکم الیوم التقیید بالیوم لیس للتخصیص بل للمبالغة لان الیوم زمان احتماله فاذا انتفی فی الیوم انتفی فی غیره بالاولی ۱۲۔

وَلَمَّا فَصَلَتِ الْعِیْرُ قَالَ اَبُوْهُمْ اِنِّیْ لَاَجِدُ رِیْحَ یُوْسُفَ لَوْلَاۤ اَنْ تُفَنِّدُوْنِ ﴿۹۴﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ اِنَّكَ لَفِیْ ضَلٰلِكَ الْقَدِیْمِ ﴿۹۵﴾ فَلَمَّاۤ اَنْ جَآءَ الْبَشِیْرُ اَلْقٰىهُ عَلٰی وَجْهِهٖ فَارْتَدَّ بَصِیْرًا ۚ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ ۚ اِنِّیْۤ اَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۹۶﴾ قَالُوْا یٰۤاَبَانَا اسْتَغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَاۤ اِنَّا كُنَّا خٰطِـِٕیْنَ ﴿۹۷﴾ قَالَ سَوْفَ اَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّیْ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ﴿۹۸﴾

اور جب قافلہ چلا تو اب ان کے باپ نے کہنا شروع کیا کہ اگر تم مجھ کو بڑھاپے میں بہکی باتیں کرنے والا نہ سمجھو تو ایک بات کہوں کہ مجھ کو تو یوسف کی خوشبو آ رہی ہے وہ پاس والے کہنے لگے کہ بخدا آپ تو اپنے اسی پرانے غلط خیال میں مبتلا ہیں۔ پس جب خوشخبری لانے والا پہنچا تو (آتے ہی) اس نے وہ کرتا ان کے منہ پر لا کر ڈال دیا پس فوراً ہی ان کی آنکھیں کھل گئیں آپ نے بیٹوں سے فرمایا کیوں میں نے تم سے کہا نہ تھا کہ اللہ کی باتوں کو جتنا میں جانتا ہوں تم نہیں جانتے سب بیٹوں نے کہا اے ہمارے باپ ہمارے لئے (خدا سے) ہمارے گناہوں کی دعائے مغفرت کیجئے ہم بے شک خطا کار تھے یعقوب علیہ السلام نے فرمایا عنقریب تمہارے لئے اپنے رب سے دعائے مغفرت کروں گا بے شک وہ غفور رحیم ہے۔

تَفْسِیْر : بازگشتن برادرانِ یوسف علیہ السلام از سفر سوم و بشارت بردن ☆ وَلَمَّا فَصَلَتِ الْعِیْرُ (الی قوله تعالیٰ) اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ﴿۹۸﴾ اور جب (یوسف علیہ السلام سے بات چیت ہو چکی اور آپ کے فرمانے کے موافق کرتہ لے کر چلنے کی تیاری کی اور) قافلہ (شہر مصر سے) چلا (جس میں یہ لوگ بھی تھے) تو ان کے باپ نے (پاس والوں سے) کہنا شروع کیا کہ اگر تم مجھ کو بڑھاپے میں بہکی باتیں کرنے والا نہ سمجھو تو ایک بات کہوں کہ مجھ کو تو یوسف کی خوشبو آ رہی ہے (یہ معجزہ تھا یعقوب علیہ السلام کا کہ اس کرتہ میں جو یوسف علیہ السلام کے بدن کا اثر تھا وہ محسوس ہو گیا اور چونکہ معجزہ اختیاری نہیں ہوتا اس سے پہلے یہ ادراک نہ ہوا) وہ (پاس والے) کہنے لگے کہ بخدا آپ تو اپنے اسی پرانے غلط خیال میں مبتلا ہیں (کہ یوسف زندہ ہیں اور ملیں گے اسی خیال کے غلبہ سے اب

www.besturdubooks.net

خوشبو کا وہم ہو گیا اور واقع میں نہ خوشبو ہے نہ کچھ ہے یعقوب علیہ السلام خاموش ہو رہے) پس جب (یوسف علیہ السلام کے صحیح سلامت ہونے کی) خوشخبری لانے والا (مع کرتہ کے یہاں) آ پہنچا (تو آتے ہی) اس نے وہ کرتہ ان کے منہ پر لا کر ڈال دیا بس (آنکھوں کو لگنا تھا اور دماغ میں خوشبو پہنچنا کہ) فوراً ہی ان کی آنکھیں کھل گئیں (اور انہوں نے آپ سے سارا ماجرا بیان کیا) آپ نے (بیٹوں سے) فرمایا کیوں میں نے تم سے کہا نہ تھا کہ اللہ کی باتوں کو جتنا میں جانتا ہوں تم نہیں جانتے (اور اسی لئے میں نے تم کو یوسف کے تجسس کے لئے بھیجا تھا دیکھو آخر اللہ تعالیٰ میری امید راست لایا اُن کا یہ قول اس سے اوپر کے رکوع میں آ چکا ہے اس وقت) سب بیٹوں نے کہا کہ اے ہمارے باپ ہمارے لئے (خدا سے) ہمارے گناہوں کی دعائے مغفرت کیجئے (ہم نے جو کچھ آپ کو یوسف علیہ السلام کے معاملہ میں تکلیف دی اس میں) ہم بیشک خطاوار تھے (مطلب یہ کہ آپ بھی معاف کر دیجئے کیونکہ عادۃً کسی کے لئے استغفار وہی کرتا ہے جو خود بھی مؤاخذہ کرنا نہیں چاہتا) یعقوب (علیہ السلام) نے فرمایا عنقریب تمہارے لئے اپنے رب سے دعائے مغفرت کروں گا بے شک وہ غفور رحیم ہے (اسی سے ان کا معاف کر دینا بھی معلوم ہو گیا اور عنقریب کا مطلب یہ ہے کہ تہجد کا وقت آنے دو جو کہ قبولیت کی ساعت ہے کذا فی الدر المنثور مرفوعًا۔ف: قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ کی تفسیر مذکور پر لازم آتا ہے کہ جنہوں نے معجزۂ یعقوبی کو مستبعد سمجھا تھا ان سے کچھ نہیں کہا اس کی چند وجہ ہیں اول اسی سے ان کا جواب نکل آیا دوسرے ان کی غلطی فوراً ظاہر ہو گئی جتانے کی کوئی ضرورت نہ تھی اور بیٹوں سے اِنِّیْ اَعْلَمُ الخ [البقرۃ: ۳۳] کہنا اس پر ایک مدت گزر گئی تھی تیسرے ان مستبعدین سے زیادہ معاملہ بھی نہ تھا جتنا بیٹوں سے تھا اور انہوں نے یعقوب علیہ السلام سے صراحۃً یوں نہیں کہا کہ آپ معاف کر دیجئے وجہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ ان کے ذمے دو قسم کے حقوق تھے حقوق اللہ و حقوق العباد اس لئے ایسا جامع عنوان اختیار کیا جس میں دونوں مضمون آ گئے ورنہ حقوق اللہ کے لئے پھر جدا کہنا پڑتا اور غالباً اسی وجہ سے یعقوب علیہ السلام نے وعدہ و استغفار کا کیا جیسا یوسف علیہ السلام نے بھی یَغْفِرُ اللّٰهُ کہا کہ یہ بھی دونوں حق کا جامع ہے۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلِ السُّلُوْک: قولہ تعالیٰ: وَلَمَّا فَصَلَتِ الْعِيْرُ قَالَ اَبُوْهُمْ اِنِّیْ لَاَجِدُ رِيْحَ يُوْسُفَ روح میں ہے کہ چونکہ ملاقات کا وقت آ چکا تھا اس لئے یہ خوشبو مدرک ہو گئی اور جب وہ کنوئیں میں بہت ہی قریب تھے چونکہ وقت نہ آیا تھا یہ خوشبو مدرک نہ ہوئی اور یہی حال ہے اولیاء کے مکاشفات کا ؎

گہے بر طارم اعلیٰ نشینم گہے بر پشت پائے خود نہ بینم ۱۲

اَللُّغَات: التفنید النسبة الی الفند وهو ضعف العقل بسبب الهرم ۱۲ قوله فارتد بصیرا فصار ۱۲۔

اَلْبَلَاغَة: قوله لو لا ان تفندون جوابه لقلت ولا یقصد التعلیق بهذا التركیب فی نحو هذا المقام والا لما قال هذا القول ما لم یقولوا لا نفندك بل یراد النهی ای لا تفندونی فافهم كذا القی فی روعی ۱۲۔

فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰى يُوْسُفَ اٰوٰۤى اِلَيْهِ اَبَوَيْهِ وَقَالَ ادْخُلُوْا مِصْرَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ ﴿۹۹﴾ وَرَفَعَ اَبَوَيْهِ عَلَى الْعَرْشِ وَخَرُّوْا لَهٗ سُجَّدًا ۚ وَقَالَ يٰۤاَبَتِ هٰذَا تَاْوِيْلُ رُءْيَایَ مِنْ قَبْلُ ۫ قَدْ جَعَلَهَا رَبِّیْ حَقًّا ؕ وَقَدْ اَحْسَنَ بِیْۤ اِذْ اَخْرَجَنِیْ مِنَ السِّجْنِ وَجَآءَ بِكُمْ مِّنَ الْبَدْوِ مِنْۢ بَعْدِ اَنْ نَّزَغَ الشَّيْطٰنُ بَيْنِیْ وَبَيْنَ اِخْوَتِیْ ؕ اِنَّ رَبِّیْ لَطِيْفٌ لِّمَا يَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ﴿۱۰۰﴾ رَبِّ قَدْ اٰتَيْتَنِیْ مِنَ الْمُلْكِ وَعَلَّمْتَنِیْ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ ۚ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۫ اَنْتَ وَلِیّٖ فِی الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّ اَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۰۱﴾

پھر جب یہ سب کے سب یوسف کے پاس پہنچے تو انہوں نے اپنے والدین کو اپنے پاس (تعظیماً) ہی جگہ دی اور کہا سب مصر میں چلئے (اور) خدا کو منظور ہے تو وہاں امن چین سے رہئے اور اپنے والدین کو تخت شاہی پر بٹھایا اور سب کے سب یوسف علیہ السلام کے آگے سجدہ میں گر گئے اور یوسف نے کہا کہ اے میرے باپ یہ ہے میرے خواب کی تعبیر جو پہلے زمانہ میں دیکھا تھا جس کو میرے رب نے سچا کر دیا اور خدا نے میرے ساتھ احسان کیا کہ ایک تو اس نے مجھے قید سے نکالا اور دوسرے یہ کہ تم سب کو جنگل سے یہاں لایا (یہ سب کچھ) بعد اس کے ہوا کہ شیطان نے میرے اور میرے بھائیوں کے درمیان فساد ڈلوایا تھا بلاشبہ میرا رب جو چاہتا ہے اس کی عمدہ تدبیر کرتا ہے بلاشبہ وہ بڑے علم اور حکمت والا ہے۔ اے پروردگار تو نے مجھے سلطنت کا بڑا حصہ دیا اور مجھ کو خوابوں کی تعبیر دینا تعلیم فرمائی (جو کہ علم عظیم ہے) اے آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے تو میرا کارساز ہے دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی مجھ کو پوری فرمانبرداری کی حالت میں دنیا سے اٹھا لے اور مجھ کو خاص نیک بندوں میں شامل کر لے۔ ۞

تفسیر: بار چہارم آمدن برادرانِ یوسف علیہ السلام مع والدین و اہل خود ☆ فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰى يُوْسُفَ اٰوٰۤى اِلَيْهِ اَبَوَيْهِ (الی قوله تعالیٰ) اِنَّهٗ هُوَ

www.besturdubooks.net

الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ۝ (غرض سب مصر کو تیار ہو کر چل دیئے اور یوسف علیہ السلام خبر سن کر استقبال کے لئے بیرون مصر تشریف لائے اور باہر ہی ملاقات کا سامان کیا گیا) پھر جب یہ سب کے سب یوسف (علیہ السلام) کے پاس پہنچے تو انہوں نے (سب سے مل ملا کر) اپنے والدین کو اپنے پاس (تعظیماً) جگہ دی اور (بات چیت سے فارغ ہو کر) کہا سب مصر میں چلئے (اور) انشاء اللہ تعالیٰ (وہاں) امن چین سے رہئے (مفارقت کا غم اور قحط کا الم سب کافور ہو گئے غرض سب مصر میں پہنچے) اور (وہاں) پہنچ کر تعظیماً) اپنے والدین کو تخت (شاہی) پر اونچا بٹھایا اور (اس وقت سب کے قلوب پر یوسف علیہ السلام کی ایسی عظمت غالب ہوئی کہ) سب کے سب ان کے سامنے سجدہ میں گر گئے اور (یہ حالت دیکھ کر) وہ کہنے لگے کہ اے ابا یہ ہے میرے خواب کی تعبیر جو پہلے زمانہ میں دیکھا تھا (کہ شمس وقمر اور گیارہ ستارے مجھ کو سجدہ کرتے ہیں) میرے رب نے اس خواب) کو سچا کر دیا (یعنی اس کی سچائی کا ظہور کر دیا) اور (علاوہ اس شرف کے میرے رب نے مجھ پر اور انعام بھی فرمائے چنانچہ) میرے ساتھ (ایک) اس وقت احسان فرمایا جس وقت مجھ کو قید سے نکالا (اور اس رتبہ سلطنت تک پہنچایا) اور (دوسرا یہ انعام فرمایا کہ) بعد اس کے کہ شیطان نے میرے اور میرے بھائیوں کے درمیان فساد ڈلوا دیا تھا (جس کا مقتضا یہ تھا کہ عمر بھر بھی مجتمع ومتفق نہ ہوتے مگر اللہ تعالیٰ کی عنایت ہے کہ وہ) تم سب کو (جن میں میرے بھائی بھی ہیں) باہر سے (یہاں) لے آیا (اور سب کو ملا دیا) بلاشبہ میرا رب جو چاہتا ہے اس کی تدبیر لطیف کر دیتا ہے بلاشبہ وہ بڑا علم اور حکمت والا ہے (اپنے علم وحکمت سے سب امور کی تدبیر درست کر دیتا ہے) ف: اس امر کی وجہ کہ اول ملاقات میں سجدہ نہ کیا اور مصر میں آ کر کیا شاید یہ ہو کہ وہاں محبت کا عظمت پر غلبہ تھا اس کے مناسب یہ امور ہیں ملنا جلنا معانقہ مکالمہ اور یہاں عظمت کا محبت پر غلبہ ہوا یا تو اس وجہ سے کہ محبت کے جوش کو سکون ہو گیا تھا اس لئے عظمت کا مشاہدہ ہو اور یا یہ کہ اس جگہ یوسف علیہ السلام گویا اپنے اجلاس شاہی پر تھے اور باہر اجلاس پر نہ تھے دونوں حالتوں میں تفاوت ظاہر ہے اور یہ سجدہ بطور تحیت کے تھا جو امم سابقہ میں جائز تھا اور بعضوں کو جو یہ شبہ ہوا ہے کہ یوسف علیہ السلام نے اپنے والدین سے اپنی اتنی بڑی تعظیم کو کیونکر گوارا کیا محض ضعیف شبہ ہے ان کو تو خواب سے معلوم تھا کہ ایسا امر ہونے والا ہے پھر کیا امور کائنہ میں مزاحمت فرماتے اور ذکر اجتماع میں جو فرمایا مِنْۢ بَعْدِ اَنْ نَّزَغَ الخ یہ اس لئے کہ اس کا مقتضا یہ تھا کہ نہ بھائیوں سے میل ہوتا بوجہ رنج کے اور نہ والدین سے ہوتا بوجہ نہ پہنچنے خبر کے جس کا سبب وہی فساد تھا جس نے باہم جدائی ڈال دی تھی اور اس میں علماء کے دو قول ہیں کہ یہ ان کی والدہ تھیں یا خالہ جن کو مجازاً والدہ کہہ دیا۔

ختم قصہ بر دعائے یوسف علیہ السلام برائے ختم بالخیر ☆ رَبِّ قَدْ اٰتَيْتَنِيْ مِنَ الْمُلْكِ (الی قولہ تعالیٰ) وَاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ۔ (اس کے بعد سب ہنسی خوشی رہتے رہے یہاں تک کہ یعقوب علیہ السلام کی عمر ختم پر پہنچی اور بعد وفات حسب وصیت ملک شام میں لے جا کر اپنے بزرگوں کے پاس دفن کئے گئے پھر یوسف علیہ السلام کو بھی آخرت کا اشتیاق ہوا اور دعاء کی کہ) اے میرے پروردگار آپ نے مجھ کو (ہر طرح کی نعمتیں دیں ظاہری بھی باطنی بھی ظاہری یہ کہ مثلاً) سلطنت کا بڑا حصہ دیا اور (باطنی یہ کہ مثلاً) مجھ کو خوابوں کی تعبیر دینا تعلیم فرمایا (جو کہ علم عظیم ہے خصوصاً جب کہ وہ یقینی ہو جو موقوف ہے وحی پر پس اس کا وجود مستلزم ہوگا عطائے نبوت کو) اے خالق آسمانوں اور زمین کے آپ میرے کارساز ہیں دنیا میں بھی آخرت میں بھی (پس جس طرح دنیا میں میرے سارے کام بنا دیئے کہ سلطنت دی علم دیا اسی طرح آخرت کے کام بھی بنا دیجئے کہ) مجھ کو فرمانبرداری کی حالت میں دنیا سے اُٹھا لیجئے اور خاص نیک بندوں میں شامل کر دیجئے (یعنی میرے بزرگوں میں جو انبیاء عظام ہوئے ہیں ان میں مجھ کو پہنچا دیجئے)۔ ف: اشتیاق موت کا اگر شوقاً الی لقاء اللہ ہو تو جائز ہے اور حصہ سلطنت کا اس لئے کہا کہ ساری دنیا کی سلطنت تو آپ کے پاس نہ تھی اور مثلاً اس لئے بڑھا دیا گیا کہ نعمتیں ان ہی امور مذکورہ میں تو منحصر نہیں اور بعض علماء نے کہا ہے کہ یہ دعا طلب موت کے لئے نہیں تھی بلکہ مطلب یہ تھا کہ جب وفات ہو اسلام اور صلاح پر ہو اور ہر حالت میں گو انبیاء علیہم السلام کا اسلام وصلاح پر وفات پانا یقینی ہے لیکن اس کے مراتب مختلف ہیں اور متزائد ہوتے رہتے ہیں اس لئے اس کی طلب میں کوئی اشکال نہیں اہل سیر نے لکھا ہے کہ جب آپ کی وفات کا وقت آیا تو آپ نے اپنے بھائیوں کو یا ان کی اولاد کو وصیت فرمائی کہ اگر کبھی تم لوگ مصر کا وطن چھوڑ کر اپنے آبائی ملک شام کو جانے لگو تو میری لاش اپنے ہمراہ لے جانا چنانچہ موسیٰ علیہ السلام جب مصر سے مخفی نکلے ہیں تو حسب وحی الٰہی یوسف علیہ السلام کی نعش کا صندوق اپنے ہمراہ لے لیا تھا (اور ہمارے آئمہ نے نبش ونقل کی اس صورت کے عدم جواز پر اتفاق کیا ہے کما فی الطحاوی علی مراقی الفلاح) اور بعض تفاسیر میں لکھا ہے کہ بعد وفات یوسف علیہ السلام کے سلطنت مصر کی سلاطین مصر ہی کی طرف منتقل ہو گئی کیونکہ یوسف علیہ السلام کو گو اختیارات سلطنت کے حاصل ہو گئے تھے مگر باضابطہ تو پہلا ہی بادشاہ بادشاہ رہا تھا اسی لئے یوسف علیہ السلام عزیز مصر کہلاتے تھے چنانچہ ان ہی سلاطین مصر کے سلسلہ میں وہ فرعون ہوا جو موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں تھا اور ان برادران یوسف علیہ السلام کی اولاد میں وہ بنی اسرائیل ہوئے جو موسیٰ علیہ السلام کے وقت میں تھے اور بعض مفسرین نے بلا سند لکھا ہے کہ یہود نے امتحاناً پوچھا تھا کہ یعقوب علیہ السلام تو شام کے رہنے والے تھے ان کی اولاد مصر میں فرعون کے ہاتھ میں کہاں پہنچ گئی اس قصہ سے اس کا جواب بھی حاصل ہو گیا اور مفصل وجہ شام سے مصر کو آنے کی بیان فرما دی ان مفسرین نے رکوع دوم کی پہلی آیت لَقَدْ كَانَ الخ کی تفسیر اسی سوال کے ساتھ کی ہے واللہ اعلم۔

www.besturdubooks.net

ربط: آیات قصہ یوسف علیہ السلام جس طرح قصہ سے سوال کرنے والوں کا جواب ہے اسی طرح جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت پر بھی دلیل ہے جیسا آیت: لَقَدْ كَانَ فِيْ يُوْسُفَ الخ میں اس طرف اشارہ بھی ہے آگے ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ الخ میں اسی دلالت کی تقریر اور آیت وَمَآ اَكْثَرُ النَّاسِ الخ میں کفار کا عناد کہ باوجود دلائل کے ایمان نہیں لاتے اور آیت وَمَا تَسْـَٔلُهُمْ الخ میں اس عناد کی تقریر اور آیت: وَكَاَيِّنْ الخ اور آیت: وَمَا يُؤْمِنُ الخ میں مثل انکار نبوت کے ان کا انکار توحید و نیز آیت وَمَآ اَكْثَرُ النَّاسِ سے آخر آیات مذکورہ تک حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا تسلیہ بھی نہ امیدی سے راحت ہو جاتی ہے جو کہ مدلول آیت وَمَآ اَكْثَرُ النَّاسِ کا ہے اور اسی طرح اس امر کے معلوم ہونے سے کہ ان کے ایمان نہ لانے سے آپ کا کوئی اجر و نفع فوت نہیں ہوتا بلکہ نصیحت نہ ماننے سے ان ہی کا ضرر ہے جو کہ مدلول ہے آیت: وَمَا تَسْـَٔلُهُمْ الخ کا نیز تسلی ہوتی ہے اور اسی طرح اس سننے سے بھی تسلی ہوتی ہے کہ نبوت سے بڑھ کر یہ توحید کے منکر ہیں تو نبوت کے انکار پر کیا تعجب کیا جاوے جو کہ مدلول ہے وَكَاَيِّنْ الخ اور وَمَا يُؤْمِنُ الخ کا آگے آیات اَفَاَمِنُوْٓا الخ میں اس انکار توحید و رسالت پر وعید ہے آگے آیت: قُلْ هٰذِهٖ الخ میں اتمام حجت کے لئے تکریر دعوت ہے آگے وَمَآ اَرْسَلْنَا الخ میں نبوت پر ان کے ایک شبہ کا کہ نبی فرشتہ ہونا چاہئے جواب ہے اور اسی آیت کے آخر میں وعید کی تقریر و تاکید ہے آگے آیت حَتّٰٓى اِذَا اسْتَايْـَٔسَ الخ میں آپ کی اور اہل ایمان کی تسلی اور کفار کے وعید کی تقریر ہے آگے ختم کی آیت میں حکمت قصص سابقہ کی کہ تسلی اور وعید بالا ہے اور حقیت قرآن کی کہ قصص پر مشتمل ہے جو کہ بعینہٖ شروع سورت کی آیتوں کا بھی یہی مضمون تھا مذکور ہے پس خلاصہ ان تمام تر آیات کا وہ ہوا جو عنوان آئندہ میں لکھا جاتا ہے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا اس سے دو مسئلے ثابت ہوتے ہیں ایک باوجود عصمت اور امتناع کفر کے انبیاء علیہم السلام کا خوف کرنا دوسرے بعض تفاسیر پر شوق لقاء میں موت کی تمنا کرنا ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله قبل فاما دخلوا باہر دل علیه ظاهر قوله تعالیٰ ادخلوا مصر وقال بعضهم فی معناه تمکنوا فیه بعد الدخول ۱۲۔ ۲ قوله فی حقا ظهور لان کون الرؤیا حقا حاصل من قبل وان لم یظهر ۱۲۔ ۳ قوله فی توضیح تاویل مستلزم ولم یصرح بعطاء النبوة لانها لا المستلزم هذا التاویل فذکر التاویل دل علی الجمع بین النعمتین فافهم ۱۲۔

اللغات: قوله احسن بی فیه اقوال وبنی الترجمة علی کون الباء صلة لاحسن کما فی قوله تعالیٰ وبالوالدین احسانا ۱۲۔ قوله البد والظهور ولما کان الشئ فی البادیة ظاهرا اطلق علیها وکنعان وان لم یکن بادیة لکن القریٰ کالبادیة فی جنب امثال مصر قوله نزغ فی القاموس افسد بینهم۔

النحو: قوله لما یشاء متعلق بلطیف بمعنی لطیف تدبیره نافذ فی الامور وماش فیها ۱۲۔

البلاغة: قوله من السجن لم یقل ومن الجب تکرما لا خوته کیلا یخجلوا ولان تمام النعمة کان بعد الخروج من السجن حیث تسلط بعده قوله نزغ الشیطان فیه تلطف باخوته حیث لم یفعلوا ما فعلوا بانفسهم وانما اغراهم الشیطان فمعظم الملامة علیه ۱۲۔

ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ اِلَيْكَ ۚ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ اَجْمَعُوْٓا اَمْرَهُمْ وَهُمْ يَمْكُرُوْنَ ﴿۱۰۲﴾ وَمَآ

ع ۱۱ ۵ اَكْثَرُ النَّاسِ وَلَوْ حَرَصْتَ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۰۳﴾ وَمَا تَسْـَٔلُهُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۴﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ اٰيَةٍ فِي

وقف النبی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَمُرُّوْنَ عَلَيْهَا وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ وَمَا يُؤْمِنُ اَكْثَرُهُمْ بِاللّٰهِ اِلَّا وَهُمْ مُّشْرِكُوْنَ ﴿۱۰۶﴾

اَفَاَمِنُوْٓا اَنْ تَاْتِيَهُمْ غَاشِيَةٌ مِّنْ عَذَابِ اللّٰهِ اَوْ تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۰۷﴾ قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِيْٓ اَدْعُوْٓا

اِلَى اللّٰهِ ۣ عَلٰي بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِيْ ۭ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ وَمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۰۸﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ

اِلَيْهِمْ مِّنْ اَهْلِ الْقُرٰى ۭ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ

خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اتَّقَوْا ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۰۹﴾ حَتّٰٓى اِذَا اسْتَيْـَٔسَ الرُّسُلُ وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُوْا جَاۗءَهُمْ نَصْرُنَا ۙ فَنُجِّيَ مَنْ

نَّشَاۗءُ ۭ وَلَا يُرَدُّ بَاْسُنَا عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۱۰﴾ لَقَدْ كَانَ فِيْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ ۭ مَا كَانَ

www.besturdubooks.net

حَدِيْثًا يُّفْتَرٰى وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۱۱۱﴾ ع ۱۲ ۱۶

(اے محمدؐ) یہ قصہ غیب کی خبروں میں سے ہے جو ہم نے وحی کے ذریعہ تم کو بتایا کیونکہ تم یوسف علیہ السلام کے بھائیوں کے پاس اس وقت موجود نہ تھے جبکہ انہوں نے اپنا ارادہ پختہ کرلیا تھا اور وہ تدبیریں کر رہے تھے اور اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے گو آپ کا کیسا ہی جی چاہتا ہو اور آپ ان سے اس پر کچھ معاوضہ تو چاہتے نہیں یہ (قرآن) تو تمام جہان والوں کے لئے ایک نصیحت ہے اور بہت سی نشانیاں ہیں آسمانوں میں اور زمین میں جن پر ایمان کا گزر ہوتا رہتا ہے اور وہ ان کی طرف اصلاً توجہ نہیں کرتے اور اکثر لوگ جو خدا کو مانتے بھی ہیں تو اس طرح کہ شرک بھی کرتے ہیں سو کیا پھر بھی اس بات سے مطمئن ہوئے بیٹھے ہیں کہ ان پر خدا کے عذاب کی کوئی ایسی آفت آپڑے جو ان کو محیط ہو جائے یا ان پر اچانک قیامت آجائے اور ان کو (پہلے سے) خبر بھی نہ ہو۔ آپ فرما دیجئے کہ یہ میرا طریقہ ہے میں (لوگوں کو توحید) خدا کی طرف اس طور سے بلاتا ہوں کہ میں بھی اس پر قائم ہوں اور میرے ساتھ والے بھی اور اللہ (شرک سے) پاک ہے اور میں مشرکین میں سے نہیں ہوں اور ہم نے آپ سے پہلے مختلف بستی والوں میں جتنے (رسول) بھیجے سب آدمی ہی تھے (کوئی فرشتہ نہ تھا) اور (یہ لوگ جو بے فکر ہیں) تو کیا یہ لوگ ملک میں کہیں چلے پھرے نہیں کہ اپنی آنکھوں سے دیکھ لیتے کہ ان لوگوں کا کیسا برا انجام ہوا جو ان سے پہلے (کافر) ہو گزرے ہیں اور البتہ عالم آخرت ان لوگوں کے لئے نہایت بہبودی کی چیز ہے جو احتیاط رکھتے ہیں سو کیا تم اتنا بھی نہیں سمجھتے۔ یہاں تک کہ پیغمبر (اس بات سے) مایوس ہو گئے اور ان پیغمبروں کو گمان غالب ہو گیا کہ ہمارے فہم نے غلطی کی ان کو ہماری مدد پہنچی پھر (اس عذاب سے) ہم نے جس کو چاہا بچا لیا گیا اور ہمارا عذاب مجرم لوگوں سے نہیں ہٹتا۔ ان (انبیا امم سابقین کے) قصہ میں سمجھ دار لوگوں کے لئے (بڑی) عبرت ہے یہ قرآن (جس میں یہ قصے ہیں) کوئی تراشی ہوئی بات تو ہے نہیں (کہ اس عبرت نہ ہوتی) بلکہ اس سے پہلے جو (آسمانی) کتابیں ہو چکی ہیں یہ ان کی تصدیق کرنے والا ہے اور ہر ضروری بات کی تفصیل کرنے والا ہے اور ایمان والوں کے لئے ذریعہ ہدایت اور رحمت ہے۔ ۞

تفسیر: بحث رسالت وتوحید وتسلیہ حضور وعید منکرین وحقیت قرآن ☆ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ (الی قولہ تعالیٰ) وَّهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۞ یہ قصہ (جو اوپر بیان کیا گیا آپ کے اعتبار سے) غیب کی خبروں میں سے ہے (کیونکہ آپ کے پاس کوئی ظاہری ذریعہ اس کے جاننے کا نہیں تھا صرف) ہم (ہی) وحی کے ذریعہ سے آپ کو یہ قصہ بتلاتے ہیں اور (یہ ظاہر ہے کہ) آپ ان (برادران یوسف) کے پاس اس وقت موجود نہ تھے جب کہ انہوں نے اپنا ارادہ (یوسف علیہ السلام کو کنوئیں میں ڈالنے کا) پختہ کرلیا تھا اور وہ (اس کے متعلق) تدبیریں کر رہے تھے (کہ باپ سے یوں کہیں ان کو یوں لے جائیں وغیرہ ذالک اور اسی طرح یہ امر یقینی ہے کہ آپ نے کسی سے یہ قصہ سنا سنایا بھی نہیں پس یہ صاف دلیل ہے نبوت کی اور صاحب وحی ہونے کی) اور (باوجود نبوت پر دلائل قائم ہونے کے) اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے گو آپ کا کیسا ہی جی چاہتا ہو اور (ان کے ایمان نہ لانے سے آپ کا تو کوئی نقصان ہے نہیں کیونکہ) آپ ان سے اس (قرآن) پر کچھ معاوضہ تو چاہتے نہیں (جس میں یہ احتمال ہو کہ اگر یہ قرآن کو قبول نہ کریں گے تو آپ کا معاوضہ فوت ہو جاوے گا) یہ (قرآن) تو صرف تمام جہان والوں کے لئے ایک نصیحت ہے (جو نہ مانے گا اسی کا نقصان ہوگا) اور (جیسے یہ لوگ منکر نبوت ہیں اسی طرح باوجود دلائل منکر توحید بھی ہیں چنانچہ) بہت سی نشانیاں ہیں (کہ توحید پر دال ہیں) آسمانوں میں (جیسا کواکب وغیرہ) اور زمین میں (جیسے عناصر و عنصریات) جن پر ان کا گزر ہوتا رہتا ہے (یعنی ان کا مشاہدہ کرتے رہتے ہیں) اور وہ ان کی طرف (اصلاً) توجہ نہیں کرتے (یعنی ان سے استدلال نہیں کرتے) اور اکثر لوگ جو خدا کو مانتے بھی ہیں تو اس طرح کہ شرک بھی کرتے جاتے ہیں (پس بدون توحید خدا کا ماننا مثل نہ ماننے کے ہے پس یہ لوگ اللہ کے ساتھ بھی کفر کرتے ہیں اور نبوت کے ساتھ بھی کفر کرتے ہیں) سو کیا (اللہ و رسول کے منکر ہو کر) پھر بھی اس بات سے مطمئن ہوئے بیٹھے ہیں کہ ان پر خدا کے عذاب کی کوئی ایسی آفت آپڑے جو ان کو محیط ہو جاوے یا ان پر اچانک قیامت آجاوے اور ان کو (پہلے سے) خبر بھی نہ ہو (مطلب یہ کہ مقتضا کفر کا عقوبت ہے خواہ دنیا میں نازل ہو جاوے یا قیامت کے دن واقع ہووے ان کو ڈرنا اور کفر کو چھوڑ دینا چاہئے) آپ فرما دیجئے کہ یہ مضمون جواوپر مفہوم ہوا رسالت کا حق ہونا توحید کا حق ہونا یہی) میرا طریق ہے (جس کا خلاصہ مکرر سنایا جاتا ہے کہ) میں (لوگوں کو توحید) خدا کی طرف اس طور پر بلاتا ہوں کہ میں (اس توحید کی اور اپنے داعی من اللہ ہونے کی) دلیل پر قائم ہوں میں بھی اور میرے ساتھ والے بھی (یعنی میرے پاس بھی دلیل ہے توحید و رسالت کی اور میرے ساتھ والے بھی استدلال کے ساتھ مجھ پر ایمان لائے ہیں میں بے دلیل بات کی طرف کسی کو نہیں بلاتا دلیل سنو اور سمجھو پس حاصل طریق یہ ہوا کہ خدا واحد ہے اور میں داعی ہوں) اور اللہ (شرک سے) پاک ہے اور میں (اس طریق کو قبول کرتا ہوں اور) مشرکین میں سے نہیں ہوں (خلاصہ یہ ہوا کہ میرا مقصود دعویٰ نبوت سے اپنا بندہ بنانا نہیں بلکہ اللہ کا بندہ بنانا ہے لیکن اس کا طریق بذریعہ داعی من اللہ کے بتلایا جاتا ہے اس لئے میرا داعی ماننا جب کہ میرے پاس اس کی دلیل بھی واجب ہے) اور (یہ جو نبوت پر شبہ کرتے ہیں کہ نبی فرشتہ ہونا چاہئے محض مہمل بات ہے کیونکہ) ہم نے آپ سے پہلے مختلف بستی والوں میں سے جتنے (رسول) بھیجے سب آدمی ہی تھے جن کے پاس وحی بھیجتے تھے (کوئی بھی فرشتہ نہ تھا جنہوں نے ان کو نہ مانا اور ایسے مہمل شبہات کرتے رہے ان کو سزائیں دی گئیں اسی طرح ان کو بھی

www.besturdubooks.net

سزا ہوگی خواہ دنیا میں خواہ آخرت میں اور یہ لوگ جو بے فکر ہیں) تو کیا یہ لوگ ملک میں (کہیں) چلے پھرے نہیں کہ (اپنی آنکھوں سے) دیکھ لیتے کہ ان لوگوں کا کیسا (برا) انجام ہوا جو ان سے پہلے (کافر) ہو گزرے ہیں (مطلب یہ کہ ان کی ہلاکت اور بدانجامی کے آثار مشاہدہ کر لیتے) اور (یاد رکھو کہ جس دنیا میں منہمک ہو کر تم نے کفر اختیار کر رکھا ہے یہ دنیا محض ہیچ اور فانی ہے) البتہ عالم آخرت ان لوگوں کے لئے بہبودی کی چیز ہے جو (شرک وغیرہ سے) احتیاط رکھتے ہیں (اور توحید اختیار کرتے ہیں) سو کیا تم اتنا بھی نہیں سمجھتے (کہ فانی کا اختیار کرنا بہتر ہے یا باقی کا اور اگر تم کو تاخیر عذاب سے شبہ عدم وقوع کا ہوتا ہو تو تمہاری غلطی ہے اس لئے کہ کفار امم سابقہ کو بھی بڑی بڑی مہلتیں دی گئیں) یہاں تک کہ (تطویل مدت مہلت کی وجہ سے) پیغمبر (اس بات سے) مایوس ہو گئے (کہ وقت اجمالی وعدہ الٰہیہ کا اپنے اجتہاد سے معین کر کے ہم نے اپنے ذہن میں قرار دے رکھا تھا اس وقت میں ہم منصور اور کفار مقہور نہ ہوں گے) اور ان (پیغمبروں) کو گمان غالب ہو گیا کہ (وعدۂ الٰہیہ کی تحدید میں) ہمارے فہم نے غلطی کی (کہ بلا تنقیص محض قرآن یا حب استعجال نصر سے قریب کا وقت معین کر لیا حالانکہ وعدہ مطلق ہے پھر مایوسی کی حالت میں) ان کو ہماری مدد پہنچی (وہ مدد یہ کہ کفار پر عذاب آیا) پھر (اس عذاب سے) ہم نے جس کو چاہا وہ بچا لیا گیا (مراد اس سے مؤمنین ہیں) اور (اس عذاب میں کفار ہلاک کئے گئے کیونکہ) ہمارا عذاب مجرم لوگوں سے نہیں ہٹتا (بلکہ ان پر ضرور واقع ہوتا ہے گو بدیر سہی پس یہ کفار مکہ بھی اس دھوکے میں نہ رہیں) ان (انبیاء وامم سابقین) کے قصہ میں سمجھ دار لوگوں کے لئے (بڑی) عبرت ہے (کہ اس سے عبرت حاصل کرتے ہیں کہ اطاعت کا یہ انجام ہے اور معصیت سے یہ انجام ہے) یہ قرآن (جس میں یہ قصے) ہیں کوئی تراشی ہوئی بات تو ہے نہیں (کہ اس سے عبرت نہ ہوتی بلکہ اس سے پہلے جو آسمانی کتابیں ہو چکی ہیں یہ ان کی تصدیق کرنے والا ہے اور ہر (ضروری) بات کی تفصیل کرنے والا ہے اور ایمان والوں کے لئے ذریعۂ ہدایت ورحمت ہے (پس ایسی کتاب میں جو مضامین عبرت کے ہوں گے ان سے تو عبرت حاصل کرنا لازم ہی ہے) **ف**: ظنوا کے ترجمہ میں گمان غالب کا اعتبار اس صورت میں ہے جب مدت معہودہ فی الذہن کے گزرنے سے پہلے اس ظن کا اعتبار کیا جاوے کہ آثار نصرت نہ پانے سے گمان غالب ہو گیا اور اگر اس کے گزرنے کے بعد اس کا اعتبار کیا جاوے تو ظن بمعنی تیقن کے ہوگا اور مایوسی بھی ایک صورت میں ظنی ہوگی اور ایک حالت میں یقینی اور تفسیر کذبوا کی اہل واسلم تفاسیر یہ اور بنا اس کی غلطی اجتہادی کا انبیاء سے جائز ہونا ہے سو حدیثوں میں یہ امر مصرح ہے خود ہمارے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کا عام حدیبیہ میں خواب دیکھنا کہ طواف کرنے مکہ گئے ہیں اور اس ارادہ سے چلنا اور کامیاب نہ ہونا اس خطائے اجتہادی رسل کی نظیر ہے اور ایک قراءت کذبوا بالتشدید ہے جس کے معنی تکذیب کئے گئے اس کا حاصل معنی یہ ہے کہ رسل کو شبہ ہوا کہ کہیں اہل ایمان ہی تکذیب وشک نہ کرنے لگیں پس ظن بمعنی توہم واحتمال ہے اور انھم اور کذبوا کی ضمیر رسل کی طرف اور فاعل کذبوا کا اہل ایمان اور استایئس کے وہی معنی ہیں اور دونوں قراءتوں میں اور اور توجیہات میں بھی ہیں مگر اہل واسلم یہی ہیں جو بندہ نے اختیار کیں واللہ اعلم اور اسی کے قریب مضمون کی آیت پارہ دوم کے نصف پر اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ الخ [البقرة : ٢١٤] آئی ہے اس کی تفسیر دیکھنے سے یہاں کی اور توضیح ہو جاوے گی۔ وقدتم تفسير سورة يوسف عليه السلام بحمد الله المنعم ضحوة يوم الجمعة السابع والعشرين من جمادى الاول ۱۳۲۴ من هجرة خير الانام عليه وعلى اخوانه من النبين وعلٰى آله واصحابه واتباعه اجمعين ما لا يعد ولا يحصٰى من الصلٰوة والتحيات الٰى يوم القيام۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلِ السُّلُوْك : قولہ تعالیٰ : وَمَا يُؤْمِنُ اَكْثَرُهُمْ بِاللّٰهِ اِلَّا وَهُمْ مُّشْرِكُوْنَ بعض نے ریا مراد لی ہے اور بعض نے نظر الی الاسباب واعتماد علی الاسباب سے تاویل کی ہے بعض نے خلق کی اطاعت خالق کی معصیت کے ساتھ مراد لی ہے بعض نے ہر قسم کے شرک کو اس میں داخل کیا ہے اس میں قبر پرستی و نذر لغیر اللہ اور غیر اللہ کے نافع وضار ہونے کا اعتقاد بھی آ گیا اور بعض صوفیہ نے مطلق التفات الی غیر اللہ کو شرک کہا ہے۔ قولہ تعالیٰ: قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِيْٓ اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ عَلٰى بَصِيْرَةٍ اَنَا روح میں ہے کہ اس میں اشارہ ہے کہ داعی الی اللہ کو طریق ایصال کا ماہر اور حق تعالیٰ کی ذات وصفات کا عارف ہونا چاہئے ۱۲۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَة : ۱ قوله قبل حتى اذ استايسوا مہلتیں الخ اشارة الى تقدير امهلوا كما فى البيضاوى اى لا يغررهم تاديهم فان من قبلهم امهلوا الخ ۱۲۔ ۲ قوله فى قصصهم قصہ اشارة الى كونه مصدرا بمعنى المقصوص اى جنسه الشامل للجميع ۱۲۔

اَلْكَلَام قوله الا رجالا استدل به على اختصاص النبوة بالرجال دون النساء وفيه ان هذا الحصر باعتبار الملائكة فلا دلالة فيه على ما ذكرو المسئلة ظنية والعلم عند الله تعالٰى نعم لم يثبت نبوة امرأة بقاطع وما لم يقم القاطع على واحد من شقيه فهو محتمل الوجود والعدم ۱۲۔

اِخْتِلَافُ الْقِرَاءَة: فى كذبوا قراءتان بالتخفيف والتشديد وفى كليهما احتمالات اربعة عقلية عود ضمير ظنوا وانهم كذبوا الى الرسل وعودهما الى الامم وعود الاول الى الرسل والثانى الى الامم وبالعكس فهذه ثمانية احتمالات الاول كون كذبوا بالشديد وكون

www.besturdubooks.net

الضمیرین للرسل الثانی کون الضمیرین للامم مع التشدید الثالث کون الاول للرسل والثانی للامم مع التشدید الرابع بالعکس مع التشدید الخامس کون کذبوا بالتخفیف وکون الضمیرین للرسل السادس کون الضمیرین للام مع التخفیف السابع کون الاول للرسل والثانی للامم مع التخفیف الثامن عکسه مع التخفیف فالاول فیه وجوه منها ذکر فی فائدة المتن ومنها ان یکون الظن بمعنی التیقن وفاعل التکذیب اهل الکفر والیاس من ایمان هولاء الکفرة والخامس فیه وجوه منها ما ذکر فی المتن والفائدة وفاعل الکذب علی هذا انفسهم او رجاء هم ومنها ان یکون الظن بمعنی الوسوسة التی لا یواخذ علیها ولا یکون اختیاریا وفاعل الکذب من اخبرهم من الله تعالٰی والیاس اما من النصرا ومن ایمان الکفرة والسادس توجیهه ان الامم ظنوا ان الرسل قد کذبوا مبنیا للفاعل فیما ادعوه من النبوة والوعید والثامن توجیهه ان الامم قد ظنوا ان الرسل قد کذبوا مبنیا للمفعول ای اخلفوا وخلط الامر علیهم وباقی الاحتمالات محتمل عقلا ولا یصح وقوعا فافهم۱۲۔

النحو: قوله علی بصیرة خبر مقدم وانا مع ما عطف علیه مبتدأ مؤخر۱۲۔

البلاغة: : قوله وما کنت لدیهم وانما حذف الشق الاخیر ای عدم تلقیه علیه السلام من احرمع ان الدال علی النبوة هو الجموع اما لعلمه من آیة اخرٰی کقوله تعالٰی ما کنت تعلمها واما للتهکم بمن کذبه علیه السلام و ذلك من حیث انه تعالٰی جعل ا مشکوك فیه کونه علیه السلام حاضرا بین یدی اولاد یعقوب علیه السلام ما کرین فنفاه بقوله وما کنت لدیهم وانما الذی یمکن ن یرتا ـ فیه المرتاب قبل التعرف هو تلقیه من اصحاب القصة وکان ظاهر الکلام ان ینفی ذلك فلما جعل المشکوك ما لا ریب فیه لان کو ه علیه السلام لم یلق احدا ولا سمع کان عندهم کفلق الفجر جاء التهکم البالغ وسار حاصل المعنی قد علمتم یا مکابرة انه لم یکن مشاهدا لمن مضی من القرون الخالیة وانکار کم ما اخبر به یفضی الی ان تکابر وابانه قد شاهد من مضی منهم وهذا کقوله تعالٰی ام کنتم شهداء اذ وصاکم الله بهذا ومنه یظهر فائدة العدول عن اسلوب ما کنت تعلمها انت ولا قومك الی هذا الاسلوب وهو ابلغ مما ذکر اولا و ذکر لترك ذلك نکتة اخرٰی ایضًا وهی ان المذکور مکرهم وما دبروه وهو مما اخفوه حتی لا یعلمه غیرهم فلا یمکن تعلمه من الغیر ولا یخلو عن حسن من الروح۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ الرَّعْدِ

سورۃ الرعد ۱۳ مدنیۃ ۹۶ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰیاتھا ۴۳ رکوعاتھا ۶

سورۂ رعد مدینہ میں نازل ہوئی شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں اور جس میں تینتالیس آیات اور چھ رکوع ہیں

الٓمّٓرٰ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ ۭ وَالَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ① اَللّٰهُ الَّذِيْ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ
بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَي الْعَرْشِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۭ كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ
يُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ بِلِقَاۗءِ رَبِّكُمْ تُوْقِنُوْنَ ② وَهُوَ الَّذِيْ مَدَّ الْاَرْضَ وَجَعَلَ فِيْهَا رَوَاسِيَ وَاَنْهٰرًا ۭ وَمِنْ
كُلِّ الثَّمَرٰتِ جَعَلَ فِيْهَا زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ③ وَفِي الْاَرْضِ
قِطَعٌ مُّتَجٰوِرٰتٌ وَّجَنّٰتٌ مِّنْ اَعْنَابٍ وَّزَرْعٌ وَّنَخِيْلٌ صِنْوَانٌ وَّغَيْرُ صِنْوَانٍ يُّسْقٰى بِمَاۗءٍ وَّاحِدٍ ۣ وَنُفَضِّلُ
بَعْضَهَا عَلٰي بَعْضٍ فِي الْاُكُلِ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ④

الٓمّٓرٰ ۔ یہ (جو آپ سن رہے ہیں) آیتیں ہیں ایک بڑی کتاب (یعنی قرآن) کی اور جو کچھ آپ کے رب کی طرف سے نازل کیا جاتا ہے یہ بالکل سچ ہے لیکن بہت سے آدمی ایمان نہیں لاتے۔ اللہ ایسا (قادر) ہے کہ اس نے آسمانوں کو بدوں ستون کے اونچا کھڑا کر دیا چنانچہ تم ان (آسمانوں) کو اسی طرح دیکھ رہے ہو پھر عرش پر قائم ہوا اور آفتاب و ماہتاب کو کام میں لگا دیا ہر ایک وقت مقررہ پر چلتا رہتا ہے وہی اللہ ہر کام کی تدبیر کرتا ہے (اور) دلائل کو صاف صاف بیان کرتا ہے تاکہ تم اپنے رب کے پاس جانے کا یقین کر لو۔ اور وہ ایسا ہے کہ اس نے زمین کو پھیلایا اور اس (زمین) میں پہاڑ اور نہریں پیدا کیں اور اس میں ہر قسم کے پھلوں سے دو دو قسم کے پیدا کئے شب (کی تاریکی) سے ان (کی روشنی) کو چھپا دیتا ہے ان امور (مذکورہ) میں سوچنے والوں کے لئے (سمجھنے کے) واسطے (توحید پر) دلائل (موجود) ہیں اور زمین میں پاس پاس (اور پھر) مختلف قطع ہیں اور پھر انگوروں کے باغ ہیں اور کھیتیاں ہیں اور کھجوریں ہیں جن میں بعضے تو ایسے ہیں کہ تنہ سے اوپر جا کر دو تنا ہو جاتے ہیں اور بعض دو تنے نہیں ہوتے سب کو ایک ہی طرح کا پانی دیا جاتا ہے اور ہم ایک دوسرے کو پھلوں میں فوقیت دیتے ہیں اور امور (مذکورہ) ہیں (بھی) سمجھدار لوگوں کے واسطے (توحید کے) دلائل موجود ہیں۔

تفسیر: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سورۃ الرعد مدنیۃ وقیل مکیۃ الا قولہ ویقول الذین کفروا الآیۃ وایہا خمس و اربعون۔ کذا فی البیضاوی اس سورت کا حاصل یہ مضامین ہیں توحید، رسالت جواب شبہات بر رسالت تسلی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حقیت قرآن وعدہ وعید جس کی تفصیل تقریرات ربط اور معانی آیات سے معلوم ہوگی اور یہی مضامین اجمالاً سورۂ یوسف کے آخری رکوع میں مذکور ہیں پس ربط سورت کا ماسبق سے بھی اور باہمد گر بھی اس سے ظاہر ہو گیا۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

حقیت قرآن ☆ الٓمّٓرٰ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ (الی قولہ تعالیٰ) لَا يُؤْمِنُوْنَ ۔ الٓمّٓرٰ ۔ (اس کے معنی اللہ کو معلوم ہیں) یہ (جو آپ سن رہے ہیں) آیتیں ہیں ایک بڑی کتاب (یعنی قرآن) کی اور جو کچھ آپ پر آپ کے رب کی طرف سے نازل کیا جاتا ہے یہ بالکل سچ ہے اور (اس کا مقتضا یہ تھا کہ سب ایمان لاتے) لیکن بہت سے آدمی ایمان نہیں لاتے۔ ربط: اوپر حقیت قرآن کا مضمون تھا آگے توحید کا مضمون ہے جو کہ اعظم مقاصد قرآن سے ہے۔

www.besturdubooks.net

توحید☆ اَللّٰهُ الَّذِیْ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ ۝ اللہ ایسا (قادر) ہے کہ اس نے آسمانوں کو بدوں ستون کے اونچا کھڑا کر دیا چنانچہ تم ان (آسمانوں) کو (اسی طرح) دیکھ رہے ہو پھر عرش پر (جو مشابہ ہے تخت سلطنت کے اس طرح) قائم (اور جلوہ فرما) ہوا (جو کہ اس کی شان کے لائق ہے) اور آفتاب و ماہتاب کو کام میں لگا دیا (ان دونوں میں سے) ہر ایک (اپنے مدار پر) ایک وقت معین میں چلتا رہتا ہے (چنانچہ سورج اپنے مدار کو سال بھر میں قطع کر لیتا ہے اور چاند مہینہ بھر میں) وہی (اللہ) ہر کام کی (جو کچھ عالم میں واقع ہوتا ہے) تدبیر کرتا ہے (اور) دلائل (تکوینیہ وتشریعیہ کو صاف صاف بیان کرتا ہے تاکہ تم اپنے رب کے پاس جانے کا (یعنی بعث ونشر کا) یقین کر لو (اس کے امکان کا تو اس طرح کہ جب اللہ تعالیٰ ایسی عظیم چیزوں کی تخلیق پر قادر ہے تو مردوں کو زندہ کرنے پر کیوں نہیں قادر ہوگا اور اس کے وقوع کا یقین اس طرح کہ مخبر صادق نے ایک امر ممکن کے وقوع کی خبر دی لامحالہ وہ واقع ہے) اور وہ ایسا ہے کہ اس نے زمین کو پھیلایا اور اس (زمین) میں پہاڑ اور نہریں پیدا کیں اور اس میں ہر قسم کے پھلوں سے دو دو قسم کے پیدا کئے (مثلاً کھٹے اور میٹھے یا چھوٹے اور بڑے کوئی رنگ کا اور کوئی کسی رنگ اور) شب (کی تاریکی) سے دن (کی روشنی) کو چھپا دیتا ہے (یعنی شب کی تاریکی سے دن کی روشنی پوشیدہ اور زائل ہو جاتی ہے) ان امور (مذکورہ) میں سوچنے والوں کے (سمجھنے کے) واسطے (توحید پر) دلائل (موجود) ہیں (جس کی تقریر پارہ دوم کے رکوع چہارم کے شروع میں گزری ہے) اور اسی طرح اور بھی دلائل ہیں توحید کے چنانچہ) زمین میں پاس پاس (اور پھر) مختلف قطعے ہیں (جن کا باوجود تلاصق کے مختلف الاثر ہونا عجیب بات ہے) اور انگوروں کے باغ ہیں اور (مختلف) کھیتیاں ہیں اور کھجور (کے درخت) ہیں جن میں بعضے تو ایسے ہیں کہ ایک تنہ سے اوپر جا کر دو تنے ہو جاتے ہیں اور بعضے میں دو تنے نہیں ہوتے (بلکہ جڑ سے شاخوں تک ایک ہی تنہ چلا جاتا ہے اور) سب کو ایک ہی طرح کا پانی دیا جاتا ہے اور (باوجود اس کے پھر بھی) ہم ایک کو دوسرے پر پھلوں میں فوقیت دیتے ہیں ان امور (مذکورہ) میں (بھی) سمجھ داروں کے (سمجھنے کے) واسطے (توحید کے) دلائل (موجود) ہیں۔ ف: تَرَوْنَهَا سے ظاہراً معلوم ہوتا ہے کہ یہ جو نظر آتا ہے آسمان ہے اور فلاسفہ جو اس رنگ محسوس کو نور وظلمت کی ترکیب کا اثر بتلاتے ہیں ہم اس کے منکر نہیں لیکن اگر باوجود اس کے اسی میں آسمان کا رنگ بھی نظر آتا ہو تو کیا تعجب ہے خواہ وہ رنگ اسی کے مناسب ہو جیسا ظاہر حدیث **ما اظلت الخضراء** سے معلوم ہوتا ہے اور یا دوسرا رنگ ہو کہ امتزاج سے ایسا محسوس ہونے لگا ہو جیسا فرض کیجئے ایک سفید کپڑے کے سامنے دو آئینے ہوں ایک سفید اور ایک سیاہ تو ان دونوں کے اندر سے وہ کپڑا بھی نظر آتا ہے گو اصلی رنگ پر نہ سہی پس اس صورت میں خضراء اس کو باعتبار عارض کے فرمایا اور آیت : وَاِلَى السَّمَآءِ كَيْفَ رُفِعَتْ [الغاشیة : ۱۸] سے بھی ظاہراً معلوم ہوتا ہے کہ آسمان نظر آتا ہے اور بعض نے یہ کہا ہے کہ یہ رویت اور نظر حکمی ہے حقیقی نہیں یعنی دلائل سے اس کا وجود اور صفت وکیفیت ایسی معلوم ہے جیسے گویا دیکھ لیا۔ واللہ اعلم۔ ف: صِنْوَانٌ کے ترجمہ میں دو تنہ کی تخصیص تمثیلاً ہے ورنہ بعض میں تین چار تک دیکھے گئے ہیں اور پھر ہر ایک میں بیٹھے الگ الگ نکلتے ہیں اور پھر پھل الگ الگ لگتے ہیں۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلِ السُّلُوْكِ : قولہ تعالیٰ : وَفِی الْاَرْضِ قِطَعٌ مُّتَجٰوِرٰتٌ (الی قولہ تعالیٰ) یُسْقٰى بِمَآءٍ وَّاحِدٍ وَنُفَضِّلُ بَعْضَهَا عَلٰى بَعْضٍ فِی الْاُكُلِ اس سے معلوم ہوا کہ اگر فاعل واحد بھی ہو تب بھی قوابل کے اختلاف فی الاستعداد سے ثمرات مختلف پیدا ہوتے ہیں ایسا ہی حال ہے قلوب مختلفۃ الاستعداد کا کہ باوجود مربی کے واحد ہونے کے ان میں حالات مختلفہ پیدا ہوتے ہیں اور یہ مربی کے نہ اختیار میں ہے نہ اس کے بخل کی دلیل ہے ۱۲۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَةِ : ۱ قوله فی الکتب بڑی افادہ الاطلاق فکانه هو الکتاب لا غیر واستلزم ذلك فخامة ۱۲۔

اِخْتِلَافُ الْقِرَاءَةِ: فی قراءة وزرع ونخیل مجرورین عطفا علی اعناب وهو کما فی الکشف من باب متقلد سیفا ورمحا او المراد ان فی الجنات فرجا مزروعة بین الاشجار والا فلا یقال للمزرعة وحدها جنة قال فی روح المعانی وهذا احسن منظر او انزه ۱۲۔

اَللُّغَاتُ: قوله عمد اسم جمع قوله سخر جعلهما طائعین لما ارید منهما۔ قوله یدبر فیه مجازا ای یتصرف من غیر نظر الی معنی الفکر فی العواقب قوله مد بسط قوله رواسی ثوابت صنوان الفرعان من اصل واحد ۱۲۔

اَلنَّحْوُ :قوله ترونها استیناف وقیل صفة عمد ثم النفی اما متوجه الی المقید والقید ای لا عمد ولا رؤیة وقیل الی القید فقط والعمد مثبت بان یراد به القدرة الالٰهیة کقوله تعالیٰ ان الله یمسك السمٰوٰت الخ ۱۲۔

اَلْبَلَاغَةُ : قوله رفع السمٰوٰت وهذا کقوله سبحان الذی کبر الفیل وصغر البق ۱۲۔

وَاِنْ تَعْجَبْ فَعَجَبٌ قَوْلُهُمْ ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا ءَاِنَّا لَفِیْ خَلْقٍ جَدِیْدٍ ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ الْاَغْلٰلُ فِیْۤ اَعْنَاقِهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ وَیَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالسَّیِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ وَقَدْ خَلَتْ

www.besturdubooks.net

مِنْ قَبْلِهِمُ الْمَثُلٰتُ ؕ وَاِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ لِّلنَّاسِ عَلٰى ظُلْمِهِمْ ۚ وَاِنَّ رَبَّكَ لَشَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ

كَفَرُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرٌ وَّلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ ۝ ع ۷

اور (اے محمدؐ) اگر آپ کو تعجب ہو تو (واقعی) ان کا یہ قول تعجب کے لائق ہے کہ جب ہم خاک ہو گئے کیا ہم پھر از سر نو (قیامت کے روز) پیدا ہو گئے یہ وہ لوگ ہیں کہ انہوں نے اپنے رب کے ساتھ کفر کیا اور ایسے لوگوں کی گردنوں میں (دوزخ میں) طوق ڈالے جائیں گے اور ایسے لوگ دوزخی ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے اور یہ لوگ عافیت (ختم میعاد) ہے آپ کے مصیبت (کے نزول) کا تقاضا کرتے ہیں حالانکہ ان سے پہلے (اور کفار پر) واقعات عقوبت گزر چکے ہیں اور یہ بات بھی یقینی ہے کہ آپ کا رب لوگوں کی خطائیں باوجود ان کی بے جا حرکتوں کے معاف کر دیتا ہے اور یہ بات بھی یقینی ہے کہ آپ کا رب سخت سزا دیتا ہے اور یہ کفاریوں (بھی) کہتے ہیں کہ ان پر خاص معجزہ جو ہم چاہتے ہیں کیوں نہیں نازل کیا گیا آپ صرف ڈرانے والے نبی ہیں اور ہر قوم کے لئے ہادی ہوتے چلے آئے ہیں۔ ۞

تفسیر ربط : اوپر توحید کا اثبات تھا آگے جواب ہے کفار کے شبہات کا جو نبوت کے متعلق تھے مع وعید کے اور وہ تین شبہے تھے اول: بعث ونشر کو وہ لوگ محال سمجھتے تھے اور اس سے نفی نبوت پر استدلال کرتے تھے جیسا دوسری آیت میں ہے :هَلْ نَدُلُّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ يُّنَبِّئُكُمْ اِذَا مُزِّقْتُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ۙ اِنَّكُمْ لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ [سبا : ۷] دوسرا شبہ یہ تھا کہ اگر آپ نبی ہیں تو انکار نبوت پر جس عذاب کی آپ وعید سناتے ہیں وہ کیوں نہیں آتا کقولہ تعالیٰ :اِنْ كَانَ هٰذَا هُوَ الْحَقَّ مِنْ عِنْدِكَ الخ تیسرا شبہ یہ تھا کہ جن معجزات کی ہم فرمائش کرتے ہیں وہ کیوں نہیں ظاہر کئے جاتے آیت وَاِنْ تَعْجَبْ الخ میں اول شبہ کا رد ہے اور آیت وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ الخ میں دوسرے شبہ کا جواب اور آیت : وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا الخ میں تیسرے شبہ کا جواب ہے۔ کذا فی الکبیر۔

جواب مطاعن بر نبوت:

وَاِنْ تَعْجَبْ فَعَجَبٌ قَوْلُهُمْ (الی قولہ تعالیٰ) وَّلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ ۝ اور (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) اگر آپ کو (ان لوگوں کے انکار بعث سے) تعجب ہو تو (واقعی) ان کا یہ قول تعجب کے لائق ہے کہ جب ہم (مر کر) خاک ہو گئے کیا (خاک ہو کر) ہم (قیامت کو) از سر نو پیدا ہوں گے (تعجب کے لائق اس لئے کہ جو ذات ایسی اشیاء مذکورہ کے خلق پر ابتداءً قادر ہے اس کو دوبارہ پیدا کرنا کیا مشکل ہے اور اسی سے جواب ہو گیا استبعاد بعث کا اور انکار نبوت کا بھی جس کا مبنی وہ استبعاد تھا ایک کے جواب سے دوسرے کا جواب ہو گیا آگے ان کے لئے وعید ہے کہ) یہ وہ لوگ ہیں کہ انہوں نے اپنے رب کے ساتھ کفر کیا (کیونکہ انکار بعث سے اس کی قدرت کا انکار کیا و نیز انکار نبوت سے جو لازم تھا انکار بعث سے حق تعالیٰ کی صفت تائید الحق کا انکار کیا کہ اظہار معجزات ید کاذب پر ایک قسم ہے تائید باطل و تلبیس حق کی) اور ایسے لوگوں کی گردنوں میں (دوزخ میں) طوق ڈالے جاویں گے اور ایسے لوگ دوزخی ہیں (اور) وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے اور یہ لوگ عافیت (کی میعاد ختم ہونے) سے پہلے آپ سے مصیبت (کے نازل ہونے) کا تقاضا کرتے ہیں (کہ اگر آپ نبی ہیں تو جلدی عذاب منگا دیجئے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ عذاب کے وقوع کو بڑا بعید سمجھتے ہیں) حالانکہ ان سے پہلے (اور کفار پر) واقعات عقوبت گزر چکے ہیں (تو ان پر آ جانا کیا مستبعد) اور (اللہ تعالیٰ کے غفور اور رحیم ہونے کو سن کر یہ لوگ مغرور نہ ہو جاویں کہ اب ہم کو عذاب نہ ہوگا کیونکہ صرف غفور رحیم ہی نہیں ہیں اور پھر سب کے لئے غفور رحیم نہیں ہیں بلکہ دونوں باتیں اپنے اپنے موقع پر ظاہر ہوتی ہیں یعنی) یہ بات بھی یقینی ہے کہ آپ کا رب لوگوں کی خطائیں باوجود ان کی (ایک خاص درجہ کی) بیجا حرکتوں کے معاف کر دیتا ہے اور یہ بات بھی یقینی ہے کہ آپ کا رب سخت سزا دیتا ہے (یعنی اس میں دونوں صفتیں ہیں اور ہر ایک کے ظہور کی شرطیں اور اسباب ہیں پس انہوں نے بلا سبب اپنے کو مستحق رحمت ومغفرت کیسے سمجھ لیا بلکہ کفر کی وجہ سے ان کے لئے تو اللہ تعالیٰ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ہے) اور یہ کفار (قدح نبوت کی غرض سے) یوں (بھی) کہتے ہیں کہ ان پر خاص معجزہ (جو ہم چاہتے ہیں) کیوں نہیں نازل کیا گیا (اور یہ اعتراض محض حماقت ہے کیونکہ آپ مالک معجزات نہیں بلکہ) آپ صرف (عذاب خدا سے کافروں کو) ڈرانے والے (یعنی نبی) ہیں (اور نبی کے لئے مطلق معجزہ کی ضرورت ہے جو کہ ظاہر ہو چکا ہے نہ کہ خاص معجزہ کی) اور (کوئی آپ انوکھے نبی نہیں ہوئے بلکہ) ہر قوم کے لئے (امم ماضیہ میں) ہادی ہوتے چلے آئے ہیں (ان میں بھی یہی قاعدہ چلا آیا ہے کہ دعویٰ نبوت کے لئے مطلق دلیل کو کافی قرار دیا گیا خاص دلیل کا التزام نہیں ہوا) ف: آیت میں ہادی عام ہے نبی اور نائب نبی کو پس ہند میں مطلق ہادی کے آنے سے اس کا نبی ہونا لازم نہیں البتہ محتمل ہے اس میں زیادہ بحث ضرور نہیں۔

ملحقات الترجمۃ : ۱ قوله فی فعجب واقعی الی لائق اشارة الی تقدیر الجزاء ای ان تعجب فحق لك التعجب لان قولهم حقیق بالتعجب ۱۲۔ ۲ قوله قبل وقد خلت جس سے معلوم الخ اشارة الی توجیه الحال والتقدیر یستعجلونك مستهزئین بانذارك منكرین لوقوع ما انذرتهم اياه والحال انه قد مضت العقوبات علی امثالهم كذا فی الروح ۱۲۔ ۳ قوله فی ظلمهم خاص درجہ المراد به المعصیة احتراز

www.besturdubooks.net

عن الكفر ۱۲۔

اللغات: قوله المثلث جمع مثلة كسمرة وسمرات وهي العقوبة الفاضحة سميت بها لما بين العقاب والمعاقب به من المماثلة ۱۲۔
النحق: قوله اذا كنا عامله ما دل عليه انا لفي خلق اى نبعث و تكرار الهمزة للتاكيد قوله قبل الحسنة بتقدير المضاف اى قبل انقضاء الزمان المقدر لها كذا في الروح ۱۲۔

اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ؕ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ۝۸ عٰلِمُ الْغَيْبِ
وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ ۝۹ سَوَآءٌ مِّنْكُمْ مَّنْ اَسَرَّ الْقَوْلَ وَمَنْ جَهَرَ بِهٖ وَمَنْ هُوَ مُسْتَخْفٍۢ بِالَّيْلِ وَسَارِبٌۢ
بِالنَّهَارِ ۝۱۰ لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ
حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ؕ وَاِذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ سُوْٓءًا فَلَا مَرَدَّ لَهٗ ۚ وَمَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّالٍ ۝۱۱ هُوَ
الَّذِيْ يُرِيْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّيُنْشِئُ السَّحَابَ الثِّقَالَ ۝۱۲ ع وَيُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ
مِنْ خِيْفَتِهٖ ۚ وَيُرْسِلُ الصَّوَاعِقَ فَيُصِيْبُ بِهَا مَنْ يَّشَآءُ وَهُمْ يُجَادِلُوْنَ فِي اللّٰهِ ۚ وَهُوَ شَدِيْدُ
الْمِحَالِ ۝۱۳ لَهٗ دَعْوَةُ الْحَقِّ ؕ وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَسْتَجِيْبُوْنَ لَهُمْ بِشَيْءٍ اِلَّا كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ اِلَى الْمَآءِ
لِيَبْلُغَ فَاهُ وَمَا هُوَ بِبَالِغِهٖ ؕ وَمَا دُعَآءُ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ۝۱۴ وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا
وَّكَرْهًا وَّظِلٰلُهُمْ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ۝۱۵ قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ قُلِ اللّٰهُ ؕ قُلْ اَفَاتَّخَذْتُمْ ع
مِّنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ لَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا ؕ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۙ اَمْ هَلْ
تَسْتَوِي الظُّلُمٰتُ وَالنُّوْرُ ۚ اَمْ جَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ خَلَقُوْا كَخَلْقِهٖ فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ عَلَيْهِمْ ؕ قُلِ اللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ
شَيْءٍ وَّهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۝۱۶

اللہ تعالیٰ کو سب خبر رہتی ہے جو کچھ کسی عورت کو حمل رہتا ہے اور جو کچھ رحم میں کمی بیشی ہوتی ہے اور ہر چیز اللہ کے نزدیک ایک خاص انداز سے (مقرر) ہے وہ تمام پوشیدہ اور ظاہر چیزوں کا جاننے والا ہے سب سے بڑا اور عالی شان ہے۔ تم میں سے جو شخص کوئی بات چپکے سے کہے اور جو پکار کر کہے اور جو شخص رات کو کہیں چھپ جاوے اور جو دن کو چلے پھرے یہ سب برابر ہیں ہر شخص (کی حفاظت) کے لئے کچھ فرشتے (مقرر) ہیں جن کی بدلی ہوتی رہتی ہے کچھ اس کے آگے اور کچھ اس کے پیچھے کہ وہ بحکم خدا اس کی حفاظت کرتے ہیں واقعی اللہ تعالیٰ کسی قوم کی (اچھی) حالت میں تغیر نہیں کرتے جب تک کہ وہ لوگ خود اپنی صلاحیت کی حالت کو نہیں بدل دیتے اور جب اللہ تعالیٰ کسی قوم پر مصیبت ڈالنا تجویز کر لیتا ہے تو پھر اس کے ہٹنے کی کوئی صورت نہیں اور کوئی خدا کے سوا ان کا مددگار نہیں رہتا۔ وہ ایسا ہے کہ تم کو بجلی دکھاتا ہے جس سے ڈر بھی ہوتا ہے اور امید بھی ہوتی ہے اور وہ بادلوں کو (بھی) بلند کرتا ہے جو پانی سے بھرے ہوتے ہیں اور رعد (فرشتہ) اس کی تعریف کے ساتھ اس کی پاکی بیان کرتا ہے اور (دوسرے) فرشتے بھی اور اس کے خوف سے اور وہ بجلیاں بھیجتا ہے پھر جس پر چاہے گرا دیتا ہے اور وہ لوگ اللہ کے باب میں جھگڑتے ہیں حالانکہ وہ بڑا شدید القوۃ ہے۔ سچا پکارنا اسی کے لئے خاص ہے اور خدا کے سوا جن کو یہ پکارتے ہیں وہ ان کی درخواست کو اس سے زیادہ منظور نہیں کر سکتے جتنا پانی اس شخص کی درخواست کو منظور کرتا ہے جو اپنے دونوں پانی کی طرف پھیلائے ہوئے ہوتا ہے کہ وہ اس کے منہ تک اڑ کر آ جاوے وہ اس کے منہ تک (از خود) آنے والا نہیں اور کافروں کی درخواست (ان معبود باطلہ سے) کرنا محض بے اثر ہے۔ اور اللہ کے سامنے سب سرخم کئے ہیں جتنے آسمانوں میں ہیں اور جتنے زمین میں ہیں خوشی سے اور مجبوری سے اور ان کے سائے بھی صبح اور شام کے وقتوں میں ہیں۔ آپ کہئے کہ آسمانوں اور زمین کا پروردگار کون ہے آپ وہی کہہ دیجئے کہ اللہ ہے (پھر) آپ یہ کہئے کہ کیا پھر بھی تم نے خدا کے سوا دوسرے مددگار قرار دے رکھے

www.besturdubooks.net

ہیں جو خود اپنی ذات کے نفع نقصان کا بھی اختیار نہیں رکھتے آپ یہ (بھی) کہئے کہ اندھا اور آنکھوں والا برابر ہو سکتا ہے یا کہیں تاریکی اور روشنی برابر ہو سکتی ہے یا انہوں نے اللہ کے ایسے شریک قرار دے رکھے ہیں کہ انہوں نے بھی (کسی چیز کو پیدا کیا ہو جیسے خدا پیدا کرتا ہے پھر ان کو پیدا کرنا ایک سا معلوم ہوا ہو آپ کہہ دیجئے کہ اللہ ہی ہر چیز کا خالق ہے اور وہی واحد ہے غالب ہے۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر بحث نبوت سے پہلے توحید کا مضمون تھا آگے پھر عود ہے اسی طرف کہ اَللّٰهُ يَعْلَمُ الخ میں اپنا وسیع العلم ہونا اور لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ الخ میں اپنا حافظ خلق ہونا اور هُوَ الَّذِيْ يُرِيْكُمُ الخ میں اپنا عظیم الشان ہونا اور لَهٗ دَعْوَةُ الْحَقِّ الخ میں اپنا مجیب الدعوات ہونا اور لِلّٰهِ يَسْجُدُ الخ میں اپنا قادر مطلق ہونا اور قُلْ مَنْ رَّبُّ الخ میں اپنا خالق ہونا مذکور فرمایا ہے۔

عود بسوئے توحید ☆ اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى (الی قولہ تعالیٰ) وَهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۞ اللہ تعالیٰ (کا علم ایسا وسیع ہے کہ اس) کو سب خبر رہتی ہے جو کچھ کسی عورت کو حمل رہتا ہے (یعنی لڑکا ہے یا لڑکی ہے) اور جو کچھ (ان عورتوں کے) رحم میں کمی بیشی ہوتی ہے (بچہ میں یا مدت میں مثلاً کبھی ایک بچہ ہوتا ہے کبھی زیادہ کبھی جلدی ہوتا ہے کبھی دیر میں) اور ہر شئے اللہ کے نزدیک (یعنی اس کے علم میں) ایک خاص انداز سے (مقرر) ہے وہ تمام پوشیدہ اور ظاہر چیزوں کا جاننے والا ہے سب سے بڑا (اور) عالی شان ہے تم میں سے جو شخص کوئی بات چپکے سے کہے اور جو پکار کر کہے اور جو شخص رات میں کہیں چھپ جاوے اور جو دن میں چلے پھرے یہ سب (خدا کے علم میں) برابر ہیں (یعنی سب کو یکساں جانتا ہے اور جیسا تم میں سے ہر شخص کو جانتا ہے اسی طرح ہر ایک کی حفاظت بھی کرتا ہے چنانچہ تم میں سے) ہر شخص (کی حفاظت) کے لئے کچھ فرشتے (مقرر) ہیں جن کی بدلی ہوتی رہتی ہے کچھ اس کے آگے اور کچھ اس کے پیچھے کہ وہ بحکم خدا (بہت بلاؤں سے) اس کی حفاظت کرتے ہیں (اور اس سے کوئی یوں نہ سمجھ جاوے کہ جب فرشتے ہمارے محافظ ہیں پھر جو چاہے کرو معصیت خواہ کفر کسی طرح عذاب نازل ہی نہ ہوگا یہ سمجھنا بالکل غلط ہے کیونکہ) واقعی اللہ تعالیٰ (ابتداءً تو کسی کو عذاب دیتا نہیں چنانچہ اس کی عادت ہے کہ وہ) کسی قوم کی (اچھی) حالت میں تغیر نہیں کرتا جب تک وہ لوگ خود اپنی (صلاحیت کی) حالت کو نہیں بدل دیتے (مگر اس کے ساتھ یہ بھی ہے کہ جب وہ اپنی صلاحیت میں خلل ڈالنے لگتے ہیں تو پھر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان پر مصیبت وعقوبت تجویز کی جاتی ہے) اور جب اللہ تعالیٰ کسی قوم پر مصیبت ڈالنا تجویز کر لیتا ہے تو پھر اس کے ہٹنے کی کوئی صورت نہیں (وہ واقع ہو ہی جاتی ہے) اور (اسی وقت میں) کوئی خدا کے سوا (جن کی حفاظت کا ان کو زعم ہے) ان کا مددگار نہیں رہتا (حتیٰ کہ فرشتے بھی ان کی حفاظت نہیں کرتے اور اگر کرتے بھی تو حفاظت ان کی کام نہ آ سکتی) وہ ایسا (عظیم الشان) ہے کہ تم کو (بارش کے وقت) بجلی (چمکتی ہوئی) دکھلاتا ہے جس سے (اس کے گرنے کا) ڈر بھی ہوتا ہے اور (اس سے بارش کی) امید بھی ہوتی ہے اور وہ بادلوں کو (بھی) بلند کرتا ہے جو پانی سے بھرے ہوتے ہیں اور رعد (فرشتہ) اس کی تعریف کے ساتھ اس کی پاکی بیان کرتا ہے اور (دوسرے) فرشتے بھی اس کے خوف سے (اس کی تحمید وتسبیح کرتے ہیں اور وہ (زمین کی طرف) بجلیاں بھیجتا ہے پھر جس پر چاہے گرا دیتا ہے اور وہ لوگ اللہ کے باب میں (یعنی اس کی توحید میں باوجود اس کے ایسے عظیم الشان ہونے کے) جھگڑتے ہیں حالانکہ وہ بڑا شدید القوت ہے (کہ جس سے ڈرنا چاہئے مگر یہ لوگ ڈرتے نہیں اور اس کے ساتھ شریک ٹھہراتے ہیں اور وہ ایسا مجیب الدعوات ہے کہ) سچا پکارنا اسی کے لئے خاص ہے (کیونکہ اس کو قبول کرنے کی قدرت ہے) اور خدا کے سوا جن کو یہ لوگ (اپنے حوائج ومصائب میں) پکارتے ہیں وہ (بوجہ عدم قدرت کے) ان کی درخواست کو اس سے زیادہ منظور نہیں کر سکتے جتنا پانی اس شخص کی درخواست کو منظور کرتا ہے جو اپنے دونوں ہاتھ پانی کی طرف پھیلائے ہو (اور اس کو اشارہ سے اپنی طرف بلا رہا ہو) تاکہ وہ (پانی) اس کے منہ تک (اُڑ کر) آ جاوے اور وہ (از خود) اس کے منہ تک (کسی طرح) آنے والا نہیں (پس جس طرح پانی ان کی درخواست قبول کرنے سے عاجز ہے اسی طرح ان کے معبود عاجز ہیں اگر وہ غیر ذی روح ہیں تب تو ظاہر ہے اور اگر وہ ذی روح ہیں تب بھی قادر حقیقی کے روبرو تو عاجز ہی ہیں) اور (چونکہ وہ معبودین ان کی درخواست کے قبول کرنے سے عاجز ہیں اس لئے) کافروں کی (ان سے) درخواست کرنا محض بے اثر ہے اور اللہ ہی (ایسا قادر مطلق ہے کہ اسی) کے سامنے سب سرخم کئے ہیں جتنے آسمانوں میں ہیں اور جتنے زمین میں ہیں (بعضے) خوشی سے اور (بعضے) مجبوری سے (خوشی سے یہ کہ) باختیار خود عبادت کرتے ہیں اور مجبوری کے یہ معنی ہیں کہ اللہ تعالیٰ جس مخلوق میں جو تصرف کرنا چاہتے ہیں وہ اس کی مخالفت نہیں کر سکتا) اور ان (زمین والوں) کے سائے بھی (سرخم کئے ہیں) صبح اور شام کے وقتوں میں (یعنی سایہ کو جتنا چاہیں بڑھائیں جتنا چاہیں گھٹائیں اور صبح وشام کے وقت چونکہ امتداد اور تقلص ان کا زیادہ ظاہر ہوتا ہے اس لئے تخصیص کی گئی ورنہ سایہ بھی بایں معنی ہر طرح مطیع ہے اور چونکہ مثل صفات بالا کے وہ تمام عالم کا خالق بھی ہے اس لئے اس مضمون کی تقریر وتحقیق کے لئے) آپ (ان سے یوں) کہئے کہ آسمانوں اور زمین کا پروردگار (یعنی موجد ومبقی یعنی خالق وحافظ) کون ہے (اور چونکہ اس کا جواب متعین ہے اس لئے جواب بھی) آپ (ہی) کہہ دیجئے کہ اللہ ہے (پھر) آپ یہ کہئے کہ کیا (یہ دلائل توحید سن کر) پھر بھی تم نے خدا کے سوا دوسرے مددگار (یعنی معبودین) قرار دے رکھے ہیں جو (بوجہ غایت عجز کے) خود اپنی ذات کے نفع نقصان کا بھی اختیار نہیں رکھتے (اور پھر شرک کے ابطال اور

www.besturdubooks.net

توحید کے احقاق کے بعد اہل توحید واہل شرک اور خود توحید وشرک کے درمیان اظہار فرق کے لئے) آپ یہ (بھی) کہئے کہ کیا اندھا اور آنکھوں والا برابر ہوسکتا ہے (یہ مثال ہے مشرک اور موحد کی) یا کہیں تاریکی اور روشنی برابر ہوسکتی ہے (یہ مثال ہے شرک اور توحید کی) یا انہوں نے اللہ کے ایسے شریک قرار دے رکھے ہیں کہ انہوں نے بھی (کسی چیز کو) پیدا کیا ہو جیسا خدا (ان کے اعتراف کے موافق بھی) پیدا کرتا ہے پھر (اس وجہ سے) ان کو (دونوں کا) پیدا کرنا ایک سا معلوم ہوا ہو (اور اس سے استدلال کیا ہو کہ جب دونوں یکساں خالق ہیں تو دونوں یکساں معبود بھی ہوں گے سو اس کے متعلق بھی) آپ (ہی) کہہ دیجئے کہ اللہ ہی ہر چیز کا خالق ہے اور وہی (اپنی ذات وصفات کمال میں) واحد ہے (اور سب مخلوقات پر) غالب ہے۔ **ف**: لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ الخ سے جو شبہ پیدا ہوا تھا اس کے جواب کے لئے گو صرف وَاِذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ سُوْٓءًا الخ کافی ہے مگر اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ الخ کا فائدہ یہ ہے کہ یہ بھی ایک منشاء تھا اسی اشتباہ کا جو لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ سے پیدا ہوا تھا یعنی بعض صورتوں میں عدم تغییر کو دیکھ کر بھی دھوکہ ہوسکتا تھا کہ کسی صورت میں تغییر واقع نہ کیا جاوے گا اس لئے تغییر کے یقینی انتفاء کی ایک حد بیان فرمادی گئی جیسا کہ یہ سب ترجمہ کی تقریر سے ظاہر ہے اور بعض لوگوں کو وسوسہ ہوا ہے کہ باوجود حفاظت ملائکہ کے پھر کیوں بعض حوادث کا وقوع ہوتا ہے جواب ظاہر ہے کہ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ [هود: ۴۳] کی اس میں قید ہے پس جب کسی حکمت کی وجہ سے جس کی تعیین کا علم ہونا ہم کو ضرور نہیں حکم حفاظت کا نہیں ہوتا وہ ملائکہ اپنا کام نہیں کرتے اور اگر کسی کو یہ وسوسہ ہو کہ حفاظت تو ویسے بھی ہوسکتی تھی ملائکہ کے مقرر ہونے کی کیا ضرورت جواب یہ ہے کہ ضرورت کی نفی سے حکمت کی نفی لازم نہیں آتی مثل دوسرے اسباب کے اس میں بھی حکمتیں ہوں گی اور اگر کسی کو یہ وسوسہ ہو کہ بعض اوقات دیکھا جاتا ہے کہ باوجود ارتکاب معاصی کے عافیت اور نعمت زائل نہیں ہوتی اور بعض اوقات باوجود اجتناب معاصی کے عافیت اور نعمت زائل ہوجاتی ہے اور یہ دونوں امر مقتضائے اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ الخ کے منافی ہیں جواب یہ ہے کہ امر اول تو ظاہرا بھی منافی نہیں کیونکہ آیت کا مدلول یہ نہیں کہ ان کی تغییر حالت سے ہم ضرور تغییر کردینگے بلکہ اس کا مدلول یہ ہے کہ بدوں ان کی تغییر کے ہم تغییر نہ کریں گے سو امر اول ظاہر ہے کہ اس مدلول کے منافی نہیں اور امر ثانی بھی تامل کے بعد منافی نہیں کیونکہ مَا بِقَوْمٍ سے مراد رحمت الٰہیہ اور اس کی تغییر سے مراد غضب اور ناراضی ہے جیسا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ؕ سے مراد طاعت اور اس کی تغییر سے مراد معصیت ہے پس حاصل مدلول آیت یہ ہوا کہ بدوں معصیت کے ہم ناراض نہیں ہوتے پس اجتناب معاصی میں ناراضی کی نفی یقینی ہے نعمت اور عافیت کی نفی کا وعدہ نہیں پس امر ثانی کو مدلول آیت سے کوئی تنافی نہیں اور اس بناء پر امر اول کے عدم تنافی کی اور بھی تقریر ممکن ہے وہ یہ کہ ارتکاب معاصی سے گو نعمت اور عافیت ظاہری زائل نہ ہو لیکن حق تعالیٰ کی ناراضی کسی درجہ میں تو ضرور مرتب ہوجاتی ہے چنانچہ روح المعانی میں بروایت ابن ابی شیبہ وابو الشیخ وابن مردویہ حضرت علیؓ سے مرفوعاً ایک حدیث قدسی نقل کی ہے جس میں یہ مضمون مصرح ہے اس کے الفاظ یہ ہیں **وعزتی وجلالی وارتفاعی فوق عرشی ما من اهل قرية ولا اهل بيت ولا رجل ببادية كانوا على ما كرهت من معصيتي ثم تحولوا عنها الى ما احببت من طاعتي الا تحولت لهم عما يكرهون من عذابي الى ما يحبون من رحمتي وما من اهل قرية ولا اهل بيت ولا رجل ببادية كانوا على ما احببت من طاعتي ثم تحولوا عنها الى ما كرهت من معصيتي الا تحولت لهم عما يحبون من رحمتي الى ما يكرهون من عذابي** اور اس تفسیر سے ایک اور وسوسہ زائل ہوگیا وہ یہ کہ بعض آیات واحادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ ذنوب خاصہ سے کبھی مواخذہ عامہ بھی ہوتا ہے تو غیر عاصی کا ماخوذ ہونا بظاہر منافی ہے مدلول اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ الخ کے وجہ زوال ظاہر ہے کہ اگر یہ ماخوذین باوجود قدرت کے مداہنت کرتے تھے تب تو یہ بھی ایک معصیت کے مرتکب تھے تو کچھ اشکال ہی نہیں اور اگر اس سے بھی محفوظ تھے تو وہ مواخذہ صورۃ ہے غضب اور ناراضی نہیں ہے پس دونوں میں کچھ تنافی نہ ہوئی اور ظاہر آیت سے کہ رعد کا ذکر ملائکہ کے ساتھ کیا گیا اور ترمذی کی حدیث مرفوع کی تصریح سے رعد کا ایک فرشتہ ہونا معلوم ہوتا ہے اور اسی حدیث سے برق کا اس فرشتہ کے ہاتھ میں ایک ناری تازیانہ ہونا معلوم ہوتا ہے اس میں بعض نے ایک اشکال نقلی کیا ہے اور ایک اشکال عقلی اول یہ کہ سورۂ بقرہ میں رعد نکرہ آیا ہے سو اگر علم ہوتا تو نکرہ نہ آتا دوسرا یہ کہ فلاسفہ نے اس کے خلاف ذکر کیا ہے اول کا جواب یہ ہے کہ رعد جیسا فرشتہ کا نام ہے ایسے ہی رعد اس فرشتہ کی آواز کو بھی کہتے ہیں پس نکرہ سے مراد اس کی صوت ہے اور دوسرے کا جواب یہ ہے کہ اگر اس آواز کا سبب ظاہری فلاسفہ کے قول کے موافق ہو اور سبب حقیقی اخبار شرع کے مطابق ہو تو اس میں کوئی اشکال نہیں چنانچہ انسان کی آواز کا ظاہری سبب قلع وقرع خاص ہے اور حقیقی سبب اس کی روح ہے اسی طرح یہاں ہونا بھی مستبعد نہیں اور یہ بھی کہنا مضائقہ نہیں کہ گاہے یہ سبب ہوا اور گاہے وہ ہو کیونکہ حسبب واحد کے اسباب کا متعدد ہونا جائز ہے اسی طرح برق کی حقیقت تو وہی ہو جو فلاسفہ کہتے ہیں مگر وہ اس فرشتہ کے قبضہ میں ہو تو اس میں کوئی استبعاد نہیں یا گاہے یہ ہوگا ہے وہ ہو خوب سمجھ لو **واللہ اعلم وعلمہ اتم واحکم۔**

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ؕ روح میں نصر آبادی سے منقول ہے کہ یہ حکم عوام وخواص سب کو عام ہے اور خواص کے لئے زیادہ کاوش ہوتی ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَسْتَجِيْبُوْنَ لَهُمْ بِشَيْءٍ اِلَّا كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ اِلَى الْمَآءِ اس

www.besturdubooks.net

سے غیر اللہ احیاء و اموات سے استغاثہ کرنے والوں کا خسران معلوم ہوتا ہے اور یہ بلا کثرت سے پھیل گئی ۱۲۔ قولہ تعالیٰ وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا اول انقیاد تشریعی ہے دوسرا انقیاد تکوینی ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ : ۱ قوله فی تغیض رحم میں اشارة الی الاسناد المجازی والفاعل ما یلابس الرحم من الولد او المدقة ان کان الغیض والازدیاد لازمین او الفاعل هو الله تعالٰی ان کانا متعدیین ۱۲۔ ۲ قوله فی رب السمٰوٰت خالق کذا فی الروح ۱۲۔

اللغات: سارب ذاهب من القاموس ۱۲۔ قوله معقبٰت بمعنی متعقبات لا یا ایها وذهابهماتنا وبین۔ قوله المحال من المحل وهو المکر والتدبیر والمراد القوة ۱۲۔

النحو: قوله دعوة الحق ای الدعوة ای الذی یترتب علیه الاثر قوله الا کباسط تقدیره الا کاستجابة الماء باسط کفیه قوله خوفا وطمعا بمعنی خائفین وطامعین حال من ضمیر المفعول قوله الثقال جمع لکون السحاب جنسا ۱۲۔

البلاغة: قوله سواء منکم تخصیص بعد تعمیم استفید من عالم الغیب الخ وفی تقید المستخفی باللیل مبالغة ۱۲۔

أَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَالَتْ أَوْدِيَةٌ بِقَدَرِهَا فَاحْتَمَلَ السَّيْلُ زَبَدًا رَّابِيًا ۭ وَمِمَّا يُوْقِدُوْنَ عَلَيْهِ
فِي النَّارِ ابْتِغَآءَ حِلْيَةٍ أَوْ مَتَاعٍ زَبَدٌ مِّثْلُهٗ ۭ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ الْحَقَّ وَالْبَاطِلَ ۭ فَأَمَّا الزَّبَدُ فَيَذْهَبُ
جُفَآءً ۚ وَأَمَّا مَا يَنْفَعُ النَّاسَ فَيَمْكُثُ فِي الْأَرْضِ ۭ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ الْأَمْثَالَ ۝

اللہ تعالیٰ نے آسمان سے پانی نازل فرمایا پھر نالے بھر کر اپنی مقدار کے موافق چلنے لگے پھر وہ سیلاب خس وخاشاک کو بہالایا جو اس (پانی) کے اوپر لا رہا ہے اور جن چیزوں کو آگ کے اندر اور اسباب بنانے کی غرض سے تپاتے ہیں اس میں ایسا ہی میل کچیل اوپر آجاتا ہے اللہ تعالیٰ حق (یعنی ایمان وغیرہ) اور باطل (یعنی کفر وغیرہ) کی اسی طرح مثال بیان کر رہا ہے سو جو میل کچیل تھا وہ تو پھینک دیا جاتا ہے اور جو چیز لوگوں کے کارآمد ہے وہ دنیا میں (نفع رسانی کے ساتھ) رہتی ہے اللہ تعالیٰ اسی طرح (ہر ضروری مضمون میں) مثالیں بیان کیا کرتے ہیں۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر توحید کا حق ہونا اور شرک کا باطل ہونا مذکور تھا آگے اس حق اور اس باطل کی دو مثالیں مذکور ہیں جیسا اوپر بھی ایک تمثیل نور وظلمات کے ساتھ مذکور ہوئی ہے۔

مثالِ حق و باطل ☆ أَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَالَتْ أَوْدِيَةٌ (الی قولہ تعالیٰ) كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ الْأَمْثَالَ ۝ اللہ تعالیٰ نے آسمان سے پانی نازل فرمایا پھر (اس پانی سے) نالے (بھر کر) اپنی مقدار کی موافق چلنے لگے (یعنی چھوٹے نالے میں تھوڑا پانی اور بڑے نالے میں زیادہ پانی) پھر وہ سیلاب (کا پانی) خس وخاشاک کو بہالایا جو اس (پانی) کی (سطح کے) اوپر (آرہا) ہے (ایک کوڑا کرکٹ تو یہ ہے) اور جن چیزوں کو آگ کے اندر (رکھ کر) زیور یا اور اسباب (ظروف وغیرہ) بنانے کی غرض سے تپاتے ہیں اس میں بھی ایسا ہی میل کچیل (اوپر آجاتا) ہے (پس ان دو مثالوں میں دو چیزیں ہیں ایک کارآمد چیز کہ اصل پانی اور اصل مال ہے اور ایک ناکارہ چیز کہ کوڑا کرکٹ میل کچیل ہے غرض) اللہ تعالیٰ حق (یعنی توحید وایمان وغیرہ) اور باطل (یعنی کفر وشرک وغیرہ) کی اسی طرح کی مثال بیان کر رہا ہے (جس کی تکمیل اگلے مضمون سے ہوتی ہے) سو (ان دونوں مذکورہ مثالوں میں) جو میل کچیل تھا وہ تو پھینک دیا جاتا ہے اور جو چیز لوگوں کے کارآمد ہے وہ دنیا میں (نفع رسانی کے ساتھ) رہتی ہے (اور جس طرح اس حق و باطل کی مثال بیان کی گئی) اللہ تعالیٰ اسی طرح (ہر ضروری مضمون میں) مثالیں بیان کیا کرتے ہیں۔ **فائدہ**: حاصل دونوں مثالوں کا یہ ہے کہ جیسا ان مثالوں میں میل کچیل برائے چندے اصلی چیز کے اوپر نظر آتا ہے لیکن انجام کار وہ پھینک دیا جاتا ہے اور اصلی چیز رہ جاتی ہے اسی طرح باطل گو برائے چندے حق کے اوپر غالب نظر آوے لیکن آخر کار باطل محو اور مغلوب ہو جاتا ہے اور حق باقی اور ثابت رہتا ہے کذا فی الجلالین۔

اللغات: قوله اودیة جمع وادی الموضع الذی یسیل فیه الماء بکثرة قوله فاحتمل حمل قوله السیل الماء الجاری فی الاودیة قوله زبدا هو الغثاء الذی یطرحه الوادی وله رابیا عالیا منتفی فوق الماء قوله جفاء جفاء الماء بالزبد اذا قذفه ۱۲۔

النحو: قوله بقدرها متعلق بسالت قوله و مما یوقدون ای الناس بدلالة المقام خبر مقدم وابتغاء مفعول له وزبد مبتدأ مؤخر وقوله جفاء حال ۱۲۔

البلاغة: تنکیر اودیة لان الاستیعاب غیر واقع وزیادة قوله فی النادر قیل للاشعار بالمبالغة فی الاحتمال للاذابة وحصول الزبد ۱۲۔

www.besturdubooks.net

لِلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمُ الْحُسْنٰى ۭ وَالَّذِيْنَ لَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهٗ لَوْ اَنَّ لَهُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لَافْتَدَوْا بِهٖ ۭ اُولٰۗىِٕكَ
لَهُمْ سُوْۗءُ الْحِسَابِ ۙ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝ اَفَمَنْ يَّعْلَمُ اَنَّمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ كَمَنْ هُوَ اَعْمٰى ۭ
اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝ الَّذِيْنَ يُوْفُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَلَا يَنْقُضُوْنَ الْمِيْثَاقَ ۝ وَالَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ مَآ اَمَرَ
اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ وَيَخَافُوْنَ سُوْۗءَ الْحِسَابِ ۝ وَالَّذِيْنَ صَبَرُوا ابْتِغَاۗءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ
وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً وَّيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ ۝ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا
وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَاۗىِٕهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ مِّنْ كُلِّ بَابٍ ۝ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ
فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ۝ وَالَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِي
الْاَرْضِ ۙ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْۗءُ الدَّارِ ۝

جن لوگوں نے اپنے رب کا کہنا مان لیا ان کے واسطے اچھا بدلہ ہے اور جن لوگوں نے اس کا کہنا نہ مانا ان کے پاس اگر تمام دنیا بھر کی چیزیں (موجود) ہوں اور (بلکہ) اس کے ساتھ اور بھی ہو تو وہ سب اپنی رہائی کے لئے دے ڈالیں ان لوگوں کو سخت حساب ہوگا اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے اور وہ بری قرارگاہ ہے۔ جو شخص یہ یقین رکھتا ہو کہ جو کچھ آپ کے رب کی طرف سے آپ پر نازل ہوا ہے وہ سب حق ہے کیا ایسا شخص اس کی طرح ہو سکتا ہے جو کہ اندھا ہے پس نصیحت تو سمجھدار ہی لوگ قبول کرتے ہیں اور یہ (سمجھدار لوگ ایسے ہیں) کہ اللہ سے جو کچھ انہوں نے عہد کیا ہے اس کو پورا کرتے ہیں اور اس عہد کو توڑتے نہیں اور یہ ایسے ہیں کہ اللہ نے جن علاقوں کے قائم رکھنے کا حکم کیا ہے ان کو قائم رکھتے ہیں اور اپنے رب سے ڈرتے رہتے ہیں اور سخت عذاب کا اندیشہ رکھتے ہیں اور یہ لوگ ایسے ہیں کہ اپنے رب کی رضامندی کے جویاں رہ کر مضبوط رہتے ہیں اور نماز کی پابندی کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے ان کو روزی دی ہے اس میں سے چپکے بھی اور ظاہر کر کے بھی خرچ کرتے ہیں اور بدسلوکی کو حسن سلوک سے ٹال دیتے ہیں اس جہان میں نیک انجامی ان لوگوں کے واسطے ہے یعنی ہمیشہ رہنے کی جنتیں جن میں وہ لوگ بھی داخل ہوں گے اور ان کے ماں باپ اور بیبیوں اور اولاد (میں جو جنت کے) لائق ہوں گے وہ بھی داخل ہوں گے اور فرشتے ان کے پاس ہر (سمت کے) دروازہ سے آتے ہوں گے (اور یہ کہتے ہوں گے) کہ تم صبح سلامت رہو گے بدولت اس کے کہ تم (دین حق پر) مضبوط رہے تھے سو اس جہان میں تمہارا انجام بہت اچھا ہے اور جو لوگ خدا تعالیٰ کے معاہدوں کو ان کی پختگی کے بعد توڑتے ہیں اور خدا تعالیٰ نے جن علاقوں کو قائم رکھنے کا حکم دیا ہے ان کو قطع کرتے ہیں اور دنیا میں فساد کرتے ہیں ایسے لوگوں پر لعنت ہوگی اور ان کے لئے اس جہان میں خرابی ہوگی۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر مثالوں کے ضمن میں حق اور باطل کا حال بیان فرمایا تھا آگے اہل حق اور اہل باطل کا حال باعتبار صفت یعنی ہدایت وضلالت وبعض اعمال حسنہ وسیئہ کے اور نیز باعتبار جزاء یعنی ثواب وعقاب کے مذکور ہے جیسا کہ اوپر تمثیل باعمیٰ وبصیر میں بھی ان کا حال ہدایت وضلالت کا اجمالاً مذکور ہوا تھا۔

بعضے صفات وعواقب محققین ومبطلین ☆ لِلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمُ الْحُسْنٰى (الی قولہ تعالیٰ) وَلَهُمْ سُوْۗءُ الدَّارِ ۝ جن لوگوں نے اپنے رب کا کہنا مان لیا (اور توحید اور طاعت کو اختیار کر لیا) ان کے واسطے اچھا بدلہ (یعنی جنت مقرر) ہے اور جن لوگوں نے اس کا کہنا نہ مانا (اور کفر ومعصیت پر قائم رہے) ان کے پاس (قیامت کے دن) اگر تمام دنیا بھر کی چیزیں (موجود) ہوں اور (بلکہ) اس کے ساتھ اسی کی برابر اور بھی (مال ودولت) ہو تو سب اپنی رہائی کے لئے دے ڈالیں ان لوگوں کا سخت حساب ہوگا (جس کو دوسری آیت میں حساب عسیر فرمایا ہے) اور ان کا ٹھکانا (ہمیشہ کے لئے) دوزخ ہے اور وہ برا قرارگاہ ہے جو شخص یہ یقین رکھتا ہو کہ جو کچھ آپ کے رب کی طرف سے آپ پر نازل ہوا ہے وہ سب حق ہے کیا ایسا شخص اس کی طرح ہو سکتا ہے جو کہ (اس علم سے محض) اندھا ہے (یعنی کافر ومومن برابر نہیں) پس نصیحت تو سمجھدار ہی لوگ قبول کرتے ہیں (اور) یہ (سمجھدار) لوگ ایسے ہیں کہ اللہ سے جو کچھ انہوں نے عہد کیا ہے اس کو پورا کرتے ہیں اور (اس) عہد کو توڑتے نہیں اور یہ ایسے ہیں کہ اللہ نے جن علاقوں کے قائم رکھنے کا حکم کیا ہے ان کو قائم رکھتے ہیں اور اپنے رب سے ڈرتے رہتے ہیں اور سخت عذاب کا اندیشہ رکھتے ہیں (جو کہ کفار کے ساتھ خاص ہوگا اس لئے کفر سے بچتے ہیں) اور یہ لوگ ایسے ہیں کہ اپنے رب کی رضامندی کے جویاں رہ کر (دین حق پر) مضبوط رہتے ہیں اور نماز کی پابندی رکھتے ہیں اور جو کچھ ہم نے ان کو روزی دی ہے اس میں سے چپکے بھی اور ظاہر کر کے بھی (جیسا موقع ہوتا ہے) خرچ کرتے ہیں اور (لوگوں کی) بدسلوکی کو (جو ان کے ساتھ کی جاوے) حسن سلوک سے ٹال دیتے ہیں (یعنی کوئی ان کے ساتھ بدسلوکی کرے تو کچھ

www.besturdubooks.net

خیال نہیں کرتے بلکہ اس کے ساتھ سلوک کرتے ہیں) اس جہان میں (یعنی آخرت میں) نیک انجامی ان لوگوں کے واسطے ہے یعنی ہمیشہ رہنے کی جنتیں جن میں وہ لوگ بھی داخل ہوں گے اور ان کے ماں باپ اور بیبیوں اور اولاد میں جو (جنت کی) لائق (یعنی مؤمن) ہوں گے (گو ان موصوفین کے درجہ کے نہ ہوں) وہ بھی (جنت میں ان کی برکت سے ان ہی کے درجوں میں) داخل ہوں گے اور فرشتے ان کے پاس ہر (سمت کے) دروازہ سے آتے ہوں گے (اور یہ کہتے ہوں گے) کہ تم (ہر آفت اور خطرہ سے) صحیح وسلامت رہو گے بدولت اس کے کہ تم (دین حق پر) مضبوط رہے تھے سو اس جہان میں تمہارا انجام بہت اچھا ہے (یہ تو عمل اور مآل ہوا مطیعین کا آگے ان کے اضداد کا ذکر ہے) اور جو لوگ خدا تعالیٰ کے معاہدوں کو ان کی پختگی کے بعد توڑتے ہیں اور خدا تعالیٰ نے جن علاقوں کے قائم رکھنے کا حکم فرمایا ہے ان کو قطع کرتے ہیں اور دنیا میں فساد کرتے ہیں ایسے لوگوں پر لعنت ہوگی اور ان کے لئے اس جہان میں خرابی ہوگی **ف**: چونکہ ایسے مضامین مؤمنین اور کفار کے متعلق قرآن میں اب تک متعدد مواقع پر آچکے ہیں اس لئے مزید تفصیل کی ضرورت نہ سمجھی گئی البتہ یہ بات شاید اب تک کہیں مذکور نہیں ہوئی کہ مقربین کی برکت سے ان کے آباء وازواج اور اولاد بھی اسی درجہ میں بالتبع داخل ہوں گے سو یہ مضمون اس آیت کی تفسیر میں ابن جبیر سے منقول ہے **کذا فی الروح عن ابن ابی حاتم و ابی الشیخ** اس روایت کے الفاظ یہ ہیں: **یدخل الرجل الجنة فیقول این امی این ولدی این زوجتی فیقال لم یعملوا مثل عملك فیقول کنت اعمل لی ولهم ثم قرأ و الایة** اور **من صلح** کی تفسیر **من آمن** نقل کی ہے اور مراد آباؤ اولاد سے وہ ہیں جو بلا واسطہ ہوں ورنہ تمام اہل جنت کا ایک ہی درجہ میں ہونا لازم آتا ہے اور وہ **منتفی بالنصوص** ہے اگر کسی کو شبہ ہو کہ بلا واسطہ میں بھی یہی امر لازم آتا ہے کیونکہ ان تابعین کے بھی آباء واولاد کچھ بلا واسطہ ہوں گے وعلیٰ ہذا جواب یہ ہے کہ جو شخص بالتبع صاحب درجہ ہوگا اس کی تبعیت سے دوسرا صاحب درجہ نہ ہوگا۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: **اِنَّمَا یَتَذَكَّرُ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝ الَّذِیْنَ یُوْفُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ ۚ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝** کو ان جملوں سے موصوف کرنا اس پر دلیل ہے کہ عقل معتبر عقل معاد ہی ہے اور ایسا ہی شخص عاقل کہنے کے لائق ہے گو دنیا سے ناواقف ہو ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: **وَالَّذِیْنَ یَصِلُوْنَ مَاۤ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖۤ اَنْ یُّوْصَلَ** روح میں ہے کہ اس میں سب اوامر آگئے اور اس عموم میں سب اہل حقوق داخل ہیں یہاں تک کہ حضرت فضیل بن عیاض کا قول ہے کہ اگر کوئی سب نیک کام کرے اور اس کے پاس ایک مرغی ہو اس کا حق ادا نہ کرے تو وہ نکوکار نہیں میں کہتا ہوں کہ جب مرغی کے حق میں یہ کہا گیا ہے تو پیر کا کیا کچھ حق وادب ہوگا جس میں سخت کوتاہی کی جاتی ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قوله فی الذین یوفون** یہ لوگ ایسے اشارۃ الی ان الموصول مبتدا وهو الا وفق بقوله تعالیٰ **والذین ینقضون** فانه مقابل له وهو مبتدا بیقین ۱۲۔ ۲ **قوله فی صبروا** وما بعده رہتے ہیں ونحوه اشارة الی ارادة المستقبل بالماضی بقرینة اخواتها ۱۲۔ ۳ **قوله فی اباتهم** ماں باپ ففیه تغلیب ۱۲۔

البلاغۃ: **قوله افمن یعلم** الخ قال البیضاوی الهمزة لانکار ان یقع شبهة فی تشابههما بعد ما ضرب المثل اه قلت وبه ظهر معنی الهمزة والفاء ۱۲۔

۴ اَللّٰهُ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ وَیَقْدِرُ ۚ وَفَرِحُوْا بِالْحَیٰوةِ الدُّنْیَا ؕ وَمَا الْحَیٰوةُ الدُّنْیَا فِی الْاٰخِرَةِ اِلَّا مَتَاعٌ ۝۲۶ وَیَقُوْلُ
الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَوْلَاۤ اُنْزِلَ عَلَیْهِ اٰیَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ یُضِلُّ مَنْ یَّشَآءُ وَیَهْدِیْۤ اِلَیْهِ مَنْ اَنَابَ ۝۲۷ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَىِٕنُّ
قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَىِٕنُّ الْقُلُوْبُ ۝۲۸ اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ طُوْبٰی لَهُمْ وَحُسْنُ مَاٰبٍ ۝۲۹ كَذٰلِكَ اَرْسَلْنٰكَ
فِیْۤ اُمَّةٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهَاۤ اُمَمٌ لِّتَتْلُوَا عَلَیْهِمُ الَّذِیْۤ اَوْحَیْنَاۤ اِلَیْكَ وَهُمْ یَكْفُرُوْنَ بِالرَّحْمٰنِ ؕ قُلْ هُوَ رَبِّیْ لَاۤ اِلٰهَ
اِلَّا هُوَ ۫ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَیْهِ مَتَابِ ۝۳۰ وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُیِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰی ؕ بَلْ لِّلّٰهِ
الْاَمْرُ جَمِیْعًا ؕ اَفَلَمْ یَایْـَٔسِ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْ لَّوْ یَشَآءُ اللّٰهُ لَهَدَی النَّاسَ جَمِیْعًا ؕ وَلَا یَزَالُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا تُصِیْبُهُمْ بِمَا صَنَعُوْا
قَارِعَةٌ اَوْ تَحُلُّ قَرِیْبًا مِّنْ دَارِهِمْ حَتّٰی یَاْتِیَ وَعْدُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُخْلِفُ الْمِیْعَادَ ۝۳۱ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَاَمْلَیْتُ

www.besturdubooks.net

لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ ۫ فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ ۝

اللہ جس کو چاہے رزق زیادہ دیتا ہے اور تنگی کر دیتا ہے اور یہ (کفار) لوگ دنیوی زندگی پر اتراتے ہیں اور یہ دنیوی زندگی آخرت کے مقابلہ میں بجز ایک متاع قلیل کے اور کچھ بھی نہیں اور یہ کافر لوگ کہتے ہیں کہ ان پر کوئی معجزہ ان کے رب کی طرف سے کیوں نہیں نازل کیا گیا آپ کہہ دیجئے کہ واقعی اللہ تعالیٰ جس کو چاہیں گمراہ کر دیتے ہیں اور جو شخص ان کی طرف متوجہ ہوتا ہے اس کو اپنی طرف ہدایت کر دیتے ہیں مراد اس سے وہ لوگ ہیں جو ایمان لائے اور اللہ کے ذکر سے ان کے دلوں کو اطمینان ہوتا ہے خوب سمجھ لیجئے کہ اللہ کے ذکر سے دلوں کو اطمینان ہو جاتا ہے جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کئے ان کیلئے خوشحالی اور نیک انجامی ہے (اور) اسی طرح ہم نے آپ کو ایک ایسی امت میں رسول بنا کر بھیجا ہے کہ اس (امت) سے پہلے اور بہت سی امتیں گزر چکی ہیں تاکہ آپ ان کو وہ کتاب پڑھ کر سنا دیں جو ہم نے آپ کے پاس وحی کے ذریعے سے بھیجی ہے اور وہ لوگ ایسے بڑے رحمت والے کی ناسپاسی کرتے ہیں آپ فرما دیجئے کہ وہ میرا مربی اور نگہبان ہے اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں میں نے اسی پر بھروسہ کر لیا اور اسی کے پاس مجھ کو جانا ہے اور اگر کوئی ایسا قرآن ہوتا جس کے ذریعے سے پہاڑ (اپنی جگہ سے) ہٹا دیئے جاتے یا اس کے ذریعہ سے زمین جلدی جلدی طے ہو جاتی یا اسکے ذریعہ سے مردوں کے ساتھ کسی کو باتیں کرا دی جاتیں تب بھی یہ لوگ ایمان نہ لاتے بلکہ سارا اختیار خاص اللہ ہی کو ہے کیا پھر بھی ایمان والوں کو اس بات میں دلجمعی نہیں ہوئی کہ اگر خدا تعالیٰ چاہتا تو تمام (دنیا بھر کے) آدمیوں کو ہدایت کر دیتا اور یہ مکہ کے کافر تو ہمیشہ (آئے دن) اس حالت میں رہتے ہیں کہ انکے (بد) کرداروں کے سبب ان پر کوئی نہ کوئی حادثہ پڑتا رہتا ہے یا انکی بستی کے قریب نازل ہوتا رہتا ہے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ آ جائے گا یقیناً اللہ تعالیٰ وعدہ خلاف نہیں کرتے اور بہت سے پیغمبروں کے ساتھ جو کہ آپ سے قبل ہو چکے ہیں استہزا ہو چکا ہے پھر میں ان کافروں کو مہلت دیتا رہا پھر میں نے ان پر داروگیر کی پھر میری سزا کس طرح کی تھی۔ ۞

تفسیر: اوپر کفار کا ملعون یعنی رحمت سے بعید ہونا مذکور ہوا ہے چونکہ اکثر کفار باعتبار ثروت دنیوی کے خوشحال تھے اس لئے خود ان کو یا دوسرے دیکھنے والوں کو یہ شبہ ہو سکتا تھا کہ اگر یہ لوگ رحمت سے بعید ہوتے تو آثار رحمت یعنی دولت وثروت سے کیوں کامیاب ہوتے آگے اس شبہ کا جواب ہے۔

جواب شبہ عدم مبغوضیت کفار از وسعت رزق ☆ اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ (الی قولہ تعالیٰ) فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا مَتَاعٌ ۝ (یعنی ظاہری دولت وثروت کو دیکھ کر یہ دھوکہ نہ کھانا چاہئے کہ یہ لوگ موردِ رحمت ہیں کیونکہ رزق کی تو یہ کیفیت ہے کہ) اللہ جس کو چاہے زیادہ رزق دیتا ہے اور (جس کے لئے چاہتا ہے) تنگی کر دیتا ہے (رحمت وغضب کا یہ معیار نہیں) اور یہ (کفار) لوگ دنیوی زندگانی پر (اور اس کے عیش وعشرت پر) اتراتے ہیں اور (ان کا اترانا بالکل فضول اور غلطی ہے کیونکہ) یہ دنیوی زندگی (اور اس کا عیش وعشرت) آخرت کے مقابلہ میں بجز ایک متاع قلیل کے اور کچھ بھی نہیں۔

ربط: اوپر ذکر جزائے فریقین وبیان توحید سے پہلے آیات وَاِنْ تَعْجَبْ الخ میں نبوت کے متعلق مضمون تھا آگے پھر عود ہے اسی طرف۔

عود بہ مبحث نبوت ☆ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ (الی قولہ تعالیٰ) ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ ۫ فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ ۝ اور یہ کافر لوگ (آپ کی نبوت میں طعن واعتراض کرنے کے لئے یوں) کہتے ہیں کہ ان (پیغمبر) پر کوئی معجزہ (ہمارے فرمائشی معجزوں میں سے) ان کے رب کی طرف سے کیوں نہیں نازل کیا گیا آپ کہہ دیجئے کہ واقعی (تمہاری ان بیہودہ فرمائشوں سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ) اللہ تعالیٰ جس کو چاہیں گمراہ کر دیتے ہیں (وجہ معلوم ہونے کی ظاہر ہے کہ باوجود معجزات کافیہ کے جن میں سب سے اعظم قرآن ہے پھر بھی فضول باتیں کرتے ہیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ قسمت ہی میں گمراہی لکھی ہے) اور (جس طرح ان معاندین کو قرآن جو اعظم معجزات ہے ہدایت کے لئے کافی نہ ہوا اور گمراہی ان کو نصیب ہوئی اسی طرح) جو شخص ان کی طرف متوجہ ہوتا ہے (اور طریق حق کا طالب ہوتا ہے جس کا مصداق آگے آتا ہے: اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ الخ) اس کو اپنی طرف (رسائی دینے کے لئے) ہدایت کر دیتے ہیں (اور گمراہی سے بچا لیتے ہیں) مراد اس سے وہ لوگ ہیں جو ایمان لائے اور اللہ کے ذکر سے (جس کی بڑی فرد قرآن ہے) ان کے دلوں کو اطمینان ہوتا ہے (جس کی بڑی فرد ایمان ہے یعنی وہ قرآن کے اعجاز کو دلالت علی النبوۃ کے لئے کافی سمجھتے ہیں اور واہی تباہی فرمائش نہیں کرتے پھر خدا کی یاد اور طاعت میں ان کو ایسی رغبت ہوتی ہے کہ متاع حیوٰۃ دنیا سے مثل کفار کے ان کو رغبت اور فرحت نہیں ہوتی اور) خوب سمجھ لو کہ اللہ کے ذکر (میں ایسی ہی خاصیت ہے کہ اس) سے دلوں کو اطمینان ہو جاتا ہے (یعنی جس مرتبہ کا ذکر ہوا اسی ہی مرتبہ کا اطمینان چنانچہ قرآن سے ایمان اور اعمال صالحہ سے وطاعت سے شدت تعلق وتوجہ الی اللہ میسر ہوتا ہے غرض) جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کئے (جن کا اوپر ذکر ہوا) ان کے لئے (دنیا میں) خوشحالی اور (آخرت میں) نیک انجامی ہے (جس کو دوسری آیت میں فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً ۚ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَجْرَهُمْ الخ [النحل: ۹۷] سے تعبیر فرمایا ہے خلاصہ یہ کہ کفار کے لئے قرآن کے اعجاز کو ناکافی سمجھنا اور ضلال اور اس کے قبل رغبت الی الدنیا اور اس کے حظ کا فنا اور اس کے مقابلہ میں مؤمنین کے لئے قرآن کو کافی سمجھنا اور ہدایت اور رغبت الی الآخرۃ اور اس کے ثمرہ کا بقا ثابت فرمایا ہے اور اصل مقصود مقام کا بحث رسالت ہے آگے اسی بحث کا تتمہ ہے یعنی یہ لوگ جو آپ کی رسالت پر شبہات کرتے ہیں تو آپ کی رسالت کوئی انوکھی چیز تو ہے نہیں پہلے بھی رسول ہوتے آئے ہیں اور جس طرح ہم نے پہلے رسولوں کو ان کی امتوں کی طرف رسول بنا کر بھیجا تھا) اسی طرح ہم نے آپ کو ایک ایسی

www.besturdubooks.net

امت میں رسول بنا کر بھیجا ہے کہ اس (امت) سے پہلے اور بہت سی امتیں گزر چکی ہیں (اور آپ کو ان کی طرف اس لئے رسول بنا کر بھیجا ہے) تا کہ آپ ان کو وہ کتاب پڑھ کر سناویں جو ہم نے آپ کے پاس وحی کے ذریعہ سے بھیجی ہے اور (ان کو چاہئے تھا کہ اس نعمت عظمیٰ کی قدر کرتے اور اس کتاب پر کہ وہ معجز بھی ہے ایمان لے آتے مگر) وہ لوگ ایسے بڑے رحمت والے کی ناسپاسی کرتے ہیں (اور قرآن پر ایمان نہیں لاتے) آپ فرما دیجئے کہ (تمہارے ایمان نہ لانے سے میرا کوئی ضرر نہیں کیونکہ بیش بریں نیست کہ میرے ساتھ مخالفت کرو گے سو اس سے مجھ کو اس لئے اندیشہ نہیں کہ) وہ میرا مربی (اور نگہبان) ہے اس کے سوا کوئی عبادت کے قابل نہیں (پس لامحالہ وہ کامل الصفات ہوگا پس وہ حفاظت کے لئے بھی کافی ہوگا اس لئے) میں نے اسی پر بھروسہ کر لیا اور اسی کے پاس مجھ کو جانا ہے (اس لئے توکل کی جزاء کی بھی توقع ہے یعنی مبتداء و معاد دونوں مقتضی ہیں توکل کو خلاصہ یہ کہ میری حفاظت کے لئے تو اللہ تعالیٰ کافی ہے تم مخالفت کر کے میرا کچھ نہیں کر سکتے البتہ تمہارا ہی ضرر ہے) اور (اے پیغمبر اور اے مسلمانو! ان کافروں کے عناد کی یہ کیفیت ہے کہ قرآن کی جو موجودہ حالت ہے کہ اس کا معجز ہونا محتاج تدبر ہے بجائے اس کے) اگر کوئی قرآن ایسا ہوتا (خواہ تو وہ یہی ہوتا جو معجزات آئندہ کا بھی مظہر ہو جاتا یا کوئی دوسرا قرآن ہوتا) جس کے ذریعہ سے پہاڑ (اپنی جگہ سے) ہٹا دیئے جاتے یا اس کے ذریعہ سے زمین جلدی جلدی طے ہو جاتی یا اس کے ذریعہ سے مردوں کے ساتھ کسی کو باتیں کرا دی جاتیں (یعنی مردہ زندہ ہو جاتا اور کوئی اس سے بات کر لیتا اور یہ وہ معجزے ہیں جن کی فرمائش اکثر کفار کیا کرتے تھے بعضے مطلقاً بعضے اس طرح سے کہ قرآن کو بحالت موجودہ تو ہم معجزہ مانتے نہیں البتہ اگر قرآن سے ان خوارق کا ظہور ہو تو ہم اس کو معجزہ مان لیں مطلب یہ کہ اگر قرآن سے ایسے ایسے معجزات کا بھی ظہور ہوتا جس سے دونوں طرح کے لوگوں کی فرمائش پوری ہو جاتی یعنی جو نفس خوارق مذکورہ کے مستدعی تھے اور جو ان کا ظہور قرآن سے چاہتے تھے) تب بھی یہ لوگ ایمان نہ لاتے (کیونکہ یہ اسباب مؤثر حقیقی نہیں) بلکہ سارا اختیار خاص اللہ ہی کو ہے (وہ جس کو توفیق عطا فرماتے ہیں وہ ہی ایمان لاتا ہے اور ان کی عادت ہے کہ طالب کو توفیق دیتے ہیں اور معاند کو محروم رکھتے ہیں اور چونکہ بعضے مسلمانوں کا جی چاہتا تھا کہ ان معجزات کا ظہور ہو جاوے شاید یہ ایمان لے آئیں اس لئے آگے ان کا جواب ہے کہ) کیا (یہ سن کر کہ یہ معاند ہیں ایمان نہ لاویں گے اور یہ کہ سب اختیار خدا ہی کو ہے اور یہ کہ اسباب مؤثر حقیقی نہیں ہیں کیا یہ سب سن کر) پھر بھی ایمان والوں کو اس بات میں دلجمعی نہیں ہوئی کہ اگر خدا تعالیٰ چاہتا تو تمام (دنیا بھر کے) آدمیوں کو ہدایت کر دیتا (مگر بعض حکمتوں سے مشیت نہیں ہوئی تو سب ایمان نہ لاویں گے جس کی علت قریبہ عناد ہے پھر ان معاندین کے ایمان نہ لانے میں کیوں لگے ہیں) اور (جب محقق ہو گیا کہ یہ لوگ ایمان نہ لاویں گے تو اس امر کا خیال آ سکتا ہے کہ پھر ان کو سزا کیوں نہیں دی جاتی اس کے متعلق ارشاد ہے کہ) یہ (مکہ کے) کافر تو ہمیشہ (آئے دن) اس حالت میں رہتے ہیں کہ ان کے (بد) کرداروں کے سبب ان پر کوئی نہ کوئی حادثہ پڑتا رہتا ہے (کہیں قتل کہیں قید کہیں ہزیمت) یا (بعض حادثہ اگر ان پر نہیں بھی پڑتا مگر) ان کی بستی کے قریب نازل ہوتا رہتا ہے (مثلاً کسی قوم پر آفت آئی اور ان کو خوف پیدا ہوا کہ کہیں ہم پر بھی یہ بلا نہ آوے) یہاں تک کہ (اسی حالت میں) اللہ کا وعدہ آ جاوے گا (یعنی آخرت کے عذاب کا سامنا ہو جاوے گا جو کہ مرنے کے بعد شروع ہو جاوے گا اور) یقیناً اللہ تعالیٰ وعدہ خلاف نہیں کرتے (پس عذاب کا وقوع ان پر یقینی ہے گو بعض اوقات توقف سے سہی) اور (ان لوگوں کا یہ معاملہ تکذیب و استہزاء کچھ آپ کے ساتھ خاص نہیں اور اسی طرح ان کے عذاب میں توقف ہونا کچھ ان کے ساتھ خاص نہیں بلکہ پہلے رسل اور پہلی امم کے ساتھ بھی ایسا ہو چکا ہے چنانچہ) بہت سے پیغمبروں کے ساتھ جو کہ آپ کے قبل ہو چکے ہیں (کفار کی طرف سے) استہزاء ہو چکا ہے پھر میں ان کافروں کو مہلت دیتا رہا پھر میں نے ان پر دار و گیر کی سو (سمجھنے کی بات ہے کہ) میری سزا کس طرح کی تھی (یعنی نہایت سخت تھی) **ف**: ایک آیت میں ذکر اللہ کی خاصیت میں خوف کو بیان کیا ہے اِنَّمَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ [الأنفال : ۲] اور یہاں اطمینان قلب بیان کیا ہے سو اس میں تعارض نہ سمجھا جاوے کیونکہ اطمینان کے جو معنی بیان کئے گئے ہیں کہ دوسری چیز کی طرف رغبت و توجہ کرنے سے کافی ہو جاوے یہ خوف کے ساتھ ممکن الاجتماع ہے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ۝ روح میں ہے کہ اس اطمینان کا سبب ایک نور ہے جس کو اللہ تعالیٰ مؤمنین کے قلب پر فائز فرماتا ہے جس سے پریشانی اور وحشت جاتی رہتی ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ : ۱ قوله فی الاخرة مقابله اشارة الی التقدیر هکذا فی جنب الاخرة ۱۲۔ ۲ قوله فی متاع قلیل افاده التنوین ۱۲۔ ۳ قوله فی الذین امنوا وتطمئن مراداس سے اشارة الی کون الموصول خبر مبتدأ مقدر ای هم ۱۲۔ ۴ قوله فی ذکر الله بڑی فرد قرآن کما فی قوله تعالیٰ نزلنا الذکر ۱۲۔ ۵ قوله فی قطعت جلدی جلدی افاد التفصیل التکثیر ولم اختر فی تفسیره تشقیق الارض عیونا او جعلها قطائع للزرع لان فیهما تکلف التقدیر وما اخترته لا تکلف فیه ۱۲۔ ۶ قوله بعد کلم جس سے دونوں طرح وبه علم وجه تخصیص القرآن فی ذکر هذه الخوارق ۱۲۔ ۷ قوله فی جزاء لو ان قرآنا ایمان نہ لاتے اشارة الی تقدیر لما آمنوا ۱۲۔ ۸ قوله قبل بل لله کیونکہ یہ اسباب

www.besturdubooks.net

اشارة الی تقدیر ما اضرب عنه و محصله ظاهر۱۲۔۹ قوله فی الفلم یائیس دل جمعی هو یستعمل فی الیاس والیقین وکذلك الکلمة الاصلیة۱۲۔

الزوائد: قوله ویقول الذین کفروا وقوله لا یزال الذین کفروا ای اهل مکة کذا فی روح المعانی قوله ولو ان قرآنا الخ فی الروح اخرج ابن شیبة وابن المنذر وغیرهما عن الشعبی قال قالت قریش لرسول الله صلی الله علیه وسلم ان کنت نبیا کما تزعم فباعد جبلی مکة و خشبیها هذین مسیرة اربعة ایام او خمسة فانها ضیقة حتی نزرع فیها ونرعی وابعث لنا آبائنا من الموتی حتی یکلمونا ویخبرونا انك نبی او احملنا الی الشام او الی الیمن او الی البحیرة حتی نذهب و نجئی فی لیلة کما زعمت انك فعلته فنزلت هذه الأیة واخرج ابن جریر وابو الشیخ عن ابن عباس رضی الله عنهما انهم قالوا سیر بالقران الجبال قطع بالقرآن الارض اخرج به موتانا فنزلت قوله افلم یایئس روی عن ابن عباس ان الکفار لما سألوا الآیات ود المؤمنون ان یظهرها الله تعالی لیجتمعوا علی الایمان آه قلت وهذه وان کانت بلا سند لکن ظاهر الفاظ القرآن یوید وقوع القصة والله اعلم۱۲۔

اللغات: قوله طوبی کبشری مصدر اصله طیبی قوله افلم یایئس فی الروح افلم یعلموا وهی لغة هوازن والظاهر ان استعمال الیاس فی ذلك حقیقة وقیل مجاز لانه متضمن للعلم فان الآئیس عن الشئ عالم بانه لا یکون فاستعمل المقید وهو علم العدم فی المطلق وهو مطلق العلم۱۲۔

أَفَمَنْ هُوَ قَآئِمٌ عَلٰى كُلِّ نَفْسٍۭ بِمَا كَسَبَتْ ۗ وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ ۭ قُلْ سَمُّوْهُمْ ۭ اَمْ تُنَبِّـــُٔوْنَهٗ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِي الْاَرْضِ اَمْ بِظَاهِرٍ مِّنَ الْقَوْلِ ۭ بَلْ زُيِّنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مَكْرُهُمْ وَصُدُّوْا عَنِ السَّبِيْلِ ۭ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ۝ لَهُمْ عَذَابٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَقُّ ۚ وَمَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ۝ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ۭ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۭ اُكُلُهَا دَاۗىِٕمٌ وَّظِلُّهَا ۭ تِلْكَ عُقْبَى الَّذِيْنَ اتَّقَوْا ۠ وَّعُقْبَى الْكٰفِرِيْنَ النَّارُ ۝

پھر (بھی) کیا جو (خدا) ہر شخص کے اعمال پر مطلع ہو اور ان لوگوں کے شرکاء برابر ہو سکتے ہیں اور ان لوگوں نے خدا کے لئے شرکاء تجویز کئے ہیں آپ کہئے کہ (ذرا) ان (شرکاء) کا نام تو لو کیا تم اللہ تعالیٰ کو ایسی بات کی خبر دیتے ہو کہ دنیا (بھر) میں اس (کے وجود) کی خبر اللہ تعالیٰ کو نہ ہو یا محض ظاہری لفظ کے اعتبار سے ان کو شریک کہتے ہو بلکہ ان کافروں کو اپنے مغالطہ کی باتیں مرغوب معلوم ہوتی ہیں اور (اسی وجہ سے) یہ لوگ راہ حق سے محروم رہتے ہیں اور جس کو خدا تعالیٰ گمراہی میں رکھے اس کو کوئی راہ پر لانے والا نہیں۔ ان کے لئے دنیوی زندگانی میں (بھی) عذاب ہے اور آخرت کا عذاب اس سے بدرجہا زیادہ سخت ہے اور اللہ (غالب) سے ان کا کوئی بچانے والا نہیں ہو گا (اور) جس جنت کا متقیوں سے وعدہ کیا گیا ہے اس کی کیفیت یہ ہے کہ اس (کے عمارات واشجار) کے نیچے نہریں جاری ہوں گی اس کا پھل اور اس کا سایہ دائم رہے گا یہ تو انجام ہوگا متقیوں کا اور کافروں کا انجام دوزخ ہوگا۔

تفسیر: اوپر اثنائے ذکر رسالت میں بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِيْعًا میں توحید کا ذکر آ گیا تھا آگے اس کے مقابلہ میں شرک اور اہل شرک کی تقبیح ہے۔

تقبیح شرک واہل آں ☆ اَفَمَنْ هُوَ قَآئِمٌ عَلٰى كُلِّ نَفْسٍ (الی قوله تعالیٰ) فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ۝ (جب حق تعالیٰ کی شان معلوم ہوگئی کہ وہی مختار کل ہیں تو اس کے معلوم اور ثابت ہونے کے بعد) پھر (بھی) کیا جو (خدا) ہر شخص کے اعمال پر مطلع ہو اور ان لوگوں کے شرکاء برابر ہو سکتے ہیں اور (باوجود اس کے) ان لوگوں نے خدا کے لئے شرکاء تجویز کئے ہیں آپ کہئے کہ (ذرا) ان (شرکاء) کا نام تو لو (میں بھی سنوں کون ہیں اور کیسے ہیں) کیا (تم حقیقۃً ان کو شرکاء سمجھ کر دعویٰ کرتے ہو تب تو یہ لازم آتا ہے کہ) تم اللہ تعالیٰ کو ایسی بات کی خبر دیتے ہو کہ دنیا (بھر) میں اس (کے وجود) کی خبر اللہ تعالیٰ کو نہ ہو (کیونکہ اللہ تعالیٰ تو اسی کو موجود جانتے ہیں جو واقع میں موجود ہو اور معدوم کو موجود نہیں جانتے کیونکہ اس سے علم کا غلط ہونا لازم آتا ہے گو انکشاف میں دونوں یکساں ہیں غرض ان کو حقیقی شریک کہنے سے یہ امر لازم آتا ہے اور وہ محال ہے پس ان کا شریک ہونا بھی محال ہے) یا (یہ کہ ان کو حقیقۃً شریک نہیں کہتے بلکہ) محض ظاہری لفظ کے اعتبار سے ان کو شریک کہتے ہو (اور مصداق واقعی اس کا کہیں نہیں ہے اگر یہ شق ثانی ہے تو ان کے شریک نہ ہونے کو از خود تسلیم کرتے ہو پس مطلوب کہ بطلان اشراک ہے دونوں شقوں پر ثابت ہو گیا اول شق میں دلیل سے دوسری شق میں تمہاری تسلیم سے اور یہ تقریر باوجود یکہ اعلیٰ درجہ میں کافی ہے مگر یہ لوگ نہ مانیں گے) بلکہ ان کافروں کو اپنے مغالطے کی باتیں (جن سے تمسک کر کے مبتلائے شرک ہیں) مرغوب معلوم ہوتی ہیں اور (اسی وجہ سے) یہ لوگ راہ (حق) سے محروم رہ گئے ہیں

www.besturdubooks.net

اور (اصل وہی بات ہے جو اوپر بَلْ لِلّٰهِ الْاَمْرُ سے مفہوم ہو چکی ہے یعنی) جس کو خدا تعالیٰ گمراہی میں رکھے اس کا کوئی راہ پر لانے والا نہیں (البتہ وہ اسی کو گمراہ رکھتا ہے جو باوجود وضوح حق کے عناد کرتا رہے)۔ ف: فِی الْاَرْضِ اس لئے کہا کہ آسمان میں وجود شرکاء کے وہ بھی قائل نہ تھے۔ ربط: اوپر طریقہ مشرکین کی تقبیح تھی آگے ان کی سزا کا بیان ہے اور مقابلہ کے لئے مؤمنین کی جزاء وصلہ کا بیان ہے۔

سزائے مشرکین و جزائے مؤمنین ☆ لَهُمْ عَذَابٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَقُّ ۚ وَمَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ۝ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ۭ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۭ اُكُلُهَا دَاۗىِٕمٌ وَّظِلُّهَا ۭ تِلْكَ عُقْبَى الَّذِيْنَ اتَّقَوْا ۠ وَّعُقْبَى الْكٰفِرِيْنَ النَّارُ ۝ ان کافروں کے لئے دنیوی زندگانی میں (بھی) عذاب ہے (وہ عذاب قتل وقید و ذلت یا امراض و مصائب ہے) اور آخرت کا عذاب اس سے بدرجہا زیادہ سخت ہے (کیونکہ شدید بھی ہے اور دائم بھی ہے) اور اللہ (کے عذاب) سے ان کا کوئی بچانے والا نہیں ہوگا (اور) جس جنت کا متقیوں سے (یعنی شرک و کفر سے بچنے والوں سے) وعدہ کیا گیا ہے اس کی کیفیت یہ ہے کہ اس (کے عمارات اور اشجار) کے نیچے سے نہریں جاری ہوں گی اس کا پھل اور اس کا سایہ دائم رہے گا یہ تو انجام ہوگا متقیوں کا اور کافروں کا انجام دوزخ ہو گا۔ ف: عذاب دنیوی کی تفسیر میں جو امراض و مصائب کہا گیا تو کافروں کے حق میں یہ امور عقوبت ہیں اور مؤمنین کے لئے رفع درجات و کفارہ سیئات کا سبب ہوتا ہے جیسا کہ حدیث میں آیا ہے اور میووں کے دائم رہنے سے مراد یہ ہے کہ نوع ان کی باقی رہے گی گو بعض افراد فنا ہو جاویں یعنی اگر ایک بار میوہ کھا لیا دوسرا اس کے عوض درخت پر لگ جاوے گا اور سایہ کے دوام کی وجہ یہ ہے کہ وہاں آفتاب نہ ہوگا اور اس سے یہ وسوسہ نہ ہو وہ کہ کوئی اور روشنی بھی نہ ہوگی کیونکہ نور منحصر آفتاب میں نہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی المتقون شرک وکفر القریحۃ علیہ اتیانہ مقابلا لقولہ وعقبی الکفرین ۱۲۔

اللغات: قولہ اکلھا ما یوکل وھو الثمر کذا فی الروح قلت ولما کان المراد الجنس لم یضر الافراد ۱۲۔

النحو: الفاء فی فمن للترتیب علی ما سبق من قولہ بل للہ الامر والموصول مبتدأ وخبرہ کمن لیس کذلک مقدر و ام بمعنی الھمزۃ والمستفھم عنہ مقدر والمذکور من قولہ تنبؤنہ من لوازمہ اقیم مقامہ والباء فی بظاھر متعلق تبسمونھم المقدر والمضرب عنہ قبل بل مقدر ای ما آمنوا۔

وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَفْرَحُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمِنَ الْاَحْزَابِ مَنْ يُّنْكِرُ بَعْضَهٗ ۭ قُلْ اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰهَ وَلَآ اُشْرِكَ بِهٖ ۭ اِلَيْهِ اَدْعُوْا وَاِلَيْهِ مَاٰبِ ۝ وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ حُكْمًا عَرَبِيًّا ۭ وَلَىِٕنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَاۗءَهُمْ بَعْدَ مَا جَاۗءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا وَاقٍ ۝ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ وَجَعَلْنَا لَهُمْ اَزْوَاجًا وَّذُرِّيَّةً ۭ وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ لِكُلِّ اَجَلٍ كِتَابٌ ۝ يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَاۗءُ وَيُثْبِتُ ۚ وَعِنْدَهٗٓ اُمُّ الْكِتٰبِ ۝

اور جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی ہے وہ اس (کتاب) سے خوش ہوتے ہیں جو آپ پر نازل کی گئی ہے اور ان ہی کے گروہ میں بعضے ایسے ہیں کہ اس کے بعض حصہ کا انکار کرتے ہیں آپ فرمایئے کہ مجھ کو صرف یہ حکم ہوا ہے کہ میں اللہ کی عبادت کروں اور کسی کو اس کا شریک نہ ٹھہراؤں میں اللہ ہی کی طرف بلاتا ہوں اور اسی کی طرف مجھ کو جانا ہے اور اسی طرح ہم نے اس کو اس طور پر نازل کیا ہے کہ وہ ایک خاص حکم ہے عربی زبان میں اور اگر آپ (بفرض محال) ان کے نفسانی خیالات کا اتباع کرنے لگیں بعد اس کے کہ آپ کے پاس علم (صحیح) پہنچ چکا ہے تو اللہ کے مقابلے میں نہ کوئی آپ کا مددگار ہوگا اور نہ کوئی بچانے والا اور ہم نے یقیناً آپ سے پہلے بہت سے رسول بھیجے اور ہم نے ان کو بیبیاں اور بچے بھی دیئے اور کسی پیغمبر کے اختیار میں یہ امر نہیں کہ ایک آیت بھی بدوں خدا کے حکم کے لا سکے ہر زمانہ کے مناسب خاص خاص احکام ہوتے ہیں خدا تعالیٰ (ہی) جس حکم کو چاہیں موقوف کر دیتے ہیں اور جس حکم کو چاہیں قائم رکھتے ہیں اور اصل کتاب انہیں کے پاس ہے۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر آیت: وَاِنْ تَعْجَبْ الخ اور آیت: وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ الخ میں نبوت کی بحث آ چکی ہے آگے اسی کے متعلق اہل کتاب کی حالت اور ان کے بعض شبہات کا جواب مذکور ہے۔

کلام با اہل کتاب متعلق نبوت ☆ وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَفْرَحُوْنَ (الی قولہ تعالیٰ) وَعِنْدَهٗٓ اُمُّ الْكِتٰبِ ۝ اور جن لوگوں کو ہم نے (آسمانی)

www.besturdubooks.net

کتاب (یعنی توریت وانجیل) دی ہے (اور وہ اس کو پورے طور سے مانتے تھے) وہ اس (کتاب) سے خوش ہوئے ہیں جو آپ پر نازل کی گئی ہے (کیونکہ اس کی خبر اپنی کتابوں میں پاتے ہیں اور خوش ہو کر مان لیتے ہیں اور ایمان لے آتے ہیں جیسے یہود میں عبداللہ بن سلامؓ اور ان کے ساتھی اور نصاریٰ میں نجاشی اور ان کے فرستادے جن کا ذکر اور آیات میں بھی ہے) اور ان ہی کے گروہ میں بعضے ایسے ہیں کہ اس (کتاب) کے بعض حصہ کا (جس میں ان کی کتاب کے خلاف احکام ہیں) انکار کرتے ہیں (اور کفر کرتے ہیں) آپ (ان سے) فرمایئے کہ (احکام دو قسم کے ہیں اصول وفروع اگر تم اصول میں مخالف ہو سو وہ تو سب شرائع میں مشترک ہیں چنانچہ) مجھ کو (توحید کے متعلق) صرف یہ حکم ہوا ہے کہ میں اللہ کی عبادت کروں اور کسی کو اس کا شریک نہ ٹھہراؤں (اور نبوت کے متعلق یہ بات ہے کہ) میں (لوگوں کو) اللہ ہی کی طرف بلاتا ہوں (یعنی نبوت کا حاصل یہ ہے کہ میں داعی الی اللہ ہوں) اور معاد کے متعلق میرا یہ عقیدہ ہے کہ) اسی کی طرف مجھ کو (دنیا سے لوٹ کر) جانا ہے (یعنی اعظم اصول یہ تین ہیں سو ان میں ایک بات بھی قابل انکار نہیں چنانچہ توحید سب کے نزدیک مسلم ہے جیسا یہی مضمون دوسری آیت میں ہے :تَعَالَوْا اِلٰی کَلِمَةٍ سَوَآءٍ بَیْنَنَا الخ [آلِ عمران : ٦٤] اور نبوت میں اپنے لئے مال وجاہ نہیں چاہتا جس پر انکار کی گنجائش ہو محض دعوت الی اللہ کرتا ہوں سو ایسے لوگ پہلے بھی ہوئے ہیں جس کو تم بھی مانتے ہو جیسا یہی مضمون دوسری جگہ بھی ہے :مَا کَانَ لِبَشَرٍ اَنْ یُّؤْتِیَهُ اللّٰهُ الْکِتٰبَ الخ [آلِ عمران : ٧٩] اسی طرح معاد کا عقیدہ مشترک اور مسلم غیر قابل انکار ہے) اور (اگر فروع میں مخالف ہو تو اس کا جواب اللہ تعالیٰ یوں دیتے ہیں کہ ہم نے جس طرح اور رسولوں کو خاص خاص زبانوں میں خاص خاص احکام دیئے) اسی طرح ہم نے اس (قرآن) کو اس طور پر نازل کیا کہ وہ ایک خاص حکم ہے عربی زبان میں (عربی کی تصریح سے اشارہ ہو گیا دوسرے انبیاءؑ کی دوسری السنہ کی طرف اور اختلاف السنہ سے اشارہ ہو گیا اختلاف امم کی طرف تو حاصل جواب کا یہ ہوا کہ اختلاف فروع بسبب اختلاف امم کے ہوا کیونکہ مصالح امم کے ہر زمانہ میں جداگانہ ہیں پس یہ اختلاف شرائع کا مقتضی مخالفت کو نہیں چنانچہ خود تمہاری شرائع مسلمہ میں بھی ایسا اختلاف فروع کا ہوا پھر تمہاری مخالفت وانکار کی کیا گنجائش ہے) اور (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) اگر آپ (بفرض محال) ان کے نفسانی خیالات کا (یعنی احکام منسوخہ یا احکام محرفہ کا) اتباع کرنے لگیں بعد اس کے کہ آپ کے پاس (احکام مقصودہ کا) علم (صحیح) پہنچ چکا ہے تو اللہ تعالیٰ کے مقابلہ میں نہ کوئی آپ کا مددگار ہوگا اور نہ کوئی بچانے والا (اور جب نبی کو ایسا خطاب کیا جا رہا ہے تو اور لوگ انکار کر کے کہاں رہیں گے سو اس میں تعریض ہے اہل کتاب کے ساتھ پس دونوں شقوں پر منکرین ومخالفین کا جواب ہو گیا) اور (اہل کتاب میں سے بعضوں کا جو نبوت پر یہ طعن ہے کہ انکے پاس بیبیاں متعدد ہیں سو اس کا جواب یہ ہے کہ) ہم نے یقیناً آپ سے پہلے بہت سے رسول بھیجے اور ہم نے ان کو بیبیاں اور بچے بھی دیئے (یہ کونسا امر منافی رسالت ہے ایسا ہی مضمون دوسری آیت میں ہے :اَمْ یَحْسُدُوْنَ النَّاسَ عَلٰی مَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ الخ [النساء : ٥٤]) اور (چونکہ اختلاف شرائع کا شبہ اور شبہات سے زیادہ مشہور اور اوپر محض اجمال کے ساتھ مذکور تھا اس لئے اس کو آگے مکرر ومفصل ارشاد فرماتے ہیں کہ جو شخص نبی پر اختلاف شرائع کا شبہ کرتا ہے وہ درپردہ نبی کو مالک احکام سمجھتا ہے حالانکہ) کسی پیغمبر کے اختیار میں یہ امر نہیں کہ ایک آیت (یعنی ایک حکم) بھی بدوں خدا کے حکم کے اپنی طرف سے) لا سکے (بلکہ احکام کا مقرر ہونا اذن واختیار خداوندی پر موقوف ہے اور خدا تعالیٰ کی حکمت ومصلحت کے اعتبار سے یہ معمول مقرر ہے کہ) ہر زمانہ کے مناسب خاص خاص احکام ہوتے ہیں (پھر دوسرے زمانہ میں بعض امور میں دوسرے احکام آتے ہیں اور پہلے احکام موقوف ہو جاتے ہیں اور بعضے بحالہا باقی رہتے ہیں پس) خدا تعالیٰ (ہی) جس حکم کو چاہیں موقوف کر دیتے ہیں اور جس حکم کو چاہیں قائم رکھتے ہیں اور اصل کتاب (یعنی لوح محفوظ) ان ہی کے پاس (رہتی) ہے (اور یہ سب احکام ناسخ ومنسوخ ومستمر اس میں درج ہیں وہ سب کی جامع اور گویا میزان الکل ہے یعنی جہاں سے یہ احکام آتے ہیں وہ اللہ ہی کے قبضہ میں ہے پس احکام سابقہ کے موافق یا مغائر احکام لانے کی کسی کو گنجائش اور دسترس ہی نہیں ہو سکتی) ف: آیت : یَمْحُوا اللّٰهُ مَا یَشَآءُ الخ کی سہل اور بے تکلف اور مناسب مقام یہی تفسیر ہے جو مذکور ہوئی اور حُکْمًا عَرَبِیًّا کی تقریر سے صرف اہل عرب کا امت ہونا متوہم نہ ہو وجہ تخصیص عربی کی باوجود عموم بعثت کے عنقریب شروع سورۂ ابراہیم میں آتی ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ :اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰهَ (الی قولہ تعالیٰ) وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ الخ صریح ہے اس باب میں کہ عبادات کسی سے ساقط نہیں ہوتیں اور دوسرا ارشاد نص ہے اس باب میں کہ وہ امر ندب کا نہیں وجوب کا ہے جس کے ترک پر وعید ہے قولہ تعالیٰ : وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ وَجَعَلْنَا لَهُمْ اَزْوَاجًا وَّ ذُرِّیَّةً روح میں ہے کہ اس میں اشارہ ہے کہ کامل کو تعلقات اہل وولد ودنیا کے مضر نہیں ہوتے اور یہ منافی ولایت نہیں ۱۲۔ قولہ تعالیٰ :وَمَا کَانَ لِرَسُوْلٍ اَنْ یَّاْتِیَ بِاٰیَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ اس میں خوارق کے مطالبہ کی ممانعت ہے اور جب انبیاء سے اس کی ممانعت ہے جن کا صاحب خوارق ہونا ضرور ہے تو اولیاء سے تو کب اجازت ہو گی جن کا صاحب خوارق ہونا بھی ضرور نہیں۔ قولہ تعالیٰ : یَمْحُوا اللّٰهُ مَا یَشَآءُ وَ یُثْبِتُ ۚ وَعِنْدَهٗۤ اُمُّ الْکِتٰبِ ۝ بعض نے اس کو سعادت وشقاوت پر محمول کیا ہے اور بعض سلف سے ایسی دعاء منقول بھی ہے اور حقیقت یہ ہے کہ دفتر ملائکہ سے تو یہ محو ممکن ہے مگر علم الٰہی سے ممکن نہیں اور لوح محفوظ اگر علم الٰہی سے حاکی ہے تو اس میں تغیر جائز نہیں اور اگر وہ ملائکہ کا دفتر ہے تو اس میں تغیر ممکن ہے اور محفوظ معنی یہ

www.besturdubooks.net

ہوں گے کہ تغیر خلق سے محفوظ ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ : ۱ **قوله فی** اتیناهم پورے طور سے القرینة علیه التعبیر بالذین آتیناهم والاخبار عنهم بیفرحون **وقوله** مانتے تھے دل علیه مقابلة قوله ینکر ۱۲۔ ۲ **قوله قبل کذلك** جس طرح القرینة علیه قوله لقد ارسلنا الخ **وقوله** اتینهم الکتٰب فانه یدل علی وجود الکتب الاخر المنزلة من السماء ۱۲۔ ۳ **قوله فی عربیا** تصریح سے اشارہ المقصود به بیان فائدة التقیید به واعلم ان المراد بالاقوام الامم فان هذا اللفظ یستعمل تارة فی المشارکین فی النسب او الوطن کما فی قوله تعالٰی وما ارسلنا من رسول الا بلسان قومه و یستعمل تارة فی الامة کما فی قوله تعالٰی ان قومی اتخذوا هذا القرآن الخ ۱۲۔ ۴ **قوله فی عنده ام الکتب** یعنی جہاں سے یہ احکام آتے ہیں المقصود به بیان فائدة زیادة قوله تعالٰی وعنده ام الکتٰب فافهم ۱۲۔

الروایات :فی الدر المنثور اخرج ابن جریر وابو الشیخ عن الضحاك فی قوله لکل اجل کتاب یقول لکل کتاب ینزل من السماء اجل فیمحوا الله ما یشاء الخ واخرج ابن جریر وابن المنذر وابن ابی حاتم والبیهقی فی المدخل عن ابن عباسؓ فی قوله تعالٰی یمحوا الله ما یشاء قال یبدل الله ما یشاء من القرآن فینسخه و یثبت ما یشاء فلا یبدله وعنده ام الکتاب یقول وجملة ذلك عنده فی ام الکتٰب الناسخ والمنسوخ وما یبدل و یثبت کل ذلك فی کتاب الله تعالٰی وعن ابن زید فی الأیة قال یمحوا الله ما یشاء مما ینزل علی الانبیاءؑ ویثبت ما یشاء مما ینزل علی الانبیاءؑ وعنده ام الکتٰب لا یبدل ویغیر آه قلت وما نقل عن السلف انهم دعوا الله تعالٰی لمحوا الشقاوة واثبات السعادة وتلاوتهم الآیة فاما مبنی علی تفسیرهم الآیة بغیر ما ذکرا وعلی قیامهم محوا علی محوا واثباتا علی اثبات واما اشکال التغیر فی القدر فالجواب عنه ان هذا المحو والاثبات لیس فی اللوح المحفوظ بل لکتاب دونه وما نقل عن البعض من انکشاف تغیر اللوح المحفوظ علیهم فاما ان یقال اشتبه علیهم غیر اللوح باللوح او یفسر ام الکتٰب بعلم الله تعالٰی کما نقله روح المعانی عن کعب بروایة عبدالرزاق وابن جریر علی معنی ان العلم هو اصل کل کتاب ویشهد ذوقی بصحة حدیث الاشتباه والله اعلم ۱۲۔

اللغات:قوله الاحزاب جمع حزب وهو الطائفة المجتمعة لامر ما کعداوة ونحوها الاجل فی الروح ای لکل وقت و مدة من الاوقات والمدد قوله کتاب حکم معین یکتب ۱۲۔

وَاِنْ مَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ وَعَلَيْنَا الْحِسَابُ ﴿۴۰﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا نَاْتِي
الْاَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا ۭ وَاللّٰهُ يَحْكُمُ لَا مُعَقِّبَ لِحُكْمِهٖ ۭ وَهُوَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۴۱﴾ وَقَدْ مَكَرَ الَّذِيْنَ مِنْ
قَبْلِهِمْ فَلِلّٰهِ الْمَكْرُ جَمِيْعًا ۭ يَعْلَمُ مَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ ۭ وَسَيَعْلَمُ الْكُفّٰرُ لِمَنْ عُقْبَى الدَّارِ ﴿۴۲﴾ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ
كَفَرُوْا لَسْتَ مُرْسَلًا ۭ قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًۢا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۙ وَمَنْ عِنْدَهٗ عِلْمُ الْكِتٰبِ ﴿۴۳﴾ ع ۶ ۱۲

اور جس بات کا ہم ان سے وعدہ کر رہے ہیں اس میں کا بعض واقعہ اگر ہم آپ کو دکھلا دیں خواہ ہم آپ کو وفات دے دیں پس آپ کے ذمہ تو صرف احکام کا پہنچا دینا ہے اور داروگیر کرنا تو ہمارا کام ہے کیا اس امر کو نہیں دیکھ رہے کہ ہم زمین کو ہر چہار طرف سے برابر کم کرتے چلے آتے ہیں اور اللہ جو چاہتا ہے حکم کرتا ہے اس کے حکم کو کوئی ہٹانے والا نہیں اور وہ بڑی جلدی حساب لینے والا ہے اور ان سے پہلے جو (کافر) لوگ ہو چکے ہیں انہوں نے تدبیریں کیں سو اصل تدبیر تو خدا ہی کی ہے اس کو سب خبر رہتی ہے جو شخص جو کچھ بھی کرتا ہے اور ان کفار (کو بھی معلوم ہوا جاتا ہے کہ اس عالم میں نیک انجامی کس کے حصہ میں ہے اور یہ کافر لوگ یوں کہہ رہے ہیں کہ (نعوذ باللہ) آپ پیغمبر نہیں آپ فرما دیجئے کہ میرے اور تمہارے درمیان (میری نبوت پر) اللہ تعالٰی اور وہ شخص جس کے پاس کتاب (آسمانی) کا علم ہے کافی گواہ ہیں۔ ۞

تفسیر :اوپر کی آیتوں میں اہل کتاب میں سے منکرین نبوت کے متعلق کلام تھا آگے دوسرے کفار منکرین نبوت کے متعلق کلام ہے۔

کلام در منکرین نبوت از غیر اہل کتاب ☆ وَاِنْ مَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ (الی قوله تعالٰی) وَمَنْ عِنْدَهٗ عِلْمُ الْكِتٰبِ ۞ اور (یہ لوگ جو اس بناء پر انکار نبوت کرتے ہیں کہ گر آپ نبی ہیں تو انکارِ نبوت پر جس عذاب کا وعدہ کیا جاتا ہے وہ عذاب کیوں نہیں نازل ہوتا تو اس کے متعلق سن لیجئے کہ) جس بات کا (یعنی عذاب کا) ہم ان سے (انکار نبوت پر) وعدہ کر رہے ہیں اس میں کا بعض واقعہ اگر ہم آپ کو دکھلا دیں (یعنی آپ کی حیات میں کوئی عذاب ان پر

www.besturdubooks.net

نازل ہو جاوے) خواہ (قبل نزول اس عذاب کے) ہم آپ کو وفات دے دیں (پھر بعد میں وہ عذاب واقع ہو خواہ دنیا میں یا آخرت میں تو دونوں حالتوں میں آپ فکر و اہتمام نہ کریں کیونکہ) بس آپ کے ذمہ تو صرف (احکام کا) پہنچا دینا ہے اور دار و گیر کرنا تو ہمارا کام ہے (آپ اس فکر میں کیوں پڑیں کہ اگر واقع ہو جاوے تو بہتر ہے شاید یہ ایمان لے آویں اور ان لوگوں سے بھی تعجب ہے کہ وقوع عذاب علی الکفر کا کیسے یک لخت انکار کر رہے ہیں) کیا (مقدمات عذاب میں سے) اس امر کو نہیں دیکھ رہے کہ ہم (فتح اسلام کے ذریعہ سے ان کی) زمین کو ہر چہار طرف سے برابر کم کرتے چلے آتے ہیں (یعنی ان کی عملداری بسبب کثرت فتوحات اسلامیہ کے روز بروز گھٹتی جا رہی ہے سو یہ بھی تو ایک قسم کا عذاب ہے جو مقدمہ ہے اصل عذاب کا جیسا دوسری آیت میں ہے: وَلَنُذِيقَنَّهُمْ مِّنَ الْعَذَابِ الْأَدْنَىٰ دُونَ الْعَذَابِ الْأَكْبَرِ [السجدة : ۲۱]) اور اللہ (جو چاہتا ہے) حکم کرتا ہے اس کے حکم کو کوئی ہٹانے والا نہیں (پس عذاب ادنیٰ خواہ عذاب اکبر جو ہو اس کو کوئی ان کے شرکاء یا غیر شرکاء میں سے رد نہیں کر سکتا) اور (اگر ان کو چندے مہلت بھی ہو گئی تو کیا ہے) وہ بڑی جلدی حساب لینے والا ہے (وقت کی دیر ہے پھر فوراً ہی سزائے موعود شروع ہو جاوے گی) اور (یہ لوگ جو ایذائے رسول تنقیص اسلام میں طرح طرح کی تدبیریں کرتے ہیں تو ان سے کچھ نہیں ہوتا چنانچہ) ان سے پہلے جو (کافر) لوگ ہو چکے ہیں انہوں نے (بھی ان ہی اغراض کے لئے بڑی بڑی) تدبیریں کیں سو (کچھ بھی نہ ہوا کیونکہ) اصل تدبیر تو خدا ہی کی ہے (اس کے سامنے کسی کی نہیں چلتی سو اللہ نے ان کی وہ تدبیریں نہ چلنے دیں اور) اس کو سب خبر رہتی ہے جو شخص جو کچھ بھی کرتا ہے (پھر اس کو وقت پر سزا دیتا ہے) اور (اسی طرح) ان کفار (کے اعمال کی بھی سب اس کو خبر ہے سو ان) کو (بھی) ابھی معلوم ہوا جاتا ہے کہ اس عالم میں نیک انجامی کس کے حصہ میں ہے (آیا ان کے یا مسلمانوں کے یعنی عنقریب ان کو اپنی بدانجامی اور سزائے اعمال معلوم ہو جاوے گی) اور یہ کافر لوگ (ان سزاؤں کو بھولے ہوئے) یوں کہہ رہے ہیں کہ (نعوذ باللہ) آپ پیغمبر نہیں آپ فرما دیجئے کہ (تمہارے انکار بے معنی سے کیا ہوتا ہے) میرے اور تمہارے درمیان (میری نبوت پر) اللہ تعالیٰ اور وہ شخص جس کے پاس کتاب (آسمانی) کا علم ہے (جس میں میری نبوت کی تصدیق ہے) کافی گواہ ہیں (مراد اس سے علمائے اہل کتاب جو منصف تھے اور نبوت کی پیشینگوئی دیکھ کر ایمان لے آئے تھے مطلب یہ ہوا کہ میری نبوت کی دو دلیلیں ہیں عقلی اور نقلی عقلی تو یہ کہ حق تعالیٰ نے مجھ کو معجزات عطا فرمائے جو دلیل نبوت ہیں اور اللہ تعالیٰ کے گواہ ہونے کے یہی معنی ہیں اور نقلی یہ کہ کتب سماویہ سابقہ میں اس کی خبر موجود ہے اگر یقین نہ آوے منصف علماء سے پوچھ لو وہ ظاہر کر دیں گے پس دلائل نقلیہ و عقلیہ کے ہوتے ہوئے نبوت کا انکار کرنا بجز شقاوت کے اور کیا ہے کسی عاقل کو اس سے شبہ نہ ہونا چاہئے۔ **ف**: اگر یہ سورت مکی ہو تو نَنْقُصُهَا کی تفسیر پر ظاہراً یہ اشکال ہوگا کہ قبل ہجرت فتوحات اسلامیہ نہ تھیں اس کے دو جواب ہو سکتے ہیں ایک یہ کہ یہ آیت خاص مدنی ہو دوسرے یہ کہ فتوحات عام ہو طوعاً یا کرہاً کو پس قبول اسلام فتح اسلامی ہے طوعاً اور غلبۂ اسلام بعد القتال فتح اسلامی ہے کرہاً اور یقینی بات ہے کہ قبل ہجرت بھی اسلام پھیل رہا تھا اور قبائل عرب سے گزر کر اسلام حبشہ تک پہنچ چکا تھا اور یہی جواب ہے اس آیت کے متعلق جو اسی قسم کی سورۂ انبیاء کے ربع کے قریب واقع ہے اور وہ سورت علی المشہور مکی ہے۔

خاتمہ: الحمد للہ آج دوسری تاریخ جمادی الاخریٰ یوم چہارشنبہ وقت چاشت ۱۳۲۴ھ تفسیر سورۂ رعد ختم ہوئی اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے بقیہ تفسیر بھی اتمام کو پہنچاوے آمین یا رب العالمین بحرمة سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلی آلہ واصحابہ واولیاء امتہ اجمعین ابد الأبدین ودھر الداھرین فقط۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَةِ: ۱ قولہ قبل انما علیک البلغ اہتمام نہ کریں اشارۃ الی تقدیر الجزاء فلاتھتم۔ ۲ قولہ فی فللّٰہ المکر اصل تدبیر افادہ الجنس لانہ لیس ما وراء الجنس شئ ۱۲۔

اللُّغَاتُ: المعقب فی الروح ھو من یکر علی الشئ فیبطلہ وحقیقۃ الذی یعقب الشئ بالابطال آ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ اِبْرَاهِيْمَ

سورۂ ابراہیم ۱۴ مکیۃ ۷۲ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰیاتہا ۵۲ رکوعاتہا ۷

سورۂ ابراہیم مکہ میں اتری شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں اور اس کی باون آیتیں ہیں اور سات رکوع

الٓرٰ ۚ كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۙ بِاِذْنِ رَبِّهِمْ اِلٰى صِرَاطِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۝١ اللّٰهِ الَّذِيْ
لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَوَيْلٌ لِّلْكٰفِرِيْنَ مِنْ عَذَابٍ شَدِيْدِۨ ۝٢ الَّذِيْنَ يَسْتَحِبُّوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى
الْاٰخِرَةِ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۭ اُولٰۗىِٕكَ فِيْ ضَلٰلٍۢ بَعِيْدٍ ۝٣ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا
بِلِسَانِ قَوْمِهٖ لِيُبَيِّنَ لَهُمْ ۭ فَيُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَاۗءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝٤

الٓرٰ یہ (قرآن) ایک کتاب ہے جس کو ہم نے آپ پر نازل فرمایا تا کہ آپ تمام لوگوں کو ان کے پروردگار کے حکم سے تاریکیوں سے روشنی کی طرف یعنی خدائے غالب ستودہ صفات کی راہ کی طرف لاویں وہ ایسا خدا ہے کہ اس کی ملک ہے جو کچھ کہ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور بڑی خرابی یعنی بڑا سخت عذاب ہے ان کافروں کو جو دنیوی زندگانی کو آخرت پر ترجیح دیتے ہیں اور (بلکہ) اللہ کی راہ (مذکور) سے روکتے ہیں اور اس میں کجی (یعنی شبہات) کے متلاشی رہتے ہیں ایسے لوگ بڑی دور کی گمراہی میں ہیں اور ہم نے تمام (پہلے) پیغمبروں کو (بھی) ان ہی کی قوم کی زبان میں پیغمبر بنا کر بھیجا ہے تا کہ ان سے (احکام الٰہیہ کو) بیان کریں پھر جس کو اللہ تعالیٰ چاہتے ہیں گمراہ کرتے ہیں اور جس کو چاہیں ہدایت کرتے ہیں اور وہی (سب امور پر) غالب ہے (اور) حکمت والا ہے۔ ۞

تفسیر: سُوْرَةُ اِبْرٰهِيْمَ مكيةٌ وهي احدى و خمسون اية كذا في البيضاوي۔ اس سورت کا خلاصہ یہ مضامین ہیں شروع سے رسالت کی بحث اور اسی سے اس کا آغاز سورۂ رعد کے اختتام سے متناسب ہو گیا اور مِنْ وَّرَآئِهٖ جَهَنَّمُ [الجاثية : ١٠] سے کفار کی سزا کا بیان اور اُدْخِلَ الَّذِيْنَ سے مؤمنین کی جزا کا بیان پس یہ دونوں مضمون معاد کے متعلق ہو گئے اور اَلَمْ تَرَ كَيْفَ [ابراهيم : ٢٤] سے توحید کا ذکر اور اسی کی تقریر کے لئے حضرت ابراہیم علیہ السلام کا قصہ جس میں اس نعمت کا بھی کسی قدر بیان ہے جو آیت اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ بَدَّلُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ [ابراهيم : ٢٨] میں اجمالاً مذکور ہے پھر لَا تَحْسَبَنَّ [ابراهيم : ٤٢] سے عود مضمون معاد کی طرف اور ختم کی آیت ان سب مضامین کی جامع ہے اور تناسب مضامین مذکورہ کا کہ رسالت اور معاد اور توحید ہے ظاہر ہے اور متعدد دفعہ مذکور بھی ہو چکا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بحث رسالت ☆ الٓرٰ ۚ كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ (الى قوله تعالى) وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ ۔ الٓرٰ (اس کے معنی اللہ ہی کو معلوم ہیں) یہ (قرآن) ایک کتاب ہے جس کو ہم نے آپ پر نازل فرمایا ہے تا کہ آپ (اس کے ذریعہ سے) تمام لوگوں کو ان کے پروردگار کے حکم سے مرتبہ تبلیغ میں کفر کی) تاریکیوں سے نکال کر (ایمان وہدایت کی) روشنی کی طرف یعنی ذات غالب ستودہ صفات کی راہ کی طرف (کہ روشنی سے یہی مراد ہے) لاویں (روشنی میں لانے کا مطلب یہ ہے کہ وہ راہ بتلاویں) جو ایسا خدا ہے کہ اسی کی ملک ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور (جب یہ کتاب خدا کا رستہ بتلاتی ہے تو) بڑی خرابی یعنی بڑا سخت عذاب ہے ان کافروں کو جو (اس راہ کو نہ تو خود قبول کرتے ہیں بلکہ) دنیوی زندگانی کو آخرت پر ترجیح دیتے ہیں (اس لئے دین کی جستجو نہیں کرتے) اور

www.besturdubooks.net

(نہ دوسروں کو یہ راہ اختیار کرنے دیتے ہیں بلکہ) اللہ کی (اس) راہ (مذکور) سے روکتے ہیں اور اس میں کجی (یعنی شبہات) کے متلاشی رہتے ہیں (جن کے ذریعہ سے دوسروں کو گمراہ کرسکیں) ایسے لوگ بڑی دور کی گمراہی میں ہیں (یعنی وہ گمراہی حق سے بڑی دور ہے) اور (اس کتاب کے منزل من اللہ ہونے میں جو بعض کفار کو یہ شبہ ہے کہ یہ عربی کیوں ہے جس سے احتمال ہوتا ہے کہ خود پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے تصنیف کرلیا ہوگا عجمی زبان میں کیوں نہیں تاکہ یہ احتمال ہی نہ ہوتا اور قرآن دوسری کتب سماویہ سے عجمی ہونے میں متوافق بھی ہوتا تو یہ شبہ محض لغو ہے کیونکہ) ہم نے تمام (پہلے) پیغمبروں کو (بھی) ان ہی کی قوم کی زبان میں پیغمبر بنا کر بھیجا ہے تاکہ (ان کی زبان میں) ان سے (احکام الٰہیہ کو) بیان کریں (کہ اصل مقصود تبیین ہے نہ کہ السنہ کا توافق) پھر (بیان کرنے کے بعد) جس کو اللہ تعالیٰ چاہیں گمراہ کرتے ہیں (کہ وہ ان احکام کو قبول نہیں کرتا) اور جس کو اللہ تعالیٰ چاہیں ہدایت کرتے ہیں (کہ وہ احکام کو قبول کرلیتا ہے) اور وہی (سب امور پر) غالب ہے (اور) حکمت والا ہے (پس غالب ہونے سے سب کو ہدایت کرسکتا تھا مگر بہت سے حکمتیں اس کو مقتضی نہ ہوئیں۔ **ف**: غرض جب سب پیغمبر اپنی اپنی قوم میں احکام لے کر آئے تو آپ کے لئے بھی یہی قاعدہ رکھا گیا کہ آپ کی قوم عرب ہیں گو امت سب ہیں اس لئے عربی زبان میں یہ کتاب نازل کی گئی پس شبہ محض لغو ہے یہ تو حکمت ہوئی عربی زبان میں قرآن کے ہونے کی اور عجمی میں نہ ہونے کی اور سورۂ فصلت میں ایک اور وجہ بھی مذکور ہے: وَلَوْ جَعَلْنٰهُ قُرْاٰنًا اَعْجَمِيًّا لَّقَالُوْا لَوْلَا فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ ؕ ءَاَعْجَمِيٌّ وَّعَرَبِيٌّ ؕ [حٰمٓ السجدة : ٤٤]۔ رہا عربی میں یہ احتمال کہ شاید خود تصنیف کرلیا ہو سو یہ اس کے معجز ہونے سے مدفوع ہے لقولہ تعالیٰ فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ۔ ان کے شبہ کے جواب کی تقریر یہاں تک ختم ہوئی جس سے وہ شبہ بالکلیہ رفع ہوگیا اب مستقلاً ایک اور شبہ خصوص بعثت کا ہے جو بِلِسَانِ قَوْمِهٖ سے متوہم ہوتا ہے اور جس کے یہود مدعی تھے وہ یہ کہ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کی قوم صرف عرب ہیں حالانکہ ضروریاتِ اسلام سے یہ عقیدہ ہے کہ آپ کی بعثت عام ہے اور آیات واحادیث بھی اس میں نص صریح ہیں اس کے جواب کی طرف اجمالاً خود اوپر کی تقریر میں بھی اشارہ کردیا گیا ہے اس قول میں آپ کی قوم عرب ہیں گو امت سب ہیں تفصیل اس کی یہ ہے کہ قوم خاص ہے امت عام ہے قوم کے خاص ہونے سے امت کا خاص ہونا لازم نہیں آتا۔ قوم کہتے ہیں جماعت خاصہ کو خواہ شرکت نسبیہ وغیرہ رکھتے ہوں یا نہیں اور امت جن کی طرف نبی مبعوث ہوا البتہ اور انبیاء علیہم السلام کی قوم اور امت دونوں کا مصداق ایک ہوتا تھا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کا مصداق قوم سے عام ہے اور یہود کے دعوے کا ایک مستقل عقلی جواب بھی ہے یعنی جب تم آپ کو نبی عرب مانتے ہو اور نبی کے لئے صدق لازم ہے اور آپ مدعی ہیں عموم بعثت کے پس اس میں بھی صادق ہوں گے وہو المطلوب پس یہ شبہ بھی مرتفع ہوگیا۔ اب اس کی تحقیق باقی رہی کہ جب آپ کی امت تمام اقوام عرب وعجم ہیں تو تبیین احکام اس طریق سے سہل ہے کہ قرآن سب زبانوں میں ہوتا اس کا جواب روح المعانی میں لکھا ہے کہ اس میں تعدد السنہ سے اختلاف بہت ہوجاتا ہے اھ اور کوئی اصل نہ ہوتی جو مرجع سب اختلافات کا ہوتا اور یہ حکمت نزول کتاب کے منافی تھا اور تبیین کی سہولت ایسی عظیم مصلحت نہ تھی جتنا عظیم یہ مفسدہ تھا اور نفس تبیین ترجمہ وتفسیر سے حاصل ہے اور اختلاف تراجم کے وقت اصل زبان کی تحقیق سے اختلاف مضر رفع ہوسکتا ہے پھر یہ کہ ایک زبان عربی ہی کیوں ہوئی اس کا جواب تو بلسان قومہ میں مصرح یعنی چونکہ آپ کی قوم کی زبان ہے دوسرا جواب اس لسان کی خصوصیات میں اور تیسرا جواب اس قوم کی خصوصیات میں غور کرنے سے معلوم ہوسکتا ہے یعنی عربی زبان اشرف اللغات واجمع اللغات ہے اور عرب خصوصاً قریش کہ اخص قوم آپ کی وہی ہیں حمیت ونشر دین میں سب اقوام سے اکمل تھے اس لئے اصل دین ان کی زبان میں کیا گیا کہ ان سے زیادہ خصوصیت رہے اور یہ اس کی خصوصیت کے ساتھ حامی رہیں اور خود عرب کے لغات میں باہم ایسا اختلاف نہ تھا اسی لئے قرآن لغتِ قریش میں نازل ہوا کذا فی البخاری گو برائے چندے دوسرے لغات عرب میں ہر اہل لغت کو کلمات مخصوصہ پڑھنے کی اجازت ہوگئی تھی جیسا حدیثوں میں ہے کہ پھر جب لغت قریش سے سب مالوف ہوگئے وہ اجازت نہ رہی نقله فی الروح عن ابن شامة۔ فقط۔ **زلط**: اوپر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کا مضمون تھا آگے اسی کی تائید کے لئے دوسرے رسل کا ذکر ہے جس سے یہ معلوم ہوجاوے کہ رسالت کوئی انوکھی چیز نہیں کہ اس کا انکار کیا جاوے پہلے بھی رسول ہوتے آئے ہیں نیز اس میں مَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ کے اجمال کی تفصیل بھی ہے پھر موسیٰ علیہ السلام کے متعلق زیادہ مضمون ہے بوجہ ان کے زیادہ مشہور اور نیز صاحب کتاب ہونے کے اور دوسروں کا بعض کا مجمل جیسے نوح اور ہود وصالح علیہم السلام اور بعض کا مبہم جیسے وَالَّذِيْنَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ؕ الخ اور مضمون رسالت کے ساتھ ہر مقام پر انکار کا وبال بھی ساتھ ساتھ مذکور ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اس سے مستنبط ہوتا ہے کہ شیخ کے خلفاء وہی ہوتے ہیں جن کو ان کے ساتھ بہ نسبت تمام مستفیدین کے مناسبت زیادہ ہو اور شیخ کے اول مخاطب وہی ہوتے ہیں جیسے قرآن کا اول خطاب عرب کو ہوا پھر باقی اقوام کو ۱۲۔

ملحقات الترجمة: ۱ قوله فی الناس تمام اشارة الی ان اللام للاستغراق المفید لعموم بعثته علیه الصلوٰة والسلام ۱۲۔

الروایات: فی اللباب اخرج ابن جریر عن سعید بن جبیرؓ قال قالت قریش لو لا انزل هذا القرآن اعجمیا وعربیا فانزل الله ولو

www.besturdubooks.net

جعلناه قرآنا اعجميا آه وفی روح المعانی عن البحر ان سبب نزول الآية ای قوله تعالٰی وما ارسلنا من رسول ان قريشا قالوا ما بال الكتب كلها اعجمية وهذا عربی آه قلت ومقصودی هو هذا الاخير لكن لما كان بلا سند ذكرت الاول للتقوية والله اعلم۔

اللِّسَان: اللسان يطلق على اللغة وعلى الجارحة۱۲۔

النَّحْو: قوله باذن ربهم متعلق بتخرج بمعنى بامر ربهم قوله الى صرط بدل من الى النور وفائدة البدل الايذان بكون الدين جامعًا بين كونه صراطاً و نورًا قوله الله الذی بالجر بدل من العزيز الحميد وبالرفع خبر مبتدأ مقدر ای هو كما فی قراء ة قوله من عذاب من بيانية وهو بيان لويل وقيل قوله يبغونها عوجا ای يبغون لها فحذف الجار واوصل الفعل الى الضمير ای يقولون لمن يريدون صده هی سبيل ناكبة زائغة غير مستقيمة۱۲۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اَنْ اَخْرِجْ قَوْمَكَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۙ وَذَكِّرْهُمْ بِاَيّٰىمِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ
صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ۝ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهِ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ اَنْجٰىكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ
ع ۱۲ الْعَذَابِ وَيُذَبِّحُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ؕ وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ۝ وَاِذْ تَاَذَّنَ
رَبُّكُمْ لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ وَلَئِنْ كَفَرْتُمْ اِنَّ عَذَابِيْ لَشَدِيْدٌ ۝ وَقَالَ مُوْسٰٓى اِنْ تَكْفُرُوْٓا اَنْتُمْ
وَمَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۝

اور ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو یہ حکم دے کر بھیجا کہ اپنی قوم کو (کفر کی) تاریکیوں سے (ایمان کی) روشنی کی طرف لاؤ اور انہیں اللہ تعالیٰ کے معاملات (نعمت) یاد دلاؤ بلاشبہ ان معاملات میں عبرتیں ہیں ہر صابر شاکر کے لئے۔ اور اس وقت کو یاد کیجئے کہ جب موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم سے فرمایا کہ تم اللہ تعالیٰ کا انعام اپنے اوپر یاد کرو کہ جب تم کو فرعون والوں سے نجات دی جو تم کو سخت تکلیفیں پہنچاتے تھے اور تمہارے بیٹوں کو ذبح کر ڈالتے تھے اور تمہاری عورتوں کو زندہ چھوڑ دیتے تھے اور اس میں تمہارے رب کی طرف سے ایک بڑا امتحان تھا اور وہ وقت یاد کرو جب کہ تمہارے رب نے تم کو اطلاع فرمادی کہ اگر تم شکر کرو گے تو تم کو زیادہ نعمت دوں گا اور اگر تم ناشکری کرو گے تو (یہ سمجھ رکھو) میرا عذاب بڑا سخت ہے اور موسیٰ علیہ السلام نے (یہ بھی) فرمایا تم اور تمام دنیا بھر کے آدمی سب کے سب مل کر بھی ناشکری کرو گے تو اللہ تعالیٰ بالکل بے احتیاج ستودہ صفات ہے۔

تفسیر: ذکر موسیٰ علیہ السلام ☆ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اَنْ اَخْرِجْ قَوْمَكَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ (الی قولہ تعالیٰ) فَاِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۝ اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو اپنی نشانیاں دے کر بھیجا کہ اپنی قوم کو (کفر و معاصی کی) تاریکیوں سے (نکال کر ایمان و طاعت کی) روشنی کی طرف لاؤ اور ان کو اللہ تعالیٰ کے معاملات (نعمت و نقمت کے) یاد دلاؤ بلاشبہ ان معاملات میں عبرتیں ہیں ہر صابر و شاکر کے لئے (کیونکہ نعمت کو یاد کر کے شکر کرے گا اور نقمت کو پھر اس کے زوال کو یاد کر کے آئندہ حوادث میں صبر کرے گا اور یاد دلانے کا یہ ایک فائدہ ہے) اور اس وقت کو یاد کیجئے کہ جب (ہمارے اس ارشاد بالا کے موافق) موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنی قوم سے فرمایا کہ تم اللہ تعالیٰ کا انعام اپنے اوپر یاد کرو جب کہ تم کو فرعون والوں سے نجات دی جو تم کو سخت تکلیفیں پہنچاتے تھے اور تمہارے بیٹوں کو ذبح کر ڈالتے تھے اور تمہاری عورتوں کو (یعنی لڑکیوں کو جو کہ بڑی ہو کر عورتیں ہو جاتی تھیں) زندہ چھوڑ دیتے تھے (تاکہ ان سے کار و خدمت لیں سو یہ بھی مثل ذبح ہی کے ایک عقوبت تھی) اور اس (مصیبت اور نجات دونوں میں تمہارے رب کی طرف سے ایک بڑا امتحان تھا (یعنی مصیبت میں بلاء تھی اور نجات میں نعمت تھی اور بلاء اور نعمت دونوں بندہ کے لئے امتحان ہیں پس اس میں موسیٰ علیہ السلام نے ایام اللہ یعنی نعمت و نقمت دونوں کی تذکیر فرمادی) اور (موسیٰ علیہ السلام نے یہ بھی فرمایا کہ اے میری قوم) وہ وقت یاد کرو جب کہ تمہارے رب نے (میرے ذریعہ سے) تم کو اطلاع فرمادی کہ اگر (میری نعمتوں کو سن کر) تم شکر کرو گے تو تم کو (خواہ دنیا میں بھی یا آخرت میں تو ضرور) زیادہ نعمت دوں گا اور اگر تم (ان نعمتوں کو سن کر) ناشکری کرو گے تو (یہ سمجھ رکھو کہ) میرا عذاب بڑا سخت ہے (ناشکری میں اس کا احتمال ہے) اور موسیٰ (علیہ السلام) نے (یہ بھی) فرمایا کہ اگر تم اور تمام دنیا بھر کے آدمی سب کے سب مل کر بھی ناشکری کرنے لگو تو اللہ تعالیٰ (کا کوئی ضرر نہیں کیونکہ وہ) بالکل بے احتیاج (اور اپنی حد ذات میں ستودہ صفات ہیں (استکمال بالغیر کا وہاں احتمال نہیں پس اللہ تعالیٰ کا ضرر محتمل ہی نہیں اور تم اپنا ضرر سن چکے ہو۔ اِنَّ عَذَابِيْ لَشَدِيْدٌ [ابراھیم: ۷] اس لئے شکر کرنا ناشکری مت کرنا) ف: شکر میں ایمان اور ناشکری میں کفر بھی داخل ہے۔

www.besturdubooks.net

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ اَنْ اَخْرِجْ قَوْمَكَ الخ باوجود اس کے کہ مخرج حقیقی حق تعالیٰ ہے پھر اخراج کی نسبت نبی کی طرف کرنا قوی دلیل ہے اس کی کہ تکمیل مرید میں شیخ کو عظیم دخل ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ :وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ اگر ذٰلِكَ کا مشار الیہ سوء عذاب ہو اور بلاء کی تفسیر انعام سے کی جاوے تو آیت سے یہ معلوم ہوگا کہ مؤمن کے لئے مصیبت بھی نفع اور تربیت ہے ۱۲۔

فائدہ: الظاهر ان المراد بقومه بنو اسرائيل بقرينة قوله اذكروا نعمة الله عليكم الخ ۳۔

الحواشی: (۱) یعنی یہ سوچ کر کہ اسی طرح دوسری قسم بھی عنقریب زائل ہو جاویں گی اور ظاہر ہے کہ یہ معین ہوگا صبر میں ۱۲۔ منہ

ملحقات الترجمۃ: ۱۔ قوله فی ایام معاملات كذا فسر فی الروح عاما للبلاء والآلاء وما فی بعض الاحاديث من تفسيره بالآلاء فلا ينافيه لا يحتمل التفسير ببعض المفهوم ۱۲۔ ۲۔ قوله احتمال ہے اشارة الى تقدير الجزاء اى فان العذاب محتمل لان المذكور من قوله تعالىٰ ان عذابى لشديد لا يصلح للجزاء لان كون العذاب شديدًا واقع فى نفسه لا يتاخر عن كفر احد ۱۲ منه۔

اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ ۛ وَالَّذِيْنَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ۛ لَا يَعْلَمُهُمْ ۛ
اِلَّا اللّٰهُ ۭ جَاۗءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَرَدُّوْٓا اَيْدِيَهُمْ فِيْٓ اَفْوَاهِهِمْ وَقَالُوْٓا اِنَّا كَفَرْنَا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ
وَاِنَّا لَفِيْ شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُوْنَنَآ اِلَيْهِ مُرِيْبٍ ۝ قَالَتْ رُسُلُهُمْ اَفِي اللّٰهِ شَكٌّ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ ع
يَدْعُوْكُمْ لِيَغْفِرَ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُؤَخِّرَكُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ قَالُوْٓا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۭ تُرِيْدُوْنَ
اَنْ تَصُدُّوْنَا عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَاۗؤُنَا فَاْتُوْنَا بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۝ قَالَتْ لَهُمْ رُسُلُهُمْ اِنْ نَّحْنُ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ
وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَمُنُّ عَلٰي مَنْ يَّشَاۗءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۭ وَمَا كَانَ لَنَآ اَنْ نَّاْتِيَكُمْ بِسُلْطٰنٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَعَلَي اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ
الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ وَمَا لَنَآ اَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَي اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنَا سُبُلَنَا ۭ وَلَنَصْبِرَنَّ عَلٰي مَآ اٰذَيْتُمُوْنَا ۭ وَعَلَي اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ
الْمُتَوَكِّلُوْنَ ۝ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِرُسُلِهِمْ لَنُخْرِجَنَّكُمْ مِّنْ اَرْضِنَآ اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِيْ مِلَّتِنَا ۭ فَاَوْحٰٓى اِلَيْهِمْ رَبُّهُمْ لَنُهْلِكَنَّ ع
الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَلَنُسْكِنَنَّكُمُ الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ۭ ذٰلِكَ لِمَنْ خَافَ مَقَامِيْ وَخَافَ وَعِيْدِ ۝ وَاسْتَفْتَحُوْا وَخَابَ كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ ۝
مِّنْ وَّرَاۗىِٕهٖ جَهَنَّمُ وَيُسْقٰى مِنْ مَّاۗءٍ صَدِيْدٍ ۝ يَّتَجَرَّعُهٗ وَلَا يَكَادُ يُسِيْغُهٗ وَيَاْتِيْهِ الْمَوْتُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَّمَا هُوَ
بِمَيِّتٍ ۭ وَمِنْ وَّرَاۗىِٕهٖ عَذَابٌ غَلِيْظٌ ۝

(اے کفار مکہ) کیا تم کو ان لوگوں کی خبر نہیں پہنچی جو تم سے پہلے ہو گزرے ہیں یعنی قوم نوح علیہ السلام اور عاد (قوم ہود) اور ثمود (قوم صالح) اور جو لوگ ان کے بعد ہوئے ہیں جن کو بجز اللہ تعالیٰ کے کوئی نہیں جانتا ان کے پیغمبر ان کے پاس دلائل لے کر آئے سو ان قوموں نے اپنے ہاتھ ان پیغمبروں کے منہ میں دے دیئے اور کہنے لگے کہ جو حکم دے کر تم کو بھیجا گیا ہے ہم ان کے منکر ہیں اور جس امر کی طرف تم ہم کو بلاتے ہو ہم تو اس کی جانب سے بہت بڑے شبہ میں ہیں جو (ہم کو) تردد میں ڈالے ہوئے ہے۔ ان کے پیغمبروں نے کہا کیا تم کو اللہ تعالیٰ کے بارے میں شک ہے جو کہ آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا ہے وہ تم کو بلا رہا ہے تاکہ تمہارے گناہ معاف کر دے اور معین مدت تک تم کو (خیر و خوبی کے ساتھ) حیات دے انہوں نے کہا کہ تم محض ایک آدمی ہو جیسے ہم ہیں تم یوں چاہتے ہو کہ ہمارے آباؤ اجداد جس چیز کی عبادت کرتے تھے (یعنی بت) اس سے ہم کو روک دو سو کوئی صاف معجزہ دکھاؤ ان کے رسولوں نے (اس جواب میں) کہا کہ ہم بھی تمہارے جیسے آدمی ہیں لیکن اللہ اپنے بندوں میں جس پر چاہے (وہ) احسان فرما دے اور یہ بات ہمارے قبضہ کی نہیں کہ ہم تم کو کوئی معجزہ دکھلا سکیں بغیر خدا کے حکم کے اور اللہ ہی پر سب ایمان لانے والوں کو بھروسہ کرنا چاہئے اور ہم کو اللہ پر بھروسہ نہ کرنے کا کون امر باعث ہو سکتا ہے حالانکہ اس نے ہم کو ہمارے (منافع دارین کے) راستے بتلا دیئے اور تم نے ہم کو جو کچھ ایذا پہنچائی ہے ہم اس پر صبر کریں گے اور اللہ ہی پر بھروسہ کرنے والوں کو بھروسہ رکھنا چاہئے۔ اور ان کفار نے اپنے رسولوں سے کہا کہ ہم تم کو اپنی سرزمین سے نکال دیں گے یا یہ ہو کہ تم ہمارے مذہب میں پھر آ

www.besturdubooks.net

جاؤ پس ان رسولوں پر ان کے رب نے (تسلی کے لئے) وحی نازل فرمائی کہ ہم (ہی) ان ظالموں کو ضرور ہلاک کردیں گے اور ان کے (ہلاک کرنے کے) بعد تم کو اس سرزمین میں آباد رکھیں گے (اور) یہ ہر اس شخص کے لئے (عام) ہے جو میرے روبرو کھڑے ہونے سے ڈرے اور میرے وعید سے ڈرے اور کفار فیصلہ چاہنے لگے اور جتنے سرکش (اور) ضدی (لوگ) تھے وہ سب بے مراد ہوئے اس کے آگے دوزخ ہے اور اس کو (دوزخ میں) ایسا پانی پینے کو دیا جائے گا جو کہ پیپ لہو (کے مشابہ) ہوگا جس کو گھونٹ گھونٹ کر کے پیوگے اور گلے سے آسانی کے ساتھ اتارنے کی کوئی صورت نہ ہوگی اور ہر (چہار) طرف سے اس پر (سامان) موت کی آمد ہوگی اور کسی طرح مرے گا نہیں اور اس کو اور سخت عذاب کا سامنا ہوگا۔ ۞

تفسیر ربط: آیاتِ بالا کی تمہید میں مذکور ہو چکا۔

ذکر معاملات بعض دیگر رسل با قوم ایشاں ☆ اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ (الی قولہ تعالیٰ) وَاسْتَفْتَحُوْا وَخَابَ كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ ۞ (اے کفار مکہ) کیا تم کو ان لوگوں (کے واقعات) کی خبر (گو اجمالاً سہی) نہیں پہنچی جو تم سے پہلے ہو گزرے ہیں یعنی قوم نوح اور عاد (قوم ہود) اور ثمود (قوم صالح) اور جو لوگ ان کے بعد ہوئے ہیں جن (کی مفصل حالت کو بجز اللہ تعالیٰ کے کوئی نہیں جانتا (کیونکہ ان کے حالات تفصیلاً منضبط و منقول نہیں ہوئے اور وہ واقعات یہ ہیں کہ) ان کے پیغمبر ان کے پاس دلائل لے کر آئے سو ان قوموں (میں جو کفار تھے انہوں) نے اپنے ہاتھ ان پیغمبروں کے منہ میں دے دیئے (یعنی مانتے تو کیا یہ کوشش کرتے تھے کہ ان کو بات تک نہ کرنے دیں) اور کہنے لگے کہ جو حکم دے کر تم کو (بزعم تمہارے) بھیجا گیا ہے (یعنی توحید و ایمان) ہم اس کے منکر ہیں اور جس امر کی طرف تم ہم کو بلاتے ہو (یعنی وہی توحید و ایمان ہم تو اس کی جانب سے بہت بڑے شبہ میں ہیں جو (ہم کو) تردد میں ڈالے ہوئے ہے (مقصود اس سے توحید و رسالت دونوں کا انکار ہے توحید کا ظاہر ہے اور رسالت کا تَدْعُوْنَنَآ میں جس کا حاصل یہ ہے کہ تم خود اپنی رائے سے دعوتِ توحید کر رہے ہو مامور و مرسل من اللہ نہیں ہو) ان کے پیغمبروں نے (اس بات کے جواب میں) کہا کیا (تم کو) اللہ تعالیٰ کے بارے میں (یعنی اس کی توحید میں) شک (و انکار) ہے جو کہ آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا ہے (یعنی اس کا ان چیزوں کا پیدا کرنا خود دلیل اس کی ہستی اور وحدانیت کی ہے پھر اس دلیل کے ہوتے ہوئے شک کرنا بڑے تعجب کی بات ہے کہ اگر کوئی اپنی رائے سے بھی اس کی دعوت کرے تو بھی زیبا ہے لیکن محل متنازع فیہ میں تو ہماری دعوت بحکم خداوند تعالیٰ ہے پس) وہ (ہی) تم کو (توحید کی طرف) بلا رہا ہے تاکہ (اس کے قبول کرنے کی برکت سے) تمہارے (گذشتہ) گناہ معاف کر دے اور (تمہاری عمر کی) معین مدت تک تم کو (خیر و خوبی کے ساتھ) حیات دے (مطلب یہ کہ توحید علاوہ اس کے کہ فی نفسہٖ حق ہے تمہارے لئے دونوں جہان میں نافع بھی ہے دنیا میں تو تاخیر: اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى [ابراھیم: ۱۰] بالمعنی المذکور اور آخرت میں مغفرت اور اس جواب میں دونوں امر کے متعلق جواب ہو گیا توحید کے متعلق بھی يَدْعُوْكُمْ میں جیسا تقریر ترجمہ سے ظاہر ہے) انہوں نے (پھر دونوں امر کے متعلق گفتگو شروع کی اور) کہا کہ تم (پیغمبر نہیں ہو بلکہ) محض ایک آدمی ہو جیسے ہم ہیں (اور بشریت منافی رسالت ہے جب پیغمبر نہیں ہو تو تم جو کچھ توحید کے بارے میں کہتے ہو وہ من اللہ نہیں بلکہ) تم (اپنی رائے ہی سے) یوں چاہتے ہو کہ ہمارے آباؤ اجداد جس چیز کی عبادت کرتے تھے (یعنی بت) اس سے ہم کو روک دو سو (اگر رسالت سے مدعی ہو تو علاوہ ان دلائل و بینات مذکورہ جملہ جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ کے جواب تک نبوت پر قائم ہو چکے ہیں اور) کوئی صاف معجزہ دکھلاؤ (جو ان سب سے واضح تر ہو اس میں نبوت پر تو کلام ظاہر ہے اور يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا میں توحید پر کلام کی طرف اشارہ ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ شرک کے حق ہونے کی دلیل یہ ہے کہ ہمارے بزرگ اس کو کرتے تھے) ان کے رسولوں نے (اس کے جواب میں) کہا کہ (تمہاری تقریر کے کئی جزو ہیں۔ انکار توحید دلیل فعل آباء۔ انکار نبوت بدعویٰ تنافی نبوت و بشریت۔ مطالبہ سُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ علاوہ بینات سابقہ سو امر اول کے متعلق فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ میں جواب ہو گیا کیونکہ دلیل عقلی کے روبرو رسم و عرف کوئی چیز نہیں۔ امر دوم کے متعلق ہم اپنی بشریت کو تسلیم کرتے ہیں کہ واقعی) ہم بھی تمہارے جیسے آدمی ہیں لیکن (بشریت اور نبوت میں تنافی نہیں کیونکہ نبوت ایک اعلیٰ درجہ کا احسان خداوندی ہے اور) اللہ (کو اختیار ہے کہ) اپنے بندوں میں سے جس پر چاہے (وہ) احسان فرماوے (اور احسان کے غیر بشر کے ساتھ مختص ہونے کی کوئی دلیل نہیں) اور امر سوم کے متعلق یہ ہے کہ دعویٰ کے لئے جس میں دعویٰ نبوت بھی داخل ہے نفس دلیل اور مطلق بینہ جو دعویٰ نبوت کی صورت میں معجزہ ہوگا ضرور ہے جو کہ پیش کی جا چکی ہے رہا دلیل و معجزۂ خاص جس کو تم سلطان مبین یعنی صاف دلیل سے تعبیر کر رہے ہو سو اولاً حسب قواعد مناظرہ ضروری نہیں ثانیاً) یہ بات ہمارے قبضہ کی نہیں کہ ہم تم کو کوئی معجزہ دکھلا سکیں بغیر خدا کے حکم کے (پس تمہارے تمام تر شبہات کا جواب ہو گیا پھر اگر اس پر بھی تم نہ مانو اور مخالفت کئے جاؤ تو خیر ہم تمہاری مخالفت سے نہیں ڈرتے بلکہ اللہ پر بھروسہ کرتے ہیں) اور اللہ ہی پر سب ایمان والوں کو بھروسہ کرنا چاہئے (چونکہ ہم بھی با ایمان ہیں اور ایمان مقتضی ہے توکل کو اس لئے ہم بھی اس کو اختیار کرتے ہیں) اور ہم کو اللہ پر بھروسہ نہ کرنے کا کون امر باعث ہو سکتا ہے حالانکہ اس نے (ہمارے حال پر بڑا فضل کیا کہ) ہم کو ہمارے (منافع دارین کے) راستے بتلا دیئے (جس کا اتنا بڑا فضل ہو اس پر تو ضرور بھروسہ کرنا چاہئے) اور (ضرر خارجی سے یوں بے فکر ہو گئے رہا ضرر داخلی کہ تمہاری مخالفت کا

www.besturdubooks.net

غم وحزن ہوتا سو) تم نے (عناد وخلاف کر کے) جو کچھ ہم کو ایذا پہنچائی ہے ہم اس پر صبر کریں گے (پس اس سے بھی ہم کو ضرر نہ رہا اور حاصل اس صبر کا بھی وہی توکل ہے) اور اللہ ہی پر بھروسہ کرنے والوں کو (ہمیشہ) بھروسہ رکھنا چاہئے اور (ان تمام تر اتمام حجت کے بعد بھی کفار نرم نہ ہوئے بلکہ) ان کفار نے اپنے رسولوں سے کہا کہ ہم تم کو اپنی سرزمین سے نکال دیں گے یا یہ ہو کہ تم ہمارے مذہب میں پھر آ جاؤ (پھر آنا اس لئے کہا کہ سکوت قبل بعثت سے وہ یہی سمجھتے تھے کہ ان کا اعتقاد بھی ہم ہی جیسا ہوگا) پس ان رسولوں پر ان کے رب نے (تسلی کے لئے) وحی نازل فرمائی کہ (یہ بیچارے تم کو کیا نکالیں گے) ہم (ہی) ان ظالموں کو ضرور ہلاک کر دیں گے اور ان کے (ہلاک کرنے کے) بعد تم کو اس سرزمین میں آباد رکھیں گے (اور) یہ (وعدہ آباد رکھنے کا کچھ تمہارے ساتھ خاص نہیں بلکہ) ہر اس شخص کے لئے (عام) ہے جو میرے روبرو کھڑے ہونے سے ڈرے اور میرے وعید سے ڈرے (مراد یہ کہ جو مسلمان ہو جس کی علامت خوف موقف اور خوف وعید ہے سب کے لئے یہ وعدہ عذاب سے نجات دینے کا عام ہے) اور (پیغمبروں نے جو یہ مضمون کفار کو سنایا کہ تم نے دلائل کے فیصلہ کو نہ مانا اب عذاب سے فیصلہ ہونے والا ہے یعنی عذاب آنے والا ہے جیسا آیت اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ وامثالہا سے معلوم ہوتا ہے تو) کفار (چونکہ جہل مرکب و عناد میں غرقاب تھے اس سے بھی نہ ڈرے بلکہ کمال بے باکی سے وہ) فیصلہ چاہنے لگے (جیسا آیت فَأْتِنَا بِمَا تَعِدُنَا وامثالہا سے معلوم ہوتا ہے) اور (جب وہ فیصلہ آیا تو) جتنے سرکش (اور) ضدی (لوگ) تھے وہ سب (اس فیصلہ میں) بے مراد ہوئے (یعنی ہلاک ہو گئے اور جو ان کی مراد تھی کہ اپنے کو اہل حق سمجھ کر فتح و ظفر چاہتے تھے وہ حاصل نہ ہوئی)۔ **ف**: کبھی وسوسہ ہو جاتا ہے کہ اَلَمْ يَأْتِكُمْ الخ سے تو ان کے واقعہ کا علم اور لَا يَعْلَمُهُمْ سے اس کا عدم علم معلوم ہوتا ہے۔ جواب یہ ہے کہ اول باعتبار اجمال کے دوسرا باعتبار تفصیل کے جیسا تقریر ترجمہ سے ظاہر ہے پس لَا يَعْلَمُهُمْ کا مضمون مثل آیت وَمِنْهُمْ مَنْ لَمْ نَقْصُصْ عَلَيْكَ کے ہوا کذا فی الکبیر اور يَغْفِرْ لَكُمْ مِنْ ذُنُوبِكُمْ کے متعلق تحقیق آخر پارۂ نہم آیت قُلْ لِلَّذِينَ كَفَرُوا الخ کے ذیل میں گزر چکی ہے ملاحظہ فرمائی جاوے۔ حاصل یہ کہ اسلام سے ذنوب توکل معاف ہوتے ہیں لیکن حقوق وزواجر معاف نہیں ہوتے چنانچہ اسلام کے سبب ذمی سے حدود کا ساقط نہ ہونا فقہ میں مذکور ہے۔

ربط: اوپر منکر رسالت کے عذاب دنیوی کا ذکر تھا آگے اس کے عذاب اخروی کا ذکر ہے۔

عذاب منکرین رسل ☆ مِنْ وَرَائِهِ جَهَنَّمُ (الی قولہ تعالیٰ) وَمِنْ وَرَائِهِ عَذَابٌ غَلِيظٌ ۝ (جس جبار عنید کا اوپر ذکر ہوا ہے علاوہ دنیوی عذاب کے) اس کے آگے دوزخ (کا عذاب آنے والا) ہے اور اس کو (دوزخ میں) ایسا پانی پینے کو دیا جاوے گا جو کہ پیپ لہو (کے مشابہ) ہوگا جس کو (غایت تشنگی کی وجہ سے) گھونٹ گھونٹ کر کے پیوے گا اور (غایت حرارت وکراہت کی وجہ سے) گلے سے آسانی کے ساتھ اتارنے کی کوئی صورت نہ ہوگی اور ہر (چہار) طرف سے اس پر (سامان) موت کی آمد ہوگی اور وہ کسی طرح مرے گا نہیں (بلکہ یوں ہی سسکتا رہے گا) اور (پھر یہ بھی نہیں کہ یہی عذاب مذکور ایک حالت پر رہے بلکہ) اس (شخص) کو اور (زیادہ) سخت عذاب کا سامنا (برابر) ہوا (کرے) گا (جس سے عادت پڑنے کا احتمال ہی نہیں ہو سکتا کقولہ تعالیٰ: كُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُودُهُمْ بَدَّلْنَاهُمْ جُلُودًا غَيْرَهَا [النساء: ٥٦]) **ف**: یتجرع اور لا یکاد کے اجتماع کی دو صورتیں ہیں ایک یہ کہ پھنس کر گلے سے اترے پس اتر جانے کے اعتبار سے تجرع کا حکم صحیح ہوا اور بے پھنسے نہ اترنے کے اعتبار سے لا یکاد کا حکم صحیح ہوا دوسری صورت یہ پھنس کر رہ جاوے اترے نہیں پس لا یکاد کا حکم تو ظاہر ہے اور تجرع کا حکم باعتبار قصد کے صحیح ہوا یعنی پینا چاہے گا مگر پی نہ سکے گا۔ واللہ اعلم۔ ربط: اوپر منکر رسالت کے عذاب کا ذکر تھا چونکہ بعض منکرین رسالت اپنے زعم میں کچھ اعمال قربت وثواب کے بھی کرتے تھے جن میں بعض تو فی نفسہٖ بھی قربت نہ تھے جیسے بت پرستی اور بعض ان کے اعتبار سے قربت نہ تھے جیسے اعتاق وصلہ رحم ومہمانداری وغیرہا کہ فی نفسہٖ تو قربت ہیں مگر شرط یعنی ایمان کے فقدان سے ان کے حق میں قربت نہیں رہے پس ان اعمال پر نظر کر کے ان کو یہ شبہ ہو سکتا تھا کہ یہ اعمال ہمارے کام آویں گے اور عذاب سے بچالیں گے اسی طرح یہ شبہ ہو سکتا تھا کہ قیامت میں ہمارا زندہ ہی ہونا محال ہے پھر گنجائش عذاب کی کہاں۔ اسی طرح یہ وسوسہ ممکن تھا کہ ہم جن کے کہنے سے اس طریق کو اختیار کئے ہوئے ہیں وہ ہمارے کام آویں گے۔ اسی طرح یہ احتمال ہو سکتا تھا کہ معبودین غیر اللہ ہم کو بچالیں گے اس لئے آگے اولاً ان اعمال کا محض بے اثر ہونا مَثَلُ الَّذِينَ كَفَرُوا الخ میں اور ثانیاً قیامت کا امکان وقوع آیت اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ الخ میں اور ثالثاً اکابر کا کام نہ آنا آیت وَبَرَزُوا لِلّٰهِ الخ میں اور رابعاً معبودین غیر اللہ کی معبودیت کا جو اصل سرمنشاء ہے یعنی شیطان اس کا قیامت کے روز صاف جواب دے دینا بیان فرماتے ہیں پس حاصل مجموعہ کا تمام طرق نجات کا مسدود ہو جانا ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ جَاءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنَاتِ الخ روح میں حسن سے ہے کہ انہوں نے اپنے ہاتھوں کو پیغمبر کے منہ پر رکھ دیا تا کہ ان کو بولنے نہ دیں اھ میں کہتا ہوں کہ اس کا قصداً ذکر کرنا حالانکہ اصل مقصود کے لئے قَالُوا اِنَّا كَفَرْنَا کافی تھا اس کی دلیل ہے کہ سوئے ادب کفر کے علاوہ ایک مستقل جرم ہے اسی واسطے اہل طریق سوئے ادب سے سخت ممانعت کرتے ہیں ۱۲۔

www.besturdubooks.net

ملحقات الترجمۃ : ۱ قولہ فی ارسلتم بزعم فلا یرد انھم لم یکونوا معتقدین رسالتھم۱۲۔ ۲ قولہ فی افی اللہ شک انکار اشارۃ الی ان المراد بالشک ھذا لا معناہ المشھور لانھم کانوا مکذبین جزمًا فالشک یقابل العلم جھلا مرکبا کان او بسیطا۱۲۔ ۳ قولہ فی من ذنوبکم گذشتہ گناہ فمن ھذہ تبعیضیۃ والبعض ھو ما سبق احترازا عن ما لحق وفائدتھا الایذان بان ما ستعملون من بعد تواخذون بہ فافھم فانہ عجیب اخذتہ من البیضاوی سورۃ نوح۱۲۔ ۴ قولہ قولہ فی یؤخرکم خیروخوبی دلیلہ متاعًا حسنا فی سورۃ ھود والا فالتاخیر لا یختص باھل الایمان وترجمۃ حیات ترجمۃ بالحاصل۱۲۔ ۵ قولہ فی یتوکل الثانی ہمیشہ ھربا عن تحصیل الحاصل۱۲۔ ۶ قولہ فی واستفتحوا کفار فھو کقولہ تعالٰی ان تستفتحوا فقد جاء کم الفتح ورجحہ فی البیضاوی وبقولہ ومعنی الخیبۃ اذا کان الاستفتاح من الکفرۃ کان اوقع آہ مختصرًا وفی حاشیۃ حیث لم یحصل ماتو قعوا لانفسھم وھذا کمال الخیبۃ ۱۲۔

التحو : قولہ والذین من بعدھم معطوف علی قوم نوح قولہ لا یعلمھم حال من الضمیر المستتر فی الجار والمجرور والتقدیر والذین کانوا من بعدھم حال کون ھؤلاء الکائنین لا یعلمھم الخ۱۲۔ قولہ من ورائہ فی موضعین ضمیرہ الی جبار عنید۱۲۔ قولہ صدید عطف بیان او بدل۱۲۔ قولہ یاتیہ الموت بحذف المضاف ای اسباب الموت فی انواع العذاب۱۲۔

مَثَلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ اَعْمَالُهُمْ كَرَمَادِ ِۨاشْتَدَّتْ بِهِ الرِّيْحُ فِيْ يَوْمٍ عَاصِفٍ ؕ لَا يَقْدِرُوْنَ مِمَّا كَسَبُوْا عَلٰى شَيْءٍ ؕ ذٰلِكَ هُوَ
الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ ⑱ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَيَاْتِ بِخَلْقٍ جَدِيْدٍ ⑲
وَّمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ ⑳ وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ جَمِيْعًا فَقَالَ الضُّعَفٰٓؤُا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُنَّا لَكُمْ
تَبَعًا فَهَلْ اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ عَنَّا مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ؕ قَالُوْا لَوْ هَدٰىنَا اللّٰهُ لَهَدَيْنٰكُمْ ؕ سَوَآءٌ عَلَيْنَآ اَجَزِعْنَآ
ع ۳ ۹ ۱۵ اَمْ صَبَرْنَا مَا لَنَا مِنْ مَّحِيْصٍ ㉑ وَقَالَ الشَّيْطٰنُ لَمَّا قُضِيَ الْاَمْرُ اِنَّ اللّٰهَ وَعَدَكُمْ وَعْدَ الْحَقِّ وَوَعَدْتُّكُمْ
فَاَخْلَفْتُكُمْ ؕ وَمَا كَانَ لِيَ عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ اِلَّآ اَنْ دَعَوْتُكُمْ فَاسْتَجَبْتُمْ لِيْ ۚ فَلَا تَلُوْمُوْنِيْ وَلُوْمُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ؕ
مَآ اَنَا بِمُصْرِخِكُمْ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُصْرِخِيَّ ؕ اِنِّيْ كَفَرْتُ بِمَآ اَشْرَكْتُمُوْنِ مِنْ قَبْلُ ؕ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ
لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ㉒

جولوگ اپنے پروردگار کے ساتھ کفر کرتے ہیں ان کی حالت باعتبار عمل کے یہ ہے جیسے کچھ راکھ ہو جس کو تیز آندھی کے دن تیزی کے ساتھ ہوا اُڑا لے جائے ان لوگوں نے جو کچھ عمل کئے تھے ان کا کوئی حصہ ان کو حاصل نہ ہوگا یہ بھی بڑی دور دراز کی گمراہی ہے۔ کیا (اے مخاطب) تجھ کو یہ بات معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے آسمانوں کو اور زمین کو بالکل ٹھیک پیدا کیا ہے (اس سے اس کا قادر ہونا بھی معلوم ہو گیا پس) اگر وہ چاہے تو تم سب کو فنا کر دے اور ایک دوسری نئی مخلوق پیدا کر دے اور یہ خدا کو کچھ بھی مشکل نہیں اور خدا کے سامنے سب پیش ہوں گے پھر چھوٹے درجہ کے لوگ (یعنی عوام وتابعین) بڑے درجہ کے لوگوں سے کہیں گے کہ ہم (دنیا میں تمہارے تابع تھے تو کیا تم خدا کے عذاب کا کچھ جزو ہم سے مٹا سکتے ہو وہ (جواب میں) کہیں گے کہ اگر اللہ ہم کو کوئی راہ بتلاتا تو ہم تم کو بھی (وہ) راہ بتا دیتے (اور اب تو) ہم سب کے حق میں دونوں صورتیں برابر ہیں خواہ ہم پریشان ہوں خواہ ضبط کریں ہمارے بچنے کی کوئی صورت نہیں اور جب (قیامت میں) تمام مقدمات فیصل ہو چکیں گے تو شیطان جواب میں کہے گا کہ اللہ تعالیٰ نے تم سے سچے وعدے کئے تھے اور میں نے بھی کچھ وعدے کئے تھے سو میں نے ان وعدوں کے خلاف کیا اور میرا تم پر اور تو کچھ زور چلتا نہ تھا بجز اس کے کہ میں نے تم کو بلایا تھا سو تم نے (باختیار خود) میرا کہنا مان لیا تو تم مجھ پر (ساری) ملامت مت کرو اور زیادہ ملامت اپنے آپ پر کرو نہ میں تمہارا مددگار ہوں اور نہ تم میرے مددگار ہو سکتے ہو میں خود تمہارے اس فعل سے بیزار ہوں کہ تم اس سے قبل (دنیا میں مجھ کو) خدا کا شریک قرار دیتے تھے یقیناً ظالموں کیلئے دردناک عذاب (مقرر) ہے۔ ۞

تفسیر : انسداد جمیع طرق محتملہ نجات کفار : ☆ مَثَلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ (ان کافروں کو اگر اپنی نجات کے متعلق یہ زعم ہو کہ ہمارے اعمال ہم کو نافع ہوں گے تو اس کا قاعدہ کلیہ تو یہ سن لو کہ) جولوگ اپنے پروردگار کے ساتھ کفر کرتے ہیں ان کی حالت باعتبار

www.besturdubooks.net

عمل کے یہ ہے (یعنی ان کے اعمال کی ایسی مثال ہے) جیسے کچھ راکھ ہو (جو اُڑنے میں بہت خفیف ہوتی ہے) جس کو تیز آندھی کے دن میں تیزی کے ساتھ ہوا اڑا لے جائے (کہ اس صورت میں اس راکھ کا نام ونشان بھی نہ رہے گا اسی طرح) ان لوگوں نے جو کچھ عمل کیے تھے اس کا کوئی حصہ (یعنی اثر ونفع کے قبیل سے) ان کو حاصل نہ ہوگا (اس راکھ کی طرح ضائع وبرباد جاوے گا) یہ بھی بڑے دور دراز کی گمراہی ہے (کہ گمان تو ہو کہ ہمارے عمل نیک اور نافع ہیں اور پھر ظاہر ہوں بداور مضر جیسے عبادت اصنام یا غیر نافع جیسے اعتاق وصلہ ارحام اور چونکہ حق سے اس کو بہت بعد ہے اس لئے بعید کہا گیا پس اس طریق سے تو نجات کا احتمال نہ رہا اور اگر ان کا یہ زعم ہو کہ قیامت ہی کا وجود محال ہے اور اس صورت میں عذاب کا احتمال نہیں تو اس کا جواب یہ ہے کہ) کیا (اے مخاطب) تجھ کو یہ بات معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے آسمانوں کو اور زمین کو بالکل ٹھیک (یعنی مشتمل بر منافع ومصالح) پیدا کیا ہے (اور اس سے قادر ہونا اس کا ظاہر ہے پس جب وہ قادر مطلق ہے تو) اگر وہ چاہے تو تم سب کو فنا کر دے اور ایک دوسری نئی مخلوق پیدا کر دے اور یہ خدا کو کچھ بھی مشکل نہیں (پس جب نئی مخلوق پیدا کرنا آسان ہے تو تم کو دوبارہ پیدا کر دینا کونسا مشکل ہے پس اس میں خلق سماوات وارض سے تو قدرت علی خلق جدید پر استدلال کیا اور اس سے اعادۂ خلق قدیم پر قادر ہونے پر استدلال کیا۔ غرض یہ زعم بھی طریق نجات کا باطل ہوا) اور (اگر یہ وسوسہ ہو کہ ہمارے اکابر ہم کو بچالیں گے تو اس کی حقیقت سن لو کہ قیامت کے دن) خدا کے سامنے سب پیش ہوں گے پھر چھوٹے درجہ کے لوگ (یعنی عوام وتابعین) بڑے درجہ کے لوگوں سے (یعنی خواص ومتبوعین سے بطور ملامت وعتاب) کہیں گے کہ ہم (دنیا میں) تمہارے تابع تھے (حتیٰ کہ دین کا جو راہ تم نے ہم کو بتلایا ہم اسی پر ہو لئے اور آج ہم پر مصیبت ہے) تو کیا تم خدا کے عذاب کا کچھ جزو ہم سے مٹا سکتے ہو (یعنی اگر بالکل نہ بچا سکو تو کسی قدر بھی بچا سکتے ہو) وہ (جواب میں کہیں گے کہ ہم تم کو کیا بچاتے خود ہی نہیں بچ سکتے ہیں البتہ) اگر اللہ ہم کو (کوئی) راہ (بچنے کا) بتلاتا تو ہم تم کو بھی (وہ) راہ بتلا دیتے (اور اب تو) ہم سب کے حق میں دونوں صورتیں برابر ہیں خواہ ہم پریشان ہوں (جیسا کہ تمہاری پریشانی فَهَلْ اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ سے ظاہر اور ہماری پریشانی تو لَوْ هَدٰىنَا اللّٰهُ سے ظاہر ہی ہے) خواہ ضبط کریں (دونوں حالتوں میں) ہمارے بچنے کی کوئی صورت نہیں (پس اس سوال وجواب سے معلوم ہو گیا کہ طریق کفر کے اکابر بھی تابعین کے کچھ کام نہ آویں گے یہ طریق بھی نجات کا محتمل نہ رہا) اور اگر اس کا بھروسہ ہو کہ یہ معبودین غیر اللہ کام آویں گے اس کا حال اس حکایت سے معلوم ہو جاوے گا کہ) جب (قیامت میں تمام مقدمات فیصل ہو چکیں گے (یعنی اہل ایمان جنت میں اور کفار دوزخ میں بھیج دیئے جاویں گے) تو (اہل دوزخ سب شیطان کے پاس کہ وہ بھی وہاں ہوگا جا کر ملامت کریں گے کہ کمبخت تو تو ڈوبا ہی تھا ہم کو بھی اپنے ساتھ ڈبو دیا اس وقت) شیطان (جواب میں) کہے گا کہ (مجھ پر تمہاری ملامت ناحق کی ہے کیونکہ) اللہ تعالیٰ نے تم سے (جتنے وعدے کئے تھے سب) سچے وعدے کئے تھے (کہ قیامت ہوگی اور کفر سے ہلاکت ہوگی اور ایمان سے نجات ہوگی) اور میں نے بھی تم سے کچھ وعدے کئے تھے (کہ قیامت نہ ہوگی اور تمہارا طریقہ کفر بھی طریقہ نجات ہے) سو میں نے وہ وعدے خلاف تم سے کئے تھے (اور اللہ تعالیٰ کے وعدوں کے حق ہونے پر اور میرے وعدوں کے باطل ہونے پر دلائل قطعیہ قائم تھے سو باوجود اس کے تم نے میرے وعدوں کو صحیح اور خدائے تعالیٰ کے وعدوں کو غلط سمجھا تو اپنے ہاتھوں تم ڈوبے) اور (گر تم یوں کہو کہ آخر سچے وعدوں کو جھوٹا سمجھنے اور جھوٹے وعدوں کو سچا سمجھنے کا سبب بھی تو میں ہی ہوا تو بات یہ ہے کہ واقعی میں اغواء کے مرتبہ میں سبب ضرور ہوا لیکن یہ دیکھو کہ میرے اغواء کے بعد تم مختار تھے یا مضطر ومجبور سو ظاہر ہے کہ) میرا تم پر اور تو کچھ زور چلتا نہ تھا بجز اس کے کہ میں نے تم کو (گمراہی کی طرف) بلایا تھا سو تم نے (باختیار خود) میرا کہنا مان لیا (اگر نہ مانتے تو میں بزور تم کو گمراہ نہ کر سکتا تھا جب یہ بات ثابت ہے) تو تم مجھ پر (ساری) ملامت مت کرو (اس طرح سے کہ اپنے کو بالکل بری سمجھنے لگو) اور زیادہ ملامت اپنے آپ کو کرو (کیونکہ اصل علت عذاب کی تمہارا ہی فعل ہے اور میرا فعل تو محض سبب ہے جو بعید اور غیر مستلزم ہے پس ملامت کا تو یہ جواب ہے اور اگر مقصود اس قول سے استعانت واستمداد ہے تو میں کسی کی کیا مدد کروں گا خود ہی مبتلائے مصیبت ومحتاج امداد ہو رہا ہوں لیکن جانتا ہوں کہ کوئی میری مدد نہ کرے گا ورنہ میں بھی تم سے اپنے لئے مدد چاہتا کیونکہ زیادہ مناسبت تم سے ہے بس اب تو) نہ میں تمہارا مددگار (ہو سکتا) ہوں اور نہ تم میرے مددگار (ہو سکتے) ہو (البتہ اگر میں تمہارے طریقہ شرک کو حق سمجھتا ہوتا تو بھی اس تعلق کی وجہ سے نصرت کا مطالبہ کرنے کی کسی درجہ میں گنجائش تھی لیکن) میں خود تمہارے اس فعل سے بیزار ہوں (اور اس کو باطل سمجھتا ہوں) کہ تم اس کے قبل (دنیا میں) مجھ کو (خدا کا) شریک قرار دیتے تھے (یعنی دربارۂ عبادت اصنام وغیرہا میری ایسی اطاعت کرتے تھے جو اطاعت کہ خاصۂ حق تعالیٰ ہے پس اصنام کو شریک ٹھہرانا بایں معنی شیطان کو شریک ٹھہرانا ہے پس مجھ سے تمہارا کوئی تعلق نہیں نہ تم کو استمداد کا کوئی حق ہے پس) یقیناً ظالموں کے لئے دردناک عذاب (مقرر) ہے (پس عذاب میں پڑے رہو نہ مجھ پر ملامت کرنے سے نفع کی امید رکھو اور نہ مدد چاہنے سے جو تم نے ظلم کیا تھا تم بھگتو جو میں نے کیا تھا میں بھگتوں گا پس گفتگو قطع کرو یہ حاصل ہوا جواب ابلیس کا پس اس سے معبودین غیر اللہ کا بھروسہ بھی قطع ہوا کیونکہ جو ان معبودین کی عبادت کا اصل بانی ومحرک ہے اور درحقیقت عبادت غیر اللہ سے زیادہ راضی وہی ہوتا ہے چنانچہ اسی بناء پر قیامت کے دن دوزخ میں اہل نار اسی سے کہیں سنیں گے اور کسی معبود غیر اللہ سے کچھ بھی نہ کہیں گے جب اس نے صاف جواب دے دیا تو اوروں سے کیا امید ہو سکتی ہے

www.besturdubooks.net

پس نجات کفار کے سب طریقے مسدود ہو گئے اور یہی مضمون تھا جیسا سرخی میں ظاہر کیا گیا ہے) **ف**: یہ جواب پر ضعفاء کا قول فرمایا گیا ہے **فَهَلْ اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ** الخ اگر یہ امر جائز رکھا جاوے کہ قیامت میں بعض حقائق کفار سے مخفی رہیں گے جیسا کہ اکثر آیات کے ظاہر سے یہی معلوم ہوتا ہے جیسا آیا ہے: **اُدْعُوْا رَبَّكُمْ يُخَفِّفْ عَنَّا يَوْمًا مِّنَ الْعَذَابِ** کہ ظاہر درخواست سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کو اس کا احتمال ہوگا تب تو **هَلْ اَنْتُمْ** میں استفہام اپنے ظاہر پر ہے اور بندہ نے اسی کو اختیار کیا ہے اور اگر بعض حقائق کا مخفی رہنا تجویز نہ کیا جاوے تو یہ استفہام توبیخ وعتاب کے لئے ہوگا بعض مفسرین نے اسی کو اختیار کیا ہے اور یہ جو آیا ہے: **مَا كَانَ لِيَ عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ** یہ حصر محققین کے نزدیک باعتبار اضلال کے ہے یعنی گمراہ کرنے میں اس سے زیادہ زور نہیں چلتا کہ اغواء کر دے یہ نہیں ہوسکتا کہ جبراً کسی کو گمراہ کر دے پس اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ شیاطین کوئی دوسری مضرت انسان کو نہ پہنچا سکیں بلکہ نصوص ومشاہدات سے اس کا امکان اور وقوع ثابت ہے کہ بعض امراض میں شیاطین کو دخل ہوسکتا ہے وہ بیہوش کر سکتے ہیں وہ آدمی کو اُٹھا کر لے جا سکتے ہیں وہ پتھر برسا سکتے ہیں مگر چونکہ اکثر اوقات فرشتے محافظ رہتے ہیں اس لئے ایسے واقعات بکثرت نہیں ہوتے اور یہ جو آیا ہے **دعوتكم** اس کا مصدق بواسطہ وبلاواسطہ دونوں طرح ہوسکتا ہے پس شیطان بعض اوقات خود اغوا کرتا ہے اور کبھی دوسرے شیاطین کو اس کا حکم کرتا ہے اور ایک وقت میں بلاواسطہ متعدد اشخاص کو اغواء کر سکنے کے امتناع پر کوئی دلیل معتد بہ قائم نہیں ہوئی **واللہ اعلم۔**

تَرْجَمَۂ مَسَائِلُ السُّلُوْكِ: قولہ تعالیٰ **وَمَا كَانَ لِيَ عَلَيْكُمْ** الخ اس میں اس شخص کے عذر کا ابطال ہے جو کہتا ہے میں کیا کروں کمبخت شیطان نے گناہ کرا ہی دیا اس سے واضح ہو گیا کہ شیطان کا بجز وسوسہ کے اور کچھ زور نہیں ۱۲۔

مُلَحَقَاتُ التَّرْجَمَۃ: ۱ قوله فی وعدو وعدتكم وعدے حملاً للمصدر علی الجنس الشامل للواحد والكثير۔

اَللُّغَاتُ: قوله محيص من حاص حاد و فرد هو اما انتم مكان كالمبيت والمصيف او مصدر ميمی كالغيب والمشيب ای لا منجی او لا نجاة قوله فاخلفتكم قال البيضاوی جعل تبيين خلف وعده كالاخلاف منه فی الحاشية يعنی ان الاخلاف حقيقة هو عدم انجاز من يقدر علی انجاز وعده وليس الشيطان كذلك فقوله اخلفتكم يكون مجازا آه وفی الروح ولو جعل مشاكلة لصح قلت وترجمتی بالحاصل ۱۲۔ قوله مصرخ يقال استصرخنی فاصرخته ای استغاثنی فاغثته واصله من الصراخ وهو مد الصوت والهمزة للسبب كان المغيث يزيل صراخ المستغيث ۱۲۔ قوله ان كفرت بمعنی تبرأت مجازا ۱۲۔

اَلنَّحْوُ: قوله وعد الحق من اضافة الموصوف الی الصفة ۱۲۔ قوله انی كفرت بما اشركتمون من قبل ای باشراككم ايای فهو كقوله تعالیٰ ويوم القيمة يكفرون بشرككم ۱۲۔

اَلْبَلَاغَۃ: قوله كرماد تخصيصه لخفته ولسرعته ذهابه مع الهواء ۱۲ منه۔ قوله ان الظّٰلمين كونه من كلام ابليس ابلغ فی المقصود وهو قطع املهم بالكلية حيث يقوله من يقول اليوم بخلافه ۱۲۔

وَاُدْخِلَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ تَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ ﴿۲۳﴾ اَلَمْ تَرَ كَيْفَ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِي السَّمَآءِ ﴿۲۴﴾ تُؤْتِيْٓ اُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍ بِاِذْنِ رَبِّهَا ۭ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۵﴾ وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيْثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِيْثَةِ ۣ اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْاَرْضِ مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ ﴿۲۶﴾ يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ۚ وَيُضِلُّ اللّٰهُ الظّٰلِمِيْنَ ۙ وَيَفْعَلُ اللّٰهُ مَا يَشَاۗءُ ﴿۲۷﴾ ع ۱۶

اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے وہ ایسے باغوں میں داخل کئے جائیں گے جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی (اور) وہ ان میں اپنے پروردگار کے حکم سے ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے (اور) وہاں ان کو سلام اس لفظ سے کیا جائے گا (السلام علیکم)۔ کیا آپ کو معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے کیسی مثال بیان فرمائی ہے کلمہ طیبہ (یعنی کلمہ توحید) کی کہ وہ مانند ہے ایک پاکیزہ درخت کے جس کی جڑ خوب گڑی ہوئی ہو اور اس کی شاخیں اونچائی میں جا رہی ہوں وہ خدا کے حکم سے ہر فصل میں اپنا پھل دیتا ہو اور اللہ تعالیٰ مثالیں لوگوں کے واسطے اس لئے بیان کرتے ہیں تا کہ وہ خوب سمجھ لیں اور گندہ کلمہ (یعنی کلمہ کفر وشرک) کی مثال ایسی ہے جیسے ایک خراب درخت ہو کہ وہ زمین

www.besturdubooks.net

کے اوپر ہی اوپر سے اکھاڑ لیا جائے اس کو کچھ ثبات نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو اس پکی بات (یعنی کلمہ طیبہ کی برکت) سے دنیا اور آخرت میں مضبوط رکھتا ہے اور ظالموں کو بچلا دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر کفار کے عذاب کا ذکر تھا آگے تمیم مضمون کے لئے اہل ایمان کے ثواب کا ذکر ہے کیونکہ بَرَزُوْا لِلّٰهِ جَمِيْعًا میں لفظ جَمِيْعًا سب کو شامل ہے کفار اور مؤمنین کی تفصیل سے اس کی تتمیم ہوگئی۔

ثواب مؤمنین ☆ وَاُدْخِلَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا (الی قولہ تعالیٰ) تَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ ۞ اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے وہ ایسے باغوں میں داخل کئے جائیں گے جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی (اور) وہ ان میں اپنے پروردگار کے حکم سے ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے (اور) وہاں ان کو سلام اس لفظ سے کیا جاوے گا السلام علیکم (یعنی باہم بھی فرشتوں کی طرف سے بھی لقولہ تعالیٰ اِلَّا قِيْلًا سَلٰمًا سَلٰمًا [الواقعة : ٢٦] ولقولہ تعالیٰ : وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ مِّنْ كُلِّ بَابٍ ۚ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ ۔ (الایة)۔ ربط: اوپر شروع سے یہاں تک رسالت اور معاد کا ذکر ہو چکا آگے توحید کا بیان ہے پس اول کلمۂ توحید کی فضیلت اور کلمۂ کفر وشرک کی مذمت مثال سے بھی اَلَمْ تَرَ كَيْفَ الخ میں اور اثر سے بھی يُثَبِّتُ اللّٰهُ الخ میں ذکر کی گئی پھر مشرکین کی مذمت کی نعم الٰہیہ کا مقابلہ کفر سے کیا: اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ الخ میں اور موحدین کی فضیلت اشارۃً اور ان کو نعیم الٰہیہ کے شکر کی تاکید قُلْ لِّعِبَادِيَ الخ میں بیان کی گئی پھر توحید کے دلائل مع تعداد بعض نعم الٰہیہ اَللّٰهُ الَّذِيْ الخ میں مذکور ہوئے۔

فضل کلمۂ توحید وشناعت کلمۂ شرک ببیان مثال واثر ☆ اَلَمْ تَرَ كَيْفَ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً (الی قولہ تعالیٰ) وَيَفْعَلُ اللّٰهُ مَا يَشَآءُ ۞ کیا آپ کو معلوم نہیں (یعنی اب معلوم ہوگیا) کہ اللہ تعالیٰ نے کسی (اچھی اور موقع کی) مثال بیان فرمائی ہے کلمہ طیبہ کی (یعنی کلمۂ توحید وایمان کی) کہ وہ مشابہ ہے ایک پاکیزہ درخت کے (مراد کھجور کا درخت ہے) جس کی جڑ (زمین کے اندر) خوب گڑی ہوئی ہو اور اس کی شاخیں اونچائی میں جا رہی ہوں (اور) وہ (درخت) خدا کے حکم سے ہر فصل میں (یعنی جب اس کی فصل آ جاوے) اپنا پھل دیتا ہو (یعنی خوب پھلتا ہو کوئی فصل ماری نہ جاتی ہو اسی طرح کلمۂ توحید یعنی لا الٰہ الا اللہ کی ایک جڑ ہے یعنی اعتقاد جو مؤمن کے قلب میں استحکام کے ساتھ جائے گیر ہے اور اس کی کچھ شاخیں ہیں یعنی اعمال صالحہ جو ایمان پر مرتب ہوتے ہیں جو بارگاہِ قبولیت میں آسمان کی طرف لے جائے جاتے ہیں پھر ان پر رضائے دائمی کا ثمرہ مرتب ہوتا ہے) اور اللہ تعالیٰ (اس قسم کی) مثالیں لوگوں (کے بتلانے) کے واسطے اس لئے بیان فرماتے ہیں تاکہ وہ (لوگ معانی مقصودہ کو) خوب سمجھ لیں (کیونکہ مثال سے مقصود کی خوب توضیح ہو جاتی ہے) اور گندہ کلمہ کی (یعنی کلمۂ کفر وشرک کی) مثال ایسی ہے جیسے ایک خراب درخت ہو (مراد درخت حنظل ہے) کہ وہ (زمین کے اوپر ہی اوپر سے اکھاڑ لیا جاوے اور) اس کو (زمین میں) کچھ ثبات نہ ہو (خراب فرمایا باعتبار اس کی بو اور مزہ اور رنگ کے یا اس کے پھل کی بو اور مزہ اور رنگ کے یہ صفت طیبہ کے مقابل ہوئی اور اوپر سے اکھاڑنے کا مطلب یہ ہے کہ جڑ اس کی دور تک نہیں ہوتی اوپر ہی رکھی ہوتی ہے یہ اَصْلُهَا ثَابِتٌ کے مقابل فرمایا اور مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ۔ اسی کی تاکید کے لئے فرمایا اور اس کی شاخوں کا اونچا نہ جانا اور پھل کا تفکہاً مطلوب نہ ہونا ظاہر ہے یہی حال کلمۂ کفر کا ہے کہ گو کافر کے دل میں اس کی جڑ ہے مگر حق کے سامنے اس کا مضمحل و مطلوب ہو جانا مشابہ اسی کے ہے جیسے اس کی جڑ ہی نہیں قال تعالیٰ : حُجَّتُهُمْ دَاحِضَةٌ اور شاید مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ کی تصریح سے کفر کا یہی اضمحلال ومغلوبیت بتلانا مقصود ہو اور چونکہ اس کے اعمال مقبول نہیں ہوتے اس لئے فروع فی السماء بھی منفی ہے اور چونکہ اس کے اعمال پر رضائے الٰہی مرتب نہیں ہوتی اس لئے پھل کی نفی بھی ظاہر ہے اور چونکہ قبول ورضا کا کفر میں اصلاً احتمال نہیں اسی لئے مشبہ بہ کی جانب میں فروع اور ثمر کا ذکر قطعاً مطروح ومتروک فرما دیا ہو بخلاف نفس کفر کے کہ اس کا ذکر اس لئے کیا گیا کہ اسکا وجود محسوس بھی ہے اور احکام جہاد وغیرہ میں معتبر بھی ہے یہ تو دونوں کی مثال ہوگئی آگے اثر کا بیان ہے کہ) اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو اس پکی بات (یعنی کلمۂ طیبہ ثابت الاصل کی برکت) سے (جس کا اوپر ذکر ہوا) ایمان والوں کو دنیا اور آخرت (دونوں جگہوں) میں (دین میں اور امتحان میں) مضبوط رکھتا ہے اور (اس کلمۂ خبیثہ کی نحوست سے) ظالموں (یعنی کافروں) کو (دونوں جگہ دین میں اور امتحان میں بچلا دیتا ہے اور (کسی کو ثابت رکھنے اور کسی کو بچلا دینے میں ہزاروں حکمتیں ہیں پس) اللہ تعالیٰ (اپنی حکمت سے) جو چاہتا ہے کرتا ہے ف: حنظل تنہ دار نہیں ہوتا اس کو شجرہ مجازاً فرما دیا گیا اور شجرہ طیبہ اور شجرہ خبیثہ کی یہ تفسیریں حدیث میں آئی ہیں اورده الدر المنثور عن الترمذی والنسائی والبزار وابی یعلی وابن جریر وابن ابی حاتم وابن حبان والحاکم مع تصحیحه وابن مردویه عن انس مرفوعًا خرما کا طیب ہونا تو ظاہر ہے اور حنظل کو خبیث باعتبار بو اور مزہ اور بعض مضرتوں کے فرمایا جو کتب طبیہ میں مذکور ہیں اور يُثَبِّتُ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا سے مراد یہ ہے کہ شیاطین الانس والجن کے اضلال واغوا کا اس پر اثر نہیں ہوتا اور مرتے دم تک ایمان پر قائم رہتا ہے اور يُثَبِّتُ فِي الْاٰخِرَةِ سے مراد قبر میں نکیرین کے سوال کا صحیح صحیح اور اطمینان سے جواب دے دینا ہے یہ تفسیر بکثرت حدیثوں میں آئی ہے البتہ اکثر حدیثوں میں مجموعی طور پر آیت کی یہ تفسیر آئی ہے جس سے بعض نے اس کو تثبت فی الحیوة الدین کی تفسیر قرار دی ہے اور

www.besturdubooks.net

آخرت سے مراد زمانہ قیامت کا لیا ہے لیکن درمنثور میں ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً بالتخصیص تفسیر منقول ہوئی ہے **قال فی الأخرة القبر اخرجه الطبرانی فی الاوسط وابن مردویه** اور اسی کے مناسب اضلال **فِی الدُّنْیَا وَ فِی الْاٰخِرَةِ** کی تفسیر ہو جاوے گی چنانچہ دنیا میں ان کی ضلالت ظاہر ہے اور قبر میں حسب تصریح احادیث ان سے جواب نہ بن پڑے گا بلکہ متحیرانہ جواب دے گا **هاه هاه لا ادری** چنانچہ درمنثور میں ابن عباس رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ کافر کے جواب نہ دے سکنے کا ذکر کر کے انہوں نے کہا **فذلك قولهٗ ویضل الله الظٰلمین اخرجه ابن جریر وابن ابی حاتم والبیهقی والله اعلم** اور اس مقام پر ایک اشکال ہے وہ یہ کہ سوال قبر کا علم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو مدینہ میں ہوا ہے چنانچہ سورۂ مؤمن ختم قصہ فرعون پر اس کا بیان آوے گا پس اس آیہ کی کہ سورۂ مکیہ کا جزو ہے تفسیر کرنا سوال قبر سے کیسے صحیح ہے جواب یہ ہے کہ یا تو یہ آیت مدنی ہوگی اور سورت کا مکیہ ہونا باعتبار اکثر اجزاء کے ہے اور یا یہ ہے کہ یہ آیت عام ہے قبر اور یوم قیامت کے اور لفظ آخرت دونوں کو شامل ہے لیکن اس کی تفسیر کے ایک جزو کا علم تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو مکہ میں دیا گیا دوسرا جزو مخفی رکھا گیا وہ مدینہ میں بتلا دیا گیا اور نصوص سے قیامت کے دن بھی سوال ہونا ثابت ہے کقولہ تعالیٰ : فَلَنَسْئَلَنَّ الَّذِیْنَ اُرْسِلَ اِلَیْهِمْ وَلَنَسْئَلَنَّ الْمُرْسَلِیْنَ [الأعراف : ٦] مگر کفار سے وہ سوال بطور حساب عسیر کے ہوگا اور اہل ایمان سے بطور حساب یسیر کے ہوگا اور اس میں تثبیت سے اعانت فرمائی جاوے گی اور **نزلت فی العذاب القبر** جو آیا ہے مراد اس سے تخصیص نہیں بلکہ مقصود یہ ہے کہ یہ بھی اس کا مدلول ہے۔

اَلْحَوَاشِیْ :(۱) یعنی وَفَرْعُهَا فِی السَّمَآءِ اور تُؤْتِیْۤ اُكُلَهَا کا مقابل اس واسطے بیان نہیں فرمایا کہ اس شجرہ خبیثہ کے پھل کا نا قابل ہونا اور اس کی شاخوں کا اونچا نہ ہونا ظاہر ہے ۱۲ منہ۔ (۲) یعنی وجہ تشبیہ کی تصریح سے مشبہ کی اس خاص حالت کا بتلانا مقصود ہو کہ وہ اضمحلال مذکور السابق ہے ۱۲ منہ۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَةِ : ا **قوله فی کشجرة طیبة** کروہ الخ **هذه الکاف بیانیة تستعمل فی الفارسیة فی صدر الجملة البیانیة** ۱۲۔

اَللُّغَاتُ: **قوله اجتثت اصله اخذ الجثة** ۱۲۔

اَلنَّحْوُ : **قوله کلمة طیبة** بدل من مثلا و **کشجرة** خبر مبتدأ ای هی وقوله **کشجرة خبیثة** فیه حذف المضاف ای کمثل شجرة خبیثة ووجهه ظاهر ۱۲۔

اَلْبَلَاغَةُ: **قوله ومثل کلمة خبیثة فی الروح ولعل تغییر الاسلوب حیث لم یقل وضرب الله مثلا خبیثة الخ للایذان بان ذلك غیر مقصود بالبیان وانما ذلك امر ظاهر یعرفه کل احد آه قلت لعل کونه غیر مقصود لکون الکفر غیر مقصود فکذا ذکره فانما الاهتمام للمحبوب قلت ولعل عدم ذکر الاغصان والثمار فی هذا المثال مبنی علی کونه غیر مقصود فاقتضی الاجمال والاختصار والله اعلم** ۱۲۔ **قوله فاحلوا یتعرض بحلولهم لان الاحلال مستلزم للحلول ای مستلزم شرعاً یعنی ثابت بالنصوص** ۱۲۔

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِیْنَ بَدَّلُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ كُفْرًا وَّ اَحَلُّوْا قَوْمَهُمْ دَارَ الْبَوَارِ ﴿۲۸﴾ جَهَنَّمَ یَصْلَوْنَهَا ؕ وَ بِئْسَ الْقَرَارُ ﴿۲۹﴾

وَ جَعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا لِّیُضِلُّوْا عَنْ سَبِیْلِهٖ ؕ قُلْ تَمَتَّعُوْا فَاِنَّ مَصِیْرَكُمْ اِلَى النَّارِ ﴿۳۰﴾ قُلْ لِّعِبَادِیَ الَّذِیْنَ

اٰمَنُوْا یُقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَ یُنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّ عَلَانِیَةً مِّنْ قَبْلِ اَنْ یَّاْتِیَ یَوْمٌ لَّا بَیْعٌ فِیْهِ وَ لَا خِلٰلٌ ﴿۳۱﴾

اَللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ وَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ۚ وَ سَخَّرَ لَكُمُ

الْفُلْكَ لِتَجْرِیَ فِی الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ ۚ وَ سَخَّرَ لَكُمُ الْاَنْهٰرَ ﴿۳۲﴾ وَ سَخَّرَ لَكُمُ الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ دَآىِٕبَیْنِ ۚ وَ سَخَّرَ

لَكُمُ الَّیْلَ وَ النَّهَارَ ﴿۳۳﴾ وَ اٰتٰىكُمْ مِّنْ كُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْهُ ؕ وَ اِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا ؕ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَظَلُوْمٌ كَفَّارٌ ﴿۳۴﴾ ع ۵ ۷ ۱۷

کیا آپ نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جنہوں نے بجائے نعمت الٰہی کے کفر کیا اور جنہوں نے اپنی قوم کو ہلاکت کے گھر یعنی جہنم میں پہنچایا وہ اس میں داخل ہوں گے اور وہ رہنے کی بری جگہ ہے اور ان لوگوں نے اللہ کے ساجھی قرار دیئے تا کہ دوسروں کو بھی اس کے دین سے گمراہ کر دیں آپ کہہ دیجئے کہ چندے عیش کر لو کیونکہ اخیر انجام تمہارا دوزخ میں جانا ہے۔ جو میرے خاص ایمان والے بندے ہیں ان سے کہہ دیجئے کہ وہ نماز کی پابندی رکھیں اور ہم نے جو کچھ ان کو دیا ہے اس میں سے پوشیدہ اور آشکارا خرچ کیا کریں ایسے دن کے آنے سے پہلے جس میں نہ خرید و فروخت ہوگی اور نہ دوستی ہوگی۔ اللہ ایسا ہے جس نے آسمانوں کو اور زمین کو پیدا کیا اور آسمان سے پانی (یعنی مینہ) برسایا پھر اس پانی سے پھلوں کی قسم سے تمہارے لئے رزق پیدا کیا اور تمہارے نفع کے واسطے کشتی (اور جہاز) کو مسخر بنایا تا کہ وہ خدا کے حکم سے (وقدرت سے)

www.besturdubooks.net

دریا میں چلے اور تمہارے نفع کے واسطے نہروں کو (اپنی قدرت کا) مسخر بنایا اور تمہارے نفع کے واسطے سورج اور چاند کو (اپنی قدرت کا) مسخر بنایا جو ہمیشہ چلتے ہی میں رہتے ہیں اور تمہارے نفع کے واسطے رات اور دن کو (اپنی قدرت کا) مسخر بنایا اور جو چیز تم نے مانگی تم کو ہر چیز دی اور اللہ تعالیٰ کی نعمتیں اگر (ان کو) شمار کرنے لگو تو شمار نہیں لا سکتے (مگر) سچ یہ ہے کہ آدمی ہی بے انصاف اور بڑا ہی ناشکرا ہے۔ ۞

تفسیر ربط: آیات بالا کی تمہید میں مذکور ہو چکا ہے۔

مذمت کفار و مشرکین و مدح مؤمنین ☆ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ بَدَّلُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ كُفْرًا وَّاَحَلُّوْا (الی قولہ تعالیٰ) مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خِلٰلٌ ۞ کیا آپ نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا (یعنی ان کا حال عجیب ہے) جنہوں نے بجائے نعمت الٰہی (کے شکر) کے کفر کیا (مراد اس سے کفار مکہ) ہیں کذا فی الدر المنثور عن ابن عباسؓ) اور جنہوں نے اپنی قوم کو ہلاکت کے گھر یعنی جہنم میں پہنچایا (یعنی ان کو بھی کفر کی تعلیم کی جس سے) وہ اس (جہنم) میں داخل ہوں گے اور وہ رہنے کی بری جگہ ہے (اس میں اشارہ ہو گیا کہ ان کا داخل ہونا قرار اور دوام کے لئے ہوگا) اور (اوپر جو کہا گیا ہے کہ ان لوگوں نے شکر نعمت کی جگہ کفر کیا اور اپنی قوم کو جہنم میں پہنچایا اس کفر اور پہنچانے کا بیان یہ ہے کہ) ان لوگوں نے اللہ کے ساجھی قرار دیئے تا کہ (دوسروں کو بھی) اس کے دین سے گمراہ کریں (پس ساجھی قرار دینا کفر ہے اور دوسروں کو گمراہ کرنا جہنم میں پہنچانا ہے) آپ (ان سب سے) کہہ دیجئے کہ چندے عیش کر لو کیونکہ آخر انجام تمہارا دوزخ میں جانا ہے (عیش سے مراد حالت کفر میں رہنا کیونکہ ہر شخص کو اپنے مذہب میں لذت ہوتی ہے یعنی اور چندے کفر کر لو یہ تہدید ہے اور مطلب کیونکہ کا یہ ہے کہ چونکہ جہنم میں جانا تو تمہارا ضروری ہے اس واسطے فکر سے باز آنا تمہارا مشکل ہے خیر اور چندے گذار لو پھر تو اس مصیبت کا سامنا ہو ہی گا اور) جو میرے خاص ایمان والے بندے ہیں (ان کو اس کفر نعمت کے وبال پر متنبہ کر کے اس سے محفوظ رکھنے کے لئے) ان سے کہہ دیجئے کہ وہ (نعمت الٰہی کے اس طرح شکر گذار رہیں کہ) نماز کی پابندی رکھیں اور ہم نے جو کچھ ان کو دیا ہے اس میں سے (حسب قواعد شرعیہ) پوشیدہ اور آشکارا (جیسا موقع ہو) خرچ کیا کریں ایسے دن کے آنے سے پہلے جس میں نہ خرید و فروخت ہوگی اور نہ دوستی ہوگی (مطلب یہ کہ عبادات بدنیہ و مالیہ کو ادا کرتے رہیں کہ یہی شکر ہے نعمت کا)

ف: اس میں مؤمنین کی کئی طرح مدح ہو گئی ایک تو اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا سے ان کو تعبیر فرمایا پھر ان کو عبادی تشریفاً فرمایا پھر ان کو براہِ عنایت شکر کی ترغیب دے کر کفران کی ایک آفت عظیمہ سے بچایا۔ تمہید بالا میں اشارۃً سے یہی مراد ہے اور بیع و خلت کی نفی پارۂ سوم کے پہلے رکوع میں بھی کی گئی ہے وہاں ملاحظہ کر لیا جاوے اور مقصود نفی خلال سے یہ ہے کہ یہ مستقلاً نافع نہیں ہے نہ یہ کہ ایمان کے ہوتے ہوئے بھی جب کہ حب فی اللہ ہونا نافع نہیں ہے۔

ربط: تمہید بالا میں مذکور ہو چکا۔

اثبات توحید و تعداد بعض نعم ☆ اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّ الْاِنْسَانَ لَظَلُوْمٌ كَفَّارٌ ۞ اللہ ایسا ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور آسمان سے پانی (یعنی مینہ) برسایا پھر اس پانی سے پھلوں کی قسم سے تمہارے لئے رزق پیدا کیا اور تمہارے نفع کے واسطے کشتی (اور جہاز) کو (اپنی قدرت کا) مسخر بنایا تا کہ وہ خدا کے حکم (و قدرت) سے دریا میں چلے (اور تمہاری تجارت اور سفر کی غرض حاصل ہو) اور تمہارے نفع کے واسطے نہروں کو (اپنی قدرت کا) مسخر بنایا (تا کہ اس سے پیو اور آبپاشی کرو اور اس میں کشتی چلاؤ) اور تمہارے نفع کے واسطے سورج اور چاند کو (اپنی قدرت کا) مسخر بنایا جو ہمیشہ چلنے ہی میں رہتے ہیں (تا کہ تم کو روشنی اور گرمی وغیرہ کا فائدہ ہو) اور تمہارے نفع کے واسطے رات اور دن کو (اپنی قدرت کا) مسخر بنایا (تا کہ تم کو معیشت اور آسائش کا نفع حاصل ہو) اور جو جو چیز تم نے مانگی (اور وہ تمہارے مناسب حال ہوئی) تم کو ہر چیز دی اور (اشیائے مذکورہ ہی پر کیا منحصر ہے) اللہ تعالیٰ کی نعمتیں (تو اس قدر بے شمار ہیں کہ) اگر (ان کو) شمار کرنے لگو تو شمار میں نہیں لا سکتے (مگر) سچ یہ ہے کہ آدمی بہت ہی بے انصاف بڑا ہی ناشکر ہے (کہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی قدر اور شکر نہیں کرتا بلکہ اور بالعکس کفر و معصیت کرنے لگتا ہے جیسا اوپر آیا ہے اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ بَدَّلُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ كُفْرًا) ف: آسمان سے پانی نازل ہونے پر بعض کو شبہ ہوا ہے کہ بعض اوقات اونچے پہاڑوں پر کھڑے ہونے سے نیچے پانی برستا ہوا نظر آتا ہے اور یہ شخص خشک کھڑا رہتا ہے اگر آسمان سے پانی برستا تو اس کے اوپر بھی برستا مگر یہ شبہ نہایت لچر ہے ممکن ہے کہ وہ پانی آسمان سے بادلوں میں ایسے طور پر ملائکہ کی معرفت آ جاوے کہ اوپر سے تقاطر نہ ہو پھر بادل سے تقاطر ہوتا ہو اور ہم بارش میں تسخیر کے دخل ہونے کے منکر نہیں ممکن ہے کہ دونوں امر کا مجموعہ سبب ہو یا کبھی ایک طریق ہو کبھی دوسرا۔ وَاللّٰهُ اَعْلَم اور اٰتٰىكُمْ مِّنْ كُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْهُ میں جو قید لگائی کہ وہ مناسب حال ہو اس سے شبہ جاتا رہا کہ بعض اشیاء ہم مانگتے ہیں اور وہ نہیں ملتیں سو وہ حکمت الٰہیہ میں اس سائل کے مناسب نہ ہوگی اور بعض نے جواب دیا ہے کہ لفظ کل تکثیر کے لئے ہے نہ کہ تعمیم کے لئے جیسے فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ اَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ اور اگر تقریر ترجمہ پر یہ شبہ ہو کہ اٰتٰىكُمْ مِّنْ كُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْهُ الخ میں تو کل نعمتیں آ گئیں پھر اس کے کیا معنی کہ اشیائے مذکورہ میں انحصار نہیں الخ تو اس کا جواب یہ ہے کہ كُلِّ مَا

www.besturdubooks.net

سَاَلْتُمُوْهُ نعم مسؤلہ کو عام ہے نعم غیر مسئولہ تو اس میں داخل نہیں اس لئے وَاِنْ تَعُدُّوْا الخ میں وہ سب داخل کی گئیں اور اللہ تعالیٰ کی نعمتیں بے شمار اس لئے ہیں کہ اول تو جو منافع اس کو بالفعل حاصل ہیں اور جو مضرتیں اس سے مدفوع ہیں وہ خود کثرت سے ہیں پھر ان منافع کے اسباب وعلل ومقدمات ابتدا سے سلسلۂ حوادث تک اور منافع کے مصالح وحکم متاخرہ کہ وہ بھی نعمتیں ہیں ان میں اور زیادہ کثرت ہے کہ عادۃً اسکا احاطہ نہیں ہوسکتا یہی مطلب ہے لَاتُحْصُوْهَا کا اور اسکو بے شمار سے تعبیر کیا گیا ہے اور یہ جو فرمایا ہے اِنَّ الْاِنْسَانَ مراد اس سے جنس ہے گو بعض افراد کے اعتبار سے سہی پس یہ شبہ لغو ہے کہ ہر انسان تو ایسا نہیں۔

تَرْجَمَۃُ مَسَائِلِ السُّلُوْكِ: قولہ تعالیٰ : وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ الخ یہ نعمت اہل نار تک پر ہے چنانچہ روح میں ابن مسعودؓ کی روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ کا اہل نار پر بھی احسان ہے کیونکہ نار سے بھی زیادہ عذاب سے سزا دینے پر قادر ہے۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃِ : ۱ قوله في نعمت الله شكر اشارة الى تقدير المضاف ۱۲ منه۔ ۲ قوله في سخر لكم تمہارے نفع اشارة الى ان اللام للانتفاع لا للصلة فلا يرد ان ما ذكر ههنا ليس في قدرتنا كما قال البيضاوي لانتفاعكم والقرينة على هذا المعنى قوله بامره ۱۲ منه۔ ۳ قوله في نعمت الله نعمتیں اشارة الى ارادة الجنس ۱۲۔ ۴ قوله في تعدوا شمار کرنے لگو اشارة الى دفع ايراد وهو ان العدو الاحصاء متحدان فكيف يترتب عدم شئ على وجوه والجواب ان معنى الشرط ان تشرعوا فاندفع الايراد ۱۲ منه۔

اِخْتِلَافُ الْقِرَاءَۃِ: في قراءة ليضلوا لازمًا ۱۲۔

اللُّغَاتُ: قوله دائبين في الحاشية على البيضاوي الدواب مرور الشئ في العمل على عادته فيه من الداب وهو العادة ۱۲۔

النَّحْوُ : قوله يقيموا الصلوٰة في البيضاوي يجوز ان يقدر لام الامر ليصح تعلق القول بها اى بالاقامة والانفاق وانما حسن ذلك ولم يحسن قوله محمد[1] تفد نفسك كل نفس اى لتفد لدلالة قل عليه ولا دلالة في محمد تفد ۱۲۔ قوله من كل ما سألتموه هي ابتدائية ولا حاجة على ما فسرنا الى التبعيض ۱۲۔

الْبَلَاغَۃُ : قوله ليضلوا في البيضاوي وليس الضلال والاضلال غرضهم لكن لما كان نتيجته جعل كالغرض ۱۲۔ قوله فان مصيركم في البيضاوي وفي التهديد بصيغة الامر ايذان بان المهدد عليه كالمطلوب لافضائه الى المهدد به وان الامرين كائنان لا محالة ولذلك علله بقوله فان مصيركم الخ وان المخاطب لانهما كه فيه كالمامور به من آمر مطاع ۱۲۔

الْحَوَاشِيْ :(۱) هو منادى وحرف النداء محذوف ۱۲ منه۔

وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا وَّاجْنُبْنِيْ وَبَنِيَّ اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ ﴿۳۵﴾ رَبِّ اِنَّهُنَّ اَضْلَلْنَ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ ۚ
فَمَنْ تَبِعَنِيْ فَاِنَّهٗ مِنِّيْ ۚ وَمَنْ عَصَانِيْ فَاِنَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۳۶﴾ رَبَّنَآ اِنِّيْٓ اَسْكَنْتُ مِنْ ذُرِّيَّتِيْ بِوَادٍ غَيْرِ ذِيْ زَرْعٍ عِنْدَ
بَيْتِكَ الْمُحَرَّمِ ۙ رَبَّنَا لِيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ فَاجْعَلْ اَفْـِٕدَةً مِّنَ النَّاسِ تَهْوِيْٓ اِلَيْهِمْ وَارْزُقْهُمْ مِّنَ الثَّمَرٰتِ
لَعَلَّهُمْ يَشْكُرُوْنَ ﴿۳۷﴾ رَبَّنَآ اِنَّكَ تَعْلَمُ مَا نُخْفِيْ وَمَا نُعْلِنُ ۭ وَمَا يَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ فِي الْاَرْضِ
وَلَا فِي السَّمَاۗءِ ﴿۳۸﴾ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ وَهَبَ لِيْ عَلَى الْكِبَرِ اِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ ۭ اِنَّ رَبِّيْ لَسَمِيْعُ الدُّعَاۗءِ ﴿۳۹﴾
رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ڰ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَاۗءِ ﴿۴۰﴾ رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ
يَقُوْمُ الْحِسَابُ ﴿۴۱﴾ وَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ غَافِلًا عَمَّا يَعْمَلُ الظّٰلِمُوْنَ ۭ اِنَّمَا يُؤَخِّرُهُمْ لِيَوْمٍ تَشْخَصُ ع ۶ ۱۸
فِيْهِ الْاَبْصَارُ ﴿۴۲﴾ مُهْطِعِيْنَ مُقْنِعِيْ رُءُوْسِهِمْ لَا يَرْتَدُّ اِلَيْهِمْ طَرْفُهُمْ ۚ وَاَفْـِٕدَتُهُمْ هَوَاۗءٌ ﴿۴۳﴾ وَاَنْذِرِ
النَّاسَ يَوْمَ يَاْتِيْهِمُ الْعَذَابُ فَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا رَبَّنَآ اَخِّرْنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۙ نُّجِبْ دَعْوَتَكَ وَنَتَّبِعِ الرُّسُلَ ۭ اَوَلَمْ تَكُوْنُوْٓا

www.besturdubooks.net

أَقْسَمْتُمْ مِّنْ قَبْلُ مَا لَكُمْ مِّنْ زَوَالٍ ﴿۴۴﴾ وَسَكَنْتُمْ فِيْ مَسٰكِنِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَتَبَيَّنَ لَكُمْ كَيْفَ فَعَلْنَا بِهِمْ
وَضَرَبْنَا لَكُمُ الْاَمْثَالَ ﴿۴۵﴾ وَقَدْ مَكَرُوْا مَكْرَهُمْ وَعِنْدَ اللّٰهِ مَكْرُهُمْ ؕ وَاِنْ كَانَ مَكْرُهُمْ لِتَزُوْلَ مِنْهُ الْجِبَالُ ﴿۴۶﴾ فَلَا
تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ مُخْلِفَ وَعْدِهٖ رُسُلَهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ﴿۴۷﴾ يَوْمَ تُبَدَّلُ الْاَرْضُ غَيْرَ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتُ
وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ﴿۴۸﴾ وَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَئِذٍ مُّقَرَّنِيْنَ فِي الْاَصْفَادِ ﴿۴۹﴾ سَرَابِيْلُهُمْ مِّنْ قَطِرَانٍ
وَّتَغْشٰى وُجُوْهَهُمُ النَّارُ ﴿۵۰﴾ لِيَجْزِيَ اللّٰهُ كُلَّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۵۱﴾ هٰذَا بَلٰغٌ لِّلنَّاسِ وَلِيُنْذَرُوْا
بِهٖ وَلِيَعْلَمُوْٓا اَنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ وَّلِيَذَّكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۵۲﴾ ع ۷ ۱۱ ۱۹

اور جب کہ ابراہیم علیہ السلام نے کہا اے میرے رب اس شہر (مکہ) کو امن والا بنا دے اور مجھ کو اور میرے خاص فرزندوں کو بتوں کی عبادت سے بچائے رکھئے اے میرے پروردگار ان بتوں نے بہتیرے آدمیوں کو گمراہ کیا پھر جو شخص میری راہ پر چلے گا وہ تو میرا ہی ہے اور جو شخص (اس بات میں) میرا کہنا نہ مانے سو آپ تو کثیر المغفرت (اور) کثیر رحمت ہیں۔ اے ہمارے رب میں اپنی اولاد کو آپ کے معظم گھر کے قریب ایک (کف دست) میدان میں جو زراعت کے قابل نہیں آباد کرتا ہوں اے ہمارے رب تاکہ وہ لوگ نماز کا اہتمام رکھیں تو آپ کچھ لوگوں کے قلوب ان کی طرف مائل کر دیجئے اور ان کو محض اپنی قدرت سے پھل کھانے کو دیجئے تاکہ یہ لوگ (ان نعمتوں کا) شکر کریں۔ اے ہمارے رب آپ کو تو سب کچھ معلوم ہے جو ہم اپنے دل میں رکھیں اور جو ظاہر کریں اور اللہ تعالیٰ سے تو کوئی چیز بھی مخفی نہیں نہ زمین میں اور آسمان میں تمام حمد و ثنا خدا کے لئے سزاوار) ہے جس نے مجھ کو بڑھاپے میں اسمٰعیل اور اسحٰق (دو بیٹے) عطا فرمائے حقیقت میں میرا رب دعا کا بڑا سننے والا ہے اے میرے رب مجھ کو بھی نماز کا (خاص) اہتمام کرنے والا رکھیے اور میری اولاد میں بھی بعضوں کو اے ہمارے رب اور میری (یہ) دعا قبول فرمائیے (اور) اے ہمارے رب میری مغفرت کر دیجئے اور میرے ماں باپ کی بھی اور کل مؤمنین کی بھی حساب قائم ہونے کے دن اور (اے مخاطب) جو کچھ یہ ظالم کافر لوگ کر رہے ہیں اس سے خدا تعالیٰ کو بے خبر مت سمجھو (کیونکہ) ان کو صرف اس روز تک مہلت دے رکھی ہے جس میں ان لوگوں کی نگاہیں پھٹی رہ جاویں گی دوڑتے ہوں گے اپنے سر اوپر اٹھا رکھے ہوں گے اور ان کی نظر ان کی طرف ہٹ کر نہ آوے گی اور ان کے دل بالکل بدحواس ہوں گے اور آپ ان لوگوں کو اس دن سے ڈرائیے جس دن ان پر عذاب آپڑے گا پھر یہ ظالم لوگ کہیں گے کہ اے اللہ ہمارے رب ایک مدت قلیل تک ہم کو اور مہلت دیجئے ہم آپ کا سب کہنا مان لیں گے اور پیغمبروں کا اتباع کریں گے کیا تم نے اس کے قبل قسمیں نہ کھائی تھیں کہ تم کو کہیں جانا ہی نہیں ہے حالانکہ تم ان (پہلے) لوگوں کے رہنے کی جگہوں میں رہتے تھے جنہوں نے اپنی ذات کا نقصان کیا تھا اور تم کو یہ بھی معلوم ہو گیا تھا کہ ہم نے ان کے ساتھ کیونکر معاملہ کیا تھا اور ہم نے تم سے مثالیں بیان کیں اور ان لوگوں نے اپنی سی بہت ہی بڑی بڑی تدبیریں کیں تھیں اور ان کی تدبیریں اللہ کے سامنے تھیں اور واقعی ان کی تدبیریں ایسی تھیں کہ ان سے پہاڑ بھی ٹل جاویں۔ پس اللہ تعالیٰ کو اپنے رسولوں سے وعدہ خلافی کرنے والا نہ سمجھنا اللہ بے شک بڑا زبردست اور پورا بدلہ لینے والا ہے جس روز دوسری زمین بدل دی جائے گی اس زمین کے علاوہ اور آسمان بھی اور سب کے سب ایک زبردست اللہ کے روبرو پیش ہوں گے اور تو اس روز مجرموں (یعنی کافروں) کو زنجیروں میں جکڑے ہوئے دیکھے گا (اور) ان کے کرتے قطران کے ہوں گے اور آگ ان کے چہروں پر لپٹی ہوگی تاکہ اللہ تعالیٰ ہر (مجرم) شخص کو اس کے کئے کی سزا دے یقیناً اللہ تعالیٰ بڑی جلد حساب لینے والا ہے۔ یہ (قرآن) لوگوں کے لئے احکام پہنچاتا ہے اور تاکہ اس کے ذریعہ (عذاب سے) ڈرائے جاویں اور تاکہ اس بات کا یقین کر لیں کہ وہی ایک معبود برحق ہے اور تاکہ دانشمند لوگ نصیحت حاصل کریں۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر توحید اور نعم الٰہیہ کا ذکر تھا آگے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بعض واقعات مذکور ہیں جن میں شرک کی مذمت اور بعض نعم الٰہیہ متعلقہ باہل مکہ کا ذکر ہے جس سے مضمون سابق کی تقریر ہو گئی خصوص اہل مکہ کے لئے کہ ابراہیم علیہ السلام کی اولاد میں تھے پس ان کو تنبیہ ہو گئی کہ تمہارے جدامجد شرک کو برا کہتے تھے اور تمہارے لئے بعض نعم کی دعا کر گئے تھے تم شکر کرو گے کہ جیسا لَعَلَّهُمْ يَشْكُرُوْنَ سے معلوم ہوتا ہے مگر تم نے بجائے شکر کے کفر کیا جیسا بَدَّلُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ كُفْرًا میں مذکور ہوا۔

قصہ ابراہیم علیہ السلام بتقریر توحید حق و انعام ☆ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا (الی قولہ تعالیٰ) يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ﴿۴۱﴾ اور (وہ وقت قابل یاد کرنے کے ہے) جب کہ ابراہیم (علیہ السلام) نے (حضرت اسمٰعیل اور حضرت ہاجرہ کو بحکم الٰہی میدان مکہ میں لا کر رکھنے کے وقت دعا کے طور پر) کہا

www.besturdubooks.net

کہ اے میرے رب اس شہر (مکہ) کو امن والا بنا دیجئے (کہ اس کے رہنے والے مستحق امن رہیں یعنی حرم کر دیجئے) اور مجھ کو میرے خاص فرزندوں کو بتوں کی عبادت سے (جو کہ اس وقت جہلاء میں شائع ہے) بچائے رکھیے (جیسا اب تک بچائے رکھا) اے میرے پروردگار (میں بتوں کی عبادت سے بچنے کی دعا اس لئے کرتا ہوں کہ) ان بتوں نے بہتیرے آدمیوں کو گمراہ کر دیا (یعنی ان کی گمراہی کا سبب ہو گئے اس لئے ڈر کر آپ کی پناہ چاہتا ہوں اور میں جس طرح اولاد کے بچنے کی دعا کرتا ہوں اسی طرح ان کو بھی کہتا سنتا رہوں گا) پھر (میرے کہنے سننے کے بعد) جو شخص میری راہ پر چلے گا وہ تو میرا ہے ہی (اور اس کے لئے وعدۂ مغفرت ہے ہی) اور جو شخص (اس باب میں) میرا کہنا نہ مانے سو (اس کو آپ ہدایت فرمایئے کیونکہ) آپ تو کثیر المغفرت (اور) کثیر الرحمۃ ہیں (ان کی مغفرت اور رحمت کا سامان بھی کر سکتے ہیں کہ ان کو ہدایت دیں مقصود اس دعا سے شفاعت مؤمنین کے لئے ہے اور طلب ہدایت غیر مؤمنین کے لئے ہے) اے ہمارے رب میں اپنی اولاد کو (یعنی اسمٰعیل علیہ السلام کو اور ان کے واسطہ سے ان کی نسل کو) آپ کے معظم گھر (یعنی خانہ کعبہ) کے قریب (جو کہ پہلے سے یہاں بنا ہوا تھا اور ہمیشہ سے لوگ اس کا ادب کرتے آتے تھے) ایک (کف دست) میدان میں جو (بوجہ سنگستان ہونے کے) زراعت کے قابل (بھی) نہیں آباد کرتا ہوں اے ہمارے رب (بیت المحرم کے پاس اس لئے آباد کرتا ہوں) تا کہ وہ لوگ نماز کا (خاص) اہتمام رکھیں (اور چونکہ یہ اس وقت کف دست میدان ہے) تو آپ کچھ لوگوں کے قلوب ان کی طرف مائل کر دیجئے (کہ یہاں آ کر رہیں کہیں تا کہ آبادی پر رونق ہو جاوے) اور (چونکہ یہاں زراعت وغیرہ نہیں ہے اس لئے) ان کو (محض اپنی قدرت سے) پھل کھانے کو دیجئے تا کہ یہ لوگ (ان نعمتوں کا) شکر کریں اے ہمارے رب (یہ دعائیں محض عبودیت و افتقار کے لئے ہیں۔ آپ کو اپنی حاجات کی اطلاع کے لئے نہیں کیونکہ) آپ کو تو سب کچھ معلوم ہے جو ہم اپنے دل میں رکھیں اور جو ظاہر کر دیں اور (ہمارے ظاہر و باطن پر کیا حصر ہے) اللہ تعالیٰ سے (تو) کوئی چیز بھی مخفی نہیں نہ زمین میں اور نہ آسمان میں (کچھ دعائیں آگے آویں گی اور بیچ میں بعض نعم سابقہ پر حمد و شکر کیا تا کہ شکر کی برکت سے یہ دعائیں اقرب الی القبول ہو جاویں چنانچہ فرمایا کہ) تمامی حمد (و ثنا) خدا کے لئے (سزاوار) ہے جس نے مجھ کو بڑھاپے میں اسماعیل اور اسحاق (دو بیٹے) عطا فرمائے حقیقت میں میرا رب دعا کا بڑا سننے والا (یعنی قبول کرنے والا) ہے (کہ عطائے اولاد کے متعلق میری یہ دعا: رَبِّ هَبْ لِيْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ [الصّٰفّٰت: ۱۰۰] قبول کر لی پھر اس نعمت کا شکر ادا کر کے آگے بقیہ دعائیں پیش کرتے ہیں کہ) اے میرے رب (جو میری نیت ہے اپنی اولاد کو بیت محرم کے پاس بسانے سے کہ وہ نمازوں کا اہتمام رکھیں اس کو پورا کر دیجئے اور جیسا ان کے لئے اہتمام نماز میرا مطلوب ہے اسی طرح اپنے لئے بھی مطلوب ہے اس لئے اپنے اور ان کے دونوں کے لئے دعا کرتا ہوں اور چونکہ مجھ کو وحی سے معلوم ہو گیا ہے کہ ان میں بعض غیر مؤمن بھی ہوں گے اس لئے دعا سب کے لئے نہیں کر سکتا ہوں پس ان مضامین پر نظر کر کے یہ دعا کرتا ہوں کہ) مجھ کو بھی نماز کا (خاص) اہتمام کرنے والا رکھئے اور میری اولاد میں بھی بعضوں کو (نماز کا اہتمام رکھنے والا کیجئے) اے ہمارے رب اور میری (یہ) دعا قبول کیجئے (اور) اے ہمارے رب میری مغفرت کر دیجئے اور میرے ماں باپ کی بھی اور کل مؤمنین کی بھی حساب قائم ہونے کے دن (یعنی قیامت کے روز سب مذکورین کی مغفرت کر دیجئے) **ف**: اس مقام پر ابراہیم علیہ السلام کی کئی دعائیں ہیں اور بجز مغفرت کے سب قبول ہوئیں۔

اول: مکہ کو امن والا بنانا چنانچہ وہ اس طرح قبول ہوئی کہ وہ حرم ہو گیا جس میں قتل و غارت حتیٰ کہ وحوش اور بعض نباتات کا تلف کرنا حرام ہو گیا اور حدیث میں اسی کو فرمایا ہے کہ ابراہیم علیہ السلام نے مکہ کو حرم بنوایا۔ اور میں نے ترجمہ میں مستحق امن سے اس لئے تفسیر کی کہ اگر کوئی امن کو توڑے تب بھی ابراہیم علیہ السلام کی دعا کا قبول نہ ہونا اس سے لازم نہیں آتا اور اس دعا سے کہ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ الخ یہ لازم نہیں آتا کہ اس وقت وہ شہر کی صورت میں ہو بلکہ اس کی ایسی مثال ہے کہ کوئی شخص سنار کے پاس سونا یا چاندی لے جا کر کہے **اجعل هذا الخاتم حسناً**۔ یعنی اس انگوٹھی کو اچھا بنانا تو اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ انگوٹھی بالفعل تیار ہو بلکہ ایسی ترکیب سے مقصود یہ بتلانا ہے کہ زیادہ محط فائدہ مفعول ثانی ہے پس اَجْعَلْ هٰذَا بَلَدًا اور اَجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ میں تعارض نہیں ہے اور رہا یہ کہ انہوں نے دونوں لفظ کہے تھے یا ایک سو دونوں احتمال ہیں کہ اول بَلَدًا اٰمِنًا کہا ہو جس میں بلد بنوانے کی بھی دعا ہو پھر اَلْبَلَدَ کہا جس میں زیادہ مقصود امن کی دعا ہو یا ایک لفظ کہا ہو جس میں بلدیت کی بھی درخواست مقصود تھی اور امنیت کی زیادہ مقصود تھی اس لئے حکایت میں دونوں تعبیریں صحیح ہو گئیں اول تعبیر دونوں کی مقصودیت کی بناء اور دوسری تعبیر امنیت کی زیادہ مقصودیت کی بناء پر۔

دوسری دعا: اجْنُبْنِيْ وَبَنِيَّ الخ یہ اس طرح قبول ہوئی کہ ان کے خاص صلبی فرزند اس سے محفوظ رہے پس اولاد الاولاد کے شرک سے کوئی اشکال لازم نہیں آتا رہا یہ امر کہ اپنے لئے اجْنُبْنِيْ کہنے کے کیا معنی حالانکہ وہ ہمیشہ سے منزہ تھے جواب یہ ہے کہ مقصود دوام حفظ کا تھا جیسے تقریر ترجمہ سے ظاہر ہے پھر یہ کہ دوم حفظ بھی بوجہ نبوت و عصمت کے امر یقینی تھا پھر اس کی طلب کے کیا معنی جواب حسب تحقیق روح المعانی یہ ہے کہ عصمت کا لزوم بتوفیق الٰہی ہے امر طبعی نہیں اس لئے

www.besturdubooks.net

طلب حفظ ضروری ہے۔

تیسری دعا: لِيُقِيمُوا الصَّلٰوةَ جس کی تصریح رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ الخ میں ہے اس کا قبول ہونا ظاہر ہے کہ آپ کی اولاد میں بہت عابد ہوئے بلکہ سید العابدین ہوئے۔

چوتھی دعا: فَاجْعَلْ اَفْئِدَةً یہ بھی قبول ہوئی چنانچہ اول قبیلہ جرہم نے وہاں آ کر سکونت اختیار کی پھر مختلف زمانوں میں لوگ آفاق سے آ آ کر وہاں بسا کئے۔

پانچویں دعا: وَارْزُقْهُمْ الخ یہ دوصورت سے واقع ہوا ایک طائف میں پیداوار کی کثرت دوسرے اور بلاد وامصار سے آمد۔

اب یہاں دو اشکال ہیں۔ایک من عصانی کے لئے دعائے مغفرت اس کا جواب تقریر ترجمہ سے ظاہر ہے دوسرا اشکال والدین کے لئے دعا کرنا سو اہل سیر نے والدہ کا ایمان تو نقل کیا ہے اور باپ کے لئے دعا کرنے کی توجیہ پارہ یازدہم کے رکوع دوم آیت وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ اِبْرٰهِيْمَ الخ کے ذیل میں گزر چکی ہے کہ مقصود دعائے ہدایت ہے البتہ ایک وسوسہ باقی ہے وہ یہ کہ یہ دعا بڑھاپے کی حالت میں ہوئی ہے اور ظاہر یہ ہے کہ اس وقت باپ زندہ نہ ہوگا پھر دعائے ہدایت کب متصور ہے سو اگر اس کے مرنے کی خبر ان کو پہنچ چکی ہو تو معنی یہ ہوں گے اغفرله ان مات مؤمنا۔ پھر وحی سے جب علم علی الکفر کا ہوا تو تبری فرمائی ہو واللہ اعلم اور اگر والدہ کا ایمان ثابت نہ ہو تو یہی جواب وہاں ہے اور ثمرات کے ساتھ پانی نہ مانگنے کی وجہ حالانکہ اس کی بھی ضرورت تھی اور اس وقت موجود بھی نہ تھا یہ لکھی ہے کہ وادی میں پانی تو جمع ہو ہی جاتا ہے اور اسی وجہ سے غَيْرِ ذِيْ زَرْعٍ فرمایا اور غیر ذات ماء نہ بڑھایا واللہ اعلم اور ہر چند کہ ابراہیم علیہ السلام کے علاوہ اسماعیل واسحاق علیہما السلام کے اور فرزند بھی تھے جیسا روضۃ الصفا میں منقول ہے کہ آپ نے بعد وفات سارا کے کسی کنعانی بی بی سے نکاح کیا اور سے چھ فرزند ہوئے لیکن دعا میں ان دو کا نام لینا یا اس وجہ سے ہوگا کہ اس وقت بھی دو ہوں یا اس وجہ سے کہ سب سے اشرف تھے اور جاننا چاہئے کہ ان سب دعاؤں کا ایک جلسہ میں ہونا ضرور نہیں پس یہ شبہ نہ رہا کہ اسماعیل علیہ السلام کے بچپن میں کہ متبادر اسکنت سے معلوم ہوتا ہے اسحاق کہاں تھے۔

ربط: اوپر مِنْ وَّرَآئِهٖ جَهَنَّمُ الخ میں کفار کا عذاب مذکور تھا آگے پھر وہی مضمون ہے اور درمیان میں جو توحید ورسالت کا ذکر تھا اس سے تناسب ظاہر ہے کہ اسی کے انکار سے یہ عذاب ہوتا ہے۔

عود بذکر عذاب کفار ☆ وَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ غَافِلًا عَمَّا يَعْمَلُ الظّٰلِمُوْنَ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ۝ اور (اے مخاطب) جو کچھ یہ ظالم (کافر) لوگ کر رہے ہیں اس سے خدا تعالیٰ کو (جلدی عذاب نہ دینے کی بنا پر) بے خبر مت سمجھ (کیونکہ) ان کو صرف اس روز تک مہلت دے رکھی ہے جس میں ان لوگوں کی نگاہیں (مارے حیرت اور ہیبت کے) پھٹی رہ جاویں گی (اور وہ موقف حساب کی طرف حسب الطلب) دوڑتے ہوں گے (اور فرط حیرت سے) اپنے سر اوپر اُٹھا رکھے ہوں گے (اور) ان کی نظر ان کی طرف ہٹ کر نہ آوے گی (یعنی ایسی ٹکٹکی بندھے گی کہ آنکھ نہ جھپکیں گے) اور ان کے دل (شدت ہول سے) بالکل بدحواس ہوں گے اور (جب وہ دن آ جاوے گا پھر مہلت نہ ہوگی پس) آپ ان لوگوں کو اس دن (کے آنے) سے ڈرایئے جس دن ان پر عذاب آ پڑے گا پھر یہ ظالم لوگ کہیں گے کہ اے ہمارے رب ایک مدت قلیل تک ہم کو (اور) مہلت دے دیجئے (اور دنیا میں پھر بھیج دیجئے) ہم (اس مدت میں) آپ کا سب کہنا مان لیں گے اور پیغمبروں کا اتباع کریں گے (جواب میں ارشاد ہوگا کہ کیا ہم نے دنیا میں تم کو مہلت طویلہ نہ دی تھی اور) کیا تم نے (اس مہلت کے طول ہی کے سبب) اس کے قبل (دنیا میں) قسمیں نہ کھائیں تھیں کہ تم کو (دنیا سے) کہیں جانا ہی نہیں ہے (یعنی قیامت کے منکر تھے اور اس پر قسم کھاتے تھے کقولہ تعالیٰ: وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ ۙ لَا يَبْعَثُ اللّٰهُ مَنْ يَّمُوْتُ ۭ [النحل: ۳۸] حالانکہ (اسباب منع انکار کے سب مجتمع تھے چنانچہ) تم ان (پہلے) لوگوں کے رہنے کی جگہوں میں رہتے تھے جنہوں نے کفر وانکار قیامت کر کے) اپنی ذات کا نقصان کیا تھا اور تم کو (تواتر اخبار سے) یہ بھی معلوم ہو گیا تھا کہ ہم نے ان کے ساتھ کیونکر معاملہ کیا تھا (کہ ان کے کفر وانکار پر ان کو سزائیں دیں اس سے تم کو معلوم ہو سکتا ہے کہ انکار کرنا موجب غضب ہے پس تصدیق واجب ہے اور ان کے مساکن میں رہنا ہر وقت ان کے ان حالات کا مذکر ہو سکتا تھا پس انکار کی کسی وقت گنجائش نہ تھی) اور (علاوہ ان واقعات کے سننے کے جو کہ عبرت کے لئے کافی تھے) ہم نے (بھی) تم سے مثالیں بیان کیں (یعنی کتب سماویہ میں ہم نے بھی ان واقعات کو مثال کے طور پر بیان کیا کہ اگر تم ایسا کرو گے تو تم بھی ایسے ہی مغضوب ومستحق عذاب ہو گے پس واقعات کا اولاً اخبار سے سننا پھر ہمارا ان کو بیان کرنا پھر مماثلت پر تنبیہ کر دینا یہ سب اسباب مقتضی اس کو تھے کہ قیامت کا انکار نہ کرتے) اور (ہم نے جن پہلے لوگوں کو ان کے کفر وانکار پر سزائیں دیں) ان لوگوں نے (دین حق کے مٹانے میں) اپنی سی بہت ہی بڑی بڑی تدبیریں کیں تھیں اور ان کی (یہ سب) تدبیریں اللہ کے سامنے تھیں (اس کے علم سے مخفی نہ رہ سکتی تھیں) اور واقعی ان کی تدبیریں ایسی تھیں کہ (عجب نہیں) ان سے پہاڑ بھی (اپنی جگہ سے) ٹل جاویں (مگر پھر بھی حق ہی غالب رہا اور ان کی ساری تدبیریں گاؤ خورد ہو گئیں اور وہ ہلاک کئے گئے اس سے بھی معلوم ہو گیا کہ

www.besturdubooks.net

حق وہی ہے جو پیغمبر فرماتے تھے اور اس کا انکار موجب غضب وعذاب ہے جب قیامت میں ان کا معذب ہونا معلوم ہو گیا) پس (اے مخاطب) اللہ تعالیٰ کو اپنے رسولوں سے وعدہ خلافی کرنے والا نہ سمجھنا (چنانچہ قیامت کے دن ان کے منکرین کے عذاب کا وعدہ تھا سو وہ پورا ہوگا جیسا اوپر مذکور ہوا) بیشک اللہ تعالیٰ بڑا زبردست (اور) پورا بدلہ لینے والا ہے (کہ اس کو کوئی بدلہ لینے سے نہیں روک سکتا پس قدرت بھی کامل پھر مشیت کا تعلق اوپر معلوم ہوا پھر خلف وعدہ کا کیا احتمال رہا اور یہ بدلہ اس روز ہوگا) جس روز دوسری زمین بدل دی جاوے گی اس زمین کے علاوہ اور آسمان بھی (دوسرے بدل دیئے جاویں گے ان آسمانوں کے علاوہ کیونکہ اول بار کے نفخ صور سے سب زمین وآسمان ٹوٹ پھوٹ جاویں گے پھر دوسری بار میں از سر نو زمین وآسمان بنیں گے) اور سب کے سب ایک (اور) زبردست اللہ کے روبرو پیش ہوں گے (مراد اس سے قیامت کا دن ہے یعنی قیامت میں بدلہ لیا جاوے گا) اور اس روز اے مخاطب) تو مجرموں کو (یعنی کافروں کو) زنجیروں میں جکڑے ہوئے دیکھے گا (اور) ان کے کرتے قطران کے ہوں گے (یعنی سارے بدن کو قطران لپٹی ہوگی کہ اس میں آگ جلدی اور تیزی کے ساتھ لگے اور وہ درخت چیڑ کا روغن ہوتا ہے **کما فی کتب اللغات والطب**) اور آگ ان کے چہروں پر (بھی) لپٹی ہوگی (یہ سب کچھ اس لئے ہوگا) تاکہ اللہ تعالیٰ ہر (مجرم) شخص کو اس کے کئے کی سزا دے (اور گو ایسے مجرم بے انتہا ہوں گے مگر) یقیناً اللہ تعالیٰ (کو ان کا حساب وکتاب کچھ دشوار نہیں کیونکہ وہ) بڑی جلد حساب لینے والا ہے (سب کا فیصلہ شروع کر کے فوراً ہی ختم کر دے گا) **ف**: سَكَنْتُمْ میں خطاب کفار متاخرین کو ہے جن سے پہلے کوئی امت معذب ہو چکی ہے پس اس میں تسلسل لازم نہیں آتا کہ ساکن کے لئے مساکن ظلمہ کا ہونا ضروری ہے اور وہ ظلمہ بھی مساکن ہیں **وھلم جرا** اور **الناس** کا **انذر** کے لئے مفعول ہونا اور يَأْتِيهِمُ کا مرجع **الناس** ہونا اور **یقول** اور اس کے جواب يَأْتِيهِمُ پر مرتب ہونا قرینہ ہے کہ متاخرین میں بھی صرف اسی امت کے کفار مراد ہیں اور ان کا معذبین کے مساکن میں رہنا بایں معنی ہے کہ بعض قریٰ ملک شام میں تھے اور عرب کے لوگ تجارت کے سفر میں آتے جاتے ان کو دیکھتے تھے اور ٹھہرنے کا وقت آجاتا تو ٹھہرتے بھی تھے کقولہ تعالیٰ وَإِنَّهُمَا لَبِإِمَامٍ مُّبِينٍ وقولہ تعالیٰ وَإِنَّكُمْ لَتَمُرُّونَ عَلَيْهِم مُّصْبِحِينَ- وَبِاللَّيْلِ اور بایں معنی ہے کہ نوح علیہ السلام کے زمانہ میں سب کفار غرق ہو گئے تھے سو جہاں عرب رہتے تھے یہ بھی ان میں سے بعض کے مساکن تھے **واللہ اعلم** اور سماوات وارض کی تجدید و تبدیل باعتبار ذات وصفات دونوں کے صحیح ہو سکتی ہے کیونکہ مادۂ قدیمہ کا اعادہ اور اس میں ہیئت جدیدہ کا افادہ ہوگا پس اگر ہیئت کو جزو ذات کہا جاوے تو تبدیل ذات اس کو کہنا صحیح ہے اور اگر خارج ذات کہا جاوے تو تبدیل صفات کہنا صادق ہے اور حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے کہ علاوہ اس اعادۂ خلق کے سماوات وارض میں کوئی تبدیلی بھی ہوگی جس میں بعض تبدیل کے وقت اہل محشر زمین پر نہ ہوں گے بلکہ پل صراط پر ہوں گے جیسا مسلم کی حدیث میں مصرح ہے باقی اس تبدیل کی حکمت اللہ ہی کو معلوم ہے۔

؎ زباں تازہ کردن باقرار تو ☆ نینگیختن علت از کار تو

اور یہ جو فرمایا کہ ان تدبیروں سے پہاڑوں کا ٹل جانا عجب نہ تھا یہ ایک مثل ہے کسی شئے کی قوت بیان کرنے کے لئے اور فی نفسہ یہ امر کچھ محال بھی نہیں کیونکہ پہاڑوں کے توڑنے اور اڑانے کی تدبیریں بکثرت استعمال میں آتی ہیں۔ **واللہ اعلم**۔ **لطف**: اوپر شروع سورت سے یہاں تک مضامین توحید ورسالت و معاد کے مذکور تھے آگے سورت کو ایسی آیت پر ختم فرمایا جاتا ہے جو مدح قرآن کے ساتھ ان سب کو جامع ہے۔

خاتمہ مشتمل بر خلاصہ تمام سورت مع مدح قرآن ☆ هَٰذَا بَلَاغٌ لِّلنَّاسِ وَلِيُنذَرُوا بِهِ وَلِيَعْلَمُوا أَنَّمَا هُوَ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ وَلِيَذَّكَّرَ أُولُو الْأَلْبَابِ ﴿ یہ (قرآن) لوگوں کے لئے احکام کا پہنچانا ہے (تاکہ مبلغ یعنی رسول کی تصدیق کریں) اور تاکہ اس کے ذریعہ سے (عذاب سے) ڈرائے جاویں اور تاکہ اس بات کا یقین کر لیں کہ وہی ایک معبود برحق ہے اور تاکہ دانشمند لوگ نصیحت حاصل کر لیں۔ **ف**: بلاغ میں تصدیق رسالت اور لِيُنذَرُوا بِهِ میں تصدیق معاد اور لِيَعْلَمُوا میں تصدیق توحید اور لِيَذَّكَّرَ میں عبادات بدنیہ ومالیہ جن کا ذکر يُقِيمُوا الصَّلَاةَ الخ میں تھا آ گئیں اور یہی حاصل ہے تمام سورت کا سبحان اللہ کیا اچھا ختم ہے اے اللہ اپنے فضل سے ان ہی عقائد واعمال پر ہم کو ختم کیجئے **وقد تم تفسیر سورة ابراهيم عليه السلام لثامن جمادى الأخرة يوم الثلاثاء ۱۳۲۴ من الهجرة والحمد لله تعالىٰ علىٰ ذلك۔**

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَاجْنُبْنِي وَبَنِيَّ الخ اس میں دلالت ہے کہ انبیاء علیہم السلام تک بے خوف نہیں ہوئے سو ان کا تو کیا ذکر ہے جو ہر وقت نفس و شیطان کے پھندوں میں پھنسے ہیں تو کسی کو اپنے حال وکمال پر ناز نہ کرنا چاہئے ۱۲ قولہ تعالیٰ: رَبَّنَا إِنِّي أَسْكَنتُ مِن ذُرِّيَّتِي الخ بعض غلاۃ صوفیہ نے اس سے استدلال کیا ہے کہ اپنے اہل وعیال کو توکل پر ایسی جگہ رکھنا جائز ہے جہاں کچھ سروسامان نہ ہو مگر یہ استدلال اس لئے غلط ہے کہ یہ رکھنا وحی سے تھا تو اس پر

www.besturdubooks.net

دوسرے فعل کو جو بلا وحی ہو کیسے قیاس کیا جا سکتا ہے جیسا کہ حدیث میں ہے کہ حضرت ہاجرہ نے پوچھا کہ کیا آپ کو خدا تعالیٰ نے حکم کیا ہے ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا ہاں انہوں نے کہا تو وہ ہم کو ضائع نہ کرے گا ۱۲۔ قولہ فَاجْعَلْ اَفْئِدَةً الخ اس میں دلالت ہے کہ بقدر ضرورت مال و جاہ کا اپنے اور اپنے اہل و عیال کے لئے طلب کرنا مذموم نہیں خصوص جب کہ اعانت علی الدین کے لئے ہو جیسا اس آیت میں لِيُقِيمُوا الصَّلٰوةَ اور لَعَلَّهُمْ يَشْكُرُوْنَ سے معلوم ہوتا ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: وَاِنْ كَانَ مَكْرُهُمْ لِتَزُوْلَ مِنْهُ الْجِبَالُ روح میں ہے کہ ان کا مکر غایت شدت و قوت میں تھا اھ اور اس میں دلالت ہے کہ مبالغہ جس کی حقیقت ضرب المثل ہے صدق کے منافی نہیں خصوص غلبۂ حال کے وقت جس سے عبارت اپنے ظاہر سے خارج ہو جاتی ہے مگر اہل مناسبت کے نزدیک مدلول اس کا ظاہر ہوتا ہے ۱۲۔

ضمیمہ از روح المعانی: قولہ تعالیٰ : وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ یعنی ایسے کلام سے بیان کرتے ہیں جو ان کے والی و استعداد اور عقل کے مناسب ہو ورنہ ان کی سمجھ میں نہ آتا تو اس بناء پر عوام الناس کے سامنے صوفیہ کی اصطلاح میں کلام کرنا مناسب نہیں اور بہت لوگوں کے ضلال کا منشاء یہی ہوا کہ انہوں نے صوفیہ کی کتابیں دیکھیں اور ان کی اصطلاحوں کو نہ جانا سو ایسوں کو ایسی کتابیں دیکھنا مناسب نہیں قولہ تعالیٰ: لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ بعضے لوگ اپنے کمالات کو اپنے مجاہدات کی طرف منسوب کیا کرتے ہیں اور حالانکہ عطائے حق نہیں سمجھتے اور چونکہ یہ شکر کے خلاف ہے لہٰذا مذموم اور مانع ترقی ہے ۱۲ قولہ تعالیٰ : قَالُوْٓا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا (الی قولہ تعالیٰ) وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَمُنُّ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ۔ اسی طرح منکرین مشائخ ان کے حق میں کہتے ہیں یہی ان کا جواب ہے۔ آگے ارشاد ہے قولہ تعالیٰ : وَمَا كَانَ لَنَآ اَنْ نَّاْتِيَكُمْ بِسُلْطٰنٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ۔ یہی جواب اس شخص کو دیا جاوے گا جو اولیاء سے کرامت کا طالب ہو ۱۲۔ قولہ تعالیٰ وَلُوْمُوْٓا اَنْفُسَكُمْ۔ محمد ابن حامد نے کہا ہے کہ ہر ملامت کا محل نفس ہے جو اس پر ملامت نہ کرے اور اس سے ہمیشہ راضی رہے اس نے اس کو ہلاک کیا۔ قولہ تعالیٰ رَبَّنَآ اِنِّيْٓ اَسْكَنْتُ الخ حق تعالیٰ کی عادت ہے کہ وہ اپنے خاص مقبولین کے بڑے بڑے امتحان لیتا ہے تا کہ اس کو سب مخلوق سے یکسو کر دے اسی لئے حق تعالیٰ نے اپنے خلیل علیہ السلام کو یہ حکم کیا کہ اپنی ذریت کو ایسی وادی میں رکھے جہاں پانی تک نہ ہو۔ تا کہ خالص اسی پر اعتماد ہو کیونکہ وہاں اسباب ہی نہ تھے جس پر نظر ہوتی۔ قولہ تعالیٰ : فَاجْعَلْ اَفْئِدَةً الخ ابن عطاء نے فرمایا ہے کہ جو شخص مخلوق سے بالکلیہ منقطع ہو جاتا ہے حق تعالیٰ لوگوں کے قلوب کو اس کی طرف متوجہ کر دیتا ہے اور اس کی محبت ان کے قلوب میں ڈال دیتا ہے ۱۲۔ ضمیمہ کے ساتھ سورۂ ابراہیم تمام ہوئی۔

الحواشی: (۱) یعنی مہلت اس قدر طویل تھی کہ تم کو اس سے عدم وقوع مابعد ہا کا دھوکہ ہو گیا ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قولہ فی اضللن** سبب اشارۃ الی کون الاسناد مجازیا الی السبب وذکرھا بصیغۃ الجمع ذات العقل مبالغۃ لان الاصل فی الاضلال ان یکون من ذوی العقول ۱۲۔ ۲ **قولہ قبل فمن تبعنی** کہتا سنتا اشارۃ الی توجیہ الفاء ۱۲۔ ۳ **قولہ فی اسکنت من ذریتی** اولاد کو اشارۃ الی ان من ابتدائیۃ ۱۲۔ ۴ **قولہ بعدہ واسطہ** اشارۃ الی ان الاسکان عام لما بالواسطۃ وما بلاواسطۃ ففیہ عموم المجاز ۱۲۔ ۵ **قولہ فی بیتک** پہلے سے اشارۃ الی ان تسمیۃ بیتا باعتبار ما کان ولا یشکل علیک انہ لما کان محرما فما معنی دعائہ بالامن ای بکونہ حرما لان المحرم کان ھو البیت خاصۃ الا ما حول البیت الی حدود الحرم ۱۲۔ ۶ **قولہ فی لا تحسبن** اے مخاطب اشارۃ الی کون المخاطب غیر متعین فلا یرد اشکال ۱۲۔ ۷ **قولہ فی الابصار** ان لوگوں کی دلیل التخصیص قولہ تعالیٰ فی المؤمنین لا یحزنھم وقولہ لا خوف علیھم ولا ھم یحزنون ونحو ذلک ۱۲۔ ۸ **قولہ فی مھطعین** موقف الدلیل علیہ مھطعین الی الداع و ظاھر ان دعوۃ الداعی الی الموقف ۱۲۔ ۹ **قولہ فی دعوتک** سب کہنا استفید العموم من الجنسیۃ والاضافۃ الی المعروف ۱۲۔ ۱۰ **قولہ قبل اولم تکونوا** مہلت طویلہ الخ اشارۃ الی توجیہ وقوع وقولہ تعالیٰ والم تکونوا فی جواب قولھم اخرنا الخ۔ ۱۱ **قولہ** ان کی تدبیریں ایسی تھیں الخ بنی الترجمۃ علی کون ان الخففۃ وکون اللام مکسورۃ کما فی النیسابوری من قرأ بکسر اللام الاولی بنصب الثانیۃ فوجھان احدھما ان تکون ان مخففۃ من الثقیلۃ فزوال الجبال مثل لعظم مکرھم و شدتہ ای وان (للشان) کان مکرھم معدا (ای صالحًا) لذلک آہ ونظیرہ فی نفس التاثیر مع عدم الوقوع للمانع قولہ تعالیٰ ولو ان قرآنا سیرت بہ الجبال الآیۃ ۱۲۔ ۱۲ **قولہ فلا تحسبن** جب قیامت میں الخ اشارۃ الی توجیہ الفاء ۱۲۔ ۱۳ **قولہ قبل یوم تبدل** بدلا اس روز اشارۃ الی انہ ظرف للانتقام ۱۲۔ ۱۴ **قولہ قولہ بعد وجوھھم** (بھی) اشارۃ الی ان المراد بہ جمیع الجسد وخص الوجہ بالذکر لانہ اغر موضع فی ظاھر البدن واشرفہ فعبر بہ عن الکل ۱۲۔ ۱۵ **قولہ قبل لیجزی** سب کچھ

www.besturdubooks.net

اشارة الى تعلقه بمضمر اى يفعل ذلك بهم۱۲۔ ۱۶ قوله فى بلغ پہنچانا اشارة الى انه بمعنى التبليغ۱۲۔ ۱ قوله ولينذروا تصديق اشارة الى تقدير المعطوف عليه و دليل التخصيص دلالة بلاغ على مبلغ۱۲۔

اللغات: قوله المحرم من الحرمة الشرعية بمعنى ان الله تعالٰى حرم التعرض له والتهاون به واما من الحرمة التكوينية بمعنى انه لم يزل ممنعا عزيز ايها به الجبابرة فى كل عصر۱۲۔ قوله بواد فى القاموس منفرج بين جبال او تلال او اكام۱۲۔ قوله على الكبر مع الكبر۱۲۔ قوله مهطعين مسرعين۱۲۔ قوله مقنعى رافعى۱۲۔ قوله طرفهم فى البيضاوى نظرهم و حقيقة ارتداده ان الشعاع يخرج وقت الرؤية من العين ثم اذا غض رجع اليها۱۲۔ قوله هواء خالية عن العقل والفهم۱۲۔ قوله قريب قليل لان القليل ينقضى عنقريب۱۲۔ قوله مقرنين مقرونة ايديهم وارجلهم الى الاعناق۱۲۔ قوله الاصفاد القيود۱۲۔ قوله سرابيلهم جمع سربال وهو القميص۱۲۔ قوله قطران هو ما يحلب من شجر الابهل فيطبخ وتهنا به الابل الجربى وهو اسود منتن۱۲ منه۔

النحو: قوله من الناس اى من افئدة الناس ومن تبعيضيته۱۲۔ قوله ومن ذريتى من هذه تبعيضيته وهو معطوف على مفعول اجعل الاول۱۲۔ قوله مهطعين حال من اصحاب الابصار الدال عليه الابصار ۱۲۔ قوله كيف فعلنا بهم هو دال على فاعل تبين وفاعله حالهم او خبرهم۱۲۔

البلاغة: قوله رب و ربنا تكريره للمبالغة فى التضرع واضيف الرب الى المفرد تارة والى الجمع تارة فحيث اعتبر كون الاولاد معه جمع وحيث لم يعتبر افرد فافهم۱۲۔ قوله فلا تحسبن الله الخ قال جار الله قدم المفعول الثانى وهو الوعد على المفعول الاول ليعلم انه غير مخلف الوعد على الاطلاق ثم قال رسله تنبيهاً على انه اذا لم يكن من شانه اخلاف الوعد فكيف يخلفه رسله الذين صفوته كذا فى النيسابورى۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ الْحِجْرِ

سورۃ الحجر ۱۵ مکیۃ ۵۴ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰیاتُھا ۹۹ رکوعاتُھا ۶

سورۂ حجر مکہ میں نازل ہوئی شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں اور اس کی ننانوے آیتیں ہیں اور چھ رکوع

الٓرٰ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ وَقُرْاٰنٍ مُّبِيْنٍ ۝۱ رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ كَانُوْا مُسْلِمِيْنَ ۝۲ ذَرْهُمْ يَاْكُلُوْا
وَ يَتَمَتَّعُوْا وَ يُلْهِهِمُ الْاَمَلُ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ۝۳ وَمَآ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ اِلَّا وَلَهَا كِتَابٌ
مَّعْلُوْمٌ ۝۴ مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَمَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ۝۵ وَقَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْ نُزِّلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ
اِنَّكَ لَمَجْنُوْنٌ ۝۶ لَوْ مَا تَاْتِيْنَا بِالْمَلٰٓئِكَةِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝۷ مَا نُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ
اِلَّا بِالْحَقِّ وَمَا كَانُوْٓا اِذًا مُّنْظَرِيْنَ ۝۸ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۝۹ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ
قَبْلِكَ فِيْ شِيَعِ الْاَوَّلِيْنَ ۝۱۰ وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝۱۱ كَذٰلِكَ نَسْلُكُهٗ
فِيْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ ۝۱۲ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَقَدْ خَلَتْ سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ ۝۱۳ وَلَوْ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا مِّنَ السَّمَآءِ
فَظَلُّوْا فِيْهِ يَعْرُجُوْنَ ۝۱۴ لَقَالُوْٓا اِنَّمَا سُكِّرَتْ اَبْصَارُنَا بَلْ نَحْنُ قَوْمٌ مَّسْحُوْرُوْنَ ۝۱۵ ع ۱

الٓرٰ یہ آیتیں ہیں ایک کامل کتاب اور قرآن واضح کی۔ کافر لوگ بار بار تمنا کریں گے کہ کیا خوب ہوتا اگر وہ (یعنی ہم دنیا میں) مسلمان ہوتے آپ انکو انکے حال پر رہنے دیجئے کہ وہ (خوب) کھالیں اور چین اڑالیں اور خیالی منصوبے ان کو غفلت میں ڈالے رکھیں ان کو ابھی حقیقت معلوم ہوئی جاتی ہے اور ہم نے جتنی بستیاں ہلاک کی ہیں ان سب کے لئے ایک وقت معین نوشتہ ہوتا رہا ہے کوئی امت اپنی معیاد مقرر سے نہ پہلے ہلاک ہوئی ہے نہ پیچھے رہی ہے اور ان کفار (مکہ) نے یوں کہا کہ اے وہ شخص کہ جس پر قرآن نازل کیا گیا ہے تم مجنون ہو (اور نبوت کا غلط دعویٰ کرتے ہو ورنہ) اگر تم سچے ہو تو ہمارے پاس فرشتوں کو کیوں نہیں لاتے ہم فرشتوں کو صرف فیصلہ ہی کے لئے نازل کیا کرتے ہیں اور (اگر ایسا ہوتا تو) اس وقت ان کو مہلت بھی نہ دی جاتی ہم نے قرآن نازل کیا ہے اور ہم اس کے محافظ اور نگہبان ہیں اور ہم نے آپ کے قبل بھی پیغمبروں کو اگلے لوگوں کے بہت سے گروہوں میں بھیجا تھا اور کوئی رسول ان کے پاس ایسا نہیں آیا جس کے ساتھ انہوں نے استہزاء نہ کیا ہو اسی طرح ہم یہ استہزاء مجرموں کے قلوب میں ڈال دیتے ہیں (جس کی وجہ سے) یہ لوگ قرآن پر ایمان نہیں لاتے اور یہ دستور پہلوں ہی سے ہوتا آیا ہے (پس آپ غمگین نہ ہوں) اور اگر ہم ان کیلئے آسمان میں کوئی دروازہ کھول دیں پھر یہ دن کے وقت اس میں (آسمان کو) چڑھ جاویں تب بھی یوں کہہ دیں کہ ہماری نظر بندی کردی گئی تھی بلکہ ہم لوگوں پر تو بالکل جادو کر رکھا ہے۔ ﴿

تفسیر: سُوْرَةُ الْحِجْرِ مكية وهي تسع و تسعون آية كذا في البيضاوي : خلاصہ اس سورت کا یہ مضامین ہیں حقیت قرآن۔ تعذیب کفار۔ تحقیق رسالت۔ اثبات توحید۔ ذکر بعض انعامات جزائے مطیعین و سزائے مخالفین بعضے قصص بطور نمونہ جزا و سزا۔ حقیت قیامت۔ تسلیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ چنانچہ تفصیل اپنے مواقع سے معلوم ہوگی اور ان سب کا ارتباط باہمی اور نیز مضامین سورت سابقہ کے ساتھ ظاہر ہے اور اس سورت کے فاتحہ اور سورت سابقہ کے خاتمہ میں بوجہ اشتمال بر فضل قرآن ارتباط ظاہر تر ہے۔

www.besturdubooks.net

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حقیت قرآن ☆ الٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ وَقُرْاٰنٍ مُّبِيْنٍ ۝ ۔ الٓرٰ (اس کے معنی تو اللہ ہی کو معلوم ہیں) یہ آیتیں ہیں ایک کامل کتاب کی اور قرآن واضح کی (یعنی اس کی دونوں صفتیں ہیں کامل کتاب ہونا بھی اور قرآن واضح ہونا بھی)۔ ربط: اوپر قرآن کی حقیت کا اثبات تھا جس سے اجمالاً اس کے تمام مضامین کے حق ہونے پر تنبیہ ہوگئی آگے بعض مضامین مقصودہ ہیں تاکہ قرآن کی حقیت سننے کے بعد ان کو اچھی طرح سنیں اور یقین کریں۔

بیان عذاب وحسرتِ کفار ☆ رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا (الی قولہ تعالیٰ) وَمَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ۝ (جب قیامت کا دن ہوگا اور کافروں پر طرح طرح کا عذاب ہوگا ان اوقات میں) کافر لوگ بار بار تمنا کریں گے کہ کیا خوب ہوتا اگر وہ (یعنی دنیا میں) مسلمان ہوتے (بار بار اس لئے کہ جب کوئی نئی شدت واقع ہوگی اور معلوم ہوگا کہ اس کی علت کفر ہے تب ہی اسلام نہ لانے پر تازہ حسرت کریں گے) آپ (دنیا میں ان کے کفر پر غم نہ کیجئے اور) ان کو ان کے حال پر رہنے دیجئے کہ وہ (خوب) کھالیں اور چین اُڑالیں اور خیالی منصوبے ان کو غفلت میں ڈالے رکھیں ان کو ابھی (مرنے کے ساتھ ہی) حقیقت معلوم ہوئی جاتی ہے (اور دنیا میں جو ان کو جلدی سزا نہیں ملتی اس کی وجہ یہ ہے کہ سزا کا وقت مقرر نہیں آیا) اور ہم نے جتنی بستیاں (کفر کی وجہ سے) ہلاک کی ہیں ان سب کے لئے ایک معین وقت نوشتہ ہوتا رہا ہے (اور ہمارا قاعدہ ہے کہ) کوئی امت اپنی میعاد مقرر سے نہ پہلے ہلاک ہوئی ہے اور نہ پیچھے رہی ہے (بلکہ وقت مقرر پر ہلاک ہوئی ہے پس اسی طرح جب ان کا وقت آجاوے گا ان کو بھی سزا دے دی جاوے گی)۔ ربط: اوپر کفار کے بعض احوال بد مآل مذکور تھے آگے ان کے بعض اقوال متضمنہ انکار رسالت مع جواب اور ان کے عناد کے مذکور ہیں۔

بحث رسالت ☆ وَقَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْ نُزِّلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ (الی قولہ تعالیٰ) بَلْ نَحْنُ قَوْمٌ مَّسْحُوْرُوْنَ ۝ اور ان کفار (مکہ) نے (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے) یوں کہا کہ اے وہ شخص جس پر (بزعم اس کے) قرآن نازل کیا گیا ہے تم (نعوذ باللہ) مجنون ہو (اور نبوت کا غلط دعویٰ کرتے ہو ورنہ) اگر تم (اس دعوے میں) سچے ہو تو ہمارے پاس فرشتوں کو کیوں نہیں لاتے (جو ہمارے سامنے تمہارے صدق کی گواہی دیں کقولہ تعالیٰ: لَوْلَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَلَكٌ فَيَكُوْنَ مَعَهٗ نَذِيْرًا [الفرقان: ۷] اللہ تعالیٰ جواب دیتے ہیں کہ) ہم فرشتوں کو (جس طریق پر وہ درخواست کرتے ہیں) صرف فیصلہ ہی کے لئے نازل کیا کرتے ہیں اور (اگر ایسا ہوتا تو) اس وقت ان کو مہلت بھی نہ دی جاتی (بلکہ جب ان کے آنے پر بھی ایمان نہ لاتے جیسا ان سے یہ امر متیقن ہے تو فوراً ہلاک کر دیئے جاتے جیسا کہ سورۂ انعام کے اول رکوع کے اخیر آیتوں میں اس کی وجہ مذکور ہو چکی ہے اور یہ جو تنزیل قران کے منکر ہیں سو یہ انکار بھی محض باطل ہے) ہم نے قرآن کو نازل کیا ہے اور (یہ دعویٰ بلا دلیل نہیں ہے بلکہ اس کا معجز ہونا اس پر دلیل ہے پھر اس کے معجز ہونے کی ایک دلیل تو دوسری سورتوں میں مذکور ہے کہ اس کے مثل کوئی ایک سورت بنالاوے اور دوسری دلیل اس کے معجز ہونے کی یہ ہے کہ قبل از وقوع خبر دیتے ہیں کہ) ہم اس (قرآن) کے محافظ (اور نگہبان) ہیں (اس میں کوئی شخص کمی بیشی نہیں کرسکتا جیسا اور کتابوں میں ہوتا ہے کہ باوجود کسی مخالف کے نہ ہونے کے اس کے نسخوں میں اختلاف کمی وبیشی کا ہو جاتا ہے اور اس میں باوجود مخالفین کی کوششوں کے یہ بات نہیں ہوئی بس یہ ایسا صریح معجزہ ہے کہ جو باوجود بلاغت کے اعتبار سے قرآن اور غیر قرآن میں تمیز نہ کرسکے اس فرق کا تو وہ بھی انکار نہیں کرسکتا پس باوجود دلیل کے کہ اعجاز ہے انکار کرنا محض عناد ہے) اور (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم ان کی تکذیب سے غم نہ کیجئے کیونکہ یہ معاملہ انبیاء علیہم السلام کے ساتھ ہمیشہ سے ہوتا چلا آیا ہے چنانچہ) ہم نے آپ کے قبل بھی پیغمبروں کو اگلے لوگوں کے بہت سے گروہوں میں بھیجا تھا اور (ان کی یہ حالت تھی کہ) کوئی رسول ان کے پاس ایسا نہیں آیا جس کے ساتھ انہوں نے استہزاء نہ کیا ہو (جو کہ تکذیب کی قبیح تر قسم ہے پس جس طرح ان لوگوں کے دلوں میں یہ استہزاء پیدا ہوا تھا) اسی طرح ہم یہ استہزاء ان مجرمین (یعنی کفار مکہ) کے قلوب میں ڈال دیتے ہیں (جس کی وجہ سے) یہ لوگ قرآن پر ایمان نہیں لاتے اور یہ دستور پہلوں ہی سے ہوتا آیا ہے (کہ انبیاء کی تکذیب کرتے رہے ہیں پس آپ مغموم نہ ہوں) اور (ان کے عناد کی یہ کیفیت ہے کہ فرشتوں کا آسمان سے آنا تو درکنار اس سے بڑھ کر) اگر (خود ان کو آسمان پر بھیج دیا جاوے اس طرح سے کہ) ہم ان کے لئے آسمان میں کوئی دروازہ کھول دیں پھر یہ دن کے وقت (جس میں اونگھ نیند وغیرہ کا بھی شبہ نہ ہو) اس (دروازہ) میں (سے آسمان کو) چڑھ جاویں تب بھی یوں کہہ دیں کہ ہماری نظر بندی کردی گئی تھی (جس سے ہم اپنے کو آسمان پر چڑھتا ہوا دیکھ رہے ہیں اور واقع میں نہیں چڑھ رہے اور نظر بندی میں کچھ اسی واقعہ کی تخصیص نہیں) بلکہ ہم لوگوں پر تو بالکل جادو کر رکھا ہے (اگر ہم کو اس سے بڑھ کر بھی کوئی خارق دکھلایا جائے گا وہ بھی واقع میں خارق نہ ہوگا) ف: اِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۝ کی وجہ بعض نے اعجاز نظم کو سمجھا ہے پھر اس میں بعض کو یہ وسوسہ ہوا ہے کہ قرآن کا نظم کے اعتبار سے بلیغ ہونا اس کو تو مستلزم ہے کہ اس میں بیشی نہ ہو ورنہ وہ غیر معجز ہوگی اور اگر پوری سورت کم اور ضائع کر دی جاوے تو اعجاز نظمی سے یہ کمی کیسے معلوم ہوسکتی ہے لیکن احقر نے اس کو مستقل معجزہ قرار دے کر جو تقریر کی ہے اس میں اس کی گنجائش نہیں رہی کیونکہ ایسی کمی اگر کی جاتی تو تمام دنیا کے نسخوں کا اس میں متفق ہونا عادۃً ممتنع تھا بلکہ کسی میں وہ کمی ہوتی کسی میں نہ ہوتی خلاصہ یہ کہ نسخوں میں اختلاف ہوتا جیسا اور کتب سماویہ

www.besturdubooks.net

میں مشاہدہ ہو رہا ہے کہ وہ معجز نہ تھیں گو اصل میں منجانب اللہ تھیں اور ہر چند کہ کفار مکہ کے وقت اس پیشین گوئی کا وقوع ایسا واضح جیسا اب ہوا ہے بایں وجہ نہ ہوا تھا کہ قرآن کے نزول کو تھوڑا زمانہ ہوا تھا لیکن ایک حیثیت سے اسی کے قریب قریب اس وقت بھی وقوع ہو گیا تھا کہ باوجود اس کے کہ ظاہری سامان حفاظت کا مثل کتابت وتدوین وغیرہ کم تھی پھر نثر عبارت تھی باوجود اس کے یاد رکھنے والوں میں اختلاف نہ تھا اور اگر اتفاقاً وسہواً کوئی لفظ کسی کو غلط یاد ہو جاتا تو تنبیہ کے ساتھ ہی اس کی اصلاح ہو جاتی اور اسی طرح اگر کوئی یاد کا دعویٰ کرتا تو وہ دعویٰ نہ چل سکتا یہ مجموعی حالت کسی عبارت یا خطبہ میں نہ تھی اس لئے اس وجہ اعجاز کا بھی ان کفار کے مقابلہ میں بیان کرنا غیر مفید نہ ہوا اور کوئی یوں شبہ نہ کرے کہ جب اللہ تعالیٰ اس کا محافظ ہے تو صحابہؓ سے لے کر اس وقت تک اس کی حفاظت کا سامان کیوں کیا جاتا ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ یہ سامان بھی اللہ کی محافظت کا ظہور ہے اور اگر کسی کو یہ شبہ ہو کہ اگر دوسری کتاب کی بھی محافظت ونگہداشت کی جاوے تو کیا اس کا منجانب اللہ تعالیٰ ہونا پایۂ ثبوت کو پہنچ جاوے گا۔ جواب یہ ہے کہ باوجود محافظت بلیغ کے بھی ہرگز اس قدر محفوظ نہ رہ سکے گی کہ اس میں کسی طرح پر کمی وبیشی کا احتمال نہ ہو سکے پس قرآن کی محافظت ظاہری پر ایسی کامیابی دلیل ہے محافظت غیبی کی جو کہ اصل مدلول ہے لَحٰفِظُوْنَ کا خوب سمجھ لو اور بعض کو زمان متاخر کے اعتبار سے یہ وسوسہ ہوا ہے کہ کوئی شخص کہہ سکتا ہے کہ خود یہ آیت ہی کسی نے ملا دی ہو پس اس کا یقینی پیشین گوئی ہونا کیونکر ثابت ہوگا مگر یہ بھی محض لغو ہے اس لئے کہ تواتر سے یہ بات ثابت ہے کہ یہ آیت دوسری آیات کے زمانہ میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے نکلی پھر الحاق کا احتمال کیونکر ہو سکتا ہے اور احقر نے جو لَوْ فَتَحْنَا الخ کی تقریر میں ان کے آسمان پر عروج کرنے کو فرشتوں کے آسمان سے نزول کرنے سے بڑھ کر کہا ہے۔ وجہ اس کی ظاہر ہے کہ یہ عروج عادت انسانی کا خارق ہے اور وہ نزول عادت ملائکہ کا خارق نہیں اور وہ کفار بھی اس نزول کو مانتے تھے گو نزول علی الرسول صلی اللہ علیہ وسلم کے منکر تھے۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلُ السُّلُوْكِ: قولہ تعالیٰ ذَرْهُمْ يَاْكُلُوْا الخ اس میں ایسے شخص کی مذمت کی طرف اشارہ ہے جس کو بڑی فکر شکم پری وشہوت رانی کی رہتی ہو ایسا شخص حرم قرب میں پہنچنے سے محروم رہتا ہے کذا فی الروح ۱۲۔ قولہٗ تعالیٰ: وَقَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْ نُزِّلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ الخ روح میں ہے کہ اس میں اس طرف بھی اشارہ ہے کہ جو شخص اسرار وحقائق کو نہ سمجھتا ہو اس کو چاہئے کہ اولیاء اللہ پر ان کے علوم ومعارف یا احوال پر انکار نہ کرے جیسے بعضے منکرین ان کو جنون کی طرف منسوب کرتے ہیں کہ ریاضات کے سبب تخیلات فاسدہ کا ان پر غلبہ ہو گیا ہے اور مراد ان اولیاء سے محققین راسخین فی الشرع ہیں نہ کہ جہلاء بدد ین جیسے اس زمانہ میں بکثرت ایسے ہیں اھ ملخصاً قولہ تعالیٰ: لَوْ مَا تَاْتِيْنَا بِالْمَلٰٓئِكَةِ .....[الحجر : ۷] اس میں ایسے شخص پر رد ہے جو ایسے شخص سے خوارق کا طالب ہو جس کے صدق پر دلائل صحیحہ قائم ہیں۔ ۱۲ قولہ تعالیٰ: وَلَوْ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا مِّنَ السَّمَآءِ الخ [الحجر : ۱۴] تک یہی حال ہے منکرین اولیاء کا کہ اگر خوارق کا بھی مشاہدہ کر لیں تو اس کو سحر یا شعبدہ بتلاتے ہیں ۱۲۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃ: ۱ **قوله فی تلك** یعنی اس کی اشارۃ الی انه من عطف الصفة علی الصفة مع وحدة الذات ۱۲۔ ۲ **قوله فی ربما** بار بار اشارۃ الی کونها للتکثیر ۱۲۔ ۳ **قوله قبل ذرهم** غم نہ کیجئے اشارۃ الی ما یراد من ذرهم ۱۲۔ ۴ **قوله فی نزل** بزعم اس کے **لانهم لم یکونوا مقرین به وانما قالوه تهکما وتعلیلا لحکمهم بالجنون** ۱۲۔ ۵ **قوله فی ما ننزل** جس طریق **قید به لان مطلق نزول الملٰئکة لا یکون بالعذاب** ۱۲۔ ۶ **قوله فی الحق** فیصلہ **کما روی عن مجاهد والحسن تفسیره بالعذاب کذا فی الروح** ۱۲۔ ۷ **قوله فی سنة** تکذیب **رواه فی الروح عن ابن عباسؓ** ۱۲۔

الفقه: قوله تعالیٰ دل وانا له لحفظون علی ان من قال بضیاع شیء من القرآن فقد انکر النص ۱۲۔

اَللُّغَاتُ: قوله نسلك ندخل یقال سلکت الخیط فی الابرة ۱۲۔ قوله سکرت سدت ومنعت من الابصار حقیقة وما نراه تخیل فهو من السکر بالفتح ۱۲۔

اَلنَّحْوُ: قوله ولها حال ای ما اهلکنا قریة فی حال من الاحوال الا فی حال کونها لها کتٰب معلوم کما ذکره کما النیسابوری عن السکاکی ۱۲۔ قوله انا نحن۔ نحن ههنا لیست فصلاً لانها لم تقع بین الاسمین بل هو اما مبتدأ او تاکید لاسم ان ۱۲۔ قوله الا کانوا به الجملة حال من ضمیر المفعول فی یاتیهم وهی حال مقدرة ویجوز ان تکون صفة لرسول علی اللفظ اوالموضع کذا فی الاعراب ۱۲۔

اَلْبَلَاغَةُ: قوله ذرهم یاکلوا حکم فیه بترتب الاکل والتمتع علی ذرهم مع ان الظاهر عدم سببیة ذرهم للاکل والتمتع فان التمتع والاکل لا یتوقف علی تحقق معنی ذرهم و توجیه ان لو تصدی علیه السلام لمخاطبتهم ومقارعتهم ما هنالهم عیش فبهذا الاعتبار صح الحکم بالترتب فافهم ۱۲ منه۔ قوله تعالیٰ ما ننزل الملٰئکة الذی هو جواب لقولهم المتاخر لو ما تاتینا تقدیمه علی قوله تعالیٰ انا

www.besturdubooks.net

نحن الذی ھو جواب لقولھم المتقدم انك لمجنون لشدة استدعاء المتاخر الجواب فان قولھم الاول بدیھی البطلان واما الثانی فظاھرہ طلب الدلیل فالاشتیاق الی جوابه اشد وایضا لیتصل بعض الجواب ببعض السوال ولو روعی الترتیب لانفصل کلا الجوابین عن کلا السوالین فافھم۱۲۔

وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِي السَّمَآءِ بُرُوْجًا وَّزَيَّنّٰهَا لِلنّٰظِرِيْنَ ﴿۱۶﴾ وَحَفِظْنٰهَا مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ﴿۱۷﴾ اِلَّا
مَنِ اسْتَرَقَ السَّمْعَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۸﴾ وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ وَاَنْۢبَتْنَا
فِيْهَا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ مَّوْزُوْنٍ ﴿۱۹﴾ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ وَمَنْ لَّسْتُمْ لَهٗ بِرٰزِقِيْنَ ﴿۲۰﴾ وَاِنْ
مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا خَزَآئِنُهٗ ۫ وَمَا نُنَزِّلُهٗٓ اِلَّا بِقَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۲۱﴾ وَاَرْسَلْنَا الرِّيٰحَ لَوَاقِحَ فَاَنْزَلْنَا
مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَسْقَيْنٰكُمُوْهُ ۚ وَمَآ اَنْتُمْ لَهٗ بِخٰزِنِيْنَ ﴿۲۲﴾ وَاِنَّا لَنَحْنُ نُحْيٖ وَنُمِيْتُ
وَنَحْنُ الْوٰرِثُوْنَ ﴿۲۳﴾ وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَقْدِمِيْنَ مِنْكُمْ وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَاْخِرِيْنَ ﴿۲۴﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ
ع ۱۰ ۲ هُوَ يَحْشُرُهُمْ ۭ اِنَّهٗ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۵﴾

اور بے شک ہم نے آسمان میں بڑے بڑے ستارے پیدا کئے اور دیکھنے والوں کے لئے اس کو آراستہ کیا اور اس کو ہر شیطان سے محفوظ فرمایا ہاں مگر کوئی بات (فرشتوں کی) چوری چھپے سن بھاگے تو اس کے پیچھے ایک روشن شعلہ ہو لیتا ہے اور ہم نے زمین کو پھیلایا اور اس میں بھاری بھاری پہاڑ ڈال دیئے اور اس میں ہر قسم کی (ضرورت کی نباتی) چیز ایک معین مقدار سے اگائی اور ہم نے تمہارے واسطے اس میں معاش کے سامان بنائے اور ان کو بھی معاش دی کہ جن کو تم روزی نہیں دیتے اور جتنی چیزیں ہیں ہمارے پاس سب کے خزانے (بھرے پڑے) ہیں اور ہم اس (چیز) کو ایک معین مقدار میں اتارتے رہتے ہیں اور ہم ہواؤں کو بھیجتے ہیں جو کہ بادل کو پانی سے بھر دیتی ہیں پھر ہم ہی آسمان سے پانی برساتے ہیں پھر وہ پانی تم کو پینے کو دیتے ہیں اور تم اتنا پانی جمع کر کے نہ رکھ سکتے تھے اور ہم ہی ہیں کہ زندہ کرتے ہیں اور مارتے ہیں اور (سب کے مرنے کے بعد) ہم ہی باقی رہ جائیں گے اور ہم تمہارے اگلوں کو بھی جانتے ہیں اور ہم تمہارے پچھلوں کو بھی جانتے ہیں اور بے شک آپ کا رب ہی ان سب کو (قیامت میں) محشور فرمائے گا بے شک وہ حکمت والا ہے علم والا ہے۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر رسالت کے متعلق مضمون ہدایت مشحون تھا آگے توحید کے متعلق ہے کہ وہ لوگ اس کے بھی منکر تھے۔

بیانِ توحید ☆ وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِي السَّمَآءِ بُرُوْجًا (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّهٗ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ۞ اور بیشک ہم نے آسمان میں بڑے بڑے ستارے پیدا کئے اور دیکھنے والوں کیلئے اس (آسمان) کو (ان ستاروں سے) آراستہ کیا (دیکھنے میں اچھا معلوم ہوتا ہے) اور اس (آسمان) کو (ان ستاروں کے ذریعہ سے) ہر شیطان مردود سے محفوظ فرمایا (کہ وہاں تک ان کی رسائی نہیں ہونے پاتی) ہاں مگر کوئی بات (فرشتوں کی) چوری چھپے سن بھاگے تو اس کے پیچھے ایک روشن شعلہ ہو لیتا ہے (اور اس کے اثر سے وہ شیطان ہلاک یا بدحواس ہو جاتا ہے اور رجیم اسی معنی کو باعتبار مایؤل کے فرمایا اور اسی طرح وہ آسمانی خبر اور کسی تک نہیں پہنچتی آسمان کی حفاظت سے یہی مقصود ہے) اور ہم نے زمین کو پھیلایا اور اس (زمین) میں بھاری بھاری پہاڑ ڈال دیئے اور اس (زمین) میں ہر قسم کی (ضرورت کی نباتی) چیز ایک معین مقدار سے اُگائی اور ہم نے تمہارے واسطے اس (زمین) میں معاش کے سامان (ماکولات ومشروبات وملبوسات کے قبیل سے) بنائے اور (نہ صرف تم ہی کو یہ سامان معاش دیا بلکہ) ان کو بھی معاش دی کہ جن کو تم روزی نہیں دیتے (یعنی تمام مخلوقات جو ظاہر میں بھی تمہارے ہاتھ سے خورد ونوش کا سامان نہیں پاتے) اور جتنی چیزیں (از قبیل معاش ورزق) ہیں ہمارے پاس سب کے خزانے (بھرے پڑے) ہیں اور ہم (حسب حکمت) اس (چیز) کو ایک معین مقدار سے اتارتے رہتے ہیں اور ہم ہی ہواؤں کو بھیجتے ہیں جو کہ بادل کو پانی سے بھر دیتی ہیں پھر ہم ہی آسمان سے پانی برساتے ہیں پھر وہ پانی تم کو پینے کو دیتے ہیں اور تم اتنا پانی جمع کر کے نہ رکھ سکتے تھے (کہ ہمیشہ کے لئے بارش سے مستغنی ہو جاتے پس اگر بارش نہ ہوتی بڑی مصیبت میں پڑتے) اور ہم ہی ہیں کہ زندہ کرتے ہیں اور مارتے ہیں اور (سب کے مرنے کے بعد) ہم ہی (باقی) رہ جاویں گے اور ہم تمہارے اگلوں کو بھی جانتے ہیں اور ہم تمہارے پچھلوں کو بھی جانتے ہیں اور بیشک آپ کا رب ہی ان سب کو (قیامت میں) محشور فرماوے گا (یہ اس لئے فرمایا کہ اوپر توحید ثابت ہوئی ہے اس میں

www.besturdubooks.net

منکر توحید کی سزا کی طرف اشارہ کر دیا) بیشک وہ حکمت والا ہے (ہر شخص کو اس کے مناسب بدلہ دے گا اور) علم والا ہے (سب کے اعمال کی اس کو پوری خبر ہے)۔ **ف**: بروج کی تفسیر کواکب کے ساتھ مجاہد اور قتادہ سے اور کواکب عظام کے ساتھ ابو صالح سے در منثور میں منقول ہے مجازاً و تشبیہاً ان کو بروج کہہ دیا گیا اور یہ اہل و اسلم تفاسیر ہے اور استراق سمع کے باب میں بخاری نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے جو حدیث مرفوعاً روایت کی ہے اس میں تصریح ہے کہ ملائکہ بادل میں آ کر آسمانی خبروں کا تذکرہ کرتے ہیں اور شیاطین کچھ سن لیتے ہیں اھ اور دوسری حدیث میں جو ہے کہ **قَالُوْا مَا ذا قال ربکم قالوا الحق فیسمعها مسترقوا السمع** اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ آسمان میں سے سن لیتے ہیں بلکہ فاء محض تعقیب کے لئے ہے یعنی تذکرہ فی السماء کے بعد سنتے ہیں گو سحاب میں سہی یعنی آسمان سے بالکل روک دیئے گئے اور سحاب میں سے کچھ سنتے ہیں اب یہ اشکال نہ رہا کہ بعد ولایت یا بعث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے وہ روک دیئے گئے ہیں پھر اس آیت کے کیا معنی باقی یہ امر کہ پھر آسمان سے روک دینے سے فائدہ کیا ہوا جب کہ سننے کا دوسرا ذریعہ موجود رہا جواب یہ ہے کہ ممکن ہے کہ سماوات میں امور عظام کا تذکرہ ہوا کرتا ہو اس کو بالکل مسدود کر دیا کہ علوم عظیمہ کے انکشاف کا کوئی طریق بجز وحی کے نہ رہے اور سحاب میں واقعات جزئیہ کا تذکرہ ہوتا ہو کہ وہ علوم مقصودہ نہیں اور آیت :**اِنَّهُمْ عَنِ السَّمْعِ لَمَعْزُوْلُوْنَ** باعتبار سمٰوٰت کے ہو اور **استرق السمع** باعتبار سحاب کے ہو پس **اِلَّا مَنِ اسْتَرَقَ السَّمْعَ** میں استثناء منقطع ہوگا اور غالباً سحاب میں سے بھی ناتمام علم حاصل ہوتا ہے جیسا **خطف الخطفة** سے معلوم ہوتا ہے اور چونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے آسمانوں کی خبریں بھی لیتے اس لئے یہ مسدودی خصائص نبویہ سے ہے باقی یہ کہ پہلے وہاں تک کیوں رسائی ہوتی تھی غالباً اس میں اظہار اشرف ہے اور ممکن ہے کہ ختم نبوت اس کا سبب ہو کیونکہ ہر چند کہ التباس وحی اور غیر وحی کا پہلے بھی نہ ہو سکتا تھا کیونکہ جس نبی کی نبوت دلائل قاطعہ سے ثابت ہو جاتی تھی وہ جس کو غیر وحی کہہ دیتے وہ یقیناً غیر وحی ہوتا تھا لیکن بعد انقراض زمانۂ نبوت کے ممکن تھا کہ کاہن وغیرہ لوگ اس میں خلط و لبس کرنا چاہتے ہوں اور عوام الناس ضلالت میں پڑ جاتے ہوں مگر چونکہ نبوت ختم نہ ہوئی تھی اس لئے آئندہ نبی کے آنے پر وہ اختلاط مبدل بہ تمیز ہو سکتا تھا اس لئے مسدودی کی ضرورت نہ تھی جب نبوت کا سلسلہ ختم ہونے کو ہوا پھر ایسے اختلاط و التباس کا رفع ہونا مستبعد تھا اس لئے بالکل ایسے علوم عظیمہ کا انسداد کر دیا ہو **واللہ اعلم** اور جاننا چاہئے کہ قرآن و حدیث میں یہ دعویٰ نہیں کہ بدوں اس سبب کے شہاب نہیں پیدا ہوتا بلکہ دعویٰ یہ ہے کہ استراق کے وقت شہاب سے شیاطین کو رجم کیا جاتا ہے پس ممکن ہے کہ شہاب کبھی محض طبعی طور پر ہوتا ہو اور کبھی اس غرض کے لئے ہوتا ہو اور اس میں کواکب کو یہ دخل ہو کہ سخونت کوکب سے خود مادۂ شیاطین میں یا مادۂ بخارات میں بواسطہ فعل ملائکہ کے نار پیدا ہو جاتی ہو جس سے شیاطین کو ہلاکت یا فساد عقل کا صدمہ پہنچتا ہو اس تقریر پر بفضلہ تعالیٰ اس بحث میں نہ کوئی اشکال عقلی رہا نہ نقلی جیسا ماہران علوم و فنون پر مخفی نہیں اور ہواؤں کو جو فرمایا کہ بادلوں کو پانی سے بھر دیتی ہے یہ اس اعتبار سے فرمایا کہ جو بخارات مادہ سے سحاب کا اس کو ہوا طبقۂ زمہریر میں پہنچاتی ہے جہاں اس میں مائیت پیدا ہوتی ہے پس ہوا سبب ہوگئی سحاب میں مائیت پیدا ہونے کا اور اس کے ساتھ جو فرمایا : **فَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً** اس کی یہ توجیہ ہو سکتی ہے کہ کچھ پانی وہاں پیدا ہو چکا تھا پھر حسب عادت الٰہیہ آسمان سے بھی اس میں پانی امداد کے واسطے احیاناً یا دواماً بھیج دیا جاتا ہو اس تقریر میں یہ آیتیں مشاہدات و تجربات کے اصلاً مخالف نہ رہیں خوب سمجھ لو : **وللہ الحمد علی ما الهمنی ربی وافهمنی واللہ اعلم وعلمه اتم واحکم** اور شہاب ثاقب دن کو بھی ہوتا ہے لیکن بوجہ ضوء شمس کے نظر نہیں آتا۔ پس یہ وسوسہ نہ رہا کہ کیا شیاطین رات ہی کو استراق کرتے ہیں۔

ربط: اوپر توحید کا پیرایۂ انعام میں ذکر تھا اس کے قبل کفار کے نکال و وبال کا ذکر تھا۔ آگے قصۂ آدم علیہ السلام میں خالق ہونے کے ضمن میں توحید اور انعام ظاہری اور امر بالسجود میں انعام باطنی اور نافرمانی و بدانجامی ابلیس کے ضمن میں منکرین کا نکال و وبال مذکور ہے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : **وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا خَزَآئِنُهٗ** الخ اس میں اشارہ ہے حقائق توکل و قطع اسباب و اعراض عن الالتفات الی الاغیار کی طرف کذا فی الروح ملخصاً ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قوله فی السمع** کوئی بات اشارۃ الی ان السمع بمعنی المسموع ۱۲۔ ۲ **قوله فی موزون** معین مقدار **کما فی الروح فهو مجاز مستعمل فی لازم معناه او کنایة** ۱۲۔ ۳ **قوله فی من لستم** اور ان کو بھی معاش دی اشارۃ الی التقدیر **هکذا واعشنا من لستم ای مما غیرکم لان المعنی اعشناکم** ۱۲۔ ۴ **قوله فی وان من شیء** از قبیل معاش **القرینة علی التخصیص السیاق والسباق من قوله معایش واسقیناکموه** ۱۲۔

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿۲۶﴾ وَالْجَآنَّ خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ مِنْ نَّارِ السَّمُوْمِ ﴿۲۷﴾

وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّیْ خَالِقٌۢ بَشَرًا مِّنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿۲۸﴾ فَاِذَا سَوَّیْتُهٗ وَنَفَخْتُ

www.besturdubooks.net

فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِيْنَ ﴿۲۹﴾ فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ ﴿۳۰﴾ اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ اَبٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ
مَعَ السّٰجِدِيْنَ ﴿۳۱﴾ قَالَ يٰٓاِبْلِيْسُ مَا لَكَ اَلَّا تَكُوْنَ مَعَ السّٰجِدِيْنَ ﴿۳۲﴾ قَالَ لَمْ اَكُنْ لِّاَسْجُدَ لِبَشَرٍ
خَلَقْتَهٗ مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿۳۳﴾ قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَاِنَّكَ رَجِيْمٌ ﴿۳۴﴾ وَّاِنَّ عَلَيْكَ
اللَّعْنَةَ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ﴿۳۵﴾ قَالَ رَبِّ فَاَنْظِرْنِيْٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿۳۶﴾ قَالَ فَاِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ﴿۳۷﴾ اِلٰى يَوْمِ الْوَقْتِ
الْمَعْلُوْمِ ﴿۳۸﴾ قَالَ رَبِّ بِمَآ اَغْوَيْتَنِيْ لَاُزَيِّنَنَّ لَهُمْ فِي الْاَرْضِ وَلَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۳۹﴾ اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ
الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۴۰﴾ قَالَ هٰذَا صِرَاطٌ عَلَيَّ مُسْتَقِيْمٌ ﴿۴۱﴾ اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ اِلَّا مَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ
الْغٰوِيْنَ ﴿۴۲﴾ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمَوْعِدُهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۴۳﴾ لَهَا سَبْعَةُ اَبْوَابٍ ؕ لِكُلِّ بَابٍ مِّنْهُمْ جُزْءٌ مَّقْسُوْمٌ ﴿۴۴﴾

اور ہم نے انسان کو بجتی ہوئی مٹی سے جو کہ سڑے ہوئے گارے کی بنی تھی پیدا کیا اور جن کو اس سے قبل آگ سے کہ وہ ایک گرم ہوا تھی پیدا کر چکے تھے اور وہ وقت یاد کرنے کے قابل ہے جب آپ کے رب نے ملائکہ سے ارشاد فرمایا کہ میں ایک بشر کو بجتی ہوئی مٹی سے جو کہ سڑے ہوئے گارے کی بنی ہوگی پیدا کرنے والا ہوں سو میں جب اس کو پورا بنا چکوں اور اس میں اپنی (طرف سے) جان ڈال دوں تو تم سب اس کے روبرو سجدہ میں گر پڑنا سو سارے کے سارے فرشتوں نے آدم علیہ السلام کو سجدہ کیا مگر ابلیس کہ اس نے اس بات کو قبول نہ کیا سجدہ نہ کرنے والوں کے ساتھ شامل ہوا اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اے ابلیس تجھ کو کون امر باعث ہوا کہ تو سجدہ کرنے میں شامل نہ ہوا کہنے لگا کہ میں ایسا نہیں کہ بشر کو سجدہ کروں جس کو آپ نے بجتی ہوئی مٹی سے جو کہ سڑے ہوئے گارے کی بنی ہے پیدا کیا ہے۔ ارشاد ہوا کہ تو اچھا پھر آسمان سے نکل کیونکہ بے شک تو مردود ہو گیا اور بے شک تجھ پر (میری) لعنت رہے گی قیامت کے دن تک کہنے لگا تو پھر مجھ کو (مرنے سے) مہلت دیجئے قیامت کے دن تک ارشاد ہوا تو (جا) تجھ کو معین وقت کی تاریخ تک مہلت دی گئی۔ کہنے لگا اے میرے رب بسبب اس کے کہ آپ نے مجھے (بحکم تکوین) گمراہ کیا ہے میں قسم کھاتا ہوں کہ میں دنیا میں ان کی نظر میں معاصی کو مرغوب کر کے دکھاؤں گا اور ان سب کو گمراہ کروں گا بجز آپ کے ان بندوں کے جو ان میں منتخب کئے گئے ہیں ارشاد ہوا کہ (وہاں) یہ ایک سیدھا راستہ ہے جو مجھ تک پہنچتا ہے واقعی میرے ان بندوں پر تیرا ذرا بھی بس نہ چلے گا ہاں مگر جو گمراہ لوگوں میں تیری راہ پر چلنے لگے (تو چلے) اور جو لوگ تیری راہ پر چلیں گے ان سب سے جہنم کا وعدہ ہے جس کے سات دروازے ہیں ہر دروازہ (میں سے جانے) کے لئے ان لوگوں کے الگ الگ حصے ہیں۔

تفسیر: قصۂ آدم علیہ السلام مشتمل بر توحید وانعام و وخامت کفر ☆ وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ (الی قولہ تعالیٰ) لِكُلِّ بَابٍ مِّنْهُمْ جُزْءٌ مَّقْسُوْمٌ اور ہم نے انسان کو (یعنی اس نوع کی اصل اول یعنی آدم علیہ السلام کو) بجتی ہوئی مٹی سے جو کہ سڑے ہوئے گارے کی بنی تھی پیدا کیا (یعنی اول گارے کو خوب خمیر کیا کہ اس میں بو آنے لگی پھر وہ خشک ہو گیا کہ وہ خشک ہونے سے کھن کھن بولنے لگا جیسا مٹی کا برتن چٹکی مارنے سے بجا کرتا ہے پھر اس خشک گارے سے آدم کا تمثلا بنایا کہ زیادہ دال علی القدرت ہے) اور جن کو (یعنی اس نوع کی اصل ابوالجان کو) اس کے قبل (یعنی آدم علیہ السلام کے قبل) آگ سے کہ وہ (غایت لطافت کی وجہ سے ایک گرم ہوا تھی پیدا کر چکے تھے (مطلب یہ کہ چونکہ اس آگ میں اجزاء دخانیہ نہ تھے اس لئے وہ مثل ہوا کے نظر نہ آتی کیونکہ آگ کا نظر آنا اجزائے کثیفہ کے اختلاط سے ہے اس کو دوسری آیت میں اس طرح فرمایا ہے: وَخَلَقَ الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ [الرحمن: ۱۵] اور وہ وقت یاد کرنے کے قابل ہے جب آپ کے رب نے ملائکہ سے (ارشاد) فرمایا کہ میں ایک بشر کو (یعنی اس کے پتلے کو) بجتی ہوئی مٹی سے جو کہ سڑے ہوئے گارے کی بنی ہوگی پیدا کرنے والا ہوں سو میں جب اس کو (یعنی اس کے اعضائے جسمانیہ کو) پورا بنا چکوں اور اس میں اپنی (طرف سے) جان ڈال دوں تو تم سب اس کے روبرو سجدہ میں گر پڑنا سو (جب اللہ تعالیٰ نے اس کو بنا لیا تو) سارے کے سارے فرشتوں نے (آدم علیہ السلام کو) سجدہ کیا مگر ابلیس نے کہ اس نے اس بات کو قبول نہ کیا کہ سجدہ کرنے والوں کے ساتھ شامل ہو (یعنی سجدہ نہ کیا) اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے ابلیس تجھ کو کونسا امر باعث ہوا کہ تو سجدہ کرنے والوں میں شامل نہ ہوا کہنے لگا کہ میں ایسا نہیں کہ بشر کو سجدہ کروں جس کو آپ نے بجتی ہوئی مٹی سے جو کہ سڑے ہوئے گارے کی بنی ہے پیدا کیا ہے (یعنی ایسے حقیر و ذلیل مادہ سے بنایا گیا ہے کیونکہ میں نورانی مادۂ آتش سے پیدا ہوا ہوں تو نورانی ہو کر ظلمانی کو کیسے سجدہ کروں) ارشاد ہوا تو (اچھا پھر) آسمان سے نکل کیونکہ بیشک تو (اس حرکت سے) مردود ہو گیا اور (بیشک تجھ پر (میری) لعنت قیامت تک رہے گی (جیسا دوسری آیت میں ہے عَلَيْكَ لَعْنَتِيْٓ [ص: ۷۸] یعنی

www.besturdubooks.net

قیامت تک تو میری رحمت سے بعید رہے گا مقبول و مرحوم و موفق للتوبہ نہ ہوگا اور ظاہر ہے کہ قیامت تک جو محل رحمت نہ ہو تو پھر قیامت میں تو مرحوم ہونے کا احتمال ہی نہیں پس جس وقت تک احتمال تھا اس کی نفی کر دی اور اس سے یہ شبہ نہ کیا جاوے کہ اس میں تو مہلت مانگنے سے پہلے ہی مہلت دینے کا وعدہ ہو گیا بات یہ ہے کہ مقصود قیامت تک عمر دینا نہیں ہے کہ یہ شبہ ہو بلکہ مطلب یہ ہے کہ حیات دنیویہ میں تو ملعون ہے گو وہ قیامت تک ممتد کیوں نہ ہو) کہنے لگا (کہ اگر مجھ کو آدم علیہ السلام کی وجہ سے مردود کیا ہے) تو پھر مجھ کو (مرنے سے) مہلت دیجئے قیامت کے دن تک (تا کہ ان سے اور ان کی اولاد سے خوب بدلہ لوں) ارشاد ہوا (جب تو مہلت مانگتا ہے) تو (جا) تجھ کو معین وقت کی تاریخ تک مہلت دی گئی کہنے لگا کہ اے میرے رب بسبب اس کے آپ نے مجھ کو (بحکم تکوین) گمراہ کیا ہے میں قسم کھاتا ہوں کہ میں دنیا میں ان کی (یعنی آدم علیہ السلام اور اولاد آدمؑ کے) نظر میں معاصی کو مرغوب کر کے دکھلاؤں گا اور ان سب کو گمراہ کروں گا بجز آپ کے ان بندوں کے جو ان میں منتخب کئے گئے ہیں (یعنی آپ نے ان کو میرے اثر سے محفوظ رکھا ہے) ارشاد ہوا کہ (ہاں) یہ (منتخب ہو جانا جس کا طریقہ اعمال صالحہ و اطاعت کاملہ ہے) ایک سیدھا راستہ ہے جو مجھ تک پہنچتا ہے (یعنی اس پر چل کر ہمارا مقرب ہو جاتا ہے) واقعی میرا ان (مذکور) بندوں پر تیرا ذرا بھی بس نہ چلے گا ہاں مگر جو گمراہ لوگوں میں سے تیری راہ پر چلنے لگے (تو چلے) اور (جو لوگ تیری راہ پر چلیں گے) ان سب سے جہنم کا وعدہ ہے جس کے سات دروازے ہیں ہر دروازہ (میں سے جانے) کے لئے ان لوگوں کے الگ الگ حصے ہیں (کہ کوئی کسی دروازہ سے جاوے گا کوئی کسی دروازہ سے) ف: اول کے جن کی پیدائش کا ذکر آیت میں ہے پھر ان میں بھی مثل انسان کے توالد و تناسل ہونے لگا اور غالب یہ ہے کہ نار سے پیدا کرنے کا مطلب یہ ہے کہ جزو غالب یہ نار ہے جیسا انسان میں سب عناصر ہیں مگر غالب تر اب ہے اور اگر یہ شبہ ہو کہ جب اور عناصر مل گئے تو خالص نار کہاں جواب یہ ہے کہ اول خالص لی گئی ہو گو بعد مزاج دیگر عناصر کے خالص نہ رہی اور دلائل مختلفہ سے جنات کے متعلق یہ امور معلوم ہوتے ہیں آگ سے پیدا ہونا' توالد و تناسل ہونا عادۃً ان کا نظر نہ آنا مختلف اشکال میں ان کا متشکل ہو سکنا مگر جن اشکال میں متشکل ہونے سے التباس مضر دین ہوتا ہو اس پر بحکمت الٰہی قادر نہ ہونا اور جس میں التباس مضر دنیا ہوتا ہو اس پر کم قادر ہونا شیطان کا بھی از قسم جن ہونا یعنی جس جن میں شرارت ہو اس کو شیطان کہتے ہیں۔ اور روح اگر جسم لطیف ہو جیسا جمہور کا قول مشہور ہے تب تو نفخ کے معنی حقیقی ہیں اور اگر جوہر مجرد عن المادہ ہو تو نفخ مطلق تعلق کو مجازاً و استعارۃً کہہ دیا اور اللہ تعالیٰ کا یہ جواب :هٰذَا صِرَاطٌ الخ [الأنعام : ۱۵۴] یہ قول ابلیس کی تصدیق ہے کہ واقعی ایسا ہی ہوگا کہ مقتضا حکمت کا ہے مگر جواب میں جو ترتیب بدلی گئی کہ اس کے قول میں غاوین کا ذکر مقدم تھا اور مخلصین کا مؤخر اور جواب میں برعکس اس میں یہ نکتہ ہے کہ جس کا اہتمام زیادہ ہوتا ہے اس کو مقدم کیا کرتے ہیں سو ابلیس کو تو اغواء کا اہتمام زیادہ ہوتا ہے اور حق تعالیٰ کو مخلصین کی حفاظت کا و اللہ اعلم اور لَهَا سَبْعَةُ اَبْوَابٍ میں کلام ہوا ہے بعض نے تو کہا ہے کہ سات طبقے ہیں مختلف العذاب جیسا جیسا استحقاق عذاب کا ہوگا ویسے ہی طبقہ میں دخول ہوگا۔ چونکہ ہر طبقہ کا دروازہ بھی علیحدہ ہوگا اسلئے سَبْعَةُ اَبْوَابٍ سے تعبیر فرما دیا اور بعض نے کہا ہے کہ سات دروازے ہی مراد ہیں اور مقصود بیان کرنا کثرت داخلین کا ہے کہ ایک دروازہ کافی نہ ہوگا تا کہ سننے سے ہول زائد ہو اور بعض الفاظ کی تفسیر اور ضروری مضامین متعلق مقام سورۂ بقرہ کے رکوع سوم اور سورۂ اعراف کے رکوع دوم میں گذر چکے ہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ روح کی اپنی طرف اضافت فرمانا اس کی تشریف ہے اس لئے کہ وہ اسرار الٰہیہ میں سے ایک سر خفی ہے اسی لئے کہا گیا ہے: من عرف نفسه فقد عرف ربه ۱۲ قولہ تعالیٰ: وَّاِنَّ عَلَيْكَ اللَّعْنَةَ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ بعض نے جہل سے اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ استدلال کیا ہے کہ اس کے بعد ملعون نہ رہے گا۔ جواب یہ ہے کہ مراد اس سے تابید ہے کیونکہ جب دار العمل ہی میں مقبول نہ ہوا تو دار الجزاء میں کیسے مقبول ہوگا ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی روحی اپنی طرف سے اشارة الی توجیه الاضافة ۱۲۔ ۲ قوله قبل فسجد جب بنا لیا اشارة ان فی الکلام ایجازا ۱۲۔ ۳ قوله قبل فانظرنی اگر مجھ کو اشارة الی وجه ترتبه بالفاء ۱۲۔ ۴ قوله قبل فانك جب تو مہلت اشارة ایضا الی معنی الفاء ۱۲۔ ۵ قوله فی ازینن معاصی اشارة الی تقدیر المفعول ۱۲۔ ۶ قوله فی علی مجھ تک اشارة الی ان علی بمعنی الی فیتعلق بمستقیم ویجوز ان یکون و صفا لصراط کما فی الاعراب ۱۲۔ ۷ قوله فی عبادی ان مذکور اشارة الی کون الاضافة للعهد ۱۲۔ ۸ قوله فی الا من اتبعك ہاں الی تو چلے اشارة الی کون الاستثناء منقطعًا ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: فی مخلصین فتح اللام و کسرها ۱۲۔

اللغات: قوله صلصال طین یابس یصلصل ای یصوت وهو غیر مطبوخ ۱۲۔ قوله حمأ الطین الاسود المنتن ۱۲۔ قوله مسنون منتن وصف به مبالغة ۱۲۔ قوله سموم ریح حار ناری تنفذ فی المسام ۱۲۔

www.besturdubooks.net

النحو : قوله من حمأ بدل او صفة لصلصال ۱۲۔ قوله نار السموم فيه اضافة الموصوف الى الصفة اى نار هى كالسموم فى اللطافة ۱۲۔ قوله ما لك اى اى سبب لك فى ان لا تكون قوله من الغاوين بيان لمن اتبعك ۱۲۔

اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۴۵﴾ اُدْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ اٰمِنِيْنَ ﴿۴۶﴾ وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ اِخْوَانًا عَلٰى
سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿۴۷﴾ لَا يَمَسُّهُمْ فِيْهَا نَصَبٌ وَّمَا هُمْ مِّنْهَا بِمُخْرَجِيْنَ ﴿۴۸﴾ نَبِّئْ عِبَادِيْٓ اَنِّيْٓ اَنَا الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۴۹﴾
وَاَنَّ عَذَابِيْ هُوَ الْعَذَابُ الْاَلِيْمُ ﴿۵۰﴾ وَنَبِّئْهُمْ عَنْ ضَيْفِ اِبْرٰهِيْمَ ﴿۵۱﴾ اِذْ دَخَلُوْا عَلَيْهِ فَقَالُوْا سَلٰمًا ؕ قَالَ اِنَّا
مِنْكُمْ وَجِلُوْنَ ﴿۵۲﴾ قَالُوْا لَا تَوْجَلْ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ ﴿۵۳﴾ قَالَ اَبَشَّرْتُمُوْنِيْ عَلٰٓى اَنْ مَّسَّنِيَ الْكِبَرُ فَبِمَ
تُبَشِّرُوْنَ ﴿۵۴﴾ قَالُوْا بَشَّرْنٰكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُنْ مِّنَ الْقٰنِطِيْنَ ﴿۵۵﴾ قَالَ وَمَنْ يَّقْنَطُ مِنْ رَّحْمَةِ رَبِّهٖٓ اِلَّا الضَّآلُّوْنَ ﴿۵۶﴾
قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ اَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۵۷﴾ قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمٍ مُّجْرِمِيْنَ ﴿۵۸﴾ اِلَّآ اٰلَ لُوْطٍ ؕ اِنَّا لَمُنَجُّوْهُمْ
اَجْمَعِيْنَ ﴿۵۹﴾ اِلَّا امْرَاَتَهٗ قَدَّرْنَآ ۙ اِنَّهَا لَمِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿۶۰﴾ ع ۴

بے شک خدا سے ڈرنے والے (یعنی اہل ایمان) باغوں اور چشموں میں (بستے) ہوں گے تم ان میں سلامتی اور امن کے ساتھ داخل ہو اور ان کے دلوں میں جو کینہ تھا ہم وہ سب دور کر دیں گے کہ سب بھائی بھائی کی طرح (الفت و محبت سے) رہیں گے تختوں پر آمنے سامنے بیٹھا کریں گے وہاں ان کو ذرا بھی تکلیف نہ پہنچے گی اور نہ وہ وہاں سے نکالے جائیں گے (اے محمد) آپ میرے بندوں کو اطلاع دے دیجئے کہ میں بڑا مغفرت اور رحمت والا بھی ہوں اور نیز یہ کہ میری سزا دردناک سزا ہے اور آپ ان لوگوں کو ابراہیم علیہ السلام کے مہمانوں (کے قصے) کی بھی اطلاع دے دیجئے جبکہ وہ ان کے پاس آئے پھر (آکر) انہوں نے السلام علیکم کہا ابراہیم کہنے لگے کہ ہم تو تم سے خائف ہیں انہوں نے کہا کہ آپ خائف نہ ہوں ہم آپ کو ایک فرزند کی بشارت دیتے ہیں جو بڑا عالم ہوگا ابراہیم علیہ السلام کہنے لگے کیا تم مجھ کو اس حالت پر (فرزند کی) بشارت دیتے ہو کہ مجھ پر بڑھاپا آ گیا ہے سو کس چیز کی بشارت دیتے ہو وہ (فرشتے) بولے کہ ہم آپ کو امر واقعی کی بشارت دیتے ہیں سو آپ ناامید نہ ہوں ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا کہ بھلا اپنے رب کی رحمت سے کون ناامید ہوتا ہے بجز گمراہ لوگوں کے فرمانے لگے کہ تو (یہ بتلاؤ کہ) اب تم کو کیا مہم درپیش ہے اے فرشتو! فرشتوں نے کہا کہ ہم ایک مجرم قوم کی طرف بھیجے گئے ہیں (مراد قوم لوط علیہ السلام ہے) مگر لوط علیہ السلام کا خاندان کہ ہم ان سب کو بچا لیں گے بجز ان کی (یعنی لوط علیہ السلام کی) بی بی کے کہ ان کی نسبت ہم نے تجویز کر رکھا ہے کہ وہ ضرور اسی مجرم قوم میں رہ جائے گی۔ ۞

تفسیر ربط : اوپر آیات کے آخر میں اہل نار کا ذکر تھا آگے اہل جنت کا ذکر ہے جیسا قرآن کی عادۃ مطردہ ہے۔

نعیم اہل جنان ☆ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۴۵﴾ (الی قولہ تعالیٰ) وَمَا هُمْ مِّنْهَا بِمُخْرَجِيْنَ ﴿۴۸﴾ بیشک خدا سے ڈرنے والے (یعنی اہل ایمان) باغوں اور چشموں میں (بستے) ہوں گے (خواہ اول ہی سے اگر معصیت نہ ہو یا عفو ہو گئی ہو اور خواہ بعد سزائے معصیت کے اور ان سے کہا جاوے گا کہ) تم ان (جنات وعیون) میں سلامتی اور امن کے ساتھ داخل ہو (یعنی اس وقت بھی ہر مکروہ سے سلامتی ہے اور آئندہ بھی کسی شر کا اندیشہ نہیں) اور (دنیا میں طبعی تقاضا سے) ان کے دلوں میں جو کینہ تھا ہم وہ سب (ان کے دلوں سے جنت میں داخل ہونے کے قبل ہی) دور کر دیں گے کہ سب بھائی بھائی کی طرح (الفت و محبت سے) رہیں گے تختوں پر آمنے سامنے بیٹھا کریں گے وہاں ان کو ذرا بھی تکلیف نہ پہنچے گی اور نہ وہ وہاں سے نکالے جاویں گے۔

ربط : اوپر اہل نار و اہل جنت کے وعدہ و وعید کا ذکر تھا آگے اسی وعدہ و وعید کی تاکید کے لئے حق تعالیٰ اپنے لطف و قہر کا اجمالاً بیان فرماتے ہیں۔

تاکید وعدہ و وعید سابق ☆ نَبِّئْ عِبَادِيْٓ اَنِّيْٓ اَنَا الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۴۹﴾ (الی قولہ تعالیٰ) وَاَنَّ عَذَابِيْ هُوَ الْعَذَابُ الْاَلِيْمُ ﴿۵۰﴾ (اے محمد ﷺ) آپ میرے بندوں کو اطلاع دے دیجئے کہ میں بڑا مغفرت اور رحمت والا بھی ہوں اور (نیز) یہ کہ میری سزا (بھی) دردناک سزا ہے (تاکہ اس سے مطلع ہو کر ایمان اور تقویٰ کی رغبت اور کفر و معصیت سے رہبت ہو)۔ ربط : اوپر اللہ تعالیٰ کی رحمت اور قہر فی الآخرۃ کا ذکر تھا آگے ایک رحمت و قہر فی الدنیا کا بطور تنظیر و نمونہ کے دو قصوں کے ضمن میں ذکر ہے کہ ابراہیم علیہ السلام کے لئے بشریٰ اور لوط علیہ السلام کے اور ان کے متبعین کے لئے بھی نجات یہ رحمت ہے اور قوم لوط کا اہلاک یہ قہر ہے۔

www.besturdubooks.net

قصہ ابراہیم علیہ السلام ولوط علیہ السلام بطور رحمت وقہر ☆ وَ نَبِّئْهُمْ عَنْ ضَيْفِ اِبْرٰهِيْمَ ۝ اِذْ دَخَلُوْا عَلَيْهِ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّهَا لَمِنَ الْغٰبِرِيْنَ ۝ اور (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) آپ ان (لوگوں) کو ابراہیم (علیہ السلام) کے مہمانوں (کے قصہ) کی بھی اطلاع دیجئے (وہ قصہ اس وقت واقع ہوا تھا) جب کہ وہ (مہمان جو کہ واقع میں فرشتے تھے) ان کے (یعنی ابراہیم علیہ السلام کے پاس آئے پھر (آ کر) انہوں نے السلام علیکم کہا (ابراہیم علیہ السلام ان کو مہمان سمجھ کر فوراً ان کے لئے کھانا تیار کر کے لائے مگر چونکہ وہ فرشتے تھے انہوں نے کھایا نہیں تب) ابراہیم (علیہ السلام) دل میں ڈرے کہ یہ لوگ کھانا کیوں نہیں کھاتے کیونکہ وہ فرشتے بشکل بشر تھے ان کو بشر ہی سمجھا اور کھانا نہ کھانے سے شبہ ہوا کہ یہ لوگ کہیں مخالف نہ ہوں اور) کہنے لگے کہ ہم تو تم سے خائف ہیں انہوں نے کہا کہ آپ خائف نہ ہوں کیونکہ ہم (فرشتے ہیں منجانب اللہ ایک بشارت لے کر آئے ہیں اور) آپ کو ایک فرزند کی بشارت دیتے ہیں جو بڑا عالم ہوگا (مطلب یہ کہ نبی ہوگا کیونکہ آدمیوں میں سب سے زیادہ علم انبیاء علیہم السلام کو ہوتا ہے مراد اس فرزند سے اسحاق علیہ السلام ہیں) ابراہیم (علیہ السلام) کہنے لگے کہ کیا تم مجھ کو اس حالت پر (فرزند کی) بشارت دیتے ہو کہ مجھ پر بڑھاپا آ گیا سو (ایسی حالت میں مجھ کو) کس چیز کی بشارت دیتے ہو (مطلب یہ کہ یہ امر فی نفسہ عجیب ہے نہ یہ کہ قدرت سے بعید ہے) وہ (فرشتے) بولے کہ ہم آپ کو امر واقعی کی بشارت دیتے ہیں (یعنی تولد فرزند یقیناً واقع ہونے والا ہے) سو آپ ناامید نہ ہوں (یعنی اپنے بڑھاپے پر نظر نہ کیجئے کہ ایسے اسباب عادیہ پر نظر کرنے سے وساوس ناامیدی کے غالب ہوتے ہیں) ابراہیم (علیہ السلام) نے فرمایا کہ بھلا اپنے رب کی رحمت سے کون ناامید ہوتا ہے بجز گمراہ لوگوں کے (یعنی میں نبی ہو کر گمراہوں کی صفت سے کب موصوف ہو سکتا ہوں محض مقصود اس امر کا عجیب ہونا ہے باقی اللہ کا وعدہ سچا اور مجھ کو امید سے بڑھ کر اس کا کامل یقین بعد اس کے فراست نبوۃ سے آپ کو معلوم ہوا کہ ان ملائکہ کے آنے سے علاوہ بشارت کے اور بھی کوئی مہم عظیم مقصود ہے اس لئے) فرمانے لگے کہ (جب قرائن سے مجھ کو یہ معلوم ہو گیا کہ تمہارے آنے کا کچھ اور بھی مقصود ہے) تو (یہ بتلاؤ کہ) اب تم کو کیا مہم درپیش ہے اے فرشتو! فرشتوں نے کہا کہ ہم ایک مجرم قوم کی طرف (ان کو سزا دینے کے لئے) بھیجے گئے ہیں (مراد قوم لوط ہے) مگر لوط (علیہ السلام) کا خاندان کہ ہم ان سب کو (عذاب سے) بچالیں گے (یعنی ان کو بچنے کا طریقہ بتلا دیں گے کہ ان مجرموں سے علیحدہ ہو جاویں) بجز ان کی (لوط علیہ السلام کی) بی بی کے کہ اس کی نسبت ہم نے تجویز کر رکھا ہے کہ وہ ضرور اسی قوم مجرم میں رہ جاوے گی (اور ان کے ساتھ عذاب میں مبتلا ہوگی)۔ ف: فرشتوں کو جو اللہ تعالیٰ نے مہمان کے عنوان سے تعبیر فرمایا تو اس وجہ سے کہ بشکل آدمیوں کے تھے جو ابراہیم علیہ السلام کو مہمان معلوم ہوئے اور دوسری آیتوں میں اسحاق علیہ السلام کی بشارت کے ساتھ یعقوب علیہ السلام کی بھی بشارت مذکور ہے یہاں ان ہی آیتوں کی وجہ سے بیان میں اکتفا فرمایا اور قدرنا میں فرشتوں نے اپنی طرف مجازاً نسبت کی حالانکہ وہ فعل اللہ تعالیٰ کا تھا وجہ اس کی قرب واختصاص ملائکہ کا ہے اور سورۂ ہود میں نصف پارے کے قریب یہ قصہ آ چکا ہے کچھ ضروری مضامین اس کے متعلق وہاں بھی مذکور ہیں دیکھ لئے جاویں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: نَبِّئْ عِبَادِيْ الخ اس میں طریق ارشاد کی تعلیم ہے کہ اسی طرح خوف ورجاء سے تربیت کرنا چاہئے کیونکہ رجاء محض سے تعطل وخوف محض سے قنوط متحمل ہے ۱۲ قولہ تعالیٰ: قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ الخ وجہ اس سوال کی یہ تھی کہ معمولی وسرسری کام کیلئے مجمع کو نہیں بھیجا جاتا اور حق تعالیٰ بندوں کے ساتھ ان ہی کی عادات کے موافق معاملہ فرماتے ہیں۔ اس رعایت سے یہ بھی مستنبط ہوا کہ ہر کام میں انتظام مناسب امر مستحسن ہے اور یہ اہل اللہ کی عادات طبعیہ سے ہو جاتا ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی متقابلین بیٹھا کریں گے اشارۃ الی کون التقابل احیانا اذا تنادموا لاکل حین لان منزل کل واحد منهم علیحدة فلذا ترجم بقوله بیٹھے ہوں گے ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: قوله تبشرون فی الروح قرأ ابن کثیر بکسر النون مشددة بدون یاء علی ادغام نون الجمع فی نون الوقایة والاکتفاء بالکسرة عن الیاء وقرأ نافع بکسر النون مخففة وفیه حذف نون الرفع کما هو مذهب سیبویه استثقالا لاجتماع المثلین ودلالة ابقاء نون الوقایة علی الیاء آہ۔

اللغات: قوله علی ان بمعنی مع قوله بالحق بالامر المحقق قوله فبم اصله فبما ای بای شئ وان المراد ان البشارة بما لا یقع عادة بشارة بغیر شئ کذا فی الروح ۱۲۔

النحو: قوله اذ دخلوا ظرف لخبر مضاف الی ضیف ای خبر ضیف ابراهیم حین دخولهم علیه۔

البلاغۃ: قوله انا الغفور الرحیم وان عذابی الخ فی توصیف ذاته تعالیٰ بالمغفرة والرحمة دون التعذیب حیث لم یقل وانا المعذب ترجیح بجانب الوعد علی الوعید ۱۲ منه عم فیضه۔

www.besturdubooks.net

فَلَمَّا جَآءَ اٰلَ لُوْطِ ِالْمُرْسَلُوْنَ ﴿۶۱﴾ قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ ﴿۶۲﴾ قَالُوْا بَلْ جِئْنٰكَ بِمَا كَانُوْا فِيْهِ يَمْتَرُوْنَ ﴿۶۳﴾
وَاَتَيْنٰكَ بِالْحَقِّ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿۶۴﴾ فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ وَاتَّبِعْ اَدْبَارَهُمْ وَلَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ
اَحَدٌ وَّامْضُوْا حَيْثُ تُؤْمَرُوْنَ ﴿۶۵﴾ وَقَضَيْنَآ اِلَيْهِ ذٰلِكَ الْاَمْرَ اَنَّ دَابِرَ هٰٓؤُلَآءِ مَقْطُوْعٌ مُّصْبِحِيْنَ ﴿۶۶﴾
وَجَآءَ اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿۶۷﴾ قَالَ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ ضَيْفِيْ فَلَا تَفْضَحُوْنِ ﴿۶۸﴾ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا
تُخْزُوْنِ ﴿۶۹﴾ قَالُوْٓا اَوَلَمْ نَنْهَكَ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۰﴾ قَالَ هٰٓؤُلَآءِ بَنٰتِيْٓ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ﴿۷۱﴾ لَعَمْرُكَ
اِنَّهُمْ لَفِيْ سَكْرَتِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۷۲﴾ فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ مُشْرِقِيْنَ ﴿۷۳﴾ فَجَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَاَمْطَرْنَا
عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّنْ سِجِّيْلٍ ﴿۷۴﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلْمُتَوَسِّمِيْنَ ﴿۷۵﴾ وَاِنَّهَا لَبِسَبِيْلٍ مُّقِيْمٍ ﴿۷۶﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ
لَاٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۷۷﴾

پھر جب وہ فرشتے خاندان لوط علیہ السلام کے پاس آئے کہنے لگے کہ تم تو اجنبی آدمی (معلوم ہوتے) ہو انہوں نے کہا نہیں بلکہ ہم آپ کے پاس وہ چیز لے کر آئے ہیں جس میں یہ لوگ شک کیا کرتے تھے اور ہم آپ کے پاس یقینی ہونے والی چیز لے کر آئے ہیں اور ہم بالکل سچے ہیں۔ سو آپ رات کے کسی حصہ میں اپنے گھر والوں کو لے کر (یہاں سے) چلے جایئے اور آپ سب کے پیچھے ہو لیجئے اور تم میں سے کوئی پیچھے پھر کر بھی نہ دیکھے اور جس جگہ (جانے کا) تم کو حکم ہوا ہے اس طرف سب چلے جانا اور ہم نے لوط علیہ السلام کے پاس یہ حکم بھیجا کہ صبح ہوتے ہی ان کی بالکل جڑ ہی کٹ جائے گی (یعنی بالکل ہلاک ہو جائیں گے) اور شہر کے لوگ خوب خوشیاں کرتے ہوئے پہنچے لوط علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ لوگ میرے مہمان ہیں سو مجھ کو فضیحت مت کرو اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور مجھ کو رسوا مت کرو وہ کہنے لگے کہ کیا ہم آپ کو دنیا بھر کے لوگوں سے منع نہیں کر چکے لوط علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ میری (بہو) بیٹیاں موجود ہیں اگر تم میرا کہنا کرو آپ کی جان کی قسم وہ اپنی مستی میں مدہوش تھے۔ پس سورج نکلتے نکلتے ان کو آواز سخت نے آدبایا پھر ہم نے ان بستیوں کا اوپر کا تختہ تو نیچے کر دیا اور ان لوگوں پر کنکر کے پتھر برسانا شروع کر دیئے اس واقعہ میں کئی نشانیاں ہیں اہل بصیرت کے لئے اور یہ بستیاں ایک آباد سڑک پر ملتی ہیں ان بستیوں میں اہل ایمان کے لئے بڑی عبرت ہے۔ ۞

لَاٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۷۷﴾

تفسیر ربط: اوپر کے قصہ کا آگے بقیہ ہے۔

اہلاکِ مجرمین وانجائے مؤمنین از قوم لوط علیہ السلام ☆ فَلَمَّا جَآءَ اٰلَ لُوْطِ ِالْمُرْسَلُوْنَ ﴿۶۱﴾ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۷۷﴾ پھر جب وہ فرشتے خاندان لوط (علیہ السلام) کے پاس آئے (تو چونکہ بشکل بشر تھے اس لئے) کہنے لگے تم تو اجنبی آدمی (معلوم ہوتے) ہو (دیکھئے شہر والے تمہارے ساتھ کیا سلوک کرتے ہیں کیونکہ یہ اجنبی لوگوں کو پریشان کیا کرتے ہیں) انہوں نے کہا نہیں (ہم آدمی نہیں) بلکہ فرشتے ہیں) آپ کے پاس وہ چیز (یعنی وہ عذاب) لے کر آئے ہیں جس میں یہ لوگ شک کیا کرتے تھے اور ہم آپ کے پاس یقینی ہونے والی چیز (یعنی عذاب) لے کر آئے ہیں اور ہم (اس خبر دینے میں) بالکل سچے ہیں سو آپ رات کے کسی حصہ میں اپنے گھر والوں کو لے کر (یہاں سے) چلے جایئے اور آپ سب کے پیچھے ہو لیجئے (تاکہ کوئی رہ نہ جاوے لوٹ نہ جاوے اور آپ کی ہیبت سے کوئی التفات نہ کرے جس کی ممانعت آتی ہے) اور تم میں سے کوئی پیچھا پھر کر بھی نہ دیکھے (یعنی سب جلدی چلے جاویں) اور جس جگہ (جانے) کا تم کو حکم ہوا ہے (یعنی شام کذا فی الدر عن السدی) اس طرف سب چلے جانا (آگے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے) اور ہم نے (ان فرشتوں کے واسطہ سے) لوط (علیہ السلام) کے پاس یہ حکم بھیجا کہ صبح ہوتے بالکل ان کی جڑ ہی کٹ جاوے گی (یعنی بالکل ہلاک ہو جاویں گے یہ فرشتوں کی گفتگو جو مذکور ہوئی وقوع میں مؤخر ہے اہتمام مقصود کے لئے کہ انجاء واہلاک کی خبر دینا ہے ذکر میں مقدم فرما دیا اور آگے جو قصہ آتا ہے وہ وقوع میں مقدم ہے تتمیم کے لئے اس کو بیان فرماتے ہیں یعنی) اور شہر کے لوگ (یہ خبر سن کر کہ لوط علیہ السلام کے یہاں حسین حسین لڑکے آئے ہیں) خوب خوشیاں کرتے ہوئے (لوط علیہ السلام کے گھر بہ نیت فاسد) پہنچے لوط (علیہ السلام) نے (جو کہ اب تک وہ بھی ان کو آدمی ہی سمجھتے تھے ان کی بدنیتی کی وجہ سے) فرمایا کہ یہ لوگ میرے مہمان ہیں سو (ان کو دق کر کے) مجھ کو (عام لوگوں میں) فضیحت مت کرو (کیونکہ مہمان کی اہانت میزبان کی اہانت ہے سو اگر ان مسافروں کا خیال نہیں کرتے

www.besturdubooks.net

تو میرا تو خیال کرو کہ تمہاری بستی کا ہوں) اور (خود اس فعل ناجائز کے بارے میں بھی) اللہ سے ڈرو اور مجھ کو (ان مہمانوں کی نظر میں) رسوا مت کرو (یوں سمجھیں گے کہ اہل شہر ان کی کچھ وقعت نہیں کرتے) وہ کہنے لگے (کہ یہ فضیحتی ہماری طرف سے نہیں آپ نے خود اپنے ہاتھوں خریدی ہے کہ ان کو مہمان بنایا) کیا ہم آپ کو دنیا بھر کے لوگوں (کو مہمان بنانے) سے (بارہا) منع نہیں کر چکے (نہ مہمان بناتے نہ اس رسوائی کی نوبت آتی) لوط (علیہ السلام) نے فرمایا کہ (آخر اس بیہودہ حرکت کی ضرورت ہی کیا ہے جس کی وجہ سے مہمانداری سے بھی ممانعت کی جاتی ہے قضائے شہوت کے لئے) یہ میری (بہو) بیٹیاں (جو تمہارے گھروں میں ہیں) موجود ہیں اگر تم میرا کہنا کرو (تو یہ عورتیں کافی ہیں گو وہ کس کی سنتے تھے) آپ کی جان کی قسم وہ اپنی مستی میں مدہوش تھے پس سورج نکلتے نکلتے ان کو آواز سخت نے آدبایا پھر (صیحہ کے بعد) ہم نے ان بستیوں (کی زمین کو الٹ کر ان) کا اوپر کا تختہ تو نیچے کر دیا (اور نیچے کا اوپر کر دیا) اور ان لوگوں پر کنکر کے پتھر برسانا شروع کئے اس واقعہ میں کئی (مضمونوں کے) نشان ہیں اہل بصیرت کے لئے (مثلاً ایک یہ کہ فعل بد کا نتیجہ بد ہوتا ہے ایک یہ کہ ایمان واطاعت سے نجات ہوتی ہے ایک یہ کہ اللہ کو بڑی قدرت ہے کہ اسباب طبعیہ کے خلاف جو چاہے کر دے وغیر ذلك) اور یہ بستیاں ایک آباد سڑک پر ملتی ہیں (یعنی عرب سے شام کو جاتے ہوئے ان کے آثار معلوم ہوتے ہیں) ان بستیوں میں (بحالت کذائیہ) اہل ایمان کے لئے بڑی عبرت ہے (کہ ان کو دیکھ کر ان مضامین کا استحضار کر لیتا ہے اور جو مؤمن نہیں ہے وہ اس کو اسباب طبعیہ یا بخت واتفاق پر محمول کرتا ہے نہ خدا کو قادر سمجھتا ہے نہ گناہوں کو اس کی سزا سمجھتا ہے) **ف**: یہ قصہ سورۂ ہود کے نصف پارہ پر بھی گذر چکا ہے بعض ضروری مضامین متعلقہ اس کے وہاں دیکھ لئے جاویں اور مصبحین اور مشرقین کا اجتماع یا تو اس اعتبار سے ہے کہ صبح سے ابتدا ہوئی اور اشراق تک خاتمہ ہو گیا ہو یا صبح کو مفہوم عام لے لیا جاوے اشراق کو بھی دوسری آیت میں بکرۃ کا لفظ ہے جس کے معنی اول نہار ہیں اگر نہار عرفی لیا جاوے تو مشرقین کا مرادف ہے اور اگر شرعی لیا جوے تو مصبحین کا مقارب ہے اور اللہ تعالیٰ نے جو جا بجا مخلوقات کی قسم کھائی ہے ان چیزوں کا عظیم ہونا باعتبار کثیر النفع یا دال علی القدرت ہونے کے ظاہر کرنا مقصود ہے اور مکلفین کو اس سے ممانعت فرمانا اس لئے ہے کہ کہیں قسم کھانے والا اس چیز کو ایسا معظم نہ سمجھ جاوے جیسا حق تعالیٰ کو معظم سمجھتا ہے کیونکہ بعض سے اس کا وقوع ہو چکا ہے اور اللہ تعالیٰ میں یہ احتمال ہی نہیں کہ وہ کسی مخلوق کو معظم سمجھیں کیونکہ سب سے اعظم وہ خود ہیں یا یوں کہا جاوے کہ ان اشیاء کی قسم باعتبار ان کی ذات کے نہیں بلکہ اس اعتبار سے ہے کہ یہ اشیاء دال علی القدرۃ ہیں پس مقصود ان کی قسم سے قسم ہے قدرت الٰہیہ کی اور صفات الٰہیہ کا مقسم بہ ہونا مثل ذات کے محل اشکال نہیں اور عام قسم کھانے والے اس لحاظ سے قسم نہیں کھاتے پھر ان کے ذمہ ایہام سے بچنا بھی واجب کیا گیا ہے۔

ربط: اوپر قوم لوط علیہ السلام کے عذاب کا ذکر تھا آگے اصحاب ایکہ اور اصحاب حجر کے عذاب کا ذکر ہے کہ مقصود سب کا مشترک ہے کہ قہر فی الدنیا کا ذکر کرنا بطور نمونہ قہر فی الآخرۃ کے مقصود ہے و نیز ان عذاب کے قصوں میں احقاق مسئلہ رسالت پر بھی دال ہے جیسا کہ ظاہر ہے۔

ترجمہ مسائل السلوك: قولہ تعالیٰ : وَلَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ اس سے معلوم ہوا کہ آثار غضب اور مغضوبین کی طرف تفریح کر طور پر بھی نہ دیکھے اور اس میں لہو و منکر کفری یا بدعی کے مجمع بھی داخل ہو گئے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ : إِنَّ فِيْ ذٰلِكَ الخ حدیث ترمذی میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا : **اتقوا فراسة المؤمن فانه ينظر بنور الله** اور پھر یہ آیت تلاوت فرمائی تو اس بناء پر یہ آیت اصل ہے فراست کی اور اس میں ادراک عقلی و کشفی وغیرہ سب آ گیا اور اس سے ان سب طرق کی قطعیت لازم نہیں آتی جیسا إِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَآيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ يَا يَعْقِلُوْنَ سے مطلقاً عقل وفکر کی قطعیت لازم نہیں آتی مقصود صرف یہ بتلانا ہے کہ یہ طرق نافع ہیں حدود شرعیہ کی رعایت سے ان سے کام لیا جاوے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قوله قبل بل جئناك** ہم آدمی نہیں **دل عليه قوم لان القوم يختص بالرجال والرجل لا يكون الا من الثقلين لان الملك لا يوصف بالذكورة كما لا يوصف بالانوثة وبه اتضح معنى بل وهذا من المواهب** ۱۲۔ ۲ **قوله في ذلك الامر** یہ حکم الی جاوے گی **اشارة الى ان جملة دابر هؤلاء الخ تفسير لذلك الامر** ۱۲۔ ۳ **قوله في لا تفضحون عام وفي لا تخزون** مہمانوں **اشارة الى دفع التكرار والقرينة على الثاني قوله لا تخزون في ضيفي وعلى الاول ورده متقابلا**۔ ۴ **قوله في كنتم فاعلين** میرا کہنا **لان المقدر كالملفوظ وقوله وفي ما بعد** یہ عورتیں **اشارة الى تقدير الجواب** ۱۲۔ ۵ **قوله في عاليها** بستیوں **بدليل قوله تعالىٰ المؤتفكات ودل عليها ههنا المدنية لان ما عداها يتعلق بها** ۱۲ **منه عم فيضه**۔

اللغات: **قوله تعالىٰ قضينا اوحينا مقضيا مثبتا ففي مضمن معنى اوحي ولذا عدى تعدية** ۱۲۔ **قوله مصبحين داخلين في الصباح وهي ههنا تامة** ۱۲۔ **قوله تعالىٰ** للمتوسمين **التوسم التفعل من الوسم وهو العلامة التي يستدل بها على مطلوب وترجمته بالحاصل والفراسة الايمانية لما كانت نوعًا من البصيرة قرأها رسول الله صلى الله عليه وسلم مع ذكر الفراسته لا لان التوسم هذا مفسر**

www.besturdubooks.net

بالفراسة فافهم۱۲۔ قوله تعالٰی مقیم ثابت لم یندرس وترجمته ایضا بالحاصل۱۲۔

اَلنَّحْوُ : قوله الا آل لوط استثناء منقطع کما هو ظاهر۱۲۔ منه عم فیضہٗ۔

اَلْبَلَاغَۃُ : قوله قال فما خطبکم فی الروح توسیط قال بین کلامیه علیه السلام مشیر الی ان هناك ما طوی ذکره او لما ان هناك انتقالا الی بحث آخر۱۲۔ قوله جئنٰك واتیناك نسبة المجیٔ بالعذاب الیه علیه السلام مع ان المجیٔ کان الی القوم لعله باعتبار مجیئهم بخبره الیه علیه السلام وهذا من المواهب۱۲۔ قوله آتینٰك بالحق فیه مبالغة وتاکید لان فیه نفیا لامترائهم المذکور سابقا والامتراء علی معناه لا یحتاج الی تاویله بالانکار لانهم کیف کان لهم ان یقولوا لا یقع الحادثة الفلانی۱۲۔ قوله قالوا بل جئنٰك بالحق فی الروح ولعل تقدیم هذه المجادلة علی ما جری بینه وبین اهل المدینة من المجادلة للمسارعة الی ذکر بشارة لوط علیه السلام عقیب ذکر بشارة ابراهیم علیه السلام۔ قوله الآیات فی موضع وآیة فی موضع آخر لان المشار الیه فی الاول القصة بتمامها وفیها ذکر عدة من العبر وفی الثانی القری المهلکة ومشاهدتها انما تدل علی شیٔ واحد وهو الهلاك واما ان الهلاك لای شیٔ وقع فیحتاج الی سماع القصة وهو من المواهب۱۲۔

وَاِنْ كَانَ اَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ لَظٰلِمِيْنَ ﴿۷۸﴾ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ ۘ وَاِنَّهُمَا لَبِاِمَامٍ مُّبِيْنٍ ﴿۷۹﴾ وَلَقَدْ كَذَّبَ اَصْحٰبُ الْحِجْرِ
الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۸۰﴾ وَاٰتَيْنٰهُمْ اٰيٰتِنَا فَكَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ﴿۸۱﴾ وَكَانُوْا يَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا اٰمِنِيْنَ ﴿۸۲﴾
فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ مُصْبِحِيْنَ ﴿۸۳﴾ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۸۴﴾ وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ وَاِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِيَةٌ ۖ فَاصْفَحِ الصَّفْحَ الْجَمِيْلَ ﴿۸۵﴾ اِنَّ
رَبَّكَ هُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ﴿۸۶﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ ﴿۸۷﴾ لَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اِلٰى
مَا مَتَّعْنَا بِهٖۤ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۸۸﴾ وَقُلْ اِنِّيْۤ اَنَا النَّذِيْرُ
الْمُبِيْنُ ۚ ﴿۸۹﴾ كَمَآ اَنْزَلْنَا عَلَى الْمُقْتَسِمِيْنَ ﴿۹۰﴾ الَّذِيْنَ جَعَلُوا الْقُرْاٰنَ عِضِيْنَ ﴿۹۱﴾ فَوَرَبِّكَ
لَنَسْـَٔلَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۹۲﴾ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۹۳﴾ فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۹۴﴾
اِنَّا كَفَيْنٰكَ الْمُسْتَهْزِءِيْنَ ﴿۹۵﴾ الَّذِيْنَ يَجْعَلُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۚ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۹۶﴾ وَلَقَدْ
نَعْلَمُ اَنَّكَ يَضِيْقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُوْلُوْنَ ﴿۹۷﴾ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ﴿۹۸﴾
وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ ﴿۹۹﴾

اور بن والے (یعنی شعیب علیہ السلام کی امت بھی) بڑے ظالم تھے سو ہم نے ان سے (بھی) بدلہ لیا اور دونوں (قوموں کی) بستیاں صاف سڑک پر واقع ہیں اور حجر والوں نے (بھی) پیغمبروں کو جھوٹا بتلایا اور ہم نے ان کو اپنی (طرف سے) نشانیاں دیں سو وہ لوگ ان سے روگردانی ہی کرتے رہے اور وہ لوگ پہاڑوں کو تراش تراش کر ان میں گھر بناتے تھے کہ امن میں رہیں سو ان کو صبح کے وقت آواز سخت نے آ پکڑا سو ان کے دنیوی ہنر ان کے کچھ بھی کام نہ آئے اور ہم نے آسمانوں کو اور زمین کو اور ان کی درمیانی چیزوں کو بغیر مصلحت کے نہیں پیدا کیا اور ضرور قیامت آنے والی ہے سو آپ خوبی کے ساتھ درگزر کیجئے بلاشبہ آپ کا رب بڑا خالق بڑا عالم ہے اور ہم نے آپ کو سات آیتیں دیں جو (نماز میں) مکرر پڑھی جاتی ہیں اور قرآن عظیم دیا آپ اپنی آنکھ اٹھا کر بھی اس چیز کو نہ دیکھئے جو کہ ہم نے مختلف کافروں کو برتنے کے لئے دے رکھی ہے اور ان پر غم نہ کیجئے اور مسلمانوں پر شفقت رکھئے اور کہہ دیجئے کہ میں کھلم کھلا (تم کو عذاب خدا سے) ڈرانے والا ہوں جیسا کہ ہم نے وہ عذاب ان لوگوں پر نازل کیا ہے جنہوں نے حصے کر رکھے تھے یعنی آسمانی کتاب کے مختلف اجزاء قرار دیتے تھے سو آپ کے پروردگار کی قسم (یعنی اپنی) ہم ان سب سے ان کے اعمال کی ضرور باز پرس کریں گے۔ غرض

www.besturdubooks.net

آپ کو جس بات کا حکم کیا گیا ہے اس کو (تو) صاف صاف سنا دیجئے اور ان مشرکین کی پرواہ نہ کیجئے یہ لوگ جو ہنستے ہیں (اور) اللہ تعالیٰ کے ساتھ دوسرا معبود قرار دیتے ہیں ان سے آپ کے لئے ہم کافی ہیں سو ان کو ابھی معلوم ہوا جاتا ہے اور واقعی ہم کو معلوم ہے کہ یہ لوگ جو باتیں کرتے ہیں اس سے آپ تنگ دل ہوتے ہیں سو (اس کا علاج یہ ہے کہ) آپ اپنے پروردگار کی تسبیح وتحمید کرتے رہئے اور نماز پڑھنے والوں میں رہئے اور آپ رب کی عبادت کرتے رہئے یہاں تک کہ آپ کو موت آجائے۔ ۞

تفسیر: قصۂ اصحاب ایکہ: ☆ وَ اِنْ كَانَ اَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ لَظٰلِمِيْنَ ۙ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ ۘ وَ اِنَّهُمَا لَبِاِمَامٍ مُّبِيْنٍ ۠

قصہ اصحاب حجر ☆ وَ لَقَدْ كَذَّبَ اَصْحٰبُ الْحِجْرِ الْمُرْسَلِيْنَ ۙ (الی قولہ تعالیٰ) فَمَاۤ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۠ اور بن والے (یعنی شعیب علیہ السلام کی امت بھی) بڑے ظالم تھے سو ہم نے ان سے (بھی) بدلہ لیا اور ان کو عذاب سے ہلاک کیا) اور دونوں (قوم کی) بستیاں صاف سڑک پر (واقع) ہیں (اور شام کو جاتے ہوئے راہ میں نظر آتی ہیں) اور حجر (بکسر حاء) والوں نے (بھی) پیغمبروں کو جھوٹا بتلایا (کیونکہ جب صالح علیہ السلام کو جھوٹا کہا اور سب پیغمبروں کا اصل دین ایک ہی ہے تو سب کو بھی جھوٹا بتلایا) اور ہم نے ان کو اپنی (طرف سے) نشانیاں دیں (جس سے اللہ تعالیٰ کی توحید اور حضرت صالح علیہ السلام کی نبوت ثابت ہوتی تھی مثلاً دلائل توحید اور ناقہ کہ معجزہ صالح علیہ السلام کا تھا) سو وہ لوگ ان (نشانیوں) سے روگردانی (ہی) کرتے رہے اور وہ لوگ پہاڑوں کو تراش تراش کر ان میں گھر بناتے تھے کہ (ان میں سب آفات سے) امن میں رہیں سو ان کو صبح کے وقت (خواہ اول ہی صبح میں یا دن چڑھے علی الاحتمالین) آواز سخت نے آ پکڑا سو ان کے (دنیوی) ہنر ان کے کچھ بھی کام نہ آئے (ان ہی مستحکم گھروں میں عذاب سے کام تمام ہو گیا اس آفت سے ان کے گھروں نے نہ بچالیا بلکہ اس آفت کا ان کو احتمال بھی نہ تھا اور اگر ہوتا بھی تو کیا کرتے)۔ ف: ایکہ کہتے ہیں بن کو بعض نے کہا ہے کہ مدین کے پاس ایک بن تھا اس لئے اہل مدین کا یہ بھی لقب ہے اور بعض نے کہا ہے کہ یہ دو قومیں تھیں ایک کے ہلاک ہونے کے بعد شعیب علیہ السلام دوسری قوم کی طرف مبعوث ہوئے۔ اور روح المعانی میں بہ تخریج ابن عساکر یہ حدیث مرفوع نقل کی ہے ان مدین واصحاب الایکة امتان بعث الله تعالیٰ الیهما شعیباً علیه السلام والله اعلم اور حجر ایک وادی ہے حجاز اور شام کے درمیان اس میں قوم ثمود بستی تھی اور پارۂ ہشتم کے اخیر قصہ سوم میں رجفه اور صیحه کے اجتماع کی توجیہ ذکر کی گئی ہے اور قوم لوط کی بستیوں کا سر راہ واقع ہونا اوپر کی آیت میں آچکا ہے یہاں مکرر ذکر فرمانا شاید اس لئے ہو کہ منازل اہل ایکہ کے وقوع علی الطریق کو منازل قوم لوط کے وقوع علی الطریق سے تشبیہ دینا مقصود ہو یعنی اس کا وقوع علی الطریق تو اوپر معلوم ہو چکا ہے یہ بھی اسی طرح واقع علی الطریق ہے پس دونوں کے دونوں واقع علی الطریق ہیں اس تقریر پر حقیقی تکرار نہ ہوا اور ظاہری تکرار جو ہے سو اس سے اس مکرر کی تاکید مقصود نہ ہوئی۔ بلکہ اس متاخر کی تاکید اس کے ساتھ تشبیہ دینے سے مقصود ہوئی خوب سمجھ لو۔ ربط: اوپر شروع سورت میں کفار مکہ کے شدت عناد ومخالفت کا جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بیان تھا بالخصوص آیت: وَ قَالُوْا يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْ نُزِّلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ سے نَحْنُ قَوْمٌ مَّسْحُوْرُوْنَ ۠ تک جیسا کہ اس کے ترجمہ سے ظاہر ہے اور اسی کے ساتھ اجمالاً آپ کی تسلی کا مضمون بھی ارشاد فرمایا تھا۔ وَ لَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ سے سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ۔ تک پھر درمیان میں اور مضامین مناسبت خاصہ سے مذکور ہوئے تھے اب آگے خاتمہ سورت پر اسی عناد ومخالفت کے بارے میں تفصیلاً مضمون آپ کی تسلی کا بالبلغ وجوہ مذکور ہے جیسا تقریر ترجمہ سے ان شاء اللہ واضح ہوتا ہے۔

تسلیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بالبلغ وجوہ بر عنادِ کفار ☆ وَ مَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ (الی قولہ تعالیٰ) وَ اعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ ۠ اور (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ ان لوگوں کے عناد وخلاف سے غم نہ کیجئے کیونکہ اس کا ایک روز فیصلہ ہونے والا ہے اور وہ روزِ قیامت ہے جس کی آمد کے متعلق ہم آپ سے تذکرہ کرتے ہیں کہ) ہم نے آسمانوں کو اور زمین کو اور ان کی درمیانی چیزوں کو بغیر مصلحت کے نہیں پیدا کیا (بلکہ اس مصلحت سے پیدا کیا کہ ان کو دیکھ کر صانع عالم کے وجود اور وحدت اور عظمت پر استدلال کر کے اس کے احکام کی اطاعت کریں اور بعد اقامت اس حجت کے جو ایسا نہ کرے وہ معذب ہو) اور (دنیا میں پورا عذاب ہوتا نہیں تو اور کہیں ہونا چاہئے اس کے لئے قیامت مقرر ہے پس) ضرور قیامت آنے والی ہے (وہاں سب کو بھگتایا جاوے گا) سو آپ (کچھ غم نہ کیجئے بلکہ) خوبی کے ساتھ (ان کی شرارتوں سے) درگذر کیجئے (درگذر کا مطلب یہ ہے کہ اس غم میں نہ پڑیئے اس کا خیال نہ کیجئے اور خوبی یہ کہ شکوہ شکایت بھی نہ کیجئے کیونکہ) بلاشبہ آپ کا رب (چونکہ) بڑا خالق (ہے اس سے ثابت ہوا کہ) بڑا عالم (بھی) ہے (سب کا حال اُس کو معلوم ہے آپ کے صبر کا بھی ان کی شرارت کا بھی اس لئے ان سے پورا پورا بدلہ لے لے گا اور خالق ہونے کا ذکر بطور استدلال کیا گیا کیونکہ خالق ہونا دلیل ہے عالم ہونے کی کقولہ تعالیٰ: اَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ ؕ [الملك: ١٤]) اور (آپ ان کے معاملہ کو نہ دیکھئے کہ موجب غم ہوتا ہے ہمارا معاملہ اپنے ساتھ دیکھئے کہ ہماری طرف سے آپ کے ساتھ کس قدر لطف وعنایت ہے چنانچہ) ہم نے آپ کو (ایک بڑی بھاری نعمت یعنی) سات آیتیں دیں جو (نماز میں) مکرر پڑھی جاتی ہیں اور (وہ) بوجہ جامع مضامین عظیمہ ہونے کے اس قابل ہے کہ اس کے دینے کو یوں کہا جائے کہ) قرآن عظیم دیا (مراد اس سے سورۂ فاتحہ ہے جو بوجہ عظیم ہونے کے ام

www.besturdubooks.net

القرآن سے ملقب ہے پس اس نعمت اور منعم کی طرف نگاہ رکھئے کہ موجب فرح وسرور ہو ان لوگوں کے عناد وخلاف کی طرف التفات نہ کیجئے اور) آپ اپنی آنکھ اُٹھا کر بھی اس چیز کو نہ دیکھئے (نہ تأسفانہ غیظاً) جو کہ ہم نے مختلف قسم کے کافروں کو (مثلاً یہود ونصاریٰ اور مجوس ومشرکین) برتنے کے لئے دے رکھی ہے (اور بہت جلد ان سے جدا ہو جاوے گی) اور ان (کی حالت کفر) پر (کچھ) غم نہ کیجئے (غیظاً نظر کرنا یہ کہ چونکہ وہ دشمن خدا ہیں اس لئے بوجہ بغض فی اللہ کے غصہ آوے کہ ایسی نعمتیں ان کے پاس نہ ہوتیں اس کے جواب کی طرف **متعنا** میں اشارہ ہے کہ یہ کوئی بڑی معتد بہ دولت نہیں کہ ان مبغوضین مغضوبین کے پاس نہ ہوتی متاع فانی ہے اور تاسفاً نظر یہ کہ افسوس یہ چیزیں ان کو ایمان سے مانع ہو رہی ہیں اگر یہ نہ ہوں تو غالباً ایمان لے آویں اس کا جواب **لا تحزن** میں ہے جس کی تفصیل یہ ہے کہ غایت عناد ان کی طینت میں ہے ان سے کسی طرح توقع نہیں اور حزن ہوتا ہے خلاف توقع پر جب توقع نہیں پھر حزن بے وجہ۔ اور حرصاً نظر کا احتمال ہی نہیں غرض یہ کہ آپ کسی طرح بھی ان کفار کے فکر وغم میں نہ پڑیئے) اور مسلمانوں پر شفقت رکھئے (یعنی فکر مصلحت اور شفقت کے لئے مسلمان کافی محل ہیں کہ ان کو اس سے نفع بھی ہے) اور (کافروں کے لئے چونکہ فکر مصلحت کا کوئی نتیجہ نہیں اس لئے ان کی طرف توجہ بھی نہ کیجئے البتہ تبلیغ کہ آپ کا فرض منصبی ہے اس کو ادا کرتے رہئے اور اتنا) کہہ دیجئے کہ میں کھلم کھلا (تم کو عذاب خدا سے) ڈرانے والا ہوں (اور خدا کی طرف سے تم کو یہ مضمون پہنچاتا ہوں کہ وہ عذاب جس سے ہمارا نبی ڈراتا ہے ہم تم پر کسی وقت ضرور نازل کریں گے) جیسا ہم نے (وہ عذاب) ان لوگوں پر (مختلف اوقات گذشتہ میں) نازل کیا ہے جنہوں نے (احکام الٰہی کے) حصے کر رکھے تھے یعنی آسمانی کتاب کے مختلف اجزاء قرار دیئے تھے (ان میں جو مرضی کے موافق ہوا مان لیا جو مرضی کے خلاف ہوا اس سے انکار کر دیا مراد اس سے یہود ونصاریٰ سابق ہیں جن پر مخالفت انبیاء علیہم السلام سے عذابوں کو ہونا مثل مسخ **قردة و خنازیر** وقتل وقید وذلت کے مشہور ومعروف تھا مطلب یہ کہ عذاب کا نازل ہونا کوئی امر مستبعد نہیں پہلے ہو چکا ہے اگر تم پر بھی ہو جاوے عجب کیا ہے خواہ دنیا میں خواہ آخرت میں اور جب ان مشبہ اور مشبہ بہ لوگوں کا مستحق عذاب ہونا تقریر بالا سے معلوم ہو گیا) سو (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہم کو) آپ کے پروردگار کی (یعنی اپنی) قسم ہم ان سب (اگلوں اور پچھلوں) سے ان کے اعمال کی (قیامت کے روز) ضرور باز پرس کریں گے (پھر ہر ایک کو اس کے مناسب سزا دیں گے) غرض (حاصل کلام یہ کہ) آپ کو جس بات (کے پہنچانے) کا حکم کیا گیا ہے اس کو (تو) صاف صاف سنا دیجئے اور (اگر یہ نہ مانیں تو) ان مشرکوں (کے نہ ماننے) کی (مطلق) پرواہ نہ کیجئے (یعنی غم نہ کیجئے جیسا اوپر آیا ہے **لا تحزن** اور نہ طبعاً خوف کیجئے کہ یہ مخالف بہت سے ہیں کیونکہ) یہ لوگ جو (جو آپ کے اور خدا کے مخالف ہیں چنانچہ آپ پر تو) ہنستے ہیں (اور) اللہ تعالیٰ کے ساتھ دوسرا معبود قرار دیتے ہیں ان (کے شر وایذاء) سے آپ (کو محفوظ رکھنے) کے لئے (اور ان سے بدلہ لینے کے لئے) ہم کافی ہیں سو ان کو ابھی معلوم ہوا جاتا ہے (کہ استہزاء اور شرک کا کیا انجام ہوتا ہے غرض جب ہم کافی ہیں پھر کاہے کا خوف) اور واقعی ہم کو معلوم ہے کہ یہ لوگ جو (کفر واستہزاء کی) باتیں کرتے ہیں اس سے آپ تنگ دل ہوتے ہیں (کہ طبعی بات ہے) سو (اس کا علاج یہ ہے کہ) آپ اپنے پروردگار کی تسبیح وتحمید کرتے رہئے اور نمازیں پڑھنے والوں میں رہئے اور اپنے رب کی عبادت کرتے رہئے یہاں تک کہ (اسی حالت میں) آپ کو موت آ جاوے (یعنی مرتے دم تک ذکر وعبادت میں مشغول رہئے اس میں علاوہ مامور بہ اور ماجور علیہ ہونے کے یہ بھی خاصیت ہے کہ اس طرف شغل کو مقتصر کر دینے سے دوسرا شغل جو کہ موجب ضیق صدر تھا زائل یا مغلوب ہو جاتا ہے۔ **ف**: بعض مضامین تسلیہ سے مثل سزا وغیرہ کی خبر کے یوں معلوم ہوتا ہے کہ آپ ان کا سزایاب ہونا چاہتے تھے اس میں شاید کسی کو شائبہ شفقت کا شبہ ہو تو جواب یہ ہے کہ اپنے ساتھ کسی معاملہ کی وجہ سے یہ امر نہ تھا بلکہ چونکہ حق تعالیٰ کے ساتھ کفر وشرک کرتے تھے اس لئے بغض فی اللہ کا اثر یہ غضب مذکور تھا اور شفقت تو یہ ہے کہ آپ ان کی ہدایت میں ساعی تھے نہ یہ کہ باوجود کفر کے ان کی مغفرت کے طالب تھے اور آخر آیت کے آخر ترجمہ میں مقتصر کی قید اس لئے ظاہر کی کہ کسی کو یہ وسوسہ نہ ہو کہ جب ضیق صدر کا علاج مشغولی عبادت ہے تو آپ تو ہمیشہ سے مشغول عبادت تھے پھر ضیق کیسے واقع ہوا اب اس قید سے جواب ظاہر ہو گیا کہ مطلق مشغولی اس کا علاج نہیں ہے بلکہ اس کا مقتصر ہونا سو آپ کی مشغولی تو دائم تھی لیکن طبعاً یا قصداً کہ خیر خواہی کا قصد بھی عبادت ہے آپ ان کے حال پر بھی متوجہ ہوتے تھے اس لئے مقصوداً اقتصار کی تعلیم فرمائی گئی کہ خیر خواہی کی حد ختم ہو چکی تھی **واللہ اعلم** اور **كَمَآ اَنْزَلْنَا** الخ میں تفسیر مذکور پر صنعت التفات ہے اور ان کی کتاب کو قرآن کہنے میں یہ نکتہ ہو سکتا ہے کہ اس محمدی قرآن کے انکار میں آپ کو تسلی ہو جاوے کہ پہلے قرآن کا بھی انکار ہو چکا ہے اور بعض نے اس کو **اٰتینٰك** کے متعلق کہہ کر یہ معنی کہے ہیں کہ ہم نے آپ کو سبع مثانی اس طرح دی جیسا سابق اہل کتاب پر بواسطۂ انبیاء کے کتاب نازل کی تھی اور مقصود اس تشبیہ سے دفع استبعاد ہے نزول وحی میں اور علی الانبیاء شاید اس لئے نہ کہا ہو کہ اشارہ ہو جاوے کہ مقصود انزال کتب الٰہیہ سے مکلف بنانا ہوتا ہے امت کو پس آپ پر بھی نزول اسی لئے ہوا ہے اور دونوں تو جیہوں پر اگر قرآن کے معنی اصطلاحی رکھے جاویں اور **مقتسمین** کی صفت **جعلوا** الخ کے ساتھ باعتبار ان کے بعض کے کہ زمانۂ نزول قرآن میں موجود تھے کہی جاوے تب بھی بعید نہیں۔

واللہ اعلم وقد تم تفسیر سورۃ الحجر لثلث عشرۃ مضت من جمادی الاخریٰ یوم الاحد ۱۳۴۴ھ ھجری وللہ الحمد۔

www.besturdubooks.net

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ فَاصْفَحِ الصَّفْحَ اس میں بعض اخلاق کی تعلیم ہے۱۲ قولہ تعالیٰ: لَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اس میں حق تعالیٰ کی غیرت معلوم ہوتی ہے اغیار کی طرف نظر کرنے سے۱۲ قولہ تعالیٰ: فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ الخ اس میں دلالت ہے کہ حق بات کو بہت صفائی سے کہنا چاہئے۱۲۔ قولہ تعالیٰ وَ لَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّكَ الخ اس میں غم وضیق کا علاج بتلایا گیا ہے کہ ذکر وتوجہ الی الحق ہے قولہ تعالیٰ: وَاعْبُدْ رَبَّكَ الخ یقین کی تفسیر موت ہے تو اس میں ان لوگوں پر رد ہے جو کہتے ہیں کہ کوئی مرتبہ سلوک میں ایسا ہے جس میں تکالیف شرعیہ ساقط ہو جاتی ہیں اور یہ اعتقاد الحاد محض ہے۱۲ سورۂ حجر تمام ہوئی۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی بالحق مصلحت لان الحق مقابل للباطل وهو ما لا نفع فيه فالحق ماله نفع۱۲۔۲ قوله اخفض شفقت هو ترجمة بالحاصل وتحقيقه فی اللغات من هذه الحواشی۱۲۔ ۳ قوله فی القرآن آسمانی کتاب حملا للقرآن علی معناه اللغوی ای المقر ولا الاصطلاحی الخاص بكتاب نبينا صلی الله عليه وسلم۱۲۔ ۴ قوله فی فسبح بحمد تسبیح وتحمید مبناه كون الباء للملابسة والفرق بينهما ان التسبيح نفی ما يجب نفيه والتحميد اثبات ما يجب اثباته۱۲۔ ۵ قوله فی الساجدين نمازیں عملا للسجدة علی الصلوٰة اطلاقا للجزء علی الكل مجازًا ۱۲۔

الروایات: السبع المثانی هی الفاتحة اخرجه البخاری وابو داؤد والترمذی ورفعوه والقرآن العظيم اخرج البخاری عن ابی سعيد بن المعلی قال قال رسول الله صلی الله عليه وسلم الحمد لله رب العالمين هی السبع المثانی والقرآن العظيم الذی اوتيته قوله المقتسمين فی الروح اخرج الطبرانی فی الاوسط عن ابن عباسؓ قال سأل رجل رسول الله صلی الله عليه وسلم قال ارأيت قول الله تعالیٰ كما انزلنا علی المقتسمين قال عليه الصلوٰة والسلام اليهود والنصاری قال الذی جعلوا القرآن عضين ما عضين قال صلی الله عليه وسلم آمنوا ببعض وكفروا ببعض ا۱۲ منه عم فيضه۔

اللغات: الامام الطريق لانه يوتم به ای يقصد ويتبع۱۲۔ مثانی جمع مثنی بمعنی المكرر جمع للمبالغة۱۲۔ قوله ازواجا اصنافًا قوله اخفض جناحك آه فی الروح اصل ذلك ان الطائر اذا اراد ان يضم فرخه اليه بسط جناحيه له والجناحان من ابن آدم جانبا آه وهو كناية عن التواضع والرفق الشفقة۱۲۔ قوله المقتسمين ای الذين قسموه قوله عضين جمع عضة واصلها عضوة بكسر العين وفتح الضاد بمعنی جزو فهو معتل اللام من عضاه بالتشديد جعله اعضاء واجزاء وجمع السلامة يجبر ما حذف منه والافحقه ان لا يجمع جمع السلامة المذكر لكونه غير عاقل قوله فاصدع ای اظهره واجهربه يقال صدع بالحجة اذا تكلم بها جهارًا ۱۲۔ قوله اليقين الموت وسمی به لانه متيقن اللحوق لكل حی۱۲۔ عم فيضهٗ۔

النحو: قوله والقرآن عطف علی السبع عطف الصفة علی الصفة والذات متحدة۱۲۔ قوله من المثانی من هذه بيانية قوله كما انزلنا متعلق بمقدر ای ننزل عليهم عذابا كما انزلنا ويدل علی ذلك المقدر الملفوظ من قوله انا النذير كما هو ظاهر وفی البيضاوی هكذا انا النذير المبين انذركم ببيان وبرهان ان عذاب الله نازل بكم ان لم تؤمنوا كما انزلنا مثل العذاب الذی انزلنا الخ۔

البلاغۃ: قوله تعالیٰ كن من السّٰجدين فی الروح ولمزيد الاعتناء بامر الصلوٰة جی بالامر بها كما ترى مغائر الامر السابق علی هذا الوجه المخصوص وفی ذلك من ترغيب فيها ما لا يخفی قوله واعبد ربك فی الاظهار بلفظ الرب تاكيد لما دل عليه الربوبية من اظهار اللطف به صلی الله عليه وسلم۱۲۔ قوله حتی ياتيك اليقين۔ اسناد الاتيان اليه للايذان بانه متوجه الی الحی طالب للموصول اليه۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ النَّحْلِ

سُوْرَةُ النَّحْلِ مَكِّيَّةٌ ۱۶ / ۷۰ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۱۲۸ رُكُوْعَاتُهَا ۱۶

سورۂ نحل مکہ میں اُتری شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں اور اس کی ایک سو اٹھائیس آیتیں اور سولہ رکوع ہیں

اَتٰۤى اَمْرُ اللّٰهِ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْهُ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَ تَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝۱ يُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ بِالرُّوْحِ مِنْ اَمْرِهٖ
عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖۤ اَنْ اَنْذِرُوْۤا اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنَا فَاتَّقُوْنِ ۝۲ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ
بِالْحَقِّ ؕ تَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝۳ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ۝۴ وَ الْاَنْعَامَ
خَلَقَهَا ۚ لَكُمْ فِيْهَا دِفْءٌ وَّ مَنَافِعُ وَ مِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ۝۵ وَ لَكُمْ فِيْهَا جَمَالٌ حِيْنَ تُرِيْحُوْنَ وَ حِيْنَ
تَسْرَحُوْنَ ۝۶ وَ تَحْمِلُ اَثْقَالَكُمْ اِلٰى بَلَدٍ لَّمْ تَكُوْنُوْا بٰلِغِيْهِ اِلَّا بِشِقِّ الْاَنْفُسِ ؕ اِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوْفٌ
رَّحِيْمٌ ۝۷ وَّ الْخَيْلَ وَ الْبِغَالَ وَ الْحَمِيْرَ لِتَرْكَبُوْهَا وَ زِيْنَةً ؕ وَ يَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝۸

خدا تعالیٰ کا حکم آپہنچا سو تم اس میں جلدی مت مچاؤ وہ لوگوں کے شرک سے پاک اور برتر ہے۔ وہ فرشتوں (کی جنس یعنی جبرائیل) کو وحی یعنی اپنا حکم دے کر اپنے بندوں میں سے جس پر چاہیں (یعنی انبیاء پر) نازل فرماتے ہیں یہ کہ خبردار کر دو کہ میرے سوا کوئی لائق عبادت نہیں سو مجھ سے ڈرتے رہو۔ آسمانوں کو اور زمین کو حکمت سے بنایا وہ ان کے شرک سے پاک ہے (اور) انسان کو نطفہ سے بنایا پھر وہ یکایک کھلم کھلا جھگڑنے لگا اور اس نے چوپایوں کو بنایا ان میں تمہارے جاڑے کا بھی سامان ہے اور بہت سے فائدے ہیں اور وہ ان میں سے کھاتے بھی ہو اور ان کی وجہ سے تمہاری رونق بھی ہے جبکہ (ان کو) شام کے وقت لاتے ہو اور جبکہ (ان کو) صبح کے وقت چھوڑ دیتے ہو اور وہ تمہارے بوجھ (لاد کر) ایسے شہر کو لے جاتے ہیں جہاں تم بدون جان کو محنت میں ڈالے ہوئے (خود بھی) نہیں پہنچ سکتے تھے واقعی تمہارا رب بڑی شفقت اور رحمت والا ہے اور گھوڑے اور خچر اور گدھے بھی پیدا کئے تاکہ تم ان پر سوار ہو اور نیز زینت کے لئے بھی اور وہ ایسی ایسی چیزیں بناتا ہے جس کی تم کو خبر بھی نہیں۔ ۞

تفسیر: سورة النحل مكية وهي مائة وثمان و عشرون آية بلا خلاف ۱۲۔ **ربط وتناسب:** اس سورت میں یہ مضامین ہیں توحید بہ پیرایۂ امتنان جس کو زیادت ایقاظ کے لئے تمہید وعید سے شروع کیا گیا اور گذشتہ سورت کے ختم پر بھی توحید اور عدم توحید پر وعید کا مضمون تھا جیسا يَجْعَلُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اور فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ الخ سے معلوم ہوتا ہے اور اس اشتراک سے اس کے انجام اور اس کے آغاز کا تناسب بھی معلوم ہو گیا اور اس توحید کے ضمن میں شرک کا رد اور اہل شرک کی مذمت اور بعض آیات میں نبوت وقرآن کے انکار پر وعید اور اس کے مقابلہ میں مصدقین قرآن کے لئے بشارت اور بعض آیات میں بعث کا اثبات بھی ہے اور یہ مضمون رکوع پنجم کے ختم تک چلا گیا ہے پھر رکوع ششم کے اول میں ہجرت کی فضیلت اور نبوت کا اثبات اور منکرین کے لئے وعید بیان کر کے پھر توحید کی طرف عود فرمایا گیا ہے پھر رکوع ہشتم کے اخیر میں رسالت اور قرآن کی حقانیت بیان فرما کر پھر توحید کی طرف عود ہے پھر رکوع یازدہم کے قریب ختم سے قرآن کی حقیت اور برکت اور اس کی تعلیمات میں سے بعض کی خوبی اور ان میں سے بالخصوص ایفائے عہد کی زیادہ تاکید پھر مطلقاً اعمال صالحہ کی فضیلت مذکور ہے پھر رکوع سیزدہم کے قریب ختم سے قرآن اور رسالت کے بحث اور منکر پر وعید اور اکراہ میں زبانی انکار کا استثناء اور آخر رکوع چہاردہم میں اس انکار کا ایمان کی برکت سے معاف ہو جانا بیان ہوا ہے پھر رکوع پانزدہم کے شروع میں کفر کا وبال اخروی ودنیوی اور پھر بعض رسوم شرکیہ کا ابطال پھر اس رکوع

www.besturdubooks.net

میں توبہ کی ترغیب پھر ختم کے رکوع میں رسالت محمدیہ کا اثبات اور اس کی تقویت کے لئے رسالت ابراہیمیہ کا ذکر پھر منصب رسالت کے بعض آداب اور مخالفین کی مخالفت پر آپ کو مع اتباع کے صبر وتقویٰ کا ارشاد فرمایا ہے اور اسی کی فضیلت پر سورت کو ختم کر دیا ہے اب تمام اجزاء سورت کا تناسب بالکل واضح ولائح ہے واللہ اعلم وعلمہ اتم واحکم اب دلائل توحید سے سورت شروع ہوتی ہے جس میں زیادہ حصہ دلائل عقلیہ کا ہے کہ آیت خَلَقَ السَّمٰوٰتِ الخ سے دور تک چلا گیا ہے اور اس کے قبل آیت: یُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِکَةَ میں اس توحید کی دلیل نقلی کی طرف اشارہ ہے اور چونکہ مضمون توحید کا مہتم بالشان ہے اس لئے سب سے اول اَتٰٓی اَمْرُ اللّٰهِ میں وعید کا مضمون لایا گیا ہے تاکہ اس سے متنبہ ہو کر توجہ کے ساتھ دلائل میں غور کریں اور اسی اہتمام کے لئے دلیل نقلی میں انذروا مکرر تنبیہ کے لئے لائے ہیں اور دلائل عقلیہ میں اپنے انعامات کا ذکر بھی فرمایا ہے تاکہ اتیان امر اور انذار سے ترہیب اور ذکر نعم سے ترغیب ہو جاوے کہ دونوں کو توجہ میں خاص دخل ہے۔

تمہید توحید بوعید ☆ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَتٰٓی اَمْرُ اللّٰهِ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْهُ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَ تَعٰلٰی عَمَّا یُشْرِکُوْنَ ۝ خدائے تعالیٰ کا حکم (یعنی سزائے کفر وشرک کا وقت قریب) آپہنچا (اور اس کا آنا یقینی ہے) سو (اے منکرو) تم اس میں (منکرانہ) جلدی مت مچاؤ (جیسا ان کا قول تھا کہ اگر عذاب کوئی چیز ہے تو جلدی آ جانا چاہئے۔ یعنی جلدی نہ آنا بہتر ہے تاکہ تم کو اصلاح وتوبہ کی مہلت مل جاوے باقی اس کا آنا یقینی ہے پھر جلدی مانگنے سے کیا فائدہ جب کفر وشرک پر عذاب ہونا سن لیا تو اب توحید اختیار کرو اور اس کی حقیقت سنو کہ) وہ لوگوں کے شرک سے پاک ہے اور برتر ہے (یعنی اس کا کوئی شریک نہیں)۔

اثبات توحید بدلیل نقلی ☆ یُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِکَةَ بِالرُّوْحِ (الی قولہ تعالیٰ) فَاتَّقُوْنِ ۝ وہ (اللہ تعالیٰ) فرشتوں (کی جنس یعنی جبریل) کو وحی یعنی اپنا حکم دے کر اپنے بندوں میں سے جس پر چاہیں (یعنی انبیاء پر) نازل فرماتے ہیں (اور وہ حکم) یہ (ہے) کہ (لوگوں کو) خبردار کر دو کہ میرے سوا کوئی لائق عبادت نہیں سو مجھ سے ڈرتے رہو (یعنی میرے ساتھ شرک مت کرو ورنہ سزا ہوگی) ف: اس میں یہ امر ظاہر فرما دیا کہ توحید تمام انبیاء علیہم السلام کی شریعت مشترکہ ہے۔

اثبات توحید بطریق عقلی متضمن ذکر نعم ☆ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ (الی قولہ تعالیٰ) وَ یَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ (اللہ تعالیٰ نے) آسمانوں کو اور زمین کو حکمت سے بنایا وہ ان کے شرک سے پاک ہے (اور) انسان کو (یعنی اس نوع کے اکثر افراد کو) نطفہ سے بنایا پھر وہ یکایک کھلم کھلا (خدا ہی کی ذات وصفات میں) جھگڑنے لگا (یعنی بعضے ایسے بھی ہوئے مطلب یہ کہ ہماری تو یہ نعمتیں اور انسان کی طرف سے یہ ناشکری) اور اسی نے چوپایوں کو بنایا ان میں تمہارے جاڑے کا بھی سامان ہے (چنانچہ بعضے جانور کی کھال کا پوستین اور بال کا کمبل بنتا ہے) اور بھی بہت سے فائدے ہیں (کسی کا دودھ بھی پیا جاتا ہے اور کسی پر سوار ہوتے ہیں کوئی ہل میں چلایا جاتا ہے وغیرہ وغیرہ جن میں بعض کا آگے ذکر آتا ہے) اور ان میں سے (جو کھانے کی چیزیں ہیں ان کو) کھاتے بھی ہو (جیسے لحم وشحم مثلاً) اور ان کی وجہ سے تمہاری رونق بھی ہے جب کہ (ان کو) شام کے وقت (جنگل سے گھر) لاتے ہو اور جب کہ (ان کو) صبح کے وقت (گھر سے جنگل کو) چھوڑ دیتے ہو اور وہ تمہارے بوجھ بھی (لاد کر) ایسے شہر کو لے جاتے ہیں جہاں تم کو بدوں جان کو محنت میں ڈالے ہوئے (خود بھی) نہیں پہنچ سکتے تھے (اور بوجھ سمیت تو اور بھی مشکل تھا) واقعی تمہارا رب بڑی شفقت اور رحمت والا ہے (کہ تمہارے آرام کے لئے کیا کیا سامان پیدا کئے) اور گھوڑے اور خچر اور گدھے بھی پیدا کئے تاکہ تم ان پر سوار ہو اور نیز زینت کے لئے بھی اور وہ ایسی ایسی چیزیں (تمہارے فائدے کے لئے) بناتا ہے جن کی تم کو خبر بھی نہیں (اور اس سے تم کو فائدہ پہنچ رہا ہے اور ایسی چیزیں کثرت سے ہیں مثلاً کسی موذی جانور کی نسل بڑھ گئی اللہ تعالیٰ نے کوئی ایسا سمی مادہ زمین میں پیدا کر دیا جس سے وہ ہلاک ہو گیا اور عام کو اس مادہ کی اطلاع تک بھی نہیں ونحو ذالک)۔ ف: خَلَقَ الْاِنْسَانَ کے ترجمہ میں اکثر اس لئے کہا گیا کہ آدم علیہ السلام اس سے مستثنیٰ ہیں اور اگر نطفہ مخصوص ہو منی مرد کے ساتھ جیسا اکثر کتابوں میں لکھا ہے تو عیسیٰ علیہ السلام بھی مستثنیٰ ہیں اور ان آیات میں جمال اور زینت کا جواز معلوم ہوتا ہے اور اس میں تکبر وتفاخر میں فرق یہ ہے کہ جمال اور زینت تو اپنا دل خوش کرنے کے لئے یا اظہار نعمت الٰہیہ کے لئے ہوتا ہے اور دل میں اپنے کو نہ اس نعمت کا مستحق سمجھتا ہے اور نہ دوسروں کو حقیر سمجھتا ہے بلکہ منعم حقیقی کی طرف اس کا منسوب ہونا اس کے پیش نظر رہتا ہے اور جس میں دعویٰ استحقاق اور تحقیر اور اپنے اوپر نظر اور دوسروں کی نظر میں علو شان کا قصد ہو وہ تکبر اور حرام ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَلَكُمْ فِيْهَا جَمَالٌ (الی قولہ تعالیٰ) وَزِيْنَةً ؕ دفا و رکب واکل وغیرہ منافع ضروریہ کے بعد اس کا لانا دلیل ہے اس پر کہ زینت وجمال وغیرہ مصالح زائد کا قصد بھی مضر نہیں جب اس میں کوئی شرعی مصلحت ہو جیسے دفع مذلت یا مسرت اور فخر وتکبر نہ ہو مگر چونکہ مبتدی اس سے کم خالی ہوتا ہے اس لئے اس کو کنارہ کشی ہی مناسب ہے جب تک کہ تہذیب نفس حاصل نہ ہو جاوے اور اس تہذیب کی شیخ کامل شہادت نہ دے دے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ قبل فلا یقینی اشار بہ الی معنی الفاء ثم اوضحہ بقولہ فیما بعد منکر فافہم ۱۲۔ ۲ قولہ فی تاکلون لحم وشحم مبناہ علی ان من تبعیضیۃ والضمیر الی الانعام المخصوص بالازواج الثمانیۃ المذکورۃ فی سورۃ الانعام ولما کان جمیعھا ماکولا حمل

www.besturdubooks.net

التبعيض على اجزائه لا على اصنافه۱۲۔ ۳ قوله في يخلق فائدے:دليله عندى كون المقام للامتنان۱۲۔

اَلْكَلَامُ : استدل بعض المنكرين للخوارق كطى الارض للاولياء وبقوله تعالٰى لا بشق الانفس والجواب ان هذا باعتبار اكثر الاشخاص واكثر الازمان۱۲۔

الفقه: استدل بقوله تعالٰى لتركبوها الخ لابى حنيفة على حرمة الخيل على ما هو المشهور وضعف بان التخصيص لكون الركوب اكثر مالوف فى الخيل لا لعدم تحقق الاكل فيها فلا بد من الرجوع فى ذلك الى الاخبار۔

اَللُّغَاتُ: قوله دفء اسم لما يدفا به اى يسخن۱۲۔ قوله تريحون يقال اراح الماشية اذا ردها الى المراح بالعشى۱۲۔ قوله تسرحون يقال سرحها اخرجها من خطائرها ومبيتها الى مسارحها ومراعيها غدوة۱۲۔

اَلنَّحْوُ : قوله بالروح الباء فيه للملابسة ومن بيانية وامره بيان للروح بمعنى الوحى لاشتراكهما فى معنى الاحياء وان انذروا بدل للروح۱۲ قوله لكم فيها دفء استيناف كمقابلة ولكم فيها جمال قوله والخيل عطف على الانعام۱۲۔

اَلْبَلَاغَةُ : قوله الملئكة المراد بها الجنس والتعبير بالانذار عن الاعلام بناء على ان هذا الاعلام اكثر من خوطب به هم الذين لم يكونوا موحدين۱۲۔ قوله منها تاكلون تقديم الظرف اما للفاصلة او للحصر الاضافى باعتبار ان اكثر ما يعتاد الاكل منها فلا يرد ان غير الانعام ايضا يوكل۱۲۔ قوله حين تريحون وحين تسرحون فى الروح وتعيين الوقتين لان ما يدور عليه امر الجمال من تزين الافنية وتجادب لغائها ورغائها انما هو عند الذباب والمجى فى ذينك الوقتين واما عند كونها فى المساح فتنقطع اضافتها الحسية الى اربابها وعند كونها فى الخطائر لا يراها راء ولا ينظر اليها ناظر وتقديم الا راحة على السرح مع انها متاخرة فى الوجود عنه لكونها اظهر منه فى استتباع ما ذكر من الجمال واتم فى استجلاب الانس والبهجة اذ فيها حضور بعد غيبة واقبال بعد ادبار على احسن ما يكون ملاء ى البطون حافلة الضروع۱۲۔ قوله لم تكونوا بٰلغيه لم يقل مبلغيها اى الاثقال مبالغة كما يظهر من تقرير الترجمة۱۲ قوله و زينة لم يدخل عليها الاسلام اشارة الى انها ليست مقصورة بالذات حقيقة بان يدخل عليه لام التعليل بخلاف الركوب وهو معطوف على محل لتركبوها اى ولتترنبتوا بها۱۲۔

وَعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيْلِ وَمِنْهَا جَآئِرٌ ؕ وَلَوْ شَآءَ لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝۹ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ
مَآءً لَّكُمْ مِّنْهُ شَرَابٌ وَّمِنْهُ شَجَرٌ فِيْهِ تُسِيْمُوْنَ ۝۱۰ يُنْۢبِتُ لَكُمْ بِهِ الزَّرْعَ وَالزَّيْتُوْنَ
وَالنَّخِيْلَ وَالْاَعْنَابَ وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝۱۱ وَسَخَّرَ لَكُمُ
الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۙ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ وَالنُّجُوْمُ مُسَخَّرٰتٌۢ بِاَمْرِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ
لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۝۱۲ وَمَا ذَرَاَ لَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ
يَّذَّكَّرُوْنَ ۝۱۳ وَهُوَ الَّذِيْ سَخَّرَ الْبَحْرَ لِتَاْكُلُوْا مِنْهُ لَحْمًا طَرِيًّا وَّتَسْتَخْرِجُوْا مِنْهُ حِلْيَةً تَلْبَسُوْنَهَا ۚ
وَتَرَى الْفُلْكَ مَوَاخِرَ فِيْهِ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝۱۴ وَاَلْقٰى فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ
تَمِيْدَ بِكُمْ وَاَنْهٰرًا وَّسُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ۝۱۵ وَعَلٰمٰتٍ ؕ وَبِالنَّجْمِ هُمْ يَهْتَدُوْنَ ۝۱۶ اَفَمَنْ يَّخْلُقُ كَمَنْ لَّا
يَخْلُقُ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝۱۷ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۱۸ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ وَمَا
تُعْلِنُوْنَ ۝۱۹ وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَا يَخْلُقُوْنَ شَيْـًٔا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ ۝۲۰ اَمْوَاتٌ غَيْرُ اَحْيَآءٍ ۚ

www.besturdubooks.net

وَمَا يَشْعُرُوْنَ ۙ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ﴿۲۱﴾ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ قُلُوْبُهُمْ مُّنْكِرَةٌ وَّهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۲۲﴾ لَا جَرَمَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۭ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْتَكْبِرِيْنَ ﴿۲۳﴾ ع ۱۲/۸

اور سیدھا راستہ اللہ تعالیٰ تک پہنچتا ہے اور بعضے رستے ٹیڑھے بھی ہیں اور اگر خدا چاہتا تو تم سب کو (منزل) مقصود تک پہنچا دیتا۔ وہ ایسا ہے جس نے تمہارے واسطے آسمان سے پانی برسایا جس سے تم کو پینے کو ملتا ہے اور جس (کے سبب) سے درخت پیدا ہوتے ہیں جن میں تم چرنے چھوڑ دیتے ہو اور اس (پانی) سے تمہارے لئے کھیتی اور زیتون اور کھجور اور انگور اور ہر قسم کے پھل (زمین سے) اگاتا ہے بے شک اس میں سوچنے والوں کے لئے (توحید کی) دلیل (موجود) ہے۔ اس نے تمہارے لئے رات اور دن اور سورج اور چاند کو (اپنا) مسخر (قدرت) بنایا اور ستارے بھی اس کے حکم سے مسخر ہیں بے شک اس میں (بھی) عقل مند لوگوں کے لئے چند دلیلیں (موجود) ہیں اور ان چیزوں کو بھی (بنایا) جن کو تمہارے لئے اس طور پر پیدا کیا کہ ان کے اقسام مختلف ہیں بے شک اس میں (بھی) سمجھدار لوگوں کے لئے دلیل (توحید موجود) ہے اور وہ ایسا ہے کہ اس نے دریا کو (بھی) مسخر بنایا کہ اس میں سے تازہ تازہ گوشت کھاؤ اور اس میں سے (موتیوں کا) گہنا نکالو جس کو تم پہنتے ہو اور تو کشتیوں کو دیکھتا ہے کہ اس (دریا) میں (اس کا) پانی چیرتی ہوئی چلی جا رہی ہیں اور تاکہ تم خدا کی روزی تلاش کرو اور شکر کرو اور اس نے زمین میں پہاڑ رکھ دیئے تاکہ وہ (زمین) تم کو لے کر ڈگمگانے (اور ہلنے) نہ لگے اور اس نے نہریں اور رستے بنائے تاکہ منزل مقصود تک پہنچ سکو اور بہت سی نشانیاں بنائیں اور تاروں سے بھی لوگ رستہ معلوم کرتے ہیں سو کیا جو شخص پیدا کرتا ہو وہ اس جیسا ہو جائے گا جو پیدا نہیں کر سکتا پھر کیا تم اتنا بھی نہیں سمجھتے اور اگر تم اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو گننے لگو تو (کبھی) نہ گن سکو واقعی اللہ تعالیٰ بڑی مغفرت والے بڑے رحمت والے ہیں اور اللہ تعالیٰ تمہارے پوشیدہ اور ظاہر احوال سب جانتے ہیں اور جن کی یہ لوگ خدا کو چھوڑ کر عبادت کرتے ہیں وہ کسی چیز کو پیدا نہیں کر سکتے اور وہ خود ہی مخلوق ہیں وہ (معبودین) مردے (بے جان) ہیں زندہ نہیں اور ان کو خبر نہیں کہ وہ مردے کب اٹھائے جائیں گے تمہارا معبود برحق ایک ہی معبود ہے تو جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے ان کے دل (معقول بات سے) منکر ہو رہے ہیں اور قبول حق سے تکبر کرتے ہیں (اور) ضروری بات ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کے سب احوال پوشیدہ و ظاہر جانتے ہیں یقینی بات ہے کہ اللہ تکبر کرنے والوں کو پسند نہیں کرتے۔ ۞

تفسیر: ربط: اوپر بعض دلائل توحید کا ذکر ہوا ہے اور بعض دلائل آگے مذکور ہوں گے درمیان میں بطور جملہ معترضہ کے ان دلائل کا نعمت روحانی ہونا بیان فرماتے ہیں کہ وہ دلائل صراط مستقیم تک پہنچانے والے ہیں اور غیر مستقیم سے بچانے والے ہیں۔

جملہ معترضہ برائے تبیین اثر دلائل مذکورہ ☆ وَعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيْلِ وَمِنْهَا جَاۗىِٕرٌ ۭ وَلَوْ شَاۗءَ لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۹﴾ اور (دلائل مذکورہ سابقہ ولاحقہ سے جو) سیدھا راستہ (دین کا ثابت ہوتا ہے وہ خاص) اللہ تک پہنچتا ہے اور بعضے راستے (جو کہ دین کے خلاف ہیں) ٹیڑھے بھی ہیں (کہ ان سے اللہ تک رسائی ممکن نہیں پس بعضے تو سیدھے راستہ پر چلتے ہیں اور بعضے ٹیڑھے پر) اور اگر خدا چاہتا تو تم سب کو (منزل) مقصود تک پہنچا دیتا (مگر وہ اسی کو پہنچاتے ہیں جو اس صراط مستقیم کا طالب بھی ہو: وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا [العنکبوت: ۶۹] اس لئے تم کو چاہئے کہ ان دلائل میں غور کرو اور ان سے حق کو طلب کرو کہ تم کو مقصود تک رسائی عطا ہو)۔ ربط: جملہ معترضہ مذکورہ کے بعد بقیہ دلائل توحید کا بیان فرماتے ہیں۔

بقیہ دلائل مفیدۂ توحید ونعم ☆ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً لَّكُمْ مِّنْهُ شَرَابٌ وَّمِنْهُ شَجَرٌ فِيْهِ تُسِيْمُوْنَ ﴿۱۰﴾ (الی قولہ تعالیٰ) وَبِالنَّجْمِ هُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿۱۶﴾ وہ (اللہ) ایسا ہے جس نے تمہارے (فائدہ کے) واسطے آسمان سے پانی برسایا جس سے تم کو پینے کو ملتا ہے اور جس (کے سبب) سے درخت (پیدا ہوتے) ہیں جن میں تم (اپنے مواشی کو) چرنے چھوڑ دیتے ہو (اور) اس (پانی) سے تمہارے (فائدہ کے) لئے کھیتی اور زیتون اور کھجور اور انگور اور ہر قسم کے پھل (زمین سے) اُگاتا ہے بیشک اس (مذکور) میں سوچنے والوں کے لئے (توحید کی) دلیل (موجود) ہے اور اس (اللہ) نے تمہارے (فائدہ کے) لئے رات اور دن اور سورج اور چاند کو (اپنا) مسخر (قدرت) بنایا اور اسی طرح اور ستارے (بھی) اس کے حکم سے مسخر (قدرت) ہیں بیشک اس (مذکور) میں (بھی) عقلمند لوگوں کے لئے (توحید کی) چند دلیلیں (موجود) ہیں اور (اسی طرح) ان چیزوں کو بھی (مسخر قدرت بنایا) جن کو تمہارے (فائدہ کے) لئے اس طور پر پیدا کیا کہ ان کی اقسام (یعنی اجناس وانواع واصناف) مختلف ہیں (اس میں تمام حیوانات ونباتات وجمادات وبسائط ومرکبات داخل ہو گئے) بیشک اس (مذکور) میں (بھی) سمجھدار لوگوں کے لئے (توحید کی) دلیل (موجود) ہے اور وہ (اللہ) ایسا ہے کہ اس نے دریا کو (بھی) مسخر (قدرت) بنایا تاکہ اس میں سے تازہ تازہ گوشت (یعنی مچھلی نکال نکال کر) کھاؤ اور (تاکہ) اس میں سے (موتیوں کا) گہنا نکالو جس کو تم (مرد وعورت سب) پہنتے ہو اور (اے مخاطب اس دریا کا ایک یہ بھی فائدہ ہے کہ) تو کشتیوں کا (خواہ چھوٹی ہوں یا بڑی ہوں جیسے جہاز تو ان کو) دیکھتا ہے کہ اس (دریا) میں (اس کا) پانی چیرتی ہوئی چلی جا رہی ہیں اور (نیز اس لئے دریا کو مسخر قدرت بنایا) تاکہ تم (اس میں مال تجارت لے کر سفر کرو اور اس کے ذریعہ سے) خدا کی روزی تلاش کرو اور

www.besturdubooks.net

تا کہ (ان سب فائدوں کو دیکھ کر اس کا) شکر (ادا) کرو اور اس نے زمین میں پہاڑ رکھ دیئے تا کہ وہ (زمین) تم کو لے کر ڈگمگانے (اور ہلنے نہ لگے اور اس نے (چھوٹی چھوٹی) نہریں اور راستے بنائے تا کہ (ان راستوں کے ذریعہ سے اپنی) منزل مقصود تک پہنچ سکو اور (ان راستوں کی پہچان کے لئے) بہت سی نشانیاں بنائیں (جیسے پہاڑ درخت وغیرہ جن سے راستہ پہچانا جاتا ہے ورنہ اگر تمام زمین کی سطح یکساں حالت پر ہوتی راستہ ہرگز نہ پہچانا جاتا) اور ستاروں سے بھی لوگ راستہ معلوم کرتے ہیں (چنانچہ ظاہر و معلوم ہے)۔ **ف**: آیت میں شجر عام ہے گیاہ وغیرہ کو اور مشہور یہ ہے کہ موتی مونگا وغیرہ صرف دریائے شور میں پیدا ہوتا ہے اگر یہ بات محقق ہو جاوے تو آیت میں بحر سے مراد خاص وہی ہوگا ورنہ شیریں کو بھی عام ہوگا اور سورۂ رحمن میں جو مِنْهُمَا آیا ہے تقدیر ثانی پر تو تاویل کی کوئی حاجت نہیں اور اول پر بوجہ مجاورت کے مِنْهُمَا کہہ دیا کیونکہ وہاں اجتماع بحرین کا ذکر ہے جیسا فرض کرو دو شخص اکھٹے آویں اور ان میں ایک کے پاس کوئی مال تجارت ہو تو کہا جاتا ہے کہ دو شخص آئے تھے جن کے پاس ایسا ایسا مال تھا اور تَلْبَسُوْنَهَا کے ترجمہ میں جو مرد و عورت کی تعمیم ظاہر کی گئی وجہ یہ کہ موتی مونگا پہننا مردوں کو بھی جائز ہے پس تلبسون میں تغلیب ہے اور پہاڑوں کی جو حکمت استقرار ارض کو فرمایا اس پر بادی النظر میں شبہ ہوتا ہے کہ حکماء کے اصول پر تو ارض طبعاً مقتضی سکون کو ہے اور متکلمین کے نزدیک اگرچہ مقتضی سکون کو نہیں مگر مقتضی حرکت کو بھی نہیں پھر پہاڑوں کے نہ ہونے کی صورت میں اس کے حرکت و اضطراب کی کیا وجہ جس کے روکنے کے لئے پہاڑ پیدا کئے گئے جواب اس شبہ کا یہ ہے کہ گو وہ مقتضی حرکت کو نہیں ہے مگر حق تعالیٰ نے کسی حکمت سے اس کو ایسی حالت پر بنایا کہ عنصر آب کے اندر ہونے سے جب پانی کو ہوا سے حرکت ہوتی ہے تو یہ بھی ہلتی جیسا بخارات محتبسہ کی حرکت ہے خود حکماء بھی حرکت ارض کے قائل ہیں اس کے بند کرنے کو اس پر پہاڑ پیدا کئے کہ حرکت پانی کی اس کو حرکت نہ دے سکے جیسا اللہ تعالیٰ نے انسان کو ایسی حالت پر بنایا ہے کہ بدون غذا کے زندہ نہ رہتا پھر غذا پیدا کر کے زندہ رکھا اب یہ سوال کہ زمین کو پہلے سے کیوں ایسا بنایا بعینہٖ ایسا سوال ہے کہ کوئی شخص کہے کہ انسان کو پہلے سے کیوں محتاج غذا بنایا کیونکہ ہم احاطۂ حکمت کے مدعی نہیں ہیں اور ممکن ہے کہ حکمت یہ ہو کہ فرشتوں کو اپنی عظمت قدرت کی دکھلانا مقصود ہو کہ ہم نے کس طرح حرکت پیدا کر دی اور کسی طرح اس کو سکون سے مبدل کر دیا **كذا في روح المعاني** اور احقر کہتا ہے کہ یوں بھی کہنا ممکن ہے کہ ارض کے سب اجزاء اگر متشابہ ہوتے تو اس کا مرکز حجم مرکز ثقل پر منطبق ہوتا اور پانی میں غرق ہوتی اور جب اس کے ایک حصہ کو کھولنے کے واسطے پانی سے نکالا جاتا تو پھر یہ پانی میں غرق ہونا چاہتی اور اس لئے اس میں حرکت ہوتی اور چونکہ عنصر آب بھی طالب مرکز عالم ہے اس لئے کسی درجہ میں وہ اس کے ساتھ مقاومت کرتا لامحالہ مضطربانہ حرکت پیدا ہوتی خوب سمجھ لو اور اگر تمید کے معنی مطلق حرکت ہوں جیسا قاموس سے معلوم ہوتا ہے تو اثبات مقاومت کی بھی حاجت نہیں پہاڑوں وغیرہ کے سبب سے اس کا مرکز ثقل مرکز حجم سے اتنی دور ہو گیا کہ اس کا یہ حصہ پانی سے مکشوف ہو گیا پس پہاڑ اس حرکت سے مانع ہو گئے اور اول جواب متکلمین کے اصول پر منطبق ہے اور دوسرا اصول حکماء سے اقرب ہے گو منطبق اس وجہ سے نہیں کہ وہ عدم جبال کی حالت میں استقرار فی الوسط کو طبعی کہتے ہیں اور واقع میں باذن اللہ ہے اور جاننا چاہئے کہ بعضوں نے اَنْ تَمِيْدَ بِهِمْ الخ سے نفی حرکت ارض پر استدلال کیا ہے لیکن حق یہ ہے کہ قرآن میں اس حرکت ارض سے جو حکماء میں مختلف فیہ ہے کہیں تعرض نہیں ہے نہ نفیاً نہ اثباتاً اس میں دوسرے دلائل کی ضرورت ہے اور تمید میں جس حرکت کی نفی ہے وہ حرکت عارضی ہے نہ وہ جس میں کلام ہے۔ **ربط**: اوپر دلائل توحید کے بیان فرما کر آگے معبودین بغیر حق کا ان صفات مذکورہ سے خالی ہونا اور اس بناء پر ان کا قابل معبودیت نہ ہونا اور باوجود اقامت دلائل کے ایسے اعتقاد والوں کی مذمت بیان فرماتے ہیں پس اوپر صریحاً احقاق توحید کا تھا اور آگے صریحاً ابطال شرک کا ہے مع ذم اہل شرک۔

ابطال اشراک و ذم مشرکین ☆ اَفَمَنْ يَّخْلُقُ كَمَنْ لَّا يَخْلُقُ ۭ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا ۭ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْتَكْبِرِيْنَ ۝ سو (جب اللہ تعالیٰ کا خالق اشیائے مذکورہ ہونا اور اس میں اس کا متفرد ہونا ثابت ہو چکا ہو تو) کیا جو شخص پیدا کرتا ہو (یعنی اللہ تعالیٰ) وہ اس جیسا ہو جاوے گا جو پیدا نہیں کر سکتا (کہ تم دونوں کو معبود سمجھنے لگے تو اس میں اللہ تعالیٰ کی اہانت ہے کہ اس کو بتوں کے برابر کر دیا) پھر کیا تم (اتنا بھی) نہیں سمجھتے اور (اللہ تعالیٰ نے جو اوپر دلائل توحید میں اپنی نعمتیں بتلائی ہیں ان پر کیا حصر ہے وہ تو اس کثرت سے ہیں کہ) اگر تم اللہ تعالیٰ کی (ان) نعمتوں کو گننے لگو تو (کبھی) نہ گن سکو (مگر مشرکین شکر اور قدر نہیں کرتے اور یہ جرم اتنا عظیم تھا کہ نہ معاف کرانے سے معاف ہوتا اور نہ اصرار پر آگے کو یہ نعمتیں ملتیں لیکن) واقعی اللہ تعالیٰ بڑی مغفرت والے بڑی رحمت والے ہیں (کہ کوئی شرک سے توبہ کرے تو مغفرت ہو جاتی ہے اور نہ کرے جب بھی تمام نعمتیں حیات تک منقطع نہیں ہوتیں) اور (یہاں نعمتوں کے فائض ہونے سے کوئی یوں نہ سمجھے کہ کبھی سزا نہ ہوگی بلکہ آخرت میں سزا ہوگی کیونکہ) اللہ تعالیٰ تمہارے پوشیدہ اور ظاہری احوال سب جانتے ہیں (پس ان کے موافق سزا دیں گے یہ تو حق تعالیٰ کے خالق اور منعم ہونے کا بیان تھا) اور جن کی یہ لوگ خدا کو چھوڑ کر عبادت کرتے ہیں وہ کسی چیز کو پیدا نہیں کر سکتے اور وہ خود ہی مخلوق ہیں (اور اوپر قاعدہ کلیہ ثابت ہو چکا ہے کہ غیر خالق اور خالق مساوی نہیں پس یہ معبودین کیسے مستحق عبادت ہو سکتے ہیں (اور وہ معبودین) مردے (بے جان) ہیں (خواہ دواماً جیسے بت یا فی الحال جیسے جو مر چکے یا فی المآل جو مریں گے مثلاً فرشتے اور جن اور عیسیٰ علیہ السلام وغیرہم)

www.besturdubooks.net

زندہ (رہنے والے) نہیں (پس خالق تو کیا ہوتے) اور ان (معبودین) کو (اتنی بھی) خبر نہیں کہ (قیامت میں) مردے کب اُٹھائے جاویں گے (یعنی بعض کو تو علم ہے نہیں اور بعض کو تعیین معلوم نہیں اور معبود کے لئے علم تو محیط چاہئے خصوصاً بعث کا کہ اس پر جزاء ہوگی عبادت وعدم عبادت کی تو اس کا علم تو معبود کے لئے بہت ہی مناسب ہے پس خدا کے برابر تو علم میں کیا ہوں گے اس تقریر سے ثابت ہوا کہ) تمہارا معبود برحق ایک ہی معبود ہے تو (اس ایضاح حق پر بھی) جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے (اور اسی لئے ان کو ڈر نہیں کہ توحید کو قبول کریں معلوم ہوا کہ) ان کے دل (ہی ایسے ناقابل ہیں کہ معقول بات کے) منکر ہو رہے ہیں اور (معلوم ہوا کہ) وہ (قبول حق سے) تکبر کرتے ہیں (اور) ضروری بات ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کے سب احوال پوشیدہ وظاہر جانتے ہیں (اور یہ بھی) یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ تکبر کرنے والوں کو پسند نہیں کرتے (پس جب ان کا تکبر معلوم ہے تو ان کو بھی ناپسند کریں گے اور سزا دیں گے)۔ **ف**: احقر نے جو تقریر اَمْوَاتٌ غَيْرُ اَحْيَآءٍ ۚ کی کی ہے اس سے ان لوگوں کا استدلال اس آیت سے جاتا رہا جو عیسیٰ علیہ السلام کی حیات بالفعل کے منکر ہیں اور هُمْ يُخْلَقُوْنَ کے بعض نے یہ معنی کہے ہیں کہ وہ خود ہی تراشے جاتے ہیں سو اس صورت میں صرف بتوں کا ذکر ہوگا اور اگر يَدْعُوْنَ کو عام لیا جاوے تو مَا يَشْعُرُوْنَ ۙ الخ کا باعتبار انبیاء وملائکہ کے صحیح ہونا اس طرح پر ہے کہ گو ان کو نفس بعث کا علم تو ہے مگر تعیین وقت بعث کا علم نہیں جیسا کہ آیات متعددہ میں تصریح ہے۔

تَرْجَمَہ مَسَائِلُ السُّلُوْک: قولہ تعالیٰ: وَ تَسْتَخْرِجُوْا مِنْهُ حِلْيَةً تَلْبَسُوْنَهَا ۚ اس سے بھی وہی اوپر والا مسئلہ ظاہر ہوتا ہے کہ زینت کا لباس اور تجارت وغیرہ جب کہ حاجب عن الحق نہ ہو خلاف طریق نہیں ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: قُلُوْبُهُمْ مُّنْكِرَةٌ ۙ اس سے تکبر کی مذمت جس قدر معلوم ہوتی ہے ظاہر ہے کہ کفر وانکار کی اصل وہی ہے ۱۲۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃ: ۱ قوله فی علی الله پہنچتا ہے اشارة الی التقدیر هکذا قصد السبیل ای مستقیمة موصل الیه تعالیٰ وماء علیه سبحانه وعزاه فی الروح الی ابن عطیة وهو اقرب الی ذوقی وان کان بعیدا من ذوق صاحب الروح ولکل وجهة هو مولیها ۱۲۔ ۲ قوله فی ان تمید نہ لگے اشارة الی تقدیر لا بعد ان ۱۲۔ ۳ قوله فی لعلکم تهتدون راستوں کے ذریعہ سے اشارة الی ان التعلیل بالنظر الی قوله تعالیٰ وسبلا کما هو الظاهر کذا فی الروح ۱۲۔ ۴ قوله فی الذین لا یؤمنون تو اس ایضاح۔ الی قولہ معلوم ہو اشار الی توجیه ترتب ما بعد الفاء علی ما قبلها فافهم و تدبر ۱۲۔

اَلرِّوَايَاتُ: فی الدر المنثور اخرج ابن جریر وابن ابی حاتم عن قتادة فی قوله وهو الذی سخر البحر لتاکلوا منه لحما طریا یعنی حیتان البحر آه قلت وهو موافق لابی حنیفة رحمه الله تعالیٰ ۱۲۔

اَللُّغَاتُ: قوله تسیمون۔ اسام الماشیة وسومها جعلها ترعی ۱۲ البلاغة منه شراب تبعیضیة ۱۲ قوله منه شجر سببیة و ابتدائیة ۱۲۔ قوله مواخر یقال مخر الماء اذا شقها قوله سخر فی الروح لیس المراد بتسخیر ذلك للمخاطبین تمکینهم من التصرف به کیف شاؤا کما فی قوله تعالیٰ سبحان الذی سخر لنا هذا ونحوه بل تصریفه سبحانه لذلك حسب ما یترتب علیه منافعهم ومصالحهم کان ذلك تسخیر لهم و تصرف من قبلهم حسب ارادتهم قاله بعض المحققین آه قلت ولطال ما ارانیه الله تعالیٰ ولله الحمد علی الموافقة ۱۲۔

اَلنَّحْوُ: قوله وما ذرأ عطف علی اللیل ای سخر ما ذرأ ۱۲۔ قوله ولتبتغوا عطف علی لتاکلوا ۱۲ قوله انهارًا۔ فی البیضاوی جعل فیها انهارا لان القی فیه معنی الجعل ۱۲ قوله سبلا وعلامات معطوف علی انهار ومعمول لجعل المقدر ۱۲۔

اَلْبَلَاغَةُ: قوله النخیل والاعناب ذکرهما بصیغة الجمع لکثرة اصنافهما جدا ۱۲۔ قوله لآیة ولایٰت وقوله یتفکرون ویعقلون ویذکرون هذا عندی تفنن للعبارات ۱۲ قوله لحما طریا التعبیر عنه باللحم مع کونه حیوانا للاشارة الی قلة عظامه وضعفها فکان کله لحم ووصفه بالطراوة ضد الیبوسة للاشعار بلطافة ۱۲۔ قوله ولعلکم تشکرون فی الروح ولعل تخصیص هذه النعمة بالتعقب بالشکر لانها اقوی فی باب الانعام من حیث انه جعل رکوب البحر مع کونه مظنة للهلاك سببا للانتفاع وحصول المعاش ۱۲۔ قوله افمن یخلق فی الروح کان حق الکلام بحسب الظاهر افمن لا یخلق کمن یخلق لکن اختیر ما علیه النظم تفادیا عن توسیط ذکر غیر الخالق بین الخالق وما ذکر من جزئیات الخالقیة وتنبیهًا علی کمال قبح ما فعلوه من حیث ان ذلك لیس مجرد رفع اصنامهم عن محلها بل هو خط لمنزلة الربوبیة الی مرتبة الجمادیة ولا ریب انه اقبح من الاول واتی بمن تغلیبا لذوی العلم علی غیرهم او بناء علی ما عند عبدتها ۱۲۔

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ مَّاذَآ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ ۙ قَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۲۴﴾ لِيَحْمِلُوْٓا اَوْزَارَهُمْ كَامِلَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ۙ وَمِنْ

www.besturdubooks.net

أَوْزَارَ الَّذِيْنَ يُضِلُّوْنَهُمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۗ أَلَا سَآءَ مَا يَزِرُوْنَ ﴿٢٥﴾ قَدْ مَكَرَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَأَتَى
اللّٰهُ بُنْيَانَهُمْ مِّنَ الْقَوَاعِدِ فَخَرَّ عَلَيْهِمُ السَّقْفُ مِنْ فَوْقِهِمْ وَأَتٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٢٦﴾
ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُخْزِيْهِمْ وَيَقُوْلُ أَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تُشَآقُّوْنَ فِيْهِمْ ۗ قَالَ الَّذِيْنَ أُوْتُوا
الْعِلْمَ إِنَّ الْخِزْيَ الْيَوْمَ وَالسُّوْٓءَ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿٢٧﴾ الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيْٓ أَنْفُسِهِمْ ۠ فَأَلْقَوُا السَّلَمَ مَا كُنَّا
نَعْمَلُ مِنْ سُوْٓءٍ ۗ بَلٰٓى إِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٢٨﴾ فَادْخُلُوْٓا أَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۗ فَلَبِئْسَ
مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿٢٩﴾ وَقِيْلَ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا مَاذَآ أَنْزَلَ رَبُّكُمْ ۗ قَالُوْا خَيْرًا ۗ لِلَّذِيْنَ أَحْسَنُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا
حَسَنَةٌ ۗ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ ۗ وَلَنِعْمَ دَارُ الْمُتَّقِيْنَ ﴿٣٠﴾ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهٰرُ
لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَآءُوْنَ ۗ كَذٰلِكَ يَجْزِي اللّٰهُ الْمُتَّقِيْنَ ﴿٣١﴾ الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ طَيِّبِيْنَ ۙ يَقُوْلُوْنَ سَلٰمٌ
عَلَيْكُمُ ۙ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٣٢﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ إِلَّآ أَنْ تَأْتِيَهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ أَوْ يَأْتِيَ أَمْرُ رَبِّكَ ۗ
كَذٰلِكَ فَعَلَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۗ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا أَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿٣٣﴾ فَأَصَابَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا
عَمِلُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿٣٤﴾ ع ۱۰

اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ تمہارے رب نے کیا چیز نازل فرمائی ہے تو کہتے ہیں کہ وہ تو محض بے سند باتیں ہیں جو پہلوں سے چلی آرہی ہیں نتیجہ اس کہنے کا یہ ہوگا کہ ان لوگوں کو قیامت کے دن اپنے گناہوں کا پورا بوجھ اور جن کو یہ لوگ بے علمی سے گمراہ کر رہے تھے ان کے گناہوں کا بھی کچھ بوجھ اپنے اوپر اٹھانا پڑے گا خوب یاد رکھو کہ جس گناہ کو یہ اپنے اوپر لاد رہے ہیں وہ برا بوجھ ہے۔ جو لوگ ان سے پہلے ہو گذرے ہیں انہوں نے بڑی بڑی تدبیریں کیں سو اللہ تعالیٰ نے ان کا بنا بنایا گھر جڑ بنیاد سے ڈھا دیا پھر اوپر سے ان پر چھت آپڑی ہو اور (علاوہ ناکامی کے) ان پر (خدا کا) عذاب ایسی طرح آیا کہ ان کو خیال بھی نہ تھا پھر قیامت کے دن اللہ تعالیٰ ان کو رسوا کرے گا اور یہ کہے گا کہ میرے شریک جن کے بارے میں تم لڑا جھگڑا کرتے تھے (وہ اب) کہاں ہیں جاننے والے کہیں گے کہ آج پوری رسوائی اور عذاب کافروں پر ہے۔ جن کی جان فرشتوں نے حالت کفر میں قبض کی تھی (یعنی آخر وقت تک کافر رہے) پھر کافر لوگ صلح کا پیغام ڈالیں گے کہ ہم تو کوئی برا کام نہ کرتے تھے کیوں نہیں بے شک اللہ تعالیٰ کو تمہارے سب اعمال کی پوری خبر ہے سو جہنم کے دروازوں میں داخل ہو جاؤ (اور) اس میں ہمیشہ ہمیشہ کو رہو غرض تکبر کرنے والوں کا وہ برا ٹھکانا ہے اور جو لوگ شرک سے بچتے ہیں ان سے کہا جاتا ہے کہ تمہارے رب نے کیا چیز نازل فرمائی ہے وہ کہتے ہیں کہ بڑی خیر نازل فرمائی ہے جن لوگوں نے نیک کام کئے ہیں ان کے لئے اس دنیا میں بھی بھلائی ہے اور عالم آخرت تو اور زیادہ بہتر ہے اور واقعی وہ شرک سے بچنے والوں کا اچھا گھر ہے وہ گھر ہمیشہ رہنے کے باغ ہیں جن میں یہ داخل ہوں گے ان باغوں کے نیچے سے نہریں جاری ہوں گی جس چیز کو ان کا جی چاہے گا وہاں ان کو ملے گی (بلکہ) اس طرح کا عوض اللہ تعالیٰ سب شرک سے بچنے والوں کو دے گا جن کی روح فرشتے اس حالت میں قبض کرتے ہیں کہ وہ (شرک سے) پاک ہوتے ہیں وہ فرشتے کہتے جاتے ہیں السلام علیکم تم جنت میں چلے جانا (اپنے) اعمال کے سبب۔ یہ لوگ اسی بات کے منتظر ہیں کہ ان کے پاس (موت کے) فرشتے آجاویں یا آپ کے پروردگار کا حکم (یعنی قیامت) آجاوے ایسا ہی ان سے پہلے جو لوگ تھے انہوں نے بھی کیا تھا اور ان پر اللہ تعالیٰ نے ذرا ظلم نہیں کیا لیکن وہ آپ ہی اپنے اوپر ظلم کر رہے تھے آخر ان کے اعمال بد کی ان کو سزائیں ملیں اور جس عذاب پر وہ ہنستے تھے ان کو اسی نے آگھیرا۔ ۞

تفسیر: ربط: اوپر مشرکین کی ضلالت کا بیان تھا آگے ان کے اضلال کا جو کہ بواسطہ انکار نبوت و قرآن کے تھا مع اس کی وعید کے بیان ہے۔

بیان اضلال مشرکین مع وعید ☆ وَإِذَا قِيْلَ لَهُمْ مَّاذَآ أَنْزَلَ رَبُّكُمْ ۙ (الی قولہ تعالیٰ) فَلَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿٢٩﴾ اور جب ان سے کہا جاتا ہے (یعنی کوئی ناواقف شخص تحقیق کے لئے یا کوئی واقف شخص امتحان کے لئے ان سے پوچھتا ہے) کہ تمہارے رب نے کیا چیز نازل فرمائی ہے (یعنی قرآن جس کو

www.besturdubooks.net

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کا نازل کیا ہوا فرماتے ہیں آیا یہ صحیح ہے) تو کہتے ہیں کہ (صاحب وہ رب کا نازل کیا ہوا کہاں ہے) وہ تو محض بے سند باتیں ہیں جو پہلوں سے (منقول) چلی آ رہی ہیں (یعنی اہل ملل پہلے سے توحید و نبوت و معاد کے مدعی ہوتے آئے ہیں ان ہی سے یہ بھی نقل کرنے لگے باقی یہ دعوے خدا کے تعلیم دیئے ہوئے نہیں) نتیجہ اس (کہنے) کا یہ ہوگا کہ ان لوگوں کو قیامت کے دن اپنے گناہوں کا پورا بوجھ جن کو یہ لوگ بے علمی سے گمراہ کر رہے تھے ان کے گناہوں کا بھی کچھ بوجھ اپنے اوپر اُٹھانا پڑے گا (گمراہ کرنے سے مراد یہی کہنا ہے اَسَاطِیْرُ الْاَوَّلِیْنَ کا کیونکہ اس سے دوسرے آدمی کا اعتقاد خراب ہوتا ہے اور جو شخص کسی کو گمراہ کیا کرتا ہے اس گمراہ کو تو گمراہی کا گناہ ہوتا ہے اور اس گمراہ کرنے والے کو اس کی گمراہی کے سبب بن جانے کا اس حصہ تسبب کو کچھ بوجھ فرمایا گیا اور اپنے گناہ کا کامل طور پر اُٹھانا ظاہر ہے) خوب یاد رکھو کہ جس گناہ کو یہ اپنے اوپر لاد رہے ہیں وہ برا بوجھ ہے (اور انہوں نے جو گمراہ کرنے کی یہ تدبیر نکالی ہے کہ دوسروں کو ایسی ایسی باتیں کر کے بہکاتے ہیں سو یہ تدبیریں حق کے مقابلہ میں پیش رفت نہ ہوں گی بلکہ خود ان ہی پر ان کا وبال و نکال عود کرے گا چنانچہ) جو لوگ ان سے پہلے ہو گذرے ہیں انہوں نے (انبیاء علیہم السلام کے مقابلہ اور مخالفت میں) بڑی تدبیریں کیں سو اللہ تعالیٰ نے ان (کی تدبیروں) کا بنا بنایا گھر جڑ بنیاد سے ڈھا دیا پھر (وہ ایسے ناکام ہوئے جیسے گویا) اوپر سے ان پر (اس گھر کی) چھت (آ پڑی ہو۔ یعنی جس طرح چھت آ پڑنے سے سب دب کر رہ جاتے ہیں اسی طرح وہ لوگ بالکل خائب و خاسر ہوئے) اور (علاوہ ناکامی کے) ان پر (خدا کا) عذاب ایسی طرح آیا کہ ان کو خیال بھی نہ تھا (کیونکہ توقع تو اس تدبیر میں کامیابی کی تھی خلاف توقع ان پر ناکامی سے بڑھ کر عذاب آ گیا جو کوسوں بھی ان کے ذہن میں نہ تھا کفار سابقین پر عذابوں کا آنا معلوم و معروف ہے یہ حالت تو ان کی دنیا میں ہوئی) پھر قیامت کے دن (ان کے واسطے یہ ہوگا کہ) اللہ تعالیٰ ان کو رسوا کرے گا اور (اس میں سے ایک رسوائی یہ ہوگی کہ ان سے) یہ کہے گا کہ (تم نے جو) میرے شریک بنا رکھے تھے) جن کے بارے میں تم (انبیاء و اہل ایمان سے) لڑا جھگڑا کرتے تھے (وہ اب) کہاں ہیں (اس حالت کو دیکھ کر حق کے) جاننے والے کہیں گے کہ آج پوری رسوائی اور عذاب کافروں پر ہے جن کی جان فرشتوں نے حالت کفر پر قبض کی تھی (یعنی آخرت وقت تک کافر رہے شاید ان اہل علم کا قول بیچ میں اس لئے بیان فرمایا ہو کہ کفار کی رسوائی کا عام اور علانیہ ہونا معلوم ہو جاوے) پھر کافر لوگ (اَیْنَ شُرَکَآءِیَ کے جواب میں) صلح کا پیغام ڈالیں گے (اور کہیں گے) کہ (شرک جو اعلیٰ درجہ کی برائی اور مخالفت حق تعالیٰ کی ہے ہماری کیا مجال تھی کہ ہم اس کے مرتکب ہوتے) ہم تو کوئی برا کام (جس میں ادنیٰ مخالفت بھی حق تعالیٰ کی ہو) نہ کرتے تھے (اس کو صلح کا مضمون اس لئے کہا گیا کہ دنیا میں شرک کا جو کہ مخالفت یقینیہ ہے بڑے جوش و خروش سے اقرار تھا کقولہ تعالیٰ: لَوْشَآءَ اللّٰهُ مَآ اَشْرَكْنَا اور شرک کا اقرار مخالفت کا اقرار تھا خصوصاً انبیاء علیہم السلام کے ساتھ تو خود صریح مخالفت کے مدعی تھے وہاں اس شرک کے انکار سے مخالفت کا انکار کریں گے اس لئے اس کو صلح فرمایا اور یہ انکار ایسا ہے جیسا دوسری آیت میں ہے وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ [الأنعام : ۲۳] حق تعالیٰ ان کے اس قول کو رد فرمائیں گے کہ) کیوں نہیں (بلکہ واقعی تم نے برے کام مخالفت کے کئے) بیشک اللہ تعالیٰ کو تمہارے سب اعمال کی پوری خبر ہے سو (اچھا) جہنم کے دروازوں میں (سے جہنم میں) داخل ہو جاؤ (اور) اس میں ہمیشہ ہمیشہ کو رہو غرض (حق سے) تکبر (اور مخالفت اور مقابلہ) کرنے والوں کا وہ برا ٹھکانا ہے (یہ عذاب آخرت کا ذکر ہو گیا پس حاصل آیات کا یہ ہوا کہ تم نے اپنے سے پہلے کافروں کا حال خسارہ و عذاب دنیا و آخرت کا سن لیا اسی طرح جو تدبیر و مکر دین حق کے مقابلہ میں تم کر رہے ہو اور خلق کو گمراہ کرنا چاہتے ہو یہی انجام تمہارا ہوگا)۔ **فائدہ**: بِغَيْرِ عِلْمٍ کی تفسیر پارۂ ہشتم کے ربع رکوع وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَ کے اخیر آیت میں اور وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ کے متعلق تحقیق سورۂ انعام کے رکوع سوم میں گذر چکی ہے۔ **ربط**: اوپر قرآن و رسالت کے متعلق کفار کے بعض اقوال کفر و اضلال مع وعید کے بیان ہوا تھا آگے اس کے مقابلہ میں اس کے متعلق مؤمنین کے صالح اقوال و اعمال کا مع وعدہ و بشارت کے مذکور ہے۔

بیان اعمال مؤمنین مع بشارت مزید ☆ وَقِيْلَ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا مَاذَآ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ ۭ قَالُوْا خَيْرًا ۭ (الی قولہ تعالیٰ) سَلٰمٌ عَلَيْكُمُ ۙ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ اور جو لوگ شرک سے بچتے ہیں ان سے (جو قرآن کے بارے میں) کہا جاتا ہے کہ تمہارے رب نے کیا چیز نازل فرمائی ہے وہ کہتے ہیں کہ بڑی خیر (اور برکت کی چیز) نازل فرمائی ہے جن لوگوں نے نیک کام کئے ہیں (جس میں یہ قول مذکور اور تمام اعمال صالحہ آ گئے) ان کے لئے اس دنیا میں بھی بھلائی ہے (وہ بھلائی ثواب کا وعدہ و بشارت ہے) اور عالم آخرت تو (بوجہ اس کے کہ وہاں اس وعدہ کا تحقق و ظہور ہو جاوے گا) اور زیادہ بہتر (اور موجب سرور) ہے اور واقعی وہ شرک سے بچنے والوں کا اچھا گھر ہے وہ گھر (کیا ہے) ہمیشہ رہنے کے باغ ہیں جن میں یہ داخل ہوں گے ان باغوں کے (اشجار و عمارات کے) نیچے سے نہریں جاری ہوں گی جس چیز کو ان کا جی چاہے گا وہاں ان کو ملے گی (اور خاص ان ہی کی کیا تخصیص ہے جن کا قول اس مقام پر مذکور ہے بلکہ) اسی طرح کا عوض اللہ تعالیٰ سب شرک سے بچنے والوں کو دے گا جن کی روح فرشتے اس حالت میں قبض کرتے ہیں کہ وہ (شرک سے) پاک (صاف) ہوتے ہیں (مطلب یہ کہ مرتے دم تک توحید پر قائم رہتے ہیں اور) وہ (فرشتے) کہتے جاتے ہیں السلام علیکم تم (قبض روح کے بعد) جنت میں چلے جانا اپنے

www.besturdubooks.net

اعمال کے سبب **ف**: قبض روح کے بعد جنت میں جانا روحانی جانا ہے اور جسمانی جانا مخصوص ہے قیامت کے ساتھ اور یہ بھی معنی ہو سکتے ہیں کہ قیامت میں تم جنت میں جانا اور ہر حال میں مقصود بشارت سنانا ہے اور اعمال کو جو سبب دخول جنت کا فرمایا یہ سبب عادی ہے اور سبب حقیقی رحمت الٰہیہ ہے جیسا ایک حدیث میں آیا ہے پس آیت وحدیث میں تعارض نہیں۔ **ربط**: اوپر مؤمنین سے پہلے کفار کے ضلال واضلال کا ذکر مؤمنین کا ذکر بمناسبت مقابلہ تمیم مضمون کے لئے درمیان میں آ گیا اب پھر آگے کفار کے اصرار وعناد پر وعید ہے۔

وعید بر اصرار کفار ☆ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ تَاْتِيَهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ (الی قولہ تعالیٰ) وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝ یہ لوگ (جو اپنے کفر و عناد و جہالت پر اصرار کر رہے ہیں اور باوجود وضوح دلائل حق کے ایمان نہیں لاتے تو معلوم ہوتا ہے کہ یہ صرف) اسی بات کے منتظر ہیں کہ ان کے پاس (موت کے) فرشتے آ جاویں یا آپ کے پروردگار کا حکم (یعنی قیامت) آ جاوے (یعنی کیا موت کے وقت یا قیامت میں ایمان لاویں گے جب کہ ایمان مقبول نہ ہوگا گو اس وقت تمام کفار بوجہ انکشاف حقیقت کے توبہ کریں گے جیسا اصرار کفر پر یہ لوگ کر رہے ہیں) ایسا ہی ان سے پہلے جو لوگ تھے انہوں نے بھی (کفر پر اصرار) کیا تھا اور (اصرار کی بدولت سزایاب ہوئے سو) ان پر اللہ تعالیٰ نے ذرا ظلم نہیں کیا لیکن وہ آپ ہی اپنے اوپر ظلم کر رہے تھے (کہ سزا کے کام جان جان کے کرتے تھے) آخر ان کے اعمال بد کی ان کو سزائیں ملیں اور جس عذاب (کی خبر پانے) پر وہ ہنستے تھے ان کو ای (عذاب) نے آ گھیرا (پس ایسا ہی تمہارا حال ہوگا)۔ **ربط**: اوپر کفار کو ان کے کفر پر عذاب قیامت سے ڈرایا تھا اس پر کفار کو دو شبہے تھے ایک یہ کہ ہمارا یہ طریقہ جس کو تم کفر کہتے ہو حق تعالیٰ کے نزدیک ناپسندیدہ نہیں تا کہ اس عذاب کا استحقاق ہو سکے دوسرے یہ کہ خود قیامت ہی کوئی چیز نہیں تا کہ بر تقدیر استحقاق اس عذاب کا وقوع ہو سکے آگے ان دونوں شبہوں کو مع جواب کے ارشاد فرمایا ہے اور چونکہ ایسے شبہات براہ عناد کے ہوتے تھے اور اس وجہ سے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کو حزن شدید ہوتا تھا اس لئے درمیان میں تسلیہ کا مضمون بھی ہے اور چونکہ شبہ اول کا جواب مفصل پارۂ ہشتم بعد ربع آیت :سَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا الخ [الأنعام : ۱۴۸] میں گذر چکا ہے جیسا کہ وہاں اس کی تقریر قابل ملاحظہ آ چکی ہے اس لئے یہاں اجمالی جواب پر اکتفا ہوا ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا الخ روح میں امام کا قول منقول ہے کہ اس حسنہ سے مراد فتح باب مکاشفات ومشاہدات والطاف بھی ہو سکتا ہے میں کہتا ہوں یا حیوٰۃ طیبہ مراد ہو ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ الخ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ملائکہ دنیا میں غیر نبی کے ساتھ بھی کلام کرتے ہیں اور نیز اس سے طاعات کے بعض ثمرات کا دنیا میں حاصل ہونا بھی معلوم ہوتا ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قولہ فی اساطیر** کہاں ہے وہ تو اشارۃ الی امرین الاول ان اساطیر خبر مبتدأ مقدر ای ھو والثانی ان وجہ العدول عن الظاھر ای النصب الی الرفع ھو ان النصب فیہ اقرار بالانزال وکان مزعومھم الانکار ما سیاتی بخلاف ما سیاتی فی قول المؤمنین من نصب خیرا بمعنی انزل خیرا فانہ لما کان فیہ الاقرار بنزولہ من الرب اتوا بہ منصوبا فافھم ۱۲۔ ۲ **قولہ فی لیحملوا** نتیجہ اشارۃ الی ان اللام للعاقبۃ ۱۲۔ ۳ **قولہ فی اتی** ڈھادیا لما فی الروح عن انکشاف اھلک ۱۲۔ ۴ **قولہ فی تتوفھم** قبض کی تھی ففیہ کما فی الروح حکایۃ حال ماضیۃ بصیغۃ المضارع ۱۲۔ ۵ **قولہ فی فاتقوا** کہیں گے اشارۃ الی تقدیر القول الذی مقولہ ما کنا نعمل ۱۲۔ ۶ **قولہ فی توضیح** اخیر الترجمۃ انجام تمہارا اشار بہ الی ان قولہ تعالیٰ ویخزیھم وکذا ما بعدہ کلہ فی الکفار السابقین فالضمائر راجعۃ الی الذین من قبلھم ۱۲۔ ۷ **قولہ فی العنوان** مزید سماہ مزیدا لان الجزاء یزید دائما علی العمل ۱۲۔ ۸ **قولہ فی حسنۃ** ثواب کا وعدہ ھو اسلم التفاسیر عندی وما فی قولہ تعالیٰ ربنا آتنا فی الدنیا حسنۃ یراد بھا عندی التوفیق للاعمال الحسنۃ فان کلا یحمل علی ما ھو المناسب المقام ۱۲۔ ۹ **قولہ فی جنٰت** وہ اشارۃ الی انہ خبر مبتدأ ای ھی ۱۲۔ ۱۰ **قولہ فی سیئات** سزائیں ملیں اشارۃ الی تقدیر المضاف کما فی النیسابوری ای جزاء سیئات اعمالھم ۱۲۔

الروایات: فی الدر المنثور اخرج ابن ابی حاتم عن السدی وقتادۃ وادخلت الحدیث بعضہ فی بعض واختصرتہ قالا ان ناسا من مشرکی العرب کانوا یقعدون بطریق من اتی نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاذا مروا سئالوھم فاخبروھم بما سمعوا من النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقالوا انما ھو اساطیر الاولین فیرجع احدھم فاذا کان الوافد ممن عزم اللہ لہ علی الرشاد فقالوا لہ مثل ذلک (فلا یرجع) فیدخل مکۃ فیلقی المؤمنین فیسألہ ماذا یقول محمد وما انزل ربکم فیقولون خیرًا آہ ۱۲ منہ مرت فی الحواشی علی الآیۃ السابقۃ ۱۲۔

الکلام: قولہ تعالیٰ کاملۃ فیہ دلالۃ علی ان المؤمنین یرجی فیھم سقوط بعض عقابھم ولا تبقی اوزارھم کاملۃ من الروح ۱۲۔

فائدہ: وان شئت حملت اتیان الملائکۃ علی ماحمل علیہ قولہ تعالیٰ فی آخر الانعام ھل ینظرون الآیۃ والکل قریب ۱۲۔

www.besturdubooks.net

اللغات: البنیان اسم مفرد مذکر بمعنی المبنی القواعد فی البیضاوی الاساس ۱۲۔

البلاغۃ: قولہ اتی اللہ بنیانھم الخ فی الکلام تمثیل او یقال اتی امر اللہ کما رواہ الطبری عن قتادۃ ۱۲۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا عَبَدْنَا مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ نَّحْنُ وَلَآ اٰبَآؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ ؕ
كَذٰلِكَ فَعَلَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ فَهَلْ عَلَى الرُّسُلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۳۵﴾ وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلًا
اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوْتَ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ هَدَى اللّٰهُ وَمِنْهُمْ مَّنْ حَقَّتْ عَلَيْهِ الضَّلٰلَةُ ؕ فَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ
فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۳۶﴾ اِنْ تَحْرِصْ عَلٰى هُدٰىهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ مَنْ يُّضِلُّ وَمَا لَهُمْ
مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۳۷﴾ وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ ۙ لَا يَبْعَثُ اللّٰهُ مَنْ يَّمُوْتُ ؕ بَلٰى وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ
النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۸﴾ لِيُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِيْ يَخْتَلِفُوْنَ فِيْهِ وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰذِبِيْنَ ﴿۳۹﴾ اِنَّمَا
قَوْلُنَا لِشَيْءٍ اِذَآ اَرَدْنٰهُ اَنْ نَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۴۰﴾ وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِي اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا لَنُبَوِّئَنَّهُمْ ع ۱۱
فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً ؕ وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۱﴾ الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿۴۲﴾

اور مشرک لوگ یوں کہتے ہیں کہ اگر اللہ تعالیٰ کو منظور ہوتا تو خدا کے سوا کسی چیز کی نہ ہم عبادت کرتے اور نہ ہمارے باپ دادا اور نہ ہم اس کے بدوں (حکم کے) کسی چیز کو حرام کہہ سکتے جو (کافر) لوگ ان سے پہلے ہوئے ہیں ایسی ہی حرکت انہوں نے بھی کی تھی سو پیغمبروں کے ذمہ تو صرف (احکام کا) صاف صاف پہنچا دینا ہے اور ہم ہر امت میں کوئی نہ کوئی پیغمبر بھیجتے رہے ہیں کہ تم (خاص) اللہ کی عبادت کرو اور شیطان (کے رستے) سے بچتے رہو سو ان میں بعضے وہ ہوئے کہ جن کو اللہ تعالیٰ نے ہدایت دی اور بعضے ان میں سے وہ ہوئے جن پر گمراہی کا ثبوت ہو گیا تو اچھا زمین میں چلو پھرو پھر (آثار سے) دیکھو کہ جھٹلانے والوں کا کیسا (برا) انجام ہوا ان کے راہ راست پر آنے کی اگر آپ کو تمنا ہو تو اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو ہدایت نہیں کرتا جس کو گمراہ کرتا ہے اور ان کا کوئی حمایتی نہ ہوگا اور یہ لوگ بڑے زور لگا لگا کر قسمیں کھاتے ہیں کہ جو مر جاتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو دوبارہ زندہ نہ کرے گا کیوں نہیں زندہ کرے گا اس وعدہ کو تو اللہ تعالیٰ نے اپنے ذمے لازم کر رکھا ہے لیکن اکثر لوگ یقین نہیں لاتے تاکہ جس چیز میں یہ لوگ اختلاف کیا کرتے تھے ان کے روبرو اس کا (بطور معائنہ کے) اظہار کر دے اور تاکہ کافر لوگ (پورا) یقین کر لیں کہ واقعی وہی جھوٹے تھے ہم جس چیز کو (پیدا کرنا) چاہتے ہیں بس اس سے ہمارا اتنا ہی کہنا (کافی) ہوتا ہے کہ تو (پیدا) ہو جا پس وہ پیدا ہو جاتی ہے اور جن لوگوں نے اللہ کے واسطے اپنا وطن (مکہ) چھوڑ دیا بعد اس کے کہ ان پر ظلم کیا گیا ہم ان کو دنیا میں ضرور اچھا ٹھکانا دیں گے اور اگر چہ آخرت کا ثواب بدرجہا بڑا ہے کاش ان (کافروں) کو (بھی) خبر ہوتی وہ ایسے ہیں جو صبر کرتے ہیں اور اپنے رب پر بھروسہ رکھتے ہیں۔

تفسیر: ردِ دعویٰ کفار مر اثبات حقیت طریقہ خود و نفی قیامت را مع تسلیہ ☆ وَقَالَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَيْءٍ اِذَآ اَرَدْنٰهُ اَنْ نَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۴۰﴾ اور مشرک لوگ یوں کہتے ہیں کہ اگر اللہ تعالیٰ کو (بطور رضا کے یہ امر) منظور ہوتا (کہ ہم غیر اللہ کی عبادت کریں ہمارے طریقہ کے اصول میں سے ہے اور بعض اشیاء کی تحریم کہ ہمارے طریقہ کے فروع میں سے ہے نہ کریں مطلب یہ کہ اگر اللہ تعالیٰ ہمارے طریقہ موجودہ کو ناپسند اور اس کے خلاف کو پسند کرتے) تو خدا کے سوا کسی چیز کی نہ ہم عبادت کرتے اور نہ ہمارے باپ دادا اور نہ ہم اس کے بدون (حکم کے) کسی چیز کو حرام کہہ سکتے (اس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کو ہمارا طریقہ پسند ہے ورنہ ہم کو کیوں کرنے دیتے اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ اس سے مغموم نہ ہوں کیونکہ یہ بیہودہ مجادلہ کوئی نئی بات نہیں بلکہ) جو (کافر) لوگ ان سے پہلے ہوئے ہیں ایسی ہی حرکت انہوں نے بھی کی تھی (یعنی بے ہودہ مجادلات اپنے پیغمبروں سے کئے تھے) سو پیغمبروں (کا اس سے کیا بگڑا اور وہ جس طریق کی طرف بلاتے ہیں اس کو کیا ضرر پہنچا ان) کے ذمہ تو (احکام کا) صرف صاف صاف پہنچا دینا ہے (صاف صاف یہ کہ دعویٰ واضح ہو اور دلیل صحیح اس پر قائم ہو اسی طرح آپ کے ذمہ بھی یہی کام تھا جو آپ کر رہے ہیں پھر اگر براہ عناد دعویٰ اور دلیل میں خوض نہ کریں تو آپ کی بلا سے) اور (جس طرح ان کا معاملہ آپ کے ساتھ یعنی مجادلہ کوئی نئی بات نہیں اسی طرح آپ کا معاملہ ان کے ساتھ یعنی توحید و دین حق کی طرف بلانا کوئی نئی

www.besturdubooks.net

بات نہیں بلکہ اس کی تعلیم بھی قدیم سے چلی آئی ہے چنانچہ) ہم ہر امت میں (امم سابقہ سے) کوئی نہ کوئی پیغمبر (اس بات کی تعلیم کے لئے) بھیجتے رہے ہیں کہ تم (خاص) اللہ کی عبادت کرو اور شیطان (کے رستہ) سے (کہ وہ شرک وکفر ہے) بچتے رہو (اس میں تحریم مبحوث فیہ بھی آ گئی کیونکہ وہ بھی شعبہ شرک وکفر کا تھا) سو ان میں بعضے وہ ہوئے کہ جن کو اللہ نے ہدایت دی (کہ انہوں نے حق کو قبول کرلیا) اور بعضے ان میں وہ ہوئے جن پر گمراہی کا ثبوت ہو گیا (مطلب یہ کہ کفار اور انبیاء میں یہ معاملہ اسی طرح چلا آ رہا ہے اور ہدایت واضلال کے متعلق اللہ تعالیٰ کا معاملہ بھی ہمیشہ سے یوں ہی جاری ہے کہ مجادلہ کفار کا بھی قدیم تعلیم انبیاء علیہم السلام کی بھی قدیم اور سب کا ہدایت نہ پانا بھی قدیم پھر آپ کو غم کیوں ہو یہاں تک تسلی فرمائی گئی جس میں اخیر کے مضمون میں ان کے شبہ کا اجمالی جواب بھی ہو گیا کہ ایسی باتیں کرنا گمراہی ہے جس کے گمراہی ہونے کی آگے تائید اور جواب کی زیادہ توضیح ہے یعنی اگر مجادلہ مع الرسل کا گمراہی ہونا تم کو معلوم نہ ہو) تو (اچھا) زمین میں چلو پھرو پھر (آثار سے) دیکھو کہ (پیغمبروں کے) جھٹلانے والوں کا کیسا (برا) انجام ہوا (پس اگر وہ گمراہ نہ تھے تو ان پر عذاب کیوں نازل ہوا اور واقعات اتفاقیہ ان کو اس لئے نہیں کہہ سکتے کہ خلاف عادت ہوئے اور انبیاء علیہم السلام کی پیشینگوئی کے بعد ہوئے اور مؤمنین اس سے بچے رہے پھر اس کے عذاب ہونے میں کیا شک ہے اور چونکہ بوجہ شدت غم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے آپ کے تسلیہ کا اہتمام زائد ہے اس لئے پہلے لوگوں کی گمراہی کی خبر دینے پر تفریع فرمانے کے طور پر آگے پھر آپ کو خطاب ہے کہ جیسے پہلے بعضے لوگ ہوئے ہیں جن پر حَقَّتْ عَلَيْهِ الضَّلٰلَةُ ؕ صادق آتا تھا اسی طرح یہ لوگ بھی ہیں سو (ان کے راہ راست پر آنے کی اگر آپ کو تمنا ہو تو (کچھ نتیجہ نہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو ہدایت نہیں کیا کرتا جس کو (اس شخص کے عناد کے سبب) گمراہ کرتا ہے (البتہ اگر وہ عناد کو چھوڑ دے تو ہدایت کر دیتا ہے لیکن یہ عناد کو چھوڑیں گے نہیں اس لئے ان کو ہدایت بھی نہ ہوگی) اور (ضلالت وعذاب کے بارہ میں اگر ان کا یہ گمان ہو کہ ہمارے شرکاء اس حالت میں بھی عذاب سے بچالیں گے تو وہ سمجھ رکھیں خدا تعالیٰ کے مقابلہ میں) ان کا کوئی حمایتی نہ ہوگا (یہاں تک تقریر ہو گئی ان کے شبہ اول کے متعلق آگے دوسرے شبہ کے متعلق کلام ہے) اور یہ لوگ بڑے زور لگا لگا کر اللہ کی قسمیں کھاتے ہیں کہ جو مر جاتا ہے اللہ تعالیٰ اُس کو دوبارہ زندہ نہ کرے گا (اور قیامت نہ آوے گی آگے جواب ہے کہ) کیوں نہیں زندہ کرے گا (یعنی ضرور زندہ کرے گا) اس وعدہ کو تو اللہ تعالیٰ نے اپنے ذمہ لازم کر رکھا ہے لیکن اکثر لوگ (باوجود قیام دلیل صحیح کے اس پر) یقین نہیں لاتے (اور یہ دوبارہ زندہ کرنا اس لئے ہوگا) تاکہ (دین کے متعلق) جس چیز میں یہ لوگ (دنیا میں) اختلاف کیا کرتے تھے (اور انبیاء کے فیصلہ سے روبراہ نہ آتے تھے) ان کے روبرو اس (کی حقیقت) کا (بطور معائنہ کے) اظہار کر دے اور تاکہ (اس اظہار حقیقت کے وقت) کافر لوگ (پورا) یقین کرلیں کہ واقعی وہی جھوٹے تھے (اور انبیاء ومؤمنین سچے تھے پس قیامت کا آنا یقینی اور عذاب سے فیصلہ ہونا ضروری یہ جواب ہو گیا لا یبعث اللہ کا اور چونکہ وہ لوگ قیامت کی نفی وقوع بنا بر اس کے استبعاد کے کرتے تھے اس لئے آگے اپنی قدرت کاملہ کے اثبات سے اس کا استبعاد دفع فرماتے ہیں کہ ہماری قدرت ایسی عظیم ہے کہ) ہم جس چیز کو (پیدا کرنا چاہتے ہیں بس اس سے ہمارا اتنا ہی کہنا (کافی) ہوتا ہے کہ تو (پیدا) ہو جا پس وہ (موجود) ہو جاتی ہے (تو اتنی بڑی قدرت کاملہ کے روبرو بے جان چیزوں میں دوبارہ جان کا پڑ جانا کون سا دشوار ہے جیسا پہلی بار جان ڈال چکے ہیں اب دونوں شبہوں کا پورا جواب ہو چکا وللہ الحمد) ۔ ف: كُنْ فَيَكُوْنَ کی بحث آخر پارہ الم رکوع وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ آیت بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ میں آ چکی ہے ملاحظہ فرما لیا جاوے اور لَقَدْ بَعَثْنَا فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلًا سے ظاہراً معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستان والوں کے لئے بھی زمانہ قدیم میں کچھ رسول مبعوث ہوئے ہیں خواہ ہند ہی میں پیدا ہوئے اور رہے ہوں یا کسی اور ملک میں رہتے ہوں اور یہاں ان کے نائب تبلیغ کے لئے آئے ہوں اور اگر آیت لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ قَبْلِكَ سے اس کے تعارض کا شبہ ہو تو دو طرح سے مدفوع ہو سکتا ہے ایک یہ کہ کل امة میں لفظ کل تکثیر کے لئے ہو اس لئے ہند میں رسول آنے کے مضمون میں احقر نے لفظ ظاہراً بڑھایا ہے۔ دوسرے یہ کہ ہر امت اور قوم کے اوائل میں ایک رسول آ گئے ہوں اس طرح کہ اگر وہ لوگ اس شریعت کا سلسلہ قائم وباقی رکھنا چاہتے تو ممکن ہوتا اور ضرورت اسی قدر سے مرتفع ہو سکتی ہے اور اواخر میں رسول آنے کی ضرورت نہیں رہتی گو اوائل کی تقصیر سے اواخر تک وہ سلسلہ نہ پہنچا ہو بس حکم بعث کا کل امم میں باعتبار اوائل کے ہو اور مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ باعتبار اواخر کے ہو اور اس صورت میں احتمال ہے کہ بعض جگہ جبال وجزائر میں تبلیغ نہ ہوئی ہو واللہ اعلم۔

ربط: اوپر کفار کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایذاء رسانی کا معاملہ کہ مجادلہ بالباطل ہے بیان فرما کر آپ کو تسلی دی ہے آگے کفار کا اہل ایمان کے ساتھ جو ایذاء رسانی کا معاملہ تھا یعنی اخراج عن الوطن اس بارے میں اہل ایمان کو بشارت خیر دارین کی سنا کر تسلی دیتے ہیں لیکن آیت میں ہجرت سے مدینہ کی ہجرت مراد نہیں ہے کیونکہ یہ سورت مکی ہے قبل ہجرت نازل ہوئی بلکہ ہجرت حبشہ مراد ہے اور لَنُبَوِّئَنَّهُمْ سے مدینہ میں قرار دینے کا وعدہ ہے کذا فی الدر عن قتادۃ۔

تبشیر مہاجرین ☆ وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِي اللّٰهِ (الی قولہ تعالیٰ) وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۝ اور جن لوگوں نے اللہ کے واسطے اپنا وطن (مکہ) چھوڑ دیا

www.besturdubooks.net

(اور حبشہ کو چلے گئے) بعد اس کے کہ ان پر (کفار کی طرف سے) ظلم کیا گیا (کیونکہ ایسی مجبوری میں وطن چھوڑنا بڑا شاق گذرتا ہے) ہم ان کو دنیا میں ضرور اچھا ٹھکانہ دیں گے (یعنی ان کو مدینہ پہنچا کر خوب امن وراحت دیں گے چنانچہ بعد چندے مدینہ میں اللہ تعالیٰ نے پہنچا دیا اور اس کو وطن اصلی قرار دیا گیا اس لئے اس کو ٹھکانہ کہا اور ہر طرح کی وہاں سے ترقی ہوئی اس لئے حسنہ کہا گیا اور حبشہ کا قیام عارضی تھا اس لئے اس کو ٹھکانہ نہیں فرمایا) اور آخرت کا ثواب (اس سے) بدرجہا بڑا ہے (کہ خیر بھی ہے اور اعلیٰ بھی) کاش (اس اجر آخرت کی) ان (بے خبر کافروں) کو (بھی) خبر ہوتی (اور اس کے حاصل کرنے کی رغبت سے مسلمان ہو جاتے) وہ (مہاجرین ان وعدوں کے اس لئے مستحق ہیں کہ وہ) ایسے ہیں جو (ناگوار واقعات پر) صبر کرتے ہیں (چنانچہ وطن کا چھوڑنا گوان کو ناگوار ہے لیکن بدون اس کے دین پر عمل نہیں کر سکتے تھے دین کے لئے وطن چھوڑا اور صبر کیا) اور (وہ ہر حال میں) اپنے رب پر بھروسہ رکھتے ہیں (وطن چھوڑنے کے وقت یہ خیال نہیں کرتے کہ کھاویں پیویں گے کہاں سے) **ف**: گو بعض کا حبشہ ہی میں انتقال ہو گیا تھا لیکن اکثر مدینہ میں پہنچے پھر یہ کہ اصل مطلب تو پریشانی کی نفی کرنا ہے سو یہ اموات پر بھی صادق ہے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا (الی قولہ تعالیٰ) وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ اور حدیث میں تارک منہیات کو مہاجر فرمایا ہے تو اس آیت میں متقی کی بھی بشارت ہے حسنات دارین کے ساتھ۔ قولہ تعالیٰ: فَسْـَٔلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اس میں شیخ کامل کی تقلید بھی داخل ہو گئی۔

ملحقات الترجمۃ: قولہ فی ان تحرص نتیجہ نہیں اشارۃ الی تقدیر جواب ان ای فلا ینفع حرصك ۱۲ منہ۔

النحل: قولہ حقا صفۃ لوعدا وعلیہ متعلق بمقدر ای لازما وھو صفۃ ایضا لوعدا ووعدا مفعول مطلق للفعل المقدر ۱۲۔ قولہ لیبین متعلق بمقدر یدل علیہ بلی ای یبعثھم لیبین الخ ۱۲۔ قولہ فی اللہ ای اللہ کما فی قولہ علیہ السلام فی ھرۃ ۱۲۔ قولہ حسنۃ ای مبائۃ حسنۃ بمعنی منزلا ۱۲۔ قولہ الذین صبروا ای ھم الذین ۱۲۔ قولہ تعالیٰ بالبینٰت والزبر متعلق بارسلنا المقدر الدال علیہ ما ارسلنا المذکور ۱۲۔

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ فَسْـَٔلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۴۳﴾ بِالْبَيِّنٰتِ وَالزُّبُرِ ؕ وَاَنْزَلْنَآ
اِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۴۴﴾ اَفَاَمِنَ الَّذِيْنَ مَكَرُوا السَّيِّاٰتِ اَنْ يَّخْسِفَ ع ۱۱
اللّٰهُ بِهِمُ الْاَرْضَ اَوْ يَاْتِيَهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۴۵﴾ اَوْ يَاْخُذَهُمْ فِيْ تَقَلُّبِهِمْ فَمَا هُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۴۶﴾ اَوْ يَاْخُذَهُمْ
عَلٰى تَخَوُّفٍ ؕ فَاِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۴۷﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اِلٰى مَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ يَّتَفَيَّؤُا ظِلٰلُهٗ عَنِ الْيَمِيْنِ وَالشَّمَآئِلِ
سُجَّدًا لِّلّٰهِ وَهُمْ دٰخِرُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ مِنْ دَآبَّةٍ وَّالْمَلٰٓئِكَةُ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۴۹﴾
يَخَافُوْنَ رَبَّهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ﴿۵۰﴾ ع ۱۲ وَقَالَ اللّٰهُ لَا تَتَّخِذُوْٓا اِلٰهَيْنِ اثْنَيْنِ ۚ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ
فَاِيَّايَ فَارْهَبُوْنِ ﴿۵۱﴾ وَلَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَهُ الدِّيْنُ وَاصِبًا ؕ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَتَّقُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَمَا بِكُمْ مِّنْ نِّعْمَةٍ
فَمِنَ اللّٰهِ ثُمَّ اِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فَاِلَيْهِ تَجْـَٔرُوْنَ ﴿۵۳﴾ ثُمَّ اِذَا كَشَفَ الضُّرَّ عَنْكُمْ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْكُمْ بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُوْنَ ﴿۵۴﴾
لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ؕ فَتَمَتَّعُوْا ۟ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۵۵﴾ وَيَجْعَلُوْنَ لِمَا لَا يَعْلَمُوْنَ نَصِيْبًا مِّمَّا رَزَقْنٰهُمْ ؕ تَاللّٰهِ لَتُسْـَٔلُنَّ
عَمَّا كُنْتُمْ تَفْتَرُوْنَ ﴿۵۶﴾ وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ الْبَنٰتِ سُبْحٰنَهٗ ۙ وَلَهُمْ مَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِالْاُنْثٰى ظَلَّ وَجْهُهٗ
مُسْوَدًّا وَّهُوَ كَظِيْمٌ ﴿۵۸﴾ يَتَوٰرٰى مِنَ الْقَوْمِ مِنْ سُوْٓءِ مَا بُشِّرَ بِهٖ ؕ اَيُمْسِكُهٗ عَلٰى هُوْنٍ اَمْ يَدُسُّهٗ فِي التُّرَابِ ؕ اَلَا سَآءَ مَا
يَحْكُمُوْنَ ﴿۵۹﴾ لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ مَثَلُ السَّوْءِ ۚ وَلِلّٰهِ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۶۰﴾ ع ۱۳

www.besturdubooks.net

اور ہم نے آپ کے قبل (بھی) صرف آدمی ہی رسول بنا کر معجزات اور کتابیں دے کر بھیجے ہیں کہ ان پر وحی بھیجا کرتے تھے سو اگر تم کو علم نہیں تو (دوسرے) اہل علم سے پوچھ دیکھو اور آپ پر یہ قرآن اتارا ہے تا کہ جو مضامین لوگوں کے پاس بھیجے گئے ان کو آپ ان سے ظاہر کر دیں اور تا کہ وہ (ان میں) فکر کیا کریں اور جو لوگ بری بری تدبیریں کرتے ہیں کیا ایسے لوگ پھر بھی اس بات سے بے فکر ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کو زمین میں دھنسا دے یا ان پر ایسے موقع سے عذاب آپڑے جہاں سے ان کو گمان بھی نہ ہو یا ان کو چلتے پھرتے (کسی آفت میں) پکڑے سو یہ لوگ خدا کو ہرگز (بھی) نہیں ہرا سکتے یا ان کو گھٹاتے گھٹاتے پکڑے سو تمہارا رب شفیق بڑا مہربان ہے کیا (ان) لوگوں نے اللہ کی ان پیدا کی ہوئی چیزوں کو نہیں دیکھا جن کے سامنے کبھی ایک طرف کو کبھی دوسری طرف کو اس طور پر جھکتے جاتے ہیں کہ (بالکل) خدا کے (حکم کے) تابع ہیں اور وہ چیزیں بھی عاجز ہیں اور اللہ ہی کی مطیع ہیں جتنی چیزیں چلنے والی آسمانوں میں اور زمین میں موجود ہیں اور بالخصوص فرشتے (بھی) اور وہ تکبر نہیں کرتے وہ اپنے رب سے ڈرتے ہیں جو کہ ان پر بالادست ہے اور ان کو جو کچھ حکم کیا جاتا ہے وہ اس کو کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ دو (یا زیادہ) معبود مت بناؤ پس ایک معبود وہی ہے تو تم لوگ خاص مجھ ہی سے ڈرو اور اسی کی (ملک) ہیں سب چیزیں جو کچھ آسمانوں میں اور زمین میں ہیں اور لازمی طور پر اطاعت بجالانا اسی کا حق ہے تو کیا پھر بھی اللہ کے سوا اوروں سے ڈرتے ہو اور تمہارے پاس جو کچھ بھی نعمت ہے وہ سب اللہ ہی کی طرف سے ہے پھر جب تم کو (ذرا) تکلیف پہنچتی ہے تو اسی سے فریاد کرتے ہو پھر جب تم سے اس تکلیف کو ہٹا دیتا ہے تو تم میں ایک جماعت اپنے رب کے ساتھ شرک کرنے لگتی ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ ہماری دی ہوئی نعمت کی ناشکری کرتے ہیں خیر چند روز عیش اڑا لو اب جلدی خبر ہوئی جاتی ہے اور یہ لوگ ہماری دی ہوئی چیزوں میں سے ان معبودوں کا حصہ لگاتے ہیں جن کے متعلق ان کو کچھ علم نہیں قسم ہے خدا کی تم سے تمہاری ان افتراء پردازیوں کی ضرور باز پرس ہوگی اور اللہ تعالیٰ کے لئے بیٹیاں تجویز کرتے ہیں سبحان اللہ اور اپنے لئے چاہتی ہے چیز اور جب ان میں سے کسی کو بیٹی کی خبر دی جائے تو سارے دن اس کا چہرہ بے رونق رہے اور دل ہی دل میں گھٹتا رہے (اور) جس چیز کی اس کو خبر دی گئی ہو اس کی عار میں لوگوں سے چھپا چھپا پھرے آیا اس کو ذلت پر لئے رہے یا اس کو (زندہ یا مار کر) مٹی میں گاڑ دے خوب سن لو ان کی تجویز بہت ہی بری ہے جو لوگ آخرت پر یقین نہیں رکھتے ان کی بری حالت ہے اور اللہ تعالیٰ کے لئے تو بڑے اعلیٰ درجہ کے صفات ثابت ہیں اور وہ بڑے زبردست ہیں بڑے حکمت والے ہیں۔ ۞

تفسیر: ربط: اوپر کی آیت سے پہلے کفار کے بعض شبہات کفریہ کا جواب مذکور تھا آگے ایک شبہ کفریہ کا جواب رسالت کے متعلق مذکور ہے۔

جواب شبہ کفار متعلق رسالت ☆ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ (الی قولہ تعالیٰ) وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ۝ اور (یہ لوگ جو آپ کی رسالت کا اس بنا پر انکار کرتے ہیں کہ رسالت اور بشریت میں منافات سمجھ رہے ہیں محض مہمل بات ہے کیونکہ) ہم نے آپ کے قبل (بھی) صرف آدمی ہی رسول بنا کر معجزات اور کتابیں (یعنی دلائل واحکام) دے کر بھیجے ہیں کہ ان پر وحی بھیجا کرتے تھے سو (اے مکہ والو منکرو) اگر تم کو علم نہیں تو (دوسرے) اہل علم سے پوچھ دیکھو (جو تمہارے نزدیک مسلمانوں کی طرفداری نہ کریں) اور (اسی طرح آپ کو رسول بنا کر) آپ پر بھی یہ قرآن اتارا ہے تا کہ جو مضامین (آپ کے واسطہ سے) لوگوں کے پاس بھیجے گئے ان کو آپ ان سے ظاہر کر دیں اور تا کہ وہ (ان میں) فکر کیا کریں (یعنی آپ اپنا کام کریں اور وہ اپنا کام کریں کہ مجموعہ سے ہدایت ہو غرض یہ کہ جب آپ کی رسالت بھی سنت قدیمہ کے موافق ہے پھر انکار کی کیا وجہ اور دعویٰ تنافی کی کیا دلیل) ف: مراد اہل ذکر سے اہل کتاب ہیں جو خود مشرکین کی طرح اہل اسلام کے مخالف تھے اور اگر کوئی کہے کہ اس مسئلہ میں مشرکین ان کے بھی مخالف تھے پھر انکا قول کیسے حجت ہوگا جواب یہ ہے کہ یہ امر منقول ہے مذہبی حیثیت سے قطع نظر کر کے من حیث التواتر ان کا قول حجت ہو جاوے گا اور تواتر میں عدالت شرط نہیں پس اہل کتاب کا مذہباً غیر عادل ہونا مضر احتجاج نہیں ہو سکتا۔

ربط: اوپر آیات وَقَالَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا الخ سے پہلے آیت ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُخْزِيْهِمْ اور هَلْ يَنْظُرُوْنَ میں کفار کو عذاب آخرت سے ڈرایا تھا آگے عذاب دنیوی سے ڈراتے ہیں۔

وعید کفار باحتمال عذاب دنیوی ☆ اَفَاَمِنَ الَّذِيْنَ مَكَرُوا السَّيِّاٰتِ (الی قولہ تعالیٰ) فَاِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ جو لوگ (دین حق کے باطل کرنے کو) بری بری تدبیریں کرتے ہیں (کہ کہیں اس میں شبہات واعتراض نکالتے ہیں اور حق کا انکار کرتے ہیں کہ اضلال ہے کہیں دوسروں کو روکتے ہیں کہ اضلال ہے) کیا ایسے لوگ (یہ کارروائیاں کفر کی کر کے) پھر بھی اس بات سے بے فکر (بیٹھے ہوئے) ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کو (ان کے کفر کے وبال میں) زمین میں غرق کر دے یا ان پر ایسے موقع سے عذاب آپڑے جہاں ان کو گمان بھی نہ ہو (جیسے جنگ بدر میں ایسے بے سروسامان مسلمانوں کے ہاتھ سے ان کو سزا ملی کہ کبھی ان کو اس کا احتمال عقلی بھی نہ ہوتا کہ یہ ہم پر غالب آسکیں گے) یا ان کو چلتے پھرتے (کسی آفت میں پکڑ لے (جیسے کوئی مرض ہی دفعۃً آ کھڑا ہو) سو (اگر ان امور میں سے کوئی امر ہو جاوے تو) یہ لوگ خدا کو ہرا (بھی) نہیں سکتے یا ان کو گھٹاتے گھٹاتے پکڑ لے (جیسے قحط و وبا پڑے اور تدریجاً خاتمہ ہو جاوے یعنی نذر ہونا نہ چاہئے خدا کو سب قدرت ہے مگر مہلت جو دے رکھی ہے) سو (اس کی وجہ یہ ہے کہ) تمہارا رب شفیق مہربان بڑا ہے (اس لئے مہلت دی ہے کہ اب بھی سمجھ جاؤ اور فلاح اور نجات کا طریق اختیار کر لو)۔ ف: آفت کی اقسام مختلف ہیں اول بواسطہ انسان کے دوسرے غیبی طور پر جو احیاناً ہو تیسرے غیبی اور معمولی طور پر جو

www.besturdubooks.net

خاص شخص کی حالت کے اعتبار سے ہو چوتھے غیبی معمولی طور پر جو عام حالت کے اعتبار سے ہو یَخْسِفَ اللّٰہُ. میں قسم دوم اور یَاْتِیَھُمُ الْعَذَابُ میں قسم اول اور یَاْخُذَھُمْ فِیْ تَقَلُّبِھِمْ میں قسم سوم اور یَاْخُذَھُمْ عَلٰی تَخَوُّفٍ میں قسم چہارم کی طرف اشارہ ہے۔ واللہ اعلم باسرار کلامہ۔

ربط :اوپر شروع سورت سے دور تک توحید کا مضمون تھا آگے پھر عود ہے اسی کی طرف۔

عود بسوئے توحید ☆ اَوَلَمْ یَرَوْا اِلٰی مَا خَلَقَ اللّٰہُ مِنْ شَیْءٍ (الی قولہ تعالیٰ) وَیَفْعَلُوْنَ مَا یُؤْمَرُوْنَ کیا (ان) لوگوں نے اللہ کی ان پیدا کی ہوئی چیزوں کو نہیں دیکھا (اور دیکھ کر توحید پر استدلال نہیں کیا) جن کے سائے کبھی ایک طرف کو کبھی دوسری طرف کو اس طور پر جھکتے جاتے ہیں کہ (بالکل) خدا کے (حکم کے) تابع ہیں (یعنی سایہ کے اسباب کہ آفتاب کا نورانی ہونا اور سایہ دار جسم کا کثیف ہونا ہے اور حرکت سایہ کا سبب کہ آفتاب کی حرکت ہے پھر سایہ کے خواص یہ سب بحکم الٰہی ہے) اور وہ (سایہ دار) چیزیں بھی (اللہ کے روبرو) عاجز (اور تابع حکم) ہیں اور (جس طرح یہ اشیائے مذکورہ جن میں حرکت ارادیہ نہیں جیسا کہ یتفیؤا کی اسناد ظلال کی طرف اس کا قرینہ ہے کیونکہ متحرک بلا ارادہ میں سایہ کی حرکت خود اس متحرک بالارادہ کی حرکت سے ہوتی ہے حکم خدا کے تابع ہیں اسی طرح) اللہ ہی کے مطیع (حکم) ہیں جتنی چیزیں (بالارادہ) چلنے والی آسمانوں میں (جیسے فرشتے) اور زمین میں (جیسے حیوانات) موجود ہیں اور (بالخصوص) فرشتے (بھی) اور وہ (فرشتے باوجود علو مکان و رفعت شان کے اطاعت خداوندی سے) تکبر نہیں کرتے (اور اسی لئے بالخصوص ان کا ذکر کیا گیا باوجودیکہ ما فی السمٰوٰت میں داخل تھے) وہ اپنے رب سے ڈرتے ہیں جو کہ ان پر بالادست ہے اور ان کو جو کچھ (خدا کی طرف سے) حکم کیا جاتا ہے وہ اس کو کرتے ہیں۔ ربط :اوپر توحید کا اثبات تھا آگے اشراک کا ابطال ہے۔

ذم وابطال شرک وترہیب عباد ☆ وَقَالَ اللّٰہُ لَا تَتَّخِذُوْٓا اِلٰھَیْنِ اثْنَیْنِ (الی قولہ تعالیٰ) وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ اور اللہ تعالیٰ نے (تمام مکلفین کو بواسطہ رسل کے) فرمایا ہے کہ وہ (یا زیادہ) معبود مت بناؤ بس ایک معبود ہی ہے (اور جب یہ بات ہے) تو تم لوگ خاص مجھ ہی سے ڈرا کرو (کیونکہ جب الوہیت میرے ساتھ خاص ہے تو جو اس کے لوازم ہیں کمال قدرت وغیرہ بھی میرے ہی ساتھ خاص ہوں گے تو انتقام وغیرہ کا خوف مجھ ہی سے چاہئے اور شرک انتقام کو مستدعی ہے پس شرک نہ کرنا چاہئے) اور اسی کی (ملک) ہیں سب چیزیں جو کچھ آسمانوں میں اور زمین میں ہیں اور لازمی طور پر اطاعت بجالانا اسی کا حق ہے (یعنی وہی اس امر کا مستحق ہے کہ سب اس کی اطاعت بجالاویں جب یہ بات ثابت ہے) تو کیا پھر بھی اللہ کے سوا اوروں سے ڈرتے ہو (اور ان سے ڈر کر ان کو پوجتے ہو) اور (جیسا ڈرنے کے قابل سوا خدا کے کوئی نہیں ایسا ہی نعمت دینے والا اور امید کے قابل بجز خدا کے کوئی نہیں چنانچہ) تمہارے پاس جو کچھ (کسی قسم کی) بھی نعمت ہے وہ سب اللہ ہی کی طرف سے ہے پھر جب تم کو (ذرا) تکلیف پہنچتی ہے تو) اس کے رفع ہونے کے لئے) اسی (اللہ) سے فریاد کرتے ہو (اور کوئی بت وغیرہ اس وقت یاد نہیں آتا جس سے توحید کا حق ہونا اس وقت تمہارے اقرار حال سے بھی معلوم ہو جاتا ہے لیکن) پھر جب (اللہ تعالیٰ) تم سے اس تکلیف کو ہٹا دیتا ہے تو تم میں کی ایک جماعت (اور وہی بڑی جماعت ہے) اپنے رب کے ساتھ (بدستور سابق) شرک کرنے لگتی ہیں جس کا حاصل یہ ہے کہ ہماری دی ہوئی نعمت کی (وہ تکلیف کا رفع کرنا ہے) ناشکری کرتے ہیں (جو عقلاً بھی قبیح ہے) خیر چند روزہ عیش اڑا لو (دیکھو) اب جلدی (مرتے ہی) تم کو خبر ہوئی جاتی ہے (اور ایک جماعت اس لئے کہا گیا کہ بعضے اس حالت کو یاد رکھ کر توحید و ایمان پر قائم ہو جاتے ہیں کقولہ تعالیٰ :فَلَمَّا نَجّٰھُمْ اِلَی الْبَرِّ فَمِنْھُمْ مُّقْتَصِدٌ [لقمٰن : ۳۲]) اور (منجملہ ان کے شرک کے ایک یہ ہے کہ) یہ لوگ ہماری دی ہوئی چیزوں میں سے ان (معبودوں) کا حصہ لگاتے ہیں جن کے (معبود ہونے کے) متعلق ان کو کچھ علم (اور ان کے معبود ہونے کی کوئی دلیل وسند) نہیں (جیسا اس کی تفصیل پارۂ ہشتم کے رکوع سوم آیت :وَجَعَلُوْا لِلّٰہِ الخ میں گذری ہے) قسم ہے خدا کی تم سے تمہاری ان افتراء پردازیوں کی (قیامت میں) ضرور باز پرس ہوگی اور (ایک شرک ان کا یہ ہے کہ) اللہ تعالیٰ کے لئے بیٹیاں تجویز کرتے ہیں سبحان اللہ (کیسی مہمل بات ہے) اور (اس پر یہ طرہ کہ) اپنے لئے چاہتی چیز (یعنی بیٹے پسند کرتے ہیں) اور جب ان میں کسی کو بیٹی (پیدا ہونے) کی خبر دی جاوے (جس کو اللہ کے لئے تجویز کرتے ہیں) تو (اس قدر ناراض ہو کہ) سارے دن اس کا چہرہ بے رونق رہے اور وہ دل ہی دل میں گھٹتا رہے (اور) جس چیز کی اس کو خبر دی گئی ہے (یعنی تولد دختر) اس کی عار سے لوگوں سے چھپا چھپا پھرے (اور دل میں اتار و چڑھاؤ کرے کہ) آیا اس (مولود جدید) کو ذلت (کی حالت) پر لئے رہے یا اس کو (زندہ یا مار کر) مٹی میں گاڑ دے خوب سن لو ان کی یہ تجویز بہت ہی بری ہے کہ اول تو خدا کے لئے اولاد ثابت کرنا یہی کس قدر بری بات ہے پھر اولاد بھی وہ جس کو خود اس قدر ذلیل وموجب عار سمجھیں پس) جو لوگ آخرت پر یقین نہیں رکھتے ان کی بری حالت ہے (دنیا میں بھی کہ ایسے جہل میں مبتلا ہیں اور آخرت میں بھی کہ مبتلائے عقوبت وذلت ہوں گے) اور اللہ تعالیٰ کے لئے تو بڑے اعلیٰ درجہ کی صفات ثابت ہیں (نہ وہ جو کہ یہ مشرکین بکتے ہیں) اور وہ بڑے زبردست ہیں (اگر ان کو دنیا میں شرک کی سزا دینا چاہیں تو کچھ مشکل نہیں لیکن ساتھ ہی) بڑی حکمت والے (بھی ہیں بمقتضائے حکمت بعد موت تک سزا کو مؤخر فرما دیا ہے) ف: روح المعانی میں ہے کہ خزاعہ ملائکہ کو بیٹیاں خدا کی کہتے تھے اور جیسے نبوت کا اعتقاد مہمل تھا ایسے ہی

www.besturdubooks.net

ان کی تانیث کا بھی۔ واللہ اعلم۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ وَمَا بِكُمْ مِّنْ نِّعْمَةٍ الخ باوجود بعض نعمتوں کے ظاہراً منجانب خلق کے ہونے کے سب کو حق تعالیٰ کی طرف سے فرمانا ممکن ہے کہ اس طرف اشارہ ہو کہ نعم کے سب وسائط منعم حقیقی کے مظاہر ہیں اور یہی مسئلہ ہے مظہریت کا ۱۲ قولہ تعالیٰ: وَلِلّٰهِ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى سورۂ روم میں ایسی ہی آیت ہے وہاں دیکھ لو ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی افامن یہ کارروائیاں اشارة الی توجیه الفاء ۱۲۔ ۲ قوله قبل فان ربکم مہلت اشارة الی ان المذکور علة للمقدر ای لم یفعل ذلك فان ربکم الخ ۱۲ منه۔ ۳ قوله فی الیمین والشمائل ایک طرف الخ اشارة الی ان المراد بهما مطلق الجانبین مجازًا ۱۲۔ ۴ قوله فی یتفیؤا جھکتے جاتے ہیں اشارة الی ان الفیٔ عام لما قبل الزوال ولما بعده کما نقل الطبری عن قتادة وابن جریج والضحاك ۱۲۔ ۵ قوله فی سجدا تابع اشارة الی ان فیه مجازًا لاشتراك المطلقة فیهما ۱۲۔ ۶ قوله فی هم داخرون سایہ دار چیزیں اشارة الی ان الضمیر الی شیٔ والجمع باعتبار عمومه معنی کما ان افراد ضمیر ظلاله الراجع الی شیٔ باعتبار افراده لفظا واتی بضمیر ذوی العقول اشارة الی ان دخورها کدخور اهل العقل ۱۲۔ ۷ قوله فی الهین یا زیاده اشارة الی ان المقصود بالنهی التعدد لا خصوصیة العدد ولما کان نفی الاثنین یستلزم نفی ما زاد علیه اقتصر علیه ۱۲۔ ۸ قوله فی مسکم ذرا دل علیه مادة المس ۱۲۔ ۹ قوله فی لیکفروا حاصل اشارة الی ان اللام للعاقبة ۱۲۔ ۱۰ قوله فی توضیحه عقلاً اشارة الی فائدة جملة لیکفروا ۱۲۔ ۱۱ قوله قبل لهم طرہ اشارة الی انه لا دخل له فی اشراکهم والانکار انما هو علی المجموع ۱۲۔ ۱۲ قوله فی بشر پیدا اشارة الی حذف المضاف ای بولادة الانثی ۱۲۔ ۱۳ قوله فی بشر خبر اشارة الی ارادة المطلق بالمقید ویحتمل اعتبار کونه سارا فی نفسه ۱۲۔ ۱۴ قوله فی سوء عار اشارة الی ان هذا السوء باعتبار العرف لا فی الواقع ۱۲۔ ۱۵ قوله قبل ایمسکه اتار چڑھاؤ اشارة الی تقدیر الکلام هکذا یتواری ویتفکر فی نفسه ما ذا یفعل المسیکه الخ۔ ۱۶ قوله فی یدسه زندہ یا مارکر لان عادتهم کانت مختلفة ولما کان مآل الجمیع الدفن دخل فی الدس جمیع الصور ۱۲۔

اللغات: قوله ان یخسف بکم الخسف لازم ومتعد فالباء اما للتعدیة او للملابسة والارض اما مفعول به او نصب بنزع الخافض ۱۲۔ قوله تخوف فی القاموس تخوف الشیٔ تنقصه ومنه قوله تعالیٰ او یاخذهم علی تخوف آه قوله دابة قال البیضاوی الدبیب هی الحرکة الجسمانیة سواء کان فی ارض او سماء قلت فیعم الملائکة ۱۲ قوله الدین الطاعة الواصب اللازم الدائم ۱۲ قوله تجئرون الجوار التضرع الصیاع ۱۲۔

النحو: قوله من شیٔ بیان لما خلق ۱۲ قوله من فوقهم حال من ربهم قوله واصبا حال من ضمیر الدین (الی قوله تعالیٰ) قوله ولهم عطف علی الله معمول لیجعلون۔ قوله علی هون حال من فاعل یمسك ای یمسکه حال کون الممسك ذلیلا وتذکیر الضمیر فی یمسکه باعتبار لفظ ما فی ما بشر ۱۲۔

البلاغة: قوله ان کنتم فی الشرط معنی التکبیت والالزام کما فی قول الاجیر ان کنت عملت لك فاعطنی حقی فان العمل غیر مشکوك فیه کما ان عدم العلم هذا لا یشك فیه ۱۲ منه۔ لعل النکتة فی افراد الیمین وجمع الشمائل مرادا بهما مطلق الجانبین لان التفیو عن الیمین یراد به ما یقارب الطلوع فافراده کافراد النور فی القرآن والتفیو عن الشمال یراد به ما یقارب الغروب فجمعه کجمع الظلمات والله اعلم باسرار کلامه ۱۲۔ قوله اثنین وواحد فی الروح جئی بهما للایضاح والتفسیر لا للتاکید وان حصل و تقریر ذلك ان لفظ آلهین حامل لمعنی الجنسیة اعنی الآلهیة ومعنی العدو اعنی الاثنینیة وکذا لفظ الله حامل لمعنی الجنسیة والواحدة والغرض المسوق له الکلام فی الاول النهی عن اتخاذ الاثنین من الآله لا عن اتخاذ جنس الا له وفی الثانی اثبات الواحد من الا له لا اثبات جنسه فوصف آلهین باثنین وآله بواحد ایضاحاً لهذا الغرض ۱۲۔ قوله ثم اذا مسکم وقوله ثم اذا کشف فی الروح ثم فی الاول لتراخی الزمان اشعارا بانهم غمطوا تلك النعم ولم یزالوا علیه الی وقت الالجاء وفی الثانی لتراخی الرتبة ۱۲ قوله فایای فارهبون فی الروح فیه التفات من الغیبة الی التکلم والنکتة فیه بعد النکتة العامة اعنی الایقاظ والتطریة المبالغة فی التخویف فان تخویف الحاضر مواجهة ابلغ من تخویف الغائب ۱۲۔ قوله تالله لتسئلن فی الروح فی صرف الکلام من الغیبة الی الخطاب المنبئی عن کمال الغضب من شدة الوعید ما لا یخفی ۱۲ منه۔

www.besturdubooks.net

وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِظُلْمِهِمْ مَّا تَرَكَ عَلَيْهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّلٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ
سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿۶۱﴾ وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ مَا يَكْرَهُوْنَ وَتَصِفُ اَلْسِنَتُهُمُ الْكَذِبَ اَنَّ لَهُمُ الْحُسْنٰى ؕ لَا جَرَمَ اَنَّ
لَهُمُ النَّارَ وَاَنَّهُمْ مُّفْرَطُوْنَ ﴿۶۲﴾ تَاللّٰهِ لَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰٓى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَهُوَ وَلِيُّهُمُ
الْيَوْمَ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۶۳﴾ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ اِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِى اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ۙ وَهُدًى وَّ
رَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۶۴﴾ وَاللّٰهُ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ
يَّسْمَعُوْنَ ﴿۶۵﴾ وَاِنَّ لَكُمْ فِى الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ؕ نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِىْ بُطُوْنِهٖ مِنْۢ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا ع ۸/۱۴
لِّلشّٰرِبِيْنَ ﴿۶۶﴾ وَمِنْ ثَمَرٰتِ النَّخِيْلِ وَالْاَعْنَابِ تَتَّخِذُوْنَ مِنْهُ سَكَرًا وَّرِزْقًا حَسَنًا ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ
يَّعْقِلُوْنَ ﴿۶۷﴾ وَاَوْحٰى رَبُّكَ اِلَى النَّحْلِ اَنِ اتَّخِذِىْ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا وَّمِنَ الشَّجَرِ وَمِمَّا يَعْرِشُوْنَ ﴿۶۸﴾ ثُمَّ كُلِىْ مِنْ كُلِّ
الثَّمَرٰتِ فَاسْلُكِىْ سُبُلَ رَبِّكِ ذُلُلًا ؕ يَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ
يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۶۹﴾ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ ثُمَّ يَتَوَفّٰىكُمْ ۙ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْ لَا يَعْلَمَ بَعْدَ عِلْمٍ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ﴿۷۰﴾ ع ۹/۱۵

اور اگر اللہ تعالیٰ لوگوں پر ان کے ظلم کے سبب داروگیر فرماتے تو سطح زمین پر کوئی (حس و) حرکت کرنے والا نہ چھوڑتے لیکن ایک میعاد معین تک مہلت دے رہے ہیں پھر جب ان کا وقت معین آپہنچے گا اس وقت ایک ساعت نہ پیچھے ہٹ سکیں گے اور نہ آگے بڑھ سکیں گے اور اللہ تعالیٰ کے لئے وہ امور تجویز کرتے ہیں جن کو ناپسند کرتے ہیں اور اپنی زبان سے جھوٹے وعدے کرتے جاتے ہیں کہ ان کے (یعنی ہمارے) لئے ہر طرح کی بھلائی لازمی بات ہے کہ ان کے لئے دوزخ ہے اور بے شک وہ لوگ سب سے پہلے دوزخ میں بھیجے جائیں گے۔ بخدا آپ سے پہلے جو امتیں ہو گذری ہیں ان کے پاس بھی ہم نے رسولوں کو بھیجا تھا سو ان کو بھی شیطان نے ان کے اعمال (کفریہ) مستحسن کر کے دکھلائے پس وہ آج ان کا رفیق ہے اور ان کے واسطے دردناک سزا مقرر ہے اور ہم نے آپ پر یہ کتاب صرف اس واسطے نازل کی ہے کہ جن امور (دین) میں لوگ اختلاف کر رہے ہیں آپ (عام) لوگوں پر اس کو ظاہر فرما دیں اور ایمان والوں کی ہدایت (خاصہ) اور رحمت کی غرض سے اور اللہ تعالیٰ نے آسمان سے پانی برسایا پھر اس سے زمین کو اس کے مردہ ہونے کے بعد زندہ کیا اس میں ایسے لوگوں کے لئے بڑی دلیل ہے جو سنتے ہیں اور (نیز) تمہارے لئے مواشی میں بھی غور درکار ہے (دیکھو) ان کے پیٹ میں جو گوبر اور خون (کا مادہ) ہے اس کے درمیان میں سے صاف اور گلے میں آسانی سے اترنے والا دودھ (بنا کر) ہم تم کو پینے کو دیتے ہیں اور (نیز) کھجور اور انگوروں کے پھلوں سے تم لوگ نشہ کی چیز اور عمدہ کھانے کی چیزیں بناتے ہو بے شک اس میں ان لوگوں کے لئے بڑی دلیل ہے جو عقل (سلیم) رکھتے ہیں اور آپ کے رب نے شہد کی مکھی کے جی میں یہ بات ڈالی کہ تو پہاڑوں میں گھر بنا لے اور درختوں میں (بھی) اور لوگ جو عمارتیں بناتے ہیں ان میں بھی پھر ہر قسم کے پھلوں سے چوستی پھر اپنے رب کے رستوں میں چل جو آسان ہیں اس کے پیٹ میں سے پینے کی ایک چیز نکلتی ہے جس کی رنگتیں مختلف ہوتی ہیں کہ اس میں لوگوں کے لئے شفاء ہے اس میں (بھی) ان لوگوں کے لئے بڑی دلیل ہے جو سوچتے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے تم کو (اول) پیدا کیا پھر تمہاری جان قبض کرتا ہے اور بعضے تم میں وہ ہیں جو ناکارہ عمر تک پہنچائے جاتے ہیں جس کا یہ اثر ہوتا ہے کہ ایک چیز سے باخبر ہو کر پھر بے خبر ہو جاتا ہے بے شک اللہ تعالیٰ بڑے علم والے بڑی قدرت والے ہیں۔ ۞

تفسیر: ربط: اوپر شرک کا رد مذکور تھا اور اگلی آیت کے بعد وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ الخ میں پھر اسی کے متعلق مضمون ہے اور درمیان میں یعنی اگلی آیت وَلَوْ يُؤَاخِذُ الخ میں شرک کا بوجہ غایت قبح کے مقتضی تعجیل سزا کا ہونا لیکن بمقتضائے حکمت اس سزا کا مؤجل ہونا اور اس اجل پر لابد اس کا وقوع ہو جانا مذکور ہے جس کی طرف آیت بالا کے اخیر یعنی وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۞ میں اشارہ ہو بھی چکا ہے۔

امہال ظالمین تا وقت موعود ☆ وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ (الی قولہ تعالیٰ) وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ۞ اور اگر اللہ تعالیٰ (ظالم) لوگوں پر ان کے (یعنی شرک و کفر) کے سبب (فی الفور دنیا میں پوری) داروگیر فرماتے تو سطح زمین پر کوئی (حس و) حرکت کرنے والا نہ چھوڑتے (بلکہ سب کو ہلاک کر دیتے) لیکن (فی الفور داروگیر

www.besturdubooks.net

نہیں فرماتے بلکہ) ایک میعادِ معین تک مہلت دے رہے ہیں (تاکہ اگر کوئی توبہ کرنا چاہے تو گنجائش ہو) پھر جب ان کا (وہ) وقت معین (نزدیک) آپہنچے گا اس وقت ایک ساعت نہ (اس سے) پیچھے ہٹ سکیں گے اور نہ آگے بڑھ سکیں گے (بلکہ فوراً سزا ہو جاوے گی) **ف**: تقریر ملازمت شرط و جزاء میں احقر کے نزدیک یہ ہے کہ ظالم تو اپنے ظلم کی وجہ سے ہلاک ہوتے اور غیر ظالم اس لئے کہ حکمت خداوندی باعتبار اکثر اوقات کے اس عالم میں مجموعہ کے آباد کرنے کو مقتضی ہے ورنہ نیکوں کی آبادی زمین پر بغیر ظالموں کے مثل آبادی ملائکہ کے آسمان پر ہوتی پھر آبادی زمین کو جدا کیوں کیا جاتا اور اس مضمون کی تائید اس حدیث سے ہوتی ہے جس میں ارشاد ہے :**لو لم تذنبوا لذهب الله بكم** الخ یعنی **لو لم يكن فيكم مذنبون** اس لئے نیک بھی نہ رہتے اور چونکہ حیوانات انسان ہی کے منافع کے لئے مخلوق ہوتے ہیں یہ نہ ہوتے تو وہ بھی نہ ہوتے **وهذا من المواهب ولله الحمد** اور اکثر اوقات کی قید اس لئے لگائی کہ بعض اوقات دنیا میں صرف غیر ظالم ہی رہیں گے جیسے زمان عیسیٰ علیہ السلام میں۔ **ربط** : پھر عود ہے ذم شرک و اہل شرک کی طرف جس سے زیادہ مقصود باوجود شرک مذموم کے ان کے دعویٰ نجات کرنے پر مذمت کرنا ہے۔

ذم دعویٰ اہل شرک باوجود منافی ☆ وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ مَا يَكْرَهُوْنَ (الی قولہ تعالیٰ) وَاَنَّهُمْ مُّفْرَطُوْنَ ۝ اور اللہ تعالیٰ کے لئے وہ امور تجویز کرتے ہیں جن کو خود (اپنے لئے) ناپسند کرتے ہیں (جیسا اوپر آیا ہے وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ الْبَنَاتِ) اور (پھر اس پر) اپنی زبان سے جھوٹے دعوے کرتے جاتے ہیں کہ ان کے (یعنی ہمارے) لئے (برتقدیر وقوع قیامت) ہر طرح کی بھلائی ہے (اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ بھلائی کہاں سے آئی تھی بلکہ) لازمی بات ہے کہ ان کے لئے (قیامت کے دن) دوزخ ہے اور بیشک وہ لوگ (دوزخ میں) سب سے پہلے بھیجے جاویں گے۔ **ف**: وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ مَا يَكْرَهُوْنَ میں دو وجہ سے تکرار نہیں[1] ایک تو یہ کہ یہ وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ الْبَنَاتِ سے عام ہے چنانچہ اپنی ریاست میں کسی کی شرکت کا ناپسند ہونا بھی اس میں داخل ہے دوسرے یہاں زیادہ مقصود رد ہے **تصف السنتهم** کا کہ ایسی تو باتیں کرتے ہیں اور پھر اپنے لئے قیامت میں امید بھلائی کی رکھتے ہیں جیسا تمہید میں بھی مذکور ہوا اور عنوان بھی اس پر دال ہے اور بر تقدیر وقوع ترجمہ میں اس لئے بڑھایا کہ وہ لوگ قیامت کے منکر تھے پس ان کا یہ کہنا بنائے مذکور پر تھا کقولہ تعالیٰ وَلَئِنْ رُّجِعْتُ اِلٰى رَبِّيْٓ اِنَّ لِيْ عِنْدَهٗ لَلْحُسْنٰى۔

ربط : اوپر کفار کی جہالات و کفریات کا مذکور تھا چونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ان سے صدمہ پہنچتا تھا آگے آپ کی تسلی جس کے ضمن میں اثبات رسالت و حقانیت قرآن بھی ہے فرماتے ہیں۔

تسلیہ رسول اللہ ﷺ : تَاللّٰهِ لَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰٓى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ (الی قولہ تعالیٰ) وَهُدًى وَّ رَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝ (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ ان کے کفر و جہالت پر کچھ غم نہ کیجئے کیونکہ) بخدا آپ (کے زمانہ) سے پہلے جو امتیں ہو گذری ہیں ان کے پاس بھی ہم نے رسولوں کو بھیجا تھا (جیسا آپ کو ان کے پاس بھیجا ہے) سو (جس طرح یہ لوگ اپنی کفریات کو پسند کرتے ہیں اور اس پر قائم ہیں اسی طرح) ان کو بھی شیطان نے ان کے اعمال (کفریہ) مستحسن کر کے دکھلائے پس وہ (شیطان) آج (یعنی دنیا میں) ان کا رفیق ہے (یعنی رفیق تھا کہ ان کو بہکاتا سکھاتا تھا پس دنیا میں تو ان کو یہ خسارہ ہوا) اور (پھر قیامت میں) ان کے واسطے دردناک سزا (مقرر) ہے (غرض یہ لاحقین بھی ان سابقین کی طرح کفر کر رہے ہیں اور ان ہی کی طرح ان کو سزا بھی ہو گی آپ کیوں غم میں پڑیں) اور ہم نے آپ پر یہ کتاب (جس کا نام قرآن ہے اس واسطے نازل نہیں کی کہ سب کا ہدایت پر لانا آپ کے ذمہ ہوتا کہ بعض کے ہدایت پر نہ آنے سے آپ مغموم ہوں بلکہ) صرف اس واسطے نازل کی ہے کہ جن امور (دین) میں لوگ اختلاف کر رہے ہیں (مثل توحید و معاد و احکام حلال و حرام) آپ (عام) لوگوں پر اس کو ظاہر فرما دیں (یہ فائدہ تو قرآن کا عام ہے) اور ایمان والوں کی ہدایت (خاصہ) اور رحمت کی غرض سے (نازل فرمایا ہے سو یہ امور بفضلہٖ تعالیٰ حاصل ہیں)۔ **ربط** : اوپر شروع سورت سے زیادہ مضمون توحید کا بہ پیرایۂ انعامات چلا آتا ہے آگے پھر وہی مضمون ہے جو آیت : يَعْرِفُوْنَ نِعْمَتَ اللّٰهِ الخ تک چلا گیا ہے جس میں چند چیزوں سے بترتیب استدلال و امتنان کیا گیا ہے پانی۔ نباتات۔ منافع مواشی۔ منافع نحل۔ احوال بشر یعنی ایجاد و توفی ابقائے شخصی و نوعی اعطائے حواس و عقل اعطاء اسباب معیشت اور درمیان درمیان آیت: فَمَا الَّذِيْنَ فُضِّلُوْا اور آیت : ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا عَبْدًا وآیت : وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلَيْنِ میں شرک کا ابطال اور بعض آیات میں صرف اثبات صفات کمال علم و قدرت سے توحید پر استدلال کیا گیا ہے اور ختم آیات پر مضمون تسلیہ کا فرمایا ہے اور شروع سورت سے ان آیات کے ختم تک کہ دو ثلث سورت کا ہے چونکہ ایسے امور مذکور ہیں جو دلائل قدرت ہونے کے علاوہ وجوہِ نعمت بھی ہیں اس لئے اس سورت کا نام سورہ نعم بھی ہے یعنی جمع نعمت۔

عود بتوحید متضمن انعامات ☆ وَاللّٰهُ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ۝ اور اللہ تعالیٰ نے آسمان سے پانی برسایا پھر اس سے زمین کو اس کے مردہ ہونے کے بعد زندہ کیا (یعنی اس کی قوت نامیہ کو بعد اس کے کہ خشک ہو جانے سے کمزور ہو گئی تھی تقویت دی) اس (امر مذکور) میں ایسے

www.besturdubooks.net

لوگوں کے لئے (توحید کی اور منعم ہونے کی) بڑی دلیل ہے جو (جی سے ان باتوں کو) سنتے ہیں اور (نیز) تمہارے لئے مواشی میں بھی غور درکار ہے (دیکھو) ان کے پیٹ میں جو گوبر اور خون (کا مادہ) ہے اس کے درمیان میں سے (دودھ کا مادہ کہ ایک حصہ خون کا ہے بعد ہضم کے جدا کر کے تھن کے مزاج سے اس کا رنگ بدل کر اس کو) صاف اور گلے میں آسانی سے اترنے والا دودھ (بنا کر) ہم تم کو پینے کو دیتے ہیں اور (نیز) کھجور اور انگوروں (کی حالت میں غور کرنا چاہئے کہ ان) کے پھلوں سے تم لوگ نشہ کی چیز اور عمدہ کھانے کی چیزیں) (جیسے خرمائے خشک و کشمش اور شربت اور سرکہ) بناتے ہو بیشک اس میں (بھی توحید کی اور منعم ہونے کی) ان لوگوں کے لئے بڑی دلیل ہے جو عقل (سلیم) رکھتے ہیں اور (یہ بات بھی غور کے قابل ہے کہ) آپ کے رب نے شہد کی مکھی کے جی میں یہ بات ڈالی کہ تو پہاڑوں میں گھر (یعنی چھتہ) بنالے اور درختوں میں (بھی) اور لوگ جو عمارتیں بناتے ہیں ان میں (بھی چھتہ لگالے چنانچہ ان سب موقعوں پر وہ چھتہ لگاتی ہے) پھر ہر قسم کے (مختلف) پھلوں سے (جو تجھ کو مرغوب ہوں) چوستی پھر۔ پھر (چوس کر چھتہ کی طرف واپس آنے کے لئے) اپنے رب کے رستوں میں چل جو (تیرے لئے باعتبار چلنے کے اور یاد رہنے کے) آسان ہیں (چنانچہ بڑی بڑی دور سے بے راستہ بھولے ہوئے اپنے چھتے کو لوٹ آتی ہے پھر جب چوس کر اپنے چھتہ کی طرف لوٹتی ہے تو) اس کے پیٹ میں سے پینے کی ایک چیز نکلتی ہے (یعنی شہد) جس کی رنگتیں مختلف ہوتی ہیں کہ اس میں لوگوں (کی بہت سے بیماریوں) کے لئے شفاء ہے اس میں (بھی) ان لوگوں کے لئے (توحید کی اور منعم ہونے کی) بڑی دلیل ہے جو سوچتے ہیں اور (اپنی حالت بھی سوچنے کے قابل ہے کہ) اللہ تعالیٰ نے تم کو (اول) پیدا کیا پھر (عمر ختم ہونے پر) تمہاری جان قبض کرتا ہے (جن میں بعضے تو ہوش و حواس میں چلتے ہاتھ پاؤں اُٹھ جاتے ہیں) اور بعضے تم میں وہ ہیں جو ناکارہ عمر تک پہنچائے جاتے ہیں (جس میں نہ قوت جسمانیہ رہے نہ قوت عقلیہ رہے) جس کا یہ اثر ہوتا ہے کہ ایک چیز سے باخبر ہو کر پھر بے خبر ہو جاتا ہے (جیسا اکثر ایسے بوڑھوں کو دیکھا جاتا ہے کہ ابھی ان کو ایک بات بتلائی اور ابھی بھول گئے اور پھر اس کو پوچھ رہے ہیں) بیشک اللہ تعالیٰ بڑے علم والے بڑی قدرت والے ہیں (علم سے ہر ایک مصلحت جانتے ہیں اور قدرت سے ویسا ہی کر دیتے ہیں اس لئے حیات و وفات کی حالتیں مختلف کر دیں پس یہ بھی دلیل ہے توحید کی ف: الانعام یعنی مواشی سے بھی یہی خاص مواشی مراد ہیں۔ گائے۔ بھینس۔ بھیڑ۔ بکری۔ اونٹ اور نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهٖ الخ کے ترجمہ کی تقریر جو کی گئی اس سے تولد لبن کی کیفیت پر انطباق آیت کا ظاہر ہو گیا حاصل یہ کہ آیت سے یہ مراد نہیں کہ پیٹ میں ایک طرف گوبر ہوتا ہے اور ایک طرف خون اور دونوں کے درمیان میں دودھ رہتا ہے بلکہ پیٹ میں جو غذا ہوتی ہے اس میں وہ اجزاء جو آگے چل کر دودھ بنیں گے اور وہ اجزاء جو گوبر بن جاویں گے سب مخلوط ہوتے ہیں اللہ تعالیٰ ان کو جدا جدا کرتے ہیں کچھ گوبر بن کر دفع ہو جاتا ہے اور کچھ ہضم کبدی میں اخلاط بنتے ہیں جن میں خون بھی ہے پھر اس خون میں وہ حصہ جو آگے چل کر دودھ بنے گا اور وہ حصہ جو دودھ نہ بنے گا یہ دونوں مخلوط ہوتے ہیں اللہ تعالیٰ ایک حصہ جدا کر کے پستان تک پہنچاتا ہے اور وہ وہاں پہنچ کر دودھ بن جاتا ہے جیسا انشیین میں خاصیت رکھی ہے کہ خون وہاں پہنچ کر مادہ منویہ بن جاتا ہے پس اجزائے دمویہ خاصہ جو آخر میں مستحیل الی اللبن ہوئے ہیں ایک بار اجزائے مستحیلہ الی الفرث سے اور ایک بار اجزائے دمویہ غیر مستحیلہ الی اللبن سے ممیز ہوتے ہیں یہ تمیز اللہ تعالیٰ ہی کا کام ہے خوب سمجھ لینا چاہئے اور تمیز اول کا تو بطن میں ہونا ظاہر ہے اور تمیز ثانی کا محل بطن کو فرمانا یا تو اس اعتبار سے ہے کہ بطن سے مراد ما فی داخل البدن ہو اور یا اس اعتبار سے کہ یہ اجزائے متمیزہ ثانیاً کسی وقت تو بطن ہی میں تھے اور تَتَّخِذُوْنَ مِنْهُ سَكَرًا الخ میں دو قول ہیں ایک یہ کہ نزول آیت کے وقت مسکرات حرام نہ تھے کیونکہ آیت مکی ہے اس لئے امتنان فرمایا لیکن چونکہ حرام ہونے والے تھے اس لئے اس کو حسن وغیرہ کے ساتھ موصوف نہ کیا جیسا رزق کو کیا ہے دوسرا قول یہ ہے کہ گو نزول آیت کے وقت مسکرات حرام بھی ہو گئے ہوں اس احتمال پر کہ شاید یہ آیت مدنی ہو لیکن یہاں امتنان حسی مقصود نہیں تاکہ موقوف ہو حلت پر بلکہ امتنان معنوی یعنی استدلال علی التوحید ہے اور وہ باوجود حرمت کے بھی صحیح ہے کیونکہ یہ بھی دلیل قدرت ہے کہ تازہ شیرہ میں نشہ کی صفت نہ تھی پھر ایک نئی کیفیت اس میں حادث ہو گئی جو علت حرمت کی ہو گئی اور حادث کے لئے محدث کی ضرورت ہے پس وجود محدث پر اس طرح سے یہ دلیل ہو گئی اور بعض نے کہا ہے کہ امتنان مقصود ہی نہیں بلکہ عتاب ہے اور ورزقا حسنا میں منّت ہے پس آیت جامع ہے درمیان عتاب و منت کے یعنی ہمارا یہ انعام اور تم ایسی بے جا حرکت کرتے ہو اور شہد کے متعلق اختلاف ہے کہ یہ منہ کی رطوبت ہے یا معدہ کی اگر قول اول ثابت ہے تو کلی کے معنی ہوں گے التقطی اور بطونها سے مراد ہوگا افواهها کیونکہ وہ بھی مشابہ بطن کے ہے اور اگر قول ثانی محقق ہو تو دونوں لفظ اپنے ظاہری معنی پر رہیں گے اور ہر حالت میں فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ باعتبار بعض امراض کے ہے رہی یہ بات کہ یہ خاصیت تو اکثر ادویہ میں ہے کہ بعض امراض کے لئے نافع ہے پھر عسل کی کیا تخصیص ہے وجہ اس کی یہ ہے کہ مکھی شہد کی ایک زہری جانور ہے چنانچہ اس کے کاٹنے سے الم شدید کا ہونا اس کی ظاہر دلیل ہے پس معدن سم سے تریاق و شفا کا پیدا کرنا یہ قدرت عجیبہ ہے اور شہد کے الوان کا مختلف ہونا امر مشاہد ہے اور ارذل عمر ہر شخص میں باختلاف مزاج مختلف ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ روح میں ہے کہ اس میں اشارہ ہے کہ حق تعالیٰ کبھی ظاہری حقیر شئے میں کوئی عزیز شئے رکھ دیتا ہے

www.besturdubooks.net

اس لئے صورت پر نظر نہ کرنا چاہئے جیسا حدیث میں ہے کہ بہت میلے کچیلے ایسے مقبول ہوتے ہیں کہ اگر خدا کے بھروسہ قسم کھا بیٹھیں تو اللہ تعالیٰ ان کی قسم پوری کر دیتا ہے ۱۲۔

الحواشی: (۱) اوپر آیا ہے: وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ الْبَنَاتِ اور یہاں فرمایا وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ مَا يَكْرَهُوْنَ اور بظاہر يَكْرَهُوْنَ کا مصداق بنات معلوم ہوتا ہے پس کلام میں یہ تکرار ہوا اس کے دو جواب دیئے ایک یہ کہ يَكْرَهُوْنَ کے مصداق میں شرک فی الریاسۃ بھی داخل ہے کہ اپنے لئے ناگوار سمجھتے تھے اور خدا کے لئے گوارا کرتے تھے پس جب یہ عام ہوا تو تکرار نہ رہا دوسرا جواب یہ کہ اگر اس کا مصداق خاص بھی (یعنی بنات) کہا جاوے تب بھی بوجہ اختلاف غرض تکرار نہیں ہے کیونکہ مقام اول پر تو ان کے اس اعتقاد پر انکار تھا اور دوسرے مقام پر باوجود اس ارتکاب قبیح کے دعوئ نجات پر انکار ہے جیسا کہ تمہید یعنی ربط اور عنوان یعنی سرخی میں اس طرف اشارہ ہے ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی الناس ظالم کذا فی الروح ۱۲۔ ۲ قوله فی یواخذ پوری لان بعض المواخذة قد یقع لیذیقهم بعض الذی عملوا الخ ۱۲۔ ۳ قوله فی علیها زمین لدلالة الناس علیه ۱۲۔ ۴ قوله فی کل الثمرات تجھ کو مرغوب اشارة الی ان الکل الاستغراق العرفی او للتکثیر ۱۲۔ ۵ قوله قبل ومنکم من یرد جن میں بعضے تو ہوش الخ اشارة الی ان قوله تعالیٰ ومنکم من یرد معطوف علی مقدر ای فمنکم من تعجل وفاته ومنکم الخ ۱۲۔ ۶ قوله فی لکیلا یعلم جس کا یہ اثر اشارة الی ان اللام للعاقبة ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: نسقیکم من المجرد والمزید قراءتان وهما لغتان بمعنی لطیفة ذکر ههنا اربعة اشیاء المآء واللبن والخمر والعسل بالترتیب الذی روعی فی عین هذه الاشیاء مذکورة فی سورة محمد فی قوله تعالیٰ فیها انهار من ماء غیر آسن الخ ولعل السر فی هذا الترتیب ان الماء اصل فی الشرب ثم اللبن اکثر من الخمر ثم الخمر معنی الشرب فیه اقوی من العسل لان العسل قد یوتدم به ففیه معنی الاکل بخلاف الخمر والله اعلم ۱۲۔

اللغات: قوله مفرطون مقدمون او منسیون متروکون کذا فی القاموس ۱۲ قوله اوحی الهم والنکتة فی التعبیر به ان هذا الالهام یکون بحیث لا یعلمه الا اللطیف الخبیر فشابه الوحی ۱۲ قوله لکیلا یعلم کے مصدریة بمعنی ان۔

النحو: فی الروح قوله هدی ورحمة فی موضع نصب علی انهما مفعول من اجله والناصب انزلنا ولما اتحد الفاعل فی العلة والمعلول وصل الفعل بهما بنفسه ولما لم یتحد فی التبیین لان فاعل الانزال هو الله تعالیٰ لا الرسول علیه الصلوة والسلام وصلت العلة بالحرف آه قوله مما فی بطونه من بین من الاولیٰ تبعیضیة ومن الثانیة ابتدائیة وکلاهما متعلق بنسقیکم وجوز ان یکون من بین حالا من لبنا قدم علیه لتنکیره وللتنبیه علی انه موضع العبرة وتذکیر الضمیر فی بطونه الراجع الی اللانعام لان الانعام اسم جمیع فهو مفرد لفظاً قوله ومن ثمرات متعلق تتخذون ومنه تکریر للظرف تاکیدا کذا فی الروح ۱۲۔

البلاغة: قوله تصف السنتهم الکذب فی الروح والمراد من تصف السنتهم الکذب یکذبون وهو من بلیغ الکلام و بدیعه و سیاتی ان شاء الله تعالیٰ قریبا تمام الکلام فی ذلك آه ثم انجر وعده فی آخر السورة وقال السنتهم لکونها منشأ للکذب ومنبعا للزور شخص عالم بکنهه ومحیط بحقیقته یصفه للناس ویعرفه او ضح وصف وابین تعریف ومثل هذا وارد فی کلام العرب والعجم تقول له وجه یصف الجمال وریق یصف السلاف وعین تصف السحر آه قوله هدی ورحمة فی الروح ولعله انما قدمت علة التبیین علی علتی الهدی والرحمة لتقدمه فی الوجود علیهما ۱۲ منه قوله یسمعون التعبیر بالسمع مع ان ما ذکرها ههنا مبصر اشارة الی انه فی الوضوح من الاستدلال به بحیث یکفی سماعه لا یحتاج الی رؤیة ورؤیة ۱۲۔

الحواشی: (۲) ای کلمة منه فی قوله تتخذون منه تکریر للظرف ای لقوله من ثمرات ۱۲۔

وَاللّٰهُ فَضَّلَ بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ فِي الرِّزْقِ ۚ فَمَا الَّذِيْنَ فُضِّلُوْا بِرَآدِّيْ رِزْقِهِمْ عَلٰى مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَهُمْ فِيْهِ سَوَآءٌ ۭ اَفَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ﴿۷۱﴾ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ بَنِيْنَ وَحَفَدَةً وَّرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ۭ اَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُوْنَ وَبِنِعْمَتِ اللّٰهِ هُمْ يَكْفُرُوْنَ ﴿۷۲﴾ وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا

www.besturdubooks.net

يَمْلِكُ لَهُمْ رِزْقًا مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ شَيْـًٔا وَّلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ﴿۷۳﴾ فَلَا تَضْرِبُوْا لِلّٰهِ الْاَمْثَالَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ
يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۷۴﴾ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا عَبْدًا مَّمْلُوْكًا لَّا يَقْدِرُ عَلٰى شَيْءٍ وَّمَنْ رَّزَقْنٰهُ مِنَّا
رِزْقًا حَسَنًا فَهُوَ يُنْفِقُ مِنْهُ سِرًّا وَّجَهْرًا ؕ هَلْ يَسْتَوٗنَ ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۵﴾ وَضَرَبَ
اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلَيْنِ اَحَدُهُمَآ اَبْكَمُ لَا يَقْدِرُ عَلٰى شَيْءٍ وَّهُوَ كَلٌّ عَلٰى مَوْلٰىهُ ۙ اَيْنَمَا يُوَجِّهْهُّ لَا يَاْتِ
بِخَيْرٍ ؕ هَلْ يَسْتَوِيْ هُوَ ۙ وَمَنْ يَّاْمُرُ بِالْعَدْلِ ۙ وَهُوَ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۷۶﴾ ع ۱۰ ۱۶

اور اللہ تعالیٰ نے تم میں بعضوں کو بعضوں پر رزق میں فضیلت دی ہے سو جن لوگوں کو فضیلت دی گئی ہے وہ اپنے حصہ کا مال اپنے غلاموں کو اس طرح کبھی دینے والے نہیں کہ وہ (مالک ومملوک) سب اس میں برابر ہو جاویں کیا پھر بھی خدائے تعالیٰ کی نعمت کا انکار کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے تم ہی میں سے تمہارے لئے بیبیاں بنائیں اور (پھر) ان بیبیوں سے تمہارے بیٹے اور پوتے پیدا کئے اور تم کو اچھی اچھی چیزیں کھانے (پینے) کو دیں کیا پھر بھی بے بنیاد چیز پر ایمان رکھیں گے اور اللہ کی نعمت کی ناشکری کرتے رہیں گے اور اللہ کو چھوڑ کر ایسی چیزوں کی عبادت کرتے رہیں گے جو ان کو نہ آسمان سے رزق پہنچانے کا اختیار رکھتی ہیں اور نہ زمین میں سے اور نہ قدرت رکھتی ہیں سو تم اللہ تعالیٰ کے لئے مثالیں مت گھڑو اللہ تعالیٰ (خوب) جانتے ہیں اور تم نہیں جانتے۔ اللہ تعالیٰ ایک مثال بیان فرماتا ہے کہ ایک غلام ہے دوسرے کی ملک کا جو کسی بات کا اختیار نہیں رکھتا اور ایک شخص ہے جسے ہم نے اپنے پاس سے معقول روزی دے رکھی ہے جس میں سے وہ چھپے کھلے خرچ کرتا رہتا ہے کیا یہ سب برابر ہو سکتے ہیں؟ اللہ ہی کے لئے سب تعریف ہے بلکہ ان میں سے اکثر جانتے نہیں اور اللہ تعالیٰ ایک مثال بیان فرماتا ہے دو شخصوں کی جن میں سے ایک گونگا ہے اور کسی چیز پر اختیار نہیں رکھتا بلکہ وہ اپنے مالک پر بوجھ ہے کہیں بھی اسے بھیجے وہ کوئی بھلائی نہیں لاتا کیا یہ اور وہ جو عدل کا حکم دیتا ہے اور ہے بھی سیدھی راہ پر برابر ہو سکتے ہیں۔ ۞

تفسیر: ربط: اور ذکر ہو چکا۔

بقیہ مضمون سابق ☆ وَاللّٰهُ فَضَّلَ بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ فِي الرِّزْقِ (الی قولہ تعالیٰ) وَهُوَ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۞ اور (اثبات توحید کے ساتھ شرک کا قبح ایک باہمی معاملہ کے ضمن میں سنو کہ) اللہ تعالیٰ نے تم میں بعضوں کو بعضوں پر رزق (کے باب) میں فضیلت دی ہے (مثلاً کسی کو غنی اور غلاموں کا مالک بنایا کہ ان کے ہاتھ سے ان غلاموں کو بھی رزق پہنچتا ہے اور کسی کو غلام بنا دیا کہ اس کو مالک ہی کے ہاتھ سے رزق پہنچتا ہے اور کسی کو نہ ایسا غنی بنایا کہ دوسرے غلاموں کو دے نہ غلام بنایا کہ اس کو کسی مالک کے ہاتھ سے پہنچے) سو جن لوگوں کو (رزق میں خاص) فضیلت دی گئی ہے (کہ ان کے پاس مال بھی ہے اور غلام بھی ہیں) وہ (لوگ) اپنے حصہ کا مال اپنے غلاموں کو اس طرح کبھی دینے والے نہیں کہ وہ (مالک ومملوک) سب اس میں برابر ہو جاویں (کیونکہ اگر غلام رکھ کر دیا تو مال ان کی ملک ہی نہ ہوگا بلکہ بدستور یہی مالک رہیں گے اور اگر آزاد کر کے دیا تو مساوات ممکن ہے مگر وہ غلام نہ رہیں گے پس غلامی اور مساوات ممکن نہیں اسی طرح یہ بت وغیرہ جب باعتراف مشرکین خدا تعالیٰ کے مملوک ہیں تو باوجود مملوک ہونے کے معبودیت میں خدا کے مماثل کیسے ہو جاویں گے اس میں شرک کی غایت تقبیح ہے کہ جب تمہارے غلام تمہارے شریک رزق نہیں ہو سکتے تو اللہ تعالیٰ کے غلام اس کے شریک الوہیت کیسے ہو سکتے ہیں) کیا (یہ مضامین سن کر) پھر بھی (خدائے تعالیٰ کے ساتھ شرک کرتے ہیں جس سے عقلاً یہ لازم آتا ہے کہ خدائے تعالیٰ کی نعمت کا (یعنی اس بات کا کہ خدا نے نعمت دی ہے) انکار کرتے ہیں (وجہ لزوم ظاہر ہے کیونکہ متفرد بالانعام کیلئے تفرد بالمعبودیت لازم ہے اور شرک سے لازم منتفی ہو گیا پس ملزوم بھی منتفی ہو گیا اور تفرد بالانعام اس کے منعم ہونے کے لوازم سے ہے پس اس کا بھی انکار ہو گیا پس شرک مستلزم ہے انکار انعام منعم کو اور یہ فی نفسہ عقلاً قبیح ہے پس شرک کا قبح بعنوان دوسرے امر کے جس کا قبح مسلم ہے ظاہر ہو گیا) اور (منجملہ دلائل قدرت و وجوہِ نعمت کے ایک بڑی نعمت اور دلیل قدرت اللہ تعالیٰ کی خود تمہارا وجود بقاء شخصی ونوعی ہے کہ) اللہ تعالیٰ نے تم ہی میں سے (یعنی تمہاری جنس اور نوع سے) تمہارے لئے بیبیاں بنائیں اور (پھر) ان بیبیوں سے تمہارے بیٹے اور پوتے پیدا کئے (کہ یہ بقائے نوعی ہے) اور تم کو اچھی اچھی چیزیں کھانے (پینے) کو دیں (کہ یہ بقاء شخصی ہے اور چونکہ بقاء موقوف ہے وجود پر اس کی طرف بھی اشارہ ہو گیا) کیا (یہ سب دلائل ونعم سن کر) پھر بھی بے بنیاد چیز پر (یعنی بتوں وغیرہ پر جن کے معبود ہونے کی کوئی دلیل نہیں بلکہ خلاف دلیل ہے) ایمان رکھیں گے اور اللہ تعالیٰ کی نعمت کی ناشکری (و بے قدری) کرتے رہیں گے اور (مطلب اس ناشکری کا یہ ہے کہ) اللہ کو چھوڑ کر ایسی چیزوں کی عبادت کرتے رہیں گے جو ان کو نہ آسمان میں سے رزق پہنچانے کا اختیار رکھتی ہیں اور نہ زمین میں سے (یعنی نہ بارش کرنے کا ان کو اختیار ہے نہ زمین سے کوئی پیداوار کرنے کا) اور نہ (اختیار حاصل کرنے کی) قدرت رکھتی ہیں

www.besturdubooks.net

(اس کی نفی سے زیادہ مبالغہ ہوگیا کیونکہ بعض دفعہ دیکھا جاتا ہے کہ ایک شخص بالفعل تو بااختیار نہیں ہے لیکن جدوجہد سے اختیارات حاصل کر لیتا ہے اس لئے اس کی بھی نفی فرمادی) سو (جب شرک کا بطلان ثابت ہوگیا تو) تم اللہ تعالیٰ کے لئے مثالیں مت گھڑو (کہ اللہ تعالیٰ کی مثال بادشاہان دنیا کی سی ہے کہ ہر شخص ان سے عرض حاجت نہیں کرسکتا اس لئے اس کے نائب ہوتے ہیں کہ عوام ان سے عرض حاجت کرتے ہیں پھر وہ سلاطین سے عرض کرتے ہیں کذا فی الکبیر ویؤخذ من قولہ تعالیٰ :مَا نَعْبُدُهُمْ اِلَّا لِيُقَرِّبُوْنَا [الزمر : ۳] وَهٰٓؤُلَآءِ شُفَعَآؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ [یونس : ۱۸]) اللہ تعالیٰ (خوب) جانتے ہیں (کہ ایسی مثالیں محض مہمل ہیں) اور تم (بوجہ عدم تدبر کے) نہیں جانتے (اس لئے جو چاہتے ہو بک ڈالتے ہو اور) اللہ تعالیٰ (شرک کے بطلان ظاہر کرنے کے لئے) ایک مثال بیان فرماتے ہیں کہ (فرض کرو) ایک (تو) غلام ہے (کسی کا) مملوک کہ (اموال وتصرفات میں سے) کسی چیز کا (بلا اذن) اختیار نہیں رکھتا اور (دوسرا) ایک شخص ہے جس کو ہم نے اپنے پاس سے خوب روزی دے رکھی تو وہ اس میں سے پوشیدہ اور علانیہ (جس طرح جی چاہتا ہے جہاں چاہتا ہے) خرچ کرتا ہے (اس کو کوئی روکنے ٹوکنے والا نہیں) کیا اس قسم کے شخص آپس میں برابر ہو سکتے ہیں (پس جب مالک مجازی اور مملوک مجازی برابر نہیں ہو سکتے تو مالک حقیقی ومملوک حقیقی تو کب برابر ہو سکتے ہیں اور استحقاق عبادت موقوف ہے مساوات پر اور وہ منتفی ہے حقیقت میں) ساری تعریفیں اللہ تعالیٰ ہی کے لئے لائق ہیں (کیونکہ کامل الذات والصفات وہی ہیں پس معبود بھی وہی ہو سکتا ہے مگر پھر بھی مشرکین غیر اللہ کی عبادت نہیں چھوڑتے) بلکہ ان میں اکثر تو (بوجہ عدم تدبر کے) جانتے ہی نہیں (اور اسی وجہ سے کہ عدم علم لاسبب عدم تدبر ہے معذور نہ ہوں گے) اور اللہ تعالیٰ (اس کی توضیح کے لئے) ایک اور مثال بیان فرماتے ہیں کہ (فرض کرو) دو شخص ہیں جن میں ایک تو (علاوہ غلام ہونے کے) گونگا (پتھر بھی) ہے (اور بوجہ بہرے اندھے بے عقل ہونے کے) کوئی کام نہیں کرسکتا اور (اس وجہ سے) وہ اپنے مالک پر ایک وبال جان ہے (کہ وہ مالک ہی اس کے سارے کام کرتا ہے اور) وہ (مالک) اس کو جہاں بھیجتا ہے کوئی کام درست کر کے نہیں لاتا (یعنی خود تو کیا کرتا دوسروں کی تعلیم سے بھی اس سے کوئی کام درست نہیں ہوتا سو) کیا یہ شخص اور ایسا شخص باہم برابر ہو سکتے ہیں جو اچھی اچھی باتوں کی تعلیم کرتا ہو (جس سے اس کا ناطق عاقل صاحب قوۃ علمیہ ہونا معلوم ہوتا ہے) اور وہ خود بھی (ہر امر میں) معتدل طریقہ پر (چلتا) ہو (جس سے قوۃ عملیہ منتظمہ معلوم ہوتی ہے جب مخلوق مخلوق میں باوجود تشارک فی الماہیت والاوصاف الکثیرہ کے یہ تفاوت ہے تو کجا مخلوق وخالق۔ اور لَا يَقْدِرُ [1] کے ترجمہ میں بلا اذن کی قید سے فقہی [2] شبہات مندفع ہو گئے اور کوئی وسوسہ میں نہ پڑے کہ شاید معبود غیر اللہ کو بھی اذن ہو گیا ہو۔ جواب یہ ہے کہ ربوبیت کے لئے کسی کو اذن نہیں ہوا اور نہ ہو سکتا ہے)۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلِ السُّؤَال: قولہ تعالیٰ : فَلَا تَضْرِبُوْا الخ اس میں دلالت ہے کہ ذات وصفات میں رائے اور ذوق سے کلام نہ کرنا چاہئے اور اس سے اسمائے الٰہیہ کا توقیفی ہونا بھی ظاہراً معلوم ہوتا ہے ۱۲۔

اَلْحَوَاشِیْ :(۱) جو کہ آیت ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا عَبْدًا میں واقع ہے ۱۲ منہ۔ (۲) مثلاً یہ کہ ماذون ہونے کے بعد تو وہ قادر علی التصرف ہو جاتا ہے اور قدرت سے مراد قدرت حکمی ہے نہ کہ حسی پس عرفی شبہات بھی نہیں ہو سکتے کہ قدرت تو اس کی مشاہد ہے پھر نفی کیسے کر دی ۱۲۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃ : ۱ قوله فی و یعبدون مطلب اشارة الی انه عطف تفسیر ۱۲۔ ۲ قوله فی حسنا خوب ای الکثیر وهذا معنی مجازی لانه فی الاصل ما یستحسنه الناس والمعروف ان الکثیر یستحسونه ۱۲۔ ۳ قوله فی یستوٗن اس قسم کے اشار به الی ان المراد الصفات لا الفردان ولذا اورد بصیغة الجمع دون التثنیة ۱۲۔ ۴ قوله قبل بل اکثرهم نہیں چھوڑتے فظهر به توجیه کلمة بل ۱۲۔ ۵ قوله فی مثلا الثانی اور بقرینة العطف علی مثل ۱۲۔ ۶ قوله فی احدهما ابکم علاوہ غلام دلیله قوله تعالیٰ مولاه فان الظاهر منه المالك وایضا لما اورد المثال الثانی لزیادة التوضیح ینبغی ان یراعی فیه ما روعی فی الاول مع شئ زائد ۱۲۔ ۷ قوله فی لا یقدر بوجہ بہرے الخ لان المثال لا یظهر وجهه بدون اعتبار هذه الاوصاف فاشار الی دخول کلها فی نفی القدرة ولعل تخصیص الابکم بالذکر لان اللسان اکثر فائدة لان غالب الافادة والاستفادة یتعلق به بخلاف غیره فافهم ۱۲۔

اَللُّغَات: قوله حفدة فی القاموس مع معان اخر اولاد الاولاد ۱۲ قوله کل ثقیل اصله من الغلط الذی هو نقیض الحدة یقال کل السکین اذا غلظت شفرته کذا فی النیسابوری قلت فاطلاق الکل علی العبد لغلظة معنویة ۱۲۔

اَلنَّحْل :قوله من الطیبٰت من تبعیضیة وهذا ظاهر ۱۲۔

اَلْبَلَاغَۃ : قوله مملوکا زاده للدلالة علی تعیین معنی العبد دفعاً للاشتراك لانه یستعمل بمعنی عبد الله ایضاً ۱۲۔

وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَمَآ اَمْرُ السَّاعَةِ اِلَّا كَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْ هُوَ اَقْرَبُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ وَاللّٰهُ

www.besturdubooks.net

اَخْرَجَكُمْ مِّنْۢ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ شَيْـًٔا ۙ وَّجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۙ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۸﴾ اَلَمْ يَرَوْا
اِلَى الطَّيْرِ مُسَخَّرٰتٍ فِيْ جَوِّ السَّمَآءِ ؕ مَا يُمْسِكُهُنَّ اِلَّا اللّٰهُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۷۹﴾ وَ
اللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْۢ بُيُوْتِكُمْ سَكَنًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ جُلُوْدِ الْاَنْعَامِ بُيُوْتًا تَسْتَخِفُّوْنَهَا يَوْمَ ظَعْنِكُمْ وَيَوْمَ
اِقَامَتِكُمْ ۙ وَمِنْ اَصْوَافِهَا وَاَوْبَارِهَا وَاَشْعَارِهَاۤ اَثَاثًا وَّمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ﴿۸۰﴾ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّمَّا خَلَقَ
ظِلٰلًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الْجِبَالِ اَكْنَانًا وَّجَعَلَ لَكُمْ سَرَابِيْلَ تَقِيْكُمُ الْحَرَّ وَسَرَابِيْلَ تَقِيْكُمْ بَاْسَكُمْ ؕ
كَذٰلِكَ يُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْلِمُوْنَ ﴿۸۱﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۸۲﴾ يَعْرِفُوْنَ
نِعْمَتَ اللّٰهِ ثُمَّ يُنْكِرُوْنَهَا وَاَكْثَرُهُمُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۳﴾ ع ۱۱ ۷ ۱۷

اور آسمان وزمین کا علم صرف اللہ ہی کو معلوم ہے اور قیامت کا امر تو ایسا ہی ہے جیسے آنکھ کا جھپکنا بلکہ اس سے زیادہ قریب بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے اللہ نے تمہیں تمہاری ماؤں کے پیٹ سے نکالا ہے کہ اس وقت تم کچھ بھی نہیں جانتے تھے اسی نے تمہارے کان اور آنکھیں اور دل بنائے کہ تم شکر گذاری کرو کیا ان لوگوں نے پرندوں کو نہیں دیکھا جو حکم کے بندھے ہوئے آسمان میں ہیں جنہیں بجز اللہ کے کوئی اور تھامے ہوئے نہیں بے شک اس میں تو ایمان لانے والے لوگوں کے لئے بڑی نشانیاں ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے تمہارے گھروں میں سکونت کی جگہ بنادی ہے اور اسی نے تمہارے لئے چوپایوں کی کھالوں کے گھر بنادیئے ہیں جنہیں تم ہلکا پھلکا پاتے ہو اپنے کوچ کے دن اور اپنے ٹھہرنے کے دن بھی اور ان کی اون اور روؤں اور بالوں سے بھی اس نے بہت سے سامان قوت مقررہ کے لئے فائدہ کی چیزیں بنادیں اللہ ہی نے تمہارے لئے اپنی پیدا کردہ چیزوں میں سے سائے بنائے ہیں اور اسی نے تمہارے لئے پہاڑوں میں غار بنائے ہیں اور اسی نے تمہارے کرتے بنائے ہیں جو تمہیں گرمی سے بچائیں اور ایسے کرتے بھی جو تمہیں لڑائی کے وقت کام آئیں وہ اسی طرح اپنی پوری پوری نعمتیں دے رہا ہے کہ تم حکم بردار بن جاؤ پھر بھی اگر یہ منہ موڑے رہیں تو تجھ پر تو صرف ظاہری تبلیغ کر دینا ہی ہے یہ خدا کی نعمتیں جانتے پہچانتے ہوئے ان کے منکر ہو رہے ہیں بلکہ ان میں سے اکثر ناشکرے ہیں۔ ۞

تفسیر: ربط: تمہید آیات واللہ انزل الخ میں گذر چکا۔

تتمہ سابق ☆ وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ (الی قولہ تعالیٰ) وَاَكْثَرُهُمُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۷۷﴾ اور آسمانوں اور زمین کی (تمام) پوشیدہ باتیں (جو کسی کو معلوم نہیں باعتبار علم کے) اللہ ہی کے ساتھ خاص ہیں (پس صفت علم میں وہ کامل ہیں) اور (قدرت میں ایسے کامل ہیں کہ ان غیوب میں سے جو ایک امر عظیم ہے) قیامت (اس) کا معاملہ بس ایسا (جھٹ پٹ) ہوگا جیسے آنکھ جھپکنا بلکہ اس سے بھی جلدی (قیامت کے معاملہ سے مراد ہے مردوں میں جان پڑنا اور اس کا جلدی ہونا ظاہر ہے کیونکہ آنکھ جھپکنا حرکت ہے اور حرکت زمانی ہوتی ہے اور جان پڑنا آنی ہے اور آنی ظاہر ہے کہ زمانی سے اسرع ہے اور اس پر تعجب نہ کیا جاوے کیونکہ) یقیناً اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتے ہیں (اور اثبات قدرت کے لئے تخصیص ساعت کی شاید اس وجہ سے کی ہو کہ وہ منجملہ غیوب خاصہ کے بھی ہے پس وہ علم اور قدرت دونوں کی دلیل ہے قبل الوقوع تو علم کی اور بعد الوقوع قدرت کی) اور (منجملہ دلائل قدرت و وجوہ نعمت یہ امر ہے کہ) اللہ تعالیٰ نے تم کو تمہاری ماؤں کے پیٹ سے اس حالت میں نکالا کہ تم کچھ بھی نہ جانتے تھے (اس مرتبہ کا نام اصطلاح میں عقل ہیولانی ہے) اور اس نے تم کو کان دیئے اور آنکھ اور دل تاکہ تم شکر کرو (استدلال علی القدرت کے لئے) کیا لوگوں نے پرندوں کو نہیں دیکھا کہ آسمان کے (تلے) میدان میں (قدرت کے) مسخر ہو رہے ہیں (یعنی) ان کو (اس جگہ) کوئی نہیں تھامتا بجز اللہ کے (ورنہ ان کے اجسام کا ثقیل ہونا اور ہواء معاوق کا رقیق ولطیف ہونا طبعاً مقتضی اس کو ہے کہ نیچے گر پڑیں اس لئے) اس (امر مذکور) میں ایمان والوں کے لئے (قدرت الٰہیہ کی) چند دلیلیں (موجود) ہیں (چند نشانیاں اس لئے فرمایا کہ طیور کو خاص وضع پر پیدا کرنا جس سے اُڑنا ممکن ہو ایک دلیل ہے پھر جو کو ایسے طور پر پیدا کرنا جس میں اُڑنا ممکن ہو ایک دلیل ہے پھر بالفعل اس طیران کا وقوع ایک دلیل ہے اور جتنے اسباب کو طیران میں دخل ہے جس کی وجہ سے ثقل جسم ورقۃ قوام معاوق کا اثر طبعی ظاہر نہیں ہوا چونکہ وہ سب اللہ ہی کے پیدا کئے ہوئے ہیں پھر ان اسباب پر مسبب یعنی طیران کا مرتب ہو جانا یہ بھی بہ مشیت الٰہی ہے اس لئے مَا يُمْسِكُهُنَّ الخ فرمایا گیا) اور (منجملہ وجوہ نعمت دلائل قدرت یہ امر ہے کہ) اللہ تعالیٰ نے تمہارے واسطے (حالت حضر میں) تمہارے گھروں میں رہنے کی جگہ بنائی اور (حالت سفر میں) تمہارے لئے جانوروں کی کھال کے گھر (یعنی خیمے) بنائے

www.besturdubooks.net

جن کو تم اپنے کوچ کے دن اور مقام (کرنے) کے دن ہلکا (پھلکا) پاتے ہو (اور اس وجہ سے اس کا لادنا اور نصب کرنا سب سہل معلوم ہوتا ہے) اور ان (جانوروں) کے اون اور ان کے روؤں اور ان کے بالوں سے (تمہارے) گھر کا سامان اور فائدے کی چیزیں ایک مدت تک کے لئے بنائیں (مدت تک اس لئے فرمایا کہ عادۃً یہ سامان بہ نسبت روئی کے کپڑوں کے دیرپا ہوتا ہے) اور (منجملہ دلائل قدرت و وجوہ نعمت کے یہ ہے کہ) اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے اپنی بعضی مخلوقات کے سائے بنائے (جیسے درخت و مکانات وغیرہ) اور تمہارے لئے پہاڑوں میں پناہ کی جگہیں بنائیں (یعنی غار وغیرہ جس میں گرمی سردی بارش موذی دشمن آدمی جانور سے محفوظ رہ سکتے ہو) اور تمہارے لئے ایسے کرتے بنائے جو گرمی سے تمہاری حفاظت کریں اور ایسے کرتے (بھی) بنائے جو تمہاری (آپس کی) لڑائی (زخم لگنے) سے تمہاری حفاظت کریں (مراد اس سے زرہیں ہیں) اللہ تعالیٰ تم پر اسی طرح (کی) اپنی نعمتیں پوری کرتا ہے تاکہ تم (ان نعمتوں کے شکریہ میں) فرمانبردار رہو (اور ہر چند کہ نعم مذکورہ میں بعض مصنوعات عباد بھی ہیں مگر مادہ اور سلیقہ ترکیب تو اللہ ہی کا پیدا کیا ہوا ہے اس لئے منعم حقیقی وہی ہیں) پھر (ان نعمتوں کے بعد بھی) اگر یہ لوگ (ایمان سے) اعراض کریں تو (آپ غم نہ کریں آپ کا کوئی ضرر نہیں کیونکہ) آپ کے ذمہ تو صرف صاف صاف پہنچا دینا ہے (اور ان کے اعراض کی وجہ ان نعمتوں کا نہ پہچاننا نہیں ہے) وہ لوگ خدا کی نعمت کو (تو) پہچانتے ہیں (مگر پہچان کر) پھر (برتاؤ میں) اس کے منکر ہوتے ہیں (کہ جو برتاؤ منعم کے ساتھ چاہئے تھا یعنی عبادت وہ دوسرے کے ساتھ کرتے ہیں) اور زیادہ ان میں (ایسے ہی) ناسپاس ہیں۔

ف: لَا تَعْلَمُوْنَ شَيْئًا میں جو عقل ہیولانی کے مرتبہ میں مطلقاً نفی علم کی کی گئی ہے اگر حکماء کے اس دعوے کی دلیل کے مقدمات سب تسلیم کر لئے جاویں کہ اس وقت نفس کو اپنا علم حضوری ہوتا ہے تو اس شَيْئًا سے اس کی تخصیص بدلیل عقل ہو جاوے گی ورنہ اپنے عموم پر رہے گا اور متاع کا مفہوم اثاث سے عام ہے کہ تجارت اور زینت وغیرہ سب کو شامل ہے اور یہاں کرتوں کی صفت میں گرمی کے بچاؤ کا ذکر فرمایا کیونکہ شروع سورت میں لَكُمْ فِيْهَا دِفْءٌ میں سردی کا بچاؤ مذکور ہو چکا ہے اور اکثر ممالک میں غالباً سردیوں میں پوستین اور اونی کپڑوں کا استعمال اور گرمیوں میں روئی کا استعمال اس کا مرجح ہوا کہ وہاں سردی[۲] کے بچاؤ کا ذکر ہوا اور یہاں گرمی کے بچاؤ کا۔

الخواشی: (۱) اور اثباتِ قدرت یعنی استدلال علی القدرت کے لئے واقعہ ساعت کو ذکر کے ساتھ اس واسطے خاص فرمایا کہ اس میں دوسرے دلائل سے ایک خصوصیت زائد ہے کہ یہ دال علی العلم ہے ۱۲ منہ۔ (۲) کیونکہ وہاں انعام کا ذکر ہے جس کے یہ اجزاء ہیں اور یہاں مطلق سرابیل ہے جو روئی کو بھی شامل ہے ۱۲۔

اللغات: اللمح النظر ۱۲ قوله الطير جمع طائر ۱۲ قوله الجو الهواء المتباعد من الارض وقيل مسافة ما بين السماء والارض واضافته الى السماء لما انه فى جانبها من الناظر ۱۲ قوله السكن فعل بمعنى المفعول اى ما يسكن فيه ۱۲ قوله تستخفونها السين للوجدان ۱۲ الصوف للغنم الوبر للابل الشعر للمعز السربال القميص وكل ما يلبس كذا فى القاموس ۱۲۔

النحل: قوله من بيوتكم من بيانية ۱۲۔

البلاغة: قوله او هو اقرب قال الفراء او بمعنى بل ولاتنا فى بين تشبيهه فى السرعة بما هو غاية ما يتعارفه الناس فى بابه وبين كونه فى الواقع اقرب من ذلك وهذا بناء على ان الغرض من التشبيه بيان سرعته لا بيان مقدار زمان وقوعه وتحديده كذا فى روح المعانى ۱۲۔

وَيَوْمَ نَبْعَثُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا ثُمَّ لَا يُؤْذَنُ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿۸۴﴾ وَاِذَا رَاَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا
الْعَذَابَ فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿۸۵﴾ وَاِذَا رَاَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا شُرَكَآءَهُمْ قَالُوْا رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ شُرَكَآؤُنَا الَّذِيْنَ
كُنَّا نَدْعُوْا مِنْ دُوْنِكَ ۚ فَاَلْقَوْا اِلَيْهِمُ الْقَوْلَ اِنَّكُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۸۶﴾ وَاَلْقَوْا اِلَى اللّٰهِ يَوْمَئِذِ السَّلَمَ
وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۸۷﴾ اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ زِدْنٰهُمْ عَذَابًا فَوْقَ الْعَذَابِ
بِمَا كَانُوْا يُفْسِدُوْنَ ﴿۸۸﴾ وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا عَلَيْهِمْ مِّنْ اَنْفُسِهِمْ وَجِئْنَا بِكَ شَهِيْدًا عَلٰى
ع ۱۲ هٰٓؤُلَآءِ ۭ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ﴿۸۹﴾ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ ۱۸

www.besturdubooks.net

بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِيْتَآئِ ذِي الْقُرْبٰى وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ ۚ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۹۰﴾

جس دن ہم ہر امت میں سے گواہ کھڑا کریں گے پھر کافروں کو نہ اجازت دی جائے گی اور نہ وہ عذر اور رجوع طلب کئے جائیں گے جب یہ ظالم عذاب دیکھ لیں گے پھر نہ تو وہ ان سے ہلکا کیا جائے گا اور نہ وہ ڈھیل دیئے جائیں گے جب مشرکین اپنے شریکوں کو دیکھ لیں گے تو کہیں گے اے ہمارے پروردگار یہی ہمارے وہ شریک ہیں جنہیں ہم تجھے چھوڑ کر پکارا کرتے تھے پس وہ انہیں جواب دیں گے کہ تم بالکل ہی جھوٹے ہو اس دن وہ سب عاجز ہو خدا کے سامنے اطاعت کا اقرار پیش کریں گے اور جو بہتان بازدعا کرتے تھے وہ سب ان سے گم ہو جائے گا جنہوں نے کفر کیا اور راہ خدا سے روکا ہم انہیں عذابوں پر عذاب بڑھاتے جائیں گے یہ بدلہ ہوگا ان کی فتنہ پردازیوں کا۔ جس دن ہم ہر امت میں ان ہی میں سے ان کے مقابلے میں گواہ کھڑا کریں گے اور تجھے ان سب پر گواہ بنا کر لائیں گے اور ہم نے تجھ پر یہ کتاب نازل فرمائی ہے جو ہر چیز کا شافی بیان ہے اور ہدایت اور رحمت اور خوش خبری ہے مسلمانوں کے لئے۔ اللہ تعالیٰ عدل کا بھلائی کا اور قرابت داروں کے ساتھ سلوک کرنے کا حکم دیتا ہے اور بے حیائی کے کاموں ناشائستہ حرکتوں اور ظلم وزیادتی سے روکتا ہے وہ اب تمہیں نصیحت کر رہا ہے کہ تم نصیحت حاصل کرلو۔ ۞

تفسیر: ربط: اوپر توحید اور نعمت کے ذکر میں کفار کے شرک اور انکار نعمت کا ذکر فرمایا تھا آگے اس پر عذاب یوم قیامت کی وعید فرماتے ہیں۔

وعید کفار بر کفر ☆ وَيَوْمَ نَبْعَثُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا (الی قولہ تعالیٰ) بِمَا كَانُوْا يُفْسِدُوْنَ ﴿۹۰﴾ اور (وہ دن یاد کرنے کے قابل ہے) جس دن ہم ہر امت میں سے ایک ایک گواہ (کہ اس امت کا پیغمبر ہوگا) قائم کریں گے (جو ان کے اعمال سیئہ کی شہادت دیں گے) پھر ان کافروں کو (عذر و معذرت کرنے کی) اجازت نہ دی جاوے گی اور نہ ان کو حق تعالیٰ کے راضی کرنے کی فرمائش کی جاوے گی (یعنی ان سے یوں نہ کہا جاوے گا کہ تم توبہ یا کوئی عمل کر کے اللہ کو خوش کرلو وجہ اس کی ظاہر ہے کہ آخرت دار الجزاء ہے دار العمل نہیں) اور جب ظالم (یعنی کافر) لوگ عذاب کو دیکھیں گے (یعنی اس میں پڑیں گے تو) وہ عذاب نہ ان سے ہلکا کیا جاوے گا اور نہ وہ (اس میں) کچھ مہلت دیئے جاویں گے (کہ چند روز کے بعد وہ عذاب جاری کیا جاوے) اور جب مشرک لوگ اپنے شریکوں کو (جن کو خدا کے سواء پوجتے تھے) دیکھیں گے تو (بطور اقرار جرم کے) کہیں گے کہ اے ہمارے پروردگار وہ ہمارے شریک یہی ہیں کہ آپ کو چھوڑ کر ہم ان کی پوجا کرتے تھے سو وہ (شرکاء ڈریں گے کہ کہیں ہماری کمبختی نہ آ جاوے اس لئے وہ) ان کی طرف کلام کو متوجہ کریں گے کہ تم جھوٹے ہو (اصل مطلب ان کا یہ ہوگا کہ ہمارا تمہارا کوئی تعلق نہیں جس سے مقصود اپنی حفاظت ہے اب خواہ یہ مطلب ان کا صحیح ہو جیسا اگر مقبولین مثل ملائکہ وانبیاء علیہم السلام کے یہ بات کہیں تو صحیح ہے کقولہ تعالیٰ: بَلْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ الْجِنَّ [سبا: ۴۱] اور خواہ یہ غلط ہو جیسے خود شیاطین کہنے لگیں اور خواہ[1] ان کو صحیح غلط ہونے کی خبر ہی نہ ہو جیسے اصنام واشجار وغیرہ کہنے لگیں) اور یہ (مشرک اور کافر) لوگ اس روز اللہ کے سامنے اطاعت کی باتیں کرنے لگیں گے اور جو کچھ (دنیا میں) افتراء پردازیاں کرتے تھے (اس وقت) وہ سب گم ہو جاویں گی (اور ان میں) جو لوگ (خود بھی) کفر کرتے تھے اور (دوسروں کو بھی) اللہ کی راہ (یعنی دین) سے روکتے تھے ان کے لئے ہم ایک سزا پر (کہ کفر کے مقابلہ میں ہوگی) دوسری سزا بمقابلہ ان کے فساد کے (کہ راہ خدا سے روکتے تھے) بڑھا دیں گے) ف: ایسے مضامین کی آیتیں جا بجا آ چکی ہیں اور ضروریات متعلقہ تفسیر ان کی بیان ہو چکی ہیں۔ ربط: اوپر بیان وعید میں شہادت انبیاء علیہم السلام کو اپنی اپنی امت پر ذکر فرمایا تھا آگے يَوْمَ نَبْعَثُ (الی قولہ تعالیٰ) حِئْنَا میں جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی شہادت اپنی امت پر ذکر فرماتے ہیں اور چونکہ یہ شہادت خواص انبیاء علیہم السلام سے ہے اس حیثیت سے اس شہادت سے رسالت محمدیہ کا بھی اثبات ہو گیا اس لئے وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الخ میں اس رسالت پر استدلال فرماتے ہیں اور چونکہ اس جزو آیت میں قرآن کا تبیان اور ہدیٰ ورحمت ہونا مذکور ہے اس لئے آیت اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ الخ میں اس پر تنبیہ فرماتے ہیں کیونکہ کسی کتاب کا ایسی تعالیم پر مشتمل ہونا صاف دلیل ہے اس کے موصوف باوصاف مذکور ہونے کی پس خلاصہ ان آیتوں کا اس تقریر پر یہ ہوا جو عنوان ذیل میں مذکور ہے۔

وعید متضمن رسالت وفضل قرآن ☆ وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا عَلَيْهِمْ مِّنْ اَنْفُسِهِمْ (الی قولہ تعالیٰ) لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۹۰﴾ اور (وہ دن قابل یاد کرنے اور لوگوں کے ڈرنے کے ہے) جس دن ہم ہر ہر امت میں ایک ایک گواہ جو ان ہی میں کا ہوگا ان کے مقابلہ میں قائم کریں گے (مراد اس امت کا نبی ہے اور ان ہی میں کا ہونا عام ہے خواہ باعتبار شرکت نسب کے ہو خواہ باعتبار شرکت سکنے کے ہو) اور ان لوگوں کے مقابلہ میں آپ کو گواہ بنا کر لائیں گے اور (اس اخبار شہادت سے جو آپ کی رسالت کا اخبار مفہوم ہوتا ہے اس کی دلیل یہ ہے کہ) ہم نے آپ پر قرآن اتارا ہے جو (علاوہ معجز ہونے کے جو کہ مدار ہے اثبات رسالت کا ان خوبیوں کا جامع ہے) کہ تمام (دین کی) باتوں کا (بواسطہ یا بلا واسطہ عامہ ناس کے لئے) بیان کرنے والا ہے اور (خاص) مسلمانوں کے واسطے بڑی ہدایت اور بڑی رحمت اور (ایمان پر) خوشخبری سنانے والا ہے (اور قرآن کا ان اوصاف کو جامع ہونا اس سے ظاہر ہے کہ) بیشک اللہ تعالیٰ (اس قرآن میں) اعتدال اور احسان اور اہل قرابت کو دینے کا حکم فرماتے ہیں اور کھلی برائی اور مطلق برائی اور (کسی پر) ظلم (وزیادتی) کرنے سے منع

www.besturdubooks.net

فرماتے ہیں (اور مامورات ومنہیات مذکورہ میں تمام اشیائے حسنہ وقبیحہ آ گئیں پس اس جامعیت سے اس کا تبیان وغیرہ ہونا صاف ظاہر ہے اور) اللہ تعالیٰ تم کو (امور مذکورہ کی) اس لئے نصیحت فرماتے ہیں کہ تم نصیحت قبول کرو (اور عمل کرو کہ ہدیٰ ورحمت وبشریٰ ہونا اس کا اسی پر مرتب ہے)۔ ف: مامورات میں اعتدال عام ہے قوت علمیہ وعملیہ کو اس میں سارے عقائد واعمال ظاہرہ باطنہ غرض تمام شرائع داخل ہو گئے پھر ان میں سے احسان بوجہ اس کے کہ اس کا نفع متعدی الی الغیر ہے ذکر کے ساتھ خاص کیا گیا۔ پھر احسان میں سے احسان ذی القربیٰ اور زیادہ فضیلت واہمیت رکھتا ہے اس لئے اس کے بعد اس کو لائے اور اسی طرح منہیات میں منکر عام ہے تمام امور خلاف شریعت کو پھر اس میں فحشاء کو بوجہ زیادہ قباحت کے مخصوص بالذکر فرمایا اور اشدیت کی وجہ سے مقدم فرمایا اسی طرح ان امور منکرہ میں سے بغی بوجہ اس کے کہ اس کا ضرر متعدی الی الغیر ہے مخصوص بالذکر کیا گیا پس اس طرح سے اس میں تمام امور حسنہ وقبیحہ داخل ہو گئے اور لِّكُلِّ شَيْءٍ سے مراد دین کی باتیں اور تبیان سے مراد عام بواسطہ وبلا واسطہ لینے سے یہ اشکال رفع ہو گیا کہ اس میں دنیا کی باتیں کہاں ہیں یا دین کی سب باتیں کہاں ہیں وجہ رفع اشکال کی ظاہر ہے کہ دنیا کی باتیں تو مراد[۴] ہی نہیں اور دین کی باتیں بعضی سنت واجماع وقیاس سے ثابت ہیں اور ان تینوں کا حجت ہونا قرآن سے ثابت پس امور ثابتہ بہذہ الدلائل بھی بواسطہ قرآن سے ثابت ہیں۔ ویؤیدہ صریحا ما رواہ البخاری عن ابن مسعودؓ انہ قال لعن اللہ الواشمات و المستوشمات والمتنمصات والمتفلجات للحسن المغیرات خلق اللہ تعالیٰ فبلغ ذلک امرأۃ من بنی اسد فقالت لہ انہ بلغنی انک لعنت کیت وکیت فقال وما لی لا العن من لعن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وھو فی کتاب اللہ قالت واللہ لقد قراءت ما بین اللوحین فما وجدتہ قال واللہ لئن قرأتیہ لقد وجدتیہ وما اٰتکم الرسول فخذوہ وما نھٰکم عنہ فانتھوا۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلِ السُّلُوْک: قولہ تعالیٰ اِنَّ اللّٰہَ یَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ الخ آیت کا اصول اخلاق کے لئے جامع ہونا ظاہر ہے۔

اَلْحَوَاشِیْ: (۱) کیونکہ ان اشجار واصنام کو خود عبادت ہی کی خبر نہیں تو اس کے احکام متعلقہ صحیح وغلط کی بھی خبر نہیں ۱۲ منہ۔ (۲) لان القرآن لم ینزل لھذا الغرض بل نزل للمقصود الاصلی وھو التوجہ الی الخالق تعالیٰ ذکرہ فھو جامع لہ ومملو منہ وکمالہ ان یخلو مما کان خارجًا عن مقصودہ کما لا یخفی علی من لہ عقل سلیم ۱۲ منہ۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃ: ۱ قولہ فی التمہید تنبیہ فرماتے ہیں کذا فی الروح والدلیل علی ھذا الربط ما فیہ ھکذا اخرج احمد عن عثمان ابن ابی العاص قال کنت عند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جالسًا اذ شخص بصرہ فقال اتانی جبریل فامرنی ان اضع ھذہ الآیۃ بھذا الموضع ان اللہ یامر الخ اھ۔ ۲ قولہ فی ھدی بڑی افادہ التنوین والمراد بہ مع ھذا القید الایصال الی المطلوب فانہ اعظم معنی الھدی فافھم ۱۲۔

اَللُّغَات: قولہ یستعتبون فی البیضاوی یسترضون من العتبی وھو الرضا فی الحاشیۃ ای لا یقال ارضوا ربکم آہ ۱۲۔

اللغات: تبیان فی الاصل مصدر وھو ابلغ من البیان ۱۲۔

وَاَوْفُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ اِذَا عٰهَدْتُّمْ وَلَا تَنْقُضُوا الْاَيْمَانَ بَعْدَ تَوْكِيْدِهَا وَقَدْ جَعَلْتُمُ اللّٰهَ عَلَيْكُمْ كَفِيْلًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ
يَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۹۱﴾ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّتِيْ نَقَضَتْ غَزْلَهَا مِنْۢ بَعْدِ قُوَّةٍ اَنْكَاثًا ۭ تَتَّخِذُوْنَ اَيْمَانَكُمْ دَخَلًۢا بَيْنَكُمْ اَنْ
تَكُوْنَ اُمَّةٌ هِىَ اَرْبٰى مِنْ اُمَّةٍ ۭ اِنَّمَا يَبْلُوْكُمُ اللّٰهُ بِهٖ ۭ وَلَيُبَيِّنَنَّ لَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مَا كُنْتُمْ فِيْهِ
تَخْتَلِفُوْنَ ﴿۹۲﴾ وَلَوْ شَاۗءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ يُّضِلُّ مَنْ يَّشَاۗءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَلَتُسْـَٔـلُنَّ
عَمَّا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۳﴾ وَلَا تَتَّخِذُوْٓا اَيْمَانَكُمْ دَخَلًۢا بَيْنَكُمْ فَتَزِلَّ قَدَمٌۢ بَعْدَ ثُبُوْتِهَا وَتَذُوْقُوا السُّوْۗءَ بِمَا
صَدَدْتُّمْ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ وَلَكُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۹۴﴾ وَلَا تَشْتَرُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۭ اِنَّمَا عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ
خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۹۵﴾ مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ ۭ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ ۭ وَلَنَجْزِيَنَّ الَّذِيْنَ صَبَرُوْٓا اَجْرَهُمْ
بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۹۶﴾

www.besturdubooks.net

اور تم اللہ کے عہد کو پورا کرو جبکہ تم اس کو (تخصیصاً یا تعمیماً) اپنے ذمہ کرلو اور قسموں کو بعد ان کے مستحکم کرنے کے مت توڑو اور تم اللہ تعالیٰ کو گواہ بھی بنا چکے ہو بے شک اللہ تعالیٰ کو معلوم ہے جو کچھ تم کرتے ہو اور تم اس عورت کے مشابہ بنو جس نے اپنا سوت کاتنے پیچھے بوٹی بوٹی کر کے نوچ ڈالا کہ (اس طرح) تم (بھی) اپنی قسموں کو آپس میں فساد ڈالنے کا ذریعہ بنانے لگو محض اس وجہ سے کہ ایک گروہ سے بڑھ جائے بس اس سے اللہ تعالیٰ تمہاری آزمائش کرتا ہے اور جن چیزوں میں تم اختلاف کرتے رہے قیامت کے دن ان سب کو تمہارے سامنے (عملاً) ظاہر کردے گا اور اگر اللہ کو منظور ہوتا تو تم سب کو ایک ہی طریقہ کا بنا دیتے لیکن جس کو چاہتے ہیں بے راہ کر دیتے ہیں اور جس کو چاہتے ہیں راہ پر ڈال دیتے ہیں اور تم سے تمہارے سب اعمال کی باز پرس ہوگی اور تم اپنی قسموں کو آپس میں فساد ڈالنے کا ذریعہ مت بناؤ کبھی کسی اور کا قدم جمنے کے بعد نہ پھسل جائے پھر تم کو اس سبب سے کہ تم راہ خدا سے مانع ہوئے تکلیف بھگتنا پڑے اور تم کو بڑا عذاب ہوگا اور تم لوگ عہد خداوندی کے عوض میں (دنیا کا) تھوڑا سا فائدہ مت حاصل کرو پس اللہ کے پاس جو چیز ہے وہ تمہارے لئے بدرجہا بہتر ہے اگر تم سمجھنا چاہو اور جو کچھ تمہارے پاس (دنیا میں) ہے وہ ختم ہو جائے گا اور جو کچھ تمہارے اللہ کے پاس ہے وہ دائم رہے گا اور جو لوگ ثابت قدم ہیں ان کے اچھے کاموں کے عوض میں ان کا اجر ان کو ضرور دیں گے۔ ۞

تفسیر: ربط: اوپر یَاْمُرُ بِالْعَدْلِ میں تمام شرائع کا حکم تھا آگے ان میں سے ایک خاص امر یعنی وفائے عہد کا نہایت اہتمام سے حکم ہے اور وجہ اسکی تخصیص کے علاوہ اسکے فی نفسہٖ مہتم بالشان ہونے کے شاید یہ بھی ہو کہ ابتدائے اسلام میں عہد کے ایفاء اور نقض کا اسلام پر ایک خاص اثر تھا کہ اسلام پر باقی رہنا یہ بھی ایک فرد تھی وفائے عہد کی نیز صلح و جنگ میں مدار اعتبار یہی تھا نیز اس سے اسلام لانے والوں کو اپنے حقوق مخصصہ و جمہوری کے باب میں پورا اطمینان ہوتا تھا جو قوت و ترقی اسلام کا سبب تھا اسی طرح نقض میں اسکے برعکس مفاسد مرتب ہوتے تھے جس کا ضرر اسلام کو پہنچتا تھا اس وجہ سے یہ مضمون قابل اہتمام ہوا۔

امر بایفائے عہد ☆ وَاَوْفُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ اِذَا عٰهَدْتُّمْ وَلَا تَنْقُضُوا الْاَيْمَانَ (الی قولہ تعالیٰ) وَ لَنَجْزِيَنَّ الَّذِيْنَ صَبَرُوْٓا اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ۝ اور تم اللہ کے عہد کو (یعنی جس عہد کو پورا کرنے کا شرعاً حکم ہے اس کو) پورا کرو (اس سے وہ نکل گیا جو خلاف شرع عہد ہو اور باقی سب عہود مشروعہ خواہ متعلق حقوق اللہ کے ہوں یا متعلق حقوق العباد کے ہوں اس میں داخل ہو گئے) جب کہ تم اس کو (تخصیصاً یا تعمیماً) اپنے ذمہ کرلو (تخصیصاً یہ کہ تصریحاً اس کا التزام کرلیا تعمیماً یہ کہ ایمان لائے تو تمام احکام واجبہ کا التزام اس کے ضمن میں ہو گیا) اور (بالخصوص جن عہود میں قسم بھی کھائی ہو وہ زیادہ قابل اہتمام ہیں سو ان میں) قسموں کو بعد ان کے مستحکم کرنے کے (کہ اللہ کا نام لینے سے مستحکم ہو جاتی ہیں) مت توڑو اور تم (ان قسموں کی وجہ سے ان عہود میں) اللہ تعالیٰ کو گواہ بنا چکے ہو (یہ قیدیں بَعْدَ تَوْكِيْدِهَا اور قَدْ جَعَلْتُمُ واقعی مقتضی للوفاء پر تنبیہ کے لئے ان کی تصریح کی گئی) بیشک اللہ تعالیٰ کو معلوم ہے جو کچھ تم کرتے ہو (خواہ وفاء یا نقض پس اسی کے موافق تم کو جزاء و سزا دے گا) اور تم (نقض عہد کر کے) اس (دیوانی مکہ میں رہنے والی) عورت کے مشابہ مت بنو جس نے اپنا سوت کاتنے پیچھے بوٹی بوٹی کر کے نوچ ڈالا کہ (اس کی طرح) تم (بھی) اپنی قسموں کو (بعد درستی کے توڑ کر ان کو) آپس میں فساد ڈالنے کا ذریعہ بنانے لگو (کیونکہ قسم و عہد توڑنے سے موافقین کو بے اعتباری اور مخالفین کو برانگیختگی پیدا ہوتی ہے اور یہ اصل ہے فساد کی اور توڑنا بھی) محض اس وجہ سے کہ ایک گروہ دوسرے گروہ سے (کثرت یا ثروت میں) بڑھ جاوے (یعنی مثلاً کفار کے دو گروہوں میں باہم مخالفت ہو اور تمہاری ایک سے صلح ہو جاوے پھر دوسری طرف پلہ جھکتا ہوا دیکھ کر اس گروہ مصالح سے عذر کر کے دوسرے گروہ سے سازش کرے یا مثلاً کوئی مسلمان ہو کر مسلمانوں میں شامل ہوا اور پھر کافروں کی طرف زور دیکھا تو عہد اسلام کو توڑ کر مرتد ہو جاوے اور یہ جو ایک گروہ دوسرے سے بڑھا ہوا ہوتا ہے یا دوسری کسی جماعت کے شامل ہو جانے سے بڑھ جاتا ہے تو) بس اس (زائد ہونے) سے اللہ تعالیٰ تمہاری آزمائش کرتا ہے (کہ دیکھیں وفائے عہد کرتے ہو یا جھکتا پلہ دیکھ کر ادھر ڈھل جاتے ہو) اور جن چیزوں میں تم اختلاف کرتے رہے (اور مختلف راہیں چلتے رہے) قیامت کے دن ان سب (کی حقیقت) کو تمہارے سامنے (عملاً) ظاہر کر دے گا (کہ حق والوں کو جزا اور باطل والوں کو سزا ہو جاوے گی آگے اس اختلاف کی حکمت بطور جملہ معترضہ کے اجمالاً بیان فرماتے ہیں) اور (ہر چند کہ اللہ تعالیٰ کو یہ بھی قدرت تھی کہ اختلاف نہ ہونے دیتے چنانچہ) اگر اللہ تعالیٰ کو منظور ہوتا تو تم سب کو ایک ہی طریقہ کا بنا دیتے لیکن (بمقتضائے حکمت جس کی تفصیل و تعیین یہاں ضروری نہیں) جس کو چاہتے ہیں بے راہ کر دیتے ہیں اور جس کو چاہتے ہیں راہ پر ڈال دیتے ہیں چنانچہ منجملہ ہدایت کے وفائے عہد اور منجملہ ضلالت کے نقض عہد بھی ہے) اور (یہ نہ سمجھنا کہ جیسے دنیا میں گمراہوں کو پوری سزا نہیں ہوتی ایسے ہی آخرت میں مطلق العنان رہیں گے ہرگز نہیں بلکہ قیامت میں) تم سے تمہارے سب اعمال کی ضرور باز پرس ہوگی اور (جیسا نقض عہد و قسم سے حسی ضرر ہوتا ہے جس کا اوپر بیان تھا اسی طرح اس سے معنوی ضرر بھی ہوتا ہے آگے اس کا ذکر ہے یعنی) تم اپنی قسموں کو آپس میں فساد ڈالنے کا ذریعہ مت بناؤ (یعنی قسموں اور عہدوں کو مت توڑو) کبھی (اس کو دیکھ کر) کسی اور کا قدم جمنے کے بعد نہ پھسل جاوے (یعنی دوسرے بھی تمہاری تقلید کریں اور عہد شکنی کرنے لگیں) پھر تم کو اس سبب سے کہ تم (دوسروں کے لئے) راہ خدا سے مانع ہوئے تکلیف بھگتنا پڑے (کیونکہ وفائے عہد راہ خدا ہے تم اس کے نقض کے سبب بن گئے اور یہی ہے وہ معنوی ضرر کہ دوسروں کو بھی ناقض عہد بنایا) اور (وہ تکلیف یہ ہوگی کہ اس حالت میں) تم کو بڑا عذاب ہوگا

www.besturdubooks.net

(اور جس طرح گروہ غالب میں شامل ہو کر جاہ حاصل کرنے کی غرض سے نقض عہد ممنوع ہے جس کا اوپر ذکر ہوا اسی طرح تحصیل مال کی غرض سے جو نقض ہو اس کی ممانعت فرماتے ہیں کہ) اور تم لوگ عہد خداوندی کے عوض میں (دنیا کا) تھوڑا سا فائدہ مت حاصل کرو (عہد اللہ کے معنی تو شروع آیت میں معلوم ہوئے اور ثَمَنًا قَلِيلًا سے مراد دنیا ہے کہ باوجود کثیر ہونے کے بھی قلیل ہے چنانچہ خود فرماتے ہیں کہ) پس اللہ کے پاس کی جو چیز ہے (یعنی ذخیرۂ آخرت) وہ تمہارے (متاع دنیوی سے) بدرجہا بہتر ہے اگر تم سمجھنا چاہو (پس متاع آخرت کثیر ہوئی اور متاع دنیوی قلیل) اور (علاوہ تفاوت قلیل وکثیر کے دوسرا تفاوت فنا وبقاء کا بھی ہے چنانچہ) جو کچھ تمہارے پاس (دنیا میں) ہے وہ (ایک روز) ختم ہو جاوے گا (خواہ زوال سے یا موت سے) اور جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ دائم رہے گا اور جو لوگ (وفائے عہد وغیرہ احکام دین پر) ثابت قدم ہیں ہم ان کے اچھے کاموں کے عوض میں ان کا اجر (کہ وہی نعمت باقیہ مذکورہ ہے) ان کو ضرور دیں گے (پس وفائے عہد کر کے دولت کثیرہ غیر فانیہ کو حاصل کرو اور قلیل فانی کے لئے نقض عہد مت کرو)۔

ربط: اوپر عمل خاص یعنی ایفائے عہد کا اجر اور فضل اور نقض عہد کی مذمت فرمائی تھی آگے آیت من عمل الخ میں اعمال صالحہ اور عامل صالح کی تعمیم کہ خواہ کوئی عمل صالح ہو اور خواہ عامل مذکر ہو یا مؤنث کوئی ہو مذکور ہے اور چونکہ نقض عہد اور اسی طرح جمیع اعمال غیر صالحہ کا سبب اغوائے شیطان ہے اس لئے اس کے بعد آیت فَإِذَا قَرَأْتَ الْقُرْآنَ الخ میں اس کے شر سے بچنے کا طریق ارشاد فرماتے ہیں۔

ترجمۂ مسائل السابق: قولہ تعالیٰ: مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللَّهِ بَاقٍ آخرت کو دنیا پر ترجیح دینے کے باب میں صریح ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی کفیلا گواہ کما فی الروح ای شاهدا رقیبا فان الکفیل مراع لحال المکفول به رقیب علیه والعلاقة للمجاز اللزوم۔ ۲ قوله فی غزلها سوت وفی قوة کاتے وجهه ظاهر ۱۲۔ ۳ قوله فی انکاثا بوٹی بوٹی کر کے اشارة الی انه حال من غزلها ۱۲۔ ۴ قوله فی تتخذون الاول کہ اس کی اشارة الی انه حال من فاعل لا تکونوا ۱۲۔ ۵ قوله فی ان تکونوا محض اس وجہ سے اشارة الی تعلقه بتقدیر اللام بتتخذون ۱۲۔ ۶ قوله فی یبلوکم الله اس زائد ہونے فالضمیر المجرور راجع الی کون الامة اربی والکون مذکر ۱۲۔ ۷ قوله فی تختلفون مختلف رہیں اشارة الی کون الاختلاف اعم من القولی والفعلی والاعتقادی ۱۲۔

اللغات: انکاثا جمع نکث بکسر النون وهو ما ینکث فتله الدخل ما یدخل الشئ ولم یکن منه ثم کنی به عن الفساد ای وسیلة للغدر والفساد ۱۲۔

البلاغة: قوله قدم افردهٗ ایذانا بانه لو زلت قدم واحدة لکفی فی الاضرار فکیف بما اذا زلت اقدام ۱۲۔

مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ أَوْ أُنْثَىٰ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهُ حَيَاةً طَيِّبَةً ۖ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ أَجْرَهُم بِأَحْسَنِ
مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿٩٧﴾ فَإِذَا قَرَأْتَ الْقُرْآنَ فَاسْتَعِذْ بِاللَّهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ ﴿٩٨﴾ إِنَّهُ لَيْسَ لَهُ سُلْطَانٌ
ع ۱۳/۱۱/۱۹ عَلَى الَّذِينَ آمَنُوا وَعَلَىٰ رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ ﴿٩٩﴾ إِنَّمَا سُلْطَانُهُ عَلَى الَّذِينَ يَتَوَلَّوْنَهُ وَالَّذِينَ هُم بِهِ مُشْرِكُونَ ﴿١٠٠﴾
وَإِذَا بَدَّلْنَا آيَةً مَّكَانَ آيَةٍ ۙ وَاللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا يُنَزِّلُ قَالُوا إِنَّمَا أَنتَ مُفْتَرٍ ۚ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ﴿١٠١﴾
قُلْ نَزَّلَهُ رُوحُ الْقُدُسِ مِن رَّبِّكَ بِالْحَقِّ لِيُثَبِّتَ الَّذِينَ آمَنُوا وَهُدًى وَبُشْرَىٰ لِلْمُسْلِمِينَ ﴿١٠٢﴾
وَلَقَدْ نَعْلَمُ أَنَّهُمْ يَقُولُونَ إِنَّمَا يُعَلِّمُهُ بَشَرٌ ۗ لِّسَانُ الَّذِي يُلْحِدُونَ إِلَيْهِ أَعْجَمِيٌّ وَهَٰذَا لِسَانٌ عَرَبِيٌّ
مُّبِينٌ ﴿١٠٣﴾ إِنَّ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِآيَاتِ اللَّهِ ۙ لَا يَهْدِيهِمُ اللَّهُ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿١٠٤﴾ إِنَّمَا يَفْتَرِي الْكَذِبَ
الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِآيَاتِ اللَّهِ ۚ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْكَاذِبُونَ ﴿١٠٥﴾

جو شخص کوئی نیک کام کرے گا خواہ وہ مرد ہو یا عورت ہو بشرطیکہ صاحب ایمان ہو تو ہم اس شخص کو (دنیا میں) بالطف زندگی دیں گے اور (آخرت میں) ان کے کاموں کے عوض میں ان کا اجر دیں گے تو جب آپ قرآن پڑھنا چاہیں تو شیطان مردود (کے مکر) سے اللہ کی پناہ مانگ لیا کریں یقیناً اس کا قابو ان لوگوں پر نہیں چلتا جو ایمان رکھتے ہیں اور اپنے رب پر دل سے بھروسہ رکھتے ہیں بس اس کا قابو تو صرف ان ہی لوگوں پر چلتا ہے جو اس سے تعلق رکھتے ہیں اور ان لوگوں پر جو کہ اللہ کے ساتھ شرک کرتے ہیں اور

www.besturdubooks.net

جب ہم کسی آیت کو بجائے دوسری آیت کے بدلتے ہیں اور حالانکہ اللہ تعالیٰ جو حکم بھیجتا ہے اس کو وہی خوب جانتا ہے تو یہ لوگ کہتے ہیں کہ آپ افترا کرنے والے ہیں بلکہ انہی میں اکثر لوگ جاہل ہیں آپ فرما دیجئے کہ اس کو روح القدس آپ کے رب کی طرف سے حکمت کے موافق لائے ہیں تا کہ ایمان والوں کو ثابت قدم رکھے اور ان مسلمانوں کیلئے ہدایت اور خوشخبری (کا ذریعہ) ہو جاوے اور ہم کو معلوم ہے کہ یہ لوگ یہ بھی کہتے ہیں کہ ان کو تو آدمی سکھلا جاتا ہے جس شخص کی طرف اس کی نسبت کرتے ہیں اس کی زبان تو عجمی ہے اور یہ قرآن صاف عربی ہے۔ جو لوگ اللہ کی آیتوں پر ایمان نہیں لاتے ان کو اللہ کبھی راہ پر نہ لاویں گے اور ان کے لئے دردناک سزا ہوگی بس جھوٹ افترا کرنے والے تو یہی لوگ ہیں جو اللہ کی آیتوں پر ایمان نہیں رکھتے اور یہ لوگ ہیں پورے جھوٹے۔ ۞

تفسیر: فضیلت اعمال خیر: ☆ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً ۚ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۹۷﴾

حفاظت از دائی اعمال شر ☆ فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ (الی قولہ تعالیٰ) وَالَّذِيْنَ هُمْ بِهٖ مُشْرِكُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ (اور کچھ اجر و ثواب وفائے عہد ہی میں منحصر نہیں اور نہ کسی عامل کی تخصیص ہے بلکہ قاعدہ کلیہ یہ ہے کہ) جو شخص کوئی نیک کام کرے گا خواہ وہ مرد ہو یا عورت ہو بشرطیکہ صاحب ایمان ہو (کیونکہ کافر کے اعمال صالح مقبول نہیں) تو ہم اس شخص کو (دنیا میں تو) بالطف زندگی دیں گے اور (آخرت میں) ان کے اچھے کاموں کے عوض میں ان کا اجر دیں گے (اور جب عمل صالح کی فضیلت معلوم ہوئی اور اس میں کبھی کبھی شیطان کھنڈت ڈالا کرتا ہے چنانچہ کبھی وفائے عہد کے باب میں اغوا کرتا ہے کبھی دوسرے عمل صالح مثل قراءت قرآن کے باب میں اغوا کرتا ہے) تو (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ اور آپ کے واسطہ سے اور مخاطب سن لیں کہ) جب آپ (کیسا ہی نیک کام کرنا چاہیں حتیٰ کہ) قرآن پڑھنا چاہیں تو شیطان مردود (کے شر) سے اللہ کی پناہ مانگ لیا کریں (یعنی دل سے خدا پر نظر رکھنا کہ حقیقت استعاذہ کی ہے اصلی واجب ہے اور زبان سے بھی کہہ لینا قراءت میں مسنون ہے اور ہم پناہ مانگنے کا جس کا حاصل خدا پر نظر رکھنا ہے اس لئے حکم کرتے ہیں کہ) یقیناً اس کا قابو ان لوگوں پر نہیں چلتا (یعنی اس کا وسوسہ ان پر مؤثر نہیں ہوتا) جو ایمان رکھتے ہیں اور اپنے رب پر (دل سے) بھروسہ رکھتے ہیں بس اس کا قابو تو صرف ان ہی لوگوں پر چلتا ہے جو اس سے تعلق رکھتے ہیں (اور اس کی مخالفت کا قصد نہیں کرتے اسی لئے اللہ پر ان کی نظر اور بھروسہ نہیں کیونکہ بھروسہ کا عزم تو قصد مخالفت کے وقت کرتا) اور ان لوگوں پر (قابو چلتا ہے) جو کہ اللہ کے ساتھ شرک کرتے ہیں (پس مشرکون مقابل امنوا کے ہے اور یتولونہ مقابل یتوکلون کے)

ف: حَيٰوةً طَيِّبَةً سے یہ مراد نہیں کہ اس کو فقر یا مرض کبھی نہ ہوگا بلکہ مطلب یہ ہے کہ اطاعت کی برکت سے اس کے قلب میں ایسا نور پیدا ہوگا جس سے وہ ہر حال میں شاکر و صابر اور رضا و تسلیم سے رہے گا اور اصل جمعیت کی یہی رضا ہے اور استعاذہ میں قرآن کی تخصیص میں یہ نکتہ ہے کہ قرآن کی شان ہے: لَا يَاْتِيْهِ الْبَاطِلُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ [حم السجدة: ٤٢] جس سے معلوم ہوتا ہے کہ بہ نسبت دوسرے اعمال کے اس میں شیطانی تصرف و وسوسہ کم ہوتا ہے اسی لئے مشہور ہے۔ ع دیو بگریزد از اں قوم کہ قرآں خوانند۔ اور بعض بعض آیات اور سورتوں میں بالتخصیص بھی فرار شیطان کی تاثیر منقول ہے پس اس تخصیص میں نہایت مبالغہ ہو گیا کہ جب ایسے عمل میں بھی استعاذہ کا حکم ہے تو اور اعمال صالحہ میں تو بدرجہ اولیٰ ضروری ہے اور استعاذہ سے جو اصل مقصود ہے یعنی توکل اس کے اعتبار سے امر اپنے حقیقی معنی وجوب پر باقی ہے اور قابو کی نفی و اثبات کا حاصل گناہ کا صادر کرانا یا نہ کرا سکنا ہے فقط۔ **ربط:** اوپر منجملہ اصول کے توحید کا اور پھر ضمن اثبات رسالت میں اجمالاً کل فروع کا اور تفصیلاً بعض فروع کا مضمون مذکور تھا آگے دوسری اصل یعنی رسالت کے متعلق مخالفین کے شبہات کا جواب مع وعید کے مذکور ہے۔

جواب شبہات بر نبوت مع تہدید ☆ وَاِذَا بَدَّلْنَآ اٰيَةً مَّكَانَ اٰيَةٍ ۙ (الی قولہ تعالیٰ) وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ اور جب ہم کسی آیت کو بجائے دوسری آیت کے بدلتے ہیں (یعنی ایک آیت کو لفظاً یا معناً منسوخ کر کے اس کی جگہ دوسرا حکم بھیج دیتے ہیں) اور حالانکہ اللہ تعالیٰ جو حکم (اولاً یا ثانیاً) بھیجتا ہے اس (کی مصلحت) کو وہ ہی خوب جانتا ہے (باعتبار حالت مکلفین کے اول اور مصلحت تھی پھر اور مصلحت ہو گئی) تو یہ لوگ کہتے ہیں کہ (نعوذ باللہ) آپ (خدا پر) افترا کرنے والے ہیں (کہ اپنے کلام کو اللہ کی طرف نسبت کر دیتے ہیں ورنہ احکام خداوندی میں نسخ کیوں ہوتا غرض وہ لوگ نسخ کو مستلزم نفی کلام اللہ کہتے ہیں گو عدم نسخ کو مستلزم ثبوت کلام اللہ نہ مانتے تھے اللہ تعالیٰ جواب دیتے ہیں کہ آپ مفتری نہیں ہیں) بلکہ ان ہی میں اکثر لوگ جاہل ہیں (کہ نسخ کو ملزوم اور نفی کلام اللہ کو لازم بلا دلیل مانتے ہیں) آپ (جواب میں) فرما دیجئے کہ (یہ کلام میرا بنایا ہوا نہیں بلکہ) اس کو روح القدس (یعنی جبرئیل علیہ السلام) آپ کے رب کی طرف سے حکمت کے موافق لائے ہیں (پس یہ اللہ کا کلام ہے اور تبدیل احکام بوجہ حکمت کے ہے اور یہ کلام اسلئے بھیجا گیا ہے) تا کہ ایمان والوں کو (ایمان پر) ثابت قدم رکھے اور ان مسلمانوں کے لئے ہدایت اور خوشخبری (کا ذریعہ) ہو جاوے (اس غایت کے بڑھانے سے تعریض ہو گئی کہ ایسی نافع چیز سے یہ مخالفین منتفع نہیں ہوتے) اور ہم کو معلوم ہے کہ یہ لوگ (دوسری بات) یہ بھی کہتے ہیں کہ انکو تو آدمی سکھلا جاتا ہے (مراد اس سے ایک عجمی و رومی نصرانی غلام یا لوہار

www.besturdubooks.net

ہے جس کا نام بلعام یا مقیس تھا وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی باتیں جی لگا کر سنتا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کبھی اس کے پاس جا بیٹھتے اور وہ انجیل وغیرہ کچھ جانتا تھا تو کافروں نے یہ ایک بات نکالی کہ حضور کو یہ سکھلا دیتا ہے کذا فی الدر المنثور اللہ تعالیٰ جواب دیتے ہیں کہ قرآن مجید تو مجموعہ لفظ و معنی کا نام ہے سو اگر معنی کی جزالت خارقہ کے ادراک کی تم کو تمیز نہیں تو الفاظ کی بلاغت خارقہ کو سمجھ سکتے ہو پس اگر فرض کر لیا جاوے کہ مضامین میں وہ شخص سکھلا دیتا ہے تو یہ تو سوچو کہ یہ الفاظ کہاں سے آ گئے کیونکہ) جس شخص کی طرف اس کی نسبت کرتے ہیں اس کی زبان تو عجمی ہے اور یہ قرآن صاف عربی ہے (اور عربی بھی ایسی کہ بلغائے عرب اس کے معارضہ سے عاجز آ گئے تو بیچارہ عجمی کے ایسی عبارت بنا سکتا ہے پھر کیسے احتمال ہو سکتا ہے کہ وہ شخص آپ کو قرآن سکھلاتا ہو اور یہ احتمال کہ وہ مضامین سکھلا دیتا ہو اور آپ اپنے الفاظ میں ادا کر دیتے ہوں پہلے سے مدفوع ہے کیونکہ آپ کی بھی ایسی زبان نہ تھی پھر دوسرے بلغاء اس سے کیوں عاجز ہو گئے اس مقام پر صرف تہمت تعلیم کا رفع کرنا ہے سو تقریر مذکورۂ بالا اس کے لئے کافی ہے آگے ان کے لئے تہدید ہے کہ) جو لوگ اللہ کی آیتوں پر ایمان نہیں لاتے (جیسے یہ لوگ آیات قرآنیہ کے منکر ہیں) ان کو اللہ تعالیٰ کبھی راہ پر نہ لاویں گے اور ان کے لئے دردناک سزا ہوگی (اور یہ جو نعوذ باللہ آپ کو مفتری کہتے ہیں سو) بس جھوٹ افتراء کرنے والے تو یہ ہی لوگ ہیں جو اللہ کی آیتوں پر ایمان نہیں رکھتے (چنانچہ نبی کو مفتری کہنا کتنا بڑا افتراء ہے) اور یہ لوگ ہیں پورے جھوٹے (کیونکہ خلق پر جھوٹ لگانے سے خالق پر جھوٹ باندھنا اشد ہے جب کلام اللہ کا انکار کیا تو خدا پر جھوٹ باندھا کہ ان کی کہی ہوئی بات کو یوں کہا کہ نہیں کہی) ف: اور اعجمی کا اطلاق احیاناً غیر واضح وغیرہ مفہوم کلام پر بھی آتا ہے گو عربی ہو آیت میں یہ معنی بھی ہو سکتے ہیں کہ اس شخص کی تقریر خود کافی وافی نہیں الخ۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ :فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً روح میں بعض کا قول نقل کیا ہے کہ: فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً وہ ہے جو محبوب کے ساتھ ہو اھ اور یہ اولیاء کو دنیا میں بھی میسر ہو جاتا ہے ۱۲ منہ قولہ تعالیٰ اِنَّهٗ لَيْسَ لَهٗ سُلْطٰنٌ الخ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ شیطان کا مؤمن پر ذرا بھی زور نہیں چلتا یعنی جب مؤمن اس پر غالب آنا چاہے اور یہ امر مشاہد ہے ۱۲۔

الحواشی :(۱) ای مدحهم اولا بالایمان فی قوله لیثبت الذین آمنوا وثانیا بالاسلام فی قوله للمسلمین ۱۲ منه۔

ملحقات الترجمة : ۱ قوله فی وهو مؤمن بشرطیکہ اشارة الی انه حال ۱۲ ۲ قوله فی اذا قراءت چاہیں ای اردت ۱۲۔۳ قوله فی بما ینزل مصلحت اشارة الی تقدیر المضاف الی الموصول ای اعلم بمصلحة ما ینزل ۱۲۔۴ قوله فی الکاذبون پورے کذا فی البیضاوی ۱۲۔

اللغات: قوله یلحدون یمیلون قولهم عن الاستقامة الیه ای ینسبون التعلیم الیه۔

النحو :قوله هدی و بشری معطوفان علی محل لیثبت ای تثبیتا وهدایة الخ کذا فی البیضاوی ۱۲۔

البلاغة: قوله من ربك ولم یقل من ربی لما فی الروح فی اضافة الرب الی ضمیره صلی الله علیه وسلم من الدلالة علی تحقیق اضافة آثار الربوبیة علیه علیه الصلوٰة والسلام ما لیس فی اضافته الی یاء المتکلم المنبئته عن التلقین ۱۲۔ المحض کما فی ارشاد العقل السلیم وکانه اعتناء بامر هذه الدلالة لم یقل من ربکم علی ان فی ترك خطابهم من حط قدرهم ما فیه آه قوله للمسلمین فیه وضع المظهر موضع المضمر والعدول عن ضمیرهم او عن المؤمنین لمدحهم بکلا العنوانین ولم یکن هذا فی ما لو قال للمؤمنین موضع للمسلمین ۱۲۔ قوله بشر فی الروح وانما لم یصرح باسم من زعموا مع انه ادخل فی ظهور کذبهم للایذان بان مدار خطائهم لیس بنسبته صلی الله علیه وسلم الی التعلم من الشخص معین بل من لبشر کائنا من کان ۱۲۔

مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِهٖۤ اِلَّا مَنْ اُكْرِهَ وَقَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّۢ بِالْاِيْمَانِ وَلٰكِنْ مَّنْ شَرَحَ بِالْكُفْرِ صَدْرًا فَعَلَيْهِمْ
غَضَبٌ مِّنَ اللّٰهِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۰۶﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اسْتَحَبُّوا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ
لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۷﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ
الْغٰفِلُوْنَ ﴿۱۰۸﴾ لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۰۹﴾ ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ هَاجَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ
ع ۱۴ مَا فُتِنُوْا ثُمَّ جٰهَدُوْا وَصَبَرُوْٓا ۙ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۰﴾ يَوْمَ تَاْتِيْ كُلُّ نَفْسٍ تُجَادِلُ عَنْ
نَّفْسِهَا وَتُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۱۱۱﴾ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا قَرْيَةً كَانَتْ اٰمِنَةً

www.besturdubooks.net

مُّطْمَئِنَّةً يَّاْتِيْهَا رِزْقُهَا رَغَدًا مِّنْ كُلِّ مَكَانٍ فَكَفَرَتْ بِاَنْعُمِ اللّٰهِ فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ لِبَاسَ الْجُوْعِ وَالْخَوْفِ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿۱۱۲﴾ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْهُمْ فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۱۳﴾

جو شخص ایمان لائے پیچھے اللہ سے کفر کرے مگر جس شخص پر زبردستی کی جائے بشرطیکہ اس کا قلب ایمان پر مطمئن ہو لیکن ہاں جو جی کھول کر کفر کرے تو ایسے لوگوں پر اللہ تعالیٰ کا غضب ہوگا اور ان کو بڑی سزا ہوگی (اور) یہ غضب اور عذاب اس سبب سے ہوگا کہ انہوں نے دنیوی زندگی کو آخرت کے مقابلہ میں عزیز رکھا اور اس سبب سے ہوگا کہ اللہ تعالیٰ ایسے کافروں کو ہدایت نہیں کیا کرتا یہ وہ لوگ ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں پر اور کانوں پر اور آنکھوں پر مہر لگا دی ہے اور یہ لوگ انجام سے بالکل غافل ہیں (اس لئے) لازمی بات ہے کہ آخرت میں یہ لوگ بالکل گھاٹے میں رہیں گے۔ پھر بے شک آپ کا رب ایسے لوگوں کے لئے جنہوں نے مبتلائے کفر ہونے کے بعد ایمان لا کر ہجرت کی پھر جہاد کیا اور (ایمان پر) قائم رہے تو وہ آپ کا رب ان اعمال کے بعد بھی بڑی مغفرت کرنے والا بڑی رحمت کرنے والا ہے جس روز ہر شخص اپنی ہر طرفداری میں گفتگو کرے گا اور دوست کو نہ پوچھے گا اور ہر شخص کو اس کے کئے کا پورا بدلہ ملے گا اور ان پر ظلم نہ کیا جائے گا اور اللہ تعالیٰ ایک بستی والوں کی حالت عجیبہ بیان فرماتے ہیں کہ وہ (بڑے) امن واطمینان میں (رہتے) تھے (اور) ان کی کھانے پینے کی چیزیں بڑی فراغت سے ہر چہار طرف سے ان کے پاس پہنچا کرتی تھیں سو انہوں نے خدا کی نعمتوں کی بے قدری کی اس پر اللہ تعالیٰ نے ان کو ان حرکات کے سبب ایک محیط قحط اور خوف کا مزہ چکھایا اور ان کے پاس ان ہی میں کا ایک رسول بھی (منجانب اللہ) آیا سو اس (رسول) کو (بھی) انہوں نے جھوٹا بتایا تب ان کو عذاب (الٰہی) نے پکڑا جبکہ وہ بالکل ہی ظلم پر کمر باندھنے لگے۔ ۞

تفسیر: ربط: اوپر کفار منکرین توحید و رسالت کے حق میں وعیدیں مذکور ہوئیں ہیں آگے خاص ان کی وعید جو ایمان لا کر کافر ہو جاویں مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ میں اور اس سے مکرہ کا استثناء اِلَّا مَنْ اُكْرِهَ میں مذکور ہے۔

وعید مرتدین و استثنائے مکرہین ☆ مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِهٖٓ اِلَّا مَنْ اُكْرِهَ (الی قولہ تعالیٰ) لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۰۹﴾ جو شخص ایمان لائے پیچھے اللہ کے ساتھ کفر کرے (اس میں کفر بالرسول بھی داخل ہے) مگر جس شخص پر (کافروں کی طرف سے) زبردستی کی جاوے (کہ اگر تو کفر کا فلانا کام یا فلانا کام نہ کرے گا تو تجھ کو قتل کر دیں گے مثلاً) بشرطیکہ اس کا قلب ایمان پر مطمئن ہو (یعنی عقیدہ میں فتور نہ آوے اور اس قول یا فعل کو برا سمجھتا ہو تو وہ مستثنیٰ ہے کہ اس کو ظاہری کفر کا ارتکاب جائز ہے اور اس کے لئے وہ وعید آئندہ نہیں ہے) لیکن ہاں جو جی کھول کر (یعنی اس کو صحیح اور مستحسن سمجھ کر) کفر کرے تو ایسے لوگوں پر اللہ تعالیٰ کا غضب ہوگا اور ان کو بڑی سزا ہوگی (اور) یہ (غضب و عذاب) اس سبب سے ہوگا کہ انہوں نے دنیوی زندگی کو آخرت کے مقابلہ میں عزیز رکھا اور اس سبب سے ہوگا کہ اللہ تعالیٰ ایسے کافر لوگوں کو (جو کہ دنیا کو ہمیشہ آخرت پر ترجیح دیں) ہدایت نہیں کیا کرتا (یہ دو سبب الگ الگ نہیں بلکہ مجموعہ سبب ہے حاصل یہ ہے کہ چونکہ عزم فعل کے بعد عادۃ اللہ جاری ہے کہ خلق فعل ہو جاتا ہے اور اس خلق پر صدور فعل مرتب ہوتا ہے پس سبب عادی صدور فعل قبیح کا مجموعہ عزم و خلق ہے اسْتَحَبُّوْا میں عزم کی طرف اشارہ ہے اور لَا يَهْدِي میں خلق کی طرف) یہ وہ لوگ ہیں کہ (دنیا میں ان کے اصرار علی الکفر کی یہ حالت ہے کہ) اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں پر اور کانوں پر اور آنکھوں پر مہر لگا دی ہے اور یہ لوگ (انجام سے) بالکل غافل ہیں (اس لئے) لازمی بات ہے کہ آخرت میں یہ لوگ بالکل گھاٹے میں رہیں گے۔ ف: احکام اکراہ کے مفصلاً کتب فقہ میں ملاحظہ کئے جاویں۔

ربط: اوپر کفر پر وعید تھی اصلی ہو یا ارتدادی ہو آگے فرماتے ہیں کہ اگر یہ لوگ ایمان لے آویں تو یہ کفر اور اس کی وعید سب معاف اور رفع ہو جاویں گے۔

سقوط کفر باثر ایمان ☆ ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ هَاجَرُوْا (الی قولہ تعالیٰ) لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۹﴾ پھر (اگر کفر کے بعد یہ لوگ ایمان لے آویں تو) بیشک آپ کا رب ایسے لوگوں کے لئے کہ جنہوں نے مبتلائے کفر ہونے کے بعد (ایمان لا کر) ہجرت کی پھر جہاد کیا اور (ایمان پر) قائم رہے (یعنی پھر نہیں پھرے) تو آپ کا رب (ایسے لوگوں کے لئے) ان (اعمال) کے بعد بڑی مغفرت کرنے والا بڑی رحمت کرنے والا ہے (یعنی ایمان اور اعمال صالحہ کی برکت سے ان کے سب گناہ گذشتہ کفر وغیرہ معاف ہو جاویں گے اور رحمت الٰہیہ سے ان کو جنت اور اس میں بڑے بڑے درجے ملیں گے۔ ف: ہر چند کہ مغفرت و نفس رحمت صرف ایمان لانے سے ہو جاتی ہے مگر رحمت کاملہ کے درجات عالیہ بھی ملیں اس کے لئے عادۃً اور اعمال کی بھی ضرورت ہے اور اگر آیت میں نفس رحمت مراد لی جاوے تب بھی مغفرت و رحمت کے لئے مجموعہ ایمان و اعمال کے سبب ہونے سے شرط ہونا لازم نہیں آتا خوب سمجھ لو۔ ربط: اوپر کفار کے حق میں وعید اور مؤمنین کے حق میں وعدہ مذکور ہے آگے اس وعدہ و وعید کے ظہور کا وقت بتلاتے ہیں۔

www.besturdubooks.net

ذکر یوم جزاء: یَوْمَ تَاْتِیْ کُلُّ نَفْسٍ تُجَادِلُ عَنْ نَّفْسِهَا وَتُوَفّٰی کُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَ هُمْ لَا یُظْلَمُوْنَ ۝ (یہ جزا وسزا مذکور اس روز واقع ہوگی) جس روز ہر شخص اپنی ہی طرفداری میں گفتگو کرے گا (اور دوسرے کو نہ پوچھے گا) اور ہر شخص کو اس کے کئے کا پورا بدلہ ملے گا (یعنی نیکی کے بدلہ میں کمی نہ ہوگی گو زیادتی ہو جاوے اور بدی کے بدلہ میں زیادتی نہ ہوگی گو کمی ہو جاوے) اور (یہی مطلب ہے اس کا کہ) ان پر ظلم نہ کیا جاوے گا (پس پورا کہنے میں ایک جگہ زیادتی کی نفی ہے ایک جگہ کمی کی)۔ **ف**: اور اس سے شفاعت کی نفی کا شبہ نہ ہو کیونکہ وہ اپنی رائے سے نہ ہوگی بالاذن ہے پس گویا وہ شافع کی طرف منسوب ہی نہیں اور یہاں اس گفتگو کا ذکر ہے جو اپنی رائے سے ہو۔ **ربط**: اوپر کفر پر عذابِ اخروی کی وعید ہے آگے بتلاتے ہیں کہ کفر پر دنیوی آفات کا نزول بھی بعید نہیں۔

بعض آفات کفر در دنیا گو غیر لازم باشد☆ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا قَرْیَةً (الی قولہ تعالیٰ) فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ وَ هُمْ ظٰلِمُوْنَ ۝ اور اللہ تعالیٰ (وبال کفر پر متنبہ کرنے کے لئے) ایک بستی والوں کی حالت عجیبہ بیان فرماتے ہیں کہ وہ (بڑے) امن واطمینان میں (رہتے) تھے (اور) ان کے کھانے پینے کی چیزیں بڑی فراغت سے ہر چار طرف سے ان کے پاس پہنچا کرتی تھیں سو (بجائے اس کے کہ اس حالت میں منعم حقیقی کا احسان مانتے اور اطاعت کرتے) انہوں نے خدا کی نعمتوں کی بے قدری کی (یعنی خدا کے ساتھ شرک وکفر کیا) اس پر اللہ تعالیٰ نے ان کو ان حرکات کے سبب ایک محیط قحط اور خوف کا مزہ چکھایا (کہ جوع سے رزق رغد جاتا رہا اور خوف سے امن واطمینان فوت ہوگیا) اور (اس سزا میں حق تعالیٰ کی طرف سے کچھ جلدی نہیں کی گئی بلکہ اول ان کی اصلاح کے واسطے) ان کے پاس ان ہی میں کا ایک رسول بھی (منجانب اللہ) آیا (جس کے صدق وامانت کا بوجہ ان ہی میں سے ہونے کے ان کو پورا حال معلوم تھا) سو اس (رسول) کو (بھی) انہوں نے جھوٹا بتایا تب ان کو عذاب (الٰہی) نے پکڑا جب کہ وہ بالکل ہی ظلم پر کمر باندھنے لگے **ف**: اس کی توجیہ میں مفسرین کی دو تقریریں ہیں ایک یہ کہ مکہ والوں کو یہ مضمون سنانا ہے اور قریہ سے مراد قریہ غیر معین ہے کیونکہ کفار سابقین کے قریوں میں ایسی حالت بہت سے قریوں کی ہو چکی ہے کہ نعمت حسی امن ورزق بھی تھا اور نعمت معنوی مجئی رسول بھی ہوا اور پھر کفر کیا اور مواخذہ کئے گئے پس مکہ والوں کو سناتے ہیں کہ تم اگر ایسا کرو گے تو یہی حال تمہارا ہوگا چنانچہ جب وہ کفر سے باز نہ آئے تو بعد چندے قحط بھی پڑا اور مسلمانوں کے لشکروں کا ہر وقت اندیشہ بھی ان کے لئے طوق گردن ہو گیا اور بعض نے کہا ہے کہ قریہ سے مراد مکہ ہے اور مدینہ والوں کو یہ مضمون سنانا ہے کہ تم ایسے مت ہونا اور ان علماء نے اس آیت کو مدنی کہا ہے **قالہ مقاتل** یہ دونوں قول روح المعانی میں منقول ہیں اور دونوں غیر بعید ہیں اور احقر نے عنوان میں غیر لازم اس لئے کہا کہ بعض اوقات کفر پر دنیا میں سزائے صریح وجلی نہیں ہوتی اور یوں تو قہر خدا اور ناراضی خود بڑی سزا ہے مگر خفی ہے اور چونکہ یہاں دوام سزائے دنیوی کا دعویٰ نہیں کیا گیا اس لئے کوئی شبہ نہیں ہو سکتا ہے مقصود صرف ڈرانا ہے تو ضرر محتمل بھی تخویف کے لئے کافی ہے البتہ سزائے آخرت یقینی اور لازم ہے اور امن واطمینان میں یہ فرق ہے کہ امن کی حقیقت ہے زوال خوف اعداء وغیرہم اور اطمینان اس امن کا اثر ہے یعنی سکون قلب جب خوف نہ ہوگا سکون ہوگا۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلِ السُّلُوْک: قولہ تعالیٰ: وَلٰكِنْ مَّنْ شَرَحَ بِالْكُفْرِ الخ اور اور چونکہ وسوسہ میں یہ شرح صدر نہیں ہوتا اور نہ اختیار ہوتا ہے بلکہ اس کی بے اختیاری اکراہ کی بے اختیاری سے اشد ہے اس لئے اس میں مطلق ذم نہیں قولہ تعالیٰ: ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اسْتَحَبُّوا الْحَیٰوةَ الدُّنْیَا جب دنیا کے مذموم ہونے میں صریح ہے اور اس میں بھی کہ جب مذموم وہ ہے جس میں دنیا کا ایثار ہو آخرت پر نہ کہ حب طبعی کہ اس پر ملامت نہیں ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: فَكَفَرَتْ بِاَنْعُمِ اللّٰهِ اسی کے قریب بلاء میں بہت سے مدعیان زہد مبتلاء ہیں کہ حق تعالیٰ کی نعمتوں کو حقیر سمجھتے ہیں اور اپنے کو لذات کا تارک سمجھتے ہیں اور تارک ذات ہو جاتے ہیں حق تعالیٰ کا یہ ارشاد نہیں دیکھتے: وَمَا بِكُمْ مِّنْ نِّعْمَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ اور فَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ الایہ۔ قولہ تعالیٰ: وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَا تَصِفُ الخ اس سے معلوم ہوا کہ طریقت کے احکام شریعت کے مباین نہیں کہ یہاں کا حلال وہاں کا حرام ہو یا بالعکس ۱۲۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَة: ۱ **قولہ فی فتنوا** مبتلائے کفر ہو احد الوجوہ المذکورۃ فی الکبیر وھو اوفق بالمقام عندی ۱۲۔ ۲ **قولہ قبل ھاجروا** ایمان لاکر دل علیہ ھاجروا لتوقفھا علی الایمان او یقال انھا کانت فی الابتداء بمنزلۃ الاقرار فعبر بھا عن الایمان ۱۲۔ ۳ **قولہ فی یوم** جزاء وسزا اشارۃ الی کونہ ظرفا لربھم والخاسرون ۱۲۔ ۴ **قولہ فی کل نفس الاول** ہر شخص اشارۃ الی جواب عما یرد ظاھرا من اضافۃ الشیٔ الی نفسہ فی نفسھا الراجع ضمیرہ الی النفس فالمعنی نفس النفس والجواب ان النفس الاول بمعنی المرء والثانیۃ بمعنی العین ولا شناعۃ فی قولھم عین المرء فافھم ۱۲۔

اَلرِّوَایَات: فی الدر المنثور باسانید کثیرۃ نزول الآیۃ فی عمار اکرہ ثم جاء وسأل ۱۲ فی الروح اخرج ابن جریر عن الحسن وعکرمۃ انھا نزلت فی عبداللہ بن ابی سرح الذی کان یکتب لرسول صلی اللہ علیہ وسلم فازلہ الشیطن فلحق بالکفار فاستجار لہ عثمانؓ یوم فتح مکۃ آہ نعم یشکل علی التفاسیر کلھا کون السورۃ مکیۃ لکن نقل فی الروح عن ابن عطیۃ ان ھذہ الآیۃ مدنیۃ او یقال ان الھجرۃ

www.besturdubooks.net

یراد بها الی الجثة والجهاد یراد به اللغوی او یقال ان الهجرة عن الکفر والجهاد مع النفس او یقال انه اخبار عما سیکون والله اعلم ۱۲۔

اِخْتِلَافُ الْقِرَاءَۃ: فی قراء ة فتنوا معروفا فی الروح وهو ضمیر المشرکین ای عذبوا المؤمنین او وقعوا فی الفتنة فان فتن جاء متعدیا ولازما وتستعمل الفتنة فیما یحصل عنه العذا آه ای الکفر وهو اوفق بما مر عن الکبیر کما فی قوله تعالٰی لا یفتننکم الشیطٰن ای لا یضلنکم وکما فی قوله تعالٰی الا فی الفتنة سقطوا فافهم ۱۲۔

فائدہ: قد ذکر فی حواشی آیة وقد فصل لکم ما حرم علیکم شئ مما یتعلق بالترتیب بین هذه الایة وتلك الایة فی التقدیم والتاخیر فانظر ۱۲ قوله تعالٰی ولا تقربوا لما تصف الخ اس سے معلوم ہوا کہ طریقت کے احکام شریعت کے مبائن نہیں کہ یہاں کا حلال وہاں حرام ہو یا بالعکس۔

اَلنَّحْو: قوله من کفر فی الجلالین من مبتدا او شرطیة والخبر او الجواب لهم وعید شدید دل علیه هذا ولکن من شرح ۱۲۔ قوله تعالٰی ثم ان ربك الخ فی عن ابی البقاء خبر ان الاولی هو الآتی وان الثانیة واسمها تکریر للتاکید والجار والمجرور متعلق باحدی المرفوعین ۱۲ آه۔

اَلْبَلَاغَۃ: قوله تعالٰی اذاقها الله الخ فی البیضاوی استعار الذوق لادراك اثر الضرر واللباس لما غشیهم واشتمل علیهم من الجوع والخوف واوقع الاذاقة علیه بالنظر الی المستعار له لا المستعار کقول کثیر غمر الرداء فانه استعار الرداء للمعروف واضاف الیه الغمر الذی هو وصف المعروف لا وصف الرداء وقد ینظر الی المستعار کقوله ینازعنی ردائی عبد عمرو الی قوله فاحتجر منه بشطر استعار الرداء للسیف ثم قال فاعتجر نظرًا الی المستعار آه۔

فَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا ۖ وَّاشْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿۱۱۴﴾ اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ
الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ
رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۵﴾ وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَا تَصِفُ اَلْسِنَتُكُمُ الْكَذِبَ هٰذَا حَلٰلٌ وَّهٰذَا حَرَامٌ لِّتَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ
الْكَذِبَ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ﴿۱۱۶﴾ مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ۠ وَّلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۱۷﴾
وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا مَا قَصَصْنَا عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ ۚ وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ
يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۱۸﴾ ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ عَمِلُوا السُّوْۗءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْٓا ۙ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ
بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۹﴾ ع ۱۵ ۹ ۲۱

سو جو چیزیں اللہ نے تم کو حلال اور پاک دی ہیں ان کو کھاؤ اور اللہ کی نعمت کا شکر کرو اگر تم اسی کی عبادت کرتے ہو تم پر تو صرف مردار کو حرام کیا ہے اور خون کو اور خنزیر کے گوشت (وغیرہ) کو اور جس چیز کو غیر اللہ کے لئے نامزد کر دیا گیا ہو پھر جو شخص کہ بالکل بے قرار ہو جائے بشرطیکہ طالب لذت نہ ہو اور نہ حد (ضرورت) سے تجاوز کرنے والا ہو تو اللہ تعالیٰ بخش دینے والا مہربانی کرنے والا ہے اور جن چیزوں کے بارے میں محض تمہارا جھوٹا زبانی دعویٰ ہے ان کی نسبت یوں مت کہہ دیا کرو کہ فلانی چیز حلال ہے اور فلانی چیز حرام ہے جس کا حاصل یہ ہوگا کہ اللہ پر جھوٹی تہمت لگا دے گے بلاشبہ جو لوگ اللہ پر جھوٹ لگاتے ہیں وہ فلاح نہ پائیں گے یہ دنیا میں چند روزہ عیش ہے اور (مرنے کے بعد) ان کے لئے دردناک سزا ہے اور صرف یہودیوں پر ہم نے وہ چیزیں حرام کر دی تھیں جن کا بیان ہم اس کے قبل آپ سے کر چکے ہیں اور ہم نے ان پر کوئی زیادتی نہیں کی لیکن وہ خود ہی اپنے اوپر زیادتی کیا کرتے تھے پھر آپ کا رب ایسے لوگوں کے لئے جنہوں نے جہالت سے برا کام کر لیا پھر اس کے بعد توبہ کر لی اور آئندہ کے لئے اپنے اعمال درست کر لئے تو آپ کا رب اس کے بعد بڑی مغفرت کرنے والا بڑی رحمت کرنے والا ہے۔ ۞

تفسیر: ربط: اوپر کفر و شرک کا وبال اخروی و دنیوی مذکور ہوا ہے آگے بطور تفریع کے بعض رسوم شرک و کفر سے کہ وہ تحلیل و تحریم بالہویٰ ہے مع وعید منع فرماتے ہیں خواہ خطاب مسلمانوں کو ہو بایں معنی کہ تم ان کے سے کام مت کرنا خواہ کفار کو ہو بایں معنیٰ کہ ان کاموں کو ترک کر دو۔

www.besturdubooks.net

نہی از بعض رسوم شرکیہ ☆ فَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ (الی قولہ تعالیٰ) وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۱۹﴾ (جب کفر وشرک کا اصلاً وفرعاً مذموم ہونا معلوم ہوگیا) سو جو چیزیں اللہ نے تم کو حلال اور پاک دی ہیں ان کو (حرام مت سمجھو کہ رسم شرک ہے بلکہ ان کو) کھاؤ اور اللہ کی نعمت کا شکر کرو اگر تم (واقع میں یا بزعم خود) اسی کی عبادت کرتے ہو (جیسے مسلمان واقع میں خدا کی عبادت کرتے تھے اور کفار اس کے مقصود بالذات ہونے کے مدعی تھے، کہتے تھے: مَا نَعْبُدُهُمْ اِلَّا لِيُقَرِّبُوْنَآ [الزمر: ۳] پس دونوں خطابوں پر معنی آیت کے واضح ہوگئے) تم پر تو (منجملہ ان اشیاء کے جن میں تم گفتگو کرتے ہو) صرف مردار کو حرام کیا ہے اور خون کو اور خنزیر کے گوشت (وغیرہ) کو اور جس چیز کو غیر اللہ کے نامزد کر دیا گیا ہو پھر جو شخص کہ (مارے فاقہ کے) بالکل بے قرار ہو جاوے بشرطیکہ طالب لذات نہ ہو اور نہ حد (ضرورت) سے تجاوز کرنے والا ہو تو اللہ تعالیٰ (اس کے لئے اگر وہ ان چیزوں کو کھالے) بخش دینے والا مہربانی کرنے والا ہے اور جن چیزوں کے بارے میں محض تمہارا جھوٹا زبانی دعویٰ ہے (اور اس پر کوئی دلیل صحیح قائم نہیں) ان کی نسبت یوں مت کہہ دیا کرو کہ فلانی چیز حلال ہے اور فلانی چیز حرام ہے (جیسا پارۂ ہشتم کے ربع کے قریب آیات وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ الخ میں ان کے دعوے آچکے ہیں) جس کا حاصل یہ ہوگا کہ اللہ پر جھوٹی تہمت لگادو گے (کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اس کے موافق تو نہیں کہا بلکہ اس کے خلاف فرمایا ہے) بلاشبہ جو لوگ اللہ پر جھوٹ لگاتے ہیں وہ فلاح نہ پاویں گے (خواہ دارین میں یا آخرت میں) یہ (دنیا میں) چند روزہ عیش ہے اور (آگے مرنے کے بعد) ان کے لئے دردناک سزا ہے اور (یہ مشرکین مدعی ہیں ملت ابراہیمی کے سو اشیائے طیبہ ان کی شریعت میں تو حرام نہ تھیں البتہ بہت روز بعد ان اشیاء میں سے) صرف یہودیوں پر ہم نے وہ چیزیں حرام کر دیں تھیں جن کا بیان ہم اس کے قبل (سورہ انعام میں) آپ سے کر چکے ہیں اور (ان کی تحریم میں بھی) ہم نے ان پر (صورۃً بھی) کوئی زیادتی نہیں کی لیکن وہ خود ہی اپنے اوپر (مخالفت انبیاء کی کر کے) زیادتی کیا کرتے تھے (پس تحریم اشیاء طیبہ مقصوداً تو کبھی نہیں ہوئی اور شریعت ابراہیمیہ میں عارض کی وجہ سے بھی نہیں ہوتی پھر تم نے کہاں سے اختراع کیا)۔ ف: ایسی آیت چند جا آئی ہیں وہاں تفسیر ملاحظہ فرمائی جاوے۔ ربط: اوپر افتراء علی اللہ کی مذمت اور اس پر وعید ہے آگے ایمان وتوبہ کا اس کے لئے مکفر ہونا فرماتے ہیں جیسا ابھی اوپر بھی ایسی ہی آیت اسی مناسبت سے آچکی ہے۔

سقوط عمل سوء توبہ ☆ ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ عَمِلُوا السُّوْٓءَ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۹﴾ پھر آپ کا رب ایسے لوگوں کے لئے جنہوں نے جہالت سے برا کام (خواہ کچھ بھی ہو) کرلیا پھر اس کے بعد توبہ کر لی (جو طریقہ توبہ کا مقرر ہے) اور (آئندہ کے لئے) اپنے اعمال درست کر لئے تو آپ کا رب اس (توبہ) کے بعد بڑی مغفرت کرنے والا بڑی رحمت کرنے والا ہے۔ ف: جہالت کے معنی کے لئے سورۂ نساء کے رکوع سوم کی آیت: اِنَّمَا التَّوْبَةُ [النساء: ۱۷] کی تفسیر اور اَصْلَحُوْا کی قید کے سبب نہ کہ شرط ہونے کے لئے اس آیت کی چار سرخی اوپر کی آیت کی تفسیر مع فائدہ ملاحظہ فرمالیجئے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی لما تصف ان کی نسبت الخ کما فی الروح اللام صلۃ للقول مثلہا فی قولہ تعالیٰ لا تقولوا لم یقتل الخ و معناہا الاختصاص وما موصولۃ والعائد محذوف ای لا تقولوا فی شان الذی تصف السنتکم من البہائم بالحل والحرمۃ بمجرد قول باللسان۔

اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ كَانَ اُمَّةً قَانِتًا لِّلّٰهِ حَنِيْفًا ۭ وَلَمْ يَكُ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ شَاكِرًا لِّاَنْعُمِهٖ ۭ اِجْتَبٰىهُ وَهَدٰىهُ اِلٰى صِرَاطٍ
مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۲۱﴾ وَاٰتَيْنٰهُ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً ۭ وَاِنَّهٗ فِي الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۲۲﴾ ثُمَّ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ اَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ
اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ۭ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۲۳﴾ اِنَّمَا جُعِلَ السَّبْتُ عَلَي الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ۭ وَاِنَّ رَبَّكَ
لَيَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۲۴﴾ اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ
وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ۭ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿۱۲۵﴾ وَاِنْ
عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِهٖ ۭ وَلَىِٕنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِّلصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۲۶﴾ وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا
تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ﴿۱۲۸﴾ ع ۱۶ ۹ ۲۲

www.besturdubooks.net

بے شک ابراہیم علیہ السلام بڑے مقتدا تھے اللہ تعالیٰ کے فرمانبردار تھے بالکل ایک طرف کے ہو رہے تھے اور وہ شرک کرنے والوں میں سے نہ تھے اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کے شکر گذار تھے اللہ تعالیٰ نے ان کو منتخب کر لیا تھا اور ان کو سیدھے رستہ پر ڈال دیا تھا اور ہم نے ان کو دنیا میں اچھائی دی تھی اور وہ آخرت میں بھی اچھے لوگوں میں ہوں گے پھر ہم نے آپ کے پاس وحی بھیجی کہ آپ ابراہیم علیہ السلام کے طریقہ پر جو کہ بالکل ایک طرف کے ہو رہے تھے چلئے اور وہ شرک کرنے والوں میں سے نہ تھے۔ بس ہفتہ کی تعظیم تو صرف ان ہی لوگوں پر لازم کی گئی تھی جنہوں نے اس میں خلاف کیا تھا بے شک آپ کا رب قیامت کے دن ان میں باہم فیصلہ کر دے گا جس بات میں یہ اختلاف کیا کرتے تھے۔ آپ اپنے رب کی راہ کی طرف علم کی باتوں اور اچھی نصیحتوں کے ذریعہ سے بلائیے اور ان کے ساتھ اچھے طریقہ سے بحث کیجئے آپ کا رب خوب جانتا ہے اس شخص کو بھی جو اس کے رستہ سے گم ہوا اور وہی راہ پر چلنے والوں کو بھی خوب جانتا ہے اور اگر بدلہ لینے لگو تو اتنا ہی بدلہ جتنا تمہارے ساتھ برتاؤ کیا گیا ہے اور اگر صبر کرو تو وہ صبر کرنے والوں کے حق میں بہت ہی اچھی بات ہے اور آپ صبر کیجئے اور آپ کا صبر کرنا خاص خدا ہی کی توفیق سے ہے اور ان پر غم نہ کیجئے اور جو کچھ یہ تدبیریں کیا کرتے ہیں اس سے تنگ دل نہ ہو جائیے اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کے ساتھ ہوتا ہے جو پرہیزگار ہوتے ہیں اور جو نیک کردار ہوتے ہیں۔ ۞

تفسیر: ربط: اوپر شرک وکفر کے اصول وفروع یعنی انکار توحید وانکار رسالت وتحریم حلال وتحلیل حرام کا ابطال اور رد کیا گیا ہے جو مشرکین مکہ جن سے ان مضامین کا اول خطاب ہے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اولاد میں تھے اور اپنے کو ان کے طریقہ پر بتلاتے تھے اس لئے آگے مضامین مذکورہ کی تقویت کے لئے كَانَ أُمَّةً میں ابراہیم علیہ السلام کے مقتدائے خلق ہونا جس کا حاصل نبوت ورسالت ہے اور لَمْ يَكُ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ۞ میں مع سیاق وسباق ان کا مشرک نہ ہونا کہ توحید ہے اور اِنَّمَا جُعِلَ السَّبْتُ میں اشارۃً اشیائے طیبہ کا ان کے یہاں حرام نہ ہونا اور قَانِتًا کے عموم سے تحلیل حرام وتحریم حلال بالہوی دونوں کا نہ ہونا اور اِجْتَبٰهُ وَهَدٰىهُ ۔ وَاٰتَيْنٰهُ میں اس طریقہ کی اور صاحب طریقہ کی فضیلت اور درمیان میں ثُمَّ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اس طریقہ پر ہونا مع اثبات رسالت کے بیان فرماتے ہیں۔ تاکہ ان کو اپنے طریقہ مخالفہ ملت ابراہیمیہ کے ترک کی اور حضور ﷺ کے طریقہ موافقہ ملت ابراہیمیہ کے اختیار کی ترغیب ہو جس کے لوازم سے رسالت محمدیہ کے انکار سے بالخصوص باز آنا بھی ہے۔

تحقیق فضیلت ملتِ ابراہیمیہ برائے ترغیب اتباع ملتِ محمدیہ موافقہ بااو!

اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ كَانَ اُمَّةً قَانِتًا لِّلّٰهِ حَنِيْفًا ؕ (الی قولہ تعالیٰ) وَاِنَّ رَبَّكَ لَيَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ۞ بیشک ابراہیم (علیہ السلام جن کو تم بھی مانتے ہو) بڑے مقتدا (یعنی نبی اولوالعزم امت عظیمہ کے متبوع) تھے (پھر مسئلہ نبوت میں کلام کے کیا معنی اور) اللہ تعالیٰ کے (پورے) فرمانبردار تھے (اپنی ہوائے نفسانی سے کوئی عقیدہ یا عمل نہ کرتے تھے پھر تحلیل حرام اور تحریم حلال میں بلا دلیل اپنی ہوائے نفسانی کی پیروی کیوں کرتے ہو اور وہ) بالکل ایک (خدا کی) طرف کے ہو رہے تھے اور (مطلب ایک طرف ہونے کا یہ ہے کہ) وہ شرک کرنے والوں میں سے نہ تھے (بلکہ موحد خالص تھے پھر تم شرک کیوں کرتے ہو اور وہ) اللہ کی نعمتوں کے (بڑے) شکر گزار تھے (پھر تم شرک وکفر کر کے ناشکری کیوں کرتے ہو جیسا اوپر آیا ہے فَكَفَرَتْ بِاَنْعُمِ اللّٰهِ غرض ابراہیم علیہ السلام کی یہ شان اور طریقہ تھا اور وہ ایسے مقبول تھے کہ) اللہ تعالیٰ نے ان کو منتخب کر لیا تھا اور ان کو سیدھے راستہ پر ڈال دیا تھا اور ہم نے ان کو دنیا میں بھی خوبیاں (مثل نبوت واجتباء وہدایت) دیں تھیں اور وہ آخرت میں بھی (اعلیٰ درجہ کے) اچھے لوگوں میں ہوں گے (پس ایسے مقبول کا جو طریقہ ہو گا وہ بالکل مقبول ہو گا اس کو اختیار کرنا چاہئے اور وہ اب منحصر ہے طریقۂ محمدیہ میں چنانچہ اس کا ذکر فرماتے ہیں کہ) پھر ہم نے آپ کے پاس وحی بھیجی کہ آپ ابراہیم کے طریقہ پر جو کہ بالکل ایک (خدا کی) طرف کے ہو رہے تھے (اس حیثیت سے کہ وہی آپ کی شریعت ہے) چلئے اور (چونکہ ان کے مدعیان اتباع مشرک واہل کتب کچھ نہ کچھ شرک میں مبتلا تھے اس لئے مکرر فرماتے ہیں کہ) وہ شرک کرنے والوں میں سے نہ تھے (تاکہ مشرکین کے ساتھ یہود ونصاریٰ کے طریقہ موجودہ کی بھی نفی ہو جاوے اور جیسا شرک کی نفی مکرر اہتمام کے لئے فرمائی اسی طرح اہتمام کے لئے کہ ایسے رسوم میں زیادہ مبتلا تھے تحریم طیبات کی نفی کی طرف باوجودیکہ قانتاً کے عموم میں مذکور ہو چکی ہے مکرر اشارہ قریب بصراحت فرماتے ہیں کہ) بس ہفتہ کی تعظیم (یعنی اس میں مچھلی کے شکار کی ممانعت جو کہ تحریم طیبات کی ایک فرد ہے وہ) تو صرف ان ہی لوگوں پر لازم کی گئی تھی جنہوں نے (آخر میں) اس میں (عملاً) خلاف کیا تھا (کہ کسی نے مانا اور عمل کیا کسی نے خلاف کیا مراد اس سے یہود ہیں یعنی تحریم طیبات کی یہ صورت مثل دوسری صورتوں کے صرف یہود کے ساتھ مخصوص تھی ملت ابراہیمی میں نہ تھی آگے احکام میں

www.besturdubooks.net

اختلاف کرنے کے متعلق فرماتے ہیں کہ) بیشک آپ کا رب قیامت کے دن ان میں باہم (عملاً) فیصلہ کردے گا جس بات میں یہ (دنیا میں) اختلاف کیا کرتے تھے **ف**: اِنَّمَا جُعِلَ السَّبْتُ میں صرف تحریم طیبات کا اشارہ ہے شاید تکریر میں اس کی تخصیص اس لئے ہو کہ اس میں شعبہ شرک کا تھا کہ تعظیم اصنام اس تحریم کا سبب تھا بخلاف تحلیل حرام کے کہ فی نفسہٖ مستقل غلطی تھی تعظیم اصنام کو اس میں دخل نہ تھا اور پھر تحریم طیبات کی صورتوں میں سے ذکر سبت سے صرف تحریم سمک کو مثال میں لانا شاید اس لئے ہو کہ اور طیبات کی تحریم کا اوپر وَ عَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا الخ میں ذکر آ چکا تھا واللہ اعلم۔ **زلط**: اوپر: ثُمَّ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ الخ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کے اثبات سے یہ مقصود تھا کہ مرسل الیہم اس رسالت کے حقوق ادا کریں یعنی تصدیق اور اتباع کریں آگے خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ادائے رسالت کے حقوق و آداب کی تعلیم ہے جن میں سے مراعاۃ عدل فی الانتقام میں خصوصاً اور آپ کے تابعین کو بھی عموماً خطاب ہے کیونکہ انتقام میں عادۃً تابعین کا اشتراک ضروری ہے بخلاف تبلیغ و دعوت و بقیہ احکام مذکورہ آیت کے نبی سے بالانفراد بھی اس کا صدور ہو سکتا ہے اس لئے اس میں خطاب خاص ہے۔

آداب تبلیغ احکام رخصت و عزیمت در انتقام ☆ اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ۝ آپ اپنے رب کی راہ (یعنی دین) کی طرف (لوگوں کو) علم کی باتوں (کے ذریعہ سے جن سے مقصود اثبات مدعا ہوتا ہے) اور اچھی نصیحتوں کے ذریعہ سے (جن سے مقصود ترغیب و ترہیب و ترقیق قلب ہوتا ہے) بلایئے اور (اگر بحث آن پڑے تو) ان کے ساتھ اچھے طریقہ سے (کہ جس میں شدت و خشونت نہ ہو) بحث کیجئے (بس اتنا کام آپ کا ہے پھر آپ اس تحقیق میں نہ پڑیئے کہ کس نے مانا کس نے نہیں مانا کیونکہ یہ کام خدا کا ہے پس) آپ کا رب خوب جانتا ہے اس شخص کو بھی جو اس کے راستہ سے گم ہوا اور وہی راہ پر چلنے والوں کو بھی خوب جانتا ہے اور (اگر کبھی کفار جدال علمی کی حد سے گذر کر جدال عملی تک پہنچ جاویں اور ید یا لسان سے ایذا پہنچاویں اس میں آپ کو مع آپ کے تابعین کے بدلہ لینا بھی جائز ہے کہ رخصت ہے اور صبر کرنا بھی جائز ہے کہ عزیمت ہے پس) اگر (شق اول اختیار کرو یعنی) بدلہ لینے لگو تو اتنا ہی بدلہ لو جتنا تمہارے ساتھ برتاؤ کیا گیا ہے (اس سے زیادتی مت کرو) اور اگر (شق ثانی اختیار کرو یعنی ان کی ایذاؤں پر) صبر کرو تو وہ (صبر کرنا) صبر کرنے والوں کے حق میں بہت ہی اچھی بات ہے (کہ مخالف پر بھی اچھا اثر پڑتا ہے اور دیکھنے والوں پر بھی اور آخرت میں موجب اجر عظیم ہے) اور (ہر چند کہ صبر کرنا عموماً سب کے لئے عزیمت ہے لیکن خصوصاً آپ کے لئے بوجہ اعظمیت شان کے اوروں سے زیادہ عزیمت ہے اس لئے آپ کو خصوصیت کے ساتھ حکم ہے کہ) آپ صبر کیجئے اور (چونکہ) آپ کا صبر کرنا خاص خدا ہی کی توفیق (خاص) سے ہے (اس لئے آپ تسلی رکھیں کہ صبر میں آپ کو دشواری نہ ہوگی) اور ان (لوگوں کی مخالفت) پر غم نہ کیجئے اور جو کچھ یہ (مخالفت میں) تدبیریں کیا کرتے ہیں اس سے تنگ دل نہ ہو جیے (اس سے آپ کا کوئی ضرر نہیں ہوگا کیونکہ آپ تقویٰ و احسان کے ساتھ موصوف ہیں اور) اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کے ساتھ ہوتا ہے (یعنی ان کا ممد و معاون ہوتا ہے) جو پرہیزگار ہوتے ہیں اور جو نیک کردار ہوتے ہیں۔ **ف**: حکمت اور موعظت حسنہ اور جدال کی تفسیر سے خود ان میں تغائر معلوم ہو گیا اور یہ تفسیر اسلم و اقرب الی العربیۃ ہے بہ نسبت اس کے کہ ان الفاظ کو برہان و خطابت و جدل اصطلاحی پر محمول کیا جاوے جیسا کبیر میں ہے اس میں علاوہ تکلف کے ایک کمی یہ ہے کہ حکمت اور موعظت اور جدال کے مخاطب الگ الگ قسم کے لوگ ہوں گے حالانکہ ذوق سیاق سے یہ بعید معلوم ہوتا ہے اور جاننا چاہئے کہ اصل حکمت میں دلائل قطعیہ ہیں جن کو برہان کہتے ہیں اور ظاہراً قرآن میں بکثرت دلائل خطابیہ عادیہ وظنیہ کا استعمال کیا گیا ہے سو اصل یہ ہے کہ ایسے کسی مدعاء پر ظنی استدلال نہیں کیا گیا جس پر دلیل برہانی قائم نہ ہو بلکہ وہ سب دعوے برہانی ہیں لیکن برعایت فہم مخاطبین اور ان کی تسہیل کے لئے عنوانات مالوفہ اختیار کئے گئے ہیں پس اس سے کوئی شبہ نہ کرے کہ قرآن نے استقراء وغیرہ کو حجت سمجھا ہے اور اس بنا پر اہل قرآن خصم کے ایسے استدلالات پر بے تکلف کلام کرنے کا حق رکھتے ہیں جب تک کہ وہ کوئی برہانی دلیل پیش نہ کریں خوب سمجھ لو۔ اور الا باللہ کے ترجمہ میں توفیق کو خاص کے ساتھ اس لئے مقید کیا گیا کہ بدون توفیق الٰہی کے تو کوئی شخص بھی صبر بلکہ کوئی عمل نیک نہیں کر سکتا پھر آپ اس کی اس میں کیا تخصیص ہے اس قید سے وجہ تخصیص معلوم ہو گئی یعنی توفیق کے مراتب مختلف ہیں نفس توفیق تو مشترک ہے لیکن انبیاء علیہم السلام کے ساتھ خاص اور زائد عنایت ہوتی ہے اور وہ ان کے اعمال میں مؤثر ہوتی ہے فقط۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

تم والحمد للہ تعالیٰ تفسیر سورۃ النحل للرابع والعشرین من جمادی الآخرۃ یوم الخمیس ۱۳۲۴ من الھجرۃ وصلی اللہ علیہ وسلم علی خیر خلقہ محمد والہ واصحابہ اجمعین۔

www.besturdubooks.net

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ وَاٰتَيْنٰهُ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً الخ اس میں دلالت ہے کہ دنیا میں نعمتوں کا مل جانا مقام عقبیٰ کا منقص نہیں اور بعض نے جو کہا ہے کہ مشہور ولی کا مقام غیر مشہور سے کم ہے مراد اس سے وہ ہے جس میں شہرت کی آفات پیدا ہوگئی ہوں ۱۲۔ قولہ تعالیٰ اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ اس میں اہل اللہ کے طریق دعوت کی تفصیل ہے اور یہ کہ تبلیغ کے بعد اصرار کی ضرورت نہیں اور یہی مذاق ہے اہل طریق کا قولہ تعالیٰ: وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ الخ صبر کا خصائل اہل اللہ سے ہونا ظاہر ہے قولہ تعالیٰ: وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ الخ صبر کے بہت مراتب ہیں صبر۔ للہ صبر۔ فی اللہ صبر۔ مع اللہ صبر۔ عن اللہ صبر۔ اللہ (ان سب کی حقیقت اصل رسالہ عربی میں دیکھو) اور یہ صبر باللہ سب سے اکمل اسی لئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ثابت کیا گیا ہے ۱۲۔

الروایات: روی فی فی الصحاح انه مثل ببعض الانصار والمهاجرين ومنم حمزةؓ يوم احد فقالوا لنمثلن بهم ولزبين عليهم فنزل آه والآية على هذه مدنية وفى الروح ذهب الخامس لى انها كمية آه فشمولها لقصة حمزة لكونها عامة واختاره الامام الرازى قلت قاما صدور هذا لقول فلعلهم خصصوا منها الكفارة فنبهوا على عمومها بواسطة نزول جبريل عليه السلام وقراء ته لها تذكير الم لما كانت الرواية۔

اللغات: قوله فى ضيق فى النيسابورى من قرأ بكسر الضاد فظاهر وهو من الكلام القلوب لان الضيق وصف فهو يكون فى الانسان ولا يكون الانسان فيه وفيه لطيفة اخرى وهى ان الضيق اذا عظم وقوى صار كالشئ المحيط به من جميع الجوانب ومن قرأ بفتحها فاما على انه مصدر ايضا او على انه مخفف ضيق فمعناه فى امر ضيق آه ۱۲ قوله مما يمكرون من سببية۔

www.besturdubooks.net

المنزل ④

سورۃ بنی اسرآءیل

سورۂ بنی اسرآءیل ۱۷ مکیۃ ۵۰ | بسم اللہ الرحمن الرحیم | آیاتھا ۱۱۱ رکوعاتھا ۱۲

سورۂ بنی اسرائیل مکہ میں نازل ہوئی | شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں | اس میں ۱۱۱ آیات اور ۱۲ رکوع ہیں

سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِہٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا الَّذِیْ بٰرَکْنَا حَوْلَہٗ لِنُرِیَہٗ مِنْ اٰیٰتِنَا ؕ اِنَّہٗ ہُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ ①

وہ پاک ذات ہے جو اپنے بندہ (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) کو شب کے وقت مسجد حرام سے (یعنی مسجد کعبہ) سے اقصیٰ (یعنی بیت المقدس) تک جس کے گرداگرد ہم نے برکتیں کر رکھی ہیں لے گیا تا کہ ہم ان کو اپنے کچھ عجائبات قدرت دکھلا دیں بے شک اللہ تعالیٰ بڑے سننے والے بڑے دیکھنے والے ہیں۔ ۞

تفسیر: سورۃ بنی اسرائیل مکیۃ وقیل الا قولہ وان کادوا لیفتونک الی اخر ثمان اٰیات وھی مائۃ وعشر اٰیات کذا فی البیضاوی۔ اس سورت میں زیادہ مضامین توحید متضمن انعامات کے اور رسالت کے ہیں چنانچہ قصہ معراج سے کہ خارق عظیم ہے اس کی ابتداء کی گئی جو کہ تنزیہ الٰہی کے ساتھ دلالت کرتی ہے رسالت پر اور اس مضمون سے اس کی ابتداء سورۂ نحل کی انتہاء سے بھی متناسب ہے اور تقویت رسالت کے لئے موسیٰ اور نوح علیہما السلام کا ذکر لایا گیا اور اس کی تصدیق کی ترغیب کے لئے نجات طوفان نوح اور تکذیب کی ترہیب کے لئے قصہ فساد بنی اسرائیل اور ان کی سزایابی کا سنایا گیا پھر قرآن کو کہ دلیل رسالت ہے ہادی بتایا گیا یہ رکوع اول ہے پھر توقف عذاب سے جو رسالت پر شبہ تھا اس پر کلام کیا گیا' عذاب کا وقت بتایا گیا' قری سابقہ کا عذاب سنایا گیا دنیا کی مذمت کی گئی جس کی محبت مانع ایمان ہے یہ رکوع دوم ہے قرآن کے بعض احکام بتلائے گئے جن کی لفظی اعجاز اور معنوی خوبی سے رسالت پر استدلال کیا جا سکتا ہے یہ رکوع سوم و چہارم ہے اس کے بعد توحید کا اثبات ہے پھر قرآن اور رسالت کی بحث ہے اور رسالت پر جو اخبار عن البعث سے شبہ تھا اس کا جواب ہے یہ رکوع پنجم ہے پھر انکار و اعتراض پر جو مسلمانوں کو غصہ آ جاتا تھا اس میں نرمی کا حکم ہے پھر رسالت داؤدیہ سے رسالت محمدیہ کی تقویت ہے پھر شرک کا ابطال ہے پھر انکار پر وعید ہے پھر ایک شبہ متعلقہ رسالت کا جواب ہے یہ رکوع ششم ہے پھر ضرر مخالفت ظاہر کرنے کے لئے ابلیس کا قصہ ہے پھر دلائل توحید ہیں یہ رکوع ہفتم ہے پھر مخالفت پر قیامت کی وعید ہے پھر کچھ رسالت کے متعلق مضمون ہے یہ رکوع ہشتم ہے پھر کچھ قرآن کے بعض آثار اور منکرین کی ناشکری کا تسلیہ رسول اللہ ﷺ کے لئے بیان ہے یہ رکوع نہم ہے پھر رکوع دہم سے آخر سورت تک رسالت کے متعلق بحث چلی گئی ہے اور ساتھ ساتھ کچھ کچھ مضامین وعید کے ہیں اس تقریر سے سورۂ ہذا کے اجزا کا باہمی ارتباط اور اس کے ابتدا کا سورت سابقہ کے انتہا سے تناسب اور نیز دونوں سورتوں کو بوجہ مشترک فیہ ہونے توحید و رسالت کے مع قطع نظر کے کمی و بیشی سے ظاہر و باہر ہے۔

قصہ اجمالی معراج ☆ سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِہٖ لَیْلًا (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّہٗ ہُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ ① وہ ذات پاک ہے جو اپنے بندہ (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) کو شب کے وقت مسجد حرام (یعنی مسجد کعبہ) سے مسجد اقصیٰ (یعنی بیت المقدس) تک جس کے گرداگرد (کہ ملک شام ہے) ہم نے (دینی و دنیوی) برکتیں کر رکھی ہیں (دینی برکت یہ ہے کہ وہاں بکثرت انبیاء مدفون ہیں دنیوی برکت یہ کہ وہاں اشجار و انہار و پیداوار کی کثرت ہے غرض اس مسجد اقصیٰ تک عجیب طور پر اس واسطے) لے گیا تا کہ ہم ان (بندہ) کو اپنے کچھ عجائبات قدرت دکھلا دیں (جن میں بعض تو خود وہاں کے متعلق ہیں مثلاً اتنی بڑی مسافت مدت قصیرہ میں طے کرنا سب انبیاء علیہم السلام کو دیکھنا ان کی باتیں سننا وغیرہ ذالک اور بعض آگے کے متعلق ہیں مثلاً آسمانوں پر جانا اور عجائبات کثیرہ دیکھنا) بیشک اللہ تعالیٰ بڑے سننے والے بڑے دیکھنے والے ہیں (چونکہ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال کو سنتے احوال کو دیکھتے تھے اس لئے ان کو اس طرح مکرم و مقرب بنایا)۔

ف: اس مقام پر چند تنبیہات اور چند تحقیقات اور چند اشکالات ہیں۔

www.besturdubooks.net

تنبیہ اول: سبحان تنزیہ وتعجیب کے لئے مستعمل ہے چونکہ یہ لے جانا عجیب تھا اور عجیب ہونے کی وجہ سے قدرت عظیمہ پر دال ہے اسلئے اس سے شروع کرنا مناسب ہوا اور اسی لئے احقر نے ترجمہ میں لفظ عجیب طور پر کو ظاہر کر دیا اور یہ جانا براق پر تھا جیسا صحاح میں ہے جس کی برق رفتاری بھی عجیب تھی۔

تنبیہ دوم: اس مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک لے جانے کو اسرا کہتے ہیں اور آگے آسمانوں پر جانے کو معراج کہتے ہیں اور گاہے دونوں لفظ مجموعہ پر اطلاق کئے جاتے ہیں۔

تنبیہ سوم: یہاں **بِعَبْدِهٖ** کہنے سے دو فائدے ہیں ایک تو اظہار آپ کے قرب وقبول کا دوسرے اس عجیب معجزہ کی وجہ سے کوئی آپ ﷺ پر الوہیت کا شبہ نہ کر سکے۔

تنبیہ چہارم: ہر چند کہ **اَسْرٰی** رات ہی کے چلنے کو کہتے ہیں لیکن **لَیْلًا** کی تصریح اس لئے ہے کہ تا کہ باعتبار عرف ومحاورات کے تبعیض پر دال ہو اور زیادہ دلالت کرتے قدرت پر کہ تھوڑی ہی رات میں اتنا دراز کام کر لیا گیا اور دلالت علی التبعیض کی تصریح عبدالقاہر سے اور اس کی توجیہ سیبویہ اور ابن مالک سے صاحب روح نے اس طرح نقل کیا ہے: **اللیل والنهار اذا عرفا كانا معيارا للتعميم وظرفا محددا بخلاف المنكر فلما عدل عن تعريفه علم انه لم يقصد استغراق السرى۔**

تنبیہ پنجم: مسجد حرام کا اطلاق گاہے مطلق حرم پر بھی آتا ہے اور یہاں دونوں معنی صحیح ہو سکتے ہیں کیونکہ بعضی حدیثوں میں آیا ہے کہ آپ اس وقت حطیم میں تشریف رکھتے تھے اور بعض میں آیا ہے کہ ام ہانی رضی اللہ عنہا کے گھر میں تھے پس آیت کو دونوں پر محمول کر سکتے ہیں اور وجہ تطبیق دونوں حدیثوں میں بہت سہل ہے کیونکہ ام ہانی رضی اللہ عنہا کے گھر سے حطیم میں آجانا اور وہاں سے آگے جانا کوئی امر مستبعد نہیں۔

تنبیہ ششم: مسجد اقصیٰ کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ اقصیٰ کے معنی عربی میں ہیں بہت دور چونکہ وہ مسجد مکہ سے بہت دور ہے اس لئے اقصیٰ کہا گیا۔

تنبیہ ہفتم: ہر چند کہ عجائبات کا مشاہدہ بدون آپ کے لیجائے ہوئے بھی ممکن تھا لیکن اس میں اور اسی طرح رکوب میں اور زیادہ اکرام واظہار شان ہے اس لئے آپ کو اس طرح لے گئے۔

تنبیہ ہشتم: رات کی تخصیص میں یہ حکمت لکھی ہے کہ عادۃً وقت خلوت کا ہے اس میں بلا تاویل ہے زیادت اختصاص کی۔

تنبیہ نہم: یہاں مسجد اقصیٰ سے مراد صرف اس مسجد کی زمین ہے کہ حقیقت میں مسجد اصالتاً زمین ہی ہوتی ہے اور عمارت تو تبعاً مسجد ہوتی ہے وجہ اس مراد لینے کی ہے کہ یہ امر تاریخ سے ثابت ہے عیسیٰ علیہ السلام کے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے کے درمیان میں اس کی عمارت منہدم کر دی گئی تھی چنانچہ عنقریب تفسیر آیات **وَقَضَيْنَآ اِلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ** میں مذکور ہوگا اس لئے ظاہراً اس پر شبہ ہوتا ہے کہ مسجد اقصیٰ کا جب اس وقت وجود ہی نہ تھا پھر وہاں تک لے جانے کے کیا معنی پس اس مراد کی تعیین سے وہ شبہ جاتا رہا اور اگر اس حدیث پر شبہ ہو کہ کفار معترضین نے آپ ﷺ سے بیت المقدس کی ہیئت وکیفیت دریافت کی تھی اس کے کیا معنی تو اس کا جواب یہ ہے کہ اول تو منہدم عمارت کی ہیئت وکیفیت دریافت کرنا بھی ممکن ہے علاوہ اس کے اس زمین کے قرب میں لوگوں نے کچھ عمارتیں بنام نہاد بیت المقدس کے بنالی تھیں اس سے بھی سوال ممکن ہے۔

ضمیمہ: یہ جو کچھ اوپر گذرا تفسیر حقانی سے لکھا گیا تھا بعد میں اس کے متعلق ایک دوست کا خط آیا جس سے عمارت مسجد کا عہد فاروقی تک باقی رہنا معلوم ہوتا ہے لہٰذا اس خط کو مع اپنے جواب کے بعینہٖ ذیل میں نقل کیا جاتا ہے۔

السوال: تنویر السراج ص ۱۷ تنبیہ نہم میں حضرت والا نے تحریر فرمایا ہے یہاں مسجد اقصیٰ سے مراد صرف اس مسجد کی زمین ہے الیٰ قولہ اس کی عمارت منہدم کر دی گئی الخ اور بیان القرآن تفسیر سورۂ بنی اسرائیل میں بھی یہی ارشاد ہوا ہے بندہ نے اس کے متعلق بعض وجوہات سے تواریخ کی مختلف کتابوں کو دیکھا سب سے زیادہ معتبر تاریخ محمد بن جریر الطبری کو دیکھا اس میں خلافت فاروقی ۱۵ھ کے وقائع میں جلد چہارم میں یہ عبارت درج ہے بعینہٖ نظر انور میں گذارتا ہوں۔

قال لما شخص عمر من الجابية الى ايلياء فدنا من باب المسجد قال ارقبوا لى كعبا فلما انفرق به الباب قال لبيك اللهم لبيك بما هو احب اليك ثم قصد المحراب محراب داؤد عليه السلام وذلك ليلا فصلى فيه ولم يلبث ان طلع الفجر فامر المؤذن بالاقامة فتقدم وصلى بالناس وقرأ بهم ص وسجد فيها ثم قام وقرأ بهم فى الثانية صدر بنى اسرائيل ثم ركع ثم انصرف فقال على بكعب تاتى به فقال اين ترى ان نجعل المصلى فقال الى الصخرة فقال ضاهيت والله اليهودية ياكعب وقد رأيتك وخلعك نعليك فقال احببت ان اباشره بقدمي فقال قد رأيتك بل نجعل قبلته صدره كما جعل رسول الله صلى الله عليه وسلم قبلة مساجدنا صدورها اذهب اليك فانا لم نؤمر بالصخرة ولكنا امرنا بالكعبة فجعل قبلته صدره ثم قام من مصلاه الى كناسة قد كانت الروم قد دفنت بها بيت المقدس فى

www.besturdubooks.net

زمان بنی اسرائیل فلما صار الیهم ابرزوا بعضها وترکوا سائرها وقال یا ایها الناس اصنعوا کما اصنع وجثا فی اصلها وحثا فی فرج من فروج قبائه وسمع التکبیر من خلفه وکان یکره سوء الرعة فی کل شئ فقال ما هذا فقالوا کبر کعب وکبر الناس تکبیره فقال علی به فاتی به فقال یا امیر المؤمنین انه حدثنا علی ما صنعت الیوم بنی منذ خمسمائة سنة فقال وکیف فقال ان الروم انما روا علی بنی اسرائیل فادیلوا علیهم مدفنوه ثم ادیلوا فلم یفرغوا له حتی اغارت علیهم فارس فبغوا علی بنی اسرائیل ثم ادیلت الروم علیهم الی ان ولیت فبعث الله نبیا علی الکناسة فقال ابشری او ری شلم علیك الفاروق ینقیك مما فیك الخ۔ اس سے فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے زمانہ تک باب المسجد کا باقی ہونا محراب داؤد علیہ السلام کا موجود ہونا صخرہ کا اپنے موقع پر رہنا اور مسجد کو مزبلہ بنانا اور اس کو پاٹ دینا اور اس میں سے بعض کا ابراز اور بقیہ کا کناسہ رکھ چھوڑنا ثابت ہوتا ہے اور بالکل منہدم ہونا ثابت نہیں اور پھر فاروق کا تنقیہ مذکور ہے نہ منہدم کی تعمیر مولوی شبلی صاحب نے الفاروق حصہ دوم ص ۹۶ میں لکھا ہے سب سے پہلے مسجد میں گئے محراب داؤد کے پاس پہنچ کر سجدہ داؤد کی آیت پڑھی اور سجدہ کیا اور طبری کے جستہ جستہ موقع کا اخذ کیا ہے اور تفسیر عزیزی میں وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ کی تفسیر میں کناسہ بنانا اور خنزیر وغیرہ ڈلوانے کا ذکر کیا ہے بہرحال مسجد بیت المقدس کی عمارت باقی رہنا لیکن ویراں حالت پر رکھ چھوڑنا کناسہ ومزبلہ بنانا ثابت ہوتا ہے نہ کہ منہدم ہونا اس سے معراج کی حدیث تمام وکمال اپنی ظاہر پر رہتی ہے اور تنویر ص:۵۹ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہا کی جو حدیث نقل فرمائی ہے وہ بالکل سالم رہتی ہے کیونکہ اس میں دروازوں کا وجود ثابت ہوتا ہے اگر وہ دروازے کفار کو معلوم نہ ہوتے تو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک ایک شمار کر کے بتلانا اور ان کا باور کرنا حیز خفا میں آجاتا ہے اس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی جو رائے ہو اس سے مشرف فرمایا جاؤں۔

الجواب: جَزَاکُمُ اللّٰهُ تعالٰی علی هذا التحقیق ۔ مجھ کو خود تاریخ پر نظر نہیں تفسیر حقانی سے لکھا تھا چنانچہ تفسیر بیان القرآن میں آئندہ کے جس مقام کا حوالہ دیا ہے وہاں تفسیر حقانی سے اخذ کرنے کی تصریح کر دی ہے۔

تنبیہ دہم: الَّذِیْ بٰرَکْنَا بطور مدح کے بڑھایا ہے اور اس سے خود اس مسجد کا مبارک ہونا بدرجۂ اولیٰ مفہوم ہو گیا کیونکہ جب اس کے آس پاس باوجود مسجد نہ ہونے کے برکت ہے تو خود اس میں تو ضرور برکت ہوگی کیونکہ آس پاس دو قسم کی برکتیں ہیں ایک دنیوی سو اس سے تو دینی برکت ضرور زیادہ ہے اور دوسری دینی کہ مدفن انبیاء سے سو دفن ہونا صرف تلبس جسم کا ہے اور قبلہ ہونا جیسا کہ اکثر انبیاء علیہم السلام کا وہ قبلہ رہا ہے تلبس روح کا ہے اور یہ زیادہ موجب برکت ہو گیا خصوص جب کہ وہاں نبی رہ کر عبادت کریں کہ جسم کا تلبس بھی ہو جاوے گا کیونکہ وہ قبلہ ہونے کے ساتھ اکثر انبیاء کا متعبد اور محل عبادت بھی رہا ہے پس اس طرح خود اس مسجد کے مبارک تر ہونے پر دلالت ہو گئی پس بعض کتب میں جو لکھا ہے کہ موضع جسد شریف رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم عرش سے بھی افضل ہے اس کا فضیلت جزئی پر محمول کرنا مناسب ہے واللہ اعلم۔

تنبیہ یازدہم: لِنُرِیَهٗ مِنْ اٰیٰتِنَا میں آیات کا اطلاق جو کہ عرفاً عظم اور کمال پر دال ہوتا ہے اور آیات سماویہ خصوصاً جب کہ آسمانوں پر انبیاء بھی تھے جیسا احادیث معراج میں ہے آیاتِ ارضیہ سے اعظم اور اکمل ہیں اس طرح یہ اطلاق مشیر ہے کہ مسجد اقصیٰ سے آگے بھی آپ کو لے گئے اسی لئے روح المعانی میں یہ تفسیر کی ہے :لنریه من ایتنا ای لنرفعه الی السماء حتی یری ما یری من العجائب مگر تصریح نہ کرنے میں شاید یہ نکتہ ہو کہ وہ اور زیادہ عجیب ہے اور انکار اس کا قریب ہے اور نص قطعی کا انکار کفر ہے پس تصریح نہ کرنا رحمت ہے ضعفاء کے ساتھ۔

تنبیہ دوازدہم: من کا تبعیضیہ لینا اس وجہ سے ہے کہ واقع میں ایسا ہی ہوا تھا چنانچہ صحاح میں ہے اسمع صریف الاقلام کہ قلم کے چلنے کی آواز آتی تھی اور ظاہراً اس سے معلوم ہوتا ہے کہ قلم نہیں دیکھے علی ہذا۔

تنبیہ سیزدہم: اَسْرٰی میں ضمیر غائب کی ہے اس سے شروع کیا گیا اور اِنَّهٗ هُوَ السَّمِیْعُ پر کہ اس میں بھی ضمیر غائب کی ہے ختم کیا گیا اور درمیان میں ضمیر متکلم کہ دال تعظیم پر بھی ہے لائی گئی اس میں یہ نکات ہیں۔

اول: تجدید کلام وتنشیط سامع۔ دوم: برکات اور آیات اور اراءت کا عظیم ہونا۔ سوم: اَسْرٰی کے بعد قرب کے زیادہ ہونے کی طرف اشارہ اور قرب کے وقت اصل تکلم ہے۔

تنبیہ چہاردہم: اِنَّهٗ هُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ کے بڑھانے کا فائدہ علاوہ فائدہ مذکورہ فی المتن کے ایک یہ بھی ہو سکتا ہے کہ مکذبین کو وعید ہے کہ ہم تمہاری تکذیب ومخالفت کو دیکھتے سنتے ہیں خوب سزا دیں گے۔

تنبیہ پانزدہم: لِنُرِیَهٗ مِنْ اٰیٰتِنَا کے بعد اس کا بڑھانا مشیر اس طرف ہے کہ گورویت عجائبات کی رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کو ہوئی مگر علم میں ہمارے برابر نہیں ہو گئے کیونکہ ان کو ہم نے دکھلایا اور ہم بالذات سمیع بصیر ہیں دوسرے انہوں نے بعض آیات کو دیکھا اور ہم علی الاطلاق سمیع بصیر ہیں۔

www.besturdubooks.net

تحقیقات۔ تحقیق اوّل: یہاں مسجد اقصیٰ تک جانا مذکور ہے اندر جانا احادیث میں مصرح ہے کہ آپ ﷺ اندر تشریف لے گئے اور انبیاء علیہم السلام سے ملے اور آپ ﷺ نماز میں ان کے امام بنے۔

تحقیق دوم: آگے آسمانوں کی طرف جانا اس آیت میں مصرح نہیں ہے گو اشارہ اس کی طرف ہے اور اس سے زیادہ صراحت کے قریب اشارہ سورۂ والنجم میں ہے :وَلَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰى ۔ عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى [النجم: ۱۳، ۱۴] یعنی آپ نے جبرئیل علیہ السلام کو دوسری بار سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى کے پاس دیکھا ہے اور پہلی بار کا دیکھنا اس کے قبل وَهُوَ بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰى میں مذکور ہوا ہے سو اس سے ظاہراً معلوم ہوا کہ آپ سِدْرَةُ الْمُنْتَهٰى تک پہنچے تھے کیونکہ عند متعلق رای کے ہے پس رویت عند السدرة سے ظاہراً معلوم ہوتا ہے کہ رای اور مرئ دونوں سدرہ کے پاس ہوں گے پھر حدیثوں میں تو اس کی اس قدر تصریح ہے کہ مجال انکار نہیں۔

تحقیق سوم: جمہور اہلسنت و جماعت کا مذہب یہ ہے کہ معراج بیداری میں جسد کے ساتھ ہوئی اور دلیل اسکی اجماع ہے اور مستند اس اجماع کا یہ امور ہو سکتے ہیں:

اول: حق تعالیٰ نے جس اہتمام سے قصہ اسراء کو بیان فرمایا ہے اس سے اس کا غایت عجیب ہونا معلوم ہوتا ہے۔ اگر یہ نوم میں یا روحانی طور پر ہوتی تو یہ کوئی عجیب بات نہیں ہے۔

دوسرے: بِعَبْدِهٖ سے ظاہراً یہی معلوم ہوتا ہے کیونکہ حقیقی اور متبادر معنی جاء نی عبد فلان کے یہی ہیں کہ وہ بیداری میں دھڑ اور جان سمیت آیا پس عبد کا مصداق مجموعہ روح و جسد اور اس فعل کا صدور مقید بالیقظہ ہوتا ہے الا ان یصرح علی خلاف ذلك۔

تیسرے: اگر یہ خواب کی حالت میں یا روحانی طور پر ہوتی تو جس وقت کفار نے تکذیب کی تھی یا بیت المقدس اور اپنے قافلہ کے حالات پوچھے تھے جیسا کہ حدیثوں میں آیا ہے :بعضها فی الصحاح وبعضها رواه البیهقی وغیره کما فی الدر المنثور تو آپ ﷺ اُس وقت بہت سہولت سے جواب دے دیتے کہ میں بیداری میں اس کے ہونے کا کب مدعی ہوں جو تم ایسی باتیں کرتے ہو اور بیت المقدس کی ہیئت و کیفیت بیان کرنے کے متعلق فکر میں نہ پڑتے جیسا حدیثوں میں ہے کہ آپ ﷺ کو فکر ہوئی حق تعالیٰ نے منکشف کر دیا اور آپ ﷺ نے بتلا دیا رواہ مسلم اور بعض کو آیت :وَمَا جَعَلْنَا الرُّءْيَا الخ سے شبہ ہوا ہے سو اول تو وہاں احتمال ہے کہ واقعہ بدر یا عمرہ مکہ کا خوب مراد ہو جیسا بعض مفسرین اس طرف گئے ہیں جن کا ذکر اجمالاً :اِذْ يُرِيْكَهُمُ اللّٰهُ فِيْ مَنَامِكَ لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا میں آیا ہے اور اگر واقعۂ معراج ہی مراد ہو تو رؤیا بمعنی روایت ہے کیونکہ رأی کے دونوں مصدر ہیں مثل قربی اور قرابت کے یا بقول بعض شب کی رویت کو رؤیا کہتے ہیں گو بیداری میں ہو یا تشبیہاً رویا کہہ دیا ہو اور وجہ تشبیہ کی یا عجائب کا دیکھنا ہے اور یا شب کے وقت واقع ہونا ہے کذا فی روح المعانی اور یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ عالم الغیب کا انکشاف گو بیداری میں ہو مگر اس میں عالم ناسوت سے غیبت ضرور ہوتی ہے گو ہر دو غیبت میں فرق عظیم ہے مگر نفس غیبت کے اشتراک سے یہ بیداری مشابہ نوم کے ہو جاوے گی واللہ اعلم اور بعض کو شریک کی حدیث سے جس کے آخر میں ثم استیقظت ہے شبہ پڑ گیا ہے سو چونکہ شریک محدثین کے نزدیک حافظ حدیث نہیں اور دوسرے حفاظ کے خلاف کیا اس لئے وہ زیادت غیر مقبول ہے کذا فی روح المعانی یا محمول ہے تعداد واقعہ پر کیونکہ علماء نے لکھا ہے کہ عروج روحانی آپ ﷺ کو کئی بار ہوا ہے یعنی اس معراج سے پہلے خواب میں عروج ہوا ہے جس کی حکمت یہ لکھی ہے کہ تدریجاً اس معراج اعظم کی استعداد اور برداشت ہو سکے و نیز ایک توجیہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ مذکورہ بالا تشابہ بالنوم کی بناء پر اس غیبت کے انقطاع کو استیقاظ من النوم کے ساتھ تشبیہ دے کر استیقظت سے تعبیر کر دیا گیا اور بعض کو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ و حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے اقوال سے شبہ پڑ گیا ہے سو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا تو اس وقت تک آپ ﷺ کے نکاح میں بھی نہ آئی تھیں اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ اس وقت تک اسلام بھی نہ لائے تھے خدا جانے کسی سے سن کر کہا ہے یا اجتہاداً کہا ہے یا کسی دوسرے واقعہ کی نسبت کہا اذا جاء الاحتمال بطل الاستدلال علاوہ ازیں قول عائشہ رضی اللہ عنہا ما فقد جسد محمد ﷺ کی یہ توجیہ بھی ہو سکتی ہے کہ فقدان کے معنی تلاش کرنے کے ہیں کما فی سورة یوسف من تنویر المقیاس۔

(قَالُوْا وَاَقْبَلُوْا عَلَيْهِمْ مَّاذَا تَفْقِدُوْنَ) ۔ تطلبون ۔ (قَالُوْا نَفْقِدُ) [یوسف: ۷۱، ۷۲] نطلب (صواع الملك) اھ مطلب یہ کہ معراج کی واپسی اس قدر جلد ہوئی کہ کسی کو آپ ﷺ کے جسد کے غائب ہونے کی اطلاع بھی نہ ہوئی جو تلاش کی نوبت آتی کہ آپ ﷺ کہاں تشریف لے گئے اور اگرچہ اس مضمون کو ما فقد محمد ﷺ سے بھی تعبیر کر سکتے تھے لیکن جسد کی طرف نسبت کرنا اشارہ ہے تعلق معراج بالجسد کی طرف کہ آپ ﷺ کی غیبت ایسی تھی کہ اگر تلاش ہوتی تو تلاش کا متعلق جسد ہوتا سو اس میں بالعکس اور تائید ہوئی اثبات معراج بالجسد کی نہ کہ نفی اور اگر ما فقد جسد محمد ﷺ میں فقدان کے مشہور معنی لئے جاویں تب بھی معراج جسمانی کے منافی نہیں کیونکہ فقدان کے معنی محض غائب اور گم ہونے کے نہیں بلکہ اس کے معنی گم کرنا ہے جس کے لئے ایک کا فاقد دوسرے کا مفقود ہونا ضروری ہے پس مطلب یہ ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اس رات کسی نے گھر سے غائب اور گم نہیں پایا اور یہ درست ہے کیونکہ جب

www.besturdubooks.net

آپ ﷺ تشریف لے گئے اس وقت سب گھر والے سو رہے تھے اور ان کی بیداری سے قبل واپسی ہوگئی غرض اس کی نوبت نہیں آئی کہ کسی نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو گھر میں نہ دیکھا ہو۔

تحقیق چہارم: بیت المقدس تک جانے کا منکر کافر ہے اور ماول مبتدع ہے اور آگے جانے کا منکر ماول مبتدع ہے اور ہر چند کہ سورۂ نجم میں تقریباً تصریح ہے لیکن عند میں احتمال ہے کہ وہ راہ کے مفعول کا حاصل ہو اس لئے آپ کے سدرۃ المنتہیٰ تک پہنچنے میں نص نہیں ہے۔

تحقیق پنجم: اس میں اختلاف ہے کہ حق تعالیٰ کو اس شب میں آپ ﷺ نے دیکھا یا نہیں اس میں سلف اور خلف سب کا اختلاف ہے اور روایات محتمل تاویل کو ہیں کیونکہ روایت مثبتہ رویت میں احتمال ہے کہ رویت بالقلب مراد ہو اور نفی رویت سے کسی خاص رویت کی نفی مراد ہو مثلاً قیامت کے روز جنت میں جو انکشاف ہو گا یہ انکشاف اس سے کم ہو گو رویت صادق آوے جیسے بے عینک دیکھنا بھی دیکھنا ہے اور عینک سے اور زیادہ انکشاف ہوتا ہے غرض اس مسئلہ میں توقف بہتر ہے۔

دفع اشکالات ☆ دفع اشکال اول: بعض کو وسوسہ ہوا ہے کہ ابراہیم علیہ السلام کے باب میں فرمایا ہے نُرِیٓ اِبْرٰهِیْمَ مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ [الأنعام: ۷۵] اور آپ ﷺ کے لئے من تبعیضیہ کیوں فرمایا؟ جواب یہ ہے کہ مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ کل آیات تو نہیں ہیں اور ممکن ہے کہ یہ بعض جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دکھلایا گیا اس بعض سے اعظم ہو۔

دفع اشکال دوم: بعض ظاہر پرست شبہ کرتے ہیں کہ خرق والتیام افلاک پر محال ہے۔ جواب یہ ہے کہ اس دلیل کے سب مقدمات باطل ہیں جیسا اپنے محل میں مذکور ہے۔

دفع اشکال سوم: بعض کہتے ہیں کہ اس قدر سریع کیونکر ممکن ہے جواب یہ ہے کہ بعض کو کب باوجود اسقدر عظیم ہونے کے نہایت سریع ہیں اور سرعت کی عقلاً کوئی حد نہیں ہے۔

دفع اشکال چہارم: بعض کہتے ہیں کہ آسمان کے نیچے ہوا نہیں اور حرارت شدید ہے جسم عنصری سلامت نہیں رہ سکتا جواب یہ ہے کہ محال ممکن نہیں ہوتا لیکن مستبعد واقع ہو سکتا ہے۔

دفع اشکال پنجم: بعض کہتے ہیں آسمان ہی موجود نہیں جواب یہ ہے کہ: هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ [البقرة: ۱۱۱]

تَرْجَمَۃُ مَسَائِلِ السُّؤَالِ: قولہ تعالیٰ: سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِهٖ الخ یہاں آپ کی صفت میں عبد فرمانا اس لئے ہے کہ عبودیت اشرف اوصاف ہے نیز اس میں سد باب ہے کہ آپ کے حق میں کوئی غلو نہ کرنے پاوے جیسا نصاریٰ نے اپنے نبی کی شان میں کیا اور چونکہ اصل معنی اس کے ذل اور خضوع ہے اور یہ بعد معرفت کاملہ کے ہوتا ہے تو اس سے آپ کے کمال معرفت پر دلالت ہوئی قولہ تعالیٰ: لَيْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا۔ اتنی طویل مسافت کا اتنے قصیر زمانہ میں قطع کرنا کئی وجہ کو محتمل ہے ایک یہ کہ مکان و زمان دونوں اپنے حال پر رہیں اور سیر میں اس قدر سرعت ہو اور ظاہر یہی ہے۔ دوسرے یہ کہ زمانہ اپنے حال پر رہے اور طی مکان ہو گیا ہو اور صوفیاء نے اور بعض فقہاء نے اس کو اولیاء کے لئے بھی جائز کہا ہے تیسرے یہ کہ مکان اپنے حال پر رہے اور زمانہ میں بسط اور نشر ہو گیا ہو اور صوفیاء نے اولیاء کے لئے اس کو بھی جائز کہا ہے اور اس باب میں عجیب وغریب حکایات ہیں اور اسی طرح نشر مکان وطی زمان میں بھی خوارق ممکنہ سے ہیں اور صوفیان کے بھی قائل ہیں۔ واللہ اعلم

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃِ: ۱ قولہ و قیل مائۃ واحدی عشر آیۃ ۱۲۔

اللُّغَاتُ: الاسراء السیر باللیل خاصۃ کالسری فاسری وسری بمعنی ویقال اسراہ واسری بہ کاخذ الخطام واخذ بہ ولیست ہمزۃ اسری للتعدیۃ کذا فی الروح قلت وعلم منہ اسری تستعمل لازما ومتعدیا ۱۲۔

وَاٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَجَعَلْنٰهُ هُدًى لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَلَّا تَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِيْ وَكِيْلًا ۝ ذُرِّيَّةَ مَنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ ۭ اِنَّهٗ كَانَ عَبْدًا شَكُوْرًا ۝ وَقَضَيْنَآ اِلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ فِي الْكِتٰبِ لَتُفْسِدُنَّ فِي الْاَرْضِ مَرَّتَيْنِ وَلَتَعْلُنَّ عُلُوًّا كَبِيْرًا ۝ فَاِذَا جَاۗءَ وَعْدُ اُوْلٰىهُمَا بَعَثْنَا عَلَيْكُمْ عِبَادًا لَّنَآ اُولِيْ بَاْسٍ شَدِيْدٍ فَجَاسُوْا خِلٰلَ الدِّيَارِ ۭ وَكَانَ وَعْدًا مَّفْعُوْلًا ۝ ثُمَّ رَدَدْنَا لَكُمُ الْكَرَّةَ عَلَيْهِمْ

www.besturdubooks.net

وَاَمْدَدْنٰكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَجَعَلْنٰكُمْ اَكْثَرَ نَفِيْرًا ۝٦ اِنْ اَحْسَنْتُمْ اَحْسَنْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ ۚ وَاِنْ اَسَاْتُمْ فَلَهَا ۭ فَاِذَا جَاۗءَ وَعْدُ الْاٰخِرَةِ لِيَسُوْۗءٗا وُجُوْهَكُمْ وَلِيَدْخُلُوا الْمَسْجِدَ كَمَا دَخَلُوْهُ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّلِيُتَبِّرُوْا مَا عَلَوْا تَتْبِيْرًا ۝٧ عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يَّرْحَمَكُمْ ۚ وَاِنْ عُدْتُّمْ عُدْنَا ۘ وَجَعَلْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ حَصِيْرًا ۝٨

اور ہم نے موسیٰ کو کتاب (یعنی توریت) دی اور ہم نے اس کو بنی اسرائیل کے لئے (آلہ) ہدایت بنایا کہ تم میرے سوا (اپنا) کوئی کارساز مت قرار دو۔ اے لوگوں کی نسل جن کو ہم نے نوح علیہ السلام کے ساتھ سوار کیا وہ نوح علیہ السلام بڑے شکر گذار بندہ تھے اور ہم نے بنی اسرائیل کو کتاب میں یہ بات (بطور پیشین گوئی) بتلا دی تھی کہ تم سرزمین (شام) میں دوبارہ خرابی کرو گے اور بڑا زور چلانے لگو گے پھر جب ان دو بار میں سے پہلی بار کی میعاد آئے گی تو ہم تم پر اپنے ایسے بندوں کو مسلط کریں گے جو بڑے جنگجو ہوں گے پھر وہ گھروں میں گھس پڑیں گے اور یہ ایک وعدہ ہے جو ضرور ہو کر رہے گا پھر ہم پھر ان پر تمہارا غلبہ کر دیں گے اور مال اور بیٹوں سے تمہاری مدد کریں گے اور ہم تمہاری جماعت بڑھا دیں گے۔ اگر اچھے کام کرتے رہو گے تو اپنے ہی نفع کے لئے اچھے کام کرو گے اور اگر تم (پھر) برے کام کرو گے تو بھی اپنے ہی لئے۔ پھر جب پچھلی بار کی میعاد آئے گی پھر ہم دوسروں کو مسلط کریں گے تاکہ (مار مار کر) تمہارے منہ بگاڑ دیں اور جس طرح وہ لوگ مسجد (بیت المقدس) میں گھسے تھے یہ لوگ اس میں گھس پڑیں اور جس جس پر ان کا زور چلے سب کو برباد کر ڈالیں عجب نہیں کہ تمہارا رب تم پر رحم فرمائے اور اگر وہی پھر (شرارت) کرو گے تو ہم بھی پھر وہی کریں گے اور ہم نے جہنم کو (ایسے) کافروں کا جیل خانہ بنا (ہی) رکھا ہے۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر حق تعالیٰ نے اپنی تنزیہ اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کی دلیل بیان فرمائی تھی آگے موسیٰ علیہ السلام کا صاحب کتاب ہونا کہ مؤید نبوت محمدیہ ہے اور درمیان میں اس کتاب کے ہادی ہونے کا کہ علی الاطلاق اطاعت احکام پر حامل ہے اور اس کتاب کا ایک مہتم بالشان مضمون کہ مود تنزیہ و توحید حق تعالیٰ ہے بیان فرماتے ہیں اور مخاطبین کو اولاد اصحاب سفینہ نوح کے عنوان سے پکار کر نوح علیہ السلام کا شاکر ہونا بیان فرماتے ہیں کہ عنوان ہذا سے اپنا احسان جو مقتضی تنزیہ و توحید و اطاعت کو ہے اور ان کے شاکر ہونے سے تنزیہ و توحید و اطاعت کی ترغیب اور ان کے نام کی تصریح سے بوجہ مشہور بالنبوۃ ہونے کے نبوت محمدیہ کی تائید مفہوم ہو جاوے۔

تقویت توحید و رسالت مع ترغیب اطاعت بطرزِ بلیغ ☆ وَاٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّهٗ كَانَ عَبْدًا شَكُوْرًا ۝ اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو کتاب (یعنی توریت دی) اور ہم نے اُس کو بنی اسرائیل کے لئے (آلہ) ہدایت بنایا (جس میں اور احکام کے ساتھ یہ توحید کا عظیم الشان حکم بھی تھا) کہ تم میرے سوا (اپنا) کوئی کارساز مت قرار دو اے اُن لوگوں کی نسل جن کی ہم نے نوح (علیہ السلام) کے ساتھ (کشتی میں) سوار کیا تھا (ہم تم سے خطاب کر رہے ہیں تاکہ اس نعمت کو یاد کرو کہ اگر ہم ان کو کشتی پر سوار کر کے نہ بچاتے تو آج تم ان کی نسل کہاں ہوتے اور نعمت کو یاد کر کے اس کا شکر کرو جس کی بڑی فرد توحید ہے اور) وہ نوح (علیہ السلام) بڑے شکر گذار بندہ تھے (پس جب انبیاء شکر کرتے رہے تو تم کیسے اس کے تارک ہو سکتے ہو۔ ربط: اوپر وَجَعَلْنٰهُ هُدًى لِّبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ میں اتباع ہدایت اور اطاعت احکام الٰہیہ کی ترغیب تھی اور كَانَ عَبْدًا شَكُوْرًا ۝ میں اس کی اور تائید تھی آگے ان بنی اسرائیل کی مخالف احکام کا جن کی ہدایت کے لئے وہ کتاب آئی تھی بیان کر کے اس مخالفت و معصیت سے ترہیب اور عبرت دلانے کا مضمون ہے۔

ترہیب از مخالفت و معصیت ☆ وَقَضَيْنَآ الخ ان آیات میں اجمالاً دو واقعوں کا بیان ہے کہ بنی اسرائیل نے ایک بار معاصی میں انہماک کیا تو ان پر اعداء مسلط ہوئے اور ان کو تباہ کیا پھر ذرا شرارت کم ہوئی تو پھر سنبھل گئے مگر بعد چندے پھر ویسی ہی شرارت کی اور پھر اسی طرح تباہ ہوئے اھ اور تاریخ سے ان لوگوں پر چھ حادثوں کا واقع ہونا معلوم ہوتا ہے۔

واقعہ اول: سلیمان علیہ السلام کی وفات کے تھوڑے دنوں بعد حاکم بیت المقدس نے بے دینی اختیار کی اس پر شاہ مصر چڑھ آیا اور بیت المقدس سے بہت سا اسباب چاندی و سونے کا لوٹ لے گیا مگر شہر اور مسجد کو منہدم نہیں کیا۔

واقعہ دوم: تخمیناً چار سو سال کے بعد بعضوں میں بت پرستی اور بعضوں میں نا اتفاقی پیدا ہونے کی نحوست سے ایک اور بادشاہ مصر کا چڑھ آیا اور کسی شہر کی عمارتوں اور مسجد کو بھی صدمہ پہنچایا۔

واقعہ سوم: چند سال بعد بخت نصر شاہ بابل نے چڑھائی کی اور شہر کو فتح کر کے اپنے ساتھ بہت سے قیدی پکڑ لے گیا اور مال و دولت لوٹا اور ایک

www.besturdubooks.net

شخص کو پہلے بادشاہ کے خاندان میں سے اپنا نائب مقرر کر کے چلا گیا۔

واقعہ چہارم: اس نئے بادشاہ نے جو کہ بت پرست و بدکار تھا اور حضرت ارمیا علیہ السلام کی نصیحت نہ سنتا تھا بخت نصر سے بغاوت کی وہ پھر چڑھ آیا اور اس قدر کشت وخون وقتل وغارت کیا جس کی حد نہیں اور شہر اور مسجد میں آگ لگا دی اور بالکل میدان کر دیا اور یہ حادثۂ عظیم تخمیناً چار سو پندرہ سال بعد تعمیر مسجد کے گذرا ہے اور اس کے بعد یہود جلاوطن ہو کر ستر سال تک بابل میں نہایت ذلت وخواری سے رہے پھر شاہ بابل کا شاہ ایران کے ہاتھوں استیصال ہوا تو شاہ ایران نے پھر یہود پر رحم کر کے ان کے ملک شام میں پہنچا دیا اور سامان بھی واپس دیا پھر یہود نے شاہان ایران کی مدد سے پھر مسجد کو نمونہ سابقہ پر تیار کیا اور شہر پناہ وغیرہ کو بھی از سر نو بنایا اور اب تک یہود اپنے افعال قبیحہ پر نادم اور تائب تھے۔

واقعہ پنجم: مگر اس کے بعد پھر وہی پرانی شرارتیں سوجھیں تو ایسے اسباب جمع ہوئے کہ ایک بادشاہ جس نے انطاکیہ آباد کیا ہے بیت المقدس پر حضرت مسیح علیہ السلام سے ایک سو ستر برس پہلے چڑھ آیا چالیس ہزار یہود کو قید چالیس ہزار کو قتل کیا اور مسجد کی بڑی بے عزتی کی مگر مسجد بچ رہی پھر اس بادشاہ کے جانشینوں میں سے ایک بادشاہ نے شہر اور مسجد کو ویران کر دیا پھر بعد چندے سلاطین روم کی اس جگہ حکومت ہو گئی انہوں نے مسجد کو درست کیا اور اس کے آٹھ سال بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام پیدا ہوئے۔

واقعہ ششم: پھر یہود نے سلاطین روم سے بغاوت اختیار کی آخر رومیوں نے پھر شہر اور مسجد کی وہی حالت بنائی اس وقت کے بادشاہ رومی کا نام طیطس تھا جو نہ یہودی تھا نہ نصرانی کیونکہ اس کے بہت روز بعد قسطنطین اول عیسائی ہوا ہے یہ حادثہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے صعود سے چالیس برس بعد ہوا۔ اس کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ تک یہ مسجد ویران پڑی رہی حتیٰ کہ آپ نے تعمیر کرائی یہ ہے اجمالی حکایت ان واقعات کی اب قرآن میں جو مجملاً دو واقعہ مذکور ہیں ہر چند کہ ان کی تعیین یقینی تو مشکل ہے لیکن انسب اور اقرب یہ ہے کہ ان میں جو بڑے واقعات ہیں جن میں شرارت بھی زیادہ کی اور سزا بھی زیادہ کی اور سزا بھی سخت ملی ان پر محمول کیا جاوے سو ان میں ایک تو واقعۂ چہارم ہے اور ایک واقعۂ ششم اور اگر واقعات کی تفصیل دیکھنا ہو تو تفسیر حقانی ملاحظہ فرمایئے میں نے اس اجمال کا اسی تفصیل سے اقتباس کیا ہے اب تفسیر شروع ہوتی ہے اور یہ بھی کہنا ممکن ہے کہ مرتین سے مراد دو شریعتوں کی مخالفت ہو یعنی لتخالفن شریعتین گو ہر شریعت کی مخالفت کئی کئی بار ہو پس اس طرح اس میں سب واقعات داخل ہو جاویں گے کہ بعض حوادث شریعت موسویہ کی مخالفت کی سزا تھی اور بعض شریعت عیسویہ کی مخالفت کی سزا پھر ان کے بعد ان عدتم میں شریعت محمدیہ کی مخالفت پر وعید ہے اور اس طرح کلام نہایت جامع اور متناسق ہو جاوے گا اور بعض نے خوب کہا ہے کہ قرآن جو اصل مقصود ہے کہ جب معاصی کی کثرت ہوئی سزا دی گئی اس کے لئے تعیین واقعات کی کوئی ضرورت نہیں۔

تفسیر آیات ☆ وَقَضَيْنَآ اِلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ فِي الْكِتٰبِ لَتُفْسِدُنَّ فِي الْاَرْضِ (الی قولہ تعالیٰ) وَجَعَلْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ حَصِيْرًا ۝ اور ہم نے بنی اسرائیل کو کتاب میں (خواہ توریت میں یا اور انبیاء بنی اسرائیل کے صحف میں) یہ بات (بطور پیشینگوئی) بتلا دی تھی کہ تم سرزمین (شام) میں دوبارہ (گناہوں کی کثرت سے) خرابی کرو گے (ایک بار شریعت موسویہ کی مخالفت دوسری بار شریعت عیسویہ کی مخالفت) اور (دوسروں پر بھی) بڑا زور چلانے لگو گے) یعنی زیادتیاں کرو گے پس لتفسدن میں حقوق اللہ کے اور لتعلن میں حقوق العباد کے ضائع کرنے کی طرف اشارہ ہے اور یہ بھی لکھا تھا کہ دونوں بار سخت سزا میں مبتلا کئے جاؤ گے) پھر جب ان دو بار میں سے پہلی بار (کی سزائے شرارت) کی میعاد آوے گی (تو) ہم (تمہاری سزا کے لئے) تم پر اپنے ایسے بندوں کو مسلط کریں گے جو بڑے جنگجو ہونگے پھر وہ (تمہارے) گھروں میں گھس پڑیں گے (اور تم کو قتل اور قید اور غارت کریں گے) اور یہ (وعدۂ سزا) ایک وعدہ ہے جو ضرور ہو کر رہے گا پھر (جب تم نادم وتائب ہو گے تو) ہم پھر ان پر تمہارا غلبہ کر دیں گے (گو بواسطہ سہی کہ جو قوم) ان پر غالب آوے گی وہ تمہاری حامی ہو گی پس تمہارے وہ دشمن اس قوم سے اور تم سے دونوں سے مغلوب ہوں گے اور مال اور بیٹوں سے (جو کہ قید اور غارت کئے گئے تھے) ہم تمہاری امداد کریں گے (یعنی یہ چیزیں تم کو واپس ملیں گی اور ان سے تم کو قوت پہنچے گی) اور ہم تمہاری جماعت (یعنی تابعین کو) بڑھاویں گے (پس جاہ اور مال اور اولاد اور اتباع سب میں ترقی ہو گی جیسا کہ کرۃ اور اموال اور بنین اور نفیرا اس پر دال ہے اور اس کتاب میں بطور نصیحت یہ بھی لکھا تھا) کہ اگر (اب آئندہ کے لئے) اچھا کام کرتے رہو گے تو اپنے ہی نفع کے لئے اچھے کام کرو گے (یعنی دنیا وآخرت میں اس کا نفع حاصل ہو گا) اور اگر (پھر) تم برے کام کرو گے تو بھی اپنے ہی لئے (برائی کرو گے یعنی پھر سزا ہو گی چنانچہ ایسا ہی ہوا جس کا آگے بیان ہے کہ) پھر جب (ان دو بار میں سے) پچھلی بار کی (سزا کی) میعاد آوے گی (اور تم شریعت عیسویہ کی مخالفت اور شرارت کرو گے) ہم پھر دوسروں کو مسلط کریں گے تا کہ (تم کو مار مار کر) تمہارے منہ بگاڑ دیں اور جس طرح وہ (پہلے) لوگ مسجد (بیت المقدس) میں (لوٹ مار کے ساتھ) گھسے تھے یہ (پچھلے) لوگ بھی اس میں گھس پڑیں اور جس جس چیز پر ان کا زور چلے سب کو (ہلاک و) برباد کر ڈالیں (اور اس کتاب میں یہ بھی لکھا تھا کہ اگر اس بعث ثانی کے بعد جب دورہ شریعت محمدی کا ہو تم مخالفت ومعصیت سے باز آ کر شریعت محمدیہ کا اتباع کر لو تو) عجب نہیں

www.besturdubooks.net

(یعنی امید بمعنی وعدہ ہے) کہ تمہارا رب تم پر رحم فرماوے (اور تم کو ادبار و ذلت سے بچاوے) اور اگر تم پھر وہی (شرارت) کرو گے تو ہم بھی پھر وہی (سزا کا برتاؤ) کریں گے (چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت میں انہوں نے آپ کی مخالفت کی پھر قتل اور قید اور ذلیل ہوئے یہ تو دنیا کی سزا ہوگئی) اور (آخرت میں) ہم نے جہنم کو (ایسے[۵]) کافروں کا جیل خانہ بنا (ہی) رکھا ہے۔ ف: الکتاب کے ترجمہ میں جو احقر نے تردید کی ہے وجہ اس کی یہ ہے کہ بقول بعض علماء یہ مضمون اب توریت میں نہیں ہے پس یا تو تحریف ہوئی ہے اور یا اور دوسری الہامی کتب مراد ہیں کہ ان میں اب تک یہ مضامین بکثرت پائے جاتے ہیں واللہ اعلم اور لِيَدْخُلُوا الْمَسْجِدَ میں لام کے داخل ہونے اور اس کے لِيَسُوْٓءٗا پر معطوف ہونے سے یہ شبہ نہ کیا جاوے کہ کیا اللہ تعالیٰ کو یہ مقصود تھا کہ مسجد ویران و تباہ ہو۔ جواب یہ ہے کہ تکویناً مقصود ہونا لازم نہیں آتا جس کا حاصل رضا ہے پس کچھ شبہ نہیں۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَلِيَدْخُلُوا الْمَسْجِدَ یہ آیت نص ہے اس میں کہ شرور و قبائح بھی مصالح کے سبب تکویناً مراد ہوتے ہیں اور چونکہ یہاں کفار ان مصالح کے واسطہ بنائے گئے اس لئے ان کو عبادا لنا فرمایا۔

ملحقات ترجمہ: ۱ قوله فی وعدا ولهما سزائے شرارت کی میعاد اشارة الی ان فی الکلام مضافاً مقدرا ای وعد عقاب اولا هما لان الوعد ظاهره التعلق بامر مرغوب او مرهوب وهذا مقام الوعید ویمکن ان یکون الوعد بمعنی الموعد ای الوقت ویصح تطبیق ترجمتی علی کلیهما۱۲۔ ۲ قوله قبل لیسوء مسلط اشارة الی تقدیر بعثنا بقرینة المقام۱۲۔ ۳ قوله هناك پہلے لوگ الی پچھلے اشارة الی ان مرجع یدخلوا ودخلوا متغایر ان علی حد رجوع الضمیر للدرهم فی قولك عندی درهم ونصفه وهذا اذا قدر قبل لیسوء واو بعثناهم ولو قدر بعثنا اخرین لم یحتج الی هذا التکلف۱۲ فافهم۔ ۴ قوله فی کما دخلوه لوٹ مار تعیین بوجه التشبیه۔ ۵ قوله فی ان عدتم اس کتاب میں هکذا فی الروح فیلزم علی هذا ان الله تعالیٰ او درهم بثلثة عقیبات علی ثلثة مخالفات لکن اخر عن وقوع الثنین وذکر الثالث بعنوان الشرطیة التی لم یخبر عن وقوع مقدمها لکنه قد وقع وتغییر العنوان لنکتة تعمیم الحکم۱۲۔ ۶ قوله فی الکافرین ایسے اشارة الی ان فیه وضع المظهر فی موضع المضمر ایذانا بالعلیة۱۲۔

اختلاف القراءة: فی قراءة ان لا یتخذوا بالغیبة فمن قرأ علی الغیبة فان ناصبة ولام العاقبة محذوفة ای لئلا یتخذوا ومن قرأ علی الخطاب فان مفسرة معناها ای لا تتخذوا کقولك کتبت الیه ان افعل کذا ۱۲۔ فی قراءة لیسوء بالافراد رجوعا للضمیر الی الله تعالیٰ فیه صنعة التفات ان قدر بعثنا وان قدر بعث الله فلا التفات۱۲۔

اللغات: قوله قضینا ای اعلمنا هم کذا فی الروح قلت لما کان الاعلام متضمنا معنی الانهار للخبر عدی بالی والا لعدی بعلی۱۲ قوله لتعلن العلو الارتفاع تجوز به عن التکبر والاستیلاء علی وجه الظلم۱۲ جاسوا قال الراغب توسطوها وترددوا بینها کذا فی الروح قوله الکرة الکر العطف والرجوع تجوز به عن الدولة والغلبة ۱۲۔ قوله نفیرا من ینفر مع الرجل من عشیرته واهل بیته وفی الاعراب تمییز وهو فعل بمعنی فاعل وهو اسم للجماعة وقیل هو جمع نفر مثلی عبد وعبید۱۲۔ قوله لیتبروا لیهلکوا۱۲۔ قوله حصیرا ای سبحان اما جامد او بمعنی حاصر ای محیط فالتذکیر اما علی معنی النسبة ای ذات حصر وعلی تاویل جهنم بمذکر و فی الاعراب لم یؤنثه لان فصیلا بمعنی فاعل۱۲۔

النحو: قوله ان لا تتخذوا فی موضع البدل من الکتاب۱۲۔

البلاغة: قوله فاذا جاء فی موضعین الفاء للتفصیل الاجمال الذی فی لتفسدن مرتین۱۲۔ قوله ان احسنتم احسنتم لم یقل فلها اشارة الی ان الحسنة من شانها ان تصدر ولا بد۱۲ قوله فلها اللام للاختصاص فلا حاجة الی تاویلها بعای۔

إِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَهْدِيْ لِلَّتِيْ هِيَ اَقْوَمُ وَيُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا كَبِيْرًا ۝۹
وَّ اَنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝۱۰ وَيَدْعُ الْاِنْسَانُ بِالشَّرِّ دُعَآءَهٗ بِالْخَيْرِ ؕ وَكَانَ ع
الْاِنْسَانُ عَجُوْلًا ۝۱۱ وَجَعَلْنَا الَّيْلَ وَالنَّهَارَ اٰيَتَيْنِ فَمَحَوْنَآ اٰيَةَ الَّيْلِ وَجَعَلْنَآ اٰيَةَ النَّهَارِ مُبْصِرَةً لِّتَبْتَغُوْا
فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ ؕ وَكُلَّ شَيْءٍ فَصَّلْنٰهُ تَفْصِيْلًا ۝۱۲ وَكُلَّ اِنْسَانٍ اَلْزَمْنٰهُ

www.besturdubooks.net

طٰٓئِرَهٗ فِیْ عُنُقِهٖ ؕ وَنُخْرِجُ لَهٗ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ كِتٰبًا یَّلْقٰىهُ مَنْشُوْرًا ﴿۱۳﴾ اِقْرَاْ كِتٰبَكَ ؕ كَفٰى بِنَفْسِكَ الْیَوْمَ عَلَیْكَ
حَسِیْبًا ﴿۱۴﴾ مَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا یَهْتَدِیْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا یَضِلُّ عَلَیْهَا ؕ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ؕ
وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِیْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلًا ﴿۱۵﴾

بلاشبہ یہ قرآن ایسے طریقہ کی ہدایت کرتا ہے جو بالکل سیدھا ہے (یعنی اسلام) اور ان ایمان والوں کو جو کہ نیک کام کرتے ہیں یہ خوشخبری دیتا ہے کہ ان کو بڑا بھاری ثواب ملے گا اور یہ بھی بتلاتا ہے کہ جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ہم ان کے لئے ایک دردناک سزا تیار کر رکھی ہے اور (بعضا) انسان برائی (یعنی عذاب) کی ایسی درخواست کرتا ہے جس طرح بھلائی کی درخواست اور انسان (کچھ طبعًا ہی) جلد باز ہوتا ہے اور ہم نے رات اور دن کو دو نشانیاں بنایا سو رات کی نشانی کو تو ہم نے دھندلا بنایا اور دن کی نشانی کو ہم نے روشن بنایا تا کہ (دن کو) اپنے رب کی روزی تلاش کرو اور تا کہ برسوں کا شمار اور حساب معلوم کرلو اور ہم نے ہر چیز کو خوب تفصیل کے ساتھ بیان کیا ہے۔ اور ہم نے ہر انسان کا عمل اس کے گلے کا ہار کر رکھا ہے اور (پھر) قیامت کے دن ہم ان کا نامہ اعمال اس کے واسطے نکال کر سامنے کر دیں گے جس کو وہ کھلا ہوا دیکھ لے گا اپنا نامہ اعمال (خود) پڑھ لے آج تو خود اپنا آپ ہی محاسب کافی ہے۔ جو شخص (دنیا میں) راہ پر چلتا ہے وہ اپنے نفع کے لئے راہ پر چلتا ہے اور جو شخص بے راہی کرتا ہے سو وہ بھی اپنے ہی نقصان کے لئے بے راہ ہوتا ہے اور کوئی شخص کسی کا بوجھ نہ اٹھائے گا اور ہم (کبھی) سزا نہیں دیتے جب تک کسی رسول کو نہیں بھیج لیتے۔ ۞

تفسیر ربط: شروع سورت میں معجزۂ معراج سے آپ کی رسالت پر استدلال تھا آگے قرآن کی جو کہ رسالت کی بڑی دلیل ہے مدح ہے اور جیسے اوپر تنزیہ باری تعالیٰ کا مضمون تھا ایسے ہی للتی ھی اقوم مشتمل ہے اس مضمون کو۔

مدح قرآن دال بر توحید و رسالت ☆ اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ یَهْدِیْ (الی قولہ تعالیٰ) اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا اَلِیْمًا ۞ بلاشبہ یہ قرآن ایسے طریقہ کی ہدایت کرتا ہے جو بالکل سیدھا ہے (یعنی اسلام) اور (اس طریقہ کو ماننے اور نہ ماننے والوں کی جزا و سزا بھی بتلاتا ہے چنانچہ) ان ایمان والوں کو جو کہ نیک کام کرتے ہیں یہ خوشخبری دیتا ہے کہ ان کو بڑا بھاری ثواب ملے گا اور یہ بھی بتلاتا ہے کہ جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ہم نے ان کے لئے ایک دردناک سزا تیار کر رکھی ہے۔ ف: اگر اجر کبیر سے مراد مطلق جنت ہے تب تو یَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ کے قید کی سبب ہونے سے اس کا شرط ہونا لازم نہیں آتا اور اگر مراد درجات عالیہ جنت کے ہیں تو شرط ہونا بھی صحیح ہے اور لَا یُؤْمِنُوْنَ میں آخرت کی تخصیص اس لئے ہے کہ ہر واجب الایمان چیز کا ظہور اس میں ہو جاوے گا۔ ربط: اوپر توحید و رسالت و قرآن کی حقیت کا اثبات اور غیر اہل ایمان کے لئے عذاب کا استحقاق مذکور تھا اس پر کفار کو یہ شبہ تھا کہ اگر یہ چیزیں حق ہیں اور ان کا انکار موجب عذاب ہے تو ہم پر دنیا ہی میں عذاب موعود کیوں نہیں آ جاتا کقولہ تعالیٰ: اِنْ كَانَ هٰذَا هُوَ الْحَقَّ مِنْ عِنْدِكَ فَاَمْطِرْ ..... [الأنفال : ۳۲] وَقَالُوْا رَبَّنَا عَجِّلْ لَّنَا قِطَّنَا .....[ص : ۱۶] آگے اس شبہ پر کلام ہے کہ اول وَیَدْعُ الْاِنْسَانُ میں کفار کا استعجال ذکر فرمایا پھر كُلَّ اِنْسَانٍ اَلْزَمْنٰهُ سے رَسُوْلًا ۞ تک حساب و کتاب اور موعود عذاب کا معین وقت پر واقع ہونا بیان فرمایا اور درمیان میں تخلیق لیل و نہار کی حکمت سے کہ تحدید اوقات ہے بطور تنظیر کے اس طرف اشارہ فرمایا کہ جس طرح معمولی واقعات محسوب بالاوقات ہیں اسی طرح واقعات عذاب وغیرہ بھی جن میں جو دنیا میں واقع ہونے والے ہیں وہ اپنے وقت پر ہو جاویں گے اور باقی قیامت کے یوم موعود میں ہونے والے ہیں وہ اپنے وقت پر ہو جاویں گے اس مجموعہ سے ان کے شبہ کا جواب ہو گیا اور ممکن ہے کہ درمیان میں آیت: وَجَعَلْنَا الَّیْلَ ..... تقریر توحید کے لئے ہو جو کہ اوپر بھی مذکور ہوئی ہے اور كُلَّ شَیْءٍ فَصَّلْنٰهُ سے یا تو قرآن کی مدح کرنا ہے جس کا اوپر ذکر ہو چکا ہے اور نیز یہ مضامین مفیدہ بھی اس میں بیان ہو رہے ہیں یا اگر لوح محفوظ مراد ہو تو حساب و کتاب کے مقدر فی اللوح ہونے سے اس کے موقت ہونے کی تقریر ہے۔

جواب شبہ اہل عناد بتوقف عذاب ☆ وَیَدْعُ الْاِنْسَانُ بِالشَّرِّ دُعَآءَهٗ بِالْخَیْرِ ؕ (الی قولہ تعالیٰ) وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِیْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلًا ۞ اور (بعضا) انسان (جیسے کفار ہیں) برائی (یعنی عذاب) کی ایسی درخواست (تقاضے سے) کرتا ہے جس طرح بھلائی کی درخواست (تقاضے اور جلدی کے ساتھ کرتا ہے) اور انسان (کچھ طبعًا ہی) جلد باز (ہوتا) ہے (مگر جنہوں نے اپنی تہذیب کر لی ہے وہ تعجیل ممنوع سے بچتے ہیں اور جو ہدایت یافتہ نہیں ہیں وہ انجام اندیشی نہیں کرتے اور عذاب مانگتے ہیں اور اس کے نہ آنے سے اس کا انکار کرتے ہیں) اور (ہم نے جس طرح تمام واقعات کا حساب وقت پر رکھا ہے اسی طرح عذاب بھی اپنے وقت پر ہوگا آخرت میں تو ضرور اور ممکن ہے کہ کچھ دنیا میں بھی چنانچہ دنیا کے واقعات کا محسوب ہونا دیکھو کہ) ہم نے رات اور دن کو (اپنی قدرت کی) دو نشانیاں بنایا سو رات کی نشانی (یعنی خود رات) کو تو ہم نے دھندلا بنایا اور دن کی نشانی کو روشن بنایا (کہ اس میں سب چیزیں بے تکلف دکھائی دیں) تا کہ (دن میں) اپنے رب کی روزی تلاش کرو اور تا کہ (دونوں رات اور دن کی آمد و رفت و اختلاف الوان و مقدار و اختلاف مبدأ و منتہا سے) برسوں کا شمار اور (دوسرے چھوٹے چھوٹے) حساب معلوم کرلو (جیسا سورۂ یونس کے پہلے رکوع میں بیان ہوا ہے) اور ہم نے ہر چیز کو خوب تفصیل کے ساتھ بیان کیا ہے

www.besturdubooks.net

(خواہ لوح محفوظ پس کل شیٔ عام ہے اور یا قرآن میں پس کل شیٔ سے مراد ضروری ہے اول سورت میں تقریر مطلب کی یہ ہے کہ لوح محفوظ میں ہر شئی کا جدا جدا وقت معین لکھا ہے اور دوسری صورت میں یہ تقریر ہوگی کہ دیکھو قرآن میں کیسے مفید مضامین ہدایت آ گئیں شبہات میں موجب تسکین مذکور ہیں) اور ہم نے ہر (عمل کرنے والے) انسان کا عمل (نیک ہو یا بد) اس کے گلے کا ہار کر رکھا ہے (یعنی ہر شخص کا عمل اس کے ساتھ لازم ہے) اور (پھر) قیامت کے دن ہم اس کا نامۂ اعمال اس کے دیکھنے کے واسطے نکال کر سامنے کر دیں گے جس کو وہ کھلا ہوا دیکھ لے گا اور اس سے کہا جاوے گا کہ لے اپنا نامۂ اعمال (خود) پڑھ لے آج تو خود اپنا آپ ہی محاسب کافی ہے (یعنی اس کی ضرورت نہیں کہ تیرے اعمال کوئی گنا دے نامۂ اعمال پڑھتا جا اور دل میں یاد کر کے ملزم ہوتا جا' مطلب یہ کہ گو ابھی عذاب نہیں آیا لیکن یہ بلا ٹلے گی نہیں ایک وقت ایسا ہوگا کہ اپنے سب اعمال مخزونہ مکنونہ کو کھلی آنکھوں دیکھ لے گا اور حجت استحقاق عذاب کی اس پر قائم ہو جاوے گی اور) جو شخص (دنیا میں) راہ پر چلتا ہے وہ اپنے نفع کے لئے راہ پر چلتا ہے (اس وقت اس کا نفع اس کو نظر آ وے گا) اور جو شخص بے راہی کرتا ہے سو وہ بھی اپنے ہی نقصان کے لئے بے راہ ہوتا ہے (وہ اس وقت اس کا خمیازہ بھگتے گا کسی دوسرے کا کچھ نقصان نہیں کیونکہ ہمارا قانون ہے کہ) کوئی شخص کسی (کے گناہ) کا بوجھ نہ اُٹھاوے گا اور (یہ جو کچھ سزا و عقوبت ہوتی ہے اتمام حجت کے بعد کیونکہ ہمارا قانون اور معمول ہے کہ) ہم (کبھی) سزا نہیں دیتے جب تک کسی رسول کو (ہدایت کے لئے) نہیں بھیج لیتے (بشرطیکہ اس شخص کو بواسطہ یا بلاواسطہ اس رسول کی خبر پہنچ چکی ہو اور پھر بھی نہ مانے اس وقت البتہ سزا تجویز کرتے ہیں)۔ **ف**: تقریر مذکور پر کہ مقصود محسوب ہوتا ہے واقعات کا لِتَبْتَغُوْا کا لانا تذکیر نعمت اور اس طرف اشارہ ہے کہ وقت موعود کے قبل تو ہماری طرف سے نعمتیں فائض ہو رہی ہیں و نیز اشارہ ہے کہ لیل و نہار کی حکمت حساب میں منحصر نہیں بلکہ ایک حکمت ابتغاء بھی ہے اور نُخْرِجُ فرمانا اس وجہ سے ہے کہ نامۂ اعمال عالم غیب میں ملائکہ کے ہاتھوں میں محفوظ تھا اور قتادہ سے منقول ہے کہ بے پڑھا ہوا آدمی بھی نامۂ اعمال پڑھ لے گا کذا فی الروح اور مَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ الخ سے بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ جن قوموں تک رسول کی اصلاً خبر نہیں پہنچی وہ کفر و معاصی پر معذب نہ ہوں گے چنانچہ بعض کا یہی مذہب ہے اور جو بعض اس کے قائل ہیں کہ جن عقائد و اعمال کا قبح و مدرک بالعقل ہو سکتا ہے اور کسی سبب سے ادراک کی تحریک بھی ہوئی اور زمانہ تامل و ادراک کا بھی ملا گو بوجہ عدم تامل کے ادراک نہ ہوا ہو یا یہ کہ ادراک ہو گیا ہو اور پھر ایسے عقائد و اعمال کے مرتکب ہوئے ہوں وہ معذب ہوں گے تو ان بعض کا قول بھی اس آیت کے موافق اس طرح ہو سکتا ہے کہ یہ صورت بھی مثل بعث رسل کے ہے کیونکہ فائدہ بعث رسل سے یہی امر ہے پس مقصود اصلی آیت میں یہی فائدہ مشترکہ ہوگا پس مطلب آیت کا یہ ہوگا: مَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ حتى ننبهه بالنقل او بالعقل والله اعلم۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلِ السُّلُوْك: قولہ تعالیٰ: وَيَدْعُ الْاِنْسَانُ اس میں اشارہ ہے بعض آداب دعا کی طرف کہ استعجال نہ کرے خصوصاً بد دعا میں خصوص دوسرے کے لئے خصوص اپنے انتقام کے لئے جیسے بہت سے مدعی غیظ نفس میں مسلمانوں کے لئے بد دعا کرتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ ضرور قبول ہوگی گویا خدائی ان کے قبضہ میں ہے ۱۲۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَة: ۱ قوله فی اقوم بالکل اشارة الی ان التفصیل یراد به الکمال فلا اشکال من لزوم کون غیر الاسلام قیما ۱۲۔ ۲ قوله فی ان الذین تلاتا ہے اشارة الی تقدیر ویخبر المعطوف علی یبشر ۱۲۔ ۳ قوله فی اٰیة اللیل خودرات اشارة الی ان الاضافة بیانیة ۱۲۔ ۴ قوله فی کل انسان عمل کرنے والے القرینة علیه طائر والمراد به العمل ۱۲۔

رسم الخط: حذف الواو من یدع انما هو فی الخط لعدم التلفظ به ۱۲۔

النَّحْو: قوله للتی ای للطریقة التی وفی حذف الموصوف فخامة کما لا یخفی ۱۲ قوله ان لهم ای بان لهم کما فی الاعراب ۱۲۔ قوله وکل شیٔ منصوب بفعل محذوف لانه معطوف علی الجملة الفعلیة ولو لا ذلك لکان الاولی رفعه لعدم احتیاجه الی التقدیر ۱۲ قوله کل انسان منصوب علی حد کل شیٔ ۱۲۔

البَلَاغَة: قوله محونا هو من قبیل قولهم ضیق فم الرکیة ۱۲۔ قوله الزمناه طائره الطائر کنایة عن العمل لان العرب یطیرون بالطائر فی الخیر والشر وقوله فی عنقه تصویر لشدة اللزوم وکما الارتباط ۱۲۔

وَ اِذَآ اَرَدْنَآ اَنْ نُّهْلِكَ قَرْيَةً اَمَرْنَا مُتْرَفِيْهَا فَفَسَقُوْا فِيْهَا فَحَقَّ عَلَيْهَا الْقَوْلُ فَدَمَّرْنٰهَا تَدْمِيْرًا ﴿۱۶﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا
مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْۢ بَعْدِ نُوْحٍ ؕ وَكَفٰى بِرَبِّكَ بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ خَبِيْرًۢا بَصِيْرًا ﴿۱۷﴾ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعَاجِلَةَ عَجَّلْنَا لَهٗ
فِيْهَا مَا نَشَآءُ لِمَنْ نُّرِيْدُ ثُمَّ جَعَلْنَا لَهٗ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلٰىهَا مَذْمُوْمًا مَّدْحُوْرًا ﴿۱۸﴾ وَمَنْ اَرَادَ الْاٰخِرَةَ وَسَعٰى لَهَا سَعْيَهَا

www.besturdubooks.net

وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَأُولَٰئِكَ كَانَ سَعْيُهُمْ مَّشْكُورًا ﴿١٩﴾ كُلًّا نُّمِدُّ هَٰؤُلَاءِ وَهَٰؤُلَاءِ مِنْ عَطَاءِ رَبِّكَ ۚ وَمَا كَانَ عَطَاءُ رَبِّكَ مَحْظُورًا ﴿٢٠﴾ انْظُرْ كَيْفَ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ ۚ وَلَلْآخِرَةُ أَكْبَرُ دَرَجَاتٍ وَأَكْبَرُ تَفْضِيلًا ﴿٢١﴾

اور جب ہم کسی بستی کو ہلاک کرنا چاہتے ہیں تو اس کے خوش عیش لوگوں کو حکم دیتے ہیں پھر (جب) وہ لوگ وہاں شرارت مچاتے ہیں تب ان پر حجت تمام ہو جاتی ہے پھر اس بستی کو تباہ اور غارت کر ڈالتے ہیں اور ہم نے بہت سی امتوں کو نوح علیہ السلام کے بعد کفر و معصیت کے سبب ہلاک کیا ہے اور آپ کا رب اپنے بندوں کے گناہوں کا جاننے والا دیکھنے والا کافی ہے۔ جو شخص دنیا (کے نفع) کی نیت رکھے گا ہم ایسے شخص کو دنیا میں جتنا چاہیں گے جس کے واسطے چاہیں گے فی الحال ہی دے دیں گے پھر ہم اس کے لئے جہنم تجویز کریں گے وہ اس میں بدحال راندہ (درگاہ) ہو کر داخل ہوگا اور جو شخص آخرت کے ثواب کی نیت رکھے گا اور اس کے لئے جیسی سعی کرنی چاہئے ویسی ہی سعی بھی کرے گا بشرطیکہ وہ شخص مؤمن بھی ہو سو ایسے لوگوں کی یہ سعی مقبول ہوگی۔ آپ کے رب کی (اس) عطا (دنیوی) میں سے تو ہم اِن کی بھی امداد کرتے ہیں اور اُن کی بھی اور آپ کے رب کی (یہ) عطا دنیوی کسی پر بند نہیں۔ آپ دیکھ لیجئے ہم نے ایک کو دوسرے پر کس طرح فوقیت دی ہے اور البتہ آخرت درجوں کے اعتبار سے بھی بہت بڑی ہے اور فضیلت کے اعتبار سے بھی بہت بڑی ہے۔

تفسیر ربط: اوپر وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِينَ الخ میں بدوں بعثت رسول کے عذاب نہ ہونا بیان فرمایا آگے بعثت رسل کے بعد جب کہ اطاعت نہ کریں عذاب کا ہونا بیان فرماتے ہیں تاکہ سننے والے متنبہ ہوں کہ ہماری طرف رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم مبعوث ہو چکے ہیں نہ ماننے سے ہم بھی مستحق عذاب ہو جاویں گے گو وقت معین سے قبل نہ ہو جیسا ان پر بھی معین وقت پر آیا تھا اور اوپر جواب شبہ میں یہ مضمون بھی مذکور تھا۔

استحقاق عذاب عصیان رسل ☆ وَإِذَا أَرَدْنَا أَنْ نُّهْلِكَ قَرْيَةً (الی قولہ تعالیٰ) وَكَفَىٰ بِرَبِّكَ بِذُنُوبِ عِبَادِهِ خَبِيرًا بَصِيرًا ﴿١٧﴾ اور جب ہم کسی بستی کو (جو کہ کفر و معصیت کے سبب بمقتضائے حکمت قابل ہلاک ہو) ہلاک کرنا چاہتے ہیں تو (اس کو قبل بعثت رسل ہلاک نہیں کرتے بلکہ کسی رسول کی معرفت) اس (بستی) کے خوش عیش (یعنی امیر و رئیس) لوگوں کو (خصوصاً اور دوسرے عوام کو عموماً ایمان و طاعت کا) حکم دیتے ہیں پھر (جب) وہ لوگ (کہنا نہیں مانتے بلکہ) وہاں شرارت مچاتے ہیں تب ان پر حجت تمام ہو جاتی ہے پھر اس بستی کو تباہ اور غارت کر ڈالتے ہیں اور (اسی طرز کے موافق) ہم نے بہت سی امتوں کو نوح (علیہ السلام) کے (زمانہ کے) بعد (ان کے کفر و معصیت کے سبب) ہلاک کیا ہے (جیسے عاد و ثمود وغیرہم اور نوح علیہ السلام کی قوم کا ہلاک ہونا مشہور و معروف ہی ہے اس لئے مِنْ بَعْدِ نُوحٍ پر اکتفا کیا گیا اور یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ شروع سورت یعنی آیت : ذُرِّيَّةَ مَنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوحٍ ۚ میں لفظ حَمَلْنَا مشیر ہے ان کی قوم کے اہلاک کی طرف اس لئے گویا اس کو اہلاک قوم نوح کا ذکر قرار دے کر یہاں مِنْ بَعْدِ نُوحٍ فرمایا گیا) اور آپ کا رب اپنے بندوں کے گناہوں کا جاننے والا دیکھنے والا کافی ہے (پس جیسا جیسا گناہ ہوتا ہے ویسی ویسی سزا دیتا ہے) ف: بعض مفسرین نے اَمَرْنَا کے معنی کثرنا کے ہیں یعنی کثیر کر دیتے ہیں کیونکہ امر جس طرح کثیر شد کے معنی میں آتا ہے اسی طرح کثیر نمود کے معنی میں بھی آتا ہے پس یہ لازم و متعدی دونوں ہے کذا فی الروح اس وقت یہ معنی ہوں گے کہ ہم امراء کو باعتبار عدد اور سامان کے بڑھا دیتے ہیں جس کو استدراج کہتے ہیں حتی کہ ان کو خوب غفلت و انہماک ہو جاتا ہے جیسا اس آیت میں ہے: حَتَّىٰ إِذَا فَرِحُوا بِمَا أُوتُوا أَخَذْنَاهُمْ بَغْتَةً [الأنعام: ٤٤] مجموعہ تفسیرین کا حاصل یہ ہوا کہ ہم اتمام حجت کے لئے بعثت رسل اور امہال کو مقدم کر دیتے ہیں اور جس حکمت سے وہ لوگ قابل ہلاک ہوتے ہیں اس کی تعیین و تفتیش ضروری نہیں جیسے دوسرے عام واقعات کی حکمت اور راز کا بھی احاطہ نہیں ہو سکتا پس اس پر یہ لازم نہیں آیا کہ قبل بعثت اگر وہ قابل ہلاک نہیں تھے تو گویا ہلاک کرنے کے لئے یہ سلسلہ نکالا جو ظاہراً بعید از رحمت ہے اور اگر قابل ہلاک تھے تو تفسیر اول پر بدوں بعثت رسل قابل ہلاک ہونے کا قائل ہونا پڑتا ہے حاصل حل اشکال کا شق ثانی کا اختیار کرنا ہے بمقتضائے حکمت الٰہیہ ان کا ہلاک مناسب تھا مگر بالفعل ہلاک ہونا بمقتضائے عادت الٰہیہ بعثت رسل پر موقوف رکھا گیا اور سبب ہلاک ذنوب و فسق ہے نہ کہ محض ارادہ اب شبہ ہلاکت کے مقصود بالذات ہونے کا بھی نہ رہا جیسا ظاہراً إِذَا أَرَدْنَا کے شرط اور اَمَرْنَا کے جزا ہونے سے ہوتا ہے اور اسی واسطے قریہ کے ترجمہ میں اس قید سے مقید کر دیا کہ جو کہ کفر و معصیت کے سبب الخ اور مترفین کی تخصیص ذکر بوجہ ان کے ذی اثر ہونے کے ہے کہ انکی اطاعت کا بھی معصیت کا بھی تعمم کا بھی دوسروں پر در باب کے اثر پڑتا ہے اسلئے ان کو زیادہ سمجھا جاتا ہے دوسرے غافل اور معاند اور احمق بھی زیادہ یہی ہوتے ہیں اور تخصیص ذکر نوح علیہ السلام کی خود تقریر ترجمہ سے ظاہر ہے۔

ربط: اوپر آیات : وَيَدْعُ الْإِنسَانُ الخ میں اس شبہ کا جواب تھا کہ اگر ہمارا طریقہ موجب عذاب ہو تو دنیا ہی میں کیوں نہیں وہ عذاب آ جاتا اب آگے اس شبہ کا جواب ہے کہ اگر ہمارے بعض اعمال مختلف فیہا موجب عذاب بھی ہوں لیکن جو اعمال ہم سے ایسے صادر ہوتے ہیں جو بالاتفاق حسن ہیں جیسے مہمانداری و اعانت مظلوم و انجاح سوال وغیرہا یہ نجات کا ذریعہ ہو جاویں گے حاصل جواب یہ ہے کہ دو حال سے خالی نہیں یا تو ان اعمال سے تم کو نفع دینا مقصود ہے جیسا کہ

www.besturdubooks.net

یہی واقع ہے چنانچہ انکار آخرت اس کی دلیل ہے تب تو تم یُرِیْدُ الْعَاجِلَةَ میں داخل ہو جس کا انجام جہنم اور اگر تم کو نفع آخرت مقصود ہے جیسا کہ محض فرضی صورت ہے تو اس میں فهو مؤمن کی قید ہے جو تم میں مفقود ہے اس لئے وہ بھی نجات کا ذریعہ نہیں ہو سکتا پس بہر حال تم مستوجب عذاب رہے و نیز ساتھ ساتھ دنیا کی تذلیل اور آخرت کی تفضیل بھی مذکور ہے۔

اشتراط نیت آخرت و ایمان برائے قبول اعمال مع تحقیر دُنیا و تفضیلِ آخرت

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعَاجِلَةَ (الی قولہ تعالیٰ) وَلَلْاٰخِرَةُ اَكْبَرُ دَرَجٰتٍ وَّاَكْبَرُ تَفْضِيْلًا ۝ جو شخص (اپنے اعمال نیک سے صرف) دنیا (کے نفع) کی نیت رکھے (خواہ اس لئے کہ آخرت کا منکر ہے یا اس لئے کہ آخرت کی نیت نہیں کی) ہم ایسے شخص کو دنیا میں جتنا چاہیں گے (اور پھر سب کے لئے نہیں بلکہ) جس کے واسطے چاہیں گے فی الحال ہی دے دیں گے (یعنی دنیا ہی میں کچھ جزا مل جاوے گی) پھر (آخرت میں خاک نہ ملے گا بلکہ وہاں) ہم اس کے لئے جہنم تجویز کریں گے وہ اس (جہنم) میں بدحال راندہ (درگاہ) ہو کر داخل ہوگا اور جو شخص (اپنے اعمال میں) آخرت (کے ثواب) کی نیت رکھے گا اور اس (آخرت) کے لئے جیسے سعی کرنا چاہیے ویسی ہی سعی بھی کرے گا (مطلب اس کا یہ ہے کہ وہ عمل قواعد شرعیہ کے موافق کیا کیونکہ آخرت کے لئے وہی سعی کرنا چاہئے جس کا امر ہوا ہو بخلاف ان اعمال کے جو ہوائے نفسانی کے موافق ہوں کہ وہ مقبول نہیں غرض شرع کے موافق عمل کیا) بشرطیکہ وہ شخص مؤمن بھی ہو سو ایسے لوگوں کی یہ سعی (مذکور عنداللہ) مقبول ہوگی (غرض قبول سعی یعنی عمل کی تین شرطیں ہوئیں تصحیح نیت جس پر اَرَادَ الْاٰخِرَةَ دال ہے۔ تصحیح عمل حسب شرع جس پر سَعْيَهَا دال ہے۔ تصحیح عقیدہ جس پر مؤمن دال ہے پس شرائط قبول کے یہ ہیں اور بدوں اس کے غیر مقبول اور کافروں پر نعم دنیویہ ہونا علامت ان کے قبول اعمال کی نہیں ہے کیونکہ نعمت دنیویہ مخصوص مقبولین کے ساتھ نہیں بلکہ) آپ کے رب کی (اس) عطاء (دنیوی) میں سے تو ہم ان (مقبولین) کی بھی امداد کرتے ہیں اور ان (غیر مقبولین) کی بھی (امداد) کرتے ہیں اور آپ کے رب کی (یہ) عطاء (دنیوی کسی پر) بند نہیں (چنانچہ) آپ دیکھ لیجئے ہم نے (اس عطائے دنیوی میں بلا قید ایمان و کفر کے) ایک کو دوسرے پر کس طرح فوقیت دی ہے (حتیٰ کہ اکثر کفار اکثر مؤمنین سے زیادہ متنعم رکھتے ہیں پس یہ چیزیں قابل وقعت نہیں) اور البتہ آخرت (جو مخصوص ہے مقبولین کے ساتھ وہ) درجوں کے اعتبار سے بھی بہت بڑی ہے اور فضیلت کے اعتبار سے بھی بہت بڑی ہے (اس کا اہتمام چاہئے جو مشروط بشرائط مذکورہ ہے)۔ ف: سورۂ ہود کے رکوع دوم کی آیت: مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا نُوَفِّ اِلَيْهِمْ ..... [ہود: ۱۵] سے ظاہراً معلوم ہوتا ہے کہ ان کے اعمال کا بدلہ دنیا میں ضرور ملتا ہے اور اس آیت میں مشیت کے ساتھ مقید ہے یہ اشکال اس آیت کے ترجمہ و تفسیر کے ملاحظہ سے دفع ہو جاوے گا کیونکہ وہاں نُوَفِّ اِلَيْهِمْ اَعْمَالَهُمْ [ہود: ۱۵] کی تفسیر میں ایسے قیود ہیں جن سے لزوم توفیہ جزائے اعمال کا نہیں رہتا بلکہ بعض صورتوں میں توفیہ ہوتا ہے پس مَا نَشَآءُ لِمَنْ نُّرِيْدُ کا مصداق وہی صورتیں ہو جاویں گی اور دونوں آیتوں کا مضمون متحد ہو جاوے گا۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلُ السُّلُوْك: قولہ تعالیٰ: وَاِذَآ اَرَدْنَآ اَنْ نُّهْلِكَ روح میں ہے کہ اس میں اشارہ ہے کہ اسی طرح جب مرید کے قلب کو خراب کرنا منظور ہوتا تو اس پر نفس و شیطان کے عساکر کو مسلط کر دیا جاتا ہے پس شہوات و طبعیات کے اتباع سے خراب ہو جاتا ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: وَمَنْ اَرَادَ الْاٰخِرَةَ الخ روح میں ہے کہ سعی جو آخرت کے لائق ہو وہ ہے جس میں موافقت شریعت اور استقامت ہو قولہ تعالیٰ: كُلًّا نُّمِدُّ هٰٓؤُلَآءِ وَهٰٓؤُلَآءِ مِنْ عَطَآءِ رَبِّكَ الخ یہ صریح ہے اس میں کہ توسع فی الدنیا قبول کی علامت نہیں جیسے بعض مدعیان طریق فخر کیا کرتے ہیں کہ جو شخص ہمارے سلسلہ میں آ جاتا ہے اس کو مال و عہدہ کی ترقی ہو جاتی ہے اور اس میں اس کی بھی اصل ہے جو بعض اکابر کی عادت ہوتی ہے کہ ایصال نفع میں مؤمنین کی تخصیص نہیں کرتے سو یہ تعمیم اخلاق الٰہیہ میں سے ہے اور لَيْسَ عَلَيْكَ هُدٰىهُمْ [البقرة: ۲۷۲] الآیة میں اس کی ترغیب بھی ہے ہاں ہدیہ وغیرہ میں تقویٰ کی رعایت مناسب ہے ۱۲۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَة: ۱ قوله فی امرنا ایمان واطاعت اخرجه ابن جریر عن ابن عباس كذا فی الدر المنثور والقرينة على تقدير قوله بالطاعة قوله تعالىٰ ففسقوا فان المقدر قد يكون عين المذكور وقد يكون ضده تقول امرته فقام وتقول امرته فعصانی ۱۲۔

الرِّوَايَات: من كان يريد العاجلة قال الضحاك من يريد بعمله الدنيا ۱۲ قوله كلا نمد قال الحسن كلا نرزق فی الدنيا البر والفاجر كذا فی الدر المنثور عن ابن ابی حاتم وغيره ۱۲۔

النَّحْو: قوله كلا مفعول مقدم لنمد وهؤلاء وهؤلاء بدل من كلا۔

البَلَاغَة: قوله ما نشاء لمن نريد ذكر المشية فی احدهما والارادة فی الآخر تفنن قوله من عطاء عبر عن الرزق وغيره بالعطاء ايذانا بان لامداد المذكور ليس بطريق الاستيجاب بل بمحض التفضل۔

www.besturdubooks.net

ع ۱۲ لَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتَقْعُدَ مَذْمُوْمًا مَّخْذُوْلًا ﴿۲۲﴾ وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ؕ اِمَّا
يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ اَحَدُهُمَآ اَوْ كِلٰهُمَا فَلَا تَقُلْ لَّهُمَآ اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيْمًا ﴿۲۳﴾ وَاخْفِضْ
لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا ؕ ﴿۲۴﴾ رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا فِيْ نُفُوْسِكُمْ ؕ اِنْ
تَكُوْنُوْا صٰلِحِيْنَ فَاِنَّهٗ كَانَ لِلْاَوَّابِيْنَ غَفُوْرًا ﴿۲۵﴾ وَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ
وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِيْرًا ﴿۲۶﴾ اِنَّ الْمُبَذِّرِيْنَ كَانُوْٓا اِخْوَانَ الشَّيٰطِيْنِ ؕ وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِرَبِّهٖ كَفُوْرًا ﴿۲۷﴾
وَاِمَّا تُعْرِضَنَّ عَنْهُمُ ابْتِغَآءَ رَحْمَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ تَرْجُوْهَا فَقُلْ لَّهُمْ قَوْلًا مَّيْسُوْرًا ﴿۲۸﴾ وَلَا تَجْعَلْ يَدَكَ مَغْلُوْلَةً
اِلٰى عُنُقِكَ وَلَا تَبْسُطْهَا كُلَّ الْبَسْطِ فَتَقْعُدَ مَلُوْمًا مَّحْسُوْرًا ﴿۲۹﴾ اِنَّ رَبَّكَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ؕ
اِنَّهٗ كَانَ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرًا بَصِيْرًا ﴿۳۰﴾ ع ۳

اللہ (برحق) کے ساتھ اور کوئی معبود مت تجویز کرو ورنہ تو بدحال بے یار و مددگار ہو کر بیٹھ جائے گا اور تیرے رب نے حکم کر دیا ہے کہ بجز اس کے کسی کی عبادت مت کرو اور تم اپنے ماں باپ کے ساتھ حسن سلوک کیا کرو اگر تیرے پاس ان میں سے ایک یا دونوں بڑھاپے کو پہنچ جاویں سو ان کو کبھی (ہاں) ہوں بھی مت کرنا اور نہ ان کو جھڑکنا اور ان سے خوب ادب سے بات کرنا اور ان کے سامنے شفقت سے انکساری کے ساتھ جھکے رہنا اور یوں دعا کرتے رہنا کہ اے میرے پروردگار ان دونوں پر رحمت فرمائیے جیسا انہوں نے مجھ کو بچپن میں پالا پرورش کیا۔ تمہارا رب تمہارے مافی الضمیر کو خوب جانتا ہے اگر تم سعادت مند ہو تو وہ توبہ کرنے والوں کی خطا معاف کر دیتا ہے اور قرابت دار کو اس کا حق (مال وغیرہ) دیتے رہنا اور محتاج اور مسافر کو بھی دیتے رہنا اور (مال کو) بے موقع مت اڑانا (کیونکہ) بے شک بے موقع اڑانے والے شیطانوں کے بھائی بند ہیں اور شیطان اپنے پروردگار کا بڑا ناشکرا ہے اور اگر اپنے رب کی طرف سے جس رزق کے آنے کی امید ہو اس کے انتظار میں تجھ کو ان سے پہلوتہی کرنا پڑے تو ان سے نرمی کی بات کہہ دینا اور نہ تو اپنا ہاتھ گردن ہی سے باندھ لینا چاہئے اور نہ بالکل ہی کھول دینا چاہئے ورنہ الزام خوردہ تہی دست ہو کر بیٹھ رہو گے بلاشبہ تیرا رب جس کو چاہتا ہے زیادہ رزق دیتا ہے اور وہی تنگی کر دیتا ہے بے شک وہ اپنے بندوں کو خوب جانتا ہے دیکھتا ہے۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر قبولِ اعمال کی شرطیں بتلائی ہیں اب آگے بعض اعمالِ ضروریہ بتلاتے ہیں کہ طالب آخرت ان کو اختیار کرے اور چونکہ بڑی شرط ایمان و توحید تھی اس لئے ان احکام کو توحید سے شروع کیا اور توحید ہی پر ختم کیا اور دونوں جگہ زیادہ اہتمام کے لئے متقارب ہی الفاظ فرمائے لَا تَجْعَلْ الخ پس اس میں هُوَ مُؤْمِنٌ کی قدرے تفصیل ہو گئی اور درمیان احکام میں رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا فِيْ نُفُوْسِكُمْ ؕ الخ اور اَلْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰٓئِكَ الخ کے عنوان عام میں اشتراطِ نیت بھی داخل ہو گیا پس یہ اَرَادَ الْاٰخِرَةَ کے مناسب ہو گیا اور باقی احکام بتلانے سے قانونِ شرعی کی تعیین ہو گئی اس سے سَعٰى لَهَا سَعْيَهَا کی تبیین ہو گئی اور یہ احکام مختلف انواع کے متعدد اوامر اور متعدد نواحی ہیں جو اپنی حسن و خوبی کی وجہ سے اہل بصیرت کے لئے رسالت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دلائل بھی ہو سکتے ہیں جس میں اوپر کلام تھا۔

حکم اول ..... توحید ☆ لَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتَقْعُدَ مَذْمُوْمًا مَّخْذُوْلًا ﴿۲۲﴾ وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ۔ (اے مخاطب) اللہ (برحق) کے ساتھ کوئی اور معبود مت تجویز کر (یعنی شرک مت کر) ورنہ تو بدحال بے یار و مددگار ہو کر بیٹھ رہے گا اور (آگے پھر اسی کی تاکید ہے کہ) تیرے رب نے حکم کر دیا ہے کہ بجز اس (معبود برحق) کے کسی کی عبادت مت کرو۔

حکم دوم ..... ادائے حقوق ابوین ☆ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ؕ (الی قولہ تعالیٰ) فَاِنَّهٗ كَانَ لِلْاَوَّابِيْنَ غَفُوْرًا ﴿۲۵﴾ اور تم (اپنے) ماں باپ کے ساتھ حسن سلوک کیا کرو اگر (وہ) تیرے پاس (ہوں اور) ان میں سے ایک یا دونوں کے دونوں بڑھاپے (کی عمر) کو پہنچ جاویں (جس کی وجہ سے محتاج خدمت ہو جاویں اور جب کہ طبعاً ان کی خدمت کرنا ثقیل معلوم ہو) سو (اس وقت بھی اتنا ادب کرو کہ) ان کو کبھی (ہوں مت کہنا اور نہ ان کو جھڑکنا اور ان سے خوب ادب سے بات کرنا اور ان کے سامنے شفقت سے انکساری کے ساتھ جھکے رہنا اور (ان کے لئے حق تعالیٰ سے) یوں دعا کرتے رہنا کہ اے میرے پروردگار ان

www.besturdubooks.net

دونوں پر رحمت فرمایئے جیسا انہوں نے مجھ کو بچپن (کی عمر) میں پالا پرورش کیا ہے (اور صرف اس ظاہری توقیر و تعظیم پر اکتفامت کرنا دل میں بھی ان کا ادب اور قصد اطاعت رکھنا کیونکہ) تمہارا رب تمہارے مافی الضمیر کو خوب جانتا ہے (اور اسی وجہ سے تمہارے لئے ایک تخفیف بھی سناتے ہیں کہ) اگر تم (حقیقت میں دل ہی سے) سعادت مند ہو (اور غلطی یا تنگ مزاجی یا دل تنگی سے کوئی ظاہری فروگذاشت ہو جاوے اور پھر نادم ہو کر معذرت کرلو) تو توبہ کرنے والوں کی خطا معاف کر دیتا ہے۔ ف: ارْحَمْهُمَا میں جو دعا کے لئے فرمایا ہے ظاہراً امر مندب واستحباب کے لئے ہے اور بعض نے کہا ہے کہ وجوب کے لئے ہے لیکن عمر بھر میں ایک بار دعا کرنے سے بھی واجب ادا ہو جاوے گا اور بدلائل شرعیہ یہ دعا کرنا مقید ہے ایمانِ ابوین کے ساتھ البتہ اگر حالتِ کفر میں زندہ ہوں اور دعائے رحمت بمعنی دعائے ہدایت کی جاوے تو جائز ہے۔

حکم سوم ادائے حقوق دیگر اہل حق ☆ وَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ وَ لَا تُبَذِّرْ تَبْذِيْرًا ۝

حکم چہارم نہی از تبذیر ☆ وَ لَا تُبَذِّرْ تَبْذِيْرًا ۝ اِنَّ الْمُبَذِّرِيْنَ كَانُوْٓا اِخْوَانَ الشَّيٰطِيْنِ ۭ وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِرَبِّهٖ كَفُوْرًا ۝

حکم پنجم رد جمیل ☆ وَاِمَّا تُعْرِضَنَّ عَنْهُمُ ابْتِغَاۗءَ رَحْمَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ تَرْجُوْهَا فَقُلْ لَّهُمْ قَوْلًا مَّيْسُوْرًا ۝

حکم ششم: اقتصاد در انفاق ☆ وَلَا تَجْعَلْ يَدَكَ مَغْلُوْلَةً اِلٰى عُنُقِكَ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّهٗ كَانَ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرًۢا بَصِيْرًا ۝ اور قرابت دار کو اس کا حق (مالی وغیر مالی) دیتے رہنا اور محتاج اور مسافر کو بھی (ان کے حقوق) دیتے رہنا اور (مال کو) بے موقع مت اُڑانا (کیونکہ) بیشک بے موقع اڑانے والے شیطانوں کے بھائی بند (یعنی ان کے مشابہ ہوتے) ہیں اور شیطان اپنے پروردگار کا بڑا ناشکرا ہے (کہ حق تعالیٰ نے اس کو دولت عقل کی دی مگر اس نے خدا تعالیٰ کی نافرمانی میں اس کو صرف کیا اسی طرح مبذرین کو دولت مال کی دی مگر وہ خدا تعالیٰ کی نافرمانی میں اس کو صرف کرتے ہیں) اور اگر (کسی وقت تمہارے پاس ان لوگوں کے دینے کو نہ ہو اور اس لئے) تم کو اس رزق کے انتظار میں جس کی اپنے پروردگار کی طرف سے توقع ہو (اس کے[5] نہ آنے تک) ان سے پہلوتہی کرنا پڑے تو (اتنا خیال رکھنا کہ) ان سے نرمی کی بات کہہ دینا (یعنی دلجوئی کے ساتھ ان سے وعدہ کر لینا کہ ان شاء اللہ تعالیٰ کہیں سے آوے گا تو دیں گے اور دل آزار جواب مت دینا) اور نہ تو اپنا ہاتھ گردن ہی سے باندھ لینا چاہئے (کہ غایت بخل سے بالکل ہی ہاتھ روک لیا جاوے) اور نہ بالکل ہی کھول دینا چاہئے (کہ اسراف کیا جاوے) ورنہ الزام خوردہ (اور) تہی دست ہو کر بیٹھ رہو گے (اور محض کسی کے فقر و احتیاج پر ترحم کر کے اپنے کو پریشانی میں ڈالنا بے کار ہے کیونکہ) بلاشبہ تیرا رب جس کو چاہتا ہے زیادہ رزق دیتا ہے اور وہی (جس پر چاہے) تنگی کر دیتا ہے بیشک وہ اپنے بندوں (کی حالت اور ان کی مصلحت کو) خوب جانتا ہے دیکھتا ہے (تم اس فکر میں کیوں پڑے کہ باوجود گنجائش نہ ہونے کے کچھ دینا چاہئے)۔ ف: اسراف اور تبذیر کا حاصل ایک ہی ہے کہ محل معصیت میں خرچ کرنا خواہ وہ معصیت بالذات ہو جیسے شراب و قمار وزنا خواہ بالغیر ہو جیسے فعل مباح میں بہ نیت شہرت و تفاخر خرچ کرنا اور بعض نے یہ فرق کیا ہے کہ اسراف میں جہل بالکمیۃ ہے کہ مقادیر حقوق سے تجاوز ہو اور تبذیر میں جہل بالکیفیت ہے کہ محل و موقع نہ سمجھے اور حق عام ہے مالی اور غیر مالی کو مثل حسن معاشرت کے اور شیاطین چونکہ بہت سے ہیں گو ابلیس ایک ہی ہے اس لئے جمع لائے اور شیطان جو مفرد لایا گیا تو مراد اس سے ابلیس ہے کہ اصل کفران میں وہی ہے اور یا جنس مراد ہے کہ سب شیاطین کو شامل ہے اور آخر میں جو اِنَّ رَبَّكَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ الخ ارشاد فرمایا اس سے یہ مقصود نہیں کہ کوئی کسی کا غم نہ کرے بلکہ مطلب یہ ہے کہ دوسرے کے نفع کے لئے اپنے کو دینی ضرر پہنچانا یا ایسا دنیوی ضرر برداشت کرنا جس کا انجام دینی ضرر ہو یہ ممنوع ہے اگر ایسی حالت میں بہت خوش ہو تو سمجھ لے کہ اِنَّ رَبَّكَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ الخ۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا الخ اس سے شیخ مربی کیلئے دعا کرنے کا استحسان مستنبط ہوتا ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: اِنْ تَكُوْنُوْا صٰلِحِيْنَ اسی طرح شیخ کو اپنے مریدوں کے ساتھ معاملہ کرنا چاہئے کہ اپنے حقوق میں اس پر تشدد نہ کرے ہاں جس میں ان کی اصلاح ہو وہ مستثنیٰ ہے قولہ تعالیٰ: وَاِمَّا تُعْرِضَنَّ الخ اس سے یہ بھی مستنبط ہوتا ہے کہ جب کسی وقت افادہ طالب سے عذر ہو تو اسکو نرم جواب دے اور مصلحت اصلاح یہاں بھی مستثنیٰ ہے قولہ تعالیٰ: وَلَا تَجْعَلْ يَدَكَ الخ اس میں اشارہ ہے مشائخ کو مریدوں کے ساتھ کس طرح رہنا چاہئے یعنی نہ حقائق و معارف ظاہر کرنے میں بخل کرے اور نہ ایسے اسرار بیان کرے جس کا وہ متحمل نہ ہو اور برباد ہو جاوے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی لا تعبدوا اسی کی تاکید اشارۃ الی وجہ التکرار ۱۲ منہ۔ ۲ قولہ فی احسانا سلوک کیا کرو اشارۃ الی تقدیر احسنوا لیصح العطف ۱۲۔ ۳ قولہ فی عندك تیرے پاس کما قال البیضاوی فی کنفك و کفالتك ویحتمل ان یکون المعنی عندك ای فی حیاتك ومن ثم ترجمہ البعض بقولہ تمہارے سامنے ۱۲۔ ۴ قولہ فی قولا کریما خوب افادہ التاکید بالمفعول المطلق ۱۲۔ ۵ قولہ فی ابتغاء اس کے نہ آنے تک اشارۃ الی دفع ایراد تقریرہ ان ابتغاء مفعول لہ لتعرضن فھو علۃ لہ ولا یصح الابتغاء للعلیۃ وانما العلۃ عدم

www.besturdubooks.net

الوجدان تقریر الجواب ان الابتغاء لما دل على عدم الوجدان صح جعله مفعولا له فاطلق المسبب على السبب فان فاقد الرزق مبتغ له ۱۲۔

اَلْكَلَامُ : استدل بعض بما فی الدر المنثور فی تفسیر الآیة وآت ذا القربی انه صلی الله علیه وسلم اعطی فاطمة فدکا حین نزلت آیة والجواب بعد تسلیم صحة الخبر ان هذا الاعطاء اما ان کان عاریة او هبة فان کان الاول فلا احتجاج فیما فیه الکلام وان کان الثانی فما معنی دعوی فاطمة الارث فیه ولم لم تتمسك بهذا الاعطاء فافهم واصل الجواب ما قال ابن کثیر هذا مشکل فانه یشعر بان الآیة مدنیة والمشهور خلافه آه ۱۲۔

اَللُّغَاتُ: قوله فتقعد القعود یراد به المکث مطلقا عرفا او یقال ان من شان المذموم المخذول ان یقعد نادمًا متفکرا علی ما فرط منه فالقعود علی هذا حقیقة قوله قضی بمعنی امر وقوله ان الا تعبدوا ای بان لا تعبدوا قوله کما ربیانی فی الروح الکاف لتاکید الوجود کانه قیل رب ارحمهما رحمة محققة مکشوفة لا ریب فیهما کقوله تعالٰی مثل ما انکم تنطقون ۱۲۔ قوله اف هو اسم صوت ینبئ عن التضجر او اسم فعل هو الضجر واسم الفعل بمعنی المضارع وکذا بعضی الماضی قلیل والکثیر بمعنی الامر ۱۲ قوله لا تنهرهما زاده بعد قوله لا تقل لهما اف ذکر الخاص بعد العام للاعتناء بشانه وقیل لان المراد من قوله تعالٰی لا تقل لهما اف المنع من اظهار الضجر القلیل والکثیر والمراد من قوله سبحانه ولا تنهرهما المنع من اظهار المخالفة فی القول علی سبیل الرد علیهما والتکذیب لهما ولذا روعی هذا الترتیب والا فالمنع من التافیف یدل علی المنع من المنهر بطریق الاولی۔ قوله واخفض لهما ای توضع لهما وتذلل وجناح الذل بل خفض الجناح تمثیل فی التواضع وقیل المراد بخفضهما ما یفعله الطائر اذا ضم فراخه لتربیته وانه انسب بالمقام ۱۲۔ قوله فی الروح وتوحید ضمیر الخطاب فی عندك وفیما بعده مع ان ما صرح به فیما سبق علی الجمع للاحتراز عن التباس المراد وهو نهی کل احد عن تافیف والدیه ونهرهما فانه لو قوبل الجمع بالجمع او التثنیة بالتثنیة لم یحصل ذلك وذکر انه وحد الخطاب فی ولا تجعل المبالغة وجمع فی ان لا تعبدوا الا ایاه لانه اوفق لتعظیم امر القضاء ۱۲۔ قوله میسورًا اسم مفعول بمعنی سهل کالسعید والمسعود ۱۲۔ قوله محسورًا ای منقطعا بك لا شیء عندك من حسره السفر اعیاه شیء واوقفه حتی انقطع عن رفقة قال الراغب یقال للمعیی حاسر ومحسورا اما الحاسر فتصورا انه قد خسر بنفسه قواه واما المحسور فتصور ان التعب قد خسره کذا فی الروح۔

وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ ؕ نَحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَاِيَّاكُمْ ؕ اِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْاً كَبِيْرًا ۝ وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنٰٓى اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً ؕ وَسَآءَ سَبِيْلًا ۝ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ وَمَنْ قُتِلَ مَظْلُوْمًا فَقَدْ جَعَلْنَا لِوَلِيِّهٖ سُلْطٰنًا فَلَا يُسْرِفْ فِّي الْقَتْلِ ؕ اِنَّهٗ كَانَ مَنْصُوْرًا ۝ وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ حَتّٰى يَبْلُغَ اَشُدَّهٗ ۪ وَاَوْفُوْا بِالْعَهْدِ ۚ اِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْئُوْلًا ۝ وَاَوْفُوا الْكَيْلَ اِذَا كِلْتُمْ وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيْمِ ؕ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاْوِيْلًا ۝ وَلَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ؕ اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰٓئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْئُوْلًا ۝

اور اپنی اولاد کو ناداری کے اندیشہ سے قتل مت کرو (کیونکہ) ان کو بھی رزق دیتے ہیں اور تم کو بھی بے شک ان کا قتل کرنا بڑا بھاری گناہ ہے اور زنا کے پاس بھی مت پھٹکو بلاشبہ وہ بڑی بے حیائی کی بات ہے اور بری راہ ہے اور جس شخص کے (قتل) کو اللہ تعالیٰ نے حرام فرمایا ہے اس کو قتل مت کرو مگر حق پر اور جو شخص ناحق قتل کیا جائے تو ہم نے اس کے وارث کو اختیار دیا ہے سو اس کے قتل کے بارہ میں حد (شرع) سے تجاوز نہ کرنا چاہئے وہ شخص طرفداری کے قابل ہے اور یتیم کے مال کے پاس نہ جاؤ مگر ایسے طریقہ سے جو کہ مستحسن ہے یہاں تک کہ وہ اپنے سن بلوغ کو پہنچ جاوے اور عہد (مشروع) کو پورا کیا کرو بے شک (ایسے) عہد کی باز پرس ہونے والی ہے اور جب ناپ (تول) کرو تو پورا ناپو اور صحیح ترازو سے تول کر دو یہ (فی نفسہ بھی) اچھی بات ہے اور انجام بھی اس کا اچھا ہے اور جس بات کی (تجھ کو) تحقیق نہ ہو اس پر عمل درآمد مت کیا کر

www.besturdubooks.net

(کیونکہ) کان اور آنکھ اور دل ہر شخص سے اس سب کی (قیامت کے دن) پوچھ ہوگی۔ ۞

تفسیر: حکم ہفتم نہی از قتل اولاد ☆ وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ ۭ نَحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَاِيَّاكُمْ ۭ اِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْاً كَبِيْرًا ۞ اور اپنی اولاد کو ناداری کے اندیشہ سے قتل مت کرو (کیونکہ) ہم ان کو بھی رزق دیتے ہیں اور تم کو بھی (البتہ اگر تم رازق ہوتے تو ایسی باتیں سوچتے) بیشک ان کا قتل کرنا بڑا بھاری گناہ ہے۔ ف: جاہلیت میں بعضے آدمی بیٹیوں کو خوف فقر سے مار ڈالتے تھے کذا فی الدر المنثور عن قتادة پس اولاد سے مراد بنات ہوں گی اور اولاد کے عنوان سے تعبیر کرنا اظہار تعلق واختصاص کے لئے ہے کہ جوشِ ترحم ہو۔

حکم ہشتم نہی از زنا ☆ وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنٰٓى اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً ۭ وَسَاۗءَ سَبِيْلًا ۞ اور زنا کے پاس بھی مت پھٹکو (یعنی اس کی مبادی ومقدمات سے بھی بچو) بلا شبہ وہ (فی نفسہٖ بھی) بڑی بے حیائی کی بات ہے اور (باعتبار مفاسد کے بھی) براراہ ہے (کیونکہ اس پر عداوتیں اور فتنے اور تضییع نسب مرتب ہوتے ہیں)۔

حکم نہم نہی از مطلق قتل ناحق ☆ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّهٗ كَانَ مَنْصُوْرًا ۞ اور جس شخص (کے قتل کرنے) کو اللہ نے (قواعد شرعیہ کی رو سے) حرام فرمایا ہے اس کو قتل مت کرو ہاں مگر حق پر (قتل کرنا درست ہے یعنی جب وجوب یا اباحت قتل کا کوئی سبب شرعی پایا جاوے اور اس وقت وہ حَرَّمَ اللّٰهُ میں داخل نہیں) اور جو شخص ناحق قتل کیا جاوے تو ہم نے اس کے وارث (حقیقی یا حکمی) کو (قصاص لینے کا شرعاً) اختیار دیا ہے سو اس کو قتل کے بارے میں حد (شرع) سے تجاوز نہ کرنا چاہئے (یعنی غیر قاتل کو قتل نہ کرے کیونکہ) وہ شخص (زیادتی نہ کرنے کی صورت میں تو شرعاً) طرفداری کے قابل ہے (اور زیادتی کرنے سے پھر فریق ثانی طرفداری کے قابل ہو جاوے گا اس لئے زیادتی کر کے منصوریت سے خارج نہ ہونا چاہئے) ف: ولی سے مراد وہ شخص ہے جس کو حق قصاص ہو اگر کوئی وارث موجود ہو تو وہ ورنہ سلطان۔ کہ وارث حکمی سے یہی مراد ہے۔

حکم دہم نہی از تصرف ناحق در مالِ یتیم ☆ وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِىَ اَحْسَنُ حَتّٰى يَبْلُغَ اَشُدَّهٗ ۚ اور یتیم کے مال کے پاس نہ جاؤ (یعنی) اس میں تصرف مت کرو) مگر ایسے طریقہ سے (تصرف کی اجازت ہے) جو کہ (شرعاً) مستحسن ہے یہاں تک کہ وہ اپنے سن بلوغ کو پہنچ جاوے۔ ف: یہی الفاظ سورۂ انعام کے اخیر رکوع سے پہلے رکوع میں آئے ہیں وہاں اس کی تفسیر دیکھ لی جاوے۔

حکم یازدہم امر بوفائے عہد ☆ وَاَوْفُوْا بِالْعَهْدِ ۚ اِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْـُٔوْلًا ۞ اور عہد (مشروع) کو پورا کیا کرو بیشک (ایسے) عہد کی (قیامت میں) باز پرس ہونے والی ہے۔ ف: عہد میں تمام احکام الٰہی اور تمام عقود جو فیما بین العباد ہیں داخل ہو گئے چنانچہ کبیر میں ہے: کل عقد تقدم لاجل توثیق الامر و توکیدہ فھو عھد اور خازن میں ایسی تفسیر کی ہے کہ وعدہ کو بھی شامل ہے وہ یہ ہے: قیل اراد بالعھد ما یلتزمہ الانسان علی نفسہ لیکن وعدہ کا وجوب دیانۃً ہوگا قضاءً نہیں اور مشروع کی قید سے غیر مشروع نکل گئے اور نیز وجوب وفائے وعدہ میں دوسرے دلائل سے عدم عذر کی بھی قید ہے اور عذر میں وجوب ساقط ہے۔

حکم دوازدہم وسیزدہم امر بایفائے کیل ووزن ☆ وَاَوْفُوا الْكَيْلَ اِذَا كِلْتُمْ (الی قولہ تعالیٰ) وَّاَحْسَنُ تَاْوِيْلًا ۞ اور (ناپنے کی چیزوں کو) جب ناپ کر دو تو پورا ناپو اور (تولنے کی چیزوں کو) صحیح ترازو سے تول کر دو یہ (فی نفسہٖ بھی) اچھی بات ہے اور انجام بھی اس کا اچھا ہے (آخرت میں ثواب اور دنیا میں اعتبار)۔

حکم چہاردہم نہی از اتباع غیر دلیل ☆ وَلَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ۭ اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰۗىِٕكَ كَانَ عَنْهُ مَسْـُٔوْلًا ۞ اور جس بات کی تجھ کو تحقیق نہ ہو اس پر عمل درآمد مت کیا کرو (کیونکہ) کان اور آنکھ اور دل ہر شخص سے ان سب کی (قیامت کے دن) پوچھ ہوگی (کہ آنکھ کا استعمال کہاں کیا کان کا کہاں استعمال کیا بے دلیل بات کا کیوں خیال جمایا اس لئے بے تحقیق بات پر وثوق کر کے اس پر عمل درآمد مت کر) ف: علم اصول وکلام میں ہر امر کی تحقیق کا درجہ جدا جدا ثابت ہو چکا ہے پس جس امر میں جس درجہ کی تحقیق ضروری ہے بدون اس درجہ کی تحقیق کے اس پر عمل درآمد جائز نہیں خواہ قولاً ہو مثل نقل وحکایت یا فتویٰ اور خواہ فعلاً ہو کہ اس کام کو کیا جاوے پس قطعیات میں دلیل قطعی تحقیق کا درجہ ہے اور ظنیات میں دلیل ظنی پس اس سے قیاس شرعی کی نفی لازم نہیں آتی خوب سمجھ لو۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَقَدْ جَعَلْنَا الخ اس میں قدرت کے وقت ضبط نفس کی تعلیم ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: ولا تقف ما لیس لک بہ علم۔ اس میں نہی ہے تخمین ورائے سے الٰہیات اور نبوات میں کلام کرنے سے اور سالک کو دعاوی عاطلہ سے ۱۲۔

اللغات: خطأ کالم و زنا ومعنی قولہ الزنی والزناء جاء فیہ القصر والمد # قولہ القسطاس المیزان فی اللغۃ الرومیۃ ولا یقدح

www.besturdubooks.net

استعماله فی القرآن فی عربیته لانه یعد التعریب والسماع فی فصیح الکلام یصیر عربیًا قوله ولا تقف قفا اتبع قفاه ثم استعمل فی مطلق الاتباع وصار حقیقة فیه ۔

اَلْحَقِّ : قوله الا بالحق استثناء منقطع لان من قتل بالحق لیس داخلا فی النفس المحرمة قوله مسئولا ای مسئولا عنه علی حذف الجار کذا فی الروح ۱۲۔ قوله کان عند مسئولا فی الروح وجوز ان یکون اسم کان او فاعله ضمیر کل محذوف المضاف ای کان صاحبه عنه مسئولا او کان عنه مسئولا صاحبه فیقال له لم استعملت السمع فیما لا یحل الخ قلت وترجمتی مبنی علی هذا الترکیب۔

اَلْبَلَاغَۃ : قوله نحن نرزقهم جواب عن منشاهم وقوله تعالٰی ان قتلهم دلیل علی مدعاه من النهی وبه یتم الکلام فی المحاجة قوله ولا تقربوا الزنی نهی عن قربانه للمبالغة ولان القربان داع الی المباشرة ۱۲۔قوله کل اولئك ای کل هذه الاعضاء واشیر الیها باولئك لانها (ای کلمة اولئك) جاءت لغیر العقلاء من حیث انها (ای اولئك) اسم جمع لذا (ای لفظ ذا) هو ای لفظ ذا یعم القبیلتین (ای العقلاء وغیر العقلاء) کذا فی الروح قلت فکذا اولئك الذی هو اسم جمع له یعم القبیلتین ۱۲۔

وَلَا تَمْشِ فِی الْاَرْضِ مَرَحًا ۚ اِنَّكَ لَنْ تَخْرِقَ الْاَرْضَ وَلَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُوْلًا ﴿۳۷﴾ كُلُّ ذٰلِكَ كَانَ سَیِّئُهٗ عِنْدَ
رَبِّكَ مَكْرُوْهًا ﴿۳۸﴾ ذٰلِكَ مِمَّاۤ اَوْحٰۤی اِلَیْكَ رَبُّكَ مِنَ الْحِكْمَةِ ؕ وَلَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتُلْقٰی فِیْ جَهَنَّمَ مَلُوْمًا
ع ۴ مَّدْحُوْرًا ﴿۳۹﴾ اَفَاَصْفٰىكُمْ رَبُّكُمْ بِالْبَنِیْنَ وَاتَّخَذَ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ اِنَاثًا ؕ اِنَّكُمْ لَتَقُوْلُوْنَ قَوْلًا عَظِیْمًا ﴿۴۰﴾ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا
فِیْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِیَذَّكَّرُوْا ؕ وَمَا یَزِیْدُهُمْ اِلَّا نُفُوْرًا ﴿۴۱﴾ قُلْ لَّوْ كَانَ مَعَهٗۤ اٰلِهَةٌ كَمَا یَقُوْلُوْنَ اِذًا لَّابْتَغَوْا اِلٰی
ذِی الْعَرْشِ سَبِیْلًا ﴿۴۲﴾ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰی عَمَّا یَقُوْلُوْنَ عُلُوًّا كَبِیْرًا ﴿۴۳﴾ تُسَبِّحُ لَهُ السَّمٰوٰتُ السَّبْعُ
وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِیْهِنَّ ؕ وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا یُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِیْحَهُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ
حَلِیْمًا غَفُوْرًا ﴿۴۴﴾

اور زمین پر اترا تا ہوا مت چل کیونکہ تو نہ زمین کو پھاڑ سکتا ہے اور نہ (بدن کو تان کر) پہاڑوں کی لمبائی کو پہنچ سکتا ہے یہ سارے برے کام تیرے رب کے نزدیک (بالکل) ناپسند ہیں۔ یہ باتیں اس حکمت کی ہیں جو خدائے تعالیٰ نے آپ پر وحی کے ذریعے سے بھیجی ہیں اور اللہ برحق کے ساتھ کوئی اور معبود تجویز مت کرو ورنہ تو الزام خوردہ اور راندہ ہو کر جہنم میں پھینک دیا جاوے گا۔ تو کیا تمہارے رب نے تم کو تو بیٹوں کے ساتھ خاص کیا اور خود فرشتوں کو (اپنی) بیٹیاں بنائی ہیں بے شک تم بڑی سخت بات کہتے ہو اور ہم نے اس قرآن میں طرح طرح سے بیان کیا ہے تا کہ (اس کو) اچھی طرح سمجھ لیں اور ان کو نفرت ہی بڑھتی جاتی ہے۔ آپ فرما دیجئے کہ اگر اس کے ساتھ اور معبود بھی ہوتے ہیں جیسا یہ لوگ کہتے ہیں تو اس حالت میں عرش والے تک انہوں نے راستہ ڈھونڈ لیا ہوتا یہ لوگ جو کچھ کہتے ہیں اللہ تعالیٰ اس سے پاک اور بہت زیادہ برتر ہے۔ تمام ساتوں آسمان اور زمین اور جتنے اس میں ہیں اس کی پاکی بیان کر رہے ہیں اور کوئی چیز ایسی نہیں جو تعریف کے ساتھ اس کی پاکی (قالاً یا حالاً) بیان نہ کرتی ہو لیکن تم لوگ ان کی پاکی بیان کرنے کو سمجھتے نہیں ہو وہ بڑا حلیم اور بڑا غفور ہے۔ ۞

تفسیر: حکم پانزدہم نہی از مرح ☆ وَلَا تَمْشِ فِی الْاَرْضِ مَرَحًا ۚ اِنَّكَ لَنْ تَخْرِقَ الْاَرْضَ وَلَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُوْلًا ﴿۳۷﴾ اور زمین پر اترا تا ہوا مت چل (کیونکہ) تو (زمین پر زور سے پاؤں رکھ کر) نہ زمین کو پھاڑ سکتا ہے اور نہ (بدن کو تان کر) پہاڑوں کی لمبائی کو پہنچ سکتا ہے (پھر اترانا عبث) ف: یعنی زور سے پاؤں رکھنے کے لئے کم از کم اتنی قوت تو ہونا چاہئے اور تننے کے لئے کم از کم اتنی قدرت ضرور ہے جب اس سے بھی عاجز ہے پھر قوت وقدرت کی وضع کیوں بنائی اور جن چیزوں پر انسان قادر بھی ہے ان پر بھی حقیقۃً قدرت نہیں رکھتا پس تکبر ہر امر میں مذموم ہوا اب اس تعلیل پر یہ شبہ نہ رہا کہ اس سے امور اختیاریہ میں تکبر کا جواز متوہم ہوتا ہے۔ ربط: اوپر جن امور جزئیہ کی نہی آئی ہے منہیات میں تو عین مذکورات اور مامورات میں ضد مذکورات آگے عنوانِ کلی سے سب کا قبیح ہونا بیان فرماتے ہیں۔

قبح منہیات مذکورہ: كُلُّ ذٰلِكَ كَانَ سَیِّئُهٗ عِنْدَ رَبِّكَ مَكْرُوْهًا۔ یہ سارے (مذکورہ) برے کام تیرے رب کے نزدیک (بالکل) ناپسند ہیں۔ ف: جو کہ

www.besturdubooks.net

منہیات میں تو صریحاً مذکور ہیں اور مامورات میں دلالۃً مثلاً اَوْفُوْا سے اس کی ضد یعنی عدم ایفاء کی حرمت پر دلالت نکلتی ہے جیسا سورۂ انعام کی آیت قُلْ تَعَالَوْا الخ میں حَرَّمَ رَبُّکُمْ عَلَیْکُمْ کے بعد ارشاد ہوا ہے: اَلَّا تُشْرِکُوْا بِهٖ شَیْئًا وَّبِالْوَالِدَیْنِ اِحْسَانًا حالانکہ عدم اشراک اور احسان حرام نہیں مگر یہ جن اضداد پر دال ہے یعنی شرک واساءت وہ حرام ہیں۔ ربط: اوپر مضامین مذکورہ بیان فرما کر آگے ان پر عمل کرنے کی ترغیب کے واسطے ان کا عین علم وحکمت ہونا بیان فرماتے ہیں اور ان مضامین کو اسی مضمون توحید پر ختم کرتے ہیں جس سے ان کا آغاز فرمایا تھا۔ ربط: اوپر مضامین مذکورہ بیان فرما کر آگے ان پر عمل کرنے کی ترغیب کے واسطے ان کا عین علم وحکمت ہونا بیان فرماتے ہیں اور ان مضامین کو اسی مضمون توحید پر ختم کرتے ہیں جس سے ان کا آغاز فرمایا تھا۔

ختم احکام مذکورہ بر مدح آں تکرار توحید ☆ ذٰلِكَ مِمَّآ اَوْحٰٓى اِلَيْكَ (الی قولہ تعالیٰ) مَلُوْمًا مَّدْحُوْرًا ۝ (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) یہ باتیں (جو مذکور ہوئیں) اس حکمت میں کی ہیں جو خدا تعالیٰ نے آپ پر وحی کے ذریعہ سے بھیجی ہیں۔ اور (اے مخاطب) اللہ برحق کے ساتھ کوئی اور معبود تجویز مت کرنا ورنہ تو الزام خوردہ اور راندہ ہو کر جہنم میں پھینک دیا جاوے گا۔ ربط: اوپر توحید کی تقریر اور تکریر تھی آگے بھی وہی مضمون ہے۔

تاکید توحید: اَفَاَصْفٰىكُمْ رَبُّكُمْ بِالْبَنِيْنَ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ۝ (جب اوپر شرک کا قبیح اور باطل ہونا سن لیا) تو کیا (پھر بھی ایسی باتوں کے قائل ہوتے ہو جو توحید کے خلاف ہیں مثلاً یہ کہ) تمہارے رب نے تم کو تو بیٹوں کے ساتھ خاص کیا ہے اور خود فرشتوں کو (اپنی) بیٹیاں بنائی ہیں (جیسا بعض جہلاء کے زعم تھا پس وجہ انکار اس میں دو ہیں ایک تو اللہ تعالیٰ کے لئے اولاد قرار دینا پھر اولاد بھی وہ جو اپنے لئے ناگوار سمجھی جاوے پس دو نقص کا نسبت کرنا اللہ تعالیٰ کی طرف لازم آیا) بے شک تم بڑی (سخت) بات کہتے ہو اور (افسوس تو یہ ہے کہ) ہم نے (اسی مضمون اثبات توحید وابطال شرک کو) اس قرآن میں طرح طرح سے بیان کیا ہے تاکہ (اس کو) اچھی طرح سمجھ لیں (جیسا کہ بار بار اور مختلف طرق سے بیان کرنے کا مقتضا یہی ہے کہ سمجھ میں آ جاوے) اور (باوجود اس کے) ان کو (اس توحید سے) نفرت ہی بڑھتی جاتی ہے آپ (ابطال شرک کے لئے ان سے) فرمایئے کہ اگر اس (معبود برحق) کے ساتھ اور معبود بھی (شریک الوہیت وربوبیت) ہوتے جیسا یہ لوگ کہتے ہیں تو اس حالت میں عرش والے (یعنی خدائے حقیقی) تک (مخالفانہ طور پر پہنچنے کا) انہوں نے (کبھی کا) راستہ ڈھونڈ لیا ہوتا (یعنی مخالفت اور مقابلہ واقع ہوتا پھر عالم کا نظام موجود کیسے باقی رہتا حالانکہ نظام عالم قائم ہے معلوم ہوا کہ سبب فساد یعنی تعدد آلہہ منتفی ہے پس ثابت ہوا کہ) یہ لوگ جو کچھ کہتے ہیں اللہ تعالیٰ اس سے پاک اور بہت زیادہ برتر ہے (وہ ایسا پاک ہے کہ) تمام ساتوں آسمان اور زمین اور جتنے (آدمی اور جن اور فرشتے) ان میں (موجود) ہیں (سب کے سب قالاً یا حالاً) اس کی پاکی بیان کر رہے ہیں (چنانچہ فرشتے اور مؤمنین ثقلین کے قالاً بھی اور کفار صرف حالاً) اور (ان ہی پر کیا انحصار ہے اور بھی جتنی چیزیں ہیں ان میں) کوئی چیز ایسی نہیں جو تعریف کے ساتھ اس کی پاکی (قالاً یا حالاً) بیان نہ کرتی ہو لیکن (اے مشرکین) تم لوگ ان (عقلاء واشیائے مذکورہ) کی پاکی بیان کرنے کو سمجھتے نہیں ہو (حالی کو تو اس لئے نہیں سمجھتے کہ اس کی حقیقت استدلال ہے اور وہ موقوف ہے تامل پر اور تم تامل کرتے نہیں اور قالی کو بعض اشیاء میں تو اس لئے کہ وہ امور کشفیہ سے ہے اور مؤمنین کی تسبیح قالی کو اس لئے کہ باوجود سننے کے اس کے معنی اور اس کی حقیقت میں تدبر نہیں کرتے اور تمہاری اس غفلت مذمومہ پر جو عذاب نہیں ہوتا اس سے حقیت توحید میں شبہ نہ کرنا کیونکہ وجہ توقف عذاب کی یہ ہے کہ) وہ بڑا حلیم ہے (ورنہ تمہارا عقیدہ ضرور موجب عذاب ہے البتہ اگر توبہ کر لو تو وہ) بڑا غفور (بھی) ہے (سب معاف کر دے گا) ف: اِذًا لَّابْتَغَوْا اِلٰى ذِی الْعَرْشِ کا مضمون ملازمت عادیہ پر مبنی ہے اور ایسی بڑی عظیم القدرت ذاتوں میں دوام صلح بھی عادۃً ممتنع ہے اور اس کا اقتائی ہونا اس لئے مضر نہیں کہ فی نفسہ یہ برہانی ہے یہاں تقریب افہام کے لئے یہ تقریر اختیار کر لی گئی چنانچہ دلیل برہانی توحید کی پارۂ دوم رکوع چہارم کی تفسیر میں گذر چکی ہے اور آیت تُسَبِّحُ لَهُ الخ میں تسبیح بطور عموم مجاز کے تسبیح حقیقی یعنی قالی اور تسبیح حکمی یعنی حالی دونوں کو شامل ہے پس مطیعین ذوی العقول کی تسبیح قالی تو ظاہر ہے اور غیر ذوی العقول کی تسبیح احادیث سے ثابت اور کشف سے مؤید ہے اور عصاۃ ذوی العقول کی صرف حالی ہے بایں معنی کہ ان کا وجود تو ابع وجود دال ہیں وجود موجود پر اور اس طرح کی تسبیح حالی اور اقسام موجودات میں بھی عام ہے پس حالاً یا قالاً میں جو تردید ہے بطور منع الخلو کے ہے اور عدم فقہ کا خطاب بقرینہ مقام مشرکین کو ہے اور تَسْبِيْحَهُمْ کی ضمیر بطور تغلیب کے سب متحسین ومسبحات کی طرف ہے اور ان کا نہ سمجھنا ہر تسبیح کے اعتبار سے ہے جیسا ترجمہ میں تقریر کی گئی اور یہی مدار ملامت بھی ہے جیسا لَا تَفْقَهُوْنَ سے مذمت عدم فقہ کی بقرینہ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ۝ کے معلوم ہوتی ہے ورنہ بعض اقسام کا نہ سمجھنا موجب ملامت نہیں بخلاف مؤمنین کے کہ سب کی تسبیح کو سمجھتے ہیں خواہ مسبح کی ہر تسبیح کو جیسے اہل کشف خواہ بعض مسبح کی ایک تسبیح کو اور بعض کی دونوں تسبیح کو جیسے عامہ مؤمنین کہ جمادات ومخفیات کی صرف تسبیح حالی کو سمجھتے ہیں کہ ان کے وجود مشاہد یا ثابت بالدلیل سے استدلال وجود صانع پر کرتے ہیں اور عقلاء مطیعین کی دونوں تسبیحوں کو سمجھتے ہیں اور بعض کو وسوسہ ہوا ہے کہ تسبیح کے لئے علم اور علم کے لئے حیات چاہئے اور یہ جمادات میں نہیں ہے سو جواب یہ ہے کہ اس قدر علم اور اس قدر حیات اگر حاصل ہو اور محسوس نہ ہو تو کیا امتناع ہے۔

www.besturdubooks.net

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ :وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اس میں بعد آثار مؤیدہ اس پر دلالت ہے کہ جمادات تسبیح قالی کرتے ہیں اور اس کے لئے شعور لازم ہے گو ضعیف ہی سہی ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی اَفَاَصْفٰىكُمْ جب اوپر اشار بھذا الی توجیہ الفاء الترتیبیۃ۔ ۲ قولہ فی صرفنا ای مضمون اشارۃ الی تقدیر المفعول ۱۲۔ ۳ قولہ فی ما یزیدھم بڑھتی جاتی ترجمۃ بالحاصل لان الاسناد فی یزید الی السبب ۱۲۔

اللغات: قولہ مرحا مصدر وقع موقع الحال قولہ طولا تمییز من الجبال ای لن تبلغ طول الجبال ۱۲ قولہ سیئہ الاضافۃ بیانیۃ ۱۲۔

النحو :قولہ کما یقولون الکاف فی محل النصب علی انھا نعت لمصدر محذوف ای کونا مشابھا لما یقولون والمراد بالمشابھۃ علی ما قیل الموافقۃ والمطابقۃ کذا فی الروح ۱۲۔

البلاغۃ:قولہ فی الارض التقیید بالارض لیس للاحتراز عن المشیٔ فی الھواء او علی الماء للتذکیر بالمبدأ والمعاد وھو اردع عن ھذا المشی ۱۲ قولہ لن تخرق الارض وایثار الاظھار علی الاضمار حیث لم یقل لن تخرقھا لزیادۃ الایقاد او التفریع ۱۲ قولہ مینہ ولم یصرح تعالیٰ بکون المامورات مرضیتہ لان وراء المفاسد اھم من جلب الصالح قولہ ولا تجعل الخ کرر للتنبیہ علی ان التوحید مبدء الامر ومنتھاہ وانہ راس محل حکمۃ وملاکھا رتبا علیہ اولا ما یکون اولا وآخر ما یکون آخرا لان المذموم ھو الذی یذکر ان الفعل الذی اقدم علیہ قبیح ومنکر والملوم ھو الذی یقال لہ لم فعلت مثل ھذا الفعل وما الذی حملک علیہ وبہ یعلم ان الذم یکون اولاو اللوم یکون آخر او کذا المخذول یراد بہ من ترکت اعانتہ وفوض الی نفسہ والمدحور المطرود الترک یکون اولاد الطرد آخرا و کذا القعود مقدم علی الالقاء وفی بناء الفعل الفاعل فی قولہ فتقعد اشارۃ الی ان التاسف اختیاری بخلاف الالقاء فانہ اضطراری ۱۲ قولہ مع اختلاف القراءۃ قولہ کما یقولون وقرأ حمزۃ والکسائی کما تقولون بالتاء والامر ان فی مثل ھذا المقام شائعان وذلک انہ اذا امر احد تبلیغ کلام لاحد فالمبلغ لہ فی حال تکلم الامر غائب و یصیر غالبا سند التبلیغ فاذا لو حظ الاول حقہ الغیبۃ واذا لو حظا الثانی حقہ الخطاب کذا فی الروح ۱۲۔

وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ حِجَابًا مَّسْتُوْرًا ۙ﴿۴۵﴾ وَّجَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ
اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ۭ وَاِذَا ذَكَرْتَ رَبَّكَ فِي الْقُرْاٰنِ وَحْدَهٗ وَلَّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ نُفُوْرًا ﴿۴۶﴾ نَحْنُ
اَعْلَمُ بِمَا يَسْتَمِعُوْنَ بِهٖٓ اِذْ يَسْتَمِعُوْنَ اِلَيْكَ وَاِذْ هُمْ نَجْوٰٓى اِذْ يَقُوْلُ الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ
اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا ﴿۴۷﴾ اُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَبِيْلًا ﴿۴۸﴾ وَقَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا
عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِيْدًا ﴿۴۹﴾ قُلْ كُوْنُوْا حِجَارَةً اَوْ حَدِيْدًا ﴿۵۰﴾ اَوْ خَلْقًا مِّمَّا يَكْبُرُ فِيْ صُدُوْرِكُمْ ۚ
فَسَيَقُوْلُوْنَ مَنْ يُّعِيْدُنَا ۭ قُلِ الَّذِيْ فَطَرَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۚ فَسَيُنْغِضُوْنَ اِلَيْكَ رُءُوْسَهُمْ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هُوَ ۭ
قُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ قَرِيْبًا ﴿۵۱﴾ يَوْمَ يَدْعُوْكُمْ فَتَسْتَجِيْبُوْنَ بِحَمْدِهٖ وَتَظُنُّوْنَ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۵۲﴾ ع ۵

اور جب قرآن پڑھتے ہیں تو ہم آپ کے اور جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ان کے درمیان میں ایک پردہ حائل کر دیتے ہیں اور (وہ پردہ یہ ہے کہ) ہم ان کے دلوں پر حجاب ڈال لیتے ہیں اس سے کہ وہ اس کو سمجھیں اور ان کے کانوں میں ڈاٹ دے دیتے ہیں اور جب آپ قرآن میں صرف اپنے رب کا ذکر کرتے ہیں تو وہ لوگ نفرت کرتے ہوئے پشت پھیر کر چل دیتے ہیں۔ جس وقت آپ کی طرف یہ لوگ کان لگاتے ہیں ہم خوب جانتے ہیں جس غرض سے یہ سنتے ہیں اور جس وقت یہ لوگ آپس میں سرگوشیاں کرتے ہیں جبکہ یہ ظالم یوں کہتے ہیں کہ تم لوگ محض ایسے شخص کا ساتھ دے رہے ہو جن پر جادو کا اثر ہو گیا ہے آپ دیکھئے کہ یہ لوگ آپ کے لئے کیسے کیسے القاب تجویز کرتے ہیں سو یہ لوگ گمراہ ہو گئے ہیں پس راستہ نہیں پا سکتے اور یہ لوگ کہتے ہیں کہ کیا جب ہم (مر کر) ہڈیاں اور چورا ہو جاویں گے تو کیا ہم از سر نو پیدا اور زندہ کئے جاویں گے آپ (جواب میں) فرما دیجئے کہ تم پتھر یا لوہا یا اور کوئی مخلوق ہو کر دیکھ لو جو تمہارے ذہن میں بہت ہی بعید ہو اس پر پوچھیں گے کہ وہ کون ہے جو ہم کو دوبارہ زندہ

www.besturdubooks.net

کرے گا آپ فرمادیجئے کہ وہ وہ ہے جس نے تم کو اول بار پیدا کیا تھا اس پر آپ کے آگے سر ہلا ہلا کر کہیں گے کہ اچھا بتلاؤ یہ کب ہوگا آپ فرمادیجئے کہ عجب نہیں یہ قریب ہی آپہنچا ہو یہ اس روز ہوگا کہ اللہ تعالیٰ تم کو پکارے گا اور تم (بالاضطرار) اس کی حمد کرتے ہوئے حکم کی تعمیل کرلو گے اور تم یہ خیال کرو گے کہ تم بہت ہی کم رہے تھے۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر فرمایا تھا کہ باوجود قرآن میں مضمون توحید مکرر ہونے کے انکو تذکر نہیں ہوتا آگے اس عدم تذکر کی وجہ عدم تدبر و تکفر کو فرماتے ہیں جس کے ساتھ تنفر و تمسخر بھی ہوتا تھا اور اس سے انکے انکار رسالت و قرآن پر بھی دلالت ہوگئی اور مضمون سابق یعنی ان کے انکار توحید کے اخبار کے ساتھ مناسبت ہوگئی۔

معاملۂ کفار وقت استماع قرآن ☆ وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ (الی قولہ تعالیٰ) فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَبِيْلًا ۝ اور جب آپ (تبلیغ کے لئے) قرآن پڑھتے ہیں تو ہم آپ کے اور جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ان کے درمیان میں ایک پردہ حائل کردیتے ہیں اور (وہ پردہ یہ ہے کہ) ہم ان کے دلوں پر حجاب ڈال دیتے ہیں اس سے کہ وہ (قرآن کے مقصود) کو سمجھیں اور انکے کانوں میں (اسکے بغرض ہدایت سننے سے) ڈاٹ دے دیتے ہیں (یعنی وہ پردہ عدم فہم اور عدم ارادۂ فہم ہے جس سے وہ آپ کی شان نبوت کا ادراک نہیں کرسکتے) اور جب آپ قرآن میں صرف اپنے رب (کے اوصاف و کمالات) کا ذکر کرتے ہیں (اور ان کے معبودین سے ان کمالات کی نفی کرتے ہیں) تو وہ لوگ (اسی عدم تفہم کے سبب اس سے) نفرت کرتے ہوئے پشت پھیر کر چل دیتے ہیں (آگے اس پر وعید ہے کہ) جس وقت یہ لوگ آپ کی طرف کان لگاتے ہیں تو ہم خوب جانتے ہیں جس غرض سے یہ (قرآن کو) سنتے ہیں (یعنی وہ غرض یہی اعتراض و طعن ہے) اور (نیز) جس وقت یہ لوگ (قرآن سننے کے بعد) آپس میں سرگوشیاں کرتے ہیں (ہم اس کو بھی خوب جانتے ہیں) جب کہ (اس سرگوشی میں) یہ ظالم یوں کہتے ہیں کہ تم لوگ (یعنی تمہاری برادری میں سے جو ان کے ساتھ ہوگئے ہیں) محض ایسے شخص کا ساتھ دے رہے ہو جس پر جادو کا (خاص) اثر (کہ وہ جنون ہے) ہوگیا ہے (یعنی یہ جو عجیب عجیب باتیں کرتے ہیں یہ سب مالیخولیا ہے اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم ذرا) آپ دیکھئے تو یہ لوگ آپ کے لئے کیسے کیسے القاب تجویز کرتے ہیں سو (ایسی ایسی باتیں اور ایسی ایسی مخالفتیں کرکے) یہ لوگ (بالکل ہی) گمراہ ہوگئے تو (اب حق کا) راستہ نہیں پاسکتے (کیونکہ ایسے امور سے استعداد ضائع ہوجاتی ہے غرض قرآن کے ساتھ استہزاء رسول کے ساتھ بھی استہزاء اس سے بڑھ کر کیا ضلالت ہوگی)۔ ف: صحیح حدیثوں میں آیا ہے کہ آپ پر ایک دفعہ جادو چل گیا تھا بعض لوگوں نے اس آیت سے اس حدیث کی تکذیب کی ہے کہ یہ قول تو کفار کا تھا اور باطل تھا جواب اس کا تقریر ترجمہ سے ظاہر ہوگیا کہ ان کا مقصود مسحور کہنے سے بطور کنایہ کے مجنون کہنا تھا جس کے خیالات اور مقالات سب ہذیانات اور توہمات ہوتے ہیں اور وہ وحی کو اس قبیل سے کہتے تھے یہ بیشک قرآن میں منفی ہے اور آپ پر جو سحر ہوا تھا اس سے بعض جزئی اور امور عادیہ میں ایک گونہ ذہول ہوگیا تھا باقی دنیوی امور میں بھی کوئی اختلال نہیں ہوا اور دینی امور میں تو ایسا ذہول بھی نہیں ہوا اور نہ بعد زوال اس کے اثر کے اللہ تعالیٰ ان امور پر متنبہ فرمادیتے جیسا خطائے اجتہادی میں متنبہ ہوجاتا تھا پس آیت میں سحر کے اثر خاص یعنی جنون کی نفی ہے اور حدیث میں اثبات مطلق سحر کا آیا ہے اور نفی خاص سے نفی عام کی لازم نہیں آتی۔ پس آیت و حدیث میں کچھ تعارض نہیں۔ ربط: اوپر ان کفار کے انکار توحید و رسالت و قرآن کا جواب تھا آگے ان کے انکار بعث کا جواب ہے و نیز اس سے نبوت پر بھی شبہ کرتے تھے کہ ایسے معاملات کی خبر دینے والا رسول کس طرح ہوسکتا ہے۔ پس اس طور پر ان آیات میں بعث اور رسالت دونوں کے متعلق شبہات کا حل ہے۔

کلام با منکرین بعث ☆ وَقَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا (الی قولہ تعالیٰ) وَ تَظُنُّوْنَ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ اور یہ لوگ کہتے ہیں کہ کیا جب ہم (مرکر) ہڈیاں اور (ہڈیوں کا بھی) چورا (یعنی ریزہ ریزہ) ہوجاویں گے تو کیا (اس کے بعد قیامت میں) ہم از سر نو پیدا اور زندہ کئے جاویں گے (یعنی اول تو مرکر ہی زندہ ہونا مشکل ہے کہ محل میں قابلیت نہیں رہی پھر خاص کر ایسی حالت میں کہ محل میں اجتماع بھی نہ رہے) آپ (جواب میں) فرمادیجئے کہ (تم ہڈیوں ہی سے حیات کو بعید کہتے ہو اور ہم کہتے ہیں کہ) تم پتھر یا لوہا یا اور کوئی ایسی مخلوق ہوکر دیکھ لو جو تمہارے ذہن میں (قبول حیات سے) بہت ہی بعید ہو (دیکھو زندہ کئے جاؤ گے یا نہیں اور لوہے پتھر کا بعید عن الحیات ہونا ظاہر ہے کہ ان میں کبھی حیوانی حیات نہیں آئی بخلاف اجزائے انسان کے کہ ایک بار حیات کے ساتھ موصوف ہوچکے ہیں جب ابعد کا احیاء ممکن ہے تو اقرب کا احیاء تو بدرجۂ اولیٰ ممکن ہے اور کونوا سے مقصود امر نہیں ہے بلکہ تعلیق ہے کہ اگر حجر جدید و حجارہ بھی ہوجاؤ تب بھی محل قدرت رہو گے) اس پر (یعنی جب قابل کی قابلیت ثابت ہوگئی تو اب فاعل کی تحقیق کرنے کے لئے آپ سے) پوچھیں گے کہ وہ کون ہے جو دوبارہ ہم کو زندہ کرے گا آپ فرمادیجئے کہ وہ وہ ہے جس (کی اتنی بڑی قدرت ہے کہ اس) نے تم کو اول بار میں پیدا کیا تھا (جب کہ تم جماد محض تھے اب اس کی قدرت کہاں گئی خصوص ایسی چیز پر کہ اس میں قابلیت بھی زیادہ ہے غرض قابل تام اور فاعل کامل پھر فعل میں کیا استبعاد) اس پر (جب قابل و فاعل دونوں کی تحقیق ہوچکی زمانۂ وقوع کی تحقیق کے لئے) آپ کے آگے (بطور انکار کے) سر ہلا ہلا کر کہیں گے کہ (اچھا یہ بتایئے) یہ (زندہ ہونا) کب ہوگا آپ فرمادیجئے کہ عجب نہیں یہ قریب ہی آپہنچا ہو (آگے اس کے وقت وقوع کی حالت کا بیان ہے کہ) یہ اس روز ہوگا کہ اللہ تعالیٰ تم کو (زندہ کرنے اور میدان حشر میں جمع ہونے کے لئے فرشتہ کے ذریعہ سے) پکارے گا۔ اور تم (بالاضطرار) اس کی حمد (وثنا) کرتے ہوئے حکم کی تعمیل کرلو گے (یعنی زندہ بھی ہوجاؤ گے اور میدان حشر میں بھی

www.besturdubooks.net

حاضر ہو جاؤ گے) اور (اس روز کی ہول و ہیبت دیکھ کر یہ حال ہوگا کہ دنیا و قبر میں رہنے کی نسبت) تم یہ خیال کرو گے کہ تم (قبر و دنیا میں) بہت ہی کم (مدت) رہے تھے (کیونکہ قبر و دنیا میں اس دن کی نسبت سے پھر بھی راحت تھی اور راحت کا زمانہ شدت کے زمانہ کے سامنے کم معلوم ہوتا ہے) **ف**: فَتَسْتَجِيْبُوْنَ بِحَمْدِهٖ کی تفسیر میں صاحب روح نے عبد بن حمید سے ابن جبیر کا قول نقل کیا ہے کہ قبروں سے سبحنك اللهم و بحمدك کہتے ہوئے نکلیں گے گو کافر کو یہ نافع نہ ہو اور بعض نے کہا ہے کہ یہ کنایہ ہے انقیاد سے یعنی تنقادون له انقياد الحامدين اور یہ فرشتہ جس کے ذریعہ سے پکارا جاوے گا اسرافیل علیہ السلام ہیں ان کے نفخہ میں یہی حکم ہوگا اور بالاضطرار اس لئے کہا کہ حیات میں تو مطلق اختیار نہیں اور میدان حشر میں جمع ہونے پر کامل اختیار نہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قوله في وجعلنا** وہ پردہ اشارة الى كون العطف تفسيريا ۱۲۔ ۲ **قوله في توضيح جعلنا على قلوبهم** جس سے وہ توجیہ لعجل الحجاب بينهم وبينه صلى الله عليه وسلم مع انهم كانوا يدركونه و حاصل الوجه وقوع الحجاب بينهم و بينه صلى الله عليه وسلم باعتبار عدم ادراكهم ما هو عليه من النبوة وجلالة القدر ۱۲۔ ۳ **قوله في وحده** کمالات کی نفی فمعنى وحده ما هو بشرط لا شئ لا ما هو لا بشرط شئ ۱۲۔ ۴ **قوله في ان تتبعون** تمہارے برادری ففي الكلام تجوز فلا يراد انهم لم يتبعوه صلى الله عليه وسلم ۱۲۔

اللغات: **قوله مستورا** اما بمعنى اسم الفاعل اى الساتر او بمعنى النسبة اى اذا ستر كذا قالوا ۱۲ **قوله** وحده قيل مصدر وهو حال بمعنى واحد او قيل انه ليس بمصدر بل هو اسم موضوع موضع المصدر وهو الايجاد الموضوع موضع الحال وهو موحد **قوله** نفورا مصدر مفعول مطلق او لاجله او جمع نافر ۱۲ **قوله** بما يستمعون به اى متلبس به من الهزء والاستخفاف بك وبالقرآن فالباء الاولى صلة علم والثانية للتلبس والموصول يراد به الهزء واللغو ۱۲۔ **قوله** نجوى مصدر كزيد عدل او جمع نجى كضيل وقتلى ۱۲۔ **قوله** الامثال الاوصاف العجيبة البعيدة عنه صلى الله عليه وسلم والمراد الجنس فلا يرد انهم ما قالوا الا مسحورًا فقط او يقال ان قولهم هذا يدل على اقوالهم الأخر المماثلة فجمعت في الآية ۱۲ النغض الحركة والانغاض التحريك وقيل التحريك الذى هو بطريق الانكار خاصة اى سيحركون انكارًا واستهزاءً ۱۲۔

النحو: **قوله** اذ يستمعون ظرف لا علم لا باعتبار التقييد بل باعتبار الاخبار عن الواقع للايقاظ من غير تخصيص واذ هم نجوى معطوف على اذ يستمعون لكن من حيث تعلقه بما به التناجي المدلول عليه السياق النظم والمعنى نحن اعلم بما يستمعون به اذ يستمعون اليك ونحن اعلم بما يتناجون به اذ هم نجوى ۱۲ **قوله** ء اذا كنا الظرف متعلق بمقدر اى نبعث لا بمبعوثون لان ان لها الصدر فلا يعمل ما بعدها في ما قبلها والهمزة الثانية تاكيد للاولى وخلقا جديدًا مفعول مطلق يكون خلقًا بمعنى بعثا او حال فيكون خلقًا بمعنى مخلوقًا **قوله** يوم عامله تبعثون القدر او يكون المقدر **قوله** قل الذى اى هو الذى ۱۲۔

البلاغۃ: **قوله** الذين لا يؤمنون بالأخرة وقوله يقول الظلمون في كليهما وضع المظهر موضع المضمر ايذانا بالتقبيح ۱۲۔ **قوله** فتستجيبون بحمده هي مبالغة في انقيادهم للبعث كقولك لمن تامره بامر يشق عليه ستأتي به وانت حامد شاكر وهذا يذكر في معرض التهديد كذا في النيسابوري ۱۲۔

وَقُلْ لِّعِبَادِيْ يَقُوْلُوا الَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ؕ اِنَّ الشَّيْطٰنَ يَنْزَغُ بَيْنَهُمْ ؕ اِنَّ الشَّيْطٰنَ كَانَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوًّا مُّبِيْنًا ﴿۵۳﴾ رَبُّكُمْ
اَعْلَمُ بِكُمْ ؕ اِنْ يَّشَاْ يَرْحَمْكُمْ اَوْ اِنْ يَّشَاْ يُعَذِّبْكُمْ ؕ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ وَكِيْلًا ﴿۵۴﴾ وَ رَبُّكَ اَعْلَمُ بِمَنْ فِي
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَلَقَدْ فَضَّلْنَا بَعْضَ النَّبِيّٖنَ عَلٰى بَعْضٍ وَّ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ﴿۵۵﴾ قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ مِّنْ
دُوْنِهٖ فَلَا يَمْلِكُوْنَ كَشْفَ الضُّرِّ عَنْكُمْ وَلَا تَحْوِيْلًا ﴿۵۶﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ يَبْتَغُوْنَ اِلٰى رَبِّهِمُ الْوَسِيْلَةَ اَيُّهُمْ
اَقْرَبُ وَ يَرْجُوْنَ رَحْمَتَهٗ وَ يَخَافُوْنَ عَذَابَهٗ ؕ اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ كَانَ مَحْذُوْرًا ﴿۵۷﴾ وَ اِنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اِلَّا نَحْنُ
مُهْلِكُوْهَا قَبْلَ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اَوْ مُعَذِّبُوْهَا عَذَابًا شَدِيْدًا ؕ كَانَ ذٰلِكَ فِي الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا ﴿۵۸﴾

اور آپ میرے (مسلمان) بندوں سے کہہ دیجئے کہ ایسی بات کہا کریں جو بہتر ہو شیطان لوگوں میں فساد ڈلوا دیتا ہے واقعی شیطان انسان کا صریح دشمن ہے۔ تم سب کا حال

www.besturdubooks.net

تمہارا پروردگار خوب جانتا ہے اگر وہ چاہے تم پر رحمت فرمادے یا اگر وہ چاہے تو تم کو عذاب دینے لگے اور ہم نے آپ (تک) کو ان کا ذمہ دار بنا کر نہیں بھیجا اور آپ کا رب خوب جانتا ہے ان کو جو کہ آسمانوں میں ہے اور زمین میں ہیں اور ہم نے بعض نبیوں کو بعض پر فضیلت دی ہے اور ہم داؤد علیہ السلام کو زبور دے چکے ہیں۔ آپ فرما دیجئے کہ جن کو تم خدا کے سوا (معبود) قرار دے رہے ہو ذرا ان کو پکارو تو سہی سو وہ یقیناً نہ تم سے تکلیف کو دور کرنے کا اختیار رکھتے ہیں اور نہ اس کے بدلنے کا یہ لوگ کہ جن کو مشرکین پکار رہے ہیں وہ خود اپنے رب کی طرف وسیلہ ڈھونڈ رہے ہیں کہ ان میں کون زیادہ مقرب بنتا ہے اور وہ اس کی رحمت کے امیدوار ہیں اور اس کے عذاب سے ڈرتے ہیں (اور) واقعی آپ کے رب کا عذاب ہے بھی ڈرنے کے قابل اور (کفار کی) ایسی کوئی بستی نہیں جس کو ہم قیامت سے پہلے ہلاک نہ کریں یا (قیامت کے روز) اس کو سخت عذاب نہ دیں یہ بات کتاب (یعنی لوح محفوظ) میں لکھی ہوئی ہے۔ ۞

ربط: اوپر کفار کی جہالات کا ذکر تھا جو مسلمانوں کو غصہ آنے کا مظنہ تھا اس لئے آگے جواب میں نرمی برتنے کی تعلیم ہے۔

تعلیم ترک خشونت در محاجۂ کفار ☆ وَقُلْ لِّعِبَادِيْ (الی قولہ تعالیٰ) وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ وَكِيْلًا ۝ اور آپ میرے (مسلمان) بندوں سے کہہ دیجئے کہ (اگر کفار کو جواب دیں تو) ایسی بات کہا کریں جو (اخلاق کے اعتبار سے) بہتر ہو (یعنی اس میں سب وشتم اور خشونت اور اشتعال نہ ہو کیونکہ) شیطان (سخت جواب کہلوا کر) لوگوں میں فساد ڈلوا دیتا ہے واقعی شیطان انسان کا صریح دشمن ہے (اور وجہ ہمارے اس علم کی یہ ہے کہ سختی سے کوئی فائدہ نہیں کیونکہ ہدایت و ضلالت بالکل مشیت ازلیہ کے متعلق ہے سو) تم سب کا حال تمہارا پروردگار خوب جانتا ہے (کہ کون کس قابل ہے پس) اگر وہ چاہے تم (میں سے جس) پر (چاہے) رحمت فرمادے (یعنی ہدایت کردے) یا اگر وہ چاہے تو تم (میں سے جس) کو (چاہے) عذاب دینے لگے (یعنی اس کو توفیق ہدایت نہ دے اور اس پر عذاب ہو) اور ہم نے آپ (تک) کو ان (کی ہدایت) کا ذمہ دار بنا کر نہیں بھیجا (جب آپ باوجود نبوت کے ذمہ دار نہیں بنائے گئے تو اور امتی تو کیونکر ذمہ دار ہو سکتے ہیں پھر اس قدر درپے ہونا اور سختی سے کام لینا کیا ضرور) ف: مراد اس سے بے ضرورت سختی کرنا ہے جیسا اکثر مجادلات میں ہو جاتی ہے ورنہ ضرورت اور مصلحت کے موقع پر اس سے زیادہ قتال تک کی اجازت ہے خوب کہا گیا ہے۔

؎ بے حکم شرع آب خوردن خطاست ☆ وگر خوں بفتویٰ بریزی رواست

ربط: اوپر وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ اور وَقَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا میں کفار کے انکار رسالت پر دلالت تھی منجملہ ان کے وجوہ انکار رسالت کے ایک ان کا یہ بھی خیال تھا کہ رسول فرشتہ ہونا چاہئے یا اگر بشر ہو تو کوئی رئیس ہو جیسا ان کا قول نقل کیا گیا ہے: لَوْلَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ [الزخرف: ۳۱] آگے اس شبہ کا جواب اور ذکر داؤد علیہ السلام سے آپ کی رسالت کی تائید اور رسولوں میں سے آپ کے افضل ہونے کی طرف اجمالی اشارہ فرماتے ہیں۔

اثبات رسالت وفضیلت رسول اللہ ﷺ وَرَبُّكَ اَعْلَمُ بِمَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَلَقَدْ فَضَّلْنَا بَعْضَ النَّبِيّٖنَ عَلٰي بَعْضٍ وَّاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ۝ اور آپ کا رب خوب جانتا ہے ان کو (بھی) جو کہ آسمانوں میں ہیں اور (ان کو بھی جو کہ) زمین میں ہیں۔ (آسمان والوں سے مراد ملائکہ اور زمین والوں سے جن اور انسان مطلب یہ کہ ہم خوب واقف ہیں کہ ان میں سے کس کو نبی بنانا مناسب ہے اور کس کو نہیں پس اگر آپ کو نبی بنا دیا تو کیا تعجب ہے) اور (اسی طرح اگر آپ کو فضیلت دی تو کیا تعجب ہے کیونکہ) ہم نے (پہلے بھی) بعض نبیوں کو بعض پر فضیلت دی ہے اور (اسی طرح اگر آپ کو قرآن دیا تو کیا تعجب ہے کیونکہ آپ کے قبل) ہم داؤد (علیہ السلام) کو زبور دے چکے ہیں۔ ف: زبور کی تخصیص میں یہ نکتہ ہے کہ اس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے صاحب ملک وسلطنت ہونے کی خبر دی گئی ہے قال تعالیٰ: وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُوْرِ مِنْۢ بَعْدِ الذِّكْرِ اَنَّ الْاَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِيَ الصّٰلِحُوْنَ [الأنبیاء: ۱۰۵] چنانچہ تفسیر حقانی میں اس مضمون کا حوالہ ۳۷ زبور کے ۹ اور گیارہویں درس پر کیا ہے۔ ربط: اوپر چند آیتوں میں شرک کا ابطال تھا آگے اس میں سے بعض خاص صورتوں کا رد ہے اور وہ خاص صورت یہ ہے کہ بعض لوگ ملائکہ اور جنات کی پرستش کرتے تھے پھر وہ جنات مسلمان ہو گئے اور فرشتے تو مؤمن ہیں ہی لیکن یہ لوگ پھر بھی ان کی پرستش کرتے رہے اس باب میں یہ آیتیں نازل ہوئی ہیں رواہ البخاری عن ابن مسعود حدیث الجن وابن جریر عنہ حدیث الملائکۃ وفیہ یقولون ھم بنات اللہ۔ کذا فی الدر المنثور۔

عود بابطال شرک ☆ قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ كَانَ مَحْذُوْرًا ۝ آپ (ان لوگوں سے) فرما دیجئے کہ جن کو تم خدا کے سوا (معبود) قرار دے رہے ہو (جیسے ملائکہ وجنات) ذرا ان کو (تکلیف دور کرنے کے لئے) پکارو تو سہی سو (یقیناً) وہ نہ تم سے تکلیف کو دور کرنے کا اختیار رکھتے ہیں اور نہ اس کے بدل ڈالنے کا (اختیار رکھتے ہیں مثلاً شدید سے خفیف ہی کر دیں اور وجہ اس کی ظاہر ہے کہ گو جنات وملائکہ نفس اختیار کی صفت سے موصوف ہیں لیکن اپنے اختیار میں محتاج حق تعالیٰ کے ہیں پس جس چیز کا اختیار نہیں ہوا اس پر اختیار نہیں رکھتے چنانچہ فرماتے ہیں کہ) یہ لوگ کہ جن کو مشرکین (جلب منفعت یا دفع مضرت کے لئے) پکار رہے ہیں وہ خود ہی اپنے رب کی طرف (پہنچنے کا) ذریعہ ڈھونڈ رہے ہیں کہ ان میں کون زیادہ مقرب بنتا

www.besturdubooks.net

ہے (یعنی خود وہی طاعت وعبادت میں مشغول ہیں تا کہ اللہ تعالیٰ کا قرب میسر ہو جاوے اور چاہتے ہیں کہ زیادہ قرب ہو جاوے) اور وہ اس کی رحمت کے امیدوار ہیں اور اس کے عذاب سے (درصورت نافرمانی کے) ڈرتے ہیں (اور) واقعی آپ کے رب کا عذاب ہے بھی ڈرنے کے قابل (مطلب یہ کہ جب وہ خود عابد ہیں تو معبود کیونکر ہوں گے اور جب وہ خود ہی منفعت یعنی رحمت میں اللہ تعالیٰ کے محتاج ہیں اوروں کو کیا منفعت دے سکتے ہیں۔ اسی طرح جب وہ خود مضرت یعنی عذاب سے بچنے میں اللہ تعالیٰ کے محتاج ہیں تو اوروں سے مضرت کو کیا دفع کر سکتے ہیں پھر ان کا معبود ومعین بنانا محض باطل ہوگا)۔

رَبْطٌ: اوپر آیات: وَيَدْعُ الْاِنْسَانُ (الی قولہ تعالیٰ) وَكَمْ اَهْلَكْنَا مِنَ الْقُرُوْنِ میں فی نفسہٖ کفار کا استحقاق عذاب اور اس کا عارض کی وجہ سے توقف مذکور تھا اب پھر اس کے وقوع کا یقینی ہونا بیان فرماتے ہیں بعض پر دنیا میں بھی اور بعض پر آخرت میں مقصود یہ کہ ٹلے گا نہیں اگر یہاں نہیں تو وہاں ضرور ہوگا اور نیز اس کے قبل کی آیت کے خاتمہ پر: اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ كَانَ مَحْذُوْرًا ۝ میں عذاب کو قابل حذر بتلایا تھا اب اس عذاب کے وقوع کو بتلاتے ہیں دونوں توجیہ مناسب کی ہو سکتی ہیں۔

ترہیب کفار از ہلاک وعذاب ☆ وَاِنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اِلَّا نَحْنُ مُهْلِكُوْهَا (الی قولہ تعالیٰ) كَانَ ذٰلِكَ فِي الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا ۝ اور (کفار کی) ایسی کوئی بستی نہیں جس کو ہم قیامت سے پہلے ہلاک نہ کریں یا (قیامت کے روز) اس (کے رہنے والوں) کو (دوزخ کا) سخت عذاب نہ دیں یہ بات کتاب (یعنی لوح محفوظ) میں لکھی ہوئی ہے (پس اگر کوئی کافر یہاں کسی آفت میں ہلاک ہونے سے بچ گیا تو قیامت کے روز آفت کبریٰ سے نہ بچے گا۔ ف: ہلاک ہونے میں آفت کی قید اس لئے ظاہر کر دی کہ موت طبعی سے تو سب ہلاک ہوتے ہی ہیں اس میں کفر کی تخصیص نہیں ہے۔

رَبْطٌ اوپر چند آیات میں رسالت کے متعلق کلام تھا چنانچہ آیت: رَبُّكُمْ اَعْلَمُ الخ کی تمہید میں عنقریب مذکور ہوا ہے آگے بھی رسالت ہی کے متعلق ان کے ایک شبہ کا جواب ہے منشا شبہ کا بعض خاص فرمائشی معجزات کا واقع نہ ہونا تھا آیت میں ان کے عدم وقوع کی حکمت کے بیان سے جواب دیا گیا ہے۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلِ السُّؤَالِ: قولہ تعالیٰ: وَقُلْ لِّعِبَادِيْ يَقُوْلُوا الخ اس میں مخالفین کے ساتھ نرمی کرنے کی تعلیم ہے قولہ تعالیٰ: رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِكُمْ الخ اس میں دلالت ہے کہ اصلاح میں کسی کے درپے نہ ہو ۱۲۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۂ: ۱ قوله فی ما ارسلنك آپ تک فیه اشارة الی وجه العدول عن ضمیر الجمع الی الواحد فان ظاهر المقام ارسلناكم ۱۲۔ ۲ قوله فی التمهید وجوہ انکار رسالت الخ ذکره فی روح المعانی ۱۲۔ ۳ قوله فی ف نکتہ الخ ذکره فی الروح ۱۲۔ ۴ قوله قابل اشارة الی ما فی النیسابوری ای حقیقا بان یحذره کل احد ۱۲۔ ۵ قوله فی قریة کفار کی دل علی هذا التخصیص المقام ۱۲۔ ۶ قوله فی معذبوها قیامت کے روز دل علیه السکوت عن القید السابق ومجیئه فی مقابلته وایضا یدل علیه اتصاف العذاب بالشدید المناسب بعذاب القیامة ۱۲۔

اَلنَّحْوُ: قوله یقولوا عن الزجاج انه مجزوم بلام الامر المقدرة ای لیقولوا کذا فی الروح ۱۲۔ قوله اولئك مبتدأ الذین صفة یدعون صلة ویبتغون خبر والمراد باولئك المعبودون والضمیر فی یدعون الی العابدین والمفعول محذوف ای اولئك الذین یدعونهم الخ قوله ایهم اقرب ذکر الزمخشری وجهین الثانی کون ای استفهامیة وهی مبتدأ واقرب خبرها والجملة فی محل نصب یبتغون وضمن معنی یحرصون فکانه قیل یحرصون ایهم یکون اقرب الی الله تعالیٰ وذلك بالطاعة وازدیاد الخیر والصلاح ۱۲۔

اَلْبَلَاغَةُ: قوله قل ادعوا الخ فی الآیة ترق وتدرج لان قوله تعالیٰ ادعوا اعتبر فیه کشف الضر لفظا لقرینة لا یملکون کشف الضر ووجه التخصیص ان دفع الضر اهم من جلب النفع ثم قوله تعالیٰ یدعون اعتبر فیه باطلاقه کشف الضر وجلب النفع کلاهما ثم قاله تعالیٰ فی الجواب یبتغون الخ اعتبر فیه ثلثة امور کونهم عابدین المدلول علیه بقوله یبتغون وکونهم محتاجین فی جلب النفع المدلول علیه بقوله یرجون وکونهم محتاجین فی دفع الضر المدلول علیه بقوله یخافون فافهم ۱۲۔

وَمَا مَنَعَنَآ اَنْ نُّرْسِلَ بِالْاٰيٰتِ اِلَّآ اَنْ كَذَّبَ بِهَا الْاَوَّلُوْنَ ۭ وَاٰتَيْنَا ثَمُوْدَ النَّاقَةَ مُبْصِرَةً فَظَلَمُوْا بِهَا ۭ وَمَا نُرْسِلُ بِالْاٰيٰتِ
اِلَّا تَخْوِيْفًا ۝ وَاِذْ قُلْنَا لَكَ اِنَّ رَبَّكَ اَحَاطَ بِالنَّاسِ ۭ وَمَا جَعَلْنَا الرُّءْيَا الَّتِيْٓ اَرَيْنٰكَ اِلَّا فِتْنَةً لِّلنَّاسِ وَالشَّجَرَةَ الْمَلْعُوْنَةَ
فِي الْقُرْاٰنِ ۭ وَنُخَوِّفُهُمْ ۙ فَمَا يَزِيْدُهُمْ اِلَّا طُغْيَانًا كَبِيْرًا ۝ ع

اور ہم کو خاص (فرمائشی) معجزات کے بھیجنے سے صرف یہی امر مانع ہوا کہ پہلے لوگ ان کی تکذیب کر چکے ہیں اور ہم نے قوم ثمود کو اونٹنی دی تھی جو کہ بصیرت کا ذریعہ تھی سو ان

www.besturdubooks.net

لوگوں نے اس کے ساتھ ظلم کیا اور ہم ایسے معجزات کو صرف ڈرانے کے لئے بھیجا کرتے ہیں اور وہ وقت یاد کر لیجئے جب کہ ہم نے آپ سے کہا تھا کہ آپ کا رب (اپنے علم سے) تمام لوگوں کو محیط ہو رہا ہے اور ہم نے جو تماشا آپ کو دکھایا تھا اور جس درخت کی قرآن میں مذمت کی گئی ہے ہم نے تو ان دونوں چیزوں کو ان لوگوں کے لئے موجب گمراہی کر دیا اور ہم ان کو ڈراتے رہتے ہیں لیکن ان کی بڑی سرکشی بڑھتی چلی جاتی ہے۔ ۞

تفسیر: **حکمت عدم وقوع بعض مقترحات کفار** ☆ وَمَا مَنَعَنَآ اَنْ نُّرْسِلَ بِالْاٰيٰتِ (الی قولہ تعالیٰ) فَمَا يَزِيْدُهُمْ اِلَّا طُغْيَانًا كَبِيْرًا ۞ اور ہم کو خاص (فرمائشی) معجزات کے بھیجنے سے صرف یہی امر مانع ہوا کہ پہلے لوگ ان (کے ہم جنس[1] فرمائشی معجزات) کو تکذیب کر چکے ہیں (اور طبیعتیں اُن کی اور اِن کی مشابہ ہیں پس یہ بھی تکذیب کریں گے) اور (نمونہ کے طور پر ایک قصہ بھی سن لو کہ) ہم نے قوم ثمود کو (ان کی فرمائش کے موافق بطور معجزہ صالح علیہ السلام کی) اونٹنی دی تھی (جو عجیب طور پر پیدا ہوئی اور) جو کہ (معجزہ ہونے کے سبب فی نفسہٖ) بصیرت[2] کا ذریعہ تھی سو ان لوگوں نے (اس سے بصیرت حاصل نہ کی بلکہ) اس کے ساتھ (بڑا ظلم کیا کہ اس کو قتل کر ڈالا پس ایسا ہی یہ بھی کریں گے) اور ہم ایسے معجزات کو صرف (اس بات سے) ڈرانے کے لئے بھیجا کرتے ہیں (کہ اگر ایمان نہ لاؤ گے تو ابھی ہلاک کر دیئے جاؤ گے یعنی فرمائشی معجزات سے اصل مقصود یہ ہوتا ہے اور اس پر ایمان کا اثر کم مرتب ہوتا ہے پس اگر ان کا وقوع ہوتا تو یہ ایمان نہ لاتے اور ہم اپنے وعدہ تخویفی کو پورا کرتے تو یہ ہلاک ہوتے جیسے ثمود اور اصحاب مائدہ کے ساتھ ہوا اور ابھی بہت سی حکمتوں سے ان کے ہلاک کا وقت مقرر نہیں آیا) اور (ہم جو کہتے ہیں کہ یہ ایمان نہ لاویں گے تو وجہ یہ کہ ہم کو یہ بات پہلے سے معلوم ہے اور اس کے قبل ہم آپ کو اپنے اس معلوم ہونے کی اطلاع بھی دے چکے ہیں چنانچہ) آپ وہ وقت یاد کر لیجئے جب کہ ہم نے آپ سے کہا تھا (کبھی وحی غیر متلو کے ذریعہ سے کہا ہوگا) کہ آپ کے رب (اپنے علم سے) تمام لوگوں (کے احوال ظاہری موجودہ و مستقبلہ) کو محیط ہو رہے ہیں (اور ان احوال مستقبلہ میں ان کا ایمان نہ لانا بھی ہے پس اللہ تعالیٰ کو وہ بھی معلوم ہے) اور جیسا ان کی حالت کا قیاس واقعات اولین پر دلیل ہے ان کے ایمان نہ لانے کی اسی طرح خود ان کے بعض واقعات پر قیاس کرنا نیز دلیل ہے ان کے ایمان نہ لانے پر چنانچہ) ہم نے (واقعۂ معراج میں) جو تماشا (بیداری میں) آپ کو دکھلایا تھا اور جس درخت کی قرآن میں مذمت[3] کی گئی ہے (یعنی زقوم کہ طعام کفار ہے) ہم نے ان دونوں چیزوں کو ان لوگوں کے لئے موجب گمراہی کر دیا (یعنی ان دونوں امر کو سن کر تکذیب کی معراج کی تو اس لئے کہ ایک شب میں اتنی دور جانا یا بالخصوص آسمان پر کسی طرح بھی جانا ممکن نہیں اور شجرۂ زقوم کی اس لئے کہ وہ دوزخ میں جلایا جاتا ہے سو اس پر کہتے تھے کہ آگ سے تو درخت جل جاتا ہے نہ کہ اس میں پیدا ہو۔ خلاصہ یہ کہ ان میں ایک امر خارق تو دنیا ہی میں واقع ہوا اور ایک امر گو دنیا میں خارق ہے لیکن اس کا وقوع آخرت میں ہے کہ وہاں کے اعتبار سے خارق ہونا ضرور نہیں کیونکہ ممکن ہے کہ وہاں کی یہی عادت ہو مگر آخر ان امور کی تکذیب کی پس اس قیاس سے بھی عام مخاطبین بہت جلدی سمجھ سکتے ہیں کہ اگر فرمائشی معجزات آتے ضرور یہ تکذیب کرتے اور یہ دونوں قیاس تقریب فہم ناظرین و سامعین کے لئے ورنہ اصل دلیل تو وہی ہے کہ اللہ تعالیٰ کو یہ بات معلوم ہے جس کی طرف اَحَاطَ بِالنَّاسِ[4] میں اشارہ ہے) اور ہم (ان کو گو ایسے آیات مقترحہ کے ایقاع سے تخویف نہیں کرتے لیکن آیات[5] تشریعیہ کے ذریعے سے) ان کو (عذاب آخرت) ڈراتے رہتے ہیں لیکن ان کی بڑی سرکشی بڑھتی چلی جاتی ہے (حالانکہ یہ تخویف بالصلہ موضوع ہدایت ہی کے لئے ہے جب امر موضوع للہدایت سے ان کو ہدایت نہیں ہوتی تو امر غیر موضوع للہدایہ یعنی آیات مقترحہ موضوعہ للتخویف والتعذیب سے تو ان کو کیا ہدایت ہوتی جیسا یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ ہم ان کے ظاہر ہونے پر ایمان لے آتے اس لئے ظاہر نہ ہونا مصلحت ہوا۔ **ف**: **شجرۂ زقوم کے ساتھ علاوہ تکذیب بالنہج المذکور کے ایک استہزاء بھی کرتے تھے** جس کا بیان مع زائد تحقیق اس مقام کے سورۂ صف کے دوسرے رکوع کے اخیر میں آوے گا وہاں ملاحظہ فرمایا جاوے۔

ربط: اوپر آیات: وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ میں کفار کا حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے استہزاء و خلاف کے ساتھ پیش آنا اور اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ الخ میں ملائکہ کا جن کو کفار نے معبود بنا رکھا تھا عبودیت و انقیاد بجالانا اور وَمَا مَنَعَنَآ اَنْ نُّرْسِلَ الخ میں آیات مقترحہ کی کفار کی جانب سے فرمائش ہونا مذکور ہے آگے قصہ آدم و ابلیس کا جو ان سب مضامین کے مناسب ہے بیان فرماتے ہیں کہ اس سے مضمون اول کی وجہ بھی معلوم ہو گئی کہ حسد سے جس طرح ابلیس کو یہی حسد باعث مخالفت آدم علیہ السلام ہوا تھا اور ساتھ ساتھ تسلی بھی کر دی گئی کہ جس طرح اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کی شیطان سے حفاظت کرتے ہیں اسی طرح شر کفار سے آپ کو بچا لیں گے اور اس سے مضمون ثانی کی بھی تقویت ہو گئی کہ اس میں امتثال ملائکہ کا مذکور ہے اور مضمون ثالث کا سبب بھی معلوم ہو گیا کہ شیطان ان سے ایسے کام کراتا ہے جیسا کہ اس نے کہہ دیا تھا کہ میں گمراہ کروں گا اور ساتھ ساتھ ایسے کام کرنے والوں کے واسطے وعید کی طرف بھی اشارہ ہے جیسا شیطان کے جواب ہی میں کہہ دیا گیا تھا کہ تیرے تابعین کی سزا جہنم ہے۔

ملحقات الترجمۃ: [1] **قولہ فی کذب بھا ہم جنس زادہ لان عین ھذہ الآیات التی یقترحھا قریش لم تقع فی الاولین ۱۲۔ [2] قولہ فی مبصرۃ بصیرت کا ذریعہ۔ کما فی الروح یتبصربھا الغیر فالصیغۃ للنسب ۱۲۔ [3] قولہ فی الملعونۃ ذمت لقولہ تعالیٰ طلعھا کانہ رؤس**

www.besturdubooks.net

الشیاطین واشار به الی ان ماخذه قول العرب لکل طعام مکروه ضار ملعون۱۲۔ قوله فی نخوفهم آیات تشریعیہ اشارة الی دفع ایراد هو ان قوله تعالٰی وما نرسل الخ یدل علی عدم وقوع التخویف وقوله نخو فهم دال علی وقوعه تقریر الدفع ان المنفی التخویف بالعذاب العاجل والمثبت التخویف بالآجل۱۲۔

الرِّوَایَات: فی الدر المنثور اخرج ابن اسحٰق وابن جریر وابن المنذر عن الحسن رضی الله عنه ان رسول الله صلی الله علیه وسلم اصبح یحدث بذلك فکذب به اُناس فانزل الله فیمن ارتد وما جعلنا الخ وفیه اخرج ابن المنذر عن ابن عباس رضی الله عنهما فی قوله والشجرة الملعونة قال ملعونة لان طلعها کانه رؤس الشیاطین وهم ملعونون وفی اللباب اخرج الحاکم والطبرانی وغیره عن ابن عباس رضی الله عنهما قال سأل اهل مکة النبی صلی الله علیه وسلم ان یجعل لهم الصفا ذهبا وان ینحی عنهم الجبال فیزرعوا فقیل له ان شئت ان تستانی بهم (ای منتظر) وان شئت نؤتهم الذی سألوا فان کفروا اهلکوا کما اهلکت من قبلهم قال بل استأنی بهم فانزل الله تعالٰی وما منعنا ان نرسل بالآیات الخ وفی اللباب اخرج ابن ابی حاتم والبیهقی فی البعث عن ابن عباس رضی الله عنهما قال لما ذکر الله الزقوم خوف به هذا الحی من قریش قال ابو جهل هل تدرون ما هذا الزقوم الذی یخوفکم به محمد قالوا لا قال التمر بالزبد اما لئن امکننا منها لنزقمنها زقما فانزل الله والشجرة الملعونة فی القرآن ونخوفهم فما یزیدهم الا طغیاناً کبیرا او انزل ان شجرة الزقوم طعام الاثیم وفیه اخرج جریر عن قتادة قال قال ابو جهل زعم صاحبکم هذا ان فی الناس شجرة والنار تاکل الشجرة وانا والله ما نعلم الزقوم الا التمر او الزبد فانزل الله حین عجبوا ان یکون فی النار شجرة تخرج فی اصل الجحیم۱۲۔

اَلْکَلَام: استدل بعض بالرؤیا علی ان المعراج کان فی المنام وبترجمتی حصل الجواب کما فی الدر المنثور عن البخاری وخلق کثیر عن ابن عباس قال هی رویا عین اریها رسول الله صلی الله علیه وسلم لیلة اسری به ولیست برؤیا منام۔

اَلنَّحْو: قوله والشجرة الملعونة عطف علی الرؤیا ای وما جعلنا الشجرة الا فتنة للناس۱۲۔

اَلْبَلَاغَة: قوله وما منعنا الی کبیر ذکر فی الآیة قیاسین الاول قیاس حالهم علی احوال السابقین فی الآیة الاولی والثانی قیاس حالهم هذه علی حالهم السابقة فی الآیة الثانیة و خارقین الاول الناقة والثانی الشجرة وتخویفین الاول ما نرسل بالآیات الا تخویفا والثانی ونخوفهم۱۲ قوله اتینا ثمود تخصیص الناقة لوجوه منها ان المشهور ثمود کانوا اقترحوها فنسب ذکرها مع الآیات المقترحة الثانی ان ثمود کانوا من العرب الثالث فی الدر المنثور اخرج البیهقی فی الدلائل عن الربیع بن انسؓ قال قال الناس لرسول الله صلی الله علیه وسلم لو جئتنا بآیة کما جاء بها صالح والنبیون الخ فلما ذکروا الناقة بالخصوص ناسب ذکرها خصوصاً۔

وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ قَالَ ءَاَسْجُدُ لِمَنْ خَلَقْتَ طِيْنًا ﴿۶۱﴾ قَالَ اَرَءَيْتَكَ
هٰذَا الَّذِيْ كَرَّمْتَ عَلَيَّ لَئِنْ اَخَّرْتَنِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَاَحْتَنِكَنَّ ذُرِّيَّتَهٗٓ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۶۲﴾ قَالَ اذْهَبْ فَمَنْ
تَبِعَكَ مِنْهُمْ فَاِنَّ جَهَنَّمَ جَزَآؤُكُمْ جَزَآءً مَّوْفُوْرًا ﴿۶۳﴾ وَاسْتَفْزِزْ مَنِ اسْتَطَعْتَ مِنْهُمْ بِصَوْتِكَ وَاَجْلِبْ
عَلَيْهِمْ بِخَيْلِكَ وَرَجِلِكَ وَشَارِكْهُمْ فِي الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ وَعِدْهُمْ ؕ وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطٰنُ اِلَّا غُرُوْرًا ﴿۶۴﴾ اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ
لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ ؕ وَكَفٰى بِرَبِّكَ وَكِيْلًا ﴿۶۵﴾ رَبُّكُمُ الَّذِيْ يُزْجِيْ لَكُمُ الْفُلْكَ فِي الْبَحْرِ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّهٗ كَانَ
بِكُمْ رَحِيْمًا ﴿۶۶﴾ وَاِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فِي الْبَحْرِ ضَلَّ مَنْ تَدْعُوْنَ اِلَّآ اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىكُمْ اِلَى الْبَرِّ اَعْرَضْتُمْ ؕ وَكَانَ الْاِنْسَانُ
كَفُوْرًا ﴿۶۷﴾ اَفَاَمِنْتُمْ اَنْ يَّخْسِفَ بِكُمْ جَانِبَ الْبَرِّ اَوْ يُرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا ثُمَّ لَا تَجِدُوْا لَكُمْ وَكِيْلًا ﴿۶۸﴾
اَمْ اَمِنْتُمْ اَنْ يُّعِيْدَكُمْ فِيْهِ تَارَةً اُخْرٰى فَيُرْسِلَ عَلَيْكُمْ قَاصِفًا مِّنَ الرِّيْحِ فَيُغْرِقَكُمْ بِمَا كَفَرْتُمْ ثُمَّ لَا تَجِدُوْا

www.besturdubooks.net

لَأَحْتَنِكَنَّ ذُرِّيَّتَهُ إِلَّا قَلِيلًا ﴿٦٢﴾ وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِي آدَمَ وَحَمَلْنَاهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنَاهُمْ مِنَ الطَّيِّبَاتِ وَفَضَّلْنَاهُمْ عَلَىٰ كَثِيرٍ مِمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيلًا ﴿٧٠﴾ ع ۷

اور جب کہ ہم نے فرشتوں سے کہا کہ آدم کو سجدہ کرو سوان سب نے سجدہ کیا مگر ابلیس نے (نہ کیا اور) کہا کہ کیا میں ایسے شخص کو سجدہ کروں جس کو آپ نے مٹی سے بنایا ہے کہنے لگا کہ اس شخص کو جو آپ نے مجھ پر فضیلت دی ہے تو بھلا بتلایئے تو خیر اگر آپ نے مجھ کو قیامت کے زمانہ تک مہلت دے دی تو میں (بھی) بجز قدرے قلیل لوگوں کے اس کی اولاد کو اپنے بس میں کرلوں گا۔ ارشاد ہوا جا جو شخص ان میں سے تیرے ساتھ ہولے گا سو تم سب کی سزا جہنم ہے سزا پوری اور ان میں سے جس جس پر تیرا قابو چلے اپنی چیخ پکار سے اس کا قدم اکھاڑ دینا اور ان پر اپنے سوار اور پیادے چڑھا لانا اور ان کے مال اور اولاد میں اپنا ساجھا کر لینا اور ان سے وعدہ کرنا اور شیطان ان لوگوں سے بالکل جھوٹے وعدے کرتا ہے میرے خاص بندوں پر تیرا ذرا قابو نہ چلے گا اور آپ کا رب کافی کارساز ہے۔ تیرا رب ایسا (منعم) ہے کہ تمہارے لئے کشتی کو دریا میں لے چلتا ہے تاکہ تم اس کے رزق کی تلاش کرو بے شک وہ تمہارے حال پر بہت مہربان ہے اور جب تم کو دریا میں کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو بجز خدا کے اور جنوں کی تم عبادت کرتے تھے سب غائب ہو جاتے ہیں پھر جب تم کو خشکی کی طرف بچا لاتا ہے تو پھر تم پھر جاتے ہو اور واقعی انسان ہے بڑا ناشکرا۔ تو کیا تم اس بات سے بے فکر ہو بیٹھے ہو کہ تم کو خشکی کی جانب سے لا کر زمین میں دھنسا دے یا تم پر کوئی ایسی تند ہوا بھیج دے جو کنکر برسانے لگے پھر تم کسی کو اپنا کارساز نہ پاؤ یا تم اس سے بے فکر ہو گئے کہ خدا تعالیٰ پھر تم کو دریا ہی میں دوبارہ لے جائے پھر تم پر ہوا کا سخت طوفان بھیج دے پھر تم کو تمہارے کفر کے سبب غرق کر دے پھر اس بات پر کوئی ہمارا پیچھا کرنے والا تم کو نہ ملے اور ہم نے آدم کی اولاد کو عزت دی اور ہم نے ان کو خشکی اور دریا میں سوار کیا اور نفیس نفیس چیزیں ان کو عطا فرمائیں اور ہم نے ان کو اپنی بہت مخلوقات پر فوقیت دی۔ ۞

تفسیر: قصۂ آدم علیہ السلام وابلیس ☆ وَإِذْ قُلْنَا لِلْمَلَائِكَةِ اسْجُدُوا (الی قولہ تعالیٰ) وَكَفَىٰ بِرَبِّكَ وَكِيلًا ﴿٦٥﴾ اور (وہ وقت قابل ذکر ہے) جب کہ ہم نے فرشتوں سے کہا کہ آدم (علیہ السلام) کو سجدہ کرو سوان سب نے سجدہ کیا مگر ابلیس نے (نہ کیا اور) کہا کہ کیا میں ایسے شخص کو سجدہ کروں جس کو آپ نے مٹی سے بنایا ہے (اس پر مردود و مطرود ہوا اس وقت) کہنے لگا کہ اس شخص کو آپ نے مجھ پر فوقیت دی ہے (اور اسی بناء پر سجدہ کراتے ہیں) تو بھلا بتلایئے تو (اس میں کیا فضیلت ہے) خیر (اس کی وجہ سے جیسا میں مردود ہوا ہوں) اگر آپ نے (میری درخواست کے موافق) مجھ کو قیامت کے (قریب) زمانہ تک (موت سے) مہلت دے دی تو میں (بھی) بجز قدرے قلیل لوگوں کے (کہ وہ مخلصین ہیں باقی) اس کی تمام اولاد کو اپنے بس میں کرلوں گا (یعنی گمراہ کردوں گا) ارشاد ہوا جا (جو تجھ سے ہو سکے کر لیجیو) جو شخص ان میں سے تیرے ساتھ ہولے گا سو تم سب کی (یعنی تیری اور ان کی) سزا جہنم ہے سزا پوری اور ان میں سے جس جس پر تیرا قابو چلے اپنی چیخ و پکار سے (یعنی اغواء و وسوسہ سے) اس کا قدم (راہ راست سے) اکھاڑ دینا اور ان پر اپنے سوار اور پیادے (مراد مطلق لشکر) چڑھا لانا (کہ سب مل کر گمراہ کرنے میں خوب زور لگا دیں) اور ان کے مال اور اولاد میں اپنی ساجھا کر لینا (یعنی مال و اولاد کو ذریعہ گمراہی بنا دینا چنانچہ مشاہد ہے) اور ان سے (جھوٹے جھوٹے) وعدے کرنا (کہ قیامت میں گناہ پر مواخذہ نہ ہوگا اور یہ شرکت فی النفس ہے جیسا کہ اس سے پہلے شرکت فی الاموال والاولاد مذکور ہے یہ سب صیغے تہدید کے ہیں) اور (آگے بطور جملہ معترضہ کے فرماتے ہیں کہ) شیطان ان لوگوں سے بالکل جھوٹے وعدے کرتا ہے (جن کا تفصیلاً جھوٹ ہونا نصوص میں منصوص ہے آگے پھر اس کے خطاب کا بیان ہے کہ) میرے خاص بندوں پر تیرا ذرا قابو نہ چلے گا (جیسا تو خود بھی مقر ہے) اور (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کا قابو کیونکر چلے کہ) آپ کا رب (ان کا) کافی کارساز ہے (یہ سب جواب تھا اس کے قول لئن اخرتن الخ کا اور اس کے قبل کے قَالَ ءَأَسْجُدُ اور هٰذَا الَّذِي كَرَّمْتَ الخ کا جواب بوجہ غایت ظہور کے مذکور نہیں کیونکہ مامور کو تفتیش عن الحکمۃ کا منصب حاصل نہیں اور شیطان مامور تھا اس لئے اس کا قول ء أَسْجُدُ اور هٰذَا الَّذِي قابل جواب نہیں ہے اور خیل و رجل سے مراد محاورات میں مطلق لشکر ہے یہ ضرور نہیں کہ شیطان سوار بھی ہوتے ہوں گو ممتنع بھی نہیں اور یہ بات کہ شیطان کو ابتداءً کیسے معلوم ہوا کہ میں اغوائے بنی آدم پر قادر ہوں جواب یہ ہے کہ غالباً انسان کے قویٰ ترکیبیہ مختلفہ سے اس کو یہ ظن حاصل ہوا۔

ربط: اوپر کی آیتوں میں اثبات توحید و ابطال شرک کا مضمون ہے آگے ایک خاص طرز پھر اس کی طرف عود ہے اور وہ خاص طرز توحید کے باب میں بیان ہے بعض نعمتوں کا کہ دلالات علی التوحید کے ساتھ ترغیب بھی ہے ادائے حقوق منعم کی کہ ان میں اعظم توحید ہے اور وہ خاص طرز ابطال اشراک میں اظہار ہے ان کے اعتراف کا وقت مصیبت میں کہ اس وقت خدا کے سوا کسی سے مدد نہیں مانگتے۔

عود بسوئے توحید ☆ رَبُّكُمُ الَّذِي يُزْجِي لَكُمُ الْفُلْكَ (الی قولہ تعالیٰ) ثُمَّ لَا تَجِدُوا لَكُمْ عَلَيْنَا بِهِ تَبِيعًا ﴿٦٩﴾ تمہارا رب ایسا (منعم) ہے کہ تمہارے (نفع کے) لئے کشتی کو دریا میں لے چلتا ہے تاکہ تم اس کے رزق کی تلاش کرو (چنانچہ اکثر تجارت کے لئے بحری سفر ہوتا ہے) بیشک وہ تمہارے حال پر بہت مہربان

www.besturdubooks.net

ہے (کہ تمہارے نفع کے لئے ایسا ایسا سامان بنایا) اور جب تم کو دریا میں کوئی تکلیف پہنچتی ہے (جیسے موج اور ہوا کے طوفان سے غرق ہونے کا خوف) تو (اس وقت) بجز خدا کے اور جنتوں کی تم عبادت کرتے تھے سب غائب ہو جاتے ہیں (دِل سے بھی ان کا خیال نہیں آتا اور فریادرسی سے بھی کہ وہ امداد نہیں کر سکتے جس سے بدلالت حال و مقال خود تمہارے اعتراف سے بطلان شرک لازم آتا ہے) پھر جب تم کو خشکی کی طرف بچالاتا ہے تم پھر (بدستور سابق) روگردانی کرنے لگتے ہو اور (واقعی انسان ہے بڑا ناشکرا (کہ ایسی جلدی منعم کا انعام اور اپنا الحاح بھول جاتا ہے اور تم جو اعراض کرنے لگے) ہو تو کیا تم اس بات سے بے فکر ہو کر بیٹھے ہو کہ تم کو خشکی کی جانب میں لا کر زمین میں دھنسا دے (کہ مثل غرق فی البحر کے ہے) یا تم پر کوئی ایسی تند ہوا بھیج دے جو کنکر پتھر برسانے لگے (جیسا قوم عاد پر ہوا آئی تھی اور یہ عذاب اوپر سے ہے جیسا پہلے نیچے سے تھا) پھر تم کسی کو اپنا کارساز (خدا کے مقابلہ میں نہ پاؤ یا تم اس سے بے فکر ہو گئے کہ خدا تعالیٰ پھر تم کو دریا ہی میں دوبارہ لے جاوے پھر تم پر ہوا کا سخت طوفان بھیج دے پھر تم کو تمہارے کفر (سابق یا دائم) کے سبب غرق کر دے (یعنی اگر خشکی میں غرق ہونا سمجھ میں نہ آوے تو اچھا یہ بھی تو احتمال ہے کہ ایسا کام نکلے کہ پھر سمندر کا سفر کرنا پڑے اور وہاں غرق کر دے) پھر اس بات پر) یعنی غرق کر دینے پر کوئی ہمارا پیچھا کرنے والا (یعنی بدلہ لینے والا) تم کو نہ ملے۔ ربط: اوپر بعض انعامات کے پیرایہ میں توحید کا مذکور تھا آگے دیگر بعض انعامات کے پیرایہ میں توحید کا مذکور ہے۔

ذکر بعض انعامات بغرضِ توحید ☆ وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْٓ اٰدَمَ (الی قولہ تعالیٰ) وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيْلًا ۝ اور ہم نے آدم علیہ السلام کی اولاد کو (بعض صفات خاصہ عطا فرمانے سے) عزت دی اور ہم نے ان کو خشکی اور دریا میں (جانوروں اور کشتیوں پر) سوار کیا اور نفیس نفیس چیزیں ان کو عطا فرمائیں اور (ان امور میں) ہم نے ان کو اپنی بہت سی مخلوقات پر فوقیت دی (کیونکہ اور حیوانات اس سے خالی ہیں پس اس نعمت کی قدر کریں اور توحید و طاعت بجا لاویں)۔ ف: انسان میں بعض صفاتِ خاصہ ایسی ہیں جو اور حیوانات میں نہیں جیسے حسن صورت جس میں استقامت قامت بھی آ گیا اور عقل اور ایجاد صنائع وغیرہا اور یہ نعم تمام نوع کو عام ہیں پس بنی آدم سے مراد سب بنی آدم ہیں اور چونکہ اوپر کرمنا مجمل تھا جس سے شبہ ہو سکتا تھا کہ ان صفات کے سبب یہ سب سے افضل ہے حالانکہ یہ امر خلاف واقع تھا کیونکہ یہ امور مدار افضلیت علی الملائکہ ہیں وکل بنی آدم میں متحقق نہیں اس لئے وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلٰى كَثِيْرٍ میں یہ ابہام رفع کر دیا کہ مراد تکریم سے تفضیل علی بعض الخلائق ہے یعنی حیوانات اور حیوانات سے جو کم رتبہ ہیں پس آیت ملائکہ اور بشر کے تفاضل متکلم فیہ بین المتکلمین سے ساکت ہے کسی کا استدلال آیت سے نہیں ہو سکتا و اللہ اعلم۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَكَفٰى بِرَبِّكَ وَكِيْلًا ۝ روح میں ہے کہ اس میں دلالت ہے کہ انسان مواقع ضلال سے بدوں حفاظت حق تعالیٰ کے خود نہیں بچ سکتا ۱۲۔ قولہ تعالیٰ اَمْ اَمِنْتُمْ اَنْ الخ یہاں شبہ ہو سکتا ہے کہ حق تعالیٰ نے ان کو حالت ماضیہ یاد دلائی اور اہل طریق ماضی کے یاد کو حجاب کہتے ہیں۔ جواب یہ ہے کہ اہل طریق کا خطاب ان لوگوں کے لئے ہے جن کو غفلت زائل ہو کر مشغول بحق ہو گئے ہوں اور یہاں خطاب اہل غفلت کو ہے تا کہ ان کی تمادی و غفلت دور ہو تو دونوں خطاب میں امر مشترک مشغول بحق کرنا ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی طینا مٹی سے اشارة الی نصبه بنزع الخافض ۱۲۔ ۲ قوله قبل ارأیتك اس پر مردود اشارة الی ان بین القولین بعض الفاصل ومن ثم کرر قال ایذانا بان قوله ارأیتك لیس مترتبا علی قوله الاول ء اسجد الخ۔ ۳ قوله فی توضیح ارأیتك اس میں کیا فضیلت اشارة الی وجه الترکیب حاصله ان الکاف حرف خطاب مؤکد لمعنی التاء ولا محل له من الاعراب ورای علمیته وهذا مفعولها الاول والمفعول الثانی محذوف لدلالة الصلة علیه ای اخبرنی عن هذا الذی کرمته علی لم کرمته علی والعلاقة ما بین[1] العلم والاخبار من السببیة والمسببیته ۱۲۔ ۴ قوله قبل لئن اخرتن خیر اشارة الی ان جملة لئن اخرتن مستانفة فلا دلالة علی الاستیناف زیدت هذه الکلمة ۱۲۔ ۵ قوله فی لاحتنکن بس میں اشارة الی انه ماخوذ من قولهم حنك الدابة واحتنکها اذا جعل فی حنکها الاسفل حبلا یقودها به والمعنی لاستولین علیهم استیلاء قویا کذا فی روح المعانی عن ابن عباسؓ ۱۲۔ ۶ قوله فی جزائکم تیری اور ان کی اشارة الی التغلیب ۱۲۔ ۷ قوله فی صوتك یعنی اغوا کما فی الروح وعبر عن الدعاء الی المعصیة والوسوسة بالصوت تحقیرا له حتی کانه لا معنی له الا الصوت ۱۲۔ ۸ قوله فی اجلب چڑھالانا کما فی الروح عن الزجاج اجلب علی العدد جمع علیه الخیل ۱۲۔ ۹ قوله بعد عدهم تهدید لان الله لا یامر بالفحشاء۔ ۱۰ قوله قبل وما یعدهم جملة معترضة اوردها للایذان ببطلان مواعیده المدلول علیها بقولا وعدهم۔ ۱۱ قوله فی بربك اے محمد ﷺ اشارة الی ان هذا الخطاب له علیه السلام بقرینة هذه الاضافة لمشعرة بالخصوصیة ۱۲۔ ۱۲ قوله فی رزقناهم عطاء ولم یترجم بالاطعام اشارة الی عمومه لجمیع المستلذات من المطعومات والمشروبات والملبوسات مما یحصل بصنعهم او

www.besturdubooks.net

بغیر صنعهم کما فی الروح۱۲۔

اللغات: قوله اذهب لیس المراد به ضد المجی بل تخلیة وما سولته نفسه اهانة له کقولك لمخالفك افعل ما تریدا۱۲۔ قوله واستفزز الاستفزاز الاستخفاف والخدع والایقاع فیما اراده منه واصل معنی الفز القطع۱۲۔ قوله بخیلك الباء زائدة۱۲۔ قوله حاصبا ریحا ترمی بالحصباء۱۲ قوله قاصفًا کاسرا کل شئ یمر علیه۱۲۔

النحو: قوله جزاءً موفورا حال لصفتها التی هی حال فی الحقیقة ولذا جاء ت جامدة کقوله تعالٰی قرآنا عربیا وقال النیسابوری وانتصب جزاء موفورًا علی المصدر والعامل فیه معنی تجازون المدلول علیه بقوله فان جهنم جزاء کم وفی اعراب القرآن قیل هو تمییز۱۲۔

البلاغة: قوله وکان الانسان فی الروح فیه لفافة حیث اعرض سبحانه عن خطابهم حیث اعرضوا عن طاعته۱۲ قوله جانب البر ذکر الجانب لیکون المعنی ان الجوانب کلها متساویة بالنسبة الی قدرته تعالٰی برا او بحرا فالاضافة بیانیة۱۲۔ قوله یعیدکم لم یقل ان تعودوا اشارة الی ان عظم الهول السابق یقتضی ان لا یعودوا الا ان یعادوا۱۲۔

الحواشی: (۱) ما موصولة وقوله من السببیة والمسببیة بیان لما فافهم۱۲۔

يَوْمَ نَدْعُوْا كُلَّ اُنَاسٍۢ بِاِمَامِهِمْ ۚ فَمَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ فَاُولٰٓئِكَ يَقْرَءُوْنَ كِتٰبَهُمْ وَلَا يُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ﴿۷۱﴾ وَمَنْ كَانَ فِيْ هٰذِهٖٓ اَعْمٰى فَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى وَاَضَلُّ سَبِيْلًا ﴿۷۲﴾ وَاِنْ كَادُوْا لَيَفْتِنُوْنَكَ عَنِ الَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ لِتَفْتَرِيَ عَلَيْنَا غَيْرَهٗ ۖ وَاِذًا لَّاتَّخَذُوْكَ خَلِيْلًا ﴿۷۳﴾ وَلَوْلَآ اَنْ ثَبَّتْنٰكَ لَقَدْ كِدْتَّ تَرْكَنُ اِلَيْهِمْ شَيْـًٔا قَلِيْلًا ﴿۷۴﴾ اِذًا لَّاَذَقْنٰكَ ضِعْفَ الْحَيٰوةِ وَضِعْفَ الْمَمَاتِ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ عَلَيْنَا نَصِيْرًا ﴿۷۵﴾ وَاِنْ كَادُوْا لَيَسْتَفِزُّوْنَكَ مِنَ الْاَرْضِ لِيُخْرِجُوْكَ مِنْهَا وَاِذًا لَّا يَلْبَثُوْنَ خِلٰفَكَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۷۶﴾

سُنَّةَ مَنْ قَدْ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنْ رُّسُلِنَا وَلَا تَجِدُ لِسُنَّتِنَا تَحْوِيْلًا ﴿۷۷﴾ ع ۸

جس روز ہم تمام آدمیوں کو ان کے اعمال نامہ سمیت بلاویں گے پھر جس کا نامہ اعمال اس کے داہنے ہاتھ میں دیا جائے گا ایسے لوگ اپنا نامہ اعمال پڑھیں گے اور ان کا ذرا نقصان نہ کیا جائے گا اور جو شخص دنیا میں اندھا رہے گا سو وہ آخرت میں بھی اندھا رہے گا اور زیادہ گم کردہ راہ ہوگا اور اگر یہ (کافر) لوگ آپ کو اس چیز سے بچلانے ہی لگے تھے جو ہم نے آپ پر وحی کے ذریعے سے بھیجی ہے تاکہ آپ اس کے سوا ہماری طرف غلط بات کی نسبت کریں اور ایسی حالت میں آپ کو گاڑھا دوست بنا لیتے اور اگر ہم نے آپ کو ثابت قدم نہ بنایا ہوتا تو آپ ان کی طرف کچھ کچھ جھکنے کے قریب جا پہنچتے اور اگر ایسا ہوتا تو ہم آپ کو حالت حیات میں اور بعد موت کے دہرا عذاب چکھاتے پھر آپ ہمارے مقابلہ میں کوئی مددگار بھی نہ پاتے اور یہ لوگ اس سرزمین سے آپ کے قدم ہی اکھاڑنے لگے تھے تاکہ آپ کو اس سے نکال دیں اور ایسا ہو جاتا تو آپ کے بعد یہ بھی بہت کم ٹھہرنے پاتے جیسا کہ ان صاحبوں کے باب میں ہمارا یہ قاعدہ رہا ہے جن کو آپ سے پہلے ہم نے رسول بنا کر بھیجا تھا اور آپ ہمارے (اس) قاعدے میں تغیر نہ پاویں گے۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر آیات: وَقَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا الخ میں اثبات بعثت کا مضمون تھا آگے اس یوم بعث کے بعض واقعات کا ذکر ہے نیز اس کے ضمن میں مخالفت پر وعید بھی ہوگئی۔

بعض واقعاتِ قیامت ☆ يَوْمَ نَدْعُوْا كُلَّ اُنَاسٍۢ بِاِمَامِهِمْ (الی قوله تعالٰی) فَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى وَاَضَلُّ سَبِيْلًا ﴿۷۲﴾ (اُس دن کو یاد کرنا چاہئے) جس روز ہم تمام آدمیوں کو ان کے نامۂ اعمال سمیت (میدانِ محشر) میں بلاویں گے (اور وہ نامۂ اعمال اڑا دیئے جاویں گے اور پھر کسی کے داہنے اور کسی کے بائیں ہاتھ میں آ جاویں گے) پھر جس کا نامہ اعمال اس کے داہنے ہاتھ میں دیا جاوے گا (اور یہ اہل ایمان ہوں گے) تو ایسے لوگ اپنا نامۂ اعمال (خوش ہو کر) پڑھیں گے اور ان کا ذرا نقصان نہ کیا جاوے گا (یعنی ان کے ایمان و اعمال کا ثواب پورا پورا ملے گا کم نہ ہوگا خواہ زیادہ مل جاوے اور عذاب سے بھی نجات ہوگی خواہ اولاً یا بعد چندے) اور جو شخص دنیا میں (راہِ نجات دیکھنے سے) اندھا رہے گا سو وہ آخرت میں بھی (منزل نجات تک پہنچنے سے) اندھا رہے گا اور بلکہ بہ نسبت دنیا کے وہاں اور) زیادہ راہ گم کردہ ہوگا (کیونکہ دنیا میں ضلالت کا تدارک ممکن تھا اور وہاں یہ بھی ممکن نہ ہوگا سو ایسا شخص بائیں ہاتھ میں نامۂ عمل دیا جاوے گا)

www.besturdubooks.net

ف: قرآن مجید کی آیات متعددہ سے معلوم ہوتا ہے کہ بائیں ہاتھ میں نامۂ اعمال کفار کو دیا جائے گا چنانچہ اس کے بارہ میں یہ الفاظ آئے ہیں: اِنَّهٗ كَانَ لَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ [الحاقة : ۳۳] اور اِنَّهٗ ظَنَّ اَنْ لَّنْ يَّحُوْرَ [الانشقاق : ۱٤] پس تقابل سے معلوم ہوا کہ داہنے ہاتھ میں اہل ایمان کو دیا جاوے گا خواہ عاصی ہوں یا غیر عاصی پھر خوش ہو کر نامۂ اعمال جو پڑھے گا بلکہ اوروں کو بھی بلا کر پڑھوائے گا جیسا ارشاد ہے: هَآؤُمُ اقْرَءُوْا كِتٰبِيَهْ [الحاقة : ۱۹] یہ خوشی ایمان کی ہوگی کہ مستلزم ہے نجات عن العذاب الابدی کو گو بعض اعمال پر سزا بھی ہو جاوے اور لَا يُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ۝ میں جو اعمال کے ثواب کا ذکر ہے مراد مطلق اعمالِ صالحہ ہیں گو بعض سہی اور یہ قبول اعمال کفار کے لئے بالکل نہ ہوگا کیونکہ شرط قبول یعنی ایمان مفقود ہے اور قرآن میں داہنے اور بائیں ہاتھ میں نامۂ اعمال کے دیئے جانے کی کیفیت مذکور نہیں لیکن بعض حدیثوں میں مجملاً آیا ہے وعند نظایر الکتب رواه احمد عن عائشة مرفوعاً اور بعض روایات میں اور زیادہ مفصل ہے کہ سب نامۂ اعمال عرش کے نیچے جمع ہوں گے اس وقت ایک ہوا آوے گی کہ اڑا کر کسی کے داہنے ہاتھ میں کسی کے بائیں ہاتھ میں پہنچا دے گی اخرجه العقیلی عن انس مرفوعًا دونوں حدیثیں روح المعانی میں ہیں والله اعلم۔ ربط: اوپر آیات: وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ الخ اور نیز دیگر بعض آیات سابقہ میں کفار کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے تکذیب کے ساتھ پیش آنا مذکور ہوا ہے آگے آپ کے ساتھ ان کا عداوت سے پیش آنا مذکور ہوا ہے دین کے اعتبار سے بھی جس کا وان کادوا لیفتنونك میں ذکر ہے اور دنیا کے اعتبار سے بھی جس کا وان کادوا لیستفزونك میں ذکر ہے پس اس مضمون کا رسالت سے تعلق ہے اور دور تک بلکہ آخر سورت تک تقریباً زیادہ تر رسالت ہی کے متعلق مضمون چلا گیا ہے جیسا ہر جگہ ربط کی تقریرات سے معلوم ہوگا۔

معاملہ عداوت کفار با رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم در امورِ دینیہ و دنیویہ ☆ وَاِنْ كَادُوْا لَيَفْتِنُوْنَكَ عَنِ الَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ (الی قوله تعالیٰ) وَلَا تَجِدُ لِسُنَّتِنَا تَحْوِيْلًا ۝

ف: **مقدمہ**: ایک قصہ کی طرف آیات وَاِنْ كَادُوْا لَيَفْتِنُوْنَكَ الخ میں اشارہ ہے اور ایک قصہ کی طرف وان کادوا لیستفزونك الخ میں لیکن تعیین قصہ میں اقوال مختلف ہیں اور اسی بناء پر ان آیات کے مکی اور مدنی ہونے میں اختلاف ہے کیونکہ بعض قصے مکہ میں واقع ہوئے اور بعض مدینہ میں چنانچہ مکہ میں جو قصے واقع ہوئے ان میں ایک یہ ہے کہ قریش نے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم سے درخواست کی کہ اگر آپ ہماری طرف رسول ہو کر آئے ہیں تو ان غرباء اور عوام کو اپنے پاس سے بالکل ہٹا دیجئے کہ ہم آپ کے تابع اور اصحاب ہو جاویں اور دوسرا یہ ہے کہ اہل مکہ نے دار الندوہ میں مشورہ کیا تھا کہ آپ کو مکہ سے جبراً نکال دینا چاہئے جس کا ذکر سورۂ انفال کی ان آیات میں ہے: وَاِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ..... [الأنفال : ۳۰] اور مدینہ میں جو قصے واقع ہوئے ایک ان میں یہ ہے کہ قبیلۂ ثقیف نے آپ سے درخواست کی کہ ہم کو اسلام لانے کے لئے ایک سال کی مہلت دیجئے ذرا اس سال بتوں کے چڑھاوے کی آمدنی ہم وصول کر لیں پھر مسلمان ہو جاویں گے اور دوسرا یہ ہے کہ یہود نے آپ سے براہِ شرارت عرض کیا کہ اگر آپ نبی ہیں تو جو مسکن اکثر انبیاء کا رہا ہے یعنی ملک شام آپ بھی وہاں جا کر رہئے چنانچہ آپ کو کچھ خیال ہو گیا یہ سب روایات در منثور اور لباب النقول میں ہیں پس پہلی آیتیں تو قصۂ اول یا سوم کے متعلق ہیں اور پچھلی آیتیں قصہ دوم یا چہارم کے متعلق ہیں اب تفسیر لکھی جاتی ہے۔ تفسیر: اور یہ (کافر) لوگ (اپنی قوت و قید کی وجہ سے) آپ کو اس چیز سے بچلانے (اور ہٹانے) ہی لگے تھے جو ہم نے آپ پر وحی کے ذریعہ سے بھیجی ہے (یعنی اس کی کوشش میں لگے تھے کہ آپ ہمارے حکم کے خلاف کریں کہ مسلمانوں کو ہٹا دیں یا مسلمان ہونے کے لئے ایک سال کی مہلت دے دیں کہ دونوں امر خلافِ شرع ہیں اور ان کی یہ کوشش اس لئے تھی) تاکہ آپ اس (حکم وحی) کے سوا ہماری طرف (عمداً) غلط بات نسبت کر دیں (کیونکہ نبی کا فعل خلافِ شرع ہوتا نہیں پس نعوذ باللہ اگر آپ اس درخواست کے موافق عمل کرتے تو اس کی نسبت حکم الٰہی ہونے کا دعویٰ لازم آتا اور یہ افتراء ہوتا) اور ایسی حالت میں آپ کو گاڑھا دوست بنا لیتے اور (ان کی یہ تدبیر اور شرارت ایسی تیز تھی کہ) اگر ہم نے آپ کو ثابت قدم نہ بنایا ہوتا (اور معصوم نہ کیا ہوتا جو کہ لازمۂ نبوت ہے) تو آپ ان کی طرف کچھ کچھ جھکنے کے قریب جا پہنچتے (اور) اگر ایسا ہوتا (کچھ قرب رجحان و میلان ہو جاتا) تو ہم آپ کو (بوجہ اس کے مقرباں را بیش بود حیرانی) حالت حیات میں (دنیا میں ۳) اور بعد موت کے (برزخ یا آخرت میں) دوہرا عذاب چکھاتے پھر آپ ہمارے مقابلہ میں کوئی مددگار بھی نہ پاتے (مگر چونکہ آپ کو معصوم اور ثابت قدم بنایا اس لئے کسی قدر قرب میلان بھی نہیں ہوا اور ضعف الحیوة وضعف الممات سے بھی بچ گئے) اور (نیز) یہ (کافر) لوگ اس سرزمین (مکہ یا مدینہ) سے آپ کے قدم ہی اُکھاڑنے لگے تھے (خواہ جبراً یا خداعاً) تاکہ آپ کو اس سے نکال دیں اور اگر ایسا (واقع) ہو جاتا تو آپ کے (جانے کے) بعد یہ بھی بہت کم (یہاں) ٹھہرنے پاتے جیسا ۴ ان صاحبوں کے باب میں (ہمارا) قاعدہ رہا ہے جن کو آپ سے پہلے رسول بنا کر بھیجا تھا (کہ جب ان کی قوم نے ان کو وطن سے نکالا تو ان کو بھی رہنا نصیب نہ ہوا) اور آپ ہمارے (اس ۵) قاعدے میں تغیر (تبدل) نہ پاویں گے۔ **ف**: لَقَدْ كِدْتَّ تَرْكَنُ اِلَيْهِمْ الخ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تنزیہ میں نہایت ہی مبالغہ ہے کہ اول تو رکون باعتبار مراتب اولیہ کے جیسا کہ شَيْـًٔا قَلِيْلًا ۝ اس پر دال ہے ایک خفیف امر اور وسوسہ کا مرتبہ ہے جو مذموم نہیں پھر اس کا بھی قرب کہ اور بھی اخف ہے مگر آپ سے یہ بھی منفی تھا اور یہ ارشادِ عتاب نہیں بلکہ اظہارِ محبوبیت ہے کہ آپ ایسے محبوب ہیں کہ ہم نے رکون قلیل کے قرب سے بھی آپ کو بچایا اور اِذًا لَّاَذَقْنٰكَ میں

www.besturdubooks.net

اِذًا سے وہی مراد ہے جو وہاں منفی تھا اس لئے بندہ نے کچھ قرب رجحان سے تفسیر کی اور پچھلی آیتوں میں اگر مدینہ کا قصہ ہے تب تو چونکہ آپ کا خروج نہیں ہوا اس واسطے یہود کے خروج وعدم خروج کے متعلق کوئی اشکال نہیں کو مستقل حکم سے ان کا اخراج کیا گیا اور اگر مکہ کا قصہ ہے تو وہاں سے چونکہ آپ کا خروج ہوا ہے اس لئے اس کی دوطرح سے توجیہ کی گئی ہے بعض نے کہا ہے کہ اخراج پر یہ وعید تھی مگر انہوں نے اخراج نہیں کیا بلکہ باذنِ الٰہی باختیار تشریف لے گئے اس لئے لَا یَلْبَثُوْنَ الخ کا مرتب ہونا ضرور نہیں اور بعض آیات میں جو یُخْرِجُوْنَ الرَّسُوْلَ آیا ہے وہ اسناد مجازی الی السبب ہے اور بعض نے کہا ہے کہ اخراج عام ہے اور وہ بعد نزول آیت کے واقع ہوا **وھذا علی تقدیر نزولھا بمکۃ** اور عدم لبث اس طرح مرتب ہوا کہ بڑے بڑے رؤسا بدر میں مارے گئے جو بجائے کل سکان مکہ کے تھے اور چونکہ ہر حال میں خروج سے پہلے رائے کا تبدل ضرور ہوتا ہے اگر طبعاً نہیں تو عقلاً سہی اور اسی وجہ سے خارج ہونے والا اخراج جبری میں بھی مقاومت ومزاحمت کو چھوڑ دیتا ہے اس لئے یُخْرِجُوْكَ سے پہلے یَسْتَفِزُّوْنَكَ کو لائے۔ **واللہ اعلم۔**

تَرْجَمَۂ مَسَائِلُ السَّائِلْ: قولہ تعالیٰ: وَلَوْلَآ اَنْ ثَبَّتْنٰكَ الخ یہ نص ہے اس میں کہ انبیاء کا حافظ بھی حق تعالیٰ ہی ہے بدون اس کے قوۃ قدسیہ کافی نہیں تو دوسرے کو تو اپنے تقدس ونسبت باطنہ پر ناز کرنے کا کوئی حق ہی نہیں اور ممکن ہے کہ خود وہ نسبت بھی موہومہ ہی ہو۱۲۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃ: ۱ **قولہ فی امامھم** نامۂ اعمال اخرجہ ابن جریر عن ابن عباس کذا فی الدر المنثور وانما سمی بالامام لان کل احد یکون تابعًا لما فیہ من موجبات الثواب او العقاب۱۲۔ ۲ **قولہ فی بامامھم** سمیت فالباء بمعنی مع۱۲۔۳ **قولہ فی ضعف الحیٰوۃ دنیا** میں وفی ضُعف الممات برزخ الخ قولہ دوہرا عذاب اشارۃ الی ان اصل الکلام عذابا ضعفا فی الحیٰوۃ الدنیا وعذابا ضعفا فی الممات (ای فیما بعد الممات) فحذف الموصوف واقیم الصفۃ مقامہ ثم اضیفت الصفۃ کاضافۃ الموصوف۱۲۔۴ **قولہ فی سنۃ جیبا** اشارۃ الی نزع الخافض کذا فی الروح۱۲۔۵ **قولہ فی لسنتنا** اس قاعدہ بقرینۃ المقام فلا یستدل بالآیۃ علی عدم وقوع الخوارق وان عمت فمعناھا انہ لا یحولھا احد حتی یشک فی الانجاز۱۲۔

اَلْبَلَاغَۃ: قولہ یقرء ون کتابھم لم یقل یقرء ونہ اعتناء و اھتمامًا قولہ ومن کان کان مقتضی الظاھر ان یقال ومن اوتی کتبہ بشمالہ لکن ذکر مآل الایتاء بالشمال فدل علیہ ویسمی صنعۃ الاحتباک حیث ذکر فی احد الموضعین السبب الدال علی المسبب وفی الآخر المسبب الدال علی السبب فافھم۱۲۔

اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ اِلٰى غَسَقِ الَّيْلِ وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِ ؕ اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا ﴿۷۸﴾ وَمِنَ الَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ ۖ
عَسٰۤى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ﴿۷۹﴾ وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ
مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا ﴿۸۰﴾ وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ؕ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ﴿۸۱﴾ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ
شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ﴿۸۲﴾

آفتاب ڈھلنے کے بعد سے رات کے اندھیرے ہونے تک نمازیں ادا کیا کیجئے اور صبح کی نماز بھی بے شک صبح کی نماز (فرشتوں کے) حاضر ہونے کا وقت ہے اور کسی قدر رات کے حصہ میں سو اس میں تہجد پڑھا کیجئے جو آپ کے لئے زائد چیز ہے امید ہے کہ آپ کا رب آپ کو مقام محمود میں جگہ دے گا اور آپ یوں دعا کیجئے کہ اے رب مجھ کو خوبی کے ساتھ پہنچائیو اور مجھ کو خوبی کے ساتھ لے جائیو اور مجھ کو اپنے پاس سے ایسا غلبہ دیجیو جس کے ساتھ نصرت ہو کہہ دیجئے کہ حق آیا اور باطل گیا گذرا ہوا اور واقعی باطل چیز تو یوں ہی آتی جاتی رہتی ہے اور ہم (قرآن میں) ایسی چیزیں نازل کرتے ہیں کہ وہ ایمان والوں کے حق میں تو شفا اور رحمت ہیں اور نا انصافوں کو اس سے اور الٹا نقصان بڑھتا ہے۔

تَفْسِیْرُ رَبْطٍ: اوپر کفار کی مخالفت وعداوت کا ذکر تھا جو فی نفسہ موجب تعلق خاطر نبوی ہو سکتا تھا آگے اَقِمِ الصَّلٰوةَ الخ میں اشتغال بالعبادۃ اور قُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِيْ الخ میں التجاء وتفویض الی اللہ کا حکم اور عَسٰۤى اَنْ يَّبْعَثَكَ میں بعض بشارات اخرویہ کا وعدہ صراحۃً اور جَآءَ الْحَقُّ میں بعض بشارات دنیویہ کا وعدہ اشارۃً ارشاد فرماتے ہیں تاکہ ان امور میں مشغول ہونے سے وہ تعلق خاطر جو موجب حزن ہوتا نہ ہو یا نہ رہے پھر زیادت تسلیہ کیلئے نُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ الخ میں استدلال علی النبوۃ کے ساتھ لَا يَزِيْدُ الخ میں کفار کی بداستعدادی بیان فرمادی تاکہ ان کے ایمان سے مایوسی موجب قلت قلق ہو جاوے پس اس مضمون کا بھی رسالت سے تعلق ہوا۔

www.besturdubooks.net

اوامر ومواعید اخبار خاصہ مقللہ حزن نبوی ☆ اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ (الی قولہ تعالیٰ) وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ﴿۸۲﴾ آفتاب ڈھلنے کے بعد سے رات کے اندھیرے ہونے تک نمازیں ادا کیا کیجئے (اس میں ظہر' عصر' مغرب' عشاء چار نمازیں آ گئیں جیسا کہ حدیث سے اس اجمال کی تفصیل ہو گئی) اور صبح کی نماز بھی (ادا کیا کیجئے) بیشک صبح کی نماز (فرشتوں کے) حاضر ہونے کا وقت ہے (جیسا حدیثوں میں ہے کہ عصر اور فجر کے وقت ملائکہ کی جو کہ انسان پر حفاظت یا کتابت کے لئے مقرر ہیں بدلی ہوتی اور چونکہ صبح کا وقت نیند سے اُٹھنے کا تھا اس لئے اس کا حکم بھی الگ کیا اور ایک خاص بزرگی بھی بیان کی) اور کسی قدر رات کے حصہ میں بھی (نماز ادا کیجئے) سو اس میں تہجد پڑھا کیجئے جو کہ آپ کے لئے (پنجگانہ نمازوں کے علاوہ) زائد چیز ہے (خواہ فرض زائد ہو یا نفل ہو کہ وہ زائد ہوتا ہی ہے دونوں قول ہیں آگے بشارت ہے کہ) امید (یعنی وعدہ) ہے کہ آپ کا رب آپ کو مقام محمود میں (کہ مقام شفاعۃ کبریٰ ہے) جگہ دے گا اور (یہ تو عبادت کا حکم اور بشارت اخرویہ کا وعدہ تھا آگے تفویض کا حکم ہے کہ) آپ یوں دعا کیجئے کہ اے رب (مکہ جانے کے بعد) مجھ کو (جہاں لے جانا ہو) خوبی (یعنی راحت) کے ساتھ پہنچائیو اور (جب مکہ) سے لے جانا ہو تو) مجھ کو خوبی (یعنی راحت) کے ساتھ لے جائیو اور مجھ کو اپنے پاس سے (ان کفار پر) ایسا غلبہ دیجیو جس کے ساتھ (آپ کی) نصرت (اور مدد) ہو (جس سے وہ غلبہ بڑھتا ہی جاوے ورنہ عارضی غلبہ تو کفار کو بھی ہو جاتا ہے مگر وہ منصور من اللہ نہیں ہوتے اس لئے جلد زائل ہو جاتا ہے اس میں تفویض کا حکم ہو گیا) اور (آگے بشارت دنیویہ ہے کہ ان دعاؤں کے قبول ہونے کی خبر دینے کے طور پر یہ بھی) کہہ دیجئے کہ (بس اب دین) حق (غالب ہونے کو) آیا اور باطل (دین) گیا گذرا ہوا (اور) واقعی باطل چیز تو یوں ہی آتی جاتی رہتی ہے (یعنی آپ ان مضامین میں نظر کیجئے اور مغموم نہ ہو جایئے چنانچہ ہجرت کے بعد مکہ فتح ہوا اور سب وعدے پورے ہو گئے) اور (زیادت تسلیہ کے لئے یوں سمجھئے کہ) ہم ایسی چیز یعنی قرآن نازل کرتے ہیں کہ وہ ایمان والوں کے حق میں تو (موجب) شفا اور رحمت ہے (کیونکہ وہ اس کو مانتے ہیں اور عمل کرتے ہیں جس سے حق تعالیٰ کی رحمت ان پر ہوتی ہے اور عقائد واعمال فاسدہ سے شفا ہوتی ہے) اور نا انصافیوں کو اس سے اور الٹا نقصان بڑھتا ہے (کہ وہ مانتے نہیں زیادہ مغضوب ومستحق ہوتے ہیں جب کہ ان کی یہ حالت ہے پھر ان سے امید قبول اور مخالفت پر حزن بے فائدہ ہے) **ف**: تہجد پہلے سب پر فرض تھا پھر امت سے فرضیت منسوخ ہو گئی لیکن حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے باب میں دو قول ہیں کہ ایک یہ کہ آپ پر فرض رہا تھا اخرجه ابن ابی حاتم عن الضحاك قال نسخ قيام الليل الا عن النبی صلی الله عليه وسلم وعن ابن عباس انه قال فی ذلك يعنی خاصة النبی صلی الله عليه وسلم امر بقيام الليل وكتب عليه اور دوسرا قول یہ ہے کہ آپ پر بھی فرض نہ رہا تھا اخرجه ابن جرير عن مجاهد یہ سب روایتیں درمنثور میں ہیں قول اول پر نافلہ بمعنی لغوی ہوں گے یعنی فريضه زائدة لك اور تطبیق دونوں میں اس طرح ہو سکتی ہے کہ اول نسخ صرف امت کے لئے ہوا ہو پھر آپ کے لئے بھی ہو گیا ہو اور یہی صحیح ہے کہ آپ پر بھی فرض نہ تھا اور دوسرے قول پر وجہ تخصیص لك کی یہ ہو گی کہ فضیلت زائدہ یہ آپ ہی کے ساتھ خاص ہے بخلاف امت کے کہ ان کے لئے کبھی کفارہ سیئات بھی ہوتی ہے اور آپ خود معصوم ہیں اور مقام محمود کی یہ تفسیر صحاح میں آئی ہے اور شفاعت کبریٰ وہ ہے کہ جس میں تمام خلائق کے حساب وکتاب شروع ہونے کی شفاعت ہو گی اور بعض روایات میں جو مقام محمود کی تفسیر میں شفاعة لامتی آیا ہے مراد اس سے غیر امت کی نفی نہیں اور اَدْخِلْنِیْ وَ اَخْرِجْنِیْ کی تفسیر ہجرت کے ساتھ ترمذی میں آئی ہے اور قُلْ جَآءَ الْحَقُّ میں فتح مکہ میں یہ آیت پڑھ کر بتوں کو گرا رہے تھے اور باطل کو جوز ہوق فرمایا مراد اس سے عام ہے اب یا پھر یا فی نفسہ کو ظہور نہ ہوا ہو پس باطل کا چندے رہ جانا موجب شبہ نہ رہا۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلِ السَّائِلِ: قولہ تعالیٰ : وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ الخ اسی طرح سالک کو تقلب حالات میں ہر وقت اس کی دعا کی حاجت ہے کیونکہ اس کو کچھ خبر نہیں کہ کونسی حالت اس کے لئے نافع ہے اور کونسی حالت مضر ۱۲۔ قولہ تعالیٰ : وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ الخ اخیر جملہ کا موقع تعلیل میں وارد ہونا اس پر دال ہے کہ آیت ہر حق اور باطل کو عام ہے اس میں باطنی نور ظلمت بھی داخل ہو گئے اور حب اللہ اور حب الخلق بھی آ گئی ۱۲۔ قولہ تعالیٰ : وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ روح میں ہے کہ شفاء اشارہ ہے تخلیہ کی طرف اور رحمت اشارہ ہے تحلیہ کی طرف ۱۲۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃ : ۱ قوله فی لدلوك بعد سے لان اللام للتاقيت وهی بمعنی بعد كما فی قوله لطول اجتماع لم بنت ليلة معا كذا فی الروح ۱۲۔ ۲ قوله فی اقم الصلوٰة نمازیں للجنسیہ ۱۲۔ ۳ قوله فی قرآن الفجر نماز تسمية للكل بجزئه الاشرف واجمع عليه المفسرون كما فی النيسابوری ولعل النكتة فی هذا التعبير الاشارة الی ندب طول القراءة فی الفجر ۱۲۔ ۴ قوله فی من الليل ادا کیجئے اشارة الی تعلق من الليل باقم المقدر المعطوف علی اقم قبله وقوله فتهجد تفسير له خاصة له ومن تبعيضية والباء فی به بمعنی فی ۱۲۔ ۵ قوله فی يبعثك مقاما۔ مقام محمود میں جگہ دے گا اشارة الی امرين الاول ان يبعثك متضمن لمعنی يقيمك اذ لا يصح ان يعمل فی مثل هذا الظرف الافعل فيه معنی الاستقرار كذا فی الروح فالمعنی يبعثك فيقيمك ولذا ترجمت بالحاصل والثانی ان نصب مقاما علی الظرف ای فی

www.besturdubooks.net

مقام۱۲۔۶ قولہ یعنی اشارۃ الی کون من بیانیۃ قدم المبین علی البیان اھتماما لشانہ۱۲۔

اللغات: قولہ دلوک فیہ معنی الانتقال ومنہ الدلک المعروف لان فیہ نقل الید من موضع الی موضع۱۲قولہ غسق شدۃ الظلمۃ ومن ثم حمل علی وقت العشاء قولہ تھجد من الھجو بمعنی النوم والتفعل السلب ومن ثم اشترط فیہ بعضھم النوم اولا ثم التیقظ ثانیا وعندی ان النوم الذی ھو شرط اعم من الحقیقی والحکمی والمراد الاصلی جعلہ فی آخر اللیل سواء کان قبلہ النوم او وقت النوم فتفکر۱۲ قولہ محمودا سمی بہ لانہ علیہ السلام یحمدہ فیہ جمیع الاولین والآخرین حیث یظھر ھنالک کرامتہ علی اللہ تعالیٰ۱۲۔

القرآن الفجر: قولہ قرآن الفجر ای صلوٰۃ الفجر معطوف علی الصلوٰۃ۱۲۔

البلاغۃ: قولہ عسی ان یبعثک افاد تھوین المشقۃ فی العبادۃ قولہ ادخلنی قدمہ لانہ ھو الاھم قولہ مدخل صدق الاضافۃ للمبالغۃ والمراد ادخالا مرضیا جیدا لا مکروہ فیہ۱۲۔

وَإِذَآ أَنْعَمْنَا عَلَى الْإِنسَٰنِ أَعْرَضَ وَنَـَٔا بِجَانِبِهِۦ ۖ وَإِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ كَانَ يَـُٔوسًا ﴿٨٣﴾ قُلْ كُلٌّ يَعْمَلُ عَلَىٰ شَاكِلَتِهِۦ ۖ فَرَبُّكُمْ أَعْلَمُ بِمَنْ
هُوَ أَهْدَىٰ سَبِيلًا ﴿٨٤﴾ وَيَسْـَٔلُونَكَ عَنِ الرُّوحِ ۖ قُلِ الرُّوحُ مِنْ أَمْرِ رَبِّى وَمَآ أُوتِيتُم مِّنَ الْعِلْمِ إِلَّا قَلِيلًا ﴿٨٥﴾ وَلَئِن شِئْنَا لَنَذْهَبَنَّ ع ٩ ٧ ٩
بِالَّذِىٓ أَوْحَيْنَآ إِلَيْكَ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ بِهِۦ عَلَيْنَا وَكِيلًا ﴿٨٦﴾ إِلَّا رَحْمَةً مِّن رَّبِّكَ ۚ إِنَّ فَضْلَهُۥ كَانَ عَلَيْكَ كَبِيرًا ﴿٨٧﴾ قُل لَّئِنِ ٱجْتَمَعَتِ
ٱلْإِنسُ وَٱلْجِنُّ عَلَىٰٓ أَن يَأْتُوا۟ بِمِثْلِ هَٰذَا ٱلْقُرْءَانِ لَا يَأْتُونَ بِمِثْلِهِۦ وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيرًا ﴿٨٨﴾ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا
لِلنَّاسِ فِى هَٰذَا ٱلْقُرْءَانِ مِن كُلِّ مَثَلٍ ۖ فَأَبَىٰٓ أَكْثَرُ ٱلنَّاسِ إِلَّا كُفُورًا ﴿٨٩﴾

اور آدمی کو جب ہم نعمت عطا کرتے ہیں تو منہ موڑ لیتا ہے اور کروٹ پھیر لیتا ہے اور جب اس کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو ناامید ہو جاتا ہے آپ فرما دیجئے کہ ہر شخص اپنے طریقہ پر کام کر رہا ہے سو تمہارا رب خوب جانتا ہے جو زیادہ ٹھیک راستہ پر ہو اور یہ لوگ آپ سے روح کے بارے میں پوچھتے ہیں (امتحاناً) آپ فرما دیجئے روح میرے رب کے حکم سے بنی ہے اور تم کو بہت تھوڑا علم دیا گیا ہے اور اگر ہم چاہیں تو جس قدر آپ پر وحی بھیجی ہے سب سلب کر لیں پھر اس کے (واپس لانے کے) لئے آپ کو ہمارے مقابلہ میں کوئی حمایتی نہ ملے مگر آپ کے رب ہی کی (یہ) رحمت ہے (کہ ایسا نہیں کیا) بے شک آپ پر یہ بڑا فضل ہے آپ فرما دیجئے کہ اگر تمام انسان اور جنات اس کام کے لئے جمع ہو جائیں کہ ایسا قرآن بنا لاویں تب بھی ایسا نہ لا سکیں گے اگرچہ ایک دوسرے کا مددگار بھی بن جاوے اور ہم نے لوگوں کے سمجھانے کے لئے اس قرآن میں ہر قسم کا عمدہ مضمون طرح طرح سے بیان کیا ہے پھر بھی اکثر لوگ بے انکار کئے ہوئے نہ رہے۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر کفار کی مخالفات اور قرآن سے ان کے متنفع نہ ہونے کا بیان تھا اور اس کے ساتھ مؤمنین کا اس سے متنفع ہونا مذکور تھا آگے وَإِذَآ أَنْعَمْنَا الخ میں کفار کی اس مخالفت اور عدم قبول کی علت کا کہ تکبر اور قسوت اور بے تعلقی حق تعالیٰ سے ہے بیان ہے اور قُلْ كُلٌّ الخ میں بعموم الفاظ کفار اور مؤمنین دونوں کے اعمال واقوال کے تفاوت کی علت اور جزاء اجمالاً مذکور ہے۔

اعمال جاہلین خصوصاً واحوال عاملین عموماً ☆ وَإِذَآ أَنْعَمْنَا عَلَى الْإِنسَٰنِ (الی قولہ تعالیٰ) فَرَبُّكُمْ أَعْلَمُ بِمَنْ هُوَ أَهْدَىٰ سَبِيلًا اور (بعض) آدمی (یعنی کافر ایسا ہوتا ہے کہ اس) کو جب ہم نعمت عطا کرتے ہیں تو (ہم سے اور ہمارے احکام سے) منہ موڑ لیتا ہے اور کروٹ پھیر لیتا ہے اور جب اس کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو (بالکل رحمت سے) ناامید ہو جاتا ہے (اور یہ دونوں امر دلیل ہیں اللہ سے بے تعلقی کے اور یہی بے تعلقی اصل سبب ہے ہدایت کی طرف متوجہ نہ ہونے کا اور حق میں غور نہ کرنے کا اور اسی سے کفر وغیرہ پیدا ہوتا ہے) آپ فرما دیجئے کہ (مؤمنین اور کفار اشرار اور اخیار میں سے) ہر شخص اپنے طریقہ پر (جو کہ مقتضا اس کی عقل صحیح یا جہل قبیح کا ہے نیک یا بد) کام کر رہا ہے (اس میں اشارہ ہے علت کی طرف کہ عقل صحیح یا جہل قبیح اعمال خیر وشر کی علت ہے) سو تمہارا رب خوب جانتا ہے جو زیادہ ٹھیک راستہ پر ہو (اور اسی طرح جو ٹھیک راستہ پر نہ ہو (ہر ایک کو اس کے موافق جزا دے گا یہ نہیں کہ بے دلیل شرعی جس کا دل چاہے اپنے کو ٹھیک راستہ پر سمجھنے لگے)۔ ربط: اوپر سے آیات عدیدہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کفار کا معاملہ کہ مباحث متعلقہ رسالت ہے چلا آ رہا ہے آگے بھی رسالت کے امتحان کے لئے جو آپ سے کفار نے سوال کیا تھا اس کا جواب ہے جیسا صحیحین میں ہے کہ یہود نے آپ سے امتحاناً روح کا سوال کیا اور نسائی اور ترمذی کی حدیث میں ہے کہ یہود سے مشورہ کر کے قریش نے یہ سوال کیا تھا اور اسی بناء پر اس آیت کے مکی و مدنی ہونے میں اختلاف ہو گیا کہ

www.besturdubooks.net

قریش تو مکہ میں تھے اور یہود کا سوال مدینہ میں تھا۔

جواب سوال ☆ وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّيْ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ اور یہ لوگ آپ سے (امتحاناً) روح (کی حقیقت) کو پوچھتے ہیں آپ (جواب میں) فرما دیجئے کہ روح (کے متعلق بس اتنا اجمالاً جان لو کہ وہ ایک چیز ہے جو) میرے رب کے حکم سے بنی ہے اور (باقی اس کی مفصل حقیقت سو) تم کو بہت تھوڑا علم (بقدر تمہاری فہم کے اور وہ بھی صرف ضروریات کا) دیا گیا ہے (اور چونکہ اس کا علم ضروریات سے نہیں ہے اور نہ تمہارے فہم میں آ سکتا ہے اس لئے مخفی رکھا گیا) **ف**: ظاہراً یہ معلوم ہوتا ہے کہ اسی روح کے متعلق سوال تھا جس سے انسان زندہ ہے کیونکہ جب مطلق روح بولتے ہیں یہی مفہوم ہوتا ہے اور جواب سے ظاہراً معلوم ہوتا ہے کہ نصوص میں اس کی حقیقت ظاہر نہ کرنے کی وجہ بتلائی ہے اور ضروری عقیدہ اس کے حدوث کا ظاہر کر دیا گیا ہے اب یہ امر کہ کسی دوسرے طریقہ سے اس کا انکشاف ہو سکتا ہے یا ہوتا ہے آیت اس کے اثبات و نفی دونوں سے ساکت ہے پس دونوں امر محتمل ہیں اور کوئی شق معارض نص کے نہیں **نص علیه فی حجة الله البالغة** اور یہاں جو علم کو قلیل فرمایا تو بہ نسبت علم الٰہی کے اور دوسری آیت میں جو علم کو خیر کثیر فرمایا تو بہ نسبت متاع دنیا کے پس دونوں میں تصادم نہیں اور یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ قلت صفت علم کی ہے اور کثرت صفت خیر کی اور علم اگرچہ قلیل ہو وہ بھی خیر کثیر ہے اس صورت میں تصادم کا شبہ ہی نہیں ہو سکتا۔ **ربط**: اوپر وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ الخ میں تنزیل قرآن عموماً اور قُلِ الرُّوْحُ الخ میں تنزیل جواب خصوصاً دال ہیں نبوت محمدیہ پر آگے ان علوم وحی کے ابقا سے امتنان و تسلیہ کے ساتھ تقریر نبوت پر بھی دلالت ارشاد فرمائی جاتی ہے پس یہ مضمون بھی متعلق رسالت کے ہے۔

امتنان ببقاء وحی ☆ وَلَئِنْ شِئْنَا لَنَذْهَبَنَّ بِالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّ فَضْلَهٗ كَانَ عَلَيْكَ كَبِيْرًا ۝ اور اگر ہم چاہیں تو جس قدر آپ پر ہم نے وحی بھیجی ہے سب سلب کر لیں (یعنی نہ خارج میں نہ ذہن میں کہیں نہ رہے) پھر اس (وحی) کے (واپس لانے کے) لئے آپ کو ہمارے مقابلہ میں کوئی حمایتی بھی نہ ملے مگر (یہ) آپ کے رب ہی کی رحمت ہے (کہ ایسا نہیں کیا) بیشک آپ پر اس کا بڑا فضل ہے (مطلب یہ کہ آپ نبوت کے متعلق اللہ تعالیٰ کی ان نعمتوں کو یاد کر کے خوش رہئے اور کسی کی مخالفت کا غم نہ کیجئے)۔ **ربط**: اوپر خاص مضامین سے رسالت کی تقریر تھی اگلے مضمون اعجاز قرآن میں بھی اسی کی تقریر ہے۔

اعجاز قرآن کریم ☆ قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰٓى (الی قولہ تعالیٰ) بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيْرًا ۝ آپ فرما دیجئے کہ اگر تمام انسان اور جنات سب اس بات کے لئے جمع ہو جاویں کہ ایسا قرآن بنا لاویں تب بھی ایسا نہ لا سکیں گے اگرچہ ایک دوسرے کا مددگار بھی بن جاوے (اور یہ اجتماع آراء ہے تو بدون مدد کے تو بدرجۂ اولیٰ عاجز رہیں گے گو اجتماع ظاہری کو تصمیم عزم میں پھر بھی دخل ہوگا پس اگر بالکل اجتماع نہ ہو تو اولیٰ سے بھی اولیٰ درجہ میں عجز ہوگا۔ **ف**: شاید جن کا ذکر اس لئے کیا ہو کہ وہ جنات کی عبادت کرتے تھے مطلب یہ ہوگا کہ اگر تمہارے خدا بھی آ جاویں تب بھی نہ بنا سکو اور یا یوں کہا جاوے کہ چونکہ جن بھی مکلف ہیں اس لئے ان کا ذکر کیا گیا۔ **ربط**: آگے آپ کی تقریر رسالت کے لئے قرآن کا کافی شافی ہونا اور کفار کا عناد کہ باوجود اس کے اس کو نہیں مانتے مذکور ہے اور اسی کے قریب اوپر کے مضامین ہیں۔

ضلالت کفار باوجود ہدایت تامہ قرآن ☆ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ فَاَبٰٓى اَكْثَرُ النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا ۝ اور ہم نے لوگوں کے (سمجھانے کے) لئے اس قرآن میں ہر قسم کا عمدہ مضمون طرح طرح سے بیان کیا ہے پھر بھی اکثر لوگ بے انکار کئے ہوئے نہ رہے۔

ترجمۂ مسائل السؤال: قولہ تعالیٰ: وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ اس میں دلالت ہے کہ اسرار غیر ضروریہ کا تفحص مذموم ہے جب کہ اس آیت کا مدلول نہی عن السوال کہا جاوے جیسا کہ ظاہر ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَلَئِنْ شِئْنَا لَنَذْهَبَنَّ الخ اسی طرح اہل نسبت کو سلب نسبت سے ڈرتے رہنا چاہئے کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ کون ہے جب آپ سے یہ خطاب ہے تو دوسرا کس حساب میں ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمة: ۱ **قوله فی به** اس وحی کے واپس اشارة الی عود الضمیر الی الذی اوحینا وتقدیر المضاف ای لا تجد لك باسترداد الذی اوحینا الخ۔ ۲ **قوله فی الا رحمة** ایسا نہیں کیا اشارة الی ان الا بمعنی لکن والتقدیر لکن رحمة من ربك ترکته غیر مذهوب فلم تحتج الی من یتوکل للاسترداد مایوس عنه بالفقدان المدلول علیه بلا تجد والتغائر المعنوی بین الکلامین کاف کذا فی الروح قلت محشیا قوله مایوس الخ صفة لقوله من ای الذی اویس عنه فی قوله لا تجد وقوله التغایر الخ الذی هو شرط فی ما قبل لکن التی فسر به الا وما بعد ۱۲۔ ۳ **قوله فی کل مثل** عمدہ مضمون کما فی الروح من کل معنی بدیع هو فی الحسن والغرابة واستجلاب النفوس کالمثل آه وانما زدت کلمة قسم لان القرآن لا یحیط بکل فرد من المعانی بل هو محیط بکل نوع من المعانی الفاضلة ۱۲۔

الروایات: فی اللباب ما مختصره ان بعض الیهود قاله له صلی الله علیه وسلم انزل علینا کتابا بالعرفه والا جئناك بمثل ما تاتی به

www.besturdubooks.net

فنزلت ۱۲۔

اِخْتِلَافُ الْقِرَاءَۃ: فی الروح قرا ابن عامر ناء کجاء فقیل ذلك من باب القلب وقیل بمعنی نهض ای اسرع بصرف جانبه وقیل معناه تثاقل عن الشکر ۱۲۔

اللُّغَات: قوله ونابجانبه نوی عطفه عن طاعتنا واصله البعد المشاکلة المذهب والطریقة التی تشاکل حاله وما هو علیه فی نفس الامر وهو ماخوذ من الشکل ای المثل والنظیر وفسر مجاهد بالطبیعة وروی ذلك عن ابن عباسؓ علی انها من شکلت الدابة اذا قیدتها لان الطبیعة علی الانسان قاهر ۱۲۔ من الروح۔

النَّحْو: قوله من امر ربی متعلق بکائن ای حادث من امر ربی ای بامر ربی فمن للعلة کما فی الکبیر بتخلیق الله تعالٰی قوله لا یاتون جواب القسم ساد مسد الجزاء ولیس هو الجزاء بدلیل اثبات النون ۱۲۔

البَلَاغَة: قوله ونابجانبه زاده مبالغة لان فیه تصویرًا للاعراض فهو تمثیل فالجانب علی ظاهره ۱۲ قوله لا یأتون بمثله فی الروح اوثر الاظهار علی ایراد الضمیر الراجع الی المثل المذکور احترازا عن ان یتوهم ان له مثلا معینا۔

وَقَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى تَفْجُرَ لَنَا مِنَ الْاَرْضِ يَنْۢبُوْعًا ﴿۹۰﴾ اَوْ تَكُوْنَ لَكَ جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّعِنَبٍ فَتُفَجِّرَ
الْاَنْهٰرَ خِلٰلَهَا تَفْجِيْرًا ﴿۹۱﴾ اَوْ تُسْقِطَ السَّمَآءَ كَمَا زَعَمْتَ عَلَيْنَا كِسَفًا اَوْ تَاْتِيَ بِاللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ قَبِيْلًا ﴿۹۲﴾ اَوْ يَكُوْنَ لَكَ بَيْتٌ
مِّنْ زُخْرُفٍ اَوْ تَرْقٰى فِي السَّمَآءِ ۭ وَلَنْ نُّؤْمِنَ لِرُقِيِّكَ حَتّٰى تُنَزِّلَ عَلَيْنَا كِتٰبًا نَّقْرَؤُهٗ ۭ قُلْ سُبْحَانَ رَبِّيْ هَلْ كُنْتُ
اِلَّا بَشَرًا رَّسُوْلًا ﴿۹۳﴾ وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا اِذْ جَاۗءَهُمُ الْهُدٰٓى اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَبَعَثَ اللّٰهُ بَشَرًا رَّسُوْلًا ﴿۹۴﴾ قُلْ ع ۱۰
لَّوْ كَانَ فِي الْاَرْضِ مَلٰۗىِٕكَةٌ يَّمْشُوْنَ مُطْمَىِٕنِّيْنَ لَنَزَّلْنَا عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَاۗءِ مَلَكًا رَّسُوْلًا ﴿۹۵﴾ قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًۢا
بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرًۢا بَصِيْرًا ﴿۹۶﴾ وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ اَوْلِيَاۗءَ مِنْ
دُوْنِهٖ ۭ وَنَحْشُرُهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلٰي وُجُوْهِهِمْ عُمْيًا وَّبُكْمًا وَّصُمًّا ۭ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ كُلَّمَا خَبَتْ زِدْنٰهُمْ سَعِيْرًا ﴿۹۷﴾ ع ۱۱
ذٰلِكَ جَزَاۗؤُهُمْ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا وَقَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِيْدًا ﴿۹۸﴾ اَوَلَمْ
يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ قَادِرٌ عَلٰٓي اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ وَجَعَلَ لَهُمْ اَجَلًا لَّا رَيْبَ
فِيْهِ ۭ فَاَبَى الظّٰلِمُوْنَ اِلَّا كُفُوْرًا ﴿۹۹﴾ قُلْ لَّوْ اَنْتُمْ تَمْلِكُوْنَ خَزَاۗىِٕنَ رَحْمَةِ رَبِّيْٓ اِذًا لَّاَمْسَكْتُمْ خَشْيَةَ الْاِنْفَاقِ ۭ وَكَانَ
الْاِنْسَانُ قَتُوْرًا ﴿۱۰۰﴾ ع ۱۲

اور یہ لوگ کہتے ہیں کہ ہم آپ پر ہرگز ایمان نہ لائیں گے جب تک آپ ہمارے لئے (مکہ کی) زمین سے کوئی چشمہ نہ جاری کردیں یا خاص آپ کے لئے کھجور اور انگور کا باغ نہ ہو پھر اس باغ کے بیچ بیچ میں جگہ جگہ بہت سی نہریں آپ جاری کردیں جیسا کہ آپ کہا کرتے ہیں آپ آسمان کے ٹکڑے ہم پر نہ گرادیں یا آپ اللہ کو اور فرشتوں کو ہمارے سامنے لا کھڑا کردیں یا آپ کے پاس کوئی سونے کا بنا ہوا گھر نہ ہو یا آپ آسمان پر (ہمارے سامنے) نہ چڑھ جاویں اور ہم تو آپ کے (آسمان پر) چڑھنے کا بھی کبھی باور نہ کریں جب تک کہ (وہاں سے) آپ ہمارے پاس ایک نوشتہ نہ لائیں جس کو ہم پڑھ بھی لیں آپ فرما دیجئے کہ سبحان اللہ میں بجز اس کے کہ آدمی ہوں مگر پیغمبر ہوں اور کیا ہوں اور جس وقت ان لوگوں کے پاس ہدایت پہنچ چکی اس وقت ان کو ایمان لانے سے بجز اس کے اور کوئی (قابل التفات) بات مانع نہیں ہوئی کہ انہوں نے کہا کیا اللہ تعالٰی نے بشر کو رسول بنا کر بھیجا ہے آپ فرما دیجئے کہ اگر زمین پر فرشتے (رہتے) ہوتے کہ اس میں چلتے بستے تو البتہ ہم ان پر آسمان سے فرشتے کو رسول بنا کر بھیجتے۔ آپ (اخیر بات) کہہ دیجئے کہ اللہ تعالٰی میرے اور تمہارے درمیان کافی گواہ ہے (کیونکہ) وہ اپنے بندوں کو خوب جانتا ہے خوب دیکھتا ہے اور اللہ جس کو راہ پر لائے وہی راہ پر

www.besturdubooks.net

آتا ہے اور جس کو وہ بے راہ کر دے تو خدا کے سوا آپ کسی کو بھی ایسوں کا مددگار نہ پاویں گے اور ہم قیامت کے روز ان کو اندھا گونگا بہرا کر کے منہ کے بل چلائیں گے پھر ان کا ٹھکانا (دوزخ) ہے وہ جب ذرا دھیمی ہونے لگے گی تب ہی ان کے لئے اور زیادہ بھڑکا دیں گے۔ یہ ہے ان کی سزا اس سبب سے کہ انہوں نے ہماری آیتوں کا انکار کیا تھا کہ جب ہم ہڈیاں اور بالکل ریزہ ریزہ ہو جاویں گے تو کیا ہم از سر نو پیدا کر کے (قبروں سے) اٹھائے جاویں گے کیا ان لوگوں کو اتنا معلوم نہیں کہ جس اللہ نے آسمان اور آسمان اور زمین پیدا کئے وہ اس بات پر بدرجہ اولیٰ قادر ہے کہ وہ ان جیسے آدمی دوبارہ پیدا کر دے اور ان کے لئے ایک میعاد معین کر رکھی ہے کہ اس میں ذرہ بھی شک نہیں اس پر بھی بے انصاف لوگ بے انکار کئے نہ رہے۔ آپ فرما دیجیے کہ اگر تم لوگ میرے رب کی رحمت (یعنی نبوت) کے خزانوں (یعنی کمالات) کے مختار ہوتے تو اس صورت میں تم اس کے خرچ کرنے کے اندیشہ سے ضرور ہاتھ روک لیتے اور آدمی ہے بڑا تنگ دل۔ ۞

تفسیر ربط: آگے بھی تقریر رسالت کے لئے مشرکین کے ایک شبہ متعلقہ نبوت کا جواب ہے کہ انہوں نے محض براہ عناد کچھ بے سروپا فرمائشیں کی تھیں اس شبہ کو آیت میں دفع کیا گیا ہے اخرجه ابن جرير عن ابن عباس كذا في اللباب اور اوپر بھی تقریر رسالت کا مضمون تھا۔

جواب اقتراح معاندین ☆ وَقَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ (الی قولہ تعالیٰ) قُلْ سُبْحَانَ رَبِّيْ هَلْ كُنْتُ اِلَّا بَشَرًا رَّسُوْلًا ۝ اور یہ لوگ (باوجود اس کے کہ اعجاز قرآن سے آپ کی نبوت ثابت ہو چکی ایمان نہیں لاتے بلکہ یوں) کہتے ہیں کہ ہم آپ پر ہرگز ایمان نہ لاویں گے جب تک آپ ہمارے لئے (مکہ کی) زمین سے کوئی چشمہ نہ جاری کر دیں یا خاص آپ کے لئے کھجور اور انگوروں کا کوئی باغ نہ ہو پھر اس باغ کے بیچ بیچ میں جگہ جگہ بہت سی نہریں آپ جاری کر دیں یا جیسا آپ کہا کرتے ہیں آپ آسمان کے ٹکڑے ہم پر نہ گرا دیں (جیسا آیت میں ہے: اِنْ نَّشَاْ نَخْسِفْ بِهِمُ الْاَرْضَ اَوْ نُسْقِطْ عَلَيْهِمْ كِسَفًا مِّنَ السَّمَآءِ ..... [السبا: ۹]) یا آپ اللہ کو اور فرشتوں کو (ہمارے) سامنے نہ لا کھڑا کر دیں (کہ ہم کھلم کھلا دیکھ لیں) یا آپ کے پاس کوئی سونے کا بنا ہوا گھر ہو نہ ہو یا آپ آسمان پر (ہمارے سامنے) نہ چڑھ جاویں اور ہم تو آپ کے (آسمان پر) چڑھنے کا بھی یقین نہ کریں جب تک کہ (وہاں سے) آپ ہمارے پاس ایک نوشتہ نہ لاویں جس کو ہم پڑھ بھی لیں (وراس میں آپ کے آسمان پر پہنچنے کی تصدیق بطور رسید لکھی ہوئی ہو) آپ (ان سب خرافات کے جواب میں) فرما دیجئے کہ سبحان اللہ میں بجز اس کے کہ آدمی ہوں (مگر) پیغمبر ہوں اور کیا ہوں (کہ ان فرمائشوں کا پورا کرنا میری قدرت میں ہو۔ پس بشریت کہ بالذات عجز کو مقتضی ہے متحقق ہے اور بالعرض قدرت کو کوئی امر مقتضی نہیں اور رسالت گو میری صفت ہے مگر وہ اس کو مقتضی نہیں اور اگر اس کو مقتضی کہا جاوے تو محض غلط ہے کیونکہ اس کا مقتضا صرف اس قدر ہے کہ کوئی دلیل صحیح سالم عن المعارض اس پر قائم ہو سو اس کو بارہا تم لوگوں کے سامنے پیش کر چکا ہوں اور اب تک اس پر کوئی قدح نہیں کیا گیا اس لئے بالعرض قدرت کو بھی کوئی امر مقتضی نہ رہا پس ان آیت کو بشر یا رسول سے تو کوئی تعلق نہ رہا اب رہ گیا یہ امر کہ حق تعالیٰ بوجود عدم ضرورت کے ظاہر کر دیں سو اس کی حکمت کو وہ جانیں کسی کو اس فرمائش کا حق نہیں چنانچہ بعض حکمتیں معلوم بھی ہو گئی ہیں کہ فرمائش کے پورا ہونے پر ایمان نہ لاتے تو استیصال ہی ہو جاتا جیسا کئی بار گذر چکا ہے)۔ ربط: اوپر بعض شبہات متعلقہ رسالت کا جواب تھا آگے بھی بعض شبہات متعلقہ رسالت کا جواب ہے وہ شبہ یہ تھا کہ رسول بشر نہ ہونا چاہئے۔ فرشتہ ہونا چاہئے جواب کا حاصل یہ ہے کہ رسول اور مرسل الیہم میں مناسبت ضروری ہے اگر مرسل الیہم فرشتے ہوتے تو رسول بھی فرشتہ ہوتا جب کہ مرسل الیہم بشر ہیں تو رسول بھی بشر ہونا چاہئے۔

جواب بعض شبہات متعلقہ رسالت ☆ وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا (الی قولہ تعالیٰ) لَنَزَّلْنَا عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَلَكًا رَّسُوْلًا ۝ اور جس وقت ان لوگوں کے پاس ہدایت (یعنی دلیل صحیح رسالت کی مثل اعجاز قرآن کے) پہنچ چکی (جس کا مقتضا یہ تھا کہ ایمان لے آتے) اس وقت ان کو ایمان لانے سے بجز اس کے اور کوئی (قابل التفات) بات مانع نہیں ہوئی کہ انہوں نے (بشریت اور رسالت میں تنافی سمجھی جس کے سبب یہ) کہا کیا اللہ تعالیٰ نے بشر کو رسول بنا کر بھیجا ہے (یعنی ایسا نہیں ہو سکتا) آپ (جواب میں ہماری طرف سے) فرما دیجئے کہ اگر زمین پر فرشتے (رہتے) ہوتے کہ اس میں (مثل دیگر سکانِ ارض کے) چلتے بستے (اور بمقتضائے حکمت وتبدیل خاصیت ملکیت آسمانوں پر نہ جاتے) تو البتہ ہم ان پر آسمان سے فرشتہ رسول بنا کر بھیجتے ف: اگر وسوسہ ہو کہ جب مناسبت کی ضرورت سے مجانست کی رعایت ہوئی تو پھر رسول کے پاس کہ بشر ہوتا ہے فرشتہ کیسے آتا ہے اور کیونکر فیض ہوتا ہے جواب یہ ہے کہ رسول میں چونکہ شان ملکیت کی بھی ہوتی ہے اس لئے اس کو فرشتہ اور بشر دونوں سے مناسبت ہوتی ہے کہ فرشتہ سے وحی لے کر بشر کو پہنچا دے۔ بخلاف عوام بشر کے ان میں شان ملکیت کی نہیں ہوتی اس لئے مجانست شرط مناسبت ہے اور اگر یہ وسوسہ ہو کہ اگر فرشتہ آدمی کی شکل میں بن کر آ جاتا تو عوام کو بھی مناسبت ہو جاتی اس کے دو جواب ہیں ایک تو وہ جو کہ سورۂ انعام کے رکوع اول کے آخر میں آیت: وَلَوْ جَعَلْنٰهُ مَلَكًا لَّجَعَلْنٰهُ رَجُلًا [الأنعام: ۹] میں گذر چکا ہے دوسرا یہ کہ شکل بدلنے سے فرشتہ کی خاصیت نہیں بدلتی پھر بھی مناسبت نہ ہوتی اور اگر یہ وسوسہ ہو کہ آپ میں وصف جامعیت ہے اس لئے ان کو بھی آپ سے فیض ممکن ہے اور يَمْشُوْنَ مُطْمَئِنِّيْنَ کی قید اس لئے لگائی کہ اگر ان کو عروج کی اجازت ہوتی تو ارسال رسول کی ضرورت نہ ہوتی۔ ربط: قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ میں رسالت کی دلیل قطعی کا

www.besturdubooks.net

اور بعد کی آیتوں میں اس کے متعلق شبہات کے جوابوں کا بیان تھا چونکہ معاندین ان پر بھی نہیں مانے اس لئے آگے آخری خطاب اور اس کے ساتھ قیامت کے روز وعید عذاب اور اس کے ضمن میں قیامت کے متعلق شبہ کا جواب ارشاد ہے۔

جواب اخیر و وعید سعیر و اثبات یوم عسیر ☆ قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًۢا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ؕ (الی قولہ تعالیٰ) فَاَبَى الظّٰلِمُوْنَ اِلَّا كُفُوْرًا ۝ (جب یہ لوگ باوجود قیام ادلہ و دفع شبہات کے بھی نہیں مانتے تو) آپ (اخیر بات) کہہ دیجئے کہ اللہ تعالیٰ میرے اور تمہارے درمیان (کے اختلاف میں) کافی گواہ ہے (یعنی خدا جانتا ہے کہ میں واقع میں رسول ہوں تم نہیں مانتے مت مانو ایک روز بھگتو گے کیونکہ) وہ اپنے بندوں (کے احوال) کو خوب جانتا ہے خوب دیکھتا ہے (تمہارے عناد کو بھی دیکھتا جانتا ہے تم کو اس کی سزا دے گا) اور (واقعی بات یہ ہے کہ) اللہ جس کو راہ پر لاوے وہی راہ پر آتا ہے اور جس کو وہ بے راہ کر دے تو خدا کے سوا (جتنے ہیں جن کی مدد کا ان کو بھروسہ ہے ان میں سے) آپ کسی کو بھی ایسوں کا مددگار نہ پاویں گے (اور خدا کی مدد سے بوجہ کفر کے محروم رہے یعنی جب تک خدا کی طرف سے دستگیری نہ ہو نہ ہدایت ہو سکتی ہے نہ عذاب سے بچ سکتا ہے چنانچہ یہ لوگ باوجود اجتماع اسباب ہدایت کے بوجہ مخذول ہونے کے ہدایت تک نہ پہنچ سکے) اور ہم قیامت کے روز ان کو اندھا گونگا بہرا کر کے منہ کے بل چلائیں گے (پھر) ان کو ٹھکانا دوزخ ہے (اور وہاں کے شدت عذاب کی یہ کیفیت ہوگی کہ) وہ (یعنی اس کی آگ) جب ذرا دھیمی ہونے لگے گی تب ہی ہم ان کے لئے اور زیادہ بھڑکا دیں گے یہ ہے ان کی سزا اس سبب سے کہ انہوں نے ہماری آیتوں کا انکار کیا تھا اور یوں کہا تھا کہ کیا جب ہم ہڈیاں اور (ہڈیاں بھی کیسی کہ) بالکل ریزہ ریزہ ہو جاویں گے تو کیا ہم از سر نو پیدا کر کے (قبروں سے) اُٹھائے جاویں گے کیا ان لوگوں کو اتنا معلوم نہیں کہ جس اللہ نے آسمان اور زمین پیدا کئے وہ اس بات پر (بدرجۂ اولیٰ) قادر ہے کہ وہ ان جیسے آدمی دوبارہ پیدا کر دے اور (منکرین کو شاید یہ وسوسہ ہو کہ ہزاروں مر گئے مگر اب تک یہ وعدہ بعث عام کا پورا ہوا نہیں تو اس کی وجہ یہ ہے کہ) ان کے (دوبارہ پیدا کرنے کے) لئے ایک میعادِ معین کر رکھی ہے کہ اس (میعاد کے آنے کے وقت دوبارہ پیدا کرنے) میں ذرا بھی شک نہیں اس پر بھی بے انصاف لوگ بے انکار کئے نہ رہے۔

ف: حدیث شیخین میں تصریح ہے کہ کفار منہ کے بل چلیں گے پس عَلٰى وُجُوْهِهِمْ میں تو معنی مجازی یقیناً نہیں اور اسی کے قرینہ سے ظاہراً معلوم ہوتا ہے کہ عُمْيًا وَّبُكْمًا وَّصُمًّا میں بھی مجاز نہیں جیسا دوسری آیت میں ہے: قَالَ رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِيْٓ اَعْمٰى وَقَدْ كُنْتُ بَصِيْرًا [طٰہٰ: ۱۲۵] الخ۔ پھر دوسری آیتوں سے جو ان کا سمیع بصیر ہونا یا ان کا سر اونچا ہونا معلوم ہوتا ہے جیسے: اَسْمِعْ بِهِمْ وَاَبْصِرْ [مریم: ۳۸] مُقْنِعِيْ رُءُوْسِهِمْ [ابراھیم: ۴۳] اس میں متعدد جواب ہو سکتے ہیں لیکن اسہل اور اقرب یہ ہے کہ عین حشر وقت ذلت کے لئے یہ حالت ہوگی بعد میں سمع و بصر و اقناع رؤس دوسری مصلحتوں سے مثل شدت خوف و حیرت وغیرہ کے واقع ہوگا اور یخلقهم کی جگہ يَخْلُقَ مِثْلَهُمْ اس لئے فرمایا کہ یہ خلق جدید ان کو اور تمام آدمیوں کو جو کہ ان مذکورین کے امثال ہیں بلکہ کل مخلوقات کو عام ہوگی یا مِثْلَهُمْ سے یہ مراد ہو من کان علی صفتهم من الصغر والحقارة بالنسبة الی السمٰوٰت والارض اور اس کے عموم میں یہ بھی داخل ہوں۔ (لطف: اوپر کفار کا آپ کی نبوت پر انکار کرنا اور عداوت رکھنا مذکور ہوا ہے آگے بطور تفریع کے فرماتے ہیں کہ اگر نبوت تمہارے اختیار میں ہوتی تم تو رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کو کبھی نہ دیتے مگر وہ فضل خاص خدا کے ہاتھ میں ہے اس لئے تمہاری کراہت و عداوت مانع نہیں ہو سکتی نیز اس سے ان کے اس قول کا جواب بھی نکل آیا جو کہا کرتے تھے: وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ [الزخرف: ۳۱] جس کا جواب اس جگہ ان لفظوں میں دیا ہے اَهُمْ يَقْسِمُوْنَ رَحْمَتَ رَبِّكَ [الزخرف: ۳۲] پس دونوں آیتوں کا مضمون قریب قریب ہو گیا چنانچہ یہاں بھی لفظ رحمت مذکور ہے جس کی تفسیر نبوت ہے۔

موکول نبودن عطائے نبوت بعباد ☆ قُلْ لَّوْ اَنْتُمْ تَمْلِكُوْنَ خَزَآئِنَ رَحْمَةِ رَبِّيْٓ اِذًا لَّاَمْسَكْتُمْ خَشْيَةَ الْاِنْفَاقِ ؕ وَكَانَ الْاِنْسَانُ قَتُوْرًا ۝۔ آپ فرما دیجئے کہ اگر تم لوگ میرے رب کی رحمت (یعنی نبوت) کے خزانوں (یعنی کمالات) کے مختار ہوتے (کہ) جس کو چاہتے دیتے جس کو نہ چاہتے نہ دیتے جیسا تمہارے بے جا تحکمات سے مترشح ہوتا ہے مثلاً یہ کہنا: لَوْلَا نُزِّلَ [الزخرف: ۳۱] الخ اور مثلاً اقتراح آیات اور مثلاً دعویٰ منافات بشریت و نبوت) تو اس صورت میں تم (اس کے) خرچ کرنے کے اندیشہ سے ضرور ہاتھ روک لیتے (کبھی بھی کسی کو نہ دیتے باوجودیکہ وہ چیز ایسی ہوتی کہ دینے سے بھی نہ گھٹتی مگر خود اس کے دینے ہی کو مثل خرچ کرنے کے سمجھ کر کسی کو بھی نہ دیتے جیسے بعض لوگ علم کی بات غایت بخل سے نہیں بتلایا کرتے) اور آدمی ہے بڑا تنگ دل (کہ ایسی نہ گھٹنے والی چیز کے عطا کرنے سے بھی دریغ کرتا ہے جس کی وجہ بخل عداوت نبویہ کے ساتھ یہ بھی شاید ہوئی کہ اگر کسی کو نبی بنا لیا تو پھر پابندی احکام کرنا پڑے گی جیسے اتفاق کر کے کسی کو بادشاہ قرار دے لینے پر یہی امر مرتب ہوتا ہے)۔ ف: یہ تفسیر مواہب الٰہیہ سے ہے اور مقام کے ساتھ نہایت چسپاں ہے اس میں نبوت کو رحمت کے ساتھ تعبیر کرنا ایسا ہوگا جیسا بالاجماع آیت: اَهُمْ يَقْسِمُوْنَ رَحْمَتَ رَبِّكَ [الزخرف: ۳۲] میں تعبیر کیا گیا ہے اور اعطائے نبوت کا انفاق کہنا ایسا ہوگا جیسا بعض مفسرین نے مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ [البقرۃ: ۳] میں انفاق کی تفسیر اضافۂ انوار سے کی ہے۔

www.besturdubooks.net

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : وَقَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ الخ اس میں مذمت ہے طلب خوارق کی قولہ تعالیٰ: قُلْ سُبْحَانَ رَبِّیْ الخ اس میں تصریح ہے کہ مقبولین کو یہ قدرت نہیں کہ جو ان سے درخواست کی جاوے وہ اس کو پورا کردیں ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: قُلْ لَّوْ كَانَ فِی الْاَرْضِ الخ وجہ اس حکم کی معلم ومتعلم میں مناسبت کا شرط ہونا ہے اور اس شرط کی رعایت قوم میں معروف ہے قولہ تعالیٰ: كُلَّمَا خَبَتْ زِدْنٰهُمْ الخ ۔اس میں اس قول کا رد ہے جو بعض کی طرف منسوب ہے کہ مدت طویلہ کے بعد عذاب نار منقطع ہو جائے گا۔ قُلْ لَّوْ اَنْتُمْ تَمْلِكُوْنَ الخ اس میں اشارہ ہے اس شخص کی مذمت کی طرف جو طریق کو طالبین سے چھپاتے ہیں اور وہ طریق کی حقیقت ان چند ملفوظات کو سمجھتے ہیں جو اپنے مشائخ سے سن لئے ہیں ان کو خدا جانے کیا خزائن ودفائن سمجھتے البتہ علوم کشفیہ جز وطریق نہیں ان کو ظاہر نہ کرنا چاہئے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی الارض مکہ بدلیل اسباب النزول ۱۲۔ ۲ قوله فی حتی تفجر لنا جاری کردیں فی الروح هو من باب نصر للتعدی وقرء بعضهم تفجر من التفعیل ووجهه ظاهر ۱۲۔ ۳ قوله فی تفجیرا جگہ جگہ مفهوم من المفعول المطلق للتکثیر ۱۲۔ ۴ قوله فی ما منع الناس قائل التفات اشارة الی جواب سوال انه هو انه ما معنی الحصر مع انه کان لهم شبهات شتی والجواب ان الحصر باعتبار معظم الموانع ولا محذور فی تعدد المعظم فلا یرد انه کیف یصح هذا الحصر مع الحصر الآخر فی قوله تعالیٰ وما منع الناس ان یومنوا اذ جائهم الهدی ویستغفروا ربهم الا ان تاتیهم سنة الاولین الخ ۱۲۔ ۵ قوله فی الا ان قالوا بشریت اور رسالت الخ اشارة الی ان المانع هو الاعتقاد المستتبع لهذا القول کما هو الظاهر ۶ قوله فی قل لو کان ہماری طرف سے بقرینة لنزلنا فان بعض الا جوبة حکایة عن الله تعالیٰ وبعضها عن نفسه کما فی الآیة التی تلیهما من قوله قل کفی بالله شهیدا بینی وبینکم الخ ۱۲۔ ۷ قوله فی نحشر چلائیں گے هو ترجمة بالحاصل لان اصله الجمع ولما کان هذا الجمع بعد الامشاء صح تفسیره به ۱۲۔ ۸ قوله فی اولم یروا معلوم اشارة الی ان الرؤیة علمیة ۱۲۔ ۹ قوله فی ان یخلق دوباره لان الکلام فی الخلق الجدید ۱۲۔ ۱۰ قوله قبل وجعل بعث عام قید به لان بعض الموتی قد احیاهم الله تعالیٰ معجزة لانبیائه ۱۲۔ ۱۱ قوله فی خشیة الانفاق خرچ الخ هذا من المواهب وفیه من المبالغة ما لا یخفی حیث جعل الانفاق مخوفا منه وبعضهم قدر المضاف ای خشیة عاقبته الانفاق وهو النفاد والمعنی ظاهر ۱۲۔ ۱۲ قوله فی ف مواہب وفسرها بعضهم بالمعانی اللغویة فیکون حاصل المرام مع اعتبار الربط بما قبل ان اظهار المقترحات اما للدلالة علی النبوة فجوابه ما مر فی قوله هل کنت الا بشرا رسولا واما الاتساع الارزاق فجوابه علی ما ذکر ههنا ان الاتساع لا یکون حسب قانون التمدن الا بان یعاون بعضهم بعضا وهؤلاء لبخلهم ما کانوا یعاونوا فانتفت هذه الفائدة ایضا فکان اظهار المقترحات عبثا محضا ۱۲۔

اللغات: قوله ینبوع من نبع الماء کیعبوب فالباء زائدة للمبالغة ۱۲۔

النحو: قوله کسفا حال ۱۲ قوله ملکا رسولا ملکا حال مقدمة من رسول وهو مفعول بعث ۱۲۔

البلاغة: قوله الا ان قالوا والنکتة فی التعبیر عن الاعتقاد بالقول الاشارة الی انه لفظ محض لا معنی له ۱۲۔ قوله نحشرهم فیه التفات قوله قادر الی جعل فی قوله قادر دلالة علی الامکان وفی قوله جعل دلالت علی الوقوع وعلیه بلغ التفرع بقوله فابی غایة الاستحسان ۱۲۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى تِسْعَ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ فَسْـَٔلْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِذْ جَآءَهُمْ فَقَالَ لَهٗ فِرْعَوْنُ اِنِّيْ لَاَظُنُّكَ يٰمُوْسٰى مَسْحُوْرًا ﴿۱۰۱﴾
قَالَ لَقَدْ عَلِمْتَ مَآ اَنْزَلَ هٰٓؤُلَآءِ اِلَّا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ بَصَآئِرَ ۚ وَاِنِّيْ لَاَظُنُّكَ يٰفِرْعَوْنُ مَثْبُوْرًا ﴿۱۰۲﴾ فَاَرَادَ اَنْ يَّسْتَفِزَّهُمْ
مِّنَ الْاَرْضِ فَاَغْرَقْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ جَمِيْعًا ﴿۱۰۳﴾ وَّقُلْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ لِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اسْكُنُوا الْاَرْضَ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ الْاٰخِرَةِ
جِئْنَا بِكُمْ لَفِيْفًا ﴿۱۰۴﴾ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ۗ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ﴿۱۰۵﴾ وَقُرْاٰنًا فَرَقْنٰهُ لِتَقْرَاَهٗ عَلَى
النَّاسِ عَلٰى مُكْثٍ وَّنَزَّلْنٰهُ تَنْزِيْلًا ﴿۱۰۶﴾ قُلْ اٰمِنُوْا بِهٖٓ اَوْ لَا تُؤْمِنُوْا ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهٖٓ اِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ يَخِرُّوْنَ
لِلْاَذْقَانِ سُجَّدًا ﴿۱۰۷﴾ وَّيَقُوْلُوْنَ سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنْ كَانَ وَعْدُ رَبِّنَا لَمَفْعُوْلًا ﴿۱۰۸﴾ وَيَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ يَبْكُوْنَ وَيَزِيْدُهُمْ خُشُوْعًا ﴿۱۰۹﴾

www.besturdubooks.net

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ؕ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ
بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ﴿۱۱۰﴾ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ
مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ﴿۱۱۱﴾

اور ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو کھلے ہوئے نو معجزے دیئے جب کہ وہ بنی اسرائیل کے پاس آئے تھے سو آپ بنی اسرائیل سے پوچھ دیکھئے اور فرعون نے ان سے کہا کہ اے موسیٰ میرے خیال میں تم پر ضرور کسی نے جادو کر دیا ہے موسیٰ نے فرمایا تو (دل میں) خوب جانتا ہے کہ یہ عجائبات خاص آسمان کے پروردگار نے بھیجے ہیں جو کہ بصیرت کے لئے کافی ذرائع ہیں اور میرے خیال میں ضرور تیری کم بختی کے دن آگئے ہیں پھر اس نے چاہا کہ بنی اسرائیل کا اس سرزمین سے قدم اکھاڑ دے سو ہم نے اس (ہی) کو اور جو اس کے ساتھ تھے سب کو غرق کر دیا اور اس کے بعد ہم نے بنی اسرائیل کو کہہ دیا کہ (اب) تم اس سرزمین میں رہو سہو پھر جب آخرت کا وعدہ آجائے گا تو ہم سب کو جمع کر کے لا حاضر کریں گے اور ہم نے اس قرآن کو راستی ہی کے ساتھ نازل کیا اور وہ راستی ہی کے ساتھ نازل ہو گیا اور ہم نے آپ کو صرف خوشی منانے اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے اور قرآن میں ہم نے جا بجا فصل رکھا تا کہ اس کو لوگوں کے سامنے ٹھہر ٹھہر کر پڑھیں اور ہم نے اس کو اتارنے میں تدریجاً اتارا۔ کہہ دیجئے کہ تم اس قرآن پر خواہ ایمان نہ لاؤ جن لوگوں کو قرآن سے علم دیا گیا تھا یہ قرآن جب ان کے سامنے پڑھا جاتا ہے تو ٹھوڑیوں کے بل گر پڑتے ہیں اور کہتے ہیں ہمارا رب (وعدہ خلافی سے) پاک ہے بے شک ہمارے رب کا وعدہ ضرور پورا ہی ہوتا اور ٹھوڑیوں کے بل گرتے ہیں روتے ہوئے اور یہ قرآن ان کا خشوع اور بڑھا دیتا ہے۔ آپ فرما دیجئے کہ خواہ اللہ کہہ کر پکارو یا رحمٰن کہہ کر پکارو جس نام سے بھی پکارو گے سو اس کے بہت اچھے اچھے نام ہیں اور اپنی نماز میں نہ تو بہت پکار کر پڑھئے اور نہ بالکل چپکے چپکے ہی پڑھیے اور ان دونوں کے درمیان ایک طریقہ اختیار کر لیجئے اور کہہ دیجئے کہ تمام خوبیاں اسی اللہ پاک کے لئے (خاص) ہیں جو نہ اولاد رکھتا ہے اور نہ اس کا کوئی سلطنت میں شریک ہے اور نہ کمزوری کی وجہ سے اس کا کوئی مددگار ہے اور اس کی خوب بڑائیاں بیان کیا کیجئے۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر رسالت محمدیہ اور دلیل رسالت یعنی اعجاز قرآن کا اثبات اور کفار کا بیان تھا آگے بطور تنظیر کے رسالت موسویہ اور معجزات موسویہ کا ذکر اور عناد فرعون کا بیان ہے جس سے آیات مقترحہ کے عدم ظہور کی حکمت بھی مفہوم ہو گئی کہ یہ مثل فرعون کے ضرور انکار کرتے اور مستوجب عذاب ہوتے اور تسلیہ کے لئے عناد فرعون کا اور صبر بنی اسرائیل کا انجام مذکور ہوتا ہے تا کہ ان معاندین کے انجام کو اس پر قیاس کر لیا جاوے اور مسلمانوں کو استقلال سہل ہو اور نظیر مذکور کا بیان کر کے آیت: وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ الخ سے پھر اصلی مدعا یعنی تحقیق رسالت و دلیل رسالت کی طرف عود ہے اور قُلْ اٰمِنُوْا الخ میں تسلیہ کے لئے عدم مبالات کی تصریح ہے پس تمام تر کلام سے مقصود تحقیق رسالت ہے۔

تحقیق رسالت ☆ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى تِسْعَ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ فَسْـَٔلْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ (الی قولہ تعالیٰ) وَيَزِيْدُهُمْ خُشُوْعًا اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو کھلے ہوئے نو معجزے دیئے (جن کا ذکر پارۂ نہم کے رکوع ششم آیت اول میں ہے) جب کہ وہ بنی اسرائیل کے پاس آئے تھے سو آپ بنی اسرائیل سے (بھی چاہے) پوچھ دیکھئے (اور چونکہ آپ فرعون کی طرف بھی بھیجے گئے تھے اور فرعون و آل فرعون کے ایمان نہ لانے سے وہ عجائبات ظاہر ہوئے تھے اس لئے موسیٰ علیہ السلام نے فرعون کو دوبارہ ایمان لانے کے لئے یاددہانی کی اور ان آیات بینہ سے ڈرایا) تو فرعون نے ان سے کہا کہ اے موسیٰ میرے خیال میں تو ضرور تم پر کسی نے جادو کر دیا (جس سے تمہاری عقل مخبوط ہو گئی کہ ایسی بہکی بہکی باتیں کرتے ہو) موسیٰ (علیہ السلام) نے فرمایا تو (دل میں) خوب جانتا ہے (گو عار کی وجہ سے زبان سے اقرار نہیں کرتا) کہ یہ عجائبات خاص آسمان اور زمین کے پروردگار ہی نے بھیجے ہیں جو کہ بصیرت کے لئے (کافی) ذرائع ہیں اور میرے خیال میں ضرور تیری کم بختی کے دن آگئے ہیں (اور یا تو فرعون کی یہ حالت تھی کہ موسیٰ علیہ السلام کی درخواست پر بھی بنی اسرائیل کو مصر سے جانے کی اجازت نہ دیتا تھا اور) پھر (یہ ہوا کہ) اس نے (اس احتمال سے کہ کہیں بنی اسرائیل موسیٰ علیہ السلام کے اثر سے قوت نہ پکڑ جاویں خود ہی) چاہا کہ بنی اسرائیل کا اس سرزمین سے قدم اکھاڑ دے (یعنی ان کو شہر بدر کر دے) سو ہم نے (قبل اس کے کہ وہ کامیاب ہو خود) اس (ہی) کو اور جو اس کے ساتھ تھے سب کو غرق کر دیا اور اس (کے غرق کرنے) کے بعد ہم نے بنی اسرائیل کو کہہ دیا کہ (اب) تم اس سرزمین (کے جہاں سے تم کو نکالنا چاہتا تھا مالک ہو تم ہی اس) میں رہو سہو (خواہ بالقوہ یا بالفعل مگر یہ مالکیت حیات دنیا تک ہے پھر جب آخرت کا وعدہ آجاوے گا تو ہم سب کو جمع کر کے (قیامت کے میدان میں مملوکانہ محکومانہ) لا حاضر کریں گے اور (جس طرح ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو معجزے دیئے اسی طرح آپ کو معجزے دیئے جن میں عظیم الشان معجزہ قرآن ہے کہ) ہم نے اس قرآن کو راستی ہی کے ساتھ تو نازل کیا ہے اور وہ راستی ہی کے ساتھ (آپ پر) نازل ہو گیا (یعنی جیسا کاتب کے پاس سے چلا تھا اسی طرح مکتوب الیہ تک پہنچ گیا اور درمیان میں کوئی تغیر و تبدل و تصرف نہیں ہوا پس سرتاسر راستی ہی راستی ہے) اور (جس طرح ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو پیغمبر بنایا تھا اور ہدایت ان کے اختیار میں نہ تھی اسی طرح)

www.besturdubooks.net

ہم نے آپ کو (بھی) صرف (ایمان پر ثواب کی) خوشی سنانے والا اور (کفر پر عذاب سے) ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے (اگر کوئی ایمان نہ لاوے کچھ غم نہ کیجئے) اور قرآن (میں صفت راستی کی ساتھ بمقتضائے رحمت اور بھی ایسے صفات کی رعایت کی گئی ہے کہ اس سے ہدایت زیادہ آسان ہو چنانچہ ایک تو یہ کہ اس میں ہم نے (آیات[۴] وغیرہ کا) جا بجا فصل رکھا تا کہ آپ اس کو لوگوں کے سامنے ٹھہر ٹھہر کر پڑھیں (جس میں وہ اچھی طرح سمجھ سکیں کیونکہ تقریر طویل مسلسل بعض اوقات ضبط میں نہیں آتی) اور (دوسرے یہ کہ) ہم نے اس کو اتارنے میں بھی (حسب واقعات) تدریجاً اتارا (تا کہ معانی کا خوب انکشاف ہو اب ان سب امور کا مقتضا یہ تھا کہ یہ لوگ ایمان لے آتے لیکن اس پر بھی ایمان نہ لاویں تو آپ کچھ پرواہ نہ کیجئے بلکہ صاف) کہہ دیجئے کہ تم اس قرآن پر خواہ ایمان لاؤ یا نہ لاؤ (مجھ کو کوئی پرواہ نہیں دو وجہ سے اول تو یہ کہ میرا کیا ضرر کیا۔ دوسرے یہ کہ تم ایمان نہ لائے تو کیا ہوا دوسرے لوگ ایمان لے آئے چنانچہ) جن لوگوں کو قرآن (کے نزول) سے پہلے (دین کا) علم دیا گیا تھا (یعنی منصف علمائے اہل کتاب) یہ قرآن جب ان کے سامنے پڑھا جاتا ہے تو ٹھوڑیوں کے بل سجدہ میں گر پڑتے ہیں اور کہتے ہیں ہمارا رب (وعدہ خلافی سے) پاک ہے بیشک ہمارے رب کا وعدہ ضرور پورا ہی ہوتا ہے (سو جس کتاب کا جس نبی پر نازل کرنے کا وعدہ کتب سابقہ میں کیا تھا اس کو پورا فرما دیا) اور ٹھوڑیوں کے بل (جو) گرتے[۵] ہیں (تو) روتے ہوئے (گرتے ہیں) اور یہ قرآن (یعنی اس کا سننا) ان کا (دلی) خشوع اور بڑھا دیتا ہے (کیونکہ ظاہر و باطن کا توافق کیفیت کو قوی کر دیتا ہے) **ف**: یہ سجدہ میں گرنا بطور شکر کے ہے کہ وعدۂ مندرجہ کتب سابقہ پورا ہوا یا تعظیم و اجلال کے لئے ہے کہ قرآن سن کر ہیبت طاری ہوتی ہے یا مجازاً کنایہ ہے کمال انقیاد و خشوع سے اور سجدہ چہرے کے بل ہوتا ہے مگر ٹھوڑی کے بل کہنا مبالغہ کے لئے ہے کہ اپنے چہرے کو زمین اور خاک سے اس قدر لگائے دیتے ہیں کہ ٹھوڑی لگنے کے قریب ہو جاتی ہے اور ترمذی کی حدیث میں یہود کا آپ سے تسع آیات سے سوال کرنا اور جواب میں احکام بیان فرمان مذکور ہے لیکن آیت میں اس کا مراد لینا سیاق کلام سے بعید ہے کہ ظاہراً کلام معجزات میں ہے پس معنی حدیث کے احقر کے نزدیک یہ ہیں کہ آپ نے ان معجزات کو بیان کر کے بطور زیادت علی الجواب کے احکام بھی بیان کر دیئے راوی نے احکام کو مہتم بالشان سمجھ کر معجزات کا مضمون کلام سے حذف کر دیا واللہ اعلم اور مَثْبُوْرًا کہنا اگر لہجۂ شفقت میں ہو تو قول لین کے خلاف نہیں ہے اور چونکہ موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کے متبوع رہے اس لئے اِذْ جَآءَهُمْ میں بنی اسرائیل کی تخصیص کی۔ **ربط**: اوپر آیات متعددہ میں توحید کی تقریر تھی آگے ختم سورت پر پھر اس کے متعلق بعض تحقیقات و بعض تعلیمات ہیں اور چونکہ سورت کے افتتاح میں بھی باری تعالیٰ کی تنزیہ پر دلالت تھی پس اس کا اختتام پر ہونا لطافت و حسن مراعات کو دوبالا کر دیتا ہے اور ان آیات کے اسباب نزول یہ قصے ہیں۔

اوّل: آپ نے ایک روز دعا میں یا اللہ یا رحمٰن فرمایا مشرکین نے اعتراض کیا کہ ہم کو تو دو معبودوں کے پکارنے سے منع کرتے ہیں اور خود دو معبودوں کو پکارتے ہیں اس پر یہ نازل ہوا: قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ الخ۔

دوم: آپ نماز میں ذرا بلند آواز سے قرآن پڑھتے تو مشرکین قرآن اور حق تعالیٰ اور جبریل علیہ السلام کی شان میں گستاخی کرتے ہیں اس پر یہ نازل ہوا وَلَا تَجْهَرْ الخ۔

سوم: یہود و نصاریٰ اللہ کی اولاد قرار دیتے تھے اور عرب شرک کرتے تھے اور صابون اور مجوس کہتے تھے کہ اگر اللہ کے مخصوصین نہ ہوں تو نعوذ باللہ اس کی قدر کم ہو جاوے اس پر یہ نازل ہوا: وقل الحمد الخ کذا فی اللباب باسانید مختلفة۔

تحقیق و تعلیم توحید ☆ قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِادْعُوا الرَّحْمٰنَ (الی قولہ تعالیٰ) وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا آپ فرما دیجئے کہ خواہ اللہ کہہ کر پکارو یا رحمٰن کہہ کر پکارو جس[۶] نام سے بھی پکارو گے سو (بہتر ہے کیونکہ) اس کے بہت سے اچھے اچھے نام ہیں (اور اس میں شرک سے کوئی علاقہ نہیں کیونکہ مسمّیٰ تو ایک ہی ہے اسماء متعدد ہیں شرک جب ہوتا جب مسمّیٰ دوسرا ہوتا) اور اپنی جہری نمازیں نہ تو بہت پکار کر پڑھئے (کہ سن سن کر مشرکین خرافات بکیں اور قلب نماز میں مشوش ہو) اور نہ بالکل ہی چپکے چپکے پڑھئے (کہ نمازیوں کو بھی نہ سنائی دے کیونکہ ان کی تعلیم دینے میں کمی پڑتی ہے) اور دونوں کے درمیان ایک (متوسط) طریقہ اختیار کر لیجئے (کہ منفعت بھی فوت نہ ہو اور مضرت بھی مرتب نہ ہو) اور (کفار پر رد کرنے کے لئے علی الاعلان) کہہ دیجئے کہ تمام خوبیاں اسی اللہ (پاک) کے لئے (خاص) ہیں جو نہ اولاد رکھتا ہے اور نہ اس کا کوئی سلطنت میں شریک ہے اور نہ کمزوری کی وجہ سے اس کا کوئی مددگار ہے اور اس کی خوب بڑائیاں بیان کیا کیجئے (اس میں سب عقائد قصہ سوم کا ابطال ہو گیا) **ف**: بندہ نے جو نماز میں جہری کی قید لگائی وجہ اس کی ظاہر ہے کہ اس میں جہر سے احتمال مشرکین کے سننے اور بکنے کا تھا اور لَا تَجْهَرْ کی توضیح میں جو احقر نے کہا ہے کہ قلب نماز میں مشوش ہو وجہ اس کی یہ ہے کہ تبلیغ کے وقت اس ضرر کا اعتبار نہیں کیونکہ وہاں بدوں اسماع کے غرض حاصل نہیں ہوتی پس ضروری ہوا اور ضرورت کے لئے اس ضرر کا تحمل کیا جاوے گا بخلاف صلوٰۃ کے کہ یہاں اسماع سے غرض یعنی حضور قلب ہوتا ہے اس لئے منع کیا گیا۔

لطیفہ: جس سے مخلوق کو کسی قدر قوت پہنچا کرتی ہے وہ کبھی تو اپنے سے چھوٹا ہوتا ہے جیسے اولاد اور کبھی مساوی ہوتا ہے جیسے شریک اور کبھی بڑا ہوتا ہے جیسے ناصر

www.besturdubooks.net

وحامی حق تعالیٰ نے بترتیب تینوں کی نفی فرمادی کیونکہ یہاں مقسم ہی نہیں یعنی وہ خود ایسے قوی ہیں کہ کسی سے قوت حاصل کرنے کی ضرورت ہی نہیں۔

لطیفہ دوم: سورت کو تسبیح سے شروع کیا اور تحمید وتکبیر پر ختم کیا پس سبحان اللہ والحمد للہ واللہ اکبر کے معانی پر فاتحہ اور خاتمہ ہوا **واللہ اعلم وسبحان اللہ والحمد للہ واللہ اکبر علی ما وفقنی لاتمام تفسیر سورۃ الاسراء لیوم الاثنین سادس رجب ۱۳۴۴ھجری ویلیہ انشاء اللہ تعالیٰ تفسیر سورۃ الکھف واللہ المستعان وعلیہ التکلان فقط۔**

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَاِنِّیْ لَاَظُنُّكَ یٰفِرْعَوْنُ مَثْبُوْرًا ۝ اس میں دلالت ہے کہ جو ب ترکی بہ ترکی دینا جب کہ تسامع ورعایت میں کوئی مصلحت نہ ہو کرم اور کمال اخلاق کے منافی نہیں ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: یَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ الخ اس میں خشیت حق سے رونے کی فضیلت ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قولہ فی اذ جاء ھم جبکہ الخ مقدما علی ترجمۃ فسنل اشارۃ الی تعلق اذ بآیتنا وکون فسنل جملۃ معترضۃ للتقریر والتاکید ۱۲۔ ۲ قولہ قبل فقال لہ فرعون دوبارہ لانہ لم تقع ھذہ الایات اذ جاء ہ موسی اول مرۃ ۱۲۔ ۳ قولہ فی اسکنوا بالقوۃ یا بالفعل اشارۃ الی الاختلاف بین دخولھم مصر بعد غرقہ نعم لا شک فی التمکن من السکنی وھذا ھو المراد بالقوۃ وفسر الارض بعضھم بالشام واراہ بعید ۱۲۔ ۴ قولہ فی فرقناہ آیات الخ لم ارہ یقری واخذنہ من قول ابن عباسؓ آیۃ آیۃ انزل وقول ابی بن کعب بیناہ وقرأ الاول مثقلا والثانی مخففا کذا فی الدر المنثور ۱۲۔ ۵ قولہ فی یخرون الثانی کرتے ہیں اشارۃ الی ان فائدۃ التکریر تقیید الاول البکاء والخشوع ۱۲۔ ۶ قولہ فی تدعوا جس نام سے الخ اشارۃ الی ما قال الزمخشری انہ بمعنی التسمیۃ لا بمعنی النداء وھو یتعدی الی مفعولین تقول دعوتہ زیدا ثم یترک احدھما استغناء عنہ فتقول دعوت زیدًا ۱۲۔ ۷ قولہ فی صلاتک نماز میں علی توجیھین اما ان یکون المراد بالصلوۃ القراءۃ واما ان یقدر المضاف ای بقراءۃ صلاتک ۱۲۔**

اللغات: قولہ مثبورًا من الثبور الھلاک ۱۲ قولہ لفیفا جمیعًا کذا فی الروح عن ابن عباس الخ قولہ للاذقان اللام قیل للاختصاص وقیل بمعنی علی ۱۲۔

النحو: قولہ فسنل الفاء للاعتراض کما فی قولھم زید فاعلم فقیہ ۱۲ قولہ قرانًا عاملہ مقدر ای فرقناہ ۱۲۔ قولہ ایاما اسم شرط جازم منصوب بہ تدعوا وجازم لہ فھو عامل ومعمول من جھتین وکلمۃ من فی قولہ من الذل تعلیلیۃ ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ الْكَهْفِ

سُوْرَةُ الْكَهْف ۱۸ مَكِّيَّة ۶۹ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۱۱۰ | رُكُوْعَاتُهَا ۱۲

سورۂ کہف مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۱۱۰ آیات اور ۱۲ رکوع ہیں

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا ۭ ① قَيِّمًا لِّيُنْذِرَ بَاْسًا شَدِيْدًا مِّنْ لَّدُنْهُ
وَيُبَشِّرَ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا حَسَنًا ۙ ② مَّاكِثِيْنَ فِيْهِ اَبَدًا ۙ ③ وَّيُنْذِرَ
الَّذِيْنَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ④ مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ وَّلَا لِاٰبَاۗىِٕهِمْ ۭ كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ
اَفْوَاهِهِمْ ۭ اِنْ يَّقُوْلُوْنَ اِلَّا كَذِبًا ⑤ فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰٓي اٰثَارِهِمْ اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ
اَسَفًا ⑥ اِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَي الْاَرْضِ زِيْنَةً لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ اَيُّهُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ⑦ وَاِنَّا لَجٰعِلُوْنَ مَا عَلَيْهَا
صَعِيْدًا جُرُزًا ⑧

تمام خوبیاں اس اللہ کے لئے ثابت ہیں جس نے اپنے (خاص) بندے پر یہ کتاب نازل فرمائی اور اس میں ذرا بھی کجی نہیں رکھی بالکل استقامت کے ساتھ موصوف بنایا تاکہ وہ ایک سخت عذاب سے جو کہ منجانب اللہ ہوگا ڈرائے اور ان اہل ایمان کو جو نیک کام کرتے ہیں یہ خوشخبری دے کہ ان کو اچھا اجر ملے گا جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے اور تاکہ ان لوگوں کو ڈرائے جو یوں کہتے ہیں کہ (نعوذ باللہ) اللہ تعالیٰ اولاد رکھتا ہے نہ تو اس کی کوئی دلیل ان کے پاس ہے اور نہ ان کے باپ دادوں کے پاس تھی بڑی بھاری بات ہے جو ان کے منہ سے نکلتی ہے (اور) وہ لوگ بالکل ہی جھوٹ بکتے ہیں اور آپ جو ان پر اتنا غم کھاتے ہیں سو شاید آپ ان کے پیچھے اگر یہ لوگ اس مضمون (قرآنی) پر ایمان نہ لائے تو غم سے اپنی جان دے دیں گے (یعنی اتنا غم نہ کر کہ قریب ہلاکت کر دے) ہم نے زمین کی چیزوں کو اس لئے باعث رونق بنایا تاکہ ہم لوگوں کی آزمائش کریں کہ ان میں زیادہ اچھا عمل کون کرتا ہے اور ہم زمین کی تمام چیزوں کو ایک صاف میدان (یعنی فنا) کر دیں گے۔ ۞

تفسیر: سورة الكهف مكية وقيل الا قوله تعالىٰ واصبر نفسك لأية وهى مائة واحدى عشر اية كذا فى البيضاوى ۱۲ وفى قول مائة و عشر آیات ۱۲۔ **ربط:** اس سورت میں مضامین میں مباحث توحید و رسالت فناء وحقارت دنیا جزاء وسزائے آخرت ذم تکبر و جدال ابطال شرک۔ بعض قصص رسالت وتوحید وبعث پر دلالت کرنے کے لئے چنانچہ مفصلاً تقریرات ربط میں معلوم ہوگا اور ان سب کا تناسق ظاہر ہے کہ ان سب مضامین کو ایمان کے حصول میں دخل ہے اور گذشتہ سورت کا ختم اور اس سورت کا آغاز حمد سے ہونا تناسب طرفین کے لئے کافی ہے واللہ اعلم۔

رسالت و مابہ الرسالت وتسلیہ صاحب رسالت: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهِ (الی قولہ تعالیٰ) وَاِنَّا لَجٰعِلُوْنَ مَا عَلَيْهَا صَعِيْدًا جُرُزًا ⑧ تمام خوبیاں اس اللہ کے لئے ثابت ہیں جس نے اپنے (خاص) بندہ (محمد ﷺ) پر یہ کتاب نازل فرمائی اور اس (کتاب) میں (کسی قسم کی) ذرا بھی کجی نہیں رکھی (نہ لفظی مثل رکاکت واختلال فصاحت کے اور نہ معنوی مثل تناقض ومخالفت حکمت کے بلکہ اس کو) بالکل استقامت کے ساتھ موصوف بنایا (اور نازل اس لئے کیا) تاکہ وہ (کتاب کا فریق کو عموماً) ایک سخت عذاب سے جو کہ منجانب اللہ (ان کے لئے آخرت میں) ہوگا ڈرائے اور ان اہل ایمان کو جو کہ نیک کام کرتے ہیں یہ خوشخبری دے کہ ان کو (آخرت میں) اچھا اجر ملے گا جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے اور تاکہ (کفار میں سے بالخصوص) ان لوگوں کو (عذاب سے) ڈرائے جو یوں کہتے ہیں کہ (نعوذ باللہ) اللہ تعالیٰ اولاد رکھتا ہے (بالخصوص ان کو جدا اس لئے فرمایا کہ عرب میں، یہ ملا

www.besturdubooks.net

بہت تھی کہ وہاں کے مشرکین و یہود و نصاریٰ سب ہی مبتلا تھے) نہ تو اس کی کوئی دلیل ان کے پاس ہے اور نہ ان کے باپ دادوں کے پاس تھی بڑی بھاری بات ہے جو ان کے منہ سے نکلتی ہے (اور) وہ لوگ بالکل (ہی) جھوٹ بکتے ہیں (جس میں بوجہ امتناع عقلی کے صدق کا عقلی احتمال بھی نہیں اور آپ جو ان کے کفر پر اتنا غم کرتے ہیں) سو (معلوم ہوتا ہے کہ) شاید آپ ان کے پیچھے اگر یہ لوگ اس مضمون (قرآنی) پر ایمان نہ لائے تو غم سے اپنی جان دے دیں گے (یعنی اتنا غم نہ کیجئے کہ قریب بہلاکت کر دے وجہ یہ کہ یہ عالم ابتلاء ہے اس میں کفر و ایمان دونوں ہی چیزیں ہوتی ہیں چنانچہ) ہم نے زمین پر کی چیزوں کو اس (زمین) کے لئے باعث رونق بنایا تا کہ ہم (اس کے ذریعہ سے) لوگوں کی آزمائش کریں کہ (دیکھیں) ان میں زیادہ اچھا عمل کون کرتا ہے (اور کون نہیں کرتا یعنی کون تو اس کے اسباب زینت میں مشغول ہو کر حق تعالیٰ سے غافل ہو جاتا ہے اور کون اس پر فریفتہ نہ ہو کر حق تعالیٰ کی طرف مشغول ہوتا ہے غرض یہ عالم ابتلاء ٹھہرا پس تکوینا ضرور ہوا کہ کوئی مبتلائے کفر ہو اور کوئی مشرف بایمان ہو پھر غم بیکار۔ آپ اپنا کام کئے جایئے) اور (ان کے کفر کے نتیجہ کی فکر میں آپ نہ پڑیئے کہ اس کا مرتب کرنا ہمارا کام ہے چنانچہ ایک روز وہ ہوگا کہ) ہم زمین پر کی تمام چیزوں کو ایک صاف میدان (یعنی فنا) کر دیں گے (یعنی قیامت آنے والی ہے جس میں فنا کے بعد بقا اور اس بقا میں جزا و سزا سب واقع ہو جاوے گی۔ خلاصہ یہ کہ آپ تبلیغ کیجئے یوں نہ سوچئے کہ ہائے ان پر عذاب ہوگا وہ ہمارے متعلق ہے جیسا دوسری جگہ فرمایا : اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا وَّلَا تُسْـَٔلُ عَنْ اَصْحٰبِ الْجَحِيْمِ [البقرة : ۱۱۹] ۔)

تَرْجَمَۂ مَسَائِلُ السُّلُوْكِ : قولہ تعالیٰ : اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ الآیۃ (اس میں دلالت ہے اس پر کہ) مقام عبدیت کے مشابہ کوئی مقام نہیں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس کے اعلیٰ مرتبہ میں ہیں۔ قولہ تعالیٰ : لِّيُنْذِرَ بَاْسًا شَدِيْدًا الخ یہ باس حجاب ہے جو اشد عذاب ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ : وَيُبَشِّرَ الْمُؤْمِنِيْنَ الخ اور یہ وہ اعمال جن سے خاص حق تعالیٰ کی رضا مقصود ہو اور بعض نے کہا ہے یہ بیزاری ہے اپنی ہستی سے بوجہ ہستی حق کے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ : اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا حَسَنًا ۙ الخ اور یہ اجر رویت اور مشاہدہ بلا حجاب ہے حق تعالیٰ کا ۱۲۔ قولہ تعالیٰ : فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ الآیۃ اس میں اشارہ ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مزید شفقت اور مخالفین کو موافق بنانے کے اہتمام کی طرف۔ قولہ تعالیٰ : اِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْاَرْضِ الخ اس حسن عمل میں یہ بھی داخل ہے کہ ان اشیاء ارضیہ انہار و اشجار و جبال و معادن کو حق سبحانہ تعالیٰ کے انوار جلال و جمال کے مشاہدہ کا آئینہ بناوے اور ابن عطاء نے فرمایا ہے کہ حسن عمل یہ ہے کہ کل (حوادث) سے بے التفاتی کرے اور بعض نے کہا ہے کہ اہل معرفت و محبت زینت ارض ہیں اور حسن عمل ان کی طرف احترام کے ساتھ نظر کرنا ہے ۱۲ قولہ تعالیٰ وَاِنَّا لَجٰعِلُوْنَ مَا عَلَيْهَا صَعِيْدًا جُرُزًا ۭ یہ اشارہ ہے وجود حق کے ظہور سے اشیائے ارضیہ کے ظہور فناء کی طرف ۱۲۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃ : ۱ قوله لينذر كتاب آثرته لقرب الكتاب بخلاف ما فى الفرقان من قوله تبارك الذى نزل الفرقان على عبده ليكون فان فيه الاقرب هو العبد ۱۲۔

اَلْكَلَامُ : قوله يعملون الصلحت هو سبب لا شرط ۱۲۔

اَللُّغَاتُ : قوله باخع قاتل ومهلك الاسف الحزن والغضب مشترك قوله جرزا ارض لا نبات فيه واصله القطع اى ارض قطع نباتها ۱۲۔

اَلنَّحْوُ : قوله قيما معمول لجعل المقدر اى جعله قيما ۱۲ قوله لينذر متعلق بقوله انزل قوله ماكثين حال من الضمير فى لهم قوله كبرت التانيث باعتبار المقالة وكلمة تميز قوله اسفا مفعول له لقوله باخع ۱۲۔

اَلْبَلَاغَۃ : قوله قيما قال الزمخشرى فائدة الجمع بينه وبين نفى العوج التاكيد فرب مستقيم مشهود له بالاستقامة لا يخلو من ادنى عوج عند الصبر والتصفح وقدم النفى للاهتمام ۱۲ قوله تخرج فائدة استعظام اجترائهم على النطق بها واخراجها من افواههم فان كثيرا مما يوسوس به الشيطان وتحدث به النفس لا يمكن ان يتفوه به بل يصرف عنه الفكر فكيف بمثل هذا المنكر كذا فى الروح ۱۲۔ قوله على اثارهم فى البيضاوى اى اذا ولو عن الايمان شبهة[1] لما تداخله من الوجد على توليهم بمن فارقته اعزته وهو يتحسر كائنا على آثارهم ويخبع نفسه وجدا عليهم ۱۲ قوله احسن فى الروح وايراد صيغة التفضيل مع ان الابتلاء شامل للفريقين باعتبار اعمالهم المنقسمة الى الحسن والقبيح ايضا الى الحسن والا حسن فقط للاشعار[2] بان الغاية الاصلية للجعل والمذكور انما هو ظهور كمال احسان المحسنين ۱۲۔ قوله صعيدا جرزا محمول على المجاز عندى لان الصعيد الجرز هى الارض لا ما على الارض وانما تجوز مبالغة وصفا للحال بوصف المحل وعلى الحقيقة عند غيرى بجعله ترابا فصح تسمية صعيدا او على الكناية عن مطلق الفناء كما يقال لمن مات صار ترابا وللناس فيما يعشقون مذاهب ۱۲۔

www.besturdubooks.net

الحواشی :(۱) ضمیر المفعول راجع الیه ﷺ ۱۲ منه۔

أَمْ حَسِبْتَ أَنَّ أَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ كَانُوْا مِنْ اٰيٰتِنَا عَجَبًا ۝٩ إِذْ أَوَى الْفِتْيَةُ إِلَى الْكَهْفِ فَقَالُوْا رَبَّنَآ
اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ أَمْرِنَا رَشَدًا ۝١٠ فَضَرَبْنَا عَلٰٓى اٰذَانِهِمْ فِي الْكَهْفِ سِنِيْنَ عَدَدًا ۝١١ ثُمَّ بَعَثْنٰهُمْ لِنَعْلَمَ
ع ۱۲/۱۳ أَيُّ الْحِزْبَيْنِ أَحْصٰى لِمَا لَبِثُوْٓا أَمَدًا ۝١٢ نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ نَبَأَهُمْ بِالْحَقِّ ۭ إِنَّهُمْ فِتْيَةٌ اٰمَنُوْا بِرَبِّهِمْ وَزِدْنٰهُمْ هُدًى ۝١٣
وَّرَبَطْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ إِذْ قَامُوْا فَقَالُوْا رَبُّنَا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ لَنْ نَّدْعُوَا مِنْ دُوْنِهٖٓ إِلٰهًا لَّقَدْ قُلْنَآ إِذًا شَطَطًا ۝١٤
هٰٓؤُلَآءِ قَوْمُنَا اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً ۭ لَوْلَا يَأْتُوْنَ عَلَيْهِمْ بِسُلْطٰنٍۢ بَيِّنٍ ۭ فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى
اللّٰهِ كَذِبًا ۝١٥ وَإِذِ اعْتَزَلْتُمُوْهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ إِلَّا اللّٰهَ فَأْوٗٓا إِلَى الْكَهْفِ يَنْشُرْ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ
وَيُهَيِّئْ لَكُمْ مِّنْ أَمْرِكُمْ مِّرْفَقًا ۝١٦ وَتَرَى الشَّمْسَ إِذَا طَلَعَتْ تَّزٰوَرُ عَنْ كَهْفِهِمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَإِذَا
غَرَبَتْ تَّقْرِضُهُمْ ذَاتَ الشِّمَالِ وَهُمْ فِيْ فَجْوَةٍ مِّنْهُ ۭ ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ ۭ مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ
ع ۱۴/۱۵ الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ وَلِيًّا مُّرْشِدًا ۝١٧

کیا آپ یہ خیال کرتے ہیں کہ غار والے اور پہاڑ والے ہماری عجائبات میں سے کچھ تعجب کی چیز تھے وہ وقت قابل ذکر ہے جبکہ ان نوجوانوں نے اس غار میں جا کر پناہ لی پھر کہا کہ ہمارے پروردگار ہم کو اپنے پاس سے رحمت کا سامان عطا فرمایئے اور ہمارے لئے (اس) کام میں دوستی کا سامان مہیا کر دیجئے سو ہم نے اس غار میں ان کے کانوں پر سالہا سال تک نیند کا پردہ ڈال دیا پھر ہم نے ان کو اٹھایا تا کہ ہم معلوم کر لیں ان دونوں گروہ میں کون سا فروہ ان کی رہنے کی مدت سے زیادہ واقف تھا۔ ہم ان کا واقعہ آپ سے ٹھیک بیان کرتے ہیں وہ لوگ چند نوجوان تھے جو اپنے رب پر ایمان لائے تھے اور ہم نے ان پر ہدایت میں اور ترقی کر دی تھی اور ہم نے ان کے دل اور مضبوط کر دیئے جبکہ وہ دین میں پختہ ہو کر کہنے لگے کہ ہمارا رب تو وہ ہے جو آسمان اور زمین کا رب ہے ہم تو اس کو چھوڑ کر کسی معبود کی عبادت نہیں کریں گے کیونکہ اس صورت میں ہم نے یقیناً بڑی ہی بے جا بات کہی یہ جو ہماری قوم ہے انہوں نے اللہ کو چھوڑ کر اور معبود قرار دے رکھے ہیں یہ لوگ ان معبودوں پر کوئی کھلی دلیل کیوں نہیں لاتے تو اس شخص سے زیادہ کون غصب ڈھانے والا ہوگا جو اللہ تعالیٰ پر جھوٹ تہمت لگائے اور جب تم ان لوگوں سے الگ ہو گئے اور ان معبودوں سے بھی مگر اللہ سے تو تم (فلاں) غار میں چل کر پناہ لو تم پر تمہارا رب اپنی رحمت پھیلا دے گا اور تمہارے لئے تمہارے اس کام میں کامیابی کا سامان درست کر دے گا۔ اور اے مخاطب جب دھوپ نکلتی ہے تو تو اس کو دیکھے گا کہ وہ داہنی جانب کو بچی رہتی ہے اور جب چھپتی ہے تو بائیں طرف ہٹی رہتی ہے اور وہ لوگ اس غار کے ایک فراخ موقع میں تھے یہ اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے ہے جس کو اللہ ہدایت دے وہی ہدایت پاتا ہے اور جس کو وہ بے راہ کر دیں تو آپ اس کے لئے کوئی مددگار رہنما نے والا نہ پائیں گے۔ ۞

تفسیر ربط : اوپر رسالت کی بحث تھی آگے ایک قصہ جس میں اصحاب کہف کا واقعہ ہے مذکور ہے جو کہ اس اعتبار سے منجملہ دلائل رسالت کے ہے کہ آپ نے ظاہراً کسی سے یہ مضامین نہیں سنے اور پھر جواب دے دینا چنانچہ کفار قریش نے بتعلیم یہود امتحان نبوت ہی کے لئے یہ تین سوال کئے بھی تھے ایک روح کے متعلق جس کا جواب سورت سابقہ میں گذر چکا ایک اصحاب کہف کا قصہ جو ابھی مذکور ہوتا ہے ایک ذوالقرنین کا قصہ جو اس سورت کے آخر میں آوے گا کذا فی اللباب عن ابن عباس بروایة ابن جریر اور اس روایت میں یہود کا اصحاب کہف کے بارے میں یہ قول بھی فانه کان لهم امر عجیب اور عجب نہیں کہ اسی واسطے اس کی تمہید میں ام حسب الی عجبا فرمایا گیا ہو پس اول اس قصہ کی تمہید پھر اس قصہ کا بیان ہے اول اجمالاً پھر تفصیلاً۔

تمہید قصہ اصحاب کہف ☆ أَمْ حَسِبْتَ أَنَّ أَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ كَانُوْا مِنْ اٰيٰتِنَا عَجَبًا ۝٩۔

اجمال قصہ اصحاب کہف ☆ إِذْ أَوَى الْفِتْيَةُ (الی قوله تعالیٰ) ثُمَّ بَعَثْنٰهُمْ لِنَعْلَمَ أَيُّ الْحِزْبَيْنِ أَحْصٰى لِمَا لَبِثُوْٓا أَمَدًا ۝١٢ کیا[1] آپ یہ خیال کرتے ہیں کہ غار والے اور پہاڑ والے (کہ دونوں ایک ہی جماعت کے لقب ہیں) ہماری عجائبات (قدرت) میں سے کچھ تعجب[2] کی چیز تھے (جیسا یہود کے قول سے کان لهم امر عجیب یا ان کے اس فعل سے معلوم ہوتا ہے کہ سوال کے لئے اس کو زیادہ عجیب سمجھ کر اس خیال سے منتخب کیا کہ معمولی واقعہ کا جواب سن سنا کر کچھ قیاس

www.besturdubooks.net

ورائے لگا کر ممکن ہے اور خلاف عادت میں بدون نقل صحیح اور علم تام کے ممکن نہیں اور گو روح وذوالقرنین کے مضمون کو عجیب سمجھا ہو مگر اس کو اور زیادہ عجیب سمجھا ہو گا اس لئے اس حکم میں اس کی تخصیص ہوئی ہو غرض یہ کہ آپ کو مخاطب بنا کر اوروں کو سنانا مقصود ہے کہ یہ قصہ باوجود عجیب ہونے کے فی نفسہٖ اور آیاتِ قدرت سے مثل خلق سماوات وارض وغیرہا کے زیادہ عجیب نہیں جن کا پیدا کرنا محل معدوم میں تصرف تھا اور اس واقعہ میں تو تصرف محل موجود میں تھا پھر ان مخالفین سے تعجب ہے کہ اس کو تو عجب سمجھتے ہیں اور دوسری آیات قدرت سے عبرت نہیں پکڑتے کہ صانع عالم کے حقوق توحید وطاعت کاملہ کے بجالاویں جس کے لوازم میں سے تصدیق رسالت بھی ہے یہ تو تمہید تھی آگے اجمالاً وہ قصہ فرماتے ہیں کہ) وہ وقت قابل ذکر ہے جب کہ ان نوجوانوں نے (ایک بے دین بادشاہ سے بھاگ کر) ایک ایسے غار میں (جس کا قصہ آتا ہے) جا کر پناہ لی پھر (حق تعالیٰ سے بطور دعا کے) جو کہا کہ اے ہمارے پروردگار ہم کو اپنے پاس سے رحمت کا سامان عطا فرمایئے اور ہمارے لئے (اس) کام میں درستی کا سامان مہیا کر دیجئے (غالباً) رحمت سے حصول مقاصد کی طرف اشارہ ہے اور تہی رشد سے تصحیح مقدمات کی طرف) سو (ہم نے ان کی دعا قبول کر لی اور ان کی حفاظت کے ساتھ ان کے افکار وتشویشات کو اس طرح دفع کیا کہ) ہم نے اس غار میں ان کے کانوں پر سالہا سال تک نیند کا پردہ ڈال دیا (یعنی ایسے غرق ہو کر سوئے کہ کوئی آواز ان کے کان میں نہ پہنچتی تھی اور اس میں زیادہ مبالغہ ہے بہ نسبت اس کے کہ کہا جاوے کہ آنکھ پر پردہ ڈال دیا کیونکہ آنکھ تو بدون نوم ثقیل کے بھی مبصرات سے معطل ہو جاتی ہے) پھر (سالہا سال کے بعد) ہم نے ان کو (نیند سے) اُٹھایا تا کہ ہم (ظاہری) طور پر بھی) معلوم کر لیں کہ ان (کے) دونوں گروہ میں (سے جن میں ایک کا قول تھا : قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ اور دوسرے کا قول تھا رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثْتُمْ) کونسا گروہ ان کے (اس حالت میں) رہنے کی مدت سے زیادہ واقف تھا (چنانچہ جس گروہ نے رَبُّكُمْ اَعْلَمُ الخ کہا تھا وہی زیادہ واقف تھا گو اجمالاً سہی کیونکہ طول مدت کا حکم تو صحیح تھا گو بلا تعیین سہی۔ **ف**: چونکہ وہ غار پہاڑ میں تھا اس لئے ان کو اصحاب الکہف اور اصحاب الرقیم کہتے ہیں لیکن چونکہ یہ لکھنا کسی قوی روایت سے منقول نہیں اس واسطے میں نے قران کی تفسیر کو اس پر مبنی نہیں کیا البتہ اگر رقیم بمعنی مرقوم لے کر وجہ تسمیہ یہ کہی جاوے کہ اس حال کو عجیب سمجھ کر مثل دوسرے واقعاتِ تاریخہ کے اس وقت لوگوں نے اس کو کتاب میں ضبط اور مدون کر لیا تھا تو پہلے سے قریب تر ہے اور بندہ نے جو اَیُّ الْحِزْبَيْنِ الخ کی تفسیر کی ہے وہ تفسیر کبیر میں مجاہد سے منقول ہے اور اس کی بنا یہ ہے کہ ہر قول کا قائل جدا ہو اور اگر ایک ہی ہوں تو حزبین کا تعدد حکمی ہو جاوے گا **واللہ اعلم** آگے اس قصہ کی تفصیل بعد الاجمال ہے۔

تفصیل قصۂ اصحاب کہف ☆ نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ نَبَاَهُمْ بِالْحَقِّ (الی قولہ تعالیٰ) وَ مَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ وَلِيًّا مُّرْشِدًا ﴿۱۷﴾ ہم ان کا واقعہ آپ سے ٹھیک ٹھیک بیان کرتے ہیں (یہ اس لئے کہا کہ لوگوں نے اس کو مختلف طور پر مشہور کیا تھا اس لئے فرمایا کہ ٹھیک وہ ہے جو قرآن میں ہے) وہ لوگ (یعنی اصحاب کہف) چند نوجوان تھے جو اپنے رب پر (موافق تعلیم دین عیسوی) ایمان لائے تھے اور ہم نے (ایمان لانے کے بعد) ان کی ہدایت میں ترقی کر دی تھی (کہ ان کو ثبات وصبر وتوکل وزہد فی الدنیا کی صفتیں بھی عنایت کی تھیں) اور (اس زیادت ہدایت میں سے یہ تھا کہ) ہم نے ان کے دل (صبر وثبات سے) مضبوط کر دیئے جب کہ وہ (دین میں) پختہ ہو کر (آپس میں یا کہ بادشاہ اور لوگوں کے روبرو) کہنے لگے کہ ہمارا رب تو وہ ہے جو آسمانوں اور زمین کا رب ہے ہم تو اس کو چھوڑ کر کسی معبود کی عبادت نہ کریں گے کیونکہ (اگر خدانخواستہ ہم نے ایسا کیا تو) اس صورت میں ہم نے یقیناً بری ہی بے جا بات کہی (عبادت الٰہیہ پر بیجا بات کہنے کو اس لئے مرتب کیا کہ عبادت میں لامحالہ اعتراف ان کی معبودیت کا یا خود ان کے سامنے کلمات تضرع وافتقار زبان سے بھی صادر ہوتے ہیں) یہ جو ہماری قوم ہے انہوں نے خدا کو چھوڑ کر اور معبود قرار دے رکھے ہیں (کیونکہ یہ قوم مع اپنے بادشاہ کے بت پرست تھی سو) یہ لوگ ان معبودوں (کے معبود ہونے) پر کوئی کھلی دلیل کیوں نہیں لاتے (جیسا موحدین توحید پر دلیل روشن رکھتے ہیں) تو باوجود توحید کے اثبات بالدلیل ہونے کے) اس شخص سے زیادہ کون غضب ڈھانے والا ہو گا جو اللہ پر جھوٹ تہمت لگاوے (کہ معاذ اللہ اس کے شریک بھی ہیں) اور پھر آپس میں کہا کہ) جب تم ان لوگوں سے (عقیدہ ہی میں) الگ ہو گئے ہو اور ان کے معبودوں (کی عبادت) سے بھی (الگ ہو گئے ہو) مگر اللہ سے (الگ نہیں ہوئے بلکہ اسی کے واسطے سب سے الگ ہوئے) تو (اس حالت میں مصلحت یہ ہے کہ) تم (فلاں) غار میں (جو مشورہ سے طے ہوا ہو گا) چل کر پناہ لو (تا کہ امن اور فراغ کے ساتھ اللہ کی عبادت کر سکو) تم پر تمہارا رب اپنی رحمت پھیلاوے گا اور تمہارے لئے تمہارے اس کام میں کامیابی کا سامان درست کر دے گا (یہ توقع وہی ہے جس کی دعا ان سے اوپر منقول ہوئی ہے : رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ﴿۱۰﴾) اور اے مخاطب (وہ غار ایسی وضع پر ہے کہ) جب دھوپ نکلتی ہے تو تو اس کو دیکھے گا کہ وہ غار سے داہنی جانب کو بچی رہتی ہے تو (غار کے دروازہ سے الگ رہتی ہے) اور جب وہ چھپتی ہے تو (غار کے) بائیں طرف ہٹتی رہتی ہے (یعنی اس وقت بھی دروازہ پر نہیں پڑتی تا کہ دھوپ سے ایذاء نہ ہو) اور وہ لوگ اس غار کے ایک فراخ موقع میں تھے (یعنی ایسے غاروں میں جو کہ دور تک چلے جایا کرتے ہیں کہیں فراخ کہیں تنگ جگہیں جو ہوتی ہیں تو وہ ان میں سے فراخ جگہ میں تھے تا کہ جی نہ گھبراوے اور ہوا بھی لگے) یہ (ان لوگوں کا باوجود اپنے ضعف وقلت اور

www.besturdubooks.net

مخالفین کی قوت و کثرت کے ہدایت پانا) اللہ تعالیٰ کی (قدرت کی) نشانیوں میں سے ہے (کہ وہ کس طرح اپنے بندوں کو خلاف اسباب ظاہری ہمت و استقلال دے دیتے ہیں بس معلوم ہوا کہ) جس کو اللہ ہدایت دے وہی ہدایت پاتا ہے اور جس کو وہ بے راہ کر دیں تو آپ اس کے لئے کوئی مددگار راہ بتلانے والا نہ پاویں گے۔ **ف**: غار کی داہنی اور بائیں جانب یا تو اس میں داخل ہونے والے کے اعتبار سے ہے اس سے خارج ہونے والے اعتبار سے پس تقدیر اول پر وہ غار شمال رویہ ہوا اور تقدیر ثانی پر جنوب رویہ اور شرق رویہ ہونے میں طلوع کے وقت ان پر دھوپ پڑتی اور غروب رویہ ہونے میں غروب کے وقت اور مقصود اس سے اس جگہ کا محفوظ ہونا ہے۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلِ السُّلُوْك: قولہ تعالیٰ: فَضَرَبْنَا عَلٰٓى اٰذَانِهِمْ الخ یہ حالت مشابہ تھی فنا و استغراق کے۔ قولہ تعالیٰ: ثُمَّ بَعَثْنٰهُمْ الخ یہ اشارہ ہے صحو بعد السکر اور جلوت بعد خلوت کی طرف ۱۲ قولہ تعالیٰ: فَاْوٗٓا اِلَى الْكَهْفِ يَنْشُرْ لَكُمْ الخ یعنی اپنے محبوب کے ساتھ خلوت کرو اللہ تعالیٰ تمہارے لئے اپنی رحمت و منفعت یعنی معرفت و تجلیات کو ظاہر اور مہیا فرما دے گا۔ بعض عارفین نے کہا ہے کہ غیر اللہ سے عزلت اور خلوت وصل حق کا موجب ہے بلکہ بدون عزلت کے وصل نہیں ہوتا ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: وَتَرَى الشَّمْسَ اِذَا طَلَعَتْ الخ اس کی حکمت یہ ہے کہ غار میں روشنی زیادہ نہ ہو کہ اس سے حضور (و جمعیت قلب) میں خلل پڑتا ہے کیونکہ ظلمت سے فکر اور جمع حواس میں اعانت ہوتی ہے اسی لئے اہل خلوت کو دیکھا جاتا ہے کہ وہ اپنی خلوت کے لئے ایسا مکان تجویز کرتے ہیں جس میں روشنی کم ہو اور باوجود اس کے بھی مراقبہ کے وقت آنکھوں کو بند کر لیتے ہیں قولہ تعالیٰ: مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وجہ اس کی یہ ہے کہ خدا تعالیٰ نے جو اس کو مخذول کیا ہے (جو حاصل ہے اضلال کا) تو صرف اس لئے کہ اس کی استعداد صالح نہ تھی اور جس میں استعداد (صالح) نہ ہو (ظاہر ہے کہ) اس کی رہبری سخت دشوار (بلکہ عادۃً ممتنع) ہے۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃ: ۱ **قوله في ام** کیا اشارۃ الی ان ام بمعنی الهمزة كما في الروح ۱۲۔ ۲ **قوله في عجبا** تعجب کی چیز اشارۃ الی تقدیر المضاف ای ذوات عجب لان العجب مصدر ۱۲۔ ۳ **قوله في توضيح** حسبت آپ کو مخاطب بنا کر الخ والقرينة على كونه صلى الله عليه وسلم مخاطبا ما سياتي نهن نقص عليك وعلى كون غيره ومسمعا انه صلى الله عليه وسلم كان على علم صحيح من الحكم على الاعجب بالاعجب وعلى العجيب بالعجيب ۱۲۔ ۴ **قوله في سنين** سالہا سال بقرينة انضمام عدد اليه الذى هو للتكثير فان كون الشئ معدودا قد يدل على التكثير وقد يدل على التقليل فان الكثير غاية الكثرة لا يعد فلذا افاد التقليل و كذا التقليل في غاية القلة لا يعد فلذا افاد التكثير ۱۲۔ ۵ **قوله في ضربناه** پردہ اشارۃ الی تقدیر المفعول ای ضربنا الحجاب ۱۲۔ ۶ **قوله بعثنا** نیند سے اشارۃ الی المجاز العرفي والنكتة فيه والاشارة الى ان نومهم كان من الثقل بحيث يشابه الموت ۱۲۔ ۷ **قوله في قومنا** یہ جو الخ اشارۃ الی ان قومنا عطف بيان لا خبر ۱۲۔ ۸ **قوله في عليهم** معبود ہونے اشارۃ الی حذف المضاف ای على عبادتهم بمعنى معبودتهم۔ ۹ **قوله في الا الله** الگ نہیں ہوئے هكذا في الخازن فالعامل في الاستثناء اعتزلتموهم لا يعبدون فافهم ولعل زيادته تتميم العلة للايواء لانها مجموع عبادة الله وترك عبادة غيره فافهم ۱۲۔ ۱۰ **قوله في ذلك** ہدایت پانا اليه مال صاحب الروح ۱۲۔

اَللُّغَات: قوله الكهف النقب المتسع في الجبل فان لم يكن واسعا فهو غار والرقيم بمعنى محل في الجبل وقيل بمعنى الجبل من رقمة الوادى اى جانبه كذا في الروح وقال صاحب القاموس كامير قرية اصحاب الكهف او جبهلم او كلبهم او الوادى او الصخرة او لوح رصاص نقش فيه نسبهم واسماء هم و دينهم آه قوله شططا ذات شطط اى بعد عن الحق مفرط قوله مرفقا ما ترتفقون وتنتفعون ۱۲ قوله تزاور تنتحى من الزور وهو الميل ۱۲ قوله ذات اليمين من الظروف المتفرقة كيمينًا وشمالاً ۱۲۔ قوله تقرضهم اى تعدل عنهم قال الكسائي يقال قرضت المكان اذا عدلت عنه ولم يقربه ۱۲ قوله فجوة متسع ۱۲ قوله المهتد حذف الياء تخفيفًا ۱۲۔

اَلنَّحْو: قوله هيئ لنا من امرنا في الروح اللام ومن متعلقان بهيئ والاولى للاجل والثانية ابتدائية ۱۲ قوله احصى في البيضاوى احصى ضبط وقيل اسم تفضيل من الاحصاء بحذف الزائد كقولهم هو احصى للمال وفي الروح والحق ان الذاهب الى كون احصى افعل تفضيل جعل امدا تميزا وهو يعمل في التمييز على الصحيح آه۔

اَلْبَلَاغَۃ: قوله اذ اوى الفتية فيه وضع المظهر موضع المضمر تنبيهًا على انهم كانوا فتية اما سنا ليدل على كمال طلبهم للحق حيث اتبعوه في حالة يشتغلون فيه باللهو واللعب واما اخلاقا ليدل على كمال قوتهم العملية ۱۲ قوله لنعلم في جعله غاية ههنا و جعل قوله ليتسائلوا بينهم غاية فيما بعد للفعل الواحد وهو بعثنا هم اشارة الى كون محصل الغايتين واحد او هو ظهور القدرة الالهية عليهم

www.besturdubooks.net

فالمقصود هو التسائل ولما كان العلم من لوازمه عبر ههنا بالعلم۱۲ قوله وترى الشمس في الروح ليس المرد الاخباء بوقوع الرؤية بل الانباء يكون الكهف لورأية ترى الشمس الخ۱۲۔

وَتَحْسَبُهُمْ اَيْقَاظًا وَّهُمْ رُقُوْدٌ ۚ وَّنُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَذَاتَ الشِّمَالِ ۚ وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيْدِ ۭ لَوِ اطَّلَعْتَ عَلَيْهِمْ لَوَلَّيْتَ مِنْهُمْ فِرَارًا وَّلَمُلِئْتَ مِنْهُمْ رُعْبًا ⑱ وَكَذٰلِكَ بَعَثْنٰهُمْ لِيَتَسَاۗءَلُوْا بَيْنَهُمْ ۭ قَالَ قَاۗىِٕلٌ مِّنْهُمْ كَمْ لَبِثْتُمْ ۭ قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ۭ قَالُوْا رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثْتُمْ ۭ فَابْعَثُوْٓا اَحَدَكُمْ بِوَرِقِكُمْ هٰذِهٖٓ اِلَى الْمَدِيْنَةِ فَلْيَنْظُرْ اَيُّهَآ اَزْكٰى طَعَامًا فَلْيَاْتِكُمْ بِرِزْقٍ مِّنْهُ وَلْيَتَلَطَّفْ وَلَا يُشْعِرَنَّ بِكُمْ اَحَدًا ⑲ اِنَّهُمْ اِنْ يَّظْهَرُوْا عَلَيْكُمْ يَرْجُمُوْكُمْ اَوْ يُعِيْدُوْكُمْ فِيْ مِلَّتِهِمْ وَلَنْ تُفْلِحُوْٓا اِذًا اَبَدًا ⑳ وَكَذٰلِكَ اَعْثَرْنَا عَلَيْهِمْ لِيَعْلَمُوْٓا اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاَنَّ السَّاعَةَ لَا رَيْبَ فِيْهَا ۚ اِذْ يَتَنَازَعُوْنَ بَيْنَهُمْ اَمْرَهُمْ فَقَالُوا ابْنُوْا عَلَيْهِمْ بُنْيَانًا ۭ رَبُّهُمْ اَعْلَمُ بِهِمْ ۭ قَالَ الَّذِيْنَ غَلَبُوْا عَلٰٓى اَمْرِهِمْ لَنَتَّخِذَنَّ عَلَيْهِمْ مَّسْجِدًا ㉑

اور اے مخاطب تو ان کو جاگتا ہوا خیال کرتا حالانکہ وہ سوتے تھے اور ہم ان کو (کبھی) داہنی اور (کبھی) بائیں طرف کروٹ بدل دیتے تھے اور ان کا کتا دہلیز پر اپنے ہاتھ پھیلائے ہوئے تھا اگر (اے مخاطب) تو ان کو جھانک کر دیکھتا تو ان سے پیٹھ پھیر کر بھاگ کھڑا ہوتا اور تیرے اندر ان کی دہشت سما جاتی اور اسی طرح ہم نے ان کو جگایا تاکہ وہ آپس میں پوچھ پاچھ کریں ان میں سے ایک کہنے والے نے کہا کہ تم کس قدر رہے ہو گے بعضوں نے کہا کہ (غالبًا) ایک دن یا ایک دن سے بھی کچھ کم رہے ہوں گے دوسرے بعضوں نے کہا کہ یہ تو تمہارے خدا ہی کو خبر ہے کہ تم کس قدر رہے اب اپنے میں سے کسی کو یہ روپیہ دے کر شہر کی طرف بھیجو پھر وہ شخص تحقیق کرے کہ کون سا کھانا حلال ہے سو اس میں سے تمہارے پاس کچھ کھانا لے آوے اور (سب) کام خوش تدبیری سے کرے اور کسی کو تمہاری خبر نہ ہونے دے کیونکہ اگر وہ لوگ کہیں خبر پا جاویں گے تو تم کو یا تو پتھروں سے مار ڈالیں گے یا تم کو (جبرًا) اپنے طریقے میں پھیر لیں گے اور ایسا ہوا تو تم کو کبھی فلاح نہ ہوگی اور اس طرح ہم نے لوگوں کو ان پر مطلع کر دیا تاکہ وہ لوگ اس بات کا یقین کر لیں کہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ سچا ہے اور یہ کہ قیامت میں کوئی شک نہیں وہ وقت بھی قابل ذکر ہے جب کہ اس زمانہ کے لوگ ان کے معاملہ میں جھگڑ رہے تھے سو ان لوگوں نے یہ کہا کہ ان کے پاس کوئی عمارت بنوا دو ان کا رب ان کو خوب جانتا تھا جو لوگ اپنے کام پر غالب تھے انہوں نے کہا کہ ہم تو ان کے پاس ایک مسجد بنا دیں گے۔۞

تفسیر: بقیہ قصہ مذکورہ ☆ وَتَحْسَبُهُمْ اَيْقَاظًا وَّهُمْ رُقُوْدٌ ۚ وَّنُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَذَاتَ الشِّمَالِ ۚ (الی قولہ تعالیٰ) لَنَتَّخِذَنَّ عَلَيْهِمْ مَّسْجِدًا ۞

اور اے مخاطب تو (اگر اس وقت جب کہ وہ غار میں گئے اور ہم نے ان پر نیند کو مسلط کر دیا ان کو دیکھتا تو بوجہ اس کے کہ ان پر ظاہرًا خواب کے آثار مثل استرخائے بدن و تغیر سانس وغیرہ کچھ نمودار نہ تھے اور صرف آنکھ بند ہونا علامت یقینی نوم کی ہے نہیں اس لئے) ان کو جاگتا ہوا خیال کرتا حالانکہ وہ سوتے تھے اور سونے کے (اس زمانۂ دراز میں) ہم ان کو کبھی داہنی طرف اور (کبھی) بائیں طرف کروٹ دیتے تھے اور (اس حالت میں) ان کا کتا جو کسی ضرورت سے ان کے پاس تھا اور ساتھ چلا آیا تھا غار کی) دہلیز پر اپنے دونوں ہاتھ پھیلائے ہوئے (بیٹھا) تھا (اور ان کے رعب و جلال خداداد کی یہ حالت تھی کہ) اگر (اے مخاطب تو ان کو جھانک کر دیکھتا تو ان سے پیٹھ پھیر کر بھاگ کھڑا ہوتا اور تیرے اندر ان کی دہشت سما جاتی (غالبًا یہ سب امور ان کے اسباب حفاظت ہیں کیونکہ جس کو آدمی جاگتا ہوا سمجھتا ہے دفعۃً اس کو گزند پہنچانے کا حوصلہ نہیں پڑتا اسی طرح کروٹیں دینے سے ان کا بدن مٹی کے کھا لینے سے محفوظ رہا اسی طرح کتا بھی اجنبی آدمی کو آنے جانے سے روکتا ہے اور اگر وہ سوتا بھی ہوتا ہے تو اجنبی آدمی کے آنے کے وقت اکثر اس کی آنکھ کھل جاتی ہے اور دہلیز پر پڑا رہنا یہ حسب عادت اس جانور کے ہے کہ پہرہ کے واسطے اکثر دروازہ پر پڑ جاتا ہے اسی طرح ان کی صورتوں کو ہیبت ناک کر دینا بھی حفاظت کے واسطے ہے کہ ہر شخص کی ہمت وہاں جانے کی نہ ہو تو اس آیت میں عام لوگوں کو خطاب ہے پس اس سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا مرعوب ہونا لازم نہیں آتا) اور (جس طرح ہم نے ان کو اپنی قدرت

www.besturdubooks.net

محضہ سے اتنے دونوں تک سلایا) اسی طرح (بعد اس نوم طویل کے اپنی قدرت سے) ہم نے ان کو جگا دیا تا کہ وہ آپس میں پوچھ پاچھ کریں (جس سے اخیر میں ان کو حق تعالیٰ کی قدرت اور حکمت منکشف ہو چنانچہ) ان میں سے ایک کہنے والے نے کہا کہ تم (اس حالت نوم میں) کس قدر رہے ہو گے (جواب میں) بعضوں نے کہا کہ (غالبًا) ایک دن یا ایک دن سے بھی کچھ کم رہے ہوں گے (اس اندازہ کے لئے سورج وغیرہ کے دیکھنے کی کوئی ضرورت نہیں اکثر لوگ سو کر جب اُٹھتے ہیں نیند بھرنے نہ بھرنے سے اندازہ وقت کا رائے سے کیا کرتے ہیں) دوسرے بعضوں نے کہا (کیونکہ اگر پہلے ہی لوگ اس کے قائل ہوتے تو عبارت یوں ہوتی ربنا اعلم بما لبثنا غرض انہوں نے کہا) کہ (اس کی تفتیش کی کیا ضرورت ہے) یہ تو (ٹھیک ٹھیک) تمہارے خدا ہی کو خبر ہے کہ تم کس قدر رہے (اس جواب میں بھی اس قائل ہونے کی ضرورت نہیں کہ ان کے بال وناخن وغیرہ بڑھے ہوئے تھے اس سے شبہ ہوا محض عبث سمجھ کر اس گفتگو سے روک دیا اور بال وناخن وغیرہ میں دونوں احتمال ہیں) اب (اس قصہ کو چھوڑ کر ضروری کام کرنا چاہئے وہ یہ کہ) اپنے (مجمع) میں سے کسی کو یہ روپیہ (جو کہنے والے کے پاس ہوگا کیونکہ کچھ خرچ بھی لے کر چلے تھے غرض کہ کسی کو یہ روپیہ) دے کر شہر کی طرف بھیجو پھر وہ (وہاں پہنچ کر) تحقیق کرے کہ کونسا کھانا حلال ہے (اخرجه الطبری عن سعید بن جبیر ورجحه کیونکہ ان کے زمانہ پوشیدگی غار میں بتوں کا ذبیحہ بکثرت بکتا تھا) سو اس میں سے تمہارے پاس کچھ کھانا لے آوے اور (سب) کام خوش تدبیری سے کرے (کہ نہ اس کو کوئی پہچانے ایسی ہیئت ووضع سے جاوے اور نہ یہ کسی کو معلوم ہو کہ یہ بت کے ذبیحہ کو اس لئے تحقیق کرتا ہے کہ اس کو حرام سمجھتا ہے) اور کسی کو تمہاری خبر نہ ہونے دے (کیونکہ) اگر وہ لوگ (یعنی اہل شہر جن کو وہ اپنے زعم میں اسی زمانہ گذشتہ کے مشرکین سمجھے ہوئے ہیں) کہیں تمہاری خبر پا جاویں گے تو تم کو یا پتھروں سے مار ڈالیں گے (یہ کنایہ ہے مطلق قتل سے یا اس زمانہ میں سزائے شدید کی یہی صورت ہوگی۔ غرض تم کو ہلاک کر دیں گے) یا (جبراً) تم کو اپنے طریقہ میں پھر کر لیں گے اور ایسا ہوا تو تم کو کبھی فلاح نہ ہوگی (وجہ یہ کہ گو حالت اکراہ میں تلفظ بالکفر مع اطمینان قلب بالایمان جائز ہے لیکن بکثرت ایسا بھی ہوتا ہے کہ ابتداءً اکراہ سے کفر کیا تھا پھر شیطان کے اغوا سے دنیوی مصالح پر نظر کر کے اس میں سہل انگاری کرتا ہے شدہ شدہ اس کی برائی دل سے نکل جاتی ہے اور دل کھول کر کفر کرنے لگتا ہے چنانچہ ایسے واقعات ہوئے ہیں کہ کوئی شخص نیا مسلمان ہوا مگر اس پر دباؤ ڈال کر پھر کفار نے اس کو اپنے میں شامل کر لیا اول اول تنگی رہی پھر مساوات ہوگئی اور ویسا ہی ہو گیا نعوذ باللہ من ذلک یا فلاح سے مراد فلاح کامل ہو یعنی اکراہ میں کفر کرنا رخصت ہے لیکن عزیمت کے ثواب سے تو جو کہ فلاح کامل ہے محرومی رہے گی۔ غرض ان میں سے ایک شخص کھانا لینے چلا روپیہ جو بازار میں دکھلایا تو کوئی سو برس کے سکہ کا دکاندار کو شبہ چوری کا ہوا تب مجبور ہو کر انہوں نے اپنا پورا قصہ بیان کیا حتیٰ کہ اس کا چرچا ہوا جب پرانے لوگوں نے کہا کہ ہاں ہم نے اپنے بڑوں سے سنا ہے کہ چند نوجوان اس طرح غائب ہو گئے تھے واقعی وہ لوگ یہی ہیں چنانچہ اللہ تعالیٰ اسی مطلع ہونے کے قصہ کو مع ایک حکمت کے فرماتے ہیں) اور (ہم نے جس طرح اپنی قدرت سے ان کو سلایا اور جگایا) اسی طرح ہم نے (اپنی قدرت وحکمت سے اس زمانہ کے) لوگوں کو ان (کے حال) پر مطلع کر دیا تا کہ (منجملہ اور فوائد کے ایک فائدہ یہ بھی ہو کہ) وہ لوگ (اس واقعہ سے استدلال کر کے) اس بات کا یقین (یا زیادہ یقین کر لیں کہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ سچا ہے اور (وہ وعدہ[3] یہ (ہے) کہ قیامت (کے ہونے) میں کوئی شک نہیں (یقین یا زیادہ یقین دو باتیں اس لئے کہیں کہ یہ لوگ جن کو یہ علم دینا مقصود تھا اگر کافر تھے تب تو یقین حاصل ہو گیا اور اگر مؤمن تھے تو زیادہ یقین ہو گیا اور تقریر اس حصول یقین کی یہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام ہمیشہ سے بعث کی خبر دیتے آئے ہیں اور دلائل سمعیہ بھی اس پر قائم ہیں غرض شرائط حصول یقین کے سارے موجود لیکن صرف ایک مانع کی وجہ سے کفار کو یقین نہیں ہوتا تھا اور وہ مانع استبعاد اور خرق عادت تھا اس واقعہ سے خرق عادت کا امکان ثابت ہو گیا بالخصوص اس نوم طویل و یقظہ کو موت اور بعث سے یک گونہ مشابہت بھی ہے پس وہ مانع مرتفع ہو گیا اور شرائط پہلے سے مجتمع تھیں پس یقین مرتب ہو گیا چونکہ حصول یقین کی علت تامہ کا جز واخیر یہی رفع مانع تھا اس لئے اس کو علت فرمایا گیا اور زیادہ یقین کا مرتب ہونا تو اور بھی اظہر ہے اب یہ شبہ نہ رہا کہ اس واقعہ سے امکان بعث تو معلوم ہو سکتا ہے لیکن تحقق بعث معلوم نہیں ہو سکتا اس تقریر سے علم بالامکان بوجہ رفع مانع کے موجب علم تحقق بعث ہو گیا پھر اسی زمانہ میں یا بعد کے زمانہ میں ان صاحبوں نے وہیں غار میں وفات پائی اور اطلاع وفات پر ان کے متعلق اہل عصر میں ایک اختلاف ہوا جس کو آگے بیان فرماتے ہیں کہ) وہ وقت بھی قابل[4] ذکر ہے جب کہ اس زمانہ کے لوگ ان کے معاملہ میں باہم جھگڑ رہے تھے (اور وہ معاملہ اس غار[5] کا منہ بند کرنا تھا بغرض حفاظت ان کی لاشوں کے یا یادگار قائم کرنا تھا بغرض نشان کے) سو ان لوگوں نے کہا کہ ان کے (غار کے) پاس کوئی عمارت بنوا دو (پھر اختلاف ہوا کہ کیا عمارت ہو کسی نے کچھ کہا کسی نے کچھ کہا اس اختلاف کے وقت) ان کا رب ان (کے احوال مختلفہ) کو خوب جانتا تھا (بالآخر) جو لوگ اپنے (چاہے ہوئے) کام پر غالب (اور قادر) تھے (یعنی اہل حکومت کہ وہ اس وقت دین حق پر تھے) انہوں نے کہا کہ ہم تو ان کے پاس ایک مسجد بنا دیں گے (تا کہ مسجد اس بات[6] کی بھی علامت رہے کہ یہ لوگ عابد تھا ان کو کوئی معبود نہ بنا لے جیسا کہ دوسری عمارات میں پرستش کا احتمال رہے)۔ ف: پس مسجد بنانا اس مصلحت کے لئے اور دوسرے مفاسد بند کرنے کے لئے تھے سو اگر کسی زمانہ میں مسجد بنانے میں بھی کوئی مفسدہ ہونے لگے وہ بھی ناجائز ہوگی جیسا قواعد شرعیہ شاہد ہیں پس آیت

www.besturdubooks.net

اباحت فی نفسہ سے زائد پر دال نہیں اور شاید اس تنازع کے ذکر کرنے سے بھی ان کی حفاظت نعشوں کی اور پھر بنائے مسجد سے ان کی حفاظت معبودیت بیان فرمانا مقصود ہوتا ہے کہ معلوم ہو جاوے کہ انہوں نے ہم پر توکل کیا اور اطاعت کی ہم نے ہر طرح سے کیسی حفاظت کی۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلِ السُّلُوْكِ: قولہ تعالیٰ وَتَحْسَبُهُمْ اَيْقَاظًا وَّهُمْ رُقُوْدٌ الخ یہ مثال ہے ان لوگوں کی جو اجسام سے خلق کے ساتھ ہیں اور قلوب سے حق تعالیٰ کے ساتھ ہیں (جس کو خلوت در انجمن کہتے ہیں) نیز اس میں مثال ہے ان لوگوں کی تسلیم (وفناء) کی طرف کہ جیسے مردہ ہوتا ہے غسال کے ہاتھ میں قولہ تعالیٰ: وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيْدِ ابوبکر وراق کا قول ہے کہ صالحین کی مجالست ومجاورت غنیمت ہے اگرچہ مجانست بھی نہ ہو دیکھئے حق تعالیٰ نے اصحاب کہف کے ساتھ ان کے کتے کا کس طرح ذکر فرمایا ہے صرف اس وجہ سے کہ وہ ان کے ساتھ تھا قولہ تعالیٰ: لَوِاطَّلَعْتَ عَلَيْهِمْ الخ وجہ اس فرار ورعب کی یہ ہے کہ میں نے ان کو اپنے قہر ربوبیت اور سطوت وعظمت کا لباس پہنا رکھا ہے پس اس ہیبت وعظمت کے سبب یہ فرار ورعب ہے جیسا میں نے جب عصا پر اپنا لباس ہیبت پہنا دیا تو موسیٰ علیہ السلام کو فرار ہوا اور یہ درحقیقت ہماری عظمت کا رعب ہے جو اس آئینہ میں ظاہر ہوئی یہ مثال ہے اس ہیبت کی جو اہل اللہ کو عطا ہوتی ہے) قولہ تعالیٰ: فَابْعَثُوْٓا اَحَدَكُمْ بِوَرِقِكُمْ الخ یہ مثال اس کی ہے کہ جب سالک سکر سے صحو کی طرف اور روحانیت سے مادیت کی طرف رجوع کرتا ہے تو پھر وہ معیشت (ومالوفات طبعیہ ضروریہ مباحہ کا خواہشمند ہوتا ہے اور طریقت کے حقائق کا استعمال کرتا ہے (اور اس کی ظاہری صورتیں بعض مہجور ہو جاتی ہیں) نیز اس فَابْعَثُوْٓا الخ میں اشارہ ہے کہ طالبانِ حق کی شان کے لائق یہ ہے کہ خلق سے سوال کرنا ترک کر دیں (اور ہمت عالی رکھیں جیسا اصحاب کہف نے داموں سے کھانا خریدنا تجویز کیا یہ نہیں کیا کہ کسی سے مانگ لاویں) قولہ تعالیٰ: فَلْيَنْظُرْ اَيُّهَآ اَزْكٰى طَعَامًا اس میں دلالت ہے کہ طالبان حق کو ورع کا عمل اختیار کرنا چاہئے جیسا اصحاب کہف نے اَزْكٰى بمعنی حلال کو طلب کیا اور اسی واسطے حضرت ذوالنون مصری کا قول ہے کہ عارف وہ شخص ہے جس کا نور معرفت اس کی نور ورع کو نہ بجھا دے (مطلب یہ ہے کہ نور معرفت سے تو وہ سب چیزوں کی نسبت حق سبحانہ وتعالیٰ کی طرف کرتا ہے تو اس میں ناقص کو یہ دھوکا ہو جاتا ہے کہ جب خدا کے سامنے کوئی مالک نہیں تو پھر ہر مال حرام مباح ہے کیونکہ اس میں حق عبد ہے ہی نہیں اور کامل اسی نسبت کے ساتھ یہ بھی دیکھ رہا ہے کہ آخر کسی درجہ میں حق تعالیٰ نے اس مال کی نسبت عبد کی طرف بھی کی ہے گو ضعیف وناقص ومجازی سہی اور اسی نسبت کے کچھ حقوق واحکام بھی ہیں سو ان میں سے حرمت تناول بلا اذن بھی ہے پس یہ شخص جو عارف کامل ہے اس لئے ورع کو بھی نہ چھوڑے گا) اور بعض نے اَزْكٰى کی تفسیر اطیب بمعنی لذیذ کے ساتھ کی ہے تو اس کا حاصل یہ ہوگا کہ طعام لذیذ و لطیف لاوے جس میں یہ مصلحت تھی کہ انہوں نے مدت سے نہ کھایا تو طعام غیر لطیف ان کو مضر ہوتا اسی طرح بعض مصالح (دینیہ) سے بھی بعض بزرگوں نے جیسے حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ نے طعام لطیف ولباس لطیف کو استعمال فرمایا ہے (اور تفصیل ان مصالح کی طویل ہے) قولہ تعالیٰ: وَلْيَتَلَطَّفْ بعض نے تفسیر کی ہے لطف فی المعاملہ کے ساتھ پس یہ وصیت ہے حسن اخلاق ونرمی وحسن معاملہ کی اس شخص سے جس سے خریدے گا ۱۲ قولہ تعالیٰ: وَلَا يُشْعِرُنَّ بِكُمْ اَحَدًا ۝ یعنی اغیار کو اطلاع نہ ہو اسی طرح اسرار حق کو ان اغیار پر ظاہر نہ کرے جو مطالعہ انوار ووقوف اسرار سے محجوب ہیں ورنہ وہ احجار انکار سے سنگسار کریں گے قولہ تعالیٰ: فَقَالُوا ابْنُوْا عَلَيْهِمْ بُنْيَانًا اس بنیان سے مراد یہ ہے کہ ایسی طرح کہ منہ غار کا بند ہو جاوے اور اس مسجد کی نسبت اس کہف کی طرف ایسی کی جیسے مسجد نبوی کی نسبت مرقد مبارک کی طرف (مثلاً یوں کہا جاوے کہ روضہ شریف کی مسجد) پس اس میں قبر پرستوں کی کوئی حجت نہیں ۱۲۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃ: ۱ قوله فی تحسبهم ویکھتا کذا فی الروح المعانی لورأیتهم الخ ۱۲۔ ۲ قوله فی لیعلموا منجملہ اورفوائد الخ اشارة الی ان الغایة لا انحصار فیها وکذلك اکثر الغایات ۱۲۔ ۳ قوله فی وان الساعة وہ وعدہ الخ اشارة الی ان العطف تفسیری ۱۲۔ ۴ قوله فی اذ یتنازعون قابل ذکر هو من المواهب وکذا ارجاع الضمیر فی ربهم اعلم بهم الی المتنازعین ۱۲۔ ۵ قوله فی توضیح یتنازعون اس غار کا من الکشاف و قوله بغرض نشان من غیره۔ ۶ قوله فی توضیح لنتخذن اس بات کی بھی یعنی مع احد الغرضین المذکورین فی التفسیر قبل ثلثة اسطر من قوله اورده معامله الخ ۱۲۔

اَللُّغَات: قوله ایقاظ جمع یقظ بکسر القاف قوله ذات الیمین ای جهة تلی ایمانهم قوله الوصید الفناء والعتبة کذا فی القاموس وسمی فم الغار عتبة مجازًا ۱۲ قوله الورق الفضة مضروبا او غیر مضروب کما فی الحدیث اتفا من ورق ۱۲ قوله ازکی احل والمراد الحلال ۱۲۔

اَلنَّحْوُ: قوله رعبا مفعول ثان باسط ذراعیه کون اسم الفاعل عاملا مع کونه بمعنی المضی لکونه الکلام حکایة حال للاستحضار ۱۲ قوله ایها ای الاطعمة دل علی المرجع قوله طعاما قوله منه ای ازکی ۱۲۔

اَلْبَلَاغَۃ: قوله فابعثوا معنی الفاء وترتب البعث علی ما قبله ان قولهم ربکم اعلم دل علی ترك هذا التفتیش الغیر الضروری فالمعنی

www.besturdubooks.net

اترکوا ما لیس بضروری فاتوا ما ھو ضروری ۱۲۔

سَيَقُوْلُوْنَ ثَلٰثَةٌ رَّابِعُهُمْ كَلْبُهُمْ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ خَمْسَةٌ سَادِسُهُمْ كَلْبُهُمْ رَجْمًۢا بِالْغَيْبِ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ سَبْعَةٌ
وَّثَامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ ۭ قُلْ رَّبِّيْٓ اَعْلَمُ بِعِدَّتِهِمْ مَّا يَعْلَمُهُمْ اِلَّا قَلِيْلٌ ۣ فَلَا تُمَارِ فِيْهِمْ اِلَّا مِرَاۗءً ظَاهِرًا ۠ وَلَا
ع ۱۵ تَسْتَفْتِ فِيْهِمْ مِّنْهُمْ اَحَدًا ۝ وَلَا تَقُوْلَنَّ لِشَاْيْءٍ اِنِّىْ فَاعِلٌ ذٰلِكَ غَدًا ۝ اِلَّآ اَنْ يَّشَاۗءَ اللّٰهُ ۡ وَاذْكُرْ
رَّبَّكَ اِذَا نَسِيْتَ وَقُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّهْدِيَنِ رَبِّيْ لِاَقْرَبَ مِنْ هٰذَا رَشَدًا ۝ وَلَبِثُوْا فِيْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ
سِنِيْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا ۝ قُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثُوْا ۚ لَهٗ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اَبْصِرْ بِهٖ وَاَسْمِعْ ۭ مَا لَهُمْ مِّنْ
دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ ۡ وَّلَا يُشْرِكُ فِيْ حُكْمِهٖٓ اَحَدًا ۝

بعضے لوگ تو کہیں گے کہ وہ تین ہیں چوتھا ان کا کتا ہے اور بعضے کہیں گے کہ پانچ ہیں چھٹا ان کا کتا ہے اور یہ لوگ بے تحقیق بات کو ہانک رہے ہیں اور بعضے کہیں گے کہ وہ سات ہیں آٹھواں ان کا کتا ہے آپ کہہ دیجئے کہ میرا رب ان کا شمار خوب (صحیح صحیح) جانتا ہے ان کو بہت قلیل لوگ جانتے ہیں سو آپ ان کے بارے میں سرسری بحث نہ کیجئے اور ان کے بارے میں ان لوگوں میں سے کسی سے بھی نہ پوچھئے اور آپ کسی کام کی نسبت یوں نہ کہا کیجئے کہ میں اس کو کل کروں گا مگر خدا کے چاہنے کو ملا دیا کیجئے اور جب آپ بھول جاویں تو اپنے رب کا ذکر کیا کیجئے اور کہہ دیجئے کہ مجھ کو امید ہے کہ میرا رب مجھ کو (نبوت کی) دلیل بننے کے اعتبار سے اس سے بھی نزدیک تر بات بتلا دے اور وہ لوگ اپنے غار میں تین سو برس تک رہے اور نو برس اوپر اور رہے آپ کہہ دیجئے کہ خدا تعالیٰ ان کے رہنے کی مدت کو خوب جانتا ہے تمام آسمانوں اور زمین کا علم غیب اسی کو ہے وہ کیسا کچھ دیکھنے والا اور کیسا کچھ سننے والا ہے ان کا خدا کے سوا کوئی بھی مددگار نہیں اور نہ اللہ تعالیٰ کسی کو اپنے حکم میں شریک کرتا ہے۔ ۞

تفسیر: یہاں تک قصہ اصحاب کہف کا بقدر اقتضائے مقام ختم ہو چکا چونکہ اس قصہ میں ناقلین بعض بعض اجزاء میں اختلاف رکھتے تھے اس لئے اس کو سن کر اہل اختلاف کی جانب سے ان اختلافات کے اظہار کا محل تھا خصوص ان اجزاء میں جو اوپر اجمال و ابہام کے ساتھ مذکور ہوئے ہیں جیسے فِتْيَةٌ کہ مبہم ہے اس میں ان کا عدد مصرح نہیں اور جیسے سِنِيْنَ عَدَدًا کی اس میں عدد سِنِيْنَ کی تعیین نہیں اس لئے آگے بالخصوص ان دونوں اختلافوں سے تصریحاً تعرض کر کے ایک سے تو اول کلام میں منطوقاً سَيَقُوْلُوْنَ الخ اور دوسرے سے آخر میں مفہوماً وَلَبِثُوْا (الی قولہ تعالیٰ) قُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ الخ اور دوسرے[1] اختلافوں کو مقابلہ پر چھوڑ کر ساتھ ساتھ اور درمیان درمیان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ان اختلافات کے وقت طرزِ مخاطبت کی نہیاً و امراً تعلیم فرماتے ہیں حاصل طرز مذکور کا یہ ہے کہ مجموعہ متکلم و مخاطب کی جانب میں تین تین امر ہیں۔ دعویٰ استہام اعتراض پس ان کے دعویٰ مخالف واقع کی اظہار غلطی کے لئے نقل صحیح قرآنی پیش کر کے قُلْ رَّبِّيْٓ اَعْلَمُ اور قُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ کہہ دینے کو کافی فرمایا اور ان کے استفہام کی نسبت جب کہ اس کا جواب وحی میں منقول نہ ہو اور قابل جواب بھی ہو اور اس بناء پر جواب کا وعدہ کر لیا جاوے لَا تَقُوْلَنَّ الخ میں اس دعویٰ کو مشیت الٰہی پر معلق کرنے کا بعنوان عام حکم فرمایا اور استفہام مذکور میں یہ قیود اس لئے لگائی گئیں کہ جس کا جواب وحی میں منقول ہو چکا ہوگا اس میں وعدۂ جواب کی جگہ خود جواب ہی آ چکا ہے اسی طرح جو قابل جواب نہ ہو اس میں بھی وعدۂ جواب نہ ہوگا اس لئے یہ دونوں صورتیں بحث میں داخل نہیں اب رہا اعتراض جو محض عناداً ہو اس کے جواب میں زائد مشغول ہونے سے لَا تُمَارِ الخ میں منع فرمایا یہ تین امر تو مخالفین کی جانب سے ہوئے اب رہے یہی تینوں امر جو آپ کی طرف سے ہوں تو دعویٰ کے اثبات میں تو نقل صحیح جس کی صحت خود اس کے اعجاز سے ثابت ہے پیش کرنے کو اس سے زائد کاوش نہ کرنے کو ارشاد فرمایا چنانچہ لَا تُمَارِ الخ میں یہ بھی داخل ہے اور استفہام سے بوجہ اس کے غیر ضروری ہونے کے لَا تَسْتَفْتِ الخ میں ممانعت فرمائی اب رہا اعتراض سو لَا تُمَارِ الخ میں اس کی ممانعت بھی آ گئی یہ ہے حاصل آیات آئندہ کا مع وجہ ارتباط و وجہ تخصیص تعرض عدد و مدت لبث و عدم اجتماع فی الذکر یعنی ذکر عدد در اول و ذکر مدت لبث در آخر بغرض احاطۂ اختلافات مجموعہ کلام بقصد اظہار مقصودیت ذکر اختلاف و طرز عمل متعلق اختلاف **وللہ الحمد علی ما افہمنی اسلوب ہذا المقام۔**

تعلیم مکالمات در مخاصمات ☆ سَيَقُوْلُوْنَ ثَلٰثَةٌ رَّابِعُهُمْ (الی قولہ تعالیٰ) لَا يُشْرِكُ فِيْ حُكْمِهٖٓ اَحَدًا ۝ (جس وقت اصحاب کہف کا قصہ بیان کریں گے تو) بعضے لوگ تو کہیں گے کہ وہ تین ہیں چوتھا ان کا کتا ہے اور بعضے کہیں گے کہ وہ پانچ ہیں چھٹا اُن کا کتا ہے (اور) یہ لوگ بے تحقیق بات کو ہانک رہے ہیں اور بعضے کہیں گے کہ وہ سات ہیں اور آٹھواں ان کا کتا ہے آپ (ان اہل اختلاف سے) کہہ دیجئے کہ میرا رب ان کا شمار خوب (صحیح صحیح) جانتا ہے

www.besturdubooks.net

(کہ آیا ان اقوال متعارضہ میں سے کوئی قول صحیح ہے یا سب غلط ہیں) ان (کے شمار) کو (صحیح صحیح) بہت قلیل لوگ جانتے ہیں (اور چونکہ کوئی فائدہ معتد بہا اس کی تعیین کے متعلق نہ تھا لہٰذا اس اختلاف کا کوئی صریح فیصلہ آیت میں نہیں فرمایا لیکن روایات میں حضرت ابن عباسؓ وابو مسعودؓ کا قول آیا ہے انا من القلیل کانوا سبعة یعنی میں ان ہی قلیل میں سے ہوں اور وہ سات تھے کذا فی الدر المنثور عن ابی حاتم وغیرہ اور آیت میں بھی اشارۃً اس کی صحت مفہوم ہوتی ہے کیونکہ اس اخیر قول کو نقل کر کے اس کو رد نہیں فرمایا واللہ اعلم سو (اگر اس پر بھی وہ لوگ اختلاف سے باز نہ آویں تو) آپ (ان لوگوں سے) ان (اصحاب کہف) کے (عدد[5] وغیرہ) کے بارے میں بجز سرسری بحث کے زیادہ بحث نہ کیجئے (سرسری بحث سے یہ مراد ہے کہ آپ وحی کے موافق ان کے روبرو قصہ بیان کر دیجئے اور زیادہ سوال و جواب نہ کیجئے اس کو اس لئے کہا کہ آخر تلاوت وحی سے اس کے معارض قول کی تغلیط تو ضرور ہی ہوگی بالخصوص رجم بالغیب اور قُلْ رَّبِّیْٓ اَعْلَمُ اور امثال اس کے سے مگر چونکہ اس میں بار بار رد و قدح نہیں ہے اس لئے یہ بحث سرسری قرار دی گئی اور اس نہی کے مضمون میں ان کے اعتراض کے جواب میں زیادہ مشغول ہونا اور اپنے دعوے کے اثبات میں زیادہ کاوش کرنا یا ان پر اعتراضات کرنا یہ سب آ گیا) اور (جس طرح زیادہ بحث کرنے سے ممانعت کی گئی ہے اسی طرح آپ کو ان سے کچھ پوچھنے[6] سے بھی ممانعت ہے پس) آپ ان (اصحاب کہف) کے بارے میں ان لوگوں میں سے کسی سے بھی کچھ نہ پوچھئے (کیونکہ وحی میں ضروری کی تعلیم ہو چکی اور غیر ضروری غیر ضروری ہے) اور (اگر یہ لوگ آپ سے کوئی بات قابل جواب دریافت کریں اور آپ جواب کا وعدہ کریں تو اس کے ساتھ ان شاء اللہ تعالیٰ یا اس کے ہم معنی[7] کوئی بات ضرور ملایا کریں بلکہ وعدۂ جواب کی کیا تخصیص ہے ہر امر میں اس کا لحاظ رکھئے پس) آپ کسی کام[8] کی نسبت یوں نہ کہا کیجئے کہ میں اس کو (مثلاً[9]) کل کر دوں گا مگر خدا کے چاہنے کو ملا دیا کیجئے (یعنی ان شاء اللہ تعالیٰ وغیرہ بھی ساتھ کہہ دیا کیجئے اور آئندہ ایسا نہ ہو جیسا اس کے قبل ہو گیا کہ آپ سے روح و اصحاب کہف و ذوالقرنین کا قصہ پوچھا گیا تو آپ نے وحی کے بھروسہ زبان سے ان شاء اللہ بے کہے وعدہ فرما لیا کہ کل جواب دے دوں گا چنانچہ پندرہ روز تک وحی نازل نہ ہوئی اور آپ کو بڑا غم ہوا اس کے بعد جواب کے ساتھ یہ حکم بھی نازل ہوا کذا فی اللباب عن ابن عباس) اور جب آپ (اتفاقاً ان شاء اللہ تعالیٰ کہنا) بھول جاویں (اور پھر کبھی یاد آوے) تو (اس وقت انشاء اللہ تعالیٰ کہہ کر) اپنے رب کا ذکر کر لیا کیجئے (یعنی جب یاد آوے کہہ لیا کیجئے اور یہ حکم افادۂ برکت کے اعتبار سے ہے جو کہ وعدوں میں مقصود ہے تعلیق و ابطال کے اثر کے اعتبار سے نہیں ہے جو کہ طلاق و عتاق و یمین وغیرہ میں مقصود ہے پس اس میں متصل کہنا ابطال اثر میں مفید ہوگا اور منفصل کہنا مفید نہ ہوگا) اور (ان لوگوں سے یہ بھی) کہہ دیجئے کہ (تم نے جو امتحان نبوت کے لئے اصحاب کہف کا قصہ مجھ سے پوچھا تھا جس کا جواب دینا میری نبوت کے دلائل میں سے ہے سو یہ نہ سمجھا[10] جاوے کہ میرے نزدیک اس سوال کا جواب دے دینا کوئی اعظم الدلائل اور سرمایۂ ناز و افتخار ہے جیسا تم نے اس قصہ کو عجیب تر سمجھ کر پوچھا ہے اور اس کے جواب کو اعظم دلائل سمجھتے ہو سو چونکہ یہ قصہ عجب الآیات نہیں جیسا تمہید قصہ میں بھی فرمایا گیا ہے: اَمْ حَسِبْتَ الخ اس لئے میرے نزدیک دلالۃ علی النبوۃ میں سب سے اعظم و اقرب نہیں ہے مطلب یہ کہ میری نبوت ایسا امر محقق ہے و متیقن ہے کہ اس پر استدلال کرنے کے لئے جس دلیل کو تم اعظم سمجھتے ہو میں اس سے بھی اعظم دلیلیں اس پر رکھتا ہوں چنانچہ ان میں سے بعض دلائل تو وقتاً فوقتاً تمہارے روبرو پیش کر چکا ہوں مثل اعجاز قرآن وغیرہ کے جو یقیناً اس سوال کے جواب سے دلالت علی المدعا میں فائق تر ہے کہ کوئی شخص کسی طریق سے اس پر قادر نہیں بخلاف جواب سوال کے کہ گو میرے اعتبار سے وہ معجز ہے لیکن عالم بالنقل بھی ایسے سوالات کا جواب دے سکتا ہے اور بعضے ایسے دلائل کی نسبت) مجھ کو امید ہے کہ میرا رب مجھ کو (نبوت کی) دلیل[11] بننے کے اعتبار سے اس (قصہ) سے بھی نزدیک تر بات بتلا دے (چنانچہ اصحاب کہف سے بھی زیادہ جن کا زمانہ قدیم تھا اور جن کے اخبار کا پتہ نہ چل سکتا تھا وہ وحی سے بتلائے گئے کہ وہ یقیناً اس قصہ کے جواب سے اخبار عن الغیب میں زیادہ عجیب و غریب ہیں) اور (جیسا ان لوگوں کا ان کے عدد میں اختلاف ہے اسی طرح مدت نوم میں بھی اختلاف ہے جس میں امر واقعی بتلاتے ہیں کہ) وہ لوگ اپنے (اس) غار میں (حالت خواب میں) تین سو برس تک رہے اور نو برس اوپر اور رہے (اور اگر اس کو سن کر بھی اختلاف کریں تو) آپ کہہ دیجئے کہ خدا تعالیٰ ان کے (غار میں) رہنے کی مدت کو[12] (تو تم سے) زیادہ جانتا ہے اس کی یہ شان ہے کہ) تمام آسمانوں اور زمین کا علم غیب اسی کو ہے وہ کیسا کچھ دیکھنے والا اور کیسا کچھ سننے والا ہے (پس ان کو چاہئے کہ ایسے صاحب علم محیط کے ساتھ دعویٰ علم بالمعلومات میں معارضہ نہ کریں ورنہ مستحق سزا ہوں گے اور سزا کے وقت) ان کا خدا کے سوا (جتنے ہیں ان میں سے) کوئی بھی مددگار نہیں (ہوگا جو اپنی رائے سے مدد کرے) اور نہ اللہ کسی کو اپنے حکم میں شریک (کیا) کرتا ہے (کہ شریک مشورہ بن کر کسی کے نفع رسانی کی رائے دے سکے۔ خلاصہ یہ کہ نہ کوئی مزاحم ہے نہ کوئی شریک ہے پس ایسے عالی شان سرکار کی مخالفت سے بہت حذر کرنا چاہئے)۔ ف: ان کے سات ہونے کے متعلق مدارک میں ایک اور لطیفہ بھی ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کیا ہے کہ جب وہ سو کر اُٹھے ہیں اس قصہ میں ارشاد ہے قَالَ قَآئِلٌ ایک تو یہ ہوا آگے ہے: قَالُوْا لَبِثْنَا تین یہ ہوئے پھر آگے ہے قَالُوْا رَبُّكُمْ تین یہ ہوئے اور ظاہر اً سب قائل متغائر معلوم ہوتے ہیں اور جمع کے درجہ اقل سے زائد ہونا محتاج دلیل ہے اور اصل انتفاء ہے۔ میں کہتا ہوں کہ یہ لطیفہ مؤید دلیل بن سکتا ہے مستقل دلیل نہیں بن سکتا جیسا کہ ظاہر ہے اور

www.besturdubooks.net

ان شاء اللہ کہنے کے متعلق مسائل مفصلاً کتب فقہ میں مذکور ہیں حاصل اس مقام کا اتنا ہے کہ آیت میں تفویض کے طور پر ان شاء اللہ تعالیٰ کہنے کا بیان ہے سو فصل مدت اس میں مانع نہیں اور تاثیر فی الحکم کے طور پر کہنے کا بیان نہیں ہے جس میں فعل مانع ہے اور ظاہراً یہ ان شاء اللہ تعالیٰ زبان سے کہنا مستحب ہے لیکن خواص کی پھر اخص الخواص صلی اللہ علیہ وسلم کی شان ارفع ہوتی ہے اس لئے ترک مستحب پر بھی وحی میں دیر ہوگئی اور لَبِثُوْا الخ سے ظاہراً معلوم ہوتا ہے کہ حق تعالیٰ نے ان کی مدت لبث کی خبر دی ہے اور بعض نے ابن عباس سے نقل کیا ہے کہ مقصود اس سے بھی مثل سَيَقُوْلُوْنَ الخ کے دوسرے لوگوں کا قول نقل کرنا اور قل اللہ اعلم سے اس کا رد کرنا ہے اور يَقُوْلُوْنَ یہاں مقدر ہے یا اوپر کے مقولات عطف پر ہے لیکن اس قول کی کوئی دلیل نہیں اور اگر قُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ کو دلیل کہا جاوے جیسا کہ اس روایت میں اسی سے استدلال منقول ہے تو لازم آتا ہے کہ اوپر جو قُلْ رَبِّيْٓ اَعْلَمُ کہا گیا ہے اس سے بھی سب اقوال کا رد کرنا مقصود ہو حالانکہ خود ابن عباسؓ سے تیسرے قول کا صحیح ہونا اثنائے ترجمہ میں نقل کیا گیا ہے پس ظاہراً یہ روایت اور یہ استدلال ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ثابت نہیں اور ظاہر سیاق سے وہی ہے جو اوپر نقل کیا گیا اور اللہ اعلم کی تقریر خود ترجمہ سے ظاہر ہے رہا یہ کہ اس تقدیر پر اللہ تعالیٰ نے عدد کی تعیین تو اشارۃً فرمائی اور مدت لبث کی تعیین صراحۃً فرمائی اس کی کیا وجہ ہے تو عجب نہیں کہ اس کی وجہ یہ ہو کہ یہ واقعہ نوم طویل کا بوجہ نمونہ بعث ہونے کے قدرت الٰہیہ اور امکان بعث پر زیادہ دال ہے بخلاف ان کے سبعہ ہونے کے اور اہل مکہ کو اس مضمون کی زیادہ ضرورت تھی اس لئے اس کی تصریح کر دی گئی واللہ اعلم اور اگر ابن عباس رضی اللہ عنہما کی اس روایت مذکورہ کو خدشات سے صاف مان لیا جاوے جس سے وَلَبِثُوْا الخ میں لوگوں کے قول کی نقل معلوم ہوتی ہے تب بھی اس کا مدلول اس قدر ہوگا کہ اس عدد خاص یعنی تین سو نو میں کلام ہے لیکن شروع قصہ میں سِنِيْنَ عَدَدًا سے تصریحاً سالہا سال تک سونا معلوم ہوتا ہے (۴) پس بعض معاصرین منکرین خوارق کا اس روایت سے سالہا سال تک سونے کی نفی پر استدلال کرنا محض لغو ہے اور سِنِيْنَ والی آیت میں تحریف معنوی کرنا اس سے زیادہ منکر اور اقبح ہے رہا یہ کہ مختصر الفاظ کیوں نہ کہہ دیئے ثَلٰثَ مِائَةٍ وَتِسْعَ سِنِيْنَ میرے نزدیک وجہ یہ ہے کہ اس عبارت میں لفظ سِنِيْنَ ثَلٰثَ مِائَةٍ سے دور ہو جاتا تو جیسے تین سو سال کے معنی پر اب صریح دلالت ہے اس وقت نہ ہوتی اور یہ دلالت بسبب تنبیہ کفار کے قدرت الٰہیہ پر فی نفسہٖ مقصود ہے اور اگر دونوں جگہ سِنِيْنَ آتا تو تطویل ہوتی اور اگر کوئی کہے کہ اب تسع کی دلالت نو سال کے معنی پر صریحۃً دلالت نہ سہی گو قرینہ مقام دال ہے جواب یہ ہے کہ مقصود مذکور میں مضر نہیں دوسرے تسع بہت چھوٹی کسر ہے بہت بڑے عدد پر اس لئے وَازْدَادُوْا کے لفظ سے اس کی زیادہ اور علاوہ یعنی کسر ہونے پر صراحۃً دلالت فرما دی گئی واللہ اعلم اور تین سوالوں میں سے دو میں وَيَسْـَٔلُوْنَكَ لانا اور اس قصہ میں نہ لانا شاید اس وجہ سے ہو کہ امر روح باعتبار خفائے ماہیت کے اور امر ذی القرنین بوجہ بعد زمان کے سوال کے قابل تھے بخلاف اس قصہ کے کہ دونوں امر اس میں نہیں ہیں عالم جس میں واقع ہونے سے عدم خفا تو ظاہر ہے اور عدم بعد زمان کا بیان ابھی آتا ہے اس لئے یسئلون کا نہ لانا اشارہ اس طرف ہو گیا کہ یہ سوال ہی کے قبل زیادہ نہ تھا پس یسئلون کا نہ لانا اسی نفی عجب مزعوم اہل کتاب کو مفید ہے جس کو آیت اَمْ حَسِبْتَ اور آیت قُلْ عَسٰٓى الخ مفید ہے اب چار امر اس قصہ کے متعلق اور رہ گئے ایک یہ کہ مذہب عیسوی محرف ہو چکا تھا پھر اصحاب کہف کے قبول کے لئے وہ کیسے کافی ہوا۔ جواب یہ ہے کہ ممکن ہے بعض بعض علماء کے پاس اس وقت مذہب محفوظ ہو۔ دوسرے یہ کہ ان کا زمانہ کونسا تھا تفسیر حقانی میں تاریخ سے نقل کیا ہے کہ سنہ اڑھائی سو عیسوی میں وہ ظالم بادشاہ تھا اور تین سو سال سونے کے ملائے جاویں تو ساڑھے پانسو عیسوی ہوتے ہیں اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تخمیناً ۵۷۰ عیسوی میں پیدا ہوئے ہیں تو اس حساب سے ان کی بیداری آپ کی ولادت شریفہ سے بیس برس پہلے ہوئی تیسری بات یہ کہ یہ اب مر گئے ہیں یا ہیں ظاہر کثیر روایت سے یہی ہے کہ اسی زمانہ کے قریب انتقال کر گئے تھے واللہ اعلم فقط چوتھا امر یہ کہ ان کا مقام کون سا تھا سو تفسیر حقانی میں اس کا نام افسوس اور طرسوس ایشیاء کوچک کا ایک شہر لکھا ہے جو اب بشکل ویران قصبہ کے حضرت سلطان کی حکومت میں ہے اور آبادی سے تین کوس وہ غار کئی میل کا ہے فقط۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلِ السُّلُوْك: قولہ تعالیٰ: وَلَا تَقُوْلَنَّ لِشَايْءٍ الخ اس میں ارشاد ہے خالص تجرید و تفرید کا ۱۲ قولہ تعالیٰ: وَاذْكُرْ رَّبَّكَ اِذَا نَسِيْتَ اس میں مطلوبیت ذکر کی ظاہر ہے قولہ تعالیٰ: اَبْصِرْ بِهٖ وَاَسْمِعْ یعنی وہ کیسا کامل بصیر و سمیع ہے اور یہ کمال کامل اس لئے ہے کہ اس کی صفات عین ذات میں (اس سے زیادہ کامل درجہ تعلق کا ہو نہیں سکتا) قولہ تعالیٰ: مَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ الخ وجہ دوسرے کے ولی (ومختار کامل) نہ ہونے کی یہ ہے کہ اس کے سوا کسی کی (حقیقۃً) فاعلیت نہیں ہے ۱۲۔

اَلْحَوَاشِيْ: (۱) قولہ اور دوسرے اختلافوں کو الخ یہ معطوف ہے تعرض کر کے پر ۱۲ منہ (۲) متقدیر الکلام الا بان یشاء اللہ ۱۲ منہ۔ (۳) حاصل یہ کہ اگر تین سو نو سال کا عدد خاص ثابت نہ بھی ہو تو سنین عدداً بھی سالہا سال کی مدت پر دلالت کرنے کے لئے بالکل کافی ہے پس منکرین خوارق کو اس سے کوئی گنجائش نہیں مل سکتی ۱۲ منہ۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَة: ۱ قوله في سيقولون کہیں گے کما في الروح انه اخبار قبل الوقوع ۱۲ ۲ قوله في ثلثة وه اشارة الى انه خبرا لمبتدأ مقدر ۱۲۔ ۳ قوله في ويقولون کہیں گے اشارة الى اعتبار السنين فيه ايضا بقرينة العطف ۱۲ ۴ قوله في ما يعلمهم ان کے شمار اشارة الى

www.besturdubooks.net

حذف المضاف ای عددهم۱۲۔ ۵ قوله فی لا تمار فیهم عددوغیره فیه زیادة لفظ غیره نظرا الی ما فی التمهید من قوله مقا بسریر الخ۔ ۶ قوله فی لا تستفت کچھ دل علیه اطلاق الاستفتاء۱۲۔ ۷ قوله فی الا ان یشاء الله اس کے ہم معنی کقوله تعالیٰ عسی ان یهدین فانه ایضا جاء وتفویض الی الله تعالیٰ فسبحان الله ما احسن الارشاد حیث ارشد اولا الی الکلی ثم ارشد قریبًا الی جزئیه ۱۲۔ ۸ قوله فی لشائی کام لان الشیٔ وان کان عاما للعمل وغیره لکن خصصه بمعنی العمل وقوع لفظ ذلك الذی ارید به الشیٔ معمولا للفظ فاعل فی قوله تعالیٰ انی فاعل ذلك فکان الشیٔ لا محالة عملا مفعولا۱۲۔ ۹ قوله فی غدا مثلاً اشارة الی ان المراد الزمان المستقبل والتعبیر بالغد لوقوعه فی کلامه صلی الله علیه وسلم اخبرکم غدا کما فی اللباب۱۲۔ ۱۰ قوله فی قل عسی یہ نہ سمجھا جاوے الخ کما فی الروح ان فیه تهوینًا للقصة ای کما کان فی ما سبق من قوله ام حسبت۱۲۔ ۱۱ قوله فی رشدا دلیل بننے کما فی الروح ارشادًا للناس ودلالة علی النبوة۱۲۔ ۱۲ قوله فی ما لبثوا مدت اشارة الی ان ما موصولة یراد به المدة والعائد محذوف۱۲۔

النحو: قوله رجمًا حال بمعنی راجمین۱۲ قوله الا ان یشاء الله مصدر معمول (۲) للباء تقدیره لا تقولن فی حال الا فی حال ملابسته القول بمشیة الله تعالیٰ بان تذکر ای بالملابسته الذکریة ولاغبار علی هذا المعنی۱۲ قوله ثلثمائة سنین قال النیسابوری قال النحویون سنین عطف بیان لثلثمائة۱۲ قوله از دادوا ضمیره راجع الی اصحاب الکهف ای از دادوا مدة النوم وهو یتعدی الی واحد۱۲۔

البلاغة: قوله رابعهم قد یراد فی مثل هذه الترکیب تشریف المضاف کما ههنا انه کان کانه واحد منهم وقدیراد تشریف المضاف الیه کما فی قوله علیه السلام الله ثالثهما کما هو ظاهر وقد لا ولا کقوله تعالیٰ ما یکون من نجوی ثلثة الا هو رابعهم الخ قوله رجما بالغیب ای راجمین بالخبر الذی خفی علیه علمه ویراده بالرجم التکلم من غیر علمه لانه مشابه برجم الحجارة قلما تصیب المرجوم علی السداد۱۲ قوله وثامنهم هذه الواو للصوق الصفة بالموصوف لان الملصوق یناسب الجمع الموضوعة له الواو۱۲۔

وَاتْلُ مَآ اُوْحِیَ اِلَیْكَ مِنْ كِتَابِ رَبِّكَ ؕ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۫ وَلَنْ تَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ﴿۲۷﴾ وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ
الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِیِّ یُرِیْدُوْنَ وَجْهَهٗ ۚ وَلَا تَعْدُ عَیْنٰكَ عَنْهُمْ ۚ تُرِیْدُ زِیْنَةَ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا ۚ
وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ وَكَانَ اَمْرُهٗ فُرُطًا ﴿۲۸﴾ وَقُلِ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۫ فَمَنْ شَآءَ فَلْیُؤْمِنْ ۪ وَّ
وَمَنْ شَآءَ فَلْیَكْفُرْ ۬ ۙ اِنَّاۤ اَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِیْنَ نَارًا ۙ اَحَاطَ بِهِمْ سُرَادِقُهَا ؕ وَاِنْ یَّسْتَغِیْثُوْا یُغَاثُوْا بِمَآءٍ كَالْمُهْلِ
یَشْوِی الْوُجُوْهَ ؕ بِئْسَ الشَّرَابُ ؕ وَسَآءَتْ مُرْتَفَقًا ﴿۲۹﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اِنَّا لَا نُضِیْعُ
اَجْرَ مَنْ اَحْسَنَ عَمَلًا ﴿۳۰﴾ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ یُحَلَّوْنَ فِیْهَا مِنْ اَسَاوِرَ
مِنْ ذَهَبٍ وَّیَلْبَسُوْنَ ثِیَابًا خُضْرًا مِّنْ سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَّكِـِٕیْنَ فِیْهَا عَلَی الْاَرَآئِكِ ؕ نِعْمَ الثَّوَابُ ؕ
وَحَسُنَتْ مُرْتَفَقًا ﴿۳۱﴾ ع ۴ ۹ ۱۶

اور آپ کے پاس جو آپ کے رب کی کتاب وحی کے ذریعے سے آئی ہے وہ پڑھ دیا کیجئے اس کی باتوں کو (یعنی وعدوں) کو کوئی نہیں بدل سکتا اور آپ خدا کے سوا اور کوئی جائے پناہ نہ پائیں گے اور آپ اپنے کو ان لوگوں کے ساتھ مقید رکھا کیجئے جو صبح وشام (یعنی علی الدوام) اپنے رب کی عبادت محض اس کی رضا جوئی کے لئے کرتے ہیں اور دنیاوی زندگانی کی رونق کے خیال سے آپ کی آنکھیں (یعنی توجہات) ان سے ہٹنے نہ پائیں اور ایسے شخص کا کہنا نہ مانئے جس کے قلب کو ہم نے اپنی یاد سے غافل کر رکھا ہو اور وہ اپنی نفسانی خواہش پر چلتا ہو اور اس کا یہ حال حد سے گذر گیا ہے اور کہہ دیجئے کہ یہ دین حق تمہارے رب کی طرف سے آیا ہے سو جس کا جی چاہے ایمان لے آوے اور جس کا جی چاہے کافر رہے بیشک ہم نے ایسے ظالموں کے لئے آگ تیار کر رکھی ہے کہ اس آگ کی قناتیں اس کو گھیرے ہوں گی اور اگر (پیاس سے) فریاد کریں (بھی) کیا ہی بری جگہ ہے۔ بے شک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اچھے کام کئے تو ہم ایسوں کا اجر ضائع نہ کریں گے جو اچھی طرح کام کو کرے (پس) ایسے لوگوں کے لئے ہمیشہ رہنے کے باغ ہیں ان کے (مساکن کے) نیچے نہریں بہتی ہوں گی ان کو وہاں سونے کے کنگن پہنائے جاویں گے اور (بہشت) کیا ہی اچھی جگہ ہے۔ ۞

www.besturdubooks.net

تفسیر ربط: اوپر سے رسالت کی بحث چلی آتی ہے اور اسی کی تقریر کے لئے قصہ اصحاب کہف کا بیان کیا گیا ہے آگے بھی منصب رسالت کے حقوق وآداب مذکور ہیں جس کا حاصل استغناء کے ساتھ تبلیغ کرنا اور مصدقین کو باوجود ان کی شکستہ حالی کے مکذبین پر باوجود ان کی خوشحالی کے ترجیح دینا ہے۔

شانِ نزول: چنانچہ شانِ نزول بھی اس کا یہی ہے کہ بعض رؤسائے مشرکین نے آپ سے درخواست کی تھی کہ ہمارے آنے کے وقت ان فقراء غرباء کو ہٹا دیا کیجئے جسکی تفصیل پارۂ ہفتم کے نصف کے ذرا بعد آیت: وَاَنْذِرْ بِهِ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ ..... وَلَا تَطْرُدِ الَّذِيْنَ ..... [الأنعام ۵۱، ۵۲] کی تفسیر میں گذر چکی ہے۔

بعض آدابِ تبلیغ ☆ وَاتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنْ كِتَابِ رَبِّكَ (الی قولہ تعالیٰ) وَحَسُنَتْ مُرْتَفَقًا ۝ اور (آپ کا کام صرف اس قدر ہے کہ) آپ کے پاس جو آپ کے رب کی کتاب وحی کے ذریعہ سے آئی ہے وہ (لوگوں کے سامنے) پڑھ دیا کیجئے (اس سے زیادہ فکر نہ کیا کیجئے اور نہ یہ سوچئے کہ بڑے لوگ اگر مخالف رہے اور ان کی دلجوئی نہ کی گئی تو دین کی کس طرح ترقی ہوگی اس کی ترقی کا تو ہم وعدہ کر چکے ہیں اور) اس کی باتوں کو (یعنی وعدوں کو) کوئی بدل نہیں سکتا (یعنی مخالفین کو یہ قدرت نہیں ہے کہ خدا تعالیٰ وعدہ پورا کرنے لگیں اور وہ اس کو پورا نہ ہونے دیں اور حق تعالیٰ کو تبدیل پر قادر ہیں مگر دوسرے دلائل سے معلوم ہے کہ وہ تبدیل واقع نہ کریں گے پھر کسی کی مخالفت سے کیا ضرر) اور (اگر ان کی ایسی دلجوئی کی کہ احکام الٰہیہ متروک ہو گئے تو پھر) آپ خدا کے سوا اور کوئی پناہ (بھی) نہ پاویں گے (اور گو اس کا وقوع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بدلائل شرعیہ محال ہے لیکن مقصود اس سے اس فعل کے اثر بیان کرنے میں مبالغہ ہے) اور (جیسا ان رؤساء کفار سے استغناء کا حکم ہے اسی طرح فقراء مسلمین کے حال پر مزید التفات وتوجہ کا آپ کو حکم ہے پس) آپ اپنے کو ان لوگوں کے ساتھ (بیٹھنے میں) مقید رکھا کیجئے جو صبح وشام (یعنی علی الدوام) اپنے رب کی عبادت محض اس کی رضا جوئی کے لئے کرتے ہیں (اور ان کی کوئی دنیوی[1] غرض نہیں ہے) اور دنیوی زندگانی کی رونق کے خیال سے آپ کی آنکھیں (یعنی توجہات) ان سے ہٹنے نہ پاویں (خیال رونق سے مراد یہ کہ رئیس مسلمان ہو جاویں تو اسلام میں زیادہ جمال وکمال ہوگا پس اس میں بتلا دیا کہ اس ظاہری سامان سے اسلام کا جمال وکمال نہیں ہے بلکہ اس کا مدار اخلاص واطاعت کاملہ ہے گو فقراء ہی سے ہو) اور ایسے شخص کا کہنا (دربارہ غرباء کے ہٹا دینے کے) نہ ماننے جس کے قلب کو ہم نے (اس کی سزائے عناد میں) اپنی یاد سے غافل کر رکھا ہے (کہ دین حق کو قبول نہیں کرتا) اور وہ اپنی نفسانی خواہش پر چلتا ہے اور اس کا (یہ) حال (یعنی اتباع ہوا) حد سے گذر گیا ہے اور آپ (ان رؤساء کفار سے صاف) کہہ دیجئے کہ (یہ دین) حق تمہارے رب کی طرف سے (آیا) ہے سو جس کا جی چاہے ایمان لے آوے جس کا جی چاہے کافر رہے (ہمارا کوئی نفع ونقصان نہیں بلکہ ایمان نہ لانے سے اپنا ہی ضرر اور ایمان لانے سے اپنا ہی نفع ہے چنانچہ آگے اللہ تعالیٰ نے اس کو علی الترتیب بیان فرمایا ہے کہ ایمان نہ لانے کا تو یہ ضرر ہے کہ) بیشک ہم نے ایسے ظالموں کے لئے (دوزخ) آگ (سزا کے لئے) تیار کر رکھی ہے کہ اس آگ کی قناتیں ان کو گھیرے ہوں گی (یعنی وہ قناتیں بھی آگ ہی ہیں جیسا حدیث[2] میں ہے وہ اس میں سے نکل نہ سکیں گے) اور اگر (پیاس سے) فریاد کریں گے تو ایسے پانی سے ان کی فریاد رسی کی جاوے گی جو (کراہت صورت میں تو) تیل کی تلچھٹ (یعنی کیٹ) کی طرح ہوگا (اور تیز اور گرم اس قدر ہوگا کہ پاس لاتے ہی) مونہوں کو بھون ڈالے گا (حتیٰ کہ چہرے کی کھال اتر کر گر پڑے گی جیسا حدیث میں ہے) کیا ہی برا پانی ہوگا اور وہ دوزخ (بھی) کیا ہی بری جگہ ہوگی (یہ تو ایمان نہ لانے کا ضرر ہوا اور ایمان لانے کا نفع یہ ہے کہ) بیشک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اچھے کام کئے تو ہم ایسوں کا اجر ضائع نہ کریں گے جو اچھی طرح کام کو کرے (پس) ایسے لوگوں کے لئے ہمیشہ رہنے کے باغ ہیں ان کے (مساکن کے) نیچے نہریں بہتی ہوں گی ان کو وہاں[3] سونے کے کنگن پہنائے جاویں گے اور سبز رنگ کے کپڑے باریک اور دبیز ریشم کے پہنیں گے (اور) وہاں مسہریوں میں تکئے لگائے بیٹھے ہوں گے کیا ہی اچھا صلہ ہے اور (بہشت) کیا ہی اچھی جگہ ہے۔ ف: وَاصْبِرْ نَفْسَكَ الخ کا یہ مطلب نہیں ہے کہ جب تک یہ لوگ نہ اٹھیں گے آپ بیٹھے رہا کیجئے بلکہ مطلب یہ ہے کہ بدستور سابق ان کو اپنی طول مجالست سے مشرف رکھئے طول کو مقید ہونا فرمادیا چنانچہ درمنثور میں اس کی تفسیر میں ابراہیم کا قول لا تطردهم عن الذكر اور ابی جعفر کا قول امر ان يصبر نفسه مع اصحابه يعلمهم القران منقول ہے اور بعضوں کو وسوسہ ہوا ہے کہ ان رؤسا نے وعدہ کیا تھا کہ اگر ہماری مجلس خاص بن جاوے تو ہم مسلمان ہو جاویں تو یہ درخواست تو منظوری کے قابل تھی جواب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کو معلوم تھا کہ یہ ایمان نہ لاویں گے دوسرے اگر کوئی کافر کسی امر مباح پر اپنا ایمان معلق کرے تو وہ واجب نہیں ہو جاتا چہ جائیکہ امر مکروہ پر مثلاً اگر کوئی کافر کہے کہ مجھ کو ہزار روپیہ دو تو میں مسلمان ہو جاؤں کسی مسلمان پر اس درخواست کا پورا کرنا واجب نہیں اور يحلون فيها میں بعض کو وسوسہ ہوا ہے کہ مردوں کے ہاتھ میں تو کنگن برے معلوم ہوں گے جواب یہ ہے کہ یہاں بھی جس جگہ اس کا عرف ہے برے نہیں سمجھے جاتے البتہ نہی شرعی مانع ہے سو وہ وہاں نہیں ہوگی اور یہ جو فرمایا کہ سبز لباس ہوگا اس سے حصر مقصود نہیں کیونکہ آیات میں مصرح ہے کہ جس چیز کو جی چاہے گا وہ ملے گی اور یہاں سُنْدُس اور اِسْتَبْرَق کو مطلق فرمایا مگر سورۂ رحمٰن میں ارشاد ہے: بَطَآئِنُهَا مِنْ اِسْتَبْرَقٍ [الرحمن: ۵۴] یعنی استر دبیز ریشمی کپڑے کا ہوگا اس سے اشارۃً مفہوم ہو سکتا ہے کہ ظہائر یعنی ابرہ سندس یعنی باریک ریشمی کپڑے ہوگا جیسا دنیا میں بھی اکثر ایسی ہی عادت ہے۔ واللہ اعلم

www.besturdubooks.net

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ الخ اس آیت میں حکم ہے ان فقراء کی صحبت کا جو اپنے مولیٰ کی خدمت کے لئے انقطاع اختیار کر چکے ہیں اور گو حضور صلی اللہ علیہ وسلم جو ان سے صحبت رکھتے تھے اس صحبت کا فائدہ ان فقراء کو پہنچتا تھا مگر دوسرے اس صحبت سے خود مستفید ہوں گے کیونکہ یہ فقراء ایسی قوم ہے کہ ان کا جلیس محروم نہیں رہتا قولہ تعالیٰ: وَلَا تَعْدُ عَيْنٰكَ عَنْهُمْ ۚ اس میں پیروں کا حکم ہے کہ طالبین پر توجہ رکھیں اور ان سے اکتائیں نہیں قولہ تعالیٰ: تُرِيْدُ زِيْنَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ اس میں مذمت ہے اغنیاء کی طرف میل اور تواضع کرنے کی جس کا سبب ان کا غناء ہو ۱۲ قولہ تعالیٰ: وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا الخ اس میں محجوبین غافلین کی اطاعت سے منع کیا گیا ہے اور اسی اطاعت میں تواضع بھی داخل ہے کیونکہ وہ حالاً اس کا طالب ہے گو مقالاً ظاہر نہیں کرتا ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی التمهید شانِ نزول کما فی الدر المنثور قال جاء ت المؤلفة قلوبهم الی قوله فانزل الله واتل ما اوحی الخ وفیه فی قوله ولا تطع نزلت فی امیة بن خلف اه قلت والأية علی بعض الروایات مدنیة کما فی الروح من قوله وعلیه تکون الآیات مستثناة من حکم السورة ای الحکم بکونها مکیة ۱۲۔ ۲ قوله فی یریدون دنیوی غرض نہیں اشارة الی ان المقصود لیس نفی طلب الجنة فانها من آثار وجه الله ۱۲۔ ۳ قوله فی سرادقها حدیث میں ہے اورده فی الروح عن احمد وتاریخ البخاری ۱۲۔ ۴ قوله فی یشوی الوجوه حدیث میں ہے رواه الترمذی ۱۲۔ ۵ قوله فی فیها وہاں ہو ترجمة بالحاصل ۱۲۔

اللغات: قوله متحدا ملجا قوله لا تعد لا تتجاوز قوله فرطا۔ افراطاً ۱۲۔ قوله السرادق معرب سراپردہ وقیل سراطاق وقیل سرادر ما احاطه بموضع من حاط او مضروب او خباء ۱۲ قوله المهل فسر فی الحدیث بعکر الزیت وایضا ذکره فی القاموس ۱۲ قوله المرتفق فی الروح المقرو المجلس آه وقیل مجلس الراحة خاصة فعلیه یکون فیه المشاکلة او التهکم ۱۲ قوله العدن القامة ۱۲ قوله اساور جمع اسورة جمع سوار قوله سندس واستبرق معربان مارق من دیباج وغلظ ۱۲۔

النحو: ترید حال فلا اشکال قوله من اساور من ذهب الاولی ابتدائیة والثانیة بیانیة ۱۲۔

البلاغة: قوله یریدون وجهه ای رضاه قال السهیلی ان الوجه اذا اضیف الیه تعالیٰ یراد به الرضا والطاعة المرضیة مجازا لان من رضی علی شخص یقبل علیه ومن غضب یعرض عنه کذا فی الروح ۱۲ قوله یحلون مبنیا للمفعول ویلبسون مبنیا للفاعل اشعارًا بانهم لا یتعاطون التحلیة بانفسهم وانما یفعله الخدم وکذلك سائر الملوك فی الدنیا یلبسهم التیجان ونحوها خدمهم واسند البس الیهم لان الانسان یتعاطی ذلك نفسه خصوصًا اذا کان فیه سترة العورة کذا فی الروح ۱۲۔

وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا رَّجُلَيْنِ جَعَلْنَا لِاَحَدِهِمَا جَنَّتَيْنِ مِنْ اَعْنَابٍ وَّحَفَفْنٰهُمَا بِنَخْلٍ وَّجَعَلْنَا بَيْنَهُمَا
زَرْعًا ﴿۳۲﴾ كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ اٰتَتْ اُكُلَهَا وَلَمْ تَظْلِمْ مِّنْهُ شَيْـًٔا ۙ وَّفَجَّرْنَا خِلٰلَهُمَا نَهَرًا ﴿۳۳﴾ وَّكَانَ لَهٗ ثَمَرٌ ۚ
فَقَالَ لِصَاحِبِهٖ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗۤ اَنَا اَكْثَرُ مِنْكَ مَالًا وَّاَعَزُّ نَفَرًا ﴿۳۴﴾ وَدَخَلَ جَنَّتَهٗ وَهُوَ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ قَالَ مَاۤ
اَظُنُّ اَنْ تَبِيْدَ هٰذِهٖۤ اَبَدًا ﴿۳۵﴾ وَّمَاۤ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً ۙ وَّلَئِنْ رُّدِدْتُّ اِلٰى رَبِّيْ لَاَجِدَنَّ خَيْرًا
مِّنْهَا مُنْقَلَبًا ﴿۳۶﴾ قَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗۤ اَكَفَرْتَ بِالَّذِيْ خَلَقَكَ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ سَوّٰىكَ
رَجُلًا ﴿۳۷﴾ لٰكِنَّا۠ هُوَ اللّٰهُ رَبِّيْ وَلَاۤ اُشْرِكُ بِرَبِّيْۤ اَحَدًا ﴿۳۸﴾ وَلَوْلَاۤ اِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ قُلْتَ مَا شَآءَ اللّٰهُ ۙ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۚ
اِنْ تَرَنِ اَنَا اَقَلَّ مِنْكَ مَالًا وَّوَلَدًا ﴿۳۹﴾ فَعَسٰى رَبِّيْۤ اَنْ يُّؤْتِيَنِ خَيْرًا مِّنْ جَنَّتِكَ وَيُرْسِلَ عَلَيْهَا حُسْبَانًا
مِّنَ السَّمَآءِ فَتُصْبِحَ صَعِيْدًا زَلَقًا ﴿۴۰﴾ اَوْ يُصْبِحَ مَآؤُهَا غَوْرًا فَلَنْ تَسْتَطِيْعَ لَهٗ طَلَبًا ﴿۴۱﴾ وَاُحِيْطَ بِثَمَرِهٖ فَاَصْبَحَ
يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ عَلٰى مَاۤ اَنْفَقَ فِيْهَا وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا وَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ لَمْ اُشْرِكْ بِرَبِّيْۤ اَحَدًا ﴿۴۲﴾

www.besturdubooks.net

وَلَمْ تَكُنْ لَّهٗ فِئَةٌ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَمَا كَانَ مُنْتَصِرًا ﴿۴۳﴾ هُنَالِكَ الْوَلَايَةُ لِلّٰهِ الْحَقِّ ؕ هُوَ خَيْرٌ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ عُقْبًا ﴿۴۴﴾ ع ۵

اور آپ ان لوگوں سے دو شخصوں کا حال بیان کیجئے ان دو شخصوں میں سے ایک کو ہم نے دو باغ انگور کے دے رکھے تھے اور ان دونوں (باغوں) کے گرد درختوں سے احاطہ بنا رکھا تھا اور ان دونوں کے درمیان میں کھیتی بھی لگا رکھی (اور) دونوں باغ اپنا پورا پھل دیتے تھے اور کسی کے پھل میں ذرا بھی کمی نہ رہتی تھی اور ان دونوں کے درمیان میں نہر چلا رکھی تھی اور اس شخص کے پاس اور بھی تمول کا سامان تھا سو (ایک بار) اپنے اس (دوسرے) ساتھی ملاقاتی سے ادھر ادھر کی باتیں کرتے کرتے کہنے لگا کہ میں تجھ سے مال میں بھی زیادہ ہوں اور مجمع بھی میرا زبردست ہے اور اپنے اوپر جرم (کفر) قائم کرتا ہوا اپنے باغ میں پہنچا (اور) کہنے لگا کہ میرا تو خیال نہیں کہ یہ باغ (میری مدت حیات میں) کبھی بھی برباد ہو اور میں قیامت کے دن کو نہیں خیال کرتا کہ آوے گی اور اگر میں اپنے رب کے پاس پہنچایا گیا تو ضرور اس باغ سے بہت زیادہ اچھی جگہ مجھ کو ملے گی۔ اس سے اس کے ملاقاتی نے (جو کہ غریب اور دیندار تھا) جواب کے طور کہا کہ کیا تو اس ذات (پاک) کے ساتھ کفر کرتا ہے جس نے تجھ کو (اول) منی سے پیدا کیا پھر نطفہ سے پھر تجھ کو صحیح و سالم آدمی بنایا لیکن میں تو یہ عقیدہ رکھتا ہوں کہ وہ اللہ تعالیٰ میرا رب (حقیقی) ہے اور میں اس کے ساتھ شریک نہیں ٹھہراتا اور تو جس وقت اپنے باغ میں پہنچا تھا تو نے یوں کیوں نہ کہا کہ جو اللہ کو منظور ہوتا ہے وہی ہوتا ہے اور بدوں خدا کی مدد کے (کسی میں) کوئی قوت نہیں اگر تو مجھ کو مال اور اولاد میں کمتر دیکھتا ہے تو مجھ کو وہ وقت نزدیک معلوم ہوتا ہے کہ میرا رب مجھ کو تیرے باغ سے اچھا باغ دے دے اور اس (تیرے باغ) پر کوئی تقدیری آفت آسمان سے بھیج دے جس سے وہ باغ دفعتہً ایک صاف میدان ہو کر رہ جائے یا اس سے اس کا پانی بالکل اندر (زمین میں) اتر کر خشک ہو جائے پھر تو اس کی کوشش بھی نہ کر سکے اور اس شخص کے سامان تمول کو آفت نے آ گھیرا پھر اس نے جو کچھ اس باغ پر خرچ کیا تھا اس پر ہاتھ ملتا رہ گیا اور وہ اپنی ٹٹیوں پر گرا ہوا پڑا تھا اور کہنے لگا کیا خوب ہوتا کہ میں اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراتا اور اس کے پاس کوئی ایسا مجمع نہ ہوا کہ خدا کے سوا اس کی مدد کرتا اور نہ وہ خود ہم سے بدلہ لے سکا ایسے موقعہ پر مدد کرنا اللہ برحق ہی کا کام ہے اسی کا ثواب سب سے اچھا اور اسی کا نتیجہ سب سے اچھا ہے۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر بیان آدابِ تبلیغ کے ضمن میں کفار کی اس درخواست کا کہ ہمارے آنے کے وقت فقراء مسلمین کو ہٹا دیا جاوے رد تھا آگے تذلیل مال و تفضیل ایمان و اعمال کے بیان سے ایک قصہ کے پیرایہ میں اس درخواست کے منی اور منشاء کا کہ اموال دنیا پر افتخار اور استکبار اور بوجہ ناداری کے غرباء مسلمین کا استحقار و استصغار ہے ہدم فرماتے ہیں اور یہ قصہ قرآن میں بہت مجمل آیا ہے جس میں اہل قصہ کا نام و نشان نہیں بتلایا اسی لئے بعض نے اس کو فرضی قصہ کہا ہے لیکن در منثور میں ابی عمرو شیبانی کا قول تعیین نہر مذکور فی القصہ کے بارے میں منقول ہے کہ یہ نہر شہر رملہ سے ملک شام کی ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ قصہ واقعی ہے اور چونکہ اصل مقصود تفصیل پر موقوف نہ تھا اس لئے اجمال مضر مقصود نہیں و اللہ اعلم اور جیسا اس قصہ سے کفار کی تغلیط ہو گئی اسی طرح مؤمنین کی تسکین اور تسلی بھی ہو گئی کہ ناداری کا غم نہ کریں اور حصول دولت عقبیٰ پر شکر کریں۔ فقط

قصہ در بیان تذلیل مال و تفضیل اعمال ☆ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا رَّجُلَيْنِ (الی قولہ تعالیٰ) هُوَ خَيْرٌ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ عُقْبًا ﴿۴۴﴾ اور آپ (دنیا کی بے ثباتی اور عقبیٰ کی ثبات ظاہر کرنے کے لئے) ان لوگوں سے دو شخصوں کا حال (جن میں باہم ملاقات یا قرابت کا تعلق تھا) بیان کیجئے (تاکہ کفار کا زعم باطل ہو جاوے اور مسلمانوں کو تسلی حاصل ہو جاوے سو) ان دو شخصوں میں سے ایک کو (جو کہ بددین تھا) ہم نے دو باغ انگور کے دے رکھے تھے اور ان دونوں (باغوں) کا کھجور کے درختوں سے احاطہ بنا رکھا تھا (یعنی باڑ کھجور کے درختوں کی تھی) اور ان دونوں (باغوں) کے درمیان کھیتی بھی لگا رکھی تھی (اور) دونوں باغ اپنا پورا پھل دیتے تھے اور کسی کے پھل میں ذرا بھی کمی نہ رہتی تھی (بخلاف اکثر باغوں کے کہ کبھی کسی درخت میں اور کسی سال پورے باغ میں پھل کم آتا ہے) اور ان دونوں (باغوں) کے درمیان میں نہر چلا رکھی تھی اور اس شخص کے پاس اور بھی تمول کا سامان[1] تھا سو (ایک بار) اپنے اس (دوسرے) ملاقاتی سے ادھر اُدھر کی باتیں کرتے کرتے کہنے لگا کہ میں تجھ سے مال میں بھی زیادہ ہوں اور مجمع بھی میرا زبردست ہے (یعنی تو جو میرے طریقہ کو باطل اور عنداللہ ناپسندیدہ بتلایا کرتا ہے اور اپنے طریقہ کو حق اور عنداللہ پسندیدہ کہتا ہے سو ثمرہ دونوں کا دیکھ لے اگر تیرا دعویٰ صحیح ہوتا تو حالت بالعکس ہوتی کیونکہ دشمن کو کوئی نہیں نوازتا اور دوست کو کوئی نقصان نہیں پہنچاتا) اور وہ (اتفاق سے اپنے ملاقاتی[2] سے لے کر) اپنے اوپر جرم (کفر) قائم کرتا ہوا اپنے باغ میں پہنچا (اور) کہنے لگا کہ (اجتماع اسباب بقاء و نشو و نما کے اعتبار سے) میرا تو خیال نہیں ہے کہ یہ باغ (میری مدتِ حیات میں) کبھی بھی برباد ہو (یہ اس نے توحید کے مسئلہ میں کلام کیا کہ تو جو صانع عالم کا اور اس کی قدرت وغیرہ کا قائل ہے سو میں تو نہیں سمجھتا کہ اسبابِ طبعیہ کو کوئی معطل کر سکے اور اس باغ وغیرہ کا کارخانہ جس کی آبادی کے سارے اسباب جمع ہیں کہ نہر بھی ہے، کارکن بھی ہیں، خرچ کرنے کو مال بھی، اس مال کی حفاظت کا سامان بھی ہے کسی طرح محتمل ویرانی کا ہو) اور (اسی طرح) میں قیامت کو نہیں خیال

www.besturdubooks.net

کرتا کہ آوے گی اور اگر (بفرض محال) قیامت آئی بھی اور) میں اپنے رب کے پاس پہنچایا گیا (جیسے تو کہا کرتا ہے) تو ضرور اس باغ سے بہت زیادہ اچھی جگہ مجھ کو ملے گی (یعنی وہاں کی جنت کو تو یہاں سے اچھا تو کہا ہی کرتا ہے اور وہ مقبولین کے واسطے ہے اور میرے مقبول ہونے کی یہی دلیل ہے کہ یہاں کیسی راحت وعزت سے رکھا جاتا ہوں پس اگر قیامت ہوئی وہاں بھی مجھ کو جنت ہی ملے گی پس اس شخص نے چار دعوے کئے کفر کا مذموم نہ ہونا اَنَا اَکْثَرُ الخ میں توحید کا انکار مَآ اَظُنُّ اَنْ تَبِیْدَ الخ میں قیامت کا انکار مَآ اَظُنُّ السَّاعَةَ الخ میں اپنا مکرم عنداللہ ہونا لَئِنْ رُّدِدْتُّ میں جو فرع ہے پہلے دعویٰ کی) اس (کی یہ باتیں سن کر اس) سے اس کے ملاقاتی نے (جو کہ دیندار اور غریب تھا) جواب کے طور پر کہا کیا تو (توحید اور قیامت سے انکار کر کے) اس ذات (پاک) کے ساتھ کفر کرتا ہے جس نے تجھ کو (اول) مٹی سے (جو کہ تیرا مادہ بعیدہ ہے بواسطہ آدم علیہ السلام کے) پیدا کیا پھر (تجھ کو) نطفہ سے (جو کہ تیرا مادہ قریبہ ہے رحم مادر میں بنایا یعنی اعضا بنائے) پھر تجھ کو صحیح وسالم آدمی بنایا (یعنی ہاتھ پاؤں سے درست بنایا مطلب یہ کہ توحید اور قیامت کا انکار کفر باللہ ہے توحید میں تو عقلاً بھی اور قیامت میں صرف نقلاً خیر اگر تو کفر کرتا ہے تو کیا کر) لیکن میں تو یہ عقیدہ رکھتا ہوں کہ وہ یعنی اللہ تعالیٰ میرا رب (حقیقی) ہے اور میں اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہراتا (اس جواب سے توحید کا بھی اثبات ہو گیا جیسا لا شریک صریحاً دال ہے اور قیامت کا بھی اثبات دلالۃً ہو گیا جیسا ربی سے معلوم ہوا کیونکہ جس کو قدرت احیاء کی بھی نہ ہو وہ عاجز ہے اور عاجز لائق ربوبیت حقیقیہ کے نہیں) اور (جب توحید ثابت ہے جس کے لوازم میں سے ہے قدرت کاملہ کا ثابت ہونا اور اس کے فروع میں سے ہے اسبابِ طبعیہ کا معطل ہو سکنا تو اس بناء پر تجھ کو واجب تھا کہ آگے بڑھ کر مسبب کی طرف نظر کرتا سو) تو جس وقت اپنے باغ میں پہنچا تھا تو تو نے یوں کیوں نہ کہا کہ جو اللہ کو منظور ہوتا ہے وہی ہوتا ہے (اور) بدون خدا کی مدد کے (کسی میں) کوئی قوت نہیں (چنانچہ یہ باغ اللہ جب تک چاہے گا قائم رکھے گا اگر وہ چاہے گا ویران ہو جاوے گا اس کی مشیت کے روبرو سب اسباب معطل ہیں اور بدون ان کی مدد کے کوئی اسباب کام نہیں آ سکتے اس سے بھی توحید کی تائید ہو گئی اب دو مضمون رہ گئے ایک اول کا یعنی کفر کے مذموم نہ ہونے پر کثرت اموال وغیرہ سے استدلال اور ایک آخر کا جو اسی کی فرع ہے یعنی ان چیزوں سے مکرم عنداللہ ہونے پر استدلال آگے اس کا جواب ہے کہ) اگر تو مجھ کو مال اور اولاد میں (جو کہ نفرا۔ کے عموم میں داخل ہے) کمتر دیکھتا ہے (اور اس سے اپنے اور اپنے طریقہ کے غیر مذموم عنداللہ ہونے کا شبہ پڑ گیا ہے) تو مجھ کو وہ وقت نزدیک معلوم ہوتا ہے کہ میرا رب مجھ کو تیرے باغ سے اچھا باغ دے دے (خواہ دنیا میں یا مرنے کے بعد جس میں ہر طرح کا سامان عیش ولذت کا ہو اور اس میں اولاد ونفر کی کثرت کا جواب بھی آ گیا کیونکہ مقصود اولاد وغیرہ سے قلب کی راحت ہوتی ہے سو اس اچھے باغ میں راحت کا سب سامان ہوگا خواہ اولاد وغیرہ کے واسطے سے یا کسی چیز کے واسطے سے جو اولاد سے بھی زیادہ ہو) اور اس (تیرے باغ) پر کوئی تقدیری آفت آسمان سے (یعنی حکم غیبی سے بلا توسط طبعیہ) بھیج دے جس سے وہ باغ دفعۃً ایک صاف (چٹیل) میدان ہو کر رہ جاوے یا اس سے اس کا پانی (جو نہر میں جاری ہے) بالکل اندر (زمین میں) اتر (کر خشک ہو) جاوے پھر تو اس (کے لانے اور نکالنے) کی کوشش بھی نہ کر سکے (اور ملنا تو بڑی دور ہے اور اس کافر کی اولاد کی نسبت کوئی بات نہیں کہی اس کی بے تکلف توجیہ میرے خیال میں یہ ہے کہ اولاد کی راحت بھی مال کے ساتھ ہے جب مال نہیں ہوتا تو اولاد الٹا وبالِ جان ہو جاتی ہے اور آلۂ تعذیب ہوتی ہے اور کھیت کا بھی لفظوں میں ذکر نہیں کیونکہ اس کا مدار پانی پر ہے جب وہ نہیں رہا تو کھیت بھی اجڑ جاوے گا یا یہ کھیت تابع تھا اور باغ دو تھے اور ہر جگہ ایک کا ذکر کیا وجہ اس کی یہ ہے کہ مراد جنس باغ ہے جو دونوں کو شامل ہے حاصل یہ ہوا کہ تیرا منشاء اشتباہ یہ دولت وثروت ہے جو تیرے پاس ہے اور میرے پاس نہیں سو اس کا منشاء سمجھنا غلط ہے کیونکہ اول تو یہاں ہی ممکن ہے کہ عکس ہو جاوے پھر کبھی نہ کبھی تو یہ فناء ہونے والا ہی ہے اور آخرت کی نعمتیں کبھی فنا نہ ہوں گی اس لئے اعتبار وہاں کا ہے یہاں کا نہیں اور من السماء بالتفسیر المذکور سے اس طرف بھی اشارہ ہو گیا کہ اگر غیر معمولی طریقہ سے آفت نازل ہو تو تعطل اسبابِ طبعیہ بھی معلوم ہو جاوے جس سے توحید کی زائد تائید ہو) اور (اس گفتگو کے بعد یہ واقعہ ہوا کہ) اس شخص کے سامان تمول کو آفت نے آ گھیرا (معلوم نہیں کیا آفت تھی لیکن ظاہراً اس کے ابہام سے جیسا کہ احیط کا مبنی للمفعول ہونا دال ہے معلوم ہوتا ہے کہ کوئی عظیم آفت تھی اور غیر معمولی عظیم ہونے میں اعظم ہے پس عجب نہیں کہ کوئی امر خارق عادت ہو چنانچہ خازن میں لکھا ہے کہ ایک آگ تھی جو آسمان سے آئی اور باغ وکھیت کو جلا دیا اور پانی کو خشک کر دیا نیز حسبان کی تفسیر بھی بعض نے نار کے ساتھ کی ہے اخرج ذلك ابن ابی شیبة وابن ابی حاتم عن الضحاك كذا فی الروح اور اگر نہ بھی ہو تب بھی کچھ خرابی نہیں کیونکہ من السماء کی اگر یہ تفسیر ہو تو اس مؤمن کا یہ خیال تھا جو پورا ہونا ضروری نہیں) پس اس نے جو کچھ اس باغ پر خرچ کیا تھا اس پر ہاتھ ملتا رہ گیا اور وہ باغ اپنی ٹٹیوں پر گرا ہوا پڑا تھا (خواہ وہ بھی سوختہ ہوں یا سب نیم سوختہ ہوں اور باغ کی تخصیص حسرت میں یہ ہے کہ اس میں زیادہ خرچ کیا اور وہ محبوب بھی زیادہ تھا اور ہلاک ہونے پر حسرت کا ذکر نہیں فرمایا وجہ یہ کہ وہ تو ظاہر ہے انفاق کا ذکر اس لئے فرمایا کہ دوہری حسرت تھی حال پر بھی ماضی پر بھی بلا واسطہ بھی بواسطہ بھی) اور کہنے لگا کیا خوب ہوتا کہ میں اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراتا (مراد یہ کہ کفر نہ کرتا اس میں انکار قیامت وغیرہ سب آ گیا چونکہ توحید سب میں اعظم ہے اس لئے اس کی تخصیص کا مطلب یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ سمجھ گیا کہ یہ آفت کفر کے

www.besturdubooks.net

انتقام میں آئی ہے اس لئے اس پر نادم ہوتا ہے کہ اگر کفر نہ کرتا تو یا تو آفت نہ آتی یا آتی تو اس کا بدل آخرت میں ملتا اب خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ [الحج: ۱۱] کا مضمون ہو گیا یہ باتیں مؤمن سے اس کے کان میں پڑی ہوں گی اور اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ مؤمن ہو گیا ہو کیونکہ یہ ندامت ضرر کی وجہ سے ہے کفر کے مذموم ہونے کی وجہ سے ندامت ثابت نہیں) اور اس کے پاس کوئی ایسا مجمع نہ ہوا کہ خدا کے سوا اس کی مدد کرتا (کہ اس پر آفت نہ آنے دیتا یا آنے کے بعد ہٹا دیتا سارا ناز مجمع پر جاتا رہا) اور نہ وہ خود (ہم سے) بدلا لے سکا ایسے موقع پر مدد کرنا اللہ برحق ہی کا کام ہے (اور آخرت میں بھی) اسی کا ثواب سب سے اچھا ہے اور (دنیا میں بھی) اسی کا نتیجہ سب سے اچھا ہے (یعنی اگر اس کے مقبولین کا کوئی نقصان ہو جاتا ہے تو دونوں جہان میں ثمرہ نیک ملتا ہے بخلاف کافر کے کہ بالکل خسارے میں رہ گیا)۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا رَّجُلَيْنِ الخ اس میں فقراء متوکلین علی اللہ کی تسلی اور اغنیاء مغرورین کی تنبیہ کی گئی ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی کان له ثمر سامان تمول کما فی الروح عن القاموس وغیرها انواع المال ۱۲۔ ۲ قوله فی دخل جنته ملاقاتی کو لے کر دل علیه هذا القید السیاق والمحاورة کذا فی الروح ۱۲۔ ۳ قوله فی یحاوره الثانی جواب کے طور پر دل علیه وقوعه فی الجواب ۱۲۔ ۴ قوله فی لکنا میں تو یہ عقیدہ اشارة الی اصله وهو لکن انا اعتقد وهو اولی من اقول ۱۲۔ ۵ قوله فی بالله مدد اشارة الی ان الباء للاستعانة ۱۲۔ ۶ قوله فی حسباناً تقدیری آفت کما فی الروح عن الزمخشری هو مصدر کالبطلان والغفران بمعنی الحساب والمراد به المحسوب والمقدر ای مقدر قدره الله تعالیٰ وحسبه وهو الحکم بتخریبها ۱۲۔ ۷ قوله فی فتصبح رفعٌ دلت علیه الفاء ویتاید به کون الآفة غیر معتادة۔ ۸ قوله فی او یصبح یاس فیه اشارة الی کونه معطوفا علی تصبح لا علی یرسل ولا تعجب من کون الحسبان السماوی سببا لغور الماء فان الله تعالیٰ قادر علی خلاف العادة ۱۲۔ ۹ قوله فی الولایة مدد کرنا لانه بفتح الواو اما بکسر الواو فمعناه السلطان والملك ۱۲۔

اللغات: قوله حففنٰهما بنخل ای جعلنا النخل محیطة بها مطیفة بحا فیهما ای جانبیهما یقال حفه القوم اذا طافوا به و حففته بهم اذا جعلتهم حافین حوله فتزیده الباء مفعولا آخر کقولك غشیته به ۱۲ قوله زلقا لیس فیها نبات واصل معنی الزلق الزلل فی الشیٔ لو حل ونحوه لکن لما کان ذلك فیما لا یکون فیه نبت ونحوه مما یمنع منه تجوز به او کنی عنه بالمصدر عن المزلقة مبالغة ۱۲۔ قوله عقبا بضم القاف والتنوین عاقبة ۱۲۔

البلاغۃ: قوله او یصبح هو مانعة الخلو ۱۲ قوله یقلب کفیه قال غیر واحد هو ان یضیع باطن احداهما علی ظهر الاخری ثم یعکس الامر ویکرر ذلك فهو کنایة عن الندم والتحسر ولکونه کنایة عن الندم عدی بعلی فی قوله تعالیٰ علی ما انفق ۱۲۔

وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ فَاَصْبَحَ هَشِيْمًا تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِرًا ﴿۴۵﴾ اَلْمَالُ وَالْبَنُوْنَ زِيْنَةُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ اَمَلًا ﴿۴۶﴾ وَيَوْمَ نُسَيِّرُ الْجِبَالَ وَتَرَى الْاَرْضَ بَارِزَةً ۙ وَّحَشَرْنٰهُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ اَحَدًا ﴿۴۷﴾ وَعُرِضُوْا عَلٰى رَبِّكَ صَفًّا ؕ لَقَدْ جِئْتُمُوْنَا كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۭ بَلْ زَعَمْتُمْ اَلَّنْ نَّجْعَلَ لَكُمْ مَّوْعِدًا ﴿۴۸﴾ وَوُضِعَ الْكِتٰبُ فَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا فِيْهِ وَيَقُوْلُوْنَ يٰوَيْلَتَنَا مَالِ هٰذَا الْكِتٰبِ لَا يُغَادِرُ صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً ع ۵ ۱۸ اِلَّآ اَحْصٰىهَا ۚ وَوَجَدُوْا مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا ؕ وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا ﴿۴۹﴾

اور آپ ان لوگوں سے دنیوی زندگی کی حالت بیان فرمائیے کہ وہ ایسی ہے جیسے آسمان سے ہم نے پانی برسایا ہو پھر اس کے ذریعے سے زمین کی نباتات خوب گنجان ہو گئی ہوں پھر وہ ریزہ ریزہ ہو جاوے کہ اس کو ہوا اڑائے لئے پھرتی ہو اور اللہ تعالیٰ ہر ہر چیز پر پوری قدرت رکھتے ہیں مال اور اولاد حیات دنیا کی ایک رونق ہے اور جو اعمال صالح باقی رہنے والے ہیں وہ آپ کے رب کے نزدیک ثواب کے اعتبار سے بھی ہزار درجہ بہتر ہیں اور امید کے اعتبار سے بھی ہزار درجہ بہتر ہیں۔ اس دن کو یاد کرنا چاہئے جس دن ہم پہاڑوں کو ہٹا دیں گے اور آپ زمین کو دیکھیں گے کہ کھلا میدان پڑا ہے اور ہم ان سب کو جمع کر دیں گے اور ان میں سے کسی کو بھی نہیں چھوڑیں گے اور سب کے

www.besturdubooks.net

سب آپ کے رب کے روبرو برابر کھڑے کر کے پیش کئے جائیں گے دیکھو تم ہمارے پاس آئے بھی جیسا ہم نے تم کو پہلی بار پیدا کیا تھا بلکہ تم ہی سمجھتے رہے کہ ہم تمہارے لئے کوئی وقت موعود نہ لائیں گے اور نامہ اعمال رکھ دیا جائے گا تو آپ مجرموں کو دیکھیں گے کہ اس میں جو کچھ ہے اس سے ڈرتے ہوں گے اور کہتے ہوں گے کہ ہائے ہماری کم بختی اس نامہ اعمال کی عجیب حالت ہے کہ بے قلمبند کئے ہوئے نہ کوئی چھوٹ گناہ چھوڑا نہ بڑا گناہ (چھوڑا) اور جو کچھ انہوں نے کیا وہ سب (لکھا ہوا) موجود پائیں گے اور آپ کا رب کسی پر ظلم نہ کرے گا۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر جس طرح ایک تمثیل جزئی کے ضمن میں مال و جاہ دنیا کا فانی اور حقیر ہونا اور اعمال عقبیٰ کا باقی اور وقیع ہونا مذکور تھا اسی طرح آگے بھی ایک تمثیل کلی کے ضمن میں دنیا کا سریع الزوال ہونا اور پھر اعمالِ صالحہ کا باقی رہنا اور پھر بعض واقعات قیامت کے ذکر سے آخرت کا قابل اہتمام اور مخالفت کا قابل حذر ہونا بیان فرماتے ہیں۔

فنائے دنیا و بقائے عقبیٰ و ہولِ قیامت ☆ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا (الی قولہ تعالیٰ) وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا ﴿۴۹﴾ اور آپ ان لوگوں سے دنیوی زندگی کی حالت بیان فرمایئے کہ وہ ایسی ہے جیسے آسمان[1] سے ہم نے پانی برسایا ہو پھر اس (پانی) کے ذریعہ سے زمین کی نباتات خوب گنجان ہوگئی ہوں پھر وہ (بعد اس کے کہ تر و تازہ اور سرسبز تھے خشک ہو کر) ریزہ ریزہ ہو جاوے کہ اس کو ہوا اُڑائے لئے پھرتی ہو (یہی حال دنیا کا ہے کہ آج ہری بھری نظر آتی ہے پھر اس کا نام و نشان بھی نہ رہے گا) اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتے ہیں (جب چاہیں ایجاد کریں ترقی دیں جب چاہیں فنا کر دیں جب خود اس حیات کا یہ حال ہے اور) مال اور اولاد حیات دنیا کی ایک رونق (اور اس کے توابع میں سے) ہے (تو مال اور اولاد تو اس سے بھی زیادہ سریع الزوال ہے) اور جو اعمالِ صالحہ (ہمیشہ ہمیشہ کو) باقی رہنے والے ہیں وہ آپ کے رب کے نزدیک (یعنی آخرت میں اس دنیا سے) ثواب کے اعتبار سے بھی ہزار درجہ بہتر ہے اور امید کے اعتبار سے بھی ہزار درجہ بہتر ہے (یعنی اعمال صالحہ پر جو جو امیدیں وابستہ ہوتی ہیں وہ آخرت میں پوری ہوں گی اور اس سے بھی زیادہ زیادہ ثواب ملے گا بخلاف متاع دنیا کے کہ اس سے خود دنیا ہی میں امیدیں نہیں پوری ہوتیں اور آخرت میں تو احتمال ہی نہیں میں اس لئے دنیا میں دلچسپی یا اس پر فخر کرنا نہ چاہئے بلکہ آخرت کا اہتمام کرنا چاہئے) اور اس دن کو یاد کرنا[2] چاہئے جس دن ہم پہاڑوں کو (ان کی جگہ سے) ہٹا دیں گے (یہ ابتدا میں ہوگا پھر وہ ریزہ ریزہ ہو جاویں گے) اور (بوجہ اس کے کہ پہاڑ اور اشجار اور عمارات نہ رہیں گے) آپ زمین کو دیکھیں گے کہ کھلا میدان پڑا ہے اور ہم ان سب کو (قبروں سے اُٹھا کر میدانِ حساب میں) جمع کر دیں گے اور ان میں سے کسی کو بھی نہ چھوڑیں گے (کہ وہ وہاں نہ لایا جاوے) اور سب کے سب آپ کے رب کے روبرو (یعنی موقف حساب میں) برابر کھڑے کر کے پیش کئے جاویں گے (یہ بھی احتمال نہ رہے گا کہ کوئی کسی کی آڑ میں چھپ جاوے اور ان میں جو قیامت کی تکذیب کرتے تھے ان سے کہا جاوے گا کہ) دیکھو آخر تم ہمارے پاس (دوبارہ پیدا ہو کر) آئے بھی جیسا ہم نے تم کو پہلی بار (یعنی دنیا میں) پیدا کیا تھا (مگر تم باوجود مشاہدہ خلق اول کے خلق ثانی کے قائل نہ ہوئے) بلکہ تم یہی سمجھتے رہے کہ ہم تمہارے (دوبارہ پیدا کرنے کے) لئے کوئی وقت موعود نہ لائیں گے اور نامہ اعمال (خواہ داہنے ہاتھ یا بائیں ہاتھ میں دے کر اس کے سامنے کھلا ہوا) رکھ دیا جاوے گا (جیسا دوسری آیت میں ہے ونخرج له يوم القيٰمة كتٰبا يلقٰه منشورا) تو آپ مجرموں کو دیکھیں گے کہ اس میں جو کچھ (لکھا) ہوگا (اس کو دیکھ کر) اس سے (یعنی اس کی سزا سے) ڈرتے ہوں گے اور کہتے ہوں گے کہ ہائے ہماری کمبختی اس نامۂ عمل میں عجیب حالت ہے کہ بے قلمبند کئے ہوئے نہ کوئی چھوٹا گناہ چھوڑا نہ بڑا گناہ (چھوڑا) اور جو کچھ انہوں نے (دنیا میں) کیا تھا وہ سب (لکھا ہوا) موجود پائیں گے اور آپ کا رب کسی پر ظلم نہ کرے گا (کہ بے کیا ہوا گناہ لکھ لے یا کی ہوئی نیکی جب کہ شرائط کے ساتھ کی جاوے نہ لکھے۔ خلاصہ یہ کہ رؤساء مشرکین جس چیز پر فخر کرتے ہیں انہوں نے اس کا حال اور اس کا مآل سن لیا اور جن غربا کو حقیر سمجھتے ہیں ان کے باقیات صالحات کا دولت لازوال ہونا معلوم کر لیا۔ اب بھی عقل نہ آوے تو گولی ماریئے)۔

ملحقات الترجمۃ: [1] قوله فی کماء وہ ایسی ہے اشارة الی امرین الاول ان الجار والمجرور خبر مبتدأ مقدر ای هی والثانی ان المشبه به ليس نفس الماء بل هذا المجموع باعتبار الهيئة المنتزعة۱۲ منه۔ [2] قوله فی يوم نسير یاد اشارة الی تقدير اذكر۱۲۔

اللغات: الموبق فی القاموس كل شئ حال بين شيئين۔

البلاغة: قوله خير عند ربك ثوابا وخير املا تكرير خير للمبالغة۱۲ قوله بل زعمتم بل للاضراب عن توبيخ الی توبيخ فی المشهور وما قررته فی الترجمة عملت فيه علی معناها المشهور۱۲ قوله لا صغيرة ولا كبيرة الظاهر فی الترقی العكس لكن اذا لم يقصد الترقی بل العموم جاز تقديم الادنی علی الاعلٰی كما فی الروح۱۲۔

وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ۭ كَانَ مِنَ الْجِنِّ فَفَسَقَ عَنْ اَمْرِ رَبِّهٖ ۭ اَفَتَتَّخِذُوْنَهٗ

www.besturdubooks.net

وَذُرِّيَّتَهٗٓ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِيْ وَهُمْ لَكُمْ عَدُوٌّ ۭ بِئْسَ لِلظّٰلِمِيْنَ بَدَلًا ۝۵۰ مَآ اَشْهَدْتُّهُمْ خَلْقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَا
خَلْقَ اَنْفُسِهِمْ ۠ وَمَا كُنْتُ مُتَّخِذَ الْمُضِلِّيْنَ عَضُدًا ۝۵۱ وَيَوْمَ يَقُوْلُ نَادُوْا شُرَكَاۗءِيَ الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ
يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ مَّوْبِقًا ۝۵۲ وَرَاَ الْمُجْرِمُوْنَ النَّارَ فَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مُّوَاقِعُوْهَا وَلَمْ يَجِدُوْا عَنْهَا مَصْرِفًا ۝۵۳ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا
فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِلنَّاسِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ۭ وَكَانَ الْاِنْسَانُ اَكْثَرَ شَيْءٍ جَدَلًا ۝۵۴ وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا اِذْ جَاۗءَهُمُ
الْهُدٰى وَيَسْتَغْفِرُوْا رَبَّهُمْ اِلَّآ اَنْ تَاْتِيَهُمْ سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ اَوْ يَاْتِيَهُمُ الْعَذَابُ قُبُلًا ۝۵۵ وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ
اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ۚ وَيُجَادِلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوْا بِهِ الْحَقَّ وَاتَّخَذُوْٓا اٰيٰتِيْ وَمَآ اُنْذِرُوْا
هُزُوًا ۝۵۶ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ فَاَعْرَضَ عَنْهَا وَنَسِيَ مَا قَدَّمَتْ يَدٰهُ ۭ اِنَّا جَعَلْنَا عَلٰي قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً
اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ۭ وَاِنْ تَدْعُهُمْ اِلَى الْهُدٰى فَلَنْ يَّهْتَدُوْٓا اِذًا اَبَدًا ۝۵۷ وَرَبُّكَ الْغَفُوْرُ ذُو الرَّحْمَةِ ۭ
لَوْ يُؤَاخِذُهُمْ بِمَا كَسَبُوْا لَعَجَّلَ لَهُمُ الْعَذَابَ ۭ بَلْ لَّهُمْ مَّوْعِدٌ لَّنْ يَّجِدُوْا مِنْ دُوْنِهٖ مَوْىِلًا ۝۵۸ وَتِلْكَ
الْقُرٰٓى اَهْلَكْنٰهُمْ لَمَّا ظَلَمُوْا وَجَعَلْنَا لِمَهْلِكِهِمْ مَّوْعِدًا ۝۵۹

اور جب کہ ہم نے ملائکہ کو حکم دیا کہ آدم علیہ السلام کے سامنے سجدہ کرو سو سب نے سجدہ کیا بجز ابلیس کے وہ جنات میں سے تھا سو اس نے اپنے رب کے حکم سے عدول کیا سو کیا پھر بھی تم اس کو اور اس کے چیلے چانٹوں کو دوست بناتے ہو مجھ کو چھوڑ کر حالانکہ وہ تمہارے دشمن ہیں یہ ظالموں کے لئے بہت برا بدل ہے۔ میں نے ان کو نہ آسمان اور زمین پیدا کرنے کے وقت بلایا اور نہ خود ان کے پیدا کرنے کے وقت (بلایا) اور میں ایسا (عاجز) نہ تھا کہ (کسی کو بالخصوص) گمراہ کرنے والوں کو اپنا (دوست و) بازو بناتا اور اس دن کو یاد کرو کہ حق تعالیٰ فرمادے گا کہ جن کو تم ہمارا شریک سمجھا کرتے تھے ان کو پکارو پس وہ ان کو پکاریں گے سو وہ ان کو جواب ہی نہ دیں گے اور ہم ان کے درمیان میں ایک آڑ کر دیں گے اور (اس وقت) مجرم لوگ دوزخ کو دیکھیں گے پھر یقین کریں گے کہ وہ اس میں گرنے والے ہیں اس سے کوئی بچنے کی راہ نہ پاویں گے اور ہم نے اس قرآن میں لوگوں (کی ہدایت) کے واسطے ہر قسم کے (ضروری) عمدہ مضامین طرح طرح سے بیان فرمائے ہیں اور (اس پر بھی منکر) آدمی جھگڑے میں سب سے بڑھ کر ہے اور لوگوں کے لئے بعد اس کے کہ ان کو ہدایت پہنچ چکی ایمان لانے سے اور اپنے پروردگار سے (کفر وغیرہ) کی مغفرت مانگنے سے اور امر مانع نہیں رہا بجز اس کے کہ ان کو اس کا انتظار ہو کہ اگلے لوگوں (وغیرہ) کا سا معاملہ ان کے ساتھ پیش آئے یا یہ کہ عذاب (الٰہی) کے سامنے آ کھڑا ہو اور رسولوں کو تو ہم صرف بشارت دینے والے اور ڈرانے والے بنا کر بھیجا کرتے ہیں اور کافر لوگ ناحق کی باتیں پکڑ پکڑ کر جھگڑے نکالتے ہیں تاکہ اس کے ذریعے سے حق بات کو بچلا دیں اور انہوں نے میری آیتوں کو اور جس عذاب سے ان کو ڈرایا گیا تھا اس کو دل لگی بنا رکھا تھا اور اس سے زیادہ کون ظالم ہوگا جس کو اس کے رب کی آیتوں سے نصیحت کی جائے پھر وہ اس سے روگردانی کرے اور جو کچھ اپنے ہاتھوں (گناہ) سمیٹ رہا ہے اس (کے نتیجہ) کو بھول جائے ہم نے اس (حق بات) کے سمجھنے سے ان کے دلوں پر پردے ڈال رکھے ہیں اور (اس کے سننے سے) ان کے کانوں میں ڈاٹ دے رکھی ہے اور اس وجہ سے اگر آپ ان کو راہ راست کی طرف بلاویں تو ایسی حالت میں ہرگز بھی راہ پر نہ آویں اور آپ کا رب بڑا مغفرت کرنے والا (اور) بڑا رحمت والا ہے اگر ان سے ان کے اعمال پر داروگیر کرنے لگتا تو ان پر فوراً ہی عذاب واقع کر دیتا مگر ایسا نہیں کرتا بلکہ ان کے واسطے ایک معین وقت ہے (یعنی یوم قیامت) کہ اس سے اس طرف (یعنی پہلے) کوئی پناہ کی جگہ نہیں پا سکتے اور یہ بستیاں (جن کے قصے مشہور و مذکور ہیں) جب انہوں نے (یعنی ان کے باشندوں نے) شرارت کی تو ہم نے ان کو ہلاک کر دیا اور ہم نے ان کے ہلاک ہونے کے لئے وقت معین کیا تھا۔

تفسیر ربط: اوپر آیت: وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ وَكَانَ اَمْرُهٗ فُرُطًا ۝ کے الفاظ عامہ سے رؤسا کفار کے فساد اخلاق افتخار و استکبار اور فساد و عقائد کفر و انکار پر دلالت ہوئی تھی اور اسی سلسلہ سے یہاں تک کلام چلا آیا ہے آگے بھی اسی کے تعلق سے ابلیس کی بدانجامی بسبب تکبر کے اور ان لوگوں کا اس کے تابع ہونا اور قیامت میں اس اتباع کا کچھ کام نہ آنا اور معذب ہونا اور ان لوگوں کا قرآن میں اور رسالت میں جدال کرنا اور دلائل صحیحہ سے

www.besturdubooks.net

اعراض کرنا اور ان کے ایمان سے یاس ظاہر فرمانا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے تسلیہ کے لئے اور باوجود استحقاق عذاب کے تاخیر عذاب کی حکمت یہ سب مضامین دو رکوع تک چلے گئے ہیں۔

بیان کفریات وعقوباتِ منکرین ☆ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا (الی قولہ تعالیٰ) وَجَعَلْنَا لِمَهْلِكِهِمْ مَّوْعِدًا اور (وہ وقت بھی قابل ذکر ہے) جب کہ ہم نے ملائکہ کو حکم دیا کہ آدم (علیہ السلام) کے سامنے سجدہ کرو سو سب نے سجدہ کیا بجز ابلیس کے کہ وہ جنات میں سے تھا سو (اس لئے) اس نے رب کے حکم سے عدول کیا (جیسا اس کے عنصر غالب نار کا مقتضا تھا لیکن وہ معذور اس لئے نہ ہوگا کہ وہ مقتضا مغلوب ہوسکتا تھا جیسا کہ اکثر آدمی کی طبیعت معصیت کی طرف مائل ہوتی ہے مگر اس کو روکنا ممکن ہے) سو (جب ابلیس ایسا ہے تو) کیا پھر بھی تم اس کو اور اس کے چیلے چانٹوں کو (یعنی اس کی اولاد اور توابع کو) دوست بناتے ہو مجھ کو چھوڑ کر (یعنی میرے اتباع کو چھوڑ کر عقیدۃً ان کا اتباع کرتے ہو کہ شرک محض ہے) حالانکہ وہ (یعنی ابلیس اور اس کی جماعت) تمہارے دشمن ہیں (کہ ہر وقت تمہارے درپے ضرر رہتے ہیں) یہ (ابلیس اور اس کی ذریت کا دوست بنانا) ظالموں کے لئے بہت برا بدل ہے (بدل اس لئے کہا کہ دوست تو بنانا چاہئے تھا مجھ کو اور اس کی جگہ انہوں نے دوست بنایا شیاطین کو پس ان کا عدو ہونا تو اتخاذ ولایت سے مانع ہے اور اتخاذِ ولایت کے لئے جو کہ درحقیقت اتخاذ شریک ہے کوئی امر موجب بھی موجود نہیں چنانچہ) میں نے ان کو نہ تو آسمان اور زمین کے پیدا کرنے کے وقت (اپنی مدد یا مشورت کے لئے) بلایا اور نہ خود ان کے پیدا کرنے کے وقت (بلایا یعنی ایک کے پیدا کرنے کے وقت دوسرے کو نہیں بلایا مطلب یہ کہ اگر کوئی خدا کا شریک ہوتا تو اگر وہ مستقل نہ ہوتا تو اقل درجہ معین تابع تو ہوتا اور اگر دوسری مخلوقات میں ان کی شرکت نہ ہوتی تو کم از کم خود ان کے ذاتی تعلقات کے باب میں تو ان کی پوچھ ہوتی جب یہ بھی نہیں تو ان کو شریک قرار دینا سفاہت محضہ ہے) اور میں ایسا (عاجز) نہ تھا کہ (کسی کو اور خصوص[۲] گمراہ کرنے والوں کو (یعنی شیاطین کو) اپنا (دست) بازو بناتا (یعنی معین تو وہ ڈھونڈے جو قادر نہ ہو) اور (یہاں تو ان کو شریک خدائی سمجھ رہے ہو وہاں حقیقت معلوم ہوگی سو) اس دن کو یاد کرو کہ حق تعالیٰ (مشرکین سے) فرماوے گا کہ جن کو تم ہمارا شریک سمجھا کرتے تھے ان کو (اپنی امداد کے لئے) پکارو پس وہ ان کو پکاریں گے سو وہ ان کو جواب ہی نہ دیں گے اور ہم ان کے درمیان میں ایک آڑ کر دیں گے (جس سے بالکل ہی مایوسی ہو جاوے ورنہ بے آڑ بھی مدد نہیں کر سکتے تھے) اور (اس وقت) مجرم لوگ دوزخ کو دیکھیں گے پھر یقین کریں گے کہ وہ اس میں گرنے والے ہیں اور اس سے کوئی بچنے کی راہ نہ پاویں گے اور ہم نے اس قرآن میں لوگوں (کی ہدایت) کے واسطے ہر قسم کے (ضروری) عمدہ مضامین طرح طرح سے بیان فرمائے ہیں اور (اس پر بھی منکر) آدمی (کا یہ حال ہے کہ وہ ناحق) جھگڑنے میں سب سے بڑھ کر ہے (یعنی جن مخلوقات سے مجادلہ کا صدور ہوسکتا ہے جیسے جن مثلاً اور حیوانات بھی اگر ان میں اس قدر ادراک کے قائل ہو جاویں گے) اور لوگوں کو بعد اس کے کہ ان کو ہدایت پہنچ چکی (جس کا مقتضا یہ تھا کہ ایمان لے آتے) ایمان لانے اور اپنے پروردگار سے (کفر وغیرہ کی) مغفرت مانگنے سے اور کوئی امر مانع نہیں رہا بجز اس کے کہ ان کو اس کا انتظار[۳] ہو کہ اگلے لوگوں کا سا معاملہ (اہلاک وغیرہ کا) ان کو بھی پیش آئے یا یہ کہ عذاب (الٰہی) رودرروان کے سامنے آ کھڑا ہو (مطلب یہ کہ کیا اس لئے ایمان نہیں لاتے کہ ایسے امور کا وقوع ہو تب ایمان لاویں گے جیسا ان کے حال[۴] سے مترشح ہے اور کہہ بھی ڈالتے تھے کہ ایسے امور کیوں نہیں واقع ہوتے) اور (اگر وہ رسول کو ماننے کو ان ہی واقعات کے وقوع پر معلق کرتے ہیں تو اس کو مسئلہ رسالت سے کوئی تعلق نہیں کیونکہ) رسولوں کو تو ہم صرف بشارت دینے والے اور ڈرانے والے بنا کر بھیجا کرتے ہیں (اور اس کے اثبات کیلئے کافی دلیل عطا کرتے ہیں اس سے زیادہ فرمائش محض لغو ہے) اور (اس کی نسبت یوں کہا جاوے گا کہ) کافر لوگ ناحق کی باتیں پکڑ پکڑ کر جھگڑے نکالتے ہیں تاکہ اس کے ذریعہ سے حق بات کو بچلا دیویں اور انہوں نے میری آیتوں کو اور جس (عذاب) سے ان کو ڈرایا گیا تھا اس کو دل لگی بنا رکھا ہے اور اس سے زیادہ کون ظالم ہوگا جس کو اس کے رب کی آیتوں سے نصیحت کی جاوے پھر وہ اس سے روگردانی کرے اور جو کچھ اپنے ہاتھوں (گناہ) سمیٹ رہا ہے اس (کے نتیجہ) کو (جو کہ ملنے والا ہے) بھول جاوے ہم نے اس (حق بات[۵]) کے سمجھنے سے ان کے دلوں پر پردے ڈال رکھے ہیں اور (اس کے سننے سے) ان کے کانوں میں ڈاٹ دے رکھی ہے اور (اس وجہ سے ان کا یہ حال ہے کہ) اگر آپ ان کو راہ راست کی طرف بلاویں تو ایسی حالت میں (کہ ان کے قلوب وآذان کی یہ کیفیت ہے) ہرگز بھی راہ پر نہ آویں (پس آپ کیوں غم کریں) اور (ان کو تاخیر عذاب سے خیال عدم وقوع عذاب کا ہو رہا ہے سو اس تاخیر کی وجہ یہ ہے کہ) آپ کا رب بڑا مغفرت کرنے والا (اور) بڑا رحمت والا ہے (پس مہلت اس لئے دی ہے کہ اگر مسلمان ہو جاویں تو ان کی مغفرت کر دوں گا دوسرے خود رحمت بھی مقتضی ہے کہ ایمان نہ لانے پر بھی دنیا میں عذاب شدید سے مہلت دی جاوے ورنہ ان کے اعمال تو ایسے ہیں کہ) اگر ان سے ان کے اعمال پر داروگیر کرنے لگتا (یعنی داروگیر کرنا چاہتا[۶]) تو ان پر فوراً ہی عذاب واقع کر دیتا (مگر ایسا نہیں کرتا) بلکہ ان کے (عذاب کے) واسطے ایک معین وقت (ٹھہرا رکھا) ہے (یعنی یوم قیامت) کہ اس سے اس طرف (یعنی پہلے) کوئی پناہ کی جگہ نہیں پا سکتے (اس طور سے کہ اس کے آنے سے پہلے اس پناہ میں جا چھپیں اور اس سے محفوظ رہیں) اور (یہی قاعدہ پہلے کفار کے ساتھ بھی برتا گیا چنانچہ) یہ بستیاں (جن

www.besturdubooks.net

کے قصے مشہور و مذکور ہیں) جب انہوں نے (یعنی ان کے سکان نے) شرارت کی تو ہم نے ان کو ہلاک کر دیا (پس کفر کا موجب ہلاک ہونا ثابت ہوا) اور ہم نے ان کے ہلاک ہونے کے لئے وقت معین کیا تھا (اسی طرح ان کے لئے وقت معین ہے پس عدم وقوع کیونکر لازم آیا)۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی ذریته اولا واورتوابع تفسیر ان جمع بینها علی سبیل عموم المجاز ۱۲۔ ۲ قوله فی ما کنت متخذ خصوص اشارة الی ان التخصیص الاهتمام والا فلا عضد له تعالٰی من الاولیاء ایضًا ۱۲۔ ۳ قوله فی الا ان تاتیهم انتظار اشارة الی حذف المضاف ای انتظارهم ان تاتیهم لان نفس الاتیان لیس بمانع نعم یصح کون الانتظار مانعا لان اصل المانع عدم الوقوع وهو من لازم الانتظار ۱۲۔ ۴ قوله فی توضیح ان تاتیهم مال سے مترشح ہے اشارة الی جواب انهم لم یکونوا منتظرین لان الانتظار یتوقف علی التیقن ومع ذلك حکم علیهم بکون الانتظار مانعا لهم والجواب ان کون الانتظار مانعا یترشح من حالهم ومن قالهم لان هذا الحال والقال کحال المنتظر فی انه لا یحل شیئا ولا یعقده ما لم یقع الامر المنتظر ۱۲۔ ۵ قوله فی ان یفقهوه حق بات اشارة الی ان الضمیر الی الحق فی قوله لیدحضوا به الحق ۱۲۔ ۶ قوله فی لو یؤاخذهم چاہتا اشارة الی ان المعنی لو ارادان یؤاخذهم لان التعجیل والمؤاخذة متحدا ان فکیف الترتب ۱۲۔

فائدہ: ماورد فی الحدیث من ایقاظه صلی الله علیه وسلم علیًا رضی الله عنه وعذره رضی الله عنه وقراته صلی الله علیه وسلم قوله تعالٰی وکان الانسان اکثر شیء جدلا فهو اقتباس لا تفسیر بالاعلم فلا یلزم دخول علی فی الانسان المذکور فی الآیة لانه لا یعم المؤمن ۱۲۔

اللغات: قوله یدحضوا یزیلوا ۱۲ موئل۔ ملجا ۱۲۔

النحو: قوله جدلا منصوب علی التمییز ویراد بالشیء الشیء المجادل والمعنی ان جدل الانسان اکثر من جدل کل مجادل ۱۲ قوله تلك القری مبتدأ واهلکناهم خبره ۱۲۔

وَاِذْ قَالَ مُوْسٰی لِفَتٰىهُ لَاۤ اَبْرَحُ حَتّٰۤی اَبْلُغَ مَجْمَعَ الْبَحْرَیْنِ اَوْ اَمْضِیَ حُقُبًا ﴿۶۰﴾ فَلَمَّا بَلَغَا مَجْمَعَ بَیْنِهِمَا نَسِیَا
حُوْتَهُمَا فَاتَّخَذَ سَبِیْلَهٗ فِی الْبَحْرِ سَرَبًا ﴿۶۱﴾ فَلَمَّا جَاوَزَا قَالَ لِفَتٰىهُ اٰتِنَا غَدَآءَنَا ۫ لَقَدْ لَقِیْنَا مِنْ سَفَرِنَا هٰذَا نَصَبًا ﴿۶۲﴾
قَالَ اَرَءَیْتَ اِذْ اَوَیْنَاۤ اِلَی الصَّخْرَةِ فَاِنِّیْ نَسِیْتُ الْحُوْتَ ۫ وَمَاۤ اَنْسٰىنِیْهُ اِلَّا الشَّیْطٰنُ اَنْ اَذْكُرَهٗ ۚ وَاتَّخَذَ سَبِیْلَهٗ
فِی الْبَحْرِ ۖ عَجَبًا ﴿۶۳﴾ قَالَ ذٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ ۚ فَارْتَدَّا عَلٰۤی اٰثَارِهِمَا قَصَصًا ﴿۶۴﴾ فَوَجَدَا عَبْدًا مِّنْ عِبَادِنَاۤ اٰتَیْنٰهُ رَحْمَةً مِّنْ
عِنْدِنَا وَعَلَّمْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا ﴿۶۵﴾ قَالَ لَهٗ مُوْسٰی هَلْ اَتَّبِعُكَ عَلٰۤی اَنْ تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا ﴿۶۶﴾ قَالَ اِنَّكَ لَنْ
تَسْتَطِیْعَ مَعِیَ صَبْرًا ﴿۶۷﴾ وَكَیْفَ تَصْبِرُ عَلٰی مَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ خُبْرًا ﴿۶۸﴾ قَالَ سَتَجِدُنِیْۤ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ صَابِرًا وَّلَاۤ اَعْصِیْ لَكَ اَمْرًا ﴿۶۹﴾
قَالَ فَاِنِ اتَّبَعْتَنِیْ فَلَا تَسْـَٔلْنِیْ عَنْ شَیْءٍ حَتّٰۤی اُحْدِثَ لَكَ مِنْهُ ذِكْرًا ﴿۷۰﴾ ع ۱۱ ۲۱

اور وقت یاد کرو جبکہ موسیٰ علیہ السلام نے اپنے خادم سے فرمایا کہ میں (اس سفر میں) برابر چلا جاؤں گا یہاں تک کہ اس موقع پر پہنچ جاؤں جہاں دو دریا آپس میں ملے ہیں یا یوں ہی زمانہ دراز تک چلتا رہوں گا پس جب (چلتے چلتے) دونوں دریاؤں کے جمع ہونے کے موقع پر پہنچے وہاں اپنی مچھلی کو دونوں بھول گئے اور مچھلی نے دریا میں اپنی راہ لی اور چل دی۔ پھر جب دونوں (وہاں سے) آگے بڑھ گئے تو موسیٰ علیہ السلام نے اپنے خادم سے کہا کہ ہمارا ناشتہ لاؤ ہم کو تو اس سفر میں (یعنی آج کی منزل میں) بڑی تکلیف پہنچی خادم نے کہا کہ لیجئے دیکھئے (عجیب) بات ہوئی جب ہم اس پتھر کے قریب ٹھہرے تھے سو میں اس مچھلی کے تذکرہ کو بھول گیا اور مجھ کو شیطان ہی نے بھلا دیا کہ میں اس کا تذکرہ کرتا (اور وہ قصہ یہ ہوا کہ) کہ اس مچھلی نے (زندہ ہونے کے بعد) دریا میں عجیب طور پر اپنی راہ لی موسیٰ علیہ السلام نے (یہ شکایت سن کر) فرمایا کہ یہی وہ موقع ہے جس کی ہم کو تلاش تھی سو دونوں اپنے قدموں کے نشان دیکھتے ہوئے الٹے پاؤں لوٹے سو وہاں پہنچ کر انہوں نے ہمارے بندوں میں سے ایک بندے کو پایا جن کو ہم اپنی خاص رحمت (یعنی مقبولیت) دی تھی اور ہم نے ان کو اپنے پاس سے ایک خاص طور کا علم سکھلایا تھا۔ موسیٰ علیہ السلام نے (ان کو سلام کیا اور) ان سے فرمایا کہ میں آپ کے ساتھ رہ سکتا ہوں اس شرط سے کہ جو علم مفید آپ کو (منجانب اللہ) سکھلایا گیا ہے اس میں آپ مجھ کو بھی سکھلا دیں ان بزرگ نے جواب دیا آپ میرے ساتھ رہ

www.besturdubooks.net

کر (میرے افعال پر) صبر نہ ہو سکے گا اور (بھلا) ایسے امور پر آپ کیسے صبر کر سکیں گے جو آپ کے احاطہ واقفیت سے باہر ہیں موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا ان شاء اللہ آپ مجھ کو صابر (یعنی ضابط) پاویں گے اور میں کسی بات میں آپ کے خلاف حکم نہ کروں گا ان بزرگ نے فرمایا کہ (اچھا) اگر آپ میرے ساتھ رہنا چاہتے ہیں تو (اتنا خیال رہے کہ) مجھ سے کسی بات کی نسبت کچھ پوچھنا نہیں جب تک کہ اس کے متعلق میں خود ہی ابتداءً ذکر نہ کر دوں۔ ﴿

تفسیر: ربط: اوپر رؤساء کفار کی اس درخواست کی تقبیح تھی کہ ہماری مجلس تعلیم میں فقراء مسلمین نہ رہنے پاویں گے آگے موسیٰ علیہ السلام کے ایک قصہ سے اس تقبیح کی زیادہ توضیح ہے کہ انہوں نے تو اپنے سے چھوٹے کو بعض خاص علوم میں استاد بنانے سے بھی عار نہیں فرمائی اور تم کو ان غریبوں کے شریک تعلیم ہونے سے بھی عار آ گئی ہے و نیز اس مقصود کے ساتھ اس قصہ میں آپ کی نبوت پر بھی دلالت ہو گئی جس کی وجہ ظاہر ہے۔

قصہ موسیٰ علیہ السلام با خضرؑ ☆ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِفَتٰىهُ لَآ اَبْرَحُ حَتّٰٓى (الی قولہ تعالیٰ) قَالَ فَاِنِ اتَّبَعْتَنِيْ فَلَا تَسْـَٔلْنِيْ عَنْ شَيْءٍ حَتّٰٓى اُحْدِثَ لَكَ مِنْهُ ذِكْرًا ﴿ اور وہ وقت یاد کرو جب کہ موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنے خادم[1] سے (جن کا نام یوشع تھا رواہ البخاری) فرمایا کہ میں (اس سفر میں) برابر[2] چلا جاؤں گا یہاں تک کہ اس موقع پر پہنچ جاؤں جہاں دو دریا آپس میں ملے ہیں یا یوں ہی زمانہ دراز[3] تک چلتا رہوں گا (یہ ویسا مضمون ہے کہ

؎ دست از طلب ندارم تا کام من برآید ☆ یا تن رسد بجاناں یا جاں زتن برآید

اور وجہ اس سفر کی یہ ہوئی تھی کہ ایک بار موسیٰ علیہ السلام نے بنی اسرائیل میں وعظ فرمایا تو کسی نے پوچھا کہ اس وقت آدمیوں میں سے سب سے بڑا عالم کون شخص ہے؟ آپ نے فرمایا میں۔ مطلب یہ تھا کہ ان علوم میں کہ جن کو قرب الی اللہ کی تحصیل میں دخل ہے میرے برابر کوئی نہیں اور یہ فرمانا صحیح تھا اس لئے کہ آپ نبی اولوالعزم تھے اور انبیاء اولوالعزم کے برابر دوسرے کو یہ علم نہیں ہوتا لیکن چونکہ ظاہر لفظ مطلق تھا اس لئے اللہ تعالیٰ کو منظور ہوا کہ آپ کو احتیاط فی الکلام کی تعلیم دی جاوے غرض ارشاد ہوا کہ ایک ہمارا بندہ مجمع البحرین میں تم سے بھی زیادہ علم رکھتا ہے مطلب یہ تھا کہ بعض علوم میں وہ زیادہ ہے گو ان علوم کو قرب الٰہی میں دخل نہ ہو جیسا عنقریب واضح ہوگا لیکن اس بناء پر جواب میں مطلقاً تو اپنے کو اعلم کہنا نہ چاہئے تھا۔ غرض موسیٰ علیہ السلام ان کے ملنے کے مشتاق ہوئے اور پوچھا کہ ان تک پہنچنے کی کیا صورت ہے؟ ارشاد ہوا کہ ایک بے جان مچھلی اپنے ساتھ لے کر سفر کرو جہاں وہ مچھلی گم ہو جاوے وہ شخص وہاں ہے اس وقت موسیٰ علیہ السلام نے یوشع علیہ السلام کو ساتھ لیا اور یہ بات فرمائی) پس جب (چلتے چلتے) دونوں دریاؤں کے جمع ہونے کے موقع پر پہنچے (وہاں کسی پتھر سے لگ کر سو رہے اور وہ مچھلی باذنہ تعالیٰ زندہ ہو کر دریا میں جا پڑی یوشع علیہ السلام نے بیدار ہو کر مچھلی کو نہ پایا ارادہ تھا کہ موسیٰ علیہ السلام جب جاگیں گے تو اس کا ذکر کروں گا مگر ان کو مطلق یاد نہ رہا شاید اہل اور وطن وغیرہ کے خیالات کا بہت زیادہ ہجوم ہوا ہوگا کہ ذکر کرنا بھول گئے ورنہ ایسی عجیب بات کا بھول جانا کم ہوتا ہے لیکن جو شخص ہر وقت خوارق دیکھتا ہو اس کے ذہن سے کسی ادنیٰ درجہ کی عجیب بات کا نکل جانا کسی خیال کے غلبہ سے عجب نہیں اور موسیٰ علیہ السلام کو بھی پوچھنے کا خیال نہ رہا اس طرح سے) اس اپنی مچھلی کو دونوں بھول گئے اور مچھلی نے (اس کے قبل زندہ ہو کر) دریا میں اپنی راہ لی اور چل[4] دی پھر جب دونوں (وہاں سے) آگے بڑھ گئے (اور دور نکل گئے) تو موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنے خادم سے فرمایا کہ ہمارا ناشتہ تو لاؤ ہم کو تو اس سفر (یعنی آج کی منزل) میں بڑی تکلیف پہنچی (اور اس کے قبل کی منزلوں میں نہیں تھکے تھے جس کی وجہ ظاہراً موقع مقصود سے آگے بڑھنا تھا) خادم نے کہا کہ لیجئے دیکھئے (عجب بات ہوئی (جب ہم اس پتھر کے قریب ٹھہرے تھے (اور سو گئے تھے اس وقت اس مچھلی کا ایک قصہ ہوا اور میرا ارادہ آپ سے ذکر کرنے کا ہوا لیکن میں کسی دوسرے دھیان میں لگ گیا) سو میں اس مچھلی (کے تذکرہ) کو بھول گیا اور مجھ کو شیطان ہی نے بھلا دیا کہ میں اس کو ذکر کرتا اور (وہ قصہ یہ ہوا کہ) اس مچھلی نے (زندہ ہونے کے بعد) دریا میں عجیب طور پر اپنی راہ لی (ایک عجیب طور تو خود زندہ ہو جانا ہے دوسرا عجیب طور یہ کہ وہ مچھلی دریا میں جہاں کو گذری تھی وہاں کا پانی بطور خرق عادت کے اسی طرح سرنگ کے طور پر ہو گیا تھا غالباً پھر مل گیا ہوگا) موسیٰ (علیہ السلام) نے (یہ حکایت سن کر) فرمایا کہ یہی وہ موقع ہے جس کی ہم کو تلاش تھی (وہاں ہی لوٹنا چاہئے) سو دونوں اپنے قدموں کے نشان دیکھتے ہوئے الٹے لوٹے (غالباً وہ راستہ سڑک کا نہ ہوگا اس لئے نشان دیکھنے پڑے) سو (وہاں پہنچ کر) انہوں نے ہمارے بندوں میں سے ایک بندہ (یعنی خضر) کو پایا جن کو ہم نے اپنی خاص رحمت (یعنی مقبولیت) دی تھی (مقبولیت کے معنی میں ولایت اور نبوت دونوں کا احتمال ہے) اور ہم نے ان کو اپنے پاس سے (یعنی بلاواسطہ اسباب اکتساب) ایک خاص طور کا علم سکھلایا تھا (مراد اس سے علم اسرار کونیہ ہے جیسا واقعات آئندہ سے معلوم ہوتا ہے اور اس علم کو حصول قرب میں کچھ دخل نہیں جس علم کو قرب میں دخل ہے وہ علم اسرار الٰہیہ ہے جس میں موسیٰ علیہ السلام بڑھے ہوئے تھے غرض) موسیٰ (علیہ السلام) نے (ان کو سلام کیا اور) ان سے فرمایا کیا میں آپ کے ساتھ رہ سکتا ہوں (یعنی آپ ساتھ رہنے کی اجازت دیجئے) اس شرط سے کہ جو علم مفید[5] آپ کو (منجانب اللہ) سکھلایا گیا ہے اس میں سے آپ مجھ کو بھی سکھلا دیں ان بزرگ نے جواب دیا آپ سے میرے ساتھ رہ کر (میرے افعال پر) صبر نہ ہو سکے گا (یعنی آپ مجھ پر روک ٹوک کریں گے اور معلم پر تعلیم کے متعلق متعلم کی روک ٹوک کرنے سے مصاحبت مشکل ہے) اور (بھلا) ایسے امور پر (روک ٹوک کرنے سے) آپ

www.besturdubooks.net

کیسے صبر کریں گے جو آپ کے احاطۂ واقفیت سے باہر ہیں (یعنی ظاہر میں وہ امور بوجہ منشاء معلوم نہ ہونے کے خلاف شرع نظر آویں گے اور آپ خلاف شرع امور پر سکوت نہ کرسکیں گے) موسیٰ (علیہ السلام) نے فرمایا کہ (نہیں) انشاء اللہ آپ مجھ کو صابر (یعنی ضابط) پاویں گے اور میں کسی بات میں آپ کے خلاف حکم نہ کروں گا (یعنی مثلاً اگر روک ٹوک سے منع کردیں گے میں روک ٹوک نہ کروں گا اسی طرح اور کسی بات میں بھی خلاف نہ کروں گا) ان بزرگ نے فرمایا کہ (اچھا) تو اگر آپ میرے ساتھ رہنا چاہتے ہیں تو (اتنا خیال رہے کہ) مجھ سے کسی بات کی نسبت کچھ پوچھنا نہیں جب تک کہ اس کے متعلق میں خود ہی ابتداءً ذکر نہ کردوں۔ ف: مختلف دو دریاؤں کے ملنے کے متعدد مواقع ہیں ان موقعوں میں یہ بھی کوئی موقع ہوگا تعیین پر کوئی امر ضروری موقوف نہیں اور اگر شبہ ہو کہ جب مجمع بحرین کا موقع ان کو بتلایا گیا تو وہاں پہنچ کر کیوں آگے بڑھ گئے اور گو مچھلی کے زندہ ہونے کا قصہ معلوم نہ ہوا تھا لیکن یہ تو معلوم تھا کہ مجمع البحرین آ گیا جواب یہ ہے کہ مجمع البحرین سے کوئی خاص موقع مراد ہونا ضرور نہیں بلکہ اس کا قرب و جوار دور تک مجمع البحرین کہلایا جاسکتا ہے اور اسی وسعت کی وجہ سے مچھلی میں جان پڑنا علامت مقرر کی گئی تھی اس علامت کو سن کر مخاطب ضرور اس موقع کو متسع سمجھے گا گو متکلم کے نزدیک متعین ہو اور اس مچھلی کا زندہ ہونا ظاہر محض قدرت الٰہیہ سے اس لئے ہوا کہ یہ علامت مقرر کی گئی تھی گو پانی لگنے کے وقت حیات ہوئی ہو مگر اس سے اس پانی کا سبب ہونا لازم نہیں آتا یا سبب ہو تو اسی کے لئے ہوا ہو دوام سببیت لازم نہیں آتا اور اگر شبہ ہو کہ یوشع علیہ السلام نبی ہوئے ہیں پھر ان پر شیطان کا تصرف نسیان کے بارے میں کیسے ہوا جواب یہ ہے کہ جو تصرف مفضی الی المعصیت ہو اس سے انبیاء کا محفوظ ہونا ثابت ہے اور باقی دوسرے تصرفات ایسے ہیں جیسے کوئی کافر کسی نبی کے پتھر مار دے اور چوٹ لگ جاوے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ ۔وَاِذْ قَالَ مُوْسٰی لِفَتٰىهُ الخ اس میں شیخ کامل کی تلاش میں سعی بلیغ کرنا ثابت ہوتا ہے جب تک اس سے زیادہ کوئی حق واجب فوت نہ ہو جاوے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: نَسِيَا حُوْتَهُمَا الخ (اس اپنی مچھلی کو دونوں بھول گئے) یہ آیت دال ہے اس پر کہ زاد راہ کا جو کہ اسباب میں سے ہے سفر میں ساتھ رکھنا توکل کے منافی نہیں ۱۲ قولہ تعالیٰ: لَقَدْ لَقِيْنَا مِنْ سَفَرِنَا الخ یہ دلیل ہے اس پر کہ اپنی حالت مرض وغیرہ کا اظہار منافی کمال نہیں ۱۲ قولہ تعالیٰ: وَمَآ اَنْسٰنِيْهُ الخ اس میں دلالت ہے اس پر کہ وسوسہ و نسیان شیطان کے اثر سے پیش آ جانا یہ ولایت کے بلکہ نبوت کے بھی منافی نہیں ۱۲ قولہ تعالیٰ عَلَّمْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا ﴿۶۵﴾ یہ تعلیم ممکن ہے کہ بواسطۂ وحی ہو یا بواسطۂ الہام اور یہ الہام انبیاء و غیر انبیاء سب کو ہوتا ہے اور یہ آیت اصل ہے اثبات علم لدنی میں اور اس علم لدنی کو علم حقیقت و علم باطن بھی کہتے ہیں۔ گو ان واقعات جزئیہ مذکورہ فی القصہ کا علم اس نوع میں داخل نہیں لیکن خضر علیہ السلام کو علم لدنی بھی عطا کیا گیا ہے ۱۲ ۔قولہ تعالیٰ: قَالَ لَهٗ مُوْسٰى هَلْ الخ اسلوب کلام میں غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ موسیٰ علیہ السلام نے اپنے کلام میں خضر علیہ السلام کے ساتھ کس قدر تواضع و ادب اور لطف کی رعایت فرمائی ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: فَاِنِ اتَّبَعْتَنِيْ فَلَا تَسْـَٔلْنِيْ الخ اس سے معلوم ہوا کہ شیخ کو مرید سے مناسب شرطیں لگانے کا حق ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قوله فی فتاه خادم لان العرب تسمی الخادم فتی لان الخدم اکثر ما یکون فی سن الفتوة ۱۲** ۲ **قوله فی لا ابرح** چلا جاؤں گا اشارة الی حذف المضاف ای اسیر بقرینة امضی ۱۲۔ ۳ **قوله فی حقبا** زمانہ دراز اشارة الی انه مفرد بمعنی الزمان الطویل کذا فی الروح ۱۲۔ ۴ **قوله** شی سربا چل دی اشارة الی کونه مصدرا بمعنی ذهابا من سرب المقدر کذا فی الکبیر وهذ احد الوجهین فی التفسیر والوجه الآخر ان یکون السرب بمعنی المنقذ کما ورد فی الحدیث امسك الله عن الحوت جریة الماء فصار علیه الطاق ویکون السرب علی هذا حالا من السبیل او مفعولا ثانیا لاتخذ واخترت الاول لکونه اقرب لعدم توقفه علی دلیل غیر اللغة بخلاف الثانی فانه موقف علی مجموع اللغة والحدیث فان قلت ان الاول مخالف للحدیث المذکور قلت ان الحدیث لیس مصرحا بکونه تفسیرا بل لوقوعه وقد صرحت بوقوعه فی ترجمة عجبًا ۱۲۔ ۵ **قوله فی رشدا** مفید لان الرشد اصابة الخیر ویلزمه کون العلم مفیدا وهو مصدر وقع صفة لعلماء المقدر وهو المفعول الثانی لعلمت ۱۲۔

الصرف: قوله نبغ حذف الیاء تخفیفًا ۱۲۔

النحو: عجبًا صفة المصدر ای اتخاذًا عجبًا ۱۲ قوله قصصا مصدرا یقصان قصصا ۱۲ قوله خبرا تمیز محول عن الفاعل ای لم یحط به خبرك ۱۲۔

البلاغة: قوله مجمع بینهما الاضافة علی الاتساع بناء علی ان المقام یقتضی ان یضاف المجمع الی الضمیر الراجع الی البحرین کما قال قبله مجمع البحرین فلما اضیف الی البین نسب الی المجاز ۱۲ قوله فاتخذ سبیله الفاء فصیحة ای حیی ذلك الحوت قبل ذلك فاتخذ فلا یلزم کون الاتخاذ موخرا عن النسیان وفی ترجمة اشاره الی ذلك فافهم ۱۲۔ قوله ارایت فی الکبیر الهمزة للاستفهام ورأیت علی معناه الاصلی وقد بما هذا الکلام علی ما هو المتعارف بین الناس فانه اذا حدث لاحدهم امر عجیب قال لصاحبه ارأیت ما حدث لی کذلك ههنا کانه قال ارأیت ووقع لی منه اذا دینا فحذف مفعول ارأیت لان قوله فانی نسیت یدل علیه آه فالترجمة بالحاصل ۱۲۔

www.besturdubooks.net

فَانْطَلَقَا ۫ حَتّٰٓى اِذَا رَكِبَا فِي السَّفِيْنَةِ خَرَقَهَا ۭ قَالَ اَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ اَهْلَهَا ۚ لَقَدْ جِئْتَ شَيْـــًٔا اِمْرًا ۝ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ
اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ۝ قَالَ لَا تُؤَاخِذْنِيْ بِمَا نَسِيْتُ وَلَا تُرْهِقْنِيْ مِنْ اَمْرِيْ عُسْرًا ۝ فَانْطَلَقَا ۫ حَتّٰٓى اِذَا لَقِيَا
غُلٰمًا فَقَتَلَهٗ ۙ قَالَ اَقَتَلْتَ نَفْسًا زَكِيَّةًۢ بِغَيْرِ نَفْسٍ ۭ لَقَدْ جِئْتَ شَيْـــًٔا نُّكْرًا ۝ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ
مَعِيَ صَبْرًا ۝ قَالَ اِنْ سَاَلْتُكَ عَنْ شَيْءٍۢ بَعْدَهَا فَلَا تُصٰحِبْنِيْ ۚ قَدْ بَلَغْتَ مِنْ لَّدُنِّيْ عُذْرًا ۝ فَانْطَلَقَا ۭ
حَتّٰٓى اِذَآ اَتَيَآ اَهْلَ قَرْيَةِۨ اسْتَطْعَمَآ اَهْلَهَا فَاَبَوْا اَنْ يُّضَيِّفُوْهُمَا فَوَجَدَا فِيْهَا جِدَارًا يُّرِيْدُ اَنْ يَّنْقَضَّ
فَاَقَامَهٗ ۭ قَالَ لَوْ شِئْتَ لَتَّخَذْتَ عَلَيْهِ اَجْرًا ۝ قَالَ هٰذَا فِرَاقُ بَيْنِيْ وَبَيْنِكَ ۚ سَاُنَبِّئُكَ بِتَاْوِيْلِ مَا لَمْ

تَسْتَطِعْ عَّلَيْهِ صَبْرًا ۝

پھر دونوں (کسی طرف) چلے یہاں تک کہ دونوں کشتی پر سوار ہوئے تو ان بزرگ نے اس کشتی میں چھید کر دیا موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ کیا آپ نے اس کشتی میں اس لئے چھید کیا کہ اس میں بیٹھنے والوں کو غرق کر دیں آپ نے بڑی بھاری (خطرہ کی) بات کی ہے ان بزرگ نے کہا کہ کیا میں نے کہا نہیں تھا کہ آپ سے میرے ساتھ صبر نہ ہو سکے گا موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ (مجھ کو یاد نہ رہا تھا سو) آپ میری بھول چوک پر گرفت نہ کیجئے اور میرے اس معاملہ میں مجھ پر زیادہ تنگی نہ ڈالئے۔ پھر دونوں کشتی سے (اتر کر آگے) چلے یہاں تک کہ جب ایک (کم سن) لڑکے سے ملے تو ان بزرگ نے اس کو مار ڈالا موسیٰ علیہ السلام (گھبرا کر) کہنے لگے آپ نے ایک بے گناہ کو مار ڈالا (اور وہ بھی) بے بدلے کسی جان کے بے شک آپ نے (یہ تو) بڑی بے جا حرکت کی اور ان بزرگ نے فرمایا کیا میں نے آپ سے نہیں کہا تھا کہ آپ سے میرے ساتھ صبر نہیں ہو سکے گا موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ (خیر اب کے اور جانے دیجئے) اگر اس مرتبہ کے بعد آپ سے کسی امر کے متعلق کچھ پوچھوں تو آپ مجھ کو اپنے ساتھ نہ رکھیے بے شک آپ میری طرف سے عذر (کی انتہا) کو پہنچ چکے ہیں۔ پھر دونوں (آگے) چلے یہاں تک کہ ایک گاؤں والوں پر گزر ہوا تو وہاں والوں سے کھانے کو مانگا (کہ ہم مہمان ہیں) سو انہوں نے ان کی مہمانی کرنے سے انکار کر دیا اتنے میں ان کو وہاں ایک دیوار ملی جو گرا ہی چاہتی تھی تو ان بزرگ نے اس کو (ہاتھ کے اشارے سے) سیدھا کر دیا موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ اگر آپ چاہتے تو اس کام پر کچھ اجرت ہی لے لیتے ان بزرگ نے کہا کہ یہ وقت ہماری اور آپ کی علیحدگی کا ہے (جیسا کہ خود آپ نے شرط کی تھی) میں ان چیزوں کی حقیقت بتلائے دیتا ہوں جن پر آپ سے صبر نہ ہو سکا۔

تفسیر تتمہ قصہ ☆ فَانْطَلَقَا ۫ حَتّٰٓى اِذَا رَكِبَا فِي السَّفِيْنَةِ خَرَقَهَا ۭ (الی قولہ تعالیٰ) مَعِيَ صَبْرًا ۝ (غرض باہم قول وقرار ہو گیا) پھر دونوں (کسی طرف) چلے (اور غالباً یوشع علیہ السلام بھی ساتھ ہوں گے مگر چونکہ وہ موسیٰ علیہ السلام کے تابع تھے اس لئے متبوع کا ذکر تابع کے ذکر سے مستغنی ہو گیا) یہاں تک کہ (چلتے چلتے کسی ایسے مقام پر پہنچے جہاں کشتی پر سوار ہونے کی ضرورت ہوئی پس) جب دونوں کشتی میں سوار ہوئے تو ان بزرگ نے اس کشتی (کا ایک تختہ نکال کر اس) میں چھید کر دیا (پھر شاید مرمت کر دی ہو گی اور شاید اہل کشتی اجمالاً ان کے معتقد ہوں اس لئے نہ روکا ہو) موسیٰ (علیہ السلام) نے فرمایا کہ کیا آپ نے اس کشتی میں اس لئے چھید کیا کہ اس کے بیٹھنے والوں کو غرق کر دیں (یعنی اس پر یہ ضرر مرتب ہونا بعید نہ تھا اور تو یہی ضرر محتمل تھا مگر جب تک کوئی غالب مصلحت نہ ہو اس وقت تک ضرر محتمل بھی واجب الاحتراز ہے اور مصلحت کچھ معلوم نہیں ہوتی) آپ نے بڑی بھاری (یعنی خطرہ کی) بات کی ان بزرگ نے کہا کہ کیا میں نے کہا نہیں تھا کہ آپ سے میرے ساتھ صبر نہ ہو سکے گا (آخر وہی ہوا اور آپ اپنے قول پر نہ رہے) موسیٰ (علیہ السلام) نے فرمایا کہ (مجھ کو یاد نہ رہا تھا سو) آپ میری بھول چوک پر گرفت نہ کیجئے اور میرے اس معاملہ (متابعت) میں مجھ پر زیادہ تنگی نہ ڈالئے (کہ بھول چوک بھی معاف نہ کی جاوے بات گئی گذری ہوئی) پھر دونوں (کشتی سے اتر کر آگے) چلے یہاں تک کہ جب ایک (کمسن) لڑکے سے ملے تو ان بزرگ نے اس کو مار ڈالا موسیٰ (علیہ السلام گھبرا کر) کہنے لگے آپ نے ایک بے گناہ جان کو مار ڈالا (اور وہ بھی) بے بدلے کسی جان کے بیشک آپ نے (یہ تو) بڑی بے جا حرکت کی (کیونکہ اوّل تو نابالغ کا قتل کرنا جس کو قصاص میں بھی نہیں قتل کیا جاتا پھر اس نے تو کوئی فعل موجب قصاص بھی نہ کیا تھا اس حیثیت سے یہ فعل پہلے سے بھی بڑھ کر ہے کیونکہ وہاں مال کا نقصان گو یقینی ہوا لیکن جان کا ضرر محتمل تھا اور یہاں جان کا ضرر متیقن ہوا اور وہ بھی بالکل مرفوع القلم کا کیونکہ یہ لڑکا نابالغ تھا جیسا مسلم میں حدیث مرفوع ہے لو ادرك الخ نیز حضرت خضر علیہ السلام کے عذر آئندہ سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ اس کے والدین کے بگڑنے کا اندیشہ تھا ورنہ اگر یہ بالغ اور ڈاکو ہوتا جیسا بعض قائل

www.besturdubooks.net

ہوئے ہیں تو یہ عذر زیادہ قریب الفہم تھا اس کو ذکر کرتے) ان بزرگ نے فرمایا کہ میں نے آپ سے نہیں کہا تھا کہ آپ سے میرے ساتھ صبر نہ ہو سکے گا قَالَ اِنْ سَاَلْتُكَ (الی قولہ تعالیٰ) سَاَنَبِّئُكَ بِتَاْوِيْلِ مَا لَمْ تَسْتَطِعْ عَّلَيْهِ صَبْرًا ۝ موسیٰ (علیہ السلام) نے فرمایا کہ (خیر اب کے اور جانے دیجئے لیکن) اگر اس مرتبہ کے بعد آپ سے کسی امر کے متعلق پوچھوں تو آپ مجھ کو اپنے ساتھ نہ رکھئے بیشک آپ میری طرف سے عذر (کی انتہاء) کو پہنچ چکے ہیں (یعنی آپ نے بہت درگزر کی اگر اب ساتھ نہ رکھیں گے معذور ہیں اور اب کی بار نسیان کا عذر نہ کرنے سے معلوم ہو کہ نسیان نہ ہوا تھا غرض) پھر دونوں (آگے) چلے یہاں تک کہ جب ایک گاؤں والوں پر گزر ہوا تو وہاں والوں سے کھانے کو مانگا (کہ ہم مہمان ہیں) سو انہوں نے ان کی مہمانی کرنے سے انکار کر دیا اتنے میں ان کو وہاں ایک دیوار ملی جو گرا ہی چاہتی تھی تو ان بزرگ نے اس کو (ہاتھ کے اشارہ سے بطور خرق عادت کے) سیدھا کر دیا موسیٰ (علیہ السلام) نے فرمایا کہ اگر آپ چاہتے تو اس (کام) پر کچھ اجرت ہی لے لیتے (کہ اس وقت کام بھی چلتا اور ان لوگوں کی بھی اس میں اصلاح اخلاق کی ہوتی ورنہ ایسوں کے ساتھ رعایت کرنے سے دونی بدخلقی ان کی بڑھتی ہے) ان بزرگ نے کہا کہ یہ وقت ہماری اور آپ کی علیحدگی کا ہے (جیسا کہ خود آپ نے شرط کی تھی) میں ان چیزوں کی حقیقت بتلائے دیتا ہوں جن پر آپ سے صبر نہ ہو سکا (چنانچہ آیات آئندہ میں آتا ہے)۔ **ف**: اور عجب نہیں کہ ان اسرار کا بتلانا اس درخواست کو پورا کرنا بھی ہو جو موسیٰ علیہ السلام نے کی تھی تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ گو نمونہ ہی کے طور پر سہی اور[۲] زیادہ ساتھ رہنے میں غالباً وہ مناسب موقع پر خود ہی بتلاتے اور ہر واقعہ پر بتلاتے تو یہ علم زیادہ حاصل ہوتا اور گو یہ علم موسوی کے برابر مفید عام نہ ہو کیونکہ قابل اتباع نہیں تاہم اس معنی کو مفید خاص ضرور ہے کہ بعض حکمتیں مفصلاً منکشف ہوتی ہیں گو اجمالی عقیدہ ہی کہ ہر واقعہ مشتمل حکمتوں پر ہوتا ہے قرب کے لئے کافی ہے اور جب خضر علیہ السلام نے موسیٰ علیہ السلام کے بولنے پر نکیر کی تو موسیٰ علیہ السلام نے جواب میں یہ نہ کہا کہ تم خلاف شرع کرتے ہو وجہ یہ کہ بعد غصہ فرو ہو جانے کے اجمالاً سمجھ گئے تھے کہ جب اللہ تعالیٰ نے ان کے پاس بھیجا ہے تو ان کا فعل موافق ہوگا اور موسیٰ علیہ السلام نے وعدہ کر کے پھر جو اعتراض فرمایا تو اس کی وجہ یہ ہو سکتی ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ایک ایسے فعل کا بذات خود التزام فرمایا تھا جس کو خدا نے ان پر واجب نہ کیا تھا اور اس التزام پر قائم رہنے میں ان کا فائدہ تھا اور ترک میں حضرت خضر علیہ السلام کا کچھ ضرر نہ تھا بالخصوص جب کہ ان کو یہ بھی علم ہو کہ وہ صبر نہ کر سکیں گے اور جو فعل شرعاً واجب نہ ہو بلکہ آدمی اپنی مصلحت کے لئے اس کا التزام کرے اور اس کے ترک میں دوسرے کا ضرر بھی نہ ہو تو ایسے فعل کا ترک شرعاً معصیت نہیں پس خلف وعدہ جو منہی عنہ ہے وہ لازم نہیں آتا اور جیسا ایک بار ایسے وعدہ کا خلاف جائز ہے کئی بار بھی جائز ہے پس نہ سوال بھی نہیں ہو سکتا کہ کئی بار ایسا کیوں کیا اور اصل سبب اس کا خوش طبعی تھا جو کاملین کو بھی احیاناً ہو سکتا ہے۔

تَرْجَمَۃُ مَسَائِلِ السُّؤَالِ: قولہ تعالیٰ: خَرَقَهَا قَالَ اَخَرَقْتَهَا الخ اس سے دو امر ثابت ہوئے ایک یہ کہ بعضے ایسے افعال جن کا ظاہر خلاف شرع ہو اور واقع میں یہ خلاف نہیں ہوتے اکابر سے صادر ہو سکتے ہیں دوسرا امر یہ کہ اولیاء میں ایسے بھی ہیں جو باذن حق تکوین میں تصرف کرتے ہیں (جو خواص باری تعالیٰ سے نہ ہو) اور ایسے لوگوں کو قطب التکوین اور صاحب خدمت کہتے ہیں۔ قولہ تعالیٰ: اِسْتَطْعَمَآ اَهْلَهَا اس سے معلوم ہوا کہ فوری ضرورت کے لئے سوال کرنا جائز ہے اور بعض اہل الطریق نے ضرورات باطن کے لئے نہ کہ ضرورت گرسنگی کے لئے اس کو کبھی کبھی اختیار کیا ہے قولہ تعالیٰ: فَاَقَامَهٗ الخ بخاری کتاب التفسیر میں سعید سے روایت ہے کہ اس دیوار پر ہاتھ پھیر دیا اور وہ سیدھی ہو گئی پس اس تفسیر پر اس میں کرامات اولیاء کا اثبات ہے جب کہ خضر علیہ السلام کی نبوت کا قائل نہ ہو جاوے قولہ تعالیٰ لَتَخَذْتَ عَلَيْهِ اَجْرًا ۝ اس سے معلوم ہوا کہ اکتساب معیشت اور اس کے اسباب کا اختیار کرنا کمال کے منافی نہیں ۱۲ قولہ تعالیٰ قال هذا فراق الخ یہ اصل ہے مرید کو جدا کر دینے کی جب کہ اس سے مناسبت و موافقت کی توقع نہ رہے اور بکثرت خلاف اور نزاع ظاہر ہونے لگے ۱۲۔

اَلْحَوَاشِیْ: (۱) مفعول فسر ۱۲۔ (۲) غالباً مقصود اس سے توجیہ ہے اس حدیث کی جس میں حضور نے تمنا ظاہر فرمائی ہے کہ موسیٰ علیہ السلام اگر نہ بولتے تو اور قصے واقع ہوتے۔ حاصل توجیہ کا یہ ہے کہ خود قصہ سننا محل تمنا نہیں بلکہ وہ اسرار جو ان قصوں میں ظاہر ہوتے اور خضر علیہ السلام سکوت پر خود بھی بتا دیتے اور گو وہ اسرار مفید عام نہیں مگر تفصیل و تعیین حکمت کے اعتبار سے مفید خاص ضرور ہیں اور ظاہر ہے کہ جب ہر ہر واقعہ کی حکمت بیان کی جاتی تو یہ علم زیادہ حاصل ہوتا اس اعتبار سے حضور نے ایسی تمنا فرمائی اور میں نے غالباً اس واسطے کہا کہ اچھی طرح ذہن میں نہیں آیا کہ یہ عبارت لکھتے وقت کیوں پڑھائی تھی ۱۲ منہ عفا اللہ عنہ۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃِ: ۱ قوله فی لتغرق ضرر مرتب ہونا اشارة الی ان اللام للعاقبة ۱۲۔ ۲ قوله فی توضیحه مگر جب تک کوئی غالب الخ زاده لیکون الجواب بقوله اما السفینة الخ متجها والا فلا یرتفع به الاشکال المذکور من خوف الفرق فافهم ۱۲۔ ۳ قوله فی بغیر نفس وہ بھی اشارة الی ان زیادة هذا للمبالغة کما بینه فی الترجمة فلا یصح الاحتجاج به علی بلوغه والقرینة علی کونه غیر بالغ استعمال لفظ غلامین فیما سیاتی فی غیر البالغین بدلیل یتیمین ۱۲۔

اَللُّغَاتُ: الامر والنکر فی الروح عن الکشف الظاهر البلیغة النکر الا تری کیف فسر الشاعر فی قوله لقد یقی الاقران منی نکرا

www.besturdubooks.net

☆ واهية وهياء اذ امرا النكر[1] بداهية من صفتهما كيت وكيت وجعل الامر بعض اوصافها۔

الصرف :قوله لتخذت بتاء مفتوحة و خاء مكسورة كما فى قراء ة اما من تخذ بمعنے اخذا ومن اخذبا بدال الفاء تاء و تفصيله فى الروح ۱۲۔

النحو: قوله قد بلغت من لدنى عذرا مفعل بلغت والمعنى كما نقله فى الروح عن النورى قد بلغت الى الغاية التى تعذر بسببنها فى فراقى حيث خالفتك مرة بعد مرة آه۔

البلاغة: خرقها بدون التاء ثم فقتله بالفاء ثم استطعما بدون الفاء والنكتة فى هذا التفاوت عندى انه فى الركوب والاتيان لا يكون الافتراق عن اهل السفينة واهل القرية سريعًا ولا غير اختيارى فلم يكن فيهما داع الى تعجيل الخرق والاستطعام لانه لا يفوت شئ بالتمهل بخلاف اللقى فانه لا يكون فيه الافتراق باختياره بل ربما يفترق الملاقى الآخر وايضا ربما يفوت لاجماع فيه سريعا ولا يتمكن حينئذ من القتل المقتضى العادة فى مثله الى تعجيل القتل فاتى بالفاء الدالة على التعقيب بلا مهملة فافهم فانه من المواهب۱۲ قوله الم اقل لك زاد لك فى امرأة الثانية للمبالغة والتنبيه على كون المخاطب هو المخاطب لا غير ليكون اشد احتمالاً۱۲۔

اَمَّا السَّفِيْنَةُ فَكَانَتْ لِمَسٰكِيْنَ يَعْمَلُوْنَ فِي الْبَحْرِ فَاَرَدْتُّ اَنْ اَعِيْبَهَا وَكَانَ وَرَآءَهُمْ مَّلِكٌ يَّاْخُذُ كُلَّ
سَفِيْنَةٍ غَصْبًا ﴿۷۹﴾ وَ اَمَّا الْغُلٰمُ فَكَانَ اَبَوٰهُ مُؤْمِنَيْنِ فَخَشِيْنَآ اَنْ يُّرْهِقَهُمَا طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ﴿۸۰﴾ فَاَرَدْنَآ اَنْ
يُّبْدِلَهُمَا رَبُّهُمَا خَيْرًا مِّنْهُ زَكٰوةً وَّاَقْرَبَ رُحْمًا ﴿۸۱﴾ وَاَمَّا الْجِدَارُ فَكَانَ لِغُلٰمَيْنِ يَتِيْمَيْنِ فِي الْمَدِيْنَةِ
وَكَانَ تَحْتَهٗ كَنْزٌ لَّهُمَا وَكَانَ اَبُوْهُمَا صَالِحًا ۚ فَاَرَادَ رَبُّكَ اَنْ يَّبْلُغَآ اَشُدَّهُمَا وَيَسْتَخْرِجَا كَنْزَهُمَا ۖ
رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۚ وَمَا فَعَلْتُهٗ عَنْ اَمْرِيْ ۚ ذٰلِكَ تَاْوِيْلُ مَا لَمْ تَسْطِعْ عَّلَيْهِ صَبْرًا ﴿۸۲﴾ وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنْ ذِي
الْقَرْنَيْنِ ۚ قُلْ سَاَتْلُوْا عَلَيْكُمْ مِّنْهُ ذِكْرًا ﴿۸۳﴾ اِنَّا مَكَّنَّا لَهٗ فِي الْاَرْضِ وَاٰتَيْنٰهُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ سَبَبًا ﴿۸۴﴾ فَاَتْبَعَ
سَبَبًا ﴿۸۵﴾ حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ مَغْرِبَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَغْرُبُ فِيْ عَيْنٍ حَمِئَةٍ وَّ وَجَدَ عِنْدَهَا قَوْمًا ۗ قُلْنَا يٰذَا الْقَرْنَيْنِ
اِمَّآ اَنْ تُعَذِّبَ وَاِمَّآ اَنْ تَتَّخِذَ فِيْهِمْ حُسْنًا ﴿۸۶﴾ قَالَ اَمَّا مَنْ ظَلَمَ فَسَوْفَ نُعَذِّبُهٗ ثُمَّ يُرَدُّ اِلٰى رَبِّهٖ
فَيُعَذِّبُهٗ عَذَابًا نُّكْرًا ﴿۸۷﴾ وَاَمَّا مَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهٗ جَزَآءَ ۨ الْحُسْنٰى ۚ وَسَنَقُوْلُ لَهٗ مِنْ اَمْرِنَا يُسْرًا ﴿۸۸﴾

وہ جو کشتی تھی سو چند آدمیوں کی تھی جو (اس کے ذریعے سے) دریا میں محنت مزدوری کرتے تھے سو میں نے چاہا کہ اس میں عیب ڈال دوں اور (وجہ اس کی یہ تھی کہ) ان لوگوں سے آگے کی طرف ایک (ظالم) بادشاہ تھا جو ہر (اچھی) کشتی کو زبردستی پکڑ رہا تھا اور رہا وہ لڑکا سو اس کے ماں باپ ایماندار تھے سو ہم کو اندیشہ (یعنی تحقیق) ہوا کہ یہ ان دونوں پر سرکشی اور کفر کا اثر نہ ڈال دے پس ہم کو یہ منظور ہوا کہ بجائے اس کے ان کا پروردگار ان کو ایسی اولاد دے جو پاکیزگی (یعنی دین) میں اس سے بہتر ہو اور رہی دیوار سو وہ دو یتیم لڑکوں کی تھی جو اس شہر میں (رہتے) ہیں اور اس دیوار کے نیچے ان کا کچھ مال مدفون تھا جو ان کے باپ سے میراث میں پہنچا ہے اور ان کا باپ (جو مر گیا ہے وہ) ایک نیک آدمی تھا سو آپ کے رب نے اپنی مہربانی سے چاہا کہ وہ دونوں اپنی جوانی (کی عمر) کو پہنچ جاویں اور اپنا دفینہ نکال لیں اور یہ سارے کام میں نے الہام الٰہی سے کئے ہیں ان میں سے کوئی کام میں نے اپنی رائے سے نہیں کیا لیجئے یہ ہے حقیقت ان باتوں کی جن پر آپ سے صبر نہ ہو سکا۔ ذوالقرنین کا حال پوچھتے ہیں آپ سے آپ فرما دیجئے کہ میں اس کا ذکر ابھی تمہارے سامنے کرتا ہوں ہم نے ان کو روئے زمین پر حکومت دی تھی اور ہم نے ان کو ہر قسم کا سامنا (کافی) دیا تھا۔ چنانچہ مغرب کی ایک راہ پر ہو لئے یہاں تک کہ جب غروب آفتاب کے موقع پر پہنچے تو آفتاب ان ایک سیاہ رنگ کے پانی میں ڈوبتا ہوا دکھلائی دیا اور اس موقع پر انہوں نے ایک قوم دیکھی ہم نے (الہاماً) یہ کہا اے ذوالقرنین خواہ سزا دو اور خواہ ان کے بارے میں نرمی کا معاملہ اختیار کرو ذوالقرنین نے عرض کیا کہ (بہت اچھا اول دعوت ایمان ہی دوں گا) لیکن جو ظالم رہے گا سو اس کو تو ہم لوگ سزا دیں گے پھر وہ اپنے مالک حقیقی کے پاس پہنچایا جائے گا پھر وہ اس کو دوزخ کی سزا دے گا اور جو شخص ایمان لے آوے گا اور نیک عمل کرے گا تو

www.besturdubooks.net

اس کے لئے (آخرت میں بھی) بدلے میں بھلائی ملے گی اور ہم (دنیا میں بھی) اپنے برتاؤ میں اس کو آسان (اور نرم) بات کہیں گے۔ ۞

تفسیر: تتمہ قصہ ☆ اَمَّا السَّفِيْنَةُ فَكَانَتْ لِمَسٰكِيْنَ يَعْمَلُوْنَ فِي الْبَحْرِ فَاَرَدْتُّ اَنْ اَعِيْبَهَا (الی قولہ تعالیٰ) ذٰلِكَ تَاْوِيْلُ مَا لَمْ تَسْطِعْ عَّلَيْهِ صَبْرًا ۞ وہ جو کشتی تھی سو چند غریب آدمیوں کی تھی جو (اس کے ذریعہ سے) دریا میں محنت مزدوری کرتے تھے (اور اسی پر ان کی گذر اوقات ہوتی ہے) سو میں نے چاہا کہ اس میں عیب ڈال دوں اور (وجہ اس کی یہ تھی کہ) ان لوگوں سے آگے کی طرف ایک (ظالم) بادشاہ تھا جو ہر (اچھی) کشتی کو زبردستی پکڑ رہا تھا (سو اگر ان کی کشتی میں عیب نہ ڈالا جاتا تو اس کو بھی چھین لیتا اور ان غریبوں کا ٹکڑا مارا جاتا پس اس توڑنے میں یہ مصلحت تھی) اور رہا وہ لڑکا سو اس کے ماں باپ ایماندار تھے (اور وہ اگر بڑا ہوتا تو کافر ہوتا اور ماں باپ اس کو چاہتے بہت تھے) سو ہم کو اندیشہ (یعنی تحقیق ہم) ہوا کہ ان دونوں پر سرکشی اور کفر کا اثر نہ ڈال دے (یعنی محبت کے سبب وہ بھی بددینی میں اس کا ساتھ نہ دینے لگیں) پس ہم کو یہ منظور ہوا کہ (اس کا تو قصہ تمام کر دیا جاوے پھر) بجائے اس کے ان کا پروردگار ان کو ایسی اولاد دے (خواہ لڑکا ہو یا لڑکی) جو پاکیزگی (یعنی دین) میں اس سے بہتر ہو اور (ماں باپ کے ساتھ) محبت کرنے میں اس سے بڑھ کر ہو اور رہی دیوار سو وہ دو یتیم لڑکوں کی تھی جو اس شہر میں (رہتے) ہیں اور اس دیوار کے نیچے ان کا کچھ مال مدفون تھا (جو ان کے باپ سے میراث میں پہنچا ہے) اور ان کا باپ (جو مر گیا ہے وہ) ایک نیک آدمی تھا پس اس کے نیک ہونے کی برکت سے خدا تعالیٰ نے اس کی اولاد کے مال کو محفوظ فرمانا چاہا اور دیوار گرنے سے لوگ مال لوٹ لے جاتے اور غالباً جوان لڑکوں کا سرپرست تھا اور اس کو دفینہ کا علم ہوگا وہ یہاں موجود نہ ہوگا جو انتظام کر لیتا) سو آپ کے رب نے اپنی مہربانی سے چاہا کہ وہ دونوں اپنی جوانی (کی عمر) کو پہنچ جاویں اور اپنا دفینہ نکال لیں اور (یہ سارے کام میں نے بالہام الٰہی کئے ہیں ان میں سے کوئی کام میں نے اپنی رائے سے نہیں کیا (لیجئے صاحب) یہ ہے حقیقت ان باتوں کی جن پر آپ سے صبر نہ ہو سکا (جس کو میں حسب وعدہ بتلا چکا چنانچہ موسیٰ علیہ السلام اس کے بعد ان سے رخصت ہوئے۔ حدیث میں ہے کہ موسیٰ علیہ السلام نے شرما کر یہ کہہ دیا کہ اگر اب کی بار پوچھوں تو ساتھ نہ رکھنا ورنہ اگر ساتھ رہتے تو اور عجائب امور دیکھتے)

ف: اثنائے ترجمہ میں جس قدر مضامین روایت کے متعلق ہیں سب احادیث صحیحین سے ہیں بجز ان جملوں کے جن میں یہ الفاظ آئے ہیں مطلب اور یعنی اور غالباً اور شاید اور احتمال اور مراد اور ظاہراً اور ہو گیا ہوگا اور عجب نہیں اور یا اور اس قصہ سے بعض کو دھوکہ ہو گیا ہے کہ علم باطن علم شریعت سے افضل ہے جواب اس کا یہ ہے کہ علم باطن کے دو شعبے ہیں علم مرضیات الٰہی جو متعلق بالنفس ہیں اور علم اسرار کونیہ پہلا تو شریعت کا ایک جزو ہی ہے اور جزو کبھی کل سے افضل نہیں ہو سکتا اور دوسرا چونکہ قرب الٰہی میں کچھ دخل نہیں رکھتا اس لئے افضلیت کا احتمال ہی نہیں دوسرا دھوکہ یہ ہے کہ خضر علیہ السلام موسیٰ علیہ السلام سے افضل ہیں جواب یہ ہے کہ خضر علیہ السلام کو علم باطن کا دوسرا شعبہ حاصل ہونا اس قصہ سے ثابت ہے اور ابھی سن لیا ہے کہ وہ علم شریعت سے جو کہ موسیٰ علیہ السلام کو حاصل تھا افضل نہیں۔ رہا ان کا ان کے پاس بھیجنا سو بناء اس کی افضلیت نہیں بلکہ تعلیم و تادیب کہ آئندہ تکلم میں احتیاط رکھیں اور مقید کی جگہ مطلق نہ بولا کریں بعض کو یہ دھوکہ ہوا ہے کہ پیر اگر خلاف شرع کوئی کام کریں اس پر انکار نہ کرے چنانچہ اس قصہ حدیث میں آیا ہے کہ موسیٰ علیہ السلام اگر صبر کرتے تو خوب ہوتا۔ جواب یہ کہ خضر علیہ السلام کا کمال نص سے معلوم تھا اس لئے سکوت جائز تھا دوسرے کا ان پر قیاس کرنا مع الفارق ہے بعض کو دھوکہ ہوا ہے کہ الہام پر خلاف شرع عمل جائز ہے جواب یہ ہے کہ یا تو نبی ہوں گے اور یا یہ کہ شریعت سابقہ ہوگی مگر اس شرع میں جائز نہیں یہاں بعض اہل کتاب کہتے ہیں کہ یہ قصہ موسیٰ مشہور پیغمبر کا نہیں ورنہ ہماری کتابوں میں ہوتا۔ مگر حدیث میں تصریح ہے یہی موسیٰ علیہ السلام صاحب واقعہ ہیں اور بعض کتابیں اہل کتاب کی گم ہو گئی ہیں ممکن ہے کہ ان میں ہو یا اگر نہ بھی ہو تو مثبت مقدم ہے نافی پر اور بعض نے یہ خدشہ کیا ہے کہ موسیٰ علیہ السلام نے یہ سفر کب کیا ہے کہ بنی اسرائیل میں مشہور نہ ہو جواب یہ ہے کہ یا تو ان کو علم ہوا ہو اور عار کی وجہ سے چرچا قطع کر دیا ہو یا خود موسیٰ علیہ السلام نے بخیال ان کی غباوت کے ان کو اطلاع نہ کی ہو کہ کسی فتنہ میں مبتلا نہ ہو جاویں اور بنی اسرائیل یوں سمجھتے ہوں کہ کہیں حسب عادت تشریف لے گئے ہونگے۔ زلط: اوپر اصحاب کہف کا قصہ جس سوال کے جواب میں مذکور ہے جس میں انکے تین سفروں کا بھی بیان ہے۔

قصہ ذوالقرنین ☆ وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنْ ذِي الْقَرْنَيْنِ (الی قولہ تعالیٰ) فَاَتْبَعَ سَبَبًا ۞۔

سفر اوّل: حَتّٰۤى اِذَا بَلَغَ مَغْرِبَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَغْرُبُ فِيْ عَيْنٍ (الی قولہ تعالیٰ) وَسَنَقُوْلُ لَهٗ مِنْ اَمْرِنَا يُسْرًا ۞ اور یہ لوگ آپ سے ذوالقرنین کا حال پوچھتے ہیں (اس کے پوچھنے کی وجہ یہ لکھی ہے کہ ان کی تاریخ قریب قریب گم تھی اور اسی لئے جو امور ان کے متعلق قرآن میں مصرح نہیں کہ اصل قصہ سے زائد تھے وہ آج تک مختلف فیہ ہیں اور اسی واسطے انہوں نے اس کو سوال کے لئے تجویز کیا تھا پس اس کا جواب بھی کامل دلیل ہے نبوت کی) آپ فرما دیجئے کہ میں اس کا ذکر ابھی تمہارے سامنے بیان کرتا ہوں (آگے حق تعالیٰ کی طرف سے اس کی حکایت شروع ہوئی کہ وہ ذوالقرنین ایک ایسے جلیل القدر بادشاہ ہو گزرے ہیں کہ) ہم نے ان کو روئے زمین پر حکومت دی تھی اور ہم نے ان کو ہر قسم کا سامان (کافی) دیا تھا (جس سے وہ اپنے شاہی ارادوں کو پورا کر سکیں) چنانچہ وہ (بارادۂ فتوحات ملک مغرب) ایک راہ پر ہو لئے (اور راہ سے سفر کرنا شروع کیا) یہاں تک کہ جب (سفر کرتے کرتے اور درمیانی بلاد و امصار کو فتح

www.besturdubooks.net

کرتے کرتے) غروب آفتاب کے موقع پر (یعنی جہت مغرب میں منتہائے آبادی پر) پہنچے تو آفتاب اُن کو ایک سیاہ رنگ کے پانی میں ڈوبتا ہوا دکھلائی دیا (مراد اس سے غالباً سمندر ہے کہ اس کا رنگ اکثر جگہ سیاہ ہے اور سمندر میں گو حقیقۃً غروب نہیں ہوتا لیکن جہاں سمندر سے آگے نگاہ نہ جاتی ہو تو بادی النظر میں سمندر ہی میں غروب ہوتا معلوم ہوگا) اور اس موقع پر انہوں نے ایک قوم دیکھی (جن کے کافر ہونے پر اگلی آیت اما من ظلم الخ دلالت کرتی ہے) ہم نے (الہاماً یا اس زمانہ کی شریعت کے واسطہ سے) یہ کہا کہ اے ذوالقرنین (اس قوم کے بارے میں تم کو دو اختیار ہیں) خواہ (ان کو ابتداء ہی سے قتل وغیرہ کے ذریعہ سے) سزا دو اور خواہ ان کے بارے میں نرمی کا معاملہ اختیار کرو (یعنی اول دعوتِ ایمان کرلو اور ابتداءً قتل کرنا شاید اس لئے جائز ہو کہ ان کو کسی ذریعہ سے دعوت پہنچ چکی ہوگی لیکن دوسری صورت کو بوجہ ترجیح کے اتخاذ حسن سے تعبیر فرمایا) ذوالقرنین نے عرض کیا کہ (بہت اچھا اول دعوت ایمان ہی کروں گا) لیکن (بعد دعوت ایمان کے) جو (ان میں) ظالم (کفار) رہے گا سو اس کو تو ہم لوگ (قتل وغیرہ کی) سزا دیں گے (اور یہ سزا تو دنیا میں ہوگی) پھر (مرنے کے بعد) وہ اپنے مالک حقیقی کے پاس پہنچایا جاوے گا پھر وہ اس کو (دوزخ کی) سخت سزا دے گا اور جو شخص (میری دعوت ایمان کے بعد) ایمان لے آوے گا اور (قواعد دینیہ کے موافق) نیک عمل کرے گا تو اس کے لئے (آخرت میں بھی) بدلے میں بھلائی ملے گی اور ہم (بھی دنیا میں) اپنے برتاؤ میں اس کو آسان (اور نرم) بات کہیں گے (یعنی قولی سختی بھی اس کے ساتھ روا نہ رکھیں گے اور فعلی سختی تو بدرجہ اولیٰ روا نہ رکھی جاوے گی)۔ ف: ظاہراً معلوم ہوتا ہے کہ ذوالقرنین کوئی مقبول بزرگ بادشاہ ہیں خواہ نبی ہوں یا ولی ہوں کسی دوسرے نبی کے متبع۔ ہر ولایت کی صورت میں یہ مکالمت بطور الہام ہوئی ہو یا کسی نبی کے ذریعہ سے اور شاید ذوالقرنین کا لقب اس لئے ہوا ہو کہ قرن جانب کو کہتے ہیں اور تثنیہ سے مراد تکریر ہو چونکہ انہوں نے جوانب ارض پر تسلط حاصل کیا تھا اس لئے ذوالقرنین لقب ہوگیا واللہ اعلم اور ذوالقرنین کے دو سفر آئندہ میں یہ مضمون تخییر بین التعذیب والاتخاذ کا مذکور نہیں شاید ایک جگہ ذکر کر کے بقیہ مواقع کو سامعین کے مقایسہ پر چھوڑ دیا ہو اور ان کے معاملہ میں بھی یہی مکالمت ہوئی ہو یا خود مکالمت کو ان کے مقایسہ پر چھوڑ دیا ہو کہ یہی برتاؤ وہاں کرلیں گے۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلِ السُّلُوْكِ: قولہ تعالیٰ: كَانَ اَبُوْهُمَا صَالِحًا ۚ اس میں بزرگوں کی اولاد کی رعایت کی اصل ہے اور یہ امر اہل سلوک کے لئے مثل امر طبعی کے ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَمَا فَعَلْتُهٗ عَنْ اَمْرِيْ ۚ اس سے ان لوگوں کا احتجاج ساقط ہوگیا جو کاملین کے لئے امور خلاف شرع فی الواقع کا صدور جائز رکھتے ہیں وجہ سقوط ظاہر ہے کہ حضرت خضر علیہ السلام کے یہ سب افعال بالکل مامور بہ من اللہ تھے اور یہی مامور بہ شرع ہے اور وہ نبی تھے تب تو یہ افعال شرع جزئی کی طرف مستند ہیں اور اگر نبی نہیں تھے تو شرع کلی کی طرف کسی اصلی غامض سے استنباط کے ذریعہ سے جس پر موسیٰ علیہ السلام کو اس لئے اطلاع نہیں ہوئی کہ ان پر وہ مصالح خاصہ منکشف نہیں ہوئے اس لئے وہ استنباط نہ کر سکے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: ذٰلِكَ تَاْوِيْلُ مَا لَمْ تَسْطِعْ عَّلَيْهِ صَبْرًا ۚ الخ اس سے معلوم ہوا کہ ایسے مغیبات پر مطلع ہو جانا اور ان کا منکشف ہو جانا مقاصد میں سے نہیں چنانچہ موسیٰ علیہ السلام باوجودیکہ خضر علیہ السلام سے بوجہ اس کے کہ قطعی نبی اور اولی العزم نہ اہل شرع مستقل سے ہیں اکمل تھے پھر بھی (ان واقعات سے محجب رہے اور روح المعانی میں ہے کہ علماء نے اس قصہ سے جیسا کہ شراح حدیث وغیرہ نے ذکر کیا ہے ان فوائد پر استدلال کیا ہے طلب علم کے لئے سفر کا مستحب ہونا اور علماء و مشائخ کے ساتھ ادب کا برتاؤ کرنا اور ان پر اعتراض کا ترک کرنا اور ان کے افعال و حرکات و اقوال میں سے جس کا ظاہر مفہوم نہ ہو اس کی تاویل کر لینا اور ان کے ساتھ جو عہد کیا ہے اس کو وفاء کرنا اور اگر ان کے خلاف کچھ ہو جاوے تو اس کی معذرت کرنا اور سفر میں خادم کو ہمراہ لینا اگرچہ وہ سفر کسی بزرگ کی خدمت میں ہو اور سفر میں زاد راہ لے جانا اور اس کا منافی توکل نہ ہونا اور نسیان اور دیگر امور مکروہہ کا شیطان کی طرف منسوب کرنا اور ان کی نسبت الی اللہ کرنے سے ادب کرنا اور عالم کا طالب علم سے ایسے فن کی تعلیم نہ کرنے میں عذر کر دینا جس کا وہ متحمل نہ ہو سکے گا اور ہر امر میں مثبت حق کو مقدم رکھنا اور متبوع کو تابع سے کچھ شرطیں لگا لینا اور نسیان پر مواخذہ نہ ہونا اور تین کے عدد کا تکرار میں معتبر ہونا اور سواری کشتی کا جائز ہونا اور حکم ظاہر پر ہونا جب تک کہ اس کے خلاف معلوم نہ ہو چنانچہ موسیٰ علیہ السلام نے اسی بناء پر انکار فرمایا اور احتیاج کے وقت سوال طعام کا جائز ہونا اور احسان کو ترک کرنا اگرچہ نااہلوں ہی کے ساتھ ہو (چنانچہ باوجود ان اہل قریہ کے طعام نہ دینے کے ان کی دیوار درست کر دی) اور اعمال دنیویہ پر اجرت لینا اور آلات اکتساب کے یا کسی ناکافی چیز کے مالک ہونے سے مسکنت کا باقی رہنا اور غصب کا حرام ہونا اور زمین میں مال کے دفن کرنے کا جائز ہونا اور بھی بہت فوائد ہیں جو تلاش یا غور سے معلوم ہو سکتے ہیں اھ اور بندہ ضعیف کہتا ہے کہ حدیث میں جو امر موسیٰ علیہ السلام کے خضر علیہ السلام کے پاس جانے کے سبب کے بارہ میں آیا ہے اس سے ثابت ہوتا ہے کہ طریق اکمل اصلاح کا فعل ہے نہ کہ مختص قول ۱۲۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃ: ۱ قوله فی ورائهم آگے رجح هذا المعنی من المعنیین لقراءة ابن عباس ما فهم اخرجه البخاری ۱۲۔ ۲ قوله فخشینا تحقیق هکذا فی الخازن ۱۲۔ ۳ قوله فی فاردنا تمام کر دیا جاوے اشارة الی توجیه تعلق الارادة بالابدال مع عدم کونه محلا للارادة البشریة والتوجیه ان المقصود تعلقها بالقتل المستتبع للابدال حسب التعلیم الآلهی ۱۲۔ ۴ قوله فی رحمة اپنی مہربانی سے متصلا

www.besturdubooks.net

مع قوله آپ کے رب نے اشارة الى امرين الاول انه مفعول له لقوله اولا ليستخرجا لاختلاف الفاعلين المانع فى المشهور والثانى ان فيه وضع المظهر موضع المضمر ۱۲۔ ۵ قوله فى فعلته کوئی کام اشارة الى ان ضمير المفعول راجع الى كل واحد مما ذكر ۱۲۔ ۶ قوله فى عندها اس موقع پر هو ترجمة بالحاصل وحقيقة الكلام عند العين ۱۲۔ ۷ قوله فى نعذبه ہم لوگ اشار به باعتبار المحاورة الى ان الجمع ليس للتعظيم بل للاستحقار ايذانا بانا نحن اجمعون خدام واتباع فافهم فانه من المواهب ۱۲۔ ۸ قوله فى امرنا برتاؤ لان لفظ الامر وكذا الشئ عام لكل شئ وامر ويخص بقرينة المقام ۱۲۔

اللغات: السبب الطريق الموصل الى المقصود اى مقصود كان نعم العدة والسبيل ۱۲ قوله فى عين حمئة فى الروح المراد بالعين اما عين فى البحر او البحر نفسه وتسمية عينا لا باس به و حماة ذات حماة هى الطين الاسود وقد ترجمت بالحاصل مراعيا فيه المعنى اللغوى فافهم ولا منافاة بينها وبين القراءة الاندى حامية اى عارة لان للماء لايبعه كون حارا باشمس ۱۲۔

النحو: قوله جزاء حال مقدم ۱۲۔

البلاغة: قوله فخشينا واردنا اعلم ان القول قد اختلف فى نكتة اسناد الارادة فى القصة الاولى الى ضمير المتكلم المفرد وفى الثانية الى ضمير الجمع وفى الثالثة الى المظهر والذى لزق بقلبى هو ما فى الروح انه روعى فى الجواب دال الاعتراض وما تضمنه واشار اليه فلما كان الاعتراض الاول متضمنا اسناد الاغراق الى الخضر وكان الانكار عليه دون الانكار على ما يليه بناء على ان نكرا ابلغ من امرا على ما اختاره المحققون ناسب ان يصرح باسناد ارادة التعييب الى نفسه المشير الى نفى ارادة الاغراق التى يشير كلام موسٰى عليه السلام اليها وان لا ياتى بما يدل على التعظيم من ضم احد معه خلاف ما حسب عليه السلام ولما كان الاعتراض الثانى فى غاية المبالغة والانكار ناسب ان يشير الى ان ما اعترض عليه وبولغ فى انكاره قداريد به امر عظيم فلذا اسند الخشية والارادة الى ضمير المعظم فان فى اسناد الارادة الى المعظم تعظيم الارادة وفى تعظيم الارادة تعظيم المراد وكذا فى اسناد الخشية ولما كان الاعتراض ههنا جدا حيث كان بلفظ لا تصلب فيه فناسب ان يلين فى جوابه المقام ولا ينسب لنفسه استقلالا او مشاركة شيئا من الافعال آه قوله خيرا او اقرب لا يراد التفضيل انما يراد المبالغة لان المقتول لم تكن فيه زكوة ورحمة اصلا قوله فى المدينة سماها قرية فى ما قبل ومدينة ههنا لان مالئه من الاباء والمستهجن يناسب شان القرية التى يكون اهلها فى الغالب اهل جفوة وقساوة وما ههنا من كون اليتيمين ولدى صالح يناسب شان المدينة التى اهلها فى الاكثر ذو داب ورشد ۱۲ قوله فاتبع سببا الفاء فصيحة اى فاراد المسير الى المغرب فاتبع وقد اشرت اليه فى الترجمة ۱۲ قوله فله جزاء الحسنٰى قدم ههنا جزا الآخرة على ثمرته فى الدنيا وفيما قبل عكس اشارة الى ان الاهم الاقدم فى نظر المؤمن هو الآخرة واما الكافر فادل ما يقع نظره على الدنيا فاخبر معجلا من خسارته فيها التى ليشاهدها ۱۲۔

ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا ﴿۹۲﴾ حَتّٰۤى اِذَا بَلَغَ مَطْلِعَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَطْلُعُ عَلٰى قَوْمٍ لَّمْ نَجْعَلْ لَّهُمْ مِّنْ دُوْنِهَا سِتْرًا ﴿۹۰﴾
كَذٰلِكَ ۛ وَقَدْ اَحَطْنَا بِمَا لَدَيْهِ خُبْرًا ﴿۹۱﴾ ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا ﴿۹۲﴾ حَتّٰۤى اِذَا بَلَغَ بَيْنَ السَّدَّيْنِ وَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمَا
قَوْمًا ۙ لَّا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ قَوْلًا ﴿۹۳﴾ قَالُوْا يٰذَا الْقَرْنَيْنِ اِنَّ يَاْجُوْجَ وَمَاْجُوْجَ مُفْسِدُوْنَ فِى الْاَرْضِ فَهَلْ
نَجْعَلُ لَكَ خَرْجًا عَلٰۤى اَنْ تَجْعَلَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ سَدًّا ﴿۹۴﴾ قَالَ مَا مَكَّنِّىْ فِيْهِ رَبِّىْ خَيْرٌ فَاَعِيْنُوْنِىْ بِقُوَّةٍ اَجْعَلْ بَيْنَكُمْ
وَبَيْنَهُمْ رَدْمًا ﴿۹۵﴾ اٰتُوْنِىْ زُبَرَ الْحَدِيْدِ ؕ حَتّٰۤى اِذَا سَاوٰى بَيْنَ الصَّدَفَيْنِ قَالَ انْفُخُوْا ؕ حَتّٰۤى اِذَا جَعَلَهٗ نَارًا ۙ قَالَ اٰتُوْنِىْۤ
اُفْرِغْ عَلَيْهِ قِطْرًا ﴿۹۶﴾ فَمَا اسْطَاعُوْۤا اَنْ يَّظْهَرُوْهُ وَمَا اسْتَطَاعُوْا لَهٗ نَقْبًا ﴿۹۷﴾ قَالَ هٰذَا رَحْمَةٌ مِّنْ رَّبِّىْ ۚ فَاِذَا
جَآءَ وَعْدُ رَبِّىْ جَعَلَهٗ دَكَّآءَ ۚ وَكَانَ وَعْدُ رَبِّىْ حَقًّا ﴿۹۸﴾

www.besturdubooks.net

پھر ایک (دوسری) راہ پر ہو لئے یہاں تک کہ جب (مسافت طے کر کے) طلوع آفتاب کے موقع پر پہنچے تو آفتاب کو ایک ایسی قوم پر طلوع ہوتے دیکھا جن کے لئے ہم نے آفتاب کے اوپر کوئی آڑ نہیں رکھی یہ قصہ اسی طرح ہے اور ذوالقرنین کے پاس جو کچھ (سامان وغیرہ) تھا ہم کو اس کی پوری خبر ہے۔ پھر (مشرق مغرب فتح کر کے) اور راہ پر ہو لئے یہاں تک کہ جب دو پہاڑوں کے درمیان میں پہنچے تو ان پہاڑوں سے اس طرف ایک قوم کو دیکھا جو کوئی بات سمجھنے کے قریب بھی نہیں پہنچے انہوں نے (ذوالقرنین سے) عرض کیا کہ اے ذوالقرنین قوم یاجوج ماجوج (جو اس گھاٹی کے اس طرف رہتے ہیں ہماری) اس سرزمین میں (کبھی کبھی بڑا فساد مچاتے ہیں سو کیا ہم لوگ آپ کے لئے کچھ چندہ جمع کریں اس شرط پر کہ آپ ہمارے اور ان کے درمیان کوئی روک بنا دیں (کہ وہ پھر نہ آنے پاویں) ذوالقرنین نے جواب دیا کہ جس مال میں میرے رب نے مجھ کو اختیار دیا ہے وہ بہت کچھ ہے سو (مال کی تو مجھے ضرورت نہیں البتہ ہاتھ پاؤں سے میری مدد کرو تو میں تمہارے لئے اور ان کے درمیان میں مضبوط دیوار بنا دوں (اچھا تو تم) لوگ میرے پاس لوہے کی چادریں لاؤ یہاں تک کہ جب (روے ملاتے ملاتے) ان کے دونوں سروں کے بیچ (کے خلا) کو برابر کر دیا تو حکم دیا کہ دھونکو (دھونکنا شروع ہو گیا) یہاں تک کہ جب لال انگارا کر دیا تو (اس وقت) حکم دیا کہ اب میرے پاس پگھلا ہوا تانبا لاؤ (جو پہلے سے تیار کیا گیا ہے) کہ اس پر الٹ دو۔ اپنے مشرقی سفر کو ختم کر کے پھر ذوالقرنین وہیں مشرق کی طرف ایک راہ چلے دیکھا کہ دو پہاڑ ہیں جو ملے ہوئے ہیں لیکن ان کے درمیان ایک گھاٹی ہے جہاں سے یاجوج ماجوج نکل کر ترکوں پر تباہی ڈالا کرتے ہیں انہیں قتل کرتے ہیں کھیت اور باغات تباہ کرتے جو پہلے سے تیار کرا لیا ہوگا کہ اس پر ڈال دو سو نہ تو ماجوج موجوج اس پر چڑھ سکتے ہیں اور (غایت استحکام کے باعث) نہ اس میں نقب دے سکتے ہیں ذوالقرنین نے کہا کہ یہ (تیاری دیوار کی) میرے رب کی ایک رحمت ہے پھر جس وقت میرے رب کا وعدہ آوے گا (یعنی اس کے فنا کا وقت آئے گا) تو اس کو ڈھا کر (زمین کے) برابر کر دے گا اور میرے رب کا ہر وعدہ برحق ہے۔ ۞

تفسیر: سفر دوم ☆ ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا ۞ (الی قولہ تعالیٰ) كَذٰلِكَ ۚ وَقَدْ اَحَطْنَا بِمَا لَدَيْهِ خُبْرًا ۞ پھر (ممالک مغربیہ فتح کر کے ممالک مشرقیہ فتح کرنے کے ارادہ سے مشرق کی طرف) ایک (دوسری) راہ پر ہو لئے یہاں تک کہ جب (مسافت قطع کر کے) طلوع آفتاب کے موقع پر (یعنی جہت مشرق میں منتہائے آبادی پر) پہنچے تو آفتاب کو ایک ایسی قوم پر طلوع ہوتے دیکھا (یعنی وہاں ایک ایسی قوم آباد تھی) جن کے لئے ہم نے آفتاب کے ادھر کوئی آڑ نہیں رکھی (ظاہراً یہ مطلب معلوم ہوتا ہے کہ وہ لوگ مکان وغیرہ بنانا نہ جانتے تھے کہ آفتاب کی گرمی سے پناہ لے سکیں) یہ قصہ اسی طرح ہے اور ذوالقرنین کے پاس جو کچھ (سامان وغیرہ) تھا ہم کو اس کی پوری خبر ہے۔ ف: یہ تاکید و تحقیق ہے مضمون کی کہ ہم جو کچھ بیان کر رہے ہیں علم سے کہہ رہے ہیں اور ہمارا علم مطابق واقع کے ہے اور ذلك کا مشار الیہ صرف واقعہ سفر مشرق ہو یا پہلا واقعہ سفر مغرب بھی شاید اس سے زیادت تنبیہ ہو نبوت محمد یہ صلی اللہ علیہ وسلم پر کہ دیکھو اخبار ماضیہ مندرسہ کو کس طرح ٹھیک ٹھیک بیان فرماتے ہیں جس سے معلوم ہوا کہ ہم بتلاتے ہیں۔

سفر سوم ☆ ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا ۞ (الی قولہ تعالیٰ) وَكَانَ وَعْدُ رَبِّيْ حَقًّا ۞ پھر (مغرب و مشرق فتح کر کے) ایک اور راہ پر ہو لئے (چونکہ آبادی شمالی حصہ میں زیادہ ہے اس لئے غالب گمان ہے کہ اس سے سمت شمال مراد ہو مفسرین نے یہی سمت لکھی ہے) یہاں تک کہ جب (مسافت قطع کر کے ایک ایسے مقام پر جو) پہاڑوں کے درمیان میں (تھا) پہنچے تو ان پہاڑوں سے اس طرف ایک قوم کو دیکھا جو (غایت اجنبیت لغت و قلت فہم کی وجہ سے) کوئی بات سمجھنے کے قریب بھی نہیں پہنچتے (یعنی غیر زبان ہونے کی وجہ سے تو بات نہیں سمجھتے اور وحشی اور قلیل الفہم ہونے کی وجہ سے سمجھ کے لگ بھگ بھی نہیں پہنچتے ورنہ عاقل آدمی رموز و قرائن سے کچھ قریب قریب سمجھ لیتا ہے مگر کسی مترجم کے ذریعہ سے) انہوں نے (ذوالقرنین سے) عرض کیا کہ اے ذوالقرنین قوم یاجوج و ماجوج (جو اس گھاٹی کے اس طرف رہتے ہیں ہماری) اس سرزمین میں (کبھی کبھی آ کر) بڑا فساد مچاتے ہیں (یعنی ہم پر مار دھاڑ کرتے ہیں اور ہم کو مقابلہ کی طاقت نہیں) سو کیا (آپ اجازت دیتے ہیں کہ) ہم لوگ آپ کے لئے کچھ چندہ جمع کر دیں اس شرط پر کہ آپ ہمارے اور ان کے درمیان میں کوئی روک بنا دیں وہ پھر آنے نہ پاویں) ذوالقرنین نے جواب دیا کہ جس مال میں میرے رب نے مجھ کو (تصرف کرنے کا) اختیار دیا ہے وہ بہت کچھ ہے سو (مال کی تو مجھ کو ضرورت نہیں البتہ) ہاتھ پاؤں سے میری مدد کرو (تو) میں تمہارے اور ان کے درمیان میں خوب مضبوط دیوار بنا دوں۔ (اچھا تو) تم لوگ میرے پاس لوہے کی چادریں لاؤ (دام سرکار ملیں گے اور ضرورت کی اور بھی چیزیں منگوائی ہوں گی مگر رکن اعظم اور اس وحشی ملک میں کم یاب چیز بھی تھی اسلئے ذکر میں اس کی تخصیص کی گئی چنانچہ سب سامان جمع کیا گیا اور دونوں پہاڑوں کے درمیان بنیاد کھود کر اس کو پتھروں وغیرہ سے بھروا کر اوپر سے یہی لوہے چٹانوں کے روّے رکھنے شروع کئے) یہاں تک کہ جب (روے ملاتے ملاتے) ان (دونوں) پہاڑوں کے دونوں سروں کے بیچ (کے خلا) کو (پہاڑوں کے) برابر کر دیا تو حکم دیا کہ دھوں کو (دھونکنا شروع ہو گیا) یہاں تک کہ جب (دھونکتے دھونکتے) اس کو لال انگارا کر دیا تو (اس وقت) حکم دیا کہ اب میرے پاس پگھلا ہوا تانبا لاؤ (جو پہلے تیار کرا لیا ہوگا) کہ اس پر ڈالوا دوں) چنانچہ تانبا لایا گیا (اور آلات کے ذریعہ سے اوپر چھوڑ دیا گیا کہ تمام درزوں میں گھس کر سب چادریں ایک ذات ہو کر ایک ڈال کی دیوار آہنی بن گئی طول و عرض خدا کو معلوم) سو (اس کے غایت ارتفاع و ملاست کے سبب) نہ تو یاجوج ماجوج اس پر چڑھ سکتے اور (غایت استحکام کے سبب) نہ اس

www.besturdubooks.net

میں نقب دے سکتے تھے (اور دیوار بنانے کے وقت وہ لوگ اس موقع سے بہت دور تھے کیونکہ اس طرف وسیع زمین ہے) ذوالقرنین نے (جب اس دیوار کو تیار دیکھا جس کا تیار ہونا معمولی کام نہ تھا تو بطور شکر کے) کہا کہ یہ (تیاری دیوار کی) میرے رب کی ایک رحمت ہے (مجھ پر بھی کہ میرے ہاتھ سے ایسا کام لیا اور اس دیوار سے باہر بسنے والوں کے لئے بھی کہ یاجوج ماجوج کے شر سے محفوظ ہو گئے) پھر جس وقت میرے رب کا وعدہ آوے گا (یعنی اس کے فنا کا وقت آوے گا تو اس کو ڈھا کر (زمین کے) برابر کر دے گا اور میرے رب کا ہر وعدہ برحق ہے (اور اپنے وقت پر ضرور واقع ہوتا ہے) ف: یا تو یہ مضمون حضرت ذوالقرنین نے اس مجمل بناء پر فرمادیا کہ ہر شئے فانی ہے اور یا ممکن ہے کہ ان کو وحی سے اگر وہ نبی ہوں یا الہام یا کسی نبی کے اخبار سے مفصل وقت اس کے انہدام کا کہ قرب قیامت سے معلوم ہو گیا ہو جیسا کہ حدیثوں میں مصرح ومشرح ہے اور یہ بات حضرت ذوالقرنین نے شاید اس لئے فرمادی ہو کہ آدمی کسی حال میں حق تعالیٰ سے غافل اور کسی سامان پر مغرور نہ ہو بلکہ نعمت پر شکر کرے اور فنا کو پیش نظر رکھے اور جاننا چاہئے کہ مصنفین ومؤلفین نے اس سد یاجوج وماجوج کی تعیین کے متعلق اپنے اپنے مقالات وخیالات جمع کئے ہیں اور اس کے مصداق میں اپنی اپنی کہی ہے لیکن قرآن وحدیث میں جو اس کے چند اوصاف معلوم ہوتے ہیں ایک یہ کہ اس کا بانی کوئی بندہ مقبول ہے دوسرے یہ کہ وہ جلیل القدر بادشاہ ہے تیسرے یہ کہ وہ دیوار آہنی ہے چوتھے یہ کہ اس کے دونوں سرے پہاڑوں سے ملے ہوئے ہیں۔ پانچویں یہ کہ اس دیوار کے اس طرف یاجوج ماجوج ہیں وہ ابھی باہر نہیں نکل سکے چھٹے یہ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت میں اس میں تھوڑا سا سوراخ ہو گیا ہے ساتویں یہ کہ وہ لوگ ہر روز اس کو چھیلتے ہیں اور پھر وہ باذنہ تعالیٰ ویسی ہی دبیز ہو جاتی ہے اور قرب قیامت میں جب چھیل چکیں گے تو کہیں گے کہ ان شاء اللہ تعالیٰ کل بالکل آر پار کر دیں گے چنانچہ اس روز پھر وہ دبیز نہ ہوگی اور اگلے روز اس کو توڑ کر نکل پڑیں گے۔ آٹھویں یہ کہ یاجوج ماجوج کی قوت باوجود آدمی ہونے کے آدمیوں سے بہت زیادہ بڑھی ہوئی ہے اور عدد میں بہت زیادہ ہیں نویں یہ کہ وہ عیسیٰ علیہ السلام کے وقت نکلیں گے اور اس وقت عیسیٰ علیہ السلام بوحی الٰہی خاص خاص لوگوں کو لے کر کوہ طور پر چلے جاویں گے باقی لوگ اپنے اپنے طور پر قلعہ بند اور محفوظ مکانوں میں بند ہو جاویں گے۔ دسویں یہ کہ وہ دفعۃً غیر معمولی موت سے مر جاویں گے اول کے پانچ اوصاف قرآن سے اور اخیر کے پانچ اوصاف احادیث صحیحہ سے معلوم ہوتے ہیں پس جو شخص ان سب اوصاف کو پیش نظر رکھے گا اس کو معلوم ہوگا کہ جتنی دیواروں کا لوگوں نے رائے سے پتہ دیا ہے یہ مجموعہ اوصاف ایک میں بھی پایا نہیں جاتا پس وہ خیالات صحیح نہیں معلوم ہوتے اور حدیثوں کا انکار یا نصوص کی تاویلات بعیدہ خود دین کے خلاف ہے۔ رہا یہ شبہ مخالفین کا کہ ہم نے تمام زمین کو چھان ڈالا مگر کہیں اس کا پتہ نہیں ملا اور اسی شبہ کے جواب کے لئے ہمارے مؤلفین نے پتہ بتلانے کی کوشش کی ہے لیکن اس کا صحیح جواب وہ ہے جس کو صاحب روح المعانی نے اختیار کیا ہے حاصل ترجمہ اس کا یہ ہے کہ ہم کو اس کا موقع معلوم نہیں اور ممکن ہے کہ ہمارے اور اس کے درمیان میں بڑے بڑے سمندر حائل ہوں اور یہ دعویٰ کرنا کہ ہم تمام خشکی و تری کو محیط ہو چکے ہیں واجب التسلیم نہیں اور عقلاً یہ جائز ہے کہ امریکہ کی طرح سمندر کے درمیان کوئی حصہ زمین کا ایسا ہو جہاں اب تک رسائی نہ ہوئی ہو اور عدم وجدان سے عدم وجود لازم نہیں آتا اور جب مخبر صادق نے جس کا صدق دلائل قطعیہ سے ثابت ہے اس دیوار کی مع اس کے اوصاف کے خبر دی ہے تو ہم پر واجب ہے کہ تصدیق کریں جس طرح اور امور ممکنہ کی خبر دی ہے اور تصدیق ضروری ہے اور ایسے مشککین کے کلام فضول کی طرف التفات کرنے کا منشاء محض ضعف دین اور قلت یقین ہے اھ اور قرآن میں سفر جنوب کا ذکر نہ ہونا شاید اس وجہ سے ہو کہ اس سفر کا اتفاق نہ ہوا ہو یا کسی وجہ سے ذکر نہ کیا ہو۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: إِنَّا مَكَّنَّا لَهُ فِي الْأَرْضِ الخ اس سے معلوم ہوا کہ مال کا حاصل ہونا حتی کہ خزائن تک اور جاہ کا حاصل حتی کہ سلطنت تک کمال کے منافی نہیں ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله وذلك یہ قصہ اسی طرح اشارة الى تقدير المبتدا اى الامر كذلك الذى ذكرنا ۱۲۔ ۲ قوله فى اتونى زبر الحديد دام سرکارزادہ لئلا ينافى قوله ما مكنى فيه ابى خيرا ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: فى قراءة لا يفقهون عن الافعال اى لتلعثم كان فى لسانهم ونقص فيهم لا لنقص فى ذى القرنين واهله ۱۲۔

اللغات: قوله السدين الجبلين كما فى الروح عن القاموس سمى به لانه يسد الفضاء قوله ياجوج وماجوج اسمان اعجميان ۱۲ قوله خرجا جعلا من الاموال ۱۲ قوله مكنى بالادغام اصله مكننى ۱۲ قوله ردما حاجزا حصينا وهو اكبر من السدد او ثق كما فى الروح و عليه يكون قد وعدهم بالاسعاف بمرامهم فوق ما يرجوه وهو اللائق بشان الملوك قوله زبر جمع زبرة كغرف فى غرفة وهى القطعة العظيمة واصل الزبر الاجتماع ۱۲ قوله ساوى اما متعدد المعنى جعل ما بين جانبى الجبلين من البنيان مساويا لهما فى العلوفيين مفعول ساوى وفاعله ضمير ذى القرنين واما لازم والفاعل ضمير السدى حتى اذا ساوى السد الفضا الذى بين الصدفين ۱۲ قوله الصدفين جانب الجبل واصله على ما قيل الميل ولا يقال للمنفرد صدف حتى يصادف الآخر ۱۲ قوله القطر النحاس المذاب وهو قول الاكثرين ۱۲ قوله

www.besturdubooks.net

اسطاعوا بحذف التاء تخفيفًا قوله دكاء ارضا مستوية ۱۲۔

وَتَرَكْنَا بَعْضَهُمْ يَوْمَئِذٍ يَّمُوْجُ فِيْ بَعْضٍ وَّنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَجَمَعْنٰهُمْ جَمْعًا ﴿۹۹﴾ وَّعَرَضْنَا جَهَنَّمَ يَوْمَئِذٍ لِّلْكٰفِرِيْنَ عَرْضًا ﴿۱۰۰﴾
الَّذِيْنَ كَانَتْ اَعْيُنُهُمْ فِيْ غِطَآءٍ عَنْ ذِكْرِيْ وَكَانُوْا لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَمْعًا ﴿۱۰۱﴾ اَفَحَسِبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ ع ۱۱ ۱۹ ۲
يَّتَّخِذُوْا عِبَادِيْ مِنْ دُوْنِيْٓ اَوْلِيَآءَ ۭ اِنَّآ اَعْتَدْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ نُزُلًا ﴿۱۰۲﴾ قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْاَخْسَرِيْنَ
اَعْمَالًا ﴿۱۰۳﴾ اَلَّذِيْنَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ صُنْعًا ﴿۱۰۴﴾ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ
كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ وَلِقَاۗىِٕهٖ فَحَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فَلَا نُقِيْمُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَزْنًا ﴿۱۰۵﴾ ذٰلِكَ جَزَاۗؤُهُمْ جَهَنَّمُ بِمَا
كَفَرُوْا وَاتَّخَذُوْٓا اٰيٰتِيْ وَرُسُلِيْ هُزُوًا ﴿۱۰۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ﴿۱۰۷﴾
خٰلِدِيْنَ فِيْهَا لَا يَبْغُوْنَ عَنْهَا حِوَلًا ﴿۱۰۸﴾ قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ
كَلِمٰتُ رَبِّيْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ﴿۱۰۹﴾ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَاۗءَ
رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ﴿۱۱۰﴾ ع ۱۲ ۱۰

اور ہم اس روز ان کی یہ حالت کریں گے کہ ایک میں ایک گڈمڈ ہو جاویں گے اور صور پھونکا جائے گا پھر ہم سب کو ایک ایک کر کے جمع کر لیں گے اور دوزخ کو اس روز کافروں کے سامنے پیش کر دیں گے جن کی آنکھوں پر (دنیا میں) ہماری یاد سے (یعنی دین حق کے دیکھنے سمجھنے سے) پردہ پڑا ہوا تھا اور سن بھی نہ سکتے تھے سو کیا پھر بھی ان کافروں کا خیال ہے کہ مجھ کو چھوڑ کر میرے بندوں کو اپنا کارساز (معبود و حاجت روا) قرار دیں ہم نے تو کافروں کی دعوت کے دوزخ تیار کر رکھا ہے۔ آپ (ان سے) کہئے کہ کیا ہم تم کو ایسے لوگ بتائیں جو اعمال کے اعتبار سے بالکل خسارہ میں ہیں یہ وہ لوگ ہیں جن کی دنیا میں کرائی محنت سب گئی گذری ہوئی اور وہ (بوجہ جہل کے) اسی خیال میں ہیں کہ وہ اچھا کام کر رہے ہیں یہ وہ لوگ ہیں جو رب کی آیتوں کا (یعنی کتاب الٰہیہ کا) اور اس کے ملنے کا (یعنی قیامت کا انکار کر رہے ہیں) سو اس لئے ان کے سارے کام غارت ہو گئے تو قیامت کے روز ان (کے نیک اعمال) کا ذرا بھی وزن قائم نہ کریں گے بلکہ ان کی سزا وہی ہوگی یعنی دوزخ اس سبب سے کہ انہوں نے کفر کیا تھا اور (یہ کہ) میری آیتوں اور پیغمبروں کا مذاق بنایا تھا۔ بے شک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے ان کی مہمانی کے لئے فردوس (یعنی بہشت) کے باغ ہوں گے جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے (نہ ان کو کوئی نکالے گا اور) نہ وہاں سے کہیں اور جانا چاہیں گے آپ کہہ دیجئے کہ اگر میرے رب کی باتیں لکھنے کے لئے سمندر روشنائی ہو تو میرے رب کی باتیں ختم ہونے سے پہلے سمندر ختم ہو جائے (اور باتیں احاطہ میں نہ آویں) اگرچہ اس سمندر کی مثل دوسرا سمندر اس کی مدد کے لئے ہم لے آویں (اور) آپ (یوں بھی) کہہ دیجئے کہ میں تو تم ہی جیسا بشر ہوں میرے پاس بس یہ وحی آتی ہے کہ تمہارا معبود (برحق) ایک ہی معبود ہے سو جو شخص اپنے رب سے ملنے کی آرزو رکھے تو نیک کام کرتا رہے اور اپنے رب کی عبادت میں کسی کو شریک نہ کرے۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر آخر قصہ میں ذوالقرنین کا قول جو مشعر اس دیوار کے فناء کا اور مشیر خروج یاجوج ماجوج کی طرف ہے حکایت کیا گیا ہے آگے حق تعالیٰ اپنی طرف سے خروج مذکور کے وقت کی خاص حالت اور عموماً دنیا کا فنا ہو کر پھر ثانیاً پیدا ہونا اور اس کے بعد جزا و سزا کا معاملہ اور جو امور و اعمال جزا و سزا کے اسباب ہیں اجمالاً ان کا بیان فرماتے ہیں۔ غرض فنائے خاص کی مناسبت سے فنائے عام اور اس کی مناسبت سے بقائے ثانی اور اس کی مناسبت سے جزا سزا اور اس کی مناسبت سے موجبات جزا و سزا کا ذکر کیا گیا ہے۔

بیان فناء و بقاء و جزاء یوم لقاء ☆ وَتَرَكْنَا بَعْضَهُمْ يَوْمَئِذٍ يَّمُوْجُ فِيْ بَعْضٍ (الی قولہ تعالیٰ) لَا يَبْغُوْنَ عَنْهَا حِوَلًا ﴿۱۰۸﴾ اور ہم نے اس روز (یعنی جب اس دیوار کے انہدام کا وقت موعود آوے گا اور یاجوج ماجوج کا خروج ہوگا تو اس روز ہم ان کی یہ حالت کریں گے کہ ایک میں گڈمڈ ہو جاویں گے (بوجہ اس کے کہ کثرت سے ہوں گے اور ایک دم سے نکل پڑیں گے) اور (یہ قیامت کے قریب زمانہ میں ہوگا پھر بعد چندے قیامت کا سامان شروع ہوگا حتیٰ کہ ایک بار اول صور پھونکا جاوے گا جس سے تمام عالم فنا ہو جاوے گا پھر) صور دوبارہ پھونکا جاوے گا (جس سے سب زندہ ہو جاویں گے) پھر ہم سب کو ایک ایک کر کے

www.besturdubooks.net

(میدانِ محشر میں) جمع کرلیں گے اور دوزخ کو اس روز کافروں کے سامنے پیش کریں گے جن کی آنکھوں پر (دنیا میں) ہماری یاد سے (یعنی دین حق) کے دیکھنے سمجھنے سے) پردہ پڑا ہوا تھا اور (جس طرح حق کو دیکھتے نہ تھے اسی طرح اُس کو) وہ سن بھی نہ سکتے تھے (یعنی امر حق کا ذرا ادراک کرنا نہ چاہتے تھے سو) جب یہ بات ثابت ہے کہ کفر پر ایسی وعید شدید کا استحقاق ہے تو) یا پھر بھی ان کافروں کا خیال ہے کہ مجھ کو چھوڑ کر میرے بندوں کو یعنی جو میرے مملوک ومحکوم ہیں اختیاراً یا اضطراراً ان کو) اپنا کارساز (یعنی جو معبود و حاجت روا) قرار دیں (جو کہ شرک اور کفر محض ہے یعنی کفر کا موجب عذاب ہونا دریافت کر کے بھی کفر کرتے ہیں خیر وہ جانیں) ہم نے (تو) کافروں کی دعوت کے لئے دوزخ کو تیار کر رکھا ہے) دعوت بطور تہکم کے فرمایا اور اگر ان کو اپنے اعمال پر ناز ہو جن کو وہ بزعم خود اعمال حسنہ سمجھتے ہیں اور اس سبب سے اپنے کو عذاب کفر سے محفوظ اور ناجی سمجھتے ہوں تو اس باب میں) آپ (ان سے) کہئے کہ کیا ہم تم کو ایسے لوگ بتائیں جو اعمال کے اعتبار سے بالکل خسارہ میں ہیں یہ وہ لوگ ہیں جن کی دنیا میں کری کرائی محنت (جو اعمال حسنہ میں کی تھی آخرت میں) سب گئی گزری اور وہ (بوجہ جہل کے) اسی خیال میں ہیں کہ وہ اچھا کام کر رہے ہیں (آگے ان کا مصداق ایسے عنوان سے بتلاتے ہیں جس سے ان کی محنت ضائع ہونے کی وجہ معلوم ہوتی ہے اور پھر اس حبط اعمال کی تصریح بھی بطور تفریع کے فرماتے ہیں یعنی) یہ وہ لوگ ہیں جو اپنے رب کی آیتوں کا (یعنی کتب الٰہیہ کا) اور اس سے ملنے کا (یعنی قیامت کا) انکار کر رہے ہیں سو (اس لئے) ان کے سارے (نیک) کام غارت گئے تو قیامت کے روز ہم ان (کے نیک اعمال) کا ذرا بھی وزن قائم نہ کریں گے (بلکہ) ان کی سزا وہی ہوگی جو اوپر مذکور ہوئی یعنی دوزخ اس سبب سے کہ انہوں نے کفر کیا تھا (جیسا اوپر بھی معلوم ہوا کہ کفر کا ثمرہ دوزخ ہے) اور (اسی کفر کا ایک شعبہ یہ بھی تھا کہ) میری آیتوں اور پیغمبروں کا مذاق بنایا تھا (آگے ان کے مقابلہ میں اہل ایمان کا حال فرماتے ہیں کہ) بیشک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے ان کی مہمانی کے لئے فردوس (یعنی بہشت) کے باغ ہوں گے جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے (نہ ان کو کوئی نکالے گا) اور نہ وہاں سے کہیں اور جانا چاہیں گے۔

ربط: اوپر آیت اَفَحَسِبَ الخ میں توحید کے انکار پر اور آیت : وَاتَّخَذُوْٓا اٰيٰتِيْ وَرُسُلِيْ الخ میں رسالت کے انکار پر استحقاق عذاب اور اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا الخ میں ان کی تصدیق واطاعت پر وعدہ ثواب مذکور تھا آگے بھی قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ الخ میں توحید کا اور قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ الخ میں رسالت کا بھی اثبات اور فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا الخ میں مؤمن کا ثواب منطوقاً اور منکر کا عذاب مفہوماً مذکور ہے اور اسی پر سورت ختم ہے اور بعینہٖ یہی مضمون افتتاح سورت میں بھی تھا چنانچہ ملاحظہ آیات سے واضح ہو سکتا ہے۔

توحید و رسالت مع جزائے تصدیق وتکذیب ☆ قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ (الی قولہ تعالیٰ) وَلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ۝ آپ (ان سے) کہہ دیجئے کہ اگر میرے رب کی باتیں (یعنی وہ کلمات وعبارات جو اوصاف وکمالات الٰہیہ پر دال ہوں اور ان سے ان کی تعبیر کی جاوے پس ایسے کلمات) لکھنے کے لئے سمندر (کا پانی) روشنائی (کی جگہ) ہو (اور اس سے لکھنا شروع کریں) تو میرے رب کی باتیں ختم ہونے سے پہلے سمندر ختم ہو جاوے (اور باتیں احاطہ میں نہ آویں) اگرچہ اس سمندر کے مثل ایک دوسرا سمندر (اس کی) مدد کے لئے ہم لے آویں (تب بھی وہ باتیں ختم نہ ہوں اور دوسرا سمندر بھی ختم ہو جاوے پس اس کے کمالات تو غیر متناہی ہیں اور کوئی معبود تراشیدہ ایسا ہے نہیں پس الوہیت وربوبیت اسی کے ساتھ مختص ہوئی (اور) آپ (یوں بھی) کہہ دیجئے کہ (تم جو میرے ساتھ انکار سے پیش آتے ہو تو میں امر ممتنع یا مستبعد کا تو مدعی نہیں ہوں بلکہ) میں تو تم ہی جیسا بشر ہوں (اس کا اقرار کرتا ہوں ملکیت وغیرہ کا مدعی نہیں کہ موجب توحش ہو اور) میرے پاس بس یہ وحی آتی ہے کہ تمہارا معبود (برحق) ایک ہی معبود ہے (تو نہ وحی کا آنا کچھ عجیب اور نہ وہ مضمون کچھ وحشت ناک جو وحی کیا جاتا ہے بلکہ توحید خود دلائل عقلیہ سے بھی ثابت ہے) سو (جب توحید و رسالت ثابت ہوگئی تو) جو شخص اپنے رب سے ملنے کی آرزو رکھے (اور ان کا محبوب ومقرب بننا چاہے) تو (مجھ کو رسول مان کر میری شریعت کے موافق) نیک کام کرتا رہے اور اپنے رب کی عبادت میں کسی کو شریک نہ کرے (یعنی توحید و رسالت کا اعتقاد رکھے کہ نفس نجات کا موقوف علیہ دائمی ہے اور نیک عمل کرے کہ کمال نجات کا موقوف علیہ اکثری ہے اور شرک کے عموم میں شرک خفی یعنی ریا کا دخول بھی حدیث سے معلوم ہوا پس اس جزو کے اعتبار سے **عملا صالحا** کے بعد یہ تخصیص بعد تعمیم ہو جاوے گی) **ف**: چونکہ کمالات الٰہیہ میں کمال علمی بھی ہے تو اس سے علوم الٰہیہ کا غیر متناہی ہونا بھی معلوم ہوا پس اس طرح یہ جواب ہو گیا یہود کے اس قول کا بھی کہ ہمارا علم تو کثیر ہے جس کو انہوں نے آیت متضمن جواب روح میں جملہ سن کر کہا تھا : وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا [الاسراء: ۸۵] **كذا في اللباب والله اعلم بالصواب**۔ حاصل جواب یہ ہوا کہ علوم الٰہیہ کے مقابلہ میں سب قلیل ہے۔

لطیفہ: آیت قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ الخ کی تفسیر لکھنے کے وقت مجھ کو اپنے ایک بزرگ یعنی جناب ماموں شوکت علی صاحب مرحوم ومغفور کا ایک مخمس جو بمنزلہ ترجمہ اس آیت کے ہے یاد آیا دلچسپی کے لئے اس کو نقل کرتا ہوں اگر جملہ دریا شود روشنائی ☆ کند کلک اشجار مدحت سرائی ☆ محال از ثنائے تو عہدہ برآئی ☆

www.besturdubooks.net

ازل تا ابدا ے تو فرماں روائی ☆ کرا جز تو در ملک تو بادشاہی خدائے تعالیٰ ان کی مغفرت اور ان پر رحمت فرماوے واقعی بہت خوب لکھا ہے فقط۔

ولله الحمد حمدا سابقا على مزيد ○ واليوم يوم عيد ○ وبختی[1] بخت سعيد ○ حيث وفقنی الله الغنی الحميد ○ لا تمام النصف الاكثر من تفسير القرآن المجيد ○ يوم الاربعاء الخامس عشر من رجب ۱۳۲۴ھ هجرة خير العبيد ○ صلى الله عليه وسلم ابدا البيد ○ وارجو الله تعالىٰ ان ياتی على عيد آخر جديد ○ ويقرب الى البعيد ○ يوم اقول بملأ فی وقد كمل التفسير بالتطريب والتغريد ○ الا ايها الاحباب عيد على عيد ○ انه يفعل ما يشاء ويحكم ما يريد○

الحواشی: (۱) فی القاموس البخت الجد معرب ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی جمعنا ایک ایک استفید من التاکید بجمعا فافهم ۱۲۔ ۲ قوله فی عبادی اختیارا یا اضطرارا اشارة الی تعمیم العباد المقبولین وغیر المقبولین والاصنام فالاضافة لیس للتشریف بل لاظهار اختصاص المالکیة والمملوکیة ۱۲۔ ۳ قوله فی الاخسرین بالکل استفید من صیغة التفضیل ۱۲۔ ۴ قوله فی جنٰت الفردوس بہشت کے باغ اشارة الی ان المراد بالفردوس المعنی الشرعی لکن لا بمعنی درجة الخاصة العلیا والا یلزم الاشکال من دخول بعضهم الفردوس وبعضهم ماحولها من الجنات الاُخر بل بمعنی مطلق الجنة وان المراد بالجنات معناها اللغوی فصح المعنی واستقام ۱۲۔ ۵ قوله فی لکلمٰت لکھنے اشارة الی تقدیر الکتابة وکون المقدر کالمذکور ۱۲۔

اللغات: قوله نزلا هو ما اعد للضيف وقت النزول ۱۲ فردوس البستان باللغة الرومية العربة ۱۲ قوله حولا مصدر بمعنی تحولا ۱۲ المداد هو فی الاصل اسم لکل ما یمد به الشیٔ واختص فی العرف لما تمد به الدواة من الحبر والمدد العون والزیادة ۱۲۔

النحو: قوله من دونی حال مقدم من اولیاء وهو مفعول ثان وفی الاعراب ان یتخذوا سد مسد المفعولین ۱۲ قوله ذلك مبتدأ وجزاء هم خبره وجهنم خبر مبتدأ محذوف ای هو جهنم وعلیه ترجمت ۱۲۔

البلاغة: قوله عرضا تخصیص العرض بالکافرین لان العرض الخاص الفظیع الدال علیه التاکید بعرضا مختص بالکافرین۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ مَرْيَمَ

سُوْرَةُ مَرْيَمَ ۱۹ مَكِّيَّةٌ ۴۴ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۹۸ رُكُوْعَاتُهَا ۶

سورۂ مریم مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۹۸ آیات اور ۶ رکوع ہیں

كٓهٰيٰعٓصٓ ۝۱ ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا ۝۲ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ نِدَآءً خَفِيًّا ۝۳ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّيْ
وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَيْبًا وَّلَمْ اَكُنْۢ بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِيًّا ۝۴ وَاِنِّيْ خِفْتُ الْمَوَالِيَ مِنْ وَّرَآءِيْ وَكَانَتِ امْرَاَتِيْ
عَاقِرًا فَهَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۝۵ يَّرِثُنِيْ وَيَرِثُ مِنْ اٰلِ يَعْقُوْبَ ۗ وَاجْعَلْهُ رَبِّ رَضِيًّا ۝۶ يٰزَكَرِيَّآ اِنَّا
نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمِ ِۨاسْمُهٗ يَحْيٰى ۙ لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِيًّا ۝۷ قَالَ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ وَّكَانَتِ
امْرَاَتِيْ عَاقِرًا وَّقَدْ بَلَغْتُ مِنَ الْكِبَرِ عِتِيًّا ۝۸ قَالَ كَذٰلِكَ ۚ قَالَ رَبُّكَ هُوَ عَلَيَّ هَيِّنٌ وَّقَدْ خَلَقْتُكَ
مِنْ قَبْلُ وَلَمْ تَكُ شَيْـًٔا ۝۹ قَالَ رَبِّ اجْعَلْ لِّيْٓ اٰيَةً ۭ قَالَ اٰيَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَ لَيَالٍ سَوِيًّا ۝۱۰
فَخَرَجَ عَلٰى قَوْمِهٖ مِنَ الْمِحْرَابِ فَاَوْحٰٓى اِلَيْهِمْ اَنْ سَبِّحُوْا بُكْرَةً وَّعَشِيًّا ۝۱۱ يٰيَحْيٰى خُذِ الْكِتٰبَ
بِقُوَّةٍ ۭ وَاٰتَيْنٰهُ الْحُكْمَ صَبِيًّا ۝۱۲ وَّحَنَانًا مِّنْ لَّدُنَّا وَزَكٰوةً ۭ وَكَانَ تَقِيًّا ۝۱۳ وَّبَرًّۢا بِوَالِدَيْهِ
وَلَمْ يَكُنْ جَبَّارًا عَصِيًّا ۝۱۴ وَسَلٰمٌ عَلَيْهِ يَوْمَ وُلِدَ وَيَوْمَ يَمُوْتُ وَيَوْمَ يُبْعَثُ حَيًّا ۝۱۵ ع ۱ ۱۵ ۴

كٓهٰيٰعٓصٓ ۝۱ یہ تذکرہ ہے آپ کے پروردگار کے مہربانی فرمانے کا اپنے بندہ زکریا پر جب کہ انہوں نے اپنے پروردگار کو پوشیدہ طور پر پکارا (جس میں یہ) عرض کیا کہ اے میرے پروردگار میری ہڈیاں (بوجہ پیری کے) کمزور ہوگئیں اور سر میں بالوں کی سفیدی پھیل گئی اور (اس کے قبل کبھی میں) آپ سے مانگنے میں اے میرے رب ناکام نہیں رہا ہوں اور میں اپنے بعد (اپنے) رشتہ داروں (کی طرف) سے اندیشہ رکھتا ہوں اور میری بی بی بانجھ ہے سو (اس صورت میں) آپ مجھ کو خاص اپنے پاس سے ایک ایسا وارث (یعنی بیٹا) دے دیجئے کہ وہ میرے علوم خاصہ میں میرا وارث بنے اور (میرے جد) یعقوب کے خاندان کا وارث بنے اور اس کو اے میرے رب (اپنا) پسندیدہ بنائیے۔ اے زکریا ہم تم کو ایک فرزند کی خوشخبری دیتے ہیں جس کا نام یحییٰ ہوگا کہ اس کے قبل ہم نے کسی کو اس کا ہم صفت نہ بنایا ہوگا۔ زکریا نے عرض کیا کہ اے میرے رب اولاد کس طور پر ہوگی حالانکہ میری بی بی بانجھ ہے اور (ادھر) میں بڑھاپے کے انتہائی درجہ کو پہنچ چکا ہوں ارشاد ہوا کہ حالت (موجودہ) یوں ہی رہے گی اور پھر اولاد ہوگی اے زکریا تمہارے رب کا قول ہے کہ یہ (امر) مجھ کو آسان ہے اور میں نے تم کو پیدا کیا حالانکہ تم (پیدائش سے قبل) کچھ بھی نہ تھے۔ جب زکریا نے عرض کیا کہ اے میرے رب میرے لئے کوئی علامت مقرر فرما دیجئے ارشاد ہوا کہ تمہاری (وہ) علامت یہ ہے کہ تم تین دن اور تین رات تک آدمیوں سے بات نہ کر سکو گے حالانکہ تندرست ہو گے پس حجرے میں سے برآمد ہوئے اور ان کو اشارے سے فرمایا کہ تم لوگ صبح اور شام خدا کی پاکی بیان کیا کرو۔ اے یحییٰ کتاب کو مضبوط پکڑ لو اور ہم نے ان کو (ان کے) لڑکپن ہی میں (دین کی) سمجھ اور خاص اپنے پاس سے رقت قلب اور پاکیزگی (اخلاق کی) عطا فرمائی تھی اور بڑے پرہیزگار اور اپنے والدین کے خدمت گذار تھے اور وہ

www.besturdubooks.net

(خلق کے ساتھ) سرکشی کرنے والے (یا حق تعالیٰ کی) نافرمانی کرنے والے نہ تھے اور ان کو اللہ تعالیٰ کا سلام پہنچے جس دن کہ وہ پیدا ہوئے اور جس دن وہ انتقال کریں گے اور جس دن (قیامت میں) زندہ ہو کر اٹھائے جاویں گے۔ ۞

تفسیر: بسم اللہ الرحمن الرحیم سورة مریم علیها السلام مکیة الا اٰیة السجدة وهی ثمان او تسع و تسعون اٰیة کذا فی البیضاوی۔

ربط: اس سورت کا خلاصہ تین مضمون ہیں۔ اول اثبات توحید چنانچہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تقریری اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی تذکیر اور بعض آیات واقعہ اخیر اس پر دال ہیں دوم ثبات نبوت اس کی تقریر دو طرح ہے ایک بعض انبیاء علیہم السلام کے قصص بیان فرمانے سے اس طرف اشارہ کیا کہ نبوت کوئی امر عجیب وغریب نہیں آپ سے پہلے اور حضرات کو بھی یہ دولت عطا ہوئی ہے۔ دوسرے یہ کہ آپ نے باوجود یکہ خلق سے علوم کو اخذ نہیں فرمایا اخبار ماضیہ کو کس طرح صحیح صحیح بیان فرماتے ہیں جو دلیل ہے صاحب وحی ونبوت ہونے کی۔ سوم مباحث معاد جس میں جزا وسزا کے ذکر کے ساتھ بعض شبہات منکرین بعث کا بھی جواب ہے۔ گذشتہ سورت میں بھی بڑا حصہ ان ہی مضامین کا تھا۔ ونیز یہ مضامین باہم بھی متلاصق ومتناسق ہیں اور سورت گزشتہ کے ختم پر اسی طرح بعض انبیائے سابقین کی نبوت کا مضمون ہے پس اس تقریر سے تمام ارتباطات مقصودہ واضح ولائح ہو گئے جاننا چاہئے کہ اس سورت میں انبیاء علیہم السلام کے کئی قصے مذکور ہیں۔

قصہ اول حضرت زکریا وحضرت یحییٰ علیہما السلام: كٓهٰيٰعٓصٓ (الی قوله تعالیٰ) وَ يَوْمَ يُبْعَثُ حَيًّا ۞ ۔ كٓهٰيٰعٓصٓ (اس کے معنی تو اللہ ہی کو معلوم ہیں) یہ (جو آئندہ قصہ آتا ہے) تذکرہ ہے آپ کے پروردگار کے مہربانی فرمانے کا اپنے (مقبول) بندہ حضرت زکریا (علیہ السلام کے حال) پر جب کہ انہوں نے پروردگار کو پوشیدہ طور پر پکارا (جس میں یہ) عرض کیا کہ اے میرے پروردگار میری ہڈیاں (بوجہ پیری کے) کمزور ہو گئیں اور (میرے) سر میں بالوں کی سفیدی پھیل پڑی (یعنی تمام بال سفید ہو گئے اور اس حالت کا مقتضا یہ ہے کہ میں اس حالت میں اولاد کی درخواست نہ کروں مگر چونکہ آپ کی قدرت ورحمت بڑی کامل ہے) اور (میں اس قدرت ورحمت کے ظہور کا خوگر ہمیشہ سے رہا ہوں چنانچہ اس کے قبل بھی) آپ سے (کوئی چیز) مانگنے میں اے میرے رب ناکام نہیں رہا ہوں (اس بناء پر بعید سے بعید مقصود بھی طلب کرنا مضائقہ نہیں) اور (اس طلب کا مرجح یہ امر خاص ہو گیا ہے کہ) میں اپنے (مرنے کے) بعد (اپنے) رشتہ داروں (کی طرف) سے (یہ) اندیشہ رکھتا ہوں (کہ میری مرضی موافق شریعت اور دین کی خدمت نہ بجالاویں گے (یہ امر مرجح ہے طلب اولاد کے لئے جس میں خاص خاص اوصاف پائے جاویں جن کو توقع خدمت (دین میں دخل ہو) اور (چونکہ میری پیرانہ سالی کے ساتھ) میری بی بی (بھی) بانجھ ہے (جس کے کبھی باوجود میری صحت مزاج کے اولاد ہی نہیں ہوئی اس لئے اسباب عادیہ اولاد ہونے کے بھی مفقود ہیں) سو (اس صورت میں) آپ مجھ کو خاص اپنے پاس سے (یعنی بلا توسط اسبابِ عادیہ کے) ایک ایسا وارث (یعنی بیٹا) دے دیجئے کہ وہ (میرے علوم خاصہ میں) میرا وارث بنے اور (میرے جد) یعقوب (علیہ السلام) کے خاندان (کے علوم متوارثہ میں ان) کا وارث بنے (یعنی علوم سابقہ ولاحقہ اس کو حاصل ہو اور (بوجہ باعمل ہونے کے) اس کو اے میرے رب (اپنا) پسندیدہ (ومقبول) بنایئے (یعنی عالم بھی ہو اور عامل بھی ہو حق تعالیٰ بواسطہ ملائکہ کے ارشاد ہوا کہ) اے زکریا ہم تم کو ایک فرزند کی خوشخبری دیتے ہیں جس کا نام یحییٰ ہوگا کہ اس کے قبل (خاص اوصاف میں) ہم نے کسی کو اس کا ہم صفت نہ بنایا ہوگا (یعنی جس علم وعمل کی تم دعا کرتے ہو وہ تو اس فرزند کو ضرور ہی عطا کریں گے اور مزید برآں کچھ اوصاف خاصہ بھی عنایت کئے جاویں گے مثلاً خشیت الٰہیہ سے خاص درجہ کی رقت قلب وغیرہ چونکہ اس اجابت دعا میں کوئی خاص کیفیت حصول ولد کی بتلائی نہ گئی تھی اس لئے اس کے استفسار کے لئے) زکریا (علیہ السلام) نے عرض کیا کہ اے میرے رب میرے اولاد کس طرح ہوگی حالانکہ میری بی بی بانجھ ہے اور (ادھر) میں بڑھاپے کے انتہائی درجہ کو پہنچ چکا ہوں (پس معلوم نہیں ہم جوان ہوں گے یا مجھ کو دوسرا نکاح کرنا ہوگا یا بحالت موجودہ اولاد ہو گی) ارشاد ہوا کہ حالت (موجودہ) یوں ہی رہے گی (اور پھر اولاد ہوگی اے زکریا) تمہارے رب کا قول ہے کہ یہ (امر) مجھ کو آسان ہے اور (یہ کیا اس سے بڑا کام کر چکا ہوں مثلاً) میں نے تم کو (ہی) پیدا کیا ہے حالانکہ (پیدائش کے قبل) تم کچھ بھی نہ تھے (اسی طرح خود اسباب عادیہ بھی کوئی چیز نہ تھا جب معدوم کو موجود کرنا آسان میں ہے تو ایک موجود سے دوسرا موجود کر دینا کیا مشکل ہے یہ سب ارشاد تقویت رجا کے لئے تھا نہ کہ دفع شبہ کے لئے کیونکہ زکریا علیہ السلام کو کوئی شبہ نہ تھا جب زکریا (علیہ السلام کو قوی امید ہو گئی تو انہوں) نے عرض کیا کہ اے میرے رب (وعدہ پر تو اطمینان ہو گیا اب اس وعدہ کے قرب وقوع یعنی حمل کی بھی) میرے لئے کوئی علامت مقرر فرما دیجئے (تاکہ زیادہ شکر کروں اور خود وقوع تو محسوسات ظاہرہ ہی میں سے ہے) ارشاد ہوا کہ تمہاری (وہ) علامت یہ ہے کہ تم تین رات (اور تین دن تک) آدمیوں سے بات (چیت) نہ کر سکو گے حالانکہ تندرست ہو گے (کوئی بیماری وغیرہ نہ ہوگی اور اسی وجہ سے ذکر اللہ کے ساتھ تکلم پر قدرت رہے گی چنانچہ باذن اللہ تعالیٰ زکریا علیہ السلام کی بی بی حاملہ ہوئیں اور حسب اخبار الٰہی زکریا علیہ السلام کی زبان بستہ ہو گئی) پس حجرے میں سے اپنی قوم کے پاس برآمد ہوئے اور ان کو اشارہ سے فرمایا (کیونکہ زبان سے تو بول نہ سکتے تھے) کہ تم لوگ صبح اور شام خدا کی پاکی بیان کیا کرو (یہ تسبیح اور امر بالتسبیح یا تو حسب معمول تھا ہمیشہ تذکیراً زبان سے کہتے تھے آج اشارہ سے کہا اور یا اس نعمت جدیدہ کے شکر میں خود بھی تسبیح کی کثرت فرمائی اور اوروں کو بھی اسی

www.besturdubooks.net

طور پر امر فرمایا غرض پھر یحییٰ علیہ السلام پیدا ہوئے اور سن شعور کو پہنچے تو ان کو حکم ہوا کہ) اے یحییٰ کتاب کو (یعنی توریت کو کہ اس وقت وہی کتاب شریعت تھی اور انجیل کا نزول بعد میں ہوا) مضبوط ہو کر لو (یعنی خاص کوشش کے ساتھ عمل کرو) اور ہم نے ان کو (ان کے) لڑکپن ہی میں (دین) کی سمجھ اور خاص اپنے پاس سے رقت (کی صفت) اور پاکیزگی (اخلاق کی) عطا فرمائی تھی (حکم میں علم کی طرف اور حنان اور زکوٰۃ میں اخلاق کی طرف اشارہ ہو گیا) اور (آگے اعمال ظاہری کی طرف اشارہ فرمایا کہ) وہ بڑے پرہیزگار اور اپنے والدین کے خدمت گزار تھے (اس میں حقوق اللہ و حقوق العباد دونوں کی طرف اشارہ ہو گیا) اور وہ (خلق کے ساتھ) سرکشی کرنے والے (یا حق تعالیٰ کی) نافرمانی کرنے والے نہ تھے اور (عند اللہ ایسے وجیہ اور مکرم تھے کہ ان کے حق میں منجانب اللہ یہ ارشاد ہوتا ہے کہ) ان کو (اللہ تعالیٰ کا) سلام پہنچے جس دن کہ وہ پیدا ہوئے اور جس دن وہ انتقال کریں گے اور جس دن (قیامت میں) زندہ ہو کر اٹھائے جاویں گے۔ **ف**: دعاء خفی اس لئے کی گئی کہ وہ اقرب الی الاجابت ہے اور نادی سے اعلان کا شبہ نہ ہو کیونکہ نداء بمعنی دعاء عام ہے اور بجائے طلب ولد کے اصلاح موالی کی دعا نہ کرنا باوجود یکہ یہ بھی طریق حفاظت دین کا تھا شاید اس لئے ہو کہ جو ابتداء سے صالح ہو عوام پر اس کا اثر وعظ کا زیادہ ہوتا ہے اور من ال یعقوب بڑھانا دلیل نقلی ہے اس پر کہ وراثت مالیہ مراد نہیں ہے کیونکہ یقیناً موالی مذکور فی الآیات میں بہ نسبت یحییٰ علیہ السلام کے موروث منہم سے زیادہ قریب تھے پھر بعید کو کب میراث پہنچ سکتی ہے اور انبیاء علیہم السلام کی نظر سے مال و متاع کا مہتم بالشان نہ ہونا دلیل عقلی ہے وراثت مالیہ کے مراد نہ ہونے پر۔ کیا وہ اس لئے اولاد مانگتے کہ میرا روپیہ پیسہ میرے اور رشتہ داروں کو نہ ملے اور اگر یہ کہا جاوے کہ ہاں یہ نہ ملنا اس لئے چاہتے تھے کہ وہ اوقارب اسکو معصیت میں صرف نہ کریں تو اس کا جواب یہ ہے کہ پھر مورث پر تو کوئی مواخذہ نہیں جو اس کے بچنے کی فکر ہو اور لفظ میراث کا میراث مالی کے ساتھ خاص نہ ہونا یا اس کا شی مکتسب کے ساتھ خاص ہونا دونوں کو یہ آیت رد کرتی ہے: ثُمَّ اَوْرَثْنَا الْكِتٰبَ الَّذِيْنَ اصْطَفَيْنَا مِنْ عِبَادِنَا [فاطر: ۳۲] اور اس مسئلہ میں اہلسنت کے مذہب کی تائید خود کتب شیعہ میں موجود ہے چنانچہ روح المعانی میں یہ روایتیں منقول ہیں **روی الکلینی فی الکافی عن ابی البختری عن ابی عبداللہ جعفر الصادق رضی اللہ عنہ انہ قال ان العلماء ورثۃ الانبیاء و ذلک ان الانبیاء لم یورثوا درھما ولا دینارا وانما ورثوا احادیث من احادیثھم فمن اخذ بشئ منھا فقد اخذ بحظ وافر۔ وایضًا روی الکلینی فی الکافی عن ابی عبداللہ قال ان سلیمان ورث داؤد وان محمدا صلی اللہ علیہ وسلم ورث سلیمان علیہ السلام۔** اور ظاہر ہے کہ یہ وراثت اخیرہ کسی طرح مالی ہو ہی نہیں سکتی اور آل عمران میں اس دعا کا باعث ظہور خوارق مریم علیہا السلام ہونا باعث مذکور فی ہذا المقام کے منافی نہیں اصل رغبت اس سے ہوئی ہو اور اظہار اس کے سبب ہوا ہو۔ اور اگر شبہ ہو کہ زکریا علیہ السلام کی دعا میں یرثنی سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ میرے بعد بھی رہے اور سورۂ انبیاء: فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ [الأنبیاء: ۷۶] سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ دعا قبول ہوئی حالانکہ یحییٰ علیہ السلام پہلے قتل کئے گئے۔ جواب یہ ہے کہ یا تو یرثنی عام ہے بقائے ذات و بقائے آثار کو یا فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ [الأنبیاء: ۷۶] سے بعض اجزاء کے اعتبار سے یا قصہ تقدیم قتل یحییٰ علیہ السلام کا ثابت نہیں اور اگر جواب اول پر شبہ ہو کہ بقاء آثار تو خود حضرت زکریا علیہ السلام کا بھی کافی تھا پس اس غرض سے تو ان کا دعاء کرنا بعید ہے بلکہ ظاہر یہ ہے کہ دعا سے مقصود یہ تھا کہ ان کے بعد کوئی جانشین مصلح قوم باقی رہے کہ زندگی کی حالت میں خود ہی کافی تھے اور بعد وفات ان کے آثار کا بقاء ظاہر ہے سو ممکن ہے کہ یہ جواب دیا جائے کہ چند مصلحین کی تعلیم اور اسی طرح ان کے آثار کثیرہ کا باقی رہنا بہ نسبت مصلح واحد اور آثار واحد کے زیادہ مؤثر فی الاصلاح اور دیرپا ہوتا ہے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: سورۃ مریم علیہا السلام قولہ تعالیٰ: اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ نِدَآءً خَفِيًّا ۝ الخ اس میں ذکر خفی کا فی نفسہٖ افضل ہونا معلوم ہوتا ہے گو کسی عارض سے جہر کو ترجیح ہو جاوے ۱۲ قولہ تعالیٰ: قَالَ رَبِّ اِنِّيْ وَهَنَ الخ اس میں الحاح فی الدعاء کی فضیلت معلوم ہوتی ہے قولہ تعالیٰ: وَاِنِّيْ خِفْتُ الْمَوَالِيَ الخ اس میں دو مسئلے ہیں ایک یہ کہ اولاد کا طلب کرنا زہد کے منافی نہیں دوسرے یہ کہ کسی ایسی چیز کا مانگنا جو اسباب بعیدہ سے مسبب ہو ادب کے منافی نہیں۔ قولہ تعالیٰ: وَاٰتَيْنٰهُ الْحُكْمَ الخ اس میں اس قول کی اصل ہے جو اکثر لوگوں کی زبان پر جاری ہوتا ہے کہ فلاں شخص مادرزاد ولی ہے۔

الحواشی: (۱) للحدیث الذی رواہ ابن حبان فی صحیحہ مرفوعًا خیر الدعاء لخفی کما فی البحر الرائق ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی ذکر جوآئندہ اشارۃ الی کونہ خبر مبتدأ وھو اسم اشارۃ الی المعھود وانما صحت الاشارۃ الیہ مع عدم جریان ذکرہ لانہ باعتبار کونہ علی جناح الذکر صار فی حکم الحاضر المشاھد کما قیل فی قولھم ھذا ما اشتری فلان ۱۲۔ ۲ قولہ فی عبدہ مقبول افادہ الاضافۃ لتشریفیۃ ۱۲۔ ۳ قولہ فی قال جس میں اشارۃ الی کونہ تفسیر نادی ۱۲۔ ۴ قولہ فی ولیا یعنی بیٹا لقولہ فی آل عمران فدیۃ ۱۲۔ ۵ قولہ یا زکریا بواسطہ ملائکہ بدلیل قولہ تعالیٰ فی آل عمران فنادتہ الملائکۃ ۱۲۔ ۶ قولہ فی من الکبر بڑھاپے کے انتہائی اشارۃ الی کون من الکبر بیانا لعتیا کذا یفھم من الکشاف ۱۲۔ ۷ قولہ فی ثلث لیال اور تین دن لقولہ تعالیٰ فی آل عمران ثلثۃ ایام ۱۲۔ ۸ قولہ فی سلام اللہ تعالیٰ کا اشارۃ الی ان السلام للتحیۃ کذا فی الروح ۱۲۔ ۹ قولہ فی الکتب خاص حصہ الخ کذا فی الروح ۱۲۔

www.besturdubooks.net

اللغات: عتیا فی القاموس عتا الشیخ عتیا کبر وفی البیضاوی حساوة وکحولا فی العظام ای صلابة وهو سة فی الروح اصله عتو وکقعود فاستثقل توالی الضمتین والواوین فکسرت التاء فانقلبت الاولی یاء لسکونها وانکسار ما قبلها ثم انقلبت الثانیة ایضا لاجتماع الواو والیاء وسبق احدهما بالسکون وکسرت العین اتباعًا لما بعدها آه قوله سمیا شبیها لان المتشابهین یتشار کان فی الاسم قوله اوحی ای اشار۔

النحو: قوله شیبا تمییز وحقیقة الکلام واشتعل ای فشا شیب الرأس قوله کذلك ای الامر کذلك۱۲ قوله ایتك الاضافة لادنی ملابسة۱۲۔

البلاغة: قوله وهن العظم منی تخصیص العظم لانه اذا وهن فغیره اولی وافراده اشارة الی الجنس یشمل کل عظم قوله اشتعل الرأس شیبا اسناد الاشتعال الی الرأس الذی هو محل الشیب الذی هو فاعل لاشتعال فی الحقیقة مبالغة ومفید للتفصیل بعد الاجمال۱۲ قوله رب انی یکون لم یخاطب الملائکة مع کونه بشر بواسطتهم اشارة الی غایة التجائه الی الله تعالی۔

وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ مَرْيَمَ ۘ اِذِ انْتَبَذَتْ مِنْ اَهْلِهَا مَكَانًا شَرْقِيًّا ﴿۱۶﴾ فَاتَّخَذَتْ مِنْ دُوْنِهِمْ حِجَابًا ۖ فَاَرْسَلْنَآ اِلَيْهَا رُوْحَنَا فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشَرًا سَوِيًّا ﴿۱۷﴾ قَالَتْ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِالرَّحْمٰنِ مِنْكَ اِنْ كُنْتَ تَقِيًّا ﴿۱۸﴾ قَالَ اِنَّمَآ اَنَا رَسُوْلُ رَبِّكِ ۖ لِاَهَبَ لَكِ غُلٰمًا زَكِيًّا ﴿۱۹﴾ قَالَتْ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ وَّلَمْ يَمْسَسْنِيْ بَشَرٌ وَّلَمْ اَكُ بَغِيًّا ﴿۲۰﴾ قَالَ كَذٰلِكِ ۚ قَالَ رَبُّكِ هُوَ عَلَيَّ هَيِّنٌ ۚ وَلِنَجْعَلَهٗٓ اٰيَةً لِّلنَّاسِ وَرَحْمَةً مِّنَّا ۚ وَكَانَ اَمْرًا مَّقْضِيًّا ﴿۲۱﴾

اور (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) اس کتاب میں مریم کا بھی ذکر کیجئے جب کہ وہ اپنے گھر والوں سے علیحدہ (ہو کر) ایک ایسے مکان میں جو مشرق کی جانب میں تھا (غسل کے لئے) گئیں پھر ان (گھر والے) لوگوں کے سامنے سے انہوں نے پردہ ڈال لیا (اس حالت میں) ہم نے ان کے پاس اپنے فرشتے جبرائیل کو بھیجا اور وہ ان کے سامنے ایک پورا آدمی بن کر ظاہر ہوا کہنے لگیں کہ میں تجھ سے (اپنے خدائے) رحمٰن کی پناہ مانگتی ہوں اگر تو (کچھ) خدا ترس ہے تو یہاں سے ہٹ جاوے گا فرشتہ نے کہا کہ میں تمہارے رب کا بھیجا ہوا (فرشتہ) ہوں تا کہ تم کو ایک پاکیزہ لڑکا دوں وہ (تعجبا) کہنے لگیں کہ بھلا میرے لڑکا کس طرح ہو جائے گا حالانکہ مجھ کو کسی بشر نے ہاتھ تک نہیں لگایا اور نہ میں بدکار ہوں فرشتہ نے کہا کہ یوں ہی (اولاد) ہو جاوے گی تمہارے رب نے ارشاد فرمایا ہے کہ ہر بات مجھ کو آسان ہے اور اس طور پر اس لئے پیدا کریں گے تا کہ اس فرزند کو ہم لوگوں کے لئے نشانی (قدرت) بنا دیں اور باعث رحمت بنا دیں اور یہ ایک طے شدہ بات ہے (جو ضرور ہوگی)۔ ﴿۱﴾

تفسیر: قصۂ دوم حضرت عیسیٰ و مریم علیہما السلام ☆ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ مَرْيَمَ (الی قوله تعالی) وَكَانَ اَمْرًا مَّقْضِيًّا ﴿۱۰﴾ اور (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) اس کتاب (یعنی قرآن کے اس خاص حصہ یعنی سورت) میں (حضرت) مریم (علیہا السلام) کا (قصہ) بھی ذکر کیجئے (کہ قصۂ مذکورہ سے خاص مناسبت رکھتا ہے اور وہ اس وقت واقع ہو) جبکہ وہ اپنے گھر والوں سے علیحدہ (ہو کر) ایک ایسے مکان میں جو مشرق کی جانب میں تھا (غسل کیلئے) گئیں پھر ان (گھر والے لوگوں کے سامنے) انہوں نے (درمیان میں) پردہ ڈال لیا (تا کہ آڑ میں غسل کر سکیں) پس (اس حالت میں) ہم نے ان کے پاس اپنے فرشتہ (جبرئیل علیہ السلام) کو بھیجا اور وہ (فرشتہ) ان کے سامنے (ہاتھ پاؤں اور حسن جمال سے) ایک پورا آدمی بن کر ظاہر ہوا (چونکہ حضرت مریم اس کو بشر سمجھیں اس لئے گھبرا کر) کہنے لگیں کہ میں تجھ سے (اپنے خدائے) رحمان کی پناہ مانگتی ہوں اگر تو (کچھ) خدا ترس ہے (تو یہاں سے ہٹ جاوے گا) فرشتے نے کہا کہ (میں بشر نہیں ہوں کہ تم مجھ سے ڈرتی ہو بلکہ) میں تو تمہارے رب کا بھیجا ہوا (فرشتہ) ہوں (اس لئے آیا ہوں) تا کہ تم کو ایک پاکیزہ لڑکا دوں (یعنی تمہارے منہ میں یا گریبان میں دم کر دوں کہ اس کے اثر سے باذن اللہ تعالیٰ حمل رہ جاوے اور لڑکا پیدا ہو) وہ (تعجبا) کہنے لگیں (نہ کہ انکارا) کہ (بھلا) میرے لڑکا کس طرح ہو جاوے گا حالانکہ (منجملہ شرائط عادیہ کے مرد کی مقاربت ہے اور وہ بالکل مفقود ہے کیونکہ مجھ کو کسی بشر نے ہاتھ تک نہیں لگایا (یعنی نہ تو نکاح ہوا) اور نہ میں بدکار ہوں۔ فرشتہ نے کہا کہ (بس بلا مس بشر) یوں ہی (لڑکا) ہو جاوے گا (اور میں اپنی طرف سے نہیں کہتا بلکہ تمہارے رب نے ارشاد فرمایا ہے کہ یہ بات (کہ بلا اسباب عادیہ پیدا کر دوں) مجھ کو آسان ہے اور (یہ بھی فرمایا ہے کہ ہم بلا اسباب عادیہ) اس طور پر اس لئے پیدا کریں گے تا کہ ہم اس فرزند کو لوگوں کے (استدلال علی القدرۃ الالٰہیہ کے) لئے ایک نشانی (قدرت کی) بنا دیں اور (نیز اس کے ذریعہ سے لوگوں کے ہدایت پانے کے لئے اس کو) باعث رحمت بنائیں اور یہ (بے باپ کے اس بچہ کا پیدا ہونا) ایک طے شدہ بات ہے (جو ضرور ہوگی) ف: ان کا اول رہنا سہنا مسجد کے متعلق مکانات میں تھا پس اگر یہ اس وقت جوان تھیں تب

www.besturdubooks.net

تو اپنی خالہ حضرت زکریا علیہ السلام کی بی بی کے پاس ان کے گھر آ رہی ہوں گی اور اگر جوان نہ تھیں جیسا بعض کا قول ہے تو غسل کے لئے گھر آئی ہوں گی اور غسل کو مفسرین نے بطور روایت کے بھی نقل کیا ہے اور فَاتَّخَذَتْ مِنْ دُوْنِهِمْ حِجَابًا بھی اس پر قرینہ ہے واللہ اعلم اور اول وہلہ میں گو فرشتہ کو نہیں پہچانا مگر ان کی تقریر سن کر فراست ولایت سے یقین آ گیا پس یہ شبہ نہیں ہو سکتا کہ حضرت مریم نے نرا دعویٰ کیسے قبول کر لیا اور نہ اس غرض خاص کے لئے فرشتہ کے آنے اور کلام کرنے سے نبی ہونا حضرت مریم کا لازم آتا ہے اور تمثیل سے حقیقت ملکیہ کا معدوم ہونا لازم نہیں آتا یہ اشباح اس حقیقت کے اعتبار سے ایسے ہیں جیسے ہمارے اعتبار سے مختلف لباس اور تمثل کے امکان پر یہ شبہ نہیں ہو سکتا کہ ہر شخص میں احتمال ہے کہ شاید کوئی اور مخلوق اس شخص کی شکل میں متمثل ہو گیا ہو وجہ یہ کہ ایسے امور نادر واقع ہوتے ہیں۔ پس بدوں دلیل کے یہ احتمال محض غیر ناشی عن دلیل ہے جو عقلاً اصلاً معتبر نہیں اور شاید صورت ملکیہ میں ظاہر نہ ہونے میں یہ حکمت ہو کہ ڈر نہ جاویں اور بشر کی تخصیص شاید اس لئے ہو کہ جنس کو جنس سے انس ہوتا ہے اور مکان کا شرقی ہونا اتفاقی امر تھا نہ کہ قصدی۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشَرًا سَوِيًّا اس میں تمثل کا مسئلہ مذکور ہے۔

ملحقات الترجمۃ: قوله فی مریم قصہ لان المذکور هو النبأ لا العین ۱۲۔

الروایات: قوله فی لاهب لك یا گریبان میں اخرجه عبد الله بن احمد فی زوائد الزهد عن نوف ان جبرئیل علیه السلام نفخ فی جیبها فحملت الخ کذا فی الروح ۱۲۔

الفقه: استدل بعض الجهلة بقوله لاهب علی جواز التسمیة برسول بخش ونحوه جهل عظیم لان الاسناد المجازی یتوقف علی الملابسة کما ان جبرئیل کان نافخا بخلاف محل النزاع فانه ما صدر فیه فعل من النبی یکون سببا للهبة الحقیقة الالٰهیة فافهم ۱۲۔

النحو: قوله اذا انتبذت ظرف للواقع المقدر ای اذکر نبا مریم الذی وقع اذا انتبذت قوله بشرا حال او تمییز قوله ولنجعله متعلق بمقدر ای فعلنا ذلك ۱۲۔

البلاغة: قوله ان کنت تقیا لم یجعل التقوی شرطا للاستعاذة بل شرط مکافة وامنها منه وکنت عن ذلك بالاستعاذة بالله تعالیٰ مثاله علی المکافة بالطف وجه وابلغه وان من تعرض للمستعیذ به فقد تعرض لعظیم سخطه آه قوله لم یمسسنی بشر کنت به عن الحلال بقرینة المقابلة وارادت به العموم فی آیة اخری للتفنن وقیل غیر ذلك ومنه ما قال جار الله کما فی المس عبارة عن النکاح الحلال لانه کنایة عنه فی قوله من قبل ان تمسوهن وفی قوله اولا مستم النساء وانما یقال فی الزنا فجر بها وخبث بها ونحو ذلك ولا یلیق به الکنایات والآداب آه۔

فَحَمَلَتْهُ فَانْتَبَذَتْ بِهٖ مَكَانًا قَصِيًّا ﴿۲۲﴾ فَاَجَآءَهَا الْمَخَاضُ اِلٰى جِذْعِ النَّخْلَةِ ۚ قَالَتْ يٰلَيْتَنِيْ مِتُّ
قَبْلَ هٰذَا وَكُنْتُ نَسْيًا مَّنْسِيًّا ﴿۲۳﴾ فَنَادٰىهَا مِنْ تَحْتِهَآ اَلَّا تَحْزَنِيْ قَدْ جَعَلَ رَبُّكِ تَحْتَكِ سَرِيًّا ﴿۲۴﴾ وَهُزِّيْٓ
اِلَيْكِ بِجِذْعِ النَّخْلَةِ تُسٰقِطْ عَلَيْكِ رُطَبًا جَنِيًّا ﴿۲۵﴾ فَكُلِيْ وَاشْرَبِيْ وَقَرِّيْ عَيْنًا ۚ فَاِمَّا تَرَيِنَّ مِنَ الْبَشَرِ
اَحَدًا ۙ فَقُوْلِيْٓ اِنِّيْ نَذَرْتُ لِلرَّحْمٰنِ صَوْمًا فَلَنْ اُكَلِّمَ الْيَوْمَ اِنْسِيًّا ﴿۲۶﴾

پھر ان کے پیٹ میں لڑکا رہ گیا پھر اس حمل کو لئے ہوئے (اپنے گھر سے) کسی اور جگہ میں الگ چلی گئیں پھر درد زہ کے مارے کھجور کے درخت کی طرف آئیں (گھبرا کر) کہنے لگیں کاش میں اس حالت سے پہلے ہی مر گئی ہوتی اور ایسی نیست و نابود ہو جاتی کہ کسی کو یاد بھی نہ رہتی۔ پھر جبرائیل علیہ السلام نے ان کے (اس) پائیں (مکان) سے پکارا کہ تم مغموم مت ہو تمہارے رب نے تمہارے پائیں میں سے ایک نہر جاری کر دی ہے اور اس کھجور کے تنے کو (پکڑ کر) اپنی طرف ہلاؤ اس سے تم پر خرمائے تر و تازہ جھڑیں گے پھر (اس پھل کو) کھاؤ اور (وہ پانی) پیو اور آنکھیں ٹھنڈی کرو پھر اگر تم آدمیوں میں سے کسی کو بھی (اعتراض کرتا) دیکھو تو کہہ دینا میں نے تو اللہ کے واسطے روزے کی منت مان رکھی ہے سو آج میں کسی آدمی سے نہیں بولوں گی۔ ۞

تفسیر: تتمہ قصہ متضمنہ حمل وتولد ☆ فَحَمَلَتْهُ فَانْتَبَذَتْ بِهٖ مَكَانًا قَصِيًّا ﴿۲۲﴾ فَاَجَآءَهَا الْمَخَاضُ اِلٰى جِذْعِ النَّخْلَةِ ۚ (الی قولہ تعالیٰ) فلن فَلَنْ اُكَلِّمَ الْيَوْمَ اِنْسِيًّا ﴿۲۶﴾ پھر (اس گفتگو کے بعد حضرت جبرئیل علیہ السلام نے ان کے گریبان میں پھونک ماردی جس سے) ان کے پیٹ میں لڑکا رہ گیا پھر (جب ان کو آثار وضع کے معلوم ہوئے تو) اس حمل کو لئے ہوئے (اپنے گھر سے) کسی دور جگہ (جنگل پہاڑ میں) الگ چلی گئیں پھر (جب درد شروع ہوا

www.besturdubooks.net

تو) درد زہ کے مارے کھجور کے درخت کی طرف آئیں (کہ اس کے سہارے بیٹھیں اُٹھیں اب حالت یہ تھی کہ نہ کوئی انیس نہ جلیس' درد سے بے چین ایسے وقت جو سامان راحت وضرورت کا ہونا چاہئے وہ ندارد اُدھر بچہ ہونے پر بدنامی کا خیال آخر گھبرا کر) کہنے لگیں کاش میں اس (حالت) سے پہلے ہی مرگئی ہوتی اور ایسی نیست و نابود ہو جاتی کہ کسی کو یاد بھی نہ رہتی پس (اسی وقت خدا تعالیٰ کے حکم سے حضرت) جبرئیل[۲] (علیہ السلام) پہنچے اور ان کے احترام کی وجہ سے سامنے نہیں گئے بلکہ جس مقام پر حضرت مریم تھیں اس سے اسفل مقام میں آڑ میں آئے اور انہوں) نے ان کے (اس) پائیں (مکان) سے ان کو پکارا (جس کو حضرت مریم نے پہچانا کہ یہ اسی فرشتہ کی آواز ہے جو اول ظاہر ہوا تھا) کہ تم (بے سروسامانی سے یا خوف بدنامی سے) مغموم مت ہو (کیونکہ بے سروسامانی کا یہ انتظام ہوا ہے کہ) تمہارے رب نے تمہارے پائیں (مکان) میں ایک نہر پیدا کر دی ہے (جس کے دیکھنے سے اور پانی پینے سے فرحت طبعی ہو و نیز حسب روایت روح ان کو اس وقت پیاس بھی تھی (اور حسب مسئلہ طبیہ مسخنات کا استعمال قبل وضع یا بعد وضع مسہل ولادت ودافع فضلات ومقوی طبیعت بھی ہے اور پانی میں اگر سخونت بھی ہو جیسا بعض چشموں میں مشاہد ہے تو اور زیادہ مزاج کے موافق ہوگا و نیز تمر کثیر الغذاء مولد دم مسمن ومقوی گردہ کمر و مفاصل ہونے کی وجہ سے زچہ کے لئے خیر الاغذیہ والادویہ ہے اور حرارت کی وجہ سے جو اس کی مضرت ہے سو اول تو رطب میں حرارت کم ہے دوسرے پانی سے اس کی اصلاح ہو سکتی ہے تیسرے مضرت کا ظہور جب ہوتا ہے کہ عضو میں ضعف ہو ورنہ کوئی چیز بھی کچھ نہ کچھ مضرت سے خالی نہیں ہوتی۔ و نیز قوت طبیعت کے ساتھ خوارق[۵] کا مطیعین کے لئے علامت کرامت وقبول عنداللہ ہونا موجب مسرت روحانی بھی ہے) اور اس کھجور کے تنہ کو (پکڑ کر) اپنی طرف ہلاؤ اس سے تم پر خرمائے تر و تازہ جھڑیں گے (کہ اس سے بھی پھل کے کھانے میں لذت جسمانی اور بطور خرق عادت کے پھل کے آنے میں لذت روحانی مجتمع ہے) پھر (اس پھل کو) کھاؤ اور (وہ پانی) پیو اور آنکھیں ٹھنڈی کرو (یعنی بچہ کے دیکھنے سے اور کھانے پینے سے اور علامت قبول عنداللہ ہونے سے خوش رہو) پھر جب بدنامی کے احتمال کا موقع آوے یعنی کوئی آدمی اس قصہ پر مطلع ہو تو اس کا یہ انتظام ہوا ہے کہ) اگر تم آدمیوں میں سے کسی کو بھی (آتا اور اعتراض کرتا) دیکھو تو (تم کچھ مت بولنا بلکہ اشارہ[۱] سے اس سے) کہہ دینا کہ میں نے تو اللہ کے واسطے (ایسے) روزہ کی منت مان رکھی ہے (جس میں بولنے کی بندش ہے) سو (اس وجہ سے) میں آج (دن بھر) کسی آدمی سے نہیں بولوں گی (اور خدا کے ذکر اور دعا میں مشغول ہونا اور بات ہے بس تم اتنا جواب دے کر بے فکر ہو جانا اللہ تعالیٰ اس مولود مسعود کو خرق عادت کے طور پر بولتا کر دے گا جس سے ظہور اعجاز دلیل نزاہت وعصمت ہو جاوے گی غرض ہر غم کا علاج ہو گیا) ف: یہ تمنائے موت اگر غم دنیا سے تھی تب تو غلبہ حال کو اس کا عذر کہا جاوے گا جس میں انسان من کل الوجوہ مکلف نہیں رہتا اور اگر غم دین سے تھا کہ لوگ بدنام کریں گے اور شاید مجھ سے اس پر صبر نہ ہو سکے تو بے صبری کی معصیت میں ابتلا ہوگا موت سے اس معصیت سے حفاظت رہتی تو ایسی تمنا ممنوع نہیں ہے اور اگر شبہ ہو کہ حضرت مریم کو جو کہا گیا کہ تم کہہ دینا کہ میں نے نذر کی ہے سو انہوں نے نذر تو کی نہ تھی۔ جواب یہ ہے کہ اسی سے یہ حکم بھی مفہوم ہو گیا کہ تم نذر بھی کر لینا اور اس کو ظاہر کر دینا اور روزہ میں بولنے کی بندش کا حکم ان کی شریعت میں تھا ہماری شریعت میں منسوخ ہو چکا ہے **لما رواہ ابوداؤد مرفوعًا لا یتم بعد احتلام ولا صمات یوم الی اللیل وحسنہ السیوطی والعزیزی** اور دردِ زہ میں پانی اور کھجور کا استعمال طبًا بھی مفید ہے اور اکل وشرب کا حکم بظاہر اباحت کے لئے معلوم ہوتا ہے واللہ اعلم اور حمل وتولد بلا توسط مرد کے خارق عادت ہے اور خوارق میں کتنا ہی استبعاد ہو مضائقہ نہیں لیکن اس میں اس وجہ سے زیادہ استبعاد بھی نہیں کہ حسب تصریح کتب طب عورت کی منی میں قوت منعقدہ کے ساتھ قوت عاقدہ بھی ہے اس لئے مرض رجاء میں اعضاء کی کچھ نا تمام صورت بھی بن جاتی ہے **کما صرح فی القانون** پس اگر یہی قوت عاقدہ اور بڑھ جاوے تو زیادہ مستبعد نہیں ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ **قَالَتْ یٰلَیْتَنِیْ** الخ اس میں دلیل ہے اس پر کہ موت کی تمنا کسی باعث دینی سے جائز ہے کیونکہ مریم علیہا السلام نے موت کی تمنا ان لوگوں کی ملامت کے سبب اور اسی ملامت کی وجہ سے ان لوگوں کی معصیت میں واقع ہونے کے سبب کی۔ قولہ تعالیٰ: **وَهُزِّیْٓ اِلَیْكِ** مریم علیہا السلام کو جو شاخ ہلانے کا حکم فرمایا اس میں اشارہ اس طرف ہے کہ تحصیل رزق میں فی الجملہ سعی کرنا مطلوب ہے اور وہ توکل کے منافی نہیں۔

ملحقات الترجمۃ: [۱] **قولہ فی فحملتہ** لڑکا اشارۃ الی رجوع ضمیر المفعول الی الغلام ۱۲۔ [۲] **قولہ فی فانتبذت** جب ان کو الخ اشارۃ الی ان الفاء فصیحۃ فلا یلزم کون الوضع متصلا بالحمل وان کان محتملا فان صح ما رواہ الطبری عن ابن عباس یقول ما ھی الا ان حملت فوضعت تفسیر الآیۃ بذلک ۱۲۔ [۳] **قولہ فی قصبا** جنگل پہاڑ القربۃ علیہ قولہ تعالیٰ سریا والنخلۃ ومن تحتھا فان المجموع یسھل تصورہ فی الفیافی والجبال واللہ اعلم بحقیقۃ الحال ۱۲۔ [۴] **قولہ فی فنادٰھا** جبرئیل یشھد لہ ظاھر الکلام واخرجہ الطبری عن ابن عباس والضحاک وقتادۃ وقیل عیسٰی علیہ السلام وھو بعید ظاھرا ومخالف لما رواہ الطبری عن ابن عباس انہ قال لم یتکلم عیسٰی علیہ السلام حتی اتت قومھا ۱۲۔ [۵] **قولہ فی جعل** خوارق دل علی کون ما ذکر خارقا روایات مذکورۃ فی التفاسیر وظاھر المقام ایضا

www.besturdubooks.net

لان المقصود تسليتها عليه السلام وظهور الخوارق ادخل فيها والله اعلم۱۲۔ قوله فی قولی اشارة قرينة ظاهر قوله تعالٰی لن اكلم وقوله فاشارت اليه۱۲۔

اللغات: قوله فانتبذت به الباء للمصاحبة كما فی قوله تدوس بناء وقوله تنبت بالدهن قوله قصی بعيد۔ قوله فاجاء ها متعد من جاء لكنه خص عرفا بالاجاء ة التی تكون الجاء ولا يستعمل فی مطلق الاجاء ة كذا قال صاحب الكشاف قوله المخاض مصدر مخضت المرأة اذا اخذها الطلق وتحرك الولد فی بطنها للخروج قوله سريا جد ولا لسريانه۱۲ قوله جذ ع ما بين العروق وتشعب الاغصان يقال له بالفار سية تنہ۔ قوله نسيا الشیٔ التافة الذی لا بوبه له ومن شانه وحقه ان ينسی فی العادة ويطرح وان لم ينس ولذا اكد بقوله منسيا فافاء فائدة جديدة فافهم قوله تساقط بمعنی تسقط فعل الاسقاط قوله جنيا ای يجنی من الشجر زاده لدفع توهم ان الساقط من الشجر لا يكون فی الاغلب جيدا بخلاف ما يجنی وجه الدفع ظاهر فمعنی جنيا ما يصلح ان يكون جنياً۔ قوله قری من القرء بمعنی السكون او بمعنی البرء فان العين اذا رات ما يسر النفس سكنت اليه من النظر الی غيره ويشهد له قوله تعالٰی قدورا عينهم وان دمعة السرور باردة۱۲۔

البلاغة: قوله هزی اليك عدی بالی لتضمنه معنی الميل الی جهتك قوله بجذ ع عدی بالباء مع كون الهز متعديا بنفسه اما لتنزيله منزلة اللازم ای افعلی فعل الهز فالباء للآلة والكون الباء زائدة كما فی قوله تعالٰی ولا تلقوا بايديكم۱۲۔

فَاَتَتْ بِهٖ قَوْمَهَا تَحْمِلُهٗ ؕ قَالُوْا يٰمَرْيَمُ لَقَدْ جِئْتِ شَيْـًٔا فَرِيًّا ﴿۲۷﴾ يٰۤاُخْتَ هٰرُوْنَ مَا كَانَ اَبُوْكِ اِمْرَاَ
سَوْءٍ وَّمَا كَانَتْ اُمُّكِ بَغِيًّا ﴿۲۸﴾ فَاَشَارَتْ اِلَيْهِ ؕ قَالُوْا كَيْفَ نُكَلِّمُ مَنْ كَانَ فِی الْمَهْدِ صَبِيًّا ﴿۲۹﴾ قَالَ اِنِّیْ
عَبْدُ اللّٰهِ ۫ اٰتٰنِیَ الْكِتٰبَ وَجَعَلَنِیْ نَبِيًّا ﴿۳۰﴾ وَّجَعَلَنِیْ مُبٰرَكًا اَيْنَ مَا كُنْتُ ۪ وَاَوْصٰنِیْ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ
مَا دُمْتُ حَيًّا ﴿۳۱﴾ وَّبَرًّا بِوَالِدَتِیْ ۫ وَلَمْ يَجْعَلْنِیْ جَبَّارًا شَقِيًّا ﴿۳۲﴾ وَالسَّلٰمُ عَلَیَّ يَوْمَ وُلِدْتُّ وَيَوْمَ اَمُوْتُ وَيَوْمَ اُبْعَثُ حَيًّا ﴿۳۳﴾

پھر وہ ان کو گود میں لئے ہوئے اپنی قوم کے پاس آئیں لوگوں نے کہا اے مریم تم نے بڑے غضب کا کام کیا اے ہارون کی بہن تمہارے باپ کوئی برے آدمی نہ تھے اور نہ تمہاری ماں بدکار تھیں پس مریم نے بچے کی طرف اشارہ کیا وہ لوگ کہنے لگے کہ بھلا ہم ایسے شخص سے کیونکر باتیں کریں جو ابھی گود میں بچہ ہی ہے وہ بچہ (خود ہی) بول اٹھا کہ میں اللہ کا (خاص) بندہ ہوں اس نے مجھ کو کتاب (یعنی انجیل) دی اور اس نے مجھ کو نبی بنایا (یعنی بنادے گا) اور مجھ کو برکت والا بنایا میں جہاں کہیں بھی ہوں اور مجھ کو نماز اور زکوٰۃ کا حکم دیا جب تک میں (دنیا میں) زندہ رہوں اور مجھ کو میری والدہ کا خدمت گزار بنایا اور اس نے مجھ کو سرکش بدبخت نہیں بنایا اور مجھ پر اللہ کی جانب سے سلام ہے جس روز میں پیدا ہوا اور جس روز مرونگا اور جس روز (قیامت) میں زندہ کر کے اٹھایا جاؤنگا۔

تفسیر: تتمہ قصہ متضمنہ ملامت قوم و جواب عیسیٰ علیہ السلام ☆ فَاَتَتْ بِهٖ قَوْمَهَا تَحْمِلُهٗ ؕ (الی قوله تعالی) وَيَوْمَ اُبْعَثُ حَيًّا ﴿۳۳﴾ (غرض مریم علیہا السلام کی اس کلام سے تسلی ہوئی اور عیسیٰ علیہ السلام پیدا ہوئے) پھر وہ ان کو گود میں لئے ہوئے (وہاں سے بستی کو چلیں اور) اپنی قوم کے پاس لائیں لوگوں نے (جو دیکھا کہ ان کی شادی تو ہوئی نہ تھی یہ بچہ کیسا! بدگمان ہوکر) کہا اے مریم تم نے بڑے غضب کا کام کیا (یعنی نعوذ باللہ بدکاری کی اور یوں تو بدکاری کوئی کرے برا ہے لیکن تم سے ایسا فعل ہونا زیادہ غضب کی بات ہے کیونکہ) اے ہارون کی بہن (تمہارے خاندان میں کبھی کسی نے ایسا نہیں کیا چنانچہ) تمہارے باپ کوئی برے آدمی نہ تھے (کہ ان سے یہ اثر تم میں آیا ہو) اور نہ تمہاری ماں بدکار تھیں (کہ ان سے یہ اثر تم میں آیا ہو) پھر ہارون جو تمہارے رشتہ کے بھائی ہیں جن کا نام ان ہارون نبی کے نام پر رکھا گیا ہے وہ کیسے کچھ نیک شخص ہیں غرض جس کا خاندان کا خاندان پاک صاف ہو اس سے یہ حرکت ہونا کتنا بڑا غضب ہے) پس مریم (علیہا السلام) نے (یہ ساری تقریر سن کر کچھ جواب نہیں دیا بلکہ) بچہ کی طرف اشارہ کر دیا (کہ اس سے کہو جو کچھ کہنا ہو جواب دے گا) وہ لوگ (سمجھے کہ یہ ہمارے ساتھ تمسخر کرتی ہیں) کہنے لگے کہ بھلا ہم ایسے شخص سے کیونکر باتیں کرے جو ابھی گود میں بچہ ہی ہے (کیونکہ بات اس شخص سے کی جاتی ہے جو کہ وہ بھی بات چیت کرتا ہو سو جب یہ بچہ ہے اور بات چیت پر قادر نہیں اس سے کیا بات کریں اتنے میں) وہ بچہ (خود ہی) بول اُٹھا کہ میں اللہ کا (خاص) بندہ ہوں (نہ تو اللہ ہوں جیسا جہلائے نصاریٰ سمجھیں گے اور نہ غیر مقبول ہوں جیسا یہود سمجھیں گے اور بندہ ہونے کے اور پھر خاص ہونے کے یہ آثار ہیں کہ) اس نے مجھ کو کتاب (یعنی انجیل) دی (یعنی گو آئندہ دے گا مگر بوجہ یقینی ہونے کے ایسا ہے کہ جیسے دے دی) اور اس نے مجھ کو نبی بنایا (یعنی بناوے گا) اور مجھ کو برکت والا

www.besturdubooks.net

بنایا (یعنی مجھ سے خلق کو دین کا نفع پہنچے گا) میں جہاں کہیں بھی ہوں (گا مجھ سے برکت پہنچے گی وہ نفع تبلیغ دین ہے خواہ کوئی قبول کرے یا نہ کرے انہوں نے تو نفع پہنچا ہی دیا) اور اُس نے مجھ کو نماز اور زکوٰۃ کا حکم دیا جب تک میں (دنیا میں) زندہ رہوں (اور ظاہر ہے کہ آسمان پر جانے کے بعد مکلف نہیں رہے اور یہ دلیل ہے بندہ ہونے کی جیسا اور دلائل ہیں خصوصیت کے) اور مجھ کو میری والدہ کا خدمت گزار بنایا (اور چونکہ بے باپ پیدا ہوئے ہیں اس لئے والدہ کی تخصیص کی گئی) اور اس نے مجھ کو سرکش بد بخت نہیں بنایا (کہ ادائے حق خالق یا ادائے حق والدہ سے سرکشی کروں یا حقوق و اعمال کے ترک سے بدبختی خرید لوں) اور مجھ پر (اللہ کی جانب سے) سلام ہے جس روز میں پیدا ہوا اور جس روز مروں گا (کہ وہ زمانہ قرب قیامت کا بعد نزول من السماء کے ہوگا) اور جس روز میں (قیامت میں) زندہ کر کے اُٹھایا جاؤں گا (اور اللہ کا سلام دلیل ہے خاص بندہ ہونے کی) ف: عیسیٰ علیہ السلام کے مجموعہ اوصاف و احوال مذکورہ آیت سے نزاہت و طہارت حضرت مریم علیہا السلام کی ثابت ہوگئی جو مقصود تھا اس تکلم خارق عادت سے جس میں سب سے بڑھ کر دلالت علی المطلوب میں وصف نبوت ہے کیونکہ نبوت کے ساتھ فساد نسب جو کہ اعلیٰ درجہ کا سبب عار ہے مجتمع نہیں ہوتا اور عطائے نبوت کا تحقق اس تکلم خارق سے ہوتا ہے کیونکہ بے گناہ سے خارق کا صدور دلیل مقبولیت ہے اور مقبول ہونا کاذب ہونے کے منافی ہے اور اہل قادیان نے ما دمت حیا سے جو استدلال کیا ہے کہ اگر عیسیٰ علیہ السلام زندہ ہیں تو اس آیت کے موافق آسمان پر بھی نماز و زکوٰۃ کے مکلف ہوں گے والملازم باطل اس کا جواب ترجمہ کے ساتھ ''دنیا میں'' قید لگانے سے ہو گیا فقط۔ اور اگر ثابت ہو کہ انبیاء پر زکوٰۃ فرض نہیں ہوتی تو اوصافی سے مراد ہوگا شریعت میں اس کا ہونا گو امت ہی کے لئے ہو۔

الروایات: فی الروح اخرج احمد و مسلم والترمذی والنسائی والطبرانی وابن حبان وغیرهم عن المغیرة بن شعبة قال بعثنی رسول الله صلی الله علیه وسلم الی اهل نجران فقالوا ارأیت ما تقرء ون یا اخت هارون وموسٰی قبل عیسٰی هکذا وکذا قال فرجعت فذکرت ذلك الرسول الله صلی الله علیه وسلم فقال الا اخبرتهم انهم کانوا یسمون بالانبیاء والصالحین قبلهم۔ وروی عن الکلبی هو اخ لها من ابیها آه۱۲۔

اللغات: قوله جئت فعلت فریا عظیما واصله من الفری بمعنی القطع علی وجه الاصلاح او الافساد ثم شاع استعماله فی العظیم من الامر خیر او صلاحا کان او شرا وفسادا قولاً کان او فعلاً قوله المهد فی الروح عن قتادة حجر امه وقال عکرمة المرباة ای الموجحة وقیل سریره آه قلت اخرج الطبری قوله قتادة۱۲۔

النحو: قوله کان فی المهد فی الروح قال ابو عبیدة کان زائدة بمجرد التاکید من غیر دلالة علی الزمان وصبیا حال مؤکدة والعامل فیها الاستقرار فلا یرد ان الناس کلهم کانوا فی الماضی صبیانا فی المهد وکذا لا یردان کان الزائدة لا تنصب الخبر قوله اینما کنت فی الروح عن البحر ان هذا شرط وجزاء ه محذوف لدلالة ما تقدم علیه لان اسم الشرط لا ینصبه فعل قبله فلا یجوز ان یکون معمولا لجعلنی السابق اه بتغیر واختصار قوله وبرا عطف علی مبارکا وان جعل الفصل مانعا فیضمر فعل ای وجعلنی بارا ۱۲۔

ذٰلِكَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ ۚ قَوْلَ الْحَقِّ الَّذِي فِيهِ يَمْتَرُونَ ﴿٣٤﴾ مَا كَانَ لِلَّهِ أَنْ يَتَّخِذَ مِنْ وَلَدٍ ۙ
سُبْحَانَهُ ۖ إِذَا قَضَىٰ أَمْرًا فَإِنَّمَا يَقُولُ لَهُ كُنْ فَيَكُونُ ﴿٣٥﴾ وَإِنَّ اللَّهَ رَبِّي وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوهُ ۗ هَٰذَا صِرَاطٌ
مُسْتَقِيمٌ ﴿٣٦﴾ فَاخْتَلَفَ الْأَحْزَابُ مِنْ بَيْنِهِمْ ۚ فَوَيْلٌ لِلَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ مَشْهَدِ يَوْمٍ عَظِيمٍ ﴿٣٧﴾
أَسْمِعْ بِهِمْ وَأَبْصِرْ ۙ يَوْمَ يَأْتُونَنَا لَٰكِنِ الظَّالِمُونَ الْيَوْمَ فِي ضَلَالٍ مُبِينٍ ﴿٣٨﴾ وَأَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْحَسْرَةِ
إِذْ قُضِيَ الْأَمْرُ ۘ وَهُمْ فِي غَفْلَةٍ وَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿٣٩﴾ إِنَّا نَحْنُ نَرِثُ الْأَرْضَ وَمَنْ عَلَيْهَا وَإِلَيْنَا يُرْجَعُونَ ﴿٤٠﴾ ع ۲ ۱۵

یہ ہیں عیسیٰ بن مریم میں بالکل سچی بات کہہ رہا ہوں جس میں یہ لوگ جھگڑ رہے ہیں اللہ تعالیٰ کی یہ شان نہیں ہے کہ وہ (کسی کو) اولاد اختیار کرے وہ بالکل پاک ہے وہ جب کوئی کام کرنا چاہتا ہے تو بس اس کو ارشاد فرما دیتا ہے کہ ہو جا سو وہ ہو جاتا ہے اور بے شک اللہ میرا بھی رب ہے اور تمہارا بھی رب ہے سو صرف اس کی عبادت کرو یہی دین کا سیدھا راستہ ہے (پھر بھی) مختلف گروہوں نے اس (بارے میں) باہم اختلاف ڈال لیا سو ان کافروں کے لئے ایک بڑے دن کے آنے سے بڑی خرابی (ہونے والی) ہے۔ جس روز یہ لوگ (حساب و جزاء کے لئے) ہمارے پاس آویں گے کیسے کچھ شنوا اور بینا ہو جاویں گے لیکن یہ ظالم آج (دنیا میں) کیسی صریح غلطی میں ہیں اور آپ ان

www.besturdubooks.net

لوگوں کو حسرت کے دن سے ڈرایئے جبکہ (جنت ودوزخ کا) اخیر فیصلہ کر دیا جائے گا اور وہ لوگ (آج دنیا میں) ہیں اور وہ ایمان نہیں لاتے (لیکن آخر ایک دن مریں گے اور) تمام زمین اور زمین کے رہنے والوں کے ہم ہی وارث (یعنی) آخر مالک رہ جائیں جاویں گے۔ ۞

تفسیر ربط: آگے مضمون قصہ عیسیٰ علیہ السلام پر توحید کی تفریع ہے اور اس کے ساتھ ذکر قیامت سے منکرین توحید کی تفریع ہے۔

تفریع توحید وتفریع کا فرعنید ☆ ذٰلِكَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ ۚ (الی قولہ تعالیٰ) وَاِلَيْنَا يُرْجَعُوْنَ ۞ یہ ہیں عیسیٰ بن مریم (جن کے اقوال واحوال مذکور ہوئے جس سے ان کا بندۂ مقبول ہونا معلوم ہوتا ہے نہ جیسے کہ عیسائیوں نے ان کو عبدیت سے خارج کر کے الوہیت تک پہنچایا ہے اور نہ ویسے جیسا کہ یہودیوں نے ان کو مقبولیت سے خارج کر کے طرح طرح کی تہمتیں لگائی ہیں) میں (بالکل) سچی بات کہہ رہا ہوں جس میں یہ (افراط وتفریط کرنے والے) لوگ جھگڑ رہے ہیں (چنانچہ یہود ونصاریٰ کے اقوال اوپر معلوم ہوئے اور چونکہ یہود کا قول ظاہراً بھی موجب تنقیص نبی تھا جو کہ بداہۃً باطل ہے اس لئے اس کے رد کی طرف اس مقام پر توجہ نہیں فرمائی بخلاف قول نصاریٰ کے کہ ظاہراً مثبت زیادت کمال تھا کہ نبوت کے ساتھ بنوت حق تعالیٰ کے ساتھ ثابت کرتے تھے اس لئے آگے اس کو رد فرماتے ہیں جس کا حاصل یہ ہے کہ اس میں حق تعالیٰ کی تنقیص بوجہ انکار توحید کے لازم آتی ہے حالانکہ) اللہ تعالیٰ کی یہ شان نہیں ہے کہ وہ (کسی کو) اولاد اختیار کرے وہ (بالکل) پاک ہے (کیونکہ اس کی یہ شان ہے کہ) وہ جب کوئی کام کرنا چاہتا ہے تو بس اس کو اتنا فرما دیتا ہے کہ ہو جا سو وہ ہو جاتا ہے (اور ایسے کمال کے واسطے اولاد کا ہونا عقلاً نقص ہے) اور (آپ تقریر توحید کے لئے لوگوں سے فرما دیجئے کہ مشرکین بھی سن لیں) بیشک اللہ میرا بھی رب ہے اور تمہارا بھی رب ہے سو (صرف) اسی کی عبادت کرو (اور) یہی (خالص خدا کی عبادت کرنا یعنی توحید اختیار کرنا دین کا) سیدھا راستہ ہے سو (توحید پر باوجود ان دلائل منقولہ ومعقولہ کے قائم ہونے کے پھر بھی (مختلف گروہوں نے (اس بارہ میں) باہم اختلاف ڈال لیا (یعنی انکار توحید کا کر کے طرح طرح کے مذاہب ایجاد کر لئے) سو ان کافروں کے لئے ایک بڑے (بھاری) دن کے آنے سے بڑی خرابی (ہونے والی ہے) (مراد اس سے قیامت ہے کہ باعتبار امتداد و اشتداد کے عظیم ہوگا) جس روز یہ لوگ (حساب وجزا کے لئے) ہمارے پاس آویں گے (اس روز) کیسے کچھ شنوا اور بینا ہو جاویں گے (کیونکہ قیامت میں یہ حقائق پیش نظر ہو جاویں گے اور تمام تر غلطیاں[1] رفع ہو جاویں گی) لیکن یہ ظالم آج (دنیا میں کیسی صریح غلطی میں) مبتلا ہو رہے ہیں اور آپ ان لوگوں کو حسرت کے دن سے ڈرایئے جب کہ (جنت دوزخ کا) اخیر فیصلہ کر دیا جاوے گا (جس کا ذکر حدیث میں ہے کہ جنت اور دوزخ والوں کو موت دکھلا کر اس کو ذبح کر دیا جاوے گا اور دونوں کو خلود کا حکم سنا دیا جاوے گا رواہ الشیخان والترمذی اور اس وقت کی حسرت کا بیحد ہونا ظاہر ہے) اور وہ لوگ (آج دنیا میں) بڑی غفلت میں (پڑے) ہیں اور وہ لوگ ایمان نہیں لاتے (لیکن آخر ایک دن مر جاویں گے اور تمام زمین اور زمین پر رہنے والوں کو وارث (یعنی آخر مالک) ہم ہی رہ جاویں گے اور یہ سب ہمارے ہی پاس لوٹائے جاویں گے (پھر اپنے کفر وشرک کی سزا بھگتیں گے) ف: اِذْ قُضِيَ الْاَمْرُ الخ سے امتناع اتخاذ ولد پر استدلال کی تقریر پارہ الم کے تین رکوع وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ [البقرۃ:۱۱۳] میں اسی مضمون کی آیت کی تفسیر میں گذر چکی ہے اور حسرتیں وقت مذکور سے پہلے بھی ہوں گی لیکن اس وقت کی حسرت سب سے اعظم ہوگی اور اِنَّ اللّٰهَ رَبِّيْ الخ اس میں بنظر آیات سورۂ زخرف کے جو قصہ عیسویہ میں آئی ہیں ایک توجیہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ اس سے پہلے قال مقدر ہو یعنی حالت صبا میں وہ کہا جو اوپر مذکور ہوا اور پھر بعد نبوت یہ فرمایا: اِنَّ اللّٰهَ رَبِّيْ الخ اور احزاب سے مراد جو بعد عیسیٰ علیہ السلام کے ہوئے واللہ اعلم۔

الحواشی: (۱) قولہ قبل لکن الظلمون تمام تر غلطیاں اشارۃ الی جعل الاستدراک متعلقا بما اتصل بہ ونقل فی الروح عن ابی العالیۃ تعلقہ بقولہ فویل للذین کفروا۔

اختلاف القراءۃ: قولہ وان اللہ فی قراءۃ بفتح الھمزۃ بتقریر الجار ای اللام متعلق بقولہ فاعبدوہ ای فاعبدوہ لان اللہ ربی وربکم الروایات ذکرت فی المتن من قصۃ ذبح الموت وفی ھذہ الروایۃ قراءۃ صلی اللہ علیہ وسلم ھاتیک الآیۃ حینئذ ۱۲۔

اللغات: فی القاموس المریۃ الشک والجدل فمعنی یمترون یتنازعون او یشکون قولہ من بینھم فی الروح معناہ ان الاختلاف لم یخرج عنھم بل کانوا ھم المختلفین وبین ظرف استعمل اسماء بدخول من علیہ ونقل فی البحر القول بزیادۃ من قولہ من مشھد مصدر بمعنی الشھود ۱۲۔

النحو: قولہ قول الحق فی الروح قیل نصب علی المصدر ای اقول الحق۔ قولہ یوم الحسرۃ اذ مبدل منہ وبدل۔

البلاغۃ: قولہ لکن الظلمون فیہ وضع المظھر موضع المضمر ۱۲۔

وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِبْرٰهِيْمَ ۘ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا ۞ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ يٰٓاَبَتِ لِمَ تَعْبُدُ مَا لَا يَسْمَعُ وَلَا

www.besturdubooks.net

يُبْصِرُ وَلَا يُغْنِيْ عَنْكَ شَيْـًٔا ﴿۴۲﴾ يٰٓاَبَتِ اِنِّيْ قَدْ جَآءَنِيْ مِنَ الْعِلْمِ مَا لَمْ يَاْتِكَ فَاتَّبِعْنِيْٓ اَهْدِكَ صِرَاطًا سَوِيًّا ﴿۴۳﴾
يٰٓاَبَتِ لَا تَعْبُدِ الشَّيْطٰنَ ۭ اِنَّ الشَّيْطٰنَ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ عَصِيًّا ﴿۴۴﴾ يٰٓاَبَتِ اِنِّيْٓ اَخَافُ اَنْ يَّمَسَّكَ
عَذَابٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ فَتَكُوْنَ لِلشَّيْطٰنِ وَلِيًّا ﴿۴۵﴾

اور اس کتاب میں ابراہیم علیہ السلام کا (قصہ) ذکر کیجئے وہ بڑے راستی والے پیغمبر تھے جبکہ انہوں نے اپنے باپ سے (جو مشرک تھا) کہا کہ اے میرے باپ تم ایسی چیز کی کیوں عبادت کرتے ہو جو نہ کچھ سنے نہ کچھ دیکھے اور نہ کچھ تمہارے کام آسکے اے میرے باپ میرے پاس ایسا علم پہنچا ہے جو تمہارے پاس نہیں آیا تو تم میرے کہے پر چلو میں تم کو سیدھا رستہ بتلاؤں گا اے میرے باپ تم شیطان کی پرستش مت کرو بے شک شیطان رحمٰن کی نافرمانی کرنے والا ہے اے میرے باپ اندیشہ کرتا ہوں کہ تم پر رحمٰن کی طرف سے کوئی عذاب نہ آپڑے پھر تم (عذاب میں) شیطان کے ساتھی ہو جاؤ۔

تفسیر: قصہ سوم حضرت ابراہیم علیہ السلام ☆ وجہ ارتباط قصص تمہید سورت میں گذر چکی۔ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِبْرٰهِيْمَ ۘ (الی قولہ تعالیٰ) فَتَكُوْنَ لِلشَّيْطٰنِ وَلِيًّا ﴿۴۵﴾ اور (اے محمد ﷺ) آپ اس کتاب (یعنی قرآن) میں (لوگوں کے سامنے حضرت) ابراہیم (علیہ السلام) کا (قصہ) ذکر کیجئے (تاکہ ان کو توحید و رسالت کا مسئلہ زیادہ منکشف ہو جاوے) وہ (ہر قول فعل میں) بڑے راستی والے تھے) اور پیغمبر تھے (اور وہ قصہ جس کا ذکر کرنا اس جگہ مقصود ہے اس وقت ہوا تھا) جب کہ انہوں نے اپنے باپ سے (جو کہ مشرک تھا) کہا کہ اے میرے باپ تم ایسی چیز کی کیوں عبادت کرتے ہو جو نہ کچھ سنے اور نہ کچھ دیکھے اور نہ تمہارے کچھ کام آسکے (مراد بت ہیں حالانکہ اگر کوئی دیکھتا سنتا کچھ کام آتا بھی ہو مگر واجب الوجود نہ ہو تب بھی لائق عبادت نہ ہوگا' چہ جائیکہ ان اوصاف سے بھی عاری ہو وہ تو بدرجہ اولیٰ لائق عبادت نہ ہوگا) اے میرے باپ میرے پاس ایسا علم پہنچا ہے جو تمہارے پاس نہیں آیا (مراد اس سے وحی ہے جس میں احتمال غلطی کا ہو ہی نہیں سکتا پس میں جو کچھ کہہ رہا ہوں قطعاً حق ہے جب یہ بات ہے) تو میرے کہنے پر چلو میں تم کو سیدھا راستہ بتلاؤں گا (اور وہ توحید ہے) اے میرے باپ تم شیطان کی پرستش مت کرو (یعنی شیطان کو اور اس کی عبادت کو تو تم بھی برا سمجھتے ہو اور بت پرستی میں شیطان پرستی بالیقین لازم ہے کہ وہی یہ حرکت کراتا ہے اور کسی کی ایسی اطاعت کرنا کہ حق تعالیٰ کے مقابلہ میں بھی اس کی تعلیم کو حق سمجھے یہی عبادت ہے پس بت پرستی میں شیطان پرستی ہوئی اور) بیشک شیطان (حضرت) رحمان کا نافرمانی کرنے والا ہے (تو وہ کب اطاعت کے لائق ہوگا) اے میرے باپ میں اندیشہ کرتا ہوں (اور وہ اندیشہ یقینی ہے) کہ تم پر رحمان کی طرف سے کوئی عذاب نہ آپڑے (خواہ دنیا میں یا آخرت میں) پھر تم عذاب میں شیطان کے ساتھی ہو جاؤ (یعنی جب اطاعت میں اس کا ساتھ دو گے تو نفس عقوبت میں بھی اس کا ساتھ ہوگا گو شیطان کو دنیا میں عذاب نہ ہوا ہو اور اس شیطان کی معیت اور مشارکت فی العقوبۃ کو کوئی اپنی بھلائی چاہنے والا پسند نہ کرے)

ف: اور عذاب کے ساتھ مِنَ الرَّحْمٰنِ کہنے سے اشارہ اس طرف ہے کہ گو وہ رحمان ہے مگر یوں نہ سمجھنا کہ کفر پر سزا نہ دے گا بلکہ باوجود رحمان ہونے کے بھی اس پر سزا دے گا۔

تَرْجَمَۃُ مَسَائِلِ السُّلُوْک: قولہ تعالیٰ: اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ يٰٓاَبَتِ الخ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے طریق دعوت میں حسن وادب وخلق اختیار کیا تاکہ مخاطب مکابرہ اور فساد پر آمادہ نہ ہو جاوے ۱۲۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃ: ۱ قولہ فی اذکر لوگوں کے سامنے اشارۃ الی انہ مثل قولہ واتل علیہم نبا ابراھیم ۱۲۔ ۲ قولہ فی صدیقا نبیا اور پیغمبر اشارۃ الی کون نبیا خبرا بعد خبر لکان ۱۲۔

اَلْبَلَاغَۃ: قولہ صدیقًا نبیا فیہ تدرج من الادنیٰ الی الاعلیٰ ۱۲۔

اَلْحَوَاشِیْ: (۱) قولہ لانہ حاصل قولہ واتل علیہم ۳ منہ۔

قَالَ اَرَاغِبٌ اَنْتَ عَنْ اٰلِهَتِيْ يٰٓاِبْرٰهِيْمُ ۚ لَىِٕنْ لَّمْ تَنْتَهِ لَاَرْجُمَنَّكَ وَاهْجُرْنِيْ مَلِيًّا ﴿۴۶﴾ قَالَ سَلٰمٌ عَلَيْكَ ۚ سَاَسْتَغْفِرُ لَكَ
رَبِّيْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ بِيْ حَفِيًّا ﴿۴۷﴾ وَاَعْتَزِلُكُمْ وَمَا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَاَدْعُوْا رَبِّيْ ۡ عَسٰٓى اَلَّآ اَكُوْنَ بِدُعَاۗءِ رَبِّيْ
شَقِيًّا ﴿۴۸﴾ فَلَمَّا اعْتَزَلَهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۙ وَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ۭ وَكُلًّا جَعَلْنَا نَبِيًّا ﴿۴۹﴾

www.besturdubooks.net

وَ وَهَبْنَا لَهُمْ مِّنْ رَّحْمَتِنَا وَجَعَلْنَا لَهُمْ لِسَانَ صِدْقٍ عَلِيًّا ۝۵۰ ع ۳/۱۰/۲

باپ نے جواب دیا کیا تم معبودوں سے پھرے ہوئے ہو اے ابراہیم علیہ السلام اگر تم باز نہ آئے تو میں ضرور تم کو مار پتھروں کے سنگسار کردوں گا اور ہمیش ہمیش کے لئے مجھ سے برکنار ہوا (ابراہیم علیہ السلام) نے کہا میرا سلام لو اب میں تمہارے لئے اپنے رب سے مغفرت کی درخواست کروں گا بے شک وہ مجھ پر بہت مہربان ہے اور میں تم لوگوں سے اور جن کی تم خدا کو چھوڑ کر عبادت کر رہے ہو ان سے کنارہ کرتا ہوں اور اپنے رب کی عبادت کروں گا امید ہے کہ اپنے رب کی عبادت کر کے محروم نہ رہوں گا۔ پس جب ان لوگوں سے اور جن کی وہ لوگ خدا کو چھوڑ کر عبادت کرتے تھے ان سے علیحدہ ہو گئے ہم نے ان کو اسحٰق علیہ السلام (بیٹا) اور یعقوب (پوتا) عطا فرمایا اور ہم نے (ان دونوں میں سے ہر ایک کو نبی بنایا اور ان سب کو ہم نے اپنی رحمت کا حصہ دیا اور آئندہ نسلوں میں ہم نے ان کا نام نیک اور بلند کیا۔ ۞

تفسیر: تتمہ قصہ ☆ قَالَ اَرَاغِبٌ اَنْتَ عَنْ اٰلِهَتِيْ يٰۤاِبْرٰهِيْمُ ۚ (الی قولہ تعالیٰ) وَجَعَلْنَا لَهُمْ لِسَانَ صِدْقٍ عَلِيًّا ۝ (ابراہیم علیہ السلام کی یہ تمام تر نصائح سن کر) باپ نے جواب دیا کہ کیا تم میرے معبودوں سے پھرے ہوئے ہو اے ابراہیم (اور اس لئے مجھ کو بھی منع کرتے ہو یاد رکھو) اگر تم (ان بتوں کے مذمت سے اور مجھ کو ان کی عبادت سے منع کرنے سے) باز نہ آئے تو میں ضرور تم کو مار پتھروں کے سنگسار کردوں گا (پس تم اس سے باز آ جاؤ[1]) اور ہمیش ہمیش کے لئے مجھ (کو کہنے سننے) سے برکنار رہو ابراہیم (علیہ السلام) نے کہا (بہتر) میرا سلام لو[2] (اب تم سے کہنا سننا بے سود ہے) اب میں تمہارے لئے اپنے رب سے مغفرت کی (اس طرح) درخواست کروں گا (کہ تم کو ہدایت کرے) جس پر مغفرت مرتب ہوتی ہے) بیشک وہ مجھ پر بہت مہربان ہے (اس لئے اسی سے عرض[3] کروں گا جس کا قبول فرمانا یا نہ فرمانا دونوں مختلف اعتبار سے رحمت اور مہربانی ہے) اور (تم اور تمہارے ہم مذہب جب میری حق بات کو بھی نہیں مانتے تو تم میں رہنا بھی فضول ہے اس لئے) میں تم لوگوں سے اور جن کی تم خدا کو چھوڑ کر عبادت کر رہے ہو ان سے (بدنا بھی) کنارہ کرتا ہوں (جیسا قلباً پہلے ہی سے برکنار ہوں یعنی یہاں رہتا بھی نہیں) اور (اطمینان سے علیحدہ ہو کر) اپنے رب کی عبادت کروں گا (کیونکہ یہاں رہ کر اس میں بھی مزاحمت ہوگی) امید (یعنی یقین) ہے کہ اپنے رب کی عبادت کر کے محروم نہ رہوں گا (جیسا[4] بت پرست اپنے باطل معبودوں کی عبادت کر کے محروم رہتے ہیں غرض اس گفتگو کے بعد ان سے اس طرح علیحدہ ہوئے کہ ملک شام کی طرف ہجرت کر کے چلے گئے) پس جب ان لوگوں سے اور جن کی وہ لوگ خدا کو چھوڑ کر عبادت کرتے تھے ان سے (اس طرح) علیحدہ ہو گئے (تو) ہم نے ان کو اسحٰق (بیٹا) اور یعقوب (پوتا) عطا فرمایا (جو کہ رفاقت[5] کے لئے ان کی بت پرست برادری سے بدرجہا بہتر تھے) اور ہم نے (ان دونوں میں) ہر ایک کو نبی بنایا اور ان سب کو ہم نے (طرح طرح کے کمالات دے کر) اپنی رحمت کا حصہ دیا اور (آئندہ نسلوں میں) ہم نے ان کا نام نیک اور بلند کیا (کہ سب تعظیم اور ثناء کے ساتھ ذکر کرتے ہیں اور اسحاق کے قبل اسماعیل ان ہی صفات کے ساتھ عطا ہو چکے تھے)۔ ف: اسماعیل علیہ السلام کا اس جگہ ذکر نہ فرمانا اس وجہ سے ہے کہ اول تو وہ اوروں سے اول عطا ہو چکے تھے بعد والوں کے ذکر سے قبل والے کا ذکر خود ہی مفہوم ہو جاتا ہے دوسرے ان کا ذکر مستقل طور پر آئندہ قریب آنے والا ہے تیسرے ابراہیم علیہ السلام کے ذکر سے جیسا عرب کا استجلاب قلب ہوا اسحاق و یعقوب علیہما السلام کے ذکر سے اہل کتاب کا استجلاب قلب مناسب اور اسی نکتہ کی وجہ سے اس کے متصل موسیٰ علیہ السلام کا ذکر آتا ہے پھر ان کے بعد اسماعیل علیہ السلام کا آوے گا واللہ اعلم باسرار کلامہ۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: قَالَ سَلٰمٌ عَلَيْكَ الخ اس میں مقابلہ ہے برائی کا بھلائی سے۔ قولہ تعالیٰ سَاَسْتَغْفِرُ لَكَ الخ اس میں دعاء ہے ہدایت کی کافر کے لئے۔ قولہ تعالیٰ: وَ اَعْتَزِلُكُمْ الخ اس میں معاند سے یکسو ہو جانا ہے مایوسی کے وقت ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله قبل واهجرني بازآ جاؤ اشارة الى تقدير المعطوف عليه لان للعطف على المذكور فيه عطف للانشاء على الاخبار ۱۲۔ ۲ قوله في سلام میرا سلام لو اشار به الى ان هذ السلام للمتاركة بقرينة المقام كما في قوله تعالىٰ سلام عليكم لا نبتغي الجاهلين ويؤيده قوله اعتزلكم فلا مس لمسئلة السلام على الكافر جواز او منعا بهذا المقام ۱۲۔ ۳ قوله في حفيا عرض کروں گا الخ اشار به الى ان المقصود بقوله انه كان بي حفيا انه حقيق بالدعاء وليس المقصود به الاخبار عن الاجابة لا محالة له واني ان هذا الدعاء لم يجب فانه لم يؤمن ۱۲۔ ۴ قوله في شقيا جیسا بت پرست اشارة الى ان في الكلام تعريضًا به وبقومه ۱۲۔ ۵ قوله في وهبنا رفاقت اشار به الى توجيه معنى الشرطية في لما ولو قيل للظرفية فيه فلا يشكل اصلاً ۱۲۔

اللغات: الملى الدهر الطول واراد به ههنا الابد بمعنى مدة عمرة الحفي البليغ في البر والاكرام قوله لسان صدق عليا اللسان مجاز عن الذكر والصدق بمعنى الصادق اى الحسن والعلى كلاهما صفة اللسان احدهما بصورة الاضافة والآخرة بصورة الوصف ۱۲۔

البلاغة: قوله عسى في تصدير الكلام به اظهار التواضع وحسن الادب وان الاثابة بطريق الفضل لا الوجوب۔

www.besturdubooks.net

وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ مُوْسٰٓى ۫ اِنَّهٗ كَانَ مُخْلَصًا وَّ كَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا ﴿۵۱﴾ وَنَادَيْنٰهُ مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ الْاَيْمَنِ
وَقَرَّبْنٰهُ نَجِيًّا ﴿۵۲﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗ مِنْ رَّحْمَتِنَآ اَخَاهُ هٰرُوْنَ نَبِيًّا ﴿۵۳﴾ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِسْمٰعِيْلَ ۫ اِنَّهٗ كَانَ
صَادِقَ الْوَعْدِ وَكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا ﴿۵۴﴾ وَّ كَانَ يَاْمُرُ اَهْلَهٗ بِالصَّلٰوةِ وَ الزَّكٰوةِ ۫ وَكَانَ عِنْدَ رَبِّهٖ مَرْضِيًّا ﴿۵۵﴾
وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِدْرِيْسَ ۫ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا ﴿۵۶﴾ وَّ رَفَعْنٰهُ مَكَانًا عَلِيًّا ﴿۵۷﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ
اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ مِنْ ذُرِّيَّةِ اٰدَمَ ۗ وَمِمَّنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ ۫ وَّمِنْ ذُرِّيَّةِ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْرَآءِيْلَ ۫
وَمِمَّنْ هَدَيْنَا وَاجْتَبَيْنَا ؕ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُ الرَّحْمٰنِ خَرُّوْا سُجَّدًا وَّبُكِيًّا ﴿۵۸﴾

اور اس کتاب میں موسیٰ علیہ السلام کا بھی ذکر کیجئے اور بلاشبہ اللہ تعالیٰ کے خاص کئے ہوئے بندے تھے اور وہ رسول نبی بھی تھے اور ہم نے ان کو کوہ طور کی داہنی جانب سے آواز دی اور ہم نے ان کو راز کی باتیں کرنے کے لئے مقرب فرمایا اور ہم نے ان کو اپنی رحمت سے ان کے بھائی ہارون علیہ السلام کو نبی بنا کر عطا کیا اور اس کتاب میں اسمٰعیل کا بھی ذکر کیجئے بلاشبہ وہ وعدے کے بڑے سچے تھے اور وہ رسول بھی تھے نبی بھی تھے اور اپنے متعلقین کو نماز کا اور زکوٰۃ کا حکم کرتے رہتے تھے اور اپنے پروردگار کے نزدیک پسندیدہ تھے اور اس کتاب میں ادریس کا بھی ذکر کیجئے بے شک وہ بڑے راستی والے نبی تھے اور ہم ان کو (کمالات میں) بلند درجہ تک پہنچایا۔ یہ وہ لوگ ہیں جن پر اللہ تعالیٰ نے خاص انعام فرمایا ہے منجملہ دیگر انبیاء کے آدم کی نسل سے اور ان لوگوں کی نسل سے جن کو ہم نے نوح علیہ السلام کے ساتھ سوار کیا تھا اور ابراہیم علیہ السلام اور یعقوب علیہ السلام کی نسل سے اور (یہ سب حضرات) ان لوگوں میں سے ہیں جن کو ہم نے ہدایت فرمائی اور ان کو مقبول بنایا جب ان کے سامنے (حضرت) رحمٰن کی آیتیں پڑھی جاتی تھیں تو سجدہ کرتے ہوئے اور روتے ہوئے (زمین پر) گر جاتے تھے۔

تفسیر: قصۂ چہارم حضرت موسیٰ علیہ السلام: وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ مُوْسٰٓى ۫ (الی قولہ تعالیٰ) خَرُّوْا سُجَّدًا وَّبُكِيًّا ﴿۵۸﴾ اور اس کتاب (یعنی قرآن) میں موسیٰ (علیہ السلام) کا بھی ذکر کیجئے بلاشبہ (یعنی لوگوں کو سنایئے ورنہ کتاب میں ذکر کرنے والا تو فی الحقیقۃ اللہ تعالیٰ ہے) وہ بلاشبہ اللہ تعالیٰ کے خاص کئے ہوئے (بندے) تھے اور وہ رسول بھی تھے نبی بھی تھے اور ہم نے ان کو کوہ طور کی داہنی جانب سے آواز دی اور ہم نے ان کو راز کی باتیں کرنے کے لئے مقرب بنایا اور ہم نے ان کو اپنی رحمت (وعنایت) سے ان کے بھائی ہارون کو نبی بنا کر عطا کیا (یعنی ان کی درخواست کے موافق ان کو نبی کیا کہ ان کی مدد کریں) اور اس کتاب میں اسماعیل (علیہ السلام) کا بھی ذکر کیجئے بلاشبہ وہ وعدے کے (بڑے) سچے تھے اور وہ رسول بھی تھے نبی بھی تھے اور اپنے متعلقین کو نماز اور زکوٰۃ کا (خصوصاً اور بھی احکام کا عموماً) حکم کرتے رہتے تھے اور وہ اپنے پروردگار کے نزدیک پسندیدہ تھے اور اس کتاب میں ادریس (علیہ السلام) کا بھی ذکر کیجئے بیشک وہ بڑی راستی والے نبی تھے اور ہم نے ان کو (کمالات میں) بلند رتبہ تک پہنچایا یہ (حضرات جن کا شروع سورت سے یہاں تک ذکر ہوا زکریا علیہ السلام سے ادریس علیہ السلام تک یہ) وہ لوگ ہیں جن پر اللہ تعالیٰ نے (خاص) انعام فرمایا ہے (چنانچہ نبوت سے بڑھ کر کون سی نعمت ہوگی) منجملہ (دیگر) انبیاء (علیہم السلام) کے (یہ وصف سب مذکورین میں مشترک ہے او یہ سب) آدم علیہ السلام کی نسل سے تھے) اور (بعضے ان میں) ان لوگوں کی نسل سے (تھے) جن کو ہم نے نوح (علیہ السلام) کے ساتھ کشتی میں سوار کیا تھا (چنانچہ بجز ادریس علیہ السلام کے کہ وہ اجداد نوح علیہ السلام سے ہیں باقی سب میں یہ وصف ہے) اور (بعضے ان میں) ابراہیم (علیہ السلام) اور یعقوب (علیہ السلام) کی نسل سے (تھے چنانچہ حضرت زکریا و عیسیٰ و موسیٰ علیہم السلام دونوں کی اولاد میں تھے اور اسحاق و اسماعیل و یعقوب علیہم السلام صرف حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اولاد میں تھے) اور (یہ سب حضرات) ان لوگوں میں سے (تھے) جن کو ہم نے ہدایت فرمائی اور ان کو مقبول بنایا (اور باوجود اس مقبولیت و اختصاص کے ان سب حضرات موصوفین کی عبدیت کی یہ کیفیت تھی کہ) جب ان کے سامنے (حضرت) رحمان کی آیتیں پڑھی جاتی تھیں تو (غایت افتقار و انکسار و انقیاد کے اظہار کے لئے) سجدہ کرتے ہوئے روتے ہوئے (زمین پر) گر جاتے تھے۔ ف: یہاں چند فوائد ہیں۔
اول: رسول اور نبی کی تفسیر میں اقوال متعدد ہیں تتبع آیات مختلفہ سے جو بات احقر کے نزدیک محقق ہوئی ہے وہ یہ ہے کہ ان دونوں کے مفہوم میں عموم و خصوص من وجہ ہے رسول وہ ہے جو مخاطبین کو شریعت جدیدہ پہنچاوے خواہ وہ شریعت اس رسول کے اعتبار سے بھی جدیدہ ہو جیسے تورات وغیرہ یا صرف مرسل الیہم کے اعتبار سے جدیدہ ہو جیسے اسماعیل علیہ السلام کی شریعت کہ وہی شریعت ابراہیمیہ تھی لیکن قوم جرہم کو اس کا علم حضرت اسماعیل علیہ السلام ہی سے حاصل ہوا اور خواہ وہ رسول نبی ہو یا نبی نہ ہو جیسے ملائکہ کہ ان پر رسل کا اطلاق کیا گیا ہے اور وہ انبیاء نہیں ہیں یا جیسے انبیاء کے فرستادے اصحاب جیسا سورۂ یٰسین میں ہے: اِذْ جَآءَهَا

www.besturdubooks.net

الْمُرْسَلُوْنَ [یٰسٓ: ۱۳] اور نبی وہ ہے جو صاحب وحی ہو خواہ شریعت جدیدہ کی تبلیغ کرے یا شریعت قدیمہ کی جیسے اکثر انبیائے بنی اسرائیل کہ شریعت موسویہ کی تبلیغ کرتے تھے پس من وجہ وہ عام ہے من وجہ یہ عام ہے پس جن آیتوں میں دونوں مجتمع ہیں اس میں تو کوئی اشکال نہیں کہ عام وخاص کا جمع ہونا صحیح ہے اور جس موقع پر دونوں میں تقابل ہوا ہے جیسے :وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَّلَا نَبِيٍّ [الحج: ۵۲] الخ چونکہ عام وخاص مقابل ہوتے نہیں اس لئے وہاں نبی کو عام نہ لیں گے بلکہ خاص کرلیں گے مبلغ شریعت سابقہ کے ساتھ پس معنی یہ ہوں گے **ما ارسلنا من قبلك من صاحب شرع جديده ولا صاحب شرع غير جديد الخ** لیکن چونکہ اب متبادر لفظ رسول سے صاحب نبوت ہوتا ہے اس لئے غیر نبی پر اطلاق اس کا بوجہ ایہام کے درست نہیں جیسے اس وقت بعض اہل زیغ اپنے لئے وحی اور رسالت بلکہ نبوت کے اطلاق کو جائز رکھتے ہیں اور تفسیر بھی ان الفاظ کی بدل ڈالی ہے نعوذ باللہ۔

دوم: موسیٰ علیہ السلام کی وحی کو جو راز کہا تو اس اعتبار سے کہ اس وقت استماع میں کوئی بشر شریک نہ تھا گو بعد میں اوروں کو بھی موسیٰ علیہ السلام کے ذریعہ سے اس کی اطلاع ہوگئی۔ **سوم:** اور اس جانب کو ایمن اس لئے کہا کہ وہ موسیٰ علیہ السلام کے دست راست کی طرف تھی۔ **چہارم:** اور ہارون علیہ السلام کا موسیٰ علیہ السلام کو عطا کیا جانا فرمانے سے مراد یہی ہے کہ ان کی معاونت معاضدت عطاء فرمائی تھی ورنہ ہارون علیہ السلام عمر میں بڑے ہیں۔ **پنجم:** حضرت اسماعیل علیہ السلام کے کمالات میں بالتخصیص صدق وعدہ کو فرمانا اس لئے ہے کہ یہ صفت خصوصیت کے ساتھ آپ پر غالب تھی چنانچہ مشہور ہے جس میں سے ایک فرد اعظم یعنی بچپن میں ایسا سخت وعدہ ذبح کے متعلق سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِيْنَ [الصّٰفّٰت: ۱۰۲] پورا کر دینا کو قرآن میں مذکور ہے۔ **ششم:** اہلہ سے مراد اگر مطلق امت ہو تب تو تعمیم حاصل ہے اور اگر خاص گھر والے مراد ہوں تو وجہ تخصیص دو ہو سکتی ہیں یا تو باعتبار بداءت کے کہ گھر والوں کے اوروں سے پہلے فرمایا اور یہی شان ہے اہل تبلیغ کی کما ورد قوله تعالیٰ :وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ [الشعراء: ۲۱۴] اور یا اس اعتبار سے کہ اور لوگ ان کا اقتدا کریں گے۔ **ہفتم:** صلوٰۃ وزکوٰۃ کی تخصیص باعتبار اہتمام کے ہے نہ کہ انحصار کے۔ **ہشتم:** یہاں انبیاء علیہم السلام کے بعض اوصاف جو کہ مشترک بھی ہیں جدا جدا فرمانا یہ تفنن کلام کا ہے جو زیادہ تدقیق کا محتاج نہیں۔ **نہم:** ادریس علیہ السلام کے قصہ میں رفعت اور مکان اور علو سب معنوی ہیں اور جو قصہ علو حسی کا مشہور ہے اگر وہ صحیح بھی ہو تب بھی تفسیر کا موقوف علیہ بنانے کی ضرورت نہیں علو اور رفعت کا معنوی ہونا تو کثیر الاستعمال ہے لیکن مکان کا معنوی ہونا بھی صاحب روح نے اس شعر سے ثابت کیا ہے۔

وکن فی مکان اذا ما سقطت تقوم ورجلك فی عافية

دہم: چونکہ بعض انبیاء علیہم السلام کی شان میں بعضے ملحدین افراط وتفریط کرتے تھے اس لئے حق تعالیٰ نے ان سب حضرات کے دو قسم کے اوصاف فرمائے ان کا مقبول ہونا وذی کمال ہونا کہ علاج ہے تفریط کا اور اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ الخ میں ان کا مقتقر ومنکسر ہونا کہ علاج ہے افراط کا **واللہ اعلم بالاسرار المودعة فی کتابه مطلع الانوار وما علمنا فی علمه الا اقل من قطرة بل من رشحة فی جنب البحار۔**

تَرْجَمَہ مَسَائِلُ السُّلُوْك: قولہ تعالیٰ :مِمَّنْ هَدَيْنَا الخ اس میں وصول الی اللہ کے دونوں طریق کا ذکر ہے سلوک کا بھی جس کو ہدایت کہتے ہیں اور جذب کا بھی جس کو اجتباء کہتے ہیں ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ الخ آیت سے استدلال ہوتا ہے کہ تلاوت قرآن کے وقت رونا مستحب ہے۔

اِخْتِلَافُ الْقِرَاءَة: **فی قراءة مخلصا مبنيا للفاعل اى من اخلص لله تعالیٰ ۱۲۔**

اَلْفِقْه : **السجدة المستقلة للاجلال او للشكر خارج الصلوٰة قربة مشروعة لكن غير مقصودة بذاتها بخصوصها فلا تنافی فی ورودها فی النصوص فی قول ابی حنيفةؒ بكراهتها فان هذا القول مقيد باعتقادها قربة مقصودة فافهم ۱۲۔**

اَلنَّحْو : **اولئك مبتدأ والموصول خبره ومن النبيين بيان للموصول ومن ذرية آدم بدل من الجار والمجرور وممن حملنا ومن ذرية ابراهيم وممن هدينا كلها بدل بعضها بدل الكل وبعضها بدل البعض واذ تتلى استيناف ۱۲۔**

اَلْبَلَاغَة : **قوله نجيا فی الروح مثل حاله عليه السلام بحال من قربه الملك لمناجاته واصطفاه لمصاحبته ورفع الوسائط بينه وبينه ۱۲۔**

فَخَلَفَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا ﴿۵۹﴾ اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُوْنَ شَيْـًٔا ﴿۶۰﴾ جَنّٰتِ عَدْنِ ِۨالَّتِيْ وَعَدَ الرَّحْمٰنُ عِبَادَهٗ بِالْغَيْبِ ۭ اِنَّهٗ كَانَ وَعْدُهٗ مَاْتِيًّا ﴿۶۱﴾ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا اِلَّا سَلٰمًا ۭ وَلَهُمْ رِزْقُهُمْ فِيْهَا بُكْرَةً وَّعَشِيًّا ﴿۶۲﴾ تِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِيْ نُوْرِثُ مِنْ عِبَادِنَا مَنْ كَانَ تَقِيًّا ﴿۶۳﴾

پھر ان کے بعد (بعضے) ایسے ناخلف پیدا ہوئے جنہوں نے نماز کو برباد کیا اور (نفسانی ناجائز) خواہشوں کی پیروی کی سو یہ لوگ عنقریب (آخرت میں) خرابی دیکھیں گے

www.besturdubooks.net

ہاں مگر جس نے توبہ کرلی اور ایمان لے آیا اور نیک کام کرنے لگا سو یہ لوگ جنت میں جاویں گے اور ان کا ذرا نقصان نہ کیا جائے گا اور ہمیشہ رہنے کے باغ کا رحمٰن نے اپنے بندوں سے غائبانہ وعدہ فرمایا ہے اور اس کے وعدے کی ہوئی چیز کو یہ لوگ ضرور پہنچیں گے اس (جنت) میں وہ کوئی فضول بات نہ سننے پاویں گے بجز سلام کے اور ان کو ان کا کھانا صبح وشام ملا کرے گا یہ جنت (جس کا ذکر ہوا) ایسی ہے کہ ہم اپنے بندوں میں سے اس کا مالک ایسے لوگوں کو بنادیں گے جو کہ خدا سے ڈرنے والا ہو۔

تفسیر ربط: اوپر حضرت انبیاء علیہم السلام کے قصص ذکر کر کے آگے ان کے متبعین اور مبتدعین کے حال اور دونوں کے مآل کو اس لئے بیان فرماتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ وفاق اور شقاق کرنے والوں کو ترغیب اور ترہیب ہو نیز اس میں اثبات معاد بھی ہے جو توحید ونبوت کے ساتھ اکثر جگہ قرآن میں مذکور ہوتا ہے۔

حال ومآل اہل وفاق واہل شقاق ☆ فَخَلَفَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ (الی قولہ تعالیٰ) تِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِيْ نُوْرِثُ مِنْ عِبَادِنَا مَنْ كَانَ تَقِيًّا ۝ پھر ان (مذکورین) کے بعد (بعضے) ایسے ناخلف پیدا ہوئے جنہوں نے نماز کو برباد کیا (خواہ اعتقاداً کہ انکار کیا یا عملاً کہ اس کے ادا کرنے میں یا حقوق وآداب ضروریہ میں کوتاہی کی) اور (نفسانی ناجائز) خواہشوں کی پیروی کی (جو ضرور طاعت سے غافل کرنے والی تھیں) سو یہ لوگ عنقریب (آخرت میں) خرابی دیکھیں گے (خواہ ابدی یا غیر ابدی) ہاں مگر جس نے (کفر ومعصیت سے) توبہ کرلی اور مطلب کفر سے توبہ کرنے کا یہ ہے کہ) ایمان لے آیا اور (معصیت سے توبہ کرنا یہ ہے کہ) نیک کام کرنے لگا سو یہ لوگ (بلا خرابی دیکھے) جنت میں جاویں گے اور (جزا ملنے کے وقت) ان کا ذرا نقصان نہ کیا جاوے گا (یعنی ہر نیک عمل کی جزا ملے گی یعنی) ان ہمیشہ رہنے کے باغوں میں (جاویں گے) جن کا رحمان نے اپنے بندوں سے غائبانہ وعدہ فرمایا ہے (اور) اس کے وعدہ کی ہوئی چیز کو یہ لوگ ضرور پہنچیں گے (اس جنت) میں وہ لوگ کوئی فضول بات نہ سننے پاویں گے (کیونکہ وہاں فضول بات ہی نہ ہوگی) بجز (فرشتوں اور ایک دوسرے کے) سلام (کرنے) کے (اور ظاہر ہے کہ سلام سے بہت ہی خوشی اور راحت ہوتی ہے تو وہ فضول نہیں) اور ان کو کھانا صبح وشام ملا کرے گا (یعنی یہ تو معین طور پر ہوگا اور یوں دوسرے وقت بھی اگر چاہینگے ملیگا) یہ جنت (جس کا ذکر ہوا) ایسی ہے کہ ہم اپنے بندوں میں سے اسکا مالک ایسے لوگوں کو بنادیں گے جو کہ خدا سے ڈرنے والا ہو۔ (جو منی ہے ایمان وعمل صالح کا) ف: یلقون غیا کی تفسیر میں ابدی وغیر ابدی دو قسمیں باعتبار کافر وعاصی کے کہی گئیں اس طرح يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ کی تفسیر میں جو بلا خرابی کہا گیا یہاں بھی ایمان پر خرابی ابدی کی نفی اور عمل صالح پر مطلق خرابی کی نفی مراد ہے اور لَا يُظْلَمُوْنَ صالح وعاصی دونوں کے لئے عام ہے بمقابلہ کفار کے کہ ان کے حسنات پر ثواب نہ ہوگا گو یہ ظلم نہیں مگر یہاں جو اس کی تفسیر ہے ینقصون وہ نقصان تو محقق ہے اور صبح شام مقدار صبح وشام ہے ورنہ جنت میں تو ظلمت ہے ہی نہیں جس کے یہ سب فروع ہیں رواہ الطبری عن قتادۃ و مجاھد۔

ربط: اوپر اہل وفاق کی فضیلت واجر کے بیان کرنے میں اطاعت کی ترغیب فرمائی تھی آگے اس کی تاکید وتقویت کے لئے وما نتنزل الخ میں ملائکہ کا غایت درجہ تابع امر ہونا بیان فرما کر اور پھر رب السمٰوٰت الخ میں تمام عالم کا مسخر قدرت ومربوب ہونا بیان فرما کر فاعبدہ الخ میں تفریعاً اطاعت کا امر فرماتے ہیں کیونکہ شان نزول وما نتنزل کا جیسا بخاری وغیرہ نے روایت کیا ہے یہ ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جبرئیل علیہ السلام سے آرزو ظاہر فرمائی تھی کہ ذرا زیادہ آیا کرو اس پر یہ آیت نازل ہوئی جو بطور جواب کے ہے حضرت جبرئیل علیہ السلام کی جانب سے جس کے مضمون سے غایت تابعیت للامر الالٰہی ظاہر ہے اور اس تابعیت سے ترغیب اطاعت کی تاکید وتقویت ظاہر ہے کہ جب فرشتوں کی باوجود عظمت کے یہ کیفیت ہے تو ہم کیونکر اطاعت نہ کریں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی خلف بعضے اعتبارا للواقع وعدم دلالۃ خلف علی العموم ۱۲ ۲ قولہ فی الشھوات ناجائز بقرینۃ المقام ۱۲۔ ۳ قولہ فی وامن مطلب اشارۃ الی کونہ عطف تفسیر ۱۲ ۴ قولہ فی یدخلون بلاخرابی فسقط احتجاج المعتزلۃ فی اشتراطھم العمل لدخول الجنۃ مطلقا والتفصیل ان المعتزلۃ استدلت بقولہ تعالیٰ الا من تاب وآمن وعمل الخ علی ان العمل شرط لدخول الجنۃ کالایمان فاجیب عنہ ان ھذا الدخول المشروط بالعمل فی الاکثر ھو الدخول الخاص الذی لا یکون معہ تبعۃ واما نفس الدخول ولو بعد تبعۃ فیکفی فیہ الایمان وانما قلت فی الاکثر لانہ یمکن عندنا ان یدخل اللہ تعالیٰ العاصی الجنۃ بلا تبعۃ۔ ۵ قولہ فی لا یسمعون فضول بات نہ ہوگی فالنفی المقید باعتبار نفی المطلق لا القید فقط ۱۲۔

الکلام: التقیید بالعمل الصالح باعتبار من وجب علیہ واما من لم یتمکن بان مات مثلا بعد الایمان فورًا فلا تقیید باعتبارہ فافھم ۱۲۔

اللغات: خلف بسکون اللام عام للصالح وغیر الصالح او خاص بغیر الصالح واما بالفتح فخاص بالصالح وقد یستعمل احدھما مکان الآخر قولہ غیا ھو الضلال حقیقۃ وجزاء ہ مجازا وما الطف ترجمۃ لقولہ خرابی فانہ منطبق علی کلا المعنین ۱۲۔ قولہ ماتیا بمعنی اسم مفعول کما حملتہ علیہ او بمعنی آتیا۔

www.besturdubooks.net

النحو: قوله الا من تاب استثناء متصل لان ما قبله حمل على العموم قوله جنٰت عدن بدل من الجنة والمراد بالجنة العرفية وبالجنات اللغوية فتغايرا مفهومًا والتفصيل فى روح المعانى۱۲۔ قوله التى صفا لقوله الجنة لا الجنات قوله بالغيب حال اى غائبة عنهم او غائبين عنها فالباء للملابسة۱۲ قوله الاسلاما استثناء منفصل۱۲۔

البلاغة: قوله بالغيب لعل نكتة التقيد به الاشعار بان الله تعالٰى وعدهم ما لا يتوقعونه لعدم تعلق علمهم به بخلاف ملوك الدنيا فانهم فى الاكثر يعدون ما يظنون فيه ان المطيع يتوقعه وذلك غاية من الكرم قوله الا سلاما عندى هذا التخصيص للتمثيل والا فلا ينحصر كلام الجنة فى السلام قوله نورث مجاز عن التمليك ونكتة التعبير به ان الملك الذى يكون فى الميراث لا ليسترد ولا يفسخ فهو اقوى من سائر اقسامه۱۲۔

وَمَا نَتَنَزَّلُ اِلَّا بِاَمْرِ رَبِّكَ ۚ لَهٗ مَا بَيْنَ اَيْدِيْنَا وَمَا خَلْفَنَا وَمَا بَيْنَ ذٰلِكَ ۚ وَمَا كَانَ رَبُّكَ نَسِيًّا ﴿۶۴﴾ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
وَمَا بَيْنَهُمَا فَاعْبُدْهُ وَاصْطَبِرْ لِعِبَادَتِهٖ ۚ هَلْ تَعْلَمُ لَهٗ سَمِيًّا ﴿۶۵﴾ وَيَقُوْلُ الْاِنْسَانُ ءَاِذَا مَا مِتُّ لَسَوْفَ اُخْرَجُ حَيًّا ﴿۶۶﴾ اَوَلَا يَذْكُرُ
الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ وَلَمْ يَكُ شَيْـًٔا ﴿۶۷﴾ فَوَرَبِّكَ لَنَحْشُرَنَّهُمْ وَالشَّيٰطِيْنَ ثُمَّ لَنُحْضِرَنَّهُمْ حَوْلَ جَهَنَّمَ جِثِيًّا ﴿۶۸﴾
ثُمَّ لَنَنْزِعَنَّ مِنْ كُلِّ شِيْعَةٍ اَيُّهُمْ اَشَدُّ عَلَى الرَّحْمٰنِ عِتِيًّا ﴿۶۹﴾ ثُمَّ لَنَحْنُ اَعْلَمُ بِالَّذِيْنَ هُمْ اَوْلٰى بِهَا صِلِيًّا ﴿۷۰﴾ وَاِنْ
مِّنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَا ۚ كَانَ عَلٰى رَبِّكَ حَتْمًا مَّقْضِيًّا ﴿۷۱﴾ ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّنَذَرُ الظّٰلِمِيْنَ فِيْهَا جِثِيًّا ﴿۷۲﴾

اور ہم (یعنی فرشتے) بدون آپ کے رب کے حکم کے وقتاً فوقتاً نہیں آسکتے اسی کی (ملک) ہیں ہمارے آگے کی سب چیزیں اور ہمارے پیچھے کی سب چیزیں اور جو چیزیں ان کے درمیان میں ہیں اور آپ کا رب بھولنے والا نہیں وہ رب ہے آسمانوں اور زمین کا اور جو ان دونوں کے درمیان ہیں سو اس کی عبادت کیا کر اور اس کی عبادت پر قائم رہ بھلا تو کسی کو اس کا ہم صفت جانتا ہے اور انسان (منکر بعث) یوں کہتا ہے جب میں مر جاؤں گا تو کیا پھر زندہ کر کے (قبر سے) نکالا جاؤں گا کیا یہ انسان اس بات کو نہیں سمجھتا کہ ہم اس کو اس سے قبل (عدم سے) وجود میں لا چکے ہیں اور یہ (اس وقت) کچھ بھی نہ تھا سو قسم ہے آپ کے رب کی ہم ان کو (اس وقت میں) جمع کریں گے اور شیاطین کو بھی پھر ان کو دوزخ کے گرداگرد اس حالت سے حاضر کریں گے کہ گھٹنوں کے بل گرے ہوں گے پھر (ان کفار کے) ہر گروہ میں سے ان لوگوں کو جدا کریں گے جو ان میں سب سے زیادہ سرکشی کیا کرتا تھا پھر ہم (خود) ایسے لوگوں کو خوب جانتے ہیں جو دوزخ میں جانے کے زیادہ (یعنی اول) مستحق ہیں اور تم میں سے کوئی بھی نہیں جس کا اس پر سے گزر نہ ہو یہ آپ کے رب کے اعتبار سے لازم ہے جو (ضرور) پورا ہو کر رہے گا پھر ہم ان لوگوں کو نجات دے دیں گے جو خدا سے ڈر کر ایمان لاتے تھے۔

تفسیر: محکوم و مربوب ہونا ملائکہ و تمامی خلائق مرحق تعالیٰ را و تفریع وجوب عبادت بر آں ☆ وَمَا نَتَنَزَّلُ اِلَّا بِاَمْرِ رَبِّكَ (الی قولہ تعالیٰ) هَلْ تَعْلَمُ لَهٗ سَمِيًّا ﴿۶۵﴾ اور (ہم آپ کی درخواست کا جبرئیل علیہ السلام کی طرف سے جواب دیتے ہیں سنئے وہ یہ ہے کہ) ہم (یعنی فرشتے) بدون آپ کے رب کے حکم کے وقتاً فوقتاً نہیں آسکتے اسی کی (ملک) ہیں ہمارے آگے کی سب چیزیں (مکان ہو یا زمان مکانی ہو یا زمانی) اور (اسی طرح) ہمارے پیچھے کی سب چیزیں اور جو چیزیں ان کے درمیان میں ہیں (آگے کا مکان تو جو منہ کے سامنے ہو اور پیچھے کا جو پشت کی طرف ہو اور مابین ذلک جس میں یہ شخص خود ہو اور آگے کا زمان جو مستقبل ہو اور پیچھے کا ماضی ہو اور مابین ذلک جو زمانہ حال ہو) اور آپ کا رب بھولنے والا نہیں (چنانچہ یہ سب امور آپ کو پہلے سے معلوم ہیں مطلب یہ ہے کہ ہم تکویناً و تشریعاً مسخر امر ہیں اپنی رائے سے ایک مکان سے دوسرے مکان میں یا جس زمان میں ہم چاہیں کہیں آ جا نہیں سکتے لیکن جب ہمارا بھیجنا مصلحت ہوتا ہے حق تعالیٰ بھیج دیتے ہیں یہ احتمال نہیں کہ شاید کسی مصلحت کے وقت بھول جاتے ہوں) وہ رب ہے آسمانوں اور زمین کا اور ان سب چیزوں کا جو ان دونوں کے درمیان میں ہیں سو (جب ایسا حاکم و مالک ہے تو اے مخاطب) تو اس کی عبادت (اور اطاعت) کیا کر اور (ایک آدھ بار نہیں بلکہ) اس کی عبادت پر قائم رہ) اور اگر اس کی عبادت نہ کرے گا تو کیا دوسرے کی عبادت کرے گا) بھلا تو کسی کو اس کا ہم صفت[1] جانتا ہے (یعنی کوئی اس کا ہم صفت نہیں تو لائق عبادت بھی کوئی نہیں پس اسی کی عبادت کرنا ضرور ہوا) ف: بعض نے جن کو حدیث سے اعتقاد نہیں اس آیت کو اہل جنت کا قول بنایا ہے کہ جنت میں جا کر کہیں گے کہ ہمارا یہ نزول جنت بامر رب ہوا ہے الخ لیکن اول تو یہ صحیح شان نزول کے خلاف ہے۔ دوسرے تنزل کے معنی ہیں بار بار نازل ہونا سو یہ جنت میں مفقود ہے۔ تیسرے اس صورت میں بجائے بامر ربک کے بامر ربنا زیادہ مناسب و قریب بلاغت تھا خوب سمجھ لو۔ ربط: اوپر اہل اطاعت و معصیت کا دنیا میں حال

www.besturdubooks.net

اور آخرت میں مآل مجملاً مذکور ہوا تھا آگے بھی حال اور مآل اور اسی میں بعض کے اقوال کسی قدر مفصلاً مذکور ہیں نیز اس میں مبحث مبعث ومعاد کی بھی تفصیل ہوگئی جو اوپر اجمال کے ساتھ مذکور تھی اور یہ توجیہ ربط کی یہاں سے آخر سورت تک جاری ہے۔

تفصیل حال ومعاد اہل ضلال واہل ارشاد ☆ وَيَقُوْلُ الْاِنْسَانُ ءَاِذَا مَا مِتُّ لَسَوْفَ اُخْرَجُ حَيًّا ﴿۶۶﴾ (الی قولہ تعالیٰ) وَّنَذَرُ الظّٰلِمِيْنَ فِيْهَا جِثِيًّا ﴿۷۲﴾ اور انسان (منکر بعث) یوں کہتا ہے کہ جب میں مرجاؤں گا تو کیا پھر زندہ کر کے قبر سے نکالا جاؤں گا (اللہ تعالیٰ جواب دیتے ہیں کہ) کیا (یہ) انسان اس بات کو نہیں سمجھتا کہ ہم اس کے قبل (عدم سے) وجود میں لا چکے ہیں اور یہ (اس وقت) کچھ بھی نہ تھا (جب ایسی حالت سے حیات تک لانا آسان ہے تو دوبارہ حیات دینا تو بدرجۂ اولیٰ آسان ہے) سو قسم ہے آپ کے رب کی ہم ان کو (قیامت میں زندہ کر کے موقف میں) جمع کریں گے اور (ان کے ساتھ) شیاطین کو بھی (جو دنیا میں ان کے ساتھ رہ کر بہکاتے سکھاتے تھے جیسا دوسری آیت میں ہے :قَالَ قَرِيْنُهٗ رَبَّنَا مَآ اَطْغَيْتُهٗ [ق : ۲۷]) پھر ان (سب) کو دوزخ کے گرداگرد اس حالت سے حاضر کریں گے کہ (مارے ہیبت کے) گھٹنوں کے بل گرے ہوں گے پھر (ان کفار کے) ہر گروہ میں سے (جیسے یہود ونصاریٰ ومجوس وبت پرست) ان لوگوں کو جدا کریں گے جو ان میں سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ سے سرکشی کیا کرتے تھے (تاکہ ایسوں کو اوروں سے پہلے دوزخ میں داخل کریں) پھر (یہ نہیں کہ اس جدا کرنے میں ہم کو کسی تحقیقات کی ضرورت پڑے کیونکہ) ہم (خود) ایسے لوگوں کو خوب جانتے ہیں جو دوزخ میں جانے کے زیادہ (یعنی اول) مستحق ہیں (پس اپنے علم سے ایسوں کو الگ کر کے اول انکو پھر دوسرے کفار کو دوزخ میں داخل کردیں گے اور یہ ترتیب صرف اولیت میں ہے اور آخریت نہ ہونے میں تو سب مساوی ہیں اور جہنم کا وجود ایسا یقینی ہے کہ اس کا معائنہ سب مؤمن وکافر کو کرایا جاوے گا گو صورت اور غرض معائنہ کی مختلف ہوگی کفار کو بطور دخول کے اور تعذیب ابدی کے واسطے اور مؤمنین کو بطور عبور پل صراط کے اور زیادت شکر اور فرح کے واسطے کہ اس کو دیکھ کر جو جنت میں پہنچیں گے تو اور زیادہ شکر کریں گے اور خوش ہوں گے) اور (بعض عصاۃ کو سزائے محدود کے لئے جو کہ تطہیر ہے اسی عموم معائنہ کی خبر دی جاتی ہے کہ) تم میں سے کوئی بھی نہیں جس کا اس پر گزر نہ ہو (کسی کا دخولاً کسی کا عبوراً) یہ (وعدہ کے موافق) آپ کے رب کے اعتبار سے (بطور) لازم (مؤکد کے) ہے جو (ضرور) پورا ہو کر رہے گا پھر (اس ورود سے یہ نہ سمجھا جاوے کہ اس میں مؤمن وکفار برابر ہیں بلکہ) ہم ان لوگوں کو نجات دے دیں گے جو خدا سے ڈر کر (ایمان) لاتے تھے (خواہ اول ہی دہلہ میں نجات ہوجاوے جیسے مؤمنین کاملین کو اور خواہ بعد کسی قدر تکلیف کے جیسے مؤمنین ناقصین کو) اور ظالموں کو (یعنی کافروں کو) اس میں (ہمیشہ کے لئے) ایسی حالت میں رہنے دیں گے کہ (مارے رنج وغم کے) گھٹنوں کے بل گر گر پڑیں گے۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلِ السُّلُوْك: قولہ تعالیٰ وَاصْطَبِرْ لِعِبَادَتِهٖ اس میں ارشاد ہے مجاہدات طریق کی طرف اور تعلیم ہے اول پر صبر وثبات کی اور یہی حاصل ہے رجعنا من الجهاد الاصغر الى الجهاد الاكبر کا اور ان مجاہدات میں قبض بھی آ گیا اس پر بھی صبر چاہئے۔

اَلْحَوَاشِیْ :(۱) اس مقام پر مراد تو نفی معلوم کی ہے لیکن عنوان میں نفی علم کو اس لئے اختیار کیا گیا کہ نفی معلوم بدلیلہ ہوجاوے کیونکہ اگر خدا کا کوئی سمی بمعنی ہم صفت ہوتا تو وہ صفت اشتہار میں بھی سمی ہوتا اور جب یہ ہوتا تو جس طرح سب کو باری تعالیٰ کا علم ہے اسی طرح سب کو اس کا علم ہوتا اور جب علم نہیں تو معلوم ہوا کہ سمی نہیں ۱۲ تبیان۔ (۲) آخریت سے مراد انقطاع عذاب اور خروج عن السقر ہے یعنی چونکہ کفار میں سے کوئی بھی کسی وقت نجات نہ پاوے گا اس لئے آخریت میں کوئی ترتیب نہیں بلکہ عدم آخریت سب کے لئے ثابت ہے ۱۲ تبیان۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃ : ۱ قوله فی ما نتنزل ہم آپ کی درخواست الخ افاد به انه لا یلزم کونه نقلا لکلام جبرئیل علیه السلام لانه لا دلیل علی انه علیه السلام قاله او لا ثم حکی الله تعالیٰ عنه ثانیا ولا یلزم علی تقدیر کونه کلامه تعالیٰ رجوع الضمیر الی الله تعالیٰ ولا یلزم کونه خطابا وتعلیما لجبرئیل علیه السلام لیقوله للنبی صلی الله علیه وسلم فافهم فانه عزیز ۱۲۔ ۲ قوله فی رب السمٰوٰت وہ اشار به الی حذف المبتدأ ۱۲۔ ۳ قوله فی فاعبده اے مخاطب اشار به الی عدم تخصیص الخطاب للنبی صلی الله علیه وسلم ۱۲۔ ۴ قوله فی هل تعلم ہم صفت نہیں اشار به الی ان نفی العلم فی الآیة یراد به نفی المعلوم فافهم ۱۲۔ ۵ قوله فی لنحشرنهم ان کو اشار به الی ان الضمائر للکفار الا ضمیر منکم محمل علی العموم بقرینة الحدیث الدال علی عموم الورود فافهم ولعل الالتفات من الغیبة الی الخطاب یکون لهذه النکتة ۱۲۔ ۶ قوله فی ثم لنحن پھر یہ نہیں وقوله فی ثم ننجی پھر اس ورود سے الخ اشار بهٰذین التقدیرین الی ان قوله تعالیٰ لنحن اعلم وقوله تعالیٰ ننجی لیس بمدخول ثم بل مدخوله ما قدر فالتراخی فی الحکایة لا المحکی عنه ۱۲۔ ۷ قوله فی توضیح الذین هم اولیٰ ایسوں کو الگ کر کے اشار به الی ان الموصول فیه وضع المظهر موضع المضمر لان الظاهر کان نحن اعلم بهم فافهم ۱۲۔ ۸ قوله فی جثیا الثانی گر گر پڑیں گے اشار به الی دفع ما یتوهم ان النصوص ناطقة بما لا یجتمع مع الجثو من الصعود والدوران و نحوهما ووجه الدفع ان قوله

www.besturdubooks.net

گرگراشارہ یصدق بما اذا سقط ثم قام ثم سقط ثم قام۱۲۔

الرِّوَایَات: فی الروح اخرج ابن المنذر عن ابن جریج انها ای آیة ویقول الانسان نزلت فی الولید بن مغیرة واخرج ابن ابی حاتم عن ابن زید انه قال فی الآیة ای قوله وان منکم ورود المسلمین المرور علی الجسر بین ظهریها وورود المشرکین ان یدخلوها آه قال صاحب الروح ولا بد علی هذا من ارتکاب عموم المجاز۱۲۔

اللُّغَات: قوله اولا یذکر هذا من الذکر الذی بمعنی التفکر الجثی بارکین علی الرکب جمع جاث اصله جثو وبواوین عتیا نبوا عن الطاعة مصدر صلیا مصدر بمعنی الدخول۱۲۔

البَلَاغَة: قوله لنحشرنهم کان الخ ظاهر ان یقول لنخرجنهم لکن اوثر هذا لیکون ابلغ فی الدلالة یعنی یکون الاخراج مع شئ زائد هائل۱۲۔

وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا ۙ اَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ خَيْرٌ مَّقَامًا وَّاَحْسَنُ نَدِيًّا ﴿۷۳﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ هُمْ اَحْسَنُ اَثَاثًا وَّرِءْيًا ﴿۷۴﴾ قُلْ مَنْ كَانَ فِي الضَّلٰلَةِ فَلْيَمْدُدْ لَهُ الرَّحْمٰنُ مَدًّا ۚ حَتّٰٓى اِذَا رَاَوْا مَا يُوْعَدُوْنَ اِمَّا الْعَذَابَ وَاِمَّا السَّاعَةَ ۭ فَسَيَعْلَمُوْنَ مَنْ هُوَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضْعَفُ جُنْدًا ﴿۷۵﴾ وَيَزِيْدُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اهْتَدَوْا هُدًى ۭ وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ مَّرَدًّا ﴿۷۶﴾

اور ظالموں کو اس میں ایسی حالت میں رہنے دیں گے کہ گھٹنوں کے بل گر پڑیں گے اور جب ان (منکر) لوگوں کے سامنے ہماری کھلی کھلی آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو یہ کافر لوگ مسلمانوں سے کہتے ہیں کہ دونوں فریقوں میں سے مکان کس کا زیادہ اچھا ہے اور محفل کس کی اچھی ہے اور ہم نے ان سے پہلے بہت سے ایسے ایسے گروہ ہلاک کئے ہیں جو سامان اور نمود میں ان سے بھی (کہیں) اچھے تھے۔ آپ فرما دیجئے کہ جو لوگ گمراہی میں ہیں (یعنی تم) رحمٰن ان کو ڈھیل دیتا چلا جا رہا ہے یہاں تک کہ جس چیز کا ان سے وعدہ کیا گیا ہے اس کو دیکھ لیں گے خواہ عذاب کو (دنیا میں) خواہ قیامت کو (دوسرے عالم میں) سو (اس وقت) ان کو معلوم ہو جائے گا کہ برا مکان کس کا ہے اور کمزور مددگار کس کے ہیں اور اللہ تعالیٰ ہدایت والوں کو (دنیا میں تو) ہدایت بڑھاتا ہے اور (آخرت میں ظاہر ہوگا کہ) جو نیک کام ہمیشہ کے لئے باقی رہنے والے ہیں وہ تمہارے رب کے نزدیک ثواب میں بہتر ہیں اور انجام میں بھی بہتر ہیں۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر کی آیتوں کی تمہید میں گزر چکا۔

رد بعض اقوال منکرین ☆ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ (الی قوله تعالیٰ) وَّخَيْرٌ مَّرَدًّا ۞ اور جب منکر لوگوں کے سامنے ہماری (وہ) کھلی کھلی آیتیں پڑھی جاتی ہیں (جن میں مؤمنین کا حق پر ہونا اور کفار کا باطل پر ہونا مذکور ہوتا ہے) تو یہ کافر لوگ مسلمانوں سے کہتے ہیں کہ (یہ بتلاؤ ہم) دونوں فریقوں میں (یعنی ہم میں اور تم میں) مکان کس کا زیادہ اچھا ہے اور محفل کس کی اچھی ہے (یعنی ظاہر ہے کہ خانگی اور مجلسی ساز و سامان اور اہل و عوان میں ہم بڑھے ہوئے ہیں۔ یہ مقدمہ تو حسی ہے اور دوسرا مقدمہ عرفی ہے کہ محبوب کو نعمت دی جاتی ہے ان دونوں مقدموں سے ثابت ہوا کہ ہم اللہ کے محبوب و مقبول ہیں اور تم مغضوب و مخذول۔ آگے اللہ تعالیٰ کا ایک جواب الزامی اور ایک تحقیقی دیتے ہیں پہلا جواب تو یہ ہے کہ لوگ ایسی بات کہتے ہیں (اور یہ نہیں دیکھتے کہ) ہم نے ان سے پہلے بہت سے ایسے ایسے گروہ (ہیبت ناک سزاؤں سے کہ بالیقین عذاب تھے ہلاک کئے ہیں جو سامان اور نمود میں ان سے بھی (کہیں) اچھے تھے (اس سے معلوم ہوا مقدمہ ثانیہ غلط ہے بلکہ کسی حکمت اور مصلحت سے نعمت دنیویہ اور مبغوضیت کا جمع ہونا ممکن ہے آگے دوسرا جواب ہے کہ اے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم) آپ فرما دیجئے کہ جو لوگ گمراہی میں ہیں (یعنی تم) اللہ تعالیٰ ان کو ڈھیل دیتا چلا جا رہا ہے (یعنی اس نعمت دنیوی میں یہ حکمت ہے کہ مہلت دے کر اتمام حجت کر دے جیسا دوسری آیت میں ہے: اَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَّا يَتَذَكَّرُ فِيْهِ مَنْ تَذَكَّرَ (فاطر: ۳۷) الخ اور یہ مہلت چند روزہ ہے) یہاں تک کہ جس چیز کا ان سے وعدہ کیا گیا ہے جب اس کو دیکھ لیں گے خواہ عذاب کو (دنیا میں) خواہ قیامت کو (دوسرے عالم میں) سو (اس وقت) ان کو معلوم ہو جاوے گا کہ برا مکان کس کا ہے اور کمزور مددگار کس کے ہیں (یعنی دنیا میں جو اپنے اہل مجلس کو اپنا مددگار سمجھتے ہیں اور فخر کرتے ہیں وہاں معلوم ہوگا کہ ان میں کتنا زور ہے کیونکہ وہاں تو زور میں اتنی کمی ہوگی کہ اصلاً زور نہ ہوگا اسی کو اضعف فرمایا تھا) اور (مسلمانوں کا یہ حال ہے کہ) اللہ تعالیٰ ہدایت والوں کو (دنیا میں تو) ہدایت بڑھاتا ہے (یعنی اصل سرمایہ یہ ہے کہ اگر اس کے ساتھ مال و دولت نہ ہو مضر نہیں) اور (آخرت میں ظاہر ہوگا کہ) جو نیک کام ہمیشہ کے باقی رہنے والے ہیں وہ تمہارے رب کے

www.besturdubooks.net

نزدیک ثواب میں بھی بہتر ہیں اور انجام میں بھی بہتر ہیں (پس ان کو ثواب میں بڑی بڑی نعمتیں ملیں گی جن میں مکانات اور باغات سب کچھ ہوں گے اور انجام ان اعمال کا ابدیت ہے ان نعمتوں کی پس کیفیۃً وکمیۃً مسلمانوں ہی کی حالت اخیرہ بہتر ہوگی اور اخیر ہی کا اعتبار بھی ہے)۔ ف: آیتوں کا بینات ہونا یا باعتبارِ اعجاز کے ہے یا اثباتِ مطالب کے یا ہر دو کے اور اضعف جندا سے یہ شبہ نہ کیا جاوے کہ ان کے پاس وہاں جند ہوگا مگر ضعیف ہوگا کیونکہ یہاں جند اہل مجلس کو کہا جو دنیا میں جند تھے وہاں اُن کا ضعف بیان کرنا مقصود ہے۔ اور اسی طرح اضعف سے یہ شبہ نہ کیا جاوے کہ اس جند میں وہاں قوت تو ہوگی مگر کم کیونکہ ضعف کا منتہا ہے کہ بالکل قوت نہ رہے تو خالی عن القوت پر بھی اضعف صادق آتا ہے چنانچہ احقر کے تقریر ترجمہ سے یہ دونوں شبہے اسی طرح صاف ہو چکے ہیں۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ قُلْ مَنْ كَانَ الخ اس کے عموم میں اہل باطل کے اعمال کا بقاء بھی داخل ہے پس احوال پر مغرور نہ ہونا چاہئے ۱۲ قولہ تعالیٰ: يَزِيدُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ الخ اس میں کوئی حد مقرر نہ ہونے سے مفہوم ہوا کہ ترقی کی کوئی حد نہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی للذین امنوا مسلمانوں سے اشار به الی ان اللام للتبلیغ لا لمعنی الاجل لان قولهم لیس فی حق المؤمنین فقط ۱۲۔ ۲ قوله فی مدا چلا جارہا ہے دل علیه التاکید بالمصدر ۱۲۔

اللغات: المقام المکان والندی المجلس والاثاث متاع البیت والرئی فعل بمعنی المفعول المنظر۔

النحو: قوله مقاما تمیز عن المبتدأ قوله حتی غایة قوله فسیعلمون جواب اذا ۱۲۔

البلاغۃ: قوله فلیمدد اربد بالامر المضارع ونکتة التعبیر به الاشارة الی وقوع هذا المد فی الاکثر کانه مطلوب مؤکد لما فیه من ایلاء العذر واتمام الحجة ۱۲۔

أَفَرَءَيْتَ الَّذِي كَفَرَ بِـَٔايَٰتِنَا وَقَالَ لَأُوتَيَنَّ مَالًا وَوَلَدًا ﴿٧٧﴾ أَطَّلَعَ الْغَيْبَ أَمِ اتَّخَذَ عِندَ الرَّحْمَٰنِ عَهْدًا ﴿٧٨﴾ كَلَّا ۚ سَنَكْتُبُ مَا يَقُولُ وَنَمُدُّ لَهُ مِنَ الْعَذَابِ مَدًّا ﴿٧٩﴾ وَنَرِثُهُ مَا يَقُولُ وَيَأْتِينَا فَرْدًا ﴿٨٠﴾ وَاتَّخَذُوا مِن دُونِ اللّٰهِ آلِهَةً لِّيَكُونُوا لَهُمْ عِزًّا ﴿٨١﴾ كَلَّا ۚ سَيَكْفُرُونَ بِعِبَادَتِهِمْ وَيَكُونُونَ عَلَيْهِمْ ضِدًّا ﴿٨٢﴾ ع ۱۷ ۸

بھلا آپ نے اس شخص (کی حالت) کو بھی دیکھا جو ہماری آیتوں کے ساتھ کفر کرتا ہے اور کہتا ہے کہ مجھ کو (آخرت میں) مال اور اولاد ملیں گے کیا یہ شخص غیب پر مطلع ہو گیا ہے یا کیا اس نے اللہ تعالیٰ سے کوئی عہد (اس بات کا) لے لیا ہے ہرگز نہیں (محض غلط کہتا ہے اور) ہم اس کا کہا ہوا بھی لکھے لیتے ہیں اور اس کے لئے عذاب بڑھاتے چلے جائیں گے اور اس کی کہی ہوئی چیزوں کے ہم وارث رہ جائیں گے اور وہ ہمارے پاس (مال و اولاد سے) تنہا ہو کر آئے گا اور ان لوگوں نے خدا کو چھوڑ کر اور معبود تجویز کر رکھے ہیں تاکہ ان کیلئے وہ (عنداللہ) باعث عزت ہوں (ایسا) ہرگز نہیں (ہوگا بلکہ) وہ تو ان کی عبادت ہی کا انکار کر بیٹھیں گے اور ان کے مخالف ہو جائیں گے ۞

تفسیر الربط: آیت: ویقول الانسان کی تمہید میں مذکور ہو چکا۔

رد بعض دیگر اقوالِ منکرین ☆ اور اس قول کا قصہ یہ ہے کہ خباب بن ارت صحابی لوہار کا کام کرتے تھے ان کا کچھ قرض عاص بن وائل کے ذمہ رہ گیا تھا انہوں نے ایک بار تقاضا کیا تو عاص نے جواب دیا کہ جب تک تو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کفر نہ کرے گا تیرے دام نہ دوں گا انہوں نے کہا کہ اگر تو مر کر بھی زندہ ہو گیا جب بھی کفر نہ کروں گا اس نے کہا پس جب یہ بات ہے کہ میں مر کر پھر بھی زندہ ہونے والا ہوں تو میرے پاس جب ہی آنا میرے پاس اس وقت بھی مال اولاد سب کچھ ہوگا تیرے دام بھگتا دوں گا اس پر یہ آیت آئندہ نازل ہوئی رواه البخاری ومسلم والترمذی والطبرانی وابن حبان وغیرهم۔ آیت و تفسیر أَفَرَءَيْتَ الَّذِي كَفَرَ بِـَٔايَٰتِنَا (الی قوله تعالیٰ) وَيَأْتِينَا فَرْدًا ۞ (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) بھلا آپ نے اس شخص (کی حالت) بھی دیکھا جو ہماری آیتوں کے ساتھ (جن کا حق یہ ہے کہ ان پر ایمان لایا جاتا جن میں سے آیات بعث بھی ہیں) کفر کرتا ہے اور (علی سبیل الاستہزاء) کہتا ہے کہ مجھ کو (آخرت میں) مال اور اولاد ملیں گے (مطلب یہ کہ اس کی حالت بھی تعجب کے قابل ہے آگے اس کا رد ہے کہ) کیا یہ شخص غیب پر مطلع ہو گیا ہے یا اس نے اللہ تعالیٰ سے کوئی عہد (اس بات کا) لے لیا ہے (یعنی اس دعویٰ کا علم آیا بلا واسطہ اسباب ہوا ہے کہ علم غیب ہے یا بواسطہ اسباب ہوا ہے پھر چونکہ وہ دعویٰ حکم عقلی تو ہی نہیں بلکہ امر نقلی ہے اس لئے صرف دلیل نقلی کہ اخبار خداوندی ہے اس کی دلیل ہو سکتی ہے سو دونوں طریق مفقود ہیں اول تو عقلاً بھی منتفع ہے اور دوسرا قوعاً منتفی ہے) ہرگز نہیں (محض غلط کہتا ہے اور) ہم اس کا کہا ہوا بھی لکھے لیتے ہیں (اور وقت پر یہ سزا دیں گے کہ) اس کے لئے عذاب بڑھاتے چلے جائیں گے اور اس کی کہی ہوئی چیزوں کے ہم مالک رہ جاویں گے (یعنی وہ تو دنیا میں مر جاوے گا اور اموال واولاد پر کوئی اس کا اختیار نہ رہے گا ہم ہی سب کے مالک رہیں گے اور قیامت میں ہم اس

www.besturdubooks.net

کو نہ دیں گے بلکہ) وہ ہمارے پاس (مال واولاد سے) تنہا ہو کر آوے گا۔ زلط: آیت ویقول الانسان کی تمہید میں گزر چکا۔

ذم بعضے احوال منکرین ☆ وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لِّيَكُوْنُوْا لَهُمْ عِزًّا ﴿۸۱﴾ كَلَّا ۭ سَيَكْفُرُوْنَ بِعِبَادَتِهِمْ وَيَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِمْ ضِدًّا ﴿۸۲﴾ اور ان لوگوں نے خدا کو چھوڑ کر اور معبود تجویز کر رکھے ہیں تاکہ ان کے لئے وہ (عنداللہ) باعث عزت ہوں (جیسا اس آیت میں حکایت ہے یقولون هولاء شفعاونا عنداللہ سو ایسا) ہرگز نہیں (ہوگا بلکہ) وہ تو (قیامت میں خود) ان کی عبادت ہی کا انکار کر بیٹھیں گے (جیسا سورۂ یونس کے تیسرے رکوع میں گزر چکا: قَالَ شُرَكَاۗؤُهُمْ مَّا كُنْتُمْ اِيَّانَا تَعْبُدُوْنَ [یونس:۲۸]) اور (الٹے) ان کے مخالف ہو جاویں گے (قالاً بھی جیسا گذرا اور حالاً بھی کہ بجائے عزت کے سبب ذلت ہو جاویں ان معبودین میں اصنام بھی ہوں گے سو ان کا ناطق ہونا جیسا یکفرون کا مقتضا ہے مثل نطق جوارح کے مستبعد مستغرب نہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی قال لاوتین استہزاء فلا اشکال فی اجتماع انکار البعث وهذا القول فافهم ۱۲ ۲ قوله فی نرثه ما یقول کہی ہوئی چیزوں اشارة الی ان المراد مصداق ما یقول وهو المال والولد ۱۲ ۳ قوله فی عزا باعث عزت اشار به الی حذف المضاف وعبر بالمصدر مبالغة ۱۲۔

اللغات: قوله الازم والهز والاستفزاز الازعاج بشدة ۱۲ قوله الوفد الرکب او من یقدم علی الملوك وبالجملة فاللفظة مشعرة عن الاکرام الورد عطاش واصله المصدر من ورد ای سار الی الماء ویلزمه العطش عادة۔

النحو: قوله تؤزهم فی الروح اما حال مقدرة من الشیاطین اور استیناف جوابی ۱۲ قوله یوم نحشرهم ناصبه المقدر المدلول علیه بالکلام السابق ای نعذبهم یوم الخ۔

البلاغة: قوله افرأیت تقدیره انظرت فرأیت قوله سنکتب السین للتاکید۔

اَلَمْ تَرَ اَنَّآ اَرْسَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ عَلَي الْكٰفِرِيْنَ تَؤُزُّهُمْ اَزًّا ﴿۸۳﴾ فَلَا تَعْجَلْ عَلَيْهِمْ ۭ اِنَّمَا نَعُدُّ لَهُمْ عَدًّا ﴿۸۴﴾ يَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِيْنَ اِلَى الرَّحْمٰنِ وَفْدًا ﴿۸۵﴾ وَّنَسُوْقُ الْمُجْرِمِيْنَ اِلٰى جَهَنَّمَ وِرْدًا ﴿۸۶﴾ لَا يَمْلِكُوْنَ الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ﴿۸۷﴾ وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا ﴿۸۸﴾ لَقَدْ جِئْتُمْ شَيْـــًٔا اِدًّا ﴿۸۹﴾ تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ الْاَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا ﴿۹۰﴾ اَنْ دَعَوْا لِلرَّحْمٰنِ وَلَدًا ﴿۹۱﴾ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لِلرَّحْمٰنِ اَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا ﴿۹۲﴾ اِنْ كُلُّ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اِلَّآ اٰتِي الرَّحْمٰنِ عَبْدًا ﴿۹۳﴾ لَقَدْ اَحْصٰىهُمْ وَعَدَّهُمْ عَدًّا ﴿۹۴﴾ وَكُلُّهُمْ اٰتِيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَرْدًا ﴿۹۵﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا ﴿۹۶﴾ فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ الْمُتَّقِيْنَ وَتُنْذِرَ بِهٖ قَوْمًا لُّدًّا ﴿۹۷﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ ۭ هَلْ تُحِسُّ مِنْهُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا ﴿۹۸﴾ ع

کیا آپ کو معلوم نہیں کہ ہم نے شیاطین کو کفار پر (ابتلاءً) چھوڑ رکھا ہے کہ وہ ان کو (کفر وضلال پر) خوب ابھارتے رہتے ہیں سو آپ ان کے لئے جلدی نہ کیجئے ہم ان کی باتیں خود شمار کر رہے ہیں (اور) جس روز ہم متقیوں کو رحمٰن (کے دار النعیم) کی طرف مہمان بنا کر جمع کریں اور مجرموں کو (دوزخ کی طرف (پیاسا) ہانکیں گے (وہاں) کوئی سفارش کا اختیار نہ رکھے گا مگر ہاں جس نے رحمٰن کے پاس (سے) اجازت لی ہے اور کافر لوگ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اولاد (بھی) اختیار کر رکھی ہے (اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ) تم نے (جو) یہ (بات کہی تو) ایسی سخت کی ہے کہ اس کے سبب کچھ بعید نہیں کہ آسمان پھٹ پڑیں اور زمین کے ٹکڑے اڑ جائیں اور پہاڑ ٹوٹ کر گر پڑیں اس بات سے کہ یہ لوگ خدا تعالیٰ کی طرف اولاد کی نسبت کرتے ہیں حالانکہ خدا تعالیٰ کی شان نہیں کہ وہ اولاد اختیار کرے (کیونکہ) جتنے بھی کچھ آسمانوں اور زمین میں ہیں سب خدا تعالیٰ کے روبرو غلام ہو کر حاضر ہوتے ہیں (اور) اس نے سب کو (اپنی قدرت میں) احاطہ کر رکھا ہے اور سب کو شمار کر رکھا ہے اور قیامت کے روز سب کے سب اس کے پاس تنہا تنہا حاضر ہوں گے۔ بلاشبہ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اچھے کام کئے اللہ تعالیٰ ان کے لئے محبت پیدا کر دے گا سو ہم نے اس قرآن کو آپ کی زبان (عربی) میں اس لئے آسان کیا ہے کہ آپ اس سے متقیوں کو خوشخبری سنا دیں اور (نیز) اس سے جھگڑالو آدمیوں کو خوف دلائیں اور ہم نے ان کے قبل بہت سے گروہوں کو (عذاب وقہر سے) ہلاک کر دیا ہے (سو) کیا آپ ان میں سے کسی کو دیکھتے ہیں ان کی کوئی آہستہ آواز سنتے ہیں۔

www.besturdubooks.net

تفسیر ربط: اوپر جن ضلالات کا بیان ہوا ہے آگے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تسلی کے لئے ان کا سبب کہ تسلط شیاطین ہے اور پھر ان کا اثر کہ عذاب مبین ہے اور اس کے وقوع کا وقت کہ یوم الدین ہے مذکور فرماتے ہیں یہ خاص ربط ہے اور ربط عام اوپر گزر چکا ہے۔ اوپر بعض ضلالات اور ان کی عقوبت کا بیان تھا آگے بھی ایک خاص ضلال کا مع اس کے ابطال اور اس کے نکال کے بیان ہے۔

بیان سبب ضلال و وبال ضلال و وقت وبال منکرین بغرض تسلیہ رسول امین ﷺ ☆ اَلَمْ تَرَ اَنَّآ اَرْسَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ (الی قولہ تعالیٰ) اِلَّا مَنِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ﴿۸۷﴾ (آپ جوان کی گمراہی سے غم کرتے ہیں تو) کیا آپ کو معلوم نہیں کہ ہم نے شیاطین کو کفار پر (ابتلاءً) چھوڑ رکھا ہے کہ وہ ان کو (کفر و ضلال پر (خوب ابھارتے (اور اکساتے) رہتے ہیں (پھر جو خود ہی اپنے اختیار سے اپنے بدخواہ کے بہکانے میں آجاوے اس کا کیوں غم کیا جاوے) سو (جب شیاطین ابتلاءً مسلط ہوئے ہیں اور تعجیل سزائے مستحق میں ابتلاء رہتا نہیں تو) آپ ان کے لئے جلدی (عذاب ہونے کی درخواست) نہ کیجئے ہم ان کی باتیں (جن پر سزا ہوگی) خود شمار کر رہے ہیں (اور وہ سزا اس روز واقع ہوگی) جس روز ہم متقیوں کو رحمٰن (کے دارالنعیم) کی طرف مہمان بنا کر جمع کریں گے اور مجرموں کو دوزخ کی طرف پیاسا ہانکیں گے (اور کوئی ان کا سفارشی بھی نہ ہوگا کیونکہ وہاں) کوئی سفارش کا اختیار نہ رکھے گا مگر ہاں جس نے رحمٰن کے پاس (سے) اجازت لی ہے (وہ انبیاء و صلحاء ہیں اور اجازت خاص ہے مؤمنین کے ساتھ پس کفار محل شفاعت نہ ہوئے) ف: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا جلدی عذاب چاہنا بعد مایوسی ان کے ایمان لانے کے شاید اس وجہ سے ہو کہ ان کا ضرر کفر دوسروں تک متعدی نہ ہو جاوے پس ایسا استعجال منافی شان رحمت کے نہیں ہے اور ظاہراً مجرمین سے مراد کفار ہیں تو مقابلہ میں متقین سے مراد مؤمن ہیں پھر یہ حشر اگر جنت کی طرف لے جانا ہے تب تو مطلق مؤمن مراد ہیں اور اگر یہ حشر من القبر الی الموقف ہے تو مؤمنین کامل مراد ہیں کہ اکرام مستمر ان ہی کے ساتھ خاص ہے اور مؤمنین ناقص کا حال مقایسہ سے مفہوم ہو گیا کہ بین بین ہوگا واللہ اعلم

اوپر بعض ضلالات کی عقوبت کا بیان تھا آگے بھی ایک خاص ضلال کا مع اس کے ابطال اور اس کے نکال کا بیان ہے۔

ابطال و مآل عقیدہ اتخاذ ولد ☆ وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا ﴿۸۸﴾ (الی قولہ تعالیٰ) وَكُلُّهُمْ اٰتِيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَرْدًا ﴿۹۵﴾ اور یہ (کافر) لوگ کہتے ہیں کہ (نعوذ باللہ) اللہ تعالیٰ نے اولاد (بھی) اختیار کر رکھی ہے (چنانچہ نصاریٰ کثرت سے اور یہود قلت سے اور مشرکین عرب کے اس عقیدۂ فاسدہ میں مبتلا تھے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ) تم نے (جو) یہ (بات کہی تو) ایسی سخت حرکت کی ہے کہ اس کے سبب کچھ بعید نہیں کہ آسمان پھٹ پڑیں اور زمین کے ٹکڑے اڑ جاویں اور پہاڑ ٹوٹ کر گر پڑیں اس بات سے کہ یہ لوگ خدا تعالیٰ کی طرف اولاد کی نسبت کرتے ہیں حالانکہ خدا تعالیٰ کی شان نہیں کہ وہ اولاد اختیار کرے۔ (کیونکہ) جتنے بھی کچھ آسمانوں اور زمین میں ہیں سب خدا تعالیٰ کے روبرو غلام ہو کر حاضر ہوتے ہیں (اور) اس نے سب کو (اپنی قدرت میں) احاطہ کر رکھا ہے اور (اپنے علم سے) سب کو شمار کر رکھا ہے (یہ حالت تو ان کی فی الحال ہے) اور قیامت کے روز سب کے سب اس کے پاس تنہا تنہا حاضر ہوں گے (کہ ہر شخص خدا ہی کا محتاج اور محکوم ہوگا۔ پس اگر خدا کے اولاد ہو تو خدا ہی کی طرف وجوب وجود و لوازم وجوب کے ساتھ موصوف ہونا چاہئے اور خدا کی یہ صفات ہیں جو مذکور ہوئیں۔ عموم قدرت عموم علم اور غیر خدا کی یہ صفتیں ہیں افتقار و انقیاد جو متضاد ہیں وجوب کے پھر ضدین کا اجتماع کیونکر ہو سکتا ہے۔ ف: اس قول میں اور آسمانوں اور زمین اور پہاڑوں کے ٹوٹنے پھوٹنے میں علاقہ یہ ہے کہ اس قول کا جو اثر ہے معقول ہے اگر وہ محسوس ہوتا تو اس کے آثار خارجیہ یہ ہوتے۔

ربط: اوپر کفار کو نعم اخرویہ کی وعید اور ابرار کو نعم اخرویہ کا وعدہ سنایا تھا آگے اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا الخ میں ابرار کا نعم دنیویہ کا وعدہ اور كَمْ اَهْلَكْنَا الخ میں کفار کو نعم دنیویہ کی وعید سناتے ہیں اور چونکہ یہ وعدہ اور وعیدیں تبشیر و انذار ہیں درمیان آیہ: فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ الخ میں اسی تبشیر و انذار کا تمام قرآن کی غایت ہونا ارشاد فرماتے ہیں اور چونکہ آیات بالا میں کفار کی طرف زیادہ روئے سخن ہے اس لئے مضمون مذکور کو انذار پر ختم فرماتے ہیں اور اسی پر سورت ختم ہے پس سورت کا رحمت سے شروع ہونا اور انذار پر ختم ہونا ایک خاص لطف دیتا ہے۔

تبشیر اہل ایمان و انذار اہل طغیان و بودن او اعظم مقاصد قرآن ☆ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا (الی قولہ تعالیٰ) اَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا ﴿۹۸﴾ بلاشبہ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اچھے کام کئے اللہ تعالیٰ (ان کو علاوہ نعم مذکورہ اخرویہ کے دنیا میں یہ نعمت دے گا کہ) ان کیلئے (خلائق کے دل میں) محبت پیدا کر دے گا سو (آپ ان کو یہ بشارت دے دیجئے کیونکہ) ہم نے اس قرآن کو آپ کی زبان (عربی) میں اس لئے آسان کیا ہے کہ آپ اس سے متقیوں کو خوشخبری سنا دیں اور نیز) اس سے جھگڑالو آدمیوں کو خوف دلا دیں اور ان خوف کی چیزوں میں سے نعمت دنیویہ کا ایک یہ بھی مضمون ہے کہ) ہم نے ان کے قبل بہت گروہوں کو (عذاب و قہر سے) ہلاک کر دیا ہے (سو) کیا آپ ان میں سے کسی کو دیکھتے ہیں یا ان (میں سے کسی) کی کوئی آہستہ آواز سنتے ہیں (یہ کنایہ ہے بے نام و نشان ہونے سے سو کفار اس نعمت دنیویہ کے بھی مستحق ہیں گو کسی مصلحت سے کسی کافر کے لئے اس کا وقوع نہ ہو مگر اندیشہ کے قابل تو ہے) ف: اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا الخ

www.besturdubooks.net

کی یہ تفسیر حدیث میں آئی ہے اور اس کا نعمت ہونا بلکہ اعظم نعمت ہونا ظاہر ہے کیونکہ مغز نعمت کا راحت اور امن ہے اور ظاہر ہے کہ محبوبیت اس کے اعظم اسباب سے ہے اور اس کا یہ مطلب نہیں کہ اس سے کسی کو بغض نہ ہوگا بلکہ مقصود قرآن وحدیث کا یہ ہے کہ عام خلائق جن کا نہ کوئی نفع اس مؤمن سے وابستہ ہے نہ کوئی ضرر وہ اس سے محبت کرتے ہیں چنانچہ مشاہدہ ہے اور اہل انتفاع کا محبت کرنا جیسا کہ نفع رساں کفار سے بھی لوگوں کو محبت ہوتی ہے یا اہل تضرر کا بغض کرنا جیسا کہ ظالموں کو مسلمانوں سے ہوتا ہے قابل اعتبار نہیں کیونکہ درحقیقت وہ محبت اور بغض اپنے نفع وضرر سے ہے اگر دونوں سے قطع نظر کی جاوے اُس وقت مؤمن کی صفات میں اثر یہ ہے کہ اُس سے عام قلوب کا استجلاب ہوتا ہے اور اہلاک قرون کا مضمون اس سے پہلے رکوع میں بھی آیا ہے لیکن وہاں مقصود دوسرا تھا یعنی جواب دینا کفار کے اس قول کا : اَیُّ الْفَرِیْقَیْنِ خَیْرٌ مَّقَامًا الخ پس تکرار نہ رہا۔ اور آہستہ آواز کی نفی اس واسطے فرمائی گئی کہ دارو گیر کے وقت مجرم خوف زدہ ہوتا ہے۔ دلیری سے بات کرنے کی تو مجال ہی نہیں ہوتی البتہ چپکے چپکے باتیں کرسکتا ہے پس اس کی نفی سے غیر خفی کی نفی بدرجۂ اولیٰ ہوگئی۔

لطیفہ: اس سورت میں مادہ رحمت کا بکثرت لایا گیا ہے چنانچہ لفظ رحمٰن پندرہ سولہ جگہ آیا ہے اور لفظ رحمت شروع میں آیا ہے اور بھی چند جا لفظ رحمت آیا ہے اس میں نکتہ یہ ہوسکتا ہے کہ اس سورت میں کفار و مؤمنین کا حال زیادہ بیان کیا گیا ہے پس جہاں ذکر مؤمنین میں یہ لفظ آیا ہے وہاں تو اشارہ اس طرف ہے کہ کفار ایسے بڑے رحمت والے کی مخالفت کرتے ہیں اور اس کے احسانات وانعامات سے بھی نہیں شرماتے واللہ اعلم

تمت السورۃ مع تفسیرھا فی الخامس والعشرین من رمضان المبارک ۱۳۲۴ من الھجرۃ۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ الخ یعنی مودت قلوب میں بسبب ان کے ایمان کے اور یہ جعل دنیا ہی میں ہے بدلیل حدیث فیوضع له القبول فی الارض پس یہ علامات ولایت ودلائل اہلیت مشیخت سے ہے۔ اور مراد ان قلوب سے وہ قلوب ہیں جن میں حق تعالیٰ کی محبت ہو پس یہ اشکال نہ رہا کہ بہت سے مؤمنین وصلحاء بعض لوگوں کے قلوب میں مبغوض ہوتے ہیں کیونکہ ایسے لوگ بد باطن ہوتے ہیں اور اسی سے معلوم ہوا کہ صلحاء کا بغض علامت ہے خبث باطن کی (اور اقرب یہ ہے کہ مراد وہ قلوب ہوں جن کا نہ کوئی نفع ان صلحاء سے وابستہ ہے نہ کوئی ضرر) سورۂ مریم تمام ہوئی

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ تؤزھم خوب افاد التاکید المفعول المطلق ۱۲۔ ۲ قولہ فی نعد لھم باتیں اشارۃ الی تقدیر الاعمال وقیل یقدر الاعمال والساعات کنایۃ عن قصورتھم ولا ینافی علی ھذا المد لان الطور باعتبارھم والقصر باعتبارہ تعالیٰ ۱۲۔ ۳ قولہ فی لا یملکون کوئی اشارۃ الی کون مرجع الضمیر عاما ۱۲۔ ۴ قولہ فی عھد اجازت کما فی الروح قیل المراد بالعھد الامرو الاذن یقال اتخذت الاذن ۱۲۔ ۵ قولہ فی احصٰھم قدرت کما فی قولہ تعالیٰ علم ان لن تحصوہ وفی الحدیث ولن تحصوا ۱۲۔

الروایات: اخرج البخاری و مسلم والترمذی وعبد بن حمید وغیرھم عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا احب اللہ تعالیٰ عبدًا نادٰی جبریل انی قد احببت فلانا فاحبہ فینادی فی السماء ثم تنزل له المحبۃ فی الارض فذلك قول اللہ تعالیٰ ان الذین آمنوا الآیۃ کذا فی الروح ۱۲۔

اللغات: الاد الثقل العظیم وھو بالکسر اسم وبالفتح مصدر والھدم کما فی القاموس الھدم الشدید والکسر الرکز۔ الصوت الخفی ۱۲۔

النحو: قولہ ان دعوا مجرور اما باللام التعلیلیۃ واما بالبدلیۃ من الضمیر المجرور فی منہ ۱۲۔

البلاغۃ: قولہ اتی الرحمٰن ھذا الاتیان کما فی الروح معنوی قولہ تنشق اختلاف العبارات فی الثلاثۃ عندی للتفنن واللہ اعلم ۱۲۔ قولہ یسرناہ بلسانك الباء بمعنی علی او علی اصلہ وھو الا لصاق تضمین یسرنا معنی انزلنا ای یسرناہ منزلین لہ بلغتك والفاء لتعلیل امر ینساق الیہ النظم الکریم کانہ قیل بعد ایجاء ھذہ السورۃ الکریمۃ بلغ ھذا المنزل وابشر بہ وانذر فانما یسرناہ بلسانك العربی المبین کذا فی الروح ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ طٰهٰ

سُوْرَةُ طٰهٰ ۲۰ مَكِّيَّة ۴۵ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۱۳۵ | رُكُوْعَاتُهَا ۸

سورۂ طٰہٰ مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۱۳۵ آیات اور ۸ رکوع ہیں

طٰهٰ ۝۱ مَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓى ۝۲ اِلَّا تَذْكِرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى ۝۳ تَنْزِيْلًا مِّمَّنْ خَلَقَ الْاَرْضَ
وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰى ۝۴ اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى ۝۵ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَمَا تَحْتَ
الثَّرٰى ۝۶ وَاِنْ تَجْهَرْ بِالْقَوْلِ فَاِنَّهٗ يَعْلَمُ السِّرَّ وَاَخْفَى ۝۷ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ لَهُ الْاَسْمَاۗءُ الْحُسْنٰى ۝۸

طٰہٰ (کے معنی تو اللہ تعالیٰ کو معلوم ہیں) ہم نے آپ پر قرآن مجید اس لئے نہیں اتارا کہ آپ تکلیف اٹھائیں بلکہ ایسے شخص کی نصیحت کے لئے (اُتارا ہے) جو اللہ سے ڈرتا ہو یہ اس ذات کی طرف سے نازل کیا گیا ہے جس نے زمین کو اور بلند آسمانوں کو پیدا کیا ہے (اور) وہ بڑی رحمت والا ہے عرش پر قائم ہے اسی کی ملک ہیں جو چیزیں آسمانوں میں ہیں اور جو چیزیں زمین میں ہیں اور جو چیزیں ان دونوں کے درمیان میں ہیں اور جو چیزیں تحت الثریٰ میں ہیں اور اس کی شان ہے کہ اگر تم پکار کر بات کہو تو وہ چپکے سے کہی ہوئی بات کو اور اس سے زیادہ مخفی کو جانتا ہے (وہ) اللہ ایسا ہے کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں اس کے اچھے اچھے نام ہیں۔ ۞

سورة طه مكية وهى مائة واربع و ثلثون اية سورة طه مكية وهى مائة واربع اية كذا فى البيضاوى

ربط: اوپر کی سورت میں توحید و رسالت و معاد کا بیان تھا اس سورت میں بھی یہی مضامین ہیں چنانچہ شروع میں رسالت و وحی کے متعلق مضمون ہے اور تَنْزِيْلًا مِّمَّنْ خَلَقَ سے توحید کے متعلق ہے اور هَلْ اَتٰىكَ سے موسیٰ علیہ السلام کے قصہ سے توحید و رسالت دونوں کی تقریر ہوگئی چنانچہ اِنَّنِيْٓ اَنَا اللّٰهُ میں توحید کی تصریح ہے اور رسالت موسویہ سے رسالت محمدیہ کی توضیح ہے پھر كَذٰلِكَ نَقُصُّ [طٰہٰ: ۹۹] سے وحی و تنزیل کے مضمون کی تکمیل ہے پھر مَنْ اَعْرَضَ [طٰہٰ: ۱۰۰] سے اس وحی کے مصدق و مکذب کی جزا و سزا کے ذکر کے ساتھ معاد کی تفصیل ہے پھر وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ [طٰہٰ: ۱۱۳] الخ میں رسالت کا ذکر اور فَتَعٰلَى اللّٰهُ [طٰہٰ: ۱۱۴] میں توحید کا ذکر اور لَقَدْ عَهِدْنَآ [طٰہٰ: ۱۱۵] الخ میں كَذٰلِكَ نَقُصُّ [طٰہٰ: ۹۹] کی تتمیم پھر فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ [طٰہٰ: ۱۲۳] سے توحید و رسالت کے ماننے اور نہ ماننے کی جزا و سزا اور اَفَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ [طٰہٰ: ۱۲۸] سے وعید سزا کی تقریر اور فَاصْبِرْ [طٰہٰ: ۱۳۰] الخ میں مکذبین کے معاملہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تسلی اور قَالُوْا لَوْلَا يَاْتِيْنَا [طٰہٰ: ۱۳۳] سے ختم تک رسالت کے متعلق مکذبین کے ایک شبہ کا جواب ہے اور چونکہ اوپر کی سورت ذکر قرآن پر ختم ہوئی ہے اور یہ سورت بھی ذکر قرآن سے شروع ہوئی ہے اس لئے اس کے خاتمہ اور اس کے فاتحہ میں بھی مناسبت خاص حاصل ہے۔

تفسیر: تقریر رسالت و توحید ☆ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ طٰهٰ ۝۱ (الی قولہ تعالیٰ) لَهُ الْاَسْمَاۗءُ الْحُسْنٰى ۝۸۔ طٰهٰ ۝۱ (کے معنی تو اللہ کو معلوم ہیں) ہم نے آپ پر قرآن (مجید) اس لئے نہیں اتارا کہ آپ تکلیف اُٹھائیں بلکہ ایسے شخص کی نصیحت کے لئے (اتارا ہے) جو (اللہ سے) ڈرتا ہو یہ اس (ذات کی طرف سے نازل کیا گیا ہے جس نے زمین کو اور آسمان کو پیدا کیا ہے (اور) وہ بڑی رحمت والا عرش پر (جو مشابہ ہے تخت سلطنت کے اس طرح) قائم (اور جلوہ فرما) ہے (جو کہ اس کی شان کے لائق ہے اور وہ ایسا ہے کہ) اسی کی ملک ہیں جو چیزیں آسمانوں میں ہیں اور جو چیزیں زمین میں ہیں اور جو چیزیں ان دونوں کے درمیان میں ہیں (یعنی آسمان سے نیچے اور زمین سے اوپر) اور جو چیزیں تحت الثریٰ میں ہیں (یعنی زمین کے اندر جو ترمٹی ہے جس کو ثریٰ کہتے ہیں جو چیز کہ اس کے نیچے ہے مراد یہ کہ زمین کی تہ میں یہ تو اللہ تعالیٰ کی قدرت و سلطنت تھی) اور (علم کی یہ شان ہے کہ) اگر تم (اے مخاطب) پکار کر بات کہو تو (اس کے سننے میں تو کیا شبہ ہے) وہ تو (ایسا ہے کہ) چپکے سے کہی ہوئی بات کو اور (بلکہ) اس سے بھی زیادہ خفی بات کو (یعنی جو ابھی دل میں ہے) جانتا

www.besturdubooks.net

ہے (وہ) اللہ ایسا ہے کہ اس کے سوا کوئی معبود (ہونے کا مستحق) نہیں اس کے (بڑے) اچھے اچھے نام ہیں (جو اوصاف وکمالات پر دلالت کرتے ہیں سو قرآن ایسی ذات مجمع الصفات کا نازل کیا ہوا ہے اور یقینی حق ہے)۔ **ف**: آیت اولیٰ میں تعب کی نفی عام ہے چند صورتوں کو اول یہ کہ کفار کے انکار پر غم حزن نہ کیجئے آپ کا کام تذکیر وتبلیغ ہے جس کی قسمت میں ڈرنا اور ماننا ہے وہ قبول کرے گا۔ دوم آپ شب کو قیام طویل فرماتے تھے اور اس میں اتنا قرآن پڑھتے تھے کہ تھک جاتے تھے اس لئے آسانی کا حکم دیا جیسے ارشاد ہوا ہے :فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ [المزمل: ۲۰] سوم اس قیام طویل پر کفار نے طعن کیا کہ قرآن کی وجہ سے محمد مصیبت میں پڑ گئے اس کی نفی فرمائی چنانچہ دوم وسوم درمنثور میں منقول ہے اور اول بوجہ عموم لفظ کے احتمال مقبول ہے اور عرش حسب روایات وآیات ایک جسم عظیم ہے آسمانوں اور کسی کے علاوہ اور ان سب کے اوپر مثل قبہ کے اور ان سب سے بڑا اس کے پائے بھی ہیں اور فرشتے اس کو اُٹھائے ہوئے ہیں اور وہ ساکن سے احیاناً اس کو حرکت ہو جاتی ہے چنانچہ اس آیت کی تفسیر میں صاحب روح نے وہ سب نصوص جمع کئے ہیں۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: مَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ الخ اس کی دو تفسیریں ہو سکتی ہیں ایک یہ کہ ہم نے آپ پر قرآن اس لئے نازل نہیں کیا کہ آپ کفار کے ایمان نہ لانے سے تاسف اور تحسر کر کے تعب میں پڑیں بلکہ تبلیغ کے لئے نازل کیا ہے سو وہ آپ کر چکے دوسری یہ کہ مجاہدہ شاقہ کے تعب میں نہ پڑیں کیونکہ آپ کو شریعت حنفیہ مصحہ سہلہ دی گئی ہے پس تفسیر اول پر آیت اصل ہے اہل قلوب پر نزول سکینہ کی اور تفسیر ثانی پر تعدیل مجاہدہ کی ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی الا بلکہ اتباع للمحاورۃ۔ ۲ قوله فی الرحمٰن وہ اشارة الی العهد لربط الکلام والسابق مع اللاحق ۱۲۔

اللغات: قوله لتشقی فی القاموس الشدة والعسر ۱۲۔

النحو: الا تذکرة استثناء منقطع ویقدر انزلنا ای ولکن انزلناه تذکرة قوله تنزیلا مفعول مطلق لانزلنا المقدر قوله الرحمٰن مبتدا وکذا اسم الجلالة فی قوله الله لا الٰه الا هو ۱۲۔

البلاغة: قوله ممن خلق فیه وضع المظهر موضع المضمر وکان الظاهر منا ۱۲۔

وَهَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ۝ اِذْ رَاَا نَارًا فَقَالَ لِاَهْلِهِ امْكُثُوْٓا اِنِّيْٓ اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّيْٓ اٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِقَبَسٍ
اَوْ اَجِدُ عَلَى النَّارِ هُدًى ۝ فَلَمَّآ اَتٰىهَا نُوْدِيَ يٰمُوْسٰٓى ۝ اِنِّيْٓ اَنَا رَبُّكَ فَاخْلَعْ نَعْلَيْكَ ۚ اِنَّكَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى ۝
وَاَنَا اخْتَرْتُكَ فَاسْتَمِعْ لِمَا يُوْحٰٓى ۝ اِنَّنِيْٓ اَنَا اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدْنِيْ ۙ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِيْ ۝ اِنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ ۭ
اَكَادُ اُخْفِيْهَا لِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا تَسْعٰى ۝ فَلَا يَصُدَّنَّكَ عَنْهَا مَنْ لَّا يُؤْمِنُ بِهَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ فَتَرْدٰى ۝

اور کیا آپ کو موسیٰ علیہ السلام (کے قصہ) کی خبر بھی پہنچی ہے جبکہ انہوں نے (مدین سے آتے ہوئے رات کو) ایک آگ دیکھی سو اپنے گھر والوں سے فرمایا کہ تم ٹھہرے رہو میں نے آگ دیکھی ہے شاید اس میں سے تمہارے پاس کوئی شعلہ لاؤں یا (وہاں) آگ کے پاس راستہ کا پتہ مجھ کو مل جائے۔ سو وہ جب اس (آگ) کے پاس پہنچے تو ان کو (منجانب اللہ) آواز دی گئی کہ اے موسیٰ میں تمہارا رب ہوں پس تم اپنی جوتیاں اتار ڈالو (کیونکہ) تم ایک پاک میدان یعنی طویٰ میں ہو (یہ اس کا نام ہے) اور میں نے تم کو نبی بنانے کے لئے منتخب فرمایا ہے سو (اس وقت) جو وحی کی جا رہی ہے اس کو سن لو (وہ یہ ہے کہ) میں اللہ ہوں میرے سوا کوئی معبود نہیں تم میری ہی عبادت کیا کرو اور میری ہی یاد کی نماز پڑھا کرو (دوسری بات یہ سنو) کہ بلاشبہ قیامت آنے والی ہے میں اس کو (تمام خلائق سے) پوشیدہ رکھنا چاہتا ہوں تاکہ ہر شخص کو اس کے کئے کا بدلہ مل جائے سو تم کو قیامت سے ایسا شخص باز نہ رکھنے پائے جو اس پر ایمان نہیں رکھتا اور اپنی (نفسانی) خواہشوں پر چلتا ہے کہیں تم (اس بے فکری کی وجہ سے) تباہ نہ ہو جاؤ۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر توحید ورسالت کی تقریر تھی آگے قصہ موسویہ میں بھی اسی کا بسط ہے۔

بسط قصہ موسیٰ علیہ السلام ☆ وَهَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ۝ (الی قولہ تعالیٰ) وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ فَتَرْدٰى ۝ اور (اے محمد ﷺ) کیا آپ کو موسیٰ (علیہ السلام کے قصہ) کی خبر پہنچی ہے (یعنی وہ سننے کے قابل[1] ہے کہ اس میں توحید ونبوت کے متعلق علوم ہیں جن کی تبلیغ نافع ہوگی جو کہ اس حالت میں واقع ہوا تھا) جب کہ انہوں نے (مدین سے آتے ہوئے ایک رات کو کہ اس میں سردی بھی تھی اور راستہ بھی بھول گئے تھے کو طور پر) ایک آگ دیکھی (کہ واقع میں وہ نور تھا مگر شکل آگ کی سی تھی) سو اپنے گھر والوں سے (کہ صرف[2] بی بی تھیں یا خادم وغیرہ بھی) فرمایا کہ تم (یہاں ہی) ٹھہرے رہو (یعنی میرے پیچھے پیچھے مت آنا کیونکہ یہ تو احتمال ہی نہ تھا کہ بدون ان کے آگے سفر کرنے لگیں گے) میں نے ایک آگ دیکھی ہے (میں وہاں جاتا ہوں) شاید میں اس میں سے تمہارے پاس کوئی

www.besturdubooks.net

شعلہ (کسی لکڑی وغیرہ میں لگا کر) لاؤں (تاکہ سردی کا علاج ہو) یا (وہاں) آگ کے پاس راستہ کا پتہ (جاننے والا کوئی آدمی بھی مجھ کو مل جاوے سو وہ جب اس (آگ) کے پاس پہنچے تو (ان کو منجانب اللہ) آواز دی گئی کہ اے موسیٰ میں تمہارا رب ہوں بس تم اپنی جوتیاں اتار ڈالو (کیونکہ) تم ایک پاک میدان یعنی طوی میں ہو (یہ اس کا نام ہے) اور میں نے تم کو (نبی بنانے کے لئے منجملہ دیگر خلائق کے) منتخب فرمایا ہے سو (اس وقت) جو کچھ وحی کی جارہی ہے اس کو (غور سے) سن لو (وہ یہ ہے کہ) میں اللہ ہوں میرے سوا کوئی معبود (ہونے کے لائق) نہیں (اور جب میں ہی لائق معبود ہونے کے ہوں) تو تم میری ہی عبادت کیا کرو اور میری ہی یاد کے لئے نماز پڑھا کرو۔ (دوسری بات یہ سنو کہ) بلاشبہ قیامت آنے والی ہے میں اس کو (تمام خلائق سے) پوشیدہ رکھنا چاہتا ہوں (اور قیامت اس لئے آوے گی) تاکہ ہر شخص کو اس کے کئے کا بدلہ مل جاوے سو (جب قیامت کا آنا یقینی ہے تو) تم قیامت (کے لئے مستعد رہنے) سے ایسا شخص باز نہ رکھنے پاوے (یعنی تم ایسے شخص کے اثر سے قیامت کے لئے تیاری کرنے سے بے فکر نہ ہو جانا) جو اس پر ایمان نہیں رکھتا اور (اس وجہ سے) اپنی (نفسانی) خواہشوں پر چلتا ہے کہیں تم (اس بے فکری کی وجہ سے) تباہ نہ ہو جاؤ۔ف: بڑے مسئلے اصول میں تین تھے توحید و نبوت، معاد۔ تینوں کی تعلیم کی گئی اور فَاعْبُدْنِیْ میں تمام فروع آگئے نماز کو شرف کی وجہ سے جداگانہ بھی ذکر فرمایا اور موسیٰ علیہ السلام کو یہ فرمانا : فَاعْبُدْنِیْ یا فَلَا یَصُدَّنَّكَ الخ تاکید استقامت کے لئے ہے اور دوسروں کو سنانے کے لئے بھی کہ جب خاصان درگاہ کو یہ احکام سنائے جاتے ہیں تو اور تو کس شمار میں ہیں خلع نعلین یا تو بوجہ ان کے غیر طاہر ہونے کے تھا یا اس لئے کہ مقام کا ادب ہو یا اس لئے کہ مقام متبرک سے قدم بھی مس کرے کہ اس کی برکت زائد پہنچے اور اِنَّكَ بِالْوَادِ الخ ہر حال میں علت ہو سکتا ہے جیسا کہ ظاہر ہے اور قصہ کے متعلق قوسین کے درمیان کے مضامین روح اور درمنثور کے ہیں اور اس نداء کی کیفیت وصفت نہ کہیں منصوص ہے نہ قیاس سے ادراک کی جاسکتی ہے اس لئے تعیین بالتخمین رجم بالغیب ہے البتہ یہ امر یقینی ہے کہ موسیٰ علیہ السلام کو یقین کے ساتھ یہ امر معلوم ہو گیا کہ یہ نداء منجانب اللہ ہے خواہ یہ یقین علم ضروری سے حاصل ہوا ہو یا کسی علم استدلالی سے واللہ اعلم۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلِ السُّلُوْك: قولہ تعالیٰ اِذْ رَاٰ نَارًا اس میں مسئلہ تمثیل مذکور ہے چنانچہ موسیٰ علیہ السلام کے سامنے نور قدیم نار حادث کی صورت میں متمثل ہوا۔ قولہ تعالیٰ : فَقَالَ لِاَهْلِهِ الخ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ امر ممکن ہے کہ صاحب کشف کو اپنے کشف کی حقیقت معلوم نہ ہو چنانچہ موسیٰ علیہ السلام اس کو بھی متعارف آگ سمجھے۔ قولہ تعالیٰ : فَاخْلَعْ نَعْلَيْكَ الخ اس سے مقامات مقدسہ کا ادب ثابت ہوتا ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِیْ اس میں اثبات ہے اسرار باطنہ کا اعمال ظاہرہ میں بعض تفاسیر پر ۱۲۔ قولہ تعالیٰ : فَلَا يَصُدَّنَّكَ عَنْهَا الخ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ منتہی کامل سے بھی تکالیف شرعیہ ساقط نہیں ہوتیں اور اس سے اباحت کا ابطال ہوتا ہے ۱۲۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃ: ۱ قوله فی هل اتلك قائل اشارة الی ان الاستفهام للتشویق ۱۲۔ ۲ قوله فی لاهله صرف بی بی فالجمع علی الاول اما لظاهر لفظ الاهل او للتفخیم کما فی قول القائل وان شئت حرمت النساء سواکم ۱۲۔ ۳ قوله فی هدی بھی اشارة الی ان التردید لمانعة الخلو ۱۲۔

الرِّوَايَات: فی الصحیح من حدیث ابی هریرة انه صلی الله علیه وسلم قال من نسی صلاة فلیقضها اذا ذکرها فان الله تعالیٰ قال اقم الصلوة لذکری آه ومنه ظن بعضهم ان اللام فی الآیة وقتیة والکلام علی تقدیر مضاف ای لذکر صلاتی وهو من بعض الظن فانِ التعطیل کما فی الکشف صحیح والذکر علی ظاهره واراد علیه السلام انه اذا ذکر الصلوة انتقل من ذکرها الی ذکر ما شرعت له وهو ذکر الله تعالیٰ فیحمله علی اقامتها کذا فی الروح ۱۲۔

اللُّغَات: الحدیث الخبر القبس وشعلة مقتبسة تکون علی راس عود ونحوه ففعل بعمنی مفعول الوادی مفرج بین الجبال والتلال کذا فی القاموس طوی اسم واد بالشام کذا فی النیسابوری ومن نونه فعلی تاویل المکان ومن لم ینونه فعلی تاویل البقعة فهو ممنوع من الصرف للعلمیة والتانیث قوله اکاد و یجیٔ کاد بمعنی اراد کما قال ابن جنی فی المحتسب ومنه قوله کادت وکدت وتلك خیر ارادة کو عاد من لهو الصبابة ما مضی وقیل معناه اکاد اخفیها ای ابالغ فی اخفائها فلا اجمل کما لم افصل السعی عام للخیر والشر لقوله تعالیٰ ان سعیکم لشتی ۱۲۔

النَّحْو: اذ رای متعلق بحدیث فان الظرف یکفی لتعلقه او فی رائحة الفعل ولذا نقل الشریف عن بعضهم ان القصة والحدیث والخبر یجوز اعمالها فی الظروف خاصة وان لم یرد بها المعنی المصدری لتضمن معناها الحصول والکون کذا فی الروح ۱۲ قوله نودی فی السراج والظاهر ان القائم مقام فاعل نودی ضمیر موسیٰ علیه السلام وقیل هو قوله تعالیٰ یا موسیٰ وکان ذلك علی اعتبار

www.besturdubooks.net

تضمین النداء معنی القول وارادة هذا اللفظ من الجملة فان الجملة لا تكون فاعلا ولا قائما مقامه الا بضرب من التاويل كذا فى الروح ۱۲۔

البلاغة: قوله فاخلع الفاء لترتيب الامر على ما قبلها فان ربوبية تعالٰى من موجبات الامر و دواعيه ۱۲۔

وَمَا تِلْكَ بِيَمِيْنِكَ يٰمُوْسٰى ﴿۱۷﴾ قَالَ هِيَ عَصَايَ ۚ اَتَوَكَّؤُا عَلَيْهَا وَاَهُشُّ بِهَا عَلٰى غَنَمِيْ وَلِيَ فِيْهَا مَاٰرِبُ اُخْرٰى ﴿۱۸﴾ قَالَ اَلْقِهَا يٰمُوْسٰى ﴿۱۹﴾
فَاَلْقٰىهَا فَاِذَا هِيَ حَيَّةٌ تَسْعٰى ﴿۲۰﴾ قَالَ خُذْهَا وَلَا تَخَفْ ۖ سَنُعِيْدُهَا سِيْرَتَهَا الْاُوْلٰى ﴿۲۱﴾ وَاضْمُمْ يَدَكَ اِلٰى جَنَاحِكَ
ع ۱ ۱۲ تَخْرُجْ بَيْضَآءَ مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ اٰيَةً اُخْرٰى ﴿۲۲﴾ لِنُرِيَكَ مِنْ اٰيٰتِنَا الْكُبْرَى ﴿۲۳﴾ اِذْهَبْ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ﴿۲۴﴾ قَالَ رَبِّ
اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ﴿۲۵﴾ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ ﴿۲۶﴾ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ﴿۲۷﴾ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ﴿۲۸﴾ وَاجْعَلْ لِّيْ وَزِيْرًا مِّنْ اَهْلِيْ ﴿۲۹﴾
هٰرُوْنَ اَخِي ﴿۳۰﴾ اشْدُدْ بِهٖٓ اَزْرِيْ ﴿۳۱﴾ وَاَشْرِكْهُ فِيْٓ اَمْرِيْ ﴿۳۲﴾ كَيْ نُسَبِّحَكَ كَثِيْرًا ﴿۳۳﴾ وَّنَذْكُرَكَ كَثِيْرًا ﴿۳۴﴾ اِنَّكَ كُنْتَ بِنَا بَصِيْرًا ﴿۳۵﴾

اورتمہارے داہنے ہاتھ میں کیا ہے اے موسیٰ انہوں نے کہا کہ یہ میری لاٹھی ہے میں کبھی اس پر سہارا لگا تا ہوں اور کبھی اپنی بکریوں پر پتے جھاڑتا ہوں اور اس میں میرے اور بھی کام (نکلتے) ہیں ارشاد ہوا کہ اس کو (زمین پر) ڈال (اے موسیٰ) سوانہوں نے اس کو ڈال دیا یکا یک وہ خدا کی قدرت سے) ایک دوڑتا ہوا سانپ بن گیا ارشاد ہوا کہ پکڑو اور ڈرو نہیں ہم ابھی اس کو پہلی حالت پر کردیں گے اور تم اپنا داہنا ہاتھ اپنی (بائیں) بغل میں دے لو (پھر نکالو) وہ بلا کسی عیب (یعنی کسی مرض برص وغیرہ کے) نہایت روشن ہو کر نکلے گا کہ یہ دوسری نشانی ہوگی تا کہ ہم تم کو اپنی (قدرت) کی بڑی نشانیوں میں سے بعض نشانیاں دکھلائیں (اب یہ نشانیاں لے کر) تم فرعون کے پاس جاؤ وہ بہت حد سے نکل گیا ہے عرض کیا اے میرے رب میرا حوصلہ فراخ کردیجئے اور میرا یہ کام (تبلیغ کا) آسان فرمادیجئے اور میری زبان پر سے بستگی (لکنت کی) ہٹادیجئے تا کہ لوگ میری بات سمجھ سکیں اور میرے واسطے میرے کنبے میں سے ایک معاون مقرر کردیجئے یعنی ہارون علیہ السلام کو کہ میرے بھائی ہیں ان کے ذریعے سے میری قوت کو مستحکم کردیجئے اور ان کو میرے (تبلیغ کے کام میں شریک کردیجئے تا کہ ہم دونوں کی خوب کثرت سے (شرک ونقائص سے) پاکی بیان کریں اور آپ کا خوب کثرت سے ذکر کریں بے شک آپ ہم کو خوب دیکھ رہے ہیں۔ ۞

تفسیر: وَمَا تِلْكَ بِيَمِيْنِكَ يٰمُوْسٰى ﴿۱۷﴾ (الی قولہ تعالٰی) اِذْهَبْ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ﴿۲۴﴾ اور (حق تعالٰی نے موسیٰ علیہ السلام سے یہ بھی فرمایا کہ) یہ تمہارے داہنے ہاتھ میں کیا چیز ہے اے موسیٰ انہوں نے کہا کہ یہ میری لاٹھی ہے میں (کبھی) اس پر سہارا لگا تا ہوں اور (کبھی) اس سے اپنی بکریوں پر (درختوں کے) پتے جھاڑتا ہوں اور اس میں میرے اور بھی کام (نکلتے) ہیں (مثلاً کندھے پر رکھ کر اسباب وغیرہ لٹکا لینا' اس سے موذی جانوروں کو دفع کرنا وغیرہ وغیرہ) ارشاد ہوا کہ اس (عصا) کو (زمین پر) ڈال دو اے موسیٰ سوانہوں نے اس کو (زمین پر) ڈال دیا یکا یک وہ (خدا کی قدرت سے) ایک دوڑتا ہوا سانپ بن گیا (جس سے موسیٰ علیہ السلام ڈر گئے) ارشاد ہوا کہ اس کو پکڑ لو اور ڈرو نہیں ہم ابھی (پکڑتے ہی) اس کو پہلی حالت پر کردیں گے (یعنی یہ پھر عصا بن جاوے گا اور تم کو کوئی گزند نہ پہنچے گا ایک امر خارق تو یہ ہوا) اور (دوسرا خارق اور دیا جاتا ہے کہ) تم اپنے (داہنا) ہاتھ اپنی (بائیں) بغل میں دے لو (پھر نکالو) وہ بلا کسی عیب (کسی بلا کسی مرض برص وغیرہ) کے (نہایت) روشن ہو کر نکلے گا کہ یہ دوسری نشانی (ہماری قدرت اور تمہاری نبوت کی) ہوگی (اور یہ حکم القائے عصا اور ضم ید کا اس لئے کیا گیا ہے) تا کہ ہم تم کو اپنی (قدرت کی) بڑی نشانیوں میں بعض نشانیاں دکھلائیں (تو اب یہ نشانیاں لے کر) تم فرعون کے پاس جاؤ وہ بہت حد سے نکل گیا ہے (کہ خدائی کا دعویٰ کرتا ہے تم اس کو تبلیغ توحید کرو اور اگر نبوت میں شبہ کرے تو پھر معجزے دکھلا دو) ف: اللہ تعالٰی یہ پوچھنا کہ وَمَا تِلْكَ بِيَمِيْنِكَ يٰمُوْسٰى ﴿۱۷﴾ الخ اس لئے تھا کہ اس کی اس وقت حقیقت کہ عصا ہے اور اس کے منافع ان کے ذہن میں خوب مستحضر ہو جاویں پھر جو سانپ بن جاوے گا تو ذات وصفات دونوں کا انقلاب قدرت الٰہیہ پر زیادہ دال ہوگا اسی لئے موسیٰ علیہ السلام نے جواب میں حقیقت اور منافع دونوں عرض کئے پس سوال و جواب دونوں بالکل متطابق ہیں اور دوسرے معجزے میں یہ اہتمام نہ فرمانا شاید اس لئے ہو کہ معجزہ عصا کا زیادہ عظیم ہے کہ اس میں ذات اور صفت دونوں کا تبدل ہے اور موسیٰ علیہ السلام کا ڈر جانا بعض نے کہا ہے کہ طبعی ہے جو کسی طرح جلالت شان کے منافی نہیں اور بعض نے کہا ہے کہ جو حادثہ مخلوق کی جانب سے ہو اس میں تو نہ ڈرنا کمال ہے جیسے ابراہیم علیہ السلام آتش نمرودی سے نہیں ڈرے اور جو امر خالق کی طرف سے ہو اس میں ڈرنا ہی کمال ہے کہ وہ فی الحقیقت حق تعالٰی سے ڈرنا ہے جیسے ہوا تیز ہونے کے وقت جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا گھبرا جانا حدیثوں میں آیا ہے سو چونکہ اس تبدل میں مخلوق کا واسطہ نہ تھا اس لئے ڈر گئے کہ یہ کوئی قہر الٰہی نہ ہو اور دوسری

www.besturdubooks.net

آیت میں: اِنَّكَ مِنَ الْاٰمِنِيْنَ (القصص: ۳۱) فرمانے سے تسلی دینا اس طرف مشیر ہے واللہ اعلم۔ قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّكَ كُنْتَ بِنَا بَصِيْرًا ۝ (جب موسیٰ علیہ السلام کو معلوم ہوا کہ مجھ کو پیغمبر بنا کر فرعون کی فہمائش کے لئے بھیجا جاتا ہے تو اس وقت اس منصب عظیم کے مشکلات کی آسانی کے لئے درخواست کی اور) عرض کیا کہ اے میرے رب میرا حوصلہ (اور زیادہ) فراخ کر دیجئے (کہ تبلیغ میں انقباض یا تکذیب ومخالفت میں ضیق نہ ہو) اور میرا (یہ کام) (تبلیغ کا) آسان فرما دیجئے (کہ اسباب کے مجتمع اور موانع تبلیغ کے مرتفع ہو جاویں) اور میری زبان سے بستگی (لکنت کی) ہٹا دیجئے تا کہ لوگ میری بات سمجھ سکیں اور میرے واسطے میرے کنبہ سے ایک معاون مقرر کر دیجئے یعنی ہارون کو کہ میرے بھائی ہیں ان کے ذریعہ سے میری قوت کو مستحکم کر دیجئے اور ان کو میرے (اس تبلیغ کے) کام میں شریک کر دیجئے (یعنی ان کو بھی نبی بنا کر مامور بالتبلیغ کیجئے کہ ہم دونوں تبلیغ کریں اور میرے قلب کو قوت پہنچے) تا کہ ہم دونوں (مل کر تبلیغ ودعوت کے وقت) آپ کی خوب کثرت سے پاکی (شرک ونقائص سے) بیان کریں اور آپ (کے اوصاف کمال) خوب کثرت سے ذکر کریں (کیونکہ اگر دو شخص مبلغ ہوں گے تو ہر شخص کا بیان دوسرے کی تائید سے وافر اور متکاثر ہوگا) بیشک آپ ہم کو (اور ہمارے حال کو خوب دیکھ رہے ہیں) اس حالت سے ہماری احتیاج اس امر کی کہ ایک دوسرے کے معاون ہوں آپ کو معلوم ہے)۔ ف: جس گرہ کے کھولنے کی دعاء کی ہے یا تو خلقی لکنت تھی جیسا بعض قائل ہوئے ہیں اور یا بچپن میں ایک بار جب انہوں نے فرعون کی ڈاڑھی پکڑ لی تھی اور فرعون نے بدلہ لینا چاہا اور حضرت آسیہ البلیہ فرعون نے سفارش کی کہ بچہ ہے اس کو کیا سمجھ ہے اور اس کے امتحان کے واسطے ان کے سامنے آگ حاضر کی گئی اس وقت انہوں نے ایک چنگاری اُٹھا کر منہ میں رکھ لی تھی اس سے زبان کی روانی کم ہوگئی تھی هكذا في الدر المنثور عن سعيد بن جبير اور یہ اشکال کہ ہاتھ تو پہلے جلا ہوگا پھر منہ تک چنگاری کیسے لے گئے اسی طرح ممکن الجواب ہے کہ شاید اس کوئلہ کا ایک حصہ نہ جلا ہو اس کو پکڑ کر جلتا ہوا حصہ منہ میں رکھ لیا ہو۔ پھر یہ مقصود اس دعا سے آیا بالکل بستگی کا رفع ہو جانا تھا یا صرف بقدر ضرورت تفہیم دونوں احتمال ہیں اگرچہ عُقْدَةً کی تنکیر اور يَفْقَهُوْا کو غرض قرار دینا اور لا يكاد يبين کے ظاہر الفاظ مرجح احتمال ثانی کے ہیں لیکن تاہم نص نہیں کیونکہ دو قرینہ اول تو احتمال اول کے ساتھ بھی ظاہراً جمع ہو سکتے ہیں اور قرینہ ثالثہ یعنی جملہ لا يكاد فرعون کا قول ہے جو ممکن ہے کہ عناداً ہو کہ آپ کے بیان حجت کو عدم بیان کہہ دیا ہو اور ہر حال میں اوتيت سؤلك يا موسىٰ نص ہے کہ آپ کی درخواست جو کچھ بھی ہو منظور ہوئی اور احتمال ثانی پر شبہ نہ کیا جاوے کہ قدرے بستگی بھی زبان میں رہنا عیب ہے اور انبیاء عیوب سے مبرا ہوتے ہیں وجہ شبہ نہ ہو سکنے کی یہ ہے کہ ایسی بستگی جو تفہیم میں مخل نہ ہو اور نیز سامعین کو اس سے تنفر بھی نہ ہو اس کا عیب ہونا مسلم نہیں بلکہ روانی کا تفاوت مثل تفاوت فی اللون والجثہ کے ہے اور معاون مانگتے ہیں اہل کی تخصیص شاید اس لئے ہو کہ ان کو طبعی الفت بھی زیادہ ہوگی ان سے زیادہ معاونت ہو سکتی ہے اور احقر نے جو اشْدُدْ وَاَشْرِكْهُ کی تفسیر میں کہا ہے کہ ان کو نبی بنا کر الخ اس کی دلالت نبوت کی درخواست پر اس لئے ہے کہ حق تعالیٰ سے معاون بنانے کی درخواست کی اور بلا نبوت کے تو یہ خود ہارون علیہ السلام سے بھی درخواست امداد کی کر سکتے تھے اس سے معلوم ہوا کہ مقصود نبی بنوانا ہے اور نُسَبِّحَكَ كَثِيْرًا ۙ وَّنَذْكُرَكَ كَثِيْرًا کو اگر تسبیح وذکر فی الخلوت پر محمول کیا جاوے وہ بھی ایک وجہ حسن ہے یعنی جب اسباب تقویت کے زائد ہونگے طبیعت میں نشاط زیادہ ہوگا اور قوت نشاط کو کثرت ذکر میں خاص دخل ہے۔

تَرْجَمَۃُ مَسَائِلِ السُّلُوْك: قولہ تعالیٰ: اَتَوَكَّؤُا عَلَيْهَا الخ اس سے کاملین کا اسباب کے ساتھ تمسک کرنا ثابت ہوتا ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: فَاِذَا هِيَ حَيَّةٌ تَسْعٰى ۝ اس میں اثبات ہے خوارق کا۔ قولہ تعالیٰ: قَالَ خُذْهَا وَلَا تَخَفْ ۭ اس میں دلالت ہے اس پر کہ امور طبعیہ کاملین میں بھی رہتے ہیں چنانچہ موسیٰ علیہ السلام کو طبعی خوف پیدا ہوا اور نیز اس میں امر ہے عقلیات سے طبعیات کی تعدیل کرنے کا ۱۲ قولہ تعالیٰ: رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ۝ اس میں دلالت ہے کہ دعا اور کمال توکل میں تنافی نہیں۔ قولہ تعالیٰ: وَاجْعَلْ لِّيْ وَزِيْرًا اس سے وہی مسئلہ ثابت ہے جو اَتَوَكَّؤُا سے ثابت ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: اس میں دلالت ہے اس پر کہ اکابر کا قصد اسباب سے دین اور استعانت فی الدین ہی ہوتا ہے ۱۲۔ نُسَبِّحَكَ كَثِيْرًا ۝ **مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃ**: ۱ قوله في ف یہ پوچھنا الخ فالاستفهام للتقرير ۱۲۔ ۲ قوله في من لساني زبان پر سے اشارة الى ان من الابتداء ومعلقة باحلل او بالمقدر الذى هو وصف للعقدة اى عقدة ناشئة من لساني ۱۲۔ ۳ قوله في نسبحك دعوت کے وقت فهو كقوله تعالىٰ اذا ذكر الله وحده اى وقت التبليغ ۱۲۔

اِخْتِلَافُ الْقِرَاءَۃ: قرء ابن عامر اشدد واشركه بلفظ الخبر على انهما جواب الامر ۱۲۔

اللُّغَات: الجناح كما في القاموس اليد والعضد والابط والجانب ونفس الشئ والمراد ادخل يدك اليمنى من طوق مدرعتك واجعلها تحت الابط اليسرى او تحت عضدها عند الابط او تحتها عنده فلا منافاة بين ههنا وقوله تعالىٰ ادخل يدك في جيبك كذا في الروح ۱۲ الوزير المعاون الاذو القوة۔

النَّحْو: قوله اية اخرى حال قوله لنريك عامله مقدر اى فعلنا ما فعلنا او امرنا ما امرنا به ۱۲ اشدد استيناف ۱۲۔

www.besturdubooks.net

البلاغۃ: قولہ من غیر سوء فیہ احتراس عن ایہام المرضی ولو بوید۱۲ قولہ اشرح لی ویسر لی فی الروح وفی ذکر کلمۃ لی مع انتظام الکلام بدونہا تاکید لطلب الشرح والتیسیر بابہام المشروح والمیسر اولا و تفسیر ہما ثانیاً لانہ لما قال اشرح لی علم ان ثم شروحًا یختص بہ حتی لو لا کتفی لتم فاذا قیل صدری افاد التفسیر والتفصیل اما لو قیل اشرح۔ باکتفی بہ فلا آہ۔

قَالَ قَدْ اُوْتِيْتَ سُؤْلَكَ يٰمُوْسٰى ﴿۳۶﴾ وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلَيْكَ مَرَّةً اُخْرٰى ﴿۳۷﴾ اِذْ اَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اُمِّكَ مَا يُوْحٰٓى ﴿۳۸﴾ اَنِ اقْذِفِيْهِ فِى التَّابُوْتِ فَاقْذِفِيْهِ فِى الْيَمِّ فَلْيُلْقِهِ الْيَمُّ بِالسَّاحِلِ يَاْخُذْهُ عَدُوٌّ لِّىْ وَعَدُوٌّ لَّهٗ ؕ وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّىْ ۬ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِىْ ﴿۳۹﴾ اِذْ تَمْشِىْٓ اُخْتُكَ فَتَقُوْلُ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى مَنْ يَّكْفُلُهٗ ؕ فَرَجَعْنٰكَ اِلٰٓى اُمِّكَ كَىْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ ؕ وَقَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّيْنٰكَ مِنَ الْغَمِّ وَفَتَنّٰكَ فُتُوْنًا ۬ فَلَبِثْتَ سِنِيْنَ فِىْٓ اَهْلِ مَدْيَنَ ۙ ثُمَّ جِئْتَ عَلٰى قَدَرٍ يّٰمُوْسٰى ﴿۴۰﴾ وَاصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِىْ ﴿۴۱﴾ اِذْهَبْ اَنْتَ وَاَخُوْكَ بِاٰيٰتِىْ وَلَا تَنِيَا فِىْ ذِكْرِىْ ﴿۴۲﴾ اِذْهَبَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ﴿۴۳﴾ فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّيِّنًا لَّعَلَّهٗ يَتَذَكَّرُ اَوْ يَخْشٰى ﴿۴۴﴾

ارشاد ہوا کہ تمہاری (ہر) درخواست منظور کی گئی اے موسیٰ اور ہم تو ایک دفعہ اور بھی (اس کے قبل بے درخواست ہی) تم پر احسان کر چکے ہیں جبکہ ہم نے تمہاری ماں کو وہ بات الہام سے بتلائی جو الہام سے بتلانے کی تھی (وہ) یہ کہ موسیٰ علیہ السلام کو (جلادوں کے ہاتھوں سے بچانے کے لئے) ایک صندوق میں رکھو پھر ان کو دریا میں ڈال دو پھر ان کو (مع صندوق کے) دریا کے کنارے تک لے آئے گا کہ (آخرکار) ان کو ایک شخص پکڑ لے گا جو میرا بھی دشمن ہے اور ان کا بھی دشمن ہے اور میں نے تمہارے اوپر اپنی طرف سے ایک اثر محبت ڈال دیا اور تاکہ تم میری نگرانی میں پرورش پاؤ (یہ قصہ اس وقت کا ہے) جبکہ تمہاری بہن چلتی ہوئی آئیں پھر کہنے لگیں کیا تم لوگوں کو ایسے شخص کا پتہ دوں جو اس کو (اچھی طرح) پالے رکھے پھر (اس تدبیر سے) ہم نے تم کو تمہاری ماں کے پاس پھر پہنچا دیا تاکہ ان کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور ان کو غم نہ رہے اور تم نے (غلطی سے) ایک شخص (قبطی) کو جان سے مار ڈالا پھر ہم نے تم کو اس غم سے نجات دی غرض ہم نے تم کو اچھی طرح آزمالیا اور ہم نے تم کو خوب محنتوں میں ڈالا پھر (مدین پہنچے اور) مدین والوں میں کئی سال رہے پھر ایک خاص وقت پر تم (یہاں) آئے اے موسیٰ اور (یہاں آنے پر) میں نے تم کو اپنے لئے منتخب کیا (سو اب) تم اور تمہارے بھائی دونوں میری نشانیاں (یعنی معجزات) لے کر جاؤ اور میری یادگاری میں سستی مت کرنا دونوں فرعون کے پاس جاؤ وہ نکل چلا ہے پھر اس سے نرمی کے ساتھ بات کرنا شاید وہ (بہ رغبت) نصیحت قبول کر لے یا (عذاب الٰہی سے) ڈر جائے۔

تفسیر: قَالَ قَدْ اُوْتِيْتَ سُؤْلَكَ يٰمُوْسٰى (الی قولہ تعالیٰ) لَعَلَّهٗ يَتَذَكَّرُ اَوْ يَخْشٰى ارشاد ہوا کہ تمہاری (ہر) درخواست (جو کہ رَبِّ اشْرَحْ لِىْ الخ میں مذکور ہے) منظور کی گئی اے موسیٰ اور (یہ تو تمہاری خود درخواست کی ہوئی تھی) ہم تو اور دفعہ اور بھی (اس کے قبل بے درخواست ہی) تم پر احسان کر چکے ہیں جب کہ تمہاری ماں کو وہ بات الہام سے بتلائی جو (بوجہ مہتم بالشان ہونے کے) الہام سے بتلانے کے (قابل) تھی (وہ) یہ کہ موسیٰ کو (جلادوں کے ہاتھ سے بچانے کے لئے) ایک صندوق میں رکھو پھر ان کو (مع صندوق کے) دریا میں (جس کی ایک شاخ فرعون کے محل تک بھی گئی تھی ڈال دو پھر دریا ان کو (مع صندوق کے) کنارہ (کے پاس) تک لے آوے گا کہ (آخرکار) ان کو ایک ایسا شخص پکڑ لے گا جو (کافر ہونے کی وجہ سے) میرا بھی دشمن ہے اور ان کا بھی دشمن ہے (خواہ فی الحال بوجہ اس کے کہ سب بچوں کو قتل کرتا تھا خواہ آئندہ ان کا خاص طور پر دشمن ہوگا) اور (جب صندوق پکڑا گیا اور تم اس میں سے نکالے گئے تو) میں نے تمہارے (چہرے کے) اوپر اپنی طرف سے ایک اثر محبت ڈال دیا (تاکہ جو تم کو دیکھے پیار کرے) اور تاکہ تم میری (خاص) نگرانی میں پرورش پاؤ (یہ اس وقت کا قصہ ہے) جب کہ تمہاری بہن (تمہاری تلاش میں فرعون کے گھر) چلتی ہوئی آئیں پھر (تم کو دیکھ کر اجنبی بن کر) کہنے لگیں (جب کہ کسی انا کا دودھ نہ پیتے تھے) کیا تم لوگوں کو ایسے شخص کا پتہ دوں جو اس کو (اچھی طرح) پالے رکھے (چنانچہ ان لوگوں نے چونکہ ان کو تلاش منظور کیا اور تمہاری بہن تمہاری ماں کو بلا کر لائیں) پھر (اس تدبیر سے) ہم نے تم کو تمہاری ماں کے پاس پھر پہنچا دیا تاکہ ان کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور ان کو غم نہ رہے (جیسا تھوڑے عرصہ تک فراق سے مغموم رہیں) اور بڑے ہونے کے بعد ایک اور احسان کیا کہ) تم نے (غلطی سے) ایک شخص (قبطی) کو جان سے مار ڈالا (جس کا قصہ سورۂ قصص میں ہے اور مار کر غم ہوا خوف عقاب سے بھی اور خوف انتقام سے بھی) پھر ہم نے تم کو اس غم سے نجات دی (خوف عقاب سے تو اس طرح کہ استغفار کی توفیق دی اور اس کو قبول کیا اور خوف انتقام سے اس طرح کہ مصر سے مدین پہنچا دیا) اور (مدین پہنچنے تک) ہم نے تم کو خوب خوب محنتوں میں ڈالا (اور پھر ان سے خلاصی دی

www.besturdubooks.net

جن کا ذکر سورۂ قصص میں ہے کہ خلاصی دینا بھی منت ہے اور خود ابتلاء بھی بوجہ اسکے کہ وہ سبب ہے حصول اخلاق حمیدہ و ملکات فاضلہ کا مستقل منت ہے) پھر (مدین پہنچے اور) مدین والوں میں کئی سال رہے پھر ایک خاص وقت پر (جو میرے علم میں تمہاری نبوت و ہم کلامی کے لئے مقدر تھا) تم (یہاں) آئے اے موسیٰ اور (یہاں آنے پر) میں نے تم کو اپنے (نبی بنانے کے) لئے منتخب کیا (سو اب) تم اور تمہارے بھائی دونوں میری نشانیاں (یعنی معجزات کہ اصل دو معجزے ہیں عصا و ید بیضاء اور ہر ایک میں وجوہ اعجاز معتد دہیں) لے کر (جس موقع کے لئے حکم ہوتا ہے) جاؤ اور میری یادگاری میں (خواہ خلوت میں خواہ تبلیغ کے وقت) سستی مت کرنا (اب موقع جانے کا بتلایا جاتا ہے کہ) دونوں فرعون کے پاس جاؤ وہ بہت نکل چلا ہے پھر (اس کے پاس جا کر) اس سے نرمی کے ساتھ بات کرنا شاید وہ (رغبت سے) نصیحت قبول کر لے یا (عذاب الٰہی سے) ڈر جاوے (اور اس سے مان جاوے) ف: وجوہ اعجاز کا تعدد اس طرح ہے کہ عصا کا اژدھا بن جانا ایک۔ پھر عصا بن جانا دوسرا۔ اور ید کا روشن ہونا ایک۔ پھر اصلی رنگ پر آ جانا دوسرا اور لَاتَنِيَا اہتمام کے لئے فرمایا ورنہ انبیاء میں اس کا احتمال نہیں اور شاید کا لفظ باعتبار دوسرے لوگوں کے فرمایا نہ باعتبار علم الٰہی کے اور دونوں کو حکم فرمانے کے لئے ہارون علیہ السلام کا وہاں تشریف رکھنا ضرور نہیں یا تو موسیٰ علیہ السلام کو حکم ہو کہ ان سے کہہ دیں یا ان کو ان کے مقام پر وحی ہوئی ہو یا یہ وحی دونوں کے اجتماع کے وقت ہوئی ہو بعد واپسی طور کے واللہ اعلم اور بار بار یا موسیٰ فرمانا رافت اور تشریف کے لئے ہے اور الہام جو کہ موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کو ہوا تھا اس میں عدد کی تعیین نہیں فرمائی تھی جیسا قصہ سے معلوم ہوتا ہے اور یہ الہام اگر فرشتہ کے ذریعہ سے ہوا ہو تب بھی نبوت لازم نہیں آتی کیونکہ نبوت کے لوازم سے تبلیغ ہے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کو فرعون کے ساتھ جو نرم گفتگو کا حکم ہوا سو اس موقع کے مناسب نرمی ہی تھی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو منافقین کے بارہ میں جو واغلظ علیھم ارشاد فرمایا گیا سو ان کے ساتھ سخت برتاؤ ہی مناسب تھا یہ توجیہ بالکل بے غبار ہے بخلاف اس توجیہ کے جو بعض لوگ اس اختلاف حکم کو حضرت موسیٰ علیہ السلام اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مزاج مبارک پر محمول کرتے ہیں کہ وہ سوءِ ادب سے خالی نہیں واللہ اعلم۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلُ السَّائِلِ: قولہ تعالیٰ: اِذْ اَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اُمِّكَ اس میں غیر انبیاء کے لئے الہام کا اثبات ہے قول مشہور پر ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: وَقَتَلْتَ نَفْسًا اس میں دلالت ہے اس پر کہ اکابر کی لغزش چونکہ نفس سے نہیں ہوتی لہٰذا موجب مراد نہیں مگر باوجود اس کے ان پر ندامت غالب ہوتی ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ الخ اس میں مسئلہ ہے مظہریت صفات حق کا ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: وَقَتَلْتَ نَفْسًا اس میں دلالت ہے کاملین سے لغزش صادر ہونے پر اور اس پر بھی کہ اس کی ایک نئی شان ہوتی ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ اِذْهَبْ اَنْتَ وَاَخُوْكَ الخ اس میں اصل اس قول کی کہ برکت فی التعلیم کے شرائط میں سے یہ ہے کہ معلم خود بھی ذکر میں مشغول ہو ۱۲۔ قولہ تعالیٰ فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّيِّنًا اس میں اصل ہے ارشاد میں نرمی کرنے کی اور اس میں دلالت ہے اس پر کہ ہر شخص سے اس کے رتبہ کے موافق پیش آوے اور یہ سب اہل طریق کے اخلاق میں سے ہے۔

اَللُّغَاتُ: السؤل المسئول فالفعل بمعنى المفعول ۱۲ قوله اخرٰى اى مغايرة لا مقابلا للاولٰى قوله فاقذ فيه القذف بمعنى الوضع وعليه يحمل قوله تعالٰى والقى الالواح اى وضعها قوله بالساحل يراد به ما يقرب من الساحل ۱۲۔

اَلنَّحْوُ: قوله ولتصنع عطف على مقدر اى ليعطف عليك ولتصنع ۱۲۔

اَلْبَلَاغَةُ: قوله اوتيت عبر بالماضى مع كون بعض المسئول مستقبلا للاهتمام وتيقن الوقوع قوله فليلقه عبر بالامر عن الخبر للدلالة على مطلوبية قوله على عينى التخصيص للتشريف لان كل شئ بعينه تعالٰى۔

قَالَا رَبَّنَآ اِنَّنَا نَخَافُ اَنْ يَّفْرُطَ عَلَيْنَآ اَوْ اَنْ يَّطْغٰى ﴿۴۵﴾ قَالَ لَا تَخَافَآ اِنَّنِيْ مَعَكُمَآ اَسْمَعُ وَاَرٰى ﴿۴۶﴾ فَاْتِيٰهُ فَقُوْلَآ
اِنَّا رَسُوْلَا رَبِّكَ فَاَرْسِلْ مَعَنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۙ وَلَا تُعَذِّبْهُمْ ۭ قَدْ جِئْنٰكَ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ ۭ وَالسَّلٰمُ عَلٰي مَنِ
اتَّبَعَ الْهُدٰى ﴿۴۷﴾ اِنَّا قَدْ اُوْحِيَ اِلَيْنَآ اَنَّ الْعَذَابَ عَلٰي مَنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ﴿۴۸﴾ قَالَ فَمَنْ رَّبُّكُمَا يٰمُوْسٰى ﴿۴۹﴾ قَالَ رَبُّنَا الَّذِيْٓ
اَعْطٰى كُلَّ شَيْءٍ خَلْقَهٗ ثُمَّ هَدٰى ﴿۵۰﴾

دونوں نے عرض کیا کہ اے ہمارے پروردگار ہم کو اندیشہ ہے کہ (کہیں) وہ ہم پر زیادتی نہ کر بیٹھے یا یہ کہ زیادہ شرارت نہ کرنے لگے ارشاد ہوا کہ تم اندیشہ نہ کرو (کیونکہ) میں تم دونوں کے ساتھ ہوں سب سنتا دیکھتا ہوں سو تم اس کے پاس جاؤ اور (اس سے) کہو کہ ہم دونوں تیرے پروردگار کے فرستادہ ہیں (کہ ہم کو نبی بنا کر بھیجا ہے) سو بنی اسرائیل کو ہمارے ساتھ جانے دے اور ان کی تکلیفیں مت پہنچا تیرے پاس تیرے رب کی طرف سے (اپنی نبوت کا) نشان (یعنی معجزہ بھی) لائے ہیں اور ایسے شخص کے

www.besturdubooks.net

لئے سلامتی ہے جو (سیدھی) راہ پر چلے ہمارے پاس یہ حکم پہنچا ہے کہ (اللہ کا) عذاب اس شخص پر ہوگا (جو حق کو) جھٹلا دے اور (اس سے) روگردانی کرے۔ وہ کہنے لگا پھر (یہ بتلاؤ کہ) تم دونوں کا رب کون ہے اے موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا کہ (ہمارا سب کا) رب وہ ہے جس نے ہر چیز کو اس کے مناسب بناوٹ عطا فرمائی پھر رہنمائی فرمائی۔ ۞

تفسیر: قَالَا رَبَّنَآ اِنَّنَا نَخَافُ (الی قولہ تعالیٰ) قَالَ رَبُّنَا الَّذِیْٓ اَعْطٰی کُلَّ شَیْءٍ خَلْقَهٗ ثُمَّ هَدٰی ۞ (جب یہ حکم دونوں صاحبوں کو پہنچ چکا تو) دونوں نے عرض کیا کہ اے ہمارے پروردگار (ہم تبلیغ کے لئے حاضر ہیں لیکن) ہم کو یہ اندیشہ ہے کہ (کہیں) وہ ہم پر (تبلیغ سے پہلے ہی) زیادتی نہ کر بیٹھے (کہ تبلیغ ہی رہ جاوے) یا یہ کہ (عین تبلیغ کے وقت اپنے کفر میں زیادہ شرارت نہ کرنے لگے (کہ اپنی بک بک میں تبلیغ نہ سنے نہ سننے دے جس سے وہ عدم تبلیغ کے برابر ہو جاوے) ارشاد ہوا کہ (اس امر سے مطلق) اندیشہ نہ کرو (کیونکہ میں تم دونوں کے ساتھ ہوں سب سنتا دیکھتا ہوں (میں تمہاری حفاظت کروں گا اور اس کو مرعوب کر دوں گا جس سے پوری تبلیغ کر سکو گے جیسا دوسری آیت میں ہے: وَنَجْعَلُ لَكُمَا سُلْطٰنًا (القصص: ۳۵) سو تم (بے خوف وخطر) اس کے پاس جاؤ اور (اس سے) کہو کہ ہم دونوں تیرے پروردگار کے فرستادے ہیں (کہ ہم کو نبی بنا کر بھیجا ہے) سو (تو ہماری اطاعت کر اصلاح عقیدہ میں بھی کہ توحید کی تصدیق کر اور اصلاح اخلاق میں بھی کہ ظلم وغیرہ سے باز آؤ اور) بنی اسرائیل کو (جن پر تو ناحق ظلم کرتا ہے اپنے پنجۂ ظلم سے رہا کر کے) ہمارے ساتھ جانے دے (جہاں چاہیں اور جس طرح چاہیں رہیں) اور ان کو تکلیفیں مت پہنچا (اور) ہم (جو دعویٰ نبوت کا کرتے ہیں تو خالی خولی نہیں بلکہ ہم) تیرے پاس تیرے رب کی طرف سے (اپنی نبوت کا) نشان (یعنی معجزہ بھی) لائے ہیں اور (تصدیق اور قبول حق کا ثمرہ اس قاعدہ کلیہ سے معلوم ہوگا) ایسے شخص کے لئے (عذاب الٰہی سے) سلامتی ہے جو (سیدھی) راہ پر چلے (اور تکذیب ورد حق کے باب میں) ہمارے پاس یہ حکم پہنچا ہے کہ (اللہ کا) عذاب (قہر کا) اس شخص پر ہوگا جو (حق کو) جھٹلاوے اور (اس سے) روگردانی کرے (غرض یہ سارا مضمون جا کر اس سے کہو چنانچہ دونوں حضرات تشریف[۲] لے گئے اور جا کر اس سے سب کہہ دیا) وہ کہنے لگا کہ پھر (یہ بتلاؤ کہ) تم دونوں کا رب کون ہے (جس کو تم اپنا فرستادہ بتلاتے ہو) اے موسیٰ (جواب میں) موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا کہ ہمارا (دونوں کا بلکہ سب کا) رب وہ ہے جس نے ہر چیز کو اس کے مناسب بناوٹ عطا فرمائی پھر (ان میں جو جاندار[۳] چیزیں تھیں ان کو ان کے منافع ومصالح کی طرف) رہنمائی فرمائی (چنانچہ ہر جانور اپنی مناسب غذا اور جوڑا اور مسکن وغیرہ ڈھونڈ لیتا ہے پس وہی ہمارا بھی رب ہے) ف: ایک آیت میں جو سَنَشُدُّ عَضُدَكَ بِاَخِیْكَ کے ساتھ وَنَجْعَلُ لَكُمَا سُلْطٰنًا (القصص: ۳۵) آیا ہے سو اقتران فی الذکر سے اقتران فی القول لازم نہیں آتا اب یہ اشکال نہ رہا کہ بعد وعدہ جعل سلطان کے پھر خوف کیوں ہوا اور اگر یسر لی امری کے ساتھ اوتیت سولك کے انضمام سے شبہ ہو کہ تیسیر امر تبلیغ کے وعدہ کے بعد یہ خوف کیوں ہوا سو جواب یہ ہے کہ تیسیر تبلیغ بمعنی ارتفاع الموانع فی المتکلم مستلزم نہیں ارفاع الموانع فی المخاطب کو اور فرعون اگر وجود صانع کا قائل تھا تب تو اعطی الخ کو صلہ میں لانا بوجہ اس کے معلوم ہونے کے ہے اور اگر دہری تھا تو اس کو صلہ میں لانا بوجہ کالمعلوم ہونے کے ہے اور فرعون کا صرف موسیٰ علیہ السلام کو مخاطب بنانا تو اس لئے ہو کہ قرائن سے ان کا اصل ہونا معلوم ہو گیا ہو یا قدیم تعلق کی وجہ سے ہو یا اس لئے ہو کہ کلام بھی موسیٰ علیہ السلام نے کہا تھا ہارون علیہ السلام صرف مؤید تھے۔ واللہ اعلم

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: قَالَا رَبَّنَآ اِنَّنَا نَخَافُ اس میں وہی مسئلہ ہے جو قولہ تعالیٰ: قَالَ خُذْهَا وَلَا تَخَفْ {طٰہٰ: ۲۱} میں گزر چکا ہے قولہ تعالیٰ: قَالَ لَا تَخَافَآ الخ اگر جملہ اسمع و اری انني معکما کی تفسیر ہو تو دلیل ہے قرب صفاتی پر اور اگر مستقل ہو تو انني معکما دلیل ہے قرب ذاتی پر۔ قولہ تعالیٰ: اَنَّ الْعَذَابَ عَلٰی مَنْ كَذَّبَ الخ اس میں وہی مسئلہ ہے جو قولا له قولا لینا میں ہے۔ چنانچہ ان العذاب علیك نہیں فرمایا گیا۔ قولہ تعالیٰ قال: فَمَنْ رَّبُّكُمَا یٰمُوْسٰی اس جواب میں ارشاد ہے کہ معرفت بالکنہ ممتنع ہے اور بالصفات والافعال جائز ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: [۱] قوله فارسل جانے دے اشارة الی ان المراد بالارسال الاستر سال لا البعث الی الشام ۱۲۔ [۲] قوله قبل قال فمن ربکما تشریف لے گئے اشارة الی ان فیه ایجازا اعتمادًا علی القرینة ۱۲۔ [۳] قوله فی هدی جوجاندار لان الهدایة قرینة علیه ۱۲۔

اللغات: قوله یفرط فی القاموس فرط سبق وعلیه فی القول السرف وفی الروح ای یعجل علینا بالعقوبة ولا یصبر الی اتمام الدعوة ۱۲۔

النحو: فاتیاه عطف لا تخافا قوله اسمع واری تاکید لقوله انني معکما ۱۲۔

البلاغة: قوله بایة افردها لان المقصود المجئ بمطلق الآیة لا ذکر تعددها قوله فمن ربکما الفاء لترتیب السوال علی ما سبق من کونهما رسولی ربهما ای اذا کنتما رسولی ربکما الذی ارسلکما فاخبرا من ربکما الذی ارسلکما ۱۲۔

قَالَ فَمَا بَالُ الْقُرُوْنِ الْاُوْلٰی ۞ قَالَ عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّیْ فِیْ كِتٰبٍ ۚ لَا یَضِلُّ رَبِّیْ وَلَا یَنْسَی ۞ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ

www.besturdubooks.net

مَهْدًا وَّسَلَكَ لَكُمْ فِيْهَا سُبُلًا وَّاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجْنَا بِهٖۤ اَزْوَاجًا مِّنْ نَّبَاتٍ شَتّٰى ﴿۵۳﴾ كُلُوْا وَارْعَوْا
اَنْعَامَكُمْ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي النُّهٰى ﴿۵۴﴾ مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى ﴿۵۵﴾ وَلَقَدْ ع ۱۱
اَرَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا كُلَّهَا فَكَذَّبَ وَاَبٰى ﴿۵۶﴾ قَالَ اَجِئْتَنَا لِتُخْرِجَنَا مِنْ اَرْضِنَا بِسِحْرِكَ يٰمُوْسٰى ﴿۵۷﴾ فَلَنَاْتِيَنَّكَ بِسِحْرٍ مِّثْلِهٖ فَاجْعَلْ
بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ مَوْعِدًا لَّا نُخْلِفُهٗ نَحْنُ وَلَاۤ اَنْتَ مَكَانًا سُوًى ﴿۵۸﴾ قَالَ مَوْعِدُكُمْ يَوْمُ الزِّيْنَةِ وَاَنْ يُّحْشَرَ النَّاسُ ضُحًى ﴿۵۹﴾

فرعون نے کہا کہ اچھا تو پہلے لوگوں کا کیا حال ہوا موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ ان لوگوں کا علم میرے پروردگار کے پاس دفتر (اعمال) میں (محفوظ) ہے میرا رب نہ غلطی کرتا ہے اور نہ بھولتا ہے۔ وہ (رب) ایسا ہے جس نے تم لوگوں کے لئے زمین کو (مثل) فرش (کے) بنایا اور اس (زمین) میں تمہارے (چلنے کے) واسطے راستے بنائے اور آسمان سے پانی برسایا پھر ہم نے اس (پانی) کے ذریعے سے اقسام مختلفہ کے نباتات پیدا کئے (اور تم کو اجازت دی کہ) خود (بھی) کھاؤ اور اپنے مواشی (بھی) چراؤ ان سب چیزوں میں اہل عقل کے واسطے (قدرت الٰہیہ کی) نشانیاں ہیں ہم نے تم کو اسی زمین سے پیدا کیا اور اسی میں ہم تم کو (بعد موت) لے جاویں گے اور (قیامت کے روز) پھر دوبارہ اسی سے ہم تم کو نکالیں گے اور ہم نے اس کو اپنی وہ سب ہی نشانیاں دکھلائیں سو وہ جھٹلایا ہی کیا اور انکار کرتا رہا اور کہنے لگا کہ اے موسیٰ تم ہمارے پاس اس واسطے آئے ہو (کہ) ہم کو ہمارے ملک سے اپنے جادو (کے زور) سے نکال باہر کرو سو اب ہم بھی تمہارے مقابلہ میں ایسا ہی جادو لاتے ہیں تو ہمارے اور اپنے درمیان میں ایک وعدہ مقرر کرلو جس کا نہ ہم خلاف کریں گے اور نہ تم خلاف کرو کسی ہموار میدان میں (تاکہ سب دیکھ لیں موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا تمہارے (مقابلہ) کے وعدے کا وہ وقت وہ دن ہے جس میں (تمہارا) میلہ ہوتا ہے اور جس میں دن چڑھے لوگ جمع ہو جاتے ہیں۔ ۞

تفسیر: اور اَعْطٰى كُلَّ شَيْءٍ خَلْقَهٗ میں کسی شئے کے بعض الخلقت ہونے سے شبہ نہ کیا جاوے کیونکہ وہاں بھی مناسب ہے گو مصالح اس کے خفی ہوں اور ان العذاب کے ترجمہ میں قہر کی قید سے یہ شبہ جاتا رہا کہ عذاب تو عصاۃ کو بھی ہوگا سو وہ عذاب تطہیر کے لئے ہے نہ کہ قہر سے قَالَ فَمَا بَالُ الْقُرُوْنِ الْاُوْلٰى ﴿۵۱﴾ (الی قولہ تعالیٰ) وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى ﴿۵۵﴾ فرعون نے اس پر شبہ کیا: اَنَّ الْعَذَابَ عَلٰى مَنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى [طٰہٰ: ۴۸] اور) کہا کہ اچھا تو پہلے لوگوں کا کیا ہوا (جو انبیاء کی تکذیب کرتے تھے اور ان پر کون سا عذاب نازل ہوا موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ (میں نے یہ دعویٰ نہیں کیا کہ وہ عذاب موعود دنیا ہی میں آنا ضرور ہے بلکہ کبھی دنیا میں بھی آجاتا ہے اور آخرت میں ضرور ہی ہوگا چنانچہ) ان لوگوں (کی بداعمالیوں) کا علم میرے پروردگار کے پاس دفتر (اعمال) میں (محفوظ) ہے (گو ان کو دفتر کی حاجت نہیں مگر بعض حکمتوں سے ایسا ہی کیا گیا ہے غرض یہ کہ اللہ تعالیٰ کو ان کے اعمال معلوم ہیں اور) میرا رب (ایسا جاننے والا ہے کہ) نہ غلطی کرتا ہے اور نہ بھولتا ہے (پس ان کے اعمال کا صحیح صحیح علم اس کو حاصل ہے مگر عذاب کیلئے وقت مقرر کر رکھا ہے جب وہ وقت آوے گا وہ عذاب ان پر جاری کر دیا جاوے گا پس دنیا میں عذاب نہ ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ کفر و تکذیب علت عذاب کی نہ ہو یہاں تک موسیٰ علیہ السلام کی تقریر ہو چکی آگے اللہ تعالیٰ اپنی شان ربوبیت کی کچھ تفصیل بیان فرماتے ہیں جس کا ذکر اجمالاً موسیٰ علیہ السلام کے اس کلام میں تھا: رَبُّنَا الَّذِيْۤ اَعْطٰى الخ عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّيْ الخ لَا يَضِلُّ رَبِّيْ الخ چنانچہ ارشاد ہے کہ وہ (رب) ایسا ہے جس نے تم لوگوں کے لئے زمین کو (مثل) فرش (کے) بنایا (کہ اس پر آرام کرتے ہو) اور اس (زمین میں تمہارے (چلنے کے) واسطے رستے بنائے اور آسمان سے پانی برسایا پھر ہم نے اس (پانی) کے ذریعہ سے اقسام مختلفہ کے نباتات پیدا کئے (اور تم کو اجازت دی کہ) خود (بھی) کھاؤ اور اپنے مواشی کو (بھی) چراؤ ان سب (مذکورہ) چیزوں میں اہل عقل کے (استدلال کے) واسطے (قدرت الٰہیہ کی) نشانیاں ہیں (جس طرح نباتات کو زمین سے نکالتے ہیں اسی طرح) ہم نے تم کو اسی زمین سے (ابتدا میں) پیدا کیا (چنانچہ آدم علیہ السلام مٹی سے بنائے گئے سو ان کے واسطے سے سب کا مادہ بعید خاک ہوئی) اور اسی میں ہم تم کو (بعد موت) لے جاویں گے (چنانچہ کوئی مردہ کسی حالت میں ہو لیکن آخر کو گو مدتوں کے بعد سہی مگر مٹی میں ضرور ملے گا) اور (قیامت کے روز) پھر دوبارہ اسی سے ہم تم کو نکال لیں گے (جیسا پہلی بار اس سے پیدا کر چکے ہیں) ف: شاید اللہ تعالیٰ نے یہ جملہ اس لئے بڑھا دیا ہو کہ سورت مکیہ ہے کفار مکہ توحید و بعث کے منکر تھے اور اس جملہ میں دونوں پر دلالت ہے واللہ اعلم۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَاَخْرَجْنَا بِهٖۤ اس میں اثبات ہے اسباب کا چنانچہ یہ کہا گیا اور اثبات ہے اس کا کہ مؤثر حقیقی حق تعالیٰ ہے چنانچہ فَاَخْرَجْنَا کہا گیا ۱۲۔

الحواشی: (۱) اگرچہ جواب کا ایک طریق یہ بھی تھا کہ امم سابقہ کے عذاب کو اور ان کے واقعات کو ذکر فرما دیتے لیکن اس طریق کو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اس لئے اختیار نہیں فرمایا کہ اس میں احتمال تھا کہ فرعون ان واقعات کو اتفاق پر محمول کر کے ان کے بطور عذاب ہونے کا انکار کر دیتا اور اپنی غباوت سے قہر الٰہی اور اتفاق میں

www.besturdubooks.net

فرق نہ سمجھ سکتا ۱۲ تبیان۔

ملحقات الترجمۃ : ۱ قولہ فی کلوا اجازت دی اشارۃ الی کون الامر معمولا للمقدر حالا ای قائلین و آذنین لکم الخ ۱۲۔۲ قولہ فی تارۃ اخری جیسا پہلی بار اشارۃ الی ان الاخراج والخلق لما کانا متقاربین صح الحکم علی الاخراج بکونہ تارۃ اخری ۱۲۔

اللغات: الرعی لازم ومتعد المھد مصدر ثم جعل اسم جنس لما یمھد للصبی وسلك کما فی القاموس ادخل ای حصل لکم طرقا ووسطھا بین الجبال والاودیۃ کذا فی الروح النھی جمع نھیۃ العقل لنھیہ عن اتباع الباطل وارتکاب القبح ۱۲۔موعد او قولہ موعدکم مصدر فی الاول بقرینۃ عود ضمیر نخلفہ الیہ لانہ لا معنی لا خلاف وقت الوعد وظرف فی الثانی لیصح الاخبار عنہ بقولہ یوم الزینۃ بلا تکلف قولہ سوی ای مکانا مستویا من الارض لا وعرفیہ ولا جبل ولا اکمۃ ولا مطمئن بحیث یستر الحاضرین فیہ بعضھم عن بعض اخرجہ ابن ابی حاتم عن ابن زید کذا فی الروح ۱۲ قولہ السحت والاسحات الاستیصال ۱۲۔

النحو : قولہ شتی صفۃ لازواجا ویمکن ان یجعل صفۃ لنبات لما انہ فی الاصل مصدر یستوی فیہ الواحد والجمع ۱۲ قال اجتثتنا استیناف قولہ وان یحشر الناس عطف علی الزینۃ ای یوم الزینۃ ویوم الحشر قولہ مکانا سوی انتصابہ علی انہ مفعول بہ لفعل مقدر یدل علیہ موعد ای عد مکانا۔

البلاغۃ : قولہ فیھا نعیدکم لم یقل الیھا للدلالۃ علی الاستقرار المدید فیھا ۱۲۔

فَتَوَلّٰى فِرْعَوْنُ فَجَمَعَ كَيْدَهٗ ثُمَّ اَتٰى ﴿۶۰﴾ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰى وَيْلَكُمْ لَا تَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا فَيُسْحِتَكُمْ بِعَذَابٍ ۚ وَقَدْ خَابَ مَنِ
افْتَرٰى ﴿۶۱﴾ فَتَنَازَعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ وَاَسَرُّوا النَّجْوٰى ﴿۶۲﴾ قَالُوْٓا اِنْ هٰذٰنِ لَسٰحِرٰنِ يُرِيْدٰنِ اَنْ يُّخْرِجٰكُمْ مِّنْ
اَرْضِكُمْ بِسِحْرِهِمَا وَيَذْهَبَا بِطَرِيْقَتِكُمُ الْمُثْلٰى ﴿۶۳﴾ فَاَجْمِعُوْا كَيْدَكُمْ ثُمَّ ائْتُوْا صَفًّا ۚ وَقَدْ اَفْلَحَ الْيَوْمَ مَنِ اسْتَعْلٰى ﴿۶۴﴾ قَالُوْا
يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ تُلْقِيَ وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ اَوَّلَ مَنْ اَلْقٰى ﴿۶۵﴾ قَالَ بَلْ اَلْقُوْا ۚ فَاِذَا حِبَالُهُمْ وَعِصِيُّهُمْ يُخَيَّلُ اِلَيْهِ مِنْ
سِحْرِهِمْ اَنَّهَا تَسْعٰى ﴿۶۶﴾ فَاَوْجَسَ فِيْ نَفْسِهٖ خِيْفَةً مُّوْسٰى ﴿۶۷﴾ قُلْنَا لَا تَخَفْ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰى ﴿۶۸﴾ وَاَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا
صَنَعُوْا ۭ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ۭ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى ﴿۶۹﴾ فَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ هٰرُوْنَ وَمُوْسٰى ﴿۷۰﴾ قَالَ
اٰمَنْتُمْ لَهٗ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۭ اِنَّهٗ لَكَبِيْرُكُمُ الَّذِيْ عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ ۚ فَلَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ
وَّلَاُوصَلِّبَنَّكُمْ فِيْ جُذُوْعِ النَّخْلِ ۡ وَلَتَعْلَمُنَّ اَيُّنَآ اَشَدُّ عَذَابًا وَّاَبْقٰى ﴿۷۱﴾ قَالُوْا لَنْ نُّؤْثِرَكَ عَلٰي مَا جَاۗءَنَا مِنَ
الْبَيِّنٰتِ وَالَّذِيْ فَطَرَنَا فَاقْضِ مَآ اَنْتَ قَاضٍ ۭ اِنَّمَا تَقْضِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿۷۲﴾ اِنَّآ اٰمَنَّا بِرَبِّنَا لِيَغْفِرَ لَنَا
خَطٰيٰنَا وَمَآ اَكْرَهْتَنَا عَلَيْهِ مِنَ السِّحْرِ ۭ وَاللّٰهُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ﴿۷۳﴾ اِنَّهٗ مَنْ يَّاْتِ رَبَّهٗ مُجْرِمًا فَاِنَّ لَهٗ جَهَنَّمَ ۭ
لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ﴿۷۴﴾ وَمَنْ يَّاْتِهٖ مُؤْمِنًا قَدْ عَمِلَ الصّٰلِحٰتِ فَاُولٰۗىِٕكَ لَهُمُ الدَّرَجٰتُ الْعُلٰى ﴿۷۵﴾
جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَذٰلِكَ جَزٰۗؤُا مَنْ تَزَكّٰى ﴿۷۶﴾

غرض (یہ سن کر) فرعون (دربار سے) لوٹ گیا پھر اپنا مکر کا (یعنی جادو کا) سامان جمع کرنا شروع کر دیا پھر آیا (اس وقت) موسیٰ علیہ السلام نے ان (جادوگر) لوگوں سے فرمایا ارے کم بختی مارو اللہ تعالیٰ پر جھوٹ افترا مت کرو کبھی خدا تعالیٰ تم کو کسی قسم کی سزا سے بالکل نیست و نابود ہی کر دے گا اور جو جھوٹ باندھتا ہے وہ (آخر کو) ناکام رہتا ہے پس جادوگر (یہ بات سن کر) باہم اپنی رائے میں اختلاف کرنے لگے اور خفیہ گفتگو کرتے رہے (آخر کار سب متفق ہو کر) کہنے لگے کہ بے شک یہ دونوں جادوگر ہیں ان

www.besturdubooks.net

کا مطلب یہ ہے کہ اپنے جادو (کے زور) سے تم کو تمہاری سرزمین سے نکال باہر کریں اور تمہارے عمدہ (مذہبی) طریقہ کا دفتر ہی اٹھا دیں سو اب تم مل کر اپنی تدبیری انتظام کرو اور صفیں آراستہ کر کے (مقابلہ میں) آؤ اور آج وہی کامیاب ہے جو غالب ہوا۔ پھر انہوں نے کہا اے موسیٰ علیہ السلام آپ (اپنا عصا) پہلے ڈالیں گے یا ہم پہلے ڈالنے والے بنیں آپ نے فرمایا نہیں تم ہی پہلے ڈالو پس یکا یک ان کی رسیاں اور لاٹھیاں ان کی نظر بندی سے موسیٰ علیہ السلام کے خیال میں ایسی معلوم ہونے لگیں جیسے (سانپ کی طرح) چلتی دوڑتی ہوں سو موسیٰ علیہ السلام کے دل میں تھوڑا سا خوف ہوا ہم نے کہا کہ تم ڈرو نہیں تم ہی غالب رہو گے اور (اس کی صورت یہ ہے کہ تمہارے داہنے ہاتھ میں جو (عصا) ہے اس کو ڈال دو ان لوگوں نے جو کچھ (سانگ) بنایا ہے یہ (عصا) سب کو نگل جائے گا یہ جو کچھ بنایا ہے جادوگروں کا سانگ ہے اور جادوگر کہیں جاوے کامیاب نہیں ہوتا سو جادوگر سجدے میں گر گئے ہم تو ایمان لے آئے ہارون اور موسیٰ علیہ السلام کے پروردگار پر۔ فرعون نے کہا کہ بدوں اس کے کہ میں تم کو اجازت دوں تم موسیٰ علیہ السلام پر ایمان لے آئے واقعی (وہ سحر میں) تمہارے بھی بڑے ہیں کہ انہوں نے تم کو سحر سکھلایا ہے سو میں تم سب کے ہاتھ پاؤں کٹواتا ہوں ایک طرف کا ہاتھ اور ایک طرف کا پاؤں اور تم سب کو کھجوروں کے درختوں پر ٹنگواتا ہوں اور یہ بھی تم کو معلوم ہوا جاتا ہے کہ ہم دونوں میں (یعنی مجھ میں اور رب موسیٰ علیہ السلام میں) کس کا عذاب زیادہ سخت اور دیرپا ہے ان لوگوں نے صاف جواب دے دیا کہ ہم تجھ کو کبھی ترجیح نہ دیں گے بمقابلہ ان دلائل کے جو ہم کو ملے ہیں اور بمقابلہ اس ذات کے جس نے ہم کو پیدا کیا ہے تجھ کو جو کچھ کرنا (دل کھول کر) کر ڈال تو بجز اس کے کہ اس دنیاوی زندگی میں کچھ کر لے اور کر ہی کیا سکتا ہے پس اب تو ہم اپنے پروردگار پر ایمان لا چکے ہیں تا کہ ہمارے پچھلے گناہ (کفر وغیرہ) معاف کر دیں اور تو نے جو جادو (کے مقدمہ) میں ہم پر زور ڈلا اس کو بھی معاف کر دیں اور اللہ تعالیٰ (تجھ سے) بدرجہا اچھے ہیں اور زیادہ بقا والے ہیں۔ جو شخص (بغاوت کا) مجرم ہو کر اپنے رب کے پاس حاضر ہوگا سو اس کے لئے دوزخ (مقرر) ہے اس میں نہ مرے گا نہ جئے گا اور جو شخص رب کے پاس مؤمن ہو کر حاضر ہوگا جس نے نیک کام بھی کئے ہوں سو ایسوں کے لئے بڑے اونچے درجے ہیں یعنی ہمیشہ رہنے کے باغات جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی وہ ان میں ہمیشہ ہمیشہ کو رہیں گے اور جو شخص (کفر و معصیت سے) پاک ہوا اس کا یہی انعام ہے۔ ۞

تفسیر: وَلَقَدْ اَرَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا (الی قولہ تعالیٰ) وَّاَنْ يُّحْشَرَ النَّاسُ ضُحًى ۞ اور ہم نے اس (فرعون) کو اپنی (وہ) سب ہی نشانیاں دکھلائیں (جو کہ موسیٰ علیہ السلام کو عطا ہوئی تھیں) سو وہ (جب بھی) جھٹلایا ہی کیا اور انکار ہی کرتا رہا (اور) کہنے لگا کہ اے موسیٰ تم ہمارے پاس (یہ دعویٰ لے کر) اس واسطے آئے ہو (گے) کہ ہم کو ہمارے ملک سے اپنے جادو (کے زور) سے نکال باہر کرو (اور خود عوام کو فریفتہ اور تابع بنا کر رئیس بن جاؤ) سو اب ہم بھی تمہارے مقابلہ میں ایسا ہی جادو لاتے ہیں تو ہمارے اور اپنے درمیان ایک وعدہ مقرر کر لو جس کو نہ ہم خلاف کریں اور نہ تم خلاف کرو کسی ہموار میدان میں (تا کہ سب دیکھ لیں) موسیٰ (علیہ السلام) نے فرمایا تمہارے (مقابلہ کے) وعدہ کا وقت وہ دن ہے جس میں (تمہارا) میلہ ہوتا ہے اور (جس میں) دن چڑھے لوگ جمع ہو جاتے ہیں (اور ظاہر ہے کہ میلے کا موقع اکثر ہموار ہی زمین میں ہوتا ہے اس سے مکان سوی کی شرط بھی پوری ہو جاوے گی)۔ ف: یہ جو فرعون نے کہا: اَجِئْتَنَا لِتُخْرِجَنَا اگر دل میں غرض سمجھتا ہو جیسا کہ ظاہر یہی ہے تو یہ کہنا اس لئے ہوگا کہ اور سننے والوں کو موسیٰ علیہ السلام پر غیظ پیدا ہو جاوے کیونکہ ترک وطن طبائع پر شاق ہوتا ہے اور اس غیظ کی وجہ سے ان کی طرف میلان نہ ہونے پاوے کہ آیات میں تدبر کر سکیں: فَتَوَلّٰى فِرْعَوْنُ فَجَمَعَ كَيْدَهٗ ثُمَّ اَتٰى ۞ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰى وَيْلَكُمْ لَا تَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ (الی قولہ تعالیٰ) وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا مَنْ تَزَكّٰى ۞ غرض (یہ سن کر) فرعون (دربار سے اپنی جگہ) لوٹ گیا پھر اپنا مکر کا (یعنی جادو کا) سامان جمع کرنا شروع کیا پھر (سب کو لے کر اس میدان میں جہاں وعدہ ٹھہرا تھا) آیا (اس وقت) موسیٰ (علیہ السلام) نے ان (جادوگر) لوگوں سے فرمایا کہ ارے کمبختی مارو اللہ تعالیٰ پر جھوٹ افترا مت کرو (کہ اس کے وجود یا توحید کا انکار کرنے لگو یا اس کے ظاہر کئے ہوئے معجزات کو سحر بتلانے لگو) کبھی خدا تعالیٰ تم کو کسی قسم کی سزا سے بالکل نیست و نابود ہی کر دے اور جو جھوٹ باندھتا ہے وہ (آخر کو) ناکام رہتا ہے پس جادوگر (یہ بات سن کر ان دونوں حضرات کے بارہ میں) باہم اپنی رائے میں اختلاف کرنے لگے اور خفیہ گفتگو کرتے رہے (آخری نتیجہ سب متفق ہو کر) کہنے لگے کہ بیشک یہ دونوں جادوگر ہیں ان کا مطلب یہ ہے کہ اپنے جادو (کے زور) سے تم کو تمہاری سرزمین سے نکال باہر کریں اور تمہارے عمدہ (مذہبی) طریقہ کا دفتر ہی اُٹھا دیں تو اب تم مل کر اپنی تدبیر کا انتظام کرو اور صفیں آراستہ کر کے (مقابلہ میں) آؤ اور آج وہی کامیاب ہے جو غالب ہو (پھر انہوں نے موسیٰ علیہ السلام) سے کہا اے موسیٰ (کہئے) آپ (اپنا عصا) پہلے ڈالیں گے یا ہم پہلے ڈالنے والے بنیں آپ نے (نہایت بے پروائی سے) فرمایا نہیں تم ہی پہلے ڈالو (چنانچہ انہوں نے اپنی رسیاں اور لاٹھیاں ڈالیں اور نظر بندی کر دی) پس یکا یک ان کی رسیاں اور لاٹھیاں ان کی نظر بندی سے موسیٰ علیہ السلام کے خیال میں ایسی معلوم ہونے لگیں جیسے (سانپ کی طرح) چلتی دوڑتی ہوں۔ سو موسیٰ (علیہ السلام) کے دل میں تھوڑا سا خوف ہوا (جب دیکھنے میں یہ رسیاں اور لاٹھیاں بھی سانپ معلوم ہوتی ہیں اور میرا عصا بھی بہت سے بہت سانپ بن جاوے گا تو دیکھنے والے تو دونوں چیزوں کو ایک ہی سا سمجھیں گے تو حق و باطل میں امتیاز نہ کریں گے اور یہ خوف باقتضائے طبع تھا ورنہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو یقین تھا کہ جب اللہ تعالیٰ نے یہ حکم دیا ہے تو اس کے تمام نشیب و فراز کا بھی انتظام کر دے گا اور اپنے مرسل کی کافی مدد کرے گا اور ایسا

www.besturdubooks.net

خوف طبعی جو درجہ وسوسہ میں تھا شان کمال کے منافی نہیں الغرض جب یہ خوف ہوا اس وقت) ہم نے کہا کہ تم ڈرو نہیں تم ہی غالب رہو گے اور (اس کی صورت یہ ہے کہ) یہ تمہارے داہنے ہاتھ میں جو (عصا) ہے اس کو ڈال دو۔ ان لوگوں نے جو کچھ (سانگ) بنایا ہے یہ (عصا) سب کو نگل جاوے گا یہ جو کچھ بنایا ہے جادوگروں کا سانگ ہے اور جادوگر کہیں جاوے (معجزہ کے مقابلہ میں کبھی) کامیاب نہیں ہوتا (موسیٰ علیہ السلام کو تسلی ہوگئی کہ اب امتیاز خوب ہو سکتا ہے چنانچہ انہوں نے عصا ڈالا اور واقعی وہ سب کو نگل گیا) سو جادوگر (وں نے جو یہ فعل فوق السحر دیکھا سمجھ گئے کہ یہ بیشک معجزہ ہے اور فوراً ہی سب) سجدہ میں گر گئے (اور بآواز بلند) کہا کہ ہم تو ایمان لے آئے ہارون اور موسیٰ (علیہما السلام) کے پروردگار پر۔ فرعون نے (یہ واقعہ دیکھ کر جادوگروں کو دھمکایا اور) کہا کہ بدوں[5] اس کے کہ میں تم کو اجازت دوں (یعنی میری خلاف مرضی) تم موسیٰ (علیہ السلام) پر ایمان لے آئے واقعی (معلوم ہوتا ہے کہ) وہ (سحر میں) تمہارے بھی بڑے (اور استاد) ہیں کہ انہوں نے تم کو سحر دکھلایا ہے (اور استاد شاگردوں نے سازش کر کے جنگ زرگری کی ہے تاکہ تم کو ریاست حاصل ہو) سو (اب حقیقت معلوم ہوئی جاتی ہے) میں تم سب کے ہاتھ پاؤں کٹواتا ہوں ایک طرف کا ہاتھ اور ایک طرف کا پاؤں اور تم سب کو کھجوروں کے درختوں پر ٹنگواتا ہوں (تاکہ سب دیکھ کر عبرت حاصل کریں) اور یہ بھی تم کو معلوم ہوا جاتا ہے کہ ہم دونوں میں (یعنی مجھ میں اور رب موسیٰ میں) کس کا عذاب زیادہ سخت اور دیرپا ہے ان لوگوں نے صاف جواب دے دیا کہ ہم تجھ کو کبھی ترجیح نہ دیں گے بمقابلہ ان دلائل کے جو ہم کو ملے ہیں اور بمقابلہ اس ذات کے جس نے ہم کو پیدا کیا ہے تجھ کو جو کچھ کرنا ہو (دل کھول کر) کر ڈال تو بجز اس کے کہ اس دنیوی زندگانی میں کچھ کر لے اور کر ہی کیا سکتا ہے بس اب تو ہم اپنے پروردگار پر ایمان لا چکے تاکہ ہمارے (پچھلے) گناہ (کفر وغیرہ) معاف کر دیں اور تو نے جو جادو (کے مقدمہ) میں ہم پر زور ڈالا اس کو بھی معاف کر دیں اور اللہ تعالیٰ (باعتبار ذات وصفات کے بھی تجھ سے) بدرجہا اچھے ہیں اور (باعتبار ثواب وعقاب کے بھی) زیادہ بقا والے ہیں (اور تجھ کو نہ خیریت نصیب ہے نہ بقاء تو تیرا کیا انعام جس کا وعدہ ہم سے کیا تھا اور کیا عذاب جس کی اب وعید سناتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے جس ثواب اور عذاب کو بقاء ہے اس کا قانون یہ ہے کہ) جو شخص (بغاوت کا) مجرم ہو کر (یعنی کافر ہو کر) اپنے رب کے پاس حاضر ہوگا سو اس کے لئے دوزخ (مقرر) ہے اس میں نہ مرے ہی گا اور نہ جئے ہی گا (نہ مرنا تو ظاہر ہے اور نہ جینا یہ کہ جینے کا آرام نہ ہوگا) اور جو شخص اس کے پاس مؤمن ہو کر حاضر ہوگا جس نے[6] نیک کام بھی کئے ہوں سو ایسوں کے لئے بڑے اونچے درجہ ہیں یعنی ہمیشہ رہنے کے باغات جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی وہ ان میں ہمیشہ ہمیشہ کو رہیں گے اور جو شخص (کفر ومعصیت سے) پاک ہوا اس کا یہی انعام ہے (پس اس قانون کے موافق ہم نے کفر کو چھوڑ کر ایمان اختیار کر لیا) ف: فرعون کا یہ کہنا کہ عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ عوام کو فریب دینے کے لئے تھا ورنہ موسیٰ علیہ السلام سے ان کی بے تعلقی وہ بھی جانتا تھا اور اکرھتنا کہنا یا تو اس بناء پر ہو کہ حکم سلطانی[4] کے بعد آزادی سے رائے قائم کرنے کی گنجائش نہیں رہتی اور یا اس وجہ سے ہو کہ ساحرین کی رائے مقابلہ میں آنے کی نہ ہوگی کسی مصلحت کے خیال سے اور اس کی کہیں تصریح نہیں دیکھی کہ فرعون نے ان نومسلموں کو یہ سزا دی یا نہیں اور مؤمن غیر عامل صالحات کا ذکر اس آیت میں نہیں ہے اس کا حال دوسرے دلائل سے معلوم ہے۔

تَرْجَمَۃُ مَسَالِکِ السُّلُوْکِ: قولہ تعالیٰ: وَيْلَكُمْ الخ ایسا کلام فرعون سے نہیں فرمایا گیا اس میں بھی حفظ مراتب کا اثبات ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: فَاَوْجَسَ فِيْ نَفْسِهٖ اس میں اثبات ہے عدم ادعائے کمال کا کیونکہ ایسے شخص کو خوف نہیں ہوتا۔ قولہ تعالیٰ: فَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ الخ اس میں دلالت ہے اس پر کہ عمل اختیاری توفیق پر موقوف ہے۔ قولہ تعالیٰ: قَالُوْا لَنْ نُّؤْثِرَكَ یہ مشعر ہے کہ استعداد کا کامل ہونا مبتدی کو منتہی کے مقام پر پہنچا دیتا ہے (چنانچہ یہ جواب ان کے منتہی ہونے پر دال ہے) قولہ تعالیٰ: فَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا اس میں تنبیہ ہے سامع کی حق تعالیٰ کے الطاف پر کہ جس بندہ کو چاہے غایت کفر اور عناد سے نہایت ایمان اور سداد تک پہنچا دے۔

اَلْحَوَاشِیْ: (۱) یعنی اگر اس نے موسیٰ علیہ السلام کے متعلق کوئی خاص رائے قائم نہ کی ہو تب تو استفہام کی وجہ ظاہر ہے یعنی غرض کا دریافت کرنا اور اگر یہ غرض پیشتر سے سمجھ رکھی ہو تو اس وقت سوال ہوگا کہ جب غرض معلوم ہے تو پوچھنے سے کیا فائدہ اس میں اس کا جواب دیا ہے ۱۲ (۲) ای صیغة یحل اللتی بمعنی ینزل یاتی بالکسر والضم (من نصر وضرب) والتی بمعنی یجوز یاتی بالکسر فقط ۱۲ منه۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃِ: ۱ قوله فی ارنیه دکھلائیں اشارة الی کون الاراء ة بمعنی الابصار او التعریف لانه لا یجوز حذف المفعول الثالث ۱۲۔ ۲ قوله فی کلها جو کہ موسیٰ علیہ السلام الخ وبه ارتفع الاشکالات کلها وتلك الآیات هی التی ذکرت فی قوله اذهب انت واخوك بایاتی کما قراء ت فی تفسیره ۱۲۔ ۳ قوله فی خیفة تھوڑا سا افاده التنکیر للتقلیل ۱۲۔ ۴ قوله فی کید ساحر جادوگروں اشارة الی ارادة الجنس ۱۲۔ ۵ قوله فی قبل ان اذن لکم بدوں اشارة الی ان المعنی من غیر اذنی کما فی قوله تعالیٰ قبل ان تنفد کلمات ربی لأن اذنه لهم فی ذلك واقع بعد او متوقع ۱۲۔ ۶ قوله جس نے نیک کام الخ هذه الترجمة بناء علی کون الجملة صفة للحال ویحتمل ان یکون حالا بعد حال کما فی التفسیر النیسابوری ولعله اولیٰ ۱۲۔

www.besturdubooks.net

اِخْتِلَافُ الْقِرَاءَۃِ: قوله ان هذا ان قرأ ابن كثير بتشديد نون هذان وهو على خلاف القياس وفى قراء ة ان بتشديد النون وهذان بالف ونون خفيفة على لغة بعض العرب من اجراء التنى بالالف دائما قالوا ضربة بين اوتاه من يشترى الخفان وهى لغة لكنانة ولبنى الحرث بن كعب وخثعم وزبيد ولبنى العنبر وبنى الهجيم ومراد وعذرة وقرأ ابو عمرو ان هذين واعرابه واضح۔ واما ما نسب الى عائشةؓ من حكمها على القراء ة الثانية بكونها لحنا وخطأ من الكتاب فغير ثابت كيف وقد ذكر اهل المصطلح ان مما يدرك به وضع الخبر ما يوخذ من حال المروى كان يكون مناقضًا لنص القرآن او السنة المتواترة او الاجماع القطعى او صريح العقل حيث لا يقبل شئى من ذلك التاويل او لم يحتمل سقوط شئ منه يزول به المحذور كذا فى الروح۱۲۔

اَللُّغَاتُ: الايجاس الاضمار۱۲۔

اَلنَّحْوُ: قوله انما صنعوا ما غير كافة النحو قوله اما ان تلقى منصوب بفعل مضمر اى اما تختار القائك او تختار كوننا اول من القى او مرفوع على انه خبر لمبتد المحذوف اى الامر اما القائك او كوننا اول من القى كذا فى الروح۱۲۔

وَلَقَدْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى ۙ اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْ فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِيْقًا فِي الْبَحْرِ يَبَسًا ۙ لَّا تَخٰفُ دَرَكًا وَّلَا تَخْشٰى ۝

فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ بِجُنُوْدِهٖ فَغَشِيَهُمْ مِّنَ الْيَمِّ مَا غَشِيَهُمْ ۝ وَاَضَلَّ فِرْعَوْنُ قَوْمَهٗ وَمَا هَدٰى ۝ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ قَدْ اَنْجَيْنٰكُمْ مِّنْ عَدُوِّكُمْ وَوٰعَدْنٰكُمْ جَانِبَ الطُّوْرِ الْاَيْمَنَ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى ۝ كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَلَا تَطْغَوْا فِيْهِ فَيَحِلَّ عَلَيْكُمْ غَضَبِيْ ۚ وَمَنْ يَّحْلِلْ عَلَيْهِ غَضَبِيْ فَقَدْ هَوٰى ۝ وَاِنِّيْ لَغَفَّارٌ لِّمَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ثُمَّ اهْتَدٰى ۝

اور ہم نے موسیٰ علیہ السلام کے پاس وحی بھیجی کہ ہمارے ان بندوں (یعنی بنی اسرائیل کو مصر سے) راتوں رات (باہر) لے جاؤ پھر ان کے لئے دریا میں (عصا لاکر) خشک راستہ بنا دینا نہ تو تم کو کسی کے تعاقب کا اندیشہ ہوگا اور نہ اور کسی کا خوف ہوگا پس فرعون اپنے لشکروں کو لے کر ان کے پیچھے چلا تو دریا ان پر جیسا ملنے کو تھا آ ملا اور فرعون اپنی قوم کو بری راہ لایا اور نیک راہ ان کو نہ بتلائی۔ اے بنی اسرائیل (دیکھو) ہم نے تم کو تمہارے (ایسے بڑے) دشمن سے نجات دی اور ہم نے تم سے (یعنی تمہارے پیغمبر سے) کوہ طور کی داہنی جانب آنے کا وعدہ کیا اور (وادی تیہ میں) ہم نے تم پر من وسلویٰ نازل فرمایا (اور اجازت دی کہ) ہم نے جو نفیس چیزیں تم کو دی ہیں ان کو کھاؤ اور اس (کھانے) میں حد (شرعی) سے مت گزرو کہیں میرا غضب تم پر واقع ہو جائے اور جس شخص پر میرا غضب واقع ہوتا ہے وہ بالکل گیا گزرا ہوا اور (نیز) اس کے ساتھ یہ بھی کہ) میں ایسے لوگوں کے لئے بڑا بخشنے والا بھی ہوں جو توبہ کر لیں اور ایمان لے آویں اور نیک عمل کریں پھر (اسی) راہ پر قائم (بھی) رہیں۔ ۞

تَفْسِيْرُ وَلَقَدْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى (الى قوله تعالى) ثُمَّ اهْتَدٰى ۝ اور (جب فرعون اس پر بھی ایمان نہ لایا اور ایک عرصہ تک مختلف معاملات وواقعات ہوتے رہے اس وقت) ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کے پاس وحی بھیجی کہ ہمارے (ان) بندوں کو (یعنی بنی اسرائیل کو مصر سے) راتوں رات (باہر) لے جاؤ (اور دور چلے جاؤ تا کہ فرعون کے ظلم وشدائد سے ان کو نجات ہو) پھر (راہ میں جو دریا ملے گا تو) ان کے لئے دریا میں (عصا مار کر) خشک راستہ بنا دینا (یعنی عصا مارنا کہ اس سے خشک راستہ بن جاوے گا) نہ تو تم کو کسی کے تعاقب کا اندیشہ ہوگا (کیونکہ اہل تعاقب کامیاب نہ ہوں گے کو تعاقب کریں) اور نہ اور کسی قسم کا (مثلاً غرق (وغیرہ کا) خوف ہوگا (بلکہ امن واطمینان سے پار ہو جاؤ گے چنانچہ موسیٰ علیہ السلام موافق حکم کے ان کو شب شب نکال لے گئے اور صبح مصر میں خبر مشہور ہوئی) پس فرعون اپنے لشکروں کو لے کر ان کے پیچھے چلا (اور بنی اسرائیل موافق وعدۂ الٰہیہ کے دریا سے پار ہو گئے اور ہنوز وہ راستے اسی طرح اپنی حالت پر تھے جیسا دوسری آیت میں ہے: وَاتْرُكِ الْبَحْرَ رَهْوًا اِنَّهُمْ جُنْدٌ مُّغْرَقُوْنَ [الدخان : ۲۴] فرعونیوں نے جلدی میں کچھ آگا پیچھا سوچا نہیں ان راستوں پر ہو لئے جب سب اندر آ گئے تو (اس وقت چاروں طرف سے) دریا (کا پانی سمٹ کر) ان پر جیسا ملنے کا تھا آ ملا (اور سب غرق ہو کر رہ گئے) اور فرعون اپنی قوم کو بری راہ لایا اور نیک راہ ان کو نہ بتلائی (جس کا اس کو دعویٰ تھا وما اهديكم الا سبيل الرشاد اور بری راہ ہونا ظاہر کہ دنیا کا ضرر ہوا اور آخرت کا بھی حيث اغرقوا فادخلوا نارا۔ پھر بنی اسرائیل کو بعد نعمت انجاء کے اور نعمتیں عنایت ہوئیں مثلاً عطائے تورات اور من وسلویٰ ان نعمتوں کو عطا کر کے ہم نے بنی اسرائیل سے فرمایا (کہ) اے بنی اسرائیل (دیکھو) ہم نے (تم کو کیسی کیسی نعمتیں دیں کہ) تم کو تمہارے (ایسے بڑے) دشمن سے نجات دی اور ہم نے تم سے (یعنی تمہارے

www.besturdubooks.net

پیغمبر سے تمہارے نفع[۲] کے واسطے) کوہ طور کے داہنی جانب آنے کا (اور وہاں آنے کے بعد توراۃ دینے کا) وعدہ کیا اور (وادی تیہ میں) ہم نے تم پر من وسلویٰ نازل فرمایا (اور اجازت دی کہ) ہم نے جو نفیس چیزیں (شرعاً بھی کہ حلال اور طبعاً بھی کہ لذیذ ہیں) تم کو دی ہیں ان کو کھاؤ اور (اس کھانے) میں حد (شرعی) سے مت گزرو (مثلاً یہ کہ حرام سے حاصل کیا جاوے کذا فی الدر یا کھا کر معصیت کی جاوے) کہیں میرا غضب تم پر واقع نہ ہو جاوے اور جس شخص پر میرا غضب واقع ہوتا ہے وہ بالکل گیا گزرا ہوا اور (نیز اس کے ساتھ یہ بھی ہے کہ) میں ایسے لوگوں کے لئے بڑا بخشنے والا بھی ہوں جو (کفر ومعصیت سے) توبہ کر لیں اور ایمان لے آویں اور نیک عمل کریں پھر (اسی) پر قائم (بھی) رہیں (یعنی ایمان وعمل صالح پر مداومت کریں یہ مضمون ہم نے بنی اسرائیل سے کہا تھا کہ تذکیر نعمت اور امر بالشکر ونہی عن المعصیت اور وعد ووعید یہ خود بھی دینی نعمت ہے)۔ **ف**: جانب طور کو یمن اس لئے فرمایا کہ وہ جانب اس طرف جانے والے کے داہنے ہاتھ پڑتی ہے اور بعض نے یمن سے لیا ہے بمعنی برکت یعنی جانب مبارک اس کی توجیہ ظاہر ہے کیونکہ محل وحی کے مبارک ہونے میں کیا شبہ ہے چنانچہ اس کو مقدس بھی کہا ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قوله فی یا بنی اسرائیل** ہم نے فرمایا **اشارة الی تقدیر قلنا فهو حکایة لما خاطبهم به لا خطاب لعاصری نبینا صلی الله علیه وسلم**۱۲۔ ۲ **قوله فی واعدنکم** تمہارے نفع کے واسطے **اشارة الی نکتة التعبیر بما عبر به وقوله** آنے کا **اشارة الی حذف المضاف ای واعدناکم اتیاذا ذنب**۔

اللغات: الدرك اللحوق قوله اتبعهم بمعنی تبعهم۱۲۔ قوله یحل من حل الدین یحل کسر الحاء اذا وجب ادائه واصله من الحلول وهو فی الاجسام ثم استعیر لغیرها وشاع حتی صارت حقیقة فیه واقرأ الکسائی فیحل بضم الحاء ویحل بضم اللام ومعنی مضموم لحاله منزل من حل بالبلد وفی الصباح حال العذاب یحل ویحل[1] هذه وحدها بالکسر والضم معاد الباقی بالکسر فقط قوله هوی هلك واصله السقوط عن علو الی سفل۱۲۔

النحو: قوله طریقا مفعول به لاضرب علی الاتساع وهو مجاز عقلی والاصل اضرب البحر لیصیر لهم طریقا وقیل ان الضرب بمعنی الجعل او الاتخاذ۱۲ قوله یبسا مصدر وصف به مبالغة۔

البلاغة: قوله ثم اهتدی کلمة ثم اما للتراخی باعتبار الانتهاء لبعده عن الابتداء او للدلالة علی بعد ما بین المرتبتین فان المداومة اعلی واعظم من الشرع۱۲۔

الحواشی: (۱) ومن ثم استدل بهذه الآیة بعض الحنفیة علی ان امر السلطان اکراه ولو لم یتلفظ بلفظ الاکراہ۱۲ منه۔

وَمَآ اَعْجَلَكَ عَنْ قَوْمِكَ يٰمُوْسٰى ﴿۸۳﴾ قَالَ هُمْ اُولَآءِ عَلٰٓى اَثَرِىْ وَعَجِلْتُ اِلَيْكَ رَبِّ لِتَرْضٰى ﴿۸۴﴾ قَالَ فَاِنَّا قَدْ فَتَنَّا قَوْمَكَ
مِنْۢ بَعْدِكَ وَاَضَلَّهُمُ السَّامِرِىُّ ﴿۸۵﴾ فَرَجَعَ مُوْسٰٓى اِلٰى قَوْمِهٖ غَضْبَانَ اَسِفًا ۚ قَالَ يٰقَوْمِ اَلَمْ يَعِدْكُمْ رَبُّكُمْ وَعْدًا حَسَنًا ۚ
اَفَطَالَ عَلَيْكُمُ الْعَهْدُ اَمْ اَرَدْتُّمْ اَنْ يَّحِلَّ عَلَيْكُمْ غَضَبٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَخْلَفْتُمْ مَّوْعِدِىْ ﴿۸۶﴾ قَالُوْا مَآ اَخْلَفْنَا
مَوْعِدَكَ بِمَلْكِنَا وَلٰكِنَّا حُمِّلْنَآ اَوْزَارًا مِّنْ زِيْنَةِ الْقَوْمِ فَقَذَفْنٰهَا فَكَذٰلِكَ اَلْقَى السَّامِرِىُّ ﴿۸۷﴾ فَاَخْرَجَ لَهُمْ عِجْلًا جَسَدًا لَّهٗ
خُوَارٌ ۚ فَقَالُوْا هٰذَآ اِلٰهُكُمْ وَاِلٰهُ مُوْسٰى ۙ فَنَسِىَ ﴿۸۸﴾ اَفَلَا يَرَوْنَ اَلَّا يَرْجِعُ اِلَيْهِمْ قَوْلًا ۙ وَّلَا يَمْلِكُ لَهُمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا ﴿۸۹﴾ ع ۱۳/۱۲

اور اے موسیٰ علیہ السلام اپنی قوم سے آگے جلدی آنے کا کیا سبب ہوا انہوں نے (اپنے گمان کے موافق) عرض کیا کہ وہ لوگ یہی تو ہیں میرے پیچھے پیچھے (آرہے ہیں) اور میں آپ کے پاس جلدی سے اس لئے چلا آیا کہ آپ زیادہ خوش ہوں گے ارشاد ہوا کہ تمہاری قوم کو تو ہم نے تمہارے چلے آنے کے بعد ایک بلا میں مبتلا کر دیا اور ان کو سامری نے گمراہ کر دیا غرض موسیٰ (بعد القضاء میعاد کے) غصہ اور رنج میں بھرے ہوئے اپنی قوم کی طرف واپس آئے (اور) فرمانے لگے کہ اے میری قوم کیا تم سے تمہارے رب نے ایک اچھا وعدہ نہیں کیا تھا کیا تم پر (میعاد مقررہ سے کچھ) زمانہ گزر گیا یا تم کو یہ منظور ہوا کہ تم پر تمہارے رب کا غضب واقع ہو اس لئے تم نے مجھ سے جو وعدہ کیا تھا اس کو خلاف کیا وہ کہنے لگے کہ ہم نے جو آپ سے وعدہ کیا تھا اس کو اپنے اختیار سے خلاف نہیں کیا لیکن قوم (قبط) کے زیور میں سے ہم پر بوجھ لد رہا تھا سو ہم نے اس (سامری کے کہنے سے آگ میں) ڈال دیا پھر اسی طرح سامری نے (بھی) ڈال دیا پھر اس (سامری) نے ان لوگوں کے لئے ایک بچھڑا (بنا کر) ظاہر کیا کہ وہ ایک

www.besturdubooks.net

قالب تھا جس میں ایک (بے معنی) آواز تھی سو وہ (احمق) لوگ (ایک دوسرے) کہنے لگے کہ تمہارا موسیٰ کا معبود تو یہ ہے موسیٰ تو بھول گئے کیا وہ لوگ اتنا بھی نہیں دیکھتے تھے کہ وہ نہ تو ان کی کسی بات کا جواب دے سکتا ہے اور نہ ان کے کسی ضرر یا نفع پر قدرت رکھتا ہے۔ ۞

تفسیر: وَمَآ اَعْجَلَكَ عَنْ قَوْمِكَ يٰمُوْسٰى ۞ (الی قولہ تعالیٰ) وَّلَا يَمْلِكُ لَهُمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا ۞ اور (جب اللہ تعالیٰ کو تورات دینا منظور ہوا تو موسیٰ علیہ السلام کو کوہ طور پر آنے کا حکم فرمایا اور ساتھ آنے کا قوم کو بھی یعنی بعضوں کو حکم ہوا **کذا فی فتح المنان عن الباب التاسع عشر من سفر الخروج** موسیٰ علیہ السلام شوق میں سب سے آگے تنہا جا پہنچے اور دوسرے لوگ اپنی جگہ رہ گئے طور کا ارادہ ہی نہیں کیا اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام سے پوچھا کہ) اے موسیٰ آپ کو اپنی قوم سے آگے جلدی آنے کا کیا سبب ہوا انہوں نے (اپنے گمان کے موافق) عرض کیا کہ وہ لوگ یہی تو ہیں میرے پیچھے پیچھے (آ رہے ہیں) اور میں (سب سے پہلے) آپ کے پاس (یعنی وعدۂ مکالمت ومخاطبت کی جگہ) جلدی سے اس لئے چلا آیا کہ آپ (زیادہ) خوش ہوں گے (کیونکہ امتثال امر میں پیش دستی کرنا زیادہ موجب خوشنودی کا ہے) ارشاد ہوا کہ تمہاری قوم کو تو ہم نے تمہارے (چلے آنے کے) بعد ایک بلا میں مبتلا کر دیا اور ان کو سامری نے گمراہ کر دیا (جس کا بیان آگے آتا ہے: فَاَخْرَجَ لَهُمْ عِجْلًا الخ اور اضلال سامری کا ظاہر ہے اور فتنا میں اسناد باعتبار تخلیق کے ہے جس میں کوئی قبح نہیں) غرض موسیٰ (علیہ السلام) بعد انقضائے میعاد کے) غصہ اور رنج میں بھرے ہوئے اپنی قوم کی طرف واپس آئے (اور) فرمانے لگے کہ اے میری قوم کیا تم سے تمہارے رب نے ایک اچھا (اور سچا) وعدہ نہیں کیا تھا (کہ ہم تم کو ایک کتاب احکام کی دیں گے تو اس کتاب کا تو تم کو انتظار واجب تھا) کیا تم پر (میعاد مقرر سے کچھ) زیادہ زمانہ گزر[۲] گیا تھا (کہ اس کے ملنے سے ناامیدی ہو گئی اس لئے اپنی طرف سے ایک عبادت ایجاد کر لی) یا (باوجود ناامیدی نہ ہونے کے) تم کو یہ منظور ہوا کہ تم پر تمہارے رب کا غضب واقع ہوا اس لئے تم نے مجھ سے جو وعدہ کیا تھا (کہ آپ کی واپسی تک بھی اسی دین توحید پر قائم رہیں گے) اس کو خلاف کیا وہ کہنے لگے کہ ہم نے جو آپ سے وعدہ کیا تھا اس کو اپنے اختیار سے خلاف نہیں کیا (یہ معنی نہیں کہ بالکل مضطر ہو گئے بلکہ مطلب یہ ہے کہ جس رائے کو ہم ابتداءً مخلی بالطبع ہو کر اختیار کرتے سامری کا فعل ہمارے لئے منشائے اشتباہ بن گیا جس سے ہم نے وہ رائے سابق اختیار نہ کی بلکہ رائے بدل گئی گو اس پر بھی عمل اختیار ہی سے ہوا چنانچہ آئندہ کہا گیا) ولیکن قوم (قبط) کے زیور میں سے ہم پر بوجھ لدرہا تھا سو ہم نے اس کو (سامری کے کہنے سے آگ میں) ڈال دیا پھر اسی طرح سامری نے (بھی اپنے ساتھ کا زیور) ڈال دیا (آگے اللہ تعالیٰ قصہ کی تتمیم فرماتے ہیں) پھر اس (سامری نے ان لوگوں کے لئے ایک بچھڑا (بنا کر) ظاہر کیا کہ وہ ایک قالب (خالی از کمالات) تھا جس میں ایک (بے معنی) آواز تھی سو (اس کی نسبت وہ (احمق) لوگ (ایک دوسرے سے) کہنے لگے کہ تمہارا اور موسیٰ کا بھی معبود تو یہ ہے (اس کی عبادت کرو) موسیٰ تو بھول گئے (کہ طور پر خدا کی طلب میں گئے ہیں حق تعالیٰ ان کی تقبیح فرماتے ہیں کہ) کیا وہ لوگ اتنا بھی نہیں دیکھتے تھے کہ وہ (بواسطہ نہ بلاواسطہ) نہ تو ان کی کسی بات کا جواب دے سکتا ہے اور نہ ان کے کسی ضرر یا نفع پر قدرت رکھتا ہے (ایسا ناکارہ خدا کیا ہوگا اور آلہ حق بواسطہ انبیاء کے خطاب وکلام ضروری فرماتا ہے)۔ **ف**: زیور لینے کا قصہ پارۂ نہم کے رکوع: وَاتَّخَذَ قَوْمُ مُوْسٰى [الأعراف: ۱۴۸] الخ میں گذر چکا ہے اور اس زیور کو تصرف میں نہ لانے کی وجہ یہ تھی کہ وہ مال کفار کا بے رضا لیا ہوا تھا اس کا حکم شریعت موسوی میں اب تک معلوم نہ ہوا تھا اس لئے سامری نے جمع کرنے کی رائے دی کہ محفوظ رہے پھر حکم کی تحقیق کر لیں گے اور سامری منسوب ہے سامرہ کی طرف کہ ایک قریہ کا نام ہے شام میں اور یہ شخص منافق تھا اور بچھڑے میں آواز ہونے کی وجہ آگے آوے گی اور ظاہر آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ مکالمت طور پر پہنچتے ہی ہوئی اور اس مکالمت کے وقت فتنۂ گوسالہ کا واقع ہو چکا تھا پس غالب یہ ہے کہ موسیٰ علیہ السلام کے پہنچنے میں جو ایام لگے ہیں ان ایام میں یہ واقعہ ہو گیا اور اگر اس سے زیادہ مدت کسی صحیح روایت سے ثابت ہو جاوے تو فتنا اور اضل کو ماول کیا جاوے گا ابتدا فتنہ واضلال کے ساتھ کہ اس نے لوگوں کی رائے بدلنا اور اس کا منصوبہ سوچنا شروع کیا ہوگا واللہ اعلم۔

ملحقات الترجمۃ: [۱] **قولہ فی الیك وعدہ کی جگہ اشارۃ الی تقدیر المضاف ای الی مکان وحدك لانہ تعالیٰ متعال عن الجسمۃ ۱۲۔**

[۲] **قولہ فی العھد زمانہ کذا فی انکشاف ۱۲۔**

اللغات: یحل یجب ۱۲۔

النحو: قولہ ھم اولاء مبتدأ وخبر قولہ علی الری خبر ثان ۱۲۔

البلاغۃ: قولہ فانا قد فتنا الفاء للتعقیب ای قد فتنا ھم بعد ان جئت ولا تکلف فیہ قولہ افطال وقولہ افلا یرون لا حاجۃ فیھما الی تقدیر المعطوف علیہ لان الھمزۃ مقدمۃ من تاخیر لصدارتھا کذا فی الروح قولہ فاخرج الخ النکتۃ فی کون التتمیم من اللہ تعالیٰ کما یدل علیہ قولھم دون لنا وقولہ قالوا وقولہ افلا یرون الاشارۃ الی ان المذنب لا یطول کلامہ فلذا انقطع کلامھم علی قولھم القی السامری فافھم قولہ فنسی الفاء للتعلیل للمقدر ای ھذا الٰھکم فاعبدوہ فان موسٰی نسی ۱۲۔

www.besturdubooks.net

وَلَقَدْ قَالَ لَهُمْ هٰرُوْنُ مِنْ قَبْلُ يٰقَوْمِ اِنَّمَا فُتِنْتُمْ بِهٖ ۚ وَاِنَّ رَبَّكُمُ الرَّحْمٰنُ فَاتَّبِعُوْنِيْ وَاَطِيْعُوْٓا اَمْرِيْ ﴿۹۰﴾ قَالُوْا لَنْ نَّبْرَحَ عَلَيْهِ
عٰكِفِيْنَ حَتّٰى يَرْجِعَ اِلَيْنَا مُوْسٰى ﴿۹۱﴾ قَالَ يٰهٰرُوْنُ مَا مَنَعَكَ اِذْ رَاَيْتَهُمْ ضَلُّوْٓا ﴿۹۲﴾ اَلَّا تَتَّبِعَنِ ۭ اَفَعَصَيْتَ اَمْرِيْ ﴿۹۳﴾
قَالَ يَبْنَؤُمَّ لَا تَاْخُذْ بِلِحْيَتِيْ وَلَا بِرَاْسِيْ ۚ اِنِّىْ خَشِيْتُ اَنْ تَقُوْلَ فَرَّقْتَ بَيْنَ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ وَلَمْ تَرْقُبْ قَوْلِيْ ﴿۹۴﴾

اور ان لوگوں سے ہارون علیہ السلام نے (موسیٰ علیہ السلام کے لوٹنے سے) پہلے ہی کہا تھا کہ اے میری قوم تم اس (گوسالہ کے) سبب گمراہی میں پھنس گئے ہو اور تمہارا رب (حقیقی) رحمٰن ہے سو تم میری راہ پر چلو اور میرا کہا مانو انہوں نے جواب دیا کہ ہم تو جب تک موسیٰ ہمارے پاس واپس (ہو کر) آئیں اسی کی عبادت میں جمے بیٹھے رہیں گے۔ (موسیٰ علیہ السلام نے) کہا ہارون علیہ السلام جب تم نے (ان کو) دیکھا تھا کہ یہ (بالکل) گمراہ ہو گئے تو (اس وقت) تم کو میرے پاس چلے آنے سے کون امر مانع ہوا تھا تم نے میرے کہنے کے خلاف کیا ہارون علیہ السلام نے کہا کہ اے میرے ماتا جائے تم میری داڑھی مت پکڑو اور نہ سر کے بال پکڑو مجھ کو یہ اندیشہ ہوا کہ تم کہنے لگو کہ تم نے بنی اسرائیل کے درمیان تفرقہ ڈال دیا اور تم نے میری بات کا پاس نہ کیا۔

تفسیر: اور روایات کے مضامین درمنثور سے نقل کئے ہیں وَلَقَدْ قَالَ لَهُمْ هٰرُوْنُ (الی قولہ تعالیٰ) وَلَمْ تَرْقُبْ قَوْلِيْ ﴿۹۴﴾ اور ان لوگوں سے ہارون (علیہ السلام) نے (حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لوٹنے سے) پہلے بھی کہا تھا کہ اے میری قوم تم اس (گوسالہ) کے سبب گمراہی میں پھنس گئے ہو (یعنی اس طریق میں صواب کا احتمال نہیں یقیناً ضلالت ہے) اور تمہارا رب (حقیقی) رحمان ہے (نہ کہ یہ گوسالہ) سو تم (دین کے بارہ میں) میری راہ پر چلو اور اس باب میں) میرا کہنا مانو (یعنی میرے قول وفعل کی اقتداء کرو) انہوں نے جواب دیا کہ ہم تو جب تک موسیٰ (علیہ السلام) ہمارے پاس واپس (ہو کر) آئیں اسی (کی عبادت) پر برابر جمے بیٹھے رہیں گے (غرض ہارون علیہ السلام کا کہنا نہیں مانا تھا یہاں تک کہ موسیٰ علیہ السلام بھی آ گئے اور قوم سے اول خطاب کیا جو اوپر آ چکا بعد اس کے ہارون علیہ السلام کی طرف متوجہ ہوئے اور) کہا اے ہارون جب تم نے (ان کو) دیکھا تھا کہ یہ (بالکل) گمراہ ہو گئے (اور نصیحت بھی نہیں سنی) تو (اس وقت) تم کو میرے پاس چلے آنے سے کون امر مانع ہوا تھا (یعنی اس وقت میرے پاس چلا آنا چاہئے تھا تا کہ ان لوگوں کو اور زیادہ یقین ہوتا کہ تم ان کے فعل کو نہایت ناپسند کرتے ہو اور نیز ایسے باغیوں سے قطع تعلقات جس قدر زیادہ ہو بہتر ہے) سو کیا تم نے میرا کہنے کے خلاف کیا (کہ میں نے کہا تھا: لَا تَتَّبِعْ سَبِيْلَ الْمُفْسِدِيْنَ [الأعراف: ۱۴۲] جیسا پارۂ نہم میں ہے جو بعمومہ دال ہے عدم موافقت مفسدین بوجہ من الوجوہ پر اور اس عموم میں مساکنت بھی داخل ہے) ہارون (علیہ السلام) نے کہا کہ اے میرے ماں جائے (یعنی میرے بھائی) تم میری داڑھی مت پکڑو اور نہ سر (کے بال) پکڑو (اور میرا عذر سن لو میرے تمہارے پاس نہ آنے کی یہ وجہ تھی کہ) مجھ کو یہ اندیشہ ہوا کہ (اگر میں چلا تو میرے ساتھ غیر عابدین عجل بھی چلیں گے اور اس حالت میں) تم کہنے لگو کہ تم نے بنی اسرائیل کے درمیان تفریق ڈال دی (جو بعض اوقات مشارکت فی المسکن سے زیادہ مضر ہوتی ہے کہ مفسدین خالی میدان پا کر بے خطر فساد میں ترقی کرتے ہیں) اور تم نے میری بات کا پاس نہ کیا (کہ میں نے کہا تھا اصلح) ف: حاصل مقام کا یہ ہے کہ یہاں دو اجتہاد ہیں ایک یہ کہ ترک مساکنت زیادہ نافع تھی۔ دوسرا یہ کہ ترک مساکنت زیادہ مضر تھی موسیٰ علیہ السلام کا ذہن اجتہاد اول کی طرف گیا اور ہارون علیہ السلام کا ذہن دوسرے اجتہاد کی طرف گیا اور لاتتبع عموم میں محکم نہیں کیونکہ عدم اتباع فی الاعتقاد والعمل بھی اس کے امتثال کے لئے کافی ہے باقی توجیہ اس قدر غضب کی اور اخذ لحیہ اس کی پارۂ نہم رکوع وَاتَّخَذَ قَوْمُ مُوْسٰى [الأعراف: ۱۴۸] الخ میں گذر چکی ہے اور ان لوگوں کا حَتّٰى يَرْجِعَ اِلَيْنَا مُوْسٰى ﴿۹۱﴾ کہنا وعدۂ ترک کے لئے نہیں بلکہ مطلب یہ ہے کہ دیکھیں وہ کیا کہتے ہیں اور بعض مفسرین نے وَلَقَدْ قَالَ لَهُمْ الخ کو متمم مضمون افلا یرون کا کہا ہے اور مجموعہ سے تحمیق ان لوگوں کی مقصود بتلائی ہے یعنی وہ لوگ ایسے احمق تھے کہ نہ ان کو خود سوجھا: اَلَا يَرْجِعُ اِلَيْهِمْ الخ اور باوجودیکہ ہارون علیہ السلام نے بھی سمجھایا جب بھی نہ سمجھا واللہ اعلم۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: مَا مَنَعَكَ اس میں مفارقت ہے اشرار کی جب ان کی اصلاح سے مایوسی ہو جاوے اور ہارون علیہ السلام کی مفارقت نہ کرنا یہ سبب اجتہاد کے ہے جیسا کہ انہوں نے اِنِّيْ خَشِيْتُ میں خود بیان فرمایا۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی انما فتنتم صواب کا احتمال اشارۃ الی تومیہ الحصر ای ما ھذا الا فتنۃ لارشد ۱۲۔ ۲ قولہ فی توضیح اتبعونی قول وفعل اشارۃ الی تکتۃ الجمع بین التباع والاطاعۃ ۱۲۔

النحو: قولہ ان لا تتبعن لا زائدۃ ۱۲۔

قَالَ فَمَا خَطْبُكَ يٰسَامِرِيُّ ﴿۹۵﴾ قَالَ بَصُرْتُ بِمَا لَمْ يَبْصُرُوْا بِهٖ فَقَبَضْتُ قَبْضَةً مِّنْ اَثَرِ الرَّسُوْلِ فَنَبَذْتُهَا

www.besturdubooks.net

وَكَذٰلِكَ سَوَّلَتْ لِيْ نَفْسِيْ ﴿۹۶﴾ قَالَ فَاذْهَبْ فَاِنَّ لَكَ فِي الْحَيٰوةِ اَنْ تَقُوْلَ لَا مِسَاسَ ۚ وَاِنَّ لَكَ مَوْعِدًا لَّنْ تُخْلَفَهٗ ۚ وَانْظُرْ اِلٰٓى اِلٰهِكَ الَّذِيْ ظَلْتَ عَلَيْهِ عَاكِفًا ۭ لَنُحَرِّقَنَّهٗ ثُمَّ لَنَنْسِفَنَّهٗ فِي الْيَمِّ نَسْفًا ﴿۹۷﴾ اِنَّمَآ اِلٰهُكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ وَسِعَ كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ﴿۹۸﴾

(پھر سامری کی طرف متوجہ ہوئے) کہا اے سامری تیرا کیا معاملہ ہے اس نے کہا مجھ کو ایسی چیز نظر آئی تھی جو اوروں کو نظر نہ آئی تھی پھر میں نے اس فرستادہ (خداوندی کی سواری) کے نقش قدم سے ایک مٹھی (بھر خاک) اٹھالی تھی سو میں نے وہ مٹھی (اس قالب کے اندر) ڈال دی اور میرے جی کو یہی بات پسند آئی آپ نے فرمایا تو بس تیرے لئے اس (دنیوی) زندگی میں یہ سزا ہے کہ تو کہتا پھرا کرے گا کہ مجھ کو کوئی ہاتھ نہ لگانا اور تیرے لئے ایک اور وعدہ ہے جو تجھ سے ٹلنے والا نہیں (یعنی آخرت میں جدا عذاب ہوگا) اور اپنے معبود (باطل) کو دیکھ جو پر تو جما ہوا بیٹھا ہوا تھا (دیکھ) ہم اس کو جلا دیں گے پھر اس (کی راکھ) کو دریا میں بکھیر کر بہا دیں گے بس تمہارا حقیقی معبود تو صرف اللہ ہے جس کے سوا کوئی عبادت کے قابل نہیں وہ اپنے علم سے تمام چیزوں کو احاطہ کئے ہوئے ہے۔

تفسیر: اور ابن اُم سے ان کا اخیافی بھائی ہونا لازم نہیں آتا کیونکہ ممکن ہے کہ استعطاف اور جلب شفقت کے لئے کہہ دیا ہو۔ قَالَ فَمَا خَطْبُكَ يٰسَامِرِيُّ ﴿۹۵﴾ (الی قولہ تعالیٰ) وَسِعَ كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ﴿۹۸﴾ (پھر سامری کی طرف متوجہ ہوئے اور اس سے) کہا کہ اے سامری تیرا کیا معاملہ ہے (یعنی تو نے یہ حرکت کیوں کی) اس نے کہا کہ مجھ کو ایسی چیز نظر آئی تھی جو اوروں کو نظر نہ آئی تھی (یعنی جبرئیل علیہ السلام گھوڑے پر چڑھے ہوئے جس روز دریا سے پار اترے ہیں کہ بمصلحت نصرت مؤمنین واہلاک کفار کے آئے ہوں گے اور تاریخ طبری میں سدی سے بسند نقل کیا ہے کہ حضرت جبرئیل موسیٰ علیہ السلام کے پاس یہ حکم لے کر گھوڑے پر سوار ہو کر آئے تھے کہ آپ طور پر جاویں تو اس وقت سامری نے دیکھا تھا اھ) پھر میں نے اس فرستادہ (خداوندی کی سواری) کے نقش قدم سے ایک مٹھی (بھر کر خاک) اُٹھالی تھی (اور خود بخود میرے قلب میں یہ بات آئی کہ اس میں اثر تحصیل حیات کا ہوگا) سو میں نے وہ مٹھی (خاک اس قالب کے اندر) ڈال دی اور میرے جی کو یہی بات (بھائی اور) پسند آئی آپ نے فرمایا تو بس تیرے لئے اس (دنیوی) زندگی میں یہ سزا (تجویز کی گئی) ہے کہ تو یہ کہتا پھرا کرے گا کہ مجھ کو کوئی ہاتھ نہ لگانا اور تیرے لئے (اس سزا کے علاوہ) ایک اور وعدہ (حق تعالیٰ کے عذاب کا) ہے جو تجھ سے ٹلنے والا نہیں (یعنی آخرت میں جدا عذاب ہوگا) اور تو اپنے اس معبود (باطل) کو دیکھ جس (کی عبادت) پر تو جما ہوا بیٹھا تھا (دیکھ) ہم اس کو جلا دیں گے پھر اس (کی راکھ) کو دریا میں بکھیر کر بہا دیں گے (تاکہ نام ونشان اس کا نہ رہے) بس تمہارا (حقیقی) معبود تو صرف اللہ ہے جس کے سوا کوئی عبادت کے قابل نہیں وہ (اپنے علم سے تمام چیزوں کو احاطہ کئے ہوئے ہے۔ ف: درمنثور میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے بَصُرْتُ بِمَا لَمْ يَبْصُرُوْا الخ کی وہی تفسیر منقول ہے جو احقر نے ترجمہ میں لکھی ہے اور اسی میں حضرت ابن عباسؓ سے یہ بھی مروی ہے کہ جب فرعون بچوں کو قتل کرتا تھا تو سامری کی ماں اس کو کسی غار میں چھپا کر ڈال آئی تھی کہ ذبح سے محفوظ رہے اللہ تعالیٰ نے جبرئیل علیہ السلام سے اس کو پرورش کرایا پس وہ جبرئیل علیہ السلام کو اس صورت سے پہچانتا تھا اور اس روایت پر شبہ نہ کیا جاوے کہ وہ تو قریہ سامرہ کی طرف منسوب ہے اور ذبح ولدان مصر میں تھا دوسرے ذبح مختص تھا بنی اسرائیل کے ساتھ جواب یہ ہے کہ ممکن ہے کہ اس کا باپ دادا سامرہ سے بنی اسرائیل میں آبسا ہو اور بعد الحاق انہیں میں شمار کیا جاتا ہو۔ اور یہ بات کہ اس کو یہ کیسے معلوم ہوا کہ اس میں یہ اثر ہے اس کی وجہ بھی اسی روایت میں ہے **القی فی روعه انه لا یلقیها علی شیء فیقول کن کذا الا کان** جس کا ترجمہ میری تقریر میں ہے یعنی خود بخود میرے قلب میں الخ یا بقول بعض اس گھوڑے کا جہاں سم پڑتا تھا سبزہ جم آتا تھا اس سے استدلال کیا ہو **کذا فی الکمالین** اور اسی تفسیر کو روح المعانی میں صحابہ وتابعین وجمہور مفسرین سے منقول کہا ہے اور اس میں بعضے ظاہر پرستوں کو جو استبعادات کی بنا پر سلف صالحین کی تفسیر ترک کرنے والوں پر تشنیع کی ہے **فجزاه الله تعالٰی خیر الجزاء** اور سامری کی یہ سزا جو دی گئی ممکن ہے کہ وحیاً ہو یا اجتہاداً ہو اور اس سزا کی تقریر میں مشہور قول یہ ہے کہ اگر کوئی اس کو چھوتا تھا تو دونوں کو بخار چڑھ جاتا تھا **کذا فی المعالم** اس ڈر کے مارے بھاگا بھاگا پھرتا تھا اور کسی کو دور سے دیکھتا تھا تو کہتا تھا **لا مساس** اور دوسرے بھی اس سے بچتے تھے اور بعض نے یہ کہا ہے کہ اس کو کچھ جنون سا ہو گیا تھا اس وحشت جنون میں لوگوں سے بھاگتا بھی تھا اور یہ لفظ بھی کہتا تھا اور گوسالہ کے باب میں ایک اختلاف یہ ہے کہ آیا وہ لحم وشحم کا تھا یا چاندی سونے ہی کا تھا پھر اس میں آواز حیوان کی پیدا ہو گئی تھی پہلے قول پر لَنُحَرِّقَنَّهٗ بعد ذبح کے ہوگا اور دوسرے قول پر احراق دو صورت سے ہو سکتا ہے یا تو سوہان سے ریت کر جیسا در منثور میں ہے یا کسی حیلہ اکسیر یہ سے جیسا صاحب روح نے کہا ہے یا احراق بطور خرق عادت ہو۔ **واللہ اعلم**۔ اور ہر حالت میں یعنی خواہ وہ لحم وشحم ہو یا چاندی سونا وہ خارق عادت تھا اور اس پر اگر کسی کو شبہ ہو کہ خرق عادت سے تو نبوت پر استدلال کیا جاتا ہے تو کاذب کے ہاتھ پر کیسے ظہور ہو گیا۔ جواب یہ ہے کہ خارق عادت مطلقاً دلیل نبوت نہیں بلکہ جب وہ مقرون ہو دعویٰ رسالت کے ساتھ تو اگر وہ دعویٰ رسالت کا کرتا تو حسب عادت الٰہیہ اس کے ہاتھ پر اس خارق کا ظہور نہ ہوتا مگر ایسے امر کا

www.besturdubooks.net

دعویٰ کیا کہ عقلاً بھی باطل ہے یعنی الوہیت عجل کا تو اس صورت میں اشتباہ والتباس کا احتمال نہیں لہٰذا ظہور خارق میں امتناع نہیں خوب سمجھ لو اور ظَلْتَ عَلَيْهِ عَاكِفًا میں تخصیص سامری کی باعتبار بانی ہونے کے ہے اور روح میں بحر کے حوالہ سے حضرت جعفر صادق سے نقل کیا ہے کہ موسیٰ علیہ السلام نے اس کے قتل کا ارادہ کیا تھا مگر اللہ تعالیٰ نے اس کے سخی ہونے کے سبب قتل سے منع فرمادیا۔ **فائدہ**: یہاں ایک شبہ ہے وہ یہ کہ بنی اسرائیل نے جو زیور قبطیوں سے لیا تھا اگر وہ اس کے مالک نہ ہوئے تھے تب تو وہ واپس کیوں نہ کیا گیا اور اگر مالک ہو گئے تھے تو اولاً ان کے لئے غنیمت کا حلال ہونا لازم آتا ہے جو بروئے احادیث امت محمدیہ کے خصائص سے ہے ثانیاً یہ کہ جب بنی اسرائیل اس مال کے مالک ہو گئے تھے تو پھر تلف کرنے سے موسیٰ علیہ السلام کے ذمہ اس کا ضمان کیوں نہ واجب ہوا۔ اور جواب اس کا یہ ہے کہ وہ مالک ہو گئے تھے خواہ ابتداءً بعد ہلاک فرعون واہل فرعون کے اور حلت غنیمت کا خاص ہونا شاید خاص ہو غنیمت حاصلہ وقت الحرب کے ساتھ اور یہی جواب ہوگا اس کا بنی اسرائیل قبطیوں کے باغ واملاک کے مالک ہو گئے تھے۔ کما قال اللہ تعالیٰ واورثنا بنی اسرائیل واللہ اعلم اور عدم ضمان موسیٰ علیہ السلام پر اس لئے ہوسکتا ہے کہ آلات معصیت کے اتلاف سے امام پر ضمان نہیں۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: قَالَ بَصُرْتُ بِمَا لَمْ يَبْصُرُوْا بِهٖ اس میں نفی ہے اغترار کی کشف وتصرف پر کہ وہ دونوں اہل حق کے ساتھ خاص نہیں۔

اختلاف القراءۃ: قرا الکسائی مالم تبصروا به بالخطاب ولا اشکال لانه یمکن ان خاطب القوم خجالة من خطاب موسیٰ عم۔

اللغات: ظلت اصله ظللت حذف احد اللامین تخفیفاً قوله بصرت فی الروح قال الزجاج یقال بصرها لشیء اذا علمه وابصر اذا نظر وقیل بصره وابصره بمعنی واحد آه فعلی الاول معناه علمت ما لم یعلموه وفطنت لما لم یفطنوا له وهو ان الرسول الذی جاء روحانی محض لا یمس اثره شیئا الا احیاه وعلی الثانی معناه رأیت ما لم یروا وهو ان جبریل جاء علی فرس الحیوة کذا فی البیضاوی۔

كَذٰلِكَ نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ مَا قَدْ سَبَقَ ۚ وَقَدْ اٰتَيْنٰكَ مِنْ لَّدُنَّا ذِكْرًا ﴿۹۹﴾ مَّنْ اَعْرَضَ عَنْهُ فَاِنَّهٗ يَحْمِلُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ
وِزْرًا ﴿۱۰۰﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهِ ۭ وَسَاۗءَ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ حِمْلًا ﴿۱۰۱﴾ يَّوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ ۭ وَنَحْشُرُ الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَىِٕذٍ زُرْقًا ﴿۱۰۲﴾
ع ۱۵ ۱۴ يَّتَخَافَتُوْنَ بَيْنَهُمْ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا عَشْرًا ﴿۱۰۳﴾ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُوْنَ اِذْ يَقُوْلُ اَمْثَلُهُمْ طَرِيْقَةً اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا يَوْمًا ﴿۱۰۴﴾ وَيَسْـَٔـلُوْنَكَ
عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ يَنْسِفُهَا رَبِّيْ نَسْفًا ﴿۱۰۵﴾ فَيَذَرُهَا قَاۗعًا صَفْصَفًا ﴿۱۰۶﴾ لَّا تَرٰى فِيْهَا عِوَجًا وَّلَآ اَمْتًا ﴿۱۰۷﴾ يَوْمَىِٕذٍ يَّتَّبِعُوْنَ
الدَّاعِيَ لَا عِوَجَ لَهٗ ۚ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا ﴿۱۰۸﴾ يَوْمَىِٕذٍ لَّا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ
الرَّحْمٰنُ وَرَضِيَ لَهٗ قَوْلًا ﴿۱۰۹﴾ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِهٖ عِلْمًا ﴿۱۱۰﴾ وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ ۭ وَقَدْ
خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا ﴿۱۱۱﴾ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا يَخٰفُ ظُلْمًا وَّلَا هَضْمًا ﴿۱۱۲﴾ وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ قُرْاٰنًا
عَرَبِيًّا وَّصَرَّفْنَا فِيْهِ مِنَ الْوَعِيْدِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ اَوْ يُحْدِثُ لَهُمْ ذِكْرًا ﴿۱۱۳﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ وَلَا
تَعْجَلْ بِالْقُرْاٰنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّقْضٰٓى اِلَيْكَ وَحْيُهٗ ۡ وَقُلْ رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ﴿۱۱۴﴾

(جس طرح ہم نے موسیٰ علیہ السلام کا قصہ بیان کیا) اسی طرح ہم آپ سے اور واقعات گزشتہ کی خبریں بھی بیان کرتے رہتے ہیں اور ہم نے آپ کو اپنے پاس سے ایک نصیحت نامہ دیا ہے (یعنی قرآن) جو لوگ اس سے روگردانی کریں گے سو وہ قیامت کے روز بڑا بھاری بوجھ (عذاب کا) لادے ہوں گے (اور) وہ اس (عذاب) میں ہمیشہ رہیں گے اور یہ بوجھ قیامت کے روز ان کے لئے بڑا بوجھ ہوگا۔ جس روز صور میں پھونک ماری جائے گی اور اس روز ہم مجرم لوگوں کو جمع کریں گے کہ (آنکھوں سے) کرنجے ہوں گے چپکے چپکے آپس میں باتیں کرتے ہوں گے کہ تم لوگ (قبروں میں) صرف دس روز رہے ہو گے جس (مدت) کی نسبت وہ بات چیت کریں گے اس کو ہم خوب جانتے ہیں (کہ وہ کس قدر ہے) جبکہ ان سب میں کا زیادہ صائب الرائے یوں کہتا ہوگا کہ نہیں تم ایک ہی روز (قبر میں) رہے ہو اور لوگ آپ سے پہاڑوں کی نسبت پوچھتے ہیں (کہ قیامت میں ان کا کیا حال ہوگا) سو آپ فرما دیجئے کہ میرا رب ان کو بالکل اڑا دے گا پھر زمین کو ایک میدان ہموار کر دے گا کہ جس میں تو (اے

www.besturdubooks.net

مخاطب) نہ ناہمواری دیکھے گا اور نہ کوئی بلندی دیکھے گا اس روز سب کے سب (خدائی) بلانے والے والے کے کہنے پر ہولیں گے اس کے سامنے (کسی کا) کوئی ٹیڑھا پن نہ رہے گا اور تمام آوازیں اللہ تعالیٰ کے سامنے (مارے ہیبت کے) دب جائیں گی سو تو (اے مخاطب) بجز پاؤں کی آہٹ کے اور کچھ نہ سنے گا۔ اس روز (کسی کو کسی کی) سفارش نفع نہ دے گی مگر ایسے شخص کو کہ جس کے واسطے اللہ تعالیٰ نے اجازت دے دی ہو اور اس شخص کے واسطے بولنا پسند کر لیا ہو وہ (اللہ تعالیٰ) ان سب کے اگلے پچھلے احوال کو جانتا ہے اور اس کو ان کا علم احاطہ نہیں کر سکتا اور (اس روز) تمام چہرے اس حی قیوم کے سامنے جھکے ہوں گے اور ایسا شخص تو (ہر طرح) ناکام رہے گا جو ظلم (یعنی شرک) لے کر آیا ہوگا اور جس نے نیک کام کئے ہوں گے اور وہ ایمان بھی رکھتا ہوگا سو اس کو نہ کسی زیادتی کا اندیشہ ہوگا اور نہ کمی کا اور ہم نے اسی طرح اس کو عربی قرآن کر کے نازل کیا ہے اور اس میں ہم نے طرح طرح سے وعید بیان کی ہے تاکہ وہ (سننے والے) لوگ رہ جائیں یا یہ قرآن ان کے لئے کسی قدر (تو) سمجھ پیدا کر دے سو اللہ تعالیٰ جو بادشاہ حقیقی ہے بڑا عالی شان ہے اور قرآن (پڑھنے) میں قبل اس کے کہ آپ پر اس کی وحی پوری نازل ہو چکے عجلت نہ کیجئے اور آپ یہ دعا کیجئے کہ اے میرے رب میرا علم بڑھا دیجئے۔

تفسیر ربط: اوپر قصہ موسویہ میں رسالت محمدیہ کا اثبات بھی تھا جس کی تقریر تمہید سورت و تمہید قصہ میں گزر چکی ہے آگے اجمالاً بیان قصص سے اور تنزیل قرآن سے بھی رسالت موصوفہ کا اثبات ہے اور حقیقت قرآن کے ذیل میں معاد کی کچھ تفصیل ہے بمناسبت جزا و سزا مصدق و مکذب قرآن کے اور اس مضمون کے خاتمہ پر آیت: وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ الخ میں قرآن کی مدح اور اس کے تنزیل پر منت اور اس کے متعلق بعض خاص آداب اور اس کے علوم کا مطلوب ہونا بیان فرمایا ہے پس اس مقام کا آغاز و انجام دونوں قرآن کے ذکر سے ہوئے۔ كَذٰلِكَ نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ (الی قولہ تعالیٰ) وَقُلْ رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا (جس طرح ہم نے موسیٰ علیہ السلام کا قصہ بیان کیا) اسی طرح ہم آپ سے اور واقعات[1] گزشتہ کی خبریں (اور حکایتیں بھی بیان کرتے رہتے ہیں (تاکہ نبوت پر دلیلیں کثیر ہوتی جاویں) اور ہم نے آپ کو اپنے پاس سے ایک نصیحت نامہ دیا (یعنی قرآن جس میں وہ خبریں ہیں اور وہ خود بھی استقلالاً بوجہ اعجاز کے دال علی النبوۃ ہے اور وہ نصیحت نامہ[2] ایسا ہے کہ) جو لوگ اس (کے مضامین ماننے) سے روگردانی کریں گے سو وہ قیامت کے روز بڑا بھاری بوجھ (عذاب کا) لادے ہوں گے (اور) وہ اس (عذاب) میں ہمیشہ رہیں گے اور یہ بوجھ قیامت کے روز ان کے لئے بڑا (بوجھ) ہوگا جس روز صور میں پھونک ماری جاوے گی (جس سے مردے زندہ ہو جاویں گے) اور ہم اس روز مجرم (یعنی کافر) لوگوں کو (میدانِ قیامت میں) اس حالت سے جمع کریں گے کہ (نہایت بدصورت ہوں گے کہ آنکھوں[3] سے) کرنجے ہوں گے (جو بدترین الوان چشم ہے اور خوف زدہ اس قدر ہوں گے کہ) چپکے چپکے آپس میں باتیں کرتے ہوں گے (اور ایک دوسرے سے کہتے[4] ہوں گے کہ تم لوگ (قبروں میں) صرف دس روز[5] رہے ہو گے (مطلب یہ ہو کہ ہم تم یوں سمجھے تھے کہ مر کر پھر زندہ ہونا نہیں یہ گمان تو بالکل غلط نکلا نہ زندہ ہونا تو درکنار یہ بھی تو نہ ہوا کہ دیر ہی میں زندہ ہوتے بلکہ بہت ہی جلدی زندہ ہو گئے کہ وہ مدت دس روز کی درازی اور ہول اور پریشانی ہے کہ مدت لبث فی القبر اس کے سامنے اس قدر قصیر معلوم ہوگی حق تعالیٰ فرماتے ہیں کہ) جس (مدت) کی نسبت وہ بات چیت کریں گے اس کو ہم خوب جانتے ہیں (کہ وہ کس قدر ہے) جب کہ ان سب میں کا زیادہ صائب الرائے[6] یوں کہتا ہوگا کہ نہیں تم تو ایک ہی روز (قبر میں) رہے ہو (اس کو صائب الرائے اس لئے فرمایا کہ اس یوم کے طول اور ہول کے اعتبار سے بھی نسبت اقرب ہے پس اس شخص کو حقیقت شدت کا زیادہ ادراک ہوا اس لئے اس کی رائے پہلے شخص کے اعتبار سے اصوب ہے اور یہ مقصود نہیں کہ یہ شخص مدت کی مقدار تحدید کرنے میں مصیب ہے کیونکہ ظاہر ہے کہ دونوں مقداریں تحدیداً صحیح نہیں اور نہ ان قائلین کا یہ مقصود تھا) اور (اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم قیامت کا حال سن کر بعضے) لوگ آپ سے پہاڑوں کی نسبت پوچھتے ہیں (کہ قیامت میں ان کا کیا حال ہوگا) سو آپ (جواب میں) فرما دیجئے کہ میرا رب ان کو (ریزہ ریزہ کر کے) بالکل اڑا دے گا پھر زمین کو[7] ایک میدان ہموار کر دے گا کہ جس میں تو (اے مخاطب) نہ ناہمواری دیکھے گا اور نہ کوئی بلندی (پہاڑ ٹیلہ[8] وغیرہ کی) دیکھے گا اس روز سب کے سب (خدائی) بلانے والے (یعنی صور پھونکنے والے فرشتہ) کے کہنے پر ہو لیں گے (یعنی وہ اپنی صور پھونکنے کی آواز سب کو قبروں سے بلاوے گا سب نکل پڑیں گے) اس کے سامنے (کسی کا) کوئی ٹیڑھا پن نہ رہے گا (کہ قبر سے زندہ ہو کر نہ نکلے جیسے دنیا میں انبیاء علیہم السلام کے سامنے ٹیڑھے رہتے تھے کہ تصدیق نہ کرتے تھے) اور (مارے ہیبت کے) تمام آوازیں اللہ تعالیٰ کے سامنے دب جاویں گی سو (اے مخاطب) تو بجز پاؤں کی آہٹ[9] کے (کہ میدان محشر کی طرف چپکے چپکے چل رہے ہوں گے) اور کچھ (آواز) نہ سنے گا (خواہ بوجہ اس کے کہ اس وقت بولتے ہی نہ ہوں گے گو دوسرے موقعہ پر آہستہ آہستہ بولیں جیسا اوپر آیا ہے یتخافتون اور خواہ بوجہ اس کے کہ بہت آہستہ بولتے ہوں گے جو ذرا فاصلہ سے ہو وہ نہ سن سکے) اس روز (کسی کو کسی کی) سفارش نفع نہ دے گی مگر ایسے شخص کو (انبیاء و صلحاء کی سفارش نفع دے گی) کہ جس (کی سفارش کرنے) کے واسطے اللہ تعالیٰ نے (شافعین) کو اجازت دے دی ہو اور اس شخص کے واسطے (شافع کا) بولنا پسند کر لیا ہو (مراد اس سے مؤمن ہے کہ شافعین کو اس کی سفارش کے لئے اجازت ہوگی اور اس باب میں شافع کا بولنا پسندیدہ حق ہوگا اور کفار کے لئے سفارش کی کسی کو اجازت ہی نہ ہوگی پس عدم نفع بوجہ عدم شفاعت کے ہے

www.besturdubooks.net

اس میں ترہیب ہے کفار معرضین کو کہ تم تو شفاعت سے بھی محروم رہو گے اور) وہ (اللہ تعالیٰ) ان سب کے اگلے پچھلے احوال کو جانتا ہے اور اس (کی معلومات[۱۰] کو ان کا علم احاطہ نہیں کر سکتا (یعنی ایسا تو کوئی امر نہیں جو خلق کو معلوم ہو اور اللہ تعالیٰ کو معلوم نہ ہو اور ایسے بہت امور ہیں کہ اللہ تعالیٰ کو معلوم ہیں جن پر شفاعت کی قابلیت یا عدم قابلیت مرتب ہے سو جو اس کا اہل ہوگا اس کے واسطے سفارش کرنے کی شافعین کو اجازت ہوگی اور جو اہل نہ ہوگا اس کے لئے اجازت نہ ہوگی) اور (اس روز) تمام چہرے اس حی و قیوم کے سامنے جھکے ہوں گے (اور سب متکبرین و جاحدین کا تکبر و جحود ختم ہو جاوے گا) اور (اس وصف میں تو اب مشترک ہوں گے پھر آگے ان میں یہ فرق نہ ہوگا کہ) ایسا شخص تو (ہر طرح) ناکام رہے گا جو ظلم (یعنی شرک) لے کر آیا ہوگا اور جس نے نیک کام کئے ہوں گے اور وہ ایمان بھی رکھتا ہوگا سو اس کو (کامل ثواب ملے گا) نہ کسی زیادتی کا اندیشہ ہوگا اور نہ کمی کا (مثلاً یہ کہ کوئی گناہ اس کے نامۂ اعمال میں زیادہ لکھ دیا جاوے یا کوئی نیکی کم لکھ دی جاوے اور یہ کنایہ ہے کمال ثواب سے پس اس کے مقابلہ میں کفار سے ثواب کی نفی مقصود ہوگی بوجہ عدم موجب ثواب کے گو ظلم و ہضم کفار کے لئے بھی نہ ہوگا اور ان کے حسنات کا نہ لکھا جانا بوجہ عدم شرط قبول یعنی ایمان کے ہضم نہیں ہے) اور ہم نے (جس طرح یہ مضامین مذکورہ مقام صاف صاف ارشاد کئے ہیں اسی طرح اس کو (سارے کو) عربی قرآن کر کے نازل کیا ہے (جس کے الفاظ واضح ہیں) اور اس میں ہم نے طرح طرح سے وعید (قیامت و عذاب کی) بیان کی ہے (جس سے معنی بھی واضح ہو گئے مطلب یہ کہ سارے قرآن کے مضامین ہم نے صاف صاف بتلائے ہیں) تاکہ وہ (سننے والے) لوگ (اس کے ذریعہ سے بالکل) ڈر جائیں (اور فی الحال ایمان لے آئیں) یا (اگر بالکل نہ ڈریں تو یہی ہو کہ) یہ قرآن ان کے لئے کسی قدر (تو) سمجھ پیدا کر دے (یعنی اگر پورا اثر نہ ہو تو تھوڑا ہی ہو اور اسی طرح چند بار تھوڑا تھوڑا جمع ہو کر کافی مقدار ہو جاوے اور کسی وقت مسلمان ہو جاویں) سو اللہ تعالیٰ جو بادشاہ حقیقی ہے عالیشان ہے (کہ ایسا نافع[۱۱] کلام نازل فرمایا) اور (جس طرح عمل کرنا اور نصیحت ماننا جو اوپر مذکور ہوئے قرآن کے حقوق متعلقہ تبلیغ سے ہیں جن کا ادا کرنا سب مکلفین پر فرض ہے اسی طرح بعض آداب قرآن کی تنزیل کے متعلق بھی ہیں جن کے ادا کا تعلق آپ سے ہے ان میں سے ایک یہ ہے کہ) قرآن (پڑھنے) میں قبل اس کے کہ آپ پر اس کی وحی پوری نازل ہو چکے عجلت نہ کیا کیجئے (کہ اس میں آپ کو تکلیف ہوتی ہے کہ جبرئیل علیہ السلام سے سننا اور اس کو پڑھنا ساتھ ساتھ کرنا پڑتا ہے سو ایسا نہ کیجئے اور اس کا اندیشہ نہ کیجئے کہ شاید یاد نہ رہے یاد کرانا ہمارے ذمہ ہے) اور آپ (بھی یاد ہونے کے لئے ہم سے) یہ دعا کیجئے کہ اے میرے رب میرا علم بڑھا دے (اس میں علم حاصل کے یاد رہنے کی اور غیر حاصل کے حصول کی اور جو حاصل ہونے والا نہیں اس میں عدم حصول کی خیر سمجھنے کی اور سب علوم میں خوش فہمی کی یہ سب دعائیں داخل ہیں تو لَا تَعْجَلْ کے بعد اس کا آنا نہایت ہی مناسب ہوا حاصل یہ کہ تدابیر حفظ میں سے تدبیر تعجیل کو ترک کیجئے اور تدبیر دعا کو اختیار کیجئے) ف: حدیثوں میں آیا ہے کہ آپ پہلے ایسا کرتے تھے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَقُلْ رَّبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا ۝ اس میں طلب ہے ترقی فی السلوک کی ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی ما قد سبق واقعات گزشتہ لان المراد بما الحوادث ۱۲ ۲ قولہ فی من اعرض ایسا ہے اشارۃ الی ان الجملۃ صفۃ لذکر ۱۲۔ ۳ قولہ فی زرقا آنکھوں سے کذا فی الروح عن ابن عباسؓ ۱۲۔ ۴ قولہ فی یتخافتون کہتے ہوں گے اشارۃ الی تضمن یتخافتون لیقولون او تقدیرہ ۱۲۔ ۵ قولہ فی عشرا دس روز فی الروح المذکر اذا حذف وابقی عددہ قد لا یوتی بالتاء آہ فلا اشکال فی تقدیر ایام لکونہ موافقا قول الامثل الا یومًا۔ ۶ قولہ فی طریقۃ رائ کذا فی الروح ۱۲۔ ۷ قولہ فی یذرھا زمین دل بذکر الجبال علی الارض بقرینۃ القاع الصفصف ۱۲۔ ۸ قولہ امتا پہاڑ لم یرد مطلق الارتفاع لانہ قد نفی بنفی العوج ۱۲۔ ۹ قولہ فی ھمسا آہٹ ھو احد معاینۃ الذکورۃ فی القاموس اخترتہ لترجحہ للمقام ۱۲۔ ۱۰ قولہ فی لا یحیطون بہ معلومات کو ان کا علم اشارۃ الی حذف المضاف ای بمعلومات والی کون العلم تمیزا محولا عن فاعل یحیطون ۱۲۔ ۱۱ قولہ فی توضیح فتعالیٰ ایسا نافع اشارۃ الی توجیہ ترتب حکم بالتعالیٰ علی ذکر القرآن ۱۲۔

الروایات: قولہ تعالیٰ ویسئلونک فی الدر المنثور اخرج ابن المنذر عن ابن جریج قال قالت قریش یا محمد کیف یفعل ربک بھذہ الجبال یوم القیامۃ فنزلت ویسئلونک عن الجبال الأیۃ قولہ یتبعون الداعی فی الدر المنثور اخرج ابن ابی حاتم عن محمد بن کعب القرظی قال یحشر اللہ تعالی الناس یوم القیامۃ الی قولہ ینادی مناد فیتبع الناس الصوت یؤمونہ فذلک قولہ یومئذ یتبعون الآیۃ وعن ابی صالح لا عوج لہ قال لا عوج عنہ ۱۲ قولہ ولا تعجل فی الدر المنثور عن ابن ابی حاتم عن السدی قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا نزل علیہ جبریل بالقرآن اتعب نفسہ فی حفظہ حتی یشق علی نفسہ یتخوف ان یصعد جبریل و لم یحفظہ فینسی ما علمہ فقال اللہ ولا تعجل بالقرآن من قبل ان یقضی علیک وحیہ وقال لا تحرک بہ لسانک لتعجل بہ۔

www.besturdubooks.net

اللغات: القاع فی القاموس ارض سهلة قد انفرجت عنها الجبال والأكام۔ والصفصف المستوى من الارض آه قلت ويراد بالتكرير التاكيد۔ العوج فی الروح عدم الاستقامة المعنوية والحسية وصح الواو فيه لانه منقوص من اعوج ولما صح فی الفعل صح فی المصدر ايضًا۔

النحو: اذ يقول متعلق بيقولون ۱۲۔

وَلَقَدْ عَهِدْنَآ اِلٰٓى اٰدَمَ مِنْ قَبْلُ فَنَسِيَ وَلَمْ نَجِدْ لَهٗ عَزْمًا ﴿۱۱۵﴾ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ ع ۱۳
اَبٰى ﴿۱۱۶﴾ فَقُلْنَا يٰٓاٰدَمُ اِنَّ هٰذَا عَدُوٌّ لَّكَ وَلِزَوْجِكَ فَلَا يُخْرِجَنَّكُمَا مِنَ الْجَنَّةِ فَتَشْقٰى ﴿۱۱۷﴾ اِنَّ لَكَ اَلَّا تَجُوْعَ فِيْهَا وَلَا
تَعْرٰى ﴿۱۱۸﴾ وَاَنَّكَ لَا تَظْمَؤُا فِيْهَا وَلَا تَضْحٰى ﴿۱۱۹﴾ فَوَسْوَسَ اِلَيْهِ الشَّيْطٰنُ قَالَ يٰٓاٰدَمُ هَلْ اَدُلُّكَ عَلٰى شَجَرَةِ الْخُلْدِ وَمُلْكٍ
لَّا يَبْلٰى ﴿۱۲۰﴾ فَاَكَلَا مِنْهَا فَبَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا وَطَفِقَا يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ ۚ وَعَصٰٓى اٰدَمُ رَبَّهٗ فَغَوٰى ﴿۱۲۱﴾
ثُمَّ اجْتَبٰهُ رَبُّهٗ فَتَابَ عَلَيْهِ وَهَدٰى ﴿۱۲۲﴾ قَالَ اهْبِطَا مِنْهَا جَمِيْعًا ۚ بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّيْ
هُدًى ۙ فَمَنِ اتَّبَعَ هُدَايَ فَلَا يَضِلُّ وَلَا يَشْقٰى ﴿۱۲۳﴾ وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِيْ فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَّنَحْشُرُهٗ يَوْمَ
الْقِيٰمَةِ اَعْمٰى ﴿۱۲۴﴾ قَالَ رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِيْٓ اَعْمٰى وَقَدْ كُنْتُ بَصِيْرًا ﴿۱۲۵﴾ قَالَ كَذٰلِكَ اَتَتْكَ اٰيٰتُنَا فَنَسِيْتَهَا ۚ وَكَذٰلِكَ
الْيَوْمَ تُنْسٰى ﴿۱۲۶﴾ وَكَذٰلِكَ نَجْزِيْ مَنْ اَسْرَفَ وَلَمْ يُؤْمِنْ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ؕ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَدُّ وَاَبْقٰى ﴿۱۲۷﴾

اور اس سے (بہت زمانہ) پہلے ہم آدم علیہ السلام کو ایک حکم دے چکے تھے سو ان سے غفلت (اور بے احتیاطی) ہوگئی اور ہم نے ان میں پختگی نہ پائی اور وہ وقت یاد کرلو ہم نے فرشتوں سے ارشاد فرمایا کہ آدم علیہ السلام کے سامنے سجدہ (تحیت) کرو سو سب نے سجدہ کیا بجز ابلیس کے (کہ اس نے انکار کیا) پھر ہم نے (آدم علیہ السلام سے) کہا کہ اے آدم علیہ السلام (یاد رکھو) یہ بلاشبہ تمہارا اور تمہاری بی بی کا دشمن ہے سو کہیں تم دونوں کو جنت سے نہ نکلوا دے پھر تم مصیبت میں پڑ جاؤ یہاں جنت میں تو تمہارے لئے یہ (آرام) ہے کہ تم نہ کبھی بھوکے رہو گے نہ ننگے ہو گے اور نہ یہاں پیاسے ہو گے اور نہ دھوپ میں تپو گے پس ان کو شیطان نے بہکایا کہنے لگا اے آدم علیہ السلام کیا تم کو ہمیشگی (خاصیت) کا درخت بتلاؤں اور ایسی بادشاہی کہ جس میں کبھی ضعف نہ آوے سو (اس کے بہکانے سے) دونوں نے اس درخت سے کھالیا تو ان دونوں کے ستر ایک دوسرے کے سامنے کھل گئے اور (اپنا بدن ڈھانپنے کو) دونوں اپنے اوپر جنت کے (درختوں کے) پتے چپکانے لگے اور آدم علیہ السلام سے اپنے رب کا قصور ہو گیا سو غلطی میں پڑ گئے پھر ان کو ان کے رب نے (زیادہ) مقبول بنالیا سو ان پر توجہ فرمائی اور راہ (راست) پر (ہمیشہ) قائم رکھا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ دونوں کے دونوں جنت سے اترو (اور دنیا میں) ایسی حالت سے (جاؤ) کہ ایک کا دشمن ایک ہوگا پھر اگر تمہارے پاس میری طرف سے کوئی ہدایت پہنچے تو (تم میں) جو شخص میری اس ہدایت کا اتباع کرے گا تو وہ (نہ دنیا میں) گمراہ ہوگا اور نہ آخرت میں شقی ہوگا اور جو شخص میری اس نصیحت سے اعراض کرے گا تو اس کے لئے تنگی کا جینا ہوگا اور قیامت کے روز ہم اس کو اندھا کر کے (قبر سے) اٹھائیں گے وہ (تعجب سے) کہے گا کہ اے میرے رب آپ نے مجھ کو اندھا کر کے کیوں اٹھایا میں تو (دنیا میں) آنکھوں والا تھا ارشاد ہوگا کہ ایسا ہی تیرے پاس ہمارے احکام پہنچے تھے پھر تو نے ان کا کچھ خیال نہ کیا اور ایسا ہی آج تیرا کچھ خیال نہ کیا جائے گا اور اسی طرح (ہر) اس شخص کو ہم (مناسب عمل کے) سزا دیں گے جو حد (اطاعت سے) گزر جائے اور اپنے رب کی آیتوں پر ایمان نہ لائے اور واقعی آخرت کا عذاب ہے بڑا سخت اور دیرپا۔

تفسیر ربط: اوپر آیت: مَنْ اَعْرَضَ عَنْهُ فَاِنَّهٗ يَحْمِلُ الخ میں معرضین عن الاحکام کی وعید ارشاد فرمائی تھی اب آگے اس مضمون کی تاکید کے لئے قصہ آدم علیہ السلام کا بیان فرماتے ہیں کہ دیکھو جب باجود ان کے کمال مقرب ومقبول ہونے کے ایک ترک احتیاط سے ان کی شان اور عمل کی مناسب ان کو ضرر پہنچا تو عوام مکلفین تو کس شمار میں ہیں ان کو اعراض عن الذکر کی سزا ہونا کیا مستبعد ہے چنانچہ آغاز قصہ میں وَلَقَدْ عَهِدْنَآ اِلٰٓى اٰدَمَ مِنْ قَبْلُ اور انجام میں مَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِيْ الخ کے عنوانات اس تاکید کے قرائن واضحہ ہیں نیز اس قصہ میں آیت: وَكَذٰلِكَ نَقُصُّ الخ کی تتمیم اور انجاز وعد بھی ہے۔

تاکید کلام بقصۂ آدم علیہ السلام ☆ وَلَقَدْ عَهِدْنَآ اِلٰٓى اٰدَمَ مِنْ قَبْلُ (الی قولہ تعالیٰ) وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَدُّ وَاَبْقٰى اور اس سے (بہت زمانہ) پہلے آدم (علیہ السلام) کو ایک حکم دے چکے تھے (جس کا بیان آگے آتا ہے) سو ان سے غفلت (اور بے احتیاطی) ہوگئی اور ہم نے (اس حکم کے اہتمام میں) ان میں پختگی

www.besturdubooks.net

(اور ثابت قدمی) نہ پائی اور (اس اجمال کی تفصیل اگر مطلوب ہو تو) وہ وقت یاد کرلو جب کہ ہم نے فرشتوں سے ارشاد فرمایا کہ آدم (علیہ السلام) کے سامنے سجدہ (تحیت) کرو سو سب نے سجدہ کیا بجز ابلیس کے (کہ) اس نے انکار کیا پھر ہم نے (آدم سے) کہا کہ اے آدم (یاد رکھو) یہ بلاشبہ تمہارا اور تمہاری بی بی کا (اس وجہ سے) دشمن ہے (کہ تمہارے معاملہ میں یہ مردود ہوا) سو کہیں تم دونوں کو جنت سے نہ نکلوا دے (یعنی اس کے کہنے سے کوئی ایسا کام مت کر بیٹھنا کہ جنت سے باہر کئے جاؤ) پھر مصیبت (اکتساب معاش) میں پڑ جاؤ (اور ساتھ میں تمہاری بی بی بھی مگر زیادہ حصہ مصیبت کا تم کو بھگتنا پڑے اور) یہاں جنت میں تو تمہارے لئے یہ (آرام) ہے کہ تم نہ کبھی بھوکے ہو گے (جس سے تکلیف ہو یا اس کی تدبیر میں دیر اور پریشانی ہو) اور نہ ننگے ہو گے کہ (کپڑا نہ ملے یا احتیاج کے اتنی دیر بعد ملے کہ تکلیف ہونے لگے) اور نہ یہاں پیاسے ہو گے (کہ پانی ملے یا دیر ہونے سے تکلیف ہو) اور نہ دھوپ میں تپو گے (کیونکہ جنت میں دھوپ ہی نہیں اور مکان بھی ہر طرح پناہ کے ہیں بخلاف اس حالت کے کہ اگر جنت سے نکل کر دنیا میں گئے وہ ساری مصیبتیں ہوں گی اس لئے ان امور کو پیش نظر رکھ کر خوب ہی ہوشیاری و بیداری سے رہنا) پھر ان کو شیطان نے (جھانسہ دیا یعنی) بہکایا کہنے لگا کہ اے آدم کیا میں تم کو ہمیشگی (کی خاصیت) کا درخت بتلا دوں (کہ اس کے کھانے سے ہمیشہ شاد و آباد رہو) اور ایسی بادشاہی جس میں کبھی ضعف نہ آوے سو (اس کے بہکانے سے) دونوں نے اس درخت سے کھالیا (جس سے ممانعت ہوئی تھی اور شیطان نے اس کو شجرۃ الخلد کہا تھا) تو (اس کے کھاتے ہی) ان دونوں کے ستر ایک دوسرے کے سامنے کھل گئے اور (اپنا بدن ڈھانکنے کو) دونوں اپنے (بدن کے) اوپر جنت (کے درختوں) کے پتے چپکانے لگے اور آدم سے اپنے رب کا قصور ہو گیا سو (تحصیل مقصود خلد کے باب میں) غلطی میں پڑ گئے پھر (جب انہوں نے معذرت کی تو) ان کو ان کے رب نے (زیادہ) مقبول بنا لیا سو ان پر (مہربانی سے) توجہ فرمائی اور راہ (راست) پر (ہمیشہ) قائم رکھا (کہ پھر ایسی خطا نہیں ہوئی اور جب درخت کھالیا تو) اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ دونوں کے دونوں جنت سے اترو (اور دنیا میں) ایسی حالت سے (جاؤ) کہ (تمہارے فرزندوں میں) ایک کا دشمن ایک ہو گا پھر اگر تمہارے پاس میری طرف سے کوئی ہدایت کا اتباع کرے گا تو وہ نہ (دنیا میں) گمراہ ہو گا اور نہ (آخرت میں) شقی ہو گا اور جو شخص میری اس نصیحت سے اعراض کرے گا تو اس کے لئے (قیامت سے پہلے دنیا میں قبر اور) تنگی کا جینا ہو گا اور قیامت کے روز اس کو اندھا کر کے (قبر سے) اُٹھائیں گے وہ (تعجب سے) کہے گا کہ اے میرے رب آپ نے مجھ کو اندھا کر کے کیوں اُٹھایا میں تو (دنیا میں) آنکھوں والا تھا (مجھ سے ایسی کیا خطا ہوئی) ارشاد ہو گا کہ (جیسی تجھ کو سزا ہوئی ہے) ایسا ہی (تجھ سے عمل ہوا تھا وہ یہ کہ) تیرے پاس (انبیاء و علماء کے واسطے سے) ہمارے احکام پہنچے تھے پھر تو نے ان کا کچھ خیال نہ کیا اور ایسا ہی آج تیرا کچھ خیال نہ کیا جاوے گا (جیسا تو نے خیال نہ کیا تھا) اور (جس طرح کہ یہ سزا مناسب عمل دی گئی) اسی طرح (ہر) اس شخص کو ہم (مناسب عمل) سزا دیں گے جو حد (اطاعت) سے گذر جاوے اور اپنے رب کی آیتوں پر ایمان نہ لاوے اور واقعی آخرت کا عذاب ہی بڑا سخت اور بڑا دیرپا (کہ اس کی کہیں انتہا ہی نہیں تو اس سے بچنے کا بہت ہی اہتمام کرنا واجب ہے) ف: آدم علیہ السلام کے قصہ کی تفصیل اور مضامین کی توجیہ سورۂ بقرہ اور سورۂ اعراف کے شروع میں گذر چکی ہے اور منتقی میں تخصیص آدم علیہ السلام کی اس لئے ہے کہ اکثر مرد پر مشقت معیشت کی زیادہ ہوتی ہے اور لاتجوع الخ کی جو تقریر ترجمہ میں کی گئی ہے اس سے یہ فائدہ ہے کہ اگر جنت میں کسی قدر بھوک اور پیاس کا تحقق بھی ہو تب بھی اشکال نہ رہے جیسا کہ احتمال ہے کہ شاید خفیف سی بھوک اور پیاس اس مصلحت سے لگے کہ مطعومات و مشروبات میں التذاذ ہو اور عصی اور غوی کا فرق ترجمہ کی تقریر سے ظاہر ہے اور اجتباہ کے ترجمہ میں زیادہ کی تصریح سے یہ اشکال جاتا رہا کہ کیا کسی وقت وہ غیر مقبول بھی تھے اور باوجود اس لغزش کے معصیت نہ ہونے کے اس پر عتاب ہونا اس کی تحقیق سورۂ بقرہ میں گزر چکی اور کافر کا قیامت میں اندھا اٹھنا قبر سے خروج کے وقت ہو گا پھر یہ عمی زائل ہو جاوے گا پس آیات : وَرَاَ الْمُجْرِمُوْنَ النَّارَ [الکہف: ۵۳] اور اَسْمِعْ بِهِمْ وَاَبْصِرْ [مریم: ۳۸] وغیرہا سے اس کا تعارض نہیں اور : كُنْتُ بَصِيْرًا ۝ یہ قول اکثر افراد کا ہو گا ورنہ بعضے کفار دنیا میں بھی اعمی ہوتے ہیں اور بعض نے یہ تفسیر کی ہے کہ اعمی عن الحجة وبصیرا بالحجة یعنی دنیا میں تو میں بڑا زبان آور تھا یہاں بالکل گنگ و لال ہو گیا کوئی بات نہ سوجھتی ہے نہ بولا جاتا ہے۔ اور معیشت ضنک قبر میں تو ظاہر ہے کہ قبر کافر پر تنگ ہو گی اور طرح طرح سے اس پر عذاب ہو گا اور دنیا میں تنگی باعتبار قلب کے ہے کہ ہر وقت دنیا کی حرص میں، ترقی کی فکر میں، کمی کے اندیشہ میں بے آرام رہتا ہے گو کوئی کافر بے فکر بھی ہو لیکن اکثر کی حالت یہی ہے اور اگر معیشت ضنک کو تمام کفار کے لئے عام لے لیا جاوے اور دنیا میں بعض کفار کو بالکل تنگی نہ ہونا بھی مان لیا جاوے تو یہ جواب دیا جاوے گا کہ آیت میں مطلق معیشت ضنک آیا ہے اگر کسی کو صرف قبر ہی میں معیشت ضنک ہو تب بھی یہ حکم صادق ہے خوب سمجھ لو۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَلَمْ نَجِدْ لَهٗ عَزْمًا ۝ اس میں دلالت ہے اس پر کہ ضعف طبعی اور کمال میں منافات نہیں۔ قولہ تعالیٰ: قَالَ يٰٓاٰدَمُ الخ اس میں ثمرات غیر مقصودہ کی طلب کا مضر ہونا مذکور ہے کیونکہ یہ خلد جس کی تحصیل کا امر نہیں کیا گیا اور ایسے ہی ملکیت غیر مطلوب تھی۔ قولہ تعالیٰ: فَاَكَلَا مِنْهَا اس میں ذکر ہے صدور خطا اجتہادی کا کاملین سے اور اس پر ان کے مواخذہ کا بخلاف عوام کے کہ ان کو احیاناً اس پر اجر ملتا ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: ثُمَّ اجْتَبٰهُ رَبُّهٗ اس میں تقدیم

www.besturdubooks.net

ہے جذب کی سلوک پر کہ اجتباء جذب سے اور ہدایت سلوک ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا اس میں ذکر ہے بعض اقسام قبض کا جو معصیت سے مسبب ہو اور حقیقی قبض یہی ہے اور دوسرے اقسام محض صورت قبض ہیں ۱۲۔

الرِّوَايَات: فی الروح اخرج عبدالرزاق وسعید بن منصور و مسدد فی سنده وعبد بن حمید والحاکم وصححه والبیهقی فی کتاب عذاب القبر وجماعة عن ابن سعید قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم قوله تعالیٰ معیشة ضنکا عذاب القبر آه قلت ولا ینافی التخصیص الذکری العموم الا رادی والتخصیص یحتمل ان یکون تمثیلا او یکون هذا الفرد اشد وافظع ۱۲۔

اللُّغَات: قوله فتشقی الشقا الشدة العسر ویمد کذا فی القاموس ۱۲۔

النَّحْو: قوله ابی استیناف ۱۲ قوله وملك لا یبلی تاکید قوله ضنکا مصدر وصف به یستوی فیه المذکر والمؤنث ۱۲۔

أَفَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ يَمْشُوْنَ فِيْ مَسٰكِنِهِمْ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي النُّهٰى ﴿۱۲۸﴾ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَكَانَ لِزَامًا وَّاَجَلٌ مُّسَمًّى ﴿۱۲۹﴾ فَاصْبِرْ عَلٰي مَا يَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوْبِهَا ۚ وَمِنْ اٰنَاۗيِٕ الَّيْلِ فَسَبِّحْ وَاَطْرَافَ النَّهَارِ لَعَلَّكَ تَرْضٰى ﴿۱۳۰﴾ وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ زَهْرَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ لِنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ ۭ وَرِزْقُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ﴿۱۳۱﴾ وَاْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا ۭ لَا نَسْـَٔـلُكَ رِزْقًا ۭ نَحْنُ نَرْزُقُكَ ۭ وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰى ﴿۱۳۲﴾ وَقَالُوْا لَوْلَا يَاْتِيْنَا بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ اَوَلَمْ تَاْتِهِمْ بَيِّنَةُ مَا فِي الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ﴿۱۳۳﴾ وَلَوْ اَنَّآ اَهْلَكْنٰهُمْ بِعَذَابٍ مِّنْ قَبْلِهٖ لَقَالُوْا رَبَّنَا لَوْلَآ اَرْسَلْتَ اِلَيْنَا رَسُوْلًا فَنَتَّبِعَ اٰيٰتِكَ مِنْ قَبْلِ اَنْ نَّذِلَّ وَنَخْزٰى ﴿۱۳۴﴾ قُلْ كُلٌّ مُّتَرَبِّصٌ فَتَرَبَّصُوْا ۚ فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ اَصْحٰبُ الصِّرَاطِ السَّوِيِّ وَمَنِ اهْتَدٰى ﴿۱۳۵﴾

کیا ان لوگوں کو (اب تک) اس سے بھی ہدایت نہیں ہوئی کہ ہم ان سے پہلے بہت سے گروہوں کو ہلاک کر چکے ہیں کہ ان (ان میں سے بعض) کے رہنے کے مقامات میں یہ لوگ بھی چلتے پھرتے ہیں اس میں تو اہل فہم کے (کافی) دلائل موجود ہیں اور اگر آپ کے رب کی طرف سے ایک بات پہلے فرمائی ہوئی نہ ہوتی اور (عذاب کے لئے) ایک میعاد معین نہ ہوتی (کہ وہ قیامت کا دن ہے) تو عذاب لازمی طور پر ہوتا سو آپ ان کی باتوں پر صبر کیجئے اور رب کی حمد کے ساتھ (اس کی) تسبیح کیجئے (اس میں نماز بھی آ گئی) آفتاب نکلنے سے پہلے اور اس کے غروب ہونے سے پہلے اور اوقات شب میں (بھی) تسبیح کیا کیجئے (مثلاً نماز مغرب وعشا) اور دن کے اول وآخر میں تاکہ (آپ کو جو ثواب ملے) آپ (اس سے) خوش ہوں اور ہرگز ان چیزوں کی طرف آپ آنکھ اٹھا کر نہ دیکھئے جن سے ہم نے کفار کے مختلف گروہوں کو ان کی آزمائش کے لئے متمتع کر رکھا ہے کہ وہ (محض) دنیوی زندگی کی رونق ہے اور آپ کے رب کا عطیہ (جو آخرت میں ملے گا) بدرجہا بہتر ہے اور دیرپا ہے اور اپنے متعلقین کو بھی نماز کا حکم کرتے رہئے اور خود بھی اس کے پابند رہئے ہم آپ سے معاش (کمانا نہیں چاہتے معاش تو آپ کو ہم دیں گے اور بہتر انجام تو پرہیزگاری ہی کا ہے۔ اور وہ لوگ (عناداً) یوں کہتے ہیں کہ یہ (رسول) ہمارے پاس کوئی نشانی (اپنی نبوت کی) کیوں نہیں لاتے (جواب یہ ہے کہ) کیا ان کے پاس پہلی کتابوں کے مضامین کا ظہور نہیں پہنچا اور اگر ہم ان کو قبل قرآن آنے کے (سزائے کفر میں) کسی عذاب سے ہلاک کر دیتے تو یہ لوگ بطور عذر کے) یوں کہتے ہیں کہ اے ہمارے رب آپ نے ہمارے پاس کوئی رسول (دنیا میں) کیوں نہیں بھیجا تھا کہ ہم آپ کے احکام پر چلتے قبل اس کے کہ ہم (یہاں خود بے قدر ہوں اور (دوسروں کی نگاہ میں) رسوا ہوں آپ کہہ دیجئے کہ (ہم) انتظار کر رہے ہیں سو (چندے) اور انتظار کر لو اب عنقریب تم کو (بھی) معلوم ہو جائے گا کہ راہ راست والے کون ہیں اور وہ کون ہے (جو منزل) مقصود تک پہنچا۔ ۞

تفسیر لطیف: اوپر قصہ آدم علیہ السلام سے آیت: من اعرض عنه کے مضمون کی تائید تھی جیسا کہ تمہید آیات قصہ میں بیان کیا گیا اب آگے بھی ان ہی معرضین کے احوال واقوال کی تقبیح اور ان اقوال واحوال سے جو حضور ﷺ کو حزن ہوا کرتا تھا درمیان میں اس حزن کا ازالہ اور آپ کی تسلی کا مضمون ہے اور اس مضمون خاتمہ کو مضمون فاتحہ سورت سے بھی خاص مناسبت ہے چنانچہ وہاں اول آیت میں بھی یہی مضمون آپ کی رفع مشقت کا جو بعمومہ حزن باقوال الکفار کو بھی شامل ہے مذکور تھا اور لمن یخشٰی کے مفہوم مقابل سے غیر خاشین کا عدم تذکر بھی معلوم ہوتا ہے پس جو وہاں مجمل ہے یہاں مفصل ہے واللہ اعلم۔

تقبیح احوال واقوال کفار وتسلیہ سید الابرار صلی اللہ علیہ وسلم ☆ اَفَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ (الی قوله تعالیٰ) فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ

www.besturdubooks.net

اَصْحٰبُ الصِّرَاطِ السَّوِیِّ وَمَنِ اهْتَدٰی ﴿ (یہ معرضین جو اعراض پر اصرار کر رہے ہیں تو) کیا ان لوگوں کو (اب تک) اس سے بھی ہدایت نہیں ہوئی کہ ہم ان سے پہلے بہت سے گروہوں کو (اس اعراض ہی کی بدولت عذاب سے ہلاک کر چکے ہیں کہ ان (میں سے بعض) کے رہنے کے مقامات میں یہ لوگ بھی چلتے (پھرتے) ہیں (کیونکہ شام کو جاتے ہوئے اہل مکہ کے راستہ میں بعض ان قوموں کے مساکن آتے تھے) اس (امر مذکور) میں تو اہل فہم کے (سمجھنے کے) لئے (کافی) دلائل (اعراض کے مذموم عنداللہ ہونے کے) موجود ہیں اور (ان پر عذاب نہ آنے سے جو ان کو شبہ اپنے مسلک کے مذموم نہ ہونے کا ہوتا ہے تو اس کی حقیقت یہ ہے کہ) اگر آپ کے رب کی طرف سے ایک بات پہلے سے فرمائی ہوئی نہ ہوتی (وہ یہ کہ بعض مصلحتوں کی وجہ سے ان کو مہلت ہوگی) اور (عذاب کے لئے) ایک میعاد معین نہ ہوتی (کہ وہ قیامت کا دن ہے) تو (ان کے کفر و اعراض کے اقتضاء سے) عذاب لازمی طور پر ہوتا (خلاصہ یہ کہ کفر تو مقتضی عذاب کا ہے لیکن ایک مانع سے توقف ہو رہا ہے پس ان کا وہ شبہ اور تمسک عدم وقوع عذاب سے غلط ہے غرض یہ کہ امہال ہے اہمال نہیں) سو (جب عذاب کا آنا یقینی ہے تو) آپ ان کی (کفر آمیز) باتوں پر صبر کیجئے (اور بغض فی اللہ کی وجہ سے جو ان پر غیظ آتا ہے اور اس پر توقف عذاب سے اضطراب ہوتا ہے اس اضطراب کو ترک کیجئے) اور اپنے رب کی حمد (وثنا) کے ساتھ (اس کی) تسبیح (وتقدیس) کیجئے (اس میں نماز بھی آ گئی) آفتاب نکلنے سے پہلے (نماز فجر) اور اس کے غروب سے پہلے (مثلاً نماز ظہر وعصر) اور اوقات شب میں (بھی) تسبیح کیا کیجئے (مثلاً نماز مغرب وعشا) اور دن کے اول وآخر میں (تسبیح کرنے کے واسطے اہتمام کے لئے مکرر کہا جاتا ہے جس میں نماز فجر ومغرب کے ذکر کی بھی اہتماماً تکریر ہوگئی) تاکہ (آپ کو جو ثواب ملے) آپ (اس سے) خوش ہوں (مطلب یہ کہ آپ اپنی توجہ معبود حقیقی کی طرف رکھئے ان کی فکر نہ کیجئے) اور ہرگز ان چیزوں کی طرف آپ آنکھ اُٹھا کر بھی نہ دیکھئے (جیسا اب تک بھی نہیں دیکھا) جن سے ہم نے کفار کے مختلف گروہوں کو (مثلاً یہود و نصاریٰ و مشرکین کو) ان کی آزمائش کے لئے متمتع کر رکھا ہے کہ وہ (محض) دنیوی زندگی کی رونق ہے (مطلب اوروں کو سنانا ہے کہ جب معصوم کے لئے یہ ممانعت ہے جن میں احتمال بھی نہیں تو غیر معصوم کو تو اس کا اہتمام کیونکر ضروری نہ ہوگا اور آزمائش یہ کہ کون احسان مانتا ہے اور کون سرکشی کرتا ہے) اور آپ کے رب کا عطیہ (جو آخرت میں ملے گا) بدرجہا (اس سے) بہتر ہے اور دیرپا ہے (کہ کبھی فنا ہی نہ ہوگا خلاصہ کلام کا یہ ہوا کہ نہ ان کی اعراض بکسر الہمزہ کی طرف التفات کیا جاوے نہ ان کے اعراض بفتح الہمزہ کی طرف سب کا انجام عذاب ہے) اور اپنے متعلقین کو (یعنی اہل خاندان کو یا مؤمنین کو) بھی نماز کا حکم کرتے رہئے اور خود بھی اس کے پابند رہئے (یعنی زیادہ توجہ کے قابل یہ امور ہیں) ہم آپ سے (اور اسی طرح دوسروں سے ایسے) معاش (کمانا) نہیں چاہتے (جو مانع طاعات ضروریہ ہو) معاش تو آپ کو (اور اسی طرح اوروں کو) ہم دیں گے (یعنی مقصود اصلی اکتساب نہیں بلکہ دین اور طاعت ہیں اکتساب کی اسی حالت میں اجازت یا امر ہے کہ ضروری طاعت میں وہ مخل نہ ہو) اور بہتر انجام تو پرہیزگاری ہی کا ہے (اس لئے ہم حکم دیتے ہیں: لَا تَمُدَّنَّ [الحجر: ۸۸] اور وَاْمُرْ اَهْلَكَ الخ اور معرضین کے بعض احوال واقوال جیسے اوپر معلوم ہوئے اسی طرح ان کا ایک اور قول بھی مذکور ہوتا ہے کہ) وہ لوگ (عناداً) یوں کہتے ہیں کہ یہ (رسول) ہمارے پاس کوئی نشانی (اپنی نبوت کی) کیوں نہیں لاتے (آگے جواب ہے کہ) کیا ان کے پاس پہلی کتابوں کے مضمون کا ظہور نہیں پہنچا (مراد اس سے قرآن ہے کہ اس سے کتب سابقہ کے مضمون پیشین گوئی کی صدق کا ظہور ہوگیا مطلب یہ کہ کیا ان کے پاس قرآن نہیں پہنچا جس کی پہلے سے شہرت تھی کہ وہ نبوت پر کافی دلیل ہے) اور اگر ہم ان کو قبل قرآن آنے کے (سزائے کفر میں) کسی عذاب سے ہلاک کر دیتے (اور پھر قیامت کے روز اصلی سزا کفر کی دی جاتی کہ وہ لازم ہی تھی) تو یہ لوگ (بطور عذر کے) یوں کہتے کہ اے ہمارے رب آپ نے ہمارے پاس کوئی رسول (دنیا میں) کیوں نہیں بھیجا تھا کہ ہم آپ کے احکام پر چلتے قبل اس کے کہ ہم (یہاں خود) بے قدر ہوں اور (دوسروں کی نگاہ میں) رسوا ہوں (سو اب اس عذر کی بھی گنجائش نہیں رہی اگر وہ یوں کہیں کہ وہ عذاب کب ہوگا تو) آپ کہہ دیجئے کہ (ہم) سب انتظار کر رہے ہیں سو (چندے) اور انتظار کر لو اب عنقریب تم کو (بھی) معلوم ہو جاوے گا کہ راہ راست والے کون ہیں اور وہ کون ہے جو (منزل) مقصود تک پہنچا (یعنی وہ فیصلہ عنقریب بعد موت یا بعد الحشر ظاہر ہو جاوے گا) **ف**: اصبر کی تقریر میں حضور کے غیظ کی جو وجہ بیان ہوئی ہے اس سے عدم شفقت کا شبہ جاتا رہا اور نیز تقریر مذکور پر یہ آیت حکم قتال سے منسوخ نہیں ٹھہری کہ ترک اضطراب مستلزم ترک جہاد نہیں **وقد تم بحمد اللّٰہ تعالٰی تفسیر السورۃ للثانی عشر من شوال ۱۳۲۴ من الھجرۃ۔**

تَرْجَمَۂ مَسَائِلِ السُّلُوْك: قولہ تعالیٰ: وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ الخ اس میں نگاہ کا بند رکھنا ہے شاغل عن اللہ سے پس یہ اصل ہے عمل صوفیہ نظر بر قدم کی۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃ: ۱ **قولہ فی نذل خودوفی نخزی** دوسروں کی اشارہ الی التغائر بین المفہومین المحسن للجمع ۱۲۔

الرِّوَایَات: فی الدر المنثور اخرج عبد بن حمید عن عکرمۃ فی قولہ واطراف النہار وقال بعد الصبح وعند غروب الشمس آہ قلت وعلیہ فسرت وھذا التکریر لاھتمام کما فی قولہ تعالٰی والصلوۃ الوسطٰی والاطراف بمعنی التثنیۃ ان ارید بالنہار النہار لواحد وبمعنی الجمع ان ارید الجنس الشامل لنہار کل یوم وفی تفسیری التسبیح بالاعم رعایۃ لجمیع الاقوال فی التسبیح ۱۲۔

www.besturdubooks.net

اللغات: اللزام مصدر بمعنى اللازم ومد العين طموح البصر الى الشئ كما فى القاموس۱۲۔

النحو: من اناء الليل فى الروح ذكر الخفاجى انه معمول بسبح من غير حاجة لدعوى زيادة الفاء لانها لا تمنع عمل ما بعدها فيما قبلها كما صرح به النحاة قوله اطراف النهار عطف على محل قوله سبحانه وتعالٰى من آناء الليل قوله زهرة فى الكشاف فى وجوه انتصابه وعلى ابداله من محل الجار والمجرور اى قوله تعالٰى به ولا حجة فى تضعيف ابن الحاجب قوله من قبله فى الروح متعلق باهلكنا۱۲۔

البلاغة: قوله واجل مسمى عطف على كلمة كما اخرج ابن ابى حاتم عن قتادة والسدى وفصله عما عطف عليه للمسارعة الى بيان جواب لو لا والاشعار باستقلال كل منهما بنفى لزوم العذاب مراعاة فواصل الاى الكريمة كذا فى الروح ويراد به يوم القيٰمة وفى الروح تعقب بانه يتحدح بالكلمة السابقة واجيب بانه لا يلزم من تاخير العذاب عن الدنيا ان يكون له وقت لا يتاخر عنه ولا يتخلف آه فتفاترا قوله ومن آناء الليل فسبح وللاعتناء بالشان كرر الامر بالتسبيح ولم يقتصر بالعطف۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ الْاَنْبِيَآءِ

سُوْرَةُ الْاَنْبِيَآءِ ۲۱ مَكِّيَّةٌ ۷۳ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۱۱۲ رُكُوْعَاتُهَا ۷

سورۃ الانبیاء مکہ میں نازل ہوئی سورۃ الانبیاء شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں اس میں ۱۱۲ آیات اور ۷ رکوع ہیں

اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ مُّعْرِضُوْنَ ۝۱ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ ذِكْرٍ مِّنْ رَّبِّهِمْ مُّحْدَثٍ اِلَّا
اسْتَمَعُوْهُ وَهُمْ يَلْعَبُوْنَ ۝۲ لَاهِيَةً قُلُوْبُهُمْ ؕ وَاَسَرُّوا النَّجْوَى ۖ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۖ هَلْ هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۚ
اَفَتَاْتُوْنَ السِّحْرَ وَاَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ ۝۳ قٰلَ رَبِّيْ يَعْلَمُ الْقَوْلَ فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۖ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝۴
بَلْ قَالُوْٓا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ بَلِ افْتَرٰىهُ بَلْ هُوَ شَاعِرٌ ۚ فَلْيَاْتِنَا بِاٰيَةٍ كَمَآ اُرْسِلَ الْاَوَّلُوْنَ ۝۵ مَآ
اٰمَنَتْ قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا ۚ اَفَهُمْ يُؤْمِنُوْنَ ۝۶ وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ
فَسْـَٔلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝۷ وَمَا جَعَلْنٰهُمْ جَسَدًا لَّا يَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَمَا كَانُوْا
خٰلِدِيْنَ ۝۸ ثُمَّ صَدَقْنٰهُمُ الْوَعْدَ فَاَنْجَيْنٰهُمْ وَمَنْ نَّشَآءُ وَاَهْلَكْنَا الْمُسْرِفِيْنَ ۝۹ لَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ ع ۱
كِتٰبًا فِيْهِ ذِكْرُكُمْ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝۱۰

ان (منکر) لوگوں سے ان کا (وقت) حساب نزدیک آ پہنچا اور یہ (ابھی) غفلت میں (پڑے) ہیں (اور) اعراض کئے ہوئے ہیں ان کے پاس ان کے رب کی طرف سے جو نصیحت تازہ (حسب حال) آ گئی ہے یہ اس کو ایسے طور سے سنتے ہیں کہ (اس کے ساتھ) ہنسی کرتے ہیں (اور) ان کے دل متوجہ نہیں ہوتے اور یہ لوگ ظالم اور کافر (آپس میں) چپکے چپکے سرگوشی کرتے ہیں کہ یہ (یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم) محض تم جیسے ایک (معمولی) آدمی ہیں تو تم کیا پھر بھی جادو کی بات سننے کو (ان کے پاس) جاؤ گے حالانکہ تم جانتے ہو پیغمبر نے فرمایا کہ میرا رب ہر بات کو (خواہ) آسمان میں (ہو اور خواہ) زمین میں (ہو) جانتا ہے اور وہ خوب سننے والا خوب جاننے والا ہے بلکہ یوں (بھی) کہا کہ یہ (قرآن) پریشان خیالات ہیں بلکہ انہوں نے (یعنی پیغمبر نے) اس کو تراش لیا ہے بلکہ یہ تو ایک شاعر شخص ہیں تو ان کو چاہئے ایسی کوئی (بڑی) نشانی لاویں جیسے پہلے لوگ بنائے گئے ان سے پہلے کوئی بستی والے جن کو ہم نے ہلاک کیا ہے ایمان نہیں لائے سو کیا یہ لوگ ایمان لے آئیں گے۔ اور ہم نے آپ سے قبل صرف آدمیوں ہی کو پیغمبر بنایا جن کے پاس ہم وحی بھیجا کرتے تھے سو (اے منکرو) اگر تم کو (یہ بات) معلوم نہ ہو تو اہل کتاب سے دریافت کر لو اور ہم نے ان رسولوں کے ایسے جثے نہیں بنائے تھے جو کھانا نہ کھاتے ہوں (یعنی فرشتہ نہیں بنایا تھا) اور وہ حضرات ہمیشہ رہنے والے نہیں ہوئے پھر ہم نے جو ان سے وعدہ کیا تھا اس کو سچا کیا یعنی ان کو اور جن جن کو (نجات دینا) منظور ہو ہم نے نجات دی اور حد (اطاعت) سے گزرنے والوں کو ہلاک کیا۔ ہم تمہارے پاس ایسی کتاب بھیج چکے ہیں کہ اس میں تمہاری نصیحت (کافی) موجود ہے کیا پھر بھی تم نہیں سمجھتے (اور نہیں مانتے)۔ ۞

تفسیر: سورة الانبياء مكية وهي مائة واثنتا عشرة اٰية وسبع ركوعات كذا في البيضاوي اس صورت میں یہ مضامین مخلط ہیں۔ تحقیق معاد۔

www.besturdubooks.net

تحقیق نبوت۔ تحقیق توحید اور توحید و رسالت کی تائید کے لئے بعض انبیاء علیہم السلام کے قصص مذکور ہوئے ہیں اور یہی مضامین خصوص مضمون قصص وجہ ارتباط ہے سورۂ طٰہٰ کے ساتھ اور اس سورت کے آغاز میں حساب کا اقتراب اور سورۂ طٰہٰ کے ختم میں انکشاف حقیقت حقیت کا اقتراب جو مدلول ہے سین کا وجہ ارتباط ہے دونوں کے آغاز و انجام میں۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شنیع بر غفلت و جہالت و انکارِ رسالت ☆ اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ (الی قولہ تعالیٰ) اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝ ان (منکر) لوگوں سے ان کا (وقت) حساب نزدیک آ پہنچا (یعنی قیامت وقتاً فوقتاً نزدیک ہوتی جاتی ہے) اور یہ (ابھی) غفلت (ہی) میں (پڑے) ہیں (اور اس کے یقین کرنے سے اس کے لئے تیاری کرنے سے) اعراض کئے ہوئے ہیں۔ (اور ان کی غفلت یہاں تک بڑھ گئی ہے کہ) ان کے پاس ان کے رب کی طرف سے جو نصیحت تازہ (حسب حال ان کے) آتی ہے (بجائے اس کے کہ ان کو متنبہ ہوتا) یہ اس کو ایسے طور سے سنتے ہیں کہ (اس کے ساتھ ہنسی کرتے ہیں (اور) ان کے دل (اصلاً ادھر) متوجہ نہیں ہوتے اور یہ لوگ یعنی ظالم (اور کافر) لوگ (آپس میں) چپکے چپکے سرگوشی کرتے ہیں (نہ بوجہ خوف اہل اسلام کے کیونکہ مکہ میں کفار ضعیف نہ تھے بلکہ بقصد تمہید مکر و ابطال شیوع اسلام کے کہ اخفاء ایسے امور کا عادات میں سے ہے) کہ یہ (یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم) محض تم جیسے ایک (معمولی) آدمی ہیں (یعنی نبی نہیں اور یہ جو ایک دلکش دلربا کلام سناتے ہیں اس پر اعجاز کا شبہ اور اس اعجاز سے نبوت کا خیال نہ کرنا کیونکہ وہ حقیقت میں جادو آمیز کلام ہے) تو کیا (باوجود اس بات کے) پھر بھی تم جادو کی بات سننے کو (ان کے پاس) جاؤ گے حالانکہ تم (اس بات کو خوب) جانتے (بوجھتے) ہو پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم کو جواب دینے کا حکم ہوا اور انہوں) نے (موافق حکم کے جواب میں) فرمایا کہ میرا رب ہر بات کو (خواہ) آسمان میں (ہو) اور (خواہ) زمین میں (ہو اور خواہ ظاہر ہو یا خفی ہو خوب) جانتا ہے اور وہ خوب سننے والا خوب جاننے والا ہے (سو تمہارے ان اقوال کفریہ کو بھی جانتا ہے اور تم کو خوب سزا دے گا اور انہوں نے صرف سحر کہنے پر اکتفا نہیں کیا) بلکہ یوں (بھی) کہا کہ یہ (قرآن) پریشان خیالات ہیں (کہ واقع میں دلکش بھی نہیں) بلکہ (اس سے بڑھ کر یہ ہے کہ) انہوں نے (یعنی پیغمبر نے) اس کو (قصداً و اختیاراً) اپنے دل سے) تراش لیا ہے (اور اضغاث احلام میں تو انسان کسی قدر بے اختیار اور معذور اور مبتلائے اشتباہ بھی ہوتا ہے اور یہ افتراء کچھ قرآن ہی کے ساتھ خاص نہیں) بلکہ یہ تو ایک شاعر شخص ہیں (ان کی تمام باتیں ایسی ہی تراشیدہ اور خیالی ہوتی ہیں۔ خلاصہ یہ کہ رسول نہیں ہیں اور اگر بڑے مدعی رسالت کے ہیں) تو ان کو چاہئے کہ ہمارے پاس ایسی کوئی (بڑی) نشانی لاویں جیسا پہلے لوگ رسول بنائے گئے (اور بڑے معجزات ظاہر کئے اس وقت ہم رسول مانیں اور ایمان لائیں اور یہ کہنا بھی ایک بہانہ تھا ورنہ انبیائے سابقین کو بھی نہ مانتے تھے حق تعالیٰ جواب میں فرماتے ہیں کہ) ان سے پہلے کوئی بستی والے جن کو ہم نے ہلاک کیا ہے (باوجود ان کے فرمائشی معجزات کے ظاہر ہونے پر) ایمان لے آویں گے (اور ایسی حالت میں ایمان نہ لانے پر عذاب نازل ہو جاوے گا اس لئے ہم وہ معجزات ظاہر نہیں فرماتے اور قرآن معجزہ کافی ہے) اور (رسالت کے متعلق جو ان کا یہ شبہ ہے کہ رسول بشر نہ ہونا چاہئے اس کا جواب یہ ہے کہ) ہم نے آپ سے قبل صرف آدمیوں ہی کو پیغمبر بنایا جن کے پاس ہم وحی بھیجا کرتے تھے سو (اے منکرو) اگر تم کو (یہ بات) معلوم نہ ہو تو اہل کتاب سے دریافت کر لو (کیونکہ اولاً تو خبر متواتر بلا اشتراط عدالت راوی کے واقع میں بھی حجت ہے پھر تم ان کو اپنا دوست سمجھتے ہو تو تمہارے نزدیک معتبر ہونے چاہئیں) اور (اسی طرح رسالت کے متعلق جو اس شبہ کی دوسری تقریر ہے کہ رسول فرشتہ ہونا چاہئے اس کا جواب یہ ہے کہ) ہم نے ان رسولوں کے (جو گزر چکے ہیں) ایسے جثے نہیں بنائے تھے جو کھانا نہ کھاتے ہوں (یعنی فرشتہ نہ بنایا تھا) اور (یہ لوگ جو آپ کی وفات کے انتظار میں خوشیاں منا رہے ہیں لقولہ تعالیٰ: نتربص به ریب المنون۔ کذا فی المعالم یہ وفات بھی منافی نبوت نہیں کیونکہ) وہ (گزشتہ) حضرات (بھی دنیا میں) ہمیشہ رہنے والے نہیں ہوئے (پس اگر آپ کی بھی وفات ہو جاوے تو نبوت میں کیا قدح لازم آیا۔ غرض یہ کہ جیسے پہلے رسول تھے ویسے ہی آپ بھی ہیں اور یہ جو لوگ جس طرح آپ کی تکذیب کرتے ہیں اسی طرح ان حضرات کی بھی اس زمانہ کے کفار نے تکذیب کی) پھر ہم نے جو ان سے وعدہ کیا تھا (کہ مکذبین کو عذاب سے ہلاک کریں گے اور تم کو اور مؤمنین کو محفوظ رکھیں گے ہم نے) اس (وعدہ) کو سچا کیا یعنی ان کو اور جن جن کو (نجات دینا) منظور ہوا (اس عذاب سے) ہم نے نجات دی اور (اس عذاب سے) حد (اطاعت) سے گزرنے والوں کو ہلاک کیا (سو ان لوگوں کو ڈرنا چاہئے اور اے منکرو اس تکذیب کے بعد اگر تم پر دنیا یا آخرت میں عذاب آوے تو تعجب نہیں کیونکہ) ہم تمہارے پاس ایسی کتاب بھیج چکے ہیں کہ اس میں تمہاری نصیحت (کافی) موجود ہے کیا (باوجود ایسی تبلیغ موعظت کے) پھر بھی تم نہیں سمجھتے (اور نہیں مانتے)۔

ترجمۂ مسائل السلوک: (سورۃ الانبیاء علیہم السلام) قولہ تعالیٰ: وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ مُّعْرِضُوْنَ ۝ میں اشارہ اس طرف ہے کہ غفلت مذمومہ وہ ہے جس میں اعراض ہو نہ مطلق غفلت (کہ عادۃً اس سے کوئی خالی نہیں) قولہ تعالیٰ: وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ اس آیت سے جمہور نے استدلال کیا ہے مردوں کے ساتھ رسالت کے خاص ہونے پر اور میں کہتا ہوں کہ اگر تخصیص بھی مسلم نہ ہو تو غالب کا تو انکار ہو ہی نہیں سکتا اور یہ اصل ہے اہل طریق کی اس عادت کی کہ خلافت

www.besturdubooks.net

مردوں ہی کو دیتے ہیں۔قولہ تعالیٰ: وَمَا جَعَلْنٰهُمْ جَسَدًا الخ یہ آیت دال ہے اس پر کہ کھانا نہ کھانا کمالات اور علامت مقبولیت سے نہیں جیسا کہ بہت سے عوام اور بعض خواص بھی خیال کرتے ہیں۔

ملحقات الترجمة: ۱ قوله فی للناس ان اشارة الی کون اللام للمعهود وهم المشرکون فی مکة۱۲۔۲ قوله فی حسابهم وقت اشارة الی تقدیر مضاف۔۳ قوله فی معرضون اوراس کے الخ اشار به الی کونه خبرا ثانیا والی فائدة زیادته من کونه کالنتیجة للاول وکونه دفعا للشبهة وهی ان الغفلة لعلها تکون عذر انهم فاندفع بزیادته ان هذه الغفلة لمانشات عن الاعراض لم تکن عذرا۱۲۔۴ قوله فی یلعبون ہٰکذا فی الروح یلعبون مستهزئین۱۲۔۵ قوله فی الذین ظلموا یعنی اشارة الی کون الموصول بدلا عن الضمیر فی اسروا۱۲۔ ۶ قوله فی بل هو شاعر خاص نہیں اشار به الی وجه زیادته والتغائر بینه وبین ما قبله والی النکتة فی تغییر العنوان۱۲۔۷ قوله قبل ولیاتنا اگر اشار به الی کون المذکور جوابا لمقدر۱۲۔۸ قوله فی اهل الذکر کتاب کذا فی الروح۱۲۔۹ قوله فی فانجیناهم یعنی اشارة الی کون الفاء للتفصیل۱۲۔

اللغات: قوله هل هذا هو بمعنی النفی۱۲ قوله جسدا فی القاموس جسم الانسان والجن والملائکة۱۲۔

البلاغة: قوله اسروا النجوی الذین النکتة فی البدل هو الاشعار بکونهم موصوفین بالظلم الفاحش فیما اسروا به۱۲ فائده بل قسمان انتقالیة وابطالیة وفی وقوعها للابطال فی کلام الله تعالیٰ خلاف والحق ان الابطال ان کان لما صدر عن الغیر فهو واقع فی القرآن کان لما صدر عنه تعالیٰ فغیر واقع بل هو محال لانه هذا کذا فی الروح۱۲۔

وَكَمْ قَصَمْنَا مِنْ قَرْيَةٍ كَانَتْ ظَالِمَةً وَّاَنْشَاْنَا بَعْدَهَا قَوْمًا اٰخَرِيْنَ ﴿۱۱﴾ فَلَمَّآ اَحَسُّوْا بَاْسَنَآ اِذَا هُمْ مِّنْهَا يَرْكُضُوْنَ ﴿۱۲﴾ لَا تَرْكُضُوْا وَارْجِعُوْٓا اِلٰى مَآ اُتْرِفْتُمْ فِيْهِ وَمَسٰكِنِكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْـَٔلُوْنَ ﴿۱۳﴾ قَالُوْا يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿۱۴﴾ فَمَا زَالَتْ تِّلْكَ دَعْوٰىهُمْ حَتّٰى جَعَلْنٰهُمْ حَصِيْدًا خٰمِدِيْنَ ﴿۱۵﴾

اور ہم نے بہت سی بستیاں جہاں کے رہنے والے ظالم (یعنی کافر) تھے غارت کر دیں اور ان کے بعد دوسری قوم پیدا کر دی سو جب ان ظالموں نے ہمارا عذاب آتے دیکھا تو اس بستی سے بھاگنا شروع کر دیا بھاگو مت اور اپنے سامان عیش کی طرف اور اپنے مکانوں کی طرف واپس چلو شاید تم سے کوئی پوچھے پاچھے وہ لوگ (نزول عذاب کے وقت) کہنے لگے کہ ہائے ہماری کم بختی بے شک ہم لوگ ظالم تھے سو انکی یہی غل پکار رہی حتیٰ کہ ہم نے ان کو ایسا (نیست و نابود) کر دیا جس طرح کھیتی کٹ گئی ہو اور آگ ٹھنڈی ہو گئی ہو۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر مکذبین کی مذمت اور عذاب الٰہی سے ان کا ہلاک ہونا اجمالاً بیان کیا گیا تھا آگے اسی کی کسی قدر تفصیل ہے۔

چیزے از تفصیل اہلاک مخالفین انبیاء ☆ وَكَمْ قَصَمْنَا مِنْ قَرْيَةٍ كَانَتْ ظَالِمَةً (الی قوله تعالیٰ) حَتّٰى جَعَلْنٰهُمْ حَصِيْدًا خٰمِدِيْنَ ۞ اور ہم نے بہت سے بستیاں جہاں کے رہنے والے ظالم (یعنی کافر) تھے غارت کر دیں اور ان کے بعد دوسری قوم پیدا کر دی سو جب ان ظالموں نے ہمارا عذاب آتا دیکھا تو اس بستی سے بھاگنا شروع کیا (کہ عذاب سے بچ جاویں حق تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں کہ) بھاگو مت اور اپنے سامان عیش کی طرف اور اپنے مکانوں کی طرف واپس چلو شاید تم سے کوئی پوچھے پاچھے (کہ کیا گزری۔ مقصود اس سے تعریض ہے کہ نہ وہ سامان رہا نہ مکان رہا نہ کسی ہمدرد کا نشان رہا) وہ لوگ (نزول عذاب کے وقت) کہنے لگے کہ ہائے ہماری کمبختی بیشک ہم لوگ ظالم تھے سو ان کی بھی غل پکار رہی حتیٰ کہ ہم نے ان کو ایسا (نیست و نابود) کر دیا جس طرح کھیتی کٹ گئی ہو اور آگ ٹھنڈی ہو گئی ہو۔ **ف:** اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ میں اقرار اس لئے ان کو نافع نہ ہوا کہ مشاہدۂ ملائکہ عذاب کے بعد ہوگا جیسا فرعون کا امنت کہنا ادراک غرق کے وقت واللہ اعلم۔

اللغات: الحصید مصدر یستوی فیه الواحد والجمع۱۲۔

النحو: قوله بعدها ای بعد القریة قوله احسوا راجع الی اهل القریة لا الی قوم آخرین۔ قوله منها ای من القریة وقیل من الباس بتاویل العقوبة قوله حصیدا خامدین مجموعهما کمفعول واحد ای جامعین من الحصاد والخمود فلا یرد ان الجعل لا یتعدی الی ثلثة مفاعیل وفیه الجمع بین التشبهین دفعة واحدة۱۲۔

www.besturdubooks.net

البلاغۃ :قوله انشانا بعد هاء السر فی تقدیم انشاء هولاء علی حکایة مبادی اهلاك اولئك بقوله فلما احسوا الخ التنبیه علی استیصال الاولین وقطع دابرهم بالکلیة قوله لا ترکضوا فی الروح قیل یحتمل ان یکون المراد یجعلون خلقا بان یقال لهم ذلك وان لم یقل آه قلت و الا بلغ ان یقال انهم جعلوا کالحاضرین وقت الحکایة ایذانا بشناعة حالهم۱۲۔

وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ﴿۱۶﴾ لَوْ اَرَدْنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ لَهْوًا لَّاتَّخَذْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّآ ۖ
اِنْ كُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿۱۷﴾ بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَى الْبَاطِلِ فَيَدْمَغُهٗ فَاِذَا هُوَ زَاهِقٌ ؕ وَلَكُمُ الْوَيْلُ مِمَّا
تَصِفُوْنَ ﴿۱۸﴾ وَلَهٗ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَمَنْ عِنْدَهٗ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ
وَلَا يَسْتَحْسِرُوْنَ ﴿۱۹﴾ يُسَبِّحُوْنَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ لَا يَفْتُرُوْنَ ﴿۲۰﴾ اَمِ اتَّخَذُوْٓا اٰلِهَةً مِّنَ الْاَرْضِ
هُمْ يُنْشِرُوْنَ ﴿۲۱﴾ لَوْ كَانَ فِيْهِمَآ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا ۚ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۲۲﴾
لَا يُسْـَٔلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْـَٔلُوْنَ ﴿۲۳﴾ اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً ؕ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ ۚ
هٰذَا ذِكْرُ مَنْ مَّعِىَ وَذِكْرُ مَنْ قَبْلِىْ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۙ الْحَقَّ فَهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ
قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا نُوْحِىْٓ اِلَيْهِ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدُوْنِ ﴿۲۵﴾ وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ؕ
بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُوْنَ ﴿۲۶﴾ لَا يَسْبِقُوْنَهٗ بِالْقَوْلِ وَهُمْ بِاَمْرِهٖ يَعْمَلُوْنَ ﴿۲۷﴾ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا
يَشْفَعُوْنَ ۙ اِلَّا لِمَنِ ارْتَضٰى وَهُمْ مِّنْ خَشْيَتِهٖ مُشْفِقُوْنَ ﴿۲۸﴾ وَمَنْ يَّقُلْ مِنْهُمْ اِنِّىْٓ اِلٰهٌ مِّنْ دُوْنِهٖ فَذٰلِكَ
نَجْزِيْهِ جَهَنَّمَ ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِى الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۹﴾ ع ۲

اور ہم نے آسمان اور زمین کو اور جو کچھ اس کے درمیان ہے اس کو اس طور نہیں بنایا کہ ہم فعل عبث کرنے والے ہوں اور اگر ہم کو مشغلہ ہی بنانا منظور ہوتا تو ہم خاص اپنے پاس کی چیز کو مشغلہ بناتے اگر ہم کو یہ کرنا ہوتا بلکہ ہم حق بات کو باطل پر پھینک مارتے ہیں سو وہ (حق) اس باطل کو بھیجا نکال دیتا ہے (یعنی اس کو مغلوب کر دیتا ہے) سو وہ (مغلوب ہو کر) دفعتہ جاتا رہتا ہے اور تمہارے لئے اس بات سے بڑی خرابی ہوگی جو تم گھڑتے ہو اور حق تعالیٰ کی وہ شان ہے کہ جتنے کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اسی کے ہیں اور (ان میں سے) جو اللہ کے نزدیک (بڑے مقبول و مقرب) ہیں وہ اس کی عبادت سے عار نہیں کرتے اور نہ تھکتے ہیں (بلکہ) شب و روز (اللہ تعالیٰ کی) تسبیح کرتے ہیں کسی وقت موقوف نہیں کرتے۔ کیا (باوجود ان دلائل توحید کے) ان لوگوں نے خدا کے سوا اور معبود بنا رکھے ہیں (بالخصوص) زمین کی چیزوں میں سے جو کسی کو زندہ کرتے ہوں زمین (میں یا) آسمان میں اگر اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی اور معبود (واجب الوجود) ہوتا تو دونوں درہم برہم ہو جاتے سو ان تقریرات سے ثابت ہوا) کہ اللہ تعالیٰ ان امور سے پاک ہے جو کچھ یہ لوگ بیان کر رہے ہیں اور جو کچھ کرتا ہے اس سے کوئی باز پرس نہیں کر سکتا اور اوروں سے باز پرس کی جائے گی۔ کیا خدا کو چھوڑ کر انہوں نے اور معبود بنا رکھے ہیں (ان سے) کہئے کہ تم اپنی دلیل (اس دعویٰ پر) پیش کرو یہ میرے ساتھ والوں کی کتاب (یعنی قرآن) اور مجھ سے پہلے لوگوں کی کتابیں (یعنی توراۃ و انجیل وغیرہ) موجود ہیں بلکہ ان میں زیادہ وہی ہیں جو امر حق کا یقین نہیں کرتے سو (اس وجہ سے) وہ اعراض کر رہے ہیں اور ہم نے آپ سے پہلے کوئی ایسا پیغمبر نہیں بھیجا جس کے پاس ہم نے یہ وحی نہ بھیجی ہو کہ میرے سوا کوئی معبود (ہونے کے لائق) نہیں پس میری ہی عبادت کیا کرو اور یہ (مشرک) لوگ یوں کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے (فرشتوں کی) اولاد بنا رکھا ہے وہ (اللہ تعالیٰ اس سے) پاک ہے بلکہ (وہ فرشتے اس کے بندے ہیں وہاں) معزز وہ اس سے آگے بڑھ کر بات نہیں کر سکتے اور وہ اسی کے حکم کے موافق عمل کرتے ہیں (وہ جانتے ہیں کہ) اللہ تعالیٰ ان کے اگلے پچھلے احوال کو جانتا ہے اور وہ بجز اس کے جس کے لئے شفاعت کرنے کی خدا تعالیٰ کی مرضی ہو اور کسی کی سفارش نہیں کر سکتے اور وہ سب اللہ تعالیٰ کی ہیبت سے ڈرتے رہتے ہیں اور ان میں سے جو شخص (فرضاً) یوں کہے کہ میں علاوہ خدا کے معبود ہوں سو ہم اس کو سزائے جہنم دیں گے (اور) ہم ظالموں کو ایسی ہی سزا دیا کرتے ہیں۔

www.besturdubooks.net

تفسیر ربط: شروع سورت سے یہاں تک مضمون نبوت کا سلسلہ چلا آ رہا تھا آگے تحقیق توحید کی ہے كُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ تک۔

تحقیق توحید ☆ وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ۝ لَوْ اَرَدْنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ (الی قولہ تعالیٰ) كَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ۝ اور (ہمارے واحد ہونے پر ہماری مصنوعات دلالت کر رہی ہیں کیونکہ) ہم نے آسمان اور زمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان میں ہے اس کو اس طور پر نہیں بنایا کہ ہم فعل عبث کرنے والے ہوں (بلکہ ان میں بہت سی حکمتیں ہیں جن میں اعظم دلالت علی التوحید ہے اور) اگر ہم کو (آسمان اور زمین کے بنانے سے کوئی حکمت مقصود نہ ہوتی بلکہ ان کو محض) مشغلہ ہی بنانا منظور ہوتا (جس میں کوئی معتد بہ فائدہ مقصود نہیں ہوتا محض دل بہلانا منظور ہوتا ہے) تو ہم خاص اپنے پاس کی چیز کو مشغلہ بناتے (مثلاً اپنی صفات کمال کے مشاہدہ کو) اگر ہم کو یہ کرنا ہوتا (کیونکہ مشغلہ کو شاغل کی شان سے مناسبت چاہئے تو کجا ذات واجب الوجود اور کجا مصنوعات حادثہ البتہ صفات کو بوجہ قدیم اور لازم ذات ہونے کے تاہم مناسبت ہے سو جب بدلائل عقلیہ واجماع اہل ملل اسی کا مشغلہ قرار دیا جانا محال ہے تو مصنوعات حادثہ میں تو بدرجہ اولیٰ یہ احتمال منتفی ہے پس ثابت ہوا کہ ہم نے عبث پیدا نہیں کیا) بلکہ (اثبات حق اور ابطال باطل کے لئے پیدا کیا ہے اور) ہم (اس) حق بات کو (جس کے ثبوت پر مصنوعات دال ہیں اس) باطل بات پر (اس طرح غالب کر دیتے ہیں جیسے یوں سمجھو کہ ہم اس کو اس پر) پھینک مارتے ہیں سو وہ (حق) اس (باطل) کا بھیجا نکال دیتا ہے (یعنی اس کو مغلوب کر دیتا ہے) سو وہ (مغلوب ہو کر) دفعۃً جاتا رہتا ہے (یعنی دلائل توحید جو ان مصنوعات سے حاصل ہوتے ہیں شرک کی بالکلیہ نفی کر دیتے ہیں جس کی جانب مخالف کا احتمال ہی نہیں رہتا) اور (تم جو باوجود ان دلائل قاہرہ کے شرک کرتے ہو تو) تمہارے لئے اس بات سے بڑی خرابی ہوگی جو تم (خلاف حق کے) گھڑتے ہو اور (حق تعالیٰ کی وہ شان ہے کہ) جتنے کچھ آسمانوں اور زمین میں ہیں سب اسی کے (مملوک) ہیں اور (ان میں سے) جو اللہ کے نزدیک (بڑے مقبول و مقرب) ہیں (ان کی یہ کیفیت عبدیت کی ہے کہ) وہ اس کی عبادت سے عار نہیں کرتے اور نہ تھکتے ہیں (بلکہ) شب و روز (اللہ کی) تسبیح (و تقدیس) کرتے ہیں (کسی وقت) موقوف نہیں کرتے (جب ان کی یہ حالت ہے تو عام مخلوق تو کس شمار میں ہے پس لائق عبادت کے وہی ہے اور جب کوئی دوسرا ایسا نہیں ہے تو پھر اس کا شریک سمجھنا کتنی بے عقلی ہے) کیا (باوجود ان دلائل توحید کے) ان لوگوں نے خدا کے سوا اور معبود بنا رکھے ہیں (بالخصوص) زمین کی چیزوں میں سے (جو کہ اور بھی سافل تر اور نازل تر ہیں جیسے پتھر یا معدنیات کے بت) جو کسی کو زندہ کرتے ہوں (یعنی جو جان بھی نہ ڈال سکتا ہو ایسا عاجز کب معبود ہونے کے قابل ہوگا اور) زمین (میں یا) آسمان میں اگر اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی اور معبود (واجب الوجود) ہوتا تو دونوں (کبھی کے) درہم برہم ہو جاتے (کیونکہ عادۃً دونوں کے ارادوں اور افعال میں تزاحم ہوتا اور اس کے لئے فساد لازم ہے لیکن فساد واقع نہیں ہے اس لئے تعدد آلہہ بھی منتفی ہے) سو (ان تقریرات سے ثابت ہوا کہ) اللہ تعالیٰ جو مالک ہے عرش کا ان امور سے پاک ہے جو کچھ یہ لوگ بیان کر رہے ہیں (کہ نعوذ باللہ اس کے اور شرکاء بھی ہیں حالانکہ اس کی ایسی عظمت ہے کہ) وہ جو کچھ کرتا ہے اس سے کوئی باز پرس نہیں کر سکتا اور اوروں سے باز پرس کی جا سکتی ہے (یعنی اللہ تعالیٰ باز پرس کر سکتا ہے پس کوئی عظمت میں اس کا شریک نہ ہوا پھر معبودیت میں کوئی کیسے شریک ہو سکتا ہے یہاں تک تو بطور ابطال اور نقض و استلزام محال کے کلام تھا آگے بطور سوال اور منع کے کلام ہے کہ) کیا خدا کو چھوڑ کر انہوں نے اور معبود بنا رکھے ہیں (ان سے) کہئے کہ تم اپنی دلیل (اس دعویٰ پر) پیش کرو (یہاں تک تو سوال اور دلیل عقلی سے شرک کا ابطال تھا آگے دلیل نقلی سے استدلال ہے کہ) یہ میرے ساتھ والوں کی کتاب (یعنی قرآن) اور مجھ سے پہلے لوگوں کی کتابیں (یعنی توراۃ و انجیل و زبور) موجود ہیں (جن کا صدق اور منزل من اللہ ہونا دلیل عقلی سے ثابت ہے اور اوروں میں گو تحریف ہوئی ہے مگر قرآن میں تحریف بھی منتفی ہے پس جو مضمون ان کتب کا قرآن کے مطابق ہوگا وہ یقیناً صحیح ہے اور ان سب دلائل مذکورہ کا مقتضا یہ تھا کہ یہ لوگ توحید کے قائل ہو جاتے لیکن پھر بھی قائل نہیں) بلکہ ان میں زیادہ وہی ہیں جو امر حق کا یقین نہیں کرتے سو (اس وجہ سے) وہ (اس کے قبول کرنے سے) اعراض کر رہے ہیں اور (یہ توحید کوئی جدید بات نہیں جس سے توحش ہو بلکہ شرع قدیم ہے چنانچہ) ہم نے آپ سے پہلے کوئی ایسا پیغمبر نہیں بھیجا جس کے پاس ہم نے یہ وحی نہ بھیجی ہو کہ میرے سوا کوئی معبود (ہونے کے لائق) نہیں پس میری (ہی عبادت کیا کرو اور یہ (مشرک) لوگ (جو ہیں ان میں بعضے) یوں کہتے ہیں کہ (نعوذ باللہ) اللہ تعالیٰ نے (فرشتوں کو) اولاد بنا رکھی ہے (توبہ توبہ) وہ (اللہ تعالیٰ اس سے) پاک ہے (اور وہ فرشتے اس کی اولاد نہیں ہیں) بلکہ (اس کے) بندے ہیں (ہاں[د]) معزز (بندے ہیں اسی سے بے عقلوں کو اشتباہ ہو گیا اور ان کی عبدیت اور محکومیت اور ادب کی یہ کیفیت ہے کہ) وہ اسی کے حکم کے موافق عمل کرتے ہیں (اس کے خلاف نہیں کر سکتے کیونکہ وہ جانتے[ہ] ہیں کہ) اللہ تعالیٰ ان کے اگلے پچھلے احوال کو (خوب) جانتا ہے (پس جو حکم ہوگا اور جب حکم ہوگا موافق حکمت کے ہوگا اس لئے نہ فعلی مخالفت کرتے ہیں نہ قولی مخالفت کرتے ہیں) اور (ان کے ادب کی یہ کیفیت ہے کہ) وہ بجز اس (شخص) کے جس کے لئے (شفاعت کرنے کی) خدا تعالیٰ کی مرضی ہو اور کسی کی سفارش نہیں کر سکتے اور وہ سب اللہ تعالیٰ کی ہیبت[و] سے ڈرتے رہتے ہیں اور (یہ تو بیان تھا ان کی مغلوبیت اور محکومیت کا آگے بیان ہے اللہ تعالیٰ کی غالبیت اور حاکمیت کا۔ گو حاصل دونوں کا متقارب ہے یعنی) ان میں سے جو شخص (فرضاً) یوں کہے کہ (نعوذ

www.besturdubooks.net

باللہ) میں علاوہ خدا کے معبود: دں سو ہم اس کو سزائے جہنم دیں گے (اور) ہم ظالموں کو ایسی ہی سزا دیا کرتے ہیں (یعنی خدا کا ان پر پورا بس ہے جیسے اور مخلوقات پر پھر وہ خدا کی اولاد جس کے لئے خدا کا ہونا ضروری ہے کیسے ہو سکتے ہیں) ف: يُسَبِّحُوْنَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ میں دوعام تسبیح پر یہ شبہ کیا گیا ہے کہ اور اقوال وافعال کے وقت کیسے ممکن ہے جواب یہ ہے کہ افعال کے ساتھ تو اجتماع میں اشکال نہیں اور اقوال کا وقت یا تو اس دوام سے مخصوص ہو یا مثل تسبیح قلبی کے وقوع ہوتا ہو اور لَوْ كَانَ فِيْهِمَآ الخ میں استدلال عادی ہے اور استدلال عقلی کی طرف اشارہ ہے جس کی تفصیل علم کلام میں ہے اور پارۂ دوم کے رکوع چہارم کے شروع میں اس کی تقریر بھی گذر چکی ہے اور گو آیات توحید سے منطوقاً اصنام سے کمالات کی نفی ہوتی ہے جس کے وہ مشرک بھی قائل نہ تھے مگر مقصود یہ ہے کہ استحقاق معبودیت کے لئے یہ کمالات لازم ہیں جب لازمی منتفی ہے ملزوم بھی منتفی ہے فقط۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلُ السُّلُوْكِ: قولہ تعالیٰ: وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ۝ یعنی عبث پیدا نہیں کیا یہ بھی اسی مسئلہ پر دال ہے جس پر آل عمران کی یہ آیت دال تھی (رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا [آل عمران: ۱۹۱]) اور وہ وہاں گزر چکا ہے۔ قولہ تعالیٰ: لَوْ اَرَدْنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ لَهْوًا الخ قوم کی زبان زد ہے کہ خلق کی غایت اسماء وصفات کا ظہور ہے کیونکہ وہ جمیل ہیں اس لئے وہ مقتضی ظہور کی ہیں تا کہ ذات ان کا مشاہدہ کر لے پس اگر مراد یہ ہے کہ صرف یہی غایت ہے تب تو یہ باطل ہے کیونکہ یہ تو ایک شغل محض ہوا جس کی نفی آیت میں ہے کیونکہ لہو کے معنی شغل محض کے ہیں اور اگر مراد یہ ہے کہ یہ بھی ہے اور دوسرے مصالح بھی تو کچھ مضائقہ نہیں اور راز اس میں یہ ہے کہ شغل محض تو ایک فائدہ ہے جو راجع ہے حق سبحانہ وتعالیٰ کی طرف اور وہ کسی فائدہ کے حاصل کرنے سے منزہ ہیں اور اس میں مصالح کا رکھنا یہ ایک فائدہ ہے جو راجع ہے خلق کی طرف اور خلق اس کی محتاج ہے اور گویا مِنْ لَّدُنَّآ سے اشارہ ہے اسماء وصفات کی طرف کیونکہ سب اشیاء میں زیادہ قرب حق تعالیٰ سے اس کے اسماء صفات کو ہے تو اللہ تعالیٰ نے پاس والی شئی کے ساتھ مشتغل ہونے کی بھی نفی فرما دی ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: وَهُمْ مِّنْ خَشْيَتِهٖ مُشْفِقُوْنَ۝ ۔ خَشْيَتِهٖ میں اگر ضمیر کا مضاف مقدر نہ کیا جائے جیسا کہ اصل ہے تو آیت اس خوف کی فضیلت پر دال ہے جو نفس عظمت حق سے ہو عذاب نہ ہو اور خواص کا خوف ایسا ہی ہوتا ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی من عنده مقبول اشارة الی ان العندية للشرف ۱۲۔ ۲ قوله فی من الارض بالخصوص اشارة الی النكتة فی ذكر الارض ۱۲۔ ۳ قوله فی ينشرون نہ ڈال سکتا ہو اشارة الی امرين الاول كون الانشاء بمعنی مطلق الخلق لا الخلق ثانيا خاصة والثانی ان هذا هو محط الانكار الاستفهامی للاتخاذ فانه كان متحققا بيقين ۱۲۔ ۴ قوله فی الهة ہوتا اشارة الی ان الجمعية يراد بها الجنس لا التعدد خاصة كما فی قوله لا تزوج النساء فلا يردان الآية افادت نفی الآلهة افادت نفی الآلهة لا نفی الله واحد سوی الله تعالیٰ ۱۲۔ ۵ قوله فی مكرمون ہاں اشارة الی كونه نشأ الاشتباه كما صرح به فيما بعد ۱۲۔ ۶ قوله قبل يعلم جانتے ہیں كذا قرره فی الروح ۱۲۔ ۷ قوله خشية ہیبت اشارة الی ما فی الروح عن بعضهم ان الخشية ههنا مجاز عن سببها ای وهم من مهابته تعالیٰ شديد والخوف آه فلا يلزم كون الشئ الواحد سببا ومسببا ۱۲۔

البلاغۃ: قوله فيدمغه فی الروح وجوز ان يكون هناك تمثيل لغلبة الحق علی الباطل حتی يذهبه برمی جرم صلب علی رأس دماغه وخويشقه قوله من فی السمٰوٰت فی الروح كانه اريدهنا اظهار مزيد العظمة فجئ بالسمٰوٰت جمعًا علی معنی له كل من هو فی واحدة واحدة من السمٰوٰت ولم يرد فيما مر سوی بيان اشتمال هذا السقف المشاهد والفراش المهد وما استقر بينهما علی الحكم التی لا تحصی فلذا جئ بصيغة الافراد دون الجمع قوله لا يستحسرون فی الروح هو ابلغ من الحسور والتعبير به للتنبيه علی ان عبادتهم بثقلها ودوامها حقيقة بان يستحسر منها ومع ذلك لا يستحسرون وليس لنفی المبالغة فی الحسور مع ثبوت اصله فی الجملة ۱۲ قوله من خشيته فی الروح ای بسبب خوف عذابه عزوجل فمن تعليلية والكلام علی حذف مضاف وقديرا ومن خشيته تعالیٰ ذلك فلا حاجة اليه آه ای الی حذف المضاف ۱۲۔

اَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا ؕ وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ ؕ اَفَلَا
يُؤْمِنُوْنَ۝ وَجَعَلْنَا فِی الْاَرْضِ رَوَاسِیَ اَنْ تَمِيْدَ بِهِمْ ۪ وَجَعَلْنَا فِيْهَا فِجَاجًا سُبُلًا لَّعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ۝
وَجَعَلْنَا السَّمَآءَ سَقْفًا مَّحْفُوْظًا ۚ وَّهُمْ عَنْ اٰيٰتِهَا مُعْرِضُوْنَ۝ وَهُوَ الَّذِیْ خَلَقَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ

www.besturdubooks.net

وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ كُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ﴿۳۳﴾

کیا ان کافروں کو یہ معلوم نہیں ہوا کہ آسمان اور زمین (پہلے) بند تھے پھر ہم نے دونوں (اپنی قدرت سے) کھول دیا اور ہم نے (بارش کے) پانی سے ہر جاندار چیز کو بنایا ہے کیا (ان باتوں کو سن کر) پھر بھی ایمان نہیں لاتے اور ہم نے زمین میں اس لئے پہاڑ بنائے کہ زمین ان لوگوں کو لے کر ہلنے نہ لگے اور ہم نے اس زمین میں کشادہ کشادہ رستے بنائے تاکہ وہ لوگ (ان کے ذریعے سے) سے منزل (مقصود) کو پہنچ جائیں اور ہم نے اپنی قدرت سے آسمان کو (مثل) ایک چھت کے بنایا جو محفوظ ہے اور یہ لوگ اس آسمان کے اندر کی موجودہ نشانیوں سے اعراض لئے ہوئے ہیں (یعنی ان میں تدبر نہیں کرتے) اور وہ ایسا ہے کہ اس نے رات اور دن اور سورج اور چاند بنائے (وہ نشانیاں یہی ہیں) ہر ایک ایک ایک کے دائرے میں تیر رہے ہیں۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر آیت: وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ الخ میں اجمالاً ان مصنوعات کا دال علی التوحید ہونا مذکور تھا آگے اس کی تفصیل ہے۔

تفصیل بعضے از دلائل قدرت ☆ اَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا (الی قولہ تعالیٰ) كُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ﴿۳۳﴾ کیا ان کافروں کو یہ معلوم نہیں ہوا کہ آسمان اور زمین (پہلے) بند تھے (یعنی نہ آسمان سے بارش ہوتی تھی نہ زمین سے کچھ پیداوار اور اسی کو بند ہونا فرمادیا چنانچہ جس زمانہ میں بارش نہیں ہوتی اور زمین سے کچھ پیدا نہیں ہوتا اب بھی بند ہوتے ہیں) پھر ہم نے دونوں کو (اپنی قدرت سے) کھول دیا (کہ آسمان سے بارش ہونے لگی اور زمین سے نباتات اُگنے لگیں پس فتق تو امر مشاہد ہے اور رتق جو فی الحال ہوتا ہے وہ بھی مشاہد ہے اور جو ابتدائی تھا وہ دلیل عقلی سے معلوم ہوتا ہے کیونکہ فتق حادث ہے پس مسبوق بعدم الفتق ہوگا اور عدم الفتق یا بوجہ عدم محل فتق کے ہوگا یا بعدم وجود محل کے ہوگا شق ثانی کی تعیین کتب سماویہ سے ہو جاوے گی جن کا صدق دلیل عقلی سے ثابت ہے: اَوَلَمْ يَرَوْا [الرعد: ۴۱] مشاہدہ اور استدلال عقلی اور نقلی سب کو شامل ہے) اور (بارش سے صرف نباتات ہی کو نمو نہیں ہوتا بلکہ) ہم نے (بارش کے) پانی سے ہر جاندار چیز کو بنایا ہے (خواہ حدوثاً خواہ بقاءً خواہ بواسطہ یا بلاواسطہ جیسا دوسری آیت میں ہے: وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ مَّآءٍ فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ [البقرۃ: ۱۶۴]) کیا (ان باتوں کو سن کر) پھر بھی ایمان نہیں لاتے اور ہم نے (اپنی قدرت سے) زمین میں اس لئے پہاڑ بنائے کہ زمین اُن لوگوں کو لے کر ہلنے نہ لگے اور ہم نے اس (زمین) میں کشادہ کشادہ رستے بنائے تاکہ وہ لوگ (ان کے ذریعہ سے) منزل (مقصود) کو پہنچ جاویں اور ہم نے (اپنی قدرت سے) آسمان کو (بمقابلہ زمین کے اس کے اوپر مثل) ایک چھت (کے) بنایا جو (ہر طرح سے) محفوظ ہے (یعنی گرنے سے بھی ٹوٹنے پھوٹنے سے بھی شیاطین کے استراق اخبار سے بھی کقولہ تعالیٰ: اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ [فاطر: ۴۱] وقولہ تعالیٰ: هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ [الملک: ۳] وقولہ تعالیٰ: حَفِظْنٰهَا مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ [الحجر: ۱۷] اور یہ محفوظیت دہر طویل تک رہے گی ابدیت کے ساتھ موصوف نہیں) اور یہ لوگ اس (آسمان) کے اندر کی موجودہ) نشانیوں سے اعراض کئے ہوئے ہیں (یعنی ان میں تدبر نہیں کرتے) اور وہ ایسا (قادر ہے کہ اس نے رات اور دن اور سوج اور چاند بنائے (وہ نشانیاں آسمان کی یہی ہیں اور شمس، وقمر میں سے) ہر ایک ایک دائرہ میں (اس طرح چل رہے ہیں کہ گویا) تیر رہے ہیں۔ ف: رتق وفتق کی بھی تفسیر درمنثور میں ابن عباسؓ سے مروی ہے اخرجه الفريابي وعبد بن حميد والحاكم وصححه والبيهقي في الاسماء والصفات اور جعلنا من الماء الخ کی جو تفسیر لکھی گئی ہے شاید کوئی شاذ ونادر حیوان اس سے خارج رہا ہو اور اگر رہ گیا ہو تو النادر كالمعدوم وللاكثر حكم الكل کے اعتبار سے اس کلیہ مذکورہ میں قدح نہیں لازم آتا اور محاورات میں کل بمعنی اکثر بھی آتا ہے جیسا دوسری آیت میں ہے يجبى اليه ثمرات كل شئ اور پہاڑوں کا مانع حرکت ارض ہونا سورۂ نحل کے دوسرے رکوع میں گذر چکا ہے دیکھ لیا جاوے اور فلک گول چیز کو کہتے ہیں چونکہ شمس وقمر کی حرکت مستدیر ہے اسلئے اسکے مدار کو فلک فرمادیا خواہ وہ آسمان ہو یا فضاء بیان السمائین ہو یا فضا بین الارض والسماء ہو یا مخن سماء ہو کوئی نص اس میں قطعی نہیں اور سلف سے تفسیریں مختلف منقول ہیں كما في الدر المنثور اسلئے اسکو مبہم ہی رکھنا اقرب الی الاحتیاط ہے اور ہر حال میں اس سے آسمان کا مستدیر ہونا ثابت نہیں ہوتا اور ظاہر اسناد يسبحون سے کہ اصل اسناد میں حقیقت ہے شمس وقمر کا حرکت ذاتیہ سے متحرک ہونا معلوم ہوتا ہے اور حرکات مختلفہ ممکنہ الاجتماع میں تو کوئی اشکال نہیں اور غیر ممکنہ الاجتماع کا انضباط ایک حرکت کی انقطاع سے بھی ہو سکتا ہے اور دوسرے اجسام کی حرکت سے بھی ہو سکتا ہے خواہ وہ اجسام علویہ ہوں یا سفلیہ بہر حال یہ حرکت کواکب کی نہ حرکت سماء کو مستلزم ہے نہ اس کی نافی والله اعلم باسرار خلقة چونکہ مقاصد شرعیہ میں اس تفصیل کی حاجت نہ تھی اسلئے ابہام مضر نہیں اور اگر یہ قول ثابت ہو جاوے کہ شمس کی حرکت کسی مدار پر نہیں تو خود اس کی حرکت وضعیہ جو محور پر ہے ایک کرہ متوہمہ پیدا کرتی ہے فلک اس کو بھی عام ہو جاویگا اور اگر اسکی حرکت بھی کسی کوکب کے گرد ہوتی ہو جیسا صاحب روح نے سورۂ رحمٰن آیت والشمس والقمر بحسبان کی تفسیر میں بعض فلاسفہ جدید کا قول نقل کیا ہے تو فلک بمعنی مدار ہی بے تکلف رہے گا والله اعلم اور حرکت وضعیہ بھی دال علی القدرۃ ہے کہ اتنے بڑے جسم میں تصرف ہے اور یہی مقصود مقام ہے پس مقصود بالافادہ یہ دلالت ہو جاویگی۔

اللغات: الرتق الضم الفتق الفصل الفجاج الطرق الواسعة بين الجبلين آه وما بين الجبلين يصدق عليه انه في الارض فافهم ۱۲۔

www.besturdubooks.net

البلاغۃ : قولہ کانتا لم یجمع بتاویل السمٰوات بطائفۃ قولہ رتقا لم یثن لکون الرتق مصدرا قولہ یسبحون لما کانت السباحۃ من صنائع العقلاء وحسن التعبیر بصیغۃ ذوی العقول۱۲ قولہ نبلوکم فیہ التفات قولہ من الرحمٰن وفی التعرض بعنوان الرحمانیۃ تنبیہ علی انہ لا حفظ لھم الا برحمۃ وتلقین للجواب کما فی قولہ ما غرک بربک الکریم۱۲۔

وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ ۭ اَفَاْىِٕنْ مِّتَّ فَهُمُ الْخٰلِدُوْنَ ۝ كُلُّ نَفْسٍ ذَاۗىِٕقَةُ الْمَوْتِ ۭ وَنَبْلُوْكُمْ
بِالشَّرِّ وَالْخَيْرِ فِتْنَةً ۭ وَاِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ ۝ وَاِذَا رَاٰكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ اِلَّا هُزُوًا ۭ اَهٰذَا الَّذِيْ يَذْكُرُ
اٰلِهَتَكُمْ ۚ وَهُمْ بِذِكْرِ الرَّحْمٰنِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ۝ خُلِقَ الْاِنْسَانُ مِنْ عَجَلٍ ۭ سَاُورِيْكُمْ اٰيٰتِيْ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْنِ ۝
وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ لَوْ يَعْلَمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا حِيْنَ لَا يَكُفُّوْنَ عَنْ وُّجُوْهِهِمُ
النَّارَ وَلَا عَنْ ظُهُوْرِهِمْ وَلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ۝ بَلْ تَاْتِيْهِمْ بَغْتَةً فَتَبْهَتُهُمْ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ رَدَّهَا
وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ۝ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ سَخِرُوْا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ
يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝ قُلْ مَنْ يَّكْلَؤُكُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ مِنَ الرَّحْمٰنِ ۭ بَلْ هُمْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهِمْ مُّعْرِضُوْنَ ۝ اَمْ ع
لَهُمْ اٰلِهَةٌ تَمْنَعُهُمْ مِّنْ دُوْنِنَا ۭ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَ اَنْفُسِهِمْ وَلَا هُمْ مِّنَّا يُصْحَبُوْنَ ۝ بَلْ مَتَّعْنَا
هٰٓؤُلَاۗءِ وَاٰبَاۗءَهُمْ حَتّٰى طَالَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ ۭ اَفَلَا يَرَوْنَ اَنَّا نَاْتِي الْاَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا ۭ اَفَهُمُ
الْغٰلِبُوْنَ ۝ قُلْ اِنَّمَآ اُنْذِرُكُمْ بِالْوَحْيِ ۡ وَلَا يَسْمَعُ الصُّمُّ الدُّعَاۗءَ اِذَا مَا يُنْذَرُوْنَ ۝ وَلَىِٕنْ مَّسَّتْهُمْ
نَفْحَةٌ مِّنْ عَذَابِ رَبِّكَ لَيَقُوْلُنَّ يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ۝ وَنَضَعُ الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ فَلَا
تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْـــًٔا ۭ وَاِنْ كَانَ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ اَتَيْنَا بِهَا ۭ وَكَفٰى بِنَا حٰسِبِيْنَ ۝

اور ہم نے آپ سے پہلے بھی کسی بشر کے لئے ہمیشہ رہنا تجویز نہیں کیا پھر اگر آپ کا انتقال ہو جائے تو کیا یہ لوگ (دنیا میں) ہمیشہ ہمیشہ کو رہیں گے جاندار موت کا مزہ چکھے گا اور ہم تم کو بری بھلی حالتوں میں اچھی طرح آزماتے ہیں اور پھر (اس زندگی کے ختم پر) تم سب ہمارے پاس چلے آؤ گے اور یہ کافر لوگ جب آپ کو دیکھتے ہیں تو بس آپ سے ہنسی کرنے لگتے ہیں (اور) آپس میں کہتے ہیں کہ کیا یہی ہیں جو تمہارے معبودوں کا (برائی سے) ذکر کیا کرتے ہیں اور (خود) یہ لوگ (حضرت) رحمٰن کے ذکر پر انکار کیا کرتے ہیں انسان جلدی ہی (کے خمیر) کا بنا ہوا ہے ہم عنقریب (اس کے وقت آنے پر) تم کو اپنی نشانیاں (قہر کی سزائیں) دکھائے دیتے ہیں پس تم مجھ سے جلدی مت مچاؤ اور یہ لوگ کہتے ہیں کہ یہ وعدہ کس وقت آئے گا اگر تم (وقوع عذاب کی خبر میں) سچے ہو کاش ان کافروں کو اس وقت کی خبر ہوتی جب کہ یہ لوگ (اس) آگ کو نہ اپنے سامنے سے روک سکیں گے اور نہ اپنے پیچھے سے اور نہ ان کی کوئی حمایت کرے گا بلکہ وہ آگ (تو) ان کو ایک دم سے آلے گی سو ان کو بدحواس کر دے گی پھر نہ اس کے ہٹانے کی ان کو قدرت ہوگی اور نہ ان کو مہلت دی جائے گی اور آپ سے پہلے جو پیغمبر گزرے ہیں ان کے ساتھ بھی (کفار کی طرف سے) تمسخر کیا گیا تھا سو جن لوگوں نے ان سے تمسخر کیا تھا ان پر وہ عذاب واقع ہو گیا جس کے ساتھ وہ استہزاء کرتے تھے (اور یہ بھی ان سے) کہہ دیجئے کہ وہ کون ہے جو رات میں اور دن میں رحمٰن (کے عذاب) سے تمہاری حفاظت کرتا ہو بلکہ وہ لوگ اپنے رب کے ذکر سے روگرداں (ہی) ہیں کیا ان کے پاس ہمارے سوا اور ایسے معبود ہیں کہ (عذاب مذکور سے) ان کی حفاظت کر لیتے ہوں وہ خود اپنی حفاظت کی قدرت نہیں رکھتے اور ہمارے مقابلہ میں کوئی اور ان کا ساتھ دے سکتا ہے بلکہ میں نے ان کو اور ان کے باپ دادوں کو (دنیا کا) خوب سامان دیا یہاں تک کہ ان پر (اسی حالت میں) ایک عرصہ دراز گزر گیا کیا ان کو یہ نظر نہیں آتا کہ ان کی زمین کو (بذریعہ فتوحات اسلامیہ کے) ہر چہار طرف سے برابر گھٹاتے چلے جاتے ہیں سو کیا یہ لوگ غالب آویں گے آپ کہہ دیجئے کہ میں تو صرف وحی کے ذریعہ سے تم کو ڈراتا ہوں اور یہ بہرے جس وقت ڈرائے جاتے ہیں سنتے ہی نہیں اور (ان

www.besturdubooks.net

کی عالی ہمتی کی کیفیت یہ ہے کہ) اگر ان کو آپ کے رب کے عذاب کا ایک جھونکا بھی ذرا لگ جاوے تو یوں کہنے لگیں کہ ہائے ہماری کم بختی واقعی ہم خطا کار تھے اور وہاں قیامت کے روز ہم میزان عدل قائم کریں گے (اور سب کے اعمال کا وزن کریں گے) سو کسی پر اصلاً ظلم نہ ہوگا اور اگر (کسی کا) عمل رائی کے دانہ کے برابر بھی ہوگا تو ہم اس کو (وہاں) حاضر کر دیں گے اور ہم حساب لینے والے کافی ہیں۔ ۞

تفسیر ربط: شروع سورت میں انکار رسالت پر تشنیع تھی اور اس کے سباق اور سیاق میں اس پر استحقاق وعید عذاب سے تفریع تھی آگے بھی دوسرے عنوان سے یہی مضمون ہے کَفٰی بِنَا حٰسِبِیْنَ ۞ تک چنانچہ ترجمہ سے ظاہر ہوگا۔

تتمہ مضمون تشنیع بر انکار رسول وتفریع بعذاب مہول ☆ وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ ۔ (الی قولہ تعالیٰ) وَ كَفٰی بِنَا حٰسِبِیْنَ ۞ اور (یہ لوگ جو آپ کی وفات کی خوشیاں منا رہے ہیں لقولہ تعالیٰ : نَتَرَبَّصُ بِهٖ رَيْبَ الْمَنُوْنِ [الطور : ۳۰] یہ وفات بھی منافی نبوت نہیں کیونکہ) ہم نے آپ سے پہلے بھی کسی بشر کے لئے (خواہ وہ نبی ہو یا غیر نبی دنیا میں) ہمیشہ رہنا تجویز نہیں کیا (کقولہ تعالیٰ) : وَمَا كَانُوْا خٰلِدِيْنَ [الأنبياء : ۸] پس جیسے آپ کے قبل نبوت اور وفات محل واحد میں مجتمع ہو چکی ہے اسی طرح آپ میں بھی اجتماع دونوں کا صحیح ہے اور) پھر (یہ کہ) اگر آپ کا انتقال ہو جاوے تو کیا یہ لوگ (دنیا میں) ہمیشہ ہمیشہ کو رہیں گے (آخر یہ بھی مریں گے پھر خوشی کاہے کی مطلب یہ کہ آپ کی وفات کی خوشی اگر بخیال نبوت کے ہے تب تو وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ الخ اس کا جواب ہے اور بخیال نفس مخالفت کے ہے تو اَفَائِنْ مِّتَّ الخ اس کا جواب ہے غرض ہر حال میں یہ انتظار مہمل اور لغو ہے اور موت تو ایسی چیز ہے کہ تم میں) ہر جاندار موت کا مزہ چکھے گا اور (یہ جو ہم نے چند روزہ تم کو زندگی دے رکھی ہے تو اس سے مقصود محض یہ ہے کہ) ہم تم کو بری بھلی حالتوں سے اچھی طرح آزماتے ہیں (بری حالت سے مراد جو کہ خلاف مزاج ہو جیسے مرض وفقر اور اچھی حالت سے مراد جو کہ موافق مزاج ہو جیسے صحت اور غنا زندگی میں یہی حالتیں مختلف طور پر پیش آتی ہیں کوئی ان میں ایمان اور طاعت بجالاتا ہے اور کوئی کفر ومعصیت کرتا ہے مطلب یہ کہ زندگی اس لئے دے رکھی ہے کہ دیکھیں کیسے کیسے عمل کرتے ہو) اور (اس زندگی کے ختم پر) پھر تم سب ہمارے پاس چلے آؤ گے (اور ہر ایک کو اس کے مناسب سزا و جزاء دیں گے پس امر مہم تو موت اور مابعد الموت ہی ہوا اور زندگی محض عارضی پھر یہ لوگ اس پر اتراتے ہیں اور پیغمبر کی وفات پر خوشیاں مناتے ہیں یہ نہ ہوا کہ اس مستعار زندگی میں دولت ایمان وطاعت کما لیتے ان کے کام آتی اور الٹا نامۂ اعمال سیاہ اور آخرت بھاری کر رہے ہیں ڈرتے نہیں) اور (ان منکرین کی یہ حالت ہے کہ) یہ کافر لوگ جب آپ کو دیکھتے ہیں تو بس آپ سے ہنسی کرنے لگتے ہیں (اور آپس میں کہتے ہیں) کہ کیا یہی (صاحب) ہیں جو تمہارے معبودوں کا (برائی سے) ذکر کیا کرتے ہیں (سو آپ پر تو بتوں کے انکار کا بھی اعتراض ہے) اور (خود) یہ لوگ (حضرت) رحمان (جل شانہ) کے ذکر پر انکار (اور کفر) کیا کرتے ہیں (تو اعتراض کی بات تو درحقیقت یہ ہے پس ان کو اپنی اس حالت پر استہزاء کرنا چاہئے تھا اور ان کی یہ حالت ہے کہ جب سزائے کفر کا مضمون سنتے ہیں جیسے ابھی اوپر ذکر ہوا ہے اِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ ۞ تو بوجہ تکذیب کے اس کے تقاضا کرتے ہیں اور یہ تقاضا اور عجلت کچھ انسانی طبیعت کا خاصہ اکثریہ بھی ہے پس اس کا طبعی ہونا ایسا ہے جیسے گویا) انسان جلدی ہی (خمیر) کا بنا ہوا (ہے یعنی جلدی مثل اس کے اجزائے عنصریہ کے ہے اسی واسطے یہ لوگ عذاب جلدی مانگتے ہیں اور اس میں دیر ہونے کو دلیل عدم وقوع کی سمجھتے ہیں لیکن اے کافرو یہ تمہاری غلطی ہے کیونکہ اس کا وقت معین ہے سو ذرا صبر کرو) ہم عنقریب (اس کے وقت آنے پر) تم کو اپنی نشانیاں (قہر کی یعنی سزائیں) دکھائے دیتے ہیں پس تم مجھ سے جلدی مت مچاؤ (کیونکہ وقت سے پہلے آتا نہیں اور وقت پر ٹلتا نہیں) اور یہ لوگ (جب یہ مضمون سنتے ہیں کہ وقت موعود پر عذاب آوے گا تو رسول اور مؤمنین سے یوں) کہتے ہیں کہ یہ وعدہ کس وقت آوے گا اگر تم (وقوع عذاب کی خبر میں) سچے ہو (تو توقف کاہے کا جلدی سے کیوں نہیں واقع کر دیا جاتا اصل یہ ہے کہ ان کو اس مصیبت کی خبر نہیں جو ایسی بے فکری کی باتیں کرتے ہیں) کاش ان کافروں کو اس وقت کی خبر ہوتی جب کہ (ان کو سب طرف سے دوزخ کی آگ گھیرے گی اور) یہ لوگ (اس) آگ کو نہ اپنے سامنے روک سکیں گے اور نہ اپنے پیچھے سے اور نہ ان کی کوئی حمایت کرے گا (یعنی اگر اس مصیبت کا علم ہوتا تو ایسی باتیں نہ بناتے اور یہ جو دنیا ہی میں عذاب نار کی فرمائش کر رہے ہیں سو یہ ضرور نہیں کہ ان کی فرمائش کے موافق عذاب نار آجاوے) بلکہ وہ آگ (تو) ان کو ایک دم سے آلے گی سو ان کو بدحواس کر دے گی پھر نہ اس کے ہٹانے کی ان کو قدرت ہوگی اور نہ ان کو مہلت دی جاوے گی اور (اگر وہ یوں کہیں کہ اگر یہ عذاب آخرت میں موعود ہونے کی وجہ سے دنیا میں نہیں ہوتا تو اچھا دنیا میں اس کا کوئی نمونہ تو دکھلا دو تو گو بقاعدہ مناظرہ نمونہ دکھلانا ضرور نہیں لیکن تبرعاً نمونہ کا پتہ بھی دیا جاتا ہے وہ یہ کہ) آپ سے پہلے جو پیغمبر گزرے ہیں ان کے ساتھ بھی (کفار کی طرف سے) تمسخر کیا گیا سو جن لوگوں نے ان سے تمسخر کیا تھا ان پر وہ عذاب واقع ہو گیا جس کے ساتھ وہ استہزاء کرتے تھے (کہ عذاب کہاں ہے پس اس سے معلوم ہوا کفر موجب عذاب ہے پس اگر دنیا میں وقوع نہ ہو تو آخرت میں ہوگا اور یہ بھی ان سے) کہہ دیجئے (کہ دنیا میں جو تم عذاب سے محفوظ ہو سو یہ حفاظت بھی حضرت رحمان ہی کر رہا ہے اس میں بھی اسی کا احسان ہے اور دلالت علی التوحید ہے اور اگر تم اس کو تسلیم نہیں کرتے تو پھر بتلاؤ) کہ وہ کون ہے جو رات اور دن میں رحمان (کے

www.besturdubooks.net

عذاب) سے تمہاری حفاظت کرتا ہو (اور اس مضمون مسلم کا مقتضا یہ تھا کہ توحید کے قائل ہو جاتے مگر وہ اب بھی قائل نہ ہوئے) بلکہ وہ لوگ (اب بھی بدستور) اپنے رب (حقیقی) کے ذکر (توحید کے قبول کرنے) سے روگرداں (ہی) ہیں (ہاں ہم مَنْ يَّكْلَؤُكُمْ کے مصداق کو توضیح کے لئے تصریحاً دریافت کرتے ہیں کہ) کیا ان کے پاس ہمارے سوا اور ایسے معبود ہیں کہ (عذاب مذکور سے) ان کی حفاظت کر لیتے ہوں (وہ بے چارے ان کی تو کیا حفاظت کرتے ان کی بے چارگی و درماندگی کی تو یہ حالت ہے) کہ وہ خود اپنی حفاظت کی قدرت نہیں رکھتے (مثلاً ان کو کوئی توڑنے پھوڑنے لگے تو مدافعت بھی نہیں کر سکتے کقولہ تعالیٰ: وَاِنْ يَّسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ الخ [الحج: ۷۳] پس نہ وہ آلہہ ان کی حفاظت کر سکتے ہیں) اور نہ ہمارے مقابلہ میں کوئی ان کا ساتھ دے سکتا ہے (اور یہ لوگ باوجود ان دلائل ساطعہ کے جو حق کو قبول نہیں کرتے تو یہ وجہ نہیں کہ دعویٰ یا دلیل میں کچھ خلل ہے) بلکہ (اصل وجہ اس کی یہ ہے کہ) میں نے ان کو اور ان کے باپ دادوں کو (دنیا کا) خوب سامان دیا یہاں تک کہ ان پر (اسی حالت میں) ایک عرصہ دراز گزر گیا (کہ پشت ہا پشت سے عیش آرام کرتے آ رہے ہیں پس کھا کھا کے غرانے لگے اور آنکھیں پتھرا گئیں مطلب یہ کہ ان ہی میں خلل غفلت کا ہے لیکن باوجود منبہات تشریعیہ و تکوینیہ کے اتنی غفلت بھی نہ ہونا چاہئے چنانچہ ایک امر منبہ کا ذکر کیا جاتا ہے وہ یہ کہ) کیا ان کو یہ نظر نہیں آتا کہ ہم (ان کی) زمین کو (بذریعہ فتوحات اسلامیہ کے) ہر چہار طرف سے برابر گھٹاتے چلے جاتے ہیں سو کیا یہ لوگ (یہ توقع رکھتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور مؤمنین پر) غالب آویں گے (کیونکہ قرائن عادیہ اور دلائل تنزیلیہ متفق ہیں ان کے مغلوب اور اہل حق کے غالب ہوتے جانے پر تاوقتیکہ مسلمان اطاعت خداوندی سے منہ نہ موڑیں اور حمایت اسلام نہ چھوڑیں پس اس امر میں تامل کرنا بھی تنبیہ کے لئے کافی ہے اگر اس پر بھی عناد و جہالت سے وقوع عذاب ہی کی فرمائش کریں تو) آپ کہہ دیجئے کہ میں تو صرف وحی کے ذریعہ سے تم کو ڈراتا ہوں (عذاب کا آنا میرے بس سے باہر ہے) اور (گو یہ طریقہ دعوت الی الحق کا اور یہ انذار کافی ہے مگر) یہ بھرے جس وقت (حق کی طرف بلائے جانے کے واسطے عذاب سے) ڈرائے جاتے ہیں سنتے ہی نہیں (اور طریق وضوح حق میں تامل ہی نہیں کرتے بلکہ وہی مرغی کی ایک ٹانگ عذاب ہی مانگے جاتے ہیں) اور (کیفیت عالی ہمتی کی یہ ہے کہ) اگر ان کو آپ کے رب کے عذاب کا ایک جھونکا بھی ذرا لگ جاوے تو (ساری بہادری ختم ہو جاوے اور) یوں کہنے لگیں کہ ہائے ہماری کمبختی (کیسی ہمارے سامنے آئی) واقعی ہم خطاوار تھے (بس اس ہمت پر عذاب کی فرمائش ہے واقعی ان کی اس شرارت کا تو یہی مقتضا تھا کہ دنیا ہی میں فیصلہ کر دیتے مگر ہم بہت سی حکمتوں سے دنیا میں سزائے موعود دینا نہیں چاہتے بلکہ آخرت کے لئے اٹھا رکھا ہے) اور (وہاں) قیامت کے روز ہم میزان عدل قائم کریں گے (اور سب کے اعمال کا وزن کریں گے) سو کسی پر اصلاً ظلم نہ ہوگا اور (ظلم نہ ہونے کا یہ ثمرہ ہوگا کہ) اور اگر (کس کا کوئی) عمل رائی کے دانہ کے برابر بھی ہوگا تو ہم اس کو (وہاں) حاضر کر دیں گے (اور اس کا بھی وزن کریں گے) اور ہم حساب لینے والے کافی ہیں (ہمارے اس وزن اور حساب کے بعد پھر کسی حساب و کتاب کی ضرورت نہ رہے گی بلکہ اسی طرح سب فیصلہ ہو جاوے گا پس وہاں ان لوگوں کی شرارتوں کی بھی سزائے مناسب وکافی جاری کر دی جاوے گی) **ف**: كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ میں نفوس مکلفہ مراد ہیں بقرینہ وَنَبْلُوْكُمْ الخ پس نفخ صور کے وقت ملائکہ کی موت یا عدم موت سے آیت ساکت ہے اور وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ الخ میں دنیا کی قید سے جس پر قرینہ مقام دال ہے نافی حیوٰۃ سماویہ عیسویہ کا استدلال جاتا رہا۔ اور خُلِقَ الْاِنْسَانُ الخ میں اکثریہ کی قید سے یہ اشکال نہ رہا کہ بعض افراد ایسے نہیں ہیں اور آیت: اَفَلَا يَرَوْنَ اَنَّا نَاْتِي الْاَرْضَ الخ کے متعلق ایک ضروری تحقیق سورۂ رعد کے اخیر رکوع آیت اَوَلَمْ يَرَوْا [الرعد: ۴۱] الخ کے فائدہ تفسیریہ میں گزر چکی ہے ملاحظہ فرمالیا جاوے اور میزان کے متعلق تحقیق سورۂ اعراف کے اول رکوع کے اخیر آیت کی تفسیر میں گزر چکی ہے۔ اور اَفَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ کی تفسیر میں جو یہ کہا گیا تاوقتیکہ الخ اس سے یہ اشکال رفع ہو گیا کہ بعد میں تو مسلمان مغلوب ہوئے ہیں توجیہ رفع اشکال ظاہر ہے اور راز اس میں یہ ہے کہ ابتدا میں اسلام کا مغلوب ہونا اس کی اشاعت میں مخل تھا اور جب اس کی تبلیغ و اشاعت کافی ہو چکی جو اصل مقصود تھی اب مغلوب ہونے سے وہ مفقود نہیں ہو سکتا چنانچہ مشاہد ہے اور موازین کا جمع لانا یا تو اس وجہ سے ہے کہ ہر شخص کے لئے جدا میزان عمل ہو یا چونکہ ایک ہی میزان میں بہت سے لوگوں کے اعمال کا وزن ہوگا اس لئے وہ ایک قائم مقام متعدد کے ہوگی واللہ اعلم۔ اور آیت افلا یرون الخ کی ایک تقریر یہ بھی ہو سکتی ہے بعد اس قول کے کہ خلل غفلت کا ہے یوں کہا جاوے اور ان لوگوں سے تعجب ہے کہ وقوع عذاب علی الکفر کا یک لخت انکار کر رہے ہیں) کیا (مقدمات عذاب میں سے) اس امر کو نہیں دیکھ رہے ہیں کہ ہم (فتوحات اسلامیہ کے ذریعہ سے ان کی) زمین کو ہر چہار طرف سے برابر کم کرتے چلے آتے ہیں سو کیا یہ لوگ (مسلمانوں پر) غالب آ رہے ہیں (نہیں بلکہ مغلوب ہوتے جاتے ہیں سو یہ بھی تو ایک قسم کا عذاب ہے جو مقدمہ ہے عذاب اکبر کا کقولہ تعالیٰ: وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنَ الْعَذَابِ الْاَدْنٰى دُوْنَ الْعَذَابِ الْاَكْبَرِ [السجدۃ: ۲۱])۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَنَبْلُوْكُمْ بِالشَّرِّ وَالْخَيْرِ اس میں ہر ناگوار اور مرغوب امر آ گیا تو اس میں قبض بھی داخل ہو گیا پس آیت اس پر دال ہوئی کہ قبض میں حکمتیں اور اسرار ہوتے ہیں اور اسی سے اہل طریق تسلی لیتے ہیں اور دیتے ہیں۔ قولہ تعالیٰ: وَاِذَا رَاٰكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اس میں اس پر تشنیع ہے جو اہل

www.besturdubooks.net

اللہ کی بے قدری کرتے ہیں۔ قولہ تعالیٰ: خُلِقَ الْاِنْسَانُ مِنْ عَجَلٍ الخ چونکہ اس میں استعجال پر انکار ہے تو اس سے مطلقاً اس کے ترک کرنے کا امر بھی لازم آیا جس میں سلوک بھی داخل ہو گیا اور تجربہ سے ثابت ہے کہ طریق میں زیادہ تر حصہ تشویشات کا عجلت سے ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قوله فی فتنة** اچھی طرح اشارة الی کونه مفعولاً مطلقاً ۱۲۔ ۲ **قوله فی یذکرکم** برائی بقرینة المقام ۱۲۔ ۳ **قوله فی** ایسی سزائیں کما فی الروح ان المراد بالآیات النعمات ۱۲۔ ۴ **قوله فی ان کنتم صٰدقین** جلدی سے الخ اشارة الی تقدیر الجواب ای فلیاتنا بسرعة کما فی الروح ۱۲۔ ۵ **قوله فی حین** اس وقت کی اشارة الی کون حین مفعولا کما فی الروح عن الکشاف ۱۲۔ ۶ **قوله فی وجوههم** سامنے اشارة الی کو خا بمعنی القدام والخلف کما فی الروح وفیه ایضا ان التخصیص بالذکر لکونهما اشهر الجوانب واستلزم الاحاطة بهما للاحاطة بالکل ۱۲۔ ۷ **قوله قبل بل تاتیهم** یہ ضرور نہیں اشارة الی ما فی الروح عن ابن عطیة انه استدراك مقدر قبله نفی والتقدیر ان الآیات لا تاتی بحسب اقترادهم بل تاتیهم بغتة وقوله فی تاتیهم آگ قال فی الروح استظهره فی البحر ۱۲۔ ۸ **قوله قبل بل هم عن ذکر ربهم** اب بھی قائل الخ اشارة الی کون المذکور استدراکا من مقدر ۱۲۔ ۹ **قوله قبل ولاهم منا** نہ وہ آلہہ اشارة الی کون المذکور معطوفاً علی نفی مقدر لزم من قوله ام لهم آلهة ای لا تمنعهم آلهة ولا یصحبهم احد سوی الآلهة۔ ۱۰ **قوله قبل بل متعت** بچھ خلل ہی اشارة الی تقدیر المستدرك منه ۱۲۔

اللغات: قوله لا یکفون وقوله ردها تغایر هما ظاهر فللذاجی بهما ۱۲ قوله سخروا منهم من هذه صلة کالباء لسخروا۔ قوله یصبحون قال ابن قتیبة ای لا یجرهم منا احد لان المجیر صاحب الجار والعرب تقول صحبك الله ای حفظك آه۔

النحو: قوله القسط صفة للموازین والافراد اما لکونها مصدر او وصف به مبالغة او علی حذف مضاف ای ذوات القسط ۱۲۔

البلاغة: قوله ساوریکم فیه التفات ۱۲ قوله اذا ما ینذرون هذا التقیید لبیان کمال شدة الصمم فان الانذار عادة تکون باصوات عالیة مکررة مقارنة لسینات دالة علیه قوله مستهم نفحة فیه مبالغات ذکر المس وهو دون النفوذ وما فی النفخ من معنی النزارة فان اصله هبوب رائحة الشیء وبناه المراة والتنکیر وکون من التبعیض ۱۲۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ الْفُرْقَانَ وَضِيَآءً وَّذِكْرًا لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۴۸﴾ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ
وَهُمْ مِّنَ السَّاعَةِ مُشْفِقُوْنَ ﴿۴۹﴾ وَهٰذَا ذِكْرٌ مُّبٰرَكٌ اَنْزَلْنٰهُ ؕ اَفَاَنْتُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿۵۰﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَآ اِبْرٰهِيْمَ
رُشْدَهٗ مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا بِهٖ عٰلِمِيْنَ ﴿۵۱﴾ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ مَا هٰذِهِ التَّمَاثِيْلُ الَّتِيْٓ اَنْتُمْ لَهَا عٰكِفُوْنَ ﴿۵۲﴾ قَالُوْا
وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا لَهَا عٰبِدِيْنَ ﴿۵۳﴾ قَالَ لَقَدْ كُنْتُمْ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۵۴﴾ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا
بِالْحَقِّ اَمْ اَنْتَ مِنَ اللّٰعِبِيْنَ ﴿۵۵﴾ قَالَ بَلْ رَّبُّكُمْ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الَّذِيْ فَطَرَهُنَّ ۫ وَاَنَا عَلٰى
ذٰلِكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۵۶﴾ وَتَاللّٰهِ لَاَكِيْدَنَّ اَصْنَامَكُمْ بَعْدَ اَنْ تُوَلُّوْا مُدْبِرِيْنَ ﴿۵۷﴾ فَجَعَلَهُمْ جُذٰذًا اِلَّا كَبِيْرًا
لَّهُمْ لَعَلَّهُمْ اِلَيْهِ يَرْجِعُوْنَ ﴿۵۸﴾ قَالُوْا مَنْ فَعَلَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَآ اِنَّهٗ لَمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۹﴾ قَالُوْا سَمِعْنَا فَتًى
يَّذْكُرُهُمْ يُقَالُ لَهٗٓ اِبْرٰهِيْمُ ﴿۶۰﴾ قَالُوْا فَاْتُوْا بِهٖ عَلٰٓى اَعْيُنِ النَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَشْهَدُوْنَ ﴿۶۱﴾
قَالُوْٓا ءَاَنْتَ فَعَلْتَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَا يٰٓاِبْرٰهِيْمُ ﴿۶۲﴾ قَالَ بَلْ فَعَلَهٗ ۖ كَبِيْرُهُمْ هٰذَا فَسْـَٔلُوْهُمْ اِنْ كَانُوْا يَنْطِقُوْنَ ﴿۶۳﴾
فَرَجَعُوْٓا اِلٰٓى اَنْفُسِهِمْ فَقَالُوْٓا اِنَّكُمْ اَنْتُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۶۴﴾ ثُمَّ نُكِسُوْا عَلٰى رُءُوْسِهِمْ ۚ لَقَدْ عَلِمْتَ مَا
هٰٓؤُلَآءِ يَنْطِقُوْنَ ﴿۶۵﴾ قَالَ اَفَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُكُمْ شَيْـًٔا وَّلَا يَضُرُّكُمْ ﴿۶۶﴾ اُفٍّ لَّكُمْ وَلِمَا

www.besturdubooks.net

تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝ قَالُوْا حَرِّقُوْهُ وَانْصُرُوْٓا اٰلِهَتَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ۝ قُلْنَا
يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ۝ وَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَخْسَرِيْنَ ۝ وَنَجَّيْنٰهُ
وَلُوْطًا اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا لِلْعٰلَمِيْنَ ۝ وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ ؕ وَيَعْقُوْبَ نَافِلَةً ؕ
وَكُلًّا جَعَلْنَا صٰلِحِيْنَ ۝ وَجَعَلْنٰهُمْ اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا وَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِمْ فِعْلَ الْخَيْرٰتِ
وَاِقَامَ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءَ الزَّكٰوةِ ۚ وَكَانُوْا لَنَا عٰبِدِيْنَ ۝

اور ہم نے (آپ سے قبل) موسیٰ علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام کو ایک فیصلہ کی اور روشنی کی اور متقیوں کے لئے نصیحت کی چیز (یعنی توریت) عطا فرمائی تھی جو (متقی) اپنے رب سے بن دیکھے ڈرتے ہیں اور وہ لوگ قیامت سے بھی ڈرتے ہیں اور یہ قرآن بھی ایک کثیر الفائدہ نصیحت (کی کتاب) ہے جس کو ہم نے نازل کیا سو کیا پھر بھی تم اس کے منکر ہو اور ہم نے اس (زمانہ موسوی) سے پہلے ابراہیم علیہ السلام کو ان کی (شان کے مناسب) خوش فہمی عطا فرمائی تھی اور ہم ان کو خوب جانتے تھے (ان کا وہ وقت یاد کرنے کے قابل ہے) جبکہ انہوں نے اپنے باپ سے اور اپنی برادری سے فرمایا کہ یہ کیا (واہیات) مورتیاں ہیں جن کی (عبادت) پر تم جمے بیٹھے ہو وہ لوگ جواب میں کہنے لگے کہ ہم نے اپنے بڑوں کو ان کی عبادت کرتے ہوئے دیکھا ہے ابراہیم علیہ السلام نے کہا کہ بے شک تم اور تمہارے باپ دادے (ان کو لائق عبادت سمجھنے میں) صریح غلطی میں ہو وہ کہنے لگے کہ کیا تم (اپنے نزدیک) سچی بات (سمجھ کر) ہمارے سامنے پیش کرتے ہو یا دل لگی کر رہے ہو ابراہیم نے فرمایا کہ نہیں (دل لگی نہیں) بلکہ تمہارا رب (حقیقی جو لائق عبادت ہے) وہ ہی تمام آسمانوں اور زمین کا رب ہے جس نے ان سب کو پیدا (بھی) کیا اور میں اس (دعویٰ) پر دلیل بھی رکھتا ہوں اور خدا کی قسم میں تمہارے ان بتوں کی گت بناؤں گا جب تم (ان کے پاس سے) چلے جاؤ گے تو (ان کے چلے جانے کے بعد) انہوں نے ان بتوں کو (تیر وغیرہ سے) ٹکڑے ٹکڑے کر دیا بجز ان کے ایک بڑے بت کے شاید وہ لوگ ابراہیم کی طرف (دریافت کرنے کے لئے) رجوع کریں کہنے لگے کہ یہ ہمارے بتوں کے ساتھ کس نے کیا ہے اس میں کوئی شک نہیں کہ اس نے بڑا ہی غضب کیا بعضوں نے کہا کہ ہم نے ایک نوجوان آدمی کو جس کو ابراہیم کر کے پکارا جاتا ہے ان بتوں کا (برائی سے) تذکرہ کرتے سنا ہے (پھر) وہ لوگ بولے کہ (جب یہ بات ہے) تو اچھا اس کو سب آدمیوں کے سامنے حاضر کرو تا کہ وہ لوگ (اس اقرار کے) کے گواہ ہو جاویں (غرض وہ سب کے روبرو آئے) ان لوگوں نے کہا کہ کیا ہمارے بتوں کے ساتھ تم نے یہ حرکت کی اے ابراہیم انہوں نے (جواب میں) فرمایا کہ نہیں بلکہ ان کے اس بڑے (گرو) نے کی سو ان (ہی) سے پوچھ لو (نا) اگر یہ بولتے ہوں۔ اس پر وہ لوگ اپنے جی میں سوچے پھر آپس میں کہنے لگے کہ حقیقت میں تم ہی لوگ ناحق پر ہو (کہ) جو ایسا عاجز ہے کیا معبود ہوگا پھر (شرمندگی کے مارے) اپنے سروں کو جھکا لیا (اور یہ بولے کہ) اے ابراہیم تم کو تو یہ معلوم ہی ہے) کہ یہ بت کچھ بولتے نہیں ابراہیم علیہ السلام نے کہا کہ تو کیا خدا کو چھوڑ کر ایسی چیز کی عبادت کرتے ہو جو تم کو نہ کچھ نفع پہنچا سکے اور نہ کچھ نقصان پہنچا سکے تف ہے تم پر (کہ باوجود وضوح حق کے باطل پر مصر ہو) اور ان پر جن کو تم خدا کے سوا پوجتے ہو کیا تم (اتنا بھی) نہیں سمجھتے۔ آپس میں وہ لوگ کہنے لگے کہ ان کو آگ میں جلاؤ اور معبودوں کا (ان سے) بدلہ لو اگر تم کو کچھ کرنا ہے (جب انہوں نے متفق ہو کر آگ میں ڈال دیا تو اس وقت) ہم نے آگ کو حکم دیا کہ اے آگ تو ٹھنڈی اور بے گزند ہو جا ابراہیم کے حق میں اور ان لوگوں نے ان کے ساتھ برائی کرنا چاہی تھی سو ہم نے ان ہی لوگوں کو ناکام کر دیا اور ہم نے ابراہیم کو اور (ان کے برادرزادے) لوط کو ایسے ملک (یعنی شام) کی طرف بھیج کر بچا لیا جس میں ہم نے دنیا جہاں والوں کے واسطے (خیر و) برکت رکھی ہے اور (ہجرت کے بعد) ہم نے ان کو اسحٰق بیٹا اور یعقوب پوتا عطا کیا اور ہم نے ان سب کو (اعلیٰ درجہ کا) نیک کیا اور ہم نے ان کو مقتدا بنایا کہ ہمارے حکم سے وہ (خلق کو) ہدایت کیا کرتے تھے اور ہم نے ان کے پاس نیک کاموں کے کرنے کا اور (خصوصاً) نماز کی پابندی کا اور زکوٰۃ ادا کرنے کا حکم بھیجا اور وہ (حضرات) ہماری عبادت (خوب) کیا کرتے تھے۔

تفسیر لغات: شروع سورت سے یہاں تک توحید اور رسالت کا زیادہ اور اس کے ضمن میں اس کے تعلق سے مخالفین رسل کا آخرت میں عموماً معذب ہونا اور بعض کا دنیا میں بھی ہلاک ہونا مذکور تھا آگے بعض حضرات انبیاء علیہم السلام کے قصص بیان فرمانے سے انہی مضامین کی تائید فرماتے ہیں رسالت کی تائید تو ان کے رسول ہونے سے ظاہر ہے اور توحید کی تائید ان کے داعی الی التوحید ہونے سے اور تعذیب کی تائید ان کی بعض امم کی ہلاکت سے۔

قصہ عطائے کتاب بموسیٰ و ہارون علیہما السلام ☆ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ الْفُرْقَانَ (الی قولہ تعالیٰ) اَفَاَنْتُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ۝ اور ہم نے (آپ کے قبل) موسیٰ اور ہارون علیہما السلام) کو ایک فیصلہ کی اور روشنی کی اور متقیوں کے لئے نصیحت کی چیز (یعنی توریت) عطا فرمائی تھی جو (متقی) اپنے رب

www.besturdubooks.net

سے بن دیکھے ڈرتے ہیں اور خدا ہی سے ڈرنے کے سبب) وہ لوگ قیامت سے (بھی ڈرتے ہیں (کیونکہ قیامت میں اسی کا خوف ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ناراضی اور سزا نہ ہونے لگے) اور (جیسے ان کو وہ کتاب ہم نے دی تھی اسی طرح) یہ (قرآن بھی) ایک کثیر الفائدہ نصیحت (کی کتاب) ہے جس کو ہم نے نازل کیا سو کیا (بعد اس کے کہ تنزیل کتب کا عادۃ اللہ ہونا معلوم ہو گیا اور خود اس کا منزل ہونا دلیل سے ثابت ہے) پھر بھی تم اس کے (منزل من اللہ ہونے کے) منکر ہو۔

قصہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ☆ وَلَقَدْ اٰتَيْنَآ اِبْرٰهِيْمَ رُشْدَهٗ مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا بِهٖ عٰلِمِيْنَ ۝ (الی قولہ تعالیٰ) وَ كَانُوْا لَنَا عٰبِدِيْنَ ۝ اور ہم نے اس (زمانہ موسوی) سے پہلے ابراہیم (علیہ السلام) کو ان کی (شان کے مناسب[1]) خوش فہمی عطا فرمائی تھی اور ہم ان (کے کمالات علمیہ وعملیہ) کو خوب جانتے تھے (یعنی وہ بڑے کامل تھے خواہ بالقوۃ واستعداداً قبل عطائی رشد یا بالفعل بعد عطائی رشد ان کا وہ وقت یاد کرنے کے قابل ہے) جب کہ انہوں نے اپنے باپ سے اور اپنی برادری سے (ان کو عبادت اصنام میں مشغول دیکھ کر) فرمایا کہ کیا (واہیات[2]) مورتیں ہیں جن (کی عبادت) پر تم جمے بیٹھے ہو (یعنی یہ ہرگز قابل عبادت نہیں) وہ لوگ (جواب میں) کہنے لگے کہ ہم نے اپنے بڑوں کو ان کی عبادت کرتے ہوئے دیکھا ہے (اور وہ لوگ عاقل تھے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ مورتیں لائق عبادت کے ہیں ابراہیم (علیہ السلام) نے کہا کہ بیشک تم اور تمہارے باپ دادے (ان کو لائق عبادت سمجھنے میں) صریح غلطی میں (مبتلا) ہو (یعنی خود ان ہی کے پاس ان کی معبودیت کی کوئی دلیل اور سند نہیں ہے وہ تو اس لئے ضلال میں ہیں اور تم ایسوں کی تقلید کرتے ہو جن کا متمسک بالدلیل ہونا ثابت نہیں اس لئے تم ضلال میں ہو چونکہ ان لوگوں نے ایسی بات کبھی سنی نہ تھی نہایت متعجب[3] ہو کر) وہ لوگ کہنے لگے کہ کیا (اپنے نزدیک[4]) سچی بات (سمجھ کر) ہمارے سامنے پیش کر رہے ہو یا (یوں ہی) دل لگی کر رہے ہو ابراہیم (علیہ السلام) نے فرمایا کہ نہیں (دل لگی نہیں بلکہ سچی بات ہے اور صرف میرے ہی نزدیک نہیں بلکہ واقع میں بھی سچی بات بھی ہے کہ یہ عبادت کے قابل نہیں) بلکہ تمہارا رب (حقیقی جو لائق عبادت ہے) وہ ہے جو تمام آسمانوں کا اور زمین کا رب ہے جس نے (علاوہ تربیت کے) ان سب (آسمانوں اور زمین اور ان میں جو مخلوق ہے جس میں یہ اصنام بھی داخل ہیں سب) کو پیدا (بھی) کیا اور میں اس (دعویٰ) پر دلیل[5] بھی رکھتا ہوں (تمہاری طرح کورانہ تقلید سے تمسک نہیں کرتا) اور خدا کی قسم میں تمہارے ان بتوں کی گت[6] بناؤں گا جب تم (ان کے پاس سے) چلے جاؤ گے (تاکہ ان کا عاجز اور درماندہ ہونا زیادہ مشاہدہ میں آ جاوے ان لوگوں نے یہ سمجھ کر کہ یہ اکیلے ہمارے مخالف کارروائی کیا کر سکتے ہیں کچھ التفات نہ کیا ہوگا اور چلے گئے) تو (ان کے چلے جانے کے بعد) انہوں نے ان بتوں کو (تبر وغیرہ سے توڑ پھوڑ کر) ٹکڑے ٹکڑے کر دیا بجز ان کے ایک بڑے بت کے (جو جثہ میں یا ان لوگوں کی نظر میں معظم ہونے میں بڑا تھا کہ اس کو چھوڑ دیا جس سے ایک قسم کا استہزاء مقصود تھا کہ ایک کے سالم اور دوسروں کے قطع برید سے ایہام ہوتا ہے کہ کہیں اسی نے تو سب کی خبر نہیں لی پس ابتداء تو ایہام ہے پھر جب وہ لوگ قطع وبرید کرنے والے کی تحقیق کریں گے اور اس صنم کبیر پر احتمال بھی نہ کریں گے تو ان کی طرف سے اس کے عجز کا بھی اعتراف ہو جاوے گا اور حجت اور لازم تر ہو جاوے گی پس انتہاء یہ الزام وافحام ہے اور مقصود مشترک اثبات عجز ہے بعض کا انکار سے اور ایک کا ان کے اقرار سے غرض ایک کو اس مصلحت سے چھوڑ کر سب کو توڑ دیا) کہ شاید وہ لوگ ابراہیم کی طرف دریافت کرنے کے طور پر) رجوع کریں (اور پھر وہ تقریر جواب سے مکرر بوجہ ابلغ احقاق حق کر سکیں۔ غرض وہ لوگ جو بت خانہ میں آئے تو بتوں کی بری گت دیکھی آپس میں) کہنے لگے کہ یہ (بے ادبی کا کام) ہمارے بتوں کے ساتھ کس نے کیا ہے اس میں کوئی شک نہیں کہ اس نے بڑا ہی غضب کیا (یہ بات ایسے لوگوں نے پوچھی جن کو اس قول کی اطلاع نہ تھی تاللہ لاکیدن الخ یا تو اس وجہ سے کہ وہ اس وقت موجود نہ ہوں گے کیونکہ اس مناظرہ کے وقت تمام قوم کا مجتمع ہونا ضرور نہیں اور یا موجود ہوں مگر سنا نہ ہو اور بعضوں نے سن لیا ہو کذا فی الدر المنثور عن ابن مسعود نحوا منه) بعضوں[7] نے کہا (جن کو اس قول کا علم تھے) کہ ہم نے ایک نوجوان آدمی کو جس کو ابراہیم کر کے پکارا جاتا ہے ان بتوں کا (برائی کے ساتھ) تذکرہ کرتے سنا ہے (پھر) وہ (سب) لوگ (یا جنہوں نے اول استفسار کیا تھا) بولے کہ (جب یہ بات ہے) تو اچھا اس کو سب آدمیوں کے سامنے حاضر کرو تاکہ (شاید وہ اقرار کر لے اور) وہ لوگ (اس کے اقرار کے) گواہ ہو جائیں (پھر سزا حجت سے دی جاوے جس پر کوئی ملامت نہ کرے غرض سب کے روبرو وہ آئے اور ان سے) ان لوگوں نے کہا کہ کیا ہمارے بتوں کے ساتھ تم نے یہ حرکت کی ہے اے ابراہیم انہوں نے (جواب میں) فرمایا کہ تم (یہ احتمال کیوں نہیں فرض کرتے کہ یہ حرکت میں) نہیں (کی) بلکہ ان کے اس بڑے (گرو) نے کی (اور جب اس کبیر[8] میں فاعل ہونے کا احتمال ہو سکتا ہے تو ان صغار میں ناطق ہونے کا احتمال بھی ہوگا) سو ان (ہی) سے پوچھ لو (نا) اگر یہ بولتے ہوں (اور اگر یہ شق احتمال فاعلیت وناطقیت کی باطل ہے تو بعجز ان کا تمہارے نزدیک مسلم ہو گیا پھر اعتقاد الوہیت کی کیا وجہ) اس پر وہ لوگ اپنے جی میں سوچے[9] پھر (آپس میں) کہنے لگے کہ حقیقت میں تم ہی لوگ ناحق پر ہو (اور ابراہیم حق پر ہے کہ جو ایسا عاجز ہو وہ کیا معبود ہوگا) پھر (شرمندگی[10] کے مارے) اپنے سروں کو جھکا لیا (اور ابراہیم علیہ السلام سے نہایت مغلوبانہ لہجہ میں بولے کہ) اے ابراہیم تم کو تو معلوم ہی ہے کہ یہ بت (کچھ) بولتے (وولتے) نہیں (ہم ان سے کیا پوچھیں اور اس سے فاعلیت کبیر کی نفی بدرجہ اولیٰ ہو گئی اس وقت) ابراہیم (علیہ السلام) نے (خوب خبر لی اور) فرمایا کہ (افسوس جب یہ ایسے ہیں) تو

www.besturdubooks.net

کیا خدا کو چھوڑ کر تم ایسی چیز کی عبادت کرتے ہو جو تم کو نہ کچھ نفع پہنچا سکے اور نہ (بالمباشرۃ) کچھ نقصان پہنچا سکے (گو تسبیباً ضرر رسانی یقینی ہے کہ سبب کفر و تعذیب ہے) تف ہے تم پر (کہ باوجود وضوح حق کے باطل پر مصر ہو) اور ان پر (بھی) جن کو تم خدا کے سوا پوجتے ہو کیا تم (اتنا بھی) نہیں سمجھتے (اس تمام تر تقریر سے خصوص اس سے کہ توڑنے پھوڑنے سے انکار نہیں فرمایا باوجودیکہ احتمال انتقام مقتضی انکار کو تھا ان کو ثابت ہو گیا کہ یہ کام ان ہی کا ہے اور تقریر کا کچھ جواب بن نہ آیا تو بمقتضائے اس قول کے کہ ؎

چو حجت نماند جفا جوئے را ☆ بر خاش درہم کشد روئے را

یعنی جب جاہل جواب نہ رکھتا ہو اور قدرت رکھتا ہو تو برسر پیکار آ جاتا ہے۔ آپس میں) وہ لوگ کہنے لگے کہ ان (ابراہیم) کو آگ میں جلا دو اور اپنے معبودوں کا (ان سے) بدلہ لو اگر تم کو کچھ کرنا ہے (تو یہ کام کرو[11] ورنہ بالکل ہی بات ڈوب جاوے گی غرض سب نے متفق ہو کر اس کا سامان کیا اور ان کو آتش سوزاں میں ڈال دیا اس وقت) ہم نے (آگ کو) حکم دیا کہ اے آگ تو ٹھنڈی اور بے گزند[12] ہو جا ابراہیم کے حق میں (یعنی نہ سوزاں رہ کہ گزند حرارت کا پہنچے اور نہ بہت یخ ہو جا کہ گزند برودت کا پہنچے بلکہ مثل ہوائے معتدل کے بن جا چنانچہ ایسا ہی ہو گیا) اور ان لوگوں نے ان کے ساتھ برائی کرنا چاہا تھا (کہ ہلاک ہو جاویں گے) سو ہم نے ان ہی لوگوں کو ناکام کر دیا (کہ ان کا مقصود حاصل نہ ہوا بلکہ اور بالعکس حقانیت ابراہیم علیہ السلام کا زیادہ ثبوت ہو گیا) اور ہم نے ابراہیم کو اور (ان کے) برادرزادہ کذا فی الدر المنثور عن ابن عباسؓ) کو لوط (علیہ السلام) کو (کہ انہوں نے برخلاف قوم کے ابراہیم علیہ السلام کی تصدیق کی تھی قال تعالیٰ: فآمن له لوط اور اس وجہ سے لوگ ان کے بھی مخالف اور درپے تھے) ایسے ملک (یعنی شام) کی طرف بھیج کر (کافروں کے شر و ایذا سے) بچا لیا جس میں ہم نے دنیا جہان والوں کے واسطے (خیر و) برکت رکھی ہے (دنیوی بھی کہ فواکہ و حبوب بکثرت پیدا ہوتے ہیں اور دوسرے[1] لوگ بھی اس سے منتفع ہو سکتے ہیں اور دینی بھی کہ بکثرت وہاں انبیاء علیہم السلام ہوئے جن کے شرائع کی برکت دور دور عالم میں پھینکی یعنی انہوں نے ملک شام کی طرف باذن الٰہی ہجرت فرمائی) اور (ہجرت کے بعد) ہم نے ان کو اسحٰق (بیٹا) اور یعقوب پوتا[13] عطا کیا اور ہم نے ان سب (باپ بیٹے پوتے) کو (اعلیٰ درجہ کا) نیک کیا (اعلیٰ درجہ کی نیکی کا مصداق عصمت ہے جو بشر میں خواص نبوت سے ہے پس مراد یہ کہ ان سب کو نبی بنایا) اور ہم نے ان (سب) کو مقتدا بنایا (جو کہ لوازم نبوت سے ہے) کہ ہمارے حکم سے (خلق کو) ہدایت کیا کرتے تھے (کہ مناصب نبوت سے ہے) اور ہم نے ان کے پاس نیک کاموں کے کرنے کا اور (خصوصاً) نماز کی پابندی کا اور زکوٰۃ ادا کرنے کا حکم بھیجا (یعنی یہ حکم بھیجا کہ ان کاموں کو کیا کرو) اور وہ (حضرات) ہماری (خوب) عبادت کیا کرتے تھے (یعنی) ان کو جو حکم ہوا تھا اس کو اچھی طرح بجا لاتے تھے پس صالحین میں کمال نبوت کی طرف اور اَوْحَيْنَآ اِلَيْهِمْ فِعْلَ الْخَيْرٰتِ میں کمال علم کی طرف اور كَانُوْا لَنَا عٰبِدِيْنَ ۝ میں کمال عمل کی طرف اور اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ میں تکمیل للغیر کی طرف اشارہ کافیہ ہے) ف: آیت: لَقَدْ كُنْتُمْ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ کی جو تقریر کی گئی ہے اس سے ان لوگوں کا استدلال باطل ہو گیا جو تقلید مشروع کی نفی ایسی آیتوں سے کیا کرتے ہیں اور اَنَا عَلٰى ذٰلِكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ۝ میں کورانہ تقلید سے وہی تقلید مراد ہے جس کی نفی آیت بالا میں ہوئی ہے اور قَالَ بَلْ فَعَلَهٗ ۚ كَبِيْرُهُمْ کی جو تقریر کی گئی ہے اس سے معلوم ہو گیا ہو گا کہ یہ صدق محض ہے مگر چونکہ اس مضمون کے علی سبیل الفرض ہونے پر محض قرینہ مقامیہ دال ہے کوئی قرینہ مقالیہ دال نہیں جیسا ھذا ربی میں بھی ایسا ہی ہے اس لئے حدیث میں صورۃً اس پر مجازاً کذب کا اطلاق آیا ہے اور اس آتش ابراہیمی میں چند احتمال ہیں۔ ایک یہ کہ اس میں حرارت و احراق نہ رہا ہو اور اضاءۃ و اشراق رہا ہو دوسرے یہ کہ ہیئت آگ ہی کی رہی ہو مگر حقیقت اس کی منقلب ہو گئی مثلاً ہوا بن گئی ہو۔ تیسرے یہ کہ آگ ہی رہی ہو مگر موذی نہ رہی ہو اور ظاہر علی ابراہیم کی قید سے احتمال ثالث ہے گو خارق ہر حالت میں ہے اور اس بت شکنی کے قصہ سے کوئی شخص اس مسئلہ فقہیہ پر شبہ نہ کرے کہ ذمی کے بت کا ضمان توڑنے والے پر لازم آتا ہے کیونکہ وہ مسئلہ ذمی کے لئے ہے اور یہ لوگ ذمی نہ تھے اور كُلًّا جَعَلْنَا صٰلِحِيْنَ ۝ میں بعض نے لوط علیہ السلام کو بھی داخل کیا ہے سو یہاں ان کا ذکر تبعاً تھا اور آگے استقلالاً پس تکرار نہ ہو گا اور یہ سلامت رہنا ابراہیم علیہ السلام کا اگر باوجود بقاء جرم نار کے ہے تب تو معجزہ عظیمہ ہونا ظاہر ہے اور اگر اطفائے نار کی حالت میں ہے تو اولاً دفعۃً اطفاء ایسی نار عظیمہ کا خود ایک معجزہ عظیمہ ہے ثانیاً بعد اطفاء کے بھی بقائے اثر یعنی حرارت شدید کا بہت عرصہ تک ضروری طبعی ہے ایسی حالت میں سلامت رہنا بھی معجزہ ہے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَلَقَدْ اٰتَيْنَآ اِبْرٰهِيْمَ رُشْدَهٗ مِنْ قَبْلُ روح المعانی میں من قبل کی تفسیر میں ہے قبل البلوغ اور بقول بعض قبل الولادۃ جب کہ صلب آدم علیہ السلام میں تھے تو اس تفسیر پر آیت میں اس پر دلالت ہے کہ اساس اول استعداد اور فطرت ہے اور یہ اس درجہ کی قوت رکھتی ہے کہ استعداد ایتاء کو ایتاء سے تعبیر فرما دیا (گویا وہ قوت بجائے فعل کے ہے ۱۲) قولہ تعالیٰ: مَا هٰذِهِ التَّمَاثِيْلُ الخ چونکہ تماثیل اصنام کے ساتھ خاص نہیں اور اسی طرح عکوف بھی پرستش کے ساتھ خاص نہیں چنانچہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے شطرنج کھیلنے والوں پر اسی آیت سے رد فرمایا اس لئے اس آیت سے مولانا شہید رحمۃ اللہ علیہ نے اس

www.besturdubooks.net

تصور شیخ کے منکر ہونے پر استدلال فرمایا ہے جو غلاۃ صوفیہ میں متعارف ہے باقی جس میں نہ مقصود یں مستقلہ ہو اور نہ اس پر عکوف ہو بلکہ مثل دوسرے محبوبات کے غلبہ محبت کے وقت اس کا خیال کرنے لگے اور جب وہ ذہن سے غائب ہونے لگے اس کے ابقاء کا اہتمام نہ کرے تو کچھ حرج نہیں ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: قَالَ لَقَدْ كُنْتُمْ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ الخ آیت ان لوگوں کی بدحالی کا اظہار کرتی ہے جو اپنے دنیوی یا دینی اکابر کے اتباع میں غلو کرتے ہیں جیسا کہ کثرت سے جہلاء کا شعار ہے۔ قولہ تعالیٰ: بَلْ فَعَلَهٗ ۖ كَبِيْرُهُمْ هٰذَا بعض بزرگوں سے کسی مصلحت دینیہ کے سبب تو یہ منقول ہے یہ آیت اس کی اصل ہے۔ قولہ تعالیٰ: اُفٍّ لَّكُمْ وَلِمَا تَعْبُدُوْنَ بعض بزرگوں کی عادت ہے کہ مبغوضین فی اللہ کے ساتھ سختی سے پیش آتے ہیں یہ آیت اس کی اصل ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ الخ بعض بزرگوں سے بھی ایسی کرامتیں منقول ہیں وہ اس قصہ کی نظیر ہیں ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: وَنَجَّيْنٰهُ وَلُوْطًا اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ الخ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ مخالف فریق سے ہجرت کر کے موافق کی طرف جانا انبیاء علیہم السلام کی سنت ہے اور یہ توکل کے منافی نہیں ۱۲۔

الحواشی: (۱) یہ برکت شام کی دوسرے اہل عالم کے لئے ہے ۱۲ منہ۔ (۲) وعليه جمهور المحققين كما في النيسابوري ۱۲ منه۔

ملحقات الترجمة: ۱ قوله في رشده مناسب افاده الاضافة ۱۲۔ ۲ قوله في ما هذه واهيات اشارة الى كون الاستفهام للتحقير ۱۲۔ ۳ قوله في اجئتنا متعجب اشارة الى كون الاستفهام ناشيا من التعجب ۱۲۔ ۴ قوله في بالحق اپنے نزدیک لانهم لم يكونوا مترودين ۱۲۔ ۵ قوله في الشهدين دليل لان الشاهد يكون على دليل من المشاهدة ونحوها ۱۲۔ ۶ قوله في اكيدن گت حمل على المجاز من الاجتهاد في الكسر لان المعنى الحقيقي من الاحتيال مستبعد لما بينه وبين الاظهار عندهم من التضاد ۱۲۔ ۷ قوله في قالوا سمعنا بعضوں بقرينة المقام ۱۲۔ ۸ قوله قبل فاسئلوهم جب اس کبیر میں الخ وبه ظهر توجيه الفاء في فاسئلوهم ۱۲۔ ۹ قوله في فرجعوا سوچنے لگے في الروح فتفكروا وتدبروا او تذكروا الخ۔ ۱۰ قوله في ثم نكسوا شرمندگی كذا اختاره في الروه ناقلا عن الزمخشري ۱۲۔ ۱۱ قوله في ان كنتم فعلين یہ کام کرو اشارة الى تقدير الجواب ۱۲۔ ۱۲ قوله في سلاما بےگزند اشارة الى حذف المضاف اى ذات سلامة ۱۲۔ ۱۳ قوله في نافلة پوتا كذا في الدر المنثور ۱۲۔

فَائِدَة: في الروح كان القياس ان يذكر نوح ثم ابراهيم ثم موسىٰ عليهم السلام لكن روعي في ذلك ترشح التسلي والتاسي فقد ذكر موسىٰ عليه السلام لان حاله وما قاساه من قومه وكثرة آياته وتكاثف امة اشبه بمحال نبينا صلى الله عليه وسلم ثم ثني بذكر ابراهيم عليه السلام وقبل من قبل لهذا اى كون ذكر الانبياء عليهم السلام للتاسي الا ترى الى قوله تعالىٰ ونوحاً اذ نادىٰ من قبل اى قبل هؤلاء المذكورين وقيل من قبل ابراهيم ولوط انتهى اقول قوله اشبه الخ لعل الاتيان بقوله تعالىٰ هذا ذكر بعد قوله لقد اتينا موسىٰ لهذا فافهم والله اعلم فقط۔

اللغات: قوله التمثال الصورة المصنوعة مشبهة بمخلوق من مخلوقات الله تعالىٰ من مثلث الشئ بالشئ اذا شبهت به آه قوله جذاذا فعال بمعنى المفعول قوله اف صوت ثم صار اسم فعل بمعنى اتضجر وفي اللغات كثيرة واللام لبيان المتفاف له اه۔

النحو: قوله افتعبدون اى اتعلمون ذلك فتعبدون۔ قوله افلا تعقلون تقديره الا تتفكرون فلا تعقلون ۱۲۔

البلاغة: قوله الفرقان وضياء وذكرا هذا من عطف وصفه على صفة والصفات كلها متلازمة فلا يردان وصف التوراة بصفات ووصف القرآن بصفة واحدة يوهم كون التوراة افضل من القرآن واما تنكير ضياء وذكر فلعدم الحاجة الى التعريف بعد تعيين مصداقهما بتعريف الفرقان فلذا عرف الفرقان ونكر ما بعده والله اعلم ۱۲۔ قوله لها عاكفون اما بمعنى على لانها صلة العكوف او للتبيين قوله جعلهم اتى بجمع العقلاء تنزيلها لها منزلتهم على زعم هؤلاء قوله يقال له ابراهيم كون المفرد مقولا اذا اريد به اللفظ منقول في الروح عن الزمخشري ۱۲۔

وَلُوْطًا اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا وَّنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْقَرْيَةِ الَّتِيْ كَانَتْ تَّعْمَلُ الْخَبٰٓئِثَ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمَ سَوْءٍ فٰسِقِيْنَ ۝ وَاَدْخَلْنٰهُ فِيْ رَحْمَتِنَا ۭ اِنَّهٗ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ وَنُوْحًا اِذْ نَادٰى مِنْ قَبْلُ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ۝ وَنَصَرْنٰهُ مِنَ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمَ سَوْءٍ فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝

اور لوط علیہ السلام کو ہم نے حکمت اور علم (جو شان انبیاء کے مناسب ہوتا ہے) عطا فرمایا اور ہم نے ان کو اس بستی سے نجات دی جس کے رہنے والے گندے گندے کام کیا

www.besturdubooks.net

کرتے تھے بلاشبہ وہ لوگ بڑے بدذات بدکار تھے اور ہم نے لوط کو اپنی رحمت میں داخل کیا (کیونکہ) بلاشبہ وہ بڑے نیکوں میں سے تھے اور نوح علیہ السلام کے قصے کا تذکرہ کیجئے جو کہ اس (زمانہ ابراہیمی) سے (بھی) پہلے انہوں نے دعا کی سو ہم نے ان کی دعا قبول کی اور ان کے تابعین کو بڑے بھاری غم سے نجات دی کہ ہم نے ایسے لوگوں سے ان کا بدلہ لیا جنہوں نے ہمارے حکموں کو (جو کہ نوح علیہ السلام لائے تھے) جھوٹا بتلایا تھا بلاشبہ وہ لوگ بہت برے تھے اسلئے ان سب کو ہم نے غرق کر دیا۔ ۞

تفسیر: قصۂ حضرت لوط علیہ السلام ☆ وَلُوْطًا اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّهٗ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۞ اور لوط (علیہ السلام) کو ہم نے حکمت اور علم (جو شان انبیاء کے مناسب ہوتا ہے) عطا فرمایا اور ہم نے ان کو اس بستی سے نجات دی جس کے رہنے والے گندے گندے کام کیا کرتے تھے (جن میں سب سے بدتر لواطت تھی اور بھی بعض افعال شنیعہ کے وہ لوگ معتاد تھے۔ ڈھیلے پھینکنا' کبوتر بازی' گانا بجانا' شراب خوری کرنا' داڑھی کٹانا' سیٹی بجانا' ریشمی لباس پہننا اخرجه اسحق بن بشير والخطيب وابن عساكر عن الحسن مرفوعًا كذا في الروح) بلاشبہ وہ لوگ بڑے بدکار تھے اور ہم نے لوط کو اپنی رحمت میں (یعنی جن بندوں پر رحمت ہوتی ہے ان میں) داخل کیا (کیونکہ) بلاشبہ وہ بڑے (درجہ کے) نیکوں میں سے تھے (بڑے درجہ کے نیک سے مراد معصوم جو لوازم نبوت سے ہے) ف: ہر چند کہ ان کے کئی قریئے تھے لیکن چونکہ ان میں اصل پر گناہ ایک تھا اور بقیہ اس کے تابع تھے اس لئے اسی کے ذکر پر اکتفا فرمایا جس سے تبعاً سب کا حال معلوم ہو گیا اور بعض نے خبائث کی تفسیر صرف لواطت سے کی ہے اور جمع لانا اس لئے ہوگا کہ متعدد فاعل کے افعال متعدد ہوں گے اور نَجَّيْنٰهُ میں اشارہ ہے قوم کے معذب ہونے کی طرف اور اِنَّهُمْ كَانُوْا الخ معناً اسی کی علت ہو جاوے گی اور ممکن ہے کہ تعمل الخبائث کی علت ہو چونکہ ان میں بدذاتی اور فسق یعنی حکم عدولی راسخ تھی اس لئے عامل خبائث تھی۔

قصۂ نوح علیہ السلام ☆ وَنُوْحًا اِذْ نَادٰى مِنْ قَبْلُ (الی قولہ تعالیٰ) فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۞ اور نوح (علیہ السلام کے قصہ) کا تذکرہ کیجئے جب کہ اس (زمانہ ابراہیمی) سے (بھی) پہلے انہوں نے (اللہ تعالیٰ سے) دعا کی (کہ ان کافروں سے میرا بدلہ لیجئے) سو ہم نے ان کی دعا قبول کی اور ان کو اور ان کے تابعین کو بڑے بھاری غم سے (جو تکذیب اور ایذائے کفار کی وجہ سے ان کو پیش آتا تھا) نجات دی اور (نجات اس طرح دی کہ) ہم نے ایسے لوگوں سے ان کا بدلہ لیا جنہوں نے ہمارے حکموں کو (جو کہ نوح علیہ السلام لائے تھے) جھوٹا بتایا تھا بلاشبہ وہ لوگ بہت برے تھے اس لئے ہم نے ان سب کو غرق کر دیا۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَنَصَرْنٰهُ مِنَ الْقَوْمِ الخ اس میں دلالت ہے اس پر کہ حق تعالیٰ اپنے مقبولین کا مخذولین سے انتقام لیتا ہے اور اس سے زیادہ صریح اس مضمون میں یہ آیت ہے جَزَآءً لِّمَنْ كَانَ كُفِرَ [القمر: ۱۴] انتھی القول ۱۲۔

اللغات: الكرب الغم الشديد كذا في الروح قوله نصرنه في الروح المتعدى بعلى يدل على مجر الاعانة والمتعدى بمن يدل على استباع ذلك للانتقام من العدو والانتصار ۱۲۔

النحو: لوطًا معمول لآتينا المقدر يفسره آتيناه قوله في رحمتنا هو على حذف المضاف اى اهل رحمتنا قوله نوحًا معمول لا ذكر المقدر ويقدر قبله مضاف بنبا نوح واذ بدل من النبا ۱۲۔

وَدَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ اِذْ يَحْكُمٰنِ فِي الْحَرْثِ اِذْ نَفَشَتْ فِيْهِ غَنَمُ الْقَوْمِ ۚ وَكُنَّا لِحُكْمِهِمْ شٰهِدِيْنَ ۞

فَفَهَّمْنٰهَا سُلَيْمٰنَ ۚ وَكُلًّا اٰتَيْنَا حُكْمًا وَّعِلْمًا ۡ وَّسَخَّرْنَا مَعَ دَاوٗدَ الْجِبَالَ يُسَبِّحْنَ وَالطَّيْرَ ۭ وَكُنَّا

فٰعِلِيْنَ ۞ وَعَلَّمْنٰهُ صَنْعَةَ لَبُوْسٍ لَّكُمْ لِتُحْصِنَكُمْ مِّنْۢ بَاْسِكُمْ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ شٰكِرُوْنَ ۞ وَلِسُلَيْمٰنَ

الرِّيْحَ عَاصِفَةً تَجْرِيْ بِاَمْرِهٖٓ اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا ۭ وَكُنَّا بِكُلِّ شَيْءٍ عٰلِمِيْنَ ۞ وَمِنَ الشَّيٰطِيْنِ

مَنْ يَّغُوْصُوْنَ لَهٗ وَيَعْمَلُوْنَ عَمَلًا دُوْنَ ذٰلِكَ ۚ وَكُنَّا لَهُمْ حٰفِظِيْنَ ۞

اور داؤد اور سلیمان علیہما السلام کے قصہ کا تذکرہ کیجئے جبکہ دونوں کسی کھیت کے بارے میں فیصلہ کرنے لگے جبکہ اس (کھیت) میں کچھ لوگوں کی بکریاں رات کے وقت جا پڑیں اور اس کو چر گئیں اور ہم اس فیصلہ کو جو لوگوں کے متعلق ہوا تھا دیکھ رہے تھے سو ہم نے اس فیصلہ کی سمجھ سلیمان کو دی اور یوں ہم نے دونوں کو حکمت اور علم عطا فرمایا تھا اور ہم نے داؤد کے ساتھ تابع کر دیا تھا پہاڑوں کو کہ (ان کی تسبیح کے ساتھ) وہ تسبیح کیا کرتے تھے اور پرندوں کو بھی اور کرنے والے ہم تھے اور ہم نے ان کو زرہ (بنانے) کی صنعت تم لوگوں کے (نفع کے) واسطے سکھلائی تاکہ وہ (زرہ) تم کو لڑائی (میں) ایک دوسرے کی زد سے بچائے سو تم شکر کرو گے بھی یا نہیں اور ہم نے سلیمان کا زور کی ہوا

www.besturdubooks.net

کو تابع بنا دیا تھا کہ وہ انکے حکم سے اس سرزمین کی طرف چلتی جس میں ہم نے برکت رکھی ہے (مراد ملک شام ہے) اور ہم ہر چیز کو جانتے ہیں اور بعضے بعضے شیطان ایسے تھے کہ سلیمان کے لئے (دریاؤں میں غوطہ لگاتے تھے تاکہ موتی نکال کر لائیں) اور وہ اور کام بھی اس کے علاوہ کیا کرتے تھے اور ان کے سنبھالنے والے ہم تھے۔ ۞

تفسیر: قصہ داؤد و سلیمان علیہما السلام ☆ وَدَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ (الی قولہ تعالیٰ) وَكُنَّا لَهُمْ حٰفِظِيْنَ ۞ اور داؤد اور سلیمان (علیہما السلام کے قصہ) کا تذکرہ کیجئے جبکہ دونوں (حضرات) کسی کھیت کے بارہ میں (جس میں غلہ تھا یا انگور کے درخت تھے **کذا فی الدر المنثور**) فیصلہ کرنے لگے جبکہ اس (کھیت) میں کچھ لوگوں کی بکریاں رات کے وقت جا پڑیں (اور اس کو چر گئیں) اور ہم نے اس فیصلہ کو جو (مقدمہ والے) لوگوں کے متعلق ہوا تھا دیکھ رہے تھے سو ہم نے اس فیصلہ (کی آسان صورت) کی سمجھ سلیمان کو دے دی اور (یوں) ہم نے دونوں (ہی) کو حکمت اور علم عطا فرمایا تھا (یعنی داؤد علیہ السلام کا فیصلہ بھی خلاف شرع نہ تھا۔ صورت مقدمہ کی یہ تھی کہ جس قدر کھیت کا نقصان ہوا تھا اس کی لاگت بکریوں کی قیمت کے برابر تھی۔ داؤد علیہ السلام نے ضمان میں کھیت والے کو وہ بکریاں دلوا دیں اور اصل قانون شرعی کا یہی مقتضا تھا جس میں مدعی یا مدعیٰ علیہ کی رضا کی شرط نہیں مگر چونکہ اس میں بکری والوں کا بالکل ہی نقصان ہوتا تھا اس لئے سلیمان علیہ السلام نے بطور مصالحت کے جو کہ موقوف تھی تراضی جانبین پر یہ صورت جس میں دونوں کی سہولت اور رعایت تھی تجویز فرمائی کہ چند روز کے لئے بکریاں تو کھیت والے کو دے دی جاویں کہ ان کے دودھ وغیرہ سے اپنا گزر کرے اور بکری والوں کو وہ کھیت سپرد کیا جاوے کہ اس کی خدمت آبپاشی وغیرہ سے کریں جب کھیت پہلی حالت پر آ جاوے کھیت اور بکریاں اپنے اپنے مالک کو دے دی جاویں **کذا فی الدر المنثور عن مرة وابن مسعود ومسروق وابن عباس ومجاهد وقتادة والزهری** پس اس سے معلوم ہو گیا کہ دونوں فیصلوں میں کوئی تعارض نہیں کہ ایک کی صحت دوسرے کی عدم صحت کو مقتضی ہو اس لئے وَكُلًّا اٰتَيْنَا حُكْمًا وَّعِلْمًا بڑھا دیا گیا) اور (یہاں تک تو کرامت عامہ کا ذکر تھا جو دونوں حضرات میں مشترک تھی آگے دونوں حضرات کی خاص خاص کرامتوں کا بیان ہے) ہم نے داؤد (علیہ السلام) کے ساتھ تابع کر دیا تھا پہاڑوں کو کہ (ان کی تسبیح کے ساتھ) وہ (بھی) تسبیح کیا کرتے تھے اور (اسی طرح) پرندوں کو بھی (جیسا سورۂ سبا میں ہے يٰجِبَالُ اَوِّبِيْ مَعَهٗ وَالطَّيْرَ [سبا: ۱۰]) اور (کوئی اس بات کا تعجب نہ کرے کیونکہ ان کاموں کے) کرنے والے ہم تھے (اور ہماری قدرت کا عظیم ہونا ظاہر ہے پھر ان خوارق میں تعجب ہی کیا ہے) اور ہم نے ان کو زرہ (بنانے) کی صنعت تم لوگوں کے (نفع کے) واسطے سکھلائی (یعنی) تاکہ وہ (زرہ) تم کو (لڑائی میں) ایک دوسرے کی زد سے بچائے (اور اس نفع عظیم کا مقتضا یہ ہے کہ تم شکر کرو) سو تم (اس نعمت کا) شکر کرو گے بھی (یا نہیں) اور ہم نے سلیمان (علیہ السلام) کا زور کی ہوا کو تابع بنا دیا تھا کہ وہ ان کے حکم سے اس سرزمین کی طرف کو چلتی جس میں ہم نے برکت کر رکھی ہے (مراد ملک شام ہے **کذا فی الدر عن السدی** جو ان کا مسکن تھا **کما روی ویدل علیه عمارته بیت المقدس**۔ یعنی جب ملک شام سے کہیں چلے جاتے اور پھر آتے تو یہ آنا اور اسی طرح جانا بھی ہوا کے ذریعہ سے ہوتا تھا جیسا در منثور میں بروایت تصحیح حاکم حضرت ابن عباسؓ سے اس کی کیفیت مروی ہے کہ سلیمان علیہ السلام مع اعیان ملک کی کرسیوں پر بیٹھ جاتے پھر ہوا کو بلا کر حکم دیتے وہ سب کو اٹھا کر تھوڑی دیر میں ایک ایک ماہ کی مسافت قطع کرتی اور ہم ہر چیز کو جانتے ہیں (پس ہمارے علم میں سلیمان کو یہ چیزیں دینے میں حکمت تھی اس لئے عطا فرمائی) اور بعضے بعضے شیطان (یعنی جن) ایسے تھے کہ سلیمان (علیہ السلام) کے لئے (دریاؤں میں) غوطے لگاتے تھے (تاکہ موتی نکال کر ان کے پاس لاویں) اور وہ اور کام بھی اس کے علاوہ (سلیمان کے لئے) کیا کرتے تھے اور (گو وہ جن بڑے سرکش اور شریر تھے مگر) ان کے سنبھالنے والے ہم تھے (اس لئے وہ چوں نہیں کر سکتے تھے) **ف**: مسئلہ جیسا واقعہ بکریوں کا اس قصہ میں واقع ہوا تھا اگر اب واقع ہو ائمہ شریعت میں اس کا حکم مختلف فیہ ہے امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک یہ تفصیل ہے کہ اگر بکریوں کے ساتھ کوئی سائق وقائد نہ ہو تو اس صورت میں کچھ ضمان لازم نہیں **لما رواه الشیخان ان لعجماء جرحها جبار** اور سنن میں جو روایت ہے **قضی رسول الله صلی الله علیه وسلم علی اهل الاموال بحفظها بالنهار وعلی اهل المواشی بحفظها باللیل**۔ اس کے رجال سند میں کلام ہے اس لئے معارض حدیث صحیحین کی نہیں ہو سکتی نیز حدیث میں ضمان سے تعارض بھی نہیں۔ ممکن ہے کہ یہ وجوب مذکور فی الحدیث دیانۃً ہو جس کے ترک سے اہل مواشی کو گناہ ہو اور گناہ مستلزم ضمان کو نہیں۔ اور اگر کوئی سائق وقائد ہمراہ ہو تو ضمان لازم آوے گا اور چونکہ حرث ذوات القیم سے ہے اس لئے قیمت متلف کی لازم آوے گی۔ البتہ اگر بتراضی قیمت کے بدلے کوئی ذات القیم چیز لے لی جاوے تو جائز ہے فقط اور زرہ اگر اول داؤد علیہ السلام کے ہاتھوں ایجاد ہوئی ہے جیسا جلالین میں ہے اور اس وقت سے پہلے تختیاں سی ہوتی تھیں جیسا در منثور میں سورۂ سبا کی تفسیر میں قتادہ سے منقول ہے تب تو لکم کے معنی ظاہر ہیں کہ تم لوگ اس ایجاد سے منتفع ہو رہے ہو اور اگر ثابت ہو جاوے کہ پہلے بھی زرہ بنتی تھی تو حسن صنعت ورعایت غایت میں زرہ داؤدی بڑھی ہوئی کہی جاوے گی اس اعتبار سے اس کو زیادہ منتفع بہ ہونے میں دخل ہوگا کما قال تعالیٰ فی سورۃ سبا: اَنِ اعْمَلْ سٰبِغٰتٍ وَّقَدِّرْ فِي السَّرْدِ [السبا: ۱۱] سو اگر تقدیر سرد پہلے سے جاری ہوتی تو ظاہراً اس ارشاد کی ضرورت نہ ہوتی واللہ اعلم اور بعضوں نے جو تسخیر ریح میں خواہ مخواہ تاویل کی ہے کہ جہاز رانی مراد ہے تو فَسَخَّرْنَا لَهُ اور تَجْرِيْ بِاَمْرِهٖ الفاظ قرآنیہ واقعہ سورۂ ص اور حاکم کی

www.besturdubooks.net

تصحیح سے جو روایت ضمن ترجمہ میں مذکور ہوء ہے یہ سب ان تاویلات فاسدہ کو دفع کرتی ہیں اور اس آیت میں ریح کو عاصف فرمایا اور سورۂ ص میں رخاء فرمایا تو یا تو سلیمان علیہ السلام کے ارادہ پر اس کا عاصف اور رخاء ہونا تھا یا باعتبار تاثیر فی البدن اور راکب کو حرکت نہ ہونے کے رخاء کی صفت رکھتی تھی اور باعتبار سرعت سیر اور قطع مسافت کے عاصف کا حکم رکھتی تھی اور لفظ شیاطین سے ظاہراً مفہوم ہوتا ہے کہ وہ جن کافر تھے کیونکہ اکثر اس لفظ کا اطلاق کفار جن پر آتا ہے اور عملا دون ذلك سے مراد وہ ہیں جو سورۂ سبا میں ہے :يَعْمَلُوْنَ لَهٗ مَا يَشَآءُ مِنْ مَّحَارِيْبَ وَتَمَاثِيْلَ وَجِفَانٍ كَالْجَوَابِ وَقُدُوْرٍ رّٰسِيٰتٍ [سبا، : ۱۳] اور قصہ داؤد علیہ السلام میں تسخیر سے مراد محض تبعیت واقتداء فی التسبیح ہے نہ یہ کہ ان کے فرمانے سے تسبیح کرتے تھے گو ممکن یہ بھی ہے مگر محتاج دلیل ہے۔

ترجمۂ مسائل السلوك: قولہ تعالیٰ :وَسَخَّرْنَا مَعَ دَاوٗدَ الخ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ اشیاء تسبیح قالی کرتی تھیں ورنہ داؤد علیہ السلام کی تخصیص اس اعتبار سے ہے کہ داؤد علیہ السلام سنتے بھی تھے۔قولہ تعالیٰ: وَعَلَّمْنٰهُ صَنْعَةَ الخ اس سے دو مسئلہ ثابت ہوتے ہیں ایک یہ کہ دستکاری سے معاش حاصل کرنا اور دوسری یہ کہ اسباب عادیہ کا استعمال کرنا یہ توکل کے منافی نہیں ہے قولہ تعالیٰ: وَمِنَ الشَّيٰطِيْنِ مَنْ يَّغُوْصُوْنَ لَهٗ اس میں اس قول کی اصل ہے۔ یہ کہ ترسید از حق و تقوی گزید تر سد از وے جن وانس ہر کہ دید اور اگر کہیں تخلف ہو جاوے تو کسی عارض سے ہو جاتا ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمة : ۱ قوله فی لحكمهم لوگوں کے متعلق اشارة الی ان المرجع هم اهل الحرث واهل الغنم والاضافة لادنی ملابسة ولكونهم قد حكم لهم وعليهم فلا حاجة الی ارجاع الضمير الی سليمان و داؤد ثم التكلف فی توجيه وهذا من خواص المواهب ولله الحمد ۱۲۔

اللغات: قوله الحرث الزرع ومجازا بمعنی الكرم ۱۲ قوله نفشت هو رعی الماشيه فی الليل بغير راع كما ان المهل رعيها فی النهار كذلك وكان اصله الانتشار والتفرق ای تفرقت وانتشرت كذا فی الروح ۱۲ قوله لبوس الدرع واصله ما يلبس ۱۲۔

لطيفه: فی الروح وفی قصتی داؤد وسليمان عليهما السلام ما يدل علی عظيم قدرة الله تعالیٰ قال الامام وتسخيرا كشف الاجسام لداؤد عليه السلام وهو الحجر اذا نطقه الله تعالیٰ بالتسبيح والحديد اذا لانه سبحانه له وتسخير الطف الاجسام لسليمان عليه السلام وهو الريح والشياطين وهم من نار وكانوا يغوصون فی الماء فلا يضرهم دليل واضح علی باهر قدرته سبحانه واظهار الصد من الضد الخ۔

البلاغة: قوله فی قصة داؤد سخرنا مع داؤد فی قصة سليمان ولسليمان الريح فی الروح جیء باللام ههنا دون الاولی للدلالة علی ما بين التسخيرين من التفات فان تسخير ما سخر له عليه السلام كان بطريق الانقياد الكلی له والامتثال بامره ونهيه بخلاف تسخير الجبال والطير لداؤد عليه السلام فانه كان بطريق التبعية والاقتداء به عليه السلام فی عبادة الله عز و جل آه قوله يغوصون له فی الروح لما كان الغائص قد يغوص لنفسه ولغيره قيل له للايذان بان لاغوص ليس لانفسهم بل لاجله عليه السلام وقد كان عليه السلام يامرهم فيغوصون فی البحار ويستخرجون له من نفائسه آه وبهذا علم ان المراد فی يعملون يعملون له ۱۲۔

وَاَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۸۳﴾ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَكَشَفْنَا مَا بِهٖ مِنْ ضُرٍّ وَّاٰتَيْنٰهُ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَذِكْرٰى لِلْعٰبِدِيْنَ ﴿۸۴﴾ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِدْرِيْسَ وَذَا الْكِفْلِ ؕ كُلٌّ مِّنَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۸۵﴾ وَاَدْخَلْنٰهُمْ فِيْ رَحْمَتِنَا ؕ اِنَّهُمْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۸۶﴾ وَ ذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِي الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۸۷﴾ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۙ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ ؕ وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۸۸﴾

اور ایوب کا تذکرہ کیجئے جبکہ انہوں نے (بعد مبتلا ہونے مرض شدید) کے اپنے رب کو پکارا کہ مجھ کو یہ تکلیف پہنچ رہی ہے اور آپ سب مہربانوں سے زیادہ مہربان ہیں سو ہم نے ان کی دعا قبول کی اور ان کو جو تکلیف تھی اس کو دور کر دیا اور (بلا استدعا) ہم نے ان کو ان کا کنبہ عطا فرمایا اور ان کے ساتھ (گنتی میں) ان کے برابر اور بھی اپنی رحمت خاصہ کے سبب سے اور عبادت کرنے والوں کے لئے یادگار رہنے کے سبب سے اور اسمٰعیل علیہ السلام اور ادریس علیہ السلام اور ذوالکفل کا ذکر کیجئے (یہ) اب احکام الٰہیہ پر

www.besturdubooks.net

ثابت قدم رہنے والے لوگوں سے تھے اور ہم نے ان کو اپنی رحمت (خاصہ) میں داخل کرلیا تھا بے شک یہ کمال صلاحیت والوں میں سے تھے اور مچھلی والے پیغمبر یعنی یونس کا تذکرہ کیجئے جب وہ اپنی قوم سے خفا ہو کر چل دیئے اور انہوں نے یہ سمجھا کہ ہم ان پر اس چلے جانے میں کوئی داروگیر نہ کریں گے پس انہوں نے اندھیروں میں پکارا کہ آپ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے آپ (سب نقائص) پاک ہیں میں بے شک قصوروار ہوں سو ہم نے ان کی دعا قبول کی اور ان کو اس گھٹن سے نجات دی اور اسی طرح اور اہل ایمان کو (بھی کرب و بلا سے) نجات دیا کرتے ہیں۔ ۞

تفسیر: قصہ ایوب علیہ السلام ☆ وَاَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ (الی قولہ تعالیٰ) وَذِكْرٰى لِلْعٰبِدِيْنَ ۝ اور ایوب (علیہ السلام کے قصہ) کا تذکرہ کیجئے جب کہ انہوں نے (بعد مبتلا ہونے مرض شدید کے) اپنے رب کو پکارا کہ مجھ کو یہ تکلیف پہنچ رہی ہے اور آپ سب مہربانوں سے زیادہ مہربان ہیں (پس اپنی مہربانی سے میری تکلیف رفع کر دیجئے) سو ہم نے ان کی دعا قبول کی اور ان کو جو تکلیف تھی اس کو دور کر دیا اور (بلا استدعاء) ہم نے ان کو ان کا کنبہ (یعنی اولاد جو ان سے غائب ہو گئے تھے قالہ الحسن کذا فی الدر المنثور یا مر گئے تھے کما قال غیرہ) عطا فرمایا (اس طرح سے کہ وہ ان کے پاس آ گئے یا بایں معنی کہ اتنے ہی اور پیدا ہو گئے قالہ عکرمہ فی فتح المنان) اور ان کے ساتھ (گنتی میں) اس کے برابر اور بھی (دیئے خواہ ان ہی کی صلب سے یا ان کی اولاد کے صلب سے کذا فی الفتح عن کتاب ایوب) اپنی رحمت خاصہ کے سبب سے اور عبادت کرنے والوں کے لئے یادگار رہنے کے سبب سے (یعنی عابدین یاد رکھیں کہ اللہ تعالیٰ صابروں کو کیسی جزا دیتے ہیں) ف: ایوب علیہ السلام کی بیماری میں بھی کئی قول ہیں بہر حال کوئی سخت بیماری تھی اور اولاد کے مفقود ہو جانے کا الگ صدمہ تھا ان سب پر ایوب علیہ السلام نے صبر کیا جیسا دوسری آیت میں ہے: اِنَّا وَجَدْنٰهُ صَابِرًا [ص: ۴۴] اور یہ دعا خواہ ابتدائے مرض ہی میں ہوئی ہو اور قبولیت خواہ جلدی ہوئی خواہ بدیر کسی مصلحت سے اور خواہ بعد چند روز دعا ہوئی ہو جیسا ابن عباسؓ کا قول ہے: انساہ اللہ الدعا (الی قولہ تعالیٰ) لما انتھی لاجل اذن لہ فی الدعاء ویسرہ لہ الخ کذا فی الدر المنثور عن ابن جریر اور ہر حال میں دعا منافی صبر کے نہیں اور رحمت اور ذکری دونوں سبب ہیں مگر اول علت مؤثرہ متقدمہ اور ثانی علت غائیہ متاخرہ اور صابرین کی جزا عام ہے خواہ دنیا میں بھی ہو یا صرف آخرت میں۔ اور مِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ اگر ان کے صلب سے ہوں تب تو لبلہ سے مراد اہل سابقین ہیں اور اگرچہ وہ مر گئے ہوں مگر دوسرے جو عطا ہوئے ان کو شدت مماثلت کی وجہ سے حکماً عین سابقین قرار دے لیا اور اگر مِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ سے مراد اولاد الاولاد ہو تو لبلہ سے مراد لاحقین ہو جاویں گے اور توجیہ میں کسی تکلف کی ضرورت نہ ہوگی اور یہاں اولاد پر اہل کے اطلاق کرنے سے یہ لازم نہیں آتا کہ ازواج پر کہیں اطلاق نہ ہو خوب سمجھ لو اور دعا میں کشف ضر کی تخصیص غالباً اس لئے ہے کہ مرض کی تکلیف حاضر ہوتی ہے اور موت یا فقدان اولاد پر جو غم ہوتا ہے بعض اوقات غالب ہو جاتا ہے۔

قصہ اسماعیل و ادریس و ذوالکفل علیہم السلام ☆ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِدْرِيْسَ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّهُمْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ اور اسماعیل اور ادریس اور ذوالکفل (کے قصہ) کا تذکرہ کیجئے (یہ) سب (احکام الٰہیہ تشریعیہ و تکوینیہ پر) ثابت قدم رہنے والے لوگوں سے تھے اور ہم نے ان (سب) کو اپنی رحمت (خاصہ) میں داخل کرلیا تھا بیشک یہ (سب) کمال صلاحیت والوں میں تھے۔ ف: حضرت ذوالکفل کے باب میں اختلاف ہے کہ آیا یہ نبی تھے یا ایک صالح شخص تھے پھر پہلے سے صالح یا بعد توبہ کے صالح تھے جیسا ترمذی کی روایت میں مرفوعاً وارد ہے: لا یتورع من ذنب (الی قولہ تعالیٰ) قال واللہ لا اعصی اللہ بعدھا ابداً۔ ظاہر سیاق قرآن سے ان کا نبی ہونا مظنون ہوتا ہے اور قول پر اور اسی طرح دوسرے قول پر تعدد ذی الکفل کا التزام کیا جاوے گا کہ وہ تائب دوسرے شخص ہوں گے قول ثانی و ثالث پر صابرین اور صالحین میں تشکیک کے قائل ہوں گے اولین اول درجہ کے ہوں گے اور یہ مرتبہ متاخرہ کے۔

قصہ حضرت یونس علیہ السلام ☆ وَ ذَا النُّوْنِ (الی قولہ تعالیٰ) وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ اور مچھلی والے (پیغمبر یعنی یونس علیہ السلام کے قصہ) کا تذکرہ کیجئے جب وہ اپنی قوم سے (جب کہ وہ ایمان نہ لائے) خفا ہو کر چل دیئے (اور ان کی قوم پر سے عذاب ٹلنے کے بعد بھی خود واپس نہ آئے اور اس سفر کے لئے ہمارے حکم کا انتظار نہیں کیا) اور انہوں نے (اپنے اجتہاد سے) یہ سمجھا کہ ہم (اس چلے جانے میں) ان پر کوئی داروگیر نہ کریں گے (یعنی چونکہ اس فرار کو انہوں نے اجتہاداً جائز سمجھا اس لئے انتظار نص اور وحی کا نہ کیا لیکن چونکہ امید وحی تک وحی کا انتظار انبیاء کیلئے مناسب ہے اس ترک مناسب پر ان کو یہ ابتلاء پیش آیا کہ راہ میں ان کو کوئی دریا ملا اور وہاں کشتی میں سوار ہوئے کشتی چلتے چلتے رک گئی یونس علیہ السلام سمجھ گئے کہ میرا یہ فرار بلا اذن ناپسند ہوا اس کی وجہ سے یہ کشتی رکی کشتی والوں سے فرمایا کہ مجھ کو دریا میں ڈال دو وہ راضی نہ ہوئے غرض قرعہ پر اتفاق ہوا تب بھی ان ہی کا نام نکلا آخر ان کو دریا میں ڈال دیا اور خدا کے حکم سے ان کو ایک مچھلی نگل گئی اخرجہ ابن ابی حاتم عن ابن عباس کذا فی الدر المنثور) پس انہوں نے اندھیروں میں پکارا (ایک اندھیرا شکم ماہی کا دوسرے قعر دریا کا پھر دونوں گہرے اندھیرے بجائے بہت سے اندھیروں کے یا تیسرا اندھیرا رات کا قالہ ابن مسعودؓ کما فی الدر المنثور غرض ان تاریکیوں میں دعا کی) کہ آپ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے (یہ توحید ہے) آپ (سب نقائص سے) پاک ہیں (یہ تنزیہ ہے) میں بیشک قصوروار ہوں (یہ

www.besturdubooks.net

استغفار ہے جس سے مقصود یہ ہے کہ میرا قصور معاف کر کے اس شدت سے نجات دیجئے) سو ہم نے ان کی دعا قبول کی اور ان کو اس گھٹن سے نجات دی (جس کا قصہ سورۂ صٰفّٰت میں ہے :فَنَبَذْنٰهُ بِالْعَرَآءِ الخ اور (جس طرح دعا کرنے سے یونس علیہ السلام کو نجات دی) ہم اسی طرح (اور) ایمان والوں کو (بھی کرب اور غم سے) نجات دیا کرتے ہیں (جب کہ چندے غم میں رکھنا مصلحت نہ ہو)۔ف: حضرت یونس علیہ السلام سے اس واقعہ میں کوئی امر کی مخالفت نہیں ہوئی صرف اجتہاد میں غلطی ہوئی جو امت کے لئے عفو ہے مگر انبیاء کی تربیت وتہذیب زائد مقصود ہوتی ہے اس لئے یہ ابتلا ہوا اور کچھ قصہ یونس علیہ السلام کا سورۂ یونس میں آچکا ہے کچھ سورۂ صافات میں آوے گا اور استغفار سے پہلے ثنائے الٰہی یعنی توحید وتنزیہ کی تقدیم میں تعلیم ادب استغفار ہے۔

تَرْجَمَہ مَسَائِلُ السُّلُوْک: قولہ تعالیٰ: وَاَیُّوْبَ اِذْ نَادٰی رَبَّهٗ الخ اس میں دو مسئلے ہیں ایک یہ کہ دعا منافی توکل نہیں دوسرے یہ کہ غلبۂ افتقار کے سبب حق تعالیٰ سے شکوہ کرنا منافی رضا نہیں ۱۲۔قولہ تعالیٰ: وَ ذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ روح المعانی میں ایک تفسیر حسن وشعبی وابن جبیر وابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ نقل کی ہے قیل مغاضبا لربه عز و جل پھر اس پر کچھ شبہ کر کے تاویل کی ہے اور احقر کے نزدیک اس تفسیر کا ادلال پر محمول کر لینا اقرب والطف ہے قولہ تعالیٰ: اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ یونس علیہ السلام نے باوجود عصمت وبراءت عن الذنب کے اپنی طرف ذنب کو منسوب کیا جس میں مجاز کی تاویل کی جاوے گی اس میں اس کی اصل ہے جو بعض اہل طریق سے منقول ہے کہ وہ کفر کی نسبت اپنی طرف کر لیتے ہیں اور ظاہر ہے کہ نبی کو جس قدر ذنب سے بعد ہے اتنا غیر نبی کفر سے نہیں جب اطلاق البعد جائز ہوا تو بعید میں کیا شبہ ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی ظن اجتہادے ومن ثم عبر بالظن فلا یلزم انه خطر بباله علیه السلام الجانب المخالف ۱۲۔

الروایات: اخرج ابن جریر والبیهقی فی الاسماء والصفات عن ابن عباسؓ فی قوله وذا النون اذ ذهب مغاضبا یقول غضب علی قومه فظن ان لن نقدر علیه یقول ان لن تقضی علیه عقوبة ولا بلاء فیما صنع بقومه فی غضبه علیهم وفراره قال وعقوبة اخذ النون ایاه کذا فی الدر المنثور قلت وعلیه ترجمت وفی الروح ما ورد من بعض السلف مغاضبا لربه فمعناه مغاضبا لاجل ربه لاعلی ربه فافهم ۱۲۔

اللغات: فی الروح الضر بالفتح شائع فی کل ضرر بالضم خاص بما فی النفس من مرض وهزال ونحوهما ۱۲ قوله ذا الکفل قیل سمی به لان الکفل الحظ وکان ذا حظ من الله تعالیٰ او لانه الضعف وکان ضعف عمل معاصریه ۱۲۔

النحو: قوله اتیناه معطوف علی استجبنا لا علی کشفنا لان الایتاء لما لم یکن عن دعاء لا یدخل تحت الاستجابة ولذا قلت هناك بلا استدعاء ۱۲۔

وَزَكَرِيَّآ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿۸۹﴾ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۪ وَوَهَبْنَا
لَهٗ يَحْيٰى وَاَصْلَحْنَا لَهٗ زَوْجَهٗ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا يُسٰرِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ وَيَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّرَهَبًا ؕ وَكَانُوْا
لَنَا خٰشِعِيْنَ ﴿۹۰﴾ وَالَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهَا مِنْ رُّوْحِنَا وَجَعَلْنٰهَا وَابْنَهَآ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۱﴾
اِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً ۖ وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْنِ ﴿۹۲﴾ وَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ ؕ كُلٌّ
اِلَيْنَا رٰجِعُوْنَ ﴿۹۳﴾ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا كُفْرَانَ لِسَعْيِهٖ ۚ وَاِنَّا لَهٗ كٰتِبُوْنَ ﴿۹۴﴾ ع ۶
وَحَرٰمٌ عَلٰى قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَآ اَنَّهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۹۵﴾ حَتّٰٓى اِذَا فُتِحَتْ يَاْجُوْجُ وَمَاْجُوْجُ وَهُمْ
مِّنْ كُلِّ حَدَبٍ يَّنْسِلُوْنَ ﴿۹۶﴾ وَاقْتَرَبَ الْوَعْدُ الْحَقُّ فَاِذَا هِيَ شَاخِصَةٌ اَبْصَارُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ
يٰوَيْلَنَا قَدْ كُنَّا فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا بَلْ كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿۹۷﴾ اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ
اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ ؕ اَنْتُمْ لَهَا وٰرِدُوْنَ ﴿۹۸﴾ لَوْ كَانَ هٰٓؤُلَآءِ اٰلِهَةً مَّا وَرَدُوْهَا ؕ وَكُلٌّ فِيْهَا

www.besturdubooks.net

خٰلِدُوْنَ ۝ لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ وَّهُمْ فِيْهَا لَا يَسْمَعُوْنَ ۝

اور زکریا علیہ السلام کا تذکرہ کیجئے جبکہ انہوں نے اپنے رب کو پکارا کہ اے میرے رب مجھ کو لاوارث مت رکھیے (یعنی مجھ کو فرزند دیجئے کہ میرا وارث ہو) اور سب وارثوں سے بہتر آپ ہی ہیں سو ہم نے ان کی دعا قبول کی اور ہم نے ان کو یحییٰ (فرزند) عطا فرمایا اور ان کی خاطر سے ان کی بی بی کو (جو کہ بانجھ تھیں) اولاد کے قابل کر دیا یہ سب نیک کاموں میں دوڑتے تھے اور امید و بیم کے ساتھ ہماری عبادت کیا کرتے تھے اور ہمارے سامنے دب کر رہتے تھے اور اس بی بی (مریم) کا بھی تذکرہ کیجئے جنہوں نے اپنے ناموس کو (مردوں سے) بچایا (نکاح سے بھی اور ناجائز سے بھی) پھر ہم نے ان میں بواسطہ (جبریل) اپنی روح پھونک دی اور ہم نے ان کو اور ان کے فرزند (عیسیٰ علیہ السلام) کو دنیا جہان والوں کے لئے اپنی قدرت کاملہ کی نشانی بنا دی۔ یہ ہے تمہارا طریقہ کہ (جس پر تم کو رہنا ہے) وہ ایک ہی طریقہ ہے اور میں تمہارا رب (حقیقی) ہوں سو تم میری عبادت کیا کرو اور ان لوگوں نے اپنے دین میں اختلاف پیدا کر لیا (سو اس کی سزا دیکھیں گے کیونکہ) سب ہمارے پاس آنے والے ہیں سو جو شخص نیک کام کرتا ہوگا اور وہ ایمان والا بھی ہوگا سو اس کی محنت اکارت جانے والی نہیں اور ہم اس کو لکھ لیتے ہیں اور ہم جن بستیوں کو (عذاب سے یا موت سے) فنا کر چکے ہیں ان کے لئے یہ بات ناممکن ہے کہ وہ (دنیا میں) پھر لوٹ کر آویں یہاں تک کہ یاجوج ماجوج دیئے جاویں گے اور (غایت کثرت کی وجہ سے) ہر بلندی سے (جیسے پہاڑ اور ٹیلہ) نکلتے معلوم ہوں گے اور (وہ رجوع و بعث کا) سچا وعدہ نزدیک آپہنچا ہوگا تو بس پھر ایک دن سے یہ قصہ ہوگا کہ منکروں کی نگاہیں پھٹی کی پھٹی رہ جاویں گی (اور یوں کہتے نظر آویں گے) کہ ہائے کم بختی ہماری ہم اس (امر میں غفلت میں تھے بلکہ (واقعی یہ ہے کہ ہم ہی قصوروار تھے۔ بلاشبہ تم (اے مشرکین) اور جن کو تم خدا کو چھوڑ کر پوج رہے ہو سب جہنم میں جھونکے جاؤ گے (اور) تم سب اس میں داخل ہو گے (اور یہ بات سمجھنے کی ہے کہ) اگر یہ تمہارے معبود واقعی معبود ہوتے تو اس (جہنم) میں کیوں جاتے اور سب (عابدین و معبودین) اس میں ہمیشہ ہمیشہ کو رہیں گے (اور ان کا اس میں شور ہوگا اور وہاں (اپنے غل شور میں کسی کی) کوئی بات سنیں گے بھی نہیں (یہ تو دوزخیوں کا حال ہوا (اور) جن کے لئے ہماری طرف سے بھلائی مقدر ہو چکی ہے۔

تفسیر: قصہ زکریا علیہ السلام ☆ وَزَكَرِيَّآ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ (الی قولہ تعالیٰ) وَكَانُوْا لَنَا خٰشِعِيْنَ ۝ اور زکریا (علیہ السلام کے قصہ) کا تذکرہ کیجئے جب کہ انہوں نے اپنے رب کو پکارا کہ اے میرے رب مجھ کو لاوارث مت رکھیو (یعنی مجھ کو فرزند دیجئے کہ میرا وارث ہو قال تعالیٰ: فَهَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا يَّرِثُنِيْ [مریم: ۵-۶] الخ) اور (یوں تو) سب وارثوں سے بہتر (یعنی حقیقی وارث) آپ ہی ہیں (اس لئے وہ وارث حقیقی نہ ہوگا بلکہ ایک وقت وہ بھی فنا ہو جاوے گا لیکن اس ظاہری وارث سے بعض منافع دینیہ حاصل ہوں گے اس لئے اس کو مانگتا ہوں ورنہ کبھی نہ کبھی اس کے اور اس کے نائبوں کے فنا ہو جانے سے ان منافع کا سلسلہ بھی ختم ہو جاوے گا اور حقیقی اور دائمی بقا سب کے بعد آپ ہی کے لئے رہے گا) سو ہم نے ان کی دعا قبول کر لی اور ہم نے ان کو یحییٰ (فرزند) عطا فرمایا اور ان کی خاطر سے ان کی بی بی کو (جو کہ بانجھ تھیں لقولہ تعالیٰ و کانت امراتی عاقرا ان کو) اولاد کے قابل کر دیا یہ سب (جن کا اس سورت میں ذکر ہوا) نیک کاموں میں دوڑتے تھے اور امید و بیم کے ساتھ ہماری عبادت کیا کرتے تھے اور ہمارے سامنے دب کر رہتے تھے (جس سے ان حضرات کی کمال عبودیت اور ہمای کمال معبودیت ثابت ہوتی ہے پس رسالت اور توحید ہر دو مسئلوں کی تقویت ہوتی ہے جو کہ مقاصد سورت میں سے مقصود اعظم ہے)۔

قصہ حضرت عیسیٰ و مریم علیہما السلام ☆ وَالَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهَا مِنْ رُّوْحِنَا وَجَعَلْنٰهَا وَابْنَهَآ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ اور ان بی بی (مریم کے قصہ) کا (بھی) ذکر کیجئے جنہوں نے اپنے ناموس کو (مردوں سے) بچایا (نکاح سے بھی اور ناجائز سے بھی) پھر ہم نے ان میں (بواسطہ جبریل علیہ السلام) اپنی روح پھونک دی (جس سے ان کو بے شوہر حمل رہ گیا) اور ہم ان کو اور ان کے فرزند (عیسیٰ علیہ السلام) کو (کہ روح اللہ ہیں علاوہ صفات مذکورہ یُسٰرِعُوْنَ الخ کی ایک صفت زائد کے ساتھ موصوف کیا کہ ان کو) دنیا جہان والوں کے لئے (اپنی قدرت کاملہ کی) نشانی بنا دی (کہ ان کو دیکھ کر سن کر سمجھیں کہ اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہیں)۔ ربط: یہاں تک حضرات انبیاء علیہم السلام کے قصص کا بیان ہوا چونکہ یہ سب حضرات موحد و داعی الی التوحید تھے جس کی بعض قصوں میں تفصیل کے ساتھ تصریح ہے جیسے قصہ ابراہیم علیہ السلام میں مناظرہ مشرکین اور قصہ یونس علیہ السلام میں لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ مذکور ہے اور ختم پر وَيَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّرَهَبًا الخ میں اجمالاً بالاشتراک اس طرف تلویح ہے اور نیز سب حضرات کا اس میں متفق ہونا مشہور و معروف بھی ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَوَهَبْنَا لَهٗ الخ روح المعانی میں ایک تفسیر وَاَصْلَحْنَا کی یہ نقل کی ہے کہ ان کی بی بی کو جوانی لوٹا دی اس بناء پر اس سے یہ ثابت ہوا کہ جو چیزیں عادۃً اسباب کی طرف مستند ہیں ان میں استجابت دعا کے متعلق اکثر عادت الٰہیہ یہ ہے کہ اس کے اسباب مہیا فرما دیتے ہیں گو وہ بدوں اسباب بھی تکوین پر قادر ہیں قولہ تعالیٰ: اِنَّهُمْ كَانُوْا يُسٰرِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ چونکہ یہ سابق کی علت کو موقع پر آیا ہے اس سے یہ ثابت ہوا کہ طاعات نعم دنیویہ کا بھی سبب ہو جاتی ہیں۔

www.besturdubooks.net

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی جعلناھا علاوہ صفات اشعار بہ الی تخصیصھما بہ بعد تعمیم ما ذکر لھما ایضا۱۲۔

البلاغۃ: قدم ھبۃ یحیٰی مع توقفھا علی اصلاح الزوج للولادۃ لانھا المطلوب الاعظم والواو لا تقتضی ترتیباً کذا فی الروح قولہ ففتحنا فیھا قال فی الروح ھذا الاحیاء لعیسٰی علیہ السلام وھو لکونہ فی بطنھا صح ان یقال نفخنا فان ما یکون فیما فی الشیٔ یکون فیہ فلا یلزم ان یکون المعنی احییناھا ولیس بمراد وھذا کما یقول الزمار نفخت فی بیت فلان وھو قد نفخ فی الزمار فی بیتہ آہ والمقصود منہ دفع اشکال وھو ان المراد احیاء عیسٰی علیہ السلام والمذکور فی القرآن نفخ الروح فی مریم ومعناہ احیاء مریم لان الحی ھو الذی ینفخ فیہ الروح ولیس احیاء المریم مرادا فما معنی الآیۃ والجواب ظاھر من تقریری ھھنا۱۲۔

إِنَّ الَّذِينَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِنَّا الْحُسْنَىٰ أُولَٰئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُونَ ﴿١٠١﴾ لَا يَسْمَعُونَ حَسِيسَهَا وَهُمْ فِي مَا
اشْتَهَتْ أَنْفُسُهُمْ خَالِدُونَ ﴿١٠٢﴾ لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْأَكْبَرُ وَتَتَلَقَّاهُمُ الْمَلَائِكَةُ هَٰذَا يَوْمُكُمُ
الَّذِي كُنْتُمْ تُوعَدُونَ ﴿١٠٣﴾ يَوْمَ نَطْوِي السَّمَاءَ كَطَيِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ كَمَا بَدَأْنَا أَوَّلَ
خَلْقٍ نُعِيدُهُ وَعْدًا عَلَيْنَا إِنَّا كُنَّا فَاعِلِينَ ﴿١٠٤﴾ وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُورِ مِنْ بَعْدِ الذِّكْرِ
أَنَّ الْأَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِيَ الصَّالِحُونَ ﴿١٠٥﴾

وہ لوگ اس (دوزخ) سے (اس قدر) دور کئے جاویں گے (کہ) اس کی آہٹ بھی نہ سنیں گے اور وہ لوگ اپنی جی چاہی چیزوں میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے (اور) ان کو بڑی گھبراہٹ (یعنی نفخ ثانیہ سے زندہ ہونے کی) غم میں نہ ڈالے گی اور قبر سے نکلتے ہی فرشتے ان کا استقبال کریں گے (اور کہیں گے کہ) یہ ہے تمہارا وہ دن جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا وہ دن بھی یاد کرنے کے قابل ہے۔ جس روز ہم (نفخ اولیٰ کے وقت) آسمان کو اس طرح لپیٹ دیں گے جس طرح لکھے ہوئے مضمون کا کاغذ لپیٹ لیا جاتا ہے (اور) ہم نے جس طرح اول بار پیدا کرنے کے وقت (ہر چیز کی ابتدا کی تھی اسی طرح آسانی سے) اس کو دوبارہ پیدا کر دیں گے یہ ہمارے ذمہ وعدہ ہے اور ہم ضرور اس کو پورا کریں گے اور ہم (سب آسمانی) کتابوں میں لوح محفوظ (میں لکھنے) کے بعد لکھ چکے ہیں کہ اس زمین (جنت) کے مالک میرے نیک بندے ہوں گے۔ ۞

تفسیر: اس لئے آگے بطور نتیجہ قصص مذکورہ کے توحید کا اثبات اور اختلاف فی التوحید یعنی شرک کی مذمت اور ان مضامین کی تاکید کے لئے معاد کی تفصیل جس پر اہل حق کو جزا اور اہل باطل کو سزا ہوگی ارشاد فرماتے ہیں۔

توحید مع ذکر معاد برائے تاکید ☆ إِنَّ هَٰذِهِ أُمَّتُكُمْ أُمَّةً وَاحِدَةً (الی قولہ تعالیٰ) أَنَّ الْأَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِيَ الصَّالِحُونَ ﴿١٠٥﴾ اے لوگو (اوپر جو انبیاء علیہم السلام کا طریقہ توحید کا معلوم ہوا) یہ تمہارا طریقہ ہے (یعنی جس پر تم کو رہنا واجب ہے) کہ وہ ایک ہی طریقہ ہے (یعنی جس میں کسی نبی اور کسی شریعت کو اختلاف نہیں ہوا) اور (حاصل اس طریقہ کا یہ ہے کہ) میں تمہارا رب (حقیقی) ہوں سو تم سب میری عبادت کیا کرو اور (لوگوں کو چاہئے تھا کہ بعد ثابت ہو جانے اس امر مذکور کے سب اسی ایک طریقہ پر رہتے مگر ایسا نہ کیا بلکہ) ان لوگوں نے اپنے دین میں اختلاف پیدا کر لیا (مگر اس کی سزا دیکھیں گے کیونکہ) سب ہمارے پاس آنے والے ہیں (اور آنے کے بعد ہر ایک کو اس کے عمل کا بدلہ ملے گا) سو جو شخص نیک کام کرتا ہوگا اور وہ ایمان والا بھی ہوگا (جو کہ توحید پر موقوف ہے) سو اس (شخص) کی محنت اکارت جانے والی نہیں اور ہم اس کو لکھ لیتے ہیں (پس قیامت میں وہی لکھا ہوا نامہ عمل ظاہر ہوگا اور اس کے موافق اس کو ثواب ملے گا) اور (ہم نے جو كُلٌّ إِلَيْنَا رَاجِعُونَ ﴿٩٣﴾ کہا ہے اس میں منکرین کو اس لئے شبہ ہے کہ اب تک دوبارہ زندہ کر کے کسی کا حساب و کتاب نہیں کیا گیا سو یہ شبہ محض واہی ہے کیونکہ اس رجوع موعود کے لئے ہم نے ایک خاص وقت معین کر رکھا ہے اور جب تک وہ وقت نہیں آتا اس وقت تک تو یہ بات ہے کہ) ہم جن بستیوں کو (عذاب سے یا موت سے) فنا کر چکے ہیں ان کے لئے یہ بات (باعتبار شرعی) ناممکن ہے کہ وہ (دنیا میں حساب کتاب کے لئے) پھر لوٹ کر آویں (مگر یہ عدم رجوع ابدی نہیں ہے جیسا منکرین سمجھتے ہیں بلکہ صرف اس وقت موعود کے نہ آنے تک ہے) یہاں تک کہ جب (وہ وقت موعود آ پہنچے گا جس کا ابتدائی سامان یہ ہوگا کہ) یاجوج وماجوج (جو اب سد ذوالقرنین میں بند ہیں وہ) کھول دیئے جاویں گے اور وہ (غایت کثرت کی وجہ سے) ہر بلندی سے (جیسے ٹیلہ اور پہاڑ) نکلتے (معلوم) ہوں گے (یعنی جدھر دیکھو وہی نظر آویں گے سو ہموار زمین میں تو نظر پڑتے ہی دکھلائی دیں گے اور بلندی کی آڑ میں اول وہلہ میں نہ دکھلائی دیں گے لیکن تھوڑی دیر میں وہاں سے بھی وہی نکلتے معلوم ہوں گے) اور (وہ رجوع وبعث کا) سچا وعدہ نزدیک آ پہنچا ہوگا تو بس

www.besturdubooks.net

پھر (اس کے واقع ہوتے ہی) ایک دم سے یہ قصہ ہوگا کہ منکروں کی نگاہیں پھٹی پھٹی رہ جاویں گی (اور یوں کہتے نظر آویں گے) کہ ہائے کمبختی ہماری ہم اس (امر) سے غفلت میں تھے (اور سچ پوچھو تو غفلت بھی جب کہی جاتی کہ جب کوئی ہم کو آگاہ نہ کرتا) بلکہ (واقعی یہ ہے کہ) ہم ہی قصوروار تھے (کہ باوجود تنبیہ کے متنبہ نہ ہوئے حاصل یہ ہوا کہ اس وقت منکرین رجوع بھی رجوع کے قائل ہو جاویں گے آگے مشرکین کو جن کا تَقَطَّعُوْٓا میں ذکر تھا بمقابلہ مَنْ يَّعْمَلْ الخ کے وعید ہے کہ) بلاشبہ تم (اے مشرکین) اور جس کو تم خدا کو چھوڑ کر پوج رہے ہو سب جہنم میں جھونکے جاؤ گے (اور) تم سب اس میں داخل ہو گے (البتہ اگر معبودین میں سے کسی میں کوئی امر مانع نہ ہو تو اس مقتضی کا اثر واقع نہ ہوگا مثلاً انبیاء و ملائکہ کو کسی نے ان کو معبود بنالیا ہو مگر خود ان کی مقبولیت اس سے مانع ہوگی چنانچہ یہ امر خود عقلی بھی ہے اور اس کی تائید کے لئے آگے آیت بھی ہے: اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ الخ پس اس حکم میں اصنام اور شیاطین بھی داخل رہ گئے اصنام میں تو ایک مقتضی بلا مانع موجود ہے اور شیاطین میں خود دوسرا مقتضی بھی یعنی ان کا کفر موجود ہے غرض یہ سب جہنم میں جاویں گے اور یہ بات سمجھنے کی ہے کہ) اگر یہ (تمہارے معبود) واقعی ہوتے تو اس (جہنم) میں کیوں جاتے اور (جانا بھی کوئی چند روزہ نہیں بلکہ) سب (عابدین و معبودین) اس میں ہمیشہ ہمیشہ کو رہیں گے (اور) ان کا اس میں شور و غل ہوگا اور وہاں (اپنے شور و غل میں کسی کی) کوئی بات سنیں گے بھی نہیں (یہ تو دوزخیوں کا حال ہوا اور) جن کے لئے ہماری طرف سے بھلائی مقدر ہو چکی ہے (اور اس کا ظہور ان کے اعمال اور افعال میں ہوا) وہ لوگ اس (دوزخ) سے (اس قدر) دور رکھے جاویں گے (کہ) اس کی آہٹ بھی نہ سنیں گے (کیونکہ وہ جنت میں ہوں گے اور جنت دوزخ میں بون بعید ہوگا) اور وہ لوگ اپنی جی چاہی چیزوں میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے (اور) ان کو بڑی گھبراہٹ (یعنی نفخۂ ثانیہ سے زندہ ہونے کی اور ہیبت و شدت کے مشاہدہ کرنے کی حالت) غم میں نہ ڈالے گی اور (قبر سے نکلتے ہی) فرشتے ان کا استقبال کریں گے اور کہیں گے کہ) یہ ہے تمہارا وہ دن جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا (کہ قیامت آوے گی اور نیک لوگوں کو جزا نیک ملے گی پس یہ تعظیم اور بشارت ان کے لئے زیادہ مسرت کا موجب ہو جاوے گی اور اگر کسی روایت سے عموم ہول ثابت ہو جاوے تو اہل ایمان کے لئے چونکہ اس کا زمانہ بہت ہی قلیل ہوگا اس لئے وہ کالعدم ہے اور اس کے معارض نہیں) وہ دن (بھی) یاد کرنے کے قابل ہے جس روز ہم (نفخۂ اولیٰ کے وقت) آسمانوں[۴] کو اس طرح لپیٹ دیں گے جس طرح لکھے ہوئے مضمونوں کا کاغذ لپیٹ لیا جاتا ہے (پھر لپیٹنے کے بعد خواہ معدوم محض کر دیا جاوے یا اسی حالت پر نفخۂ ثانیہ تک رہے دونوں ممکن ہیں اور) ہم نے جس طرح اول بار پیدا کرنے کے وقت (ہر چیز کی) ابتدائی (آفرینش) کی تھی اسی طرح (آسانی سے اور نیز بعض ہیئت کی بقاء سے) اس کو دوبارہ پیدا کر دیں گے یہ ہمارے ذمہ وعدہ ہے (اور) ہم ضرور (اس کو پورا) کریں گے اور (اوپر جو صلحاء سے وعدہ ثواب و نعمت کا ہوا ہے وہ بہت قدیم اور مؤکد وعدہ ہے چنانچہ) ہم (سب آسمانی[۴]) کتابوں میں لوح محفوظ (میں لکھنے) کے بعد لکھ چکے ہیں کہ اس زمین (جنت) کے مالک میرے نیک بندے ہوں گے (پس قدامت اس سے ظاہر ہے کہ اول لوح محفوظ میں یہ وعدہ لکھا گیا ہے اور تاکید اس سے ظاہر ہے کہ کتاب الٰہی کوئی اس مضمون سے خالی نہیں) **ف**: آیت: وَحَرٰمٌ عَلٰى قَرْيَةٍ الخ کی تفسیر میں جو حساب و کتاب کی قید ظاہر کر دی ہے اس سے اس شخص کا استدلال باطل ہو گیا جو مرنے کے بعد کسی نبی کے معجزے سے زندہ ہو سکنے کا منکر ہے[۵] آیت: حَتّٰٓى اِذَا فُتِحَتْ الخ میں تخصیص اسی علامت کی منجملہ اور علامات ساعت کے دو وجہ[۵] سے ہو سکتی ہے ایک تو یہ اکثر علامات کے اعتبار سے قیامت کے قریب زیادہ ہے چنانچہ روح المعانی میں حدیث احمد اور ابن المنذر سے یہ روایتیں نقل کی ہیں: ان الساعة بعد ان يهلك ياجوج وما جوج كالحامل المتم لا يدى اهلها حتى تفجاهم بولادها ليلا او نهارا وقال لو نتجت فرسى عند خروجهم ماركب فلوها حتى تقوم الساعة۔ اور ان روایات سے مبالغہ مقصود ہے۔ دوسرے یہ علامت ہولناک بہت ہے اور عدم وقوع کی جو غایت حَتّٰٓى اِذَا فُتِحَتْ الخ فرمائی گئی ہے حالانکہ فتح یاجوج کے وقت رجوع یعنی بعث نہ ہوگا تو انفراداً وہ غایت نہیں بلکہ مع قیام ساعت کے جس پر یہ فتح اور اقتراب دال ہے اور مقصود غایت بنانا اسی مدلول کا ہے اور دال صرف توطیہ اور تمہید اس کی ہے اور اصنام کا دوزخ میں جانا اس لئے نہیں کہ اصنام معذب ہوں گے بلکہ اس لئے تاکہ کفار پر حجت زیادہ لازم ہو اور وہ حجت یہی ہے: لَوْ كَانَ هٰٓؤُلَآءِ اٰلِهَةً الخ اور تاکہ کفار کو خوب حسرت ہو کہ جس سے توقع خیر کی تھی اور برعکس وہ مبداشر بن گیا اور تاکہ اپنی حماقت ظاہر ہو کہ جب یہ خود نہ بچ سکے تو ہم کو کیا بچاتے وغیرہ ذلک اور آیت: لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ سے پہلے عابدین و معبودین سب کا ذکر تھا اور لَهُمْ کی ضمیر سب کی طرف راجع کرنا اس لئے خلاف ظاہر ہے کہ اصنام کا صاحب زفیر ہونا لازم آتا ہے اس لئے اس میں تغلیب ہے یعنی صرف عابدین کے اعتبار سے کل کو مرجع بنا دیا اور یہ علم بلاغت میں بکثرت ہے اور آیت: اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ الخ کا ابتدائی مضمون ملائکہ کو بھی شامل ہے پس مَا تَعْبُدُوْنَ سے وہ مخصوص و مستثنیٰ ہو گئے اور اخیر کا مضمون: وَهُمْ فِيْ مَا اشْتَهَتْ الخ خاص ہے مؤمنین بشر کے ساتھ یہ طرز بھی تغلیب میں داخل ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الخ اس سے وہ مقولہ ثابت ہوتا ہے کہ اہل اللہ کو فرح دائم میسر ہوتا ہے اور ان کو جو عظمت کے سبب دونوں عالم میں یا عقاب کا خوف دنیا میں ہوتا ہے وہ اس کے منافی نہیں کیونکہ وہ مقتضی عبدیت کا ہے ۱۲۔

www.besturdubooks.net

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ قبل ان ھذہ اے لوگو اشارۃ الی ان الخطاب للعام۔ ۲ قولہ فی امتکم واجب اشارۃ الی کون الاضافۃ لھذا الملابسۃ۱۲۔ ۳ قولہ فی نطوی السماء آسمانوں اشارۃ الی ارادۃ الجنس یدل علیہ قولہ تعالیٰ فی الزمر والسمٰوٰت مطویات۱۲۔ ۴ قولہ فی نعیدہ آسانی اشارۃ الی ان وجہ الشبہۃ ھو السھولۃ۱۲۔ ۵ قولہ فی کتبنا الخ آسمان ولوح وجنت اشارۃ الی حمل الزبور علی المعنی اللغوی بمعنی المزبور الشامل للکتب الجنسیۃ کما فی قولہ تعالیٰ وانہ لفی زبر الاولین والی حمل الذکر علی معنی اللوح کما ورد فی حدیث البخاری عنہ صلی اللہ علیہ وسلم کان اللہ تعالیٰ ولم یکن قبلہ شیٔ وکان عرشہ علی الماء ثم خلق اللہ السمٰوٰت والارض وکتب فی الذکر کل شیٔ والی حمل الارض علی ارض الجنۃ کما فی قولہ تعالیٰ واورثنا الارض نتبوأ من الجنۃ اخرج الاول ابن جریر عن ابن عباس وعن ابن زید والثانی ھو عن ابن زید والثالث ھو ابن ابی حاتم عن ابن عباس کذا فی الروح۱۲۔

الروایات: فی الدر المنثور اخرج ابوداؤد فی ناسخہ وجماعۃ عن ابن عباس قال لما نزلت انکم وما تعبدون قال ابن الزبعری یا محمد ھذا شیٔ لآلھتنا خاصۃ ام لکل من عبد من دون اللہ قال بل کل من عبد من دون اللہ وقال ابن الزبعری خصمت رب الکعبۃ فھذہ النصاریٰ تعبد عیسٰی وھذہ الیھود تعبد عزیرا وھذہ بنو یلح تعبد الملائکۃ فضج اھل مکۃ وفرحوا فنزلت ان الذین سبقت الآیۃ ونزلت لما ضرب ابن مریم مثلاً اذا قومك منہ یصدون آہ مختصراً وفی الروح بروایۃ ابن مردویہ عن ابن عباسؓ قال صلی اللہ علیہ وسلم بل ھم عبدوا الشیاطین التی امرتھم بذلك آہ قال فی الروح وعلی وفق ھذا ورد جواب الملائکۃ علیھم السلام فی قولہ تعالیٰ ویوم یحشرھم جمیعا ثم یقول للملائکۃ اھؤلاء ایاکم کانوا یعبدون قالوا سبحنك انت ولینا من دونھم بل کانوا یعبدون الجن اکثرھم بھم مؤمنون آہ قلت ولما ورد جوابہ صلی اللہ علیہ وسلم فی الروایۃ الثانیۃ ذھب ما کانت الروایۃ الاولی یوھمہ من سکوتہ صلی اللہ علیہ وسلم نعم یشکل ھذا الجواب بانہ یقتضی خروج الاصنام من الآلھۃ ایضاً لاشتراك مبنی الجواب وحلہ ان ھؤلاء الصالحین لما وجد منھم السخط لعبادتھم ایاھم ووجد فیھم الصلاح قطع ھذا السخط والصلاح نسبۃ ھذہ العبادۃ عنھم واقتصرت علی الشیاطین بخلاف الاصنام فانہ لما لم یوجد منھما السخط والصلاح المذکور بقیت العبادۃ منسوبۃ الیھا والی الشیاطین معاً بالاعتبار من المختلفین فمحصل الجواب ھو الذی قررتہ فی اثناء الترجمۃ من ان ھؤلاء الصالحین یوجد فیھم بعض الموانع فلم یؤثر المقتضی والآلھۃ لا یوجد ذلك المانع فیھم فاثر المقتضی فھو صلی اللہ علیہ وسلم نبہ علی بعض تلك الموانع وکان بعضھا من صلاحھم غیر خفی فلم ینبہ علیہ ثم وردت الآیۃ للتنبیہ علی کون الصلاح مانعا فبمجموع الآیۃ والروایۃ ظھر مجموع المانعین فتدبر وتشکروا للہ اعلم قولہ الفزع الاکبر فی الدر المنثور اخرج ابن جریر وابن ابی حاتم عن ابن عباس فی قولہ لا یحزنھم الفزع الاکبر یعنی النفحۃ الآخرۃ۱۲۔

اللغات: امۃ بالکسر والضم الدین کذا فی القاموس۱۲ تقطعوا اما بمعنی قطعوا فامرھم مفعول بہ واما بمعناہ ومعنی امرھم فی امرھم کذا فی الروح۱۲ قولہ حرام ای ممتنع سواء کان عادۃ او شرعًا او عقلاً کذا فی الروح۱۲ قولہ حدب ما ارتفع من الارض من الجبل والاکمۃ۔ قولہ حصب ما یحصب بہ ای یرمی سجل الصحیفۃ والکتب ما یکتب فیہ من المعانی کذا فی الکشاف۱۲۔

النحو: قولہ حَتّٰٓى اِذَا فُتِحَتْ الخ غایۃ لقولہ لا یرجعون قولہ فاذا ھی شاخصۃ جواب لاذا کذا فی الروح۱۲ قولہ للکتب صفۃ او حال من السجل ای السجل الکائن او کائنا للکتب قولہ کما بدانا وجہ الترکیب فیہ عندی ان مفعول بدانا مقدر دل علیہ تنوین خلق ھو عوض عن المضاف الیہ واول خلق ظرف وضمیر المفعول فی نعیدہ عائد الی ذلك المقدر وتقدیر الکلام ھکذا کما بدانا کل شیٔ فی اول خلقہ کذلك نعید کل شیٔ۱۲۔ قولہ کطی السجل اعترض بانہ لا یحسن التشبیہ اذ لیس مشبہ بہ اقوی واجیب بانہ اقوی نظرا الی اصغر حجمہ بالنسبۃ الی السماء۱۲۔

البلاغۃ: قولہ تقطعوا فیہ التفات قولہ من الصٰلحٰت اتی بمن مبالغۃ فی الترغیب ای لا یضیع السعی ولا عمل بعض العمل قولہ لا یرجعون لا زائدۃ کما فی قولہ تعالیٰ ما منعك ان لا تسجد وحرام مثل ما منعك فی المادۃ ایضا للاشتراك بین المنع والامتناع۱۲ قولہ فتحت فیہ اسناد مجازی لان المفتوح ھو السد لاھم قولہ انتم لھا ھو تاکید۱۲۔

إِنَّ فِي هَٰذَا لَبَلَاغًا لِّقَوْمٍ عَابِدِينَ ﴿١٠٦﴾ وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِينَ ﴿١٠٧﴾ قُلْ إِنَّمَا يُوحَىٰ إِلَيَّ أَنَّمَا

www.besturdubooks.net

اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۰۸﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ اٰذَنْتُكُمْ عَلٰى سَوَآءٍ ؕ وَاِنْ
اَدْرِيْۤ اَقَرِيْبٌ اَمْ بَعِيْدٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ ﴿۱۰۹﴾ اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ مِنَ الْقَوْلِ وَيَعْلَمُ مَا تَكْتُمُوْنَ ﴿۱۱۰﴾
وَاِنْ اَدْرِيْ لَعَلَّهٗ فِتْنَةٌ لَّكُمْ وَمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ﴿۱۱۱﴾ قٰلَ رَبِّ احْكُمْ بِالْحَقِّ ؕ وَرَبُّنَا
الرَّحْمٰنُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ﴿۱۱۲﴾ ع

الجزء ۱۷ ع ۷

بلاشبہ اس (قرآن) میں (ہدایت کا) کافی مضمون ہے ان لوگوں کے لئے جو بندگی کرنے والے ہیں اور ہم نے (ایسے مضامین نافع دے کر) آپ کو اور کسی بات کے واسطے نہیں بھیجا مگر دنیا جہان کے لوگوں یعنی متقین پر مہربانی کرنے کے لئے۔ (بطور خلاصہ کے مکرر) فرما دیجئے کہ میرے پاس تو صرف یہ وحی آتی ہے کہ تمہارا معبود (حقیقی) ایک ہی معبود ہے سو اب بھی تم مانتے ہو (یا نہیں یعنی اب تو مان لو) پھر (بھی) اگر یہ لوگ سرتابی کریں تو (بطور اتمام حجت کے) آپ فرما دیجئے کہ میں تم کو نہایت صاف اطلاع کر چکا ہوں اور میں یہ جانتا ہوں کہ جس (سزا کا تم سے وعدہ ہوا ہے آیا وہ قریب ہے یا دور دراز ہے البتہ وقوع ضرور ہوگا) کیونکہ اللہ کو تمہاری پکار پر کہی ہوئی بات کی بھی خبر ہے اور جو بات تم دل میں رکھتے ہو اس کی بھی خبر ہے اور میں (بالتعین) نہیں جانتا (کہ کیا مصلحت ہے) شاید وہ (تاخیر عذاب) تمہارے لئے (صورۃً) امتحان ہو اور ایک وقت (یعنی موت) تک زندگی سے) فائدہ پہنچانا ہو پیغمبر نے (باذن الٰہی) کہا کہ اے میرے رب فیصلہ کر دیجئے حق کے موافق اور (پیغمبر نے کفار سے یہ بھی فرمایا کہ ہمارا رب ہم پر) بڑا مہربان ہے جس سے ان باتوں کے مقابلہ میں مدد چاہی جاتی ہے جو تم بنایا کرتے ہو۔ ۞

تفسیر ربط: اب سورت ختم پر پہنچی یہاں تک سورت کے بڑے حصہ میں توحید و نبوت کی تحقیق اور منکرین کے لئے وعید مذکور ہوئی ہے آگے ان مضامین مفیدہ پر مشتمل ہونے کی وجہ سے آیت اِنَّ فِيْ هٰذَا اور وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ الخ میں ان مضامین کی صراحۃً مدح اور دوسری آیت میں اشارۃً ان مضامین لانے والے کی بھی مدح اور آیت: قُلْ اِنَّمَا يُوْحٰۤى الخ میں بطور تلخیص سابق کے توحید اور اسلام کی طرف جس کے لوازم میں سے تصدیق نبوت بھی ہے دعوت مکررہ اور آیت: فَاِنْ تَوَلَّوْا سے آخر تک بطور تلخیص ہی کے انکار پر وعید مکرر اور وعید کے متعلق اور مناسب مضامین ارشاد ہیں پس مضمون اختتام بمنزلہ حاصل مرام وخلاصہ مقام مجموعۂ کلام کے ہے۔

خاتمہ سورت متضمن تلخیص مضامین توحید و نبوت و وعید اہل شقوت:

اِنَّ فِيْ هٰذَا لَبَلٰغًا لِّقَوْمٍ عٰبِدِيْنَ ۙ (الی قولہ تعالیٰ) وَرَبُّنَا الرَّحْمٰنُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ۙ بلاشبہ اس (قرآن یا جزو قرآن یعنی سورت مذکورہ) میں (بوجہ مشتمل ہونے کے مضامین نافعہ پر ہدایت کے باب میں) کافی مضمون ہے ان لوگوں کے لئے جو بندگی کرنے والے ہیں (اور گو بندگی واطاعت سے سرتابی کرنے والوں کے لئے بھی یہ کافی ہدایت ہے اگر وہ ہدایت کے طالب ہوں مگر وہ خود ہی منتفع نہیں ہوتے اس لئے عابدین کی تخصیص ذکر میں ہوئی) اور ہم نے (ایسے مضامین نافعہ دے کر) آپ کو اور کسی بات کے واسطے (رسول بنا کر) نہیں بھیجا مگر دنیا جہان کے لوگوں (یعنی مکلفین) پر (اپنی) مہربانی کے لئے (وہ مہربانی یہی ہے کہ لوگ رسول سے ان مضامین کو قبول کریں اور ہدایت کے ثمرات حاصل کریں اور جو قبول نہ کرے یہ اس کا قصور ہے اس مضمون کی صحت میں کوئی خلل نہیں پڑتا) آپ (ان لوگوں سے بطور خلاصہ کلام کے پھر مکرر) فرما دیجئے کہ میرے پاس تو (در باب اختلاف موحدین و مشرکین کے) صرف یہ وحی آتی ہے کہ تمہارا معبود (حقیقی) ایک ہی معبود ہے سو (بعد ثابت ہو جانے اس کی حقانیت کے) اب بھی تم مانتے ہو (یا نہیں یعنی اب تو مان لو) پھر (بھی) اگر یہ لوگ (اس کے قبول کرنے سے) سرتابی کریں تو آپ (بطور اتمام حجت کے) فرما دیجئے کہ میں تم کو نہایت صاف اطلاع کر چکا ہوں (جس سے ذرہ برابر تم میں کسی پر خفا نہیں رہا خود حقانیت توحید و اسلام کی اطلاع بھی اور انکار پر جو سزا مرتب ہوگی اس کی اطلاع بھی سو نہ مجھ پر کوئی بار رہا اور نہ تم کو کوئی عذر رہا) اور (اگر اس کے حق ہونے میں تم کو یہ شبہ ہو کہ وہ سزا اب تک کیوں نہیں ہوئی سو اس کا وقوع تو ضرور ہوگا باقی) میں یہ جانتا نہیں کہ جس (سزا) کا تم سے وعدہ ہوا ہے آیا وہ قریب (واقع ہونے والی) ہے یا دور دراز (زمانہ میں واقع ہونے والی) ہے (البتہ وقوع تو ضرور ہوگا کیونکہ) اللہ تعالیٰ کو (تمہاری) پکار کر کہی ہوئی بات کی بھی خبر ہے اور جو (بات) تم دل میں رکھتے ہو اس کی بھی خبر ہے (پس جب اس کو سب احوال کی اطلاع ہے اور احوال کفریہ پر سزا کا وعدہ بھی ہے تو لامحالہ سزا ہوگی) اور (تاخیر عذاب سے شبہ عدم وقوع کا کرنا نہ چاہئے کیونکہ اس میں کچھ مصلحت ہے۔ باقی) میں (بالتعین) نہیں جانتا (کہ کیا مصلحت ہے ہاں اتنا کہہ سکتا ہوں کہ) شاید وہ (تاخیر عذاب) تمہارے لئے (صورۃً) امتحان ہو (کہ عجب نہیں اب بھی ایمان لے آویں) اور ایک وقت (محدود یعنی وقت

www.besturdubooks.net

موت) تک (زندگی سے) فائدہ پہنچاتا ہو (کہ خوب غفلت بڑھے اور عذاب بڑھے پس پہلا امر رحمت ہے اور دوسرا امر عقوبت اور مختلف اعتبارات سے دونوں کا اجتماع ہوسکتا ہے جب ان مضامین سے ہدایت نہ ہوئی تو) پیغمبر (ﷺ) نے (باذن الٰہی) کہا کہ اے میرے رب (ہمارے اور ہماری قوم کے درمیان میں) فیصلہ کر دیجئے (جو کہ ہمیشہ سے) حق کے موافق (ہوا کرتا ہے کیونکہ خدائی فیصلہ کا حق ہونا لازم ہے مطلب یہ کہ عملی فیصلہ کر دیجئے یعنی مسلمانوں کے جس غلبہ کی پیشین گوئی ہے مثلاً: سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّونَ الدُّبُرَ [القمر: ٤٥] اس کو واقع کر دیجئے تاکہ حجت اور زیادہ تام ہو جاوے) اور (یہ بھی پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے کفار سے فرمایا کہ) ہمارا رب (ہم پر) بڑا مہربان ہے جس سے ان باتوں کے مقابلہ میں مدد چاہی جاتی ہے جو تم بنایا کرتے ہو (کہ مسلمان جلدی نیست و نابود ہو جاویں گے یعنی ہم مدد چاہتے ہیں چنانچہ بدر میں وہ پیشین گوئی واقع ہوگئی وللہ الحمد۔) ف: آیت: وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ کی جو تفسیر کی گئی ہے اس پر کوئی اشکال متوجہ نہیں ہوا جس کی توجیہ کی حاجت ہو اور فِتْنَةٌ کے ترجمہ میں صورۃً اس لئے کہا گیا کہ حقیقی امتحان کی تو عالم الغیب ہونے کے ساتھ گنجائش ہی نہیں۔ اور يُوْحٰٓى اِلَيَّ پر جو فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ۝ کو مرتب فرمایا ہے حالانکہ ظاہراً مسئلہ توحید کا مسئلہ نبوت پر موقوف نہیں بلکہ بالعکس ہے سو اس کی وجہ یہ ہے کہ مشرکین سے اثبات واجب یا توحید صانع میں اختلاف نہ تھا بلکہ توحید معبود میں کلام تھا سو توحید بایں معنی کا ترتب مسئلہ نبوت پر اور اس کا ثبوت دلیل سمعی سے محل اشکال نہیں فقط۔

تم تفسیر السورة فی الثالث والعشرین من شوال المکرم یوم الاثنین ۱۳۴۴ من الهجرة السنیة وللہ الحمد۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ۝ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ مقبولین کے برکات بلا ان کے قصد کے تمام عالم کو پہنچتے ہیں جیسے آفتاب کی شعاعیں بدون اس کے قصد و علم کے سب کو پہنچتی ہیں ۱۲ قولہ تعالیٰ وان ادری الخ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ اہل اللہ کو غیب کا علم نہیں جیسے بعض جہلاء اپنے پیروں کی نسبت اعتقاد کر بیٹھتے ہیں ۱۲۔

ملحقات الترجمة: ۱ قوله قبل الا رحمة اور کسی بات کے واسطے اشارة الی کون رحمة علة و مفعولا له واستثناء من اعم العلل ای لعلة الا الرحمة ۱۲۔ ۲ قوله فی رحمة اپنی اشارة الی ان رحمة مصدر فاعله الله تعالیٰ ۱۲۔ ۳ قوله فی بالحق جو کہ ہمیشہ کما فی المعالم قال اهل المعانی معناه رب احکم بحکمك الحق فحذف الحکم واقیم الحق مقامه والله یحکم بالحق طلب منه او لم یطلب ومعنی الطلب ظهور الرغبة من الطالب فی حکمة الحق آه۔

اختلاف القراءة: فی قراءة قل رب احکم بصیغة الامر واخذت بحاصلها فی ترجمتی لقال فافهم ۱۲۔

اللغات: بلغا کفایة کذا فی الروح ۱۲۔ قوله الایذان الفعال من الاذن واصله العلم بالاجازة فی شئ وترخیصه ثم تجوز به عن مطلق العلم وصیغ منه الافعال ۱۲۔

النحو: قوله لعله فتنة فی الروح جملة لعله الخ موضع المفعول وفی منهیة ان الضمیر لما علم من الکلام آه۔

البلاغة: فهل انتم المقصود من الاستفهام المر ۱۲ قوله علی سواء فی الروح من الکشاف انه استعارة تمثیلیة شبه بمن بینه وبین اعداءه هدنة فاحس بغدرهم فنبذ الیهم العهد وشهر النبذ اشاعه وآذنهم جمیعا بذلك وهو من الحسن بمکان آه قلت ووجه الشبه التشهیر کما اشرت الیه بما ترجمت به ۱۲۔ قوله انما یوحی الی انما الخ فی الروح انه قصر قلب بالنسبة الی الشرك الصادر من الکفار ۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ الْحَجِّ

سُوْرَةُ الْحَجِّ ۲۲ مَدَنِيَّة ۱۰۳ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۷۸ رُكُوْعَاتُهَا ۱۰

سورۃ الحج مدینہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۷۸ آیات اور ۱۰ رکوع ہیں

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ۚ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيْمٌ ۝ يَوْمَ تَرَوْنَهَا تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّآ اَرْضَعَتْ

وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا وَتَرَى النَّاسَ سُكٰرٰى وَمَا هُمْ بِسُكٰرٰى وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ ۝

اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو (کیونکہ) یقیناً قیامت (کے دن) کا زلزلہ بڑی بھاری چیز ہوگی جس روز تم لوگ اس (زلزلہ) کو دیکھو گے اس روز تمام دودھ پلانے والیاں (مارے ہیبت) اپنے دودھ پیتے کو بھول جاویں گی اور تمام حمل والیاں اپنا حمل (پورے ہونے سے پہلے) ڈال دیں گی اور (اے مخاطب) تجھ کو لوگ نشہ کی سی حالت میں دکھائی دیں گے حالانکہ وہ (واقع میں) نشہ میں نہ ہوں گے لیکن اللہ کا عذاب ہے ہی سخت چیز۔ ۞

تفسیر: سورة الحج مكية الا ست ايٰت من هذان خصمان الى صراط الحميد وهى ثمانون و سبعون اية كذا فى البيضاوى وقال صاحب الروح والاصح القول بانها مختلطة فيها مدنى ومكى وان اختلف فى التعيين وهو قول الجمهور۔

ربط: خلاصہ اس سورت کا یہ مضامین ہیں اول بعث وحساب جس سے سورت شروع بھی ہوئی ہے اور درمیان میں فصل یوم قیامت و جنت و نار کا ذکر موقع موقع پر آیا ہے۔ دوم نبوت اور اس کے متعلق شبہات کا جگہ جگہ جواب اور نبوت ہی کے متعلق وعدۂ نصرت اور اذن جہاد اور اسی کے متعلق مجادلین کی مذمت خواہ وہ جدال قولی ہو یا فعلی جیسے حج یا عمرہ سے روکنا جس کے ضمن میں احکام حج مذکور ہوئے۔ سوم توحید چنانچہ آیات میں تامل کرنے والے پر سب ظاہر ہے اور خاتمہ سورت سابقہ اور فاتحہ سورت ہذا میں مابہ الارتباط مضمون انذار ہے واللہ تعالیٰ اعلم۔

امر بالتقوی وتاکید او بذکر واحوالِ قیامت ☆ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ (الی قولہ تعالیٰ) وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ ۝ اے لوگو اپنے رب سے ڈرو (اور ایمان واطاعت اختیار کرو کیونکہ) یقیناً قیامت (کے دن) کا زلزلہ (جو کہ آنے والا ہے) بڑی بھاری چیز ہوگی (جب زلزلہ کہ اس کے واقعات میں سے ایک واقعہ ہے ایسا ہوگا تو مجموعہ واقعات کی کیا شدت ہوگی تو ان شدائد کے بخیر گزرنے کے لئے سامان کرو اور وہ تقویٰ ہے آگے اس زلزلہ کی شدت کا بیان ہے کہ) جس روز تم لوگ اس (زلزلہ) کو دیکھو گے اس روز (یہ حال ہوگا کہ) تمام دودھ پلانے والیاں (مارے ہیبت اور دہشت کے) اپنے دودھ پیتے (بچہ) کو بھول جاویں گی اور تمام حمل والیاں اپنا حمل (پورے دن ہونے سے پہلے) ڈال دیں گی اور (اے مخاطب) تجھ کو لوگ نشہ کی سی حالت میں دکھائی دیں گے حالانکہ وہ (واقع میں) نشہ میں نہ ہوں گے (کیونکہ نشہ ہوتا ہے کسی مسکر کے استعمال سے جس کا منتفی ہونا ظاہر ہے) ولیکن اللہ کا عذاب ہے ہی سخت چیز (جس کے خوف کے مارے لوگوں کی حالت نشہ والوں کی سی ہو جاوے گی) ف: روایات سے عین قیامت کے روز اور قیامت سے پہلے بھی زلزلہ کا وقوع ثابت ہے لیکن جس زلزلہ کا آیت میں ذکر ہے حدیث سے اس کا وقوع قیامت کے روز معلوم ہوتا ہے اخرجه احمد وسعيد بن منصور و عبد بن حميد والنسائى والترمذى والحاكم وصححاه عن عمران بن حصين وفيه قال صلى الله عليه وسلم اتدرون اى يوم ذلك قالوا الله ورسوله اعلم قال ذلك يوم يقول الله تعالىٰ لأدم عليه السلام ابعث بعث النار الخ كذا فى الروح اور یہ ہیبت ووحشت اگر سب کے لئے عام کہی جاوے تو آیت: لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْاَكْبَرُ [الأنبياء: ۱۰۳] اس لئے معارض نہیں کہ نفی حزن کی باعتبار اکثر احوال کے ہے اور اثبات باعتبار ساعت قلیلہ کے اور اگر اس کو ناس کے اعتبار سے کہا جاوے تو اصل ہی سے اشکال نہ ہوگا اور تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ کے ظاہر الفاظ سے یہ مفہوم ہوتا ہے

www.besturdubooks.net

کہ قیامت کے روز بھی عورتیں بچوں کو دودھ پلائیں گی سو یا تو اس کا التزام کرلیا جاوے اور کہا جاوے کہ جو جس حالت میں مرا ہے اسی حالت میں محشور ہوگا سو ممکن ہے کہ جو عورتیں حالت ارضاع میں مری ہیں ان کی وہاں بھی یہی حالت ہو اور یا کلام کو مبنی تمثیل پر کہا جاوے یعنی **لو کانت هنا مرضعة ورضيع لذهلت المرضعة عن رضيعها فی حال ارضاعها اياه لشدة الهول** اور یہی دو احتمال **تضع كل ذات حمل** میں بھی ہیں لیکن جملہ اولیٰ میں احتمال ثانی مظنون ہے اور جملہ ثانیہ میں احتمال اول کیونکہ حمل والیوں کا حالت حمل میں محشور ہونا ظاہراً اقرب ہے بہ نسبت مرضعات کے حالت ارضاع میں محشور ہونے کے لان الحمل شیٔ داخل وجزء منها والارضاع شیٔ خارجی ووصف عارضی لها واللہ اعلم اور مقصود یہ نہیں کہ بس اس زلزلہ کی ہیبت اتنی ہی ہوگی بلکہ مخاطبین کے اذہان میں چونکہ یہ ہیبت بھی عظیم ہے جس پر آثار مذکورہ مرتب ہوں اس لئے اس کو ذکر کر دیا پس زائد کی نفی نہیں ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: (سورۃ الحج) قولہ تعالیٰ: وَتَرَى النَّاسَ الخ اس میں غیر سکر کو تشبیہاً سکر فرما دینے سے اس اصطلاح کی اصل نکل آئی کہ بعض حالات باطنہ کو اسی مشابہت کے سبب سکر کہہ دیا جاتا ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمة: ۱ **قوله فی زلزلة الساعة** قیامت کے دن کا اشارۃ الی ان الاضافة الی الظرف اتساعًا كما فی يا سارق الليلة ۱۲۔

اللغات: الذهول شغل يورث حزنا ونسيانًا المرضعة هی التی فی حال ارضاعها ملقمة ثديها وهی بخلاف المرضع بلاهاء فانها التی من شانها ان ترضع وان لم تباشر الارضاع فی حال وصفها به ۱۲۔

النحق: يوم ترونها منصوب بتذهل ۱۲۔

البلاغة: قوله شیٔ فی الروح فی التعبير عنها لشیٔ ايذان بان العقول قاصرة عن ادراك كنهها والعبارة ضيقة لاتحيطها الا على وجه الابهام آه قوله مرضعة التعبير به هنا دون مرضع ليدل على شدة الامر وتفاقم الهول قوله كل ذات حمل هوا بلغ فی التهويل من حامل او حاملة لاشعاره بالصحبة المشعرة بالملازمة فيشعر الكلام بان الحامل تضع اذ ذاك الجنين المستقر فی بطنها التمكن فيه قوله وترى الناس الاختلاف بالجمعية فی ترونها والافراد فی ترى لما ان المقصود فی الاول عموم الرؤية للزلزلة ولا يقصد فی الثانی الروية بل المقصود كون الناس بهذه المثابة وان لم يرهم الجميع بل راٰه واحد ای واحد فكانه قيل ويصير الناس سكارٰى۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِی اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّيَتَّبِعُ كُلَّ شَيْطٰنٍ مَّرِيْدٍ ۙ﴿۳﴾ كُتِبَ عَلَيْهِ اَنَّهٗ مَنْ تَوَلَّاهُ
فَاَنَّهٗ يُضِلُّهٗ وَيَهْدِيْهِ اِلٰى عَذَابِ السَّعِيْرِ ﴿۴﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِیْ رَيْبٍ مِّنَ الْبَعْثِ
فَاِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ مِنْ مُّضْغَةٍ مُّخَلَّقَةٍ وَّغَيْرِ مُخَلَّقَةٍ
لِّنُبَيِّنَ لَكُمْ ؕ وَنُقِرُّ فِی الْاَرْحَامِ مَا نَشَآءُ اِلٰۤى اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ نُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْۤا اَشُدَّكُمْ ۚ
وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰۤى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْلَا يَعْلَمَ مِنْۢ بَعْدِ عِلْمٍ شَيْـًٔا ؕ وَتَرَى
الْاَرْضَ هَامِدَةً فَاِذَاۤ اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَآءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ وَاَنْۢبَتَتْ مِنْ كُلِّ زَوْجٍۭ بَهِيْجٍ ﴿۵﴾
ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّهٗ يُحْیِ الْمَوْتٰى وَاَنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ۙ﴿۶﴾ وَّاَنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ لَّا
رَيْبَ فِيْهَا ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ مَنْ فِی الْقُبُوْرِ ﴿۷﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِی اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّلَا هُدًى وَّلَا
كِتٰبٍ مُّنِيْرٍ ۙ﴿۸﴾ ثَانِیَ عِطْفِهٖ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ لَهٗ فِی الدُّنْيَا خِزْیٌ وَّنُذِيْقُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَذَابَ
الْحَرِيْقِ ﴿۹﴾ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ يَدٰكَ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿۱۰﴾ ع ۱ ۸

اور بعضے آدمی ایسے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے بارے میں (یعنی ذات باصفات میں) بے جانے بوجھے جھگڑا کرتے ہیں اور ہر شیطان سرکش کے پیچھے ہو لیتے ہیں جس کی نسبت

www.besturdubooks.net

خدا کے یہاں یہ بات لکھی جا چکی ہے کہ جو شخص اس سے تعلق رکھے گا یعنی اس کا اتباع کرے گا تو اس کا کام ہی یہ ہے کہ وہ اس کو (راہ حق سے) بے راہ کر دے گا اور اس کو عذاب کا رستہ دکھا دے گا۔ اے لوگو اگر تم (قیامت کے روز) دوبارہ زندہ ہونے سے شک (وانکار) میں ہو تو ہم نے ہی (اول) تم کو مٹی سے بنایا پھر نطفہ سے (جو کہ غذا سے پیدا ہوتا ہے) پھر خون کے لوتھڑے سے کہ پوری ہوتی ہے اور (بعضی) ادھوری بھی تاکہ ہم تمہارے سامنے (اپنی قدرت) ظاہر کر دیں اور ہم (ماں کے) رحم میں جس (نطفہ) کو چاہتے ہیں ایک مدت معین (یعنی وقت وضع) تک ٹھہرائے رکھتے ہیں پھر ہم تم کو بچہ بنا کر باہر لاتے ہیں پھر تاکہ تم اپنی بھری جوانی (کی عمر) تک پہنچ جاؤ اور بعضے تم میں وہ ہیں جو (جوانی سے پہلے ہی) مر جاتے ہیں اور بعضے تم میں وہ ہیں جو نکمی عمر (یعنی) زیادہ بڑھاپے تک پہنچا دیا جاتا ہے جس کا اثر یہ ہے کہ ایک چیز سے باخبر ہو کر پھر بے خبر ہو جاتا ہے اور (آگے دوسرا استدلال ہے کہ) اے مخاطب تو زمین کو دیکھتا ہے کہ خشک (پڑی) ہے پھر ہم جب اس پر پانی برساتے ہیں تو وہ ابھرتی ہے اور پھولتی ہے اور ہر قسم کی خوشنما نباتات اُگاتی ہے یہ (سب) اس سبب سے ہوا کہ اللہ تعالیٰ ہی ہستی میں کامل ہے اور وہی بے جانوں میں جان ڈالتا ہے اور وہی ہر چیز پر قادر ہے اور ان پر اس سبب سے ہوا کہ قیامت آنے والی ہے اس میں ذرا شبہ نہیں اور اللہ تعالیٰ (قیامت میں) قبر والوں کو دوبارہ پیدا کر دے گا اور بعضے آدمی ایسے ہوتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے بارے میں بدوں واقفیت (یعنی علم ضروری) اور بدوں دلیل (یعنی استدلال عقلی) اور بدوں کسی روشن کتاب (یعنی استدلال نقلی) کے تکبر کرتے ہوئے جھگڑا کرتے ہیں تاکہ اللہ کی راہ سے (یعنی دین حق سے) بے راہ کر دیں اور ایسے شخص کے لئے دنیا میں رسوائی ہے اور قیامت کے دن ہم اس کو جلتی آگ کا عذاب چکھا دیں گے اور اس سے کہا جائے گا کہ یہ تیرے ہاتھ کے کئے ہوئے کاموں کا بدلہ ہے اور یہ بات ثابت ہی ہے کہ اللہ تعالیٰ (اپنے) بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں (پس تجھ کو بلا جرم سزا نہیں دے گا)۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر تاکید تقویٰ کے لئے بعض احوال قیامت کا ذکر فرمایا تھا چونکہ بعضے کفار دیگر امور حقہ کے انکار کے ساتھ امکان قیامت اور بعث کے بھی منکر تھے چنانچہ ابن ابی حاتم نے آیت آئندہ کے شان نزول میں ابی مالک سے روایت کیا ہے کہ نضر بن الحارث بڑا مجادل تھا کہتا تھا کہ نعوذ باللہ ملائکہ اللہ تعالیٰ کی دختر ہیں اور قرآن اساطیر الاولین ہے اور اللہ تعالیٰ اس شخص کے احیاء پر نعوذ باللہ قادر نہیں جو گل سڑ کر مٹی ہو گیا بکذا فی الروح اس لئے آگے ان پر رد فرماتے ہیں۔

رد بر منکرین بعث وغیرہ: وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّيَتَّبِعُ كُلَّ شَيْطٰنٍ مَّرِيْدٍ ۙ (الی قولہ تعالیٰ) وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ۞ اور بعضے آدمی ایسے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے بارہ میں (یعنی اس کی ذات یا صفات یا افعال کے مقدمہ میں) بے جانے بوجھے جھگڑا کرتے ہیں اور ہر شیطان سرکش کے پیچھے ہو لیتے ہیں (یعنی گمراہی کی ایسی قابلیت ہے کہ جو شیطان جس طرح بہکا دے اس کے بہکانے میں آ جاتا ہے پس اس شخص میں غایت درجہ کی ضلالت ہوئی کہ اس پر ہر شیطان کی دسترس ہو جاتی ہے) جس کی نسبت (خدا کے یہاں سے) یہ بات لکھی جا چکی ہے (اور طے ہو چکی ہے) کہ جو شخص اس سے تعلق رکھے گا (یعنی اس کا اتباع کرے گا) تو اس کا کام ہی یہ ہے کہ وہ اس کو (راہ حق سے) بے راہ کر دے گا اور اس کو عذاب دوزخ کا راستہ دکھلا دے گا (آگے ان مجادلین کو خطاب ہے کہ) اے لوگو اگر تم (قیامت کے روز) دوبارہ زندہ ہونے (کے امکان) سے شک (وانکار) میں ہو تو (ذرا مضمون آئندہ میں غور کر لو تاکہ شک رفع ہو جاوے وہ یہ کہ) ہم نے (اول بار) تم کو مٹی سے بنایا (کیونکہ غذا جس سے نطفہ بنتا ہے اول عناصر سے پیدا ہوتی ہے جس میں ایک جزو مٹی بھی ہے) پھر نطفہ سے (جو کہ غذا سے پیدا ہوتا ہے) پھر خون کے لوتھڑے سے (کہ نطفہ میں غلظت اور سرخی آنے سے حاصل ہوتا ہے) پھر بوٹی سے (کہ علقہ میں سختی آ جانے سے حاصل ہوتا ہے) کہ (بعضی) پوری ہوتی ہے (کہ اس میں پورے اعضاء بن جاتے ہیں) اور (بعضی) ادھوری بھی (ہوتی ہے کہ بعض اعضاء ناقص رہ جاتے ہیں یہ اس طرح کی ساخت اور ترتیب اور تفاوت سے اس لئے بنایا) تاکہ ہم تمہارے سامنے (اپنی قدرت) ظاہر کر دیں (اور اسی سے ظاہر ہے کہ وہ دوبارہ پیدا کرنے پر بھی قادر ہے) اور (تتمہ اس مضمون کا یہ ہے جس سے اور زیادہ قدرت ظاہر ہوتی ہے کہ) ہم (ماں کے) رحم میں جس (نطفہ) کو چاہتے ہیں ایک مدت معین (یعنی وقت وضع) تک ٹھہرائے رکھتے ہیں (اور جس کو ٹھہرانا نہیں چاہتے ہیں وہاں اسقاط ہو جاتا ہے) پھر (اس مدت معینہ کے بعد) ہم تم کو بچہ بنا کر (ماں کے پیٹ سے) باہر لاتے ہیں پھر (اس کے بعد تین قسمیں ہو جاتی ہیں ایک قسم یہ کہ تم میں سے بعض کو جوانی تک مہلت دیتے ہیں) تاکہ تم اپنی بھری جوانی (کی عمر) تک پہنچ جاؤ اور بعضے تم میں وہ ہیں جو نکمی عمر (یعنی زیادہ بڑھاپے) تک پہنچا دیئے جاتے ہیں جس کا اثر یہ ہے کہ ایک چیز سے باخبر ہو کر پھر بے خبر ہو جاتے ہیں (جیسا اکثر بوڑھوں کو دیکھا کہ ابھی ایک بات بتلائی اور ابھی پھر پوچھ رہے ہیں یہ تیسری قسم ہوئی یہ سب احوال بھی دال علی القدرت ہیں ایک استدلال تو یہ تھا) اور (آگے دوسرا استدلال ہے کہ) اے مخاطب تو زمین کو دیکھتا ہے کہ خشک (پڑی) ہے پھر جب ہم اس پر پانی برساتے ہیں تو وہ ابھرتی ہے اور پھولتی ہے اور ہر قسم (یعنی قسم قسم) کی خوشنما نباتات اُگاتی ہے (سو یہ بھی دلیل ہے قدرت کاملہ کی آگے ایضاح استدلال کے لئے تصرفات مذکورہ کی علت اور حکمت کا بیان فرماتے ہیں یعنی) یہ (جو کچھ اوپر دونوں استدلالوں کے ضمن میں اشیائے مذکورہ کا ایجاد و اظہار مذکور ہوا یہ سب) اس سبب سے ہوا کہ اللہ تعالیٰ ہی ہستی میں کامل ہے (یہ تو اس کا کمال ذاتی ہے) اور وہ ہی بے جانوں میں جان ڈالتا ہے (یہ اس کا کمال فعلی ہے) اور وہی ہر چیز

www.besturdubooks.net

پر قادر ہے (یہ اس کا کمال وصفی ہے اور یہ تینوں مل کر امور مذکورہ کی علت ہیں کیونکہ اگر کمالات ثلاثہ میں سے ایک بھی غیر متحقق ہوتا تو ایجاد نہ پایا جاتا چنانچہ ظاہر ہے) اور (نیز اس سبب سے ہوا کہ) قیامت آنے والی ہے اس میں ذرا شبہ نہیں اور اللہ تعالیٰ (قیامت میں) قبر والوں کو دوبارہ پیدا کرے گا (یہ امور مذکورہ کی حکمت ہیں یعنی ہم نے وہ تصرفات مذکورہ اس لئے ظاہر کئے کہ اس میں منجملہ اور حکمتوں کے ایک حکمت اور غایت یہ تھی کہ ہم کو قیامت کا لانا اور مردوں کو زندہ کرنا منظور تھا تو ان تصرفات سے ان کا امکان لوگوں پر ظاہر ہو جاوے گا پس ایجاد اشیائے مذکورہ کی تین علتیں اور دو حکمتیں مذکور ہوئیں اور سبب بالمعنی الاعم سب وعام ہوا اس لئے بائے سببیت سب پر داخل ہوگئی اور (یہاں تک تو مجادلین کا ضلال اور اس کے رد میں استدلال مذکور تھا آگے ان کا اضلال اور دونوں ضلال واضلال کا وبال اور نکال مذکور ہوتا ہے کہ) بعضے آدمی (اس میں مجادل مذکور سابق اور اس کا غیر سب داخل ہے) ایسے ہوتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے بارہ میں (یعنی اس کی ذات یا صفات یا افعال کے مقدمہ میں) بدوں واقفیت (یعنی علم ضروری) اور بدون دلیل (یعنی علم استدلالی عقلی) اور بدوں کسی روشن کتاب (یعنی علم استدلالی نقلی) کے (اور دوسرے متحقق کے اتباع وتقلید سے) تکبر کرتے ہوئے جھگڑا کرتے ہیں تاکہ (دوسرے لوگوں کو بھی) اللہ کی راہ سے (یعنی دین حق) سے بے راہ کر دیں (سو) ایسے شخص کے لئے دنیا میں رسوائی ہے (خواہ کسی قسم کی رسوائی ہو چنانچہ بعضے گمراہ قتل وقید وغیرہ سے ذلیل ہوتے ہیں بعضے مناظرہ اہل حق میں مغلوب ہو کر عقلاء کی نظر میں بے عزت ہوتے ہیں) اور قیامت کے دن ہم اس کو جلتی آگ کا عذاب چکھاویں گے (اور اس سے کہا جاوے گا) کہ یہ تیرے ہاتھ کے کئے ہوئے کاموں کا بدلہ ہے اور یہ بات ثابت شدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ (اپنے) بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں (پس تجھ کو بلا جرم سزا نہیں دی گئی) **ف** تخلیق انسان کے اطوار آیت میں اجمالاً مذکور ہیں تفصیل کتب طبیہ قانون وغیرہ میں ہے جس پر یہ اجمال بالکل منطبق ہے۔ (لمط) :اوپر انکار اور جدال پر اصرار کرنے والوں کی مذمت تھی آگے ان کی مذمت ہے جو انکار اور جدال سے توبہ کرنے اور اسلام لانے کے بعض احوال میں کفر وانکار کی طرف عود کرتے اور مرتد ہو جاتے تھے چنانچہ بخاری وغیرہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے کہ بعض اشخاص مدینہ میں آ کر مسلمان ہوتے جب اپنے گھر جا کر مال اولاد میں برکت و فراغت دیکھتے کہتے بڑا اچھا دین ہے ورنہ کہتے برا دین ہے اور پھر جاتے اھ اور ظاہر ہے کہ ایسے لوگوں کا اسلام پر رہنا بھی حقیقت دین کی وجہ سے نہ ہوگا کیونکہ ان کے نزدیک معیار حقیت کا منفعت دنیویہ ہے پس عین اسلام کی حالت میں عقیدہ اور غرض میں فساد ہوتا تھا اس لئے وہ اسلام بوجہ عدم اخلاص معتبر ومعتد بہ نہیں ہے بلکہ از قبیل نفاق کے ہے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الخ حق تعالیٰ نے اس آیت میں اپنے تصرفات بدیعہ کا سبب اپنی موجود اور کامل الذات والصفات ہونے کو فرمایا اور اس میں قریب قریب اس کی تصریح ہوگئی جو صوفیہ کہتے ہیں کہ حق تعالیٰ کی صفات بوجہ اپنے جمیل ہونے کے مقتضی ظہور کو ہوئیں اس سے اللہ تعالیٰ نے خلق کو پیدا کیا لیکن اس مقام میں دو امر اور سمجھنے کے قابل ہیں ایک یہ کہ سبب تخلیق کا صرف یہی اقتضا ظہور نہیں بلکہ اس میں اور حکم ومصالح بھی ہیں اور اَنَّهٗ يُحْيِ الْمَوْتٰى میں اسی طرف اشارہ ہے دوسرے یہ کہ یہ اقتضاء درجہ اضطرار میں نہیں بلکہ حق تعالیٰ کے افعال اختیار کے اظہار کا داعی ہے ۱۲ قولہ تعالیٰ: وَمِنَ النَّاسِ الخ روح المعانی میں ہے کہ علم سے مراد علم ضروری ہے اور ہدی سے استدلال اور کتاب منیر سے وحی اور علم ضروری یعنی غیر استدلالی عام ہے علم وجدانی وذوق وکشفی الہامی کو بھی سو اس قسم کے علم کا معتبر ہونا بھی ثابت ہوگیا البتہ جب اس سے اقوی علم اس کے معرض ہوگا اس وقت اس اقوی کو ترجیح ہوگی ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قوله فی فانه یضله** کام ہی یہ ہے **اشارة الی کون الناصبة خبر مبتدأ محذوف ای فشانه الاضلال** ۱۲۔ ۲ **قوله فی البعث** امکان لان ما سیاتی لا یدل عقلا علی الوقوع بل علی الصحة ۱۲۔ ۳ **قوله فی فانا خلقناکم** غور کرلو **اشارة الی تقدیر الجواب ای فاعلموا انا خلقناکم الخ** ۱۲۔ ۴ **قوله فی لتبلغوا** مہلت **اشارة الی تقدیر الکلام هکذا ثم نمهلکم لتبلغوا** ۱۲۔ ۵ **قوله فی لکیلا اثر اشارة الی ان اللام للعاقبة** ۱۲۔ ۶ **قوله فی الحق** ہستی میں کامل **لان الحق هو الثابت ودل الحصر علی الکمال فان مطلق الثبوت مشترك فلم یبق فی الحصر حجة لنفات الحقائق من السوفسطائیة والتفصیل ان بعض السوفسطائیة المنتحلین الی الاسلام احتج بالآیة علی مذهبه فی نفی حقائق الاشیاء بان الله تعالیٰ قد حکم بالوجود الثابت منحصر فی ذاته فثبت کون الاشیاء الممکنة غیر ثابتة والجواب ظاهر بان المراد الوجود الکامل وهو منحصر فیه تعالیٰ** ۱۲۔ ۷ **قوله فی وان الله لیس ثابت اشارة الی حذف المبتدأ ای الامر ان الله الخ**۔

الروایات: ذکرت احدها فی المتن والاخریٰ هذه اخرج ابن جریر عن مجاهد فی قوله ثانی عطفه انزلت فی النضر بن الحارث واخرج ابن مردویه عن ابن عباسؓ فی قوله ثانی عطفه قال هو رجل من بنی عبدالدار کذا فی الدر المنثور قلت وللجمع بین الروایات حملة فی الترجمة علی العموم ولو خص بالنضر کما قیل فالتکرار کما قال ابن عطیة للتوبیخ فکانه قیل هذه الامثال فی غایة الوضوح والبیان والتکرار مبالغة فی الذم او لکون کل من الآیتین مشتملة علی زیادة لیست فی الاخریٰ ۱۲۔

www.besturdubooks.net

فَائِدَة: لو اشكل عليك ما فسرت قوله تعالٰى مخلقة وغير مخلقة بان ظاهره يعارضه ما اخرجه الحكيم الترمذى وغيره عن ابن مسعود قال النطفة اذا استقرت فى الرحم اخذها ملك الارحام بكفه فقال يا رب مخلقة ام غير مخلقة فان قيل غير مخلقة لم تكن تسمة وقذفها الرحم وما الخ وهو فى حكم المرفوع ووجه اللمعارضة ان الحديث يدل ظاهر على تفسير التخليق بنفخ الروح وفسرته فى الأية بكمال الاعضاء فازحة بان الحديث ليس فى توجيه التفسير بل هو نص فى توزيع النطفة الى قسمين وفى الأية تقسيم المضعة الى قسمين فهذا دلالة صريحة بان الحديث لم تقصد به التفسير ۱۲۔

اللُّغَات: مريد فى القاموس مرد فهو مريد اقدم وعتاها مدة فى القاموس فى الارض ان لا يكون بها حيوة ولا عود لا نبت ولامطر ۱۲۔ ثانى عطفه فى الدر المنثور عن ابن عباس متكبرا فى نفسه فى الروح اى لا ديا لجانبه وهو كناية عن عدم قبوله وهو مراد ابن عباس آه۔

النَّحْو: طفلا حال من ضمير المخاطبين والافراد اما باعتبار كل واحد منهم او بارادة الجنس الصادق على الكثير او لانه مصدر فيستوى فيه الواحد وغيره اولان المراد طفلا طفلا فاختصر كذا فى الروح ۱۲۔

البَلَاغَة: قوله تعالٰى ان كنتم فى ريب فى الروح والتعبير عن اعتقادهم فى حقه بالريب اى الشك مع انهم جازمون بعدم امكانه اما للايذان بان اقصى ما يمكن صدوره عنهم وان كانوا فى غاية ما يكون من المكابرة والعناد هو الارتياب فى شانه واما الجزم بعد الامكان فخارج من دائرة الاحتمال كما ان تنكيره وتصديره بكلمة الشك للاشعار بان حقه ان يكون ضعيفا مشكوك الوقوع واما للتنبيه على ان جزمهم ذلك بمنزلة الريب الضعيف لكمال وضوح دلائل الامكان ونهاية قوتها آه قوله يرد التعبير به لان مع بلغ الى ارذل العمر يكون حاله فى الضعف كالطفل فكانه رد الى الحالة الاولى قوله يحيى الموتى تقديرم الكمال الفعلى على الكمال الوصفى فى الذكر لان الكلام كان فى الاحياء۔ قوله ليضل اللام للتعليل فان غرض المجادل ما هو اضلال وان لم يعترف بكونه اضلالا ۱۲۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّعْبُدُ اللّٰهَ عَلٰى حَرْفٍ ۚ فَاِنْ اَصَابَهٗ خَيْرُ ِۨاطْمَاَنَّ بِهٖ ۚ وَاِنْ اَصَابَتْهُ فِتْنَةُ ِۨانْقَلَبَ عَلٰى وَجْهِهٖ ۚ
خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ ⑪ يَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهٗ وَمَا لَا يَنْفَعُهٗ ۭ ذٰلِكَ
هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ ⑫ يَدْعُوْا لَمَنْ ضَرُّهٗٓ اَقْرَبُ مِنْ نَّفْعِهٖ ۭ لَبِئْسَ الْمَوْلٰى وَلَبِئْسَ الْعَشِيْرُ ⑬

اور بعض آدمی اللہ کی عبادت (ایسے طور پر) کرتا ہے (جیسے کسی چیز کے) کنارے پر (کھڑا) ہو پھر اگر اس کو کوئی (دنیوی) نفع پہنچ گیا تو اس کی وجہ سے (ظاہری) قرار پالیا اور اگر اس پر کچھ آزمائش آگئی ہو تو منہ اٹھا کر (کفر کی طرف) چل دیا (جس سے) دنیا اور آخرت دونوں کھو بیٹھا یہی کھلا نقصان (کہلاتا) ہے خدا (کی عبادت) کو چھوڑ کر ایسی چیز کی عبادت کرنے لگا جو نہ اس کو نقصان پہنچا سکتا ہے اور نہ اس کو نفع پہنچا سکتا ہے یہ انتہا درجہ کی گمراہی ہے وہ ایسے کی عبادت کر رہا ہے کہ اس (کی عبادت) کا ضرر بہ نسبت اس کے نفع کے زیادہ قریب الوقوع ہے (اور) ایسا کارساز بھی برا اور ایسا رفیق بھی برا۔ ۞

تفسیر: ذم منافقین ومرتدین از مذبذبین ☆ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّعْبُدُ اللّٰهَ عَلٰى حَرْفٍ (الى قوله تعالى) لَبِئْسَ الْمَوْلٰى وَلَبِئْسَ الْعَشِيْرُ۔ اور بعض آدمی اللہ کی عبادت (ایسے طور پر) کرتا ہے (جیسے ٹھہرے) کوئی کسی چیز کے) کنارہ پر (کھڑا ہوا اور موقع پا کر چل دینے پر تیار ہو) پھر اگر اس کو کوئی (دنیوی) نفع پہنچ گیا تو اس کی وجہ سے (ظاہری طور) قرار پالیا اور اگر اس پر کچھ آزمائش ہوگئی تو منہ اُٹھا کر (کفر کی طرف) چل دیا (جس سے) دنیا و آخرت دونوں کو کھو بیٹھا یہی کھلا نقصان (کہلاتا) ہے (چنانچہ دنیا کا نقصان تو اصابت فتنہ سے مشاہد ہے اور آخرت کا نقصان یہ ہوا کہ اسلام اور) خدا (کی عبادت) کو چھوڑ کر ایسی چیز کی عبادت کرنے لگا جو (اس قدر عاجز ہے کہ) نہ اس کو (عبادت نہ کرنے کی صورت میں) نقصان پہنچا سکتی ہے اور نہ (عبادت کرنے کی صورت میں) اس کو نفع پہنچا سکتی ہے (اور ظاہر ہے کہ خدائے قادر کو چھوڑنا اور ایسے عاجز کو اختیار کرنا آخرت میں براہین قاطعہ سے مضر ہے) یہ (بھی) انتہا درجہ کی گمراہی ہے (اور صرف یہی نہیں کہ اس کی عبادت سے نفع نہ ہوتا ہو بلکہ عبادت میں ضرر ہوتا ہے سو) وہ ایسے کی عبادت کر رہا ہے کہ اس (کی عبادت) کا ضرر (واقعی عذاب کا سبب بننا ہے) بہ نسبت اس کے (متوقع غیر واقع) نفع کے زیادہ قریب الوقوع ہے (اور) ایسا کارساز بھی برا اور ایسا رفیق بھی برا (جو بالکل ہی کام نہ آوے نہ مولی یعنی بڑا ہو کر کام آوے اور نہ عشیر یعنی برابر ہو کر کام آوے)۔

www.besturdubooks.net

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَ مِنَ النَّاسِ مَنْ يَّعْبُدُ اللّٰهَ الخ روح میں ہے کہ اس میں جو شخص بھی داخل ہو گیا جو خدا تعالیٰ کی عبادت کرامات اور مدح خلائق وغیرہ کی طمع پر کرتا ہے اگر اس کو حاصل ہوتا ہوا دیکھے تو عبادت میں نشاط ہوتی ہے ورنہ بے دلی اور سستی کرتا ہے اھ کیونکہ خیر اور فتنہ کا لفظ اپنے اطلاق سے اس کو بھی شامل ہے ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی علی حرف جیسے کوئی الخ اشارة الی ما فی الروح ان فی الکلام استعارة تمثیلیة کالذی یکون علی طرف الجیش فان احس بظفر قرو الافر ۱۲۔ ۲ قوله فی اطمان ظاہری اشارة الی ان المراد الثبات ظاهر الا انه اطمأن اطمینان المؤمنین الذین لا یزحزحهم عاصف ولا یثنیهم عاطف کما یشهد به شان النزول ۱۲۔ ۳ قوله فی علی وجهه منہ اُٹھا کر اشارة الی توجیه معناه ای مستولیا علی الجهة التی یواجها غیر ملتفت یمینا وشمالا ولا مبال بما یستقبله من حرار وجبال ۱۲۔ ۴ قوله فی ضره عذاب کا سبب وفی نفعه متوقع اشارة الی دفع التناقض بین نفی الضرر والنفع سابقًا واثباتهما لاحقا تقریر الدفع ان الضرر المنفی ما یکون بطریق المباشرة والمثبت ما یکون بطریق التسبب وکذا النفع المنفی هو الواقعی والمثبت هو التوقعی قیل ولهذا الاثبات عبر بمن فان الضرر والنفع من شانهما ان یصدر من العقلاء کذا فی الروح قوله والمثبت هو التوقع قلت فالمثبت فی الواقع هو التوقع لا لنفع فافهم ۱۲۔

اَلنَّحْو: قوله لمن ضره فی الجلالین ان اللام زائدة آه فالموصولة مفعول لیدعوا وفی الروح قوی بالقول بالزیادة هنا بقراءة عبدالله یدعوا من ضره باسقاط اللام ۱۲۔

إِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ إِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ ۝١٤
مَنْ كَانَ يَظُنُّ اَنْ لَّنْ يَّنْصُرَهُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ فَلْيَمْدُدْ بِسَبَبٍ اِلَى السَّمَآءِ ثُمَّ لْيَقْطَعْ
فَلْيَنْظُرْ هَلْ يُذْهِبَنَّ كَيْدُهٗ مَا يَغِيْظُ ۝١٥ وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ ۙ وَّ اَنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يُّرِيْدُ ۝١٦

بلاشبہ اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کو جو ایمان لائے اور اچھے کام کئے بہشت کے ایسے باغوں میں داخل فرما دیں گے جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی اللہ تعالیٰ جو ارادہ کرتا ہے کر گزرتا ہے۔ جو شخص (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مخالفت کر کے) اس بات کا خیال رکھتا ہو کہ اللہ تعالیٰ رسول کی دنیا اور آخرت میں مدد نہ کرے گا تو اس کو چاہئے کہ ایک رسی آسمان تک تان لے پھر اس کے ذریعے سے آسمان پر پہنچ کر اگر ہو سکے اس وحی کو موقوف کرا دے تو پھر (اب) غور کرنا چاہئے آیا اس کی (یہ) تدبیر اس کی ناگواری کی چیز کو (یعنی وحی کو) موقوف کر سکتی ہو اور ہم نے اس (قرآن) کو اس طرح اتارا ہے جس میں کھلی کھلی دلیلیں حق کی ہیں اور بات یہ ہی ہے کہ اللہ جس کو چاہتا ہے (حق کی) ہدایت کرتا ہے۔

تفسیر ربط: اوپر کفار کی متعدد جماعتوں کی مذمت تھی آگے سب کے مقابلہ میں مؤمنین کی فضیلت ہے۔

فضل مؤمنین ☆ إِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ إِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ ۝ بلاشبہ اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کو جو ایمان لائے اور اچھے کام کئے (بہشت کے) ایسے باغوں میں داخل فرما دیں گے جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی (اور اوپر جو کفار کی سزا اور مؤمنین کی جزا کا بیان کیا گیا اس کے وقوع میں ذرا شبہ نہیں کیونکہ) اللہ تعالیٰ جو ارادہ کرتا ہے کر گزرتا ہے (اس کے ساتھ کوئی مزاحمت نہیں کر سکتا اور وہ اس جزا و سزا کا ارادہ کر چکا ہے پس ضرور ایسا ہی واقع ہوگا۔ ربط: اوپر کفار مجادلین فی الدین کا ذکر ہوا تھا چونکہ ان کی غرض جدال سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اور دین اسلام کو مغلوب اور ضعیف کرنا تھا اس لئے آگے اس غرض والوں کی ناکامی بیان فرماتے ہیں۔

خیبت آمال کفار بدسگال ☆ مَنْ كَانَ يَظُنُّ اَنْ لَّنْ يَّنْصُرَهُ اللّٰهُ (الی قوله تعالیٰ) مَا يَغِيْظُ ۝ جو شخص (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مخالفت اور مخاصمت کر کے) اس بات کا خیال رکھتا ہو کہ (میں غالب آ جاؤں گا اور آپ کی اور آپ کے دین کی ترقی کو روک دوں گا اور) اللہ تعالیٰ رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کی (اور آپ کے دین کی) دنیا اور آخرت میں مدد نہ کرے گا (کیونکہ دین اسلام کے مقابلہ میں مخالفانہ تدبیریں اور تقریریں کرنا بدوں اس خیال کے اس لئے خلاف عقل ہے کہ مقصود سعی سے اپنی کامیابی اور مخالف کی ناکامی ہوتی ہے جس کا اصلی موطن آخرت ہے پس جب سعی کی جاوے گی وہ اس قاعدہ عقلیہ کے موافق اس خیال کو مستلزم ہوگی اس لئے اس عنوان سے تعبیر کیا گیا غرض جس کا ایسا خیال ہو) تو اس کو چاہئے کہ ایک رسی آسمان تک تان لے (اور آسمان سے باندھ لے) پھر (اس کے ذریعہ سے آسمان پر پہنچ کر اگر ہو سکے) اس وحی کو موقوف کرا دے (اور ظاہر ہے کہ ایسا کوئی نہیں کر سکتا) تو پھر (اب) غور کرنا چاہئے آیا

www.besturdubooks.net

اس کی (یہ) تدبیر (جس سے بالکل عاجز ہے) اس کی ناگواری کی چیز کو (یعنی وحی کو) موقوف کرسکتی ہے (یعنی ہرگز نہیں کرسکتی)۔ **ف**: حاصل یہ ہوا کہ نصرت الٰہیہ آپ کے ساتھ بوجہ نبوت ووحی کے ہے سو آپ کی ناکامی کی سعی کرنا اس وقت مفید ہوسکتی ہے کہ اس نبوت اور وحی کے قصہ کو پاک کردیا جاوے سو یہ ہونے کا نہیں پس دین کے خلاف میں سعی کرنا موقوف ہے ظن عدم نصرت الٰہیہ للنبی پر اور اس میں کامیابی کا سامان مجتمع کرنا موقوف ہے قدرت علی قطع النبوۃ پر پس کلام میں اصل شرط اور جزا دونوں امر موقوف ہیں اور عبارت میں دونوں امر موقوف علیہ کو ان کے قائم مقام کردیا گیا **روی هذا التفسیر بعینه فی الدر عن ابن زید وهو احسن التفاسیر وابدعهما عندی وللناس فیما یعشقون مذاهب والله اعلم۔** ربط: اوپر کی آیت میں کسی کا قطع وحی پر قادر نہ ہونا مذکور تھا آگے تاکید سابق کے لئے حق تعالیٰ کا تنزیل وحی کا فاعل ہونا مذکور ہے اور اوپر ختم آیت میں امر تھا نظر اور فکر کا جس کا مقتضا یہ ہے کہ سامع کو ضرور ہدایت ہو جاتی آگے ختم آیت پر ہدایت کا مشیت الٰہی پر موقوف ہونا ارشاد فرمایا گیا۔

فاعل بودن حق تعالیٰ مر تنزیل را و ہدایت سبیل را ☆ وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ (الی قوله تعالی) يَهْدِيْ مَنْ يُّرِيْدُ ۝ اور ہم نے اس (قرآن) کو اسی طرح اتارا ہے (کہ اس میں صرف ہمارے ہی ارادہ اور قدرت کا دخل ہے) جس میں کھلی کھلی دلیلیں (تعیین حق کی) ہیں اور (جن میں ہم نظر اور فکر کا بھی حکم کرتے رہتے ہیں مگر باوجود اس کے) بات یہ (ہی) ہے کہ اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے (حق کی) ہدایت کرتا ہے (البتہ انسان کی سعی اور طلب کے بعد اللہ تعالیٰ ارادہ کر ہی لیتا ہے)۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: مَنْ كَانَ يَظُنُّ الخ مجاہد کا قول یہ ہے کہ يَّنْصُرَهُ میں ضمیر مفعول کی مَنْ کی طرف راجع ہے اور معنی یہ ہیں کہ جو شخص یہ گمان کرکے کہ حق تعالیٰ اس کی نصرت نہ کرے گا ناخوش ہو تو تدبیر میں جان کھپا کر دیکھ لے کہ کیا اس سے اس کی ناگوار چیز باقی رہے گی سو اس میں رضا کی ترغیب (اور کراہۃ قضا کی مذمت) ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قوله فِيْ يَفْعَل** کر چکا اشارة الی ان التذئیل قصد به التعلیل وتحقیق ما قبله ۱۲۔ ۲ **قوله** جس کا موطن اصلی الخ اشار الی توجیه زیادة قوله تعالیٰ والآخرة ۱۲۔ ۳ **قوله فی لیقطع** وی اشارة الی تقدیره وکون المقدر کالملفوظ وروی هذا التقدیر عن ابن زید کما فی الروح ایضا اخرجه ابن ابی حاتم عنه کما فی الدر المنثور ۱۲۔ ۴ **قوله فی فلینظر** اب الی اشارة الی عدم ترتبه علی المدو القطع ۱۲۔

النحو: لن ینصره راجع الی محمد صلی الله علیه وسلم لکونه معلومًا معهودًا من الکلام والمقام کذا فی الدر عن ابن عباس وابن زید وغیرهما ۱۲ قوله وان الله خبر لمبتدأ ای والامر ان الله کذا فی الروح۔

البلاغة: فلیمدد الامر للتعجیز ۱۲۔

إِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالصّٰبِـُٔوْنَ وَالنَّصٰرٰى وَالْمَجُوْسَ وَالَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا ۚ إِنَّ اللّٰهَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ إِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ۝ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَسْجُدُ لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ وَالنُّجُوْمُ وَالْجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَاۗبُّ وَكَثِيْرٌ مِّنَ النَّاسِ ۭ وَكَثِيْرٌ حَقَّ عَلَيْهِ الْعَذَابُ ۭ وَمَنْ يُّهِنِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّكْرِمٍ ۭ إِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يَشَاۗءُ ۝

اس میں کوئی شبہ نہیں کہ مسلمان یہود اور صابئین اور نصاریٰ اور مجوس اور مشرکین اللہ تعالیٰ ان سب کے درمیان میں قیامت کے روز (عمل) فیصلہ کردے گا (مسلمانوں کو جنت میں داخل کرے گا اور کافروں کو دوزخ میں) بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز سے واقف ہے۔ اے مخاطب کیا تجھ کو (عقل سے یا مشاہدے سے) یہ بات معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ کے سامنے (اپنی اپنی حالت کے مناسب) سب عاجزی کرتے ہیں جو کہ آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں اور سورج اور چاند اور تارے اور پہاڑ اور درخت اور چوپائے اور بہت سے (تو) آدمی بھی اور بہت سے ایسے ہیں جن پر بوجہ منقاد نہ ہونے کی عذاب ثابت ہوگیا ہے (سچ یہ ہے کہ) جس کو خدا ذلیل کرے (اور اس کو توفیق ہدایت نہ دے) اس کو کوئی عزت دینے والا نہیں اور اللہ تعالیٰ (کو اختیار ہے) جو چاہے کرے۔

تفسیر ربط: اوپر کفار کا دین حق اور اہل حق کے ساتھ خلاف اور اختلاف کرنا اور اس اختلاف کا دلائل برہانیہ سے قوی فیصلہ باوضح طرق بیان فرمایا تھا مگر چونکہ کفار مذکورین مثل مشرکین وغیر مذکورین مثل اہل کتاب میں سے جو اہل عناد ہیں اس پر اکتفا نہیں کرتے اسلئے آگے قیامت کے عملی فیصلہ کا بیان فرمایا جاتا ہے۔

www.besturdubooks.net

بیان فیصلہ محقین ومبطلین در قیامت ☆ اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ شَہِیْدٌ ۝ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ مسلمان اور یہود اور صابئین اور نصاریٰ اور مجوس اور مشرکین اللہ تعالیٰ ان سب کے درمیان میں قیامت کے روز (عملی) فیصلہ کردے گا (کہ مسلمانوں کو جنت میں داخل کردے گا اور کافروں کو دوزخ میں) بیشک خدا تعالیٰ ہر چیز سے واقف ہے (پس اس کو ہر ایک کے کفر وایمان کی بھی اطلاع ہے ہر ایک کو مناسب پاداش دے گا) **ف**: فرقۂ صابئین کے متعلق پارۂ الم کے نصف سے دو رکوع قبل آیت: اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا الخ کی تفسیر میں کچھ لکھا جا چکا ہے اور مجوس آتش پرست ہیں باقی مشہور ہیں۔ **ربط**: اوپر مؤمنین وکفار کے درمیان میں قیامت کے روز فیصلہ فرمانے کا بیان تھا چونکہ عادۃً فیصلہ کے لئے اس اختلاف کا باوقعت ہونا ضروری ہے اس لئے آگے فریقین کے محل اختلاف یعنی دین واطاعت الٰہیہ کا عظیم اور وقیع ہونا جمیع مخلوقات کے انقیاد کے ذکر سے اور ایسے ظاہر اور ثابت امر میں اختلاف بیجا کا ذمیم اور شنیع ہونا مکلفین کے انقسام کے ذکر سے بیان فرماتے ہیں اور نیز اوپر فیصلہ مطلق تھا اگلی آیت میں اس فیصلہ کے عمل ہونے کے **حق علیہ العذاب ومن یھن اللہ** الخ سے تعیین فرماتے ہیں۔

تعظیم امر انقیاد وتذمیم اختلاف عناد ☆ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰہَ یَسْجُدُ لَہٗ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّ اللّٰہَ یَفْعَلُ مَا یَشَآءُ ۝ اے مخاطب کیا تجھ کو یہ بات معلوم نہیں کہ اللہ کے سامنے (اپنی اپنی حالت کے مناسب) سب عاجزی کرتے ہیں جو کہ آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں اور سورج اور چاند اور ستارے اور پہاڑ اور درخت اور چوپائے اور (باوجود تمام مخلوقات کے منقاد ہونے کے آدمی جو خاص درجہ کی عقل رکھتا ہے ان میں سب منقاد نہیں بلکہ) بہت سے (تو) آدمی بھی (انقیاد اور عاجزی کرتے ہیں) اور بہت سے ایسے ہیں جن پر (بوجہ منقاد نہ ہونے کے) عذاب (کا استحقاق) ثابت ہو گیا ہے اور (سچ یہ ہے کہ) جس کو خدا ذلیل (وخوار) کرے (اور اس کو توفیق ہدایت نہ ہو) اس کا کوئی عزت دینے والا نہیں (اور) اللہ تعالیٰ (کو اختیار ہے اپنی حکمت سے) جو چاہے کرے (یُضِلُّ مَنْ یَّشَآءُ وَیَھْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ (فاطر: ۸) **ف**: غور سے سمجھنا چاہئے کہ اور مخلوقات مذکورہ آیت چونکہ مکلف نہیں ہیں اس لئے ان کے مناسب صرف انقیاد تکوینی وتسخیری ہے اور وہ ان سب میں متحقق ہے اور انسان مکلف ہے اس لئے اس کے مناسب علاوہ انقیاد تسخیری وتکوینی کے انقیاد تشریعی واختیاری بھی ہے پس یَسْجُدُ میں مناسب کی قید لگا دینے سے سجدہ کا تحقق دیگر مخلوقات کے لئے عام ہو گیا اور انسان کے لئے صرف بعض افراد کے اعتبار سے ہوا پس نہ یَسْجُدُ مکرر نکالنے کی ضرورت اور نہ یَسْجُدُ مذکور کے سب کی طرف منسوب ہونے میں کوئی قباحت اور نہ یہ اشکال کے وارد ہونے کی گنجائش رہی کہ یَسْجُدُ مذکور اگر انقیاد اختیاری کَثِیْرٌ مِّنَ النَّاسِ ہے تو دیگر مخلوقات کی طرف نسبت مشکل اور اگر اضطراری ہے تو کَثِیْرٌ مِّنَ النَّاسِ کی تحقیق مشکل سو بحمد اللہ تفسیر مذکور سے سب اشکال دفع ہو گیا اور کسی تکلیف کی حاجت نہ رہی اور سجدہ کے معنی مجازی انقیاد کے لے لینے سے کوئی یوں نہ سمجھے کہ آیت: وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا یُسَبِّحُ [الاسراء: ۴۴] میں بھی تسبیح مجازی حالی ہی مراد لی جاوے گی اصل یہ ہے کہ تسبیح حقیقی قالی کے لئے تو صدور الفاظ کافی ہے جو کہ وجود لسان پر موقوف نہیں چنانچہ فونوگراف میں اب مشاہدہ ہو گیا ہے اور سجدہ کے معنی حقیقی کے لئے جبہہ کا وجود ضروری ہے اور جبہہ ہر مخلوق میں نہیں ہے خوب سمجھ لیا جاوے اور ہر چند کہ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِی الْاَرْضِ میں بوجہ اس کے کہ من بمعنی نا ہے اور تغلیباً من سے تعبیر کر دیا گیا ہے شمس وقمر وغیرہما سب داخل ہیں لیکن ان کی تشخیص میں حسب قول صاحب روح یہ نکتہ ہے کہ حمقاء نے ان چیزوں کی عبادت کی ہے اس لئے بتلا دیا کہ تمہارے معبود خود عابد ہیں چنانچہ روح میں شمس کا عابد حمیر کو اور قمر کا کنانہ کو اور دبران کا تمیم کو اور شعری کا لخم اور قریش کو اور ثریا کا طی کو اور عطارد کا اسد کو اور مرزم کا ربیعہ کو اور اصنام واحجار کا اکثر عرب کو اور عزی کا جو کہ ایک ببول کا درخت تھا غطفان کو اور بقرہ کا بعض مشرکین کو نقل کیا ہے اور آیت میں جن کا ذکر نہ ہونا دلیل اس کی نفی کی نہیں اور دلائل سے ثابت ہے کہ وہ بھی انسان کی طرح دو قسم ہیں واللہ اعلم۔

ترجمۂ مسائل السلوک: اس آیت میں کَثِیْرٌ مِّنَ النَّاسِ فرمانا دلیل اس پر ہے کہ یہ سجدہ وانقیاد غیر عقلاء کا بھی اختیاری ہے کیونکہ اگر سجدہ تسخیر یہ مراد ہوتا تو وہ عام ہے کثیر کی کیا تخصیص تھی ۱۲۔

النحو: قولہ وکثیر حق فی الروح کثیر مبتدأ وما بعدہ خبرہ ۱۲ قولہ ان اللہ یفصل فی الروح انہ فی حیز الرفع علی انہ خبر لان السابقۃ ادخلت علی جزئی الجملۃ للتاکید آہ۔

هٰذٰنِ خَصْمٰنِ اخْتَصَمُوْا فِیْ رَبِّهِمْ ۚ فَالَّذِیْنَ كَفَرُوْا قُطِّعَتْ لَهُمْ ثِیَابٌ مِّنْ نَّارٍ ؕ یُصَبُّ مِنْ فَوْقِ رُءُوْسِهِمُ

الْحَمِیْمُ ۝ یُصْهَرُ بِهٖ مَا فِیْ بُطُوْنِهِمْ وَالْجُلُوْدُ ۝ وَلَهُمْ مَّقَامِعُ مِنْ حَدِیْدٍ ۝ كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ یَّخْرُجُوْا

---

www.besturdubooks.net

ع ۱۲ ۹ مِنْهَا مِنْ غَمٍّ اُعِيْدُوْا فِيْهَا وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿۲۲﴾ اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا ۭ وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا حَرِيْرٌ ﴿۲۳﴾ وَهُدُوْٓا اِلَى الطَّيِّبِ مِنَ الْقَوْلِ ۚ وَهُدُوْٓا اِلٰى صِرَاطِ الْحَمِيْدِ ﴿۲۴﴾

یہ (جن کا اوپر ذکر ہوا) دو فریق ہیں جنہوں نے دربارے اپنے رب کے (دین میں) باہم اختلاف کیا سو جو لوگ کافر تھے ان کے (پہننے کے) لئے (قیامت میں) آگ کے کپڑے قطع کئے جاویں گے اور انکے سر کے اوپر تیز گرم پانی چھوڑا جائے گا (اور) اس سے ان کے پیٹ میں کی چیزیں (یعنی انتڑیاں) اور ان کی کھالیں سب گل جاویں گی اور انکے (مارنے کے) لئے لوہے کے گرز ہوں گے وہ لوگ جب (دوزخ میں) گھٹے گھٹے (گھبرا جائیں گے اور) اس سے باہر نکلنا چاہیں گے تو پھر اسی میں دھکیل دیئے جاویں گے اور (ان کو) کہا جاوے گا کہ جلنے کا عذاب ہمیشہ کے لئے چکھتے رہو (اور) اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو کہ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے (بہشت کے) ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے سے نہریں جاری ہوں گی اور انکو وہاں سونے کے کنگن اور موتی پہنائے جائینگے اور پوشاک انکی وہاں ریشم کی ہوگی اور سب انعام ان کیلئے اس لئے ہے کہ دنیا میں ان کو کلمہ طیبہ (کے اعتقاد) کی ہدایت ہوگئی تھی اور انکو اس (خدا) کے رستہ کی ہدایت کی گئی جو لائق حمد ہے (وہ راستہ اسلام ہے)۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر مؤمنین و کفار کے اقسام تفصیلاً اور ان کا عملی فیصلہ اجمالاً مذکور تھا آگے اُن اقسام بطور میزان الکل کے جملہ هٰذٰنِ خَصْمٰنِ میں اجمالاً اور اُن کا فیصلہ توضیح کے لئے تفصیلاً مذکور ہوتا ہے پس ان آیات میں اس بناء پر منجملہ بدائع کی صنعت تقسیم اور جمع اور تفریق کی ہوئی پس اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا سے اَشْرَكُوْٓا ۚ تک ایک تقسیم ہے اور اِنَّ اللّٰهَ يَفْصِلُ سے اخْتَصَمُوْا تک جمع ہے اور فَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا سے آخر تک تفریق ہے۔

تفصیل فیصلہ فرق مذکورہ ☆ هٰذٰنِ خَصْمٰنِ اخْتَصَمُوْا فِيْ رَبِّهِمْ (الی قولہ تعالیٰ) وَهُدُوْٓا اِلٰى صِرَاطِ الْحَمِيْدِ ﴿۲۴﴾ یہ (جن کا اوپر آیت اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا الخ میں ذکر ہوا) دو فریق ہیں (ایک مؤمن دوسرا کافر پھر اس دوسرے فریق کی کئی قسمیں ہیں۔ یہود اور نصاریٰ اور صابئین اور مجوس اور بت پرست) جنہوں نے دربارہ اپنے رب کے (دین کے) باہم (اعتقاداً اور گاہے مباحثۃً بھی) اختلاف کیا سو (اس اختلاف کا عملی فیصلہ قیامت میں اس طرح ہوگا کہ) جو لوگ کافر تھے ان کے (پہننے کے) لئے آگ کے کپڑے قطع کئے جاویں گے (یعنی آگ چاروں طرف سے پاؤں تک کپڑوں کی طرف محیط ہوگی اور) ان کے سر کے اوپر سے تیز (کھولتا ہوا) گرم پانی چھوڑا جاوے گا (اور) اس سے ان کے پیٹ میں کی چیزیں (یعنی انتڑیاں) اور (ان کی) کھالیں سب گل جاویں گی (اس طرح سے کہ کچھ حصہ اس پانی کے کھال کو توڑ کر اندر گھس جاوے گا اس سے انتڑیاں گل جاویں گی اور کچھ حصہ کھال کے اوپر آ رہے گا اس سے کھال گل جاوے گی) اور ان کے (مارنے کیلئے) لوہے کے گرز ہوں گے (اور اس مصیبت سے کبھی نجات نہ ہوگی چنانچہ) وہ لوگ جب (دوزخ میں) گھٹے گھٹے (گھبرا جائیں گے اور) اس سے باہر نکلنا چاہیں گے (اور کنارہ کی طرف کو بڑھیں گے گو بوجہ قعر اور دروازوں کے بند ہونے کے نکل نہ سکیں گے مگر ایسے وقت میں یہ حرکت طبعی ہوتی ہے) تو پھر اسی میں دھکیل دیئے جاویں گے اور (ان کو) کہا جاوے گا کہ جلنے کا عذاب (ہمیشہ کے لئے) چکھتے رہو (کبھی نکلنا نصیب نہ ہوگا) اور اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو کہ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے (بہشت کے) ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے سے نہریں جاری ہوں گی (اور ان کو وہاں سونے کے کنگن اور موتی پہنائے جاویں گے اور پوشاک ان کی وہاں ریشم ہوگی اور (یہ سب انعام واکرام ان کے لئے اس سبب سے ہے کہ دنیا میں) ان کو کلمہ طیب (کے اعتقاد) کی ہدایت ہوگئی تھی اور ان کو اس (خدا) کے راستہ کی ہدایت ہوگئی تھی جو لائق حمد (وستائش) ہے (وہ رستہ اسلام ہے)۔ ف: اگر کسی کو شبہ ہو کہ جب ما في البطون اور جلود گل گئے تو محل عذاب نہ رہا پھر عذاب کیسے ہوگا جواب یہ ہے کہ حدیث میں ہے کہ پھر وہ اپنی حالت پر ہو جاوے گا رواہ الترمذی اور دوسری آیت میں ہے: كُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُوْدُهُمْ بَدَّلْنٰهُمْ جُلُوْدًا غَيْرَهَا لِيَذُوْقُوا الْعَذَابَ (النساء: ۵۶) اور اگر کسی کو شبہ ہو کہ اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ سب اہل جنت کا لباس حریر ہوگا اور حدیث میں آیا ہے کہ جو مرد دنیا میں حریر پہنے گا اس کو جنت میں نہ ملے گا گو وہ جنت میں بھی چلا جاوے اور رده في الروح بتخريج النسائي وابن حبان وغيرهما جواب یہ ہے کہ ممکن ہے کہ اول داخل ہوتے ہی نہ ملے پھر مل جاوے اور اگر یہ شبہ ہو کہ اس کے نہ ملنے سے اگر حسرت نہ ہوگی تو وعید ہی کیا ہوئی اور اگر حسرت ہوگی تو جنت میں حسرت ہونا لازم آتا ہے جواب یہ ہے کہ تھوڑی دیر کے لئے حسرت ہونے میں وعید بھی ہوگئی اور اشکال بھی نہیں ہے کیونکہ اس کے بعد جو راحت دائمی ہوگی اس کے سامنے وہ کالعدم ہے پس ایسی حسرت ساعت قلیلہ کے لئے جنت میں کسی وجہ سے منافی نہیں ہے۔

الروایات: في الترمذي في قوله يصهر مرفوعاً ان الحميم ليصب على رؤسهم فينفذ الا لجمجمة حتى يخلص الى جوفه فيسلت ما

www.besturdubooks.net

فی جوفه حتی یمرق الی قدمیه وهو الصهر ثم یعاد کما کان آه وفی البخاری فی نزول آیة هذان خصمان نزلت فی الذین بار زوا یوم بدر آه قلت وکان اختصامهم هذا ناشئا من اختصامهم فی ربهم ای الدین لا عین الاختصام فی الله تعالٰی فسمی به مجازا۱۲۔

اَلنَّحْوُ : من غم متعلق بیخرجوا من اجلیة قوله وذوقوا بتقدیر القول قوله ولؤلؤ معطوف علی محل اساور۱۲۔

اَلْبَلَاغَةُ : قوله هذان لما کان کل خصم فریقا یجمع طائفة جاء المبتدأ بصیغة التثنیة بجعلهم فریقین والخبر بصیغة الجمع لاشتمال الفریق طوائف قوله قطعت فی الکلام استعارة تمثیلیة وکان جمع الثیاب للایذان تبراکم النار کذا قیل واقول ان العادة ان الاحاطة انما تحصل بثیاب متعددة لا بثوب واحد فلذا جمع قوله اعیدوا فیها لم یقل الیها لانهم لم یخرجوا لیکون العود عودًا الیها۱۲ قوله وهدوا هذه الزیادة کقوله تعالٰی فی اهل النار ذلك بما قدمت یداك۱۲۔

اِنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَیَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ الَّذِیْ جَعَلْنٰهُ لِلنَّاسِ سَوَآءَ ِۨ الْعَاكِفُ
فِیْهِ وَالْبَادِ ؕ وَمَنْ یُّرِدْ فِیْهِ بِاِلْحَادٍ بِظُلْمٍ نُّذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ اَلِیْمٍ ﴿۲۵﴾ وَاِذْ بَوَّاْنَا لِاِبْرٰهِیْمَ مَكَانَ الْبَیْتِ اَنْ ع ۱۰
لَّا تُشْرِكْ بِیْ شَیْـًٔا وَّطَهِّرْ بَیْتِیَ لِلطَّآىِٕفِیْنَ وَالْقَآىِٕمِیْنَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ ﴿۲۶﴾ وَاَذِّنْ فِی النَّاسِ بِالْحَجِّ
یَاْتُوْكَ رِجَالًا وَّعَلٰی كُلِّ ضَامِرٍ یَّاْتِیْنَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِیْقٍ ﴿۲۷﴾ لِّیَشْهَدُوْا مَنَافِعَ لَهُمْ وَیَذْكُرُوا اسْمَ
اللّٰهِ فِیْۤ اَیَّامٍ مَّعْلُوْمٰتٍ عَلٰی مَا رَزَقَهُمْ مِّنْۢ بَهِیْمَةِ الْاَنْعَامِ ۚ فَكُلُوْا مِنْهَا وَاَطْعِمُوا الْبَآىِٕسَ الْفَقِیْرَ ﴿۲۸﴾
ثُمَّ لْیَقْضُوْا تَفَثَهُمْ وَلْیُوْفُوْا نُذُوْرَهُمْ وَلْیَطَّوَّفُوْا بِالْبَیْتِ الْعَتِیْقِ ﴿۲۹﴾

بے شک جولوگ کافر ہوئے اور (مسلمانوں کو) اللہ کے رستہ سے اور مسجد حرام (یعنی حرم) سے روکتے ہیں جس کو ہم نے تمام آدمیوں کے واسطے مقرر کیا ہے کہ اس میں سب برابر ہیں اس میں رہنے والا بھی اور باہر سے آنے والا بھی یہ روکنے والے معذب ہوں گے اور جو شخص اس میں (یعنی حرم میں کوئی خلاف دین کا قصد ظلم یعنی شرک وکفر کے ساتھ کرے گا تو ہم عذاب دردناک (کا مزہ) چکھائیں گے اور جبکہ ہم نے ابراہیم علیہ السلام کو خانہ کعبہ کی جگہ بتلادی (اور حکم دیا) کہ میرے ساتھ کسی چیز کو شریک مت کرنا (یہ ان کے مابعد والوں کو سناتا ہے) اور میرے اس گھر کو طواف کرنے والوں اور نماز میں قیام کرنے والوں کے واسطے پاک رکھنا اور (ابراہیم علیہ السلام سے یہ بھی کہا گیا کہ) لوگوں میں حج (کے فرض ہونے) کا اعلان کردو لوگ تمہارے پاس (حج کو) چلے آویں گے پیادہ بھی اور دبلی اونٹنیوں پر بھی جو کہ دور دراز راستوں سے پہنچی ہوں گی۔ تاکہ اپنے (دینیہ اور دنیویہ) فوائد کے لئے آموجود ہوں اور (اس لئے آویں گے) تاکہ ایام مقررہ (یعنی ایام قربانی) میں ان مخصوص چوپایوں پر (ذبح کے وقت) اللہ کا نام لیں (یعنی بسم اللہ اللہ اکبر کہیں) جو اللہ نے ان کو عطا کئے ہیں سو ان قربانی کے جانوروں میں سے تم (کو) بھی (اجازت مع الاستحباب ہے کہ) کھایا کرو اور (مستحب یہ ہے) کہ مصیبت زدہ محتاج کو کھلایا کرو پھر لوگوں کو چاہئے کہ اپنا میل کچیل دور کردیں اور اپنے واجبات کو پورا کریں اور (ان ہی ایام معلومات میں) اس مامون گھر (یعنی خانہ کعبہ) کا طواف کریں۔ ۞

تفسیر ربط : اوپر آیت میں : وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یُّجَادِلُ (الی قوله تعالٰی) لِیُضِلَّ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ۔ میں بعض کفار کا جدال اور دین سے اضلال قوی مذکور تھا اور اسی سلسلہ میں یہاں تک کلام چلا آیا تھا آگے ان کے جدال اور بعض احکام دین کے ابطال فعلی کا مع وعید کے ذکر ہے جیسا کفار قریش نے عام حدیبیہ میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ السلام اور صحابہ کو عمرہ کے لئے مکہ میں جانے سے روک لیا تھا اور اس وعید کی تاکید کے لئے اس مقدس مکان اور اس کے متعلق بعض ارکان اور ان ارکان کے ادا کے اوقات وازمان کی فضیلت اور عظمت کا مضمون ارشاد فرمایا گیا ہے اور زیادت تشدید کے لئے ایسے امکنہ وازمنہ میں شرک کرنے کی مذمت قباحت کا بیان ہوا ہے کہ جو لوگ اس مقام اور ان ایام کے مناسب عبادت کرنے آئے ان کو تو روکا اور خود ان مواقع میں ایسے افعال شرکیہ کرتے ہیں اور یہ مضمون بَشِّرِ الْمُحْسِنِیْنَ ۞ تک چلا گیا ہے۔

ذم کفار لئام برمنع اہل اسلام از مسجد حرام وبیان بعض احکام متعلقہ آں مقام وآں ایام ☆ اِنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا (الی قوله تعالٰی) نُذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ اَلِیْمٍ ۞ بیشک جولوگ کافر ہوئے اور (مسلمانوں کو) اللہ کے رستہ سے (یعنی دین کے کام سے کہ وہ عمرہ ہے) اور (چونکہ عمرہ کے ارکان حرم کے خاص حصہ میں ادا ہوتے ہیں اس لئے) مسجد حرام (یعنی حرم) سے (بھی) روکتے ہیں جس (کی کیفیت کسی کے ساتھ خصوصیت نہ ہونے کی یہ ہے کہ اس) کو ہم نے

یہ اس قوسین کی دوسری قوس کہاں ہے۔ اتنی اعلی کتب کی اتنی غیر ذمہ دارانہ اشاعت کرتے ہیں۔

مولانا نے الحاد کا ترجمہ خلاف دین کیا ہے۔ جس کا معروف ترجمہ ہے۔ کفر atheism infidelity unbelief apostacy godlessness disbelief

الرکع السجود کا ترجمہ مولانا نے کیا کیا ہے۔ اس کے لئے تفسیر ماجدی دیکھنا ہے۔ تفسیر میں دیکھنا ہے۔

www.besturdubooks.net

تمام آدمیوں کے واسطے مقرر کیا ہے کہ اس میں (یعنی تمام حرم میں باستثناء ان حصص کے جو کسی استحقاق صحیح و ثابت بالدلیل سے بشرط وجود ایسی دلیل کے کسی خاص شخص کے مملوک ہیں باقی اجزائے حرم میں) سب برابر ہیں اس (حرم کے داخل حدود) میں رہنے والا بھی (یعنی جو لوگ وہاں مقیم ہیں) اور باہر سے آنے والا (مسافر) بھی (اور جن مواقع سے کفار نے روکا ہے یعنی مسجد و حوالی مسجد جو مقامات ہیں طواف اور سعی کے (اور جن سڑکوں سے وہاں تک پہنچتے ہیں یہ سب مواقع کفار کے مملوک نہیں تھے) یہ (روکنے والے) لوگ (اس روکنے کی وجہ سے) معذب ہوں گے اور (یہ روکنا تو متضمن بہت سے معاصی کو پھر مقرون کفر کے ساتھ بھی ہے اس پر تو عذاب کیسے نہ ہوتا یہ مقام حرم تو ایسا معظم و محترم ہے کہ) جو شخص اس میں (یعنی حرم میں خواہ وہ جز مملوک ہو یا غیر مملوک کیونکہ روکنے کی حرمت میں تو اس عموم سے بدلیل تخصیص کر لی گئی اور یہاں کوئی دلیل تخصیص کی نہیں ہے اور مرجع دونوں جگہ عام ہی ہے غرض جو شخص حرم کے کسی حصہ میں بھی) کوئی خلاف دین کام (خواہ وہ اس صد مذکور سے کم ہی ہو) قصداً (وارادۃً خصوص جب کہ وہ) ظلم (یعنی شرک و کفر) کے ساتھ (بھی مقرون ہو) کرے گا (جیسا یہ لوگ یصدون کے ساتھ کفروا کے ساتھ بھی متصف ہیں) تو ہم اس (شخص) کو عذاب دردناک (کا مزہ) چکھا دیں گے (تو ان کی تو معصیت بھی اشد تھی ضرور ہی مستحق عذاب الیم ہیں)۔ ف: ہر چند کہ دین کے خلاف کام کرنا ہر جگہ موجب عذاب ہے لیکن حرم کے اندر اور زیادہ موجب عذاب ہے پس یہ تخصیص شدت عقوبت کے سبب سے ہے اور باقی آیت یا اور کوئی معتد بہ دلیل اس پر دال نہیں کہ وہاں صغائر حکم کبائر میں ہیں یا ایک سیئہ سے سیئات متعددہ لکھے جاتے ہیں البتہ اور جگہ صغائر و کبائر کا جو اثر ہے حرم میں دونوں کا اثر کیفاً و شدۃً زیادہ ہے لیکن صغیرہ کا اثر حد کبیرہ تک یا واحد سے تجاوز کر کے متعدد پہنچنا ثابت نہیں اور یرد سے یہ نہ سمجھا جاوے کہ ارادہ کا جو مرتبہ دوسری جگہ موجب تعذیب نہ ہو وہاں موجب تعذیب ہو جاتا ہے بلکہ یرد بمعنی یتعمد کی قید اس لئے نہیں کہ بدون شرک کے دوسری معصیت موجب عذاب نہ ہوگی بلکہ اول تو ان مانعین کا یہ فعل واقع میں مقرون بالشرک تھا دوسرے اس کا فائدہ یہ ہے کہ جو شخص ظلم کے ساتھ موصوف ہوگا وہ تو یقیناً معذب ہوگا اور یہ تعذیب کافر کے مکلف بالفروع نہ ہونے کے مسئلہ سے منافی نہیں کیونکہ نفی تکلیف احکام دنیویہ کے اعتبار سے ہے اور احکام اخرویہ کے اعتبار سے مسئلہ مسکوت عنہ ہے اور جو شخص[1] موصوف بالا ایمان ہو ممکن ہے کہ ایمان کی برکت سے بلا تعذیب ہی عفو کر دیا جاوے۔ ف: مسجد حرام کی تفسیر جمیع حرم کے ساتھ در منثور میں حضرت ابن عباسؓ سے مروی ہے اور یہ اطلاق مجازی ہے تسمیۃ للشئ بجزئہ العظم الاھم اور آیت میں بھی اس کے قرائن موجود ہیں مثلاً: اَلْعَاكِفُ فِيْهِ وَ الْبَادِ کیونکہ عاکف بقرینہ مقابلہ بادی کے بمعنی مقیم للسکنے کے ہے اور ظاہر ہے کہ اس طرح کی اقامت مَنْ يُّرِدْ فِيْهِ مسجد میں مشروع نہیں اور مثلاً مَنْ يُّرِدْ فِيْهِ میں ضمیر مجرور یقیناً مسجد حرام کی طرف ہے اور ظاہر ہے کہ حکم نُذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۲۵﴾ بالاجماع عام ہے تمام حرم کے لئے اور نیز ان کفار کو یہ فعل حرم میں اور حرم کے متعلق بلا تخصیص مسجد بالمعنی الحقیقی کے واقع ہوا تھا اور علمائے حنفیہ نے اسی تفسیر کو اختیار کر کے اس آیت سے استدلال کیا ہے کہ تمام حرم کی زمین مثل وقف کے ہے کسی کو اس میں ملک کا دعویٰ یا کسی کو انتفاع سے منع کرنا جائز نہیں ان اراضی کا کرایہ لینا جائز ہے اور کچھ احادیث بھی اس بارہ میں آئی ہیں ہدایہ و در منثور میں وہ حدیثیں نقل کی ہیں لیکن خود امام صاحب سے بھی جواز کا ایک قول منقول ہے اور اسی پر فتویٰ ہے ہکذا فی الروح اس لئے احقر نے جو تفسیر کی ہے منقول ہے کسی مذہب کو مضر نہیں چنانچہ اس قید سے کہ بشرط وجود ایسی دلیل کے یہ امر ظاہر ہے اور آیت میں جو آیا ہے یرد فیہ اس ارادہ کے ایسے معنی ہیں جیسا ان آیات میں قولہ تعالیٰ: اَرَادَ اَنْ يَّذَّكَّرَ اَوْ اَرَادَ شُكُوْرًا [الفرقان: ۶۲] ای طلب وسعی وجدو قصد اور ظلم کی تفسیر شرک کے ساتھ نیز در منثور میں ابن عباسؓ سے مروی ہے۔

تتمہ سابق ☆ وَ اِذْ بَوَّاْنَا لِاِبْرٰهِيْمَ مَكَانَ الْبَيْتِ اَنْ لَّا تُشْرِكْ بِيْ شَيْئًا (الی قولہ تعالیٰ) وَ لْيَطَّوَّفُوْا بِالْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ﴿۲۹﴾ اور (اس مقام محترم کی جو کہ بیت اللہ کو مشتمل ہے عظمت ظاہر کرنے کے لئے تاکہ بے حرمتی کرنے والوں کی زیادہ خرابی ظاہر ہو ان لوگوں کے سامنے اس کا قصہ تذکرہ کیجئے) جب کہ ہم نے ابراہیم (علیہ السلام) کو خانہ کعبہ کی جگہ بتلا دی (کیونکہ اس وقت خانہ کعبہ بنا ہوا نہ تھا اور حکم دیا) کہ (اس مکان کو عبادت کے لئے تیار کرو اور اس عبادت میں) میرے ساتھ کسی چیز کو شریک مت کرنا (یہ ان کے مابعد والوں کو سنانا ہے اور ذکر بیت کے ساتھ اس کا ذکر اس لئے نہایت ہی مناسب ہوا کہ کسی حقیقت ناشناس کو تعظیم بیت سے اور اس کے معبد ہونے سے اس کے معبود ہونے کا ایہام نہ ہو جاوے) اور میرے (اس) گھر طواف کرنے والوں کے اور (نماز میں) قیام و رکوع و سجود کرنے والوں کے واسطے (حسی اور معنوی نجاسات سے جیسے اقذار و اصنام) پاک رکھنا (جیسا اب تک تم نے پاک رکھا ہے یہ بھی مابعد والوں کو سنانا ہے کہ جن مقدس بزرگ میں عدم تطہیر کا احتمال بھی نہیں تھا جب اہتمام تطہیر کے لئے ان کو یہ امر کیا گیا تو دوسروں کو جو حقیقۃً اس میں اصنام رکھے ہوئے ہیں کیونکہ معاف کر دیا جاوے گا) اور (ابراہیم علیہ السلام سے یہ بھی کہا گیا کہ) لوگوں میں حج (کے فرض ہونے) کا اعلان کر دو (اس اعلان سے) لوگ تمہارے پاس (یعنی تمہاری اس عمارت مقدسہ کے پاس حج کو) چلے آئیں گے پیادہ بھی اور (جو اونٹنیاں سفر کے مارے) دبلی (ہو گئی ہوں گی اُن) اونٹنیوں پر (سوار ہو کر) بھی جو کہ دور دراز رستوں سے پہنچی ہوں گی (یا جو سواری کسی کو میسر ہو تخصیص ضامر کی تمثیلاً و بناءً علی الغالب ہے اور وہ لوگ اس لئے آویں گے) تاکہ اپنے

www.besturdubooks.net

(دینیہ مقصودہ اور دنیویہ تابعہ) فوائد کے لئے آ موجود ہوں (مثلاً آخرت کے منافع یہ ہیں حج وثواب ورضائے حق اور دنیوی فوائد یہ ہیں قربانی کا گوشت کھانا اور تجارت ومثل ذلك رواه ابن ابی حاتم عن ابن عباس كذا فی الروح البتہ دنیوی فوائد کا مقصود اصلی ہونا مذموم ہے) اور (اس لئے آویں گے) تا کہ ایام مقررہ (یعنی ایام قربانی) میں (کہ دسویں گیارہویں بارہویں ذی الحجہ کی ہے) ان مخصوص چوپاؤں پر (یعنی گائے اونٹ بکری بھیڑ پر ذبح کے وقت) اللہ کا نام لیں جو خدا تعالیٰ نے ان کو عطا کئے ہیں (یعنی بسم الله الله اكبر کہیں اور یہ منفعت ذو وجہین ہے من وجہ دنیوی اور من وجہ اخروی۔ یہ ابراہیم علیہ السلام کے خطاب کا مضمون ہو چکا جس سے حج اور قربانی کا یقیناً اس وقت بھی مشروع ہونا معلوم ہوا) سو (اے امت محمد یہ تمہارے لئے بھی یہ حکم حج اور قربانی کا مع متممات آئندہ کے جو كلوا منها الخ میں مذکور ہیں مشروع ہے سو تم بھی قربانی پر بسم اللہ کیا کرو اور) ان (قربانی کے) جانوروں میں سے تم (کو) بھی (اجازت مع استحباب ہے کہ) کھایا کرو اور (مستحب یہ ہے کہ) مصیبت زدہ محتاج کو بھی کھلایا کرو (بلکہ غنی کو بھی کھلاؤ تو کچھ مضائقہ نہیں) پھر (قربانی کے بعد) لوگوں کو چاہئے کہ اپنا میل کچیل دور کر دیں (یعنی احرام کھول ڈالیں اور سر منڈا ڈالیں یا بال کٹا دیں اور ناخن اور لب بنوالیں) اور اپنے واجبات کو (خواہ نذر سے قربانی وغیرہ واجب کر لی ہو یا بلا نذر ابتداء جو افعال حج کے واجب ہیں جیسے رمی جمار کہ ایام منیٰ میں ہوتی ہے ان سب کو) پورا کریں اور (ان ہی ایام معلومات میں) اس مامون گھر (یعنی خانہ کعبہ) کا طواف کریں (یہ طواف زیارت کہلاتا ہے جو کہ فرض ہے)۔ ف: حاکم وبیہقی وغیرہما نے ابن عباسؓ سے اعلان ابراہیمی کا قصہ نقل کیا ہے کہ جب وہ بعد فراغ تعمیر بیت اللہ اس کے مامور ہوئے تو عرض کیا کہ میری آواز کہاں تک پہنچے گی حق تعالیٰ نے پہنچانے کا وعدہ فرمایا تو اس پکارنے کو سب نے سنا هكذا فی الروح اور كلوا سے ليطوفوا تک جتنے مسائل ترجمہ میں مذکور ہیں سب ہدایہ میں ہیں۔ اور بروئے حدیث ترمذی وغیرہ بیت اللہ کا مامون ہونا یہ معنی کہ جبابرہ میں سے جس نے اس کی بے ادبی کا ارادہ کیا وہ غارت ہوا اور اکثروں کا تو حوصلہ ہی نہیں ہوا۔ اور حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سے جو حجاج بن یوسف لڑا اہانت بیت اس کے مقصود نہ تھا۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَطَهِّرْ بَيْتِيَ اس سے معلوم ہوا کہ طالب کی بعض ایسی خدمتیں جو تربیت کے مناسب ہوں شیخ کے ذمہ بھی ہوتی ہیں۔

الحواشی: (۱) قولہ اور جو شخص الخ یہ جملہ متصل ہے جملہ سابقہ جو شخص ظلم کے ساتھ موصوف ہوگا الخ کے ساتھ اور جزو ہے بیان فائدہ بظلم کا یعنی بظلم کی قید کا فائدہ اس امر کا بتلانا ہے کہ جو شخص ظلم کے ساتھ موصوف ہوگا وہ تو یقیناً معذب ہوگا اور جو شخص موصوف بالایمان ہو ظلم سے بری ہو اس کے لئے وعید یقینی نہیں محتمل ہے ۱۲ منہ۔ (۲) معناه ان المعطوف عليه كما قيد بوقت فكذلك المعطوف يكون مقيدا به باعتبار الاصل ۱۲ منه۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله قبل ان لا تشرك حكم دیا اشارة الى كونه معمولا لقلنا المقدر ۱۲۔ ۲ قوله فی بهيمة الانعام مخصوص لان البهيمة عام والانعام مخصوصة بالاصناف ۱۲۔

الفقه: فی الهداية وحواشية ثم يذبح ثم يحلق ثم ياتی من يومه ذلك مكة او من الغداو من بعد الغد فيطوف بالبيت طواف الزيارة ووقته ايام النحر وهی ثلثة العاشر وا لحادی عشر والثانی عشر لان الله تعالٰی عطف الطواف على الذبح قال فكلوا منها ثم قال وليطوفوا فكان وقتهما واحدا لان المعطوف فی حكم المعطوف عليه ولا يجوز تقديم الطواف على ايام النحر بالاجماع ويجوز الاكل من هدى التطوع والمتعة والقران بمنزلة الاضحية ويستحب له ان ياكل منها لما قد صح ان النبی صلى الله عليه وسلم اكل من لحم هديه وحسا من المرقة ولا يجوز الاكل من بقية الهدايا وهی دم النذر والكفارات والاحصار آه والوجه العقلی فی استحباب الاكل من الضحايا زائدا على ما مر من الدليل النقلی على ما فی الروح هو الندب على مواساة الفقراء مساواتهم فی الاكل منها وفی الروح تخصيص البائس الفقير بالاطعام لا ينفی جواز اطعام الغنی وقد يستدل على الجواز بالامر الاول لافادته جواز اكل الذابح ومتى جاز اكله وهو غنی (عسی) جاز ان يوكله غنيا ۱۲۔

اللغات: قوله بوانا اصله جعلناه مباءة له ای مرجعا والحاصل كما قال الزجاج بينا له مكان البيت ليبينه ويكون مبانة له ولعقبه يرجعون اليه ويحجونه ۱۲ قوله فج عميق اصل الفج الطريق بين الجبلين واصل العميق العبيد فی القعر ثم استعملا فی المطلق بدون القيدين قوله البائس من اصابه البوس ای الشدة ۱۲ قوله ليقضوا تفثهم التفث الشعث كما فی القاموس والقضاء فی الاصل القطع والفصل كما فی الروح واريد به الازالة مجازا قله ليوفوا نذورهم فی المدارك نذورهم مواجب حجهم والعرب تقول لكل من خرج عما وجب عليه وفی بنذره وان لم ينذروا ما ينذرونه من اعمال البر فی حجهم قلت ولعل النكتة فی تخلله بين القضاء والطواف عدم كونه مرتبا بالنسبة الى كل واحد منهما تقديما او تاخيرًا ككون الوفاء بالنذر عبادة مستقلة لايترتب عليه شئ ولو لم يتخلل بل قدم او

مسکن dwelling abode home house habitation

www.besturdubooks.net

اخر لاوهم ترتبه على شئ او ترتب شئ عليه كالطواف يتاخر عن قضاء التفث ۱۲۔ قوله العتيق سمى به لانه تعالٰى اعتقه من الجبابرة ۱۲۔
النحو: قوله ان الذين كفروا خبره مقدر اى يعذبون دل عليه جواب من اى نذقه الخ قوله سواء حال من المفعول والعاكف مرفوع بالسواء قوله بالحاد بالباء كما فى الروح زائدة اى يرد الالحاد بظلم ۱۲۔
البلاغة: قوله والركع السجود ولم يعطف السجود لانه من جنس الركوع فى الخضوع بخلاف القيام قوله ياتوك اى ياتوا بيتك فلا اشكال فى من بعده عليه السلام وايقاع الاتيان على ضميره عليه السلام لكون ذلك بنداء ۱۲ قوله ياتين والجمع باعتبار المعنى قوله كل فى موضعين للتكثير لا للاحاطة۔ قوله فكلوا او قوله ليقضوا فيهما التفات ۱۲۔

ذٰلِكَ ۚ وَمَنْ يُّعَظِّمْ حُرُمٰتِ اللّٰهِ فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۗ وَاُحِلَّتْ لَكُمُ الْاَنْعَامُ اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَاجْتَنِبُوا
الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ ۙ﴿۳۰﴾ حُنَفَآءَ لِلّٰهِ غَيْرَ مُشْرِكِيْنَ بِهٖ ۗ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَكَاَنَّمَا
خَرَّ مِنَ السَّمَآءِ فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ اَوْ تَهْوِيْ بِهِ الرِّيْحُ فِيْ مَكَانٍ سَحِيْقٍ ﴿۳۱﴾ ذٰلِكَ ۚ وَمَنْ يُّعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰهِ
ع ۱۱ فَاِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوْبِ ﴿۳۲﴾ لَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ مَحِلُّهَآ اِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ﴿۳۳﴾

یہ بات تو ہو چکی اور جو شخص اللہ تعالیٰ کے محترم احکام کی وقعت کرے گا سو یہ (وقعت کرنا) اس کے حق میں اس کے رب کے نزدیک بہتر ہے اور ان مخصوص چوپایوں کو باستثنا ان (بعض کے بعض) جو تم کو پڑھ کر سنا دیئے گئے ہیں تمہارے لئے حلال کر دیا گیا ہے تو تم لوگ گندگی سے یعنی بتوں سے (بالکل) کنارہ کش رہو اور جھوٹی بات سے کنارہ کش رہو اس طور سے کہ اللہ ہی کی طرف جھکے رہو (اور) اس کے ساتھ شریک مت ٹھہراؤ اور جو شخص اللہ کے ساتھ شریک کرتا ہے تو وہ گویا آسمان سے گر پڑا پھر پرندوں نے اس کی بوٹیاں نوچ لیں یا اس کو ہوا نے دور دراز جگہ میں لے جا پٹکا۔ یہ بات بھی ہو چکی اور قربانی کے جانور کے متعلق اور سن لو کہ جو شخص دین خداوندی کے ان (مذکورہ) یادگاروں کا پورا لحاظ رکھے گا تو ان کا یہ لحاظ رکھنا خدا تعالیٰ سے دل کے ساتھ ڈرنے سے ہوتا ہے تم کو ان سے ایک معین وقت تک جو ائد حاصل کرنا جائز ہے پھر یعنی بعد بدی بننے کے اس کے ذبح حلال ہونے کا موقع بیت عتیق کے قریب ہے۔ ۞

تفسیر: ایضا تتمہ سابق ☆ ذٰلِكَ ۚ وَمَنْ يُّعَظِّمْ حُرُمٰتِ اللّٰهِ (الی قولہ تعالیٰ) اِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ﴿۳۳﴾ یہ بات تو (جو کہ احکام مخصوصہ مذکورہ کے متعلق تھی) ہو چکی اور (اب کل احکام کے متعلق دوسری بات سن لو کہ) جو شخص اللہ تعالیٰ کے محترم احکام کی (عام اس سے کہ حج کے احکام مذکورہ ہوں یا حج کے احکام غیر مذکورہ یا حج کے متعلق نہ ہوں سو جو شخص ان کی) وقعت کرے گا (علماء بھی کہ ان کو حاصل کرے اور عملاً بھی کہ ان کے خلاف نہ کرے) سو یہ (وقعت کرنا) اس کے حق میں اس کے رب کے نزدیک بہتر ہے (کیونکہ موجب ثواب و منجی عن العذاب ہے) اور (اوپر جو بہیمۃ الانعام کے کھانے کی اجازت ہوئی ہے اس سے استبعاد مت کرنا کہ احرام میں صید تو حرام ہو جاتا ہے یہ کیوں حلال رہا اصل یہ ہے کہ) ان مخصوص چوپاؤں کو باستثناء ان (بعض بعض) کے جو تم کو (بعض آیات قرآنیہ میں) پڑھ کر سنا دیئے گئے ہیں (وہ آیت سورۂ انعام وغیرہ کی ہے: قُلْ لَّآ اَجِدُ فِيْ مَآ اُوْحِيَ اِلَيَّ [الأنعام: ۱۴۶] الخ سو باستثناء ان بعض کے باقی بہیمۃ الانعام کو) تمہارے لئے حلال کر دیا ہے (اور حلت و حرمت کا مدار اللہ تعالیٰ کی تحلیل و تحریم پر ہے جب اللہ تعالیٰ نے ان کو حلال کر دیا حلال ہو گئے پھر استبعاد بے معنی ہے پس اس صورت میں کہ ان کی حلت کے ساتھ خدا تعالیٰ کا حکم متعلق ہو چکا ان کا حلال سمجھنا بھی تعظیم حرمات اللہ میں داخل ہے جس کی خیریات اوپر بتلا دی گئی ہے اور جب احکام خداوندی کی تعظیم ہی میں خیریت منحصر ہے) تو تم لوگ گندگی سے یعنی بتوں (کو حق تعالیٰ کے ساتھ شریک کرنے) سے (بالکل کنارہ کش رہو) کہ اس میں تو بڑا بھاری حکم یعنی توحید ضائع ہوتا ہے چنانچہ مشرکین کی عادت تھی کہ لبیک میں اتنا اور ملا دیتے الا شریکا ھو لك تملكه وما ملك) اور (علی الاطلاق) جھوٹی بات سے (خواہ عقائد کے باب میں ہو جیسا مشرکین کا قول مذکور یا غیر عقائد میں ہو جیسے شہادت زور سب سے) کنارہ کش رہو اس طور سے کہ اللہ کی طرف جھکے رہو (اور) اس کے ساتھ (کسی کو) شریک مت ٹھہراؤ اور (شرک تو ایسی بری چیز ہے کہ) جو شخص اللہ کے ساتھ شرک کرتا ہے تو (اس کی حالت مشابہ اس کے ہوتی ہے جیسے) گویا وہ آسمان سے گر پڑا پھر (راستہ میں) پرندوں نے اس کی بوٹیاں نوچ لیں یا (اگر پرندوں سے بچ بھی گیا تو) اس کو ہوا نے کسی دور دراز جگہ میں لے جا پٹکا (غرض ہر طرح ہلاک ہوا اسی طرح جو شرک کرتا ہے یا تو کسی کے ہاتھ سے مارا گیا یا کسی وقت موت طبعی سے مر گیا ہر حالت میں دار البوار میں پہنچے گا اور یوں بے ہوا کے جھونکوں کے بھی ضرور ہی گرتا لیکن اس صورت میں اور زیادہ کلفت ہوگی چنانچہ موت طبعی کے ساتھ فرشتوں کے دھکے اس کے مشابہ ہیں) یہ بات بھی (جو کہ بطور قاعدہ کلیہ کے تھی) ہو چکی اور (اب ایک خاص بات متعلق قربانی کے جانور کے جو کہ ضروری ہے اور سن

www.besturdubooks.net

لوکہ) جو شخص دین خداوندی کے ان (مذکورہ) یادگاروں (یعنی قربانی کے جانوروں کے متعلق احکام) کا پورا لحاظ رکھے گا (خواہ وہ احکام قبل الذبح ہوں جیسا عنقریب آتا ہے یا وقت ذبح ہوں جیسا اس پر اللہ کا نام لینا یا بعد الذبح ہوں جیسے اکل یا عدم اکل جو جس کے لئے شرعاً ثابت ہو) تو ان کا یہ لحاظ رکھنا (خدا تعالیٰ سے) دل کے ساتھ ڈرنے سے (حاصل) ہوتا ہے (ان احکام میں قسمیں آخرین تو اوپر بھی مذکور ہوئے ہیں اور قسم اول یہ ہے کہ) تم کو ان سے ایک معین وقت تک فوائد حاصل کرنا جائز ہے (یعنی جب تک وہ قواعد شرعیہ سے ہدی نہ بنائے جاویں پھر بعد ہدی بنا دینے کے دودھ یا رکوب یا بار برداری وغیرہ سے منتفع نہ ہونا چاہئے الا بضرورت شدیدہ) پھر (یعنی بعد ہدی بننے کے) اس کے ذبح حلال ہونے کا موقع بیت عتیق کے قریب ہے (مراد کل حرم ہے یعنی حرم سے باہر ذبح نہ کریں) **ف**: یُعَظِّمْ کے ترجمہ میں پوری کی قید جس پر مقام و مادہ تعظیم بھی دال اس لئے ظاہر کی گئی کہ کچھ ناتمام لحاظ تو بدوں خود کے بھی ہو سکتا ہے اور آیت اخیرہ کی تفسیر امام ابوحنیفہؒ کے مذہب کے موافق کی گئی ہے **کذا ذکر فی الکتب الفقهية الهداية وغيرها والله اعلم۔**

تَرْجَمَۃُ مَسَائِلِ السُّلُوْک: قولہ تعالیٰ وَمَنْ يُّعَظِّمْ الخ یہ دو امر پر دال ہے ایک یہ کہ اصل محل تقویٰ کا قلب ہے دوسرے یہ کہ معالم دین کی تعظیم (حد شرعی کے اندر) جس میں انبیاء و اولیاء کے آثار بھی داخل ہو گئے مشروع ہے ۱۲۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃ: ۱ **قوله فی خير** بہتر اشارة الی انه ليس المراد التفضيل **كذا فی الروح** ۱۲۔

اَللُّغَات: **تهوی به ای تسقط** ۱۲ **سحيق بعيد** ۱۲ **قوله شعائر فی الروح جمع شعيرة او شعارة بمعنی العلامة كالشعار واطلقت علی البدن الهدايا كما قال ابن عباس لانها من معالم الحج او الدين قوله ثم محلها الی البيت فی الجلالين ای مكان حل نهريا عنده والمراد الحرم جمعيه آه۔**

اَلنَّحْوُ: **قوله هو خير راجع الی التعظيم المفهوم من الفعل قوله فانها علی حذف المضاف ای تعظيمها قوله ذلك فی الروح ای الامر وهذا امثاله يطلق للفصل بين الكلامين او بين وجهی كلام واحد۔**

اَلْبَلَاغَۃ: **قوله يتلی فی الروح لم يرد منه الاستقبال لسبق تلاوة آية التحريم وكان التعبير بالمضارع استحضارا للصورة الماضية لمزيد الاعتناء قلت وهذا هو الغالب الظاهر ويحتمل علی بعد ان يكون علی حقيقة وتكون آية التحريم نزلت بعدها قوله واحلت فی الروح والجملة معترضة مقررة لما قبلها من الامر بالاكل والاطعام ودافعة لما عسی يتوهم ان الاحرام يحرم ذلك كما يحرم الصيد قوله واجتنبوا قول الزور فی الروح ولم يعطف قوله الزور علی الرجس بل اعاد العامل لمزيد الاعتناء قوله فتخطفه او تهوی فی ايثار المضارع مع العطف علی الماضی كما فی الروح اشعار باستحضار تلك الحالة العجيبة فی مشاهد المخاطب تعجيبا له ۱۲۔**

وَلِكُلِّ أُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا لِّيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ مِّنْ بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ ؕ فَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَلَهٗۤ اَسْلِمُوْا ؕ
وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِيْنَ ۙ﴿۳۴﴾ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ عَلٰى مَاۤ اَصَابَهُمْ وَالْمُقِيْمِی
الصَّلٰوةِ ۙ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۳۵﴾ وَالْبُدْنَ جَعَلْنٰهَا لَكُمْ مِّنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ لَكُمْ فِيْهَا خَيْرٌ ۖ فَاذْكُرُوا اسْمَ
اللّٰهِ عَلَيْهَا صَوَآفَّ ۚ فَاِذَا وَجَبَتْ جُنُوْبُهَا فَكُلُوْا مِنْهَا وَاَطْعِمُوا الْقَانِعَ وَالْمُعْتَرَّ ؕ كَذٰلِكَ سَخَّرْنٰهَا لَكُمْ
لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۳۶﴾ لَنْ يَّنَالَ اللّٰهَ لُحُوْمُهَا وَلَا دِمَآؤُهَا وَلٰكِنْ يَّنَالُهُ التَّقْوٰی مِنْكُمْ ؕ كَذٰلِكَ سَخَّرَهَا
لَكُمْ لِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰی مَا هَدٰىكُمْ ؕ وَبَشِّرِ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۳۷﴾

اور (جتنے اہل شرائع گزری ہیں ان میں سے) ہم نے ہر امت کے لئے قربانی کرنا اس غرض سے مقرر کیا تھا کہ وہ ان مخصوص چوپاؤں پر اللہ کا نام لیں جو اس نے ان کو عطا فرمائے تھے سو اس میں یہ بات نکل آئی کہ تمہارا معبود (حقیقی) ایک ہی خدا ہے تو تم ہمہ تن اسی کے ہو کر رہو (یعنی موحد خالص رہو) اور (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) آپ (ایسے احکام الٰہیہ کے سامنے) گردن جھکا دینے والوں کو (جنت وغیرہ) کی خوشخبری سنا دیجئے جو ایسے ہیں کہ ان کے سامنے اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے تو ان کے دل ڈر جاتے ہیں اور جو ان مصیبتوں پر کہ ان پر پڑتی ہیں صبر کرتے ہیں اور جو نماز کی پابندی رکھتے ہیں اور جو کچھ ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے (بقدر حکم اور توفیق کے) خرچ کرتے ہیں۔ اور قربانی کے اونٹ اور گائے (اور اسی طرح بھیڑ اور بکری کو بھی) ہم نے اللہ (کے دین) کی یادگار بنایا ہے ان جانوروں میں تمہارے (اور بھی) فائدے ہیں سو تم ان پر

www.besturdubooks.net

کھڑے کر کے (ذبح کرتے وقت) اللہ کا نام لیا کرو پس جب وہ (کسی) کروٹ کے بل گر پڑیں (اور ٹھنڈے ہو جائیں) تو تم خود بھی کھاؤ اور بے سوال اور سوالی (محتاج) کو بھی کھانے کو دو (اور) ہم نے ان جانوروں کو اس طرح تمہارے زیر حکم کر دیا تا کہ تم (اس پر اللہ تعالیٰ کا) شکر کرو۔ اللہ کے پاس نہ ان کا گوشت پہنچتا ہے اور نہ ان کا خون لیکن اس کے پاس تمہارا تقویٰ پہنچتا ہے اسی طرح اللہ تعالیٰ نے ان جانوروں کو تمہارا زیر حکم کر دیا تا کہ تم (اللہ کی راہ ان کو قربانی کر کے) اس بات پر اللہ کی بڑائی بیان کرو کہ اس نے تم کو (اس طرح) قربانی کرنے کی توفیق دی اور (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) اخلاص والوں کو خوشخبری سنا دیجئے۔ ۞

تفسیر: ایضاً تتمہ سابق ☆ وَلِكُلِّ أُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا (الی قولہ تعالیٰ) وَبَشِّرِ الْمُحْسِنِينَ ۞ اور (اوپر جو قربانی کا حرم میں ذبح کرنے کا حکم ہے اس سے کوئی یوں نہ سمجھے کہ مقصود اصلی تعظیم حرم کی ہے بلکہ اصل مقصود اللہ ہی کی تعظیم اور اس کے ساتھ تقرب اور مذبوح اور مذبح اس کا ایک آلہ اور ذریعہ ہے اور تخصیص بعض حکمتوں کی وجہ سے ہے اور اگر یہ تخصیصات مقصود اصلی ہوتیں تو کسی شریعت میں نہ بدلتیں مگر ان کا بدلتا رہنا ظاہر ہے البتہ تقرب الی اللہ جو اصل مقصود تھا وہ سب شرائع میں محفوظ رہا چنانچہ) ہم نے (جتنے اہل شرائع گزرے ہیں ان میں سے) ہر امت کے لئے قربانی کرنا اس غرض سے مقرر کیا تھا کہ وہ ان مخصوص چوپاؤں پر اللہ کا نام لیں جو اس نے ان کو عطا فرمایا تھا (پس اصل مقصود یہ نام لینا تھا) سو (اس سے یہ بات نکل آئی کہ) تمہارا معبود حقیقی ایک ہی خدا ہے (جس کے ساتھ اس کا ذکر کر کے سب کو تقرب کا حکم ہوتا رہا تو تم ہمہ تن اسی کے ہو کر رہو (یعنی موحد خالص رہو کسی مکان وغیرہ کو معظم بالذات سمجھنے سے ذرہ برابر شرک کا شائبہ اپنے عمل میں نہ ہونے دو) اور (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم جو لوگ ہماری اس تعلیم پر عمل کریں) آپ (ایسے احکام الٰہیہ کے سامنے) گردن جھکا دینے والوں کو (جنت وغیرہ کی) خوشخبری سنا دیجئے جو (اس توحید خالص کی برکت سے) ایسے ہیں کہ جب (ان کے سامنے) اللہ (کے احکام وصفات اور وعد و وعید) کا ذکر کیا جاتا ہے تو ان کے دل ڈر جاتے ہیں اور جو ان مصیبتوں پر کہ ان پر پڑتی ہیں صبر کرتے ہیں اور جو نماز کی پابندی رکھتے ہیں اور جو کچھ ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے بقدر حکم اور توفیق کے) خرچ کرتے ہیں (یعنی توحید خالص ایسی بابرکت چیز ہے کہ اس کی بدولت کمالات نفسانیہ و بدنیہ و مالیہ پیدا ہو جاتے ہیں) اور (اسی طرح اوپر جو وَمَنْ يُعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰهِ الخ میں بعض انتفاعات کا ممنوع ہونا معلوم ہوا ہے اس سے بھی ان ضحایا کے معظم بالذات ہونے کا شبہ نہ کیا جاوے کیونکہ اس سے بھی اصل مقصود وہی اللہ تعالیٰ کی اور اس کے دین کی تعظیم ہے اور یہ تخصیصات اس کا ایک طریق ہے پس) قربانی کے اونٹ اور گائے کو (اور اسی طرح بکری بھیڑ کو بھی) ہم نے اللہ (کے دین) کی یادگار بنایا ہے (کہ اس کے متعلق احکام کے علم اور عمل سے اللہ کی عظمت اور دین کی وقعت ظاہر ہوتی ہے کہ اس کے نامزد چیز سے منتفع ہونے میں رائے مالک مجازی کی قابل اعتبار نہ رہے جس سے اس کی پوری عبدیت اور مالک حقیقی کی معبودیت ظاہر ہوتی ہے اور اس حکمت راجع الی تعظیم الدین کے علاوہ) ان جانوروں میں تمہارے (اور بھی) فائدے ہیں (مثلاً دنیوی فائدہ کھانا اور کھلانا اور اخروی فائدہ ثواب اور حکمت راجع الی صاحب الدین ہے) سو (جب اس میں یہ حکمتیں ہیں تو) تم ان پر کھڑے کر کے (ذبح کرنے کے وقت) اللہ کا نام لیا کرو (یہ صرف اونٹوں کے اعتبار سے فرمایا کہ ان کا اس طرح ذبح کرنا بوجہ آسانی ذبح وخروج روح کے بہتر ہے پس اس سے تو اخروی فائدہ یعنی ثواب حاصل ہوا اور نیز اللہ کی عظمت ظاہر ہوئی کہ اس کے نام پر ایک جان قربان ہوا جس سے اس کا خالق اور اس کا مخلوق ہونا ظاہر کر دیا گیا) پس جب وہ (کسی) کروٹ کے بل گر پڑیں (اور ٹھنڈے ہو جاویں) تو تم خود بھی کھاؤ اور بے سوال اور سوالی (محتاج) کو (جو کہ بائس فقیر کی دو قسمیں ہیں) بھی کھانے کو دو (کہ یہ دنیوی فائدہ بھی ہے اور) ہم نے ان جانوروں کو اس طرح تمہارے زیر حکم کر دیا (کہ تم باوجود تمہارے ضعف اور ان کی قوت کے اس طرح اس کے ذبح پر قادر ہو گئے) تا کہ تم (اس تسخیر پر اللہ تعالیٰ کا شکر کرو (یہ حکمت مطلق ذبح میں ہے قطع نظر اس کی قربانی ہونے کے اور آگے ذبح کی تخصیصات کے مقصود بالذات نہ ہونے کو ایک عقلی قاعدے سے بیان فرماتے ہیں کہ دیکھو ظاہر بات ہے کہ) اللہ تعالیٰ کے پاس نہ ان کا گوشت پہنچتا ہے اور نہ ان کا خون (اور مقصود بالذات شئی کا مقبول اور موصول ہونا لازم تھا پس انتفائے لازم سے ملزوم کا انتفاء ہو گیا) ولیکن اس کے پاس تمہارا تقویٰ (کہ نیت تقرب واخلاص اس کے شعبوں میں سے ہے البتہ) پہنچتا ہے (پس وہی تعظیم الٰہی کی مقصودیت ثابت ہوئی اور جیسے اوپر كَذٰلِكَ سَخَّرْنٰهَا الخ میں تسخیر کی ایک عام حکمت یعنی قربانی ہونے کی خصوصیت سے قطع نظر کرنے کے اعتبار سے بیان ہوئی تھی آگے تسخیر کی ایک خاص حکمت یعنی بلحاظ خصوصیت مذکورہ کے ارشاد فرماتے ہیں کہ) اسی طرح اللہ تعالیٰ نے ان جانوروں کو تمہارا زیر حکم کر دیا کہ تم (اللہ کی راہ میں ان کو قربانی کر کے) اس بات پر اللہ کی بڑائی (بیان) کرو کہ اس نے تم کو (اس طرح قربانی کرنے کی) توفیق دی (ورنہ اگر توفیق الٰہی رہبر نہ ہوتی تو یا تو ذبح ہی میں شبہات نکال کر اس عبادت سے محروم رہتے اور یا غیر اللہ کے نام پر ذبح کرنے لگتے) اور (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) اخلاص والوں کو خوشخبری سنا دیجئے (اس سے پہلے خوشخبری اخلاص کے شعبوں پر تھی یہ خاص اخلاص پر ہے)۔ ف: بدنہ کی تخصیص ذکر میں نفی جواز غیر بدنہ کے لئے نہیں ہے بلکہ اس لئے کہ وہ افضل ہے اور اس میں مذکورہ حکمتوں اور منفعتوں کا زیادہ ظہور ہے پھر صواف میں اونٹ کی تخصیص اس لئے کہ اس میں افضلیت اور ظہور منافع اور زیادہ ہے اور اونٹ کا اس ہیئت سے ذبح کرنا احسن اور اوفق بالسنۃ ہے کہ اس کا ایک ہاتھ دہنا یا بایاں باندھ دیا جاوے اور تین پاؤں پر کھڑا کر کے اس کو نحر کریں اور اگر ایسا نہ کیا

www.besturdubooks.net

جاوے تب بھی درست ہے باقی مسائل اکل واطعام کے متعلق اوپر آیات کے ذیل میں مذکور ہو چکے ہیں واللہ اعلم۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَلِكُلِّ أُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا کی تفسیر ابن عرفہ نے کی ہے ای مذهبا من طاعة اور اس کے عموم میں اہل باطن کے مسالک کا بوجود اتحاد مقصود کے مختلف ہونا بھی داخل ہو گیا اور لیذکروا اسم میں اس اتحاد مقصود کی طرف اشارہ ہو گیا۔ قولہ تعالیٰ: فَكُلُوا مِنْهَا الخ امر کلوا اباحت کے لئے اور امر اَطْعِمُوا ندب کے لئے کہا گیا ہے لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا قربانی کے گوشت سے کھانے کا اہتمام فرمانا ظاہراً اس کے مندوب ہونے کی دلیل ہے اور راز اس میں یہ ہے کہ جو چیز حق تعالیٰ کی طرف منسوب ہے اس میں رغبت ظاہر کی جاوے تو اس بناء پر مباحات سے منتفع ہونا جب کہ اس میں ایسی ہی نیت ہو مطلوب ٹھہرا ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله قبل والبدن بعض انتفاعات ولا يضر اختلاف الشافعي في بعضها لان بعضها متفق عليه كالاجارة للركوب فانه ليس ذلك اتفاقا كما في الروح ۱۲۔

اللغات: قوله منسكًا مصدر بمعنى الذبح واصله يعم كل عبادة ۱۲ مخبتين خاشعين كذا في القاموس البدن الابل اتفاقا والبقر ايضا عند الحنفية صواف من الصف اى مصطفة قوائمها الا للواحدة القانع من لا يسأل من قنع بالكسر قناعة او من يسأل من قنع بالفتح قنوعا المعتر اعتروا عترى واحدا اعترض سائلا او غير سائل قولان۔

البلاغۃ: وجبت جنوبها كناية عن الموت ۱۲۔

إِنَّ اللّٰهَ يُدٰفِعُ عَنِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۭ إِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ كَفُوْرٍ ۝ أُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقٰتَلُوْنَ بِأَنَّهُمْ ظُلِمُوْا ۭ ع ۵

وَإِنَّ اللّٰهَ عَلٰى نَصْرِهِمْ لَقَدِيْرُ ۝ الَّذِيْنَ أُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ بِغَيْرِ حَقٍّ إِلَّآ أَنْ يَّقُوْلُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ۭ وَلَوْلَا دَفْعُ

اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَّصَلَوٰتٌ وَّمَسٰجِدُ يُذْكَرُ فِيْهَا اسْمُ اللّٰهِ كَثِيْرًا ۭ وَلَيَنْصُرَنَّ

اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ ۭ إِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ۝ الَّذِيْنَ إِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْأَرْضِ أَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ

وَأَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ ۭ وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ الْأُمُوْرِ ۝

بلاشبہ اللہ تعالیٰ (ان مشرکین کے غلبہ وغیرہ کو) ایمان والوں سے عنقریب ہٹا دے گا بے شک اللہ تعالیٰ کسی دغا باز کفر کرنے والے کو نہیں چاہتا۔ (اب) لڑنے کی ان لوگوں کو اجازت دی گئی جن سے کافروں کی طرف سے لڑائی کی جاتی ہے اس وجہ سے کہ ان پر (بہت) ظلم کیا گیا ہے اور بلاشبہ اللہ تعالیٰ ان کے غالب کر دینے پر پوری قدرت رکھتا ہے (آگے ان کی مظلومیت کا بیان ہے) جو اپنے گھروں سے بے وجہ نکالے گئے محض اتنی بات پر کہ وہ یوں کہتے ہیں کہ ہمارا رب اللہ ہے اور اگر یہ بات نہ ہوتی کہ اللہ تعالیٰ (ہمیشہ سے) لوگوں کا ایک کا دوسرے کے ہاتھ سے زور نہ گھٹواتا رہتا تو اپنے اپنے زمانوں میں نصاریٰ کے خلوت خانے اور عبادت خانے اور مسلمانوں کی وہ مسجدیں جن میں اللہ کا نام بکثرت لیا جاتا ہے سب منہدم ہو گئے ہوتے اور بے شک اللہ تعالیٰ اس کی مدد کرے گا جو اللہ (کے دین) کی مدد کرے گا بے شک اللہ تعالیٰ قوت والا (اور) غلبہ والا ہے (وہ جس کو چاہے قوت وغلبہ دے سکتا ہے)۔ یہ لوگ ایسے ہیں کہ اگر ہم ان کو دنیا میں حکومت دے دیں تو یہ لوگ (خود بھی) نماز کی پابندی کریں اور زکوٰۃ دیں اور (دوسروں کو بھی) نیک کاموں کے کرنے کو کہیں اور برے کاموں سے منع کریں اور سب کاموں کے انجام تو خدا ہی کے اختیار میں ہے۔ ۞

یہ اپنے اپنے زمانوں میں کس لفظ کا ترجمہ

تفسیر ربط: اوپر احکام حج کے ذکر سے بقرینہ مقام مزید تشنیع کفار مانعین عن المسجد الحرام کی مقصود معلوم ہوتی ہے جیسا کہ تمہید آیات: ان الذين كفروا و يصدون..... میں اس کی تقریر گزر چکی ہے ایسے موقع پر کہ جب غلبہ کفار مانعین کا یہ احکام سن کر مسلمان کو خیال ہو سکتا ہے کہ ہم کو حالت موجودہ میں ان احکام پر کہاں عمل نصیب ہوگا وہاں تک رسائی تو ہے ہی نہیں اس لئے آگے مسلمانوں سے بطور پیشین گوئی کے ایک تسلی آمیز وعدہ فرماتے ہیں جس میں کفار کو ایک وعید بھی ہے۔

وعدہ نصرت مؤمنین و وعید خذلان مشرکین ☆ إِنَّ اللّٰهَ يُدٰفِعُ عَنِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۭ إِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ كَفُوْرٍ ۝ بلاشبہ اللہ تعالیٰ (ان مشرکین کے غلبہ اور ایذاء رسانی کی قدرت کو) ایمان والوں سے (عنقریب) ہٹا دے گا (کہ پھر حج وغیرہ سے روک ہی نہ سکیں گے) بیشک اللہ تعالیٰ کسی دغا باز کفر کرنے والے کو نہیں چاہتا (بلکہ ایسے سے ناراض ہے اس لئے انجام کار ان کو مغلوب اور مؤمنین مخلصین کو غالب کر دے گا)

فائدہ: اس نصرت کا طریق آئندہ آیت میں مذکور ہے۔

www.besturdubooks.net

ربط: اوپر نصرت مؤمنین کا وعدہ تھا آگے اس نصرت کے طریق کا بیان ہے جس میں جہاد کی اجازت اور اس پر نصرت کا وعدہ مذکور ہے اور ہر چند کہ آیت آئندہ واقعہ حدیبیہ سے مقدم ہے کیونکہ یہ آیت جہاد کی آیات میں سب سے اول ہے **کما رواہ الحاکم فی المستدرک عن ابن عباس کذا فی الروح** اور واقعہ حدیبیہ بعد چند غزوت کے ہوا ہے لیکن تلاوت کی ترتیب میں جو کہ توقیفی ہے اس آیت کا یہاں ہونا ارتباط مذکور کو مقتضی ہے تقریر ارتباط کی یہ ہوگی کہ اس نصرت کا طریق یہ ہے کہ اذن بالجہاد ہو ہی چکا ہے جس پر نصرت موعود ہے پس جب اس کا وقت آوے گا اسی جہاد سے تم ان پر غالب آ جاؤ گے اور نصرت کی اس فرد کا بھی ظہور ہو جاوے گا۔ اور اس کے ساتھ جہاد کی علت اور حکمت اور اخلاص فی الجہاد کی غلبہ پر بشارت اور موعودلہم کی فضیلت کے بھی مضامین ہیں۔

اذن جہاد مع مضامین متعلقہ آں ☆ اُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقٰتَلُوْنَ بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا (الی قولہ تعالیٰ) وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ ۝ (گو اب تک بمصالح کفار سے لڑنے کی ممانعت تھی لیکن اب لڑنے کی ان لوگوں کو اجازت دے دی گئی جن سے (کافروں کی طرف سے) لڑائی کی جاتی ہے اس وجہ سے کہ ان پر (بہت ظلم کیا گیا ہے (یہ علت ہے مشروعیت جہاد کی) اور (اس حالت اذن میں مسلمانوں کی قلت اور کفار کی کثرت پر نظر نہ کرنا چاہئے کیونکہ) بلاشبہ اللہ تعالیٰ ان کے غالب کر دینے پر پوری قدرت رکھتا ہے (آگے ان کی مظلومیت کا بیان ہے کہ) جو (بیچارے) اپنے گھروں سے بے وجہ نکالے گئے محض اتنی بات پر کہ وہ یوں کہتے ہیں کہ ہمارا رب اللہ ہے (یعنی توحید پر کفار کا یہ تمام تر غیظ وغضب تھا کہ ان کو اس قدر پریشان کیا کہ وطن چھوڑنا پڑا آگے جہاد کی حکمت ہے) اور اگر یہ بات نہ ہوتی کہ اللہ تعالیٰ (ہمیشہ سے) لوگوں کا ایک دوسرے (کے ہاتھ) سے زور نہ گھٹواتا رہتا (یعنی اہل حق کو اہل باطل پر وقتاً فوقتاً غالب نہ کرتا رہتا) تو (اپنے اپنے زمانوں میں) نصاریٰ کے خلوت خانے اور یہود کے عبادت خانے اور (مسلمانوں کی) وہ مسجدیں جس میں اللہ کا نام بکثرت لیا جاتا ہے سب منہدم (اور منعدم) ہو گئے ہوتے (آگے اخلاص فی الجہاد پر غلبہ کی بشارت ہے اور بیشک اللہ تعالیٰ اس کی مدد کرے گا جو کہ اللہ (کے دین) کی مدد کرے گا (یعنی اس کے لڑنے میں خالص نیت اعلائے کلمۃ اللہ کی ہو) بیشک اللہ تعالیٰ قوت والا (اور) غلبہ والا ہے (وہ جس کو چاہے قوت وغلبہ دے سکتا ہے آگے مبشر لھم کی فضیلت ہے) یہ لوگ ایسے ہیں کہ اگر ہم ان کو دنیا میں حکومت دے دیں تو یہ لوگ خود بھی نماز کی پابندی کریں اور زکوٰۃ دیں اور (دوسروں) کو بھی نیک کاموں کے کرنے کو کہیں اور برے کاموں سے منع کریں اور سب کاموں کا انجام تو خدا ہی کے اختیار میں ہے (پس مسلمانوں کی موجودہ حالت دیکھ کر یہ کیونکر کوئی کہہ سکتا ہے کہ انجام بھی ان کا یہی رہے گا بلکہ ممکن ہے کہ اس کا عکس ہو جاوے چنانچہ ہوا)۔ **ف**: بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا کی علت ہونے سے کوئی یہ شبہ نہ کرے کہ جو کفار ظالم نہ ہوں مگر اسلام کے زیر فرمان بھی نہ ہوں وہ محل قتال نہیں ہیں اصل یہ ہے کہ اس علت میں انحصار کی کوئی دلیل نہیں بلکہ **یکون الدین للہ** کو غایت قرار دینے سے دوسری علت یہ بھی معلوم ہوئی کہ کوئی کافر زیر فرمان اسلام نہ ہو اور راز اس میں یہ ہے کہ یہ صورت پھر کسی وقت اہل حق پر ظلم کرنے تک منجر ہو جاوے گی پس جس طرح مظلومیت بالفعل علت ہے اسی طرح مظلومیت بالقوۃ القریبہ بھی اور لَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ کے حکمت ہونے سے کوئی شبہ نہ کرے کہ گاہ گاہ اہل حق بھی مغلوب ہوتے ہیں۔ اصل یہ ہے کہ اتنا غلبہ جس میں حق محو نہ ہو جاوے مقصود بالحکمت ہے سو یہ حاصل رہا ہے اور لَهُدِّمَتْ صَوَامِعُ الخ سے کوئی یہ شبہ نہ کرے کہ یہ سب متعبدات اب بھی حق تعالیٰ کے نزدیک مقبول ہیں۔ اصل یہ ہے کہ اپنے اپنے زمانہ مشروعیت ومقصودیت ملت ہیں ان کی مطلوبیت مقصود ہے جیسا ترجمہ سے ظاہر ہے اور لَيَنْصُرَنَّ اللّٰهُ الخ سے کوئی یہ شبہ نہ کرے کہ بعض اوقات ناصران حق بھی مغلوب ہوتے ہیں۔ اصل یہ ہے کہ بعد الٹ پلٹ ہونے کے بشرط ثبات انجام میں غلبہ ناصران حق ہی کو ہوتا ہے جیسا حدیث صحیح میں بھی ہے جس میں ہرقل کی حکایت مذکور ہے اور **للہ عاقبۃ الامور** میں بھی اس طرف لطیف اشارہ ہے اور اعتبار ہر کام میں انجام ہی کا ہے جیسا دوران علاج مریض کی مختلف حالتیں ہوتی ہیں مگر انجام اگر صحت ہے تو علاج کو نافع کہیں گے اور اخیر آیت سے جس میں قضیہ شرطیہ ہے صحابہ کی فضیلت اور خلفائے راشدین کی حقیت ثابت ہوتی ہے کیونکہ اس شرطیہ کا مقدم اخبار متواترہ سے ثابت الوقوع ہے اور اس کا مستلزم ہونا تالی کے لئے نص قطعی سے ثابت التحقیق ہے پس ان حضرات کا کامل مکمل ہونا ثابت ہو گیا اب اس پر یہ شبہ نہ رہا کہ صدق شرطیہ مقتضی وقوع مقدم کو نہیں ہوتا اور نصاریٰ کے دو معبود کا اس لئے ذکر کیا کہ ان میں درویشی کی بھی رسم جاری تھی پس ان کا خاص خلوت کا عبادت خانہ صومعہ ہے اور عام عبادت خانہ جس کو گرجا گھر کہتے ہیں بیعہ ہے فقط۔

یہ اپنے اپنے زمانے والی بات کی کیا دلیل ہے

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: اِنَّ اللّٰهَ يُدٰفِعُ اس میں حق تعالیٰ کی عادت کا بیان ہے کہ وہ اپنے مقبولین کے لئے انتقام لیتے ہیں قولہ تعالیٰ: وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ الخ اگر آیت میں زمانہ ان کے غیر منسوخ ہونے کا ہو تب تو تشریعی حکمتوں پر دال ہے اور اگر ان کے منسوخ ہونے کے زمانہ کو بھی عام ہو (بجز مساجد کے) تو تکوینی حکمتوں پر دال ہے پس احکام تکوینیہ بھی مثل تشریعیہ کے مطلوب ہوں گے دوسری آیت میں بھی اس کی تصریح ہے قولہ تعالیٰ: يُضِلُّ بِهٖ كَثِيْرًا وَّيَهْدِيْ بِهٖ كَثِيْرًا (البقرۃ: ۲۶) قولہ تعالیٰ: اَلَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ الخ روح میں ہے کہ اس میں اشارہ ہے اہل تمکین کے حال کی طرف کہ وہ ہادی مہدی ہیں ان کے یہاں سطحیات نہیں اور ان کے کلمات سے کوئی گمراہ نہیں ہوتا۔

www.besturdubooks.net

ملحقات الترجمة: ۱ قوله فی اذن اب لڑنے کی اشارۃ الی ان التقدیر اذن فی القتال وحذف اعتمادا علی القرینة ۱۲ ۲ قوله فی مساجد وہ اشارۃ الی ان قوله یذکر صفة لمساجد وکونها صفة للجمیع وان لم یرد علیه دارو لاختلاف الازمنة الا ان صیغة المضارع یناسب ما اخترناه والله اعلم۔

اختلاف القراءة: فی قراء ة یقاتلون مبنیا للفاعل ای الذین یریدون للقتال ویحرصون علیه ۱۲۔

اللغات: صوامع معبد للرهبان البیع مصلی للنصاریٰ الصلوٰت مصلی الیهود ۱۲۔

النحو: الذین اخرجوا بدل من الذین یقاتلون ۱۲۔ الذین ان مکنٰهم بدل من الذین اخرجوا ۱۲۔

البلاغة: یدافع صیغة المفاعلة للمبالغة ای یبالغ فی الدفع مبالغة من یغالب فیه کذا فی الروح ۱۲ قوله ظلموا لم یذکر الظالم تصریحا لمزید السخط تحاشیا عن ذکره قوله صوامع الخ فی الروح تاخیر ذکر المساجد لان الترتیب الوجودی کذلك ولعل تاخیر صلوات عن بیع مع مخالفة الترتیب للمناسبة بینها بین المساجد کذا قیل (ای لان کلا من الشریعتین مستقل) وقیل انما جیء بهذه المتعبدات علی هذا النسق للانتقال من شریف الی اشرف فان البیع اشرف من الصوامع لکثرة العباد فیها فانها معبد المرهبان وغیرهم والصوامع معبد للرهبان فقط وکنائس الیهود اشرف من البیع لان حدوثها اقدم وزمان العبادة فیها اطول والمساجد اشرف من الجمیع لان الله تعالیٰ قد عبد فیها بما لم یعبد به فی غیرها آ ۱۲۔

وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّعَادٌ وَّثَمُوْدُ ﴿۴۲﴾ وَقَوْمُ اِبْرٰهِيْمَ وَقَوْمُ لُوْطٍ ﴿۴۳﴾ وَّاَصْحٰبُ مَدْيَنَ ۚ وَكُذِّبَ مُوْسٰى
فَاَمْلَيْتُ لِلْكٰفِرِيْنَ ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ ۚ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿۴۴﴾ فَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ فَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا وَبِئْرٍ
مُّعَطَّلَةٍ وَّقَصْرٍ مَّشِيْدٍ ﴿۴۵﴾ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَتَكُوْنَ لَهُمْ قُلُوْبٌ يَّعْقِلُوْنَ بِهَآ اَوْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ بِهَا ۚ فَاِنَّهَا لَا
تَعْمَى الْاَبْصَارُ وَلٰكِنْ تَعْمَى الْقُلُوْبُ الَّتِيْ فِي الصُّدُوْرِ ﴿۴۶﴾ وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ وَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ وَعْدَهٗ ؕ
وَاِنَّ يَوْمًا عِنْدَ رَبِّكَ كَاَلْفِ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ﴿۴۷﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَمْلَيْتُ لَهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ ثُمَّ اَخَذْتُهَا ۚ وَاِلَيَّ
الْمَصِيْرُ ﴿۴۸﴾ قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَآ اَنَا لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۴۹﴾ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ ع ۶ ۱۳
كَرِيْمٌ ﴿۵۰﴾ وَالَّذِيْنَ سَعَوْ فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿۵۱﴾

اور یہ لوگ اگر آپ کی تکذیب کرتے ہیں تو آپ مغموم نہ ہو جائیے کیونکہ ان لوگوں سے پہلے قوم نوح علیہ السلام اور عاد اور ثمود علیہ السلام اور قوم ابراہیم علیہ السلام اور قوم لوط اور اہل مدین بھی (اپنے اپنے انبیاء علیہم السلام کی) تکذیب کر چکے ہیں اور موسیٰ علیہ السلام کو بھی (قبط کی طرف سے) کاذب قرار دیا گیا سو (تکذیب کے بعد) میں نے ان کافروں کو (چندے) مہلت دی پھر میں نے (ان کو عذاب میں پکڑ لیا سو دیکھو) میرا عذاب کیسا ہوا غرض کتنی بستیاں ہیں جن کو ہم نے (عذاب سے) ہلاک کیا جن کی حالت یہ تھی کہ وہ نافرمانی کرتی تھیں سو (اب ان کی یہ کیفیت ہے کہ) وہ اپنی چھتوں پر گری پڑی ہیں اور (اسی طرح ان بستیوں میں) بہت سے بے کار کنوئیں اور بہت سے قلعی چونے کے محل سو کیا یہ (منکر) لوگ ملک میں چلے پھرے نہیں جس سے ان کے دل ایسے ہو جاویں کہ ان سے سمجھنے لگیں یا ان کے کان ایسے ہو جاویں جن سے سننے لگیں بات یہ ہے کہ (نہ سمجھنے والوں کی کچھ) آنکھیں اندھی نہیں ہو جایا کرتیں بلکہ دل جو سینوں میں ہیں وہ اندھے ہو جایا کرتے ہیں اور یہ لوگ نبوت میں شبہ نکالنے کے لئے ایسے عذاب کا تقاضہ کرتے ہیں حالانکہ اللہ تعالیٰ اپنا وعدہ خلاف نہ کرے گا اور آپ کے رب کے پاس کا ایک دن (یعنی قیامت کا دن امتداد میں یا اشتباہ میں) برابر ایک ہزار سال کے ہے تم لوگوں کے شمار کے موافق بہت سی بستیاں ہیں جن کو میں نے (ان کی طرح) مہلت دی تھی اور وہ (ان ہی کی طرح) نافرمانی کرتی تھیں پھر میں نے ان کو (عذاب میں) پکڑ لیا اور سب کو میری ہی طرف لوٹنا ہے (اور) آپ (یہ بھی) کہہ دیجئے کہ اے لوگو میں تو صرف تمہارے لئے ایک ڈرانے والا ہوں سو جو لوگ (اس ڈر کو سن کر) ایمان لے آئے اور اچھے کام کرنے لگے ان کے لئے مغفرت اور عزت کی روزی (یعنی جنت) ہے اور جو لوگ ہماری آیتوں کے متعلق (ان کے ابطال کی) کوشش کرتے رہتے ہیں نبی کو اور اہل ایمان کو ہرانے کے لئے ایسے لوگ دوزخ میں رہنے والے ہیں۔

www.besturdubooks.net

تفسیر ربط: اوپر اِنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا وَیَصُدُّوْنَ الخ [الحج: ۲۵] کا ارتباط آیت: وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یُّجَادِلُ الخ سے مذکور ہوا ہے اور اسی سلسلہ سے یہاں تک مضمون چلا آیا ہے چونکہ جدال سے مقصود کفار کا آپ کی تکذیب تھی جو موجب حزن نبی تھی اس لئے آگے اس پر آپ کی تسلی فرماتے ہیں اور چونکہ ذکر جدال میں مجادل کو عَذَابَ السَّعِیْرِ [الحج: ۴] وَعَذَابُ الْحَرِیْقِ [البروج: ۱۰] کی وعید فرمائی گئی تھی اور کفار اس عذاب کی عدم تعجیل کو دلیل اپنے حق پر ہونے کی اور نعوذ باللہ دعویٰ نبوت میں آپ کے ناحق پر ہونے کی ٹھہراتے ہیں اس لئے تسلی کے بعد ان شبہات کا بھی جواب ہے۔

تسلیہ رسول و جواب شبہات کفار جہول: وَاِنْ یُّکَذِّبُوْکَ فَقَدْ کَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّعَادٌ وَّثَمُوْدُ ۙ (الی قولہ تعالیٰ) اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِیْمِ اور یہ (مجادل) لوگ اگر (در باب نبوت کے) آپ کی تکذیب کرتے ہوں تو (آپ مغموم نہ ہو جایئے کیونکہ) ان لوگوں سے پہلے قوم نوح اور عاد اور ثمود اور قوم ابراہیم اور قوم لوط اور اہل مدین بھی (اپنے اپنے انبیاء علیہم السلام کی) تکذیب کر چکے ہیں اور موسیٰ (علیہ السلام) کو بھی (قبط کی طرف سے) کاذب قرار دیا گیا (سو تکذیب کے بعد) میں نے (ان) کافروں کو (جنہوں نے تکذیب کی تھی چندے) مہلت دی (جیسے ان کو مہلت دے رکھی ہے) پھر میں نے ان کو (عذاب میں) پکڑ لیا سو (دیکھو) میرا عذاب کیسا ہوا۔ غرض کتنی بستیاں ہیں جن کو ہم نے (عذاب سے) ہلاک کیا جن کی یہ حالت تھی کہ وہ نافرمانی کرتی تھیں سو (اب ان کی یہ کیفیت ہے کہ) وہ اپنی چھتوں پر گر پڑی ہیں (مراد یہ کہ ویران ہیں کیونکہ عادۃً اول چھت گرتی ہے پھر اس پر دیواریں آ پڑتی ہیں) اور (اس طرح ان بستیوں میں) بہت سے بیکار کنوئیں (جو پہلے آباد تھے) اور بہت سے قلعی چونے کے محل (جواب شکستہ ہو گئے یہ سب ان بستیوں کے ساتھ تباہ ہونے پس اس صریح وقت موعود پر یہ لوگ معذب ہوں گے) سو کیا یہ (منکر) لوگ ملک میں چلے پھرے نہیں جس سے ان کے دل ایسے ہو جاویں کہ اس سے سمجھنے لگیں یا ان کے کان ایسے ہو جاویں جس سے سننے لگیں بات یہ ہے کہ (نہ سمجھنے والوں کی کچھ) آنکھیں اندھی نہیں ہو جایا کرتیں بلکہ دل جو سینوں میں ہیں وہ اندھے ہیں وہ اندھے ہو جایا کرتے ہیں (سو ان کے بھی وہی دل اندھے ہو رہے ہیں ورنہ امم مذکورہ کی حالت سے سمجھ لیتے کہ فی الواقع کفر ناپسندیدہ حق ہے جب تو اس پر عذاب آیا) اور یہ لوگ (نبوت میں شبہ نکالنے کے لئے) آپ سے عذاب کا تقاضا کرتے ہیں (اور جلدی نہ آنے سے استدلال عدم وقوع پر کرتے ہیں) حالانکہ اللہ تعالیٰ کبھی اپنا وعدہ خلاف نہ کرے گا (یعنی وعدہ کے وقت ضرور عذاب واقع ہوگا پس وہ استدلال غلط ہے) اور آپ کے رب کے پاس ایک دن (جس میں عذاب واقع ہوگا یعنی قیامت کا دن امتداد میں یا اشتداد میں) برابر ایک ہزار سال کے ہے تم لوگوں کے شمار کے موافق (سو عجب بیوقوف ہیں کہ ایسی مصیبت کا تقاضا کرتے ہیں) اور (خلاصہ جواب مذکور کا مکرر سن لو کہ) بہت سی بستیاں ہیں جن کو میں نے (ان کی طرح) مہلت دی تھی اور وہ (ان ہی کی طرح) نافرمانی (کی باتیں) کرتی تھیں (یعنی وہ بھی استعجال و استہزاء کرتے تھے) پھر میں نے ان کو (عذاب میں) پکڑ لیا اور سب کو میری ہی طرف لوٹنا ہوگا (اس وقت کفر کی پوری سزا ہوگی اور) آپ (یہ بھی) کہہ دیجئے کہ اے لوگو (اس عذاب مذکور کے واقع کرنے میں میرا کوئی دخل و اختیار نہیں ہے نہ کبھی میں نے اس کا دعویٰ کیا تاکہ عدم ایقاع سے میری تکذیب کی جاوے) میں تو صرف تمہارے لئے آشکارا ڈرانے والا ہوں سو جو لوگ (اس ڈر کو سن کر) ایمان لے آئے اور اچھے کام کرنے لگے ان کے لئے مغفرت اور عزت کی روزی (یعنی جنت) ہے اور جو لوگ ہماری آیتوں کے متعلق (ان کے ابطال کی) کوشش کرتے رہتے ہیں (نبی کو اور اہل ایمان کو) ہرانے کے لئے ایسے لوگ دوزخ (میں رہنے) والے ہیں (پس یہ میرا دعویٰ ہے اور اس پر دلیلیں رکھتا ہوں اور عذاب سے ڈرانا میرا فرض منصبی ہے جس کا وقوع بھی وقت پر باختیار خداوندی ہوگا اس سے میرا کوئی تعلق نہیں جو مجھ سے درخواست کیا کرتے ہو) **ف**: یوم قیامت کے طول خاص کی بناء میں عقلاً دو احتمال ذکر کئے گئے ہیں امتداد اشتداد مگر حدیث سے احتمال اول متعین معلوم ہوتا ہے یعنی اس کا واقعی امتداد ایک ہزار سال کا ہوگا وہ حدیث یہ ہے: **عن سعد بن ابی وقاصؓ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال انی لارجو ان لا تعجزا متی عند ربها ان یؤخرهم نصف یوم قیل لسعد وکم نصف یوم قال خمسمائة سنة** رواہ ابوداؤد (مشکوٰۃ باب قرب الساعۃ) اور سورۂ معارج میں جو اس کی مقدار خمسین الف سنہ فرمائی گئی ہے سو وہ بھی واقعی مقدار اس طرح ہو سکتی ہے کہ یہ تفاوت باعتبار اختلاف آفاق کے ہو جس طرح اب معدل النہار کی حرکت کہیں دولابی ہے کہیں حمائلی کہیں رحوی اور اس وجہ سے خط استواء پر ایک یوم بلیلہ چوبیس گھنٹہ کا ہوتا ہے اور عرض تعین پر ایک سال کا اور ان دونوں کے درمیان مختلف مقادیر پر متفاوت ہوتا چلا جاتا ہے اسی طرح ممکن ہے کہ اول شمس کی حرکت جو معدل کے ساتھ ہے بطور خرق عادت کے اس قدر بطی ہو کہ ایک افق پر ایک ہزار سال کا یوم ہو اور جو افق اس سے پچاس حصہ ہٹا ہوا ہو اس پر پچاس ہزار برس کا ہو اور درمیان میں اسی نسبت سے متفاوت ہو آیتوں میں صرف اقل و اکثر بتلا دیا گیا ہو اور اوسط کو مقائسہ پر چھوڑ دیا گیا ہو اور جن آفاق و بحاس حصہ سے زیادہ تفاوت ہو ممکن ہے کہ وہ اہل محشر سے خالی ہوں۔ واللہ اعلم۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَاِنَّهَا لَا تَعْمَى الْاَبْصَارُ الخ اس میں قلوب کے لئے ابصار و اسماع کا اثبات ہے ۱۲۔

الکلام: **قوله لن یخلف دل علی امتناع الخلف واما وعیدات سائر العصاة فالنشانات او اخبارات عن استحقاقهم لا عن ایقاعه او**

www.besturdubooks.net

هی اخبارات عن ایقاعه مشروطة بعدم العفو وترك التصریح بالشرط الزیادة الترتیب بدلیل الجمع بین الآیات کذا قالوا قلت والمرضی عندی هو الاخیر ۱۲۔

اللغات: مشید مرفوع او مبنی بالشید بالکسر ای الجص ۱۲۔

النحو: قوله کذبت الحق بالفعل تاء التانیث لان الفاعل وهو قوم اسم جمع یجوز تذکره و تانیثه ۱۲ قوله وبئر وقصر معطوف علی قریة ای اهلکنا هما۔

البلاغة: قوله عاد و ثمود فی الروح استغنی فی عاد وثمود عن ذکر القوم لاشتهارهم بهذا الاسم والاصل فی التعبیر العلم ولا علم بغیر هؤلاء ولم یقل وقوم شعیب لان قومه المکذبین هم هؤلاء دون اهل الایکة لانهم اجنبیون والتخصیص لان التسلیة عن تکذیب قومه وقال کذب موسٰی مبنیا للمفعول لان المکذبین هم القبط ولبسوا قومه ولم یقل والقبط بل اعید الفعل الایذان بان تکذیبهم فی غایة الشناعة لکون آیاته فی کمال الوضوح ۱۲۔ قوله وبئر معطلة لعل وصفها بالوصف الذی آلت الیه للتنبیه علی ان هلاکها لم یکن مثل هلاك القریة والقصر لان هلاکها کان بالتعطل بخلاف اهل القریة والقصر فان هلاکهما بالانعدام والانهدام فتفکر قوله فی الصدور وصف القلوب به علی ما قال الزمخشری لانه قد تعورف ان العمی مکانه البصر فلما ارید اثبات ما هو خلاف المعتقد احتاج هذا التصویر الی زیادة تعیین لیتقرر ان مکان العمی هو القلوب لا الابصار کما تقول لیس المضاء اللسیف ولکنه للسانك الذی بین فیك وهو فی حکم قولك ما نفیت المضاء عن السیف واثبته للسانك فلتة ولا سهوًا منی تعمدت به ایاه تعمدًا کذا فی الروح ۱۲۔

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَّلَا نَبِيٍّ اِلَّآ اِذَا تَمَنّٰٓى اَلْقَى الشَّيْطٰنُ فِيْٓ اُمْنِيَّتِهٖ ۚ فَيَنْسَخُ اللّٰهُ مَا يُلْقِي
الشَّيْطٰنُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۵۲﴾ لِّيَجْعَلَ مَا يُلْقِي الشَّيْطٰنُ فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ
مَّرَضٌ وَّالْقَاسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ ۗ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَفِيْ شِقَاقٍ بَعِيْدٍ ﴿۵۳﴾ وَّلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ اَنَّهُ
الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَيُؤْمِنُوْا بِهٖ فَتُخْبِتَ لَهٗ قُلُوْبُهُمْ ۗ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهَادِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۵۴﴾
وَلَا يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْهُ حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً اَوْ يَاْتِيَهُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَقِيْمٍ ﴿۵۵﴾
اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ۚ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ ۗ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿۵۶﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا
وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۵۷﴾ ع ۷ ۹ ۱۴

اور (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) ہم نے آپ کے قبل کوئی رسول اور کوئی نبی ایسا نہیں بھیجا جس کو یہ قصہ پیش نہ آیا ہو کہ جب اس نے (اللہ تعالیٰ کے احکام میں سے) کچھ پڑھا (تب ہی) اس کے پڑھنے میں (کفار) کے قلوب میں شبہ ڈالا پھر اللہ تعالیٰ شیطان کے ڈالے ہوئے شبہات کے (جوابات قاطعہ سے) نیست و نابود کر دیتا ہے پھر اللہ تعالیٰ اپنی آیات کے مضامین کو زیادہ مضبوط کر دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ خوب علم والا خوب حکمت والا ہے اور یہ سارا قصہ اس لئے کیا ہے تا کہ اللہ تعالیٰ شیطان کے ڈالے ہوئے شبہات کو ایسے لوگوں کے لئے آزمائش (کا ذریعہ) بنا دے جن کے دل میں (شک) کا مرض ہے اور جن کے دل (بالکل ہی) سخت ہیں اور واقعی (یہ) ظالم لوگ بڑی مخالفت میں ہیں اور تا کہ جن لوگوں کو فہم (صحیح) عطا ہوا ہے وہ (ان اجوبہ اور نور ہدایت سے) اس امر کا زیادہ یقین کر لیں کہ یہ (جو نبی نے پڑھا ہے وہ) آپ کے رب کی طرف سے حق ہے سو ایمان پر زیادہ قائم ہو جائیں پھر اسی طرف ان کے دل اور بھی جھک جاویں اور واقعی ان ایمان والوں کو اللہ تعالیٰ ہی راہ راست دکھلاتا ہے۔ اور (رہ گئے) کافر لوگ (سو وہ) ہمیشہ اس (پڑھے ہوئے حکم) کی طرف سے شک ہی میں رہیں گے یہاں تک کہ ان پر دفعتہً قیامت آ جائے یا ان پر کسی بے برکت دن کا (کہ قیامت کا دن ہے) عذاب آ پہنچے بادشاہی اس روز اللہ تعالیٰ ہی کی ہوگی وہ ان سب (مذکورین) کے درمیان (عمل) فیصلہ فرما دیگا سو جو لوگ ایمان لائے ہونگے اور اچھے کام کئے ہوں گے وہ چین کے باغوں میں ہوں گے اور جنہوں نے کفر کیا ہوگا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا ہوگا تو ان کے لئے ذلت کا عذاب ہوگا (وہ فیصلہ یہ ہوگا)۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر شیاطین الانس کے مراد جدال وسعی فی ابطال الآیات کے مقابلہ میں منجانب اللہ نصرت حق واہل کا وقوع مذکور تھا آگے شیاطین الجن کے

www.besturdubooks.net

اغواء واضلال ووسوسہ فی الآیات کے مقابلہ میں جو کہ جدال مذکور کا اصل منشاء ہے حق کی نصرت کا وقوع اور اس کید کا مدفع ہونا اور اس کے ذیل میں حق کے قبول کرنے والوں کی جزا اور نہ قبول کرنے والوں کی سزا مذکور ہے۔

افنائے باطل وابقاء حق و جزا وسزائے اہل ہر دو☆ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ (الی قولہ) فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ اور (اے محمد ﷺ) یہ لوگ جو شیاطین کے اغواء سے آپ سے مجادلہ کرتے ہیں یہ کوئی نئی بات نہیں بلکہ (ہم نے آپ کے قبل کوئی رسول اور کوئی نبی ایسا نہیں بھیجا جس کو یہ قصہ پیش نہ آیا ہو کہ جب اس نے (اللہ تعالیٰ کے احکام میں سے) کچھ پڑھا (تب ہی) شیطان نے اس کے پڑھنے میں (کفار کے قلوب میں) شبہ (اور اعتراض) ڈالا (اور کفار انہی شبہات اور اعتراضات کو پیش کر کے انبیاء سے مجادلہ کیا کرتے جیسا دوسری آیات میں ارشاد ہے: وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا شَيٰطِيْنَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ يُوْحِيْ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا [الأنعام:۱۱۲] وَاِنَّ الشَّيٰطِيْنَ لَيُوْحُوْنَ اِلٰٓى اَوْلِيٰٓئِهِمْ لِيُجَادِلُوْكُمْ [الأنعام:۱۲۱]) پھر اللہ تعالیٰ شیطان کے ڈالے ہوئے شبہات کو (جوابات قاطعہ ودلائل ساطعہ سے) نیست ونابود کر دیتا ہے (جیسا کہ ظاہر ہے کہ جواب صحیح کے بعد اعتراض دفع ہو جاتا ہے) پھر اللہ تعالیٰ اپنی آیات (کے مضامین) کو زیادہ مضبوط کر دیتا ہے (گو وہ فی نفسہا بھی مستحکم تھیں لیکن اعتراضات کے جوابات سے اس استحکام کا زیادہ ظہور ہو گیا) اور اللہ تعالیٰ (ان اعتراضات کے متعلق خوب) علم والا ہے (اور ان کے جواب کی تعلیم میں) خوب حکمت والا ہے (اور یہ سارا قصہ اس لئے کیا ہے) تا کہ اللہ تعالیٰ شیطان کے ڈالے ہوئے شبہات کو ایسے لوگوں کے لئے آزمائش (کا ذریعہ) بنا دے جن کے دل میں (شک کا) مرض ہے اور جن کے دل (بالکل ہی) سخت ہیں (کہ وہ شک سے بڑھ کر باطل کا جزم کئے ہوئے ہیں سو ان کی آزمائش ہوتی ہے کہ دیکھیں بعد جواب کے اب بھی شبہات کا اتباع کرتے ہیں یا جواب کو سمجھ کر حق کو قبول کرتے ہیں) اور واقعی (یہ) ظالم لوگ (یعنی اہل شک بھی اور اہل جزم بالباطل بھی) بڑی مخالفت میں ہیں (کہ حق کو باوجود وضوح کے محض عناد کے سبب قبول نہیں کرتے شیطان کو وسوسہ ڈالنے کا تصرف تو اس لئے دیا گیا تھا کہ آزمائش ہو) اور (ان شبہات کا اجوبہ صحیحہ ونور ہدایت سے ابطال اس لئے ہوتا ہے) تا کہ جن لوگوں کو فہم (صحیح) عطا ہوا ہے وہ (ان اجوبہ ونور ہدایت سے) اس امر کا زیادہ یقین کر لیں کہ یہ (جو نبی نے پڑھا ہے وہ) آپ کے رب کی طرف سے حق ہے سو ایمان پر زیادہ قائم ہو جاویں پھر (زیادہ یقین کی برکت سے) اس (پر عمل کرنے) کی طرف ان کے دل اور بھی جھک جاویں اور واقعی ان ایمان والوں کو اللہ تعالیٰ ہی راہ راست دکھلاتا ہے (پھر کیونکر ان کو ہدایت نہ ہو یہ تو ایمان والوں کی کیفیت ہوئی) اور (رہ گئے) کافر لوگ (سو وہ) ہمیشہ اس (پڑھے ہوئے حکم) کی طرف سے شک ہی میں رہیں گے (جو ان کے دل میں شیطان نے ڈالا تھا) یہاں تک کہ ان پر دفعۃً قیامت آ جاوے (جس کی ہول ہی کافی ہے گو عذاب بھی نہ ہوتا) یا (اس سے بڑھ کر یہ کہ) ان پر کسی نے برکت دن کا (کہ قیامت کا دن ہے) عذاب آ پہنچے (اور دونوں کا جمع ہونا جو کہ واقع میں ہوگا اور بھی اشد مصیبت ہے مطلب یہ کہ یہ بدوں مشاہدہ عذاب کفر سے باز نہ آویں گے مگر اس وقت نافع نہ ہوگا) بادشاہی (اس روز اللہ ہی کی ہوگی وہ ان سب (مذکورین) کے درمیان (عملی فیصلہ فرماوے گا) سو جو لوگ ایمان لائے ہوں گے اور اچھے کام کئے ہوں گے وہ چین کے باغوں میں ہوں گے اور جنہوں نے کفر کیا ہوگا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا ہوگا تو ان کے لئے ذلت کا عذاب ہوگا (وہ فیصلہ یہ ہوگا) **ف**: رسول اور نبی کے معانی کی تحقیق سورۂ مریم آیات: وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ مُوْسٰٓى [مریم: ۵۱] الخ کی تفسیر میں گزر چکی ہے اور بعض کتب میں ان آیتوں کے متعلق ایک قصہ لکھا ہے جس میں **تلك الغرانيق** آیا ہے وہ حسب نقل روح بتصریح بیہقی وقاضی عیاض ومحمد بن اسحاق وشیخ ابو المنصور ماتریدی غیر ثابت بے سند موضوع زنادقہ ہے اور جنہوں نے اس کی صحت کا حکم کیا ہے وہ درجہ میں نقاۃ کے برابر نہیں اور علی سبیل الفرض اگر ثابت بھی ہوتا ہم موقوف علیہ تفسیر آیت کا نہیں اور خود واجب التاویل ہے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: فَيَنْسَخُ اللّٰهُ مَا الخ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حق تعالیٰ کی عادت جاری ہے کہ وساوس شیطانی خود بخود مضمحل ہو جاتے ہیں اس کے لئے مستقل تدبیر کی ضرورت نہیں اور یہی بعینہٖ قول ہے محققین اہل ترتیب کا ۱۲ قولہ تعالیٰ: فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ الخ اس میں اس طرف اشارہ ہے کہ عذاب حقیقی خدا تعالیٰ کے نزدیک مطرد ومہان ہو جانا ہے گو ظاہر میں نعیم میں ہو اور یہی معنی ہیں عارف شیرازی کے اس قول کے ؎

حدیث ہول قیامت کہ گفت واعظ شہر ☆ کنایتے ست کہ اندوزگار ہجران گفت

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی او یاتیهم جمع ہونا اشارۃ الی ان او لمنع الخلو ۱۲۔

روایت: فی الدر اخرج ابن ابی حاتم عن مجاهد یوم عقیم قال یوم القیٰمة وروی الطبری عن قتادة هو یوم بدر ذکره عن ابی بن کعب ۱۲۔

اللغات: تمنی قرأ کما فی قوله تعالیٰ الا امانی وقول حسان تمنی کتاب الله الخ فان التالی یقدر الحروف ویتصورها فیذکرها شیئا فشیئا کذا فی الروح بتغییر ونقل الطبری ایضا تفسیر التمنی بالقراءة عن الضحاك قوله العقیم مالا نفع فیه ولا خیر فان یوم القیٰمة

www.besturdubooks.net

کذلك للکافر ۱۲۔

اَلنَّحْوُ: قوله تمنی ای کل واحد کما فی قوله تعالیٰ والله ورسوله احق ان یرضوه قوله لیجعل ولیعلم فی الروح متعلق بمحذوف ای فعل ذلك لیجعل ولیعلم ویجعل لیجعل علة لفعل التمکین المفهوم مما تقدم وما بعد علة لما بعد من النسخ والاحکام آه بتغییر یسیر ۱۲۔

اَلْبَلَاغَةُ: بعید وصف بوصف صاحب الشقاق مبالغة ۱۲ قوله یوم عقیم فیه وضع المظهر موضع المضمر ای یاتیهم عذاب الساعة ونکره للتهویل والتفخیم ۱۲۔

وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ قُتِلُوْٓا اَوْ مَاتُوْا لَيَرْزُقَنَّهُمُ اللّٰهُ رِزْقًا حَسَنًا ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝۵۸
لَيُدْخِلَنَّهُمْ مُّدْخَلًا يَّرْضَوْنَهٗ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ۝۵۹ ذٰلِكَ ۚ وَمَنْ عَاقَبَ بِمِثْلِ مَا
عُوْقِبَ بِهٖ ثُمَّ بُغِيَ عَلَيْهِ لَيَنْصُرَنَّهُ اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ۝۶۰

اور جن لوگوں نے اللہ کی راہ میں (یعنی دین کے لئے) اپنا وطن چھوڑا پھر وہ لوگ (کفر کے مقابلہ میں) قتل کئے گئے اللہ تعالیٰ ضرور ان کو ایک عمدہ رزق دے گا اور یقیناً اللہ تعالیٰ سب دینے والوں سے اچھا دینے والا ہے (اور رزق حسن کے ساتھ) اللہ تعالیٰ ان کو ایسی جگہ لے جا کر داخل کرے گا جس کو وہ بہت ہی پسند کریں گے اور بلاشبہ اللہ تعالیٰ (ہر بات کی مصلحت کو) خوب جاننے والا ہے بہت علم والا (بھی) ہے یہ (مضمون تو) ہو چکا اور جو شخص (دشمن کو) اس قدر تکلیف پہنچا دے جس قدر اس دشمن کی طرف سے) اس کو تکلیف پہنچائی گئی تھی اور پھر اس شخص پر زیادتی کی جائے تو اللہ تعالیٰ اس شخص کی ضرور امداد کرے گا اللہ تعالیٰ کثیر العفو کثیر المغفرت ہے (اسے دقائق پر داروگیر نہیں کرتا)۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر اُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقٰتَلُوْنَ الخ میں جہاد کی اجازت اور نصرت کی بشارت اور الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا میں مؤمنین مظلومین کی مہاجرت ارشاد فرمائی گئی تھی اور یہاں تک اسی سلسلہ میں مضمون چلا آیا تھا چونکہ دوران جہاد و ہجرت میں بعض کو قتل یا موت طبعی کی بھی نوبت آتی ہے اور ہر چند کہ وہ منافی وعہد نصرت کے اس لئے نہیں کہ منصوریت صفت قوم کی ہوتی ہے نہ کہ ہر واحد کی احاد قوم سے لیکن تاہم یہ موت وقتل جو اوپر مذکور ہوا مظنہ ہو سکتا ہے اس میت یا مقتول کی حسرت کا کہ ہم اس وعدہ کے معائنہ سے متمتع نہ ہوئے اس لئے آگے ان مقتولین یا میتین کو اس بشارت نصرت سے بڑھ کر دوسری بشارت سناتے ہیں۔

بشارت مہاجرین بنعمائے آخرت: وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ قُتِلُوْٓا (الی قوله تعالیٰ) وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ۝ اور جن لوگوں نے اللہ کی راہ میں (یعنی دین کے لئے) اپنا وطن چھوڑا (جن کا ذکر اوپر کی آیت میں بھی اس عنوان سے ہو چکا ہے اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ بِغَيْرِ حَقٍّ) پھر وہ لوگ (کفار کے مقابلہ میں) قتل کئے گئے یا (ویسے ہی موت طبعی سے) مر گئے (وہ ناکام نہیں ہیں گو دنیا میں ان کو ظفر وغنیمت نہیں ملی مگر آخرت میں) اللہ تعالیٰ ان کو ضرور ایک عمدہ رزق دے گا (یعنی جنت کے میوے اور دیدار حق) اور یقیناً اللہ تعالیٰ سب دینے والوں سے اچھا (دینے والا) ہے (اور رزق حسن کے ساتھ) اللہ تعالیٰ ان کو (مسکن بھی اچھا دے گا اور ان کو) ایسی جگہ لے جا کر داخل کرے گا جس کو وہ (بہت ہی) پسند کریں گے اور (رہی یہ بات کہ بعض مہاجرین موت کی صورت میں اس طرح ناکام ہی کیوں رہے اور قتل کی صورت میں کافر قبل قاتل ہونے کے قہر الٰہی سے کیوں نہ ہلاک ہو گیا کہ قتل مؤمن کی نوبت ہی نہ آتی تو وجہ اس کی یہ ہے کہ) بلاشبہ اللہ تعالیٰ (ہر بات کی حکمت ومصلحت کو) خوب جاننے والا ہے (پس اس ظاہری ناکامی میں بھی بہت سے مصلحتیں ہیں اور) بہت حلم والا (بھی) ہے (اس لئے اپنے اعداء کو ہمیشہ جلدی ہی سزا نہیں دیتا)۔ ربط: مظلوم پر دو طرح ظلم ہوا کرتا ہے ایک یہ کہ ابتداءً ظلم کیا جاوے دوسرے یہ کہ وہ مظلوم اس ابتدائی ظلم کا انتقام لے لے اور اس انتقام کی وجہ سے پھر اس کو ایذا پہنچائی جاوے ہر چند کہ مظلومیت پر وعدۂ نصرت جو اوپر مذکور ہوا ہے دونوں صورتوں کو شامل ہے لیکن قسم دوم کا ظلم ہونا بسبب مسبوقیت بالعقوبت من جناب المظلوم کے مثل قسم اول کے ظاہر نہ تھا اور اس وجہ سے مظنہ عدم شمول وعدہ مذکورہ کا ہو سکتا تھا اس لئے آگے بالتصریح اس قسم پر بھی وعدۂ نصرت فرماتے ہیں اور منشاء اشتباہ یعنی مسبوقیت مذکورہ کا جواب ظاہر ہے کیونکہ وہ عقوبت بوجہ مسبوقیت بالعقوبۃ من جانب الظالم کے مثل عدم عقوبت کے ہے پس یہ ظلم ثانیاً مثل ظلم ابتداءً ہی کے ہوا۔

وعدۂ نصرت بر عدوان بعد انتقام ☆ ذٰلِكَ ۚ وَمَنْ عَاقَبَ (الی قوله تعالیٰ) اِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ۝ یہ (مضمون تو) ہو چکا اور (آگے اور سنو کہ) جو شخص (دشمن کو) اسی قدر تکلیف پہنچاوے جس قدر (اس دشمن کی طرف سے) اس کو تکلیف پہنچائی گئی تھی (اور) پھر (اس برابر سرابر ہو جانے کے بعد اس دشمن کی طرف سے) اس شخص پر زیادتی کی جاوے (چنانچہ کفار سے ایسا معاملہ بھی ہوتا تھا) اللہ تعالیٰ اس شخص کی ضرور امداد کرے گا (اگر یہ شخص بدلہ لینا چاہے تو دنیا میں

www.besturdubooks.net

نصرت شرعیہ یقینی ہے یعنی اجازت انتقام کی اور اگر بدلا نہ لے تو آخرت میں نصرت حسیہ ضروری ہے یعنی ظالم کی تعذیب اور یہ جو اوپر قید لگائی گئی بمثل ما عوقب الخ سو اس مماثلت کی مراعات مظلوم کے اجتہاد پر ہے جس میں اس نے اپنی وسعت حتی الامکان مبذول کی ہو اور اس پر بھی اگر مماثلت سے قدرے بیشی ہو جاوے جو بوجہ غایت غموض وخفاء کے ضبط میں نہ آ سکے تو وہ موجب مواخذہ ومخل وعدہ نصرت نہیں بلکہ معاف ہے کیونکہ) اللہ تعالیٰ کثیر العفو کثیر المغفرت ہے (ایسے دقائق پر دارو گیر نہیں فرماتا)۔ **ف**: یہ رعایت مماثلت کا وجوب معاملات معاشرت میں ہے نہ کہ جہاد میں چنانچہ ادلہ شرعیہ سے یہ امر ظاہر ومشہور ہے اور نیز جو افعال ہر حال میں معصیت ہیں وہ اس عموم سے مستثنیٰ ہیں مثلاً کوئی کسی کے والدین کو برا کہے تو عوض میں اس کے والدین کو برا کہنا جائز نہ ہوگا۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قولہ فی مدخلا جگہ اشارۃ الی انہ اسم مکان وقیل مصدر مفعول مطلق ۱۲۔**

اللغات: **قولہ بمثل ما عوقب بہ فی الروح الباء فی الموضعین للآلۃ ۱۲۔**

البلاغۃ: **فی الروح وتسمیۃ ما وقع ابتداء عقابا للمشاکلۃ او لکونہ سببا للجزاء او بناء علی العرف من اطلاقہ علی ما یعذب بہ وان لم یکن جزاء جنایۃ ۱۲۔**

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ﴿٦١﴾ ذٰلِكَ
بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ هُوَ الْبَاطِلُ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ﴿٦٢﴾ اَلَمْ تَرَ
اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَتُصْبِحُ الْاَرْضُ مُخْضَرَّةً ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ﴿٦٣﴾ لَهٗ مَا
ع ۸ ۷ ۱۵ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿٦٤﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي
الْاَرْضِ وَالْفُلْكَ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ ؕ وَيُمْسِكُ السَّمَآءَ اَنْ تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ
بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿٦٥﴾ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَحْيَاكُمْ ۫ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ؕ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ ﴿٦٦﴾ لِكُلِّ اُمَّةٍ
جَعَلْنَا مَنْسَكًا هُمْ نَاسِكُوْهُ فَلَا يُنَازِعُنَّكَ فِي الْاَمْرِ وَادْعُ اِلٰى رَبِّكَ ؕ اِنَّكَ لَعَلٰى هُدًى مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٦٧﴾
وَاِنْ جٰدَلُوْكَ فَقُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿٦٨﴾ اَللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كُنْتُمْ فِيْهِ
تَخْتَلِفُوْنَ ﴿٦٩﴾ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ فِيْ كِتٰبٍ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿٧٠﴾

(مؤمنین کا غالب کر دینا) اس سبب سے ہے کہ اللہ تعالیٰ رات (کے اجزاء) کو دن میں اور دن (کے اجزاء) کو رات میں داخل کر دیتا ہے اور (نیز) اس سبب سے ہے کہ اللہ تعالیٰ ان سب احوال واقوال کو) خوب سننے اور دیکھنے والا ہے یہ (نصرت) اس سبب سے (یقینی) ہے کہ اللہ تعالیٰ ہی ہستی میں کامل ہے اور جن چیزوں کی اللہ کے سوا یہ لوگ عبادت کر رہے ہیں وہ بالکل ہی ہے اور اللہ ہی عالی شان اور (سب سے) بڑا ہے اور (اے مخاطب) کیا تجھ کو یہ خبر نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے آسمان سے پانی برسایا جس سے زمین سرسبز ہو گئی بے شک اللہ تعالیٰ بہت مہربان (اور) سب باتوں کی خبر رکھنے والا ہے سب اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے (یعنی وہ سب کا مالک ہے) اور بے شک اللہ ہی ایسا ہے جو کسی کا محتاج نہیں (اور) ہر طرح کی تعریف کے لائق ہے (اور اے مخاطب) کیا تجھ کو یہ خبر نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے تم لوگوں کو کام میں لگا رکھا ہے زمین کی چیزوں کو اور کشتی کو (بھی) کو وہ دریا میں اس (خدا) کے حکم سے چلتی ہے اور وہی آسمانوں کو زمین پر گرنے سے تھامے ہوئے ہے ہاں مگر اس کا حکم ہو جائے تو خیر بالیقین اللہ تعالیٰ (کے حال پر) بڑی شفقت اور رحمت فرمانے والا ہے اور وہی ہے جس نے تم کو زندگی دی پھر (وقت موعود پر) تم کو موت دے گا پھر (قیامت میں دوبارہ) تم کو زندہ کرے گا واقعی انسان ہے بڑا بے قدرا۔ (جتنی امتیں اہل شرائع گزری ہیں) ہم نے (ان میں) ہر امت کے واسطے ذبح کرنے کا طریق مقرر کیا ہے کہ وہ اسی طریق پر ذبح کیا کرتے تھے سو ان (معزول) لوگوں کو چاہئے کہ آپ سے اس امر (ذبح) میں جھگڑا نہ کریں اور آپ (ان) کو اپنے رب (یعنی اس کے دین) کی طرف بلاتے رہئے کیونکہ آپ یقیناً صحیح رستہ پر ہیں اور اگر اس پر بھی یہ لوگ آپ سے جھگڑا نکالتے ہیں تو آپ اخیر بات یہ فرما دیجئے کہ اللہ تعالیٰ تمہارے کاموں کو خوب جانتا ہے اور اللہ تعالیٰ تمہارے درمیان قیامت کے روز (عمل) فیصلہ فرمائے گا جن چیزوں میں تم اختلاف کرتے تھے (جو آگے اس کی تائید ہے کہ) اے مخاطب کیا تجھ کو

www.besturdubooks.net

معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ سب چیزوں کو جانتا ہے جو کچھ زمین اور آسمان میں ہے یقینی بات ہے کہ یہ (جب ان کا قول وفعل) نامہ اعمال میں ہے (پس) یقیناً (ثابت ہو گیا کہ) یہ (فیصلہ کرنا) اللہ تعالیٰ کے نزدیک (بہت ہی) آسان ہے۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر مؤمنین کے غالب اور کفار کے مغلوب ہونے کا بیان تھا چونکہ مسلمانوں کی موجودہ بے سروسامانی اور کفار کے عدد اور عدو میں فراوانی پر نظر کرنے پر اس میں ایک گونہ استبعاد تھا اس لئے آگے ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الخ میں اپنی قدرت کاملہ کا بیان فرماتے ہیں اور چونکہ جہلائے کفار کو اس مقام پر اپنے معبودین کے ناصر ہونے کا وہم ہو سکتا تھا اس لئے ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ الخ میں ان کا ناکارہ ہونا ارشاد فرماتے ہیں اور چونکہ یہ مضمون متضمن توحید ذاتی وصفاتی وافعالی تھا اور روئے سخن تھا مشرکین کی طرف جو کہ شرک میں مبتلا ہونے سے نعم آلہہ سے محو وکرتے تھے اس لئے اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ سے لَكَفُوْرٌ ۝ تک اس مضمون کی قدرے تفصیل فرماتے ہیں۔

بیان قدرت وعظمت ونعمت حق تعالیٰ ☆ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّ الْاِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ ۝ یہ (مؤمنین کا غالب کر دینا) اس سبب سے ہے کہ اللہ تعالیٰ (کی قدرت بڑی کامل ہے چنانچہ وہ) رات (کے اجزاء) کو دن میں اور دن (کے اجزاء) کو رات میں داخل کر دیتا ہے (اور یہ انقلاب اس انقلاب موعود سے بدرجہا زیادہ عجیب ہے) اور (نیز) اس سبب سے ہے کہ اللہ تعالیٰ (ان سب کے اقوال واحوال کو) خوب سننے والا خوب دیکھنے والا ہے (پس کفار کی ظالمیت قولی وفعلی کو اور مؤمنین کی مظلومیت کو سنتا دیکھتا ہے پس اطلاع وقدرت دونوں کا مجموعہ سبب ہو گیا نصرت کا اور نیز) یہ (نصرت) اس سبب سے (یقینی) ہے کہ (اس میں کوئی اللہ تعالیٰ کے ساتھ مزاحمت نہیں کر سکتا کیونکہ) اللہ ہی ہستی میں کامل (اور واجب الوجود) ہے اور جن چیزوں کی اللہ کے سوا یہ لوگ عبادت کر رہے ہیں وہ بالکل ہی لچر ہیں (اولاً بوجہ امکان وحدوث کے ثانیاً بوجہ عجز وضعف قدرت کے تو یہ کیا مزاحمت کر سکتے ہیں) اور اللہ ہی عالیشان اور سب سے بڑا ہے (اور اے مخاطب اس مضمون میں تدبیر کر کے توحید کی حقیقت اور شرک کا بطلان سمجھنا چاہئے اور اس کے علاوہ اور بھی حق تعالیٰ کے کمالات اور نعمتیں ہیں جن سے توحید ووجوب شکر پر استدلال کیا جا سکتا ہے چنانچہ ہم بیان کرتے ہیں) کیا تجھ کو یہ خبر نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے آسمان سے پانی برسایا جس سے زمین سرسبز ہو گئی بیشک اللہ تعالیٰ بہت مہربان (اور) سب باتوں کی خبر رکھنے والا ہے (اس لئے بندوں کی ضرورتوں پر مطلع ہے اور ان کے مناسب مہربانی فرماتا ہے) سب اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے (یعنی وہ سب کا مالک ہے) اور بیشک اللہ ہی ایسا ہے جو کسی کا محتاج نہیں (اور) ہر طرح کی تعریف کے لائق ہے (اور اے مخاطب) کیا تجھ کو یہ خبر نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے تم لوگوں کو کام میں لگا رکھا ہے زمین کی چیزوں کو اور کشتی کو (بھی) کہ وہ دریا میں اس (خدا) کے حکم سے چلتی ہے اور وہی آسمانوں کو زمین پر گرنے سے تھامے ہوئے ہے ہاں مگر اسی کا حکم ہو جاوے تو خیر (پھر تو ضرور ہی گر پڑے مگر باوجود یکہ اعمال عباد اس کو مقتضی ہیں کقولہ تعالیٰ: اِنْ نَّشَاْ نَخْسِفْ بِهِمُ الْاَرْضَ اَوْ نُسْقِطْ عَلَيْهِمْ كِسَفًا مِّنَ السَّمَآءِ [سبا، : ۹] پھر جو گرنے کا حکم نہیں دیتا تو وجہ یہ ہے کہ) بالیقین اللہ تعالیٰ لوگوں (کے حال) پر بڑی شفقت اور رحمت فرمانے والا ہے اور وہی ہے جس نے تم کو زندگی دی پھر (وقت موعود پر) تم کو موت دے گا پھر (قیامت میں دوبارہ تم کو زندہ کرے گا (اور ان دلائل ونعم کا مقتضا یہ تھا کہ لوگ توحید اور شکر کو اختیار کرتے مگر) واقعی انسان ہے بڑا بے قدر (کہ اب بھی کفر وشرک سے باز نہیں آتا مراد انسان سے ایسے ہی لوگ ہیں)۔ ربط: زیادہ اجزائے سورت میں کفار کے جدال اور اس کے وجوہ ابطال کا بیان ہے منجملہ ان مجادلات کے ایک مجادلہ متعلق ذبائح کے تھا جس کا حاصل وہی ہے جواب بھی بعض کفار کی زبان پر مشہور ہے کہ خدا کی ماری مردار اور اپنی ماری حلال۔ آگے اس پر مشرکین کو زجر ہے **كذا في الدر المنثور عن علي بن الحسين برواية احمد والحاكم وتصحيحه والبيهقي وعن ابن عباس وعن مجاهد۔**

زجر مشرکین در اعتراض بر ذبائح: لِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا هُمْ نَاسِكُوْهُ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ۝ (جتنی امتیں اہل شرائع گزری ہیں) ہم نے (ان میں) ہر امت کے واسطے ذبح کرنے کا طریق مقرر کیا ہے کہ وہ اسی طریق پر ذبح کیا کرتے تھے۔ سو ان (معترض) لوگوں کو چاہئے کہ اس امر (ذبح میں) آپ سے جھگڑا نہ کریں (کیونکہ ان کے اصول مسلمہ سے ہے کہ جو امر قدیم سے چلا آتا ہو وہ صحیح ہے اور ان کے نزدیک جب قدامت محض کو مناقض دلیل صحیح کے حجت ہے حتیٰ کہ اپنے عقائد واعمال کی اسی بناء پر تصحیح کرتے ہیں جو کہ واقع میں غیر صحیح ہے تو جب قدامت کے ساتھ اُس قدامت کا مبنی دلیل صحیح بھی ہو تب تو اس کی صحت میں کلام ہی نہیں ہو سکتا اور گو ان کو آپ سے اس بات میں خطاب درست نہیں مگر آپ کو ان سے خطاب کا حق ہے پس) آپ (ان کو) اپنے رب (یعنی اُس کے دین) کی طرف بلاتے رہئے (کیونکہ) آپ یقیناً صحیح راستہ پر ہیں (اور صحیح راستہ والے کو حق ہوتا ہے غلط راستہ والے کو اپنی طرف بلانے کا اور غلط رستہ والے کو یہ حق نہیں ہوتا) اور اگر (اس پر بھی) یہ لوگ آپ سے جھگڑا نکالتے رہیں تو آپ (اخیر بات یہ) فرما دیجئے کہ اللہ تعالیٰ تمہارے کاموں کو خوب جانتا ہے (وہی تم کو سمجھے گا کیونکہ جب کوئی شخص معقول جواب کو نہ قبول کرے نہ اس میں کوئی معتد بہ شبہ نکال سکے اور خواہ مخواہ گفتگو کئے

www.besturdubooks.net

جائے تو اس کا جواب یہی ہے کہ خدا تم کو سمجھے گا آگے (اسی کی توضیح ہے کہ) اللہ تعالیٰ تمہارے درمیان قیامت کے روز (عملی) فیصلہ فرمادے گا جن چیزوں میں تم اختلاف کرتے تھے (آگے اس کی تائید ہے کہ) اے مخاطب کیا تجھ کو معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ سب چیزوں کو جانتا ہے جو کچھ آسمان اور زمین میں ہے (پس ان لوگوں کے اعمال واحوال کا بھی علم ہے اور باوجود محفوظ فی العلم ہونے کے) یقینی بات ہے کہ یہ (سب ان کا قول وفعل) نامۂ اعمال میں (بھی محفوظ) ہے (پس) یقیناً (ثابت ہوگیا کہ) یہ (فیصلہ کرنا) اللہ تعالیٰ کے نزدیک (بہت) آسان ہے (کیونکہ مدار اعظم فیصلہ کا حاکم کے اعتبار سے علم ہی ہے اور غیر حاکم کے اعتبار سے علم کے ساتھ حصول حکومت کی بھی ضرورت ہے اور اللہ تعالیٰ کا حکم ہونا مسلم ہی تھا)۔ **ف**: اس رکوع سے چار رکوع پہلے بھی یہ آیت آئی ہے: لِكُلِّ أُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا مگر چونکہ دونوں کے مقصود کا علیحدہ علیحدہ ہونا تقریر ترجمہ سے ظاہر ہے اس لئے تکرار لازم نہیں آیا اور مشرکین کے اس اعتراض) کا یہ جواب ایک خاص طرز پر ہے اور دوسرے طرز کا جواب پارۂ ہشتم کے رکوع اول کے اخیر پر آیت: تَأْكُلُوا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللَّهِ عَلَيْهِ (الأنعام: ۱۱۹) کی تقریر ربط میں مذکور ہو چکا ہے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قوله فی منسکا** ذبح کرنے کا طریق الخ اشارة الی ان منسکا مصدر و ناسکوه مضاف الی الضمیر بتقدیر الباء والضمیر راجع الی المنسك بتقدیر المضاف ای جعلنا طریق ذبح هم ذابحون به والطریق هو المعروف من قطع الاوداج مع ذکر اسم الله تعالیٰ علیه ۱۲۔

اَلْكَلَامُ: استدل بعض بقوله تعالیٰ یمسك علی ان السماء طالب للمرکز ولیس بذاك لانه یمکن ان یکون معنی الامساك خلقها بحیث لا یطب المرکز فافهم ۱۲۔

اَلنَّحْوُ: قوله الا باذنه استثناء من اعم الاحوال ای لا یترکها تقع فی حال من الاحوال الا فی حال کونها متلبسة بمشیته تعالیٰ ولا دلالة فی الآیة علی وقوع الاذن بالوقوع کذا فی البحر ۱۲۔

اَلْبَلَاغَةُ: سلطانا تقدیم السعی علی العقلی لان السعی ارجی فی الخلاص عند اللوم واقطع للشغب عند من یسلم السمعی ۱۲۔

وَيَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهِ سُلْطَانًا وَمَا لَيْسَ لَهُمْ بِهِ عِلْمٌ ۗ وَمَا لِلظَّالِمِينَ مِنْ نَصِيرٍ ﴿٧١﴾

وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ تَعْرِفُ فِي وُجُوهِ الَّذِينَ كَفَرُوا الْمُنْكَرَ ۖ يَكَادُونَ يَسْطُونَ بِالَّذِينَ يَتْلُونَ

ع ۸ ۱۶ عَلَيْهِمْ آيَاتِنَا ۗ قُلْ أَفَأُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِنْ ذَٰلِكُمُ ۗ النَّارُ ۖ وَعَدَهَا اللَّهُ الَّذِينَ كَفَرُوا ۖ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ﴿٧٢﴾

يَا أَيُّهَا النَّاسُ ضُرِبَ مَثَلٌ فَاسْتَمِعُوا لَهُ ۚ إِنَّ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ لَنْ يَخْلُقُوا ذُبَابًا وَلَوِ

اجْتَمَعُوا لَهُ ۖ وَإِنْ يَسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَيْئًا لَا يَسْتَنْقِذُوهُ مِنْهُ ۚ ضَعُفَ الطَّالِبُ وَالْمَطْلُوبُ ﴿٧٣﴾ مَا قَدَرُوا

اللَّهَ حَقَّ قَدْرِهِ ۖ إِنَّ اللَّهَ لَقَوِيٌّ عَزِيزٌ ﴿٧٤﴾ اللَّهُ يَصْطَفِي مِنَ الْمَلَائِكَةِ رُسُلًا وَمِنَ النَّاسِ ۚ إِنَّ

اللَّهَ سَمِيعٌ بَصِيرٌ ﴿٧٥﴾ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۗ وَإِلَى اللَّهِ تُرْجَعُ الْأُمُورُ ﴿٧٦﴾

اور یہ (مشرک) لوگ اللہ تعالیٰ کے سوا ایسی چیزوں کی عبادت کرتے ہیں جن (کے جواز عبادت پر) اللہ تعالیٰ نے کوئی حجت (اپنی کتاب میں نہیں بھیجی اور نہ اس کے پاس اس کی کوئی (عقلی) دلیل ہے اور ان ظالموں کا کوئی مددگار نہ ہوگا اور جب ان لوگوں کے سامنے ہماری آیتیں جو کہ (اپنے مضامین میں) خوب واضح ہیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو تم ان کافروں کے چہروں میں (بوجہ ناگواری باطنی کے) برے آثار دیکھتے ہو قریب ہے کہ یہ ان لوگوں پر اب حملہ کر بیٹھیں گے جو ہماری آیتیں ان کے سامنے پڑھ رہے ہیں آپ ان مشرکین سے کہئے کہ کیا میں تم کو اس (قرآن) سے زیادہ ناگوار چیز بتلادوں وہ دوزخ ہے (کہ) اس کا اللہ نے کافروں سے وعدہ کیا ہے اور وہ برا ٹھکانا ہے۔ اے لوگو ایک عجیب بات بیان کی جاتی ہے اس کو کان لگا کر سنو (وہ یہ ہے کہ) اس میں کوئی شبہ نہیں کہ جن کی تم لوگ خدا کو چھوڑ کر عبادت کرتے ہو وہ ایک (ادنیٰ) مکھی کو تو پیدا کر ہی نہیں سکتے گو سب کے سب بھی (کیوں نہ) جمع ہو جاویں اور (پیدا کرنا تو بڑی بات ہے وہ ایسے عاجز ہیں کہ) اگر ان سے مکھی کچھ چھین لے جائے تو اس کو (تو) اس سے چھڑا (ہی) نہیں سکتے ایسا عابد بھی لچر اور ایسا معبود بھی لچر (افسوس ہے) ان لوگوں نے اللہ تعالیٰ کی جیسی تعظیم کرنا چاہئے تھی (کہ) اس کے سوا کسی عبادت نہ

www.besturdubooks.net

کرتے وہ نہ کی (کہ شرک کرنے لگے) حالانکہ اللہ تعالیٰ بڑی قوت والا سب پر غالب (بھی) ہے۔ اللہ تعالیٰ کو اختیار ہے رسالت کے لئے جس کو چاہتا ہے منتخب کر لیتا ہے فرشتوں میں سے (جن فرشتوں کو چاہے احکام پہنچانے والے مقرر فرما دیتا ہے) اور (اسی طرح) آدمیوں میں سے یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ خوب سننے والا اور خوب دیکھنے والا ہے (یعنی) وہ ان سب فرشتوں اور آدمیوں کی آئندہ اور گزشتہ حالتوں کو خوب جانتا ہے اور تمام کاموں کا مدار اللہ ہی پر ہے (یعنی وہ ایک مستقل بالذات ہے)۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر آیات: ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ (الی قولہ تعالیٰ) لَكَفُوْرٌ ۞ میں توحید کا بیان تھا آگے لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ۞ تک شرک کا رد ہے۔

ردِ شرک و ذم مشرک ☆ وَ يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ۞ اور یہ (مشرک) لوگ اللہ تعالیٰ کے سوا ایسی چیزوں کی عبادت کرتے ہیں جن (کے جواز عبادت) پر اللہ تعالیٰ نے کوئی حجت (اپنی کتب میں) نہیں بھیجی اور نہ ان کے پاس اس کی کوئی (عقلی) دلیل ہے اور (قیامت میں جب ان کو شرک پر سزا ہونے لگے گی تو) ان ظالموں کا کوئی مددگار نہ ہوگا (نہ قولاً کہ ان کے فعل کے استحسان پر کوئی حجت پیش کر سکے نہ عملاً کہ ان کو عذاب سے بچا لے) اور ان لوگوں کو ضلال اور اہل حق سے عناد رکھنے میں یہاں تک غلو ہے کہ) جب ان لوگوں کے سامنے ہماری آیتیں (متعلق توحید وغیرہ کے) جو کہ (اپنے مضامین میں) خوب واضح ہیں (اہل حق کی زبان سے) پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو تم ان کافروں کے چہروں میں (بوجہ ناگواری باطنی کے) برے آثار دیکھتے ہو (جیسے چہرے پر بل پڑ جانا' ناک چڑھ جانا' تیور بدل جانا اور ان آثار سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ) قریب ہے کہ یہ ان لوگوں پر (اب) حملہ کر بیٹھیں (گے) جو ہماری آیتیں ان کے سامنے پڑھ رہے ہیں (یعنی حملہ کا شبہ ہمیشہ ہوتا ہے اور گاہ گاہ اس حملہ کا تحقق بھی ہوا ہے پس یکادون استمرار کے اعتبار سے فرمایا) آپ (ان مشرکین سے) کہئے کہ (تم کو جو یہ آیات قرآنیہ سن کر ناگواری ہوئی تو) کیا میں تم کو اس (قرآن) سے (بھی) زیادہ ناگوار چیز بتلا دوں وہ دوزخ ہے (کہ) اس کا اللہ تعالیٰ نے کافروں سے وعدہ کیا ہے اور وہ برا ٹھکانا ہے (یعنی قرآن سے ناگواری کا نتیجہ ناگوار دوزخ ہے اس ناگواری کا تو غیظ سے غضب سے انتقام سے کچھ تدارک بھی کر لیتے ہو مگر اس ناگواری کا کیا علاج کرو گے آگے ایک نہایت بدیہی دلیل سے شرک کا ابطال ہے کہ) اے لوگو ایک عجیب بات بیان کی جاتی ہے اس کو کان لگا کر سنو (وہ یہ ہے کہ) اس میں کوئی شبہ نہیں کہ جن کی تم لوگ خدا کو چھوڑ کر عبادت کرتے ہو وہ ایک (ادنیٰ) مکھی کو پیدا کر ہی نہیں سکتے گو سب کے سب بھی (کیوں نہ) جمع ہو جاویں اور (پیدا کرنا تو بڑی بات ہے وہ تو ایسے عاجز ہیں کہ) اگر ان سے مکھی کچھ (ان کے چڑھاوے میں سے) چھین لے جائے تو اس کو (تو) اس سے چھڑا (ہی) نہیں سکتے ایسا عابد بھی لچر اور ایسا معبود بھی لچر (افسوس ہے) ان لوگوں نے اللہ تعالیٰ کی جیسی تعظیم کرنا چاہئے تھی (کہ اس کے سوا کسی کی عبادت نہ کرتے) وہ نہ کی (کہ شرک کرنے لگے حالانکہ) اللہ تعالیٰ بڑی قوت والا سب پر غالب ہے (تو عبادت اس کا خالص حق تھا نہ کہ غیر قوی اور غیر عزیز کا جس کی عدم قوت باوضح وجوہ معلوم ہو چکی)۔ ربط: اوپر توحید کی تحقیق تھی آگے رسالت کے متعلق مشرکین کے ایک خاص کلام کا جواب ہے وہ کہتے تھے کہ رسول کوئی فرشتہ ہونا چاہئے تھا بشر اور پھر بشر میں بھی آپ کہ ظاہری حشمت شوکت نہ رکھتے تھے رسالت کیلئے صالح نہیں۔

تحقیق مسئلۂ رسالت ☆ اَللّٰهُ يَصْطَفِيْ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ (الی قولہ تعالیٰ) وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۞ اللہ تعالیٰ (کو اختیار ہے رسالت کیلئے جس کو چاہتا ہے) منتخب کر لیتا ہے فرشتوں میں سے (جن فرشتوں کو چاہے) احکام (الٰہیہ نبیوں کے پاس) پہنچانے والے (مقرر فرما دیتا ہے) اور (اسی طرح) آدمیوں میں سے (بھی جس کو چاہے عامۂ ناس کی طرف احکام پہنچانے والے مقرر کر دیتا ہے یعنی رسالت کا مدار اصطفائے خداوندی پر ہے اس میں کچھ ملکیت کی خصوصیت نہیں بلکہ جس طرح ملکیت کے ساتھ رسالت جمع ہو سکتی ہے جس کو مشرکین بھی مانتے ہیں چنانچہ فرشتوں کے رسول ہونے کی وہ خود تجویز کرتے تھے اسی طرح بشریت کے ساتھ وہ جمع ہو سکتی ہے رہا یہ کہ اصطفاء کسی ایک خاص کے ساتھ کیوں واقع ہوا تو ظاہری سبب تو اس کا خصوصیات احوال ان رسل کے ہیں اور یہ) یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ خوب سننے والا خوب دیکھنے والا ہے (یعنی) وہ ان (سب فرشتوں اور آدمیوں) کی آئندہ اور گذشتہ حالتوں کو (خوب) جانتا ہے (تو حالت موجودہ کو تو بدرجہ اولیٰ جانے گا غرض سب احوال مسموعہ و مبصرہ اس کو معلوم ہیں ان میں بعض کا حال مقتضی اس اصطفاء کا ہو گیا) اور (حقیقی سبب اس کا یہ ہے کہ) تمام کاموں کا مدار اللہ ہی پر ہے (یعنی وہ مالک مستقل بالذات و فاعل مختار ہے اس کا ارادہ مرجح کی ضرورت نہیں کیونکہ ترجیح احد المقدورین متی شاء لوازم ذات ارادہ قدیمہ سے ہے اور ملزوم و لازم کے درمیان تخلل جعل کا محال ہے پس سبب حقیقی ارادہ خداوندی ہے اور اس کا سبب پوچھنا لغو ہے وھو معنی قولہ تعالیٰ لا یسأل عما یفعل) ف: انبیاء علیہم السلام کے پاس پیغام خداوندی لانے والے علی القول المشہور حضرت جبرئیل علیہ السلام ہیں پھر رسل ملائکہ میں تعدد کے کیا معنی۔ جواب یہ ہے کہ آیات و روایات سے ثابت ہوتا ہے کہ بعض پیغاموں کے واسطے دوسرے فرشتے بھی بھیجے گئے ہیں جیسے ارشاد ہے: وَلَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُنَآ اِبْرٰهِيْمَ [ھود: ۶۹] وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا [ھود: ۷۷] گو ان میں رئیس جبرئیل ہی ہوں اور جیسا حدیث میں ہے کہ خاتمہ سورۂ بقرہ کی فضیلت سنانے کے لئے ایک نیا فرشتہ آیا یا حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی فضیلت سنانے کے لئے اسی طرح ایک نیا فرشتہ آیا البتہ قرآن

www.besturdubooks.net

مجید پورا یقیناً جبرئیل ہی لائے ہیں لقولہ تعالیٰ :نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ [الشعراء : ۱۹۳] بلکہ دوسری کتب الٰہیہ بھی غالباً حضرت جبرئیل ہی لائے ہیں لیکن وحی منحصر نہیں ہے قرآن وکتب مشہورہ میں واللہ اعلم۔

تَرْجَمَۃُ مَسَائِلِ السُّلُوْکِ: قولہ تعالیٰ وَاِنْ جَادَلُوْكَ صوفیہ کا جوطرز ہے کہ کسی معاند سے جدال نہیں کرتے اس میں اس کی اصل ہے۱۲۔قولہ تعالیٰ: وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ الخ اس میں ان مدعیانِ تصوف کی مذمت ہے کہ جب ان کے سامنے ان کے رد کی آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو ان پر ناگواری کے آثار ظاہر ہوتے ہیں اور ایسے لوگ اس زمانہ میں کثرت سے ہیں۔قولہ تعالیٰ: وَاِنْ يَّسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ الخ اس میں دلالت ہے کہ اس پر مخاطب کی اصلاح میں اس کی فہم واستعداد کی رعایت رکھی جاوے چنانچہ اس تمثیل سے ظاہر ہے کہ ان کی فہم کے موافق لائی گئی۔اور روح میں ہے کہ اس میں ان لوگوں کی مذمت کی طرف اشارہ ہے جو اولیاء اللہ کے معاملہ میں غلو کرتے ہیں کہ ان سے مدد مانگتے ہیں اور ان کی منتیں مانتے ہیں الخ۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃِ: ۱ قوله فی توضیح یکادون استمرار کذا فی الروح۱۲۔۲ قوله فی شر من ذلکم اس قرآن کذا فی العالم۱۲۔۳ قوله فی ما بین ایدیهم الخ آئندہ الخ کما فی الروح یعلم مستقبل احوالهم وماضیها۱۲۔۴ قوله فی ترجع مدار کما انها الروح لانه المالك لها بالذات فلا یسئل جل وعلی عما یفعل من الاصطفاء وغیره۱۲۔

البَلَاغَۃ: قوله مثل ای حال مستغربة حقیقة بان تسمی مثلاً وتسیر فی الامصار والاعصار۱۲۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ارْكَعُوْا وَاسْجُدُوْا وَاعْبُدُوْا رَبَّكُمْ وَافْعَلُوا الْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ وَجَاهِدُوْا فِي اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ ۭ هُوَ اجْتَبٰىكُمْ وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ ۭ مِلَّةَ اَبِيْكُمْ اِبْرٰهِيْمَ ۭ هُوَ سَمّٰىكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ ۙ مِنْ قَبْلُ وَفِيْ هٰذَا لِيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ شَهِيْدًا عَلَيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا شُهَدَاۗءَ عَلَي النَّاسِ ۚ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاعْتَصِمُوْا بِاللّٰهِ ۭ هُوَ مَوْلٰىكُمْ ۚ فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ۝ ع ۱۷

اے ایمان والو تم رکوع کیا کرو اور سجدہ کیا کرو اور اپنے رب کی عبادت کیا کرو اور تم (ایسے) نیک کام بھی کیا کرو امید یعنی وعدہ ہے کہ تم فلاح پاؤ گے اور اللہ کے کام میں خوب کوشش کیا کرو جیسا کہ کوشش کرنے کا حق ہے اس نے تم کو (اور امتوں سے) ممتاز فرمایا اور (اس نے) تم پر دین (کے احکام) میں کسی قسم کی تنگی نہیں کی تم نے اپنے باپ ابراہیم علیہ السلام کی (اس) ملت پر (ہمیشہ) قائم رہو اس (اللہ) نے تمہارا لقب مسلمان رکھا ہے نزول قرآن سے پہلے بھی اور اس (قرآن) میں بھی تاکہ تمہارے (قابل شہادت اور معتبر ہونے کے) رسول (ﷺ) گواہ ہوں اور (اس شہادت رسول کے قبل) تم لوگوں کے مقابلہ میں گواہ (تجویز) ہو سو تم لوگ (خصوصیت کے ساتھ) نماز کی پابندی رکھو اور زکوٰۃ دیتے رہو اور اللہ ہی کو مضبوط پکڑے رہو وہ تمہارا کارساز ہے (کسی کی مخالفت تم کو حقیقتاً ضرر نہ کرے گی) سو کیا اچھا کارساز ہے اور کیا اچھا مددگار ہے۔

تفسیر: اوپر سورت میں اصول مہمہ یعنی بعث وتوحید ورسالت کا اثبات اور ہر ایک کے متعلق شبہات ومجادلات کا جواب مذکور ہو چکا ہے آگے خاتمہ میں اول فروع وشرائع کا امر فرمایا ہے پھر مِلَّةَ اَبِيْكُمْ سے مجموعہ اصول وفروع پر کہ حاصل ہے اسلام کا استدامت واستقامت کا حکم دیا ہے اور اس کی تہیج وترغیب کے لئے بعض مضامین ارشاد فرما کر سورت ختم کر دی ہے۔

امر بالقیام علی حقیقۃ الاسلام ☆ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ارْكَعُوْا وَاسْجُدُوْا وَاعْبُدُوْا رَبَّكُمْ وَافْعَلُوا الْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ (الی قولہ تعالیٰ) فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ۝ اے ایمان والو تم (اصول اسلام کے قبول کرنے کے بعد فروع کی بھی پابندی رکھو خصوصاً نماز کی پس تم) رکوع کیا کرو اور سجدہ کیا کرو اور (عموماً دوسری فروع کو بھی بجالا کر) اپنے رب کی عبادت کیا کرو اور (جو افعال فی نفسہ ولی ذاتہ عبادت نہیں ہیں بلکہ مباح ہیں لیکن عارض نیت یا نافع للغیر ہونے کی وجہ سے عبادت ہو جاتے ہیں تم ایسے) نیک کام (بھی) کیا کرو امید (یعنی وعدہ) ہے کہ تم فلاح پاؤ گے اور (ان کاموں کو سستی اور بے دلی سے مت کرو بلکہ) اللہ کے کام میں خوب کوشش کیا کرو جیسا کوشش کرنے کا حق ہے (کیونکہ دین میں کوشش کرنے کا مقتضی موجود ہے اور مانع کوئی ہے نہیں چنانچہ) اس نے تم کو (اور امتوں سے) ممتاز فرمایا (جیسا کہ آیہ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا [البقرۃ : ۱۴۳] وغیرہ میں مذکور اور احادیث میں مشہور ہے یہ تو مقتضی ہے حق جہاد کو کیونکہ جس کو کوئی خاص ترجیح دی جاتی ہے وہ خدمت کیلئے زیادہ دوڑتا ہے) اور (اس نے) تم پر دین (کے احکام) میں کسی قسم کی تنگی نہیں کی (چنانچہ

www.besturdubooks.net

تمام ابواب میں احکام رخصت میں نظر کرنے سے معلوم ہوتا ہے البتہ اگر تنگی ہوتی تو بھی کسی درجہ میں وہ حق جہاد سے مانع ہوتا پس مانع بھی مرتفع ہوا اور وجود مقتضی وارتفاع مانع کا مجموع علت ہوتی ہے ترتب معلول کی خواہ ترتب حسی ہو یا ترتب شرعی جیسا مانحن فیہ میں ہے اور اے ایمان والو جس اسلام کا تم کو امر کیا گیا ہے کہ احکام کی پوری بجا آوری ہو اور یہی ملت ابراہیمی ہے) تم اپنے باپ ابراہیم کی (اس) ملت پر (ہمیشہ) قائم (بھی) رہو (پس اوپر احداث اسلام کا امر تھا اور اس میں ابقاء اسلام کا حکم ہے آگے اس اجتبائے مذکور کی ایک فرد کا بیان ہے کہ) اس (اللہ) نے تمہارا لقب مسلمان رکھا (نزول قرآن سے) پہلے بھی اور اس (قرآن) میں بھی (چنانچہ ابراہیم علیہ السلام کی زبان سے کہلوایا: اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ [البقرة: ۱۲۸] اور شاید اور کتب منزلہ میں بھی ہو اور قرآن میں تو جا بجا آیا ہے اور اللہ تعالیٰ کا مقرر کیا ہوا عنوان معنوں سے خالی ہو نہیں سکتا تو بالضرورۃ امت محمدیہ میں مادۂ انقیاد واتباع کا زیادہ ہوگا پس ہم نے یہ مادہ اس لئے زیادہ رکھا ہے) تاکہ (تم اس سے اکتساب کمالات کرو جس سے دنیا میں شرف وامتیاز حاصل ہونے کے علاوہ آخرت میں بھی تمہارا بڑا شرف ظاہر ہو کہ جس مقدمہ کا ابھی ذکر آتا ہے (اس میں) تمہارے قابل شہادت اور معتبر ہونے کے) لئے رسول اللہ (ﷺ) گواہ ہوں اور (اس شہادت رسول کے قبل) تم ایک بڑے مقدمہ میں جس میں ایک فریق حضرات انبیاء علیہم السلام ہوں گے اور فریق ثانی ان کی مخالفت قوم میں ہوگی ان مخالف) لوگوں کے مقابلہ میں گواہ (تجویز) ہو (اور شہادت رسول سے تمہاری شہادت معتبر ہونے کی تصدیق ہو پھر تمہاری شہادت سے اس مقدمہ کا حضرات انبیاء علیہم السلام کے حق میں فیصلہ اور مخالفین مجرم قرار پا کر سزایاب ہوں اور اس امر کا اعلیٰ درجہ کی عزت ہونا ظاہر ہے) سو (جب ہم نے تم پر ایسی ایسی عنایتیں کی ہیں تو تم کو بھی ہمارے احکام کی پوری بجا آوری چاہئے تو بس) تم لوگ (خصوصیت کے ساتھ) نماز کی پابندی رکھو (کہ افضل عبادات بدنیہ ہے) اور زکوٰۃ دیتے رہو (کہ افضل عبادات مالیہ ہے) اور (بقیہ احکام اصلی وفرعی میں بھی عموماً) اللہ ہی کو مضبوط پکڑے رہو (یعنی ہمت وعزم کے ساتھ دین کے کاموں میں غیر اللہ کی رضا وعدم رضا یا اپنے نفس کی مصلحت یا مضرت کی طرف التفات مت کرو) وہ تمہارا کارساز ہے (کسی کی مخالفت تم کو حقیقۃً ضرر نہ کرے گی) سو کیسا اچھا کارساز ہے اور کیسا اچھا مددگار ہے (پس ایسی ذات کے ساتھ تو یہ معاملہ رکھنا چاہئے کہ) ؎ مصلحت دید من آن ست کہ یاران ہمہ کار بگذارند وخم طرہ یارے گیرند واللہ الموافق۔ ف: اسلام کے ملت ابراہیمی ہونے کی تحقیق پارۂ الم کے آخری رکوع میں گزر چکی ہے اور ہر چند کہ بالمعنی اللغوی دوسری امم مؤمنہ بھی موصوف باسلام تھیں مگر لقب کے طور پر یہی امت موصوف ہے اور دوسروں کے القاب یہود ونصاریٰ وقوم ہود وقوم صالح وغیرہ ہیں۔ اور ابیکم میں خطاب تمام امت کو ہونا باوجودیکہ ابراہیم علیہ السلام تمام امت کے پدر بالمعنی الحقیقی نہیں اس کی تحقیق پارۂ الم کے آخری رکوع کے ذرا قبل آیۂ: وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَآ اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ [البقرة: ۱۲۸] کے ذیل میں گزر چکی ہے غرض چونکہ ذریۃ ابراہیم بالمعنی اللغوی کے مسلمان اور بالخصوص ان میں عہد نبوی کے مسلمان بقیہ مسلمین کے اعتبار سے نشر دین کے اصل سبب ہوئے اس لئے خطاب میں ان کو غیر پر غالب قرار دے کر تغلیب کا استعمال کیا گیا اور تفسیر وَتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ..... کی پوری تحقیق شروع پارہ سیقول میں ایسی ہی آیت کے ذیل میں گزر چکی ہے اور لام غایت کے داخل ہونے سے اس کی غایت ہونے کی تقریر ابھی اثناء ترجمہ میں لکھی گئی ہے یعنی سا کم دال ہے وجود صفت اسلام پر اور وہ دال ہے اکتساب کمالات پر اور اس کی غایت ظہور شرف ہے۔ جس پر وَتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ..... دال ہے واللہ اعلم وعلمہ اتم واحکم الحمد للہ ثم الحمد للہ کہ آج ساتویں تاریخ ذی قعدہ روز دوشنبہ وقت چاشت سنہ تیرہ سو چوبیس ہجری کو سورۂ حج کی تفسیر تمام ہوئی اللہ تعالیٰ سے دعاء ہے کہ بقیہ قرآن کی تفسیر بھی مکمل فرماوے آمین۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ وَجَاهِدُوْا فِي اللّٰهِ الخ روح میں ہے کہ یہ تمام انواع مجاہدہ کو شامل ہے ان میں سے جہاد نفس بھی ہے اور وہ ادائے حقوق و ترک حظوظ سے اس کا تزکیہ کرنا ہے اور اس میں سے جہاد قلب بھی ہے اور وہ اس کا تصفیہ ہے اور کونین سے اس کا تعلق قطع کرنا اور اس میں سے جہاد روح بھی ہے اور وہ ہستی کا فنا کرنا ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ اس میں دلالت ہے سہولت فی التربیۃ پر۔ قولہ تعالیٰ: هُوَ سَمّٰىكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ ۙ الخ اس میں بعض صوفیہ کے اس معمول کی اصل ہے جو شخص طریق میں داخل ہوتا ہے اس کو ایک اچھا لقب دیتے ہیں بشرطیکہ مقصود تفاخر اور اہل حق سے تفرد نہ ہو ۱۲۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی اللہ کام اشارۃ الی تقدیر المضاف الی دین اللہ ۱۲۔

الروایات: فی الدر المنثور بروایۃ الطیالسی واحمد والبخاری فی تاریخہ والترمذی والنسائی والموصلی وابن خزیمۃ وابن حبان والماوردی وابن قانع والطبرانی والحاکم وابن مردویہ والبیہقی فی الشعب عن الحارث الاشعری مرفوعًا قال صلی اللہ علیہ وسلم فی حدیث فادعوا بدعوۃ اللہ التی سماکم بہا المسلمین والمؤمنین آہ وفیہ عن ابن عباس و مجاہد وقتادۃ وسفیان وابن زید فی احدی الروایتین عنہ فی قولہ ہو سماکم اللہ سماکم وفی الروح قراءۃ ابیؓ اللہ سماکم آہ قلت وبناء علی ہذہ الروایات اعدت الضمیر الی اللہ تعالیٰ لا الی ابراہیم علیہ السلام ۱۲۔

www.besturdubooks.net

الفقه : فی هذه السورة سجدة واحدة عند الحنفية دليلهم من المنقول ما فی الروح اخرج ابن ابی شيبة من طريق العريان المجاشعی عن ابن عباس قال فی الحج سجدة واحدة وفيه ان ما روی من حديث عقبة الذی فيه السجدتان قال الترمذی اسناده ليس بالقوی وكذا قال ابوداؤد وغير ذلك ان تقول انه قد قوی بما اخرجه ابوداؤد وابن ماجة وابن مردويه والبيهقی عن عمرو بن العاص ان رسول الله صلی الله عليه وسلم اقرأه خمس عشرة سجدة فی القرآن منها ثلث فی الفصل وفی سورة الحج سجدتان وبعمل كثير من الصحابة الظاهر فی كونه عن سماع منه صلی الله عليه وسلم او رؤية لفعله ذلك آه۔

النحو : قوله ملة ابيكم نصب علی الاغراء ای الزموا۱۲۔

البلاغة : قوله جهاده الاضافة الی ضمير الله تعالٰی لادنی ملابسة واختصاص فلما كان الجهاد مختصا بالله تعالٰی من حيث انه مفعول لوجهه سبحانه ومن اجله صحت اضافة اليه كذا فی الروح عن الكشاف۱۲۔

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ الْمُؤْمِنُوْنَ

سُوْرَةُ الْمُؤْمِنُوْنَ مَكِّيَّةٌ ۷۴ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۱۱۸ رُكُوْعَاتُهَا ۶

سورۃ المومنون مکہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۱۱۸ آیات اور ۶ رکوع ہیں

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۙ﴿۱﴾ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ ۙ﴿۲﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ ۙ﴿۳﴾
وَالَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فٰعِلُوْنَ ۙ﴿۴﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ۙ﴿۵﴾ اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ
اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ۚ﴿۶﴾ فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ۚ﴿۷﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ
لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ۙ﴿۸﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۘ﴿۹﴾ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ ۙ﴿۱۰﴾ الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ
الْفِرْدَوْسَ ؕ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۱۱﴾

بالتحقیق ان مسلمانوں نے آخرت میں فلاح پائی جو اپنی نماز میں خشوع کرنے والے ہیں اور جو لغو باتوں سے (خواہ قولی ہوں یا فعلی) برکنار رہنے والے ہیں اور جو (اعمال و اخلاق میں) اپنا تزکیہ کرنے والے ہیں اور جو اپنی شرمگاہوں کی (حرام شہوت رانی سے) حفاظت رکھنے والے ہیں لیکن اپنی بیبیوں سے یا اپنی (شرعی) لونڈیوں سے (حفاظت نہیں کرتے) کیونکہ ان پر (اس میں) کوئی الزام نہیں ہاں جو اس کے علاوہ (اور جگہ شہوت رانی کا) طلب گار ہو ایسے لوگ حد (شرعی) سے نکلنے والے ہیں اور جو اپنی (سپردگی میں لی ہوئی) امانتوں اور اپنے عہدوں کا خیال رکھنے والے ہیں اور جو اپنی نمازوں کی پابندی کرتے ہیں (پس) ایسے ہی لوگ وارث ہونے والے ہیں جو فردوس کے وارث ہوں گے (اور) اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے۔ ۞

تفسیر: سورة المؤمنون مكية وهي مائة وتسع عشرة او ثماني عشرة اية كذا في البيضاوي۔

ربط: اس سورت کا خلاصہ یہ مضامین ہیں اور فضیلت عبادت جو شروع ہی میں مذکور ہے جیسا سورت گذشتہ کے اخیر میں بھی اس کا ذکر تھا اور اس سے دونوں میں تناسب بھی ظاہر ہے اور وہاں فلاح کی امید دلانا لعلکم سے اور یہاں اس فلاح کے وقوع کا حکم کرنا قد سے بیحد لطف ترتیبی پیدا کرتا ہے دوم بیان آثار قدرت الٰہیہ جو انعام و توحید دونوں پر دال ہے سوم تحقیق نبوت مع دفع شبہات جو اس کے متعلق تھے۔ چہارم بعث و مجازات پنجم شناعت و فظاعت حال کفار ششم ان میں سے اکثر کی تقویت کے لئے حکایت بعض قصص۔ ہفتم بعض مکارم اخلاق و اعمال کی تعلیم جو مناسب مضمون اول کے ہے کقولہ تعالیٰ: كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ وقولہ تعالیٰ: قُلْ رَّبِّ اَعُوْذُ بِكَ وقولہ ادفع وقولہ رَبِّ اغْفِرْ الخ۔

فضیلت بعض اہم عبادات ☆ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۙ (الی قولہ تعالیٰ) هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۞ بالتحقیق ان مسلمانوں نے (آخرت میں) فلاح پائی جو (تصحیح عقائد کے ساتھ صفات ذیل کے ساتھ بھی موصوف ہیں وہ) اپنی نماز میں (خواہ فرض ہو یا غیر فرض) خشوع (خضوع) کرنے والے ہیں اور جو لغو (یعنی لایعنی) باتوں سے (خواہ قولی ہوں یا فعلی) برکنار رہنے والے ہیں اور جو (اعمال و اخلاق میں) اپنا تزکیہ کرنے والے ہیں اور جو اپنی شرمگاہوں کی (حرام شہوت رانی سے) حفاظت رکھنے والے ہیں لیکن اپنی بیبیوں سے یا اپنی (شرعی) لونڈیوں سے (حفاظت نہیں کرتے) کیونکہ ان پر (اس میں) کوئی الزام نہیں ہاں جو اس کے علاوہ (اور جگہ شہوت رانی کا) طلب گار ہو ایسے لوگ حد (شرعی) سے نکلنے والے ہیں اور جو (اپنی سپردگی میں لی ہوئی)

www.besturdubooks.net

امانتوں اور اپنے عہد کا (جو کسی عقد کے ضمن میں کیا ہو یا ویسے ہی ابتداءً کیا ہو) خیال رکھنے والے ہیں اور جو اپنی (فرض) نمازوں کی پابندی کرتے ہیں (بس) ایسے ہی لوگ وارث ہونے والے ہیں جو فردوس (بریں) کے وارث ہوں گے (اور) وہ اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے۔

فائدہ اوّل: خشوع کی حقیقت ہے سکون یعنی قلب کا بھی کہ خیالات غیر کو قلب میں بالقصد حاضر نہ کرے اور جوارح کا بھی کہ عبث حرکتیں نہ کرے اور اس کی فرضیت میں کلام ہے مگر حق یہ ہے کہ صحتِ صلوٰۃ کا تو موقوف علیہ نہیں اور اس مرتبہ میں فرض نہیں اور قبول صلوٰۃ کا موقوف علیہ ہے اور اس مرتبہ میں فرض ہے۔

فائدہ دوم: لغو کا ادنیٰ درجہ گو مباح ہو مگر ترک اس کا اولیٰ اور موجب مدح ہے اور معصیت لغو کا اعلیٰ درجہ ہے اس کا ترک واجب ہے پس لغو کے معنی ہیں غیر مفید پھر اس کی دو قسم ہیں مضر و غیر مضر۔

فائدہ سوم: زکوٰۃ بمعنیٰ مشہور کے ساتھ اس لئے تفسیر نہیں کی کہ آیات مکیہ ہیں اور زکوٰۃ کی فرضیت مدینہ میں ہوئی البتہ اگر ان آیات کا مدنی ہونا ثابت ہو جاوے جیسا بعض اقوال سے مفہوم ہوتا ہے تو وہ تفسیر بھی صحیح ہو سکتی ہے اور اس پر یہ شبہ نہ کیا جاوے کہ اس صورت میں فاعلون کی جگہ مودون کہنا ضروری تھا۔ جواب یہ ہے کہ اس کی نظیر امیہ بن ابی الصلت کے کلام میں نزول قرآن سے پہلے آ چکی ہے قال۔

؎ المطعمون الطعام فی السنة ☆ الازمة والفاعلون للزکوة

اور کسی نے عرب میں سے اس پر خردہ گیری نہیں کی اور یہ توجیہ بھی ممکن ہے الذین هم لاداء الزکوة فاعلون یا فاعلون کو متضمن معنی مودون کہا جاوے۔

فائدہ چہارم: اعراض عن اللغو میں حفظ فروج بدرجۂ اولیٰ داخل ہے اسی طرح فعل زکوٰۃ بمعنی التزکیہ مراعات امانات وعہد کو بھی شامل ہے لیکن تخصیص اعتناء شان کی وجہ سے ہے۔

فائدہ پنجم: مَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ میں زنا و لواطت و وطی بہائم و عاریت جواری اجماعاً اور بعض کے نزدیک استمناء بالید بھی داخل ہے اور اگر یہ آیت مدنی ہو تو حرمت متعہ پر بھی اس سے استدلال صحیح ہے کیونکہ معتوعدنہ ازواج بالمعنی المتبادر میں داخل ہے نہ مملوکات میں اور مکی ہونے کی صورت میں گو اس آیت سے اس لئے استدلال نہیں ہو سکتا کہ بعض حدیثوں سے یوم خیبر میں اور بعض حدیثوں سے یوم فتح مکہ میں اس کی تحریم وارد ہوئی ہے روی الاول الشیخان والثانی مسلم اور اسی سے تطبیق میں کہا گیا ہے کہ دو بار تحریم ہوئی ہے اور یہ دونوں یوم ہجرت کے بعد ہوئے ہیں لیکن مدار استدلال کا یہی آیت نہیں ہے بلکہ مسلم میں ارشاد نبوی مصرح ہے :کنت آذنت لکم فی الاستمتاع من النساء وقد حرم الله تعالٰی ذلك الی یوم القیٰمة اور صحیح مسلم میں روایت تحریم متعہ کی حضرت علی رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے بھی مروی ہے اور صحابہ رضی اللہ عنہم کا اس پر اجماع بھی ہے اور حضرت ابن عباسؓ کے رجوع پر ابن الہمام نے ان کے قول سے جو ترمذی میں ہے استدلال کیا ہے انما کانت المتعة فی اول الاسلام (الی قوله) فکل فرج سواهما حرام اور اس کی کچھ بحث پارۂ پنجم آیت :فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ [النساء: ۱] کی تفسیر کے ذیل میں گزر چکی ہے۔

فائدہ ششم: اور وارث کہنے کی وجہ حدیث نبوی میں یہ آئی ہے کہ ہر شخص کے نام پر دو گھر بنے ہیں ایک جنت میں ایک دوزخ میں جو شخص جہنمی ہوگا اس کا گھر اہل جنت کو مل جاوے گا فذلك قوله تعالٰی :اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ اخرجه سعید بن منصور وابن ماجة وابن المنذر وابن جریر وصححه القرطبی کذا فی الروح اور اگر یہ حدیث کسی کی تحقیق میں ثابت نہ ہو وارث بمعنی مالک بھی ہو سکتا ہے لان الارث اقوی اسباب الملك ففیه المبالغة۔

فائدہ ہفتم: اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ میں جو حصر ہے وہ باعتبار استحقاق فردوس کے ہے جو بحسب احادیث جنت کا اعلیٰ درجہ ہے ورنہ نفس جنت مطلق مؤمنین کے لئے عام ہوگی گو صفات مذکورہ میں کمی ہو۔

ترجمہ مسائل السلوك: (سورۃ المؤمنون) قولہ تعالیٰ: وَالَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ الخ یہ آیت صراحۃً دال ہے خشوع کے مطلوب ہونے پر اور روح میں ہے کہ حق یہ ہے کہ یہ صحت صلوٰۃ کی شرط نہیں مگر قبول کی شرط ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ الخ اس میں اہل طریقت کے مبالغہ فی الورع کی تصریح ہے کہ وہ ایسے امور کو بھی ترک کر دیتے ہیں جن میں نہ ضرر ہو اور نہ نفع جیسا کہ مضر کو ترک کر دیتے ہیں۔ قولہ تعالیٰ: وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ الخ روح میں ہے کہ اس میں اشارہ ہے کہ وہ اپنی قوۃ شہویہ پر مستولی ہیں ۱۲۔

الفقه: قوله ما ملكت ایمانهم خاص بالاناث فلا یحل المملوك للسیدة ولا للسید والمراد بیان حل الجنس فلا ینافی الحرمة فی بعض الاحوال کالحیض وغیره ۱۲۔

اللغات: الفلاح الفوز بالمرام والافلاح الدخول فی ذلك وراء خلاف وذهب الیه ابو حیان فهو مفعول به وقیل ظرف لا یصلح

www.besturdubooks.net

مفعولا به والمعنى فمن احدث ابتغاء وراء ذلك راعون اصل الرعى حفظ المواشى واستعمل فى مطلق الحفظ ۱۲۔

البلاغۃ: لامٰنٰتهم وعهدهم جمع الاول لكونها محسوسة التعدد وافراد الثانى لكونه مصدرا فى الاصل ولكونه امرا معنويا لا يحس تعدده يحافظون نكتة ايراد الفعل فيه تجدوا الصلوٰة وتكررها قوله الذين يرثون فى التقيد بعد الاطلاق والتفسير بعد الابهام من الفخامة ما لا يخفى ۱۲۔

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ﴿۱۲﴾ ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً فِىْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ﴿۱۳﴾ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ
عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ ؕ
فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ﴿۱۴﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ لَمَيِّتُوْنَ ﴿۱۵﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تُبْعَثُوْنَ ﴿۱۶﴾
وَلَقَدْ خَلَقْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعَ طَرَآئِقَ ۖ وَمَا كُنَّا عَنِ الْخَلْقِ غٰفِلِيْنَ ﴿۱۷﴾ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً بِقَدَرٍ فَاَسْكَنّٰهُ فِى
الْاَرْضِ ۚ وَاِنَّا عَلٰى ذَهَابٍ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ ﴿۱۸﴾ فَاَنْشَاْنَا لَكُمْ بِهٖ جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ ۙ لَكُمْ فِيْهَا ع ۱۰
فَوَاكِهُ كَثِيْرَةٌ وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَشَجَرَةً تَخْرُجُ مِنْ طُوْرِ سَيْنَآءَ تَنْۢبُتُ بِالدُّهْنِ وَصِبْغٍ لِّلْاٰكِلِيْنَ ﴿۲۰﴾
وَاِنَّ لَكُمْ فِى الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ؕ نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِىْ بُطُوْنِهَا وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ كَثِيْرَةٌ وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۲۱﴾
وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ﴿۲۲﴾ ع ۱۱

اور ہم نے انسان کو مٹی کے خلاصہ (یعنی غذا) سے بنایا پھر ہم نے اس کو نطفہ سے بنایا جو کہ (ایک مدت معینہ تک) ایک محفوظ مقام (یعنی رحم) میں رہا پھر ہم نے اس نطفہ کو خون کا لوتھڑا بنادیا پھر ہم نے اس خون کے لوتھڑے کو (گوشت) کی بوٹی بنادیا پھر ہم نے اس بوٹی (کے بعض اجزا کو ہڈیاں بنادیا پھر ہم نے ان ہڈیوں پر گوشت چڑھادیا پھر ہم نے (اس میں روح ڈال کر) اس کو ایک دوسری ہی (طرح) کی مخلوق بنادیا سو کیسی بڑی شان ہے اللہ کی جو تمام صناعوں سے بڑھ کر ہے پھر تم بعد اس (تمام قصہ عجیب) کے ضرور ہی مرنے والے ہو پھر تم قیامت کے روز دوبارہ زندہ کئے جاؤ گے اور ہم نے تمہارے اوپر سات آسمان بنائے اور ہم مخلوق (کی مصلحتوں) سے بے خبر نہ تھے اور ہم نے آسمان سے (مناسب) مقدار کے ساتھ پانی برسایا پھر ہم نے اس کو (مدت تک) زمین میں ٹھہرایا اور ہم اس پانی کے معدوم کردینے پر (بھی) قادر ہیں پھر ہم نے اس (پانی) کے ذریعے سے باغ پیدا کئے کھجوروں کے اور انگوروں کے تمہارے واسطے ان میں بکثرت میوے بھی ہیں اور ان میں سے کھاتے بھی ہو اور (اسی پانی سے) ایک (زیتون کا) درخت بھی (ہم نے پیدا کیا ہے) جو کہ طورِ سینا میں (بکثرت) پیدا ہوتا ہے جو اگتا ہے تیل لئے ہوئے اور کھانے والوں کے لئے ہوئے اور تمہارے لئے مواشی میں (بھی) غور کرنے کا موقع ہے کہ ہم تم کو ان کے جوف میں کی چیز (یعنی دودھ) پینے کو دیتے ہیں اور تمہارے لئے ان میں اور بھی بہت سے فائدے ہیں اور (نیز) ان میں سے بعض کو کھاتے بھی ہو اور ان پر اور کشتی پر لدے لدے پھرتے (بھی) ہو۔

تفسیر: اوپر بعض عبادات مہمہ کی فضیلت مذکور تھی آگے مستحق عبادت جل شانہ کے مقابلہ کے بعض آثار وتصرفات کا بیان ہے تاکہ ان سے اس کی قدرت اور عظمت اور وحدت اور منت ونعمت پر استدلال کر کے پورا حق عبادت ادا کیا جاوے اور ایجاد کے ساتھ درمیان میں افناء اور اعادہ کا ذکر تقویت استدلال وتذکیر جزائے عبادات وترغیب اعمال کے لئے کیا گیا۔

استدلال برصفات کمال قادر ذوالجلال ☆ وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ﴿۱۲﴾ ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً (الی قولہ تعالیٰ) وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ﴿۲۲﴾ (اول بیان ہے ایجاد انسان کا) اور ہم نے انسان کو مٹی کے خلاصہ (یعنی غذا) سے (جو کہ بعد مٹی کے مادہ بعید ہے انسان کا) بنایا (یعنی اول مٹی ہوتی ہے پھر اس سے بذریعہ نباتات کے غذا حاصل ہوتی ہے) پھر ہم نے اس کو نطفہ سے بنایا جو کہ (ایک مدتِ معینہ تک) ایک محفوظ مقام (یعنی رحم) میں رہا (اور وہ غذا سے حاصل ہوا تھا) پھر ہم نے اس نطفہ کو خون کا لوتھڑا بنایا پھر ہم نے اس خون کے لوتھڑے کو (گوشت کی) بوٹی بنادیا پھر ہم نے اس بوٹی (کے بعض اجزاء) کو ہڈیاں بنادیا پھر ہم نے ان ہڈیوں پر گوشت چڑھادیا (جس سے وہ ہڈیاں ڈھک گئیں) پھر (ان سب نقلیات کے بعد) ہم نے (اس میں روح ڈال کر) اس کو ایک دوسری ہی (طرح کی) مخلوق بنادیا (جو حالات سابقہ سے بالکل متمائز ومتباین ہے کیونکہ جمادیت ونباتیت میں جو تفاوت ہے ان سے

www.besturdubooks.net

حیوانیت بدرجہا متفاوت ہے) سو کیسی بڑی شان ہے اللہ کی جو تمام صناعوں سے بڑھ کر ہے (کیونکہ دوسرے صناع صرف تحلیل ترکیب کر سکتے ہیں اعطائے حیوۃ حقیقۃ یہ خاص اللہ ہی کا کام ہے اور تفصیل ان نقلیات کی اسی ترکیب کے ساتھ قانون وغیرہ کتب طبیہ میں ہے آگے افناء کا بیان ہے یعنی) پھر تم بعد اس (تمام قصہ عجیبہ) کے ضرور ہی مرنے والے ہو (آگے بیان ہے اعادہ کا یعنی) پھر تم قیامت کے روز دوبارہ زندہ کئے جاؤ گے اور (جس طرح ہم نے تم کو ابتداءً وجود عطا فرمایا اسی طرح تمہاری بقا کا سامان بھی کیا کہ) ہم نے تمہارے اوپر سات آسمان (جن میں ملائکہ کے آمد و رفت کے لئے راہیں ہیں) بنائے (کہ اس سے تمہاری بعض مصلحتیں متعلق ہیں) اور ہم مخلوق (کی مصلحتوں) سے بے خبر نہ تھے (بلکہ ہر مخلوق کو مصالح و حکم کا متضمن بنایا اور ہم نے تمہاری تمیم بقا کے لئے) آسمان سے (مناسب) مقدار کے ساتھ پانی برسایا پھر ہم نے اس کو (مدت تک) زمین میں ٹھہرایا (چنانچہ کچھ پانی تو زمین کے اوپر رہتا ہے اور کچھ اندر اتر جاتا ہے جو وقتاً فوقتاً نکلتا رہتا ہے) اور ہم (جس طرح اس کے برسانے پر قادر ہیں اسی طرح) اس (پانی) کے معدوم کر دینے پر (بھی) قادر ہیں (خواہ ہوا کی طرف مستحیل کر کے خواہ اتنی دور زمین کے اندر اتار کر کہ آلات کے ذریعہ سے نہ نکال سکو مگر ہم نے باقی رکھا) پھر ہم نے اس (پانی کے ذریعہ سے باغ پیدا کئے کھجوروں کے اور انگوروں کے تمہارے واسطے ان (کھجوروں انگوروں) میں بکثرت میوے بھی ہیں (جب کہ ان کو تازہ تازہ کھایا جاوے تو میوہ سمجھا جاتا ہے) اور ان میں سے (جو بچا کر خشک کر کے رکھ لیا جاتا ہے اس کو بطور غذا کے) کھاتے بھی ہو اور (اسی پانی سے) ایک (زیتون کا) درخت بھی (ہم نے پیدا کیا) جو کہ طور سینا میں (بکثرت) پیدا ہوتا ہے جو اگتا ہے تیل لئے ہوئے اور کھانے والوں کیلئے سالن لئے ہوئے (یعنی اس کے پھل سے دونوں کام کی چیز حاصل ہوتی ہے خواہ روشن کرنے کے اور مالش کرنے کے کام میں لاؤ خواہ اس میں روٹی ڈبو کر کھاؤ سامان مذکور پانی اور نباتات سے تھا) اور (آگے حیوانات کی قبیل سے سامان بقا کا بیان ہے کہ) تمہارے لئے مواشی میں (بھی) غور کرنے کا موقع ہے کہ ہم تم کو ان کے جوف میں کی چیز (یعنی دودھ) پینے کو دیتے ہیں اور تمہارے لئے ان میں اور بھی بہت سے فائدے ہیں (کہ ان کے بال اور اون کام آتی ہے) اور (نیز) ان میں سے بعض کو کھاتے بھی ہو اور ان میں جو بار برداری کے قابل ہیں ان) پر اور کشتی پر لدے لدے پھرتے بھی ہو۔ **ف**: جس پہاڑ کا نام طور ہے طور سینا بھی اسی کا نام ہے کیونکہ وہ جس جگہ ہے اس جگہ کا نام سیناء ہے اور سینین بھی گو اب کچھ اور نام ہو گیا ہو اور زیتون کی تخصیص طور کے ساتھ بوجہ کثرت سے پیدا ہونے کے ہے اور طور کی تخصیص[1] زیتون کے ساتھ بوجہ کثرت منافع کے ہے فقط۔

الحواشی: (۱) یعنی باجودیکہ وہاں اور اشجار بھی پیدا ہوتے ہیں مگر پھر زیتون ہی پر حکم لگانا کہ طور سے نکلتا ہے اس لئے ہے کہ یہ شجرہ کثیر المنافع ہے ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ **قولہ فی نطفۃ** سے اشارۃ الی نصبہ بنزع الخافض کذا فی الروح ۱۲۔ ۲ **قولہ فی خلقا** اخر روح الخ کذا تلقیتہ من مرشدی ثم رأیتہ منقولا عن ابن عباسؓ فی الدر المنثور ۱۲۔

فوائد: فی الدر المنثور عن معاذ بن جبل وعن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما تلاوتہما ۱۲ قولہ فتبارک اللہ احسن الخالقین لما سمعا ما قبلہ وقولہ علیہ السلام للاول بہا ختمت ونزولہ کذلک الثانی واشکل ان ذلک قادح فی اعجازہ واجیب لوصحت بان الخارج عن قدرۃ البشر علی الصحیح ما کان مقدار اقصر سورۃ منہ علی ان اعجازہ ہذہ الآیۃ الکریمۃ منوط بما قلبہا کما تعرب عنہ الفاء فانہ اعتراض تذئیلی مقرر لمضمون ما قبلہ کذا فی الروح قلت ان الممتنع الاتیان بہ بقصد المعارفۃ لا اتفاقا ۱۲۔

الکلام: قولہ تعالیٰ فاسکنہ فی الارض لا ینافی ہذا ما ذکرہ بعض الحکماء من تکون المیاہ فی الآبار والعیون من الانجرۃ لانہ یمکن ان یکون للشیٔ اسباب متعددۃ ولا دلیل عندہم علی ان لا دخل لمیاہ الامطار فیہا کیف وقد قال بہ ابو البرکات البغدادی وایضا یشہد المشاہدۃ بہ حیث تقل وتکثر میاہ الآبار بقلۃ الامطار وکثرتہا ۱۲۔

اختلاف القراءۃ: فی قراءۃ تنبت من الافعال ہو بمعنی اللازم ۱۲۔

الفقہ: اورد علی ابی حنیفۃ بعدم حنث من حلف لا یاکل الفاکہۃ لو اکل النخیل مع تسمیۃ اللہ تعالیٰ ایاہ فاکہۃ۔ واجیب علی تقدیر رجوع ضمیر فیہا الی النخیل والاعناب ان تسمیۃ تعالیٰ باللغۃ وعدم الحنث بالعرف ۱۲۔

اللغات: سلالۃ من سل بمعنی استخرج فان فعالۃ اسم لما یحصل من الفعل فتارۃ تکون مقصودۃ منہ کالخلاصۃ واخریٰ غیر مقصودۃ منہ کالقلامۃ والکناسۃ والسلالۃ من قبیل الاول فانہا مقصودۃ بالسل ای من الغذاء الذی ہو سلالۃ الطین وصفوتہ وفیہ وصف الجنس بوصف اکثر افرادہ لان خلق آدم علیہ السلام لم یکن کذلک قولہ مکین متمکن مع ان التمکن وصف ذی المکان وہو النطفۃ ہہنا علی سبیل المجاز کما یقال طریق سائر ۱۲ الخالقین الصانعین کذا فی الروح عن ابن عطیۃ ۱۲ سیناء اسم للبقعۃ ومنع عن الصرف للعلمیۃ والعجمۃ البطون المراد مطلق الاجواف ۱۲۔

www.besturdubooks.net

النحو : قوله بالدهن الباء للمصاحبة دون التعدية لان نبات الدهن او انباته لا يكاد يستعمل فالمعنى تنبت الشجرة و فيها الدهن كذا فى الكشاف وعطف صبغ عليه من عطف الصفة على الصفة قوله مما فى بطونها من ابتدائية۱۲۔

البلاغة : قوله ثم جعلنه نطفة الى آخر الآية فى الروح وجاء ت المعطوفات الاول بعضها بثم و بعضها بالفاء ولم يجئ جميعها بثم او بالفاء مع صحة ذلك فى مثلها اللاشارة الى تفاوت الاستحالات فالمعطوف بثم مستبعد حصوله مما قبله فجعل الاستبعاد عقلا او رتبة بمنزلة التراخى والبعد الحسى لان حصول النطفة من اجزاء وترابية غريب جدا وكذا جعل النطفة البيضاء السيالة وما احمر جامدا بخلاف جعل الدم لحما مشابها فى اللون والصورة وكذا تصليب المضغة حتى تصير عظماء وكذا لحمها عليه ليستره كذا قيل ولا يخلو عن قيل وقال۱۲ قدورى البطرانى فى الكبير بسند حسن عن ابى الدرداء ان النبى صلى الله عليه وسلم قال اول شئ يرفع من هذه الامة الخشوع حتى لا ترى فيها خاشعا كذا فى مجمع الزوائد وقد روى الديلمى فى مسند الفردوس مرفوعًا بسند ضعيف لا صلوة لمن لا يتخشع كذا فى الجامع الصغير۱۲ منه۔ قوله عظامًا فى الروه جمع العظام دون غيرها مما فى الاطوار لانها متغائرة هيئة وصلابة بخلاف غيرها۱۲۔ قوله لميتون وتبعثون تاكيد الموت باللام دون البعث مع انكار البعث وعدم انكار الموت يقتضى العكس لاعتبار نكتة اخرى وهى ان الموت لكراهة كالمنكر بخلاف البعث فانه مرغوب فيه لكونه حياة فى الاصل فافهم۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۲۳﴾ فَقَالَ الْمَلَؤُا الَّذِيْنَ
كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ مَا هٰذَاۤ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ يُرِيْدُ اَنْ يَّتَفَضَّلَ عَلَيْكُمْ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً ۚۖ مَّا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِيْۤ
اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِيْنَ ﴿۲۴﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا رَجُلٌۢ بِهٖ جِنَّةٌ فَتَرَبَّصُوْا بِهٖ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۲۵﴾ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ بِمَا كَذَّبُوْنِ ﴿۲۶﴾
فَاَوْحَيْنَاۤ اِلَيْهِ اَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا فَاِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّوْرُ ۙ فَاسْلُكْ فِيْهَا مِنْ
كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَاَهْلَكَ اِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ مِنْهُمْ ۚ وَلَا تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۚ
اِنَّهُمْ مُّغْرَقُوْنَ ﴿۲۷﴾ فَاِذَا اسْتَوَيْتَ اَنْتَ وَمَنْ مَّعَكَ عَلَى الْفُلْكِ فَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ نَجّٰىنَا مِنَ الْقَوْمِ
الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۸﴾ وَقُلْ رَّبِّ اَنْزِلْنِيْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ﴿۲۹﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ وَّاِنْ كُنَّا لَمُبْتَلِيْنَ ﴿۳۰﴾

اور ہم نے نوح علیہ السلام کو ان کی قوم کی طرف پیغمبر بنا کر بھیجا سو انہوں نے (اپنی قوم سے) فرمایا کہ اے میری قوم اللہ ہی کی عبادت کیا کرو اور اس کے سوا کوئی تمہارے لئے معبود بنانے کے لائق نہیں (اور جب یہ بات ثابت ہے تو) پھر کیا تم دوسروں کو معبود بنانے سے ڈرتے نہیں ہو پس نوح علیہ السلام کی یہ بات سن کر ان کی قوم میں جو کافر رئیس تھے (عوام سے کہنے لگے کہ یہ شخص بجز اس کے کہ تمہاری طرح کا ایک معمولی) آدمی ہے اور کچھ نہیں (اس دعوے سے) ان کا مطلب یہ ہے کہ تم سے برتر ہو کر رہے اور اللہ کو رسول بھیجنا ہوتا تو فرشتوں کو بھیجتا ہم نے یہ بات اپنے پہلے بڑوں میں نہیں سنی پس یہ ایک آدمی ہے جس کو جنون ہو گیا ہے سو ایک وقت خاص (یعنی اس کے مرنے کے وقت) تک اس (کی حالت) کا اور انتظار کر لو۔ نوح علیہ السلام نے عرض کیا کہ اے میرے رب بوجہ اس کے کہ انہوں نے مجھ کو جھٹلایا ہے پس ہم نے (ان کی دعا قبول کی اور) ان کے پاس حکم بھیجا کہ تم کشتی تیار کر لو ہماری نگرانی میں اور ہمارے حکم سے پھر جس وقت ہمارا حکم (عذاب کا قریب) آ پہنچا اور (علامت اس کی یہ ہے کہ) زمین سے پانی ابلنا شروع ہو تو (اس وقت) ہر قسم (کے جانوروں) میں سے ایک ایک نر اور ایک ایک مادہ یعنی دو دو عدد اس (کشتی) میں داخل کر لو اور اپنے گھر والوں کو بھی (سوار کر لو) باستثناء اس کے جس پر ان میں سے (غرق ہونے کا) حکم نافذ ہو چکا ہو اور (یہ سن لو کہ) مجھ سے کافروں (کی نجات) کے بارے میں کچھ گفتگو نہ کرنا (کیونکہ) وہ سب غرق کئے جائیں گے پس جس وقت تم اور تمہارے ساتھی (مسلمان) کشتی میں بیٹھ کر چکو تو یوں کہنا کہ شکر ہے خدا کا جس نے ہم کو کافر لوگوں سے (یعنی ان کے افعال اور تکالیف سے) نجات دی اور یوں کہنا کہ اے میرے رب مجھ کو زمین پر برکت کا اتارنا اتاریو اور آپ سب اتارنے والوں سے اچھے ہیں اس (واقعہ مذکورہ) میں بہت سی نشانیاں ہیں اور ہم یہ نشانیاں معلوم کرا کر اپنے بندوں کو آزماتے ہیں۔ ۞

تفسیر ربط : اوپر توحید معبود پر دلائل قائم کئے گئے تھے آگے مضمون توحید کی تاکید کے لئے بعض قصص مذکور ہیں جو تین طور پر مؤکد توحید ہیں۔ ایک انبیائے

www.besturdubooks.net

سابقین کا توحید کے لئے امر فرمانا دوسرے منکرین توحید کا انجام برا ہونا تیسرے ظہور خوارق انبیاء علیہم السلام سے جس میں آیت : وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ الخ زیادہ صریح ہے اور دوسرے قصوں میں اشارت مثل سلطان مبین یا شہرت پر اکتفا کیا گیا جیسا اخیر قصہ میں وجہین اولین کی دلالت کا ذکر صریح نہیں کیا گیا اور نیز قصہ عیسویہ کے ذکر سے بنی اسرائیل کی تکذیب کا بھی بیان کرنا مقصود ہوسکتا ہے اور اس بناء پر اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ کے ساتھ اس کا خاص ارتباط ہوگا جس کی تقریر یہ ہوگی کہ بنی اسرائیل کی ہدایت کے لئے کتاب بھی دی اور ان میں سے متاخرین کے لئے اعجاز عیسوی کا بھی اظہار کیا مگر انہوں نے پھر موسیٰ علیہ السلام کی بھی اور عیسیٰ علیہ السلام کی بھی مخالفت کی واللہ اعلم۔

قصہ نوح علیہ السلام وقوم او☆ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ وَّاِنْ كُنَّا لَمُبْتَلِيْنَ ۝ اور ہم نے نوح (علیہ السلام) کو ان کی قوم کی طرف پیغمبر بنا کر بھیجا سو انہوں نے (اپنی قوم سے) فرمایا کہ اے میری قوم اللہ ہی کی عبادت کیا کرو اس کے سوا کوئی تمہارے لئے معبود بنانے کے لائق نہیں (اور جب یہ بات ثابت ہے تو) پھر کیا تم (دوسروں کے معبود بنانے سے) ڈرتے نہیں ہو پس (نوح علیہ السلام کی یہ بات سن کر) ان کی قوم میں جو کافر رئیس تھے (عوام سے) کہنے لگے کہ یہ شخص بجز اس کے کہ تمہاری طرح کا ایک (معمولی) آدمی ہے اور کچھ (رسول وغیرہ) نہیں ہے (اس دعویٰ سے) ان کا (اصل مطلب یہ ہے کہ تم سے برتر ہو کر رہے یعنی جاہ و ریاست مقصود ہے اور اگر اللہ کو (رسول بھیجنا) منظور ہوتا تو (اس کام کے لئے) فرشتوں کو بھیجتا (پس دعویٰ ان کا غلط ہے اسی طرح ان کی دعوت کرنا توحید کی طرف یہ دوسری غلطی ہے کیونکہ) ہم نے یہ بات (کہ اور کسی کو معبود مت قرار دو) اپنے پہلے بڑوں میں بھی (ذکر مذکور ہوتے ہوئے) نہیں سنی بس یہ ایک آدمی ہے جس کو جنون ہو گیا ہے (اس واسطے ساری دنیا کے خلاف باتیں کرتا ہے کہ میں رسول ہوں اور معبود ایک ہے) سو ایک وقت خاص (یعنی اس کے مرنے کے وقت) تک اس (کی حالت) کا اور انتظار کر لو (آخر ایک وقت پر پہنچ کر ختم ہو جاوے گا اور سب پاپ کٹ جاوے گا) نوح (علیہ السلام) نے (ان کے ایمان لانے سے مایوس ہو کر جناب باری میں) عرض کیا کہ اے میرے رب (ان سے) میرا بدلہ لے بوجہ اس کے کہ انہوں نے مجھ کو جھٹلایا ہے پس ہم نے (ان کی دعا قبول کی اور) ان کے پاس حکم بھیجا کہ تم کشتی تیار کر لو ہماری نگرانی میں اور ہمارے حکم سے (اب طوفان آوے گا اور تم اور مؤمنین اس کے ذریعہ سے محفوظ رہو گے) پھر جس وقت ہمارا حکم (عذاب کا قریب) آ پہنچے اور (علامت اس کی یہ ہے کہ) زمین سے پانی ابلنا شروع ہو تو (اس وقت) ہر قسم (کے جانوروں) میں سے (جو کہ انسان کے کارآمد ہیں اور پانی میں زندہ نہیں رہ سکتے) ایک ایک نر اور ایک ایک مادہ یعنی دو دو عدد اس (کشتی) میں داخل کر لو اور اپنے گھر والوں کو بھی (سوار کر لو) باستثناء جس پر ان میں سے (غرق ہونے کا) حکم نافذ ہو چکا ہے (یعنی جو کافر ہو اس کو مت سوار کرو) اور (یہ سن لو کہ) مجھ سے کافروں (کی نجات) کے بارہ میں کچھ گفتگو مت کرنا (کیونکہ) وہ سب غرق کئے جاویں گے پھر جس وقت تم اور تمہارے ساتھی (مسلمان) کشتی میں بیٹھ چکو تو یوں کہنا کہ شکر ہے خدا کا جس نے ہم کو کافر لوگوں سے (یعنی ان کے افعال سے اور ان کے نکال سے) نجات دی اور جب بعد فرو ہونے طوفان کے کشتی سے زمین پر آنے لگو تو) یوں کہنا کہ اے میرے رب مجھ کو (زمین پر) برکت کا اتارنا اتاریو (یعنی اطمینان ظاہری و باطنی کے ساتھ رکھیو) اور آپ سب اتارنے والوں سے اچھے ہیں (یعنی اور لوگ جو مہمان کو اتار لیتے ہیں حقیقۃً اس کے حصول نفع و دفع ضرر پر قادر نہیں ہوتے اور آپ قادر ہیں) اس (واقعہ مذکورہ) میں (اہل عقل کے لئے ہماری قدرت کی) بہت سے نشانیاں ہیں اور ہم (یہ نشانیاں معلوم کرا کر اپنے بندوں کو) آزماتے ہیں (کہ دیکھیں کونسا منتفع ہوتا ہے کون نہیں ہوتا اور نشانیاں یہ ہیں۔ رسول بھیجنا۔ ایمانداروں کو بچا لینا۔ کافروں کو ہلاک کر دینا۔ دفعۃً طوفان پیدا کر دینا کشتی کو محفوظ رکھنا وغیرہ وغیرہ) ف: پارہ بارہ کے ربع پر بھی اس کے مشابہ آیتیں آئی ہیں وہاں تفسیر مفصل ملاحظہ فرمالی جاوے اور قوم کا يُرِيْدُ اَنْ يَّتَفَضَّلَ عَلَيْكُمْ اور رَجُلٌۢ بِهٖ جِنَّةٌ کہنے میں اجتماع اس ارادہ تفضل کا مطلق جنون کے ساتھ ممکن ہے اور اگر جنون کامل لیا جاوے تو ان کے قولوں میں تناقض ہوگا جو خود ان کے جنون کی دلیل ہے اور چونکہ کفار کے یہ اقوال صریح البطلان تھے اس لئے اس مقام پر ان کے جواب ذکر کرنے کی ضرورت نہ تھی۔

تَرْجَمَۃُ مَسَائِلِ السُّلُوْكِ: قولہ تعالیٰ: مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ یہ اس پر دال ہے کہ کمال فیض کی شرط مناسبت ہے اور اہل طریق اس کا بہت اہتمام کرتے ہیں ۱۲۔ قولہ تعالیٰ بہ جنۃ الخ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ایسا حال نہایت محمود ہے جس کو مجوبین جنون سمجھیں اور یہ کمال فناء سے حاصل ہوتا ہے پس آیت اس کے مطلوب ہونے پر دال ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَلَا تُخَاطِبْنِيْ [ھود : ۳۷] الخ اس میں اصل ہے بعض اہل طریق کی اس عادت کی کہ بعض لوگوں سے دعاء کرنے کے متعلق عذر کر دیتے ہیں کہ ان کے لئے دعا کا نافع نہ ہونا کشف سے معلوم ہو جاتا ہے ۱۲۔

الخواتین: (۱) یعنی مذکورہ تین طور میں سے طور ثالث تو قصہ اخیرہ میں زیادہ صریح اور اول کے قصوں میں صریح نہیں اور طورین اولین قصہ اخیرہ میں صریح نہیں اور اول کے قصوں میں صریح ہیں ۱۲۔

www.besturdubooks.net

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی تربصوا بہ ختم ہوجاوے گا اخذتہ من الخازن وھذا کقولہ تعالیٰ یتربص بکم الدوائر ۱۲۔

الروایات: قولہ رب انزلنی فی الدر المنثور اخرج ابن ابی شیبۃ وعبد بن حمید وابن جریر وابن المنذر وابن ابی حاتم عن مجاھد رضی اللہ عنہ وقل رب انزلنی منزلا مبارکاً قال لنوح حین انزل من السفینۃ آہ۔

اللغات: فاسلك فی الروح سلك دخل وادخل کقولہ ما سلککم فی سقر ای ادخلکم ۱۲۔

البلاغۃ: جمع الضمیر فی نجنا وتوحیدہ فی انزلنی لعل النکتۃ فیہ ان اھل الفلك کلھم کانوا مؤمنین فجمعھم معہ بخلاف ما بعد النزول فان اھل الارض کانوا مختلفین ولو بعد حین فلم یجمعھم معہ واللہ اعلم ۱۲۔

ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِيْنَ ﴿۳۱﴾ فَاَرْسَلْنَا فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ
غَيْرُهٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۳۲﴾ وَقَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ وَاَتْرَفْنٰهُمْ فِي الْحَيٰوةِ
الدُّنْيَا ۙ مَا هٰذَاۤ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ يَاْكُلُ مِمَّا تَاْكُلُوْنَ مِنْهُ وَيَشْرَبُ مِمَّا تَشْرَبُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَلَئِنْ اَطَعْتُمْ بَشَرًا
مِّثْلَكُمْ اِنَّكُمْ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿۳۴﴾ اَيَعِدُكُمْ اَنَّكُمْ اِذَا مِتُّمْ وَكُنْتُمْ تُرَابًا وَّعِظَامًا اَنَّكُمْ مُّخْرَجُوْنَ ﴿۳۵﴾
هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ لِمَا تُوْعَدُوْنَ ﴿۳۶﴾ اِنْ هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَنَحْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ﴿۳۷﴾ اِنْ
هُوَ اِلَّا رَجُلٌ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا وَّمَا نَحْنُ لَهٗ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۳۸﴾ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ بِمَا كَذَّبُوْنِ ﴿۳۹﴾ قَالَ عَمَّا
قَلِيْلٍ لَّيُصْبِحُنَّ نٰدِمِيْنَ ﴿۴۰﴾ فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ بِالْحَقِّ فَجَعَلْنٰهُمْ غُثَآءً ۚ فَبُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۱﴾

پھر ہم نے (قوم نوح کے بعد) دوسرا گروہ پیدا کیا پھر ہم نے ان میں ایک پیغمبر کو بھیجا جو ان میں ہی کے تھے (ان پیغمبر نے کہا کہ) کہ تم لوگ اللہ ہی کی عبادت کرو اس کے سوا تمہارا اور کوئی معبود (حقیقی) نہیں کیا تم شرک سے ڈرتے نہیں ہو اور ان پیغمبر کی یہ بات سن کر ان کی قوم میں جو رئیس تھے جنہوں نے خدا اور رسول کے ساتھ کفر کیا تھا اور آخرت کے آنے کو جھٹلایا تھا اور ہم نے ان کو دنیوی زندگانی میں عیش ہی دیا تھا کہنے لگے کہ بس یہ تو تمہاری طرح ایک (معمولی) آدمی ہیں (چنانچہ) یہ وہی کھاتے ہیں جو تم کھاتے ہو اور وہی پیتے ہو جو تم پیتے ہو اور اگر تم اپنے جیسے ایک (معمولی) آدمی کے کہنے پر چلنے لگو تو بے شک تم (عقل کے) گھاٹے میں ہو کیا یہ شخص تم سے کہتا ہے کہ جب تم مرجاؤ گے اور (مرکر) مٹی اور ہڈیاں ہو جاؤ گے تو (دوبارہ زندہ کر کے زمین سے) نکالے جاؤ گے بہت ہی بعید اور بہت ہی بعید ہے جو بات تم سے کہی جاتی ہے بس زندگی تو یہی دنیوی زندگی ہے کہ ہم کوئی مرتا ہے اور کوئی پیدا ہوتا اور ہم دوبارہ زندہ نہ کئے جاویں گے بس یہ ایک ایسا شخص ہے جو اللہ پر جھوٹ باندھتا ہے اور ہم تو ہرگز اس کو سچا نہ سمجھیں گے پیغمبر نے دعا کی کہ اے میرے رب میرا بدلہ لے اس وجہ سے کہ انہوں نے مجھ کو جھٹلایا ارشاد ہوا کہ یہ لوگ عنقریب پشیمان ہوں گے چنانچہ ان کو ایک سخت آواز نے (یعنی عذاب) موافق وعدہ برحق کے آ پکڑ جس سے وہ سب ہلاک ہو گئے پھر ہم نے ان کو خس وخاشاک (کی طرح پامال) کر دیا سو خدا کی مار کافر لوگوں پر۔ ۞

تفسیر: قصہ عاد یا ثمود ☆ ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا (الی قولہ تعالیٰ) فَبُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۱﴾ پھر (قوم نوح کے بعد) ہم نے دوسرا گروہ پیدا کیا (مراد عاد ہے یا ثمود) پھر ہم نے ان میں ایک پیغمبر کو بھیجا جو ان ہی میں کے تھے (مراد ہود علیہ السلام یا صالح علیہ السلام ہیں ان پیغمبر نے کہا) کہ تم لوگ اللہ ہی کی عبادت کرو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود (حقیقی) نہیں کیا تم (شرک سے) ڈرتے نہیں ہو اور (ان پیغمبر کی یہ بات سن کر) ان کی قوم میں سے جو رئیس تھے) جنہوں نے (خدا اور رسول کے ساتھ) کفر کیا تھا اور آخرت کے آنے کو جھٹلایا تھا اور ہم نے ان کی دنیوی زندگانی میں عیش بھی دیا تھا کہنے لگے کہ بس یہ تو تمہاری طرح ایک (معمولی) آدمی ہیں (چنانچہ) یہ وہی کھاتے ہیں جو تم کھاتے ہو اور وہی پیتے ہیں جو تم پیتے ہو اور (جب یہ تمہارے ہی جیسے بشر ہیں تو) اگر تم اپنے جیسے ایک (معمولی) آدمی کے کہنے پر چلنے لگو تو بیشک تم (عقل کے) گھاٹے میں ہو (یعنی بڑی بے وقوفی ہے) کیا یہ شخص تم سے یہ کہتا ہے کہ جب تم مرجاؤ گے اور (مرکر) ہڈیاں بے گوشت رہ جاتی ہیں پھر بعد چندے وہ بھی خاک ہو جاتی ہیں تو یہ شخص کہتا ہے کہ جب اس حالت پر پہنچ جاؤ گے) تو (پھر دوبارہ زندہ کر کے زمین سے) نکالے جاؤ گے (تو بھلا ایسا شخص کہیں قابل اطاعت واتباع ہو سکتا ہے اور) بہت ہی بعید اور بہت ہی بعید ہے جو بات تم سے کہی جاتی ہے بس زندگی تو یہی ہماری دنیوی زندگی ہے کہ ہم میں کوئی مرتا ہے اور کوئی پیدا ہوتا ہے اور ہم دوبارہ زندہ نہ کئے جاویں گے بس یہ ایک ایسا شخص ہے جو اللہ پر جھوٹ

www.besturdubooks.net

باندھتا ہے (کہ اس نے مجھ کو رسول بنا کر بھیجا ہے اور کوئی دوسرا معبود نہیں اور قیامت آوے گی) اور ہم تو ہرگز اس کو سچا نہ سمجھیں گے پیغمبر نے دعا کی کہ اے میرے رب میرا بدلہ لے اس وجہ سے کہ انہوں نے مجھ کو جھٹلایا ارشاد ہوا کہ یہ لوگ عنقریب پشیمان ہوں گے چنانچہ ان کو ایک سخت آواز نے (یا سخت عذاب نے) موافق وعدہ برحق کے (کہ لَيُصْبِحُنَّ نٰدِمِيْنَ ۙ) آ پکڑا (جس سے وہ سب ہلاک ہو گئے) پھر (ہلاک کرنے کے بعد) ہم نے ان کو خس و خاشاک (کی طرح پامال) کر دیا سو خدا کی مار کافر لوگوں پر ف: چونکہ صیحہ سے ثمود کا معذب ہونا دوسری آیات میں بھی آیا ہے اس قرینہ سے بعض نے تو اس کو ثمود کا قصہ سمجھا ہے اور چونکہ اکثر جگہ بعد قوم نوح کے عاد کا قصہ آیا ہے اس قرینہ سے بعض نے اس کو عاد کا قصہ سمجھا ہے اور صیحہ سے مراد عقوبت ہائلہ لی ہو جیسا اس شعر میں ہے۔

صاح الزمان بال برمك صيحة ☆ خروا لشدتها على الاذقان

یا ممکن ہے کہ عاد پر بھی صیحہ آیا ہو اور کہیں صرصر اور کہیں صیحہ کا ذکر اس اشارہ کے لئے ہو کہ ہر واحد بھی ان کے اہلاک کے لئے کافی تھا۔

ملحقات الترجمۃ: ا قوله فی غثاء طرح اشارة الی حذف الكاف ای كالغثاء ۱۲۔

اللغات: قوله عما قليل عن بمعنى بعد قوله بعدا من الرحمة وهو كما فی الكبير من جملة المصادر التی قال سيبويه نصبت بافعال لا يستعمل اظهارها وهی موضوعة مواضع افعالها ومعناه بعدا بعدا۔

النحو: قوله ان اعبدوا ای بان اعبدوا قوله واترفنٰهم اما حال او معطوف علی الصلة قوله انكم مخرجون تاكيد لان السابقة فی قوله انكم اذا متم ۱۲۔

البلاغة: قوله من قومه تقديمه علی الصلة لئلا يطول الفصل بين المبين والبيان ۱۲۔ قوله مما تاكلون المراد جنس ما تاكلون قوله ترابا وعظاما حملها باعتبار بعض بعض قوله هيهات هيهات لما توعدون فاعل هيهات الوقوع واللام للبيان وكذا فی قوله للقوم ۱۲۔

ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قُرُوْنًا اٰخَرِيْنَ ﴿۴۲﴾ مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَمَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ﴿۴۳﴾ ثُمَّ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا تَتْرَا ؕ كُلَّمَا
جَآءَ اُمَّةً رَّسُوْلُهَا كَذَّبُوْهُ فَاَتْبَعْنَا بَعْضَهُمْ بَعْضًا وَّجَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ ۚ فَبُعْدًا لِّقَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۴۴﴾ ثُمَّ
اَرْسَلْنَا مُوْسٰى وَ اَخَاهُ هٰرُوْنَ ۙ بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۴۵﴾ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا
قَوْمًا عَالِيْنَ ﴿۴۶﴾ فَقَالُوْۤا اَنُؤْمِنُ لِبَشَرَيْنِ مِثْلِنَا وَ قَوْمُهُمَا لَنَا عٰبِدُوْنَ ﴿۴۷﴾ فَكَذَّبُوْهُمَا فَكَانُوْا مِنَ الْمُهْلَكِيْنَ ﴿۴۸﴾
وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿۴۹﴾ وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗۤ اٰيَةً وَّ اٰوَيْنٰهُمَاۤ اِلٰى رَبْوَةٍ
ذَاتِ قَرَارٍ وَّمَعِيْنٍ ﴿۵۰﴾

پھر ان (عاد یا ثمود) کے (ہلاک ہونے کے) بعد ہم نے اور امتوں کو پیدا کیا کوئی امت (ان امتوں میں سے) اپنی مدت معینہ سے (ہلاک ہونے میں) نہ پیش دستی کر سکتی تھی اور نہ (اس مدت سے) وہ لوگ پیچھے ہٹ سکتے تھے پھر (ان کے پاس) ہم نے اپنے پیغمبروں کو یکے بعد دیگرے (ہدایت کے لئے) بھیجا جب کسی امت کے پاس اس امت کا خاص رسول آیا انہوں نے اس کو جھٹلایا سو ہم نے (بھی ہلاک کرنے میں) ایک کے بعد ایک کا نمبر لگا دیا اور ہم نے ان کی کہانیاں بنا دیں سو خدا کی مار ان لوگوں پر جو انبیاء کے سمجھانے پر بھی ایمان نہ لاتے تھے۔ پھر ہم نے موسیٰ علیہ السلام اور ان کے بھائی ہارون علیہ السلام کو اپنے احکام اور کھلی دلیل دے کر فرعون اور اس کے درباریوں کے پاس (بھی پیغمبر بنا کر) بھیجا سو ان لوگوں نے (ان کی تصدیق و اطاعت سے) تکبر کیا اور وہ لوگ تھے ہی متکبر چنانچہ وہ (باہم) کہنے لگے کہ کیا ہم ایسے دو شخصوں پر جو ہماری طرح کے آدمی ہیں ایمان لے آئیں (اور ان کے مطیع بن جاویں) حالانکہ ان کی قوم کے لوگ (تو خود) ہمارے زیر حکم ہیں غرض وہ لوگ ان کی تکذیب ہی کرتے رہے پس ہلاک کئے گئے اور ان کے ہلاک ہونے کے بعد ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو کتاب (یعنی تورات) عطا فرمائی تا کہ اس کے ذریعہ سے وہ لوگ (یعنی قوم موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل) ہدایت پاویں۔ اور ہم نے مریم علیہ السلام کے بیٹے (عیسیٰ علیہ السلام) کو اور ان کی ماں (حضرت مریم) کو بڑی نشانیاں بنایا اور ہم نے ان دونوں کو ایک بلند زمین پر لے جا کر پناہ دی جو (بوجہ غلات اور میوہ جات پیدا ہونے کے) ٹھہرنے کے قابل اور شاداب جگہ تھی۔ ۞

تفسیر: قصہ بعض دیگر امم اجمالاً ☆ ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قُرُوْنًا اٰخَرِيْنَ ﴿۴۲﴾ (الی قوله تعالیٰ) فَبُعْدًا لِّقَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ۔ پھر ان (عاد یا

www.besturdubooks.net

ثمود) کے (ہلاک ہونے کے) بعد ہم نے اور امتوں کو پیدا کیا (جو کہ تکذیب رسل کے سبب وہ بھی ہلاک ہوئے ان کے ہلاک ہونے کی جو مدت علم الٰہی میں مقرر تھی) کوئی امت (ان امتوں میں سے) اپنی (اس) مدت معینہ سے (ہلاک ہونے میں) نہ پیش دستی کر سکتی تھی اور نہ (اس مدت سے) وہ لوگ پیچھے ہٹ سکتے تھے (بلکہ عین وقت پر ہلاک کئے گئے غرض وہ امتیں اول پیدا کی گئیں) پھر (ان کے پاس) ہم نے اپنے پیغمبروں کو یکے بعد دیگرے (ہدایت کے لئے) بھیجا (جس طرح وہ امتیں یکے بعد دیگرے پیدا ہوا کیں مگر ان کی حالت یہ ہوئی کہ) جب کبھی کسی امت کے پاس اس امت کا (خاص) رسول (خدا کے احکام لے کر) آیا انہوں نے اس کو جھٹلایا سو ہم نے (بھی ہلاک کرنے میں) (ایک کے بعد ایک کا تار باندھ دیا۔ اور ہم نے ان کی کہانیاں بنا دیں (یعنی وہ ایسے نیست و نابود ہوئے کہ بجز کہانیوں کے ان کا کچھ نام و نشان نہ رہا) سو خدا کی مار ان لوگوں پر جو (انبیاء کے سمجھانے پر بھی) ایمان نہ لاتے تھے۔ **ف**: ان قرون میں سے بعض کا ذکر سورۂ اعراف وغیرہ میں ہے چنانچہ عاد کے بعد ثمود کا اور ثمود کے بعد قوم لوط کا اور لوط کے بعد اہل مدین کا ذکر آیا ہے اور بعض کی نسبت فرمایا ہے **لا یعلمھم الا اللہ الخ** واللہ اعلم اور اگر بعض قوموں کی کچھ نسل باقی ہو تو بھی جَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ میں کوئی اشکال نہیں کیونکہ خاص وہ مکذبین تو نیست ہو گئے یا یہ معنی بھی ہو سکتے ہیں کہ ہم نے ان کو دوسروں کے لئے عبرت بنا دیا **ای جعلناھم ذات احادیث بحیث یحکی احادیثھم۔**

قصۂ فرعون ☆ ثُمَّ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى وَ اَخَاهُ (الی قولہ تعالیٰ) لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ۝ پھر ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) اور ان کے بھائی (ہارون علیہ السلام) کو اپنے احکام اور کھلی دلیل (یعنی معجزہ صریحہ کہ دلیل نبوت ہے) دے کر فرعون اور اس کے درباریوں کے پاس (بھی پیغمبر بنا کر) بھیجا (اور بنی اسرائیل کی طرف مبعوث ہونا بھی معلوم ہے) سو ان لوگوں نے (ان کی تصدیق و اطاعت سے) تکبر کیا اور وہ لوگ تھے ہی متکبر (یعنی پہلے ہی سے ان کا دماغ سڑا ہوا تھا) چنانچہ وہ (باہم) کہنے لگے کہ کیا ہم ایسے دو شخصوں پر جو ہماری طرح کے آدمی ہیں (ان میں کوئی بات امتیاز کی نہیں) ایمان لے آویں (اور ان کے مطیع بن جاویں) حالانکہ ان کی قوم کے لوگ (تو خود) ہمارے زیر حکم ہیں (یعنی ہم کو تو خود ان کی قوم پر ریاست حاصل ہے پھر ان دونوں کو ہم پر کیسے ریاست حاصل ہو سکتی ہے۔ ان لوگوں نے ریاست دنیویہ کو ریاست دینیہ پر قیاس کیا کہ جب ہم کو ایک حاصل ہے تو دوسرے کے بھی ہم ہی مستحق ہیں اور جب ان کو ایک نہیں تو دوسری کیسے ہو سکتی ہے اور فساد اس قیاس کا ظاہر ہے) غرض وہ لوگ ان دونوں کی تکذیب ہی کرتے رہے پس (اس تکذیب کی وجہ سے) ہلاک کئے گئے اور (ان کے ہلاک ہونے کے بعد) ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو کتاب (یعنی تورات) عطا فرمائی تا کہ (اس کے ذریعہ سے) وہ لوگ (یعنی قوم موسیٰ بنی اسرائیل جو کہ موسیٰ علیہ السلام کے دوسرے مرسل الیہم تھے) ہدایت پائیں (اور متاخرین بنی اسرائیل کی ہدایت کے لئے اور دلیل بھی ظاہر کی جس کا بیان وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ میں آتا ہے مگر ان کے قصے بھی مخالفت و عقوبت کے مشہور اور جا بجا مذکور ہیں **ف**: **بشر مثلنا** کے ذیل میں صاحب روح نے خوب لطیفہ لکھا ہے کہ یہ منکرین بشر کے لئے تو نبوت کو محال سمجھتے تھے۔ کس قدر عجیب بات ہے اور تخصیص فرعون کی باوجود بعث الی بنی اسرائیل کے بھی پھر قوم فرعون میں سے تخصیص رؤساء کی اس اعتبار سے ہے کہ یہ لوگ انکار میں اشد تھے ذکری تقبیح حال کے لئے ہے۔

قصہ مریم و عیسیٰ علیہما السلام ☆ وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ وَ اُمَّهٗۤ اٰيَةً وَّ اٰوَيْنٰهُمَاۤ اِلٰى رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ وَّ مَعِيْنٍ ۝ اور ہم نے (اپنی قدرت و توحید پر دلالت کے لئے اور نیز بنی اسرائیل کی ہدایت کے لئے) مریم کے بیٹے (عیسیٰ علیہ السلام) کو اور ان کی ماں (حضرت مریم علیہا السلام) کو بڑی نشانی (قدرت کی اور ان کے صدق کی) بنایا (کہ بے باپ تولد ہونا دونوں کے متعلق آیت عظیمہ ہے) اور (چونکہ ان کو نبی بنانا منظور تھا اور ایک ظالم بادشاہ بچپن ہی میں ان کے درپے قتل ہو گیا تھا اس لئے) ہم نے (اس سے بچا کر) ان دونوں کو ایک ایسی بلند زمین پر لے جا کر پناہ دی جو (بوجہ غلات اور میوہ جات پیدا ہونے کے) ٹھہرنے کے قابل اور (بوجہ نہر جاری ہونے کے) شاداب جگہ تھی (یہاں تک کہ امن و امان سے جوان ہوئے اور نبوت عطا ہوئی تو توحید دعوئ رسالت میں ان کی تصدیق ضروری تھی مگر بعض نے نہ کی)۔ **ف**: یہ ظالم بادشاہ ہیرودس تھا نجومیوں سے یہ سن کر کہ عیسیٰ علیہ السلام کو سرداری ہوگی صغرسن ہی میں ان کا دشمن ہو گیا تھا الہام ربانی سے حضرت مریم علیہا السلام ان کو لے کر ملک مصر میں چلی گئیں اور اس ظالم کے مرنے کے بعد پھر شام میں چلی آئیں **کذا فی الروح وفتح المنان عن انجیل متی وروی فی الدر المنثور تفسیر الربوۃ عن ابن عباس ووھب وابن زید بمصر وعن زید بن اسلم بالاسکندریۃ قلت والاسکندریۃ ایضا بمصر** اور مصر کا اونچا ہونا باعتبار رود نیل کے ہے ورنہ غرق ہو جاتا اور ماء معین رود نیل ہے **واللہ اعلم۔**

اللغات: **قولہ تتری مصدر کذکری وبشری والتاء الاولی منہ مبدل من الواو کتجاہ وتراث وھو بمعنی المتواترین حال من رسلنا وفی قراءۃ منونا وھو علی ما قال الفراء مصدر ایضا کصبر والالف فیہ مبدل من التنوین وھو ایضا حال کما فی القراءۃ السابقہ ۱۲۔ قولہ الاحادیث جمع احدوثۃ ولا یستعمل الا فی الشراد جمع حدیث علی خلاف القیاس ۱۲ عابدون خادمون کما فی الروح نقل الخفاجی عن الراغب انہ صرح بان العابد بمعنی الخادم حقیقۃ وان نظر الی متعارف اللغۃ ففیہ استعارۃ تبعیۃ فافھم ۱۲۔ قولہ معین فعیل**

www.besturdubooks.net

من معن بمعنى جرى او مفعول كمخيط من عانه ادركه بعينه فان الماء الجارى يكون مشاهدًا بالعين غالبًا ۱۲۔

اَلنَّحْوُ : قوله ثم ارسلنا عطف على انشانا لكن لا على معنى ان ارسالهم جميعا متراخ عن انشاء القرون جميعا بل على معنى ان ارسال كل رسول متراخ عن انشاء قرن مخصوص بذلك الرسول والفصل بين المعطوفين بالجملة المعترضة للمسارعة الى بيان هلاك اولئك القرون على وجه اجمالى ۱۲۔

اَلْبَلَاغَةُ : قوله لا يؤمنون اقتصر ههنا على وصفهم بعدم الايمان جسما اقتصر على حكاية تكذيبهم اجمالا واما القرون الاولون فحيث نقل عنهم ما لهم من الغلو وتجاوزا لحد فى الكفر العدوان وصفوا بالظلم كذا فى الروح ۱۲۔ قوله بشرين مثلنا شئ البشر لانه يطلق على الواحد وعلى الجمع ولم يثن مثل نظرا الى كونه فى حكم المصدر ولو افرد البشر لصح لانه اسم جنس كما فى قوله فاما ترين من البشر احدا وكذا لوثنى المثل كما فى قوله تعالٰى يرونهم مثليهم نظرا الٰى انه فى تاويل الوصف الا ان المرجح لتثنية الاول وافراد الثانى الاشارة بالاول الى قلتهما وانفرادهما عن قومهما مع كثيرة الملأ واجتماعهم وبالثانى الى شدة تماثلهم حتى كانهم مع البشرين شئ واحد وهو اول على ما عنوه ۱۲۔ قوله ابن مريم والتعبير عن عيسٰى عليه السلام بابن مريم وعن مريم بامه للايذان من اول الامر بحيثية كونهما آية وتقديمه عليه السلام لا صالة فيما ذكر من كونه آية والمراد بالآية التولد من غير اب فهى امر مشترك بينهما قلنا افردت ۱۲۔

يٰٓاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ۭ اِنِّىْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ﴿۵۱﴾ وَاِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً
وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاتَّقُوْنِ ﴿۵۲﴾ فَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ زُبُرًا ۭ كُلُّ حِزْبٍۢ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ﴿۵۳﴾ فَذَرْهُمْ فِىْ غَمْرَتِهِمْ
حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۵۴﴾ اَيَحْسَبُوْنَ اَنَّمَا نُمِدُّهُمْ بِهٖ مِنْ مَّالٍ وَّبَنِيْنَ ﴿۵۵﴾ نُسَارِعُ لَهُمْ فِى الْخَيْرٰتِ ۭ بَلْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ﴿۵۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ
هُمْ مِّنْ خَشْيَةِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۸﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِرَبِّهِمْ لَا يُشْرِكُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَالَّذِيْنَ
يُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ ﴿۶۰﴾ اُولٰۗىِٕكَ يُسٰرِعُوْنَ فِى الْخَيْرٰتِ وَهُمْ لَهَا سٰبِقُوْنَ ﴿۶۱﴾

وَلَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ۚ وَلَدَيْنَا كِتٰبٌ يَّنْطِقُ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۶۲﴾

اے پیغمبرو تم (اور تمہاری امتیں) نفیس چیزیں کھاؤ اور نیک کام (یعنی عبادت) کرو (اور) میں تم سب کے کئے ہوئے کاموں کو خوب جانتا ہوں اور ہم نے ان سب سے یہ بھی کہا کہ یہ ہے تمہارا طریقہ کہ وہ ایک ہی طریقہ ہے (اور حاصل طریقہ کا یہ ہے) کہ میں تمہارا رب ہوں سو تم مجھ سے ڈرتے رہو سو ان لوگوں نے اپنے دین اپنا طریق الگ الگ کر کے اختلاف پیدا کر لیا ہر گروہ کے پاس جو دین ہے وہ اسی سے خوش ہے سو آپ ان کو (اسی) جہالت میں ایک خاص وقت تک رہنے دیجئے کیا یہ لوگ یوں گمان کر رہے ہیں کہ ہم ان کو جو مال و اولاد دیتے چلے جاتے ہیں تو ہم ان کو جلدی جلدی فائدے پہنچا رہے ہیں (یہ بات ہرگز نہیں) بلکہ یہ لوگ اس کی وجہ نہیں جانتے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ جو لوگ اپنے رب کی ہیبت سے ڈرتے ہیں اور جو لوگ اپنے رب کی آیتوں پر ایمان رکھتے ہیں اور جو لوگ (اس ایمان میں) اپنے رب کے ساتھ شرک نہیں کرتے ہیں اور جو لوگ اللہ کی راہ میں دیتے ہیں جو کچھ دیتے ہیں اور (باوجود دینے کے) ان کے دل اس سے خوفزدہ ہوتے ہیں اور اپنے رب کے پاس جانے والے ہیں یہ لوگ البتہ اپنے فائدے جلدی جلدی حاصل کر رہے ہیں اور ان کی طرف دوڑ رہے ہیں اور ہم (تو) کسی کو اس کی وسعت سے زیادہ کام کرنے کو نہیں کہتے (پس جو کام بتلا رکھے ہیں سب آسان ہی ہیں) اور ہمارے پاس ایک دفتر (نامہ اعمال کا محفوظ) ہے جو ٹھیک ٹھیک اس کا حال بتا دے گا اور لوگوں پر ذرا ظلم نہ ہوگا۔ ۞

تفسیر ربط : شروع سورت میں عبادت کا وجوب اور اس کے بعد اسکی تاکید وتحریض کیلئے معبود کی صفات کمال وجلائل نعم کا بیان تھا اور اسی سلسلہ میں چند قصص مذکور ہوئے تھے اب آگے يٰٓاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا من اباحت استعمال نعم اور اعْمَلُوْا میں وجوب عبادت منعم کا بذریعہ رسل کے شرع قدیم ہونا اور اِنَّ هٰذِهٖٓ الخ سب شرائع کا اس میں متفق ہونا اور اَنَا رَبُّكُمْ الخ میں اس نتیجہ مذکورہ کی تصریح اور فَتَقَطَّعُوْٓا الخ میں اس حکم مذکور سے اختلاف کرنے والوں کی مذمت اور فَذَرْهُمْ میں ان مخالفین کا استحقاق عقوبت اور اَيَحْسَبُوْنَ میں مہلت عن العقوبت پر ان کے مغرور ہونے کا جواب مذکور ہے پس مجموعہ ان مضامین کا مجموعہ مضامین بالا کے لئے بمنزلہ تجدید وتاکید واجمال بعد التفصیل ہے۔

www.besturdubooks.net

اتحاد شرائع در ادائے حق معبود و ذم مخلفین در آن ☆ يٰٓاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ (الی قولہ تعالیٰ) بَلْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ۝ (ہم نے جس طرح تم کو اوپر استعمال نعم کی اجازت دی اور عبادت کا حکم کیا اسی طرح سب پیغمبروں کو اور ان کے ذریعہ سے ان کی امتوں کو یہی حکم دیا کہ) اے پیغمبرو تم (اور تمہاری امتیں نفیس چیزیں کھاؤ کہ خدا کی نعمت ہے) اور (کہا کھا کر شکر ادا کرو کہ) نیک کام (یعنی عبادت) کرو (اور) میں تم سب کے کئے ہوئے کاموں کو خوب جانتا ہوں (پس عبادات پر ثمرات عطا کروں گا) اور ہم نے ان سب سے یہ بھی کہا کہ جس طریق کا ابھی بیان ہوا) یہ ہے تمہارا طریقہ (جس پر تم کو رہنا واجب ہے) کہ وہ ایک ہی طریقہ ہے (یعنی کسی شریعت میں مختلف نہیں ہوا) اور (حاصل اس طریقہ کا یہ ہے کہ) میں تمہارا رب (حقیقی) ہوں (مالک ہونے کے اعتبار سے بھی اور منعم ہونے کے اعتبار سے بھی) سو تم مجھ سے ڈرتے رہو (اور میرے احکام کی مخالفت مت کرو کہ مالک ہونے کا اولاً یہی مقتضا ہے پھر منعم ہونے کا اور زیادہ مقتضا ہے) سو (ان رسل کی امت کے لوگوں کو یہ چاہئے تھا کہ باوجود ان مقتضیات کے سب اسی ایک طریق پر رہتے مگر ایسا نہ کیا بلکہ) ان لوگوں نے اپنے دین میں اپنا طریق الگ الگ کر کے اختلاف پیدا کر لیا) (چنانچہ ان میں اب بھی جتنے گروہ موجود ہیں ان میں سے) ہر گروہ کے پاس جو دین ہے وہ اسی سے خوش ہے (اور اس کو باوجود ثبوت بطلان کے حق سمجھتا ہے) سو (جب یہ بات ہے کہ ثبوت بطلان کے بعد بھی اس کو حق سمجھ رہے ہیں تو آپ بھی ان مشرکین قریش کے ایسے ہی دعویٰ بلا دلیل و اصرار علی الکفر پر غم نہ کیجئے بلکہ) آپ ان کو ان کی (اسی) جہالت میں ایک خاص وقت تک رہنے دیجئے (جب وہ خاص وقت یعنی وقت موت آجاوے گا سب حقیقت معلوم ہو جاوے گی اور اب جو ان پر عذاب نہیں آتا تو) کیا (اس سے) یہ لوگ یوں گمان کر رہے ہیں کہ ہم ان کو جو کچھ مال و اولاد دیتے چلے جاتے ہیں تو ہم ان کو جلدی جلدی فائدے پہنچا رہے ہیں (یہ بات ہرگز نہیں) بلکہ یہ لوگ (اس کی وجہ) نہیں جانتے (یعنی وہ اس کا استدراج ہے جس کا انجام اعلیٰ درجہ کا ضرر ہے نہ کہ نفع) **ف**: ایسی ہی آیت : اِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ الخ سورۂ انبیاء کے اخیر رکوع سے پہلے رکوع کے اخیر میں بھی آ چکی ہے اور مسلم اور ترمذی کی حدیث مرفوع میں جو اکل حلال کے باب میں اس آیت سے مع آیت : يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ [البقرة : ۱۷۲] کے استشہاد آیا ہے اس سے اس پر شبہ نہ کیا جاوے کہ میں نے طیب کی تفسیر مستلذ نفیس کے ساتھ کی ہے کیونکہ جس مستلذ میں حلت نہ ہو وہ بوجہ ارتفاع استلذاذ معنوی کے گویا مستلذ نہیں ہے پس اگر تفسیر مستلذ کے ساتھ کی جاوے اور حدیث کو اشتراط پر محمول کیا جاوے تو تفسیر اور استشہاد دونوں بحال خود صحیح رہیں گے خوب سمجھ لو۔

ربط : اوپر کفار کی حالت موجودہ دنیویہ کا مساعت فی الخیرات نہ ہونا مذکور تھا آگے مقابلہ میں اہل ایمان کی (جو کہ متمسک بشریعت حقہ و مؤدی حقوق ربوبیت و ممتثل احکام مذکورہ ہیں) حالت موجودہ دینیہ کا مساعت فی الخیرات ہونا بیان فرماتے ہیں **حیث صرح هناك اولئك يسارعون فى الخيرات**۔

بشارت مطیعین بخیر ابدی ☆ اِنَّ الَّذِيْنَ هُمْ مِّنْ خَشْيَةِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ۝ (الی قولہ تعالیٰ) وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝ اس میں کوئی شک و شبہ نہیں کہ جو لوگ اپنے رب کی ہیبت سے ڈرتے رہتے ہیں اور جو لوگ اپنے رب کی آیتوں پر ایمان رکھتے ہیں اور جو لوگ (اس ایمان میں) اپنے رب کے ساتھ شرک نہیں کرتے اور جو لوگ (اللہ کی راہ میں) دیتے ہیں جو کچھ دیتے ہیں اور (باوجود دینے کے) ان کے دل سے خوف زدہ ہوتے ہیں کہ وہ اپنے رب کے پاس جانے والے ہیں (دیکھئے وہاں جا کر ان صدقات کا کیا ثمرہ ظاہر ہوا ایسا نہ ہو کہ موافق حکم کے نہ دیا گیا ہو مثلاً مال حلال نہ ہو یا نیت خالص نہ ہو اور بوجہ غموض یا عدم التفات اس کی اطلاع نہ ہوئی ہو تو الٹا مواخذہ ہونے لگے سو جن میں یہ صفات ہوں) یہ لوگ (البتہ) اپنے فائدے جلدی جلدی حاصل کر رہے ہیں اور وہ ان کی طرف دوڑ رہے ہیں (نہ کفار مذکورین) اور یہ (اعمال مذکورہ چونکہ نہایت سہل ہیں اس لئے لوگوں کو ان میں ضرور کوشش کرنا چاہئے کیونکہ) ہم (تو) کسی کو اس کی وسعت سے زیادہ کام کرنے کو نہیں کہتے (پس جو کام بتلا رکھے ہیں سب آسان ہی ہیں) اور (آسان ہونے کے ساتھ ثمرہ ان کا یقینی کیونکہ) ہمارے پاس ایک دفتر (نامۂ اعمال کا محفوظ ہے) جو ٹھیک ٹھیک (سب کا حال) بتا دے گا اور لوگوں پر ذرا ظلم نہ ہوگا (بلکہ ہر ایک کی سعی پوری پوری مشکور ہوگی اور ذرہ ذرہ خیر پر ثواب ملے گا)۔ **ف**: يُؤْمِنُوْنَ کے بعد لَا يُشْرِكُوْنَ کا فائدہ یہ ہو سکتا ہے کہ مشرکین بھی بوجہ خدا کو ماننے کے دعویٰ ایمان و تصدیق کا کرتے تھے جیسا فرمایا ہے : وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ [لقمن: ۲۵] اسی بناء پر ارشاد ہوا ہے : **وما يؤمن اكثرهم بالله الا وهم مشركون**۔ اور بوجہ اس کے کہ سموات و ارض آیات الٰہیہ سے ہیں جیسا ارشاد ہے : وَكَاَيِّنْ مِّنْ اٰيَةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَمُرُّوْنَ عَلَيْهَا وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُوْنَ [یوسف : ۱۰۵] اور اس سے مشرکین پر مؤمن بالآیات ہونے کا شبہ ہو سکتا تھا اس لئے لا یشرکون کا بڑھانا مفید ہوا خوب سمجھ لو۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ : مِنَ الطَّيِّبٰتِ اس میں رہبانیت کا ابطال ہے جس میں بعض غلاۃ مبتلا ہیں۔ قولہ تعالیٰ: اَيَحْسَبُوْنَ اَنَّمَا الخ اسی قیاس پر نعم باطنہ سے دھوکہ نہ کھانا چاہئے جیسے احوال و مواجید سے کیونکہ وہ کبھی استدراج ہوتا ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ: وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ الخ اس میں اس کی تعلیم ہے کہ اپنے اعمال اور نفس پر کبھی مطمئن نہ ہو ۱۲۔

www.besturdubooks.net

ملحقات الترجمۃ: ۱ قولہ فی یایھا الرسل حکم دیا اشارۃ الی تقدیر قلنا۱۲۔ ۲ قولہ قبل اولئك جن میں الخ اشارۃ الی ان المراد بالموصولات طائفۃ واحدۃ جامعۃ للاوصاف لا طوائف وفی الروح انما کرر الموصول ایذانا باستقلال کل واحدۃ فی تلك الصفات بفضیلۃ باھرۃ علی جبالھا۱۲۔

فائدہ: ورد فی الاحادیث یاتون ما اتوا ای یفعلون ما فعلوا وھذہ القرأۃ من الاحاد ولا یتلی فی القرآن الا المتواترۃ فلا یرد علی المحدثین حیث نقلوا القراءۃ الغیر الثابۃ ولا علی القراء حیث ترکوا القراء ۃ الثانیۃ ویمکن ان تکون ھذہ القراء ۃ من قبیل التفسیر ویکون مقصودہ صلی اللہ علیہ وسلم انہ لا تخصیص فاللایتاء فی ھذا الوجل بل ھو عام فی کل عمل۱۲۔

اللغات: الغمرۃ من الغمر وھو الستر ویراد بہ الجھالۃ لسترھا العقل۱۲۔

النحو: قولہ زبرا قطعا جمع زبور حال من امرھم قولہ انما نمدھم ماموصولۃ والعائد الیہ فی الخبر محذوف ای نسارع لھم بہ۱۲۔ قولہ وجلۃ انھم بتقدیر من ای من انھم لکن مناط الوجل ھو عدم القبول۱۲۔

البلاغۃ: قولہ فذرھم الفاء للترتیب کما یفھم من تقریر الترجمۃ۱۲۔ قولہ ما اتوا الابھام للتفخیم قولہ یسارعون لم یقل نسارع لھم ایماء الی استحقاقھم لنیل الخیرات بمحاسن اعمالھم ولم یقل الی الخیرات للایذان بانھم متقلبون فی الخیرات لا انھم خارجون عنھا متوجھون الیھما کذا فی الروح قولہ ھم لھا سابقون ھو عندی تاکید کالتفسیر لما قبلہ بمعنی ان المسارعۃ فی الخیرات معناھا السبق الیھا لنیلھم لھا فی الآخرۃ فبالنظر الی اسباب الخیرات قیل یسارعون فیھا وبالنظر الی اسباب الخیرات نفسھا قیل ھم لھا سابقون واللہ اعلم۱۲۔

بَلْ قُلُوْبُهُمْ فِيْ غَمْرَةٍ مِّنْ هٰذَا وَلَهُمْ اَعْمَالٌ مِّنْ دُوْنِ ذٰلِكَ هُمْ لَهَا عٰمِلُوْنَ ﴿۶۳﴾ حَتّٰۤى اِذَاۤ اَخَذْنَا مُتْرَفِيْهِمْ
بِالْعَذَابِ اِذَا هُمْ يَجْـَٔرُوْنَ ﴿۶۴﴾ لَا تَجْـَٔرُوا الْيَوْمَ ۫ اِنَّكُمْ مِّنَّا لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿۶۵﴾ قَدْ كَانَتْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ
عَلٰۤى اَعْقَابِكُمْ تَنْكِصُوْنَ ﴿۶۶﴾ مُسْتَكْبِرِيْنَ ۖ بِهٖ سٰمِرًا تَهْجُرُوْنَ ﴿۶۷﴾ اَفَلَمْ يَدَّبَّرُوا الْقَوْلَ اَمْ جَآءَهُمْ مَّا لَمْ يَاْتِ اٰبَآءَهُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۶۸﴾
اَمْ لَمْ يَعْرِفُوْا رَسُوْلَهُمْ فَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿۶۹﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ بِهٖ جِنَّةٌ ۭ بَلْ جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ وَاَكْثَرُهُمْ لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ ﴿۷۰﴾
وَلَوِ اتَّبَعَ الْحَقُّ اَهْوَآءَهُمْ لَفَسَدَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ ۭ بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِذِكْرِهِمْ فَهُمْ عَنْ ذِكْرِهِمْ
مُّعْرِضُوْنَ ﴿۷۱﴾ اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ خَرْجًا فَخَرَاجُ رَبِّكَ خَيْرٌ ۚ وَّهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۷۲﴾ وَاِنَّكَ لَتَدْعُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۷۳﴾
وَاِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ عَنِ الصِّرَاطِ لَنٰكِبُوْنَ ﴿۷۴﴾ وَلَوْ رَحِمْنٰهُمْ وَكَشَفْنَا مَا بِهِمْ مِّنْ ضُرٍّ لَّلَجُّوْا فِيْ
طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۷۵﴾ وَلَقَدْ اَخَذْنٰهُمْ بِالْعَذَابِ فَمَا اسْتَكَانُوْا لِرَبِّهِمْ وَمَا يَتَضَرَّعُوْنَ ﴿۷۶﴾ حَتّٰۤى اِذَا فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ
بَابًا ذَا عَذَابٍ شَدِيْدٍ اِذَا هُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ﴿۷۷﴾

بلکہ ان کفار کے قلوب اس دین کی طرف سے جہالت (اور شک) میں ہیں اور اس کے علاوہ ان لوگوں کے اور بھی (برے برے) عمل ہیں جن کو یہ کرتے رہتے ہیں یہاں تک کہ ہم جب ان کے ہاں کے خوش حال لوگوں کو عذاب (بعد الموت) میں دھر پکڑیں گے تو فوراً چلا اٹھیں گے اس (وقت ان سے کہا جائے گا کہ) اب مت چلاؤ ہماری طرف سے تمہاری مطلق مدد نہ ہوگی میری آیتیں تم کو پڑھ پڑھ کر (رسول کی زبانی) سنائی جایا کرتی تھیں تو تم الٹے پاؤں بھاگتے تھے تکبر کرتے ہوئے (قرآن کا) مشغلہ بناتے ہوئے (اس قرآن کی شان میں) بے ہودہ بکتے تھے۔ تو کیا ان لوگوں نے اس کلام الٰہی میں غور نہیں کیا یا ان کے پاس ایسی چیز آئی ہے جو ان کے پہلے بڑوں کے پاس نہیں آئی تھی یا یہ لوگ اپنے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) سے واقف نہ تھے اس کے منکر ہوئے یا یہ لوگ آپ کی نسبت جنون کے قائل ہیں (سو ان میں تو کوئی بھی وجہ معقول نہیں) بلکہ (ان کی تکذیب کی اصل وجہ یہ ہے کہ) یہ رسول ان کے پاس حق بات لے کر آئے ہیں اور ان میں اکثر لوگ حق بات سے نفرت رکھتے ہیں اور (بفرض محال) اگر

www.besturdubooks.net

دین ان کے خیالات کے تابع ہو جاتا تو تمام آسمان اور زمین اور جو کچھ ان میں (آباد) ہیں سب تباہ ہو جاتے بلکہ ان کے پاس ہم نے ان کی نصیحت کی بات بھیجی سو یہ لوگ اپنی نصیحت (نافعہ) سے بھی روگردانی کرتے ہیں یا آپ ان سے کچھ آمدنی چاہتے ہیں تو آمدنی تو آپ کے رب کی سب سے بہتر ہے اور وہ سب دینے والوں سے بہتر ہے اور خلاصہ ان کی حالت کا یہ ہے کہ آپ تو ان کو سیدھے رستہ کی طرف (جس کو اوپر حق کہا ہے) لا رہے ہیں اور ان لوگوں کی جو کہ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے یہ حالت ہے کہ اس (سیدھے) رستہ سے ہٹتے جاتے ہیں اور اگر ہم ان پر مہربانی فرما دیں اور ان پر جو تکلیف ہے اس کو ہم دور بھی کر دیں تو وہ لوگ (پھر) اپنی گمراہی میں بھٹکتے ہوئے اصرار کرتے ہیں اور ہم نے ان کو گرفتار عذاب بھی کیا ہے سو ان لوگوں نے نہ اپنے رب کے سامنے (پورے طور سے) فروتنی کی اور نہ عاجزی اختیار کی یہاں تک کہ ہم جب ان پر سخت عذاب کا دروازہ کھول دیں گے تو اس وقت بالکل حیرت زدہ رہ جاویں گے۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر آیت: فَذَرْهُمْ فِيْ غَمْرَتِهِمْ اور آیت: اَيَحْسَبُوْنَ الخ میں مخالفانِ دین کی جہالت اور استحقاقِ عقوبت کا بیان اجمالی تھا آگے اسی کی تفصیل ہے اور درمیان میں مقابلہ کے لئے مؤمنین کا اور ان کے اعمال کا ذکر تھا اور اس تفصیل کے عنوان (۱) شروع میں اعمال کفار کا اعمال مؤمنین کے ساتھ مقابلہ بھی مرعی رکھا گیا ہے چنانچہ ترجمہ سے ظاہر ہوگا پس ذکر مؤمنین سابقاً مقابل تھا ذکر کفار کا اور ذکر کفار لاحقاً مقابل ہو گیا ذکر مؤمنین کا پس دونوں طرف سے تقابل کی تصریح ہو گئی۔

اعمال و احوال و مآل و ابطال اقوال اہل ضلال ☆ بَلْ قُلُوْبُهُمْ فِيْ غَمْرَةٍ مِّنْ هٰذَا (الی قولہ تعالیٰ) اِذَا هُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ۝ (یہ تو اوپر مؤمنین کی حالت سنی مگر کفار ایسے نہیں ہیں) بلکہ (برعکس) ان کفار کے قلوب اس دین کی طرف سے (جس کا ذکر بایات (بھم میں ہے) جہالت (اور شک) میں (پڑے) ہیں (جن کا حال اوپر بھی معلوم ہو چکا فَذَرْهُمْ فِيْ غَمْرَتِهِمْ) اور اس (جہالت و انکار) کے علاوہ ان لوگوں کے اور بھی (برے برے) عمل ہیں جن کو یہ (استمراراً) کرتے رہتے ہیں (جیسے مؤمنین کے علاوہ ایمان بالآیات کے اور اعمال خیر بھی تھے) اسی طرح یہ لوگ شرک اور اعمال سیئہ کے برابر خوگر رہیں گے) یہاں تک کہ جب ہم ان کے خوش حال لوگوں کو (جن کے پاس اب خدم حشم سب ہے) عذاب (بعد الموت) میں دھر پکڑیں گے (اور غریب غرباء تو کس گنتی میں ہیں اور وہ تو عذاب سے کیا بچاؤ کر سکتے ہیں غرض یہ کہ جب ان سب پر عذاب نازل ہوگا) تو فوراً چلا اُٹھیں گے (اور سارا انکار و استکبار جس کے اب معتاد ہیں کافور ہو جاوے گا اس وقت ان سے کہا جاوے گا) اب مت چلاؤ (کہ محض غیر مفید ہے کیونکہ) ہماری طرف سے تمہاری مطلق مدد نہ ہوگی (کیونکہ یہ دار الجزاء ہے دار العمل نہیں ہے کہ چلانا اور عاجزی کرنا مفید ہو جو دار العمل تھا اس میں تو تمہارا یہ حال تھا کہ) میری آیتیں تم کو پڑھ پڑھ کر (رسول کی زبان سے) سنائی جایا کرتی تھیں تو تم الٹے پاؤں بھاگتے تھے تکبر کرتے ہوئے قرآن کا مشغلہ بناتے ہوئے (اس قرآن کی شان) میں بیہودہ بکتے ہوئے (کہ کوئی اس کو سحر کہتا تھا کوئی شعر کہتا تھا (اور مشغلہ کا یہی مطلب ہے پس تم نے دار العمل میں جیسا کیا آج دار الجزاء میں ویسا بھگتو اور یہ لوگ جو قرآن کی اور صاحب قرآن کی تکذیب کر رہے ہیں تو اس کا کیا سبب ہے) کیا ان لوگوں نے اس کلام (الٰہی) میں غور نہیں کیا (جس سے ان کا اعجاز ظاہر ہو جاتا اور یہ ایمان لے آتے) یا (تکذیب کی یہ وجہ ہے کہ) ان کے پاس ایسی چیز آئی ہے جو ان کے پہلے بڑوں کے پاس نہیں آئی تھی (مراد اس سے احکام الٰہیہ کا آنا ہے بذریعہ رسل کے مطلب یہ کہ یہ بات بھی نہیں ہوئی کہ ان رسول پر یہ وحی جدید آئی ہو بلکہ شرائع تو رسل کے ذریعہ سے ہمیشہ نازل ہوتے آئے ہیں کقولہ تعالیٰ: مَا كُنْتُ بِدْعًا مِّنَ الرُّسُلِ [الأحقاف: ۹] پس تکذیب کی یہ وجہ بھی باطل ٹھہری اور یہ دو وجہ تو قرآن کے متعلق ہیں آگے صاحب قرآن کے متعلق فرماتے ہیں یعنی) یا (وجہ تکذیب کی یہ ہے کہ) یہ لوگ اپنے رسول (کی صفت دیانت و صدق و امانت) سے واقف نہ تھے اس وجہ سے ان کے منکر ہیں (یعنی یہ وجہ بھی باطل ہے کیونکہ آپ کے صدق پر سب کا اتفاق تھا) یا (یہ وجہ ہے کہ) یہ لوگ (نعوذ باللہ) آپ کی نسبت جنون کے قائل ہیں (سو آپ کا اعلیٰ درجہ کا صائب الرائے ہونا بھی ظاہر ہے سو واقع میں ان میں سے کوئی وجہ بھی معقول نہیں) بلکہ (اصلی وجہ یہ ہے کہ) یہ رسول ان کے پاس حق بات لے کر آئے ہیں اور ان میں اکثر لوگ حق بات سے نفرت رکھتے ہیں (بس یہ تمام تر وجہ ہے تکذیب کی اور عدم اتباع حق کی اور یہ لوگ اس دین حق کا اتباع تو کیا کرتے یہ تو اور الٹا یہ چاہتے ہیں کہ وہ دین حق ہی ان کے خیالات کے تابع کر دیا جاوے اور جو مضامین قرآن میں ان کے خلاف ہیں ان کو خارج یا ترمیم کر دیا جاوے کقولہ تعالیٰ فی سورۃ یونس: قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا ائْتِ بِقُرْاٰنٍ غَيْرِ هٰذَآ اَوْ بَدِّلْهُ [یونس: ۱۵] اور (بفرض محال) اگر (ایسا امر واقع ہو جاتا اور) دین حق ان کے خیالات کے تابع (اور موافق) ہو جاتا تو (تمام عالم میں کفر و شرک و ضلال پھیل جاتا اور اس کا اثر یہ ہوتا کہ حق تعالیٰ کا غضب تمام عالم پر متوجہ ہو جاتا اور اس کا مقتضا یہ تھا کہ) تمام آسمان اور زمین اور جو ان میں (آباد) ہیں سب تباہ (و ہلاک) ہو جاتے (جیسا قیامت میں عموم ضلال سے عموم غضب اور عموم غضب سے عموم ہلاک ہوگا اور اول تو کسی امر کا حق ہونا مقتضی ہے اس کے وجوب قبول کو گو نافع بھی نہ ہو اور اس کا قبول نہ کرنا خود عیب ہے مگر ان لوگوں میں صرف یہی ایک عیب نہیں کہ حق سے کراہت ہو) بلکہ (اس سے بڑھ کر دوسرا اور بھی عیب ہے کہ اپنے لئے جو امر نافع ہے اس سے بھی اعراض کرتے ہیں کیونکہ وہ حق ان کے لئے نافع بھی ہے

www.besturdubooks.net

پس) ہم نے ان کے پاس ان کی نصیحت (اور نفع) کی بات بھیجی سو یہ لوگ اپنی نصیحت (نافعہ) سے بھی روگردانی کرتے ہیں یا) (علاوہ وجوہ مذکورہ کے ان کی تکذیب کی یہ وجہ ہے کہ ان کو یہ شبہ ہوا ہو کہ) آپ ان سے کچھ آمدنی چاہتے ہیں تو (یہ بھی غلط ہے کیونکہ جب آپ جانتے ہیں کہ) آمدنی تو آپ کے رب کی سب سے بہتر ہے اور وہ سب دینے والوں سے اچھا ہے (تو آپ کیوں مانگتے یہ وجہ خامس مخاطبین کی ایک حالت کے اعتبار سے ہے) اور (خلاصہ ان کی حالت کا یہ ہے کہ) آپ تو ان کو سیدھے رستہ کی طرف (جس کو اوپر حق کہا ہے) بلا رہے ہیں اور ان لوگوں کی جو کہ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے (اور اسی لئے خوف نہیں) یہ حالت ہے کہ اس (سیدھے) راستہ سے ہٹے جاتے ہیں (مطلب یہ کہ حق ہونا اور مستقیم ہونا اور نافع ہونا یہ سب مقتضیات ایمان کے مجتمع اور وجوہ خمسہ جو موانع ہو سکتے تھے مرتفع ہیں پھر ایمان نہ لانا اشد درجہ کی جہالت اور ضلالت ہے) اور (ان کی قساوت وعناد کی یہ حالت ہے کہ جس طرح یہ لوگ آیات شرعیہ سے متاثر نہیں ہوتے اسی طرح آیات قہریہ مصائب وبلیات سے بھی متاثر نہیں ہوتے گو مس ضر کے وقت طبعی طور پر ہم کو پکارتے بھی ہیں لیکن وہ دفع الوقتی ہوتی ہے چنانچہ) اگر ہم ان پر مہربانی فرماویں اور ان پر جو تکلیف ہے اس کو ہم دور بھی کر دیں تو وہ لوگ (پھر) اپنی گمراہی میں بھٹکتے ہوئے اصرار کرتے رہیں (اور وہ قول وقرار جو مصیبت میں تھے سب گاؤ خورد ہو جاویں کقولہ تعالیٰ : وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا [یونس : ۱۲] الخ وقولہ تعالیٰ : فَاِذَا رَكِبُوْا فِي الْفُلْكِ [العنکبوت : ۶۵] الخ) اور (شاہد اس کا یہ ہے کہ بعض اوقات) ہم نے ان کو گرفتار عذاب بھی کیا ہے) سو ان لوگوں نے نہ اپنے رب کے سامنے (پورے طور سے) فروتنی کی اور نہ عاجزی اختیار کی (پس جب عین مصیبت میں اور مصیبت بھی ایسی سخت جس کو عذاب کہا جا سکے جیسے قحط جو مکہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بددعا سے ہوا تھا انہوں نے عاجزی اختیار نہیں کی تو بعد زوال ضر کے تو بدرجہ اولیٰ ان سے اس کی توقع نہیں مگر ان کی یہ ساری بے پروائی و بیباکی مصائب عادیہ تک ہے) یہاں تک کہ ہم جب ان پر سخت عذاب کا دروازہ کھول دیں گے (جو کہ فوق العادۃ ہو خواہ دنیا ہی میں کہ کوئی غیبی قہر آ پڑے کہ ممکن ہے یا بعد الموت کہ ضرور ہی واقع ہو گا) تو اس وقت بالکل حیرت زدہ رہ جاویں گے (کہ یہ کیا ہو گیا اور سب نشہ ہرن ہو جاوے گا)۔ ف: اَمْ جَآءَهُمْ مَّا لَمْ يَاْتِ اٰبَآءَهُمُ الْاَوَّلِيْنَ ۝ کے مفہوم میں اگر لتنذر قوما ما انذر اباء هم الخ کے مفہوم کے ساتھ ظاہراً تعارض کا شبہ ہو تو جواب یہ ہے کہ پہلی آیت میں آباء بعیدہ مراد ہیں جیسا لفظ اولین بھی اس کا قرینہ ہے اور دوسری آیت میں آبائے قریبہ۔ اور وَاَكْثَرُهُمْ لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ ۝ میں لفظ اکثر اس لئے فرمایا کہ بعض ان میں علم الٰہی میں ایمان لانے والے تھے اور یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ کراہت صرف بعض کو تھی گو عدم جب سب کو تھا کیونکہ بعض کے لئے ایمان سے اور موانع تھے جیسے عار یا خوف فوت مال یا جاہ ومثل ذلک اور حق سے کوئی خاص عداوت نہ تھی اور استکانت میں ظاہر کی قید اور تضرع میں دل کی قید سے دونوں میں تغائر حاصل ہو سکتا ہے اور اس میں پورے طور کی قید اس لئے لگائی کہ من وجہ تو استکانت اور تضرع کا صدور ہوتا تھا لیکن وہ ناتمام اس لئے تھا کہ اس پر کوئی معتد بہ اثر کہ قبول اسلام ہے عین اس عذاب کی حالت میں بھی مرتب نہیں ہوتا تھا صرف وعدہ ہی وعدہ ہوا کرتا تھا۔

تَرْجَمَةُ مَسَائِلِ السُّؤَالِ: قولہ تعالیٰ : مُسْتَكْبِرِيْنَ ۝ بِهٖ یہ قریش کی شان میں ہے کہ وہ بیت اللہ کے خادم ہونے پر فخر کرتے تھے اس سے معلوم ہوا کہ فضائل اور خصوص اضافیہ پر کہ ہم فلاں بزرگ کی اولاد ہیں یا فلاں مزار کے خادم ہیں یا فلاں فلاں تبرکات کے حامل ہیں یا فلاں سلسلہ میں داخل ہیں فخر کرنا مذموم ہے ۱۲۔ قولہ تعالیٰ : وَلَوِ اتَّبَعَ الْحَقُّ اَهْوَآءَهُمْ الخ اس میں اہل طریق کے اس معمول کی اصل ہے کہ وہ مریدین کی خواہشوں اور فرمائشوں کا اتباع نہیں کرتے بلکہ حکمت ومصلحت کا اتباع کرتے ہیں ۱۲۔ قولہ تعالیٰ : اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ خَرْجًا الخ جس شخص کی اصلاح میں سعی کی جاوے اس سے مال طلب کرنے کی اس میں مذمت ہے کہ یہ اس مقصود میں مخل ہے ۱۲۔

اَلْحَوَاشِيْ: (۱) عنوان شروع سے مراد بل هم فی غمرة ہے پس تفصیل تو حتی اذا اخذنا سے شروع ہوئی ہے اور بل قلوبهم سے عنوان شروع یعنی توطیہ وتمہید ۱۲ منہ۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَةِ: ۱ قوله فی توضیح غمرة حال اوپر بھی الخ اشارة الی قرینة الارتباط المذکور حیث عبر عن جهلهم فی السابق واللاحق بالغمرة ۱۲۔ ۲ قوله فی توضیح مترفیهم غریب غرباء اشار به الی نکتة التخصیص بالمترفین مع عموم الحکم ۱۲۔

اَللُّغَاتُ: قوله تنکصون النکوص الرجوع والاعقاب جمع عقب ورجوع الشخص علی عقبه رجوعه فی طریقه الاولی کما یقال رجع عوده عفی یداه وهو مستعار للاعراض ۱۲ قوله سامرا اسم جمع کالحاج قوله تهجرون من الهجر بفتحتین الهذیان او من الهجر بضم فسکون وهو الکلام القبیح ۱۲ قوله منکرون اللام للتقویة ۱۲۔

اَلنَّحْوُ: قوله حتی اذا اخذنا متعلق بعاملون کما قرر فی الترجمة قوله به سامرا راجع الی القرآن الذی دل علیه قوله آیاتی ۱۲ قوله حتی اذا فتحنا متعلق بما یتضرعون کما قرر فی الترجمة ۱۲۔

www.besturdubooks.net

وَهُوَ الَّذِیْٓ اَنْشَاَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِیْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۸﴾ وَهُوَ الَّذِیْ ذَرَاَكُمْ فِی الْاَرْضِ
وَاِلَیْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۷۹﴾ وَهُوَ الَّذِیْ یُحْیٖ وَیُمِیْتُ وَلَهُ اخْتِلَافُ الَّیْلِ وَالنَّهَارِ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۸۰﴾ بَلْ قَالُوْا مِثْلَ
مَا قَالَ الْاَوَّلُوْنَ ﴿۸۱﴾ قَالُوْٓا ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿۸۲﴾ لَقَدْ وُعِدْنَا نَحْنُ وَاٰبَآؤُنَا هٰذَا مِنْ
قَبْلُ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِیْرُ الْاَوَّلِیْنَ ﴿۸۳﴾ قُلْ لِّمَنِ الْاَرْضُ وَمَنْ فِیْهَآ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۴﴾ سَیَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ؕ قُلْ اَفَلَا
تَذَكَّرُوْنَ ﴿۸۵﴾ قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ﴿۸۶﴾ سَیَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ؕ قُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۸۷﴾ قُلْ مَنْ
بِیَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَیْءٍ وَّهُوَ یُجِیْرُ وَلَا یُجَارُ عَلَیْهِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۸﴾ سَیَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ؕ قُلْ فَاَنّٰی
تُسْحَرُوْنَ ﴿۸۹﴾ بَلْ اَتَیْنٰهُمْ بِالْحَقِّ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۹۰﴾ مَا اتَّخَذَ اللّٰهُ مِنْ وَّلَدٍ وَّمَا كَانَ مَعَهٗ مِنْ اِلٰهٍ اِذًا
لَّذَهَبَ كُلُّ اِلٰهٍۢ بِمَا خَلَقَ وَلَعَلَا بَعْضُهُمْ عَلٰی بَعْضٍ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا یَصِفُوْنَ ﴿۹۱﴾ عٰلِمِ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ
فَتَعٰلٰی عَمَّا یُشْرِكُوْنَ ﴿۹۲﴾ قُلْ رَّبِّ اِمَّا تُرِیَنِّیْ مَا یُوْعَدُوْنَ ﴿۹۳﴾ رَبِّ فَلَا تَجْعَلْنِیْ فِی الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۹۴﴾ ع
وَاِنَّا عَلٰٓی اَنْ نُّرِیَكَ مَا نَعِدُهُمْ لَقٰدِرُوْنَ ﴿۹۵﴾ اِدْفَعْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ السَّیِّئَةَ ؕ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا یَصِفُوْنَ ﴿۹۶﴾
وَقُلْ رَّبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّیٰطِیْنِ ﴿۹۷﴾ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ یَّحْضُرُوْنِ ﴿۹۸﴾

اور وہ (اللہ) ایسا ہے جس نے تمہارے لئے کان اور آنکھیں اور دل بنائے تم لوگ بہت کم شکر کرتے ہو اور وہ ایسا ہے جس نے تم کو زمین میں پھیلا رکھا ہے اور تم سب (قیامت میں) اسی کے پاس لائے جاؤ گے اور وہ ایسا ہے جو جلاتا ہے اور مارتا ہے اور اسی کے اختیار میں ہے رات اور دن کا گھٹنا بڑھنا سو کیا تم (اتنی بات) نہیں سمجھتے بلکہ یہ بھی ویسی ہی بات کہتے ہیں جو اگلے (کافر) لوگ کہتے چلے آئے یعنی یہ یوں کہتے ہیں کہ کیا جب ہم مر جاویں گے اور ہم مٹی اور ہڈیاں رہ جاویں گے تو کیا ہم دوبارہ زندہ کئے جاویں گے اس کا تو ہم سے اور (جیسے) پہلے ہمارے بڑوں سے وعدہ ہوتا چلا آیا ہے یہ کچھ نہیں محض بے سند باتیں ہیں جو اگلوں سے منقول ہوتی چلی آتی ہیں۔ آپ جواب میں کہہ دیجئے کہ (اچھا یہ بتلاؤ کہ یہ زمین اور جو اس پر رہتے ہیں یہ کس کے ہیں اگر تم کو کچھ خبر ہے وہ ضرور یہی کہیں گے کہ اللہ کی ہیں (تو) ان سے کہئے کہ پھر کیوں نہیں غور کرتے (اور) آپ یہ بھی کہئے کہ (اچھا یہ بتلاؤ کہ) ان سات آسمانوں کا مالک اور عالی شان عرش کا مالک کون ہے (اس کا بھی) وہ ضرور یہی جواب دیں گے کہ یہ بھی (سب) اللہ کا ہے (اس وقت) آپ کہئے کہ پھر تم اس سے کیوں نہیں ڈرتے آپ ان سے یہ بھی کہئے کہ (اچھا) وہ کون ہے جس کے ہاتھ میں تمام چیزوں کا اختیار ہے اور وہ پناہ دیتا ہے اس کے مقابلہ میں کوئی کسی کو پناہ نہیں دے سکتا اگر تم کو کچھ خبر ہے (تب بھی جواب میں) وہ ضرور یہی کہیں گے کہ یہ سب صفتیں بھی اللہ کی ہیں آپ (اس وقت) کہئے کہ پھر تم کو کیسا خبط ہو رہا ہے بلکہ ہم نے ان کو سچی بات پہنچائی ہے اور یقیناً یہ جھوٹے ہیں۔ اللہ نے کسی کو اولاد قرار نہیں دیا اور نہ اس کے ساتھ کوئی اور خدا ہے اگر ایسا ہوتا تو ہر خدا اپنی مخلوق کو (تقسیم کر کے) جدا کر لیتا اور ایک دوسرے پر چڑھائی کرتا اللہ تعالیٰ ان (مکروہ) باتوں سے پاک ہے جو یہ لوگ اس کی (نسبت بیان کرتے ہیں جاننے والا ہے سب پوشیدہ اور آشکارا کا غرض ان لوگوں کے شرک سے وہ بالاتر ہے۔ آپ حق تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ اے میرے رب جس عذاب کا ان کافروں سے وعدہ کیا جا رہا ہے اگر آپ مجھ کو دکھا دیں تو اے میرے رب مجھ کو ظالم لوگوں میں شامل نہ کیجئے اور ہم اس بات پر کہ جو ان سے وعدہ کر رہے ہیں آپ کو دکھا دیں قادر ہیں آپ ان کی بدی کا دفعیہ ایسے برتاؤ سے کر دیا کیجئے جو بہت ہی اچھا (اور نرم) ہو ہم خوب جانتے ہیں جو جو کچھ یہ (آپ کی نسبت) کہا کرتے ہیں اور یوں دعا کیجئے کہ اے میرے رب میں پناہ مانگتا ہوں شیطان کے وسوسوں سے اور اے میرے رب آپ کی پناہ مانگتا ہوں اس سے کہ شیطان میرے پاس بھی آویں۔

تفسیر: اوپر کی آیتوں میں کفار کے احوال و اقوال مذمومہ کے ساتھ ان کے معذب فی الآخرۃ ہونے کا بھی بیان تھا چونکہ یہ تعذیب مبنی ہے بعث پر اور وہ لوگ اس کے منکر تھے اس لئے آگے حشر اور بعث کا اثبات اور ان کے انکار کا جواب ہے اور اثبات بعث مبنی ہے اثبات کمال قدرت پر اس لئے بعض آیات میں تصرفات قدرت کا بھی بیان ہے اور دونوں مضمون بوجہ تناسق و تلاصق کے مخلوط طور پر مذکور ہیں نیز بہت اوپر یعنی لقد خلقنا الانسان سے علی الفلك

www.besturdubooks.net

تحملون میں صفات کمال کے بیان سے توحید پر استدلال تھا پس ان بعض آیات کا جن میں تصرفات قدرت کا بیان ہے ان آیات سے بھی ارتباط ظاہر ہے۔

استدلال بر عظمت قدرت وصحت بعث ☆ وَهُوَ الَّذِیْٓ اَنْشَاَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ (الی قولہ تعالیٰ) فَتَعٰلَى عَمَّا یُشْرِكُوْنَ ﴿۹۱﴾ اور وہ (اللہ) ایسا (قادر اور منعم) ہے جس نے تمہارے لئے کان اور آنکھیں اور دل بنائے (کہ آرام بھی برتو اور دین کا بھی ادراک کرو لیکن) تم لوگ بہت ہی کم شکر کرتے ہو (کیونکہ اصلی شکر یہ تھا کہ اس منعم کے پسندیدہ دین کو قبول کرتے اور اس کی قدرت علی البعث کا انکار نہ کرتے) اور وہ ایسا ہے جس نے تم کو زمین میں پھیلا رکھا ہے اور تم سب (قیامت میں) اسی کے پاس لائے جاؤ گے (اس وقت اس کفران نعمت کی حقیقت معلوم ہوگی) اور وہ ایسا ہے جو جلاتا ہے اور مارتا ہے اور اسی کے اختیار میں ہے رات اور دن کا گھٹنا اور بڑھنا سو کیا تم (اتنی بات) نہیں سمجھتے (کہ یہ دلائل قدرت توحید اور صحت بعث دونوں پر دال ہیں مگر پھر بھی مانتے نہیں) بلکہ یہ بھی ویسی ہی بات کہتے ہیں جو اگلے (کافر) لوگ کہتے چلے آئے ہیں (یعنی) یوں کہتے ہیں کہ کیا ہم جب مر جاویں گے اور ہم مٹی اور ہڈیاں رہ جاویں گے تو کیا ہم دوبارہ زندہ کئے جاویں گے اس کا تو ہم سے اور (ہم سے) پہلے ہمارے بڑوں سے وعدہ ہوتا چلا آیا ہے۔ یہ کچھ بھی نہیں محض بے سند باتیں ہیں جو اگلوں سے منقول ہوتی چلی آتی ہیں (چونکہ اس قول سے انکار قدرت لازم آتا ہے اور اس سے مثل انکار بعث کے انکار توحید کا بھی ہوتا ہے اس لئے اس قول کے جواب میں اثبات قدرت کے ساتھ اثبات توحید کا بھی ارشاد ہے یعنی آپ (جواب میں) یہ کہہ دیجئے کہ (اچھا یہ بتلاؤ کہ) یہ زمین اور جو اس پر رہتے ہیں یہ کس کے ہیں اگر تم کو کچھ خبر ہے وہ ضرور یہی کہیں گے کہ اللہ کے ہیں (تو) ان سے کہئے کہ پھر کیوں نہیں غور کرتے (کہ قدرت علی البعث اور توحید دونوں کا تم کو ثبوت ہو جاوے اور) آپ یہ بھی کہئے کہ (اچھا یہ بتاؤ کہ) ان سات آسمانوں کا مالک اور عالیشان عرش کا مالک کون ہے (اس کا بھی) وہ ضرور یہی جواب دیں گے کہ یہ بھی (سب) اللہ کا ہے آپ (اس وقت) کہئے کہ پھر تم (اس سے) کیوں نہیں ڈرتے (کہ اس کی قدرت اور آیات بعث کا انکار کرتے ہو اور) آپ (ان سے) یہ بھی کہئے کہ (اچھا) وہ کون ہے جس کے ہاتھ میں تمام چیزوں کا اختیار ہے اور وہ (جس کو چاہتا ہے) پناہ دیتا ہے اور اس کے مقابلہ میں کوئی کسی کو پناہ نہیں دے سکتا اگر تم کو کچھ خبر ہے (تب بھی جواب میں) وہ ضرور یہی کہیں گے کہ یہ سب صفتیں بھی اللہ ہی کی ہیں آپ (اس وقت) کہئے کہ پھر تم کو کیسا خبط ہو رہا ہے (کہ ان سب مقدمات کو جانتے ہو اور نتیجہ کو کہ توحید و بعث کا اعتقاد ہے نہیں مانتے یہ تو استدلال تھا مقصود پر ان کے جواب میں آگے ان کے مقدمہ دلیل یعنی اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِیْرُ الخ کا ابطال ہے یعنی یہ جو ان کو بتلایا جا رہا ہے کہ بعث ہوگا یہ اَسَاطِیْرُ الْاَوَّلِیْنَ ﴿۸۳﴾ نہیں ہے) بلکہ ہم نے ان کو سچی بات پہنچائی ہے اور یقیناً یہ (خود ہی) جھوٹے ہیں (یہاں تک مکالمہ ختم ہو چکا اور توحید و بعث دونوں ثابت ہو گئے مگر ان دونوں مسئلوں میں چونکہ مسئلہ توحید زیادہ مہتم بالشان اور حقیقت میں مسئلہ بعث کا بھی مبنی اور محل کلام بھی زیادہ تھا اس لئے تتمہ تقریر میں اس کو مستقلاً ارشاد فرماتے ہیں کہ) اللہ تعالیٰ نے کسی کو اولاد نہیں قرار دیا (جیسا مشرکین ملائکہ کی نسبت کہتے تھے) اور نہ اس کے ساتھ کوئی اور خدا ہے اگر ایسا ہوتا تو ہر خدا اپنی مخلوق کو (تقسیم کر کے) جدا کر لیتا اور (پھر مثل عادت رؤسائے دنیا کے دوسرے کی مخلوقات چھیننے کے لئے) ایک دوسرے پر چڑھائی کرتا پھر مخلوق کی تباہی کا تو کیا انتہاء ہے لیکن نظام عالم بدستور قائم ہے اس سے ثابت ہوا کہ) اللہ تعالیٰ ان (کے مزعومہ) باتوں سے پاک ہے جو یہ لوگ (اس کی نسبت) بیان کرتے ہیں جاننے والا ہے سب پوشیدہ اور آشکارا کا غرض ان لوگوں کے شرک سے وہ بالاتر (اور منزہ) ہے۔ ف: قَلِیْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ [الأعراف: ۱۰] میں یا تو قلت سے مراد نفی ہے اور یا یہ کہ خدا کو فاعل و خالق ماننے والا طبعاً شکر ادا کرتا ہے لیکن فرد اعظم یعنی ایمان منتفی تھی اس لئے وہ شکر قلیل قرار دیا گیا اور آباء نا میں یہ شبہ نہ کیا جاوے کہ ان کے آباء کے پاس نذیر نہیں آیا تھا لقولہ تعالیٰ: مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ [یٰسٓ: ۶] اس کا جواب آباء کی تقسیم قریب و بعید کی طرف کر کے دیا جاوے جیسا اوپر کے فائدہ میں گذرا یا یہ کہا جاوے کہ انبیائے سابقین کے ایسے اقوال مشہور تھے دوسرے ناقلین کے ذریعہ سے آباء تک پہنچ گئے اور اِذًا لَّذَهَبَ الخ میں جو استلزام ہے اس کا وہی حاصل ہے جو آیت: لَوْ كَانَ فِیْهِمَآ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا [الأنبیاء: ۲۲] کا ہے اس کی تحقیق اسی آیت کے ذیل میں مع بعض دیگر فوائد ضروریہ گزر چکی ہے ملاحظہ کر لیا جاوے۔

تَرْجَمَۃُ مَسَائِلِ السُّلُوْكِ: قولہ تعالیٰ: اِدْفَعْ بِالَّتِیْ الخ بے ادبیوں کی طرف التفات نہ کرنا یہ معاملہ عوام و اجانب کے ساتھ ہے اور خواص و متعلقین کے ساتھ کہ ان کی تادیب کی جاوے سورۂ حجرات میں مذکور ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَقُلْ رَّبِّ اَعُوْذُ بِكَ الخ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ملہمین کو بھی وساوس آتے ہیں تو مبتدی ان کے قطع ہونے کی توقع کیسے کر سکتا ہے۔

اِخْتِلَافُ الْقِرَاءَۃِ: قوله سيقولون لله فی الموضع الثانی والثالث قرء يعقوب وابو عمر وبغير اللام وكلا الامرين جائز فلو قيل من صاحب هذه الدار فقيل زيد كان جواباً عن لفظ السوال ولو قيل لزيد لكان جواباً على المعنى لان معناه لمن هذه الدار وكلا الامرين وارد فی كلامهم كذا فی الروح ۱۲۔

اَللُّغَاتُ: قوله ذرأ خلق وكثر كذا فی القاموس قوله انى تسحرون فی الروح كيف تخدعون و تصرفون عن الرشد مع عليكم فان

www.besturdubooks.net

من لا یکون مسحورا مختل العقل لا یکون کذلک۔

اَلنَّحْوُ: قولہ فی الموضعین الاخیرین خبر لمبتدأ محذوف وھو السموات والعرش فی الاول وملکوت کل شیٔ والوصف بانہ الذی یجیر ولا یجار علیہ فی الثانی۔

اَلْبَلَاغَۃُ: فی الروح وھذہ الآیات الثلٰث اعنی قل لمن الی تسحرون علی ما قرر فی الکشف تقریر للسابق وتمہید للاحق وقدروعی فی السوال فیھا قضیۃ الترقی فسئل عمن لہ الارض ومن فیھا وقیل من تغلیبا للعقلاء ولانہ یلزم ان یکون لہ غیرھم من طریق الاولٰی ثم سئل عمن لہ السمٰوٰت والعرش العظیم والارض بالنسبۃ الیہ کلا شیٔ ثم سئل عمن بیدہ ملکوت کل شیٔ فاتی باعم العام وکلمۃ الاحاطۃ واوثر الملکوت وھو الملک الواسع وقیل بیدہ تصویرا وتخییلا وکذلک روعی ھذہ النکتۃ فی الفواصل فعبروا (بالموحدۃ من العبرۃ او بالتحتانیۃ من العار) او لا بعدم التذکر فان ایسر النظر یکفی فی الخلال عقدھم ثم بعدم الاتقاء وفیہ وعید ثم بالتعجب من خدع عقولھم فیختل الباطل حقا والحق باطلا وانی لھا التذکر والخوف۔

حَتّٰۤى اِذَا جَآءَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ رَبِّ ارْجِعُوْنِ ﴿۹۹﴾ لَعَلِّيْۤ اَعْمَلُ صَالِحًا فِيْمَا تَرَكْتُ كَلَّا ؕ اِنَّهَا كَلِمَةٌ هُوَ قَآئِلُهَا ؕ
وَمِنْ وَّرَآئِهِمْ بَرْزَخٌ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ فَاِذَا نُفِخَ فِى الصُّوْرِ فَلَاۤ اَنْسَابَ بَيْنَهُمْ يَوْمَئِذٍ وَّلَا يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿۱۰۱﴾ فَمَنْ
ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۲﴾ وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْۤا اَنْفُسَهُمْ فِىْ
جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾ تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ النَّارُ وَهُمْ فِيْهَا كٰلِحُوْنَ ﴿۱۰۴﴾ اَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِىْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ بِهَا
تُكَذِّبُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ قَالُوْا رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا وَكُنَّا قَوْمًا ضَآلِّيْنَ ﴿۱۰۶﴾ رَبَّنَاۤ اَخْرِجْنَا مِنْهَا فَاِنْ عُدْنَا فَاِنَّا ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۰۷﴾
قَالَ اخْسَـُٔوْا فِيْهَا وَلَا تُكَلِّمُوْنِ ﴿۱۰۸﴾ اِنَّهٗ كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْ عِبَادِىْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَاۤ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ
خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۰۹﴾ فَاتَّخَذْتُمُوْهُمْ سِخْرِيًّا حَتّٰۤى اَنْسَوْكُمْ ذِكْرِىْ وَكُنْتُمْ مِّنْهُمْ تَضْحَكُوْنَ ﴿۱۱۰﴾ اِنِّىْ جَزَيْتُهُمُ
الْيَوْمَ بِمَا صَبَرُوْۤا اَنَّهُمْ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿۱۱۱﴾ قٰلَ كَمْ لَبِثْتُمْ فِى الْاَرْضِ عَدَدَ سِنِيْنَ ﴿۱۱۲﴾ قَالُوْا لَبِثْنَا
يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ فَسْـَٔلِ الْعَآدِّيْنَ ﴿۱۱۳﴾ قٰلَ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا لَّوْ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۱۴﴾

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾

یہاں تک کہ جب ان میں سے کسی (کے سر) پر موت آ (کھڑی ہوتی) ہے اس وقت کہتا ہے کہ اے میرے رب مجھ کو (دنیا میں) پھر واپس بھیج دیجئے تا کہ جس (دنیا) کو میں چھوڑ آیا ہوں اس میں پھر جا کر نیک کام کروں ہرگز (ایسا) نہیں ہوگا یہ (اس کی) ایک بات ہی بات ہے جس کو کہے جا رہا ہے اور ان لوگوں کے آگے ایک (چیز) آڑ کی آنے والی ہے (مراد اس سے موت ہے) قیامت کے دن تک۔ پھر جب (قیامت میں) صور پھونکا جائے گا تو ان میں (جو) باہمی رشتے ناتے (تھے) اس روز نہ رہیں گے اور نہ کوئی کسی کو پوچھے گا سو جس شخص کا پلہ (ایمان کا) بھاری ہوگا تو ایسے لوگ کامیاب (یعنی ناجی) ہوں گے اور جس کا پلہ ہلکا ہوگا (یعنی وہ کافر ہوگا) سو یہ وہ لوگ ہوں گے جنہوں نے اپنا نقصان کر لیا اور جہنم میں ہمیشہ کے لئے رہیں گے ان کے چہروں کو (اس جہنم کی) آگ جھلستی ہوگی اور اس (جہنم) میں ان کے منہ بگڑے ہوں گے۔ کیوں کیا تم کو میری آیتیں (دنیا میں) پڑھ کر سنائی نہیں جایا کرتی تھیں اور تم ان کو جھٹلایا کرتے تھے (یہ اس کی سزا مل رہی ہے) وہ کہیں گے کہ اے ہمارے رب (واقعی) ہماری بدبختی نے ہم کو گھیر لیا تھا اور بے شک ہم گمراہ لوگ تھے اے ہمارے رب ہم کو اس (جہنم) سے (اب) نکال دیجئے پھر اگر ہم دوبارہ (ایسا) کریں تو ہم بے شک پورے قصوروار ہیں۔ ارشاد ہوگا کہ اسی (جہنم) میں راندے ہوئے پڑے رہو اور مجھ سے بات مت کرو میرے بندوں میں ایک گروہ تھا جو (ہم سے) عرض کیا کرتا تھا کہ اے ہمارے پروردگار ہم ایمان لائے سو ہم کو بخش دیجئے اور ہم پر رحمت فرمائیے اور آپ سب رحم کرنے والوں سے بڑھ کر ہیں سو تم نے ان کا مذاق مقرر کیا تھا (اور) یہاں

www.besturdubooks.net

تک (اس کا مشغلہ کیا) کہ مشغلہ نے تم کو ہماری یاد بھی بھلادی اور تم ان سے ہنسی کیا کرتے تھے میں نے ان کو آج ان کے صبر کا یہ بدلہ دیا ہے کہ وہی کامیاب ہوئے۔ ارشاد ہوگا (کہ اچھا یہ بتلاؤ) تم برسوں کے شمار سے کس قدر مدت زمین پر رہے ہو گے وہ جواب دیں گے کہ ایک دن یا ایک سے بھی کم رہے ہوں گے (اور) سچ یہ ہے کہ ہم کو یاد نہیں سو گننے والوں سے پوچھ لیجئے ارشاد ہوگا کہ تم (دنیا میں) تھوڑی ہی مدت رہے (لیکن) کیا خوب ہوتا کہ تم (یہ بات دنیا میں) سمجھتے ہوتے ہاں تو کیا تم نے یہ خیال کیا تھا کہ ہم نے تم کو یوں ہی مہمل (خالی از حکمت) پیدا کر دیا ہے اور یہ خیال کیا تھا کہ تم ہمارے پاس نہیں لائے جاؤ گے۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر آیت: حَتّٰۤى اِذَا فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ الخ میں کفار کے عناد وطغیان پر وعید عذاب شدید کی فرمائی تھی آگے ایک خاص اور بلیغ عنوان سے کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک دعائے مناسب وقت کی تعلیم اور اظہار قدرت رب عظیم ہے اس عذاب کی غایت فظاعت بیان فرماتے ہیں جو متضمن ہے ان کے رد استعجال واستہزاء کو بھی اور اس عذاب کے وقوع تک آپ کو ان کفار کے ساتھ مجاملت فی المعاملت کا امر فرماتے ہیں۔

تہویل عذاب وتبدیل وامر بصبر جمیل: قُلْ رَّبِّ اِمَّا تُرِيَنِّيْ مَا يُوْعَدُوْنَ ۝ (الی قولہ تعالیٰ) وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ۝ آپ (حق تعالیٰ سے) دعا کیجئے کہ اے میرے رب جس عذاب کا ان کافروں سے وعدہ کیا جا رہا ہے (جیسا اوپر اِمَّا فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ سے بھی معلوم ہوا) اگر آپ مجھ کو دکھا دیں (مثلاً یہ کہ وہ عذاب ان پر میری زندگی میں اس طور پر آوے کہ میں بھی دیکھوں کیونکہ اس عذاب موعود کا کوئی وقت خاص نہیں بتلایا گیا ہے چنانچہ آیت مذکورہ بھی مبہم ہے جس میں یہ احتمال مذکور بھی ہے غرض اگر ایسا ہو) تو اے میرے رب مجھ کو ان ظالم لوگوں میں شامل نہ کیجئے اور ہم اس بات پر کہ جو ان سے وعدہ کر رہے ہیں آپ کو بھی دکھلا دیں قادر ہیں (باقی جب تک ان پر عذاب نہ آوے) آپ (ان کے ساتھ یہ معاملہ رکھئے کہ) ان کی بدی کا دفعیہ ایسے برتاؤ سے کر دیا کیجئے جو بہت ہی اچھا (اور نرم) ہو (اور اپنی ذات کے لئے بدلہ نہ لیجئے بلکہ ہمارے حوالہ کر دیا کیجئے) ہم خوب جانتے ہیں جو جو کچھ یہ (آپ کی نسبت) کہا کرتے ہیں اور (اگر آپ کو بمقتضائے بشریت غیظ آ جایا کرے تو) آپ یوں دعا کیا کیجئے کہ اے میرے رب میں آپ کی پناہ مانگتا ہوں شیطانوں کے وسوسوں سے (جو مفضی ہو جاویں کسی ایسے امر کی طرف جو خلاف مصلحت ہو گو خلاف شریعت نہ ہو) اور اے میرے رب میں آپ کی پناہ مانگتا ہوں اس سے کہ شیطان میرے پاس بھی آویں (اور وسوسہ ڈالنا تو درکنار پس اس سے وہ غیظ جاتا رہے گا)۔ ف: دعائے اول اس وجہ سے نہیں کہ نعوذ باللہ ایسا امر محتمل ہو بلکہ اظہار ہے تہویل عذاب کا کہ جو محل اور اس کا محتمل بھی نہیں ہے جب وہاں امر ہے استعاذہ کا تو جو مستحق ہیں ان کو تو بہت ہی ڈرنا چاہئے اور صحت سوال موقوف نہیں احتمال وقوع پر بلکہ مقدوریت بھی کافی ہے پس مقدوریت مصحح ہے اور قصد تفظیع مرجح ہے اور مطلوبیت استمرار کی توجیہ بھی ہو سکتی ہے دوسری تہویل اگلی آیت سے ہوئی) وَاِنَّا عَلٰۤى اَنْ نُّرِيَكَ الخ جس میں تصریح ہو گئی ان کے استبعاد واستہزاء کی ابطال کی بھی اور آیت سابقہ میں چونکہ قضیہ بشکل شرطیہ کے تھا جو مستلزم نہیں ہوتا صحت وقوع مقدم کو اس آیت لاحقہ میں جو بشکل حملیہ ہے تصریح ہو گئی صحت وقوع مقدم کی بھی پس بلاغۃ علی البلاغۃ ہو گئی اور آیت اِدْفَعْ الخ جہاد کی معارض نہیں کیونکہ جہاد حقوق دین کے لئے ہوتا ہے اور یہ آیت حقوق نفس کے باب میں ہے اور آیت: وَقُلْ رَّبِّ اَعُوْذُ بِكَ الخ کے مماثل مضمون سورۂ اعراف کے اخیر میں آیت: وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ [حٰمٓ السجدة: ۳۶] الخ آ چکی ہے اس کے ذیل میں اس کے متعلق ایک ضروری فائدہ مرقوم ہو چکا ہے ملاحظہ فرما لیا جاوے اور اس کا خلاصہ اشارۃً خود یہاں بھی مذکور ہے اس قول میں جو مفضی ہو جاویں الخ۔

ربط: اوپر آیت: وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝ اور جواب وَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ۝ میں صراحۃً اور جمیع آیات مشعرہ استحقاق عذاب میں دلالۃً معاد کا اثبات ہے آگے اَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ تک جو کہ قریب ختم سورت کے ہے بطور تفصیل وتتمیم کے اسی کا اور اس کے وقت واحوال وواقعات کا ذکر ہے۔

ذکر معاد واحوال واہوال او☆ حَتّٰۤى اِذَا جَآءَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ رَبِّ ارْجِعُوْنِ ۝ (الی قولہ تعالیٰ) وَاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ۝ (یہ کفار اپنے کفر وانکار معاد سے باز نہیں آتے) یہاں تک کہ جب ان میں سے کسی (کے سر) پر موت آ (کھڑی ہو) تی ہے (اور آخرت کا معائنہ ہونے لگتا ہے) اس وقت (آنکھیں کھلتی ہیں اور اپنے جہل وکفر پر نادم ومتحسر ہو کر) کہتا ہے کہ اے میرے رب (مجھ سے موت کو ٹال دیجئے اور) مجھ کو (دنیا میں) میں واپس بھیج دیجئے تاکہ جس (دنیا) کو میں چھوڑ آیا ہوں اس میں (پھر جا کر) نیک کام کروں (یعنی تصدیق وانقیاد حق تعالیٰ اس درخواست کو رد فرماتے ہیں کہ) ہرگز (ایسا) نہیں (ہوگا) یہ (اس کی) ایک بات ہی بات ہے جس کو یہ کہے جا رہا ہے (اور پوری ہونے والی نہیں) اور (وجہ اس کی یہ ہے کہ) ان لوگوں کے آگے ایک (چیز) آڑ کی آنے والی ہے (کہ وہ ضروری الوقوع ہے اور وہی دنیا سے واپس آنے سے مانع ہے مراد اس سے موت ہے کہ اس کا وقوع بھی وقت مقدر پر ضروری وَلَنْ يُّؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفْسًا اِذَا جَآءَ اَجَلُهَا [المنفقون: ۱۱] اور اس کا مانع عن الرجوع ہونا) قیامت کے دن تک (یعنی ہمیشہ کے لئے ہے یہ مصیبت تو ان کو مرنے کے وقت پیش آئی) پھر جب (قیامت کا روز ہوگا اور) صور پھونکا جاوے گا تو (ایسی ہول وہیبت میں گرفتار ہوں گے کہ) ان میں (جو) باہمی رشتے ناتے (تھے) اس روز (وہ بھی گویا) نہ رہیں گے (یعنی کوئی کسی کی ہمدردی نہ کرے گا جیسے اجنبی ہوتے ہیں) اور نہ کوئی کسی کو پوچھے گا (کہ بھائی تم کس اجنبی

www.besturdubooks.net

حالت میں ہو غرض نہ رشتہ ناتا کام آوے گا نہ دوستی اور تعارف بس وہاں کام کی چیز ایک ایمان ہوگا جس کی عام شناخت کے لئے کہ سب پر ظاہر ہو جاوے ایک ترازو کھڑی کی جاوے گی اور اس سے اعمال وعقائد کا وزن ہوگا) سو جس شخص کا پلہ (ایمان کا) بھاری ہوگا (یعنی وہ مؤمن ہوگا) تو ایسے لوگ کامیاب (یعنی ناجی) ہوں گے (اور یہ عقوبات مذکورہ تمنی رجعت للایمان اور نفی نفع انساب وتسائل ان کے لئے نہ ہوں گے لقولہ تعالیٰ: لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْأَكْبَرُ [الأنبياء: ١٠٣] الاية) اور جس شخص کا پلہ (ایمان کا) ہلکا (یعنی وہ کافر ہوگا) سو یہ وہ لوگ ہوں گے جنہوں نے اپنا نقصان کر لیا اور جہنم میں ہمیشہ کے لئے رہیں گے ان کے چہروں کو (اس جہنم کی) آگ جھلستی ہوگی اور اس (جہنم) میں ان کے منہ بگڑے ہوں گے (اور ان سے حق تعالیٰ بواسطہ یا بلا واسطہ ارشاد فرماویں گے کہ) کیوں کیا میری آیتیں (دنیا میں) تم کو پڑھ کر سنائی نہیں جایا کرتی تھیں اور تم ان کو جھٹلایا کرتے تھے (یہ اس کی سزا مل رہی ہے) وہ کہیں گے کہ اے ہمارے رب (واقعی ہماری بدبختی نے ہم کو ہمارے ہاتھوں گھیر لیا تھا اور (بیشک) ہم گمراہ لوگ تھے (یعنی ہم جرم کا اقرار اور اُس پر ندامت ومعذرت کا اظہار کر کے درخواست کرتے ہیں کہ) اے ہمارے رب ہم کو اس (جہنم) سے (اب) نکال دیجئے (اور دوبارہ دنیا میں بھیج دیجئے لقولہ تعالیٰ فی الم سجدة ۔ فارجعنا نعمل صالحا) پھر اگر ہم دوبارہ (ایسا) کریں تو ہم بیشک پورے قصوروار ہیں۔ (اس وقت ہم کو خوب سزا دیجئے اور اب چھوڑ دیجئے) ارشاد ہوگا کہ اسی (جہنم) میں راندے ہوئے پڑے رہو اور مجھ سے بات مت کرو (یعنی ہم نہیں منظور کرتے کیا تم کو یاد نہیں رہا کہ) میرے بندوں میں ایک گروہ (ایمان داروں کا) تھا جو (بیچارے ہم سے) عرض کیا کرتے تھے کہ اے ہمارے پروردگار ہم ایمان لے آئے سو ہم کو بخش دیجئے اور ہم پر رحمت فرمایئے اور آپ سب رحم کرنے والوں سے بڑھ کر رحم کرنے والے ہیں سب تم نے (محض اس بات پر جو ہر طرح قابل قدر تھی) ان کا مذاق مقرر کیا تھا (اور) یہاں تک (اس کا مشغلہ کیا) کہ ان سے مشغلہ نے تم کو ہماری یاد بھی بھلا دی اور تم ان سے ہنسی کیا کرتے تھے (سو ان کا تو کچھ نہ بگڑا چند روزہ کلفت تھی کہ صبر کرنا پڑا جس کا یہ نتیجہ ملا کہ) میں نے ان کو آج ان کے صبر کا یہ بدلہ دیا کہ وہی کامیاب ہوئے (اور تم اس ناکامی میں گرفتار ہوئے مطلب جواب کا یہ ہوا کہ تمہارا قصور اس قابل نہیں کہ سزا کے وقت اقرار کرنے سے معاف کر دیا جاوے کیونکہ تم نے ایسا معاملہ کیا جس سے ہمارے حقوق کا بھی اتلاف ہوا اور حقوق العباد کا بھی اور عباد بھی کیسے ہمارے مقبول اور محبوب جو ہم سے خصوصیت خاصہ رکھتے تھے کیونکہ ان کو سخریہ بنانے میں ان کی ایذاء کہ اضافۃ حق العبد ہے اور تکذیب حق جو منشاء سخریہ کا ہے کہ اضافۃ حق اللہ ہے دونوں لازم آئے پس اس کی سزا کے لئے دوام اور تمام مناسب ہے اور مؤمنین کو جزائے فوز دینا منجملہ تمام سزا ہے کفار کے لئے کیونکہ اعداء کی کامیابی سے روحانی تاذمی ہوتی ہے یہ تو جواب ہو گیا ان کی درخواستوں کا آگے تنبیہ ہے ان کے بطلان اعتقاد ومشرب پر تا کہ ذلت پر ذلت وحسرت پر حسرت ہونے سے اور عقوبت میں شدت ہو اس لئے) ارشاد ہوگا کہ (اچھا یہ بتلاؤ) تم برسوں کے شمار سے کس قدر مدت زمین میں رہے ہو گے (چونکہ وہاں کے ہول وہیبت سے ان کی ہوش وحواس گم ہو چکے ہوں گے اور اس دن کا طول بھی پیش نظر ہوگا) وہ جواب دیں گے کہ (برس کیسے بہت رہے ہوں گے تو) ایک دن یا ایک دن سے بھی کم ہم رہے ہوں گے (اور سچ یہ ہے کہ ہم کو یاد نہیں) سو گننے والوں سے (یعنی فرشتوں سے کہ اعمال واعمار سب کا حساب کرتے تھے) پوچھ لیجئے ارشاد ہوگا کہ (یوم اور بعض یوم تو غلط ہے مگر اتنا تو تمہارے اقرار سے جو کہ صحیح بھی ہے ثابت ہو گیا کہ) تم (دنیا میں) تھوڑی ہی مدت رہے (لیکن) کیا خوب ہوتا کہ تم (یہ بات اس وقت سمجھتے ہوتے (کہ دنیا کی بقاء نا قابل اعتبار ہے اور اس کے سوا اور کوئی دار القرار ہے مگر وہاں تو بقاء کو دنیا ہی میں منحصر سمجھا اور اس عالم کی نفی کرتے رہے کقولہ تعالیٰ: وَقَالُوا إِنْ هِيَ إِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوثِينَ [الأنعام: ٢٩] اور اب جو غلطی ظاہر ہوئی اور صحیح سمجھتے تو بیکار اور غلطی اعتقاد پر تنبیہ کے بعد آگے پھر اس اعتقاد پر زجر ہے جو بطور خلاصہ مضمون فرد قرار داد جرم کے ہے کہ) ہاں تو کیا تم نے یہ خیال کیا تھا کہ ہم نے تم کو یوں ہی مہمل (خالی از حکمت) پیدا کر دیا ہے اور یہ (خیال کیا تھا) کہ تم ہمارے پاس نہیں لائے جاؤ گے (مطلب یہ کہ جب ہم نے آیات میں جن کا صدق دلائل صحیحہ سے ثابت ہے بعث ومجازات کی خبر دی تھی تو معلوم ہو گیا کہ مکلفین کی تخلیق کی حکمتوں میں سے ایک حکمت یہ بھی ہے کہ اس کا منکر ہونا کتنا بڑا امر منکر تھا)۔

فائدہ اول: وقت حضور موت کے چونکہ عالم آخرت منکشف ہوتا ہے پس اس تلبس وتعلق کی وجہ سے اس شخص کو من وجہ منتقل الی الآخرت سمجھا جاوے گا اس لئے تاخیر موت کو ارجعون سے تعبیر کیا ورنہ ظاہراً رجعت کا اطلاق بعد الموت ہونا چاہئے۔

فائدہ دوم: إِلَىٰ يَوْمٍ يُبْعَثُونَ ﴿١٠٠﴾ سے تحدید غایت کی مقصود نہیں بلکہ مقصود اقناط کلی ہے جیسا ترجمہ سے ظاہر ہے کذا فی الخازن کیونکہ یوم البعث کا زندہ ہونا رجوع الی الدنیا نہیں ہے بلکہ وہ آخرت ہی ہے گو ظاہراً رجوع الی مکان الدنیا ہوگا اور اس اعتبار سے تحدید غایت کی توجیہ بھی ہو سکتی ہے پس منفی حقیقت رجوع الی الدنیا ہے جس کا حاصل رجوع للعمل ہے اور مثبت صورت رجوع ہے جس کا حاصل رجوع للحساب ہے اور یہی دونوں احتمال حَتَّىٰ إِذَا فُتِحَتْ يَأْجُوجُ [الأنبياء: ٩٦] الخ واقعہ سورۂ انبیاء میں بھی ہیں۔

فائدہ سوم: اس سے تناسخ کا بطلان ہو گیا۔

www.besturdubooks.net

فائدہ چہارم: انساب کی نفی سے مراد نفی نافعیت کی ہے نہ مطلق انساب کی اور اسی طرح تسائل سے مراد تسائل نافع ہے نہ مطلق تسائل لقولہ تعالیٰ : وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ [الصافات:۲۷] ۔

فائدہ پنجم: اور یہ سب انساب وتسائل کی نفی کفار کے ساتھ مخصوص ہے لقرینۃ المقام ولقولہ تعالیٰ : اَلْاَخِلَّآءُ يَوْمَئِذٍۢ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ اِلَّا الْمُتَّقِيْنَ [الزخرف : ٦٧] مگر اہل ایمان کے لئے نسب کا نفع ہونا بایں معنی نہیں کہ شرافت اصطلاحیہ نافع نہ ہوگی بلکہ شریف شرعی یعنی مؤمن مقبول عنداللہ سے نسبت ولدیت نافع ہوگی گو اصطلاحاً وہ شخص کم قوم ہو لقولہ تعالیٰ :وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ بِاِيْمَانٍ اَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ [الطور : ٢١] الخ اور فَمَنْ ثَقُلَتْ [الأعراف : ٨] الخ میں جو تفصیل ہے اس سے شبہ نہ کیا جاوے کہ آیت بالا مؤمن وکافر سب کے حق میں عام ہے کیونکہ یہ ماسبق کی تفصیل نہیں بلکہ مجموعہ خلائق کی تفصیل سے ماسبق پر استدلال ہے یعنی نفی انساب وتسائل کی وجہ عدم ایمان ہے کیونکہ وہاں نافعیت کے لئے ایمان شرط ہے جس کا حال اس تفصیل سے معلوم ہوگا الخ۔

فائدہ ششم: اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ کی توضیح میں رجعت میں للایمان کی قید اس لئے لگائی کہ فروع اعمال کے لئے رجعت کی تمنا بعض مذنبین سے بھی ہوگی لقولہ تعالیٰ : وَاَنْفِقُوْا مِنْ مَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ فَيَقُوْلَ [المنفقون:۱۰] الخ اور ترقی مراتب کی طمع سے رجعت کی تمنا بعض مقبولین سے بھی ہوتی ہے جیسا حدیث میں شہداء کی تمنا مذکور ہے۔

فائدہ ہفتم: آیت :فَمَنْ ثَقُلَتْ [الأعراف : ٨] الخ کی نظیر سورۂ اعراف کے اول رکوع کے اخیر میں بھی ایک آیت گزر چکی ہے وہاں اس کے ذیل میں اس کے متعلق بعض ضروری مضامین قابل ملاحظہ مذکور ہیں۔

فائدہ ہشتم: تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ میں وجہ کی تخصیص بوجہ اس کے نازک اور اشرف ہونے کے ہے جس سے شدت عقوبت وایلام اور دوسرے اعضاء کے لئے عذاب عام ہونے پر دلالت ہوگئی۔

فائدہ نہم: كٰلِحُوْنَ ۝ کی تفسیر حدیث مرفوع میں آئی ہے کہ اوپر کا ہونٹ سکڑ کر وسط سر تک جا پہنچے گا اور نیچے کا ہونٹ نکل کر ناف پر آ پڑے گا رواہ الترمذی اور اس ہیئت کے لئے دانتوں کا کھل جانا عادۃً لازم ہے وبہ فسر فی الروح۔

فائدہ دہم: اَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ الخ کے شروع میں راقم نے کلام میں بواسطہ یا بلا واسطہ کی تعمیم کی ہے وجہ اس کی یہ ہے کہ دوسری آیت میں :لَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ [البقرة : ١٧٤] ہے پس وجہ جمع دو ہیں یا تو بواسطہ کلام ہو اور یا اگر بلا واسطہ ہو تو لا یکلم کو محمول کیا جاوے کلام علی وجہ الاکرام پر۔

فائدہ یاز دہم: رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا میں اپنے ہاتھوں کی قید اس لئے ظاہر کی گئی کہ شقاوت کا اثر عقوبت ہے کہ انسان کے اکتساب کے ساتھ وابستہ ہے اور مسئلہ اختیار پر دلائل نقلیہ وعقلیہ بکثرت قائم ہیں۔

فائدہ دوازدہم: كُنَّا قَوْمًا ضَآلِّيْنَ ۝ میں اقرار اس غرض سے کیا گیا کہ بعض اوقات اعتراف پر عفو متوجہ ہو جاتا ہے۔

فائدہ سیزدہم: اگر شبہ ہو کہ آخرت میں تو حقائق منکشف ہوں گے اور ان میں سے امتناع رجعت ہے پھر اس کی تمنا کیسے ہوگی جواب یہ ہے کہ یا تو یہ تمنا طبعی ہے اور یا یوں کہا جاوے کہ اس جواب ہی سے یہ حقیقت منکشف ہوئی اور یا کہا جاوے کہ جو حقائق شرعاً مقصود بالذات ہیں ان کا انکشاف ضروری ہے مثل حقیقت توحید ورسالت ومعاد وجنان ونیران نہ وہ حقائق جو شرع میں مقصود بالغیر ہیں مثل عدم وقوع رجعت گو وجوب تصدیق میں سب متماثل ومتساوی ہیں۔

فائدہ چہاردہم: اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ کی جو تقریر کی گئی ہے اس سے یہ شبہ جاتا رہا کہ اگر خدا تعالیٰ جزا وسزا کچھ مرتب نہ فرماتا تو کیا نقص عبث لازم آتا اگر یہ ہے تو مجازات کا وجوب عقلی لازم آتا ہے جو کہ اہل حق کے نزدیک منتفی ہے کیونکہ اگر ایسا ہوتا تو وہ بھی حسن اور غیر عبث ہوتا کیونکہ حکمت اسی میں منحصر نہیں۔

فائدہ پانزدہم: انه كان فريق او سر بما صبروا۔ سزا وجزاء کی تمام علت نہیں ہے بلکہ احد الاجزاء ہے۔

فائدہ شانزدہم: سورۂ طٰہٰ آیت :ان لبثتم الا عشرا۔ میں بھی لبث کی بحث ہے اس کو لبث فی القبر پر محمول کیا گیا ہے اور یہاں اس تفسیر کی اور وہاں اُس تفسیر کی بھی گنجائش ہے اور تقریر قدرے بدل جاوے گی۔

ترجمہ مسائل السائلین: قولہ تعالیٰ: فَلَآ اَنْسَابَ بَيْنَهُمْ الخ چونکہ یہ کفار کے حق میں ہے اور وعید میں مفہوم مخالف معتبر ہے اس سے معلوم ہوا کہ اہل ایمان کو نسبت الی المقبولین خواہ صوری ہو یا معنوی نافع ہوگی اور بزرگوں نے سلسلہ برکات میں اس کی تصریح کی ہے۔قولہ تعالیٰ: اِنَّهٗ كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْ عِبَادِيْ چونکہ یہ ماقبل کی علت ہے اس سے معلوم ہوا کہ اولیاء اللہ کی بڑی شان ہے اور ان سے عداوت کا انجام نار ہے قولہ تعالیٰ: اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا الخ اس

www.besturdubooks.net

میں استقاد اباحت کا صریحا رد ہے کہ نفی تکلیف سے عبثیت صاف لازم ہے ۱۲۔

الحواشی: (۱) تقریر سے مراد وہ عبادت بین القوسین ہے جو ترجمہ کے ختم پر ہے یعنی گو اس حکمت کی رعایت واجب نہ تھی مگر جب ہم نے اس حکمت کے وقوع کی خبر دے دی تھی تو پھر اس حکمت کے وقوع کا انکار کیوں کیا ہے۔

ملحقات الترجمة: ۱ قوله فی حتی بازنہیں آتے اشارة الی تعلقه بمقدر یدل علیه المقام ۱۲۔ ۲ قوله فی قائلها پوری ہونے والی نہیں کذا فی الخازن ۱۲۔ ۳ قوله فی ورائهم آگے کذا فی الروح ۱۲۔ ۴ قوله فی برزخ موت کذا فی الخازن ۱۲۔

اللغات: کلمة فیراد بها الکلام لکون هذا القول مرکبا تا ما کذا فی المدارك قوله لعلی للتعلیل کما فی الروح حکی البغوی عن الواقدی ان جمیع ما فی القرآن من لعل فانها للتعلیل الا قوله تعالٰی لعلکم تخلدون فانها للتشبیه قوله برزخ الحاجز بین الشیئین کذا فی القاموس ۱۲۔ قوله اخسئوا ذلوا وانزجروا انزجار الکلاب من خسأت الکلب اذا زجرته فخسا انزجر کذا فی الروح ۱۲۔

النحو: فی جهنم خٰلدون خبر بعد خبر عدد سنین تمیز لکم وهی ظرف زمان للبثتم۔

البلاغة: قوله رب فلا تجعلنی جاء الدعا قبل الشرط وقیل الجزاء مبالغة فی الابتهال والتضرع والالتجاء قوله من همزات الشیاطین الجمع للمرات او للتنوع الوساوس او لتعدد الشیاطین قوله اعوذ بك رب ان یحضرون فی الامر بالتعوذ من الحضور بعد الامر بالتعوذ من همزاتهم مبالغة فی التحذیر من ملابستهم واعادة الفعل مع تکریر النداء لاظهار کمال الاعتناء بالمامور به وعرض نهایة الابتهال فی الاستدعاء هذا کله من الروح قوله رب ارجعون فی الروح الواو لتعظیم المخاطب کما فی قول الا فارحمونی یا الله محمد + وقول الآخر وان شئت حرمت النساء سواکم + والحق ان التعظیم یکون فی ضمیر المتکلم والمخاطب والغائب والاسم الظاهر وانکار ذلك غیر رضی آه قوله فیما ترکت فی الروح من الدنیا جعل مفارقة ذلك ترکا له آه۔

فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ﴿۱۱۶﴾ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ ع

سو (اس سے کامل طور پر) ثابت ہو گیا کہ اللہ تعالیٰ بہت ہی عالی شان ہے جو کہ بادشاہ حقیقی ہے اس کے سوا کوئی بھی لائق عبادت نہیں (اور وہ) عرش عظیم کا مالک ہے۔ پاس کوئی بھی دلیل نہیں سو اس کا حساب اسی کے رب کے ہاں ہوگا (جس کا نتیجہ لازمی یہ ہے کہ) یقیناً کافروں کو فلاح نہ ہوگی (بلکہ ابدالآباد معذب رہیں گے) اور آپ یوں کہا کریں کہ اے میرے رب (میری خطائیں) معاف کر اور رحم کرنے والوں سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے۔

تفسیر ربط: اوپر تمام سورت میں جو مضامین مذکور ہوئے جن کا خلاصہ سورت کی تمہید میں مرقوم ہوا ہے خاتمہ سورت میں ان پر ایک تفریع بطور انتاج اور تلخیص کے ارشاد فرماتے ہیں چنانچہ ظاہر ہے کہ عبادت کے امر سے حق تعالیٰ کا اِلٰہ اور مَلِكٌ ہونا اور آثار قدرت سے جو دلائل توحید ہیں اس کا واحد اور متعالی عن الشرک ہونا جو کہ مدلول ہے فَتَعٰلَى اور لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ کا اور بعث انبیاء سے بھی اس کا ملک اور فرمانروا ہونا اسی طرح بعث ومجازات سے بھی ملک ہونا اسی طرح قصص اہلاک مکذبین سے بھی اس کا ملک ہونا اور شناعت حال کفار سے ان کا قابل دار وگیر ہونا جو مدلول ہے فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ الخ کا ثابت ہوتا ہے مثبتا بالکسر تفصیلاً تمام سورت میں اور ان کا اجمال تمہید سورت میں اور مثبتات بالفتح کا اجمال یہاں خاتمہ میں مذکور ہے اور فَتَعٰلَى پر حرف فاء کا آنا اس ارادۂ تفریع کا قرینہ ہے اور ان صفات کمال وجلال الوہیۃ وملکیت ووحدت وتعالیٰ وربوبیت کے ساتھ کسی ذات کے موصوق ہونے کا اس کو مقتضی ہونا کہ اسی کو اپنا قبلہ توجہ ومرجع حاجات بنایا جاوے یہ بھی ظاہر ہے چنانچہ بالکل اخیر کی آیت : وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ الخ کے مضمون میں اسی ترتب کی رعایت ہے اور اس ثبوت وترتب کی طرف ترجمہ کی عبارت میں بھی اشارہ ہے نیز اس دعا کرنے والوں کا مقبول ومحبوب ہونا اوپر آیت : اِنَّهٗ كَانَ فَرِيْقٌ الخ میں معلوم ہو چکا ہے اس کی تعلیم میں یہ بھی نکتہ ہو گیا کہ جن کی فضیلت اوپر مذکور ہے ان میں سے ہونے کی دعا والتجاء کرنا چاہئے پس اس سے ایک خاص ربط اپنے قریب کے مضمون سے اور بھی حاصل ہو گیا اور شروع میں مؤمنین کے لئے اثبات فلاح اور خاتمہ میں کافروں سے نفی فلاح جو کہ قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ اور لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ۝ میں مذکور ہے ایک عجیب مقابلہ ہے۔

ذکر صفات ذوالجلال والاکرام مع وعید مشرکین لئام وتعلیم استغفار واسترحام ☆ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ (الی قوله تعالیٰ) وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ (اور یہ سب مضامین جب معلوم ہو چکے) سو (اس سے یہ کامل طور پر ثابت ہو گیا کہ) اللہ تعالیٰ بہت ہی عالیشان ہے جو کہ بادشاہ (ہے اور بادشاہ بھی) حقیقی ہے

www.besturdubooks.net

اس کے سوا کوئی بھی لائق عبادت نہیں (اور وہ) عرش عظیم کا مالک ہے اور جو شخص (اس امر پر دلائل قائم ہونے کے بعد) اللہ کے ساتھ کسی اور معبود کی بھی عبادت کرے کہ جس (کے معبود ہونے) پر اس کے پاس کوئی بھی دلیل نہیں سو اس کا حساب اس کے رب کے یہاں ہوگا (جس کا نتیجہ لازمی یہ ہے کہ) یقیناً کافروں کو فلاح نہ ہوگی (بلکہ ابدالاباد معذب رہیں گے) اور (جب حق تعالیٰ کی یہ شان ہے تو) آپ (اور دوسرے لوگ بدرجۂ اولیٰ) یوں کہا کریں کہ اے میرے رب (میری خطائیں) معاف کر اور (ہر حالت میں مجھ پر) رحم کر (معاش میں بھی توفیق طاعات میں بھی نجات آخرت میں بھی عطائے جنت میں بھی) اور تو سب رحم کرنے والوں سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے۔ ف: مَعَ اللّٰهِ کی قید ایک تو واقعی ہے کیونکہ وہ لوگ خدا کو بھی مانتے تھے اور دوسرے اس سے بدلالۃ النص منکر واجب الوجود کا بدرجۂ اولی حال معلوم ہو گیا اور لا برهان له یہ بھی قید واقعی ہے کیونکہ ہر غیر کی الوہیت کے لئے عدم ثبوت عدم عام ہے اور آپ کا مغفرت و رحمت مانگنا اپنے درجہ کے موافق ہے پس اس سے شبہ معصیت کا نہیں ہو سکتا فقط۔

مُلحقات الترجمۃ: ۱ **قوله فی لا برهان** دلیل نہیں اشار به الی ان هذا القید لیس باحترازی والا لکان حق العبارة ان یقال دلیل نہ ہو فافهم ۱۲۔

وقد تم تفسیر سورة المؤمنون بحمد الله تعالیٰ للخامس عشر من ذی القعدة الحرام یوم الثلاثاء ۱۳۲۴ھ

www.besturdubooks.net

سُوْرَةُ النُّوْرِ

سُوْرَةُ النُّوْرِ مَدَنِيَّةٌ ۲۴ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ۶۴ رُكُوْعَاتُهَا ۹

سورۃ النور مدینہ میں نازل ہوئی — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں — اس میں ۶۴ آیات اور ۹ رکوع ہیں

سُوْرَةٌ اَنْزَلْنٰهَا وَفَرَضْنٰهَا وَاَنْزَلْنَا فِيْهَاۤ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ لَّعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۝۱ اَلزَّانِيَةُ وَالزَّانِيْ فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا
مِائَةَ جَلْدَةٍ ۪ وَّلَا تَاْخُذْكُمْ بِهِمَا رَاْفَةٌ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۚ وَلْيَشْهَدْ
عَذَابَهُمَا طَآئِفَةٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝۲ اَلزَّانِيْ لَا يَنْكِحُ اِلَّا زَانِيَةً اَوْ مُشْرِكَةً ۪ وَّالزَّانِيَةُ لَا يَنْكِحُهَاۤ
اِلَّا زَانٍ اَوْ مُشْرِكٌ ۚ وَحُرِّمَ ذٰلِكَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ ۝

یہ ایک سورت ہے جس (کے الفاظ) کو (بھی) ہم (ہی) نے نازل کیا ہے اور اس (کے معنی یعنی احکام) کو (بھی) ہم (ہی) نے مقرر کیا ہے اور ہم نے اس سورہ میں صاف صاف آیتیں نازل کی ہیں تاکہ تم سمجھے (اور عمل کرو) زنا کرانے والی عورت اور زنا کرنے والا مرد سو ان میں سے ہر ایک کے سو درے مارو اور تم لوگوں کو ان دونوں پر اللہ کے معاملہ میں ذرا رحم نہ آنا چاہئے اگر اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتے ہو اور دونوں کی سزا کے وقت مسلمانوں کی ایک کو حاضر رہنا چاہئے۔ زانی نکاح بھی کسی کے ساتھ نہیں کرتا بجز زانیہ یا مشرکہ کے اور (اسی طرح) زانیہ کے ساتھ بھی اور کوئی نکاح نہیں کرتا بجز زانی یا مشرک کے اور یہ (یعنی ایسا نکاح) مسلمانوں پر حرام (اور موجب گناہ) کیا گیا ہے۔ ۞

تفسیر: سورة النور مدنية وهي ثمان او اربع وستون اية كذا في البيضاوي ۱۲۔

ربط: اوپر کی سورت کے اخیر میں آیت اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا سے مفہوم و معلوم ہوا تھا کہ خلق انسان کی حکمتوں میں سے ایک حکمت یہ بھی ہے کہ اس کو احکام کا مکلف کیا جاوے اور آخرت میں ان احکام کی اطاعت یا مخالفت پر جزا و سزا ملے اس سورت میں بعض احکام کی تفصیل ہے چنانچہ نصف سورت تک تو احکام عملیہ چلے گئے ہیں اور خاتمہ کے قریب بھی بعض تتمیماً مثل مسئلہ استیذان کے اور بعض ابتداءً مثل مسئلہ اکل کے مذکور ہوئے ہیں اور یہ سب احکام بجز مسئلہ کتابت و اکل من البیوت کے کہ اول صلاح عباد و اماء کے اور ثانی مسئلہ دخول فی البیوت کے ساتھ استطراداً مذکور ہوا ہے باقی سب متعلق عفت کے ہیں پس گویا من وجہ تفصیل و تکمیل ہیں سورت سابقہ کے شروع میں اس آیت کی: وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ۝ الخ پس اس طور پر اس کو سورت سابقہ کے اول و آخر دونوں سے ارتباط ہو گیا اور بقیہ نصف سورت کی بعض آیات میں دلائل توحید کہ احکام علمیہ سے ہے اور بعض آیات میں اطاعت احکام و مطیعین کے مناقب اور عصیان و عصاۃ کے مثال مذکور ہیں اور دونوں نصف کے برزخ و حد متوسط یعنی آیت نور میں مطلق احکام کے متعلق علمی و عملی ہدایت و ضلالت کے تمثیلات و تشبیہات ارشاد فرمائے گئے یہ خلاصہ ہے سورت کا جو تامل سے تمام اجزاء پر منطبق ہو سکتا ہے اور ان سب مضامین کی اجمالی تمہید سے سورت کو شروع فرمایا ہے فقط۔

تمہید اجمالی مضامین سورت ☆ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سُوْرَةٌ اَنْزَلْنٰهَا وَفَرَضْنٰهَا وَاَنْزَلْنَا فِيْهَاۤ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ لَّعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۝۱ یہ ایک سورت ہے جس (کے الفاظ) کو (بھی) ہم (ہی) نے نازل کیا ہے اور اس (کے معانی یعنی) احکام) کو (بھی) ہم (ہی) نے مقرر کیا ہے (عام اس سے کہ بعض فرض ہوں اور بعض مندوب جیسے مکاتبت) اور ہم نے (ان احکام پر دلالت کرنے کے لئے) اس (سورت) میں صاف صاف آیتیں (جو کہ ان احکام پر دال ہیں) نازل کی

www.besturdubooks.net

ہیں تا کہ تم سمجھو (اور عمل کرو)۔ ف: اس تمہید میں اپنی طرف منسوب فرما کر الفاظ سورت کی جزالت اور معانی کی جلالت اور معانی پر الفاظ کی وضوح دلالت اور پھر اس مجموعہ کی غایت بیان فرمانے سے ان احکام پر عمل کرنے کا غایت اعتناء شان ہو گیا شاید یہ اہتمام خاص اس لئے فرمایا گیا ہو کہ اس میں کثرت سے احکام عورتوں کے متعلق مذکور ہیں جو غالبًا مزلۃ الاقدام ہوتے ہیں اور دلالت کا واضح ہونا مدلولات بعبارۃ النص کے اعتبار سے ہے نہ بقیہ استدلالات کے اعتبار سے کہ وہ مخصوص ہے مجتہدین کے ساتھ واللہ اعلم۔ ربط: تمہید اجمالی کے بعد آگے احکام کی تفصیل ہے جو متعدد الانواع ہیں۔

حکم اول حد زنا ☆ اَلزَّانِيَةُ وَالزَّانِي فَاجْلِدُوْا (الی قولہ تعالیٰ) طَآئِفَةٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ زنا کرنے والی عورت زنا کرنے والا مرد سو (دونوں کا حکم یہ ہے کہ) ان میں ہر ایک کے سو (درے) مارو اور تم لوگوں کو ان دونوں پر اللہ تعالیٰ کے معاملہ میں ذرا رحم نہ آنا چاہئے (کہ رحم کھا کر چھوڑ دو یا سزا میں کمی کر دو) اگر تم اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتے ہو (کیونکہ ان دونوں پر ایمان رکھنا مقتضی ہے وجوب عمل کو کیونکہ اللہ کا تو حکم ہی ہے اور قیامت کا دن تارکین احکام کی سزا کے لئے ہے) اور دونوں کی سزا کے وقت مسلمانوں کی ایک جماعت کو حاضر رہنا چاہئے (تا کہ ان کے ذریعہ سے تشہیر ہو اور سامعین کو عبرت ہو اور دوسرے لوگ اس سے رکیں) ف: یہ سزا اس زانی اور زانیہ کی ہے جو آزاد عاقل بالغ ہوں اور نکاح کئے ہوئے نہ ہوں یا نکاح کے بعد ہمبستری نہ کر چکے ہوں اور جو آزاد نہ ہوں اس کے پچاس درے لگتے ہیں اس کا حکم پارۂ پنجم کے اول رکوع کے ختم پر مذکور ہے۔ اور جو عاقل یا بالغ نہ ہوں وہ مکلف ہی نہیں اور جس مسلمان میں تمام صفتیں ہوں حریت، بلوغ، عقل، نکاح اور ہمبستری سے فراغ ایسے شخص کو محصن کہتے ہیں اس کی سزا رجم ہے۔ حدیث میں آیا ہے اور جو مرض کی وجہ سے دروں کا متحمل نہ ہو اُس کی صحت کا انتظار کریں گے۔ اور باقی مسائل اس کے متعلق کتب فقہ میں مبسوط ہیں اور امر لیشهد الخ فقہاء کے نزدیک ندب کے لئے ہے کذا فی الروح اور سورۂ نساء کے تیسرے رکوع کے شروع میں جو ارشاد ہے يَجْعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيْلًا [النساء: ۱۵] اس آیت کا حکم منجملہ اُس سبیل کے ہے چنانچہ وہاں بھی تفسیر میں مذکور ہوا ہے۔

حکم دوم نکاح زوانی ☆ اَلزَّانِيْ لَا يَنْكِحُ (الی قولہ تعالیٰ) وَحُرِّمَ ذٰلِكَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ (زنا ایسی گندی چیز ہے کہ اس سے طبیعت میں ایک ایسا برا مادہ پیدا ہو جاتا ہے کہ ایسے شخص کی بری چیز کی طرف رغبت ہوتی ہے اسی طرح ایسے شخص کی طرف برے آدمی کی رغبت ہوتی ہے چنانچہ) زانی (من حیث الزانی رغبت الی الزنا کے اعتبار سے) نکاح بھی کسی کے ساتھ نہیں کرتا بجز زانیہ یا مشرکہ کے (جس سے یہ بات ثابت ہوئی کہ ایسے شخص کی بری چیز کی طرف رغبت ہوتی ہے) اور (اسی طرح) زانیہ (من حیث الزانیہ) کے ساتھ بھی (رغبت الی الزنا کے اعتبار سے) اور کوئی نکاح نہیں کرتا بجز زانی یا مشرک کے (جس سے یہ بات ثابت ہوئی کہ ایسے شخص کی طرف برے آدمی کی رغبت ہوتی ہے) اور یہ (ایسا نکاح جو زانیہ من حیث الزانیہ کے ساتھ ہو جس کے لوازم میں سے ہے اس عورت کا زانیہ رہنا یا مشرکہ کے ساتھ ہو) مسلمانوں پر حرام (اور موجب گناہ) کیا گیا ہے (گو صحت وعدم صحت میں دونوں متفاوت ہوں کہ زانیہ سے تو صحیح ہو جاوے گا اور مشرکہ سے باطل ہی رہے گا)۔ ف: مطلب اس کا یہ ہے کہ جو لوگ زنا کے خوگر ہو جاتے ہیں اور ہنوز انہوں نے توبہ نہ کی ہو بلکہ اسی عادت پر ہوں ان کی اصلی رغبت زنا کی طرف ہوتی ہے اور اسی میں ان کو زیادہ لذت ہوتی ہے حتی ان کو جو عورت پسند آتی ہے اول ان کا مقصود یہی ہوتا ہے کہ اس سے زنا میسر ہو جاوے اور یہ ہمارے ساتھ زانیہ ہونا گوارا کر لے اور جب اس کوشش میں ناکامی ہوتی ہے تو ہارے درجہ نکاح کی کوشش کرتے ہیں لیکن ان دونوں حالتوں میں ارغب والذ حالت ان لوگوں کے نزدیک پہلی ہی حالت ہوتی ہے اور نکاح کو دل سے پسند نہیں کرتے کیونکہ نکاح سے جو مقاصد ہیں تعفف اور حصول نکاح اولاد و امساک بالمعروف وادائے حقوق زوجیت مثل نفقات وغیرہ وہ ان کو وبال سمجھتے ہیں اور چونکہ ان کا مقصود اصلی زنا ہوتا ہے اس لئے ان کی رغبت مخصوص مؤمنات کے ساتھ نہیں ہوتی بلکہ مشرکات کی طرف بھی ہوتی ہے اور اگر وہ مشرکہ کسی وجہ سے خواہ وہ وجہ راجع الی المذہب ہو یا راجع الی العرف اپنی مواصلت کے لئے نکاح کو شرط ٹھہرا دے چونکہ اس کو نکاح اصلی مقصود نہیں اس لئے یہ شخص اس کے جواز و ناجواز سے بھی بحث نہ کرے گا اس نکاح کو وسیلہ مقصود سمجھ کر نکاح بھی کرے گا گو صحیح نہ ہو پس یہ امر صادق آیا کہ اس شخص کی جب کسی عورت کی طرف اصلی رغبت ہوگی اگر وہ مسلمہ ہے تو زانیہ کی طرف ہوگی گو وہ اسی شخص کے ساتھ زنا کرنے سے زانیہ کہلاوے اور یا مشرکہ کی طرف ہوگی کہ اس سے صحبت زنا ہی ہوگا اور اول زنا کی طرف ہوگی اور بدوں نکاح اس سے صحبت ممکن نہ ہو تو مجبوری کو نکاح کر لے گا گو وہ عورت صاف کہہ دے کہ میں اپنا پیشہ یا مذہب شرکی نہ چھوڑوں گی یہ اس پر بھی راضی ہو جاوے گا یہ معنی ہیں اَلزَّانِيْ لَا يَنْكِحُ اِلَّا زَانِيَةً اَوْ مُشْرِكَةً کے۔ اسی طرح جو عورت زنا کی خوگر اور اس کی عادی ہے اور اس سے توبہ نہیں کرتی تو جن لوگوں کو مقاصد نکاح مقصود اصلی ہیں چونکہ ایسی حالت میں ان عورتوں سے ان کا حصول متوقع نہیں ان کو ان کے نکاح کی طرف بھی اصلی رغبت نہیں ہوتی جب کہ یہ معلوم ہو جاوے کہ نکاح کے بعد بھی یہ اپنی عادت نہ چھوڑیں گی بلکہ اس کی طرف رغبت اس حیثیت سے زانی کو ہوگی خواہ وہ مسلمان ہو جو صرف زانی کہلاوے گا یا وہ مشرک ہو کہ مشرک ہونے کی حالت میں اگر عورت مسلمان ہے تو صحبت کا زنا ہونا لازم ہی ہے حتی کہ اگر وہ زانیہ مرغوب فیہا باوجود زانیہ رہنے کے کسی مصلحت دنیویہ سے نکاح کو شرط تمکین

www.besturdubooks.net

ٹھہراوے تو یہ زانی مسلم ہو یا مشرک اس پر نظر نہ کرے گا کہ یہ زانیہ نہ رہے گی یا تخالف دینین کی صورت میں نکاح نہ ہوگا بلکہ وہ اس کو اپنے حصول مقصود کا ذریعہ سمجھ کر گوارا کرلے گا یہ معنی ہیں:- **الزانية لا ينكحها الا زان او مشرك** کے اور حیثیت کی قید سے یہ فائدہ ہوا کہ اگر زانی خانہ داری یا اولاد کی مصلحت سے عفیفہ سے نکاح کی کوشش کرے تو آیت سے اس کی نفی لازم نہیں آتی پس دونوں جملوں کے موضوع میں وصف عنوانی کی حیثیت معتبر ہے اب محمول کے ثبوت اور حکم بالحصر میں کوئی اشتباہ واشکال لازم نہیں آتا اور چونکہ ایک صورت میں دیوثیت لازم آتی ہے اور دوسری میں عدم صحت نکاح اور دونوں حرام ہیں اس لئے حرم کا حکم دونوں کے لئے صحیح ہوگیا گویا ایک جگہ حرمت نکاح کا حکم باعتبار اس کے مفضی الی الحرام ہونے کے ہے بنابر قاعدہ مقدمۃ الحرام حرام اور ایک جگہ بمعنی بطلان کے ہے پس حرمت بالمعنی الاعم دونوں قسموں حرمت لغیرہ ولعینہ کو شامل ہے اور اس حکم کے منسوخ کہنے کی ضرورت نہ ہوگی اس تقریر پر اول آیت میں جملہ خبریہ پر اشکال عدم صدق کا اور آخر آیت میں جملہ انشائیہ پر شبہ عدم بقائے حکم کا متوجہ نہیں ہوتا۔ **هذا ما القى الله فى روعى ولعل غيرى يوتى احسن من هذا والله واسع عليم۔**

تَرْجَمَۂ مَسَائِلِ السُّلُوْكِ: قولہ تعالیٰ: وَلَا تَاْخُذْكُمْ الخ اس سے ماخوذ ہوتا ہے کہ بعض خطاؤں میں رعایت مضر ہے اور یہ اصل ہے مشائخ کے اس معمول کی کہ مرید کی بعض غلطیوں میں تسامح نہیں فرماتے قولہ تعالیٰ وَلْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا الخ روح میں ہے کہ اس میں اشارہ ہے کہ شیخ جب کسی مرید کی تادیب کرنا چاہے اور اسکے نفس کا توڑنا مقصود ہو تو مناسب ہے کہ مریدوں کے مجمع میں ہو (کہ اس کی بھی شکستگی ہے اور دوسروں کو بھی عبرت)۔ قولہ تعالیٰ: اَلزَّانِيْ لَا يَنْكِحُ الخ وقولہ تعالیٰ: اَلْخَبِيْثٰتُ لِلْخَبِيْثِيْنَ [النور: ۲۶] الخ روح میں ہے کہ اس میں اشارہ ہے کہ اخیار کو اشرار سے میل جول نہ رکھنا چاہئے۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃ: ۱ **قوله فى سورة** الخ اشارة الى ان سورة خبر مبتدأ محذوف اى هذه ۱۲۔ ۲ **قوله فى فاجلدوا** سو دونوں کا الخ اشارة الى التركيب اى فحكمهما ما سيتلى فلم يلزم كون الانشاء خبرا ۱۲۔

اَلرِّوَايَات: فى الروح اخرج ابو داؤد والترمذى كان رجل يقال له مرثدو كانت امرأة بغى مكة يقال لها عناق وكانت صديقة فدعته عناق مرة وقال ما عناق حرم الله زنا فقال يا رسول الله انكح عنا قا فلم يرد عليه شيئا حتى نزل الزانى لا ينكح آه مختصرا قلت والظاهر من حال عناق فى هذه الرواية انها لم تتب من الزنا بل ومن الشرك ولم ترد[1] التوبة فلا اشكال فى الطباق سبب النزول على ما قررته فى تفسير الآية فى المتن ۱۲۔

لَطِيْفَہ: قال النيسابورى فيه اشارة الى ان اقامة هذا الحد ينبغى ان يكون على الاعتدال بحيث لا يتجاوز الا لم من الجلد الى اللحم فعلى الامام ان ينصب للحدود رجلا عالما بصيرا يعقل كيف يضرب ۱۲۔

فَائِدَہ من استاذى عليه الرحمة: قدم الزانية لان الزنا المرأة اقبح واقطع لمنافاة الحياء كما ان تقديم السارق على السارقة فى آية السرقة لان السرقة من الرجل اقبح لمنافاة الهمة وافاد استاذى مولانا محمود حسن الديوبندى ادام الله ظلهم بما حاصله ان تقديم السارق على السارقة جرى على سنن العادة العرفية والقرآنية من كون تقديم الرجال على النساء اصلاحتى ان الاغلب الاكتفاء على ذكر الرجال فقط واما العكس فى هذه الآية على خلاف الاصل فلعارض وجوه ثلثة الاول ان البداية بالزنا اكثر ما يون من المرأة (فانها ناقصة العقل تجيب من استمالهما من غير تدبر فى الامر الدنيا والآخرة ولانها رقيقة القلب فتترحم على طالبها) فاقتضى البداية فى الذكر والثانى المرأة لكونها ضعيفة مظنة الرافة فقدمت لتاكد الحكم بانه لما لم يجز الرافة فى محل الرافة فكيف فى غير محلها والثالث ان الزنا من النساء اكثر عيبا وعارا فى العرف فكان غير مستبعد ان يسعى احد فى وراء الحد عنها لدفع العار والافتضاح عنها وعن قومها فقدمت لهذا الاهتمام والله اعلم ۱۲۔

اَللُّغَات: الفرض التوقيت وفرض رسول الله صلى الله عليه وسلم اى سن كذا فى القاموس الجلد ضرب الجلد آه۔

اَلنَّحْو: بهما متعلق برافة وان كان مصدرا مؤخر ففى الظرف يتوسع ما لا يتوسع فى غيره كذا فى الروح ۱۲۔

اَلْبَلَاغَۃ: قوله وانزلنا وتكرير انزلنا لا براز كمال العناية بالشان والابانة لخطرها ان كنتم تهييج والهاب لا تعليق كما يقال ان كنت رجلا فافعل كذا ولا شك فى رجولية لكن القصد تحريك الحمية ۱۲۔ قوله الزانى ولعل هذه الجملة متضمنة لتعليل ما تقدم من تقبيح الزنا حيث يجب به الحد ولذا لم يعطف قوله سبحانه الزانى لا ينكح عليه كما عطف قوله عز و جل الآتى والذين يرمون المحصنات واشرت الى هذا المعنى فى تقرير الترجمة بقول زنا ایسی گندی الخ وقدم الزانى على عكس الآية الاولى لانها مسوقة لذكر النكاح

www.besturdubooks.net

والرجل هو الاصل فی الرغبة والخطبة ولكون المرأة مرغوبة فيها اخبر عن الزانية بانه لا ينكحها الا زان على خلاف ما تقضيه المقابلة بان يقال والزانية لا تنكح الا زانيا او مشركا بل واسند الفعل فی كلا الجملتين الى الرجل لانه راغب وجعلها فی كليهما موقعا عليها لانها مرغوبة فيها ولما لم يكن القصد ههنا الا الى تقبيح الزنا لم يزد فی الكلام المشرك لا ينكح الا مشركة او زانية والمشركة لا ينكحها الا مشرك او زان فافهم قوله على المؤمنين التخصيص اما لكون الكفار غير المكلفين او لشرف المؤمنين وهذا اولى ۱۲۔

الحواشی :(۱) من الارادة ۱۲ منه۔

وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَاْتُوْا بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ فَاجْلِدُوْهُمْ ثَمٰنِيْنَ جَلْدَةً وَّلَا تَقْبَلُوْا لَهُمْ شَهَادَةً
اَبَدًا ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۙ﴿۴﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْا ۚ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۵﴾ وَالَّذِيْنَ
يَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ شُهَدَآءُ اِلَّآ اَنْفُسُهُمْ فَشَهَادَةُ اَحَدِهِمْ اَرْبَعُ شَهٰدٰتٍۭ بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۶﴾
وَالْخَامِسَةُ اَنَّ لَعْنَتَ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كَانَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۷﴾ وَيَدْرَؤُا عَنْهَا الْعَذَابَ اَنْ تَشْهَدَ اَرْبَعَ شَهٰدٰتٍۭ بِاللّٰهِ ۙ
اِنَّهٗ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۸﴾ وَالْخَامِسَةَ اَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَآ اِنْ كَانَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۹﴾ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ
وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ حَكِيْمٌ ﴿۱۰﴾ ع ۱ ۷

اور جولوگ (زنا کی) تہمت لگائیں پاک دامن عورتوں کو اور پھر چار گواہ (اپنے دعوے پر) نہ لاسکیں تو ایسے لوگوں کو اسی درے لگاؤ اور ان کی گواہی قبول مت کرو (یہ تو دنیا میں ان کی سزا ہوئی) اور یہ لوگ (آخرت میں بھی) مستحق سزا ہیں اس وجہ سے کہ فاسق ہیں لیکن جولوگ (تہمت لگانے) کے بعد (خدا کے سامنے) توبہ کرلیں اور اپنی (حالت کی) اصلاح کرلیں سو (اس حالت میں) اللہ ضرور مغفرت کرنے والا رحمت کرنے والا ہے اور جولوگ اپنی (منکوحہ) بیویوں کو (زنا کی) تہمت لگائیں اور ان کے پاس بجز اپنے (ہی دعوے کے) اور کوئی گواہ نہ ہوں (جن کو عدد میں چار ہونا چاہئے) تو ان کی شہادت (جو کہ دافع حبس یا حد قذف ہو) یہی ہے کہ چار بار اللہ کی قسم کھا کر یہ کہہ دے کہ بے شک میں سچا ہوں اور پانچویں بار یہ کہے کہ مجھ پر خدا کی لعنت ہو اگر میں جھوٹا ہوں اور (اس کے بعد) اس عورت سے سزائے (حبس یا زنا) اس طرح ٹل سکتی ہے کہ وہ چار بار قسم کھا کر کہے کہ بے شک یہ مرد جھوٹا اور پانچویں بار یہ کہے کہ مجھ پر خدا کا غضب ہو اگر یہ سچا ہو (اور اے مرد اور عورتو) اگر یہ بات نہ ہوتی کہ تم پر اللہ کا فضل اور اس کا کرم ہے (کہ ایسے ایسے احکام مقرر کئے ہیں) اور یہ کہ اللہ تعالیٰ توبہ قبول کرنے والا (اور) حکمت والا ہے تو بڑی مضرتوں میں پڑتے۔ ۞

تفسیر: حکم سوم حد قذف ☆ وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ (الی قولہ تعالیٰ) فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۞ اور جولوگ (زنا کی) تہمت لگائیں پاکدامن عورتوں کو (جن کا زانیہ ہونا کسی دلیل یا قرینہ شرعیہ سے ثابت نہیں) اور پھر چار گواہ (اپنے دعویٰ پر) نہ لاسکیں تو ایسے لوگوں کو اسی درے لگاؤ اور ان کی کوئی گواہی کبھی قبول مت کرو (کہ یہ بھی متمم حد ہے خواہ وہ گواہی کسی معاملہ میں ہو یہ تو دنیا میں اُن کی سزا ہوئی) اور یہ لوگ (آخرت میں بھی مستحق سزا ہیں اس وجہ سے کہ فاسق ہیں لیکن جولوگ اس (تہمت لگانے) کے بعد (خدا کے سامنے) توبہ کرلیں (کہ تہمت لگانے میں حق اللہ بھی ہے) اور (اس تہمت لگائے ہوئے شخص سے معاف کرا کر بھی) اپنی (حالت کی) اصلاح کرلیں (کیونکہ تہمت لگانے میں حق العبد ہے) سو (اس حالت میں اللہ تعالیٰ ضرور مغفرت کرنے والا رحمت کرنے والا ہے (اور فسق کی وجہ سے جو استحقاق عذاب آخرت کا ہوا تھا وہ مرتفع ہو جائے گا گو ردشہادت جو کہ تتمہ تھا حد کا پھر بھی باقی رہے کیونکہ توبہ سے حد ساقط نہیں ہوتی)۔ **ف**: مَسْئَلَہ: جو عورت کسی کو تہمت لگادے اس کا بھی یہی حکم ہے۔

مَسْئَلَہ: اسی طرح جو کسی مرد کو تہمت لگادے اس کو بھی یہی حکم ہے اور رامی میں تخصیص الذین کی جو موضوع ہے مذکر کے لئے اور مرمیہ میں تخصیص محصنات کی جو موضوع ہے مؤنث کے لئے خصوص واقعہ کی وجہ سے ہے: لان الآية نزلت فی امراة عويمر كما فی الروح عن صحيح البخاری۔

مَسْئَلَہ: ہر تہمت کا یہ حکم نہیں بلکہ خاص تہمت بالزنا کا گو یہ قید صریحاً مذکور نہیں مگر اَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ اس پر دال ہے کیونکہ چار گواہ کی ضرورت اثبات زنا ہی کے لئے ہوتی ہے۔

مَسْئَلَہ: یہ حکم رامی حر کا ہے اور اگر وہ غلام ہو تو چالیس دُرّے لگتے ہیں۔

مَسْئَلَہ: محصن ہونے کی شرطیں یہ ہیں کہ مقذوف حر ہو عاقل ہو بالغ ہو مسلم ہو عفیف عن الزنا ہو۔

www.besturdubooks.net

مَنْبَنَلَه: عفیف عن الزنا وہ ہے جو مرتکب وطی حرام لعینہ کا نہ ہو اور کوئی علامت زنا کی اُس میں ظاہر نہ ہو جیسے وہ عورت بچہ لے رہی ہو اور اُسکا باپ معلوم نہ ہو۔

مَنْبَنَلَه: یہ حد جب جاری ہوگی کہ مقذوف مطالبہ بھی کرے۔

مَنْبَنَلَه: ایسے محدود کی شہادت معاملات میں مقبول نہیں البتہ دیانت محضہ میں جیسے ہلال رمضان یا روایت حدیث بعد توبہ کے مقبول ہے یہ سب مسائل ہدایہ میں ہیں۔

مَنْبَنَلَه: یہ قاذف اگر کاذب ہے تو فاسق ہی ہے اور اگر صادق ہے جب بھی اس وجہ سے گنہگار ہے کہ اُس نے بلاضرورت ایک شخص کی پردہ دری کی کیونکہ ضرورت ہوتی ہے اقامت حد کی اور وہ بدوں چار گواہ کے قائم نہیں کی جاتی اور گواہ تھے نہیں پھر خواہ مخواہ ایسا دعویٰ کرنا بجز آبروریزی کے اور کیا ہے اور کسی کی آبرو ریزی بلاضرورت شرعیہ فسق ہے **هكذا في روح المعاني** پس فسق کا حکم مستقل ہے بیان حکم آخرت کے لئے اور یہ جملہ استینافیہ ہے حد پر معطوف یا حدکی علت نہیں پس ارتفاع فسق سے ارتفاع ردشہادت کا لازم نہیں آتا۔

مَنْبَنَلَه: اگر مقذوف معاف کردے تو حد ساقط ہو جاتی ہے **كذا في الروح** لیکن اس سے بھی یہ لازم نہیں آیا کہ توبہ سے حد ساقط ہوگئی تا کہ توبہ سے رد شہادت کے ارتفاع کا شبہ ہو سکے اصل یہ ہے کہ مسقط حد توبہ نہیں ہوئی جو کہ فعل قاذف کا ہے بلکہ عفو ہوا جو کہ فعل مقذوف کا ہے اور یہی وجہ ہے کہ اگر توبہ اور اصلاح یعنی استحلال پایا جاوے مگر عفو نہ ہو تو فسق مرتفع ہو جاوے گا لیکن حد باقی رہے گی اور ارتفاع فسق میں یہ شبہ نہ ہو کہ جب اُس نے معاف نہیں کیا تو گناہ کیسے جاتا رہا۔ بات یہ ہے کہ معذرت کا قبول کرنا خود واجب ہے جب کہ کچھ مالی ضرر نہ ہو پس یہ مستحل سبکدوش ہو جاوے گا۔ اب وہ معذرت قبول نہ کرنے والا عنداللہ قابل ملامت رہے گا۔

مَنْبَنَلَه: اگر یہ چار گواہ لایا جو آنے کے وقت شہادت پر مستعد تھے مگر اجلاس پر گواہی نہ دی تو گو یہ شخص محدود ہوگا لیکن احکام آخرت میں فاسق نہ ہوگا دلائل شرعیہ اس پر ناطق ہیں۔

فَائِدَه: ردشہادت بعد توبہ کے مذہب حنفیہ کا ہے اور درمنثور میں ان حضرات سے بھی یہ مذہب نقل کیا ہے۔ ابن عباس' سعید بن مسیب' حسن' محمد بن سیرین' سعید بن جبیر' عکرمہ ابن جریج' ابراہیم اور بعض روایات میں جو اصلاح کے بعد قبول توبہ آیا ہے سو شہادت سے مراد بعض شہادات لی جاویں گی جو فسق کی وجہ سے مردود تھیں جیسے دیانات میں چونکہ توبہ سے فسق مرتفع ہوگیا۔ اس لئے وہ شہادت مقبول ہوگئی بخلاف اس شہادت کے جس کا رد بوجہ محدود فی القذف ہونے کے تھا کیونکہ محدودیت تو رفع نہیں ہوئی۔

حکم چہارم لعان ☆ وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ (الی قولہ تعالیٰ) وَاَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ حَكِيْمٌ اور جو لوگ اپنی (منکوحہ) بیبیوں کو (زنا کی) تہمت لگائیں اور ان کے پاس بجز اپنے (ہی دعوے کے) اور کوئی گواہ نہ ہوں (جن کا عدد میں چار ہونا چاہئے) تو ان کی شہادت (جو کہ دافع حبس یا حد قذف ہو) یہی ہے کہ چار بار اللہ کی قسم کھا کر یہ کہہ دے کہ بیشک میں سچا ہوں اور پانچویں بار یہ کہے کہ مجھ پر خدا کی لعنت ہو اگر میں جھوٹا ہوں اور (اس کے بعد) اس عورت سے سزائے (حبس یا حد زنا) اس طرح ٹل سکتی ہے کہ وہ چار بار قسم کھا کر کہے کہ بے شک یہ مرد جھوٹا ہے اور پانچویں بار یہ کہے کہ مجھ پر خدا غضب ہو اگر یہ سچا ہو (اس طریق سے دونوں سزا سے بچ سکتے ہیں البتہ وہ عورت اس مرد پر حرام ہو جاوے گی) اور (اے مرد و اور عورتو) اگر یہ بات نہ ہوتی کہ تم پر اللہ تعالیٰ کا فضل اور اس کا کرم ہے (کہ ایسے ایسے احکام مقرر کئے) اور یہ کہ اللہ تعالیٰ توبہ قبول کرنے والا (اور) حکمت والا ہے تو تم بڑی مضرتوں میں پڑ جاتے (جن کا بیان بذیل فائدہ آتا ہے)۔ **ف**: اس طرح سے کہلوانے کو لعان کہتے ہیں اور لعان خاص اس صورت میں ہوتا ہے جب شوہر اپنی عورت کو تہمت زنا کی لگا دے یا اپنے بچہ کو کہے کہ یہ میرے نطفہ سے نہیں ہے اور مقذوفہ مطالبہ موجب قذف کا کرے پس اپنی زوجہ کے علاوہ کسی عورت کو تہمت لگانے سے اگر چار گواہ نہ لا سکے۔ حد قذف واجب ہے جس کا حکم اس سے اوپر گزرا ہے اور اپنی زوجہ کو تہمت لگانے سے اول اُس سے چار گواہ مانگے جاویں گے اگر گواہ پیش کردے تو عورت پر حد زنا جاری ہوگی اور اگر گواہ نہ لا سکا تو مرد سے کہا جاوے گا کہ یہ الفاظ مذکورہ کہے اگر وہ نہ کہے تو اُس کو حبس کر دیں گے اور جبر کریں گے کہ یا تو اپنے جھوٹے ہونے کا اقرار کرے اور یا یہ الفاظ کہے اگر اُس نے جھوٹے ہونے کا اقرار کر لیا تو حد قذف لگے گی اور اگر ان الفاظ کے کہنے پر راضی ہوگیا تو یہ الفاظ اس سے کہلوائیں گے اس کے بعد عورت سے بعد والے الفاظ کہلوائیں گے اور اگر وہ انکار کرے گی اس کو حبس کر دیں گے اور جبر کریں گے کہ یا تو مرد کی تصدیق کرے اور یا وہ الفاظ کہے کہ اگر اُس نے مرد کی تصدیق کر دی تو اُس پر حد زنا جاری ہوگی اور اگر ان الفاظ کے کہنے پر راضی ہوگئی تو وہ الفاظ اُس سے کہلوائیں گے اور جب لعان سے فراغت ہو جاوے تو اُس عورت سے صحبت اور دواعی سب حرام ہو جاتے ہیں (کذا فی الروح) پھر اگر اُس کو طلاق دے دیا فبہا ورنہ قاضی اُن میں تفریق کر دے گو دونوں

www.besturdubooks.net

رضامند نہ ہوں یعنی زبان سے کہہ دے کہ میں نے ان میں تفریق کی اور یہ تفریق طلاق بائن کے حکم میں ہے پھر اُس سے کبھی نکاح جائز نہیں البتہ اگر یہ کہہ دے کہ میں نے جھوٹ کہا تھا تو حاکم اُس پر حدقذف جاری کرے گا اور پھر نکاح جائز ہو جاوے گا۔ احقر نے جو **فشهادة احدهم** اور **ويدرؤا عنها العذاب** کے ترجمہ میں حبس یا حد کہا ہے اُس کا یہی مطلب ہے جو تفصیل مذکور سے معلوم ہوا اور باقی مسائل لعان کے متعلق کتب فقہ میں مذکور ہیں اور اخیر آیت میں ان احکام کی مشروعیت سے امتنان ظاہر فرمایا توضیح اُس کی یہ ہے کہ اگر یہ حکم مشروع نہ ہوتا تو موافق قاعدہ مذکورہ آیت سابقہ کے زوج پر حدقذف واجب ہوتی اور یا ساری عمر خون کے گھونٹ بھرتا کیونکہ ممکن ہے کہ وہ سچا ہو بخلاف غیر شوہر کے کہ وہ اظہار میں مضطر نہیں ہے اس لئے اس کے قانون میں ان امور کی رعایت ضرور نہیں پھر اگر محض خاوند کی قسمیں کھانے پر ثبوت زنا کا ہو جاتا تو عورت کا بڑا ضرر ہوتا حالانکہ ممکن ہے کہ وہی سچی ہو اسی طرح اگر عورت کی قسمیں کھانے پر یقیناً وہ بری سمجھی جاتی اور مرد پر حدقذف واجب ہو جاتی تو مرد کا بڑا ضرر ہوتا حالانکہ ممکن ہے وہ سچا ہو پس ایسے طور پر یہ حکم مشروع ہوا کہ سب کی رعایت ہے اور یہ اثر ہے فضل اور رحمت اور حکمت کا پھر صادق کے حق میں تو ظاہر ہے اور کاذب کے حق میں بھی دنیا میں تستر اور امہال اثر ہے رحمت وفضل اور حکمت کا کہ شاید توبہ کر لے پھر اگر زوجین میں سے جو کاذب ہو اور توبہ کرے اس کی توبہ قبول ہونا اثر توابیت کا ہے اور اپنے جھوٹے ہونے کا اقرار داخل توبہ ہے اور چونکہ عورتیں لعنت کا استعمال زیادہ کرتی ہیں اس لئے اُن کی جانب میں لفظ غضب مقرر کیا گیا ہے دوسرے عورت محل مادہ ہے فجور کا اس لئے بھی تغلیظ مناسب تھی اور یہ بات کہ مرد کو یا عورت کو ایسی قسمیں کھانا جائز ہیں یا نہیں اس کا حکم یہ ہے کہ جو شخص دلیل معتبر عند الشرع کی رو سے یقیناً سچا ہو اس کو جائز ہے مثلاً مرد نے اپنی آنکھ سے دیکھ لیا یا تین چار سال تک صحبت نہیں کی اور پھر بچہ ہوا تو اثبات زنا اور نفی ولد اور اس پر قسم سب جائز ہے اسی طرح عورت کو اپنا حال پورا معلوم ہے۔ **لطف**: اوپر حکم سوم میں مطلق محصنات کے متہم کرنے کا حکم مذکور ہوا ہے چونکہ حضرت ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پر بھی جھوٹی تہمت لگائی گئی تھی اور آپ کا رتبہ بوجہ ام المؤمنین ہونے کے عام محصنات سے زائد ہے اس لئے آگے اس تہمت کی وجہ سے اُس عام مشترک سزائے مذکور پر جو وعیدیں زائد ہیں مع اثبات براءت صدیقہؓ اور وعدہ قبول توبہ عن القذف خصوصیت اور اہتمام کے ساتھ بیان فرماتے ہیں اور یہ مضمون دو رکوع تک چلا گیا ہے۔ **اخرجه الطبرانی عن الحكم بن عتيبة كذا فی الروح والدر المنثور**۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلِ السُّلُوْك: قولہ تعالیٰ: **وَّلَا تَقْبَلُوْا لَهُمْ شَهَادَةً اَبَدًا** باوجود توبہ کے ہمیشہ کے لئے یہ عدم قبول شہادت جیسا کہ امام صاحب کا مذہب ہے بعض مشائخ کی اس عادت کی اصل ہے کہ بعض جنایات عفو کر دینے کے بعد بھی اُن سے خاص تعلق نہیں کہتے ہاں اُن کی خیر خواہی میں اور دوسرے کامل کا پتہ دینے میں جہاں مناسبت کی اُمید ہو اور اُس کی طرف رجوع کرنے کے لئے مشورہ دینے میں کوتاہی نہیں کرتے۔

الرِّوَايَات: **اختلف العلماء فی شان نزول الآية فقيل نزلت فی عويمر وقيل فی هلال ووفق ان قصة هلال وقعت اولا ثم فی قريب منه قصة عويمر فصح النسبة اليهما**۱۲۔

الْفِقْه: **قوله الا الذين تابوا هو استثناء من الجمل التی قبلها عند جماعة ومن الجملة التی تليها عن آخرين ومنهم الحنفية**۱۲۔

النَّحْو: **قوله فشهادة مبتدأ واربع خبره المعنى الشهادة المشروعة لاحدهم اربع ايمان قوله انه كسرت ان لتعليق العامل من اجل اللام فی الخبر**۱۲۔ **قوله لو لا فضل الله جوابه محذوف المشير اليه فی الترجمة**۱۲۔

الْبَلَاغَة: **قوله اولئك ما فيه من معنى البعد للايذان ببعد منزلتهم فی الشر والفساد قوله بعد ذلك البعد لتهويل المتوب عنه**۱۲۔ **قوله الا انفسهم فی الروح وفی جعلهم من جملة الشهداء ايذان كما قيل من اول الامر بعدم الغاء قولهم بالمرة ونظمه فی سلك الشهادة بذلك ازداد حسن اضافة الشهادة اليهم فی قوله تعالىٰ شهادة احدهم الخ۔ قوله انه لمن الصٰدقين الخ لم يقل انی وعلی وكنت غضب الله علی مع انه يوتی بالضمائر فی اللعان كذلك ولم يوت به فی النظم الكريم لفسق الضمائر وتكون فی جميع الآية علی طرز واحد مع ما فی ذلك من نكتة رعاية الثانی علی ما قيل كذا فی الروح**۱۲۔

اِنَّ الَّذِيْنَ جَآءُوْ بِالْاِفْكِ عُصْبَةٌ مِّنْكُمْ ؕ لَا تَحْسَبُوْهُ شَرًّا لَّكُمْ ؕ بَلْ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ؕ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ مَّا اكْتَسَبَ مِنَ الْاِثْمِ ۚ
وَالَّذِيْ تَوَلّٰى كِبْرَهٗ مِنْهُمْ لَهٗ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ⑪ لَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ ظَنَّ الْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بِاَنْفُسِهِمْ خَيْرًا ۙ وَّقَالُوْا هٰذَآ
اِفْكٌ مُّبِيْنٌ ⑫ لَوْلَا جَآءُوْ عَلَيْهِ بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ ۚ فَاِذْ لَمْ يَاْتُوْا بِالشُّهَدَآءِ فَاُولٰٓئِكَ عِنْدَ اللّٰهِ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ⑬ وَلَوْ

www.besturdubooks.net

لَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ لَمَسَّكُمْ فِيْ مَآ اَفَضْتُمْ فِيْهِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۴﴾ اِذْ تَلَقَّوْنَهٗ بِاَلْسِنَتِكُمْ
وَتَقُوْلُوْنَ بِاَفْوَاهِكُمْ مَّا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ وَّتَحْسَبُوْنَهٗ هَيِّنًا ۖ وَّهُوَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمٌ ﴿۱۵﴾ وَلَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ قُلْتُمْ مَّا
يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّتَكَلَّمَ بِهٰذَا ۖ سُبْحٰنَكَ هٰذَا بُهْتَانٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۶﴾ يَعِظُكُمُ اللّٰهُ اَنْ تَعُوْدُوْا لِمِثْلِهٖٓ اَبَدًا اِنْ كُنْتُمْ
مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۷﴾ وَيُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۱۸﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يُحِبُّوْنَ اَنْ تَشِيْعَ الْفَاحِشَةُ فِي الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۙ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ
رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۰﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ۭ وَمَنْ يَّتَّبِعْ خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ فَاِنَّهٗ يَاْمُرُ بِالْفَحْشَاۗءِ ع ۲۰ ۸
وَالْمُنْكَرِ ۭ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ مَا زَكٰى مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَبَدًا ۙ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۱﴾
وَلَا يَاْتَلِ اُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ اَنْ يُّؤْتُوْٓا اُولِي الْقُرْبٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَالْمُهٰجِرِيْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۠ وَلْيَعْفُوْا
وَلْيَصْفَحُوْا ۭ اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۲﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ الْغٰفِلٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ لُعِنُوْا فِي
الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۡ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۲۳﴾ يَّوْمَ تَشْهَدُ عَلَيْهِمْ اَلْسِنَتُهُمْ وَاَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۲۴﴾ يَوْمَىِٕذٍ
يُّوَفِّيْهِمُ اللّٰهُ دِيْنَهُمُ الْحَقَّ وَيَعْلَمُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ ﴿۲۵﴾ اَلْخَبِيْثٰتُ لِلْخَبِيْثِيْنَ وَالْخَبِيْثُوْنَ لِلْخَبِيْثٰتِ ۚ
وَالطَّيِّبٰتُ لِلطَّيِّبِيْنَ وَالطَّيِّبُوْنَ لِلطَّيِّبٰتِ ۚ اُولٰۗىِٕكَ مُبَرَّءُوْنَ مِمَّا يَقُوْلُوْنَ ۭ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿۲۶﴾ ع ۳ ۹

جن لوگوں نے یہ طوفان (حضرت صدیقہؓ کی نسبت) برپا کیا ہے (اے مسلمانو) وہ تمہارے میں کا ایک (چھوٹا سا) گروہ ہے تم اس (طوفان بندی) کو اپنے حق میں برا نہ سمجھو بلکہ یہ (باعتبار انجام کے) تمہارے حق میں بہتر ہی بہتر ہے ان میں سے ہر شخص جتنا کسی نے کچھ کیا تھا گناہ ہوا اور ان میں جس نے اس (طوفان) میں سب سے بڑا حصہ لیا اس کو سخت سزا ہوگی آگے ان قاذفین مؤمنین کو ناصحانہ ملامت ہے۔ جب تم لوگوں نے یہ بات سنی تھی تو مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں نے اپنے آپس والوں کے ساتھ گمان نیک کیوں نہ کیا اور (زبان سے) یوں کیوں نہ کہا کہ یہ صریح جھوٹ ہے (آگے اس حسن ظن اور نیک گمان کے وجوب کی وجہ ارشاد ہے کہ) یہ (قاذف) لوگ اس (اپنے قول) پر چار گواہ کیوں نہ لائے سو جس صورت میں یہ لوگ (موافق قاعدہ کے) گواہ نہیں لائے تو بس اللہ کے نزدیک یہ جھوٹے ہیں اور اگر تم پر اللہ تعالیٰ کا کرم و فضل نہ ہوتا دنیا میں اور آخرت میں تو جس شغل میں تم پڑے تھے اس میں تم پر سخت عذاب واقع ہوتا جب کہ تم اس (جھوٹ) کو اپنی زبانوں سے نقل در نقل کر رہے تھے اور اپنے منہ سے ایسی بات کہہ رہے تھے جس کی تم کو (کسی دلیل سے) مطلق خبر نہیں اور تم اس کو ہلکی بات (غیر موجب گناہ) سمجھ رہے تھے حالانکہ وہ اللہ کے نزدیک بہت بھاری بات ہے اور تم نے جب اس کو سنا تھا تو یوں نہ کہا کہ ہم کو زیبا نہیں کہ ایسی بات مُنہ سے بھی نکالیں معاذ اللہ یہ تو بڑا بہتان ہے اللہ تعالیٰ تم کو نصیحت کرتا ہے کہ پھر ایسی حرکت مت کرنا اگر تم ایمان والے ہو اور اللہ تعالیٰ تم سے صاف صاف احکام بیان کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ بڑا جاننے والا اور حکمت والا ہے۔ جو لوگ (بعد نزول ان آیات کے بھی) چاہتے تھے کہ بے حیائی کی بات کا مسلمانوں میں چرچا ہو ان کے لئے دنیا اور آخرت میں سزائے دردناک (مقرر) ہے (اور اس امر پر سزا کے تعجب مت کرو کیونکہ) اللہ تعالیٰ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔ (اور اے تائبین) اور اگر یہ بات ہوتی تو تم پر اللہ کا فضل و کرم ہے جس نے تم کو توفیق توبہ کی دی اور جبکہ اللہ تعالیٰ بڑا شفیق بڑا رحیم ہے تو تم بھی (اس وجہ) سے نہ بچتے اے ایمان والو تم شیطان کے قدم بقدم مت چلو (یعنی اس کے اغوا پر عمل مت کرو اور جو شخص شیطان کے قدم بقدم چلتا ہے تو وہ (ہمیشہ ہر شخص کو) بے حیائی اور نامعقول ہی کام کرنے کو کہے گا اور اگر تم پر اللہ کا فضل و کرم نہ ہوتا تو تم میں سے کوئی بھی کبھی (توبہ کر کے) پاک و صاف نہ ہوتا لیکن اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے (توبہ کی توفیق دے کر) پاک صاف کر دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ سب کچھ سنتا اور سب کچھ جانتا ہے اور جو لوگ تم میں دینی بزرگی اور دنیوی وسعت والے ہیں وہ اہل قرابت کو اور مساکین کو اور اللہ کی راہ میں ہجرت کرنے والوں کو دینے سے قسم نہ کھا بیٹھیں اور چاہئے کہ یہ معاف کر دیں اور درگزر کریں کیا تم یہ بات نہیں چاہتے کہ اللہ تعالیٰ

www.besturdubooks.net

تمہارے قصور معاف کردے بے شک اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے۔ (آگے منافقین کی وعید کی تفصیل ہے) جو لوگ تہمت لگاتے ہیں ان عورتوں کو جو پاک دامن ہیں (اور) ایسی باتوں کے کرنے سے (بالکل) بے خبر ہیں (اور) ایمان والیاں ہیں ان پر دنیا اور آخرت میں لعنت کی جاتی ہے اور ان کو (آخرت میں) بڑا عذاب ہوگا جس روز ان کے خلاف ان کی زبانیں گواہی دیں گی اور ان کے ہاتھ ان کے پاؤں بھی (گواہی دیں گے) ان کاموں کی جو کہ یہ لوگ کرتے تھے اس روز اللہ تعالیٰ ان کا واجبی بدلہ پورا پورا دے گا اور اس روز ٹھیک ٹھیک ان کو معلوم ہوگا کہ اللہ ہی ٹھیک فیصلہ کرنے والا ہے (اور) بات (کی حقیقت کو کھول دینے والا ہے۔ (اور یہ قاعدہ کلیہ ہے کہ) گندی عورتیں گندے مردوں کے لائق ہوتی ہیں اور گندے مرد گندی عورتوں کے لائق ہوتے ہیں اور ستھری عورتیں ستھرے مردوں کے لائق ہوتی ہیں اور ستھرے مرد ستھری عورتوں کے لائق ہوتے ہیں یہ اس بات سے پاک ہیں جو یہ (منافق بکتے پھرتے ہیں ان (حضرات) کے لئے (آخرت میں) مغفرت اور عزت کی روزی (یعنی جنت) ہے۔ ۞

تفسیر: تبریہ صدیقہ افک ونصیحت مؤمن وفضیحت منافق ☆ اِنَّ الَّذِیْنَ جَآءُوْ بِالْاِفْكِ عُصْبَةٌ مِّنْكُمْ (الی قولہ تعالیٰ) اُولٰٓئِكَ مُبَرَّءُوْنَ مِمَّا یَقُوْلُوْنَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِیْمٌ ۞ ف: اول قصہ کا خلاصہ لکھا جاتا ہے پھر ترجمہ اور تفسیر لکھوں گا۔ صحیح بخاری وغیرہ میں مروی ہے کہ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم غزوۂ بنی مصطلق سے جو کہ ۶ھ میں ہوا تھا مدینہ واپس تشریف لاتے تھے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا آپ کے ہمراہ تھیں اور اُن کی سواری کا اونٹ علیحدہ تھا اور اس پر ہودج تھا یہ ہودج میں پردہ چھوڑ کر بیٹھ جاتیں جمال اس ہودج کو اُٹھا کر اونٹ پر باندھ دیتے ایک روز ایک منزل میں مقام ہوا اور کوچ سے ذرا پہلے حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا کو قضائے حاجت کی ضرورت ہوئی یہ جنگل کی طرف چلی گئیں اور وہاں اتفاق سے اُن کا ہار ٹوٹ کر گر گیا اس کی تلاش میں دیر لگ گئی یہاں پیچھے کوچ ہوگیا جمال حسب عادت ہودج باندھنے آئے اور اس کے پردے میں پڑے رہنے سے گمان کیا کہ حضرت صدیقہؓ اس میں ہیں اُٹھاتے وقت بھی کچھ شبہ نہ ہوا کیونکہ اُن کی تھوڑی عمر تھی اور بدن میں بہت نحیف تھیں ہودج باندھ کر اُونٹ کو ہانک دیا یہ جو بعد میں اپنے فرودگاہ کو لوٹیں قافلہ کو نہ پایا نہایت استقلال کے ساتھ اُن کی یہ رائے ہوئی کہ جب آگے میں نہ ملوں گی تو ڈھونڈنے کیلئے یہاں ہی آویں گے یہاں سے جانا خلاف مصلحت ہے وہاں ہی چادر میں لپٹ کر بیٹھ رہیں رات کا وقت تھا نیند کا غلبہ ہوا وہاں ہی لیٹ رہیں حضرت صفوان بن معطل صحابیؓ گرے پڑے (سامان) کی خبر گیری کی مصلحت سے قافلہ سے پیچھے رہا کرتے تھے وہ اس موقع پر صبح کے وقت پہنچے دیکھا کوئی آدمی پڑا سوتا ہے قریب آکر پہچانا کیونکہ پردہ کا حکم نازل ہونے سے پہلے اُنہوں نے اُن کو دیکھا تھا انہوں نے غایت تاسف سے انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھا اس سے اُن کی آنکھ کھل گئی اور منہ ڈھانک لیا اُنہوں نے اونٹ اُن کے قریب لاکر بٹھلا دیا یہ اُس پر پردہ کے ساتھ سوار ہوگئیں اُنہوں نے اونٹ کی نکیل پکڑ کر قافلہ میں لے جا کر ملا دیا۔ عبداللہ بن ابی منافق بڑا ہی خبیث اور دشمن جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تھا اُس کو ایک بات ہاتھ لگ گئی اور کمبخت نے واہی تباہی بکنا شروع کیا اور بعض بھولے مسلمان بھی سنی سنائی اس کا تذکرہ کرنے لگے جیسے حضرت حسان حضرت مسطحؓ مردوں میں اور حضرت حمنہؓ عورتوں میں چنانچہ درمنثور میں بروایت ابن مردویہ ابن عباس کا قول ہے اعانه ای عبدالله حسان مسطح وحمنة حضرت عائشہؓ کو اور عام طور پر سب مسلمانوں کو اور خود جناب رسول اللہ صلی اللہ پر اس شہرت کا سخت صدمہ تھا ایک مہینہ تک یہی قصہ رہا آخر یہ آیتیں براءت میں اللہ تعالیٰ نے نازل فرمائیں جو اوپر لکھی گئیں اور جن کی تفسیر آگے آتی ہے آپ نے قاذفین پر حد لگائی رواه البزاز وابن مردویه عن ابی هریرة انه صلی الله علیه وسلم حد مسطحا وحمنة وحسان وروی الطبرانی عن عمرانه صلی الله علیه وسلم حد عبدالله حدین کذا فی الدر قلت وکان ذلك خا اضابه۔ مؤمنین نے توبہ کرلی اور منافقین اُسی گمان میں رہے۔

ترجمہ و تفسیر: جن لوگوں نے یہ طوفان[1] (حضرت صدیقہؓ کی نسبت) برپا کیا ہے (اے مسلمانوں جو اس شہرت سے رنجیدہ ہیں اور اس میں خود جن پر تہمت تھی بدرجہ اولیٰ داخل ہیں) وہ تمہارے میں کا ایک (چھوٹا سا) گروہ ہے (کیونکہ قاذف کل چار تھے ایک بالذات اور مخترع یعنی عبداللہ منافق اور تین بالواسطہ اور متبع یعنی حسان و مسطح وحمنہ کہ مؤمن مخلص تھے اور حقیقةً منکم کے مصداق تھے اور منافق مذکور ظاهرًا منکم میں شمار کیا گیا ہے بوجہ ادعائے اسلام کے مطلب تسلی ہے کہ زیادہ غم نہ کرو اول تو جھوٹ پھر ناقل بھی کل چار ہی آدمی اور زیادہ آدمی تو اس کے مخالف ہی ہیں پس عرفاً بھی یہ موجب زیادت غم نہ ہونا چاہئے آگے ایک طور پر تسلی ہے کہ) تم اس (طوفان بندی) کو اپنے حق میں برا نہ سمجھو (گو ظاہر میں غم کی بات ہے مگر واقع میں اس سے تمہارا ضرر نہیں) بلکہ یہ (باعتبار انجام کے) تمہارے حق میں بہتر ہی بہتر ہے (کیونکہ اس غم سے تم کو صبر کا ثواب ملا تمہارے درجے بڑھے خصوص متہم حضرات کی براءت کے لئے نص قطعی آئی اور آئندہ بھی مسلمانوں کے حق میں خیر ہے کہ ایسے مصیبت زدہ اس واقعہ سے تسلی حاصل کیا کریں گے پس تمہارا تو کوئی ضرر نہ ہوا البتہ ان چرچا کرنے والوں کو ضرر ہوا کہ) ان میں سے ہر شخص کو جتنا کسی نے کچھ کیا تھا گناہ ہوا (مثلاً زبان سے کہنے والوں کو زیادہ گناہ اور سن کر خاموش رہ جانے والوں کا یا دل سے بدگمانی کرنے والوں کو اس کے موافق گناہ ہوا) اور ان میں جس نے اس (طوفان) میں سب سے بڑا حصہ لیا (کہ اس کو اختراع کیا مراد اس سے عبداللہ[2] بن ابی منافق ہے) اس کو (سب سے بڑھ کر) سخت سزا ہوگی (مراد اس سے جہنم ہے جس کا استحقاق پہلے سے بوجہ کفر و نفاق و عداوتِ رسول کے بھی ہے اب اور زیادہ

www.besturdubooks.net

عقوبت کا مستحق ہوگیا یہ تو غمزدوں کے ضرر کی نفی اور قاذفین کے ضرر کا اثبات تھا آگے ان قاذفین مؤمنین کو ناصحانہ ملامت ہے کہ) جب تم لوگوں نے یہ بات سنی تھی تو مسلمان مردوں (نے جن میں حسان و مسطح بھی آ گئے) اور مسلمانوں عورتوں نے (جن میں حمنہ بھی آ گئیں) اپنے آپس والوں کے ساتھ (یعنی حضرت صدیقہ اور ان صحابی کے ساتھ دل سے) گمان نیک کیوں نہ کیا اور (زبان سے) یوں نہ کہا کہ یہ صریح جھوٹ ہے (جیسا در منثور میں ابوایوب اور ان کی زوجہ کا یہی قول مروی ہے اس میں قاذفین کے ساتھ ساکتین اور شاکین پر بھی ملامت ہے جن میں بجز محدودین کے اور مؤمنین ومؤمنات بھی داخل ہو گئے آگے اس حسن ظن و ردافک کے وجوب کی وجہ ارشاد ہے کہ) یہ (قاذف) لوگ اس (اپنے قول) پر چار گواہ کیوں نہ لائے (جو کہ اثبات زنا کیلئے شرط ہے) سو جس حالت میں یہ لوگ گواہ (موافق قاعدہ کے) نہیں لائے تو بس اللہ کے نزدیک (جو قانون ہے اس کے اعتبار سے) یہ جھوٹے ہیں (مطلب یہ کہ اصل امر نزاہت ہے جب تک اس کا یقینی رافع نہ ہو اسی کا یقین شرعاً واجب ہے **لان الیقین لا یزول الا بیقین مثله لا بالشك** پس اس بنا پر نزاہت صدیقہ کا یقین اور قذف کے مقابلہ میں اس یقین کا اظہار واجب تھا اور یہی یقین ہے جس کا ایسے امور میں عبد مکلف بنایا گیا ہے جس کے لئے عدم ثبوت بالدلیل المخالف کافی ہے نہ یقین باصطلاح اہل المعقول کیونکہ اس کے لئے ثبوت عدم بالدلیل کی حاجت ہے پس محل افک میں قبل نزول آیات کے صرف عدم ثبوت بالدلیل تھا اور بعد آیات کے البتہ ثبوت عدم بالدلیل محقق ہوگیا پس اس وقت یقین استصحاب کافی تھا جس کو اللہ تعالیٰ نے ظن سے تعبیر فرمایا ہے اور عدم ثبوت بالدلیل کو جو کہ اس یقین کا مبنی ہے **لو لا جاء وا الخ** میں بیان فرمایا ہے اس وقت یقین اصطلاحی کا مکلف نہیں فرمایا تھا البتہ اب بعد نزول آیات چونکہ اس یقین اصطلاحی کا مبنی کہ ثبوت عدم بالدلیل ہے پایا گیا اب اس کا بھی مکلف ہے اور اس کا ترک یعنی احتمال رجوع بھی کفر ہے اور اب اس آیت پر یہ اشکال بھی نہ رہا کہ عدم ایتان بالشہداء مستلزم کذب قاذف کو اور مورث تحقق نزاہت کو کیسے ہوا اور یہ شبہ بھی نہ رہا کہ بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو تردد تھا چنانچہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا تھا کہ اگر کوئی لغزش ہوگئی ہو تو توبہ کر لینا چاہئے رواہ البخاری اور آیت سے وجوب یقین نزاہت کا معلوم ہوتا ہے پھر تردد میں ترک واجب معصوم سے لازم آیا سو وجہ دفعہ ظاہر ہے کہ یہ تردد منافقین یقین شرعی مذکور کے نہیں چنانچہ اس یقین کو آپ نے خود ان الفاظ سے ظاہر فرمایا تھا **ما علمت علی اهلی الا خیرا۔** رواہ البخاری البتہ یقین اصطلاحی اہل معقول کے منافی ہے سو اس کا وجوب نزول آیات کے قبل ہوا نہ تھا جیسا اب بعد نزول آیات کے ہوگیا اور یہاں تو وہ قاذف واقع میں بھی کاذب تھے اور نہ کوئی معائنہ کا مدعی تھا لیکن اگر کسی جگہ خود کوئی شخص معائنہ کر لے اور گواہ نہ لا سکے تو اس کا کاذب ہونا عنداللہ بایں معنی ہے کہ حکم کاذبین کا یعنی حد قذف اس پر جاری کرو **کذا فی الخازن** آگے اپنی رحمت قاذفین اہل ایمان کے ساتھ ارشاد فرماتے ہیں) اور اگر (اے حسان و مسطح وحمنہ) تم پر اللہ تعالیٰ کا فضل وکرم نہ ہوتا دنیا میں (بھی کہ توبہ کی مہلت دی اور آخرت میں (بھی کہ توبہ کی توفیق دی اور اس کو قبول بھی کر لیا اگر یہ نہ ہوتا) تو جس شغل میں تم پڑے تھے اس میں تم پر سخت عذاب واقع ہوتا (جیسا عبداللہ بن ابی کو بوجہ عدم توبہ کے ہوگا **کما مر من قوله تعالیٰ: والذی تولی وکما سیاتی ولهم عذاب عظیم۔ یوم تشهد** گو امہال اس کے لئے بھی ہے مگر مجموعہ دارین میں رحمت نہیں ہے اور اس سے معلوم ہوگیا کہ صحابہ مقبول التوبہ اور پاک ہو کر آخرت میں مرحوم ہیں اور **علیکم** میں خطاب مؤمنین کو ہونے کا قرینہ اولاً اوپر کی آیت میں یہ ارشاد ہے **ظن المؤمنون ثانیاً فی الاخرة** فرمانا کہ منافق بوجہ استحقاق درک اسفل کے یقیناً مرحوم فی الآخرۃ نہیں ثالثاً آگے **یعظکم۔ لو لا فضل الله علیکم** میں طبرانی نے ابن عباس کا قول نقل کیا ہے **یرید مسطحا وحمنة و حسانا کذا فی الدر المنثور** اور صیغہ مضارع[1] مخاطب بھی اس کا قرینہ مؤید ہے آگے **ما افضتم فیه** کے فی نفسہ مؤثر فی العذاب ہونے کی وجہ فرماتے ہیں کہ تم اس عذاب عظیم کے مستحق اس وقت ہو جاتے) جب کہ تم اُس (جھوٹ بات) کو اپنی زبانوں سے نقل در نقل کر رہے تھے اور اپنے منہ سے ایسی بات کہہ رہے تھے جس کی تم کو (کسی دلیل سے) مطلق خبر نہیں (اور ایسی خبر کے ناقل کا کاذب ہونا فَاُولٰٓئِكَ عِنْدَ اللّٰهِ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ میں بیان ہو چکا) اور تم اس کو ہلکی بات (یعنی غیر موجب گناہ) سمجھ رہے تھے حالانکہ وہ اللہ کے نزدیک بہت بھاری بات (یعنی موجب گناہ) تھی (اور اولاً رمی محصنات خود معصیت ہے پھر محصنات بھی کون ازواجِ مطہرات رضی اللہ عنہن میں سے کہ یہ قذف موجب تاذی بھی ہوا جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے پس) اس میں متعدد اسباب معصیت کے جمع تھے) اور تم نے جب اس (بات) کو (اول سنا تھا) تو یوں کیوں نہ کہا کہ ہم کو زیبا نہیں کہ ایسی بات منہ سے نکالیں معاذ اللہ یہ بڑا بہتان ہے (جیسا کہ بعض صحابہ نے اسی طرح کہا تھا **رواه فی الدر عن سعد بن معاذ و زید بن حارثة وابی ایوب** اور زائد کی نفی نہیں ہے ممکن ہے اور بہتوں نے کہا ہو مطلب یہ کہ قاذفین اور ساکتین سب کو یہی کہنا چاہئے تھا۔ اور یہ شبہ کہ جیسے بلا دلیل صدق معلوم نہیں تھا اس لئے قذف ناجائز تھا اسی طرح بلا دلیل کذب بھی تو معلوم نہیں ہو سکتا پھر هٰذَا بُهْتَانٌ عَظِيْمٌ کہنا کیسے جائز بلکہ موجب مدح ہوا سو یہ شبہ اوپر فَاُولٰٓئِكَ عِنْدَ اللّٰهِ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ کی تقریر میں دفع کر دیا گیا ہے اسی طرح یہ شبہ کہ جب ان صحابہ کو ایسا تیقن تھا خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو کیوں تردد تھا اور آپ نے یہ قول کیوں نہ فرمایا جس کا ترک آیت ہذا میں موجب ملامت معلوم ہوتا ہے یہ شبہ بھی اسی آیت کی تقریر میں دفع کر دیا گیا ہے اور اس قول کے مرادف آپ کا قول بھی نقل کیا گیا ہے یہاں

www.besturdubooks.net

تک تو ماضی پر ملامت تھی اب مستقبل کے لئے نصیحت ہے جو کہ اصل مقصود ہے ملامت کا پس ارشاد ہے کہ) اللہ تعالیٰ تم کو نصیحت کرتا ہے کہ پھر ایسی حرکت مت کرنا اگر تم ایمان والے ہو (یعنی ایمان مستلزم ہے وجوب کف عن العود کو اور مقدم یعنی ایمان موجود ہے پس تالی یعنی وجوب کف بھی متحقق ہے پس عود نہ ہونا چاہئے اوپر جیسا عدم نزول اسباب پر امتنان فرماتے ہیں) اور اللہ تعالیٰ تم سے صاف صاف احکام بیان کرتا ہے (جس میں نصیحت اور حد قذف اور قبول توبہ جو اوپر مذکور ہو چکے ہیں سب داخل ہیں) اور اللہ تعالیٰ بڑا جاننے والا اور حکمت والا ہے (تمہارے دل کی ندامت کا حال بھی اس کو معلوم ہے اس لئے توبہ قبول کی اور سیاست کی حکمت بھی خوب جانتا ہے اس لئے تمہارے سیاست کی گئی **بھذا فسرہ ابن عباسؓ رواہ فی الدر** اور یہاں تک نزول براءت سے قبل تذکرہ کرنے والوں کا ذکر تھا آگے ان کا ذکر ہے جو بعد نزول براءت کے بھی باز نہ آویں اور ظاہر ہے کہ ایسا شخص بے ایمان ہوگا پس ارشاد ہے کہ) جو لوگ (بعد نزول ان آیات کے بھی) چاہتے ہیں (یعنی اس کی کوشش عملی کرتے ہیں) کہ بے حیائی کی بات کا (ثابت البراءت) مسلمانوں میں چرچا ہو (یعنی یہ خبر شائع ہو کہ ان مسلمانوں میں یہ بے حیائی کی بات ہے۔ حاصل مطلب یہ کہ جو لوگ ان حضرات مقدسین کی طرف زنا کی نسبت کرتے ہیں) اُن کیلئے دنیا اور آخرت میں سزائے دردناک (مقرر) ہے (دنیا میں تو حد قذف جس کا ثبوت استحقاقاً تو دائماً ہے اور وقوعاً بھی احیاناً جب کہ سب شرائط پائے جاویں اور احیاناً بعض عوارض سے وقوع نہیں ہوتا منجملہ اُن کے حنفیہ کے نزدیک یہ بھی ہے کہ بعد حد قذف کے پھر اسی شخص کو وہی تہمت لگا دی مکرر حد نہیں لگتی اور آخرت میں عذاب جہنم جو استحقاقاً وقوعاً ہر طرح یقینی ہے کیونکہ نص قطعی کے خلاف اعتقاد سے تکلم کرنا کفر ہے اور اگر تکلم نہ ہو صرف اعتقاد پر بھی عذاب آخرت مرتب ہوگا گو دنیا میں عدم ثبوت کی وجہ سے حد سے بچ جاوے اور اس آیت کے مضمون میں جو یہ قید لگائی گئی کہ بعد نزول ان آیات کے طبرانی نے ابن عباس سے نقل کی ہے کمافی الدر) اور (اس امر پر سزا کا تعجب مت کرو کیونکہ) اللہ تعالیٰ جانتا ہے (کہ کون معصیت کس درجہ ہے) اور تم (اس کی حقیقت پوری) نہیں جانتے (رواہ فی الدر ابن عباس آگے اس وعید سے اہل ایمان تائبین کے محفوظ رہنے پر امتنان فرماتے ہیں) اور (اے تائبین) اگر یہ بات نہ ہوتی کہ تم پر اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم ہے (جس سے تم کو توفیق توبہ کی دی) اور یہ کہ اللہ تعالیٰ بڑا شفیق بڑا رحیم ہے (جس سے تمہاری توبہ قبول کر لی) تو تم بھی (اس وعید سے) نہ بچتے (آگے مسلمانوں کو اپنی رحمت سے بلا تخصیص اس معصیت مذکورہ کے تمام معاصی سے احتراز کہنے کا امر اور تزکیہ بالتوبہ کی تصریح مع امتنان جو اہتمام[۲] کے واسطے بعنوانات مختلفہ مکرر ہے ارشاد فرماتے ہیں کہ (اے ایمان والوں تم شیطان کے قدم بقدم مت چلو (یعنی اُس کے اغواء و اضلال پر عمل مت کرو) اور جو شخص شیطان کے قدم بقدم چلتا ہے تو وہ تو ہمیشہ ہر شخص کو) بے حیائی اور نامعقول ہی کام کرنے کو کہے گا (جیسا اس واقعہ افک میں تم نے دیکھ لیا) اور (شیطان کے قدم بقدم چل چکنے کے اور گناہ سمیٹ لینے کے بعد اس کے وبال و ضرر سے جو کہ ثابت ہو ہی چکا تھا نجات دے دینا یہ بھی ہمارا ہی فضل تھا ورنہ) اگر تم پر اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم نہ ہوتا تو تم میں سے کوئی کبھی بھی (توبہ کر کے) پاک و صاف نہ ہوتا (یا تو توبہ کی توفیق ہی نہ ہوتی جیسا منافقین کو نہ ہوئی اور یا توبہ قبول نہ کی جاتی کیونکہ ہم پر کوئی چیز واجب تو ہے نہیں) لیکن اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے (توبہ کی توفیق دے کر) پاک صاف کر دیتا ہے (اور بعد توبہ کے اپنے فضل سے وعدہ قبول کا بھی فرما لیا ہے) اور اللہ تعالیٰ سب کچھ سنتا ہے سب کچھ جانتا ہے (پس تمہاری توبہ سن لی اور تمہاری ندامت جان لی اس لئے فضل فرما دیا۔ آگے اس کا بیان ہے کہ بعد نزول آیات براءت کی بعض صحابہ نے جن میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ بھی ہیں رواہ البخاری اور دوسرے صحابہ بھی ہیں **کذا فی الدر المنثور عن ابن عباسؓ**۔ شدت غیظ میں قسم کھالی کہ جس جس نے یہ چرچا کیا ہے کہ بعض ان میں حاجتمند بھی تھے ان کو اب سے کسی قسم کی مالی امداد نہ دیں گے اللہ تعالیٰ ان کو عفو تقصیر اور امداد جاری کر دینے کے لئے ارشاد فرماتے ہیں) اور جو لوگ تم میں (دینی) بزرگی اور (دنیوی) وسعت والے ہیں وہ اہل قرابت کو اور مساکین کو اور اللہ کی راہ میں ہجرت کرنے والوں کو دینے سے قسم نہ کھا بیٹھیں (یعنی اس قسم کے مقتضیٰ پر استمرار نہ کریں بلکہ توڑ ڈالیں یہ مطلب ہے ورنہ قسم تو ہو ہی چکی تھی یعنی ان صفات کا مقتضیٰ ہے امداد کرنا خصوص[۳] جس میں سب ہوں جیسے حضرت مسطح کہ وہ ابوبکر کے نزدیک کے رشتہ دار بھی ہیں اور مسکین اور مہاجر بھی ہیں آگے ترغیب کے لئے فرماتے ہیں کہ) کیا تم یہ بات نہیں چاہتے کہ اللہ تعالیٰ تمہارے قصور معاف کر دے (سو تم بھی اپنے قصورواروں کو معاف کر دو) بیشک اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے (سو تم کو بھی تخلق باخلاق الٰہیہ چاہئے آگے منافقین کی وعید کی تفصیل ہے جس کا اوپر **اِنَّ الَّذِیْنَ یُحِبُّوْنَ** الخ میں اجمالاً ذکر تھا یعنی) جو لوگ (بعد نزول آیات کے بدکاری کی) تہمت لگاتے ہیں ان عورتوں کو جو پاکدامن ہیں (اور) ایسی باتوں (کے کرنے اور ارادے) سے (محض) بے خبر ہیں (اور) ایمان والیاں ہی (اور جن کی براءت نص سے ثابت ہو چکی ہے اور جمع لانا اس لئے ہے کہ سب ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن کو شامل ہو جاوے کہ **الطیبات** سے سب کی طہارت ثابت ہے اور ظاہر ہے کہ ایسے لوگ جو ایسی مطہرات کو متہم کریں کافر اور منافق ہی ہو سکتے ہیں) ان پر دنیا اور آخرت میں لعنت کی جاتی ہے (یعنی خدا تعالیٰ کی رحمت خاصہ سے دارین میں بوجہ کفر کے دور ہوں گے) اور ان کو (آخرت میں) بڑا عذاب ہوگا جس روز ان کے خلاف میں ان کی زبانیں گواہی دیں گی اور ان کے ہاتھ اور ان کے پاؤں بھی (گواہی دیں گے) ان کاموں کی جو کہ یہ لوگ کیا کرتے تھے (مثلاً زبان کہے گی کہ اس نے میرے ذریعہ سے فلاں فلاں کفر کی بات بکی اور ہاتھ

www.besturdubooks.net

پاؤں کہیں گے کہ اس نے ترویج کفریات کے لئے یوں تگاپو کی) اس روز اللہ تعالیٰ ان کو ان کا واجبی بدلہ پورا پورا دے گا اور (اس روز ٹھیک ٹھیک) ان کو معلوم ہوگا کہ اللہ ہی ٹھیک فیصلہ کرنے والا ہے (اور) بات (کی حقیقت) کو کھول دینے والا ہے (یعنی اب بوجہ کفر کے اس امر کا اعتقاد کما حقہ نہیں اس روز معلوم ہو جاوے گا اور یہ معلوم کر کے بالکل نجات سے مایوس ہو جاویں گے کیونکہ ان کے مناسب فیصلہ عذاب ابدی ہے۔ یہ آیتیں غیر تائبین کے بارے میں ہیں کہ نزول آیت کے بعد بھی اعتقاد افک سے باز نہیں آئے تائبین کو فَضْلُ اللّٰهِ ۔ وَرَحْمَتُهٗ میں مرحوم دارین فرمایا اور غیر تائبین کو لعنوا میں ملعون دارین فرمایا تائبین کو لَمَسَّكُمْ فِيْ مَآ اَفَضْتُمْ فِيْهِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ میں عذاب سے محفوظ بتلایا تھا اور غیر تائبین کو لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ میں ونیز اس سے قبل وَ الَّذِيْ تَوَلّٰى كِبْرَهٗ الخ میں مبتلائے عذاب بتلایا تائبین کے لئے ان اللہ غفور رحیم۔ میں بشارت عفو وغفران یعنی ستر معصیت کی فرمائش اور غیر تائبین کے لئے تشہد اور توفیهم میں وعید عدم عفو اور فضیحت کی فرمائی تائبین کو ما زکی منکم الخ میں طاہر بتلایا تھا غیر تائبین کو اگلی آیت میں خبیث فرمایا جس میں مضمون براءت پر استدلال کر کے قصہ کو ختم فرمایا ہے یعنی یہ قاعدہ کلیہ ہے کہ) گندی عورتیں گندے مردوں کے لائق ہوتی ہیں اور گندے مرد گندی عورتوں کے لائق ہوتے ہیں اور ستھری عورتیں ستھرے مردوں کے لائق ہوتی ہیں اور ستھرے مرد ستھری عورتوں کے لائق ہوتے ہیں (ایک مقدمہ تو یہ ہوا اور دوسرا مقدمہ[۳] ضروریات سے ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہر چیز آپ کے لائق اور مناسب ہی دی گئی ہے پس جب آپ ستھرے ہیں تو ضرور اس مقدمہ ضروریہ کے اعتبار سے آپ کی بی بی بھی ستھری ہیں اور ان کے ستھرے ہونے سے اس تہمت خاص سے حضرت صفوان کا منزہ ہونا بھی لازم آیا اسی لئے آگے فرماتے ہیں کہ) یہ اس بات سے پاک ہیں جو یہ (منافق) بکتے پھرتے ہیں ان (حضرات) کے لئے (آخرت میں) مغفرت اور عزت کی روزی (یعنی جنت ہے) مغفرت ہر ایک کی اس کی حالت کے مناسب ہے پس محل اشکال نہیں اور اس میں منافقین کے خبث کا بھی بیان ہو گیا اور نوح اور لوط علیہما السلام کی بیبیاں گو کافر ہوں گی مگر خبث یعنی زنا سے پاک تھیں کما فی در المنثور تفسیر سورة التحریم وعن ابن جریح قال کانت کافرتین مخالفتین ولا ینبغی لا مرأة تحت نبی ان تجرو عن ابن عباسؓ قال ما بغت امرأة نبی قط اور نکتہ اس میں یہ ہے کہ کفر زوجہ منفر نہیں اور زنائے زوجہ منفر ہے اور انبیاء منفرات سے منزہ ہیں اور شہادۃ السنہ منافی نہیں ختم علی الافواہ کے کیونکہ ختم علی الافواہ سے معذرت نافعہ کی نفی ہے اور شہادت میں قول مضر کا اثبات ہے ونیز شہادت کی زبان خود متکلم ہوگی متکلم کا آلہ نہ ہوگی یہ مراد ہے ختم سے اور اگر شبہ ہو کہ حضرت علی نے اس مشورہ میں کہا تھا کہ اگر آپ طلاق دے دیں تو عورتیں بہت ہیں جواب یہ ہے کہ ان کو سوءِ ظن نہ تھا بلکہ اس مشورے میں تسکین وتقویت قلب اور تخفیف غم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تھی اور متوجہ کرنا تھا خلوذہن کے ساتھ تحقیق کی طرف تا کہ براءت خوب ثابت ہو جاوے تو واقع میں اعانت تھی ثبوت براءت میں۔

تَرْجَمَةُ مَسَائِلِ السُّلُوْكِ: قولہ تعالیٰ لَا تَحْسَبُوْهُ شَرًّا لَّكُمْ بَلْ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۔ روح میں ہے کہ اس میں اشارہ ہے کہ شیوخ کو اس بات پر محزون نہ ہونا چاہئے کہ منکرین ان کے ساتھ تشنیع وانکار سے پیش آویں کہ اس سے ترقی ہوتی ہے قولہ تعالیٰ: لَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ الخ اس میں صریح تاکید ہے کہ خبروں میں سخت احتیاط و تحقیق سے کام لینا چاہئے اور یہ اہل اللہ کی عادت لازمہ ہے کہ بعید سے بعید احتمال پر بھی حسن ظن ہی کرتے ہیں قولہ تعالیٰ: وَلَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ قُلْتُمْ الخ چونکہ اس قصہ میں علاوہ عام گناہ تہمت کے خاص یہ بات بھی تھی کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اہلیہ محترمہ سے تعرض تھا اور زیادہ انکار کا سبب یہی ہے تو اس بناء پر یہ اس پر دال ہے کہ شیخ کے اہل وعیال کے ساتھ خصوصیت کے ساتھ ادب واحترام سے پیش آنا چاہئے اور ان کو ایذاء پہنچانا دوسروں کی ایذا سے زیادہ قبیح ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ الخ تصریح ہے کہ مدار کا فضل ہے نہ کہ سعی ومجاہدہ۔ قولہ تعالیٰ: وَ لَا يَاْتَلِ اُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ الخ روح میں ہے کہ اس میں اشارہ اس طرف ہے کہ بزرگوں کو مناسب ہے کہ مریدوں کی لغزشوں پر ان سے فیوض کو بند نہ کر دیں۔

اَلْحَوَاشِيْ: (۱) کیونکہ مسلمان ہی احق بالخطاب والتکلم والعنایۃ ہیں اور مراد اس سے یہ صیغے ہیں تلقونه وتقولون وتحبون بخلاف منافقین کے کہ ان کا ذکر بصیغہ غیبت ہوا ہے والذی یحبون ان تشیع الفاحشة الخ۔ (۲) یہ صفت امتنان کی اور یہ مکرر آیا ہے فی السابق قوله تعالیٰ ولولا فضل الله علیکم فی الدنیا والآخرة لمسکم وقوله تعالیٰ ولو لا فضل الله علیکم ورحمته وان الله رؤف رحیم۔ وههنا قوله تعالیٰ ولولا فضل الله علیکم ورحمته ما زکی منکم الآیة ۱۲۔ (۳) مطلب ہے یہ کہ یہ ایک واقعہ ہے کہ ہم نے خاص جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بارہ میں اس قاعدہ کلیہ کی رعایت ضرور ملحوظ رکھی ہے گو دوسروں کے بارہ میں کسی خاص حکمت کی بناء پر اس قاعدہ کی رعایت التزاماً ملحوظ نہ رکھی گئی ہو اور جب کہ مطلب یہ ہے تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی براءت ثابت ہو جائے گی اور یہ لازم نہ ہوگا کہ ہر گندی عورت کا شوہر گندہ اور ہر گندے شوہر کی بی بی گندی اور ہر پاک عورت کا خاوند پاک اور ہر پاک مرد کی بیوی پاک ہو پس اس پر یہ اشکال نہ ہوگا کہ بہت سے اچھے مرد ایسے ہیں کہ ان کی بیویاں بری ہیں اور بہت سے اچھی بیویاں ایسی ہیں کہ ان کے خاوند برے ہیں کیونکہ حق سبحانہ وتعالیٰ نے یہ تو بتلایا ہے کہ خبیث عورتیں خبیث مردوں کے لئے ہیں الخ مگر یہ نہیں فرمایا کہ ہم نے ہر جگہ اس قاعدہ کا لحاظ بھی

www.besturdubooks.net

رکھا ہے بلکہ خاص جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق اس قاعدہ کے ملحوظ رکھنے کا اظہار فرمایا ہے فتدبر ۱۲ تصحیح۔ (۴) اشکال اس صورت میں ہے کہ اولاء میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم بھی داخل ہوں جیسا جملہ اولئك كابعد والطيبون الخ کے آنا اس کا ظاہر قرینہ ہے ۱۲ منہ۔

مُلَحَقَاتُ التَّرْجَمَةِ: ۱ قوله فی الافك یہ طوفان اشارة الی ان اللام للعهد ۱۲۔ ۲ قوله فی الذی تولی عبداللہ الخ كما حقه الطبری وما ورد فی بعض الروایات من قول بعض العائشة ان حسانا تولی كبره وانت تكرمينه وجوابها ان العمی من العذاب العظيم فمبنی علی التنزل فحاصل الجواب انه لو فرض كونه تولّٰی فالمراد من العذاب هو الدنيوی ۱۲۔ ۳ قوله فی اذ تلقونه مستحق اس وقت اشارة الی تعلق اذ يمس ثم لما اشكل هذا التعلق بان التلقی فی الدنيا والمس فی الآخرة فكيف يتحد وقتهما اشارة الی الجواب بدلالة المس علی الاستحقاق ولا اشكال فی اتحاد وقت التلقی والاستحقاق ۱۲۔ ۴ قوله فی سبحنك معاذ اللہ فيه رعاية للمحاورة لان التسبيح فی لساننا لا يستعمل فی الاستبعاد والاستعظام بل هو خاص بالتعجب ۱۲۔ ۵ قوله قبل يعظكم ملامت کا الخ توضيح المقام ان الملامة علی المعاصی لا تقصد بنفسها بل تقصد لغيرها وهذا الغير هو الوعظ اذا كان اللوم من العباد فان خلت منه فتكون خالية عن الفائدة ويشير اليه قوله عليه السلام فی محاجة موسٰی آدم عليهما السلام حج آدم موسٰی فی قوله افتلو منی واذا كان اللوم من الله تعالٰی فالغير الذی يقصد فی الاكثر من الملامة هو الوعظ كما ههنا وتارة الزام الحجة اذا كان المحل محل العقاب وان قيل كيف سأل موسٰی فی موضع كشف الحقائق قلنا الكشف لا يحيط فی عالم الآخرة ايضا ۱۲۔ ۶ قوله فی يحبون کوشش اشارة الی ان المراد به القصد والارادة لا الميل القلبی فقط بلا عزم وعمل والنكتة فی التعبير بالحب التنبيه علی قوة المقتضی ان يكون الاشاعة عن صميم قلب ولا يكون هذا فی الازواج المطهرات الا من كافر عدد موذله صلی الله عليه وسلم ۱۲۔ ۷ قوله فی اولی القربی خصوص فيكون من عطف الصفة علی الصفة ۱۲۔ ۸ قوله فی الخبيثين لائق اشارة الی ان اللام للياقة فلا يرد عليه شئ ۱۲۔

اَللُّغَاتُ: قوله عصبة فی الروح اصل العصبة الفرقة المتعصبة قلت او كثرت و كثر اطلاقها علی العشيرة فما فوقها الی الاربعين وعليه اقتصر فی الصحاح وتطلق علی اقل من ذلك ففی مصحف حفصة عصبة اربعة ۱۲۔ قوله الكبر بالكسر وضم الاكبر المعظم ۱۲۔ قوله افضتم يقال افاض فی الحديث خاض ۱۲۔ قوله لا ياتل لا يحلف افتعال من الالية ۱۲۔

اَلنَّحْوُ: عصبة منكم خبر لان ۱۲۔ قوله ان تعودوا معمول ليعظ بتقدير عن التضمين يعظ معنی الزجر ۱۲۔ قوله ان يوتوا معمول للاياتل لتضمنه معنی الامتناع فافهم ۱۲۔ قوله يوم تشهد ظرف لما فی لهم من معنی الاستقرار لا لعذاب لما فی جواز اعمال المصدر الموصوف من الخلاف كذا فی الروح ۱۲۔

اَلْبَلَاغَةُ: جاؤ فی لفظ المجیٔ اشارة الی انهم اظهروه من عند انفسهم من غير ان يكون له اصل۔ قوله سمعتموه فيه التفات واشارة الی ان متولی كبره لم يكن اهلا للخطاب لبعده عن الحضرة فعبر عنه بالغائب فی قوله والذی تولی ثم خاطب غيره من المؤمنين المخطئين۔ قوله لو لا اذ سمعتموه ظن المؤمنون بانفسهم وصفهم بما يوجب الاتيان بالمحضض عليه ويكفهم عن اساء ة الظن بها كما لا يسيئون الظن بانفسهم فيما هم عنه برئون والنكتة فی توسيط معمول الفعل المحضض عليه بينه وبين ارادة الشاه التحضيض تخصيص التحضيض باول وقت السماع وقصر التوبيخ واللوم علی تاخير الاتيان بالمحضض عليه عن ذلك الآن والتردد فيه ای كان الواجب ان يظنوا ذلك اول ما سمعوا من غير تلعثم۔ قوله بالسنتكم وافواهكم فائدة التقئيد بهما افادة كون هذا القول مختصا بالالسنة والافواه من غير ان يكون له مصداق و منشأء فی الواقع ويجوز ان يكون بافواهكم توبيخا كقولك اتقول ذلك بملأ فيك فان القائل ربما رمز وعرض وربما تشدق ای تفصح جاز ما كالعالم ۱۲۔ قوله اولئك فيه تغليب لان الاشارة الی اهل البيت النبوی رجالا ونساء ويدخل فيه مع رسول الله صلی الله عليه وسلم الصديقة والازواج و تبريتها ظاهرة واما تبريته صلی الله عليه وسلم فلان قذفها يستلزم شينه صلی الله عليه وسلم بالنفر وحاشا صلی الله عليه وسلم عن ذلك ۱۲۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ بُيُوْتِكُمْ حَتّٰى تَسْتَاْنِسُوْا وَتُسَلِّمُوْا عَلٰٓى اَهْلِهَا ۭ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۝۲۷

فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فِيْهَآ اَحَدًا فَلَا تَدْخُلُوْهَا حَتّٰى يُؤْذَنَ لَكُمْ ۚ وَاِنْ قِيْلَ لَكُمُ ارْجِعُوْا فَارْجِعُوْا هُوَ اَزْكٰى لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

www.besturdubooks.net

عَلِيْمٌ ﴿۲۵﴾ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ مَسْكُوْنَةٍ فِيْهَا مَتَاعٌ لَّكُمْ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا تَكْتُمُوْنَ ﴿۲۶﴾

اے ایمان والو تم اپنے (خاص رہنے کے) گھروں کے سوا دوسرے گھروں میں داخل مت ہو جب کہ (ان سے) اجازت حاصل نہ کرلو اور اجازت لینے سے قبل انکے رہنے والوں کو سلام نہ کرلو یہی تمہارے لئے بہتر ہے (یہ بات تم کو اس لئے بتلائی ہے) تا کہ تم خیال رکھو (اور اس پر عمل کرو) پھر اگر ان گھروں میں تم کو کوئی (آدمی) نہ معلوم ہو تو (بھی) ان گھروں میں نہ جاؤ جب تک کہ تم کو (مختار اذن کی جانب سے) اجازت نہ دی جائے اور اگر تم کو اجازت لینے کے وقت یہ کہہ دیا جائے کہ اس وقت لوٹ جاؤ تو تم لوٹ آیا کرو یہی بات تمہارے لئے بہتر ہے اور اللہ تعالیٰ کو تمہارے اعمال کی سب خبر ہے (اگر خلاف کرو گے سزا کے مستحق ہو گے) تم کو ایسے مکانات میں چلے جانے کا گناہ نہ ہوگا جن میں (گھر کے طور پر) کوئی نہ رہتا ہو ان میں تمہاری کچھ برت ہو اور تم جو کچھ اعلانیہ کرتے ہو اور جو پوشیدہ طور پر کرتے ہو اللہ تعالیٰ سب جانتا ہے۔ ۞

تفسیر: حکم پنجم استیذ ان ☆ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا (الی قولہ تعالیٰ) وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا تَكْتُمُوْنَ ﴿۲۹﴾ (مکانات کی چار قسمیں ہیں ایک خاص اپنے رہنے کا جس میں دوسرے کے آنے کا احتمال ہی نہیں۔ دوسرا جس میں کوئی اور بھی رہتا ہو گو وہ محارم ہی کیوں نہ ہوں یا کسی کے آجانے کا اس میں احتمال ہو تیسرا جس میں کسی کا بالفعل رہنا یا نہ رہنا دونوں محتمل ہوں چوتھا جس میں کسی کی خاص سکونت نہ رکھنا متیقن ہو جیسے مدرسہ خانقاہ سرائے۔ پس قسم اول کا حکم تو یہ ہے کہ اس میں کسی کی اجازت لینے کی ضرورت نہیں کیونکہ علت وجوب استیذ ان کی جو آئندہ معلوم ہوگی وہاں منتفی ہے اور دوسری اقسام کا حکم اگلی آیتوں میں فرماتے ہیں کہ) اے ایمان والو تم اپنے (خاص رہنے کے) گھروں کے سوا دوسرے گھروں میں (جس میں دوسرے لوگ رہتے ہوں خواہ بطور ملک کے یا بطور رعایت یا اجارہ کے) داخل مت ہو جب تک کہ (ان سے) اجازت حاصل نہ کرلو اور (اجازت[1] لینے کے قبل) ان کے رہنے والوں کو سلام نہ کرلو (یعنی اول سلام کر کے اُن سے پوچھو کہ ہم آویں اور ویسے ہی بے اجازت لئے ہوئے مت گھس جاؤ اور گو اجازت لینے کو بعضے آدمی خلاف شان اور موجب ندامت سمجھتے ہیں اور اسلئے اجازت نہ لینے کو مستحسن سمجھتے ہیں لیکن واقع میں) یہ (اجازت[2] لے کر اندر جانا) ہی تمہارے لئے (بے پوچھے[3] چلے جانے سے) بہتر ہے (یہ بات[4] تم کو اس لئے بتائی ہے) تا کہ تم (اس کا) خیال رکھو (اور اس پر عمل کرو اور بہتر اس وجہ سے ہے کہ بے پوچھے چلے جانے میں احتمال ہے ناجائز موقع پر نظر پڑ جانے کا یا گھر والوں کی ایسی حالت پر مطلع ہونے جس پر مطلع ہونا اُن کو ناگوار ہے اسی لئے تجسس کی ممانعت ہے اس لئے یہ حکم عام ہوگا اعمیٰ اور نساء کے لئے بھی اور اس احتمال پر جو مفاسد مرتب ہو سکتے ہیں وہ اُس مذلت وہمیہ سے جو استیذ ان میں سمجھی جاتی ہے کہیں زائد ہیں یہ حکم ہوا قسم دوم کا) پھر اگر ان گھروں میں تم کو کوئی (آدمی) معلوم نہ ہو (خواہ واقع میں وہاں کوئی ہو یا نہ ہو) تو (بھی) اُن گھروں میں نہ جاؤ جب تک کہ تم کو (مختار اذن کی جانب سے) اجازت نہ دی جاوے (کیونکہ اول تو اس میں آدمی ہونے کا احتمال ہے اور وہ علت مذکورہ وجوب استیذ ان کی محتمل ہے اور اگر یقین بھی ہو جاوے کہ اس میں کوئی نہیں اور ہے پرایا گھر تب بھی بے اجازت جانے میں تصرف ہے ملک غیر میں بلا اُس کے اذن کچھ کہ حرام ہے یہ حکم ہوا قسم سوم کا) اور اگر اجازت لینے کے وقت) تم سے کہہ دیا جاوے کہ (اس وقت) لوٹ جاؤ تو تم لوٹ آیا کرو یہی بات تمہارے لئے (اس سے) بہتر ہے (کہ وہیں جم جاؤ کیونکہ یہ پوری ذلت اور دوسرے شخص کے اوپر گرانی ڈالنا ہے اور ایذا کی حرمت ظاہر ہے اس طرح بے وجہ ذلیل ہونا بھی مذموم یہ ذلت واقعیہ اور بے ضرورت ہے اور پہلی ذلت وہمیہ اور دوسرے کے حفظ حقوق کے لئے ہے فافترقا) اور اللہ تعالیٰ کو تمہارے اعمالوں کی سب خبر ہے (اگر خلاف حکم کرو گے سزا کے مستحق ہو گے اور یہی حکم ہے لوٹ آنے کا جب تمہارے بارے پوچھنے پر اجازت نہ ملے جیسے حدیث میں ہے اور) تم کو ایسے مکانات میں (بے خاص اجازت کے) چلے جانے کا گناہ نہ ہوگا جن میں (گھر کے طور پر) کوئی نہ رہتا ہو (اور) اُن میں تمہاری کچھ برت ہو (یہ حکم ہے قسم چہارم کا جہاں منافع عامہ متعلق ہے تو دلالۃً وہاں جانے کی اجازت ہوتی ہے پس جس کو اجازت نہ ہو اُس کو ان مکانات میں بھی جانا جائز نہ ہوگا جن میں چوری یا ضرر رسانی کا احتمال وشبہ ہو) اور تم جو کچھ اعلانیہ کرتے ہو اور جو پوشیدہ طور پر کرتے ہو اللہ تعالیٰ سب جانتا ہے (پس سر وعلن میں تقویٰ کی ملازمت لازم ہے۔ **ف**: یہ مسئلہ استیذ ان کا مردانہ اور زنانہ سب گھروں کے لئے ہے افسوس ہے کہ دوسری بعض قومیں اس سے منتفع ہو رہی ہیں اور مسلمانوں میں سے بالکل متروک ہو گیا ہے اور استیذ ان واجب ہے اور تقدیم سلام سنت ہے اور اپنے جس گھر میں یقیناً بجز منکوحہ یا مملوکہ شرعی کے کوئی نہ ہو وہ اس سے مستثنیٰ ہے ورنہ وہ بیوت بھی حکم میں غیر بیوتکم کے ہو جاویں گے **لاشتراك العلة** اور وہ مکان مردانہ بھی اس سے مستثنیٰ ہے جہاں آدمی اسی غرض سے بیٹھا ہو کہ جس کا دل چاہے ملنے کا آوے **للاذن دلالة** اور جو مکان خلوت اور آرام کے لئے مخصوص ہے گو مردانہ ہی ہو یا مکان ملاقات کا خلوت خانہ بن جانا کسی وقت قرائن سے معلوم ہو جاوے وہاں استیذ ان کی حاجت ہوگی اور ہر چند کہ یہاں خطاب مردوں کو ہے مگر عورتوں کا حکم بھی یہی ہے مردانہ میں بھی اور زنانہ میں بھی اور ابن عباسؓ سے جو اس آیت سابقہ کا آیت **ليس عليكم جناح** سے نسخ منقول ہے معنی اصطلاحی مراد نہیں بلکہ **بيوتا غير بيوتكم** کے عموم ظاہری کی تخصیص **غير مسكونة** سے مراد ہے۔

ملحقات الترجمة: [1] **قوله في وتسلموا** اجازت لینے کے قبل **لان الواو ليست للترتيب وقدم الاستيناس للاهتمام فانه واجب والتسليم**

www.besturdubooks.net

بواجب بل سنة۱۲۔۲ قوله فی ذلکم اجازت لے کر دل علیه الکلام السابق والا فالمذکور عدم الدخول لا الدخول۱۲۔۳ قوله فی خیر بے پوچھے چلے جانے سے اشارة الی المفضل علیه وتوجهه التفضیل الذی یلزم منه وجود الخیریة من وجه فی الدخول بلا استیذان قد قررته قبل بقولی گواجازت لینے کی الخ۔ ۴ قوله فی لعلکم یہ بات تم کو اشارة الی کونه تعلیلا لمقدر ای ارشدتم الی ذلك لعلکم۱۲۔

فَائِدَة: ورد فی بعض الروایات قول ابن عباس فی تستانسوا خطأ الکاتب وانما هو تستاذنوا وانکر ابن حبان الروایة وبسط الکلام فی المقام علی ما افاد المولوی حبیب احمد الکیرانوی فی الحواشی انه اخرج ابن جریر هذه الروایة من طرق عدیدة ولکنها کلها تنتهی الی ابی بشر جعفر بن ایاس عن سعید بن جبیر عن ابن عباس وابو بشر وسعید وان کانا ثقتان لا یظن بمثلهما التعمد بالکذب الا انهما لم یکونا بمعصومین عن الوهم والخطأ فلعل احدهما اخطأ فی فهم کلام من یرویه هو عنه او خلط فی الروایة بان روی عن صاحبه ما سمع من غیره توهما وغلطا لا قصدًا وعمدًا وله نظائر فی الفن کما لا یخفی علی الماهر وبالجملة هذه الروایة باطلة عن ابن عباس والدلیل علیه ان سعید بن جبیر الذی روی هذه الروایة عن ابن عباس ولد بعد سنة اربعین فی خلافة معاویة رضی الله عنه والمصحف العثمانی شاع فی البلاد یومئذ فلو کان حتی تستانسوا وهما من الکاتب اوغلطا منه عنده فکیف لم ینبه عثمان او علیا علی هذا الوهم والخطأ حتی تدارك ذلك الغلط دع هذا وکیف لم ینبه احدا من تلامذته غیر سعید بن جبیر علی هذا الغلط فالواقف علی جلالة شان ابن عباسؓ لا یشك بعد ملا حظة ما قلنا فی ان نسبة روایة و هم الکاتب الی ابن عباسؓ باطل ویتاید بطلانه بانه رضی الله عنه فسر الاستیناس بالاستیذان قال ابن جریر حدثنا محمد بن سعد قال ثنی ابی قال ثنی عمی (اسمه حسین) قال ثنی ابی عن ابیه عن ابن عباس قوله یایها الذین آمنوا لا تدخلوا بیوتا غیر بیوتکم حتی تستانسوا و تسلموا علی اهلها قال الاستیناس الاستیذان و قال ابن جریر ایضًا حدثنا الحسین قال ثنا حجاج عن ابن جریج قال قال ابن عباسؓ قوله حتی تستانسوا قال الاستیذان ثم نسخ واستثنی لیس علیکم جناح ان تدخلوا بیوتا غیر مسکونة آه قلت واجاب بعضهم بان المراد الخطأ فی الاختیار وترك ما هو الاولی بحسب ظنه لجمع الناس علیه من الاحرف السبعة لا ان الذی کتب خارج عن القرآن وهذا کله قبل ان یثبت تواتره عنده اما بعد ثبوت التواتر فلا مساغ لتجویز خلافة فافهم والذی تحرر عندی فیه وفیما ورد من امثاله علی تقدیر ثبوت هذه الروایات ان هؤلاء رضی الله عنهم سمعوا القراءات التی اختاروها من رسول الله صلی الله علیه وسلم ولم یسمعوا القراءت الموجودة ثم ان تلك القراءات نسخت ولم یبلغهم الخبر فداوموا علیها انکروا غیرها لمخالفته ظاهر القواعد وعدم سماعه کما کان ابو الدرداء یقرأ والذکر والانثی وکانت عائشةؓ تقرء خمس رضعات فاحفظ کذا افاد جامع الفضائل العلمیة والعملیة مولانا خلیل احمد ابنیتوی دامت برکاتهم۱۲۔

اللغات: الاستیناس الاستیذان بناء علی انه استفعال من آنس الشئ بالمد علمه او بصره وابصار طریق الی العلم فالاستیناس استعلام والمتاذن طالب العلم بالحال مستکشف انه هل یراد دخوله اولا وقیل الاستیناس خلاف الاستیحاش فهو من الانس بالضم خلاف الوحشة والمراد به الماذونیة فکانه قیل حتی یوذن لکم فان من یطرق بیت غیره لا یدری ایوذن له ام لا فهو کالمستوحش من خفاء الحال علیه فاذا اذن له استانس وهو فی ذلك کنایة او مجاز ۱۲۔

الحواشی: (۱) متعلق بقوله الاولی ای الاولی لان یجمع الناس علیه وقوله من الاحرف بیان لقوله ما هو الاولی ۱۲ منه۔

قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ۭ ذٰلِكَ اَزْكٰى لَهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا يَصْنَعُوْنَ ۝۳۰

وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ يَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ وَيَحْفَظْنَ فُرُوْجَهُنَّ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰي جُيُوْبِهِنَّ ۠ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا لِبُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اٰبَاۗىِٕهِنَّ اَوْ اٰبَاۗءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اَبْنَاۗىِٕهِنَّ اَوْ اَبْنَاۗءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْٓ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْٓ اَخَوٰتِهِنَّ اَوْ نِسَاۗىِٕهِنَّ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ اَوِ التّٰبِعِيْنَ غَيْرِ اُولِي الْاِرْبَةِ مِنَ الرِّجَالِ اَوِ الطِّفْلِ

www.besturdubooks.net

الَّذِيْنَ لَمْ يَظْهَرُوْا عَلٰى عَوْرٰتِ النِّسَآءِ ۪ وَلَا يَضْرِبْنَ بِاَرْجُلِهِنَّ لِيُعْلَمَ مَا يُخْفِيْنَ مِنْ زِيْنَتِهِنَّ ؕ وَتُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ جَمِيْعًا اَيُّهَ الْمُؤْمِنُوْنَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝۳۱

آپ مسلمان مردوں سے کہہ دیجئے کہ اپنی نگاہیں نیچی رکھیں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں یہ ان کے لئے زیادہ صفائی کی بات ہے بے شک اللہ تعالیٰ کو سب کی خبر ہے جو کچھ لوگ کیا کرتے ہیں اور (اسی طرح) مسلمان عورتوں سے بھی کہہ دیجئے کہ (وہ بھی) اپنی نگاہیں نیچی رکھیں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں اور زینت (کے مواقع) کو ظاہر نہ کریں مگر جو اس (موقع زینت) میں سے (غالبًا) کھلا رہتا ہے (جس کے ہر وقت چھپانے میں حرج ہے) اور اپنے ڈوپٹے اپنے سینوں پر ڈالے رہا کریں اور اپنی زینت (کے مواقع مذکورہ) کو (کسی پر) ظاہر نہ ہونے دیں مگر اپنے شوہروں پر یا اپنے (محارم پر یعنی) باپ پر یا اپنے شوہر کے باپ پر یا اپنے بیٹوں پر یا اپنے شوہروں کے بیٹوں پر یا اپنے (حقیقی علاتی اور اخیافی بھائیوں یا اپنے بھائیوں کے بیٹوں پر یا اپنی حقیقی علاتی اور اخیافی بہنوں کے بیٹوں پر یا اپنی عورتوں پر یا اپنی لونڈیوں پر یا ان مردوں پر جو طفیلی (کے طور پر رہتے) ہوں اور ان کو ذرا توجہ نہ ہو یا ایسے لڑکوں پر جو عورتوں کے پردوں کی باتوں سے بھی ناواقف ہیں (مراد غیر مراہق ہیں) اور اپنے پاؤں زور سے نہ رکھیں کہ ان کا مخفی زیور معلوم ہو جائے اور (مسلمانوں تم سے جو ان احکام میں کوتاہی ہوگئی ہو تو) سب اللہ کے سامنے توبہ کرو تاکہ تم فلاح پاؤ۔ ۞

تفسیر: حکم ششم غض ابصار و استتار ☆ قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ (الی قولہ تعالیٰ) وَتُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ جَمِيْعًا اَيُّهَ الْمُؤْمِنُوْنَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ آپ مسلمان مردوں سے کہہ دیجئے کہ اپنی نگاہیں نیچی رکھیں (یعنی جس عضو کی طرف مطلقاً دیکھنا ناجائز ہے اس کو بالکل نہ دیکھیں اور جس کو فی نفسہٖ دیکھنا جائز ہے مگر شہوت سے جائز نہیں اس کو شہوت سے نہ دیکھیں) اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں (یعنی ناجائز محل میں شہوت رانی نہ کریں جس میں زنا اور لواطت سب داخل ہے) یہ ان کے لئے زیادہ صفائی کی بات ہے (اور اس کے خلاف میں آلودگی ہے زنا یا مقدمہ زنا میں) بیشک اللہ تعالیٰ کو سب خبر ہے جو کچھ لوگ کیا کرتے ہیں (پس خلاف کرنے والے سزایابی کے مستحق ہوں گے) اور (اسی طرح) مسلمان عورتوں سے کہہ دیجئے کہ (وہ بھی) اپنی نگاہیں نیچی رکھیں (یعنی جس عضو کی طرف مطلقاً دیکھنا ناجائز ہے اس کو اصلاً نہ دیکھیں اور جس کو فی نفسہٖ دیکھنا جائز ہے مگر شہوت سے جائز نہیں اس کو شہوت سے نہ دیکھیں) اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں (یعنی ناجائز محل میں شہوت رانی نہ کریں جس میں زنا و سحاق سب داخل ہے) اور اپنی زینت (کے مواقع) کو ظاہر نہ کریں (زینت سے مراد زیور جیسے کنگن، چوڑی، خلخال، بازو بند، طوق، جھومر، بٹی بالیاں وغیرہ اور ان کے مواقع سے مراد ہاتھ، پنڈلی، بازو، گردن، سر، سینہ، کان یعنی ان سب مواقع کو سب سے چھپائے رکھیں بلحاظ ان دو استثناؤں کے جو آگے آتے ہیں اور جب ان مواقع کو اجانب سے پوشیدہ رکھنا واجب ہے جن کا ظاہر کرنا محارم کر روبرو جائز ہے جیسا آگے آتا ہے تو اور مواقع و اعضاء جو بدن کے رہ گئے جیسے پشت و شکم وغیرہ جن کا کھولنا محارم کے روبرو بھی جائز نہیں ان کا پوشیدہ رکھنا بدلالۃ النص واجب ہو گیا حاصل یہ ہوا کہ سر سے پاؤں تک تمام بدن اپنا پوشیدہ رکھیں) مگر جو اس (موقع زینت) میں سے (غالبًا) کھلا (ہی) رہتا ہے (جس کے چھپانے میں ہر وقت حرج ہے مراد اس موقع زینت سے وجہ اور کفین اور قدمین علی الاصح ہے کہ وجہ تو قدرتی طور پر مجمع زینت ہے اور بعض زینتیں قصداً بھی اس میں کی جاتی ہیں مثلاً سرمہ وغیرہ۔ اور کفین و اصابع انگوٹھی چھلے مہندی کا موقع ہے اور قدمین میں چھلوں اور مہندی کا موقع ہے پس ان مواقع کو بضرورت ظہور مستثنیٰ فرمایا ہے اور ما ظہر کی تفسیر وجہ اور کفین کے ساتھ حدیث میں آئی ہے اور قدمین کو بالقیاس اس میں بعض روایات فقہیہ میں داخل کیا ہے) اور (خصوصاً سر اور سینہ ڈھکنے کا بہت اہتمام کریں اور) اپنے دوپٹے (جو سر ڈھانکنے کے لئے موضوع ہیں) اپنے سینوں پر ڈالے رہا کریں (گو سینہ قمیص سے ڈھنک جاتا ہے لیکن اکثر قمیص میں سامنے سے گریبان کھلا رہتا ہے اس لئے اس اہتمام کی ضرورت ہوئی) اور (جیسے اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا میں ایک استثناء بعض مواد ضرورت کا باعتبار منظور کے اوپر آیا ہے ایک استثناء بعض مواقع رخصت کا باعتبار ناظر کے آگے آتا ہے یعنی) اپنی زینت (کے مواقع مذکورہ) کو (کسی پر) ظاہر نہ ہونے دیں مگر اپنے شوہروں پر یا (اپنے محارم پر یعنی) اپنے باپ پر یا اپنے شوہر کے باپ پر یا اپنے بیٹوں پر یا اپنے شوہر کے بیٹوں پر یا اپنے (حقیقی و علاتی و اخیافی) بھائیوں پر (نہ کہ چچازاد ماموں زاد وغیرہ پر) یا اپنے (مذکورہ) بھائیوں کے بیٹوں پر یا اپنی (حقیقی و علاتی و اخیافی) بہنوں کے بیٹوں پر (نہ کہ چچازاد خالہ زاد بہنوں کی اولاد پر) یا اپنی (یعنی اپنی دین کی شریک عورتوں پر) مطلب یہ کہ مسلمان عورتوں پر کیونکہ کافر عورت کا حکم مثل اجنبی مرد کے ہے (رواہ فی الدر عن ابن عباس و مجاهد و عمر بن الخطابؓ یا اپنی لونڈیوں پر (مطلقاً گو وہ کافر ہی ہوں کیونکہ غلام کا حکم ابوحنیفہؒ کے نزدیک مثل اجنبی مرد کے ہے (رواہ فی الدر عن طاؤس و مجاهد و عطاء و سعید بن المسیب و ابراهیم) یا ان مردوں پر جو (محض کھانے پینے کے واسطے) طفیلی (کے طور پر رہتے) ہوں اور ان کو (بوجہ حواس درست نہ ہونے کے عورتوں کی طرف) ذرا توجہ نہ ہو (تابعین کی تخصیص اس لئے ہے کہ اس وقت ایسے لوگ تھے (کذا فی الدر عن ابن عباس) اور اسی حکم میں ہے ہر مسلوب العقل پر مدار حکم سلب حواس پر ہے نہ کہ تابع ہونے پر اس وقت وہ تابع ایسے ہی تھے لقول ابن عباسؓ فی الدر مغفل

www.besturdubooks.net

فی عقله احمق لا یکترث للنساء اور جو سمجھ رکھتا ہو آخر وہ اجنبی مرد ہے گو بوڑھا ہو یا خصی یا مجبوب ہی کیوں نہ ہو) یا ایسے لڑکوں پر جو عورتوں کے پردہ کی باتوں سے ابھی واقف نہیں ہوئے (مراد غیر مراہق پس ان سب کے سامنے وجہ وکفین وقدمین کے ساتھ زینت کے مواقع مذکورہ کا ظاہر کرنا بھی جائز ہے اور شوہر کے روبرو کسی جگہ کا بھی اخفاء واجب نہیں گو خاص بدن کو دیکھنا خلاف اولیٰ ہے (قالت سیدتنا ام المؤمنین عائشة ما محصله لم ارمنه ولم یرمنی ذلك الموضع اورده فی المشکوٰة وروی بقی بن مخلد وابن عدی عن ابن عباس مرفوعًا اذا جامع احدکم زوجته او جاریته فلا ینظر الی فرجها فان ذلك یورث العمی قال ابن الصلاح جید الاسناد کذا فی الجامع الصغیر) اور (پردے کا یہاں تک اہتمام رکھیں کہ چلنے میں) اپنے پاؤں زور سے نہ رکھیں کہ ان کا مخفی زیور معلوم ہو جاوے اور مسلمانو (تم سے جو ان احکام میں کوتاہی ہو گئی ہو تو) تم سب اللہ تعالیٰ کے سامنے توبہ کرو تا کہ تم فلاح پاؤ (ورنہ معصیت مانع فلاح کامل ہو جاتی ہے)۔ **ف**: مَنَنَلَهٗ: مرد کو شہوت کے ساتھ کسی کی طرف قصداً نظر کرنا جائز نہیں بجز زوجہ اور مملوکہ کے اور بلا شہوت نظر کرنے میں تفصیل ہے کہ محارم کے وجہ اور راس اور صدر اور ساقین اور عضدین اور ذراع وکفین وقدمین کی طرف نظر جائز ہے اور غیر محارم کی وجہ اور کفین اور بروایتے قدمین بھی دیکھنا جائز ہے مطلب یہ کہ یہ اعضاء داخل ستر نہیں اور یہ مطلب نہیں کہ بلا ضرورت عورت کے بے پردہ پھرنا اور مردوں کا اس کو نظارہ کرنا درست ہے البتہ بضرورت سامنے آنا یا باہر نکلنا درست ہے اسی طرح بہت بوڑھے سے یہ پردہ نہیں باقی بلا ضرورت اور خوف فتنہ کے وقت چہرہ چھپانا بھی واجب ہے چنانچہ حکم دوازدہم میں آتا ہے درمختار میں ہے **تمنع الشابة من کشف الوجه بین الرجال لا لانه عورة بل الخوف الفتنة احقر** کے رسالہ القول الصواب میں اس کی پوری تحقیق ہے۔ اور مرد کا دوسرے مرد کے بدن کو بجز ناف سے زانو تک دیکھنا درست ہے اور بقیہ بدن دیکھنا مطلق جائز نہیں لیکن اگر شرعی ضرورت ہو تو اجازت ہے لیکن حتی الامکان قلب سے شہوت کو دفع کرے جیسے کسی جگہ کوئی زخم وغیرہ ہو معالج کو صرف اتنا بدن دیکھنا درست ہے۔ یہ تفصیل ہے مضمون یَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ کی اور اسی تفصیل کی وجہ سے من تبعیضیہ ہو سکتا ہے کہ بعض جگہ اجازت ہے اور بعض جگہ اجازت نہیں اور قصداً اس لئے کہا کہ بلا قصد اگر نظر پڑ جاوے اور فوراً نگاہ ہٹا لی جاوے تو گناہ نہیں۔ مَنَنَلَهٗ: عورت کو شہوت کے ساتھ کسی کی طرف قصداً نظر کرنا جائز نہیں بجز زوج کے اور بلا شہوت نظر کرنے میں تفصیل ہے کہ عورت کا دوسری عورت کے بدن کو بجز ناف سے زانو تک دیکھنا درست ہے اور مرد کے بدن کو ناف اور زانو کے درمیان تو بالاتفاق حرام ہے اور اس کے ماسوا کا دیکھنا مختلف فیہ ہے شافعیہ کے نزدیک حرام ہے اور حنفیہ کے نزدیک بلا شہوت گو حرام نہیں مگر خلاف اولیٰ ہے۔ چنانچہ ابوداؤد وترمذی وبیہقی میں حدیث ہے کہ ابن ام مکتوم صحابی نابینا نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آنا چاہا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ام سلمہؓ و میمونہؓ سے فرمایا پردہ میں ہو جاؤ انہوں نے عرض کیا کہ وہ تو نابینا ہیں ہم کو نہ دیکھیں گے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ کیا تم بھی نابینا ہو کیا تم ان کو نہ دیکھو گی اور شرعی ضرورت سے اجازت ہے اسی طرح بلا قصد نظر پڑنے سے جب کہ فوراً ہٹا لی جاوے گناہ نہیں جیسا اوپر کے مسئلہ میں بیان ہوا۔ یہ تفصیل ہے یَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ کی اور اس میں بھی من تبعیضیہ کی وہی توجیہ ہے۔ مَنَنَلَهٗ: یہ تفصیل تو عورت کے ناظر ہونے میں تھی اور منظور الیہا ہونا یعنی اپنے اعضا کیا کیا اور کس کے سامنے ظاہر کرے اور کس سے پوشیدہ کرے اس کی تفصیل ضمن تقریر ترجمہ میں ہو گئی ہے حاجت اعادہ نہیں البتہ یہ حکم حرائر کا ہے بقرینہ مقابلہ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ کے اور حکم اماء کا یہاں مذکور نہیں اور شوہر کے آباء میں اس کے اجداد ام اور اب دونوں کی طرف سے داخل ہو گئے اسی طرح ابناء میں انباء الابناء بھی اسی طرح بنی اخوان میں خود بنی البنین بھی اسی طرح بنی اخوات میں ان کے بنین بھی اور یہاں عورت کے اخوال اور اعمام کا گو ذکر نہیں فرمایا مگر حکم ان کا بھی یہی ہے غرض مدار محرمیت پر ہے اور محرم وہ رشتہ دار ہے جس سے ابداً نکاح حرام ہو خواہ نسب سے ہو یا مصاہرۃ سے یا رضاع سے البتہ بعض فقہاء نے زمانہ کے فتن کو دیکھ کے مصاہرت اور رضاع سے خلوت میں رہنے بیٹھنے کو منع کیا ہے۔ مَنَنَلَهٗ: کافر عورت سے مثل اجانب کے بدن ڈھانکنا واجب ہے بجز مملوکہ کے اس کا بیان بھی ضمن تفسیر میں ہو چکا۔ مَنَنَلَهٗ: جس زیور کی آواز پیدا ہو وہ دو قسم کا ہے ایک وہ جو خود بھی بجتا ہو جیسے گھونگرو یا باجہ دار جانور اس کا پہننا تو بوجہ اس کے کہ حدیث میں جرس سے نہی آئی ہے بالکل ممنوع ہے اور قرآن میں یہ مراد نہیں اور دوسری قسم وہ جو خود نہیں بجتا مگر دوسری چیز سے لگ کر آواز دیتا ہے جیسے چھڑے اور کڑے اس کا پہننا جائز ہے اور اسی کی نسبت اس آیت میں حکم ہے کہ پاؤں زور سے نہ رکھیں یعنی پہننا درست ہے مگر اس کا اظہار بوجہ خوف فتنہ ومیلان اجانب درست نہیں اس سے یہ بھی مفہوم ہو سکتا ہے کہ جب زیور کی صوت کے اخفا کا ایسا اہتمام ہے تو خود صاحب زیور کی صوت کا کہ اکثر مورث فتنہ ومیلان ہو جاتی ہے اخفا کیوں نہ قابل اہتمام ہوگا الا بضرورت چنانچہ دوسری جگہ اس کی تصریح بھی ہے: فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ فَيَطْمَعَ الَّذِيْ فِيْ قَلْبِهٖ مَرَضٌ وَّقُلْنَ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا (الاحزاب: ۳۲) اور نیز یہ بھی مفہوم ہو سکتا ہے کہ جب صوت ایسی قابل اخفاء ہے تو صورت تو کیوں نہ قابل اخفا ہوگی کہ اصل مبدأ فتنہ ہے الا بضرورت رفع جرح جس کی طرف ماظہر سے اشارہ ہے اور اس کی تقریر ترجمہ میں کر دی گئی ہے۔

ترجمۂ مسائل السلوك: قولہ تعالیٰ ذٰلِكَ اَزْكٰى لَهُمْ ط چونکہ ذلک میں غض بصر بھی داخل ہے جو مقدمات زنا سے ہے پس اس میں افعال غیر مرضیہ کے مقدمات کا

www.besturdubooks.net

انسداد ہے اور یہ تعلیم سلوک کا ایک باب عظیم ہے۔ قولہ تعالیٰ: وَلَا يُبْدِينَ زِينَتَهُنَّ إِلَّا لِبُعُولَتِهِنَّ الخ اس کی نظیر ہے کہ زینت اسرار کو اس کے نامحرم یعنی نا اہل سے پوشیدہ رکھنا چاہئے۔

الحواشی: (۱) ویمکن ان یقال فی وجه الفرق ان آباء البعولة اکثر ما یتفق لهم المنظر الیهن اذا کن ذات ازواج بخلاف الاعمام فافترقا۱۲۔ (۲) واخرجه ابن جریر وقال حدثنی علی قال ثنا ابو صالح قال ثنی معاویة عن علی عن ابن عباسؓ قوله او التابعین غیر اولی الاربة من الرجال لهذا الرجل یتسع القوم وهو مغفل فی عقله لا یکترث للنساء ولا یشتهیهن وایضا فیه اسانید اخر تصحیح ۱۲۔ (۳) یعنی جب کشف کی ضرورت نہ ہو ۱۲ منہ (۴) البنین بنی اخوان مراد ہیں ۱۲ منہ۔

ملحقات الترجمة: ۱ قوله اپنی نگاہیں الخ هذا علی ان من زائدة للصلة ویمکن ان یقال انها تبعیضیة والحاصل علی کلتا الوجهین واحد کما لا یخفی علی من تامل فی مازدناه فی تفسیر الترجمة بقولنا یعنی الخ۔ ۲ قوله فی زینتهن زینت کے مواقع اشارة الی تقدیر المضاف والنکتة فیه المبالغة بان الزینة لمنفصلة عن البدن لما وجب سترها فکیف بالبدن ۱۲۔ ۳ قوله فی توضیح ما ظهر حدیث وبالمقایسة اما الحدیث فما اخرجه ابو داؤد وابن مردویه والبیهقی عن عائشة قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لاسماء یا اسماء ان المرأة اذا بلغت المحیض لم یصلح ان یری منها الا هذا واشار الی وجهه وکفه صلی الله علیه وسلم واخرج ابن ابی شیبة وعبد بن حمید عن ابن عباس انه قال فی قوله تعالیٰ الا ما ظهر منها رقعة الوجه وباطن الکف واخرجا عن ابن عمر انه قال الوجه والکفان واما القیاس فما فی الهدایة وحواشیها عن ابی حنیفة ان النظر الی قدمها یباح لان فیه بعض الضرورة لانها تحتاج الی ابداء قدمها اذا مشت حافیة او منتعلة وربما لاتجد الخف فی کل وقت وفی الروح لاسیما بالنسبة الی اکثر نساء العرب الفقیرات اللاتی یمشین لقضاء مصالحهن فی الطرق آه قلت ای فی ذلك الوقت ۱۲۔ ۴ قوله فی خمرهن جوسر ڈھانکنے کے لئے وجهه ان الخمار فی اللغة المقنعة التی تلیقها المرأة علی رأسها من الخمر وهو الستر المراد من الآیة کما روی ابن ابی حاتم عن ابن جبیر امرهن بسترنحورهن وصدورهن بخمرهن لئلا یری منها شیء وکان النساء یغطین رؤسهن بالخمر ویسدلنها کعادة الجاهلیة من وراء ظهر فیبدو نحورهن وبعض صدورهن کذا فی الروح ۱۲۔

الروایات: ذکر بعضها فی المتن وبعضها فی ملحقات الترجمة وبقیت واحدة فی الروح اخرج ابن جریر عن حضرمی ان المرأة اتخذت خلخا لاعن فضة واتخذت جزعاً فمرت علی قوم فوقع الخلخال علی الجزع فصوت فانزل الله تعالیٰ ولا یضربن الخ ۱۲۔

اختلاف القراءة: قرأ ابن عامر ایه المؤمنون بضم الهاء ووجه انه اتبعت فحرکتها حرکة ما قبله ۱۲۔

فائدة: فی الروح ولم یذکر سبحانه الاعمام والاخوال قیل لانهم فی معنی الاخوان من حیث کون الجداب الام واب الاب فی معنی الاب فیکون ابنه فی معنی الاخ وقیل لم یذکرهم لما ان الاحوط ان یستترن عنهم خدارا من ان یصفوهن لابناء هم فیؤدی ذلك الی نظر الابناء الیهن واخرج ذلك ابن المنذر وابن ابی شیبة عن الشعبی وفیه من الدلالة علی وجوب التستر من الاجانب ما فیه وضعف بانه یجری فی آباء البعولة اذ لو رأوا زینتهن لربما او صفوهن لابناء هم وهم لیسوا محازم فیؤدی الی نظرهم الیهن لا سیما اذا کن خلیات (ای من الازواج بان کن مطلقات او متوفیات الازواج) وقیل لم یذکروا اکتفاء بذکر الآباء فانهم عن الناس بمنزلتهم لا سیما الاعمام وکثیرا ما یطلق الاب علی العم ومنه قوله تعالیٰ واذ قال ابراهیم لابیه ازر آه۔ قلت وهذا اقرب الوجوه عندی ۱۲۔

اللغات: الغض اطباق الخفن علی الجفن الجیوب جمع جیب وهو ههنا فتح فی اعلی القمیص یبدد منه بعض الجسد واصله من الجیب بمعنی القطع وترجمة بالحاصل ۱۲۔ قوله لم یظهروا قال ابن قتیبة لم یطلعوا ۱۲۔

النحو: قوله یغضوا جواب لقل ومفعول القول مقدر کانه قیل قل لهم غضوا فان تقل لهم غضوا یغضوا وفیه ایذان لفرط مطاوعتهم وجوز ان یکون مجزوما بلام امر مقدرة لدلالة قل ای قل لهم لیغضوا ۱۲۔ قوله من ابصارهم وقوله من ابصارهن فی الروح من قبیل صلة وسیبویه یابی ذلك فی مثل هذا الکلام والجواز مذهب الاخفش والجل علی انها ههنا لعیضیة والمراد غض البصر عما یحرم والاقتصار به علی ما یحل وجعل الغض عن بعض المبصر غض بعض البصر آه ۱۲۔

البلاغة: قوله قل توجیه الخطاب الیه صلی الله علیه وسلم قیل لانها تکالیف جزئیه کثیرة الوقوع حریة بان یکون الامر بها المتصدی

www.besturdubooks.net

لتدبیرها حافظا ومهیمنا علیهم وقیل ان ذلك لما ان بعض المؤمنین صار الیه صلی الله علیه وسلم کالمستدعی لان یقول له ما فی خیر القول کما اخرج ابن مردویه عن رجل نظر الی امرأة فاتاه نقص علیه القصة وانزل الله تعالٰی قل للمؤمنین کذا فی الروح۱۲۔ قوله یحفظوا فروجهم لم یقل من لان الاصل فی الفروج الخطر بخلاف النظر فان الاصل فیه الاباحة فدل التبعیض علی اصالة الاباحة وترکه علی اصالة الخطر۔ قوله لا یبدین الثانی کرر لتمهیل الاستثناء باعتبار الناظر۔ قوله ولیضربن بخمرهن فی لفظ الضرب مبالغة فی الالقاء شبیه الا لصاق کما فی النیسابوری قوله بنی اخوانهن لم یقل ابناء کما قیل فی ابنائهن لان فی البنین من المعموم ما لیس فی الابناء ولذا لا تسمع احدا یقول ابناء آدم ویقال بنی آدم والغالب ان اولاد الاخو ان لتعددهم واختلاف اصنافهم یکون فی اولادهم من النکرة ما لا یکون فی ابنائهن او ابناء بعولتهن فافهم وکذا لقول فی بنی اخواتهن وایضا فیه تفنن۱۲ قوله توبوا تلوین الخطاب وصرف له عن رسول الله صلی الله علیه وسلم الی الکل لا براز کما العنایة بما فی خیره من الامر وانها من المهمات الحقیقة بان یکون سبحانه وتعالی الآمر بها لانه لا یکاد یخلو احد من المکلفین عن نوع تفریط فیه۱۲۔

وَاَنْكِحُوا الْاَيَامٰى مِنْكُمْ وَالصّٰلِحِيْنَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَاِمَآئِكُمْ ؕ اِنْ يَّكُوْنُوْا فُقَرَآءَ يُغْنِهِمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۳۲﴾ وَلْيَسْتَعْفِفِ الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ نِكَاحًا حَتّٰى يُغْنِيَهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَالَّذِيْنَ يَبْتَغُوْنَ الْكِتٰبَ مِمَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ فَكَاتِبُوْهُمْ اِنْ عَلِمْتُمْ فِيْهِمْ خَيْرًا ۖ وَّاٰتُوْهُمْ مِّنْ مَّالِ اللّٰهِ الَّذِيْٓ اٰتٰىكُمْ ؕ وَلَا تُكْرِهُوْا فَتَيٰتِكُمْ عَلَى الْبِغَآءِ اِنْ اَرَدْنَ تَحَصُّنًا لِّتَبْتَغُوْا عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ وَمَنْ يُّكْرِهْهُّنَّ فَاِنَّ اللّٰهَ مِنْۢ بَعْدِ اِكْرَاهِهِنَّ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۳۳﴾ ع ۸ ۱۰

وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ وَّمَثَلًا مِّنَ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۴﴾ ع

اور تم میں (یعنی احرار میں) جو بے نکاح ہوں تم ان کا نکاح کر دیا کرو اور اسی طرح تمہارے غلام اور لونڈیوں میں سے جو اس (نکاح کے) لائق ہو اس کا بھی اگر وہ لوگ مفلس ہوں گے تو خدا تعالیٰ اگر چاہے گا ان کو اپنے فضل سے غنی کر دے گا اور اللہ تعالیٰ وسعت والا ہے خوب جاننے والا ہے اور ایسے لوگوں کو کہ جن کو نکاح کا مقدور نہیں ان کو چاہئے کہ (اپنے نفس کو) ضبط کریں یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ (اگر چاہے) ان کو اپنے فضل سے غنی کر دے (پھر نکاح کرنے میں اور تمہارے مملوکوں میں سے جو مکاتب ہونے کے خواہاں ہوں تو بہتر ہے کہ ان کو مکاتب بنا دیا کرو اگر ان میں بہتری کے آثار پاؤ اور اللہ تعالیٰ کے دیئے ہوئے اس مال میں سے ان کو بھی دو جو اللہ نے تم کو دے رکھا ہے (تاکہ جلدی آزاد ہو سکیں) اور اپنی (مملوکہ) لونڈیوں کو زنا کرانے پر مجبور مت کرو اور بالخصوص جب وہ پاک دامن رہنا چاہیں محض اس لئے دنیوی زندگی کا کچھ فائدہ (یعنی مال) تم کو حاصل ہو جائے اور جو شخص ان کو مجبور کرے گا تو اللہ تعالیٰ ان کے مجبور کئے جانے کے بعد (ان کے لئے) بخشنے والا مہربان ہے اور ہم نے تمہارے پاس کھلے کھلے احکام بھیجے ہیں اور جو لوگ تم سے پہلے ہو گزرے ہیں ان کی بعض حکایات اور خدا سے ڈرانے والوں کے لئے نصیحت کی باتیں (بھیجی ہیں)۔ ۞

تفسیر: حکم ہفتم نکاح وانکاح وحکم ہشتم صبر بر عجز از نکاح ☆ وَاَنْكِحُوا الْاَيَامٰى مِنْكُمْ (الی قوله تعالٰی) حَتّٰى يُغْنِيَهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ (یعنی احرار میں) جو بے نکاح ہوں (خواہ مرد خواہ عورت اور خواہ ابھی نکاح ہی نہ ہوا ہو یا وفات وطلاق سے اب تجرد ہو گیا ہو) تم ان کا نکاح کر دیا کرو اور (اسی طرح) تمہارے غلام اور لونڈیوں میں جو اس (نکاح کے) لائق ہو (یعنی حقوق زوجیت کو ادا کر سکے) اس کا بھی (نکاح کر دیا کرو اور محض اپنی مصلحت کے خیال سے باوجود غلام لونڈیوں کو ضرورت ہونے کے ان کی اس مصلحت کو فوت مت کیا کرو اور احرار کے نکاح میں اس اپنے عزیز یا عزیزہ کے شوہر یعنی پیغام دینے والے کے فقر وافلاس بالفعل کو جب کہ بالقوہ اس میں مادہ اکتساب وخدمت عیال کا ہو مانع مت سمجھا کرو کیونکہ) اگر وہ لوگ مفلس ہوں گے تو خدا تعالیٰ (اگر چاہے گا) ان کو اپنے فضل سے غنی کر دے گا (پس نہ عدم غنا کو مانع نکاح سمجھیں اور نہ نکاح کو مانع غنا اس کا دارومدار مشیت پر ہے اگر فقر کے ساتھ مشیت متعلق ہو جاوے تو باوجود نکاح نہ ہونے کے بھی ہو جاوے گا اور اگر غنا کے ساتھ مشیت متعلق ہو جاوے تو باوجود نکاح نہ ہونے کے بھی ہو گا پس ایسے ارتباطات وہمیہ باطلہ پر کیوں نظر کی جاوے) اور اللہ تعالیٰ وسعت والا ہے (جس کو چاہے غنی کر دے اور سب کا حال) خوب جاننے والا ہے (جس کو اہل غنا کا دیکھے غنی کر دے جس کو اہل فقر کا جانے فقیر کر دے) اور (اگر کسی کو بوجہ فقر کے نکاح کا سامان مثلاً بیوی یا مہر معجل میسر نہ ہو تو) ایسے لوگوں کو کہ جن کو نکاح کا مقدور نہیں ان کو چاہئے کہ (اپنے نفس کو) ضبط کریں یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ (اگر چاہے) ان کو اپنے فضل سے غنی کر دے (پھر نکاح کر لیں)۔ ف: جو قید عباد واماء میں لگائی ہے کہ صالح یعنی لائق

www.besturdubooks.net

ادائے حقوق زوجیت ہوں اس تقیید سے اشتراط مقصود نہیں گو واقع میں اشتراط بھی دوسری قواعد شرعیہ سے ثابت ہے عبد واماء میں بھی اور احرار میں بھی کیونکہ اگر کسی مرض غیر متوقع الشفاء یا سوء خلق غیر متوقع الاصلاح کی وجہ سے ادائے حقوق کی غالب امید نہیں تو اس کے لئے سعی واعانت واہتمام کرنا بالکل ایک شخص کی عافیت کو برباد کرنا ہے لیکن اس جگہ مقصود اس تقیید سے یہ ہے کہ باوجود صالح ہونے کے کہ مقتضی ہے نکاح کو نکاح میں لیت ولعل مت کیا کرو اس خیال سے کہ ہمارا غلام یا ہماری لونڈی پھر ہماری پوری خدمت نہ کریں گے اور چونکہ احرار میں وجود صلاح کے وقت تو ہم مذکور کی وجہ سے لیت ولعل عادت نہیں اس لئے وہاں یہ قید نہیں لگائی البتہ اور امور احیاناً موجب توقف ہو جاتے ہیں اس لئے انکحوا کا امر فرمایا اور انکحوا عام ہے معاونت وتوسط وتمکین سب کو جیسا جہاں موقع ہو اور اس میں خطاب عام ہے اولیاء یعنی اقارب وسادات یعنی آقاؤں کو اور اذن ولی کا شرط ہونا یا نہ ہونا اور اذن سید کا شرط ہونا یہ دوسرے دلائل سے ہے اور ان یکونوا فقراء کے ظاہری مضمون پر یہ وسوسہ ہوتا ہے کہ مشاہدہ سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض اوقات نکاح فقیر پر غنا مرتب نہیں ہوتا پھر وعدہ کے کیا معنی تقریر ترجمہ سے اس کا جواب ظاہر ہو گیا کہ وہ معلق ہے مشیت کے ساتھ جیسے دوسری جگہ تشریح ہے : وَاِنْ خِفْتُمْ عَيْلَةً فَسَوْفَ يُغْنِيْكُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖٓ اِنْ شَآءَ [التوبة : ۲۸] اور اس جواب پر اگر شبہ ہو کہ اس میں نکاح کی اور غنا کی کیا تخصیص ہے بے نکاح والے کا بھی غنا اور اسی طرح سب کا فقر کا بھی مشیت ہی کے ساتھ معلق ہے اس کا جواب بھی تقریر ترجمہ سے ظاہر ہو گیا کہ چونکہ اکثر کا خیال ہے کہ فقر میں نکاح اور کوڑہ میں کھاج ہے اس لئے اس سے خصوصیت کے ساتھ تعرض کیا گیا اور اگر وسوسہ ہو کہ اول میں تو فقراء کو نکاح کا امر کیا اور آخر میں ان کو ضبط کا حکم کیا جواب یہ ہے کہ فقر تو مانع نہیں لیکن اگر بیوی نہ ملے تو کسی پر جبر تو ہے نہیں اگر ملے کر لو نہ ملے صبر سے بیٹھے رہو البتہ ان سب صور مذکورہ میں قدرۃ بالقوۃ شرط ہے جیسا ان یکونوا فقراء کے ترجمہ سے پہلے اس طرف اشارہ کیا گیا ہے اور امر انکحوا مطلق طلب کے واسطے ہے اور نکاح وانکاح کے وجوب یا ندب یا اباحت یا بعض صورتوں میں کراہت کی تفصیل دوسرے دلائل سے ثابت ہے اور امر لیستعفف وجوب کے لئے ہے۔

حکم نہم کتابت مملوک واعانت او ☆ وَالَّذِيْنَ يَبْتَغُوْنَ الْكِتٰبَ (الی قولہ تعالیٰ) مِّنْ مَّالِ اللّٰهِ الَّذِيْٓ اٰتٰىكُمْ اور تمہارے مملوکوں میں سے (غلام ہوں یا لونڈیاں) جو مکاتب ہونے کے خواہاں ہوں (خواہ ابتداءً خواہاں ہوں خواہ کتابت ابتداءً مولیٰ کی جانب سے ہوئی ہو اور مملوکین نے اس کو قبول کر لیا ہو خواہاں ہونے کی یہ بھی ایک صورت ہے) تو (بہتر ہے کہ) اُن کو مکاتب بنا دیا کرو اگر اُن میں بہتری (کے آثار) پاؤ اور اللہ کے (دیئے ہوئے) اُس مال میں سے اُن کو بھی دو جو اللہ نے تم کو دے رکھا ہے (تاکہ جلدی آزاد ہو سکیں) ف: مکاتبت شرع میں ایک معاہدہ ہے درمیان آقا اور غلام کے آقا اُس سے یہ کہے کہ تو مجھ کو اس قدر مال کما کر دے دے تو تو آزاد ہے اور غلام قبول کر لے اس کا حکم یہ ہے کہ اگر کما کر دے دیا تو آزاد ہو جاوے گا اور اگر کما کر نہ دے سکا سوا اگر خود کہہ دیا کہ میں دینے سے عاجز ہوں اور کتابت فسخ کرتا ہوں تو فسخ ہو جاوے گی ورنہ حاکم سے درخواست کی جاوے گی اور وہ فسخ کر دے گا اور لفظ خیر میں یہ سب باتیں آ گئیں۔ کمانے کا سلیقہ بیہودہ خرچ نہ کر ڈالنا آزاد ہو کر خلق کو تکلیف نہ پہنچانا۔ ورنہ پہلی صورت میں خود دنیوی تکلیف اُٹھائے گا اور کبھی دوسروں سے مانگ کر اُن کو پریشان کرے گا۔ اور دوسری صورت میں مبتلائے معصیت بھی ہوگا اور تیسری صورت میں اوروں کو تکلیف دے گا تو ان حالتوں میں اس کا مقید اور ماتحت ہی رہنا ٹھیک ہے اور اگر قرائن سے خیر کا علم بمعنی ظن غالب ہو تو اس کا مکاتب بنا دینا مستحب ہے بشرطیکہ خیر مظنون ہو پس یہ امر ندب کے لئے ہے۔ کذا فی الهدایه اور اگر خیر مظنون نہ ہو تو گو فی نفسہٖ مباح ہے کذا فی الهداية حيث قال فالافضل ان لا يكاتبه لیکن لغیرہ یعنی عارض کی وجہ سے مکروہ ہے کما فی الروح اور امر آتو ہم ندب کے لئے ہے اور مخاطب اس کے عام مسلمین ہیں یعنی اُن کو زکوٰۃ دے کر اعانت کرو کہ وہ بھی مصارف زکوٰۃ میں سے ایک مصرف ہے کذا فی الہدایۃ گو اس مکاتب کا مولیٰ غنی ہو تب بھی اُس کو زکوٰۃ دینا اور مولیٰ کا اُس کو لے لینا درست ہے کذا فی الہدایۃ لیکن بنی ہاشم کے مکاتب کو زکوٰۃ دینا بھی درست نہیں کذا فی الہدایۃ اسی طرح اپنے مکاتب کو زکوٰۃ دینا بھی درست نہیں کذا فی الہدایۃ یہ تو ایتائے حقیقی میں تفصیل ہے اور ایک ایتائے مجازی وحکمی ہے جس میں تملیک جو لغوی معنی اس لفظ کے ہیں متحقق نہیں بلکہ وہ حط وابراء ہے اور یہ خاص ہے آقا کے ساتھ یعنی بدل کتابت میں سے کچھ کم کر دے بعض روایات مرفوعہ سے یہ تفصیل بھی معلوم ہوتی ہے کذا فی الدر المنثور۔ پس یا تو آتوا میں سب کو مخاطب کہا جاوے اور ایتاء میں عموم مجاز لیا جاوے مثلاً عینوہم جو ایتاء کے معنی حقیقی ومجازی دونوں کو شامل ہے اور یا تو آتوا میں خطاب صرف دوسرے ہی مسلمانوں کو ہو اور حدیث میں جو تفسیر وارد ہے وہ بناءً علی دلالۃ النص ہو یعنی جب آیت سے غیروں کو اعانت کی ترغیب ہے تو خود مولیٰ کے ساتھ تو اُس کے زیادہ تعلقات ہیں اُس کو بھی کچھ اعانت کرنا بہتر ہے اور خیر کی تفسیر صرف حرفۃ کے ساتھ اور حط بدل کتابت کی تقدیر ربع کے ساتھ جو بعض احادیث مرفوعہ میں آئی ہے کما فی الدر المنثور وہ محمول تمثیل پر ہے نہ نفی ماعدا کے لئے۔

حکم دہم نہی اکراہ علی الزنا ☆ وَلَا تُكْرِهُوْا فَتَيٰتِكُمْ عَلَى الْبِغَآءِ (الی قولہ تعالیٰ) غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ اور اپنی (مملوکہ) لونڈیوں کو زنا کرانے پر مجبور مت کرو (اور بالخصوص) جب وہ پاکدامن رہنا چاہیں۔ (اور پھر مجبور بھی محض ایک خسیس غرض کیلئے) یعنی محض اس لئے کہ دنیوی زندگی کا کچھ فائدہ (یعنی مال تم کو حاصل ہو

www.besturdubooks.net

جاوے) اور جو شخص اُن کو مجبور کرے گا (اور وہ بچنا چاہیں گی) تو اللہ تعالیٰ اُن کے مجبور کئے جانے کے بعد (ان کے لئے) بخشنے والا مہربان ہے۔ ف: جاہلیت میں بعض لوگ اس بات کی کمائی کرتے تھے اور عبداللہ بن ابی منافق نے بھی اپنی دو لونڈیوں کو اس پر مجبور کیا تھا اس پر یہ آیت نازل ہوئی اخرج الاول ابن مردویہ عن علی والثانی مسلم عن جابر کذا فی الروح اور اس آیت میں چند قیدیں ہیں ایک فتیات جس کے اصلی معنی ہیں جوان عورتیں پھر بمعنی مملوکات مستعمل ہونے لگا۔ دوسری اِنْ اَرَدْنَ تَحَصُّنًا تیسری لِتَبْتَغُوْا یہ سب قیود بناء علی الواقع ہیں یعنی جائز پر بوجہ غیر مرغوب فیہ ہونے کے اکراہ نہ کیا جاتا تھا اور اُن مکرہات نے اس سے بچنا چاہا تھا چنانچہ مسلم کی روایت میں ہے کہ اُن لونڈیوں نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی شکایت کی تھی اور ان مکرہین کی غرض اکتساب مال ہوا کرتا تھا ورنہ اگر یہ قیود بھی نہ ہوں تب بھی یہ اکراہ جائز نہیں بلکہ یہ بات کہنا ہی جائز نہیں گو بلا اکراہ ہو پس اس تقریر سے سب شبہات دفع ہو گئے اور جس اکراہ سے مکروہات پر مواخذہ نہیں وہ وہ ہے جس میں اتلاف عضو کا خوف ہو اُس کو اکراہ ملجی کہتے ہیں اور چونکہ فی نفسہٖ زنا موجب معصیت ہے گو عارض کی وجہ سے معصیت نہ رہا اس لئے غفور کا استعمال فرمایا ہے ورنہ مغفرت سے شبہ معصیت کا ہوتا ہے سو یہ بلحاظ اُس کے ذاتی اثر کے ہے۔

فائدہ متعلقہ جمیع احکام عشرۂ مذکورہ ☆ حکم اول میں زنا کی تقبیح ہے۔ حکم دوم میں بھی اُسی کی تقویت وتائید ہے۔ حکم سوم میں نسبت الی الزنا کی تقبیح ہے۔ حکم چہارم میں بھی اسی نسبت کے محل خاص کے اعتبار سے بعض احکام ہیں۔ قصہ میں بوجہ رفعت منسوب الیہ کے اس نسبت کی نہایت ہی تشنیع ہے۔ حکم پنجم وششم میں انسداد مخالطۃ بین الرجال والنساء کا ہے جو کہ مقدمات زناء سے ہے۔ حکم ہفتم وہشتم میں نکاح کا امر ہے جو کہ مانع ہے زنا سے۔ حکم نہم گو ظاہراً اس باب سے جدا ہے اور استطراداً الذکر حقوق العباد والاماء مذکور ہو گیا ہے لیکن تامل سے اس طور پر اُسی باب کے متعلق معلوم ہوتا ہے کہ خیر کے عموم میں انتفائے آوارگی بھی داخل ہے۔ پس جس میں ایسا احتمال ہو اُس کے لئے غلام رہنا موجب انسداد زنا ہے اور جس میں یہ احتمال نہ ہو اُس کے لئے اعتاق موجب انسداد زناء ہے کیونکہ بعض اوقات موالی اپنے مصالح خدمت کے خیال سے عبید کا نکاح نہیں کیا کرتے اور حکم دہم میں صریحاً انسداد ہے زنا کا پس سب احکام میں مابہ الارتباط تحصیل وتحصن وکف عن الفواحش ہے جیسا تمہید میں بھی اجمالاً اس طرف اشارہ کیا گیا ہے۔

مُلْحَقَاتُ التَّرْجَمَۃ: ۱ قولہ فی منکم احرار بقرینۃ المقابلۃ وبقرینۃ تفویض الانکاح الیھم ولا تفویض الی العبد۱۲۔ ۲ قولہ فی الصالحین لائق کذا فی الکبیر فی الوجہ الثالث۱۲۔ ۳ قولہ فی ف یہ امر ندب قال فی الھدایۃ وھذا لیس امر ایجاب باجماع بین الفقھاء وانما ھو امر ندب ھو الصحیح ففی الحمل علی الباحۃ الغاء الشرط اذ ھو مباح بدونہ اما الندبیۃ فمعلقۃ بہ آہ۔ ای بالشرط۱۲ وفی النیسابوری ذھب اکثر العلماء منھم ابن عباسؓ والحسن والشعبی ومالک وابو حنیفۃ والشافعی والثوری الی انہ ندب (الی ان قال) ولان طلب الکتابۃ کطلب بیعہ فمن یعتقہ فی الکفارۃ فلا یجب الاجابۃ۱۲۔ ۴ قولہ قبل غفور ان کے لئے اشارۃ الی الرابط۱۲۔

الرِّوَایَات: فی الروح اخرج ابن السکن فی معرفۃ الصحابۃ عن عبداللہ بن صبیح قال کنت مملوکا لھو یطب بن عبد العزی فسالتہ الکتابۃ فابی فنزلت والذین یبتغون الخ۱۲۔

فَوَائِد: ذھب بعض السلف الی ابتغاء الغنی بالنکاح ففھموا من الآیۃ الترتب وتوجیھہ ان الترتب عادی غالبی لان کلمۃ ان لا عموم لھا وسببہ مزید اھتمامہ فی الکسب والجد التام فی السعی حیث ابتلی من تلزمہ نفقتھا شرعاً وعرفاً وینضم الی ذلک مساعدۃ المرأۃ لہ واعانتھا ایاہ علی امر دیناہ وھذا کثیر فی العرب واھل القریٰ او ورد فی ھذا الباب بعض الاحادیث المرفوعۃ ففی تاریخ الخطیب امر صلی اللہ علیہ وسلم رجلا یشکوا الیہ الفاقۃ ان یتزوج واخرج الدیلمی والثعلبی قولہ علیہ السلام التمسوا الرزق بالنکاح وھذا ان الحدیثان لا تصریح فیھما علی ارادۃ الترتب بالآیۃ لانہ صلی اللہ علیہ السلام اخبر فی حدیث اخرجہ عبدالرزاق واحمد والترمذی وصححہ والنسائی وابن ماجۃ وابن حبان والحاکم وصححہ والبیھقی فی سنۃ ان ثلثۃ حق علی اللہ عونھم ومنھم الناکح یرید العفاف فیمکن ان یکون ھذا الاخبار عن وحی غیر متلو وبناء علیہ امر الرجل بالنکاح حیث علم انہ یرید العفاف وامر ایضاً بالتماس الرزق بالنکاح بھذا الشرط بعینہ فلا نص فیھما علی التفسیر ما ان بعض من یرید العفاف لا یحصل لہ الغنی فجوابہ ان معنی امثال ھذہ الاحادیث بیان تاثیر بعض الاعمال فی نفسہٖ و ظاھر ان الآثار انما تترتب علی المؤثر اذا اجتمع الشرائط وارتفع الموانع ھاسرھا وایضاً یمکن ان یکون الامر بالنکاح وبالالتماس بطریق النکاح مع الغنیۃ کعادۃ ذلک الزمان وما ورد من تزوج امرأۃ لفرھا لم یزدہ اللہ الاذلا ومن تزوجھا لما لھا لم یزدہ اللہ تعالیٰ الا فقرا فمحمول علی ما اذا کان المال مقصودا اصلیا ولا یلتفت الی دینھا واما اذا لم یکن المال مقصودا اصلیا بل مرجحا لواحدۃ من ذوات الدین تبعا فلا بأس لہ بھذا الحدیث ونظیر ھذا ان الجمال لا

www.besturdubooks.net

ینبغی ان یجعل مرجحا اصلیا لقوله علیه الصلوة والسلام تنکح المرأة لاربع لما لها ولحسبها ولجمالها ولدینها فاظفر بذات الدین تربت یداك ولکن مع هذا روی مسلم عن ابی هریرة قال جاء رجل الی النبی صلی الله علیه وسلم فقال انی تزوجت امرأة من الانصار قال فانظر الیها فان فی اعین الانصار شیئا فعلم ان الترجیح للجمال لا بأس به اذا لم یکن الجمال مقصودا اصلیا۱۲۔

اللغات: قوله الا یامٰی مقلوب ایایم جمع ایم لان فیعل لا یجمع علی فعال ای ان اصله ذلك فقدمت المیم وفتحت للتخفیف فقلبت الیاء الفالتحرکها وانفتاح ما قبلهما وهو کل ذکر لا انثٰی معه و کل انثی لا ذکر معها بکرا او ثیبا وقیل الغیب لانه صلی الله علیه وسلم قابلها بالبکر فی قوله الایم احق بنفسها والبکر الخ وفیه انه یجوز ان یکون ذلك لقرینة اللقابلة۱۲۔قوله ان اردن اثر ان علی اذا مع تیقن وجود الارادة اشارة الی ان هذه الارادة لو احتملت کان مؤثرا فی المنع فکیف اذا تیقن وتقیید النهی عن الاکراه بقوله ان اردن قیل لیس شرطا للنهی بل للاکراه فانه لا یوجد دونه وان جعل شرطا للنهی لم یلزم من عدمه جوازا لاکراه جوز ان یکون ارتفاع النهی بامتناع المنهی عنه قاله البیضاوی ای لان النهی انما یتصور اذا امکن المنهی عنه وقد امتنع فلا حاجة الی النهی لان المنهی عنه صار مباحا اقول وهو حسن لکن احسن منه ما فی الروح ان الاکراه یتصور ولو لم یردن التحصن ویکون الاکراه بسبب کراهتهن الزنا لخصوص الزانی او لخصوص الزمان او لخصوص المکان او لغیر ذلك من الامور المصححة للاکراه فی الجملة فالا سهل ان یقال انه للمحافظة علی عادة من نزلت فیهم فافهم۱۲۔

اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ؕ اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ ؕ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ
يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ ۙ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ؕ نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ ؕ يَهْدِي اللّٰهُ
لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۳۵﴾ فِيْ بُيُوْتٍ اَذِنَ اللّٰهُ اَنْ تُرْفَعَ وَيُذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ ۙ
يُسَبِّحُ لَهٗ فِيْهَا بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ﴿۳۶﴾ رِجَالٌ ۙ لَّا تُلْهِيْهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءِ الزَّكٰوةِ ۙ يَخَافُوْنَ
يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيْهِ الْقُلُوْبُ وَالْاَبْصَارُ ﴿۳۷﴾ لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَيَزِيْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ
حِسَابٍ ﴿۳۸﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَعْمَالُهُمْ كَسَرَابٍ بِقِيْعَةٍ يَّحْسَبُهُ الظَّمْاٰنُ مَآءً ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَهٗ لَمْ يَجِدْهُ شَيْـًٔا وَّوَجَدَ اللّٰهَ عِنْدَهٗ
فَوَفّٰىهُ حِسَابَهٗ ؕ وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۳۹﴾ اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ؕ
ظُلُمٰتٌ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ؕ اِذَآ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا ؕ وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ﴿۴۰﴾ ع ۱۱ ۶ ۵

اللہ تعالیٰ نور (ہدایت) دینے والا ہے آسمانوں کا اور زمین کا اس کے نور (ہدایت) کی حالت عجیبہ ایسی ہے جیسے (فرض کرو) ایک طاق ہے (اور) اس میں ایک چراغ ہے اور وہ چراغ ایک قندیل میں ہے اور وہ قندیل ایسا (صاف شفاف) ہے جیسے ایک چمکدار ستارہ ہو (اور) وہ چراغ ایک نہایت مفید درخت (کے تیل) سے روشن کیا جاتا ہے کہ وہ زیتون کا (درخت) ہے جو (کسی آڑ کے) نہ پورب رخ ہے اور نہ پچھم رخ ہے اس کا تیل (اس قدر صاف اور) سلگنے والا ہے کہ اگر اس کو آگ بھی نہ چھوئے تاہم ایسا معلوم ہوتا ہے کہ خود بخود جل اٹھے گا اور جب آگ بھی لگ گئی تب تو نور علی نور ہے اور اللہ اپنے (اس نور ہدایت) تک جس کو چاہتا ہے راہ دے دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ لوگوں (کی ہدایت) کے لئے (یہ) مثالیں بیان فرماتا ہے اور اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے۔ وہ ایسے گھروں میں (عبادت کرتے) ہیں جن کی نسبت اللہ نے حکم دیا ہے کہ ان کا ادب کیا جائے اور ان میں اللہ کا نام لیا جائے ان میں ایسے لوگ صبح و شام اللہ کی پاکی (نمازوں میں) بیان کرتے ہیں جن کو اللہ کی یاد سے اور (بالخصوص) نماز پڑھنے سے اور زکوٰۃ دینے سے نہ خرید غفلت میں ڈالنے پاتی ہے اور نہ فروخت (اور) وہ ایسے دن (کی داروگیر) سے ڈرتے رہتے ہیں جس میں بہت سے دل اور بہت سی آنکھیں الٹ جائیں گی انجام ان لوگوں کا یہ ہوگا کہ اللہ ان کو ان کے اعمال کا بہت ہی اچھا بدلہ دے گا (یعنی جنت) اور (علاوہ جزا کے) ان کو اپنے فضل سے اور بھی زیادہ دے گا اور اللہ تعالیٰ جس کو چاہے بے شمار دے دیتا ہے اور جو لوگ کافر ہیں ان کے اعمال ایسے ہیں جیسے ایک چٹیل میدان میں چمکتا ہوا ریت کہ پیاسا (آدمی) اس کو (دور سے) پانی خیال کرتا ہے یہاں تک کہ جب اس کے پاس آیا تو اس کو (جو سمجھ رکھا تھا) کچھ بھی نہ پایا اور قضا الٰہی کو پایا سو اللہ تعالیٰ نے اس (کی عمر) کا

www.besturdubooks.net

حساب اس کو برابر سرابر چکا دیا (یعنی عمر کا خاتمہ کر دیا) اور اللہ تعالیٰ دم بھر میں حساب (فیصلہ کر دیتا ہے یا وہ ایسے ہیں جیسے بڑے گہرے سمندر میں اندرونی اندھیرے کہ اس کو ایک بڑی کہر نے ڈھنک لیا ہو اس (لہر) کے اوپر دوسری لہر اس کے اوپر بادل (ہے غرض) اوپر تلے بہت سے اندھیرے ہی اندھیرے ہیں کہ اگر (کوئی ایسی حالت میں) اپنا ہاتھ نکالے اور دیکھنا چاہے تو دیکھنے کا احتمال بھی نہیں اور جس کو اللہ ہی نور (ہدایت) نہ اس کو (کہیں سے بھی) نور نہیں (میسر ہو سکتا)۔ ۞

تفسیر ربط: اس سورت میں کئی قسم کے مضامین مذکور ہوئے ہیں۔ اول احکام جن میں سے عملیات تو زیادہ اوپر مذکور ہوئے ہیں اور کچھ آگے آتے ہیں اور علمیات کچھ اوپر مذکور ہوئے ہیں مثل بعض احوال معاد شہادت جوارح وعذاب عظیم گو قصہ افک کے تبعاً ہی سہی اور زیادہ آگے آتے ہیں مثل تفصیل توحید دوم بعض قصص جیسا اوپر قصہ افک آیا ہے۔ سوم موعظت یعنی ترغیب وترہیب یہ اوپر بھی آیا ہے اور آگے آیت آئندہ میں بھی آوے گا بلکہ مجموعہ قرآن ان ہی مضامین سے مشحون ہے پس ان مضامین کو بیان کر کے آگے اس سورت کے یا بقول بعض تمام قرآن کے نزول پر اپنا امتنان بندوں پر بیان فرماتے ہیں۔

امتنان بنزول ہدایت نامہ ☆ وَ لَقَدْ اَنْزَلْنَآ (الی قولہ تعالیٰ) وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝ اور ہم نے (تم لوگوں کی ہدایت کے واسطے اس سورت میں یا قرآن میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ سے) تمہارے پاس کھلے کھلے احکام (عالیہ وعملیہ) بھیجے ہیں اور جو لوگ تم سے پہلے گزرے ہیں اُن کی (یا اُن کی سی) بعض حکایات اور خدا سے ڈرنے والوں کے لئے نصیحت کی باتیں (بھیجی ہیں)۔ **ف**: اگر قرآن مراد ہے تب تو اُس کا اشتمال قصص سابقہ پر ظاہر ہے اور اگر یہی سورت مراد ہے تو توجیہ کلام کی بحذف مضاف ہے یعنی مثلاً من جنس امثال الذین الخ جس کا ترجمہ بندہ نے بین القوسین یہ کیا ہے کہ اُن کی سی مراد اس سے قصہ عائشہؓ کا ہوگا کہ مشابہ قصہ حضرت یوسف علیہ السلام وحضرت مریم علیہا السلام کے ہے کہ اُن حضرات کو بھی تہمت لگائی گئی تھی۔ اور احکام اور ترغیب و ترہیب پر اشتمال قرآن کا اور سورت کا دونوں امر ظاہر ہیں۔ ربط: اوپر اور اسی طرح آگے بھی مضامین ہدایت آ گئیں ارشاد فرمائے ہیں اور آیت سابقہ لقد انزلنا الخ میں تمام سورت یا تمام قرآن بلکہ عند التامل تمام تروحی کا (متلو یا غیر متلو جلی ہو یا خفی ہو لان جمیعه منزل من الله معنی و حکما فشمل الادلة الاربعة للشرع موجب ہدایت ہونا اجمالاً بیان فرمایا ہے چونکہ بعض اُس کو قبول کر کے مہتدی ہوتے ہیں اور بعضے قبول نہ کرنے سے ضال رہتے ہیں اس لئے آگے آیت نور میں توضیح وتمکین فی الذہن کے لئے ہدایت اور ضلالت کی مثال اور اہل ہدایت واہل ضلالت کا حال اور مآل بیان فرماتے ہیں۔

آیت نور در تمثیل ہدایت وفجور وتفصیل حال مؤمن وکفور: اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ (الی قولہ تعالیٰ) وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ۝ اللہ نور (ہدایت) دینے والا ہے آسمانوں (میں رہنے والوں) کا اور زمین (میں رہنے والوں) کا (یعنی اہل آسمان وزمین میں جن کو ہدایت ہوئی ہے ان سب کو اللہ ہی نے ہدایت دی ہے اور مراد آسمان وزمین سے کل عالم ہے پس جو مخلوقات آسمانوں وزمین سے باہر ہے وہ بھی داخل ہو گئی جیسے حملۃ العرش) اُس کے نور (ہدایت کی حالت عجیبہ ایسی ہے جیسے (فرض کرو) ایک طاق ہے (اور) اُس میں ایک چراغ (رکھا) ہے (اور) وہ چراغ (خود طاق میں نہیں رکھا بلکہ) ایک قندیل میں ہے (اور قندیل طاق بین رکھا ہے اور) وہ قندیل ایسا (صاف شفاف) ہے جیسا ایک چمک دار ستارہ ہو (اور) وہ چراغ ایک نہایت مفید درخت (کے تیل) سے روشن کیا جاتا ہے کہ وہ زیتون (کا درخت) ہے جو (کسی آڑ کے) نہ پورب رخ ہے اور نہ (کسی آڑ کے) پچھم رخ ہے (یعنی نہ اُس کی جانب مشرقی میں کسی درخت یا پہاڑ کی آڑ ہے کہ اول نہار میں اس پر دھوپ نہ پڑے اور نہ اس کی جانب غربی میں کوئی آڑ ہے کہ آخر نہار میں اس پر دھوپ نہ پڑے بلکہ کھلے میدان میں ہے جہاں تمام دن دھوپ رہتی ہے ایسے درخت کا روغن بہت لطیف اور صاف اور روشن ہوتا ہے اور) اس کا تیل (اس قدر صاف اور سلگنے والا ہے کہ) اگر اس کو آگ بھی نہ چھوئے تاہم ایسا معلوم ہوتا ہے کہ خود بخود جل اُٹھے گا (اور جب آگ بھی لگ گئی تب تو) نور علی نور ہے (یعنی ایک تو اس میں خود قابلیت نور کی اعلیٰ درجہ کی تھی پھر اوپر سے فاعل یعنی نار کے ساتھ اجتماع ہو گیا اور پھر اجتماع بھی ان کیفیات کے ساتھ کہ چراغ قندیل میں رکھا ہو جس سے بالمشاہدہ چمک بڑھ جاتی ہے۔ اور پھر وہ ایسے طاق میں رکھا ہو جو ایک طرف سے بند ہے ایسے موقع پر شعاعیں ایک جگہ سمٹ کر بہت تیز روشنی ہوتی ہے اور پھر تیل بھی زیتون کا جو مزید اشتراق وقلت دخان میں مشہور ہے تو اس قدر تیز روشنی ہو گئی جیسے بہت سے روشنیاں جمع ہو گئی ہوں اس کو نور علی نور فرمایا۔ یہاں مثال ختم ہو گئی۔ پس اسی طرح مؤمن کے قلب میں اللہ تعالیٰ جب نور ہدایت ڈالتا ہے تو روز بروز اس کا انشراح قبول حق کے لئے بڑھتا چلا جاتا ہے اور ہر وقت احکام پر عمل کرنے کے لئے تیار رہتا ہے گو بالفعل بعض احکام کا علم بھی نہ ہوا ہو کیونکہ علم تدریجاً حاصل ہوتا ہے جیسا وہ تیل قبل مس نار اشتعال کے لئے مستعد تھا اور جب اس کو علم حاصل ہوتا ہے تو نور عمل یعنی عزم علی العمل کے ساتھ جو کہ ایک حال رفیع ہے نور علم بھی منضم ہو جاتا ہے جس سے وہ فوراً ہی قبول کر لیتا ہے پس عمل وعلم جمع ہو کر نور علی نور صادق آ جاتا ہے اور یہ نہیں ہوتا کہ علم احکام کے بعد اس کو کچھ تامل وتردد ہو کہ اگر موافق نفس کے پایا تو قبول کر لیا ورنہ رد کر دیا۔ اس انشراح اور نور کو دوسری آیت میں بیان فرمایا ہے: اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ فَهُوَ عَلٰى نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ [الزمر : ۲۲] اور ایک جگہ فرمایا ہے فَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ اَنْ يَّهْدِيَهٗ يَشْرَحْ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ [الأنعام : ۱۲۵] یہ تقریر تشبیہ کی ہے اور مشبہ بہ مذکور سے زیادہ نورانی چیز سے تشبیہ اس لئے نہیں دی کہ یہ مشبہ بہ مالوف اور معتاد اور ہر

www.besturdubooks.net

وقت مستعمل ہونے کی وجہ سے زیادہ حاضر فی الذہن اور اکثر مخاطبین کے جاننے کی وجہ سے قریب الفہم تھا دوسرے مشبہ بہ میں یہ بات نہیں اور مشبہ بہ میں بڑی بات اوضح ہونا ہے گو اقوی نہ ہو غرض نور ہدایت الٰہیہ کی یہ مثال ہے اور) اللہ تعالیٰ اپنے (اس) نور (ہدایت) تک جس کو چاہتا ہے راہ دے دیتا ہے (اور پہنچا دیتا ہے اس کا یہ مطلب نہیں کہ کفار بوجہ عدم تعلق مشیت کے معذور ہیں بلکہ مقصود امتنان ہے اہل ہدایت پر کہ اللہ کا احسان مانیں اسی کی توفیق سے ہدایت پائی ہے نیز اشارہ ہے اس طرف کہ حق تعالیٰ سے ہدایت کے ملتجی رہیں اپنی سعی کو مدار کار نہ سمجھیں) اور (ہدایت کی جو یہ مثال دی گئی اسی طرح قرآن میں بہت سی مثالیں بیان کی گئی ہیں تو اس سے بھی لوگوں کی ہدایت ہی مقصود ہے اسی لئے) اللہ تعالیٰ لوگوں (کی ہدایت) کے لئے (یہ) مثالیں بیان فرماتا ہے (تاکہ مضامین معقولہ مثل امور محسوسہ کے قریب الی الفہم ہو جاویں) اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے (اس لئے جو مثال افادہ مقصود کے لئے کافی اور جس میں اغراض مثال کے پورے مرعی ہوں اسی کو اختیار کرتا ہے مطلب یہ کہ اللہ تعالیٰ مثالیں بیان کرتا ہے اور وہ مثال نہایت مناسب ہوتی ہے تاکہ خوب ہدایت ہو اور یہ ہدایت جو ضرب الامثال پر مرتب ہے عامہ ہے اور یھدی اللہ میں ہدایت خاصہ ہے اسی لئے وہاں من یشاء کے ساتھ متعلق ہے اور یہاں جمیع ناس کے لئے پس باہم تعارض نہیں یہ تو بیان ہوا ہدایت اور اس کے تعلق کا محل مشیت کے ساتھ آگے اہل ہدایت کا حال بیان فرماتے ہیں کہ) وہ ایسے گھروں میں (جا کر عبادت کرتے) ہیں جن کی نسبت اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے کہ ان کا ادب کیا جاوے اور ان میں اللہ کا نام لیا جاوے (مراد ان گھروں سے مسجدیں ہیں اور ان کا ادب یہ کہ ان میں جنبی و حائض داخل نہ ہو اور ان میں کوئی نجس چیز داخل نہ کی جاوے وہاں غل نہ مچایا جاوے دنیا کے کام اور باتیں کرنے کے لئے وہاں نہ بیٹھیں بدبو کی چیز کھا کر ان میں نہ جاویں وغیر ذلک غرض) ان (مسجدوں) میں ایسے لوگ صبح وشام اللہ کی پاکی (نمازوں میں) بیان کرتے ہیں (یعنی پانچوں نمازیں ادا کرتے ہیں صبح کی نماز غدو میں آ گئی اور چار نمازیں آصال میں آ گئیں کیونکہ آصال کہتے ہیں آفتاب ڈھلنے سے لے کر تمام رات تک) جن کو اللہ کی یاد (یعنی بجا آوری احکام) سے (جس وقت کے متعلق جو حکم ہو) اور (بالخصوص) نماز پڑھنے سے اور زکوٰۃ دینے سے (کہ یہ احکام فرعیہ میں سب سے معظم ہیں) نہ خرید غفلت میں ڈالنے پاتی ہے اور نہ فروخت (اور باوجود امتثال اوامر کے ان کی یہ حالت ہے کہ وہ ایسے دن (کی داروگیر) سے ڈرتے رہتے ہیں جس میں بہت سے دل اور بہت سے آنکھیں الٹ جاویں گی (جیسا دوسری آیت میں ہے: **یوتون ما اتوا وقلوبھم انھم الی ربھم راجعون۔** اور مقصود اس سے اہل نور ہدایت کے اوصاف و اعمال کا بیان فرمانا ہے اور آگے مآل کا ذکر ہے کہ) انجام (ان لوگوں کا) یہ ہوگا کہ اللہ تعالیٰ ان کو ان کے اعمال کا بہت ہی اچھا بدلہ دے گا (یعنی جنت) اور (علاوہ جزا کے) ان کو اپنے فضل سے اور بھی زیادہ دے گا (جزا وہ جس کا وعدہ مفصل ہے اور زیادہ وہ جس کا مفصل وعدہ نہیں گو ایسے ہی مجمل عنوانوں سے ہوا ہو جیسے **یزیدھم یا للذین احسنوا الحسنٰی وزیادۃ**) اور اللہ تعالیٰ جس کو چاہے بیشمار (یعنی بہ کثرت سے) دے دیتا ہے (پس ان لوگوں کو جنت میں اسی طرح بے شمار دے گا اور مساجد کی قید رجال کے اعتبار سے ہے اور نساء کے لئے صرف مدار یہ اعمال ہیں اور حدیث سے ان کی نماز کے لئے گھروں کا افضل ہونا ثابت ہے وہی بجائے مسجد کے ہیں یہاں تک تو ہدایت اور اہل ہدایت کا بیان تھا آگے ضلالت اور اہل ضلالت کا ذکر ہے یعنی اور جو لوگ کافر (اور اہل ضلال اور نور ہدایت سے دور) ہیں ان کے اعمال (بوجہ کافروں کی دو قسمیں ہونے کے دو مثالوں کے مشابہ ہیں کیونکہ ایک قسم تو وہ کفار ہیں جو معاد کے قائل ہیں اور اپنے بعض اعمال پر یعنی جو بزعم ان کے حسنات ہیں توقع جزائے آخرت کی رکھتے ہیں اور دوسری قسم وہ کفار ہیں جو معاد ہی کے منکر ہیں پس قسم اول کفار کے اعمال تو) ایسے ہیں جیسے ایک چٹیل میدان میں چمکتی ہوئی ریت کہ پیاسا (آدمی) اس کو (دور سے) پانی خیال کرتا ہے (اور اس کی طرف دوڑتا ہے) یہاں تک کہ جب اس کے پاس آیا تو اس کو (جو سمجھ رکھا تھا) کچھ بھی نہ پایا اور (غایت پیاس پھر نہایت یاس سے جو جسمانی اور روحانی صدمہ پہنچا اور اس سے تڑپ تڑپ کر مر گیا تو یوں کہنا چاہئے کہ بجائے پانی کے) قضاء الٰہی کو پایا سو اللہ تعالیٰ نے اس (کی عمر) کا حساب اس کو برابر سرابر چکا دیا (اور بیباق کر دیا یعنی عمر کا خاتمہ کر دیا) اور اللہ تعالیٰ (جس چیز کی میعاد آ جاتی ہے اس کا) دم بھر میں حساب (فیصل) کر دیتا ہے (اس کو کچھ بکھیڑا نہیں کرنا پڑتا کہ دیر لگے اور میعاد سے کچھ بھی توقف ہو جاوے پس یہ مضمون ایسا ہے جیسا دوسری جگہ ارشاد ہے: اِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ اِذَا جَآءَ لَا يُؤَخَّرُ [نوح: ٤] وقولہ: وَلَنْ يُّؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفْسًا اِذَا جَآءَ اَجَلُهَا [المنافقون: ١١] حاصل اس مثال کا یہ ہوا کہ جیسے یہ پیاسا ریت کو ظاہری چمک سے پانی سمجھا اسی طرح یہ کافر اپنے اعمال کو ظاہر صورت سے مقبول اور حسن اور مثمر نفع آخرت سمجھا اور جیسا وہ پانی نہیں اسی طرح یہ اعمال بوجہ فقدان شرط قبول یعنی ایمان کے مقبول اور نافع نہیں ہیں اور جیسا وہاں جا کر اس پیاسے کو حقیقت معلوم ہوئی اسی طرح اس کو آخرت میں پہنچ کر حقیقت معلوم ہوگی اور جس طرح یہ پیاسا اپنی توقع کے غلط ہونے سے متحسر اور خائب ہو کر مر گیا اسی طرح یہ کافر بھی اپنی توقع کے غلط ہونے سے متحسر ہو گیا اور ہلاکت ابدی یعنی عقاب جہنم میں مبتلا ہوگا ایک قسم کی مثال تو یہ ہوئی آگے دوسری قسم کے کافروں کے اعمال کی مثال ہے یعنی) یا وہ (اعمال باعتبار خصوصیت قسم دوم کے) ایسے ہیں جیسے بڑے گہرے سمندر کے اندرونی اندھیرے (جن کا سبب غایت قعر ہے اور پھر یہ) کہ اس (سمندر کے اصلی سطح) کو ایک بڑی لہر نے ڈھانک لیا ہو (پھر وہ لہر بھی اکیلی نہیں بلکہ) اس (لہر) کے اوپر دوسری لہر (ہو پھر) اس کے اوپر بادل (ہو جس سے

www.besturdubooks.net

ستارہ وغیرہ کی روشنی بھی نہ پہنچتی ہوغرض) اوپر تلے بہت سے اندھیرے (ہی اندھیرے) ہیں کہ اگر ایسی حالت میں کوئی آدمی دریا کی تہہ میں) اپنا ہاتھ نکالے (اور اس کو دیکھنا چاہے) تو (دیکھنا تو درکنار) دیکھنے کا احتمال بھی نہیں (اس مثال کا حاصل یہ ہے کہ یہاں بوجہ انکار معاد کے وہمی نور بھی نہیں بلکہ واقعی ظلمت بھی ہے کہ اس کے اعمال اس کو نافع نہیں اور خیالی ظلمت بھی کہ خود بھی ان اعمال کے غیر نافع ہونے کا اعتقاد اور اعتراف کر رہا ہے گو منی اس کا انکار معاد ہی ہو بہر حال اس شخص کے پاس اپنے اعمال کے باب میں کوئی معتد بہ دل خوش کن بات نہیں جیسا مشبہ بہ میں ظلمت ہی ظلمت ہے کہ اول تو دریا گہرا کہ اس کے قعر میں اندھیرا ہوتا ہی ہے پھر جب امواج کا تلاطم ہو تو اور اندھیرا بڑھے گا پھر اوپر سے بادل۔ گھٹا بھی ہو تو اندھیرے کا کچھ ٹھکانا ہی نہ رہے گا خصوصاً اس شخص کے لئے جو دریا کی بھی تہ میں ہو ہاتھ کی تخصیص اس لئے کہ اول تو انسان سے خود بہت نزدیک ہے پھر جتنا نزدیک کرنا چاہو نزدیک ہو سکتا ہے یہ بات دوسرے اعضاء میں نہیں جب یہی نظر نہ آیا تو دوسری چیز تو بدرجہ اولیٰ نظر نہ آوے گی اور اس جملہ سے ظلمت کا نقشہ پیش کرنا مقصود ہے مطلب یہ کہ جیسا مشبہ بہ میں ظلمت ہی ظلمت ہے اور اس مشبہ بہ میں لیل کی قید نہیں ہے کیونکہ اس مجموعہ مفروضہ میں تو نہار بھی لیل ہی ہوگا اور اگر اس قرینہ سے کہ مقصود بیان ہے شدت ظلمت کا لیل کی قید بھی معتبر کر لی جاوے تو ممکن ہے اور مراد ان اعمال سے وہ اعمال ہیں جن کو یہ عاملین خیر سمجھتے ہیں کیونکہ احتمال ثمرۂ مطلوبہ کا انہی میں ہو سکتا ہے نیز ذکر مؤمنین میں بھی اعمال حسنہ ہی کا ذکر تھا پس یہ بھی قرینہ ہے کہ ہر فریق کے ایک ہی جنس کے اعمال کا بیان ہو کہ موازنہ پورا معلوم ہو اور اعمال شر میں تو نفی نفع پر سب کا اتفاق ہے اور اس فریق اخیر کے اعمال میں جو ثمرہ کو معتد بہ کے ساتھ مقید کیا گیا وجہ اس کی یہ ہے کہ ایسے لوگ بھی دنیا میں ترقی مال و جاہ کی غرض سے ایسے اعمال کیا کرتے ہیں لیکن وہ بوجہ اعتراف فنا کے معتد بہ نہیں) اور (آگے تذییل میں اعمال کفار کے ایسے مظلم ہونے کی وجہ فرماتے ہیں یعنی) جس کو اللہ ہی نور (ہدایت) نہ دے اس کو (کہیں سے بھی) نور نہیں (میسر ہو سکتا پس ان لوگوں کو چاہئے تھا کہ اتباع احکام الٰہیہ کا ارادہ کرتے تو اللہ تعالیٰ حسب عادت کہ عزم کے بعد فعل پیدا کر دیتا ہے ان کو نور ہدایت دیتا مگر انہوں نے اعراض کیا تو تاریکیوں میں رہ گئے کہیں سے بھی سہارا نہ لگا)۔ **ف**: تشبیہ نور ہدایت کی تقریر کے اخیر میں جو احقر نے کہا ہے کہ مشبہ بہ کا اقویٰ ہونا ضرور نہیں اس کو مدارک میں اس طرح تعبیر کیا ہے **ضرب المثل یکون بدنی محسوس معهود لا بعلی غیر معاین و لا معهود** اور اس کے مناسب ایک دلچسپ حکایت لکھی ہے کہ جب ابوتمام نے مامون الرشید کی مدح میں یہ شعر پڑھا **اقدام عمرو فی سماحة حاتم۔ فی حلم احنف فی ذکاء ایاس۔** تو کسی نے اعتراض کیا کہ خلیفہ تو ان لوگوں سے بڑھ کر ہیں جن کے ساتھ تم نے مثال دی ہے ابوتمام نے فی البدیہہ جواب میں کہا **لا تنکروا ضربی له من دونه۔ مثلا شرودا فی الندی و الباس۔ فالله قد ضرب الاقل لنوره۔ مثلا من المشکوة و النبراس** آہ اوپر نور ہدایت اور ظلمت ضلالت کا بیان تھا اور اس سے اوپر متعدد احکام عملیہ کا ذکر تھا آگے دلائل توحید والوہیت کا ذکر ہے جو کہ احکام علمیہ سے ہے اولوہیت بمعنی معبودیت کو اگر اعتقاد و عمل کے لئے عام لیا جاوے تو احکام عملیہ سے بھی اس میں تعرض ہوگا جیسا **یسبح** الآیہ سے یہ ہی مقصود معلوم ہوتا ہے کہ اور مخلوقات تو اس کی عبادت ارادیہ کریں گو بعض ہی سہی اور انسان نہ کرے **خبیر علیم بما یفعلون** میں وعید کی طرف اشارہ ہے اور ان سب احکام علمیہ و عملیہ کے قبول و عدم قبول کا ہدایت و ضلالت ہونا ظاہر ہے۔

تَرْجَمَۂ مَسَالِکُ السَّالِکْ: قولہ تعالیٰ: **اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ** امام غزالی نے نور کی تفسیر ظاہر بنفسہ ومظہر لغیرہ سے کر کے اس کا مصداق وجود کو ٹھہرایا ہے تو **نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ** کے معنی وجود السموات والارض ہوئے اور حاصل مسئلہ وحدۃ الوجود کا یہی ہے۔ قولہ تعالیٰ: **مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ** الخ مشکوۃ اشارہ مؤمن مخلص کے جوف کی طرف اور زجاجہ قلب کی طرف اور مصباح نور قلب کی طرف اور شجرہ زیتونہ وحی و قرآن کی طرف جس سے قلب منور ہے اور جو کہ باعتبار اصل کے عالم غیب میں سے ہونے کے سبب مقید بالجہت نہیں اور وہ غایت وضوح سے بدون ایضاح ظاہر ہوا چاہتا ہے اور ایضاح سے اور زیادہ واضح ہو جاتا ہے۔ قولہ تعالیٰ: **فِیْ بُیُوْتٍ اَذِنَ اللّٰهُ اَنْ تُرْفَعَ** الخ بقول ابوحیان بیوت عام ہے مساجد اور مدارس اور خانقاہوں کو اور رفع سے مراد ان کی تعظیم قدر پس اس بناء پر اس میں خانقاہوں کی فضیلت ہے جو ذکر کے لئے ہے جو ذکر کے لئے موضوع ہیں اور ان کی تعظیم قدر یہ ہے کہ اُن کا حق ادا کیا جاوے یعنی جس غرض کے لئے وہ موضوع ہیں وہ عمل میں لائی جاوے۔ قولہ تعالیٰ: **رِجَالٌ لَّا تُلْهِیْهِمْ تِجَارَةٌ** الخ یہ اصل ہے بلکہ یاداشت و خلوت در انجمن کی۔ قولہ تعالیٰ: **اَعْمَالُهُمْ كَسَرَابٍ بِقِیْعَةٍ** الخ یہی حالت ہے مغرورین طریق کی کہ اپنے اعمال کو حقائق سمجھتے ہیں حالانکہ وہ محض خیالات ہیں جن کی حقیقت امتحان یا موت کے وقت معلوم ہو جاتی ہے۔ قولہ تعالیٰ: **وَمَنْ لَّمْ یَجْعَلِ اللّٰهُ** الخ یہ اصل ہے اس کی کہ جس میں استعداد نہیں اس میں فعل نہیں۔

اَلرِّوَایَات: **فی الدر المنثور بسنده عن ابن عباس مثل نوره الذی اعطاه المؤمن وعنه نور السموات والارض قال هادی اهل السموات والارض و عنه نور علی نور یعنی بذلك ایمان العبد و عمله۔ وعن قتادة فی قوله لا شرقیة ولا غربیة قال لا یفی علیها ظل شرقی ولا غربی کنا نتحدث انها ضاحیة الشمس وهو اصفی الزیت واطیبه واعذبه وعن مجاهد نور علی نور قال النار علی الزیت**

www.besturdubooks.net

جاورته رد عن ابن عباسؓ فی قوله لا شرقية قال شجرة لا يظلها كهف ولا جبل ولا يواريها شئ وهو اجود لزيتها وعن ابن عباس يقول كما يكاد الزيت الصافی يضئ قبل ان تمسه النار واذا امسته ازداد ضوء على ضوئه كذلك يكون قلب المؤمن يعمل بالهدى قبل ان ياتيه العلم فاذا اتاه العلم ازداد هدى ونور على نور وعن الحسن فی قوله (الی قوله تعالٰی) اذن الله ان ترفع يقول ان تعظم بذكره يسبح يصلی له فيها۔ وعن ابن عباس فی قوله كسراب الآية قال فلما اتاه لم يجده شيئا وقبض عند ذلك۱۲۔

فوائد مختلطه من ابواب شتی: روعی فيها ترتيب اجزاء الآية لا ترتيب الفنون ليكون ايسر للتلقی وهی باجمعها ماخوذة من الكبير والروح والخازن والمدارك والواردات القلبية۔ **الاولی** قوله نور السمٰوات هذا الحمل كزيد عدل ای ذو عدل ای هو ذو نور بمعنی منور وهادی۔ **الثانية** المراد بالنور الهدی۔ **الثالثة** السمٰوات بتقدير مضاف ای اهل السماوات۔ **الرابعة** المراد بالسمٰوات والارض جميع العالم لان المتقابلين يراد باطلاقهما عموم افراد جنسهما كما فی بكرة واصيل يراد به جميع الاوقات وتخصيصهما لكونهما مقر اكثر المامورين۔ **الخامسة** المثل القصة العجيبة الشان۔ **السادسة** مثل نوره الاضافة للافاضة۔ **السابعة** المشكوٰة الكوة لغير النافذة فی الجدار۔ **الثامنة** التقدير كنور مشكوٰة۔ **التاسعة** درّی منسوب الی الدر ای مشابه له فی الصفا۔ **العاشرة** فی اعادة المصباح والزجاجة معرفين اثر سبقهما منكرين والاخبار عنهما بما بعدها مع انتظام الكلام بان يقال كمشكوة فيها مصباح فی زجاجة كانها كوكب درّی من تفخيم شانهما ورفع مكانتهما بالتفسير اثر الابهام والتفصيل بعد الاجمال وباثبات ما بعدهما لهما بطريق الاخبار المنبئ عن القصد الاصلی دون الوصف المنبئ عن الاشارة الی الثبوت فی الجملة ما لا يخفی۔ **الحادية عشر** لم يشبه الزجاجة بالشمس ولا بالقمر لانهما وقت الانكساف يريان مظلمين بخلاف الكوكب فانه لا يرى وقت الانكساف واذا رؤی رؤی نور انيا مشرقيا۔ **الثانية عشر** يوقد صفة المصباح۔ **الثالثة عشر** من شجرة ابتدائية ای يبتدأ ايقاد المصباح من شجرة۔ **الرابعة عشر** مبركة ای كثيرة المنافع لان الزيت يسرج به ويدهن به ويؤتدم به وايضا فيه منافع وبركات معنوية حض الشارع علی تحصيلها۔ **الخامسة عشر** زيتونة بدل من شجرة۔ **السادسة عشر** فی ابهام الشجرة ثم تفسيرها بالزيتون من الفخامة ما لا يخفی۔ **السابعة عشر** لا شرقية صفة لزيتونة **الثامنة عشر** لا شرقية ولا غربية معناه ضاحية للشمس لا يظلها جبل ولا شجر لان المخاطة يفسد ثمرها **التاسعة عشر** يكاد صفة ثانية لزيتونة **العشرون** يكاد حفظ به صدق لكلام۔ **الحادية والعشرون** الزيت دهن الزيتون۔ **الثانية والعشرون** نور خبر مبتدا مقدر ای هو۔ **الثالثة والعشرون** ثم التمثيل علی قوله نور علی نور وهذا التشبيه ليس من تشبيه الاجزاء بالاجزاء۔ **الرابعة والعشرون** يهدی الله لنوره الاظهار فی مقام الاضمار لزيادة تقريره وتاكيد فخامته الذاتية بفخامته المنافية الناشئة من اضافة الی ضميره عز وجل وان اشكل عليك ان النور اذا كان هو الهداية فمعنی الآية يهدی الله الی هدايته ولا يفهم له محصل فازحه بان النور هو الهداية بمعنی الايمان وآثار والهداية اليه التوفيق له فتغاير فافهم۔ **الخامسة والعشرون** قوله فی بيوت متعلق بمقدر ای يسبحون دل عليه ما سياتی يسبح الی رجال۔ **السادسة والعشرون** اذن ای امر والنكتة فی التعبير به الايذان بانهم كانهم منتظرون للامر من قبل ان يومروا وكانهم بصدد ان يعملوا لكنهم لا يعملون لاحتمال النهی فلما امروا كان كانهم اذنوا ای رفع عنهم احتمال النهی۔ **السابعة والعشرون** قوله ترفع ای تعظم او تبنی من قوله تعالٰی اذ يرفع ابراهيم القواعد لا من الرفع بمعنی البنا الشامخ والمشيد۔ **الثامنة والعشرون** قوله يذكر هذا عام فی العبادات كلها وكذا ما سياتی من قوله عن ذكر الله **التاسعة والعشرون** قوله يسبح المراد به الصلٰوة۔ **الثلثون** التسبيح يتعدی بنفسه وباللام **الحادية والثلثون** فی قراءة يسبح مبنيا للمفعول فيدل علی الفعل المنسوب الی رجال۔ **الثانية والثلثون** قوله تجارة هو عام لغة لكنه بقرينة المقابلة اريد به الشراء ثم صرح بذكر البيع اشارة الی ان الشراء فيه الربح الموهوم والبيع يكون فيه الربح بالفعل غالبا فلما لم يلههم بيع يتحقق فيه الربح فكيف يلهيهم ما يتوقع فيه بلا تحقق۱۲۔ **الرابعة والثلثون** قوله لا تلهيهم هذا يتحقق بطريقين احدٰهما لا يتجرون فيتلهون والثانی انهم مع التجارة لا يتلهون فالمدح علی عدم الالهاء ولا يراد منه مدح التجارة **الخامسة والثلثون** قوله اقام الصلٰوة تخصيص بعد تعميم **السادسة والثلثون** نتقلب تفصيله فی آية اخرٰی تشخص فيه الابصار الی قوله وافئدتهم هواء وقوله اذ القلوب لدی الحناجر كاظمين **السابعة**

www.besturdubooks.net

والثلثون قوله القلوب يرادبه الجنس لان بعضهم آمنون الثامنة والثلثون ليجزيهم اللام للصيرورة والعاقبة التاسعة والثلثون احسن ما عملوا بتقدير جزاء بعد احسن والتقدير احسن جزاء ما عملوا فلا يرد ان الجزاء لا يختص بالاحسن بل يعمه والحسن ويمكن ان يقال ان فيه اشارة الى ان كل اعمالهم يجعل كانه احسن الاربعون قوله يرزق من يشاء فى هذا نوع ايماء الى انهم ممن شاء الله تعالٰى ان يرزقهم لتعبيره تعالٰى عنهم بعين هذا العنوان فى قوله يهدى الله لنوره من يشاء الحادية والاربعون قوله الظمأن تخصيص الظمآن لحسرته على كذب رجاء ه الثانية والاربعون قوله شيئا اى مما يحسبه والا فالسراب ايضا شئ الثالثة والاربعون قوله وجد الله اى قضاء الله وهذا فى الدنيا ومن تمام المشبه به ولا بعد فى حذف المضاف لان المفسرين باجمعهم متفقون على ذٰلك وان اختلف المضاف حيث قالوا عقاب الله الرابعة والاربعون قوله او كظلمٰت او للتنويع والتقسيم لان الكفار قسمان الخامسة والاربعون قوله لجى بمعنى عميق منسب الى اللج وهو معظم الماء السادسة والاربعون قوله من فوقه سحاب فى هذه العنوان ايماء الى غاية تراكم الامواج وتضاعفها حتى كانها بلغت السحاب السابعة والاربعون ظلمٰت اى هى ظلمات وهو المقابل لقوله نور على نور الثامنة والاربعون قوله اذا اخرج اى من ابتلى به واضماره من غير ذكر لدلالة المعنى عليه دلالة واضحة ومعنى اخرج اخرجها من حيث كانت فيه من قبل من الثوب او شئى آخر او مكان بعيد من مكان اتى بها فيه من بعد التاسعة والاربعون قوله ومن لم يجعل مقابل لقوله يهدى الله لنوره من يشاء۔

اللغات: مبينت من بين بمعنى تبين وفى قراءة مبينات للمفعول المثل القصة العجيبة۔

البلاغة: للمتقين التخصيص باعتبار الانتفاع ۱۲۔

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُسَبِّحُ لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالطَّيْرُ صٰٓفّٰتٍ ۭ كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهٗ وَتَسْبِيْحَهٗ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ۝۴۱ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ۝۴۲ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُزْجِيْ سَحَابًا ثُمَّ يُؤَلِّفُ بَيْنَهٗ ثُمَّ يَجْعَلُهٗ رُكَامًا فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ ۚ وَيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَاۗءِ مِنْ جِبَالٍ فِيْهَا مِنْۢ بَرَدٍ فَيُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ وَيَصْرِفُهٗ عَنْ مَّنْ يَّشَاۗءُ ۭ يَكَادُ سَنَا بَرْقِهٖ يَذْهَبُ بِالْاَبْصَارِ ۝۴۳ يُقَلِّبُ اللّٰهُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّاُولِي الْاَبْصَارِ ۝۴۴ وَاللّٰهُ خَلَقَ كُلَّ دَاۗبَّةٍ مِّنْ مَّاۗءٍ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰي بَطْنِهٖ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰي رِجْلَيْنِ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰٓي اَرْبَعٍ ۭ يَخْلُقُ اللّٰهُ مَا يَشَاۗءُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۴۵

(اے مخاطب) کیا تجھ کو معلوم نہیں ہوا کہ اللہ کی پاکی بیان کرتے ہیں سب جو کچھ کہ آسمانوں میں اور زمین میں (مخلوقات) ہیں اور (بالخصوص) پرند جو پر پھیلائے ہوئے (اڑتے پھرتے) ہیں سب کا اپنی اپنی دعا اور اپنی تسبیح معلوم ہے اور اللہ تعالیٰ کو ان لوگوں کے سب افعال کا پورا علم ہے اور اللہ ہی کو حکومت ہے آسمانوں اور زمین میں اور اللہ ہی کی طرف (سب کو) لوٹ کر جانا ہے۔ کیا تجھ کو یہ بات معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ (ایک بادل کو دوسرے بادل کی طرف) چلتا کرتا ہے (اور) پھر اس بادل (کے مجموعہ) کو باہم ملا دیتا ہے پھر اس کو تہ بتہ کر دیتا ہے پھر تو بارش کو دیکھتا ہے کہ اس (بادل) کے بیچ میں سے نکلتی ہے اور اسی بادل سے یعنی اس کے بڑے بڑے حصوں میں سے اولے برساتا ہے پھر ان کو جس (کی جان پر یا مال پر چاہتا ہے گراتا ہے اور جس سے چاہتا ہے اس کو ہٹا دیتا ہے اور اس بادل کی بجلی کی چمک کی یہ حالت ہے کہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گویا اس نے اب بینائی لی (اور نیز) اللہ تعالیٰ رات اور دن کو (بھی) بدلتا رہتا ہے اس (سب مجموعہ) میں اہل دانش کے لئے استدلال کا موقع ہے اور اللہ تعالیٰ (ہی) نے ہر چلنے والے جاندار کو (بری ہو یا بحری) پانی سے پیدا کیا ہے پھر ان میں بعضے تو وہ جانور ہیں جو اپنے پیٹ کے بل چلتے ہیں اور بعضے ان میں وہ ہیں جو دو پیروں پر چلتے ہیں اور بعضے ان میں وہ ہیں جو چار (پیروں) پر چلتے ہیں اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے بناتا ہے بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے۔

تفسیر: دلائل توحید والوہیت ☆ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ (الی قوله تعالٰی) يَخْلُقُ اللّٰهُ مَا يَشَاۗءُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ (اے مخاطب) کیا تجھ کو (دلائل اور مشاہدہ سے) معلوم نہیں ہوا کہ اللہ کی پاکی بیان کرتے ہیں سب جو کچھ آسمانوں اور زمین میں (مخلوقات) ہیں (خواہ قالاً جو بعض مخلوقات میں مشاہد بھی ہے خواہ حالاً جو کل مخلوقات میں بدلالت عقل معلوم ہے) اور (بالخصوص[1]) پرند (بھی) جو پر پھیلائے ہوئے (اڑتے پھرتے) ہیں (کہ ان کی دلالت علی وجود الصانع اور

www.besturdubooks.net

زیادہ عجیب ہے کہ باوجود ان کے ثقل اجسام کے پھر بین المحیط والمرکز رکے ہوئے ہیں اور) سب[۲] (پرندوں) کو اپنی اپنی دعا[۳] (اور التجاء اللہ سے) اور اپنی تسبیح (وتقدیس کا طریقہ الہام سے) معلوم ہے اور (باوجود ان دلالات کے پھر بھی بعض توحید کو نہیں مانتے تو) اللہ تعالیٰ کو ان لوگوں کے سب افعال کا پورا علم ہے (اس انکار واعراض پر ان کو سزا دے گا) اور اللہ ہی کی حکومت ہے آسمانوں اور زمین میں (اب بھی) اور (انتہا میں بھی چنانچہ) اللہ ہی کی طرف (سب کو) لوٹ کر جانا ہے (اس وقت بھی حاکمانہ تصرف اسی کا ہوگا چنانچہ حکومت کا ایک اثر بیان کیا جاتا ہے وہ یہ کہ اے مخاطب) کیا تجھ کو یہ بات معلوم نہیں کہ (اللہ تعالیٰ ایک) بادل[۴] کو (دوسرے بادل کی طرف) چلنا کرتا ہے (اور) پھر اُس بادل (کے مجموعہ کو) باہم ملا دیتا ہے پھر اُس کو تہ بہ تہ کرتا ہے پھر تو بارش کو دیکھتا ہے کہ اُس (بادل) کے بیچ میں سے نکل (نکل کر آ) تی ہے اور اسی بادل سے یعنی اُس کے بڑے بڑے حصوں میں سے اولے برساتا ہے پھر اُن کو جس (کی جان پر یا مال) پر چاہتا ہے گراتا ہے (کہ اُس کا نقصان ہو جاتا ہے) اور جس سے چاہتا ہے اُس کو ہٹا دیتا ہے (اور اس کے جان و مال کو بچا لیتا ہے اور) اس بادل (میں سے بجلی بھی پیدا ہوتی ہے اور ایسی چمکدار ہے کہ اُس بادل) کی بجلی کی چمک کی یہ حالت ہے کہ ایسا معلوم ہوتا ہے گویا اُس نے اب بینائی لی (سو یہ بھی اُس کے تصرفات سے ہے اور نیز) اللہ تعالیٰ رات اور دن کو (بھی) بدلتا رہتا ہے (سو یہ بھی منجملہ تصرفات میں سے ہے) اس (سب مجموعہ) میں اہل دانش کے لئے استدلال (کا موقع) ہے (جس سے مضمون توحید اور مضمون لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ[۵] پر استدلال کرتے ہیں) اور اللہ (ہی کا یہ تصرف بھی ہے کہ اُس) نے ہر چلنے والے جاندار کو (بری ہو یا بحری) پانی سے پیدا کیا ہے پھر ان (جانوروں) میں بعضے تو وہ (جانور) ہیں جو اپنے پیٹ کے بل چلتے ہیں (جیسے سانپ مچھلی) اور بعضے ان میں وہ ہیں جو دو پیروں پر چلتے ہیں (جیسے انسان اور پرندے جبکہ ہوا میں نہ ہوں) اور بعضے اُن میں وہ ہیں جو چار (پیروں) پر چلتے ہیں (جیسے مواشی اسی طرح بعضے زیادہ پر بھی اصل یہ ہے کہ) اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے بناتا ہے بیشک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پورا قادر ہے (اُس کو کچھ بھی مشکل نہیں)۔ ف: مخلوقات کی تسبیح کی تحقیق پارۂ پانزدہم کے ربع کے قریب آیت وان من شیئ الخ کے ترجمہ اور فائدہ میں ملاحظہ کر لی جاوے اور جانوروں کا دعا کرنا اللہ تعالیٰ سے جس کا ذکر قد علم صلوٰته میں ہے حدیثوں میں وارد ہے مثلاً عالم باعمل کے لئے دعا کرنا۔ ایک نبی کے قصے میں آیا ہے کہ انہوں نے ایک چیونٹی کو بارش کی دعا کرتے ہوئے دیکھا تھا اور يُنَزِّلُ مِنَ السَّمَآءِ[۶] میں سماء بمعنی سحاب ہے اور اس کے بڑے بڑے حصوں کو جبال فرما دیا چنانچہ محاورہ ہے کہ فلاں شخص کے پاس سونے کا پہاڑ ہے اور روح میں ابن مقبل کا شعر منقول ہے۔ واکثر بیتا شاعر ضربت له۔ بطون جبال الشعر حتی تیسرا۔ اور اولاً جس سحاب سے گرتا ہے اس کا کثیر اور متکاثف ہونا بوجہ غایت برودت کے جو سبب ہے اولاً پیدا ہونے کا ظاہر ہے اور دواب کی تکوین پانی سے پارۂ ہفدہم کے تیسرے رکوع کی آیت وجعلنا من الماء کل شیئ حیّ۔ اور تفسیر میں مفصلاً مذکور ہے۔ رابط: اوپر کی آیتوں میں دلائل توحید والوہیت بیان فرمائے ہیں آگے ان کی تعلیم پر لقد انزلنا میں امتنان عام بوجہ اس کے کہ تنزیل عامہ ناس کے لئے ہے اور ان پر عمل کرنے کی توفیق پر ویهدی الخ میں امتنان خاص فرماتے ہیں بوجہ اس کے خاص ہونے کے اہل اہتداء کے ساتھ جیسا آیت نور سے پہلے والی آیت میں اسی عنوان سے امتنان تھا پس یہ مضمون امتنان کا بعنوان خاص دونوں جگہ مضمون سابق کی تقریر وتاکید اور مضمون لاحق کی تمہید کے طور پر ہوگا چنانچہ اول موقع پر اس کی تقریر ارتباط آیت نور سے یہ امر واضح ہے اور یہاں بھی تاکید کی توجیہ تو تقریر ربط سے معلوم ہوگئی اور توجیہ تمہید آیت مابعد کے ربط سے ظاہر ہوا چاہتی ہے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهٗ وَتَسْبِيْحَهٗ[۷] اگر اس کو حقیقت پر محمول کیا جاوے جیسا کہ ظاہر یہی ہے تو اس سے جمادات وحیوانات کیلئے بھی ادراک اور دعا وتسبیح کا اثبات ہوتا ہے اور اہل کشف اس میں کچھ بھی استبعاد نہیں سمجھتے۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی الطیر بالخصوص اشارة الی توجیه افراد الطیر بالذکر مع دخوله فی من فی السمٰوت والارض المرعی فیه التغلیب۱۲۔ ۲ قوله فی کل قد علم سب پرندوں کو اشارة الی ان المضاف الذی عوض عنه التنوین هو الطیر بقرینة اسناد العلم الیه لان وجوده فی الجمادات غیر ظاهر وان کان واقعا والمناسب الاستدلال بما هو ظاهر۱۲۔ ۳ قوله فی صلٰوته دعا اشارة الی ارادة المعنی اللغوی۔ ۴ قوله بادل سے یعنی الخ اشارة الی ان من الثانیة بدل من الاولٰی وهی للابتداء واشارة الی کون الثالثة زائدة حیث لم یترجمها۱۲۔

اللغات: قوله صفت فی القاموس بسط الطائر جناحیه۱۲ قوله الودق الطرد البرد حب الغمام کذا فی القاموس۱۲ دابة التاء فیه للنقل الی الاسمیة لاللتانیث۱۲۔

البلاغۃ: قوله یؤلف بینه اضاف من الی السحاب ولم یذکر معه غیره وبین لا تکون مضافة الی جماعة او النین لان السحاب فی معنی جمع واحده سحابة کما فی الطبری۱۲۔

لَقَدْ اَنْزَلْنَآ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ ؕ وَاللّٰهُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ وَيَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالرَّسُوْلِ وَاَطَعْنَا ثُمَّ يَتَوَلّٰى

www.besturdubooks.net

فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ؕ وَمَآ اُولٰٓئِكَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۷﴾ وَاِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ
مُّعْرِضُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَاِنْ يَّكُنْ لَّهُمُ الْحَقُّ يَاْتُوْٓا اِلَيْهِ مُذْعِنِيْنَ ﴿۴۹﴾ اَفِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ اَمِ ارْتَابُوْٓا اَمْ يَخَافُوْنَ اَنْ
يَّحِيْفَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَرَسُوْلُهٗ ؕ بَلْ اُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۵۰﴾ اِنَّمَا كَانَ قَوْلَ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ع ۱۲
لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ اَنْ يَّقُوْلُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۵۱﴾ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَخْشَ اللّٰهَ وَيَتَّقْهِ
فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ اَمَرْتَهُمْ لَيَخْرُجُنَّ ؕ قُلْ لَّا تُقْسِمُوْا ۚ طَاعَةٌ مَّعْرُوْفَةٌ ؕ اِنَّ
اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۵۳﴾ قُلْ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْهِ مَا حُمِّلَ وَعَلَيْكُمْ مَّا حُمِّلْتُمْ ؕ
وَاِنْ تُطِيْعُوْهُ تَهْتَدُوْا ؕ وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۵۴﴾

ہم نے (حق کے) سمجھانے والے دلائل نازل فرمائے ہیں اور (ان عام میں سے) جس کو اللہ تعالیٰ چاہتا ہے راہ راست کی طرف ہدایت فرماتا ہے اور (یہ منافق) لوگ (زبان سے) دعویٰ کرتے ہیں کہ ہم اللہ پر اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان لے آئے اور حکم مانا پھر اس کے بعد (موقع ظہور صدق دعویٰ پر) ان میں کا ایک گروہ سرتابی کرتا ہے اور یہ لوگ (دل میں) اصلاً ایمان نہیں رکھتے ہیں اور یہ لوگ جب اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی طرف اس غرض سے بلائے جاتے ہیں کہ رسول ان کے (اور ان کے خصوم کے) درمیان فیصلہ کردیں تو ان میں کا ایک گروہ پہلوتہی کرتا ہے اور اگر ان کا حق (کسی کی طرف واجب) ہو تو سر تسلیم خم کئے ہوئے آپ کے پاس چلے آتے ہیں آیا ان کے دلوں میں (کفر جازم کا) مرض ہے یا یہ (نبوت کی طرف سے) شک میں پڑے ہیں یا ان کو یہ اندیشہ ہے کہ اللہ اور اس کا رسول ﷺ ان پر ظلم نہ کرنے لگیں (سو ان میں سے کوئی سبب) نہیں ہے بلکہ (اصلی سبب یہ ہے) کہ یہ لوگ برسر ظلم (ہوتے ہیں) مسلمانوں کا قول تو جبکہ ان کو (کسی مقدمہ میں) اللہ کی اور اس کے رسول کی طرف بلایا جاتا ہے تاکہ ان کے درمیان میں فیصلہ کردیں یہ ہے کہ وہ (بطیب خاطر) کہتے ہیں کہ ہم نے سن لیا اور مان لیا اور ایسے لوگ (آخرت میں فلاں پائیں گے اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول ﷺ کا کہا مانے اور اللہ سے ڈرے اور اس کی مخالفت سے بچے بس ایسے لوگ بامراد ہوں گے۔ اور وہ لوگ بڑا زور لگا کر قسمیں کھایا کرتے ہیں کہ واللہ (ہم ایسے فرمانبردار ہیں کہ) اگر آپ ان کو (یعنی) ہم کو حکم دیں تو وہ ابھی نکل کھڑے ہوں (آپ ان سے) کہہ دیجئے کہ بس قسمیں نہ کھاؤ (تمہاری) فرمانبرداری (کی حقیقت) معلوم ہے (کیونکہ) اللہ تعالیٰ تمہارے اعمال کی پوری خبر رکھتا ہے آپ کہئے کہ اللہ کی اطاعت کرو اور رسول ﷺ کی اطاعت کرو پھر اگر تم لوگ اطاعت سے) روگردانی کرو گے تو سمجھ رکھو کہ رسول ﷺ کے ذمہ وہی (تبلیغ) ہے جس کا ان پر بار رکھا گیا ہے اور تمہارے ذمہ وہ ہے جس کا تم پر بار رکھا گیا ہے اور اگر تم نے ان کی اطاعت کرلی تو راہ پر جا لگو گے اور (بہرحال) رسول ﷺ کے ذمہ صرف صاف طور پر پہنچا دینا ہے۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ سے بعض علماً وعملاً مہتدی اور بعض کا غیر مہتدی ہونا اجمالاً مذکور ہے آگے مہتدین وغیر مہتدین کے بیان حال سے اس کی تفصیل ہے۔

امتنان بتنزیل علم وتوفیق عمل ☆ لَقَدْ اَنْزَلْنَآ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ ؕ وَاللّٰهُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۴۶﴾ ہم نے (حق کے) سمجھانے والے دلائل (ہدایت عام کے لئے) نازل فرمائے ہیں اور (ان عام میں سے) جس کو اللہ چاہتا ہے راہ راست کی طرف (خاص) ہدایت فرماتا ہے (کہ وہ الوہیت کے حقوق علمیہ یعنی عقائد صحیحہ اور حقوق عملیہ یعنی طاعت کو بجالاتا ہے ورنہ بہت سے محروم ہی رہتے ہیں)۔

بیان بعضے از مہتدین وغیر مہتدین ☆ وَيَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالرَّسُوْلِ وَاَطَعْنَا ثُمَّ يَتَوَلّٰى فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ (الی قولہ تعالیٰ) وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۵۴﴾ اور یہ منافق لوگ (زبان سے) دعویٰ تو کرتے ہیں کہ ہم اللہ پر اور رسول پر ایمان لے آئے اور (خدا اور رسول کا) حکم (دل سے) مانا پھر اس کے بعد (موقع ظہور صدق دعویٰ پر) ان میں کا ایک گروہ (جو) بہت زیادہ شریر ہے خدا اور رسول کے حکم سے) سرتابی کرتا ہے (مراد اس موقع سے وہ صورت مراد ہے کہ جب ان کے ذمہ کسی کا حق چاہتا ہو اور صاحب حق اس منافق سے درخواست کرے کہ چلو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس مقدمہ لے چلیں اس موقع پر یہ سرتابی کرتے ہیں کیونکہ جانتے ہیں کہ آپ کے اجلاس میں جب حق محقق ہو جاوے گا تو اسی کے موافق آپ فیصلہ کریں گے جیسا عنقریب آیت وَاِذَا دُعُوْٓا میں اس موقع کا یہی بیان آتا ہے اور تخصیص ایک فریق کی باوجودیکہ تمام منافقین ایسے ہی تھے اسی لئے ہے کہ غریب غرباء کو باوجود کراہت قلبی کے

www.besturdubooks.net

اظہار اباء کی جرأت و ہمت نہیں ہوا کرتی یہ کام فریق اہل وجاہت ہی سے ہوسکتا ہے) اور یہ لوگ اصلاً ایمان نہیں رکھتے (یعنی دل میں تو کسی منافق کے ایمان نہیں مگر ان کا تو وہ ظاہری ملمع ایمان بھی نہ رہا جیسا اس آیت میں ہے: وَلَقَدْ قَالُوْا كَلِمَةَ الْكُفْرِ وَكَفَرُوْا بَعْدَ اِسْلَامِهِمْ [التوبة : ٧٤] اور اس آیت میں ہے: قَدْ كَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ [التوبة : ٦٦] اور (بیان اس سرتابی کا یہ ہے کہ) یہ لوگ جب اللہ اور اس کے رسول کی طرف اس غرض سے بلائے جاتے ہیں کہ رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) ان کے (اور ان کے خصوم کے) درمیان میں فیصلہ کردیں تو ان میں کا ایک گروہ (وہاں حاضر ہونے سے) پہلوتہی کرتا ہے (اور ٹالتا ہے اور یہ بلانا رسول ہی کی طرف ہے مگر چونکہ آپ کا فیصلہ موافق حکم خداوندی ہوتا ہے اس لئے الی اللہ بڑھا دیا غرض جب ان کے ذمہ کسی کا حق چاہتا ہے تب تو ان کی یہ حالت ہوتی ہے) اور اگر (اتفاق سے) ان کا حق (کسی کی طرف واجب) ہو تو سر تسلیم خم کئے ہوئے (بے تکلف) آپ کے پاس چلے آتے ہیں (کیونکہ اطمینان ہوتا ہے کہ وہاں حق رسی ہوگی آگے بطور تردید کے اس اعراض کے اسباب کی چند شقوں کی نفی ہے) آیا (اس کا سبب یہ ہے کہ) ان کے دلوں میں (کفر جازم کا) مرض ہے (کہ یقیناً نفی نبوت کا اعتقاد رکھتے ہیں) یا یہ (نبوت کی طرف سے) شک میں پڑے ہیں (کہ سبب کفر کا عدم جزم ہے جیسا پہلی شق میں کفر کا سبب جزم عدم تھا اور کفر کے طرق کا مختلف ہونا کچھ بعید نہیں ہے) یا ان کو یہ اندیشہ ہے کہ اللہ اور اس کا رسول ان پر ظلم نہ کرنے لگیں (اور ان کے ذمہ جو حق ہے اس سے زائد دلا دیں سو ان اسباب میں سے کوئی سبب) نہیں (ہے) بلکہ (اصلی سبب یہ ہے کہ) یہ لوگ (ان مقدمات میں) بر سر ظلم (ہوتے) ہیں (اس لئے حضور نبوی میں مقدمہ لانا پسند نہیں کرتے کہ ہم ہار جائیں گے اور باقی اسباب سابقہ منتفی سو ہر چند کہ ان کے قلوب میں کفر اور ریب یقیناً تھا لیکن مقدمہ نہ لانے کا سبب اس لئے نہیں ہوسکتا کہ اگر یہ سبب ہوتا تو چاہئے تھا کہ جب یہ صاحب حق ہوتے جب بھی مقدمہ نہ لاتے لعموم المعلول لعموم العلۃ اور خوف حیف ہونا ظاہر ہے کہ بالکل ہی منتفی ہے کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا صدق و امانت و عدل مخالفین کے نزدیک بھی مسلم تھا سو شقین اولین میں وصف مرض و ریب کی ذات منفی نہیں بلکہ اس کی سببیت منفی ہے اور شق ثالث میں خود ذات خوف کی منفی ہے اور ظالمیت کا سبب ہونا ظاہر ہے اسی لئے مظلومیت کے وقت مقدمہ لے آتے ہیں آگے مؤمنین کا قال اور حال مذکور ہے جس میں ان پر بھی تعریض ہے کہ مقتضا وعدہ ایمان کا یہ تھا جو مؤمنین سے ظاہر ہوا پس ارشاد ہے کہ) مسلمانوں (کی شان اور ان) کا قول تو جب کہ ان کو (کسی مقدمہ میں) اللہ کی اور اس کے رسول کی طرف بلایا جاتا ہے یہ ہے کہ وہ (خوشی خوشی) کہہ دیتے ہیں کہ ہم نے (تمہارا کلام) سن لیا اور (اس کو) مان لیا (اور پھر فوراً چلے جاتے ہیں یہ ہے علامت اس کی کہ ایسوں کا امنا اور اطعنا کہنا دنیا میں بھی صادق ہے) اور ایسے (ہی) لوگ (آخرت میں بھی) فلاح پائیں گے اور (ہمارے یہاں کا تو قاعدہ کلیہ ہے کہ) جو شخص اللہ اور اس کے رسول کا کہنا مانے اور اللہ سے ڈرے اور اس کی مخالفت سے بچے بس ایسے لوگ بامراد ہوں گے اور (نیز ان منافقین کی یہ حالت ہے کہ) وہ لوگ بڑا زور لگا کر قسمیں کھایا کرتے ہیں کہ واللہ (ہم ایسے فرمانبردار ہیں کہ) اگر آپ ان کو (یعنی ہم کو) حکم دیں (کہ گھر بار سب چھوڑ دو) تو وہ (یعنی ہم) ابھی (سب چھوڑ چھاڑ) نکل کھڑے ہوں آپ ان سے) کہہ دیجئے کہ بس قسمیں نہ کھاؤ (تمہاری) فرمانبرداری (کی حقیقت) معلوم ہے (کیونکہ اللہ تعالیٰ تمہارے اعمال کی پوری خبر رکھتا ہے (اور اس نے مجھ کو بتلا دیا کقولہ تعالیٰ: قُلْ لَّا تَعْتَذِرُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ لَكُمْ قَدْ نَبَّاَنَا اللّٰهُ مِنْ اَخْبَارِكُمْ [التوبة : ٩٤] اور) آپ (ان سے) کہئے کہ (باتیں بنانے سے کام نہیں چلتا کام کرو یعنی) اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو (آگے اللہ تعالیٰ اہتمام شان مضمون کے واسطے خود ان لوگوں کو خطاب فرماتا ہے کہ رسول کے اس کہنے کے اور تبلیغ کے بعد) پھر اگر تم لوگ (اطاعت سے) روگردانی کرو گے تو سمجھ رکھو کہ (رسول کا کوئی ضرر نہیں کیونکہ) رسول کے ذمہ وہی تبلیغ (کا کام) ہے جس کا ان پر بار رکھا گیا ہے (جس کو وہ کر چکے اور سبکدوش ہوگئے) اور تمہارے ذمہ وہ (اطاعت کا کام) ہے جس کا تم پر بار رکھا گیا ہے (جس کو تم نہیں بجالائے پس تمہارا ہی ضرر ہوگا) اور اگر (روگردانی نہ کی بلکہ) تم نے ان کی اطاعت کرلی (جو عین اطاعت اللہ ہی کی ہے) تو راہ پر جا لگو گے اور (بہرحال) رسول کے ذمہ صرف صاف طور پر پہنچا دینا ہے (آگے تم سے باز پرس ہوگی کہ قبول کیا یا نہیں)۔ **ف**: لیخرجن کے دو مطلب ہوسکتے ہیں خروج عن الاموال اور خروج للجہاد درمنثور میں اول قول ابن عباسؓ سے اور ثانی مقاتل سے نقل کیا ہے۔

ترجمہ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ: وَيَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ الخ اس میں ان لوگوں کے حال کی طرف بھی اشارہ ہے جو دل سے مشائخ پر انکار کرتے ہیں اور زبان سے باتیں بناتے ہیں۔ قولہ تعالیٰ: فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْهِ مَا حُمِّلَ الخ اس میں دلالت ہے اس پر کہ جو شخص خود اعراض کرے شیخ کو اس کے درپے ہونا مناسب نہیں اس کا کام صرف تبلیغ کردینا تھا۔ قولہ تعالیٰ: وَاِنْ تُطِيْعُوْهُ تَهْتَدُوْا روح میں ہے کہ اس میں اشارہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت سے کشف حقائق ہوتا ہے جو حاصل ہے اہتداء کا ۱۲۔

ملحقات الترجمہ: ۱ قوله فی مبینات حق کے اشارۃ الی تقدیر معمول لمبینات کما هو ظاهر ۱۲۔ ۲ قوله فی یتولی حکم سے اشارۃ الی تقدیر معمول یتولی ۱۲۔ ۳ قوله فی ما اولئك اصلاً اشارۃ الی ان الاشارۃ الی الفریق وتخصیصهم للتوغل کما اوضحه بعد ۱۲۔ ۴ قوله

www.besturdubooks.net

فی لیحکم بینهم اوران کےخصوم اشارة الی التقدیر لان بین یضاف الی المتعدد۱۲۔۵ قوله فی توضیح معرضون الی الله بڑھادیا اشارة الی ان الدعاء انما هو الی الرسول ظاهرا وزید ذکر الله للتفخیم۱۲۔۶ قوله آپ کے پاس الخ اشار به الی ان صلة یاتوا کما استظهره صاحب الروح وقال جار الله والاحسن ان یتصل بمذعنین لیفید الاختصاص ان لا یتحاکمون اذا عرفوا ان الحق لهم الا الی الرسول مسرعین فی طاعته کما فی النیسابوری۱۲۔۷ قوله فی سمعنا واطعنا تمہارا کلام الخ اشارة الی ان معنی اطعنا هذا غیر اطعنا السابق۱۲۔۸ قوله فی واقسموا نیز اشارة الی ان فیه من البدائع عودا علی بدء۱۲۔۹ قوله فی لیخرجن وہ یعنی ہم اشارة الی انه حکایة بالمعنی۱۲۔۱۰ قوله فی فان تولوا سمجھ رکھو اشارة الی تقدیر الجزاء ای اعلموا۱۲۔۱۱ قوله فی ان تطیعوه عین اطاعت اللہ کی اشارة الی وجه الاکتفاء علی بعض ما کان قبل فی قوله اطیعوا الله واطیعوا الرسول۱۲۔۱۲ قوله فی وما علی الرسول بہرحال اشارة الی ان المقصود به التلخیص فلا تکرار۱۲۔

اِختلافُ القراءة: فی قراءة یتقه بکسر القاف وکسر الهاء من غیر اشباع وفی قراءة بکسر القاف وسکون الهاء وقرأ حفص بسکون القاف وکسر الهاء غیر مشبعة بعضهم بکسر القاف وکسر الهاء وشبعة بحیث یتولدیاء ووجه ان الاصل فی هاء الضمیر اذا کان ما قبلها متحرکان ان تشبع حرکتها کما فی یوته ویؤده ووجه عدم الاشباع ان ما قبل الضمیر ساکن تقدیرا ولا اشباع بحرکته فیما اذا اسکن ما قبله کفیه ومنه ووجه اسکان الهاء انها هاء السکت وهی تسکن فی کلامهم وقیل هی هاء الضمیر لکن اجریت مجری هاء السکت فسکنت وکثیرا ما یجری الوصل مجری الوقف ووجه قراءة حفص انه اعطی یتقه حکم کتف لکونه علی وزنه فخفف بسکون وسطه بجعله ککلمة واحدة کما خفف یلد فی قوله وذی ولد لم یلد ابو ان وعن ابن الانباری انه لغة لبعض العرب فی کل معتل حذف آخره فیقولون لم ارزیدا یسقطون الحرف للجزم ثم یسکنون ما قبل وعلی ذلك قوله ع ومن یتق فان الله معه۔ والهاء ضمیر وکان القیاس ضمها حینئذ کما فی منه لکن السکون لعروضه لم یعتد به ولثلا ینتقل من کسر بضم تقدیرا من الروح۱۲۔

اَلنَّحْوُ: قوله طاعة معروفة فی الروح خبر مبتدا محذوف ای طاعتکم طاعة معروفة بانها واقعة باللسان فقط من غیر مواطاة من القلب لا یجهلها احد من الناس آ۱۲۔

اَلبَلَاغَةُ: قوله من ماء التنکیر فی ماء للتنویع ای خلق کل دابة من نوع من الماء مختص بتلك الدابة کما فی النیسابوری والتعریف فی قوله تعالٰی وجعلنا من الماء کل شیء حیّ اما للعهد کما اخترته هنالك واما للجنس کما قال النیسابوری قوله فمنهم الخ فیه تغلیب العقلاء ورتبت لتقدیم ما هو الاعرف فی القدرة۱۲۔ قوله ثم یتولی للاستبعاد۱۲ لا تقسموا ای علیه ففیه ایجاز۱۲۔

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَیَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِی الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۪ وَلَیُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِیْنَهُمُ الَّذِی ارْتَضٰى لَهُمْ وَلَیُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا ؕ یَعْبُدُوْنَنِیْ لَا یُشْرِكُوْنَ بِیْ شَیْـًٔا ؕ وَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۵۵﴾ وَاَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۵۶﴾ لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا مُعْجِزِیْنَ فِی الْاَرْضِ ۚ وَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ؕ وَلَبِئْسَ الْمَصِیْرُ ﴿۵۷﴾ ع ۷ ۱۳

(اے مجموعہ امت) تم میں جو لوگ ایمان لائیں اور نیک عمل کریں ان سے اللہ تعالیٰ وعدہ فرماتا ہے کہ ان کو (اس) اتباع کی برکت سے زمین میں حکومت عطا فرمائے جیسا ان سے پہلے (اہل ہدایت) لوگوں کو حکومت دی تھی اور جس دین کو (اللہ تعالیٰ نے) ان کے لئے پسند فرمایا ہے (یعنی اسلام اس کو ان کے (نفع آخرت کے) لئے قوت دے گا اور ان کے اس خوف کے بعد اس کو مبدل بامن کردے گا بشرطیکہ میری عبادت کرتے رہیں (اور) میرے ساتھ کسی قسم کا شرک نہ کریں اور جو شخص بعد (ظہور) اس (وعدہ) کے ناشکری کرے گا تو یہ لوگ بے حکم ہیں اور (اے مسلمانو) نماز کی پابندی رکھو اور زکوٰۃ دیا کرو اور (باقی احکام میں بھی) رسول ﷺ کی اطاعت کیا کرو تاکہ تم پر (کامل) رحم کیا جائے (اے مخاطب) کافروں کی نسبت خیال مت کرنا (کہ ہمارے قہر سے بچنے کے لئے) زمین (کے کسی حصہ) میں (بھاگ کر ہم کو) ہرا دیں گے اور (آخرت میں) ان کا ٹھکانہ دوزخ ہے اور بہت ہی برا ٹھکانا ہے۔

تفسیر ربط: اوپر اتباع ہدایت پر مدح اور اتباع ضلالت پر مذمت مذکور تھی آگے ہدایت اور ضلالت پر بعضے وعدے اور وعیدیں متعلق دنیا اور آخرت کے اور

www.besturdubooks.net

درمیان میں ثبات علی الہدایت کے لئے بعض اوامر مذکور ہیں۔

ترتب بعضے مواعید دنیا وآخرت براطاعت ومعصیت ☆ وَعَدَاللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ (الی قولہ تعالیٰ) وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ (اے مجموعہ امت) تم میں جو لوگ ایمان لائیں اور نیک عمل کریں (یعنی ہدایت کا کامل اتباع کریں) ان سے اللہ تعالیٰ وعدہ فرماتا ہے کہ ان کو (اس اتباع کی برکت سے) زمین میں حکومت عطا فرمادے گا جیسا ان سے پہلے (اہل ہدایت) لوگوں کو حکومت دی تھی (مثلاً بنی اسرائیل کو قبطیوں پر غالب کیا پھر عمالقہ پر غلبہ دیا اور مصر وشام کی حکومت دی) اور (مقصود اس حکومت دینے سے یہ ہوگا کہ) جس دین کو (اللہ تعالیٰ نے) ان کے لئے پسند کیا ہے (یعنی اسلام لقولہ تعالیٰ ورضیت لکم الاسلام دینا) اس کو ان کے (نفع آخرت کے) لئے قوت دے گا اور (ان کو جو دشمنوں سے طبعی خوف ہے) ان کے اس خوف کے بعد اس کو مبدل بامن کر دے گا بشرطیکہ میری عبادت (موافق امر کے) کرتے رہیں (اور) میرے ساتھ کسی قسم کا شرک نہ کریں (نہ جلی نہ خفی جس کو ریاء کہتے ہیں یعنی وعدہ مقید ہے کمال ثبات فی الدین کے ساتھ اور یہ وعدہ تو دنیا میں ہے اور آخرت میں ایمان وعمل صالح پر جو ثمرہ مرتب وموعود ہے وہ جدا رہا) اور جو شخص بعد (ظہور) اس (وعدہ) کے ناشکری کرے گا (یعنی دین کے خلاف طریقہ اختیار کرے گا اور قید بعد کی اس لئے ہے کہ اس وقت کا کفر وفسق زیادہ اشد ہے کہ صدق آیات کا اس وقت اظہر ہو گیا ورنہ اصل مدار حکم فسق ووعید کا صرف کفر ہے غرض جو ایسا کرے گا) تو (ایسے شخص کے لئے وعدہ استخلاف بالطریق المذکور کا نہیں کیونکہ) یہ لوگ بے حکم ہیں (اور وعدہ تھا حکم برداروں کے لئے جیسا اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ونیز يَعْبُدُوْنَنِيْ لَا يُشْرِكُوْنَ بِيْ اس پر دال ہے بس ان سے دنیا میں یہ بھی وعدہ نہیں اور آخرت میں جو فسق پر وعید ہے وہ جدا رہی غرض اتباع ہدایت ایسی چیز ہے جس سے دارین میں معیت الٰہی ہوتی ہے اتباع ضلالت وہ چیز ہے جس سے دارین میں خذلان ہوتا ہے) اور (اے مسلمانوں جب تم نے ایمان وعمل صالح کے ثمرات سن لئے تو تم کو چاہئے کہ خوب) نماز کی پابندی رکھو اور زکوٰۃ دیا کرو اور (باقی احکام میں بھی) رسول (ﷺ) کی اطاعت کیا کرو تاکہ تم پر (کامل) رحم کیا جائے (جس کا کچھ ثمرہ اوپر وَعَدَاللّٰهُ ..... میں بھی بیان ہوا ہے آگے کفر ومعصیت کا ثمرہ مذکور ہوتا ہے یعنی اے مخاطب) کافروں کی نسبت یہ خیال مت کرنا کہ زمین (کے کسی حصہ) میں (بھاگ جاویں گے اور ہم کو) ہرا دیں گے (اور ہمارے قہر سے بچ جائیں گے نہیں بلکہ خود ہاریں گے مقہور ومغلوب ہوں گے یہ ثمرہ تو دنیا میں ہے) اور (آخرت میں) ان کا ٹھکانا دوزخ ہے اور بہت ہی برا ٹھکانا ہے۔ فائدہ: اس آیت میں مجموعہ امت سے وعدہ ہے ایمان وعمل صالح پر حکومت دینے کا جس کا ظہور خود عہد نبوی سے شروع ہو کر خلافت راشدہ تک متصلاً ممتد رہا چنانچہ جزیرہ عرب آپ کے زمانہ میں اور دیگر ممالک زمانہ خلفائے راشدین میں فتح ہو گئے اور بعد میں بھی وقتاً فوقتاً گو اتصال نہ ہو دوسرے صلحاء ملوک وخلفاء کے حق میں اس وعدہ کا ظہور ہوتا رہا اور آئندہ بھی ہوتا رہے گا جیسا دوسری آیات میں ہے : اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْغٰلِبُوْنَ [المائدۃ : ٥٦] ونحوہ اور اس وعدہ کا حاصل مجموعہ ایمان وعمل صالح وعبادت خالصہ پر مجموعہ استخلاف وتمکین دین وتبدیل خوف بالامن کا مرتب ہونا ہے اور سیاق سے اس مرتب کا اختصاص بھی اس مرتب علیہ کے ساتھ معلوم ہوتا ہے پس فساق یا کفار کو احیاناً حکومت وسلطنت مل جانا محل اشکال نہیں کیونکہ وہاں مجموعہ مرتب نہیں ہوتا چنانچہ حکام فساق کے ہاتھوں دین کی کامل تمکین نہیں ہوئی ایک بوجہ قلت تائید من اللہ کے دوسرے خود فعل ملوک کا بھی خاص اثر ہوتا ہے پس جب خود ثبات کم ہے تو اس سے تثبیت بھی کم ہوگی گو حسب حدیث ان اللہ لیؤید ھذا الدین بالرجل الفاجر من وجہ دین کی خدمت ان کے ہاتھ سے ہو جاوے اور اس اختصاص سے خلفائے راشدین کی مدح وصحت خلافت بھی صاف ظاہر ہے کیونکہ ان کے وقت میں دین کی تمکین کا کمال اظہر من الشمس ہے اور ثبوت اختصاص سے یہ وسوسہ بھی دفع ہو گیا آیت سے ایمان کامل کا ملزوم اور استخلاف مذکور کا لازم ہونا مفہوم ہوتا ہے اور وجود لازم مستلزم نہیں ہوتا وجود ملزوم کو پھر مدح کیونکر ثابت ہوئی۔ وجہ دفع ظاہر ہے کہ یہ لازم خاص ہے اور وہ ملزوم بھی خاص ہوتا ہے اور اگر شبہ ہو کہ ایمان وعمل صالح سے بھی احیاناً استخلاف متخلف ہوتا ہے جواب اس کا یہ ہے کہ یہاں بیان سے اقتضاء کا اور تخلف لملا بتلاء مناقص اقتضاء نہیں اور اس اقتضاء کی شرط عادی ظاہری مقابلہ بھی ہے۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ وَعَدَاللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا الخ یہی حال ہے خلافت باطنی کا یعنی منصب ارشاد ملک القلوب کا کہ وہ ایمان کامل وعمل کامل سے ہوتی ہے۔

ملحقات التوجمۃ: ۱ قولہ قبل وعد ای مجموعۂ امت ولا یشکل سبب النزول وھو ما فی الدر عن البراء قال فینا نزلت ونحن فی خوف شدید وعن ابی العالیۃ قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم واصحابہ یدعون الی اللہ وھم خائفون لا یؤمرون بالقتال حتی امروا بالھجرۃ فامرھم اللہ بالقتال کانوا بھا خائفین یمسون فی اصلاح ویصبحون فی السلاح ثم ان رجلا من اصحابہ قال یا رسول اللہ ابد الدھر نحن خائفون ھکذا فانزل اللہ وعد اللہ الخ فاظھر اللہ نبیہ علی جزیرۃ العرب فامنوا ووضعوا السلاح ثم فی امارۃ ابی بکر وعمر وعثمان حتی وقعوا فیما وقعوا وکفروا النعمۃ فادخل اللہ علیھم الخوف مختصرا فان الظاھر منہ اختصاص الخطاب

www.besturdubooks.net

بالحاضرين لان العبرة لعموم الالفاظ لا لخصوص السبب۱۲۔ ۲ قوله فی خوفهم طبعی فلا يرد ان المؤمن الكامل لا يخاف الا الله تعالٰی۱۲۔ ۳ قوله فی يعبدوننی بشرطیکہ اشارة الی كونه حالا كما فی المدارك۱۲۔ ۴ قوله شيئا کسی قسم اشارة الٰی كونه مفعولا مطلقا ای شيئا من الاشراك كذا فی الروح۱۲۔ ۵ قوله فی كفر ناشكری كذا فی الخازن۱۲۔

اللغات: فی الروح التمكين فی الاصل جعل الشئ فی مكان ثم استعمل فی لازمه وهو التثبيت والمعنی ليجعلن دينهم ثابتا مقررا بان يعلی سبحانه شانه ويقوی بتائيده تعالٰی اركانه ويعظم اهله فی نفوس اعدائهم۱۲۔

النحو: قوله ليستخلفنهم فی الروح اللام واقعة فی جواب القسم المحذوف ومفعول وعد الثانی محذوف دل عليه الجواب ای وعد الله الذين آمنوا استخلافهم واقسم ليستخلفنهم ويجوز ان ينزل وعده تعالٰی لتحقق انجازه لا محالة منزلة القسم واليه ذهب الزجاج ويكون ليستخلفنهم منزلة المفعول فلا حذف آه۔ قوله يعبدوننی حال من ضمير المفعول فی ليبدلنهم واليه اشير فی الترجمة فافهم۱۲۔

البلاغة: قوله وعد الله الخ فی الروح فی الآية تنويع الخطاب حيث خاطب سبحانه المقسمين علی تقدير التولی ثم صرفه تعالٰی عنهم الی المؤمنين التائبين قوله وليمكنن فی الروح تاخيره عن الاستخلاف مع كونه اجل الرغائب الموعودة لما انه كالاثر للاستخلاف المذكور۱۲۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِيَسْتَاْذِنْكُمُ الَّذِيْنَ مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ وَالَّذِيْنَ لَمْ يَبْلُغُوا الْحُلُمَ مِنْكُمْ ثَلٰثَ مَرّٰتٍ ؕ مِنْ قَبْلِ صَلٰوةِ الْفَجْرِ وَحِيْنَ تَضَعُوْنَ ثِيَابَكُمْ مِّنَ الظَّهِيْرَةِ وَمِنْۢ بَعْدِ صَلٰوةِ الْعِشَآءِ ؕ ثَلٰثُ عَوْرٰتٍ لَّكُمْ ؕ لَيْسَ عَلَيْكُمْ وَلَا عَلَيْهِمْ جُنَاحٌۢ بَعْدَهُنَّ ؕ طَوّٰفُوْنَ عَلَيْكُمْ بَعْضُكُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۵۸﴾ وَاِذَا بَلَغَ الْاَطْفَالُ مِنْكُمُ الْحُلُمَ فَلْيَسْتَاْذِنُوْا كَمَا اسْتَاْذَنَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۵۹﴾ وَالْقَوَاعِدُ مِنَ النِّسَآءِ الّٰتِيْ لَا يَرْجُوْنَ نِكَاحًا فَلَيْسَ عَلَيْهِنَّ جُنَاحٌ اَنْ يَّضَعْنَ ثِيَابَهُنَّ غَيْرَ مُتَبَرِّجٰتٍۭ بِزِيْنَةٍ ؕ وَاَنْ يَّسْتَعْفِفْنَ خَيْرٌ لَّهُنَّ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۶۰﴾

اے ایمان والو (تمہارے پاس آنے کے لئے) تمہارے مملوکوں کو اور تم میں جو حد بلوغ کو نہیں پہنچے ان کو تین وقتوں میں اجازت لینا چاہئے (ایک تو) نماز صبح سے پہلے اور (دوسرے) جب (سونے لیٹنے کے لئے) دوپہر کو اپنے (بعض) کپڑے اتار دیا کرتے ہو اور (تیسرے) نماز عشار کے بعد یہ تین وقت تمہارے پردوں کے (وقت) (اور) ان اوقات کے سوا نہ تم پر کوئی الزام ہے اور (بلا اجازت چلے آنے میں) ان پر کچھ الزام ہے (کیونکہ) وہ بکثرت تمہارے پاس آتے جاتے رہتے ہیں کوئی کسی کے پاس اور کوئی کسی کے پاس اسی طرح اللہ تم سے (اپنے) احکام صاف صاف بیان کرتا ہے اور اللہ تعالٰی جاننے والا حکمت والا ہے اور جس وقت تم میں کے وہ لڑکے (جن کا حکم اوپر آیا ہے) حد بلوغ کو پہنچیں تو ان کو بھی اسی طرح اجازت لینا چاہئے جیسا کہ ان سے اگلے (یعنی ان سے بڑی عمر کے) لوگ اجازت لیتے ہیں اسی طرح اللہ تعالٰی تم سے اپنے احکام صاف صاف بیان کرتا ہے اور اللہ تعالٰی جاننے والا حکمت والا ہے اور بڑی بوڑھی عورتیں جن کو (کسی کے) نکاح (میں آنے) کی کچھ امید نہ رہی ہو انکو (البتہ) اس بات میں کوئی گناہ نہیں کہ وہ اپنے (زائد) کپڑے اتار رکھیں بشرطیکہ زینت (کے مواقع) کا اظہار نہ کریں اور (ہر چند کہ بڑی بوڑھیوں کو منہ کھولنے کی اجازت ہے لیکن اگر) اس سے بھی احتیاط رکھیں تو ان کے لئے اور زیادہ بہتر ہے اور اللہ تعالٰی (سب کچھ) سنتا ہے (سب کچھ) جانتا ہے۔ ۞

تفسیر ربط: اوپر شروع سورت سے رکوع چہارم تک کچھ احکام عملیہ بیان کئے گئے تھے کچھ احکام آگے آتے ہیں۔

حکم یازدہم استیذان وحکم دوازدہم مبالغہ در تستر تتمہ حکم پنجم وششم ☆ اوپر حکم پنجم میں استیذان واستتار کے کچھ احکام مذکور ہوئے ہیں ان سے یہ امور معلوم ہو چکے ہیں۔ اول: علت استیذان ان کی وجوب استتار یا کراہت اظہار ہے دوم: وجوب استتار میں یہ تفصیل ہے کہ عورتوں کو غیر محرم مردوں سے کل بدن کا چھپانا واجب ہے اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا بتفصیل گذشتہ اور محرم مردوں سے مَا ظَهَرَ مِنْهَا کے ساتھ مواقع زینت ساق وعضد وعنق وسر وغیرہ کا جس کی تفصیل گذر چکی نیز اظہار جائز ہے اور بقیہ بدن کا چھپانا واجب جیسے ظہر و بطن وزانو اور ان کے درمیان کے اعضا اور مرد کو زانو سے ناف تک مردوں اور عورتوں سب سے

www.besturdubooks.net

چھپانا واجب ہے۔ سوم: غیر مراہق لڑکا جس کو اَوِالطِّفْلِ الَّذِیْنَ لَمْ یَظْهَرُوْا الخ سے تعبیر فرمایا گیا ہے حکم محارم میں ہے۔ چہارم: مملوکہ کافرہ حکم محارم میں ہے پنجم: وجہ اور کفین ستر نہیں۔ اب جاننا چاہئے کہ باعتبار اختلاف اشخاص واوقات کے مختلف حالتیں اور صورتیں پیدا ہوتی ہیں۔ صورت اول: بعض اشخاص وہ ہیں جو آزاد اور بالغ ہیں اور اس[1] لئے گھروں میں آنے کے لئے ہر بار اجازت لینا کسی حرج کا باعث نہیں ہے صورت دوم: بعض اشخاص وہ ہیں جو گھر والوں کے مملوک ہیں یا ایسے نابالغ جن پر لَمْ یَظْهَرُوْا الخ صادق آتا ہے اور اس مملوک کو بضرورت گھر والوں کے کار وخدمت کرنے کے گھر میں بار بار آنا پڑتا ہے اسی طرح نابالغ طبعی عادت کے موافق گو ضرورت نہ سہی گھر میں بار بار آتا ہے سو ان کے لئے اگر ہر بار اجازت لے کر آنے کا حکم کیا جاوے تو اس میں حرج عظیم اور کلفت ہے اور چونکہ ان کا اکثر آتا رہنا معلوم ہے اس لئے اعضائے مستترہ یا امور مخفیہ کے اظہار سے تحرز[2] بھی آسان ہے صورت سوم: بعض اوقات وہ ہیں جن میں آدمی کبھی قصداً کبھی بلا قصد بے پردہ ہو جاتا ہے جیسے صحبت کا وقت یا سو رہنے کی حالت اور اگر بے پردہ بھی نہ ہو تب بھی بعض ایسے امور مباحہ کا ارتکاب کرتا ہے جس پر کسی کے مطلع ہونے کو گوارا نہیں کرتا جیسے بی بی سے بوس وکنار کا وقت تو اس میں اشخاص مذکورہ صورت دوم کا بلا اجازت چلا آنا محل استتار یا محتمل اظہار کسی امر ناگوار کا ہے اور اشتراط استیذ ان میں خاص ایسے اوقات کے اعتبار سے حرج وکلفت مذکورہ صورت دوم بھی نہیں ہے پس ان صورتوں میں سے صورت اول کا تو حکم پنجم میں صراحۃً معلوم ہو گیا لیکن صورت دوم وسوم کا حکم گو ان امور ثلثہ میں جو ابھی حکم پنجم وششم کے حوالہ سے مذکور ہوئے ہیں غور کرنے سے معلوم ہو سکتا ہے چنانچہ عنقریب اثنائے ترجمہ میں ان کے اثبات کی تقریر سے واضح ہو جاوے گا لیکن بادی النظر میں ظاہر نہیں ہوتا بلکہ ایک گونہ اشتباہ کا احتمال ہو سکتا ہے کیونکہ حکم پنجم یعنی استیذ ان کے اطلاق کا مقتضا تو بظاہر یہ ہے کہ اشخاص مذکورہ صورت دوم بھی ہر وقت اذن لیں اور اسی حکم پنجم کا خطاب بالغین کو ہونا مقتضی اس کو ہے کہ نابالغ صورت سوم میں بھی محتاج اذن نہ ہو اور یہ ظاہراً تعارض کی صورت ہے اس بناء پر یہ صورتیں محل اخفاء تردد ہو سکتیں تھیں چنانچہ بعضی بے احتیاطیاں جو سبب نزول آیت ہیں کما فی الدر بروایۃ ابی داؤد وابن المنذر وابن ابی حاتم وابن مردویہ وسنن البیھقی عن ابن عباسؓ بعضے مملوکین وغیرہم سے واقع ہو گئیں اس لئے آگے آیت استیذ ان میں ان صورتوں کے حکم کی توضیح فرماتے ہیں پھر امر پنجم سے شبہ ہوتا ہے کہ وجہ اور کفین کا انکشاف ہر حال میں درست ہے اسی لئے آیت والقواعد الخ میں اس کی تحقیق ہے۔

آیت مع ترجمہ وتفسیر حکم یازدہم ☆ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لِیَسْتَاْذِنْكُمُ الَّذِیْنَ مَلَكَتْ اَیْمَانُكُمْ (الی قولہ)

حکم دوازدہم ☆ وَ الْقَوَاعِدُ مِنَ النِّسَآءِ الّٰتِیْ لَا یَرْجُوْنَ نِكَاحًا فَلَیْسَ عَلَیْهِنَّ جُنَاحٌ اَنْ یَّضَعْنَ ثِیَابَهُنَّ غَیْرَ مُتَبَرِّجٰتٍۭ بِزِیْنَةٍ ؕ وَ اَنْ یَّسْتَعْفِفْنَ خَیْرٌ لَّهُنَّ ؕ وَ اللّٰهُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ۝ اے ایمان والو (تمہارے پاس آنے کے لئے) تمہارے مملوکوں اور تم میں جو حد بلوغ کو نہیں پہنچے ان کو تین وقتوں میں اجازت لینا چاہئے (ایک تو) نماز صبح سے پہلے اور (دوسرے) جب (سونے لیٹنے کے لئے) دوپہر کو اپنے (بعضے) کپڑے اتار دیا کرتے ہو اور (تیسرے) نماز عشاء کے بعد یہ تین وقت تمہارے پردے کے (وقت) ہیں (یعنی یہ اوقات چونکہ عادۃً اور غالباً تخلیہ اور استراحت کے ہیں ان میں اکثر آدمی بے تکلفی سے رہتے ہیں اس لئے اپنے مملوکین اور نابالغ بچوں کو سمجھا دو کہ بے اطلاع اور اجازت لئے ہوئے تمہارے پاس نہ آیا کریں یہ حکم ہے صورت سوم کا اور وجہ اس کی ظاہر ہے کہ وجوب استیذ ان کی علت اس میں پائی جاتی ہے اور) ان اوقات کے سوا نہ (تو بلا اجازت آنے دینے میں اور منع نہ کرنے میں) تم پر کوئی الزام ہے اور نہ (بلا اجازت چلے آنے میں) ان پر کچھ الزام ہے (کیونکہ وہ بکثرت تمہارے پاس آتے جاتے رہتے ہیں کوئی کسی کے پاس اور کوئی کسی کے پاس (مطلب اس کا موافق مذہب حنفیہ کے یہ ہے کہ غلام تو تمہارے پاس آتے جاتے رہتے ہیں نہ کہ عورتوں کے پاس کیونکہ غلام کا حکم غیر مرد کا سا ہے اور لونڈیاں عورتوں کے پاس بھی اور اسی طرح نابالغ بچے سب جگہ آتے ہیں پس ہر وقت اجازت لینے میں دقت ہے اور چونکہ یہ وقت پردہ کے نہیں ہیں اسی لئے ان میں اعضائے مستورہ کو چھپائے رکھنا کچھ مشکل نہیں پس مرد تو غلام کے سامنے ناف سے زانو تک چھپائے رکھے اور عورت کافر لونڈی سے بجز مواقع زینت کے جس کی تفصیل امر دوم میں ہے باقی سب چھپائے رکھے اور مرد کو لونڈی سے اگر وہ اس کے لئے حلال ہے کسی بدن کا چھپانا ضرور نہیں اور اگر حرام ہے تو ناف سے زانو تک چھپائے رکھے اور عورت مسلمان لونڈی سے صرف ناف سے زانو تک چھپائے رکھے سو اس استتار میں کوئی دشواری نہیں لہٰذا بے اذن آنا جائز ہوا اور نابالغ بچہ کے روبرو مرد صرف زانو سے ناف تک اور عورت باستثناء مواقع زینت کے سب چھپائے رکھے یہ بھی دشوار نہیں اور ہر وقت اجازت لینے میں تنگی ہے کیونکہ اس کی آمد ورفت بھی بہت ہے یہ حکم ہے صورت دوم کا اور وجہ اس کی ظاہر ہے کہ اس میں علت وجوب استتار کی نہیں پائی جاتی اور انکشاف بتفصیل مذکور ان کے روبرو جائز ہی ہے جیسا امر دوم میں اس کی تصریح ہے اور ان تین وقتوں کے ماسوا بھی اگر کوئی عارض مانع ہو تو بھی استیذ ان واجب ہوگا پس تخصیص باعتبار اس وقت کی عادت کے ہے) اسی طرح (جیسا یہ حکم صاف صاف بیان کر دیا) اللہ تعالیٰ تم سے (اپنے) احکام صاف صاف بیان کرتا ہے اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے (پس سب مصالح اور حکمتوں پر اس کی نظر ہے اور احکام میں ان کی رعایت فرماتا ہے) اور جس وقت تم میں کے (یعنی احرار میں کے) وہ لڑکے (جن کا

www.besturdubooks.net

اوپر حکم آیا ہے) حد بلوغ کو پہنچیں (یعنی بالغ یا قریب بہ بلوغ ہو جائیں) تو ان کو بھی اسی طرح اجازت لینا چاہیے جیسا ان سے اگلے (یعنی ان سے بڑی عمر کے) لوگ اجازت لیتے ہیں (جو کہ صورت اول ہے اور حکم پنجم میں اس کا حکم مذکور ہوا ہے) اسی طرح اللہ تعالیٰ تم سے اپنے احکام صاف صاف بیان کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ جاننے والا حکمت والا ہے (اس کو مکرر اس لئے لایا گیا کہ قانون استیذان کی مصلحتیں نہایت واضح اور اس کے احکام نہایت قابل رعایت ہیں تکریر سے اہتمام ظاہر ہو گیا) اور (ایک یہ بات جاننا چاہئے کہ حکم ششم کی تفصیل میں جو وجہ اور کفین کو وجوب استتار سے مستثنیٰ کیا ہے جیسا امر پنجم میں مذکور ہے اس کا مطلب صرف یہ ہے کہ وہ بالذات ستر نہیں نہ یہ کہ عورتیں کھلی مہار اپنی صورت غیر مردوں کو دکھاتی پھرا کریں کیونکہ فتنہ کے احتمال سے یا بالغیر وہ بھی واجب الستر ہے البتہ جہاں احتمال فتنہ کا نہ ہو مثلاً جو) بڑی بوڑھی عورتیں (ہیں) جن کو (کسی کے) نکاح (میں آنے) کی کچھ امید نہ رہی ہو (یعنی اصلاً محل رغبت نہیں رہیں یہ تفسیر ہے بڑی بوڑھی ہونے کی) ان کو (البتہ) اس بات میں کوئی گناہ نہیں کہ وہ اپنے (زائد) کپڑے (جس سے چہرہ وغیرہ چھپا رہتا ہے نامحرم کے روبرو) اتار رکھیں بشرطیکہ زینت (کے مواقع) کا اظہار نہ کریں) جن کا ظاہر کرنا نامحرم کے روبرو بالکل ہی ناجائز ہے جس کا بیان امر دوم میں ہوا ہے بس صرف وجہ اور کفین اور بقولے قدمین کا بھی اظہار جائز ہے بخلاف جوان عورت کے کہ بوجہ احتمال فتنہ کے اس کو چہرہ وغیرہ کا پردہ بھی ضروری ہے مگر بعذر شرعی جیسا سورۂ احزاب کے اخیر میں آوے گا: وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ [احزاب : ۵۹] جن کی تفسیر میں صاحب درمنثور نے محمد بن سیرین سے نقل کیا ہے کہ میں نے عبیدہ سلمانی سے اس کے معنی پوچھے تو انہوں نے چادر میں سر کے ساتھ چہرہ بھی چھپا لیا اور ایک آنکھ کھلی رہنے دی اور اس حکم کی جو علت وہاں مذکور ہے: ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ يُّعْرَفْنَ الخ [ایضاً] اس کا حاصل بھی خوف فتنہ ہے گو انواع فتنہ کے مختلف ہوں) اور (ہر چند کہ عجائز کو کشف وجہ کی اجازت ہے لیکن) اس سے بھی احتیاط رکھیں تو ان کے لئے اور زیادہ بہتر ہے (کیونکہ اول تو ہر گندہ برے را گندہ خورے دوسرے بالکل ہی بے پردگی کا سد باب ہے) اور اللہ تعالیٰ سب کچھ سنتا ہے سب کچھ جانتا ہے (بہتر یہ ہے کہ اس کی تفسیر میں یہ کہا جاوے کہ یہ تو پردے کا انتظام ہے اب اگر غیر مرد و عورت باہم متکلم ہوں یا باہم دل تعلق رکھیں تو اللہ تعالیٰ اس کلام اور اس تعلق سے بھی واقف ہے اگر ناجائز طریق سے ہوگا موجب گناہ ہے اور ممکن ہے کہ سمع اور علم مطلق افعال کے اعتبار سے مراد ہو) ف: کچھ تخصیص تین وقت کی نہیں اس وقت عادت اسی کے موافق تھی باقی جہاں جیسے ضرورت ہو وجود علت پر مدار ہے حکم معلول کا اور بلوغ حکم کو مراہقت کے لئے عام لینے کا یہ قرینہ ہے کہ پہلے طفل میں یہ قید لگائی ہے: لَمْ يَظْهَرُوْا عَلٰى عَوْرٰتِ النِّسَآءِ پس اگر یہ تفسیر نہ کی جاوے تو ایک واسطہ کا حکم غیر مذکور رہ جائے گا چنانچہ درمنثور میں سعید بن جبیر سے اطفال کی تفسیر میں صغار کہا ہے اور ثیاب کے ترجمہ میں جو زائد کہا ہے درمنثور میں ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اس کی تفسیر میں جلباب کہا ہے جس کا ذکر اس آیت میں ہے: يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ۔ [احزاب : ۵۹]

ربط: اوپر استیذان کا بیان تھا جو گھروں میں جانے سے پہلے مشروع ہے آگے بعض ان امور کا بیان ہے جو گھروں میں جانے کے بعد ماذون فیہ یا مامور بہ ہیں خواہ متصل ہی جیسے سلام گھر والوں کو جس کا مامور بہ ہونا آخر آیت میں ارشاد ہے: فَاِذَا دَخَلْتُمْ بُيُوْتًا یا مع الفصل جیسے کھانا پینا جس کا ماذون فیہ ہونا اول آیت میں ارشاد ہے: لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى اور شاید مواکلت کی تقدیم اہتمام بیان رفع حرج مظنون ومتوہم کے لئے ہے اور سلام کا استحسان چونکہ مخفی نہ تھا اس لئے اہتمام نہیں کیا گیا اور لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى الخ کے مجموعہ اسباب نزول سے جو کہ درمنثور میں منقول ہیں یہ مستفاد ہوتا ہے کہ پہلے اہل مدینہ میں موافق عادت اہل عرب کے کھانے پینے کے بارہ میں بہت بے تکلفی تھی کہ میں نے تمہارے گھر کھا لیا تم نے میرے گھر کھا لیا بلکہ کبھی دوسرے محتاج غریبوں کو بھی اپنے ساتھ لے جاتے اور کسی عزیز قریب یا دوست کے گھر اس کو بھی کھلا دیتے چونکہ اس بے تکلفی میں افراط زیادہ ہو گیا تھا کہ احیاناً ظلم و اتلاف حقوق کی نوبت آنے لگی تھی اس افراط کے روکنے کے لئے یہ آیت نازل ہوئی: لا تاکلوا اموالکم بینکم بالباطل اس آیت کو سن کر صحابہ ڈر گئے اور بہت ہی مبالغہ کے ساتھ اس میں احتیاط کرنے لگے کہ جن کی یقینی رضا معلوم تھی اور جہاں شرعاً نہی نہ تھی تاہم بوجہ اذن صریح نہ ہونے کے احتیاط کرتے تھے اور کسی کے گھر نہ کھاتے تھے۔ اسی طرح محتاج۔ معذور۔ اندھے۔ لنگڑے۔ بیمار ایسے موقعوں پر جانے سے پرہیز کرنے لگے کہ پرائے گھر لے جا کر کھلانے کا اس شخص کو کیا حق ہے تو ہم کو بھی کھانا جائز نہ ہوگا اور اسی طرح مشترک طعام ساتھ کھانے میں بھی اور خصوصاً ان معذورین کے ساتھ اس لئے پرہیز کرنے لگے کہ مثلاً اندھے کو اچھا لقمہ اور کھانے کا موقع نہیں سوجھتا یہ اپنا حصہ پورا نہ لے سکے گا۔ اسی طرح لنگڑا تکلف سے بیٹھتا ہے اس لئے کھانے میں بھی اس کو تکلف ہوتا ہے اور ممکن ہے کہ مجمع میں کھانا شروع ہو جائے اور لنگڑا باوجود حاضر ہو جانے کے دسترخوان پر دیر میں پہنچ سکے اس وجہ سے اس کو بھی اس کا پورا حصہ نہ ملے گا اور مریض کا کم کھانا معلوم ہی ہے اسی طرح ساتھ کھانے میں کم و بیش سب جگہ ایسا احتمال ہے چونکہ اس درجہ کا تکلف و احتیاط بھی موجب تکلیف تھی اس لئے آیت آئندہ میں اس تنگی کو رفع فرماتے ہیں بعض کو لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى میں اور بعض کو لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ میں جیسا تقریر ترجمہ سے واضح ہوگا۔ و نیز درمنثور میں ہے کہ بعض لوگ غایت کرم سے تنہا کھانا نہ کھاتے تھے اگر کوئی ساتھ نہ ملتا تو فاقہ کرتے آخر آیت میں اس کا بھی جواب ہو گیا و نیز بعض روایات میں ہے کہ یہ معذورین اس

www.besturdubooks.net

خیال سے تندرستوں کے ساتھ کھانے میں حرج سمجھتے تھے کہ شاید لوگ ہم سے نفرت کریں کما فی الروح من کتاب الزهرادی عن ابن عباس پس مجموعہ آیت میں اس کا جواب بھی ہوگیا کہ اعمیٰ وغیرہ پر اکل میں حرج نہیں خواہ جمیعاً یا اشتاتاً اور ان سب اسباب نزول میں تنافی نہیں ہے۔

الحواشی: (۱) یعنی بوجہ آزاد اور بالغ ہونے کے کیونکہ آزاد ہونے کے سبب کسی کے خادم نہیں جو بار بار آنا پڑے اور بوجہ بالغ ہونے کے گھروں میں آنا ان کا امر طبعی نہیں بلکہ اپنے کام میں اکثر اوقات مشغول رہتے ہیں ۱۲ منہ۔ (۲) یعنی بوجہ اس کے کہ ہر وقت کا آنا معلوم ہے تستر کا اہتمام کرلیا جاتا ہے بخلاف ان کے جن کا آنا کم ہے چونکہ وہ دفعتاً آویں گے عین وقت پر تستر مشکل ہوتا اس لئے استیذ ان مناسب ہوا ۱۲۔

ملحقات الترجمة: ۱ قوله فی توضیح لیستاذنکم سمجھا دو اشارة الی ان القصد هو الامر للمخاطبین لا للاولاد والمملوکین بان یامروهم بذلك فلا یرد ان الذین لم یبلغوا الحلم کیف کلفوا وان اشکل قوله تعالٰی ولا علیهم جناح الظاهر منه ثبوت الجناح علی الصغار فی عدم الاستیذان فازحه بان الجناح یراد به المعنی اللغوی لا الشرعی ای لاتبعة وهو اعم من الاثم وغیره ومعنی وکون التبعة علی الصغار استحقاقهم التادیب والزجر والسیاسة للاعتیاد لا للاثم کما ورد مروهم بالصلوٰة وهم ابناء سبع واضربوا هم وهم ابناء عشر ۱۲۔ ۲ قوله فی توضیح طوافون مطلب اس کا لان الخطاب فی یایها الذین آمنوا للرجال والنساء جمیعا وکذا قوله ما ملکت یعم العبید والنساء جمیعا فانفسهم البعض علی البعض کما فی الدر عن مقاتل ملکت ایمانکم من العبید والاماء وما فی الدر عن علیؓ فی قوله لیستاذنکم الذین ملکت ایمانکم قال النساء فان الرجال یستاذنون وکذا عن ابی عبدالرحمٰن السلمی قال هی فی النساء خاصة فالرجال یستاذنون علی کل حال باللیل والنهار فانما هذا التخصیص باعتبار الدخول علی النساء ومع ذلك فهو یؤید الحنفیة فی ان المملوکین لهم حکم الاجانب باعتبار سیدته وما فی الدر عن ابن عمرؓ قال هو علی الذکور دون الاناث فمعناه ان الاناث ای الاماء اللاتی هن حلال علی ساداتهم یباح لهم الدخول علیهم اذا لم یکونوا مع نسائهم ولیس معناه انهن یدخلن علی السیدات فی خلوتهن فافهم فحصل من المجموع التفصیل الذی اخترته التفسیر موافقا للمذهب الحنفی ۱۲۔

اللغات: الحلم بالضم الجماع فی النوم ولکون البلوغ جدیرا بان یقع فیه ذلك سمی به البلوغ ۱۲ التبرج اصله الظهور من البرج ای القصر ثم خص بتکشف المرأة للرجال والباء للتعدیته ۱۲۔

التحقیق: قوله طوافون الخ خبر مبتدا محذوف ای هم طوافون وقوله بعضکم علی بعض مبتدأ وخبر ای بعضکم طائف علی بعض ۱۲۔

البلاغة: قوله ثلث مرات ای ثلاثة اوقات والتعبیر عنها بالمرات للایذان بان مدار طلب الاستیذان مقارنة تلك الاوقات لمرور المستاذنین بالمخاطبین لا انفسها وقوله من قبل صلوٰة بدل مفصل من مجمل ومن الظهیرة بیان للحین والتصریح بمدار الامر انما عنی وضع الثیاب فی هذا الحین دون ما قبل وما بعد لما ان التجرد عن الثیاب فیه لاجل القیلولة لقلة زمانها ووقوعها فی النهار الذی هو مظنة الورود والصدور لیس من التحقق والاطراد بمنزلة ما فی الوقتین المذکورین فان تحقق المدار فیهما امر معروف لا یحتاج الی التصریح به والمراد بالقبلیة والبعدیة طرفا اللیل المتصلان اتصالا عادیا بالصلاتین وعدم التعرض للامر بالاستیذان فی باقی اللیل لانفهامه من باب الاولی واما لندرة الوارد فیه جدا دون اعلام اهله لما فیه من التهمة ۱۲ قوله ثلٰث عورات فیه ایجاز بحذف المضاف ای هی اوقات عورات والجملة استیناف لبیان علة الاستیذان وقوله بعدهن والایراد بعنوان البعدیة مع ان کل وقت من الاوقات الباقیة قبل کل عورة من العورات کما انها بعد اخری منهن لتوفیة حق التکلیف والترخیص الذی هو عبارة عن رفعه اذا لرخصة انما تتصور فی فعل یقع بعد زمان وقوع الفعل المکلف به هذا من الروح ۱۲۔

لَيْسَ عَلَى الْأَعْمٰى حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْأَعْرَجِ حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْمَرِيْضِ حَرَجٌ وَّلَا عَلٰٓى أَنْفُسِكُمْ
أَنْ تَأْكُلُوْا مِنْ بُيُوْتِكُمْ أَوْ بُيُوْتِ اٰبَآئِكُمْ أَوْ بُيُوْتِ أُمَّهٰتِكُمْ أَوْ بُيُوْتِ إِخْوَانِكُمْ أَوْ بُيُوْتِ أَخَوٰتِكُمْ أَوْ
بُيُوْتِ أَعْمَامِكُمْ أَوْ بُيُوْتِ عَمّٰتِكُمْ أَوْ بُيُوْتِ أَخْوَالِكُمْ أَوْ بُيُوْتِ خٰلٰتِكُمْ أَوْ مَا مَلَكْتُمْ مَّفَاتِحَهٗٓ أَوْ
صَدِيْقِكُمْ ۭ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَنْ تَأْكُلُوْا جَمِيْعًا أَوْ أَشْتَاتًا ۭ فَإِذَا دَخَلْتُمْ بُيُوْتًا فَسَلِّمُوْا عَلٰٓى

www.besturdubooks.net

ع ۸ ۱۴ اَنْفُسِكُمْ تَحِيَّةً مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُبٰرَكَةً طَيِّبَةً ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۱﴾

نہ تو اندھے آدمی کے لئے کچھ مضائقہ ہے اور نہ لنگڑے آدمی کے لئے کچھ مضائقہ ہے اور نہ بیمار آدمی کے لئے کچھ مضائقہ ہے اور نہ خود تمہارے لئے اس بات میں (کچھ مضائقہ ہے) کہ تم اپنے گھروں سے (جن میں بی بی اور اولاد کے گھر بھی آ گئے) کھانا کھالو یا اپنے باپ کے گھر سے یا اپنی ماؤں کے گھر سے یا اپنے بھائیوں کے گھروں سے یا اپنی بہنوں کے گھروں سے یا اپنے چچاؤں کے گھروں سے یا اپنی پھوپھیوں کے گھروں سے یا اپنے ماموؤں کے گھروں سے یا اپنی خالاؤں کے گھروں سے یا ان گھروں سے جن کی کنجیاں تمہارے اختیار میں ہیں یا اپنے دوستوں کے گھروں سے (پھر اس میں بھی) تم پر کچھ گناہ نہیں کہ سب مل کر کھاؤ یا الگ الگ (کھاؤ) پھر (یہ بھی معلوم کر رکھو کہ) جب تم اپنے گھروں میں جانے لگا کرو تو اپنے لوگوں کو سلام کر لیا کرو (جو کہ) دعا کے طور پر (ہے اور) جو خدا کی طرف سے مقرر ہے (اور) برکت والی عمدہ چیز ہے (خدا تعالیٰ نے جس طرح یہ احکام بتلائے) اسی طرح اللہ تعالیٰ تم سے (اپنے) احکام بیان فرماتا ہے تاکہ تم سمجھو (اور عمل کرو)۔ ۞

تفسیر: حکم سیزدہم جواز اکل از بعضے بیوت ☆ لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ .....

حکم چہارم امر بسلام بر اہل بیوت ☆ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۱﴾ (اگر تم کسی اندھے لنگڑے بیمار غریب کو اپنے کسی عزیز یا ملاقاتی کے گھر لے جا کر وقت تیقن رضا صاحب خانہ کے کچھ کھلا پلا دو یا خود کھا پی لو تو ان صورتوں میں) نہ تو اندھے آدمی کے لئے کچھ مضائقہ ہے اور نہ لنگڑے آدمی کے لئے کچھ مضائقہ ہے اور نہ بیمار آدمی کے لئے کچھ مضائقہ ہے اور نہ خود تمہارے لئے اس بات میں (کچھ مضائقہ ہے) کہ تم (لوگ خواہ خود یا تم اور وہ معذورین سب) اپنے گھروں سے (جن میں بی بی اور اولاد کے گھر بھی آ گئے) کھانا کھالو یا (ان گھروں سے جن کا ذکر آگے آتا ہے کھالو یعنی نہ تم کو خود کھانے میں گناہ ہے اور نہ ان معذورین کو کھلانے میں اسی طرح ان معذورین کو تمہارے کھلا دینے سے کھا لینے میں بھی گناہ نہیں اور وہ گھر یہ ہیں مثلاً) اپنے باپ کے گھر سے (کھا لو کھلا دو) یا (اسی طرح) اپنی ماؤں کے گھر سے یا اپنے بھائیوں کے گھروں سے یا اپنی بہنوں کے گھروں سے یا اپنے چچاؤں کے گھروں سے یا اپنی پھوپھیوں کے گھروں سے یا اپنے ماموؤں کے گھروں سے یا اپنی خالاؤں کے گھروں سے یا ان گھروں سے جن کی کنجیاں تمہارے اختیار میں ہیں یا اپنے دوستوں کے گھروں سے (اس میں اول کی دو تنگیاں منجملہ تین تنگیوں کے جن کا ذکر سبب نزول میں ہوا ہے رفع کر دی گئیں آگے تیسری تنگی یعنی ساتھ کھانے کے متعلق رفع کی جاتی ہے یعنی پھر اس میں بھی) تم پر کچھ گناہ نہیں کہ سب مل کر کھاؤ یا الگ الگ (کھاؤ یعنی ایسے ضعیف وسوسے کہ شاید میں زیادہ کھاؤں تو پرایا حق کھالیا اور دوسرا کم کھائے تو اس کا حق رہ گیا شریعت کو صحیح نظر نہیں ہیں مخالطت میں ایسے دقائق کی تکلیف نہیں البتہ اگر کسی کے کھانے پر گھر والے کی رضا نہ صراحۃً قال سے معلوم ہو اور نہ دلالت حال سے اس وقت جائز نہیں اسی طرح جس مواکلت پر شریک با اختیار راضی نہ ہو اس کی تقسیم ضروری ہے اور اگر شریک با اختیار نہیں ہے جیسے یتیم باعتبار اپنے وصی و قیم کے کہ اس کی رضا عدم رضا بوجہ عدم بلوغ نامعتبر ہے وہاں بلا رضا بھی مخالطت درست ہے بشرط رعایت اس کے مصالح کے جس کا بیان سورۂ بقرہ آیت: وَاِنْ تُخَالِطُوْهُمْ [البقرة: ۲۲۰] الخ میں گذر چکا ہے آگے حکم چہاردہم مذکور ہے یعنی) پھر (یہ بھی معلوم کر رکھو کہ) جب تم گھروں میں جانے لگا کرو تو اپنے لوگوں کو (یعنی وہاں جو مسلمان ہوں ان کو) سلام کر لیا کرو (جو کہ) دعا کے طور پر (ہے اور) جو (کہ) خدا کی طرف سے مقرر (اور مشروع) ہے اور (بوجہ اس پر ثواب ملنے کے) برکت والی (اور بوجہ مخاطب کے دل خوش کن ہونے کے) عمدہ چیز ہے (خدا تعالیٰ نے جس طرح یہ احکام بتلائے) اسی طرح اللہ تعالیٰ تم سے (اپنے) احکام بیان فرماتا ہے تاکہ تم سمجھو (اور عمل کرو) **ف**: چونکہ مدار اس حکم سیزدہم کا رضا پر ہے اس لئے نہ ان مواقع مین مطرد ہے اور نہ ان میں منحصر ہے پس عدم رضا کے وقت ان مواقع پر بھی یہ حکم ثابت نہ ہوگا اور رضا کے وقت دوسرے مواقع پر بھی ثابت ہو جاوے گا تخصیص بناء علی الغالب ہے کہ ان میں عادۃً رضا ہوتی ہے خصوصاً عرب میں کہ وہاں ہند کا سا بخل نہیں ہے۔ **لطف**: اوپر بہت سے اوامر و نواہی ارشاد فرمائے ہیں آگے خاتمہ سورت میں ایک حکم خاص مناسب اس وقت کے کہ حکم پانزدہم ہے ایسا ارشاد فرماتے ہیں جس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی غایت اطاعت کا وجوب ثابت ہوتا ہے جو کہ مؤکد ہے جمیع اوامر و نواہی مذکورہ کا بلکہ جمیع سعادات دنیویہ و اخرویہ ظاہرہ و باطنہ کا چنانچہ اس حکم جزئی کے بعد کی آیت ہی میں کلیاً بھی وجوب اطاعت اور تحریم مخالفت کی تصریح مع وعید فرما دی گئی۔ اور سبب نزول اس کا دو امر ہیں ایک یہ کہ غزوۂ احزاب میں جب مدینہ کے گرد خندق کھودی گئی تو مسلمان تو بڑی محنت کرتے تھے اور اگر مدینہ جانے کا کچھ کام لگتا تو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت لے کر جاتے اور منافقین اول تو کام سے جی چراتے پھر جب کسی مسلمان کو جاتا ہوا دیکھتے تو اس کی آڑ میں لگے لگے خود بھی بے اطلاع کھسک جاتے اس پر آیت نازل ہوئی اخرجه ابن اسحٰق و ابن المنذر و البیهقی فی الدلائل عن عروة و محمد بن کعب القرظی دوسرا امر جمعہ وغیرہ میں جب کبھی مسلمانوں کو کوئی ضرورت پیش آتی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت لے کر جاتے اور اگر آپ خطبہ میں ہوتے تو انگلی کے اشارہ سے دریافت کر لیتے اور انکے جانے کے ساتھ منافقین بھی بوجہ اس کے کہ ان کو نماز اور خطبہ

www.besturdubooks.net

گراں معلوم ہوتا تھا اور انکی آڑ میں چھپ کر کھسک جاتے اس پر آیت نازل ہوئی اخرجه ابو داود فی مرسیله عن مقاتل هذا كله من الدر المنثور۔

ترجمۂ مسائل السلوک: قولہ تعالیٰ او صدیقکم یہ آیت اصل ہے اس کی جو بعض اہل طریق سے منقول ہے کہ انہوں نے مرید کے مال میں بدوں ان کے ظاہری اذن کے اس قسم کا تصرف کیا کہ علاج نفس کیلئے ان کے خرچ کر ڈالنے کا حکم لازم کر دیا وجہ یہ کہ ان کو اذن بالقلب پر اعتماد تھا ورنہ شبہ میں یہ جائز نہیں۔

ملحقات الترجمۃ: ۱ قوله فی تاکلوا یا تم اور وہ اشارة الی ان فی الخطاب تغلیبا ۱۲۔ ۲ قوله فی من بیوتکم بی بی اور اولاد بالحمل علیه اندفع ایراد ان الاول ان الاکل من بیت نفسه لاخفاء فیه فما معنی ذکره والثانی ان الازواج والاولاد اقرب انبساطا من غیرهم فما معنی عدم ذکره والاندفاع ظاهر ۱۲۔ ۳ قوله فی ما ملکتم ان گھروں سے اشارة الی ان المراد بالموصول البیوت وهو معطوف علی بیوت فالمعطوف علیه البیوت المضاف والمعطوف البیوت موصوف ومن ثم لم یحتج الی زیادة البیوت بل لو زید مضافا لم یصح ۱۲۔ ۴ قوله فی فاذا دخلتم معلوم کر رکھو اشارة الی ان الفاء للتعقیب الذکری لا للترتیب الوقوعی ۱۲۔ ۵ قوله فی علی انفسکم مسلمان اشارة الی النکتة فی التعبیر بالانفس وهی ان المسلمین کلهم کنفس واحدة ۱۲۔

التحیۃ: تحیة انتصابها علی المصدریة ای سلموا تسلیما واصل معناها الدعاء بالحیوة بان تقول حیاك الله ثم عمم لکل دعاء ومن عند الله صفة ای مشروعة من عند الله ومبارکة وطیبة صفتان لها ۱۲۔

البلاغۃ: قوله ولا علی انفسکم لم یذکر الحرج فیه اکتفاء بذکره فیما مرو الا واخر محل الحذف ولم یکتف بحرج واحد بان یقال لیس علی الاعمی والاعرج والمریض وانفسکم حرج ان تاکلوا التغایر الحرجین فانه فی المعذورین باعتبار الاکل فقط وفی الانفس تارة باعتبار الاکل وتارة باعتبار الاطعام ولم یقل علیکم بل افخم النفس اشارة الی عموم الحکم لمن هو فی مثل حال المخاطبین من المؤمنین قوله ملکتم مفاتحه هو کنایة عن کون الشیء تحت ید شخص وتصرفه وان لم یکن ثم مفتاح والمفاتح جمع مفتح ومفتاح بمعنی واحد قوله صدیقکم وهو من یصدق فی مودتك وتصدق فی مودته یقع علی الواحد والجمع والمراد به ههنا الجمع وسر التعبیر به دون اصدقائکم الاشارة الی قلة الاصدقاء او الی ان شان الصداقة رفع الاثنینیة ۱۲۔

إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ الَّذِينَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَإِذَا كَانُوا مَعَهُ عَلَىٰ أَمْرٍ جَامِعٍ لَّمْ يَذْهَبُوا حَتَّىٰ يَسْتَأْذِنُوهُ ۚ إِنَّ
الَّذِينَ يَسْتَأْذِنُونَكَ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ ۚ فَإِذَا اسْتَأْذَنُوكَ لِبَعْضِ شَأْنِهِمْ فَأْذَن لِّمَن
شِئْتَ مِنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمُ اللَّهَ ۚ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿٦٢﴾ لَّا تَجْعَلُوا دُعَاءَ الرَّسُولِ بَيْنَكُمْ كَدُعَاءِ بَعْضِكُم بَعْضًا ۚ
قَدْ يَعْلَمُ اللَّهُ الَّذِينَ يَتَسَلَّلُونَ مِنكُمْ لِوَاذًا ۚ فَلْيَحْذَرِ الَّذِينَ يُخَالِفُونَ عَنْ أَمْرِهِ أَن تُصِيبَهُمْ فِتْنَةٌ أَوْ يُصِيبَهُمْ
عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿٦٣﴾ أَلَا إِنَّ لِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ قَدْ يَعْلَمُ مَا أَنتُمْ عَلَيْهِ ۖ وَيَوْمَ يُرْجَعُونَ إِلَيْهِ
فَيُنَبِّئُهُم بِمَا عَمِلُوا ۗ وَاللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ﴿٦٤﴾ ع ۱۵

بس مسلمان تو وہی ہیں جو اللہ پر اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان رکھتے ہیں اور جب رسول ﷺ کے پاس کسی ایسے کام پر ہوتے ہیں جس کے لئے مجمع کیا گیا ہے (اور اتفاقاً وہاں سے جانے کی ضرورت پڑتی ہے) تو جب تک آپ سے اجازت نہ لیں نہیں جاتے اے پیغمبر جو لوگ آپ سے (ایسے مواقع پر) اجازت لیتے ہیں بس وہی اللہ پر اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان رکھتے ہیں تو جب یہ اہل ایمان لوگ ایسے مواقع پر اپنے کسی (ضروری) کام کے لئے آپ سے (جانے کی) اجازت طلب کریں تو ان میں سے جس کے لئے آپ چاہیں اجازت دے دیا کریں اور (اجازت دے کر بھی) آپ ان کے لئے اللہ سے مغفرت کی دعا کیجئے بلاشبہ اللہ تعالیٰ بخشنے والا مہربان ہے۔ تم لوگ رسول ﷺ کے بلانے کو ایسا (معمولی بلانا) مت سمجھو جیسا تم میں ایک دوسرے کو بلا لیتا ہے اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو خوب جانتا ہے جو دوسرے کی آڑ میں ہو کر تم میں سے (مجلس نبوی سے) کھسک جاتے ہیں سو جو لوگ اللہ کے حکم کی (جو کہ بواسطہ رسول ﷺ پہنچا ہے) مخالفت کرتے ہیں ان کو اس سے ڈرنا چاہئے کہ ان پر (دنیا میں) کوئی آفت (نہ) آپڑے یا ان پر (آخرت میں) کوئی دردناک عذاب نازل نہ ہو جائے اور یہ بھی یاد رکھو کہ جو کچھ آسمانوں اور زمین میں (موجود) ہے سب خدا ہی کا ہے اللہ اس حالت کو بھی جانتا ہے جس پر تم (اب) ہو اور اس دن کو جس میں سب اس کے پاس (زندہ کر کے) لائے جائیں گے پھر وہ ان کو سب جتلا دے گا جو کچھ انہوں نے کیا تھا اور اللہ تعالیٰ (تو)

www.besturdubooks.net

سب کچھ جانتا ہے۔ ۝

تفسیر: حکم پانزدہم تحریم خروج مدعووین از مجلس رسول بلا اذن ☆ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ (الی قولہ تعالیٰ) وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ بس مسلمان تو وہی ہیں جو اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان رکھتے ہیں اور جب رسول کے پاس کسی ایسے کام پر ہوتے ہیں جس کے لئے مجمع کیا گیا ہے (اور اتفاقاً وہاں سے جانے کی ضرورت پڑتی ہے) تو جب تک آپ سے اجازت نہ لیں (اور آپ اس پر اجازت نہ دے دیں مجلس سے اُٹھ کر) نہیں جاتے (اے پیغمبرؐ) جو لوگ آپ سے (ایسے مواقع پر) اجازت لیتے ہیں بس وہی اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان رکھتے ہیں (یہ مکرر نہیں ہے بلکہ ایمان واستیذان میں جانبین سے تعمیم تلازم کے لئے اس کو لائے ہیں۔ پس اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ کا حاصل تو یہ ہے کہ ایمان تو بدوں استیذان کے نہیں پایا جاتا کیونکہ ہر مؤمن اجازت لیتا تھا اور اِنَّ الَّذِيْنَ الخ کا حاصل یہ ہوا کہ استیذان بدوں ایمان کے نہیں پایا جاتا کیونکہ کوئی منافق اجازت نہ لیتا تھا اور سورۂ براءت کے نصف پر آیت: لَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ (الی قولہ تعالیٰ) اِنَّمَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ [التوبۃ: ٤٤ - ٤٥] سے شبہ عکس کا نہ کیا جاوے کیونکہ وہ استیذان اس کا ہے کہ ہم جہاد میں بالکل نہ جاویں تو یہ مؤمنین میں متقی تھا اور منافقین جب بدون اس کے کام چلتا نہ دیکھتے تھے پوچھ لیتے تھے پس جو استیذان علامت اطاعت کی ہے وہ مؤمن کے لئے ثابت اور منافق سے مخفی ہے اور جو استیذان علامت اعراض کی ہے وہ منافق کے لئے ثابت اور مؤمن سے مخفی ہے فلم یتعارضا یہاں تک تو اذن لینے کے متعلق مضمون تھا آگے اذن دینے کے متعلق فرماتے ہیں کہ جب آپ کو اختصاص استیذان کا اہل ایمان کے ساتھ معلوم ہو گیا) تو جب یہ (اہل ایمان) لوگ (ایسے مواقع پر) اپنے کسی (ضروری) کام کے لئے آپ سے (جانے کی) اجازت طلب کریں تو ان میں آپ جس کے لئے (مناسب سمجھ کر اجازت دینا) چاہیں اجازت دے دیا کریں (اور جس کو مناسب نہ سمجھیں اجازت نہ دیا کریں کیونکہ ممکن ہے کہ مستاذنین کے خیال میں وہ ضروری ہو مگر واقع میں ضروری نہ ہو یا واقع میں بھی ضروری ہو لیکن جانے میں اس سے کوئی زیادہ ضروری امر فوت ہوتا ہو تو اس سب کا فیصلہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی رائے مبارک پر مفوض ہے) اور (اجازت دے کر بھی) آپ ان کے لئے اللہ تعالیٰ سے مغفرت کی دعا کیا کیجئے (کیونکہ استیذان کو کسی قوی عذر کی وجہ سے ہو لیکن تاہم اس میں دنیا کی تقدیم دین پر تو لازم آئی اور اس میں ایک نقص کا شائبہ ہے کہ اس کی تلافی کے لئے استغفار کا امر ہوا پس استغفار جیسے تلافی ذنوب کے لئے ہوتا ہے اسی طرح تلافی نقص کے لئے بھی مفید ہے و نیز ممکن ہے کہ وہ عذر واقع میں قوی نہ ہو اور اس کے قوی سمجھنے میں مستاذن سے خطائے اجتہادی ہوئی اور وہ خطا ایسی ہو کہ تامل وخوف سے رفع ہو سکتی تھی مگر خوض وتامل نہ کیا ترک تامل باوجود قدرت کے ایک خفیف سا امر مکروہ ہے اور وہ امر مکروہ ممنوع ہوتا ہے اور ممنوعات سے استغفار ظاہر ہے) بلاشبہ اللہ تعالیٰ بخشنے والا مہربان ہے (چونکہ ان کی نیت اچھی تھی اس لئے ایسے دقائق پر مواخذہ نہیں فرماتا یہاں تک تو حرمت ترک استیذان کی بصورت جملہ خبریہ کے ارشاد فرمائی تھی آگے اس کی اصلی صورت یعنی صیغہ انشائیہ میں ارشاد ہے کہ) تم لوگ رسول (ﷺ) کے بلانے کو (جب وہ کسی ضرورت اسلامیہ کے لئے تم کو جمع کریں) ایسا (معمولی بلانا) مت سمجھو جیسا تم میں ایک دوسرے کو بلا لیتا ہے (کہ چاہے آیا یا نہ آیا پھر آ کر بھی جب تک چاہا بیٹھا جب چاہا اُٹھ کر بے اجازت لئے چل دیا سو رسول کا بلانا ایسا نہیں ہے بلکہ اجابت واجب ہے اور بے اجازت جانا حرام اور گو بے اطلاع چلا جانا کسی وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مخفی رہ جائے لیکن یہ یاد رکھو کہ) اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو (خوب) جانتا ہے جو (دوسرے کی) آڑ میں ہو کر تم میں سے (مجلس نبوی سے کھسک جاتے ہیں پس ان کو سزا دے گا اور جب یہ معلوم ہو گیا کہ اللہ تعالیٰ کو معلوم ہے) سو جو لوگ اللہ کے حکم کی (جو کہ بواسطہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم پہنچا ہے جس میں وجوب استیذان بھی داخل ہے) مخالفت کرتے ہیں ان کو اس (بات) سے ڈرنا چاہئے کہ ان پر (دنیا میں) کوئی آفت (نہ) آن پڑے یا ان پر (آخرت میں) کوئی دردناک عذاب نازل (نہ) ہو جائے (یہ تردید علی سبیل منع الخلو ہے یعنی ممکن ہے کہ دارین میں معاقب ہوں کیونکہ مخالفت امر موجب سخط ہے اور وہ مخالفت علم الٰہی سے مخفی بھی نہیں اور یہ بھی یاد رکھو کہ جو کہ کچھ آسمانوں اور زمین میں (موجود) ہے سب خدا ہی کا (مملوک) ہے (پس اختیار بھی اس کو کامل ہے غرض مامور کی طرف سے اس حالت میں مخالفت ہونا کہ آمر کا علم اور قدرت کامل ہو بیشک محل اندیشہ ہے اور یہ جو کہا گیا ہے کہ دو چیزوں کا اندیشہ ہے مصیبت دنیویہ کا اور عقاب اخروی کا تو وجہ اس کی یہ ہے کہ) اللہ تعالیٰ اس حالت کو بھی جانتا ہے جس پر تم (اب) ہو (اس سے تو احتمال ہے کہ شاید دنیا ہی میں تم کو سزا دے دے) اور (اللہ تعالیٰ) اس دن کو بھی (جانتا ہے کہ) جس میں سب اس کے پاس (دوبارہ زندہ کر کے) لائے جاویں گے سو وہ اُن کو سب جتلا دے گا جو جو کچھ انہوں نے کیا تھا (پس آخرت میں بھی سزا دینا مستبعد نہیں غرض جب دارین کے ساتھ اس کا علم متعلق ہے تو دارین میں احتمال سزا ہے) اور علم میں مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ اور وَيَوْمَ يُرْجَعُوْنَ کی کیا تخصیص ہے) اللہ تعالیٰ (تو) سب کچھ جانتا ہے۔ ف: اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ سے استیذان کا شرائط ایمان سے ہونا معلوم ہوتا ہے حالانکہ کوئی امر واجب امور فرعیہ سے شرط یا شرط ایمان کا نہیں سو تحقیق یہ ہے کہ مقصود مطلق اشتراط نہیں بلکہ مستاذنین وغیر مستاذنین معینین کے اعتبار سے خاص واقعہ کا بیان ہے کہ ان لوگوں میں ایمان بدوں استیذان کے نہیں پایا جاتا نہ بایں معنی کہ اگر استیذان نہ رہے تو ایمان نہ رہے بلکہ بایں معنی

www.besturdubooks.net

کہ واقع یوں ہی ہے کہ جن میں ایمان ہے وہ استیذان ضرور کرتے ہیں۔ اور یہ وجوب[1] استیذان اس وقت ہے جب بلائے ہوئے آویں خواہ نماز کے لئے بذریعہ اذان کے یا کسی مشورہ وغیرہ کے لئے بذریعہ خاص اعلام یا عام اعلان کے ورنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں بارہا لوگ خود حاضر ہوئے اور خود چلے گئے اُن پر ملامت نہیں کی گئی اور اب امام المسلمین اگر لوگوں کو جمع کرے تو بے اجازت اُس کی جانا جائز نہیں اور مدار اس حکم کا وجوب اطاعت امام ہے مباحات میں بھی پس ظاہر ہے کہ لوگوں کا جمع ہونا مباح تھا مگر جب امام کا امر ہوا تو واجب ہو گیا اب چونکہ قرائن مقام سے یقینی ہے کہ اس جمع کرنے میں جیسا جمع ہونا مامور بہ من الامام ہے اسی طرح جمع رہنا بھی مامور بہ من الامام ہے ورنہ جمع کرنا ہی عبث ٹھہرے گا پس اشتراک علت کی وجہ سے دوسرا مامور بہ بھی واجب ہوا اور بے اجازت جانے میں اس واجب کا ترک ہے اس لئے حرام ہوگا رہا جمعہ وغیرہ میں جمع ہو کر بے اجازت امیر المؤمنین کے جانا سو جب علت اور مدار حکم معلوم ہو گیا تو اگر امیر المؤمنین حکم کر دے کہ بدون ہمارے اذن کے کوئی مسجد سے نہ نکلے تو پھر استیذان واجب ہوگا اور اگر قرینہ قویہ سے یا تصریحاً معلوم ہو جاوے کہ عدم خروج بلا استیذان مامور بہ من الامیر نہیں ہے تو بوجہ فقدان علت کے معلوم یعنی وجوب استیذان بھی مفقود ہوگا اور بلا اذن خروج جائز ہوگا اور یہ سب تفصیل اُس وقت ہے جب کہ مستاذن کو قیام فی المسجد جائز ہو اور اگر جائز نہ ہو جیسے عورت کو حیض آ جانا یا کسی شخص کو جنابت ہو جانا وہاں استیذان کی ضرورت نہیں فوراً باہر نکل جاوے صرح بہ فی الخازن والقواعد تشہدلہ اور لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ کی جو تفسیر اختیار کی گئی سر دا ور قفال نے اسی کو اختیار کیا ہے **کذا فی الکبیر والروح** اور بعض نے کہا ہے کہ بعضے لوگ حضور ﷺ کو یا محمد ﷺ کہہ کر پکارتے تھے اس میں اُس کی ممانعت ہے کہ رسول کو اس طرح نہ پکارو پس تفسیر اول میں دُعَآءَ الرَّسُوْلِ مصدر مضاف الی الفاعل ہے اور دوسری تفسیر پر مصدر مضاف الی المفعول ہے اور اُس کے بعد لوگ اس طرح کہنے لگے یا رسول اللہ یا نبی اللہ در منثور میں حضرت عباس سے یہی تفسیر منقول ہے اور اس تفسیر پر اس کا مضمون مدح استیذان و ذم عدم استیذان کے بیچ میں آنا یا تو اس بناء پر ہے کہ استیذان میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب کرنا ہوگا اس خطاب کا طریقہ بتلا دیا اور یا استیذان اور ندا بالالقاب دونوں میں وجہ جامع تعظیم رسول ہے وہ ارتباط اور یہ اشتراک تناسب کے لئے کافی ہے لیکن چونکہ تفسیر اول کا اوفق بالمقام ہونا ظاہر ہے اس لئے احقر نے اس کو اختیار کیا اور ابن عباس رضی اللہ عنہما کا قول سبب نزول کی روایت نہیں جس کی متابعت واجب ہو بلکہ اجتہاد تفسیری اور ذرایت ہے جس کی متابعت واجب نہیں اور بعض روایات کے الفاظ سے جو سبب نزول ہونا مفہوم ہوتا ہے اس میں بھی یہ احتمال ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اپنے قیاس واجتہاد ہی سے سبب نزول قرار دیا ہو اور اس احتمال کا صریح قرینہ یہ ہے کہ طبری وغیرہ میں ابن عباس سے اس آیت کی دوسری تفسیر بھی مروی ہے اگر اُن کے نزدیک شانِ نزول متعین ومنصوص ہوتی تو آیت کی مختلف تفسیریں نہ کرتے واللہ اعلم۔

تَرْجَمَۂ مَسَائِلِ السُّلُوْكِ: قولہ تعالیٰ : **اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ** الخ روح میں ہے کہ اس میں (یہ بھی) اشارہ ہے کہ مرید کو مستقل ہو کر کوئی کام نہ کرنا چاہئے قولہ تعالیٰ **فاذن لمن شئت** الخ اس میں اس طرف اشارہ ہے کہ شیخ کی خدمت سے دور ہونا گو باذن ہو مگر قدرے نقصان سے خالی نہیں۔ قولہ تعالیٰ : **لا تجعلوا دعاء الرسول** اس میں یہ بھی اشارہ ہے کہ شیخ کا خاص ادب واحترام کرے اور دوسروں سے معاملات میں اس کو ممتاز رکھے۔

اَلْحَوَاشِیْ: (۱) خلاصہ اس تمام تر تقریر کا یہ ہے کہ بلانا بھی عام ہے اور اذن بھی عام ہے ہر اذن کو خواہ صراحۃً ہو یا دلالۃً پس آیت اپنے عموم پر بھی رہی اور جن مواقع پر بدون اذن صریح چلا جانا بلا نکیر معمول ہے وہاں اشکال بھی واقع نہیں ہوتا ۱۲ محشی۔

اَللُّغَاتُ: التسلل الخروج من البين على التدريج والخفية لو اذا اى ملاوذة بان يستتر بعضهم ببعض حتى يخرج ۱۲۔

اَلنَّحْوُ: قوله ويوم يرجعون عطف على ما انتم عليه ۱۲۔

اَلْبَلَاغَةُ: قوله امر جامع وصف الامر بالجمع مع انه سبب له للمبالغة والظاهر ان ذلك من المجاز العقلى ۱۲ قوله حتى يستاذنوه فيه ايجاز والمراد حتى يستاذنوه فياذن لهم فالغاية هي الاذن الحاصل بعد الاستيذان والاقتصار على الاستيذان لانه الذى يتم من قبلهم وهو المعتبر فى كمال الايمان لا الاذن ولا الذهاب المرتب عليه واعتباره فى ذلك لما انه كالمصداق لصحته والمميز للخلص عن المنافق فان ديدنه التسلل للفراء قوله فاذا استاذنوك الفاء لترتيب ما بعدها على ما قبلها اى بعد ما تحقق ان الكاملين فى الايمان هم المستاذنون فاذا استاذنوك الخ قوله استغفرلهم وتقديم لهم للمبادرة الى ان الاستغفار للمستاذنين لا للآذن ۱۲۔ قوله ما انتم دخول المنافقين مع ان الخطاب فيما قبل للمؤمنين بطريق الصليب ۱۲۔ فينبئهم الفاء للتعقيب وبترتيب ما بعدها على ما قبلها فان الاعلام مرتب على الاعم ۱۲۔

الحمد للہ کہ تاریخ ۲۹ ذی قعدہ روز سہ شنبہ ۱۳۴۴ھ کو تفسیر سورۂ نور مع الخیر ختم ہوئی یا الٰہی بقیہ تفسیر کو بھی مع الخیر ختم فرما اور وقت پر ہمارا بھی خاتمہ بالخیر فرما آمین۔

آمین وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقه محمد وآله واصحابه اجمعین۔

www.besturdubooks.net

وجوہ المثانی جلد ۳

سورۃ الاعراف ۔ قولہ تعالیٰ قلیلا ما یتذکرون فیہ ثلث ت الاولی بیاء قبل التاء وتخفیف الذال لابن عامر والثانیۃ بتخفیف الذال ولا یاقبل التاء لحفص وحمزۃ والکسائی والثالثۃ بتشدید الذال ولا یاء قبل التاء للباقین قولہ تعالیٰ منہا تخرجون فیہ تان الاولیٰ بفتح التاء وضم الراء لابن ذکوان و حمزۃ والکسائی والثانیۃ بضم التاء وفتح الراء للباقین قولہ تعالیٰ و لباس التقوی فیہ تان الاولیٰ بنصب السین لنافع وابن عامر والکسائی عطفا علی لباسًا والثانیۃ بضم التاء وفتح الراء للباقین قولہ تعالیٰ ویحسبون فیہ تان الاولی بفتح السین لابن عامر وعاصم وحمزۃ والثانیۃ بالکسر للباقین قولہ تعالیٰ خالصۃ فیہ تان الاولی برفع الرتاء علی انہ خبر بعد خبر لنافع والثانیۃ بالنصب علی الحال من الضمیر المستتر فی الجار والمجرور للباقین قولہ تعالیٰ ما لم ینزل فیہ تان الاولی بالتخفیف لابن کثیر وابی عمرو والثانیۃ بالتشدید للباقین قولہ تعالیٰ جاء تھم رسلنا فیہ تان الاولی بسکون السین لابی عمرو والثانیۃ بالضم للباقین قولہ تعالیٰ ولکن لا تعلمون فیہ قراء تان الاولیٰ بالیاء علی الغیبۃ لشعبۃ والثانیۃ بالتاء علی الخطاب للباقین قولہ تعالیٰ لا تفتح لھم فیہ ثلث قراء ات الاولیٰ بتاء التانیث قبل الفاء وسکون الفاء وتخفیف التاء بعدھا لابی عمرو والثانیۃ بالیاء علی التذکیر وسکونَ الفاء وتخفیف التاء لحمزۃ والکسائی والثالثۃ بالتانیث وفتح الفاء وتشدید التاء للباقین قولہ تعالیٰ وما کنا فیہ قراء تان الاولی بحذف الواو قبل ما لابن عامر والثانیۃ بالواو للباقین قولہ تعالیٰ قالوا نعم فیہ قراء تان الاولی بکسر العین للکسائی والثانیۃ بالفتح للباقین والکسر لغۃ فیہ نسبت الی کنانۃ وھذیل قولہ تعالیٰ ان لعنۃ اللہ فیہ قراء تان الاولی بتشدیدان ونصب التاء للبزی وابن عامر وحمزۃ والکسائی والثانیۃ بتخفیف ان ورفع التاء للباقین قولہ تعالیٰ یغشی فیہ قراء تان الاولی بفتح الغین وتشدید الشین لشعبۃ وحمزۃ والکسائی من التفعیل والثانیۃ بسکون الغین وتخفیف الشین للباقین من الافعال قولہ تعالیٰ والشمس والقمر والنجوم مسخرات فیہ قراء تان الاولی برفع الاربعۃ لابن عامر والثانیۃ بالنصب للباقین الا ان مسخرات منصوب بالکسرۃ والرفع علی الابتداء والخبریۃ والنصب علی العطف علی السمٰوٰت والحالیۃ قولہ تعالیٰ خفیۃ فیہ قراء تان الاولیٰ بکسر الخاء لشعبۃ والثانیۃ بالضم للباقین وھما لغتان قولہ تعالیٰ یرسل الریح فیہ قراء تان الاولی بالتوحید لابن کثیر وحمزۃ والکسائی والثانیۃ بالجمع للباقین قولہ تعالیٰ بشرا فیہ اربع قراء ات الاولی بالباء الموحدۃ وسکون الشین لعاصم والثانیۃ بالنون مفتوحۃ وسکون الشین لحمزۃ والکسائی والثالثۃ بالنون مضمومۃ وسکون الشین لابن عامر والرابعۃ بضم النون والشین للباقین وھو علی الاولی مخفف بشرا بضمتین جمع بشیر ای مبشرات وعلی الثانیۃ مصدر فی موقع الحال بمعنی ناشرات او مفعول مطلق فان الارسال والنشر متقاربان وعلی الثالثۃ مخفف الرابعۃ وعلی الرابعۃ جمع نشور بفتح النون بمعنی ناشر قولہ تعالیٰ للبلد میت فیہ قراء تان الاولی بتخفیف الیاء لابن کثیر وابی عمرو وابن عامر وشعبۃ والثانیۃ بالتشدید للباقین قولہ تعالیٰ من الہ غیرہ۔ فیہ قراء تان الاولی بخفض الراء والھاء للکسائی والثانیۃ برفع الراء وضم الھاء للباقین وھو علی الاول صفۃ لا لہ باعتبار لفظہ وعلی الثانی صفۃ لہ باعتبار محلہ قولہ تعالیٰ انی اخاف فیہ قراء تان الاولی بفتح الیاء لنافع وابن کثیر وابی عمرو والثانیۃ بالسکون للباقین قولہ تعالیٰ تذکرون فیہ قراء تان الاولی بتخفیف الذال لحفص وحمزۃ والکسائی والثانیۃ بالتشدید للباقین قولہ تعالیٰ ابلغکم فی الحرفین قراء تان الاولی بسکون الباء وتخفیف اللام لابی عمرو والثانیۃ بفتح الباء وتشدید اللام للباقین قولہ تعالیٰ بصطۃ قرأ نافع والبزی وشعبۃ والکسائی بالصاد وابو عمرو وھشام وقنبل وحفص وخلف بالسین واما ابن ذکوان وخلاد ففقرء بالصاد والسین والمرسوم بالصاد قولہ تعالیٰ بیوتا فیہ قراء تان الاولی بضم الباء لورش وابی عمر وحفص والثانیۃ بالکسر للباقین قولہ تعالیٰ مفسدین وقال الملأ فیہ قراء تان الاولیٰ بالواو قیل قال لابن عامر والثانیۃ بلا واو للباقین قولہ تعالیٰ من الہ غیرہ۔ فیہ ما تقدم قولہ تعالیٰ لفتحنا فیہ قراء تان الاولی بتشدید التاء لابن عامر والثانیۃ بالتخفیف للباقین قولہ تعالیٰ او امن فیہ قراء تان الاولی بسکون الواو عطفا علی امن السابق بالترتید لنافع وابن کثیر وابن عامر والثانیۃ بفتح الواو للباقینقولہ تعالیٰ حقیق علی ان لا اقول فیہ قراء تان الاولی بتشدید الیاء والثانیۃ بالسکون للباقین ومعنی الاول ظاھر۔ وتوجیہ الثانی ان علی بمعنی الباء وحقیق خبر مبتدأ محذوف ای انا جدیر بان لا اقول الخ قولہ تعالیٰ ارجہ فیہ ست قراء ات الاولی ارجئہ بھمزۃ ساکنۃ وضم الھاء موصولۃ بواو لابن کثیر وھشام والثانیۃ اجئہ بھمزہ ساکنۃ وضم الھاء مختلسۃ لأبی عمرو والثالثۃ ارجئہ بھمزۃ ساکنۃ وکسر الھاء مختلسۃ لابن ذکوان الرابعۃ ارجہ بلا ھمز وبسکون الھاء لعاصم وحمزۃ الخامسۃ ارجہ بلا ھمز وکسر الھاء مختلسۃ لقالون السادسۃ ارجہ بلا ھمز وکسر الھاء موصولۃ بیاء لورش والکسائی وتوجیہ الثلث الاول ظاھر فانہ امر من الارجئا والضمیر منصوب متصل وضم الھاء وکسرھا لغتان توجیہ الثلث الاخر ان الھمزۃ حذفت تخفیفا ثم کسر الھاء ظاھر اما السکون فلتشبیہ المنفصل بالمتصل وجعل ارجہ وکابل فی اسکان وسطہ قولہ تعالیٰ بکل سحر فیہ قراء تان الاولی بتشدید الھاء مفتوحۃ والف بعدھا ولا الف قبلھا لحمزۃ والکسائی والثانیۃ بتخفیف الحاء مکسورۃ والف قبلھا للباقین قولہ تعالیٰ نعم فیہ قراء تان الاولی بکسر العین للکسائی والثانیۃ بالفتح للباقین۔ قولہ تعالیٰ تلقف۔ فیہ قراء تان الاولی بسکون اللام وتخفیف القاف لحفص والثانیۃ بفتح اللام وتشدید القاف للباقین بحذف احدی التاتین قولہ تعالیٰ سنقتل فیہ قراء تان الاولی بفتح النون وسکون القاف وضم التاء مخففۃ لنافع وابن کثیر والثانیۃ بضم النون وفتح القاف وکسر التاء مشددۃ للباقین قولہ تعالیٰ یعرشون فیہ قراء تان الاولیٰ بضم الراء لابن عامر والثانیۃ بالکسر للباقین وھما لغتان قولہ تعالیٰ یعکفون۔ فیہ قراء تان الاولی بکسر الکاف لحمزۃ والکسائی والثانیۃ بالضم للباقین وھما لغتان قولہ تعالیٰ انجیتکم فیہ قراء تان الاولی بحذف الیاء والنون لابن عامر والثانیۃ باثباتھما للباقین قولہ تعالیٰ یقتلون۔ فیہ قراء تان الاولیٰ بفتح الیاء وسکون القاف وضم التاء مخففۃ لنافع والثانیۃ بضم الیاء وفتح القاف وکسرا التاء مشددۃ للباقین قولہ تعالیٰ وواعدنا موسیٰ۔فیہ قراء تان الاولیٰ بغیر الف قبل العین لابی عمرو والثانیۃ بالاف للباقین قولہ تعالیٰ برسالتی۔ فیہ قراء تان الاولیٰ بغیر الف بعد اللام علی التوحید لنافع وابن کثیر والثانیۃ بالاف بعد اللام علی الجمع للباقین قولہ تعالیٰ سبیل الرشد۔ فیہ قراء تان الاولیٰ بفتح الراء والشین لحمزۃ والکسائی والثانیۃ بالضم الراء

www.besturdubooks.net

وسکون الشین للباقین وھما لغتان قولہ تعالیٰ من حلیھم۔ فیہ قراء تان الاولیٰ بکسر الحاء لحمزۃ والکسائی والثانیۃ بالضم للباقین والثانی اصل اللغۃ والاول فیہ اتباع لکسر اللام قولہ تعالیٰ لم یرحمنا ربنا وتغفرلنا فیہ قراء تان الاولیٰ بالخطاب فی ترحمنا وغفرلنا ونصب باء ربنا لحمزۃ والکسائی والثانیۃ بالغیبۃ ورفع الباء للباقین والتوجیہ ظاھر قولہ تعالیٰ اصرھم۔ فیہ قراء تان الاولیٰ بفتح الھمزۃ ممدودۃ والصاد والف بعد الصاد علی الجمع لابن عامر والثانیۃ بکسر الھمزۃ وسکون الصاد ولا الف بعدھا علی التوحید للباقین قولہ تعالیٰ نغفرلکم۔ فیہ قراء تان الاولیٰ تغفر بضم التاء وفتح الفاء علی التانیث لنافع وابن عامر والثانیۃ بنون مفتوحۃ وکسر الفاء للباقین قولہ تعالیٰ خطیئتکم۔ فیہ ثلث قراء ات الاولیٰ بفتح الطاء وبعدھا الف بعدھا یاء بعدھا الف علی وزن قضایاکم لابی عمرو والثانیۃ بکسر الطاء بعدھا یاء بعدھا ھمزۃ مفتوحۃ مقصورۃ علی التوحید لابن عامر والثالثۃ کذلک الا ان الھمزۃ ممدودۃ علی الجمع للباقین لکن نافعا منھم یضم التاء علی انہ مفعول ما لم یسم فاعلہ والباقون یکسرون قولہ تعالیٰ معذرۃ۔ فیہ قراء تان الاولیٰ بالنصب لحفص والثانیۃ بالرفع للباقین والعامل علی الاول لحظ وعلی الثانی وعظنا قولہ تعالیٰ بعذاب بئیس۔ فیہ اربع قراء ات الاولیٰ بکسر الباء بعدھا ھمزۃ ساکنۃ لابن عامر وکان اصلہ بئس بباء مفتوحۃ وھمزۃ مکسورۃ کحذر سکن بعد نقل الحرکۃ الی الباء للتخفیف والثانیۃ بکسر الباء بعدھا یاء ساکنۃ لنافع علی قلب الھمزۃ ھی فی القراء ۃ الاولیٰ یاء کما قلبت فی زیب لسکونھا وانکسار ما قبلھا والثالثۃ بفتح الباء بعدھا یاء ساکنۃ وبعد الیاء ھمزۃ مفتوحۃ علی وزن فیعل کضیغم ھو وجہ لشعبۃ والرابعۃ بفتح الباء وبعدھا ھمزۃ مکسورۃ ممدودۃ کفعیل للباقین وھو وجہ اخر لشعبۃ وکلھا من البوس والباس بمعنی الشدۃ قولہ تعالیٰ افلا تعقلون فیہ قراء تان بالتاء علی الخطاب لنافع و ابن عامر و حفص والثانیۃ بالیاء علی الغیبۃ للباقین قولہ تعالیٰ یمسکون فیہ قراء تان الاولیٰ باسکان المیم وتخفیف السین لشعبۃ والثانیۃ بفتح المیم وتشدید السین للباقین والاول من الامساک والثانیۃ من التمسیک قولہ تعالیٰ ذریتھم۔ فیہ قراء تان الاولیٰ بالف بعد الیاء وکسر التاء علی الجمع لنافع وابی عمرو وابن عامر والثانیۃ بغیر الف وفتح التاء علی التوحید للباقین قولہ تعالیٰ ان تقولوا او تقولوا فیہ قراء تان الاولیٰ بالیاء فیھم علی الغیبۃ لابی عمرو والثانیۃ بالتاء علی الخطاب للباقین قولہ تعالیٰ یلحدون۔ فیہ قراء تان الاولیٰ بفتح الیاء والحاء لحمزۃ والثانیۃ بضم الیاء وکسر الحاء للباقین قولہ تعالیٰ ویذرھم فیہ ثلث قراء ات الاولیٰ بالنون ورفع الراء لنافع وابن کثیر وابن عامر والثانیۃ بالیاء ورفع الراء لابی عمرو وعاصم والثالثۃ بالیاء وجزم الراء لحمزۃ والکسائی والرفع علی الاستیناف والجزم علی العطف علی محل الجملۃ الاسمیۃ الواقعۃ جواب الشرط کانہ قیل من یضلل اللہ لا یھدہ احد ویذرھم قولہ تعالیٰ شرکاء فیہ قراء تان الاولیٰ بکسر الشین وسکون الراء بلا ھمز بعد الکاف علی المصدر لنافع وشعبۃ والثانیۃ بضم الشین وفتح الراء وبعد الکاف الف بعدھا ھمزۃ جمع شریک للباقین قولہ تعالیٰ لا یتبعوکم۔ فیہ قراء تان الاولیٰ بسکون التاء وفتح الباء الموحدۃ لنافع والثانیۃ بفتح التاء مشددۃ وکسر الباء الموحدۃ للباقین قولہ تعالیٰ طیف فیہ قراء تان الاولیٰ بیاء ساکنۃ بعد الطاء لابن کثیر وابی عمرو والکسائی علی المصدر والثانیۃ بالالف بعد الطاء بعدھا ھمزۃ مکسورۃ للباقین علی صیغۃ اسم الفاعل قولہ تعالیٰ یمدونھم فیہ قراء تان الاولیٰ بضم الیاء وکسر المیم لنافع والثانیۃ بفتح الیاء وضم المیم للباقین۔

﴿ سَوْفَ الْاَفْدَانِ ﴾ قولہ تعالیٰ مردفین۔ فیہ قراء تان الاولیٰ بفتح الدال لنافع ووجہ لقبل والثانیۃ بالکسر للباقین ووجہ اخر لقبل قولہ تعالیٰ یغشیکم النعاس۔ فیہ ثلث قراء ات الاولیٰ بفتح الیاء والسین مع التخفیف والف بعدھا ورفع السین من النعاس علی الفاعلیۃ لابن کثیر وابی عمرو والثانیۃ بضم الیاء وکسر الشین مخففۃ ونصب النعاس علی المفعولیۃ لنافع والثالثۃ بضم الیاء وفتح العین وکسر الشین مشددۃ ونصب السین للباقین قولہ تعالیٰ وینزل۔ فیہ قراء تان الاولیٰ بسکون النون وتخفیف الزاء لابن کثیر وابی عمرو والثانیۃ بفتح النون وتشدید الزاء للباقین قولہ تعالیٰ الرعب فیہ قراء تان الاولیٰ بضم العین لابن عامر والکسائی والثانیۃ بالسکون للباقین قولہ تعالیٰ ولکن اللہ قتلھم ولکن اللہ رمی۔ فیہ قراء تان الاولیٰ بکسر النون مخففۃ ورفع الھاء من اسم اللہ تعالیٰ فیھما لابن عامر وحمزۃ والکسائی والثانیۃ بفتح النون مشددۃ ونصب الھاء للباقین قولہ تعالیٰ موھن کید فیہ ثلث قراء ات الاولیٰ بفتح الواو وتشدید الھاء وتنوین النون ونصب الدال علی المفعولیۃ لنافع وابن کثیر وابی عمرو والثانیۃ بسکون الواو وتخفیف الھاء مع تنوین النون ونصب الدال لابن کثیر وشعبۃ وحمزۃ والکسائی والثالثۃ بسکون الواو وتخفیف الھاء وعدم تنوین النون وخفض الدال علی الاضافۃ لحفص قولہ تعالیٰ وان اللہ مع المومنین فیہ قراء تان الاولیٰ بفتح الھمزۃ لنافع و ابن عامر و حفص والثانیۃ بالکسر للباقین والفتح تقدیر المبتدا ای والامران اللہ والکسر علی الاستیناف قولہ تعالیٰ یمینہ فیہ قراء تان الاولیٰ بضم الیاء الاولیٰ وفتح المیم و تشدید الیاء الثانیۃ مع الکسر حمزۃ والکسائی والثانیۃ بفتح الیاء الاولیٰ وکسر المیم وسکون الیاء الثانیۃ للباقین قولہ تعالیٰ بالعدوۃ فی الموضعین فیہ قراء تان الاولیٰ بکسر العین لابن کثیر وابی عمرو والثانیۃ بالضم للباقین وھما لغتان قولہ تعالیٰ من حی۔ فیہ قراء تان الاولیٰ بیائین الاولیٰ مکسورۃ بلا ادغام لنافع والبزی وشعبۃ والثانیۃ بیاء واحدۃ مشددۃ بالادغام للباقین قولہ تعالیٰ ترجع فیہ قراء تان الاولیٰ بفتح التاء وکسر الجیم لابن عامر وحمزۃ والکسائی والثانیۃ بضم التاء وفتح الجیم للباقین قولہ تعالیٰ یتوفی۔ فیہ قراء تان الاولیٰ بالتاء علی التانیث لابن عامر والثانیۃ بالیاء علی التذکیر للباقین قولہ تعالیٰ ولا یحسبن الذین کفروا۔ فیہ ثلث قراء ات الاولیٰ بالیاء علی الغیبۃ وفتح السین لابن عامر وحمزۃ وحفص والثانیۃ بتاء الخطاب والفتح لشعبۃ والثالثۃ بالتاء والکسر للباقین قولہ تعالیٰ انھم لا یعجزون۔ فیہ قراء تان الاولیٰ بفتح الھمزۃ والثانیۃ بالکسر للباقین والفتح بتقدیر لام التعلیل ای لانھم والکسر علی الاستیناف قولہ تعالیٰ للسلم۔ فیہ قراء تان الاولیٰ بکسر السین لشعبۃ والثانیۃ بالفتح للباقین وھما لغتان قولہ تعالیٰ وان یکن منکم مائۃ یغلبوا الفا۔ فیہ قراء تان الاولیٰ بالتاء علی التانیث لنافع وابن کثیر وابن عامر والثانیۃ بالیاء علی التذکیر للباقین۔ قولہ تعالیٰ ضعفاء۔ فیہ قراء تان الاولیٰ بفتح الضاد لعاصم وحمزۃ والثانیۃ بالضم للباقین قولہ تعالیٰ فان یکن منکم مائۃ صابرۃ۔ فیہ قراء تان الاولیٰ بالیاء علی التذکیر لعاصم وحمزۃ والکسائی والثانیۃ بالتاء علی التانیث للباقین قولہ تعالیٰ لنبی ان یکون فیہ قراء تان الاولیٰ بالتاء علی التانیث لابی عمرو والثانیۃ بالیاء علی التذکیر للباقین قولہ تعالیٰ من الاسریٰ۔ فیہ قراء تان الاولیٰ بضم الھمزۃ وفتح السین بعدھا الف لابی عمرو والثانیۃ بفتح

www.besturdubooks.net

الهمزة وسكون السين ولا الف بعدها للباقين قوله تعالٰى من ولايتهم فيه قراء تان الاولٰى بكسر الواو ولحمزة والثانية بالفتح للباقين وهما لغتان۔

﴿سُوْرَةُ التَّوْبَةِ﴾ قوله تعالٰى لا ايمان لهم۔ فيه قراء تان الاولى بكسر الهمزة لابن عامر والثانية بالفتح جمع يمين للباقين قوله تعالٰى ان يعمروا مسجد الله فيه قراء تان الاولٰى بسكون السين ولا الف بعدها على التوحيد لابن كثير وابى عمرو والثانية بفتح السين والف بعدها على الجمع للباقين قوله تعالٰى يبشرهم۔ فيه قراء تان الاولٰى بفتح الياء وسكون الباء الموحدة وضم الشين مخففة لحمزة والثانية بضم الياء وفتح الباء الموحدة وكسر الشين مع التشديد للباقين قوله تعالٰى ورضوان۔ فيه قراء تان الاولٰى بضم الراء لشعبة والثانية بالكسر للباقين قوله تعالٰى وعشيرتكم۔ فيه قراء تان الاولٰى بالف بعد الراء على الجمع لشعبة والثانية بغير الف على التوحيد للباقين قوله تعالٰى عزير ابن الله۔ فيه قراء تان الاولٰى بتنوين عزير لعاصم والكسائى والثانية بلا تنوين للباقين على العلمية والعجمة اما التنوين فعلى انه اسم عربى او اعجمى لكنه صرف لخفته بالصغير قوله تعالٰى يضاهؤن۔ فيه قراء تان الاولٰى بكسر الهاء وبعدها همزة مضمومة لعاصم والثانية بضم الهاء ولا همزة بعدها للباقين وقد جاء ضاهيت وضاهات بمعنى واحد قوله تعالٰى يضل به فيه قراء تان الاولٰى بضم الياء وفتح الضاد لحفص وحمزة والكسائى والثانية بالفتح الياء وكسر الضاد للباقين وكلاهما ظاهر قوله تعالٰى كرها۔ فيه قراء تان الاولٰى بضم الكاف لحمزة والكسائى والثانية بالفتح للباقين وهما لغتان قوله تعالٰى ان تقبل فيه قراء تان الاولٰى بالياء على التذكير لحمزة والكسائى والثانية بالتاء على التانيث للباقين قوله تعالٰى هو اذن فيه قراء تان الاولٰى بسكون الذال فيهما لنافع والثانية بالضم للباقين والسكون تخفيف الضم قوله تعالٰى ورحمة للذين امنوا۔ فيه قراء تان الاولٰى بحر التاء لحمزة عطفا على خير والثانية بالرفع للباقين عطفا على اذن قوله تعالٰى ان تنزل۔ فيه قراء تان الاولٰى بسكون النون وتخفيف الزاى لابن كثير وابى عمرو والثانية بفتح النون وتشديد الزاء للباقين قوله تعالٰى ان نعف وقوله نعذب طائفة فيه قراء تان الاولٰى نعف بنون مفتوحة وضم الفاء ونعذب بنون مضمومة وكسر الذال وطائفة بالنصب لعاصم والثانية يعف بياء مضمومة وفتح الفاء وتعذب بتاء مضمومة وفتح الذال وطائفة بالرفع للباقين قوله تعالٰى رسلهم۔ فيه قراء تان الاولٰى بسكون السين لابى عمرو والثانية بضم للباقين قوله تعالٰى رضوان۔ الاولٰى بضم الراء لشعبة والثانية بالكسر للباقين قوله تعالٰى علام الغيوب۔ فيه قراء تان الاولٰى بكسر الغين لشعبة وحمزة والثانية بالضم للباقين قوله تعالٰى دائرة السوء۔ فيه قراء تان الاولٰى بضم السين لابن كثير وابى عمرو والثانية بفتح السين للباقين وهو بالضم اسم بمعنى العذاب وبالفتح مصدر قوله تعالٰى قربة۔ فيه قراء تان الاولٰى بضم الراء لورش والثانية بالسكون للباقين وهما لغتان قوله تعالٰى تجرى تحتها۔ فيه قراء تان الاولٰى بزيادة من وبحر التاء بعد الحاء لابن كثير والثانية بغير من وبفتح التاء للباقين قوله تعالٰى ان صلاتك فيه قراء تان الاولٰى بغير واو بعد اللام ونصب التاء على التوحيد لحفص وحمزة والكسائى والثانية بالواو وكسر التاء على الجمع للباقين قوله تعالٰى مرجون۔ الاولٰى بغير همز بين الجيم والواو لنافع وحفص وحمزة والكسائى والثانية بهمزة مضمومة بينهما للباقين وهما لغتان يقال ارجاته وارجيته قوله تعالٰى والذين اتخذوا فيه قراء تان الاولٰى بغير واو قبل الذين لنافع وابن عامر والثانية بالواو للباقين قوله تعالٰى اسس بنيانه فى الموضعين فيه قراء تان الاولٰى الهمزة وكسر السين الاولى مع التشديد ورفع النون لنافع وابن عامر والثانية بفتح الهمزة والسين مع التشديد ايضا ونصب النون قبل الهاء للباقين قوله تعالٰى جرف فيه قراء تان الاولٰى بسكون الراء لابن عامر وشعبة وحمزة والثانية بالرفع للباقين وهما لغتان قوله تعالٰى تقطع فيه قراء تان الاولٰى بفتح التاء لابن عامر وحفص وحمزة والثانية بالضم للباقين قوله تعالٰى فيقتلون ويقتلون فيه قراء تان الاولٰى بتقديم المقتولين قبل القاتلين لحمزة والكسائى والثانية بتقديم القاتلين قبل المقتولين للباقين قوله تعالٰى اولا يرون۔ فيه قراء تان الاولٰى بالتاء على الخطاب لحمزة والثانية بالياء على الغيبة للباقين۔

﴿سُوْرَةُ يُوْنُسَ﴾ قوله تعالٰى لسحر مبين۔ فيه قراء تان الاولٰى بكسر السين وسكون الحاء لنافع وابى عمرو وابن عامر والثانية بفتح السين والف بعدها وكسر الهاء للباقين قوله تعالٰى افلا تذكرون فيه قراء تان الاولٰى بتخفيف الذال لحفص وحمزة والكسائى والثانية بالتشديد للباقين قوله تعالٰى ضياء۔ فيه قراء تان الاولٰى بهمزة مفتوحة ممدودة بعد الضاد والثانية بياء مفتوحة بعدها للباقين قوله تعالٰى يفصل الأيات۔ فيه قراء تان الاولٰى بالياء لابن كثير وابن عمرو وحفص والثانية بالنون للباقين قوله تعالٰى لقضى اليه اجلهم فيه قراء تان الاولى بفتح القاف و الضاد والف بعد الضاد ونصب اللام من اجلهم والثانية بضم القاف وكسر الضاد وياء مفتوحة بعد الضاد ورفع اللام من اجلهم للباقين قوله تعالٰى عما يشركون فيه قراء تان الاولٰى بالتاء على الخطاب لحمزة والكسائى والثانية بالياء على الغيبة للباقين قوله تعالٰى يسيركم فيه قراء تان الاولى ينشركم بفتح الياء ونون ساكنة بعدها شين معجمة مضمومة لابن عامر من النشر والثانية بضم الياء الاولى وسين مهملة مفتوحة وبعدها ياء مكسورة مشددة من التيسير للباقين قوله تعالٰى متاع الحيوة۔ فيه قراء تان الاولٰى بنصب العين لحفص والثانية بالرفع للباقين والنصب على انه مصدر من الفعل المقدر اى تتمتعون متاع والرفع على تقدير هو قوله تعالٰى قطعا۔ فيه قراء تان الاولٰى بسكون الطاء لابن كثير والكسائى والثانية بفتحها للباقين وهو بالسكون اسم مفرد اواسم جنس وبالفتح جمع قطعة قوله تعالٰى تبلوا۔فيه قراء تان الاولى بتائين لحمزة والكسائى والثانية بعد التاء بباء موحدة للباقين والاول بمعنى تقرأ الصحف والثانى بمعنى تختبر العمل فتعاين جزائه قوله تعالٰى من الميت ومخرج الميت۔ فيه قراء تان الاولى بكسر الياء مع التشديد لنافع وحفص وحمزة والكسائى والثانية بسكون الياء للباقين قوله تعالٰى حقت كلمت ربك۔ فيه قراء تان الاولى بالف بعد الميم على الجمع لنافع وابن عامر والثانية بغير الف بعد الميم على الافراد للباقين قوله تعالٰى امعن لا يهدى فيه خمس قراء ت الاولى بفتح الياء واسكان الهاء وتخفيف الدال لحمزة والكسائى الثانية بكسر الياء والهاء وتشديد الدال لشعبة والثالثة بفتح الياء وكسر الهاء وتشديد الدال لحفص الرابعة بفتح الياء واخفاء فتحة الهاء وتشديد الدال لقالون وابى عمرو الخامسة بفتح الياء والهاء وتشديد الدال للباقين وعن قالون وجه اخر كالاولى واصله على الاربعة الخيرة يهتدى وكسر الماء على الثانية والثالثة لا لتقاء الساكنين وكسر الياء على الثانية اتباع للهاء وفى الرابعة والخامسة نقلت فتحة التاء الى الهاء قبلها ثم قلبت دالا كالثانية والثالثة لقرب مخرجهما وادغمت فيها واختلاس الفتحة فى الرابعة لتنبيه على ان الحركة عارضة فتامل وامن قوله تعالٰى ولكن الناس فيه قراء تان الاولى بكسر النون مخففة ورفع السين لحمزة

www.besturdubooks.net

والکسائی والغائبة بفتح النون مشددة ونصب السین للباقین قوله تعالٰی یحشرهم فیه قراء تان الاولٰی بالیاء التحتیة لحفص والغائبة بالنون للباقین قوله تعالٰی مما یجمعون فیه قراء تان الاولٰی بالتاء علی الخطاب لابن عامر والغائبة بالیاء علی الغیبة للباقین قوله تعالٰی وما یعزب۔ فیه قراء تان الاولٰی بکسر الزای لکسائی والغائبة بالضم للباقین وهما لغتان قوله تعالٰی ولا اصغر من ذلك ولا اکبر۔ فیه قراء تان الاولٰی برفع الراء من اصغر واکبر لحمزة والغائبة بالنصب فیهما للباقین وهما علی الرفع مبتدأ ان وعلی النصب اسمان للا التی هی لنفی الجنس قوله تعالٰی ولا یحزنك فیه قراء تان الاولٰی بضم الیاء و کسر الزای لنافع والغائبة بفتح الیاء وضم الزای قوله تعالٰی بکل سحار علیم فیه قراء تان الاولٰی بغیر الف بعد السین وتشدید الحاء مفتوحة والف بعدها لحمزة والکسائی والغائبة بالف بعد السین وتخفیف الحاء مکسورة ولا الف بعدها قوله تعالٰی به السحر۔ فیه قراء تان الاولٰی بهمزتین الاولٰی همزة استفهام فهی مفتوحة والغائبة بهمزة وصل ولفیها وجهان التسهیل والبدل لابی عمرو والغائبة بهمزة وصل فتسقط فی الوصل للباقین والمعنی علی الاول ای شیء جئتم به اهو السحر وعلی الثانی الذی جئتم به هو السحر قوله تعالٰی لیضلوا فیه قراء تان الاولٰی بضم الیاء لعاصم وحمزة والکسائی والغائبة بالفتح للباقین قوله تعالٰی ولا تتبعان فیه قراء تان الاولٰی بتخفیف النون لابن ذکوان فهی نفی بمعنی النهی کقوله تعالٰی لا تعبدون الا الله والغائبة بالتشدید للباقین قوله تعالٰی أمنت انه۔ فیه قراء تان الاولٰی بکسر همزة انه لحمزة والکسائی والغائبة بالفتح للباقین وجه الاول تقدیر القول ای وقال انه ووجه الثانی تقدیر الباء قوله تعالٰی کلمت ربك فیه ما تقدم فی هذه السورة قوله تعالٰی ویجعل الرجس فیه قراء تان الاولٰی بالنون لشعبة والغائبة بالیاء للباقین قوله تعالٰی ننج المؤمنین فیه قراء تان الاولٰی بسکون النون الثانیة و تخفیف الجیم لحفص والکسائی والغائبة بفتح النون و تشدید الجیم للباقین من الافعال والتفعیل۔

﴿سُوْرَةُ هُوْدٍ﴾ قوله تعالٰی الا سحر مبین۔ فیه قراء تان الاولٰی بفتح السین والف بعدها وکسر الهاء لحمزة والکسائی والغائبة بکسر السین و سکون الحاء للباقین و المشار الیه علی الاول هو القائل و علی الثانی هو القول من الآیات قوله تعالٰی یضعف لهم فیه قراء تان الاولٰی بغیر الف بعد الضاد و تشدید العین لابن کثیر وابن عامر والغائبة بالالف بعد الضاد و تخفیف العین للباقین قوله تعالٰی افلا تذکرون فیه قراء تان الاولٰی بتخفیف الذال لحفص و حمزة والکسائی والغائبة بالتشدید للباقین قوله تعالٰی بادی الرأی ۔ فیه قراء تان الاولٰی بهمزة مفتوحة بعد الدال لابی عمرو و الغائبة بیاء مفتوحة للباقین قوله تعالٰی فعمیت۔ فیه قراء تان الاولٰی بضم العین و تشدید المیم لحفص و حمزة والکسائی والغائبة بفتح العین و تخفیف المیم قوله تعالٰی افلا تذکرون هو مثل مامر آنفا قوله تعالٰی من کل زوجین۔ فیه قراء تان الاولٰی بتنوین لام کل لحفص والغائبة بغیر تنوین للباقین و مفعول احمل علی الاول زوجین والثنین صفة له وعلی الثانی الثنین و زوجین مضاف الیه لکل قوله تعالٰی مجراها فیه ثلث قراء ات الاولٰی بفتح المیم واماله الالف بعد الراء لحفص و حمزة والکسائی والغائبة بضم المیم والامالة لابی عمرو وورش الا ان ورشا یقرء بین اللفظین والغائبة بضم المیم و فتح الراء للباقین قوله تعالٰی مرساها فیه قراء تان الاولٰی بالامالة لابی لحمزة الکسائی وورش الا ان ورشا یقرء بین اللفظین والغائبة بالفتح للباقین قوله تعالٰی یا بنی ارکب فیه قراء تان الاولٰی بفتح الیاء من بنی لعاصم والغائبة بالکسر فی الوصل للباقین والیاء هی لام الکلمة و اجتزئ فی الاول بالفتحة عن الالف المبدلة من یاء الاضافة فی قوله یا بینا و فی الثانی اقتصر بالکسر من کسر الاضافة قوله تعالٰی انه عمل غیر صالح فیه قراء تان الاولٰی بکسر المیم وفتح اللام بغیر تنوین و نصب الراء لکسائی والغائبة بفتح المیم ورفع اللام منونة رفع الراء للباقین والوجه ظاهر قوله تعالٰی فلا تسئلن۔ فیه ثلث قراء ت الاولٰی بفتح اللام و تشدید النون مع الفتح لابن کثیر والغائبة بفتح اللام و تشدید النون مع الکسر لنافع و ابن عامر والغائبة بسکون اللام و تخفیف النون مع الکسر والنون علی الاولین للتاکید مع حذف یاء المتکلم علی الثانی وفی الثالث النون للوقایة مع حذف الیاء قوله تعالٰی مالکم من الٰه غیره فی الموضعین فیه ماتقدم فی الاعراف قوله تعالٰی من خزی یومئذ فیه قراء تان الاولٰی بفتح میم یومئذ لنافع والکسائی والغائبة بالجر للباقین و فتح یوم لانه مضاف الی اذ وهو غیر متمکن۔ قوله تعالٰی :ان ثمودا فیه قراء تان الاولٰی بغیر تنوین لحفص و حمزة والغائبة بالتنوین للباقین وهو ان اول بالقبیلة فهو ممنوع عن الصرف وان اول بالحی لم یمنع قوله تعالٰی لثمود فیه قراء تان الاولٰی بتنوین لثمود مع الجر للکسائی والغائبة بغیر تنوین مع الفتح للباقین قوله تعالٰی قال سلم فیه قراء تان الاولٰی بکسر اللین و سکون اللام ولا الف بعدها لحمزة والکسائی والغائبة بفتح السین واللام والف بعدها للباقین والاول ایضا لغة فی سلام قوله تعالٰی بیعقوب قالت فیه قراء تان الاولٰی بنصب الباء لابن عامر و حفص و حمزة والغائبة بالرفع للباقین والنصب علی تقدیر وبشرنا مع باء الصلة او وهبنا والرفع علی الابتداء قوله تعالٰی فاسر فیه قراء تان الاولٰی بهمزة الوصل بعد الفاء لنافع وابی عمرو والغائبة بهمزة قطع للباقین قوله تعالٰی الا امرأتك فیه قراء تان الاولٰی برفع التاء لابن کثیر وابی عمرو والغائبة بالنصب للباقین قوله تعالٰی اصلواتك فیه قراء تان الاولٰی بلا الف بعد اللام علی الافراد لحفص و حمزة والکسائی والغائبة بالواو مفتوحة بعد اللام والف بعدها لفظیة علی الجمع للباقین قوله تعالٰی مکانتکم فی الموضعین فیه قراء تان الاولٰی بالجمع لشعبة والغائبة بالتوحید للباقین قوله تعالٰی یوم یأت فیه ثلث قراء ات الاولٰی بالیات الیاء بعد التاء وصلا ووقفا لنافع وابی عمرو والکسائی والغائبة الیاتها وصلا و وقفا لابن کثیر والغائبة حذفها وصلا ووقفا للباقین قوله تعالٰی سعدوا فیه قراء تان الاولٰی بضم السین لحفص و حمزة والکسائی والغائبة بالفتح للباقین قال الجوهری سعد فهو سعید و سعد فهو مسعود قوله تعالٰی ان کلا لما فیه اربع قراء ات الاولٰی بتخفیف النون والمیم لنافع وابن کثیر والغائبة بتشدید هما لابن عامر و حفص و حمزة والغائبة بتخفیف الاول تشدید الثانی لشعبة والرابعة بتشدید الاول وتخفیف الثانی لابی عمرو والکسائی والتخفیف والتشدید فی النون وجههما ظاهر ونصب کلا علی تخفیف النون لان المخففة یجواز اعمالها والغاء ها اما المیم فتشدیدها علی ان اصله لمن ما فهی مرکبة من اللام و من الموصولة او الموصوفة وما الزائدة فقلبت النون فیما للادغام فاجتمعت ثلث میمات فحذفت الوسطی مخمائم وغم المفلاء و تخفیفها علی ترکیبها من اردوم دما قوله تعالٰی عما یعملون فیه قراء تان الاولٰی بالتا علی الخطاب لنافع و ابن عامر حفص والغائبة بالیاء علی الغیبة للباقین تمت سورة هود لخمسة وعشر من رجب ۱۳۳۶ھ۔

www.besturdubooks.net

﴿سُوْرَةُ يُوْسُفَ﴾ قوله تعالٰی یا نبی۔ فیه قراء تان فی الوصل الاولی بفتح الیاء لحفص والثانیة بالکسر والوجه قد ذکر فی هود فی قوله یا بنی ارکب قوله تعالٰی ایة للسائلین۔ فیه قراء تان الاولی ایة علی التوحید لابن کثیر والثانیة ایات علی الجمع للباقین قوله تعالٰی غیابات فی الموضعین۔ فیه قراء تان الاولی بالف بین الیاء والتاء علی الجمع لنافع والثانیة بغیر الف علی التوحید للباقین قوله تعالٰی یرتع ویلعب۔ فیه قراء تان الاولی بالنون فیهما لابن کثیر وابی عمرو وعامر والثانیة بالیاء للباقین وسکن العین ابو عمرو وابن عامر وعاصم وحمزة والکسائی من الرتع وکسرها الباقون من الارتعاء بمعنی المراعاة او الرعی ای یراعی بعضنا بعضا او نرعی مواشینا او هو تجوز عن اکلهم قوله تعالٰی لیحزننی۔ فیه قراء تان الاولی بضم الیاء بعد اللام وکسر الزای لنافع والثانیة بفتح الیاء وضم الزای للباقین قوله تعالٰی یا بشری۔ فیه قراء تان الاولی بلا یاء بعد الالف لعاصم وحمزة والکسائی والثانیة بالیاء بعد الالف باضافة بشری الی یاء المتکلم للباقین قوله تعالٰی هیت لک فیه اربع قراء ات الاولی بکسر الهاء وسکون الیاء وفتح التاء لنافع وابن ذکوان والثانیة بکسر الهاء وسکون الهمزة والفتح والضم فی التاء لهشام والثالثة بفتح الهاء وسکون الیاء وضم التاء لابن کثیر والرابعة بفتح الهاء وسکون الیاء وفتح التاء للباقین والقراء ات کلها لغات وهی فیها اسم فعل بمعنی هلم ولیست التاء ضمیرا قوله تعالٰی المخلصین۔ فیه قراء تان الاولی بکسر اللام بعد الخاء لابن کثیر وابی عمرو وابن عامر والثانیة بالفتح للباقین قوله تعالٰی دأبا فیه قراء تان الاولی بفتح الهمزة لحفص والثانیة بسکونها للباقین وهما لغتان فی المصدر قوله تعالٰی یعصرون۔ فیه قراء تان الاولی بالتاء علی الخطاب لحمزة والکسائی والثانیة بالیاء عی الغیبة للباقین قوله تعالٰی قال لفتیته۔ فیه الاولی بالف بعد الیاء المثناة وبعد الالف نون مکسورة لحفص وحمزة والکسائی والثانیة بعد الیاء المثناة تحت بتاء مثناة فوق مکسورة من غیر الف للباقین وکلاهما جمع لفتی قوله تعالٰی نکتل۔ فیه قراء تان الاولی بالیاء لحمزة والکسائی والثانیة بالنون للباقین قوله تعالٰی حفظا فیه قراء تان الاولی بفتح الحاء والف بعدها وکسر الفاء لحفص وحمزة والکسائی والثانیة بکسر الحاء وسکون الفاء للباقین قوله تعالٰی درجات من فیه قراء تان الاولی بتنوین التاء لعاصم وحمزة والکسائی والثانیة بغیر تنوین للباقین قوله تعالٰی وسئل القریة۔ فیه قراء تان الاولی بفتح السین ولا همزة بعدها لابن کثیر والکسائی وکذا حمزة فی الوقف والثانیة بسکون السین وهمزة مفتوحة بعدها للباقین قوله تعالٰی یوحی الیهم۔ فیه قراء تان الاولی بالنون قبل الواو وکسر الحاء لحفص والثانیة بالیاء وفتح الحاء للباقین قوله تعالٰی افلا تعقلون۔ فیه قراء تان الاولی بالتاء علی الخطاب لنافع وابن عامر وعاصم والثانیة بالیاء علی الغیبة للباقین قوله تعالٰی قد کذبوا۔ فیه قراء تان الاولی بتخفیف الذال لعاصم وحمزة والکسائی والثانیة بالتشدید للباقین قوله تعالٰی فنجی۔ فیه قراء تان الاولی بنون مضمومة بعدها جیم مشددة وباء بعد الجیم مفتوحة لابن عامر وعاصم والثانیة بنونین الاولی مضمومة والثانیة ساکنة وتخفیف الجیم وسکون الیاء للباقین۔

﴿سُوْرَةُ الرَّعْدِ﴾ قوله تعالٰی یغشی۔ فیه قراء تان الاولی بفتح الغین وتشدید الشین لشعبة وحمزة والکسائی والثانیة بسکون الغین وتخفیف الشین للباقین قوله تعالٰی وزرع ونخیل صنوان وغیر صنوان۔ فیه قراء تان الاولی برفع زرع ونخیل وصنوان وغیر لابن کثیر وابی عمرو والثانیة بالخفض فی الاربعة للباقین والاول بالعطف علی جنات والثانی علی اعناب من باب متقلدا سیفاً ورمحاً قوله تعالٰی یسقی فیه قراء تان الاولی بالیاء علی التذکیر لابن عامر وعاصم والثانیة بالتاء علی التانیث للباقین قوله تعالٰی ونفضل فیه قراء تان الاولی بالیاء لحمزة والکسائی والثانیة بالنون للباقین وفی الاول رد علی یدبر ویفصل ویعشی قوله تعالٰی فی الاکل۔ فیه قراء تان الاولی بسکون الکاف لنافع وابن کثیر والثانیة بالضم للباقین وهما بمعنی ما یوکل قوله تعالٰی هل تستوی الظلمات۔ فیه قراء تان الاولی علی التذکیر لشعبة وحمزة والکسائی والثانیة علی التانیث للباقین قوله تعالٰی ومما یوقدون فیه قراء تان الاولی بالیاء علی الغیبة لحفص وحمزة والکسائی والثانیة بالتاء علی الخطاب للباقین قوله تعالٰی وصدوا فیه قراء تان الاولی بضم الصاد لعاصم وحمزة والکسائی والثانیة بالفتح للباقین ولا یخفی وجههما قوله تعالٰی اکلها۔ فیه قراء تان الاولی بسکون الکاف لنافع وابن کثیر وابی عمرو والثانیة بضمها للباقین قوله تعالٰی ویثبت۔ فیه قراء تان الاولی بسکون الثاء وتخفیف الباء الموحدة لابن کثیر وابی عمرو وعاصم والثانیة بفتح الثاء وتشدید الباء الموحدة للباقین۔ قوله تعالٰی وسیعلم الکفر۔ فیه قراء تان الاولی علی الافراد کالفاجر لنافع وابن کثیر وابی عمرو والثانیة علی الجمع کالفجار للباقین۔

﴿سُوْرَةُ إِبْرَاهِيْمَ﴾ قوله تعالٰی الحمید الله۔ فیه قراء تان الاولی برفع الهاء لنافع وابن عامر علی الابتداء والثانیة بالجر للباقین علی البدل قوله تعالٰی رسلهم فی ثلثة مواضع وسبلنا ولرسلهم فیها قراء تان الاولی باسکان السین والباء لابی عمرو والثانیة بالضم للباقین قوله تعالٰی به الریح۔ فیه قراء تان الاولی الریاه بالجمع لنافع والثانیة بالافراد للباقین قوله تعالٰی خلق السمٰوات والارض۔ فیه قراء تان الاولی بالف بعد الخاء وکسر اللام ورفع القاف باضافة الی السمٰوات لحمزة والکسائی والثانیة بغیر الف بعد الخاء وفتح اللام والقاف والسمٰوات مفعوله للباقین قوله تعالٰی اکلها فیه ما تقدم فی الرعد قوله تعالٰی لیضلوا فیه قراء تان الاولی بفتح الیاء لابن کثیر وابی عمرو والثانیة بالضم للباقین قوله تعالٰی لا بیع فیه ولا خلال۔ فیه قراء تان الاولی بالفتح فیهما بلا تنوین لابن کثیر وابی عمرو والثانیة بالرفع والتنوین للباقین قوله تعالٰی لتزول۔ فیه قراء تان الاولی بفتح اللام الاولی ورفع الاخیرة للکسائی والثانیة بکسر الاولی ونصب الثانیة للباقین واللام الاولی علی الاول هی الفارقة وعلی الثانی للجحود۔

﴿سُوْرَةُ الْحِجْرِ﴾ قوله تعالٰی ربما۔ فیه قراء تان الاولی بتخفیف الباء لنافع وعاصم والثانیة بتشدیدها للباقین وهما لغتان قوله تعالٰی ما تنزل الملئکة فیه ثلث قراء ت الاولی بضم التاء مع فتح الزای ورفع الملئکة لشعبة والثانیة بنونین الاولی مضمومة والثانیة مفتوحة وکسر الزای ونصب الملائکة لحفص وحمزة والکسائی والثالثة بالتاء مفتوحة مع فتح الزای ورفع الملئکة بحذف احدی التائین للباقین۔ قوله تعالٰی سکرت فیه قراء تان الاولی بتخفیف الکاف لابن کثیر والثانیة بالتشدید للباقین قوله تعالٰی ارسلنا الریح۔ فیه قراء تان الاولی بلا الف بالافراد لحمزة والثانیة بالجمع للباقین قوله تعالٰی منهم المخلصین۔ فیه قراء تان الاولی بکسر اللام لابن

www.besturdubooks.net

کثیر وابن ابی عمرو وابن عامر والثانیة بالفتح للباقین۔ قولہ تعالیٰ جزء۔ فیہ قراء تان الاولی بضم الزائ لشعبة والثانیة بالسکون للباقین قولہ تعالیٰ عیون۔ فیہ قراء تان الاولی بضم العین لنافع وابی عمرو وهشام وحفص والثانیة بالکسر لمناسبة الیاء للباقین قولہ تعالیٰ انا نبشرك۔ فیہ قراء تان الاولی بفتح النون والسکون الباء وضم الشین مخففة لحمزة والثانیة بضم النون وفتح الباء وکسر الشین مشددة للباقین قولہ تعالیٰ فبم تبشرون۔ فیہ ثلث قراء ات الاولی بکسر النون مخففة لنافع والثانیة بکسر النون مشددة لابن کثیر والثالثة بفتح النون مخففة للباقین وتوجیہ الاول حذف نون الرفع ودلالة ابقاء نون الوقایة علی الیاء وتوجیہ الثانی ادغام نون الجمع فی نون الوقایة والاکتفاء بالکسرة عن الیاء والثالث لا یحتاج الی البیان قولہ تعالیٰ یقنط۔ فیہ قراء تان الاولی بکسر النون لابی عمرو والکسائی والثانیة بالفتح للباقین وهما لغتان قولہ تعالیٰ لمنجوهم۔ فیہ قراء تان الاولی بسکون النون و تخفیف الجیم لحمزة والکسائی والثانیةبفتح النون و تشدید الجیم للباقین قولہ تعالیٰ قدرنا فیہ قراء تان الاولی بتخفیف الدال لشعبة والثانیة بالتشدید للباقین قولہ تعالیٰ فاسر باهلك۔ فیہ قراء تان الاولی بوصل الهمزة بعد الفاء لنافع وابن کثیر والثانیة بالقطع للباقین قولہ تعالیٰ بیوتا۔ فیہ قراء تان الاولی بضم الباء لورش وابی عمرو وحفص والثانیة بالکسر لمناسبة الیاء للباقین۔

﴿سُوْرَةُ النَّحْلِ﴾ قولہ تعالیٰ عما یشرکون فی الموضعین فیہ قراء تان الاولی بالتاء علی الخطاب لحمزة والکسائی والثانیة بالیاء علی الغیبة قولہ تعالیٰ ینزل الملئکة فیہ قراء تان الاولی بتخفیف الزائ لابن کثیر وابی عمرو والثانیة بالتشدید للباقین قولہ تعالیٰ ینبت۔ فیہ قراء تان الاولی بالنون لشعبة والثانیة بالیاء للباقین قولہ تعالیٰ والشمس والقمر والنجوم مسخرات۔ فیہ ثلث قراء ات الاولیٰ برفع الاربعة لابن عامر والثانیة بنصب الاولین ورفع الاخیرین لحفص والثالثة بنصب الاربعة للباقین قولہ تعالیٰ افلا تذکرون۔ فیہ قراء تان الاولی بتخفیف الذال لحفص وحمزة والکسائی والثانیة الاولی بکسر النون لنافع والثانیة بالفتح للباقین والکسر علی حذف یاء المتکلم والاکتفاء بنون الوقایة قولہ تعالیٰ تتوفهم فی الموضعین فیہ قراء تان الاولی علی التذکیر لحمزة والثانیة علی التانیث للباقین قولہ تعالیٰ یأتیهم۔ فیہ قراء تان الاولی علی التذکیر لحمزة والکسائی والثانیة علی التانیث للباقین قولہ تعالیٰ فان الله لا یهدی ۔ فیہ قراء تان الاولی بفتح الیاء وکسر الدال لعاصم و حمزة والکسائی والثانیة بضم الیاء وفتح الدال للباقین فمن علی هذا نائب الفاعل والعائد محذوف ای من یضله والجملة خبر لان قولہ تعالیٰکن فیکون فیہ قراء تان الاولی بفتح النون لابن عامر والکسائی والثانیة بالرفع للباقین وقد مر فی البقرة قولہ تعالیٰ یوحی الیهم۔ فیہ قراء تان الاولی بالنون وکسر الحاء لحفص والثانیة بالیاء وفتح الحاء للباقین قولہ تعالیٰ اولم یروا۔ فیہ قراء تان الاولی بالتاء علی الخطاب لحمزة والکسائی والثانیة بالیاء علی الغیبة للباقین قولہ تعالیٰ تفینو۔ فیہ قراء تان الاولی بالتاء علی التانیث لابی عمرو والثانیة علی التذکیر للباقین قولہ تعالیٰ مفرطون۔ فیہ قراء تان الاولی بکسر الراء لنافع والثانیة بالفتح للباقین والاول اسم فاعل من افرط اللازم اذا تجاوز والثانی اسم مفعول من افرطه قدمته قولہ تعالیٰ نسقیکم۔ فیہ قراء تان الاولی بفتح النون لنافع وابن عامر وشعبة والثانیة بالضم للباقین قولہ تعالیٰ بیوتا۔ فیہ قراء تان الاولی بضم الباء لورش وابی عمرو وحفص والثانیة بالکسر للباقین قولہ تعالیٰ یعرشون فیہ قراء تان الاولی بضم الراء لابن عامر وشعبة والثانیة بالکسر للباقین وهما لغتان قولہ تعالیٰ یجحدون فیہ قراء تان الاولی بالتاء علی الخطاب لشعبة والثانیة بالیاء علی الغیبة للباقین قولہ تعالیٰ الم یروا الی الطیر۔ فیہ قراء تان الاولیٰ بالتاء علی الخطاب لابن عامر وحمزة والثانیة بالیاء علی الغیبة للباقین قولہ تعالیٰ ظعنکم۔ فیہ قراء تان الاولی بفتح العین لنافع وابن کثیر وابی عمرو والثانیة بالسکون للباقین وهما لغتان قولہ تعالیٰ تذکرون فیہ قراء تان الاولی بتخفیف الذال لحفص وحمزة والکسائی والثانیة بالتشدید للباقین قولہ تعالیٰ والنجزین۔ فیہ قراء تان الاولی بلا نون قبل الجیم لابن کثیر وعاصم وهو وجه لابن ذکوان والثانیة بالیاء للباقین وهو وجه اخر لابن ذکوان قولہ تعالیٰ بما ینزل۔ فیہ قراء تان الاولی بتخفیف الزائ لابن کثیر وابی عمرو والثانیة بالتشدید للباقین قولہ تعالیٰ روح القدس۔ فیہ قراء تان الاولی بسکون الدال لابن کثیر والثانیة بالضم للباقین قولہ تعالیٰ یلحدون۔ فیہ قراء تان الاولی بفتح الیاء والحاء لحمزة والکسائی والثانیة بضم الیاء وکسر الحاء ولحد والحد لغتان قولہ تعالیٰ فتنوا۔ فیہ قراء تان الاولی بفتح الفاء والتاء علی البناء للفاعل والثانیة بضم الفاء وکسر التاء علی البناء للمفعول قولہ تعالیٰ فی ضیق۔ فیہ قراء تان الاولی بکسر الضاد لابن کثیر والثانیة بالفتح للباقین وهما لغتان۔

﴿سُوْرَةُ بَنِیْ اِسْرَآءِیْلَ﴾ قولہ تعالیٰ الا تتخذوا فی قراء تان الاولی بالیاء علی الغیبة لابی عمرو والثانیة بالتاء علی الخطاب للباقین قولہ تعالیٰ یستوا۔ فیہ ثلث قراء ات الاولیٰ بنون مفتوحة بعد اللام علی صیغة المتکلم للکسائی والکنایة بیاء مفتوحة وهمزة مفتوحة ولا مد علی صیغة الواحد الغائب لابن عامر وشعبة وحمزة والثالثة بیاء مفتوحة وهمزة مضمومة ومدها علی صیغة الجمع الغائب للباقین والضمیر علی الثانیة الی الله تعالیٰ وعلی الثالثة الی العباد قولہ تعالیٰ ویبشر۔ فیہ قراء تان الاولی بفتح الیاء وسکون الباء الموحدة وضم الشین مخففة لحمزة والکسائی والثانیة بضم الیاء وفتح الموحدة وکسر الشین مشددة للباقین قولہ تعالیٰ یلقاه۔ فیہ قراء تان الاولی بضم الیاء وفتح اللام و تشدید القاف لابن عامر والثانیة بفتح الیاء وسکون اللام وتخفیف القاف للباقین قولہ تعالیٰ اما یبلغن فیہ قراء تان الاولی بالف بعد الغین وکسر النون مشددة لحمزة والکسائی والثانیة بغیر الف وفتح النون مشددة للباقین واحدهما علی القراء ة الاولیٰ بدل من الف الضمیر لا فاعل قولہ تعالیٰ اف فیہ ثلث قراء ات فی الوصل الاولیٰ بالتنوین فی الفاء مع الکسر لنافع وحفص والثانیة بفتح الفاء من غیر تنوین لابن کثیر وابن عامر والثالثة بکسر الفاء من غیر تنوین للباقین قولہ تعالیٰ خطاء فیہ ثلث قراء ت الاولی بکسر الخاء وفتح الطاء ومد بعدها مدا متصلا لابن کثیر والثانیة بفتحهما ولا مد بعد الطاء لابن ذکوان والثالثة بکسر الخاء وسکون الطاء للباقین وکلها لغات قولہ تعالیٰ فلا یسرف۔ فیہ قراء تان الاولی بالتاء علی الخطاب لحمزة والکسائی والثانیة بالیاء علی الغیبة للباقین قولہ تعالیٰ بالقسطاس۔ فیہ قراء تان الاولی بکسر القاف لحفص وحمزة والکسائی والثانیة بالضم للباقین وهما لغتان قولہ تعالیٰ کان سیئه فیہ قراء تان الاولی بفتح الهمزة وبالتاء منونة بالنصب لنافع وابن کثیر وابی عمرو والثانیة بضم الهمزة وبالهاء مضمومة من غیر تنوین للباقین وهو علی الاولی خبر کان ومکروها صفته حملا علی معنی سیئا قولہ تعالیٰ لیذکروا۔ فیہ قراء تان الاولی بسکون الذال وضم الکاف من غیر تشدید لحمزة والکسائی

www.besturdubooks.net

والثانية بفتح الذال والكاف مع تشديدهما للباقين قوله تعالٰى كما تقولون۔ فيه قراء تان الاولى بالغيبة لابن كثير وحفص والثانية بالخطاب للباقين قوله تعالٰى عما يقولون۔ فيه قراء تان الاولى بالخطاب لحمزة والكسائى والثانية بالغيبة للباقين قوله تعالٰى تسبح له۔ فيه قراء تان الاولى بالتذكير لنافع وابن كثير وابن عامر وشعبة والثانية بالتانيث للباقين قوله تعالٰى زبورا۔ فيه قراء تان الاولى بضم الزاى لحمزة والثانية بالفتح للباقين والاول مصدر والثانى اسم مفعول كالحلوب قوله تعالٰى ورجلك فيه قراء تان الاولى بكسر الجيم لحفص والثانية بسكونها للباقين والاول مفرد والثانى اسم جمع راجل كركب وراكب قوله تعالٰى ان يخسف۔ او يرسل۔ ان يعيدكم۔ فيرسل۔ فيغرقكم۔ فى هذه الخمسة قراء تان الاولى بالنون لابن كثير وابى عمرو والثانية بالتحتية للباقين قوله تعالٰى خلفك فيه قراء تان الاولى بفتح الخاء وسكون اللام لنافع وابن كثير وابى عمرو وشعبة والثانية بكسر الخاء وفتح اللام وبعدها الف للباقين قوله تعالٰى ننزل وقوله تعالٰى حتى تنزل فيهما قراء تان الاولى بسكون النون وتخفيف الزاى لابى عمرو والثانية بفتح النون و تشديد الزاى للباقين قوله تعالٰى وناثى۔ فيه قراء تان الاولى بالف ممدودة بعد النون وتاخير الهمزة لابن ذكوان والثانية بهمزة بعد النون والف بعدها والثانى بمعنى بعد والاول قيل مقلوب الثانى وقيل بمعنى نهض قوله تعالٰى حتى تفجر فيه قراء تان الاولى بفتح التاء وسكون الفاء وضم الجيم مخففة لعاصم وحمزة والكسائى والثانية بضم التاء وفتح الفاء وكسر الجيم مشددة للباقين قوله تعالٰى كسفا فيه قراء تان الاولى بفتح السين لنافع وابن عامر وعاصم والثانية بسكونها للباقين وهو مخفف من المفتوح كسدر وسدر قوله تعالٰى قل سبحان۔ فيه قراء تان الاولى بصيغة الماضى لابن كثير وابن عامر والثانية بصيغة الامر للباقين قوله تعالٰى فسئل۔ فيه قراء تان الاولى بفتح السين ولا همزة بعدها لابن كثير والكسائى والثانية بسكون السين وهمزة مفتوحة بعدها للباقين قوله تعالٰى لقد علمت فيه قراء تان الاولى بضم التاء للكسائى والثانية بفتحها للباقين۔

﴿سُوْرَةُ الْكَهْفِ﴾ قوله تعالٰى يبشر فيه قراء تان الاولى بفتح التحتية وسكون الموحدة وضم الشين مخففة لحمزة والكسائى والثانية بضم التحتية وفتح الموحدة وكسر الشين مشددة للباقين قوله تعالٰى مرفقا۔ فيه قراء تان الاولى بفتح الميم وكسر الفاء لنافع وابن عامر والثانية بكسر الميم وفتح الفاء ولا فرق بينهما معنى على ما حكاه الزجاج وثعلب قوله تعالٰى تزاور۔ فيه ثلث قراء ات الاولى بتشديد الزاى وتخفيف الراء لنافع وابن كثير وابى عمرو والثانية بسكون الزاى ولا الف بعدها تشديد الراء على وزن تحمر لابن عامر والثانية بتخفيف الزاى والراء للباقين قوله تعالٰى تحسبهم فيه قراء تان الاولى بفتح السين لابن عامر وعاصم وحمزة والثانية بكسرها للباقين قوله تعالٰى ولملئت فيه قراء تان الاولى بتشديد اللام بعد الميم لنافع وابن كثير والثانية بتخفيفها للباقين قوله تعالٰى رعبا۔ فيه قراء تان الاولى بضم العين لابن عامر والكسائى والثانية بسكونها للباقين قوله تعالٰى بورقكم فيه قراء تان الاولى بسكون الراء لابى عمرو وشعبة وحمزة والثانية بكسرها للباقين قوله تعالٰى ثلث مائة سنين فيه قراء تان الاولى بغير تنوين فى الوصل لحمزة والكسائى والثانية بالتنوين للباقين والاولى على الاضافة والثانية على البدلية قوله تعالٰى ولا يشرك فيه قراء تان الاولى بالمثناة فوق قبل الشين وجزم الكاف لابن عامر والثانية بالتحتية ورفع الكاف للباقين قوله تعالٰى بالغدوة فيه قراء تان الاولى بضم الغين المعجمة وسكون الدال وبعدها واو مفتوحة لابن عامر والثانية بفتح الغين والدال والالف بعدها للباقين قوله تعالٰى اكلها۔ فيه قراء تان الاولى بسكون الكاف لنافع وابن كثير وابى عمرو والثانية بضمها للباقين قوله تعالٰى ثمر وقوله تعالٰى ثمره فيهما ثلث قراء ات الاولى بسكون الميم بعد ضم الثاء المثلثة لابى عمرو والثانية بفتح الثاء المثلثة والميم لعاصم والثالثة بضم الثاء والميم للباقين والاولى تخفيف الثالثة والثالثة جمع ثمار وهو جمع ثم مقرو فى الاولى قوله تعالٰى خيرا منها فيه قراء تان الاولى بغير ميم بعد الهاء على التوحيد لابى عمرو والكوفيين اعنى عاصما وحمزة والكسائى والثانية بالميم على التثنية للباقين والمرجع على الاول جنة وعلى الثانى جنتين قوله تعالٰى لكنا هو الله۔ فيه قراء تان وصلا الاولى باثبات الالف بعد النون لابن عامر والثانية بحذفها للباقين والاول اتباع للمرسوم والثانية على ان اصله لكن انا بتقدير القول قوله تعالٰى ولم يكن له فيه قراء تان الاولى بالتحتية على التذكير لحمزة والكسائى والثانية بالفوقية على التانيث للباقين قوله تعالٰى الولاية۔ فيه قراء تان الاولى بكسر الواو لحمزة والكسائى والثانية بفتحها للباقين قيل هما بمعنى واحد وقال الزمخشرى هى بالفتح النصرة وبالكسر السلطان قوله تعالٰى عقبا۔ فيه قراء تان الاولى بسكون القاف لعاصم وحمزة والثانية بالضم للباقين والمعنى واحد قوله تعالٰى تذروه الريح۔ فيه قراء تان الاولى بالتوحيد لحمزة والكسائى والثانية بالجمع للباقين قوله تعالٰى تسير الجبال۔ فيه قراء تان الاولى بضم التاء الفوقانية وفتح الياء التحتية بعد السين ورفع الجبال لابن كثير وابى عمرو وابن عامر والثانية بالنون المضمومة وكسر الياء التحتية بعد السين ونصب الجبال قوله تعالٰى ويوم يقول۔ فيه قراء تان الاولى بالنون لحمزة والثانية بالياء للباقين قوله تعالٰى قبلا۔ فيه قراء تان الاولى بضم القاف والباء الموحدة للكوفيين اعنى عاصما وحمزة والكسائى والثانية بكسر القاف وفتح الموحدة للباقين والاول جمع قبيل وهو النوع او هو بمعنى الثانى اعنى عيانا ومقابلة قوله تعالٰى لمهلكهم فيه ثلث قراء ات الاولى بفتح الميم واللام لشعبة والثانية بفتح الميم وكسر اللام لحفص والثالثة بضم الميم وفتح اللام للباقين وكلها مصادر قوله تعالٰى وما انسانيه فيه قراء تان الاولى بضم الهاء لحفص والثانية بكسر الهاء للباقين قوله تعالٰى نبغ۔ فيه ثلث قراء ت الاولى باثبات الياء وصلا لا وقفا لنافع وابن عمرو والكسائى والثانية باثبات الياء وصلا ووقفا لابن كثير والثالثة بالحذف وقفاً ووصلا وهذا الحذف للتخفيف قوله تعالٰى تعلمنى۔ فيه ثلث قراء ت الاولى اثبات اليا وصلا لا وقفا لنافع وابى عمرو والثانية اثبات الياء وقفا ووصلا لابن كثير والثالثة بالحذف وقفا ووصلا للباقين قوله تعالٰى مما علمت رشدا فيه قراء تان الاولى بفتح اللام وتشديد النون لنافع وابن عامر والثانية بسكون اللام وتخفيف النون للباقين وهما لغتان قوله تعالٰى لتغرق اهلها۔ فيه قراء تان الاولى بالياء التحتية مفتوحة وفتح الراء ورفع اللام لحمزة والكسائى والثانية بالتاء الفوقية مضمومة وكسر الراء ونصب لام اهلها للباقين قوله تعالٰى زكية فيه قراء تان الاولى بالالف بعد الزاى وتخفيف الياء التحتية لنافع وابن ذكوان وشعبة والثانية بسكونها للباقين وهما لغتان قوله تعالٰى من لدنى۔فيه قراء تان الاولى بضم الدال وتخفيف النون وقرا وشعبة كذلك الا انه يشم الدال فتصير ساكنة قريبة من الضم والثانية بضم الدال وتشديد النون للباقين وهما لغتان قوله تعالٰى لتخذت فيه قراء تان الاولى بتخفيف التاء بعد اللام وكسر الخاء لابن كثير وابى

www.besturdubooks.net

عمرو والثانية بتشديد التاء وفتح الخاء للباقين واظهر الذال عند التاء ابن كثير وحفص وادغمها الباقون قوله تعالٰى ان يبدلهما۔ فيه قراء تان الاولى بفتح الباء الموحدة وتشديد الدال لنافع وابى عمرو والثانية بسكون الموحدة وتخفيف الدال للباقين قوله تعالٰى رحما۔ فيه قراء تان الاولى بضم الهاء لابن عامر والثانية بالسكون للباقين۔ قوله تعالٰى فاتبع ثم اتبع فى الثلاثة فيه قراء تان الاولٰى بتشديد التاء الفوقية ووصل الهمزة قبل الفوقية لنافع وابن كثير وابى عمرو والثانية بقطع الهمزة وسكون التاء الفوقية للباقين قوله تعالٰى حاميه۔ فيه قراء تان الاولى بالف بعد الحاء وياء مفتوحة بعد الميم لشعبة وحمزة والكسائى وابن عامر والثانية بغير الف بعد الهاء وبعد الميم همزة مفتوحة للباقين قوله تعالٰى جزاء الحسنى۔ فيه قراء تان الاولى بنصب الهمزة بعد الزاى منونة وتكسر فى الوصل لالتقاء الساكنين لحفص وحمزة والكسائى والثانية برفع الهمزة من غير تنوين للباقين قوله تعالٰى بين السدين۔ فيه قراء تان الاولى بفتح السين لابن كثير وابى عمرو وحفص والثانية بالضم للباقين قوله تعالٰى يفقهون فيه قراء تان الاولٰى بضم الياء و كسر القاف لحمزة والكسائى والثانية بفتحهما للباقين قوله تعالٰى يا جوج وماجوج فيه قراء تان الاولٰى بهمزة ساكنة بعد الهاء والميم لعاصم والثانية بالالف للباقين قوله تعالٰى خرجًا فيه قراء تان الاولٰى بفتح الراء والف بعدها لحمزة والكسائى والثانية بسكون الراء الا الف بعدها قوله تعالٰى سدا فيه قراء تان الاولى بضم السين لنافع وابن عامر وشعبة والثانية بالفتح للباقين قوله تعالٰى ما مكنى فيه قراء تان الاولٰى بنون مفتوحة بعد الكاف بعد الكاف و بعدها نون مكسورة لابن كثير والثانية بنون واحدة مكسورة مشددة على ادغام احد النونين فى الاخرى للباقين قوله تعالٰى ردما اتونى زبر فيه قراء تان الاولٰى بهمزة الوصل لشعبة والثانية بهمزة القطع للباقين وعلى الاولى بحذف همزة الوصل وتكون الهمزة التى هى فاء ساكنة والتنوين قبلها مكسورا فى حال الوصل وتكون الهمزة مكسورة و بعدها ياء مقلوبة من الهمزة الساكنة فى ايتونى فى حالة الابتداء وعلى الثانية تكون الهمزة مفتوحة ممدودة وصلا وابتداء قوله تعالٰى قال اتونى۔ فيه قراء تان الاولى بهمزة والوصل لشعبة وحمزة والثانية بهمزة القطع للباقين واحكام الوصل والقطع كما مر انفا الا التنوين قبل الهمزة قوله تعالٰى بين الصدفين۔ فيه ثلث قراء ات الاولى بضم الصاد والدال لابن كثير وابى عمرو وابن عامر والثانية بضم الصاد وسكون الدال لشعبة والثالثة بفتح الصاد والدال للباقين وكلها لغات قوله تعالٰى فما اسطاعوا فيه قراء تان الاولى بتشديد الطاء بادغام التاء فى الطاء لحمزة والثانية بالتخفيف بحذف تاء الافتعال حذرا عن تلاقى المتقاربين مخرجا للباقين وفى الاولى جمع بين الساكنين على غير حده وجوزه جماعة قوله تعالٰى دكاء۔ فيه قراء تان الاولى بهمزة مفتوحة بعد الكاف والالف للكوفين اعنى عاصما وحمزة والكسائى والثانية بالتنوين بغير همزة بعد الكاف للباقين قوله تعالٰى يحسبون۔ فيه قراء تان الاولى بفتح السين لابن عامر وعاصم وحمزة والثانية بالكسر للباقين قوله تعالٰى قبل ان تنفد۔ فيه قراء تان الاولى بالياء التحتية على التذكير لحمزة والكسائى والثانية بالفوقية على التانيث للباقين۔

﴿بَنُوْٓا اَفْرِيْسَ﴾ قوله تعالٰى يرثنى ويرث۔ فيه قراء تان الاولى بجز من الفاء المعلقة فيهما لابى عمرو والكسائى والثانية بالرفع فيهما للباقين والجزم على انه جواب الدعاء قوله تعالٰى انا نبشرك فيه قراء تان الاولى بفتح النون وسكون الباء الموحدة وضم الشين مخففة لحمزة والثانية بضم النون وفتح الموحدة وكسر الشين مشددة للباقين قوله تعالٰى عتيا۔ فى قراء تان الاولى بكسر العين لحفص وحمزة والكسائى والثانية بضمها للباقين والضم هو الاصل والكسر اتباع لما بعدها۔ قوله تعالٰى وقد خلقتك۔ فيه قراء تان الاولى بعد القاف بنون بعدها الف لحمزة والكسائى والثانية بعد القاف بتاء مضمومة للباقين قوله تعالٰى لاهب۔ فيه قراء تان الاولى ليهب لك بالياء لورش وابى عمرو و قالون بخلاف عنه والثانية بالهمزة للباقين۔ قوله تعالٰيمت۔ فيه قراء تان الاولى بكسر الميم لنافع وحفص وحمزة والكسائى والثانية بالضم للباقين والاول من مات يمات كخاف يخاف والثانى من مات يموت كقال يقول۔ قوله تعالٰى نسيا۔ فيه قراء تان الاولى بفتح النون لحفص وحمزة والثانية بالكسر وهما لغتان كالوتر والوتر قوله تعالٰى من تحتها۔ فيه قراء تان الاولى بكسر من وجر التاء من تحتها لنافع وحفص وحمزة والكسائى والثانية بفتح من ونصب تحتها للباقين فالفاعل لناذى على الاول هو الضمير المستتر فيه وعلى الثانى هو من الموصولة قوله تعالٰى تساقط۔ فيه ثلث قراء ات الاولى بفتح التاء والسين مخففة وفتح القاف لحمزة والثانية بضم التاء وفتح السين مخففة وكسر القاف لحفص والثالثة بفتح التاء وتشديد السين وفتح القاف للباقين والاول والاخير من التساقط مع حذف احدى التائين فى الاول وادغامها فى السين فى الاخير والثانى من المفاعلة بمعنى الاسقاط ونصب رطبا على الثانى على المفعولية وعلى الطرفين التمييز قوله تعالٰى قول الحق۔ فيه قراء تان الاولى بنصب النون لابن عامر والثانية بالرفع للباقين قوله تعالٰى وان الله۔ فيه قراء تان الاولى بكسر الهمزة لابن عامر والكوفيين اعنى عاصما وحمزة والكسائى والثانية بالفتح للباقين والكسر على انه عطف على انى عبدالله والفتح على انه خبر لمبتدأ اى الامر ان الله قوله تعالٰى ابراهيم فى الموضع الثلثة فيه قراء تان ابراهام بالالف بعد الهاء لهشام والثانية بالياء للباقين قوله تعالٰى يا ابت فى المواضع كلها من هذه السورة فيه قراء تان الاولى بفتح التاء لابن عامر والثانية بالكسر للباقين والاول على حذف الالف قوله تعالٰى مخلصًا فيه قراء تان الاولى وبفتح اللام لعاصم و حمزة والكسائى والثانية بالكسر للباقين قوله تعالٰى وبكيا۔ فيه قراء تان الاولى بكسر الباء لحمزة والكسائى والثانية بالضم للباقين اصله بكوى فنضم هو الاصل والكسر على الاتباع قوله تعالٰى يدخلون الجنة۔ فيه قراء تان الاولى بفتح الياء وضم الخاء لنافع وابن عامر وحفص وحمزة والكسائى والثانية بضم الياء وفتح الخاء للباقين قوله تعالٰى يذكر الانسان فيه قراء تان الاولى بسكون الذال وضم الكاف مخففة لنافع وابن عامر وعاصم والثانية بفتح الذال مشددة وكذا الكاف للباقين قوله تعالٰى جثيا۔ فيه قراء تان الاولى بكسر الجيم لحفص وحمزة والكسائى والثانية بضمها للباقين قوله تعالٰى صليا۔ فيه ما فى جثيا قوله تعالٰى ننجى۔ فيه قراء تان الاولى بسكون النون الثانية وتخفيف الجيم للكسائى والثانية بفتح النون الثانية وتشديد الجيم للباقين قوله تعالٰى مقاما۔ فيه قراء تان الاولى بضم الميم لابن كثير والثانية بالفتح ومعنى الاول موضع الاقامة والثانى موضع القيام قوله تعالٰى رئيا۔ فيه قراء تان الاولى بابدال الهمزة ياء وادغامها فى الياء لقالون وابن ذكوان والثانية باثبات الهمزة للباقين قوله تعالٰى ولدا فى جميع السورة۔ فيه قراء تان الاولى بضم الواو وسكون اللام لحمزة والكسائى والثانية

www.besturdubooks.net

بفتحهما للباقين قوله تعالٰى يكاد۔ فيه قراء تان الاولى بالياء على التذكير لنافع والكسائي والثانية بالتاء على التانيث للباقين قوله تعالٰى يتفطرن۔ فيه قراء تان الاولى بعد الياء بنون ساكنة وكسر الطاء مخففة لابى عمر وابن عامر وشعبة وحمزة والثانية بعد الياء بتاء مفتوحة وفتح التاء مشددة للباقين قوله تعالى لتبشر۔ فيه قراء تان الاولى بفتح التاء وسكون الباء الموحدة وضم الشين مخففة لحمزة والثانية بضم التاء وفتح الباء الموحدة وكسر الشين مشددة للباقين۔

﴿سُوْرَةُ طٰهٰ﴾ قوله تعالٰى انى انا ربك۔ فيه قراء تان الاولى بفتح الحمزة من انى لابن كثير وابى عمرو والثانية بالكسر للباقين قوله تعالٰى طوى۔ فيه قراء تان الاولى بغير تنوين لنافع وابن كثير وابى عمرو والثانية بتنوين للباقين والمؤمنون يأوله بمكان وغير المنون ببقعة قوله تعالٰى وانا اخترتك۔ فى قراء تان الاولى بكسر الهمزة وبتشديد النون من انا واخترتاك بنون بعدها الف بلفظ الجمع لحمزة والثانية وانا اخترتك بلفظ الواحد قوله تعالٰى اخى اشدد به ازرى واشركه فيه قراء تان الاولى بهمزة مفتوحة من اشدد بهمزة مضمومة من اشركه على انهما صيغة متكلم لابن عامر والثانية بهمزة وصل من اشدد وفتح الهمزة من اشركه على انهما صيغة امر والفتح على تقدير حرف الجراى باتى او على تقدير العلم اى اعلم انى قوله تعالٰى مهدا۔ فيه قراء تان الاولى بفتح الميم وسكون الهاء من غير الف لعاصم وحمزة والكسائى والثانية بكسر الميم وفتح الهاء والف بعدها للباقين قوله تعالٰى مكانا سوى فيه قراء تان الاولى بضم السين لابن عامر وعاصم وحمزة والثانية بكسرها للباقين وهما لغتان قوله تعالٰى فيسحتكم فيه قراء تان الاولى بضم الياء وكسر الحاء لحفص وحمزة والكسائى والثانية بفتحهما للباقين والاولى لغة نجد وتميم والثانى لغة اهل الحجاز قوله تعالٰى ان هذان۔ فيه اربع قراء ات الاولى بسكون النون من ان والالف فى هذان مع تخفيف النون لحفص والثانية بسكون النون من ان وبالالف من هذان مع تشديد النون لابن كثير والثالثة ان هذين بتشديد النون من ان وبالياء بعد الذال من هذين لابى عمرو والرابعة بتشديد النون من ان وبالف من هذان مع تخفيف النون للباقين والاول على كون ان مخففة اهملت عن العمل واللام فارقة او كون ان نافية واللام بمعنى الا والثانى على كون ان مخففة وكون التشديد على خلاف القياس والثالث ظاهر وجهه واستشكل الرابع واجود تخريجاته ان ان ناصبة وهذان اسمها واللام لام الابتداء وساحران خبرها ومجيئ اسم الاشارة بالالف مع انه منصوب جار على لغة بعض العرب من اجراء المثنى بالالف دائما وهى لغة لكنانة ولبنى الحرث خثعم وزبيد ولبنى العنبر وبنى الهجيم ومراد وعذرة وقال ابن الحاجب ان هذان مبنى وان قول الاكثرين هذين جرا ونصبا ليس اعرابا ايضًا وانما هو لغة مستقلة ايضا قوله تعالٰى فاجمعوا فيه قراء تان الاولى بوصل الهمزة بين الفاء والجيم وفتح الميم لابى وعمرو والثانية بهمزة مقطوعة وكسر الميم للباقين قوله تعالٰى يخيل۔ فيه قراء تان الاولى بالتاء الفوقية على التانيث لابن ذكوان والثانية بالياء التحتية للباقين قوله تعالٰى تلقف۔ فيه ثلث قراء ات الاولى بسكون اللام وتخفيف القاف وجزم الفاء لحفص والثانية بفتح اللام وتشديد القاف ورفع الفاء البن ذكون والثالثة بفتح اللام وتشديد القاف وجزم الفاء للباقين والرفع على كون الجملة مستانفة قوله تعالٰى كيد ساحر۔ فيه قراء تان الاولى بكسر السين وسكون الحاء لحمزة والكسائى والثانية بفتح السين وكسر الحاء والف بينهما للباقين قوله تعالٰى ان اسر۔ فيه قراء تان الاولى بكسر النون وهمزة وصل بعدها لنافع وابن كثير والثانية بسكون النون وهمزة قطع بعدها للباقين قوله تعالٰى لا تخف۔ فيه قراء تان الاولى بجزم الفاء ولا الف بينها وبين الخاء لحمزة والثانية برفع الفاء والف بينها وبين الخاء للباقين والاول على انه جواب الامر اعنى اسرو الثانى على انه حال ثم على الجزم قوله تعالٰى لا تخشى استيناف اى وانت لا تخشى قوله تعالٰى قد انجينكم وواعدناكم ما رزقناكم۔ فيها قراء تان الاولى بناء مضمومة بعد التحتية وبعد الدال وبعد القاف لحمزة والكسائى والثانية بالنون والف بعدها فى الثلثة للباقين واسقط ابو عمرو والالف قبل العين من وعدناكم والبتها لاباقون۔ قوله تعالٰى فيحل۔ فيه قراء تان الاولى بضم الحاء للكسائى والثانية بكسرها للباقين وكذا قوله تعالٰى ومن يحلل ضم اللام الاولى الكسائى وكسرها غيره وهو بالكسر بمعنى يجب و بالضم بمعنى ينزل قوله تعالٰى بملكنا فيه ثلث قراء ات الاولى بفتح الميم لنافع وعاصم والثانية بضمها لحمزة والكسائى والثالثة بكسرها للباقين وكلها لغات معناها واحد قوله تعالٰى حملنا فيه قراء تان الاولى بضم الحاء وكسر الميم مشددة لنافع وابن كثير وابن عامر وحفص والثالثة بفتح الحاء والميم مخففة للباقين قوله تعالٰى لا تتبعن۔ فيه ثلث قراء ات الاولى اثبات الياء بعد النون وقفًا ووصلًا لابن كثير والثانية الباتها وصلا لا وقفا لنافع وابى عمرو والثالثة حذفها وقفا ووصلا للباقين قوله تعالٰى يبنؤم فيه قراء تان الاولى بفتح الميم لنافع وابن كثير وابى عمرو وحفص والثانية بكسرها للباقين وكان اصل الاول اما والثانى امى۔ قوله تعالٰى بما لم يبصروا۔ فيه قراء تان الاولى بالتاء على الخطاب لحمزة والثانية بالياء على الغيبة للباقين۔ قوله تعالٰى لن تخلفه۔ فيه قراء تان الاولى بكسر اللام لابن كثير وابى عمر والثانية بفتحها للباقين والاول من اخلفت الموعد اذا وجدته خلفا ومعنى الثانى لن يخلفك الله تعالٰى ذلك الوعد قوله تعالٰى ينفخ فيه قراء تان الاولى بنونين الاولى مفتوحة وضم الفاء لابى عمرو والثانية بياء مضمومة وفتح الفاء للباقين قوله تعالٰى فلا يخاف۔ فيه قراء تان الاولى بجزم الفاء ولا الف بعد الخاء لابن كثير والثانية برفعها والف بعد الخاء والاول نهى قوله تعالٰى وانك لا تظمؤ فيه قراء تان الاولى بكسر الهمزة من انك لنافع وشعبة والثانية بفتحها للباقين وهو فى الاول معطوف على ان لك وفى الثانى على ان لا تجوع قوله تعالٰى اولم تاتهم۔ فيه قراء تان الاولى بالفوقية على التانيث لنافع وابى عمرو وحفص والثانية بالتحتية على التذكير للباقين۔

﴿سُوْرَةُ الْاَنْبِيَاءِ﴾ قوله تعالٰى قل ربى۔ فيه قراء تان الاولى قال بصيغة الماضى لحفص وحمزة والكسائى والثانية قل بصيغة الامر للباقين قوله تعالٰى نوحى اليهم فيه قراء تان الاولى بالنون مضمومة وكسر الحاء لحفص والثانية بالياء مضمومة وفتح الياء للباقين قوله تعالٰى فسئلوا۔ فيه قراء تان الاولى بفتح السين ولا همزة بعدها لابن كثير والكسائى وكذا يفعل حمزة فى الوقف والثانية بسكون السين وهمزة مفتوحة بعدها للباقين قوله تعالٰى يوحى اليه۔ فيه قراء تان كما فى يوحى اليهم الاولى لحفص وحمزة والكسائى والثانية للباقين قوله تعالٰى اولم ير۔ فيه قراء تان الاولى الم بغير واو بين الهمزة واللام لابن كثير والثانية اولم بالواو بينهما للباقين قوله تعالٰى افائن مت فيه قراء تان الاولى بكسر الميم لنافع وحفص وحمزة والكسائى والثانية بالضم للباقين قوله تعالٰى هزوا۔ فيه ثلث قراء ات الاولى بضم

www.besturdubooks.net

الزائ وبعدها واو لحفص والثانية بسكون الزائ والهمزة لحمزة والثالثة بضم الزائ وهمزة منصربة للباقين هذا فى الوصل واما الوقف فحمزة يقف بالواو وغيره لا يفرق بينه وبين الوصل قوله تعالٰى ولا تسمع الضم فيه قراء تان الاولى بالتاء الفوقية مضمومة وكسر الميم ونصب ميم الصم لابن عامر والثانية بالياء التحتية مفتوحة وفتح الميم ورفع ميم الصم للباقين قوله تعالٰى وان كان منقال فيه قراء تان الاولى برفع اللام لنافع والثانية بالنصب للباقين قوله تعالٰى ضياءً۔ فيه قراء تان الاولى بهمزة بعد الضاد لقنبل والثانية بالياء للباقين قوله تعالٰى جذاذا۔ فيه قراء تان الاولى بكسر الجيم للكسائى والثانية بالضم للباقين وهما لغتان قوله تعالٰى فسئلوهم فيه ما تقدم فى فسئلوا قوله تعالٰى الف۔ فيه ما تقدم فى بنى اسرائيل قوله تعالٰى لتحصنكم۔ فيه ثلث قراء ت الاولى بالنون لشعبة والثانية بالفوقية لابن عامر وحفص والثالثة بالتحتية والتذكير للفظ اللبوس والتانيث بتاويل الدرع قوله تعالٰى ننجى۔ فيه قراء تان الاولى بنون واحدة مضمومة وتشديد الجيم لابن عامر وابى بكر والثانية بنونين الثانية ساكنة للباقين قوله تعالٰى زكريا۔ فيه قراء تان الاولى بغير همز لحفص وحمزة والكسائى والثانية بالهمزة للباقين قوله تعالٰى و حرام۔ فيه قراء تان الاولى بكسر الحاء و سكون الراء من غير الف لشعبةو حمزة والكسائى والثانية بفتح الحاء والراء والف بعدها وهما بمعنى واحد كحلال وحل قوله تعالٰى فتحت فيه قراء تان الاولى بتشديد التاء الاولى لابن عامر والثانية بالتخفيف للباقين قوله تعالٰى باجوج وماجوج فيه ما تقدم فى الكهف قوله تعالٰى للكتب۔ فيه قراء تان الاولى بالجمع لحفص وحمزة والكسائى والثانية بالافراد للباقين قوله تعالٰى الربور۔ فيه ما تقدم فى بنى اسرائيل قوله تعالٰى قال رب۔ فيه قراء تان الاولى بصيغة الماضى لحفص والثانية بصيغة الامر للباقين۔

﴿سُوْرَةُ الْحَجِّ﴾ قوله تعالٰى سكرى وما هم بسكرى۔ فيه قراء تان الاولى بفتح السين وسكون الكاف فيهما لحمزة والكسائى والثانية بضم السين وفتح الكاف وبعد الكاف الف للباقين قوله تعالٰى ليضل۔فيه قراء تان الاولى بفتح الياء لابن كثير وابى عمرو والثانية بالضم للباقين قوله تعالٰى ثم ليقطع فيه قراء تان الاولى بسكر اللام لورش وابى عمرو وابن عامر والثانية بسكونها للباقين والسكون على تشبيه ثم باواو والفاء والكسر على الاصل قوله تعالٰى والصابئين۔ فيه قراء تان الاولى بالياء التحتية بعد الباء الموحدة لنافع والثانية بهمزة مكسورة بعد الباء الموحدة قوله تعالٰى هذان۔ فيه قراء تان الاولٰى بتشديد النون لابن كثير والثانية بالتخفيف قوله تعالٰى سواء فيه قراء تان الاولى بالنصب لحفص والثانية بالرفع للباقين والنصب على انه مفعول ثان لجعلنا والرفع على انه خبر والعاكف مبتدأ قوله تعالٰى والباد۔ فيه للث قراء ات الاولى باثبات الياء بعد الدال وصلا لاوقفا لورش وابى عمرو والثانية باثباتها وقفا ووصلا لابن كثير والثالثة بحذفها وصلا ووقفا للباقين قوله تعالٰى ثم ليقضوا۔ فيه ما تقدم فى ليقطع الا ان قنبلا ايضا يكسرها قوله تعالٰى ليوفوا وليطوفوا فيه قراء تان الاولى بكسر اللام فيهما لابن ذكوان والثانية باسكانها للباقين وفتح ابوبكر الواو من وليوفوا وشدا لفاء۔ قوله تعالٰى فتخطفه۔ فيه قراء تان الاولى بفتح الخاء وتشديد الطاء لنافع والثانية باسكان الخاء وتخفيف الطاء للباقين قوله تعالٰى منسكا۔ فيه قراء تان الاولٰى بكسر السين لحمزة والكسائى والثانية بالفتح للباقين وهما لغتان على ما قال الازهرى قوله تعالٰى ان الله يدافع فيه قراء تان الاولى بفتح الياء وسكون الدال وفتح الفاء لابن كثير وابى عمرو والثانية بضم الياء وفتح الدال وبعدها الف وكسر الفاء للباقين قوله تعالٰى اذن۔ فيه قراء تان الاولٰى بضم الهمزة لنافع وابى عمرو وعاصم والثانية بفتحها للباقين على ان الفاعل هو الله تعالٰى۔ قوله تعالٰى يقاتلون فيه قراء تان الاولى بفتح التاء الفوقية لنافع وابن عامر وحفص والثانية بالكسر للباقين قوله تعالٰى ولولا دفع فيه قراء تان الاولى بكسر الدال وفتح الفاء والف بعدها لنافع والثانية بفتح الدال وسكون الفاء للباقين۔ قوله تعالٰى لهدمت فيه قراء تان الاولى بتخفيف الدال لنافع وابن كثير والثانية بالتشديد للباقين قوله تعالٰى اهلكنا فيه قراء تان الاولٰى على صيغة الواحدة لابى عمرو والثانية على صيغة الجمع للباقين قوله تعالٰى مما تعدون فيه قراء تان الاولى على الغيبة لابن كثير وحمزة والكسائى والثانية على الخطاب للباقين قوله تعالٰى معجزين فيه قراء تان الاولى من التفعيل لابن كثير وابى عمرو والثانية من المفاعلة للباقين قوله تعالٰى لم قتلوا فيه قراء تان الاولٰى بالتشديد لابن عامر والثانية بالتخفيف للباقين قوله تعالٰى مدخلا۔ فيه قراء تان الاولى بفتح الميم لنافع والثانية بالضم للباقين قوله تعالٰى وان ما تدعون فيه قراء تان الاولى على الخطاب لنافع وابن كثير وابن عامر وشعبة والثانية على الغيبة للباقين قوله تعالٰى منسكا ذكر قريبا قوله تعالٰى ما لم ينزل فيل قراء تان الاولى من الافعال لابن كثير وابى عمرو والثانية من التفعيل للباقين قوله تعالٰى ترجع الامور۔ فيه قراء تان الاولى بفتح التاء وكسر الجيم لابن عامر وحمزة والكسائى والثانية بضم التاء وفتح الجيم للباقين۔

﴿سُوْرَةُ الْمُؤْمِنُوْنَ﴾ قوله تعالٰى لامانتهم۔ فيه قراء تان الاولى على الافراد لابن كثير والثانية على الجمع للباقين قوله تعالٰى صلوتهم فيه قراء تان الاولى على التوحيد لحمزة والكسائى والثانية على الجمع للباقين قوله تعالٰى عظما والعظم فيه قراء تان الاولى بالتوحيد لابن عامر وابى بكر والثانية بالجمع للباقين قوله تعالٰى سيناء فيه قراء تان الاولى بكسر السين لنافع وابن كثير وابى عمرو والثانية بالفتح للباقين والكسر لغة بنى كنانة والفتح لغة جمهور العرب قوله تعالٰى تنبت فيه قراء تان الاولى من الافعال لابن كثير وابى عمروا والثانية من نصر للباقين قوله تعالٰى نسقيكم فيه ما تقدم فى النحل قوله تعالٰى من الٰه غيره فيه الموضعين فيه ما تقدم فى الاعراف قوله تعالٰى من كل زوجين فيه ما تقدم فى هود قوله تعالٰى متم فيه ما تقدم فى مريم من قوله تعالٰى يليتنى مت قوله تعالٰى رسلنا فيه ما فى الاعراف من قوله تعالٰى حتى اذا جاء تهم رسلنا قوله تعالٰى تترا۔ فيه قراء تان الاولى بتنوين الراء فى الوصل لابن كثير وابى عمرو والثانية بلا تنوين للباقين والتاء الاولى بدل من الواو كما فى تراث وعلى القراة الثانية الفه للتانيث كالف دعوى و ذكرى وهو مصدر فى موضع الحال قوله تعالٰى ربوة فيه قراء تان الاولى بفتح الراء لابن عامر وعاصم والثانية بضمها للباقين وهما لغتان قوله تعالٰى وان هذه فيه ثلث قراء ات الاولى بكسر الهمزة وتشديد النون لعاصم وحمزة والكسائى والثانية بالفتح والتخفيف لابن عامر والثالثة بالفتح والتشديد للباقين و توجيه الثالثة تقديرا علموا والثانية مخففة من الثالثة قوله تعالٰى ايحسبون فيه قراء تان الاولى بفتح السين لابن عامر وعاصم وحمزة والثانية بكسرها للباقين قوله تعالٰى تهجرون۔ فيه قراء تان الاولى من الافعال لنافع والثانية من نصر للباقين واللغتان بمعنى قوله تعالٰى ام تسالهم خرجا۔ فيه قراء تان الاولى بفتح الراء وبعدها الف لحمزة والكسائى والثانية بسكون الراء للباقين قوله تعالٰى فخرج فيه قراء تان الاولى بسكون الراء لابن

www.besturdubooks.net

عامر والثانية بفتحها والف بعدها للباقين قوله تعالٰى افلا تذكرون۔ فيه قراء تان الاولى بتخفيف الذال لحفص وحمزة والكسائى والثانية بالتشديد للباقين قوله تعالٰى سيقولون لله۔ فى الموضعين الاخيرين فيهما قراء تان الاولى بالف وصل تبتدأ بالفتح ورفع اللام لابى عمرو والثانية باللام والخفض للباقين ولم يختلف فى الاول والقرأة باللام على المعنى قوله تعالٰى عالم الغيب فيه قراء تان الاولى برفع الميم لنافع وشعبة وحمزة والكسائى على انه خبر مبتدأ محذوف اى هو والثانية بالخفض للباقين قوله تعالٰى شقوتنا۔ فيه قراء تان الاولى بفتح الشين والقاف وبعد القاف الف لحمزة والكسائى والثانية بكسر الشين وسكون القاف للباقين وكلاهما مصدر قوله تعالٰى سخريا۔ فيه قراتان الاولى بضم السين لنافع وحمزة والكسائى والثانية بالكسر للباقين ومعناهما واحد قوله تعالٰى انهم هم الفائزون فيه قراء تان الاولى بكسر الهمزة لحمزة والكسائى والثانية بالفتح للباقين والكسر على الاستيناف والفتح على انه مفعول ثان لجزيت قوله تعالٰى قال كم لبثتم فيه قراء تان الاولى على صيغة الامر لابن كثير و حمزة والكسائى والثانية على صيغة الماضى للباقين قوله تعالٰى فسئل العادين۔ فيه ما تقدم فى اول سورة الانبياء قوله تعالٰى قال ان لبثتم۔ فيه ما فى كم لبثتم الا ان ابن كثير فيه مع الجمهور قوله تعالٰى لا ترجعون۔ فيه قراء تان الاولى بفتح الفوقية وكسر الجيم لحمزة والكسائى والثانية بالضم والفتح للباقين۔

﴿سُوْرَةُ النُّوْرِ﴾ قوله تعالٰى فرضناها۔ فيه قراء تان الاولى بتشديد الراء لابن كثير وابى عمرو والثانية بالتخفيف للباقين قوله تعالٰى تذكرون۔ فى الموضعين فيه قراء تان الاولى بتخفيف الذال لحفص وحمزة والكسائى والثانية بالتشديد للباقين قوله تعالٰى رأفة فيه قراء تان الاولى بفتح الهمزة لابن كثير والثانية بسكونها للباقين وهما لغتان۔ قوله تعالٰى يرمون المحصنات فى الموضعين فيهما قراء تان الاولى بكسر الصاد للكسائى والثانية بالفتح للباقين قوله تعالٰى اربع شهادات الاول فيه قراء تان الاولى برفع العين لحفص وحمزة والكسائى والثانية بالنصب للباقين والرفع على الخبرية عن الاربع والنصب على المصدرية والخبر محذوف اى واجبة۔ قوله تعالٰى ان لعنت الله فيه قراء تان الاولى بتخفيف ان ساكنة ورفع لعنة لنافع والثانية بتشديد النون منصوبة ونصب لعنت للباقين۔ قوله تعالٰى والخامسة الاخير فيه قراء تان الاولى بالنصب لحفص والثانية بالرفع للباقين والنصب على العطف على اربع والرفع على الابتداء قوله تعالٰى ان غضب الله فيه قراء تان الاولى بتخفيف النون ساكنة وكسر الضاد ورفع الهاء من الاسم الجليل لنافع والثانية بتشديد النون مفتوحة وفتح الضاد وخفض الهاء للباقين۔ قوله تعالٰى لا تحسبوه وتحسبونه هنا فيهما قراء تان الاولى بفتح السين لابن عامر وحفص وحمزة والثانية بالكسر للباقين قوله تعالٰى رؤف فيه قراء تان الاولى بمد الهمزة لنافع وابن كثير وابن عامر وحفص والثانية بقصرها للباقين۔ قوله تعالٰى خطوات فى الموضعين فيه قراء تان الاولى بضم التاء لقنبل وابن عامر وحفص والكسائى والثانية بالسكون للباقين۔ قوله تعالٰى يوم تشهد۔ فيه قراء تان الاولى بالتحتية لحمزة والكسائى والثانية بالفوقية للباقين۔ قوله تعالٰى بيوتا وبيوتكم وبيوت فى جميع السورة فيها قراء تان الاولى بضم الموحدة لورش وابى عمرو وحفص والثانية بكسرها للباقين قوله تعالٰى تذكرون ذكر اول السورة قوله تعالٰى جيوبهن فيه قراء تان الاولى بضم الجيم لنافع وابى عمرو وهشام وعاصم والثانية بكسرها للباقين والضم هو الاصل والكسر لمناسبة الياء۔ قوله تعالٰى غير اولى الاربة فيه قراء تان الاولى بنصب راء غير لابن عامر وشعبة والثانية بكسرها للباقين والنصب على الحال والاستثناء والكسر على البدلية قوله تعالٰى مبينات فيه قراء تان الاولى بكسر التحتية لابن عامر وحفص وحمزة والكسائى والثانية بالفتح للباقين قوله تعالٰى درى۔ فيه ثلث قراءات الاولى بكسر الدال وهمزة بعد المد لابى عمرو والكسائى والثانية بضم الدال وهمزة بعد المد لشعبة وحمزة والثالثة بضم الدال وبغير همز للباقين والاول والثانى فعيل بكسر الفاء او فعيل بضمها من الدرء بمعنى الدفع لدفعه الظلام والثالثة فعلى منسوب الى الدر فى الضوء۔ قوله تعالٰى توقد۔ فيه ثلث قراءات الاولى بفتح التاء الفوقية والواو وتشديد القاف على وزن تفعل لابن كثير وابى عمرو والثانية بضم الفوقية وتخفيف القاف لابى بكر وحمزة والكسائى والثالثة بضم التحتية وتخفيف القاف للباقين قوله تعالٰى يسبح فيه قراء تان الاولى بفتح الموحدة لابن عامر وشعبة والثانية بالكسر للباقين وعلى الاول قوله تعالٰى رجال فاعل للفعل المقدر۔ قوله تعالٰى سحاب ظلمت۔ فيه ثلث قراء ات الاولى سحاب بلا تنوين وجر ظلمات والثانية بتنوين سحاب وجر ظلمات لقنبل والثالثة بالرفع فيهما والتنوين و ظلمات على لا خبر مبتدأ محذوف اى هى وعلى الاولين هى بدل من ظلمات الاولى ثم على لاول الاضافة بيانية وعلى لثانية سحاب بدل من ظلمات۔ قوله تعالٰى وينزل فيه قراء تان الاولى من الافعال لابن كثير وابى عمرو والثانية من التفعيل للباقين قوله تعالٰى خلق كل دابة فيه قراء تان الاولى بالف بعد الخاء وكسر اللام ورفع القاف وكسر لام كل لحمزة والكسائى والثانية بفتح اللام والقاف ولا الف قبلها ونصب لام كل للباقين۔ قوله تعالٰى مبينات فيه ما تقدم قريبا قوله تعالٰى ويتقه۔ فيه اربع قراء ات الاولى بسكون الهاء لابى عمرو وشعبة وخلاد بخلاف عنه والثانية باختلاس كسرة القاف والهاء لقالون والثالثة بسكون القاف وقصر كسرة الهاء لحفص والرابعة بكسر الكاف واشباع كسر الهاء للباقين وجه الاشباع ان الاصل فى هاء الضمير اذا كان ما قبلها متحركا ان تشبع حركتها كما فى يوته ويؤده ووجه عدم الاشباع ان ما قبل الضمير ساكن تقديرا لكونه جزاءً ولا اشباع بحركته فيما اذا سكن ما قبله كفيه ووجه اسكان الهاء انها هاء والسكت وهى تسكن فى كلامهم وقيل هى هاء الضمير لكن اجريت مجرى هاء السكت فسكنت وكثيرا ما يجرى الوصل مجرى الوقف ووجه قراءة حفص انه اعطى يتقه حكم كتف لكونه على وزنه فخفف بسكون وسطه لجعله ككلمة واحدة۔ قوله تعالٰى كما استخلف۔ فيه قراء تان الاولى بضم التاء الفوقية وكسر اللام لابى بكر والثانية بفتح التاء واللام للباقين۔ قوله تعالٰى ليبدلنهم فيه قراء تان الاولى من الابدال لابن كثير وابى بكر والثانية من التبديل للباقين قوله تعالٰى لا تحسبن۔ فيه ثلث قراء ات الاولى بالغيبة وفتح السين لابن عامر وحمزة والثانية بالخطاب وفتح السين لعاصم والثالثة بالخطاب وكسر السين للباقين۔ قوله تعالٰى ثلث عورات۔ فيه قراء تان الاولى بنصب ثلاث لابى بكر وحمزة والكسائى والثانية بالرفع للباقين والنصب على كونه بدلا من ثلث مرات والرفع على كونه خبر مبتدأ محذوف اى هن۔ قوله تعالٰى امهاتكم۔ فيه ثلث قراء ات الاولى بكسر الهمزة والميم لحمزة والثانية بكسر الهمزة وفتح الميم للكسائى والثالثة بضم الهمزة وفتح الميم للباقين والكل لغات۔

www.besturdubooks.net